

VOLUME FIFTH

R - S

ENGLISH – URDU DICTIONARY

WITH OVER 250,000 WORDS

جدید انگلش اردو ڈکشنری

VOLUME FIFTH

R - S

CHIEF EDITOR

Prof. Kalimuddin Ahmad

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India
West Block-I, R. K. Puram, New Delhi- 110 066, INDIA

© 1998 N.C.P.U.L.
First published 1998 by National Council for Promotion of Urdu Language,
West Block I, R.K. Puram, New Delhi- 110 066. INDIA

Sl. No. 776
Copies 5000

Price Rs. 600/- V th Vol.

Supervision
Dr. M. Hamidullah Bhat
Director
National Council for Promotion of Urdu Language

ISBN No. 81-7587-000-5

Published By
Director
National Council for Promotion of Urdu Language
(M/o Human Resource Development)
(Deptt. of Education, Govt. of India)
West Block-1, R. K. Puram
New Delhi - 110 066

Printed by
S. NARAYAN & SONS
B-88, Okhla Industrial Area, Phase-II,
New Delhi- 110020. INDIA

Contents

- Foreword — Dr. M. Hamidullah Bhat vii
- Abbreviations x
- Subject terms xi
- Alphabets

  R 1

  S 316

پیش لفظ

پچھلے ۵۰ سال میں اردو زبان نے ایک زندہ زبان کی طرح قومی اور بین الاقوامی سطح پر ہو رہی تبدیلیوں کو اپنے اندر اس طرح سمویا ہے کہ اجنبیت کا کوئی احساس نہیں ہوتا۔ اس دوران سائنسی اصطلاحات اور نئے الفاظ کا ایک بڑا ذخیرہ اردو زبان کا جزولاینفک بنتا گیا۔ اس پس منظر میں عبدالحق کی انگلش۔ اردو ڈکشنری عصر جدید کے تقاضوں کو پورا نہیں کر پارہی تھی اور ایک ایسی جامع لغت کی ضرورت شدت سے محسوس ہو رہی تھی جو نہ صرف اردو کے اس ارتقائی سفر کا احاطہ کرے بلکہ اکیسویں صدی کی سائنسی اور تکنیکی ضروریات کو بھی پورا کر سکے۔ ۶ جلدوں پر مشتمل جامع انگلش۔ اردو ڈکشنری کا پروجیکٹ ان ضروریات کو پورا کرنے کے لئے شروع ہوا تھا۔ مجھے امید ہے کہ جن مقاصد کو مد نظر رکھتے ہوئے ڈکشنری کا یہ پروجیکٹ شروع کیا گیا تھا ان کو یہ ڈکشنری پورا کرے گی۔

ڈکشنری کی ہر جلد میں کوشش یہ رہی ہے کہ کوئی بھی لفظ بیچ میں منقطع نہ ہونے پائے جس کی وجہ سے کسی جلد کی ضخامت زیادہ ہو گئی ہے تو کسی کی کم۔ موجودہ جلد (پنجم) ۱۰۴۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس جلد میں اندازاً ۳۶,۴۷۰ اندراجات ہیں۔ کوشش یہ کی گئی ہے کہ زیادہ سے زیادہ عام استعمال کے الفاظ کے اندارجات کا اس لغت میں احاطہ کیا جائے تاکہ ہر میدان کے طلباء و قاری، مترجمین و محققین کو اس کے سامنے کسی اور ڈکشنری کی ضرورت نہ محسوس ہو۔ دیگر بہت سی خوبیوں کے ساتھ ایک خاص خوبی یہ بھی ہے کہ اس میں نہ صرف روزمرہ محاورہ بلکہ سائنس، نفسیات، ریاضیات، فلسفہ، طبیعیات، حیاتیات، ادبیات، سماجیات، لسانیات و معاشیات وغیرہ غرض یہ کہ تمام مروجہ علوم و فنون کے روزمرہ استعمال کے الفاظ و تراکیب کا بھی قابل قدر ذخیرہ اس میں موجود ہے۔

علاوہ برایں اس کے اندرجات کو عام قاری و طلباء کے لئے اتنا آسان فہم بنایا گیا ہے کہ اس کے استعمال کرنے میں کسی بھی قسم کی دشورای نہ پیش آئے کیونکہ اس کی ترتیب اندراجات انگریزی حروف تہجی کی ترتیب کے ساتھ لفظ بہ لفظ بھی کر دی گئی ہے مثال کے طور پر:

Republic : (n) [Fr. 'Republique.'] : (۱)جمہوریہ؛ جمہوری سلطنت؛ جمہوری ملک۔ (۲) فلاح عامہ۔ (۳)وہ طبقہ جس کے ارکان مساوی سمجھے جاتے ہوں۔(۴)نمائندہ؛ جمہوریت۔

The republic of letters : (۱)ادیبوں کی انجمن؛ جماعت ادباء؛ادبی کاموں میں مصروف افراد کا ادارہ۔ (۲)میدان ادب؛ حلقۂ ادب؛ اہل قلم۔

Republic day : (n) یوم جمہوریہ۔

Republican : (a) (۱) جمہوری۔ (۲) جمہوریت پسند۔ (۳) گروہی؛ اجتماعی۔ (۴) امریکا کی ایک سیاسی جماعت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ (۵) (طیوریات) گھونسلے میں ایک ساتھ رہنے والا؛ ایک ساتھ تربیت حاصل کرنے والا۔

Republican : (n) (۱)جمہوری طرز حکومت پر یقین رکھنے والا؛ جمہوری طرز ماننے والا۔ (۲) (امریکا) ریپبلکن پارٹی کا رکن؛ امریکا کی ایک سیاسی جماعت۔ (۳)(طیوریات) ایک قسم کا پرندہ جو مل جل کر گھونسلا بناتا ہے؛ ابابیل۔

Republican calender : (n) جمہوریہ فرانس کے ذریعہ عارضی طور پر اختیار کیا ہوا ایک کیلنڈر؛فرانس کا ایک کیلنڈر؛ تقویم فرانسیسی۔

Republican era : (n) کیلنڈر جس کی ابتدا ۲۲ر ستمبر ۱۷۹۲ء سے ہوتی

Republican grosbeak : (n) بیا : ایك قسم كا پرند جو اپنا گھونسلا بن كر تیار كرتا ھے ۔

Republican marriage : (n) انقلاب فرانس كے دوران دی جانے والی ایك سزا جس میں ایك عورت اور ایك مرد كو ساتھ باندھ كر پانی میں پھینك دیا جاتا تھا ۔

Republican swallow : (n) ابابیل ۔

Republicanism : (n) (۱) جمہوریت ۔ (۲) جمہوریت پسندی : اصلی جمہوری : روح جمہوریت ۔ (۳) جمہوری حكومت یا ادارہ : جمہوری طرز حكومت : جمہوری حكومت كا نظریہ یا اصول ۔ (۴) امریكی ریپبلكن جماعت كے اصول، پالیسی یا سر گرمیاں ۔ (۵) ریپبلكن یا اُس كا ممبر ۔

Republicanization : (n) جمہوریت سازی : جمہور سازی ۔

Republicanize : (v) [Fr.'Republicanizer.'] جمہوری بنانا : جمہوری رنگ پیدا كرنا : جمہوری طرز میں تبدیل كرنا : جمہوری میلان ظاہر كرنا: جمہوری سلطنت قائم كرنا : جمہوری اصولوں كو تسلیم كرنا ۔

اس كے ساتھ ساتھ ذیلی اندراجات كو بھی لفظ بہ لفظ حروف تہجی سے ترتیب دیا گیا ھے جیسے :

Established religion : مروجہ مذہب ۔

Natural religion : فطری مذہب : نیچری مذہب : مذہب فطری ۔

Psychology of religion : نفسیات مذہب ۔

Revealed religion : الہامی مذہب : مذہب وحی ۔

The religion : پرو ٹسٹنٹ مذہب : اصلاح شدہ مذہب ۔

To get religion : (عامیانہ اور مزاحاً) اللہ والا بن جا ۔

جہاں ضروری سمجھا گیا ھے وہاں اسلوبیاتی اہمیت كی بھی نشاندہی كی گئی ھے ۔ جیسے متروك ، قدیم ، ادبی و لسانیاتی وغیرہ ۔ اس كے علاوہ ساتھ ساتھ جہاں تك ممكن ہو سكا انگریزی محاوروں كے معنی واضح كرنے كے لئے اس كے مترادف ہم معنی ضرب الامثال یا محاورے وغیرہ كا بھی استعمال كرنے كی حتی الامكان كوشش كی گئی ھے ۔ مثلاً :

To be in the red : خسارہ ظاہر كرنا : خسارہ دكھلانا ۔

With red hands : جس كے ہاتھ خون آلودہ ہوں ۔

The rose of : فلاں جگہ كی سب سے حسین لڑكی ۔

To take smooth : آسان بنانا : سہل بنانا ۔

علاوہ ازیں یہ تمام دفتری اہلکاروں ، اہل قلم و علم ، صحافیوں ، اساتذہ ، ماہر قانون ، طلباء ، مترجمین و محققین اور عام قاری کی روزمرہ ضروریات کے لئے بھی یکساں کار آمد و مفید ثابت ہو گی ۔ یہ جامع انگریزی اردو لغت اندھیرے میں روشنی کی ایک کرن ہے کیونکہ اس کے مکمل سیٹ میں تقریباً ۳ لاکھ الفاظ و اندراجات کا احاطہ کیا گیا ہے ۔

امید ہے کہ یہ اکیسویں صدی کے تقریباً تمام علمی و سائنسی تقاضوں کو بھی پورا کرے گی ۔ اردو دنیا اور اردو قارئین کے مشورے حاصل رہے تو انشاء اللہ یہ بہت جلد اور زیادہ جامع انداز میں آپ لوگوں کے سامنے ہو گی ۔

میں اس لغت کے چیف ایڈیٹر کلیم الدین احمد صاحب (خدا ان کو غریق رحمت کرے) اور ان کی ٹیم میں شامل سبھی لوگوں کا شکرگذار ہوں جو اس کی ترتیب و تدوین میں کلیم الدین احمد صاحب کے معاون و مددگار رہے ۔ ان کے اسمائے گرامی میں سید شاہ عطاء الرحمٰن ، محمد صدیق ، ممتاز احمد ، مصطفیٰ کمال ہاشمی ، سید عبدالحامد ، ناصر رضا خان جلیلی ، رضوان احمد خان ، کاظم حسین ، بشیرالدین احمد خاں اور شمیم احمد صدیقی وغیرہ شامل ہیں ۔

عموماً لغات کی پروف خوانی ایک انتہائی محتاط انداز اور باریک بینی کا کام ہوتا ہے خاص طور سے ذو لسانی لغات کی تصحیح و پروف خوانی ایک انتہائی نازک اور دقت طلب معاملہ ہے اس لئے اس کی پروف خوانی میں کافی توجہ ، محنت اور لگن کی ضرورت ہوتی ہے اس خدمت کو ہماری ریسرچ اسسٹینٹ مہہ جبیں اختر نے دفتر کی اور دوسری ذمہ داریوں کے ساتھ خوش اسلوبی ، محنت و لگن سے انجام دیا ہے اس لئے وہ خاص طور سے شکریہ کی مستحق ہیں ۔

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان دوسری زبانوں کی لغات و اصطلاحات ، دائرۃ العلوم وغیرہ جیسے تامل ۔ اردو ڈکشنری ، اردو انسائیکلوپیڈیا کے علاوہ بہت سی اصطلاحات و مضامین کی لغات جیسے حیاتیات ، عمرانیات ، لسانیات ، نباتیات ، نفسیات ، تاریخ و سیاسیات وغیرہ کی تدوین و ترتیب میں مصروف ہے جن کی آج کے دور میں اشد ضرورت ہے ۔ ان میں سے کچھ تو مکمل ہو چکی ہیں ، اور کچھ طباعت کے اور کچھ تیاری کے مرحلے طے کر رہی ہیں ۔ ان فرہنگوں کے آنے کے بعد مولانا ابوالکلام آزاد اردو یونیورسٹی ، جو کہ اب وجود میں آچکی ہے ، کو بھی اپنے علمی پروگرام آگے بڑھانے میں مدد ملے گی ۔

امید ہے کہ آئندہ آنے والے دو تین سالوں میں کونسل کی کافی کچھ کاوش و محنت لغات و اصطلاحات کی شکل میں موجود ہو گی ۔ مجھے امید ہے کہ تمام کر مفرما و محبان اردو کونسل کی اس کاوش کو سراہیں گے اور اپنے مفید و اہم مشوروں سے نوازتے رہیں گے تاکہ اس کے اشاعتی پروگرام کو جِلا مل سکے ۔ در اصل کوئی بھی انسانی کام مکمل و بے عیب نہیں ہوتا حالانکہ اس ڈکشنری کی تدوین و ترتیب میں پوری لگن اور انتہائی احتیاط سے کام لیا گیا ہے اس کے باوجود اگر اس میں کوئی خامی یا کمی نظر آئے تو میری محبان اردو سے درخواست ہے کہ وہ بلا کسی جھجھک کونسل کو مطلع کریں تاکہ آئندہ ان اغلاط کا اعادہ نہ ہو ۔

(محمد حمید اللہ بھٹ)
ڈائرکٹر
قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
منسٹری آف ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ
(حکومت ہند)
ویسٹ بلاک ۔ ۱ ، آر ۔ کے ۔ پورم
نئی دہلی ۔ ۱۱۰۰۶۶

ABBREVIATIONS USED IN THIS DICTIONARY

a.	...adjective
a (in etymologies)	...adoption of
abbrev.	...abbreviation, abbreviated
abstr.	...abstract
ad.	...adaptation of
adj.	...adjective
adv.	...adverb
AF (r).	...Anglo-French
Amer.	...American
Anglo-Fr.	...Anglo-French
Anglo-Ind.	...Anglo-Indian
Anglo-Ir.	...Anglo-Irish
Anglo-L.	...Anglo-Latin
aphetic	...aphetic, aphetized
app.	...apparently
Arab.	...Arabic
Aram.	...Aramaic
arch.	...archaic
A. V.	...Authorised version of the Bible
bibl.	...biblical
Boh.	...Bohemian
Braz.	...Brazilian
Brit. N. Amer.	...British North America
Bulg.	...Bulgaria
Byz.	...Byzantine
Cat (al)	...Catalan
Celt	...Celtic
Cf. cf.	...Confer, Compare
Cl. L. Gr.	...Classical Latin, Greek
Conj.	...Conjuction
Contr.	...Contracted, Contraction
Da.	...Danish
deriv	...derivative, derivation
dim.	...diminutive
Dor.	...Doric
Du.	...Dutch
etym.	...etymology
f.	...from of, formed on
F.	...French
Flem.	...Flemish
Fr.	...French
G.	...German
Gael.	...Gaelic
Ger.	...German
Goth.	...Gothic
Gr.	...Greek
Heb.	...Hebrew
H. G.	...High German
Hind.	...Hindustani
Icel.	...Icelandic
IE.	...Indo-European
imit.	...Imitative
Indo-Eur.	...Indo-European
Indo-Gmc.	...Indo-Germanic
int., interj.	...interjection
Ir.	...Irish
Irel.	...Ireland
It.	...Italian
Jap.	...Japanese
Jav.	...Javanese
L.	...Latin
Lat.	...Latin
Law L.	...Low Latin
L. Du.	...Low Dutch
Lett.	...Lettish
LG.	...Low German
Linn.	...Linnaeus
Lith.	...Lithuanian
Maundev.	...Maundeville
M. Bret.	...Middle Breton
M. Du.	...Middle Dutch
(M) Du.	...Middle and modern Dutch
ME.	...Middle English
med. L.	...mediaeval Latin
Mex.	...Mexican
MHG.	...Middle high German
M Ir.	...Middle Irish
MLG.	...Middle Low German
(M) LG.	...Middle and Modern Low German
mod. L.	...Modern Latin
MSc.	...Middle Scottish
MSw.	...Middle Swedish
M. Welsh.	...Middle Welsh
n	...Noun
N Afr.	...North-African
N Amer.	...North American
NEFr.	...North-eastern French
N. Eng.	...Northern English
N Fris.	...North Frisian
N. O.	...Natural Order
Northumb.	...Northumbrian
Norw.	...Norwegian
N. S. W.	...New South Wales
N. T.	...New Testament
N. W., n.w. N. Z.	...north-west,-western
N. Z.	...New Zealand
O Bret.	...Old Breton
O Brit.	...Old British
obsc.	...obscence, -ly
O Celt.	...Old Celtic
O Corn.	...Old Cornish
OE.	...Old English (Anglo-saxon)
OFr.	...Old French
(O) Fr.	...Old and modern French
O Fris.	...Old Frisian
O Gael.	...Old Gaelic
OHG	...Old High German
O Icel.	...Old Icelandic
O Ir.	...Old Irish
O L.	...Old Latin
O L Frank, OLG	...Old Low Frankish, German
O Lith.	...Old Lithuanian
ON	...Old Norse
ONFr.	...Old Northern French
O North.	...Old Northumbrian
O Pers.	...Old Persian
O Pruss.	...Old Prussian
Opp.	...opposed (to)
Ork.	...Orkney
OS.	...Old Saxon
O Scand.	...Old Scandinavian
OSL. -Oslav.	...Old Slavonic
Osp.	...Old Spanish
O Sw.	...Old Swedish
O T.	...Old Testament
OW.	...Old Welsh
pa. t	...past tense
perh.	...perhaps
Pers.	...Persian
Peruv.	...Peruvian
Pg., Port	...Portuguese
Pol.	...Plural
Pol.	...Polish
pop. L.	...popular Latin
post-Aug.	...post Augustan Latin
post-Cl.	...post-Classical Latin
pple	...participle
pr.	...provencal
prep.	...preposition
prob.	...probably
pron	...pronoun
refash	...refashioned
Rom.	...Roman. l
Rum.	...Rumanian
Russ.	...Russian
S. Afr.	...South African
S. Amer.	...South American
Scand.	...Scandinavian
Schol. L.	...Scholastic Latin
Scotl.	...Scotland
Sem.	...Semitic
Serb.	...Serbian
Shetl.	...Shetland
Sinh.	...Sinhalese
Skr.	...Sanskrit
Slav.	...Slavonic
Sp.	...Spanish
Sw. Swed.	...Swedish
Syr.	...Syriac
Teut.	...Teutonic
Tokh.	...Tokharian
Tyrol.	...Tyrolese
Ukr.	...Ukrainian
unkn.	...unknown
U. S.	...United State
V	...Verb
Var.	...Variable
W.	...Welsh, West, western
WFr.	...West French
W Fris.	...West Frisian
W Gmc.	...West Germanic
WIE.	...Western Indo-European
W. Ind., W. Indies	...West Indies
W. S.	...West Saxon
WycL.	...Wyclif
YMCA	...Young Men's Christia Association
Yr.	...Year
Yrbk	...Year book
YWCA	...Young Women's Christian Association
Zool	...Zoological, Zoology

SUBJECT TERMS IN ENGLISH-URDU DICTIONARY

Acoustics	سمعیات	Geography	جغرافیه
Administration	انتظامیه	Geology	ارضیات
Aeronautics	طیرانیات	Geometry	هندسه
Agriculture	زراعت	Grammar	قواعد
Anatomy	تشریح	Heraldry	نقابت
Anthropology	بشریات	History	تاریخ
Archaeology	اثریات	Horology	ساعت شناسی
Architecture	تعمیرات	Jewellery	جواهرات
Astrology	علم النجوم	Law	قانون
Astronomy	فلکیات	Linguistics	لسانیات
Bacteriology	جرثومات	Logic	منطق
Biology	حیاتیات	Mathematics	ریاضیات
Bleaching	سفید کاری	Mechanics	میکانیات
Botany	نباتیات	Medicine	طب
Chemistry	کیمیا	Metallurgy	فلزیات
Colloquial	روز مرّه	Metaphysics	مابعد الطبیعیات
Commerce	تجارت	Meteorology	موسمیات
Conchology	صدفیات	Military	فوج
Crystyllography	قلمیات	Minerology	معدنیات
Cytology	علم خلیات	Mining	کان کنی
Dentistry	دندان سازی	Music	موسیقی
Dynamics	حرکیات	Mythology	اساطیر
Ecclesiastical	کلیسائی	Natural history	تاریخ طبیعی
Economics	معاشیات	Nautical	بحری
Education	تعلیمیات	Nonce-word	یك وقتی لفظ
Electricity	برقیات	Optics	بصریات
Engineering	انجینیئرنگ	Ornithology	طیوریات
Entomology	حشریات	Palaeontology	فوسلیات
Ethics	اخلاقیات	Pathology	مرضیات
Fishery	ماهی گیری	Philosophy	فلسفه
Fortification	قلع بندی	Phonetics	صوتیات
Forestry	جنگلات	Photography	فوٹو گرافی
Gardening	باغبانی	Physics	طبیعیات

Physiology	عضویات	Sociology	سماجیات
Politics	سیاسیات	Statics	مسکونیات
Printing	طباعت	Statistics	شماریات
Prosody	عروض	Surgery	جرّاحی
Psycho-analysis	تحلیل نفسی	Surveying	پیمائش
Psychology	نفسیات	Telegraphics	تلغرافی
Radiology	شعایات	Theology	دینیات
Rhetric	علم البدیع	Veterenary	بیطاری
Slang	عامیانه	Zoology	حیوانیات
Smelting	تصفیه		

R

Rabban : (n) [Heb. 'Rabban'.] استاد : ماسٹر : وہ اعزازی خطاب جو یہودی سر براہ معبد کو دیتے تھے ۔

Rabbet : (n) [ME.] (۱) لمبی چول : سال : لمبا خانہ : گھر : کٹاؤ جس میں تختے وغیرہ کا سرا بٹھایا جاتا ھے ۔ (۲) (چوب) بارگرداں (لچك دار شہتیری جو ہتھوڑے کو چوٹ مار کر اٹھنے میں مدد دیتی ھے) ۔ (۳) لمبی چول کا کوئی پہلو : شانہ ۔

Rabbet : (v) (لکڑی کی کسی چیز میں) لمبی چول یا لمبا کٹاؤ بنانا: چوکھٹا جمانا : سالنا : چول بٹھانا ۔

Rabbeted lock : (n) قفل دو پارچہ ۔

Rabbeted joint : (n) وہ جوڑ جو دو چول دار لکڑیوں کو ملانے سے بنتا ھے ۔

Rabbeting : (n) چول کاٹنے کا کام یا چول دار لکڑیوں کو باہم جوڑنے کا عمل : اس قسم کی لکڑیوں کا چول دار حصّہ ۔

Rabbi : (n) [OE.] (۱) استاد : آقا : مالك : یہودیوں کے مخاطب کرنے کا ایك اصطلاحی لفظ ۔ (۲) حبر : ربی : ربانی : یہودیوں کا فقیہ یا عالم ۔ (۳) یہودی ماہرین قانون کا احترامی خطاب ۔ (۴) یہودی ماہر قانون : (جدید یہودی استعمال) صرف مخصوص ماہرین قانون شریعت کے لئے ۔

Rabbin : (n) [Fr. 'Rabbib' or med. L. 'Rabbinus'.] (۱) دیکھو Rabbi (خصوصاً جمع میں مستعمل) ۔ (۲) حبر : ربی : ربانی ۔

Rabbinate : (n) ربی یا ربانی کادفتر یا عہدہ : کسی کے ربی ہونے کی مدت ۔

Rabbinic : (a) [f. Prec + ic] دیکھو Rabbinate

Rabbinic : (n) ربانی حبر ۔

Rabbinical : (a) (۱) ربانوی ۔ (۲) حبروں کا : ربیوں سے متعلق یا ان کی خصوصیت کا : ان کی تعلیم ، تحریر وغیرہ

R : (a) (۱)جدید انگریزی (رومن) حروف تہجی کا اٹھارھواں اور قدیم انگریزی حروف تہجی کا سترھواں حرف : سال کے بعد وہ مہینے جن میں حرف (r) آتا ھے اور جنہیں The 'r' months کہتے ہیں ۔ (یعنی ستمبر سے اپریل تك کے مہینے) ۔ یہ زمانہ کستورا مچھلی(Oyster) کے شکار کا موسم ہوتا ھے : مکتب کی نوشت و خواند ، تعلیم اور حساب کو The three R's کہتے ہیں ۔ (۲)سلسلہ وار شمار کے لئے استعمال کیا جاتا ھے جیسے 'Ms. R' 'R Bathery' وغیرہ یا کسی چیز یا شخص کے لئے علامت کے طور پر استعمال ہوتا ھے : نقشہ سازی میں ایك نقطہ کے طور پر مستعمل ھے۔

Ra- des-Vaches : (n) [Swiss dial. of Friboury.] (فرانسیسی) گوال راگ (سوئستانی گوالوں کی راگنی جسے نر یا نر سنگھے سے نکالتے ہیں) : سوئستان کا ایك سرود یا نغمہ۔

Raad : (n) [D.] برطانوی انتظامیہ کے تسلط سے قبل جنوبی افریقہ کے جمہوریہ بوئیر کا ایوان قانون ساز ۔

Raad : (n) [Arab. 'ra,ad.'] ایك امریکی برقی مچھلی ۔

Rab : (n) [Fr. 'Rabot'.] بیساکھی نما چوبی دستہ جس کو ہاون میں جڑی بوٹیوں کو کوٹنے ، ملانے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

Rabat : (n) [Fr.] ایك خاص قسم کا رومی کالر جو ایك مختصر لباس میں لگا ہوتا ھے اور جسے خصوصاً پادری پہنتے ہیں، اسے Rabbi بھی کہا جاتا ھے ۔

Rabat : (n) [Fr.'Rabattre'.] ایك قسم کی پالش ۔

Rabat : (a) مراکش کی راجدھانی رباط کا یا اس سے متعلق :رباط میں رائج طرز یا قسم کا ۔

Rabatine : (n) [Fr. 'Rabat'.] زیریں کالر ۔

Rabato : (n) [Fr.] سترھویں صدی میں مستعمل ایك مخصوص قسم کا لمبا کالر ۔

خصوصاً حبری زبان کی آخری شکل ۔ (۲) (اشخاص کا) طبقہ ربانی کا : ربانیوں کے مشابہ : ربانی ادب سمجھا جاننے والا ۔

Rabbinically : (adv.) ربانوی طرز میں : ربیوں کی طرح ۔

Rabbinism : (n) (۱) ربانویت : ربیوں کی تعلیم یا اصول ۔ (۲) ربانوی اظہار : ربیوں کی زبان کی انفرادیت یا اس کا عجوبہ پن ۔

Rabbinist : (n) (۱) حامی ربانویت : ربانویت کاپیرو : ربانوی : ربیوں کی تعلیم یا اصول کا حامی ۔ (۲) (خصوصاً وہ یہودی جو تاطور اور ربیوں کی تعلیمات کو قبول کر لیتا ہے۔ (۳) احادیث بنی اسرائیل ۔

Rabbinistic/-al : (a) ربانویت کی حمایت سے متعلق ۔

Rabbinite : (n) دیکھو Rabbinist

Rabbit : (n) [OFr. 'Rabet(t)e' .] (۱) خرگوش : پالتو خرگوش : انگلش خرگوش: خرگوش کا شکار : خرگوش کا گوشت: وہ غذا جو خرگوش کے گوشت کے ساتھ تیار کی گئی ہو۔ (۲) (مجازاً)کمزور شخص خصوصاً کرکٹ یا ٹینس کا کمزور اور خراب کھلاڑی ۔

Rabbit : (v) (۱) خرگوش مارنا : خرگوش پکڑنا : خرگوش کا شکار کرنا ۔ (۲) جھنڈ بنانا (خرگوش کی طرح) ۔

Rabbit : (v) (عامیانہ) ایک بے معنی لفظ جو کوسنے اور بد دعا کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Rabbit-fish : (n) خرگوش نما مچھلی مثلاً برطانوی Chimaera Monstrosa مچھلیوں اور امریکی Agecephalus جنس کی مچھلی ۔

Rabbit-foot : (n) خرگوش کا پاؤں ۔

Rabbit-hutch : (n) خرگوش رکھنے کا ڈربا ۔

Rabbit-punch : (n) گردن کے پچھلے حصہ پر ایک ضرب ۔

Rabbit-warren : (n) خرگوشوں کا جنگل :جہاں خرگوشوں کے بہت کثرت سے ہوں ۔

Rabbitry : (n) خرگوش رکھنے کی جگہ : بہت سے خرگوش ۔

Rabbitter : (n) آدمی یا کتا جو خرگوش کا شکار کرتا ہے ۔

Rabbitty : (a) اربنی : خرگوش سا : خرگوش آسا : خرگوشی :جہاں خرگوش بہت ہوں ۔

Rabble : (n) (۱) بے ترتیب مجمع : بھیڑ : انبوہ : بھیڑیا دھسان: [ME.] مجمع : گنوار دل .(۲) کمینوں کی ٹولی ۔ (۳) رذیل لوگوں کا طبقہ ۔ (۴) اراذل و انفار ۔ (۵) بے مہار ۔

The rabble : آبادی کا عام ، نچلا اور بے ترتیب حصہ : گنوار دل ۔

Rabble : (a) گنوار دل میں شریک : گنوار دل سے مخصوص ۔

Rabble : (n) [Fr. 'Rable' .] لوہے کی چھڑ : کانٹا جس سے پگھلتی ہوئی دھات کو ہلاتے ہیں ۔

Rabble : (v) [ME.] (۱) (الفاظ یا تقریر کو) ناقابل فہم انداز میں ادا کرنا ۔ (۲) اس انداز میں بولنا یا پڑھنا : بڑبڑانا ۔ (۳)بھوبڑپن یا بدسلیقگی سے کام کرنا (بول چال). (۴) کھڑ کھڑانا : دھڑ دھڑانا : چلّانا ۔

Rabble : (v) (۱) حملہ کرنا یا توہین کرنا(کسی شخص کی یا اس کی حیثیت کی) ۔ (۲) یلغار کرنا ۔ (۳) مجمع ہو جانا ۔

Rabble : (v) بھڑکانا : جوش دلانا : ست نکال لینا : صاف کرنا ۔

Rabble-rouse : (v) عوام کے جذبات کو بھڑکانا : مشتعل کرنا ۔

Rabble-rouser : (n) عوام کو بھڑکانے والا : مشتعل کرنے والا : بیدار کرنے والا : سیاسی اور سماجی تبدیلی کے لئے لوگوں کو مشتعل کرنے والا ۔

Rabble-rout : (n) گنوار دل : دیکھو Rabble ۔

Rabblement : (n) (۱) دیکھو Rabble ۔ (۲) مجمع عوام : طوفان بد تمیزی : ہنگامہ : شور و شغب : ہنگامہ خیزی (شاذ).

Rabbler : (n) طوفان بد تمیزی کرنے والا : ہنگامہ پسند : مجمع لگانے والا : شر پسند ۔

Rabelaisian : (a) [f. name of Francois Rabelais .] (۱) رابلوی : (اسلوب یا طرز تحریر) جس میں خیال آرائی اور لفاظی کا زور اور عامیانہ قسم کی ظرافت پائی جاتی ہے: بوستان خیالی ۔ (۲) رابلے پرست : معتقد رابلے: فرانسیسی مزاحیہ نگار رابلے Rabelais کا معترف یا اس کی تصانیف پر عبور رکھنے والا ۔

Rabelaisianism : (n) رابلوی رجحان : رابلویت ۔

Rabfak/ Rabfac : (n) [Russ. 'Rabfak'.] روسی اسکول جہاں مزدوروں کو ابتدائی یونیورسٹی تربیت دی جاتی ہے۔

Rabi : (n) [Arab. 'Rabi' spring.] ہجری سنہ کے دو مہینے ربیع الاوّل اور ربیع الآخر ۔

Rabi : (n) [Urdu ' Rabi'.] فصل ربیع ۔

Rabid : (a) [L. 'Rabidus'.] (۱) تُند : غضب ناک : شدید ۔ (۲)سر پھرا : کٹر : اندھا ۔ (۳) (خصوصاً کتے کے لئے) باؤلا : دیوانہ ۔ (۴) سگ گزیدگی یا ہڑک یا اس کے متعلق ۔

Rabidity : (n) تشدد : کٹرپن : شدت : تندی : دیوانگی : ہڑک ۔

Rabidness : (n) دیکھو Rabidity

Rabies : (n) [L.] جنون سگ گزیدگی : ہڑک ۔

Rabiform : (a) جنون سگ گزیدگی کے مشابہ یا اس کی خصوصیات کا۔

Rabinet : (n) (تاریخ) توپ کی ایک چھوٹی قسم ۔

Rabious : (a) [L. 'Rabiosus' .] شدید : سخت ۔

Raccoon/ Racoon : (n) راکون : ریچھ کی جنس کا ایک پستان دار جانور جو امریکا میں پایا جاتا ہے جو بلی کی جسامت کا ہوتا ہے اور درختوں پر زندگی گذارتا ہے ۔

Race : (n) [ON. 'Ras' .] (۱) دوڑ : مسابقت : مسباق : دوڑنے کا عمل ۔ (۲) رو : زور کا دھارا : تیز بہاؤ (سمندر یا ندی کا) ۔ (۳) دَور (چاند ، سورج یا زندگی کا) ۔ (۴) نالی : چکر (جس پر کرگھے کی نال دوڑتی ہے) ۔ (۵) (جمع) گھڑ دوڑ ۔ (۶) زمان یا مکان کا ایک حصہ ۔ (۷) میدانی قطعہ جو ڈور لگانے کے لائق ہو ۔ (۸) (مجازاً) زندگی کا عمل : روش زندگی : طریق حیات یا اس کا کچھ حصّہ ۔ (۹)وقت کی رفتار ۔ (۱۰) (میکانیات) وہ جگہ جس پر ڈرم یا چکی گردش کرتی ہے ۔ (۱۱) (کان کنی)اسپار یا کچی دھات کی سوت ۔ (۱۲) قطار یا سلسلہ (بول چال)۔ (۱۳) دوڑ ، گھڑ سواری : کشتی رانی کا مقابلہ: رفتار : دوڑ کا مقابلہ ۔ (۱۴) گلی : نکاس ۔

A racing man : گھڑ دوڑ کا شائق ۔

Race : (n) [Fr. Race' .] (۱) نسل : خاندان : قبیلہ : قسم : جنس : طائفہ : طبقہ : قوم : انسان : حیوان اور نباتات کی مشترک نسل ۔ (۲) مشترک خصوصیات : عادات : چہرے بشرے والے افراد کی جماعت یا طبقہ (نسل مشترک کی وجہ سے) ۔ (۳) نسب : نژاد ۔ (۵) حیوانات کی نسل : کسی جنس کی مخصوص اقسام ۔ (۶) نباتات کی اقسام۔ (۷) حیوانات کی ارتقائی نسل ۔ (۸) کسی خاص جماعت سے متعلق ہونے کی حالت یا حقیقت ۔ (۹)یکساں خصوصیت یا خصوصیات رکھنے والے انسان و حیوان اور اشیاء کی جماعت ۔ (۱۰) امتیازی خوشبو : ذائقہ یا اثر (شراب وغیرہ کا) ۔ (۱۱) قسم یا بنیاد کو ظاہر کرنے کی کیفیت ۔ (۱۲) (مجازاً) (تقریر و تحریر) طرز یا اسٹائل کی خصوصیات : خصوصاً زبان کی چرپراہٹ : چٹ پٹاپن ۔

Of (noble) race : اعلیٰ نسل یا خاندان کا ۔

Race : (n) قطع و برید ۔

Race : (a) (جہاز سے متعلق) جس کے لئے بہت گہرے پانی کی ضرورت ہو ۔

Race : (v) (۱) دوڑ میں مقابلہ کرنا : آگے بڑھنے کی کوشش یا مسابقت کرنا : دوڑ میں شامل ہونا ۔ (۲) گھڑدوڑ میں گھوڑے دوڑانا : دوڑ : گھڑ سواری : کشتی رانی میں مقابلہ کرنا ۔ (۳) دوڑنا : بھاگنا : تیزی سے دوڑنا ۔ (۴)(پہیے وغیرہ کا) پانی کے زیر چکّر کھاتے ہوئے نکلنا۔ (۵) (گھوڑا وغیرہ) دوڑانا : بھگانا ۔ (۶) گھڑ دوڑ کے پھیر میں لٹا دینا ، اڑا دینا (روپیہ ، دولت) ۔ (۷) (موٹر وغیرہ کو)تیز چلانا : پوری طاقت سے دوڑانا : بھگانا ۔ (۸) (چکّی ، سان وغیرہ کو) چلنے کے لئے معقول طور پر آویزاں کرنا ۔

Race : (n) [OFr. 'Rais, Raize'.] جڑ : بیخ : (خصوصاً ادرک کی) ۔

Race : (n) [Origin unkn.] گھوڑے یا کتے کے چہرے پر سفید لمبا نشان۔

Race : (n) (روزمرہ برطانیہ) نوچ : (پرم) اکھاڑنا : توڑنا (پھول)۔

Race : (v) [var. of Rase(v).] کسی تیزچیز سے نوچنا : کھرچنا یا پھاڑ دینا : ٹکڑے ٹکڑے کر دینا : کاٹ دینا : کاٹنا : اندھا دھندوار کرنا ۔

Race baiter : (n) کسی نسلی گروپ کو ستانے والا ۔

Race-baiting : (n) کسی نسلی گروپ کو ستانا ۔

Race-ball : (n) دوڑ گھر کا ناچ (جو دوڑ کے سلسلے میں ناچتے ہیں) ۔

Race board : (n) چکّر جس پر کرگھے کی نال دوڑتی ہے ۔

Race-card : (n) سباق نامہ (جس میں دوڑ کے اوقات وغیرہ لکھے ہوتے ہیں) ۔

Race-course : (n) (۱) گھڑ دوڑ کا میدان : دوڑ کا چکّر : حلقۂ سباق : مسابقت کا میدان ۔ (۲) چکّی دھارا : پانی کی وہ دھار جو چکی کے پہیے کو چلاتی ہے : جہاز رانی کے قابل دریا وغیرہ : عرشۂ جہاز کے کنارے کی نالی : آبی شاہراہ ۔

Race-day : (n) یوم مسابقت : گھڑ دوڑ کا دن ۔

Race ginger : (n) ادرک کی جڑ ۔

Race glass : (n) وہ دُوربین جو دوڑ کے میدان میں‌کام آتی ہے : ریس گلاس ۔

Race goer : (n) گھڑ دوڑ کا رسیا : گھڑ دوڑ کا شائق ۔

Race-horse : (n) (۱) گھڑ دوڑ کا ترتیب یا فتہ گھوڑا : دوڑ کا گھوڑا : اسپ مسابقہ : اسپ میدان : تیز رفتار گھوڑا ۔ (۲) جہاز کا عرشہ : اسٹیمر کا ڈک ۔

Race-horse grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Race horse keno : (n) ایک قسم کی لاٹری جس میں ہر کھلاڑی ۸۰ نمبروں میں سے دس نمبر منتخب کرتا ہے اور اگر اس کے دس نمبر الگ کئے ہوئے بیس نمبروں میں سے ہیں تو وہ جیت جاتا ہے ۔

Race knife : (n) فلزات اور لکڑی پر خط کھینچنے کا نوکدار چاقو یا پرکار ۔

Race line : (n) پانی کے نکاس کی مخصوص نالی ۔

Race meeting : (n) (۱) (گھڑدوڑ میں) اجلاس گھڑدوڑ : وہ موقع جب لوگ گھڑدوڑ دیکھنے کے لئے اکٹھے ہوں ۔ (۲) ایک ہی دن یا لگاتار مختلف دنوں میں ہونے والی گھڑدوڑ کی تعداد (خصوصاً برطانیہ میں) ۔

Race memory : (n) نسلی روایت : وہ تجربے ، یادیں اور عقیدے جو ایک ایک نسل سے دوسری نسل کو منتقل ہوتے ہیں ۔

Race prejudice : (n) نسلی تعصب ۔

Race problem : (n) (۱) نسلی مسئلہ ۔ (۲) ملک یا علاقے میں مختلف نسل کے لوگوں کے درمیان ہونے والے تصادم سے پیدا ہونے والا سماجی یا سیاسی مسئلہ ۔

Race psychology : (n) (نفسیات) نسلی نفسیات ۔

Race relations : (n) ایک ہی ملک میں رہنے والی یا مختلف نسلوں کے درمیان تعلقات : نسلی تعلقات ۔

Race riot : (n) نسلی فساد : نسلی ہنگامہ ۔

Race suicide : (n) نسلی خود کشی ۔

Race way : (n) (۱) (امریکا) پانی کے بہاؤ کا نالا : جوئے آب ۔ (۲) چھوٹا تالاب ۔

Racemate : (n) [f. Racemic + -ate.] (۱) (کیمیا) ریسمک ایسڈ کا نمک ۔ (۲) ریسمک مرکب یا مخلوط ۔

Raceme : (n) [L. 'Racemus'.] (نباتیات) پُھل گچھا : غبیا : دستۂ گل : عنقود : خوشہ : خوشے کی آرائش : خوشے کی حالت ۔

Compound raceme : مخلوط خوشہ ۔

Racemed : (a) خوشہ دار : عنقودی : گچھادار : خوشے کی شکل کا ۔

Racemic : (a) (۱) (کیمیا) ریسمک ایسڈ سے ماخوذ یا اُس سے متعلق ۔ (۲) انگوری : عنبی : انگور یا انگور کے رس سے بنایا ہوا : انگوری مرکّب ۔

Racemiferous : (n) خوشوں والا : گچھادار : خوشہ نما ۔

Racemiform : (n) خوشہ شکل : خوشہ جیسا ۔

Racemisation : (n) عنقود سازی : ریسماؤ ۔

Racemism : (n) خوشہ ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Racemixture : (n) (سماجیات) نسلی میل ۔

Racemization : (n) دیکھو Racemisation

Racemize : (v) (۱) خوشہ بنانا : گچھا بنانا ۔ (۲) خوشہ بننا : گچھا بننا ۔

Racemo- : [L. 'Racemus'.] سابقہ بمعنی ریسمک ایسڈ کا جز رکھنے والا ۔

Racemose : (a) [L. 'Racemosus'.] (نباتیات و تشریح) عنقودی : گچھادار : عنبیائی ۔

Racemosely : (adv.) عنقودی طور پر : گچھے کی طرح سے ۔

Racemous : (a) دیکھو Racemose

Racemule : (n) [dim of L. 'Racemus' .] عنبچه : عنقودك .

Racemulose : (a) عنب کی طرح : عنقود جیسا .

Racer : (n) (۱) دوڑنے والا : مسابقت کرنے والا : دوڑ میں حصہ لینے والا . (۲) (خصوصاً) دوڑ کا گھوڑا . (۳) تیز دوڑنے والا جانور . (۴) ایک قسم کا سانپ (امریکا) . (۵)کسی مشین کا تیزی سے چلنے والا پرزہ . (۶) دوڑ میں استعمال کرنے والی چیز جیسے سائیکل ، کشتی وغیرہ . (۷) افقی دائرہ . (۸) لمبی پتلی مچھلی . (۹)برف پر دوڑنے والی کھڑاون. (۱۰) وہ متحرک تختہ جس میں ساحلی توپ جڑ دی جاتی ہے .

Racheal : (n) (بائبل) راحیل .

Rachi-/Rachio- : سابقہ بمعنی "فقرہ" ، "شوکہ"

Rachial : (a) (تشریح) فقاری .

Rachialgia : (n) [Gr.] فقری درد : تکلیف : کمر درد .

Rachialgic : (a) کمر درد سے متعلق .

Rachidia : (n) کمر یا ریڑھ کی حالت .

Rachidian/ Rha- : (a) (طب) کُسالی : ریڑھ سے متعلق .

Rachiform : (a) ریڑھ کی شکل کا .

Rachiglossa : (n) [L.] گوشت خور دریائی جانور .

Rachilla : (n) (نباتیات) ساقچہ : بالچہ : ڈنڈی .

Rachio- : دیکھو Rachi-

Rachidont : (a) [Gr.] خاردار دانتوں والا (مثلاً وہ سانپ جو چڑیوں کے انڈے کھا جاتے ہیں .

Rachiometer : (n) ریڑھ کی کجی کو ناپنے کا ایک آلہ یا مہرہ سبخ : فقرہ سبخ .

Rachiotome : (n) [Gr.] ریڑھ کی نالی کی تشریح کا آلہ : وہ آلہ جس سے ریڑھ کی نالی کا آپریشن کیا جاتا ہے .

Rachiotomy : (n) [Gr.] ریڑھ کی نالی کی تشریح.

Rachis/Rha - /Rachides : (n) [mod. L.] (۱) ساقہ : پت ڈنڈی : پر ڈنڈی . (۲) فقری گھاس وغیرہ کا تنا جس میں تھوڑے تھوڑے فاصلے سے پھول کے ڈنٹھل ہوں : پھول ڈنڈی . (۳) مرکب پتّی کا ڈنٹھل جس میں چھوٹی چھوٹی پتیاں لگی ہوں . (۴) عمود فقری : ریڑھ کی ہڈی : شوکہ . (۵)رگ نخاعی . (۶) پر ڈنڈی (خصوصاً وہ حصّہ جس میں روئیں پھوٹتے ہیں) . (۷) (طیوریات) پرندوں کے پر کے پھیلاؤ کا حصہ .

Rachischisis : (n) [L.] شوقۂ نشوقہ .

Rachitic : (a) وہ مرض جس میں ہڈی نرم ہو جاتی ہے : نرم ہڈیوں والا :(طب) کسای .

Rachitis : (n) [mod. L.] دیکھو Rickets

Rachitogenic : (a) (۱) نرم ہڈی پیدا کرنے والا . (۲) جس سے ہڈیوں کی ترقی میں اضافہ ہو .

Rachitomy /Rha- : (n) وہ آلہ جس سے ریڑھ کی ہڈی کی نالی کو چیرتے ہیں .

Racial : (a) نسلی : متعلق بہ نسل : نسل سے متعلق یا نسل کی بنیاد پر : (بشریات) نژادی :(حیوانیات) نسلی : شخصیات نژادی .

Racial amalgamation : (n) (سماجیات) نسلی انضمام : نسلی اختلاط .

Racial habit : (n) (حیوانیات) جبّلت .

Racial unconsious : (n) (نفسیات) نسلی غیر شعور : اجتمالی غیر شعور .

Racialism : (n) (۱) نسلی تعصب یا امتیاز : نسلی منافرت : نسلیت . (۲) دیکھو Racism . (۳) کسی مخصوص نسل کی برتری کا عقیدہ : انسانوں کی مختلف نسلوں کے درمیان فرق اور امتیاز .

Racialist : (n) نسلی تعصب برتنے والا یا اس پر یقین رکھنے والا یا اس کا حامی.

Racialistic : (a) نسلی تعصب کا یا اس سے متعلق .

Raciality : (n) دیکھو Racialism

Racialization : (n) نسلیانا : نسلی شعور کی بیداری .

Racialize : (v) نسلی بنانا : نسلی شعور پیدا کرنا .

Racially : (adv.) نسلاً : ازروئے نسل .

Racialy : (adv.) [Racy+ly] چٹ پٹے انداز میں : چوکھے پن کے ساتھ۔

Raciness : (n) لطافت : چوکھاپن : چٹ پٹاپن ۔

Racing : (n) (۱) دوڑنے کا عمل : مسابقت : دوڑ : مقابلے کی دوڑ کا انتظام کرنے کا پیشہ۔ (۲)گھڑ دوڑ (نمائشی یا تجارتی)۔

Racing : (a) دوڑ سے متعلق : دوڑ میں مستعمل ۔

Racing calendar : (n) ریس کی تفصیلی معمولات پر مشتمل سالنامہ: ریسنگ کلینڈر ۔

Racing colours : (n) جاکی کی ٹوپی اور جیکٹ کی مخصوص اور رجسٹرڈ دھاریاں جن سے گھوڑے کے مالک کی نشان دہی ہوتی ہے ۔

Racing form : (n) گھڑ دوڑ کے بارے میں تفصیلی معلومات بہم پہنچانے والا اطلاع نامہ ۔

Racing plate : (n) ریس کے دوران گھوڑے کو پہنائی جانے والی ہلکی نعل ۔

Racing tail : (n) دوڑنے والے گھوڑے کی فطری لمبی دم ۔

Raciology : (n) انسانی نسلوں کا مطالعہ : نسلیات ۔

Racism : (n) (۱) (سماجیات) نسلی عصبیت ۔ (۲) (نفسیات) خلط برتری نسل ۔ (۳) نسلی عصبیت پر مبنی سیاسی یا سماجی طریقہ یا نظام ۔ (۴) دیکھو Racialism ۔ (۵)یہ نظریہ کہ انسانی خصوصیات ، عادات وغیرہ نسل پر منحصر ہوتی ہے۔

Racist : (n) نسلی امتیاز برتنے والا یا اس پر یقین رکھنے والا یا اس کا حامی ۔

Racist : (a) نسلی عصبیت کا یا اس سے متعلق : نسلی عصبیت کی حمایت کرنے والا ۔

Rack : (n) [ME.] دل بادل : ہوا میں اڑتے ہوئے بادلوں کا دل ۔

Rack : (n) [MDu. 'Rec, Reck'.] (۱) لوہے کی سلاخ جس میں قیدیوں کو باندھا جاتا تھا ۔ (۲) لکڑی یا دھات کا سلاخدار چارہ دان ۔ (۳) چارے کا ٹوکرا یا کٹ گھر۔ (۴)کٹ گھر(کھونٹوں ، سلاخوں ، پٹریوں یا خانوں کا چیزوں کے رکھنے کے لئے) : کٹہرا ۔ (۵) دندانہ دار سلاخ یا پٹری (جس سے پہیا وغیرہ ایک خاص جگہ پر رہتا ہے) شکنجہ ۔ (۶) چولہا جس پر خام ٹین کو صاف کیا جاتا ہے ۔ (۷) (جہاز رانی) دیکھوFiddle ۔

(۸)مچھلی یا کسی دوسری چیز کو روکنے کے لئے پانی میں باڑھ لگانا ۔ (۹) شاخ دار سینگوں کا جوڑا۔ (۱۰)(میکانیات) دندانہ دار چھڑ جو دندانے دار پرزے اور پہیے کو جوڑتا ہے ۔ (۱۱) ایک : خامہ ۔ (۱۲) آتش دان ۔

At rack and manger : بہتات یا زیادتی کے درمیان۔

On the rack : زبردست دہنی یا جذباتی دباؤ کے تحت : انتہائی پریشانی اور غیر یقینی حالت میں۔

Rack and manger : (۱) مناسب انتظام کی کمی ۔ (۲) تباہ و برباد کرنا : نیست و نابود کرنا (اب بول چال) ۔

Rack : (n) [Late ME.] (۱) ایذا رسانی کا آلہ : شکنجہ : آلۂ تعذیب۔ (۲) ہوا کا زور : طوفان : آندھی ۔

On the rack : عذاب میں : تکلیف میں : شکنجے میں ۔

To be on the rack : تکلیف میں ہونا : عذاب میں ہونا ۔

To put or set (faculties) on the rack : انتہائی زحمت میں ہونا ۔

Rack : (n) [Origin unkn.] گھوڑے کی دو چالوں میں سے کوئی ایک : گھوڑے کی لنگوری چال : میٹھی پولی چال (جس میں گھوڑا دونوں پاؤں اٹھا اٹھا کر چلتا ہے اور کبھی کبھی چاروں پاؤں اٹھ جاتے ہیں) ۔

Rack : (n) [Var. of Wrack.] تباہی : بربادی : تخریب ۔

To go to rack and ruin : تباہی و بربادی میں پڑنا ۔

Rack : (n) دیکھو Arrack

Rack : (n) [alter. of 'Rake'.] جانوروں یا کسی متحرک شے کا بنا ہوا راستہ ۔

By rack of eye : (روزمرہ برطانیہ) آنکھوں سے ناپنا ۔

Rack : (n) [Origin unkn.] نوجوان خرگوش : اس قسم کا خرگوش کا چمڑا ۔

Rack : (n) نشہ آور عرق مثلاً تاڑی وغیرہ(خصوصاًRock punch) ۔

Rack : (v) (بادل) بادلوں کا ہوا میں اڑنا ۔

Rack : (v) (۱) چارہ دان بھرنا (گھوڑے کے لئے)۔ (۲) گھوڑے کو

اس طرح باندھنا کہ اس کا منہ چارہ دان تک پہنچ جائے۔ (۲) (کسی چیز کا) رکھنا یا ٹانگنا (کٹ گھر وغیرہ پر)۔ (۳) ریک سے باندھنا (گھوڑے کو) ۔ (۵) (کان کنی) ریک پر دھونا ۔ (۶) گھمانا ؛ حرکت دینا (ریک کے ذریعہ) ۔

Rack : (v) [MLG. 'Recken' .] (۱) شکنجے یا آلۂ تعذیب میں کھینچنا ۔ (۲) اذیت دینا ؛ عذاب دینا ؛ تکلیف پہنچانا (بیماری ، درد وغیرہ کا) ۔ (۳)تکلیف سے کراہنا ؛ متوحش کرنا ؛ پریشان کرنا (زیادہ لگان وغیرہ لگا کر)۔ (۴) جھنجھوڑنا ؛ ہلامارنا ؛ دماغ کاوی کرنا؛ (دماغ وغیرہ پر) بے حد زور ڈالنا ۔ (۵) اینٹھنا ؛ نچوڑنا (آسامی کو روپئے کے لئے) ؛ خون چوس لینا ۔ (۶)ست کھینچ لینا (زمین کاکثرت استعمال سے) ۔ (۷)ضبط کرنا۔ (۸) (اسکاٹ) پریشانی میں پڑنا ؛ دباؤ میں آنا ؛ پریشانی کے عالم میں چھوڑ دینا ۔ (۹)بڑھا دینا (کرایہ)۔ (۱۰) (کسی کو) دباؤ ڈالنا خصوصاً کرایہ بڑھا کر ؛ زیادہ برداشت کرنا(جیب خرچ) ۔

Rack : (v) گھوڑے کا لنگوری چال سے چلنا ؛ گھوڑے کا دو چالوں میں سے کوئی ایک چال چلنا ؛ میٹھی پولی چال چلنا ۔

Rack : (v) [prov. 'Arracar' .] شراب نچوڑنا ؛ شراب کشید کرنا (تلچھٹ وغیرہ سے) ۔

Rack : (v) [Origin unkn.] (جہاز رانی) دو رسی سے ایک ساتھ باندھنا ۔

Rack a bones : (n) زیادہ ضعیف یا کمزور انسان یا حیوان خصوصاً کمزور گھوڑا ۔

Rack and pinion : (n) (انجینیئرنگ) دت پہرکی ۔

Rack and pinion railway : (n) (۱) دیکھو Rack railway ۔ (۲) ریل کی دندانہ دار پٹری ۔

Rack backed : (a) (تعمیرات) زینہ نما ۔

Rack bar : (n) لکڑی کی چھڑی ۔

Rack body : (n) ٹرک کا ڈھانچہ ۔

Rack calipers : (n) دِت پہرکی میں جکڑا ہوا پیمائشی آلہ ۔

Rack comb : (n) مِسواک ۔

Rack compass/-easel : (n) دندانہ دار ٹیکن (لکڑی کا) ؛ دندانہ دار ؛ پرکار ۔

Rack pin : (n) چھڑی جس سے رسی تانتے ہیں ؛ رسی کسنے والی چھڑی ۔

Rack punch : (n) منقّی عرق ؛ تاڑی وغیرہ ۔

Rack rail : (n) دندانہ دار پٹری ۔

Rack railway/ -railroad : (n) دندانہ دار ریل گاڑی ؛ ریل کی دندانہ دار پٹری (جو پہاڑوں پر ریل کی دونوں پٹریوں کے بیچ میں ہوتی ہے) ۔

Rack-rent : (n) بہت زیادہ کرایہ ؛ زمین کی سالانہ قدرو قیمت کے مساوی لگان ؛ (سیاسیات) انتہائی لگان ؛ سخت لگان ؛ کمر توڑنے والی مال گذاری یا کرایہ نیز مجازاً ۔

Rack- rent : (v) زیادہ لگان لے کر رعیت بنانا ؛ کمر توڑنے والا لگان لگانا ؛ وصول کرنا ۔

Rack renter : (n) زیادہ لگان ادا کرنے والا ؛ زیر بار یا دبیل آسامی؛ زیادہ لگان وصول کرنے والا ؛ ظالم زمیندار ۔

Rack saw : (n) چوڑے دندانہ والا آرا ۔

Rack-stick : (n) دیکھو Rack pin

Rack up : (n) حاصل کرنا ؛ پالینا ۔

Rack way : (n) دیکھو Rack Railway

Rack-wheel : (n) (میکانیات) دندانہ دار پہیّا ۔

Rack work : (n) مشین مین ۔

Rackan : (n) [ME. 'Racand' .] آگ کے اوپر لٹکانے کی کھونٹی ؛ زنجیر ؛ رخل ۔

Racker : (n) (۱) لنگوری چال چلنے والا گھوڑا ۔ (۲) شراب کشید کرنے والا ۔ (۳) پشم خشک کرنے والا ۔ (۴) دباغت شدہ چمڑے کو سُکھانے والا ۔

Racket : (n) [Fr. 'Raquette' .] (۱) (ٹینس وغیرہ کا) بلاّ ؛ ریکٹ ۔ (۲) (جمع) گیند بلاّ (جو چار دیواری میں پالا بنا کے دو یا چار کھلاڑی بلّوں سے کھیلتے ہیں) ۔ (۳) برف جوتا (برف پر پہننے کا جوتا جو بلّے کی شکل کا ہوتا ہے) ۔ (۴) لکڑی کا جوتا (جو انسان یا گھوڑا نرم سطح پر چلنے کے لئے استعمال کرتے ہیں) ۔

Racket : (n) [prob. onomatopoeic.] (۱) شورغل ؛ غل غپاڑا ؛ شور و شغب ؛ ہنگامہ ۔ (۲) ہاؤ ہو ؛ گہما گہمی ؛ چہل

پہل : رنگ رلیاں : سر مستی ۔ (۲) (عامیانہ) چال : ترکیب : تدبیر : جگت ۔ (۳) (عامیانہ) پیشہ : کام ۔ (۵)بلا : آفت : سخت آزمائش جیسےStand the racket: سخت آزمائش میں پورا اترنا : کئے ہوئے کو نبھانا : اخراجات ادا کرنا : ذمہ دار ہونا ۔ (٦) ناجائز سر گرمی: غیر قانونی حرکت : رشوت : جعلسازی ۔ (۷) غیر قانونی طور پر روپیہ حاصل کرنے کی ترکیب (امریکا بول چال): عیار : استحصال بالجبر ۔ (۸) زندگی گزارنے کا آسان اور بے محنت ذریعہ ۔ (۹) صبر آزما مصیبت : سخت آزمائش کا موقع : ابتلا ۔ (۱۰) قرون وسطیٰ کا ایک کھیل ۔

To stand the racket : سخت آزمائس میں پورا اترنا: ناگہانی کا مقابلہ کرنا : اخراجات ادا کرنا : کئے ہوئے کو نبھانا : ذمہ دار ہونا۔

Racket : (v) (۱) سر گرم سماجی یا عیش کی زندگی گزارنا (عموماً about اور around کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) مزے اڑانا: عیش منانا : رنگ رلیاں منانا .(۲)شور و ہنگامہ کرنا : غل مچانا : شور مچاتے ہوئے چلنا پھرنا .(۳) مستعد ہونا : جوش دلانا : خلل ڈالنا : تباہ و برباد کرنا (شور و ہنگامہ)

Racket press : (n) شکنجہ جس میں بلّے کو کس کر رکھ دیتے ہیں۔

Racket store : (n) پر چون کی دُکان : ورائٹی اسٹور ۔

Racket-tail / Racket-tailed humming bird : (n) مکھی خور چڑیا : جس کی دُم پروں کے مقابلے میں بہت لمبی اور ٹینس کے بلّے کی شکل کی ہوتی ہے۔

Racket tailed : (a) لمبی دُم والی(چڑیا)۔

Racketeer : (n) (۱) (امریکا) بلیک میلنگ : دھمکی اور غلط طریقے سے روپیہ حاصل کرنے والا: دھوکا اور فریب سے کمانے والا .(۲) ملازمت اور تجارت میں غیر قانونی مداخلت کرنے والا.(۳)فریبی :جعل ساز : دھوکا باز ۔

Racketeer : (v) (۱)دھوکے اور فریب سے روپیہ یا سیاسی مقصد حاصل کرنا ۔(۲) فریب دینا : شور و ہنگامہ کرنا ۔

Racketeering : (n) فریب دینے والا : دھوکا دینا ۔

Racketer : (n) ریکٹ استعمال کرنے والا(ٹینس وغیرہ کا کھلاڑی)۔

Racketer : (n) شور و غل کرنے والا : ہنگامہ برپا کرنے والا ۔

Racketlike : (a) ریکٹ جیسا : بلّا نما ۔

Racketry : (n) شور و ہنگامہ : اشتعال : جوش ۔

Rackett : (n) [G.] موسیقی کا ایک آلہ : بانسری ۔

Rackety / Racketty : (a) (۱)پُر شور : ہنگامہ خیز : اشتعال انگیز. (۲) عیّاش : آسان زندگی گزار نے والا .(۳)کمزور : جس کی چولیں ڈھیلی ہوں : ہلتا ہوا ۔

Racking : (n) (طب) شدید درد ۔

Racking : (n) رسی جودو یا چار لڑیوں کو بٹ کر بنائی جائے ۔

Racking : (n) (۱)(تعمیرات) اس طرح رندا رکھنا کہ ہر اوپری رندا نیچے والے رندے کی بہ نسبت چھوٹا ہو .(۲) سلائی مشین کی وہ حرکت جو سوئی کی پو زیشن کو ٹھیک رکھتی ہے اور جو بخیے کو تبدیل کرنے میں معاون ہوتی ہے ۔

Racon : (n) [F.rader +beacon.] وہ روشنی مینار جو کسی جہاز کے راڈار سگنل کے جواب میں ختم سگنل روانہ کرتی ہے جس سے جہازوں کوجہاز رانی میں سہولت ہوتی ہے ۔

Raconteur : (n) [F. 'Raconter'.] داستان گو : قصہ گو : لطیفہ گو: کہانی کہنے والا ۔

Raconteuse : (n) خاتون داستان گو : لطیفہ گو عورت : کہانی کہنے والی۔

Racoon/ Raccoon : (n) [Alonquian.] (حیوانیات) خر سک : راکون : امریکی ریچھ : الفن فین ۔

Racovian : (a) [F. mod .'Racovia', Rakow.] راکو کایا اس سے متعلق؛ موجد عیسائیوں کا یا اس سے متعلق جنہوں نے راکو کو سترھویں صدی میں ذہانت و دانش کا مرکز بنایا تھا ۔

Racovian : (n) ان اصولوں کا حامی یا پیرو جن کی تعلیم راکو میں دی جاتی تھی ۔

Racquet / -tte : دیکھو Racket (n)

Racy : (a) [F. Race .] (۱) (شراب ، میوہ جات وغیرہ) : بہت ہی مزیدار ، خوشبودار یا معیاری.(۲) اعلیٰ درجہ کا : خالص: اصلی .(۳) لطیف : پلکیزہ چوکھا : چاشنی دار: چٹ پٹا .(۴)اعلیٰ معیار کا (آدمی): انتہائی ذہین (انسان): زندہ دل : چاق و چوبند : فعال .(۵) اعلیٰ نسل کا جانور : لمبا اور لاغر جانور .(٦)(تحریر و تقریر) شگفتہ : رواں: دلچسپ ۔ (۷)(امریکہ) شہوت

انگیز ؛ (خوشی وغیرہ) خاص طور پر پسندیدہ ۔

Racy of the soil : کسی ملک یا قوم کی خصوصیت (خصوصاً آثر لینڈ کے لئے مستعمل ہے)۔

Rad : (n) Radical کا مخفف ۔

Rad : (n) [F.Rad(iation).] شعاعی برقی روگز رنے کی ایک مقررہ مقدار۔

Rad : (a) [Me.] (۱)(روزمرہ) تیز ؛ تیار ؛ خواہش ؛ آمادہ ۔ (۲) متوحش ؛ ترساں ؛ ہر اساں ۔

Radar : (n) [F. Radio detective and ranging .] (۱)(ریڈیو) راڈار ۔ (۲) دفاعی ؛ نظام کا وہ آلہ جس پر مخصوص حدود میں پائی جانے والی چیزیں خصوصاً طیارے منعکس ہو جاتے ہیں اور مختصر ریڈیائی لہروں کے ذریعہ ان کی موجودگی اور واپسی کا علم ہوتا ہے ۔ (۳)وہ آلہ جس سے یہ کام ہوتا ہے ۔

Radar beacon : (n) وہ آلہ جو راڈار کے اشاروں کو وصول کرتا ہے اور خفیہ اشاروں سے اپنا نام و نشان بتا تا ہے ۔

Radarman : (n) راڈار چلانے والا ۔

Raddle : (n) [Var. of 'Ruddle'.] ایک قسم کی سرخ لوہا ملی مٹی ؛ ہلکے بادامی رنگ کی مٹی(جو رنگ سازی کے کام میں آتی ہے) ؛ (ارضیات) گِل اخرمی ؛ سرخ مٹی ۔

Raddle : (v) ایک ساتھ ملانا ؛ گوتھنا ؛ خلط ملط کرنا ؛ ایک ساتھ ملا کر بُننا ۔

Raddle : (v) سرخ لوہا آمیز مٹی سے رنگنا ؛ لال غازہ ملنا ؛ لال رنگ کی تہ دینا ۔

Raddle : (v) پیٹنا ؛ کوٹنا ۔

Raddled : (a) (۱) پریشان ؛ پراگندہ ذہن ۔(۲)شکستہ ؛ خستہ ۔

Radeau : (n) [Fr. ,a Prove. 'Radel'.] بیڑا ؛ تیرتا ہوا توپ خانہ ۔

Radiability : (n) اشعاع کو منتقل کرنے کی صلاحیت خصوصاً اکسرے۔

Radiac : (n) [F. Radio activity detection identification and computation .] مخصوص مقام پر جوہری اشعاع کو دریافت کرنے ، پہچاننے اور ناپنے کا عمل ۔

Radial : (a) [Late L. 'Radialis'.] (۱)شعاعی ؛ کرنی ؛ پرتوی ؛ شعاع یا پر تو کی مانند شعاع افگن ؛ شعاع سے متعلق ؛ ریڈیم سے متعلق ۔ (۲)نصف قطری ؛ نصف قطر نما ۔ (۳)شعاعی ترتیب کا ۔(۴) (ہندسہ) نیم قطری (علم النجوم) نیم قطر حاملی؛ (نباتیات) کرنی؛ (میکانیات) سمتی ؛ (تشریح) کعبری ؛ ساعدی ہڈی کا؛ (کیمیا) ریڈیمی ۔ (۵)مرکز خاستہ خطوط کا ؛ گستردہ خطوط کا ۔ (۶)اروں والا ؛ جس میں ارے یا مرکز سے محیط تک ڈنڈے لگے ہوں ۔ (۷)دیکھو Radial(-ply) ۔

Radial : (n) (۱)شعاع ؛ پرتو ؛ کرن ۔(۲)(تشریح) شعاعوں سے بھر پور جسم ۔ (۳)ساعدی ہڈی ؛ عصب کعبری ۔ (۴)شعاعی انجن ۔

Radial acceleration : (n) (میکانیات) سمتی اِسراع ۔

Radial arm : (n) ۳۰ ڈگری سے کم کے زاویے میں پائپ لائن کی سمت کو تبدیل کرنے والا عنصر ۔

Radial artery : (n) (تشریح) شریان کعبری ۔

Radial axle : (n) ارے دُھرا ۔

Radial axle box : (n) ارے دھرے کا بکس ۔

Radial brick : (n) مخروطی اینٹ جو چمنی یا منار وغیرہ بنانے میں کام آتی ہے ۔

Radial disturbing force : (n) (علم النجوم) قوت مُغیرہ ؛ قُطر حامل ۔

Radial engine : (n) شعاعی انجن ؛ وہ انجن جن کے سلنڈرس شعاع کی مانند ہوتے ہیں ۔

Radial gate : (n) وہ ترکیپر جس سے پانی کے بہاؤ کو روکا جاتا ہے ۔

Radial lines : (n) (ہندسہ) خطوط قطری ۔

Radial motion : (n) (علم النجوم) سمتی حرکت ۔

Radial never : (n) (تشریح) عصب کُعبری ۔

Radial-ply : (n) ٹائر جس کے ریشوں کی سطحیں سیدھی رکھی گئی ہوں جو ایک دوسرے کو کاٹتی ہوں اور جس کی وجہ سے ٹائر کا بیرونی زمین گیر حصّہ مضبوط ہوتا ہے۔

Radial secter : (n) (۱)بیشتر حشرات کے ڈینوں میں پایا جانا والا ورید ۔ (۲)کیڑوں کی نس ۔

Radial vein : (n) ایک سطحی رگ ؛ رگ کعُبری ۔

Radial velocity : (n) (علم النجوم) نظر سمتی رفتار .

Radiale : (n) [L.] (تشریح) کلائی کی ہڈی : رُسغ کعبری : کعبرّیہ وہ ہڈی جو ہاتھ کو بازوں سے ملاتی ہے (جیسے انسانوں میں چوپایوں میں ٹخنہ اور چڑیوں میں ڈینے کی ہڈی).

Radialization : (n) شعاعی بنانا .

Radialized : (a) شعاعی ساخت کا : شعاعی ساختہ .

Radially : (adv.) نصف قطر کی صورت میں : شعاعی ترتیب سے : گسترده خطوط کی صورت میں .

Radian : (n) [F.Radius+-an.] (۱)(ریاضیات)زاویۂ قوس نیم قُطری: (زاویہ) نیم قطری (دائرے کے مرکز پر وہ زاویہ جس کے ضلعے دائرے میں سے ایک قوس نیم قطر کے برابر کاٹتے ہوں). (۲) ریڈین .

Radiance : (n) [med. L. 'Radiantia'.] (۱) چمک دمک : تابندگی : نور افشانی : درخشانی : (برقیات) اشعاعیّت : شعاع افگنی : ضوفشانی : ضیا باری .(۲)شعاعی ہونے کی حالت یا کیفیت . (۳)تا بندگی چشم یا دیدے کی چمک : آب وتاب نظر. (۴)ایک خاص گلابی رنگ . (۵) دیکھو -Radiation

Radiancy : (n) دیکھو Radiance

Radiant : (a) [L.'Radiantem".] (۱) چمکتا دمکتا : منّور : نور افشاں : درخشاں : ضیا بار .(۲)فروزاں : شعاع افگن : ضوفشاں: گرم تاب (حرارت وغیرہ). (۳)(نباتیات) اشعاعی : کرنی : کرنوں کی طرح پھوٹنے یا پھیلنے والا. (۴) (طبیعیات) اشعاعیہ : شعاع ریز . (۵)(مجازاً) پُر اُمید : خوش حال، بشاش اُمیدوار . (۶) (نقابت) دیکھو Rayonne - (۷)(مجازاً) خوب صورت . (۸)شعاعی طریقے سے گھومتے ہوئے . (۹) ضوریزی کی صفت کا (۱۰) اس نقطے سے متعلق جہاں سے کرنیں پھوٹتی ہیں .

Radiant : (n) (۱)وہ جو چمکتا ہے یا شعاعیں خارج کرتا ہے .(۲)مرکز شعاع : مرکز حرارت .(۳)(طبیعیات) نقطۂ شعاع افگن : نقطۂ ضیابار . (۴)(ہندسہ) وہ خط مستقیم جو کسی مفروضہ نقطے سے شروع ہوتا ہے . (۵)(علم النجوم) مرکز اشاعی : مرکز شہابی : نقطۂ نورانی . (۶) (ہیئت) شہاب کا بقعۂ نور. (۷)گیس یا برقی چولہے کا وہ حصّہ جس سے شعاعیں نکلتی ہیں .(۸) آسمان میں وہ نقطہ جہاں مرئی سفید دھاری اور دنبالہ دار ستارے ملتے ہیں .

Radiant energy : (n) وہ انرجی جو رفتاری لہر کی طرح متحرک ہوتی ہے : خصوصاً برقی مقناطیسی لہروں کی طاقت : اشعاعی توانائی .

Radiant glass : (n) شعاعی حرارت رکھنے والا شیشہ .

Radiant heat : (n) وہ حرارت جو شعاع کے ذریعہ منتقل ہوتی ہے : اشعاعی حرارت .

Radiant point : (n) نقطۂ نورانی(ہیئت) شہاب کا بقعۂ نور .

Radiant region : (n) (علم النجوم) آسمان میں وہ نقطہ جہاں سفید دھاری اور دنبالہ دار ستارے ملتے ہیں .

Radiant yellow : (n) (۱)دیکھو -Cadmium yellow (۲) ایک قسم کا زرد رنگ یا روغن .

Radiantly : (adv.) آب و تاب سے : تابندگی سے : بحالت تا بندگی .

Radiar : (n) (نباتیات) کرنی نظام : شعاعی نظام .

Radiary : (n) [Fr. 'Radiaire'.] (حیوانیات) Radiaria جنس کا ایک جانور .

Radiata : (n) [L. 'Radiatus'.] (حیوانیات) کرنیے : اشعاعیے.

Radiate : (a) [L. 'Radiatus'.] (۱) یک مرکزی : ستارہ نما . (۲) مشعشع: یک مرکزی اشعاعیہ .(۳)کرنیہ : اشعاعیہ .(۴) شعاعی (ترتیب کا) : شعاعی وضع کا .(۵) دیکھو Radial (a) -

Radiate : (v) [L. Radiat-,Radiare'.] (۱)چمکنا : چمکانا : کرن ڈالنا : شعاع پھینکنا : نور یا حرارت پھیلانا : ضوا فگنی کرنا (مرکز سے) . (۲)(حرارت یا روشنی کا) شعاعوں میں منتشر ہونا . (۳) مرکز سے منحرف یا منتشر ہونا یا پھیلنا . (۴)منتشر کرنا : پھیلانا .(۵)براق ہونا : پرتو ڈالنا : شعاعی ہونا : شعاع بنانا .(۶)بجلی گرانا : شعاع کی طرح کام کرنا .(۷)روشن کرنا : اُجالا کرنا . (۸)روشنی ڈالنا : واضح کرنا : وضاحت کرنا . (۹)خوشی سے چہرہ چمکنا : دمکانا .(۱۰)بیج بونا : بکھیرنا : پھیلانا : اشاعت کرنا : نشر کرنا .(۱۱) واٹر لیس کے ذریعہ منتقل کرنا : واٹر لیس کے ذریعہ بھیجنا یا ارسال کرنا .

Radiate crown : (n) شعاعوں سے آراستہ کیا ہوا : کرنوں سے بہم پہنچا یا ہوا : کرنوں سے بنایا ہوا .

Radiate flower : (n) ستارہ نما پھول .

Radiated : (a) (۱) کرنوں سے آراستہ کیا ہوا ؛ شعاعوں سے بنایا ہوا۔ (۲)براق ؛ درخشندہ ؛ شعاعی ؛ شعاع نما ۔ (۳)(خصوصاً طیور میں) پرندوں کے بال و پر کا ۔ (۴)مرکز سے منحرف شدہ ۔

Radiately : (adv.) شعاعی ترتیب سے ۔

Radiately veined : (a) پنجہ رگ ۔

Radiatics : (n) عام شعاع شناسی ؛ پر تو شناسی ۔

Radiatiform : (a) سورج مکھی ۔

Radiating : (n) شعاعی ؛ اشعاعی ۔

Radiating circuit : (n) اشعاعی دور ۔

Radiating cutter : (n) شعاعی برندہ ۔

Radiation : (n)[L 'Radiationem'.] (۱)درخشانی ؛ تابانی ؛ ضوریزی؛ لمعہ افگنی ؛ شعاع افشانی ؛ تابش ؛ لہری توانائی ۔ (۲)(طبیعیات) اشعاع ۔ (۳)برق ؛ جلا ؛ روشنی ۔ (۴)ترتیب شعاعی: شعاع افگنی کا عمل یا انتقال شعاع کی ترکیب.(۵)لہری شعاع ؛ شعاعی نظم: نیز شعاعی شے یا جزو .(۶)مرکزی نقط سے انتشار ؛ شعاعی ساخت. (۷) نئے شعاعی عناصر یا اقسام وغیرہ کی کلیت. (۸)شعاعی حرارت کا عنصر ۔ (۹) تاب کا راجزا کی خصوصیت رکھنے والی شعاع یا ایکسرے ۔

Solar Radiation : (علم النجوم) اِشعاع شمسی ۔

Radiation fog : (n) نشیبی زمین پر اشعاع حرارت سے پیدا شدہ کہر ۔

Radiation of heat : (n) (طبیعیات) اِشعاع حرارت ؛ تابش گرما ۔

Radiation point : (n) (طبیعیات)نقطۂ اِشعاع ۔

Radiation potential : (n) (الیکٹرونک) اِشعاعی قوت ۔

Radiation pressure : (n) (طبیعیات) اشعاعی دباؤ ۔

Radiation pyrometer : (n) (طبیعیات) اشعاعی تپش پیما ۔

Radiation sickness : (n) بیماری جو سردی ، گرمی یا ہوا لگنے سے ہوتی ہے اور جس کے علاج کے لئے شعاعی طریقے کی ضرورت ہو۔

Radiation thermometer : (n) اشعاعی تھرما میٹر ۔

Radiational : (a) تابانی ؛ تابش ؛ اشعاع ؛ نورافشانی ؛ روشنی سے متعلق یا اس کا ۔

Radiative : (a) درخشاں ؛ تاباں ؛ شعاع فشاں ؛ ضوریز ؛ شعاع افگنی (طبیعیات) اشعاعی ؛ شعاع انگیز ؛ (روشنی) تاباں ۔

Radiative equilibrium : (n) (علم النجوم) اشعاعی توازن ۔

Radiato- : (n) سابقہ بمعنی شعاعی سمت میں ؛ شعاعوں کی حالت میں ۔

Radiator : (n) (۱) چمکنے والا ؛ چمکانے والا ۔(۲)آلہ حرارت زا ؛ گرمالہ (گرم+ آلہ) ۔ (۳)گرم تابہ (جس سے کمرے میں حرارت ہوتی ہے).(۴) گرمی کش ؛ حرارت رُبا ؛ ریڈیٹر. (۵)(طبیعیات) حرارت زا ؛ اشعاع انگیز ؛ شعاع ریز ۔ (۶)(ریڈیو) افواج خیز ؛ افواج زا ۔(۷)منتقل کرنے والا ؛ پہنچانے والا ؛ بجلی اور حرارت وغیرہ کو اپنے اندر سے گزار دے ۔

Radiatory : (a) ریڈیٹر کا یا اس سے متعلق ۔

Radical : (a) [Late L. 'Radicalis'.] (۱) جڑیا اصل سے متعلق ؛ جڑ کا ؛ اصل کا ؛ اصلی ؛ مادے کا.(۲) بنیادی ؛ اساسی ؛ اصلی طبعی فطری .(۳)قطعی ؛ کُلیّ ؛ بنیادی ؛ اساسی(اصلاح علاج وغیرہ). (۴)(سیاسیات) انتہا پسند(آزادی یا اصلاح کے بارے میں)؛ انتہا پسندانہ ۔ (۵)(ریاضیات) جذر کے متعلق ؛ جذری .(۶)(لغت) الفاظ کی اصل یا مادے سے متعلق ؛ مادی ؛ اصلی .(۷)(موسیقی) طنابی ؛ سُرتال سے متعلق .(۸) (نباتیات) بیخی ؛ بیج برآمدہ ۔ (۹)(فلسفہ) اصل ؛ اصول سے متعلق ؛ اصلیہ کا ۔

Radical : (n) (۱) (لغت) اصل ؛ مادہ ؛ جامد ؛ لفظ غیر مشتق ۔ (۲) (فلسفہ) اصل اصول ؛ بنیادی اصول ؛ اصلیہ ؛ مبدا؛ منبع اصلی ؛ سر چشمہ .(۳)(ریاضیات) جذر ؛ علامت جذر .(۴)(کیمیا) کسی مرکب میں وہ جوہر یا عنصر جو تمام کیمیاوی تغیرات کے بعد جز و مستقل بن جاتا ہے ۔(۵)(سیاسیات) انتہا پسند(گروہ کا فرد) ؛ (بول چال میں Rod)۔ (۶) (نباتیات) ابتدائی بیج ؛ مُول ۔ (۷)بنیاد ؛ کُل ۔

Radical axis : (n) اصلی محور ۔

Radical centre : (n) مرکز اصلی ۔

Radical change : (n) بنیادی تبدیلی ۔

Radical cure : (n) (طبیعیات) علاج شافی ؛ کلّی علاج ۔

Radical evil : (n) فطری خباثت ۔

Radical expression : (n) (ریاضیات) یك جذری جمله ؛ جذری علامات کے بارے میں ؛ نہاتلا اظہار .

Radical heat : (n) (عضویات) حرارت غریزی .

Radical leaf : (n) جڑ پتا .

Radical loop : (n) ابہامی کنڈل .

Radical quality : (n) (ریاضیات) جذراصم .

Radical reform : (n) بنیادی اصلاح ؛ انتہا پسندانہ اصلاح .

Radical Reformer : (n) بنیادی اصلاح کرنے والا ؛ انتہا پسند مصلح .

Radical republican : (n) انتہا پسندانہ اقدامات کی حمایت کرنے والا ملك(خصوصاً دوسری جنگ عظیم کے بعد جنوبی ریاستوں کے خلاف).

Radical sign : (n) (ریاضیات) علامت جذر .

Radical word : (n) (لسانیات) جامد ؛ لفظ غیر مشتق .

Radicalism : (n) (سیاسیات) انتہا پسندی ؛ انتہا پسندی کی حالت یا کیفیت ؛ انتہا پسندانہ اصول ؛ مسلمہ اصول و روایات کے خاتمہ یا اصلاح کی کوشش .

Radicality : (n) (۱) بنیادی ؛ بنیادی ہونے کی حالت یا کیفیت . (۲) دیکھو -Radicalism

Radicalization : (n) اصلی یا بنیادی بنانے کی کاروائی ؛ اصلی یا بنیادی ہونے کی حالت.

Radicalize : (v) انتہا پسند بنانا (بالخصوص سیاست میں)؛ انتہا پسندی کے رنگ میں رنگنا .

Radically : (adv.) اصلاً ؛ قطعاً ؛ بنیادی یا اساسی طور پر .

Radicalness : (n) اصلی یا بنیادی ہونے کی حالت .

Radicand : (n) [L. 'Radicandum'.] علامت جذر کے تابع اعداد یا مقدار.

Radicel : (n) [mod .L. 'Radicella'.] (نباتیات) چھوٹا ریشہ ؛ ریشك ؛ بیخچہ .

Radici : [L. 'Radix'.] سابقہ بمعنی بیخ ؛ ریشہ ؛ اصل بنیاد ؛ اساس .

Radicicolous : (a) (حیوانیات) بیخ باش .

Radiciflorous : (a) (نباتیات) بیخ گل .

Radiciform : (a) بیخ نما ؛ بیخ شکل ؛ جڑ جیسا .

Radicle : (n) [L. 'Radicule'.] (۱) (نباتیات) جذیر ؛ پھیڑ ؛ جڑی کونپل . (۲) (نباتیات) بیخچہ ؛ چھوٹی جڑ ؛ بیخك ؛ مُول .(۳)(تشریح) فرعی عصب؛ چھوٹا عصب یا شریان؛ فرعی رگ.(۴) (ریاضیات) خط جذری ؛ علامت جذر . (۵)(کیمیا) جزو مستقل ؛ کسی مرکب میں وہ جوہر یا عنصر جو تمام کیمیاوی تغیرات کے باوجود باقی رہے .

Radicular : (a) (۱) (نباتیات) جذیری ؛ چھوٹی جڑ کا ؛ بیخکی . (۲)(تشریح)چھوٹے عصب یا شریان کا. (۳)(مرضیات) (دندانی ، شریان) کو متاثر کرنے والا ؛ مسوڑھے کو متاثر کرنے والا .

Radicule : (n) [L. 'Radicula'.] (نباتیات) دیکھو Radicle

Radiculectomy : (n) (۱)بیخیات ؛ جڑ کی ترکیبی صورت کا مطالعہ . (۲)ایك یا چند جڑوں کو کاٹنا .

Radiculitis : (n) (طب) ورَم عصب فقری یا ورم بیج .

Radiculose : (a) بہت زیادہ جڑیں پیدا کرنے والا؛ (نباتیات) کثیر بیخکی .

Radio : (n) [Orig. U.S., short for radio-telegraphy.] (۱)ریڈیو ؛ لاسلکی تار اور ٹیلیفون .(۲)ایکس ریز ؛ لا شعاعیں اور اسی قسم کی دوسری شعاعیں . (۳)ان شعاعوں کا استعمال. (۴) ریڈیائی پیغام ؛ ریڈیو گرام .(۵)لاسلکی شعاعیں وصول کرنے والا اور بھیجنے والا. (٦)(تشریح) کُعبری . (۷)ریڈیائی نشر یات کا ادارہ یا صنعت .

Radio : (v) (۱) لاسلکی تار کے ذریعہ نشر کرنا ؛ لا سلکی پیغام بھیجنا ؛ لا سلکی تار یا خبر دینا . (۲)ریڈیائی پیغام بھیجنا . (۳) لاشعاعوں سے تصویر کھینچنا ؛ لا شعاعی تصویرکھینچنا . (۴)ریڈیم سے کام لینا؛ ریڈیم کا اثر ڈالنا .

Radio : (a) (۱)ریڈیائی توانائی یا برقی لہروں کے ذریعہ ہونے یا کرنے سے متعلق .(۲)ریڈیو تلگرافی یا ریڈیو ٹیلیفون کا یا اُس سے متعلق . (۳)برقی دھاروں سے متعلق . (۴)ریڈیو کے ذریعہ نشر کیا ہوا . (۵) ریڈیو کے ذریعہ قابو میں رکھا جانے والا .

Radio- : سابقہ بمعنی(۱) شعاع یا ضو کا ؛ شعاعی؛ ضیائی . (۲)نصف قطر ؛ نیم قطر .(۳)ریڈیم کا .(۴)ضوفشانی؛ تابانی ؛ شعاع زنی کا .

Radio acoustics : (n) ریڈیو کے ذریعہ نشر کئے جانے والی آواز کے اثرات کی منتقلی اور پیش کش کا مطالعہ ۔

Radio actinium : (n) (کیمیا) ریڈیو ایکٹینیم : ایک قسم کا تاب کار عنصر جو(Thorium) ریڈیو کی شعاع آفرین دھات ہوتا ہے ۔

Radio activate : (v) گرم تاب بنانا : تاب کار کرنا ۔

Radio-active : (a) گرم تاب : تاب کار : شعاع زن (جس میں گرم تابی سے برق پیما وغیرہ کو متاثر کرنے کی قوت ہو) : (طبیعیات) تابکار ۔

Radio-activity : (n) (طبیعیات) تابکاری : گرم تابی : شعاع زنی ۔

Radio astronomer : (n) (۱)(علم النجوم) ریڈیائی ہیئت کا ماہر ۔ (۲) علم افواج فضا کا ماہر .(۳)شعاعی لہروں کے ذریعہ اجرام فلکی کا مطالعہ کرنے والا ۔

Radio astronomy : (n) (۱)(علم النجوم) ریڈیائی ہیئت ۔ (۲) (علم النجوم) علم امواج فضا .(۲) علم نجوم کا وہ شعبہ جس میں سماوی اشیاء کا مطالعہ شعاعی لہروں کے ذریعہ کیا جاتا ہے ۔

Radio-beacon : (n) (ریڈیو) ریڈیو منارہ ۔

Radio beam : (n) (ریڈیو) ریڈیائی کرن ۔

Radio-broadcast : (n) (ریڈیائی) نشریہ ۔

Radio-broadcasting : (n) ریڈیو نشر ۔

Radio-broadcasting station : (n) ریڈیو نشر گاہ ۔

Radio car : (n) شعاعی مواصلات کے آلات سے مزین کار ۔

Radio carbon : (n) تابکار کاربن ۔

Radio carpal : (n) (تشریح) کُعبرُی رُسغی(جوڑ)۔

Radio chemistry : (n) (کیمیا)تابکاری کیمیا ۔

Radio-communication : (n) (تلغرافی) بے تار پیام رسانی ۔

Radio compass : (n) ریڈیو سمت نما : ریڈیو کمپاس ۔

Radio-detector : (n) مکشاف : ریڈیو شناسندہ ۔

Radio-direction finder : (n) سمت بتلانے والا : ریڈیو سمت نما ۔

Radio-diagnosis : (n) (طب) شعاعی تشخیص ۔

Radio electrician : (n) (امریکی بحریہ کا) وارنٹ افسر جو خصوصاً ریڈیو اور دوسرے الیکٹرونک آلات کی نگرانی کرتا ہے ۔

Radio element : (n) (کیمیا) تابکاری عنصر ۔

Radio engineering : (n) ریڈیو انجینیئری ۔

Radio fix : (n) سمت نما کے ذریعہ ریڈیو ٹرانسمیٹر کا محل وقوع ۔

Radio-frequency : (n) ریڈیائی تَعدد: لاسلکی تعدد: تعدد جو مخصوص علاقے میں لا سلکی مواصلات کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Radio isotope : (n) تابکاری عنصر۔

Radio-lead : (n) تابکاری سیسہ ، ریڈیم ڈی ۔

Radio-locator : (n) راڈار ۔

Radio-luminescence : (n) اِشعاعی لمعان : اشعاعی نورانیت ۔

Radio man : (n) (۱) ریڈیو آپریٹر : ریڈیو کا تکنیکی ماہر .(۲)الیکٹرک کمپنی کا ملازم جو بجلی کی لائنوں یا آلات کی خرابی کی نشان دہی کرتا ہے ۔

Radio metal : (n) ریڈیو دھات ۔

Radio set : (n) ریڈیو : ریڈیو ٹرانسمیٹر ۔

Radio sodium : (n) تابکار سوڈیم ۔

Radio sonde : (n) (ہوا پیما)ریڈیائی ہوا پیما : ریڈیائی مِسبار ۔

Radio source : (n) وہ خلائی علاقہ جہاں سے توانائی لہریں وصول کی جاتی ہیں ۔

Radio star : (n) نظام شمسی سے فزوں ریڈیائی لہروں کا مجرد ذریعہ ۔

Radio-station : (n) نشر گاہ : ریڈیو اسٹیشن ۔

Radio symmetry : (n) (حیوانیات) کِرنی تشاکل ۔

Radio talk : (n) نشری تقریر ۔

Radio technology : (n) (۱)ریڈیو کا تکنیکی علم ؛ ریڈیو تکنالوجی ۔
(۲)صنعتی مسائل کے حل کے لئے ایکسریز کا استعمال ۔
(۳)صنعتی مسائل میں شعاع افگنی کی کسی بھی شکل کا استعمال ۔

Radio telegram : (n) (۱)(تلغرافی) لا سلکی تار ؛ لا سلکی پیغام ۔
(۲)بحری جہازوں سے بھیجا جانے والا لاسلکی تار یا پیغام ۔

Radio telegram/ -phy : (n) (تلغرافی) بے تار پیغام رسانی ؛ ریڈیو تار برقی ؛ لاسلکی پیام رسانی ۔

Radio telegraph : (v) ریڈیو تار برقی بھیجنا ۔

Radio telephone : (n) (سمعیات) شعاعی فون ؛ (تلغرافی)لاسلکی فون ۔

Radio telescope : (n) (علم النجوم) آسمان کے مختصر حصے سے ریڈیو لہروں کودریافت کرنے اور رپورٹ کرنے کا ایک آلہ ۔

Radio-transmitter : (n) ریڈیو فرستندہ ؛ ریڈیو ٹرانسمیٹر ۔

Radio wave : (n) (۱) شعاعی لہر ؛ ریڈیو لہر ۔(۲)برقی مقناطیسی لہر جس میں ریڈیائی تعدد ہوتا ہے ۔

Radioautogram : (n) دیکھو Autoradiograph

Radioautograph : (n) (۱)(طب ، فوٹوگرافی) تابکاری خودنو شتہ ۔
(۲)دیکھو Autoradiograph ۔

Radiogenic : (n) (۱)(کیمیا) تابکاری زائیدہ ۔(۲) ریڈیو سے نشر کئے جانے کے لائق ۔

Radiogenically : (adv.) تابکاری زائیدہ کے ذریعہ ۔

Radiogoniometer : (n) ریڈیو سمت پیما ؛ ریڈیو زاویہ پیما ۔

Radiogram : (n) (۱)(تلغرافی) ریڈیو تار ؛ لا سلکی تار ۔
(۲) (فوٹوگرافی)ریڈیو گرام ؛ لاشعاعی تصویر ۔
(۳)(سمعیات ، ریڈیو) گرامو فون ؛ریڈیو گرام ۔

Radiogramophone : (n) (سمعیات) ریڈیو گراموفون ۔

Radiograph : (n) (۱)(دھوپ کا) تمازت پیما ؛ ریڈیو گراف ۔
(۲)(فوٹوگرافی) شعاعی تصویر یا نقش شعاعی۔
(۳)(علم النجوم) شمسی اشعاع نگار ۔ (۴)(تلغرافی) لاسلکی تار ۔

Radiograph : (v) شعاعی تصویر کھینچنا ۔

Radiographer : (n) شعاعی تصویر کھینچنے والا خصوصاً ایکسرے کا تکنیکی ماہر ۔

Radiographic/ -cal : (a) شعاعی تصویر سے متعلق ؛ شعاعی مصوری کا ؛ شعاع نگار شتہ ۔

Radiographically : (adv.) شعاعی مصوری سے ؛ بطریق شعاع نگاری ۔

Radiography : (n) (۱)(فوٹوگرافی) شعاعی مصوری ؛ شعاع نگاری ؛ شعاعی عکاسی ۔(۲) (علم النجوم) شمسی گرافی اشعاع نگاری۔ (۳)(تلغرافی) لاسلکی تار برقی۔ (۴)(طبیعیات، کیمیا) علم تابکاری ۔

Radiolaria : (n) [mod. L. 'Radiolus'.] (حیوانیات) بیغ پایاں کی ایک جنس ۔

Radiolarian : (a) بیغ پایاں کی ایک جنس سے متعلق ۔

Radiolarian ooze : (n) (ارضیات) مردہ بیغ پایاں گِل ۔

Radiolite : (n) [F.Radio+lite] ایک قسم کی متحجر شے ۔

Radiologation : (n) (۱)ریڈیائی تعین مقام۔(۲)راڈار کے ذریعہ جہازوں کا محل وقوع ، حالت اور دوری معلوم کرنے کا طریقہ ۔

Radiological : (a) (۱)شعاعیات کا یا اس سے متعلق ۔(۲)جوہری شعاعیت کا یا اس سے متعلق ۔

Radiologist : (n) (طب)تابکاری طبیب ؛ ایکسرے کا ماہر ۔

Radiology : (n) (۱)(طبیعیات) شعاعیات ؛ (طب) تابکار کا علم ؛ تابکاری معالجہ ؛ ریڈیولوجی ؛ ایکسرے کے ذریعہ سے بیماری جاننے کا علم ؛ (طبیعیات) تابکاریات ؛ علم تابکاری ۔

Radiometer : (n) مقیاس قوت شعاعی ؛ وہ آلہ جو شعاعی قوت کا میکانکی قوت میں تبدیل ہونا دکھاتا ہے ؛ (طبیعیات) اشعاع پیما ؛ ریڈیو میٹر ۔

Radiometric : (a) (۱)(طبیعیات) اشعاع پیما یانہ ؛ ریڈیو میٹر سے متعلق ۔(۲) ریڈیو میٹر کے ذریعہ پیمائش کیا ہوا ۔

Radiometric magnitude : (n) (علم النجوم) اشعاع پیما یا نہ قدر ۔

Radiometry : (n) (طبیعیات) ریڈیو میٹر کا استعمال ؛ شعاع پیما ئی ۔

Radiomicrometer : (n) (طبیعیات) خفیف اِشعاع پیما۔

Radiophare : (n) (۱)ریڈیو منارہ ۔(۲) ریڈیو تلگرافی اسٹیشن جہاں سے جہازوں کی پوزیشن معلوم کی جاتی ہے ۔

Radiophone : (n) دیکھو Radio telephone

Radiophonic : (a) لا سلکی فون سے متعلق ۔

Radiophony : (n) (۱) (سمعیات) شعاع فونی ۔ (۲)لا سلکی آواز رسانی ۔

Radiophotography : (n) (فوٹوگرافی) لا سلکی عکاسی ۔

Radioscope : (n) شعاع بین : تابکاری نما : تابکاری بین ۔

Radioscopy : (n) (۱)(فوٹوگرافی) شعاعی معائنہ ۔(۲)(طبیعیات) تابکاری بینی : ایکسرے کے ذریعہ چیزوں کی جانچ : تشعشع سنجی ۔

Radiosensitive : (a) شعاعی قوت کے اثرات کو محسوس کرنے والا ۔

Radiotherapy /Radiotherapeutics : (n) (طبیعیات) شعاعی معالجہ : تابکاری معالجہ : تابکاری عناصر یا ایکس ریز کے ذریعہ کسی مرض کا علاج ۔

Radiotherapist : (n) تابکاری کے ذریعہ علاج کرنے والا ۔

Radiovision : (n) (ریڈیو)ریڈیو دور نمائی : لا سلکی تصویر نمائی ۔

Radish : (n) [L. 'Radicem'.] (۱)(نباتیات)(ولایتی) مولی : گاجر : شلجم : فُجل : تُرب ۔(۲) مولی وغیرہ کا پودا ۔

Scarlet radish : سرخ مولی : گاجر ۔

Radish -fly : (n) (امریکا) ایک قسم کا دو بازو والا چھوٹا کیڑا ۔

Radish tree : (n) ایک آسٹر یلیائی درخت ۔

Radium : (n) [f. L. 'Radius'.] ریڈیم (عنصر ، دھات) : شعاعیہ : بہت زیادہ تابکار ، چمکدار سفید دھاری جو قلوی ارضی گروپ سے تعلق رکھتا ہے ۔

Radium : (n) [F.] مخصوص رنگ کا ایک ریشمی کپڑا جو عام طور پر عورتیں استعمال کرتی ہیں ۔

Radium dial : (n) گھڑی وغیرہ کی ریڈیم ڈائل ۔

Radium emanation : (n) ریڈیم گیس : ریڈون (عنصر)۔

Radiumtherapy : (n) ریڈیمی معالجہ ۔

Radius : (n) [L.] (۱)(تشریح)کعُبر : کلائی باڑ : ساعدا ستخواں ۔ (۲)(ہندسہ) نصف قطر : نیم قُطر(دائرے وغیرہ کا)۔ (۳)گسترده خط : مرکز خاسته خط : پہیے کا دھرا یا اس قسم کی اور کوئی چیز ۔ (۴)حلقہ : دائرہ ۔ (۵)(نباتیات) کنارہ گُل : گل ساقہ : گل کنگرا : چھتر ڈنڈی : (خوشہ گل کی)پھول ڈنڈی ۔ (۶)(طیوریات ، حیوانیات) رگِ بازو : اُسیل : کِرن : پرّہ : پر کے ریشے ۔ (۷) لا مرکزیت : مرکز سے خارج : دائرہ سے باہر ۔ (۸)دائرہ : حلقہ : گھرا ہوا حصہ : محدود ۔ (۹)چار میل کا دائرہ جس کی ہر سمت چیرنگ کراس (Charing cross) سے برابر دوری رکھتی ہے ۔ (۱۰) دیکھو-Ra-dius vector

The four-mile radius : لندن میں بلدیئے کا وہ حلقہ جس کا مرکز چیرنگ کراس ہے ۔

Radius : (v) (ریاضیات) دائرے کے قوس پر کاٹنا ۔

Radius bar : (n) نصف قطری سلاخ ۔

Radius clause : (n) مالك اور ملازم کے درمیان معاہدہ کی وہ دفعہ جس کی زد سے وہ ملازم ایك معینہ مدت تك کسی دوسری جگہ کام کرنے کا مجاز نہیں ہوتا ۔

Radius of curvature : (n) (ہندسہ) نصف قطر اِنحنا ۔

Radius of gyration : (n) (میکانیات) نصف قُطر گردش ۔

Radius rod : (n) دیکھو Radius bar

Radius vector : (n) (۱)(ہیئت) قطر حامل : خط المرکز (جو سورج یا سیارے سے کسی تابع کے مدار تك کھینچا جائے): خطّ حامل ۔ (۲) (ریاضیات) نصف قطر سمتی ۔

Radix : (n) [L.] (۱) عدد اصلی : عدد بنیادی (ریاضیات) ۔(۲) ماخذ: مصدر : اصل : مبدا : سر چشمہ : منبع اصلی ۔ (۳)(تشریح) اصل : اصل عصبی ۔ (۴)(نباتیات) بیخ : جڑ۔ (۵) مجذیر: پھیڑ : خصوصاً رگ کی جڑ ۔

Radome : (n) [f. 'Radio+ dome'.] (۱) (ریڈیو) ہوا ئیہ پوش : ریڈوم ۔ (۲) راڈار سسٹم کی حفاظت کے لئے پلاسٹك کا پردہ ۔

Radon : (n) [Fr. 'Radium'] (کیمیا) ریڈون : ریڈیم گیس(عُنصر) ۔

Radula : (n) [L. 'Radere'.] (حیوانیات) دیکھو Odontophore

Radular : (a) (حیوانیات)سوہانیہ : زبان صدفہ : راڈولر ۔

Raduliform : (a) (حیوانیات) ریتی نما : سوہانی شکل : دندانہ دار : مثل شانہ ۔

Raff : (n) [ME.] (۱)(اسکاتستانی اور شمالی)کثرت : زیادتی : وفور : افراط : فراوانی : بہتات ۔(۲)بیکار چیز : کوڑا کرکٹ : فضلہ (اب صرف بول چال) ۔ (۳) نچلی ذات : پس ماندہ طبقہ یا افراد ۔ (۴) پس ماندہ بیکار ساتھی : دوست ۔ (۵) دیکھو Riff-Ruff ۔

Raff : (n) [G. 'Raf , Raffle'.] غیر ملکی لکڑی ۔

Raffaelesque : Raphaelesque کا متبادل ۔

Raffia / Rafia : (n) [Var. of 'Raphia.] (۱) مڈغاسکر کے تاڑ کے ریشے جن سے ٹوکری وغیرہ بنائی جاتی ہیں : رفیہ بان یا سُتلی ۔ (۲) رفیہ (کھجور کی ایک قسم جو مڈغاسکر میں ہوتی ہے : نخل مڈغاسکر ۔ (۳)(نباتیات) ریشۂ رفیہ ۔

Raffia palm : (n) مڈغاسکر کا تاڑ یا کھجوڑ جو اپنے ریشوں کی وجہ سے بہت زیادہ معاشی اہمیت کا حامل ہے ۔

Raffinose : (n) [F, 'Raffinar'.] (کیمیا) رافینوز : ایک قسم کی شکر جو بے رنگ ہوتی ہے : (C_{18} H_{32} O_{16}) جس کی کمی بیشی سے چقندر میں شکریت پیدا ہوتی ہے : قند مصفّی۔

Raffish : (a) (۱)غیر متوازن : او باش : آوارہ : اوباش صورت : بد تمیز: بیہودہ : نالائق :ذلیل بدنام : منہ پھٹ ۔ (۲) شیطان صفت : خبیث ۔

Raffishly : (adv.) اوباشانہ : آوارہ پن سے : خباثت سے : بیہودہ پن کے ساتھ ۔

Raffishness : (n) اوباشی : آوارگی : اوباشی کی قطع ۔

Raffle : (n) [F. 'Rafle'.] (۱) ایک قسم کا کھیل ۔(۲)(معاشیات) بیع بالقرعہ : لاٹری کے ذریعہ فروخت ۔

Raffle : (n) [OF. 'Rafle'] (۱)فضلہ : بیکار : کوڑا کرکٹ : غیر ضروری سامان ۔ (۲)(جہاز رانی) (ٹوٹ پھوٹ کے بعد) منتشر ٹکڑے : ملبا کاٹ کباڑ : ٹوٹا پھوٹا سامان ۔

Raffle : (v) [F. 'Rafler'.] (Raffle) رافیل ٹھیلنا : قرعہ اندازی کے ذریعہ فروخت کرنا : بیع القرعہ میں شریک ہونا ۔

Rafflesia : (n) [mod. L. f. name of Sir T. Stamford Raffler.] ایک قسم کا بے برگ وبار ملائیشیائی درخت جس میں بکثرت پھول لگتے ہیں : رافلزیا ۔

Raft : (n) [ON. 'Raptr'.] (۱)بیڑا : لٹھوں کا ٹھاٹھ جو کشتی کا کام دیتا ہے۔ (۲) بہتے ہوئے درخت ، برف وغیرہ ۔ (۳)(فوج) تیرتا ہوا پل : تیرتا ہوا پلیٹ فارم(جو عموماً استعمال کرتے ہیں) ۔ (۴) ربر کا وہ آلہ جو جان بچانے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا اور بحری جہاز کے خطرے میں پڑ جانے کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے۔ (۵)لٹھوں : لکڑی کے کُندہ : گیس یا ہوا بھرے ہوئے چمڑوں کی مسطح ساخت ۔ (۶) نواڑ کی بٹی ہوئی رسی جو رگڑ سے بچانے کے کام آتی ہے ۔

Raft : (n) Raff کا متبادل ۔

Raft : (n) Reave کا فعل ماضی اور اسم مفعول۔

Raft : (n) بہت زیادہ : کثیر تعداد : جمعیت : ازدحام :انبار : گروہ ۔

Raft : (v) (۱) بیڑے میں لے جانا : بیڑا بنانا(لٹھوں یا پیپوں سے) بیڑے کو کھینچنا ۔ (۲)بیڑے کے ذریعہ مال وغیرہ لے جانا ۔ (۳) بیڑے کے ذریعہ دریا پار کرنا ۔ (۴)بیڑے پر کام کرنا یا بیڑے کی رہنمائی کرنا ۔

To raft off : (phr.) ساحل سے جہاز تک بیڑے کوکھینچنا۔

Raft bridge : (n) بہتا ہوا پُل : بیڑے سے بنا ہوا پُل ۔

Raft duck : (n) (امریکا) ایک قسم کی سمندری بط ۔

Raft port : (n) ایک بڑا مربع نما سوراخ جو جہاز کے اگلے یا پچھلے حصہ میں ہوتا ہے اور جس کے ذریعہ لکڑیوں ، تختوں کو جہاز پر لادا اور اُتارا جاتا ہے ۔

Rafter : (n) [F. 'Raft'.] لٹھوں وغیرہ سے بیڑا بنانے والا : بیڑے پر ملازمت کرنے والا ۔

Rafter : (n) [OE. 'Raefter'.] کڑی : بڑنگا : شہتیری ۔

Principal rafter : وہ بڑا چوبی لٹھ جو دوسری لکڑیوں کو سہارا دیتا ہے ۔

Rafter : (v) (۱)کڑی لگانا : بڑنگا لگانا ۔ (۲)(زراعت) گنڈے دار ہل پھیرنا (بیج بیج کی زمین چھوڑ کر ہل چلانا) ۔ (۳)کڑیوں میں تبدیل کرنا ۔

Rafter : (n) [Raf + ter.] گچھا : لچھا ؛ اون کا لچھا (خصوصاً ترک) ۔

Rafter bird : (n) (حیوانیات) مگس گیر ۔

Rafting : (n) چوب بندی ۔

Rafting stream : (n) بہاؤ ندی ۔

Raftsman / Raftman : (n) (۱)کھویّا (بیڑے وغیرہ کا)؛ بیڑا بان ؛ کشتی ران : بیڑے کو کھینے والا ۔ (۲)بیڑا بنانے والا ؛ بیڑے پر کام کرنے والا ۔

Rafty : (a) [Origin unknown.] (۱)(روز مرہ برطانیہ)خراب(موسم وغیرہ) ؛ مرطوب (موسم) ۔ (۲) پھپھوند لگا ہوا ؛ مرطوب ؛ باسی ؛ خراب۔

Rag : (n) [Me. 'Ragge'.] (۱)(دھجی) ؛ چتھڑا ؛ ٹکڑا ؛ پرزہ ۔ (۲)(جمع) پھٹے کپڑے ؛ چیتھڑے ۔(۳)(حقارت سے) جھنڈی ؛ رومال وغیرہ (کو کہتے ہیں) لتاً ؛ چیتھڑا ؛ ردی کاغذ ۔ (۴) حقیر آدمی ؛ گدا صفت آدمی ؛ بھیک منگا ۔ (۵)وہ ورزش یا کھیل وغیرہ جو طلبہ رفاہی کاموں کے لئے رقم اکٹھا کرنے کے لئے کھیلتے ہیں ۔

Rag : (n) [Origin unknow.] (تعمیرات) سنگ بلاط ؛ سلیٹ پتھر ؛ سلیٹ کی پتیاں جو چھتیں چھانے کے کام آتی ہے)۔

Rag : (n) (۱)(خصوصاً برطانیہ)(عامیانہ) خوشی سے چلاّنا یا چیخنا (خصوصاً لڑکوں کا) ؛ طلبہ کا ہنگامہ ۔ (۲)برطانوی یونیورسٹیوں میں طلبہ کی روایتی پر مذاق بغاوت جس میں یونیورسٹی ذمہ داروں کا مذاق اڑایا جاتا ہے ۔ (۳) (عامیانہ) شور ہنگامہ ؛ گڑبڑ ۔ (۴)شوخی ؛ شرارت؛ دل لگی ؛ کلیل ؛ عملی مذاق ۔

Rag : (v) چیتھڑا کرنا ؛ دھجی بنانا ؛ پرزے بنانا ۔

Rag : (v) [Origin unknown.] (۱) (بول چال اور عامیانہ) ڈانٹنا ؛ ڈھٹنا ؛ بکنا جھکنا ؛ برا بھلا کہنا ۔ (۲) طعنے دینا ؛ ستانا؛ دق کرنا ۔ (۳) گڑبڑ مچانا ؛ الٹ پلٹ دینا ؛ غل غپاڑا کرنا (ہنسی مذاق کرنا)۔ (۴)(عامیانہ) شور کرنا؛ ہنگامہ کرنا ؛ گڑبڑ کرنا ۔

Rag : (v) ہتھوڑے سے (کچی دھات کو) توڑنا ۔

Rag and bone man : (n) پرانے کپڑوں کا تاجر ؛ کم قیمت چیزوں کا تاجر ۔

Rag-baby : (n) چندی گڑیا(پھٹے کپڑوں کی) ؛ چیتھڑے کی گڑیا ۔

Rag-bag : (n) دھجیوں اور چیتھڑوں کو رکھنے کا تھیلا ؛ چندی تھیلا ۔

Rag-bolt : (n) (تعمیرات) خاردار چٹخنی ؛ کانٹا چٹخنی ۔

Rag- book : (n) بچوں کی کتاب جو کپڑے سے بنائے ہوئے کاغذ کی ہو۔

Rag-doll : (n) دیکھو Rag-baby

Rag-engine : (n) کوڑے کرکٹ سے کاغذ بنانے والی مشین ۔

Rag-fair : (n) (!)وہ بازار جہاں پھٹے پرانے یا استعمال شدہ کپڑے فروخت کئے جاتے ہیں ؛ (لندن) بازار کہنہ فروشان (یہ بازار لندن کے Houndsditch میں لگتا ہے)۔

Rag-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Rag-man : (n) [OE.] ردّی جمع کرنے والا ؛ ردّی بیچنے والا ۔

Rag marchant : (n) ردّی، استعمال شدہ چیزیں بیچنے والا ۔

Rag money : (n) کاغذی نوٹ ۔

Rag paper : (n) ردّیوں سے بنایا ہوا کاغذ۔

Rag shag : (n) پھٹے حال آدمی ؛ پوسیدہ لباس میں ملبوس آدمی ۔

Rag shop : (n) پرانے اور استعمال شدہ کپڑے کی دُکان ۔

Rag sorter : (n) وہ آدمی جو ردیوں اور پرانے کپڑوں کو چھانٹتا ہے اورنئے استعمال کے لائق بناتا ہے ۔

Rag-stone : (n) (تعمیرات)سنگ بلاط ؛ چٹان ۔

Rag-tag : (n) (۱) اوباش ؛ آوارہ ؛ نا ہنجار ؛ خستہ حال آدمی ؛ پست طبقہ ؛ ذلیل آدمی؛ کمینے لوگ؛ انفار ؛ ارازل ۔(۲)(کبھی کبھی)کل؛ تمام ؛ گوناگوں ؛ رنگا رنگ ؛ گڈمڈ ؛ آلودہ ۔

Rag-time : (n) [Orig. U.S.] (۱)پرشور موسیقی ؛ کان کے پردے پھاڑ دینے والا باجا (۲) تتڑ ؛ دھڑ بھڑ ؛ بے ڈھنگا ساز ۔

Rag trade : (n) (روز مرہ بول چال) کپڑا بنانے اور بیچنے کی تجارت ۔

Rag-weed : (n) (۱)دیکھو Ragwort .(۲)(امریکا)ایک قسم کا پودا ؛ حشیش المریم ؛ چائے مکزیکی ۔

Rag-wheel : (n) (۱) دندانہ دار پہیّا ؛ زنجیر گیر پہیّا ؛ دنتیلا زنجیر دار پہیّا ۔ (۲) کپڑے کا بنا ہوا پہیّا جس سے صفائی کا کام لیا جاتا ہے ؛ چرخ صفائی و جِلا ۔

Rag wool : (n) (۱)ردّی اون : بے مصرف اون .(۲)چیتھڑوں سے بنایا ہوا اون .

Rag work : (n) کہنہ سازی کا کام .

Rag worm : (n) ایک قسم کا کیڑا .

Rag wort : (n) (نباتیات)گھاس پات : نرائی : ایک درخت جس کی پتیاں دنتیلی اور پھول زرد ہوتے ہیں : پیر گیاہ .

Raga : (n) [Skr.] (ہندو موسیقی) راگ : ہندو موسیقی کی ایک قدیم روایتی قسم .

Ragabash : (n) (اسکاستانی اور بول چال) سست بیکار آدمی : گدا صفت آدمی : آدم کثیف و بے سر و پا : نا معقول آدمی یا لڑکا : ذلیل .(۲) بے ترتیب مجمع : بھیڑ : انبوہ .

Ragabash : (a) (۱)کنگال. (۲) کمینہ .

Ragamuffin : (n) گندہ آدمی :آدم : آدم کثیف و بے سر و پا : نا معقول شخص : ذلیل شخص : کنگال شخص : گدا صفت آدمی : بھٹیچر آدمی : میلا کچیلا آدمی : گندہ آدمی یا لڑکا .

Ragamuffin : (a) (۱)نا ہموار : غیر مسطح .(۲) کنگال : کمینہ : نکتا : ناکارہ : بے سلیقہ : پراگندہ .

Ragamuffinly : (a) چیتھڑے لگائے : پھٹے حال .

Rage : (n) [F.'Raige,Rage'.] (۱) غصہ : غیظ : نا قابل برداشت غصہ: غیظ و غضب : تاؤ : طیش : جنون : دیوانگی : شورش : ففاں : شور : قہر . (۲) جوش : جذبہ : شدت : زور : شدت احساس : جذبۂ بے اختیار : جوش جنون : ہیجان شدید . (۳) بیحد شوق : لت : خبط : تمنا : طلب : خواہش : خواہش نفسانی.(۴)وہ چیز یا وضع جس کا کچھ دنوں بڑا زور و شور ہو. (۵)(شاعرانہ) جذبہ : (پیر یا ولی کا)روحانی جذب : (سپاہیانہ) ولولہ . (۶)گرم جوشی: جوش: سرگرمی : (نفسیات) جذبہ. (۷)غضب ناکی : تیزی (ہوا ، سمندر، آگ کی): شدت طوفان ، طغیان : سیلاب : حرارت : شعلہ فگن آگ : تیزھوا . (۸)موسیقیائی انگیختگی .

Rage : (v) [F. 'Rager'.] (۱)غصہ ہونا : غصہ کرنا : بکنا جھکنا: بگڑنا: چلاّنا . (۲)غضب ناک ہونا : طیش میں آنا : تیزی تندی دکھانا : غصے میں بھرا ہونا .(۳)شدت ہونا : زور ہونا: چڑھا ہوا ہونا .(۴)غصے میں پاگل ہونا : دیوانگی کرنا: ویران کرنا : شوق فراواں رکھنا . (۵)خشمگیں کرنا : تاؤ دلانا : غصہ دلانا : غضب ناک کر دینا . (۶) بڑ ہانکنا : ہذیان بکنا : بہکی باتیں کرنا : (سمندر یاھواکا) فرائے مارنا : شائیں شائیں کرنا : طوفان اٹھنا . (۷)(اسکاٹ) دھمکانا : جھڑکنا : گھڑکنا : ڈانٹنا: ڈپٹنا : تنقید کرنا : گوشمالی کرنا . (۸)جذبات سے بھرا ہوا ہونا : شدت جذبات میں ہونا .(۹)(بیماری ، درد) شدت کا ہونا : جوش میں ہونا .

To rage itself out : (طوفان کا) چڑھ کر اترنا : بھڑاس نکل جانا : زور گھٹ جانا .

Rageful : (a) خشمگین : غضب ناک : غصہ میں بھرا ہوا .

Ragefully : (adv.) غصے کی حالت میں: غضب ناکی کے ساتھ .

Rageous : (a) غضب ناک .

Ragged : (a) (۱)الجھا ہوا : نا ہموار : ژولیدہ .(۲)اونچا نیچا : غیر مسطح : کھردرا . (۳) ناقص : ناتراشیدہ : بے ڈھنگا : غیر سلیس : ناہنجار : ناتمام : نامنظم : غیر شستہ : ناموزوں (نظم وغیرہ) معیوب .(۴) شکستہ : پوشیدہ: فرسودہ (لباس) . (۵) پھٹے کپڑے پہنے ہوئے : شکستہ حال : شکستہ لباس . (۶) روئیں دار : پشم دار : لمبے موٹے بالوں والا(جانور). (۷) (آواز) درشت ، کرخت، ناگوار .

On the ragged edge : (۱)پریشانی : اضطراب کے عالم میں. (۲)فنا او ر زوال کی حالت میں .

Ragged hip : (n) (گھوڑا) کولہا جو ریڑھ کی ہڈی سے الگ واقع ہو .

Ragged robert : (n) ایک قسم کا پودا .

Ragged robin : (n) ایک سرخ پھول والا جنگلی پودا .

Ragged school : (n) خیراتی اسکول : تعلیم گاہ جہاں بچوں کو مفت تعلیم دی جاتی ہے : مفت تعلیم گاہ .

Ragged staff : (n) وہ لاٹھی یا لٹھ جس میں موٹھ لگا ہوا ہو : گرہ دار سونٹا یا ڈنڈا .

Raggedly : (adv.) غصے کی حالت میں : غضب ناک طورپر : پرجوش طریقے سے : نا ہموارانہ.

Raggedness : (n) غضب ناک ہونے کی حالت یا کیفیت : ناہمواری : شکستہ حال .

Ragger : (n) دیکھو Ragman

Raggle : (n) [Origin unknown.] (۱)سنگ تراشی کا ایک طریقہ ۔ (۲)ٹکڑا ؛ کہنہ ؛ شگاف ۔

Raggle : (v) پتھر کا موٹھ کاٹنا ؛ موتھرا بنانا ۔

Raggle-taggle : (n) دیکھو Rag-tag

Raggy : (a) [Late. OE.] دیکھو Ragged

Raggy : (a) نغمہ و سرور کا یا اُس سے متعلق ۔

Raging : (a) (۱) بکنے جھکنے والا؛ غصہ ور ۔(۲)دردناک ۔(۳)بے مہار؛ وحشی ۔ (۴)استثنائی ؛ عظیم الشان ؛ ممتاز ۔

Raglan : (n) [F. name of lord Ranglan.] ایک قسم کا اوور کوٹ ۔

Ragout : (n) [Fr.] دم پخت سالن(جس میں ترکاری اور بوٹیاں ہوتی ہیں اور مسالہ دار چٹ پٹا پکایا جاتا ہے)۔

Ragout : (v) [F. 'Ragout'.] دم پخت ، چٹ پٹاسالن پکانا ؛ قلیہ پکانا ؛ چٹ پٹا اور مزیدار بنانا ۔

Raguly : (a) [Per. based on Ragged.] (نقابت)(صلیب یا دوسرے مارکوں سے متعلق) چھوٹے ترچھے ابھار والا ۔

Rah : (n) بے انتہا خوشی اور وفور مسرت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Rah : (n) دیکھو Hurrah

Rahan wein : (n) سومالیا کے لوگوں کی ایک جماعت ۔

Rahdar : (n) [Per. 'Rahdar'] راہدار ؛ محصول سڑک لینے والا ۔

Raia / Raja : (n) [L.'Raia'] (حیوانیات) دیکھو Ray (n)

Raid : (n) [OE. 'Rad'.] (۱)دھاوا ؛ تاخت ؛ شورش ؛ چھاپا ۔(۲)پولس کی دوڑ ؛ پولس کا چھاپا ۔(۳)مسلح حملہ ؛ ناگہانی حملہ؛ (مجازاً) زبردستی کی مداخلت فضائی اور بحری جہازوں پر حملہ ۔ (۴) دکانوں پر متعلقہ حکام کا چھاپا۔

Air raid : (فوج) ہوائی حملہ ؛ فضائی حملہ ۔

Raid : (v) چھاپا مارنا ؛ یورش کرنا؛ دھاوا بولنا ؛ دوڑے جانا ؛ حملہ کرنا ؛ شورش برپا کرنا ؛ فوجی جہازوں پر حملہ کرنا ؛ دکانوں پر چھاپا مارنا ۔

Raider : (n) دھاوا بولنے والا ؛ چھاپا مارنے والا ؛ حملہ کرنے والا ؛ حملہ آور ۔

Raiding-party : (n) چھاپا مار دستہ ۔

Raies ultimes : (n) امتیازی خطوط طیف ۔

Rail : (n) [OF. 'Reille'] (۱) کٹہرا ؛ باڑ ؛ روک ۔ (۲)لکڑی یا لوہے کی سریا ؛ جنگلا ؛ سلاخ (جو دروازے کے چوکھٹے میں لگی ہو)۔ (۳)ریل کی پٹری ؛ سکتہ الحدید ۔ (۴) دروازے کا چوکھٹا؛ آڑی پٹی۔ (۵)دیکھو Railway ۔ (۶) (اسٹاک اکسچنج ، جمع میں) ریلوے حصص ۔

Off the rails : درہم برہم ؛ بگڑا ہوا ؛ ابتر ۔

Rail : (n) [F. 'Rale'] آبچلیک(پرندہ) ایک قسم کا پرندہ ؛ بری اور بحری پرندوں کی ایک قسم ؛ ریل ۔

Rail : (v) [Late ME.] (۱)ریل سے سفر کرنا ۔ (۲)ریل کی پٹری بچھانا؛ پٹری بچھانا۔ (۳)لوہے کی سریا یا جنگلے سے گھیرنا ؛ جگہ کو باڑ سے گھیرنا ؛ کٹہرا لگانا ؛ باڑ لگانا ۔ (۴)ریل سے لے جانا ؛ منتقل کرنا ۔

To rail in : باڑ سے جگہ گھیرنا ؛ باڑ لگانا ؛ باڑ باندھنا ۔

To rail off : جنگلہ سے علاحدہ کرنا؛ ریلنگ سے علاحدہ کرنا ۔

Rail : (v) [F.'Railler'.] (۱)برا بھلا کہنا ؛ جزرو توبیخ کرنا ؛ سر زنش کرنا ؛ گالی دینا ؛ لعن طعن کرنا ؛ جھاڑنا ؛ خبر لینا ۔ (۲)شکوہ شکایت کرنا ؛ مورد الزام ٹھہرانا ؛تنقید کرنا ؛ حرف گیری کرنا ۔(۳)سختی سے ملامت کرنا ۔

Rail bed : (n) (۱)وہ سڑک جس پر ریل گاڑی چلتی ہے ۔ (۲) وہ سطح یا زمین جس پر پٹری بچھائی جاتی ہے۔

Rail bird : (n) ایک قسم کی چڑیا ؛ آبچلیک ؛ امریکی دھاری دار کوئل جیسا پرندہ۔

Rail bus : (n) مسافر کار جس میں خود کار انجن لگا ہوتا ہے اور ریلوے لائن پر چلتی ہے ۔

Rail car : (n) ریل کار (مسافر بردار یا مال بردار)۔

Rail chair : (n) قبضہ ؛ آنکڑا ؛ پٹری پکڑ(جس میں ریل کی پٹری ٹھہری رہتی ہے) ۔

Rail diesel car : (n) ڈیزل انجن والی ریل کار ۔

Rail guard : (n) ریلوے انجن میں لگی ہوئی دھات کی وہ عمودی شے جس سے لائن کی رکاوٹیں دور ہوتی ہیں ۔

Railroad bridge : (n) ریلوے پُل۔

Railroader : (n) ریلوے ملازم یا افسر ۔

Railroading : (n) (۱)ریل سے سفر کرنا ۔ (۲)ریلوے لائن میں کام کرنا۔ (۳)ریلوے سڑک کی تعمیر : ریلوے سڑک پر لائن بچھانا ۔ (۴)ریلوے سڑک کے انتظام کا شغل ۔

Rails: (n) (۱)جنگلۂ میدان ۔(۲)(معاشیات)ریلوے حصص : ریلوے نقل وحمل میں شرکت ۔

Railway : (n) (اب خصوصاً امریکا) دیکھو Railroad

Railway : (v) ریلوے لائن بچھانا : ریل سے سفر کرنا : ریلوے کے ذریعہ مال بھیجنا ۔

Railway accident : (n) ریلوے حادثہ ۔

Railway engine : (a) ریلوے انجن ۔

Railway novel : (n) تفریحی ناول : ہلکا پھلکا ناول : وہ ناول جو ریلوے سفر میں پڑھا جائے ۔

Railway receipt : (n) بلٹی ۔

Railway rug : (n) سفری کمبل : ریلوے سفر میں اوڑھنے والا کمبل ۔

Railway spine : (n) ریڑھ کی ہڈی کا صدمہ جو ریل کے حادثہ میں پہنچ جائے ۔

Railway station : (n) ریلوے اسٹیشن ۔

Railway train : (n) ریل گاڑی ۔

Railwayless : (a) ریلوے کا فُقدان : بے ریل کا : جہاں ریل نہ ہو ۔

Raiment : (n) [aphet. F.'Arrayment'.] لباس : پوشاک: کپڑا : سامان (اب شاعری میں)۔

Rain : (n) [OE. 'Rezn, Ren'.] (۱)بارش : مینہ : میگھ : ورشا : برکھا: باران .(۲)(جمع)جھڑی : مینہ کے جھالے : چھینٹا ۔ (۳)(کسی سیال کی یا باریک ذرّات کی)بوچھاڑ : جھڑی : تار ۔ (۴)بارش کے قطرے : بارش کا پانی : موسلا دھار بارش ۔ (۵) (ہند میں)موسم برسات: برسات کا زمانہ ۔ (۶) وہ علاقہ جہاں زیادہ بارش ہوتی ہے۔ (۷) فلم کے پردے پر آنے والا خراش یا داغ دھبّا ۔ (۸)(جہاز رانی) بحر اوقیانوس کا وہ حصہ جہاں بارش زیادہ ہوتی ہے ۔

Rail head : (n) (۱)زیر تعمیر ریلوے کا تیار شدہ آخری سرا ۔ (۲)ریلوے لائن کا ابتدائی یا آخری حصہ جہاں سے سواری چلتی یا جہاں آکر رک جاتی ہے ۔

Railage : (n) ریلوے کے ذریعہ منتقلی : ریلوے کے ذریعہ نقل و حمل کا کرایہ ۔

Railer : (n) بد زبان : طعنہ زن : لعن طعن کرنے والا : برا بھلا کہنے والا : شکوہ شکایت کرنے والا : تضحیک کرنے والا : بد گوئی کرنے والا ۔

Railing : (n) (۱)احاطہ بنانے یا باڑ سے زمین کو گھیرنے کا عمل : احاطہ بندی ۔ (۲) باڑ: کٹہرا : جنگلا : رکاوٹ ۔ (۳)باڑ، کٹہرے وغیرہ کا سامان۔ (۴)ریلوے پٹری کا سامان ۔ (۵)لکڑی کا ٹکڑا : پلائی ووڈ ۔

Railing : (n) ریل کے ذریعہ نقل و حمل : مال برداری ۔

Railing : (n) لعن طعن : طعنہ زنی : تضحیک : سخت شکایت : سخت ملامت : بدزبانی : بد کلامی ۔

Railing : (a) (۱)گالی دینے والا : تحقیر آمیز : مضحکہ آمیز : ملامت آمیز : شکوہ شکایت سے پُر ۔(۲) فحاش: بدزبان : دشنام طراز : بدگو : بد کلام ۔

Railingly : (adv.) بدکلامی کے ساتھ : فحاشی سے : بدزبانی کے طور پر ۔

Raillery : (n) [F. 'Raillerie'.] (۱) چہل : مذاق : دل لگی : ٹھٹّھا : فقرہ بازی : شوخی : استہزاء : تنقید : سرزنش : توبیخ و ملامت ۔ (۲) (جمع اور "a" کے ساتھ) دل لگی کرنا ۔

Railless (a) بے پٹری کا : بے باڑ کا : بے رکاوٹ کا ۔

Raillike : (a) ریل جیسا ۔

Railmoter : (a) جزوی طور پر بذریعہ ریل اور جز وی طور پر بذریعہ سڑک نقل وحمل سے متعلق ۔

Railroad : (n) (۱)ریل: ریل کی پٹری : ریلوے لائن.(۲)ریلوے کمپنی ۔

Railroad : (v) (۱)ریلوے لائن بچھانا : ریلوے راستہ بنانا : ریل کی پٹری بچھانا ۔ (۲) ریلوے کے ذریعہ نقل و حمل کرنا : بہ عجلت تمام بھیجنا .(۳)(طباعت) کسی تحریر کو تصحیح کے بغیر کمپوزنگ کے لئے بھیجنا ۔ (۴)کسی کو بے قصور یا غلط الزام میں ماخوذ کرنا اور جیل بھیجنا ۔ (۵) ریل کے ذریعہ سفر کرنا : ریلوے لائن پر ملازم ہونا ۔ (۶) ریلوے سڑک بنانا ۔

The rains : (گرم ملکوں میں)برسات کا موسم: باران : برشگال .

The rains : (بحری اصطلاح)اوقیانوسی باران : بحر اوقیانوس کا بارانی خطه (۴ تا ۱۰ درجه عرض البلد شمالی).

Rain : (v) (۱) پانی برسنا : مینه برسنا : بارش هونا .(۲)قطرے قطرے ٹپکنا : ٹپ ٹپانا .(۳)(مجازاً) موسلا دهار برسنا: ٹوٹ کے برسنا : تار بنده جانا : جهڑی لگ جانا . (۴)گهٹا چهانا : گنگهور گهٹا چهانا .(۵)آنسو بهانا: آنسو گرنا(بارش کی طرح). (۶)چهڑکنا : چهڑکاؤ کرنا . (۷) بهانا : تار باندھ دینا : بوچهار کرنا(مجازاً). (۸)بارش کے ذریعه مخصوص حالت میں لانا .

To rains cats and dogs : (بول چال)موسلا دهار بارش هونا : زوروں کی بارش هونا .

To rain in: بوچهاڑ آنا : بارش کا گهر کے اندر تك پهنچ جانا.

Rain area : (n) (۱)وه علاقه جهاں موسمی نقشے کے مطابق مخصوص اوقات میں زیاده بارش هوتی هے : علاقۂ بارانی : برساتی علاقه .(۲)دریائی طوفان کا ذبردست بارش والا حصه .

Rain band : (n) قوس قزح کی زرد دهاری میں نظر آنے والی کالی پٹی .

Rain-bird : (n) وه بارانی چڑیا جس کی چونچ کالی هوتی هے اور امریکا میں پائی جاتی هے : برساتی پرنده (خصوصاً) کٹھ پهوڑا : کٹھ کهودوا : هدهد .

Rain boot : (n) برساتی جوتا جو گهٹنوں تك لمبا هوتا هے .

Rain cap : (n) واٹر پروف ٹوپی : برساتی ٹوپی .

Rain check : (n) بیس بال(Baseball) کے اُس میچ کا ٹکٹ جو برسات کی وجه سے ملتوی هوگیا هو لیکن جو پهر کام آسکے : کسی عنایت کی مدت کی توسیع .

Rain coat : (n) برساتی کوٹ : وه کوٹ جس پر پانی اثر نه کرے : بارانی کوٹ (کوٹ یا فرغل) .

Rain cloud : (n) مُزنه : بارشی بادل : بارانی بادل .

Rain-drop/ Raindrop : (n) [OE. 'Rezndropa'.] بارش کا قطره .

Rain forest : (n) (۱)جنگل جو عیش و تفریح کے طور پر استعمال کیا جاتا هو : خصوصاً منطقه حاره کے علاقے کا : بارانی جنگل . (۲)وه جنگل جهاں سال میں کم سے کم ۱۰۰ انچ یا اُس سے زیاده بارش هوتی هے .

Rain frog : (n) ایك چهوٹا سبز رنگ کا مینڈك .

Rain guage / -gage : (n) مقیاس المقطر : باراں پیما .

Rain guage station : (n) مرکز باراں پیمائی .

Rain glass : (n) هوا پیما : مقیاس الهوا : بار پیما .

Rain goose : (n) غوطه خور سرخ گلوپرنده .

Rain insurance : (n) وه بیمه جو بارش کے نقصانات سے بچنے کے لئے کرایا جائے .

Rain intensity : (n) (موسمیات)شدت باران .

Rain maker : (n) باراں گر : بارش برسانے والا(سائنسی یا جادوئی طریقے سے) .

Rain map : (n) نقشۂ باران .

Rain mark/ -pit : (n) پانی کے قطرے سے زمین پر پڑنے والا نشان .

Rain quail : (n) هندوستانی اور افریقی quail : بیٹر : بلدرچین .

Rain shadow : (n) (موسمیات) ظلّ باران : کم بارانی رقبه .

Rain stone : (n) وه پتهر جو طلسمی بارش میں استعمال هوتا هے .

Rain storm : (n) بارانی طوفان : طوفان باراں .

Rain tree : (n) ایك رنگین اور آراسته امریکی درخت .

Rain wash : (n) بارش میں بهه جانے والی شے .

Rain-water : (n) [OE. 'Rezn, ren waeter'.] برساتی پانی : آب باران : برسا هوا پانی .

Rain worm : (n) کیچوا : خراطین : زمینی کیڑا : کِرم خاکی : حشرات الارض (جمع) : (مجازاً) ذلیل آدمی .

Rainbow : (n) [OE. 'Regnboga'.] (۱)قوس قزح : دهنك : کمان شیطان : رنگین کمان . (۲)قوس قزح جیسا : قوس قزح کے رنگوں کا امتزاج . (۳)سُر سرگم . (۴)غلط فهمی : خوش فهمی . (۵)چمك دار رنگوں میں سے کوئی ایك .

Lunar rainbow : (n) چاند دهنك(جو کبهی کبهی چاند کی

شعاعوں سے پیدا ہوتی ہے) : قمری قوس قزح ۔

Marine rainbow / Sea - : (n) ساگر دھنک (جو سمندر کے کت میں نظر آتی ہے) : سمندری قوس قزح ۔

Primary rainbow : اول قوس قزح ۔

Secondary rainbow /Supernumerary- : قوس ثانی : شبیہ کمان (جو اصلی دھنک کے اندر یا باہر بن جاتی ہے)۔

Rainbow : (a) رنگ برنگا : پھرنگا : کثیرالالوان : رنگا رنگ : قوس قزحی رنگ والا ۔

Rainbow : (v) مختلف رنگوں سے چمکانا: قوس قزح کی طرح چمکانا : دھنک جیسا بنانا ۔

Rainbow bird : (n) ایک آسٹریلوی چڑیا جو شہد کی مکھیاں کھاتی ہے: طیر مگس خور :مگس خور پرندہ ۔

Rainbow coloured : (a) قوس قزحی رنگ میں رنگا ہوا : کثیر الالوان۔

Rainbow drops : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Rainbow fish : (n) ایک چمکدار رنگین مچھلی جو منطقہ حارہ کے دریاؤں میں پائی جاتی ہے ۔

Rainbow parrot fish : (n) ایک رنگین بڑی اور وزنی مچھلی جس کا رنگ بدلتا رہتا ہے ۔

Rainbow pink : (n) چینی گلابی ۔

Rainbow roof : (n) مدور نما چھت : ایسی چھت جو دیکھنے میں تقریباً گول نظر آتی ہے: قوس قزح کی شکل کی چھت ۔

Rainbow shower : (n) ایک خوشنما اور آراستہ درخت ۔

Rainbow snake : (n) ایک امریکی سانپ ۔

Rainbow trout : (n) ٹراؤٹ : کیلیفورنیا کی ایک مچھلی کا نام ۔

Rainbow wrasse : (n) ایک قسم کی رنگین اور چمکیلی مچھلی ۔

Rainbowy : (a) قوس قزح جیسا : دھنک مانند ۔

Rainfall : (n) (۱) (مقدار) بارش ۔ (۲) مخصوص علاقے میں معین اوقات میں بارش کی مقدار ۔

Rainful : (a) بارش سے بھرا ہوا ۔

Rainily : (adv.) بارانی طریقے سے : پُر بارانی ۔

Raininess : (n) (موسم) برسات : بارانی ہونے کی کیفیت یا حالت : مینہ بھرا ہونا : سیر بارانی : پُر بارانی ۔

Rainless : (a) بارش کی کمی: بے بارش : سوکھا : خشک : محروم باران ۔

Raintight/ Rainproof : (n) مینہ روک : وہ جس پر بارش کا اثر نہ ہو ۔

Rainy : (a) (۱)بارش کا : برسات کا : مینہ کا: بارانی : برساتی : پُر باران : سیر باران .(۲)مینہ بھرا (بادل وغیرہ). (۳)(وقت) بارانی: (موسم) برساتی . (۴)بارش سے متاثر : بارش جیسا . (۵) (مجازاً) دیکھو Rainy- day . (۶) (مجازاً) (آنکھ) آنسو سے بھری ہوئی ۔

Rainy day : (n) (۱)(موسیقی)یوم باران .(۲) (معاشیات) آڑا وقت : تنگیٔ معاش ۔

Rainy season : (n) (موسیقی) موسم برسات : برکھا رُت ۔

Rais or Reis : (n) [F. 'Reis'.] (۱)مسلم جہاز کا کپتان : جہاز کا مسلم کپتان .(۲)مسلمان حکمراں یا بادشاہ ۔

Rais : (n) نیپال کے منگولی نسل کے لوگ جو کرانتی زبان بولتے ہیں ۔

Raisable/ -eable : (a) اوپر لے جانے کے قابل : اوپر اٹھانے کے لائق : قابل ترفیع۔

Raise : (n) [F. Raise(v).] (۱)سڑک کا بلند حصہ : بلند مقام : اونچی جگہ.(۲)بازی بڑھانے کا عمل : اس قسم کی بازی کی رقم : رقم میں اضافہ . (۳) وہ کھڑکی جو کان میں دو مختلف بلندیوں کو ملاتی ہے ۔

Raise : (n) [ON. 'Hreysi'.] تودۂ سنگ : سنگِ قبر :سنگ مزار ۔

Raise : (v) [ON. 'Reisa'.] (۱)اٹھانا : ایستادہ کرنا : اٹھا کر کھڑا کرنا : خواب سے بیدار کرنا : جگانا : بلند کرنا .(۲)ابھارنا : جوش دلانا : تحریک دلانا . (۳) بنانا : تعمیر کرنا : پیدا کرنا یا تیار کرنا : (فصل وغیرہ) اُگانا : (کھیت)جوتنا : کاشتکاری کرنا : اپجانا: (نسل کی) تربیت کرنا : پیدا کرنا . (۴) (آواز) نکالنا : (شور)مچانا : چلانا : برپا کرنا: گانا : لائق سماعت آواز پیدا کرنا : نموبخشنا : ٹھونکنا . (۵)(بحث وغیرہ چھڑنے کا)باعث ہونا : قابل غور بنانا . (۶)ابھارنا: بیدار کرنا .(۷)پیش کرنا : اٹھانا: چھیڑنا (مسئلہ وغیرہ) اعتراض کرنا : سوال کرنا : دعویٰ کرنا. (۸)بلند رتبہ کرنا: سرفراز کرنا : ترقی دینا: بہتر کرنا: معیار بلند کرنا : چڑھانا : اعزاز بخشنا : بلند مقام پر پہنچنا : دماغی یا اخلاقی طور پر

لوگوں کو ہنسانا ۔ To raise a laugh :

ہنسی ظاہر کرنا : مسکرانا ۔ To raise a smile :

روٹی پھلانا (خمیر سے) ۔ To raise bread :

کپڑے کو گھونٹنا ۔ To raise cloth :

ناک بھوں چڑھانا ۔ To raise one's eyebrows :

جام صحت پینا ۔ To raise one's glass to :

تعظیماً جھکنا ۔ To raise one's hat :

گہری نیند سے بیدار کرنا ۔ To raise the dead :

قیامت برپا کرنا؛ ہنگامہ برپا کرنا ۔ To raise the devil ,cain ,the mischief :

حرارت بڑھانا ۔ To raise the heat :

زیادہ قیمت لینا ؛ قیمت بڑھا دینا ۔ To raise the market :

قیمت میں اضافہ کرنا ؛ دام بڑھانا ۔ To raise the price :

آواز بلند کرنا ؛ ہنگامہ کرنا ؛ شور و غل کرنا ۔ To raise the voice:

(مجازاً) روپیہ مہیا کرنا (کسی کام کے لئے) مزاج کو قابو میں رکھنا ؛ اپنی طبیعت پر تسلط رکھنا ۔ To raise the wind :

Raised : (a) (۱) اٹھایا ہوا ؛ ایستادہ ۔ (۲)جوش دلایا ہوا ۔(۳)تعمیر کردہ؛ بنایا ہوا ۔ (۴)ہنگامہ خیز ؛ طوفان انگیز ۔ (۵)برجستہ؛ برآمدہ ؛ بڑھایا ہوا ؛ اضافہ کردہ ۔ (۶)ترقی یافتہ؛ معیار بلند کیا ہوا ۔(۷)قدرو قیمت میں اضافہ کیا ہوا؛ بلند رتبہ ۔(۸) مسئلہ اٹھایا ہوا ؛ خفیف کردہ ؛ ہلکا ۔

Raised beach : (n) سمندر کی سطح سے اوپر کا ساحل ۔

Raised cottage : (n) وہ جھونپڑی جو سیلاب وغیرہ کو روکنے کے لئے بانس پر دریاؤں میں رکھا جاتا ہے ۔

Raised pie : (n) تہ جمائی ہوئی پائی ۔

Raised printing : (n) چھپائی جو کاغذ کی سطح سے ابھری ہوئی ہو یا ابھری ہوئی معلوم ہو ۔

اونچا اٹھانا ۔ (۹) (آواز) بلند کرنا ؛ تیز کرنا ۔ (۱۰)(جہازرانی) سامنے آنا ؛ نظر آنا (جہاز یا زمین کا)؛ (خصوصاً) زمین پر پانی یا دھاتوں کو لانا ۔ (۱۱)بڑھانا ؛ زیادہ کرنا؛ سطح بلند کرنا ۔ (۱۲)جمع یا اکٹھا کرنا ؛ وصول کرنا ؛ اگانا (محصول وغیرہ کا) ۔ (۱۳) (محاصرہ وغیرہ) اٹھا لینا ؛ ہٹا لینا ؛ (حریف کو محاصرہ) اٹھانے پر مجبور کرنا ۔ (۱۴)(چڑیا وغیرہ کو) شکار کے لئے ہنکانا ۔(۱۵) دعوت مبارزت دینا ؛ مقابلہ پر بلانا ؛ جدو جہد پر آمادہ کرنا؛ کش مکش میں گرفتار کرنا ۔ (۱۶) موت کے بعد جلانا؛ روحانی قوت حاصل کرنا ۔ (۱۷)(خصوصاً)(اسکاٹ لینڈ) غصہ دلانا ؛ مشتعل کرنا ؛ برانگیختہ کرنا ۔ (۱۸) (عمارت) کھڑی کرنا ؛ مکان بنانا ؛ تعمیر کرنا (خصوصاً امریکا) مکان وغیرہ میں لکڑی کا چوکھٹا لگانا ؛ چھجا بنانا (مکان میں) ۔ (۱۹) (بچہ کو)وجود بخشنا ؛ زندگی دینا؛ (والدین کا بچوں کو) محبت کے ساتھ پرورش کرنا ؛ پرورش و پرداخت کرنا ؛ پالنا ۔ (۲۰) (جانوروں کی) پرورش و پرداخت کرنا ؛ پالنا پوسنا ۔ (۲۱) آغاز کرنا؛ ابتدا کرنا ؛ شروع کرنا ۔ (۲۲) قائم کرنا ؛ ایجاد کرنا؛ اختراع کرنا؛ ظاہر کرنا؛ دفع کرنا ؛ توپ داغنا ۔ (۲۳) ایک ساتھ ملانا ؛ متحد کرنا ؛ جمع کرنا ؛ اکٹھا کرنا؛ وصول کرنا ؛ (قرض وغیرہ).(۲۴)قدر وقیمت زیادہ کرنا؛ رقم بڑھانا ؛ سطح بلند کرنا ؛ اہمیت بڑھانا ۔ (۲۵)ہلکا کرنا؛ خفیف کرنا ؛پتلا کرنا ۔ (۲۶)(مقدارکو) دو چند کرنا ؛ طاقت بڑھانا ؛ آخری حد تک بڑھنے دینا. (۲۷) گرم کرنا ؛ روشن کرنا ؛ تیز کرنا ۔ (۲۸) روئیں دار کپڑے میں ولایتی گوکھرو لگانا ۔ (۲۹) نتیجے پر پہنچنا ؛ نظریہ قائم کرنا ۔ (۳۰)(پہلے کی بہ نسبت) زیادہ بازی لگانا ؛ شرط بدنا ؛ بازی لگانا ۔ (۳۱)پتھر کو کھسکانا (دوسرے پتھروں کے ساتھ ترتیب وار رکھنے کے لئے).(۳۲)(زبان کے کسی حصے کو) اونچا کرنا حرف علت کی ادائیگی کے لئے ۔ (۳۳) ریڈیائی مواصلات کے ذریعہ رابطہ قائم کرنا ۔ (۳۴) بیدار ہونا؛ اٹھنا ؛ جاگ جانا ۔ (۳۵) مستقل کرنا ؛ پائیدار کرنا؛ مضبوط کرنا ۔ (۳۶) چپکانا ؛ سائنا ؛ چسپاں کرنا ؛ جمانا ۔ (۳۷) گرے ہوئے کو اٹھانا ؛ اٹھانے میں مدد کرنا (گرے ہوئے کو) ؛ (کسی شخص کو) اپنی جگہ سے اٹھنے پر مجبور کرنا ۔ (۳۸) ہوا چلانا ۔(۳۹)مقدمہ قائم کرنا ؛ سمن جاری کرنا (قانون) ۔ (۴۰)آگے دیکھنا ؛ نگاہ کو آگے کی طرف موڑنا ۔(۴۱)(خوشی)حاصل کرنا ؛ تعریف و تحسین کا مستحق ہونا ؛ بہتری حاصل کرنا ۔ (۴۲)(دھات کو) گول کرنا ؛ (دھات کو) گول بنانا ۔ (۴۳)(ریاضیات) ضرب کے ذریعہ تعداد میں اضافہ کرنا ۔

فریاد کرنا ؛ آہ و نالہ کرنا ۔ To raise a cry :

گرد اڑانا ؛ خاک اڑانا ؛ فساد برپا کرنا؛ ہنگامہ برپا کرنا ؛ اصل بات کو چھپانا ؛ خاک ڈالنا ۔ To raise a dust :

Raised upon : (a) (جہازرانی) زائد چوکھٹا لگا (جو پہلوؤں کو اونچا کر دیتا ہے) .

Raisin : (n) [L. 'Racemum'.] (۱)منقیٰ : ایک قسم کی بڑی کشمش : کشمش : آب جوش . (۲)کشمش رنگ : قرمزی رنگ . (۳) سورج کی گرمی سے پکا ہوا انگور .

Raisins of the sun : (n) سورج کی گرمی سے پکا ہوا اور خشک شدہ انگور وغیرہ .

Raising : (n) (۱) بڑھانے : اٹھانے کا عمل .(۲)بلندی : رفعت :اونچائی: عروج : سرفرازی : اضافہ .(۳) کسی مکان کو اونچا اٹھانے کا عمل جس سے اُس کے تمام رخوں کی بلندی دکھائی دے (خصوصاً امریکا میں) . (۴) وہ لوگ جو کسی مکان کو اونچا اٹھانے کے لئے جمع ہوں . (۵) بچوں کی پرورش و پرداخت (والدین کے ذریعہ) . (۶)(جانور وغیرہ کو) کھلانا پلانا : پالنا پوسنا .(۷) پودوں کی نگہداشت : زراعت : جُتائی . (۸) کان میں دوبلندیوں کو ملانے والی کھڑکی کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا .(۹)کوئی چیز جو بلند کی گئی ہو: اونچی جگہ : بلند مقام .

Raising bee : (n) (امریکا) کسی مکان کو اونچا اٹھانے کے لئے جمع ہونے والے لوگ .

Raising hammer : (n) ہتھوڑا جس سے دھات کے چدرے کو بڑا یا گول کیا جاتا ہے .

Raising of standard : (v) معیار بڑھانا .

Raising-piece : (n) [F. 'Rasen'.] سہارے کا شہتیر جو دیوار کے اندر گرڈر کا بوجھ سنبھالنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے .

Raising-plate : (n) دیکھو Raising-piece

Raising room : (n) وہ کمرہ جہاں روئیں‌دار کپڑے میں گوکھرو لگایا جاتا ہے .

Raison : (n) (۱) سبب : وجہ . (۲) دیکھو Reason .

Raisondetre : (n) [F.] (فلسفہ) علت غائی : منشائے وجود : مقصد حیات .

Raisonne : (a) [F.] منطقی : مدلل : عقلی : معقول .

Catalogue raisonne : کیٹالاگ : فہرست کتب (منظم اور ترتیب وار)-

Raith : (n) [Scot.] سال کا چوتھائی حصہ : سہ ماہی .

Raj : (n) [Hindi 'Raj'.] راج سلطنت : حکومت : فرمان روائی .

Raja / Rajah : (n) [Hindi 'Raja'.] راجا .

Rajab : (n) [Arab.] ہجری سال کا ساتواں مہینہ :رجب :رجب المرجب .

Rajah-rat : (n) ایک قسم کا چوہا جو بیشتر ایشیا اور مشرقی ہندوستان میں پایا جاتا ہے : راجا چوہا .

Rajahship : (n) راجا کا عہدہ : راجا کا علاقہ : راجاگیری : (منصب) راجائی .

Rajpoot / Rajput : (n) [f. Skr. 'Raja + putra'.] راجپوت .

Rake : (n) [OE. 'Raca'.] (۱)جیلی : کریدنی : پانچا : دانتی : زمین ہموار کرنے یا گھاس وغیرہ کاٹنے کا آلہ . (۲) جھپکا : جھانپی: جوئے کی میز یا بساط پر سے روپے سمیٹنے کا آلہ . (۳)(سماجیات) لُچّا : (کان کنی) کریدنی: (جہاز رانی) میلان مستول نکاسا .(۴) ایک آلہ جو جلد سازی کے وقت جلد کی پشت کو چکنا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا . (۵)بہت ہی دبلا پتلا آدمی : بداخلاق : بیہودہ(عورت یا مرد) . (۶) چھیلنے والا : کھرچنے والا: چھیلنے یا صاف کرنے کا آلہ .

As lean (also thin) as a rake : کریدنی یا جھپکا کی طرح نحیف ونزار .

Hand rake : دستی کریدنی .

Horse rake : وہ کریدنی جو گھوڑے کے ذریعہ استعمال کی جاتی ہے .

Rake : (n) [ON. 'Rak'.] (۱)(اسکا تستانی اور بول چال)راستہ: سڑک . (۲) چراگاہ . (۳) خام دھات کا ریشہ جو عمودی ہو. (۴) لیک : لکیر : نالی .

Rake : (n) [Perh. F. 'Rake(v).] (۱)جہاز کے اگلے حصہ میں نکلا ہوا (پیندا): جہاز کی کجی : آگے کی طرف . (۲)کسی بھی شے کا عمود کی طرف سے جھکاؤ : جھکاؤ : کجی : خم : موڑ.

Rake : (n) [Abbrev. of Rake hell] (۱)برے کردار کا آدمی : بد چلن: آوارہ : عیاش : بدکردار . (۲) بدکردار عورت .

Rake : (v) [ME.] (۱)(جیلی وغیرہ سے) کریدنا : اکھاڑنا : نکالنا : جمع کرنا : اکٹھا کرنا : کھرچنا : کھنچنا : سمیٹنا : صاف کرنا .

(۲)اچھی طرح تلاش کرنا: تلاشی لینا : چھان مارنا ۔ (۳)ڈھک دینا : چھپا دینا (خصوصاً آگ کو راکھ یا کوئلے سے تاکہ اس کی تیزی کم ہو جائے)۔ (۴)(صاف کرنے یا مسطح بنانے کے لئے)جیلی یا کریدنی وغیرہ چلانا : (مجازاً) تلاش کرنا (جیلی وغیرہ سے)۔ (۵)گولے مارنا : گولوں کی بوچھاڑ کرنا :(خصوصاً جہازپر) گولہ باری کرنا ۔(۶)نظر دوڑانا : نگاہ ڈالنا : دیکھ ڈالنا : (ادھر سے ادھر تک) دیکھ جانا ۔ (۷) (گیند وغیرہ کو) ہوا میں اچھالنا ۔ (۸)شاہین کی طرح(بہ حالت پر واز) شکار کرنا : جھپٹا مارنا : حالت پرواز میں حملہ کرنا ۔ (۹) کھنکھارنا ۔ (۱۰) اوپر سے نیچے (گہرائی میں) لے جانا : ڈھکیل دینا ۔

To rake fore and aft : جہاز پر گولہ باری کرنا ۔

To rake off : گیند کو ہوا میں اچھالنا ۔

Rake : (v) [OE. 'Racian'.] (۱)راستہ بنانا : چلنا : ٹہلنا : پھرنا (اب بول چال) ۔ (۲) شکار کے بعد اچھلنا کودنا : شکار سے دور اُڑنا ۔ (۳)(شکاری کتے کا) زمین کو سونگھتے ہوئے دوڑنا ۔

To rake out (off, away) : شکار سے دور اُڑنا : شکار سے علاحدہ رہنا ۔

Rake : (v) [Origin unknown.] (۱)جہازکے اگلے یا پچھلے حصے کا پیندے سے نکلا ہوا ہونا ۔(۲)(مستول کا) جھکنا یا جھکا ہوا ہونا (جہاز کے پچھلے حصے کی طرف) ۔(۳)مڑا ہوا ہونا (پچھلے حصے کی طرف) ۔

Rake : (v) رند باش ہونا : عیاشی کی زندگی گزارنا : عیاش ہونا : آوارہ ہونا : فاسق و فاجر ہونا ۔

Rake-hell : (n) آوارہ: عیاش : بے حیا : فاسق : فاجر ۔

Rake off : (n) (روزمرہ) منافع کا حصہ : کمیشن ۔

Rake-vein : (n) خام دھات کا عمودی ریشہ ۔

Rakehelly : (n) آوارگی : عیاشی : بے حیائی : فسق : فجور ۔

Rakehelly : (a) آوارہ : عیاش : بے حیا ۔

Raker : (n) (۱)جیلی چلانے والا : جیلی سے سمیٹنے والا : جمع کرنے والا : پرانی پتیوں کو کاٹنے چھانٹنے والا ۔(۲)وہ آلہ جس سے گھاس وغیرہ برابر کی جاتی ہے : کریدنے والا آلہ : جیلی: کریدنی : چھپکا ۔

Raker : (n) (تعمیرات) مائل تھونی ۔

Raker : (n) (بول چال) تیز قدم : تیز چلنے والا ۔

Rakish : (n) اوباش : عیاش : رندصفت : اوباش مزاج ۔

Rakish : (a) [Origin unknown.] (۱)(جہاز رانی) سبک رو : تیز ۔ (۲) لاپرواہ : کھلنڈرا ۔ (۳) (شاہین کے ڈینے) خوبصورت: جاذب نظر ۔

Rakishly : (adv.) عیاشی کے طور پر : عیاشانہ : رندانہ ۔

Rakishness : (n) عیّاشی : رندی : اوباش مزاجی ۔

Rale : (n) [Origin unknown.] (طب) خرخرہ : کھنکھار(کی آواز) (جو پھیپھڑوں کی خرابی سے ہو) ۔

Rallentando : (n) [It.] (۱)موسیقی کی لَے کو دھیرے دھیرے کم کرنا ۔ (۲)(ہدایت موسیقی)(سُر دھیمے کرنے کا اشارہ) آہستہ آہستہ دھیما (کرو) ۔

Ralli-car/ -cart : (n) دو پہیا : ایک قسم کا تانگا : ٹمٹم(جس میں چار آدمی بیٹھ سکتے ہیں) ۔

Rallied prices : (n) (معاشیات) عدد کردہ قیمتیں ۔

Ralline : (a) [mod. L. 'Rallus'.] (طیوریات) آبچلیک (پرندہ) سے متعلق یا اس کا یا اس سے مشابہ ۔

Rallus : (n) [L.] (حیوانیات) جنس آبچلیک ۔

Rally : (n) [f. Rally (v).] (۱)(خصوصاً منتشر فوج کا)مجمع : ہجوم : دوبارہ اجتماع : دوبارہ اجتماع کا اشارہ ۔(۲) تازہ دمی: تازگی :سنبھال : افاقہ : خصوصاً بیماری کے بعد صحت یابی۔ (۳) (ٹینس ، چوگان وغیرہ میں) تیز مقابلہ : الٹ پلٹ (گیند کی)۔ (۴) قیمتوں میں کمی کے بعد اضافہ ۔ (۵)(امریکا ، بول چال) سیاسی عوامی جلسہ ۔ (۶)(ڈراما) دل لگی : مسخراپن : مذاق : فقرہ بازی : چہل ۔(۷) (باکسنگ) قوت آزمائی کا علاحدہ مقابلہ ۔

Rally : (n) مذاق : ہنسی : تمسخر ۔

Rally (n) شاہراہ عام پر مقابلے کی دوڑ (خصوصاً موٹرکار وغیرہ کی)۔

Rally : (v) [Fr. 'Rallier'.] (۱)جمع ہوجانا یا کرنا(منتشر فوج کا) : دوبارہ لڑائی شروع کرنے کے لئے جمع ہونا : دوبارہ حملہ کرنا: دوبارہ اکٹھا ہونا ۔ (۲) مدد کے لئے بلانا : مدد کے

لئے آنا : مدد کے لئے لوگوں کو اکٹھا کرنا .(۲)(طبیعت کو) سنبھالنا : تازہ دم کرنا یا ہونا : پھر سے جان ڈالنا؛ پھر سے جان پڑنا؛(خوف، مرض وغیرہ کا اثر)دور کرنا؛ دور ہونا ۔ (۳)از سرنو کوشش کے لئے جمع ہونا ۔ (۵)قیمت کم ہونے کے بعد زیادہ ہو جانا : قیمت کا چڑھنا : اضافہ ہونا ۔ (۶)کسی خاص سمت میں تیز چلنا(جہاز وغیرہ کا)۔ (۷)اچانک چیخنا چلآنا ۔ (۸)(باکسنگ) دوبارہ حملہ کرنا : از سر نو حملہ کرنا ۔

Rally : (v) [Fr. 'Railler'.] ہنسی مذاق کرنا : تمسخر اڑانا : کسی کو تمسخر کا نشانہ بنانا : (کسی کو) عیاش قرار دینا : فقرہ بازی کرنا : دل لگی کرنا ۔

Rallying : (n) اجتماع : حملہ : حمایت : تازگی : افاقہ ۔

Rallying cry : (n) نعرہ (سیاسی یا جنگی)۔

Rallying point : (n) مقام اجتماع ۔

Rallyingly : (adv.) مذاق کے طور پر : ہنسی میں ۔

Ralstonite : (n) [f. name of J.C. 'Ralston'.] (معدنیات) نو پہلوی معدنی پتھر جس میں المونیم کا آبدار فلورائیڈ ، سوڈیم اور کیلشیم ہوتا ہے ۔

Ram : (n) [OE. 'Ram(m).] (۱) (حیوانیات) مینڈھا : دنبہ : خصی : گوسفند : بھیڑ ۔ (۲) (علم النجوم) برج حمل : میش ۔ (۳)(انجینیئرنگ) کوبہ : دیوار کوب : دھرمٹ : دھمس: گرز قلعہ شکن ۔ (۴) (جہاز رانی) جہاز کی پھال یا نوک (جس سے دشمن کے جہاز پھوڑنے کا کام لیتے ہیں)؛ شاخدار جہاز : ناؤ پھالی : پھالی دار جنگی جہاز۔ (۵)موگری میخ وغیرہ (ٹھوکنے والی مشین کی) ۔ (۶)قلابہ: آب بردار : آلہ جس سے پانی اٹھاتے یا اونچا کرتے ہیں؛ (انجینیئرنگ) آب کش ۔ (۷) (پچی کاری کی) ڈنڈی : داب ڈنڈی (میکانیات) فشارہ : دباؤ ڈاٹ ۔

Battering-ram : فصیل توڑنے کا آلہ : گرز قلعہ شکن ۔

Ram : (n) (جہاز رانی) لمبائی (پورے جہاز کی) ۔

Ram : (v) [ME. 'Rammen'.] (۱) کوٹنا : دھمس یا کوبہ کرنا ۔ (۲) موگری چلانا ۔ (۳) ٹھونسنا : پھنسانا : ٹھوکنا (میخ وغیرہ کا) ۔ (۴) بٹھانا : دبانا : ٹھوک دینا ۔ (۵) (بندوق کو) گز سے ٹھونس کر بھرنا ۔ (۶) کوبہ مارنا : دے مارنا ۔ (۷) (سنگی جہاز کا دوسرے جہاز کو) پھالی سے چیر دینا : پھالی وار ۔ (۸) پوری تیزی اور طاقت سے چلنا یا چلانا ۔ (۹) ٹھونسنا : ڈھکیلنا (شخص ، چیز کا کسی چیز میں) : دبانا ۔ (۱۰) پاش پاش کرنا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا : ریزہ ریزہ کرنا :دھکا دینا ۔ (۱۱) ہوا کو زور سے دبانا ۔ (۱۲) روک دینا : راستہ بند کر دینا : گھیرنا ۔ (۱۳)تہ بہ تہ رکھنا : جانت جانت کر رکھنا ۔ (۱۴) بھرنا: بھر دینا ۔ (۱۵) زور سے مارنا : پوری طاقت سے پیٹنا : پوری تیزی سے ہانکنا یا چلانا ۔

Ram : (a) [Scot origin.] (برطانوی بول چال) بدبودار : بسانده: شرانده ۔

Ram-cat : (n) (بول چال) بلآ : بلی کا نر ۔

Ram-jaw : (adv.) [f. Ram(v) + Jam (v).] (بول چال اور عامیانہ) لبالب بھرا ہوا : ملتب : خوب اٹا ہوا ۔

Ram-jet : (n) (ہوا بازی) ایک قسم کا جیٹ انجن ۔

Ram line : (n) (جہاز رانی) وہ خط جو مستول یا درخت پر درمیانی خط کو حاصل کرنے کے لئے کھینچا جائے ۔

Ram-rod : (n) (فوج) سُنبہ : گز ۔

Ram's horn : (n) (۱) وہ صندوق جس کی بغلوں میں سوراخ ہوتے ہیں اور جس میں مچھلیاں دھوئی جاتی ہیں ۔ (۲) شاخ قوچ: قلاب جر ثقیل ۔ (۳) بھیڑ وغیرہ کا سینگ :سینگ کی مصنوعات ۔

Ramadan/ Ramazan : (n) [Arab. 'Ramadan'.] ہجری سال کا نواں مہینہ : رمضان : ماہ رمضان : رمضان المبارک ۔

Ramal : (a) [f. L. 'Ramus'.] (۱) (نباتیات) شاخ کا یا اس سے متعلق: شاخی : فرعی : شعبی : ٹہنی کا ۔ (۲) (تشریح، حیوانیات) فرع جیسا : شاخ مانند ۔

Raman : (n) [Name of Sir. C.V. Raman.] رمن : مشہور ہندوستانی شائنس داں (ماہر طبیعیات) ۔

Raman effect : (n) (طبیعیات) رمن اثر ۔

Raman spectrum : (n) رمن شعاعی عکس : رمن طیف ۔

Ramble : (n) (۱) بے مقصد گھومنا پھرنا : آوارہ گردی : سیر : مٹر گشت ۔ (۲) طولانی تحریر ۔ (۳) انتشار : پریشانی: بے ربطی ۔ (۴) (نباتیات) خود اُگنا ۔

Ramble : (n) (کوئلہ کان) کوئلے کی گرد ۔

Ramble : (v) [Origin unkn.] (۱) بے مقصد گھومنا پھرنا : آوارہ گردی کرنا : مٹر گشتی کرنا : گشت لگانا ۔ (۲) بے جوڑ

باتیں کرنا ؛ طولانی تحریر لکھنا ؛ اناپ شناپ بکنا ۔
(۲) اچانک اُگنا ؛ اچانک کھلنا (پھول وغیرہ کا) ؛ خود رو ہونا ۔

Rambler : (n) (۱) جہاں گرد ؛ سیلانی ؛ بے مقصد سیر گشتی کرنے والا ۔ (۲) (خصوصاً) گلاب کی بیل ؛ قرمزی رنگ کا گلاب ۔

Rambling : (a) (۱) آوارہ گرد ؛ بادیہ گرد ؛ پھرنے والا ؛ پیادہ رو ۔ (۲) (خیال) مربوط ؛ بے تک ؛ غیر مسلسل ؛ اناپ شناپ ۔ (۳) (پودے) بے قاعدہ ؛ پھیلی ہوئی ؛ اوپر نیچے چڑھتی ہوئی (بیلیں وغیرہ) ۔ (۴) (گلی کوچے کے مکانات) بے قاعدہ ؛ بے قرینہ ؛ بے ترتیب (بنے ہوئے) ۔

Rambling club : (n) (سماجیات) بزم سیّار ؛ آوارہ گردوں کا کلب ؛ بے فکروں کا کلب ۔

Ramblingly : (adv.) بے ربطی سے ؛ بے قاعدگی سے ؛ آوارہ گردی کے ساتھ ۔

Ramblingness : (n) آوارہ گردی ؛ سیلانیت ؛ بے ربطی ؛ بے قاعدگی ۔

Rambunctious : (a) [Origin Unkn.] (۱) (امریکا ، عامیانہ) جنگلی ؛ وحشی ؛ غیر مہذب ۔ (۲) وہ جسے قابو میں رکھنا دشوار ہو ؛ جو پالتو نہ ہو ۔

Rambutan/ -bootan : (n) [Malay. 'Rambutan'.] (۱) ایک ملایائی پھل جس کا رنگ چمکدار لال ہوتا ہے ؛ ملایائی لیچی ۔ (۲) اس پھل کا درخت ۔

Ramean : (a) [f. Ramus+ -(e)an.] (Peter Ramlus) پیٹر ریمس کا مقلد یا اس کی وکالت کرنے والا ۔

Ramean : (n) رمیس کے نظریات کاحامی یا اس کا مقلد ۔

Ramekin/Ramequin : (n) [Fr. 'Raequin'.] پنیر پارے ؛ پنیر کے ٹکڑے جو روٹی ، انڈے وغیرہ کے ساتھ تلے جاتے ہیں ۔

Rament : (n) (۱) (نباتیات) حول قشر : روئیں ۔ (۲) تراشہ ؛ بہت ہی چھوٹی چیز یا چھوٹا ٹکڑا ۔

Ramentaceous/Ramental : (a) [Fr. 'Ramentum+ -aceous.] حول قشر سے ڈھکا ہوا ؛ حول قشری یا حول قشری جیسا روئیں دار ؛ روئیں سے ڈھکا ہوا ۔

Ramentum : (n) [L.] Rament دیکھو

Rameous : (a) [L.] شاخ دار ؛ فرعی ۔

Ramessid/-ide : (n) [Gr.] ۱۹ ویں اور ۲۰ ویں صدی میں مصر کا ایک شاہی خاندان یا ایک بادشاہ ۔

Ramet : (n) [L. 'Ramus'.] (نباتیات) قلمیہ ؛ رامٹ ؛ ایک قسم کا پودا ۔

Ramicorn : (n) [L. 'Ramus'.] (حیوانیات) شاخ قرنہ ۔

Ramie/Ramee : (n) [Malay. 'Rami'.] (۱) (نباتیات) چینی مچھوا ؛ رامی ؛ ایک قسم کا پودا ۔ (۲) اس درخت کا ریشہ ۔ (۲) رامی کا ریشہ جس سے ایک قسم کی سلک تیار کی جاتی ہے ۔

Ramification : (n) [f. mod. L. 'Ramificare'.] پیچیدگی ؛ شاخ در شاخ ؛ تشعب ؛ تفریع ؛ شاخہ زنی ؛ شاخہ بندی ؛ کسی درخت کی شاخوں کی ترتیب (خصوصاً) جزو ؛ ریشہ ؛ رگ ؛ نالہ ؛ پرنالہ ۔

Ramiform : (a) شاخ نما ؛ شاخ دار ؛ متشعب ۔

Ramify : (v) [F. 'Ramifier '.] (۱) شاخیں نکلنا ؛ پھیلنا ؛ شاخ در شاخ ہونا ؛ شاخیں پھوٹنا ؛ منقسم ہونا ؛ متشعب ہونا یا کرنا ۔ (۲) شاخوں کا بڑھنا ۔ (۳) (خصوصاً تشریح میں) رگوں کا بڑھنا ؛ ترچان کا بڑھنا ۔ (۴) مختلف شاخوں میں بننا ؛ مختلف حصوں میں پھیلنا ؛ شاخوں یا شعبوں کے ذریعہ پھیلانا یا بڑھنا ۔

Ramism : (n) [f. 'Ramus.'] رمیس کا منطقی نظریہ یا طریقہ جس کی بنیاد ارسطو کے نظریات کی تردید پر تھی ۔

Ramist : (n) [f. The name of Ramus (Pierr de la Ramee).] Ramean دیکھو

Ramist / Ramistic : (a) رمیس یا اُس کے نظریات کا یا اس کے متعلق ۔

Rammer : (n) (۱) دُھرمٹ ؛ دُمرس ؛ زمین کوب ؛ کوبہ ؛ تُخماق ۔ (۲) گز ؛ توپ کا سنبہ ۔ (۳) پتھر وغیرہ کو پوری طاقت سے پٹانے والا آلہ ۔ (۴) ایک آلہ جو کیمیائی تجربے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Rammish : (a) (اب بول چال) تیز بو والا ؛ بدبودار ؛ متعفن ؛ جس میں سڑی بو ہو ؛ بد مزہ ۔

Rammishly : (adv.) بدبوئی ؛ بد مزگی ۔

Rammy : (a) Rammish دیکھو

Ramoon/ Ramon : (n) [Sp. 'Ramon, f. Ramo'.] ایک قسم کے درخت کا پتّا جو مویشیوں کے چارہ کے طور پر استعمال کیا

جاتا ہے۔

Ramoon tree : (n) ایک قسم کا درخت۔

Ramose : (a) [L. 'Ramosus'.] (نباتیات) کثیر شاخہ : شاخ در شاخ: کثیر الزوع : شاخدار : پُر شاخ۔

Ramosely : (adv.) کثیر شاخے کے طور پر۔

Ramp : (n) [OFr. 'Ramper'.] اوپر چڑھنے ، بڑھنے وغیرہ کا عمل۔

Ramp : (n) [Fr.' Rampe'.] (۱) مائلہ : ڈھلاؤ : ڈھال : جھکاؤ (دیوار یا فصیل کا۔ (۲) (محراب کے دونوں سروں کی) سطح کا فرق ۔ (۳) (زینے کی روک کا) خم : سوڑ : (اوپر کی طرف) ۔ (۴) (تعلیمات) فیل محراب سیکو ۔ (۵) جہاز پر چڑھنے کی سیڑھی کا خم ۔ (۶) ڈھلوان راستہ : ڈھلوان سطح ۔ (۷) پلیٹ فارم جہاں سے لکڑی وغیرہ لادی جاتی ہے ۔ (۸) وہ کڑی (سیدھی یا ٹیڑھی) جو دیواروں کی سطحوں کو ملاتی ہے ۔ (۹) آہرن : ہوائی اڈے کا وہ غیر مسطح حصہ جہاں سے سامان وغیرہ لادا جاتا ہے۔

Ramp : (v) [OF. 'Ramper'.] (۱) (خصوصاً شیر کا) پچھلے پیروں پر کھڑا ہونا : دو پاؤں پر اٹھنا : ایستادہ کرنا : ہاتھوں اور گھٹنوں کے بل چڑھنا : دقت اور دشواری سے چڑھنا: پیٹ کے بل چڑھنا (بول چال) ۔ (۲) چڑھ آنا : حملہ کرنے کے انداز سے کھڑا ہونا۔ (۳) (غصے میں) اچھلنا : کودنا : اچھل کود دکھانا : غصے میں بھرا ہونا ۔ (۴)(عمارت کا) اتار یا چڑھاؤ ہونا : سطح میں فرق ہونا ۔ (۵) (فوجی تعمیر) فصیل میں ڈھلاؤ ڈالنا : ڈھال پیدا کرنا ۔ (۶)(پودوں کا) چڑھنا : اوپر جانا : اوپر چڑھنا : بے حد افراط سے بڑھنا (بول چال) ۔ (۷)(بول چال) دیکھو Romp ۔ (۸) چھلانگ مارنا : کودنا : اچھلنا : سبک رفتاری سے چلنا (وحشیانہ طور پر)۔ (۹) (جہاز رانی) ہوا کے آگے آگے چلا جانا : بھاگتے چلا جانا : تیزی سے تیرنا۔

Ramp : (v) [Origin obsc.] (۱) (عامیانہ) فرضی قرضے کی دھونس دینا :فرضی قرض بنانا : روپیہ مانگنا۔ (۲) لوٹنا : بہت زیادہ قیمت وصول کرنا : لٹس مچانا۔

Rampage : (n) [f. next.] تندی : طیش : دیوانہ پن کی حرکتیں : مجنونانہ حرکتیں : غصہ : جنجال : دادو بیداد کرنا : غوغا : طغیان : سرکش۔

On the rampage : غصہ : طیش میں : سرکشی کی حالت میں۔

Rampage : (v) [Orig. Sc. of obsc. origin.] (۱) داد و بیداد کرنا :

دیوانگی کرنا : بگڑنا : پھرنا : غصہ کرنا ۔ (۲) آپے سے باہر ہو جانا : غصے میں دوڑے دوڑے پھرنا : وحشی طور پر ادھر ادھر مارے مارے پھرنا۔

Rampageous/Rampacious : (a) (۱۱) دیوانہ وار : غضب ناک : وحشی: گستاخ : سرکش : از خود رفتہ ۔ (۲) تند : تیز : اُدھم مچانے والا ۔ (۳) شدید : سخت : حد سے زیادہ : غیر معمولی۔

Rampageously : (adv.) (۱) مجنونانہ : غضب ناکی کے ساتھ: وحشیانہ طور پر ۔ (۲) تندی کے ساتھ : شدت کے ساتھ ۔

Rampageousness : (n) تندی : شدت : حالت غضب : دیوانہ واری : غصے کا جنون۔

Rampancy : (n) استادگی : شدت : غلبہ : افراط : بہتات : دیوانگی ۔

Rampant : (a) [F. 'Rampant'.] (۱) (درندہ خصوصاً شیر) ہوا میں اگلا پیر اٹھایا ہوا : کھڑا ہوا ۔ (۲) (نفسیات) (شیر کے لئے) ایستادہ : پچھلے پیروں پر کھڑا ہوا ۔ (۳) پر شدت: متشدد : کھڑا : سخت : زبردست : پورا : مانا ہوا ۔ (۴)محیط : حاوی : پھیلا ہوا : چھایا ہوا : مقرط ۔ (۵)زائد (از ضرورت) مفرط : فضول : جو افراط یا بہتات سے ہو ۔ (۶) (عمارت) اونچی اونچی محراب کی: چڑھتی ہوئی محراب کی ۔ (۷) (چیز) بے ضبط : بے قابو : بلا ممانعت : ناگوار ۔ (۸) (پودے اور ان کا بڑھنا) جو بے حد افراط یا بہتات سے ہو : ضرورت سے زیادہ : بیکار : خود روئیدہ : گچ گچایا ہوا : فراواں ۔ (۹) کج خلق : بد اخلاق۔

Rampant arch : (n) (انجینیئرنگ) مائلہ محراب۔

Rampantly : (adv.) بپھرتے ہوئے : کھڑے ہوئے : شدت سے : افراط سے۔

Rampart : (n) [F. 'Rempart'.] (۱) (قلعہ بندی) دھس : دمدمہ : پشتۂ قلعہ: مورچہ ۔ (۲) پناہ : آڑ : پشت و پناہ : حفاظت کا سامان۔

Rampart : (v) مورچہ بندی کرنا : قلعہ بنانا : دھس بنانا : حفاظت یا مدافعت کا سامان کرنا۔

Rampion : (n) [Fr. 'Raiponce'.] (۱) (نباتیات) ایک پودا جس کا پھول گھنٹی نما ہوتا ہے : Bell flower کی جنس کا پودا : ولایتی عشق پیچاں جس کی جڑوں کا اچار بناتے ہیں) ۔ (۲) Phyteuma جنس کا ایک پودا۔

Rampire/ -pier : (n & v) دیکھو Rampart

Ramsdem eye-piece : (n) (بصریات) چشمۂ رمسڈی : مسبّت چشمہ ۔

Ramshackle : (a) [later Var. of next.] (۱) سوکھے کا (مریض) : کمزور : شکستہ : ٹوٹا پھوٹا : خراب و خستہ : کاجو بھوجو : پلڑ جلڑ : گہرا : بودا ۔ (۲) (شخص) سیدھا سادہ : غیر مہذب : غیر متمدن : جاہل : بے قاعدہ : بے اصول : بے ضابطہ : بے ڈھنگا (خاص کر بول چال) ۔

Ramshackle : (v) [f.Ransark + -le.] بکے جانا : تڑتڑ گفتگو کرنا : بڑ بڑ لگانا ۔

Ramshackled : (a) غارت گری کیا ہوا : تباہ شدہ : تاخت و تاراج کیا ہوا : برباد کیا ہوا ۔

Ramson : (n) [OE. 'Hramsan'.] (نباتیات) لہسن : لہسن کی گٹھی : (سلادی) لہسن ۔

Ramulose : (a) [L. 'Ramulosus'.] (نباتیات) شاخک دار ۔

Ramulous : (a) دیکھو Ramulose

Ramulus : (n) [L. dim. of 'Ramus'.] (نباتیات اور تشریح) شاخچہ : چھوٹی شاخ : شاخک : ٹہنی ۔

Ramus : (n) [L.] (۱) (تشریح) ذائدۂ عظم ۔ (۲) (حیوانیات) شاخہ : شاخۂ عصب ۔ (۳) (نباتیات) شاخ : فرع : ڈنڈی ۔ (۴) (طیوریات) دیکھو Barb (n) ۔

Ramuscule : (n) [Late L. 'Ramusculus'.] (نباتیات) شاخک : شاخچہ : چھوٹی شاخ : ٹہنی ۔

Ran : (n) [origin unkn.] (چند گز) ستلی (کا ایک پیمانہ) : ستلی کا لچھا ۔

Ran : (فعل ماضی) دوڑا ۔

Rana : (n) [Hindi 'Rana'.] رانا : ہندوستانی شہزادہ ۔

Rana : (n) [L.] (حیوانیات) جنس مینڈک : جنس غوک ۔

Rance : (n) [Prob. of F. Origin.] رنگین مرمر : سنگ شہابی ۔

Rance/Ranse : (n) [Perh a. F. 'Ranche'.] سلاخ : سیخ یا ڈنڈا : جس پر ٹیک لگایا جائے : ٹیکن : سہارا ۔

Ranch : (n) [f. Rancho.] (۱) جھونپڑی ۔ (۲) (امریکا) مویشی خانہ : مویشی باڑہ : کار خانہ : افزائش نسل چوپایہ : مویشی خانے کا ملازم ۔ (۳) مزروعہ : کھیت ۔

Ranch : (v) (۱) مویشی خانہ چلانا : مویشی خانے کا انتظام کرنا : مویشی خانے میں زندگی گزارنا یا ملازمت کرنا ۔ (۲) مویشیوں کی دیکھ بھال کرنا : مویشیوں کو کھلانا پلانا ۔

Rancher : (n) مویشی خانے کا مالک : مویشی خانے کا ملازم : مویشی خانے کا منتظم : گلّہ بان ۔

Ranchero : (n) [SP. 'Rancho'.] دیکھو Rancher

Ranching : (n) مویشی خانے میں مویشیوں کی پرورش کرنا : مویشیوں کی تعداد بڑھانا ۔

Ranchman : (n) دیکھو Rancher

Rancho : (n) [SP.] دیکھو Ranch

Rancid : (a) [L. 'Rancidus'.] بدبودار : بد مزہ : سڑ اند : بسا ندا : سڑا ہوا ۔

Rancidity : (n) (طب) بدبوئی : بدبو : سڑاند : بساند پن ۔

Rancidly : (adv.) سڑاند کے طور پر : بد مزگی کے ساتھ ۔

Rancidness : (n) دیکھو Rancidity

Rancorous : (a) [OFr.] پُر کینہ : کینہ ور : معاند : بغض رکھنے والا : عداوت رکھنے والا : کینہ توز ۔

Rancorously : (n) معاندانہ انداز میں : کینہ ورانہ : بغض کے ساتھ : عداوت سے ۔

Rancorousness : (n) کینہ وری : عداوت : بغض ۔

Rancour/Rancor : (n) [OF. 'Rancour'.] کینہ : عداوت : بغض : عناد : پرانی دشمنی ۔

Rand : (n) [OE. 'Rand'.] (۱) گوشت کا ٹکڑا (بول چال) ۔ (۲) چمڑے کا ٹکڑا جسے بیچ میں رکھ کر جوتے میں ایڑی لگا تے ہیں : ایڑی تلا ۔ (۳) (جنوبی افریقہ کے محاورے میں) دریا کے دونوں طرف کی اونچی زمینیں : بانگر : کنارو ادی ۔ (۴) لوہے کا لمبا پتلا ٹکڑا ۔ (۵) ٹوکری بننے کا ایک خاص طریقہ : ٹوکری کی ایک بنائی ۔ (۶) (جنوبی امریکا) ایک قسم کا سکّہ ۔

Randan : (n) [Perh. Var. of 'Rander'.] رنگ رلیاں : صحبت مے نوشی (خاص کر دریا پر) ۔

On the randan : رنگ رلیوں میں مشغول ۔

Randan : (n) [Origin unkn.] (۱) کشتی کھینے کا ایک طریقہ جس میں تین آدمی کام کرتے ہیں ۔ (۲) کشتی جسے اس طرح چلایا جائے) : نکڑ ناؤ ۔

Randan : (adv.) کشتی کے کھینے کے لئے استعمال ہوتا ہے جس میں تین آدمی کی ضرورت پڑتی ہے ۔

Randiness : (n) ہڑدنگاپن : چلبلا پن : بے چینی : مستی : بے قراری : شہوت ۔

Randing : (n) ٹوکری بنائی کا ایک طریقہ ۔

Random : (n) [OFr. Randon, f. 'Randir'.] (۱) زور : تیزی : شدت ۔ (۲) بلا مقصد : بے قید : بلا توجہ : بغیر سوچے سمجھے۔ (۳) (کان کنی) رخ (خام دھات کے عمودی ریشے کا) ۔

Random : (a) (۱) اٹکل پچو : بے تک : باد ہوائی : اوٹ پٹانگ : بے سوچی سمجھی ۔ (۲) (چنائی) بے ترتیب : انگھڑ پتھر والی : بے جوڑ : بے بنیاد : بے قاعدہ ۔ (۳) بغیر کسی سلسلے یا مناسبت کے ۔

At random : بغیر مقصد کے : بغیر کسی سلسلے یا مناسبت کے : اٹکل پچّو : بغیر کسی منصوبے یا ارادہ کے : اچانک: بے سوچے سمجھے : بے مقصد ۔

Random : (a) (۱) (شماریات) کسی آبادی کے شمار کے بارے میں اُس طریقے سے متعلق جس میں اُس کے حقیقی اور فرضی ہونے کی گنجائش ہوتی ہے : اندازی رائے شماری سے متعلق ۔ (۲) اندازی رائے شماری پر مبنی یا اُس سے حاصل شدہ نتیجہ ۔

Random error : (n) (شماریات) بلا ارادہ غلطی ۔

Random rubble : (n) (تعمیرات) بے ترتیب روڑے ۔

Randomization : (n) (اشیاء کی) اٹکل پچو ترتیب : (تجربات وغیرہ میں) اندازی انتخاب ۔

Randomize : (v) دیکھو Randomization

Randomized : (a) اٹکل پچو ترتیب دیا ہوا : اندازی انتخاب کیا ہوا ۔

Randomly : (adv.) اٹکل پچو : بغیر کسی سلسلے یا مناسبت کے : بے سوچے سمجھے ۔

Randomness : (n) بے ترتیبی : بے مقصدی ۔

Randy : (a) [Perh. f. 'Rand'.] (۱) (اسکاتستانی) شور مچانے والا : ہڑ دنگا : چلبلا ۔ (۲) (مقامی بولی) (جانور وغیرہ کے لئے) بھڑکنے والا : بے چین : بے قابو ۔ (۳) مست : شہوت سے بے قرار : پُر شہوت : مجامعت کے لئے ۔ (۴) غیر منتظم: غیر مرتب : منتشر ۔

Randy : (n) (۱) (اسکاتستانی) بیہودہ بھکاری ۔ (۲) (اسکاٹ) بدکار عورت : فاحشہ عورت : پیشہ ور عورت : حد سے زیادہ مباشرت کی خواہش مند عورت : رنڈی ۔

Ranee : (n) [Hindi. 'Rani'.] رانی : راجا کی بیوی ۔

Rang : (۱) (باز وغیرہ کا) منڈلانا : چکر کاٹتے ہوئے اڑنا ۔ (۲) (لومڑی کا شکاری کتوں کے آگے) چکر میں دوڑنا ۔ (۳) احاطہ کرنا : حلقے میں لانا : دائرہ بنانا: حلقہ بنانا۔ (۴) (شکار یا مویشی کو) چاروں طرف سے گھیر کر ہانکنا : ہانکا کرنا ۔ (۵) انگوٹھی یا چھلاّ پہنانا ۔ (۶)ناک میں نتھنی ڈالنا : ناتھنا (بیل وغیرہ کو) : پاؤں میں بیڑی ڈالنا ۔ (۷) دیکھو Ring-bark ۔ (۸) پیاز، سیب وغیرہ کے لچھے تراشنا ۔ (۹) گھیر لینا: احاطہ کر لینا : دائرہ بنا لینا ۔ (۱۰) کسی چیز کو حلقہ جیسا رکھنا : (پرند کے) پاؤں میں پہچان کے لئے حلقہ یا چھلاّ ڈالنا ۔

Rangatira : (n) (۱) نیوزی لینڈ کا سربراہ ۔ (۲) نیوزی لینڈ کا نمایاں شہری : مجسٹریٹ ۔

Range : (n) [OFr. 'Range'.] (۱) قطار : صف : سلسلہ : لائن : پاڑی سلسلہ ۔ (۲) سمت : رخ (جس میں کوئی چیز واقع ہو)۔ (۳)(خصوصاً امریکا) شہر کا سلسلہ (چھ میل چوڑائی میں) ۔ (۳) (ریاضیات) خط مستقیم پر نقطوں کا مجموعہ : خط مرکزی : منطقہ ۔ (۵) شکار گاہ : چراگاہ ۔ (۶) چاند ماری یا نشانہ بازی کا میدان ۔ (۷) حلقہ : مقام : دائرہ : رقبہ : حدود : دور: وسعت : حد بندی ۔ (۸) مدارج : مراتب : (مقررہ) مقدار یا سلسلہ : راجہ (مقیاس الہرا کا) ۔ (۹)مار: ٹپّا : فاصلہ (بندوق کا) : زد : مار (گولی کی) ۔ (۱۰) چولہے دان : ولایتی چولہا۔ (۱۱) پیمائش: گردش ۔ (۱۲) (طبیعیات) حیطہ : سلسلہ کوہی (جنگل) ریخ ۔ (۱۳) کام کرنے کا موقع : وہ کام جس میں طاقت صرف ہو : غیر مادی ۔ (۱۴)کمپاس: رجسٹر آلات (خصوصاً آلات) ۔ (۱۵) صلاحیت: لیاقت۔ (۱۶) باور خانہ : باورچی خانہ ۔ (۱۷)(جہاز رانی) (جمع میں) رسوں کو باندھنے کے لئے لکڑی کے ٹکڑے ۔ (۱۸) (کسی چیز کی) لمبائی یا چوڑائی (مثلاً شیشے ، تاڑ ، چمڑا) ۔ (۱۹) (جوتا سازی) جوتے کے پچھلے حصے کی سخت دھجّی کے اوپر کی لکیر ۔

Range : (v) [Fr. 'Ranger'.] (۱) ترتیب دینا : صف بندی کرنا :

کرنے یا لگانے ، درندوں کا پتہ لگانے ،ہرن کی دیکھ بھال کرنے اور مسافروں کو بچانے کے لئے بحال کیا جاتا تھا : زمین جنگل ۔ (۳) (شاہی باغ کا) مہتمم۔ (۴) جہاں گرد : مارا مارا پھرنے والا ۔ (۵) (جمع) سوار : سوار فوج (خصوصاً The Connaught Rt.) ایک برطانوی رجمنٹ کا نام ۔ (٦) جانوروں کا شکار کرنے والا (جانور) : شکاری جانور ۔ (۷) (برطانیہ، کناڈا وغیرہ میں) Girl guide(گرل گائیڈ) کا سینئر ممبر ۔

Rangership : (n) جنگل یا پارک کے مہتمم کا عہدہ : عہدۂ مہتمم باغ ۔

Ranging : (n) (فوج) زد گیری : ہدف گیری : میزان سازی ۔

Ranging fancy : (n) ہر جائی پن : بے وفائی ۔

Ranging rod : (n) (سروے) خط اندازی : ڈنڈا ۔

Rangoon : (n) (۱) برما کی راجدھانی رنگون کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) رنگون میں رائج طرز یا طریقہ ۔

Rangy : (a) (۱) (خصوصاً امریکا) ہوا دار : کھلا ہوا : وسیع (کمرہ وغیرہ) ۔ (۲) پہاڑی : کوہی : کوہستانی ۔ (۳) بڑی جسامت کا (جانور) : لحیم شحیم (جانور) ۔ (۴) لمبے پیروں والا (آدمی) ۔

Rani : Ranee کا متبادل ۔

Raniform : (a) [f. L. Rana + Form.] مینڈک نما : غوک شکل ۔

Ranine : (a) [mod. L. 'Raninus'.] (۱)(حیوانیات)ضفرعی : غوکی ۔ (۲) (تشریح) زیر زبانی : نوک زبان کے زیری حصے سے متعلق ۔

Ranine artery/ -vein : (n) نوک زبان کا زیریں حصہ ضفدع ۔

Rank : (n) [Fr. 'Ranc'.] (۱) صف : قطار (خصوصاً گاڑیوں کا سلسلہ جس میں ایک کے پیچھے کھڑی ہوئی شطرنج کے خانوں کی افقی قطار ۔ (۲) (فوج کا) پرا : صف : (جمع میں The کے ساتھ) بٹالین : فوج : (فوج) غیر کمیشنڈ ۔ (۳)ترتیب: سلسلہ ۔ (۴) طبقہ : مرتبہ : اعلیٰ طبقہ ۔ (۵)درجہ : مقام : (سیاسیات) عہدہ : جگہ (سلسلہ میں) : اعلیٰ مقام: امتیازی حیثیت : اعلیٰ سرکاری عہدہ: اعلیٰ فوجی عہدہ ۔ (٦) (نباتیات) سیر حاصل : کثیر النمہ۔ (۷) منظم : مرتب : ترتیب ۔ (۸) مقام الفاظ (دوسرے لفظ یا الفاظ کی مناسبت سے) ۔ (۹) ترتیب شمار۔ (۱۰) کوٹلے کی ایک قسم ۔

In rank and file : قطار میں : لائن میں ۔

آراستہ کرنا : مرتب ہونا : آراستہ ہونا : قطار در قطار ہونا : قطار میں کھڑا کرنا : لائن میں رکھنا : (فوج) آراستہ کرنا : درست کرنا ۔ (۲) پھیلا ہوا ہونا : مسلسل چلا جانا : (مختص مقامات میں) واقع ہونا : پایا جانا ۔ (۳) مختلف مدارج میں ہونا : درجہ بہ درجہ یا قسم بہ قسم ہونا : درجہ بندی کرنا : مختلف درجوں میں تقسیم کرنا ۔ (۴) ہم پلّہ ہونا : زمرے میں ہونا : صف میں ہونا ۔ (۵) مارا مارا پھرنا : گشت لگانا : گھومنا ۔ (٦) (بندوق کا) مار کرنا (ایک خاص فاصلے تک): ٹپّا ہونا (گولی وغیرہ کا) ۔ (۷)(کسی جگہ) پورا چکّر لگانا : (ساحل یا سمندر کے قریب) کشتی چلانا : کشتی میں پھرنا ۔ (۸)(شخص یا اشخاص کو)کسی مخصوص حالت، مقام ، محل ، جگہ پر بٹھانا ۔ (۹) (چیز) ترتیب و تنظیم سے رکھنا : قطار میں رکھنا ۔ (۱۰) (جہاز رانی) لنگر کی زنجیر کو ترتیب سے رکھنا ۔ (۱۱) با اصول زندگی گزارنا : با اصول طریق زندگی اختیار کرنا ۔ (۱۲) (تعمیرات) بڑھانا :اضافہ کرنا : ایک سیدھ میں بڑھانا ۔ (۱۳)(خصوصاً طباعت میں) (ٹائپ ، لائن صفحات میں) اضافہ کرنا ۔ (۱۴) (کوئی) عہدہ یا (کوئی) مقام حاصل کرنا : قبضہ کرنا ۔ (۱۵) (پودے کا) مخصوص علاقہ اور مخصوص وقت میں بڑھنا ۔ (۱٦) مویشی خانے میں مویشی کی پرورش و پرداخت کرنا ۔ (۱۷) مورچہ لینا : مورچہ بندی کرنا ۔ (۱۸) کسی خاص علاقے میں رہنا : کسی خاص علاقے کا ہونا ۔ (۱۹) بدلنا یا مختلف ہونا: (محدود طور پر)۔ (۲۰) کسی چیز کے محل وقوع کو کسی آلے کے ذریعہ معلوم کرنا ۔

To range oneself : دنیا میں اپنا ٹھور ٹھکانا کر لینا : شادی وغیرہ کر کے ٹھکانے سے زندگی بسر کرنا ۔

Range-finder : (n) (۱) (فوج) زر نما : (بندوق کی) مکھّی ۔ (۲)(فوٹو گرافی)حدّ گیر : حدّ نما : فاصلہ پیما کیمرہ ۔

Range-heads : (n) (جہاز رانی)ستون آہنجہ ۔

Range land : (n) مورچہ کے لئے مناسب مقام ۔

Range light : (n) وہ روشنی جو کشتی وغیرہ کی رہنمائی کے لئے ہوتی ہے ۔

Range work : (n) (۱) ایسا کام جو سنجیدہ چہرہ بنا کر کیا جائے ۔ (۲) اینٹ کو تہ بہ تہ رکھنا (بھٹّا لگانے کے لئے) ۔

Ranger : (n) (۱) ترتیب دینے والا : درست کرنے والا : مارا مارا پھرنے والا : با اصول زندگی گزارنے والا : قطار میں کھڑا ہونے والا ۔ (۲) بر طانوی شاہی پارک یا جنگل کا محافظ خصوصاً وہ شاہی افسر جسے پہلے جنگل میں گشت

Out of rank : قطار سے علاحدہ ۔

The rank/- and file : (مجازاً) عوام : بھیڑ : معولی یاعام سپاہی : نیچے درجے کے سپاہی ۔

To break rank : قطار سے ہٹ جانا : قطار توڑنا۔

To keep rank : قطار میں رہنا ۔

To rise from the rank : معمولی عہدے سے اعلیٰ عہدے پر ترقی کرنا : معمولی سپاہی کا کمیشنڈ عہدے پرترقی کرنا : اپنے بل بوتے پر ترقی کرنا : بڑھنا ۔

Rank : (a) [OE. 'Ranc.'] (۱) مضبوط : طاقت ور :بااختیار : سر پھرا: مغرور ۔ (۲) بیحد طویل : اوسط لمبائی سے بلند : زیادہ بڑھا ہوا ۔ (۳) جو بیحد افراط یا بہتات سے ہو : ضرورت سے زیادہ : بیکار : نکمّا : خود روئیدہ : گچ گچایا ہوا : پٹا ہوا (گھاس وغیرہ یا بیکار روئیدگی سے) ۔ (۴) بدبو دار : متعفن : سڑاند : سڑا ہوا : گندہ : نجس : غلیظ ۔ (۵) نفرت انگیز: مکروہ : بیہودہ : ناشائستہ : فاسد ۔ (٦)نمایاں : صاف صاف : کھلا ہوا : فاش : فاحش : سخت : شدید : تند: تیز : پر جوش ۔ (۷)بھیڑ : بہت زیادہ ۔ (۸) (ٹیکنیکل) نکلا ہوا : باہر کی جانب نکلا ہوا ۔

Rank : (v) (۱) صف باندھنا : قطار میں کھڑا کرنا (فوج کو) : صف بندی کرنا : ترتیب دینا : درجہ بندی یا تقسیم کرنا : درجہ بندی کرنا ۔ (۲) صف میں جگہ دینا :صف میں جگہ پانا : زمرے میں ہونا : (فوجی اصطلاح میں) کوچ کرنا : گزرنا :قطار میں آگے بڑھنا ۔ (۳) (امریکا) سبقت لے جانا : مقدم ہونا ۔ (۴) مقام حاصل کرنا : جگہ لینا (قطار میں) ۔ (۵) (قانون) تقاضا کرنا : مطالبہ کرنا (قرض وغیرہ) ۔

Rank and file : (n) (۱) مسلح فوج کے درج فہرست افراد ۔ (۲) کسی قوم ،سماج ، تنظیم یا ادارہ میں شامل افراد ۔ (۳)کسی تنظیم کی عمومی رُکنیت ۔

Rank order : (n) عہدے کے اعتبار سے ترتیب ۔

Ranker : (n) (۱) فوج کا وہ افسر جو ابتداء میں معمولی سپاہی رہا ہو۔ (۲) صف میں کھڑا ہونے والا : صف کو ٹھیک کرنے والا ۔ (۳) قطار کا سپاہی : وہ فوج جو صف میں ہو ۔

Rankish : (a) نسبتاً زیادہ ۔

Rankle : (v) [OFr. 'Rancler'.] (۱) جان لیوا ہونا : ٹیس مارنا (درد وغیرہ کا) : بہت زیادہ تکلیف دہ ۔ (۲) غصہ ہونا : غصہ دلانا : اشتعال دینا : آپے سے باہر ہونا : تکلیف دہ: تکلیف میں ڈالنا ۔ (۳) (رنج ، حسد وغیرہ کا دل میں) کھٹکنا : خلش ہونا ۔

Rankling : (a) جان لیوا : تکلیف دہ : مشتعل : غصے میں بھرا ہوا ۔

Rankly : (adv.) بیحد افراط سے : مکروہ طریقے سے : شدت کے ساتھ ۔

Rankness : (n) عہدے کے اعتبار سے ترتیب ۔

Rann : (n) [Ir. Gael.] پیراگراف خصوصاً کسی گیت کا ۔

Ranny : (n) [Origin unkn.] ایک معمولی نسل کا بچھڑا ۔

Ransack : (v) [On. 'Rannsaka'.] (۱) اچھی طرح ٹٹولنا : تلاش کرنا : ڈھونڈ مارنا : ڈھونڈنا : چھان مارنا ۔ (۲) لوٹ لینا : غارت کرنا : برباد کرنا : تاخت و تاراج کرنا ۔ (۳) ٹھیک سے جانچ کرنا : چھان بین کرنا ۔

Ranksack : (n) (۱) تلاش : جستجو : چھان بین ۔ (۲) لوٹ مار : غارت گری ۔

Ransacker : (n) (۱) تلاش کرنے والا : ڈھونڈنے والا: متلاشی ۔(۲)تاخت و تاراج کرنے والا ۔

Ransom : (n) [OF. 'Rancom, Raencon'.] (۱) فدیہ : تاوان : زرِرستگاری (قیدی کو آزادی دلانے کے عوض میں) ۔ (۲) رہائی :مخلصی : رستگاری (رقم فدیہ کے عوض میں) ۔ (۳) نذرانہ : ڈنڈ (جو کسی ناجائز رعایت کے عوض وصول کیا جائے): قیمت رہائی ۔ (۴)(سیاسیات) جزیہ : (قانون) خون بہا :(دینیات) کفّارہ ۔

A king's ransom : کثیر رقم : کثیر تاوان یا عوض : بیش بہا : نہایت قیمتی ۔

To hold to ransom : فدیہ لے کر آزاد کرنا : تاوان لے کر چھوڑنے پر تیار ہونا ۔

Ransom : (v) [OFr. 'Ransonner'.] (۱) (فدیہ پر) رہا کرنا : آزاد کرنا : تاوان لے کر چھوڑنا ۔ (۲) روپیہ دے کر معاملہ ہموار کرنا : رقم دے کر سمجھوتہ کر لینا : نجات نعم البدل ہونا: نجات دینا : بچانا ۔ (۳) رقم دے کر زندگی بچانا: آزادی خریدنا فدیہ دے کر :چھڑانا روپیہ دے کر. (۴) جرمانہ دینا : فدیہ دینا : تاوان ادا کرنا : ڈنڈ بھرنا ۔ (۵) تلافی کرنا : کفارہ دینا : ہر جانہ دینا : نقصان ادا کرنا ۔ (٦) فدیہ مانگنا : فدیہ چاہنا : فدیہ وصول کرنا: ڈنڈ لینا ۔

Ransom bill/-bond : (n) اقرار ؛ تحریر فدیہ ؛ فدیہ نامہ خصوصاً وہ جو گرفتار کئے ہوئے جہاز کی طرف سے لکھا جائے ۔

Ransomer : (n) وہ جو آزاد کراتا ہے ؛ فدیہ دینے والا یا لینے والا ؛ نجات دہندہ ؛ رہائی حاصل کرنے والا ۔

Ransomless : (a) بغیر تاوان کے ؛ بغیر فدیہ ؛ بغیر جزیہ کے ۔

Ranstead : (n) [Origin unkn.] گل کتان ؛ گل وحشی ۔

Rant : (n) [DU. 'Randten, Ranten'.] (۱) لسانی ؛ لفاظی ؛ لمبی چوڑی تقریر ؛ بکواس ؛ لامعنی بات ؛ لمبی پر جوش تقریر (خصوصاً ملامت کی) ؛ ہجو ؛ وعظ (طنزیہ ملامت) ؛ بیہودہ گوئی ؛ یاوہ گوئی ۔ (۲) لفاظی؛ بکواس کی حالت یا صفت ۔ (۳) بیہودہ زبانی ؛بیجا بات ۔ (۴)خطیبانہ انداز ؛ جذباتی ، ہیجانی طرز تقریر ؛ جذباتی اظہار خیال ۔ (۵) (بول چال اور اسکاتستانی) مے نوشی کا دور ؛ رنگ رلیاں ۔

Rant : (v) (۱) لفاظی کرنا یا دکھانا ؛ عبارت پردازی کرنا ؛ یا وہ سرائی کرنا ؛ بیہودہ بکنا ؛ لا یعنی گفتگو کرنا ؛ باتیں بنانا ؛ لسّانی کرنا ۔ (۲) (تھرک تھرک کے) تقریر کرنا ؛ لمبی چوڑی تقریر کرنا ؛ تھیٹر کے انداز سے تقریر کرنا ؛ بھاؤ بتا بتا کر گفتگو کرنا ؛ خطیبانہ انداز میں کہنا ۔ (۳)چلاّ چلاّ کر وعظ کہنا ؛ گلا پھاڑ نا ۔ (۴)بد گوئی کرنا ؛ بد کلامی کرنا ۔ (۵) رنگ رلیاں منانا ؛ عیش و نشاط میں مبتلا ہونا ۔

Ranter : (n) (۱) لسّانی کرنے والا ؛ لفّاظ ؛ یاوہ سرا ؛ یا وہ گو ۔ (۲) (خصوصاً Antinomians فرقے کا رکن Primative Methodist جماعت کا واعظ ۔

Ranterism : (n) فرقہ میتھوڈسٹ کا عقیدہ ۔

Rantingly : (adv.) لفاظی کے طور پر؛ یاوہ گوئی کے ساتھ ؛بیہودہ گوئی کے طور پر ۔

Rantipole : (V) [Origin unkn.] وحشی گری کرنا؛ ہرزہ گوئی کرنا؛ بیہودہ گوئی کرنا ؛ ہڑدنگا مچانا ؛ شور و ہنگامہ کرنا۔

Ranty : (a) عیاشی کی ؛ عیش پرستی کی ؛ بد مستی کا ؛ مشتعل ؛ محرک ؛ مر انگیختہ (جذبات) وحشی ؛ انقلابی ۔

Ranula : (n) [L. 'Ranula'.] (طب) تیندوا ؛ ضیفدع ؛ ضیفدع اللسان ۔

Ranular : (a) ضیفدع اللسان سے متعلق ۔

Ranunculaceous : (a) [f. next.] (نباتیات) شقیقی ؛ شقیقہ ؛

جڈواری ؛ لالوی ۔

Ranunculus : (n) [L.] جنس جدوار ؛ جنس لالہ ؛ گل دار پودوں کی ایک قسم ۔

Rap : (n) [Prob. echoic.] (۱) ہلکی ضرب ؛ ہلکا مکّا ؛ ہلکی مار ۔ (۲) کھڑ کا ؛ کھٹکا ؛ دستک (دروازے وغیرہ پر) ۔ (۳)مخالف تنقید ؛ نکتہ چینی ؛ الہام رسمی ؛ شکایت رسمی ۔ (۴) مجرمانہ الزام ؛ مجرمانہ لاگت یا قیمت ؛ سخت سر نش ۔

Rap : (n) [Origin unkn.] (۱) نقلی سکہ (نصف فاردنگ کی قیمت کا اٹھارھویں صدی عیسوی میں نصف چینی کے لئے آئر لینڈ میں پاس کیا ہوا کیونکہ اصلی سکے کا فقدان ہو گیا تھا) ۔ (۲) چھوٹا سکہ ۔ (۳) (مجازاً) ذرہ ؛ ریزہ ؛ پر کا ۔

Not to care a rap : ذرہ برابر پرواہ نہیں ۔

Rap : (n) (عامیانہ) الزام ؛ ملامت ؛ سرزنش ؛ تنبیہ ؛ زجرو توبیخ ؛ جرم کی وجہ سے سزا ۔

To take the rap : اپنے سر الزام لینا ؛ سزا بھگتنا ۔

Rap : (n) گفتگو ؛ مکالمت ؛ بات چیت ؛ کلا م ۔

Rap : (v) (عامیانہ امریکا) گفتگو کرنا ؛ بات چیت کرنا ۔

Rap : (v) (۱) دستک دینا ؛ آہستہ سے مارنا (خصوصاً گھٹنے وغیرہ پر) ؛ کھٹکا کرنا ۔ (۲) کھٹکھٹانا ؛ تھپتھپانا ؛ زور سے پیٹنا (دروازہ) ؛ دروازہ پیٹنا ۔ (۳) سخت زبانی کرنا ؛ سخت کلامی کرنا ؛ درشت گوئی کرنا ؛ بد زبانی کرنا ۔ (۴) جھوٹی قسم کھانا ؛ جھوٹا حلف لینا ؛ جھوٹا عہد کرنا ۔ (۵) سرزنش کرنا ؛ تہمت لگانا ؛ الزام تراشی کرنا۔ (۶) سختی سے محاسبہ کرنا ؛ بے رحمی سے تنقید کرنا ؛ سخت نکتہ چینی کرنا ۔ (۷) (عامیانہ) گرفتار کرنا ؛ پکڑنا ؛ مجرمانہ الزام میں جیل بھیجنا ۔ (۸)تبادلہ کرنا ؛ عوض دینا ۔

To rap (a person's) fingers/-knuckles : پدرانہ سرزنش کرنا ؛ (مجازاً) ملامت کرنا ۔

To rap out : (۱) عمل حاضرات کے ذریعے ارواح کو بلانا ؛ (روحانیات) (روح کا) کھٹکوں سے جواب دینا یا پیام بھیجنا ۔ (۲) فی البدیہہ یا حاضر جوابی سے (طنزیہ فقرے ، ضلع جگت وغیرہ) بولنا تڑسے؛ بلا تامل (قسم کھانا) ۔

Rapacious : (a) [L. 'Rapacirapax+ -ous'.] بیحد حریص : حد درجہ لالچی : زبردستی لے لینے والا : لٹیرا : ڈاکو : غارت گر .

Rapaciously : (adv.) حریصانہ : غارت گرانہ : زبردستی کے ساتھ (لے جانا) .

Rapaciousness : (n) حرص : لالچ : غارت گری .

Rapacity : (n) [L. 'Rapacitatem'.] بیحد حرص : بہت زیادہ لالچ : لٹیراپن : درندگی .

Rapania : (n) [L.] ایک قسم کا درخت جس کے پتے لچک دار اور چمکیلے ہوتے ہیں .

Rape : (n) [AF. 'Rap(e) .] (۱)اغوا(خصوصاً عورتوں کا): زنابالجبر: زبردستی عصمت دری : آبرو ریزی . (۲) جنسی حملہ : عورتوں پر جنسی حملہ . (۳) صریح خلاف ورزی. (۴)(جمع میں اور 'a' کے ساتھ) زنا کا واقعہ: (شعر میں) استحصال بالجبر : غصب .

Rape : (n) [Origin unkn.] Sussex(برطانیہ) کے چھ اضلاع میں سے کوئی ایک .

Rape : (n) [L. 'Rapum'.] (۱) تلی : گو آلہ (جو مویشی کے چارے کے لئے بوئی جاتی ہے) . (۲) سرسوں یا دوسرے روغنی تخم کے پودے .

Wild rape : (n) رائی : توڑی .

Rape : (n) [F. 'Rape'.] (۱) انگور کا فُضلہ (جس سے شراب اور سرکہ وغیرہ بناتے ہیں) . (۲) وہ ٹپکا (فلٹر) جس سے شراب کو صاف کرتے ہیں. (۳) شراب کشید کرنے کے کارخانے میں استعمال ہونے والی گاڑی .

Rape : (v) [L .'Rapere'.] زنا بالجبر کرنا : عصمت دری کرنا : عورت کی مرضی کے بغیر اس کے ساتھ زنا کرنا .

Rape-cake : (n) کھلی .

Rape-oil : (n) میٹھا تیل : خوردنی تیل : سرسوں کا تیل .

Rape-seed : (n) (نباتیات) گوار کا بیج : تلی کا بیج .

Rapee : (n) جس کے ساتھ زنا بالجبر کیا جائے .

Raper : (n) زنا بالجبر کرنے والا : عصمت دری کرنے والا .

Raphaelesque/ Raffaell : (a) [f. name of Rapael.] رافائلی : مصوراً فائل کی بنائی ہوئی (تصویر) یا اس کے طرز کی .

Raphaelism : (n) (مصوری میں) رافائل کے اصولوں ، طرز وغیرہ.

Raphaelite : (n) رافائل کا شاگرد یا اس کی حمایت یا تقلید کرنے والا .

Raphanus : (n) [L.] (نباتیات) جنس مولی .

Raphe/Rhaphe : (n) [mod. L.] (تشریح) اتصال : سیون : (نباتیات) سیون : (طیوریات) دانہ دم .

Raphia : (n) [Malagasy.] (نباتیات) رافیا ، افریقہ اور امریکا میں پایا جانے والا تاڑ جیسا درخت .

Raphide : (n) [Fr. 'Raphide'.] (نباتیات) کیسہ قلم : کیسہ سوزن .

Raphis/ Rha- : (n) [Gr. 'Raphis'.] (نباتیات) منصع : سوزنی قلم .

Rapid : (a) [L.'Rapidus'.] (۱) تیز : سریع : تیز رو : تیز رفتار : بہت جلدی. (۲) تیزی سے واقع ہونے والا : سریع . (۳)(ٹیکنیکل) عکس لینس (فوٹو گرافک Lenses) : پلیٹ وغیرہ کے لئے: صرف مختصر اکسپوزر کے طور پر استعمال ہوتا ہے (۴) جلدی سے (جگہ دینا) : تیزی سے (مکمل ہونا) : سرعت سے . (۵) سلامی : پھسلوان .

Rapid : (n) ڈھلوان : اترا (دریا کا) (خصوصاً جمع میں، امریکا) .

Rapid/ Rapidly : (adv.) تیزی سے : سرعت کے ساتھ .

Rapid filter : (n) سریع مقطار : تیز فلٹر .

Rapid fire : (n) رائفل فائرنگ جس میں ایک خاص تعداد میں فائرنگ کا وقت مقرر ہوتا ہے .

Rapidity : (n) تیزی : سرعت : نرمی .

Rapidity of lens : (n) (فوٹو گرافی) سرعت عدسہ .

Rapidness : (n) سرعت : تیزی : نرمی .

Rapido : (n) [It.] اٹلی : اسپین اور لاطینی امریکا کی اکسپریس ریل گاڑیاں .

Rapider : (n) [F.'Rapidere'.] دو دھاری تلوار (خصوصاً سولہویں اور سترھویں صدی کی) : نیمچہ : عباسی : (ہلکی تلوار) کٹاری .

Rapier-thrust : (n) (مجازاً) چبھتی ہوئی بات : تیکھا جواب ۔

Rapiered : (a) (۱) تیز دھاری : تیز دھار کا ۔ (۲) نیمچہ پہنے ہوئے ۔

Rapilli : (n) [It. Pl. of 'Rapillo'.] سنگ ریزہ ۔

Rapist : (n) زنا بالجبر کرنے والا : زانی ۔

Raploch : (a) [Origin unkn.] بے ادب : خشک : بد تمیز ۔

Rapparee : (n) [Ir. 'Rapaire'.] (تاریخ) سترھویں صدی کا با قاعدہ آئرستانی سپاہی یا ڈاکو : رہاری ۔

Rappel : (n) [F. f. ' Rapperler'.] طبل فوج : فوج کوھوشیار کرنے والا طبل ۔

Rapper : (n) [f. Rap(v)+ er.] (۱) دروازہ کھٹکھٹانے والا : کھٹ کھٹ کرنے والا ۔ (۲) کھٹ کھٹانے کی کوئی چیز : ضرب لگانے کی شے : وہ چیز جس سے ضرب لگائی جائے ۔ (۳)پرلے درجے کا جھوٹ بولنے والا : (بول چال) : جھوٹا حلف لینے والا (بول چال) ۔

Rapper : (n) سیف رقصی : تلوار جیسی وہ شے جو انگلش رقص میں استعمال کی جاتی ھے ۔

Rapport : (n) [Fr. 'Rapporter'.] (۱) رشتہ : ناتا : تعلق : خصوصاً وہ تعلق یا رشتہ جو اتحاد یا معاہدہ وغیرہ کے ذریعہ قائم کیا جائے : رابطہ : نسبت : علاقہ : واسطہ : (نفسیات) رابطۂ جذباتی : (روحانیات) رابطۂ روحی۔ (۲) اعتماد : بھروسا ۔

En rapport : رابطہ سے : تعلق سے : رشتہ سے۔

Rapprochment : (n) [F. 'Rapprocher' +ment.] (۱) مصالحت : مفاہمت : صفائی : دوبارہ دوستانہ تعلقات کا آغاز: (خصوصاً ملکوں کے درمیان) دوستانہ تعلقات۔

Rapscallion : (n) [f. 'Rascallion'.] بدذات : شریر : پاجی : بد معاش : مارا مارا پھرنے و الا ۔

Rapscallion : (a) بدمعاش ، بد ذات سے متعلق ۔

Rapt : (a) [L. 'Raptus'. Pa. of 'Rapere'.] (۱) فلک نشیں ۔ (۲) روحانی طور پر لے جایا گیا ہو : معراج : وجد میں: سرمست : بیخود : مد ہوش : محو : مستغرق : منہمک : مجذوب : ارواح سے تعلق رکھنے والا ۔ (۲) بہت گہری (توجہ) ۔ (۳) مراقبے میں : دوسرے عالم میں ۔ (۴) اغوا شدہ (عورت) : زنا بالجبر کی ہوئی (عورت) ۔

Rapt : (a) (شاذ) بیخودی : استغراق : وجد : اغوا : بہاؤ۔

Rapt : (a) (۱) بیخود : مستغرق : بے خودی سے متعلق : زنا بالجبر کیا ہوا : روندا ہوا : بھگایا ہوا ۔ (۲) زنا بالجبر کا یا اس سے متعلق ۔

Raptatorial : (a) [L. 'Raptatus'.] خاطف : شکاری ۔

Raptatorial : (n) طیر صید : شکاری پرند ۔

Raptor : (n) [L.] (۱) زنا بالجبر کرنے والا : عصمت دری کرنے والا ۔ (۲) (طیوریات) شکاری پرندہ : شکار کرنے والا پرند ۔

Raptores : (n) (حیوانیات) طیر خالف : شکاری پرند ۔

Raptorial : (a) (۱) شکار پر زندگی گزارنے والا : شکاری : شکار خور ۔ (۲) شکار کا یا شکار سے متعلق۔ (۳) شکاری (پرند یا جانور): طیور جارحہ (Raptores) کی قسم کا : جارچی۔

Raptorious : (a) دیکھو Raptorial

Rapture : (n) [mod. L. 'Raptura'.] (۱) لے جانے کا عمل : کھینچنے کا عمل: بلند ہونے کی طاقت ۔(۲) کسی شخص کی اٹھان: بلندی خصوصاً آسمان کی طرف یا آسمان میں اٹھا لینے کا عمل : اوپر اٹھنے کی حالت ۔ (۳)روحانی شغف : روحانی وجد : وجد : سرمستی : سر خوشی: کمال و بیخودی ۔ (۴) کمال مسرت و محبت وغیرہ سے سرمست ہونا ۔ (۵) اس قسم کے تجربہ کا اظہار۔ (۶) رزمیہ نظم یا اس کا حصہ : موسیقی کی بے قاعدہ جوش بھری لے ۔

To be in/- To go into raptures : جوش مسرت سے بیخود ہونا : جھومنا : جوش مسرت میں جھوم جھوم کر باتیں کرنا۔

Raptured : (a) وجد کناں : سرمست : سرخوش : حالت وجد میں ۔

Raptureless : (a) بے وجہ احساس یا اظہار جس میں شدت نہ ہو : معمولی احساس یا اظہار ۔

Rapturize : (v) سر خوش ہونا : وفور جذبات میں ہونا ۔

Rapturous : (a) فرط مسرت : اس کا احساس یا اظہار : وجد انگیز: سرمستانہ ۔

Rapturously : (adv.) فرط طرب سے : وجد کے عالم میں : سر مستانہ۔

Rapturousness : (n) فرط جذبات ؛ مسرت انگیزی ۔

Raquette : (n) دیکھو Racket

Rara avis : (n) [L.] وہ شخص یا چیز جو بہت کم دیکھنے میں آئے ؛ نادر شے ؛ غریب شے ؛ انوکھا شخص ؛ طرفہ معجون ؛ عنقا صفت ۔

Rare : (a) [L. 'Rarus'.] (۱) لطیف ؛ ہلکی (ہوا وغیرہ) ۔ (۲) بہت ہی کم ؛ نادر ؛ کمیاب ؛ عجیب ؛ طرفہ ؛ تحفہ ۔ (۲) عمدہ؛ بہترین ؛ منتخب ؛ انوکھا ؛ غیر معمولی ؛ استثنائی ۔ (۳)(کیمیا) نادر؛ (طبیعیات) لطیف ۔ (۵)عظیم ؛ واقعی؛ حقیقی ۔

Rare : (a) [later f. Rear.] ہلکے طور پر پکایا ہوا (گوشت) ؛ کسی قدر پکایا ہوا ۔

Rare-bird : (n) دیکھو Rara avis

Rare earth : (n) (کیمیا) نادر خاک ؛ وہ آہنی اوکسائڈ جو معدنیات سے کم دستیاب ہوتے ہیں ۔

Rare earth element : (n) (کیمیا) نادر خاکی عناصر ؛ نادر خاکات ۔

Rare gases : (n) (کیمیا) نادر گیس ؛ غیر مؤثر گیس ۔

Rare-ripe : (a) (بول چال امریکا) قبل از وقت پکا ہوا ؛ دوسروں سے پہلے یا معمول سے پہلے پکاہوا ۔

Rare-ripe : (n) (۱) قبل از وقت پکنے والا پھل ؛ پہلے پکنے والا پھل یا ترکاری ۔

Rare-show : (n) صندوق کا تماشا ؛ تماشا ؛ بکس تماشا ؛ بائیسکوپ ۔

Rarefaction : (n) [L. 'Rarefacere'.] لطیف ؛ پتلا بنانے کا عمل ؛ رقیق سازی ؛ رقت ؛ ترقیق ؛ (طبیعیات) تلطیف ؛ لطافت ؛ ہلکاپن ؛ تصفیہ ؛ تزکیہ ۔

Rarefactional : (a) تلطیف کا ؛ رقیق سازی کایا اس سے متعلق ۔

Rarefactive : (a) [L. 'Rarefacere'.] ترقیق کا ؛ تلطیف کا ۔

Rarefiable : (a) رقیق ہونے کی صلاحیت ۔

Rarefication : دیکھو Rarefaction

Rarefied : (a) (۱) کسی منتخب گروپ کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) بہت ہی اعلیٰ ؛ بہت ہی اونچا ۔ (۳) (طبیعیات) تلطیف شدہ۔

Rarefier : (n) رقیق ساز ۔

Rarefy / Rareify : (v) [F. 'Rarfier'.] (۱) نادر بنانا ؛ پتلا بنانا ؛ ہلکا کرنا یا ہونا ؛ کوئی نئی چیز ملائے بغیر بڑا کرنا یا پھیلانا ۔ (۲) روحانی بنانا ؛ لطیف کرنا یا ہونا ؛ تصفیہ؛ تزکیہ کرنا (آدمی کے نفس کا ، طبیعت وغیرہ کا) ۔ (۳)نازک کرنا ؛ مہذب بنانا یا کرنا ۔(۴) نتھارنا؛ خالص بنانا ؛ صاف ہونا یا کرنا ۔ (۵) باریکی پیدا کرنا ؛ دقیق بنانا (خیالات کا) ۔

Rarely : (adv.) شاذو نادر ؛ نادر طور پر ۔

Rareness : (n) لطافت ؛ ندرت ۔

Rarity : (n) [L. 'Raritas'.] (۱) ندرت ۔ (۲) نادرہ ؛ عجوبہ ۔ (۳) نادر شے؛ طلعت ۔ (۴)(نفاست میں) غیر معمولی پن ؛ استثناء۔

Ras : (n) [Ar. 'Ras'.] (۱) (علم النجوم) راس ؛ ٹیلا ۔ (۲) ایک حبشی شہزادہ یا جاگیر دار ، نیز حبشی کے صوبے کا حکمراں ۔ (۳) اٹلی کے فسطائیوں کا لیڈر یا آقا ۔

Ras/Rasa : (n) [Native name in India.] کرشن اور رادھا کی زندگی پر مبنی پورا رقصی ڈراما ۔

Rasalas : (n) (علم النجوم) راس الاسد (ستارہ) ۔

Rasalgethi : (n) (علم النجوم) رائس الجاثی (ستارہ) ۔

Rasalhague : (n) (علم النجوم) رائس الحوّا (ستارہ) ۔

Rasamala : (n) [Malay] جنوبی ایشیا کا ایک درخت جس کی لکڑیاں تعمیر میں کام آتی ہیں ۔

Rascal : (n) [OF. 'Rascaille'.] (۱) بدمعاش ؛ دغا باز ؛ شریر ؛ شیطان ؛ پاجی ؛ کمینہ ؛ ذلیل ؛ رذیل ۔(۲) بد اطوار؛ بدذات ؛ بے ایمان ؛ بے اصول ۔ (۳) وہ آدمی جو شرانگیز مذاق کرتا ہو ۔

Rascal : (a) (۱) بدمعاش ؛ شریر ؛ پاجی ۔ (۲) کمینہ ؛ دغاباز؛ بے ایمان ۔

Rascaldom : (n) بدمعاشوں کی دنیا یا جماعت ؛ بد معاشی ؛شیطنت؛ گروہ اسرار ۔

Rascality : (n) شیطنت ؛ پاجی پن ؛ بدمعاشی ؛گروہ بند بدمعاشی۔

Rascallion : (a) پست ؛ فرو مایہ ؛ بے شرف ؛ دنی ؛ ذلیل ۔

Rascally : (a) (۱) پاجی ؛ بدمعاش ۔ (۲) دیکھو Pascal ۔

Rase : (v) [F. 'Raser'.] (۱) شگاف ڈالنا یا کرنا ؛ گودنا ؛ کھودنا (نشان، لائن) ؛ کندہ کرنا ۔ (۲) چھیلنا ؛ صاف کر دینا ؛ اڑا دینا ؛ محو کر دینا ؛ مٹا دینا ؛ بھلا دینا ؛ نسبتاً منسیا کر دینا ۔ (۳) مسمار کرنا ؛ زمین کے برابر کر دینا ؛ ڈھا دینا ؛ منہدم کرنا ۔

Raser : (n) چھیلنے والا ؛ صاف کرنے والا ؛ برابر کرنے والا ۔

Rash : (n) [F. 'Ras'.] (اب تاریخ) سولہویں ، سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں ایک برطانوی ملبوساتی کپڑا ریشم یا اون سے بنایا جاتا تھا ۔

Cloth rash : (n) گھٹیا قسم کا اونی کپڑا ۔

Silk rash : (n) ریشمی کپڑا ۔

Rash : (n) [OF. 'Rache, Rasche'.] احتراق یا الہتاب خون ؛ سرخ بادہ (جس سے جلد پر چتّے پڑ جاتے ہیں) ۔ چکتّے ؛ (طب) ثبورات جلدی ؛ چکتے ۔

Rash : (n) [Echoice.] کھڑکھڑاہٹ کی آواز ؛ سر سراہٹ کی آواز ۔

Rash : (a) [(M)DU. 'Rasch'.] (۱) (اسکاتستانی اور بول چال) گرم مزاج ؛ جلد باز ؛ بے دھڑکی ؛ ناعاقبت اندیش ؛ تند خو ؛ چست و چالاک ؛ تیز ۔ (۲) جلدی بازی کا ؛ پر جوش ؛ آندھی کی طرح کام کرنے والا ؛ متہور انہ ؛ ناعاقبت اندیشانہ ۔ (۳) (تقریر وغیرہ) بے احتیاط؛ بلا سوچے سمجھے ؛ اشتعال انگیز باتیں کرنے والا ۔

Rashly : (adv.) جلد بازی سے ؛ ناعاقبت اندیشی سے ؛ متہورانہ ۔

Rashness : (n) جلد بازی ؛ ناعاقبت اندیشی ۔

Rasher : (n) [Origin Unkn.] (نمکائے ہوئے یا دھوئیں میں پکائے ہوئے) لحم خنزیر کا ایک ٹکڑا ۔

Rasher : (n) [Sp. 'Rascacio'.] سنگزنی رنگ کی ایک مچھلی جو جنوبی کیلیفورنیا کے ساحلی علاقے میں پائی جاتی ہے۔

Rasholnik : (n) [Russ.] روسی قدامت پسند ؛ کلیسا کا مخالف اور اس مقصد سے قائم متعدد حلقوں میں سے کسی ایک کا رکن۔

Rasores : (n) [L.] (حیوانیات) دُجا جان ؛ مرغان ۔

Rasorial : (a) [L. 'Rasores + E-ial'.] (حیوانیات) دُجاجی ۔ (چڑیا وغیرہ) جو غذا کی تلاش میں زمین کھودتی ہے۔

Rasp : (n) [OFr. 'Raspe.'] (۱) (اوزار) ریتی ؛ موئی ریتی ؛ سوہنی ۔ (۲) (حیوانیات) زبان صدفہ یا اس کے دانت ۔ (۳)کھردری سطح (ریتی جیسی) ۔ (۴) کھردری آواز ۔ (۵) ریتنے کا عمل ؛ رگڑ ۔

Raspberry دیکھو

Rasp : (n) [Origin unkn.] (۱) ریتنا ؛ رگڑنا ؛ صاف کرنا ؛ تیزی سے رگڑنا ؛ بری طرح رگڑنا ۔ (۲) ریتی کرنا ؛ سوہن سے رگڑنا ؛ گھسنا ؛ گھس کر صاف کر دینا ۔ (۳) (مجازاً) ناگوار ہونا ؛ برا معلوم ہونا ؛ برہم کر دینا ؛ جھنجھلانا ۔ (۴) کرخت آواز نکالنا ؛ سمع خراشی کرنا ۔

Rasp : (v) [Origin unkn.] (۱) (بول چال) ڈکار لینا ۔ (۲) نشے میں بڑبڑانا ۔ (۳) فحش بکنا ۔

Rasp-palm : (n) برازیلی تاڑ ؛ کھجور ۔

Rasp-punch : (n) ریتی کے دانتوں کو اُبھارنے والا آلہ ۔

Raspatory : (n) [med. 'Raspatorium'.] (جراحی) سوہان جرّاحی ؛ عظم تراش ۔

Raspberry : (n) (۱) رس بھری ؛توت فرنگی ؛ علیق ۔ (۲) رس بھری کا پودا ۔ (۳) رس بھری کا عرق ؛ رس بھری کی شراب۔ (۴) اظہار ناپسندیدگی ؛ اظہار ناراضامندی ؛ مکروہ آواز ۔

Raspberry cane : (n) رس بھری کا پودا ۔

Raspberry like : (a) رس بھری جیسا ۔

Raspberry mosaic : (n) وہ بیماری جو رس بھری یا اس قسم کے پودوں میں ہوتی ہے جن سے ان کے پتّے داغ دار اور پیلے ہو جاتے ہیں ۔

Raspberry rose : (n) گلاب سے زیادہ گہرا گلابی رنگ ۔

Raspberry vinegar : (n) ایک قسم کا شربت ۔

Raspberry wine : (n) سرخ شراب ۔

Rasberry yellow : (n) دیکھو Raspberry mosaic

Rasper : (n) چھیلنے کا آلہ یا مشین ۔ (۲) چھیلنے والا ؛ ریتنے والا ؛ ریتی سے چکنا کرنے والا (دھات یا لکڑی وغیرہ کو) ۔ (۲) (شکار) دشوار گذار بلاز ۔ (۳) (عامیانہ) (شخص یا چیز) جھنجھلا دینےوالا ؛ برہم کر نے والا ؛ نیز کوئی غیر معمولی چیز۔

Raspy : (a) (۱)بد مزاج : جلد باز: بے رحم : سنگ دل ۔ (۲) سخت : کھردرا ۔ (۳) جھنجھلایا ہوا : چڑچڑا: تنک مزاج : ذکی الحس : زود رنج : تند خو ۔

Rasse : (n) [Javanese. 'Rase'.] (حیوانیات) مشک بلاؤ جو ہندوستان ، ملایا ، جاوا ، چائنا وغیرہ میں پایا جاتا ہے اور اس سے خوشبو حاصل کرنے کے لئے اکثر بند کرکے رکھا جاتا ہے : رسے ۔

Raster : (n) [L. 'Rastrum'.] (ٹیلیویژن) پنجہ : رسٹر : ٹیلیویژن سیٹ پر تصویر سازی کے لئے خط کھینچنے کا ایک طریقہ۔

Rat : (n) [OE. 'Raet'.] (۱)چوہا : بڑا چوہا : موش : گھونس:فارکبیر: (حیوانیات)موش جنگل:جنگلی چوہا .(۲)(سیاسیات) توتا چشم : غدار : بے وفا : آڑے وقت میں ساتھ چھوڑ دینے والا ۔ (۳) ہڑتال چور (مزدور جو ہڑتال میں ساتھ نہ دے یا کام چھوڑنے والوں کی جگہ کام پر آجائے) ۔ (۴)چوہے کی جسامت اور شکل و صورت رکھنے والا کوئی بھی جانور ۔ (۵) چمبرا (وہ پیڈ(Pad)) جس کو بال کے اندر رکھ کر عورتیں جوڑا بناتی ہیں ۔ (۶)(عامیانہ) (طنز کے طور پر) ابلہ فریبی : ریا کاری : دھوکا : فریب : مکر :واہیات بات ۔ (۷) ریتونی خاکستری رنگ (جو چوہے کے رنگ سے مشابہ ہو) ۔

Like- /as well as a drowned rat : بھیگے ہوئے (شرابور آدمی کے لئے کہتے ہیں) ۔

Marsupial rat : (n) ایوسم : ایک قسم کا تھیلی دار دودھ پلانے والا جانور جو پانی میں یا درختوں پر رہتا ہے اس کے پچھلے پیروں میں انگوٹھا ہوتا ہے ۔

Pharash's rat : ایک قسم کا نیولا جو گھڑیال کے انڈے توڑ ڈالتا ہے ۔

To smell a rat : سازش وغیرہ کا شبہ کرنا ۔

Rat : (v) (۱) چوہا پکڑنا : چوہے کا شکار کرنا : گھونس یا چوہا مارنا ۔ (۲) آڑے وقت میں پارٹی کا ساتھ چھوڑ دینا : توتا چشمی کرنا : دغا دینا : (سیاسی معاملات میں) ۔ (۳)ہڑتال میں ساتھ نہیں دینا : ہڑتال میں کام کرنا ۔

Rat : (v) [Minced pronounciation of Rot (v) .] (سوقیانہ) Rot دیکھو

Rat-a-tat/ Rat-a-tat-tat : [Echoic.] تیز تھپتھپاہٹ خصوصاً دروازے کی کھٹکھٹاہٹ کی آواز ۔

Rat-bite fever : (n) (طب) چوہے کاٹے کا بخار : طاعونی بخار ۔

Rat-catcher : (n) (۱)چوہا پکڑنے والا(آدمی یا جانور)۔ (۲)(خصوصاً برطانیہ) غیر رسمی شکاری لباس ۔

Rat-firm : (n) وہ کمپنی جو غیر ہڑتالی لوگوں کو بحال کرتی ہے۔

Rat fish : (n) امریکا کی ایک سنہری مچھلی ۔

Rat-flea : (n) (حیوانیات) چوہا پسّو۔

Rat hole : (n) (۱) چوہے کا بل ۔ (۲) کھلی ہوئی نالی یا گلی ۔ (۳) گہرا سوراخ ۔

Rat mole : (n) Mole-rat دیکھو

Rat pit : (n) چوہے کا بل ۔

Rat poison : (n) چوہا مار زہر : چوہا کش دوا : چوہا مارنے والی دوا ۔

Rat poison-plant : (n) وہ پودا جس سے چوہا مار دوا تیار کی جاتی ہے : گیاہ سم الفار ۔

Rat proof : (n) جس کو چوہا برباد نہ کر سکے ۔

Rat racee : (n) ایسی عمارت بنانا جس میں چوہوں کے داخل ہونے کا کوئی راستہ نہ ہو ۔

Rat snake : (n) (۱) چوہا خور سانپ ۔ (۲) چوہا خور (حشرات) ۔

Rat's- tail : (n) (۱) چوہے کی دم سے مشابہ چیز : مویشی دم نما چیز ۔ (۲) دیکھو Rat-tail file ۔

Rat-tail : (n) (۱) (جمع) دیکھو Rat's tail ۔ (۲) چوہے کی دم کے جیسی کوئی چیز جیسے گھوڑے کی دم جس میں بال نہ ہو : (گھوڑے کی) بال چھڑی (دم) : مو ریختہ (دم والا) ۔ (۳) وہ گھوڑا جس کی دم بے بال ہو : دم جھڑا (گھوڑا)۔ (۴) Macrurus جنس کی مچھلی: ماہی عضروفی ۔ (۵)(نباتیات) ایک خاص جنس کے پودے : اطریلال (پودا) ۔

Rat-tail : (a) مدوّر : پتلی اور گاؤ دم : چوہے کی دم جیسی ۔

Rat-tailed : (a) چوہے کی دم جیسی لمبی نوکدار (دم) ۔

Rat-tailed shrew : (n) (۱) موش کرم خوار : ایک قسم کا دودھ پلانے والا ہندوستانی جانور جو چوہے کے مشابہ ہوتا ہے ۔ (۲) دیکھو Musk shrew ۔

Rat-tailed file : (n) چھوٹی گول ریتی ۔

Rat-tailed spoon : (n) ایک قسم کا چمچہ : جو عام طور پر سترھویں صدی میں مروج تھا۔

Rat-tat/ Rat-tat-tat : (n) دیکھو Rat-a-tat

Rat-trap : (n) (۱) چوہا پکڑنے کا پھندا : چوہے دان ۔ (۲) بے دست و پا ہونے کی صورت حال ۔

Rata : (n) [Masri.] نیوزی لینڈ کا ایک بڑا خوشنما درخت جس کے سرخ پھول ہوتے ہیں : راتا : سرخ گل ۔

Ratability : (n) (۱) تشخیص و تعین کے لائق : تخمینے کے لائق : تخمینہ شدہ : متناسب شرح کے مطابق بنایا ہوا : متناسب ۔ (۲) (برطانیہ) محصول کے لائق ۔

Ratable : (a) قابل تخمین ہونا : محصول پذیری ۔

Ratably : (adv.) تناسب سے : محصول پذیرانہ : قابل تخمین ہونے کے طور پر ۔

Ratafia : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک قسم کی شراب جس میں بادام ، خوبانی یا شفتالو کے چھلکے کی چاشنی دیتے ہیں: میوے کی چاشنی کی شراب ۔ (۲) میوے کی چاشنی کا بسکٹ یا کیک ۔ (۳) ایک قسم کا شاہ دانہ ۔

Ratal : (n) [Prob. after Rental.] مقدار تشخیص شدہ (جس کے لحاظ سے محصول عائد کیا جائے) ۔

Ratal : (a) نرخی : مالی : محصول ۔

Rataplan : (n) [Fr.] ڈھول یا تاشے کی آواز : ڈھول پیٹنے کی آواز ۔

Ratatouille : (n) [Fr. dial .] پرو تسلی سبزیوں کا اسٹو ۔

Ratbag : (n) مخالف آدمی : متفق نہ ہونے والا آدمی : (عامیانہ) رنجیدہ آدمی : مشکلات پیدا کرنے والا آدمی ۔

Ratch : (n) [Origin unkn.] (خصوصاً بول چال) کسی جانور کے چہرے کی چمک ۔

Ratch : (n) Ratchet کا متبادل ۔

Ratch : (v) (میکانیات) دندان تراشی کرنا : کسی چیز میں دانت بنانا ۔

Ratchel : (n) (ٹیکنیکل اور بول چال) سنگ ریزہ ۔

Ratchet : (n) [Fr. 'Rochet'.] (۱) روک دار دندانے یا دانت (پہلے وغیرہ کے جن میں روک لگانے سے ایک طرف کی حرکت روکی جا سکتی ہے) ۔ (۲) (میکانیات) ضامن : گیرہ : کتّا ۔ (۳) دندان تراشی کی مشین ۔ (۴) گیرہ پہیا ۔

Ratchet : (v) (۱) روک دار دانت تراشنا یا نکالنا : روک دار دندانے جڑنا ۔ (۲) گیرہ پہیا کے ذریعہ حرکت کرنا ۔

Ratchet braue : (n) (اوزار) چکّر برما : گیرہ برما ۔

Ratchet stop : (n) کسی مشین کی رفتار کو محدود یا کم کرنے والا : دندانہ دار عنصر ۔

Ratchet wheel : (n) (میکانیات) مائل دندانی پہیّا : گیرہ پہیّا : روک دار دانت کا پہیّا ۔

Rate : (n) [OFr. 'Rate'.] (۱) شرح : نرخ : معیار : حساب : میزان ۔ (۲) قیمت : مرتبہ : درجہ : طبقہ : پایہ : رتبہ : طبقہ بندی ۔ (۳) رفتار : سرعت سیر : چال : (معاشیات) مقامی محصول : ٹیکس وغیرہ : مالیات ۔ (۴) (جمع میں) عوارض ۔ (۵) مقدار : تناسب : ادائیگی : محصول یا ادائیگی کی رقم ۔ (۶) (سفر کا) کرایہ : (مال وغیرہ کا) بھاڑا ۔ (۷) (نسبتاً) طریقہ : طرز: انداز : بیوہار ۔ (۸) (جہاز رانی) جنگی جہازوں کی درجہ بندی : خاص قسم کا جنگی جہاز: جہاز رانوں کی درجہ بندی: جہاز کا خاص افسر یا ملازم (امریکی بحریہ) درجۂ فہرست آدمی کا عہدہ ۔ (۹) (ضرورت یا سائز کے اعتبارسے) عمارتوں کی درجہ رفتار میں کمی بیشی ۔ (۱۱) کام کی رفتار (نسبتاً) ۔ (۱۲) تبدیلی کی شرح (گھٹنے یا بڑھنے میں) ۔

Assessed rate : (معاشیات) مشخصہ شرح : متعینہ نرخ ۔

At all rate : ہر حال میں ۔

At an easy rate : معمولی شرح پر : معمولی قیمت پر۔

At any rate : کسی بھی قیمت پر : ہر حال میں : بہر طور : بہر کیف : کم سے کم ۔

At that rate /this - : اندریں حالات : اس حالت میں : اس حساب سے تو : اگر یہی بات ہے تو ۔

(To go, etc.) at a rate : مسافت اور وقت کے درمیان تناسب کو برقرار رکھتے ہوئے سفر کرنا ۔

Rate : (n) (شکار) کتے کی سرزنش ۔

Rate : (v) (۱) قدر کرنا : اندازہ لگانا (قدر و قیمت کا) ۔ (۲) (زر مبادلہ کی قیمت کا) تعین کرنا : مبادلہ کرنا : قیمت

لگانا؛ شرح معین کرنا .(۲) اندازہ کرنا ؛ سمجھنا ؛ شمار کرنا ۔ (۳) (محصول لگانے کے لئے)قیمت مشخص کرنا ؛ مقامی محصول عائد کرنا ؛ محصول عائد کرنا ؛ محصول باندھنا ۔ (۵) (جہاز رانی) کسی زمرے میں شمار ہونا ؛ کسی درجے میں لکھا ہونا (جہاز کے رجسٹر میں) ۔ (۶) سمجھا جانا؛ شمار کیا جانا ؛ زمرہ میں ہونا ؛ صف میں ہونا ؛ مخصوص جماعت یا صف میں رکھنا ؛ عہدہ دینا ۔ (۷) (تعدادکا) تعین کرنا ؛ جانچنا ؛ شمار میں لانا ۔ (۸) کرایا یا بھاڑا مقرر کرنا ۔ (۹) مقررہ وقت میں گھڑیوں کی رفتار کا گھٹنا ؛ بڑھنا۔ (۱۰) اہل ہونا ؛ لائق ہونا ؛ حقدار ہونا ؛ خصوصی عہدہ ؛ مرتبہ یا درجہ رکھنا ۔

To rate up : بیمے کی شرح بڑھا کر مقرر کرنا (شخص وغیرہ کے لئے جو غیر معمولی خطرے کا شکار ہو) ۔

Rate : (v) [Origin unkn.] (۱) سرزنش کرنا ؛ دھمکانا ؛ جھڑکنا ؛ گھڑکنا ؛ ڈانٹنا ؛ تنبیہ کرنا ؛ برا بھلا کہنا ؛ بکنا جھکنا ؛ غصہ کرنا ۔ (۲)غصے سے ڈانٹنا (شکاری کتے اور آدمی وغیرہ کو) ۔

Rate basis : (n) جائداد کی وہ قدر یا مالیت جس کی بنیاد پہ سر عدالت یا کمیشن کرایا ، محصول وغیرہ پر مقرر کرتا ہے۔

Rate of clock : (n) گھڑی کی چال ۔

Rate of decay : (n) (طبیعیات) شرح انحطاط ۔

Rate of exchange : (n) (معاشیات) شرح مبادلہ ۔

Rate of expension : (n) (طبیعیات) پھیلاؤ کی شرح ۔

Rate of return : (n) ریلوے آمدنی کی شرح۔

Rateability : (n) دیکھو Ratability

Rateable/ Ratable : (n) دیکھو Ratable

Rateably : (adv.) دیکھو Ratably

Ratel : (n) [Du. 'Ratel'.] (حیوانیات) افریقی بجّو ؛ افریقی گھونس؛ راطِل ۔

Ratepayer : (n) محصول دہندہ ؛ ٹیکس ادا کرنے والا ۔

Rater : (n) (۱) مقررہ (ٹن) وزن کی دوڑ کی کشتی ۔ (۲) مخصوص طبقے یا درجے کا آدمی یا چیز (جیسے جہاز) ۔

Rath : (n) [Ir. 'Rath'.] آب و گِل سے بنایا ہوا مکان ؛ خصوصاً آئرستانی قبائلی سرداروں کا مکان جو قلعہ کے طور پر بھی استعمال ہوتا تھا ۔

Rathe/ Rath : (a) [OE. 'Hraep'.] (۱) تیز عمل ؛تیز رفتار ؛ مستعد؛ خواہش مند ؛ پر جوش ؛ جو شیلا ؛ تیز و تند ۔ (۲)وقت سے پہلے کیاہوا ؛ وقت مقررہ سے پہلے حاصل کیا ہوا ۔ (۳) وقت سے پہلے پک جانے والا پھل ؛ وقت سے پہلے تیار ہونے والا پھل ۔ (۴) (شعر) سویرا(بہ طور صفت) سر آغازی ؛ صبح سویرے ؛ دن کا پہلا پہر ؛ صبح سے متعلق ۔ (۵) کسی بھی وقت کے ابتدائی حصہ سے متعلق ؛ آغاز سال ؛ ابتدائے موسم ۔

Rathe : (adv.) [OE. 'Harpe'.] (شعر بول چال) صبح سویرے ؛ دن کے پہلے پہر میں ۔

Rather : (adv.) [ME.] (۱) سویرے ؛ شروع ہی میں ؛ بہ عجلت ؛ جلدی سے ؛ دن کے پہلے پہر میں ؛ موسم یا دن کے پہلے حصہ میں ۔ (۲) مناسب وجہ یا سبب سے ۔ (۳) سابق ؛اول (اب بول چال) ۔ (۴) پسندیدگی کے ساتھ ؛ پوری تیزی یا خواہش کے ساتھ ؛ مرجع طور پر ؛ زیادہ خوشی سے ۔ (۵) زیادہ صحیح طور پر ؛ بہت ہی درست طریقہ سے ۔ (۶) کسی درجہ میں ؛ کسی حد تک ؛ایک حد تک ؛ قدرے ۔ (۷) بلکہ ۔ (۸) (روزمرہ) بے شک ؛ یقیناً ۔

(One) had rather/ (One) would- : کوئی غالباً اسی لئے ناپسند کرے گا ۔

The rather : زیادہ خوشی سے ؛ بہت خوشی سے ؛خوشی خوشی ۔

The rather that : اس لئے بھی کہ ؛ اس لئے اور بھی کہ۔

Rathe-ripe/ Rath- : (a) (اب شعر ، بول چال) قبل از وقت آنے والا یا پکنے والا (پھل ، غلہ وغیرہ) ؛ اگیتی ؛ اگیت ؛ پیش رسیدہ ۔ (۲) دم پذیری ؛ زود رس (پھل) ۔ (۳)(طب) زود بالغ ؛ قبل از وقت بالغ ۔

Rathe-ripe/Rath- : (n) قبل از وقت پکنے والا فٹر سیب وغیرہ ؛ اگیتا پھل یا میوہ ۔

Ratherest : (adv.) زیادہ تر ؛ بالخصوص؛ خاص طور پر (اب بول چال) ۔

Rather of the ratherest : تھوڑا ؛ بہت ہی تھوڑا ؛ مختصر ؛ بے حد مختصر ۔

Rathskeller : (n) [Gr.] تہ خانہ ریستوران ؛ ریستوران زیر زمینی ۔

Ratification : (n) [med. L. 'Ratificare'.] (۱) تائید ؛ استحکام ؛ توثیق ؛ تصدیق ؛ منظوری ؛ تصویب ؛ قبول ۔ (۲) توثیق؛ تصدیق کرنے کا عمل ۔

Ratifier : (n) توثیق کرنے والا ؛ منظوری دینے والا ؛ تصدیق کرنے والا ۔

Ratify : (v) [Fr. 'Ratifier'.] (۱) توثیق کرنا ؛ تصدیق کرنا ؛ منظوری دینا ؛ جائز قرار دینا ؛ تائید کرنا ؛ نافذ مان لینا ؛ (قانونی یا آئینی طور پر) ؛ قبول کرنا ؛ تسلیم کرنا ۔

Ratihabition : (n) [Late L. 'Ratihabitio'.] (قانون) منظوری ؛ توثیق؛ تصدیق ۔

Rating : (n) (۱) شرح بندی ؛ تشخیص ۔ (۲) (معاشیات) محصول بندی ؛ درجہ بندی (خصوصاً) بلدی شرح محصول ؛ تشخیص بلدی ۔ (۳) (جہاز) درجہ ؛ قسم ؛ حیثیت (جو جہاز کے رجسٹر میں درج ہو) ۔ (۴) (جہازرانی) ایک درجہ یا حیثیت کے کل اشخاص ؛ طبقہ ؛ درجہ ۔ (۵)(جہاز رانی) قسم کشتی (بہ اعتبار وزن) ؛ تقسیم ؛ درجہ بندی (دوڑ کی کشتیوں کی) ۔ (٦) افراد کی خصوصیات ، رجحانات ، شخصیت اور صلاحیتوں کا ایک خاص سطح پر اندازہ یا تخمینہ ۔ (۷)ریڈیو یا ٹیلیویژن پروگرام سننے والوں کا تخمینہ ۔ (۸)مشین کی طاقت کی حد ۔

Rating : (n) جھڑکی ؛ ڈانٹ ؛ ڈپٹ ۔

Rating area : (n) (معاشیات) رقبۂ درجہ بندی ۔

Ratings : (n) (جہاز رانی) بحری سپاہی ؛ ایک خاص درجے کے ۔

Ratio : (n) [L.] (۱) کسی چیز کی فطرت یا حقیقی بنیاد (خصوصاً) دوسری چیزوں کے مقابلے میں ؛ علت غائی ؛ بنائے منطق؛ سبب عقلی ۔ (۲) (ریاضیات) نسبت ؛ نسبت حسابی یا عددی ؛ تناسب ۔

Common ratio : (ریاضیات) مشترک نسبت ۔

Extreme and mean ratio : (ریاضیات) طرفی و وسطی نسبت۔

Inverse ratio : (ریاضیات) نسبت معکوس۔

Ratio and proportion : (n) (ریاضیات) نسبت و تناسب ۔

Ratio arm : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) نسبتی بازو ۔

Ratio decidendi : (n) عدالتی فیصلے کی بنیاد ۔

Ratiocinate : (v) [L. 'Ratiociant ratiocinari'.] استدلال کرنا ؛ منطقی بحث کرنا ؛ منطقی قیاس سے کام لینا ؛ استنباط کا عمل کرنا ۔

Ratiocination : (n) [L. 'Ratiocinationem'.] استدلال ؛ منطقی بحث ؛ اثبات ؛ استنباط ؛ قوت استدلال ؛ دلیل آوری ۔

Ratiocinative : (a) [L.'Ratiocinativus'.] استدلالی ؛ استنباطی ؛ منطقی ؛ فکری ؛ نظیری۔

Ratiocinator : (n) استدلال کرنے والا ؛ منطقی کرنے والا ۔

Ratiocinatory : (a) دیکھو Ratiocinative

Ratiocognoscendi : (n) [L.] صلاحیت کی بنیاد ؛ وہ شے جس کے ذریعہ کسی چیز کو جانا جائے ۔

Ration : (n) [L. 'Rationem'.] (۱) خوراک (خصوصاً بری یا بحری فوج کے سپاہی کو) ۔ (۲) (جمع) رسد ؛ آذوقہ ؛ کھانے کا سامان ؛ راشن ۔ (۳) (کھانے یا ایندھن کی) مقررہ مقدار جو ایک بار میں ملے ؛ ایک حصہ ۔ (۴) (راتب) (فوجی گھوڑے کا) ۔

Ration : (v) (۱) کھانے پینے کا سامان مہیّا کرنا ؛ راشن کا انتظام کرنا؛ رسد کا انتظام کرنا ؛ غذا بہم پہنچانا۔ (۲)راشن کی طرح سے تقسیم کرنا ؛ معینہ مقدار میں بانٹنا ۔ (۳)تقسیم کرنا ؛ بانٹنا ۔ (۴) راتب باندھنا یا مقرر کرنا۔ (۵) کمی کے ساتھ استعمال کرنا ؛ کم سے کم میں کام چلانا ۔

Rational : (a) [L. 'Rationalis'.] (۱) ذی عقل ؛ صاحب خرد ؛ عاقل ؛ ناطق ؛ دانش ور ؛ ذی ہوش ؛ ذی فہم ۔ (۲) معقول؛ معقول پسند ؛ معقول پسندانہ ؛ معتدل ؛اعتدال پسند(سیاسیات) ۔ (۳) عقلی ؛ استدلالی ؛ معقولی؛ منطقی ؛ فکری ؛ نظری ۔ (۴) (ریاضیات) (مقدار) ناطق (ضد اصم) ۔ (۵) قابل ادراک ؛ قابل حس ؛ محسوس ؛ معلوم ؛ تاثیر پذیر ؛ مدرک ۔ (٦)یونانی اور لاطینی عروض میں چھوٹے بولوں میں نا پاجا سکے ۔

Rational : (n) (۱) کوئی بھی چیز جو عقلی و منطقی ہو ۔ (۲) (جمع) دیکھو Rational dress ۔ (۳) منطقی استدلال ؛ عقلی بنیاد ؛ جواز ؛ بنیاد ؛ سبب اصلی ۔

Rational : (n) [L. 'Rationale'.] ایک مرصع لباس (سینہ بند ، جو بشپ پہنتا ہے) ۔

Rational being : (n) حیوان ناطق ؛ انسان ۔

Rational dress : (n) معقول لباس (عورتوں کا جو سائیکل چلاتے وقت سائے کی جگہ جانگھیا پہنتی ہیں) .

Rational faculty/-nature/-power : (n) عقلی صلاحیت : استدلالی لیاقت : فطری صلاحیت .

Rational function : (n) دیکھو Polynormial (n)

Rational horizon : (n) (علم النجوم) افق حقیقی .

Rational number : (n) (ریاضیات) عدد ناطق .

Rational quantity : (n) (ریاضیات) مقدار ناطق .

Rational soul : (n) روح جو بدن سے جدا اپنا وجود رکھتی ہے

Rational theology : (n) (دینیات) عقلی دینیات .

Rational treatment : (n) (طب) حکیمانہ علاج .

Rationale : (n) [OFr. 'Rationalis'.] (۱) استدلال : توضیح : تبیّن : دلیل اساسی : بریان . (۲) علت غائی : سبب اصلی: بنائے منطقی .

Rationalism : (n) (۱) (دینیات) مذہبی عقلیت : استدلالیت : مذہب استدلال (یہ نظریہ کہ مذہب کی بنیاد عقل پر ہے) . (۲)(فلسفہ) عقلیت (یہ نظریہ کہ علم صحیح کی بنیاد عقل پر ہے) . (۳) یہ نظریہ کہ عقل و استدلال بجائے خود علم ہے . (۴) دیکھو Functionalism .

Rationalist : (n) (۱) (فلسفہ)عقلیت پسند : استدلال پسند : استدلالی: عقلی . (۲) (دینیات) معتقد عقلیت : منکر الہام .

Rationalist : (a) عقلی : استدلال .

Rationalistic : (a) دیکھو Rationalist

Rationalistical : (a) مذہب استدلال کا : عقلی : استدلالی .

Rationalistically : (adv.) مذہب استدلال کے مطابق : ازروئے عقل .

Rationality : (n) [Late L. 'Rationalitas'.] (۱) عقلیت : معقولیت : اعتدال . (۲) نظریۂ عقلیت : استدلالی خیال . (۳)استدلالی رجحان یا رویّہ .

Rationalization : (n) (۱) عقلی اصول پر منتظم (حرفت کی) : (نفسیات) تاویل : معاش عقلی تنظیم : (دینیات) تصویب. (۲) (ریاضیات) غیر اصم مقداروں کی وضاحت .

Rationalization of industry : (n) (معاشیات) صنعت کی عقلی تنظیم .

Rationalize : (v) (۱) عقلی یااستدلالی بنانا : عقلیت کا رنگ چڑھانا : عقلیت کے مطابق تاویل کرنا : عقلی طور پر تشریح کرنا : بلا تجزیہ اور بر خلاف حقیقت استدلالی بنانا (کسی کام کو) .(۲) عقلیت پسند یا عقلی ہونا: استدلال ہونا : عقلیت پسندی برتنا . (۳) (ریاضیات) ناطق بنانا (مقادیرکو) . (۴) (معاشیات) معقول اصول پر چلانا : معقول تنظیم کرنا (کسی صنعت کو اتحاد عمل کے ذریعہ) سائنسی اصولوں کو برتنا. (۵) استدلالی طور پر غور و فکر کرنا : عقلی طور پر سوچنا .

Rationalized observation : (n) معقول مشاہدہ .

Rationally : (adv.) (فلسفہ) معقولانہ : عقلی طور پر : ازروئے استدلال.

Rationalness : (n) (فلسفہ) معقولیت :عقلیت .

Rationing : (n) (سیاسیات) حکیمانہ علاج .

Ratitate : (n) [L. 'Ratitus'.] (۱) (حیوانیات) نعام : شتر مرغ . (۲) شتر مرغ جیسی کوئی چیز .

Ratite : (a) [f. L. 'Ratis'.] (طیوریات) نعامیہ خاندان کا جس میں سیمرغ ، ایمو (Emu) وغیرہ شامل ہیں .

Ratite : (n) ایک قسم کی چڑیا ، جنس نعامیہ میں سے کوئی ایک.

Ratlike : (a) (۱) چوہے کا یا اس سے متعلق یا اُس کی خصوصیات کا حامل . (۲) مشکل و صورت با عادات کے اعتبار سے) چوہے جیسا .

Ratlin(e)/ Ratling : (n) [Origin unkn.] (عموماً جمع) رسّی زینہ : وہ رسّیاں جو جہاز کی طنابوں کے آس پاس لپٹی رہتی ہیں اور سیڑھی کے ڈنڈوں کا کام دیتی ہیں .

Ratoon / Rattoon : (n) [Sp. 'Retono'.] (نباتیات) اکھوا : ایکھ : پھیڑ: کن سوا (نیشکر کٹنے کے بعد جو شاخ نس میں پھوٹتی ہے) .

Ratoon : (v) ایکھ پھوٹنا : کن سوا نکلنا .

Ratoon crop : (n) (نباتیات) ربّۃ القصب : مُونڈی فصل .

Rats : (n) (۱) (عامیانہ) لغو : واہیات : خرافات . (۲) ناپسندیدگی : ناراضگی : نفرت وغیرہ کے اظہار کے لئے مستعمل .

Ratsbane : (n) (۱) دیکھو Rat-poison. (۲) مرگ موش : چوھے کی مو ت : سم الفار . (۳) گیاہ سم الفار : صنوبر الامیر : خضرة الشاہ.

Ratsbaned : (a) وہ چوہا جسے زہر دیا گیا ہو .

Rattan/Ratan : (n) [Malay 'Rotan'.] (۱) (نباتیات) بید : نخل ہندی: خیز ران . (۲) شرق الہند کی کھجور سے مشابہ بیل. (۳)چوب بید : عصائے خیز ران .

Rattan cane : (v) (۱) چوب بید سے بنانا . (۲) عصائے بید سے تنبیہ کرنا ، مارنا . (۳) چوب بید سے مضبوط کرنا یا کسنا.

Ratteen : (n) [F. Ratin'. Origin unkn.] (۱) موٹے اور کھردرے اونی کپڑوں میں سے کوئی ایک : ایک قسم کا موٹا اونی کپڑا . (۲) (اب تاریخ) اس قسم کے کپڑے کا ٹکڑا .

Ratten : (v) (کاریگر کے) اوزار توڑنا : کل بگاڑ دینا (لڑائی جھگڑے میں) : اوزار چرا لینا .

Rattener : (n) اوزار بگاڑ دینے والا : توڑ دینے والا : چرا لینے والا .

Rattening : (n) [Origin Obsc.] اوزار : مشین وغیرہ توڑنے یا خراب کرنے کا عمل (کاریگروں پر دباؤ ڈالنے کے لئے) .

Ratter : (n) چوہا پکڑنے والا خصوصاً کتابلّی وغیرہ .

Ratting : (n) (۱) کسی جماعت سے نکل جانا : کسی اصول کو ترک کر دینا . (۲) چوھے پکڑنا یا چوھے کو مار ڈالنا .

Rattish : (n) چوھے جیسا ہونا یا چوھے کی خصوصیات رکھنا .

Rattle : (n) (۱) جھنجھنا : ٹیٹری : تڑ تڑ : تڑتڑ گاڑی (بچوں کے کھیلنے کی گاڑی جس میں سے آواز نکلتی ہے) . (۲)ناک چکی (سانپ کی دم کے حلقے جن سے آواز نکلتی ہے) . (۳) (نباتیات) شخشخیہ (درخت جن کے بیج تیار ہونے پر خول میں آواز دینے لگتے ہیں): گل تاج خروس . (۴)کھڑ کھڑاہٹ : گڑ گڑاہٹ : دھڑ دھڑاہٹ : غل غپاڑا : ہنگامہ : شور و غوغا : ہیّا ہو . (۵) بک بک : بکواس: ثرواس : ثرثر : یاوہ گوئی . (۶) بکّی : ثرّو : یاوہ گو (جس کی زبان قینچی کی طرح چلتی ہے). (۷)(طب) جنبشہ : خر خر : خس خس سینہ . (۸) (موسیقی) پائل (جس سے رقص کے دوران آواز نکلتی رہتی ہے) .

Death rattle : عالم نزع کی خر خراہٹ ، غرغراہٹ وغیرہ .

Rattle : (v) [ME. 'Ratelen'.] (۱) دھڑ دھڑ کرنا یا ہونا :کھڑ کھڑانا : دھڑ دھڑانا : کھڑ کھڑ کرنا : کھنکھٹانا : کھٹ کھٹ کرنا .

(۲) بکے جانا : تڑ تڑ گفتگو کرنا : بڑ بڑ لگانا : قینچی کی طرح زبان چلانا : یاوہ گوئی کرنا : بکواس کرنا : ڈراتے رہنا . (۳) بے تحاشا چلانا : سر پٹ دوڑنا : بے تحاشا دوڑنا :(گھوڑے کا) کھڑ کھڑ کرتے ہوئے چلنا: دھڑام سے گرنا . (۴) جھنکارنا : کھڑکھڑانا : چھن چھن کرنا (تلوار زنجیر وغیرہ کا) . (۵) ڈرانے بھرنا . (۶)جھنجھوڑنا : چونکانا . (۷) (عامیانہ) چونکا دینا: مضطرب کرنا : بے چین کرنا : گھبرا دینا : ڈرا دینا . (۸)دوڑانا : تیزی سے آگے بڑھانا .(۹) سانپ کی دم سے نکلنے والی آواز جیسی آواز نکالنا . (۱۰) جنبش کرن : تحریک دینا : مرتعش کرنا : ہلانا : مشتعل کرنا . (۱۱) جغجغہ کی آواز نکلنا :خر خرانا . (۱۲) جھڑکنا : ڈپٹنا : دھمکانا : سرزنش کرنا : گوشمالی کرنا : تنبیہ کرنا . (۱۳) جانچنا : پرکھنا . (۱۴) (موسیقی) زور زور سے باجا بجانا (خصوصاً پیانو) . (۱۵) (کھیل کود میں) بری طرح پیچھا کرنا : شکست دے دینا .

Rattle : (v) رسی سے باندھنا (جہاز یا بادبان وغیرہ کو) (عام طور پر Down کے ساتھ مستعمل) .

Rattle-bag : (n) کھڑکھڑ تھیلا .

Rattle-bags/ -Bladder : (n) کھڑکھڑ پھکنا .

Rattle-bones : (n) ہڈیوں کا ڈھانچہ (آدمی یاجانور) لاغر و نحیف (آدمی یا جانور) .

Rattle-box : (n) (۱) کھڑکھڑ صندوق (کھلونا جس میں سے ایک قسم کی آواز نکلتی ہے) : بندوق نما کھلونا . (۲) (طب) جغجغہ . (۳) (نباتیات) شخشخیہ .

Rattle-brain : (n) تہی مغز : کوڑھ مغز : بے عقل : گاؤدی (آدمی) .

Rattle-brained : (a) تہی مغز : کوڑھ مغز : بے عقل .

Rattle-head : (n) دیکھو Rattle-brain

Rattle-pate : (n) دیکھو Rattle-brain

Rattle-trap : (n) (۱) کھڑکھڑیا (پرانی گاڑی وغیرہ) . (۲) (جمع میں) اثرم سثرم چیزیں : الّم غلّم چیزیں : کاٹھ کباڑ .

Rattle-trap : (a) ہلنے ڈولنے والی (شے) کھڑ کھڑ کرنے والی (چیز).

Rattler : (n) کھڑ کھڑ کرنے والا : کھٹ کھٹ کرنے والا وغیرہ . (۲)نادر نمونہ : بڑھیا چیز : بڑھیا نمونہ . (۳) (امریکا) دیکھو Rattlesnake . (۴) دیکھو Rattle-brain .

Rattles : (n) (طب) ورم حنجره ؛ گھنگرو ؛ خس خس سینه ۔

Rattlesnake : (n) مار زنگی ؛ ذات الا جراس ؛ ٹیڑیا ؛ امریکا کا ایک زہریلا سانپ جس کی دم سے چکّی کی سی آواز نکلتی ھے ؛ چکی ناگ ؛ ابو جرس ۔

Rattlesnake-fern : (n) ایک قسم کا انگوری پودا ؛ انگوری پودا ؛ عنبی پودا۔

Rattlesnake-grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Rattlesnake(s) master : (n) (۱) سانپ کے زہر کا تر یاق ؛ تریاق ۔ (۲)کوئی بھی پودا جس سے سانپ کے زہر کا علاج کیا جاتا ھے ۔

Rattlesnake-plantain : (n) تین ثعلبی پودوں میں سے کوئی ایک ۔

Rattlesnake-root : (n) ایک خاص قسم کے پودے کی جڑ ؛ اس پودے کی جڑ جس کے بارے میں کہا جاتا ھے کہ اس کے چرنے سے گائے زیادہ دودھ دیتی ھے ؛ خشیشة الحلب کی جڑ ؛ شیرزا (پودے کی) جڑ ۔

Rattlesnake-weed : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Rattlesnake-wort : (n) دیکھو Rattlesnake-root

Rattling : (a) [Late. ME.] (۱) کھڑ کھڑانے والا ؛ کھڑ کھڑاہٹ پیدا کرنے والا ۔ (۲) تیز ؛ تند (رفتار) ؛ آندھی وغیرہ ۔ (۳) نہایت عمدہ (شے) ؛ بے انتہا خوبصورت (آدمی) ۔

Rattlingly : (adv.) کھڑ کھڑاہٹ کے ساتھ ؛ عمدگی سے ۔

Ratton : (n) [ME.] (بول چال) چوہا ؛ جنگلی چوہا ۔

Ratty : (a) (۱) چوھے کی خصوصیت کا۔ (۲) چوھے جیسا ؛ موشی: مانند موش ۔ (۳) (عامیانه) چڑ چڑا ؛ بد مزاج ؛ ذلیل ؛ کمینه ۔

Ratwa : (n) [Nepali 'Ratua'.] ایک قسم کا چھوٹا سا ایشیائی ہرن ؛ چکارا ۔

Raucid : (n) [L. 'Raucus+ id'.] دیکھو Roucous

Raucity : (n) [L. 'Raucitas'.] (طب) گلو گرفتگی ؛ بیٹھی ھوئی آواز۔

Raucous : (a) [L. 'Raucus'.] (۱) ناہنجار ؛نابکار ؛ بیہودہ ۔ (۲) گلوگرفته؛ بیٹھی ھوئی (آواز) ۔

Raucously : (adv.) (۱) بیہودگی کے ساتھ ۔ (۲) گلو گرفتگی کے ساتھ۔

Raucousness : (n) (۱) بیہودگی ۔ (۲) گلو گرفتگی ۔

Raughty : (n) دیکھو Rorty

Rauk : (v) [Alter of Rake.] (۱)(بول چال) کھرچنا؛ چھیلنا ؛ نوچنا ۔ (۲) خوشه میں لانا ؛ بھڑکانا ؛ ٹھیلنا ؛ دھکا دینا ؛(خواہ مخواہ) گھسانا ۔

Rauli/ Rauli-beech : (n) [Amer. Sp.] چیلی کا ایک چوبی درخت ۔

Raun : (n) [ME. 'Rawne.'] (۱) مچھلی وغیرہ کے انڈے ۔ (۲) مادہ مچھلی ۔

Raunchy : (a) [Origin unkn.] معمول کے معیار سے نیچے گرا ھوا ؛ پھوہڑ ؛ بے سلیقه ۔

Ravage : (n) [f. 'Ravage (v).] (۱) ویران کرنے کا عمل ؛ انہدام؛ تاخت و تاراج ۔ (۲) تباہی ؛ تباہ و برباد ؛ نقصان عظیم ؛ (جمع) خرابی کے آثار ۔

Ravage : (v) [Fr. 'Ravager'.] (۱) پامال کرنا ؛ تاراج کرنا ؛ ویران کر دینا ؛ اجاڑنا ؛ غارت کرنا (ملک کو) ۔ (۲) تباہی ڈالنا ؛ لوٹ مار کرنا ؛ نقصان عظیم سے دو چار کرنا ۔

Ravager : (n) پامال کرنے والا ؛ غارت کرنے والا ؛ تباہی مچانے والا ۔

Rave : (n) [Origin unkn.] (۱) گاڑی کی باڑ ؛ کھڑا ؛ جنگلا ۔ (۲) (جمع) گاڑی کی گودی ؛ مچان (جس سے گاڑی کی گنجائش زیادہ ھو جائے) ۔

Rave : (n) (۱)(بول چال) پر جوش تبصره ۔ (۲)(عامیانه)پارٹی ۔

Rave : (v) [Late.ME.] (۱) چیخنا ؛ چلانا ؛ ہانک مارنا ؛ چلا کر بولنا ۔ (۲) (سمندر یا طوفان کا) فرائے مارنا ؛ شائیں شائیں کرنا ؛ بہت ہی زور دار ھونا ؛ بھیانک ھونا ؛ گرجنا ۔ (۳) تعریف کے پل باندھنا ؛ سر دھننا ؛ مبالغه آرائی کرنا ۔ (۴) مبالغه آرائی کے ذریعه ایک خاص حالت میں لانا ۔

Rave review : (n) پر جوش تبصره ۔

Ravel : (n) (۱) الجھن ؛ پیچیدگی ؛ عقده ؛ الجھیڑا ۔ (۲) الجھاوا ؛ پیچ ؛ گره ؛ گانٹھ ۔ (۳) (بل کھلا) تار ؛ دھاگا جس کے سرے کے بٹ کھلے ھوئے ھوں؛ پیچ دار دھاگا ۔

Ravel : (n) [Origin unkn.] باڑ ؛ کٹہرا ؛ جنگلا ۔

Ravel : (v) [Du.'Ravrafelen'.] (۱) پھنسنا : الجھنا : الجھانا : پیچیدہ بنانا : پر پیچ ہونا ۔ (۲) ادھڑنا : ادھیڑنا : پیچ یا پٹ کھولنا یا کھلنا : گھس کر کھل جانا یا کھولنا ۔ (۳)سلجھانا : تار تار الگ کرنا : پیچ نکالنا : عقدہ کھولنا۔ (۴)گرہ لگانا : پیچ ڈالنا ۔

Ravelin : (n) [It. 'Ravellino'.] (۱) (فوج) بیرونی دمدمہ : مورچہ (خندق قلعہ کے باہر جسے زاویہ نما اور دورخ رکھ کر بناتے ہیں) ۔

Raveller : (n) الجھانے والا : پھنسانے والا : پیچیدہ کرنے والا ۔

Ravelling : (n) مورچہ سازی : بنے ہوئے کپڑے کا دھاگا ۔

Raven : (n) [OE. 'Hraef'n' .] (۱) پہاڑی کوّا : پربت کاگ : غراب : سیاہ کاگ ۔ (۲)جھنڈے وغیرہ پر بنی ہوئی غرابی تصویر ۔ (۳) جھنڈا جس پر غرابی تصویر بنی ہوئی ہو۔

Raven : (a) (۱) کوے کے رنگ کا: کوے کے مشابہ ۔ (۲) سیاہ تاب: سیاہ فام : آبنوسی : چمکیلا سیہ : تیلیا سیاہ ۔

Raven : (v) [OF. 'Raviner'.] (۱) لوٹنے پھرنا : ڈاکے مارنا : غارت گری کرنا ۔ (۲) تاک لگانا : داؤں کرنا (شکار یا لوٹ کے لئے) : مال غنیمت یا شکار کی تلاش میں چکر لگانا ۔ (۳)بڑے بڑے لقمے مارنا : نگلنا : ہڑپ کر جانا : (کنگلوں کی طرح) نوالے مارنا ۔ (۴) (کنگلوں کی طرح) بھوکا ہونا : (کسی چیز کا) بھوکا ہونا : خواہش مند ہونا : طلب گار ہونا ۔

Raven-duck/ Raven's duck : (n) [G. 'Rabentuch'.] پلاس : کرمچ کی ایک قسم ۔

Raven standard : (n) جھنڈے پر بنی ہوئی غرابی تصویر ۔

Raven-stone : (n) [G. 'Rabenstin'.] سولی : پھانسی کاتختہ ۔

Ravenala : (n) [L.] ایک قسم کا چوبی پودا (مڈغاسکر) ۔

Ravening : (a) غارت گری کرنے والا: تاک لگانے والا : ہڑپ کر جانے والا ۔

Raventous : (a) [Late. ME.] (۱) حریص : لٹیرا : غارت گر ۔ (۲) بے حد بھوکا : کال کا مارا : بھوک سے بیتاب : بھکڑ۔ (۳) ندیدوں کی سی : شدید : سخت ۔ (۴) در پے شکار (جانور) ۔

Ravenously : (adv.) ندیدوں کی طرح : حریصانہ طور سے ۔

Ravenousness : (n) شدید گرسنگی:بے انتہا بھوک : ندیدہ پن : کنگال پن وغیرہ ۔

Raver : (n) (۱) چیخنے والا : چلّانے والا ۔ (۲) مبالغہ آرائی کرنے والا ۔

Ravin/ Raven : (n) [Fr. 'Ravine'.] (شعر و خطابت) قزاقی : غارت گری : لوٹ مار ۔ (۲) شکار مار کر کھانا : شکار گری : درندگی ۔ (۳) مال غنیمت ۔

Beast of ravin : شکاری جانور : درندے ۔

Ravine : (n) (پہاڑ کا) نالا : گھاٹی :کھنائے (کوہ +نالے) : تنگ وادی : ثغارہ : تنگ درہ ۔

Raving : (a) بڑ : ہذیان : خصوصاً جنون ۔

Ravingly : (adv.) بڑ ہانکتے ہوئے : ہذیان بکتے ہوئے ۔

Ravioli : (n) [It.] لحمی یا میوہ جاتی غذا ۔

Ravish : (v) [Fr. 'Raviss'.] (۱) بھگا لے جانا : چھین کر لے جانا : زبردستی لے لینا ۔ (۲) (نظر سے) دور کرنا: نہاں کرنا : (دنیا سے) لے جانا ۔ (۳) زنا بالجبر کرنا : عصمت دری یا آبرو ریزی کرنا ۔ (۴) (نفسیات) خوشی سے بے خود ہونا : وجد کرنا : وجد میں لانا : مسرت سے معمور کر دینا : خوشی سے باغ باغ کر دینا ۔

Ravisher : (n) زانی : زنا بالجبر کرنے والا : عصمت دری کرنے والا ۔

Ravishing : (a) وجد آور : مسرت بخش : سرود آگیں ۔

Ravishingly : (adv.) وجد آورانہ ۔

Ravishment : (adv.) زنا بالجبر: عصمت دری : وجد: سرور: بے خودی: کمال مسرت : فرط طرب ۔

Ravison : (n) [Fr.] سرسوں وغیرہ کی معمولی قسم کا بیج ۔

Ravissant : (n) [Fr.] وجد آور : سرود بخش ۔

Raw : (a) [OE. 'Hreaw'.] (۱) ناپختہ : نارسیدہ : خام : ادھ کچری : ادھ پکا ۔ (۲) خام (اجناس وغیرہ) ۔ (۳) ناتراشیدہ: بے خرادا : بے صیقل : ناتمام : ادھورا (صناعی کے اعتبار سے) : غیر دباغت شدہ (چمڑا وغیر) ۔ (۴) ناتجربہ کار: اناڑی : نو آموز ۔ (۵) کھال اترا : چھلا ہوا : دکھتا ہوا ۔ (۶) سرد : سیلا : مرطوب ۔ (۷) (طرز بیان) گنواروں کا سا : سخت نا معقول : بہت بھدا : بے ہنگم ۔ (۸) ہلکا

زخم ؛ خراش ؛ چھلن (خصوصاً گھوڑے کی کھال کی) ۔ (۹) غیر محلول : اسپرٹ ؛ ناصاف (تیل) ؛ نا پختہ اور نا صاف (غلہ) ؛ بے رنگ خام تیل ۔ (۱۰) غیر مہذب وحشی ؛ غیر مزروع (شاذ) ۔ (۱۱) بے ترتیب یافتہ اور اناڑی (خصوصاً فوجی جسے جنگ کے محاذ پر بھیج دیا جائے) ۔ (۱۲) غیر ملبوس ؛ غیر ملفوف ؛ عریاں ؛ کھلا ہوا ۔ (۱۳) غیر منہضم ؛ غیر تصحیح شدہ ۔ (۱۴) فحش؛ غیر شستہ ۔

On the raw : کھال چھلا ۔

To touch (a person) on the raw : دکھتی رگ پر انگلی رکھنا ۔

The raw : خام (کوئی بھی شے ، حالت، کیفیت) ۔

Raw : (v) [ME. 'Rawen'.] خام ہونا ؛ زخم لگانا ؛ چمڑا چھیلنا یا اتارنا ؛ زخز ہونا ؛ ناپختہ کرنا ۔

Raw-boned : (a) موٹھرا ؛ ہڈیاں نکلا ؛ لاغر ؛ استخوانی ؛ پوست و استخواں والا ۔

Raw-bones : (n) ڈھانچہ ؛ آدمی کا پنجڑ ۔

Raw-deal : (n) غیر اخلاقی رویہ؛ نامنصفانہ برتاؤ ۔

Raw-edge : (n) کھر درا کنارا ؛ کور وغیرہ (خصوصاً کپڑے کا) ۔

Raw-head : (n) (۱) ہوا ؛ پنجر ۔ (۲) مردے کا سر اور دو متقاطع ہڈیاں جو موت یا خطرے کی علامت کے طور پر بنا دیتے ہیں ۔

Raw-hide : (n) (۱) غیر دباغت شدہ چمڑا ؛ بے کمایا ہوا چمڑا ۔ (۲) اس کی رسی یا چابک ۔

Raw-material : (n) خام شے ؛ خام مواد ۔

Raw-milk : (n) بے صاف کیا ہوا دودھ ۔

Raw-silk : (n) خام ابریشم ۔

Raw-water : (n) ناصاف پانی ؛ ناجوشیدہ پانی ۔

Rawalpindi : (a) راولپنڈی (پاکستان) کا یا اس سے متعلق ؛ راولپنڈی طرز وضع کا ۔

Rawin : (n) [Rander+ wind.] راڈار سے بیلون کے تعاقب کی سن گن ۔

Rawish : (a) نیم خام ؛ نیز پختہ ؛ ادھ کچرا ؛ نسبتاً خام ۔

Rawly : (adv.) بہ حالت خام ؛ خام کرنے یا بنانے یا ہونے کے طور پر۔

Rawness : (n) [ME. 'Rawnesse'.] خام ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Rax : (v) [ME.] ناصاف پانی ؛ ناجوشیدہ پانی ۔

Ray : (n) [Fr. 'Rai'.] (۱) شعاع ؛ کرن ؛ ضو ۔ (۲) خط شعاعی ؛ شعاع؛ رَو (حرارت ، روشنی وغیرہ کی) ۔ (۳) (استعارہ) روشنی ؛ چمک ؛ جھلک (امید وغیرہ کی) ۔ (۴) نیم قطر ۔ (۵) ہم مرکز خطوط ؛ مرکز خاصیتہ خطو ط ؛ خط مستقیم ۔ (۶) (نباتیات) کرن ؛ (پھول کی)رگ شعاعی ؛ عروقی کرن ؛ ریشک ؛ گل شعاعی ۔ (۷)(حیوانیات) ستارہ ماہی (Star fish) کا ایک قوسی حصہ یا قاش ؛ بے مچھلی ؛ ماہی چہار گوش۔ (۸) (حیوانیات) پَرا ۔ (۹) (شاعری) آنکھوں کا دیدہ ؛ روشنی نگاہ ؛ نظر ؛ خط نگاہ ۔

Ray : (n) [E. 'Raie'.] شعاعیہ ؛ شارک مچھلی سے مشابہ سمندر کی بڑی مچھلیوں کا ایک خاندان ؛ رائیہ (ماہی) ۔

Ray : (n) [ME. 'Raye'.] دھاری دار اونی کپڑا (جو تیرھویں صدی سے سولہویں صدی تک استعمال کیاجاتا تھا) ۔

Ray : (n) [ME. short of 'Arra, Array.'] صف یا عہدہ (فوجیوں کا)۔

Ray : (v) [L. 'Radiare'.] کرن پھوٹنا یا نکلنا ؛ جھلکنا ؛ جھلک نظر آنا ؛ روشن ہونا ؛ ضو پڑنا ؛ ضو ڈالنا ؛ شعاع ڈالنا ؛ چمکنا ؛ شعاع دار ہونا ؛ چمکانا ۔

Ray : (v) [ME.] صف بند کرنا یا ہونا ؛ لباس پہنانا یا پہننا ۔

Ray-filter : (n) دیکھو Colour filter

Ray-flower/-floret : (n) (نباتیات) کرن پھول ؛ گل افتاب ؛ گل شعاعی ۔

Ray-grass : (n) ایک قسم کی گھاس ؛ ریئی ؛ چمن انگلیسی ۔

Ray-gun : (n) مستقبل کا ایک مفروضہ ہتھیار جس سے مخصوص قسم کی مہلک شعاع خارج ہو گی۔

Raya/ Rayah : (n) [Turk 'Raiyye'.] (ترکی سلطنت کی) غیر مسلم رعایا ؛ ذمّی ۔

Rayless : (a) (۱) بے نور ؛ بے شعاع ؛ تاریک ۔ (۲) (وہ شے) جس سے کسی قسم کی شعاع نہ نکلے ۔ (۳) شعاعی روشنی کے علاوہ ۔ (۴) غیر شعاعی ؛ مانند غیر شعاعی ۔

Raylessness : (a) بے شعاعی ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Raylike : (a) مانند شعاع : مثل نور ۔

Rayon : (n) [Fr.] مصنوعی ریشم : نقلی ریشم : ریشم نما: مصنوعی ریشم کا تجارتی نام : ریعاں ۔

Rayonne : (a) [Fr.] (نقابت) (مار کا دار ڈھال کی سطح) جس میں باری باری نکیلے ابھار اور نشیب ہوں۔

Rayonnent : (a) [Fr.] شعاعی: شعاع دار : شعاعی خطوط والا: تاباں: منور : روشن ۔

Rays : (n) شعائیں : اشعہ ۔

Active rays : (طبیعیات) کیمیائی شعاعیں ۔

X- Rays : لا شعاعیں ۔

Raze : (v) [Var. of Rase.] (۱) چھیل ڈالنا : چھیلنا : خاک کر دینا : صاف کر دینا : اڑا دینا : محو کر دینا : مٹا دینا : نسبتاً منسیا کرنا ۔ (۲) مسمار کرنا : زمین کے برابر کر دینا : ڈھا دینا : منہدم کر دینا ۔ (۳) ہٹا دینا : منتقل کر دینا : بھگا دینا ۔ (۴) جڑ سے اکھاڑ پھینکنا : گرا دینا ۔

Raze to the ground : خاک میں ملا دینا ۔

Razee : (n) [Fr.'Rase(e)'.] (جہاز رانی) جریمہ : عرشہ اترا جہاز : بے عرشہ کا جہاز ۔

Razee : (v) جہاز کا عرشہ اتروا دینا : (جہاز کو) عرشوں کی تعداد کم کرکے نیچا کر دینا ۔

Razor : (n) [OFr.'Rasor'.] تیز دھار کاآلہ خصوصاً بال تراشنے کے لئے : استرا : موتراش : بال تراش : مسوس ۔

On the razor's edge : خطرناک حالت میں : غیر اختیاری حالت میں ۔

Occum's razor : ولیم آف آکم(Occum) کے فلسفۂ اسمیت (فلسفۂ اسمیت کا یہ مسئلہ کہ کلیات یا مجرد تصورات کا فقط نام ہی نام ہے اور یہ حقیقی وجود نہیں رکھتے) کا بنیادی اصول ۔

Razor : (v) استرے سے چھیلنا یا صاف کرنا : استرا چلانا : استرا پھیرانا : مونڈنا (استرے وغیرہ سے) ۔

Razor-back: (n) (۱) استرا پشت (جس کی پشت استرے کی دھار جیسی ہو) (۲) وہیل مچھلی (جس کے پَر (fin) پشت پر ہوتے ہیں اور دھار دار ہوتے ہیں) ۔ (۳) سور کا بچہ یا سور (جس کی ریڑھ پر تیز رونگٹے ہوتے ہیں)۔

Razor-backed : (a) استرانیت کا یا اس سے متعلق : استرے کی تیز دھار جیسی پشت والا ۔

Razor-bill : (n) امریکا اور یورپ کے ساحلی علاقوں میں پائے جانے والا آک (Auk) جس کی چونچ تیز اور نوکیلی ہوتی ہے : آک ۔

Razor-billed : (a) (حیوانیات) موسیہ : تنگ و تیز منقار آک : مبوسی : استرمنقار ۔

Razor-bridge : (n) پُل صراط ۔

Razor-calm : (n) دو دھاری صدف جس کا خول لمبا اور پتلا ہوتا ہے۔

Razor-dazzle : (n) [Origin U.S.] (۱) (عامیانہ) چہل پہل : گہما گہمی : ریل پیل : رونق : رنگ رلیاں ۔ (۲) چرخ ہنڈولا: چکّر جھولا ۔

Razor-edge : (n) (۱) دھار : باڑھ ۔ (۲) سلامی کوہان کی چٹان : استرا پشت چٹان ۔ (۳) نازک موقع : وقت صعب : شدید خطرہ ۔ (۴) واضح حد فاصل : خط فاصل (ارضیات) ۔ (۵) (ارضیات) موسیہ چٹان : تیز پشتہ کوہ ۔

Razor-fish : (n) ایک قسم کا بڑا گھونگا : صدف موسیہ : گھونگا : گھونگ ۔

Razor-grass : (n) ایک قسم کی ہندوستانی گھاس جس کی پتیاں دھار دار ہوتی ہیں : دھار دار سوان ۔

Razor-grinder : (n) (۱) چمروٹا : مسلّی : سان : پتھری : وہ چیز جس پر استرے کی دھار تیز کی جاتی ہے ۔ (۲)(حیوانیات) بہت ساری چڑیوں کے نام ۔ (۳)آسٹریلیا کی ایک چڑیا : مگس خور چڑیا ۔ (۴) (بول چال) ایک قسم کی ابابیل (جس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ رات میں بکریوں کا دودھ پی جاتی ہے اسے انگلش میں (Night jar) بھی کہتے ہیں ۔ (۵) (بول چال) زمزمہ پر دار ٹڈا وغیرہ ۔

Razor-paper : (n) وہ کاغذ جس پر استرے وغیرہ کو تیز کرتے ہیں ۔

Razor-paste : (n) لیئی جیسا یا سفوف شے جسے استرا تیز کرنے والی مشین کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Razor-shell : (n) صدف موسیہ کا خول: گھونگے وغیرہ کا بیرونی خول،

Razz-ma-taz/ Razmataz : (n) دیکھو Razor -dazzle

Razzorless : (a) بے دھار : کند .

Razzia : (n) [F. ad. Algerian Arab 'Ghaziah'.] حملہ : دھاوا : چھاپہ : یلغار (خاص کر افریقی مسلمانوں کا غزوے کی بگڑی ہوئی صورت) .

Razzle : (n) دیکھو Razor-dazzle

On the razzle : چہل پہل : گہما گہمی .

Re : (n) [ME.] (۱) رے : سرگم : سرگم کا دوسرا سُر : را . (۲) فرنگی سرگم میں پنجم کا سُر .

Re : (Prep.) بابت : متعلق : بارے (میں) عن : متعلق بہ .

Re- : [L. Origin.] (سابقہ) عموماً باز : دوبارہ : بار دیگر : مکّرر وغیرہ کے معنی میں آتا ہے : افعال یا مفعول الفاظ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے : بعض اوقات اس کے اور اصل لفظ کے درمیان خط وقف بنا دیتے ہیں . (۱)جواباً یا باہم دگر معنی میں (مثلاً React) . (۲) مخالفت کے معنی میں (مثلاً Revolt) . (۳) پیچھے یا بعد کے معنی میں (مثلاً Relic). (۴) خلوت یا اخفا کے معنی میں (مثلاً Recluse , Reficent) . (۵) کثرت یا شدت کے معنی میں (مثلاً Redouble , Refine) . (۶) الگ ، دور یا نیچے کے معنی میں (مثلاً Release , Religate) . (۷)نفی کے معنی میں (مثلاً Reproach , Resign) . (۸)واپسی اور مراجعت کے معنی میں (مثلاً Reponere, Retituere) . (۹) دوبارہ ، از سر نو کے معنی میں (مثلاً Re-write, Re-type) .

Re-analysis : (n) تجزیۂ ثانی : دوبارہ تجزیہ : از سر نو تجزیہ .

Re-analyze : (v) دوبارہ تجزیہ کرنا .

Re-book : (v) دوبارہ بُک کرنا (ٹکٹ وغیرہ) .

Re-lable : (n) (برطانیہ ، بول چال) (دوبارہ) بحالی : (دوبارہ) تقرری .

Re-absorb : (v) دوبارہ جذب کرنا : دوبارہ جذب ہونا .

Re-absorption : (n) دوبارہ جذب ہونے یا کرنے کا عمل یا طریقہ .

Re-accept : (v) دوبارہ قبول کرنا : دوبارہ تسلیم کرنا .

Re-access : (n) واپسی : مراجعت : باز گشت .

Re-accomodate : (v) دوبارہ ہم آہنگ کرنا یا بنانا : دوبارہ موافق بنانا.

Re-accredit : (v) دوبارہ سفیر بحال کرنا : پھر سے سفیر بھیجنا : از سر نو سفیر متعین کرنا .

Re-acknowledge : (v) (۱) دوبارہ تسلیم کرنا : دوبارہ قبول کرنا . (۲) دوبارہ رسید دینا .

Re-acquire : (v) دوبارہ قبضہ کرنا : دوبارہ حاصل کرنا .

Re-activate : (v) (۱) دوبارہ فعّال کرنا : فعّال ہونا : متحرک کرنا : قوت عمل حاصل کرنا : سرگرم کرنا . (۲) (فوج) بہتر طور پر سرگرم ہونا : منتظم ہونا . (۳) دوبارہ سرگرم کار ہونا : از سر نو (صنعت وغیرہ) شروع کرنا .

Re-activation : (n) (طبیعیات) باز تابکاریّت : (کیمیا) باز عاملیّت .

Re-adapt : (v) دوبارہ موزوں بننا : دوبارہ موزوں ہونا .

Re-address : (v) (۱) (خط کا) پتہ بدل کر لکھنا : دوسرے پتہ پر (خط) بھیجنا . (۲) دوبارہ خطاب کرنا : از سر نو خطاب کرنا .

Re-adjust : (v) دوبارہ درست کرنا : دوبارہ مرتب کرنا : پھر آراستہ کرنا : متوازن کرنا : موافق بنانا : ہم آہنگ کرنا .

Re-adjustable : (a) ہم آہنگ ہونے کے لائق : قابل اصلاح : قابل تنظیم .

Re-adjuster : (n) دوبارہ ہم آہنگ کرنے والا یا ہونے والا .

Re-adjustment : (n) (۱)دوبارہ ہم آہنگی: از سرنو توازن.(۲)(امریکا) ورجینیا کی ایک سیاسی جماعت (۷۸ـ۱۸۷۷) کا ممبر.

Re-admission : (n) داخلۂ ثانی : دوبارہ داخلہ .

Re-admit : (v) دوبارہ داخل کرنا یا ہونا .

Re-admittance : (n) دیکھو Readmission

Re-advance : (v) دوبارہ آگے بڑھنا .

Re-advance : (n) دوبارہ آگے بڑھنے کا عمل .

Re-advertency : (n) نظر ثانی : تجدید نظر .

Re-affirm : (v) دوبارہ توثیق : تصدیق : اقرار کرنا .

Re-afforest : (v) (کسی زمین کو) دوبارہ جنگل بنانا .

Re-alliance : (n) اتحاد ثانی ؛ دوبارہ اتحاد ۔

Re-apparition : (n) (دینیات) ظہور ثانی ؛ عَود ۔

Re-appeal : (v) دوبارہ اپیل کرنا ؛ سابق اپیل کی تجدید کرنا ۔

Re-appear : (v) دوبارہ ظاہر ہونا ؛ نمودار ہونا ۔

Re-appearance : (n) دوبارہ ظہور ؛ ظہور نو ؛ (علم النجوم) انخلا ؛ ناز نمود ۔

Re-appointment : (n) دوبارہ تقرری ؛ از سر نو تقرری ؛ دوبارہ بحالی ۔

Re-appraisal : (n) دوبارہ اور از سر نو تخمینہ ؛ دوبارہ تقدیر ۔

Re-apprehension : (n) (قانون) دوبارہ گرفتاری ۔

Re-approach : (v) دوبارہ رسائی حاصل کرنا؛ دوبارہ گفت و شنید کرنا ۔

Re-approapriate : (v) (سیاسیات)تبدیل مد کرنا ؛ دوبارہ تصرف کرنا ۔

Re-appropriation : (n) (سیاسیات) تبدیل مد ؛ دوبارہ تصرف ۔

Re-argue : (v) دوبارہ بحث کرنا (کسی مقدمہ میں) ؛ دوبارہ پیروی کرنا ۔

Re-argument : (n) دوبارہ بحث ؛ از سر نو پیروی ۔

Re-arm : (v) دوبارہ مسطح ہونا ؛ تجدید اسلحہ کرنا ؛ جدید ترین اسلحہ سے لیس ہونا ۔

Re-armament : (n) دوبارہ مسطح ہونے کاعمل ؛ جدید ترین اسلحہ سے لیس ۔

Re-arouse : (v) دوبارہ جگانا ؛ چونکانا ؛ دوبارہ روشن کرنا ۔

Re-arrange : (v) دوبارہ ترتیب دینا ؛ نو ترتیب دینا ؛ نئے سرے سے مرتب کرنا ؛ دوبارہ جمانا ؛ مرتب کرنا ۔

Re-arrangement : (n) (۱) تجدید ترتیب ؛ نئی ترتیب ؛ دوبارہ ترتیب ۔ (۲) دیکھو Isomerization ۔

Re-array : (v) (۱) دوبارہ جنگ کے لئے آمادہ کرنا ؛ دوبارہ صف آرائی کرنا ۔ (۲) از سر نو سنگار کرنا ؛ دوبارہ سنوارنا ۔

Re-arrest : (n) دوبارہ گرفتاری ؛ تازہ گرفتاری ۔

Re-arrest : (v) دوبارہ گرفتار کرنا ؛ از سر نو گرفتار کرنا ۔

Re-ascend : (v) دوبارہ چڑھنا یا چڑھانا ؛ دوبارہ بلند کرنا یا ہونا ۔

Re-ascension : (n) دوبارہ چڑھائی ؛ دوبارہ بلند ہونے کا طریقہ ؛ وہ دوری جہاں تک کوئی چڑھتا ہو ؛ بلندی ۔

Re-ascent : (n) دیکھو Reascension

Re-ask : (v) دوبارہ دریافت کرنا ؛ دوبارہ پوچھ تاچھ کرنا ؛ دوبارہ درخواست دینا ۔

Re-assemblage : (n) دوبارہ اجتماع ؛ دوبارہ نشست ۔

Re-assemble : (v) دوبارہ جمع ہونا ؛ دوبارہ اکٹھا ہونا ؛ دوبارہ جمع کرنا ۔

Re-assembly : (n) دوبارہ اجتماع ۔

Re-assert : (v) دعویٰ دہرانا ؛ ابرام کرنا ؛ دوبارہ جتانا ؛ پھر یقین دلانا ؛ اصرار کرنا ۔

Re-assessment : (n) (معاشیات) تشخیص مکرّر ؛ دوبارہ جائزہ ۔

Re-assign : (v) دوبارہ نامزد کرنا ؛ دوبارہ تقرر کرنا ؛ پھر سے منسوب کرنا ۔

Re-assignment : (n) دوبارہ تقرری ؛ باز تفویض ؛ دوبارہ نامزدگی ۔

Re-associate : (v) دوبارہ شامل کرنا ؛ دوبارہ مربوط کرنا ؛ دوبارہ ملانا ۔

Re-association : (n) ربط ثانی ؛ دوبارہ تلازم ؛ از سر نو شرکت ؛ پھر سے میل جول ۔

Re-assume : (v) (۱) دوبارہ قیاس کرنا ؛ دوبارہ فرض کرنا ؛ پھر سے مان لینا ؛ پھر سلسلہ چھیڑنا ؛ دوبارہ اختیار کرنا ۔ (۲)دوبارہ لے لینا ؛ واپس لے لینا ؛ دوبارہ ملا دینا ؛ دوبارہ جوڑ دینا ۔ (۳) دوبارہ ذمہ داری قبول کرنا ۔ (۴) دوبارہ جگہ حاصل کرنا ؛ جگہ بنا لینا ۔ (۵)دوبارہ شروع کرنا ۔

Re-assumption : (n) دوبارہ بحالی ؛ دوبارہ تقرری ۔

Re-assurance : (n) (۱) دوبارہ یقین دہانی ؛ از سر نو یقین دہانی ۔ (۲) از سر نو اعتماد کی بحالی ۔ (۳) دوبارہ ضمانت ۔

Re-assure : (v) (۱) دوبارہ یقین دلانا ؛ دوبارہ توثیق کرنا ؛ مطمئن

کرنا ؛ اطمینان دلانا ؛ ہمت بندھانا ؛ ڈھارس دینا ؛ اعتماد بحالی کرنا ؛ تسکین دینا ۔ (۲) کسی خیال پر پھر سے جمنا ۔ (۳) دوبارہ ضمانت دینا ۔

Re-assurer : (n) دوبارہ یقین دلانے والا ؛ دوبارہ ضمانت دینے والا ۔

Re-assuring : (a) (الفاظ یا طریقہ) اطمینان بخش ؛ تسکین آمیز ۔

Re-assuringly : (adv.) اطمینان دلاتے ہوئے ؛ تسکین آمیز طریقے سے ۔

Re-attach : (v) دوبارہ ملانا ؛ دوبارہ جوڑنا ؛ دوبارہ نتھی کرنا ۔

Re-attachment : (n) (قانون) تازہ منسلکہ (کاغذ وغیرہ) ۔

Re-authenticate : (v) دوبارہ تصدیق یا تحقیق کرنا ؛ دوبارہ احقاق حق کرنا ۔

Re-authentication : (n) دوبارہ تصدیق یا تحقیق ؛ دوبارہ احقاق حق۔

Re-authorize : (v) دوبارہ مجاز کرنا ؛ دوبارہ اختیار دینا ۔

Re-awake : (v) دوبارہ جگانا ؛ دوبارہ جاگنا ۔

Re-aware : (a) دوبارہ خبردار ؛ از سر نو باخبر ۔

Re-back : (v) (۱) کتاب کی پشت کو دوسری شکل دینا ۔ (۲) پشت کتاب میں ہلکی سی تبدیلی یا اضافہ کرنا ۔ (۳)پشت کتاب میں کوئی نیا سامان لگانا ۔

Re-baptism : (n) دوبارہ اعتراف گناہ ؛ دوبارہ بپتسما ۔

Re-baptize : (v) [Late L. 'Reabaptizare'.] (۱) دوبارہ یا از سر نو اعتراف گناہ کرنا ۔ (۲) نیا نام دینا ؛ نیا نام رکھنا ؛ نام بدل کر رکھنا ۔

Re-baptizer : (n) وہ جو دوبارہ اعتراف گناہ کرتا ہے ؛ دوبارہ اعتراف گناہ کرنے والا ۔

Re-bind : (n) دوبارہ جلد بندھی ہوئی کتاب ۔

Re-bind : (v) دوبارہ یا دوسری جلد باندھنا ۔

Re-birth : (n) بعث ؛ نیا جنم ؛ (اوتار وغیرہ کا) ظہور ثانی ؛ مبرور؛ حیات ثانی (جسمانی یا روحانی) ۔

Re-bite : (v) (۱) پھر کاٹنا ؛ پھر منہ مارنا ؛ بوٹی تو زلینا ۔ (۲) چھیلنا ؛ صاف کرنا ؛ محو کر دینا (چھاپے کی لوح کے ناقص حصے کو) ۔

Re-boil : (v) دوبارہ اُبالنا ؛ دوبارہ جوش دینا ۔

Re-boiler : (n) ایک آلہ جس سے فاضل حرارت پہنچتی ہے ۔

Re-boise : (v) دوبارہ جنگل لگانا ۔

Re-boisement : (n) [Fr. 'Reboiser'.] دوبارہ جنگل میں تبدیل کرنے کا عمل ۔

Re-born : (a) دوبارہ تولد شدہ (روحانی یا جسمانی طور پر) نیز دوبارہ پیدا شدہ (شے) ۔

Re-bound : (n) [f. next.] (۱) باز گشت ؛ پلٹ ؛ اچٹن ؛ لچک ؛ اُبھرنے کی قوت ؛ واپسی ؛ عود ؛ مراجعت ؛ اعادہ ۔ (۲) (جوش جذبات کے بعد) رد عمل ؛ اُتار اور پستی ؛ ٹھنڈا پڑ جانا۔

To take on the re-bound /To catch - : مراجعت پر لینا یا پکڑنا ؛ نا مراد عاشق کو رجھانا ۔

Re-bound : (v) [OF. 'Rebounder, -bondir'.] (۱) اچٹنا ؛ اچٹ آنا ۔ (۲)رد عمل ہونا؛ پلٹنا ؛ عود کر آنا ؛ باز گشت ہونا ؛ دوبارہ واپس ہونا (فعل کا)پلٹ کر فاعل پر اثر کرنا ۔

Re-boundant : (a) (۱) گُمک دار ؛ گونجنے والی ؛ صدا پیدا کرنے والی ؛ مرتعش ۔ (۲) (شیر کی دم) S کی طرح مُڑی ہوئی ؛ طنین انداز ۔ (۳) عکسی ؛ منعکس ہونے والا ؛ رد عمل کرنے والا ۔

Re-bounder : (n) باسکٹ بال کا کھلاڑی جو پلٹ کر مارنے میں ماہر ہو۔

Re-broadcast : (n) دوبارہ نشر کرنا (ریڈیو یا ٹیلیویژن سے) ؛ دُہرانا کسی سابق نشریے کو ۔

Re-built : (v) دوبارہ یا از سر نو تعمیر کرنا ؛ دوبارہ بنانا ؛ تجدید بنا کرنا ؛ خرابی و ویرانی کے بعد تعمیر کرنا ۔

Re-builder : (n) از سر نو تعمیر کرنے والا ۔

Re-building : (n) از سر نو تعمیر سازی ۔

Re-burial : (n) دوبارہ تدفین ؛ تدفین ثانی ۔

Re-calesce : (v) [L. 'Recalescere'.] دوبارہ گرم ہونا ؛ پھر سے تاؤ کھانا ؛ (خاص کر لوہے کا جو ایک دفعہ ٹھنڈا ہو کر گرم ہو جاتا ہے) ۔

Re-calescence : (n) باز پلیدگی ؛ باز افروزی ؛ دوسرا تاؤ ۔

باز افروز : باز پلیدہ ۔ Re-calescent : (a)

(۱) باز طلبی : باز طلبی کا حکم : حکم واپسی : معذولی : بر خواستگی : واپس بلا لیا جانا ۔ (۲) (جہاز رانی) اشارۂ واپسی : واپس آنے کی جھنڈی : صدائے واپسی : (فوج) ساز واپسی ۔ (۳) واپسی : عود : تنسیخ : فسخ (نفسیات) تذکر: تذکار۔ (۴) واپس بلانے کا امکان یا عمل ۔ (۵)یاد آوری : گزشتہ تجربات کا احضار : یاد کرنے کا عمل : نا قابل تنسیخ ۔ Re-call : (n)

یادداشت سے باہر : جس کو یاد کرنا نا ممکن ہو : جو واپس نہ آسکے ۔ Beyond re-call :

گیا گزرا : از دست رفتہ : تیر از کمان جستہ : نا قابل تنبیخ ۔ Past re-call :

ماضی کو تفصیلی طور پر یاد کرنے کی صلاحیت ۔ Total re-call :

(۱) پلٹانا : لوٹانا : واپس بلانا ۔ (۲) (توجہ کو) پھیرنا : منعطف کرنا : عود کرنا ۔ (۳) باز طلبی کرنا : خصوصاً کسی دور کے حاکم کے عہدے سے) ہٹا لینا : معزول کرنا : عزل کرنا : واپس بلوانا ۔ (۴)یاد کرنا : یاد آنا : یاد دلانا : یاد تازہ کرنا : یادداشت میں لانا : گزری ہوئی بات کو ذہن میں تازہ کرنا : دہرانا : شعور میں لانا ۔ (۵) جلانا : جان ڈالنا : احیا کرنا : زندہ کرنا : ہوش میں لانا ۔ (۶) منسوخ کرنا : قلم زد کرنا : مسترد کرنا ۔ (۷) واپس لینا : واپس منگا لینا : واپس لے لینا ۔ (۸) دوبارہ بر قرار کرنا : دوبارہ بحال کرنا : سابقہ حالت میں واپس لانا ۔ Re-call : (v)

(نفسیات) طریقۂ تذکر ۔ Re-call method : (n)

عود پذیری : ممکن العزل : یاد پذیر : قابل منسوخی : یاد کرنے کے لائق ۔ Re-callable : (a)

(۱) (قانون) دوبارہ قرقی : دوبارہ ضبطی : دوبارہ قرقی سے دو چار ہونے والے کی حمایت میں جاری کیا جانے والا رٹ ۔ (۲) (قانون) غیر قانونی قرقی : غیر قانونی ضبطی (بُن امن طور پر) ۔ (۳)ضبط شدہ جائداد کی واپسی ۔ Re-caption : (n)

دوبارہ قرقی سے دو چار ہونے والے کی حمایت میں جاری کیا جانے والا حکم ۔ Writ of re-caption :

(۱) دوبارہ پکڑنے والا : دوبارہ ضبط کرنے والا : دوبارہ حاصل کرنے والا : (بحری امور میں) دوبارہ انعام لینے والا ۔ (۲) (قانون) گنوائے ہوئے مال کو پھر سے حاصل کر لینے والا یا پا لینے والا ۔ Re-captor : (n)

دوبارہ پکڑنے یا لینے کا عمل : فتح ثانی : تسخیر مکرّر ۔ Re-capture : (n)

دوبارہ پکڑنا : دوبارہ مسخّر کرنا : دوبارہ فتح کرنا : پھر سے تسخیر کرنا ۔ Re-capture : (v)

مال واپس لے جانے کا عمل : مال کی واپسی ۔ Re-carriage : (n)

نئی شکل : ترمیم شدہ شکل : تبدیل شدہ شکل ۔ Re-cast : (n)

(۱) پھر ڈھالنا : ترمیم کرنا : اصلاح کرنا : از سر نو تشکیل کرنا : نئے سانچے میں ڈھالنا ۔ (۲) نیا طرز اختیار کرنا : نیا طرز اپنانا (خصوصاً ادب میں) : نئی ہیئت یا کردار پیدا کرنا ۔ (۳) نیا ادا کار فراہم کرنا (ڈراما کے لئے) ۔ Re-cast : (v)

تبدیل ثانی : تغیر ۔ Re-change : (n)

(۱) تازہ حملہ کرنا : از سر نو حملہ کرنا ۔ (۲) دوبارہ الزام لگانا : پھر سے متہم کرنا ۔ Re-charge : (v)

(۱)نیا فیصلہ: نیا الزام : (قانون) باز الزام ۔ (۲)(کسی چیز میں) وہ مقدار جو دوبارہ بھری جائے : دوسری بھرائی : (فوج) پھر بھرائی ۔ (۳) بندوق کا لقمۂ ثانی : دوسرا گرداب : (الیکٹرک) باز بر قاؤ ۔ Re-charge : (n)

(۱)گرم کیا ہوا کھانا:دوبارہ گرم کیا ہوا کھانا [Fr.] باسی چیز (کھانے کی) ۔ (۲) پرانی چیز جو نئی شکل میں پیش کی جائے (خصوصاً نظم و نثر) ۔ Re-chauffe : (n)

دوبارہ چبانا : دوبارہ چابنا ۔ Re-chew : (v)

دیکھو Rebaptize Re-christen : (v)

(جہاز کا) پھر کوئلہ بھرنا : لینا یا لادنا : تازہ کوئلہ لادنا یا بھیجنا ۔ Re-coal : (v)

دوبارہ یا نیا ضدلا یا پچارا پھیرنا ۔ Re-coat : (v)

دوبارہ ابالنا: دوبارہ پکانا : دوبارہ جوش دینا : نیز مجازاً پھرکار آمد بنانا۔ [L. 'Recoct-' 'Recoquere'.] Re-coct : (v)

دوبارہ پکانے کا عمل ۔ Re-coction : (n)

دوبارہ اجتماع : باز خوانی : تکرار ۔ med. L. 'Recollectionem'.] Re-collection : (n)

Re-collect : (v) [L. 'Recollect recolligere'.] (۱) یاد کرنا : ذہن میں لانا : ذہنی طور پر یاد کرنا : ذہن میں دوبارہ لانا : حافظے میں آ جانا : یاد میں لانا ۔ (۲) دوبارہ جمع کرنا: دوبارہ اکٹھا کرنا (چیز ، شخص) ۔ (۳) ہمت کرنا : جرأت کرنا : کوشش کرنا : کوشش سے پالینا ۔

Re-collect : (v) [f. as perc. but now differentiated by the pron.] (۱) کسی چیز کو ذہن میں واپس لانا : یاد کرنا ۔ (۲) مرکوز کرنا (دماغ کو) : خصوصاً مذہبی امور میں) ۔ (۳) دوبارہ مطمئن ہونا : اپنے آپ کو دوبارہ اطمینان کی حالت میں واپس لانا : ڈھونڈ لینا : پا لینا ۔

Re-collectable : (a) یاد کرنے کے لائق: یادداشت میں واپس لانے کے لائق ۔

Re-collected : (a) جمع کیا ہوا : یادداشت میں لایا ہوا ۔

Re-collection : (n) (۱) مذہبی یا سنجیدہ ارتکاز : ارتکاز خیالات ۔ (۲) اطمینان : سکون ذہنی : سکون دماغی : خود اعتمادی ۔ (۳) یاد : یاد آوری : یاد داشت : حافظہ : وہ طریقہ جس سے دماغ میں خیالات یا اشیاء کو پھر سے لایا جائے : نیز اس کی مثال ۔ (۴) یاد کرنے کی صلاحیت : یادداشت : یادداشت کی صلاحیت : حافظے کا دائرہ : حافظہ ۔ (۵) یادگار : تذکرہ : وہ چیز جس کے ذریعہ حافظہ کو زندہ کیا جائے ۔

Re-collective : (a) حافظے کا یا اُس سے متعلق : یاد کا : حافظے کی گرفت : حافظے کی دین : حافظے کی صلاحیت ۔

Re-collective faculty : (n) (نفسیات) قوت یاد ۔

Re-collectively : (adv.) بطور حافظہ : یادداشت کے طور پر ۔

Re-colonisation : (n) (نباتیات) باز روئیدگی : باز بساپت : باز آباد کاری ۔

Re-colonize : (v) پھر بسانا یا آباد کرنا : دوبارہ آباد کاروں یا آبادیوں کو بسانا ۔

Re-colour : (n) دوبارہ رنگنا : نیا رنگ دینا ۔

Re-comb : (v) دوبارہ کنگھی کرنا ۔

Re-combination : (n) (۱) باز ترکیب : قوت حیاتی کی نئی تشکیل ۔ (۲) خالص ایٹم کی تیاری میں مثبت اور منفی برق پاروں کا اجتماع ۔

Re-combine : (v) دوبارہ جوڑنا: دوبارہ ملانا : پھر جمع کرنا : امتزاج

رنگ کرنا ۔

Re-commence : (v) (۱)دوبارہ شروع کرنا یا ہونا : پھر سے آغاز کرنا: نئے سرے سے شروع کرنا : دوبارہ ابتدا کرنا : پھر چلانا یا جاری ہونا ۔

Re-commencement : (n) دوبارہ آغاز : دوبارہ شروع ۔

Re-commit : (v) (۱) (کسی بل کو) کمیٹی کو واپس کرنا : دوبارہ کمیٹی کے حوالے کرنا : تفویض مکرر کرنا ۔ (۲)دوبارہ مجاز کرنا ۔ (۳) دوبارہ حوالے کرنا : دوبارہ حوالات میں بھیجنا : پھر سپرد کرنا : دوبارہ جیل میں بھیجنا ۔ (۴) کسی کام کو دوبارہ کرنا : اعادہ کرنا : ارتکاب مکرر کرنا : دوبارہ مرتکب ہونا ۔

Re-commitment : (n) ارتکاب مکرر : باز سپردگی : از سر نو ارتکاب : از سر نو سپردگی یا حوالات : تفویض مکرر ۔

Re-committal : دیکھو Recommitment

Re-communication : (v) ازسرنو تعلق پیدا کرنا: دوبارہ مراسلت کرنا ۔

Re-compare : (v) دوبارہ ملانا : دوبارہ موازنہ کرنا ۔

Re-compete : (v) دوبارہ کامیاب ہونا ۔

Re-complete : (v) دوبارہ مکمل کرنا : دوبارہ پورا کرنا ۔

Re-complicate : (v) دوبارہ الجھانا : دوبارہ دشوار بنانا ۔

Re-compose : (v) (۱) دوبارہ جوڑنا : دوبارہ ترتیب دینا : دوبارہ جمع کرنا : دوبارہ امتزاج کرنا ۔ (۲) دوبارہ اکٹھا کرنا : دوبارہ مرتب کرنا : دوبارہ مرکب کرنا ۔ (۳) نئے سرے سے ملانا : نئے سرے سے جوڑنا ۔(۴)دوبارہ مربوط کرنا: دوبارہ متحد ہونا یا کرنا : دوبارہ تنظیم دینا ۔

Re-composer : (n) دوبارہ ملانے والا : دوبارہ جوڑنے والا : دوبارہ مرتب کرنے والا ۔

Re-composition : (n) اتصال ثانی : ترکیب ثانی : (کیمیا) باز ترکیب ۔

Re-compound : (v) دوبارہ مرکب کرنا: دوبارہ مخلوط کرنا : پھر ملانا: جوڑنا : ترتیب دینا : تازہ ترکیب دینا ۔

Re-conceive : (v) (۱) دوبارہ نطفہ قبول کرنا : دوبارہ حاملہ ہونا (۲) دوبارہ درک کرنا : دوبارہ سمجھانا ۔

Re-concentrate : (v) دوبارہ مرکوز کرنا : دوبارہ مرکوز ہونا ۔

Re-conception : (n) دوبارہ ادراک ؛ ادراک ثانی ۔

Re-condemn : (v) (۱) دوبارہ برا بھلا کہنا ؛ پھر سے عیب لگانا ؛ دوبارہ ملامت کرنا ؛ دوبارہ مجرم قرار دینا ۔ (۲)دوبارہ خلاف فیصلہ دینا ؛ از سر نو نکما بنا دینا ؛ از سر نو رد کرنا ۔

Re-condense : (v) دوبارہ منجمد کرنا ؛ پھر جمانا ؛ دوبارہ مرتکز کرنا ؛ از سر نو یکجا کرنا ۔

Re-conduct : (v) دوبارہ رہنمائی کرنا ؛ دوبارہ راہ دکھلانا ۔

Re-conduction : (n) (۱) دوبارہ رہنمائی ۔ (۲) تجدید اجارہ ؛ مزارعہ ۔

Re-confirm : (v) دوبارہ توثیق کرنا ؛ خصوصاً محفوظ نشست وغیرہ کی دوبارہ توثیق کرنا ۔

Re-confirmation : (n) دوبارہ توثیق ۔

Re-connect : (v) دوبارہ جوڑنا ؛ دوبارہ ملانا ۔

Re-conquer : (v) دوبارہ فتح حاصل کرنا ؛ خصوصاً فتح کے ذریعہ ۔ حاصل کرنا ؛ پھر فتح کر کے حاصل کرنا ۔

Re-conquest : (n) مفتوحہ چیز کی دوبارہ فتح ؛ فتح کے ذریعہ حصول ۔

Re-consider : (v) (۱)نظرثانی کرنا ؛ دوبارہ غور و فکر کرنا ؛ ازسرنو سوچنا ۔ (۲) منسوخ کرنا ؛ فتح کرنا ؛ کالعدم کرنا ؛ ترمیم کرنا ۔

Re-consideration : (n) نظر ثانی ؛ ترمیم ؛ تجدید نظر ۔

Re-consign : (v) دوبارہ سونپ دینا ؛ دوبارہ تفویض کرنا ؛ دوبارہ حوالے کرنا ۔

Re-consignment : (n) باز حوالگی ؛ باز سپردگی ۔

Re-constitute : (v) تعمیرنو کرنا ؛ پھر قائم یا مرتب کرنا ؛ عناصر حقیقی یا اجزائے اصل کوملا کر دوبارہ بنانا یا تعمیر کر نا ؛ پھر مشتعل ہونا ؛ دوبارہ آئین بند کرنا ۔

Re-constitution : (n) (۱) آئین نو ؛ ترکیب نو ۔ (۲) (فرانسیسی قانون جرائم) موقعۂ واردات پر جا کر جرم کی تفصیلات معلوم کرنے کا عمل ۔

Re-construct : (v) (۱) دوبارہ بنانا ؛ از سر نو تعمیر کرنا ؛ پھر بنانا ؛ مکرر ترکیب دینا ؛ تجدید نو کرنا ۔ (۲) مرتب کرنا ؛ دوبارہ اصلاح کرنا ؛ (اعضاء وغیرہ کو) پھر سے درست کرنا ۔ (۳) دوبارہ ملانا ؛ دوبارہ مخلوط کرنا۔ (۴)دوبارہ مرتب کرنا ؛ دوبار ترتیب دینا ؛ دوبارہ قائم کرنا ۔ (۵) دوبارہ آباد کرنا ؛ دوبارہ بسانا ۔ (۶)دوبارہ مرکب کرنا ؛ دوبارہ ایک ساتھ ملانا ؛ دوبارہ ایک ساتھ حملہ کرنا ۔ (۷) دوبارہ ذہن میں لانا ؛ دوبارہ ذہنی طور پر مضبوط ہونا ۔ (۸) دوبارہ تخلیق کرنا۔ (۹) (امریکا) وفاقی طرز حکومت پر غالب آنا یا ہونا۔

Re-construction : (n) (۱) از سر نو تعمیر ؛ تنظیم ؛ تجدید ؛ اصلاح ؛ نو سازی ۔ (۲) (تعمیرات) باز تعمیر (حیوانیات) باز عضو سازی ؛ (جراحی) عضو بندی ۔ (۳)تعمیر سازی کا موقع ؛ اصلاح کی مثال ؛ تعمیر شدہ چیز؛ تجدید سامان ۔ (۴) (امریکی خانہ جنگی (۷۷ ـ ۱۸۶۷ء) کے بعد مفتوحہ ریاستوں کا الحاق ثانی اور تنظیم نو۔

Re-constructional : (a) نوسازی کا یا اس سے متعلق ۔

Re-constructive : (a) از سر نو تعمیر کا یا اس سے متعلق ؛ باز تعمیری ؛ نو سازی ۔

Re-constructive : (n) دوبارہ تعمیر کرنے والا ؛ دوبارہ تقویت دینے والا۔

Re-consult : (v) دوبارہ مشورہ کرنا ؛ پھر سے صلاح لینا یا دینا ۔

Re-contact : (v) دوبارہ رابطہ قائم کرنا ۔

Re-convalesce : (v) دوبارہ تند رستی پانا ؛ دوبارہ صحت یاب ہونا ۔

Re-convene : (v) (۱) دوبارہ منعقد کرنا ؛ دوبارہ جمع کرنا ۔ (۲)کسی نشست میں دوبارہ جمع ہونا ۔

Re-conversation : (n) (۱) تغیر ثانی ؛ دوبارہ تبدیلی ؛ مراجعت ثانی ۔ (۲) (دینیات) رُجوع ؛ سابق عقیدے پر واپسی ۔ (۳)(صنعت وغیرہ کی) حالت جنگ سے حالت امن میں تبدیلی ۔

Re-convert : (v) (۱) پہلی حالت میں واپس آنا ؛ رجوع ثانی کرنا۔ (۲) پھر اصل مذہب پر لانا ۔ (۳) (منطق) کسی قضیہ کے صغریٰ اور کبریٰ کو پھر سے ملانا ۔ (۴)قدر اصلی میں دوبارہ تبدیل ہونا ۔

Re-convertible : (a) قابل رجوع ؛ رجعت کے لائق ۔

Re-convey : (v) (۱)سابق حالت یا جگہ پر دوبارہ لوٹنا ۔ (۲) (قانون) جائداد کے پہلے مالک کی ملکیت میں جانا ۔

Re-conveyance : (n) انتقال ثانی (جائداد) ؛ تحویل ثانی ؛ جائداد کی واپسی (سابق مالک کو) ۔

Re-convicted : (a) (قانون) باز سزا یاب ۔

Re-correct : (v) دوبارہ صحیح کرنا : دوبارہ تصحیح کرنا : دوبارہ اصلاح کرنا ۔

Re-corrupt : (v) دوبارہ بگاڑنا : دوبارہ خراب کرنا : دوبارہ رشوت دینا : دوبارہ خراب ہونا ۔

Re-count : (n) تفصیلی شمار: شمار ثانی: دوبارہ شمار: از سر نوگنتی۔

Re-count : (v) دوبارہ گننا : دوبارہ شمار کرنا : پھر گننا ۔

Re-couple : (v) دوبارہ جوڑنا : دوبارہ ملانا : دوبارہ بیا منہا ۔

Re-cover : (n) [OFr. 'Recovere'.] (۱) صحت یابی : افاقہ : شفایابی : بحالی : بازیابی : وصولی ۔

Re-cover : (v) [L. 'Recuperare'.] (۱) پھر پا لینا : دوبارہ حاصل کر لینا : پھر پانا : پھر ہاتھ آ جانا : باز یافت ہونا : نکال لینا (زمین، سمندر سے) ۔ (۲) حق پانا : معاوضہ لینا (عدالت کے حکم سے) : بھرپائی کرانا : واپس لینا : وصول کرنا : (قرضہ ، ہرجانہ وغیرہ) ۔ (۳) افاقہ پانا ، صحت پانا : بحال ہو جانا :ہوش آ جانا: جان آ جانا : ہوش میں لانا : دوبارہ زندگی پانا ۔ (۴) پنپنا : (کمی یا نقصان کو) پورا کرلینا: تلافی کر لینا ۔ (۵) اعتدال پر لانا : اپنے آپ میں آنا یا لانا : نارمل ہونا : پہلی حالت پر واپس لوٹنا۔ (۶) باہر نکلنا : بچنا (خطرے یا بری چیزوں سے) : بچ جانا ۔ (۷) قانونی کاروائی کے ذریعہ جیتنا : مقدمہ جیت جانا: آخری عدالتی فیصلہ حسب خواہ ہونا ۔ (۸) پہنچنا : رسائی حاصل کرنا ۔ (۹) (ملک ، علاقہ وغیرہ) دوبارہ حاصل کر لینا : (جنگ میں کھوئی ہوئی زمین) پھر قبضہ کر لینا ۔ (۱۰) کار آمد بنانا : مفید بنانا : (کسی شخص کی) مدد کرنا : (کسی کو) بری حالت سے اچھی حالت میں لانا ۔ (۱۱) روشنی میں لانا : گمنامی سے نکالنا : دفینہ پانا : دفینے کو ظاہر کرنا ۔ (۱۲) محافظ کا عہدہ حاصل کرنا : پہرے دار ہونا۔ (۱۳) ہتھیار کو مخصوص حالت میں لانا ۔ (۱۴)گرتے ہوئے گھوڑے کو سنبھال لینا ۔ (۱۵) تلاش کر کے دوبارہ حاصل کرنا : پستی سے ابھارنا : بری حالت سے نجات دینا ۔ (۱۶) اصلی حالت میں آجانا ۔ (۱۷)اطمینان حاصل کر لینا ۔ (۱۸) تسلیمی خم سے سیدھا ہونا : جھک جھک کر آداب کرنے کے بعد سیدھا ہونا ۔

To be re-covered : صحت یاب ہو جانا : شفا یاب ہونا ۔

To re-cover arm : بندوق کو اس طرح رکھنا کہ گھوڑا بائیں کندھے کے برابر اور نال سامنے ہو ۔

To recover onesledge : (گرنے کے بعد) اُٹھ کھڑا ہونا ۔

To recover onbeself : بحالی ہو جانا : حواس بجا ہو جانا : ہوش میں آ جانا : اپنے آپ کو سنبھال لینا ۔

To recover sword : تلوار باہر کھینچنا :گھونپ کر نکالنا : (جنگی اصطلاح میں) تلوار عَلَم کرنا : شمشیر کشید کرنا : تلوار الف یا سیدھی کھڑی کرنا (اس طرح کہ قبضہ منہ کے) سامنے ہو ۔

Re-cover /Recover : (v) دوبارہ چھپانا : از سر نو ڈھانکنا : باز پوشی کرنا :دوسرا غلاف چڑھانا ۔

Re-cross : (v) دوبارہ عبور کرنا : دوبارہ پار کرنا یا اترنا : ایک دوسرے کو قطع کرتے ہوئے گزرنا ۔

Re-crudency : (n) [L. 'Recrudenscere + -ency.] (۱) دوبارہ پھوٹ پڑنے کا عمل : عود دوبارہ : از سر نو شدت: تجدید حیات۔ (۲) (طب) عود مرض : (نباتیات) انتکا س : (دینیات) ظہور مجدد ۔

Re-crudesce : (v) [L. 'Recrudescere'.] پھوڑے پھنسی بیماری یا شورش کا) پھر زور ہو جانا : پھر پھٹنا یا پھوٹ پڑنا : پھر شدت ہونا : عود کرنا : دوبارہ پھوٹ پڑنا (ادبی و مجازی) ۔

Re-crudescence : (n) [L.'Recrudescentia'.] دیکھو Recrudency

Re-crudescency : (a) دوبارہ پھوٹ پڑنے سے متعلق: از سر نو شدت سے متعلق ۔

Re-crudescent : (a) عود کرنے والا : دوبارہ پھوٹ پڑنے والا ۔

Re-decorate : (v) (۱) پھر سے جلا دینا : دوبارہ زنگ دور کرنا : نئے سرے سے صاف کرنا : پھر چمکانا ۔ (۲) (خصوصاً) نقاشی کرنا : کاغذ یا دیوار پر نقش بنانا ۔

Re-decoration : (n) دوبارہ صفائی : دوبارہ آراستگی : دوبارہ جلا ۔

Re-dedicate : (v) دوبارہ نذر کرنا : دوبارہ وقف کرنا : دوبارہ معنون کرنا : دوبارہ منسوب کرنا ۔

Re-dedication : (n) انتساب ثانی : نذر ثانی : ہدیۂ ثانی ۔

Re-deem : (v) [L. 'Redimere'.] (۱) دوبارہ خریدنا : (محنت سے یا قرار دادہ قیمت دے کر) چھڑا لینا : واپس خریدنا : فِک کرنا : (جائداد) رہن سے چھڑانا ۔ (۲) واپس لینا : پھر سے حاصل کرنا (کھوئی ہوئی عزت ، رتبہ وغیرہ):

واپس لے لینا (بذریعہ طاقت) ۔ (۳)روپیہ دے کر معاملہ ہموار کر لینا ؛ روپیہ دے کر سمجھوتہ کرلینا ؛ روپیہ دے کر احسان کا بدلہ اُتارنا ؛ نقدی میں بدلنا ۔ (۴)پورا کرنا ؛ ایفا کرنا (وعدہ) ۔ (۵) آزاد کرانا ؛ مخلصی دلانا یا پانا ؛ غلامی سے چھوڑنا یا چھڑانا (روپیہ دے کر) ؛ جان بچانا (زر فدیہ دے کر یا زر فدیہ ادا کر کے) ؛ رہائی دینا ؛ آزاد کرنا ؛ (قرض یا الزام سے) بری کرنا ؛ صاف کرنا ؛ انصاف کرنا ۔ (۶) بچانا ؛ نجات دلانا ؛ چھڑا لانا ؛ (اخلاق پستی سے) ابھارنا ۔ (۷)(خدا کا گناہ یا عذاب سے) بچانا ؛ نجات بخشنا؛ نعم البدل ہونا؛ نجات دینا ۔ (۸) تلافی کرنا ؛ برجانا دینا ؛ تاوان دینا ۔ (۹) بد نمائی سے محفوظ رکھنا ؛ بد نما نہ معلوم ہونے دینا (مثلاً آنکھوں اور چہروں کو) ۔ (۱۰) پاکیزہ کرنا ؛ پاک صاف کرنا یا بنانا؛ بد تر سے بہتر بنانا ؛ اصلاح کرنا ۔ (۱۱) مرمت کرنا؛ درست کرنا ؛ پھر سے کار آمد بنانا ۔ (۱۲)حقیقت میں بدلنا ؛ حقیقی بنانا ۔ (۱۳)وقت بچانا (برباد ہونے سے) ؛ بچانا (شخص یا چیز کو) (خرابی سے) وقت کو بہتر طور پر استعمال کرنا ۔ (۱۴) قدر کرنا (صلاحیت کی) ؛ اعزاز بخشنا ۔ (۱۵)(جائداد وغیرہ) دوبارہ حاصل کر لینا ؛ مقدمہ جیت لینا (بذریعہ خریداری)۔

Re-deemability : (n) دوبارہ خریداری ؛ دوبارہ حصول ۔

Re-deemability security : (n) (قانون) میعادی تمسک ۔

Re-deemable : (a) (۱) قابل نجات ؛ انفکاک پذیر ؛ کفارہ پذیر ؛ تلافی پذیر ؛ نجات یافتی ؛ قابل خریدنی ۔ (۲) (قانون)میعادی ۔

Re-deemableness : (n) دیکھو Redeemability

Re-deemably : (adv.) میعادی طور پر ؛ دوبارہ حصول کے ساتھ ۔

Re-deemer : (n) (۱)نجات دہندہ ؛ رہائی دینے والا؛ چھٹکارا دینے والا ؛ (خصوصاً حضرت مسیح کی نسبت) نجات دہندہ ؛ شفیع ۔ (۲) رہائی ؛ بخشی ؛ آزادی بخشنے والا ؛ آزاد کرنے والا ؛ وعدہ ایفا کرنے والا ؛ دوبارہ واپس لے لینے والا ۔

Re-deeming : (a) نقصان کی تلافی کرنے والا ۔

Re-deemless : (a) (۱) غیر انفکاک ؛ غیر حاصل شدہ ۔ (۲) بے کمک؛ بے چارہ ۔

Re-define : (v) دوبارہ تعریف کرنا ؛ کسی رجحان کی دوبارہ وضاحت کرنا ؛ خصوصاً دوبارہ بنانا ۔

Re-definition : (n) تعریف ثانی ؛ وضاحت ثانی ؛ نیا خاکہ ۔

Re-deliver : (v) (۱) واپس دینا ؛ واپس کرنا ۔ (۲) آزاد کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ چھٹکار دینا ۔ (۳) دُہرانا ؛ دوبارہ کرنا ۔

Re-delivery : (n) واپسی ؛ آزادی ۔

Re-demand : (v) دوبارہ مطالبہ کرنا ؛ دوبارہ تقاضا کرنا ۔

Re-dip : (v) دوبارہ ڈبونا ؛ دوبارہ غوطہ دینا ۔

Re-dipper : (n) دوبارہ غوطہ دینے والا خصوصاً وہ مزدور جو غوطہ سے بچانے والی تختی دینے پر مامور ہوتا ہے ۔

Re-direct : (a) (امریکی قانون) ایک قانونی اصطلاح کے لئے استعمال ہوتا ہے جس کے مطابق جرح کے بعد گواہ کو دوبارہ پوچھ تاچھ کے لئے طلب کیا جاتا ہے ۔

Re-direct : (v) (۱) دوسری جگہ بھیجنا ؛ پتا بدلنا ؛ دوسرے پتے پر بھیجنا ۔ (۲)پھر ہدایت کرنا (خصوصاً خط کو) ۔ (۳)سمت بدل دینا ؛ رخ دینا ؛ موڑ دینا ۔

Re-direct : (n) دوسرے پتے پر بھیجنے یا رُخ بدلنے کا عمل ۔

Re-direct examination : (n) دیکھو Redirect (a)

Re-direction : (n) دوسرے پتے پر بھیجنے یا رُخ بدلنے کا عمل ۔

Re-discount : (v) دوبارہ چھوٹ دینا ؛ دوبارہ منہا کرنا ؛ دوبارہ کم کرنا ؛ دوبارہ گھٹانا ؛ دوبارہ شمار نہ کرنا ۔

Re-discount : (n) دوبارہ مجرائی ؛ دوبارہ منہائی ؛ دوبارہ کمی ۔

Re-discover : (v) (۱) پھر پانا ؛ دوبارہ پانا ؛ باز یافت کرنا ۔ (۲)آزادی کے ساتھ (کسی نتیجے پر) پہنچنا ؛ آزادانہ تجزیہ کرنا۔ (۳) دوبارہ روشنی میں لانا ؛ دوبارہ ظاہر کرنا ؛ دوبارہ واضح کرنا ۔ (۴) نئی دلچسپی لینا ؛ پھر سے سراہنا ۔ (۵) پھرسے استعمال کرنا ؛ پھرسے لائق استعمال بنانا ۔

Re-discovery : (n) باز یافت ؛ باز انکشاف ۔

Re-disseisin : (n) [AF. 'Redisseisine'.] (قانون) دوبارہ بے دخلی ؛ ناجائز قبضۂ مخالفانہ ۔

Re-dissolution : (n) دوبارہ معطلی ۔

Re-dissolve : (v) (۱) دوبارہ معطل کرنا ؛ بار بار معطل کرنا ۔ (۲) دوبارہ منتشر کرنا ۔

Re-distillation : (n) (کیمیا) باز کشید ۔

Re-distribute : (v) دوبارہ تقسیم کرنا ؛ پھر بانٹنا ؛ تقسیم کرنا ؛ تسہیم جدید کرنا ۔

Re-distribution : (n) دوبارہ تقسیم ؛ دوبارہ تسہیم ؛(خصوصاً پارلیمنٹ کی سیٹ کی) تقسیم ۔

Re-district : (v) (امریکا) اضلاع میں تقسیم کرنا ؛ ضلع کی تنظیم نو کرنا ۔

Re-divide : (v) پھر تقسیم کرنا ؛ تقسیم جدید کرنا ۔

Re-do : (v) دوبارہ کرنا ؛ از سر نو کرنا ۔

Re-domesticate : (v) (۱)(نو آبادی کو)دوبارہ حق شہریت عطا کرنا۔ (۲) دوبارہ گھریلو بنانا ۔

Re-double : (v) [F. 'Redoubler'.] (۱)دو چند کرنا ؛ چند چند کرنا؛ اور بڑھانا ؛ اور تیز کرنا ؛ قوی تر کرنا ؛ مضبوط ہونا۔ (۲) دہرانہ ؛ خصوصاً دوبارہ مارنا (گھونسا) ؛ نقل کرنا؛ تکرار کرنا ؛ دوبارہ کہنا ۔ (۳) جسامت میں دو چند کرنا ؛ مقدار میں دو چند کرنا ۔ (۴) پھر دوبارہ کرنا؛ پھر دو چند کرنا ؛ زیادہ کرنا ؛ بڑھانا ۔ (۵) دوبارہ آواز کرنا یا آواز دینا ؛ آواز باز گشت کرنا ۔

Re-double : (v) (تاش کے کھیل خصوصاً Bridge میں) دوبارہ بڑھا دینا؛ ری ڈبل کرنا ۔

Re-double : (n) دو چند ؛ اضافہ ؛ دوبارہ کرنے کا عمل؛ ری ڈبل (تاش کے کھیل میں) ۔

Re-doublement : (n) دو چند ؛ اضافہ ۔

Re-draft : (n) باز تسویدی ؛ دوسرا یا تازہ مسودہ ؛ (محا) تجدید بندی ؛ نیا ڈرافٹ ۔

Re-draft : (v) دوسرا مسودہ تیار کرنا ؛ نظر ثانی کے بعد مسودہ تیار کرنا ۔

Re-draw : (v) (۱) سابق بل کی جگہ تازہ تازہ یا نیا بل حاصل کرنا یا نکالنا ۔ (۲) دوبارہ کھینچنا ؛ دوبارہ منتخب کرنا ؛ دوبارہ حاصل کرنا ؛ دوبارہ نکالنا ؛ دوبارہ برداشت کرنا ۔ (۳) نظر ثانی کرنا ؛ دوبارہ (تصویر) کھینچنا ؛ دوبارہ شکل دینا ۔ (۴) دوبارہ لپیٹنا ۔

Re-drawer : (n) دوبارہ کھینچنے والا ؛ دوبارہ حاصل کرنے والا؛ نظر ثانی کرنے والا ۔

Re-dress : (v) دوبارہ پہنانا ؛ دوبارہ آراستہ کرنا ۔

Re-duplicate : (v) [Late L. 'Reduplicatus'.] دوبارہ نقل کرنا ؛ پھر سے اصلاح کرنا ؛ از سر نو بنانا ؛ دُہرا کرنا ؛ دُہرانا؛ مثنیٰ بنانا ؛ تکرار کرنا ؛ تصنیف کرنا ؛ (صرف و نحو) تکرار حرفی کرنا ۔

Re-duplicate : (a) دوبارہ کیا ہوا ؛ دو چند کیا ہوا ۔

Re-duplicate : (n) دوبارہ ؛ تکرار ؛ تصنیف ؛ نقل ۔

Re-duplicated : (a) (۱) مضاعف ؛ دوبارہ کیا ہوا ؛ دو چند کیا ہوا ؛ دُہرا کیا ہوا ۔ (۲) دُہرایا ہوا ؛ تصنیف کے ذریعہ بنایا ہوا ۔ (۳) (نباتیات) ملفوف ؛ مُضاعف ۔

Re-duplicated aestivation : (n) (نباتیات) ملفوف قبل شگفتگی ۔

Re-duplication : (n) [Late L. 'Reduplicationem'.] (۱) دو چند ؛ دوبارہ ؛ تکرار ؛ تصنیف ؛ دُہرانا ۔ (۲) ہو بہو تصویر؛ مثنیٰ ۔ (۳) (صرف و نحو) حرف یا بول کی تکرار ؛ (نباتیات) تلفیف ۔ (۴) مکرر حرف یا بول ۔

Re-duplicative : (a) [L. 'Reduplicat'.] تصنیف کا یا اس سے متعلق یا اس سے بنایا ہوا ؛ تکرار شدہ ؛ مکرر ؛ مضاعف ؛ تصنیفی ؛ (نباتیات) ملفوف ؛ تکرار شدہ لفظ یا ہجا ۔

Re-duplicatively : (adv.) تصنیف کے طور پر؛ تکرار کے ساتھ ؛

Re-echo : (v) صدائے باز گشت ہونا ؛ باز گونج ہونا ؛ گونجنا ؛ گونج جانا ؛ صدا دینا ؛ صدا آنا ؛ آواز پلٹنا ؛ آواز کا پلٹ جانا ۔

Re-echo : (n) صدائے باز گشت ؛باز گونج ؛ صدا ؛ آواز ۔

Re-eligible : (a) دوبارہ اہل ہونا ؛ کسی عہدے کے لئے دوبارہ مقرر یا منتخب ہونے کی اہلیت ۔

Re-eligibility : (n) اہلیت ؛ نئی اہلیت ۔

Re-enact : (v) (۱)دوبارہ نافذ کرنا (قانون وغیرہ) ۔ (۲) دوبارہ عمل کرنا ؛ دوبارہ رو بہ عمل لانا ۔ (۳) دوبارہ حکم جاری کرنا ؛ دوبارہ قانون وضع کرنا ؛ کھیل دکھانا ۔

Re-enforce : (v) مزید طاقت دینا ؛ مزید مضبوط بنانا یا کرنا ؛ مضبوط کرنا ؛ تقویت دینا ۔

Re-enforced : (a) محکم ۔

Re-enforcement : (n) مزید مضبوط بنانے کا عمل ؛ مضبوط بنائے جانے

کی حالت : جو مزید مضبوط بنا تا ہے : نیا اضافہ ۔

Re-engine : (n) دوبارہ انجن لگانا ۔

Re-enlist : (n) دوبارہ درج کرنا : دوبارہ درج فہرست کرنا : دوبارہ شامل ہونا ۔

Re-enlistment : (n) دوبارہ اندراج : دوبارہ شہولیت ۔

Re-enter : (v) (۱) دوبارہ داخل ہونا :دوبارہ وارد ہونا ۔(۲)دوبارہ نقش کرنا ۔(۳)(قانون)دوبارہ قبضہ کرنا : دوبارہ دخل کرنا ۔ (۴)دوبارہ داخل فہرست ہونا : دوبارہ کتاب میں شامل کرنا ۔ (۵) (طب) دوبارہ رنگ کاری کرنا : دوبارہ رنگین کرنا ۔

Re-entering : (a) (۱) زاویہ معکوس جس کا رخ اندر کی طرف ہو : (خصوصاً قلعہ کی فصیل میں) اُلٹا آٹھ (۷) ۔ (۲)زاویہ متوجہ به سمت داخل : اندرونی زاویہ ۔(۳)(فلکیات) متداخل : (برقیات) درگرداں : (فوج)منعکسہ ۔

Re-entrant : (a) (۱) دیکھو Re-entering ۔ (۲)واپسی(کسی مقام پر)۔

Re-entrant angle : (n) (۱)(فوج)زاویۂ منعکسہ۔ (۲)(سروے) اندرونی زاویہ ۔

Re-entry : (n) (۱) (قانون) نیا دخل و قبضہ (زمین یا کرائے کی چیز پر) ۔ (۲)ورود نَو : دخول نَو : ملکیت نَو : دخول ثانوی : داخلہ دوم ۔ (۳)تشکیل نَو : اندراج نَو ۔(۴) وہ پتا جو دوبارہ پھینکا جائے ۔ (۵) تقلیب ثانی : کسی ٹکٹ وغیرہ پر دوبرا نشان : ثبت نو ۔ (٦) فضائی سفر کے بعد زمین کے حدود میں دوبارہ دخول (خصوصاً میزائل وغیرہ کا)۔

Card of reentry : تاش کا وہ پتا جو ہوشیاری اور چال بازی کی وجہ سے کسی کھلاڑی کو اگلی بار پہل کا موقع دیتا ہے ۔

Re-establish : (v) (۱) (کسی فرد یا شے کو)سابق جگہ یا حالت پر بحال کرنا یا لانا : پہلی حالت یا حیثیت میں لانا : دوبارہ برقرار کرنا ۔ (۲) دوبارہ بنیاد رکھنا : نئے سرے سے بنیاد رکھنا ۔ (۳)صحت حاصل کرنا : طاقت حاصل کرنا۔ (۴)مناسب حالت میں آنا ۔(۵)دوبارہ یقین دلانا ۔

Re-establisher : (n) دوبارہ بنیاد رکھنے والا : دوبارہ بحال کرنے والا : دوبارہ صحت حاصل کرنے والا ۔

Re-establishment : (n) نو تشکیل : نو تاسیس : نو بنیاد ۔

Re-evaluate : (v) دوبارہ آنکنا : دوبارہ قیمت لگانا : دوبارہ تشخیص کرنا : دوبارہ جانچنا : اعداد کے ذریعہ دوبارہ ظاہر کرنا ۔

Re-evaluation : (n) تشخیص ثانی : قیاس ثانی : تخمینۂ دوم ۔

Re-evaporation : (n) تبخیر ثانی : تبخیر مکرر ۔

Re-examinable : (a) امتحان مکرر کے لائق: دوبارہ جانچ پڑتال کے لائق ۔

Re-examination : (n) (۱)امتحان مکرر : دوبارہ امتحان : دوبارہ جانچ پڑتال : امتحان نو ۔ (۲) بالواسطہ امتحان ۔

Re-examine : (v) دوبارہ امتحان لینا : (خصوصاً قانون) (گواہ سے) دوبارہ پوچھ تاچھ کرنا : دوبارہ جانچ پڑتال کرنا : دوبارہ جانچنا ۔

Re-exchange : (n) تبادلۂ ثانی : تبادلۂ نو: (تجارت) تسعیر نو ۔

Re-export : (n) برآمدگیٔ نو : برآمدگیٔ مکرر : دوبارہ برآمد کی ہوئی شے ۔

Re-formation : (n) از سرنو تشکیل : تجدید : تشکیل ثانی : نو سازی ۔

Re-give : (v) دوبارہ دینا : پھر دینا ۔

Re-insert : (v) از سر نو روپیہ لگانا : دوبارہ داخل کرنا : باز داخلی کرنا : دوبارہ لکھ لینا ۔

Re-installation : (n) باز نصبی ۔

Re-instate : (v) (۱)دوبارہ بحال کرنا: دوبارہ مقرر کرنا: پھر عطا کرنا (عہدے ، منصب ، خلعت وغیرہ) ۔ (۲)تندرست کرنا : ٹھیک کرنا : دوبارہ برقرار کرنا ۔ (۳)دوبارہ صحت یاب ہونا : مناسب یا سابق حالت میں آنا۔ (۴)دوبارہ قائم کرنا ۔

Re-instatement : (n) دوبارہ بحالی : دوبارہ تقرری : تندرستی : صحت یابی : درستی ۔

Re-instation : (n) دیکھو Reinstatement

Re-insurance : (n) تجدید بیمہ: بیمہ کی منتقلی: انتقال بیمہ: نوتامینی ۔

Re-insure : (v) دوبارہ بیمہ کرانا : بیمہ منتقل کرنا : نو تامینی کرنا ۔

Re-insurer : (n) دوبارہ بیمہ کرانے والا : بیمہ منتقل کرنے والا ۔

Re-integrate : (v) [(O)Fr. 'Reintegrer.'] دوبارہ متحد کرنا؛ دوبارہ جمع کرنا : دوبارہ اتحاد قائم کرنا : از سر نو مکمل کرنا ۔

Re-integration : (n) اتحاد نو : اتحاد ثانی : تکمیل نو ۔

Re-integrative : (a) قابل اتحاد : مائل یکجہتی ۔

Re-inter : (v) دوبارہ داخل کرنا : مکرر داخلہ کرنا ۔

Re-interpret : (v) تشریح نو کرنا : تفسیر نو کرنا : پھر مطلب سمجھنا : تعبیر نو کرنا : دوبارہ ترجمانی کرنا ۔

Re-interpretation : (n) تفسیر نو : تشریح نو : تعبیر نو ۔

Re-introduce : (v) دوبارہ تعارف کرنا : دوبارہ پیش کرنا ۔

Re-invention : (n) ایجاد نو : اختراع ثانی ۔

Re-invest : (v) (۱) دوبارہ سرمایہ لگانا : نئے سرے سے سرمایہ کاری کرنا : سرمایہ منتقل کرنا ۔ (۲) دوبارہ مالک بنانا : دوبارہ با اختیار ہونا : دوبارہ طاقت حاصل کرنا ۔

Re-investiture : (v) دیکھو Reinstatement

Re-investment : (n) (معاشیات) نقل سرمایہ : سرمایہ کاری : ملکیت : منتقلی ۔

Re-invigorate : (v) پھرقوی کرنا : دوبارہ طاقت پہنچانا : مکرر طاقت دینا ۔

Re-invigoration : (n) باز تقویت دہی ۔

Re-issue : (v) (۱) دوبارہ پیدا ہونا : پھر سے نمودار ہونا ۔ (۲) باز اجرا کرنا (بل وغیرہ) : مکرر نافذ ، شائع کرنا ۔

Re-issue : (n) (۱) طبع ثانی : اشاعت ثانی : اجرائے ثانی : مکرر جاری شدہ چیز : ڈاك ٹکٹ جو دوبارہ استعمال کے لئے جاری کیا جائے ۔

Re-lease : (v) پٹے یا اجارہ پر دینا یا لینا : نئے اجارہ کی اجازت دینا ۔

Re-live : (n) (۱) پھر بسر کرنا : دوبارہ جینا : دوبارہ زندگی گزارنا : زندگی میں واپس آنا : نئی جان پڑنا ۔ (۲) زندگی بڑھانا یا پھر حاصل کرنا : دوبارہ زندگی حاصل کرنا : پھر زندگی کا مزہ چکھنا (خصوصاً عالم تخیّل میں) ۔

Re-load : (n) دوبارہ بھرائی : پھر لدائی : لادنے یا بھرنے کا عمل ۔

Re-load : (v) پھر بھرنا : بار کرنا (بندوق کو) : (گاڑی کی) دوبارہ بھرتی کرنا : لادنا : دوبارہ بارگیری کرنا ۔

Re-loader : (n) دوبارہ بھرنے والا : دوبارہ بار کرنے والا ۔

Re-locatable : (a) دوبارہ قائم کرنے کے لائق : دوبارہ جمانے کے لائق : دوبارہ دریافت کرنے کے لائق ۔

Re-locate : (v) (۱) دوبارہ جانا : دوبارہ قائم کرنا ۔ (۲) کسی چیز کا مقام یا محل وقوع دوبارہ بتانا ۔ (۳) دوبارہ ٹھیك جگہ دریافت کرنا : دوبارہ پانا ۔

Re-locaiton : (n) (۱) (رومی قانون) تجدید اجارہ : دوبارہ پٹہ نویسی ۔ (۲) جگہ کی تبدیلی : تبدیلئ مقام ۔

Re-locator : (n) دوبارہ قائم کرنے والا : دوبارہ دریافت کرنے والا ۔

Re salute : (v) ازسرنو سلام کرنا : پھر سے آداب بجالانا : دوبارہ آداب عرض کرنا ۔

Re-sign : (v) (دستاویز وغیرہ پر) دوبارہ دستخط کرنا ۔

Re-strike : (v) پھر سے اسٹرائك کرنا : پھر سے متوجہ کرنا : پھر سے متاثر کرنا : دوبارہ خیال میں آنا : دوبارہ سوجھنا : از سر نو بڑتال کرنا : پھر کام چھوڑ دینا ۔

Re-structure : (v) دوبارہ ساخت کرنا : از سر نو تعمیر کرنا : دوبارہ تنظیم یا ترتیب کرنا : پھر سے بنانا (بناوٹ : ڈھانچہ) : پھر سے ڈھانچہ تیار کرنا : دوبارہ ترتیب دینا : پھر سے ٹھیك کرنا ۔

Re-structuring : (n) تعمیر نو : تنظیم نو : ترتیب نو : دوبارہ تیار کرنا : پھر سے ڈھانچہ بنانا ۔

Re-stuff : (v) دوبارہ بھرنا : پھر بھرنا : ٹھونسنا ۔

Re-try : (v) دوبارہ سننا : پھر سننا ۔

Reach : (n) (۱) پھیلنا : پھیلانا : بڑھانا ۔ (۲) دسترس : رسائی : پہنچ : حد : حد قدرت : دوڑ : دائرہ اثر : احاطہ ۔ (۳) زیر نگاہ حصہ : مسلسل ٹکڑا (خصوصاً دریا کا جو بہ یك وقت نظر آئے) ۔ (۴) (جہاز رانی) رسّا : طناب ۔ (۵) (اسلحہ یا ہاتھ میں کسی چیز کے ساتھ) رسائی : پہنچ ۔ (۶) حصول : اقدام حصول : قوت یافت : قوت عمل : قوت ادراك : دائرہ معلومات : قوت مشاہدہ : بصیرت : دائرہ صلاحیت ۔ (۷) وقفہ حرکت : وقفہ سفر : وقفہ جنگ ۔ (۸) دائرہ (بندوق کا یا نشانہ کا) : حدّ (نظر) : دائرہ (آواز کا) ۔ (۹) فاصلہ : دوری : مسافت حد ۔ (۱۰) (دریا ، ندی ، نالہ وغیرہ) کی پیٹی : وہ حصہ

جو دو کناروں کے درمیان ہوتا ہے ۔

Within (one's) reach : دسترس میں : رسائی کے اندر : قریب ۔

Above of (one's) reach /Out - : رسائی سے باہر : پہنچ سے دور : دسترس سے بلند : دور ۔

Reach : (v) [OE. 'Reacah, realhe'.] (۱) پھیلا ہونا (درخت کی شاخوں کا) ۔ (۲) پھیلانا ۔ (۳) بڑھانا : پہنچانا : آگے بڑھنے کے لئے ہاتھ پیر مارنا : آگے بڑھنے کی کوشش کرنا : کوشش کرنا ۔ (۴) پہنچنا : پہنچ جانا : بیدار ہونا : بڑھنا ۔ (۵) حاصل کرنا : رسائی پانا : دسترس پانا : پہنچ ہونا : زد ہونا ۔ (۶) ہاتھ بڑھا کے دینا یا لینا: ہاتھ سے پہنچانا : ہاتھ میں دینا ۔ (۷) لمبا کرنا : کھینچنا۔ (۸) چھونا : مس کرنا : پکڑنا (شخص یا جسم کے کسی حصہ کو) ۔ (۹) وُسعت رکھنا : وُسعت پانا ۔ (۱۰) دریافت کرنا : ادراک کرنا : سمجھنا ۔ (۱۱) نشانہ پر مارنا : نشانہ لگانا : درست کرنا : نظر جمانا : نگاہ مرکوزکرنا (کسی خاص نقطہ پر) ۔ (۱۲) لانا : لے آنا : لے جانا (کسی شخص یا چیز کو کسی مقام سے) ۔ (۱۳)کسی چیز کے پیچھے پڑنا : در پے ہونا : آگے جانا : کوش کرنا ۔ (۱۴) سیدھے راستہ پر کشتی رانی کرنا : منزل پر پہنچنے میں کامیاب ہونا ۔ (۱۵) ضرب لگانا : مارنا (زمین پر) ۔ (۱۶) متاثر کرنا : یقین دلانا: باور کرانا ۔ (۱۷) کھینچنا (بتہیار ہاتھ سے) : (نیز) ہاتھ پھیلانا ۔

Reach : (v) [OE. 'Reacan'.] خارج کرنے کی کوشش کرنا : اگلنے کی کوشش کرنا ۔

Reach-me-down : (a) ریڈی میڈ (کپڑے) : تیار (ملبوسات) : (نیز) استعمال شدہ (کپڑے) : تیار یا استعمال شدہ لباس ۔

Reachable : (a) پہنچ کے اندر : رسائی کے لائق : قابل رسائی : رسائی پذیر : زد کے اندر ۔

Reacher : (n) (۱) رسائی والا : دسترس والا ۔ (۲) دست درازی کرنے والا : رسیدہ ۔

Reaching : (n) [ME. 'Rechynge'.] کسی مقام تک پہنچنے کا عمل : کسی مفہوم تک رسائی ۔

Reachless : (a) جہاں تک رسائی حاصل نہ ہو : جہاں پہنچا نہ جا سکتا ہو : رسائی سے باہر : زد سے باہر ۔

Reachy : (a) مخصوص وُسعت کا : مخصوص لمبائی کا ۔

React : (v) (۱) رد عمل کرنا : پلٹنا : پلٹ پڑنا : الٹ آنا : الٹ کر اثر کرنا ۔ (۲) (کیمیا) ایک مادے کا دوسرے پر عمل ہونا: اثر ہونا : عمل کرنا : تعامل کرنا ۔ (۳) اثر قبول کرنا : متاثر ہونا : تبدیل ہونا ۔ (۴) (فوج) جوابی حملہ کرنا : پلٹ کر حملہ کرنا : سمت مخالف میں چلنا ۔ (۵) (کسی چیز سے) کھینچنا : متنفّر ہونا : پیچھے ہٹنا : رجعت کرنا : مراجعت کرنا ۔

React : (v) کسی کام کو دوبارہ کرنا : دوسری مرتبہ کرنا ۔

Reactance : (n) (برقیات) متعامليّت : تعامليّت ۔

Reactance-coil : (n) (انجینیئرنگ ، برقیات) متعامل کائل : متعامله ۔

Reactance-drop : (n) قطرۂ متعامل :

Reactant : (n) متعامل ۔

Reactant : (a) متعاملی : متعامل کا یا اس سے متعلق ۔

Reactants : (n) (کیمیا) اشیائے متعامله ۔

Reacting : (n) (کیمیا) متعامل ۔

Reaction : (n) [f. Re-action'.] (۱) جوابی عمل : تعامل : تاثیر و تاثر۔ (۲) (کیمیا) عمل : تاثیر : (ایک مادے سے دوسرے مادے میں) : تاثر : تعامل ۔ (۳) رد عمل : تاثر (جسم وغیرہ کا خارجی مہیّج : جواب عمل ۔ (۴) رد عمل بہ حالت اصلی: مخالف اثر : الٹا اثر ۔ (۵) جوابی حملہ : حملہ کے جواب میں حملہ : دفاعی حملہ ۔ (۶) قدامت یا رجعت پسندی (خصوصاً سیاسیات میں) ۔ (۷) (طبیعیات) قلب نوات : تبدیل حالت (حرارت ، برودت یا صدمہ سے) عضویاتی رد عمل ۔ (۸) (کیمیا) تیز امیت ۔ (۹)(کیمیا) قلویّت ۔ (۱۰) (لاسلکی) وہ طریقہ جس کے ذریعہ لاسلکی (وائرلیس) کے کمزور سگنل کو مضبوط بناتے ہیں : تصویب اشاریہ (لاسلکی) ۔ (۱۱) اقدام مراجعت : حرکت رجوعی : انحراف (موجودہ رجحان یا حالت سے) : (خصوصاً سیاسیات) انحراف : مراجعت (سابقہ حالت یا امور کی جانب) ۔ (۱۲) تغیر جذبات ۔ (۱۳)کسی بیان یا واقعہ کا ذہنی اور اخلاقی اثر ۔

Reaction-body : (n) تعاملی جسم ۔

Reaction-experiment : (n) (طبیعیات) تعاملی تجربہ ۔

Reaction-formation : (n) تعاملی میکانیّت ۔

Reaction-motor/ -machine/ -engine : (n) وہ انجن یا آلہ جس میں

حرکت بھاپ سے پیدا ہوتی ہے : تعاملی آلہ یا انجن ۔

Reaction-period/-stage/ -time : (n) (نباتیات، حیوانیات) وقت تاثر: مرحلۂ تاثر : زمان تعامل ۔

Reaction-wheel : (n) پن چکّی ۔

Reaction wood : (n) (مختلف وجوہ کی بنا پر) غیر معمولی طور پر بڑھنے والا درخت ۔

Reactional : (a) جوابی عمل کا یا اس سے متعلق :رد عمل ۔

Reactionally : (adv.) جوابی عمل کے طور پر : رد عمل کے طریقہ سے ۔

Reactionary : (a) رجعت پسندانہ : قدامت پسندانہ : لکیر کا فقیر ۔

Reactionary : (n) رجعت پسندی کا حامی : رجعت پسندی ۔

Reactionism : (n) رجعت پسند ہونے کی حالت یا خصوصیت ۔

Reactionist : (n) (سیاسیات) قدامت پسند : رجعت پسند ۔

Reactive : (a) (۱) رد عمل کرنے والا : رد عمل پذیر : رجعت پذیر :تاثیر پذیر : (برقیات) اثر پذیر ۔ (۲) (کیمیا) زود متعامل : متعامل ۔

Reactive-impulse : (n) (طبیعیات) متعامل اضطرار ۔

Reactively : (adv.) رد عمل کے طور پر : متعامل کے طور پر ۔

Reactiveness : (n) متعاملیت ۔

Reactivity : (n) رد عمل پذیر : رجعت پذیری : تاثر : (کیمیا) متعاملیت : (نباتیات ، حیوانیات) تاثریت ۔

Reactology : (n) نفسیاتی رد عمل کا سائنسی مطالعہ ۔

Reactor : (n) (۱) (کیمیا ، طبیعیات) نووی متعاملہ : جوہری متعاملہ۔ (۲) (انجینیئرنگ ، برقیات) متعاملہ : چوک ۔ (۳)(نفسیات) اثر پذیر(شے یا شخص) ۔ (۴) جسم نامی جس سے ردعمل کا اظہار ہوتا ہے ۔ (۵) (طب) وہ حیوان یا مریض جو خارجی عنصر کے تئیں مثبت رد عمل ظاہر کرتا ہے ۔ (۶) وہ آلہ جس کے ذریعہ کیمیائی رد عمل کا پتہ لگایا جاتا ہے ۔ (۷) رد عمل کرنے والا : جوابی عمل کرنے والا ۔

Atomic reactor /Nuclear - : جوہری متعاملہ : ایک آلہ جس کے ذریعہ شق ہونے والے جوہر کو قابو میں رکھا جاتا ہے ۔

Read : (n) [OE. 'Readan'.] پڑھنے کا عمل : پڑھائی : ہجّے : قرأت : مطالعہ ۔

Read : (n) (۱) پڑھا ہوا : تعبیر کردہ : تفسیر شدہ ۔ (۲) (کسی مضمون کا) عالم : دانشور : دانش مند : ماہر ۔

Read : (v) [OE. 'Readan '.] (۱) سمجھ لینا : معلوم کرنا : تاڑنا : بوجھنا : حال دریافت کر لینا : تعبیر کرنا : تعبیر نکالنا (خواب کا) : پا لینا : بھید کہنا : (غیب کی باتوں کی) پیشین گوئی کرنا ۔ (۲) پڑھ لینا : نکال لینا : پڑھ کر مفہوم سمجھنا (تحریر یا علامات وغیرہ کا) ۔ (۳)دیکھنا (کتاب) : پڑھنا : تلاوت کرنا : کتاب خوانی کرنا (دل میں یا بہ آواز بلند) ۔ (۴) مطالعہ : درس لینا (مدرسہ وغیرہ میں) : طالب علمی کرنا ۔ (۵) لکھا دینا : کسی جگہ پڑھنا : کسی کتاب میں دیکھنا : غور سے پڑھنا (پروف وغیرہ) ۔ (۶) معنی سمجھنا : تعبیر کرنا ۔ (۷)معنی پہنانا : مطلب پیدا کرنا : تاویل کرنا :پہلو نکالنا ۔ (۸) (کتاب کے مرتب یا مدون کا) کسی نسخہ کو اختیار کرنا : کسی نسخہ یا قرأت کو ترجیح دینا۔ (۹)پڑھتے پڑھتے کسی خاص حالت کو پہنچنا یا پہنچانا ۔ (۱۰) علامات اور نشانات وغیرہ سے مفہوم نکالنا : مفہوم سمجھنا : پہچاننا ۔ (۱۱)کسی شخص کے چہرے مہرے پر غور کرنا : چہرے سے کردار کا اندازہ کرنا: لبوں کی حرکت سے (آواز سنے بغیر) مطلب سمجھنا : مفہوم نکالنا ۔(۱۲) مخصوص تحریر کو پڑھنا۔ (۱۳) (کسی شخص ،شے ، واقعہ وغیرہ کو) خاص رنگ میں دیکھنا ۔ (۱۴) (مطالعہ یا غور و فکر کے ذریعہ) نیا مفہوم نکالنا : نیا مطلب پیدا کرنا ۔ (۱۵) تحریری بیان وغیرہ سے معلوم کرلینا ۔ (۱۶) بہ غور مطالعہ سے سیکھنا : حاصل کرنا ۔ (۱۷) چہرے کو دیکھ کر معلوم کر لینا : ظاہری حالت سے تہ تک پہنچنا ۔ (۱۸) (کسی جماعت ، پارٹی سے اخراج کے حکم کے الفاظ کو پڑھتے ہوئے) خارج کرنا : نکالنا ۔ (۱۹) تشریح کرنا : تقریر کرنا: نام لینا : پکارنا ۔ (۲۰) امتحان کے نقطۂ نظر سے پڑھنا ۔ (۲۱) (پڑھ کر معلومات حاصل کرنا ۔ (۲۲)(مطالعہ کے دوران) حوالے یا خاص باتیں نوٹ کرنا ۔ (۲۳) پڑھنے کے لائق ہونا ۔ (۲۴)پڑھنے والے پر مخصوص اثر چھوڑنا ۔ (۲۵) (مجوزہ کاروائی یا تخمینہ کو) بل کی شکل میں ایوان قانون ساز میں پیش کرنا (بل کے پورے متن یا کسی جزو کو پڑھتے ہوئے) ۔ (۲۶)(تھرما میٹر وغیرہ میں) درجۂ حرارت معلوم کرنا (اعداد اور اعشاریہ کو پڑھ کر)۔ (۲۷) مواصلاتی نظام پر (پیغام وغیرہ) وصول کرنا ۔ (۲۸) قابل فہم ہونا ۔ (۲۹) (کمپیوٹر) تحلیل کرنا اور درج کرنا یا دوبارہ پیش کرنا : اعداد کو منتقل کرنا (مقناطیسی فیتہ یا کارڈ پر) ۔ (۳۰)خیالات پڑھ لینا : ذہن معلوم کر لینا ۔

(۳۱)رقم کرنا اور دکھانا یا بتانا : ظاہر کرنا (بالخصوص تھرما میٹر وغیرہ کے لئے) ۔ (۳۲) پڑھنے کے لئے وقف ہو جانا : (اپنے آپ کو) پڑھنے کے لئے وقف کر دینا ۔ (۳۳) (کسی خاص مضمون کا) خصوصی مطالعہ کرنا ۔

To read aloud : زور سے پڑھنا ۔

To read a lesson/- lecture : پڑھانا : تربیت دینا (تعلیم کے ذریعہ) ۔

To read between the lines : تہ کی بات یا چھپے ہوئے معنی سمجھنا : اصل مطلب نکالنا یا ڈھونڈھنا ۔

To read in : مقررہ عبارت پڑھ کر عہدے پر مقرر ہونا یا جائزہ لینا ۔

To read off : (معائنے کے نتیجے کو) معین شکل میں بیان کرنا ۔

To read one a lesson : سبق دینا : تنبیہ کرنا ۔

To read oneself in : دیکھو To read in

To read one's fortune : پیش بینی کرنا : دور بینی کرنا : پیشین گوئی کرنا ۔

To read out of : کسی جماعت سے اخراج کے حکم کے الفاظ کو پڑھتے ہوئے نکال دینا ۔

To read up : مطالبہ کے ذریعہ معلومات حاصل کرنا ۔

Well read/ Deeply read : کثیر المطالعہ : عالم متبحر ۔

Read-out : (n) (۱) خواندگی : پڑھنے کا عمل ۔ (۲) اعداد و شمار کی خواندگی : اس کام کی مشین : اعداد نمائی ۔

Readability : (n) پڑھنے کے لائق ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Readable : (a) (۱) پڑھنے کے لائق : وہ جسے پڑھا جا سکے : قابل قرأت ۔ (۲) خوشی کے ساتھ پڑھنے کے لائق : تفریحی مطالعہ کے لائق (خصوصاً ادبی تخلیقات) ۔ (۳) پُر کشش طرز : قابل قبول طرز : حُسن تحریر : حُسن مطالعہ : مطالعہ پذیری ۔

Readableness : (n) دیکھو Readabilty

Readably : (adv.) مطالعہ پذیری کے طور پر:حسن تحریر کے طریقہ سے۔

Reader : (n) (۱)پڑھنے والا : مطالعہ کرنے والا : مطالعہ کنندہ : عالم: خواننده ۔ (۲) (خصوصاً) ناظر ادبی : کتاب خواں : نقاد (جو اہل مطبع کو کتاب کے قابل طبع ہونے نہ ہونے کے متعلق رائے دے) ۔ (۳) مصحّح : تصحیح کننده : پروف خواں ۔ (۴) مسل خواں : ناظر : (جو به آواز پڑھنے پر مقرر ہو) : به آواز بلند پڑھنے والا خصوصاً عبادت گاہ کا امام ۔ (۵) (یونیورسٹی) ریڈر : نائب پروفیسر : مددگار پروفیسر : استاد ۔ (۶) ریڈر : درسیه (نصاب کی کتاب جو مختلف مضامین چن کر مرتب کی گئی ہو) : درسی کتاب کا ٹائٹل ۔ (۷) مخطوطات پڑھنے والا ۔ (۸) وہ شخص جو مطالعہ کے دوران خاص خاص باتیں نوٹ کرتا ہے ۔ (۹) مطالعاتی شیشہ ۔ (۱۰)رہنمائے مطالعہ کتاب) ۔ (۱۱) تاش(جس کی پشت پر مخصوص نشانات ہوتے ہیں اور جوئے باز اُسے پہچانتے ہیں)۔ (۱۲) کپڑوں پر ڈیزائن بنانے والا ۔

Lay reader : دیکھو Lay (a)

Readership : (n) (۱) ریڈر کا عہدہ : نائب پروفیسر کا عہدہ ۔ (۲) مصحّح : مسل خواں : ناظر ادبی ۔ (۳) مجموعی طور پر پڑھنے والے خصوصاً اخبار ، رسالے وغیرہ کے مستقل پڑھنے والوں کی تعداد : اشاعت ۔

Readily : (adv.) (۱) به رضا و رغبت : به خوشی : آمادگی کے ساتھ : خوشی خوشی : بے تامل ۔ (۲) تیزی کے ساتھ : آسانی سے : بلا تاخیر : بلا دقت ۔

Readiness : (n) (۱) آمادگی : رضا مندی : تیاری : مستعدی : سرگرمی۔ (۲) سرعت : سہولت : فراست : سوجھ بوجھ : حاضر دماغی : ذکاوت : طبّاعی : بر جستگی : برجستہ کاری : (نفسیات) سرعت تاثر ۔ (۳) کیل کانٹے سے لیس ہونا: کمر بستگی : درستگی : درستی ۔

In readiness : مستعدی ۔

Reading : (n) (۱) پڑھائی : خواندگی : پوچھنا ۔ (۲) مطالعہ : علم : (۳) قرأت : خواندگی (مسودہ قانون کا، ایوان قانون ساز میں) ۔ (۳) خوش خوانی (جلسہ یا دوستانہ صحبت جس میں دل چسپ تحریریں پڑھی جائیں) ۔ (۵)نسخہ: قرأت : قول (اختلاف نسخے کی صورت میں کسی قلمی نسخے کی عبارت کے متعلق) ۔ (۷)(مقیاس الحرارت وغیرہ کی) قرأت : شمار خوانی: اندراج : شمار ۔ (۸) تفسیر : تعبیر : رائے : معنی (جو سمجھے جائیں) ۔ (۹) طریقۂ ادا : طریقۂ تمثیل (ڈراما کے کسی کیرکٹر کے پارٹ کا) ۔ (۱۰) صلاحیت خواندگی : ادبی واقفیت : اسکالر شپ : پڑھنے کی صلاحیت : خواندگی کا فن یا ہنر ۔ (۱۱) خواندگی (به آواز بلند) : وہ حصہ جو ایک وقت میں پڑھا جائے ۔(۱۲) عبارت کے کسی خاص ٹکڑے

تکلف ؛ سہل ؛ آسان ؛ بر وقت ۔ (۴) برجستہ؛ بر عمل ؛ بر وقت ؛ بلا تاخیر ؛ فوری ۔ (۵) حاضر ؛ مہیّا ؛ میسر ؛ موجود ؛ بنا بنایا ؛ تیار ؛ دسترس میں ۔ (۶) اغلب ؛ قرین قیاس ؛ بہت ممکن ۔ (۷) (دماغ یا دماغی قوت) ادراک ؛ عقل مند ؛ باریک ؛ تیز نظر ۔ (۸) (خصوصاً) مناسب طور پر ملبوس ؛ سج دھج ۔ (۹) (فوج ، جہاز رانی) حکم کا لفظ ؛ کمانڈ کا لفظ ۔ (۱۰) (تقریر و تحریر میں) تیز ؛ چست ؛ روانی ۔ (۱۱) تیزی سے اظہار خیال کرنے والا ؛ مستعدی کے ساتھ اظہار خیال کرنے والا ۔ (۱۲) تیز عمل ؛ جلدی سے ؛ فوراً ۔ (۱۳) جلدی استفادے کے لائق ؛ ممکن الحصول ؛ کرنسی کی طرح جلدی استعمال کے قابل ؛ سکّے کی شکل کا ۔ (۱۴) آسانی سے اور جلدی مقام بنانے والا ؛ جگہ لینے والا (آسانی سے) ۔ (۱۵) طریقہ ؛ ذریعہ ۔

To make ready : تیار ہونا یا کرنا ۔

Readily دیکھو

Ready : (adv.)

Ready : (n) (۱) (سکہ) زر نقد ؛ زر دام ؛ نقدی ؛ نوٹ وغیرہ؛ سکّہ ؛ (عامیانہ ، بول چال) ۔ (۲) پراگندے پر ہاتھ: بندو ق بدستی ۔

Ready : (v) (۱) تیار ہونا ؛ تیار کرنا ؛ کسی چیز کو تیار کرنا ؛ اپنے آپ کو تیا رکرنا ؛ ترتیب سے رکھنا ۔ (۲) (گھڑ دوڑ ، عامیانہ) کسی گھوڑے کو جیتنے سے روکنا ؛ چالاکی سے ہروا دینا ؛ خاص کر کے ہروا دینا (گھوڑے کو دوڑ میں تاکہ دوسری دوڑ میں معقول رعایت ملے)۔

Ready box : (n) وہ صندوق جس میں گولی وغیرہ (بندوق کی) رکھتے ہیں ۔

Ready-made : (a) (۱) تیار ؛ بنا بنایا۔ (۲) بنا بنایا سامان ؛ مکمل حالت میں ؛ مکمل ؛ استعمال کے لئے تیا رشدہ ؛ اب خصوصاً بنے ہوئے سامان کے لئے مستعمل ہے ۔ (۳) کوئی بھی تیار ، بنا بنایا سامان کا یا اُس سے متعلق ۔

Ready-made : (n) بنا بنایا سامان خصوصاً تیار لباس ؛ بنا بنایا لباس۔

Ready means : (n) ذرائع ؛طریقہ ۔

Ready mix : (n) مرکب عناصر جو فروخت کے لئے تیار ہو ۔

Ready money : (n) (۱) زر نقد ؛ نقدی ؛ سکّہ ؛ نوٹ وغیرہ ؛ (معاشیات) نقدی ؛ روک ۔ (۲) نقد ادائی ۔

Ready print : (n) اخباری سائز کا کاغذ جس کے اندرونی صفحات پر فیچر ، اشتہارات وغیرہ چھپے ہوئے رہتے ہیں ۔

کی ہیئت یا شکل ؛ عبارت کے کسی خاص ٹکڑے میں استعمال ہونے والے حقیقی الفاظ ۔ (۱۳) پڑھنے کی چیز (معیار یا قسم کے اعتبار سے) ۔ (۱۴) مطالعہ کے لائق ؛ جس کا پڑھنا ضروری ہو ؛ خصوصاً تعلیمی آلات کے اشارے کے لئے ؛ کسی آلہ کے ذریعہ مخصوص اعداد کو بتانا ۔ (۱۵) عوامی تفریح جس میں حاضرین کو پڑھ کر سنایا جاتا ہو ۔

Various readings : کئی بار پڑھنا ؛ متعدد بار پڑھنا ۔

Reading : (a) بہت زیادہ پڑھنے والا ؛ پڑھاکو ؛ مطالعہ میں مصروف رہنے والا ؛ محنت سے پڑھنے والا ۔

Reading book : (n) رہنمائے مطالعہ کی کتاب ۔

Reading boy : (n) وہ لڑکا جو مطبع کے مصحّح کے سامنے زور سے پڑھتا ہے ۔

Reading chair : (n) ایک خاص قسم کی کرسی جس پر بیٹھ کر پڑھتے ہیں۔

Reading clerk : (n) ایوان قانون ساز کا کلرک جس کا خاص کام بلوں اور دوسرے مسودات کو پڑھنا ہوتا ہے ۔

Reading desk : (n) میز مطالعہ ؛ کتاب چوکی ؛ رحل ۔

Reading glass : (n) مطالعاتی شیشہ ؛ خواندگی کاشیشہ ؛ کلاں نما شیشہ (پڑھنے کے لئے) ۔

Reading habit : (n) (نفسیات) عادت خواندگی ۔

Reading man : (n) (۱) بہت زیادہ پڑھنے والا ؛ پڑھاکو ۔(۲)(خصوصاً برطانیہ) بہت زیادہ پڑھنے والا طالب علم ۔

Reading matter : (n) کسی اخبار یا رسالے کا وہ مستقل کالم جس کو خصوصیت کے ساتھ پڑھا جاتا ہے ۔

Reading microscope : (n) (طبیعیات) خواندگی خردبین ؛ مطالعہ خردبین ۔

Reading room : (n) (۱) (تعمیرات) دارالمطالعہ ؛ مطالعہ کا کمرہ ۔ (۲) (طباعت) پروف خوانوں کا کمرہ ؛ پروف خوانی کا کمرہ ۔

Ready : (a) [Early ME. Re(a)di.] (۱) تیار ؛ لیس ؛ کمر بستہ؛ مستعد ؛ آمادہ ؛ رضا مند ؛ راضی ؛ راغب ؛ مائل ؛ درست؛ ٹھیک ٹھاک ؛ چوکس ؛ زیرک ۔ (۲) تیز ؛ سبک دست ؛ چست ؛ مشاق ؛ منجھا ہوا ؛ ہنرور ؛ با سلیقہ ۔ (۳) بے

حساب نما: حاضر حساب (وہ کتاب جس میں عام کاروبار کے حسابات لگے لگائے تحریر ہوتے ہیں) : (ریاضیات) زود شمار۔ Ready reckoner : (n)

وہ کمرہ جس میں ہوا باز پرواز کے حکم کا انتظار کرتے ہیں۔ Ready room : (n)

(کیمیا) آسان حل پذیری : آسان تحلیل : بلا دقت حل پذیری۔ Ready solubility : (n)

(۱) آسان : ہلکا ۔ (۲) نقد : نقدی۔ Ready to (one's) hand(s) /-hand : (n)

دیکھو Ready-made (n) Ready-to-wear :

(نفسیات) حاضر جواب : طبّاع : ذہین : ہوشیار۔ Ready-written : (a)

قوت ردّ عمل : ردّ عمل : تاثیر پذیر : اثر آفرینی : (کیمیا) تعاملیّت۔ Reagency : (n)

(۱) (کیمیا) موثر : عامل : متعامل شے : کاشفہ : کاشفۂ معرّف۔ (۲) اثر پذیر شے یا قوت : اثر آفرین شے یا قوت۔ (۳) (نفسیات) معمول : جس پر نفسیاتی تجربہ کیا جائے۔ Reagent : (n)

(کلیسائی) وہ دوسری چیتاؤنی جو کسی شخص کو کلیسائی حقوق سے محروم کئے جانے سے پہلے دی جاتی ہے۔ Reaggravation : (n) [med. L. 'Reaggravatio'.]

شوخی آمیز فریب : دست انداز شوخی : شرارت : دل لگی بازی : کلیل۔ Reaks : (n) [Origin unkn.]

(۱) ریال : ایک زر حساب سوا چھ پینس کے برابر (صرف حساب میں استعمال ہوتا ہے ، کوئی سکہ نہیں ہے) ۔ (۲) ہسپانوی دوانّی ، تقریباً ڈھائی پینس کی۔ (۳) عربی ، ایرانی سکّہ۔ Real : (n) [Sp.]

(۱) حقیقی : واقعی : موجود : زندہ : غیر مصنوعی : اصلی : خارجی : سچا : کھرا۔ (۲) طبیعی : صحیح : درست : راست : ٹھیک ۔ (۳) (قانون) (جائداد) غیر منقولہ : (مال) غیر منقولہ یا اصلی جائداد : حقیقی جائداد : حقیقی جائداد سے متعلق۔ (۴) (فلسفہ) موجود (بالذت) : واقعی : حقیقی (ممکن اور واجب کی ضد) ۔ (۵) (ریاضیات) حقیقی : اصلی۔ (۶) حقیقی (حالت) : اصلی (کیفیت) : حقیقی (بنیاد) : حقیقی (واقعہ) ۔ (۷) غیر مشکوک : غیر ظنّی : غیر مفروضہ : غیر زبانی : غیر رسمی ۔ (۸) احساسات و جذبات سے آزاد : غیر جذباتی : غیر محسوس۔ Real : (a) [OFr. 'Real, Reel'.]

(۹) اشیاء کا یا اس سے متعلق ۔ (۱۰) فلسفہ وجودیت کا یا اس سے متعلق ۔ (۱۱) فطرتی : قدرتی : بنیادی ۔ (۱۲) اُجرت جو حقیقی خرید پر مبنی ہے۔

دیکھو Chattel Chattels real :

وجود حقیقی : (فلسفہ) عالم خارجی : حقیقت : موجود (فی الخارج) : محسوس (اشیاء) ۔ The real :

اصلی چیز : حقیقی شے : (نقلی نہیں) (عامیانہ) صحیح چیز : اصلی سامان۔ The real thing :

(۱) در اصل : فی الواقع : اصل میں : صحیح طریقے سے ۔ (۲) دیکھو Really ۔ Real : (adv.)

حقیقی جائداد : حقیقی ذمہ داری : اصل حساب۔ Real account : (n)

قانونی اقدام خصوصاً جائداد کو قبضہ میں لینے کے لئے۔ Real action : (n)

حقیقی لاگت۔ Real cost : (n)

حقیقی تعریف : کسی چیز کا خلاصہ : حقیقی بیان۔ Real definition : (n)

وہ جائداد جو مرنے والے کے حقیقی وارثوں میں تقسیم ہوتی ہے : جائداد غیر منقولہ۔ Real estate : (n)

(بصریات) حقیقی شبیہ۔ Real image : (n)

(ریاضیات) عدد حقیقی۔ Real number : (n)

(قانون) جائداد غیر منقولہ۔ Real property : (n)

حقیقی وارث : حقیقی جانشیں۔ Real representative : (n)

منطقی موضوع۔ Real subject : (n)

(کیمیا) لال ہڑتال : ربج احمر : ربج الفار : مینڈھل (ایک قسم کا زہر جو آتش بازی میں کام آتا ہے) : سلفر : آرسینک۔ Realgar : (n) [med. L.]

(۱) (فلسفہ) اشیائے حقیقی : حقائق ۔ (۲) وہ کاروائیاں جو استاد تدریسی اور حقیقی زندگی میں تال میل پیدا کرنے کے لئے کرتا ہے۔ Realia : (n) [L.]

(۱) (فلسفہ) حقیقت : حقیقت کلیّات : وجود کلیات : عقیدۂ وجود : وجودیت (یہ عقیدہ کہ ہر نوع کے کلّی تصورات جنہیں اسمائے کلی ظاہر کرتے ہیں ، خارج میں Realism : (n)

موجود ہیں) : وجودیت مادہ . (۲) عقیدۂ حقیقت مادہ: عقیدۂ شیئیت (یہ عقیدہ کہ مادّی اشیاء کا وجود حقیقی ہے نہ کہ خیالی) . (۳) حقیقت شناسی : حقیقت بینی : حقیقت پسندی (رسمی قیود اور تعصبات سے آزادی) : عملی روش . (۴) حقیقت نگاری : اصلیت نگاری (ادب ، صنّاعی میں) .

Humanistic realism : (فلسفہ) اِنسانی حقیقت .

Realist : (n) (۱) (فلسفہ) قائل حقیقت : حقیقت مادہ کا قائل : شیئیت پسند . (۲) حقیقت پسند : حقیقت میں : عملی روش رکھنے والا . (۳) حقیقت نگار (مصنف یا آرٹسٹ) .

Realist : (a) وجودی : حقیقت کا قائل یا اُس سے متعلق : حقیقت بیں سے متعلق .

Realistic : (a) (۱)حقیقت نگار جیسا : حقیقت پسندانہ : عملی. (۲) وجودیت کا: شیئیت پسندانہ . (۳) مطابق حقیقت : ہو بہو : صحیح : حقیقت نگارانہ .

Realistic instruction : (n) (تعمیرات) حقیقی تدریب .

Realistically : (adv.) حقیقت نگارانہ : ہو بہو : مطابق اصل .

Reality : (n) [med. L. 'Realitas'.] (۱) حقیقت : اصلیت : واقعیت : سچائی : خارجیت : شیئیت . (۲) حقیقت نمائی : اصل سے مطابقت : اصلیت . (۳) حقیقت : وجود حقیقی : اصلیت : اصالت وجود . (۴) محسوس یا موجود شے : واقعی شے : خرجی شے : موجودات عالم واقعی یا خارجی . (۵) ماہیت : اصلیت : فطرت اصلی . (۶)اصلیت نگارش .

Reality feeling : (n) (نفسیات) احساس حقیقت .

Reality principle : (n) اصول حقیقت : اصول جو عظیم اور درس مقاصد کے رجحان پر مبنی ہو تاکہ طبعی ماحول کی ضرورتیں (جیسے مسرت وغیرہ) پوری ہو سکیں .

Realizability: (n) عمل پذیری : حصول پذیری .

Realizable : (a) (۱) حقیقی ہونے کے لائق : عمل پذیر : پورا ہونے والا. (۲) تصور پذیر : جو عمل میں لایا جاسکے یا پوری طرح ذہن نشین ہو سکے : فروخت پذیر : قابل حصول : قابل وصول .

Realization : (n) (۱) حصول : عمل پذیری : تصور پذیری : قیمت یابی. (۲) (نفسیات) تحقّق : درک (معاشیات) وصولی . (۳)حقیقی ہونے کا عمل : حقیقی بنانا .

Self-realization : (نفسیات) درک ذات : تحقّق ذات .

Realize : (v) (۱) (کسی امید یا منصوبے کا) عمل میں لانا : عملی جامہ پہنانا : کر دیکھنا : حقیقی بنانا : بروئے کار لانا : پورا کرنا : واقعیت کا رنگ پیدا کرنا : حقیقت کو دکھانا : حقیقت میں تبدیل کرنا : ہو بہو نقشہ کھینچ دینا : پوری طرح سمجھنا : پورا اندازہ کرنا : ذہن نشیں ہونا : حقیقت میں بدل دینا : بالقوی کو بالفعل کرنا یا بنانا . (۲) (جائداد ، تمسکات وغیرہ کو) بیچ کر روپیہ کھڑا کرنا . (۳)(دولت) سمیٹنا : (روپیہ) بٹورنا : جمع کرنا: (نفع) حاصل کرنا : فراہم کرنا : کمانا : وصول کرنا . (۴) مول پانا : (کسی خاص) قیمت پر اُٹھانا : بکنا . (۵)(خیال کو) حقیقت بنانا : حقیقی بنا کر پیش کرنا. (۶) گرفت میں لینا یا سوچنا (مثل حقیقت) : واضح طور پر سمجھنا یا اخذ کرنا : باخبر ہونا . (۷) (امریکا) (کسی چیز کا) واقعی تجربہ رکھنا . (۸) جنس کو نقد میں تبدیل کرنا . (۹) (تجارت ، فروخت وغیرہ کے ذریعہ) روپیہ حاصل کرنا یا بنانا .

Realizer : (n) وصول کرنے والا : حاصل کرنے والا : سمجھنے والا : حقیقت پسند .

Realizing : (a) با خبری .

Realizingly : (adv.) آگاہی کے ساتھ : سمجھنے کے طور پر : حاصل کرتے ہوئے .

Really : (adv.) (۱) در اصل : فی الواقع : اصل میں : صحیح طریقے سے . (۲) حقیقتاً : بالیقین : سچ مچ : میں سچ کہتا ہوں : دیکھو میں کہے دیتا ہوں : بلا شبہ : بلا شک : بیشک . (۳) (استفہام میں) کیا واقعی : سچ مچ .

Realm : (n) [OF. 'Realme'.] (۱) مملکت : کشور : ملک : ممالک محروسہ حکمرو . (۲) دائرہ : حلقہ : میدان : اقلیم : دنیا (ادب و علم وغیرہ کی) . (۳) سلطنت خداوندی : سلطنت ماوری . (۴) صوبہ : ریاست : کالونی : علاقہ . (۵)روئے زمین کی ابتدائی تقسیم (جغرافیہ حیوان کی بنیاد پر) .

Realmless : (a) بے ملک : بے سلطنت : محروم سلطنت .

Realpolitick : (n) [G.] (۱) (سیاسیات) سیاستِ اصلی : عملی سیاست : وہ سیاست جو عمل اور مادی اسباب پر مبنی ہو . (۲) وہ سیاست جو خود مقصود بالذات ہو : سیاست برائے سیاست .

Realtor : (n) [f. Realty+ -or.] (امریکا) دلّال : دلّال جائداد : جائداد کا ایجنٹ .

Realty : (n) (قانون) عقار : جائداد غیر منقولہ ۔

Ream : (n) [Late ME. 'Rem.'] ریم (کاغذ کا) رزمہ : گٹھیا (کاغذ) ۔

Printer's ream : (n) رزمۂ کاتبان ۔

Ream : (v) (۱) (خصوصاً اسکاتستانی) جھاگ لانا : کف نکالنا : پھینکنا: کف جمع کرنا ۔ (۲) مکھن الگ کرنا (دودھ سے): بالائی نکالنا : بالائی اُتارنا : بالائی نکالا ہوا ہونا ۔

Ream/ Reem : (v) [Origin obsc.] (۱) چوڑانا : چوڑا کرنا (سوراخ کو) برمانا ۔ (۲) الٹنا : لوٹانا : مڑوری دینا (کارتوس کے صندوق وغیرہ کے کنارے کو) ۔ (۳) (جہاز رانی) (جہاز کی) درز کھولنا (تا کہ رال وغیرہ بھر کر بند کر دیں) ۔ (۴) دھوکا دینا : آنکھوں میں دھول جھونکنا ۔

Reamer : (n) چھدیا : برما : روزن کشا : دھات برما ۔

Reanimate : (v) (۱) تازہ جان ڈالنا : احیاء کرنا : دوبارہ جلانا : پھر سے زندہ ہونا : دوبارہ زندگی پانا ۔ (۲) از سرنو پیدا کرنا : تازہ دم ہونا یا کرنا : نئی روح پھونکنا : دوبارہ مائل کرنا : ہوش میں آنا ۔

Reanimation : (n) احیاء : حیات ثانی : ہمت افزونی : تازہ دمی : تازگی : رونق ۔

Reanchor : (v) دوبارہ لنگر انداز ہونا : پھر سے لنگر ڈالنا ۔

Reannex : (v) دوبارہ ملحق کرنا : از سر نو نتھی کرنا ۔

Reap : (n) [OE. 'Reapa'.] غلّے کا گٹھر : پودے کا گٹھا یا پولی : گٹھا بھر پودا ۔

Reap : (v) [OE.'Ripan'.] (۱) فصل کا کاٹنا : غلّہ کا جمع کرنا : دور کرنا : اٹھانا : فائدہ اٹھانا : نفع حاصل کرنا ۔ (۲) پھول کے پودے کو دیدہ زیبی کے لئے کاٹنا چھانٹنا : قطع و برید کرنا ۔ (۳) (کئے کا) پھل پانا : (نتیجہ) بھگتنا ۔

To reap as one has sown : جیسا کرنا ویسا بھرنا : کئے کا پھل پانا ۔

To reap the fruite of : پھل پانا : (نتیجہ) بھگتنا ۔

To reap where one has not sown : دوسرے کی محنت سے فائدہ اٹھانا ۔

Reaper : (n) (۱) فصل کاٹنے والا : کسان : فصل کاٹنے کی مشین ۔ (۲) مشین دَرُد : حصّادہ ۔ (۳) (زراعت) حاصد : ہنسیا :

درانتی ۔

Reaping : (n) کٹائی ۔

Reaping hook : (n) ہنسوا : ہنسیا : درانتی ۔

Reaping machine : (n) فصل کاٹنے کی مشین : حصّادہ ۔

Rear : (n) [Aphetic f. 'Arrear'.] (۱) (فوج یا بیڑے کا) عقب : دنبالہ (لشکر) : فوج کی وہ ڈویژن جو سب سے آخر میں جاتی ہے ۔ (۲) پشت : پچھواڑا : پچھلا حصہ: پچھایا ۔ (۳) (روز مرہ) پنجانہ : بیت الخلا ۔

Front and rear : آگے پیچھے ۔

In one's rear / On - : کسی کے پیچھے ، پیچھے ۔

In the rear : فوج کے عقب میں : پیچھے : پشت پر ۔

To bring up the rear /-closs - : سب سے پیچھے ہونا : سب سے آخر میں ہونا ۔

To hang one one's rear : نزدیک سے تعاقب کرنا (حملہ یا ڈرانے کی نیت سے) ۔

To take enemy in rear : دشمن پر پشت کی طرف سے حملہ کرنا ۔

Rear : (a) [OE. 'Hrer'.] ادھ کچرا : نیم پختہ : آدھا پکاہوا (پہلے صرف انڈے کے لئے استعمال ہوتا تھا) ۔

Rear : (v) [OE. 'Raeran'.] (۱) اٹھانا : سیدھا کرنا : قائم کرنا : سیدھا کھڑا کرنا : استادہ کرنا : اونچا اٹھانا : بلند کرنا : اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا : اوپر اٹھانا ۔ (۲) پالنا : پرورش کرنا: پروان چڑھانا : تربیت دینا : تیار کرنا : تعلیم و تربیت دینا : افزائش نسل کرانا ۔ (۳) کاشت کرنا : اُگانا ۔ (۴) (گھوڑے کا) الف ہونا : چراغ پا ہونا : دو پاؤں پر کھڑے ہوجانا ۔ (۵) بستر سے اُٹھنا یا اُٹھانا :نیند سے جگانا ۔ (۶) جانور وغیرہ کی پرورش و پرداخت کرنا : اُٹھانا : کسی آدمی کو پال پوس کر بڑا کرنا ۔ (۷) مینار بنانا ۔ (۸) نظروں میں آنا : ظاہر ہونا : نمودار ہونا : نگاہیں اونچی کرنا : نظر اُٹھانا ۔

Rear- : سابقہ بمعنی عقب : عقبی : بعد از وغیرہ ۔

Rear-admiral : (n) نائب امیرالبحر سے نیچے کا افسر : فیلنگ افسر (بحریہ کا) ۔

Rear-arch/ Rere- : (تعمیرات) پیش محراب : اندرونی محراب .

Rear axle : (n) (میکانیات) پچھلا دُھرا .

Rear end : (a) پچھلا حصہ : عقب .

Rear-guard : (n) [OFr. 'Rereguarde'.] فوج ساقہ: مواخر الجیش : سپاہ عقب : عقب دار فوجی ٹکڑی : چنڈاول : پچھاڑی : فوج کی وہ ٹکڑی جو اصل فوج کے پیچھے پیچھے چلتی ہے تاکہ چھوٹے ہوئے سامان وغیرہ اٹھاتی جائے .

Rear-horse : (n) (تشریح) دیکھو Mantis

Rear-lamp/-light : (n) وہ روشنی جو گاڑیوں کے پچھلے حصے میں ہوتی ہے : عقبی روشنی .

Rear-vassal /Rere- : (n) (تعمیرات) لداؤ : کمانچہ (اندر باہر کی کمانوں کی قبہ دار چھت) .

Rear-view mirror : (n) عقب نما آئینہ یاوہ آئینہ جس کے ذریعہ ڈرائیور پیچھے کی چیزوں کو دیکھتا ہے .

Rearer : (n) [Late . ME.] الف ہونے والا (گھوڑا): پچھلے دونوں پیروں پر کھڑا ہونے والا .

Rearmost : (a) سب سے پچھلا : آخری : آخر ترین : عقبی : عقب میں .

Rearmouse/ Reremouse : (n) [OE. 'Hreremus'.] چمگادڑ .

Rearparty : (n) (فوج) پُشتاول .

Rearward : (n) [AF. 'Rerewarde'.] پچھلا حصہ : عقب .

In the rearward /At - : پیچھے : عقب میں .

In the rearward of : دیکھو In the rearward

Rearward : (a) عقبی : عقب دار : عقب میں واقع : پچھلا : عقب رویہ .

Rearward : (adv.) پیچھے کی طرف :پس ماندہ : جانب عقب .

Rearwards : (adv.) دیکھو Rearward

Reason : (n) [ME. 'Res(o)un'.] (۱) وجہ : سبب : دلیل : حجت : علت : باعث : استدلال : برہان . (۲) (منطق) صغری یا کبری (خصوصاً صغریٰ): (فلسفہ)بنلہ : سبب : علت : وجوہ . (۳) (نفسیات) عقل : نفس ناطقہ : فہم : ادراک : شعور : تعقل : خرد : نطق . (۴) عقل کا : جوہر کل .

(۵)(کانٹ کے فلسفے میں) عقل محض. (۶) (نفسیات) ہوش : صحت دماغ : عقیدہ: ذہانت . (۷) سمجھ بوجھ : ہوش مندی : (فلسفہ) معقولیت . (۸) کاروائی : حالت : واقعہ . (۹) غور و خوض : رجحان : خواہش : فیصلہ . (۱۰) (ریاضیات) دیکھو Ratio .

A woman's reason : خود قول کو منزلۂ دلیل سمجھنا .

By reason of : وجہ سے : سبب سے .

By reason (that) : اس وجہ سے : اس سبب سے : اس دلیل سے .

In all reason : دلیلوں کے عین مطابق : بوجوہ کلی .

In reason : معقول : مناسب .

It is no reason/-not - : یہ دلیل نہیں ہے: یہ وجہ نہیں ہے .

It is reason/ Reason is (also with good great) : وجہ یہ ہے : دلیل یہ ہے .

It stands to reason : یہ بات قرین عقل ہے : یہ بات سمجھ میں آتی ہے .

Out of all reason : تمام دلائل سے بالاتر : عقل و ادراک سے پرے .

There is (good etc.) reason : معقول وجہ موجود ہے : جواز موجود ہے .

To bring to reason : کسی معاملہ کو معقول دلیلوں سے مدلل بنا دینا : یہ ثابت کر دینا کہ مخالفت بیکار ہے .

To do (one) reason : اطمینان بخش ہونا : انصاف کرنا .

To give yield reason /-render(a)- : (کسی کام یا رویہ کی) وجہ بتانا : جواز پیش کرنا : دلیل دینا .

To have reason for /- to do : (کسی چیز کے لئے) جواز رکھنا .

To hear reason /-listen - / -speak -: بات مان لینا : راضی ہو جانا (سمجھانے سے) .

To see reason (to do something) : (کچھ کرنے کے لئے) سبب تلاش کرنا : جواز ڈھونڈنا .

Without reason/With- : بالوجہ یا بلا وجہ ؛ بادلیل یا بلا دلیل ؛ بجا یا بے جا طور پر ۔

Reason : (v) [OF. 'Raisoner'.] (۱) سمجھانا بجھانا ؛ قائل کرنا ؛ بحث کرنا ؛ محبت کرنا ۔ (۲) استدلال کرنا ؛ منطقی حیثیت سے نتیجہ نکالنا ؛ غور و فکر کر نا ؛ عقل آرائی کرنا ؛ منطقی انداز میں سوچنا ۔ (۳)چون و چرا کرنا ؛ قیل و قال کرنا ؛ توجیہ کرنا ؛ علت غائی یا حقیقت پر غور کرنا ۔ (۴) نتیجہ اخذ کرنا ؛ دلیل پیش کرنا ؛ دلیلوں سے واضح کرنا ۔ (۵) مدلل کرنا ؛ موجّہ بنانا ؛ منطقی صورت میں ڈھالنا ۔ (۶) قائل کرنا ؛منوانا ؛ دلیلوں سے شکست دینا ۔ (۷) انجام سوچنا ؛ مآل سوچنا ؛ نتائج پر غور کرنا ۔ (۸)سوال کرنا ؛ رد و قدح کرنا ؛ پخ نکالنا ۔

Reason of state : (n) ملکی مصلحت (خصوصاً ناجائز کاروائی کی) ؛ سرکاری سیاسی اقدام ۔

Reasonable : (a) [Mod. F.'Reasonable'.] (۱) معقول ؛ معقول پسند؛ صائب الرائے ؛ سلجھا ہوا ؛ سمجھ دار ؛ اعتدال پسند ؛ انصاف پسند ۔ (۲) معقول (مہمل کی ضد) ؛ سننا ؛ واجبی ۔ (۳) مناسب؛ ٹھیک ٹھیک سننا ؛ واجبی ؛ مناسب۔

Reasonable : (adv.) معقولیت ؛ معقولانہ ؛ معقول حد تک ؛ مناسب طور پر ؛ معقولیت سے ؛ بہ طور معقول ۔

Reasonable care : (n) مناسب دیکھ بھال ۔

Reasonable chance : (n) خاصا امکان ۔

Reasonable compensation : (n) (معاشیات) مناسب معاوضہ ۔

Reasonable doubt : (n) معقول شک ۔

Reasonableness : (n) معقولیت ؛ معقول پسندی ؛ اصابت رائے ؛ اعتدال۔

Reasonably : (adv.) دیکھو Reasonable

Reasoned : (a) مدلل ؛ معقول ۔

Reasoner : (n) دلیل لانے والا ؛ استدلال کرنے والا ۔

Reasoning : (n) [Late. ME.] دلیل ؛ سبب ؛ استدلال ؛ تعقل ؛ (فلسفہ) بحث ؛ مباحثہ ۔

Probable Reasoning : (فلسفہ) استدلال احتمال ۔

Reasoning by analogy : (n) (منطق) استدلال تمثیلی ۔

Reasoning power : (n) قوتِ استدلال ۔

Reasoning test : (n) (نفسیات) استدلال امتحان ۔

Reasonless : (a) بے دلیل ؛ غیر معقول ؛ غیر مناسب ؛ بے شعور ؛ غیر منطقی ۔

Reasonlessly : (adv.) غیر معقولانہ ؛ غیر مناسب طور پر ۔

Reasonlessness : (n) غیر معقولیت ۔

Reasty : (a) دیکھو Rancid

Reata : دیکھو Lariat

Reaumer : (n) رومر (مقیاس الحرارت کے مواد کا نام جو اس مقیاس الحرارت کے درجوں کے ساتھ تحریر ہوتا ہے) ۔

Reaumer scale : (n) (طبیعیات) پیمانۂ رومر ۔

Reave : (v) [OE. 'Reafian'.] (۱) بربادی کرنا ؛ غارت گری کرنا ؛ تباہ کرنا ؛ تاختو تاراج کرنا ۔ (۲) اینٹھ لینا ؛ چھین لینا ؛ جبراً لے جانا ؛ اڑا لانا ؛ اچک لینا ؛ زبردستی چھین لینا ؛ غبن کرنا ۔ (۳) چھین لینا (زندگی ، چین و سکون اور بینائی وغیرہ) ۔ (۴) چھین لینا ؛ چھین کر بھاگ جانا (کسی شخص کو دوسرے شخص سے) ۔ (۵) زمین سے آسمان پر لے جانا ؛ آسمان پر لے جانا ؛ اس روئے زمین یا جہاں سے لے جانا ۔

Reave : (v) [Pa. t. and pa. ppb. reft] (بول چال) پھاڑنا ؛ چیر پھاڑ ڈالنا ؛ پارہ پارہ کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

Reaver/Reiver : (n) تباہ کن ؛ غارت گر ؛ لٹیرا ؛ چھین لینے والا ۔

Rebab : (n) [Ar. 'Rebab'.] رُباب ؛ دور متوسط میں عربوں کا ایک آلۂ موسیقی ۔

Rebate : (n) کمی ؛ فہمائی ؛ مجرائی ؛ کسر ؛ کٹوتی ؛ بٹّا ؛ چھوٹ ؛ (وہ رقم جو واجب الادا میں سے وضع کر لی جائے)؛ نیز دوبارہ ادائیگی ۔

Rebate : (n) [Respelling of Rabbet.] (۱) دیکھو Rabbet ۔ (۲) (انجینیئرنگ) پتام ؛ پانام ۔

Rebate : (v) [OFr. 'Rabattre'.] (۱) (قدیم) اثر گھٹانا ؛ طاقت گھٹانا ؛ کمزور کرنا ؛ کم کرنا ۔ (۲) کند کرنا ؛ سست کرنا ؛ دھیما کرنا ۔ (۳) (نقابت) کسی تمغے کے خاص حصے کو گھٹانا یا کم کردینا ؛ تمغے کے کسی خاص نقطے کو ختم کر دینا ۔

Rebate : (v) [Later spelling of Rabbet.] (۱) چول بٹھانا : چوکٹھا جمانا : لمبی چول یا لمبا کٹاؤ بنانا ۔ (۲) چول سے چول ملانا ۔

Rebateplane : (n) دیکھو Rabbet : پتام ساز رندہ ۔

Rebater : (n) گھٹانے والا : کم کرنے والا : سست کرنے والا : دھیما کرنے والا ۔

Rebeck : (n) [Arab. 'Rebab'.] (اب صرف تاریخ اور شاعری) رُباب : ستار (عہد وسطیٰ کا چو تارا) ۔

Rebel : (a) [L. 'Rebellis'.] (۱) باغی : نا فرمان : سرکش : منحرف : حکومت کے خلاف ہتھیار اٹھانے والا : متمرد : بے قابو ۔ (۲) باغیوں کا یا اس سے متعلق : باغیانہ : سر کشانہ ۔ (۳) مسلح مزاحمت کرنے والا ۔

Rebel : (n) (۱) باغی : نافرمان : حکومت کے خلاف بغاوت کرنے والا : مزاحم ۔ (۲) (قانون) (اسکاتستانی) عدالت یا عدالتی کاروائی اور حکم کی خلاف ورزی کرنے والا : کسی بھی حاکم سے مزاحمت کرنے والا : حکم عدولی کرنے والا ۔

Rebel : (v) [F. 'Rebeller'.] (۱) حکومت کی مخالفت کرنا : حکومت کے خلاف مسلح مزاحمت کرنا : ہتھیار اٹھانا ۔ (۲) نافرمانی کرنا : مخالفت کرنا : مزاحمت کرنا : بغاوت : سرکشی یا انحراف کرنا ۔ (۳) مزاحمت کی پیش کش کرنا : مخالفت کو ظاہر کرنا ۔ (۴) گھن کھانا : نفرت یا ابا کرنا (کسی رسم وغیرہ سے) ۔

Rebeldom : (n) (۱) باغیوں کا علاقہ ۔ (۲) باغیانہ اطوار ۔

Rebellion : (n) [F. 'Rebellion'.] (۱) کسی حکمران یا حکومت کے خلاف منظم ، مسلح مزاحمت ۔ (۲) انحراف : بغاوت : طغیان : تمرد : سرکشی : شورش ۔ (۳) (قانون) عدالت یا عدالتی کاروائی یا حکم کی نافرمانی ۔ (۴) کسی بھی حاکم کی کھلم کھلا خلاف ورزی ۔ (۵) علی الاعلان مخالفت یا مزاحمت : کھلم کھلا مقابلہ (کسی مسلحہ قوت سے) ۔

The great Rebellion : (۱) ۱۶۴۲ء سے ۱۶۴۹ء تک کی خانہ جنگی اور دولت مشترکہ کی حکومت ۱۶۴۹ء سے ۱۶۶۰ء تک ۔ (۲) خدا کی توہین اور والدین کی نافرمانی۔

Rebellious : (a) [f. L. 'Rebellis'.] (۱) باغی : سرکش : نافرمانی : آمادۂ بغاوت : بے قابو : متمرد ۔ (۲) کسی باغیوں کی جماعت کا رکن ۔ (۳) باغی یا باغیوں کی خصوصیات (بغاوت کی وجہ) ۔ (۴) مزاحمانہ : معاندانہ : باغیانہ ۔ (۵) (مرض) عسیر العلاج : موذی : مہلک : قابو سے باہر ۔

Rebelliously : (adv.) باغیانہ طریقے سے : مزاحمانہ طور پر ۔

Rebelliousness : (n) (۱) بغاوت : مزاحمت : سرکشی : گردن کشی : باغی پن : بغاوت آمادگی : تمرد ۔ (۲) عسیرالعلاجی : موذی پن ۔

Rebellow : (v) [L. 'Reboare'.] صدائے باز گشت دینا : زور سے گونجنا ۔

Rebelly : (a) دیکھو Rebellious

Reboant : (a) [L. 'Reboans'.] (شعر) گونجتا ہوا : زور سے گونجنے والا ۔

Reboantic : (a) دیکھو Reboant

Rebuff : (n) [Fr. 'Rebuffer'.] (۱) جھڑکی : ڈانٹ : بے التفاتی : دتکار ۔ (۲) انکار : تردید : روک : رکاوٹ ۔ (۳) رد احسان : دفع : برگشت : محرومیت : عدول ۔

Rebuff : (v) [F. 'Rebuffer'.] جھڑک دینا : ٹھکرا دینا : دتکار دینا : روک دینا : پس پشت ڈال دینا : رد احسان کرنا : محروم کرنا : محروم ہونا ۔

Rebuke : (n) [f. next.] تنبیہ : سرزنش : توبیخ : ملامت : چشم نمائی : تادیب : زجر و توبیخ ۔

Rebuke : (v) [OFr. 'Rebuchier'.] تنبیہ کرنا : سرزنش کرنا : ملامت کرنا : زجر و توبیخ کرنا : متہم کرنا : الزام عائد کرنا ۔

Rebukeful : (a) پُر از سرزنش : پُر از ملامت ۔

Rebukefully : (adv.) از روئے ملامت ۔

Rebukeness : (n) تنبیہ : ملامت : سرزنش ۔

Rebuker : (n) تنبیہ کرنے والا : ملامت کرنے والا ۔

Rebus : (n) [Fr. 'Rebus'.] حرف معما : تصویر معما : نقش معما : تصویری حرف یا نام : معمائے شکلی ۔

Rebus : (v) تصویر معما بنانا : معمائے شکلی بنانا : تصویروں میں نام وغیرہ لکھنا ۔

Rebut : (v) [AFr. 'Reboater'.] (۱) پیچھے ٹھکیلنا : پھرنا : پلٹنا : پیچھے ہٹانا : الٹنا : رد کرنا : روکنا ۔ (۲) تردید کرنا : ابطال کرنا : غلط ثابت کرنا : جھٹلانا : مخالفت کرنا ۔ (۳) (قانون) جوابی دلائل و شواہد سے رد کر دینا :

غلط ثابت کر دینا ؛ جھوٹ کا پول کھول دینا ۔

Rebutment : (n) دیکھو Rebuttal

Rebuttable : (a) تردید کے قابل ؛ لائق تردید ۔

Rebuttal : (n) تردید ؛ ابطال ؛ تکذیب ؛ رد ؛ (قانون) ابطال دعویٰ ؛ ردّ دعویٰ ۔

Rebutter : (n) [AF. 'Rebuter'.] (قانون) ابطال دعوی ؛ رد دعویٰ ؛ تردید ؛ ابطال ۔

Recado : (n) [Pg. 'Recado'.] (جنوبی امریکا کا) زین ؛ کاٹھی ۔

Recalcitrance : (n) انحراف ؛ سر تابی ؛ ضدی پن ؛ کٹھ حجتی ؛ تمرد ۔

Recalcitrant : (a) [L. 'Recalcitrare'.] نافرمان ؛ سرکش ؛ تمرد ؛ ضدی ؛ خود سر ؛ ہٹّی ؛ اڑیل ؛ کٹھ حجّا ۔

Recalcitrant : (n) ضدی آدمی ؛ خود سر آدمی ؛ نافرمان آدمی ۔

Recalcitrate : (v) [L. 'Recalcitrare'.] نافرمانی کرنا ؛ عدول حکمی کرنا ؛ ضد کرنا ؛ اڑنا ؛ ہٹ کرنا ؛ دنتی کرنا ؛ دنتی جھاڑنا ؛ انحراف یا سرتابی کرنا ؛ نہ ماننا ؛ پروا نہ کرنا؛ ٹھکرا دینا ۔

Recalcitration : (n) انحراف ؛ سرتابی ؛ ضدی پن ؛ عدول حکمی ۔

Recant : (v) [L. 'Recantare'.] (۱) توبہ کرنا ؛ باز آنا ؛ دست بردار ہونا (ملحدانہ عقیدے سے) ترک کرنا ؛ چھوڑ دینا ۔ (۲)(عقیدے یا رائے کی) غلطی کا عملی اعتراف کرکے اس سے دست بردار ہونا ۔ (۳) واپس لے لینا (بیان کو)۔

Recantation : (n) (دینیات) توبہ ؛ دست برداری ؛ ترک ؛ دست کشی ؛ انکار ؛ ترک دین ۔

Recanter : (n) توبہ کرنے والا ؛ دست بردار ہونے والا ۔

Recap : Recapitulation کا مخفف ۔

Recapitulate : (v) (۱) عنوانات بیان کردینا ؛ سُرخیاں پڑھ دینا ؛ خلاصہ دہرا دینا ؛ خلاصہ کرنا ؛ مختصر الفاظ میں دہرانا ؛ سرسری دہرانا ؛ دہرانا ۔

Recapitulation : (n) [L. 'Recapitulationem'.] (۱) تلخیص ؛ خلاصۂ بیان ؛ خلاصۂ کلام ۔ (۲) باز خوانی ؛ تکرار ؛ اعادہ ۔ (۳) (حیوانیات) جنین کی نشو و نما میں مدارج ارتقا کا اعادہ ؛ استرجاع ؛ اعادہ ۔

(حیوانیات) قانونِ استرجاع ۔ : Law of recapitulation

Recapitulation theory : (n) نظریۂ استرجاع ؛ یہ نظریہ کہ جنین کی نشو و نما میں مدارج کا اعادہ ہوتا ہے ۔

Recapitulationist : (n) نظریۂ استرجاع کا ماننے والا ۔

Recapitulative : (a) اعادے کا؛ اجمالی ؛ تلخیص ؛ سرسری ۔

Recapitulatively : (a) بطور اعادہ ؛ اجمالی طور پر ؛ سرسری اعتبار سے ۔

Recapitulator : (a) دیکھو Recapitulative

Recapitulatory : (a) دیکھو Recapitulative

Recappable : (a) مختصر کرکے بیان کرنے کے لائق ؛ خلاصہ کرکے بیان کرنے کے لائق ۔

Recapper : (n) خلاصہ کرکے بیان کرنے والا ؛ مختصر کرکے بیان کرنے والا ۔

Recaulescence : (n) (نباتیات) ساق وصل ۔

Recce /Recco /Reccy : Reconnaissance اور Reconnoitre کا مخفف (عامیانہ) ۔

Recede : (v) [L. 'Recedere'.] (۱) پیچھے ہٹنا ؛ سمٹنا ؛ سکڑنا (پیچھے کی طرف) ؛ ہٹ جانا ؛ کھسک جانا ؛ پیچھے کھینچنا ۔ (۲) رفتہ رفتہ پیچھے ہٹنا ؛ بہت پیچھے ہو جانا ؛ بہت دور ہو جانا ؛ دور ہوتے جانا ۔ (۳)ہاتھ کھینچ لینا ؛ دست کش ہونا ؛ باز آنا ؛ چھوڑ بیٹھنا ؛ رجوع کر لینا ؛ سبکدوش ہو جانا ؛ رجعت قہقری کرنا ؛ پلٹنا ؛ پیچھے ہٹنا ۔ (۴) (قیمت یا نوعیت میں) گرنا ؛ کم ہونا ؛ پیچھے ہٹنا ۔ (۵) پچھڑ جانا ؛ (زمانے کی دوڑ میں) پیچھے رہ جانا ۔

Recede : (v) دوبارہ دے دینا ؛ واپس لوٹا دینا (کسی چیز کو اُس کے مالک کی طرف) ۔

Receipt : (n) [Late ME.'Receite'.] (۱) نسخہ ؛ ترکیب ؛ گُر ؛ لٹکا؛ تدبیر ؛ نسخہ (طبیبوں کا) دوا جو نسخے کے مطابق تیار کی جائے ؛ دستور عمل ؛ فارمولا ؛ علاج ؛ وسیلۂ علاج ۔ (۲)(رقم) موصول ؛ وصول شدہ ؛ مداخل ؛ آمدنی ؛ (معاشیات) رسید ؛ وصول ۔ (۳) وصولی ؛ وصول یابی ؛ تحصیل ؛ وصول کرنے کا عمل ؛ عمل وصول ؛ اعلام وصول ۔ (۴) (تحریری) رسید ؛ بھرپائی؛ قبض الوصول ؛ روپے یا سامان کی تحریری قبولیت ۔

(۵) دریافت ؛ وصول ۔ (۶) چیز وصولی ؛ چیز دریافتی۔ (۷) وہ خاص مقام یا آفس جہاں سلطنت یا حکومت کی جانب سے رقم وصول کی جاتی ہے (سرکاری) ریوینیو آفس ؛ کسٹم وصول کرنے کا مقام (مجازاً)۔

Receipt : (v) [OFr. 'Receiter'.] (مجرم کو) چھپانا ؛ پناہ دینا ؛ مہمان بنانا ۔

Receipt : (v) [F. 'Receipt'.] (۱) رسید لکھنا یا چھاپنا ؛ رسید دینا ؛ تحریری طور پر (روپے پانے کا) ثبوت دینا ۔ (۲) وصولی لکھنا ؛ قبول کرنا ؛ تحصیل کرنا ۔

Receipt book : (n) (۱) رسید نسخہ ۔ (۲) رسید بہی ۔

Receipt of the (King's Exchequer) : (n) (تاریخ) ریوینیو آفس ۔

Receiptor : (n) (امریکا) وصول کرنے والا ؛ وہ شخص جس کی تحویل میں کسی خاص غرض سے سامان رکھا جائے ۔

Receivability : (n) قابل وصولی ہونا ۔

Receivable : (a) [AF. 'Receivable'.] قابل وصول ؛ لائق پذیرائی ؛ لائق سماعت (ریڈیائی نشریہ وغیرہ) ۔

Receivelleness : دیکھو Receivability

Receive : (v) [L. 'Reciprere'.] (۱) لینا ؛ پانا ؛ وصول کرنا ؛ قبول کرنا ؛ ملکیت حاصل کرنا ۔ (۲) سہنا ؛ جھیلنا ؛ برداشت کرنا ؛ مقابلہ کرنا ۔ (۳) سمانا ؛ سمائی ہونا ؛ گنجائش ہونا ؛ داخل ہونے دینا ؛ آنے دینا ؛ داخل ہو سکنا ؛ آ سکنا (اندر) ۔ (۴) خیر مقدم کرنا ؛ دعوت کرنا ؛ مہمان بنانا ۔ (۵) بڑھ کر لینا ؛ استقبال کرنا ؛ پیشوائی کرنا ؛ لیتے آنا ۔ (۶) دعوت جلسہ کرنا ۔ (۷) تسلیم کرنا ؛ ماننا ؛ یقین لانا ؛ سچ جاننا ؛ سچ سمجھنا ؛ گواہ کے طور پر قبول کرنا ۔ (۸) ملنا ؛ پانا ؛ حاصل کرنا ؛ میسر آنا ۔ (۹) شریک ہونا ؛ حصہ پانا ۔ (۱۰) جان بوجھ کر قبول کرنا (چوری وغیرہ کا سامان) ۔ (۱۱) توجہ دینا ؛ سننا ؛ سمجھنا ؛ سیکھنا ۔ (۱۲) پناہ دینا ؛ حفاظت کرنا ؛ تحفظ دینا ؛ (خدا کا) اپنی پناہ میں لینا ؛ شریک کرنا ؛ کسی جماعت کا ممبر بنانا ۔ (۱۳) قبول کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ مان لینا ۔ (۱۴) چھین لینا ؛ زبردستی لے لینا ؛ قبضہ کر لینا ۔ (۱۵) مائل ہونا ؛ راہ میں روکنا ؛ مبتلا ہونا ؛ مجروح ہونا ؛ خراب و خستہ ہونا ۔ (۱۷) مقابلہ کرنا ؛ مقابلے پر آنا ؛ مڈبھیر ہونا ؛ طاقت کا استعمال کرنا (مقابلے میں) ۔ (۱۸) کھانا ؛ کھا جانا ؛ منہ میں ڈال لینا ؛ ہضم کر جانا ۔ (۱۹) پکڑنا (گیند وغیرہ کو) ۔ (۲۰) ریڈیائی لہروں کو بدل دینا (اشاریہ میں) ۔ (۲۱) سہارا ہونا ؛ معین و مددگار ہونا ۔ (۲۲) اجازت دینا (کلام کرنے کی) ؛ قریب آنے کی اجازت دینا ؛ حضوری کی اجازت دینا ۔ (۲۳) عشائے ربانی میں شریک ہونا ؛ عشائے ربانی تناول کرنا ؛ عبادت کرنا ؛ عابد ہونا ۔ (۲۴) تعلق قائم کرنا ؛ رشتہ دار سمجھنا ؛ دوستانہ سلوک کرنا ۔ (۲۵) تجربے سے دوچار ہونا ۔ (۲۶) کسی پر قانون مسلط کرنا یا ہونا ۔

Received pronunciation : (n) معیاری تلفظ ؛ قابل قبول تلفظ ۔

Received standard : (n) معتبر معیار ؛ مستند معیار ؛ قابل قبول معیار ۔

Receiver : (n) [AFr. 'Receivous'.] (۱) وصول کرنے والا ؛ قبول کرنے والا ؛ دوسرے کی طرف سے قبول کرنے والا ؛ مجازاً قبول کرنے والا ۔ (۲) خازن ؛ روپیہ وصول کرنے والا ۔ (۳) جائداد کی قدر و قیمت متعین کرنے والا سرکاری افسر ؛ وصول کرنے والا ؛ امین ؛ متولی ۔ (۴) بنکاری کا ایک افسر ۔ (۵) جان بوجھ کر چوری کا سامان لینے یا خریدنے والا ؛ چوری کا مال چھپا رکھنے والا ؛ معین سرقہ ؛ چوری چھپاؤ ؛ گھتیل ۔ (۶) حامل ؛ جوف ؛ ظرف ؛ سوراخ ؛ خلا ؛ جگہ (جس میں کوئی چیز جا سکے) ؛ خصوصاً ٹیلیفون کا وہ آواز سنائی دیتی ہے ؛ آواز گیر ؛ گوش آلہ ؛ مسمع ؛ رسیور ؛ گیرندہ ؛ وصول کنندہ (میکانیات) قابلہ ۔ (۷) تالاب ؛ ذخیرۂ آب ؛ خزانۂ آب ؛ کوئی چیز رکھنے کی گاڑی ۔ (۸) (معماروں کا) ڈھانچ ؛ سانچہ ؛ قالب ۔ (۹) وصول کرنے والے آلے یا مشین کے مختلف پرزے ۔ (۱۰) برقی لہروں اور روؤں کو وصول کرنے والا آلہ ؛ وہ مشین یا آلہ جس پر ریڈیو اور ٹیلیویژن کے اشاروں اور نشریات کو وصول کیا جاتا ہے ؛ لاسکی آلۂ گیرندہ (آواز) ۔

Official receiver : وہ عدالتی افسر جسے جائداد کی قدر و قیمت متعین کرنے یا وصول کرنے کے لئے بحال کیا جاتا ہے ۔

Receiver-general : (n) وہ سرکاری افسر جو عام طور پر لوگوں سے روپیہ وغیرہ وصول کرنے پر متعین ہوتا ہے ۔

Receivership : (n) امین گری ؛ تولیت ، مالیات وغیرہ وصول کرنے والے کا عہدہ یا اُس کا دفتر ۔

Receiving : (n) دریافت ؛ وصول ؛ دریافت کنندہ ؛ وصول کرنے والا ؛ گیرندہ ۔

To be at (on) the receiving end : (۱) مبتلائے مصیبت ہونا ؛ زخمی ہونا ؛ زخم سہنا ؛ تکلیف سے دو چار ہونا ۔ (۲) کسی چیز خصوصاً ناخوشگواری کا) تاثر قبول کرنا ۔

Receiving aerial : (n) (ریڈیو) تحصیلی ہوائیہ ؛ گیرندہ ہوائیہ ۔

Receiving authority : (n) (سیاسیات) حاکمِ وصولی ۔

Receiving blanket : (n) بچوں کا تولیہ ۔

Receiving centre : (n) (ریڈیو) تحصیلی مرکز ۔

Receiving clerk : (n) وصول کرنے والا عملہ ۔

Receiving office room : (n) دفتر وصولی ؛ کمرۂ وصولی ۔

Receiving set : (n) ریڈیو اور ٹیلیویژن کی تشریحوں اور اشاروں کو وصول کرنے والا آلہ ؛ ریڈیو ۔

Receiving yard : (n) ریلوے اسٹیشن کا وہ حصہ جہاں مال گاڑی کھڑی ہوتی ہیں اور ان پر سے مال اتارا جاتا ہے ۔

Recency : (n) تازہ ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ تازگی ؛ تاخر ؛ قریب العہدی ؛ حدوث ؛ (نفسیات) قرب زمانہ ۔

Recense : (v) [L. 'Recensere'.] نظر ثانی کرنا ؛ دوبارہ نظر ڈالنا ؛ پروف پڑھنا ۔

Recension : (n) [L. 'Recensionem'.] (۱) تصحیح ؛ نظر ثانی ؛ تنقیح ؛ تہذیب ؛ کتاب کی نظرثانی ۔ (۲) نسخہ مصححہ ؛ متن مصحح ۔ (۳) تفریظ ؛ ترمیم ؛ ترمیم شدہ کتاب ۔

Recensionist : (n) نظر ثانی کرنے والا ؛ ترمیم کرنے والا ؛ تصحیح کرنے والا ۔

Recent : (a) [L. 'Recent- ,Recens'.] (۱) حالیہ ؛ تازہ ؛ جدید ؛ قریب زمانے کا (ارضیات) عصر جدید ؛ موخر الوجود ۔ (۲) تازہ ایجاد ؛ نو ایجاد ۔ (۳) (شاعری) نو وارد؛ دوسری جگہ سے تازہ آیا ہوا ۔ (۴) انسان کے دور پیدائش سے متعلق ۔

Recently : (adv.) حال میں ؛ قریب زمانے میں ۔

Recentness : (n) تازگی ؛ جدید ؛ جدّت ۔

Recept : (n) (۱) (نفسیات) مُحَصَّلہ ۔ (۲) ذہنی تصویر ؛ دَرکی تصویر ؛ تصویر ذہنی جو پیہم مفاہیم کے اثر سے بنے ؛ وہ عقیدہ جو کسی خاص اثر کے تاثر سے پیدا ہو ۔

Receptacle : (n) [L.'Receptaculum'.] (۱) جوف ؛ ظرف ؛ سوراخ ؛ خلا ؛ جگہ ؛ گھر ؛ خانہ (کسی چیز کا) ۔ (۲) (نباتیات) کرسی ؛ طبق ؛ سریر گل ؛ پھول کی پیندی؛ ظرف ؛ تخم دان ؛ کیسہ ؛ طبق گیاہی (۳) جائے پناہ ۔ (۴) (برقیات) برق پذیر جگہ ؛ جائے شمع برقی ؛ کیسہ ۔

Receptacular : (a) سریری ؛ ظرفی ؛ محتولی ؛ مخزن دار ۔

Receptaculida : (n) [NL.] اسفنج فنجابی کی ایک قسم ۔

Receptaculitidae : (n) دیکھو Receptaculida

Receptaculum : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) کیسہ ؛ مخزن ۔ (۲) (جمع میں) کیسۂ بیض ۔ (۳) دیکھو Receptacle ۔

Receptaculum chyli : (n) (حیوانیات) کیسۂ کیلوس ۔

Receptaculum geminis : (n) (حیوانیات) کیسۂ منی ۔

Reception : (n) [L. 'Receptionem'.] (۱) پذیرائی ؛ استقبال ؛ خیر مقدم ؛ پیشوائی ؛ تقریبی اجتماع ؛ استقبالیہ جلسہ ؛ دعوت استقبال ۔ (۲) وصولی ؛ وصول یابی ؛ قبولیت ؛ اخذ ؛ آمد ۔ (۳) پناہ گیری ؛ پناہ یابی ۔ (۴) دخول ؛ داخلہ ؛ ورود ؛ آمد ۔ (۵) منظوری ؛ تسلیمی ؛ قبولیت؛ اجازت ۔ (۶) (ریڈیو) وصولی تحصیل؛ (نفسیات) درک؛ (سماجیات) استقبالیہ ۔ (۸) دماغی کمزوری ؛ غبابت ۔ (۹) دو سیّاروں کی حقیقت جو دوسرے سیّارے میں معلوم کی جاتی ہے ۔

Reception aerial : (n) (ریڈیو) تحصیلی ہوائیہ ۔

Reception centre : (n) استقبالیہ مرکز ۔

Reception order : (n) پاگل خانے میں داخلے اور رکنے کی اجازت یا حکم ۔

Reception-room : (n) استقبالیہ کمرہ ؛ وہ کمرہ جہاں مہمانوں کا استقبال کیا جائے ۔

Receptionism : (n) یہ نظریہ کہ عشائے ربانی کی نان و شراب میں کسی قسم کا تغیر نہیں ہوتا لیکن کھانے والے کو حضرت عیسیٰؑ کا جسم و خون حاصل ہوتا ہے ۔

Receptionist : (n) (۱) Receptionism کے نظریہ کا حامی یا معتقد ۔ (۲) استقبال کرنے والا ؛ تجارتی اداروں کا وہ ملازم جسے لوگوں کا استقبال کرنے کے لئے بحال کیا جاتا ہے ۔ (۳) فوٹو گرافر اور دندان ساز کے یہاں گاہکوں کا استقبال کرنے والا ملازم ۔

Receptive : (a) [med. L. 'Receptivus'.] (۱) اخذ کرنے والا خصوصاً خیالات ، مشورے وغیرہ کو جلد قبول کرنے

والا : تاثر پذیر ۔ (۲) (نباتیات) ادخالی : اخذ ؛ (نفسیات) اخذ : مدرک : پذیرا ۔ (۳) استقبال وغیرہ سے متعلق ۔ (۴) اثر پذیر (حواس خمسہ) ۔ (۵)مرد کو قبول کرنے کے لئے تیار (عورت) : مرد کی خواہش مند (عورت) : نر کی ضرورت مند : عورتوں کی تولیدی خلیے کا مقام جہاں مرد کا صنفی تخم داخل ہوتا ہے : ادخالی نقطہ : (نباتیات) ادخالی حصہ ۔

Receptive imagination : (n) (نفسیات) پذیرا تخیّل ۔

Receptive mind : (n) (نفسیات) پذیرا ذہن : ذہن آخذ ۔

Receptive spot : (n) (حیوانیات) ادخالی نقطہ : (نباتیات) ادخالی حصہ ۔

Receptively : (adv.) تاثر پذیری سے : آخذانہ ۔

Receptiveness : (n) آخذیت : قبولیت : تاثر پذیری : (نفسیات) پذیرائی۔

Receptivity : (n) دیکھو Receptiveness

Receptor : (n) (۱) پذیرائی کرنے والا : استقبال کرنے والا ۔ (۲) (تشریح) آخذہ : حسّاسہ : در آور ۔ (۳) (طب) آخذہ ۔ (۴) اثر قبول کرنے والا : محسوس کرنے والا (اعضا وغیرہ) ۔

Receptor fields : (n) (نفسیات) رقبۂ حسّاسہ ۔

Recepts : (n) (معاشیات) مخصّلات ۔

Recercele : (a) [OF. 'Recercelar'.] (نقابت) برگشتہ نوک والا (مثل شاخ) : برگشتہ ۔

Recess : (n) [L. 'Recessus'.] (۱) وقفہ: مہلت : چھٹی : تعطیل (خصوصاً پارلیمنٹ کی) ۔(۲) علاحدہ ہونے کی جگہ : تنہائی کی جگہ : خلوت : عزلت نشینی : گوشہ نشینی : جدائی کا مقام : کونا : گوشہ : گھر: کنج ۔ (۳) عقب نشینی : زمین ، پانی وغیرہ کی پہلی حد سے باز گشتگی : (جغرافیہ) پس وری : رجعت : پیچھے ہٹا ہوا حصہ : پس گوشہ ۔ (۴)(پہاڑوں کے سلسلے میں) خلا : فصل : گتھا : کنارہ ۔ (۵) طاق : آلہ : کمانچہ : زاویہ : خانہ : چور گھر ۔ (۶) (تشریح) خلا : جوڑ : دانتا :جوف (اعضاء میں) : گودی ۔ (۷) اندرونی : اندرونی حصہ : اندرونی مقام ۔ (۸) ہڈی یا نسیج کا خلا : جسم کا خلا۔ (۹) مصروفیت یا کاروائی کا تعطل ۔ (۱۰) (تاریخ) شاہی فرمان : شاہی اعلان : جرمنی کے بادشاہ کا دربار : ایوان شاہی ۔

The recess : خصوصاً پارلیمنٹ کے دو اجلاس کے درمیان کا وقفہ ۔

Recess : (v) (۱) آڑ میں کرنا : خلوت یا گوشے میں کر دینا : چھپا لینا : چھپا دینا ۔ (۲) طاق بنانا : خانے چھوڑنا : فصل یا جگہ رکھنا : جوف رکھنا ۔ (۳) (امریکا) مہلت لینا : وقفہ دینا : پارلیمنٹ کی دو نشستوں کے درمیان وقفے کا ہونا ۔ (۴) معطّل ہونا (تھوڑی دیر کے لئے) ۔

Recess appointment : (n) امریکی سینٹ کے دواجلاسوں کے درمیانی وقفے میں صدر کی طرف سے کی جانے والی تقرری ۔

Recessed : (a) طاق وغیرہ میں رکھا ہوا ۔

Recessed bed : (n) سفری بستر : وہ چارپائی وغیرہ جو موڑی جا سکتی ہو اور ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائی جا سکتی ہو ۔

Recesser : (n) وقفہ جاتی آرام کرنے والا : کام کے وقفہ میں مہلت سے مستفید ہونے والا ۔

Recession : (n) [L. 'Recessionem'.] (۱)باز گشت: رجعت: واپسی: پس وری : پس گردی : پلٹنا : اعادہ ۔ (۲) پلٹنا : ہٹنا (کسی بات سے) : ترک : دست برداری : علاحدگی : خلوت نشینی ۔ (۳) (کسی چیز کا) پیچھے ہٹا ہوا حصہ: عقب نشینی ۔ (۴) (ارضیات) حوالگی : کابیدگی۔ (۵) (پادریوں کی) مراجعت اجتماعی (کلیسا سے عبادت کے بعد) ۔ (۶) تقاطیر تدریجی (پانی کا) ۔ (۷)(روز گار کے نقطۂ نظر سے خراب معاشی حالت کا) وقفہ یا مدت : معاشی حالت یا سرگرمیوں میں عارضی گراوٹ ۔ (۸) پانی کا تحلیل ہونا (بخار کی شکل میں) ۔

Recessional : (a) (۱) مراجعت یا سبکدوشی کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) مناجات رجعت یا ترانۂ سلطان کا یا اس سے متعلق۔ (۳) تعطیلی (پارلیمنٹ کی تعطیل کا) : چھٹی کا ۔

Recessional : (n) (۱) پادریوں کا مناجاتی نغمہ ۔ (۲) ڈراما وغیرہ کے خاتمہ کے موقع پر پیش کیا جانے والا الوداعی نغمہ ۔

Recessional hymn : (n) مناجات (جو عبادت کے بعد پادری وغیرہ اپنے مجرے میں گاتے ہیں) : پادریوں کا مناجاتی نغمہ ۔

Recessionary : (۱) پس گوشہ : پس گردان : ارتجاعی : مائل بہ باز گشت ۔ (۲) (حیوانیات) رجعی : رجعیّہ (دو غذا) : (نباتیات) رجعی خاصّہ : گریزاں خاصّہ ۔ (۳)تابع: ماتحت ۔ (۴) سبکدوش : محروم ۔

Recessive : (a) دیکھو Recessionary

Recessive : (n) (۱) باز گشتی ۔ (۲) رجعی خاصّہ ؛ مغلوب خاصہ ۔

Recessive accent : (n) وہ زور جو کسی لفظ کے پہلے بول پر پڑتا ہے ۔

Recessive character : (n) (حیاتیات) رجعی خاصّہ ؛ مغلوب خاصّہ ۔

Rechabite : (n) [Heb. Re, Kabim. f. the personal name Rakab.]
(۱) قدیم یہودیوں کے ایک خانہ بدوش قبیلہ کا رکن ۔
(۲) تارک شراب ؛ تارک مے ؛ ریشابی ؛ انگلستان کی سو سائٹی کا ہر وہ شخص جس نے ترک مے کیا تھا ۔ (۳) خانہ بدوش ؛ خیموں میں رہنے والا ۔

Rechabitism : (n) خانہ بدوشی یاترک مے کا تجربہ یا اُس پر عمل ۔

Recherche : (a) [Fr.] (۱) منتخب ؛ نادر ؛ شاذ ؛ چیدہ ؛ فرمائش ۔
(۲) دور از کار ؛ بر آورد ؛ جس میں آورد ہو ۔

Recidivism : (n) (قانون) تکرار جرم ؛ مجرمانہ زندگی کی طرف عود ۔

Recidivist : (n) [mod. L. 'Recidiviste'.] تکرار جرم کرنے والا ؛ عادی مجرم ؛ وہ شخص جو دوبارہ مجرمانہ زندگی میں مبتلا ہو جائے ۔

Recidivous : (a) بار بار دہرانے والا ؛ تکرار کرنے والا ؛ مکرر ہونے والا ؛ قابلِ اعادہ ۔

Recipe : (n) [L. 'Recipe'.] (۱) نسخہ (طبیبوں کا) ؛ معجون سازی کا نسخہ ؛ دوا جو نسخے کے مطابق تیار کی جائے ؛ علاج ۔
(۲) ترکیب ؛ نسخہ (کسی چیز کے تیار کرنے کا) ۔
(۳) تدبیر ؛ گر ؛ لٹکا ۔ (۴) کھانا پکانے کا طریقہ ؛ دستور العمل ؛ فارمولا ۔

Recipiency : دیکھو Reception

Recipient : (a) [L. 'Recipientem.'] دیکھو Receptive

Recipient : (n) (۱) وصول کرنے والا ؛ آخاذ ؛ آخذ ؛ گیرندہ یا بند ۔
(۲) اثر پذیری ؛ تاثر پذیری ۔ (۳) ہوائی پمپ کا گیرندہ ۔ (۴) زاویۂ معکوس ۔

Recipocal : (a) [f. L. 'Reciprocus'.] (۱) بالعوض ؛ بالمقابل ؛ جوابی ۔ (۲) باہمی ؛ دو طرفہ ؛ باہم دگر ؛ آپس کا ؛ ایک دوسرے کا ؛ طرفین کا ۔ (۳) ملزوم ؛ متلازم ؛ متماثل ؛ لازم و ملزوم ۔ (۴) (ریاضیات) متکافی ؛ تعریفی ۔ (۵) (منطق) متبادل ۔ (۶) (قواعد) مقلوب ؛ اُلٹھان ؛ تفاعلی (ضمیر) ؛ معکوس ؛ راجع الی الفاعل ۔

Reciprocal : (n) (۱) (ریاضیات) وہ عدد جو دوسرے کے ساتھ ضرب دے کر ایک کے برابر ہو ؛ الٹا ۔ (۲) مساوی ؛ برابر ؛ نصف ثانی ؛ نقل ؛ مثنیٰ ۔ (۳) باہمی زندگی ۔

Reciprocal alphabet : (n) مقلوبی ہجا ؛ متلازم ہجا ؛ متکافی ہجا ۔

Reciprocal cross : (n) (نباتیات) دو طرفہ بار وری ؛ باہمی بار وری ۔

Reciprocal defence : (n) (قلعہ) دفاعی فوج کا میمنہ یا میسرہ ۔

Reciprocal demand : (n) دو افراد یا دو طبقوں کا ایک دوسرے سے پیداواری مطالبہ ؛ متوازی مطالبہ ؛ باہمی مطالبہ ۔

Reciprocal insurance : (n) باہمی انشورنس (جس میں ہر ممبر ایک دوسرے کی ضمانت دیتا اور لیتا ہے) ۔

Reciprocal proportion : (n) (کیمیا) معادل تناسب ۔

Law of reciprocal proportions : (کیمیا) کلیّہ معادل تناسب ۔

Reciprocal ratio : (n) باہمی تناسب ۔

Reciprocality : (n) دیکھو Reciprocity

Reciprocate : (v) [L. 'Reciprocat- , Reciprocare'.] (۱) متقابل سمتوں سے حرکت کرنا ؛ دو طرف سے حرکت کرنا ؛ آگے پیچھے چلنا ؛ سمت بدلنا ؛ (میکانیات) ہٹتے بڑھتے چلنا ؛ آگے پیچھے حرکت کرنا ؛ متکافی کرنا ؛ دھک دھک بڑھنا ۔ (۲) حرکت دینا ؛ چلانا ؛ دھک دھکانا ۔ (۳) مبادلہ ؛ معاوضہ کرنا ؛ ادل بدل کرنا ؛ باہم دگر رعایت کرنا (سلطنتوں کا تجارت میں) ؛ باہم دگر تبادلہ کرنا ۔ (۴) بدلے میں کرنا (جیسے محبت کے بدلے محبت کرنا) ؛ اس طرح کے جذبات رکھنا ؛ بدلہ دینا ؛ بدلہ اتارنا ؛ دینا لینا ؛ تلافی کرنا ؛ مشابہ کرنا ۔ (۵) جوں کاتوں واپس کرنا ؛ بعینہٖ لوٹانا ؛ پورا پورا ادا کرنا ۔ (۶) برابر ہونا ؛ مساوی ہونا ؛ متقابل ہونا ؛ متفق ہونا ۔ (۷) ایک دوسرے کو دعا دینا ؛ ایک دوسرے کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرنا ۔ (۸) (ریاضیات) متکافی امداد پانا یا ہونا ۔ (۹) آگے پیچھے ہٹتے ہوئے گزرنا ۔

Reciprocating : (n) (انجینیئرنگ) متکافی ؛ دو طرفہ حرکت کنندہ ۔

Reciprocating engine : (n) (انجینیئرنگ) متکافی انجن ؛ سیدھی دھر کا انجن ؛ جس کی دھر گردش کی بجائے آگے پیچھے حرکت کرتی ہے ۔

Reciprocation : (n) [L. 'Reciprocationem'.] (۱) حرکت پس و پیش ؛ معاوضہ ؛ عوض ؛ بدل ؛ باہم دگر رعایت ۔

(معاشیات) معاملہ ؛ متقابلہ ؛ مبادلہ ۔ (۲)(میکانیات) دو طرفہ حرکت ؛ دھک دھک ۔ (۳) حرکت معکوس ؛ آگے پیچھے کی حرکت ۔ (۴) مساوی ؛ متقابل ؛ متفق۔ (۵)(جذبات و احساس کا) تبادلہ ؛ عمل متقابل ۔

Reciprocative : (a) عمل متقابل کرنے والا ؛ حرکت معکوس کی خصوصیت رکھنے والا ۔

Reciprocator : (n) جو عمل معکوس کرتا ہے ۔

Reciprocatory : (a) دیکھو Reciprocating

Reciprocity : (n) [L. 'Reciprocite'.] (۱) تقابل ؛ معاملہ متقابلہ ؛ مقابلہ ؛ باہم دگری ؛ التزام ۔ (۲) تعامل ؛ عمل و ردعمل ؛ فعل و انفعال ۔ (۳) لین دین ؛ ادل بدل ؛ معاوضہ ؛ مراعات ؛ رعایت باہم دگر (خصوصاً سلطنتوں کا تجارتی تعلقات کی بنا پر ایک دوسرے کو رعایتیں دینا)؛ (سیاسیات)مراعات باہمی۔ (۴) (الیکٹرک انجینیئرنگ) متکافیت ۔ (۵) (فلسفہ) باہمی عمل و رد عمل ۔

Reciprocity theorem : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) مسئلہ متکافیت ۔

Recital : (n) (۱) مفصل بیان ؛ رو داد ؛ کیفیت ؛ حالت تفصیلی۔ (۲)دستاویز کا وہ حصہ جس میں واقعات ہوں؛ واقعات۔ (۳) خواندگی ؛ قرأت ؛ تلاوت ؛ خوشخوانی۔ (۴) نغمہ سرائی ؛ موسیقار نوازی (شخص واحد کی یا ایک ہی شخص کی تصنیف سے) ۔ (۵) باز خوانی؛ باز سرائی ؛ دہرانا ؛ آموختہ خوانی ۔ (۶) تعریف؛ گزارش ؛ از بر خوانی ؛ تنہا خوانی ۔ (۷) شمار ؛ گنتی ؛ مخصوص کھاتہ۔ (۸) قصہ؛ کہانی ؛ حکایت ۔

Opera recital : (n) اوپیرا موسیقی ؛ غیر روایتی انداز میں موسیقی کی ترتیب اور اوپیرا الفاظ کی ادائیگی ؛ مخصوص لباس اور اداکاری کے بغیر اوپیرا کی موسیقی اور الفاظ کی ادائیگی ۔

Recitalist : (n) موسیقار ۔

Recitation : (n) [L 'Recitationem'.] (۱) خوش خوانی ؛ تحت اللفظ؛ انشاء ۔ (۲) از بر خوانی ؛ حفظ خوانی ؛ شرح ؛ ذکر؛ تعریف ۔ (۳) نغمہ سرائی ؛ موسیقار ۔ (۴) (دینیات) تلاوت ؛ ترتیل ؛ حفظ پڑھنا ؛ قرأت ۔ (۵) (دینیات) وعظ ؛ زبانی خطبہ ۔ (۶) باز خوانی ؛ کسی موضوع پر امتحان (جو پہلے ہی سے بتا دیا گیا ہو یا جس کی تشریح کر دی گئی ہو) ۔

Recitative : (a) [It. 'Recitative'.] (موسیقی) نغمہ سرائی سے متعلق ؛ یا اس کی صفت کا؛ نغمہ سرا ۔

Recitative : (n) (۱) اوپیرا (نغمۂ ناٹک) کے مکالمے وغیرہ کو لحن سے ادا کرنے کا عمل ؛ نغمہ سرائی ۔ (۲) وہ مکالمہ یا عبادت جو لحن سے پڑھی جائے ؛ لحنیہ ؛ لحنیہ (مکالمے کا) پارٹ ۔

Recitativo : (n) دیکھو Recitative (n)

Recite : (v) [L. 'Recitare'.] (۱) تلاوت کرنا ؛ خوش خوانی کرنا ؛ لَے سے پڑھنا ؛ سنانا ۔ (۲) (قانون) اقتباس سنا نا ؛ دستاویز پڑھنا ۔ (۳) گننا ؛ شمار کرنا ؛ ترتیب سے بیان کرنا ۔ (۴) تقریر کرنا ؛ نقل کرنا ؛ تعریف کرنا ؛ تکرار کرنا ۔ (۵) نغمہ سرائی کرنا (تنہائی میں) ۔ (۶) دہرانا یا زور سے پڑھنا (خصوصاً) کسی مجمع کو خطاب کرنا (یادداشت سے) ۔ (۷) منسوب کرنا ؛ بیان کرنا ؛ کہنا ؛ اعلان کرنا ؛ روداد بیان کرنا ؛ تفصیل کے ساتھ بیان کرنا ۔ (۸) تفصیل میں جانا ؛ فہرست پیش کرنا ؛ پوری صراحت کرنا ۔ (۹) سبق دہرانا ؛ امتحان دینا ؛ سوال کا جواب دینا ۔

Reciter : (n) (۱) تحت اللفظ خواں ؛ خوش خواں ؛ قاری (لَے سے) پڑھنے والا ؛ بیان کرنے والا ؛ از بر خواں ۔ (۲) وہ کتاب جس میں خوش خوانی کے لئے عبارتیں جمع ہوں ؛ گلدستہ ۔

Reciting-note : (n) لحن ؛ متوالی لَے ۔

Reck : (v) [OE. 'Reccan'.] (۱) خوف زدہ ہونا ؛ مرعوب ہونا ؛ پروا کرنا ؛ خاطر میں لانا ؛ ملحوظ رکھنا ؛ سروکار رکھنا؛ خیال کرنا ؛ دلچسپی لینا ۔ (۲) کسی کی خواہش کا احترام کرنا ۔ (۳) توجہ کرنا ؛ دھیان دینا ؛ لحاظ رکھنا یا کرنا ۔ (۴) جاننا ؛ خبر ہونا ؛ سوچنا ۔ (۵) سروکار رکھنا ؛ اُنسیت رکھنا (کسی شخص سے) ؛ بے چین ہونا؛ پریشان ہونا (کسی شخص کے لئے) ۔

Reckless : (a) [OE. 'Recceleas'.] (۱) بے پروا ؛ بے باک ؛ نڈر ؛ انجام سے بے پروا ؛ جلد باز ؛ ناعاقبت اندیش ۔ (۲) بے دھڑک ؛ من چلا ؛ بے جگر ؛ جیوٹ ۔ (۳) نظر انداز کرنے والا ؛ توجہ نہ دینے والا ؛ بے فکرا ؛ غیر ذمہ دار ؛ وحشی ۔

Recklessly : (adv.) بے پروائی کے ساتھ ؛ بے باکی سے؛ ناعاقبت اندیشی سے ؛ بے توجہی سے ۔

Recklessness : (n) بے پروائی ؛ بے باکی ؛ بے توجہی ؛ ناعاقبت اندیشی ۔

Reckling /Wreckling: (n) [Origin unkn.] ریوڑ کا سب سے چھوٹا اور لاغر جانور ؛ خاندان کا سب سے چھوٹا اور ناٹا بچہ ۔

Recklinghausen : (a) جرمنی کے شہر ریکلنگ ہاؤزن کا یا اُس سے متعلق ؛ وہاں کا مروج طرز یا وضع ۔

Reckon : (v) [OE. (ze) 'Recenian'.] (۱) (تعداد) کا یقین کرنا ؛ جانچنا ؛ بچارنا ؛ شمار میں لانا ؛ گننا ؛ جوڑنا ۔ (۲)(کسی عدد سے) گنتی کرنا ؛ شروع کرنا یا ہونا ؛ (کسی عدد تک) گننا یا گنا جانا ۔ (۳) اندازہ لگانا ؛ (کسی کی سیرت کو) جانچنا ؛ سمجھ لینا ؛ پرکھ لینا ۔ (۴) میزان لگانا ؛ تخمینہ کرنا ؛ جوڑنا ۔ (۵) محسوب کرنا ؛ شمار کرنا ؛ (کسی خاص زمرے میں) سمجھنا ۔ (۶) غور و فکر کے بعد رائے قائم کرنا ؛ وثوق سے سمجھنا ۔ (۷) حساب کرنا ؛ حساب لگانا ؛ حساب کتاب کرنا ؛ حساب چکانا ۔ (۸)بھروسا کرنا ؛ اعتماد کرنا ؛ بھروسے پر ہونا ۔ (۹) معلوم کرنا ؛ دریافت کرنا ؛ پتا لگانا (تعداد یا مقدار شمار کر کے) ۔ (۱۰) حساب میں شامل کرنا ؛ حساب میں رکھنا ؛ تقسیم کرنا ۔ (۱۱)دعویٰ کرنا ؛ انصاف کرنا ؛ فرض کرنا ؛ انحصار کرنا ؛ خیال کرنا ؛ فیصلہ کرنا ؛ نتیجہ نکالنا ؛ کسی خاص خیال کا ہونا ۔ (۱۲) شمار کرنا ؛ تخمینے سے نتیجہ پر پہنچنا ۔ (۱۳) توقع رکھنا ؛ امید کرنا ؛ راہ دیکھنا ؛ تلاش کرنا ۔

I reckon : (جملۂ معترضہ کے طور پر مستعمل) میں سمجھتا ہوں۔

To reckon with : قابل غور سمجھنا ؛ آمادہ ہونا ۔

To reckon without one's host : دیکھو Host (n)

Reckonable : (a) قابل شمار ؛ شمار کے لائق ؛ جوڑنے کے لائق ۔

Reckoner : (n) جانچنے والا ؛ شمار کرنے والا ؛ حساب لگانے والا ؛ تخمینہ کرنے والا ؛ اندازہ لگانے والا (ریاضیات) شمارندہ ۔

Ready reckoner : (ریاضیات) زود شمار ؛ حاضر شمار۔

Reckoning : (n) (۱) شمار کرنے کا عمل ؛ شمار ؛ گنتی ؛ حساب ؛ تخمینہ کرنا ؛ اندازہ لگانا ؛ جوڑنا ؛ محاسبہ ۔ (۲) جوڑنے یا گننے کا طریقہ ؛ گنتی کی کاروائی (خصوصاً)۔ (۳) حمل کی متعینہ مدت ۔ (۴)(دینیات) پاداش ؛ (جہاز رانی) تعینش مقام۔ (۵) رقم کی گنتی یا اُس کا حساب ۔ (۶) بل (خصوصاً کسی شراب خانے کا) ۔ (۷)جائداد کے بعد خدا کے روبرو اعمال کا حساب و کتاب یا فیصلہ ۔ (۱۰) حساب فہمی یا دو پارٹیوں کے درمیان اختلافات کا خاتمہ ۔ (۱۱) اتفاقات اورناگہانی ضرورتوں کے اندازہ کا عمل ؛ توقع ؛ اُمید ۔

Day of Reckoning : یوم الحساب ؛ روز قیامت ؛ روز کفارہ ؛ سزا کا دن ۔

Dead reckoning : دیکھو Dead

Red ribbon : (n) (۱) لال فیتہ ؛ آرڈر آف باتھ کا نشان (مجازاً) نشان حمام .

Red rock fish : (n) ایک قسم کی مچھلی جو مقوی اور لذیذ ہوتی ہے .

Red root : (n) (۱) (امریکا) نیو جرسی کی چائے . (۲) ایک قسم کا درخت . (۳) دیکھو Blood-root .

Red rot : (n) (نباتیات) سرخ روگ ؛ رتّا روگ .

Red rover : (n) ایک کھیل جس میں دو ٹیمیں کچھ دوری پر آمنے سامنے کھڑی ہوتی ہیں اور ایک ٹیم کے تمام کھلاڑی کو ہاتھ میں ہاتھ ڈالے ہوئے دوسری ٹیم کی صف کو توڑ کر آگے نکل جانا ہوتا ہے . اس میں ناکام ہونے پر مخالف ٹیم کو ایک نمبر ملتا ہے.

Red sandal/ -sander/ -sander wood/ -sanders : (n) (۱) ہندوستان اور جزائر مشرق الہند کا ایک درخت . (۲) اس درخت کی لکڑی جس سے رنگ نکالتے ہیں . (۳) مشرقی ہندوستان کا ایک درخت جس سے آرائش کا کام لیا جاتا ہے یا جو آرائش کے کام آتا ہے .

Red scale : (n) ایک کھپرے دار کیڑا (جو لال رنگ کا ہوتا ہے اور گرم خطوں میں پایا جاتا ہے اور درختوں کے لئے آفت ہوتا ہے) .

Red sea : (n) (جغرافیہ) بحیرۂ قلزم ؛ بحیرۂ احمر .

Red seaweed : (n) سرخ کائی .

Red-shank(s)/ Red shank : (n) (۱) سرخ پا (انسان خصوصاً اسکاتستان اور آئر لینڈ کی کلٹی قوم کا) (اب صرف تاریخ). (۲) (حیوانیات) سرخ پا چہا ؛ سرخ پا یَلوہ؛ سرخ پا چڑیا . (۳) فلفل آبی .

Red shift : (n) (فلکیات) خطوط طیف کی روشنی سے منتقلی .

Red shift : (v) (فلکیات) خطوط طیف کامنتقل ہونا یا ہٹانا یا جانا .

Red shirt : (n) (۱) (سیاسیات) سرخ پوش ؛ اس جماعت کا رُکن جس کا امتیازی نشان سرخ لباس ہوتا ہے خصوصاً Guisepipe Garibaldi کی انقلابی فوج کا رُکن .

Red-short : (n) [SW. 'Rodskort'.] (فلزیات) جلتا لوہا جو انگارہ ہو کر کرارا بن جاتا ہے ؛ شکنندہ ؛ گرم پھوٹک .

Red shortness : (n) شکنندگی ؛ لزدی ؛ کرکراپن (لوہے کی) .

Red silky oak : (n) سرخ گابھا ؛ سرخ پختہ لکڑی .

Red sindhi : (n) ہندوستانی نسل کا ایک دودھ دینے والا جانور .

Red siskin : (n) شمالی اور جنوبی امریکا کی ایک چڑیا جسے عموماً پالتے ہیں۔

Red snapper : (n) بہت سی سرخ قسم کی مچھلیوں میں سے کوئی ایک۔

Red snow : (n) قرمزی برف ؛ سرخ برف ؛ بحر منجمد شمال اور کوہ آلپ کی برف جو ایک قسم کی کائی سے سرخ ہو جاتی ہے۔

Red softening : (n) دماغی بیماری جس میں دماغ کے ریشوں سے خون نکلنے لگتا ہے۔

Red spider : (n) پت مکڑی ؛ ایک کیڑا جو پتّے کھا جاتا ہے۔

Red spot : (n) (علم النجوم) سرخ داغ (مشتری کا)۔

Red squadron : (n) قدیم برطانوی بحری فوج کے تین بیڑوں میں سے ایک۔

Red squirrel : (n) دیکھو Chickaree

Red stars : (n) (علم النجوم) سرخ ستارے۔

Red start : (n) (۱) (طیوریات) لل دُما (پرندہ) : گانے والا ایک یورپی پرندہ۔ (۲) کیڑا پکڑنے والا ایک پرندہ۔

Black red start : ایک قسم کا پرند۔

Red streak : (n) (۱) سرخ سیب : لال سیب ؛ ولایتی سیب : سیبچہ۔ (۲) اس سے بنائی جانے والی شراب۔ (۲) لال گال والی لڑکی : عارض احمر (لڑکی) : گل گوں (چہرے والی) لڑکی۔

Red stuff : (n) سرخاب : زعفران۔

Red suture : (n) آڑو : شفتالو کی ایک بیماری جس کی وجہ سے پختگی سے پہلے ہی سرخی آجاتی ہے۔

Red-tab : (n) برطانوی فوج کا ایک اعلیٰ افسر جس کے لباس پر لال دھاری ہوتی ہے۔

Red-tai : (n) ایک قسم کی مچھلی جو جاپان میں بہ کثرت استعمال کی جاتی ہے اور جسے مچھلی دیوتا کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

Red tail :(n) ایک قسم کا باز ؛ شکرا ؛ شاہین۔

Red-tailed hawk : (n) دیکھو Red tail

Red-tape : (n) دفتری گھس گھس ؛ لال فیتہ شاہی ؛ ضابطہ پرستی۔

Red-tapist : (n) رسم پرست ؛ ضوابط پرست۔

Red-thread : (n) ایک نباتاتی مرض۔

Red throat : (n) ایک آسٹریلیائی مترنم چڑیا۔

Red tick : (n) ایک قسم کا افریقی طفیلی کیڑا جو جانوروں کے جسم پر بیٹھتا ہے۔

Red titi : (n) دیکھو Leather wood

Red-top/ Red topgrass : (n) (۱) لال سر والی چیز۔ (۲) (امریکا) (۳) شلغم ؛ شلجم کی ایک قسم۔

Tall red-top : (n) ایک قسم کی لمبی سرخی مائل گھاس۔

Red tree mouse : (n) قطب شمالی کا کترنے والا ایک بڑا چوہا۔

Red triangle : (n) خطرے کی علامت کی ایک شکل ؛ انجمن جوانان مسیحی (جس کی علامت سرخ رنگ کی مثلث ہوتی ہے)۔

Red tulip oak : (n) ایک قسم کا آسٹریلیائی درخت۔

Red twig : (n) دیکھو Red root

Red underwing : (n) کیڑے کی ایک قسم۔

Red viper : (n) (۱) برطانیہ کی افعی جنس کا سانپ۔ (۲) (امریکا) ایک قسم کا زہریلا سانپ۔

Red-water : (n) (۱) (بیطاری) بَول سرخ : جانوروں کی متعدد بیماریوں میں سے کوئی ایک : مرض البول دموی ؛ تپ وبائی (جس میں سرخ پیشاب ہوتا ہے)۔ (۲) آب سرخ: لال پانی۔ (۳) سمندری پانی جس کا رنگ خراب ہو گیا ہو۔

Red weed : (n) امریکی پودا۔

Red wheat : (n) گیہوں ؛ ایک قسم کا گیہوں ؛ سرخی مائل گیہوں۔

Red whelk : (n) یورپی صدفہ یا گھونگا جو کھایا جاتا ہے۔

Red wine : (n) سرخ شراب ؛ شراب۔

Red wing/ Red-wing : (n) (۱)(طیوریات)اُم اُباح؛ قسم طوطی؛ سرخ پر ؛ لال پرا ؛ ایک قسم کی چڑیا جس کے ڈینے کا اندرونی

حصہ لال ہوتا ہے ۔ (۲) شمالی امریکا کی ایک چڑیا : لال ڈینے والی کالی چڑیا۔

Red-winged : (a) لال ڈینے والی (چڑیا) ۔

Red wood/ Red-wood : (a) (اسکاتستانی) غضب ناک : غصے میں بھرا ہوا : تند وتیز ۔

Red wood/ Red-wood : (n) ہر وہ لکڑی جس سے لال رنگ تیار کیا جاتا ہے : ہر وہ درخت جس کی شاخیں (لکڑیاں) سرخ رنگ کی ہوں : (نباتیات) درخت غول : درخت ماموت : بُقم : پتنگ : مجیٹھ ۔

Red worm : (n) (حیوانیات) سرخ دودہ : سرخ کیچوا (جسے مچھلی کے چارے میں لگاتے ہیں)۔

Red worm disease : (n) گھوڑے کا ایک مرض ۔

Red zinc (ore) : جست کا سرخ آکسائیڈ ۔

Redact : (v) [back for mation f. Redaetion.] (۱) لکھنا : مسودہ تیار کرنا : تسوید کرنا ۔ (۲) (حرفوں کو) جمانا : بٹھانا : جوڑنا : چوکٹھا میں فٹ کرنا ۔ (۳) تصنیف کرنا: تالیف کرنا : تدوین کرنا :مرتب کرنا : تصحیح کرنا۔

Redaction : (n) (۱) (کتب) تدوین : نو ترمیم نسخہ ۔ (۲) حرفوں کی جماوٹ : طباعت کے لئے تیاری : نظر ثانی ۔ (۳) تلخیص : ترجمہ ۔ (۴) اشاعت : جلد ۔

Redactional : (a) تدوینی : اشاعتی ۔

Redactor : (n) [F.] تدوین کرنے والا : مدون : مرتب خصوصاً مدیر ۔

Redactuer : (n) [F.] دیکھو Redactor

Redan : (n) [F. 'Redan'.] دیوار یا دمدمہ کو ایک خاص زاویے سے مضبوط بنانے کا عمل : مثلثی دمدمہ : سموسا دھس ۔

Redargue : (v) [L. 'Redarguere'.] دلائل سے رد کرنا : تردید کرنا : باطل کرنا : کسی بیان کی تردید کرنا ۔

Redargution : (n) [L.'Redargutionem'.] (فلسفہ) تردید : ابطال ۔

Redcap/ Red-cap : (n) (۱) وہ جو لال ٹوپی پہنتا ہے۔ (۲)(برطانیہ) فوجی پولیس کا جوان ۔ (۳) (برطانوی بول چال) ایک قسم کا خوب صورت گانے والا پرندہ جس کے پنکھ پر سنہرے داغ ہوتے ہیں : (عامیانہ) سونے کا سکہ : اشرفی ۔

Redcoat / Red-coat : (n) (۱) وہ جو لال کوٹ پہنتا ہے ۔ (۲) لال کرتی : گورا : انگریزی فوج کا سپاہی (انقلابی جنگ کے دوران امریکا میں) ۔

Redd : (v) [ME. 'Radden'.] بچانا : نجات دلانا : چھٹکارا دلانا : رہا کرانا : رہا کرنا ۔

Redd : (v) [ME. 'Radden'.] (۱) (راستہ وغیرہ کو) صاف کرنا : کھولنا : وا کرنا ۔ (۲) تصفیہ کرنا : نمٹانا : ختم کرنا (نزاع وغیرہ کو) : دور کرنا (اختلاف) چکانا ۔ (۳)(خصوصاً بول چال) درست کرنا : منظم کرنا : مرتب کرنا : ترتیب دینا : آراستہ کرنا ۔ (۴) شانہ کرنا : کنگھی کرنا : سلجھانا :سنوارنا ۔

Redd : (n) [MLG. 'Redden'.] (۱) (اسکاتستانی بول چال) تصفیہ : درستگی : ترتیب ۔ (۲) ردی : آخور : کوڑا کرکٹ ۔

Redd : (n) [Origin unkn.] تخم ماہی : حضر سوراخ برائے تخم ریزی ۔

Redd : (a) (خصوصاً اسکاتستان) نئے قبضہ کے لئے صاف کیا ہوا : نئے کرایہ دار کے لئے خالی کیا ہوا ۔

Redden : (v) (۱) سرخ بنانا یا سرخ ہونا ۔ (۲) سرخ ہو جانا (چہرے کا) : خون کا چہرہ پر دوڑ جانا اور چہرہ کو سرخ کر دینا : چہرہ پر سرخی دوڑنا : شرما جانا ۔ (۳) لالی یا شرخی مائل ہونا :لال رنگ میں تبدیل ہو جانا ۔

Reddendum : (n) [L. neut. sing of 'Reddandus'.] (قانون) دستاویز بالخصوص کرائے کی دستاویز کی ایک دفعہ ۔

Reddi : (n) (۱) حیدر آباد دکن کے جنوبی علاقے میں دریائے گوداوری کے ساحل پر آباد ایک قدیم کاشتکار قوم جس کی زبان منڈا ہے ۔ (۲) ریڈی طبقے کا کوئی فرد ۔

Reddish : (a) سرخ گوں : لال گوں : سرخی مائل : قرمزی : احمر : لالی لئے ۔

Reddish egret : (n) وسطی امریکا اور خلیجی ممالک اور ویسٹ انڈیز میں پایا جانے والا ایک اوسط درجے کا بگلا ۔

Reddishness : (n) سرخی : لالی ۔

Reddle : (n) [Var. of Ruddle.] دیکھو Ruddle

Reddleman : (n) لوہا ملی لال مٹی کا تاجر ۔

Rede : (v) [ME. 'Reden'.] (۱) (روزمرہ برطانیہ) قیاس کرنا : اندازہ کرنا : پیشن گوئی کرنا ۔ (۲) (روزمرہ) مشورہ

دینا ؛ نصیحت کرنا ۔ (۳) (روز مرہ) وضاحت کرنا ؛ تاویل کرنا ؛ تطبیق دینا ۔

Rede : (n) (۱) مشورہ ؛ پند ؛ تدبیر ۔ (۲) قصہ ؛ داستان ؛ کہانی ۔ (۳) علاج ؛ چارہ ؛ استدلال ؛ واقعہ ؛ وقوع ۔

Redear/ Redear sunfish : (n) جنوبی اور شمالی امریکا کی ایک عام مچھلی ۔

Redelm : (n) (۱)مختلف قسم کے امریکی درخت جن کی پتیاں کھردری اور دونوں طرف دندانے دار ہوتی ہے ۔ (۲) اُس درخت کی لکڑیاں ۔

Redemise : (n) (قانون) پٹے دار کو زمین کی واپسی ؛ پٹے دار کو زمین کی واپسی کرنا ۔

Redemption : (n) [L. 'Redemtionem '.] (۱) انفکاک ؛ مخلصی ؛ نجات ؛ تلافی ؛ چھٹکارا ؛ (قانون) فلک الرہن ۔ (۲)نجات بالکفارہ ؛ نجات ؛ شفاعت (جو حضرت عیسیٰ کی شہادت کی بدولت ہوگی ؛ (سیاسیات) فدیہ ؛ کفارہ؛ معاوضہ ۔ (۳) وجہ نجات ؛ باعث مخلصی ۔ (۴)ادائیگی زر نقد ؛خرید ؛ باز خرید ؛ باز خریدگی ۔ (۵) رہائی بذریعہ قیمت ؛ آزادی (قیمتاً) ۔ (۶)مرمت ؛ درستگی ۔ (۷) اصلاح ؛ بہتری ۔ (۸)بدلۂ احسان (بذریعہ نقد)۔ (۹) جائداد کی واپسی خصوصاً مقدمے میں کامیابی حاصل کر کے ۔ (۱۰) (یہودی قانون) (بڑے لڑکے کی طرف) جائداد کی منتقلی کی تقریب ۔ (۱۱) طریقۂ منتقلی ؛ منتقلی کی ہیئت ۔ (۱۲) سزا سے نجات ۔ (۱۳)امتیازی حیثیت کے حصول کی حقیقت (بذریعہ خرید) ۔

Equity of redemption : دیکھو Equity

Without redemption / Past- : نجات ؛ مخلصی آزادی کے امکان کے بغیر یا باہر ۔

Year of Redemption : (n). نجات کا سال یعنی سنہ مسیحی ۔

Redemptional : (a) دوبارہ خریدا ہوا ؛ نجاتی ؛ دوبارہ خرید کا یا اس سے متعلق ۔

Redemptioner : (n) (۱) (امریکا) ۱۸ ویں اور ۱۹ ویں صدیوں میں یورپ سے امریکا منتقل ہونے والے (خصوصاً بذریعہ کشتی وغیرہ) ۔ (۲) اپنے آپ کو قرض سے چھٹکارا ملانے والا ؛اپنے آپ کو الزام سے بری کرنے والا (بذریعہ ادائیگی نقد) ۔

Redemptionist : (n) دیکھو Ransomer

Redemptionless : (a) ناقابل انفکاک ؛ ناقابل نجات ؛ ناقابل شفاعت ۔

Redemptive : (a) [L.'Redemptivus'.] تلافی کا ؛ نجات کا ؛ نجات بخش ؛ تلافی کرنے والا ؛ رہائی بخش ؛ خلاصی دہندہ؛ چھٹکارا دینے والا ۔

Redemptorial : (a) نجات یا چھٹکارے کا یا اس سے متعلق ۔

Redemptorist : (n) [F. 'Redemtoriste'.] نیپلس (Neples) کے دارا لاعتراف کا ایک ممبر ۔

Redemptorist : (a) نیپلس کے دارالاعتراف کے ممبر سے متعلق ۔

Redeploy : (v) (۱) ایک جگہ یا محاذ جنگ سے دوسری جگہ یا محاذ جنگ پر فوج یا اسلحہ کو منتقل کرنا ۔ (۲) اس قسم کی منتقلی پر عمل کرنا ۔ (۳) نئی جگہ یا نئے کام کے لئے (فوج ، مزدور وغیرہ کو) بھیجنا ۔

Redeployment : (n) (۱) انسان یا سامان کی منتقلی یا بحالی ۔ (۲) نئی جگہ پر (فوج، مزدور) کی روانگی ۔

Redeposit : (v) دوبارہ جمع کرنا ۔

Redeposition : (n) اجتماع نو ؛ اضافۂ نو ۔

Redia : (n) [mod. L. F.'Redi'.] (حیوانیات) ایک قسم کا تخمی کیڑا ؛ ثانوی لاروا ؛ دوم رُوپ ؛ ریڈیا ۔

Redial :(a) ثانوی لاروا سے متعلق ۔

Redif : (n) ردیف ؛ ترکی کی محفوظ فوج (کا سپاہی) ۔

Redifferentiation : (n) نئی اضافی خصوصیت کے ارتقاء کا عمل ، کاروائی یا نتیجہ ۔

Rediffusion : (n) (۱)(خصوصاً برطانیہ)ریڈیو یا ٹیلیویژن پروگرام نشر کرنے کی کاروائی یا عمل ۔ (۲) کسی شخص یا ادارہ کی طرف سے ریڈیو ، ٹیلیویژن پر پروگرام کی اشاعت جو خود پروگرام نہیں دیتا ہے ؛ خصوصاً اس قسم کے پروگرام کی اشاعت جو خود پروگرام نہیں دیتا ہے ؛ خصوصاً اس قسم کے پروگرام کی آزادانہ ترسیل ۔

Redingota : (n) [Fr.] (۱) (فرانس میں) ایک بیرونی لباس ؛ ایک قسم کا مردانہ کوٹ ۔ (۲) ایک قسم کا زنانہ کوٹ ؛ زنانہ ترکی کوٹ ؛ ریڈنگوٹ ۔

Redintegrate : (v) [f. L. 'Redintegrat'.] (۱) دوبارہ متحد یا سالم بنانا ؛ پھر سے جوڑنا ۔ (۲) دوبارہ مکمل کرنا ؛ از سر نو

تکمیل کرنا ۔ (۳) مرمت کرنا ؛ درست کرنا ؛ بہتر بنانا۔ (۴) دوبارہ تشکیل کرنا ؛ دوبارہ قائم کرنا ؛ دوبارہ بحال کرنا ۔

Redintegration : (n) [L. 'Redintegrationem'.] (۱) سابقہ حالت یا حیثیت کا حصول ؛ سابق ذہنی حالت کا احیاء ۔ (۲)از سر نو تکمیل ؛ تجدید ؛ اتحاد نو ؛ نو تکمیل ؛ نو اتمام ؛ تجدید اتحاد ؛ تجدید فکر ؛ تجدید نظر ۔ (۳) تشکیل نو؛ دوبارہ بحالی یا قیام ۔

Redlead/ Red-lead : (n) (۱) سیندور ؛ شنگرف ۔ (۲) دمکتا ہوا لال ۔ (۳) ثمائر یا کسی دوسری سرخ چیز کی چٹنی ۔

Redly : (adv.) انقلابی طریقے سے ؛ لال رنگ کے ساتھ ؛ سرخی لئے ؛ سرخی مائل ؛ چمکتے ہوئے ؛ شعلہ فگنی کے ساتھ ۔

Redmaggot : (n) Maggot دیکھو

Redman/ Red-man : (n) سرخ فام ؛ امریکی ہندوستان ؛ سرخ پوست ؛ سرخ فام امریکی ؛ قدیم امریکی باشندہ ۔

Redness : (n) لالی ؛ سرخی ؛ احمرت ؛ انقلاب پسندی ؛ انتہا پسندی ۔

Redo /Re-do : (v) (۱) دوبارہ کرنا ؛ از سر نو کرنا ؛ انجام دینا ۔ (۲) از سر نو آراستہ کرنا ؛ دوبارہ ٹھیک کرنا (کمرہ) ؛ دوبارہ سجانا ۔(۳) کسی کام کو دوبارہ دُہرانا ؛دُہرانا۔

Redo : (n) تکرار ؛ آرائش ؛ سجاوٹ ۔

Redolence : (n) [OF. f. 'Redolent'.] تیز خوشبو ؛ خوشبو ؛ نکہت ؛ مہک ؛ عطر ۔

Redolent : (a) [L. 'Redolentem'.] (۱) تیز خوشبو والا ؛ خوشبو ۔ (۲) (مجازاً) کسی شخص یا چیز سے مشابہت رکھنے والا ؛ (کسی کی) یاد دلانے والا ۔ (۳)خوشبو سے بھرا ہوا ؛ مہک سے بھرا ہوا؛ معطّر ۔ (۴) خوشبو دار ؛ عطر افشاں ۔

Redolently : (adv.) معطر طور پر ؛ خوشبو کی طرح سے ۔

Redoubt : (n) [med. L. 'Reductus'.] گڑگچ ؛ (مثمن یا مربع) ؛ خوف زدہ ہونا ؛ دمدمہ ؛ استحکامات ۔

Redoubt : (v) [F. 'Redouter'.] ڈرنا ؛ ڈرانا ؛ خوف کھانا ؛ خوف زدہ ہونا ۔

Redoubtable : (a) [F. 'Redoutable'.] (۱) زبردست ؛ قوی ؛خوفناک؛ سخت ؛ ترس ناک ۔(۲) بہادر؛ دلیر ؛ رعب دار ؛ با ہیبت؛ مشہور و معروف ؛ نامور ؛ اعلیٰ مرتبت۔

Redoubtably : (adv.) بہادری کے ساتھ ؛ شجاعانہ ۔

Redoubted : (a) Redoubtable دیکھو

Reddound : (v) [L. 'Redundare'.] (۱) سرکشی کرنا ؛ نافرمانی کرنا؛ اوپر آنا ۔ (۲) حد سے تجاوز کرنا ؛ بہت زیادہ بڑھ جانا؛ غالب آ جانا ۔ (۳) بڑھانا ؛ سوا کرنا ؛ اضافہ کرنا ؛ (وجہ) افزائش ہونا ۔ (۴) رجوع ہونا ؛ مائل ہونا ؛ رہنما ہونا (واقعات کا کسی خاص نتیجے کی طرف) ۔ (۵) عنایت اور مرحمت کا برتاؤ موقوف کرنا ؛ جاہ و منصب چھین لینا ؛ ذلیل کرنا ؛ رسوا کرنا ۔ (۶) حاصل ہونا ؛ میسر ہونا ؛ حاصل ہونا (بطور نتیجہ تا ثمر) ۔ (۷) پلٹ کر آنا ؛ رد عمل ہونا؛ پیچھے ہونا؛ باز گشت کرنا ؛ پلٹنا ۔(۸)منحصر ہونا؛ انحصار ہونا ۔

Redowa/ Redowak : (n) [Fr. or G.] انیسویں صدی کے دور کے مشہور قصوں میں سے کوئی ایک ؛ ایک سہ ضربی رقص جو والٹز (Waltz) کے مشابہ ہوتا ہے ؛ ۲/۴ ضربی رقص پولکا کے مشابہ ہوتا ہے ۔

Redox : (n) (کیمیا) تحویل تکسید ؛ تقلیل متقابل ۔

Redoxide : (n) سرخ مٹی ؛ سرخ آہنی مٹی ۔

Redpoll/Red-pole : (n) خوش نوا پرندوں کی چندقسمیں؛(حیوانیات) رُقَیقِیّہ ۔

Yellow redpoll : (n) ترنمی پرندہ ؛ پرندوں کی ایک قسم کا نام جس میں بلبل وغیرہ شامل ہیں ۔

Redpoll/ -polled : (n) (۱) برطانیہ کا ایک تیزی سے بڑھنے والا اور بہت دنوں تک زندہ رہنے والا بے سینگ جانور جو دہرے مقاصد کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) سرخ بال والا جانور ؛ ریڈ پول نسل کا جانور ۔

Redpolls : (n) (حیوانیات) سرخ مویشی ؛ شاخ بریدہ ؛سرخ مُو مویشی۔

Redrag/ Red-rag : (n) (۱) اشتعال انگیز چیز ۔ (۲) لال کپڑا (جو انا ج میں لگ جاتا ہے)؛ زنگ گندم ۔ (۳)(عامیانہ)زبان۔

Like a redrag to a bull : اشتعال انگیز ؛ غیظ و غضب کی وجہ۔

Redress : (n) [AFr. 'Redresse'.] (۱) تلافی ؛ تدارک ؛ حق رسانی؛ داد رسمی ؛ کمک ۔ (۲) ترمیم ؛ اصلاح ؛ تعمیر ؛ مرمت ؛ ٹھیک کرنے کا عمل ۔ (۳) وسیلۂ نجات یا اصلاح ؛ وسائل

اصلاح و ترمیم۔

Redress : (v) [Fr. 'Redresser'.] (۱) درست کرنا : تزاوز کرنا : سیدھا بٹھانا : ٹھیک ٹھاک کرنا : تصحیح کرنا : مرمت کرنا: دوبارہ ترتیب دینا۔ (۲) تلافی کرنا : تعدیل کرنا : خرابی مٹانا : تدارک کرنا : دور کرنا (پریشانی) : دور کرنا ۔ (۳) چارہ سازی : حق رسی : داد رسی کرنا : اصلاح کرنا ۔ (۴) پورا کرنا : معاوضہ دینا۔ (۵) ترمیم کرنا : اصلاح کرنا ۔ (۶)بدلہ لینا : انتقام لینا : جواب دینا: جوابی اقدام کرنا ۔ (۷) (طیارہ کو) معمول کے مطابق حالت پرواز میں واپس لانا۔

To dress the balance : دوبارہ مساوات قائم کرنا۔

Redressable : (a) قابل درستگی : ٹھیک کرنے کے لائق۔

Redressal : (n) دیکھو Redress (n)

Redresser : (n) اصلاح کرنے والا : (غلطی کی) تصحیح کرنے والا : ٹھیک کرنے والا : درست کرنے والا : خرابی مٹانے والا۔

Redressment : (n) دیکھو Redress (n)

Redressor : (n) درست کرنے والا : تعدیل کرنے والا: سیدھا بٹھانے والا : تلافی کرنے والا : خصوصاً سرجری میں تبدیل کرنے والا: (آلہ کو) بدلنے والا : راست ساز۔

Redrice : (n) (۱) چین کی ترکاری کا رنگ ۔ (۲) جنگلی چاول۔

Redrier : (n) سُکھانے والا عنصر خصوصاً پلائی وُوڈ کو۔

Redring : (n) پودوں کی ایک بیماری جس میں پتیوں اور تنوں پر سرخی مائل دھبے پڑ جاتے ہیں۔

Redrobin : (n) (۱) دیکھو Redbreast ۔ (۲) دیکھو Scarlet Tanager.

Reds : (n) (سیاسیات) سرخ پوشاں۔

Redsage : (n) ایک درخت جس کے پھول کے گچھے پہلے زرد ، گلابی ہوتے ہیں پھر نارنجی ہو جاتے ہیں۔

Redside dace : (n) مرکزی شمالی امریکا کی ایک چھوٹی مچھلی۔

Redskin : (n) سرخ خام : سرخ جلد : لال چمڑی والا (شمالی امریکا)۔

Reduce : (v) [L. 'Reducere'.] (۱) (جراحی) (ہڈی یا جوڑ) بٹھانا : چڑھانا : اصلی حالت پر لانا : ٹھیک کرنا (فریکچر وغیرہ کو) (طب) جوڑ بٹھانا ۔ (۲) عمل میں لانا: حرکت میں لانا (نظریہ وغیرہ کو) ۔ (۳) (ضبط و انضباط کا) پابند بنانا : عادی بنانا : ضبط کرنا ۔ (۴)بدلنا : تحویل کرنا : تحلیل کے دوسری شکل میں لانا: استحالہ کرنا : احیاء کرنا : پہلی صورت یا شکل میں لانا ۔ (۵) (کیمیا) تحویل کرنا : آکسیجن کو مرکب سے ہٹانا : (ریاضیات) کم کرنا : حل کرنا: (فوٹوگرافی) ہلکا کرنا ۔ (۶) (اقسام میں) تقسیم کرنا : تبویب کرنا : تبدیل کرنا : تقسیم بندی کرنا۔ (۷) مطابق کرنا : تطبیق کرنا : توفیق کرنا : موزوں بنانا : مناسب بنانا : ترتیب میں لانا ۔ (۸) مغلوب کرنا : دبانا : زیر کرنا : مطیع کرنا : مقید کرنا : فتح کرنا : (خصوصاً شہر ،قلعہ وغیرہ) تسخیر کرنا ۔ (۹) (بہ صورت مجہول) مجبور ہونا : مجبور ہو کر کرنا : (کسی شخص کو) کوئی کام کرنے کے لئے مجبور کرنا ۔ (۱۰) مفلس کرنا : محتاج کرنا : پست کرنا : پہنچانا (بری حالت کو) .(۱۱) کمزور کرنا : گرا دینا : گھٹا دینا : پست کر دینا : محدود کر دینا : کم کر دینا : تعداد کم کرنا : جھکا دینا : کم ہونا : گھٹنا : گھٹانا: تخفیف کرنا : مختصر کرنا : کوتاہ کرنا : محدود ہو جانا :ضعیف یا لاغر کرنا ۔ (۱۲) (علم النجوم) (مشاہدۂ فلکی کو) مخصوص جگہ یا مقام میں تصرف کرنا : (مشاہدہ فلکی کو) مناسب بنانا ۔ (۱۳) ریکارڈ بنانا : ریکارڈ میں لانا (تحریر کو) نقشہ میں اُتارنا ۔ (۱۴) خاص انتظام میں لانا : خاص ترتیب میں لانا : خاص شکل میں لانا ۔ (۱۵) مختلف جسمانی حالت یا شکل میں تبدیل کرنا ۔ (۱۶) پیسنا : پیس ڈالنا : ستانا : ظلم کرنا : سفوف بنا ڈالنا ۔ (۱۷) (معدنیات) کچے دھات کو دھات میں بدل دینا : فلز کو دھات بنا دینا : کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنا : سوندھنا ۔ (۱۸)(مٹی کو) ریزہ ریزہ بنا دینا : زائل کرنا : حذف کرنا : ثبت کرنا ۔ (۱۹) (منطق) صغریٰ اور کبریٰ سے نتیجہ نکالنا : قیاس منطقی کی ایک شکل کو دوسری شکل میں تبدیل کرنا : غلط حالت سے صحیح شکل میں لانا۔ (۲۰) (قانون) قبضہ یا دخل میں لانا (ملکیت) ۔ (۲۱) جسمانی طور پر کمزور کرنا یا ہونا۔

To reduce anomalies to rule : بے قاعدہ صورتوں کو کسی قاعدے کے ماتحت لانا۔

To reduce rule to practice : اصول کو عمل میں لانا۔

To reduce the establishment : عملے میں تخفیف کرنا۔

To reduce to the rank : (فوج) (نان کمیشنڈ افسر کے) عہدہ کو گھٹا دینا : عہدہ کم کر دینا : عہدے میں تخفیف کرنا۔

Reduced : (a) (۱) گھٹایا ہوا : کم کیا ہوا : کم شدہ : تخفیف شدہ۔ (۲) بقیہ : جو گزری ہوئی چیز کے نشان کے طور پر

باقی ہو ۔ (۲) مفلس ؛ کنگال ۔ (۳) مُکَسَّر ۔ ؛ (نباتیات) سادہ ساخت ؛ (ریاضیات) تحویل شدہ ؛ محلول ۔

Reduced agent : (n) (کیمیا) مکسر عامل ۔

Reduced area : (n) (معدنیات) تحلیل رقبہ ؛ رقبۂ تحلیلیہ ۔

Reduced circumstances : (n) فراغ کے بعد تنگدستی یا مصیبت کی حالت ۔

Reduced eye : (n) (نفسیات) سادہ چشم ۔

Reduced fertilization : (n) سادہ ماروری ۔

Reduced level : (n) (جراحی) تحویل شدہ ارتفاع ۔

Reduced officers : (n) تخفیف شدہ عہدہ دار ۔

Reduced pressure : (n) (طبیعیات) تحویل شدہ دباؤ ۔

Reduced prices : (n) کم شدہ قیمتیں ۔

Reducent : (a) (۱) (نباتیات اور حیوانیات) تقلیل دہندہ ؛ وہ جو کسی خاص حصے سے پیچھے کی طرف کھینچتا ہے (عضلات) ؛ عامل احیاء کنندہ ۔ (۲) (طب) غذا کی کمی سے پستی ۔

Reducibility : (n) (۱) تخفیف کرنے والا ؛ گھٹانے والا ؛ کم کرنے والا ؛ پابند بنانے والا ۔ (۲) (فوٹوگرافی) تلطیفی عامل ؛ (کیمیا) تحویل عامل ۔ (۳) مغلوب کرنے والا ؛ مطیع کرنے والا ؛ فاتح؛تحویل کرنے والا ؛ تحلیل کرنے والا ۔

Reducibility : (n) تحویل پذیری ؛ استحالہ پذیری ؛ تقسیم پذیری ؛ تخفیف ؛ کمی پذیری ؛ حل پذیری ۔

Reducible : (a) [L.'Reducibilis'.] تحویل پذیر ؛ قابل تبدیل ؛ استحالہ پذیر ؛ قابل انضباط ؛ تقسیم پذیر ؛ کم کردنی ؛ کاہش پذیر ؛ قابل اختصار ؛ قابل تخفیف ؛ قابل تقلیل؛ ممکن التسخیر ؛ جو مطیع یا مغلوب کیا جا سکے ؛ (کیمیا) تحویل پذیر ؛ (ریاضیات) حل پذیر ؛ تحویل پذیر ۔

Reducible equation : (n) تحویل پذیر مساوات ۔

Reducible hernia : (n) دینے والا فتق ؛ فتق الغمازی ۔

Reducibleness : (n) دیکھو Reducibility

Reducibly : (adv.) تحویل پذیری کے ساتھ ؛ تخفیف کے ساتھ ۔

Reducing : (n) (۱) تحویل ؛ تغیر ؛ تشکیل ؛ استحالہ ۔ (۲) ترتیب؛ تسخیر ؛ تحفیف ؛ کمی ؛ منہائی ۔ (۳) (کیمیا ، ریاضیات) تحویل ۔ (۴) پابند بنانا ؛ عادی بنانا ۔

Reducing agent : (n) (کیما) تحویل عامل ۔

Reducing compasses : (n) تحویلی پرکار ؛ تحویلی رقبے ۔

Reducing coupling / -piece : (n) تحویل کُندا ؛ دو پرزوں کو ملانے والا حلقہ ؛ تحویلی حلقہ ؛ مختلف سائز کے پائپ کو ملانے والا کُندا ۔

Reducing factor : (n) (ریاضیات) تحویلی جُز ؛ ضربی ۔

Reducing properties : (n) (کیمیا) تحویلی خواص ۔

Reducing valve : (n) اسٹیم انجن میں دباؤ کم کرنے والا کھل مندن ؛ تحویلی کھل مندن ۔

Reducing works : (n) وہ مقام یا جگہ جہاں فلزاتی دھات مُکسّر کی جاتی ہیں ۔

Reductant : (n) دیکھو Reducing Agent

Reductio and absurdum : (n) (۱) (منطق) کسی اصول کے غلط ہونے کا ثبوت اس کے نتائج کو مہمل ثابت کرنے سے ۔ (۲) کسی اصول پر اس حد تک عمل کرنا یا زور دینا کہ وہ مہمل ہو جائے ۔

Reduction : (n) [L. 'Reductionem'.] (۱) تحویل ؛ تغیر ؛ تشکل ؛ استحالہ ؛ تبدیل ۔ (۲) انضباط ؛ تبویب ؛ تقسیم ؛ ترتیب. (۳) تخفیف ؛ تقلیل ؛ کمی ؛ گھٹائی ؛ منہائی ؛ اختصار ؛ کاہش ۔ (۴) تسخیر ؛ مغلوب کردگی ؛ مطیع کرنا ۔ (۵)مختصر شبیہ یا نقشہ وغیرہ ؛ مختصر شکل (تصویر یا نقشے کی) ۔ (۶) (ریاضیات) ایک قاعدہ جس سے نسب نما میں تبدیل کی جاتی ہے ؛ حل ؛ تحویل ۔ (۷)(کیمیا) تحویل ؛ استحالہ (منطق) ؛ احالہ ؛ (حیوانیات) جبر ؛ بٹھاؤ ؛ (معاشیات) تقلیل ؛ تخفیف ؛ (سیاسیات) ؛ تنزل ؛ خرد سازی ؛ تصغیر ؛ (فوج) تلطیف ؛ ہلکا کرنا ۔ (۸) احیاء ؛ احالہ ؛ جا اندازی ۔ (۹) نقصان ؛ تعلیق ۔ (۱۰) (جراحی) اصلی حالت میں لانے کا عمل ؛ ٹوٹی ہوئی ہڈی وغیرہ کو ٹھیک کرنے کا عمل ۔ (۱۱)تسخیر ؛ قبضہ ؛ فتح ؛ (خصوصاً کسی شہر کی تسخیر) ؛قبضہ میں کرنے کا عمل ۔ (۱۲) (منطق) صغریٰ اور کبریٰ سے نتیجہ نکالنے کا عمل ؛ قیاس منطقی کی ایک شکل کو دوسری شکل میں بدلنے کا عمل ؛ قیاس منطقی کی

صحت کو ثابت کرنے کا یہ طریقہ کہ اس کے نتیجے کی ضد دونوں قضیوں کے ناموافق ہے ۔ (۱۳)مخصوص حالت یا شکل میں تبدیلی؛ دوسری شکل میں کمی (خصوصاً کیمیائی عمل کے ذریعہ) ۔ (۱۴) کچی دھات کو پگھلانے کا عمل ۔

Reduction compasses : (n) دیکھو Reducing compasses

Reduction crusher : (n) کوئلہ ، پتھر ، دھات وغیرہ کو ریزہ ریزہ کرنے والی مشین ۔

Reduction division : (n) تحفیفی انقسام ۔

Reduction factor : (n) (الیکٹرک) تحویلی جُز ۔

Reduction graph : (n) (کیمیا) تحویلی ترسیم ۔

Reduction of level : (n) (جراحی) تحویلی ارتفاع ۔

Reduction to the absurd / -to absurdity : دیکھو Reductio ad absurdum

Reduction tube : (n) (کیمیا) تحویلی نلی ۔

Reduction works : (n) فلزاتی دھات کو تخفیف کرنے کا کام ۔

Reductional : (a) تحویل ؛ تغیر؛ تخفیف ؛ تسخیر کا یا اُس سے متعلق ۔

Reduit : (n) [L. 'Reductus'.] (فوج) بالاحصار ؛ چور مورچہ ؛ پچھلا گڑھ ؛ پس دمدمہ ۔

Redundance : (n) [L. 'Redundatia'.] زیادتی ؛ کثرت ؛ فالتو دولت ۔

Redundancy : (n) زیادتی ؛ کثرت ؛ فراوانی ؛ حشویت ؛ زائد ہونا ؛ فضول ہونا ؛ سطحیت ؛ فضول چیز ؛ فالتو دولت ؛ بے ضرورت چیز۔

Redundant : (a) [L. 'Redundantem'.] (۱) سطحی ؛ فاضل ؛ حشو و زائد ؛ بھرتی کا؛ زیادتی ؛ زائد ۔ (۲)وافر ؛ بھرپور ؛ کثیر؛ فراواں ؛ افزوں ؛ خطیر ؛ بہت زیادہ ۔ (۳) غیر اہم ؛ حقیر ۔ (۴) ملازم کے یا اُس کے عہدے کا جسے ضروری نہیں سمجھا جائے۔

Redundant member : (n) ممبر جو حمایت کے لئے ضروری نہ ہو ؛ غیر ضروری ممبر ۔

Redundant verb : (n) فعل جس کی متبادل شکلیں ہوں (جیسے فعل ماضی) ۔

Redundant underwing : (n) کیڑے کی ایک قسم ۔

Redundantly : (adv.) سطحی طریقے سے ؛ سطحیت کے ساتھ ؛ بھرتی کے طور پر ؛ حشو کے طور پر ؛ بہ کثرت ؛ فراوانی سے ۔

Ree : (n) [Var. of Reeve.] کبوتری ۔

Ree/ Rye : (v) [Origin unkn.] (۱) پھٹکنا ؛ چھاننا ۔ (۲) چھان بین کرنا ؛ جانچ پڑتال کرنا ۔

Ree : (a) (۱)خلاف عقل؛ خلاف منطق؛ غیر منطق ؛لغو؛ نا معقول ؛ مہمل ۔ (۲) غیر ذی رو ح ؛ بے عقل ۔ (۳) (ریاضیات) اصم ؛ مقدار اصم ۔ (۴) وحشی ؛ دیوانہ؛ مست ۔

Ree wheat grass : (n) اس گھاس کی ایک درمیانی قسم جس کی جڑیں دور تک پیوست ہوتی ہیں ۔

Reebok : (n) [DU. Roe-buck.] جنوبی افریقہ کا پہاڑی بکرا ؛ بُز کوہی ۔

Reed : (n) [OE. 'Hreod'.] (۱) نرسل ؛ ملک ؛ لے ؛ سرکنڈا ۔ (۲) نَے کی پتی ؛ پتاور ؛سو پتیا ؛ بینڈ (چھپر کے لئے) ۔ (۳)(شعر) تیر ؛ نَے ؛ بنسری ؛ مُرلی ؛ گوالوں کے گیت ؛ چرواہوں کے گیت ؛ دیہاتی شاعری ؛ چھند ۔ (۴)(باجوں کی) منہال (جسے منہ سے لگا کر بجاتے ہیں) (عموماً جمع میں) ۔ (۵) نلکیاں ؛ نلیاں (لوہے وغیرہ کی) ؛ غابات ۔ (۶) منہ سے بجانے کے باجے ؛ منہ باجے ۔ (۷) چھجہ ؛ کنگھی (بنکروں کی) ؛ چھجی۔ (۸)لاغر و ضعیف (آدمی یا شے) ۔ (۹) نَے یا نرسل کا چھنڈ ۔ (۱۰) نرسل (جس سے چھپر بنایا جائے ؛ نرسل (بہ طور سامان)۔ (۱۱) نرسل وغیرہ سے بنائی ہوئی چٹائی ؛ گچّی (جس سے ٹوکری وغیرہ بناتے ہیں)۔ (۱۲) پتلی لچک دار زبان (جو بعض باجوں میں ہوتی ہے اور بجانے سے حرکت میں آتی ہے)؛ زبانۂ نَے ؛ زبانہ نے دار ۔ (۱۳) گگلی (پیمائش کی) ؛ نَے وغیرہ سے بنایا ہوا آلہ ؛ یہودیوں کا قدیم پیمائشی آلہ جو چھ گز کا طویل ہوتا تھا ۔ (۱۴) دیکھو Reed stop ۔ (۱۵)(حیوانیات) شکمیہ ؛ معدۂ چہارم ۔

Beating reed / Striking - : (بانسری بجاتے وقت) انگشت زنی ۔

Bed of reeds : (نباتیات) نَے زار ۔

Broken reed : ناقابل اعتبار سہارا ؛ ناقابل اعتبار آدمی۔

Ezeiel's reed : یہودیوں کا قدیم پیمائشی آلہ جو چھ گز کا ہوتا تھا۔

Free reed : بانسری : نَے ۔

To lean on a reed : تکیہ بر آب کرنا : موہوم سہارا لینا : بودا سہارا لینا ۔

Reed : (v) (۱)چھپر چھانا : چھپر بنانا : نرسل چھانا (نرسل سے) بینڈ باندھنا ۔ (۲) نلیاں بنانا : (آرائش کے لئے) غابہ کرنا : نرسل وغیرہ سے آرائش کرنا ، سجانا ۔ (۳)منہائی لگانا : کھونٹیاں لگانا : نرسل بٹھانا (بانسری وغیرہ باجوں میں) : بانسری بنانا. (۴)چھجھی سے دھاگا نکالنا ۔ (۵) شکن ڈالنا : سلوٹ ڈالنا ۔

Reed-babbler : (n) (۱) ایک چھوٹا سا یورپی پرندہ ۔ (۲) دیکھو Reed-warbler .

Reed back : (n) کج پشت : کج پشتا ۔

Reed bed : (n) نرسل کا فرش : نرسل کا بستر ۔

Reed-bent : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Reed-bird : (n) (۱) صُقاریہ : امریکی چڑیا : بہت ساری ایشیائی چڑیوں میں سے کوئی ایک ۔ (۲) دیکھو Sedge-warbler.

Reed-buck : (n) ہرن کی ایک قسم ۔

Reed-bunting : (n) (۱) دَرَسَۃ نَے (پرند) ۔ (۲) ریشی پُھدکی (پرند) ۔

Reed-fish : (n) مغربی افریقہ کی ایک لمبی مچھلی ۔

Reed-grass : (n) (نباتیات) نرسل : نَے ۔

Reed green : (n) ہلکا زرد ۔

Reed-mace :(n) ناگر موتھا : سعد کوفی :ایک قسم کی گھاس جو پانی یا دلدل میں پائی جاتی ہے : پاخری ۔

Reed mark : (n) دھاگا یا چھجھی کی خرابی کی وجہ سے کپڑے پر تانے کا نشان ۔

Reed meadow grass : (n) گھاس:چارہ : چری (خصوصاً شمالی امریکا میں) ۔

Reed organ : (n) ہارمونیم وغیرہ ۔

Reed pen : (n) کلک ۔

Reed pheasant : (n) پھدکی : ریشی پھدکی : دڑھیل پھدکی : ایک قسم کا پرندہ ۔

Reed pipe : (n) بانسری : نَے : مرلی (وغیرہ باجے) : تُرئی : پتی دار نل.

Reed shed : (n) (پودے وغیرہ کو دھوپ سے بچانے کے لئے) نرسل سے بنایا ہوا چھجّا ۔

Reed sparrow : (n) دیکھو Reed bunting

Reed splicing : (n) (نباتیات) کلکل پیوندی ۔

Reed stop : (n) (باجے کی) کھونٹی (نرسل بانس کی) : پردہ ۔

Reed warbler : (n) سسک ، چکاوک وغیرہ کی جنس کے پرندوں کی قسمیں :ایک چھوٹا سا یورپی پرندہ ۔

Reed-wolf : (n) گیدڑ جو جزیرۂ دنیوب کے نرسل کی جھاڑیوں میں رہتا ہے ۔

Reed-wren : (n) دلدلی پھدکی : ایک امریکی چڑیا ۔

Reeded : (a) نرسل سے چھایا ہوا : نرسل سے ڈھکاہوا : نرسل بھرا: نَے وغیرہ سے سجایا ہوا : نَے دار ۔

Reedify : (v) [Late L.'Reaedificare'.] (۱) دوبارہ تعمیر کرنا : پھرسے بنانا : تجدید کرنا : نئے سرے سے بنیاد رکھنا ۔ (۲) دوبارہ قائم کرنا یا باندھنا (اُمید ، آس) : پھرسے بنانا (جسم کو) ۔

Reeding : (n) (۱) نرسل سے چھانے کا عمل: نرسل سے آرائش ۔ (۲) سکّے کے کنارے کی مہین کاری ۔

Reeding-plane : (n) وہ رندہ جو نے ، بانسری بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Reedling : (n) (حیوانیات) ولایتی پھدکی : یورپی پھدکی : ریشی پھدکی : ایک پرند جسے داڑھی ہوتی ہے ۔

Reeducate : (v) (۱) جسمانی طور پر معذور شخص کو تربیت دینا (پٹھوں کو مضبوط بنانے کی) ۔ (۲) نیا رجحان یا نئی عادت پیدا کرنا ۔

Reeducative : (a) تربیت دینے کی صلاحیت یا اختیار ۔

Reedy : (a) [ME.] (۱) نرسل بھرا : پُراز نَے : جھنڈ دار : جھنڈیلا ۔ (۲) نرسل کا : نَے کا : نَے جیسا : نلکیوں کا : نرسل سے بنا ہوا : نرسل جیسا لمبا اور نلکی نما ۔ (۳)کمزور: دبلا

پتلا ؛ نحیف و نزار ؛ سر کنڈے جیسی سوئی (گھاس) ۔ (۳) بانسری جیسی تیز ؛ خش ۔

Reef : (n) [MDu.] (۱) باد بانچہ ؛ بال پردہ ؛ بادبان پردہ (یہ تین یا چار ہوتے ہیں اور ان کے کھولنے یا باندھنے سے کشتی کی رفتار کم و بیش ہوتی ہے) ۔ (۲) کشتی رانی کی مسافت میں باد بانچہ کے ذریعہ تخفیف ۔

To take in a reef : (۱)باد بانچہ لپیٹنا ۔ (۲) احتیاط سے چلنا ؛ پھونک پھونک کر قدم رکھنا ۔

Reef : (n) (۱) (جغرافیہ) ساحلی سنگستان ؛ پتھریلا ساحل؛ (کنار آب)ریتی ؛ ترائی ؛ شعب البحر؛ صخرۂ آب گیر؛ جزیرہ نما ۔ (۲) (کان کنی) رگ زر ؛ طبقہ حجری ؛ خام لوھے کا ذخیرہ ۔ (۳) دیکھو Reef sponge ۔

Coral reef, Barrier reef : جزیرہ مرجان ۔

Reef : (v) (۱) دوبارہ باد بانچہ لپیٹنا ؛ چھوٹا کرنا (باد بان کو) ۔ (۲) کشتی رانی کی مسافت میں تخفیف (بادبان کو لپیٹنے کے ذریعہ) کرنا ۔ (۳) بادبان کو جھکانا ۔ (۴)(ڈھرّے کے مرکز میں پانی نکالنے والے پہیے کے تختوں کو متحرک کر کے) پاؤں دان بدلنا ۔

Reef : (v) کان میں کام کرنا ۔

Reef : (n) خارش ؛ جلدی مرض ۔

Reef-band : (n) گوشۂ باد بان ؛ باد بان کا کنارا ۔

Reef builder : (n) مرجانی کیڑا جو مرجانی چٹان بناتا ھے ۔

Reef-crab : (n) ایک چھوٹا آسٹریلیائی کیکڑا جو بادبانی بنائی کے لئے ایک آفت ھے ؛ یہ بڑی تعداد میں جالوں میں گھس کر اُن کو کاٹ کر برباد کر دیتا ھے ۔

Reef-goose : (n) کنا ڈائی ہنس ۔

Reef heron : (n) سفید اور نیلگوں رنگ کا آسٹریلیائی بگلا ۔

Reef-knot : (n) باد بانی گرہ ؛ چوکونی گرہ ؛ دہری گرہ ۔

Reef-knot : (v) چوکونی گرہ باندھنا ؛ چوکونی گرہ لگانا ؛ دُہری گرہ سے باندھ کر مضبوط کرنا ۔

Reef line : (n) بادبانی کے ساتھ ایک سیدھ میں کسی ہوئی چھوٹی چھوٹی رسیاں جو بادبان کو سیدھا رکھتی ھے جس سے کشتی رانی میں آسانی ہوتی ھے ؛ بادبان کش رسی ۔

Reef-netting : (n) جال کے ذریعہ ماہی گیری ۔

Reef-point : (n) دیکھو Reef line

Reef-sponge : (n) مغربی ہندوستان کا انتہائی ملائم تجارتی اسفنج۔

Reef's barrier : (n) سدّ مرجان ؛ جزیرہ مرجان ۔

Reefable : (a) جو لپیٹا یا کھولا جا سکتا ھو ۔

Reefer : (n) (۱) بادبانچی ؛ (عامیانہ) نا خدا ؛ مددگار کپتان ۔ (۲) دُہری گرد ۔ (۳) موٹی دُہری صدری ؛ دُہرا سینہ بند ؛ (ریفنگ جیکٹ) موٹے کپڑے کا چست کوٹ۔

Reefer : (n) سگریٹ (تمباکو کی سوکھی پتیوں اور پھولوں سے بنایا ہوا) ۔

Reefer : (n) (۱) دیکھو Refrigerator۔ (۲) ریفریجریٹر گاڑی۔

Reefing : (n) باد بان لپیٹنے کا عمل ؛ باد بان لپیٹنا ۔

Reefing jacket : (n) موٹے کپڑے کا دُہرے سینہ بند والا کوٹ ؛ موٹی دُہری صدری ۔

Reefy : (a) (۱) ریت یا چٹانوں سے بھرا ہوا ۔ (۲) صغری یا ریتی اشیا والا ۔

Reek : (n) [OE. 'Rec'.] (۱) (ادبی زبان اور اسکاچستان) دھواں ؛ دخان ؛ بخار ؛ بھاپ ؛ ابخارات ؛ بدبو ؛ بھبکا(بوکا) ۔ بساندی ؛ گندھی ؛ دھواں بھری ہوا یا فضا ؛ دور ابر مانند ۔ (۲) تودہ ؛ انبار ؛ ڈھیر ؛ انبوہ ۔

Reek : (v) [OE. 'Recocan'.] (۱) دھواں اٹھنا ؛ (جلنے کے بعد) بھاپ اٹھنا ؛ آبخرہ نکلنا ؛ بھاپ نکلنا ۔ (۲) بھبکا نکلنا ؛ بو آنا؛ بو دینا (تمباکو ، خون وغیرہ کی اور استعارتاً تصنع اور قتل وغیرہ) ؛ بدبو نکلنا ؛ بدبودار ہونا ؛ متعفن ہونا ۔ (۳) دھوئیں میں ڈال دینا ؛ دھوئیں سے سکھانا ؛ دھونی دینا ؛ بخارات کے ذریعہ وبائی مادہ کو صاف کرنا ؛ ہوا کو دھواں دے کر صاف کرنا ۔ (۴) کالک پھیرنا ؛ کالک لگانا ؛ ہوا کو دھوئیں سے کالا کرنا ۔ (۵)بھرنا ؛ انبار لگانا ؛ ڈھیر کرنا ۔

Reeker : (n) دھواں دار ؛ بدبو دار ؛ بو دار ۔

Reeky : (a) (۱) دھواں بھرا ؛ دھواں سے بھرا ؛ پُر دخان ؛ دخانی ؛ دھندلا ؛ کہریلا ۔ (۲) دھوئیں سے کالا ؛ دھواں دینے والا ؛ جس میں سے دھواں نکلتا ھے ۔ (۳) دھواں جیسا؛ بخار دار ؛ دود زدہ ؛ سیاہ شدہ (دھواں سے)۔ (۴)بدبو۔

Reel : (n) [OE. 'Hreol'.] (۱) چرخی ؛ چکلی ؛ گِٹّی ؛ ریل (دھاگے کی)؛ (سنیما)ریل ؛ (سنیما) ریل کی لمبائی ۔ (۲) گولا ؛ بیلن؛ چکری (سوت وغیرہ لپیٹنے کی) ؛ پیچ ؛ جروک ۔ (۳)چکر ؛ پھرکی ؛ لٹو ؛ اٹیرن ؛ مہرہ ؛چرخا ؛ قرقرہ ؛ حلقہ ۔ (۴) ڈاک ٹکٹ کا گول پلندا ۔ (۵)بہت ساری مشینوں میں سے ایک گردشی پرزہ ؛ گھومتے رہنے والا پُرزہ ۔

Off the reel : مسلسل؛ پے بہ پے ؛ متواتر ؛ پیہم ؛ بلامداخلت؛ بے تامل ؛ فرفر ؛ فی البدیہہ ۔

Reel : (n) (۱) شورش ؛ ہنگامہ ؛ فساد ؛ بلوا ۔ (۲) شورش ؛ شور و غل؛ چیخ پکار ؛ غوغا ۔ (۳) بے چینی ؛ شورش قلب ؛ جوش جذبات ۔ (۴)چکر؛ گردش ؛ دور ؛ ڈگمگاہٹ ؛ لغزش ۔

Reel : (n) (۱) رقص ؛ رقص دوری ؛ کوہستانی رقص ؛ کھروا ۔ (۲) اسکاٹ لینڈ کے پہاڑی باشندوں کا ایک نشاط انگیز رقص ؛ اسکاچستانی رقص ۔ (۳) اس رقص کی موسیقی۔ (۴) کنواریوں کا رقص ؛ رقص دو شیزگاں ۔ (۵)(عامیانہ) رقصی گیت ؛ نغمۂ رقص ۔

Virginia reel : (n) (۱) امریکا کا دیہاتی رقص۔ (۲) کنواریوں کا ناچ ۔

Reel : (n) سڑک کوٹنے کا ہتھوڑا ؛ مرصع کاری کی ہتھوڑی ۔

Reel :(v) [Late ME.] (۱) لپیٹنا (چرخی پر) ؛ چڑھانا ؛ اٹیرنا ۔ (۲) چرخی چلانا ؛ ریشم کھولنا ؛ (چرخی سے) اتارنا ؛ چرخی پھرا کر ڈور کھینچنا (مچھلی وغیرہ کی) ۔ (۳)فرفر دُہرانا ؛ فرائے بھرنا ۔ (۴) (ٹٹے وغیرہ کا) کٹ کٹ کرنا ؛ چٹ چٹ کرنا ۔

Reel : (v) (۱) چکرانا ؛ گھومنا ؛ گھمیر میں ہونا ؛ چکا چوند ہو جانا ۔ (۲) لرزنا ؛ لڑکھڑانا ؛ ڈگمگانا ؛ جھومنا ؛ جھکولے کھانا ؛ جھنکے پانا ؛ بے قابو ہونا ؛ افتاں و خیزاں ہونا ؛ گر گر پڑنا ؛ چکر آنا (صدمہ سے) ؛ پس و پیش میں ہونا ۔ (۲)بلتا ہوا نظر آنا ؛ چکرکھاتا دکھائی دینا ؛ جھونکے کھانا ؛ جھکنا ۔ (۴)مختلف ہونا ؛ بد حواس ہونا ؛ سر چکرانا ۔ (۵) (میدان جنگ میں) کسی کنارے چلے جانا ؛ کنارے میں ہونا ؛ میدان خالی کرنا ۔ (۶) ہلانا ؛ ڈولانا ؛ کھٹکھٹانا ؛ کھڑکھڑانا ؛ حرکت دینا ؛ متاثر کرنا ۔ (۷)حکومت کرنا ؛ صاحب اقتدار ہونا یا اختیار ہونا ۔ (۸) اُفتاں وخیزاں چلنا ؛ گرتے پڑتے چلنا ؛ جسم کو ہلاتے ڈلاتے چلنا ۔ (۹) تیزی سے حرکت کرنا ؛ دوڑنا ؛ اڑنا ؛ پرواز کرنا ؛ ہوا ہو جانا۔

Reel : (v) کوہستانی رقص ؛ دیہاتی ناچ ؛ گاتے ہوئے ناچنا ۔

Reel off : (v) تیزی سے پڑھنا ؛ فرفر پڑھنا ؛ فرائے کے ساتھ کہنا یا بیان کرنا ۔

Reel oven : (n) چرخی دار چولہا ؛ پہیا دار تنور ۔

Reellable : (a) لپیٹنے کے لائق ؛ چرخی میں لپیٹنے کے قابل ؛ قابل پیچیدن ۔

Reelrall : (n) اخْتلال ؛ شورش ؛ فساد ۔

Reelect : (v) دوبارہ چُننا ؛ دوبارہ منتخب کرنا ؛ دوسری میعار کے لئے منتخب کرنا ۔

Reeled : (a) چرخی پر لپیٹا ہوا ؛ پیچ و خم کے ساتھ لپیٹا ہوا ۔

Reeled silk : (n) اعلیٰ درجہ کا خام ریشم یا سلک(لپیٹا ہوا)۔

Reeler : (n) (۱)لپیٹنے والا ؛ چرخی پر لپیٹنے والا (دھاگا وغیرہ) ۔ (۲)لپیٹنے کی مشین ۔(۳)سنیما(متعدد ریلوں کا)۔

Reeling hammer : (n) ہتھوڑا(سڑک وغیرہ کو ٹنے کا)؛ ہتھوڑی (صناع کی) ۔

Reelingly : (adv.) گرتے پڑتے ہوئے؛ اُفتاں و خیزاں؛ چکراتے یا لڑکھڑاتے ہوئے ۔

Reelrall : (n) اختلال ؛ شورش ؛ فساد ۔

Reem : (n) [Heb. 'Re' 'em'.] جنگلی بیل ؛ جنگلی گائے وغیرہ ۔

Reembark : (v) دوبارہ جہاز پر سوار کرنا ؛ دوبارہ لنگر اٹھانا ۔

Reembodiment : (n) تجسیم ثانی ؛ تشکیل نو؛ دوبارہ اظہار ۔

Reembody : (v) دوبارہ مجسم کرنا ؛ دوبارہ ظاہر کرنا ۔

Reemerge : (v) پھر برآمد ہونا ؛ ظہور میں آنا ؛ نجات پانا ۔

Reemploy : (v) دوبارہ تقرری کرنا ؛ دوبارہ بحال کرنا ؛ دوبارہ ملازمت دینا ۔

Reemployment : (n) مکرر ملازمت ۔

Reen : (n) (جنوبی مغربی مقامی بولی) چوڑا کھلا گڑھا ؛ چوڑی کھلی کھائی ۔

Reetch : (v) دھات یا تانبے کے پترے پر دوبارہ کھودنا ؛ دوبارہ نقش کرنا ؛ دوبارہ نقش ونگار بنانا ۔

Reeve : (n) [OE. 'Refa'.] (۱)(تاریخ)عامل ؛ قصبہ یا ضلع کا صدر ؛ فوجدار(مجسٹریٹ) ۔ (۲) (کنلڈا) چودھری ؛ گاؤں یا قصبے کا مکھیا ؛ میر بلد ۔

Reeve : (v) (۱)(بحری)رسی ڈالنا ؛ اٹکانا یا پرونا ؛ سیندھنا (جہاز کے سوراخ یا کنڈے میں) ۔(۲)(جہاز کا)چیرتی ہوئی چلنا؛چیرنا(ریتی وغیرہ کو)۔(۳)سوراخ میں رسی ڈالنا؛ سوراخ وغیرہ سے رسی گزارنا ۔(۴)سوئی میں دھاگا ڈالنا یا پرونا ۔ (۵)سوراخ یا شگاف کے ذریعہ (رسی کے بندھن کو) مضبوط باندھنا ؛ گرہ ڈالنا ؛ مضبوط کرنا ۔ (۶)شگاف یا تنگ جگہ سے گزارنا ۔

Reeve : (n) Ruff کی تانیث ۔

Reeve land : (n) [OE. 'Gerefland'.] سرکاری زمین جو آسامی کی بجائے گاؤں کے مکھیا کے قبضہ وتصرف میں ہو ؛ زمین ضبط شدہ بہ حق سرکار یا بادشاہ ۔

Reeve pheasant : (n) چینی تیتر ؛ دراج ۔

Ref : (۱)Reference کا مخفف ۔(۲)Referee کا مخفف ۔

Ref ace : (v) نئے محاذ پر بھیجنا ؛ (کسی چیز کے) اگلے حصہ کو نیا بنانا ؛ اگلی سطح کو نیا بنانا ۔

Refect : (v) ناشتہ کرنا ؛ استراحت کرنا ؛ آرام کرنا ۔

Refection : (n)[(o)Fr. 'Refection'.] (۱)ناشتہ ؛ ہلکا کھانا ؛ نقل ؛ استراحت ۔(۲)روحانی یا ذہنی تغذیہ ۔(۳)کھانا ؛ جز و طعام ۔

Refectioner : (n) (کلیسا ، کنونٹ وغیرہ میں)ناشتہ ، کھانا وغیرہ کا مہتمم ؛ داروغۂ مطبخ ۔

Refectorian : (n) Refectioner دیکھو

Refectory : (n) طعام خانہ ؛ رسوئی ؛ ناشتہ خانہ ؛ آرام گاہ ۔

Refectory table : (n) ناشتہ کی میز ؛ کھانے کی میز ۔

Refer : (n) [(o)Fr. 'Referer'.] (۱)محلول کرنا ؛ منسوب کرنا ؛ مختص کرنا (دن یا مقام سے) ؛ منسوب ہونا ۔ (۲)حوالے کرنا ؛ سپرد کرنا ؛ رائے پر چھوڑنا(معاملے کا فیصلہ) ۔ (۳)فیصلے کے لئے بھیجنا ؛ (مقدمہ) تفویض کرنا ۔ (۴)سند ڈھونڈنا ؛ استناد یا استمداد کرنا ؛ مدد چاہنا ؛ حوالہ دینا ؛ رجوع کرنا (کسی شخص کو مدد کے لئے دوسرے کے پاس) بھیجنا؛ جانے کی ہدایت کرنا؛ مراجعت کرنا؛ ہدایت کرنا؛ ضمانت دینا ؛ یقین دلانا ۔(۵) (کسی کے قول وغیرہ کو) حوالے کے طور پر پیش کرنا ۔ (۶)(بیان وغیرہ کا) (کسی چیزکے) متعلق ہونا ؛ بابت کرنا ؛ متعلق سمجھا جانا ۔(۷) اشارہ کرنا ؛ حوالہ دینا ؛ ذکر کرنا ۔ (۸)واگذار کرنا ؛ معلوم کرنا ؛ جاننا ؛ رہنمائی کرنا ۔ (۹)تسلیم کرنا ؛ مان لینا ؛ لائق استفادہ سمجھنا یا ٹھہرانا ۔ (۱۰) ثبت کرنا ؛ گذارش کرنا ۔ (۱۱)معرض التوا میں ڈالنا ؛ تاخیر کرنا ؛ تعویق کرنا ؛ ٹال مٹول کرنا۔ (۱۲)منتقل کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ پتہ لگانا ؛ مختص کرنا ؛ مقرر کرنا ۔ (۱۳) ارتکاب کرنا ؛ التماس کرنا ؛ دے دینا؛ بڑھا دینا (کسی چیز کو کسی شخص کی طرف)؛ مخصوص کرنا ۔ (۱۴) ملتبس ہونا ؛ التباس ہونا ؛ ابہام ہونا ۔ (۱۵)حوالہ دینا ؛ متوجہ کرنا (کسی شے کی طرف) ؛ توجہ مبذول کرنا ؛ متوجہ ہونا ۔ (۱۶)منطبق کرنا۔ (۱۷)غور کرنا ؛ سوچنا ؛ سمجھنا ؛ فرق کرنا ؛ تقسیم کرنا؛ درجہ بندی کرنا ۔(۱۸)عضوبدن سمجھنا ؛ بدن یا فضا کے مخصوص حصہ سے متعلق سمجھنا ۔

Referable : (a) قابل انتساب ؛ منسوب ہونے کے لائق ؛ انتساب پذیر ؛ قابل اختصاص ؛ قابل اسناد ؛ قابل مراجعت ؛ لائق حوالہ ۔

Referee : (n) (۱) حکم ؛ پنچ ؛ (خصوصاً فٹ بال کے کھیل میں)ریفری ۔ (۲)وہ جس کے حوالے کوئی چیز کی جائے ؛ وہ جس کی سنددی جائے ؛ جس کا حوالہ دیا جائے ۔(۳) (کسی معاملہ کی) تفتیش کرنے والا ؛ تفتیش کنندہ ۔ (۴) اثارنی (قانونی) جسے عدالتی افسر کے اختیارات تفویض کئے جائیں ۔ (۵)(گھریلو یا کم سن بچوں کے معاملات کی تفتیش کے لئے) جج کے ذریعہ بحال کیا جانے والا شخص۔ (۶) مہتمم ؛ منظم ؛ نگراں ۔ (۷)پارلیمنٹ کی تشکیل کردہ کمیٹیوں میں سے کسی کا ممبر (نجی بلوں کے امور سے متعلق) ۔

Referee : (v) (۱)(خصوصاً کھیل کود میں) حکم بننا ؛ ریفری بننا ۔ (۲) جج یا منصف کے فرائض انجام دینا؛ حکم کی حیثیت سے فیصلہ دینا ۔ (۳) صدارت کرنا ؛ رہنمائی کرنا ۔

Reference : (n) (۱) تحویل ؛ حوالگی ؛ تفویض ؛ سپردگی (معاملہ کی حاکم مجاز کو) ۔ (۲)حدود تفویض ؛ حدود تحقیقات ۔ (۳) مناسبت ؛نسبت ؛ تعلق ؛ متعلق۔(۴)ایما ؛ اشارہ ؛ ذکر مذکور ؛ بیان ؛تحریر ۔(۵)حوالہ(صفحہ کتاب کا)۔ (۶)علامت حوالہ ؛ نشان حاشیہ ؛ فائدہ ۔(۷)استناد ؛ استشارہ ؛ مشورہ طلبی؛ (دوسرے شخص سے استناد کرنے کی) ہدایت ؛ حوالہ ۔ (۸) مصدق ؛ ضامن ۔ (۹)(سوقیانہ) صداقت نامہ ؛ سرٹیفکیٹ ؛ سند ۔ (۱۰)مشورہ ؛ مشورہ کرنے کے لائق شخص ۔ (۱۱)سفارش ۔(۱۲) مطلب ؛ مفہوم ؛ مراد ۔

Book (etc)of reference : حوالہ کی کتاب (وغیرہ)؛ کتاب

حوالہ : مسند : کتاب الاستناد ۔

Cross references : تبادلی حوالے : اندرونی حوالے : (ایک ہی کتاب کی) دوسری عبارت کا حوالہ ۔

For reference : مشورہ کے مقصد سے : مشورہ کے لئے : حوالہ کے لئے ۔

In or with reference to : متعلق : بہ لحاظ ۔

Legislation by reference : مسودۂ قانون بالحوالہ جس میں صرف دوسرے قوانین کے حوالے مذکور ہوں اور ان کی عبارتیں نقل نہ کی جائیں ۔

Without reference to : بلا لحاظ : بلا حوالہ : بغیرسندیا استناد ۔

Reference : (v) (۱)(کتاب میں) اسناد لکھنا : حوالے درج کرنا : حوالہ دینا : حوالے سے پکڑنا ۔ (۲)رجوع کرنا : مراجعت کرنا : لوٹانا : مرجوع ہونا ۔

Reference bible : (n) کتاب مقدس مسند ، جس میں حوالے یا متعلقہ آیات حواشی میں تحریر ہوں : کتاب مقدس محشی بالا سناد ۔

Reference book : (n) دیکھو Book (etc) of reference

Reference frame : (n) دیکھو Frame of reference

Reference page : (n) دیکھو Master page

Reference library : (n) وہ لائبریری جہاں حوالے کی کتابیں ہوں مگر کتابوں کو باہر لے جانے کی اجازت نہ ہو : کتاب خانۂ حوالہ جات : مکتبۂ استناد : جہاں کتابیں مستعار نہ لی جائیں ۔

Reference mark : (n) علامت حوالہ : اشارۂ حوالہ : علامت استناد ۔

Referencer : (n) حوالہ دینے والا : سند پیش کرنے والا ۔

Referendal : (a) (۱)مشیرعدالت : مددگار تحقیقات ۔(۲)رپورٹ کرنے والا : تنقیح کنندہ : تفتیش کنندہ ۔ (۳)شاہی عدالت کے متعدد حکام کا خطاب ۔

Referendary : (n) [Late L. 'Referendaire'.] دیکھو Referendal

Referendum : (n) [L. 'Referre'.] (۱)استصواب : استصواب عمومی : رائے شماری : شورائے عام : استشارۂ جمہور : کسی خاص مسئلہ میں تمام رائے دہندگان سے بلاواسطہ فیصلہ چاہنا : ریفرنڈم ۔ (۲) ڈپلومیٹک ایجنٹ یا سفارتی عہدہ دار کی طرف سے اپنی حکومت کو کسی خاص معاملہ میں ہدایت دینے کی درخواست ۔

Referent : (n) [L.'Referens'.] راجع : اشارہ دار : نسبت دار : رجوع کنندہ ۔

Referential : (a) استشہادی : حوالے کا : استنادی ۔

Referentially : (adv.) بہ طور حوالہ : بہ طور استناد ۔

Referral : (n) (۱)سند : حوالہ : رہنمائی : رجوع ۔(۲)جس کا حوالہ دیا جائے ۔

Referred : (a) تفویض کردہ : سپرد کیا ہوا : حوالے کیا ہوا : رجوع کیا ہوا ۔

Referred pain : (n) گردشی درد : جابجائی درد ۔

Referrer : (n) حوالہ کرنے والا : تفویض کرنے والا : رجوع کرنے والا : استناد پیش کرنے والا : مدد چاہنے والا ۔

Referrible : (a) دیکھو Referable

Referring : (a) اشاراتی : حوالگی ۔

Referring lamp : (n) اشاراتی چراغ ۔

Refight : (v) دوبارہ لڑنا : پھر سے جنگ کرنا : از سرنو جھگڑنا ۔

Refigure : (v) [Late L. 'Refigurare'.] (۱)دوبارہ تصور کرنا : دوبارہ تصویر بنانا : دوبارہ نقش و نگار بنانا : نیا پیش کرنا ۔ (۲) دوبارہ حساب کرنا : از سرنو قیمت درج کرنا ۔ (۳)از سر نو دکھائی دینا : دوبارہ نظر آنا : پھر سے نمودار ہونا ۔

Refill : (n) (۱)جو دوبارہ بھرے یا بھرا جائے : باز پُری : مکرر بھرائی ۔ (۲)کھانے کے دوران دوبارہ لینا ۔

Refill : (v) پھر بھرنا : باز پُری کرنا : دوبارہ بھرنا ۔

Refillable : (a) بھرنے کے لائق ہونا : پُر کئے جانے کے لائق ۔

Refinable : (a) صاف کرنے کے لائق : قابل آراستگی : قابل پاکیزگی ۔

Refine : (v) [Re-+Fine & fr 'Raffiner'.] (۱)صاف ہونا یا کرنا : نتھرنا : نتھارنا : خالص بنانا : خالص ہونا ۔ (۲)سنوارنا :

شائستہ بنانا ؛ مانجھنا ؛ نستعلیق بنانا ؛ نزاکت پیدا کرنا یا ہونا ۔ (۲)سنور جانا ؛ مہذب ہونا ؛ منجھ جانا ؛ شائستہ ہونا ؛ سنوارنا ؛ آراستہ کرنا ؛ پاکیزہ کرنا ؛ نقص یا عیب سے پاک ہونا ۔ (۴)موشگافی کرنا ؛ بات؛ نکالنا ؛ باریکی نکالنا ؛ دقیقہ رسی سے کام لینا ؛ باریک پہلوؤں پر بحث کرنا ؛ دقّت نظر سے بحث کرنا (کسی مسئلے پر) ؛ ادراک کرنا ؛ بہتر کرنا ۔(۵)ترقی دینا؛ مصفا کرنا ؛ جلا دینا ؛ مانجھ دینا ؛ پاک صاف کرنا ؛ صیقل کرنا ۔ (۶) روحانی طور پر پاک صاف کرنا ؛ اخلاقی طور پر بلند کرنا؛ اٹھانا ؛ اونچا کرنا ؛ عملی یا اخلاقی حیثیت سے سرفراز کرنا ؛ روحانیت پیدا کرنا ؛ پاکیزہ بنانا ؛ رفعت پیدا کرنا ؛ اخلاق کو جلا دینا ۔ (۷)لطیف بنانا ؛ لطافت پیدا کرنا ؛ سبک بنانا ؛ دقت نظر پیدا کرنا ۔ (۸)(زبان وغیرہ کو) مہذب بنانا ؛ شائستہ کرنا ۔ (۹)(مشین کے ذریعہ کسی چیزکو) صاف کرنا ۔

Refined : (a) (۱)خالص ؛ شائستہ ؛ صیقل شدہ ؛ صاف کیا ہوا ؛ نتھارا ہوا (۲) پاکیزہ ؛ مہذب ؛ لطیف ؛ بے آلائش ؛ مصفا ۔

Refined iron : (n) (معدنیات) کمایا لوہا ۔

Refinedly : (adv.) صفائی کے ساتھ ؛ خالص طور پر ؛ شائستگی کے ساتھ ؛ نفاست سے لطافت سے ۔

Refinedness : (n) خالص پن ؛ پاکیزگی ؛ نتھراپن ؛ صفائی ۔

Refinement : (n) [F. 'Raffinement'.] (۱)پاکیزگی ؛ تہذیب ؛ صفائی ؛ شستگی ؛ آراستگی ۔(۲)نفاست ؛ لطافت (ذوق کی) ؛ شائستگی ؛ آداب دانی ؛ تمیز ۔ (۳)باریکی ؛ نازکی ؛ (خیال وغیرہ کی) نزاکت ؛ پیچیدگی ؛ دقت پسندی ؛ دقیقہ رسی؛ موشگافی ۔ (۴)دقیق بحث ؛ باریک فرق ؛ نازک فرق ۔

Refiner : (n) صاف کرنے والا ؛ صاف کرنے والا آدمی ؛ صاف کرنے والی مشین ؛ دھات ، شکر صاف کرنے والا ؛ صاف ساز ؛ صیقل گر۔

Refiner man : (n) مل میں رمبر کی صفائی کا کام کرنے والا آدمی ۔

Refinery : (n) کارخانۂ صاف سازی ؛ کارخانۂ صیقل گری ؛ تصفیہ خانہ ؛ پالائش گاہ ۔

Refinger : (v) (۱)باجا بجاتے وقت انگلیوں کو تبدیل کرنا یا ادلنا بدلنا ۔ (۲)موسیقی کی نردوں میں ایسے نشان یا علامتوں کو بدل دینا جن سے معلوم ہوکہ فلاں باجا بجاتے وقت فلاں انگلیوں سے کام لینا چاہئیے ۔

Refining of metal : (n) تصفیۂ دھات ۔

Refiinish : (v) (فرنیچر وغیرہ کو) نئی شکل دینا ۔

Refit : (v) (۱)(جہاز وغیرہ کو) دوبارہ درست کرنا ؛ (اس کے لئے اسباب وغیرہ)مہیا کرنا ؛ دوبارہ کام کے لائق بنانا ؛ پھر سے تیار ہونا ؛ پھر سے درست ہونا ۔ (۲)پھر ٹھیک کرنا ؛ بٹھانا ؛ جمانا ؛ دوبارہ بہم کرنا ۔ (۳)پھر ٹھیک ہونا یا کیا جانا؛ پھر درست ہونا یا کیا جانا ؛ (جہاز وغیرہ کا) پھر (اسباب وغیرہ سے) مہیا کیا جانا ؛ نیا سامان لگانا؛ نیا پارٹ یا پُرزہ لگانا ۔

Refit : (n) باز درستی ؛ باز فراہمی ؛ جہاز وغیرہ کے درست کرنے کا عمل ۔

Refitment : (n) دیکھو Refit

Reflation : (n) (۱)(معاشیات) باز افراط زر ۔ (۲)خالی کرنے کے بعد بھرنے کا عمل ؛ تخلیہ کے بعد پُر کرنے کا عمل ۔

Reflect : (n) (۱) عکس ؛ انعکاس ۔ (۲) دیکھو Reflection ۔

Reflect : (v) [L.'Reflectere'.] (!)موڑنا ؛ تہ کرنا (سطح یا جسم کو) ؛ خم ہونا ؛ خم کرنا (پیچھے سے) ؛ دوبارہ جھکانا یا خم کرنا ۔ (۲) پھینکنا ؛ اچٹانا ؛ ڈالنا ؛ منعکس کرنا ؛ پھیرنا ۔ (۳) عکس ڈالنا؛ انعکاس کرنا ؛ پر چھائیں دکھانا ؛ مظہر ہونا ؛ مرقع ہونا ؛ ہو بہو تصویر ہونا ؛ مجسم کرنا ۔ (۴)باعث ہونا؛ (نیک نامی یا بدنامی کا)؛ موجب ہونا (فخر یا ذلت کا) ۔ (۵)بدنام کردینا ؛ ذلیل کر دینا ؛ رسوا کردینا ۔ (۶)غور کرنا ؛ تامل کرنا ؛ تفکر کرنا ؛ سوچنا ۔ (۷)سمجھنا ؛ خیال کرنا ۔ (۸) الزام لگانا ؛ طعن کرنا ؛ چوٹ کرنا ۔ (۹)منتج ہونا ؛ نتیجہ نکالنا ؛ شفاف ہونا ؛ مجلاّ کرنا یا بنانا ؛ پسندیدگی ظاہر کرنا ؛ خیال ظاہر کرنا ؛ خاکہ ظاہر کرنا ۔(۱۰)خیال انگیز ؛ غور و فکر کے ذریعہ یاد کرنا؛ خیال کرنا ۔(۱۱) چمکانا ۔ (۱۲) آواز یا روشنی کو پیچھے کی طرف پھینکنا ۔ (۱۳)دوبارہ غور کرنا؛ نظر ثانی کرنا ؛ ازسرنو سوچنا ۔ (۱۴)مجلاّ ہونا ؛ مصفا ہونا ؛ مطلاّ ہونا ؛ آئینے میں تبدیل کرنا ۔

Reflected : (a) (طبیعیات) منعکس ؛ انعکاسی؛ برگشتہ ؛ پیچھے سے خم شدہ ؛ آئینے میں تبدیل شدہ ؛ (حیوانیات) پس ملفوف ؛ عاریتی ۔

Reflected ray : (n) (ریڈیو) انعکاسی شعاع ؛ غیر مستقیم شعاع ۔

Reflected wave : (n) (ریڈیو) انعکاسی موج ۔

Reflectedly : (adv.) عکس کے طور پر ؛ انعکاس کے ساتھ ؛ الزام کے طور پر؛ طعن کے ساتھ ۔

Reflectible : (a) منعکس ہونے والا ۔

Reflecting : (a) (۱) منعکس ہونے والا ؛ منعکس کرنے والا ۔ (۲) (طبیعیات) عاکس ؛ عکس انداز ؛ انعکاسی ۔ (۳)(نفسیات) مفکّر ؛ غور کنندہ ؛ تامل کرنے والا ۔ (۴)شبیہہ آئینہ (مجازاً) صاف وشفاف ۔ (۵)اندیشناک۔

Reflecting circle : (n) (علم النجوم)دائرۂ عُکس انداز ۔

Reflecting clinometer : (n) (سروے) انعکاسی میل پیما ۔

Reflecting galvanometer : (n) (الیکٹرک) انعکاسی رو پیما ۔

Reflecting level : (n) (نفسیات) انعکاسی افق نما ؛ انعکاسی لیول ۔

Reflecting surface : (n) (بصریات) عاکس سطح ۔

Reflecting telescope : (n) (بصریات) انعکاسی دوربین ؛ عاکس دوربین ۔

Reflection /Reflexion : (n) [Late L. 'Reflexionem'.] (۱)عکس ؛ انعکاس ؛ (طبیعیات) انعکاس ۔ (۲) پرچھائیں ؛ سایہ ؛ پرتو ؛ جوت ؛ چھوٹ ؛ تصویر ؛ منعکس شدہ (نور یا رنگ کی) منعکس حرارت ؛ قزح رنگی ۔(۳) فعل اضطراری؛ فعل انعکاسی ۔ (۴)الزام ؛ طعن ؛ چوٹ ؛ (سمجھ) تعریض ؛ توہین ۔ (۵)باعث بدنامی ؛ باعث رسوائی ؛ باعث ننگ ۔ (۶) قوتِ فکریہ ؛ فکر (نفسیات) غور و خوض ۔(۷)تخیل؛ تصور ؛ خیال ؛ غور مکرر (on کے ساتھ)؛ فکر ؛ تفکر ؛ تامل ؛ تعقل ۔ (۸) قول ؛ نکتہ ؛ رائے ۔

Angle of reflection : (بصریات) زاویۂ انعکاس ۔

Laws of reflection : (بصریات) کلیات انعکاس ۔

Total reflection : (بصریات) انعکاسِ کلّی ۔

Reflection coefficient : (n) (بصریات) قدر انعکاس ۔

Reflection granting : (n) کسر شعاعی ؛ انکسار شعاع جس کے خطوط آئینے کی سطح پر منعکس ہوتے ہیں ۔

Reflection of light : (n) (بصریات) انعکاس نور ۔

Reflection of sound : (n) انعکاس صوت ۔

Reflectional : (a) عکس ؛ فکری ؛ انعکاسی ۔

Reflectionless : (n) لاعکس ؛ غیر منعکس ۔

Reflective : (a) (۱)عکس انداز ؛ پرتوفگن ؛ انعکاسی ؛ (طبیعیات) عاکس ؛ عکس انداز ۔ (۲) منعکسہ ؛ معکوس ۔ (۳)(قواعد) دیکھو Reflexive ۔ (۴) متقابل ؛ باہمی ؛ جانبین کا ؛ دو طرفہ (فعل) ۔ (۵) فاعل کی طرف لوٹنے والا ؛ راجعہ ۔ (۶)(قویٰ) فکری ؛ تخیلی ؛ خیال انگیز ؛ فکر انگیز ؛ تصوری (نفسیات) خواص ؛ فکور ۔ (۷)سنجیدہ ؛ غور و فکر کا عادی ؛ تفکر پسند ؛ مفکرانہ۔

Reflective judgement : (n) دوطرفہ انصاف ۔

Reflective mind : (n) (نفسیات) ذہن فکور ۔

Reflectively : (adv.) مفکرانہ انداز سے ؛ سنجیدگی سے ۔

Reflectiveness : (n) سنجیدگی ؛ تفکر پسندی ۔

Reflectivity : (n) قابل انعکاس شعاع ؛ قوت انعکاس ۔

Reflectometer : (n) روشنی پیما ؛ نور پیما ۔

Reflector : (n) (۱) عکس انداز ؛ (خصوصاً) وہ آئینہ یا دھات کا مقعر جس کے ذریعہ شعاع ڈالی جائے ؛ عاکسہ ۔ (۲) پرتو نما ؛ صورت نما (آلہ یا دوربین جس میں یہ آلہ لگا ہو) ؛ معکس۔ (۳)شخص یا کتاب جو خیال وغیرہ کا آئینہ ہو؛ مظہر ؛ مرقع ۔ (۴)(طبیعیات) عکس انداز ؛ (ریڈیو) عاکس ؛ (بصریات) صورت نما ؛ انعکاسی دوربین ۔ (۵)آواز منتقل کرنے والا آلہ ۔(۶)نورفگن ؛ جہت یاب ؛ باز تاب ۔(۷) رہنما علامت ؛ اشارہ ۔

Reflectorize / -terize : (v) (۱) (سطح کو) عکس انداز بنانا ؛ عاکس بنانا ۔ (۲) رہنما اشارے لگانا (سڑک وغیرہ پر) ۔

Reflesher : (n) وہ چرمی کارکن جو چمڑے کو صاف کرتا ہے ۔

Reflet : (n) [F. 'Reflectere'.] چمک ؛ تابندگی ؛ رنگ تابی(خصوصاً مٹی کے برتنوں کی) ؛ (معدنیات) جلا ؛ چمک ؛ انعکاس ؛ زرق و برق (خصوصاً چینی آلات) ۔

Reflex : (n) [Late. L.'Reflexus'.] (۱)پرتو ؛ جوت ؛ چھوٹ ؛ ضو ؛ تابش ؛ جھلک ؛ جلوہ ؛ شان ؛ انعکاس ؛ باز تاب ۔ (۲)(تصویر) وہ حصہ جس میں کسی دوسرے حصے کا عکس پڑتا ہوا دکھایا جائے ؛ ظلّیہ ۔ (۳)عکس ؛ شبیہہ؛ تصویر ؛ پرچھائیں ؛ تمثال ۔ (۴) مظہر ؛ مرقع ؛ ہو بہو نقشہ ؛ لازمی نتیجہ ۔ (۵) عمل اضطراری ؛ فعل اضطراری یا انعکاسی ۔

Reflex : (a) [L.'Reflexus . 'Reflectere'.] (۱)برگرداں؛ دوہرا موڑا ہوا ؛ باز خمیدہ ۔ (۲) داخلی ؛ راجع الی النفس (خیال وغیرہ جس کا موضوع اپنا نفس یا اپنی ذات ہو) ؛ رجعی ۔ (۳)التزامی؛ رجعی (فعل جس کا اثر یا نتیجہ جو الٹ کر فاعل پر واقع ہو) ۔ (۴) (عضویات) اضطراری ؛ غیر شعوری ۔ (۵) (صرف و نحو) معکوس ؛ مربوط بہ فاعل ؛ (نباتیات) پَس خمیدہ ۔ (۶) انعکاس کرنے والا ؛ باز تاب؛ منعکسہ ؛ عکسی ۔ (۷)کج ؛ خم ؛ کج شدہ ؛ خمیدہ ۔

Reflex : (v) [f. L. 'Reflex-, Reflectere'.] دیکھو Reflect

Reflex act : (n) اضطراری حرکت ؛ غیرشعوری عمل ۔

Reflex action : (n) (نفسیات،حیوانیات) فعل انعکاسی ؛ فعل اضطراری۔

Reflex angle : (n) (ہندسہ) زاویۂ معکوس ۔

Reflex camera : (n) عکسی کیمرہ ۔

Reflex circuit : (n) (ریڈیو) عکسی دور۔

Reflex contraction : (n) (حیوانیات) معکوس القباض ۔

Reflex imitation : (n) (نفسیات) اضطراری تقلید ۔

Reflex light : (n) عکسی رنگ ؛ عکسی روشنی ۔

Reflex time : (n) (نفسیات) وقتِ اضطرار ۔

Reflexed : (a) (۱) (نباتیات) پس گرداں ؛ پس خمیدہ ؛ کوز ۔ (۲)منعکسہ؛ منعکس ؛ منعکس شدہ ؛ باز تاب ۔

Reflexed bow : (n) معکوس قوسِ ؛ قوسِ پس خمیدہ ۔

Reflexes : (n) (نفسیات) اضطراری افعال ۔

Reflexibility : (n) عکس اندازی ؛ انعکاسیت ؛ (بصریات) انعکاس پذیری ۔

Reflexible : (a) انعکاس ؛ انعکاس پذیر ؛ منعکس ؛ عکس انداز ؛ باز گرد؛ قابل انعکاس ۔

Reflexion : (n) دیکھو Reflection

Reflexism : (n) اضطراری افعال کے مطالعہ کی نفسیاتی تحقیق کی حد ۔

Reflexive : (a) [L. 'Reflexivus'.] (۱) (صرف و نحو) معکوس ؛راجع الی الفاعل ؛ منعکس ہونے والا ؛ اقتباسی ۔(۲) خود احتسابی؛ مشاہدۂ نفس کا عادی ۔

Reflexive : (n) فعل معکوس ؛ ضمیر معکوس ۔

Reflexively : (adv.) معکوسی طور پر ۔

Reflexiveness : (n) دیکھو Reflexibility

Reflexogenic : (a) پرتو گیر ؛ پرتوی ۔

Reflexologic : (a) انعکاس شناسی کا یا اُس سے متعلق ۔

Reflexologist : (n) ماہر انعکاس شناسی ؛ باز تاب شناسی ۔

Reflexology : (n) باز تاب شناسی ؛ انعکاس شناسی ؛ پرتو شناسی ؛ عکس شناسی ۔

Reflorescence : (n) (نباتیات) باز تزہّر ۔

Reflow : (n) (۱)دیکھو Reflux ۔ (۲)نیا بہاؤ ؛ سیلاب زدگی ؛ سیلان۔ (۳)فروکشی ؛ فرونشینی ۔

Reflower : (n) نئے سرے سے پھول کا کھلنا ؛ پھر کھلنا ؛ دوبارہ کھلنا ۔

Refluence : (n) بہاؤ ؛ الٹا بہاؤ ؛ جزر ؛ اُترتا پانی ؛ اُتار ؛ باز روی ؛ واپسی ۔

Refluent : (a) [L. 'Refluentem'.] الٹا بہتا ، اترتا(پانی) جزری ؛باز رو (بہاؤ) ۔

Reflux : (n) بہاؤ ؛ جزو ؛ اُتار (الیکٹرک) رجعی بہاؤ ۔

Flux and reflux : مدوجزر ؛ جوار بھاٹا ۔

Reflux : (a) جزری ؛ رجعی ؛ سیلان رجعی ۔

Reflux condenser : (n) (الیکٹرک) رجعی مُکثفہ ۔

Reflux wall : (n) رجعی کُھل مندن ؛ رجعی حصام ۔

Refly : (n) (۱)دوبارہ اڑنا ؛دوبارہ پرواز کرنا ؛ پھر اُڑنا ۔ (۲)رجعی پرواز کرنا ۔ (۳) جہاز میں سفر کرنا ؛ محور پرواز ہونا۔ (۴)(بذریعہ طیّارہ) مواصلت کرنا ۔

Refocilate : (v) (۱) نئے سرے سے تازہ کرنا ؛ پھر سے تازہ کرنا ۔ (۲)پھر سے زندہ کرنا ؛ احیائے ثانی کرنا ۔

Refocilation : (n) احیائے ثانی ؛ نئی تازگی ؛ باز تازگی ۔

Refoot : (n) نیا تلا لگانا (موزے یا جوتے میں)۔

Reforest : (v) نیا جنگل لگانا ؛ باز شجرکاری کرنا ۔

Reforestation : (n) (نباتیات) باز شجرکاری ؛ باز جنگل کاری ؛ پھر سے جنگل بنانا یا بنایا جانا ۔

Reform : (n) [Fr. 'Reforme'.] اصلاح ؛ درستی ؛ بہتری ؛ تہذیب ؛ ترقی؛ اصلاحات سیاسی ؛ نہضت ادبی و مذہبی؛ مرمت ؛ تہذیب؛ اخلاق ؛ سدھار ۔

Reform : (v) [Fr. 'Reformer'.] (۱)اصلاح کرنا یا ہونا ؛ درستی کرنا یا ہونا ؛ سدھار کرنا ؛ سدھنا ۔(۲) سنوارنا یا سنورنا؛ تہذیب کرنا یا ہونا ۔(۳)دور کرنا ؛ علاج کرنا (خرابیوں کا)؛ بہتر کرنا یا ہونا ۔(۴)دوبارہ نشر کرنا ؛ دوبارہ شائع کرنا ۔(۵)(قانون)کسی ذریعہ یا آلہ کو اصلی خواہش کے مطابق صحیح اور درست ہونے کی اجازت دینا بالخصوص جب کوئی غلطی سرزد ہو چکی ہو ۔ (۶)حُسن انتظام کرنا ؛ نظم ونسق کو اچھا بنانا ۔ (۷)رہنمائی کرنا ؛ صحیح کرنا ؛ تعلیم دینا ؛ تربیت دینا؛ تنبیہ کرنا ۔ (۸) سماجی اصلاح کرنا؛ براہ راست ہدایت کرنا ۔

Reis /Rais : (n) [Fr. 'Reis,Rais'. Arab 'Rais.'] (۱)جہاز کا کپتان ۔ (۲)سربراہ یا حکمران ۔

Reis effendi : (n) ترکی سلطنت کے سابق حاکم ریاست کا لقب ؛ وزیر (چانسلر) امور خارجہ ؛ رئیس آفندی ۔

Reisner : (n) لکڑی اور چوبی تختوں پر نقاشی کا کام کرنے والا جرمن فن کار ۔

Reisner work : (n) چوبی تختوں پر نقاشی کا کام ؛ کار چوبی ۔

Reiter : (n) [G. 'Reiter.'] (تاریخ) جرمنی کا گھوڑسوار فوجی خصوصاً سولہویں اور سترھویں صدی کی جنگوں کا سپاہی ۔

Reiterance : (n) تکرار۔

Reiterant : (a) دہراتے ہوئے ؛ تکرار کرتے ہوئے ۔

Reiterate : (a) [L.'Reiteratus.'] دہرایا ہوا ؛ تکرار شدہ یا کردہ ؛ مکرر ؛ تکراری ۔

Reiterate : (v) [L. 'Reiterare'.] دہرانا ؛ بار بار کرنا ؛ بار بار کہنا ؛ احساس کو نئے طریقے سے ظاہر کرنا ۔

Reiteratedly : (adv.) بار بار کرتے ہوئے ؛ بار بار دُہراتے ہوئے ؛ مکرراً ۔

Reiteration : (n) [Fr. 'Reitration.'] (۱) تکرار ؛ تکرار قول وعمل ؛ دہرانے کا عمل ۔ (۲) ایک طرف چھپے ہوئے کاغذ کی دوسری طرف چھپائی ؛ دوہری چھپائی ۔

Reiterative : (a) تکرار شدہ ؛ مکرر ؛ تکراری ؛ دہرایا ہوا ۔

Reiterative : (n) دہرانے کا لفظ ؛ لفظ تکرار ۔

Reiteratively : (a) بہ طور مکرر ؛ تکراری طریقہ سے ۔

Reive (r) : (n) دیکھو Reave (r)

Reja : (n) [Sp.] (اسپین میں) مرقد کا جالی دار جنگلا ؛ مکان کا جنگلا یا کھڑکی ؛ کلیسا وغیرہ میں جالی دار آوٹ ۔

Reject : (n) رد کی ہوئی چیز ؛ مسترد کردہ شے ؛ نامناسب چیز ؛ نا پسندیدہ چیز ۔

Reject : (v) [L.'Reicere.'] (۱) مسترد کر دینا ؛ نامنظور کر دینا ؛ قبول نہ کرنا ؛ یقین نہ کرنا ؛ انکار کرنا ؛ ٹھکرا دینا ۔ (۲) الگ دینا؛ اُگل دینا ؛ قے ہو جانا ؛ خارج ہو جانا (قے یا اجابت کا) باہر کرنا ۔ (۳)ناپسند کرنا؛ الگ کردینا ؛ ایک طرف ڈال دینا ؛ بات کرنے سے انکار کردینا ؛ سننے سے انکار کر دینا ۔ (۴)ترک کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ پھینک دینا ۔ (۵)(عورت کا کسی مرد کو) عاشق یا شوہر کی حیثیت سے مسترد کر دینا ؛ قبول نہ کرنا ۔ (۶)گوارہ نہ کرنا ؛ اجازت نہ دینا ؛ درخواست قبول نہ کرنا؛ تجویز سے متفق نہ ہونا ۔ (۷)پیچھے پھینکنا ؛ پیچھے ڈالنا ۔ (۸)غور نہ کرنا ؛ غورکے لائق نہ سمجھنا ۔

Rejectable : (a) قابل رد ؛ لائق استرداد ؛ ردی ؛ نامقبول ؛ ناپسندیدہ ۔

Rejectage : (n) ردی یا بے کار چیز ؛ از کار رفتہ شخص یا چیز ؛ مردود شخص ؛ معزول فرد ۔

Rejectamenta : (n) [mod. L. 'Rejechamentum.'] (۱)بے کار و مصرف اشیا ؛ کوڑا کرکٹ ؛ میل کچیل ؛ فضلات ۔ (۲)کوڑا کرکٹ جو سمندر ساحل پر پھینک دیتا ہے ۔ (۳)فضلہ ؛ ساگر کچرا ؛ فضلات دریا ۔ (۴)(طبیعیات) فضلاتی مادہ ۔ (۵)(حیوانیات) فضلات ۔

Rejectable دیکھو

Rejectaneous : (a)

Rejectee : (n) وہ جسے رد کر دیا جائے خصوصاً وہ آدمی جو فوجی ملازمت کے لئے نا مناسب قرار دیا جائے ۔

Rejecter : (n) رد کرنے والا ؛ مسترد کرنے والا ؛ قبول نہ کرنے والا ۔

Rejection : (n) [Fr. 'Rejection.'] رد ؛ نا منظوری ؛ عدم قبول ؛ استفراغ ؛ دفع ؛ بے کار ؛ فضول ۔

Rejection basis : (n) بنائے نا منظوری ۔

Rejection slip : (n) کسی نا قابل اشاعت مضمون کے ساتھ منسلک نا پسندیدگی یا نا منظوری کی مطبوعہ چٹ (جو مدیر، مصنف کو بھیجتا ہے) ۔

Rejectitious : (a) دیکھو Rejectable

Rejective : (a) قابل اعتراض ؛ لائق نا پسندیدگی ؛ لائق تنقید ۔

Rejector : (n) دیکھو Rejecter

Rejector circuit : (n) دافع دَور ۔

Rejig : (v) دوبارہ ترتیب دینا ؛ دوبارہ تنظیم کرنا (فیکٹری وغیرہ کا) ؛ دوبارہ ٹھیک کرنا (فیکٹری) ۔

Rejigger : (v) دوبارہ ترتیب دینا ؛ دوبارہ تنظیم کرنا؛ نئے طریقے سے انجام دینا ۔

Rejoice : (v) [Me'Reioshe , Reioische, Réioyse'.] (۱) خوش کرنا ؛ مسرت بخشنا ؛ مسرور ہونا ؛ خوش وقت ہونا؛ خوش حال ہونا؛ خوشی سے پھول جانا؛ باغ باغ ہونا ؛ شادماں کرنا؛ شاد بنانا ؛ وجد کرنا ؛ مسرت محسوس کرنا ۔ (۲)لطف اٹھانا ؛ شوق سے کرنا ؛ شوق ہونا (کسی چیز کا)۔ (۳)خوشیاں منانا ؛ جشن منانا (کسی واقعہ کی یاد میں) ؛ اظہار مسرت کرنا ۔

Rejoiceful : (a) خوش ؛ مسرور ؛ مسرت بخش ؛ شاد ؛ دل شاد ۔

Rejoicement : (n) خوش ؛ مسرت ؛ شاد مانی ۔

Rejoicer : (n) مسرور ؛ شاداں ؛ خوش ہونے والا ۔

Rejoicing : (n) (۱)شادی ؛ خوشی ؛ شادمانی ؛ لذت ؛ لذت بخش ؛ کیف انگیز ؛ مسرت بخش ؛ اظہار مسرت ۔ (۲)جشن مسرت ؛ جشن شادی ؛ جشن ۔

Rejoicing fire : خوشی یا شادمانی کا موقع یا اظہار ۔

Rejoicingly : (adv.) خوش خوش ؛ شاداں ؛ خوشی کے ساتھ ۔

Rejoin : (v) [Fr.'Rejoign.'] (۱) دوبارہ ملنا ؛ دوبارہ ملادینا ؛ متحد کر دینا ؛ جوڑنا ؛ بہم کر دینا ؛ یك جا کر دینا ۔ (۲)پھر جڑ جانا ؛ پھر مل جانا ؛ پھر متحد ہوجانا ۔ (۳)دوبارہ پیوست ہو جانا ؛ دوبارہ ملحق ہونا ؛ دوبارہ متصل ہونا ۔

Rejoin : (v) [Fr.'Rejoindre.'] (۱)(قانون) جواب دعوی داخل کرنا ؛ دفاع کرنا ۔ (۲)جواب میں کہنا ؛ جواباً کہنا ؛ پلٹ کر کہنا ؛ جواب دینا ؛ جواب دہی کرنا ۔ (۳)پھر آ ملنا ؛ دوبارہ شامل ہو جانا (فوج یا ساتھ والوں میں) ۔

Rejoinder : (n) (قانون) جواب دعوی ؛ رد جواب ؛ ترکی بہ ترکی جواب؛ جواب الجواب ۔

In rejoinder : جواب میں ؛ جواباً ؛ جواب الجواب ۔

Rejoint : (v) پھر سے جوڑنا ؛ پھر سے متحد کرنا ؛ از سرنو ملانا ؛ جوڑوں کو ملانا ؛ جوڑوں کو بھرنا ۔

Rejudge : (v) دوبارہ انصاف کرنا ؛ دوبارہ فیصلہ صادر کرنا ؛ دوبارہ جانچ پڑتال کرنا ؛ دوبارہ جائزہ لینا ۔

Rejunction : (v) دوبارہ ملنا ؛ دوبارہ متصل ہونا ۔

Rejuvenate : (v) (۱) پھر جوان ہونا ؛ پھر جوان کرنا ؛ اعادۂ شباب ہونا ؛ اعادۂ شباب کرنا ؛ دوبارہ جوانی حاصل کرنا ؛ بہت زیادہ جوان ہونا ؛ نوجواں ہونا ۔ (۲)(طب) کسی کو جنسی اعتبار سے جوان کرنا یا نیا بنانا ؛ تجدید جوانی کرنا ؛ پھر سے بنیاد رکھنا ؛ جنسی لحاظ سے طاقت ور بنانا یا بننا ۔

Rejuvenation : (n) تشبیب ؛ تجدید شباب ؛ تجدید جوانی؛ جان تازہ ؛ حصول جوانی ؛ حصول طاقت شباب ؛ تجدید قوت ۔

Rejuvenator : (n) دوبارہ جوان ہونے والا ؛ دوبارہ جوان کرنے والا ۔

Rejuvenesce : (v) [Late L.'Rejuvenscere.'] پھر جوان ہونا ؛ تازہ قوت حاصل کرنا ؛ نئی جوانی پانا ؛ (حیاتیات) (جراثیم کو) نئی طاقت بخشنا ؛ نیا ہو جانا ؛ تازہ قوت پانا ۔

Rejuvenescence : (n) (۱)تجدید شباب؛ تجدید جوانی ؛ اعادۂ شباب ؛ پھر جوان ہونا ؛ نئی جوانی پانا ۔ (۲) تجدید قوت ؛ انگیزش؛ از سر نو قوت پذیری ۔ (۳) تجدید حیات ؛ تجدید دماغ ؛ تجدید روح ؛تجدید جسم ۔

Rejuvenescency : (n) دیکھو Rejuvenescence

Rejuvenscent : (a) از سرنو قوت پذیر ؛ باز جوان ۔

Rejuvenize : (v) جوان کرنا ؛ جوانی کی قوت بخشنا ؛از سرنو جوانی حاصل کرنا ۔

Rekhta : (n) ['Rekhta'.Fr. Persian.] ریختہ ؛ اُردو کی بہت زیادہ فارسی آمیز ایك شکل جو اُردو شاعری میں استعمال ہوتی ہے ؛ فارسی آمیز اُردو ؛ اُردو زبان ؛ اردو ۔

Reki : (n) (۱)بلوچستان ریگستانوں میں رہنے والی ایك خانہ بدوش جماعت ۔ (۲) اس جماعت کا کوئی رکن ۔

Rekindle : (v) دوبارہ جلنا یا جلانا ؛ دوبارہ روشن کرنا یا ہونا ؛ پھر شعلہ فگن کرنا یا ہونا ؛ پھر سلگنا یا سلگانا ؛ دوبارہ اٹھنا یا اٹھانا ؛ دوبارہ مشتعل ہونا ۔

Rekindle : (n) دوبارہ جلنے یا جلانے کی علامت یا نشانی ۔

-rel -erel : ایك لاحقہ جو تصغیر یا تحقیر کے لئے بعض قدیم الفاظ کے ساتھ آتا ہے ۔

Relabel : (v) (۱)پھر چمکانا؛ نئی چٹ لگانا ۔ (۲)کسی چیز کو نیا نام یا پتہ دینا ۔

Relamp : (v) روشن اکائیوں کو بدل دینا ؛ جلتی ہوئی اکائیوں کو تبدیل کر دینا ۔

Relapse : (n) [med. L. 'Relapsus.'] (۱)غلطی کا اعادہ ؛ تکرار لغزش؛ ارتداد ۔ (۲)عودمرض ؛ نُکس ؛ انتکاس ؛ نُکسہ ؛ عود ؛ معاودت ۔

Relapse : (n) غلط کار شخص ؛ غلطی دُہرانے والا آدمی ؛ مرتد ؛ بے دین ۔

Relapse : (v) دوبارہ مبتلا ہونا ؛ عود کرنا ؛ مرتد ہو جانا ؛ دوبارہ بیمار پڑ جانا ؛ (اسٹاك) دوبارہ تخفیف قدر ہونا ۔

Relapser : (n) گناہ کرنے والا ؛ غلط کار؛ مرتد ہونے والا ۔

Relapsing : (a) عود کرنے والا ؛ عودی ؛ نُکسی ۔

Replasing fever : (n) (۱)تپ معاود؛بار بار لگنے والا بخار؛ تپ راجعہ۔ (۲)ہر وہ متعدی بیماری جس میں تیز بخار آتا ہے اور مخصوص مدت تك رہتا ہے ۔

Relatability : (n) قابل بیان ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Relatable : (a) قابل بیان ؛ لائق روایت ۔

Relate : (n) [L.'Relatus.'] (منطق) دو ذہنی کیفیتوں میں سے ایک جن کے درمیان تعلق یا نسبت موجود ہوتی ہے ؛ نسبت ؛ منتسب ؛ وابستہ؛ مربوط ۔

Relate : (v) [-Stem of L.'Relatus'.] (۱)بیان کرنا ؛ نقل کرنا ؛ روایت کرنا ؛ قصہ کہنا ؛ کہانی کہنا ؛ تعریف بیان کرنا ؛ تشریح کرنا؛ کہنا ۔ (۲) دو چیزوں میں تعلق پیدا کرنا ؛ رشتہ لگانا؛ نسبت دینا ؛ رابطہ قائم کرنا؛ مربوط کرنا ؛ مربوط ہونا ؛ متعلق ہونا ؛ متعلق کرنا ۔ (۳)نسبت ہونا ؛ تعلق ہونا ؛ راجع ہونا ؛ ارتباط ہونا ؛ توجیہ کرنا ؛ منطقی نسبت قائم کرنا (دو چیزوں کے درمیان) ۔ (۴)(کسی شخص کا) بامقصد سماجی تعلق رکھنا ؛ حقیقت پسندی کے ساتھ ایک دوسرے پر اثر ڈالنا ۔

Related : (a) (۱) متعلق ؛ منسوب ؛ منتسب ؛ وابستہ ؛ مربوط ۔ (۲)قرابت دار؛ رشتہ دار ۔(۳)ہم آہنگ؛ متوازن ؛ معتدل۔

Relatedly : (adv.) تعلق کے ساتھ ؛ ہم رشتگی کے طور پر ۔

Relatedness : (n) علاقہ داری ؛ تعلق ؛ ہم رشتگی ؛ قرابت ۔

Relater : (n) (۱)ناقل ؛ راوی ؛ مورخ ؛قصہ گو ؛ داستان گو ۔ (۲)نسبت دینے والا ؛ منسوب کرنے والا ۔

Relation : (n) [Fr.'Relation.'] (۱) بیان ؛نقل ؛ روایت ؛ قصہ ؛حکایت ؛ افسانہ ؛ گفتگی ؛ قول ۔ (۲)(قانون) روئداد مقدمہ ؛ کیفیت (جو وکیل عدالت کے سامنے پیش کرے) ۔ (۳)علاقہ؛ نسبت؛ تعلق ؛ واسطہ ؛ رشتہ ؛ سلسلہ ؛جوڑ ؛ میل ؛ رابطہ ؛ ربط ۔ (۴)رشتہ دار ؛ قرابت دار ؛ عزیز؛ خویش ؛ خونی رشتہ ؛ ازدواجی رشتہ ؛ خونی رشتہ والا فرد ۔ (۵)(فلسفہ) رابطہ ؛ رابطی کیفیت ۔ (۶)(جمع میں) روابط کی میزان یا روابط کے طریقے جن کے ذریعہ ایک شخص دوسرے سے قریب ہوتا ہے ؛ رابطی کیفیت۔ (۷)بہت ساری کیفیتیں جن میں‌ایک ملک یا ریاست دوسرے سے سیاسی یا تجارتی مفادات کے ذریعہ مربوط ہوتا ہے ؛ مفادات مشترک ؛ اشتراک مفادات ۔ (۸)ارجاع عمل یا پہلے کی تاریخ کا حوالہ یادعویٰ ۔ (۹)(جمع میں) امور ؛ اطوار ۔ (۱۰)مجامعت ؛ جنسی تعلقات ؛ جنسی ارتباط ۔

In or with relation to: بارے میں ؛ متعلق ؛ بہ نسبت ؛ موضوع میں ؛ بہ لحاظ اس کے ؛ اس کی بابت ۔

To have or make relation : تعلق رکھنا یا قائم کرنا ۔

To have relation : (قانون) سابق تاریخ کا حوالہ دینا یا درخواست دینا ۔

Relational : (a) (۱)نسبی ؛ نسبتی ؛ علاقہ کی؛ ربطی ۔ (۲)انسانی رشتوں کا یا اس سے متعلق ؛ عمومی رشتوں کا یا اس سے متعلق ۔ (۳)جنسی نسبت ۔

Relationally : (adv.) از روئے تعلق ؛ازروئے علاقہ ؛ نسبت کے لحاظ سے ۔

Relationary : (a) دیکھو Relational

Relationism : (n) (۱)رابطیت؛ اصولی رابطیت ۔ (۲)(فلسفہ) نظریۂ اضافیت علم ۔ (۳)اصل نسبت ۔

Relationist : (n) اصول رابطیت کا حامی ؛ نظریۂ اضافیت علم کا موید ۔

Relationless : (a) بے تعلق ؛ بے نسبت ۔

Relationship : (n) رشتہ ؛ تعلق ؛ نسبت ؛ قرابت ؛ رابطہ ؛ ارتباط ؛ ربط ۔

Relatival : (a) (۱) (قواعد) موصولی ۔(۲)نسبتی ؛ وابستہ بہ قرابت مندی ۔

Relative : (a) (۱)(صرف و نحو) موصول ۔ (۲)مربوط ؛ ہم علاقہ ؛ ہم جنس ۔ (۳)متعلق ؛ مفید مطلب ۔ (۴)نسبتی ؛ اعتباری ؛ اضافی ؛ باہمی ۔ (۵)متناسب ؛ تناسب رکھنے والا ۔ (۶)متلازم ؛ مشروط ؛ منحصر ۔ (۷)(موسیقی) بڑی کلید کی بہ نسبت چھوٹی کلید کا ۔ (۸)مناسب ؛ مدلل؛ معقول ۔ (۹)وہ عبادت جو بالواسطہ پیش کی جائے ؛ بت پرستی ؛ صنم پرستی ۔

Relative : (n) (قواعد) موصولی لفظ ؛ نسبتی لفظ ؛ اضافی لفظ خصوصاً ضمیر موصولہ ؛ اسم موصولہ ۔ (۲)(متعلق فعل) بارے میں؛ نسبت سے۔ (۳)اضافی شے یا اصلاح ۔(۴)رشتہ دار؛ عزیز ؛ قرابت مند ؛ خونی رشتہ دار ۔(۵)(موسیقی) نسبتاً بڑی یا چھوٹی کلید ۔

The relative : اضافی سے ؛ جو اضافی ہو ؛ اضافی ۔

Relative advantage : (n) اضافی فائدہ ؛ اضافی منفعت ۔

Relative adverb : (n) اضافی متعلق فعل ۔

Relative clause : (n) عبارت موصول ۔

Relative density : (n) (طبیعیات) کثافت اضافی ۔

Relative economics : (n) اضافی معاشیات ۔

Relative error : (n) اضافی غلطی : اضافی چوک .

Relative frequency : (n) اضافی ارتعاش .

Relative humidity : (n) مرطوبیت اضافی .

Relative impediment : (n) مشروط ممانعت : اضافی رکاوٹ .

Relative inclinometer : (n) اضافی میل پیما : اضافی نشیب پیما .

Relative -in -law : (n) سسرالی رشتہ : سسرالی رشتہ دار .

Relative magnitudes : (n) اضافی مقادیر .

Relative motion : (n) اضافی حرکت : اضافی رفتار .

Relative nullity : (n) اضافی انفساخ : اضافی معدومیت .

Relative personal equation : (n) اضافی فرق : اضافی اختلاف .

Relative position : (n) اوضاع اضافیہ .

Relative pronoun : (n) اسم موصول .

Relative rank : (n) اضافی عہدہ .

Relative sexuality : (n) اضافی جنسیت .

Relative size : (n) اضافی جسامت .

Relative term : (n) اضافی میعاد : اضافی اصطلاح .

Relative value : (n) اضافی قدر .

Relative wind : (n) اضافی ہوا : اضافی رفتار .

Relatively : (adv.) نسبتاً : اضافی طور پر : دوسری چیز کے مقابلے میں .

Relativeness : (n) اضافیت : اضافی .

Relativism : (n) (۱)اضافیت .(۲)نظریۂ اضافیت علم .(۳) یہ اعتقاد یا عقیدہ کے تمام امور نسبی ہیں : نسبتیت :علاقیت (یہ نظریہ کہ انسان کا علم اشیا کی باہمی نسبتوں یا علاقوں تک محدود ہے) .

Relativist : (n) معتقد اضافیت : نظریۂ اضافیت علم کا حامی : نسبتی: علاقی : علاقیت پسند .

Relativistic : (a) (۱)تلازمی : اضافیت .(۲)نظریۂ اضافیت علم کا یا اس سے متعلق .

Relativistic quantum theory : (n) اضافیتی نظریۂ قدر .

Relativity : (n) (۱)نسبتی یا اضافیت ہونا : تلازم .(۲)(فلسفہ) نظریۂ اضافیت (این آسٹائن کا نظریہ کہ حرکت محض اضافی چیز ہے) : فلسفۂ نسبیہ : نسبیت : اضافیت . (۳)اجسام کی حرکت اضافی کا مطالعہ یا علم . (۴)تہذیبی نظریہ جو سماجی اقدار اور اخلاقی معیارات پر مبنی ہو .

Relativity of knowledge : (a) اضافیت علم : یہ نظریہ کہ انسانی علم صرف اضافی طور پر صحیح ہے .

Relativity principle : (n) اصول اضافیت .

Relativity theory : (n) نظریۂ اضافیت .

Relator : (n) [L. 'Relator.'] (۱)مُخبر : خبر دہندہ : خبرچی : معلومات فراہم کرنے والا: روئداد مقدمہ پیش کرنے والا. (۲) ناقل: راوی : قصہ گو : داستان گو .

Relatrix : (n) (۱)خاتون مخبر .(۲)خاتون راوی: قصہ گو : داستان گو.

Relatum : (n) متعلق شے یا اصطلاح : متعلق چیزوں کا گروپ : باہم متعلق : جملۂ منتسبہ : اصطلاح دوم : رابطہ .

Relax : (v) [-L.'Relaxare.'] (۱)ڈھیلا کرنا : ڈھیل دینا : ڈھیلا چھوڑنا : ڈھیلا بنانا . (۲) سست کرنا : کمزور کرنا : گھٹانا : تخفیف کرنا : ہلکا کرنا : ہلکا ہونا . (۳) ڈھیلا پڑنا : نرم ہو جانا : رعایت کرنا : ملائمت برتنا : نرم کرنا : تساہل کرنا : سست پڑجانا : ٹھنڈا پڑ جانا : شل کرنا : شل ہو جانا . (۴) سختی نہ ہونا: شدید نہ ہونا : لچک دار ہونا : دوستانہ طریقہ اپنانا . (۵)کسی کو کلیسا کی رعایتوں سے محروم کر دینا (تنبیہاً) . (۶)چھٹکارا دلانا : رہائی دلانا .

Relaxant : (a) [L.'Relaxans-ant-'.] (طبیعیات) سست کرنے والا : تخفیف دہندہ : ملیّن : ہلکا کرنے والی (دوا) .

Relaxant : (n) ملیّن دوا : سست کرنے والی دوا .

Relaxation : (n) (۱)تخفیف : کمی : رعایت . (۲) تفریح : آرام : دل بہلاوا : سستانا : استراحت . (۳)ڈھیل : نرمی : سستی : تساہل:ارتخا. (۴)سست سازی: سبک سازی . (۵)رہائی: چھٹکارا : رہائی : نجات . (۶)(طبیعیات) اعصاب کی نرمی: ریشوں کی نرمی : جوڑوں کی نرمی . (۷)کمزوری : لاغری : نا طاقتی . (۸)رعایت تخفیف .

Theory of relaxation : (نفسیات) نظریۂ آرام ۔

Relaxative : (a) قابل تخفیف : لائق آرام ۔

Relaxatory : (a) دیکھو Relaxative

Relaxed : (a) (۱)سست ؛نرم ؛سبک ۔ (۲)تفریحی : آرام دہ : آرام کرنے والا ۔

Relaxed throat : (a) (طبیعیات) کوّا لٹکنا : گلا آنا : ورم حلق کی ایک قسم ۔

Relaxedness : (n) سستی : نرمی ۔

Relaxer : (n) نرم کرنے والا : آرام دینے والا ۔

Relaxin : (n) ایک جنسی ہارمون جس سے بچہ کی پیدائش میں آسانی ہوتی ہے ۔

Relaxing climate : (n) سست کُن آب و ہوا : سستی آور ہوا ۔

Relay : (n) [-OFr.'Relai' (mod. 'Ralais.] (۱)ڈاک : ڈاک چوکی (گھوڑوں یا آدمیوں کی) : بدل چوکی : مدد چوکی ۔ (۲)(تاریخ) مددآلہ (جو دور کی رو پہنچانے میں مدد دیتا ہے)؛ بجولیا ۔ (۳)ریلے : تازہ دم گھوڑے جو تھکے ماندے گھوڑوں کی جگہ لیں : تازہ دم شکاری کتے جو ہرن کے شکار کے لئے خستہ حال کتّوں کی جگہ پر مقرر کئے جائیں ۔ (۴)وہ تازہ دم گھوڑے جو کسی راستہ میں متعدد جگہوں پر تیار رکھے جائیں ۔ (۵)تازہ دم آدمیوں کی جماعت جو دوسروں کی ذمہ داریوں کو سنبھالے اور انہیں چھٹی دے دے۔

Electric relay : برقی ڈاک : برقی ریلے ۔

Relay : (v) [-Fr.'Relayer.'] (۱)ڈاک چوکی بٹھانا : ڈاک بٹھانا: مدد چوکی پانا ۔(۲)شکاری کتوں کو ہرن کے تعاقب میں چھوڑنا یا دوڑانا۔ (۳)تازہ دم کتوں سے شکار کرنا۔ (۴)بجولیا کی مدد سے برقی رو کو دور پہنچانا : پیغام پہنچانا ۔ (۵)تازہ دم کرنا؛ تازہ دم ہونا ۔

Relay : (v) دوبارہ رکھنا : دوبارہ لٹا دینا : دوبارہ گرا دینا : دوبارہ بچھا دینا (وغیرہ) ۔

Relay-broadcast : (n) (۱)دیکھو Rebroadcast ۔ (۲)بجولیا کی مدد سے ریڈیو کی خبروں کو پکڑنا ۔

Relay governor : (n) ضابطِ رفتار : معدلِ رفتار ۔

Relay nucleus : (n) مرکز دماغ جو مؤثر کو ابتدائی جس کے ذریعہ پکڑتا ہے ۔

Relay race : (n) امدادی دوڑ : چوکی دوڑ : ریلے ریس : بدل دوڑ (جس میں فریقین کے کئی آدمی باری باری سے دوڑتے ہیں) ۔

Relay system : (n) نظام ریلے ۔

Relearn : (v) دوبارہ سیکھنا : بھولی ہوئی چیزوں کو دوبارہ سیکھنا ۔

Releasability : (n) قابل واگذشتنی : رہائی کے لائق ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Releasable /Relcasible : (a) قابل واگذشت : لائق آزادی : رہائی پذیر ۔

Releasably : (adv.) قابل واگذشت کے طور پر : رہائی پذیرانہ ۔

Release : (n) [-Ofr. 'Reles. F. 'Relesser.'] (۱)آزادی : رہائی : چھٹکارا: نجات :خلاصی : استخلاص : رستگاری : چھٹی (درد رنج اور غم سے) نجات ۔ (۲)بھرپائی : رسید : فارغ خطی : واگذاشت یا دست برادری کی دستاویز : وا گذاری : چشم پوشی : ترک دعویٰ : سند ترک دعویٰ : ترک دعویٰ کی دستاویز ۔ (۳)انتقال : ہبہ : انتقال نامہ : ہبہ نامہ : ترخیص نامہ ۔ (۴)کھٹکا : دستہ جس کے دبانے سے کل کا کوئی حصہ کھل جائے : کیرہ ۔ (۵)اجراء : اشاعت : نمائش۔

Lease and release : ہبہ : ہبہ نامہ : ترخیص نامہ ۔

Release : (v) [ME.'Release,-esser'.] (۱)وا گذاشت کرنا (جائداد): دست بردار ہونا : فارغ خطی لکھنا یا دینا ۔ (۲)(قرض وغیرہ)منتقل کرنا : ہبہ کرنا ۔ (۳) رہا کرنا : آزادی دلانا : (بند) کھولنا : چھڑانا : چھوڑنا ۔ (۴) واپس لے لینا : کالعدم کردینا : معاف کردینا ۔ (۵)(فلم) پہلی دفعہ دکھانا : نمائش کرنا : جاری کرنا : شائع کرنا : نمائش کی اجازت دینا ۔

Release of land : (n) (قانون) واگذاشت ۔

Release print : (n) فلم کی مثبت طباعت(جسے نمائش کے لئے استعمال کیا جاتا ہے)۔

Release therapy : (n) (طب) دماغی معالجہ جس میں مریض اپنی اندرونی پیچیدگیوں اور پرشانیوں کو ظاہر کرتا ہے ۔

Released time : (n) مذہبی عقیدہ کی تعلیم کا مقررہ وقت: اسکول کے مطابق طالب علموں کو ہفتہ میں ایک دن کی چھٹی دی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے والدین کے مذہبی عقائد کے مطابق

تعلیم حاصل کر سکیں ۔

Releasee : (n) واگذاشت کرنے والا : دست بردار ہونے والا ۔

Releasement : (n) رہائی : آزادی : چھٹکارا : نجات : واگذاری : ترک : چشم پوشی : ترخیص : افشاء ۔

Releaser : (n) رہا کنندہ : نجات دہندہ : ہبہ کنندہ ۔

Releasible : (a) دیکھو Releasable

Releasor : (n) واگذاشت کرنے والا : دست بردار ہونے والا : ترخیص کرنے والا : ہبہ کرنے والا ۔

Relegable : (a) قابل اخراج : تبعیدی : لائق جلاوطنی : شہر بدری کے قابل ۔

Relegate : (v) [-Relegat, 'Pa -ppl. Stem of L.'Relegare.'] جلاوطن کرنا: ملک بدر کرنا : نکال دینا : خارج البلد کرنا : تبعید کرنا: دور دراز بھیج دینا : کسی خاص جگہ کو (کسی کے لئے) ممنوع قرار دینا ۔ (۲)ڈھیل دینا : گرادینا : پھینک دینا ۔ (۳)منتقل کرنا : حوالہ دینا : مراجعہ کرنا : نسبت دینا ۔ (۴)بھول جانا : بھلا دینا : طاق نسیاں میں ڈال دینا ۔ (۵)حوالے کرنا : تفویض کرنا: سپرد کرنا : دے دینا ۔ (۶)فٹ بال ٹیم کو لوور ڈویژن فٹ بال لیگ میں منتقل کرنا ۔

Relegation : (n) [L.'Relegatio.'] (۱)جلاوطنی : شہر بدری :تبعید : اخراج : انتقال : حوالہ : ارجاع ۔ (۲)فٹ بال ٹیم کی لوور ڈویژن فٹ بال لیگ میں منتقلی ۔

Relent : (v) [-med.L.'Relentare.'] ڈھیل دینا : نرم پڑنا : پسیجنا : رحم کرنا : ترس کھانا : سخت نہ ہونا : نرم کرنا : سست ہونا : متاثر ہونا : پشیمان ہونا۔

Relentingly : (n) رحم کرتے ہوئے : از روئے مہر بانی : ہمدردانہ : ترس کھاکر : پسیج کر ۔

Relentless : (a) بے رحم : بے درد : سخت دل : پتھر دل : سنگ دل : کٹر: سفاک ۔

Relentlessness : (n) بے دردی : سنگ دلی ۔

Relentment : (n) نرم کرنے کا عمل : نرم بنانے کا عمل : رحم : ہمدردی ۔

Relessee : (n) دیکھو Releasee

Relessor : (n) دیکھو Releasor

Reletter : (v) دوبارہ نام کے ٹھپے لگانا : ازسر نو حروف کی تقسیم کرنا ۔

Relevance : (n) موزونیت : مناسبت : برجستگی : ربط : وابستگی ۔

Relevancy : (n) دیکھو Relevance

Relevant : (a) [med. L. 'Relevans.'] بر محل متعلقہ : متعلق(محل): مفید مطلب : موقع کا : چسپاں : ٹھیک کا : موزوں : مناسب : باموقع : مربوط : منطبق : (قانون) قانونی طور پر مناسب : معقول ۔

Relevantly : (adv.) مناسبت سے : اپنے محل پر : موقع کے لحاظ سے ۔

Relevate : (n) آسودہ کرنا : دل جوئی کرنا : تشفی خاطر کرنا ۔

Reliability : (n) (۱)(سماجیات) با اعتمادی : با اعتباری : استواری : اعتبار : وثوق : اعتماد ۔ (۲)(نفسیات) معتبری امتحان : توافق امتحان ۔

Reliability coefficient : (n) (نفسیات) قدرو معتبری : قدر توافق ۔

Reliability test : (n) (نفسیات) معتبری امتحان : توافقی جانچ ۔

Reliability trial : (n) معتبری تشخیص : توافقی امتحان ۔

Reliable : (a) معتبر :قابل اعتماد : بھروسے کا : استوار :پختہ : قابل وثوق : موثق : معتمد : قابل اطمینان ۔

Reliableness : (n) با اعتباری : استواری : با اعتمادی ۔

Reliably : (adv.) وثوق کے ساتھ : معتبر طریقہ پر ۔

Reliance : (n) (۱) اعتماد : بھروسا : وثوق : یقین ۔ (۲)سہارا : آسرا : جس پر تکیہ ہو : تکیہ ۔ (۳)(دینیات) توکل : اعتقاد: اعتماد ۔ (۴)قابل اعتماد آدمی : اطمینان بخش آدمی ۔

Reliant : (a) بھروسا کرنے والا : خوش اعتماد : اعتماد کرنے والا : معتمد : مطمئن ۔

Reliantly : (adv.) بھروسے کے ساتھ : خوش اعتمادی کے طور پر ۔

Relic : (n) [ME.'Relike'. Fr. 'Relique.'] (۱)تبرک : تبرکات : آثار (مقدس بزرگوں کے بال ، دانت ، لباس وغیرہ) ۔ (۲)تحفہ : نشانی : یادگار : باقیہ ۔ (۳)(جمع میں) لاش: ہڈیاں ۔ (۴)(جمع میں) باقی ساقی: بچا کھچا : بقیۃ السیف ۔ (۵) اثر: نشان (قدیم زمانہ یا رسم کا)۔ (۶)مغتنم شے: تبرک ۔

Relic area : (n) وہ علاقہ جہاں کسی قدیم زبان کے آثار پا ئے جاتے ہوں یا قدیم زبان تبدیلیوں کے ساتھ استعمال کی جاتی ہو ۔

Relic fauna : (n) (حیوانیات) آثار حیوانیہ ۔

Relic flora : (n) (نباتیات) آثار نباتیہ ۔

Relicary : (n) (۱) صندوقچۂ تبرکات : تبرکات خانہ ۔ (۲) دیکھو Reliquairey ۔

Relics : (n) (۱)لاش ؛ ہڈیاں ۔ (۲)(نباتیات) باقیات ۔

Ancient relics : عتیقات ؛ قدیم آثار ۔

Relict : (n) [L.'Relicus.'] (۱)(سماجیات)بیوہ ؛ بیوہ عورت ؛ رانڈ ؛ ودھوا ۔ (۲)(نباتیات) باقیہ ۔(۳)(جمع میں) باقیات ؛ آثار ۔

Relict mountain : (n) (جغرافیہ) پس ماندہ کوہ ؛ کوہ باقیہ ؛ باقی ماندہ پہاڑ ۔

Reliction : (n) (سمندر ، جھیل وغیرہ میں) پانی کی تدریجی واپسی ۔

Relief : (n) [AFr.'Relef.'] (۱)تسکین ؛ اطمینان ؛ آرام ؛ راحت(مصیبت کے بعد)؛فراغت ؛ نجات(غم یا تکلیف سے) ؛ مخلصی ؛ سبک دوشی ؛ آزادی ۔ (۲)تنوع ؛ تفریح ؛ دلکشا پہلو ؛ دلچسپی ؛ ذہنی آرام ؛ اطمینان ۔ (۳)امداد ؛اعانت ؛ دستگیری ؛ خیرات ؛ خصوصاً کسی حادثہ کے موقع پر خصوصی فنڈ سے نقدی یا جنسی امداد ۔ (۴)کمک ؛ فوجی امداد (خصوصاً) خلاصی دہانی(محصورین کے محاصرے سے) ؛ خطرہ ، ضرورت اور دشواری کے وقت امداد ۔ (۵) بدلی(پہرہ کے جوانوں کی) ؛ باری (کے جوان) ؛ بدل ؛عوضی ۔ (۶)(قانون) داد رسی ؛ فریاد رسی ؛ چارہ سازی ؛ دستگیری ؛ نجات دہی ۔ (۷)(تعمیرات) اُبھار ؛ برجستگی ؛ برجستہ ؛برجستہ کاری؛ نمائش برجستگی۔(۸)(آرٹ)منبت کاری؛ ریلیف؛ ناتی ۔ (۹)یادگار ؛ باقی ماندہ ۔ (۱۰)پسندیدہ تبدیلی خصوصاً قوت بینائی میں ۔ (۱۱) بندوق کی نالی کے قطر میں دہانہ کی طرف تدریجی پھیلاؤ۔ (۱۲)اسکا چستانی فرقہ جس نے وزیر کے انتخاب کے لئے عوامی جلسہ کے انعقاد کو ضروری قرار دیا تھا (۱۷۶۱ء) پھر (۱۸۴۷ء میں) United secession کے ساتھ یونائٹیڈ پریسبی ٹیرین چرچ کی تشکیل کے لئے متحد ہو گیا؛ ریلیف چرچ۔ (۱۳)ازالۂ شکایت؛تسکین؛ نگرانی کا خاتمہ۔ (۱۴)تشفی؛ ترمیم ؛چارہ ؛ علاج ؛ (مجازاً) روشنی ۔ (۱۵)اعلیٰ اور ادنیٰ کے درمیان سطح کا فرق ؛ نشیب وفراز کا فرق ۔

Relief : (n) (۱) منبت کاری ؛ ابھرواں کام(ابھری ہوئی تصویریں یا نقوش بنانے کا فن یا طریقہ جس میں اصل شے کے خط و خال کے نشیب و فراز بخبسہ دکھائے جائیں)؛ برجستہ کاری ؛ ریلیف ؛ ناتی ۔ (۲) منبت کاری کانمونہ ؛ ابھرواں کام کی چیز۔ (۳)ابھار ؛ ابھرا ہوا ہونا ؛ نمایاں ۔ (۴)چمک دمک ؛ امتیاز یا تضاد یا فن کارانہ پیش کش کی وجہ سے۔ (۵)سطح زمین کے بعض خطے کاخط و خال ۔

High(or great) low ,and middle relief : وہ منبت کاری جس میں نقش سطح پر سے اپنے اصلی تناسب سے ابھرے ہوئے ہوں ؛ منبت عالیہ ، ناقصہ ؛ نقشی ؛ کھدا ہوا ؛ برتن کے اوپری حصہ کی نقاشی ؛ ابھرواں کام ۔

Relief church : (n) ریلیف چرچ جو مصیبتوں اور پریشانیوں سے چھٹکارا دلانے کے لئے ۱۷۶۱ء میں قائم کیا گیا تھا پھر یہ ۱۸۴۷ء میں یونائٹیڈ پریسبی ٹیرین چرچ (اسکاٹ لینڈ) کے قیام کے لئے united secession میں ضم ہوگیا ۔

Relief-ful : (a) آرام سے بھرا ہوا ؛پُر سکون ۔

Relief of the earth : (n) زمین کی اونچان نیچان ؛ زمین کا نشیب وفراز ۔

Relief map : (n) ناتی نقشہ ؛ ابھرواں نقشہ ؛ رنگین نقشہ ۔

Relief road : (n) دیکھو By-pass

Relief pitcher : (n) (بیس بال میں) بال پھینکنے والا جو دوسروں کے لئے گیند لیتا ھے خصوصاً وہ جسے ہر وقت ریلیف کے لئے تیار رکھا جاتا ھے ۔

Relief process : (n) رنگین تصویر سازی کا عمل : ناتی تصویر سازی کا عمل ۔

Relief valve : (v) (زبردست دباؤ کی وجہ سے) بھاپ یا سیال کے گزرنے کی نلی ؛کُھل مندن ۔

Relief work : (n) امدادی کام ۔

Reliefer : (n) (۱)دیکھو Relief pitcher- (۲)عوامی امداد (ریلیف) وصول کرنے والا ۔

Relier : (n) انحصار کرنے والا (کسی شخص یا چیز پر) ۔

Relievable : (a) (۱)قابل امداد ؛ لائق نجات ۔(۲)قانونی امداد وصول کرنے کے لائق ۔

Relieve : (v) [L.'Relevare.'] (۱)امداد دینا ؛ نجات دینا ؛ سبک دوش کرنا ؛ چھٹکارا دلانا ؛تکلیف سے نجات دینا ؛ مالی مدد دینا ؛ ضرورت پوری کرنا ۔(۲)تسکین دینا؛ آرام

پہنچانا ؛ اطمینان دینا ؛ راحت دینا ۔ (۳)دستگیری کرنا ؛ اعانت کرنا ؛ خیرات دینا یا کرنا ۔ (۴) کمک بھیجنا؛ فوجی امداد دینا ۔ (۵)داد رسی کرنا ؛ فریاد رسی کرنا ؛ چارہ سازی کرنا ۔ (۷)منبت کاری کرنا؛ ابھار کر دینا ؛ نمایاں کرنا ۔ (۷)قانونی مدد دینا ؛ فریاد رسی کرنا ؛ الزام سے بری کرنا ؛ برأت دلانا ۔ (۸)ڈر ، خوف سے نجات دینا ؛ صدمہ سے بچانا ؛ غم سے چھٹکارا دلانا ؛ جسمانی تکلیف سے نجات دلانا ۔ (۹)وسیع کرنا ؛ کشادہ کرنا ۔ (۱۰)آسان کرنا ؛ ہلکا کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛کم کرنا؛ اعتدال پیدا کرنا ۔ (۱۱)قابل برداشت بنانا ؛ بے لطفی کم کرنا ؛ کم تکلیف دہ کرنا یا بنانا ۔ (۱۲)(کسی شخص کو) کام کی بدلی کے ذریعہ آرام پہنچانا ؛ باری بدل کر سہولت فراہم کرنا ؛ (کسی شخص کو وقتی طور پر) فرض سے سبک دوش کرنا ؛ جگہ سے ہٹانا ؛ عہدے سے سبک دوش کرنا ۔ (۱۳)بوجھ ہلکا کرنا ؛ مشکل آسان کرنا ۔ (۱۳)(کسی سے کوئی چیز) چھین لینا ؛ اُچک لینا ؛ لے لینا ۔ (۱۵)غذا فراہم کرنا ؛ کھانا دینا ؛ آسودہ کرنا ۔ (۱۶)ڈھیلا کرنا ؛ جکڑن سے چھٹکارا دینا یا دلانا ؛ گرفت سے نکالنا ۔ (۱۷)بلند کرنا ؛ اُونچا کرنا ؛ اونچا اٹھانا ۔

To relieve nature : پاخانہ کرنا؛ پیشاب کرنا؛ فضلہ خارج کرنا ؛ قضائے حاجت کرنا ؛ رفع حاجت کرنا۔

To relieve one's feelings : دل کی بھڑاس نکالنا ۔

Relieved : (a) سبک دوش ؛ مطمئن ۔

Relievedly : (adv.) سبکدوشی کے طور پر ۔

Reliever : (a) سبکدوش کرنے والا ؛ جگہ لینے والا ؛ آرام دینے والا ؛ نجات دہندہ ۔

Relievement : (n) [OFr. 'Releve '-,Relevement.'] آرام ؛اطمینان ؛ امداد ۔

Reliever : (a) سبکدوش کرنے والا ؛ جگہ لینے والا ؛ آرام دینے والا ؛ نجات دہندہ ۔

Relieving : (a) آرام دینے والا ؛ نجات دینے والا ؛ چھٹکارا دلانے والا ۔

Relieving arch : (n) (تعمیرات) سہارے کی ڈاٹ ؛ خشتی ڈاٹ ؛ (طاق جو دیوار کے اندر اور اوپر کا بوجھ سہارنے کی غرض سے بنایا جائے) ۔

Relieving officer : (n) (برطانیہ) رفاہ عام کے شعبہ کا افسر ؛ وہ افسر جو عوام کی امداد پر مامور ہو ۔

Relieving tackle : (n) امدادی جرثقیل ؛ معاون جرثقیل ۔

Relievingly : (adv.) سبک دوش کرتے ہوئے ؛ آرام دینے کے طور پر ۔

Relievo : (n) [It 'Relievo.'] (۱)برجستہ؛ابھرواں.(۲)برجستگی؛ابھار.

Alto relievo : بلند ابھرواں ؛ بلند ابھار ۔

Basso relievo : پست ابھرواں ۔

Mezzo relievo : نیم ابھرواں ؛ نیم ابھار ۔

Relievo : (n) آنکھ مچولی سے ملتا جلتا ایک کھیل ۔

Religate : (v) [Sten of L. 'Religare.'] متحد کرنا ؛ متصل کرنا ؛ باندھنا ؛ ایک کرنا ؛جوڑنا ۔

Religation : (n) اتحاد ؛ اتصال ؛ ہم بستگی ۔

Religieuse : (n) [Fr.] راہبہ ؛تارک الدنیا عورت ؛ مذہبی امور کے لئے وقف عورت ۔

Religieux : (n) [Fr. 'Religiosus.'] راہب ؛ تارک الدنیا ۔

Religio : (n) سابقہ بہ معنی "کیش ومذہب" یا "مذہب و ....." جیسے Religio educational یعنی "مذہبی وتعلیمی" ۔

Religio-ethical : (a) مذہبی اور اخلاقی ۔

Religio-political : (a) مذہبی اور سیاسی ۔

Religion : (n) [AFr. 'Religiun.'] (۱) مذہبی ؛ دین ؛ دھرم ؛ کیش ؛ آئین ۔ (۲)خدا شناسی ؛توحید؛ روحانیت ؛ خدا پرستی۔ (۳)طریقۂ عبادت ؛ عقیدہ ؛ عقیدۂ مذہب ۔ (۴)ایمان؛ ایمانداری ؛ راست بازی ؛ اصول پسندی ؛ وفا داری ؛ وفا۔ (۵)خدا کے وجود پر یقین ؛ ایمان بالغیب ؛ مافوق الفطرت طاقت پر یقین ۔ (۶)رہبانیت ؛ خانقاہ گزینی ؛ گوشہ نشینی ؛ترک دنیا ۔ (۷) زہد ؛ تقویٰ ؛ پرہیزگاری۔ (۸)مذہبی رسوم کی پابندی یا ادائیگی ۔ (۹)رہبانی فرقہ؛ راہبوں کا سلسلہ۔ (۱۰) ہوشیاری ؛ با خبری؛ بیداری؛ دین داری ؛ وجدان ؛ شعور۔ (۱۱)پرستش؛ پوجا؛ عبادت ۔ (۱۲)مذہبی آدمی ؛ آداب مذہب ؛ مذہبی رسوم ۔ (۱۳)پروٹسٹنٹ مذہب ؛ اصلاح شدہ مذہب ۔

Established religion : مروجہ مذہب ۔

Natural religion : فطری مذہب ؛ نیچری مذہب ؛ مذہب فطری ۔

Psychology of religion : نفسیات مذہب ۔

Revealed religion : الہامی مذہب ؛ مذہب وحی ۔

The religion : پرو ٹسٹنٹ مذہب ؛ اصلاح شدہ مذہب ۔

To get religion : (عامیانہ اور مزاحاً) اللہ والا بن جا ۔

To make (a)religion of or to make (it) religion to: کسی کام کو انتہائی احتیاط یا پوری دیانت داری سے کرنا ۔

Religionary : (a) مذہبی ؛ روحانی ۔

Religioner : (n) مذہب پرست ؛ دین دار ؛عابد ؛ متدین ۔

Religionism : (n) مذہب پرستی ؛ تدّین ؛ جوش مذہب ؛مذہبی غیرت ۔

Religionist : (n) دیکھو Religioner

Religionize : (v) مذہبی بنانا ؛ مذہبی رنگ چڑھانا ؛ مذہبی جوش دکھانا ؛ مذہبی ہونا ؛ روحانی ہونا ۔

Religionless : (v) لامذہب ؛ آدھرمی ؛ بے دین ۔

Religiose : (a) [L. 'Religiosus.'] متعصب دیندار ؛ متدین بظاہر ؛ کٹّر ؛ کٹرّمذہبی ؛ کٹر دیندار ؛ روحانی فاسد و بدکار؛ خشکہ مقدس ۔

Religiosity : (n) دین داری ؛ مذہبیت ؛ کٹر پن ؛ اندھی مذہبیت ؛ خشکہ مقدسی ۔

Religioso : (n) مذہبی طرز و احساس ۔

Religious : (a) [AFr. 'Religius.'] (۱) مذہبی ؛ دینی ؛شرعی ؛ کیشی ؛ آئینی ۔ (۲)محتاط ۔ (۳)متدیّن ؛ متقی ؛خدا ترس ؛ خدا پرست ؛ دیندار ۔ (۴)رہبانی ؛ راہبوں کے سلسلے کا ۔ (۵)بے حد محتاط؛ نہایت پُر احتیاط۔(۶)دقیق ؛ صحیح؛ ہوشیار ؛باشعور ؛ بیدار ۔

Religious: (n) راہب ؛ راہبہ ؛ تارک الدنیا ؛ چیلا (کسی رہبانی سلسلے کا) ۔

Religious education : (n) دینی تعلیم ؛ مذہبی تعلیم ۔

Religious fanaticism : (n) مذہبی جنون ؛ مذہبی دیوانگی ۔

Religious house :(n) دَیر ؛ صومعہ ؛ خانقاہ ؛ مذہبی گھر ؛ کنونٹ ۔

Religious humanism : (n) خدا بیزار اخلاقیت ؛امریکا کی وہ تحریک جو خدا بیزاروں اور منکروں پر مشتمل ہے اور جس کا مقصد خدا پر یقین کئے بغیر مذہبی اخلاقیات سے استفادہ کرنا ہے ۔

Religious instinct : (n) (نفسیات) مذہبی جبلت ۔

Religious institutions : (n) مذہبی ادارات ؛ مذہبی ادارے ۔

Religious instruction : (n) مذہبی تعلیم ؛ دینی تعلیم ۔

Religious naturalism : (n) مذہبی نیچریت ۔

Religious of the cenacle : (n) رومن کیتھولک سوسائٹی کے راہبوں کی ایک تنظیم Our lady of the canacle کا کوئی رُکن ۔

Religious purposes : (n) مذہبی اغراض۔

Religious pursuation : (n) مذہبی اعتقاد ۔

Religiously : (adv.) دینداری سے ؛سچائی کے ساتھ ؛ نہایت احتیاط سے ۔

Religiousness : (n) دینداری ؛ تدیّن ؛ مذہبیت ؛ تقویٰ ۔

Reline : (v) نیا خط ڈالنا ؛ نئے خطوط کھینچنا ۔

Reline : (v) مکرر بیل ٹانکنا ؛ سیون دھرنا ۔

Relinquent : (a) [L.'Relinquentem.'] ترک کرنے والا ؛ چشم پوشی کرنے والا ؛ رہا کرنے والا ۔

Relinquent : (n) ترک کرنے والاآدمی ؛ صرف نظر کرنے والا شخص ؛ چشم پوشی کرنے والا آدمی ؛ وہ جو ترک کرتا ہے ۔

Relinquish : (v) [OF.'Relinquiss', 'Relinquir'.] (۱)چھوڑ دینا ؛ دے بیٹھنا ؛ دست کش ہو جانا ؛ ترک کر دینا ؛ تج دینا ؛ ہاتھ اٹھا لینا ؛ واگذاشت کرنا (عادت ، حق یا قبضہ)؛ صرف نظر کرنا ۔ (۲)چھوڑ دینا ؛ گرفت چھوڑ دینا ؛ رہا کرنا ؛ فراموش کرنا ؛ حذف کرنا ۔

Relinquishment : (n) دست برداری ؛دست کشی ؛ ترک ؛ واگذاشت ؛ چشم پوشی ؛ حذف ؛ صرف نظر ۔

Reliquaire : (n) [Fr.] صندوقچۂ تبرکات ؛ تبرکات خانہ ؛ محفوظۂ عتیقہ ؛ ظرف عتیقات ؛ تبرک دان ؛ تبرکات دان ۔

Reliquary : (n) [Fr.'Reliquaire.'] دیکھو Reliquaire

Reliquary : (a) تبرکاتی : تبرکات یا اس سے متعلق ۔

Relique : (n) نشانی : باقیہ ۔

Reliquiae : (n) [L.] (۱)لاش ۔ (۲)(ارضیات) باقیات : عتیقات ۔ (۳)متحجرات (جانورں اور پودوں کے) ۔ (۴) برگ گاہ (خشک پتیاں جو ڈنٹھل میں لگی ہوں) ۔

Relish : (n) [OFr. 'Reles.'] (۱)ذائقہ :مزہ : چاشنی : (کھانے کی) : خوشبو (اشتہا انگیز) ۔ (۲) پٹ : خفیف سا رنگ : خفیف سا جُز (کسی دوسری چیز کا) ۔ (۳) لطف چٹخارہ : مزہ ۔ (۴)مسالا : چاٹ :چٹنی : پُٹ ۔ (۵)رغبت: شوق : چاؤ : چسکا : ذوق یا رغبت : خواہش : میل : اشتہا : پسندیدگی : پسند خاطر ۔

Relish : (v) (۱)مسالا دینا : چٹپٹا بنانا : چاشنی دینا : با مزہ کرنا : مزیدار بنانا ۔ (۲) مزہ لینا : پسند کرنا: مرغوب بنانا : لطف اٹھانا ۔ (۳) بو لینا : ذائقہ دینا : مترشح کرنا : پتا دینا ۔ (۴)(ذوق یا ذائقہ پر) اثر کرنا : مزہ دینا ۔ (۵)رغبت کے ساتھ کھانا : لذت کے ساتھ کھانا : اشتہا سے زیادہ کھانا : خوشی کے ساتھ کھانا پینا ۔ (۶)چکھنا : لذت حاصل کرنا ۔ (۷)پسند آنا : پسندیدہ ہونا : استقبال کرنا : لذیذ ہونا ۔

Relishable : (a) با مزہ : مزیدار : لذیذ : من پسند : مرغوب : ذائقہ بخش۔

Relisher : (n) مزیدار کرنے والا : لذیذ بنانے والا ۔

Relucence : (n) چمک : سفیدی :شفاف ۔

Relucent : (a) چمکتا دمکتا : شفاف : تابان : روشن : چمکدار : درخشاں: براق : نورافشاں ۔

Reluct : (v) (۱)جدو جہد کرنا: کش مکش کرنا: اعتراض کرنا : معترض ہونا ۔ (۲) بغاوت کرنا : مخالفت کرنا : مزاحمت کرنا : مخالف ہونا ۔(۳) جنگ کرنا : دعویٰ کرنا : مقابلہ کرنا ۔

Reluctance : (n) (۱) تامل : اکراہ : بے زاری : مخالفت : عدم رضا : عدم خوشنودی ۔ (۲) (برقیات ، انجینیئرنگ) مقاومت (مقناطیسی) ۔

With (or without) reluctance : عدم رضامندی کے ساتھ: عدم رضا کے بغیر : اکراہ کے ساتھ : نا خوشی کے ساتھ ۔

Reluctancy : (a) دیکھو Reluctance

Reluctant : (a) [L. 'Reluctantem.'] (۱) مچلتا ہوا : مچلنے والا : (خصوصاً شعر میں) اڑ نے والا : مَنّھا : ٹھیس : بے قابو : مقابلہ کرنے والا : کش مکش کرنے والا: مقاومت کرنے والا۔ (۲) بے دل : متامل : نارضامند : بے زار : بے میل ۔ (۳)ناراضگی : نارضامندی : ناخوشنودی ۔

Reluctantly : (adv.) به اکراہ : با دل ناخواستہ : بے دلی : سرد مہری کے ساتھ : نارضا مندانہ ۔

Reluctate : (v) [ad. L.'Reluctal.'] مخالفت کرنا : مزاحمت کرنا : مخالف ہونا : اکراہ کا اظہار کرنا : ناپسندگی ظاہر کرنا: متامل ہونا : اڑنا : مقابلہ کرنا : کش مکش کرنا : جنگ کرنا : دعویٰ کرنا ۔

Reluctation : (n) مخالفت : مزاحمت : نا پسندیدگی : تامل : کش مکش ۔

Reluctivity : (n) (برقیات ،انجینیئرنگ) مقاومیّت : مقاومت مقناطیسی۔

Relume : (v) (۱)پھر جلانا یا سلگانا : پھر روشن کرنا (آنکھ وغیرہ کو) ۔ (۲) دوبارہ منور کرنا (آسمان وغیرہ کو): مشتعل کرنا : نور افشاں کرنا : دوبارہ شفاف بنانا : پھر چمکانا ۔

Rely : (v) [L.'Religare.'] (۱)اعتماد کرنا : بھروسا کرنا : وثوق رکھنا : پوری طرح یقین رکھنا (شے یا شخص پر) : قول پر یقین کرنا ۔ (۲)تکیہ کرنا : اطمینان رکھنا : مطمئن ہونا : توکل کرنا : انحصار کرنا ۔ (۳) امیدوار ہونا : شامل ہونا ۔

Remain : (n) [OFr. 'Remain', f. 'Remainder.'] (۱)(عموماً جمع میں) باقیات : باقی حصہ : بچا کھچا : باقی اجزا : باقی ماندہ ۔ (۲) کھنڈر : باقیات : آثار باقیہ : نشان یادگار(تاریخی تبرکات) ۔ (۳) متروکات (مصنف کی خصوصاً غیر شائع شدہ تصانیف) : مآثر علمیہ : زیر زمین میں محفوظ آثار قدیمہ ۔ (۴)لاش : ہڈیاں : نقش ۔ (۵)غیر ادا کردہ رقم کا باقی ماندہ ۔ (۶)کسی خاندان یا معاشرہ کے باقی ماندہ افراد : کسی گروہ یا ادارہ کے باقی ماندہ افراد ۔ (۷)کسی چیز یا چیزوں کا باقی ماندہ حصہ : شے متروک ۔

Remain : (v) [AF. 'Remeyn.'] (۱)باقی ہونا : باقی رہنا : باقی رہ جانا : بچ رہنا : فاضل بچنا ۔ (۲)ٹھہرنا : ٹھہرے رہنا : باقی یا موجود ہونا : ایک حالت پر رہنا : چھوٹ جانا : رہ جانا : حصہ میں رہنا : ایک جگہ پر رہنا ۔(۳)بدستور ہونا : مثل سابق ہونا ۔ (۴)ترک ہونا : یاد سے ختم ہو جانا : دوام کرنا ۔

Remainder : (n) (۱)(قانون) حق جز معاش : گزارہ(کسی جائداد کا قلیل حصہ جو وصیت کے ذریعہ کسی دوسرے کے نام کر دیا جائے) ۔ (۲)وراثت باز گشت : وراثت ثانوی : وراثت عصبی (جس کا اصلی وارث کی وفات سے حق پیدا ہو). (۳)مابقیٰ : بقایا : رہا سہا : بچا کھچا : رہے سہے (اشخاص) : پس ماندہ : باقی ماندہ : تتمہ ۔

(۳)(ریاضیات)باقی: حاصل تفریق۔ (۵)(کتب فروشی) ذخیرۂ فاضلہ : بے بکی کتابیں (جو کم قیمت پر بیچنی پڑیں): ڈاك خانہ کی غیر فروخت شدہ ٹکٹیں : اڑی پڑی۔ (۶)مدت اقامت : زمانۂ سکونت ۔ (۷)(جمع میں) باقیات۔

Cross remainder : وراثت باز گشت جس میں جائداد دو سے زیادہ افراد کے مابین تقسیم ہوتی ہے اس شرط کے ساتھ کہ جس کو اولاد نرینہ نہ ہوگی اس کا حصہ دوسرے کو مل جائے گا۔

Remainder : (v) (۱) کتابوں کی باقی ماندہ کاپیوں کو کم پر فروخت کرنا؛ کتابوں کو ذخیرۂ فاضلہ میں داخل کرنا یا اس حیثیت سے فروخت کرنا ۔ (۲)باقی ماندہ غیر فروخت منسوخ ڈاك ٹکٹوں کو کم قیمت پر فروخت کرنا ۔ (۳)بچی کھچی ہوئی چیزیا چیزوں کو بیچنا۔

Remainder : (a) بچا کھچا ہوا : باقی ماندہ : متروك ۔

Remainder man : (n) گزارہ دار : شریك جزوی : حصہ دار : شریك وارثت ۔

Remainder over : (n) (کسی جائداد کا) منافع مزید : مزید گزارا ۔

Remainder ship : (n) توریت : باز گشت : حق وراثت ثانوی : توریث ضمنی ۔

Remainder theorem : (n) (ریاضیات) مسئلہ باقیہ ۔

Remake : (n) پہلے کی بنی ہوئی محترك فلم کی دوبارہ فلم سازی ۔

Remake : (v) (۱) پھر بنانا : نئے طریقے سے بنانا : نوساختہ کرنا۔ (۲) نظر ثانی کرنا ۔

Reman : (v) (۱) پھر آدمی لگانا : نئی نفری دینا : پھر آدمی مہیا کرنا ۔ (۲) پھر مرد بنانا : پھر ہمت دلانا ۔

Remand : (n) (۱) (قانون) حوالات مزید : ریمانڈ : حراست مزید : حبس جدید ۔ (۲) حوالاتی قیدی : حراستی قیدی ۔

Remand : (v) [Late L. 'Remandare.] (۱)واپس بھیجنا : پھر سپرد کرنا: پھر حوالے کرنا : واپس ہونے یا بھیجنے کا حکم دینا: واپس بلا لینا ۔ (۲)حوالات میں رکھنا : (پولس کی مزید تفتیش تك) حوالات میں مزید رکھنے کا حکم دینا: قیدی کو دوبارہ حوالات میں بھیجنا ۔ (۳)(قانون) (دوسری عدالت سے پہلی عدالت میں) مقدمہ کو واپس بھیجنا ۔

Remand home : (n) (۱)(برطانیہ) حراست : حوالات : عارضی قیدخانہ ۔ (۲) مجرم بچوں کی حراست : حراست خانۂ طفلاں ۔

Remanence : (n) [med. L.'Remanentia'.] (۱)(برقیات، انجینیرنگ) امتساك ۔ (۲)مداومت : مستقل ۔

Remanent : (a) (انجینیرنگ وبرقیات) پس ماندہ : بقیہ : بقیہ مقناطیسیت : پس ماندہ قوت ۔

Remanent magnetism : (a) (برقیات ، انجینیرنگ) بقیہ مقناطیسیت ۔

Remanet : (n) (۱)ملتوی شدہ شے: باقی ماندہ : بقیہ حصہ : پس ماندہ ۔ (۲)(قانون) ملتوی شدہ مقدمہ یا مسودۂ قانون : پارلیمانی بل جسے آئندہ اجلاس تك کے لئے ملتوی کر دیا گیا ہو : ملتوی شدہ پارلیمانی بل ۔

Remanie : (n) [Fr.] باقیات :آثار ۔

Remanufacture : (v) پھر بنانا : دوبارہ تیار کرنا : دوبارہ پیدا کرنا ۔

Remargin : (v) پھر حاشیہ دینا یا لگانا ۔

Remark : (n) [Fr. 'Remarque'.] (۱) مشاہدہ : ملاحظہ : معائنہ : توجہ فرمائی : نظر فرمائی : توجہ ۔ (۲) رائے زنی : قیل و قال : گفتگو : تذکر۔ (۳) رائے : قول : اظہار : بیان : کیفیت ۔ (۴) اظہار نظر : تشخیص : علامت ۔ (۵) زبانی یا تحریری مشاہدہ : تبصرہ : مختصر اظہار خیال یا تنقید ۔

Worthy of remark : قابل توجہ : قابل ملاحظہ : غیر معمولی ممتاز : نمایاں ۔

Remark : (v) (۱)متوجہ ہونا : دیکھنا : معائنہ کرنا : غور سے دیکھنا : گھومنا : مشاہدہ کرنا : نگاہ کرنا : نظر ڈالنا : ملاحظہ کرنا: توجہ کرنا : معلوم کرنا ۔ (۲)رائے دینا : رائے لگانا : رائے زنی کرنا: کہنا: اظہار نظر کرنا : اظہار خیال کرنا: بیان کرنا : تبصرہ کرنا ۔

Remarkability : (n) قابل توجہ یا قابل مشاہدہ ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Remarkable : (a) قابل ذکر : قابل ملاحظہ : عجیب : نادر : ممتاز : غیر معمولی : نمایاں : برجستہ : مشہور :استثنائی ۔

Remarkableness : (n) ندرت : امتیاز : حیرت انگیزی : قابل گفتنی ۔

Remarkably : (adv.) عجیب طور پر : حیرت انگیزی کے ساتھ : کمال کے ساتھ : بڑی خوبی سے : غیر معمولی طور پر ۔

Remarkedly : (adv.) نشان زده : توجه کے طور پر ۔

Remarker : (n) ملاحظہ کرنے والا : معائنہ کرنے والا : مشاہدہ کرنے والا : تبصرہ کرنے والا: اظہار خیال کرنے والا: مشاہد : مبصر۔

Remarks : (n) تصریحات : کیفیات ۔

Remarque : (n) [Fr. 'Engraving.] نشان حاشیہ (کندہ کاری کی لوح پر ایک خاص حالت ظاہر کرنے کے لئے لگاتے ہیں): نقش حاشیہ : ترسیم حاشیہ ۔

Remarque proof : (n) پروف کی علامت یا نشان ۔

Remarry : (v) (۱) دوبارہ شادی کرنا : دوبارہ عقد کرنا : دوبارہ عقد پڑھنا ۔ (۲) (پادری وغیرہ کا) شادی کرانا (ایسے اشخاص کی جن میں سے ایک یا دونوں کی شادی پہلے ہو چکی ہو)۔

Remblai : (n) [Fr. f. 'Remblayer.'] (۱) زمین جو ساحل سازی کے لئے استعمال کی جائے ۔ (۲)(معدنیات) وہ سامان جو کوئلہ کے موٹے پرت کے شگاف کو بھرنے یا بند کرنے کے لئے استعمال کیا جائے ۔

Rembrandtesque : (a) ولندیزی نقاش ریم برانٹ (Rembrandt) کے طرز یا وضع کی مانند : گہرے رنگوں کی : پرُاز رنگ (جس میں روشنی اور تاریک حصے خوب نمایاں دکھائے گئے ہوں)۔

Rembrandtish : (a) دیکھو Rembrandtesque

Rembrandtism : (n) ریم برانٹی طرز یا وضع ۔

Remeant : (n) [L. 'Remeantam.'] واپسی : رجوع : رجعت ۔

Remed /Remeid /Remead : (n) [L.'Remedium.'] (۱) علاج : چارہ : درماں : دوا ۔ (۲) دیکھو Remedy ۔

Remediable : (a) (طبیعیات) تدارک پذیر : علاج پذیر : قابل علاج: قابل اصلاح : لائق تلافی : درماں پذیری : چارہ پذیری : شفا پذیر ۔

Remediableness : (n) تدارک پذیری: درماں پذیری : علاج پذیری ۔

Remediably : (adv.) تدارک پذیری کے ساتھ : درماں پذیری کے طور پر ۔

Remedial : (a) [ad. L. 'Remedialis.'] اصلاحی : علاجی : تدارکی : درمانی : انسدادی ۔

Remedial instruction : (n) (نفسیات) علاجی تدریب : علاجی تربیت ۔

Remedial measure : (n) تدبیر تدارک : تدبیر درماں ۔

Remedially : (adv.) بہ طور درماں : بہ طور انسداد ۔

Remediless : (n) لا علاج : نا قابل علاج : نا قابل شفا ۔

Remedilessly : (adv.) لا علاج کے طور پر ۔

Remedilessness : (n) لا علاجیت : لا تدارکی ۔

Remedy : (n) [L.'Remedium.'] (۱) علاج : چارہ : درماں : دوا :دارو ۔ (۲)تدارک : تدبیر: تلافی : معالجہ : چارۂ کار : داد رسی: تداوی۔ (۳) (قانون) مداوا :تلافی۔ (۴)برداشت : ضبط: تحمل : رواداری ۔ (۵)(برطانوی اسکولوں میں) نصف تعطیل : آدھے دن کی چھٹی : تفریح کا وقت ۔ (۶)تھوڑی سی جگہ جس میں ڈھلے ہوئے سکوں کی نفاست اور وزن کو تبدیل کیا جاتا ہے ۔

Remedy : (v) [OFr. 'Remedier'.] (۱)علاج کرنا : تدارک کرنا : دوا دارو کرنا : معالجہ کرنا ۔ (۲)تدبیر کرنا : تلافی کرنا : چارہ کار کرنا : اصلاح حال کرنا : تدارک کرنا : مداوا کرنا ۔ (۳) دور کرنا : درست کرنا : ٹھیک کرنا : اچھا کرنا۔ (۴)شفا دینا: صحت یاب کرنا ۔

Remelt : (v) دوبارہ پگھلانا : دوبارہ نرم کرنا ۔

Remember : (v) [OFr. 'Remembrer.'] (۱)یاد رکھنا : ذہن میں رکھنا : حافظہ میں رکھنا : یاد آنا : حفظ کرنا : حفظ ہونا : خیال میں رکھنا : نہ بھولنا ۔ (۲) تحفہ دینا : عطیہ دینا : انعام دینا : بخشش دینا ۔ (۳) دعا میں یاد رکھنا : دعائیں دینا۔ (۴)آداب پہنچانا : سلام کہنا : دعا سلام کہنا یا پہنچانا ۔ (۵) یاد کرنا :نام لینا : ذکر کرنا : سوچنا : محفوظ کرنا ۔ (۶)یاد دلانا : یاد گار قائم کرنا ۔

To be remembered : یاد آنا ۔

To remember oneself : (بدتمیزی اور غفلت کے بعد)سنبھل جانا : ہوش میں آنا ۔

Rememberable : (a) قابل یاد : یادگار : قابل لحاظ : قابل ذکر : یاد رکھنے کے لائق ۔

Rememberaly : (adv.) قابل ذکر طریقہ : یادگار کے طور پر ۔

Rememberer : (n) یاد کرنے والا : یاد آنے والا : ذکر کرنے والا ۔

Remembrance : (n) (۱)(نفسیات) یادداشت ۔ (۲) (نفسیات) تذکر ؛ یاد ۔ (۳)(نفسیات) حافظہ ۔ (۴) یاد آوری ۔ (۵) یادگار؛ نشانی ؛ یاد آور ؛ ارمغاں؛ یادداشت ۔ (۶)(جمع میں) آداب ؛ تسلیمات ؛ سلام ؛ دعا ؛ درود و سلام ؛ تحفہ ۔ (۷)تذکرہ ؛ یاد ؛ ذہن ؛ حفظ ۔ (۸)قوت یادداشت ؛ قوت حافظہ ؛ حافظہ ۔ (۹) یاد دہانی ؛ تنبیہ ؛ تاکید ۔

To call to remembrance : یاد کرنا ۔

To have in remembrance : یاد رکھنا ؛یادداشت میں رکھنا؛ ذہن میں رکھنا ۔

To put in remembrance : یاد دلانا ؛ یاد دہانی کرنا ۔

Remembrancer : (n) (۱)محصّل ؛ سرکاری قرضے وصول کرنے والا اہل کار۔ (۲)محکمۂ خزانہ کے متعدد حکام کا نام ۔ (۳)یادگار؛ یاد دلانے والی چیز ؛ یاد دہانی کرانے والا شخص یا شے ۔ (۴) لندن بلدیہ کا ایک افسر جس کا خاص کام پارلیمانی کمیٹیوں ، کاؤنسل اور ثریزری بورڈ میں بلدیہ (کارپوریشن) کی نمائندگی کرنا ہے ۔ (۵) محضر نامہ ؛ یاد داشت رجسٹر ۔

The kings(or queen's) remembrancer : شاہی محصّل ۔

Remex : (n) [L. f. 'Remus'.] شہ پر ؛ شاہ پر ؛ خاصۂ پر ۔

Remicle : (n) [L. 'Remiculum'.] چھوٹا شہ پر ۔

Remiform : (n) شہ پرنما ؛ چپّو جیسا ۔

Remigrant : (n) مہاجر کی سابق جگہ پر واپسی ۔

Remigrate : (n) (۱) مکرر ہجرت کرنا ؛ دوبارہ ہجرت کرنا ۔ (۲)ہجرت سے واپس لوٹنا (اصل مقام پر) دوبارہ کوچ کرنا ۔

Remigration : (n) (۱)دوبارہ ہجرت ؛ مکرر ہجرت ؛ ہجرت ثانی ؛ ہجرت نو ۔ (۲) ہجرت سے واپسی ؛ ہجرت سے مراجعت ۔

Remijia : (n) [L.] ایک امریکی درخت ؛جھاڑی ۔

Remilitarization : (n) فوج کی دوبارہ تسلیح ؛ فوج کو دوبارہ مسلح کرنے کا عمل ؛ باز تسلیح ۔

Remilitarize : (v) فوج کو دوبارہ مسلح کرنا ۔

Remind : (v) یاد دلانا ؛ جتانا ؛ یاد دہانی کرانا یا کرنا ؛ متنبہ کرنا ؛ یاد کرنا ۔

Reminder : (n) (۱)یاد دہانی ؛تاکید ؛ تنبیہ ؛چتاؤنی ؛ کوئی بھی چیز جس کے ذریعہ یاد دہانی کی جائے ۔ (۲)(طب) (جمع میں) آتشک کی ثانوی علامات ۔

Remindful : (a) (۱)متحاط ؛ احتیاط پسند ؛احتیاط کرنے والا ۔ (۲)بے حد ذہین ؛ ہوشیار ۔ (۳)یاد دہانی کرنے والا ؛ یاد کرنے والا ؛ یاد انگیز ؛ یاد دہاں ۔ (۴)اثر ڈالنے والا ۔

Remindingly : (adv.) یاد دہانی کے طور پر ؛ یاد دہانی کرتے ہوئے ۔

Reminisce : (v) (۱)(عامیانہ یا مزاح) یاد کرنا ؛ یاد تازہ کرنا یا ہونا ۔ (۲)یاد میں محو ہونا ؛ یاد میں ڈوب جانا ۔

Reminiscence : (n) [Fr.'Reminiscence'.] (۱) یاد ؛ ذکر ؛ تذکرہ ؛ یاد آوری ۔(۲)(فلسفہ) عقیدۂ تذکرہ ؛ تحت شعوری حافظہ۔ (۳) نشانہ ؛ علامت یاد ؛ جھلک ۔ (۴) یاد داشت ؛قوت یاد آوری؛ حضور ذہن ؛ قوت حافظہ ۔ (۵)(جمع میں) یاد داشت (تحریر) سوانح ؛ وقائع ؛ محاضرات ؛ مشاہدات (کتابی صورت میں جمع کردہ) ؛ گزرے ہوئے واقعہ کی یاد یا ذکر ۔

Doctrine of reminiscence : (فلسفہ) عقیدہ تذکرّ ؛ تحت شعوری حافظہ ۔

Platonic doctrine of reminiscence: افلاطون کا نظریہ' تذکر کہ انسان کا علم اصل میں اس علم کے تازہ کرنے کا نام ہے جو ارواح کو عالم مثال میں حاصل ہوا تھا ۔

Reminiscent : (a) (۱) گزرے ہوئے واقعات یاد رکھنے والا ؛ حافظہ دار ؛ آگاہ ؛ باخبر ۔ (۲)یاد انگیز ؛ یاد آور ؛ یاد دہاں ؛ یاد دلانے والا ؛ (کسی چیز کی) جھلک رکھنے والا ؛ مشابہ ۔ (۳)متوجہ کرنے والا ؛ معنی خیز ؛ محرک خیال ۔

Reminiscential : (a) دیکھو Reminiscent

Reminiscentially : (adv.) یاد دہانی کے طور پر ؛ یاد انگیزی کے ساتھ ۔

Reminiscently : (adv.) یاد انگیزانہ ؛ یاد آورانہ ؛ یاد دلاتے ہوئے ۔

Reminiscer : (n) یاد دلانے والا ؛ یاد دہانی کرنے والا ۔

Reminiscingly : (adv.) دیکھو Reminiscently

Remint : (n) نیا سکہ بنانا ؛ پھر ٹھپا کرنا (سکہ کو)؛ قدیم سکوں کو ڈھال کر نئے سکے ضرب کرنا ؛ دوبارہ سکہ بنانا ۔

Remiped : (a) [Fr. 'Remipede.'] چپوپا ؛ غوطہ خور پیر رکھنے والا ؛ چپو نما پاؤں والا ۔

Remiped : (n) غوطه خور کیڑا ؛ شناور جانور ۔

Remise : (n) [Fr.] (۱)بگھی خانه ؛ گاڑی خانه ؛ اڈے کی بگھی(کرائے کی) ۔ (۲) (شمشیر زنی) چوٹ ؛ بجت ہول پہلا وار کرنے کے بعد ، دوسرا ہولا جو اپنے سنبھلنے کے لئے مارا جائے ؛ اس قسم کا حمله ۔ (۳) کمپا (چڑیوں کو پھنسانے کے لئے) ۔

Remise : (v) (۱)(قانون) حوالے کرنا ؛ ادا کرنا ؛ ہاتھ سے دے دینا ؛ رکھ دینا (مال یا حق) ۔ (۲) واپس کر دینا ؛ لوٹا دینا ؛ پہلی جگه پر یا پہلی حیثیت میں رکھ دینا ؛ دوباره رکھ دینا ۔ (۳)بدل دینا ؛ تبدیل کر دینا ؛ واپس بھیج دینا (پہلی جگه پر) ۔

Remise (v) (شمشیر زنی) ہولاپن ؛ ضرب لگانا ؛ وار کرنا ۔

Remiss : (a) [L.'Remissur.'] (۱) بے پروا ؛ غافل ؛ فرض ناشناس ؛ نکما ؛ سست ؛ بے حال؛ بے قید ۔ (۲)ناکاره ؛ بودا ؛ کمزور؛ ڈھیلا؛ نرم ۔ (۳) ضعیف ؛ علیل ؛ شل ؛ بے قابو ؛ بے حس ۔

Remissibility : (n) قابل عفو ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Remissible : (a) [L.'Remissibilis.'] قابل معافی ؛ قابل در گذر ؛ قابل اغماض ؛ قابل عفو ؛ بخشیدنی ؛ گذشتنی ؛ گذاشتنی ۔

Remissibleness : (n) دیکھو Remissibility

Remissibly : (adv.) قابل معافی کے طور پر ۔

Remission : (a) [L.'Remissionem.'] (۱)عفو ؛ مغفرت ؛ آمرزش ۔ (۲) معافی ؛ درگذر ؛ دست برداری ؛ واگذاری ۔ (۳)(قانون) تخفیف؛ رعایت؛ چھوٹ؛ معافی ۔ (۴)کوتاہی؛ کمی؛ تضعیف (اثر قوت وغیره کی). (۵)ترسیل؛ تفویض ؛ ترسیل زر ۔ (۶)(طب) زمانۂ خفت۔ (۷)(طب) افاقه ؛ خفت ؛ کمی ؛ تخفیف (خصوصاً عارضی) ۔ (۸)(دینیات) عفو؛ بخشش ۔ (۹) اغماض ؛ صرف نظر ۔ (۱۰)آزادی ؛رہائی ؛ چھٹکارا؛ نجات ۔ (۱۱) مراجعت ؛ واپسی ؛ واپس بھیجنے کا عمل ؛ لوٹا دینے کا عمل ۔

Remission card : (n) (سیاسیات) فرد معافی ۔

Remission of revenue : (n) (سیاسیات) معافی ؛ چھوٹ (ٹیکس کی) ۔

Remission Thursday : (n) دیکھو Maundy Thursday

Remissive : (a) (۱) معاف کرنے والا ؛ واگذاشت کرنے والا ؛ درگزراں ؛ عفو کناں ؛ آمرزگار ؛ آمرزش گر ۔(۲)بخشیده ؛ آمرزیده ۔

Remissively : (adv.) درگزراں کی طرح ؛ آمرز گار کے طور پر ۔

Remissiveness : (n) دیکھو Remission

Remissly : (adv.) سستی سے ؛ غفلت سے ؛ لاپرواہی سے ۔

Remissness : (n) غفلت ؛ لاپرواہی ؛ سستی ؛ فرض ناشناسی ۔

Remit : (v) [L.'Remittere.'] (۱) معاف کر نا ؛ بخشنا ؛ عفو کرنا ۔ (۲)رعایت کرنا ؛ درگذر کر دینا ؛ صرف نظر کرنا ؛ معاف کرنا (قرض وغیره) ۔ (۳) گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ کم ہونا ؛ گھٹ جانا ؛ سست پڑجانا ؛ اعتدال پیدا کرنا ؛ کم ہوتے جانا ؛ تخفیف ہونا ؛ دھیان ہو جانا ؛ (غصه ، درد، کوشش وغیره کا). (۴) (فیصله کے لئے کسی حاکم کے) سپرد کرنا؛ حوالے کرنا ؛ بھیجا جانا ؛ تفویض ہونا (مقدمه کا عدالت کے ماتحت) ؛ عدالت کے ماتحت کو بھیجنا ؛ رجوع کرنا ؛ غور و خوض کے لئے بھیجنا ؛ نظر ثانی کے لئے بھیجنا ۔ (۵)واپس بھیجنا ؛ پلٹا دینا ؛ لوٹا دینا ؛ (پہلی حالت پر) ؛ پیچھے ڈالنا ۔ (۶) زیر غور رکھنا؛ ملتوی کرنا ۔ (۷) (ڈاک وغیره سے) روپیه بھیجنا؛ ارسال کرنا ؛ بھیجا جانا ۔ (۸)پہنچانا ؛ بھیجنا ۔ (۹)(کسی شخص کو) کسی کتاب کا حوالہ بتانا ؛ حوالہ دینا ۔ (۱۰) ملتوی کرنا ؛ موخر کرنا ؛ تعویق میں ڈالنا ؛ پس پشت ڈالنا ۔ (۱۱) (محنت سے) چھٹکارا دینا ؛ چھٹکارا پانا ؛ چھوڑ دینا ؛ نجات پانا ۔

Remit : (n) غور و خوض کے لئے بھیجنا (معامله ، مقدمه وغیره کو) ؛ واپس بھیجنا ؛ نظر ثانی کے لئے بھیجنا ۔

Remitment : (n) دیکھو Remit - (۲) (بذریعه ڈاک) ارسال کرده رقم ۔

Remittable : (a) قابل تفویض ؛ سپردگی کے لائق ۔

Remittal : (n) دیکھو Remission

Remittance : (n) (۱)زر مرسله ؛ رقم مرسله ؛ رقم فرستاده ۔ (۲)ترسیل زر ؛ تحویل زر ۔ (۳) ذریعه جس سے روپیه بھیجا جائے۔

Remittance man : (n) مہاجر جس کا وطن کے روپے پر گزارا ہو ؛ غیر ملک میں رہنے والا وہ شخص جس کے اخراجات کی تکمیل کے لئے اس کے گھر سے روپیه بھیجا جائے ۔

Remittee : (n) مرسل الیه ؛ جس کو روپیه بھیجا جائے ؛ (روپیه) پانے والا ؛ وصول کننده ۔

Remittent : (a) [L. 'Remittentem, Remittere.'] (مرض) گھٹتا بڑھتا ہوا ۔

Remittent : (n) (۱)(مرضیات) گھٹتا بڑھتا بخار : غِبیّ لازمہ ۔ (۲)وہ جو روپیہ بھیجتا ھے : مرسل : بھیجنے والا ۔

Remittent subtertain fever : (n) (مرضیات) دائمی بخار ۔

Remittently : (adv.) گھٹتے بڑھتے ہوئے ۔

Remitter : (n) مرسل : بھیجنے والا : ارسال کنندہ ۔

Remitter : (n) (۱)(قانون) دست بردار : واگذاشت کرنے والا ۔ (۲)نفاذ حق مُرجّح (یہ اصول یا عمل کہ اگر کوئی شخص ناقص حق کی بنا پر جائداد کا وارث ہوا تھا تو کسی دوسرے حق کی بنا پر جو پہلے کی نسبت مُرجّح یا فائق ھے ، اس کی وراثت مسلم ہو جائے گی) ۔ (۳) تحویل : تفویض : سپردگی(دوسری عدالت کو) ۔ (۴) بحالی : حق یابی : حق رسی ۔

Remix : (v) دوبارہ ملانا : آمیزش نو کرنا ۔

Remnant : (n) (۱) باقی ماندہ چیز : پس ماندہ شے : بقیہ : باقی ساقی : بچا کھچا ۔ (۲) قلیل باقی ماندہ چیز ، سامان تعداد وغیرہ ۔ (۳) باقی ماندہ نشان : نشان (سلف) : آثار باقیہ: بقیۃ السلف : باقی سراغ رفتگان ۔ (۴) پارہ : قطع: ٹکڑا (خاص کر تھان کا باقی ماندہ) : قلیل ترین جُز : مختصر ترین حصہ ۔

Remnant/ -al : (a) باقی ماندہ : بچا ھوا : بقیہ : پس ماندہ : بچا کھچا ۔

Remobilization : (n) (فوج) باز طلبی ۔

Remodel : (n) باز تشکیل ۔

Remodel : (v) پھر تشکیل کرنا : پھر بنانا : دوبارہ بنانا : پھر ڈالنا : تشکیل نو کرنا : نو وضع کرنا ۔

Remodeler/Remodeller : (n) تشکیل نو کرنے والا:پھر سے ڈھالنے والا ۔

Remolade : (n) [Fr. 'Remolade, 'Remoulade.'] (۱)گھوڑے کو مالش کرنے کی ایک دوا ۔ (۲) ایک قسم کی چٹنی ۔

Remold : (v) دوبارہ ڈھالنا ۔

Remonetization : (n) باز زر قانونی : دوبارہ رواج : احتکار کے بعد بازار میں مال کی واپسی ۔

Remonetize : (v) (دھات وغیرہ)پھر سے زرقانونی بنانا : دوبارہ رائج کرنا : دوبارہ سکۂ رائجہ کی حیثیت دینا : احتکار کے بعد دوبارہ بازار میں لانا ۔

Remonstrance : (n) [med .L.'Remonstrantia.'] (۱)تحریری یازبانی نمائندگی: تحریری یا زبانی احتجاج: مخالفت : اعتراض: ردو قدح : تعرض : (تاریخ) شکایت عامہ کا اظہار : سمجھانا بجھانا (سیاسیات) احتجاج ۔ (۲)کسی معاملے کی مخالفت کے اسباب و وجوہات پر مبنی نمائندگی خصوصاً وہ دستاویز جس میں مخالفت کے اسباب یا مطالبات بیان کئے گئے ہوں ۔ (۳) ثبوت : شاہد : اثبات : ردّ بیان. (۴)نمائش: نطق: بیان. (۵) ولندیزی آرمینیوں کی طرف سے ہالینڈ کی ریاستوں کو ۱۶۱۰ء میں پیش کیا جانے والا محضر نامہ یا اعتراض نامہ ۔

The grand remonstrance : انگلستان کے دارالعوام کی تاریخی عرضی جس میں بادشاہ کی شکایات درج تھیں : احتجاج عظیم ۔

Remonstrant : (a) [med. L.'Remonstrantem.'] (۱)(عیسائی تاریخ) ولندیزی اصلاح شدہ کلیسا میں آرمینیوں کی جماعت سے متعلق ۔ (۲)اعتراض کرنے والا : معترض : ردو قدح کرنے والا ۔

Remonstrant : (n) (۱)(عیسائی تاریخ)آرمینیوں کی جماعت کار کن (ولندیزی اصلاح شدہ کلیسا میں) ۔ (۲)ثبوت پیش کرنے والا : سمجھانے والا : احتجاج کرنے والا ۔

Remonstrantly : (adv.) احتجاج کے طور پر : اعتراض کرتے ہوئے ۔

Remonstrate : (v) [med .L.'Remonstrate,'Remonstratre.'] (۱)مخالفت میں کہنا : مخالفت کرنا : مخالفت میں وکالت کرنا ۔ (۲) دوبارہ ثابت کرنا : مخالفت میں دلائل بیان کرنا یا لانا ۔ (۳)اعتراض کرنا : حجت کرنا : دلیل کے ساتھ اعتراض کرنا: رد و قدح کرنا : سمجھانا بجھانا : تعرض کرنا ۔ (۴)ذکر کرنا : بیان کرنا : کہنا : اظہار کرنا : اعلان کرنا:توجہ مبذول کرنا ۔ (۵)اعتراضاً کہنا : حجت پیش کرنا ۔

Remonstration : (n) اعتراض : احتجاج : رد و قدح ۔

Remonstrative : (a) افہام و تفہیم کا : معترضانہ : رد و قدح کا ۔

Remonstratively : (adv.) اعتراض کے طور پر : احتجاجاً ۔

Remonstrator : (n) اعتراض کرنے والا : احتجاج کرنے والا : معترض: افہام و تفہیم کرنے والا ۔

Remonstratory : (a) دیکھو Remonstrant

Remontant : (a) [Fr. f. 'Remonter'.] (گلاب) دوبارہ کھلنے والا : دوبارہ پھولنے والا ۔

Remontant : (n) وہ گھاس جو سال میں ایک سے زیادہ بار پھول دیتی ہو ؛ سدا بہار ؛ بارہ ماسی گلاب ؛ (نباتیات) باز گلہ ؛ باز صُفُودیا ۔

Remontoir : (n) [Fr. f. 'Remonter.'] (گھڑی سازی) وہ عنصر جو گھڑی کے پنڈولم کی حرکت کو ٹھیک اور متوازن رکھتا ہے ۔

Remora : (n) [L.] (۱)(سر)ماہی ایک قسم کی مچھلی جس کے بارے میں قدیم زمانے میں خیال کیا جاتا تھا کہ جہاز کو لپٹی رہتی ہے اور اسے چلنے سے روک دیتی ہے ؛ (حیوانیات) مصّاص ماہی ۔ (۲)تاخیر کرنے والی چیز ۔ (۳)مانع ؛ رکاوٹ ؛ سدراہ ؛ روک ۔

Remorse : (n) [Late L.'Remorsus'] (۱)پشیمانی ؛ افسوس ؛ ندامت ؛ پریشانی ؛ خجالت ؛ پچھتاوا ؛ ملامت نفس ۔ (۲)رحم ؛ دل جوئی ؛ ہمدردی ؛ استعانت ۔

Remorseful : (a) افسوس ناک ؛ پشیمانی آمیز ؛ منفعل ؛ خجل ؛ پشیمان ۔

Remorsefully : (adv.) بطور افسوس؛ پشیمانی کے طور پر؛ خجالت سے۔

Remorseless : (a) بے رحم ؛ شقی القلب ؛ بے درد ؛ سخت دل ؛ سنگ دل ۔

Remorselessly : (adv.) سنگ دلی سے ؛ بے دردی کے ساتھ ۔

Remorselessness : (n) بے دردی ؛ سنگ دلی ؛ بے رحمی ؛ شقی القلبی ۔

Remorseness : (n) پشیمانی ؛ خجالت ؛ شرمندگی ؛ افسوس ۔

Remote : (a) [L. 'Remotus.'] (۱) دور ؛ بعید ؛ جدا ؛ الگ ؛ دور یا پرے کا ؛ بے تعلق ؛ بے واسطہ ؛ بیگانہ ؛ (نباتیات) بعید ؛ جدا ؛ الگ ۔ (۲) شاہراہ سے الگ ؛ درست ؛ الگ تھلگ ؛ دور اُفتادہ(گاؤں وغیرہ) ۔ (۳) خفیف ؛ دھندلا سا ؛ ذرا سا ؛ جزئی ؛ کم ؛ تھوڑا ؛ مختصر ۔ (۴)دور کا (رشتہ دار) قریبی نہیں ؛ خارجی ؛ خارج ۔ (۵)غیر ابتدائی ؛ غیر اوائلی ۔ (۶)متحرک ؛ متحرک اعضا کا ۔

Remote cause : (n) (طبیعیات) علّتِ بعیدہ ۔

Remote control : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ)ضبط بعید ۔

Remote indication : (n) علامت بعید ؛ اشارۂ بعید ۔

Remote matter : (n) (منطق)قیاس مع الفارق کا مسئلہ ،قیاس منطقی ؛ صغریٰ اور کبریٰ سے نتیجہ نکالنے کا معاملہ ۔

Remotely : (adv.) دور کے رشتے سے ؛ دور کے واسطے سے ۔

Remoteness : (n) بُعد ؛ دوری ؛ دور افتادگی ۔

Remount : (n) (۱)(فوج)گھوڑوں کی نئی بھرتی ۔ (۲) نیا گھوڑا (جو منزل پر تیار ملے) ۔

Remount : (v) (۱)پھر سوار ہونا ؛ پھر چڑھنا ۔(۲)پہنچنا ؛ سلسلہ پہنچنا ۔(۳)کسی کو گھوڑے پر چڑھنے میں مدد دینا ؛ بدلنا ؛ جگہ لینا ۔(۴)اوپر جانا یا آنا ؛ چڑھنا ؛ (چیزوں کے متعلق) دوبارہ اٹھایا جانا ؛ پھر بلند کیا جانا ؛ دوبارہ آگے بڑھنا ۔ (۵)گھوڑے پر پھر سے سوار ہونا ۔ (۶)تفتیش میں پیچھے جانا ؛ مطالعہ میں پیچھے ہونا ۔ (۷)وقت پر پیچھے ہٹنا ؛ معین مدت میں پیچھے جانا ۔

Removability : (n) منقولہ یا لائق انتقال ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ عزل پذیری ؛ منصرمیت ۔

Removable : (a) (خصوصاً)قابل برطرفی ؛ قابل تبادلہ ؛ قابل سبکدوشی ؛ قابل موقوفی ؛ لائق منتقلی ؛ عزل پذیری ؛ عارضی ۔

Removable : (n) آئر ستان کے مقامی منصرم ؛ عامل ؛ حاکم عدالت (ہنگامی) ۔

Removableness : (n) عزل پذیری ۔

Removably : (adv.) قابل انتقال کی طرح ؛ منصر مانہ ۔

Removal : (n) (۱) برطرفی ؛ منتقلی ؛ موقوفی ؛ معزولی ؛ اخراج ۔ (۲)ہٹانا؛ تغیر؛ تبدیل ؛ نقل مکان ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کا عمل ؛ خصوصاً تبدیلئ فطرت ۔

Removal of causes : (n) (۱) تعویق میں پڑے ہوئے مقدمات کی منتقلی (ریاست سے مرکزی عدالت کو) ۔ (۲)ایک مرکزی عدالت سے دوسری مرکزی عدالت میں مقدمات کی منتقلی ۔ (۳)مقدمات کی منتقلی ایک عدالت سے دوسری عدالت میں (سماعت یا بحث کے لئے)۔

Remove : (n) [f. the v.] (۱)ایک کھانا جو دوسرے کھانے کے بعد میز پر لگایا جائے ۔(۲)(مدرسہ میں) ترقی ؛ چڑھائی(جماعت کی)؛ بلندی ؛ مرحلہ ۔ (۳)بعض مدارس میں ایک خاص درجہ؛ جماعت ۔ (۴)نقل مکان ؛ ترک سکونت ؛ روانگی ؛ ایک شے کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کا عمل۔ (۵) فاصلہ ؛ فصل ؛ ٹپّا ۔ (۶) درجہ ؛ مرتبہ ؛ منزل ؛ واسطہ۔ (۷)ارتقا ؛ مرحلہ ؛ فاصلہ ؛ مسافت ۔ (۸)(گھوڑے کی) نعل زنی کا عمل ۔

Remove : (v) [OFr. 'Remeuv-; 'Remouvoir'.] (۱) ہٹانا ؛ ہٹا لے جانا ؛ اٹھا دینا ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ؛

نکال دینا ؛ برطرف کر دینا ؛ موقوف کر دینا ؛ معزول کرنا ؛ زبردستی ہٹانا ؛ بر طرف کرنا ۔ (۲)(ایک کھانا کے) بعد (دوسرے کھانے کا) ۔ (۳)سکونت بدلنا ؛ مقام بدلنا ؛ جگہ تبدیل کرنا ؛ مکان چھوڑنا ؛ منتقل ہونا ؛ حالات کا بدلنا ۔ (۴) بلند کرنا ؛ اونچا کرنا ؛ دور کرنا ؛ برطرف کرنا ۔ (۵)منتقل کرنا ؛ حرکت دینا ؛ کسی عہدے یا جگہ سے ہٹانا ؛ معزول کرنا ۔(۶)دور ہونا؛ ترغیب دینا ؛ غائب ہونا ۔ (۷)(کسی شخص کو) راستے سے ہٹانا ؛ قتل کرنا ؛ ہلاک کرنا ؛ مار ڈالنا ۔ (۸)دور ہٹانا (راستے سے)؛ کسی جگہ سے جانے پرمجبور کرنا ؛ جگہ چھوڑنے پر مجبور کرنا۔(۹)کسی جگہ سے رخصت ہونا، جانا ؛ کسی مقام سے حرکت کرنا ؛ نقل مکان کرنا ؛ ایک مکان کو چھوڑ کر دوسری جگہ جانا ۔

To remove furniture : (مکان بدلنے والوں کا) اسباب اٹھوانا (بطور پیشے کے) ۔

To remove mountains : پہاڑ اٹھانا ؛ اعجاز دکھانا ۔

Removed : (a) (۱)دور کا(رشتہ دار) ؛ (ہم خاندانی)دور کا ؛ بعید ؛ متفرق ؛ دور افتادہ ۔(۲) اٹھایا ہوا ؛ لیا ہوا ؛ معزول شدہ؛ ہٹایا ہوا ۔ (۳)علاحدہ کیا ہوا ؛ دور کیا ہوا ؛ الگ کیا ہوا ۔

Once,twice removed (cousin) : ایک دادا یا پردادا کی اولاد ؛ بنی اعمام ؛ جدی ؛ دور کے رشتے کے بھائی ؛ دو یا تین پشت دور کے ۔

Removedness : (n) دوری ؛ بُعد ۔

Remover : (n) (۱)اسباب کش ؛ وہ شخص جس کا پیشہ اسباب اٹھوانا ہو ؛ لے جانے والا ؛ ہٹانے والا ؛ خصوصاً فرنیچر اٹھوانے والا ۔ (۲)محلل ؛ وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز حل ہو جائے ؛ اثر کو زائل کرنے والا ۔

Remunerate : (v) [L.'Remunerat Remunerari'.] (۱)معاوضہ دینا ؛ عوض دینا ؛ بدلہ دینا ؛ اُجرت دینا ؛ صلہ دینا ؛ مزدوری دینا ؛ اجر دینا ؛ تلافی دینا ؛ تاوان دینا ؛ ادا کرنا ۔ (۲)بدل ہونا ؛ معاوضہ ہونا ۔

Remuneration : (n) صلہ ؛ انعام ؛ اجرت ؛ معاوضہ ؛ بدلہ ؛ بدل؛ پاداش ؛ عوض ؛ تاوان ؛ تلافی ۔

Remunerative : (a) (۱)اُجرت کا ؛ پر منفعت؛(معاشیات) سودمند ؛ نفع بخش ؛ مفید ۔ (۲)عوض دہندہ ؛ معاوضہ دہندہ ۔

Remunerative debt : (n) (معاشی)منافع آور قرضہ ؛ قرضہ پیدا آور ؛ سودی قرض ۔

Remuneratively : (adv.) بطور معاوضہ ؛ اُجرتاً ۔

Remunerativeness : (n) عوض ؛ معاوضہ ؛ نفع بخش ۔

Remuneratory : (a) دیکھو Remunerative

Remurmur : (v) (۱)(خصوصاً شاعری) ہر وقت غر غر کرنا ؛ سرسراہٹ کی آواز نکالنا ؛ غرغرانا ؛ گڑ گڑانا ؛ دوبارہ سرسرانا ؛ پھر بڑبڑانا ؛ پانی کا سرسرہنا ۔

Ren : (n) (تشریح ، حیوانیات) گردہ ۔

Renaissance : (n) [Fr. f. 'Renaitre'.] (۱)نشاۃ الثانیہ ؛ احیاء العلوم ؛ تجدید ؛ تجدّد ؛علوم و فنون کے احیاء کا زمانہ (۱۴ ویں سے ۱۶ ویں صدی تک)جو یورپ کی جدید ترقیوں کا زمانہ تسلیم کیا جاتا ہے ۔ (۲)(کسی چیز کا) احیاء ؛ (تاریخ) دور احیاء العلوم ؛ نو بیداری ۔ (۳)جوانی اور طاقت کی بازیابی ؛ تازگی ؛ طراوت ؛ زندہ دلی ۔ (۴)جدیدیت کی تحریک ؛ جدید ادب ؛ جدید آرٹ ؛ دور احیاء العلوم کا طرز (آرٹ اور تعمیر میں) ۔ (۵) ولادت نو؛ ولادت ثانی ؛ دوسرا جنم ۔

Renaissance : (a) نشاط الثانیہ چودھویں صدی سے سترھویں کا یا اُس سے متعلق یا اُس جیسا ۔

Renaissance architecture : (n) تعمیر و تزئین کا ایک طرز یا انداز جس کی ابتدا ۱۵ ویں صدی میں اٹلی میں ہوئی اور جو روم کے کلاسیکی طرز اور روایات کے مطالعہ پر مبنی ہے ۔

Renaissance furniture : (n) خصوصاً لکڑی کے سامان کا ایک طرز ۔

Renaissance lace : (n) ایک قسم کا فرانسیسی فیتا یا لیس ۔

Renal : (a) [Late L.'Renalis,.F.Ren.] گردے کا ؛ کُلیوی ؛ گردے کی جگہ میں ؛ گردوی ؛ کلوی۔

Renal calculus : (n) سنگ گردہ ؛ گردے کی پتھری ۔

Renal clearance : (n) گردے کی صلاحیت منتقلی (یعنی وہ کسی چیز کو خون یا پیشاب میں کس طرح منتقل کر تا ہے) کی مقداری پیمائش ۔

Renal colic : (n) درد گردہ ۔

Renal sand : (n) ریگ گردہ ۔

Renal vein : (n) رگِ گردہ ۔

Rename : (v) نیا نام رکھنا ؛ دوبارہ نام رکھنا ؛ (کسی کو) نیا نام دینا ۔

Renanian : (a) فرانس کے ماہر لسانیات اور مورخ ارنیسٹ رینن (Ernest Renan) کا یا اس سے متعلق یا اس کے طرز یا خیالات کے مشابہ ۔

Renascence : دیکھو Renaissance

Renascency : (n) نیا جنم ؛ بعثت ثانی ؛ تجدید ۔

Renascent : (a) [L.'Renascentem'] باز تروتازگی ؛ نو مولود ؛ نو آفریدہ؛ دوبارہ زندہ ہونے والا ؛ جو نیا جنم لے رہا ہو ؛ جو پھر سے پیدا ہو رہا ہو ؛ دوبارہ طاقت ور ہونے والا ۔

Renaturation : (n) پہلی حالت پر واپسی ؛ حالت طبعی کی بحالی۔

Renature : (v) (کسی چیز کو)اصلی حالت پر لانا ؛ سابق حالت پر لانا ؛ حقیقی فطرت پر لوٹنا ۔

Rencontre : (n) [Fr. f. 'Rencontrer.'] مقابلہ ؛ مڈبھیڑ ؛ ٹکر ؛ تصادم ؛ جھڑپ ؛ آویزش ؛ معرکہ ؛ لڑائی ؛ جنگ ؛ جدال ؛ قتال ؛ یکیکی (ڈوئل)؛ اتفاقی ملاقات؛ سامنا؛ خصومت؛ مصاف۔

Rencounter : (n) [Fr. 'Rencontre'.] دیکھو Rencontre

Rend : (v) [OE.'Rendan'.] (۱)پھاڑ لینا ؛ پھاڑ دینا ؛ ؛ چھین لینا ؛ توڑ لینا ؛ نوچنا ؛ کھسوٹ لینا ۔ (۲)چیرنا ؛ دور کر دینا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ؛ پارہ پارہ کر دینا ؛ چاک کرنا ؛ ٹکڑے ہونا ۔ (۳)مروڑنا ؛ زور سے جھٹکا دینا ؛ جھٹکا دے کر چھین لینا ۔ (۴)(کپڑے کا) گھستے گھستے پھٹ جانا ؛ کثرت استعمال سے پھاڑ دینا ۔(۵)لکڑی کو چیر کر (خراد) بنانا ؛ لمبا پتلا ٹکڑا بنانا (درخت کا)؛ (تخت کی) پٹیاں چیرنا ؛ لکڑی کی چھال چھیلنا ؛ بڑنگے بنانا ۔ (۶)پھٹنا ؛ پھوٹنا ؛ اڑا دینا ؛ پھوڑنا ؛ تڑقنا ؛ چو رچور کردینا ؛ توڑ ڈالنا ؛ پھٹ پڑنا ۔ (۷)تقسیم کرنا ؛ زور سے پکڑنا ؛ کھینچ کر پھاڑنا ؛ بیچ سے پھاڑنا یا دو ٹکڑے کرنا ؛ زبردستی پھاڑنا ؛ غصے سے پھاڑ دینا یا ٹکڑے کردینا ۔ (۸)(گوشت یا نسیج کو) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ تکا بوٹی کرنا ؛ کلیجہ چھلنی کرنا ۔ (۹)(قوم کو) تقسیم کرنا ؛ مختلف گروہوں میں تقسیم کر دینا ؛ اختلاف پیدا کرنا؛ غیر متحد کرنا ۔

To rap (or rive)and rend : چھین لینا ؛ چھین کر لے لینا ۔

To rend laths : (تخت کی)پٹیاں چیرنا ؛ بڑنگے بنانا ۔

To rend the air : (چیخ چیخ کر) آسمان سر پر اٹھانا ۔

To turn and rend one : (استعارتاً) یکایک گالیاں دینے لگنا ؛ برس پڑنا۔

Render : (n) ٹکڑے ٹکڑے کرنے والا ؛ چیرنے والا ؛ کھسوٹ لینے والا ؛ چھین لینے والا ۔

Render : (n) (۱)(قانون) لگان ؛ نذرانہ ؛ محصول بالجنس ؛ بیگار ؛ تاوان کی واپسی ۔ (۲)(تعمیرات) پہلی لپائی ؛ پہلا پلاسٹر۔

Render : (n) [OFr. 'Rendre'] (۱) دینا ؛ شکریہ ادا کرنا ؛ ادا کرنا ؛ جمع کرنا ؛ عوض میں دینا ؛ واپس دینا ؛ پھیر دینا ؛ واپس کرنا ؛ (قانون) لگان دینا ؛ محصول بالجنس دینا ؛ تاوان واپس کرنا؛ ٹیکس دینا ۔ (۲)حوالے کرنا ؛ نذر کرنا ؛ حاضر کرنا ؛ دینا؛ کرایہ دینا ۔ (۳)بجا لانا ؛ انجام دینا ؛ کرنا ؛ (تعریف ، اطاعت وغیرہ) ۔ (۴)پیش کرنا ؛ حساب داخل کرنا؛ بتانا ؛ سمجھانا ؛ وجہ بتانا ۔ (۵)چربہ اتارنا؛ نقشہ کھینچنا؛ تصویر کھینچنا؛ نقل کرنا ؛ بیان کرنا ؛دکھانا ؛ بنانا ؛ ادا کرنا ؛ ترجمہ کرنا ؛ دوسری زبان میں ادا کرنا ۔ (۶) بنا دینا ؛ بدل دینا ؛ کچھ سے کچھ کر دینا۔ (۷)چربی پگھلانا ؛ تا کر نکالنا؛ تا کر صاف کرنا ؛ (چربی وغیرہ)؛ تانا (چربی) ۔ (۸)صندلا کرنا ؛ پچارا پھیرنا ؛ لیپنا ؛ لپائی کرنا ۔ (۹)چھوڑ دینا ترک کر دینا؛ درگذر کرنا ؛ واگذار کرنا ؛ سبکدوش ہونا ؛ استعفیٰ دینا ۔ (۱۰) پارٹ کرنا (ڈرامہ میں)؛ کوئی کھیل کھیلنا؛ گانا (موسیقی) ؛ بجانا ۔ (۱۱)خریدار کو بل بھیجنا ؛ فیصلہ سنانا ۔ (۱۲) انعام دینا ؛ بخشش دینا ؛ صلہ دینا ؛ اجر دینا ۔ (۱۳) دوسروں کی خدمات کی قدر کرنا ؛ اعتراف کرنا ؛ خدمت کرنا ؛ دوسرے کی مدد کرنا ۔ (۱۴) فنکارانہ شکل دینا؛ فنکارانہ انداز میں رکھنا ؛ فنکارانہ طریقے سے پیش کرنا ؛ فنی ذرائع کو استعمال میں لانا ؛ فنی ذریعہ سے پیش کرنا ؛ ظاہر کرنا ۔ (۱۵)معاوضہ دینا ؛ عوض دینا ؛ صلہ دینا ؛ تلافی کرنا ۔ (۱۶) آسانی سے گزر جانا؛ آسانی سے دوڑنا۔ (۱۷)ازبر کرنا ؛ حفظ کرنا ؛ یاد کرنا ؛ تکرار کرنا ۔ (۱۸)خاص فطرت کا بنانا ؛ خاص صفت کا حامل ہونا یا بنانا ۔ (۱۹)منتقل کرنا ؛ خارج کرنا ؛ تبدیل کرنا ۔ (۲۰)(جہاز رانی) راستے سے الگ ہو جانا ۔

Account rendered : پیش کردہ جو ہنوز ادا نہ ہوا ہو ۔

Render and set : (n) (تعمیرات) لپائی اور سفیدی ۔

Renderer : (n) شکریہ ادا کرنے والا ؛ واپس کرنے والا ؛حوالے کرنے والا؛ پیش کرنے والا ۔

Rendering : (n) (۱)پیش کرنے کا عمل ؛ پیشی ؛ چھوڑنے کا عمل ۔ (۲) نقش کاری ؛ شبیہ نگاری ؛ نقش کشی ۔

(۲)ترجمانی؛ ادا کردگی ؛ ترجمہ ؛ تفسیر ؛ تشریح ؛ توضیح؛ تعبیر؛ ترسیل؛ تعمیل؛ تکمیل ۔ (۳)صندلا کاری ؛ پچارہ کاری ؛ لپائی ۔ (۵)(جہاز رانی) راستے سے علاحدگی ؛ جر ثقیل سے علاحدگی۔(٦)چربی پگھلانا؛ تا کر صاف کرنا ؛ چربی کی پگھلائی ۔

Rendering of service : (n) بجا آوریٔ خدمات ۔

Rendering plant : (n) پودا جس سے مصنوعی چربی ، گھی ، تیل اور روغنی مصنوعات تیار کی جاتی ہیں ۔

Rendering works : (n) دیکھو Rendering plant

Renderset : دیکھو Render and set

Rendezvous : (n) [Fr.] (۱)نشست گاہ ؛ اجتماع گاہ ؛ جلسہ گاہ ؛ خصوصاً لشکرگاہ ؛ مقام اجتماع ؛ ملن گاہ (فوج) فوج یا بحری جہازوں یا طیاروں کے جمع ہونے کی جگہ(حملے کے پہلے یا بعد)؛ اڈا ۔ (۲)زیارت گاہ مقدس مقام ؛ وہ جگہ جہاں لوگ روایتی طور پر جمع ہوتے ہیں ؛ تفریح گاہ ۔ (۳)مرجع ؛ بیٹھک ؛ اڈا ؛ ملنے کی جگہ .(۴)موعد ؛ جائے مقررہ ؛ قرار گاہ ۔ (۵)(مقررہ مقام اور تاریخ پر) میٹنگ ؛ نشست ؛ اجتماع ۔ (٦) سالانہ تفریحی اجتماع ؛ سالانہ تجارتی اجتماع ۔

Rendezvous : (v) (۱) کسی جگہ پر جمع ہونا ؛ باہم جمع ہونا ؛ جائے مقررہ پر ملنا ؛ کسی جگہ پر ملاقات کرنا ۔ (۲)مقررہ جگہ پر فوج یا جہاز کو جمع کرنا (اب امریکا)۔

Rendition : (n) [Fr.] (۱)جگہ یا شخص کو حوالے کرنا ؛ تفویض ۔ (۲)ترجمہ ؛ تفسیر ؛ توضیح ؛ تطبیق (اب امریکا)۔ (۳)(امریکا) واپس کی ہوئی رقم ؛ واپس کردہ رقم ۔

Rendrock : (n) ایک قسم کا آتش گیر مادہ ؛ چٹان توڑ ؛خارا شکن ڈائنمائیٹ ۔

Renegade : (n) (۱) (قانون)مفرور ۔ (۲) (دینیات) مرتد ؛ تارک دین ؛ خصوصاً عیسائی جو مسلمان ہو جائے ۔ (۳) بے وفا ؛ بد عہد ؛ غدار ؛ خائن ؛ برگشتہ ؛ نمک حرام ؛ اپنے گروہ کوچھوڑ کر دوسری طرف جا ملنے والا ؛ جماعت یا اصول سے منحرف ہونے والا ۔

Renegade : (v) برگشتہ ہونا ؛ مرتد ہونا ؛ ترک دین کرنا ؛ جماعت سے انحراف کرنے والا ۔

Renegade : (a) ملحد ؛ مرتد ؛ تارک دین ؛ خائن جماعت یااصول سے منحرف ہونے والا ؛ برگشتہ ؛ بد عہد ۔

Renegade (n) دیکھو Renegado : (n) [med. L. 'Renegatus'.]

Renegade (v) دیکھو Renegado : (v)

Renegate : (n) [med. L. 'Renegatus.'] دیکھو Renegade

Renegation : (n) [f. L. 'Renegare.'] ارتداد ؛ الحاد ؛ برگشتگی ؛ خروج (دین سے) ۔

Renege : (v) (۱) دست بردار ہونا ؛ دست کش ہونا ؛ ترک کر دینا ؛ قطع تعلق کر لینا ؛ الگ ہو جانا ؛ چھوڑ بیٹھنا ؛ بد عہدی کرنا ۔ (۲)سکیڑنا ؛ سمیٹنا ؛ اندر کھینچنا ؛ سکڑنا؛ سمیٹنا ۔ (۳)انکار کرنا ؛ واپس لینا ؛ قبول نہ کرنا ؛ رد کرنا؛ مسترد کرنا ؛ کالعدم قرار دینا ۔ (۴)منسوخ کرنا ؛ فسخ کرنا ؛ تنسیخ کرنا ۔ (۵) فریب دینا ؛ اغوا کرنا ؛ اپنے قول پر عمل نہ کرنا؛ اپنی بات کی تکذیب کرنا ؛ بات نہ ماننا ۔

Renege : (n) انکار ؛ عدم قبول ؛ ارتداد ؛ منسوخی ؛ تنسیخ ۔

Reneger : (n) انکار کرنے والا ؛ مرتد ؛ منسوخ کرنے والا ۔

Renegotiable : (a) دوبارہ بات چیت کے لائق؛ دوبارہ قابل گفت وشنید۔

Renegotiate : (v) دوبارہ بات چیت کرنا ؛ دوبارہ گفتگو کرنا ؛ پھر گفت وشنید کرنا ؛ پھر مصالحت کی گفتگو کرنا ۔

Renegotiation : (n) دوبارہ گفتگو ؛ دوبارہ بات چیت ؛ دوبارہ گفت و شنید ۔

Renegotiator : (n) دوبارہ بات چیت شروع کرنے والا ؛ دوبارہ گفت و شنید کرنے والا ؛ پھر سے معاملہ کو حل کرنے کی کوشش کرنے والا ۔

Renegue : (v) [med. L. 'Renegare.'] (۱) انکار کرنا ؛ مفکر ہونا ؛ ترک کرنا ؛ مرتد ہونا ؛ باغی ہونا ۔ (۲)(مقامی، امریکا) فسخ کرنا ؛ منسوخ کرنا ؛ رد کرنا ؛ مسترد کرنا ۔

Renerve : (v) دوبارہ قوت پہنچانا ؛ پھر تقویت دینا ؛ مکرر طاقت دینا ۔

Renest : (v) دوبارہ گھونسلا بنانا ؛از سر نو آشیاں بنانا ؛ پھر سے آشیانہ بنانا ۔

Renew : (v) (۱)نیا کرنا ؛ تجدید کرنا ؛ تازہ کرنا ؛ احیاء کرنا ؛ جان ڈالنا ؛ روح پھونکنا ؛ تجدید ہونا ؛ ازسر نو زندگی بخشنا؛ کایا پلٹ دینا ؛ زندہ کرنا یا ہونا ؛ ہوش میں آنا؛ بیدار کرنا؛ بیدار ہونا ۔ (۲)مرمت کرنا؛ درست کردینا ؛ بدل دینا ۔ (۳)پھر کرنے لگنا ؛ دوبارہ شروع کرنا (وقفہ

کے بعد) از سر نو کرنا : پھر سے کرنا : مکرر ہونا : دُہرانا: بار بار کرنا یا ہونا .(۳) مطالبے کی تجدید کرنا : پٹّا نیا کرنا . (۵)تازہ ہونا : نیا ہوجانا : پھر آجانا (جوانی وغیرہ کا) . (۶)روحانی طور پر نیا کرنا : تزکیۂ قلب کرنا : روحانی زندگی بخشنا یا پانا : ہدایت بخشنا یا پانا . (۷) پھر سے حاصل کرنا (حقیقی طاقت ، جوانی وغیرہ): پھر سے شروع کرنا :پھر سے جاری کرنا. (۸)پھر جمع کرنا: دوبارہ قائم کرنا: دوبارہ تشکیل دینا: پھر سے محترک کرنا : تعمیر نو کرنا . (۹)نئے سرے سے دینا : نئی مدت کے لئے دینا (قرض وغیرہ) : پھر سے لینا: توسیع پانا . (۱۰) پھر شروع کرنا : ازسر نو بسم اللّٰہ کرنا : دوبارہ افتتاح کرنا .

Renewability : (n) قابل تجدید ہونے کی حالت یا کیفیت : نیا پن :جدت.

Renewable : (a) (۱) تجدید پذیر: لائق تجدید : تجدید طلب . (۲)مرمت طلب : درستی پذیر : لائق احیاء .

Renewably : (adv.) جدت کے طور پر : نیا ہونے کی طرح .

Renewal : (n) تجدید : تجدد : احیاء : تازہ سازی : کایا پلٹ : مرمت .

Renewedly : (adv.) نئے پن سے : جدت کے طور پر .

Renewedness : (n) جدت : نیا پن .

Renewer : (n) نیا کرنے والا : تازہ کرنے والا : ٹھیک کرنے والا : مرمت کرنے والا .

Rengas : (n) ایک قسم کا درخت جس سے روغن نکلتا ھے .

Rengma : (n) (۱) آسام کے پہاڑی لوگ : ریگما قبیلہ . (۲) اس فرقہ کا کوئی فرد .

Rengue : (n) [Amer Sp.] فلپائن کا تیار کیا ہوا موٹا کپڑا .

Reni-: سابقہ بہ معنی گردہ جو بعض سائنسی اصطلاحات میں استعمال ہوتا ھے(جیسے Reni capsuler) .

Reni fleur : (n) [Fr.] مہک اور بو سے جنسی تسکین حاصل کرنے والا : سونگھ کر جنسی آسودگی حاصل کرنے والا .

Reniform : (n) گُردہ شکل :کلوی .

Renig : (n) دیکھو Renaga

Renilla : (n) ایک قسم کا آبی پودا .

Renin : (n) [L.] پروٹین گُردہ : کلومین : رینن .

Renitency : (n) مزاحمت : مقاومت : رکاوٹ : مخالفت .

Renitent : (a) [Fr. 'Renitent.'] (۱)سخت : مضبوط : جسمانی طور پر مزاحمت کرنے والا . (۲)رکاوٹ ڈالنے والا : مقاومت کرنے والا .

Rennet : (n) (۱) پنیرمایہ : پنیر جامن : بستہ شیر(جمایا ہوا دودھ) . (۲)(حیوانیات) انفحہ : شکمہ : کوئی بھی چیز جس سے دودھ جمایا جائے . (۳) (نباتیات) ایک قسم کا پودا .

Rennet : (n) [Fr. 'Reinette.'] ملکہ سیب : رینٹ : بڑے سائز کا فرانسیسی سیب .

Rennet bag : (n) (حیوانیات) شکمہ : معدۂ چہارم .

Rennet stomach : (n) (۱)دیکھو Rennet bag- (۲) انفحہ .

Rennet wort : (n) ایک قسم کا پودا .

Rennin : (n) (کیمیا) جوہر پنیر مایہ : پنیر مایین : رینین .

Reno : - سابقہ بہ معنی گردہ .

Renominate : (v) دوبارہ نامزد کرنا : دوبارہ تجویز کرنا .

Renomination : (n) ازسرنو نامزدگی : دوبارہ نامزدگی .

Renounce : (n) [Fr. 'Renonce ,f. 'Renoncer.'] (تاش کا کھیل) بے رنگ کھیل : بدرنگ بازی .

Renounce : (v) [L. 'Renuntiare.'] (۱) ہاتھ اٹھا لینا : دست بردار ہو جانا (حق یا قبضے وغیرہ سے): ہاتھ کھینچ لینا . (۲)چھوڑدینا : ترک کر دینا : قطع تعلق کر لینا : الگ ہو جانا : چھوڑ بیٹھنا: غرض نہ رکھنا: دوستی ، رشتہ داری وغیرہ سے انکار کردینا : انکار کرنا : تردید کرنا : نامنظو کرنا : تسلیم نہ کرنا . (۳)(قانون)دست بردار ہونا : لادعویٰ ہو جانا : مستفعی ہو جانا : فارغ خطی دینا (خصوصاً وراثت یا تولیت سے). (۴)(تاش کا کھیل) بے رنگ چلنا : بے رنگ پتا کھیلنا (رنگ کا پتا نہ ہونے کا باعث) . (۵) چھوڑ بیٹھنا : حوالے کر دینا : (عادت ، عمل وغیرہ) ترک کر دینا .(۶)چشم پوشی کرنا : صرف نظر کرنا . (۷)اعلان کرنا : دعویٰ کرنا : ادّعا کرنا: اعلام کرنا.

To renounce the world : دنیاوی زندگی یا عیش وآرام سے دست بردار ہونا : عیش پسندی کو ترک کر دینا : دنیا

سے کنارہ کشی اختیار کرنا ؛ ترک علائق کرنا ۔

Renounceable : (a) کنارہ کشی اختیارکرنے کے لائق ؛ قابل دست برداری ؛ قابل قطع تعلق ۔

Renouncement : (n) دست برداری ؛ فارغ خطی ؛ ترک علائقی ؛ نفس کُشی ؛ ترک ؛ اعراض ؛ انکار ؛ لادعویٰ ؛ چشم پوشی ؛ صرف نظر ۔

Renouncer : (n) قطع تعلق کرنے والا ؛ الگ ہو جانے والا ؛ چھوڑ دینے والا؛ دست بردار ؛ مستغنی ؛ چشم پوش ؛ صرف نظر کرنے والا ۔

Renovate : (v) [L. 'Renovat-, Renovare.'] نیا کر دینا ؛ تازہ کرنا ؛ تازہ دم کرنا ؛ بحال کرنا ؛ پھر سے بنا دینا ؛ درست کر دینا؛ ازسرنو شروع کرنا ؛ مجدداً آغاز کر نا ؛ اصلاح کرنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ مرمت کرنا ؛ احیاء کرنا؛ جان ڈالنا یا ہونا ۔

Renovate : (a) ازسر نو شروع کیا ہوا ؛ تازہ شدہ ؛ نیا بنایا ہوا ۔

Renovation : (n) [L. 'Renovationem'.] (۱)تازہ سازی ؛ نو سازی ؛ تجدید ؛ تعمیر ؛ تجدد ؛ تازہ دمی ۔ (۲)واپسی ؛ بحالی ؛ احیاء ؛ تجدید ۔ (۳)(دینیات)درستی ؛ اصلاح ؛ تہذیب اخلاق ؛ تجدید روح ۔

Renovator : (n) مجدد ؛ درست کرنے والا ؛ تازہ دم کرنے والا ۔

Renown : (n) [AFr. 'Renoun, 'Renun.'] (۱)شہرت ؛ شہرہ ؛ نام ؛ نمود ؛ امتیاز ؛معروفیت ؛ معروفی ۔ (۲)ناموری ؛ تعظیم ؛ مشہور و معروف شخص ؛ شہیر ۔

Of great (high, etc) renown : بہت زیادہ شہرت یافتہ ۔

Renowned : (a) [Fr. 'Renomme.'] مشہور ؛ شہرت یافتہ ؛نامی ؛ شہرۂ آفاق ؛ نامدار ؛ ممتاز ۔

Renownedly : (adv.) شہرت کے طور پر ؛ نمو د کے طور پر ؛ ناموری کے ساتھ ۔

Renownedness : (n) شہرت ؛ شہیر ؛نام ؛ ناموری ؛ امتیاز ۔

Rensselaerite : (n) [f. name fo Gov. Stephen Van Rensselaer.'] (کان کنی) ایک قسم کی چکنی شفاف معدنی شے ؛ ایک قسم کی طلق جو نیویارک اور کناڈا میں پائی جاتی ہے ۔

Rent : (n) [OFr. 'Rente.'] (۱) کرایا ، مکان وغیرہ (ماہانہ یا موقت) ؛ اجارہ ؛ استجارہ ؛ منافع ۔ (۲) مالیہ ؛ لگان ؛ مالگذاری؛ (جمع میں زمین کی) ۔ (۳) کسی قوم کی مالیاتی آمدنی کا جز یا حصہ ؛ پیداواری یونٹ کی آمدنی ۔ (۴) مشین کے استعمال کے لئے (حین مدت تک کے لئے) رقم کی ادائیگی ۔

Commercial rent : کرایا (مکان یا دکان وغیرہ کا) ۔

Economic (Recardian, true) rent : ممکن پیداوار کی سالانہ قیمت ۔

For rent : کرایا کے لئے ؛ برائے اجارہ ۔

Rent : (n) (۱)شقاق ؛ کھونچ ؛ شگاف ؛چاک (کپڑے وغیرہ میں) ۔ (۲) دراڑ ؛ درز ؛ کٹاؤ (پہاڑ یا زمین میں) ۔ (۳)(کوئلہ ، معدنیات) درز ؛ کٹاؤ ۔

Rent : (v) [OFr. 'Renter.'] (۱)کرایہ ادا کرنا (زمین ، مکان وغیرہ کا) ؛ کرائے پر لینا ؛ پٹے پر لینا ؛ پٹے پر دینا ؛ اٹھانا (زمین وغیرہ کو مقررہ معاوضے پر) ؛ کرایہ لگانا ؛ مقررہ رقم پر دینا ۔ (۲) لگان عائد کرنا ؛ جمع لگانا ۔ (۳) کرائے پر ہونا ؛ کرائے پر لئے ہونا ۔ (۴) کرایہ پر حاصل کرنا ؛ کرایہ کی چیز پر قبضہ حاصل کرنا ؛ کرائے کی چیز پر قبضہ اور اس کے استعمال کی اجازت دینا ۔

Rent : (a) شگاف شدہ ؛ پھٹا ہوا ؛ پارہ پارہ ؛ ٹکڑے ٹکڑے ۔

Rent-charge / Rentcharge : (n) زرپٹہ ؛ ضمنی لگان (جو مالک کے علاوہ کسی اور کو دیا جائے) ۔

Rent-charger : (n) ضمنی لگان سے فائدہ حاصل کرنے والا ؛ زرپٹہ وصول کرنے والا ۔

Rent control : (n) قانون کرایہ ؛ قانون اجارہ ۔

Rent-free : (a) کرایہ کی ادائگی سے معافی ؛ معافی کی ؛ لاخراجی ۔

Rent free grant : (n) جاگیر ۔

Rent-roll : (n) فرد لگان ؛ اجارہ نامہ ؛کرایہ نامہ ؛فہرست پٹہ داران یا کاشت کاران ؛ جمع بندی ؛ فرد مالگذاری ؛ فرد آمدنی (بذریعہ لگان)۔

Rent-seck : (n) (قانون) ایک قسم کا اجارہ جس میں وثیقہ کے ذریعہ اجارہ مخصوص کردیا گیا ہو ؛ ایک قسم کا اجارہ قرقی کی مشق کے بغیر ۔

Rent-service : (n) خدمت ؛ بیگار (جو لگان کے عوض یا علاوہ پٹہ دار کو کرنی لازم ہو) ۔

Rent-table : (n) کثیر الاضلاعی میز : زیادہ پہلو والا میز ۔

Rentable : (a) کرائے کے لائق : جس کو کرایہ پر دیا جا سکتا ہو : قابل استجارہ : کرایہ پر اٹھنے والا ۔

Rentage : (n) دیکھو Rent

Rental : (n) (۱) اجارہ نامہ : کرایہ نامہ ۔ (۲) کرائے کی آمدنی : آمد جمع بندی : محاصل منافع ۔ (۳) کرایہ : زر لگان : زرمالیہ : مالگذاری ۔ (۴) (امریکا) کرایہ پر کتاب دینے سے حاصل شدہ رقم ۔ (۵) کرائے کا عمل ۔

Rental collection : (n) ذخیرۂ کتب (مفت لائبریری میں) جس سے روزانہ فیس ادا کر کے استفادہ کیا جاسکتا ہے ۔

Rental library : (n) کرایہ کی لائبریری : اجاری کتب خانہ : تجارتی کتب خانہ : تجارتی لائبریری : کتب خانہ جہاں کتابیں کرایہ پر ملتی ہیں ۔

Rente : (n) [Fr.] (فرانسیسی) منافع : آمدنی (خصوصاً تمسکات کے سود یا جائداد کے کرائے کی) : سالانہ آمدنی ۔

Rented : (a) مستاجرہ : پٹے کی : کرایہ کی (زمین ، مکان وغیرہ) ۔

Renten mark : (n) جرمن کی عارضی مالی یونٹ جو ۱۹۲۳ء میں بینک نوٹ کے اجرا کے لئے استعمال کیا گیا تھا ۔

Renter : (n) (۱) اجارہ دار : اجارہ دہندہ : کرایہ پر لگانے والا : کرایہ پر دینے والا : کرایہ وصول کرنے والا : کرایہ کی آمدنی وصول کرنے والا ۔ (۲) کرایہ پر مکان ، زمین وغیرہ لینے والا : کرایہ دار ۔

Renter : (v) [Fr. 'Renter'.] رفو کرنا : دیدہ ریزی کے ساتھ سینا : بہت ہی نفاست کے ساتھ سینا : عمدگی کے ساتھ لباس تیار کرنا ۔

Rentier : (n) [Fr. f. 'Rente'.] (۱) جسے کرایہ یا سود کی آمدنی ہو اور محنت نہ کرنی پڑے : منافع خور : صاحب املاک : صاحب جائداد ۔ (۲) کرایہ دہندہ : اجارہ دہندہ ۔

Renule : (n) [f. L. Ren + -ule.] (تشریح) علاحدہ گوشک میں سے ایک جس سے بعض جانور میں گردہ بنتا ہے ۔

Renumber : (n) دوبارہ نمبر لگانا : دوبارہ نمبر دینا : پھر سے نمبر دینا: نئے نشان لگانا : نئے نمبر ڈالنا ۔

Renunciant : (n) تارک دینا : دست بردار ہونے والا ۔

Renunciant : (a) دست بردار : لادعویٰ ۔

Renunciation : (n) [L. 'Renunciationem.'] (۱) دست کشی : چشم پوشی : قطع تعلقی : دست برداری : فارغ خطی : لادعویٰ نامہ ۔ (۲) ترک دینا : ترک علائق : نفس کشی ۔ (۳) ترک : واگذاری ۔ (۴) رد : مسترد ۔

Renunciative : (a) [ME.] دست بردار ہونے والا : دست کش ہونے والا: صرف نظر کرنے والا : نفس کشانہ : ترک کا : دست برداری کا ۔

Renunciatory : (a) دیکھو Renunciative

Renverse : (a) [Fr.] (نقابت) معکوس : معکوس شدہ : متضاد ۔

Reoccupy : (v) دوبارہ قبضہ کرنا : دوبارہ دخل کرنا ۔

Reoccur : (v) (۱) پھر سے واقع ہونا : پھر سے وقوع پذیر ہونا : دوبارہ پیش آنا : پھر دل میں آنا : دوبارہ خیال آنا : دوبارہ سوچنا ۔

Reoccurance : (n) وقوع ثانی : دوبارہ واقع ۔

Reodorization : (n) دوبارہ خوشبودار ہونے یا بنانے کا عمل ۔

Reodorize : (v) خوشبو تبدیل کرنا : دوبارہ خوشبو دار ہونا یا بنانا ۔

Reopen : (v) دوبارہ کھولنا : پھروا کرنا : باز کرنا : دوبارہ افتتاح کرنا : پھر شروع کرنا ۔

Reordain : (v) (کلیسا) دوبارہ مقرر کرنا (پادری کو) : دوبارہ مقدر کرنا ۔

Reorder : (n) دوبارہ حکم دینا : نیا حکم دینا : پھر سے حکم دینا : از سرنو منظم کرنا : نئے طور پر مرتب کرنا ۔

Reorganization : (n) تنظیم نو : ترتیب نو : تشکیل نو ۔

Reorganize : (v) پھر سے منظم کرنا : ازسرنو ترتیب دینا : تشکیل نو کرنا : دوبارہ تنظیم کرنا ۔

Reorganizer : (v) دوبارہ منظم کرنے والا : نئی ترتیب دینے والا ۔

Reorient : (v) (۱) دوبارہ مشرق رُخ بنانا (عمارت وغیرہ): سمت معلوم کرنا : محل وقوع معلوم کرنا ۔ (۲) (مجازاً) صحیح اور واضح سمت متعین کرنا ۔

Reorientate : (v) دیکھو Reorient

Reorientation : (n) دوبارہ ترتیب ؛ باز مطابقت ۔

Rep : (n) (۱) شہرت ؛ نیک نامی ؛ مقبولیت ۔ (۲) دیکھو Reputation ۔

Rep : (بول چال) Representative کا مخفف ۔

Rep : (n) (۱)بدکار مرد؛ فاسق ؛ فاجر؛ برزہ ؛ بد اخلاق مرد (پہلے بدکار عورت کے لئے بھی مستعمل تھا) ۔ (۲)معمولی چیز؛ حقیر شے ؛ خسیس ۔

Rep/Repp : (n) [Fr. 'Reps' of unknow origin.] موٹا اور کُھر درا کپڑا ۔

Rep : (۱)ذخیرہ ؛ مخزن؛ خزانہ؛ گودام ۔ (۲) (بول چال) دیکھو Repertory ۔

Repack : (v) دوسرے برتن میں رکھنا ؛ پھر سے باندھنا ۔

Repackage : (v) پہلے کی بہ نسبت زیادہ اور خوبصورتی کے ساتھ رکھنا ؛ زیادہ بہتر طور پرباندھنا ۔

Repair : (n) [OFr. 'Repeire'.] مرجع ؛ جماؤ کا مقام ؛ پڑاؤ ؛ اڈا ؛ منڈلی ؛ بیٹھک ؛ مسکن ؛ ٹھکانا ؛ اجتماع گاہ ۔

Repair : (n) اصلاح ؛ مرمت ؛ درستگی ؛ ترمیم ؛ درست حالی ؛ تعمیر ؛ خوش نہاد ؛ خوش وضع ۔

In bad repair : مرمت طلب ۔

In good repair : خوش وضع ۔

In repair : اچھی حالت میں ؛ اصل حالت میں ۔

Out of repair : خراب حالت میں(اصلاح پذیر) ۔

Repair : (v) (کسی مقام پر) آمدورفت ہونا ؛ لوگوں کا کثرت سے آنا جانا ؛ جماؤ ہونا ؛ عام طور پر بار بار جانا ؛ جوق در جوق ہونا ؛ زبردست بھیڑ ہونا ۔

Repair : (v) [OFr. 'Reparer.'] (۱)مرمت کرنا ؛ گانٹھنا ؛ درستی کرنا ؛ پیوند پارہ کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ پیوند کاری کرنا ؛ پیوند لگانا؛ نیا کرنا۔ (۲)تداری کرنا ؛ تلافی کرنا ؛ تدبیر کرنا؛ تعمیر کرنا؛ نقصان پورا کرنا ۔ (۳)علاج کرنا ؛ ٹھیک کر دینا ؛ بھر دینا یا اچھا کر دینا (زخم) ۔

Repairable : (a) مرمت پذیر ؛ لائق اصلاح ؛ قابل درستی ؛ مرمت طلب ۔

Repairer : (n) مرمت کرنے والا ؛ اصلاح کرنے والا ؛درست کرنے والا ۔

Repairman : (n) مرمت کرنے والا ؛ (خصوصاً مستری) ؛ مشین کی خرابی دور کرنے والا ۔

Repairship : (n) بحریہ کی معاون گاڑی جس سے بحری جہازوں کی مرمت کی جاتی ہے ۔

Repairshop : (n) مرمت کی دکان ؛ کارخانہ ؛ مرمت خانہ ۔

Repand : (a) [L.'Repandus.] (نباتیات اور حیوانیات)لہر دار کنارے کا ؛ کٹاؤ کے کنارے کا ؛ لہر دار ؛ لہریا ؛ لہریلا ؛ لہری حاشیہ دار ؛ پُر شکن ۔

Reparability : (n) تلافی پذیر ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Reparable : (a) [L.'Reparabilis.] (۱)تلافی پذیر ؛ بدل پذیر ؛ قابل تعمیر ؛ اصلاح شدنی ۔(۲)مرمت طلب ۔

Reparably : (adv.) تلافی پذیری کے ساتھ ؛ اصلاح کے طور پر ۔

Reparation : (n) [L. 'Reparationem.'] (۱) اصلاح ؛ درستی ؛ ترمیم ؛ مرمت ۔(۲)(جمع میں) مرمت ؛ داغ دوزی ۔ (۳)تاوان ؛ معاوضہ؛ ڈنڈ؛ تلافی ؛ ہرجانہ؛ عوض؛ کفارہ ؛ بدلہ ؛ بدل۔

Reparative : (a) اصلاحی ؛ تلافی کُن ؛ مصلحی ؛ مصلح ؛ ترمیمی ؛ مرمت کُن ؛ تعمیری ۔

Reparatory : (a) دیکھو Reparative

Repartee : (n) [Fr. 'Repartie.'] (۱)حاضر جوابی ؛ برجستہ جواب ؛ برجستہ جوابی ؛ چست جواب ۔ (۲)بدیہہ گوئی ؛ برجستہ گوئی؛ ظریفانہ جواب ؛ ظرافت ۔

Repartee : (v) برجستہ جواب دینا ۔

Repartition : (n) نو تقسیم ؛ دوبارہ تقسیم ؛ تقسیم ثانی ؛ نوسہیمی ۔

Repass : (v) [Fr. 'Repasser.'] (۱)پھر گزرنا ؛ واپس ہونا ؛ واپس میں گزرنا ؛ (کسی ذریعہ سے) گزرنا ؛(کسی چیز پر سے) گزرنا ؛ پھر جانا ۔ (۲) دوبارہ عبور کرنا ؛پھر پار کرنا ۔ (۳) (تجویز، بل وغیرہ کو) دوبارہ پاس کرنا ؛ پھر منظور کرنا ۔

Repassage : (n) دوبارہ گزرنے کاعمل ؛ واپسی ؛ گزرنے کی آزادی ۔

Repassant : (a) (نقابت) مخالف سمت میں گزرنے والا یا گزارنے والا ۔

Repast : (n) [Late L. 'Repascere.'] (۱)کھانا (صبح وغیرہ کا) ؛ خوراک ۔ (۲)غذا ؛ کھانے کی چیز ؛ بھوک ؛ کھانا؛ غذا

خوری : اکل: وقت غذا خوری ۔

Repatriate : (v) [Late L. 'Repatriat, Repatriare.'] پھر سے وطن میں بسانا یا بسنا : وطن میں واپس لانا یا آنا : اپنے ملک میں واپس آنا : (کسی شخص کو) اپنے ملک میں واپس بھیجنا ۔

Repatriation : (n) (سیاسیات) وطن واپسی : دیس بلاوا : رجوع بہ وطن : اپنے ملک میں واپسی ۔

Repay : (v) [OFr. 'Repaier.'] (۱)(روپیہ) ادا کرنا : پھر دینا : چکا دینا : واپس دینا: اتار دینا : واپس کرنا ۔ (۲)بدلہ اتارنا: بدل کرنا : (احسان وغیرہ کا) بدلہ دینا : جواب دینا (بدسلوکی کا) ۔ (۳)جزا دینا : صلہ دینا : اجر دینا : معاوضہ دینا : عوض کرنا : تلافی کرنا : پاداش دینا ۔ (۴)ادائی کرنا ۔

Repay : (n) دیکھو Repayment

Repayable : (a) قابل ادائی : بدل پذیر : جزا پذیر ۔

Repaying : (a) منافع بخش : مفید : فائدہ مند : سود مند : منافع پذیر : نفع پذیر : جزاپذیر ۔

Repayment : (n) (۱)باز ادائی : ادائی : تلافی (روپیہ، قرض وغیرہ کی) واپسی ۔ (۲)جزا : بدلہ : عوض : صلہ ۔

Repeal : (n) [AFr. 'Repel'.] (۱)تنسیخ : تفسیخ : نسخ : انفساخ : باطل سازی ۔ (۲)(تاریخ) آئرستانی مطالبے کی بنا پر برطانیہ اور آئرلینڈ کے اتحاد (وفاق) کی تنسیخ ۔

Repeal : (v) [Afr. 'Repel(l)er.'] (۱)فسخ کرنا : منسوخ کرنا : تنسیخ کرنا: کالعدم کرنا : باطل کرنا : مسترد کرنا ۔ (۲)ترک کرنا : چھوڑ دینا : رہا کرنا ۔ (۳)طلب کرنا : واپس بلانا ۔

Repealability : (a) قابل تنسیخ ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Repealable : (a) قابل تنسیخ : فسخ پذیر ۔

Repealableness : (n) دیکھو Repealability

Repealer : (n) (۱)منسوخ کرنے والا : خصوصاً وہ قانونی کاروائی جس کا مقصد پہلے قانون کو منسوخ کرنا ہو ۔ (۲)منسوخی کا حامی ۔ (۳)اُس سیاسی تحریک کا حامی جس کا مقصد برطانیہ اور آئرستان کے وفاق کی قانونی دفعات کو کالعدم قرار دینا تھا ۔

Repealist : (n) تنسیخ کا حامی (خصوصاً قانونی اقدامات) ۔

Repeat : (n) [f. the v.] (۱)تکرار : دہراؤ : اعادہ ۔ (۲)مکرر : علامت تکرار : (موسیقی) مکرر (وہ حصہ جو بار بار بجایا جائے) ۔ (۳) (تجارت) مال کا دوسرا چالان (بالکل پہلے کی طرح): اس طرح کے چالان بھیجنے کی فرمائش : چالان مکرر : دو چند شے ۔ (۴)باز گوئی : تجدید ۔ (۵)دھاگوں کی تعداد جو بنائی کے لئے ضروری ہوتی ہے ۔ (۶)ریڈیو پروگرام کی تکرار (اس پروگرام کو دہرانا جو ایک دفعہ ہو چکا ہے)۔

Repeat : (v) [L. 'Repetere.'] (۱) دہرانا : تکرار کرنا : اعادہ کرنا : رٹنا : رٹ لگانا : بار بار کہنا : ادا کرنا : پڑھ کر سنانا : نقل کرنا : نقل اتارنا : حفظ کرنا : زبانی سنانا : یکے بعد دیگرے پڑھنا یا کہنا : دوسروں کو بتانا ۔ (۲)ٹن ٹن کرنا (گھڑی کا) : گھنٹہ ختم ہونے پر متواتر بجنا ۔ (۳)متواتر فائر کرنا : کئی فائر کرنا: متواتر چلنا : چند ضربی ہونا۔ (۴)بار بار ہونا : پیہم ہونا : متوالی ہونا : تھوڑے تھوڑے وقفے سے ہونا ۔ (۵)پلٹ کر آنا: دوبارہ واقع ہونا۔ (۶)مکرر ہونا : دوبارہ نمودار ہونا : دوبارہ نمائش کرنا: دوبارہ موجود ہونا : دوبارہ پیدا کرنا ۔ (۷)دوبارہ رائے دینا یا پیش ہونا: دوبارہ انجام دینا : دوبارہ بنانا۔ (۸)دوبارہ تجربہ کرنا : دوبارہ مشق کرنا ۔ (۹)کسی انتخاب میں غیر قانونی طور پر بار بار ووٹ ڈالنا ۔ (۱۰)حلق تک ٹھونسنا ۔ (۱۱) اہم اعلان پر زور دینا (ریڈیو)۔

Repeat key : (n) (۱)مشینی کلید ۔ (۲)برقی ٹائپ رائٹر کی کلید ۔

Repeat order : (n) دیکھو Reorder

Repeatability : (n) لائق اعادہ ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Repeatable : (a) لائق اعادہ : تکرار پذیر ۔

Repeated : (a) باربار دوہرایا ہوا : دوبارہ پیش کردہ : دوبارہ کیا ہوا ۔

Repeatedly : (adv.) بہ تکرار : بالتواتر : بار بار ۔

Repeater : (n) (۱)دوہرانے والا : بار بار کہنے والا یا کرنے والا : اعادہ کرنے والا : تکرار کرنے والا : پُرانی باتیں بیان کرنے والا : گزرے ہوئے واقعات دوہرانے والا ۔ (۲)(ساعت) ساعت دقّاقہ : جرسی گھڑی ۔ (۳)(تلغرافی) مدد چوکی : باز فرسندہ : ریپیٹر ۔ (۴)بار بار فائر کرنے والا (بندوق وغیرہ): (جہاز رانی)متواتر چلنے والا جہلز ۔ (۵)بار بار چلنے والا ۔ (۶) بار بار ووٹ دینے والا : بوگس ووٹ دینے والا ۔ (۷)(ریاضیات) دوری اعشاریہ : اعشاریہ مکرر ۔ (۸)بار بار جیل جانے والا ۔ (۹)بار بار ظاہر ہونے والا : بار بار سامنے آنے والا (خصوصاً تھیٹر وغیرہ کا اداکار) ۔ (۱۰)ایک ہی کلاس میں ایک سال سے

زیادہ رہنے والا طالب علم ۔

Repeating : (a) (۱)(ساعت)متواتر زن : جرسی ۔(۲)متواتر چلنے والا (جہاز) ۔ (۳)تکرار کرنے والا : مکرر ہونے والا : دوری : پے درپے : متواتر: پیہم : بار بار ۔ (۴)زاویہ پیما ۔ (۵)(ریاضیات) دوری ۔

Repeating back : (n) رنگ گیر کیمرہ ۔

Repeating circle :(n) زاویہ پیما ۔

Repeating decimal : (n) (ریاضیات)دوری اعشاریہ : اعشاریہ مکرر ۔

Repeating fire-arm : (n) متواتر زن اسلحہ (جس میں بارود وغیرہ استعمال ہوتی ہے) ۔

Repeating gun : (n) متواتر زن بندوق : تفنگ مسلسل ۔

Repeating instrument : (n) زاویہ پیما : زاویہ کو ناپنے والا ایک آلہ ۔

Repeating watch : (n) جرسی گھڑی : ساعت دقّاقہ۔

Repeating work : (n) (ساعت) جرسی پُرزے ۔

Repechage : (n) [Fr.] (کھیل کود) پہلے مقابلے کے شکست خوردہ کو سیمی فائنل میں پہنچنے کے لئے دوسرا موقع دینا ۔

Repel : (v) [L. 'Repellere.'] (۱) ڈھکیلنا : ہٹا دینا : پسپا کرنا : پیچھے ہٹانا : دفع کرنا : رد کرنا ۔ (۲)ناپسندیدہ ہونا : نا مطبوع ہونا : ناگوار ہونا : مکروہ ہونا : کراہت پیدا کرنا : تنفر کرنا : بیزار ہونا ۔ (۳) مخالفت کرنا : مقابلہ کرنا : ممانعت کرنا : روکنا : مزاحمت کرنا: دبا دینا : دبانا: انسداد کرنا ۔ (۴)خاموش کرنا : خفی کرنا : پوشیدہ کرنا : محدود کرنا : طبعی طور پر دبا دینا ۔ (۵)پلٹ پڑنا : الٹ پڑنا ۔

Repellance /Repellence : (n) (۱) طبع ۔ (۲) مکروہ ۔

Repellancy /Repellency : (n) (۱)(طبیعیات) دفع ۔ (۲)نفرت : تنفر : کراہت ۔ (۳)پسپائی ۔

Repellant : (a) [f. 'Repel(v)'.] (۱)دافع : مانع ۔ (۲)مکروہ : ناگوار : نا پسندیدہ ۔

Repellant : (n) (۱)(طبیعیات) دافع جراثیم :جراثیم کو دور کرنے والی شے : دافع جراثیم دوا ۔ (۲) جاذبِ محلول ۔

Repellent : (a) [L. 'Repellentem.'] (۱) دفع کرنے والی : دافع ۔ (۲) بیزاری کے ساتھ کرنے والا : سرد لہری کے ساتھ دفع کرنے والا ۔

Repellent : (n) (۱) دفع کرنے والی شے : دفع کرنے والی طاقت یا اثر ۔ (۲)کیڑوں کو ختم کرنے والی دوا ۔

Repellently : (adv.) مکروہ طریقے سے ۔

Repeller : (n) (۱)(طبیعیات) دافع ۔(۲)(عضویات) مکروہ ۔

Repellingly : (adv.) مکروہ طریقے سے :کراہت کے ساتھ ۔

Repent : (a) [L.'Repent, Repere.'] (نباتیات) زمین گیر : غلطاں : نیچے نیچے پھیلنے والا : (حیوانیات) رینگنے والا : پیٹ کے بل چلنے والا: بلا آواز چلنے والا ۔

Repent : (v) [F. 'Repanter.'] (۱) پشیماں ہونا : پچھتانا : نادم ہونا : کف افسوس ملنا : توبہ کرنا ۔ (۲)پشیمانی ظاہر کرنا : ندامت ظاہرکرنا: پچھلے اعمال کو چھوڑ دینا ۔

Repentance : (n) پشیمانی : انفعال : پچھتاوا : ندامت : توبہ ۔

Stool of repentance /Repentance -tool : اسکاتستانی گرجا میں رکھا ہوا وہ اسٹول جس پر بیٹھ کرتوبہ استغفار کیا جاتا ہے : اعتراف گناہ کا ٹیبل ۔

Repentant : (a) نادم : منفعل : پشیمان : توبہ کرنے والا ۔

Repentantly : (adv.) ندامت کے ساتھ : منفعلانہ ۔

Repenter : (n) پچھتانے والا : نادم ہونے والا : توبہ استغفار کرنے والا ۔

Repentingly : (adv.) ندامت کے ساتھ : پشیمانی کے طور پر۔

Repeople : (v) (۱) پھر سے آباد کرنا : دوبارہ معمور کرنا : نئے سرے سے بسنا ۔ (۲)دوبارہ جمع کرنا : دوبارہ ذخیرہ کرنا ۔

Repercussion : (n) [L. 'Repercussionem.'] (۱) صدائے بازگشت : گونج : گمک : ردعمل : بالواسطہ اثرات : عواقب : صدا ۔ (۲)برگشت : انعکاس : عمل متقابل : ردِ عمل ۔ (۳)(موسیقی) تکرار آواز : تکرار آہنگ ۔ (۴)باز گردانی : مراجعت : واپسی ۔ (۵) مکرر رائے شماری : رائے شماری (۶)جوابی ضرب : بازِ زنی : جوابی سیلان : مجازاً جوابی عمل ۔ (۷) (طب) تشخیص حمل : حاملہ عورت کی تشخیص اندام نہانی میں انگلی گھسا کر۔

Repercussive : (a) [F.'Repercussif.'] (۱)گونجتا ہوا : ردعمل پیدا کرنے والا ۔ (۲) منعکس ہونے کے طو ر پر ۔ (۳)بر

گشتہ : باز گشت .

Repercussively : (adv.) ردِ عمل پیدا کرتے ہوئے : باز گشت کے طور پر .

Repercussiveness : (n) ردِ عمل : گونج .

Reperforator : (n) وہ عنصر جو پیغام وصول کرتا اور ایک فیتے پر اُس کو نقش کرتا ہے جس کے بعد اُس پیغام کو منتقل کیا جا سکتا ہے .

Repertoire : (n) [L. 'Repertorium.'] (تھیٹر کی کمپنی یا تماشا والوں کے) تماشوں کا ذخیرہ جو وہ ہر وقت دکھا سکتے ہیں : مخزن نمائش : مجموعۂ تماشا : فہرستِ ڈرامہ .

Repertoire theatre : (n) (۱) ذخیرہ : مخزن : خزانہ : گودام : گنجینہ (خصوصاً معلومات کا) . (۲)(ڈرامہ) مجموعہ : کچکول : مخزن تماشا . (۳) ڈراماتی پیش کش یا نمائش جس میں ایک ہی کمپنی کی طرف سے مختلف ڈرامے دکھائے جائیں .(۴)اس قسم کا ڈراما پیش کرنے والی کمپنی .

Repertorium : (n) [L.] (۱) ظرف : برتن : جگہ : خانہ : گھر . (۲) دیکھو Repository .

Repertory : (n) [f. prec.] دیکھو Repertoire theatre

Repertory company /- player : تھیٹر کمپنی : ڈرامے کا کردار : ڈرامے کا اداکار .

Repertory theatre : تھیٹر جس کے ساتھ مستقل اداکاروں کی جماعت ہوتی ہے جو مخزن نمائش سے اداکاری کے جوہر دکھاتے ہیں .

Repetend : (n) [L. 'Repetendun.'] (ریاضی) متوالی : رقم متوالی : کسور اعشاریہ متوالی :جملہ متوالی : بار بار آنے والا جملہ : ترجیع بند کی بیت یا آخری مصرعہ : ترجیع بیت : صدائے تکرار شدہ .

Repetiteur : (n) [Fr.] موسیقاری کی تربیت دینے والا .

Repetition : (n) [OFr. 'Repetition'.] (۱)تکرار : اعادہ : دوہرائی : رٹائی : رٹ : باز گوئی : تجدید . (۲) پڑھنا : رٹنا : سبق (جو حفظ کیا جائے) : ازبری : حفظ : ذکر . (۳) (ہو بہو) نقل : مثنی : استرداد . (۴) (باجے میں)سرعت نغمہ: سُر کی تیزی : تکرار: المثنی . (۵) مشق : تمرین : ریہرسل . (۶)(اسکاٹی قانون) باز ادائی کا مطالبہ : واپسی کامطالبہ : وصولی :بازیابی . (۷) دہرایا ہوا جملہ یا محاورہ کا استعمال : ترجیع بند .

Repetition compulsion : (n) (نفسیات) تکراری اضطرار .

Repetitional : (a) تکراری : ترضیعی : بار بار آنے والا .

Repetitionary : (a) دیکھو Repetitional

Repetitious : (a) [L. 'Repetit'.] دیکھو Repetitional

Repetitiously : (adv.) تکراراً : ترجیع کے طور پر .

Repetitiousness : (n) تکرار : ترجیع .

Repetitive : (a) دیکھو Repetitional

Repetitively : (adv.) تکراراً : ترجیع کے طور پر .

Repetitiveness : (n) تکرار : ترجیع .

Rephotograph : (n) دوبارہ فوٹوگرافی .

Rephotograph : (v) پھر سے فوٹو لینا : ازسرِنو فوٹوگرافی کرنا .

Rephrase : (v) دوبارہ الفاظ میں ادا کرنا : پھر بیان کرنا : پھر سے محاورہ استعمال کرنا .

Repiece : (v) پھر جوڑنا : پھر سے ملانا : باز پیوندی کرنا .

Repine : (v) (۱)غم کھانا : کڑھنا : ملول ہونا : رونا : جھینکنا : جھنجھلانا: پیچ و تاب کھانا : پریشان ہونا : ناله کرنا : مکدر ہونا : آزردہ ہونا : شکایت کرنا . (۲)غصہ دلانا : تنگ کرنا : رنجیدہ کرنا .(۳)بڑبڑانا : کڑکڑانا .

Repiner : (n) غم کھانے والا : ملول ہونے والا: پیچ و تاب کھانے والا : پریشان ہونے والا .

Repiningly : (adv.) جھینک جھینک کر: روتے جھینکتے ہوئے : پیچ وتاب کھاتے ہوئے .

Repique : (n) [Fr. 'Repie.'] (تاش) Piquet کے کھیل میں آغاز ہی میں صرف اپنی پتیوں میں تیس نمبر پانا : تیسا .

Repique : (v) (۱) تیسا جیتنا (دوسرے شخص سے) . (۲)تیسا پانا .

Replace : (v) (۱)سابق حالت میں واپس لانا : پیچھے ہٹا دینا : مقام کے لحاظ سے پیچھے کر دینا : جابجا کرنا : سابق پوزیشن حاصل کر لینا . (۲)کسی کی جگہ لے لینا : قائم مقام ہونا: جگہ پکڑنا : جانشین ہونا : کسی کی جگہ پر مقرر ہونا : بدل ہونا . (۳)کسی کی جگہ پر مقرر کرنا : قائم مقام کرنا : کسی کی جگہ پُر کرنا . (۴)کسی کو ہٹا کر یا نکال کر اس کی جگہ لے لینا .

Replaceability : (n) قائم مقامی : جانشینی ۔

Replaceable : (a) بدل پذیر : جس کا قائم مقام ہو سکے : جس کی جگہ پُر ہو سکے : قابل جانشینی ۔

Replaceable hydrogen : (n) (کیمیا) بدل پذیری ہائیڈروجن ۔

Replaced : (a) (۱)(بلور کے لئے مخصوص) جس کا ہر زاویہ ایک یا ایک سے زیادہ پہلوؤں سے تبدیل شدہ ہو ۔ (۲) تبدیل شدہ ۔

Replaced part : (n) تبدیل شدہ پُرزہ ۔

Replacement : (n) (۱) بدل : قائم مقامی : جانشینی : تبدل : تبدیل استبدال ۔ (۲) بلّور کے زاویے کی تبدیلی (ایک یا زیادہ سطحوں کے ذریعہ)۔

Replacement cost : (n) صرف تبدیلی: ایک متعین جائدادکی کسی نئی چیز سے تبدیلی پر ہونے والا خرچ ۔

Replacement therapy : (n) علاج بالبدل : علاج جس میں کسی چیز (جیسے خون وغیرہ) کی کمی کو نئی چیز سے پورا کیا جاتا ہے ۔

Replacement vein : (n) (۱) عمارت وغیرہ کا زیریں حصہ : نچلی عمارت ۔ (۲) بنیاد : بنیادی حصہ ۔

Replacer : (n) تبدیل کرنے والا : جگہ پر رکھنے والا خصوصاً وہ مشین جو کار وغیرہ کو اٹھا کر سڑک پر رکھتی ہے ۔

Replant : (v) (۱)دوبارہ پودا (درخت) لگانا : دوبارہ کاشت کرنا : دوبارہ بونا ۔ (۲)(زمین پر) دوسرے پودے وغیرہ لگانا: نئی کاشت کرنا : نیا پودا لگانا ۔

Replantable : (a) دوبارہ پودا لگانے کے قابل : نئی کاشت کے قابل ۔

Replantation : (n) (۱)نئی کاشت : دوسری کاشت ۔ (۲)گرے ہوئے دانت کے جبڑے میں تنصیب ۔

Replay : (v) دوبارہ (میچ)کھیلنا۔

Replay : (n) دوبارہ کھیلا ہوا میچ : وہ میچ جسے دوبارہ کھیلا جائے: دوبارہ کھیل ۔

Replead : (v) دوبارہ وکالت کرنا: خصوصاً نیا قانونی نکتہ نکالنا : نئے انداز میں وکالت کرنا ۔

Repleader : (n) (۱) دوبارہ وکالت کرنے والا : دوسری قانونی وکالت ۔ (۲)دوبارہ وکالت کا اختیار(مقدموں کے خاتمے یا فیصلے کے بعد)۔

Repledge : (v) (اسکاتستانی قانون) دوسری عدالت کے دائرے سے اپنی عدالت کے دائرے میں منتقل کرنا ۔

Replegiate : (v) دیکھو Repledge

Replenish : (v) [OFr. 'Repleniss.'] (۱)لوگوں یا جانوروں کو کسی جگہ میں بھر دینا : آدمیوں سے بھر دینا: دوبارہ بھر دینا: پُر کردینا : معمور کر دینا ۔ (۲)پوری طرح بھرنا : مکمل طور پر لیس کرنا ۔ (۳) پرورش کرنا : تیار کرنا : ذہنی یا روحانی تربیت دینا ۔ (۴)پھر بنانا : پھر تعمیر کرنا : تعمیر نو کرنا :نیا کرنا ۔ (۵)تبدیل کرنا : درست کرنا: بہتر بنانا: سابق حالت میں واپس ہونا۔ (۶)معمور ہونا : دوبارہ بھرنا ۔ (۷) تصویر سازی کا محلول ملانا۔

Replenished : (a) معمور : لبریز : پُر : بھرا ہوا : بھر پور ۔

Replenisher : (n) بھر دینے والا : معمور کرنے والا : تعمیر نو کرنے والا: خصوصاً وہ کیمیاوی محلول جو تصویر سازی کے کام آتا ہے ۔

Replenishment : (n) (۱) معموری : لبریزی : پُر ہونا ۔ (۲)نئی بہم رسانی۔

Replete : (a) [L.'Repletus.'] (۱)بھرا ہوا : معمور : پُر ۔(۲)ٹھساٹھس بھرا ہوا : سیر : شکم سیر ۔ (۳) پوری طرح بھرا ہوا : لبریز ۔ (۴)مکمل : پورا : پُر :کُل :تمام ۔ (۵)موٹا :فربہ : جسیم ۔

Replete : (v) (۱)ٹھسا ٹھس بھرنا : شکم سیر ہونا : پوری طرح بھرنا ۔ (۲)موٹا ہونا : فربہ ہونا ۔ (۳)بھرنا : معمور کرنا : پُر کرنا ۔

Repleteness : (n) معموری: شکم سیری ۔

Repletion : (n) [late L. 'Repletionem.'] (۱)شکم سیری : حلق تک ٹھونسنے کا عمل : ضرورت سے زیادہ کھانے کا عمل : بسیار خوری ۔ (۲)(طب) امتلائے دموی : غلبۂ خون : پُر خونی : زیادتیٔ خون ۔ (۳) تشفی : اطمینان: تکمیل : تکمیل خواہش : تکمیل ضرورت ۔(۴)معموری : پُر ہونا ۔

Repleviable : (a) (قانون)ضمانت پر رہائی کے لائق : لائق ضمانت۔

Replevin : (n) [AFr. 'Replevin.'] (۱)(قانون)واگذاشت قرقی(جو ضمانت دینے پر ہوتی ہے) ۔ (۲)پروانۂ واگذاشت قرقی ۔ (۳)واگذاشت قرقی کا مقدمہ ۔

Replevin : (v) (۱) (قانون) قرقی سے واگذاشت کرنا ۔ (۲)ضمانت دینا ؛ ضمانت کے لئے پیش کرنا ۔ (۳)واگذاشت قرقی کے ذریعہ(مال یا جانور) حاصل کرنا ۔

Replevin bond : (n) (قانون) ضمانت واگذاشت قرقی ۔

Replevisable : (a) دیکھو Repleviable

Replevisor : (n) (قانون) واگذاشت قرقی کرانے والا ؛ مدعی ۔

Replevy : (n) دیکھو Replevin

Replevy : (v) [OE. 'Replevier.'] (قانون) (امریکا) دیکھو Replevin

Repliant : (n) جواب دینے والا ۔

Replica : (n) [It.] (۱) نقش ثانی ؛ چربہ ۔ (۲)نقل ؛ نقل عین ؛ ہو بہو نقل ۔ (۳)تصویر ، نقش وغیرہ کا مثنی (جو مصور نے خود بنایا ہوا) ۔

Replicate : (v) (موسیقی) سُر جو دئے ہوئے سُر سے ایک یا زیادہ سرگم (Octave) اوپر یا نیچے ہو ۔

Replicate : (a) [L.'Replicatus, Replicare.'] (۱)(نباتیات) برگشتہ ؛ پشتہ ؛تہ ۔ (۲)(حشریات)(پَر وغیرہ) تہ دار ؛ برگشتہ ؛ مڑنے والا ۔

Replicate : (v) [L. 'Replicate, Replicare.'] (۱) جواب دینا ؛ جواب میں کہنا ؛ جواباً کہنا ۔ (۲)دہرانا ؛دوبارہ کرنا ؛ دوبارہ پیش کرنا ۔ (۳) موڑنا ؛ تہ کرنا ؛ لپیٹنا ۔

Replicatile : (a) (نباتیات) مڑا ہوا ؛ پیچاں ۔

Replication : (n) [L. 'Replicationem'.] (۱)جواب ؛ پاسخ ؛ ردکلام ؛ جواب الجواب ۔ (۲) تہ ؛ لپیٹ ؛ پیچ ۔(۳)(قانون) مدعاعلیہ کی عذرداری کا مدعی کی طرف سے جواب (وکالت کی اصطلاح میں تیسرا قدم) ۔ (۴) نقل ۔ (۵)انعکاس صوت ؛ گونج ۔ (۶) (نباتیات) برگشتگی ۔ (۷) (حیاتیات) سَوادِ سالمات ۔

Replier : (n) جواب دینے والا ؛ وہ جو جواب دیتا ہے ؛ جواب دہندہ ۔

Replum : (n) [L.'Replum'.] (نباتیات) فاصلِ ثمر ؛ ریپلم ۔

Replume : (v) (۱)پر لگانا ؛ پر سے آراستہ کرنا ۔(۲)چھوٹا طرّہ لگانا (۳) چونچ سے (پروں کو) ٹھیک کرنا ؛ سنوارنا ؛ کریز کرنا؛ کریال کرنا ۔

Reply : (n) (۱)جواب ؛ تحریری یا زبانی جواب ؛ ردعمل ؛جوابی عمل ؛ رد کلام ؛ جواب الجواب ؛ پاسخ ۔ (۲)(قانون) مقدمہ میں وکیل کی آخری تقریر یا بیان ؛ مد عاعلیہ کے بیان کے جواب میں مدعی کا وکالتاً بیان ؛ جوابی بیان ۔ (۳)(موسیقی) نغماتی جواب ؛ نغمہ میں جواب ۔

Reply : (v) [OFr. 'Replier.'] (۱)جواب دینا ؛ تحریر یا زبانی جواب دینا ؛ جواب میں کہنا یا کرنا ۔ (۲)ردِعمل ظاہر کرنا ؛ رو کلام کرنا ؛ خصوصاً بندوق کے فائر کا جواب دینا ۔ (۳)آواز کو پلٹنا ؛ صدائے باز گشت ہونا ۔ (۴)جواب الجواب دینا ۔ (۵)(قانون) مدعاعلیہ کا جواب دینا ؛ مدعاعلیہ کے جواب میں کہنا ؛ نیز مقدمہ میں آخری تقریر کرنا یابیان دینا ۔ (۶)واپس کرنا؛ صدائے باز گشت ہونا ۔

Reply brief : (n) (قانون)جوابی خلاصہ ؛جوابی بحث ؛ جوابی وکالت ۔

Reply card / -postal card : (n) جوابی کارڈ ؛ جوابی پوسٹ کارڈ ۔

Reply coupon : (n) جوابی کوپن ؛ ڈاک خانے کا جوابی کوپن ؛ وہ کوپن جو ایک ملک کے ڈاک خانے سے خریدا جاتا ہے اور دوسرے ملک میں جوابی ڈاک ٹکٹ کے طور پر استعمال کرنے کے لئے تبدیل کیا جاتا ہے ۔

Reply-envelope : (n) جوابی لفاف ؛ تجارتی جوابی لفافہ ۔

Reply paid : (n) جوابی تار ۔

Reply-paid card : (n) جوابی پوسٹ کارڈ ؛ دوہرا پوسٹ کارڈ ۔

Reply paid telegram : (n) جوابی ٹیلی گرام ؛ جوابی تار ۔

Repondez s'il vous plait (R.S.V.P.) : براہ کرم جواب دیجئے ۔

Repone : (v) [L.'Reponere.'] (۱)(مجازاً قانون)سابق مقام پر پہنچنا یا پہنچا ؛ پہلا مرتبہ یا حیثیت حاصل کرنا خصوصاً وزیر کی حیثیت سے سابق مرتبہ حاصل کرنا.(۲)قانونی حیثیت حاصل کرنا یا ہونا ۔ (۳) خصوصاً کسی مقدمہ کوپھر سے شروع کرانے کے لئے قانونی حیثیت حاصل کرنا ۔

Report : (n) [OFr. 'Roport' -Report.'] (۱)افواہ ؛ مصنوعی بیان ؛ جعلی بیان ؛ مزعومہ بیان ؛ غیر مستند خبر ۔ (۲)عزت؛ شہرت؛ ناموری؛ نیک نامی؛ بدنامی ۔ (۳)روداد ؛ رپورٹ؛ تحقیقاتی روداد ؛ تحقیقاتی نتیجہ ؛ باضابطہ بیان ۔ (۴)(پارلیمانی) بل کی روداد(جو ایوان میں متعلقہ کمیٹی کی طرف سے پیش کی جاتی) ۔ (۵)بیان ؛ بیان محض ؛ رسمی بیان ؛ سرکاری بیان (جس میں کسی

شخص یا جماعت کے فیصلوں یا سفارشات کی اطلاع بہم پہنچائی گئی ہو) ۔ (۶)(قانون) کیفیت : فیصلہ ۔ (۷)(کسی کاروائی کی) روداد : مکمل جائزہ ۔ (۸)زوردار آواز خصوصاً بندوق کے فائر کی آواز : دھماکا : دھماکا خیزآواز ۔ (۹)فکر :چرچا ۔ (۱۰)رپورٹ (اخبار کی یا اخبار کے لئے)؛ خبر؛ اطلاع؛ صدا ۔ (۱۱)گذارش : شرح : تفصیل : گذارش نامہ ۔

To make report : رپورٹ کرنا :روداد بیان کرنا ۔

Report : (v) [L. 'Reportare.'] (۱) آکر حال سنانا : روداد بیان کرنا : خبر سنانا : خبر لانا : خبر دینا : اطلاع دینا : شرح بیان کرنا : نقل کرنا ۔ (۲)کسی واقعے کے متعلق باضابطہ بیان دینا یا اطلاع دینا : جرم یا غفلت کی خبر دینا(افسر کو) رپورٹ کرنا ۔ (۳)حاضری یا واپسی کی اطلاع دینا : حاضر ہونا : حاضری دینا (جیسے report oneself) : حاضر خدمت ہونا ۔ (۴)(اخبار کے لئے)ساری کاروائی یا اس کا خلاصہ قلم بند کرنا : رپورٹ لکھنا (اخبار وغیرہ کے) رپورٹر کی حیثیت سے کام کرنا ۔ (۵)واقعے کی روداد لکھنا یا لکھ بھیجنا : تحقیق کی رپورٹ پیش کرنا ۔ (۶)معاملے کے متعلق رائے ظاہر کرنا یا بھیجنا (اچھی یا بُری) ۔ (۷)معرفی کرنا؛ تشہیر کرنا : اپنی عزت کو بڑھانا : اپنی تعریف کرنا ۔ (۸)حاکم :عہدہ دار کو کسی کے آنے یا کسی جگہ ہونے کی اطلاع دینا ۔ (۱۰)(کسی شخص یا کسی چیز کی) رپورٹ پیش کرنا : کسی کی روداد بیان کرنا : کسی چیزکی روداد بیان کرنا؛ (دستاویز مرتب کرنا) ۔

It is reported : کہا جاتا ہے : سنا گیا ہے : بیان کیا گیا ہے ۔

To move to report progress : دارالعلوم میں بحث ختم کرنے کی تجویز پیش کرنا (اکثر رکاوٹ پیدا کرنے کی غرض سے) ۔

To report progress: یہ بیان کرنا کہ اب تک کیا کیا ہو چکا ہے ۔

Report book : (n) روداد نامہ ۔

Report card : (n) طلبہ کے متعلق والدین یا گارجین کو پیش کیا جانے والا اطلاع نامہ ۔

Report stage : (n) (دارالعلوم) وہ موقع جب کمیٹی کی رپوٹ کے بعد کسی قانون کے مسودے پر بحث کا وقت آجائے ۔

Reportable : (a) قابل اطلاع : رپورٹ کے قابل : قابل گذارش ۔

Reportage : (n) رپورتاژ ۔

Reported speech : (n) منقول : قول یا تقریر ۔

Reportedly : (adv.) رپورٹ کے مطابق : نیک نامی یا بدنامی کے طور پر ۔

Reporter : (n) [OFr. 'Reporteur.'] (۱) رپورٹر : نامہ نگار : خبر نگار : روداد نویس : خبر دینے والا : اطلاع بہم پہنچانے والا: خبر گذار ۔ (۲)قانونی کاروائی کی رپورٹ قلم بند کرنے والا ۔ (۳) (تقریر ، بحث و مباحثہ : جلسہ کی کاروائی وغیرہ کی) رپورٹ اخبار کو دینے والا ۔ (۴)ریڈیو یا ٹیلی ویژن پروگرام پر خبر نشر کرنے والا ۔ (۵)شارح : مفسر : حاشیہ نویس ۔

Reporting : (n) رائے نگاری : روداد نویسی : نامہ نگاری ۔

Reportorial : (a) (۱)(خصوصاً امریکا) نامہ نگار : رپوٹر یا روداد نویس کا یا اُس سے متعلق ۔ (۲)نامہ نگار کی طرح : وابستہ بہ خبر نگار ۔

Reportorially : (adv.) خبر نگاری کے طور پر : نامہ نگاری کے طور پر ۔

Reports : (n) خبریں : اطلاعات ۔

Law reports : (قانون) قانونی فیصلے ۔

Reposal : (n) (بھروسا : اعتماد) کرنے کا عمل : استقرار ۔

Repose : (n) [Fr. 'Repos.'] (۱)عارضی آرام : آرام : سکون :اطمینان : فراغت: راحت : خاموشی : نیند : استراحت : آسائش : طمانیت : ٹھہراؤ : دل جمعی ۔ (۲) (کلیسا) موت : وفات (بزرگ کی) : انتقال ۔ (۳)سکون کی کیفیت یا اثر (فنون لطیفہ میں) : موزونیت : ہم آہنگی : ہمواری : تناسب : توافق ۔(۴)(حرکات وسکنات میں) رکھ رکھاؤ : اطمینان: متانت: ہمواری ۔ (۵)(سخت محنت ، مشقت ، مصیبت کے بعد) سکون : راحت : استراحت ۔ (۶)(طباعت)بہت زیادہ پرچھائیں ۔ (۷)(طباعت)توافق : تناسب : ہم آہنگ (تعداد یا رنگ کی)۔ (۸)خاموشی : تعطل :سکون۔ (۹) اعتماد : بھروسا ۔ (۱۰) تفریح : آرام : دل بہلاوا : سستانا ۔ (۱۱)آرام ، سکون کی حالت یا جگہ ۔

Altar of repose : قربان گاہ جس میں عیسائیوں کی ایک رسم ادا کی جاتی ہے ۔

Angle of repose : دوسطحوں کے درمیان کا سب سے بڑا زاویہ ۔

To take repose /-seek - : آرام کرنا ؛ سکون کرنا ؛ اطمینان حاصل کرنا ؛ استراحت کرنا ۔

Repose : (v) [L. 'Repos-, Reponere.'] (۱)(اعتماد ، بھروسا وغیرہ) بحال کرنا ؛ اعتماد قائم کرنا ؛ بھروسا قائم کرنا ؛ بھروسا رکھنا ؛ اعتماد کرنا ۔ (۲) دوسرے کے انتظام میں (کچھ) چھوڑنا یا رکھنا ۔

Repos : (v) [Fr. 'Reposer'.] (۱) آرام کرنا ؛ استراحت کرنا ؛ سستانا ؛ آرام لینا ؛ سکون حاصل کرنا ۔ (۲)(تکیے سے) سر ٹکانا؛ سہارا لینا ۔ (۳)آرام پہنچانا ؛آسائش دینا ؛ تازہ دم کر دینا ۔ (۴)لیٹنا ؛ لیٹا ہوا ۔ (۵) مبنی ہونا ؛ منحصر ہونا ۔ (۶)(حافظے وغیرہ میں) کسی خیال کا دیر تک قائم رہنا۔ (۷)مصیبت ، تکلیف وغیرہ سے چھٹکارا حاصل کرنا ؛ اطمینان حاصل کرنا ؛ طمانیت محسوس کرنا ۔ (۸)بیٹھ کر یا لیٹ کر یا سکون یا آرام حاصل کرنا ؛ ہمیشہ کے لئے سکون اختیار کرنا (موت)؛ خاموش پڑے رہنا؛ چپ چاپ پڑے رہنا ؛ ساکت ہونا ۔

Reposed : (a) آسودہ ؛ مسکون ؛حرکت ؛ انتشار وغیرہ سے آزاد ۔

Reposedness : (n) اطمینان ؛ سکون ؛ آرام ۔

Reposeful : (a) اطمینان بخش ؛ پُرسکون ؛ آسودہ؛ ساکت ؛ ہم آہنگ ؛ ہموار ؛ خاموشی ؛ آرام بخش ۔

Reposefully : (adv.) پُر سکون انداز سے ؛ اطمینان بخش کے طور پر ؛ اطمینان سے رکھ رکھاؤ کے ساتھ ؛ آرام کے ساتھ ۔

Reposefulness : (n) سکون ؛ اطمینان ؛ طمانیت ۔

Reposing room : (n) عزاخانہ ؛ تعزیت گاہ ؛ ماتم کدہ ؛ وہ کمرہ جہاں میت رکھی جاتی ہے اور سوگوار آکر دیکھتے ہیں ۔

Reposit : (v) [f. L. 'Reposit,Reponere.'] (۱)جمع کرنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ ذخیرہ کرنا ؛ انبار کرنا ۔ (۲)دیکھو Replace ۔

Reposition : (n) [Late L. 'Repositonem.'] (۱)(جراحی)اصلی حالت بحال کرنے کے لئے آپریشن ؛ بدل یا قائم مقامی ؛ اصلی حالت کی بحالی ۔ (۲)بدل (کسی چیز کا) ؛ تبدیل شے ۔ (۳)ذخیرہ کرنے ، اکٹھا کرنے یا جمع کرنے کا عمل؛ ذخیرہ؛ انبار ۔

Reposition : (v) حالت بدلنا ؛ کسی حالت کو بدل دینا ؛ اصلی حالت کو بدل دینا ؛ بدل دینا ۔

Repositor : (n) تعویض کنندہ ؛ بدلنے والا آلہ ؛ وہ آلہ جس کے ذریعہ ایک عضو کو دوسرے عضو سے بدل دیتے ہیں ۔

Repository : (n) [L.'Repositorium.'] (۱)ظرف ؛ برتن ؛ جگہ ؛ رکھنے کی جگہ ؛خانہ ؛ گھر ؛ اسٹور ۔ (۲)عجائب خانہ ؛ میوزیم؛ گودام ؛ مال خانہ ؛ خزانہ ؛ مخزن ؛ ذخیرۂ اشیا کا مقام ؛ ڈھو ۔ (۳)مقبرہ ؛ مدفن ؛ قبر؛ قربان گاہ ۔ (۴) محرم راز ؛ معتمد ؛ رازدار ۔ (۵) وہ جگہ جہاں کوئی چیز فروخت کے لئے رکھی جاتی ہے ؛ شوروم ؛ نمائش گاہ ؛ دوکان ؛ نیلام گھر ؛ نیلام گاہ ۔ (۶)معتبر آدمی ؛ مطمئن شخص ۔

Repossess : (v) (۱)پھر حاصل کرنا ؛ قبضہ میں رکھنا ؛ دوبارہ ملکیت حاصل کرنا ؛ دوبارہ مالک ہونا ۔ (۲)(اسکاتستانی) پھر بحال کرنا ؛ متعین کرنا ؛ قبضے میں کرنا ۔

Repossession : (n) بازیابی ؛ قبضہ ثانی ؛ ملکیت ۔

Repossessor : (n) دوبارہ قبضہ کرنے والا ؛ پھر سے مالک بننے والا ۔

Repot : (v) پودے کو ایک برتن سے دوسرے برتن میں تبدیل کرنا ؛ گملا بدلنا ؛ پودے کو چھوٹے گملے سے بڑے گملے میں لگانا ۔

Repoussage : (n) دھات کو الٹی طرف سے پیٹ کر منقش کرنے یا خوب صورت بنانے کا فن یا عمل ؛ منبت کاری ؛ برجستہ کاری ۔

Repousse : (a) (دھات) اُبھرا ہوا (آرائشی کام) ؛ برجستہ ؛ ابھرواں (آرائشی کام) ۔

Repousse : (n) [Fr.] اُبھرا ہوا آرائشی کام (جو ایک طرف ہتھوڑی سے کوٹنے سے دوسرے طرف ابھر آتا ہے) ؛ منبت کاری ۔

Repousse work : (n) (آرٹ) منبت کاری ؛ برجستہ کاری ۔

Reppe chemistry : (n) صنعتی کیمیا کا ایک شعبہ ۔

Repped : (a) ریپ (Rep) کی سی سطح رکھنے والا ؛ کھردری سطح والا ۔

Reprehend : (v) [L.'Reprehenere.'] سرزنش کرنا ؛ ملامت کرنا ؛ تبینہ کرنا ؛ توبیخ کرنا ؛ الزام دینا ؛ شرمسار کرنا ؛ عیب نمائی کرنا ؛ عیب جوئی کرنا ۔

Reprehender : (n) ملامت کرنے والا ؛ سرزنش کرنے والا ؛عیب نمائی کرنے والا ۔

Reprehensibility : (n) قابل ملامت ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Reprehensible : (a) [Late L. 'Reprehensibilis.'] قابل ملامت ؛ لائق سرزنش ؛ قابل الزام ؛ توبیخ کے لائق ۔

Reprehensibleness : (n) دیکھو Reprehensibility

Reprehensibly : (adv.) قابل الزام یا قابل ملامت کے طور پر ۔

Reprehension : (n) [L. 'Reprehensionem.'] ملامت : سرزنش ؛ تنبیہ ؛ توبیخ ۔

Reprehensive : (a) ملامت کرنے والا؛ سرزنش کرنے والا ؛ سرزنش آمیز؛ ملامت آمیز ۔

Reprehensively : (adv.) سرزنش آمیز طور پر ؛ملامت آمیزی کے ساتھ ؛ عیب جوئی کے ساتھ ۔

Reprehensory : (a) دیکھو Reprehensive

Piece of resistance : دیکھو Piece

Resistance box : (n) (الیکٹرک) مزاحمتی ڈبّہ۔

Resistance coil : (n) مزاحمتی مرغولہ۔

Resistance pyrometer : (n) (طبیعیات) مزاحمتی آتش پیما۔

Resistance thermometer : (n) (طبیعیات) مزاحمتی تپش پیما۔

Resistant : (a) [Fr. 'Resistant '.] مانع ؛ مزاحم ؛ مُزاحمانہ ؛ تاب آور ؛ مقاوم ؛ (فوٹوگرافی) مزاحمہ (حیاتیات، طب) مفیح؛ مزاحم۔

Resistant : (n) (۱) مزاحمت کرنے والا ؛ مقاومت کرنے والا (اب شاذ)۔ (۲) روک مسالہ۔

Resistantly : (adv.) مزاحمت کرتے ہوئے۔

Resistent : (a) [L. 'Resistentem'.] دیکھو Resistant (a)

Resister : (n) مقاومت ، مزاحمت کرنے والا ؛ مُزاحم ؛ مقاوم ؛ (سیاسیات) عدم تعاونی ؛حامی عدم تعاون۔

Passive resister : دیکھو Passive resistance

Resistful : (a) پُر مقاومت ؛ قابل مزاحمت ؛ قابل مدافعت ؛ مزاحمت پذیر۔

Resistability : (n) (۱) (الیکٹرک) مزاحمت پذیر ؛ مدافعت پذیری۔ (۲) استعداد مقاومت ؛ تاب مقاومت ؛ قوت مزاحمت۔

Resistible : (a) قابل تحمل ؛ قابل مدافعت ؛ قابل مقاومت ؛ مقاومت پذیر؛ جو روکا جا سکے ؛ جس کا مقابلہ کیا جا سکے۔

Resistibleness : (n) مدافعت پذیر ؛ مزاحمت پذیری۔

Resistibly : (adv.) مدافعت پذیر کے ساتھ۔

Resisting : (a) مقاوم ؛ مزاحم۔

Resisting force : (n) (طبیعیات) قوت مزاحمت۔

Resisting medium : (n) (طبیعیات) واسطۂ مُزاحمہ۔

Resisting power : (n) (طبیعیات) طاقت مزاحم۔

Resistingly : (adv.) مزاحمانہ ؛ مزاحمت کے طور پر۔

Resistive : (a) تاب آور ؛ مزاحمت کا ؛ مزاحمانہ ؛ مقاومت وار۔

Resistively : (adv.) مزاحمت کے ساتھ ؛ مزاحمانہ۔

Resistiveness : (n) مزاحمت ۔

Resistivity : (n) مزاحمتِ نوعی ؛ مزاحمیّت ۔

Resistless : (a) (۱) غیر مزاحمانہ ؛ بغیر مقاومت کے ؛ جو روکا نہ جا سکے ؛ جس کا مقابلہ نہ کیا جا سکے۔ (۲) غیر قوت یا صلاحیت مدافعت۔

Resistlessly : (n) بغیر مدافعت کے ؛ بغیر مزاحمت کے۔

Resistlessness : (n) غیر مدافعت ؛ غیر مُزاحمت۔

Resistor : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) مُزاحم آلہ ؛ آلۂ مزاحمت۔

Resitting : (n) (۱) مجلس قانون ساز کی دوسری رکنیت۔ (۲) دوسری نشست۔

Resjudicata : (n) (قانون) اَمر فیصل شدہ۔

Reslant : (v) از سر نو ڈھلوان کرنا ؛ پھر سے ترچھا ہونا یا کرنا ؛ دوبارہ ڈھلوان ہونا۔

Resmobiles : (n) [L.] حرکت پذیر شے ؛ منقولہ شے۔

Resmooth : (v) دوبارہ ہموار کرنا ؛ پھر مسطح کرنا ؛ از سر نو برابر کرنا۔

Resocialization : (n) دوبارہ اشتراکی یا بنائے جانے کا عمل ؛ بحالی۔

Resole : (v) (جوتے میں) نیا تلا لگانا۔

Resolubility : (n) تجزیہ پذیری ؛ تحلیل پذیری ؛ ملالیت ؛ قابلیت تجزیہ۔

Resoluble : (a) [late L. 'Resolubilis'.] (کیمیا) تجزیہ پذیر ؛ تحلیل پذیر ؛ تحویل پذیر ؛ گھلنے کے قابل ؛ حل شدنی ؛ (طبیعیات و کیمیا) گداختنی۔

Resolubleness : (n) دیکھو Resolubility

Resolute : (a) [L. 'Resolutus'.] مستقل ؛ ثابت قدم ؛ صاحب عزم ؛ راسخ ؛ استوار ؛ مصمم ؛ ثابت ؛ مستقیم ؛ استوار ؛ مستقل

مزاج : قوی الارادہ : دلیر : جیوٹ : با ہمت : الو العزم : دلیرانہ : پکّا : مضبوط ۔

Resolute : (v) [L. 'Resolut, Resolvere'.] (اب امریکا) تجاویز مرتب کرنا : تجاویز منظور کرنا یا پاس کرنا ۔

Resolutely : (adv.) بطور استوار : ثابت قدمی کے ساتھ : عزم راسخ کے طور پر ۔

Resoluteness : (n) ثابت قدمی : اولوالعزمی : استواری ۔

Resolution : (n) [L. 'Resolutionem'.] (۱) تحلیل : تجزیہ : حل ۔ (۲) تحویل ۔ (۳) (طب) ورم کا تحلیل ہونا : انحطاط : شیوح : دفع : حل : بر طرف سازی ۔ (۴) (عروض) ایک لمبے بول کی جگہ دو جھوٹے بول رکھنا : ایک ہجا بلند کی جگہ دو ہجا کوتاہ رکھنا ۔ (۵) بے آہنگ نغمہ چھیڑ کر اسے ہم آہنگ بنانا : خوش آہنگ سازی ۔ (۶)(میکانیات) ایک قوت کے عوض اس کے مساوی دو یا زیادہ قوتیں رکھنا : تحویل قوت ۔ (۷) حل (مسئلے وغیرہ کا) : رفع ہونا : دور ہونا (شبہات کا) ۔ (۸)تجویز : ریز و لوشن : قرار داد ۔ (۹) قصد : ارادہ : عزم ۔ (۱۰) قوت ارادہ : ثبات قدم : مستقل مزاجی : جیوٹ : دلیری : ہمت : استواری : عزم ثابت : (نفسیات) عزم : استقلال ۔ (۱۱) (طبیعیات) گداخت : پگھلاؤ (ریاضیات) حل ۔

Stage of resolution : (طب) زمانۂ انحطاط مرض ۔

Resolution : (n) دوبارہ حل کرنے یا تجویز کا عمل ۔

Resolution principle : (n) (عضویات) اُصول تحویل ۔

Resolution of force : (n) (میکانیات) تحویل قوت ۔

Resolution of velocity : (n) (میکانیات) تحویل رفتار ۔

Resolutionary : (a) تجزیہ کرنے والا : تحلیل کنندہ ۔

Resolutioner : (n) (تاریخ) اسکاٹ لینڈ کی اس جماعت کا رکن جس نے ۱۶۵۰ء کی منظور شدہ تجاویز کو قبول کیا جس کی رو سے اُس شخص کو دوبارہ بحال کیا گیا جس نے کروم ول (Cromwell) کے خلاف تنازع میں حصہ نہیں لیا ۔

Resolutionist : (n) دیکھو Resolutioner

Resolutive : (a) [med. L. 'Resolutivus'.] (۱) محلّل : تحلیل یا حل کرنے والا : حل کرنے کی صلاحیت یا قوت رکھنے والا ۔ (۲) (طب) محلّل (دوا) ۔

Resolutive : (n) (طب) محلّل دوا : تحلیل دوا ۔

Resolutive condition : (n) شرط فسخ معاہدہ : وہ شرط جس کو پوری ہونے پر معاہدہ فسخ ہو جائے ۔

Resolvability : (n) تحلیل پذیری : تجزیہ پذیری ۔

Resolvable : (a) (کیمیا) قابل تحلیل : قابل حل : تحلیل پذیر : تجزیہ پذیر : (میکانیات) تحویل پذیر ۔

Resolvable nebula : (n) حل پذیر سُدیم ۔

Resolvableness : (n) دیکھو Resolvability

Resolvancy : (n) تجزیہ پذیر : قابل تعمیم ۔

Resolve : (n) [f. the v.] (۱) قصد : ارادہ : عزم ۔ (۲) (نفسیات) استقلال : ثابت قدمی : ارادے کی پختگی ۔ (۳) تجویز: قرار داد ۔ (۴) محلول : مادہ حل شدہ ۔ (۵) حل : بسط : تجزیہ ۔

Resolve : (v) [L. 'Resolvere'.] (۱) تحلیل کرنا : تجزیہ کرنا : علاحدہ ہونا یا کرنا : الگ الگ کرنا ۔ (۲) تحلیل کرنا : حل کرنا۔ (۳) تحویل کرنا : منتقل کرنا ۔ (۴) (موسیقی) بے آہنگ نغمے کو ہم آہنگ بنانا : ہم آہنگ نغمہ بننا : ہم آہنگی کرنا : موزوں بنانا ۔ (۵) (مسئلے کو) حل کرنا : طے کرنا : صاف کر دینا : واضح کر دینا : (شبہات کو) رفع کر دینا : قبضے کو حل کرنا ۔ (۶) قصد کرنا : عزم کرنا : مصمم کرنا : ہمت کرنا : استقلال سے کام لینا ۔ (۷)قرار داد منظور کرنا : ریز و نوش پاس کرنا : تجویز منظور کرنا : تجویز ترتیب دینا ۔ (۸) آمادہ کرنا ۔ (۹)(طبیعیات ، کیمیا) گلانا : پگھلانا : (ریاضیات) حل کرنا ۔ (۱۰) (میکانیات) تحلیل کرنا : تحویل کرنا ۔ (۱۱) (قانون) کالعدم ہونا ۔ (۱۲) روشن کرنا : رفع کرنا : دفع کرنا : بر طرف کرنا : دور کرنا :(مصیبت ، پریشانی وغیرہ)۔ (۱۳) (مرضیات) تشخیص کرنا : پہچاننا : ہٹانا : ختم کرنا (ورم وغیرہ) (تحلیل کے ذریعہ)۔ (۱۴) تبدیل کرنا : تبدیل ہونا : شکل ، ہیئت بدل دینا : دوسری صورت یا شکل میں بدلنا : کمیٹی میں (خود سے) بدل جانا : بطور کمیٹی کام کرنے کا فیصلہ کرنا ۔ (۱۵) جواب دینا (سوال ، بحث وغیرہ کا)۔ (۱۶) فیصلہ کرنا : طے کرنا (مشکوک نقطہ)۔

Resolve : (a) (۱) مصمم : عزم راسخ رکھنے والا : ثابت قدم : مستقر: مطمئن : مستحکم ۔ (۲) حل شدہ : تحلیلی : ملایا ہوا: تحلیل کیا ہوا : محلّل ۔ (۳) تجزیہ شدہ ۔ (۴) طے شدہ: حل شدہ (مسئلہ) ۔ (۵) صلاح کیا ہوا : مشورہ کیا ہوا : منظور شدہ : پاس کی ہوئی (تجویز) ۔

Resolved part : (n) (میکانیات) جُزو تحلیلی ۔

Resolvedly : (adv.) مصمم طور پر : مستقل مزاجی سے ۔

Resolvedness : (n) (۱) تجزیہ شدگی ۔ (۲) تصمیم راسخ : ثابت قدم ۔

Resolvend : (n) [L. 'Resolvendum'.] (ریاضیات) (جزا کے عمل میں) جذرالمربع یا جذرالمکعب نکالتے وقت جو عدد گھٹ کر باقی رہ جائے ۔

Resolvent : (a) [L. 'Resolventum'.] (طب) محلّل : تحلیل کنندہ : تحلیل کرنے کی قوت یا صلاحیت رکھنے والا ۔

Resolvent : (n) (۱) محلّل دوا : تحلیل کرنے والی شے ۔ (۲) وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز حل ہو جائے ۔ (۳) مسائل، مصائب وغیرہ کے حل یا طے کرنے کا ذریعہ ۔

Resolver : (n) (۱) مسائل حل کرنے والا : مسئلہ طے کرنے والا : سوال کا جواب دینے والا ۔ (۲) مصمم ارادہ کرنے والا ۔ (۳)تجویز ، قرار داد کی حمایت کرنے والا ۔

Resolvible : (a) Resolvable کا متبادل ۔

Resolving : (a) (بصریات) تحلیلی ۔

Resolving power : (n) (بصریات) تحلیلی طاقت ۔

Resonance : (n) [L. 'Resonantia'.] (۱) گونج : گمک ۔ (۲) (طب) استماعِ قلب (ریڈیو ، الیکٹرک) گمک : موجِ صدا : ارتعاشِ صدا ۔ (۳) رابطہ : تعلق : نسبت : علاقہ : واسطہ ۔ (۴) در احساسی : ہم گدازی : ہم سازی : ہم نوائی ۔

Resonance absorption : (n) گمکی تحلیل ۔

Resonance amplifier (n) گمکی افزائندہ ۔

Resonance box : (n) گمکی ڈبہ ۔

Resonance pipe : (n) گمکی پائپ ۔

Resonance radiation : (n) گمکی اشعاع ۔

Resonance spectrum : (n) (روشنی) گمکی طیف ۔

Resonant : (a) [L. 'Resonant '.] (۱) (آواز) گمک دار : گمکی : گونج دار : گونجنے والی : جس میں جھنکار ہو ۔ (۲) (جگہ) جس میں آواز گونج رہی ہو یا گونجتی ہو : گونجنے والی : صدا پیدا کرنے والی : آواز باز گشت والی ۔

Resonant : (n) انفی ہم آہنگی ۔

Resonant cavity : (n) گمکی خلا ۔

Resonant circuit : (n) (ریڈیو) گمکی دَور ۔

Resonant frequency : (n) (ریڈیو) گمکی تعدّد ۔

Resonantly : (adv.) گونجتے ہوئے ۔

Resonate : (v) [L. 'Resonare'.] گمک کا اظہار کرنا : گونج پیدا کرنا : گونجنا ۔

Resonator : (n) [f. L. 'Resonare'.] (۱) علاحدہ سُر معلوم کرنے کے کا آلہ : آواز تیز کرنے کا ایک آلہ ۔ (۲) مِضراب (ریڈیو) گمکیا ۔

Resorb : (v) [L. 'Resorbere'.] دوبارہ جذب کرنا: از سرنو جذب کرنا ۔

Resorbence : (n) (کیمیا) انجذاب ثانی یا مکرر : باز جذب : دوبارہ جذب کرنا ۔

Resorbent : (a) (کیمیا) باز جاذب : جذب کرنے والا ۔

Resorcin/ -ine : (n) (کیمیا) پوٹاش اور رال کا مرکب : رال پوٹاش۔

Resorcinol : (n) (کیمیا) رال پوٹاش کی ایک قسم ۔

Resorcylic : (a) (کیمیا) رال پوٹاش سے متعلق : رال پوٹاش سے نکالا ہوا ۔

Resorption : (n) [L. 'Resorhere'.] (ارضیات) انجذاب ثانی : انجذاب: باز جذب : (حیوانیات) جذبِ عضو ۔

Resort : (n) [OFr. 'Resortir'.] (۱) جتن : تدبیر : علاج : چارۂ کار : وسیلہ ۔ (۲) رجوع : استعمال : کام لینا ۔ (۳) آمد و رفت ۔ (۴) مرجع : آمد و رفت کی جگہ : جمع ہونے کی جگہ : تفریح گاہ : صحت گاہ ۔ (۵) مجمع : بھیڑ: جم غفیر : جم گھٹا : ہجوم : انبوہ ۔

Health resort : (طب) صحت گاہ : مقامِ صحت ۔

In the last resort : آخری کوشش : آخری تدبیر : آخری چارہ جوئی ۔

Sea side resort : مقام کنارۂ بحر : وہ مقام جو سمندر کے

کنارے یا قریب واقع ہو۔

Without resort : غیر تدبیر : غیر چارہ جوئی۔

Resort : (v) [OFr. 'Resortir'.] (۱) رجوع کرنا : وقت پر واپس ہونا: مدد لینا : کام لینا۔ (۲) کسی جگہ گروہ در گروہ جمع ہو جانا : جوق در جوق جمع ہونا : آمد و رفت رکھنا : آنا جانا۔ (۳) بلاوے کا جواب دینا۔ (۴) حق ملکیت کی ایک معینہ میعاد یا موہوب کی وفات کے بعد واپس یا اس کے ورثا کی طرف عود کرنا۔ (۵) آگے بڑھنا : کسی جگہ جانا۔ (۶) مسکن رکھنا : سکونت اختیار کرنا : ٹھہرنا۔

Resort : (v) پھر سے چھانٹنا : دوبارہ تقسیم کرنا : از سر نو علاحدہ کرنا۔

Resorter : (n) اکثر آنے جانے والا: آمد ورفت کرنے والا : رجوع لینے والا۔

Resorter : (n) پھر سے چھانٹنے والا : دوبارہ تقسیم کرنے والا۔

Resound : (v) [L. 'Resonare'.] (۱) (آواز یا جگہ کا) گونجنا : صدا پیدا کرنا : گونج جانا : بازگشت ہونا یا کرنا۔ (۲)(شہرت وغیرہ کا) پھیلنا : چرچا ہونا : دھوم مچا دینا : مشہور ہونا : شہرت پانا۔ (۳) شور برپا ہونا (تعریف وغیرہ کا) : زور سے دُہرانا (تعریف کا) : تعریف کا پُل باندھنا۔ (۴) (چیز کا) گونج پیدا کرنا : آواز بنانا : آواز کا پیدا ہونا : تعریف میں غلو کرنا۔

Resound : (n) گونج : صدا۔

Resound : (v) دوبارہ آواز ہونا : از سر نو صدا ہونا : دوبارہ بجنا : دوبارہ آواز دینا۔

Resounding : (a) (۱) دوبارہ آواز پیدا کرنے والی : دوبارہ گونجنے والی۔ (۲) پُر قوت : پُر زور (آواز) : غیر مبہم : بالکل صاف۔

Resoundingly : (adv.) گونجتے ہوئے : زور دار آواز سے۔

Resource : (n) [OFr. 'Re(e)sourdre'.] (۱) عموماً (جمع) سرمایہ : خزانہ : وسائل : ذرائع۔ (۲) (جمع) ملک کے ذرائع آمدنی : وسائل حفاظت وغیرہ : استعداد مال : سرمایہ۔ (۳) سہارا : امکان بہبودی۔ (۴) تدبیر : چارہ : علاج: چارۂ کار : ترکیب : پناہ جوئی کا عمل: عمل استقامت۔ (۵) فرصت کا مشغلہ : وقت کاٹنے کا شغل : کار تفریحی۔ (۶) (نفسیات) سوجھ بوجھ : حاضر دماغی : طبع رسا : خوش تدبیری۔

Resourceful : (a) با تدبیر : لائق : شائستہ : حاضر دماغی : با استعداد : سوجھ بوجھ کا : خوش تدبیر (نفسیات) وسیع الذرائع: رَسا : حاضر دماغ۔

Ressourcefully : (adv.) سمجھ بوجھ سے : حاضر دماغی کے ساتھ : خوش تدبیری سے۔

Resourcefulness : (n) لیاقت : صلاحیت : تدبیر : حاضر دماغی : سوجھ بوجھ : ذہن کی رسائی : خوش تدبیری۔

Resourceless : (a) بے وسیلہ : بیچارہ : بے تدبیر : بے دست و پا : بے نوا۔

Resourcelessness : (n) بے چارگی : بے وسیلگی : بے تدبیری : بے نوائی : بیچارگی : بے دست و پائی : عدم ابتکار۔

Resources of a country : (n) (سیاسیات) ملک کے وسائل۔

Resow : (v) دوبارہ تخم ریزی کرنا : دوبارہ بونا (بیج) : ازسرنو بونا۔

Respect : (n) [L. 'Respectus'.] (۱) علاقہ : نسبت : لگاؤ : ربط : تعلق : شخص یا چیز کا ایک دوسرے سے تعلق : رشتہ داری۔ (۲) لحاظ : پاس : رعایت : مراعات : ملاحظہ : توجہ: طرف داری۔ (۳) پہلو : لحاظ : اعتبار۔ (۴) عزت : وقعت : احترام : خصوص۔ (۵) شہرت۔

As respect : بہ متعلق : اس کے متعلق۔

In respect (of) : بحوالہ : بہ متعلق۔

To have respect to : (۱) (کسی سے) رشتہ یا تعلق رکھنا یا ہونا۔ (۲)(کسی سے) رجوع کرنا : کسی کا حوالہ دینا۔ (۳)کسی چیز پر غور کرنا۔

To pay one's respect : کسی کا احترام کرنا اس کے گھر جا کر۔

With respect : کسی لحاظ کے ساتھ : احترام کے ساتھ: کسی حوالہ کے ساتھ۔

Without respect : بغیر کسی لحاظ کے۔

Respect : (v) [L. 'Respicere'.] (۱) پاس کرنا : لحاظ کرنا : مربوط ہونا : سلوک کرنا : تدبیر کرنا۔ (۲) علاقہ ہونا : نسبت ہونا : منسوب کرنا : مختص ہونا : حوالہ کرنا : حوالہ دینا۔ (۳) عزت کرنا : احترام کرنا : محترم سمجھنا۔ (۴)احترام مد نظر رکھنا : رعایت ملحوظ رکھنا : لحاظ رکھنا: دست اندازی نہ کرنا : دخل نہ دینا : ہتک نہ کرنا۔ (۵) مہلت دینا : وقت دینا۔ (۶) مراعات دینا۔ (۷) کسی چیز کا منتظر ہونا : مقابل ہونا (مارکہ، تحفہ کا) : برابر ہونا (ایک دوسرے کے) : سامنے ہونا۔

To respect innocence /- the innocent : عصمت کا احترام کرنا یعنی عصمت یا با عصمت کو خراب نہ کرنا ؛ نہ بگاڑنا ۔

To respect persons : رو رعایت سے کام لینا ۔

Respect of person : (n) زبردست کی رعایت ؛ رو رعایت ۔

Respectability : (n) (۱) احترام ؛ آبرو مندی؛ شرافت؛ محترم ۔ (۲) بھلا مانس ہونا ؛ بھلا آدمی ۔ (۳) شرفاء ؛ عزت دار آدمی ۔

Respectable : (a) (۱) محترم ؛ شریف ؛ باحیثیت ؛ با شرافت ؛ حیثیت دار ۔ (۲) آبرو مند ؛ عزت دار ؛ آبرو دار ؛ قابل عزت؛ اچھا ۔ (۳) بزرگ ؛ خوش ؛ ظاہر ؛ قابل معاشرت ۔ (۴) معقول ؛ اچھی خاصی (رقم) ؛ اچھا خاصا ؛ اوسط درجے کا ۔ (۵) شریفانہ ؛ سفید پوش ؛ خوش وضع ؛ شائستہ ۔ (۶) قابل برداشت ؛ صاف ؛ واضح ۔

Respectable : (n) عزت دار آدمی ؛ محترم شخص ؛ معزز آدمی ؛ شریف آدمی ؛ بھلا آدمی ۔

Respectableness : (n) احترام ؛ بزرگی ؛ آبرو مندی ؛ شرافت ؛ عزت ۔

Respectably : (adv.) آبرو مندانہ ؛ بطور احترام ؛ شرافت کے طور پر ؛ عزت کے ساتھ ؛ شریفانہ لباس میں ۔

Respecter : (n) احترام کرنے والا ؛ احترام گذار ؛ عزت کرنے والا ؛ تکریم کنندہ ۔

Respectful : (a) محترم ؛ مؤدب ؛ احترام گذار ؛ با ادب ؛ شائستہ ۔

Respectfully : (adv.) ادب سے ؛ مؤدبانہ ؛ محترمانہ ؛ با احترام ؛ محترماً؛ احتراماً ۔

Respectfulness : (n) ادب ؛ احترام ؛ با ادب ہونا ؛ مؤدب ہونا ۔

Respective : (a) [late L. 'Respectivus'.] (۱) انفرادی ؛ اپنی اپنی ؛ انفراداً ؛ منفرد ؛ مختلف ۔ (۲) جدا گانہ ؛ ایک دوسرے سے علاحدہ ۔ (۳) خصوصی ؛ نسبتی ؛ توجہ کنندہ ؛ مراعات کنندہ ۔

Respectively : (adv.) (۱) انفرادی طور پر ؛ فرداً فرداً ؛ نسبتاً ؛ علاحدہ علاحدہ ؛ الگ الگ طور پر ۔ (۲) علی الترتیب؛ حسب ترتیب ۔

Respectiveness : (n) خصوصیت ؛ نسبت ۔

Respectless : (a) بے عزت ؛ بے حیثیت ؛ بے اہمیت ۔

Respectworthy : (a) قابل قدر ؛ عزت کے لائق ؛ قابل احترام ۔

Respell : (v) (خصوصاً) صوتیات کے لحاظ سے دوبارہ ہجے کرنا ؛ پھر سے یا مختلف طریقے سے ہجّے کرنا ۔

Respin : (v) دوبارہ بننا ؛ پھر سے بننا ۔

Respirability : (n) تنفس ؛ سانس ؛ قابل تنفس ہونے کی حالت ۔

Respirable : (a) [late L. 'Respirabilis'.] قابل تنفس ؛ سانس لینے کے لائق ؛ جس میں سانس لے سکیں ۔

Respirableness : (n) دیکھو Respirability

Respiration : (n) [L. 'Respirationem'.] (۱) تنفس ؛ سانس لینے کا عمل ؛ اندر سانس لینے اور باہر سانس چھوڑنے کا عمل ۔ (۲) سانس ؛ نفس ۔ (۳) پودوں کا تنفس ؛ پودوں کا ہوا سے آکسیجن لینے کا عمل ۔

Aerobic respiration : تنفّسِ ہوائی ۔

Anaerobic respiration : تنفّس لا ہوائی ۔

Artificial respiration : (طب) تنفّس مصنوعی ۔

Cutaneous respiration : (حیوانیات) تنفّس جلدی ۔

Intramolecular respiration : (حیوانیات) تنفّس دوسالمی ۔

Watery respiration : (حیوانیات) تنفّس مائی ؛ تنفّس آبی ۔

Respirational : (a) دیکھو Respiratory

Respirato- : سابقہ بمعنی تنفس ۔

Respirator : (n) [L. 'Respirare'.] (طب) آلۂ تنفس ؛ سانس لینے کا عمل ؛ مصنوعی آلۂ تنفس ؛ (فلسفہ) وہ آلہ جو کیمیاوی تقطیر میں گرد وغیرہ کی حفاظت کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Respiratory : (a) [mod. L. 'Respiratorius'.] تنفس ؛ تنفس کا ؛ سانس لینے کا ۔

Respiratory apparatus : (n) (نباتیات) نباتی آلاتِ تنفس ۔

Respiratory cavity : (n) (نباتیات) تنفّسی جَوخَہ ۔

Respiratory chamber : (n) دیکھو Respiratory cavity

Respiratory heart/ - leaflet : (n) (حیوانیات) ورقی ریہ کی جھلیوں میں سے ایک ۔

Respiratory movement : (n) (حیوانیات) تنفس حرکت ۔

Respiratory nerve : (n) تنفس عضلہ ۔

Respiratory organs : (n) اعضائے تنفس ۔

Respiratory quotient : (n) (عضویات) تنفس حاصلِ قسمت ۔

Respiratory system : (n) نظام تنفس ۔

Respire : (v) [L. 'Respirare'.] (۱) سانس لینا : سانس لینا اور چھوڑنا : آکسیجن لینا اور کاربن چھوڑنا ۔ (۲) (مجازاً) پھر سے سانس لینا : دم لینا ؛ آرام لینا ؛ تھکاوٹ دور کرنا : سُستانا ۔ (۳) دم میں دم لینا ؛ پھر سے ہمت بندھنا: اُمید پیدا ہونا : قوت پیدا ہونا ۔ (۴) آدمی کے کان میں پھونکنا (کوئی چیز) ۔ (۵) جھپکا چھوڑنا ؛ بخارات کا اُڑانا ؛ (باہر کو) سانس لینا ۔

Respirit : (v) تازہ دم کرنا : دوبارہ ہمت بندھنا یا باندھنا : از سر نو ہمت دلانا : دوبارہ جوش دلانا ۔

Respirometer : (n) آلۂ تنفّس : وہ آلہ جس کے ذریعہ سانس کا علم (خصوصیت وغیرہ) حاصل کیا جاتا ہے ؛ (طب) تنفس پیما ۔

Respirometry : (n) مطالعۂ تنفّس : سانس کا علم ۔

Respiroscope : (n) (طب) تنفّس بیں : تنفّس نما ۔

Respite : (n) [L. 'Respectus'.] (۱) مہلت : التوا : موقوفی ۔ (۲) وقفہ: فرصت : فراغت ۔

To put in respite : ملتوی کرنا : موقوف کرنا : تاخیر کرنا : التوا میں ڈالنا ۔

Respite : (v) [L. 'Respectare'.] (۱) سزا کو ملتوی کرنا : مہلت دینا: ملتوی کرنا (خصوصاً موت ، پھانسی کو) : تاخیر کرنا : رکھ چھوڑنا ۔ (۲) (درد یا بیماری میں) عارضی طور پر تسکین دینا : سکون پہنچانا ۔ (۳) (فوج) تنخواہ روک لینا ۔

Respiteless : (a) بغیر وقفہ : مہلت : بغیر ملتوی کے ۔

Resplend : (v) [L. 'Resplendere'.] منور ہونا : تاباں ہونا : چمکنا : روشن ہونا ۔

Resplendence : (n) [late L. 'Resplendentia'.] (۱) درخشانی : تجلی: تابانی : چمک دمک : آب و تاب : جگمگاہٹ :ضیا باری : نور پاشی ۔ (۲) (سیاسیات) شکوہ ۔

Resplendency : (n) (۱) دیکھو Resplendence ۔ (۲) منور شے : چمکدار چیز ۔

Resplendent : (a) [L. 'Resplendentem'.] منور : تاباں : چمکدار : روشن : درخشاں : نورانی : جگمگاتا ہوا : ضیا بار : نور پاش ۔

Resplendently : (adv.) تابانی سے : درخشانی کے ساتھ : جگمگاتے ہوئے : روشنی کے ساتھ ۔

Respond : (n) [OFr.f. 'Respondre'.] (۱)کلیسا:دیکھو Responsory ۔ (۲) مناجات کے بندوں میں سے ایک جنہیں پادری اور حاضرین بار بار گاتے ہیں ۔ (۳) (تعمیرات) نیم ستون، جو دیوار سے ملتا جلتا ہوتا ہے اور محراب کو سہارا دیتا ہے ؛ ستونچہ ؛ (عمارت) پہلو دار ؛ (ریڈیو) تاثر ؛ حسّاسیت ۔

Respond : (v) [L. 'Respondere'.] (۱) (امریکا) جواب دینا ؛ مطمئن کرنا ؛ اطمینان دلانا ۔ (۲) الفاظ میں جواب دینا ؛ جواب میں کوئی فعل کرنا ؛ کسی کے جوڑ پر کچھ کہنا ؛ جواب میں کچھ کہنا ۔ (۳) گرجا میں حاضرین کا پادری کے سوالوں کے مقرر جوابات دینا ؛ سوال جواب کرنا ۔ (۴)کسی تغیر کے ذریعہ سے تأثر کا اظہار کرنا ؛ متاثر ہونا ؛ محسوس کرنا ۔

Respondence : (n) تقابل ؛ جوڑ ؛ جواب ہونا ؛ مطابقت ؛ مماثلت ؛ ہم آہنگی ؛ موافقت ؛ ساز گاری ؛ ساعدت ۔

Respondency : (n) دیکھو Respondence

Respondent : (n) [f. as next] (۱)جواب دینے والا: مجیب ۔ (۲)متاثر: محسوس کرنے والا ۔ (۳) (خصوصاً طلاق کے مقدمہ میں) مدعا علیہ : جواب دینے والا ؛ جواب دہندہ ۔

Respondent : (a) [L. 'Respondent '.] (۱) جواب دینے والا : جواب دہندہ: جواب بنانے والا ؛ جوابی عمل کرنے والا ۔ (۲)اثر پذیر ؛ تاثر قبول کرنے والا ۔

Respondentia : (n) [mod. L.] جہاز پر لدے ہوئے مال کے عوض قرض ۔

Responder : (n) جواب دینے والا ؛ اثر قبول کرنے والا ۔

Responsalis/ Responsales : (n) [L. 'Responsum'.] وہ شخص جو کلیسائی نمائندے کے طور پر جواب دیتا ہے ۔

Responsary : (n) (کلیسا) سنگت کی مناجات ؛ مناجات جو صبح و شام بائبل کی قرأت کے بعد پڑھی جاتی ہے ؛ ایک شخص پڑھتا ہے اور دوسرے ساتھ دیتے ہیں ۔

Response : (n) [L. 'Responsum'.] (۱) جواب ؛ جوابی فعل ؛ (مجازاً) احساس ۔ (۲) (کلیسا) دیکھو Responsory ۔ (۳) تأثر؛ اثر ؛ رد عمل ۔ (۴) کوئی چیز جو گرجا میں حاضرین پادری کے جواب میں گائیں ۔ (۵)مبہم جواب؛ چیستاں کا سا جواب ؛ غیر واضح جواب ۔ (۶) (موسیقی) ایک ہی حصے کی تکرار ؛ ایک ہی شے کی تکرار ۔

Responsibility : (n) (۱) جواب دہی ؛ ذمہ داری ؛ ذمہ دار ہونا ۔ (۲) فرض منصبی ؛ عہدہ ؛ ذمہ داری کا کام ؛ اعتمادی۔

Responsible : (a) [f. L. 'Respondere'.] (۱) جواب کے لائق ؛ قابل جواب ؛ جواب دہ ؛ حساب کا ذمہ دار ؛ ضامن ؛ کفیل ۔ (۲) کسی کے عمل کا اخلاقی طور پر جواب دہ ؛مکلف؛ اخلاقی ذمہ داری رکھنے والا ۔ (۳) ذمہ دار ؛ جواب دہ۔ (۴) معتبر ؛ معزز ؛ اعتماد کے لائق ؛ قابل بھروسا ۔ (۵)ذمہ داری کا ۔

Responsibleness : (n) ذمہ داری ؛ جواب دہی کا عمل ۔

Responsibly : (adv.) ذمہ داری کے ساتھ ؛ جواب دہی کے طور پر ۔

Responsion : (n) [L. 'Responsionem'.] (۱) جواب دہی ؛ ذمہ داری ؛ جواب ۔ (۲) (جمع میں) آکسفورڈ میں بی ۔ اے کی سند کے لئے پہلا امتحان ۔ (۳) یونیورسٹی کا اعلانیہ مناظرہ۔

Responsive : (a) [late L. 'Responsivus'.] (۱) جوابی ؛ جواب دینے والا ۔ (۲) سوال جواب کا ۔ (۳) اثر پذیر ؛ زود حس ؛ ہمدرد ؛ درد آشنا ؛ رد عمل کی صلاحیت رکھنے والا ۔

Responsive reading : (n) تاثراتی مطالعہ ؛ (مذہبی) جوابی مناجات (یعنی وہ مناجات جس میں پہلے ایک آدمی زور سے پڑھے پھر دوسرے لوگ پڑھیں) ۔

Responsively : (adv.) (۱) سوال جواب کے طور پر ؛ جواب کے ساتھ۔ (۲) اثر پذیری کے طور پر ؛ ہمدردی کے ساتھ ۔

Responsiveness : (n) ہمدردی؛ اثر پذیری؛ تاثر؛ رد عمل کی صلاحیت؛ زود حسی ۔

Responsivity : (n) دیکھو Responsiveness

Responsor : (n) ضامن ؛ امین ؛ ذمہ لینے والا ۔

Responsorial : (a) (۱) اثر پذیر ۔ (۲) جواب دینے والا ؛ جوابی ۔ (۳) سوال وجواب کا یا اُس سے متعلق ۔

Responsorial : (n) (کلیسا) کتاب مناجات ۔

Responsory : (n) [late L. 'Responsoria'.] دیکھو Responsary

Respublica/ Respublicae : (n) [L.] دیکھو Commonweal

Ressalah : (n) [Urdu 'Risalah', f. Arab 'Arisala'.] رسالہ ۔

Resaldar : (n) [Urdu, 'Risaldar'.] رسالدار ؛ رسالہ دار ۔

Rest : (n) [OE. 'Raest (e), Rest(e)'.] (۱) استراحت ؛ آرام ؛ خواب ؛ نیند ۔ (۲) آسودگی ؛ سکون ؛ چین ؛ قرار ؛ فرصت ؛ آسائش ؛ فارغ البالی ؛ اطمینان ۔ (۳) جائے پناہ ؛ قیام گاہ ؛ آرام گاہ ؛ محل استراحت ؛ عمل توقف ؛ توقف گاہ ۔ (۴)سہارا ؛ ٹیک ؛ تکیہ گاہ ؛ (مکانیات) ٹیکن ۔ (۵)(موسیقی) وقفہ ؛ وقفے کی علامت ۔ (۶) (تقریر وغیرہ میں)وقفہ ؛ توقف ؛ توقف قانونی ۔ (۷) موت؛ سکون ۔ (۸) ذہنی اور روحانی سکون ۔ (۹) سلب حرکت ؛ حرکت ؛ حالتِ مسلسل ؛ ایک ہی حالت اور ایک ہی جگہ ہونا ۔ (۱۰) مطمئن ؛ غیر عملی ؛ قرار ۔ (۱۱)بندوق کا سہارا ۔

At rest : اطمینان (جسمانی ، ذہنی) ؛ سکون ؛قرار ؛ چین سے ؛ نیز موت ۔

At rest : عارضی سکون (جنگ و جدال سے) ۔

Day of rest : اتوار ؛ یوم راحت ؛ یوم السّبت ؛ آرام کا دن ۔

To go to (one's) rest : سونا ؛ آرام کرنا (رات میں) اطمینان سے سونا ۔

To go to rest : آرام سے سونا ؛ آرام کرنا ؛ استراحت کرنا ؛ آغوش لحد میں سونا ۔

To lay to rest : دفن کرنا ۔

To set at rest : اطمینان دلانا ؛ اطمینان کرنا ؛ مطمئن ہونا ؛ بحال کرنا ؛ قطعی فیصلہ کرنا ۔

To set person's mind at rest : اطمینان دلا دینا ۔

To set question at rest : مسئلے کو طے کر دینا ۔

To take (one's) rest : آرام کرنا ؛ مطمئن ہونا ۔

Rest : (n) [Fr. 'Reste'.] (۱) بینك کی فاضل اور ریز رو رقم (خصوصاً بینك آف انگلینڈ) ۔ (۲) (معاشیات) ما بقیٰ : بقیہ رقم : بچا کھچا : رہا سہا : (جمع میں) آثار : بقایا ۔ (۳) کسی چیز کا بقیہ حصہ : باقی شے : باقی اشخاص : باقی ماندہ : پس ماندہ : بقیہ مقدار یا تعداد ۔ (۴) (ٹینس اور بیڈ منٹن میں) کھلاڑی کا جلدی جلدی اور لگاتار بال یا شکل کارك کو مارنا : لگاتار ضرب : پے در پے ضربات : کھیل کا تار بندہ جانا ۔ (۵) (مہاجنی) محفوظ سرمایہ : (تجارت) مال کی جانچ پڑتال ۔

(As) for the rest : (۱) فرصت کے طور پر ۔ (۲) مابقیٰ یا جو بچ گیا ہو ۔

As to the rest : دوسرے طریقے سے : مختلف طریقے سے : بہ صورت دیگر ۔

The rest : اور دوسرے لوگ وغیرہ ۔

Rest : (n) [Alphetic f. 'Rest'.] (تاریخ) نیزے کی ٹیك یا سہارا ۔

Rest : (v) [OE. 'Raestan'.] (۱) ساکن ہونا : بے حرکت ہونا : حالت سکون میں ہونا ۔ (۲) سونا : استراحت کرنا : آرام کرنا : تجدید قویٰ کرنا : آسودہ ہونا : آرام ہونا ۔ (۳) خواب مرگ میں آرام کرنا : آغوش لحد میں سونا : ابدی نیند سونا ۔ (۴) آرام لینا : چین سے ہونا : قلبی سکون ہونا : اطمینان ہونا : مطمئن ہونا : آسودہ خاطر ہونا ۔ (۵) اپنے حال پر چھوڑ دیا جانا : اپنے حال پر چھوڑ دینا ۔ (۶) لیٹا ہونا : پڑا ہونا : قائم ہونا : مبنی ہونا : سہارے پر ہونا : بھروسے پر ہونا : بھروسا رکھنا : اعتماد رکھنا : پُر امید ہونا ۔ (۷) (نظر کا) جما ہونا ۔ (۸) قائم کرنا : سہارے سے رکھنا : تکیہ لگانا ۔ (۹) زمین پڑتی چھوڑنا : زمین اُفتادہ رکھنا : کھیت نہ بونا ۔ (۱۰) (درد اور تکلیف سے) چھٹکارا حاصل کرنا : تھکاوٹ دور کرنا : اطمینان حاصل کرنا ۔ (۱۱) (اسکاٹ لینڈ) آرام کرنے کے لئے رات میں آگ روشن کرنا ۔ (۱۲) (فوج کے پریڈ ڈرل وغیرہ میں) آرام دینا : وقفہ دینا ۔ (۱۳) قرار پکڑنا : استقرار ہونا : ٹھہرنا ۔ (۱۴) مقام رکھنا : جگہ رکھنا ۔ (۱۵) باقی رہنا ۔ (۱۶) آرام دینا : آرام پہنچانا ۔ (۱۷) دفن کرنا : ابدی نیند سونا : مٹا دینا : آرام کرنے دینا ۔ (۱۸) قبضہ رکھنا ۔ (۱۹) (قانون) گواہی دینے سے ارادتاً چھوڑ دینا : روک دینا (ارادتاً) ۔ (۲۰) سہارا دینا : ٹیك لگانا ۔ (۲۱) (وزن) پھینکنا ۔ (۲۲) پھینکنا (کوئی چیز) کسی چیز پر : منحصر ہونا : موقوف ہونا : متعلق ہونا ۔ (۲۳) بحال کرنا : بحال رکھنا : قائم رکھنا ۔

Rest : (v) [L.'Restare'.] مخصوص حالت میں باقی ہونا یا باقی رہنا : (کسی خاص حالت میں) رہنا : ہونا ۔

To rest assured/ -satisfied : مطمئن ہونا : اطمینان رکھنا ۔

Rest : (v) (۱) (اب بول چال) پکڑنا : گرفتار کرنا : ماخوذ کرنا (شخص کو) ۔ (۲) پکڑنا : ضبط کرنا : فرق کرنا (مال) (خصوصاً اسکاتستان) ۔

Rest-balk : (n) (زراعت) مَرز : کھیت کی نالیوں کے بیچ میں اونچی جگہ جس پر ہل نہ چلایا گیا ہو ۔

Rest-balk : (v) کھیت جوتنے میں کھیت کی نالیوں کے بیچ میں اونچی جگہ چھوڑ دینا ۔

Rest camp : (n) وہ کیمپ جس میں فوج جنگ کے بعد استراحت و آرام کرتی ہے ۔

Rest cure : (n) (طب) مکمل آرام کے ذریعہ علاج : آرام علاج : بستر پر مکمل آرام (بیماری کے دوران) ۔

Rest-day : (n) اتوار : آرام کا دن ۔

Rest gown : (n) عورتوں کا ایك لباس ۔

Rest-harrow : (n) عَجُرم : ایك قسم کا یورپی پودا : ایك جھاڑی جس کی جڑ سخت ہوتی ہے ۔

Rest-house : (n) فرود گاہ : ریسٹ ہاؤس : دارالضیافت : مضیف : ڈاك بنگلہ : قیام گاہ : ٹھہرنے کی جگہ ۔

Rest mass : (n) (طبیعیات) سکون کمیّت ۔

Rest pause : (n) (نفسیات) وقفۂ سکون ۔

Rest-room : (n) آرام گاہ : قیام گاہ ۔

Rest up : (v) مکمل آرام کرنا : مکمل سکون اختیار کرنا : پورے طور پر آرام لینا ۔

Restamp : (v) پھر سے نیا اسٹامپ لگانا ۔

Restant : (a) [L. 'Restant '.] (نباتیات) مستقل : قائم : دیر پا ۔

Restart : (v) دوبارہ روانہ یا جاری کرنا یا ہونا : از سر نو آغاز کرنا : دوبارہ شروع کرنا : دوبارہ اجراء کرنا ۔

Restart : (n) باز اجراء : باز روانگی ۔

Restate : (v) (خصوصاً) زیادہ واضح یا قائل کرنے والے الفاظ میں پیش کرنا : دوبارہ یا مختلف انداز میں پیش کرنا : بیان کرنا ۔

Restaurant : (n) [Fr. 'Restaurer'.] رستوران ؛ریستوران : طعام خانه؛ وہ مقام جہاں ناشتہ اور کھانا وغیرہ ملتا ہو ؛ کیفے ؛ ہوٹل ۔

Restaurant car : (n) (ریل) کھانے کی گاڑی ؛ ڈرائنگ کار ۔

Restauranter : (n) (۱) صاحب رستوران ؛ ریستوران کا مالک ؛ ریستوران چلانے والا ۔ (۲) ریستوران ۔

Restaurenteur/ Restaurateur : (n) [Fr. f. 'Restaurer'.] دیکھو Restauranter

Restaurentrice : (n) ریستوران رکھنے یا چلانے والی عورت ۔

Rester : (n) آرام کرنے والا ؛ آرام لینے والا ۔

Restful : (a) آرام کا یا اس سے متعلق ؛ آرام دہ ؛ راحت بخش ؛ آرام ؛ آسودہ ؛ بے مزاحت ؛ آرام کرنے والا ۔

Restfully : (adv.) آسودگی کے ساتھ؛ آرام دہ طور پر؛ آرام کرتے ہوئے ۔

Restfulness : (n) راحت ؛ آرام ؛ سکون ؛ استراحت ۔

Restibilitis : (a) (حیاتیات) دوامی ۔

Restiff : (a) [OFr. 'Restif'.] (۱) (گھوڑا) اڑا ہوا ؛ آگے نہ بڑھنے والا ؛ سرکش ؛ بے قابو ؛ جھجکا ہوا ؛ بھڑکا ہوا ۔ (۲) سرکش ؛ نافرمان ؛ اطاعت سے منحرف ۔

Restiform : (a) [mod. L. 'Restiformus'.] (تشریح ، حیوانیات) حَبلی ؛ طنابی ؛ مانند عصبہ ۔

Restiform body : (n) طنابی ؛ حبلی جسم ؛ زیرین بندد میغ ۔

Restiform column / -tract : (n) دیکھو Restiform body

Resting : (a) (۱) آرام کرنے والا ۔ (۲) ساکن ؛ بے حرکت ۔

Resting cell : (n) (خلیہ) ساکن خلیّہ ۔

Resting egg : (n) جاڑے کا انڈا ۔

Resting nucleus : (n) (خلیہ) ساکن نوادہ ۔

Resting-place : (n) (۱) آرام گاہ ؛ استراحت گاہ ؛ پناہ گاہ ۔ (۲) سبر ؛ گور ۔

Resting point : (n) (طبیعیات) نُقطۂ سکوزہ ۔

Resting potential : (n) (عضویات) ساکن قوۃ ۔

Resting spoe : (نباتیات) خوابیدہ بَذرہ ۔

Restitute : (v) [L. 'Rstitul'.] واپس کرنا (مالک کو) ؛ حق دار کر دینا ۔

Restitution : (n) [L. 'Restitutionem'.] (۱) واپسی ؛ پس دہی ؛ مرجوع سازی ؛ بر گردانی ؛ اعادہ ؛ مالک کو مال واپس کرنا ۔ (۲) تاوان ؛ تلافی (نقصان کی) ؛ معاوضہ ۔ (۳) بحالی ؛ عود بہ حالت اصلی ؛ رجعت (طبیعیات) عَود ۔ (۴) (کسی لچک دار چیز کا) سکڑ کر اپنی حالت یا اپنی جگہ پر آ جانا ۔

Coefficient of restitution : (طبیعیات) قَدر عَود ؛ عَود کی شرح ۔

To make restitution : تلافی کرنا ؛ عوض دینا ۔

Restitution in blood : (n) برادری سے خارج ہونے کے بعد پھر خاندان میں داخل ہو جانا ۔

Restitution of conjugal rights : (n) اعادہ حقوق زن و شو (شادی کے مقدمے کا قانون) ۔

Restive : (a) دیکھو Restiff

Restively : (adv.) از روئے سرکشی ؛ اڑیل پن سے ؛ سرکشی سے ؛ نافرمانی کے ساتھ ۔

Restiveness : (n) سرکشی ؛ اڑیل پن ۔

Restless : (a) (۱) بے کل ؛ بے چین ؛ مضطرب ؛ بے قرار ؛ بیتاب ؛ اضطراب ؛ بے آرام ؛ متلاطم ؛ متغیر ۔ (۲) پُر اضطراب ؛ بے چینی کا ۔

Restless cavy : (n) امریکا کا ایک جانور ۔

Restless thrush : (n) ایک قسم کی چڑیا ۔

Restlessly : (adv.) بیقراری کے ساتھ ؛ مضطربانہ ؛ بے چینی سے ۔

Restlessness : (n) اضطراب ؛ بے چینی ؛ بے کلی ؛ بے قراری ۔

Restock : (v) نیا اسٹاک کرنا ؛ از سر نو اسٹاک مہیا کرنا یا جمع کرنا ۔

Restorable : (a) قابل بحالی ؛ لائق بحالی ؛ اصلی حالت میں واپس ہونے

یا آنے کی حالت ؛ باز یافتی ؛ قابل استرداد ۔

Restoral : (n) واپسی ؛ بحالی ؛ تجدید ۔

Restoration : (n) دیکھو Repristination

The restoration : (تاریخ) عود شاہی ۔

Restoration style : (n) (تعمیرات) عود شاہی طرز ۔

Restoration of life : (n) احیاء ؛ تجدید حیات ؛ زندہ سازی ۔

Restorationer : (n) دیکھو Restorantist

Restorationism : (n) عقیدۂ نجات اُخروی ؛ یہ عقیدہ کہ سب لوگوں کو آخرت میں نجات اور راحت ابدی حاصل ہو گی ۔

Restorationist : (n) معتقد نجات اُخروی ۔

Restorative : (a) [OFr. 'Restoratif'.] (۱) شفا بخش ؛ صحت بخش ؛ (طب) مقوّی (دوا) ۔ (۲) قابل تجدید ؛ نیا کرنے کے لائق ۔

Restorative : (n) (۱) مقوی غذا ؛ مقوی دوا ۔ (۲) صحت بخش غذا ، دوا یا شے ۔ (۳) بیہوشی کو ختم کرنے کا طریقہ ۔

Restoratively : (adv.) صحت بخش طریقے سے ۔

Restorativeness : (n) صحت بخشی ۔

Restore : (v) [L. 'Restaurare'.] (۱) پھیرنا ؛ واپس کرنا یا دینا ؛ لوٹنا ؛ رجوع کرنا ۔ (۲) (مرمت وغیرہ کے ذریعے سے) اصلی حالت پر لانا ؛ درست کرنا ؛ ٹھیک کرنا ۔ (۳)(معدوم جانور یا قدیم آثار کی) اصلی حالت کا خاکہ یا نمونہ بنانا ؛ تعمیر کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ تعمیر نو کرنا ؛ دوبارہ تعمیر کرنا ۔ (۴) دوبارہ مقرر کرنا ؛ برقرار کرنا ؛ بحال کرنا ۔ (۵) تندرست یا اچھا کرنا ؛ شفا دینا ؛ احیاء کرنا ؛ صحت بخشنا ۔ (۶) دوبارہ قائم کرنا ؛ تجدید کرنا ؛ دوبارہ رواج دینا ؛ پھر سے جاری کرنا ؛ تازہ کرنا؛ نیا کرنا ؛ تجدید کرنا ۔ (۷) قیاس سے تکمیل کرنا (ناقص عبارت وغیرہ کی) ؛ غیر واضح عبارت کا الفاظ کے ذریعہ پورا کرنا ۔ (۸) دوبارہ رکھنا ؛ دوبارہ پہنچانا ؛ اصلی جگہ پر یا اصلی حالت پر لے آنا ؛ دوبارہ بحال کرنا ۔ (۹) سابق عہدہ ، سابقی حالت پر بحال کرنا ؛ پہلے کی پوزیشن پر لانا ۔

To restore in blood : دوبارہ حق کا بحال ہونا ۔

Restorement : (n) دیکھو Restoration

Restorer : (n) (۱) بحالی کار ۔ (۲) واپس کرنے والا ؛ مجدد ۔ (۳) احیاء کرنے والا ۔

Restoring-force : (n) (طبیعیات) بحالی قوت ۔

Restrain : (v) [L. 'Restringere'.] (۱) حد کے اندر رکھنا ؛ قابو میں رکھنا ؛ روکنا ؛ باز رکھنا ؛ ضبط کرنا ؛ دبانا ؛ کنٹرول کرنا ؛ ممنوع کرنا ؛ قدغن لگانا ۔ (۲) مقید کرنا ؛ حراست میں رکھنا ؛ آزادی چھین لینا ۔ (۳) نگاہ رکھنا ؛ محروم کرنا ؛ محدود کرنا ؛ مختصر کرنا ۔

Restrainable : (a) (۱) روکنے کے لائق ؛ باز رکھنے کے قابل ؛ نگہداشتی ۔ (۲) قابل مزاحمت ؛ قابل ممانعت ۔ (۳) قابل ضبط ؛ قابل حراست ؛ قابل جلو گیری ۔

Restrainably : (adv.) نگہداشتی کے طور پر ۔

Restrained : (a) ضبط شدہ ؛ روکا ہوا ؛ ممنوع ۔

Restrainedly : (adv.) ضبط سے ؛ روکے ہوئے ؛ از روئے ممانعت ۔

Restrainedness : (n) ضبطی ؛ رکاوٹ ۔

Restrainer : (n) (فوج ، کیمیا) ضابط عمل ؛ عمل روک ؛ محدود کرنے والا ؛ محروم کنندہ ۔

Restrainingly : (adv.) محدود طور پر ؛ محرومیت کے ساتھ ۔

Restraint : (n) [OFr. 'Restrainte'.] (۱) روکنا یا روکا جانا ؛ امتناع؛ ممانعت ؛ مزاحمت ؛ روک ؛ رکاوٹ ؛بندش ؛ قید ؛ کنٹرول ۔ (۲) نگرانی ؛ نگہداری ؛ حوالات ؛ حراست (خصوصاً پاگل خانے میں) ؛ قید (قانون) قُرقی ۔ (۳) ضبط ؛ تکلیف ؛ اجبار ۔ (۴) ضبط نفس ؛ خود داری؛ اعتدال ؛ طرز تحریر کی عتاب ؛ احتیاط ؛ مانع ۔ (۵) ملک کے بندرگاہوں پر کشتی چلانے کی ممانعت ؛ (کسی شاخ) تجارت کا تعطل ؛ ممانعت ؛ روک ۔ (۶) جبر؛ دباؤ ؛ زبردستی ؛ بندش ؛ محفوظ ؛ مخصوص ۔

Under restraint : زیر حراست (خصوصاً پاگل خانے میں) ۔

Without restraint : جی کھول کر ؛ آزادی سے ؛ بے روک ٹوک ۔

Restraint of princes : (n) قدغن (جہازوں پر) ۔

Restraingthen : (v) دوبارہ مضبوط کرنا ؛ از سر نو قوت پہنچانا ؛ پھر تقویت پانا ۔

Restrict : (v) [L. 'Retringere'.] (۱) حد باندھنا ؛ محدود کرنا ؛ مقید

کرنا : پابند کرنا : منحصر کرنا : قیود عائد کرنا : حد کا کام دینا : حد کے اندر رکھنا ۔ (۲) روک دینا : امتناع کرنا : بند کرنا (ممانعت کے ذریعہ) ۔ (۳) مختصر کرنا : کوتاہ کرنا : تخفیف کرنا : کم کرنا : کم ہونا : مانع ہونا : رکاوٹ ڈالنا : روڑے اٹکانا ۔ (۴) بندش یا پابندی کے اندر (زمین کو) رکھنا ۔

Restricted : (a) محدود : مقید : مسدود : ممنوع : محصور ۔

Restricted area : (n) (فوج) ممنوع علاقہ: محدود علاقہ: محصور علاقہ۔

Restricted breathing : (n) (طب) حضرِ تنفّس ۔

Restrictedly : (adv.) محدود طور پر: قیود کے ساتھ : خاص حد کے اندر۔

Restrictedness : (n) محدودیت : ممنوعیت : امتناع : حد ۔

Restriction : (n) [late L. 'Restrictionem'.] (۱) بندش : ممانعت : روک : حد : قید : پابندی : تحدید : منع ۔ (۲) (قانون) پابندی ۔ (۳) (منطق) اصلاح کی صلاحیت یا حدود ۔ (۴) انقباض : قبض : کھینچاؤ : مضبوط شے : محفوظ چیز ۔

Restriction area : (n) تحدیدی رقبہ ۔

Restrictionary : (n) (۱) تحدیدی اصلاح : محدود کرنے والا ۔ (۲) دیکھو Restrictive

Restrictionism : (n) عقیدۂ تحدید ۔

Restrictionist : (n) معتقد تحدید : طرفدار تحدید (شراب کی تجارت میں) ۔

Restrictive : (a) [late L. 'Restrictivus'.] روک تھام کا : بندش کا : پابندی عائد کرنے والا : محدود کرنے والا : تحدیدی ۔

Restrictive : (n) تحدیدی اصلاح : تحدیدی اظہار ۔

Restrictive practice : (n) کارخانہ یا تجارت میں ایسا نظم یا انتظام جس کی رُو سے فرموں کے درمیان مقابلہ ممنوع ہو : گروپ کی طرف سے ایسا انتظام جس کی وجوہ سے نئی بحال ممنوع ہو ۔

Restrictively : (adv.) بندش کے طور پر : پابندی کے ساتھ ۔

Restringe : (v) [L. 'Restringere'.] محدود کرنا : مقید کرنا : مختص کرنا : پابند کرنا ۔

Restringent : (n) (طب) قابض (دوا) ۔

Restward/ Restwards : (adv.) (۱) آرام کی طرف : سکون کی جانب ۔

Result : (n) [f. the v.] (۱) نتیجہ : اثر : حاصل : فرع : ما حصل : انجام : ثمرہ : پھل : مآل کار : منتج : بر آمد : جواب مسئلہ : (جمع میں) نتائج ۔ (۲) (ریاضی کے عمل کا) حاصل ۔ (۳) فیصلہ : تجویز : اسمبلی یا کاؤنسل کے غور و فکر کا نتیجہ : بحث کا ثمرہ (اب امریکا) : اسمبلی کا فیصلہ ۔

In result : نتیجہ کے طور پر : نتیجتاً ۔

Result : (v) [L. 'Resultare'.] (۱) نتیجہ نکلنا : منتج ہونا : نتیجہ وقوع میں آنا : اثر لینا : اثر قبول کرنا ۔ (۲) انجام ہونا: مآل کار ہونا : نتیجہ بر آمد ہونا : ختم کرنا یا ہونا : اختتام پذیر ہونا ۔ (۳) (قانون) حق ملکیت کا ایک معینہ میعاد یا موہوب کی وفات کے بعد واہب یا اس کی ورثا کی طرف عود کرنا ۔

Result sheet : (n) فرد نتائج ۔

Resultant : (n) (میکانیات) حاصل قوت : چھوٹی بڑی مخالف قوتوں کا حاصل ۔ (۲) مجموعی ما حصل : کسی شے کا نتیجہ: کسی چیز کا حاصل ۔ (۳) (ریاضیات) دیکھو Eliminant ۔

Resultant : (a) [L.' Resultantem'.] (۱) نتیجہ : اثر : ماحصل ۔ (۲) تالی : سیاق ۔

Resultant force : (n) (میکانیات) حاصل قوت ۔

Resultant thrust : (n) (میکانیات) حاصل ڈھکیل ۔

Resultantly : (adv.) نتیجتاً : با نتیجہ : جمعاً ۔

Resultants : (n) (کیمیا) حاصل اشیاء ۔

Resultative : (a) دیکھو Resultant

Resultful : (a) نتیجہ خیز : ثمر بخش : با نتیجہ ۔

Resultfully : (adv.) نتیجہ خیز طور پر ۔

Resulting temperature : (n) (طبیعیات) حاصل تپش ۔

Resultingly : (adv.) نتیجہ کے طور پر : نتیجتاً ۔

Resultless : (a) بے حاصل : بے نتیجہ : بے ثمر : بے فائدہ ۔

Resultlessly : (adv.) بے فائدہ طور پر ؛ لا حاصل طور پر ۔

Resultlessness : (n) بے نتیجگی ؛ لا حاصلی ۔

Resumable : (a) قابل آغاز ؛ شروع کردنی ؛ از کردنی ؛ قابل خلاصہ ؛ قابل اخذ ۔

Resume : (v) [L. 'Resumere'.] (۱) دوبارہ حاصل کرنا ؛ دوبارہ لینا ؛ پھر قبضہ کرنا ؛ دوبارہ احراز کرنا ۔ (۲) پر اختیار کرنا ؛ دوبارہ جاری کرنا ؛ پھر شروع کرنا ؛ تقریر کو جاری رکھتے ہوئے کہنا ؛ از سر نو آغاز کرنا ؛ دوبارہ بولنا شروع کرنا ۔ (۳) خلاصہ کرنا ؛ خلاصہ بیان کرنا ؛ لب لبالب تیار کرنا ۔ (۴) پھر ذمہ لینا ؛ از سر نو قبول کرنا ؛ واپس لے جانا (شخص کو) ۔ (۵) پھر استعمال ہونا ؛ پھر استعمال کرنا ۔ (۶) دوبارہ کام یا تجارت شروع کرنا ۔ (۷) لگاتار ہونا ؛ برابر ہونا ؛ ہوتے رہنا ؛ دوبارہ شروع ہونا ۔

Resume : (n) [Fr.] (۱) مختصر اعادہ ؛ خلاصہ ؛ لب لبالب ؛ نچوڑ ؛ تلخیص ؛ اختصار ؛ خصوصاً تعلیمی اور پیشے کے تجربے کا مختصر بیان ۔

Resumed land : (n) (زراعت) باز یافتہ اراضی ۔

Resumer : (n) دوبارہ حاصل کرنے والا ؛ پھر قبضہ کرنے والا ۔

Resuming charge : (n) (سیاسیات) جائزہ گیری ۔

Resummons : (n) [AFr. 'Resomons'.] (قانون) دوبارہ اجرا کیا ہوا سمن یا حکم نامہ ؛ احضار مکرر ؛ تجدید احضار ۔

Resumption : (n) [L. 'Resumptionem'.] (۱) دوبارہ حصول ؛ دوبارہ دخل ؛ دوبارہ قبضہ ؛ دوبارہ قبضہ کرنے کا عمل ۔ (۲) باز یافت ؛ باز گیری ؛ ادامہ ؛ تحصیل مجدد ۔ (۳) (قانون) ضبطی ؛ احراز مجدد ؛ (قانون) دوبارہ حق اور زین حاصل کرنے کا عمل ۔ (۴) دوبارہ آغاز ؛ پھر سے پانا ؛ پھر سے شروع کرنا ۔ (۵) (بینک) سکے کی ادائیگی کا گوشوارہ ۔

Resumption of grants : (n) (حق) ضبطی عطیات ۔

Resumptive : (a) [L. 'Resumptivus'.] ملخص ؛ ادامہ دہندہ ؛ جو پچھلے بیان کا خلاصہ کرے ؛ دُہرانے والا ۔

Resumptively : (adv.) ملخصاً ؛ خلاصہ کے طور پر ۔

Resupinate / Resupinated : (a) [L. 'Resumpinare'.] (نباتیات) مقلوب ؛ معکوس ؛ گھوما ہوا ؛ واژگون ؛ وارونہ ۔

Resupination : (n) (نباتیات) معکوس ہونا ؛ مقلوب ہونا ؛ مقلوبیت ؛ مقلوبی وضع ؛ پیچھے سے مڑا ہوا ہونا ؛ واز گونی ؛ وازونی ۔

Resupine : (a) [L. 'Resupinus'.] دیکھو Supine

Resupply : (n) تجدید ذخائر ۔

Resurge : (v) [L. 'Resurgere'.] (۱) دوبارہ اُٹھنا ؛ دوبارہ بلند ہونا ۔ (۲) دوبارہ زندہ ہونا ؛ پھر زندہ ہونا ؛ قبر سے اُٹھنا ؛ جی اُٹھنا ؛ دوبارہ واپس ہونا ؛ دوبارہ آنا ۔

Resurgence : (n) تجدید حیات ؛ تجدید فعالیت ؛ باز خیزی ؛ دوبارہ جی اُٹھنے کا عمل ۔

Resurgency : (n) دیکھو Resurgene

Resurgent : (n) [L. 'Resurgentem'.] دوبارہ جی اُٹھنے کا عمل ؛ تجدید حیات ؛ باز خیزی ۔

Resurgent : (a) پھر زندہ ہونے والا ؛ باز خیز ۔

Resurgent gases : (n) (ارضیات) باز خیز گیسیں ۔

Resurgent water : (n) باز خیز پانی ۔

Resurrect : (v) [Back-formation from Resurrection.] (۱) قبر سے نکالنا ؛ قبر سے اُٹھنا ؛ مُردے کو زندہ کرنا ؛ احیاء کرنا ؛ دوبارہ زندگی دینا ؛ دوبارہ حیات بخشنا ؛ دوبارہ زندگی پانا ۔ (۲) کسی چیز کی یاد تازہ کرنا ؛ پھر رواج دینا ۔

Resurrection : (n) [Late L. 'Resurrectionem'.] (۱) عیسیٰ مسیح کا قبر سے اُٹھنا ؛ قبر سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی باز خیزی یا اُس کا جشن ۔ (۲) رستخیز ؛ قیامت ؛ حشر ؛ مُردے کا قیام ؛ قیامت کے دن مُردے کا اُٹھنا ؛ تجدید حیات ۔ (۳) روز قیامت ؛ روز شمار ؛ حساب کتاب کا دن ۔ (۴) (عامیانہ) مُردے کا قبر سے نکالنا ؛ کسی چیز کو کھود کر نکالنا ؛ مشکل سے ڈھونڈ نکالنا ۔ (۵) پھر (سو کر) بیدار ہونے کا عمل ؛ پھر سے استعمال کرنے کا عمل ؛ تجدید ؛ احیاء ؛ پھر ہوش میں آنے کا عمل ؛ بحالی ؛ اپنی حالت پر عودکرنے کا عمل ؛ باز بحالی حالت ؛ اصلی حالت پر رجوع ۔ (۶) لاش چوری ۔ (۷) (حیاتیات) تجدید حیات ۔

Resurrection : (v) دیکھو Resurrect

Resurrection body : (n) دوبارہ زندہ کیا ہوا جسم ؛ جسم انسانی

(تجدید حیات کے بعد) .

Resurrection bone : (n) (تشریح) عظم عَجُزی .

Resurrection flower : (n) (۱)کیلیفورنیا کا ایک پودا . (۲) ایک قسم کا گلاب .

Resurrection man : (n) لاش چور : مردہ کو لے بھاگنے والا شخص : مردہ چور .

Resurrection pie : (n) وہ کھانا جو بچے کھچے کھانے سے تیار کرتے ہیں .

Resurrection plant : (n) دیکھو Resurrection flower

Resurrection woman : (n) لاش چور عورت : خاتون حافر قبر .

Resurrectional : (a) رستاخیزی : قیامتی : حشر کا یا اُس سے متعلق .

Resurrectionary : (a) دیکھو Restoratory

Resurrectioner : (n) لا ش چور .

Resurrectionism : (n) لاش لے بھاگنے کا عمل: مردہ لے جانے کا فعل .

Resurrectionist : (n) (۱) لاش چور : مردہ قبر سے نکالنے والا . (۲) معتقد قیامت . (۳) دوبارہ روشنی میں لانے والا : اصلی حالت پر لوٹنے والا .

Resurrectionize : (v) دیکھو Resurrect

Resurrective : (a) (۱) تجدید حیات کا یا اُس سے متعلق . (۲) قیامت کا یا اُس سے متعلق .

Resurrector : (n) اصلی حالت پر واپس آنے والا .

Resurvey : (v) کسی چیز کا دوسرا یا جدید جائزہ لینا .

Resurvey : (n) دوسرا یا جدید جائزہ .

Resuscitable : (a) قابل احیاء : زندہ کرنے کے لائق .

Resuscitably : (adv.) قابل احیاء طور پر : ہوش میں لاتے ہوئے : زندہ سازی کے ساتھ .

Resuscitate : (v) [L. 'Resuscitare'.] (۱)از سر نو زندہ کرنا : جلانا : جان ڈالنا : ہوش میں لانا . (۲) جان پڑنا : دوبارہ زندہ ہونا : جی اُٹھنا : ہوش میں آنا : دوبارہ زندگی پانا .

(۲) دوبارہ جاری کرنا : تازہ کرنا : قوت پہنچانا : تقویت دینا : احیا کرنا : تجدید کرنا : جمع کرنا (چیز) : بحالی کرنا : نیا ہونا (حالت) . (۳) دوبارہ جاری ہونا : تازہ ہونا : تقویت پانا : احیاء ہونا : پھر سے رواج دینا .

Resuscitation : (n) [late L. 'Resuscitationem'.] (۱)دوبارہ زندگی : احیاء : زندہ سازی : نئی زندگی . (۲) جان پڑنا : ہوش میں لانا یا آنا : تازہ کرنا یا ہونا : تازگی : از سر نو زندگی . (۳) بحالی : (طب) احیاء تنفس : تقویت .

Resuscitation apparatus : (n) (طب) آلۂ احیاء تنفس .

Resuscitative : (a) حیات بخش : جاں بخش : ہوش آور : قوت بخش : زندہ کردنی : احیاء شدنی : تازگی پیدا کرنے والا: نئی روح پھونکنے والا .

Resuscitator : (n) دوبارہ جلانے والا : احیاء کرنے والا : ہوش میں لانے والا : حیات دہندہ : احیاء کنندہ .

Ret : (v) [Du. 'Reeten'.] (۱) (سَن کو) بھگو کر اور ہوا میں سکھا کر نرم کرنا : سن وغیرہ کو نرم کرنے کے لئے پانی میں بھگونا : سن کو تر بتر کرنا . (۲) سڑنا (نمی سے گھاس کا) : رطوبت سے گھاس کا خراب ہونا .

Ret : (n) بھیگا ہوا سَن .

Retable : (n) [Fr. 'Retable'.] (کلیسا) قربان گاہ کے پیچھے الماری یا چوکھٹا جو منقش طاق میں لگا ہوتا ہے : طاقچۂ مخصوص صلیب .

Retable : (n) منت کی پیشکش (جس میں عیسائی اولیاء کی بڑی تصویریں ہوتی ہیں) .

Retabulum : (n) دیکھو Retable

Retail : (n) [OFr. masc. or 'Retaillefem'.] (۱) (معاشیات) خُردہ فروشی : پَر چون : پھٹکل بیچنا : خردہ : جزئی : جزجز: کم مقدار میں بیچنے کا عمل . (۲) دیکھو Retailer .

Retail : (a) خردہ فروشی سے متعلق یا اُس کا: خردے کا یا اُس سے متعلق : کم مقدار میں بیچنے سے متعلق .

Retail : (adv.) خردہ فروشی سے : پھٹکل طور پر .

At retail خردہ فروشی سے : پھٹکل میں : کم مقدار میں بکری .

Retail : (v) (۱) کم مقدار میں بیچنا : تھوڑا تھوڑا فروخت کرنا : خردہ فروشی کرنا : پھٹکل بیچنا . (۲) خردہ بکری کا ہونا :

خردہ میں بیچنا ۔ (۳) پھٹکل بکنا : مفصل بیان کرنا : شرح و بسط سے بیان کرنا : دوسرے سے دُہرانا : دوسرے سے دوبارہ کہنا : باربار کہنا ۔

Retail credit : (n) اُدھار گاہک : اُدھار صارف ۔

Retail dealer : (n) (معاشیات) خردہ فروش ۔

Retail price : (n) (معاشیات) پرچون قیمت : خردہ قیمت : جزئی قیمت ۔

Retail sale : (n) (معاشیات) خردہ فروشی ۔

Retail store : (n) خردہ فروشی کا اسٹور : خوردہ فروشی کی جگہ ۔

Retail trader : (n) (معاشیات) خردہ فروشی ۔

Retailer : (n) (۱) خردہ فروش : کم مال رکھنے والا ۔

Retailing : (n) خردہ فروشی ۔

Retailment : (n) خردہ فروشی کا عمل ۔

Retain : (v) [OFr. 'Retenir'.] (۱) قبضہ میں رکھنا : کنٹرول میں رکھنا : محفوظ رکھنا : بدستور قابض رہنا : ہاتھ سے نہ جانے دینا : نگاہ رکھنا ۔ (۲) تھامنا : روکنا : قائم رکھنا : جانے سے روکے رکھنا : علاحدگی سے روکنا ۔ (۳) پیشگی اُجرت دے کر مقرر کرنا (بیرسٹر کو) : خدمت کا پابند کرنا ۔ (۴) بدستور رکھنا : بدستور کرتے رہنا : ترک نہ کرنا : موقوف نہ کرنا ۔ (۵) یاد رکھنا : نہ بھولنا : ذہن میں خیال رکھنا : ذہن میں رکھنا ۔ (۶) بچانا : صحیح و سالم رکھنا : برقرار رکھنا ۔

Retainability : (n) ذہن میں محفوظ رہنا : ذہن میں باقی رہنا ۔

Retainable : (a) حفاظت : ذہن سے نہ نکلنا : نگاہ داشتنی : باقی رکھنے کے قابل : یاد رہنے والا : قبضے میں رہنے والا ۔

Retainableness : (n) (۱) (طب) حبس : حبس البول ۔ (۲) حفظ : یاد ۔ (۳) قبضے میں رکھنے کا عمل ۔ (۴) دیکھو Retention ۔

Retainal : (n) دیکھو Retainableness

Retained income : (n) رقم مَسک : جمع کی ہوئی رقم : بچی ہوئی رقم ۔

Retainer : (n) (۱) (قانون) با ضابطہ قبضہ رکھنے کا عمل : قبضہ رکھنے کا حکم : نگاہداری کا حکم ۔ (۲) پابندئ خدمت : پابندئ خدمت کی فیس (جو وکیل و بیرسٹر وغیرہ کو دی جائے) : پابندئ خدمت کی فیس دے کر معاہدگی ۔ (۳) جو از اختیار (کسی مقدمہ میں کام کرنے کے لئے) (خصوصاً امریکا) ۔

Retainer : (n) (۱) قبضہ رکھنے والا : بدستور قابض رہنے والا : جاری رکھنے والا : قائم رکھنے والا : صحیح و سالم رکھنے والا : محافظ : نگہبان ۔ (۲) پیروکار (شخص کا) ۔ (۳) (تاریخ) وابستۂ دولت : خادم : مصاحب : خدمت گار : استخدام : اشتعال ۔ (۴) (امریکا) دیکھو Sulter ۔

Retainership : (n) خدمت گاری : مصاحبت ۔

Retaining : (a) روکنے والا : قبضے میں رکھنے والا : پابندئ خدمت کرنے والا ۔

Retaining fee : (n) پابندئ خدمت کی فیس ۔

Retaining force : (n) وہ لشکر جو دشمن کی فوج کے ایک حصہ کو الجھائے رکھے ۔

Retaining wall : (n) پُشتی دیوار : پُشتہ ۔

Retainment : (n) دیکھو Retainableness

Retaliate : (v) [late L. 'Retaliat , Retaliare '.] (۱) بدلہ لینا : بدلہ نکالنا : عوض لینا : انتقام لینا : تاوان دینا : تلافی کرنا ۔ (۲) الٹا الزام لگانا : الزام کو حریف پر اُلٹ دینا ۔ (۳) ترکی بہ ترکی جواب دینا ۔ (۴) درآمد پر جوابی محصول لگانا ۔

Retaliation : (n) (۱) تلافی : مثل جواب گوئی : انتقام جوئی : بدلہ : مکافات : پاداش : جزا : انتقام : معاملۂ متقابل : ترکی بہ ترکی : جیسے کو تیسا ۔ (۲) (قانون) جوابی الزام ۔ (۳) (سیاسیات) جوابی محصول ۔

Law of retaliation : (قانون) العین بالعین : مکافات : جیسے کو تیسا ۔

Retaliative : (a) انتقامی : جوابی : الزامی : تلافی کنندہ : جذبۂ انتقام ۔

Retaliator : (n) انتقام لینے والا : بدلہ لینے والا : الٹا الزام لگانے والا ۔

Retaliatory : (a) دیکھو Retaliative

Retama : (n) [Arab. 'Retam' pl. of 'Retem'.] ایک قسم کا جھاڑی دار پودا ۔

Retamine : (n) (کیمیا) ریتم سے نکالا ہوا الکحل ۔

Retard : (n) [Fr. 'Retarder'.] (۱) تاخیر ؛ تعویق ؛ روک ؛ ڈھیل ؛ پس اندازی ۔ (۲) مدّ کے قبل کا تعفہ ۔

In retard : تاخیر کیا ہوا ؛ دیر ؛ تعویق شدہ ؛ تاخیر سے ۔

Retard : (v) [L. 'Retardare'.] (۱) ڈھیل ڈالنا ؛ رفتار سست کرنا ؛ ترقی روکنا ؛ باعث تاخیر ہونا ؛ سدِ راہ ہونا ؛ تاخیر کرنا ؛ مزاحمت کرنا ؛ مزاحم ہونا ؛باز رکھنا ؛ حائل ہونا؛ روڑا اٹکانا ۔ (۲) دیر سے واقع ہونا ؛ مقررہ وقت کے بعد واقع ہونا ؛ تاخیر سے وقوع پذیر ہونا ۔

Retard of the tide / -high water : (n) مدّ کے قبل کا وقفہ ۔

Retardance : (n) (۱)تاخیر ؛ تعویق ؛ سست ؛روک ؛ ڈھیل ؛ پس اندازی ۔ (۲) (میکانیات) ابطا (طب) تاخیرِ نمو ؛ (حیاتیات) تعویق ؛ تاخیر ۔ (۳) (طبعی سائنس) حرکتی جسم ؛ حرکت کرنے والی باڈی ۔ (۴) مدّ کے قبل کا وقفہ ؛ دن کے وقت مدّ کے قبل کے وقفے کی زیادتی ۔ (۵) روشنی کی کرنیں؛ شعاع ؛ گرمی کی لہر ۔ (۶) (موسیقی) سُر یا تان میں تاخیر ؛ سست رفتاری ۔ (۷) ترقی میں رکاوٹ؛ سست رفتاریٔ ترقی ؛ اسکول کے امتحان میں ناکامیابی ۔

Retardancy : (n) تاخیر کا عمل ؛ تعویق کی صفت ۔

Retardant / Retardent : (a) تاخیری ؛ رکاوٹ ؛ مزاحمت کرنے والا ؛ تاخیر کار ؛ کند ساز ؛ درنگ کنندہ ۔

Retardant : (n) (۱) کند ساز ؛ تاخیر کرنے والا ۔ (۲) دیکھو Retarder ۔

Retardate : (n) سست رفتار لڑکا (اسکول جانے والا) ؛ اسکول تاخیر سے پہنچنے والا لڑکا ؛ غبی ؛ کند ذہن ۔

Retardation : (n) [L. 'Retardationem'.] دیکھو Retardance

Retardative : (a) تعویقی ؛ تاخیری ؛ رکاوٹ پیدا کرنے والا ؛ کند ساز ؛ تاخیر کار ۔

Retardatory : (a) دیکھو Retardative

Retarded : (a) متأخر؛ سست (ذہنی و عملی) ؛ سست (تعلیمی رفتار میں) غبی ؛ کُند ۔

Retarder : (n) کند ساز ؛ تاخیر کرنے والا ؛ معوق ؛ (کیمیا) عمل روک ؛ عمل سست کُن ۔

Retardment : (n) تاخیر ؛ تعویق ؛ درنگ ؛ کُند سازی ؛ ڈھیل ؛ روک ۔

Retaste : (v) دوبارہ چکھنا ؛ پھر سے مزہ لینا ۔

Retch : (v) [var. of reach.] اُبکائی آنا ؛ متلی کا ہونا ؛ قے کرنا ؛ اُغ اُغ کرنا ؛ استفراغ کی آواز نکالنا ۔

Retch : (n) (طب) اُغ ؛ اُبکائی ؛ قے ؛ متلی ۔

Retch : (n) (بول چال) Reach کا متبادل ۔

Retch : (بول چال) Reach کا فعل ماضی ۔

Rete : (n) [L.] (حیوانیات) ضفیرہ ؛ شبکہ ؛ جالی ۔

Rete mucosum/ Retemalpighii : (n) (حیوانیات) شبکۂ مُخاطیہ ؛ پردہ ملیگی ۔

Rete testis : (n) (حیوانیات) شبکۂ خصیہ ۔

Rete vril : (n) (حیوانیات)شبکۂ مَبیضہ ۔

Retell : (v) دوبارہ بیان کرنا ؛ دُہرانا ؛ کہنا ۔

Retemirabile : (n) [L.] (حیوانیات) شبکۂ عُروق خوزہ ۔

Retence : (n) [Gr. 'Retene'.] (کیمیا) ایک قسم کا ہائڈروکاربن جو رال نما اجناس کی لکڑی سے حاصل ہوتا ہے ۔

Retention : (n) [L. 'Retentionem'.] (۱) (طب) حبسی ؛ حبس البول ؛ پیشاب یا کسی اور Secretion کے عمل کا بند ہو جانا۔ (۲)امساک ؛ تحفظ (نفسیات) حفظ ؛ یاد ۔ (۳) نگہداری؛ ضبط ؛ حافظہ ؛ اتکاء ؛ احتباس ؛ بند ؛ استحضار ۔ (۴)قائم رکھنے کا عمل ؛ حافظے میں رہنے کا عمل ؛ قبضے میں رکھنے کا عمل ؛ قبضہ رکھنے کا عمل ۔

Retention of urine : (n) (طب) احتباس بَول ؛ بندش پیشاب ۔

Retentive : (a) [OFr. 'Retentif'.] (۱) قوی ؛ ماسک (حافظہ) ؛ قابض؛ ضبط کنندہ ؛ کچھ رکھنے والا ؛ ملکیت کا ۔ (۲) قوی حافظے کا (شخص) ؛ یار ۔ (۳) ممسک ؛ رطوبت وغیرہ کو دیر تک رکھنے والی (شے) ۔ (۴) (جراحی) (پٹی وغیرہ) جو کسی عضو وغیرہ کو اپنی جگہ سے نہ ہٹنے دے ۔

Retentive memory : (n) (نفسیات) قوی حافظہ ؛ ماسکیّت ۔

Retentively : (adv.) ماسکانہ ؛ ممسکانہ ؛ قائم رکھتے ہوئے ۔

Retentiveness : (n) (۱) (نفسیات) امساک ؛ قوت ضبط ؛ حافظہ ۔ (۲) قوت ماسکہ ؛ امتساک ؛ قائم رکھنے کی قوت ۔

Retentivity : (n) (۱) امتساک ۔ (۲) ضبط ۔ (۳) جبری قوت ۔

Retentor : (n) (حیوانیات) عضلۂ ضابطہ ۔

Retenue : (n) [Fr.] (فرانسیسی) رکھ رکھاؤ ؛ طبیعت پر قابو ؛ ضبط نفس ۔

Retepore : (n) [med. L. 'Retepora '.] حوین مجتمعہ کی ایک قسم ۔

Rethink : (v) دوبارہ غور و فکر کرنا ؛ نظر ثانی کرنا ۔

Rethinking : (n) دوبارہ غور و فکر ؛ نظر ثانی ۔

Retiariae : (n) جالا سازاں ؛ جالا مکڑیاں ۔

Retiarius : (n) [L.] رومی پیشہ ور تیغ زن (جس کا رومائے قدیم میں عالم جشن یا تماشوں میں مقابلہ کرایا جاتا تھا اور جس کے پاس جال ہوتا تھا جس سے مخالف پر حملہ کرتا تھا)۔

Retiary : (a) [L. 'Retiarius'.] (۱) جالا ساز ؛ جالا سازی کا یا اُس سے متعلق ؛ (حیوانیات) جال نما ؛ شبکہ ۔ (۲) جنگ شبکہ ؛ جال سے لڑائی ۔

Retiary : (n) جالا مکڑی ؛ جالے والی مکڑی ۔

Retiary spider : (n) (۱) جالے والی مکڑی ؛ جالا مکڑی ۔ (۲) وہ مکڑی جس کے جال میں ہندسی اشکال پائی جاتی ہیں ۔

Reticence : (n) [L. 'Reticentia'.] (۱) خاموشی ؛ سکوت ؛ کم گوئی ؛ کم سخنی ؛ ضبط ؛ اپنے دل کا حال چھپانا ؛ غمض کلام ؛ اپنے خیال کو ظاہر نہ کرنا ؛ خود داری ۔ (۲) اعتدال ؛ مبالغے سے پرہیز ۔ (۳) اخفا؛ پوشیدگی ؛ کتمان ۔ (۴)(جمع) خاموشی کی عادت؛ گھناپن ؛ ان بولا پن ۔ (۵) تجاہل عارفانہ ۔

Reticency : (n) دیکھو Reticence

Reticent : (a) [L. 'Reticentem'.] (۱) کم گو ؛ کم سخن ؛ محتاط ؛ خاموش ؛ ساکت ؛ ضابط ۔ (۲) اعتدال پسند ۔ (۳) اخفا سے کام لینے والا ؛ راز پوش ؛ پردہ دار ؛ کتمان کنندہ ۔ (۴) چپ ؛ خاموش ؛ گھنا ۔

Reticently : (adv.) کم سخنی سے ؛ ضبط سے ؛ اخفا سے ؛ اعتدال سے ۔

Reticle : (n) [L. 'Reticulum'.] (۱) شبکۂ دوربین نجومی ؛ باریک جال جو دوربین کے دہانے میں لگائی جاتی ہے۔(۲)(بصریات) شبکہ ؛ شبکۂ دوربین ۔

Reticular : (a) [mod. L. 'Reticularis'.] (۱) جالی نما ؛ شبکہ دار ؛ مُشبّک ؛ جالی دار ۔ (۲) (تشریح) خَلوی ؛ خانہ خانہ ۔ (۳) (تشریح) شبکی ؛ (حیوانیات) قَلنسَوی ۔ (۴)(تعمیرات) معین نما پتھر ؛ اینٹ کا بنا ہوا ۔ (۵)پیچیدہ ؛ پُر پیچ ؛ پیچ در پیچ ؛ دھندلا ؛ الجھا ہوا ۔

Reticular cartilage : (n) شبکی غضروف ارتجاعی ۔

Reticular cells : (n) (تشریح) شبکی خلیّات ۔

Reticularia : (n) (نباتیات) لُعابی فُطرات ۔

Reticularly : (adv.) شبک طور پر ؛ جالی نما انداز سے ۔

Reticulate : (a) [L. 'Reticulatus'.] (۱) شبکہ دار ؛ شبک ؛ جالی دار ۔ (۲) دیکھو Reticulated ۔

Reticulate : (v) [Back formation from next.] چھوٹے چھوٹے خانوں یا مربعوں میں ترتیب پانا یا ترتیب دینا ؛ جال سے بنا یا بنانا ؛ جالی بننا یا بنا جانا ؛ مشک کرنا ؛ مشک ہونا ۔

Reticulated : (a) [f. as Reticulate (a) - + ed.] (۱) جالی دار ؛ مشبکہ دار ؛ مُشبک ؛ جالی دار ؛ خانے دار ۔ (۲) معین نما پتھر اور اینٹ کا بنا ہوا ۔ (۳) چھوٹے چھوٹے مربعوں میں تقسیم کیا ہوا ؛ چھوٹے مربعوں میں منقسم ۔

Reticulated glass : (n) جالدار گلاس ؛ مشبک شیشہ ۔

Reticulated micrometer : (n) (طبیعیات) مشبک خُردہ پیما ۔

Reticulated python : (n) جنوبی ایشیا کا بہت بڑا اژدہا (جو سانپ کی قسموں میں سب سے بڑا ہوتا ہے) ۔

Reticulated tracery : (n) مشبک پتھر کے کٹاؤ کا آرائشی کام ؛ مشبک قدرتی نقش و نگار ۔

Reticulated work : (n) (تعمیرات) شبکہ کاری ؛ الماس کاری ۔

Reticulate veined : (n) (حیاتیات) مُشبک رَگ ۔

Reticulately : (adv.) جالی کی طرح سے ؛ جالی کی مانند سے ؛ چھوٹے چھوٹے خانوں یا مربعوں میں ۔

Reticulation : (n) (۱) شبکہ بندی ؛ جالی بننا یا بنانا ۔ (۲) (آرٹ) شبکی مصوّری ۔ (۳) جالداری ؛ تشبک ۔

Reticulato- : سابقہ Reticulate کی شکل ۔

Reticule : (n) [L. 'Reticulum'.] (۱) دیکھو Reticle ۔ (۲) عورتوں کی جالی دار تھیلی یا کیسہ ۔ (۲) (علم النجوم) شبکہ : ایک جنوبی صورت یا کوکبہ جو حال میں دریافت ہوا ہے۔

Reticule basket : (n) چھوٹا کیسہ : چھوٹی ٹوکری ۔

Reticulin : (n) شبکین ریٹیکولن ۔

Reticulin fibres : (n) شبکین رُیشے ۔

Reticulitis : (n) (بیطاری) ورم قُلنسو : ورم معدۂ دوم ۔

Reticulo- : [form of L. 'Reticulum'.] سابقہ Reticulum کی شکل

Reticulocyte : (n) (حیوانیات) شبکہ خلیّہ ۔

Reticulocytosis : (n) (حیوانیات) شبکہ خلویّت ۔

Reticuloplasm : (n) شبکِ مایہ ۔

Reticulose : (a) [f. L. 'Reticulum + -ose'.] مشبک : جالی دار : جال دار ۔

Reticulum : (n) [L. 'Din of ret'.] (۱) جگالی کرنے والے جانوروں کا دوسرا معدہ : قلنسوہ : معدۂ دوم ۔ (۲) جالی دار جھلّی : جائی وغیرہ: شبکہ ۔ (۲) (علم النجوم)دیکھو Reticule. (نباتیات) ریشہ دار پتیاں ۔

Retiform : (a) [mod. L. 'Retiformis'.] جالی دار : جالی نما : مثل جال : جالی کا سا ۔

Retina : (n) [med. L. 'Ret'.] (تشریح) شبکیّہ : پردۂ چشم : آنکھ کا پردہ : پردۂ شبکی ۔

Retinaculum/ -ula : [L. f. 'Retinere'.] (تشریح) بندِ رابط : (نباتیات) زرِ گرہ : (حیوانیات) خطیفہ : قلابہ ۔

Retinal : (n) پردۂ چشم کا : پردۂ شبکی کا یا اس سے متعلق ۔

Retinal fatigue : (n) (عضویات) تکان شبکیہ ۔

Retinalite : (n) [Gr. 'Retine' + -lite.] (کان کنی) سبز مار سنگ ۔

Retinasphalt/ -asphaltum : (n) رال متحجر ۔

Retinic : (a) (کیمیا) رال متحجر میں پایا جانے والا ایک ایسڈ ۔

Retinite / Retinit : (n) [Fr.] (کان کنی) زفت سنگ : رال پتھر ۔

Retinitis : (n) (طب) سوزش شبکیّہ : ورم شبکیہ : سوزش پردۂ شبکی ۔

Retinitis pigmentosa : (طب) سوزش رنگین طبق شبکیّہ ۔

Retino- : سابقہ Retina کی شکل ۔

Retinoblastoma : (n) (طب) قرحۂ چشم ۔

Retinoid : (a) (کیمیا) رال نما ۔

Retinol / Retinole : (n) [Gr.] ایک قسم کا ہائیڈروکاربن جو رال سے نکلتا ہے ۔

Retinophoral : (a) (حیوانیات) شبکیّہ برداری کا یا اس سے متعلق ۔

Retinophore : (n) (حیوانیات) شبکیّہ بردار ۔

Retinoscope : (n) (طب) شبکیّہ بیں ۔

Retinoscopic : (a) شبکیّہ بینی سے متعلق ۔

Retinoscopically : (adv.) شبکیّہ بینی کے طور پر ۔

Retinoscopy : (n) (طب) شبکیّہ بینی : معائنہ شبکیّہ : معائنہ چشم ۔

Retinospora : (n) (نباتیات) سدا بہار سرو ۔

Retinue : (n) [OFr. 'Retenule'.] خدم و حشم : نوکر چاکر : ساتھ رہنے والے نوکر : کسی رئیس کے ملازم جو اس کے جلو میں یا ہم رکاب ہوں ۔

Retinue : (v) (۱) خدم و حشم رکھنا : نوکر چاکر رکھنا ۔ (۲) نوکرچاکر کا ساتھ چلنا : ملازم کا ہم رکاب ہونا ۔

Retinula / -ulae : (n) (حیاتیات) شُبیکیّہ : بصری خلیّہ ۔

Retinular : (a) بصری خلیّہ کا یا اس سے متعلق ۔

Retinulate : (a) دیکھو Retinular

Retiracy : (n) (امریکا) فارغ خدمت : عزلت نشینی : گوشہ نشینی : ملازمت سے سبکدوشی : خلوت : علاحدگی ۔

Retiral : (a) ملازمت سے سبکدوشی کا عمل : علاحدہ ہونے کا عمل یا فعل ۔

Retire : (n) [f. the v.] (۱) علاحدگی ہونے کا عمل ؛ علاحدگی ؛ کنارہ کشی ۔ (۲) تنہائی ؛ خلوت ؛ عزلت ۔ (۳) گوشۂ تنہائی ؛ خلوت کی جگہ ۔

To sound a (or the) retire : (جنگ میں) واپسی کا حکم ۔

Retire : (v) [Fr.'Retirer'.] (۱) ہٹ جانا ؛ علاحدہ ہو جانا ؛ اُٹھ کر چلے جانا (سونے کے لئے) ؛ کنارہ کشی اختیار کرنا ؛ کنارہ کرنا ؛ خانہ نشیں ہونا ؛ ترک دنیا کرنا ؛ عزلت گزیں ہونا ؛ تنہائی اختیار کرنا ۔ (۲) ملازمت ترک کرنا ؛ نوکری چھوڑنا ؛ پنشن لینا ؛ کاروبار سے الگ ہو جانا ۔ (۳) کرکٹ میں بغیر آؤٹ ہوئے کھیل ختم کر دینا ؛ (کھیل سے) باہر چلا جانا ؛ نکل جانا ۔ (۴) نوکری چھوڑنے ، استعفا دینے یا پنشن لینے پر مجبور کرنا ۔ (۵)فوج کو واپسی کا حکم دینا ؛ فوج کو واپس لینا؛ منسوخ کرنا ۔ (۶) (ہنڈی ، نوٹ وغیرہ) گردش سے واپس لینا ؛ منسوخ کرنا ۔ (۷) فوج کو واپسی کا حکم دینا یا اشارہ کرنا ۔ (۸) (احاطہ بندی) ایک دو قدم پیچھے ہٹ جانا ۔ (۹) پیچھے ہٹنا ؛ دست کش ہونا ؛ باز آنا ؛ چھوڑ بیٹھنا ۔ (۱۰) نگاہ سے غائب ہو جانا ؛ دفعتاً غائب ہو جانا ؛ یکایک نظر سے اوجھل ہو جانا ۔ (۱۱)دھیان سے ہٹا دینا (چیز کو) ؛ پوشیدہ رکھنا؛ مخفی رکھنا ؛ تاریکی میں رکھنا ؛ چھپا دینا ۔ (۱۲)واپس کھینچنا (چیز کو) ؛ دوبارہ لوٹا لینا ؛ واپس لے لینا؛ واپس لینا ؛ پھر سے حاصل کرنا ۔ (۱۳) بل ادا کرنا ؛ لے لینا ؛ عمل روک دینا ؛ نفاذ کو اٹھا لینا ؛ سکۂ رائج الوقت کو واپس لے لینا ۔ (۱۴) (افسر کو) کام سے ہٹا دینا ؛ ریٹائر کر دینا ؛ میدان عمل یا حلقۂ اثر سے ہٹا دینا ۔

To retire into oneself : خاموشی اختیار کرنا ؛ لوگوں سے میل جول ترک کرنا ؛ گوشہ نشینی اختیار کرنا ۔

Retired : (a) (۱)گوشہ نشیں ؛ عزلت گزیدہ ؛ الگ تھلگ ؛ جدا کردہ ؛ منقطع ؛ تنہا ۔ (۲) ریٹائرڈ ؛ پنشن یافتہ ؛ سابق ؛ ملازمت سے سبکدوش کیا ہوا ۔ (۲) ہٹایا ہوا ؛ کسی مقام یا جگہ سے ہٹا ہوا ؛ محتاط ؛ محفوظ۔ (۳) (قلعہ بندی) پیچھے جھکا ہوا ؛ پیچھے کی طرف جھکا ہوا ۔ (۵) (سیاسیات) فارغ خدمت ؛ سرکاری کام سے علاحدہ کیا ہوا ۔ (۶) دقیق ؛ مشکل ؛ مسیر الفہم ؛ پیچیدہ ؛ غامض ؛ غیر معروف ۔

Retired allowance : (n) پنشن ۔

Retired flank : (a) (قلعہ بندی) پیچھے کی جانب جھکا ہوا ۔

Retired list : (n) پنشن خوروں کی فہرست ؛ فہرست پنشن یافتہ ۔

Retired pay : (n) دیکھو Retired allowance

Retiredly : (adv.) پنشن یافتہ کے طور پر ؛ الگ تھلگ رہتے ہوئے ؛ گوشہ گیری کے طور پر ۔

Retiredness : (n) (۱) گوشہ نشینی ؛ عزلت گزینی ؛ علاحدگی ۔ (۲) پنشن یا فتنی ۔

Retiree : (n) (۱) گوشہ نشیں ہونے والا ؛ تنہائی اختیار کرنے والا ۔ (۲) پنشن پانے والا ۔

Retirement : (n) (۱) (فوج) واپس بلانے کا عمل ؛ پیچھے ہٹنے کا عمل۔ (۲) علاحدہ ہونے کا عمل ؛ کنارہ کشی ؛ علاحدگی ؛ کنارہ گیری ۔ (۳) تنہائی ؛ خلوت ؛ عزلت ۔ (۴) گوشۂ تنہائی ؛ خلوت کی جگہ ؛ تنہائی کا وقت یا موقع ؛ وقت خلوت ۔ (۵) جائے تنہائی ؛ کنج عزلت ؛ گوشۂ عافیت ؛ جائے پناہ ؛ کمین گاہ ۔ (۶) ملازمت ؛ پیشہ ، تجارت وغیرہ سے علاحدگی ؛ پنشن حاصل کرنے کا عمل ؛ سبکدوشی (ملازمت سے) ۔ (۷) تشہیر یا اشتہار سے الگ کرنے کا عمل ؛ مانع تشہیر ۔

Retirement plan : (n) پنشن پلان ۔

Retirer : (n) (۱) علاحدگی اختیار کرنے والا ؛ عزلت نشیں ۔ (۲)پنشن لینے والا ۔

Retiring : (a) محتاط ؛ خلوت پسند ؛ تنہائی میں رہنے والا ؛ خاموش؛ جھجھکنے والا ؛ شرمیلا ۔

Retiring room : (n) (۱) (ریل) عارضی آرام گاہ ؛ کمرۂ آرام ؛ آرام کرنے کا کمرہ ۔ (۲) خلوت خانہ ۔ (۳) بیت الخلاء ۔

Retiringly : (adv.) خلوت پسندانہ ؛ خاموشی کے ساتھ ۔

Retiringness : (n) خلوت پسندی ؛ شرمیلا پن ؛ خاموشی ۔

Retool : (v) (۱) (فیکٹری ، کارخانہ کو) نئے نئے آلات و اوزار سے آراستہ کرنا ۔ (۲) از سر نو تنظیم کرنا ؛ دوبارہ ترتیب دینا ۔

Retooling : (n) نئے نئے آلات و اوزار کی ترتیب اور آراستگی ۔

Retorsion de droit : (n) [Fr.] قانونی بدلہ ؛ قانونی مکافات ؛ قانون کے ساتھ انتقام ۔

Retort : (n) [f. Retort (v).] (۱) دندان شکن جواب ؛ ترکی بہ ترکی جواب ؛ الزامی جواب ؛ الٹا الزام ۔ (۲) بدلہ ؛ انتقام ؛ انتقامیہ ۔

Retort : (n) [Fr. 'Retorte'.] (۱) (کیمیا) انبیق ؛ قرنبیق ؛ ریٹارٹ ۔

(۲) ایک برتن جس میں پارہ کو بخارات کے ذریعہ ملاوٹ سے علاحدہ کیا جاتا ہے ۔ (۳) کاربن کے ساتھ لوہا گرم کرنے کا برتن ۔ (۴) مٹی یا لوہے کا برتن جس میں کوئلہ گرم کیا جاتا ہے ۔

Retort : (v) [f. L. 'Retort'.] (۱) (قول یا فعل سے) ترکی بہ ترکی جواب دینا ؛ فوراً جواب دینا ؛ دندان شکن جواب دینا؛ اسی طرح جواب دینا ؛ بدلہ لینا ؛ انتقام لینا ؛ سخت لہجے میں کہنا ۔ (۲) الٹ کر جواب دینا ؛ الزامی جواب دینا ؛ الٹ کر الزام لگانا ؛ دلیل کو حریف پر الٹ دینا ؛ پھبتی کو دوسرے پر الٹ دینا ۔ (۳) دوبارہ ادا کرنا ؛ پھر سے دینا ؛ واپس کرنا ۔ (۴) اپنے بیان کو بدل دینا ؛ مخالف میں کہنا ۔ (۵) منعکس ہونا (حرارت ، روشنی)؛ آواز کی باز گشت ہونا ؛ آواز کا گونجنا ۔ (۶) واپس ہونا یا کرنا ؛ پیچھے مڑنا ؛ پیچھے موڑنا ۔ (۷) پیچھے کودنا؛ عقب میں جست لگانا ؛ پیچھے اڑنا ؛ واپس ہونا ؛ الٹی جست کرنا ؛ باز گشت کرنا ؛ پھرنا ؛ بل کھانا ؛ پیچ و خم کے ساتھ چلنا ۔

Retort : (v) پارے کو قرنبیق میں گرم کر کے صاف کرنا ۔

Retort stand : (n) (کیمیا) قرنبیق کی ٹیکن ؛ ریٹارٹ اسٹینڈ ۔

Retorted : (a) (۱) پیچھے کی جانب مڑا ہوا ؛ جھکا ہوا ؛ خم ؛ خمیدہ ؛ برگشتہ ؛ کج ۔ (۲) واپس کیا ہوا ؛ پھیرا ہوا ۔ (۳) مرجع؛ رجوع کیا ہوا ۔

Retortion / Retorsion : (n) [med. L. 'Retortionem'.] (۱) پیچھے کی طرف موڑنے یا مڑنے کا عمل ؛ پیچھے جھکنے کا عمل ؛ خم سازی ؛ کج سازی ۔ (۲) (سیاسیات) انتقامیہ ؛ عمل متقابل ؛ معاملہ بمثل ۔ (۳) باز گشت ؛ رجوع ؛ بر گشت ؛ انحراف ۔ (۴) (بین الاقوامی قانون) انتقامی کاروائی جو ایک ریاست دوسری ریاست کے ساتھ کرتی ہے ۔ (۵) بحث کا جواب ؛ متقابل عمل ۔

Retouch : (n) [Fr. 'Retouche'.] (تصویر وغیرہ کی) درستگی ؛ اصلاح ۔

Retouch : (v) [Fr. 'Retoucher'.] (تصویر وغیرہ کو) درست کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ ترمیم کرنا ؛ دوبارہ ٹھیک کرنا ۔

Retoucher : (n) تصویر کو دوبارہ درست کرنے والا؛ اصلاح کار تصویر ۔

Retouching : (n) (۱) (فوٹوگرافی) درست کاری ۔ (۲) (پرنٹنگ) سنگ سازی ۔

Retrace : (v) [Fr. 'Retracer'.] (۱) کھوج لگانا ؛ تلاش کرنا ؛ سراغ لگانا؛ پتا چلانا (آغاز وغیرہ کا)۔ (۲) دوبارہ غور کرنا؛ دوبارہ مطالعہ یا معائنہ کرنا ۔ (۳) حافظے میں دُہرانا (گزرے ہوئے واقعات کو) ؛ گزرے ہوئے واقعات کو یاد کرنا ۔ (۴) رجعت قہقری کرنا ؛ اسی راستے سے واپس ہونا (جس راستے سے گیا ہے) ۔ (۵) اپنی کاروائی کو رد کرنا ؛ طرز عمل سے باز آنا؛ کئے کی تلافی کرنا ۔

Retract : (v) [f. L. 'Retoract- , retranere'.] (۱) واپس لینا ؛ منسوخ کرنا ؛ فسخ کرنا ؛ باز آنا ؛ انکار کرنا (پابندی یا تعمیل سے) ؛ غلطی کا اعتراف کرنا ؛ اپنی رائے یا قول کو واپس لینا ؛ (کوئی چیز) واپس لینا ۔ (۲)سکیڑنا؛ سمیٹنا ؛ اندر کھینچنا ؛ سکڑنا ؛ سمٹنا ؛ اندر کھنچنا ۔

Retract : (v) [L. 'Retractare'.] (۱) ہٹا دینا ؛ کھینچ لینا ؛ واپس لے لینا ؛ اٹھا لینا ؛ بلا لینا ؛ فسخ کرنا ؛ منسوخ کرنا ؛ رد کرنا؛ مسترد کرنا ؛ کالعدم کرنا ۔ (۲)بیان واپس لے لینا ۔ (۳) انکار کرنا ؛ تردید کرنا ۔ (۴) (تاش) واپس لے لینا ؛ خیال بدل دینا ؛ کھیلنے سے انکار کردینا۔

Retractable : (a) (۱) انقباض پذیر ؛ باز گرداں ۔ (۲) تنسیخ پذیر ؛ جو واپس لیا جاسکے ۔ (۳) سکڑنے یا سکیڑنے کے قابل۔

Retractation : (n) [L. 'Retractationem'.] (۱) (جمع میں) سینٹ اگسٹائن کی لکھی ہوئی ایک کتاب کا نام ۔ (۲) تردید بیان ؛ تردید خیال ؛ منسوخی وعدہ ؛ معاہدہ کی تنسیخ ۔ (۳) (نباتیات) انقباض ؛ باز گردانی ۔ (۴) پس گیری ؛ دست برداری ۔

Retracted : (a) (۱) (نباتیات) باز گردہ ؛ پیچھے مڑا ہوا ؛ پس کشیدہ ؛ انقباضی ۔ (۲) دست کشیدہ ؛ منکر ؛ عقب زدہ ۔ (۳)پس کشیدہ زبان سے تلفظ کیا ہوا ۔ (۴) (تاکید کا) لفظ کی ابتدا میں ہونے کی حالت ۔

Retractile : (a) [Fr. 'Retractile'.] جمع شدنی ؛ قابل انقباضی ؛ عقب کشیدنی ؛ انقباض پذیر ؛ باز گردان ؛ تنسیخی قوت و عمل کو ظاہر کرنے والا ۔

Retractility : (n) انقباض پذیری ؛ قوت قبض ؛ سکڑنے یا سکیڑنے کی قابلیت ۔

Retraction : (n) [late L. 'Retractionem'.] (۱) (نباتیات) انقباض ؛ بازگردانی ۔ (۲)پس گیری ؛ دست برداری ۔ (۳) تنسیخ؛ منسوخی ؛ واپس لینے کا عمل ؛ استرداد ۔ (۴) قوت قبض؛ باز گرداں کی صلاحیت یا قوت ۔ (۵) تاکید کے لفظ کو آخر میں رکھنے کا عمل ۔ (۶) (صوتیات) تلفظ کے قوت زبان کو پیچھے کی طرف کھینچنا ؛ اس طرح سے حرف علت میں تبدیلی ۔

Retractive : (a) سکڑنا یا سکڑنے کا ؛ باز گردانی کا یا اس سے متعلق ؛

باز گردہ : عقب زدہ .

Retractor : (n) (۱) (حیوانیات) عضلۂ مُنقبضہ . (۲) آلۂ منقبضہ : پٹی اور دوسری چیزیں جو مختلف آپریشن میں استعمال ہوتی ہیں . (۳) وہ عضلہ جس سے عضو اندر کو کھینچا جاتا ہے .

Retractor muscle : (n) عضلۂ مُنقبضہ .

Retrad : (adv.) (تشریح) پُشت رُو : پیچھے نظر ڈالتے ہوئے : عقب کی طرف .

Retral : (a) (۱) عقبی : پیچھے کی طرف نظر ڈالنے والا : الٹی : باز گرد . (۲) (تاریخ موالید) پیچھے کا : پشت کی طرف کا .

Retransfer : (n) باز انتقال : باز تبدیلی : باز منتقلی .

Retransfer : (v) پھر منتقل کرنا : دوبارہ منتقل کرنا .

Retransformation : (n) (۱) مور شکل . (۲) (کیمیا) باز قلبِ ماہیت .

Retranslate : (v) دوبارہ یا پھر ترجمہ کرنا : (خصوصاً) اصلی زبان میں (جس سے ترجمہ کیا گیا تھا) ترجمہ کرنا .

Retranslation : (n) باز ترجمہ .

Retransmission : (n) (۱) باز ترسیل : باز انتقال : دوبارہ گزر . (۲) واپسی .

Retransmit : (v) (۱) دوبارہ منتقل کرنا : پھر بھیجنا : دوبارہ ارسال کرنا . (۲) واپس بھیجنا .

Retread : (v) دوبارہ چلنا : دوبارہ قدم دھرنا : پھر قدم رکھنا .

Retread : (v) ٹائر کو نئے ربر سے بنانا : ٹریڈ چڑھانا (ٹائر پر) نئے ربر سے ٹائر تیار کرنا .

Retread : (n) نئے ربر سے بنایا ہوا ٹائر : ربر چڑھایا ہوا ٹائر .

Retreading : (v) نئے ربر سے ٹائر کو بنانا .

Retreat : (n) [OFr. 'Retret (e)'.] (۱) (فوج) پسپائی : باز گشت : مراجعت : واپسی : واپس کا حکم یا اشارہ . (۲) (فوج) شام کا بگل : نوبت شام . (۳) گوشہ نشینی : گوشۂ عافیت : کنج عزلت : سبکدوشی : علاحدگی : خلوت . (۴) (دینیات) اعتکاف . (۵) پاگل خانہ : شرابیوں وغیرہ کا مامن : وہ ادارہ جہاں میخواروں کو کنٹرول کرنے یا حفاظت کے لئے رکھا جائے . (۶) کمین گاہ : جائے پناہ : تفریح گاہ : آمد و رفت کی جگہ : صحت گاہ . (۷) مصیبت : خطرہ : مخالفت وغیرہ میں پیچھے ہٹنے یا علاحدہ ہونے کا عمل : خصوصاً فوج کی شکست یا معاہدہ کے ختم ہونے کا عمل . (۸) مدت علاحدگی : مدت خلوت : مدت اعتکاف . (۹) پوشیدہ مقام : خلوت خانہ : چھپی ہوئی جگہ : ماند : بھٹ . (۱۰) (تعمیرات) دیوار میں طاق یا فصل : جوف دیوار .

To beat a retreat : پسپا ہونا : ارادے سے باز آنا .

To blow a retreat /-sound the - : واپسی کا حکم دینا : واپسی کا بگل بجانا .

To intercept retreat (of) : پسپا ہونے والی فوج کی راہ روک لینا .

To make good one's retreat : صحیح سلامت واپس جانا .

Retreat : (v) [OFr. 'Retraiter '.] (۱) پسپا ہونا : پیچھے ہٹنا : مورچہ چھوڑنا : واپس ہونا : لوٹ جانا : علاحدہ ہو جانا : سبکدوش ہونا . (۲) (شطرنج میں) مہرے کو پیچھے ہٹانا : ہٹا لینا . (۳) پیچھے کی طرف ہٹا ہوا ہونا : رجعت قہقری کرنا .

Retreatal : (a) خلوت نشیں : گوشہ گیر .

Retreatant : (n) کنارہ گیر : خلوت نشیں : گوشہ نشیں .

Retrench : (v) [Fr. 'Retrencher'.] (۱) کمی کرنا : تخفیف کرنا : گھٹانا (خصوصاً مصارف ، خرچ وغیرہ کا) . (۲) وضع کرنا : منہا کرنا : کاٹ لینا : ہٹانا : لے لینا . (۳) کاٹ چھانٹ کرنا : مختصر کر دینا : نکال دینا (عبارت) . (۴) تخفیف مصارف کرنا : کفایت کی صورت نکالنا : خرچ میں کمی کرنا .

Retrench : (v) خندق اور فصیل کے ذریعہ مورچہ بندی کرنا .

Retrenched : (a) تخفیف شدہ : کمی کیا ہوا : بنایا ہوا : مختصر کیا ہوا .

Retrenched head : (n) (سیاسیات) تخفیف شدہ مَدّ .

Retrenchment : (n) [Fr. 'Retrenchement'.] (۱) تخفیف : منہائی : تخفیف مصارف : کمی کرنے کا عمل : ہٹانے کا عمل . (۲) اختصار : کاٹ چھانٹ : قطع و برید : حدود : کمی .

Retrenchment : (n) (فوج) مورچہ : مورچہ بندی (خندق اور فصیل کے ذریعہ) .

Retrial : (n) سماعت جدید ؛ سماعت مکرر ۔

Retribution : (n) [L. 'Retributionem'.] (۱) بدلہ ؛ عوض ؛ انتقام ؛ پاداش ؛ مکافات ؛ عِقاب ؛ تلافی ۔ (۲) مکافات کا دن ؛ انتقام کا دن ؛ یومِ جزا ۔ (۳) جزا ؛ صلہ ؛ مجازات ۔

Day of retribution : یوم جزا ؛ صلہ کا دن ؛ یوم مکافات ۔

Retreibutive : (a) انتقامی ؛ مکافاتی ؛ مکافات کا ؛ سزا و جزا کا ۔

Retributive justice : (n) جزا و سزا کا انصاف ؛ انصاف مکافات ۔

Retributively : (adv.) انتقاماً ؛ بطور جزا و سزا کے ؛ مکافات کے طور پر ۔

Retributor : (n) بدلہ ادا کرنے والا ؛ مکافات دینے والا

Retributory : (a) (۱) مکافات کی طرح ؛ مانند انتقام ۔ (۲) دیکھو Retributive ۔

Retrievable : (a) قابل نجات ؛ قابل تلافی ؛ تلافی پذیر ؛ اصلاح پذیر ؛ جو دوبارہ حاصل ہو سکے ۔

Retrieval : (n) (۱) دوبارہ حصول ؛ تلافی ؛ نجات ؛ اصلاح ۔ (۲) حاصل ہونے کا امکان یا احتمال ؛ احتمال ؛ امکان حصول ۔

Retrieve : (n) احتمالِ حصول ؛ امکانِ حصول ۔

Retrieve : (v) [late ME. 'Retrev.'] (۱) (کتے کا) مارے ہوئے یا زخمی پرند وغیرہ کو ڈھونڈ لانا ؛ دوبارہ تلاش کرنا یا ڈھونڈنا (شکار یا جانور) ؛ خصوصاً چھوڑ دینا (کیک وغیرہ کا دوسری دفعہ) ۔ (۲) تلاش کر کے دوبارہ حاصل کرنا؛ کوشش کر کے یاد کرنا ؛ دوبارہ ذہن نشیں کرنا ۔ (۳) دوبارہ حاصل کرنا ؛ پھر سے قبضہ کرنا ؛ دوبارہ معلوم کرنا ؛ یاد آ جانا ۔ (۴) بُری حالت سے نجات دینا ؛ پستی سے ابھارنا ۔ (۵) سنبھالنا ؛ درست کرنا (اپنی مالی حالت وغیرہ کو) اصلی حالت پر واپس لانا ؛ حالت بحال ہونا۔ (۶) تلافی کرنا (نقصان وغیرہ کی) ؛ پورا کرنا (خسارہ وغیرہ) ؛ اصلاح کرنا (غلطی وغیرہ) ۔ (۷) دوسرے پیشے سے (وقت) بچانا ۔ (۸) تلاش کرنا ؛ صحت یا قوت حاصل کرنا ؛ بحال ہو جانا ؛ تندرستی پا جانا ۔

Retrievless : (a) ناقابل تلافی ؛ نا قابل اصلاح ۔

Retrievement : (n) دیکھو Retrieval

Retriever : (n) (۱) شکار جو ۔ (۲) تلاش کرنے والا ۔

Retro- : [L. ad. 'Retro'.] (۱) سابقہ بمعنی پیچھے کی طرف ؛ واپس ؛ بدلے میں ۔ (۲) پیچھے ؛ عقب ؛ پچھلا ۔

Retro-ocular : (a) دیکھو Retrobulbar

Retro-operative : (a) دیکھو Retroactive

Retro-reflective : (a) دیکھو Reflective

Retro-rocket : (n) ایک راکٹ جو کسی راکٹ یا مصنوعی سیّارے کی رفتار کو کم کرتا ہے ۔

Retroact : (v) [L. 'Retroact'.] (۱) رد عمل کرنا ؛ جوابی عمل کرنا ۔ (۲) پیچھے کی جانب عمل کرنا ۔ (۳) گزرے ہوئے زمانے کے لئے موثر یا نافذ ہونا (قانون وغیرہ کا) اثر راجع یا نفاذ راجع رکھنا ۔

Retroaction : (n) [L. 'Retroactio'.] (۱) (ریڈیو) رد عمل ؛ جوابی عمل ۔ (۲) اثر راجع ؛ نفاذ راجع ۔ (۳) (قانون) عمل معکوس ؛ نفاذ رجعی ؛ (نفسیات) عامِل رجعی ؛ عمل بماسبق ۔

Retroactive : (a) (۱) عامل معکوس ۔ (۲) (قانون) نافذ بہ ماضی ؛ نافذ رجعی ؛ (نفسیات) عامل رجعی ؛ عامل بماسبق ۔ (۳) رد عمل کا ؛ در عمل کرنے والا ؛ پیچھے کی جانب عمل کرنے والا ؛ نافذ در زمانۂ گزشتہ ؛ راجع (بہ ماضی)۔

Retroactively : (adv.) رد عمل کے طور پر ؛ زمانۂ گزشتہ کے لئے ۔

Retroactivity : (n) دیکھو Retroaction

Retrobulbar : (a) (۱) (تشریح) پس مُقلہ ۔ (۲) (تشریح) پُشتِ نخاع ۔

Retrobulbar neuritis : (n) (طب) ورم پسِ مُقلہ ۔

Retrocaecal / Retrocecal : (a) (تشریح) پَسِ اَعوری ۔

Retrocede : (v) [L. 'Retrocedere'.] (۱) پیچھے ہٹنا ؛ پیچھے سرکنا ؛ پیچھے کو ہٹا ہوا ہونا ۔ (۲) (طب) اندر ہی اندر اثر کرنا ؛ اندرونی ہونا (نقرس کا) ۔

Retrocede : (v) [Fr. 'Retroceder'.] ملک کو (علاقے کا) واپس دے دینا؛ علاقے کا سونپنا یا حوالے کرنا ؛ ملک کو واپس دے دینا ۔

Retrocedence : (a) (۱) پیچھے کی طرف حرکت ؛ (حیوانیات) پس خرامی ؛ اُلٹی چال ؛ اُلٹی حرکت ۔ (۲) (طب) انتقال مرض ؛ اندرونی بیماری (سیاسیات) باز گشت ۔ (۳) دیکھو Retrogression ۔

Retrocedent : (a) [L. 'Retrocedentem'.] (۱) اندرونی (نقرس)؛ اندرونی (مرض)۔ (۲) الٹی ؛ پیچھے کی طرف ؛ باز گرد؛ پیچھے ہٹنے والا ؛ پیچھے کو ہٹا ہوا ۔ (۳) ساری؛ منتقل۔

Retrocession : (n) [late L. 'Retrocessio'.] دیکھو Retrocedence

Retrocession : (n) ملك واپس دینے کا عمل ؛ واپسی علاقہ : ملك کا واپس دینا یا دیا جانا ۔

Retrocessional : (a) دیکھو Recessional

Retrocessive : (a) (۱) الٹی حرکت کا ؛ اُلٹا ۔ (۲) ملك کی واپسی سے متعلق ۔ (۳) اندرونی ۔

Retrochoir : (n) [med. L. 'Retrochorus'.] (کلیسا) گرجا کا پچھلا حصہ جو قربان گاہ کے عقب میں ہوتا ہے ؛ حصۂ عقبی ؛ (تعمیرات) پُشت محراب ۔

Retrocognition : (n) احضار ارواح ؛ گزرے ہوئے مافوق الفطرت صفات کا علم ؛ گزرے ہوئے واقعات کا براہ راست علم ۔

Retrocognitive : (a) احضار ارواح کا یا اس سے متعلق ؛ گزرے ہوئے واقعات کا براہ راست علم سے متعلق یا اس کے جیسا ۔

Retrocollic : (a) (تشریح) پس عُنقی ۔

Retrocopulation : (n) پیچھے سے جفتی کرنے کا عمل ؛ عقب سیمباشرت کرنے کا فعل ۔

Retrocurved : (a) (نباتیات) برگشتہ ؛ پس خمیدہ ؛ کوز ۔

Retroflex / Retroflected : (a) [med. L. 'Retroflexus'.] (تشریح ، نباتیات) پیچھے کی جانب مُڑا ہوا ؛ پس خمیدہ ؛ کوز ؛ پشت کوز ؛ (طب) بر گشتہ ۔

Retroflexed : (a) دیکھو Retroflex

Retroflexion / -tion : (n) [mod. L. 'Retroflexio'.] (۱) (نباتیات) بر گشتگی ۔ (۲) (طب) اعوجاج خلفی ۔ (۳) (طب) پشت کوزی ؛ پس خمیدگی ؛پیچھے کی طرف مُڑنا یا مُڑا ہوا ہونا ۔

Retrofracted : (a) (طب) پس منعطف ؛ پس شکستہ ۔

Retrogenerative : (a) پیچھے سے مباشرت کرنے والا ؛ عقب سے جفتی کرنے والا ۔

Retrogradation : (n) [L. 'Retrogradatio'.] (۱) (علم النجوم) رجعت ؛

Retrograde : (a) [L. 'Retrogradus'.] حرکت ؛ قہقرائی ؛ حرکت قہقرائی (سیارے وغیرہ کی مشرق سے مغرب کو) ۔ (۲) (حیاتیات) انحطاط ؛ زوال ؛ تنزل ۔ (۳) اُلٹی حرکت ۔ (۴) تفتیش و تحقیق میں پیچھے جانے کا عمل ۔ (۵) پسپائی ؛ مراجعت ؛ واپسی ۔ (۶) گوشہ نشینی ؛ علاحدگی سبکدوشی ۔

Retrograde : (a) (۱) (علم النجوم) رجعی ؛ قہقرائی ؛ حرکت کرنے والا ؛ مشرق سے مغرب کی طرف حرکت کرنے والا ۔ (۲) اُلٹی ؛ پیچھے کی طرف ؛ باز گرد۔ (۳) انحطاط پذیر ؛ زوال پذیر ؛ تنزل پذیر ؛ انحطاطی ۔ (۴) مراجعتی ؛ پسپائی کا ؛ سابق حالت میں لوٹنے والا۔ (۵) علاحدہ ؛ سبکدوش ۔ (۶) معکوس ؛ مقلوب ؛ الٹا ۔ (۷) معکوس حالت میں ؛ پیچھے کی طرف ۔

Retrograde : (n) وہ جس کا اخلاق خراب ہو جائے ؛ بگڑ جانے والا ؛ ناخلف؛ ذلیل ؛ خوار شخص؛ نکما آدمی ؛ بگڑا ہوا آدمی۔

Retrograde : (adv.) الٹے طور پر ؛ مقلوباً ؛ اس کے بر عکس ؛ بالعکس ؛ الٹی طرح سے ۔

Retrograde : (v) [L. 'Retrogradi'.] (۱) (علم النجوم) رجعت قہقری کرنا ؛ رجعت کرنا ؛ مشرق سے مغرب کی طرف جاتے ہوئے معلوم ہونا ۔ (۲) پیچھے کو ہٹنا ؛ لوٹنا ۔ (۳) تنزل کرنا؛ انحطاط ہونا ؛ زوال ہونا ؛ گرنا ۔ (۴) علاحدہ ہونا ؛ سبکدوش ہونا ۔ (۵) خلاصہ دُہرانا ؛ مختصر الفاظ میں دُہرانا ؛ عنوانات بیان کر دینا ۔

Retrograde amnesia : (n) (طب) ما قبل نسیان ۔

Retrograde hernia : (n) (طب) فتق قہقرائی ۔

Retrograde motion : (n) (۱) (علم النجوم) رجعت ؛ حرکت قہقرائی ۔ (۲) (حیوانیات) پس خرامی ؛ اُلٹی چال ۔

Retrograde vernier : (n) (طبیعیات) اُلٹ چال ورنیہ ۔

Retrogradely : (adv.) (۱) حرکت قہقری سے ؛ اُلٹی چال سے ۔ (۲) تنزل پذیرانہ ۔

Retrogress : (v) [L. ' Retrogress-, Retrograd'.] (۱) پیچھے کی طرف حرکت کرنا ؛ پیچھے جانا ؛ واپس ہونا ؛ پیچھے ہٹنا ؛ لوٹنا ؛ مراجعت کرنا ؛ معاودت کرنا ۔ (۲) تنزل ہونا ؛ زوال پذیر ہونا ؛ انحطاط ہونا ۔

Retrogression : (n) [L. 'Retrogressio'.] (۱) (علم النجوم) دیکھو Retrogradation ۔ (۲) اُلٹی حرکت ؛ پیچھے کی طرف حرکت ۔ (۲) زوال ؛ تنزل ؛ انحطاط ۔ (۴) (طب) مرض کی کمی ؛ خارش کی کمی ۔

Retrogressive : (a) (۱) (تفتیش میں) پیچھے کام کرنے والا ۔ (۲) لوٹنے والا ؛ اُلٹی حرکت کرنے والا ۔ (۳) انحطاط پذیر ؛ زوال پذیر ؛ تنزل ؛ تنزل پذیر ۔ (۴) (خصوصاً طب اور تشریح میں) نسیج کی تبدیلی ۔

Retrogressive : (n) (۱) حرکت رجعی رکھنے والا ؛ واپس ہونے کی صفت رکھنے والا ۔ (۲) انحطاط ہونے کی خصوصیت رکھنے والا ۔

Retrogressively : (adv.) (۱) واپس ہوتے ہوئے ۔ (۲) زوال پذیرانہ ؛ انحطاط کے طور پر ۔

Retroject : (v) پیچھے کی طرف پھینکنا ۔

Retrojection : (n) (میکانیات) پس رَمیہ ؛ پس اندازی ۔

Retrolental : (a) (۱) پس عدسی ؛ عدسہ کے پیچھے واقع ۔ (۲) عدسۂ چشم کے حصے کا یا اس سے متعلق ۔

Retrolingual : (a) زبان کے پیچھے واقع ؛ حلق کے قریب ۔

Retromammary : (a) (تشریح) پسِ پستانہ ۔

Retromingent : (a) (حیوانیات) پَسِ بولیہ ۔

Retromingent : (n) پس بولیہ جانور ۔

Retromorphosis : (n) (حیوانیات) انحطاط ماہیت ۔

Retroperitoneal : (a) (طب) پس باریطونہ ؛ پس ثربہ ۔

Retropharyngeal : (a) (طب) پس بلعومہ ۔

Retropubic : (a) (طب) پس عانی ۔

Retropassion : (n) (۱) (طب) پس خرامی ؛ پس ڈھکیل ؛ خارجی مرض کا اندرونی مرض بن جانا ؛ امراض کا جلد کے اندر سرایت کرنا ؛ اندر سرایت کرنا ۔ (۲) (میکانیات) پس دفعہ ۔

Retrorse : (a) (تاریخ موالید) پیچھے مُڑا ہوا ؛ پُشت رو ؛ (نباتیات) واژگوں ۔

Retrorsely : (adv.) (حیاتیات) رُویہ ؛ پیچھے کو مُڑتے ہوئے ۔

Retroserrate : (a) (۱) (حیوانیات) معکوس دندانیہ ۔ (۲) (نباتیات) معکوس دندانہ دار ۔

Retrospect : (n) [L. 'Retrospectus'.] (۱) پچھلے حالات یا نظیر یا سند کا لحاظ ۔ (۲) گزشتہ زمانے پر نظر ؛ ماضی بینی ؛ باز دید ؛ پس دید ؛ باز بینی ۔ (۳) پچھلے واقعات پر تبصرہ ۔ (۴) اثر راجع ؛ نفاذ راجع ۔

Retrospect : (v) (۱) پچھلے حالات یا نظیر پر نظر ڈالنا ؛ یاد ماضی سے لطف اندوز ہونا ۔ (۲) پیچھے کی طرف دیکھنا ؛ ماضی بینی کرنا ؛ گزشتہ زمانے پر نظر ڈالنا ۔ (۳) پچھلے واقعات پر تبصرہ کرنا ۔ (۴) گزشتہ واقعات پر نظر ڈالتے ہوئے (شخص یا چیز کو) خیال کرنا ؛ غور و فکر کرنا ۔

Retrospection : (n) [L. 'Retrospectionem'.] (۱) (نفسیات) ماضی بینی ؛ یاد ماضی ؛ خیال ماضی ؛ گزشتہ واقعات کی یاد تازہ کرنے کی قوت یا عمل ۔ (۲) گزشتہ حالات پر نظر دوڑانے کا عمل ؛ گزشتہ زندگی پر تبصرہ ؛ نظر ثانی ۔ (۳) (قانون) رجع نظری ؛ نفاذِ رجعی ۔ (۴) خیالاتِ رجعی ۔

Retrospective : (a) (۱) (قانون) نافذ بہ ماضی ؛ نافذ رجعی ۔ (۲) تبصرۂ ماضی سے متعلق ۔ (۳) عامل رجعی ۔ (۴) مؤثر بہ ماضی ؛ راجع بہ ماضی (قانون وغیرہ جن کا نفاذ گزرے ہوئے زمانے پر بھی پڑے) ۔

Retrospective falsification : (n) (نفسیات) غلط بیانی ماضی ۔

Retrospectively : (adv.) گزشتہ زمانے پر نظر ڈالتے ہوئے ؛ اثر راجع یا نفاذ راجع رکھتے ہوئے ۔

Retrospector : (n) (نفسیات) ماضی بیں ؛ گزشتہ زمانے پر نظر رکھنے والا ۔

Retrosternal : (a) (تشریح) پَس قصہ ۔

Retrousse : (a) [Fr.] اُبھری ہوئی (خصوصاً ناک) ۔

Retrousse : (n) (تشریح) اُبھری ناک ۔

Retrovaccination : (n) گائے کو ٹیکہ لگانا ۔

Retrovene : (n) (طب) پس مائل ۔

Retroverse : (a) [L. 'Retroversus'.] (نباتیات ، حیوانیات) پُشت رو ۔

Retroversion : (n) [L. 'Retroversio'.] (۱) (طب) تاخّر رحم ؛ میلان خلفی ؛ پیچھے ٹلنا ۔ (۲) پیچھے کو مُڑا ہوا ہونا ۔ (۳) اصلی (سابقہ) زبان میں دوبارہ ترجمہ کرنا ۔

Retrovert : (v) (۱) (مرضیات) پیچھے کو موڑنا (عورتوں کا رحم) ۔

Retrovert : (n) (۱) (دینیات) باز مسلم ۔ (۲) (طب) پس مائل رحم ۔

Retroverted : (a) مقلوب : پیچھے کوموڑا ہوا (رحم) ۔

Retroverted womb : (n) (طب) پس مائل رحم ۔

Retrovision : (n) ایک قسم کی یونانی شراب ۔

Retsina/ Rezine : (n) [It.] ایک قسم کی یونانی شراب ۔

Rettery : (n) کارخانۂ سَن : سَن کا کارخانہ (جہاں اسے پانی میں بھگو کر سکھاتے ہیں) ۔

Retting : (v & n.) تعطین : نم رسائی ۔

Returf : (v) نئی گھاس یا نباتات سے بھر دینا ۔

Return : (n) [AFr. 'Retorn'.] (۱) واپس : عود : معاودت : مراجعت : رجعت : اعادہ : باز گشت : بر گشت : بر گردانی ۔ (۲)(عمارت) پیچھے ہٹا ہوا حصہ (دیوار وغیرہ کا): کنگنی : ککر : ایک چوکور ستون جو دیوار میں ہوتا ہے اور اس کی چوڑائی کا کچھ حصہ دیوار سے باہر نکلا ہوتا ہے : عمارت کا حصہ ۔ (۳) (عموماً جمع) منافع : آمدنی : محاصل : (معاشیات) بے باقی : مالی قدر و قیمت: پیداوار : آمد ۔ (۴) واپسی : ادائیگی : ادائی : معاوضہ : بدلہ : جزا : عوض : مراعات : رسید : قبولیت ۔ (۵)شیرف یا مجسٹریٹ کی رپورٹ : شیرف کا عدالت میں رٹ کو واپس بھیجنے کا عمل ۔ (٦) ممبر پارلیمنٹ کے انتخاب میں ریٹرننگ افسر کی بھیجی ہوئی رپورٹ : ممبر پارلیمنٹ کا انتخاب ۔ (۷) ناظر انتخابات کی رپورٹ ۔ (۸) با ضابطہ رپورٹ مع اعداد و شمار ۔ (۹)(جمع) ایک قسم کا ہلکا تمباکو جو پائپ میں پیتے ہیں ۔ (۱۰) گزارش ۔ (۱۱) شرح : صورت : کیفیت : مالی قدر و قیمت ۔ (۱۲)پیچ یا خم ۔ (۱۳) التزام : مقابلہ باہمدیگر : لین دین : ادل بدل : ضربت متقابلہ : مخالف یا دشمن کے جواب میں حملہ : بوچھار : مار ۔ (۱۴)واپسی ٹکٹ : ٹکٹ رجعی ۔ (۱۵) (کان کنی) وہ جگہ جس کے ذریعہ ہوا جاتی ہے ۔ (۱٦) صحت یابی : اپنی حالت پر رجوع ۔ (۱۷) کسی ساخت کا وہ حصہ جس سے زاویہ قائمہ بنتا ہو ۔ (۱۸) (لائن وغیرہ میں) موڑ یا جھکاؤ : دو جھکاؤ کے درمیان کا بڑھا ہوا حصہ ۔ (۱۹) وہ مال جو بھیجے ہوئے مال کے عوض ملا ہو ۔ (۲۰) قانون کی بحالی : بحالی (کسی چیز کی) : رجعت ۔ (۲۱) واپس کی ہوئی چیز یا شخص خصوصاً جمع میں۔

By return of post : واپسی ڈاک سے ۔

Fencer's return : تلوار کا ہاتھ جو تیزی سے لگایا جاتا ہے ۔

In return : بدلے میں : بطور تحفہ ۔

In return for : عوض میں : بدلے میں ۔

To wish (one) many (happy) returns (of the day) : سال گرہ کی مبارک دینا : خدا یہ دن بار بار لائے : یہ دن بار بار نصیب ہو ۔

Return : (v) [OFr. 'Ketorner'.] (۱) واپس آنا یا جانا : واپس ہونا یا کرنا : لوٹنا : لوٹانا : پھر آنا : پھیر دینا ۔ (۲) عود کرنا: معاودت کرنا : مراجعت کرنا ۔ (۳) واپس لانا : جواب لے جانا : واپس بھیجنا : واپس دینا : معاوضے میں دینا ۔ (۴) جواب دینا : جواب میں کہنا : رپورٹ دینا : جواب کے طور پر بیان کرنا یا کہنا ۔ (۵) (کسی حلقۂ انتخاب کا) ممبر پارلیمنٹ کو منتخب کرنا : شیرف کا رپورٹ کرنا (مخصوص لوگوں کے بارے میں کہ انتخاب میں کامیاب ہوئے) ۔ (۷)سابقہ حالت میں لوٹنا: اپنی اصلی حالت میں آنا : حالت بحال ہونا ۔ (۸) عمل یا خیال کو رد کرنا : سابقہ مالک کے پاس لوٹنا ۔ (۹)سابقہ صورت میں ہونا : اصلی حالت میں لوٹ جانا ۔ (۱۰)(آنکھ ، نظر ، دماغ وغیرہ کا) کسی جانب مُڑ جانا۔ (۱۱)(فوج) ہتھیار وغیرہ کا) بدلنا ۔ (۱۲)(چیز، شخص کو) دوبارہ واپس کرنا : پھر بھیجنا ۔ (۱۳)منعکس ہونا (روشنی کا) : باز گشت ہونا (آواز کا) ۔ (۱۴) شکریہ ادا کرنا ۔ (۱۵) ادا کرنا : واپس کرنا : واپس دینا ۔ (۱٦) (کھیل میں) کھلاڑی کا جواب دینا : اپنے مخالف کا جواب دینا ۔

To return greeting : سلام کا جواب دینا ۔

Tro return person's love : کسی کی محبت کے بدلے میں محبت کرنا ۔

To return thanks : دعائے شکر پڑھنا : جام صحت کا شکریہ ادا کرنا ۔

Return address : (n) مراجعتی پتہ : پتہ فرستندہ : بھیجنے والے کا پتہ : مرسل کا پتہ ۔

Return card : (n) مراجعتی کارڈ : واپسی کا کارڈ ۔

Return day : (n) (قانون) مراجعتی دن : وہ دن جس میں منظور شدہ رٹ (درخواست) لوٹا دی جائے ۔

Return electrons : (n) (الیکٹرک) برقیات راجع ۔

Return envelope : (n) راجع لفافہ : مراجعتی لفافہ : وہ لفاف جو مرسل اپنا پتہ لکھ کر کسی جگہ بھیجے اور اُس لفاف کو

اُس کے پاس بھیجا جائے ۔

Return postage : (n) مراجعتی ٹکٹ : وہ ٹکٹ جسے جواب دینے کے لئے بھیجا جائے ۔

Return receipt : (n) مراجعتی رسید ۔

Return shock : (n) (الیکٹرک) صدمۂ الرّاجع ۔

Return ticket : (n) آنے جانے کا ٹکٹ : واپسی کا ٹکٹ ۔

Return trace : (n) دیکھو Retrace

Return trip : (n) (خصوصاً برطانیہ) مراجعتی سفر : واپسی پھیرا ۔

Return wall : (n) (انجینیئرنگ) پس مائل دیوار : پٹی دیوار ۔

Returnability : (n) قابل واپسی کی حالت : واپسی : مراجعت ۔

Retrunable : (a) [OFr. 'Returnable'.] (۱) قابل واپسی : قابل اعادہ : پس دادنی : بر گردندانی ۔ (۲) قابل انتخاب ۔ (۳)قانونی طور پر قابل رد : (درخواست) مسترد : واجب الاعادہ ۔

Returned : (a) مرجوع : برگشتہ : واپس کیا ہوا : لوٹایا ہوا : واپس لایا ہوا ۔

Returned empty : (n) وہ صندوق جو پیسے یا اشیا وغیرہ نکالنے کے بعد خالی مرسل کو واپس بھیجے جائیں ۔

Returnee : (n) (۱) واپس کرنے والا : رجوع کرنے والا : رجوع کیا جانے والا : راجع ۔ (۲) وہ شخص جس نے بدیس میں کام کیا ہو اور پھر وہاں سے واپس کر دیا گیا ہو ۔

Returner : (n) (۱) واپس ہونے والا : مراجعت کرنے والا : لوٹنے والا : راجع : برگشت کنندہ ۔ (۲) واپس لانے والا ۔

Returning officer : (n) (سیاسیات) ناظم انتخابات ۔

Returnless : (n) بے حاصل : بے منافع کا : بے نفع کا ۔

Retuse : (a) [L. 'Retusus'.] (نباتیات اور تشریح) دانتے دار : ذقنی : جس کا سر چوڑا اور بیچ میں گڑھا ہو ۔

Retzina : (n) [mod. Gr.] Retsina کا متبادل ۔

Retzius's vein : (n) پشت شکم کی رگ ۔

Reune : (v) یونین کا از سر نو اتحاد کرنا : یونین کا دوبارہ جلسہ (کالج وغیرہ میں) ۔

Reunion : (n) [Fr. 'Reunion'.] (۱) از سر نو اتحاد : بہم پیوستگی : دوبارہ ملانے یا ملنے کا عمل : متحد ہونے کی حالت : اتحاد مجدد ۔ (۲) جلسہ : صحبت : سبھا : ہم مشرب یا ہم خیال اشخاص کی صحبت ۔

Reunionism : (n) اتحاد پسندی : رومی کلیسا اور کلیسائے انگلستان کے اتحاد کی حمایت ۔

Reunionist : (n) حامئ اتحاد : رومی کلیسا اور کلیسائے انگلستان کے اتحاد کا حامی ۔

Reunitable : (a) دوبارہ متحد ہونے کے لائق:دوبارہ متحد کرنے کے لائق۔

Reunite : (v) [med. L. 'Reunit, ren'.] (۱) دوبارہ متحد کرنا : پھر متحد کرنا : پھر جوڑنا ۔ (۲) دوبارہ متحد ہونا یا جڑ جانا یا ملنا (جسمانی یا روحانی اعتبار سے) ۔ (۳) از سر نو باہم پیوست ہونا : جدائی کے بعد وصال ہونا : جدائی کے بعد پھر ملنا ۔

Reunitedly : (adv.) دوبارہ اتحاد کے طور پر : از سر نو ملتے ہوئے ۔

Reunition : (n) بہم پیوستگی : اتحاد : از سر نو انجمن : اجتماع مجدد : وصال مجدد ۔

Reus/ Rea : (n) [L.] (قانون) مدعاعلیہ ۔

Rev : Reverend کا محفف ۔

Rev : Revolution کا مخفف ۔

Rev : (v) (انجن کا) کام کرنا ۔

Revaccinate : (v) دوبارہ ٹیکا (چیچک کا) لگانا (ایسی حالت میں جب کہ پہلا ٹیکہ غیر مؤثر ثابت ہو) ۔

Revalenta : (n) مسور اور جَو کے آٹے سے تیار کی ہوئی ایک چیز : ایک قسم کی غذا ۔

Revalescence : (n) (طب) صحت یابی ۔

Revalscent : (a) صحت یاب : رُوبہ صحت ۔

Revalidate : (v) (قانون) دوبارہ جائز قرار دینا : از سر نو توثیق کرنا : پھر توثیق کرنا ۔

Revalidation : (n) (قانون) تحریر جواز ۔

Revalorization : (n) (معاشیات) بحالیِ قیمت سکّہ : بحالیِ قیمت ۔

Revalorize : (n) قیمت بحال کرنا ۔

Revaluate : (v) پھر قیمت کا اندازہ لگانا : دوبارہ اندازہ کرنا : از سر نو قدر و قیمت کرنا ۔

Revaluation : (n) (معاشیات) نئی تشخیص : دوبارہ قیمت کا اندازہ : از سر نو قدر و قیمت کا اندازہ ۔

Revalue : (v) دوبارہ قدر و قیمت کرنا : از سر نو قیمت لگانا : پھر قیمت کا اندازہ کرنا ۔

Revamp : (v) (۱) دوبارہ جوڑ لگانا : دوبارہ پیوند لگانا : دوبارہ مرمت کرنا : دوبارہ ٹھیک کرنا : پھر سے بنا دینا : از سر نو درست کرنا ۔ (۲) پھر سے تعمیر کرنا : دوبارہ بنانا ۔ (۳) پھر ترمیم کرنا : از سر نو ترمیم کرنا (ڈراما وغیرہ)۔

Revanche : (n) [Fr.] (۱) انتقام : بدلہ (خصوصاً ۱۸۷۰ء کی شکست کا جو فرانس جرمنی سے لینا چاہتا تھا) ۔ (۲) (فرانسیسی) بدلے کا میچ : وہ میچ جو دوسرے میچ کا بدلہ لینے کے لئے کھیلا جائے ۔

Reveal : (n) [late ME. 'Revale'.] (۱) کھڑکی یا در کے اندرونی پہلو کی سطح : پہلوئے در ۔ (۲) (تعمیرات) اشکار ۔

Reveal : (v) [L. 'Revelare'.] (۱) (خدائے تعالیٰ کا) وحی بھیجنا : وحی نازل کرنا : وحی و تنزیل یا الہام کے ذریعے سے ظاہر کرنا ۔ (۲) افشا کرنا : فاش کر دینا : بتا دینا : ظاہر کرنا : ظاہر ہو جانے دینا : چھپا نہ سکنا (چہرے، بشرے یا حرکات و سکنات سے) ظاہر ہونا : ٹپکنا : معلوم ہونا۔ (۳) اظہار کرنا : دکھانا : واضح کرنا : نمایاں کرنا : نمائش کرنا : نظر آنا ۔

To reveal itself : خود نظر آنا یا معلوم ہونا ۔

Revealability : (n) نزول : اظہار : افشا : نمایاں : نمائش ۔

Revealable : (a) قابل تنزیل : قابل اظہار : قابل افشا ۔

Revealableness : (n) دیکھو Revealability

Revealed : (a) (۱) نمایاں : ظاہر : ظاہر کیا ہوا ۔ (۲) منزّل : الہامی ۔

Revealed religion : (n) الہامی مذہب : وہ مذہب جو وحی کے ذریعہ کسی پیغمبر کو عطا کیا گیا ہو ۔

Revealed theology : (n) الہامی دین ۔

Revealedly : (adv.) نزول کے طور پر : اظہار کے طور پر : نمایاں طریقے سے ۔

Revealment : (n) مکاشفہ : وحی : الہام ۔

Reveille : (n) [Fr. 'Reveillez'.] (فوج) جگانے کا بگل : نوبت سحر : صبح کا بگل : گجر : صبح کی نوبت جو سپاہیوں کو جگانے کے لئے بجاتے ہیں ۔

Revel : (v) [OFr. 'Reveler'.] (۱) شادمانی کرنا : رنگ رلیاں منانا : دھما چوکڑی مچانا : گل چھرے اڑانا : خوشی منانا : عیش منانا : عیش و طرب کی داد دینا : پینا پلانا : شراب و کباب کی محفل گرم کرنا ۔ (۲) بے حد شوق ہونا : رسیا ہونا ۔ (۳) (وقت یا روپیہ) عیش و نشاط میں صرف کر دینا : پینے پلانے میں اڑا دینا : لہو و لعب میں وقت برباد کرنا : عیش و طرب میں وقت گزارنا ۔

Revel : (n) (۱) رنگ رلیاں : عیش و طرب کا جلسہ : محفل بادہ نوشی : دھما چوکڑی : عیاشی : خوشی گذرانی : شادمانی : کیف و نشاط ۔ (۲) (خصوصاً جنوبی مغربی ممالک میں) کلیسائی تہوار : میلہ ۔

Master of the revels : عیش و نشاط کی محفل جمانے والا : عیش و نشاط کی محفل کا منتظم ۔

Revelation : (n) [OFr. 'Revelacium, -tion'.] (۱) وحی : تنزیل : الہام ۔ (۲) حیرت انگیز انکشاف ۔ (۳) اظہار : انکشاف : خبر ۔

The revelation (of St. John) : انجیل کی آخری کتاب : کتاب وحی ۔

Revelation of Quran : (n) نزول قرآن ۔

Revelational : (a) وحی یا تنزیل کا : الہامی ۔

Revelationist : (n) (۱) معتقد الہام : مذہب الہٰی کا قائل : وحی و تنزیل کا قائل ۔ (۲) انجیل کی آخری کتاب (کتاب وحی) کا مصنف ۔

Revelations : (n) (بائبل) مُکاشفاتِ یُوحنّا : آسمانی کتاب ۔

Revelative : (a) انکشافی : الہامی ۔

Revelator : (n) انکشاف کرنے والا : ظاہر کرنے والا ۔

Revelatory : (a) وحی پہنچانے والا ؛ وحی کا یا اُس سے متعلق ۔

Reveler /Reveller : (n) رنگ رلیاں منانے والا ؛ پینے پلانے والا؛ عیاش ؛ مست ؛ رند ۔

Revelment : (n) رنگ رلیاں ؛ عیش و نشاط ؛ پینا پلانا ۔

Revelry : (n) دیکھو Revelment

Revenant : (n) [Fr.] (۱) بھوت ؛ پریت ۔ (۲) وہ شخص جو قبر سے اٹھ کر آئے یا جلا وطنی سے واپس آئے ۔ (۳) وہ شخص جو کسی جگہ سے واپس آئے ۔

Revendication : (n) [Fr.] باضابطہ دعویٰ ؛ با ضابطہ دعویٰ کر کے حاصل کرنے کا عمل ؛ استرداد (کھوئے ہوئے مقبوضات کا) ۔

Revenge : (n) [f. 'Thev'.] (۱) انتقام ؛ بدلہ ؛ عوض ؛ (نقصان پہنچا کر یا زخمی کر کے) انتقام ۔ (۲) انتقامی فعل ؛ آرزوئے انتقام ؛ خواہش انتقام ۔ (۳) جذبۂ انتقام ؛ موقع انتقام (خصوصاً تاش ، شطرنج ، کھیل کود وغیرہ میں) ۔

To give one (his) revenge : انتقام یا بدلے کا موقع دینا ۔

Revenge : (v) [Fr. 'Revenger'.] (۱) بدلہ لینا ؛ انتقام لینا ۔ (۲) جیسا کیا گیا ہے ویسا ہی بطور معاوضہ کرنا ؛ بدلہ لینا ؛ عوض لینا ؛ انتقام لینا ؛ بیر لینا ۔ (۳) کسی شخص کا انتقام لینا ؛ بدلے میں نقصان پہنچانا ۔

Revengeable : (a) قابل انتقام ؛ قابل عوض ؛ بدلہ کے لائق ؛ انتقام جُو ؛ کینہ جو ۔

Revengeful : (a) (۱) پُر از انتقام ؛ انتقام جو ؛ کینہ جو؛ انتقام جویانہ ۔ (۲) حمایت کا ؛ بریت کا ۔

Revengefully : (adv.) انتقام جویانہ ؛ انتقام کے طور پر ۔

Revengeless : (a) غیر انتقامی ؛ بغیر بدلے کا ۔

Revengement : (n) انتقام ؛ بدلہ ۔

Revengeness : (n) انتقام ؛ بدلہ ؛ انتقام جوئی ؛ جذبۂ انتقام ۔

Revenger : (n) انتقام لینے والا؛ بدلہ لینے والا؛ انتقام جوئی کرنے والا ۔

Revengingly : (adv.) انتقامی حالت میں ؛ جذبۂ انتقامی کے طور پر ۔

Revenue : (n) [OFr. 'Revenu'.] (۱) محاصل ؛ آمدنی ؛ مداخل ۔ (۲) سلطنت کی سالانہ آمدنی ؛ مالیہ ۔ (۳) محکمۂ مال ؛ (سیاسیات) محکمۂ مالگذاری ۔ (۴) نجی آمدنی کا ذریعہ ۔

Inland revenue : دیکھو Inland

Land revenue : (سیاسیات) مالگذاری ؛ مالیہ ۔

Police revenue : (سیاسیات) مالیۂ عامّہ ۔

Revenue account : (n) مالیاتی اکاؤنٹ ؛ مالیاتی کھاتہ ۔

Revenue accountant : (n) (سیاسیات) واصل باقی نویس ۔

Revenue act / -law : (a) قانون مالیہ ؛ مالیاتی ایکٹ ۔

Revenue court : (n) (قانون) عدالت مالیہ ۔

Revenue cutter : (n) اسمگلنگ روکنے کے لئے مسلح سرکاری جہاز ۔

Revenue expenditure : (n) مصارف مالیہ ۔

Revenue officer : (n) چنگی کا افسر ۔

Revenue side : (n) (سیاسیات) صیغۂ مال ۔

Revenue station : (n) (معاشیات) ناکۂ محصول ۔

Revenue stamp : (n) رسیدی ٹکٹ ۔

Revenue tax : (n) محصول جس کا مقصد صرف آمدنی ہو نہ کہ تجارت پر اثر ڈالنا ۔

Revenued : (a) محاصل شدہ ؛ آمدنی کا یا اس سے متعلق ۔

Revenuer : (n) دیکھو Revenue officer/ -cutter

Reverb : (v) [L. 'Reverberare'.] (۱) (آواز کا) گونجنا ؛ صدا پیدا کرنا ؛ آواز کا لوٹنا ؛ دوبارہ آواز پیدا کرنا یا ہونا ۔ (۲) (حرارت یا روشنی کا) منعکس کرنا یا ہونا ؛ لوٹانا یا لوٹنا ؛ باز گشت کرنا یا ہونا ۔ (۳) (جذبے کا) رد عمل ہونا ۔ (۴) (کسی سطح سے) چمکنا ؛ منعکس ہونا ۔ (۵) (شعلہ کا) اُبھرنا ؛ اُٹھنا ۔ (۶) ڈھکیلنا ؛ پسپا کرنا ؛ ہٹا دینا ۔

Reverberant : (a) [L. 'Reverberantem'.] (۱) گُمک دار ؛ گونجنے والی ؛ صدا پیدا کرنے والی ؛ مرتعش ۔ (۲) (شیر کی دم) S کی طرح مُڑی ہوئی ؛ طنین انداز ۔ (۳) عکسی ؛

منعکس ہونے والا : رد عمل کرنے والا ۔

Reverberate : (a) [L. 'Reverberatus'.] منعکس شدہ : گونجی ہوئی (آواز) ۔

Reverberate : (v) [L. 'Reverberare'.] دیکھو Reverb

Reverberating furnace / -kiln : (n) لپك بھٹّی : منعکس بھٹّی : بھٹّی جو اس لئے بنائی گئی ہو کہ اس شے پر حرارت لوٹائی جائے جس پر لوٹانی مقصود ہو ۔

Reverberation : (n) [Late L. 'Reverberationem'.] (۱) عکسیّت : پلٹاؤ : باز گشت : گونج : انعکاس صوت : صدائے باز گشت ۔ (۲) (طبیعیات) انعکاس : انعکاسی حرارت یا روشنی : انعکاس رنگ ۔ (۳) رد عمل ۔ (۴) پلٹ بھٹّی کی آنچ ۔

Reverberative : (a) دیکھو Reverberant

Reverberator : (n) (۱) آلۂ انعکاس : عکسی لیمپ : نُور افگن ۔ (۲) لپك بھٹّی ۔

Reverberatory : (n) پلٹ بھٹی کی آنچ : آنچ پلٹ بھٹی ۔

Reverberatory : (a) (۱) گونجنے والا : منعکس ہونے والا ۔ (۲) لپکنے والا (بھٹّی میں) ۔ (۳) (حرارت) عکس سے پیدا کیا ہوا: منعکس شدہ ۔ (۴) آنچ پلٹ بھٹی کا یا اس سے متعلق ۔

Reverberatory furnace : (n) دیکھو Reverberatory

Revere : (v) [L. 'Revereri'.] عزت و احترام کرنا: ادب کرنا : تعظیم کرنا : تکریم کرنا ۔

Reverence : (n) [L. 'Reverentia'.] (۱) تعظیم : تکریم : ادب : بزرگی: عظمت : حرمت : احترام ۔ (۲) آداب : رسم تعظیم : کورنش ۔ (۳) اظہار اطاعت : اظہار وفاداری : رسم بندگی ۔ (۴) محترم : عزت مآب : جناب : حضور ۔

His reverence : محترم : عزت مآب (پادریوں کے لقب کے طور پر) ۔

To do reverence to : کسی کا احترام کرنا : تکریم و تحریم کرنا : تعظیم کرنا ۔

Your reverence : محترم : جناب عالی : عزت مآب : وہ الفاظ جن سے پادریوں کو مخاطب کرتے ہیں ۔

Reverence : (v) احترام کرنا : تعظیم کرنا : ادب کرنا : عزت کرنا ۔

Reverencer : (n) احترام کرنے والا : مُحترِم ۔

Reverend : (a) [L. 'Reverendus'.] (۱) (شخص) محترم : بزرگ : معظم : مقدس : متبرك ۔ (۲) با ادب : مؤدب : با احترام ۔ (۳) پادریوں کو مخاطب کرنے کی شکل ۔ (۴) کسی شخص کے نام کے سابقہ کے طور پر (اور جسے مخفف Rev. کہا جاتا ہے) ۔

Reverend : (n) (۱) پادری : قسیس : دین نصاریٰ کا عالم : نیز اسقف ۔ (۲) (چیز ، جگہ) متبرك : مقدس ۔ (۳) پادریوں کی خصوصیت ۔

Most Reverend : اسقف اعظم : پشپ کا خطاب ۔

Rev. : معمولی پادری کا خطاب ۔

Right reverend : اسقف کا خطاب ۔

Very reverend : ڈین (قسیس) کا خطاب ۔

Reverendly : (adv.) ادب سے : احتراماً : مؤدبانہ ۔

Reverent : (a) [OFr. 'Reverent'.] (۱) دیکھو Reverend (a) ۔ (۲) مؤدب : با احترام : مؤدبانہ : بزرگوں کا ادب کرنے والا : با ادب ۔

Reverential : (a) [L. 'Reverentia'.] تعظیمی : با ادب : احترام کا یا اُس سے متعلق ۔

Reverentially : (adv.) ادب کے ساتھ : احترام کے ساتھ : احتراماً ۔

Reverentialness : (n) احترام : ادب : تعظیم ۔

Reverently : (adv.) دیکھو Reverendly

Reverer : (n) احترام کرنے والا : عزت کرنے والا ۔

Reverie : (n) [OFr. 'Reverie'.] (۱) (نفسیات) محویت : خیالات میں غرق ہونے کی حالت ۔ (۲) (نفسیات) اُدھیڑبن : خیالی پلاؤ : شیخ چلّی کا منصوبہ : بیداری کا خواب۔ (۳) (موسیقی) آلاتی موسیقی جس سے محویت کی فضا پیدا ہو جائے ۔

Revers : (n) [Fr.] الٹا : کوٹ وغیرہ کا الٹا رخ جدھر استر ہوتا ہے : الٹا (کپڑے کا) ۔

Reverseal : (n) (۱) (قانون) استرداد : نقض (قضیہ) : عدولی : برگشت ۔ (۲) کایا پلٹ : واژ گونی : معکوس سازی ۔

Reverse : (n) [OFr. 'Revers-, Revertere'.] (۱) الٹا : ضد : نقیض : مقلوب : عکس ۔ (۲) سکّے کی پشت یا دوسرا رخ ۔ (۳)کتاب کا صفحہ جو بائیں ہاتھ کی طرف ہو : بایاں صفحہ ۔ (۴) الٹا رخ ۔ (۵) مصیبت : شکست : ہزیمت ۔ (۶) پہاڑ کی پشت : پہاڑ کا پچھلا حصہ ۔ (۷) موٹر کار (پیچھے کی جانب چلاتے ہوئے) ۔ (۸)(رقص میں) پیچھے کی جانب رقص کرنے کا عمل ۔ (۹) (فوج) فوج یا بیڑے کا عقب : دنبالہ ۔ (۱۰) (سیاسیات) انقلاب (تعمیرات) داسہ : شکلہ (معاشیات) اِدبار ۔

On the reverse : (موٹر کار) پیچھے یا الٹا چلاتے ہوئے ۔

Reverse : (a) [L.'Reversus'.] (۱) الٹا : برعکس : اوندھا : مقلوب : معکوس: پشت کی طرف کا: پیچھے کا : عقبی ۔ (۲)عقبی (فوج) : پیچھے کی (فوج) ۔

Reverse : (adv.) دیکھو Retrograde

Reverse : (v) [Fr. 'Reverser'.] (۱) الٹنا : پلٹنا : اوندھا کرنا : اندر کے رخ کو باہر کرنا : کایا پلٹ کر دینا : معاملہ برعکس کر دینا ۔ (۲) منسوخ کر دینا : کالعدم کرنا : رد کرنا : تنسیخ کرنا : مسترد کرنا ۔ (۳) (خصوصاً w. tz رقص میں) رقص کا رخ مخالف سمت میں بدل دینا ۔ (۴) (اوزار ، ہتھیار کو) مخالف سمت میں پکڑنا یا لے جانا ۔ (۵)مٹانا: تباہ کرنا : بگاڑنا : برباد کرنا (کام)۔ (۶)جگہ بدلنا : ادل بدل کرنا : ترتیب بدلنا : تبدیلِ محل کرنا ۔ (۷)تبدیل کرنا : مکمل طور پر بدلنا : کسی دوسری شکل میں بدلنا : مخالف حالت میں بدلنا : بدل دینا (فیصلہ وغیرہ کو) ۔ (۸) مسالف سمت میں بدلنا ۔ (۹) تاش کے کھیل میں الٹا بول بولنا ۔

To reverse the charge(s) : جس کو فون کیا جائے اُس سے قیمت وصول کرنا (فون کا خرچ) ۔

Reverse arms : (n) بندوقیں اس طرح پکڑنا کہ کندے اوپر رہیں ۔

Reverse battery/-file : (n) عقبی گولہ باری ۔

Reverse circulation : (n) الٹا بہاؤ ۔

Reverse current : (n) الٹی لہر ۔

Reverse of a proposition : (n) (ہندسہ) عکسِ قضیہ ۔

Reversed : (a) مقلوب : معکوس : پیچھے مُڑا ہوا ۔

Reversed image : (n) (بصریات) مقلوب شبیہ : اُلٹی شبیہ ۔

Reversedly : (adv.) اس کے برعکس : الٹے طور پر : برعکس طور پر ۔

Reversely : (adv.) دیکھو Retrograde

Reversi : (n) [Fr.] ڈرافٹ کی قسم کا ایک کھیل جس میں ۶۴ گوٹیں ہوتی ہیں جن کا رنگ دونوں رُخ پر مختلف ہوتا ہے۔

Reversibility : (n) رجعت پذیری: الٹا جا سکنا: رخ بدلا جا سکنا :قابل منسوخی ہونا ۔

Reversible : (a) قابل منسوخی : الٹنے والا : رخ بدلنے والا : الٹنے کے لائق : مقلوبی : (انجینئرنگ) رجعت پذیر ۔

Reversible : (n) کپڑا جس کے دونوں طرف یکساں رخ ہوں : مقلوبی کپڑا ۔

Reversible lock : (n) معکوسی تالا ۔

Reversible perspective : (n) (نفسیات ، بصریات) متبادل تناظر ۔

Reversible reaction : (n) (کیمیا) دوطرفہ تعامُل ۔

Reversibleness : (n) دیکھو Reversibility

Reversibly : (adv.) رخ بدلتے ہوئے : معکوساً ۔

Reversing : (a) مقلّب : عاکس : الٹاؤ ۔

Reversing gear : (n) (میکانیات) مقلّب گیرہ ۔

Reversing layer : (n) (نجومی) طبقۂ منقلبہ ۔

Reversing machine : (n) (میکانیات) مقلب کل ۔

Reversing motion : (n) مقلب الحرکت ۔

Reversing stratum : (n) دیکھو Reversing layer

Reversing switch : (n) (الکٹرک) مقلب سوئچ : رو بدل سوئچ ۔

Reversing thermometer : (n) گہرے پانی کی حرارت ناپنے کا تھرما میٹر : مقلب تھرما میٹر ۔

Reversing valve : (n) (انجینئرنگ) مقلب والو ۔

Reversion : (n) [L.'Reversionem'.] (۱) (قانون) جائداد کے حق ملکیت کی ایک معینہ میعاد (خصوصاً موہوب کی وفات کے بعد یا واہب یا اس کے ورثا کی طرف عود کرنا) :

حقیقت ما بعد : عود : باز گشت . (۲) ایسی جائداد کا حق وراثت . (۳) ایسی جائداد . (۴) (قانون) باز گشت جائداد . (۵) (حیاتیات) رجعہ : رجعہ بسلف : سابق کی طرف لوٹنے کا عمل . (۶)(قانون) جائداد کا وہ حصہ جو فیصلہ ہونے کے بعد وارث کو واپس کر دیا جائے۔ (۷) (اسکاتستانی قانون) وراثت کے واپس لینے کا حق . (۸) مخصوص حالت کی طرف لوٹنے کا عمل . (۹) اجداد کی صفت کا عود کرنا : پرکھوں کی صفت کی بازگشت . (۱۰) عودی سالیانہ . (۱۱) (ریاضیات) عودی سلسلہ.

In reversion : (۱) موھوب الیہ کی موت کی شرط پر . (۲) وقف شدہ شے کو شخص کے قبضے میں آنے کی صورت میں .

Reversionable : (a) قابل بازگشت : عود کے لائق : باز گشت کے لائق (جائداد) .

Reversional : (a) عودی : مابعد کا .

Reversionally : (adv.) حقیقت ما بعد کے ذریعے : عود کرتے ہوئے .

Reversionary : (a) (۱) عودی : ما بعد کا : باز گشت کی طرح کا . (۲) (حیاتیات) رجعہ بہ سلف کا : اگلوں کی طرح کا .

Reversioner : (n) وارث باز گشت : وارث عودی : وارث ما بعد .

Reversionist : (n) (۱) دیکھو Reversioner . (۲) وارث عودی کا حامی .

Reversis : (n) [Fr. var. of 'Reversi'.] Reversi (تاریخ) دیکھو

Revert : (n) [f. next] (۱) باز گشت کرنے والا . (۲) (دینیات) باز گردندہ : وہ شخص جو دوبارہ اپنے اصلی مذہب کی طرف رجوع کرے .

Revert : (v) [L.'Revertere'.] (۱) حق ملکیت کی ایک معینہ میعاد یا موھوب لہ کی وفات کے بعد واہب یا اس کے ورثا کی طرف عود کرنا . (۲) پچھلی حالت کی طرف عود کرنا : پہلے کی طرح ہو جانا : سابقی حالت میں لوٹنا : سابقی شکل میں رجوع کرنا : رجوع کرنا : بار بار واقع ہونا . (۳)دوبارہ وحشیانہ زندگی اختیار کرنا : وحشیانہ زندگی کی طرف عود کرنا. (۴) گفتگو میں یا خیال میں کسی موضوع کی طرف رجوع کرنا . (۵) نظر پھیرنا : چلتے چلتے واپس ہونا . (۶) (ریاضیات) مقدار کی قدر و قیمت کا تعین کرنا .

To revert a series : (ریاضیات) مقدار کی قدر و قیمت کا اندازہ کرنا .

Reverted : (a) (۱) معکوس: اُلٹا : مقلوب: پیچھے کی طرف گھوما ہوا : بر گشتہ . (۲) (آنکھ) نظر پھیرا ہوا : چلتے چلتے رجوع کیا ہوا : مرجوع : پھیرا ہوا .

Reverter : (n) (قانون) باز گشت (جائداد) .

Reverter : (n) (۱) وہ شخص جو دوبارہ اپنے اصلی مذہب کی طرف رجوع کرے . (۲) باز گشت کرنے والا : رجوع کرنے والا .

Revertible : (a) عود پذیر : باز گشت (جائداد) : معاودت پذیر : قابل عود (جائداد)جس کا حق ملکیت ایک معینہ مدت یا موھوب لہ کی وفات کے بعد واہب یا اس کے ورثا کی طرف عود کرے .

Revertive : (a) رجوع کرنے والا : مراجعت پذیر : عود پذیر : لوٹنے والا .

Revest : (v) (۱) (شخص کو) دوبارہ منتقل کرنا (طاقت ، عہدہ ، ملکیت وغیرہ کا) : بحال کرنا : پھر عطا کرنا (عہدہ ، منصب وغیرہ) . (۲) دوبارہ دینا : عطا کرنا (جائداد ، اختیارات وغیرہ) : (کوئی چیز) از سر نو عطا کرنا . (۳) سرمایہ کا منتقل ہونا (کسی شخص میں) .

Revestment : (n) دوبارہ منتقلی : پھر بحالی .

Revestry/ Revestiary : (n) [OFr. 'Revertiaire'.] گرجے کا توشہ خانہ : اطاق دعا .

Revet : (v) [Fr. 'Revetir'.] دیوار یا فصیل کے سامنے پشتیبان تعمیر کرنا (خصوصاً قلعہ بندی میں) .

Revete : (v) دیکھو Revet

Revetment : (n) [Fr.'Revetement'.] (۱) (قلعہ بندی) پُشتہ : پشتیاں : سہارے کی دیوار . (۲) (انجینئرنگ) سنگ پُشتہ : پُشتہ دیوار . (۳) (تعمیرات) پتھر کا سہارا یا پُشتہ: بند .

Revictual : (v) (اشیائے خوردنی کا) نیا ذخیرہ مہیا کرنا : نیا اسٹاک جمع کرنا .

Revictualment : (n) نئے ذخیرے کی فراہمی : نیا اسٹاک .

Review : (n) [Fr. 'Revue'.] (۱) (قانون) نظر ثانی : مکرر تحقیقات : مکرر تنقیح . (۲) (فوج) فوجی معائنہ : معائنۂ افواج : فوج یا جہاز کے بیڑے کا ریویو : جانچ : امتحان . (۳)گزرے ہوئے واقعات کا تبصرہ . (۴) تبصرہ : تنقید : انتقاد . (۵) رسالہ : مجلّہ . (۶) دوبارہ نظر : عام سروے: غورِ مکرر : زیر نظر : زیر غور .

Court of review : (قانون) عدالتِ اپیل ۔

In review / Under- : زیر نظر ؛ زیر غور ۔

To march in review /-pass- : جانچا جانا ۔

Review : (v) [Fr. 'Revoir'.] (۱) دوبارہ دیکھنا۔ (۲) نظر ثانی کرنا ؛ مکرر غور کرنا ؛ دوبارہ تحقیقات یا تنقیح کرنا ؛ دوبارہ جانچنا ؛ از سر نو امتحان لینا ۔ (۳) معائنہ کرنا ؛ نظر ڈالنا ۔ (۴) (فوج کا) معائنہ کرنا ؛ عوض لینا ۔ (۵) (کتاب وغیرہ پر) تبصرہ کرنا ؛ تنقیدکرنا ۔

Review order : (n) فوجی معائنہ کے وقت لباس وغیرہ اور دیگر انتظامات ۔

Reviewable : (a) قابل تنقیح مکرر ؛ نظر ثانی کے قابل ؛ قابل تبصرہ ؛ لائق تنقید ۔

Reviewal : (n) تبصرہ ؛ نظر ثانی ؛ تنقیح مکرر ۔

Reviewer : (n) تبصرہ نگار ؛ تنقید نگار ؛ تبصرہ کرنے والا ۔

Reviewing authority : (n) (فوج) معائنہ کرنے والا افسر ؛ معائنہ کرنے والا کمانڈر ۔

Reviewless : (a) بغیر تبصرہ کے ؛ بغیر تنقید کے ۔

Revile : (v) [OFr. 'Reviler'.] (۱) برا بھلا کہنا ؛ گالیاں دینا ؛ سخت سست کہنا ۔ (۲) گالیاں بکنا ؛ بد زبانی کرنا ؛ لعن طعن کرنا ۔ (۳) سختی سے ملامت کرنا ۔

Revilement : (n) (۱) گالی گلوچ ؛ برا بھلا کہنے کا عمل ۔ (۲) بد گوئی ؛ بد کلامی ۔

Reviler : (n) بد گو ؛ بد زبان ؛ گالیاں دینے والا ۔

Reviling : (n) بد زبانی ؛ گالیاں دینے کا عمل ؛ بد کلامی ۔

Revilingly : (adv.) بد زبانی کرتے ہوئے ۔

Revisable : (a) نظرثانی کے قابل ؛ لائق تنقیح ؛ قابل اصلاح ۔

Revisal : (a) نظر ثانی ؛ ملاحظہ ثانی ؛ تنقیح مکرر ۔

Revise : (n) [f. the v.] (۱) نظر ثانی ؛ تجدید ثانی ؛ تنقیح مکرر ؛ ترمیم ۔ (۲) نظر ثانی کیا ہوا فرما ۔ (۳) (طباعت) تصحیح کے بعد چھپا ہوا پروف ۔

Revise : (v) [Fr. 'Reviser'.] (۱) نظر ثانی کرنا ؛ تصحیح کرنا ؛ دوبارہ جانچ کرنا ؛ مکرر تنقیح کرنا ؛ مکرر غور کرنا ؛ ملاحظہ ثانی کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ ترمیم کرنا ۔

Revised : (a) (۱) ترمیم شدہ ۔ (۲) اصلاحی ؛ درست کیا ہوا ؛ ٹھیک کیا ہوا ۔ (۳) پُختہ ۔

Revised edition : (n) ترمیم شدہ ایڈیشن؛حک و اضافہ کیا ہوا ایڈیشن۔

Revised estimate : (n) (معاشیات) پُختہ موازنہ ۔

Reviser : (n) نظر ثانی کرنے والا؛ اصلاح کرنے والا ؛ ترمیم کرنے والا ؛ تنقیح کنندہ ۔

Revisible : (a) دیکھو Revisable

Revision : (n) [late L. 'Revisionem.'] (۱) نظر ثانی ؛ ترمیم ؛ ملاحظۂ ثانی ؛ تجدید نظر ؛ تنقیح مکرر ؛ دوبارہ جانچ ۔ (۲) اصلاح ؛ اصلاح شدہ طباعت ؛ ترمیم شدہ عبارت یا ترجمہ ۔ (۳) نگرانی ۔ (۴) شخص یا چیز کو دوبارہ دیکھنے کا عمل ۔

Revisionary/ Revisional : (a) نظر ثانی سے متعلق ؛ تصحیح کا یا اس سے متعلق ۔

Revisionism : (n) نظر ثانی ؛ اصلاح ؛ ترمیم کی اسکیم یا پالیسی خصوصاً مارکسٹ (لینن) نظریہ کی اصلاح اور ترمیم نظریۂ اصلاح یا ترمیم ؛ تحریک اصلاح (کمیونسٹ لینن نظریہ کا) ۔

Revisionist : (n) (۱) نظر ثانی کی حمایت کرنے والا ؛ ترمیم کاحامی ۔ (۲) (جمع میں) بائبل کی نظر ثانی کرنے والا ۔ (۳) خصوصاً نظریۂ اصلاح کا حامی ؛ تحریک اصلاح کا حامی ۔ (۴) دیکھو Reviser ۔

Revisionist : (a) نظریۂ اصلاح یا تحریک اصلاح کی حمایت کرنے والا ۔

Revisit : (v) (۱) دوبارہ ملنا ؛ دوبارہ ملاقات کرنا ؛ پھر زیارت کرنا یا سیر کو جانا ۔ (۲) دوبارہ دیکھنا؛ تجدید نظر کرنا ؛ دوبارہ جانچ کرنا ۔

Revisit : (n) دوبارہ ملاقات ؛ دوبارہ زیارت یا سیر ۔

Revisitant : (a) دوبارہ سیر کرنے والا ؛ دوبارہ ملاقات کرنے والا ۔

Revisitation : (n) دوبارہ ملاقات ؛ دوبارہ سیر ۔

Revisor : (n) دیکھو Reviser

Revisory : (a) تصیحی : اصلاحی : اصلاح آمیز : تجدیدی : نظر ثانی کی صلاحیت رکھنے والا : نظر ثانی : ترمیم کی فطرت کا : نظر ثانی سے متعلق .

Revitalisation / Revitalization : (n) دوبارہ جان ڈالنے کا عمل:(طب) قوت بخشی .

Revitalize : (v) دوبارہ جان ڈالنا : تازہ قوت بخشنا : نئی زندگی بخشنا .

Revitalizer : (n) دوبارہ جان ڈالنے والا : نئی زندگی عطا کرنے والا .

Revivability : (n) قابل احیا ہونے کی حالت : تجدید .

Revivable :(a) قابل احیاء : قابل تجدید : تقویت جسمی یا روحی سے متعلق .

Revivably : (adv.) تجدیدی طور پر : احیائی انداز سے .

Revival : (n) (۱) تجدید : احیاء : نیا جنم : تازہ کرنا یا ہونا : دوبارہ رواج دینا یا رواج پانا . (۲) مذہبی جوش یا عقیدت کا احیاء : احیائے مذہب کی تحریک . (۳) ہوش میں لانے کا عمل: زندہ کرنے کا عمل : جان ڈالنے کا عمل . (۴)تقویت: بحالی : ہوش آنے کا عمل : از سر نو زندگی . (۵)تجدید: تحدید : تقویت جسمی یا روحی : بیداریٔ مذہبی : تجدید اعتبار : (دینیات) تجدّد : (نفسیات) اعادہ . (۶)(قانون) تنقید : تائید . (۷) قدیم ڈرامے کا اسٹیج پر کھیلنے کا احیاء : قدیم ادبی سرمایہ کی از سرنو طباعت . (۸) (تعمیرات) انیسویں صدی کے وسط میں گوتھی طرز تعمیر کا احیاء . (۹) (کیمیا) تازگی : بحالی : تحدید رمق .

Ideal revival : (نفسیات) اعادۂ مثالی .

Revival of architecture : (n) انیسویں صدی کے وسط میں گوتھی طرز کا احیاء .

Revival of learning /-letters / -literature : (n) نشاۃ الثانیہ : دور احیاء العلوم : نشاۃ الثانیہ میں احیائے علوم .

Revivalism : (n) (۱) احیائے مذہب کی تحریک : احیائے مذہب کا اصول : تحریک احیائے دین : تجددیت . (۲) تجدید حیات : بیداریٔ مذہبی .

Revivalist : (n) (۱)حامیٔ احیائے مذہب : تحریک احیائے دین میں حصہ لینے والا : ہوا خواہ بیداریٔ مذہبی . (۲) قدیم طریقے اور حالات کو نظر ثانی کرنے والا یا ترمیم کرنے والا : (دینیات) مجدد : معتقد تجدد .

Revive : (v) [L.'Revivere'.] (۱) ہوش میں لانا : زندہ کرنا : جلانا : جان ڈالنا : تقویت دینا : قوت پہنچانا : سنبھالنا : مؤثر بنانا : کار گر کرنا . (۲) پھر سے رواج دینا : تازہ کرنا : احیاء کرنا : تجدید کرنا . (۳) بحالی ہونا : ہوش میں آنا: پنپنا : سنبھلنا : قوت حاصل کرنا : زندہ ہونا: جی اٹھنا : جان پڑ جانا : دوبارہ عمل کرنا : از سر نو نیا کرنا . (۴) پھر سے رواج پانا : تازہ ہونا : احیاء ہونا : تجدید ہونا . (۵) (کیمیا) (دھات خصوصاً پارے کو) اصلی حالت پر لانا : اصلی شکل میں لانا : دھات کی حالت میں بہانا . (۶)((قانون) دوبارہ باضابطہ ہونا : از سر نو جائز ہونا . (۷) واپس ہونا : دوبارہ لوٹنا . (۸) (قانون) دوبارہ حکم جاری کرنا: قانون وضع کرنا: پھر توثیق کرنا . (۹) دوبارہ جاری کرنا یا ہونا (انتخاب وغیرہ کا) . (۱۰) (خواہش کا) دوبارہ پیدا ہونا : پھر اُبھرنا . (۱۱) عمل میں لانا : دوبارہ استعمال کرنا : دوبارہ قائم کرنا یا ٹھیک کرنا . (۱۲) پھر ادراک ہونا : دوبارہ علم میں لانا : از سر نو معلومات کرانا . (۱۳) دوبارہ قدیم ڈرامے کا اسٹیج پر کھیلنا . (۱۴) پھر ذہن میں لانا : از سر نو یاد کرنا : دوبارہ ذہن نشین کرنا : پھر یاد کرنا . (۱۵) کیمیاوی جز ملا کر (کپڑے کے اڑے ہوئے رنگ کو) تازہ کرنا : نیا کرنا . (۱۶) دوبارہ وضاحت کرنا : صفائی کرنا .

Revived precept : (n) (دینیات) احیاء شدہ مسئلہ .

Reviver : (n) (۱) احیاء کرنے والا : تجدید حیات کرنے والا : زندہ کرنے والا : ہوش میں لانے والا . (۲) محرک . (۳) (عامیانہ) مفرح مشروب : شراب وغیرہ جس سے طبیعت چاق و چوبند ہو جائے : تازگی بخش مشروب: کیف آور چیز : منشی چیز . (۴) وہ مرکب جس سے اُڑا ہوا رنگ تازہ ہو جائے : جلا کرنے والا .

Revivification : (n) (۱)احیاء : تجدید حیات : تجدید رمق . (۲)بحالی : تقویت : اُبھارنا یا اُبھرنا . (۳) (تاریخ طبعی) بحالی بے حسی : کاہلی کو ختم کرنے کا عمل : تازگی: نیرو بخشی . (۴) نئی روح پھونکنا : نئی زندگی پانے کا عمل . (۵)(کیمیا) پارے کو اصلی صورت پر لانے کا عمل : پارے کا اصلی صورت پر آنے کا عمل : (طب) قوت بخشی (کیمیا) باز عاملیت : (دھات) تحویلِ دھات .

Revivify : (v) [Fr. 'Revivifier'.] (۱) دوبارہ جان ڈالنا : نئی زندگی بخشنا : بحالی کرنا: تقویت دینا : مکرر طاقت دینا : اُبھارنا : تازگی پیدا کرنا : نئی روح پھونکنا . (۲)(کیمیا) اصلی صورت پر لانا (دھات خصوصاً پارے کو) : فلزاتی حالت میں لانا .

Reviving : (a) (۱) تقویت حاصل کرنے والا : ہوش میں آنے والا . (۲) نئی زندگی بخشنے والا : نئی قوت دینے والا .

Revivingly : (adv.) تقویت حاصل کرتے ہوئے ؛ نئی زندگی کے ساتھ ۔

Reviviscence : (n) [L. 'Reviviscentia'.] (۱) زندہ سازی ؛ دوبارہ زندگی ؛ زندہ ہونے کا عمل ؛ جان پڑنا ؛ تجدید رمق ۔ (۲) قوت بخشی ؛ قوت پانے کا عمل ؛ بہ ہوش آوری ؛ سنبھلنا ؛ نیر و بخشی ۔ (۳) بحالی ؛ تازگی ۔

Reviviscency : (n) دیکھو Reviviscence

Reviviscent : (a) [L. 'Reviviscent'.] دوبارہ زندہ ہونے والا ؛ دوبارہ زندگی پانے والا ؛ قوت حاصل کرنے والا ؛ اپنی حالت پر بحالی ہونے والا ؛ ہوش میں آنے والا ۔

Revivor : (n) ایک فریق کی وفات کے بعد مقدمہ کی کاروائی کو دوبارہ چھیڑنا ۔

Bill of revivor : ایک فریق کی وفات کے بعد تجدید مقدمہ کا بل ۔

Revocability : (n) قابل تنسیخی ؛ فسخ پذیری ؛ بر گشت پذیری ۔

Revocable : (a) [L. 'Revocabilis'.] فسخ پذیر ؛ لائق تنسیخ ؛ منسوخی کے قابل ؛ بر گشتنی ۔

Revocableness : (n) دیکھو Revocability

Revocably : (adv.) فسخ پذیری کے ساتھ ۔

Revocation : (n) [L. 'Revocatio'.] (۱) لغو ؛ تنسیخ ؛ فسخ ؛ منسوخی ؛ استرداد ؛ باطل سازی ؛ بر گردانی ؛ بر گشت ؛ فسخ حکم ؛ کالعدم ۔ (۲) (تاخیر سے) واپسی ؛ واپس لینا یا لے جانا (گرانٹ) ۔

Revocatory : (a) [L. 'Revocatorius'.] ناسخ ؛ فسخی ؛ ابطالی ؛ تنسیخی ؛ استرداد کرنے والا ؛ رد کرنے والا ۔

Revok(e)able : (a) دیکھو Revocable

Revoke : (n) [f. the v.] (۱) لغو ؛ فسخ ؛ تنسیخ ؛ منسوخی ۔ (۲) (تاش میں) رنگ ہونے کے باوجود بد رنگی (کرنا) ۔

Revoke : (v) [L. 'Revocare'.] (۱) دوبارہ بلانا ؛ پھر بلانا ؛ یاد کرنا ؛ واپس بلانا ۔ (۲) مٹا دینا ؛ معدوم کرنا ؛ منسوخ کرنا ؛ اُٹھا دینا ؛ تنسیخ کرنا ؛ فسخ کرنا ؛ مسترد کرنا یا رد کرنا ؛ کالعدم کرنا ۔ (۳) (تاش میں) رنگ کا پتّہ ہونے کے باوجود نہ چلنا یا بھول جانا ۔ (۴) منسوخ کرنا ۔

Revoking : (a) (تاش) رنگ کا پتّا ہونے کے باوجود نہ چلنے والا ۔

Revokingly : (adv.) بطور منسوخی ۔

Revolt : (n) [Fr. 'Revolte'.] (۱) بغاوت ؛ سرکشی ؛ انحراف ؛ رو گردانی ؛ انقلاب ؛ طغیان ؛ شورش ۔ (۲) پارٹی سے پُر زور علاحدگی ۔ (۳) گھن ؛ کراہت ؛ بیزاری ؛ تنفر ؛ نفرت ۔

In revolt : انحراف سے ؛ بغاوت کی حالت میں ؛ سر کشی میں ۔

Revolt : (v) [Fr. 'Revolter'.] (۱) اطاعت سے رو گردانی کرنا ؛ باغی ہونا ؛ بغاوت کرنا ؛ غدر مچانا ؛ برگشتہ ہونا ؛ منحرف ہونا ؛ انحراف کرنا ؛ شورش برپا کرنا ۔ (۲) طبیعت کو نفرت ہونا ؛ تنفر پیدا ہونا ؛ بیزار ہونا ؛ (کسی چیز سے) نفرت کرنا ۔ (۳) کراہت کرنا ؛ گھن آنا ؛ متلی ہونا ؛ متلی پیدا کرنا ؛ جی متلانا ۔

Revolt : (n) دیکھو Revolter

Revolter : (n) سرکش ؛ باغی ؛ متمرد ؛ بغاوت کرنے والا ؛ سرکشی کرنے والا ۔

Revolting : (a) (۱) بغاوت کنندہ ؛ باغی ؛ متمرد ۔ (۲) مکروہ ؛ نفرت انگیز ؛ تنفر آور ؛ گھناؤنا ۔

Revoltingly : (adv.) نفرت انگیز طریقے سے ؛ مکروہ طریقے سے ؛ بغاوت کرتے ہوئے ۔

Revoltress : (n) بغاوت کرنے والی ؛ باغی عورت ۔

Revolubilis : (a) (حیاتیات) عود پذیر ۔

Revolute : (v) (عامیانہ) انقلاب کرنا ؛ انقلاب برپا کرنا ؛ بغاوت کرنا ؛ شورش کرنا ۔

Revolute : (a) [L. 'Revolutus'.] (نباتیات) لب برگشتہ ؛ اُلٹ پیچہ ؛ جس کے کنارے پیچھے کو مُڑے ہوں ؛ پشت نورد ۔

Revolution : (n) [late L. 'Revolutionem'.] (۱) (علم النجوم) دوری حرکت ؛ گردشِ سالانہ ؛ گردش ؛ چکّر ؛ محوری گردش ۔ (۲) زمانۂ گردش ؛ زمانۂ حرکت ۔ (۳) انقلاب ؛ شدید تغیر ؛ کایا پلٹ ؛ شورش ۔ (۴) انقلاب سلطنت ؛ سیاسی انقلاب ۔ (۵) (میکانیات) چکّر ؛ دورئ گردش ؛ کسی مرکز کے گرد چکّر ۔ (۶) دورہ ؛ دوران ۔ (۷) (فرانسیسی تاریخ میں) شہنشاہیت کا خاتمہ اور جمہوری حکومت کا قیام ؛ فرانسیسی انقلاب ۔ (۸) (امریکی تاریخ) ۱۷۷۵ ۔ ۸۱ کا انقلاب جس نے امریکا میں انگریزی حکومت کا خاتمہ کر دیا ۔

American revolution : ۱۷۷۵ء کا انقلاب جس نے امریکا میں انگریزی حکومت کا خاتمہ کر دیا۔

French revolution : ۱۷۷۹ء کا فرانسیسی انقلاب جس میں شہنشاہیت کا خاتمہ ہوا اور جمہوری نظام کا قیام ہوا : انقلاب فرانس۔

The revolution : ۱۶۸۸ء کا انقلاب جس میں خاندان اسٹوارٹ سلطنت سے بے دخل کر دیا گیا تھا۔

Revolutionariness : (n) (۱) انقلاب سے متعلق : انقلابی : باغی : تغیرات اساسی : شورش: شورش آمیز: بغاوت کرنے والا۔ (۲) انقلاب پسند : انقلاب انگیز : جس میں کایا پلٹ ہو جائے : شدید تغیرات سے پُر۔

Revolutionary : (n) حامیٔ انقلاب : محرک انقلاب : طرفدار انقلاب : انقلاب یا بغاوت میں حصہ لینے والا : حامیٔ بغاوت۔

Revolutionary convention : (n) (سیاسیات) انقلابی اجتماع۔

Revolutionary socialism : (n) (سیاسیات) انقلابی اشتراکیت۔

Revolutionary counter : (n) (میکانیات) دورات شمار۔

Revolutioneering : (a) رہبریٔ انقلاب۔

Revolutioner : (n) حامیٔ انقلاب : انقلاب پسند : (اب تاریخ میں) طرفدار انقلاب۔

Revolutionism : (n) (سیاسیات) انقلاب پسندی : انقلابیت : اصول انقلابی۔

Revolutionist : (n) دیکھو Revolutionary (n)

Revolutionizo : (v) (۱) انقلاب برپا کر دینا : (ملک یا مملکت کو) انقلابی شکل میں تبدیل کر دینا : کایا پلٹ کر دینا۔ (۲)انقلابی اصول یا نظریہ کا سرایت کر جانا۔ (۳)بالکل بدل دینا : بنیادی طور پر (چیز کو) بدل دینا۔

Revolutionizer : (n) انقلاب برپا کرنے والا۔

Revolvable : (a) قابل انقلاب : قابل گردش: دورانی : گردش۔

Revolve : (n) [f. the n.] گردش : سیر : تغیر : انقلاب : تحوّل۔

Revolve : (v) [L. 'Revolvere'.] (۱) (کسی مسئلہ پر) غور کرنا : سوچنا : خیال کرنا : ذہن میں اتارنا : غور و فکر کرنا۔ (۲) گردش کرنا : محور پر گردش کرنا : چکّر لگانا : طواف کرنا : دورہ کرنا۔ (۳) گھمانا : گردش دینا : گھوم جانا : گھومنا : پھرنا :کسی مرکز کے چاروں طرف گردش کرنا یا گھومنا۔

To revolve problem, fact, in the mind : کسی مسئلے یا بات پر غور کرنا۔

Revolvency : (n) (۱) میلان انقلاب : رجحان انقلاب۔ (۲) گردش کی صلاحیت۔

Revolver : (n) (۱) ریوالور : کئی فائر کا پستول : گرداں طمنچہ : دوّراہ۔ (۲) گردشی سطح۔ (۳) گردش کرنے والا : انقلاب برپا کرنے والا۔

Revolving : (a) (۱) گردشی : رجعی : دورانی : گھومنے والا : گردش کرنے والا : گرداں۔ (۲) (میکانیات) تحویل۔

Revolving credit : (n) گردشی جمع (کھاتہ)۔

Revolving door : (n) گردشی دروازہ : دورانی در : گرداں باب۔

Revolving fund : (n) گردش فنڈ : تنخواہ گرداں۔

Revolving shelf : (n) دُرلاب : گردشی شیلف۔

Revolving storm : (n) دیکھو Cyclone

Revomit : (v) بار بار قے کرنا : دوبارہ متلی کرنا : پھر قے کرنا۔

Revue : (n) [f.] ریویو : نقل : رنگا رنگ پروگرام : ایک تماشا جس میں غیر مسلسل منظر دکھاتے ہیں اور موجودہ واقعات کا مضحکہ ہوتا ہے۔

Revuist : (n) ریویو کرنے والا : تنقیح کرنے والا : مصنف۔

Revulsant : (n) (طب)رادع دوا : اُبھاڑ پیدا کرنے والی دوا۔

Revulsion : (n) [L. 'Revulsio'.] (۱) (طب) ایک عضو کے ازالۂ مرض کے لئے دوسرے عضو پر اثر ڈالنے کا عمل : اُبھاڑ : رَدع : تحویل مرض : بدن کے ایک حصے سے دوسرے حصے کی طرف خون یا مرض کا انحراف۔ (۲) کھینچنا یا کھنچ جانے کا عمل۔ (۳) تغیر ناگہانی : احساس یا جذبات کا شدید فوری تغیر : مذاق ، حالت وغیرہ کا فوری تغیر : پلٹنا : انقلاب۔

Revulsive : (a) (طب) رادع : اُبھاڑ کا : اُبھاڑ پیدا کرنے والی (دوا)۔

Revulsive : (n) رادع دوا : اُبھاڑ پیدا کرنے والی دوا۔

Reward : (n) [OFr. 'Reg(u)ard'.] (۱) انعام : صله : اجر : (معاشیات) محنتانه . (۲) بدله : جزا : عوض : سزا : پاداش : تاوان : تلافی : مکافات : پھل . (۳) مجرم کا پته بتانے یا گم شده چیز تلاش کرنے کا انعام ، صله .

Reward : (v) (۱) انعام دینا : صله دینا : معاوضه دینا : عوض دینا : اجر دینا . (۲) جزا دینا : تاوان دینا : تلافی کرنا : سزا دینا : پاداش دینا : بدله دینا .

Rewardable : (a) قابل انعام : لائق صله : معاوضه کے لائق .

Rewardableness : (n) قابل انعامی : صله : معاوضه .

Rewardably : (adv.) قابل انعام کے طور پر .

Rewarded : (a) انعام یافته : صله یافته .

Rewardedly : (adv.) انعام یافته طور پر .

Rewarder : (n) انعام دینے والا : بدله دینے والا : پاداش دہنده .

Rewardful : (a) منافع بخش : بار آور صله : مفید انعام .

Rewarding : (a) سود مند : بدله دینے والا .

Rewardless : (a) بے اجر : بے سزا : بے صله : بے انعام .

Rewarm : (v) دوباره گرم کرنا : گرمی پہنچانا .

Rewash : (v) از سر نو دھونا : پھر سے دھونا .

Rewin : (v) دوباره حاصل کرنا : پانا : دوباره قبضه پانا .

Rewinding : (n) (سنیما) باز لپیٹ .

Reword : (v) دوسرے الفاظ میں بیان کرنا یا دُہرانا : دوباره کہنا : اُسی الفاظ میں دُہرانا .

Rewrite : (v) (۱) جواب میں لکھنا : تحریر میں جواب دینا . (۲) دوباره لکھنا : نقل کرنا : (کتاب وغیره) دوباره مرتب کرنا . (۳) نظر ثانی کرنا : حك و اصلاح کرنا .

Rewrite : (n) عبارت ، تحریر ، مضمون ، اخباری کہانی (جو دوباره ترتیب دی گئی ہو) .

Rewriteman : (n) خبر نویس جو دوباره یا نظر ثانی کر کے لکھنے میں ماہر ہو .

Rewriter : (n) دیکھو Rewrite man

Rex : (n) [L.] (سیاسیات) پادشاه وقت : فرماں روا .

Rexine : (n) ریکسن : ایك قسم کا بناوٹی چمڑا .

Reynard : (a) [OFr. 'Renart'.] بی لومڑی : شه روباه : لومڑی .

Reyouth : (v) (اپنے آپ کو) دوباره نوجوان بنانا : پھر نوجوان بننا (اپنے آپ کا) .

Rezai / Resai : (n) [Pers. 'Razai'.] رضائی : پتلا اور کم روئی بھرا لحاف .

Rh : لاطینی ایك صوتی دو حرفی مصمته : انگریزی میں 'R' کے برابر ہے .

Rha : (n) (نباتیات) ریوند .

Rhabarbarate : (n) [med. L. 'Rhabarbarum'.] راباربیرك ایسڈ کا نمك : ریوند کا نمك .

Rhabarbaric : (a) [med. L. 'Rhabarbarum'.] (کیمیا) دیکھو Chrysophanic

Rhabarbarin : (n) (کیمیا) ریوند کا تیزاب .

Rhabarbarum : (n) [med. L.] (نباتیات) ریوند : ریشۂ ریواس .

Rhabdite : (n) [Gr. 'Rabdos'.] (۱) (حیوانیات) عضایه خلیه . (۲) (تشریح) کیڑے کے انڈے کی نالی بنانے والے تین اعضاء میں سے کوئی ایك . (۳) (کان کنی) لوہے اور نکل کا فاسفائڈ .

Rhabdo : (n) [Gr. 'Rabdos'.] جزو ترکیبی (یونانی لفظ) بمعنی چھڑی ، عصا .

Rhabdocarpous : (n) (نباتیات) عَصایه ثمره .

Rhabdocoel(e) : (a) [Gr. 'Rodos'.] (حیوانیات) مجوّف عُصیّاتی (حشرات) .

Rhabdocoel(e) : (n) مجوّف عُصیّاتی حشرات .

Rhabdocoelian/ -coelous : (n) دیکھو Rhabdolith

Rhabdoid : (a) [mod. L. 'Rhabdoides'.] (۱) (حیوانیات) عصا نما : چھڑی نما . (۲) (تشریح) سہمی .

Rhabdoid : (n) عصا نما جسم : (حیوانیات) جسم عصایائی ۔

Rhabdoidal : (a) (تشریح) سہمی ۔

Rhabdolith : (n) (حیوانیات) کلسی عَصایہ ۔

Rhabdology / -Rabdo- : (n) [mod. L. 'R(h)abdologia'.] (ریاضیات) عصایائی شماریت : (تاریخ) Napier's bones کے ذریعہ اعداد و شمار یکجا کرنے کا فن ۔

Rhabdom / -ome : (n) [late Gr. 'rabdoma'.] (تشریح) عصایائی ساخت : محور شُبیکیہ : ریبڈوم ۔

Rhabdomancer : (n) عصائی تفاؤل نکالنے والا : طلسمی عصا سے فال نکالنے والا ۔

Rhabdomancy/ Rabdomancy : [late L. 'Rhabdomanlia'.] (۱) عصائی تفاؤل : تفاؤل بالعصا : چھڑی کی فال : چوب و عصا کے ذریعہ پیشن گوئی : جادو کی چھڑی کے ذریعہ معلوم کرنا کہ فلاں زمین کے نیچے پانی یا دھات ہے ۔ (۲) طلسم عصا : عمل طلسمی ڈنڈی ۔

Rhabdomere : (n) (حیوانیات) عضایہ پارہ ۔

Rhabdomyoma : (n) (طب) ریشہ دار دَمّل ۔

Rhabdophora : (n) (ارضیات) عصایہ برداران ۔

Rhabdosphere : (n) (ارضیات) عصایہ کُرہ ۔

Rhabdus : (n) [L.] (حیوانیات) راست سوزن اسفنج : عصایہ سوزن ۔

Rhachi (o)- : دیکھو Rachi

Rhachiomyelitis : (n) ورم نُخاع ۔

Rhachiotomy : (n) (جراحی) نُخاع شگافی ۔

Rhacitis : (n) (طب) کُساح : حَدَبہ : کبڑاپن ۔

Rhdamanthine : (a) عالم اسفل کے جج کے متعلق : بے لوث اور سخت گیرانہ ۔

Rhadamanthus : (n) [Gr. 'Radamanthos'.] (۱) یونانی (دیومالا) عالم اسفل کا جج : بے لوث اور سخت گیر جج (یونانی دیومالا میں عالم اسفل کے ایک جج کا نام ۔ (۲) (قانون) سخت گیر جج ۔

Rhaetian / Rhe- : (a & n) (۱) دیکھو Rhaeto-Rohanic ۔ (۲) کوہ آلپس کے اُس حصے کا نام جو Engadine میں واقع ہو ۔

Rhaetic/ Rhe- : (a) [L. 'Rhaeticus'.] (ارضیات) زمین کے اس طبقے سے متعلق جو Lias اور Trias کے درمیان واقع ہیں ۔

Rhaetic : (n) (ارضیات) زمین کے وہ طبقے جو Lias اور Trias کے درمیان واقع ہیں ۔

Rhaetizite/ Rhe- : (n) [G. 'Rhatizit'.] (معدنیات) سیانائٹ کی ایک سفید قسم ۔

Rhaeto-Romance : (n) جنوبی مشرقی سوئٹزرلینڈ اور ٹرول کی رومانی بولیوں میں سے کوئی ایک بولی ۔

Rhaeto-Romanic/ Rhe- : (a) [f. L. 'Rhoetus'.] (لسانیات) جنوبی مشرقی سوئٹستان اور ٹرول کی رومانی بولیوں کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۔

Rhaeto-Romanic : (n) (لسانیات) جنوبی مشرقی سوئٹزرلینڈ اور ٹرول کی رومانی بولیوں میں سے کوئی بولی ۔

Rhagades : (n) (طب) بُوائی : بوائی پھٹنا : چمڑے کی درز : جلد کی پھٹن (خصوصاً منہ یا مقعد کے پاس) ۔

Rhagadiose : (n) (نباتیات) شگاف دار ۔

Rhagodia : (n) (نباتیات) جنس انگوروش ۔

Rhagon : (n) انگوری اسفنج ۔

Rhamn : (n) [late L. 'Rhamnus'.] خولان : سنجد تلخ : عناب : دیکھو Buckthorn ۔

Rhamnaceae : (n) [L.] (نباتیات) رسوتیہ : خولانیہ : عنّابیّہ ۔

Rhamnose : (a) شبیہ عنات یا سنجد تلخ ۔

Rhamnus : (n) [late L.] (نباتیات) جنس خولان : عناب : جنس رَسوت ۔

Rhamph- / Rhampho- : سابقہ بمعنی منقار ، چونچ : کج منقار والا ۔

Rhamphastos : (n) (حیوانیات) جنس ٹوکانہ : ٹوکانہ ۔

Rhamphodon : (n) (حیوانیات) آری منقار ۔

Rhamphoid : (a) (حیوانیات) منقار نما : قلّابی ۔

Rhamphomicron : (a) (حیوانیات) صغیرالمنقار : چھوٹی چونچ والی (چڑیا) .

Rhamphorhynchus : (n) قُلاب منقاری سوسمار .

Rhamphos : (n) (حیوانیات) قلّابی منقار : ہک چونچ .

Rhamphotheca : (n) (حیوانیات) صُرّہ منقار .

Rhaphe : (n) (۱)(حیوانیات) اِتّصال سیون . (۲) (نباتیات) سیون .

Rhapontic : (n) [mod. L. 'Rhaponticum'.] (نباتیات) ریوند : ریواس .

Rhaponticin : (n) (کیمیا) کرسٹلائن گلوکوز (C_2 H_{24} O_9) جو ریوند میں پایا جاتا ہے .

Rhapsode : (n) [Gr. 'Rhaphodos'.] قدیم یونانی بھاٹ یا کتھا سنانے والا : رزمیہ نظم والا : رجز خواں .

Rhapsodic : (a) [Gr. 'Rhapsodikos'.] رزمیہ : رجزیہ : پر جوش : جوش بھری (نظم) .

Rhapsodical : (a) (۱) بے قاعدہ اور پُر جوش : جوش بھری : رزمی : شور انگیز : حماسی . (۲) رزمیہ کا یا اس سے متعلق .

Rhapsodist : (n) (۱) (قدیم یونانی) رزمیہ نگار : رجز گو : رجز خواں: حماسہ سرا . (۲) نظم خواں . (۳) وہ شاعر جو رزمیہ زبان استعمال کرتا ہے : رزمی اشعار پڑھنے والا .

Rhapsodize : (v) (۱) رزمیہ نظم یا رجز پڑھنا : رزمیہ نظم کی طرح جوش و خروش سے پڑھنا . (۲) رجز کے انداز میں گفتگو کرنا : نہایت جوش و خروش سے گفتگو کرنا . (۳) رزمیہ نظم لکھنا :رجز لکھنا : حماسہ سرائی کرنا.

Rhapsody : (n) [L. 'Rhapsodia'.] (۱) (قدیم یونانی) رزمیہ نظم یا اُس کا حصہ جو ایک بار پڑھا جاسکے رجز : حماسہ . (۲) نہایت پُر جوش تقریر ، نظم یا عبارت : بے ٹھکانے تقریر، تحریر وغیرہ : بے قاعدہ پُر جوش تقریر ، تحریر، خط وغیرہ : بے ربط تحریر: بے ربط نظم . (۳) موسیقی کی بے قاعدہ جوش بھری چیز : نامربوط موسیقی : بے ربط موسیقی .

Rhapsody : (v) رزمیہ نظم پڑھنا یا لکھنا : رجز پڑھنا : حماسہ سرائی کرنا .

Rhatany/ Ra (t) any/ Ratanhy : (n) [mod. L. 'Rhatania'.] (۱)(نباتیات) رتنا : جنوبی امریکا کا ایک جھاڑی دار پودا . (۲) رتنا کی جڑ کا ست .

Rhea : (n) [mod. L.] (۱) جنوبی امریکا کا شترمرغ : ریا جس کی ٹانگ میں تین تین انگلیاں ہوتی ہیں .

Rhea/ Rheea : (n) (نباتیات) چینی بچھرا : ایک قسم کا درخت .

Rhea : (n) (علم النجوم) رِی : قمرِ زحل .

Rheic : (a) (کیمیا) ریوند کا تیزاب .

Rheic acid : (n) دیکھو Rheic

Rhein : (n) (کیمیا) ریوند کا تیزاب (C_{15} H_8 O_6) .

Rhemish : (a) [f. 'Rhemes'.] شہر ریمس کا : ریمی .

Rhemish Bible/-testament /-version /- translation : (n) وہ انجیل جس کا ترجمہ ریمس کے انگریزی حلقے کے کیتھولک عیسائیوں نے ۱۵۸۲ء میں کیا .

Rhemist : (n) انجیل کا ریمی ترجمہ نگار .

Rhenish : (a) [OFr.'Rinois'.] رائینی : دریائے رائن یا علاقہ رائن سے متعلق .

Rhenish : (n) علاقہ رائن کی شراب .

Rhenish wine : (n) رائنی شراب .

Rhenium : (n) [mod. L.] (کیمیا) رینیم (عنصر ، دھات) .

Rheo- : [Gr. 'Rheos'.] جزو ترکیبی (سابقہ) بمعنی برقی رَو : آبی رَو : سیل جاری .

Rheochord / -cord : (n) (الیکٹرک) مقوّم تار .

Rheograph : (n) (الیکٹرک) رَو پیما : برقی رو یا آبی رو کے ناپنے کا ایک آلہ .

Rheological / Rheologic : (a) سیّالیت سے متعلق : علم سیّالیت مادّہ کا .

Rheologically : (adv.) سیّالیات کے طور پر .

Rheologist : (n) ماہر سیالیات : سیالیت مادہ کا جاننے والا .

Rheology : (n) (طبیعیات) سیّالیات : علم سیالیت مادہ : شکل مادہ

کے تغیر اور جریان کا علم ۔

Rheometer : (n) (۱) (الیکٹرک) رو پیما : وہ آلہ جس سے برقی رَو یا دوسری رَو ناپی جاتی ہے ۔ (۲) (ساعت) سیل پیما : رو پیما ۔ (۳) (طب) دوران خون پیما ۔

Rheometric : (a) رَو پیما سے متعلق : برقی رَو کی پیمائش سے متعلق ۔

Rheometry : (n) رَو پیمائی : برقی رَو کی پیمائش کا علم ۔

Rheomotor : (n) برقی رَو پیدا کرنے والا آلہ ۔

Rheophore : (n) (۱) وولٹک سیل کے تار کو جوڑنے والا : امپیر (Ampere) کا ایک نام : برقی رو کی ایک اکائی کا نام ۔ (۲) وولٹک بیٹری کا ایک پول (Pole) : برقی مورچہ ۔

Rheophoric : (a) برقی رَو کی ایک اکائی سے متعلق : برقی مورچے کا یا اس سے متعلق ۔

Rheoscope : (n) (الیکٹرک) رو نما ۔

Rheoscopic : (a) رو نما سے متعلق : مینڈک کے اعصاب میں برقی رو کے تغیر کو جانچنے کے لئے مستعمل یا اس سے متعلق ۔

Rheoscopic frog : (n) رو نما مینڈک ۔

Rheoscopic muscle : (n) رو نما مینڈک کے اعصاب ۔

Rheostat : (n) (الیکٹرک) مقوم : رو قرار : متغیر برقی مزاحمت : آلہ جس سے برقی رو کی قوت یکساں رکھی جاتی ہے ۔

Rheostatic : (a) رو قرار سے متعلق ۔

Rheostriction : (n) (الیکٹرک) روی انقباض ۔

Rheotaxis : (n) (حیاتیات) سیلابی ترتیب : سیلاب رُخی ۔

Rheotome : (n) رو روک : رو قاطع : رو توڑ : تماس توڑ ۔

Rheotrope : (n) مقلّب رو : رَو بدل ۔

Rheotropic : (a) مقلّب رو سے متعلق ۔

Rheotropism : (n) (حیاتیات) سیلاب رُخی : رو رُخی ۔

Rhesis : (n) [Gr. 'Rhesis'.] مرتب تقریر یا مکالمہ : گفتگو ۔

Rhesus : (n) [mod.L. arbitrary use of L.'Rhesus'.] (۱) (حیوانیات) بندر : زی سس : بوزنۂ ہند ۔ (۲) جنس حشرات ۔

Macacus rhesus : بوزنۂ ہندی : ہندوستانی بندر ۔

Rhesus : (n) خون کا عمل جو کبھی مثبت ہوتا ہے اور کبھی منفی (اگر مثبت ہوتا ہے تو Rh + اور اگر منفی ہوتا ہے تو Rh - لکھا جاتا ہے ۔

Rhesus baby : (n) (طب) خون کی خرابی کا مریض بچہ ۔

Rhesus factor : (n) (طب و عضویات) بندری جُز : تریاق زا عنصر ۔

Rhesus negative : (n) بندری منفی (خون میں پایا جاتا ہے) : خون کا منفی عمل ۔

Rhesus positive : (n) (طب و عضویات) بندری مُثبت (خون میں پایا جاتا ہے) : خون کا مثبت عمل ۔

Rhetor : (n) [Gr. 'Rhetor'.] (۱) علم بدیع کا استاد : فصاحت و بلاغت کا استاد : علم بیان و بدیع کا معلّم ۔ (۲) خطیب (خصوصاً پیشہ ور) : مقرّر : لسان آدمی ۔

Rhetoric : (n) [OFr. 'Rethorique'.] (۱) علم بدیع : علم بیان : معانی و بیان کا علم : فصاحت و بلاغت کا علم ۔ (۲) فن خطابت کا رسالہ ۔ (۳) فن خطابت ۔ (۴) خطیبانہ زبان یا طرزادا؛ لسّانی : مبالغہ آمیز تقریر یا تحریر ۔ (۵) (نظر یا فعل کا) مؤثر ہونا : تاثیر ۔

Rhetorical : (a) (۱) فصیح؛ بلیغ : فصاحت سے متعلق : بدیعی : معانی بیانی ۔ (۲) خطیبانہ : لسّانی کا : زور و شور کا : مبالغہ آمیز ۔ (۳) فن خطابت کا ۔ (۴) خطیب صفت : لسّان ۔

Rhetorical question : (n) خطیبانہ سوال (جس سے استفہام نہیں بلکہ تاکید مقصود ہو) ۔

Rhetorically : (adv.) بلیغانہ : فصاحت کے طور پر : بدیعی انداز سے : خطیبانہ : خطابت کے انداز میں ۔

Rhetoricalness : (n) بدیع : فصاحت : بلاغت ۔

Rhetoricate : (v) بلیغانہ الفاظ استعمال کرنا : فصاحت آمیز الفاظ استعمال کرنا ۔

Rhetorician : (n) [OFr. 'Rethoricien '.] (۱) (خصوصاً قدیم روما اور یونان میں) علم بدیع کا استاد : فصاحت و بلاغت کا ماہر : علم بدیع کا علم : پیشہ ور خطیب یا مقرّر ۔ (۲) لفّاظ : سخن ور ۔ (۳) خطیبانہ انداز میں تقریر کرنے والا یا لکھنے والا : فن خطابت کا ماہر ۔

Rheum : (n) [OFr. 'Reume'.] (۱) (اب قدیم) رطوبت جو غشائے مخاطی سے خارج ہو ؛ مثلاً آنسو ، لعاب دہن ، آنوں ۔ (۲) (طب) نزلہ ؛ ریزش ؛ مخاط ۔ (۳) (جمع) وجع مفاصل ؛ جوڑوں کا درد ۔

Rheum : [Gr. 'Rheon'.] (نباتیات) جنسِ ریوند ۔

Rheumatic : (a) [late L. 'Rheumaticus'.] گٹھیا زدہ ؛ وجع مفاصل سے متعلق ۔

Rheumatic : (n) (۱) مریض گٹھیا ؛ وجع مفاصل کا مریض ۔ (۲) (جمع) وجع مفاصل ؛ گٹھیا ۔

Rheumatic disease : (n) مرض گٹھیا ؛ وجع مفاصل کی بیماری ۔

Rheumatic fever : (n) ایسا بخار جس میں جوڑوں میں ورم اور درد ہوتا ہے۔

Rheumatical : (a) مریض گٹھیا سے متعلق ؛ گٹھیا کی بیماری سے متعلق۔

Rheumatically : (adv.) گٹھیا کی بیماری کی طرح ۔

Rheumaticky : (a) (روزمرہ) گٹھیا میں مبتلا ۔

Rheumatics : (n) وجع مفاصل ۔

Rheumatism : (n) [late L. 'Rheuma-smus'.] وجع مفاصل ؛ گٹھیا ؛ جوڑوں کا درد ۔

Acute (articular) rheumatism : دیکھو Rheumatic Fever

Chronic rheumatism : وجع مفاصل مزمن ؛ پرانا گٹھیا ۔

Muscular rheumatism : دیکھو Myalgia

Rheumatism root : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Rheumatismal : (a) دیکھو Rheumatic

Rheumatismoid : (a) گٹھیا کی طرح ؛ وجع مفاصل کی مانند ۔

Rheumatiz : (n) (بول چال اور عامیانہ) دیکھو Rheumatism

Rheumato- : جزو کلمہ بمعنی وجع مفاصل ۔

Rheumatoid : (a) (۱) (طب) گٹھیا نما ؛ وجع مفاصل کا ۔ (۲) (طب) مریض گٹھیا ۔

Rheumatoid arthritis : (n) (طب) تحجرالمفاصل ؛ جوڑوں کا پتھرانا ؛ پرانا گٹھیا کا مرض ۔

Rheumatoidal : (a) گٹھیا نما ؛ گٹھیا جیسا ؛ وجع مفاصل کے مشابہ ۔

Rheumatoidally : (adv.) وجع مفاصل کے طور پر ؛ وجع مفاصل کے مشابہ کے طور پر ۔

Rheumatologist : (n) وجع مفاصل کا ماہر ؛ گٹھیا کی بیماری کا ماہر ۔

Rheumatology : (n) گٹھیا کی بیماری کا علم؛ وجع مفاصل کی معلومات۔

Rheumy : (a) (۱) مرطوب ؛ نم ؛ سرد (ہوا) ۔ (۲) جس میں رطوبت ہو ؛ پُر رطوبت ۔ (۳) (طب) ریزشی ؛ زکامی ۔

Rhexia : (n) [Gr. 'Rhexis'.] (۱) ایک قسم کا پودا ۔ (۲) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Rhexis/ Rhexes : (n) (طب) انشقاق ؛ شکست عرق خون ۔

Rhin- / Rhino- : سابقہ بمعنی ناک ، انف ، بینی ۔

Rhinal : (a) [Gr. 'Rhin' + -al.] انفی ؛ ناک کا ؛ نتھنے کا ؛ متعلق بہ بینی ۔

Rhinalgia : (n) (طب) درد ناک ۔

Rhinanthus : (n) (نباتیات) ناک پھول ۔

Rhinarian : (n) (حیوانیات) ناک درد ۔

Rhinarium : (n) (حیوانیات) ناک دان ۔

Rhinaster : (n) (حیوانیات) دو قرنی گینڈا ۔

Rhine : (n) [OE. 'Ryne'.] دیکھو Reen

Rhine : (n) [Orig. 'Rine hemp'. G. 'Reinhanf'.] روس کے اعلیٰ قسم کے سن ۔

Rhine : (n) رائن ؛ جرمنی کا مشہور دریا ۔

Rhine-wine : (n) رائن کے علاقے کی شراب ۔

Rhinegrave : (n) [MDU. 'Rijngrave'.] وہ کاؤنٹ (نواب) جس کی جاگیرداری رہائن کے اطراف میں ہو ۔

Rhineland : (n) رائن دریا کے ارد گرد کا ملک ۔

Rhinelander : (n) (۱) رائن کا باشندہ ۔ (۲) رائن ندی کے مغربی علاقہ کے جرمنی کا باشندہ ۔ (۳) رائن کی ایک بولی ۔

Rhinecephalon : (n) [Gr.] (تشریح) مرکزِ شامہ ۔

Rhinestone : (n) (۱) ایک طرح کا چٹّانی بلور ۔ (۲) نقلی ہیرا ۔

Rhinion : (n) [L.] (تشریح) نُخزینہ ۔

Rhinitis : (n) (طب) ورمِ انف : ناک کی سوزش ۔

Chronic rhinitis : (طب) پرانا نزلہ

Rhino : (n) [Origin unkn.] (عامیانہ) روپیہ : روپیہ پیسہ ۔

Rhino : (n) (بول چال) Rhinoceros کا مخفف ۔

Rhino- : جزو ترکیبی ، یونانی لفظ بمعنی ناک ، انف ۔

Rhinoblenorrhea : (n) (طب) سیلانِ مخاط ناک : شدید زکام ۔

Rhinoceros : (n) [Gr. 'Rhinokeros'.] (۱) (حیوانیات) گرگدن : گینڈا ۔ (۲) قبضے میں نہ رہنے والا بڑا شخص ۔

Rhinoceros auk : (n) ایک چڑیا جس کی چونچ پر سینگ ہوتا ہے ۔

Rhinoceros beetle : (n) (حیوانیات) عُریقطہ ۔

Rhinoceros bird : (n) ابو قرن : نستاف ۔

Rhinocerotic : (a) گینڈے سے مشابہ : گینڈے جیسا ۔

Rhinocerotid : (n) دیکھو Rhinoceros

Rhinodynia : (n) (طب) ناک درد ۔

Rhinolith : (n) (طب) حَصاتِ انف : سنگ ناک : انفی پتھری ۔

Rhinologic/ -al : (a) انفی : ناک سے متعلق ۔

Rhinologist : (n) طبیب انف : طبیب ناک : ناک کا ڈاکٹر : ناک کی بیماری کا ماہر ۔

Rhinology : (n) (۱) (تشریح) انفیات : علم ناک ۔ (۲) علم امراض ناک : ناک کی بیماری کا علم ۔

Rhinopharyngeal : (a) (تشریح) انفی و حلقی : ناک اور حلق کا ۔

Rhinopharyngitis : (n) (طب) ورم ناک و گلو ۔

Rhinophonia : (n) (طب) انفی آواز : ناک سے بولنا ۔

Rhinophor (e) : (n) ناک بردار : عضو شامہ ۔

Rhinophyma : (n) (طب) سَلعۂ انف : ناک کی رسولی ۔

Rhinoplastic : (a) (جراحی) ناک کی پلاسٹک سرجری سے متعلق : مصنوعی ناک لگانے سے متعلق ۔

Rhinoplasty : (n) ناک پیوندی : وہ عمل جرّاحی جس سے مصنوعی ناک لگائی جاتی ہے : ناک کی پلاسٹک سرجری ۔

Rhinorrhagia : (n) (طب) نکسیر شدید ۔

Rhinorrhea / Rhinorrhoea : (n) (طب) سیلان انف : ناک بہنا ۔

Rhinoscleroma : (n) (طب) صلابتِ ناک ۔

Rhinoscope : (n) (طب) ناک بین : ناک کی جوف جانچنے کا آلہ ۔

Rhinoscopic : (a) معائنۂ ناک سے متعلق : ناک بینی کا یا اس سے متعلق ۔

Rhinoscopy : (n) ناک بینی : معائنہ ناک : جوفِ انف کی جانچ ۔

Rhinotomy : (n) (جراحی) انف تراشی : تشریح ناک ۔

Rhipidate : (a) (حیوانیات) پنکھا نما ۔

Rhipidium : (n) (نباتیات) پنکھ : پنکھا نما پھولداری ۔

Rhiz- /Rhizo- : جزو ترکیبی بمعنی بیخ ، جڑ ۔

Rhiza / Rhiza / Rhizae : (n) [Gr. 'Rhiza'.] (۱) جڑ : بیخ : جڑ کا حصہ ۔ (۲) جڑ والا پودا ۔

Rhizanth : (n) [mod. L. 'Rhizantheae'.] (نباتیات) بیخ گل (پودا) : ایک پودا جس کے صرف جڑ اور پھول ہوتے ہیں ۔

Rhizanthous : (a) (نباتیات) بیخ گلہ ۔

Rhizic : (n) (ریاضیات) قیمت مساواتی : جذری ۔

Rhizidium : (a) (نباتیات) بیخنہ ۔

Rhizina : (n) (نباتیات) بیخ کائی : بیخ موئی : بیخ تار ۔

Rhizina / Rhizine : (n) دیکھو Rhizoid (n)

Rhizinous : (a) جڑ نما ؛ جڑ جیسا ؛ بیخ مانند ۔

Rhizo- : جزو ترکیبی بمعنی جڑ ، بیخ ۔

Rhizobia : (n) (حیوانیات) بیخ حیاتہ ۔

Rhizocarp : (n) (نباتیات)آبی کرف؛ بیخ ثمر؛ سدا بہار؛ وہ پودا جس کا تنا سوکھ جاتا ہے مگر جڑیں رہتی ہیں ۔

Rhizocarpous / Rhizocarpic : (a) (نباتیات) بیخ ثمرہ ۔

Rhizocaul / Rhizocaulus : (n) (حیوانیات) بیخ ساق ۔

Rhizocephala : (n) (حیوانیات) بیخ سران ؛ ریشہ سران ۔

Rhizocephalan/ Rhizocephalon / Rhizocephalid : (n) ایک قسم کا بحری جانور ۔

Rhizocephalous : (a) (حیوانیات) ریشہ سرا ۔

Rhizocorm : (n) (نباتیات) بیخ جذع ۔

Rhizodont : (n) بیخی دندانہ ۔

Rhizogen : (n) (نباتیات) طفیلی بیخ ۔

Rhizogen : (a) (نباتیات) بیخ زا ۔

Rhizogenesis : (n) ترقئ بیخ ؛ جڑ کا بڑھاؤ ۔

Rhizogenic/ Rhizogenetic : (a) (نباتیات) بیخ زا ؛ ریشہ زا ۔

Rhizogenous : (a) دیکھو Rhizogenic

Rhizogenum : (a) (نباتیات) بیخہ ۔

Rhizoid : (a) [Gr. 'Rhiza' + -oid'.] (نباتیات) جڑ مانند ؛ بیخ کی طرح کا ؛ بیخ نما ؛ بیخ آسا ۔

Rhizoid : (n) (نباتیات) بیخ تار ؛ بی مو ؛ موئے بیخ ۔

Rhizoma /Rhizome /Rhizomata : (n) [Gr. 'Rhizoma'.](نباتیات) زمینی ساق ؛ جذر ؛ پودے کا تنا جو جڑ کی شکل کا ہو ۔

Rhizomania : (a) (نباتیات) کثیر بیخی ۔

Rhizomatic : (a) (نباتیات) جذری ؛ جڑ کی شکل کا ؛ جڑ کی شکل کے مانند (پودا) ۔

Rhizomatous : (a) جذر نما ؛ زمین ساق کی صفت کا یا طرح کا ۔

Rhizomorph : (n) (۱) سما روغ کے دھاگوں کا مجموعہ جو دیکھنے میں رسّے کی طرح بٹا ہو اور جڑ کی شکل میں نظر آتا ہے ۔ (۲) بیخ نما ۔

Rhizonychium : (n) (حیوانیات) بند چنگل ۔

Rhizophagous : (a) (حیوانیات) بیخ خور ۔

Rhizophilous : (a) (نباتیات) بیخ پسند ۔

Rhizophora : (n) [Gr. 'Rhiza' + 'phorous'.] (نباتیات) جنس کرنا؛ منطقۂ حارہ کا درخت جس کی چھال ہوا بیخی کرنا : چمڑا رنگنے اور دوا کے کام آتی ہے ۔

Rhizophore : (n) (حیوانیات) بیخ بردار ۔

Rhizophorous : (a) جڑ پیدا کرنے والا ؛ بیخ زا ۔

Rhizophyllous : (a) (نباتیات) بیخ برگی ۔

Rhizophysis : (n) (نباتیات) بیخ نامی ۔

Rhizophyte : (n) (نباتیات) بیخ پودا ۔

Rhizoplast : (n) (نباتیات) بیخ زینہ ؛ بیخ تار ۔

Rhizopod : (n) [mod. L. 'Rhizopoda'.] (حیوانیات) بیخ پایاں کی جنس کا چھوٹا کیڑا ۔

Rhizopod/ -pode : (n) [mod. L. 'Rhizopodium'.] (نباتیات) خطرومہ ؛ چھوٹا سفید ریشہ جس سے سانپ کی چھتری کی قسم کے پودے اگتے ہیں ۔

Rhizopoda : (n) [mod. L.] (حیوانیات) بیخ پایاں ۔

Rhizopodal/ Rhizopodic/ Rhizopodous : (a) بیخ پایاں جیسا ؛ بیخ پایوں کی طرح کا یا ان کی صفت کا ۔

Rhizosphere : (n) (نباتیات) حلقۂ بیخ ۔

Rhizostoma / -tomae : (n) (۱) (نباتیات) ایک قسم کا بیخ نما پودا ۔ (۲) (حیوانیات) بیخ نما جانور ۔

Rhizota : (n) (حیوانیات) بیخ داران : ریشہ داران ۔

Rhizotaxie : (n) (نباتیات) بیخی ترتیب ۔

Rhizotaxy : (n) دیکھو Rhizotaxis

Rhizotomist : (n) (نباتیات) بیخ اندوز : جامع بیخاں ۔

Rhizotomy : (n) (نباتیات) بیخ اندوزی ۔

Rhod- / Rhodo- : سابقہ بمعنی گلاب : گلابی ۔

Rhodaric : (a) (کیمیا) گلابی رنگ خیز : دیکھو Sulphocyanic ۔

Rhodeoretin : (n) [G. 'Rhodeorchin'.] دیکھو Convolvúlin

Rhodes island : (n) جزیرۂ روڈس : شمالی امریکا کی ایک سلطنت : جزیرۂ رودز ۔

Rhodes scholor : (n) آکسفورڈ کا وہ طالب علم جو Cecil Rhodes کے قائم کئے ہوئے وظیفوں میں سے وظیفہ پاتا ہے (اس کے لئے کسی برطانوی نو آبادی یا امریکا کا باشندہ ہونا ضروری ہے) ۔

Rhodian : (a) [f. L. 'Rhodius'.] (۱) جزیرۂ روڈس کے Knights کے حکم سے متعلق ۔ (۲) جزیرۂ روڈس کا یا اس سے متعلق ۔

Rhodian : (n) (۱) جزیرۂ روڈس کا (خطاب) Knight یا شفاخانوں کا پادری ۔ (۲) جزیرۂ روڈس کا باشندہ : رودزی ۔

Rhodian law : (n) رودزی قانون ۔

Rhodian school : (n) (تعمیرات) طرز رودزی ۔

Rhodic : (a) (کیمیا) روڈک : جس میں روڈیم ہو ۔

Rhodium : (n) [mod. L. (Sc. lignum) nent. of rhodius'.] (۱) (نیز Rhodium wood) جزیرۂ کناری کی ایک خوشبودار لکڑی ۔ (۲) دیکھو Rose-wool ۔

Oil of rhodium : (n) روزدڑ کا تیل : روڈیم کا تیل ۔

Rhodium : (n) [Gr. 'Rhodom'.] (کیمیا) روڈیم (عنصر ، دھات) : پلاٹینم کی قسم کی ایک دھات ۔

Rhodium gold/ -ingot : (n) روڈیم ملا ہوا خالص سونا یا دھات کا ڈلہ ۔

Rhodium pen : (n) فولاد کی نب (زبان قلم) جس کی نوک روڈیم دھات کی بنی ہوتی ہے ۔

Rhodium salt : (n) روڈیم نمک ۔

Rhodium wood : (n) چوب روڈیم ۔

Rhodizonate : (n) رودیزونک ایسڈ کا نمک ۔

Rhodizonic acid : (a) [Gr. 'Rhodizin'.] (کیمیا) دو ایسڈ کے نام : رودیزونک ایسڈ ۔

Rhodo- : [Gr. 'Rhodon'.] سابقہ بمعنی گلاب کا : گلابی ۔

Rhodochrooas : (a) گلابی رنگ کا ۔

Rhodochrosite : (n) گلابی کرسٹل میں پایا جانے والا مینگنیز کاربونیٹ ۔

Rhodochrous : (n) گلابی رنگ کا ۔

Rhodocrinite : (n) گلابی انکرینائٹ (Encrinite) ۔

Rhodododendron / Rhododendrons / -dendra : (n) [Gr.] جنس خر زیرہ : جنس کنیر : زیر کنیر کی ایک جنس : ایک قسم کی سدا بہار جھاڑی جس کے پھول بڑے ہوتے ہیں ۔

Rhodonite : (n) [Gr. 'Rhodonit'.] مینگنیز کا سیلیکیٹ جس کا رنگ گلابی ہوتا ہے : گلابی مینگنیز ۔

Rhodophyceae : (n) (نباتیات) سرخ کائیاں ۔

Rhodophyl : (n) (نباتیات) سرخ مایہ ۔

Rhodophyllous : (a) (نباتیات) گلابی گلہ ۔

Rhodophyta : (n) (نباتیات) سرخ کائیاں : سرخ الجیاں ۔

Rhodopsin : (n) (حیوانیات) بصری ارغوان ۔

Rhodora : (n) (نباتیات) ریش جز : مرغزاری گلاب ۔

Rhodosperm : (n) گلابی تخم ۔

Rhodospermous : (a) گلابی تخمک والا ۔

Rhodosporous : (a) (نباتیات) گلابی بذروی ۔

Rhodous : (a) (کیمیا) جس میں روڈیم کی کثرت ہو ۔

Rhomb : (n) [L. 'Rhombus'.] (۱) (ہندسہ) شکل معیّنی : معیّنی ۔ (۲) لوز : معینی شے : معین شکل کی چیز ۔ (۳) معین سطحہ : معینی سطحی بلور : شش پہل بلور جس کا ہر پہلو معینی شکل کا ہو : شش پہلو معینی بورہ ۔ (۴) چرخ جادو ۔ (۵) (علم النجوم) چرخ شب دروز ۔

Rhomb ovate : (a) کچھ معینی نما اور کچھ بیضوی ۔

Rhomb porphyry : (n) معینی سنگ سماق ۔

Rhomb spar : (a) ایک قسم کی چٹان : ڈولومائٹ : (خصوصاً) معیّن سطحی بلور ۔

Rhombencephalon : (n) [mod. L.] (تشریح) مؤخر دماغ : معیّنی دماغ ۔

Rhombic : (a) (۱) معینی شکل کا : معیّنی نما : معیّنی ۔ (۲) لوز نما : لوزی ۔ (۳) دیکھو Orthorhombic ۔

Rhombic antenna / - aerial : (n) (ریڈیو) لوزی ہوائیہ : لوزی اینٹینا : لوزی ایریل ۔

Rhombic sulphur : (n) (کیمیا) معین نما گندھک ۔

Rhombic system : (n) (قلمیات) معیّنی نظام ۔

Rhombiform : (a) (۱) دیکھو Rhombic ۔ (۲) دیکھو Rhomboid ۔

Rhombo- : [Gr. 'Rhombos'.] سابقہ جزو ترکیبی بمعنی لوزی : معیّنی : معیّن ۔

Rhombogedral : (a) (ہندسہ) لوز سطحی : معین سطحی : معین سطحی نظام کا یا اس سے متعلق ۔

Rhombohedric : (a) دیکھو Rhombohedral

Rhombohedron / Rhomboedron : (n) (۱) (ہندسہ) معینی سطحی مجسم ۔ (۲) شش پہلو بلورہ جس کا ہر پہلو معین شکل کا ہو : شش پہلو معینی بلورہ ۔

Rhomboid : (a) [late L. 'Rhomboides'.] (۱) معین شکلکا : (خصوصاً نباتیات میں) بیضوی : معین نما : لوز سا ۔ (۲) (تشریح) عضلۂ معین : رباط معین ۔

Rhomboid : (n) (۱) معینی شکل : شکل معینی ۔ (۲) شش پہلو بلورہ ۔ (۳) (تشریح) معینی عضلہ ۔

Rhomboid ligament : (n) (تشریح) رباط معینی ۔

Rhomboid muscle : (n) (تشریح) عضلۂ معینی : کندھے اور ریڑھ کو ملانے والا پٹھا : عضلۂ معین ۔

Rhomboidal : (a) [mod. L. 'Rhomboidalis'.] (۱) مشابہ معین : معین نما ۔ (۲) (قلمیات) دیکھو Orthorhombic ۔

Rhomboidally / -ei : (adv.) [mod. L.] (تشریح) عضلۂ معین : عضلۂ معینی : کندھے اور ریڑھ کی ہڈیوں کو ملانے والا پٹھا ۔

Rhomboidly : (adv.) معینی نما طور پر ۔

Rhombus/ Rhombuses : (n) [L.] (۱) (ہندسہ) معیّنی : شکل معین ۔ (۲) معین نما اوزار ۔ (۳) چپٹی مچھلی کی ایک قسم : لوزی مچھلی ۔ (۴) (صدفہ) اولیوا جنس کی سیپ : صدف ۔

Rhonchal/ Ronchal : (a) (طب) نرخری ۔

Rhonchial :(a) (طب) خَس خَسِ سینہ سے متعلق ۔

Rhonchus / Rhonchi : (n) [Gr. 'Rhangchos'.] (طب) خَس خَس : خَس خَسِ سینہ ۔

Rhopalic : (a) [late L. 'Rhopalicus'.] ایسی سطر جس کے ہر لفظ ما بعد میں ایک ہجّا فاضل ہو ۔

Rhopalocera : (n) (حیوانیات) تتلیاں : تتریاں ۔

Rhopalocerous : (a) [mod. L. 'Rhopalocera'.] (تشریح) تتریوں سے متعلق ۔

Rhotacism / Rotacism : (n) [mod L. 'Rhotacismus'.] (۱) حرف 'R' کا کرخت تلفظ ۔ (۲) دوسرے حروف کی آوازوں کا تلفظ حرف 'r' کی طرح (خصوصاً 'S' کا) ۔

Rhotacize : (v) (۱) حرف 'r' کا کرخت تلفظ کرنا ۔ (۲) دوسرے حروف کا تلفظ 'r' کی طرح کرنا ۔

Rhubarb : (n) [OFr. 'Reureo- , Rubarbe'.] (۱) (نباتیات) ریوند : ریوند چینی ۔ (۲) (مجازاً) تلخ ۔ (۳) سرسری ہوائی بمباری ۔ (۴) دور افتادہ دیہاتی علاقہ ۔ (۵) اس لفظ کو ایکثر کا بار بار دہرانا ۔

Bastard rhubarb : (n) (نباتیات) ریواس ۔

China rhubarb : (n) ریوند چینی ۔

English or French rhubarb : (n) انگریزی یا فرانسیسی ریوند ۔

Yellow rhubarb : (n) ریوند خراسانی ۔

Rhubarby : (a) ریوند جیسا ؛ ریوند مانند ؛ مثل ریوند ۔

Rhumb : (n) [Fr. 'Rumb'.] (۱) وہ خط جو طول البلد کے خطوط کو ایک ہی زاویے پر قطع کرتا ہو ۔ (۲) (جہاز کی راہ کا) خط راست ۔ (۳) (ریاضیات) دائرۂ سمت نما ؛ (علم النجوم) مساوی المیلان ۔ (۴) کمپاس کے بنیادی نقطوں میں سے ایک ۔

Rhumb-line : (n) (جغرافیہ) مساوی المیلان خط ۔

Rhumb sailing : (n) جہاز کی راہ کا خط راست ۔

Rhumba : (n) Rumba کا متبادل ۔

Rhus : (n) [Gr. 'Rhous'.] (۱) (نباتیات) جنسِ سماق ؛ جنس تُنگ ۔ (۲) سماق سے بنائی ہوئی ایک دوا ۔

Rhyacophilidae : (n) [mod. L.] (حیوانیات) سیل پسند حشرات ۔

Rhyme : (n) [L. 'Rhythmus'.] (۱) قافیہ ۔ (۲) (مقفّی) نظم ؛ شعر ۔ (۳) قافیہ بندی ؛ قافیہ پیمائی ۔

Double Rhyme / Female- / Faminine- : (n) (عروض) وہ قافیہ جس کے آخری ہجا پر تاکید نہ ہو ۔

Male rhyme / Masculine- : (n) وہ قافیہ جس کے آخری بول پر تاکید ہو ۔

Single rhyme : (n) دیکھو Male rhyme

Triple rhyme : (n) سہ ہجائی قافیہ ۔

Without ryme / -reason : (۱) انکل پچو ؛ خواہ مخواہ کا ۔ (۲) خواہ مخواہ ۔

Rhyme/ Rime : (v) (۱) قافیہ پیمائی کرنا ؛ نظم لکھنا ؛ شعر کہنا ۔ (۲) منظوم کرنا ؛ نظم کرنا (قصے وغیرہ کو) ؛ نظم میں ادا کرنا ۔ (۳) شاعری میں وقت ضائع کرنا ۔ (۴) مقفّی ہونا ؛ قافیہ کے طور پر استعمال کرنا ۔ (۵) قافیہ باندھنا (ایک لفظ کو دوسرے لفظ کا) ؛ قافیہ تلاش کرنا؛ قافیہ استعمال کرنا ۔ (۶) (کسی خیال کو) شعر کے پیرائے میں ادا کرنا ۔ (۷) ہجو کر کے (کسی کو) ستانا؛ ہجو گوئی سے تکلیف پہنچانا ۔

Rhyme royal : (n) دس دس ہجاؤں کے سات مصرعوں کا بند ۔

Rhyme scheme : (n) نظم یا بند میں قافیہ کی ترتیب ۔

Rhymeless : (a) (۱) بے قافیہ ؛ جس کا کوئی قافیہ نہ ہو ؛ جس میں قافیہ نہ ہو ۔ (۲) غیر مقفّی ۔

Rhymelessness : (n) بے قافیہ ہونا ۔

Rhymer : (n) ناظم ؛ نظم گو ؛ شاعر ؛ قافیہ پیما ؛ ادنیٰ شاعر ؛ معمولی شعر کہنے والا ۔

Rhymester / Rimester : (n) دیکھو Rhymer

Rhyming dictionary : (n) لغتِ قوافی ؛ لغت جس میں الفاظ کی ترتیب آخری حروف سے لحاظ سے ہوتی ہے ۔

Rhyming slang : (n) اصل لفظ کے بدلے مقفّی لفظ کا استعمال ۔

Rhymist : (n) شاعر ؛ خصوصاً قافیہ پیما ؛ قافیہ داں ۔

Rhynch-/ Rhyncho- : سابقہ بمعنی تھوتھنی ؛ پوزہ ؛ ناک ؛ منہ ۔

Rhynchaea : (n) (حیوانیات) نوک دراز ؛ چتکبرا چہا ۔

Rhynchobdellae : (n) (حیوانیات) پوزہ دار جونکاں ؛ پوزہ جونکاں ۔

Rhynchobdellida : (n) دیکھو Rhynchobdellae

Rhynchocephalia : (n) (حیوانیات) پوزہ سراں ؛ قَنطسیات ۔

Rhynchocephalian : (a) [mod. L. 'Rhynchocephala'.] قُنطسیات سے متعلق ۔

Rhynchocephalian : (n) پوزہ سر حشرہ ؛ قنطسیہ ۔

Rhynchocoele : (a) [mod. L. 'Rhynchocoela'.] (حیوانیات) کیڑوں کے معدۂ صغیر سے متعلق ۔

Rhynchocoele : (n) (حیوانیات) کیڑوں کا نلی نما جوف یا معدۂ صغیر ۔

Rhynchocoelous : (a) دیکھو Rhynchocoele (a)

Rhynchodont : (n) (حیوانیات) دندانی منقارہ ۔

Rhyncholite : (n) (ارضیات) ایک قسم کا سرپایہ ؛ رخوڑی کی ایک قسم ۔

Rhynchophore : (n) [mod. L. 'Rhynchophora'.] پوزہ بھونرا ؛

سونڈدار بھونرا (جو پھل ، پتی وغیرہ پر زندگی بسر کرتا ہے) : سوسان ۔

Rhynchophorous : (a) پوزہ بھونرے سے متعلق ۔

Rhynchota : (n) نصف پراں : پوزہ داراں ۔

Rhynchotous : (a) [mod. L. 'Rhynchota'.] نصف پراں سے متعلق ۔

Rhyolite : (n) [G. 'Rhyolit'.] (کان کنی) لاوی فلسپار ۔

Rhyolitic : (a) لاوی فلسپار سے متعلق ۔

Rhyparographer : (n) [late L. 'Rhyparographose'.] فحش نگار : ادنیٰ چیزوں کا نقش و نگار بنانے والا ۔

Rhyparographic : (a) فحش نگاری کا یا اس سے متعلق : معمولی نقش و نگار سے متعلق : ادنیٰ یا معمولی چیزوں کی رنگ آمیزی سے متعلق ۔

Rhyparographist : (n) دیکھو Rhyparographer

Rhyparography : (n) فحش نگاری : فحش تصاویر : ادنی و معمولی چیزوں کی تصویر کشی ۔

Rhyphus : (n) جنس مچھر : جنس پستو ۔

Rhysimeter : (n) سیل پیما : رفتار آب پیما ۔

Rhythm : (n) [L. 'Rhythmus'.] (۱) وزن : موزونی : روانی : آہنگ ۔ (۲) (موسیقی) سروں کی ترتیب تال کے لحاظ سے : روانی : ترنم ۔ (۳) (آرٹ) تناسب ۔ (۴) (طبیعیات ، عضویات) قدرتی اعمال : واقعات وغیرہ کا با قاعدہ تواتر : توازن : تواتر ۔ (۵) متناسب شکل : مسجّع شکل ۔ (۶) (طبیعیات ، طب) قلب کی باقاعدہ حرکت : تنفس کی باقاعدگی ۔

Rhythm-and-blues : (n) (امریکی حبشیوں کی) ایک قسم کی موسیقی ۔

Rhythm method : (n) ضبط تولید (برتھ کنٹرول) کا ایک طریقہ (جس کے تحت عورتوں کے استبضاء یا تبویض کے دنوں میں جنسی میلان یا مجامعت سے پرہیز کیا جاتا ہے) ۔

Rhythm section : (n) رقص کا ایک حصہ جس میں لے وغیرہ کا ہونا ضروری ہے ۔

Rhythmed : (a) متوازن : لے دار : مسجّع و مقفّی : ہم آہنگ ۔

Rhythmic/ -al : (a) [L. 'Rhythmicus'.] (۱) موزوں : رواں : متناسب : مترنم : آہنگ دار ۔ (۲) لے سے متعلق : تال دار : لے دار : مسجّع ۔ (۳) حرکت کا یا اس سے متعلق ۔ (۴) متواتر ۔

Rhythmic : (n) روانی کا علم : موزونیت کا علم یا اصول : وزنیات : (نیز Rhythmics) علم تال : بحریات ۔

Rhythmic instinct : (n) آہنگ کی جبلّی خواہش : جبلتِ توازن : جبلت آہنگ ۔

Rhythmically : (adv.) موزونیت سے : روانی سے : تناسب سے : متناسب طور پر ۔

Rhythmicity : (n) مسجّع ہونے کی حالت : موزونیت ۔

Rhythmics : (n) (موسیقی) علم تال : وزنیات : بحریات : نیز دیکھو Rhythmic (n) ۔

Rhythmist : (n) موزوں طبع : تناسب پسند : موزونی یا تناسب میں خاص سلیقہ رکھنے والا ۔

Rhythmize : (v) متوازن بنانا : موزوں کرنا ۔

Rhythmless : (a) غیر موزوں : غیر متناسب ۔

Rhythologist : (n) ماہر بحریات : ماہر وزنیات : بحر یا وزن کا ماہر : موزونیت یا آہنگ میں مہارت رکھنے والا : ماہر لے ۔

Rhythmometer : (n) (موسیقی) تال پیما : آہنگ پیما ۔

Rhythmus / -mi : (n) [L.] (۱) توافق ۔ (۲) تال : وزن : بحر ۔

Rhytidome : (n) (نباتیات) بیرونی چال ۔

Rhytina/ Rytina : (n) [mod. L.] دریائی گائے : رائٹینا ۔

Rhytina stelleri : (n) دریائی گائے کی ایک قسم ۔

Ria : (n) [Sp. 'Ria'.] (جغرافیہ) تنگ خلیج : ریا : کھاڑی : ساق یا شاخ دریا ۔

Rial : (n) [late ME.] (تاریخ) ریال : سونے کا سکہ جو ایڈورڈ چہارم کے زمانے (۱۴۶۵ء) میں رائج تھا اور جو دس شلنگ کے برابر ہوا کرتا تھا ۔

Rial : (n) Ryal کا متبادل ۔

Rial : (n) [Arab. 'Riyal'.] (۱) ریال :ایران کا بنیادی سکہ ۔ (۲) سوڈانی سکہ جو ۱/۱۰ پونڈ کے برابر ہوتا ہے ۔

Rialto : (n) منڈی : تجارتی مرکز ۔

Riant / Riante : (a) [L. 'Ridere'.] مسکراتے ہوئے : تبسم کناں : ہنستی ہوئی : متبسم : (آنکھیں وغیرہ) شگفتہ : خوش طبع : پر مذاق ۔

Riantly : (adv.) متبسم طور پر : شگفتہ انداز میں : شگفتگی کے ساتھ ۔

Riata: (n) [Sp. 'Reata'.] دیکھو Lariat

Rib : (n) [OE. 'Rib, Ribb'.] (۱) پسلی : ضلع (جمع) اضلاع ۔ (۲)(حیوانیات) دیکھو Ctenophore ۔ (۳)(سماجیات، مزاحاً) بیوی : زوجہ : جورو : عورت ۔ (۴) (پتّی کی) نس یا رگ : رگِ برگ ۔ (۵) (پر کی) ڈنڈی : نلی : بازو یا دم کا پورا پر : (تشریح) پرندے کے بازو کی نلی یا نس۔ (۶) پہاڑ کا ابھرا ہوا پتھر ملا حصہ : پہاڑ کا سخت اور پتھر ملا حصہ ۔ (۷) (کان کنی) کوئلے کی دیوار جو چھت کو سہارا دینے کے لئے کھڑی چھوڑ دی جاتی ہے : رگِ معدن : زمین کی پرتوں کے بیچ میں دراڑ جس میں دھات ہوتی ہے ۔ (۸) نالیوں کے بیچ میں ابھرا ہوا حصہ: کھیت کے بیچ میں ابھرا ہوا حصہ : جوتی ہوئی زمین : بیچ میں بغیر جوتی ہوئی زمین کی پتلی دھجی : (نیز بول چال) جوتنے کا نشان : ریگھاری : ہلائی ۔ (۹) ریت کی تہ : پتھر کا پشتہ : پتھر کی کھائی یا خندق ۔ (۱۰) (سوزوں کاری) ابھری ہوئی لکیر ۔ (۱۱)(جہاز) خمیدہ لکڑی یا لوہے کا شہتیر جس میں تختے جڑے ہوتے ہیں ۔ (۱۲) (تعمیرات) محراب دار چھت کی ڈاٹ: شہتیر جو چھت کی لمبائی میں خاص کڑیوں پر لگا ہو اور جس پر دوسری کڑیوں اور تختوں کو سہارا ہو۔ (۱۳) چھتری کی تیلی : چھاتے کی کمانی : چھتری کی کمانی ۔ (۱۴) پل کے گارڈر : (عمارت کو مضبوط بنانے کے لئے) چھڑ یا روڈ ۔ (۱۵) ابھری ہوئی چھوٹی سطح (کھائی سے سڑک کو الگ کرنے والی) : (تکنیکی استعمال میں) مصنوعی ابھری ہوئی سطح ۔ (۱۶) (میکانیات) ابھری ہوئی چپٹی باڑھ یا کگر ۔ (۱۷) (بندوق سازی) دھات کی چھڑ یا ابھری ہوئی سطح (جو ڈبل بیرل بندوق میں دونوں کو ملانے کے لئے ہوتی ہے) ۔ (۱۸) (جلد سازی) کتاب کی پشت پر ابھرے ہوئے فیتوں میں سے ایک ۔ (۱۹) صدف میں نمایاں ابھری ہوئی لکیر یا خط ۔ (۲۰) (وائلن یا ستار میں) لکڑی کے منحنی ٹکڑوں میں سے ایک ۔

False rib / Asternal- : وہ پسلی جو سینے کی ہڈی سے جدا ہو : (تشریح) اضلاع غیر قصّی : کاذب پسلیاں ۔

Floating ribs : (تشریح) آزاد پسلیاں ۔

To smite (a person) under the fifth rib : دل پر ضرب لگانا ۔

True ribs/ Sternal- : وہ پسلی جو سینے کی ہڈی سے ملی ہو : (تشریح) اضلاع قصّی : ثابت پسلیاں ۔

Rib : (v) (۱) تیلی : ڈاٹ : گارڈر وغیرہ لگانا یا ان کا کام دینا : گارڈر سے مضبوط کرنا ۔ (۲) ابھرواں لکیر میں ڈالنا ۔ (۳) (زراعت) اس طرح ہل چلانا کہ کیاریوں کے بیچ میں ابھری ہوئی زمین چھوٹی رہے : آدھا جوتنا ۔

Rib : (n) [In Gael, 'Ribe'.] (آئرستان) دیکھو Bristle

Rib : (v) [Origin doubtful.] جھانسا دینا : مذاق کرنا : کھیل کرنا ۔

Rib : (n) (۱) مذاق : ہنسی : تمسخر ۔ (۲) پیروڈی : تضمین ۔

Rib-grass : (n) (نباتیات) آطریلال : پتلے پتوں کا کیلا : آسٹریلوی کیلا ۔

Rib-wort / Rib-wort plantain : (n) (نباتیات) اطریلال : حشیش البرص : ایک قسم کی گھاس ۔

Ribald :(n) [mod. Fr. 'Ribaud'.] پھکڑ : فحش بکنے والا : گندہ دہن: مقدس چیزوں کو برا بھلا کہنے والا : بے ادب : بد کلام : بد زبان ۔

Ribald : (a) پھکڑ : فحش : دشنام آمیز : قبیح : بد زبان ۔

Ribaldry : (n) پھکڑپن : فحش گوئی : بد کلامی : گندہ دہنی : مقدس چیزوں کو برا بھلا کہنے والا : بے ادبی : : بد گوئی : بد زبانی ۔

Riband : (n) [late ME.] (۱) ربن : فیتہ : دھجی : پتلی لمبی پٹی ۔ (۲) دیکھو Ribbon ۔

Riband jasper : (n) یشپ کی ایک قسم ۔

Ribband : (n) (۱) (جہاز سازی) لکڑی کی پٹّیاں جو جہاز میں استعمال کی جاتی ہیں ۔ (۲) (فوج) لکڑی کا ایک چھوٹا ٹکڑا جو بندوق میں لگایا جاتا ہے ۔ (۳) ہلکی اور مضبوط بلی جو کشتیوں کے پل بنانے میں کام آتی ہے ۔

Ribbed (a) (۱) (حیوانیات) مضلّع : پسلی دار ۔ (۲) (نباتیات) نس دار : رگ دار ۔ (۳) ابھرواں : ابھری ہوئی ۔

Ribbed glass :(n) تابدار شیشہ ۔

Ribbed grass : (n) دیکھو Rib-grass

Ribbed-nose baboon : (n) ڈراونی شکل کا خونخوار بڑا لنگور ۔

Ribbing : (n) (۱) چھتری کی تیلیاں ؛ چھت کی ڈائیں ۔ (۲) (حیوانیات) اضلاع بندی ۔ (۳) (نباتیات) رگ بندی ۔

Ribble-rabble : (n) (۱) بکواس ؛ بے سرو پا داستان یا گفتگو ؛ فضول گوئی ۔ (۲) دیکھو Rabble ۔

Ribbon : (n) [later f. 'Riban'.] (۱) ربن ؛ فیتہ ؛ کور ۔ (۲) وہ فیتہ جو کسی اعزازی طبقے یا کلب وغیرہ کے نشانی رکنیت کے طور پر لگایا جاتا ہے ۔ (۳) دھجی ؛ پتلی لمبی پٹی ؛ کسی چیز کی پتلی دھجی ؛ چیتھڑا ؛ پرزہ ؛ تسمہ ۔ (۴)(جمع)باگیں ؛ راسیں (گھوڑی کی) ۔ (۵)(نباتیات) پتی ؛ ساخ ۔ (۶) (تشریح ، حیوانیات) ربن کی شکل کی کوئی ساخت یا نسیج ۔ (۷) لکڑی کا ابھرا ہوا نشان ۔ (۸) (نقابت) معمولی مارکہ ۔

Lingual ribbon : (n) دیکھو Odontophore

Ribbon : (v) (۱) ربن یا فیتے سے آراستہ کرنا ۔ (۲) چھوٹی چھوٹی دھجیوں میں علاحدہ کرنا ؛ باریک ریشوں کی صورت میں الگ کرنا ۔ (۳) تسمہ سے مضبوط کرنا ۔ (۴) (موم وغیرہ کے) ریشے بنانا ؛ ریشے کی شکل میں کرنا ۔

Ribbon building : (n) شاہراہ کے کنارے مکان بنانا ۔

Ribbon copy : (n) ٹائپ کی پہلی کاپی (بخلاف کاربن کاپی) ۔

Ribbon fern : (n) ایک قسم کا امریکی پودا ؛ امریکی فرن کی ایک قسم ۔

Ribbon fish : (n) ایک قسم کی پتلی ، لمبی ، چپٹی مچھلی ۔

Ribbon grass : (n) دھاری دار گھاس ؛ ایک گھاس جس کی پتی دھجی سی ہوتی ہے ۔

Ribbon gurnard : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Ribbon-man : (n) ربن سوسائٹی کا رکن ۔

Ribbon microphone : (n) وہ حرکی مائکروفون جس میں برقی اخذ کنندہ دھات کی پتلی پٹیوں کا ہوتا ہے ۔

Ribbon society : (n) آئرستان کی شمالی اور شمال مغربی حصے میں رومن کیتھولک جماعت کی خفیہ انجمن جو انیسویں صدی میں قائم ہوئی تھی ۔

Ribbon windows : (n) سلسلہ دار کھڑکیاں ۔

Ribbon worm : (n) (حیوانیات) روئیں دار کِرم ۔

Ribboner : (n) ربن سوسائٹی کا ممبر ۔

Ribbonism : (n) ربن سوسائٹی کے اصول و پالیسی ۔

Ribbony : (n) ربن جیسا ؛ ربن کی طرح کا ؛ فیتہ نما ۔

Ribbony gun : (n) ایک قسم کا درخت جس سے گوند نکلتا ہے ۔

Ribes : (n) [Arab. 'Ribas'.] (۱) (نباتیات) جنس منقّی ؛ انگور فرنگی ۔ (۲) منقّے یا دَاکھ کا پودا ۔

Ribless : (a) بے تیلی کا ؛ بے گرڈر کا ؛ بے نس کا ۔

Riblet : (n) چھوٹا فیتہ ۔

Riblike : (a) فیتہ نما ؛ دھجی نما ۔

Riboflavin / -ine : (n) (کیمیا) وٹامن ب ؛ ریبوفلیون ۔ $(C_{17}H_{20}N_4O_6)$

Ribonucleic : (n) ریبونیوکلی اِک ایسڈ ۔

Ribose : (n) [G. 'Ribose', f. 'Ribonsaure'.] (کیمیا) چار شکروں میں سے کوئی ایک $(CHO(CHOH)_3CH_2OH)$ ۔

Ribosomal : (a) خلیے کے باریک ذرے سے متعلق ۔

Ribosome : (n) خلیے کا باریک ذرہ ۔

Riboston / Ribostone : (n) ایک قسم کا سیب ۔

Riboston pippin : (n) دیکھو Ribston

Ricardian : (a) [f. the name 'Ricardo'.] (۱) سیاسی معاشیات کے عالم ڈیوڈ ریکارڈو (David Ricardo) کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) ریکارڈو کے اصول کے مطابق ۔

Ricardian : (n) ریکارڈو کاپیرو ؛ ریکارڈو کے اصول کے حامی ۔

Riccia : (n) [L.] (نباتیات) جنس حزاز ؛ رِسیا ۔

Rice : (n) [OFr. 'Ris'.] (۱) چاول ؛ دھان ۔ (۲) دھان کا پودا ۔

(۳) (جمع) ایک قسم کا چاول ۔

Husked rice : چاول ۔

Indian rice / Wild - : تلخہ ؛ کناڈا یا ہندوستان کا چاول ۔

Unhusked rice : دھان ۔

Rice : (n) [OE. 'Hris'.] (۱) (خصوصاً بول چال) چھوٹی سی شاخ ؛ ٹہنی ؛ (درخت یا پودے کی) ڈالی ۔ (۲) (خصوصاً بول چال) گھنی جھاڑی ۔

Rice-arrack : (n) چاول کا عرق ؛ چاول کی تاڑی ؛ چاول کی شراب ۔

Rice-bread : (n) چاول کی روٹی ۔

Rice-bird : (n) (۱) (حیوانیات) جاوا کی چڑیا ؛ جاوا کی کنجشک خانگی ؛ جاوا چڑی ۔ (۲) (حیوانیات) صفاریہ ۔

Rice-borer : (n) (حیوانیات) دھان سُرسری ۔

Rice-bowl : (n) (جنوبی مشرقی ایشیا کا) وہ علاقہ جہاں چاول زیادہ پیدا ہوتا ہے ۔

Rice-bunting : (n) دیکھو Rice-bird

Rice-field : (n) دھان کا کھیت ؛ چاول کا کھیت ۔

Rice grain : (n) (نجومیات) سورج کی سطح پر دانہ دار دھبہ ۔

Rice-milk : (n) کھیر ۔

Rice-paper : (n) پیال کاغذ ؛ ایک قسم کا کاغذ جو جزیرۂ فارموسا کے ایک پودے سے بنایا جاتا ہے اور چینی نقاشی میں استعمال ہوتا ہے ۔

Rice rat / -mouse : (n) ایک قسم کا امریکی چوہا جس کی مخصوص غذا چاول ہے ۔

Rice sapper / -bug : (n) چاول کا کیڑا ؛ کیڑی ۔

Rice troopial : (n) دیکھو Rice-bunting

Rice-water : (n) (۱) (پوربی) باڑی ؛ تھوڑے چاول کو پانی میں ابال کر تیار کی ہوئی چیز جو خاص کر مریض وغیرہ کو پلائی جاتی ہے۔ (۲)ہیضہ (کے مریض) کا دست (پاخانہ) ۔

Rice weevil : (n) ایک قسم کا (سونڈدار) کیڑا جو ذخیرہ کئے ہوئے چاول ، گیہوں ، آٹے ، بسکٹ وغیرہ کو برباد کر دیتا ہے؛ ایک قسم کا گھُن ۔

Ricepaddy : (n) دھان ۔

Ricer : (n) باورچی خانے کے استعمال کا ایک چھلنی نما برتن جس میں پکی ہوئی نرم سبزیوں یا بغیر پکی ہوئی دوسری نرم چیزوں کو رکھ کر دبا دیا جاتا ہے جس سے سوپوں کی صورت ان چیزوں کے تار بن جاتے ہیں جو قطر میں چاول کے مثل ہوتے ہیں ۔

Ricey : (a) چاول جیسا ؛ چاول مانند ؛ چاول کے مشابہ ؛ برنجی ؛ برنج نما ۔

Rich : (a) [OE. 'Rice'.] (۱) دولتمند ؛ مالدار ؛ امیر ؛ متمول ؛ تونگر ؛ غنی ؛ ثروت مند ۔ (۲) زرخیز ؛ سیر حاصل ۔ (۳) قیمتی ؛ بیش قیمت ؛ گراں بہا ۔ (۴) شاندار ؛ عالی شان ؛ پر شکوہ(عمارت وغیرہ) ؛ پر تکلف (دعوت) ؛ مکلف ؛ گراں قدر؛ عمدہ ؛ فاخرہ ؛ زرق برق ؛ عباری (لباس) ؛ قیمتی (لباس) ۔ (۵) کرغن ؛ روغن دار ؛ عرب (غذا) ؛ مفرح ؛ حقومی ۔ (۶) (رنگ ، آواز ، خوشبو) گہری اور لطیف ؛ خوش رنگ ؛ پر رنگ ؛ پر آب و تاب ۔ (۷) وافر ؛ کثیر ؛ سرشار ؛ زیاد ؛ مزاواں ۔ (۸) دلچسپ؛ پر تکلف ؛ مزے دار (واقعات) ؛ پر معنی ؛ خوش مزہ ۔ (۹) جالب ؛ تفریحی ؛ سر گرم کرنے والا ۔

Rich : (adv.) امیرانہ ؛ دولتمندانہ ۔

Richard : (n) اشخاص کے نام میں آتا ہے ۔

Richard roe : (n) ایک مثالی نام جو ان لوگوں کے لئے آتا ہے جو بے دخلی کے مقدمے میں مدعا الیہ ہوں ۔

Richen : (v) زیادہ امیر کرنا ؛ زیادہ امیر بنانا ۔

Riches : (n) [f. next.] دولت ؛ مال و زر ؛ مال و دولت ؛ مال و متاع ؛ دھن دولت ؛ تموّل ؛ دولت مندی ؛ دولت مند ہونے کی حالت ۔

Richesse : (n) [ME. 'Richesse'.] دھن دولت ؛ مال و زر ۔

Richitis : (n) (طب) حدبہ ؛ کُساح ؛ کبڑا پن ۔

Richling : (n) متمول نوجوان ؛ نوجوان امیر ؛ دولتمند نوجوان ۔

Richly : (adv.) (۱) دولت مندانہ ؛ امیرانہ ۔ (۲) پورے طور پر ؛ کافی ؛ کافی طور سے ؛ کثرت کے ساتھ ؛ اچھی طرح ؛ کافی وافی ؛

بھر پور : پورا پورا : بہت ۔

Richness : (n) (۱) تموّل : دولتمندی :امیری ۔ (۲) (زراعت) زرخیزی۔ (۳) تیزی : گہرائی : لطافت : دلچسپی ۔

Richweed : (n) (۱) (امریکا) ایک قسم کا پودا : Baneberry کی ایک قسم ۔ (۲) مشرقی شمالی امریکا کی تیز بو والی بوٹی جس کی پتیاں نوکدار اور پھول زردی مائل ہوتے ہیں (اسے Horse-balu یا Stone-root بھی کہتے ہیں) ۔

Ricinoleic : (a) ارنڈی کا : بیدابخیر کا : ارنڈی : ارنڈ کا ۔

Ricinoleic acid : (n) ارنڈی کا تیزاب : بیدا نجیری تیزاب : ارنڈی تیزاب ۔

Ricinus : (n) [L.] جنس ارنڈ ۔

Ricinus communis : (n) بیدابخیر : ارنڈ ۔

Rick : (n) [OE. 'Hreac'.] (۱) (گھاس ، غلے وغیرہ کا) انبار : ڈھیر : توده : اٹالا : خرمن : ٹال ۔ (۲) ڈھیری : ڈھیر ۔

Rick : (v) (گھاس، غلے وغیرہ کا) انبار لگانا : ڈھیر لگانا : ٹال لگانا ۔

Rick : (n) [Prob. a variant spelling of Wrick v.] موچ (خصوصاً پشت میں) ۔

Rick : (v) (۱)موچ آنا : مروڑنا یا زور سے کھینچنا : جھٹکا آ جانا ۔ (۲) (خرگوش کلکتوں کے تعاقب میں) اچانک مڑ جانا ۔

Rick-barton : (n) انبار خانہ ۔

Rick-cloth : (n) کیڑا جو گھاس وغیرہ کے انبار پر ڈال دیتے ہیں ۔

Rick-stand : لکڑی یا پتھر کے کڑی دار چھوٹے کھمبے جن سے گھاس وغیرہ کے انبار زمین سے اٹھائے جاتے ہیں ۔

Rick-yard : (n) کھلیان : خرمن : انبار خانہ ۔

Ricker : (n) [G. 'Riek'.] (جہاز رانی) پول : مضبوط بلّی ۔

Ricket : (n) Rickets کا واحد ۔

Ricketily : (adv.) سوکھے کی بیماری کے طور پر ۔

Ricketiness : (n) سوکھے کی بیماری : چولیں ڈھیلی ہونا : کمزوری : چرخہ ہونا : کبڑا پن ۔

Rickets : (n) [Origin doubtful.] ملائمتِ عظام : ملائمتِ استخواں : ہڈیوں کا نرم پڑ جانا : رکت : سوکھے کی بیماری جو بچوں کو ہو جاتی ہے : کُساح : حدبہ : کبڑا پن ۔

Rickettesia : (n) [mod. L. f. name of H.T. Ricketts Amer. pathologist, + -ia.] طفیلی جرثومہ جس سے محرقۂ دماغی ہوتا ہے (جانور اور انسانوں میں) ۔

Rickettsial : (a) ریکیٹ سیا سے متعلق ۔

Rickety / Ricketty : (a) (۱) (طب) سوکھے کا (مریض) : سوکھے کا سا : کُساحی : کبڑا ۔ (۲) (طب) کمزور : جس کی چولیں ڈھیلی ہوں : ہلتا ہوا : چرخہ : لغزندہ : ہلّڑ : متزلزل : مرتعش : لرزاں ۔ (۳) سوکھے جیسا : سوکھے سے متعلق ۔

Rickle : (n) [Origin unkn.] (۱) چھوٹا ڈھیر : چھوٹا تودہ (بھوسہ ، غلے وغیرہ کا) : غلے کا چھوٹا انبار ۔ (۲) کسی چیز کا لچر مجموعہ (جو گھٹا ہوا نہ ہو) : ڈھیلا ڈھالا شخص: ڈھیلے ڈھالے پنجر والا شخص : وہ شخص جس کے جوڑ ڈھیلے ہوں ۔

Rickle : (v) ڈھیر کرنا : ڈھیر بنانا : انبار کرنا ۔

Rickmatic : (n) [Origin unkn.] (خاص کر اسکاتستانی) کاروبار ۔

Rickshaw/ Ricksha : (n) Jin Ricksha کا مخفف ۔

Ricochet : (n) [Fr.'] (فوج) کمانہ : توپ یا بندوق کو گولی کی ، پانی یا زمین پر چھچھلتی ہوئی چوٹ یا ضرب : اس کے بعد کی چوٹ : توپ کے گولے یا بندوق کی گولی کا اچھلتے ہوئے زمین پر گرنا : فائرنگ کا ایک طریقہ ۔

By ricochet : کمانے کے طور پر: کمانے کے طریقے سے فائرنگ ۔

Ricochet : (v) (۱) توپ کے گولے یا بندوق کی گولی کا پانی یا زمین پر چھچھلتا ہوا پڑنا : کمانہ کرنا ۔ (۲) گولے یا گولی کا چھچھلتے ہوئے نکل جانا : گلولۂ کمانہ مارنا ۔

Rictal : (a) (حیوانیات) دہنی : (نباتیات) دہن گل سے متعلق ۔

Rictus : (n) [L.] (نباتیات) دہن گل : دہن : (تشریح) عرض دہانہ : باچھ : انسان یا جانور کے منہ کی چوڑائی : (منہ کھولنے کے بعد) ۔

Rid : (v) [ON. 'Ryoja'.] (۱) پیچھا چھڑانا : چھٹکارا دینا : خلاصی دینا: نجات دینا :سر کا بوجھ اتارنا۔ (۲) استیصال کرنا: دور کرنا (وبا کو) : ہٹانا : صاف کرنا : جگہ خالی کرنا : سبک دوش کرنا : آزاد کرنا ۔ (۳) صاف کرنا : واضح

کرنا : (راستہ یا جگہ ، خصوصاً درخت سے زمین کو) صاف کرنا : (ٹہنٹھ وغیرہ کو) زمین سے اکھاڑ دینا ۔ (۴) (جھاڑی، گھاس وغیرہ) صاف کر دینا : اکھاڑ دینا : چھیل دینا : ہٹا دینا ۔ (۵) (ٹیبل ، کمرہ وغیرہ) صاف کرنا (بول چال) ۔ (۶) بھیجنا : روانہ کرنا : پورا کرنا : ختم کرنا : مکمل کرنا (کام وغیرہ) ۔

To be rid of : آزاد ہونا : خلاصی پانا : چھٹکارا پانا (مصیبت ، پریشانی ، بیکار چیز یا شخص سے) ۔

To get rid of : چھٹکارا پانا: نجات پانا: آزادی حاصل کرنا ۔

Riddance : (n) (۱) چھٹکارا : نجات : خلاصی : رہائی : بریّت : آزادی : رستگاری ۔ (۲) بر طرفی : معزولی : موقوفی : تبدیلی : صفائی ۔ (۳) وہ چیز جس سے چھٹکارا یا نجات حاصل کی جائے ۔ (۴) کلمۂ انبساط جو کسی ضرر رساں یا ناگوار چیز یا کام سے نجات ملنے پر کہا جاتا ھے ۔

Good riddance / Happy -: کلمۂ انبساط جو کسی ضرر رساں یا نا خوش گوار چیز یا کام سے نجات ملنے پر کہا جاتا ھے ۔

To make (clean etc.) riddance : نجات دلانا : رہائی دلانا ۔

Ringlet : (n) (۱) چھوٹا حلقہ : چھوٹا چکر : حلقہ مانند نشان ۔ (۲)(تشریح) حلقۂ زلف: کاکل : طرہ : گھونگر : گھونگر یا لے بالوں کی لٹ ۔ (۳) رقص کنندگان کا حلقہ یا دائرہ ۔ (۴) گھاس کا حلقہ جو ارد گرد کی گھاس سے مختلف رنگ کا ہوتا ہے اور جو خیال کیا جاتا ہے کہ پریوں کے ناچنے سے بن جاتا ہے ۔ (۵) تیتریوں کی مختلف قسمیں ۔

Ringlet : (v) دائرہ بنانا : حلقہ بنانا ۔

Ringlet(t)ed : (a) گھونگر والے : گھونگر دار (بال) .

Ringlet(t)ly : (a) گھونگر دار : گھونگر یا لے : حلقہ بناتے ہوئے (بال) .

Ringlike : (a) حلقہ نما : دائرہ مانند .

Ringmain : (n) (برقیات) حلقہ نما اصل دور .

Rings of tree : (n) حلقے یا چکر جو درخت کے تنے میں ہوتے ہیں .

Rings of water : (n) لہروں کے دائرے : حلقہ ہائے امواج .

Ringster : (n) (امریکا) حلقۂ سیاسی کا رکن : قیمت مقرر کرنے والی تنظیم یا حلقے کا ممبر .

Ringworm bush/ - cassia : (n) ایک قسم کی امریکی جھاڑی جس کی پتیوں کے عرق سے داد (کی بیماری) کا علاج کیا جاتا ہے .

Ringy : (a) حلقہ نما : دائرہ نما : انگشتری نما .

Rink : (n) [OFr. 'Renc'.] (۱) تختۂ برف : برف کا تختہ جس پر Carling کھیل کھیلا جاتا ہے . (۲) قدرتی یا مصنوعی برف کا تختہ : اسکیٹنگ کا فرش . (۳) برف کے اوپر کھیل : سابقہ : رقابت : حلقہ : دائرہ . (۴) (مجازاً) بہادر آدمی : جنگجو : شجاع .

Rink : (v) (۱) برف پر پھسلنا : اسکیٹنگ کرنا . (۲) محاصرہ کرنا : حلقہ کرنا : دور کرنا .

Rinker : (n) اسکیٹنگ کرنے والا .

Rinking : (n) اسکیٹنگ : برف پر پھسلنا .

Rinse/ Rinze/ Rince : (n) [f.'Rinse (v)'.] (۱) کھنگالنا : کھنگالنے کا عمل : (بول چال) دھونا : صاف کرنا صفائی : دھلائی . (۲) تطہیر : پاک کرنے کا عمل : غسل . (۳) بال کے لئے ہلکے رنگ کا محلول : اس محلول سے بال کو رنگنا .

Rinse/ Rince : (v) [Fr. 'Rincer'. of unkn origin.] (۱) دھونا : صاف کرنا : کھنگالنا : پانی ڈال کر اور ہلا کر صاف کرنا . (۲) کوئی سیال ڈالنا یا اس سے دھونا : گندگی دور کرنا . (۳) کپڑوں کو صاف پانی میں دھونا یا کھنگالنا . (۴) (شراب وغیرہ سے) کمانا : حلق سے اتارنا .(۵) (منہ ، ہاتھ) دھونا : صاف کرنا : کھنگال کر گندگی ہٹانا .

Rinsing : (n) کھنگالنے کا عمل : عمل تطہیر : صاف کرنے کا عمل :

صفائی : دھلائی .

Rio : (n) [f. 'Rio', nickname for 'Rio de Janeiro'.] برازیلی قہوہ: برازیلی کافی .

Riot : (n) [OFr. 'Riote'.] (۱) آشوب : شورش : فتنہ : بلوا : غوغا : ہنگامہ : دنگا فساد : قتل و غارت گری : مار پیٹ : انقلاب : داد و بیداد . (۲) ہنسی : مذاق : عیش و طرب . (۳) عیاشی : بد چلنی : ہرزگی : بد مستی . (۴) رنگ رلیاں : عیش و طرب کا جلسہ : شراب و کباب کا جلسہ . (۵) زور و شور : ریل پیل : وفور : ہجوم . (۶) (شکار) اٹکل پچو سراغ پر جانا .

To hunt riot / -run- : (شکار کے لئے) اٹکل پچو سراغ پر جانا : شکاری کتوں کا اٹکل پچو شکار پر دوڑنا : (مجازاً) انسان کا کھل کھیلنا .

To run riot : (مجازاً) آزادانہ اور دیوانہ وار حرکت کرنا : بلوہ کرنا : فتنہ و فساد برپا کرنا : بے قید کام کرنا : (مجازاً) (زبان اور تخیل کا) بے روک ٹوک چلنا .

Riot : (v) عیاشی کی زندگی بسر کرنا : عیش و نشاط میں وقت گذارنا . (۲) عیاشی میں عمر یا روپیہ برباد کرنا : رنگ رلیاں کرنا : دھما چوکڑی مچانا : گلچھرے اڑانا . (۳)دنگا فساد کرنا : بلوہ کرنا : آشوب کرنا : ہنگامہ کرنا : لوٹ مار کرنا : لوٹ مچانا : شورش کرنا : انقلاب برپا کرنا . (۴)(شخص یا جائداد یا مال پر) حملہ کرنا: دھاوا بولنا : لوٹنا . (۵) طوفان مچانا : قتل و غارت گری کرنا : شور و شرابا کرنا .

Riot act : (n) قانون بلوہ (جس کے اعلان کے بعد اگر مجمع منتشر نہ ہو تو مجرم ہو جاتا ہے) : اگر بارہ یا زیادہ آدمی فساد و بلوہ کرنے کے لئے جمع ہوں اور اس قانون کو سننے کے بعد منتشر نہ ہوں تو سزا کے مستحق ہوں گے .

To Read the riot act : (۱) قانون بلوہ پڑھ کر سنانا . (۲) (مجازاً) شور و ہنگامہ کی ممانعت کرنا .

Rioter : (n) [AFr. 'Riotour'.] آشوب طلب : بلوہ کرنے والا : بلوائی : فسادی : فتنہ جو : بلوے میں شرکت کرنے والا : شورشی : انقلابی آدمی : بلوے کا مجرم .

Rioting : (n) بلوہ : فساد : لوٹ مار : ہنگامہ : غارت گری .

Riotous : (a) [OFr. 'Riot(e)'.] (۱) شورش : فتنہ جو : بلوا کرنے والا : بلوائی : فسادی : امن و امان کو خراب کرنے یا نقصان پہنچانے والا . (۲) ہرزہ : عیاش : عیش پرست . (۳) عیاشی کی : عیش پرستی کی : بدمستی کی :

عیاشانہ ۔

Riotously : (adv.) (۱) بلوے کے طور پر : فساد کے طور پر ۔ (۲) عیاشی سے : بد مستی سے : عیش پرستانہ : عیش پرستی کے ساتھ ۔

Riotousness : (n) عیاشی : عیش پرستی : بد مستی : خر مستی ۔

Rip : (n) [ON. 'Hrip'.] (بول چال) دوہری جڑی ہوئی ٹوکری (خصوصاً مچھلی رکھنے کی)؛ بٹی ہوئی ٹوکری ۔

Rip : (n) [f. Rip. (v).] (۱) چیڑ پھاڑ : خستہ جگری : دلی آزاری : ایذا رسانی : دریدگی : شگاف ۔ (۲) دیکھو Ripsaw ۔

Rip : (n) (۱) سمندر یا دریا کی موج وار سطح : متموج سطح آب : وہ قطعۂ آب جو مخالف لہروں کے ملنے سے متموج یا متلاطم ہو جاتا ہے ۔ (۲) تموج جو کھردرے یا نا ہموار راستے سے گذرنے پر پیدا ہو جاتا ہے ۔

Rip : (n) [Perh. a letter form of Rep.] (۱) سڑیل گھوڑا : نکما گھوڑا : اسپ لاغر ۔ (۲) عیاش : تماش بینی : رند ۔ (۳) بیکار یا نکما شخص ۔ (۴) معمولی چیز یا شخص: بے احتیاط آدمی ۔

Rip : (v) [Origin obsc.] (۱) چاک کرنا : پھاڑنا : چیڑنا : ادھیڑنا ۔ (۲) کھونچا لگانا : پارہ کرنا ۔ (۳) (آرے وغیرہ سے) چیرنا ۔ (۴) (چھت) کھول دینا : کھپڑے ، سلیٹ وغیرہ اتار لینا ۔ (۵) چیر کر شگاف ڈالنا ۔ (۶) (زخم کو) تازہ کرنا : برا کرنا : (رنج کو) تازہ کرنا : پھر سے (جھگڑا) چھیڑنا : گڑے مردے اکھاڑنا : شور و ہنگامہ کر کے کہنا ۔ (۷) پھٹ جانا : شق ہو جانا : جدا ہو نا : ٹکڑے ہو جانا ۔ (۸) تیز چلنا : دوڑنا : بے دھڑک تنہا دوڑنا ۔ (۹) حملہ کرنا ۔ (۱۰) (بول چال) سخت الفاظ استعمال کرنا : سخت زبان استعمال کرنا : قسم کھا کر کہنا : حلف اٹھا کر کہنا : حلف لینا ۔ (۱۱) غصے سے پھٹ پڑنا: غضبناک ہونا : غصے سے برس پڑنا ۔

Let her rip : بے دھڑک دوڑنے دو : تیز چلاؤ (گاڑی وغیرہ کو) ۔

To rip off : (۱) (کسی کو) دھوکا دینا : فریب دینا : کام نکالنا ۔ (۲) (کوئی چیز) چرانا : چوری کرنا : دھوکے یا چوری سے کوئی چیز اڑا لینا ۔

Rip-cord : (n) طناب جو پیراشوٹ کو کھولنے کے لئے کھینچی جاتی ہے ۔

Rip current : (n) تیز دھارا ۔

Rip-off : (n) فریب دہی : جعل سازی : دھوکا دہی : فائدہ اٹھانے کا عمل ۔

Rip-rap : (n) [f. 'Rap (n)'.] (انجینیئرنگ ، امریکا) سنگریز : سنگریزی بنیاد ۔

Rip-rap : (v) سنگریزی بنیاد ڈالنا : پتھر سے بنیاد کو مضبوط کرنا ۔

Rip-rapping : (n) سنگریزی دیوار یا بنیاد ۔

Rip-roaring : (a) (۱) (عامیانہ) پر زور دنگا فساد : بہت زیادہ شور ہنگامہ ۔ (۲) بہت زیادہ بلوہ کرنے والا : بہت زیادہ فسادی ۔ (۳) بہت زیادہ عیاشی کرنے والا ۔

Rip-roarious : (a) دیکھو Rip-raoring

Rip-saw : (n) چیر آرا ۔

Rip-saw : (v) چیر آرا سے کاٹنا ۔

Riparial : (a) [f. L.'Riparius'.] (۱) ساحلی : ساحل کا : لب آب کا ۔ (۲) (حیوانیات) دریا کنارہ باش : تالاب یا جھرنے کے کنارے رہنے والا ۔

Riparian : (a) [f. as prec.] (۱) لب آب کا : ساحلی : ساحل کا : دریا کنارہ : دریائی ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات) دریا کنارہ باش ۔

Riparian : (n) (۱) ساکن دریا کنار : ساحل دریا پر رہنے والا ۔ (۲) ساحل کا مالک : ساحل کی زمین کا مالک ۔

Riparian forest : (n) (نباتیات) دریائی جنگل : بیلا ۔

Riparian right : (n) دریائی اختیار : اختیار ساحل ۔

Riparious : (a) (نباتیات) دریا کنار (پودا) ۔

Ripe : (a) [OE. 'Ripe'.] (۱) پھل ، اناج وغیرہ) پکا : تیار : پختہ : کھانے کے لئے تیار یا بیچ کے لئے تیار : قابل استفادہ ۔ (۲) پختہ پھلوں جیسا ۔ (۳) (پرند و جانور) پوری طرح تیار (ذبح کرنے اور کھانے کے لئے) : تیار (جانور) ۔ (۴) بالغ : پختہ کار : رسیدہ : جس کی جسمانی و ذہنی نشو و نما مکمل ہو چکی ہو : بالیدہ : بزرگ شدہ : کبیر : حاضر ۔ (۵) (مچھلی) تیار (انڈا دینے کے لئے) ۔ (۶) (شراب) پکی: ٹھیک چاشنی کی : رسیدہ ۔ (۷) مست: آپے سے باہر : بے خود ۔ (۸) کامل : قابل : آمادہ : مستعد ۔

Soon ripe soon rotten : جو جلدی پکتا ہے وہ جلدی سڑتا ہے ۔

Ripe : (v) [OE. 'Ripian'.] (۱) (شعر و شاعری) پختہ ہونا؛ بڑھنا؛ تیار ہونا ۔ (۲) بالغ ہونا؛ پختہ کار ہونا ۔ (۳) پختہ بنانا؛ تیار کرنا ۔

Ripe age : (n) پکّی عمر؛ بڑھاپے کی شروعات کا زمانہ ۔

Ripe beauty : (n) حسن پختہ کار (ادھیڑ عورت کا) ۔

Ripe lips : (n) بھرے بھرے سرخ ہونٹ ۔

Ripely : (adv.) پختہ کاری سے ۔

Ripen : (v) (۱) پختہ ہونا؛ پکنا؛ تیار ہونا ۔ (۲) (مجازاً) پختہ کار ہونا؛ مکمل ہونا ۔ (۳) (طب) پھوڑے وغیرہ کا پکنا؛ پھوڑے کو پکانا ۔ (۴) تیار کرنا؛ استعمال کے لائق بنانا؛ پکانا ۔

Ripener : (n) (۱) پختگی کے لائق بنانے والا؛ پختہ بنانے والا؛ پکانے والا ۔ (۲) پکنے والا؛ تیار ہونے والا ۔

Ripeness : (n) پختگی؛ پختہ کاری؛ پکا ہونا ۔

Ripening : (n) (نباتیات) پختگی؛ پکنا ۔

Ripgut/ Ripgut grass : (n) ایک قسم کی پرخس و خاشاک اور تکلیف دہ یورپی گھاس ۔

Ripicolous : (a) دیکھو Riparian (a)

Ripidolite : (n) [Gr. 'Ripidolith'.] (کان کنی) کلورائٹ سے مشابہ ایک سبز معدن ۔

Ripienist : (n) اضافی ساز بجانے والا یا اس کا ماہر ۔

Ripieno : (a) [It. f. 'Ri- + pieno'.] اضافی؛ تکمیلی؛ تتمے کا ۔

Ripieno : (n) (۱) اضافی ساز بجانے والا؛ اضافی ساز؛ ایک قسم کی موسیقی ۔ (۲) زائد، فالتو موسیقی ۔

Riposte/ Ripost/ Repost : (n) [It. 'Reposta'.] (۱) (شمشیر بازی) وہ ہاتھ جو حریف کے وار کے جواب میں فوراً لگایا جائے؛ جوابی وار؛ رد حملہ؛ انتقامی حملہ ۔ (۲) رد جواب؛ ترکی بہ ترکی جواب؛ دندان شکن جواب؛ الزامی جواب ۔

Riposte / Ripost/ Repost : (v) (۱) ترکی بہ ترکی جواب دینا؛ دندان شکن جواب دینا؛ بدلہ لینا؛ بدلہ چکانا ۔ (۲) الٹ کر الزام لگانا؛ الزامی جواب دینا ۔ (۳) وار کے جواب میں فوراً وار کرنا؛ حملے کے جواب میں حملہ کرنا؛ جوابی حملہ کرنا؛ رد حملہ کرنا؛ جواب دینا ۔

Ripper : (n) (۱) پھاڑنے والا؛ چیرنے والا؛ (میکانیات) پارہ کنندہ ۔ (۲) چھت کو کھولنے کا اوزار ۔ (۳) چیر آرہ؛ ایک طرح کا آرہ ۔ (۴) (عامیانہ) اعلیٰ درجے کا شخص؛ اعلیٰ درجے کی چیز ۔ (۵) مچھلی صاف کرنے والی جماعت کا رکن (جو مچھلی کے پیٹ سے آلائشوں کو نکالتی ہے) ۔ (۶) دیکھو Ripsaw ۔ (۷) پاگل آدمی؛ چھری مار ۔

Rippet / Rippit : (n) [Origin unkn.] شور ہنگامہ؛ شور غل؛ بھاگ دوڑ؛ لے دے؛ اضطراری حرکتیں ۔

Rippier/ Ripier : (n) (تاریخ) مچھلی بیچنے والا؛ مچھیرا؛ ماہی فروش؛ مچھلی فروش؛ ماہی گیر ۔

Ripping : (a) (۱) پھاڑنے والا؛ (مجازاً) کاٹنے والا؛ کھونچا ۔ (۲) (عامیانہ) خوب؛ عمدہ؛ مزے کا؛ پر لطف؛ اعلیٰ درجے کا ۔

Rippingly : (adv.) بڑے مزے سے؛ بڑے لطف سے؛ بہت عمدہ طریقے سے ۔

Ripping saw : (n) چیر آرا ۔

Ripple : (n) [Du. 'Repel '.] سنئی کے بیج صاف کرنے کا کنگھا؛ سن شانہ ۔

Ripple : (n) (۱) ہلکورا؛ ہلکی لہر؛ موج صغیر ۔ (۲) (امریکا) کم گہرا ندی میں پایاب پانی کا حصہ ۔ (۳) ترنگ ۔ (۴) (بال، فیتے وغیرہ) لہر؛ لہر دار سطح یا ابھری ہوئی جگہ ۔ (۵) ہلکی آواز جس میں اتار چڑھاؤ ہو؛ لہر دار آواز ۔ (۶) دیکھو Riffle (n) ۔ (۷) (برقیات، انجینیئرنگ) رپل؛ لہراؤ ۔

Ripple : (v) [ME. 'Ripelen'.] (۱) کنگھے سے سنئی کے بیج صاف کرنا ۔ (۲) بیج نکالنا؛ بیج ہٹانا ۔

Ripple : (v) (۱) لہری پیدا کرنا؛ تموّج پیدا کرنا یا ہونا (سطح آب پر)؛ پانی پر ہلکی ہلکی موجوں کا اٹھنا ۔ (۲) آہستہ آہستہ کھرچنا؛ چھیلنا؛ نوچنا؛ چھلنا؛ خراش لگنا ۔ (۲) آہستہ آہستہ (زمین کا) پھٹنا ۔

Ripple : (v) [Origin unkn.] (۱) ہلکورے اٹھنا؛ ہلکورے پیدا کرنا ۔ (۲) لہر دار آواز آنا ۔ (۳) لہر میں بہنا؛ ترنگ میں بہنا ۔ (۴) (سطح آب پر) تموّج پیدا کرنا ۔ (۵) معمولی طور پر غصہ ہونا؛ ہلکے طور پر ہیجان پیدا کرنا ۔ (۶) متحرک ہونا؛ حرکت میں آنا؛ لہر پیدا کرنا ۔

Ripple-cloth : (n) ایک قسم کا ملائم، لہردار اونی کپڑا ۔

Ripple-grass : (n) (اسکاتستانی ، امریکا) ایک قسم کا کیلا ۔

Ripple mark : (n) (خصوصاً ارضیات) لہر دار سطح یا ابھری ہوئی جگہ ۔

Ripple marked : (a) لہردار سطح والا

Rippleless : (a) مسطح ؛ شفاف (پانی کی طرح) ؛ بغیر لہر کے ؛ غیر متموج ؛ ساکن ؛ پر سکوت ۔

Ripplet : (n) لہر چہ ؛ موج خفیف ؛ چھوٹی لہر ؛ ہلکورا ۔

Ripplingly : (adv.) لہردار طور پر ؛ توج کے ساتھ ؛ ہلکورے کھاتے ہوئے ؛ متموج طور پر ؛ ہلکورے لیتے ہوئے ۔

Ripply : (a) لہر دار ؛ ہلکورے دار ؛ تموج آمیز ۔

Ripstone : (n) Ribstone کی غلط شکل ۔

Ripuarian : (a) [med. L. 'Ripuarius'.] (۱) رپوری (قدیم فرانک نسل کی اس شاخ سے متعلق جو دریائے رائن کے کنارے میوز اور موزل کے کنارے رہتی تھی) ۔ (۲) رپوری قوم کے قانون سے متعلق ۔

Ripuarian : (n) رپوری فرانک ۔

Ripuraian law : (n) رپوری قوم کا قانون ۔

Ripuary : (a) رپوری قوم کے قانون کا یا اس سے متعلق ۔

Ripvan winkle : (n) دقیانوسی خیالات کا شخص ؛ وہ شخص جس کی معلومات بہت پرانی ہوں ؛ فرسودہ معلومات کا شخص ؛ وہ شخص جو جدید اور حال کے حالات سے واقف نہ ہو ۔

Risaldar : (n) [Per.' Risaldar'.] اینگلو انڈین فوج کے رسالے کا کمانڈر ؛ رسالہ دار ۔

Rise : (n) [f. the v.] (۱) طلوع ؛ نکلنا (سورج وغیرہ کا) ؛ نکلنے کی صلاحیت ؛ صلاحیت ارتفاع ۔ (۲) ارتفاع ؛ بلندی ؛ چڑھائی ؛ ٹیلہ ؛ پہاڑی ۔ (۳) ترقی ؛ بڑھنا ؛ عروج ؛ فروغ؛ صعود ۔ (۴) بڑھنا یا چڑھنا ؛ (تنخواہ ، اجرت ، قیمت وغیرہ میں) اضافہ ؛ زیادتی ؛ افزونی ؛ پیش رفت ؛ افزائش ؛ افزود ۔ (۵) مچھلی کا اٹھنا یا سطح آب پر آنا ۔ (۶) سیڑھی ، محراب وغیرہ کی بلندی؛ زینے کی دو سیڑھیوں کے درمیان کھڑا تختہ ؛ اوٹے کی اونچائی ۔ (۷)آغاز ؛ ابتدا ۔ (۸) (موسیقی) بلند سُر ۔ (۹)(سمعیات) اٹھان ؛ (سیاسیات) ترقی ؛ صعود ۔ (۱۰)(ارضیات) طغیانی ؛ ارتفاع ؛ ٹیلہ ۔ (۱۱) سر چشمہ ؛ منبع ؛ منشاء ؛ طغیان ۔ (۱۲) پیش روی ؛ سر زنی؛ پیدائش ؛ ظہور ۔ (۱۳) (امریکا) اضافہ حقوق ۔ (۱۴) نشر ؛ موت کے بعد زندہ ہونے کی حالت ؛ نیند کی حالت سے اٹھنے کا عمل ۔ (۱۵) آگے قدم بڑھانے والا ؛ قدم کا اٹھنا ۔ (۱۶) رقم میں اضافہ؛ زیادتی ؛ بڑھوتری ؛ (بول چال) مزدوری یا تنخواہ میں اضافہ ۔ (۱۷) خبر پانے یا ہونے کا عمل ؛ اطلاع ۔

Asks for a rise : مزدوری یا اجرت میں اضافہ چاہتا ہے۔

On the rise : اضافہ ہونا ؛ بڑھنا ؛ مہنگا ہونا ؛ قیمتی ہونا ؛ روبہ اضافہ ۔

To get a rise out of (person) / -have-/ -take- : چھیڑ کر غصہ دلانا یا کسی اور کمزوری کو ظاہر کرنا ؛ مذاق اڑانا۔

To give rise to : ضمنی سبب ہونا ؛ فوری یا وقتی سبب ہونا ؛ تقریب ہونا ؛ بہانہ ہونا ۔

Rise : (v) [OE. 'Risan'.] (۱) اٹھنا ؛ اٹھ کر کھڑا ہو جانا ؛ بیدار ہونا ؛ جاگنا ؛ اٹھ بیٹھنا ؛ قیام کرنا ۔ (۲) برخاست ہونا ؛ اٹھ جانا ؛ اوپر جانا یا آنا ؛ اٹھایا جانا ؛ بلند کیا جانا ۔ (۳)سیدھا ہو جانا ؛ کھڑا ہو جانا ؛ اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا ؛ سیدھی حالت میں کھڑا ہونا ۔ (۴) جی اٹھنا ؛ بشاش ہونا ؛ دوبارہ زندگی ملنا ؛ وجود میں آنا ؛ کھل اٹھنا ۔ (۵) شورش کرنا ؛ بغاوت کرنا؛ طغیانی کرنا؛ سرکشی کرنا ؛ ہتھیار اٹھا لینا ۔ (۶) طلوع ہونا ؛ نکلنا ؛ بلند ہونا ؛ چڑھنا ؛ اونچا ہونا ؛ صعود کرنا ۔ (۷) اڑنا ؛ پرواز کرنا ۔ (۸) بڑھنا ؛ چڑھنا ؛ اضافہ ہونا ؛ زیادہ ہونا ۔ (۹) ابھرنا ؛ ابھرنا ؛ نمودار ہونا ؛ باہر آنا ۔ (۱۰)قوت یا زور بڑھانا ؛ ترقی کرنا؛ قسمت ور ہونا ؛ بلند ہونا ؛ بلند اقبال ہونا ؛ ترقی دینا (عہدے میں) ؛ بڑھانا (مشاہرہ) ۔ (۱۱) موقع کے مناسب ہمت دکھانا ۔ (۱۲) شروع ہونا ؛ پیدا ہونا؛ ابھرنا ؛ وجود میں آنا ؛ دریا کا نکلنا (منبع سے) ؛ آغاز کرنا ؛ ایجاد کرنا ۔ (۱۳) اٹھ کھڑا ہونا ؛ برپا ہونا (جھگڑا ، فساد وغیرہ کا) ۔ (۱۴) اٹھانا ؛ اٹھتے یا اڑتے ہوئے دیکھنا (مچھلی یا پرند کو) ۔ (۱۵) پورا ہونا ؛ اختتام پذیر ہونا ۔ (۱۶)(جانور وغیرہ کا) احاطے یا باڑے وغیرہ سے باہر آنا ؛ نکلنا ۔ (۱۷) (گھوڑا وغیرہ) پچھلے پاؤں پر سیدھا کھڑا ہونا ؛ الف ہونا ۔ (۱۸) (بال وغیرہ) سیدھا ہونا ؛ کھڑا ہونا ؛ (نیز)جھکی ہوئی چیز کا کھڑا ہونا ۔ (۱۹)(مجازاً) گناہوں کی تلافی کرنا ؛ اخلاقی گراوٹ کا ختم ہو جانا ۔ (۲۰) (فوج) کیمپ توڑ دینا ؛ محاصرہ ختم کر دینا ؛ محاصرہ اٹھالینا ۔ (۲۱) (اسمبلی وغیرہ کو) ملتوی کر دینا (خصوصاً فرصت یا وقفہ کے لئے) ۔ (۲۲)(دھواں ، بھاپ وغیرہ کا) بڑھنا ؛ سیلاب وغیرہ کا بڑھنا ؛ چڑھنا ؛ تیز ہونا (ہوا کا) ۔ (۲۳) نقطۂ عروج

To rise ship : دور سے جہاز کو سطح آب پر آہستہ آہستہ اٹھتے ہوئے دیکھنا ۔

Rise : (n) (خصوصاً بول چال) Rice کا متبادل ۔

Rise of temperature : (n) (طبیعیات) تپش کا اضافہ ۔

Risen : (a) اٹھنے والا ؛ کھڑا ہو جانے والا ؛ قابل ایستادگی ۔

Riser : (n) (۱) اٹھنے والا (خصوصاً بستر سے) ؛ بیدار ہونے والا ؛ جاگنے والا ۔ (۲) چارا کے ذریعہ پھنس جانے والی مچھلی ۔ (۳) سیرھی کے ڈنڈے کا اوپری حصہ ۔ (۴) (کان کنی) طبقۂ زمین کے سلسلے کا رخنہ ۔ (۵) (تعمیرات) رافعہ : ایک مشین جس سے سامان وغیرہ اوپر لے جاتے ہیں ؛ بلند کنندہ ۔ (۶) برقی وصل یا پانی کا پائپ جو مکان کی ایک منزل سے دوسری منزل میں گزرتا ہو ۔ (۷) باغی ؛ سرکش ۔ (۸) دیکھو Feedhead ۔ (۹) سحر خیز ؛ زود خیز ۔ (۱۰) سوراخ یا ہوا کش ۔

Risibility : (n) (۱) ہنسنے کا مادّہ ؛ ہنسی ۔ (۲) ہنسی مذاق ؛ ہنسی دل لگی ؛ رنگ رلیاں ؛ عیش و نشاط ۔

Risible : (a) (۱) ہنسنے والا ؛ ہنسنے کی [late L. 'Risibilis'.] خاصیت رکھنے والا ؛ ہنسنے کا میلان رکھنے والا ۔ (۲) قابل ہنسی ؛ خندہ آور ؛ مضحک ؛ لائق استہزا ۔ (۳) ہنسی کا یا اس سے متعلق ۔ (۴) مضحکہ خیز ؛ مستحق حقارت ؛ قابل تضحیک ۔

Risible : (n) (جمع) قابل تضحیک ؛ صلاحیتی ؛ مضحکہ خیز پنّے ۔

Rising : (a) (۱) بیدار ہونے والا ؛ اٹھنے والا ؛ نکلنے والا ؛ طلوع ہونے والا ۔ (۲) اوپر کی طرف ڈھلواں ؛ اوپر اٹھایا ہوا ۔ (۳) چڑھنے والا ؛ بلند ہونے والا ؛ رافع ۔ (۴) (سیلاب ، پانی ، طوفان) بڑھنے والا ؛ چڑھنے والا ؛ اونچائی میں بڑھنے والا ۔ (۵) طاقت ، زور وغیرہ میں بڑھنے والا ۔ (۶) با اثر ؛ با صلاحیت ؛ تیز ؛ ہوشیار ؛ آگے نکلنے والا ؛ ترقی کرنے والا ؛ قسمت ور ؛ بلند طالع ؛ بڑھنے والا ۔ (۷) طالع ؛ بر خیزندہ ۔ (۸) شور کرنے والا ؛ طوفان اٹھانے والا ۔ (۹) انتہائے کمال والا ؛ منتہائے کمال تک پہنچنے والا ۔

Rising : (n) (۱) اٹھنا ؛ بڑھنا ؛ چڑھنا ؛ اٹھان ؛ ارتقا ؛ بلندی ؛ ارتفاع ۔ (۲) (فلکیات) طلوع ؛ (علم النجوم) طالع ۔ (۳) قیامت ؛ نشر ؛ باز خاست ؛ پھر سے اٹھنا ؛ دوبارہ زندہ ہونا ۔ (۴) بغاوت ؛ سرکشی ۔ (۵) (طب) پھوڑا ؛ پھنسی ۔

Rising : (adv.) (۱) (نقابت) اڑنے کے لئے تیار ؛ ڈینا پھڑ پھڑاتے ہوئے ۔ (۲) (گھوڑے ، آدمی وغیرہ) رسائی کے قریب ؛ تقریباً ؛ پر پہنچ جانا (تھرمامیٹر یا بیرومیٹر میں) ؛ (سیال کا) جوش مارنا ۔ (۲۵) زیادہ خوش و خرم ہونا ؛ مسرور ہونا ۔ (۲۶) (کھانے یا کسی اور چیز سے) کراہت ہونا ؛ کراہت کے ساتھ واپس کر دینا ؛ گھن آنا ؛ نفرت ہونا ؛ جی متلانا ؛ متلی ہونا ۔ (۲۷) سطح آب یا سطح زمین پر آنا ؛ (مچھلی کا) خشکی پر آنا ۔ (۲۸) بلندی کو پہنچ جانا ؛ جوش و خروش کا اٹھنا ۔ (۲۹) سماج میں اوپر اٹھنا یا بلند مرتبہ ہونا ؛ رتبہ و منزلت یا عہدے میں آگے ہونا ۔ (۳۰) رقم ، تعداد وغیرہ میں اضافہ ہونا ؛ بڑھنا ۔ (۳۱) مہنگا ہونا ؛ قدر و قیمت میں بڑھنا ؛ (قیمت میں) اضافہ ہونا ؛ چڑھنا ؛ بڑھنا ؛ تیز ہونا ۔ (۳۲) (موسیقی) سُر میں اضافہ ہونا ؛ سر کا بڑھنا یا بڑھانا ؛ سر کا تیز ہونا یا کرنا ؛ سر کا بلند ہونا یا کرنا ۔ (۳۳) زیادہ طاقتور ہونا ؛ قوت میں اضافہ کرنا ۔ (۳۴) حاضر ہونا ؛ پیدا ہونا ؛ نمودار ہونا ؛ (کسی شخص یا خاندان سے) پیدا ہونا ؛ وجود میں آنا ؛ نکلنا ۔ (۳۵) (درخت وغیرہ کا) بڑھنا ؛ نکلنا ۔ (۳۶) (چھالا ، آبلہ) جلد پر نمایاں ہونا ؛ ظاہر ہونا ۔ (۳۷) (ہوا کا) چلنا ؛ بہنا ؛ ہوا کا زور سے چلنا ؛ ہوا میں شدت ہونا ۔ (۳۸) آواز کا زور سے ہونا ؛ کان کے پاس چلّانا ۔ (۳۹) (افواہ یا خبر کا) پھیلنا ۔ (۴۰) نگاہ یا خیال کے سامنے آنا ۔ (۴۱) اوپر ہونا ؛ (پہاڑ کی) چوٹی پر پہنچنا ؛ فتح کرنا (خصوصاً امریکا) ۔

Blisters rise : پھوڑے نکل آتے ہیں ۔

Bread will not rise : روٹی کا خمیر نہیں اٹھے گا

Fish rises : مچھلی اٹھتی ہے (سطح آب پر چارے کے لئے آتی ہے) ۔

Gorge rises : غصہ آتا ہے ؛ خون کھولتا ہے ۔

Her colour rose : اس کا رنگ نکھر آیا ۔

Horse rises to a fence : گھوڑا ٹٹّی کودتا ہے ۔

My whole soul rises against it : مجھ سے یہ کسی طرح برداشت نہیں ہوتا ۔

Spirit rises : طبیعت بشاش ہوتی ہے ۔

Stomach rises : گھن آتی ہے ؛ نفرت ہوتی ہے ۔

The rising generation : نئی پود ؛ نئی نسل ؛ نئی پیڑھی ۔

To rise above petty jeslousies : تنگ ظرفی کے رشک و حسد سے بالا تر ہونا ۔

قریب قریب ۔ (۳) (امریکا) زیادتی سے ؛ اوپر کی طرف ۔ (۴) زیادہ سے زیادہ ؛ پورا کا پورا ۔

Rising again : (n) حشر ؛ نشر ؛ قیامت ؛ باز خاست ۔

Rising and setting : (n) طلوع وغروب ۔

Rising dipthong : (n) دوہرا حرف علت جس میں دوسرے حرف پر زور ہو ۔

Rising from the dead : (n) دوبارہ اٹھنا ؛ مر کر زندہ ہونا ؛ قیامت ؛ حشر ؛ نشر ۔

Rising front : (n) (فوٹوگرافی) کیمرے کا اگلا حصہ جو اونچا ہو سکتا ہے ۔

Rising generation : (n) نئی نسل ؛ نئی پود ؛ نئی پیڑھی ۔

Rising main : (n) پمپ کا عمودی پائپ ۔

Rising rhythm : (n) وہ آہنگ جس میں ہر رکن کی آخری ہجا پر زور دیا جاتا ہے ۔

Rising rod : (n) کورنش اسٹیم انجن کا ایک حصہ ۔

Risk : (n) [Fr.'Risque'.] (۱) خطرہ ؛ جوکھم ؛ خوف بہم؛ ضرر ؛ زیاں ۔ (۲) مخاطرہ ؛ حادثہ ؛ اتفاقی واقعہ ۔ (۳) احتمال ضرر ؛ احتمال خطرہ ؛ خطراتی عنصر ۔ (۴) معاشی نقصان کا خطرہ (خصوصاً بیمہ شدہ جائداد یا سامان میں) ۔ (۵) اتفاقی کمی پورا کرنے کے لئے خزانچی کو الاؤنس ؛ زر خطرہ ؛ زر تلافی ۔

At owner's risk : مالک کی ذمہ داری پر ۔

At risk : خطرہ میں ۔

To run a risk / -the- : جوکھم میں پڑنا ؛ خطرے میں پڑنا ۔

Risk : (v) [Fr.'Risquer'.] (۱) خطرہ میں ڈالنا ؛ جوکھم میں ڈالنا ۔ (۲) خطرے میں پڑنا ؛ خطرہ مول لینا ؛ جوکھم مول لینا۔ (۳) (جی کڑا کر کے) گزرنا ؛ (کسی بات کا) خطرہ برداشت کرنا ؛ جان پر کھیل جانا ۔

Risk : (v) (اسکاتستانی) کرخت آواز نکالنا ؛ زور دار آواز پیدا کرنا ؛ زور سے بولنا ۔

Risk capital : (n) زر خطرہ ؛ زر جوکھم ۔

Risk charges : (n) مطالبات خطرہ ۔

Risk money : (n) زر خطرہ ؛ زر تلافی (جو خزانچی کو اتفاقی کمی پوری کرنے کے لئے دیا جاتا ہے) ۔

Risk premium : (n) اصل زر بیمہ ۔

Risker : (n) خطرہ لینے والا ؛ (جان) جوکھم میں ڈالنے والا ۔

Riskful : (a) اندیشہ ناک ؛ پر خطر؛ ضرر دار ؛ پر ضرر ؛ خطرناک ؛ جوکھم کا ؛ پراز بیم ۔

Riskily : (adv.) خطر ناک طور پر ؛پر خطر طور پر ۔

Riskiness : (n) خطرناکی ؛ پر خطر ہونا ؛ خطر ناک ہونے کی حالت ۔

Riskless : (a) بے خطر ؛ بغیر جوکھم کے ؛ خطرے سے باہر یا خالی ؛ بے خوف و خطر ۔

Risky : (a) (۱) پر خطر ؛ خطرناک ؛ جوکھم سے بھرا ۔ (۲) بد نما؛ ناموزوں ۔ (۳) کسی قدر خلاف تہذیب ؛ کسی قدر فحش۔

Risorgimento : (n) [It.] (تاریخ) نشاۃ الثانیہ ؛ دور احیاء ۔

Risotto : (n) [It.] ایک قسم کا سالن جو چوزے، چاول اور پیاز سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Risp : (v) [Me. 'Rispen'.] (۱) کھرچنا ؛ چھیلنا ؛ نوچنا ؛ خراش لگانا ؛ کھرونچا مارنا ؛ ناخن مارنا ؛ پنجہ مارنا ۔ (۲)اوپر ہی اوپر عمل کرنا ؛ تہ تک نہ پہنچنا ۔ (۳)کھجانا (خار پشت وغیرہ سے)؛ سر کھجانا (پریشانی کی حالت میں) ۔ (۴)حروف یا تصویر بنانا (سطح پر) ۔ (۵) کھودنا (چھیل کر) ۔ (۶)کریدنا ۔ (۷)قلم زد کرنا (الفاظ وغیرہ کا) ؛ پنسل سے متا دینا ۔ (۸) خارج کر دینا (گھڑ دور کی فہرست سے گھوڑے یا شخص کا نام) ۔ (۹) نکال لینا یا خارج کر لینا (گھوڑے یا امید وار کا نام) ۔ (۱۰) گھسیٹ لکھنا ۔ (۱۱) اکٹھا کرنا؛ جمع کرنا ؛ جز رسی یا مشکل سے روپیہ پیسہ جمع کرنا ۔ (۱۲) (پرندوں یا جانوروں کا) پنجے سے زمین کھودنا ۔ (۱۳) مشکل سے گزارہ کرنا ۔ (۱۴) روپیہ کمانے کے لئے جد و جہدکرنا ۔ (۱۵)(امریکی سیاست) پارٹی ٹکٹ سے امیدوار کا نام خارج کر دینا ۔ (۱۶) مقابلے سے ہٹ جانا ۔ (۱۷) (مزاحاً) قبول کی ہوئی دعوت کو نامنظور کر دینا ۔

Risp : (n) [Origin unkn.] (بول چال خصوصاً انگلینڈ) پودے کا ڈنٹھل ۔

Risque : (a) [Fr. 'Risquer'.] کسی قدر فحش یا خلاف تہذیب ۔

Rissaldar : (n) Risaldar کا مترادف ۔

Rissole : (n) [Fr. 'Rissole'.] مچھلی یا گوشت کا تلا ہوا کوفتہ ۔

Rissom : (n) [ME. 'Risom'.] (۱) (خصوصاً بول چال) بھوسی : پوال ۔ (۲) (خصوصاً بول چال) چھوٹا ٹکڑا : خفیف مقدار : ذرہ ۔

Risus sardonicus : (n) [L. f. 'Ridere'.] (طب) تشنجی ہنسی (اعصاب کے کھنچاؤ کی وجہ سے چہرے پر ہنسی کی کیفیت کا ظاہر ہونا) ۔

Rit : (v) [ME. 'Ritten'.] (برطانیہ ، بول چال) کھرچنا یا کاٹ دینا (خصوصاً تیز اوزار سے) ۔

Ritard : (n) آہستہ تر حرکت ۔

Ritard : (adv.) [It.] (موسیقی) آہستہ تر : (موسیقی کی ہدایت) اور آہستہ (بجاؤ) ۔

Ritardando : (n) Ritard دیکھو

Rite : (n) [L. 'Ritus'.] (۱) (سماجیات) رسم : رواج ۔ (۲) (دینیات) شعار : آداب دینی : حکم مذہبی ۔ (۳) رسم : رواج : عادت : قاعدہ : طریقہ : آئین : مراسم ۔

Conjugal rites / Nuptial- : (زن و شو میں) مباشرت : ہم بستری ۔

The Anglican rites : کلیسائے انگلستان کی رسوم ۔

The Latin rites : رومی کلیسا کی رسوم ۔

The Roman rites : رومن رسوم ۔

Rite de passage : [Fr.] مراسم نقل و انتقال ۔

Rite of intensification : (n) مراسم شدت : مراسم سختی ۔

Rite of passage : (n) Rite de passage دیکھو

Riteless : (a) بے رسوم : رسوم سے خالی ۔

Ritelessness : (n) رسوم سے خالی ہونے کی حالت ۔

Ritenete : (adv. & a) [L 'Retiment'.] Ritardando دیکھو

Ritenuto : (n) [It.] (موسیقی) وہ اشارہ جو یہ ظاہر کرے کہ رفتار میں کمی کی جائے ۔

Rithe : (n) [ME. 'Rith'.] نالا : چشمہ : جھرنا : چھوٹی نہر : آبجو ۔

Ritornello / Ritornel : (n) [It. dim. of 'Ritorno'.] (موسیقی) آلاتی ترجیع: آلاتی ٹیپ:آلاتی وقفہ (صوتی گانے وغیرہ میں) ۔

Ritter : (n) [G. var. of 'Reiter'.] Knight دیکھو

Ritual : (a) [L. 'Ritualis'.] (۱) رسم سے متعلق : رسمی : رسوماتی: رواج کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) رسم جیسا : مانند رسم و رواج ۔ (۳) مذہبی رسم کا : رسوم کا : رسوم کے ساتھ ۔

Ritual : (n) (۱) مذہبی رسوم : رسم : شعائر ۔ (۲) مذہبی ارکان : عبادت کے ارکان : آداب رسوم ۔ (۳) وہ کتاب جس میں یہ ارکان درج ہوں ۔ (۴) رسوم عبادت کے ادا کرنے کا عمل ۔

Ritualism : (n) (۱) رسوم پرستی : رسمیت ۔ (۲) رسوم مذہبی پر حد سے زیادہ زور دینا : عبادت ظاہری کو حد سے زیادہ اہمیت دینا ۔ (۳) ظاہر پرستی ۔

Ritualist : (n) (۱) رسوم پرست : ظاہر پرست : آداب پرست ۔ (۲) ماہر شعائر مذہبی : مذہبی شعائر پر عمل کرنے والا : معتقد شعائر (مذہبی) ۔

Ritualistic : (a) رسوم پرست سے متعلق : مذہبی شعائر سے متعلق : رسمیت کا یا اس سے متعلق : رسوم پرستانہ : رسوم پرستی سے متعلق ۔

Ritualistically : (adv.) مذہبی رسوم کے طور پر : رسوم پرستانہ : رسوم پرستی کے ساتھ ۔

Rituality : (n) Ritualism دیکھو

Ritualization : (n) مذہبی شعائر پر پابندی کرنے کا عمل: رسوم پرستی کی حالت ۔

Ritualize : (v) (۱) مذہبی ارکان پر عمل کرنا : شعائر مذہبی پر عمل کرنا ۔ (۲) شعائر مذہبی میں تبدیل کرنا : شعار مذہبی بنانا (کسی بات کو) : رسوم پرستی پر عمل کرنا : مذہبی رسم بنا دینا : مذہبی رسوم کی پابندی کرنا ۔

Ritualless : (a) عدم رسوم پرستی ۔

Ritually : (adv.) مذہبی رسوم کے لحاظ سے : مذہبی رسوم کے ساتھ ۔

Ritz : (v) (عامیانہ)(۱)جھڑک دینا ؛ ڈانٹ دینا ؛ دھتکار دینا ؛ بے التفاتی سے دلیل کرنا ۔ (۲)جہاز کا راستہ روکنا (رسّوں کے ذریعہ) ؛ باندھنا ؛ (بحری) کھلتے ہوئے رسے کو اچانک روک دینا ۔

Ritzily : (adv.) عیش پسندانہ ؛ پر تکلف طور پر ۔

Ritziness : (n) عیش پسندی ؛ امارت پرستی ؛ تمکنت ۔

Ritzy : (a) [Origin U.S. f. the name of Cesar Ritz (1850-1918)] (۱) عیش پسند ؛ بہت آرام ؛ پر تکلف ؛ بہت زیادہ عیش کرنے والا ۔ (۲) امارت پرست ؛ مغرور ؛ متکبر ؛ پر تمکین ؛ خود بین ؛ خود پسند ۔

Rivage : (n) [L. 'Ripa'.] کنارہ ؛ ساحل ؛ لب دریا ؛ (شعر) دریا یا سمندر کا کنارہ ۔

Rival : (n) [L. 'Rivalis'.] (۱) رقیب ؛ حریف ؛ مد مقابل ؛ ثانی ۔ (۲) ہم رتبہ ؛ ہم مرتبہ ؛ ہمسر ؛ ہم چشم ۔

Rival : (a) حریف جیسا ؛ مقابل کی صفت رکھنے والا ۔

Rival : (v) (۱)حریف ہونا ؛ جواب ہونا ؛ برابر ہونا ؛ برابری کرنا ۔ (۲) رقیب ہونا ؛ رقابت کرنا ۔ (۳) مد مقابل ہونا ؛ ہم رتبہ ہونا ؛ ہمسر ہونا ؛ ہمسری کی کوشش کرنا ۔

Rivaless : (n) ہم رتبہ عورت ؛ ہم مرتبہ خاتون ؛ مد مقابل عورت ۔

Rivalis : (n) (نباتیات) رودی ؛ ندی کنارہ ۔

Rivality : (n) [L. 'Rivalitas'.] (۱) رقابت ؛ ہم چشمی ۔ (۲) مقابلہ ؛ ریس ؛ مسابقت ؛ برابری ۔

Rivalless : (a) جس کا کوئی حریف نہ ہو ؛ جس کا کوئی رقیب نہ ہو ؛ بے رقیب ؛ بے حریف ۔

Rivalry : (n) دیکھو Rivality

Rivalship : (n) [f. 'Rival'.] دیکھو Rivality

Rive : (v) [OFr. 'Ris, Riva'.] (۱) پھاڑنا ؛ دوٹکڑے کرنا ؛ چیرنا ؛ پھاڑ لینا ؛ نوچ لینا ؛ جدا کرنا ؛ پارہ پارہ کر دینا ؛ پاش پاش کر دینا ؛(ہاتھ یا پنجے سے)ٹکڑے ٹکڑے کرنا؛ پرزے پرزے کرنا ؛ دھجیاں اڑانا ؛ ریزہ ریزہ کر ڈالنا ۔ (۲) لکڑی کے تختے چیرنا ؛ چھلنی کر دینا ؛ کاٹنا ۔ (۳) چیرنا ؛ پھٹنا ؛ کھل جانا ۔ (۴) (لکڑی کا) چیرنے کے قابل ہونا ۔ (۵)(چھُری یا ہتھیار سے) ٹکڑے کرنا ؛ تقسیم کرنا ۔ (۶)(مجازاً) (دل کا) ٹکڑے ٹکڑے ہونا ؛ پاش پاش ہونا ؛ غارت کرنا ۔ (۷) چبھنا؛ چھیدنا؛ برمانا ۔ (۸) چٹخا دینا؛ درز پیدا کردینا ۔

Rive : (n) (۱) شکست ؛ دراڑ ۔(۲) جھٹکا ؛ چوٹ ؛ کھنچاؤ ؛ ضرب ۔

Rivelled : (a) [OE. 'Rifelede'.] (۱) جھری دار ؛ پر شکن ۔ (۲) مرجھایا ہوا ؛ سوکھا ہوا ؛ سکڑا ہوا ۔

Riven : (a) پھٹا ہوا ؛ ٹوٹا ہوا ؛ شکستہ ؛ دراڑ پڑا ہوا ۔

River : (n) [OFr. 'Rivere'.] (۱) دریا ؛ ندی ؛ رود ؛ نہر ؛ جھرنا ؛ چشمہ ؛ نالا ۔ (۲) دھارا ۔ (۳) (مجازاً) زندگی اور موت کے درمیان حد فاصل ۔ (۴) مدو جزر کے وقت بڑے دریا کا دہانہ ۔ (۵) دریا نما کوئی شے ۔ (۶) (نیز) تنگ کھاڑی ۔ (۷) (جمع) جذبات کا پر جوش اظہار ؛ درد دل کا اظہار ۔ (۸) اعلیٰ قسم کا سفید خالص ہیرا ۔ (۹) سفید دھاریاں ۔

To sell (a person) down the river : (۱) غلام کی حیثیت سے بیچنا ۔ (۲) فریب دینا ؛ دھوکا دینا ؛ ٹھگنا ؛ ٹھگ لینا ۔

Up the river : قید میں ۔

River : (n) (۱) آرہ کش ؛ لکڑی چیرنے والا ۔ (۲) پھاڑنے والا ؛ شگافندہ ۔

River-bank : (n) دریا کا کنارہ ؛ ساحل ؛ لب آب ؛ ساحلِ دریا ؛ دریا کے قریب کی زمین ۔

River basin : (n) طاسِ دریا ؛ دریا گذار ۔

River bass : (n) سیاہ پن بھیڑیا ؛ ایک قسم کی مچھلی ۔

River-bed : (n) سمندر دریا کی تہ ؛ نالا ؛ نہر ۔

River boat : (n) دریائی کشتی ۔

River bottom : (n) دریا کے قریب نشیبی زمین ۔

River chub : (n) (امریکا) ایک قسم کی دریائی مچھلی ؛ چوب ماہی ۔

River coal : (n) دریائی کوئلہ ۔

River crab : (n) دریائی کیکڑا ۔

River craft : (n) دیکھو River boat

River craw fish : (n) ایک قسم کی سفید چھوٹی مچھلی ۔

River deer : (n) دریائی ہرن ۔

River delta : (n) ڈیلٹا ۔

River dragon : (n) مگر مچھ ۔

River-drift : (n) قدیم سیلابی بر آمد ۔

River duck : (n) Anatinae جنس کی ایک بطخ ۔

River eel : (n) دریائی بام مچھلی ۔

River estuary : (n) (جغرافیہ) مصب : خور : مہانا ۔

River-fish : (n) دریائی مچھلی : ماہی رود خانہ : ماہی آب شیریں ۔

River-front : (n) ساحلی علاقہ : دریا کے قریب کی زمین یا علاقہ ۔

River-god : (n) (اساطیر) درونا : دیوتا دریا ۔

River grape : (n) ایک قسم کا امریکی سیاہ انگور ۔

River head : (n) منبع دریا ۔

River herring : (n) (امریکا) دیکھو Alew (fe)

River hog : (n) (۱) دریائی خنزیر : خوک دریا ۔(۲) Potanochorus جنس کا شمالی افریقی خنزیر ۔

River horse : (n) (۱) اسپ دریائی : دریائی گھوڑا : اسپ آبی : فرس البحر ۔ (۲) دیکھو Water-kelpie ۔

River jack : (n) مغربی افریقہ کا دریائی افعی ۔

River lamprey : (n) دریائی بامی مچھلی ۔

River rat : (n) (۱) رات دن دریا میں رہنے والا ۔ (۲) وہ شخص جو فرصت کے اوقات دریا کے کنارے گزارتا ہے ۔

River scape : (n) (آرٹ) منظرۂ دریا ۔

River side/ River-side : (n) دریا کی کچھار : کنار رود : کرانۂ رود : ساحلی زمین : دریا کے کنارے کی زمین ۔

River-side inn : (n) ساحلی علاقے کی سرائے ۔

River tract : (n) دریائی قطعہ ۔

River tributary : (n) معاون دریا ۔

River-water/ River water : (n) دریا کا پانی : آب دریا : دریائی پانی ۔

River way : (n) دریائی راستہ ۔

River weed : (n) (نباتیات) دریائی ترائی ۔

River wolf : (n) دریائی اود بلاؤ ۔

Riverain : (a) [Fr.] (۱) دریائی : دریا کناری ۔ (۲) ساحل سے متعلق : کنارِ دریا سے متعلق : ساحل کا ۔

Riverain : (n) (۱) ساحل کا ضلع : دریا کے کنارے کا ضلع ۔ (۲) ساکنِ دریا کنار : ساحل پر رہنے والا شخص ۔

Rivered : (a) دریا والا ۔

Riveret : (n) [OFr. 'Riverete'.] ندی : جوئبار : آبجو ۔

Riverine : (a) دریائی : ساحلی : لب دریا کا : دریا کے کنارے واقع ۔

Riverine : (n) ساحل : دریا کے قریب و جوار کا علاقہ : ساحلی علاقہ ۔

Riverless : (a) بغیر دریا کا : بے دریا : جہاں دریا نہ ہو ۔

Riverlet : (n) چھوٹی ندی : جھرنا : آبجو ۔

Rivery : (a) (۱) مختلف جھرنے والا : آبشار والا ۔ (۲) دریائی : دریا سے متعلق ۔

Rivet : (n) [OFr. 'f. 'River'.] دو نوکی کیل : دو نوک والی کیل : پرچ : میخ پرچ : ریبٹ ۔

Rivet : (n) [Origin obsc.] مخروطی گیہوں : ریشہ دار گیہوں ۔

Rivet : (v) (۱) دو نوکی کیل لگانا : دو نوکی کیل جڑنا : ٹھوکنا ۔ (۲) ان کیلوں سے مضبوط کرنا : جڑنا : جوڑنا : محکم کرنا : استوار کرنا : مضبوط کرنا ۔ (۳) پکڑنا (غلطی وغیرہ) ۔ (۴) (نظر) جمانا : مجتمع کرنا : یکسو کرنا (دماغ کو) ۔ (۵) متوجہ کرنا : محو کرنا : منہمک کرنا : منہمک ہونا : (کسی شخص کا وقت یا توجہ) جذب کر لینا ۔

Rivet forge / Rivetting- / Rivet hearth : (n) کیلوں کو گرم کرنے کا آتش دان یا بھٹی ۔

Rivet heater : (n) (۱) دیکھو Rivet forge ۔ (۲) بھٹی میں کیلوں کو گرم کرنے والا مزدور ۔

Riveter / rivetter : (n) (۱) (انجینیئرنگ) آلۂ رپٹ ؛ کیل ٹھوکنے والا ۔ (۲) رپٹی مشین ۔

Rivetless : (a) بغیر کیل کا بنا ہوا ۔

Rivettig machine : (n) (انجینیئرنگ) رپٹی مشین ۔

Riviera : (n) [It.] فرانس اور اٹلی کا ساحلی علاقہ جو موسم سرما میں سیاحوں کی تفریح گاہ ہوتا ہے ۔

Riviere : (n) [Fr.] ہیرے کی کنٹھی ؛ ہیرے کی مالا ؛ جواہرات کا گلوبند یا ہار ۔

Riving knife : (n) دیکھو Froe

Rivose : (a) [late L. 'Rivosus'.] (حشریات) شیار دار ۔

Rivulet : (n) [It. 'rivoletto'.] (۱) ندی ؛ نالا ؛ چھوٹا جھرنا ؛ جوئبار ؛ آبجو ۔ (۲) ایک قسم کا پتنگا ۔

Rivulose : (a) (نباتیات) دریا نما ؛ مخطط ۔

Rix-dollar : (n) [Du .'Rijcksdaler'.] (تاریخ) (۱۶۰۰ سے ۱۸۵۰ء تک کا) چاندی کا ایک یوروپی سکہ جو ۴ شلنگ ۶ پینس کے برابر ہوتا تھا ۔

Riyal / Rial : (n) [Ar. 'Riyal' f. Sp. 'Real'.] (۱) ریال ؛ سعودی عربیہ کا چاندی کا سکہ جو ابتدا میں ۱/۱۰ پونڈ اسٹرلنگ کے برابر تھا ۔ (۲) عراق کا ایک سکہ جو ۱/۵ دینار کے برابر ہے ۔

Riziform : (a) چاول نما ؛ چاول کی شکل کا ۔

Rizzar : (v) [Fr. 'Ressorer'.] (اسکاتستانی) آفتاب میں خشک کرنا ؛ دھوپ میں سکھانا ۔

Rizzared : (a) دھوپ میں خشک کیا ہوا ۔

Roach : (n) [OFr.'Roache'.] روچ مچھلی: ایک قسم کی دریائی مچھلی؛ Carp کی جنس کی مچھلی ۔

As sound as a roach : بالکل تندرست ۔

Blue roach : دیکھو Azurine ؛ (نیز) امریکا میں مختلف قسم کی چھوٹی مچھلیوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Roach : (n) [Origin unkn.] (۱) (جہاز رانی) مربع بادبان کے نچلے حصے کا محراب نما خم ۔ (۲) (تعمیرات) محراب ۔

Roach : (n) Cockroach کا مخفف ۔

Roach : (v) (۱) گوشۂ بادبان کو بطور منحنی اوپر اٹھانا ؛ بادبان کو کاٹنا ۔ (۲) (امریکا) بال وغیرہ اس طرح سنوارنا کہ وہ کھڑے ہو جائیں ۔

Road : (n) [OE.'Rad'.] (۱) جہازوں کی لنگر گاہ ؛ لنگرگاہ طبیعی (خصوصاً جمع میں) ۔ (۲) سڑک ؛ راستہ ؛ راہ ؛ شاہراہ ؛ جادہ ؛ خیابان ؛ طریق ؛ شارع ۔ (۳) (امریکا) ریلوے ؛ ریل کا راستہ ؛ خط آہن ؛ راہ آہن ۔ (۴) (مجازاً) وسیلہ ؛ ذریعہ ؛ راہ ۔

For the road : رخصت ہونے کے موقع پر ۔

In one's (or the) road: (روزمرہ) کسی کی راہ میں حائل ۔

On the road /Upon- : سفر میں ؛ سفر کی حالت میں ؛ جاتے ہوئے ۔

Out of the (or one's) road : راستہ سے الگ ؛ غیر طریقے سے ؛ بے طریق ؛ غیر اصولی طور پر ۔

Over the road : جیل جاتے ہوئے ۔

Royal road : آسان طریقہ ؛ سہل طریقہ ؛ سہل نسخہ ؛ وہ طریقہ جس میں کوئی دقت نہ ہو ۔

The road : شارع عام ؛ بڑی سڑک ۔

The rule of the road : (گاڑیوں یا جہازوں کو ایک دوسرے کے قریب سے) گذرنے کے قواعد ۔

To give (a person) the road : کسی کو گزرنے کی اجازت دینا ؛ راہ دینا ؛ گزرنے دینا ۔

To go upon the road /-take to- : قزاقی کرنا ؛ قزاق بننا؛ ڈاکو بننا ؛ لٹیرا ہونا یا بن جانا ؛ راہزن ہونا ؛ رہزنی کرنا ۔

To take the road : سفر کے لئے روانہ ہونا ۔

To take the road of : پیش روی کرنا ؛ آگے بڑھنا ۔

Road : (v) [Origin obsc.] (شکاری کتے کا) شکار کی بو پر جانا ۔

Road-agent : (n) قزاق ؛ لٹیرا ؛ ڈاکو ۔

Road block : (n) سد راہ ؛ راستے کا روڑا ؛ سڑک پر رخنہ اندازی ؛ راہ کی رکاوٹ ؛ فوج یا سپاہی کی جانب سے راستے کی رکاوٹ ۔

Road-Board : (n) سڑک کی تعمیر کی کمیٹی ۔

Road-book : (n) راہ نامہ ؛ سڑکوں کی فہرست ۔

Road builder : (n) سڑک بنانے والا ؛ سڑک کا معمار ۔

Road cart : (n) دو پہیوں کی ہلکی گاڑی ۔

Road certificate : (n) پروانہ راہداری ؛ سند راہ ؛ سند راہداری ۔

Road commissioner : (n) سڑک کی تعمیر کی دیکھ بھال کرنے والا مقامی افسر ؛ روڈ کمشنر ۔

Road engineering : (n) سڑک انجینیئرنگ ۔

Road fund : (n) وہ فنڈ جو روڈ ایکٹ ۱۹۲۰ء کی رو سے سڑک کے اخراجات کے لئے مقرر ہوا ۔

Road gang : (n) سڑک پر یا سڑک کی تعمیر میں کام کرنے والا جتھا یا گروہ ؛ سڑک بنانے والے مزدوروں کا گروہ ۔

Road goose : (n) (برطانیہ) دیکھو Brant

Road head : (n) (۱) سڑک کا آخری کنارہ ؛ اختتام سڑک (جہاں سے آدمی پیدل چلتا ہو اور سامان ، جانور وغیرہ پر لے جائے جاتے ہوں) ۔ (۲) زیر تعمیر سڑک کی آخری حد ۔

Road hog : (n) بے دھڑک موٹر چلانے والا ؛ پر خطر طور پر گاڑی چلانے والا ؛ (خصوصاً موٹر سائیکل) ۔

Road holding : (n) موٹر گاڑی کی مضبوطی ؛ کار کی صلاحیت استقامت ۔

Road horse : (n) سڑک پر گاڑی کھینچنے والا گھوڑا ۔

Road house : (n) (۱) سڑک کے قریب وہ مقام جہاں ڈرائیور ، مسافر وغیرہ ناشتہ ، پانی یا آرام کے لئے ٹھہرتے ہیں ؛ آرام گاہ راہ ۔ (۲) سرائے جہاں طعام و قیام کا نظم ہو ۔

Road intersection : (n) چوراہا ۔

Road-maker : (n) سڑک بنانے والا ؛ سڑک کا معمار ۔

Road making : (n) سڑک کی تعمیر کا کام یا اس کی تکنیک ۔

Road man : (n) (۱) سڑک کی تعمیر میں کام کرنے والا ؛ سڑک کی مرمت کرنے والا ؛ سڑک (بنانے والا) مزدور ۔ (۲) پھیری کرنے والا ؛ رائے جو ؛ سفر کرنے والا ؛ مسافر تاجر ۔ (۳) دیہاتی اضلاع میں اخبارات کی تقسیم یا فروخت کا نظم کرنے والا ۔ (۴) عملۂ راہداری ؛ راہدار ؛ سڑک کا محصول وصول کرنے والا ؛ سڑک کا محافظ ۔

Road map : (n) نقشۂ راہ ؛ سڑک کا نقشہ ؛ وہ نقشہ جس میں سڑکوں کی نشاندہی کی گئی ہو (خصوصاً موٹر وغیرہ سے سفر کے لئے) ۔

Road mender : (n) سڑک مرمت کرنے والا ۔

Road roller : (n) سڑک برابر کرنے کی ایک مشین ؛ روڈ رولر ۔

Road runner : (n) (امریکا) دیکھو Chaparral cock

Road sence : (n) سڑک پر گاڑی وغیرہ کو بحفاظت چلانے کی استعداد ۔

Road side : (n) سڑک کا کنارہ ۔

Road subsistence : (n) زاد راہ ؛ زاد سفر ۔

Roaded : (a) جہاں سڑک ہو ؛ جہاں سڑک کی سہولت مہیا ہو ۔

Roading : (n) تعمیر اور انتظام سڑک ۔

Roadless : (a) بے سڑک ؛ بغیر راستہ ؛ بے راہ ؛ جہاں جانے کے لئے کوئی سڑک نہ ہو ؛ جہاں کوئی سڑک نہ جاتی ہو ۔

Roadmetal : (n) سڑک کی گٹی ؛ سڑک بنانے کے لئے پتھر کے چھوٹے ٹکڑے ۔

Roadpen : (n) نقشہ بنانے والے کا (ایک قسم کا) قلم ؛ نقشہ بنانے کا قلم ۔

Roadpost : (n) (۱) رہنما کھمبا ۔ (۲) سڑک کنارے فوج کی چھاؤنی ۔

Roadstead : (n) وہ مقام جہاں ساحل پر لنگر کے سہارے جہاز آسانی سے لگ جائے ۔

Roadster : (n) (۱) (جہاز رانی) (کنارے سے ذرا دور) لنگر انداز جہاز ۔ (۲) سڑکوں پر چلنے کی سواری (بائیسکل ، بس وغیرہ) ۔ (۳) تجربہ کار مسافر ؛ سفر کے معاملات میں پختہ کار شخص ۔ (۴) (شکار) سڑک پر رہنے والا ۔ (۵) سواری کا گھوڑا ؛ گاڑی کھینچنے والا گھوڑا ۔

Roadway : (n) (۱) راستہ ؛ سڑک ؛ سڑک کا مرکزی حصہ خصوصاً وہ

حصہ جو موٹر گاڑی وغیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۲)سڑک کا درمیانی حصہ؛ وسط خیابان (Side- path) کا نقیض) ۔ (۳) پل : ریلوے کا وہ حصہ جس پر ٹریفک چلا کرتی ہے۔

Roadworthiness : (n) سفر کے قابل ہونا ۔

Roadworthy : (a) (۱) (سڑک پر) چلنے کے قابل (گاڑی) ۔ (۲) سفر کے قابل ؛ سفر میں جانے کے لائق ۔

Roam : (v) [Origin obsc] (۱) ادھر ادھر پھرنا : مارا مارا پھرنا : گشت لگانا : بغیر مقصد کے گھومنا : مٹر گشتی کرنا : سیر کرنا ۔ (۲) خانہ بدوشی کی زندگی گذارنا : ایک جگہ سے دوسری جگہ چکر لگانا (بے مقصد) ۔ (۳) بے سلسلہ سفر کرنا ۔

Roam : (n) سیر : گشت : مٹر گشتی ۔

Roamer : (n) مٹر گشت : مٹر گشتی کرنے والا : سیر سپاٹا کرنے والا : ادھر ادھر مارا مارا پھرنے والا ۔

Roan : (a) [OFr. 'Roan', 'Rouen'.] (جانور) ابلق : چتکبرا : سرخی مائل بادامی رنگ کا ۔

Roan : (n) چتکبرا گھوڑا ، گائے ، ہرن وغیرہ : چتلا گھوڑا ، گائے وغیرہ ۔

Roan : (n) بھیڑ کا نرم ملائم چمڑا جو جلد سازی میں استعمال ہوتا ہے ۔

Roan-tree : (n) Rowan-tree کا متبادل ۔

Roar : (n) [OE. 'Rarian'.] (۱) (شیر کی) دہاڑ : غرّش : ڈکار : گرج ۔ (۲) (موسمیات) (بجلی کی) گرج : کڑکا : (طوفان ، سمندر وغیرہ کا) شور، گونج ، گرج ۔ (۳) زور دار آواز: گرج (خصوصاً تکلیف یا غصے کے اظہار کے وقت): چیخ. (۴) زور دار ہنسی : قہقہہ ۔

Roar : (v) [OE. 'Rarian'.] (۱) دہاڑنا : ڈکارنا : گرجنا : چیخنا : گونجنا : شور کرنا : چلاّنا ۔ (۲) گھوڑے کا خرخر کرنا (بیماری کی وجہ سے) : سانس لینے میں زور کی آواز نکالنا ۔ (۳) شور سے گونج اٹھنا : بجلی کا گرجنا : شور برپا کرنا (طوفان کا) ۔ (۴) چلاّ کر کہنا : چیخ کر پڑھنا؛ چیخ کر پکارنا ۔ (۵) چیختے چیختے آواز کو بھاری (یا سننے والے کو بہرا) کر دینا ۔ (۶) (خوشی کا) نعرہ بلند کرنا : (زور دار) قہقہہ لگانا ۔ (۷) (آواز کا) باز گشت کرنا : گونجنا ۔

Roarer : (n) (۱) گرجنے والا : چلانے والا : دہاڑنے والا : ڈکارنے والا ۔

(۲)خرخر کرنے والا گھوڑا (بیمار گھوڑا) ۔ (۳)(امریکا، عامیانہ) (کوئی چیز) بے حد اچھی : نہایت عمدہ ۔

Roaring : (n) (۱) ہنگامہ خیز آواز : پر شور آواز : گرج : چیخ ۔ (۲) (بیمار گھوڑے کی) خر خراہٹ ۔

Roaring : (a) (۱) گرجنے والا : دہاڑنے والا ۔ (۲) (آواز) پر شور : زور دار ؛تیز : ہنگامہ خیز : طوفانی ۔ (۳) (تجارت) بہت ہی کامیاب : ترقی پذیر ۔ (۴) پھلا پھولا ہوا : عروج پر ۔

The roaring forties : (۱) (جغرافیہ) طوفانی چالیس عرض (۴۰ اور ۵۰ عرض البلد کے درمیان) ۔ (۲)(موسمیات) طوفانی چہل ہوائیں ۔

The roaring game/ -play : پتھر کنڈلی کا کھیل : ایک کھیل کا نام ہے جو برف پر گول پتھروں سے کھیلا جاتا ہے ۔

Roaring blade : (n) (قدیم) عیاش ۔

Roaring drunk : (n) بہت زیادہ پی کر شور و ہنگامہ کرنے والا : مخمور : بد مست ۔

Roaring night : (n) پر شور رات : طوفانی رات ۔

Roaringly : (adv.) گرجتے ہوئے : زور و شور سے ۔

Roast : (n) [OFr. 'Roste'.] (۱) کباب : بھنا ہوا گوشت کا ٹکرا : بھنی ہوئی چیز : جانور کا ایک حصہ جو بھوننے کے لئے تیار کیا گیا ہو : بھنی ہوئی ران وغیرہ ۔ (۲) بھنا ہوا گوشت ۔(۳) بریاں کرنے کا عمل : بھوننے کا کام : (دھات، کافی وغیرہ) گرم کرنے کا عمل ۔ (۴) بھنی ہوئی کا فی کی قسمیں ۔ (۵) تمسخر : تضحیک : سخت نکتہ چینی ۔ (۶) پارٹی یا سماجی اجتماع جس میں خاص کھانا بھون کر تیار کیا گیا ہو ۔

To rule the roast / -roost : مالک ہونا ۔

Roast : (v) [OFr. 'Roster'.] (۱) کباب کرنا : بریاں کرنا : بھوننا (کباب) : بھون کر (کھانے کے لئے) تیارکرنا : گوشت کو تنور میں پکانا ۔ (۲) (دھات کو بھٹی میں) گرم کرنا : گرم ہونا : تپانا ۔ (۳) (آدمی کو) آگ میں جھلسانا : جھلسنا : اذیت پہنچانا (بذریعہ گرمی یا شعلۂ آتش) ۔ (۴) مذاق اڑانا : چٹکیاں لینا : بنانا : دل لگی کرنا : ٹھٹھول کرنا ۔ (۵) جلا کر خاک کر دینا : راکھ کرنا : کشتہ بنانا ۔ (۶) (کافی کو) گرم کرنا یا بھوننا ۔

Roast : (a) بھنا ہوا : بریاں ۔

Roast beef : (n) [f. 'Rosbif'.] بھنا ہوا گائے کا گوشت ؛ گوشت کبابی ۔

Roast meat / Roast-meat : (n) گوشت بریاں ؛ سرخ کیا ہوا گوشت ؛ بھون کر پکایا ہوا گوشت ۔

Roaster : (n) (۱) بھوننے والا ؛ کباب کرنے والا ؛ کباب پز ؛ بریاں کرنے والا ۔ (۲) (کان کنی) بھٹی ؛ تنور ؛ بھاڑ ؛ بھوننے والا چولہا ؛ گلخن ؛ آتش دان ۔ (۳) کافی کے بیج بھوننے کا برتن ۔ (۴) سور ، آلو وغیرہ جو مسلّم بھوننے کے لائق ہو ؛ چار پونڈ سے زیادہ وزن کا مرغ ؛ کوئی جانور (خرگوش وغیرہ) جو بھوننے کے لائق ہو ۔

Roasting : (n) بھوننے کا عمل ؛ کباب کردنی ؛ سخت نکتہ چینی ۔

Roasting-ear : (a) بھوننے کے لائق مکئی ۔

Roasting-jack : (n) سیخ دان ۔

Rob : (v) [OFr. 'Robber'.] (۱) لوٹنا ؛ رہزنی کرنا ؛ زبردستی سے لینا ؛ چھین لینا ؛ محروم کرنا (طاقت کے ذریعہ) ۔ (۲) قزاقی کرنا ؛ رہزنی کرنا ؛ غارت کرنا ؛ تباہ کرنا ۔ (۳) غارت گری کرنا ؛ تاخت و تاراج کرنا ؛ لوٹ مار کرنا۔ (۴) (تاش میں) رنگ کی پتیوں کو تبدیل کرنا ۔

To rob Peter to pay (clothe) paul : Peter (n) دیکھو

Rob Roy : (n) [Name of the Highland freebooter 1671-1734.] ہلکی چھوٹی کشتی (جس میں ایک آدمی کی جگہ ہو) ؛ چھوٹی ڈونگی ۔

Rob Roy canoe : (n) Rob Roy دیکھو

Roband : (n) [Sc. 'Ra + Band'.] (جہاز رانی) کشتی کے سرے کو باندھنے کے لئے رسی کا ایک ٹکڑا ۔

Robber : (n) [OFr. 'Robbere'.] ڈاکو ؛ قزاق ؛ لٹیرا ؛ رہزن ۔ (۲) غارت گری کرنے والا ؛ لوٹ مار کرنے والا ؛ زبردستی چھین لینے والا ؛ تاراج کنندہ ۔

Robber council / -synod : (n) ۴۴۹ء میں Ephesus کے مقام پر ہونے والی عیسائیوں کی ایک کونسل جس کے فیصلے کچھ دنوں کے بعد منسوخ ہو گئے تھے ۔

Robber crab : (n) ایک بڑا کیکڑا جو گرم ممالک میں پایا جاتا ہے اور جو ناریل کھاتا ہے ۔

Robber fly : (n) Asilidae جنس کی ایک مکھی جو دوسرے کیڑوں کا شکار کرتی ہے ۔

Robbery : (n) [OFr. 'Roberie'.] قزاقی ؛ لٹیرا پن ؛ رہزنی ؛ ڈاکا ؛ ڈکیتی ؛ لوٹ کھسوٹ ؛ مار دھاڑ ؛ غارت ۔

Robe : (n) [It. 'Roba'.] (۱) گاؤن کی شکل کا ایک زنانہ لباس ۔ (۲) چغہ ؛ حبّہ ؛ حبا؛ قبا ۔ (۳) بچے کا اوپری کوٹ ۔ (۴) ڈھیلا جامہ ۔ (۵) (جمع) خلعت ؛ لباس جو کسی منصب سے مخصوص ہو ۔ (۶) (امریکا اور کناڈا) بھینس وغیرہ کو اوڑھانے کا کمبل ۔ (۷) (خصوصاً) ڈریسنگ گون ۔

Gentlemen of the robe : وکلاء ۔

The long robe : وکلاء کا لباس ۔

The robe : وکالت کا پیشہ ۔

The short robe : زرہ بکتر پہننے والے کا لباس ۔

Roby : (v) (۱) پہنانا ؛ ملبوس کرنا ۔ (۲) خلعت پہننا ؛ ڈریسنگ گون پہننا ۔ (۳) عبا پہننا ؛ چغہ زیب تن کرنا ۔

Robe de chambre : (n) [Fr.] (۱) ڈریسنگ گون ۔ (۲) ڈھیلا ڈھالا بے تکلف لباس ۔

Robe de nuit : (n) [Fr.] نائٹ گاؤن ؛ شب خوابی کا لباس ۔

Robella : (n) (طب) خسرۂ کاذب ۔

Robert : (n) [Fr.] (۱) دیکھو Herb ۔ (۲) سپاہی ؛ پولس ۔ (۳) وینٹر ؛ خدمت گار ؛ ملازم جو (ہوٹل وغیرہ میں) کھانا کھلاتا ہے ۔

Robin : (n) [Ofr] (۱) ذاتی نام ؛ رابن ۔ (۲) دیکھو Robin Redbreast. (۳) جنّ ؛ لال چڑی ۔ (۴) Erithacus جنس کی چڑیا ۔ (۵) مختلف پودوں کے نام کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ (۶) (بول چال) معمولی قسم کی کاڈ مچھلی ۔

Robin breast : (n) چہا کی قسم کا ایک پرند ۔

Robin dipper : (n) (امریکا) ایک قسم کی بطخ ۔

Robin goodfellow : (n) ایک شریر بھتنا ۔

Robin hood : (n) [late ME. a personal name.] (۱) قرون وسطیٰ کا مشہور قزاق ؛ قزاقوں کا سردار ۔ (۲) جنگل میں رہنے والا لٹیرا جو فیاض اور بہادر ہو ۔

Robin redbreast : (n) (۱) (حیوانیات) جنّ ؛ سینہ سرخ ؛ لال چڑی ۔

(۲) (بول چال) سرخ کمپیا : پھول دار پودوں کی قسم ۔

Robin snipe : (n) چہا قسم کا ایک پرندہ ۔

Robinet : (n) [OFr.] (۱) لال چڑی : جنّ ۔ (۲) شراب وغیرہ کے پیپے کا نلکا : ٹونٹی ۔

Robing : (n) (۱) لباس : پوشاک : گون ۔ (۲) گون کے اوپر کی دھاریاں ۔ (۳) گون پہننے کا عمل ۔

Robing-room : (n) خلعت پہننے کا کمرہ : سرکاری لباس پہننے کا کمرہ ۔

Robinia : (n) [mod. L.] (نباتیات) جنس کیکر کاذب : رابنیا : شمالی امریکا کا ایک درخت ۔

Robin's eye (s) flower : (n) ایک بوٹی کانام : سرخ کمپیا ۔

Robin's plantain : (n) مشرقی شمالی امریکا کی ایک سدا بہار بوٹی جس کے پھولوں پر بنفشی ارغوانی رنگ کی شعائیں ہوتی ہیں ۔

Roble : (n) [Amer Sp.] (نباتیات) امریکی بلوط ۔

Roborant : (n) [L.'Roborant'.] (طب) مقوی دوا : طاقت کی دوا ۔

Roborant : (a) (طب) مقوّی : طاقت کی (دوا) ۔

Roboreous : (a) (نباتیات) بلوطی ۔

Robot : (n) [Czech. 'robot'.] (۱) روبوٹ : مشینی آدمی : مشین کا آدمی : کل کا آدمی ۔ (۲) (میکانیات) مشین صفت آدمی ۔ (۳) انسانی شکل کی خود بخود حرکت کرنے والی کل : آدمی کی جگہ پر کام کرنے والی مشین : خود بخود کام کرنے والی مشین : خود کار مشین ۔

Robotesque / Robotian :(a) مشینی : مشین کا ۔

Robotism : (n) مشین مانند انسان کی خصلت ۔

Robotize : (v) (۱)مشین بنانا : میکانکی بنانا ۔ (۲) (انسان کو) مشین میں بدل دینا ۔

Robotry : (n) مشین بنانے کا عمل ۔

Robur : (n) [L.] (نباتیات) شاہ بلوط : سیتا سُپاری ۔

Roburite : (n) [f. L. 'Robur' + ite.] (کیمیا) روبورائٹ : ایک تیز پھٹنے والا یا بھک سے اڑ جانے والا مادہ جس میں شعلہ نہیں اٹھتا ۔

Robust : (a) [L. 'Robustus'.] (۱) (شخص) طاقت ور : بہادر : مضبوط : قوی : موٹا تازہ : قوی ہیکل : تنومند : ہٹّا کٹّا ۔ (۲) قوت بخش : جس میں قوت کی ضرورت ہو : قوت طلب : قوت کا : طاقت کا : پر زور : مؤثّر ۔ (۳) سمجھ دار : سیدھی بات سمجھنے والا ۔ (۴) (مجازاً) طاقت ور : پر زور : صحت مند : مضبوط : ذہین : تیز ۔

Robust confidence : (n) قوی اعتماد ۔

Robustious : (a) (۱) تنومند : قوی ہیکل : مضبوط : پر زور ۔ (۲) بھڑ بھڑیا : نمودیا ۔

Robustly : (a) مضبوطی سے : قوی طور پر : قوت سے ۔

Robustness : (n) مضبوطی : قوت ۔

Robustuous : (a) دیکھو Robustious

Roc : (n) [Arab. 'Rokh, Rukh (kh).] (اساطیر) رخ (وہ عظیم الشان پرند جس کا ذکر الف لیلہ کے قصوں میں آیا ہے) ۔

Rocambole : (n) [Fr.] (۱) لہسن کوہی : پیاز کوہی : اسپینی لہسن ۔ (۲) پیاز کی قسم کا پودا ۔

Roccella : (n) (نباتیات) آرچل کاہی ۔

Rocellate : (n) روسیلك ایسڈ کا نمک ۔

Rocellic : (a) [Fr. 'Rocellique'.] (کیمیا) ایک ترشہ : روسیلك ایسڈ ($C_{17}H_{32}O_4$) سے متعلق جس کی سفید مستطیل نما قلمیں ہوتی ہیں ۔

Rocellin : (n) (کیمیا) ایک قسم کا کولتار (جو رنگنے کے کام آتا ہے) ۔

Roche : (n) [OF. Var. of 'Rocque, Roke'.] (۱) (بول چال) چٹان : ڈھالواں چٹان ۔ (۲) چٹانی بلندی ۔

Roche : (v) دوبارہ بلور بننا یا بنانا ۔

Roche alum : (n) پھٹکری : چٹانی زاج ۔

Roche lime : (n) چونا پتھر : چونے کی پرت ۔

Rochelle : (n) (کیمیا) روشلی نمک ۔

Rochelle-salt : (n) دیکھو Rochelle

Rochet : (n) [It. 'Roccetto'.] (۱) ایک قسم کا جبہ جو اسقف اور قسیس پہنتے ہیں ۔ (۲) عورتوں کا بے آستین کا چغہ ؛ لبادہ ؛ فرغل (بول چال) ۔ (۲) جبہ پہننے والا ؛ اسقف اعظم ۔

Rochet : (n) [OFr. 'Rouget'.] (مقامی) ایک قسم کی سرخ مچھلی ۔

Roching : (n) دوبارہ بلور بنانے کا عمل ۔

Rock : (n) [OFr. 'Roke'.] (۱) زمین کا پتھریلا طبقہ یا پرت ؛ زیرزمین چٹان ۔ (۲) (طبقات الارض) زمین کا طبقہ ؛ پرت ؛ طبقۂ ارض ؛ (ارضیات) پتھر ۔ (۳) (ارضیات) چٹان ؛ (امریکا و آسٹریلیا) کسی سائز کا پتھر ۔ (۴) دیکھو Boulder ۔ (۵) سخت پتھر ؛ صخرہ ؛ کوہ سنگ ۔ (۶)(زراعت) زیر سطحی زمین کی اساس ؛ خاک زیر کی اساس ۔ (۷) نبات کی شکل کی ایک شیرینی ؛ ایک قسم کی مٹھائی ؛ (بول چال) مٹھائی ۔ (۸) دیکھو Rock-fish. (۹) چٹانی فاختہ یا چٹانی کبوتر ۔ (۱۰) (عامیانہ ، ابتداءً امریکا) زیور ؛ خصوصاً اطاس ؛ ہیرا (اکثر جمع) ۔ (۱۱) (بول چال ، ابتداءً امریکا) شش پہلو برف ۔

Built on the rock /Founded- : چٹان پر بنا ہوا ؛ (مجازاً) مستحکم ۔

Blue rock : چٹانی کبوتر ۔

Of the old or new rock : قیمتی پتھروں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

On the rocks : (۱) (عامیانہ) قلاّش ؛ تنگ دست ۔ (۲) (خصوصاً جمع) برف آمیز مشروب ۔

The rock : (ارضیات) جبل الطّارق ۔

To pile up the rocks : (امریکا ، عامیانہ) دولت کمانا ؛ روپیہ بنانا ؛ دولت کا انبار لگانا ۔

Rock : (n) [ON. 'Rokkr'.] (تاریخ) بڑی تکلی یا تکلا (جس پر ہاتھ سے سوت کاتا جاتا ہے) ۔

Rock : (v) [late OE. 'Roccian'.] (۱) جھلانا ؛ جھولنا ؛ (بچے کو) جھولے میں جھلانا ؛ جھولا جھلانا ۔ (۲) سونے کی کان میں Cradle کو حرکت دینا یا اس سے کام لینا ۔ (۳)جھونکے کھانا ؛ جھونکے دینا ؛ ہلانا ؛ ہلنا ؛ چکر دینا؛ چکر کھانا ؛ جھومنا ۔ (۳) نیند کی حالت میں لانا ؛ خواب کی حالت میں لانا (دھیرے دھیرے حرکت دے کر) ۔ (۵)آہستہ آہستہ حرکت دینا ۔ (۶) (سونے کی صفائی میں) دیکھو Cradle (۷) ۔ (۷) آگے پیچھے حرکت کرنا ؛ ادھر ادھر ہلنا ؛ جھومنا ؛ آگے پیچھے ہلنا ؛ اہتزاز ہونا ؛ (نیز بول چال) ڈگمگانا ؛ لڑکھڑانا ۔ (۸) گھومنا ؛ لچکنا ؛ جھومنا ؛ خود بخود جنبش کرنا ؛ (آگے پیچھے) ہلنا (خصوصاً جبکہ جھولنے والی کرسی پر بیٹھا ہو) ۔

Rock : (n) (۱) جنبش ؛ حرکت ؛ جھولنے یا جھومنے کی حرکت ؛ جھونک ؛ جھونکا ۔ (۲) (امریکا) جھولتی موسیقی ؛ (خصوصاً) ایک قسم کی رقصی موسیقی ؛ (نیز) اس موسیقی پر رقص ۔

Rock apostle : (n) سینٹ پیٹر (St. Peter) ۔

Rock away : (n) (امریکا) ایک قسم کی چار پہیوں والی امریکی گاڑی ۔

Rock barnacle : (n) Balanus جنس کا ایک جانور ۔

Rock-basin: (n) چٹان وادی نما یا تصلا نما سوراخ ؛ (خصوصاً ارضیات) چٹانی علاقے میں زیادہ جھکاؤ ؛ انخفاضِ چٹان ۔

Rock bass : (n) امریکی مچھلیوں کے مختلف نام جیسے Red-eye , Goggle-eye وغیرہ ۔

Rock beauty : (n) ایک قسم کی یورپی جھاڑی ۔

Rock bed/ Rock-bed : (n) چٹان کی تہ ؛ سنگین بنیاد ۔

Rock bird : (n) (۱) ایک قسم کی دریائی چڑیا ۔ (۲) چٹانی مرغا ۔ (۳) دیکھو Purple sandpiper ۔

Rock-bottom : (n) بہت زیادہ نشیب ۔

Rock-bottom : (a) (۱) پست ترین (سطح) ۔ (۲) کم ترین یا کم سے کم (شرح ، قیمتوں کی) ۔

Rock breaker : (n) دیکھو Stone crusher

Rock-butter : (n) (۱)پھٹکری اور لوہے کا نرم ، زردی مائل مخلوط ۔ (۲) ایک قسم کی چٹنی (جس میں مکھن کی مقدار چینی سے دوگنا زائد ہوتی ہے) ۔

Rock cake : (n) ایک طرح کا کیک جس کی تہ سخت ہوتی ہے ۔

Rock cavy : (n) برازیلی جنس کی Cavy (ایک قسم کا جنگلی جانور) ۔

Rock cod : (n) (۱) چٹانی سمندری تہ میں پائی جانے والی کاڈ ۔

(۲) مختلف قسم کی مچھلیوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Rock codfish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Rock codling : (n) شمالی امریکا کی کاڈ مچھلیاں ۔

Rock cook : (n) Rasse جنس کی ایک مچھلی ۔

Rock cork : (n) ایک قسم کا Asbestos ۔

Rock crab : (n) چٹانی ساحلوں پرپائے جانے والے مختلف کیکڑوں میں سے کوئی ۔

Rock-cress : (n) (نباتیات) جر جیر کوہی ۔

Rock crystal : (n) (۱) سنگی بلور ؛ بلور کوہی ؛ قلمی گار ۔ (۲) بلور کوہی کا ٹکڑا ۔

Rock-dove : (n) جنگلی کبوتر ؛ پہاڑی کبوتر ۔

Rock drill : (n) چٹان برما ؛ چٹان میں چھید کرنے والی مشین یا آلہ ۔

Rock duck : (n) ایک قسم کی بط ۔

Rock-English : (n) جبرالٹر کی مخلوط انگریزی ۔

Rock fence : (n) (خصوصاً اسکاتستانی) پتھر کی دیوار ۔

Rock fever : (n) (طب) مالٹا بخار ؛ گھٹتا بڑھتا بخار ؛ میعادی بخار جس کا جبر الٹر میں زور ہے ۔

Rock-fish : (n) مچھلیوں کی بعض قسموں کا نام ۔

Rock flint : (n) چقماق نما بلور ۔

Rock floor : (n) سنگارد ؛ خاکِ سنگ ۔

Rock foil : (n) پتھر توڑ ؛ ایک قسم کا پودا جو چٹانوں میں نشو و نما پاتا ہے اس کا پھول سرخ ، سفید یا زرد ہوتا ہے ۔

Rock garden : (n) (۱) پتھروں کا ٹیلا جن کی درزوں میں پودے لگائے جاتے ہیں ۔ (۲) باغ جس میں خاص طور پر مصنوعی ٹیلے (Rockeries) ہوتے ہیں ۔

Rock glacier : (n) (ارضیات) چٹان تودہ ۔

Rock goat : (n) بُز کوہی ؛ پہاڑی بکرا ۔

Rock goose : (n) دیکھو Kelp Goose

Rock hammer : (n) چٹان توڑنے والا ہتھوڑا ۔

Rock hawk : (n) ایک قسم کا باز ۔

Rock-hewn : (a) چٹان سے تراشا ہوا ؛ چٹان میں سے ترشا ہوا ۔

Rock hound : (n) (۱) ماہر ارضیات ؛ (خصوصاً) تیل (کے کنویں) تلاش کرنے والا ۔ (۲) وہ شخص جس کا مشغلہ پہاڑوں میں گھوم گھوم کر قیمتی پتھر یا معدنیات جمع کرنا ہو ۔

Rock leather : (n) دیکھو Rock cork

Rock of ages : (n) حضرت مسیح علیہ السلام ۔

Rock-oil : (n) (کیمیا) چٹانی تیل ؛ نفط (پٹرولیم) ۔

Rock-paper : (n) دیکھو Rock cork

Rock parrakeet / Rock parrot : (n) ایک قسم کا توتا جو غاروں میں رہتا ہے ۔

Rock pigeon : (n) دیکھو Rock-dove

Rock-plant : (n) چٹان کے اوپر اگنے والا پودا ۔

Rock plover : (n) (حیوانیات) زقزاق کوہی : پہاڑی پُلور ۔

Rock purslane : (n) Calandrinia جنس کا ایک پودا ۔

Rock rabbit : (n) (۱) دیکھو Hypax ۔ (۲) دیکھو Pika ۔

Rock-ribbed : (a) زمین جس پر جا بجا چٹانیں نکلی ہوں ۔

Rock river : (n) لمبا اور تنگ چٹانی جھرنا ۔

Rock rose : (n) Helian themum جنس کا ایک پودا ؛ ایک چند روزہ پودا جس میں زرد اور گلابی پھول آتے ہیں ۔

Rock salt : (n) پہاڑی نمک ؛ کوہستانی نمک ؛ (کیمیا) لاہوری نمک ۔

Rock scorpion : (n) پہاڑی بچھو ۔

Rock-shaft : (n) نیم متحرک دُھرا ۔

Rock snake : (n) اژدہا ؛ تِنّین ۔

Rock sucker : (n) (حیوانیات) ترینہ : تنبو مچھلی ۔

Rock sunfish : (n) دیکھو Rock bass

Rock-tar : (n) (کیمیا) پٹرول ۔

Rock-waste : (n) (ارضیات) چٹانی چورا : تارا میرا ۔

Rock weed : (n) خسّ دریائی (خصوصاً Fucus کی جنس کا): کتانجك ۔

Rock whistle : (n) کوہ آلپس کا ایك پرند ۔

Rock-wood : (n) (کیمیا) بادامی اسبسطوس : بادامی سینہ کوہی ۔

Rock-work : (n) (۱) (نباتیات) مصنوعی چٹان : باغ سنگلاخ Rockery ۔ (۲) تودہ سنگ : تودۂ صخرہ : قدرتی چٹانوں کا سلسلہ ۔ (۳) چٹان پر چڑھنے کی مہارت ۔ (۴) ناہموار اور ناتراشیدہ پتھر کی دیوار ۔

Rocker : (n) [f. 'Rock(v)'.] (۱) جھولے کا کڑا ۔ (۲) سونا کھودنے والوں کا جھولا ۔ (۳) (امریکا) اسکیٹ جس کا تلا مڑا ہو ۔ (۴) بچوں کا لکڑی کا گھوڑا ۔ (۵) جھولا کرسی (امریکا) ۔ (۶) سائنسی آلہ جو بھاپ بننے میں تاپ کے اثر کو ظاہر کرتا ہے ۔ (۷) دیکھو Rocking-turn ۔ (۸) چمڑے کا جیکٹ پہن کر موٹر سائیکل پر سوار ہونے والا ۔

Of one's rocker : (عامیانہ) مجنون : سودائی : مخبوط : نادرست : علیل ۔

Rockered : (a) چٹان کی طرح مڑا ہوا ۔

Rockery : (n) (۱) مصنوعی ٹیلا جو باغ میں فرن (Ferns) لگانے کے لئے بناتے ہیں ۔ (۲) قدرتی چٹانوں کا سلسلہ ۔

Rocket : (n) [ME. 'Roket'.] (خصوصاً بول چال) دیکھو Rochet

Rocket : (n) [Fr. 'Roquette'.] (۱) صلیب نما پودوں کی مختلف قسمیں ۔ (۲) صلیب نما Hesperis جنس کا پودا ۔ (۳) خَر دَل شب بو ۔

Base rocket : ایك پودا جس کے پھول خوشبو دار ہوتے ہیں ۔

Blue rocket : (نباتیات) جر جیر : ہالم ۔

Garden rocket : (نباتیات) ہرائی شب بر ۔

London Rocket : (نباتیات) خوب گلاں : خاکشیر ۔

Wild rocket : (نباتیات) کُك کوچ ۔

Wild rocket oil : (کیمیا) روغن منداب ۔

Yellow rocket : (نباتیات) ایہقان ۔

Rocket : (n) [Fr.'Roquet'.] (۱) ہوائی : بانی : چرخی (آتش بازی کی) ۔ (۲) راکٹ : استوانہ شکل معدنی خول جس میں آتش گیر مادہ ہوتا ہے اور بہت دور پھینکا جا سکتا ہے ۔ (۳) (عامیانہ) تنبیہ : سرزنش ۔

Sky rocket : ہما روخ ۔

Step rocket : زینہ دار راکٹ ۔

Rocket : (v) (۱) پے در پے ہوائی یا چرخی چھوڑنا ۔ (۲) راکٹ سے بمباری کرنا ۔ (۳) گھوڑے کا بہت تیزی سے جست کرنا : راکٹ کی طرح تیزی سے بڑھنا ۔ (۴) (تیتر وغیرہ کا) تیزی سے سیدھا اور اونچا اڑنا ۔ (۵) (قیمتوں وغیرہ کا) بہت بڑھنا : بلندی پر ہونا : آسمان سے باتیں کرنا ۔

Rocket propulsion : (n) راکٹ رانی ۔

Rocket ship : (n) راکٹ طیارہ ۔

Rocketeer : (n) راکٹ میں کام کرنے والا : اڑنے والا ۔

Rocketry : (n) راکٹ رانی کا علم : راکٹ سائنس ۔

Rockies : (n) Rocky کی جمع ۔

Rockily : (adv.) استحکام سے : مضبوطی سے ۔

Rockiness : (n) ناہمواری : سختی : سنگلاخی : استحکام : مضبوطی : سنگینی ۔

Rocking : (a) جنبدہ : جھولتا ہوا : جھولنے والا ۔

Rocking : (n) (اسکاتستانی) شام کا اجتماع : شام کی بیٹھك (خصوصاً سوت کاتنے کے لئے) ۔

Rocking-chair : (n) جھولا کرسی : صندلئ تاب ۔

Rocking frame : (n) (میکانیات) جھولتا چوکھٹا : جھولتی فریم : رقاص فریم ۔

Rocking-horse : (n) بچوں کا لکڑی کا گھوڑا جو ادھر ادھر جھولتا ہے۔

Rocking-shaft : (n) جھولنے والی دھری ؛ رقاص ڈنڈی ۔

Rocking-staff : (n) دھونکنی کا ڈنڈا ۔

Rocking-stone : (n) (ارضیات) جھولتا پتھر ؛ چٹان جو ذرا سے سہارے سے ٹکی ہوئی ہو اور آسانی سے ہلائی جا سکے؛ متوازن پتھر ؛ بھاری پتھر جو توازن کی حالت میں ہو اور چھوتے ہی ہلنے لگے ۔

Rocking turn : (n) اسکیٹنگ کا ایک توڑا یا کرتب ؛ اسکیٹنگ کے دوران چکر کھانے کا ایک انداز ۔

Rockling : (n) Rhinonemus جنس کی مچھلی ۔

Rocky : (a) (۱) چٹانی ؛ پتھریلا ؛ سنگلاخ ؛ سنگستانی ؛ جہاں چٹانیں کثرت سے ہوں ۔ (۲) (مجازاً) پہاڑ کی طرح مستحکم ؛ راسخ ؛ مضبوط ؛ سنگین ؛ سخت ؛ پر صلابت ؛ مصمم ۔ (۳) پتھر صفت ؛ ناہموار ۔ (۴) چقماق کا ؛ چقماق کی طرح سخت ۔ (۵) (مجازاً) بے حس ؛ احساس سے خالی ؛ بے احساس ؛ سخت دل ؛ سنگدل ؛ بے درد ۔ (۶) (مجازاً) ثابت قدم ؛ پکا ؛ پختہ ۔ (۷) شمالی امریکا کا مغربی سلسلۂ کوہ ۔

Rocky mountains : (n) دیکھو The rockies ؛ شمالی امریکا کا سب سے بڑا پہاڑی سلسلہ (مغربی سلسلۂ کوہ) ۔

Rococo : (a) [Fr.] (۱) قدیم فیشن کا؛ دقیانوسی ؛ پرانی طرز کا ۔ (۲) (عمارت ، فرنیچر وغیرہ) لوئی چہار دہم یا کوئی پانزدہم کے زمانے کا یا اس زمانے کی طرز کا؛ ضرورت سے زیادہ آرائشی کام والا (رکوکو) ؛ لطافت سے خالی ؛ زیادہ آرائشی ۔

Rococo : (n) قدیم طرز کی عمارت ، طرز تحریر وغیرہ ؛ ایسی چیزوں کا ذوق ۔

Rod : (n) [Oe. 'Rodd'.] (۱) چھڑی ؛ ڈنڈا ؛ عصا ؛ سلاخ ؛ لوہے کی ڈنڈی ۔ (۲) بید ؛ قمچی ؛ شاخ (پودے کی خصوصاً قلم لگانے یا روپنے کے لئے) ؛ ٹہنی ۔ (۳) (سروے) جریب ؛ زمین ناپنے کا پیمانہ (ساڑھے پانچ مربع گز کا) ۔ (۴)(تشریح) عصایا راڈ ؛ سلاخ نما ہڈی وغیرہ ۔ (۵)مچھلی مارنے کی چھڑ ۔ (۶) (مجازاً) قبیلہ ؛ قوم ؛ ایل ؛ شریف خاندان کا نو عمر رکن ۔ (۷) (مجازاً) سزا دینے کا آلہ یا ذریعہ؛ (نیز) سزا ؛ تادیب ؛ عقوبت؛ عذاب. (۸) وہ دو شاخہ (چھڑی) جس کی مدد سے زیر زمین پانی یا معدنیات معلوم کی جاتی ہیں ۔ (۹) دیکھو Black Rod ۔ (۱۰)علامتِ قوت ؛ طاقت ، قتل یا جبر کی حرکت.

(۱۱) پنسی باز ؛ کانٹے سے مچھلی پکڑنے والا ۔ (۱۲)ناپنے کی چھڑی ؛ گز ؛ بانس ۔ (۱۳) لمبائی کی ایک ناپ جو ساڑھے پانچ فٹ کے برابر ہوتی ہے ۔ (۱۴) رقبے کا پیمانہ (Square perch). (۱۵) چھڑ نما کوئی چیز ؛ راڈ نما بولٹ ؛ لوہا ، جسم وغیرہ ۔

Spare the rod in spoil the child : بے مارے بچہ بگڑے ؛ بغیر مارے بچہ بگڑ جاتا ہے ۔

To have rod in pickle for : (عموماً مجازاً) سزا دینے کے لئے موقع کا منتظر رہنا ۔

To kiss the rod : سزا کو عاجزی یا خوشی سے برداشت کرنا ۔

To make a rod for one's own back : آپ ہی مصیبت مول لینا ؛ اپنے لئے اپنے آپ ہی مصیبت پیدا کرنا ؛ خود سے زحمت مول لینا ۔

Rod in pickle : (n) عقوبت ؛ سزا ؛ سرزنش ۔

Rode : (v) [Origin Obsc.] (۱) (جنگلی پرند کا) شام کے وقت زمین کی طرف اڑنا ۔ (۲) (چہے کی قسم کے پرند کا) انڈے دینے یا سینے کے زمانے میں روزانہ شام کو اڑانیں بھرنا ۔

Rodent : (a) [L. 'Rodent'.] (۱) (حیوانیات) کترنے والا ؛ قارض ؛ جوندہ ۔ (۲) Rodentia کی جنس کا ۔ (۳) (طب) السر یا کینسر کا ۔

Rodent : (n) (۱) Rodentia جنس کا حیوان ۔ (۲) کترنے والا جانور۔ (۳) (طب) اکّال ؛ کینسر ؛ السر ۔ (۴) گوشت کو کھا جانے والا پھوڑا ۔

Rodent ulcer : (n) (طب) زخم اکّال ؛ گوشت خورہ ۔

Rodential : (a) کترنے والا ؛ کترنے والے جانوروں کا یا ان سے متعلق ۔

Rodeo : (n) [Sp. 'Rodeo'.] (۱) مغربی امریکا کی چراگاہوں میں مویشی کو داغنے کے لئے جمع کرنے کا عمل ؛ مویشی کو جمع کرنا ۔ (۲) مویشی کے جمع کرنے کا باڑا یا مقام ۔ (۳) چرواہوں کے کرتب کی نمائش ؛ موٹر سائیکل کی سواری کے کھیل کی نمائش ۔

Rodless : (a) بے ڈنڈے کا ؛ بے راڈ کا ۔

Rodlet : (n) چھوٹا راڈ ؛ چھوٹا ڈنڈا یا چھڑی ۔

Rodlike : (n) چھڑی نما ؛ راڈ جیسا ؛ ڈنڈے یا چھڑی کا سا ۔

Rodomont : (n) [It.'rodomonte'.] شیخی باز ؛ ڈینگ ہانکنے والا ؛ ڈینگیا ۔

Rodomontade : (n) [Fr.] شیخی ؛ ڈینگ ؛ لاف و گزاف ؛ لاف زنی ؛ لافِ بیہودہ ؛ بیہودہ گوئی ۔

Rodomontade : (a) شیخی باز ؛ ڈینگ سے بھرا ہوا ؛ ڈینگیا ؛ پر لاف و گزاف ؛ شیخی کی ؛ ڈینگ کی (باتیں) ۔

R(h)odomontade : (v) شیخی بگھارنا ؛ لاف زنی کرنا ؛ ڈینگ ہانکنا ؛ دون کی لینا ۔

R(h)odomontader : (n) شیخی بگھارنے والا ؛ ڈینگیا ۔

Roe : (n) [OE. 'Raha'.] چھوٹے ہرن کی ایک قسم ؛ چکارا ؛ ہرنی ۔

Roe : (n) [ME. 'Row(e) '.] آشپل ؛ مچھلی کے انڈے ؛ مچھلی کے بیضہ دان میں انڈوں کا گچھا ۔

Hard roe : مادہ مچھلی کے انڈے ۔

Soft roe : نر مچھلی میں انڈے کا مادہ ۔

Roe-buck : (n) نر ہرن ؛ نر چکارا ۔

Roe corn : (n) مچھلی کے بیضہ دان میں سے ایک انڈا ۔

Roe-deer : (n) ہرن ؛ ہرنی ؛ چکارا ۔

Roed : (a) مچھلی کے انڈوں سے بھرا ہوا ؛ مچھلی کے انڈوں والا ۔

Roentgen : (تاریخ) رانجن ؛ (نیز) دیکھو Rontgen ۔

Roentgen ray : (n) ایکسرے ۔

Roentgenogram : (n) ایکسرے کے ذریعہ تصویر کشی ؛ دیکھو Radiograph ۔

Roentgenograph : (n) دیکھو Roentgenogram

Roentgenograph : (v) ایکسرے کے ذریعہ فوٹو لینا ۔

Roentgenography : (n) ایکسرے کے ذریعہ فوٹو گرافی ۔

Roentgentology : (n) ریڈیو لاجی کی ایک برانچ جو ایکسرے کے ذریعہ بیماریوں کا پتہ چلاتی ہے ۔

Roestone : (n) دیکھو Oolite

Rogation : (n) [L. 'Rogatio'.] (۱) (کلیسا ، جمع میں) مناجات اولیاء جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عید معراج سے تین دن پہلے گائے جاتی ہے ۔ (۲) (قدیم روم) وہ قانون جو روما کا Consul یا Tribune مجلس جمہوری کے سامنے پیش کرتا تھا ۔

Rogation days : (n) مناجات اولیاء کا دن (مبارک پنجشنبہ سے پہلے کا سوموار ، منگل اور بدھ) ۔

Rogation flower : (n) حشیش الحلیب ؛ شیر زا ، جس کے ہار بنا کر مناجات اولیاء کے دنوں میں جلوس میں لے جاتے تھے ۔

Rogation Sunday : (n) ایسٹر کے بعد کا پانچواں اتوار ؛ Ascension day سے پہلے کا اتوار ۔

Rogation week : (n) وہ ہفتہ جس میں Ascension day (مبارک پنجشنبہ) پڑتا ہے ۔

Rogational : (a) مناجات اولیاء سے متعلق ۔

Rogatory : (a) اطلاعات حاصل کرنے والا خصوصاً کسی کمیشن وغیرہ میں ۔

Roger : (n) [Rogier of Teut. origin.] عام یا خاص نام کے طور پر استعمال ہوتا ہے : ایک مردانہ نام ۔

The jolly Roger : بحری قزاقوں کا سیاہ علم ۔

Roger : (n) (۱) سگنل کوڈ کے لئے حرف 'R' کی جگہ استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) ریڈیو ٹیلیفونی میں اس مقصد کے لئے استعمال ہوتا ہے کہ "آپ کا پیغام معلوم ہوا اور سمجھ لیا گیا" ۔

Roger/ Rodger : (v) ہم بستر ہونا ؛ مباشرت کرنا ۔

Roger de Coverly / Roger of Coverly : (n) ایک قسم کا دیہاتی (انگلش) ناچ اور راگ ؛ نیز 'Sir' کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے اور اسے 'Sir Roger' بھی کہتے ہیں ۔

Rogue : (n) [prob. fr. L. 'Rogaue'.] (۱) دغا باز ؛ بے ایمان ؛ غیر اصولی آدمی ؛ بد معاش ؛ شریر ؛ بد ذات ۔ (۲) شیطان ؛ شریر (پیار میں کہتے ہیں) شیطان صفت ۔ (۳) (قدیم) آوارہ گرد ۔ (۴) (نباتیات) انمل پودا ؛ نکٹا پودا ۔ (۵) مست ہاتھی ؛ سرکش جانور (جو گلے سے الگ رہتا ہے) ۔ (۶) جھجھکنے والا گھوڑا (شکار کا یا گھوڑ دوڑ کا) ۔

Rogue : (v) (۱) آوارہ گرد کی طرح زندگی گزارنا ؛ خانہ بدوش کی زندگی گزارنے والا ۔ (۲) شرارت کرنا ؛ بد معاشی کرنا ۔

(۳) فریب دینا ؛ دھوکا دینا ؛ ٹھگنا ؛ ٹھگ لینا ؛ فریب دے کر لوٹنا ۔ (۴) نکتے پودوں کو اکھاڑ کر پھینک دینا۔

Rogue elephant : (n) مست ہاتھی ؛ فیلِ سرکش ۔

Roguer : (n) شرارت کرنے والا ؛ خانہ بدوش کی زندگی گزارنے والا ۔

Roguery : (n) شرارت ؛ بدمعاشی ؛ شیطنت ؛ پاجی پن ؛ پست فطری؛ رذالت ؛ بد ذاتی ؛ دغابازی ۔

Rogue's gallery : (n) بد معاشوں کی تصویروں کو جمع کرنا ۔

Rogue's Latin (n) چور لاطینی بولی ۔

Rogue's march : (n) کسی کو فوج یا چھاؤنی سے نکالنے کے وقت کی ترم بازی ۔

Rogue's yarn : (n) بحری فوج میں استعمال ہونے والی ایک قسم کی رسّی ۔

Rogueship : (n) شرارت ؛ بدمعاشی کی حالت ؛ شیطنت ؛ رذالت ؛ بدذاتی ۔

Roguish : (a) (۱) شریر ؛ بد معاش ؛ بد ذات ؛ پست فطرت ۔ (۲)شیطنت آمیز ؛ فریب کار ؛ دغل ؛ بے شرافت ۔ (۳) دل لگی باز ؛ مسخرا ؛ شرارت سے بھرا ہوا ؛ چھٹا ہوا ؛ پر لے درجے کا ؛ عیار ؛ چالاک ۔ (۴) (نباتیات) نکتا ؛ معمولی ؛ نچلا (پودا) ۔

Roguishly : (adv.) شرارت سے ؛ بد معاشی سے ؛ فریب کاری سے ۔

Roguishness : (n) شرارت ؛ بدمعاشی ؛ فریب کاری ؛ مسخراپن ۔

Roi : (n) بادشاہ ؛ شاہ (فرانسیسی میں) ۔

Le roi de veult : ملک معظم منظور فرماتے ہیں (پارلیمنٹ کے مسودۂ قانون کی بادشاہ کی طرف سے توثیق الفاظ میں ہوتی ہے) ۔

Le roi's avisera : ملک معظم غور فرمائیں گے (پارلیمنٹ کے مسوۂ قانون کی شاہی توثیق سے انکار ان الفاظ میں ہوتا ہے) ۔

Roi faineant : (n) برائے نام صدر ؛ شاہ شطرنج ۔

Roil : (v) [Origin obsc.] (۱) (اب امریکا اور بول چال) گدلا کرنا (پانی وغیرہ) ؛ میلا کرنا ۔ (۲) تنگ کرنا ؛ دق کرنا ؛ پریشان کرنا ؛غصہ دلانا ؛ بر افروختہ کرنا ؛ برہم کرنا ۔

Roil : (n) (۱) برہمی ؛ بر افروختگی ۔ (۲) گدلاپن ؛ میلاپن (پانی)۔

Roister : (v) [Fr. 'Rustre'.] رنگ رلیاں منانا ؛ اودھم مچانا ۔

Roisterer : (n) خرمستیاں کرنے والا ؛ اودھمی ۔

Roistering : (n) خر مستی ؛ رنگ رلیاں ؛ اودھم ۔

Roistering : (a) خرمستیاں کرنے والا ۔

Roke : (n) [Prob. of Scand. origin.] (۱) (اب بول چال) دھواں ؛ بھاپ ؛ اسٹیم ؛ کہر ؛ دھند ؛ کہرا ؛ شب دود ؛ بخارات ؛ پھوار۔ (۲) (طبیعیات) بخارات (کیمیا) دھُواں (موسمیات) بوندا باندی ۔

Roke : (v) دھواں چھوڑنا ؛ بخارات نکلنا ؛ دھواں نکلنا ؛ دھواں اٹھنا ؛ بھاپ یا بخار نکلنا ؛ بھاپ بن کر اڑنا ؛ کہر آلود ہونا ؛ دھندلا ہونا (بول چال) ۔

Roky : (a) کہر آلود ؛ کہریلا ؛ دھندلا سا ؛ دھندلا ؛ (وہ وقت) جب پھوار پڑ رہی ہو ۔

Roland : (n) [OFr. 'Roland'.] (۱) (تاریخ) رولینڈ ؛ بطل ۔ (۲) شارلمین (Charlemagne) کا بھتیجا جس کا نام داستانوں میں مشہور ہے ۔

(To gave) a Roland for an Oliver : جیسے کو تیسا ؛ ترکی بہ ترکی جواب (دینا) ۔

Role : (n) [Fr.] (۱) ایکٹر کا پارٹ ۔ (۲) فرض ؛ کام ؛ مفوضہ کام ؛ کارمنصبی ۔

Roll : (n) [L. 'Rotulus'.] (۱) (اُستوانہ نما) لپٹا ہوا بنڈل یا کاغذ کا پلندہ ؛ چونگا ؛ لپٹا ہوا کاغذ ؛ طومار ۔ (۲) (ایونی (Ionian) کارنس یا سرستون میں) مرغول ؛ کٹاؤ ؛ چکر دار بیل جو آیونی ، کارنتھی ستون کی خصوصیت ہے ۔ (۳) (اُستوانہ نما) لپٹا ہوا خریطہ ۔ (۴) رجسٹر ؛ فہرست ؛ فرد ؛ کیٹلاگ ۔ (۵) مصدقہ سالیسٹروں کی فہرست (عام طور پر جمع) ۔ (۶) حاضری کا رجسٹر۔ (۷) کسی چیز کا اُستوانہ نما پلندہ یا اس سے ملتی ہوئی چیز ؛ ٹکیا ؛ بٹی ۔ (۸) ایک قسم کی چھوٹی ڈبل روٹی ۔ (۹) کسی چیز کا مُڑا ہوا کنارہ مثلاً کوٹ کا کالر ۔ (۱۰)(جلد بندی) بیلن جس سے جلد پر نقش و نگار بناتے ہیں ۔ (۱۱) کسی قسم کی بیلن نما چیز ؛ لڑھکن ؛ بیلن ؛ بیلنا ۔ (۱۲) (فوج) دیکھو Muster-roll ۔

Master of the rolls : عدالت مرافعہ کاجج جو بعض سرکاری کاغذات کا محافظ بھی ہوتا ہے ۔

The Rolls : محافظ خانہ ۔

To be struck off the rolls : سالیسٹروں کی فہرست سے نام خارج ہو جانا ۔

Roll : (n) [f.'Roll (v).'] (۱)لڑھکانے کا عمل : لڑھکن ۔ (۲) ہلنے ڈولنے کی حرکت ؛ بیلن دار گیٹ ۔ (۳) گھاس پر بیلن پھیرنے کا عمل ۔ (۴) لڑکھڑاتی چال ؛ لغزش ؛ لہر دار شکل یا حرکت ؛ لہر یا خطوط ۔ (۵) ڈھول کی ڈھم ڈھم ۔ (۶)بجلی یا آواز کی گرج ۔ (۷) آواز کی روانی یا لے ۔

Roll : (v) [OFr.'Roler'.] (۱) لڑھکنا: لڑھکنی کھانا ۔ (۲)گھمانا :چکر دینا ؛ پھرانا :پھیرنا ؛ پھرنا ؛ دائرے میں گھومنا یا گھمانا: پہیے پر گھمانا ؛ چلانا (بائیسکل) ۔ (۳) لپیٹنا ؛ لپٹنا (چونگے یا اُستوانے کی شکل میں) بل دینا ؛ حلقہ بنانا ؛ گول تہ کرنا ؛ بل کھانا ۔ (۴) (آنکھیں) مٹکانا ؛ گھمانا ۔ (۵)لوٹنا ؛ لوٹ لگانا ۔ (۶) جھومنا ؛ جھومتے ہوئے چلنا ؛ جھولنا ؛ ہلنا ڈولنا: ہلنا جلنا ۔ (۷) لہریں اٹھنا ؛ سطح کا ناہموار ہونا ؛ لہریں لیتے ہوئے بہنا ۔ (۸) (حرف کو) کھنکتی ہوئی آواز میں ادا کرنا ۔ (۹) لَے یا قرأت سے ادا کرنا: لحن کے ساتھ پڑھنا۔ (۱۰) (گاڑی کا) چلنا: گھڑ گھڑ چلنا ؛ (گاڑی میں) جانا ؛ (گاڑی کا کسی کو) لے جانا ؛ پہیے پر دوڑنا ؛ چلنا ۔ (۱۱) بیلن پھیرنا ؛ بیلن سے دبانا ۔ (۱۲) محور کے گرد گھومنا ؛ گردش کرنا ۔ (۱۳) گرا دینا ؛ پچھاڑ دینا ؛ (استعارۃً) ست پٹا دینا ۔ (۱۴) (مجازاً) دماغ میں (بات کو) اٹا دینا ؛ (کسی مسئلہ وغیرہ پر) غور کرنا ؛ سونچنا۔ (۱۵) گھمانا ؛ گردش دینا ؛ گھوم جانا ؛ چکر لگانا ؛ طواف کرنا ۔ (۱۶)گول سا بن جانا: گولا بنا دینا ؛ گول شکل میں بن جانا۔ (۱۷) ملفوف کرنا ؛ کسی چیز سے لپیٹنا ۔ (۱۸)مسطح کرنا (زمین کو رولر سے) برابر کرنا ؛ ہموار کرنا ۔ (۱۹) رولنگ پن کے ذریعہ (لَئی) پھیلانا ؛ لَئی لگانا ۔ (۲۰) (پتھر یا چٹان کو) چھوٹا کرنا (گول شکل میں) ۔ (۲۱) گھومتے ہوئے حرکت کرنا ؛ باری باری چلنا ؛ حرکت کرتے ہوئے آگے بڑھنا ۔ (۲۲) آہستہ آہستہ آگے بڑھنا: لہریں لیتے ہوئے آگے بڑھنا ۔ (۲۳) اِدھر اُدھر جانا: مکان بار بار بدلنا: سفر کرنا ۔ (۲۴)(عامیانہ) جمع ہونا ؛ یکجا ہونا ؛ اکٹھا کرنا ؛ ڈھیر لگانا (چیزوں کا)۔ (۲۵) گاڑی پر سوار ہونا ؛ گاڑی میں سفر کرنا ۔ (۲۶) بہتے پانی پر کھینچنا ؛ پانی میں بہنا ۔ (۲۷)(دریا ، سمندر ، ندی وغیرہ) تیز میں بہنا ؛ لہر مانند تیزی سے چلنا ؛ تیز چلنا ۔ (۲۸) (وقت یا موسم) گزرنا ؛ گزر جانا ؛ ختم ہو جانا ۔ (۲۹) (زمین) لہریں لینا ؛ لہرانا ؛ لہر یا ہونا ۔ (۳۰) (آواز کا) صدا پیدا کرنا ؛ گونجنا ؛ (بادل کا) گرجنا ؛ زور دار آواز ہونا ۔ (۳۱) (زبان ، گفتگو وغیرہ) رواں ہونا ؛ تیز ہونا ؛ چلنا ۔ (۳۲) (مجازاً) جی بھر کے لطف اٹھانا ؛ مزے لینا ؛ عیش و عشرت میں بسر کرنا ۔ (۳۳) (خیال ، فکر) دماغ میں گردش کرنا ؛ غور کرنا ؛ سوچنا ۔ (۳۴) (جہاز) ہلنا جلنا ؛ ادھر سے ادھر حرکت کرنا۔ (۳۵) اکڑ کر چلنا ؛ اِترا کر چلنا ؛ اینٹھ کر چلنا ؛ دون کی لینا ؛ شیخی بگھارنا ۔ (۳۶) سکڑنا ؛ سمٹنا ؛ ٹھٹھرنا ۔ (۳۷) (ایر کرافٹ) طول میں محور پر گھومنا ۔

Roll acquittance : (n) قبضُ الوُصول ۔

Roll book : (n) وہ رجسٹر جس میں ٹیچر اپنے شاگردوں کی حاضری یا کلاس ورک کا ریکارڈ رکھتا ہے : حاضری رجسٹر ۔

Roll-call : (n) (۱) حاضری ۔ (۲) (فوج) حاضری کے لئے بلانے کا اشارہ ۔ (۳) دیکھو Register ۔

Roll-call : (v) حاضری لینا ۔

Roll-collar : (n) گھمایا ہوا کالر ۔

Roll man : (n) رولنگ مشین پر کام کرنے والا : رولنگ مشین چلانے والا ۔

Roll-on : (n) (۱) عورتوں کا ایک لباس : ربر یا الاسٹک کی پیٹی ۔ (۲) ایسی بوتل میں گوند یا سیال چیز جس کے سر کے اوپر گھومنے والا گولا ہوتا ہے ۔

Roll one over : (n) ڈھکیل دینا ؛ لڑھکنی کھلانا ۔

Roll sulphur : (n) (کیمیا) سلاخی گندھک ۔

Roll-top : (n) گھومنے والے نیم مدوّر ڈھکنے کی میز ۔

Roll-top desk : (n) دیکھو Roll-top

Roll up : (v) (فوج) دشمن کی فوج کو گھیر کر نیم دائرے کی شکل میں لے آنا ۔

Rollable : (a) جو لپیٹا جا سکے ۔

Rolled : (a) لپیٹا ہوا ؛ لپٹا ہوا ؛ مسطح ؛ بیلا ۔

Rolled glass : (n) (۱) (کیمیا) بیلا شیشہ ۔ (۲) اُستوانہ گلاس یا شیشہ ۔

Rolled gold : (n) بیلا سونا ؛ رولڈ گولڈ : سونے کا پتر ؛ وہ تانبا جس پر سونے کا پانی چڑھایا ہوا ہو ۔

Roller : (N) (۱) دیکھو Rolling-pin (بول چال) ۔ (۲) لڑھکانے والا ؛ لڑھکنے والا ۔ (۳) بیلن ؛ بیلنی (مختلف قسم کی) ؛

رولر : اُستوانہ ۔ (۴) لپٹی ہوئی پٹی ۔ (۵) (حیوانیات) لوٹن کبوتر : لقا ۔ (۶) (حیوانیات) اخیل : سبز قبا : کوے کی قسم کا خوش رنگ پرند ۔ (۷) زور کی لہر : زور دار موج ۔ (۸) آہنجہ : بوجھ اٹھانے کی چھڑی : گردان ڈھول : گھومنے والا پیپا ۔ (۹) لکڑی کا بھاری اُسطوانہ ۔ (۱۰) موسیقی کے بکس کا دندانہ دار گردش کرنے والا بیرل ۔ (۱۱) محور پر گھومنے والا چھوٹا پہیا ۔ (۱۲) سائیکل کی رولر چین ۔ (۱۳) (گھوڑے کا) کشادہ تنگ : کشادہ زیر بند ۔ (۱۴) ایک قسم کا گھنگریلا بال ۔

Roller : (n) [G. f. 'Rollen'.] (Coracius garrulus) (۱) دیکھو جنس کی چڑیا ۔ (۲) خوش گلو : زرد رنگ کا گانے والا پرند ۔

Roller-bandage : (n) (طب) عُصابۂ لفیفہ : لپٹی ہوئی پٹّی : لمبی تنگ (کم عرض) پٹی جو جراحی عمل کے وقت سہولت سے استعمال کرنے کے لئے خاص طریقے سے لپٹی ہوتی ہے : رولر بینڈیج ۔

Roller board : (n) آرگن میں رولر کھینچنے والا بورڈ ۔

Roller-bolt : (n) گاڑی میں وہ ڈنڈا یا سلاخ جو کمانیوں کے سہارے کے لئے لگایا ہوتا ہے ۔

Roller coaster : (n) (امریکا) تفریح گاہ کی کلا پتری : تفریح گاہ کی ریل ۔

Roller gin : (n) روئی اوٹنے کی مشین : بنولے نکالنے کی مشین ۔

Roller-mill : (n) رولر مِل : رولر کے ذریعہ پیسنے کی مشین ۔

Roller-shop : (n) دھات کو رُولنے کا کارخانہ ۔

Roller-skate : (n) رولر اسکیٹ : برف کے علاوہ کسی بھی سطح پر چلنے والی پہیے دار گاڑی : پہیے دار اسکیٹ ۔

Roller towel : (n) بیلن پر چڑھا تولیہ ۔

Rolley/ Rolly : (n) (۱) (کان کنی) ایک طرح کا بے دیوار اور بے چھت چوپہیا چھکڑا ۔ (۲) بار برداری کی ٹرام گاڑی : لمبی نیچی گاڑی جس میں کنارے نہ ہوں : ٹھیلا ۔

Rollick : (n) [Origin unkn.] (۱) رنگ رلیاں منانا : عیش کرنا : دھما چوکڑی مچانا : اچھلنا : کودنا : دھینگا مشتی کرنا : (بچوں کا) ساتھ کھیلنا کودنا : ہڑدنگا کرنا ۔

Rollick : (n) دھینگا مشتی : خر مستی : دھما چوکڑی : رنگ رلیاں : ہنسی : دل لگی : چہل : پُر لطف صحبت ۔

Rollicker : (n) دھینگا مشتی کرنے والا : دھما چوکڑی مچانے والا : ہنسی مذاق کرنے والا ۔

Rollicking : (a) شور غل سے متعلق : غُل غپاڑا کرنے والا ۔

Rolling : (a) (۱) گردندہ : گھومنے والا : کسی سطح پر آگے بڑھنے والا : رولنگ ۔ (۲) پہیے پر گھومنے والا : لہریا ۔ (۳) (وقت ، موسم) گزرنے والا ۔ (۴) مدوّر : گردان : گھومنے والا : کسی مرکز پر بار بار گھومنے والا : دائرہ کی شکل میں حرکت کرنے والا : دورہ کرنے والا ۔ (۵) (آنکھ) مٹکنے والی : آنکھ کے خانے میں اُوپر نیچے حرکت کرنے والا ۔ (۶) ہلنے ڈولنے والا : جنبش کرنے والا ۔ (۷) مو جزن ہونے والا : موجیں مارنے والا : لہرانے والا ۔ (۸) چڑھنے والا : اوپر اٹھنے والا ۔ (۹) گرج دار (آواز) : تیز آواز والا : صدائے باز گشت والا ۔

Rolling chair : (n) پہیے دار کرسی : مدور کرسی ۔

Rolling-mill : (n) .دھات کو پیسنے والی طاقت ور مشین ۔

Rolling-pin : (n) لکڑی یا شیشے وغیرہ کا صاف چکنا بیلن جو لئی وغیرہ بنانے میں کام دیتا ہے ۔

Rolling-press : (n) (۱) تانبے کی پلیٹ سے چھاپنے کی بیلن دار مشین ۔ (۲) بیلن دار شکنجہ : بیلن شکنجہ : نمونہ در آور : رولنگ مشین ۔

Rolling stock : (n) ریلوے کی گاڑیوں ، انجنوں ، ویگن وغیرہ کا ذخیرہ ۔

Rolling stone / Rolling-stone : (n) (۱) محاورے میں A rolling stone gathers no moss ۔ (۲) جہانگرد : سیلانی : گھومنے پھرنے والا : بیکار ۔ (۳) بیلن نما پتھر پیسنے کی مشین ۔

A rolling stone gathers no moss : جو آدمی اِدھر سے اُدھر ڈھلکتا رہتا ہے اسے کچھ ہاتھ نہیں آتا ۔

Rollingly : (adv.) گردندہ طور پر : گھومتے ہوئے : مدوّر طور پر ۔

Rolls : (n) طومار : رجسٹر ۔

Roly-poly /Rolypoly : (n) (۱) مختلف کھیلوں کے نام (جس میں گیندکا لڑھکنا خاص خصوصیت کا حامل ہوتا ہے) ۔ (۲) ایک قسم کی پڈنگ جو چونگے کی شکل میں بنائی جاتی ہے ۔

Roly-poly : (a) گول مٹول : موٹا تازہ : کوتاہ و فربہ : چھوٹا اور موٹا

(خصوصاً لڑکوں سے متعلق) ۔

Rom/ Roma : (۱) جپسی مرد ؛ خانہ بدوش مرد ۔ (۲) جپسی لوگ ؛ جپسی (ایک خانہ بدوش قوم) ۔

Romaic : (a) [Gr. 'Romaikos'.] جدید یونانی زبان کا یا اس سے متعلق ۔

Romaic : (n) جدید یونانی زبان یا بول چال ۔

Romaic dance : (n) ایک جدید یونانی رقص ۔

Romaika : (n) [mod. Gr.'Romaike'.] Romaic dance دیکھو

Romaji : (n) رومن حروف تہجی جو جاپانی ترجمہ میں استعمال ہوتا ہے ۔

Romal /Rumal : (n) [Urdu (pers). 'Rumal'.] رومال ؛ رومال کی شکل کا ریشمی یا سوتی کپڑا ۔

Roman : (n) [L.'Romanus'.] (۱) قدیم روماکا باشندہ ؛ قدیم روما کی زبان ؛ رومی شہری یا رومی سپاہی ؛ رومن سلطنت کا رہنے والا ۔ (۲) روم کے دور وسطی یا جدید روم کا باشندہ ۔ (۳) (جمع) قدیم روم کا وہ شہری جس نے عیسائی مذہب قبول کر لیا ہو ۔ (۴) (دینیات) رومن کیتھولک ؛ رومن کیتھولک کلیسا کا رکن ۔ (۵) (طباعت) رومن ٹائپ ۔

King of the Romans /Emperor- : مقدس رومی سلطنت (وسطیٰ اور مغربی یورپ کی جو ۱۸۰۶ء تک قائم رہی) کا سربراہ ۔

Roman : (a) [OFr. 'Roamain'.] (۱) رومی ؛ رومائی ؛ قدیم روما کا (باشندہ) ۔ (۲) رومی کلیسا کا ؛ رومن کیتھولک مذہب کا ۔ (۳) قرون وسطیٰ کے روما یا حدود روما کا ؛ جدید رومی ۔ (۴) (زبان) دیکھو Latin (a) - (۵) رومن ٹائپ سے متعلق ؛ جدید ٹائپ سے متعلق ؛ (خصوصاً Italic اور Gothic حروف کی ضد) ۔ (۶) رومن مانند (خصوصاً ایمانداری ، محنتی ، ہمت ور ، کفایت شعاری میں) ۔ (۷) (ناک) کھڑی ؛ بانسا ۔ (۸) (تحریر) گول اور نمایاں ۔ (۹) اعدادی حروف I,V, X, L,C, D, M ۔ (۱۰) (تعمیرات) دیکھو Composite (a) ۔ (۱۱) رومی قانون ، تاریخ ، عہد قدامت کے مطالبہ میں مشغول ۔ (۱۲) مقدس رومی سلطنت سے متعلق ۔

(Holy) Roman Empire : مقدس رومی سلطنت (وسطیٰ اور مغربی یورپ کی جو ۱۸۰۶ء تک قائم رہی) ۔

Roman alphabet : (n) رومن حروف تہجی ۔

Roman alum : (n) اٹلی میں پائی جانے والی سرخی مائل پھٹکری ۔

Roman architecture : (n) دیکھو Composite اور Order

Roman balance / -beam : (n) قُبّان ؛ اسٹیل یارڈ کی معمولی شکل ۔

Roman brick : (n) رومن اینٹ ؛ (۱٫۲ ۱ انچ x ۶ انچ x ۱۲ انچ کی اینٹ) ۔

Roman candle : (n) (۱) آستوانہ نما آتش بازی جس سے لگاتار ستارے نکلتے ہیں ۔ (۲) اسپینی خنجر ۔

Roman Catholic : (n) رومن کیتھولک چرچ کا رکن ؛ کیتھولک مذہب کا پیرو ۔

Roman Catholic : (n) رومن کیتھولک سے متعلق ؛ کیتھولک مذہب کا (پیرو) ؛ رومن کلیسا کا ۔

Roman Catholically / -catholicly : (adv.) رومن کیتھولک کے طور پر ؛ رومن کلیسا کے طریقے سے ۔

Roman Catholicism : (n) رومن کیتھولک چرچ کا عقیدہ، مذہب وغیرہ ۔

Roman cement (n) چونا ، بالو اور پانی میں کلسی مادہ ملا کر بنایا ہوا سمنٹ ۔

Roman collar : (n) رومن کیتھولک کا ایک قسم کا کالر ۔

Roman Empire : (n) (تاریخ) سلطنت روما (مشرقی سلطنت جس کا پایۂ تخت روما تھا اور مغربی سلطنت جس کا پایۂ تخت قسطنطنیہ تھا) ۔

Roman fever : (n) فصل بخار ؛ ملیریا ۔

Roman-fleuve : (n) طویل اور مخصوص قسم کا فرانسیسی ناول جو کئی جلدوں میں ہو اور کسی خاندان کے حالات کو بیان کرے ۔

Roman gold : (n) ارضی سونا ۔

Roman law : (n) (قانون) رومن قانون ۔

Roman letter : (n) (طباعت) معمولی ٹائپ ؛ معمولی حروف چھاپ ۔

Roman mosaic : (n) رومن پچی کاری جو رنگین شیشوں کی چھوٹی اور پتلی چھڑیوں سے بنتی ہے ۔

Roman nose : (n) توتے کی سی ناک ؛ عُقابی ناک ۔

Roman numerals : (n) (ریاضیات) اعداد رومی ؛ رومی ہندسے ۔

Roman school : (n) پینٹنگ کا اسکول جس میں رفائیل سربراہ تھا رفائیلی طرز نقاشی ۔

Roman snail : (n) گھونگھے کی ایک قسم جسے کھاتے ہیں ۔

Roman steelyard : (n) دیکھو Roman Balance

Roman type : (n) (طباعت) عام چھاپا ؛ معمولی ٹائپ ۔

Roman vitriol : (n) (کیمیا) نیلا تھوتھا ۔

Romance : (n) [OFr. 'Romanz, romans'.] (۱) فرانس کی بول چال کی زبان ؛ رومانی زبان (اُن زبانوں میں سے کوئی زبان جو قدیم فرانس ، اسپین وغیرہ میں بولی جاتی تھیں) ۔ (۲) (اسم مجہول) وہ زبانیں جو لاطینی سے نکلی ہیں؛ لاطینی زبانیں ۔ (۳) قرون وسطیٰ کی رزمیہ داستان ؛ جنگ نامہ ؛ اسپینی تاریخی رزمیہ داستان یا مختصر نظم ؛ (اس قسم کی) داستان منظوم حماسی ۔ (۴)رومان (قصہ یا ادب کی وہ صفت جس میں روزمرہ کی زندگی سے ہٹتے ہوئے واقعات بیان کئے جائیں) (خصوصاً سولہویں اور سترھویں صدی میں صرف تحقیقات اور زندگی کے حالات سے انحراف کئے جانے کا واقعہ) ۔ (۵) رومان کا سا واقعہ ؛ حیرت انگیز اور پُر اثر واقعہ ؛ عیش و محبت کا معاملہ ؛ (نفسیات) رومان ؛ محبت سازی ؛ عاشقانہ داستان ۔ (۶) رومانی رنگ ؛ تخیلی رنگ ؛ تخیل پرستی ؛ وہ ادب جس میں رومان ہو؛ رومانی افسانہ ۔ (۷) مبالغہ ؛ رنگ آمیزی ؛ خیال آرائی ؛ دلچسپ جھوٹ ؛ افسانۂ دل پذیر و خیالی ۔ (۸)رومانی ناول یا کہانی؛ داستان ۔ (۹)رومانی کردار؛ رومانی صفت ؛ رومانی ہونے کی حالت ۔ (۱۰) غیر محتاط کہانی ؛ ایجاد یاافسانہ ۔

Romance : (a) (۱) لاطینی الاصل زبان کا؛ لاطینی زبانوں کا ۔ (۲) رومانی ؛ رومان کا ۔

Romance : (v) [Fr.'Romancer'.] (۱) مبالغہ کرنا ؛ حاشیہ چڑھانا ؛ رنگ آمیزی کرنا ؛ بڑھا چڑھا کر کہنا ۔ (۲) رومانی خیالات رکھنا ؛ لاطینی زبان استعمال کرنا ؛ رومانی زبان استعمال کرنا ۔ (۳) مہربانی چاہنا ؛ لطف و کرم کا خواہش مند ہونا ؛ امداد طلب کرنا ۔ (۴) محبت کرنا ؛ محبت کے جذبات کا اظہار کرنا ؛ عاشقانہ داستان بیان کرنا ۔

Romanceless : (a) تخیّل سے خالی ؛ کور ذوق ؛ رومان سے خالی ۔

Romancer : (n) (۱) رومان کا مصنف ؛ رومانی افسانہ نویس ؛رومان نویس ؛ رومان نگار ۔ (۲) قرون وسطیٰ کا رزمیہ نگار ۔ (۳) مبالغہ آمیز مصنف ؛ غیر واقعاتی کہانی لکھنے والا ؛ دلچسپ جھوٹ گڑھنے والا ؛ داستان نویس ۔

Romancist : (n) [Sp .'Romancista'.] (۱) حماسہ نویس ؛ رومانی نظم لکھنے والا ۔ (۲) رومانی ناول نگار ۔ (۳) مبالغہ آمیز داستان لکھنے والا ۔

Romanes : (n) جپسی لوگوں کی زبان ؛ جپسی زبان ۔

Romanesque : (a) (۱) لاطینی الاصل زبان کا ۔ (۲)(تعمیرات) رومانی طرز تعمیر کا ؛ رومانی طرز تعمیر میں بنایا ہوا ۔ (۳)رومانی طرز کا (فن) ۔ (۴) حماسی ؛ زرمی ؛ عاشقانہ ؛ خیالی ؛ مجازی ۔

Romanesque : (n) (تعمیرات) رومانی طرز تعمیر ۔

Romanic : (a) [L. 'Romanicus'.] (۱) (زبان) لاطینی الاصل ؛ قدیم فرانس یا اسپین کی (زبان) ۔ (۲) قدیم رومی نسل کا؛ رومی تمدن کا حامل ؛ رومی لوگوں سے متعلق ۔

Romanic : (n) لاطینی الاصل زبان بولنے والا ۔

Romanish : (a) رومی ؛ روم سے متعلق ۔

romanism : (n) (۱) رومن کیتھولک مذہب یا عقیدہ ۔ (۲) رومن طرز تعمیرکی خصوصیت؛ قدیم یا جدید رومی طرز۔ (۳)رومن اداریے؛ رومن اثرات؛ آداب و رسوم قدیم رومی ۔ (۴)لاطینی زبان کا محاورہ ۔ (۵) قدیم یا جدید رومی طرزی چیزیں ۔

Romanist : (n) [mod. L. 'Romanista'.] (۱) رومن کیتھولک ؛ قدیم یا جدید رومی طرز کاحامی ۔ (۲) رفائیل کے طرز کا نقّاش ۔ (۳) رومن قانون کا ماہر ؛ رومن اسکول کا قانون داں ۔ (۴) رومن قدامت پرستی کا طالب علم ۔ (۵) لاطینی زبان یا لسانیات کا خصوصی مطالعہ کرنے والا ۔

Romanistic : (a) (۱) قدیم یا جدید رومی طرز کا ۔ (۲) رفائیل کے طرز کی نقاشی ۔

Romanization : (n) (۱) روماؤ ؛ رومی رنگ میں رنگنا یارنگا جانا ۔ (۲) کیتھولک بنانا یا بنایا جانا ۔

Romanize : (v) (۱) قدیم یاجدید رومی رنگ میں رنگنا؛ رومی کرنا ؛ لاطینی کرنا ؛ رومی ہونا ۔ ۲۰) کیتھولک بنانا ؛ رومن اصول کو اپنانا ؛ رومن قانون تسلیم کرنا ؛ رومن کیتھولک مذہب پر عمل کرنا ۔

Romanizer : (n) رومی بنانے والا ۔

Romanly : (adv.) رومی طرز سے : رومی طور پر ۔

Romano- : سابقہ (بمعنی رومی و .....) جیسے Romano-celtic (رومی و کیلٹک) ۔

Romansh : (n) [The native name 'Rum-, Roman(t) sch'.] لاطینی النسل زبان جو سوئٹزرلینڈ کے شمالی اضلاع میں بولی جاتی ہے ۔

Romansh : (a) لاطینی النسل زبان سے متعلق ۔

Romantic : (a) [mod. L. 'Romanticus'.] (۱) رومانی : رومان پسند: رومان کا سا : تخیّل پرست : خیالی دنیا میں رہنے والا : تصوری : خیالی : خیال انگیز : خیال پرست ۔ (۲)(موسیقی) رومانی : جذبات پرستانہ : تخیّل ۔ (۳)عجیب و غریب : ناقابل عمل : شیخ چلّی کا سا (منصوبہ ، تجویز) : غیر ممکن: دروغ نما ۔ (۴) رومانی: رومانی طرز تحریر کا (جس میں تخیّل اور جذبات کا زور ہوتا ہے اور نفس مضمون کو طرز ادا پر ترجیح دی جاتی ہے) ۔ (۵) فرضی : من گھڑت : ناقابل اعتبار : مبالغہ آمیز ۔ (۶) پُر شوق : سر گرم : پُر جوش : جوش انگیز (آدمی یا جذبات) : پُر ولولہ : رومانی : عاشقانہ ۔

Romantic : (n)(جمع) (۱) رومان طرز کا انشا پرداز : حماسہ سرا ۔ (۲) خیالی باتیں : خیال آرائی : رومانی خصوصیت : خیالی آدمی : رومان پرور : عاشقانہ مزاج کا آدمی ۔

Romantical : (a) دیکھو Romantic (a)

Romantically : (adv.) رومان کی طرح : تخیّل پرستی سے : خیالی طور پر ۔

Romanticalness : (n) رومانی ہونے کی حالت یا صفت ۔

Romanticism : (n) (۱) رومانیت : رومانی طرز انشاء ۔ (۲) رومانی ہونے کی حالت ۔ (۳) اٹھارھویں صدی کی ادبی ، فنی اور فلسفیانہ تحریک جو کلاسیکی آرٹ کے خلاف رد عمل کی صورت میں ظاہر ہوئی اور جس میں تخیّل اور جذبات کو زیادہ اہمیت دی گئی تھی : رومانی تحریک ۔

Romanticist : (n) (۱) رومانی تحریک کا حامی ۔ (۲) رومان نویس : رومانی طرز کا انشا پرداز ۔

Romanticist / Romanticistic : (a) رومانی تحریک کا یا اس سے متعلق ۔

Romanticity : (n) دیکھو Romanticism

Romanticization : (n) رومانی رنگ چڑھانے کا عمل ۔

Romanticize : (v) (۱) رومانی بنانا : تصوراتی ، خیالی یا فکری نظریہ رکھنا ۔ (۲)رومانی رنگ چڑھانا : رومانی طرز میں لکھنا: رومانی انداز میں پیش کرنا ۔

Romanticly : (adv.) دیکھو Romantically

Romantism : (n) دیکھو Romanticism

Romany/ Rommany : (n) [Gipsy 'Roman'.] (۱) جپسی کی زبان : جپسی قوم (جمع میں) : خانہ بدوش : جپسی : قبطی۔

Romany : (a) جپسی : جپسی رواج سے مشابہ ۔

Romaunt : (n) [OFr. 'Roma(u)nt'.] (۱) رومان : رزمیہ داستان : رومانی نظم ۔ (۲) رومانی طرز تحریر ۔

Rombowline / R(h)umbowline : (n) [Origin unkn.] (جہاز رانی) بیکار بادبان یا رسّی جو عارضی استعمال کے لئے ہوتی ہے ۔

Rome : (n) [L. 'Roma'.] (۱) روما : سلطنت روما : رومن امپائر ، شہر روما: روما کی قدیم ریاست۔ (۲) رومی کلب ۔ (۳)رومن کیتھولک چرچ ، اس کے اثرات ۔

Do in Rome as the Romans do : جیسا دیس ویسا بھیس۔

Rome-penny : (n) (تاریخ) دیکھو Peter(s) - penny

Rome-scot : (n) دیکھو Rome-penny

Romeine : (n) (۱) کیلشیم کا انٹی سونیٹ جو زردی مائل بلور میں پایا جاتا ہے $(Ca, Fe, Mn, Na)_2 (Sb, Ti)_2 O_6 (O, OH, F)$ ۔

Romeite : (n) دیکھو Romeine

Romeward/ Romewards : (adv.) (۱) روما کی طرف یا جانب ۔ (۲) رومن کیتھولک چرچ کی طرف (مائل) ۔

Romeward : (a) رومن کیتھولک چرچ کی جانب مائل ۔

Romic : (a & n) Dr. Henry Sweet کے ایجاد کردہ تلفظ(Phonetic) کے طریقہ کا نام ۔

Romish : (a) روما کے مذہب کا یا اس سے متعلق : کیتھولک مذہب یا رومی کلیسا کا ۔

Romishly : (adv.) رومی کلیسا کے طور پر ۔

Romishness : (n) رومی کلیسا کا طریقہ یا اصول ۔

Romp : (n) [Perh. vsar. of 'Ramp (n)'.] (۱) اودھم مچانے والا : دھینگا دنگا کرنے والا : ہڑدنگا یا اودھمی لڑکا ۔ (۲) ہڑدنگی عورت یا لڑکی : کھلاڑی لڑکی (یا عورت) : زندہ دل لڑکی (یا عورت) ۔ (۳) دھما چوکڑی : دھینگا مشتی : اودھم : زندہ دلی ۔

Romp : (v) (۱) دھما چوکڑی کرنا یا مچانا : دھینگا مشتی کرنا : اودھم مچانا : شور شرابا کرنا ۔ (۲) (بچوں کا) ساتھ کھیلنا کودنا : ہڑدنگا مچانا ۔ (۳) (گھوڑ دوڑ) آسانی سے اول آنا : ہنستے کھیلتے میدان جیت لینا ۔

Romper : (n) ہڑدنگا کرنے والا ۔ (۲) (خصوصاً جمع) ایک قسم کا بچکانہ لباس : بچوں کی اوپری پوشاک : بچوں کے لباس کی حفاظت کے لئے اوپر سے پہننے والی ایک پوشاک (جو پورے لباس کے اوپر ہوتی ہے) ۔

Romping : (a) (۱) (شخص) دھینگا مشتی کرنے والا : ہڑدنگا کرنے والا ۔ (۲) (حرکت) اودھم مچانے کی صفت رکھنے والا : اودھمی ۔

Rompingly : (adv.) ہڑدنگے کے ساتھ : دھینگا مشتی کے طور پر ۔

Rompish : (a) دیکھو Romping (a)

Rompishness : (n) دھینگا مشتی : اودھم : دھما چوکڑی ۔

Rompy : (a) چنچل : ہڑدنگا : اودھمی ۔

Roncador : (n) [Sp.] (امریکا) ایک قسم کی مچھلی جو شمالی امریکا میں پائی جاتی ہے ۔

Rondache : (n) [Fr.] چھوٹی مدور شیلڈ یا چھوٹی ڈھال ۔

Ronde : (n) [Fr. 'Ronde'.] ٹائپ کی ایک شکل (ہینڈ رائٹنگ کے مشابہ) ۔

Rondeau : (n) [Fr. later formof 'Rondel'.] (۱) دس یا تیرہ مصرعوں کی ایک نظم (جس میں صرف دو قافیے ہوتے ہیں اور جس کا پہلا مصرع ٹیپ کا ہوتا ہے) ۔ (۲) ٹیپ : ترجیع ۔ (۳) (موسیقی) دیکھو Rondo ۔

Rondel : (n) [Fr. 'Rondel' (later roundeau).] (۱) دائرہ ۔ (۲) Rondeau یا اس کی ایک خاص قسم ۔

Rondeletia : (n) [mod. L. 'Rondelet'.] (۱) جنس Cinchonaceae کا امریکی درخت ۔ (۲) اس درخت کی طرح کی خوشبو ۔

Rondo : (n) [It. 'Rondo'.] (۱) (موسیقی) ایک نغمہ جس میں ایک خاص موضوع دہرایا جاتا ہے ۔ (۲) دوری گیت ۔

Rondure : (n) [Fr. 'Rondeur'.] (شعر و شاعری) حلقہ : دائرہ : گول چیز ۔

Roneo : (n) (میکانیات) ناقلہ : رونیو ۔

Ronggeng : (n) [Malay.] ملیشیا کی رقاصہ : ایک مشہور رقص (اکثر گانے کے ساتھ) ۔

Ronin : (n) [Jap.] (۱) جلا وطن کرنا : خارج البلد : قانون کی حمایت سے محروم : قدیم جاپانی جاگیر دار جو ادھر اُدھر مارا پھرے ۔ (۲) وہ طالب علم جو یونیورسٹی کے انٹرنس امتحان میں فیل ہو گیا ہو ۔

Rontgen : (n) (۱) (تاریخ) جرمن سائنس داں کا نام : رانجن ۔ (۲) رانجن اکائی ۔

Rontgen rays : (n) (طبیعیات) رائینی شعاعیں : لا شعاعیں : ایکس ریز ۔

Rontgenism : (n) رانجن شعاعوں کے ذریعہ امالہ کی ہوئی مریضانہ حالت ۔

Rontgenize : (v) رانجی شعاعوں کے ذریعہ بجلی نکالنا ۔

Rontgenogram : (n) (فوٹوگرافی) لاشعائی تصویر : رانجی فوٹو : فوٹو جو Rontgen شعاعوں سے لیا جائے ۔

Rontgenography : (a) (فوٹوگرافی) لاشعاعی عکاسی ۔

Rontgenology : (n) لا شعاعیات : علم اشعۂ رانجنی ۔

Rontgenoscopy : (n) (طب) لا شعاعی معائنہ ۔

Rontgenotherapy : (n) (طب) لا شعاعی معالجہ ۔

Rood : (n) [OE. 'Rod'.] (۱) صلیب مسیح ۔ (۲) صلیب (خصوصاً وہ جو Rood screen پر بنی ہوتی ہے) ۔ (۳) چوتھائی ایکڑ زمین : زمین کا چھوٹا سا قطعہ ۔

Rood-arch : (n) گرجے کے وسط اور مشرقی حصے کی درمیانی محراب ۔

Rood-beam : (n) آڑا شہتیر جس پر Rood Screen قائم ہوتا ہے ۔

Rood cloth : (n) غلاف جو Lent کے زمانے میں گرجے کی صلیب پر چڑھا دیا جاتا ہے ۔

Rood day : (n) (تاریخ) رفیع مسیح کا دن (۱۴ ر ستمبر) یا صلیب کی بنیاد کا دن (۳ ر مئی)۔

Rood goose : (n) دیکھو Brant

Rood loft : (n) گیلری جو Rood screen کے اوپر ہوتی ہے۔

Rood screen : (n) لکڑی یا پتھر کی منقش اوٹ جو گرجے کے وسط اور مشرقی حصے کے درمیان ہوتی ہے ۔

Rood steeple / -spire / -tower : (n) گرجا کے بغلی رستوں اور بیچ کے حصے کے نقطۂ تقاطع کے اوپر بنا ہوا مینار ۔

Roof : (n) [OE. 'Hrof'.] (۱) چھت ؛ سقف ؛ سائبان ۔ (۲) (مجازاً) کسی چیز کا بلند ترین مقام ۔ (۳) گاڑی کی چھت ۔ (۴)(کان کنی) گیلری کا اوپری سرا ؛ کوئلے کی اوپری تہ ؛ کوئلے کی اوپری پرت ۔

The roof of the mouth : تالو ۔

The roof of the world : بلند سلسلۂ کوہ ۔

Under one's roof : اپنے گھر میں ۔

Roof : (v) (۱) چھت ڈالنا ؛ چھت کا کام دینا ؛ چھت سے ڈھانکنا ۔ (۲) پناہ لینا ؛ پناہ دینا ؛ حفاظت کرنا ؛ چھپانا ؛ حفاظت میں آنا ؛ ٹھہرانا ۔

Roof-cat : (n) ہندوستانی بلّی کی ایک قسم ۔

Roof covering : (n) (تعمیرات) چھت کا پٹاؤ ۔

Roof-garden : (n) (۱) چھت کے اوپر پودوں کی کثرت (گملوں میں) ؛ چھت کے اوپر باغ ۔ (۲) کسی عمارت کے اوپر ہوٹل یا ریستوران (جہاں کھانے کے علاوہ رقص و سرود کی محفل بھی جمتی ہے) ۔

Roof-mask : (n) باہری چھت (جو اندرونی چھت کی حفاظت کرتی ہے) ۔

Roof-swell : (n) آرگن باجے کی ایک قسم ۔

Roof tile : (n) (تعمیرات) چھت کھپڑا ۔

Roof-tree : (n) چوب جس پر گاڑی کی چھت قائم ہو ؛ شہتیر چھت ۔

Roof truss : (n) (تعمیرات) چھت کی قینچی ۔

Roofage : (n) (تعمیرات) سامانِ چھت ؛ چھت کا سامان ۔

Roofed : (a) (۱) چھت کا ؛ چھت سے چھپا ہوا ؛ چھت نما ؛ چھت دار ؛ بام دار ؛ مسقف ۔ (۲) چھت کی ایک خاص قسم کو ظاہر کرنے والا ۔

Roofer : (n) (۱) چھت بنانے والا یا مرمت کرنے والا ۔ (۲) (روزمرہ) شکریے کا خط جو مہمان رخصت ہونے کے بعد بھیجتا ہے ۔

Roofing : (n) (۱) چھت سے چھپانے کا عمل ؛ چھت بنائی ؛ چھت بندی؛ سقف سازی ۔(۲) چھت کے لئے استعمال ہونے والے سامان ۔ (۳) (کان کنی) زمین دوز رستّے کے سرے سے بھرے ہوئے ٹوکرے کے سروں کو پچڑ سے جڑ دینا ۔

Roofless : (a) (۱) بے چھت کا ؛ غیر سقف ۔ (۲) دیکھو Homeless ۔

Rooflet : (n) چھوٹی چھت ۔

Roofy : (a) چھت دار ؛ مسقف ۔

Rooinek : (n) [Du . 'Rood-e+neck'.] شمالی افریقہ کی طرف ہجرت کرنے والا برطانوی ؛ Boerwar میں برطانوی سپاہی ۔

Rook : (n) [OE. 'Hroc'.] (۱) رُوک ؛ ایک طرح کا کوا ؛ غداف ؛ غُراب القیظ ؛ کلاغ (سیاہ) ۔ (۲) تاش کے کھیل میں بے ایمانی کرنے والا ؛ تاش چور ؛ ٹھگ ؛ فریبی ؛ جعل ساز ۔ (۳) بد لگام ، منہ پھٹ شخص کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛ دھوکا دینے والا (خصوصاً جوئے میں) ۔

Rook : (n) [OFr. 'Roc (k)'.] (شطرنج) رُوک ؛ رُخ ۔

Rook : (v) رُخ سے بادشاہ کو شہ دینا ؛ رخ بندی کرنا ۔

Rook : (v) فریب دینا ؛ جعل سازی کرنا ؛ دھوکا دینا (جوئے وغیرہ میں) (خصوصاً عامیانہ) ۔

Rook-pie : (n) ایک کھانا جو کلاغ کے گوشت سے تیار ہوتا ہے ۔

Rook-rifle : (n) چھوٹے دہانے کی بندوق ۔

Rookery : (n) [fr.'Rook (n) i + -ery .] (۱) درختوں کا جھنڈ جہاں کوے مل کر رہتے ہیں ؛ کووں کی آبادی ، اڈا ۔ (۲) Seal یا Penguin کے جمع ہونے کی جگہ؛ سمندری چڑیوں کے رہنے کی جگہ ۔ (۳) جھونپڑیوں کا جھنڈ ؛ معمولی لوگوں کے مکانات کی بستات ۔ (۴) (بول چال) گڑبڑ ؛ شور غل ؛ ہنگامہ ؛ جھگڑا ؛ خلل ؛ اضطراب ؛ شورش ۔

Rookie : (n) (۱)مبتدی : نو آموز ؛ رنگروٹ ؛ فوج میں اولاً بھرتی ہونے والا ۔ (۲) ایتھلیٹک ٹیم کا نیا ممبر خصوصاً Base ball کا نیا کھلاڑی ۔

Rooklet/ Rookling : (n) چھوٹا سا روک ؛ چھوٹا سا کوّا ۔

Rooky : (a) جہاں کوؤں کی کثرت ہو ؛ کوؤں سے بھرا ہوا ۔

Room : (n) [OE. 'Runy'.] (۱) مقام ؛ جگہ ۔ (۲) جائے سکونت ؛ مکان ؛ آرام کی جگہ ؛ وافر جگہ ۔ (۳) کمرا ؛ کوٹھری ۔ (۴) (جمع) مکان ؛ بڑے مکان کا ایک کمروں کا جوڑ ؛ لا جنگ ۔ (۵) (مجازاً) کچھ کرنے کا موقع ؛ کسی چیز کے لئے موقع ؛ گنجائش ؛ موقع ۔ (۶) کسی مقام، جگہ کا مخصوص حصہ ؛ مخصوص حصہ یا علاقہ ۔ (۷) کسی عمارت کا اندرونی حصہ ؛ چیمبر ۔ (۸) ایک کمرے میں جمع لوگ ؛ کمپنی ۔ (۹) کوئلہ کان کے ستونوں کے درمیان کی جگہ ۔

In one's room : دوسرے کی جگہ پر ؛ کسی کے مقام پر ؛ بدل میں ۔

In the room of : بجائے ؛ جگہ پر ؛ اس کے بدلے ۔

No room to turn in / No room to swing a cat : تنگ و محدود جگہ ۔

To give room: جگہ دینا ؛ واپس ہونا ۔

To make room : سرکنا ؛ ہٹنا ؛ جگہ کرنا ؛دوسروں کے لئے جگہ بنانا ؛ جگہ خالی کرنا (دوسرے کو ہٹا کر) ۔

Room : (v) (۱)(امریکا) کمرہ لینا؛ لاج میں قیام کرنا ۔ (۲)رہنا ؛مقیم ہونا ؛ مکان یا کمرا لے کر رہنا ؛ دوسرے کے ساتھ کمرہ لینا ۔ (۳) (مہمان کو) ٹھہرانا ؛ قیام کا انتظام کرنا؛ جگہ دینا ۔

Room and board : (n) قیام و طعام ۔

Room and space : (n) (جہاز سازی) کشتی کے فریم کی ایک جانب سے دوسری جانب کی دوری ۔

Room clerk : (n) ہوٹل کا کرانی (جو کرایہ کے روم کا انچارج ہوتا ہے) ۔

Room-mate : (n) (امریکا) ایک ساتھ رہنے والا ؛ ہم قیام؛ ایک ہی کمرے میں رہنے والا ؛ شریک کمرہ ؛ ہم منزل؛ ہم اطاق ۔

Roomage : (n) (امریکا) جگہ ؛ مقام ؛ مکان ؛ جائے سکونت ؛ ٹھہرنے کی جگہ ؛ گنجائش ؛ اندرونی وسعت ۔

Roomed : (a) (۱) اطاق دار ؛ جائے سکونت والا ؛ کمرے کا ۔ (۲) پر فضا ؛ بزرگ ؛ وسیع ۔

Roomer : (n) (مکان یا کمرا لے کر) رہنے والا ؛ کرایہ میں رہنے والا ؛ لاجنگ (Lodging) میں رہنے والا ۔

Roomful : (n) کمرہ بھر ؛ پورے کمرے کے برابر ؛ جتنا کمرہ میں سما سکیں ؛ لوگ یا چیز جو کمرہ میں آ سکیں ۔

Roomie / Roomy / Roomies: (n) دیکھو Room-mate

Roomily : (adv.) وسعت کے ساتھ ۔

Roominess : (n) گنجائش ؛ کشادہ ہونے کی حالت ؛وسعت ؛ فراخی ؛ بڑی گنجائش ۔

Rooming house : (n) لا جنگ ؛ وہ جگہ جہاں کمرے کرایہ پر ملتے ہوں۔

Roomth : (n) (بول چال) جگہ خصوصاً کُھلی ہوئی ؛ فراخ مقام ؛ کشادہ جگہ ۔

Roomthy : (a) (۱) وسیع ؛ کشادہ ؛ فراخ ؛ گنجائش ؛ بڑا ۔ (۲) (مادہ جانور) بڑے جسم والی ؛ مضبوط ؛ طاقت ور ۔

Roomy : (a) دیکھو Roomthy

Roop : (n) [Var. of Roup (n).] گلو گرفتگی ؛ آواز کا پھٹا یا بھرا ہونا ؛ بھاری آواز ۔

Roopy : (a) (بول چال) (آواز) گلو گرفتہ ؛ بھاری ؛ بھرائی ؛ بیٹھی ۔

Roorback / -bach : (n) [A. fictitious personal name.] (امریکا) غلط بیان یا بہتان ؛ تہمت (سیاسی مقصد کے لئے گڑھا گیا) ۔

Roosa / Rusa : (n) [Hindi 'Rusa'.] ایک قسم کی ہندوستانی گھاس ؛ روسا جس سے تیل نکالا جاتا ہے ۔

Roost : (n) [OE. 'Hrost'.] (۱) ڈربا ؛ بسیرا (پرند کا) اڈا ؛ بسیرے کی جگہ ۔ (۲) (مجازاً) سونے کی جگہ ؛ بستر ؛ سونے کا کمرہ ؛ آرام کی جگہ ؛ لا جنگ ۔ (۳) مرغی کا گھر ؛ مرغی کا ڈربا ۔ (۴) پرندوں کی تعداد یا اجتماع جو ٹھہرنے کی جگہ بنا لے ۔

At roost : بستر میں ؛ آرام سے ۔

Curses come home to roost : اپنا کو سا اپنے آگے آتا ہے ۔

To come home to roost : ایجاد کرنے والے کی طرف لوٹنا ؛ چاہ کن را چاہ در پیش ہونا ۔

To go to roost : بستر پر لیٹ جانا ؛ آرام کرنا ۔

To take roost : قیام پذیر ہونا ؛ آرام کرنا ؛ پرندے کا کسی شاخ وغیرہ پر اترنا ۔

Roost : (n) [ON. 'Rost'.] Shetland اور Orkney جوار اور بھاٹا جو جزیروں کے درمیان اٹھتا ہے ۔

Roost : (/) (۱) (پرند کا) بسیرا لینا ؛ سونا ؛ آرام کرنا ۔ (۲) سونے کا انتظام کرنا (کسی شخص کے) ۔ (۳) رات گزارنا ؛ قیام کرنا ۔

Rooster : (n) (امریکا اور بول چال) مرغا ؛ خروس ۔

Root : (n) [late OE.'Rot'.] (۱) میخ ؛ جڑ ؛ ریشہ ؛ بُن ۔ (۲) جڑوں کا سلسلہ ۔ (۳) درخت نشیں (دوسرے درختوں پر چڑھنے والے) پودوں یا بیلوں کی جڑ ۔ (۴) پودوں کی جڑ جو کھانے میں آتی ہے (جیسے گاجر ، مولی ، شلجم وغیرہ) ۔ (۵) (بائبل) اولاد ؛ بنیاد ؛ اصل و نسب ۔ (۶) دانت یا اعضا کی جڑ ؛ کسی چیز کا وہ حصہ جس سے وہ کسی بڑی چیز سے پیوست ہو ۔ (۷) منبع ؛ سر چشمہ ؛ اصل ؛ جڑ ؛ بنیان ؛ پایہ ۔ (۸) بنیاد ؛ اساس ؛ مدار ۔ (۹) (معاملے کی) تہ ؛ اصلیت ۔ (۱۰) (ریاضیات) جذر ؛ قیمت ؛ قدر ۔ (۱۱) (لسانیات) مادّہ (لفظ کا) ۔ (۱۲) (موسیقی) بنیادی سر ۔ (۱۳) کسی چیز کا لازمی حصہ ؛ اصلی جڑ ؛ اصلی بنیاد ۔

Adventitious root : (n) (نباتیات) اتفاقی جڑ ۔

By the root (s) : جڑ سے اکھاڑ دینا ؛ پودے یا درخت کو پورے طور پر کھینچ کر ظاہر کرنے والا ۔

Cube root / Third- : دیکھو Cube (n) ؛ ریاضی (کعب) ۔

Square root : (ریاضیات) جذر ۔

The root of the matter : اس کی اصلیت یہ ہے ۔

To lay axe to root : درخت کی جڑ کاٹ ڈالنا ؛ (مجازاً) کسی ادارے کی بنیاد منہدم کر دینا ۔

To pull up by the roots : جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دینا ؛ (مجازاً) استیصال کر دینا ۔

To take root /-strike- : جڑ پکڑنا ؛ (مجازاً) مستحکم ہو جانا ؛ قائم ہو جانا ؛ کسی جگہ پر مستقل سکونت اختیار کر لینا ۔

Root : (v) (۱) جڑ قائم کرنا ؛ جڑ پکڑنا ؛ جمانا ؛ (بنیاد) مستحکم ؛ گہرائی تک گاڑنا ۔ (۲) (پودا) مستحکم ہونا ؛ جڑ پکڑنا ۔ (۳) (مجازاً) قائم ہو جانا ؛ مستقل ہو جانا ؛ مستقل بنیاد پر قائم ہونا ۔ (۴) جڑ سے اکھاڑ پھینکنا ؛ بیخ کنی ؛ استیصال کرنا (مجازاً) ۔ (۵) جڑ سے اکھاڑنا یا اکھاڑ دینا ؛ (مجازاً) ؛ غارت کرنا ؛ بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنا ؛ تباہ و برباد کر دینا ۔ (۶) بالکل ختم کر دینا ؛ صاف کر دینا ۔ (۷) طاقت کے ذریعہ ہٹا دینا ؛ بہ زور ایک جگہ سے گھسیٹنا ۔ (۸) شاخیں کاٹنا ؛ جڑیں اکھاڑنا ؛ جڑیں قطع کرنا ۔

Root : (v) [later form of 'Wroot'.] (۱) منہ یا چونچ سے زمین کریدنا (غذا کی تلاش میں) (نیز کیڑے اور مچھلیوں کی تلاش میں) ۔ (۲) تلاش کر لینا ؛ ڈھونڈ نکالنا ؛ جستجو کرنا ؛ کریدنا ؛ چھان مارنا ؛ ٹوہ لگانا ؛ تفتیش کرنا ؛ راز جوئی کرنا ؛ دریافت کرنا ؛ معلوم کرنا ۔ (۳) (امریکا) (عام) ہمت دلانا ؛ مدد کرنا ؛ اظہار مسرت کرنا ؛ تعریف کرنا ۔ (۴) کھودنا ؛ کریدنا ۔ (۵) (مجازاً) تلاش کرنا ؛ ڈھونڈ لینا ۔

Root absorption : (n) (نباتیات) بیخی جذب ۔

Root and branch : (n) بیخ و بن ۔

Root apex : (n) (تشریح) نوک بن (دندان) ۔

Root band : (n) (نباتیات) جڑ دار حصہ ۔

Root-beer : (n) (امریکا) جڑوں سے تیار کیا ہوا شربت ؛ جڑوں کی شراب ۔

Root-climber : (n) (۱) ایک قسم کا پودا ۔ (۲) کسی چیز کی بنیاد ؛ بنیادی شکل ۔ (۳) جڑوں کو نقصان پہنچانے والا ایک کیڑا ۔

Root fallacy : (n) بنیادی غلطی ۔

Root fly : (n) دیکھو Cabbage- fly

Root-form : (n) (۱) کسی چیز کی بنیادی شکل ؛ اساسی شکل ۔ (۲) جڑ کو تباہ کرنے والا کیڑا ۔

Root hair : (n) (نباتیات) مو ؛ بیخ ؛ جڑبال ۔

Root-house : (n) (۱)(خصوصاً باغ میں)جڑوں سے بنا ہواخوبصورت مکان ۔ (۲) جڑوں کو رکھنے کا گھر ؛ مکان کا وہ حصہ جو اناج وغیرہ رکھنے کے لئے مخصوص ہو ۔

Root-leaf : (n) جڑ کی پتی ۔

Root-mean-square : (n) (ارضیات) جذر اوسط مربع ۔

Root-mean-square velocity : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) جذر اوسط مربع رفتار ۔

Root nodulus : (n) (نباتیات) گریک بیخ ؛ جڑ گومڑی ۔

Root of a mountain : (n) (ارضیات) دامنِ کوہ ۔

Root of equation : (n) (ارضیات) مساوات کی قیمت ۔

Root out : (v) (۱) استیصال کرنا ؛ نیست و نابود کر دینا ؛ قلع قمع کرنا ؛ تباہ و برباد کرنا ۔ (۲) جڑ سے کھودنا ؛ نکال پھینکنا ۔ (۳) جڑ سے اکھاڑ پھینکنا ؛ بیخ کنی کرنا ۔

Root position : (n) (موسیقی) تار کا ایسی جگہ ہونا جہاں Re مدھم سُریں ہو ۔

Root pressure : (n) (نباتیات) بیخنی دباؤ ۔

Root rot : (n) (نباتیات) سوکڑا ؛ اکھیڑا ۔

Root-run : (n) جڑ کے بڑھنے کی جگہ ۔

Root shoot : (n) جڑ شاخ ۔

Root-stalk : (n) (نباتیات) جڑ ڈنٹھل ۔

Rootage : (n) (۱) جڑیں ۔ (۲) (کسی چیز کی) ابتداء ؛ بنیاد ۔

Rooted : (a) (۱) جڑوں والا ؛ بیخ دار ؛ ریشہ دار ۔ (۲) زمین میں لگایا ہوا ؛ زمین میں گڑا ہوا ؛ جڑ پکڑے ہوئے ۔ (۳)مضبوط ؛ مستحکم ۔ (۴) راسخ (عادت ، خیالات)۔ (۵) (بیماری ، عارضہ) کہنہ ؛ مزین ؛ شدید ؛ سخت ؛ بہت دن کا ۔ (۶) پھاڑا ہوا ؛ شکستہ ۔

Rootedly : (adv.) استحکام سے ؛ شد و مد سے ۔

Rootedness : (n) مضبوطی ؛ استحکام ؛ گہرائی ۔

Rooter : (n) (۱) جڑ سے اکھاڑنے والا؛ بالکل ختم کر دینے والا ۔ (۲)مخرب ؛ خراب کرنے والا ۔

Rootery : (n) جڑوں کا ڈھیر جس پر باغ کے پودے اگائے جاتے ہیں ۔

Rootiness : (n) جڑ کی خصوصیت ۔

Rooting : (n) (نباتیات) جڑ پکڑنا ۔

Rootless : (a) بے جڑ کا ۔

Rootlet : (a) (۱) بیخچہ ؛ چھوٹی جڑ ۔ (۲) پودے کی جڑ کی شاخ ؛ ذیلی جڑ ؛ ثانوی جڑ ۔ (۳) (اناج کا شعیرہ بنانے میں) بھگوئے ہوئے اناج کی چھوٹی جڑ؛ آنکور ۔ (۴)(تشریح) جڑ تار ؛ رگ کا ریشہ ۔

Rootlike : (n) جڑ نما ؛ جڑ مانند ۔

Rootstock : (n) (۱) (نباتیات) زمین ساق ؛ جذ ر ۔ (۲) جس کی جڑیں زمین میں پیوست ہوں ۔ (۳) اصلی شکل ؛ اساسی شکل ؛ اصل ؛ منبع ؛ سر چشمہ ۔

Rooty : (a) (۱) پر بیخہ ؛ بیخ ۔ (۲) جڑیلا ؛ جڑوں سے بھرا ہوا ؛ پٹا ہوا ۔ (۳) جڑ کا سا ؛ جڑ کی خصوصیت رکھنے والا ۔

Rooty : (n) (فوجی روزمرہ) روٹی ۔

Rope : (n) [OE. 'Rap'.] (۱) رسی ؛ رسن ؛ ریسمان ؛ رسا ؛ تار کی بٹی ہوئی رسی ؛ ڈوری ؛ طناب ؛ تانت ۔ (۲) لیس دار تہ جو بیئر ، شراب وغیرہ پر جم جاتی ہے ۔ (۳) پھانسی کی رسی ، تسمہ ، ڈوری جس میں گلے میں ڈالنے کے لئے حلقہ ہو ؛ پھانسی کا پھندا ۔ (۴) رسی نما ساخت ؛ طنابی شکل کی چیز ؛ فیتہ ۔ (۵) موتیوں وغیرہ کی لڑی۔ (۶) پیاز وغیرہ کا ہار ۔

A rope of sand : وہ چیز جس میں باندھنے کی طاقت نہ ہو ؛ جھوٹا سہارا ۔

High (a) دیکھو On the high ropes :

On the rope : ایک دوسرے سے رسے سے بندھے ہوئے (پہاڑ پر چڑھنے والے) ۔

The rope / Tight - : پھانسی کی رسی ؛ پھانسی کا پھندا ۔

The ropes : وہ رسیاں جن سے اکھاڑے کی باڑ بنائی جائے ؛ باڑ رسیوں کی ۔

To come to the end of one's rope : غلط کاری سے روک دیا جانا ۔

To give person rope (enough or plenty of rope) : ڈھیل دینا : کافی یا بہت ڈھیل ہونا ۔

To give one enough rope to hang himself : اتنی ڈھیل دینا کہ انسان آپ ہی اپنی ہلاکت کا سامان کرے ۔

To give one rope : ڈھیل دینا ۔

To know the rope : کسی کام کے نشیب و فراز کو جاننا یا سمجھنا ۔

To learn, put one up to , the rope : معاملے کا نشیب و فراز سمجھنا یا سمجھانا ۔

Rope : (n) [OE.'Rop'.] (۱) (بول چال) آنتیں : انتڑیاں : اوجھڑی ۔ (۲) آنت : معدے کی نالی (عموماً جمع) ۔

Rope : (v) (۱) رسی سے باندھنا یا جکڑنا ۔ (۲) (پہاڑ پر چڑھنے والوں کو) ایک دوسرے کے ساتھ رسی سے باندھ دینا ۔ (۳) رسی سے کشتی کھینچنا : رسیوں سے مدد کرنا ۔ (۴) رسی سے جگہ کو گھیرنا : رسی کی باڑ بنانا ۔ (۵) گھوڑے کو روکے رہنا تاکہ ہار جائے ۔ (۶) (آدمی کا دوڑ میں) خاص کر کے پیچھے رہ جانا ۔ (۷) (سیال شے پر) لیس دار تہ جم جانا ۔ (۸) رسیوں سے پکڑنا : جانوروں کو کمند سے پکڑنا ۔ (۹) پھندے یا جال میں پھانسنا ۔ (۱۰) کھینچنا : رسے کی صورت میں بانٹنا ۔ (۱۱) رسے کے سہارے چڑھ جانا : رسے کے ذریعے اترنا ۔

Rope-band : (n) Roband کی اشتقاقی شکل ۔

Rope-dancer : (n) (میکانیات) رسن باز : بازیگر : تنے ہوئے رسے پر نٹ کے کرتب دکھانے والا ۔

Rope-dancing : (n) بازیگری : رسن بازی : رسی کے اوپر رقص ۔

Rope-drill : (n) رسا قواعد (جس میں دو آدمی رسا تانتے ہیں اور یہ سپاہیوں کی صفت سمجھی جاتی ہے) ۔

Rope in : (v) پھانسنا : طرفدار بنانا ۔

Rope-ladder : (n) کمند : رسا سیڑھی ۔

Rope moulding : (n) بٹی ہوئی رسی کی شکل کا حاشیہ (دیوار وغیرہ کا) ۔

Rope of onions : (n) پیاز کا ہار ۔

Rope of sand : (n) جھوٹا سہارا ۔

Rope pump : (n) ایک رسا جس میں دو چرخیاں ہوتی ہیں ایک پانی میں اور دوسری کنویں کے اوپر اور اس رسے کو زور سے گھمایا جاتا ہے ۔

Rope quoit : (n) رسی کا کنڈل جس سے کھیلتے ہیں ۔

Rope-walk : (n) زمین کا لمبا سا ٹکڑا جس پر کھڑے ہو کر رسی بٹتے ہیں ۔

Rope-walker : (n) رسی پر چلنے والا نٹ ۔

Rope-walking : (n) رسی پر چلنا ۔

Rope-work : (n) (۱) رسی سازی کا مقام : وہ جگہ جہاں رسیاں بنائی جاتی ہیں : طناب کاری ۔ (۲) رسیوں کی ترتیب ۔

Rope-yard : (n) (۱) (خصوصاً جہاز رانی) سن : سوت وغیرہ جس سے رسی بٹی جاتی ہے ۔ (۲) (مجازاً) بے حقیقت چیز ۔

Ropemanship : (n) رسے پر چلنے کی مہارت ۔

Roper : (n) (۱) رسی بنانے والا : رسی بانٹنے والا ۔ (۲) گانٹھ بنانے والا : رسی سے گٹھا کسنے والا ۔ (۳) (ریس) گھڑدوڑ میں گھوڑے سوار ہو کر اسے روکنے والا (جیتنے سے) ۔ (۴) (امریکا) کچے چمڑے کی کمند استعمال کرنے والا ۔ (۵) قمار بازی کے اڈے کا ٹھگ ۔

Ropery : (n) (۱) وہ جگہ جہاں رسی بنائی جائے : رسی بنانے کی جگہ ۔ (۲) دیکھو Rope-walk ۔

Rope's end : (n) (۱) رسی کے سرے کا کوڑا : رسی کا سرا خصوصاً رسی کے سرے کا ٹکڑا جو سزا کا آلہ ہوتا ہے ۔ (۲) پھانسی کا پھندا : تسمہ ۔

Rope's end : (v) کوڑا مارنا : (گھوڑے وغیرہ کو) چابک مار کر چلانا : کوڑے سے سزا دینا : پھانسی کا پھندا لگانا ۔

Ropily : (adv.) (۱) رسی کے طور پر : طناب کے طور پر ۔ (۲) لس دار ہوتے ہوئے ۔

Ropiness : (n) (۱) سن دار ہونا ۔ (۲) رسی نما ہونے کی حالت ۔

Roping : (n) رسی بٹنا : رسی بنانا ۔

Ropy / Rapey : (a) (۱) جس پر لس دار تہ جم گئی ہو ۔ (۲) طناب مانند : رسی نما ۔ (۳) رسی کی طرح مضبوط ۔ (۴) (بول چال) معمولی قسم کا : ادنیٰ : خراب ۔

Roquefort : (n) [Fr.'] بکری یا بھیڑ کے دودھ سے بنا ہوا فرانسیسی پنیر۔

Roquelaure : (n) [Fr.] (تاریخ) مردانہ جبہ گھٹنوں تک لمبا : فرغل؛ لبادہ۔

Roquet : (v) ایک گیند سے دوسری گیند کو مارنا۔

Roquet : (n) ایک گیند سے دوسری گیند کو مارنے کا عمل۔

Roqueted : (a) ایک گیند دوسری گیند کو مارا ہوا۔

Roqueting : (n) ایک گیند سے دوسری گیند کو مارنا۔

Roric : (a) (موسمیات) شبنمی۔

Roridus : (a) (موسمیات) شبنم پوش۔

Roris : (n) شبنم : اوس۔

Rorqual : (n) [Fr.] وہیل مچھلی جس کے پر (fin) پیٹھ پر ہوتے ہیں : وہیل مچھلی کا ایک قسم۔

Rorschach : (n) (ہرمن رورس چاچ (۱۸۸۴-۱۹۳۲ء) کا نام : سوئٹزر لینڈ کا روحانی محقق جس نے نفسیاتی طور پر علاج کا طریقہ اپنایا۔

Rorty / Raughty : (a) [Origin unkn.] (عام) مزیدار : پر لطف : عمدہ : شاندار : مسرت بخش۔

Rosa : (n) (نباتیات) جنس گلاب۔

Rosa grandiflora : (n) (نباتیات) نسترن۔

Rosa Moschata : (n) (نباتیات) کوجا۔

Rosace : (n) [Fr. f. 'Rose'.] (۱) گول کھڑکی جس میں پہیے کے دھروں کی طرح سلاخیں لگی ہوں۔ (۲) گلاب کی شکل یا نقش۔

Rosaceae : (a) [L.] (نباتیات) گلابیہ : وردیہ۔

Rosacean : (n) (نباتیات) گلاب کی قسم کا پودا : گلابیہ کی جنس کا پودا۔

Rosaceous : (a) [L. 'Rosaceus'.] گلابی : گلاب نما : گلاب کی قسم کا۔

Rosaniline : (n) (۱)(کیمیا) ایک اساس جو انیلین (Aniline) سے بنتا ہے۔ (۲) سرخ رنگ جو اس سے بنایا جاتا ہے۔

Rosarian : (n) [f.L. 'Rosarium'.] (۱) (نباتیات) گلاب کی کاشت کا شوقین : گلاب پرور : گلباز۔ (۲) (رومی کلیسا) تسبیح خوانوں کی برادری کا رکن۔

Rosarium : (n) [L.] گلستان : باغ گلاب : گلاب کا چمن۔

Rosary : (n) [L. 'Rosarium '.] (۱) (تاریخ) ایک پینی کے برابر کا ایک اساسی سکہ (ایڈورڈ اول کے زمانے کا بنایا ہوا)۔ (۲) گلاب کا باغ : گلاب کا چمن : گلاب کی کیاری۔ (۳) رومی کلیسا کا ایک خاص وظیفہ۔ (۴) اس وظیفے کی کتاب۔ (۵) ۱۶۵ دانوں کی تسبیح جس پر یہ وظیفہ پڑھا جاتا ہے۔

The lesser rosary : ۵۵ دانوں کی تسبیح۔

Roscian : (a) [f. 'Quintus Roscius' a Roman actor.] رومی تماشاگر (ایکٹر) روسیوس (Roscius) کی طرح کا۔

Roscius : (n) [L.] (پہلی صدی ق۔م کے باکمال رومی تماشاگر کا نام) باکمال اور نامور تماشاگر : تماشا گر جو اپنے تئیں ایسا سمجھتا ہو۔

Rose : (n) [L. 'Rosa'.] (۱) گلاب : ورد۔ (۲) گلاب کی قسم کا کوئی اور درخت : گلاب کا درخت : گلاب کی جھاڑی۔ (۳)(نقابت) گلاب کا نشان : گلاب کی شکل کا تمغہ وغیرہ۔ (۴) گلاب کی شکل کا نقش (آرائش میں)۔ (۵) پھول جو جوتے یا پادریوں کی ٹوپی پر بنا ہوتا ہے)۔ (۶) جانور کے سینگ کی جڑ کا ابھار : پرند کی آنکھ کی پھکی۔ (۷) سوراخ دار بند ٹوپی جو کیاری سینچنے کے ظرف کی ٹوپی پر لگاتے ہیں۔ (۸) دیکھو Rose diamond. (۹) دیکھو Rose window. (۱۰)گلابی رنگ : چہرے کا سرخ رنگ : (خصوصاً جمع میں) سرخ رنگ کا چہرہ خصوصاً جوان عورت میں : گلگلوں چہرہ۔ (۱۱) (انجینیئرنگ) بزادہ۔(۱۲) وہ پھول جو خوبصورتی اور زیادہ سرخ ہونے کی وجہ سے ممتاز حیثیت رکھتا ہو۔ (۱۳) معیار کمال : کامل نمونہ (کسی چیز کا) مجموعۂ کمالات : خیر مجسم : خصوصاً بہت زیادہ خوبصورت عورت : حسین و جمیل عورت۔ (۱۴) (انگریزی تاریخ) سفید اور سرخ رنگ کا پھول جو یارک (York) اور لنکاسٹر (Lancaster) کے مکانوں کے علامت اور نشان تھے : ایک پارٹی جس کا نشان اس طرح کا تھا۔ (۱۵) انگلستان کے علامت کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ (۱۶) گلاب کے رنگ کا سیب، آلوچہ وغیرہ۔(۱۷) (تعمیرات) دیکھو Rosette-. (۱۸) دیکھو Rose-nail.

Bed of roses : پھولوں کی سیج ؛ آرام کی زندگی؛ آرام کی نوکری ؛ آرام کی جگہ ۔

Crumpled rose leaf : رنگ میں بھنگ ۔

Damask rose : (نباتیات) گلِ محمدی ۔

Golden rose : گلاب کی شکل کا تمغہ جسے پوپ ، لنٹ (Lent) کے چوتھے اتوار کو دعا دے کر کسی بادشاہ وغیرہ کو بھیجتا ھے ۔

Oil of roses : دیکھو Rose-oil

Path strewn with roses : عیش و عشرت کی زندگی ؛ چین کی زندگی ۔

There is no rose without a thorn : راحت جو محال ھو ؛ بغیر تکلف کے آرام نہیں ۔

The rose : (طب) سرخ بخار ؛ حمرہ ؛ لال بخار ۔

The rose of : فلاں جگہ کی سب سے حسین لڑکی ۔

Togather roses / Life's roses : گلچھرے اڑانا ؛عیش منانا ؛ زندگی کا لطف اٹھانا ۔

Under the rose : نجی طور پر ؛ پوشیدہ طور پر ؛ رازدانہ ۔

Wars of the roses : پندرھویں صدی میں انگلستان کے امراء کی خانہ جنگی جو Yorkists اور Lancastrian کے درمیان تھی ۔

White rose : (نباتیات) سیوتی ؛ نسترن ۔

Wild rose : (نباتیات) نسترن ۔

Yellow rose : (نباتیات) گل زرد ۔

Rose : (v) (۱) گلابی بنانا ؛ گلابی کرنا ؛ گلابی رنگ دینا ۔ (۲) گلاب کی طرح خوشبو دینا ؛ گلاب کی مہک ھونا ۔ (۳) (اون وغیرہ میں) کیمیاوی جز ملانا ۔

Rose : (a) گلابی ؛ گلاب کے رنگ کا ۔

Rose : (n) [Fr.] ہلکی گلابی شراب ۔

Rose acacia : (n) ایک امریکی پودا جس کے پھول گلابی رنگ کے ھوتے ہیں ۔

Rose-aniline : (n) دیکھو Rosaniline

Rose-aphis : (n) گلاب کے پودوں کا ایک کیڑا ۔

Rose-apple : (n) (۱)گرم ملکوں کا ایک درخت ؛ اس درخت کا پھل یا پھول ۔ (۲) (نباتیات) جامن ۔

Rose beetle : (n) کرم دانہ ؛ سونڈدار کیڑے جو غلہ ، پھل ، پتی وغیرہ پر بسر کرتے ہیں ۔

Rose-boy : (n) (۱) Oleander وغیرہ پودوں کو کہتے ہیں ؛ جنس رفل ؛ کنیر ؛ لال کنیر ۔ (۲) دیکھو Willow-herb ۔
Rousseauist : (n) (۱) روسوئیت کا پیرو . (۲) روسو کا ماہر : روسو کا پیرو .

Rousseauistic : (a) Rouseauean دیکھو

Roussette : (n) [OFr. 'Rous(F. Roux.)] (۱)میوہ خور خفاش : میوہ خوار چمگادڑ . (۲) ایک قسم کی شارک مچھلی .

Roussillon : (n) [Fr.] ایک قسم کی سرخ شراب (فرانس کے ایک قدیم صوبے کے نام پر) .

Roust : (n) [ON. 'Raust'.] شور شرابا: غوغا : آہ و زاری : صدا .

Roust : (v) چلانا : شور و غوغا کرنا : چیخنا .

Roust : (v) [Perh. alteration of 'Rouse(v)'.] (بول چال اور امریکا) باہر نکال لانا : طاقت سے باہر کر دینا .

Roustabout : (n) (۱) (امریکا) گھاٹ کا مزدور : گودی کا مزدور: بندرگاہ کا مزدور . (۲) (آسٹریلیا) برکارہ : وہ ملازم جو متفرق کام کرے (اکثر ملاح کے لئے آتا ہے) .

Rout : (n) [ME. 'Rute'.] (۱) اجتماع: مجمع : جمگھٹا : ہجوم : ازدحام : انبوہ (اب خصوصاً شاعری میں) . (۲) چیزوں کا انبار. (۳) خدم و حشم : نوکر چاکر : کسی رئیس کے ملازم جو اس کے جلو میں یا ہم رکاب ہوں . (۴) ہنگامہ خیز اجتماع : بلوا : فساد : شور وغل : بھاگ دوڑ : لے دے : غل غپاڑہ . (۵) (قانون) تین یا زیادہ اشخاص کا مجمع کسی کے خلاف فیشن پرستوں کا اجتماع : شام کی صحبت . (۷)جلسہ مے نوشی : صحبت مے خواری : شراب و کباب کا جلسہ .

In a rout : جماعت میں : فوج میں .

To make a rout about : شور وغل مچانا : بلوا کرنا : فساد کرنا :غل غپاڑہ کرنا .

Rout : (n) [Fr. 'Route'.] (۱) ہزیمت خوردہ فوج کی بے ترتیب پسپائی ؛ شکست فاش ؛ بھگدڑ ۔ (۲) مکمل زوال ؛ مکمل شکست ؛ بالکل خاتمہ ۔ (۳) شکست خوردہ فوج ؛ پسپاشدہ فوج ۔

To put to (the) rout : مار بھگانا ؛ پسپا کر دینا ؛ شکست دے دینا ۔

Rout : (v) [OE. 'Hrutan'.] خرائے لینا ؛ نیند میں خر خر کرنا ؛ خراٹوں میں گذار دینا ؛ سو کر گذار دینا (وقت) ۔

Rout : (v) [irreg. var of 'Root (v)'.] (۱) (سور ، خنزیر) غذا کی تلاش کے لئے تھوتھنی سے زمین کریدنا ۔ (۲) راز جوئی کرنا ؛ تجسس کرنا ؛ کریدنا ؛ تلاش کرنا ؛ چھان مارنا؛ ڈھونڈ نکالنا ۔ (۳) تھوتھنی سے کھودنا ؛ تھوتھنی سے کھود دینا ۔ (۴) گڑھا کرنا ؛ جوف پیدا کرنا ؛ کھوکھلا کرنا ۔ (۵) کھینچ کر لانا ؛ باہر نکال لانا (گھر یا بستر یا چھپنے کی جگہ سے) ؛ اٹھا لانا (شخص کو بستر سے) ۔ (۶) روشنی میں لانا ؛ سامنے لانا ؛ تلاش کرلینا؛ ڈھونڈ نکالنا ؛ ظاہر کرنا ؛ کھولنا ۔ (۷) ڈال دینا ؛ پھینک دینا (بے پروائی سے) ؛ پھینکنا ؛ اچھالنا ۔ (۸) بے دخل کر دینا ؛ نکال دینا ؛ بر طرف کرنا ؛ نکال پھینکنا ۔

Rout : (v) شکست فاش دینا (فوج کو) ؛ بھاگنے پر مجبور کر دینا ۔

Route : (n) [Fr.'Route (OFr. also 'Rute'.] (۱) راستہ ؛ سڑک ؛ روڈ ؛ راہ ؛ حریق ؛ روشن ؛ رفتار ۔ (۲) (فوج) روانگی یا کوچ کا حکم ۔

Column of route : کوچ کرتے وقت فوج کی صفوں کی ترتیب۔

En route : دوران سفر ؛ راہ میں ؛ راستے میں ۔

To get the route : کوچ کرنے کا حکم پانا ۔

To give the route : کوچ کرنے کاحکم جاری کرنا ۔

Route : (v) سامان یا مال کو ریل کے ذریعہ بھیجنے کے لئے راستے کا تعین کرنا ؛ معلوم راستے سے نقل و حمل کرنا ؛ خاص راستے سے بھیجنے کے لئے ہدایت کرنا ۔

Route march : (n) دستۂ فوج کا مشقی مارچ ۔

Route permit : (n) راہ نامہ ۔

Router : (n) (۱) سطح تراش ؛ ایک قسم کا رندا ۔ (۲) کھینچ کر لے جانے والا ؛ باہر نکالنے والا ۔

Router : (v) سطح تراش سے کاٹنا ۔

Routine : (n) [Fr. f. 'Route'.] (۱) معمول ؛ روٹین ؛ بندھا ہوا کام ؛ کار عادی ؛ عادت جاری ۔ (۲) دستور العمل ؛ ڈھرا ۔ (۳)ضابطہ۔ (۴)روزمرہ۔ (۵)(تقریر کی) مقررہ شکل یا نہج ؛ مقررہ فارمولا ؛ مروجہ اصول ۔

Routine : (a) (۱) مقررہ ؛ بندھا ٹکا ؛ مروجہ ۔ (۲) معمول کے مطابق؛ معمولی ۔

Routine : (v) روٹین کے مطابق کام کرنا ؛ معمول کے طور پر کام کرنا ؛ اصولاً کام کرنا ۔

Routine duties : (n) مقررہ فرائض ؛ روزمرہ کے فرائض ۔

Routine teacher : (n) لکیر کا فقیر مدرس ۔

Routine work :(n) معمول ؛ مقررہ کام ۔

Routineer : (n) ڈھرے پر چلنے والا ؛ لکیر کا فقیر ؛ معمول پسند ۔

Routinism : (n) ڈھرے پر چلنے کی عادت ؛ لکیر کا فقیر ہونا ؛ معمول پسندی ؛ پابندئ معمول ؛ پھیل جانا ؛ شیوع ۔

Routinist : (n) دیکھو Routineer

Rove : (n) [ON. 'Ro'.] سلی ؛ سان کا پتھر ۔

Rove : (n) (۱) مٹر گشت ؛ چکر ؛ سیر ۔ (۲) (بول چال) ہلکے سے جوتنے کا طریقہ ۔

Rove : (n) (۱) اون یا روئی کی پونی ؛ فتیلہ ۔ (۲) اس شکل میں ٹیکسٹائل کا سامان ۔

Rove : (v) [Origin obsc.] (۱) (مچھلی کا شکار) زندہ چارے سے مچھلی پکڑنا ۔ (۲) مٹر گشت کرنا ؛ ادھر ادھر پھرنا ؛ مارے مارے پھرنا ؛ گھومنا ؛ گشت لگانا ؛ چکر لگانا ؛ بے مقصد سیر سپاٹا کرنا ؛ آوارہ گردی کرنا ۔ (۳)(آنکھوں کا) اِدھر ادھر پھیرنا ؛ مختلف سمتوں میں دیکھنا ۔ (۴)سیر کرنا ؛ تفریح کرنا ؛ ایک سرے سے دوسرے سرے تک مرضاً سفر کرنا ۔

Rove : (v) [Origin unkn.] (اون یا روئی کا) پونی بنانا ۔

Rove-beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا ؛ گھوم بھونرا ۔

Rover : (n) پونی بنانے والا ۔

Rover : (n) (۱) (تیز اندازی) کا نشانہ ؛ ہدف (جس کا فاصلہ متعین نہ ہو) ؛ دور سے شوٹنگ کا نشانہ (چاند ماری میں) ۔ (۲) مٹر گشت کرنے والا ؛ سیر سپاٹا کرنے والا ؛ جہانیاں جہاں گرد ؛ گھومنے والا (آدمی یا جانور) ۔ (۳) Roquet کے کھیل میں گیند کی ایک خاص حالت ؛ کھلاڑی جس کی گیند اس حالت میں ہو ۔

(To shoot) at rovers : نشانہ بازی کرنا ؛ ہدف بنانا ۔

Rover : (n) [MDU. f. 'Roven'.] بحری قزاق ؛ سمندری لٹیرا ؛ بحری ڈاکو ۔

Roving : (n) (۱) (تیر اندازی) اندازاً نشانہ بازی کا عمل ۔ (۲) مٹر گشتی ؛ سیر سپاٹا ۔

Roving : (a) (۱) گھومنے والا ؛ سیّار ۔ (۲) نشانہ بازی کرنے والا ۔

Roving : (n) بحری قزاقی ؛ بحری ڈکیتی ۔

Roving : (v) پونی بنانا ؛ اون یا روئی کو پونی پر لپیٹنے کا عمل ۔

Roving sailor : (n) ایک قسم کی بیل ۔

Row : (n) [OE.'Raw'.] (۱) قطار ؛ صف (آدمیوں ، مکانوں یادرختوں کی) ۔ (۲) کسی چیز کا سلسلہ ؛ تسلسل ؛ تواتر ؛ سلسلہ؛ تانتا ۔ (۳) سڑک جس کے دونوں طرف مکانات ہوں ؛ کٹرا ؛ راستہ ؛ تنگ گلی ؛ گلیاری ۔ (۴) گلیوں میں سے کوئی ایک جو سڑک میں ملتی ہو ۔ (۵) تھیٹر میں نشستوں کی لائن۔ (۶) میدان یا باغ میں درختوں کی قطار ۔

The Row / Rotten row : ہائڈ پارک کی ایک سڑک جس پر اونچے طبقے کے لوگ گھوڑے کی سواری کرتے ہیں ۔

To have a hard (long etc.) row to hoe : محنت کا کام کرنا ؛ مشکل کام کرنا ۔

To hoe one's own row : اپنا کام کرنا ؛ اپنے کام سے سروکار رکھنا ۔

Row : (n) [Origin unkn.] (۱) (عام) شور و غل ؛ ہنگامہ ؛ خلل ؛ فساد ؛ افراتفری ؛ شورش ؛ بلوا ؛ بغاوت ؛ جھگڑا لڑائی؛ نزاع ۔ (۲) ہلڑ ؛ غل ؛ شور شرابا ؛ دھینگا مشتی ۔ (۳)ڈانٹ ڈپٹ ؛ زجر و توبیخ ۔

To get into a row : سرزنش کیا جانا ؛ زجر و توبیخ کیا جانا ۔

To make up a row / -kick- : اودھم مچانا ؛ اجتماع کرنا ؛ آفت بر پا کرنا ؛ فساد کھڑا کرنا ۔

Town and gown row : طالب علموں اور شہر والوں کی لڑائی (ایسے شہروں میں جہاں کالج یا یونیورسٹی ہے)۔

What is the row ? کیا معاملہ ہے ؟ بات کیا ہے ؟

Row : (n) کشتی کا سفر ؛ کشتی کھینے کی باری ۔

Row : (v) [OE. 'Rowan'.] (۱) (شخص کا) کشتی چلانے کے لئے چپو کا استعمال کرنا ؛ پانی کی سطح پر چپو کے سہارے کشتی کھینا ۔ (۲) کشتی چلانا ؛ کھینا ؛ (مسافر کو) کشتی میں لے جانا ۔ (۳) دوڑ میں کشتی چلانا ؛ کشتی کے مقابلے میں حصہ لینا ۔ (۴) کشتی میں کسی خاص نمبر کا کھینے والا ہونا ۔ (۵) کشتی میں مقررہ تعداد کے چپو لگے ہونا ۔ (۶) کشتی میں (لوگوں کو) لے جانا ؛ کشتی میں سفر کرنا ۔ (۷) سیاست میں شکست دینا ۔ (۸) زبانی سرزنش کرنا ؛ زجر و توبیخ کرنا ؛ ڈانٹنا ڈپٹنا ۔ (۹) کشتی کے ذریعہ جا لینا ؛ برابر آ جانا (کشتی کھینے میں) ۔

To row against the flood, stream, wind and tide etc. : (مجازاً) مشکلات کا استقلال کے ساتھ مقابلہ کرنا ؛ مشکلات ومصائب سے جنگ کرنا؛ مخالفت کا مقابلہ کرنا۔

To row down : پیچھے سے آگے نکل جانا ۔

To row in the same boat /- in one- : ایک ہی منصوبے میں مشغول ہونا ؛ ہم اصول ہونا ؛ ایک ہی اصول کو تسلیم کرنا ۔

To row over : (کشتی کی دوڑ میں) جیت جانا ۔

To row (a porson) up : زجر و توبیخ کرنا ؛ ڈانٹنا ۔

To row (a person) up salt River : سیاست میں شکست دینا ۔

Row : (v) (۱) (عام) غصہ سے پکارنا ؛ سرزنش کرنا ؛ گوشمالی کرنا ؛ ڈانٹنا ؛ ڈپٹنا ؛ برا بھلا کہنا ۔ (۲) شور و غل کرنا ؛ ہنگامہ کرنا ؛ مار پیٹ کرنا ۔

Row-boat : (n) کھینے والی کشتی ؛ چپو والی ناؤ ۔

Row crop : (n) دھاری دار اناج یا روئی ۔

Row culture : (n) اناج کو دھاری میں لگانے کی زراعت ۔

Row-de-dow : (n) دھماچوکڑی : شور و غل : اودھم : غل غپاڑا : شور شرابا ۔

Row-dow-dow : (n) [Imitative.] ڈھول کی آواز کا اعادہ : ایک ہی نغمے کا دوسری لے میں اعادہ ۔

Row-lock : (n) [Prob. an alteration of 'Oarlock'.] (بحری) چپو گیر : (کشتی میں) وہ آنکڑا جس میں چپو کو پھنسا دیتے ہیں : چپو کانٹا : چپو آنکڑا ۔

Row-port : (n) (بحری) وہ شگاف جس سے سکون کے موسم میں چپوؤں کی مدد سے کشتی چلائی جا سکے ۔

Rowan : (n) [Norw. 'Raun'.] (۱)دیکھو Rowan-brry ۔ (۲) ایک پہاڑی درخت کا پھل : سماک کوہی کا پھل ۔

Rowan-berry : (n) سماک کوہی کا پھل : دیو دار کوہی کا پھل ۔

Rowan-tree : (n) سماک کوہی ۔

Rowdiness : (n) جھگڑالوپن : دنگئی پن ۔

Rowdy : (n) [American Origin.] بد معاش آدمی : فسادی : رذیل آدمی : فساد بر پا کرنے والا : ہنگامہ مچانے والا : جھگڑالو : دنگئی : غیر شریف آدمی ۔

Rowdy : (a) (۱) فساد سے متعلق : فساد کرنے والا : دنگئی ۔ (۲) شریر : سرکشی ۔ (۳) (جانور) متمرد : سرکش : بے قابو ۔ (۴) ہنگامہ جیسا : شور جیسا ۔

Rowdy-dowdy : (a) (عام) جھگڑالو : دنگئی : فسادی : پر غوغا ۔

Rowdyish : (a) جھگڑالو طبیعت کا : جھگڑالو صفت ۔

Rowdyism : (n) جھگڑالو پن : دنگئی پن : بد رفتاری : جھگڑا : فساد ۔

Rowed : (a) قطار میں : دھاری دار : صف دار : صف والا ۔

Rowel : (n) [OFr. 'Roel'.] (۱) مہمیز کی خاردار پھرکی : چرخک : چرخک مہمیز : جرم گرد سوراخ ۔ (۲) چمڑے وغیرہ کا وہ گول ٹکڑا جس کے بیچ میں ایک سوراخ ہوتا ہے اور جو گھوڑے کی کھال اور گوشت کے درمیان اس لئے داخل کیا جاتا ہے کہ اخلاط خارج ہو جائے : نیزکسی طرح کا کام اس مقصد کے لئے ۔

Rowel : (v) (۱) ایڑ لگانا : (گھوڑے یا دوسرے جانور میں) ۔ (۲) خار دار پھرکی استعمال کرنا ۔

Rowen : (n) [ONFr. 'Rowain'.] فصل بعد کی گھاس ۔

Rower : (n) کشتی کھینے والا : کھینے والا : کھیویّا : چپو چلانے والا ۔

Roxane : (n) (تاریخ) روشنک ۔

Roxburghe : (n) [Named after the 3rd Duke of Roxburghe'.] جلد سازی کا ایک طرز (سادے چمڑے کا پشتہ جس پر سنہری حرف لکھے ہوں ، دونوں طرف کپڑا یا کاغذ، بے کٹے ہوئے ورق ہوں (ڈیوک راک برو ۱۷۳۰ ۔ ۱۸۰۴ء کے نام پر) ۔

Royal : (a) [L. 'Regalem'.] (۱) بادشاہ کا : شاہی : خسروی : پادشائی : سلطانی : ملوکانہ : ہمایونی : سلطنتی ۔ (۲)(شخص) بادشاہ یا ملکہ کا عہدہ رکھنے والا : شاہی خاندان سے متعلق ۔ (۳)بادشاہوں کے لائق : شاہان شاہ: شایانہ : عظیم الشان : عالی : با شکوہ ۔ (۴) اعلیٰ پیمانے کا : بہت بڑا : رفیع الشان : عالی شان : شاندار ۔ (۵) (عہدہ) حکمرانی : حکمراں سے متعلق : علامت بادشاہ یا ملکہ ۔(۶) (شخص) بادشاہ کی خدمت میں ہو یا حکمرانی میں : نیز شطرنج میں پیادہ ۔ (۷) بادشاہ یا بادشاہوں سے متعلق ۔ (۸) معمولی یا ملٹری افسر یا سلطنت کے نمائندہ کی حیثیت سے بادشاہ سے متعلق ۔ (۹) بادشاہ یا حکمراں کے ذریعہ قائم کیا ہوا یا بنیاد دی ہوئی ۔ (۱۰) حکمرانی کے طریقے کا : بادشاہ کا : حکمرانی کا ۔ (۱۱) شاہانہ : گراں قدر : بیش بہا ۔ (۱۲)منور : تاباں : درخشاں : نورانی : جگمگاتا ہوا : ضیا بار : نور پاش ۔ (۱۳) (بول چال) شاندار : اعلیٰ قسم کا: نہایت عمدہ : نفیس ۔ (۱۴) (شخص) بادشاہ صفت : عالی رتبہ : رئیس زادہ : پر شکوہ : باوقار : رعب دار : شاہانہ: عالی ہمت : عالی منش: شریف النفس: کریم : کشادہ دل : پر فیض نہایت فیاض : فیاضانہ (نیز جانوروں کے لئے بھی مستعمل) ۔ (۱۵) (مختلف ملٹری اور اس سے متعلق استعمال میں بڑے پیمانہ پر ظاہر کرنے والا : بڑے سائز کا : پر طاقت : بہت بڑا ۔

Battle royal : بڑی لڑائی ۔

Had a royal time : شاہانہ زندگی بسر کی : عیش کیا : چین کیا ۔

Princess royal : (انگلستان کے) بادشاہ کی سب سے بڑی لڑکی ۔

The blood royal : (n) شاہی خاندان ۔

The royal anger, hands : بادشاہ کا غصہ ، ہاتھ ۔

Royal : (n) (۱) شاہی خاندان کا رکن : عزت دار آدمی : ممتاز شخص : ذی رتبہ آدمی ۔ (۲) دیکھو Real ۔ (۳) بڑا بارہ سنگھا ۔ (۴) (بحری) سب سے اونچا بادبان یا مستول ۔ (۵) ایک قسم کا چھوٹا کھول : چھوٹی توپ ۔ (۶) (جمع) پہلی پیادہ فوج ۔

Rose royal : دیکھو Rose-noble

Royal Academy : (n) دیکھو Academy

Royal air force : (n) شاہی فضائیہ ۔

Royal antler : (n) ہرن یا بارہ سنگھے کا سینگ ۔

Royal arch : (n) فری میسن جماعت کا ایک درجہ ۔

Royal artillery : (n) دیکھو Artillery

Royal bay : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Royal blue : (n) گہرا نیلا رنگ ۔

Royal burgh : (n) شہر یا قصبہ جسے شاہی پروانۂ آزادی ملا ہو : شاہی شہر ۔

Royal charter : (n) فرمان شاہی : پروانۂ شاہی ۔

Royal courts of justice : (n) اسٹرانڈ : لندن میں عدالت عالیہ کی عمارت ۔

Royal engineer : (n) شاہی فوج کا شعبۂ انجینیئری ۔

Royal evil : (n) دیکھو King's evil

Royal exchange : (n) کارن ہل : لندن میں تاجروں کی لین دین کی عمارت ۔

Royal fern : (n) ایک قسم کا فرن جس میں پھول آتے ہیں ۔

Royal fish : (n) وہ مچھلی جس میں حکومت کو خصوصی اختیارات حاصل ہوں ۔

Royal flush : (n) (پوکر ، تاش کا کھیل) یکہ ، بادشاہ ، بیگم ، غلام اور دس ایک ہی رنگ کے پتے ۔

Royal folio : (n) Royal paper کا دوسرا حصہ ۔

Royal flying corps : (n) شاہی ہوائی بیڑے کا شعبۂ فوجی ۔

Royal hart : (n) لال ہرن جس کے سینگ مکمل ہوں ۔

Royal Highness : (n) دیکھو Highness

Royal horse : (n) دیکھو Horse

Royal hospitality : (n) شاہانہ مہمان نوازی ۔

Royal human society : (n) دیکھو Human

Royal institution : (n) انجمن اشاعت علوم (قائم شدہ ۱۷۹۹ء) ۔

Royal Irish constabulary : (n) آئرستان کی نیم فوجی پولس جو ۱۹۲۱ء میں برخاست کر دی گئی ۔

Royal Marine Artillery / - light infantry : (n) (۱) شاہی بحری فوج کی شاخیں ۔ (۲) بری فوج کے سپاہی جو جنگلی جہازوں میں کام کرتے ہیں ۔

Royal mast : (n) (بحری) سب سے اونچے مستول کے نیچے کا چھوٹا مستول ۔

Royal military academy : (n) شاہی فوجی مدرسہ جو رول وچ میں ہے : اس میں انجینیئری اور توپ خانے کے کیڈٹ تعلیم پاتے ہیں ۔

Royal military college : (n) سینڈ ہرسٹ کا فوجی کالج جس میں سوار اور پیادہ فوج کے کیڈٹ تعلیم پاتے ہیں ۔

Royal naval air service : (n) ہوائی بیڑے کا شعبۂ انجینیئری ۔

Royal naval division : (n) وہ بری فوج جو جنگ عظیم میں زائد بحری فوج سے بنائی گئی ۔

Royal naval reserve : (n) بحری فوج محفوظ (جو تجارتی بیڑے سے بنائی گئی تھی) ۔

Royal naval volunteer reserve : (n) رضاکار بحری فوج ۔

Royal oak : (n) وہ شاہ بلوط کا درخت جس میں چارلس دوم ۱۶۶۰ء میں جنگ کے بعد چھپا تھا ۔

Royal oak day : (n) ۲۹ ، مئی ۱۶۶۰ء ۔

Royal octave : (n) Royal paper کا آٹھواں حصہ ۔

Royal palm : (n) ویسٹ انڈیز میں پایا جانے والا ایک درخت ۔

Royal paper : (n) ۱۹ x ۲۴ انچ لکھنے کا اور ۲۰ x ۲۵ چھاپنے کا کاغذ ۔

Royal python : (n) ایک قسم کا اژدہا سانپ ۔

Royal quarto : (n) Royal paper کا چوتھا حصہ ۔

Royal road to : سہل نسخہ : وہ طریقہ جس میں کوئی دقت نہ ہو : سہل طریقہ ۔

Royal sail : (n) وہ بادبان جو سب سے اونچے بادبان کے نیچے ہوتا ہے ۔

Royal society : (n) اہل فیشن کی جماعت ۔

Royal stag : (n) بڑا بارہ سنگھا ۔

Royal standard : (n) مربع جھنڈا جس پر شاہی نشان بنا ہوتا ہے ۔

Royal tine : (n) بارہ سنگھے کی شاخ ۔

Royal yard : (n) Royal mast دیکھو

Royal yellow : (n) زرد بیخ زرد ۔

Royalism : (n) شاہ پسندی : شاہ پرستی : شخصی حکومت : شاہ دوستی ۔

Royalist : (n) (۱) (سیاسیات) شاہ پرست : حکمراں کا مددگار ۔ (۲) طرف دار شاہی : شاہی کا حامی (خصوصاً خانہ جنگی کے موقع پر) :بادشاہ کا آدمی ۔

Royalistic/ -al : (a) شاہ پرستی کا یا اس سے متعلق ۔

Royalization : (n) (۱) بادشاہی : قدرت شاہی ۔ (۲) شہرت : مشہور ہونا ۔

Royalize : (v) (۱) بادشاہی کرنا : قدرت شاہی لکھنا : بادشاہ کرنا ۔ (۲) شاہانہ ہونا ۔ (۳) مشہور کرنا : شہرت دینا : تعریف کے پل باندھنا : شان و شوکت کے ساتھ کرنا ۔

Royally : (adv.) (۱) شاہی طور پر : شاہانہ طور پر : بادشاہوں کی طرح : شاہانہ طریقے سے : شان و شوکت سے : شاہانہ طور سے ۔ (۲) نہایت تکلیف سے : با شکوہ و جلال ۔ (۳)عظمت کے ساتھ : حشمت کے ساتھ : عظمت و جلال کے ساتھ ۔

Royalty : (n) [OFr. 'Roialte'.] (۱) بادشاہی : شاہی : بادشاہ یا ملکہ کا درجہ : اقتدار : حکمرانی کا عہدہ : حکمرانی: شاہی عظمت : شاہی مرتبہ : شاہی منصب ۔ (۲)بادشاہ یا ملکہ : تاجدار : شاہی خصوصیت رکھنے والا ۔ (۳)شاہی خاندان : خانوادۂ شاہی : شاہی خاندان کا رکن ۔ (۴) حقوق شاہی : اختیارات شاہی (عموماً جمع) ۔ (۵) حق شاہی (معدنیات وغیرہ کا) جو کسی کمپنی کی طرف سے منتقل ہو جائے ۔ (۶) وہ معاوضہ جو کان کنی کا اجارہ دار زمیندار کو دے ۔ (۷) حق تصنیف یا ایجاد کا معاوضہ : (معاشیات) مالکانہ : رائلٹی ۔ (۸) عظمت : بڑائی : برتری : بلندی : شان و شوکت : امیری : وقار : تمکین : امارت : فیاضی : جود و کرم : کریم النفسی : سخاوت : شاہانہ فیاضی ۔ (۹) املاک سلطنتی : ملک اربابی : مقبوضات شاہی ۔ (۱۰) سلطنت : قلمرو : عمل داری : دائرۂ اختیار : مملکت : کشور : اقلیم ۔ (۱۱) شاہی حکومت : مطلق العنان سلطنت یا حکومت ۔

Royet : (a) [ME. 'Riot '.] (۱) (اسکاچستان) شریر : بدمعاش : شیطان ۔ (۲) وحشی : جنگلی ۔

Royston crow : (n) [f. the place-name 'Royston'.] ایک قسم کا بھورا کوا جس کے سر پر ٹوپی سی معلوم ہوتی ہے ۔

Rozzer : (n) [Origin unkn.] (عام) سپاہی ۔

R.S.V.P. : [Fr. 'Respondez sail vous plait'.] (مخفف) بمعنی براہ کرم جواب دیجئے ۔

Rub : (n) [Fr. f. 'Rub (v).'] (۱) مالش : ملنے کا عمل ۔ (۲) ناہمواری: اونچ نیچ ۔ (۳) (Bovls) وہ روکاوٹ یا مزاحمت جس سے گیند رک جاتی ہے یا رستہ بدل لیتی ہے ۔ (۴) چبھن: پیچ و تاب : طعن : طعنہ : الزام : الاہنا : چھیڑ خانی : شرارت ۔ (۵) بد تمیزی : درشتی : سختی : ناہمواری : مڈ بھیڑ : مقابلہ ۔ (۶) گھاس کاٹنے والا کسان ۔

There's (or Here lies) the rub : یہی تو مشکل ہے : یہی بات تو ٹیڑھی ہے ۔

The rubs and worries of life : زندگی کی مشکلات اور پریشانیاں ۔

Those who play at bowl must look for rubs : (۱) گیند کھیلنے والوں کو زمین کی ناہمواری کے لئے تیر رہنا چاہیئے ۔ (۲) (محاورہ) زندگی میں نشیب و فراز لازمی ہے : ہر کام میں کچھ نہ کچھ مشکلات کا سامنا ہوتا ہے ۔

Rub : (n) Rubber کا مخفف ۔

Rub : (v) [ME. 'Rubben'.] (۱) رگڑنا ؛ گھسنا ؛ مسلنا ؛ ملنا ۔ (۲) مانجھنا ؛ جلا کرنا ؛ صیقل کرنا ؛ صاف کرنا ؛ جان ڈالنا ؛ اصل حالت پرلانا ۔ (۳) کرچنا ؛ چھیلنا ؛ ہموار کرنا ؛ چھیل ڈالنا ؛ رگڑ ڈالنا ۔ (۴) مل کر خشک کرنا ؛ سکھانا ۔ (۵) (قبروں کی لوح وغیرہ کا) ایک خاص قسم کے کاغذ پر رنگین کھر یا سے چربا اتارنا ۔ (۶) مسلنا ؛ سہلانا ؛ پھیرنا ؛ مالش کرنا ؛ (Against , On, over , together کے ساتھ) ۔ (۷) مل کر چھڑانا ؛ دور کرنا ؛ (حقیقی معنی میں دھبے وغیرہ ، مجازی معنی میں شرم و حجاب وغیرہ) (Out کے ساتھ) ۔ (۸) مٹا دینا ؛ بھلا دینا؛ ہٹا دینا ؛ ختم کر دینا ۔ (Off, away کے ساتھ) ۔ (۹)مالش کرنا ؛ (مجازاً) اچھی طرح محسوس کرانا ؛ رد ے پر ردا جمانا (In, into کے ساتھ) ۔ (۱۰) (Thought کے ساتھ) چھانٹنا (مل کر) ۔ (۱۱) (Down کے ساتھ) گھس کر ہموار یا چھوٹا کرنا ۔ (۱۲) (Over کے ساتھ) پھیلانا ؛ لگانا؛ ملنا (مرہم یا دوا) ۔ (۱۳) (Up کے ساتھ) پھینٹ ڈالنا ؛ (یاد) تازہ کرنا ؛ تجدید کرنا ؛ احیاء کرنا ۔ (۱۴) (Against, on کے ساتھ) رکنا ؛ اچٹانا ؛ (مجازاً) کام میں رکاوٹ پیدا کرنا یا ہو جانا ؛ کسی کا حائل ہو جانا ۔ (۱۵) رگڑ کھانا ؛ گھسٹنا ؛ مشکل سے ملنا یا گھسنا (On , long , through کے ساتھ) ۔ (۱۶)(کپڑے ، کھال وغیرہ کا) چھٹ جانا ؛ چھل جانا ۔ (۱۷) برہم کرنا ؛ ناگواری پیدا کرنا ؛ دق کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ غصہ دلانا ۔ (۱۸) ملنا جلنا ؛ ساتھ اٹھنا بیٹھنا ؛ ساتھی بنانا ؛ رفیق بنانا ۔ (۱۹) ملتے ملتے سفوف کر دینا ۔ (۲۰) کسی چیز پر دباؤ ڈالنا ۔ (۲۱) (Bowl) رکاوٹ ڈال کر سمت بدل دینا ؛ روک کر اس کا راستہ بدل دینا ۔ (۲۲) (مجازاً) ایک ہی حالت میں لگاتار ہونا؛ بسر کرنا ؛ گزرنا ۔ (۲۳) (Off, out کے ساتھ) مٹ سکنا ۔

To rub noses : ناک پر ناک رکھ کر سلام کرنا (بعض وحشیوں کا طریقہ) ۔

To rub of (or on) the green : گولف کی گیند کا اتفاقاً رک جانا ۔

To rub one's hands : خوشی سے ہاتھ ملنا (مغربی طریقہ)۔

To rub one, the wrong way : (۱) بلی وغیرہ پر اس طرح ہاتھ پھیرنا کہ بال کھڑے ہو جائیں ؛ الٹا سہلانا ۔ (۲) (کسی کو جھٹک دینا) ۔

To rub shoulders (etc) with : ملنا جلنا ؛ ساتھ اٹھنا بیٹھنا ؛ ساقی بنانا ؛ رفیق بنانا ۔

Rub-a-dub : (n) [Echonic.] ڈھول کی آواز ؛ ڈھم ڈھم (ڈھول یا نقارے کی) ۔

Rub-a-dub : (v) ڈھول پیٹنا ؛ نقارہ بجانا ؛ ڈھم ڈھم کرنا ۔

Rub away : (n) مٹا دینا ؛ بھلا دینا ؛ ملتے ملتے ختم کر دینا ۔

Rub down : (v) (۱) (گھوڑے کو) مل کر گرد ، پانی اور پسینہ کو صاف کرنا یا سکھانا ۔ (۲) ہموار کرنا ؛ گھس کر چھوٹا کرنا ۔

Rub in : (v) (۱) مالش کرنا ۔ (۲) (عام) زور دینا ؛ اہمیت کو نمایاں کرنا ۔

Rub off : (v) مَل کر مٹانا ؛ مَل کر ختم کرنا ۔

Rub out : (v) (۱) رگڑ کر مٹا دینا یا چھیل دینا ۔ (۲) (امریکا) (مجازاً) مار دینا ؛ ختم کر دینا ؛ نیست و نابود کر دینا ۔

Rub over : (v) پھیلانا ؛ لگانا ؛ ملنا ۔

Rubai / Rubaiyat / Rubais : (n) [Arab. 'Rubaiyah'.] رباعی ۔

Rubaiyat stanza : (n) بند رباعیات (جس میں پہلا دوسرا اور چوتھا مصرع ہم قافیہ ہوتا ہے ، اسے Omer stanza بھی کہتے ہیں ۔

Rubato : (n) (موسیقی) سر یا تال جو کسی خاص مطلب کے ادا کرنے کے لئے بدل دیا گیا ہو ۔

Rubbage : (n) (بول چال) Rubbish کا متبادل ۔

Rubber : (n) [f. 'Rub+ber'.] (۱) سخت برش ؛ صاف کرنے والا ؛ ملنے والا ۔ (۲) غسل کے بعد جسم پوچھنے والا تولیہ ۔ (۳)(بول چال) دیکھو Whetstone, Rubstone ۔ (۴)مالش کرنے والا یا کرنے والی ؛ حمام کا ملازم ؛ ہاتھ پاؤں دبانے والا ۔ (۵) جھانواں ؛ مالش کا آلہ ؛ بڑی کھردری ریتی ۔ (۶) (کیمیا) ربڑ (الیکٹرک) ؛ مالندہ (برقیات) چاقو تیز کرنے والا پتھر ۔ (۷) مشین کا پرزہ جو رگڑ سے چلتا ہو۔ (۸) کسی طرح کی مالش کرنے والا۔ (۹)پیتل ملنے والا ۔ (۱۰) مانع ؛ اشکال ؛ بد بختی ؛ زحمت ۔ (۱۱)(مجازاً) چشم نمائی ؛ تنبیہ ؛ تادیب ؛ سرزنش؛ زجر و توبیخ ۔ (۱۲) India rubber کا مخفف۔ (۱۳)ایک قسم کا بڑا بندی ربر : پنسل کے نشان کو مٹانے والا ۔ (۱۴) (جمع) ربر کا بالائی جوتا (امریکا) ۔

Synthetic rubber : (کیمیا) مصنوعی ربڑ ۔

Rubber : (v) (۱) (عام) (امریکا) راز جو ؛ دوسرے سے حالت معلوم کرنے کا شائق ۔ (۲) سیاح ؛ جہاں گرد ۔

Rubber : (n) [Origin unkn.] (تاش وغیرہ میں) ربر ؛ تین مسلسل

بازیاں : مختلف کھیل میں تین بازیاں جن میں سے ایک ایک بازی دونوں پارٹیوں نے جیتی ہوں اور تیسری بازی فیصلہ کن ہو : نیز پانچ بازیاں : تین بازیاں ایک جماعت نے جیتی ہوں ۔

The rubber : ربر کی جیت : تین بازیوں میں سے دو جیت جانا ۔

Rubber band : (n) ربر فیتہ ۔

Rubber-neck : (n) Rubber دیکھو

Rubber pellets : (n) ربر کی گولیاں ۔

Rubber-stamp : (n) (۱) ربر اسٹامپ : ربر کی مہر ۔ (۲) سیسے کے حروف کی تختی : ٹائپ کی ڈھلی پلیٹ ۔ (۳) (مجازاً) تصدیق کرنے والا ۔

Rubber-stamp : (v) تصدیق کرنا : توثیق کرنا : سرسری طور پر (پالیسی وغیرہ) منظور کرنا ۔

Rubberized : (a) ربر سے ملمع کیا ہوا : ربر سے ڈھکا ہوا : ربر چڑھایا ہوا ۔

Rubbidge : (n) (بول چال) Rubber کا متبادل ۔

Rubbing : (n) (۱) ملنا : مالش : سہلانا ۔ (۲) چربا : چربا اتارنے کا کام ۔

Rubbing-stone : (n) سنگ چقماق : سنگ صیقل : سان : فسان ۔

Rubbinsh : (n) [ME. 'Robows'.] (۱) ملبا : کوڑا کرکٹ : کاغذ کباڑ : آغور ۔ (۲) بیکار چیز : ردی : فضول چیز : بے مصرف شے ۔ (۳) لغویات : مہملات : واہیات باتیں : مہمل گفتگو : مہمل تحریر ۔ (۴) (مجازاً) بیکار : مہمل چیز ۔

Good rubbish bad rubbish : خس کم جہاں پاک ۔

Rubbish-price : (n) معمولی قیمت ۔

Rubbish pulley / -wheel : (n) ایک قسم کی چرخی جس پر رسی پھرتی ہے ۔

Robbishing : (a) (روزمرہ) مہمل : واہیات : معمولی : ادنیٰ : حقیر ۔

Rubbishingly : (adv.) مہمل طور پر : واہیات انداز میں ۔

Rubbishly : (a) Rubbishy دیکھو

Rubbishy : (a) Rubbishing دیکھو

Rubble : (n) [late ME. 'Robyl'.] (۱) ٹوٹے پھوٹے اینٹ پتھر (گرے ہوئے مکانات کے) ۔ (۲) (تعمیرات) کنکر : گنڈ : روڑے ۔ (۳) (ارضیات) نا تراشیدہ پتھر : پانی سے گھسے ہوئے پتھر ۔ (۴) Rubble-work کا مخفف ۔ (۵) چھوٹا کوئلہ : کوئلے کا چور ۔ (۶) (مقامی) گیہوں کا بھونسا : بھونسا ۔

Rubble masonary : (n) کنکری عمارت ۔

Rubble-work / Rubblework/ Rubble work : (n) سنگ فرشی : کنکریٹ کو مسل کر دیوار میں بھرنا ۔

Rubbly : (a) کنکر ، پتھر وغیرہ سے متعلق : سنگ تراشیدہ کو ملایا ہوا ۔

Rubefacient : (a) [L. 'Rubefacere'.] (طب) محمر : حمرت آور : (جلد پر) سرخی پیدا کرنے والا خصوصاً خراش آور ۔

Rubefacient : (n) (طب) خراش آور دوا : دوائے محمر : (جلد پر) سرخی پیدا کرنے والی دوا ۔

Rubefacient medicines : (n) (طب) ادویۂ محمرہ ۔

Rubefaction : (n) (۱) (طب) احمرار ۔ (۲) (طب) سرخی جلد : (جلد پر) سرخی پیدا کرنا : (چمڑے کو) لال کرنے کا عمل ۔ (۳) پانی میں لال رنگ پیدا کرنا ۔

Rubella : (n) [mod. L. 'neut. pl. of 'Rubellus'.] (مرضیات) جرمن خسرہ : خسرۂ کاذب ۔

Rubellite : (n) [f. L. 'Rubellus' + -ite.] (معدنیات) سرخ ترملین : ایک قسم کی Tourmaline ۔

Rubellus : (a) [L.] (نباتیات) سرخی مائل ۔

Rubens : (a) (نباتیات) شفقی ۔

Rubeola : (n) [L.'Rubeus'.] (۱) (طب) جرمن خسرہ ۔ (۲) (بیطاری) عارضۂ خوک ۔

Rubeolus : (a) (نباتیات) ہلکا سرخ ۔

Ruber : (a) سرخ ۔

Ruberythric : (a) [L. 'Rubia' + erythric .] Madder-root (کیمیا) سے حاصل کیا جانے والا زرد بلوری مرکب ۔

Ruberythric acid : (n) دیکھو Ruberythric

Rubescent : (a) [L. 'Rubescere'.] سرخی پیدا کرنے والا ؛ قرمز رنگ؛ سرخی نما ۔

Rubia : (n) (نباتیات) جنس مجیٹھ ؛ روبیا ؛ روناس ۔

Rubiaceous : (a) [L. 'Rubiaceae'.] (نباتیات) مجیٹھیہ ؛ تہویہ ؛ روناسی ۔

Rubiacin : (n) [f. L. 'Rubia' + (c) in.] Madder-root سے حاصل کیا جانے والا زرد رنگ ۔

Rubianic : (a) ایک قسم کے ترشے سے متعلق ۔

Rubicelle : (n) [Fr.] (معدنیات) یاقوت نارنجی ؛ ایک قسم کا لعل (جس کا رنگ نارنجی ہوتا ہے) ۔

Rubicon : (n) (۱) ایک دریا کا نام جو جولیس سیزر کے صوبے گیلک (Gallic) کی سرحد پر تھا اور جسے اس نے پامپی سے جنگ کرتے وقت پار کیا تھا ۔ (۲) وہ حد جس سے گذرنے میں انسان کسی مہم کا ذمہ لیتا ہے اور پھر پیچھے قدم نہیں ہٹا سکتا ۔ (۳) سرحد ؛ حد ؛ آخری حد (مجازاً)۔ (۴) بیزِک (Bezique) (تاش کا ایک کھیل) کی ایک قسم کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

To cross or pass the rubicon : کشتی دریا میں ڈال دینا ۔

Rubicund : (a) [L. 'Rubicundus'.] (۱) (چہرہ) گلابی سرخ ؛ گلگوں ؛ قرمزی ؛ سرخی مائل ۔ (۲) سرخ و سفید چہرے کا (آدمی) ۔

Rubicund face : (n) چہرۂ گلگوں ۔

Rubicundity : (n) سرخ رنگ ؛ سرخی (چہرے کی) ۔

Rubidine : (n) [f. L. 'Rubidus'.] Pyridine کا ایک مرکب ۔

Rubidium : (n) [f. L. 'Rubidus'.] (کیمیا) روبیڈیم (عنصر ، دھات)؛ ایک قسم کی نرم چمکدار سفیدی مائل دھات سوڈیم پوٹاشیم کی قسم سے ۔

Rubied : (a) ارغوانی رنگ کیا ہوا ۔

Rubify : (v) [med. L. 'Rubificare'.] (۱) سرخ کرنا ؛ لال کرنا ۔ (۲) (طب) (مرہم وغیرہ کا جلد وغیرہ پر) سرخی پیدا کرنا ۔

Rubiginious/ Rubiginose : (a) [L. 'Rubigo, rubigin + -ous'.] (نباتیات) زنگاری ؛ زنگ کے رنگ کا ؛ زنگ آلود ؛ زنگ خوردہ ؛ زنگ ۔

Rubious : (a) یاقوتی رنگ کا ۔

Rubor : (n) [L. Related to 'Ruber'.] (نباتیات) سرخی ۔

Rubric : (n) [L. 'Rubrica'.] (۱) سرخی ؛عنوان؛ سر صفحہ؛ سرفصل۔ (۲) سرخی سے لکھی ہوئی یا چھپی ہوئی عبارت ؛ کسی خاص ٹائپ میں چھپی ہوئی اہم عبارت؛ خط قرمز۔ (۳)ہدایات عبادت (جو کتاب عبادت میں سرخی سے چھپی ہوتی ہے) ۔ (۴) جنتری جس میں اولیاء کے نام لکھے ہوں ؛ اس میں سرخی سے لکھا ہوا لفظ یا عبارت ۔ (۵) ٹائٹل یا عنوان دستور یاقانونی کا عنوان (سرخ لکھا ہوا) ۔ (۶) (ارضیات) گلِ اخرمی ؛ گیرو ۔

Rubric : (a) سرخی سے لکھی ہوئی یا چھپی ہوئی (عبارت)۔

Rubric : (v) سرخی سے لکھنا ؛ چھاپنا یا نشان کرنا ؛ قرمزی رنگ سے زینت دینا ۔

Rubrical : (a) (۱) ہدایات عبادت سے متعلق ؛ دستور کتابخانہ کے مطابق ۔ (۲) دستوری ؛ سر فصلی ؛ عنوانی ۔

Rubrically : (adv.) ہدایات عبادت کی رو سے ۔

Rubricate : (v) [f. L. 'Rubricat, rubricare'.] (۱) سرخی سے لکھنا ؛ سرخی سے چھاپنا یا نشان کرنا ؛ لال حروف سے نشان دینا یا چھاپنا ۔ (۲) (عبارت وغیرہ کی) سرخیاں تجویز کرنا یا لکھنا ۔ (۳) اولیاء کے کام کے طور پر جنتری میں لکھنا ۔ (۴) لال حروف سے سرخیاں قائم کرنا ؛ سرخ چھاپنا ؛ خط قرمزی میں لکھنا ۔ (۵) نام کی جگہ پر نشان کے طور پر دستخط کرنا ۔ (۶) ہیئت میں متعین کرنا ۔

Rubrication : (n) (۱) قرمز سازی ؛ سر فصل بندی ۔ (۲) سر خیاں تجویز کرنا یا ہونا ؛ سرخیاں لکھنا یا لکھی جانا ۔ (۳)(طباعت) مذہّب ؛ سرخ چھاپ ۔

Rubricator : (n) (۱) عنوان لکھنے والا ؛ سرخیاں قائم کرنے والا ۔ (۲) (طباعت) مذہّب ؛ سرخ کار ۔

Rubrician : (n) ہدایات عبادت کا ماہر ؛ کتاب نماز کا زیادہ اطلاع رکھنے والا ۔

Rubricism : (n) ہدایات عبادت کی سختی سے پابندی ۔

Rubricist : (n) ہدایات عبادت کی سختی سے پابندی کرنے والا ۔

Rubricity : (n) (۱) دیکھو Redness ۔ (۲) فصل بندی ۔ (۳) ہدایات عبادت کی حمایت ۔

Rubstone : (n) سنگ ساب : تیز کرنے والا پتھر : سان : چاقو تیز کرنے والا پتھر ۔

Ruby : (n) [OFr. 'Rubi'.] (۱) یاقوت : یاقوت سرخ : لعل : لعل رمانی : یاقوت احمر : لالزی ۔ (۲) وہ چیز جو سرخ یاقوت سے بنائی گئی ہو ۔ (۳) رنگ یاقوتی ۔ (۴) گھڑی کا قیمتی پتھر (یاقوت کے رنگ کا) ۔ (۵) (معدنیات) کرنڈ احمر ۔ (۶) (طب) مہاسا : سرخ دانہ : چکتا ۔ (۷) سرخ شراب ۔ (۸) (مکے بازی) خون : لہو ۔ (۹) ٹائپ کا ایک سائز ۔ (۱۰)(جمع) ہونٹ: لب ۔(۱۱)(امریکا) دیکھو Brilliant. (۱۲) سرخ شیشہ : رنگین شیشہ ۔ (۱۳) ایک برازیلی پرند (Cytolacma جنس کا) ۔ (۱۴) عقیق : نیم شفاف جوہر دار قیمتی پتھر ۔

Above rubies : بے بہا : گراں بہا ۔

Balas ruby : لعل : لعل بد خشاں ۔

Spinel rubies : یاقوت احمر : لعل ۔

True or oriental ruby : کرنڈ احمر ۔

Ruby : (a) یاقوتی : یاقوت کے رنگ کا: سرخ رنگ کا : ارغوانی رنگ کا : قرمزی ۔

Ruby : (v) ارغوانی رنگ سے رنگنا : سرخ رنگنا : سرخی کی جھلک پیدا کرنا ۔

Ruby blende : (n) (۱) لال چاندی ۔ (۲) دیکھو Proustite ۔

Ruby copper : (n) (فلزیات) مِسّ احمر ۔

Ruby glass : (n) سرخ شیشہ : رنگین شیشہ ۔

Ruby port : (n) گہرے سرخ رنگ کا شراب کا پیالہ ۔

Ruby red : (n) یاقوتی سرخ ۔

Ruby silver : (n) (فلزیات) سیم احمر : سرخ کچدھات : چاندی ۔

Ruby spinel : (n) یاقوت احمر : لعل رمانی ۔

Ruby tail :(n) ایک قسم کا کیڑا جس کا رنگ سبز کاہی اور پیٹ کا بالائی حصہ گہرا سرخ ہوتا ہے : زریں زنبور : سرخ دم حشرہ ۔

Ruby tailed : (a) سرخ دم (حشرہ) ۔

Ruby-throat : (n) سرخ گلو پرند : ایک قسم کا پرندہ ۔

Ruby-throated : (a) سرخ گلو ۔

Ruby wood : (n) (۱) سرخ صندل ۔ (۲) نسترن ۔

Ruby zinc : (n) دیکھو Ruby blende

Rucervine : (a) [f. mod. L. 'Rucervu'.] Rucervus جنس کے ہرن سے متعلق ۔

Ruche : (n) [Fr. 'Ruche'.] جھالر : چین (جالی وغیرہ کی) ۔

Ruche : (v) جھالر لگانا ۔

Ruching : (n) جھالروں کی ٹکائی (کپڑے وغیرہ پر) ۔

Ruck : (n) [app. of Scand Origin.] (۱) ایندھن کا انبار : آگ جلانے کے سامان کا تودہ : آتش پذیر مادہ ۔ (۲) گھاس کا انبار : تودہ کاہ : غلے کا انبار : ڈھیر : انبار حبوبات : تودۂ خرمن ۔ (۳) کسی چیز کا انبار ۔ (۴) انبار : بھیڑ : ازدحام : مجمع : کثرت تعداد : جم غفیر : جمگھٹا ۔ (۵)(دوڑ) وہ گھوڑے جو مجمع میں پیچھے رہ گئے ہوں: دوڑ کا مقابلہ کرنے والوں کی جماعت جو دوڑ میں شریک نہ ہو سکی ہو ۔ (۶) عام دوڑ : غیر متمیز بھیڑ (لوگوں یا چیزوں کی) ۔

In a ruck : بھیڑ میں : ڈھیر میں ۔

Ruck : (n) [ON. 'Hrukka'.] شکن : سلوٹ : جھری ۔

Ruck : (v) [Perh. of Scand Origin.] (۱) (بول چال) زمین پر دو زانو بیٹھنا : پالتی مار کر بیٹھنا ۔ (۲) دبنا : دبکنا : لجاجت کرنا : پاؤں پڑنا : جھکنا ۔ (۳) بے ترتیب انبار لگانا : ایک ساتھ ڈھیر کرنا ۔

Ruck : (v) شکن ڈالنا : جھری ڈالنا : جھری پڑنا : سلوٹیں پڑنا ۔

Ruckle : (v) شکن ڈالنا : سلوٹیں پڑنا : تہیں بنانا ۔

Ruckle : (v) [of Scand origin.] (نزع میں) حلق سے گڑگڑ کی آواز نکالنا : خر خر کرنا ۔

Ruckle : (n) گڑ گڑاہٹ : گڑ گڑ کی آواز (خصوصاً نزع کے وقت کی) .

Rucksack : (n) [G. 'Rucksack'.] کولے پشتی : پیٹھ تھیلا (ایک تھیلا جو پیدل چلنے والے یا پہاڑ پر چڑھنے والے اپنی پیٹھ پر باندھ لیتے ہیں اور جس میں ان کا سامان ہوتا ہے) .

Ruckus /Rucks : (n) [Origin. U.S.] شور غوغا : آشوب : سرم صدا : قیل قال : ہم ہمہ .

Ructation : (n) آروغ : ڈکار .

Ruction : (n) [Origin unkn.] (عام) گڑبڑ : جھگڑا : قیل و قال : دارو بیداد : مشاعرۂ لفظی .

Rud : (v) گیرو سے نشان دینا : گیرو سے رنگنا .

Rudas : (n) [Origin obsc.] (اسکاچستان) بد زبان عورت : فحاش عورت : لڑاکا عورت : بد مزاج یا زبان دراز عورت .

Rudbeckia : (n) [f.Olof Rudbeck, a Swedish botanist.] (نباتیات) گل ژایونی ؛ گل رڈبکی .

Rudd : (n) [app. f. 'Rud(n).'] (دریائی) سرخ چشم مچھلی .

The rudd of a ship : سکانِ کشتی .

Rudder : (n) [OE. 'Roder'] (۱) پتوار : سکان : (مجازاً) شمع ہدایت : رہنما اصول : رہنمائی کرنے والا . (۲) (بیئر شراب بنانے میں) وہ کفگیر جس سے مالت (جو وغیرہ کے شیرے کو) چلاتے ہیں . (۳)(حیوانیات) مہار : نکیل. (۴) (طیورات) دیکھو Rectrix .

Rudder : (v) جہاز کو کھینا : پتوار چلانا .

Rudder-bird : (n) ایک قسم کی بط .

Rudder-duck : (n) دیکھو Rudder-bird

Rudder-fish : (n) (۱)سکانی مچھلی (مچھلیاں جو جہاز کے ساتھ ساتھ چلتی ہیں) . (۲) مختلف قسم کی مچھلیاں .

Rudder perch : (n) جزائر غرب الہند کی ایک سمندری مچھلی .

Rudder wheel : (n) (زراعت) چلاؤ پہیا .

Rudderless : (a) بے پتوار : بے سکان .

Ruddied : (a) سرخ شدہ .

Ruddily : (adv.) سرخی مائل ہوتے ہوئے .

Ruddiness : (n) گلابی :سرخی .

Ruddle : (n) گیرو کی قسم کی سرخ مٹی .

Ruddle : (n) Riddle کا متبادل .

Ruddle : (v) گیرو کی قسم کی مٹی سے لال رنگنا : لال نشان ڈالنا .

Ruddock : (n) [OE. 'Rudduc'.] جنّ : سینۂ سرخ : لال چڑی : مرغ سینۂ سرخ .

Ruddy : (a & n) [OE. 'Rudiz'.] (۱) لال لال : گلگوں : سرخ و سفید (چہرہ) : شبابی (رنگ) . (۲) گلابی : سرخی مائل . (۳) (عام) قابل نفرت . (۴) خجالت سے سرخ شدہ . (۵)چالاک : بشاش : سر حال . (۶) حقیر : پست : رسوا: بد نام .

Ruddy : (v) سرخ ہو جانا یا کر دینا .

Rude : (a) [OFr. 'Ruide'.] (۱) غیر تعلیم یافتہ : جاہل : نا واقف . (۲) بدوی : ابتدائی : سیدھا سادہ : ان گھڑ : ناتراشیدہ : ناہموار : آسان : سادہ . (۳) غیر مہذب : غیر متمدن : پست : نادان : خام بے تجربہ . (۴) برا بھلا : بھدا : موٹا (کام): بد نما : بد شکل : ناتمام . (۵) شدید : تند : سخت: زبردست : نا گہانی : فوری : طوفانی . (۶) زور دار : قوی : تنو مند : محکم : باقدرت : ثابت قدم : قوی ہیکل : با جرأت : زور مند . (۷) بیہودہ : بد تمیز : گستاخ : جسور : سر کش : شورش پسند : مفسد : فتنہ پرور . (۸) وحشیانہ : سبع : تہورانہ . (۹) ناموزوں : نا موافق: مخالف : ستیزہ جو : دعوائی . (۱۰) شکستہ : درہم: ریختہ : نا ہموار : نا ہنجار : دیہاتی: بے ترتیب : کثیف و بے نظم . (۱۱) پر آشوب : متلاطم : درہم برہم : مضطرب . (۱۲) پر شور : پر ہنگامہ . (۱۳) (صحت) قوی : مضبوط : موٹا تازہ : طاقت ور : پر زور . (۱۴)(آواز) ناموافق : ناساز : کرخت : ناگوار : بے آہنگ : بے سرا .

To be rude to : بد تمیزی سے پیش آنا : گستاخی کرنا : سخت کلامی کرنا .

Rude : (adv.) بد تمیزی کے ساتھ : گستاخی کے طور پر : سخت کلامی سے : غیر مہذب طور پر : زور دار طور پر : ناگہانی سے: شدت کے ساتھ .

Rude chaos : (n) سخت بد نظمی .

Rude times : (n) وحشت کا زمانہ ؛ زمانۂ جہالت ؛ نوع انسانی کا ابتدائی دور ۔

Rudely : (adv.) بھدے پن سے ؛ بھونڈے طور پر ؛ شدت سے ؛ تندی سے ؛ بیہودگی سے ؛ بد تمیزی سے ؛ غیر متمدن طو رپر ۔

Rudeness : (n) بھداپن ؛ بھونڈاپن ؛ شدت ؛ تندی ؛ بد تمیزی ؛ بیہودگی؛ نابمواریت ؛ جہالت ؛ وحشیانہ پن ؛ سیدھاپن ۔

Ruderal :(n) (نباتیات) ویرانہ رُو ؛ رمنی ۔

Rudes by : (n) گستاخ یا ان گھڑ شخص ۔

Rudesheimer : (n) [G. 'Rudesheimer'.] ایک قسم کی سفید شراب (شہر روڈاشائمر کے نام سے ، جو دریائے رائن کے کنارے پر ہے ، موسوم ہے) ۔

Rudiment : (n) [L. 'Rudimentum'.] (۱) (جمع) کسی مضمون کا پہلا اصول یا نظریہ ؛ ابتدا ؛ اصل ؛ مبدا ۔ (۲) ابتدائی یا بنیادی اصول ؛ (علوم و فنون کے) مبادی ؛ مقدمات؛ علوم مقدماتی ؛ مبادی اولیہ ۔ (۳) (جمع) (کسی) ناقص کام کی ابتدا ؛ داغ بیل ؛ شروعات ؛ پہلا قدم ۔ (۴) ابتداء؛ ناقص شکل یا صورت ۔ (۵) کوئی عضو جو مصرف میں نہ ہونے کی وجہ سے بڑھا نہ ہو ؛ مثلاً مرد کے پستان ؛ عضو نامکمل ۔

Rudimental : (a) (۱) بنیادی ؛ ابتدائی ؛ مبادی کے متعلق ۔ (۲) مقدماتی ؛ ناقص ؛ نا مکمل ۔ (۳) غیر ترقی یافتہ ۔

Rudimentary : (a) دیکھو Rudimental

Rudiments: (n) (ریاضیات) مبادی ۔

Rudiments of geometry : (n) (ہندسہ) مبادی ہندسہ ۔

Rudiments of the world : (n) مبادئ دنیا ؛ دنیا کی ابتداء ۔

Rudish : (a) بھدا سا ؛ موٹا جھوٹا ؛ بیہودہ سا ؛ بد تمیز ۔

Rudolphine tables / -numbers : (n) [f. the name 'Rudolph+-ine.] جدول نجومی جسے کیلر نے ۱۶۲۷ء میں شائع کیا اور شہنشاہ روڈولف دوم کے نام پر رکھا ۔

Rue : (n) [L. 'Ruia'.] (نباتیات) سداب ؛ کالا دانہ ؛ تتلی ؛ اسپند ۔

Goat's rue : دیکھو Goat

Wild rue : اسپند ؛ حرمل ؛ کالا دانہ ۔

Rue : (v) [OE. 'Hreowan'.] (۱) کسی بات پر پچھتانا ؛ ہاتھ ملنا ؛ افسوس کرنا ؛کف افسوس ملنا ؛ رونا جھینکنا ؛ پشیمان ہونا ؛ نادم ہونا ؛ شرمندہ ہونا ؛ غلطی کااحساس کرنا ؛ تاسف کرنا ؛ پچھتانا ۔ (۲) غم خواری کرنا ؛ (کسی شخص کے لئے) ؛ دل سوزی کرنا ؛ غصہ برداشت کرنا ؛ غصہ کھانا ؛ ہمدردی کرنا ؛ ترس کھانا ۔ (۳) اذیت دینا ؛ بے دم کرنا ؛ دکھ دینا ؛ عاجز کرنا ؛ رنجیدہ کرنا ؛ تکلیف دینا۔ (۴) احساس کرنا ؛ لحاظ کرنا ؛ ملحوظ کرنا ؛ درمیان میں لانا (افسوس کے ساتھ) ۔ (۵) نالہ و فریاد کرنا؛ آہ و شیون کرنا ؛ واویلا مچانا ؛ نوحہ کرنا ؛ ماتم کرنا۔

To rue it , the day , hour : اس بات پر پشیمان ہونا ؛ اس دن کا پچھتاوا کرنا ؛ اس وقت کا افسوس کرنا ۔

Rue-raddy : (n) کسی چیز کو کھینچنے کے لئے رسی جو کاندھے پر سے ہو کر کمر میں باندھی جائے ۔

Rueful : (a) تاسف آور ؛ غمگین ؛ غمناک ؛ اندوہناک ؛ اندوہ آور ؛ محزوں ؛ مایۂ پشیمانی ؛ موجب غم واندوہ ؛ غم آگیں ؛ (مزاج کے موقع پر) رونی ؛ بسورتی ہوئی (صورت وغیرہ) ؛ تیر و تار ؛ سنسان ؛ اداس ؛ مغموم ؛ بے چین ؛ ملول ۔

Knight of the rueful countenance : رونی صورت کا سورما (Den Quinote) ۔

Ruefuly : (adv.) افسوس کے ساتھ ؛ غمگین طور پر ؛ تاسف آور انداز میں ؛ محزونیت کے ساتھ ۔

Ruefulness : (n) پشیمانی ؛ تاسف ؛ اداسی ؛ غمگینی ۔

Ruelle : (n) [Fr. dim of 'Rue'.] (۱) دیوار اور بستر کے درمیان کا فاصلہ ۔ (۲) کمرہ جہاں فیشن پرست عورتیں سترھویں، اٹھارھویں صدی عیسوی میں (خصوصاً فرانس میں)صبح کے وقت بااعزاز افراد کا استقبال کرتی تھیں ۔ (۳) اس قسم کا استقبال ۔ (۴) تنگ گلی یا راستہ۔

Rufescence : (n) سرخی مائل ہونے کی حالت ۔

Rufescent : (a) [L. 'Rufescent'.] (حیوانیات ، نباتیات) سرخی مائل ۔

Rufescent : (n) حنائی رنگ ۔

Ruff : (n) [Perh. f. 'Rough'.] ایک قسم کی دریائی مچھلی جس کے کھپرے کانٹے دار ہوتے ہیں ۔

Ruff : (n) [Perh Subst. use of 'Rough'.] (۱) چنٹ دار یا جھالردار

گلوبند (جو سولہویں صدی عیسوی میں پہنا جاتا تھا) ۔ (۲) (پرندوں یا چوپایوں کے گلے میں پروں یا بالوں کا) کنٹھا: حلقہ : طوق ۔ (۳) ایک قسم کا پالتو کبوتر : طوق دار کبوتر : یلوۂ طوق دار ۔ (۴) حلقہ مانند دائرہ وار چیز ۔

Ruff : (n) [It. 'Ronfa'.] تاش میں رنگ بنانے کا عمل یا رنگ مارنے کا عمل خصوصاً Whist میں : کھیل میں وہ موقع جب دونوں ساتھی مختلف رنگوں پر ترپ لگائیں ۔

Ruff : (v) تاش میں رنگ بنانا یا مارنا : ترپ لگانا ۔

Ruff : (n) [Perh. f. 'Ruff(n)'.] ایک قسم کا پرند (نر) جسے جفتی کے زمانے میں کنٹھ اور کانوں پر پروں کے گچھے نکل آتے ہیں ۔

Ruff : (n) [Perh. imitative.] (۱) بے ترتیبی : افرا تفری : ابتری : انتشار: اضطراب: خلل اندازی: اشتعال: کھلبلی : برہمی۔ (۲) ایذا : تکلیف : پریشانی : بد مزگی : ناگواری : بیزاری : کوفت : پریشانی کی حالت ۔ (۳) ہمواری میں تبدیلی : سکون میں خلل : نا ہمواریٔ سطح ۔ (۴) ترپ لگانے کا عمل ۔ (۵) فیتے کا ٹکڑا : چین : جھالر : چنٹ ۔ (۶)پرندوں کا کنٹھا: کنٹھ دار چیز : طوق (پرندوں کا)۔ (۷) مزاحمت : آشفتگی : الہتاب ۔

Ruff : (v) (۱) (اسکاچستان) ڈھول پیٹنا : طبل کی زور دار آواز ہونا ۔ (۲) طوق پہنے ہوئے : کنٹھ دار : (پرند)طوق دار ۔

Ruffed : (a) (۱) دیکھو Ruffled ۔ (۲) طوق پہنے ہوئے : کنٹھی دار: (پرند) طوق دار ۔

Ruffed grouse : (n) کبک : تیتر ۔

Ruffian : (n) [OFr. 'Rufien'.] اوباش : برزہ : لوطی : بد معاش : شہدا : گنڈا : ناشائستہ آدمی : غیر مہذب شخص ۔

Ruffian : (a) بدمعاش صفت : اوباش صفت : بد اخلاق : حیوان صفت : وحشی : ظالم : شہوانی : لوطی منش ۔

Ruffian : (v) ہنگامہ یا طوفان برپا کرنا : شہدا پن کرنا : برزگی کرنا : وحشی گیری کرنا : خشمگیں ہونا : لواطت کرنا ۔

Ruffian-like : (a) شہدا صفت : بدمعاش جیسا : حیوان صفت : وحشی جیسا : شریر جیسا ۔

Ruffianage : (n) بدمعاشی : شہدا پن : گنڈا پن : وحشی گیری ۔

Ruffianism : (n) دیکھو Ruffianage

Ruffianly : (a) شریرانہ : جابرانہ : بد معاش : با تندی : بد معاش صفت ۔

Ruffle : (n) [f. 'Ruffle(v)'.] دیکھو Ruff (n)

Ruffle : (n) [Origin obsc.] (۱) دنگا فساد : لوٹ مار : ہنگامہ : فساد : بلوہ : لڑائی : جھگڑا : جدال : قیل و قال : مناقشہ : حجت ۔ (۲) سبب ہنگامہ : خلل : بغاوت : بے قراری ۔

Ruffle : (n) [f. 'Ruff (n)'.] (فوج) طبل کی گونج دار آواز ۔

Ruffle : (v) ڈھول پیٹنا : طبل پر چوٹ مارنا : طبل بجانا ۔

Ruffle : (v) [Origin obsc.] (۱) ہمواری کو ختم کرنا : نا ہموار بنانا : سکون کو ختم کرنا : ژولیدہ کرنا ۔ (۲) (چھیڑ کر) بے ترتیب کر دینا : پریشان کر دینا یا ہو جانا (پروں یا بالوں کا) ۔ (۳) لہریں پیدا کرنا : تموج پیدا کرنا یا ہونا (سطح آب کا) ۔ (۴) سکون میں خلل ڈالنا یا پڑنا : برہم کرنا یا ہونا (مزاج کا) ۔ (۵) بل یا شکن ڈالنا یا پڑنا (ابرو پر)۔ (۶) اکڑنا : اینٹھنا : جھگڑالوپن کی باتیں کرنا : سخت کرنا یا ہونا : اکڑ جانا : کڑا کرنا (پرندوں کے بالوں کا) ۔ (۷) پانی پر ہلکی ہلکی موجوں کا اٹھنا ۔ (۸) کھردرا کرنا یا ہونا : نا ہموار کرنا یا ہونا ۔ (۹) دق کرنا : بر ہم کرنا : پریشان کرنا : غصہ دلانا : بر افروختہ کرنا ۔ (۱۰) جلدی سے کتاب کا ورق الٹنا : انگلیوں سے تاش کے پتوں کا کھسک جانا ۔ (۱۱) غصہ سے جنبش کرنا : غصے سے ہلنا ۔ (۱۲)حیران کرنا : گمراہ کرنا : بھٹکانا : الجھاؤ میں ڈالنا (شخص کو) ۔ (۱۳)بے ڈھنگے طور پر انبار لگانا : بھرمار کرنا : لپیٹنا: ملفوف کرنا : موڑنا ۔

Ruffle : (v) [Origin obsc.] (ہوابازی) متلاطم ہونا : پر شور ہونا: درہم برہم ہونا : ہنگامہ یا طوفان برپا کرنا ۔

Ruffled : (a) طوق دار (پرند) : کنٹھی دار (پرند) ۔

Ruffler : (n) سینے کی مشین میں ایک آلہ جس سے چنٹ ڈالی جاتی ہے۔

Ruffler : (n) شیخی باز : جھگڑالو : اکڑ باز ۔

Rufi- : [Comb. form of L. 'Rufus'.] سابقہ بمعنی "قرمز" : "سرخ" ۔

Rufo- : سابقہ بمعنی "مائل بہ قرمز" : "مائل بہ سرخ" ۔

Rufous : (a) [f. L. 'Rufus.'] بادامی سرخ : گلگوں : سرخی مائل : بادامی ۔

Rufter-hood : (n) [Origin unkn.] نئے پکڑے ہوئے شاہین کو اڑھانے والی ٹوپی ۔

Rug : (n) [Perh. of Scand. origin.] (۱) موٹا نرم بالوں کا کمبل : قالیچہ : قالی : کمبل ۔ (۲) مستطیل چٹائی : عموماً جھاڑی دار شے : نا ہموار چیز ۔ (۳) پا انداز : نمدا ۔

Rug : (v) [Prob. of Scand Origin.] زبردستی کھینچ لینا : بہ زور لے بھاگنا : جھٹکا دے کر کھینچنا : پھاڑ دینا ۔

Ruga : (n) [L.] (۱) (طب) شکن غشا مخاطی : روگا ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات) جھری : پیچ و خم : شکن ۔

Rugate : (a) شکن آلود : پیچ و خم والا : جھری دار ۔

Rugbeian : (n) رگبی اسکول کا رکن ۔

Rugbeian : (a) رگبی اسکول کا ۔

Rugby : (n) ایک اسکول کا نام : رگبی ۔

Rugby football : (n) ایک قسم کا فٹ بال کا کھیل جس میں کھلاڑی ہاتھ کو استعمال کر سکتا ہے اور اس آدمی کو پکڑ بھی سکتا ہے جو گیند لے جا رہا ہو ۔

Rugby league : (n) رگبی فٹ بال لیگ (جس میں تیرہ آدمی کھیلتے ہیں) ۔

Rugby union : (n) (۱) رگبی یونین ۔ (۲) ان کلبوں کی انجمن جن میں رگبی فٹ بال کے قواعد رائج ہیں ۔ (۳) رگبی فٹ بال کا کھیل جس میں پندرہ آدمی شریک ہوتے ہیں ۔

Rugged : (a) [Prob of Scand Origin.] (۱) ناہموار : کھردرا : کھر کھرا : اونچا نیچا : پست و بلند : سنگلاخ : پتھریلا : خشونت آمیز ۔ (۲) نا ملائم : ان گھڑ : نا تراش : شکن آلود : جھری دار : چیں بہ جبیں ۔ (۳) تند : سخت : کرخت : درشت ۔ (۴) کھرا : کٹر ۔ (۵) کٹھن : مصیبت کا: درشت : ترش ۔ (۶) (موسمیات) طوفانی : طوفان خیز : (نباتیات) پتھر دار ۔ (۷) تنو مند : نا منظم: نا مرتب : نا ہموار : کثیف ۔ (۸) وحشی : بے تمدن : غیرمہذب : کج خلق : تند خو : غیر شریف : تیز : تند : عبوس ۔ (۹) (صدا) گوش خراش ۔ (۱۰) (امریکا) مضبوط : سخت : قوی : موٹا تازہ : طاقت ور : چاق چوبند : ہٹا کٹا ۔

Rugged : (adv.) نا ہمواری سے : ان گھڑ طریقے سے : سختی سے : کھرے پن سے : خشونت آمیز طور پر ۔

Rugged features : (n) نا ہموار چہرہ : بھونڈا نقشہ ۔

Ruggedly : (adv.) دیکھو Rugged

Ruggedness : (n) نا ہمواری : ان گھڑپن : سختی : کھڑاپن : کٹھن ہونا : خشونت آمیزی ۔

Rugger : (n) [Orig. University slang.] دیکھو Rugby footbal

Rugose : (a) [L. 'Rugosus'. , f. 'Ruga'.] شکن دار : چین دار : سلوٹ دار : پر شکن ۔

Rugosely : (adv.) پر شکن طور پر : سلوٹ کے ساتھ ۔

Rugosity : (n) [L.'Rugositas'.] خوردگی : شکن : سلوٹ دار ہونا ۔

Rugous : (a) سلوٹ دار : پر شکن ۔

Rugulose : (a) [dim. of L. 'Ruga+ -ose'.] (تشریح ، نباتیات) معمولی شکن والا سلوٹیا ۔

Ruhmkorff coil : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) امالی لچھا : ایک قسم کا امالی لچھا یعنی وہ آلہ جس میں امالے (Induction) کے ذریعہ برقی رو پیدا کی جاتی ہے ۔

Ruin : (n) [late ME. 'Ruyne'.] (۱) ویرانی : مسماری : پامالی : بربادی : تباہی : زوال : سقوط : فنا ۔ (۲) (جمع) کھنڈر: خرابہ : ویرانہ : مخروبہ : خرابی خانہ : برباد عمارت ۔ (۳) (مجازاً) وہ شخص جو برباد ہو گیا ہو: ویران حال: برباد حال : زخمی ۔ (۴) باعث بربادی : وجۂ زوال: حالت فساد: سماج کا زوال: زوال سوسائٹی ۔ (۵) صدمہ: خرابی : فرو ریزی : انحطاط : ویرانی : انہدام ۔ (۶) عورت کی بے عزتی : عورت کی ذلت : پستی زن ۔ (۷) کسی چیز کی مکمل تباہی : انہدام ۔ (۸) غارت : تاراج : تباہی ۔ (۹) (عام) خراب قسم کی جن شراب ۔

Blue ruin : خراب قسم کی جن شراب ۔

Rack and ruin : دیکھو Rack (n)

The ruins of my hopes : میری امیدوں کا خون : امیدوں پر پانی پھرنا ۔

The ruins of Rome : قدیم روما کے باقیات : رومی شہنشاہی طریق کے آثار ۔

To bring to ruin : برباد کرنا : تباہ کر دینا ۔

Ruin : (v) [Fr. 'Ruiner'.] (۱) اجاڑنا : پامال کرنا : ویران کرنا : تباہ کرنا : زندگی برباد کرنا ۔ (۲) (شعر) گز پڑنا (چھت وغیرہ کا) ۔ (۳) محروم کرنا : نقصان پہنچانا : ارث سے محروم کرنا ۔ (۴) برباد کرنا (سلطنت) : تہ و بالا کر

دینا ؛ زیر و زبر کرنا ۔ (۵) ضرب لگانا ۔ (۶)معاشی بربادی کا ہونا ؛ معاشی تباہی پیدا کرنا ۔ (۷) (عورت کو) بے عزت کرنا ؛ بے حرمتی کرنا ؛ رسوا کرنا ؛ ذلیل کرنا ۔ (۸) مکمل طور پر بگاڑنا ؛ اخلاق خراب کرنا ۔ (۹)خراب کرنا ؛ بگاڑنا ؛ بے لطف کر دینا ؛ خراب ہو جانا ؛ مکمل طور پر نقصان پہنچانا ۔ (۱۰) مصیبت میں ملوث ہونا ؛ بد نصیبی میں مبتلا ہونا ۔ (۱۱)پورے کو ناقص بنانا ؛ اکارت کر دینا ؛ بیکار کر دینا ؛ کھنڈر بنا دینا ۔ (۱۲) مکمل طور پر باطل کر دینا ۔ (۱۳)کھنڈرات میں گر پڑنا ؛ آناً فاناً گڑ پڑنا ؛ دفعتاً گر پڑنا ؛ تباہی میں چلا جانا ؛ بربادی میں پڑنا ۔ (۱۴) فنا ہونا ؛ زوال پذیر ہونا ؛ نیست و نابود ہونا۔

Ruinable : (a) فنا پذیر ؛ زوال پذیر ؛ خراب ہو جانے والا ؛ برباد ہو جانے والا ؛ تباہ حال ۔

Ruinate : (a) [med. L. 'Ruinatus'.] (عمارت)مسمار شدہ ؛ تباہ شدہ؛ خراب ؛ ویران ؛ شکستہ ۔

Ruinate : (v) [Stem of med. L. 'Ruinare'.] (۱) خراب کرنا ؛ منہدم کرنا ؛ معدوم کرنا ؛ مختل کرنا ۔ (۲) برباد کرنا ؛ نیست و نابود کر دینا (سلطنت) ۔ (۳) کنگال کرنا ؛ مفلس کرنا ؛ غریب کرنا ؛ قلانچ کرنا (شخص کو) ۔ (۴) بربادی تک پہنچانا ۔

Ruinated : (a) منہدم کیا ہوا ؛ تباہ شدہ ۔

Ruination : (n) تباہی ؛ بربادی ؛ انہدام ؛ ویرانی ۔

Ruiner : (n) منہدم کرنے والا ؛ تباہ کرنے والا ؛ برباد کرنے والا ۔

Ruinous : (a) [Fr. 'Ruieux, -euse'.] (۱) شکستہ ؛ اجاڑ ؛ ویران ؛ برباد ۔ (۲) برباد کرنے والا ؛ تباہ کن ؛ خراب کنندہ ؛ فنا نما ں بر انداز ؛ خانہ خراب کن ۔ (۳) زشت ؛ فاسد ؛ خانماں سوز ؛ مضر ؛ زیاں آور ؛ مخرب ۔

Ruinously : (adv.) تباہ کن طریقے سے ؛ ویرانی کے ساتھ ؛ بربادی کے طور پر ۔

Ruinousness : (n) (۱) ویرانی ۔ (۲) تباہ کن ہونا ۔

Rulable : (a) (۱) قابل فرمانروائی ۔ (۲) (امریکا) (بول چال) جائز ؛ روا ؛ مباح ؛ مناسب ؛ درست ؛ بجا ۔

Rule : (n) [OFr. 'Riule'.] (۱) قاعدہ ؛ دستور ؛ حکم ؛ طریقہ ؛ ریت ؛ رواج ؛ معیار ؛ رسم ۔ (۲) حکومت ؛ عملداری ؛ راج ؛ سلطنت ؛ حکمرانی ؛ فرمانروائی ؛ قدرت ؛ قانون ۔ (۳)آئین ؛ دستور ؛ قاعدہ ؛ ضابطہ ؛ قانون ؛ دستور العمل ۔ (۴) (کلیسا) وہ ضابطہ جو راہبوں یا پادریوں کے کسی سلسلے میں رائج ہو ۔ (۵) رول ؛ مسطر ؛ جدول کش ۔ (۶) لوہے کی پٹیاں جس سے مطبع والے سرخیاں ، کالم وغیرہ الگ کرتے ہیں ۔ (۷) رفتار ؛ اخلاق ؛ روش ۔ (۸)(ریاضیات) قاعدہ ؛ گر ؛ (قانون) قانون ؛ وہ ضابطہ جو کوئی جماعت اپنی کاروائی کے لئے بنائے ؛ قانون عدالت ۔ (۹) (قواعد) اصول ؛ قواعد ۔ (۱۰)علامت ؛ نشان راہ ؛ خط کش ۔ (۱۱) اصول ؛ جانچنے کا اصول ؛ معیار (تنقید یا رائے زنی کا) ؛ ادراک یا شعور کا معیار ۔ (۱۲) وہ مسلمہ اصول جس سے اعمال و افعال جانچے جاتے ہیں ۔ (۱۳)مذہبی فتویٰ ۔ (۱۴) کنٹرول ؛ گورنمنٹ ؛ حکومت ؛ فرمانروائی ؛ حکمرانی ؛ عمل داری ؛ تسلط ؛ قبضہ ۔ (۱۵) (شخص یا چیز کی) عمل داری ؛ حکومت ۔ (۱۶) (لمبائی ناپنے کے لئے) بڑھئی اور معمار کا ایک آلہ ۔ (۱۷) (شاعری) روشنی کی شعاع ؛ روشنی کی کرن ۔ (۱۸) (تائپ) دھات کا پتلا ٹکڑا (سرخیوں، مضامین ، کالم وغیرہ کو علاحدہ کرنے کے لئے) ۔ (۱۹) کمپوز کرنے کا قاعدہ ۔

As a (or the) rule : عموماً ؛ عام طور پر؛ اصولاً ۔

By rule : بندھے ٹکے قاعدے کے مطابق ؛ لکیر کا فقیر بن کر ۔

Golden rule : زریں اصول ؛ ارشاد مسیح (اوروں سے وہی سلوک کرو جس کی تم دوسروں سے توقع رکھتے ہو) ۔

Hard and fast rule : قاعدہ جس میں استثنا ، نہ ہو ۔

Joint rule : پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے منظور شدہ قانون ۔

Out of rule : بر خلاف اصول ؛ خلاف قانون ؛ بر عکس قاعدہ ۔

Particular rule / Rule of court : جج کا فیصلہ ؛ قانون عدالت ۔

Standing rule : وہ ضابطہ جو کوئی جماعت اپنی کاروائی کے لئے بنائے ۔

(Standing) rule of court : عدالت کا قانون ۔

(The) exception proves the rule : دیکھو Exception

The market rules high : بازار تیز ہے ۔

The rules : (تاریخ) Fleet اور King's bench قید خانوں کے باہر محدود رقبے جن میں قیدی چند شرائط کے

Rule of thumb : (n) قاعدۂ تجربی : انگل پچو : وہ قاعدہ جو روزمرہ کے تجربے پر مبنی ہو ۔

Rule of thumb : (a) روزمرہ کے تجربے کا ۔

Rule out of order : (v) (۱) کسی شخص کی تجویز وغیرہ کو بخلاف قاعدہ قرار دے کر خارج کر دینا ۔ (۲) کسی سوال وغیرہ کوغیر متعلق قرار دے کر رد کر دینا ۔

Ruleless : (a) غیر قانونی : بغیر اصول : غیر دستور : غیر حکمرانی: غیر متواتر : بے قانون : بے نظم : بے ترتیب : بے قاعدہ ۔

Ruler : (n) (۱) حکمراں : فرمانروا : رئیس ۔ (۲) اکاؤنٹ بک میں سیدھا خط کھینچنے والا : خط کش : مسطر : رول : جدول کش ۔

Parallel ruler(s) : دیکھو Parallel

Rules and regulation : (n) قواعد و ضوابط ۔

Rules of arithmetic : (n) (ریاضیات) حساب کے قاعدے ۔

Rules of decorum : (n) (سماجیات) آداب معاشرت ۔

Rulership : (n) حکمرانی : فرمانروائی ۔

Ruling : (n) (۱) حکمرانی : معمول : حکم فرمائی ۔ (۲) فیصلہ : عدالتی فیصلہ ۔ (۳) (معاشیات) رائج ہونا : نفاذ ۔ (۴)ریاست : متداول : دولت : حکومت ۔

Ruling : (a) (۱) حکم فرما : نفوذ دار : حکمرانی کرنے والا : با اثر : سر بر آوردہ۔ (۲) عام : رائج : پھیلی ہوئی : نافذ : شائع۔ (۳) (قیمت) چالو: رائج : عام : اوسط درجے کا : معمولی: متوسط ۔

Ruling gradient : (n) (انجینیئرنگ) حکمی ڈھال ۔

Ruling machine : (n) (سروے) آلۂ تسطیر : خط کش مشین ۔

Ruling pen : (n) مسطار ۔

Ruling passion : (n) شدید دلی شوق (جس کے تقاضے سے آدمی کوئی کام کرنے پر مجبور ہوتا ہے) ۔

Ruling prices : (n) (معاشیات) رائج قیمتیں ۔

Rulingly : (adv.) حکمرانی کے طور پر ۔

Rule : (v) [OFr. 'Riuler, ruler.'] (۱) اثر رکھنا : غلبہ رکھنا : قابو میں رکھنا : کنٹرول میں رکھنا ۔ (۲) مشورے پر چلنا : پیروی کرنا : تعمیل کرنا ۔ (۳) حکومت کرنا : فرمانروائی کرنا : تسلط رکھنا : متداول ہونا : قبضہ رکھنا ۔ (۴)مسطر کرنا : سطریں کھینچنا ۔ (۵) بازار کا رخ کسی خاص سمت ہونا : (قیمت ، نرخ) عام ہونا : شائع ہونا: چالو ہونا : عام معیار کا رائج ہونا ۔ (۶) حکم دینا: فیصلہ صادر کرنا ۔ (۷) کسی پر حاکم ہونا : حکم کرنا : رہنمائی کرنا : اپنے نفس پر تسلط پانا : انتظام کرنا (چیز کا): کسی کے کنٹرول میں ہونا ۔ (۸) میانہ روی کرنا : اعتدال سے کام لینا : اعتدال پر لانا : معتدل کرنا : ہلکا کرنا : دھیما کرنا ۔ (۹) نظم و ترتیب میں لانا : تزئین کرنا ۔ (۱۰) مخصوص طریقے سے جانا : مخصوص کردار رکھنا : اصول رکھنا ۔ (۱۱) فیصلہ کرنا: تجویز سنانا : محدود کرنا : معین کرنا : تعین کرنا : طے کرنا ۔ (۱۲) فرمان جاری کرنا : ڈگری صادر کرنا : فیصلہ سنانا : تصفیہ کرنا : مقرر ، معین یا طے کر دینا ۔

To be ruled : ہدایت کو قبول کرنا : مشورہ مان لینا ۔

To rule out : سرے سے قابل غور نہ سمجھنا : خارج کر دینا: غیر متعلق یا ناجائز قرار دینا ۔

Rule form : (n) (سروے) مسطر نما ۔

Rule-joint : (n) بڑھئی کے پیمانے کے جوڑ ۔

Rule nisi : (n) دیکھو Nisi

Rule of alligation : (n) سوالات حل کرنے کا ایک حسابی طریقہ ۔

Rule of practice : (n) طریقۂ مشق : طریقۂ معمول ۔

Rule of proportion : (n) قاعدۂ تناسب : طریقۂ نسبت ۔

Rule of the road : (n) دیکھو Road

Rule of three : (n) (ریاضیات) اربعہ : اربعۂ متناسبہ : قاعدۂ اربعۂ متناسبہ ۔

Double rule of the three : (ریاضیات) ستّہ ۔

To run the rule over : (۱) (بول چال) (کسی شخص کا) ڈاکٹری معائنہ کرنا ۔ (۲) اندازہ لگانا (لیاقت ، استعداد کا) ۔ (۳) جیب صاف کرنا (پاکٹ مارنا) ۔

Rulley / Rolley : (n) ایک طرح کا بے دیوار اور بے چھت کا چوپہیا چھکڑا ۔

Ruly : (a) (۱) منظم : مہذب ۔ (۲) فرماں بردار : حکم بردار : نوکر : آذرلی ۔ (۳) قانون پر عمل کرنے والا : دستور پر چلنے والا ۔

Rum : (n) [Perh. an abbrev. of 'Rumbullion'.] (۱) ویسٹ انڈیز اور گیانا (Guiana) میں تیار ہونے والی اسپرٹ جو گنا سے تیار کی جاتی ہے : رم : گنے کی شراب ۔ (۲) ایک مفرح عرق جو مچھلیوں کے رس اور روح شراب سے بناتے ہیں ۔

Rum : (a) [Perh. var of 'Rom'.] (عام) عجیب : انوکھا : نرالا : طرفہ : بے ڈھنگا : خبطی سا : غیر معمولی ۔

Rum-hole : (n) ہوٹل میں وہ جگہ جہاں سے شراب تقسیم ہوتی ہے : بار ، ہوٹلوں ، قہوہ خانوں کا بڑا کمرہ : سیلون ۔

Rum shop : (n) شراب کی دکان : بار : سیلون ۔

Rum-tum : (n) ایک قسم کی چھوٹی کشتی جو دریائے ٹیمز کے نشیبی حصے میں چلتی ہے ۔

Rumal : (n) Romal کا متبادل ۔

Rumansch : (n) دیکھو Romansh

Rumba/ Rhumba : (n) [Amer Sp.] (۱) ایک قسم کا حبشی رقص ۔ (۲) بال روم کا رقص ۔

Rumba : (v) حبشی رقص کرنا : رمبا رقص کرنا ۔

Rumble : (n) [f. 'Rumble (v)'.] (۱) گرج : رعد : گھڑ گھڑ ۔ (۲) قراقر : گڑ گڑ ۔ (۳) گاڑی کے پہیے کا وہ حصہ جو زائد نشست کے طور یا سامان کے لئے ٹھیک کیا جائے ۔ (۴) غر غرابٹ (بولی اور زبان کے لئے استعمال ہوتا ہے) ۔ (۵) (عام) (امریکا) جماعتی لڑائی ۔ (۶) چغلی : بم بمہ : سرو صدا : قیل و قال ۔

Rumble : (v) [ME. 'Rumblen'.] (۱) گرجنا : کڑکنا : گھڑ گھڑ کرنا ۔ (۲) گڑ گڑانا : قراقر ہونا : غرغر کرنا ۔ (۳) زیر لب کرنا : آہستہ آواز میں گفتگو کرنا : بڑ بڑانا ۔ (۴) لگاتار بڑ بڑاتے ہوئے سفر کرنا یا آگے بڑھنا ۔ (۵) چیخ مارنا : منہ سے نکالنا (گڑ گڑاہٹ ، آواز) ۔

Rumble : (v) [Origin unkn.] (۱) ظاہر کرنا : انکشاف کرنا : منکشف کرنا : فاش کرنا ۔ (۲) پیش کرنا : معلوم کرنا : دریافت کرنا : پتا لگانا : کسی بات کی تہ تک پہنچنا ۔

Rumble-rumble : (n) درہم و برہم : نا منظمی : بے ترتیبی : آشفتگی ۔

Rumble seat : (n) گاڑی کے پیچھے کی موٹر والی سیٹ (جو کھلی ہوئی ہو) ۔

Rumble-tumble : (n) (۱) نا ہموار رفتار : ہچکولوں کے ساتھ چلنا ۔ (۲) ایسی گاڑی جو کھڑ کھڑ کرے : گھڑ گھڑیا ۔

Rumbler : (n) گرجنے والا : کڑکنے والا : گڑ گڑانے والا ۔

Rumbling : (n) گڑگڑاہٹ : گرج : رعد ۔

Rumbling : (a) گرجنے والا : گرج دار : پر رعد ۔

Rumblingly : (adv.) گرج دار طور پر : گرجتے ہوئے : رعد کے ساتھ ۔

Rumbowline : (n) Rombowline کا متبادل ۔

Rumbowling : (n) [Perh. var. of 'Rombowline'.] (بحری)(عام) دیکھو Grog

Rumbustious : (a) [Alter of Robustious.] (روزمرہ) اودھم مچانے والا : شور و غل کرنے والا : بھڑ بھڑیا ۔

Rumen : (n) [L.] (حیوانیات) شکنبہ : شکمبہ : معدۂ اول : جگالی کرنے والے جانوروں کا پہلا معدہ : سیرابی ۔

Rumenities : (n) (طب) ورم سرابی : ورم شکمبہ ۔

Rumenotomy : (n) (حیوانیات) شکمبہ شگافی ۔

Rumex : (n) [L.] (نباتیات) جنس بیج بند : جنس ترشک ۔

Rumex Actus : (n) (نباتیات) بیج بند ۔

Rumgumption : (n) (۱) (نفسیات) عقل عام : عقل سلیم ۔ (۲)(اسکاچستان) روباہ صفتی : حیلہ گری : دعوائی ۔

Rumicin / -ine : (n) [f. L. 'Rumic-, Rumex'.] (کیمیا) جنس ترشک سے حاصل ہونے والا ایسڈ: کرائی سوفینک-(Chry-sophanic) ایسڈ ۔

Ruminal / Rumenal : (a) شکمبہ سے متعلق ۔

Ruminant : (n) [L. 'Ruminant'.] جگالی کرنے والا جانور ۔

(۱) جگالی کرنے والا (جانور) : مجتر ۔ (۲) مستغرق؛ دھیان والا : پر استغراق : تفکر پسند : جس میں غور و خوض کا مادہ ہو: دھیانی: مراقبے میں رہنے والا : متفکر: فکور ۔ Ruminant : (a)

جگالی کرنے والے جانور : مجترات ۔ Ruminantia : (n) [L. 'Ruminari'.]

(۱) غور و فکر کرنا : گہرے طور پر سوچنا : اندیشہ کرنا : تفکر کرنا : سوچنا : خیال کرنا (ذہن میں) ۔ (۲) جگالی کرنا : چبانا (جانور کا) : پاگر کرنا ۔ (۳) غور وخوض کرنا : محویت کے عالم میں دیکھنا : مراقبہ کرنا : خیالات میں غرق ہونا: ہر پہلو سے سوچنا ۔ Ruminate : (v) [f. L. 'Ruminat- '.]

غور کیا ہوا : سوچا ہوا ۔ Ruminated : (a)

غور و فکر کے ساتھ ۔ Ruminatingly : (adv.)

(۱) جگالی : پاگر ۔ (۲) غور و فکر : سوچ بچار : اندیشہ : تفکر : خیال ۔ (۳) (جمع) تفکرات : خیالات ۔ Rumination : (n) [L. 'Ruminatio'.]

غور وفکر کا : سوچنے والا : غور وفکر کرنے والا : مستغرق : دھیان والا ۔ Ruminative : (a)

غور وفکر کے ساتھ ۔ Ruminatively : (adv.)

غور کرنے والا : فکر کرنے والا : سوچ بچار کرنے والا ۔ Ruminator : (n)

ایک قسم کا جام ۔ Rumkin : (n) [Du. 'Roemer'.]

بے دم کا ایرانی مرغ ۔ Rumkin : (n)

(۱) ملی جلی چیزیں : بیکار سامان : فرسودہ یا ازکار رفتہ سامان : کاٹ کباڑ : انبار میں سے نکالا ہوا سامان ۔ (۲) پوری تلاشی : تلاش (جہاز وغیرہ کی) ۔ (۳) خصوصاً جہاز وغیرہ کی مکمل تلاشی (کسٹم آفیسر کے ذریعہ) : جستجو : کاوش : تحقیق : تفتیش ۔ (۴) بے ترتیبی : بہم زنی : آشفتگی ۔ Rummage : (n) [Origin unkn.]

(۱) (بحری) تلاش کرنا : تلاشی لینا : خصوصاً کسٹم آفیسر کا تلاشی لینا ۔ (۲) جیب ، مکان، کتاب (وغیرہ میں) تلاش کرنا : ڈھونڈنا : چھان مارنا ۔ (۳) (کسی چیز کے ڈھونڈنے میں کاغذات وغیرہ کو) الٹ پلٹ کرنا ۔ (۴) ڈھونڈ نکالنا : خوب جستجو کرنا : خوب تلاش کرنا : اچھی طرح سے ڈھونڈنا ۔ (۵) جانچ پڑتال کرنا : (ٹھیک سے) جانچنا : تفتیش کرنا : تلاش کرنا ۔ (۶) بے ترتیب کر دینا : غیر منظم کر دینا ۔ (۷)تلاش کر نکال لینا : شکار کر کے تالاب مچھلیوں سے خالی کر دینا ۔ (۸) (جہاز رانی) جہاز میں تلاش کرنا ۔ (۹) کسی قسم کی تفتیش و تحقیق میں لگے رہنا ۔ Rummage : (v) [f. prec.]

گودام میں پڑا ہوا بیکار سامان ۔ Rummage goods : (n)

(۱) لاوارث چیزوں کا نیلام (گودی وغیرہ میں): گودام میں پڑا ہوا لاوارث مال کا نیلام ۔ (۲) خیراتی کام کے لئے متفرق چیزوں کا نیلام : خیراتی بازار کی ایک قسم۔ Rummage sale : (n)

ڈھونڈ نکالنا ۔ Rummage out : (v)

تفتیش کرنے والا : تلاشی لینے والا : چھان بین کرنے والا ۔ Rummager : (n)

(بحری) جہاز تلاشی ۔ Rummaging : (n)

بڑا گلاس ۔ Rummer : (n) [Du. 'Romer'.]

عجیب و غریب طور پر ۔ Rummily : (adv.)

عجیب و غریب ہونے کی حالت ۔ Rumminess : (n)

تاش کا ایک کھیل : رمی ۔ Rummy : (n) [Origin unkn.]

(۱) (عام یا بول چال) عجیب و غریب : خاص صفت رکھنے والا ۔ (۲) مخمور : نشے میں دھت ۔ Rummy : (a)

گونجنے والا ۔ Rumorous : (a)

(۱) افواہ : شہرت : شائعہ : خبر : آوازہ : ہم ہمہ : ازتی سی خبر : چرچا : عام (جو بنیاد پر منحصر نہ ہو) ۔ (۲) بیان یا خبر جو مشہور ہو رہی ہو اور جس میں حقیقت کا شبہ ہو ۔ Rumour / Rumor : (n) [OFr. 'Rumor'., L. 'Rumorem'.]

(۱) افواہ پھیلانا : (فعل مجہول) افواہ اڑنا : چرچا ہونا ۔ (۲) افواہ کے ذریعہ پھیلانا : شہرت دینا ۔ (۳) بھنبھنانے کی آواز پیدا کرنا : داد و فریاد کرنا: سرو صدا بلند کرنا ۔ Rumour / Rumor : (v)

(۱) پچھلا حصہ (جانور یا چڑے کا): (تشریح) پتھا: کفل : چوتڑ : سرین : (حیوانیات) دمگاہ. (۲) جماعت (خصوصاً پارلیمنٹ) کا باقی ماندہ معمولی حصہ (افراد) ۔ (۳) (تاریخ) پارلیمنٹ وغیرہ کا ایک حقیر سا حصہ جو بقیہ ارکان کے الگ ہونے کے بعد رہ Rump : (n) [ME. 'Rumpe'.]

جائے ، خصوصاً انگلستان کی ۱۶۵۹ء کی دسمبر ۱۶۴۸ء سے اپریل ۱۶۵۳ء تک کی پارلیمنٹ ۔

Rump-band : (n) گھوڑے کی دمگاہ کے اوپر چمڑے کا تسمہ : دمچی ۔

Rump-bone : (n) (تشریح) عُصعص : عظم عُصعص ۔

Rump-fed : (a) ناز و نعمت میں پلا ہوا ۔

Rump parliament : (n) رمپ پارلیمنٹ Pride's Purge کے زمانے کی پارلیمنٹ (دسمبر ۱۶۴۸ء سے اپریل ۱۶۵۳ء تک) ۔

Rump steak : (n) پٹھے کا گوشت کا پارچہ ۔

Rump strap : (n) دیکھو Rump-band

Rumpade : (n) شاہراہ : راہ اصلی ۔

Rumper : (n) (تاریخ) رمپ پارلیمنٹ کا رکن یا حامی ۔

Rumpless : (a) بغیر دم کا : بے دم کی (چڑیا) ۔

Rumple : (v) [MDU. 'Rompelen'.] (۱) شکن ڈالنا : جھری ڈالنا : سلوٹ ڈالنا : کرچ ڈالنا : چنئیں ڈالنا ۔ (۲) (ترتیب) بگاڑ دینا : الٹ پلٹ دینا : بکھیر دینا : الجھا دینا : بے ترتیب کر دینا ۔

Rumpled : (a) چنٹ دار : شکن دار : سلوٹ دار ۔

Rumpus : (n) [Prob. fanciful.] (۱) (بول چال) غوغا : ہنگامہ : آشوب : مزاحمت : گڑ بڑ : شور و غل : لوٹ مار ۔ (۲) جھگڑا : ٹنٹا ۔

Rumpus : (v) ہنگامہ کرنا : شور و غل کرنا : ٹنٹا کرنا ۔

Rumpy : (n) جزیرۂ مَین (Isle of Man) کی بے دم کی بلی ۔

Run : (n) [f. Run (v)] (۱) دوڑ : جھپٹ : دوڑنے کا عمل : حرکت : سریع ۔ (۲) (کرکٹ) رن : (بیس بال) اسکور کی اکائی : (گولف) ضرب جس سے گیند زمین پر لڑھکتی ہے ۔ (۳) روانی (معاملات کی) رفتار : رخ : مہاجرت : باری ۔ (۴) تیزی سے گرنا : تیز حرکت کرنا : تیز رفتار ۔ (۵)(موسیقی) کئی سروں کا سرعت اور تناسب کے ساتھ یکے بعد دیگرے اس طرح ادا ہونا کہ ایک ہی سُر معلوم ہو : توڑ ۔ (۶) خط : لمبا سلسلہ : دور : ردیف : ترتیب : دستہ : لگاتار : تسلسل ۔ (۷) عام مطالبہ : وسیع مطالبہ ۔(کسی چیز کا) ۔ (۸) عام طبقہ : اوسط درجہ : معمولی قسم ۔ (۹) تجارتی مال کی قسم ۔ (۱۰) ان جانوروں کا گلہ جو ساتھ ساتھ پیدا ہوئے ہوں یا پلے ہوں ۔ (۱۱) مچھلیوں کا جھنڈ جو حرکت میں ہو : جانوروں کے آنے جانے کا مقررہ راستہ ۔ (۱۲) مرغیوں وغیرہ کا احاطہ : گھر : جانوروں کا احاطہ ۔ (۱۳)چراگاہ : مرغزار (خاص مدت کے لئے) ۔ (۱۴) بڑی ناند (پانی جمع ہونے کے لئے) ۔ (۱۵) (بحری) جہاز کے پیندے کا ایک حصہ جو پشت جہاز کی طرف تنگ ہوتا جاتا ہے ۔ (۱۶)استعمال کی عام اجازت ۔ (۱۷)(ارضیات) ندی : (میکانیات) چکی : (بینک) یورش : دھرنا : (فوج) دھاوا ۔ (۱۸) (گھوڑا) چار نعل ۔ (۱۹) آب گذر یا قنات : جُو : راہ آب : چھوٹا جھرنا : چھوٹا نالا : چشمہ : کنال (خصوصاً امریکا) ۔ (۲۰) قلمرو یا حیطۂ حکومت ۔ (۲۱) دوڑنے کی قدرت : دوڑنے کی صلاحیت ۔ (۲۲)طغیان سطح آب : سمندری طوفان ۔ (۲۳) طول وتر مثلث قائم الزاویہ ۔ (۲۴) (معدنیات) رگہ : جز : سنگ معدنی ۔ (۲۵) دانہ : حُبہ ۔ (۲۶) دو بندرگاہوں کے درمیان کشتی یا جہاز کے جانے کی باری : سیاحت کی باری : تیز سفر (کسی جگہ پر مختصر طور پر ٹھہر کر) ۔ (۲۷) ریل گاڑی کا اکیلا سفر : اس طرح سفر کرنے کی دوری ۔ (۲۸) اسمگل شدہ سامان کو جہاز پر سے اتارنا ۔ (۲۹) فرار ۔ (۳۰) بالو کا گرنا : اچانک زمین پر گرنا : پھسلواں ڈھال (خصوصاً معدنیات) ۔ (۳۱) کسی چیز کی لگاتار کھینچائی ۔ (۳۲) لگاتار وقفہ : کسی حالت کی لگاتار مدت ۔ (۳۳) (اچھی یا بری) طریق قسمت خصوصاً اتفاقی کھیل میں) ۔ (۳۴) (ارضیات ، کان کنی) طبقۂ ارض کا شگاف جس میں معدنی شے ہو ۔ (۳۵) چکی کا دونوں پاٹ و سنگ آسیا کا جوڑا (امریکا) ۔ (۳۶)سرکاری خزانہ یا بینک میں فوری ادائی پر زور ۔ (۳۷) مخصوص رنگ پر گرنے کا لگاتار موقع ۔ (۳۸)خریداروں کی بھیڑ : خریدنے والوں کا مجمع ۔ (۳۹)اسٹیج پر موجود رہنے کی مدت ۔ (۴۰) رقیق شے بنانے کی مدت یا رفتار ۔ (۴۱) کام جاری رکھنے کی مدت ۔ (۴۲) سامان کی قطار ۔ (۴۳) ڈھلان : ڈھال : اتار : نشیب ۔ (۴۴) پائپ (جس سے پانی بہتا ہو) ۔ (۴۵)وہ مدت جس کے درمیان ڈرامائی کام اسٹیج پر ہو ۔ (۴۶)بیماری کا پھیل جانا : بیماری میں اضافہ ۔ (۴۷)دوڑنے کا عمل (خصوصاً تیز بھاگنے میں یا اڑنے میں) ۔ (۴۸) دوڑنے کی رفتار ۔ (۴۹) دورنے کی طاقت، صلاحیت ۔ (۵۰) پانی ، ہوا وغیرہ کی رفتار ۔ (۵۱) نظم کی روانی : نظم کا آہنگ ۔ (۵۲) غیر مادی چیزوں کی رفتار ، طریقہ یا عمل ۔ (۵۳) کسی چیز کی رفتار ، لائن وغیرہ ۔

A run on rubber : ربر کی ہر طرف سے مانگ ۔

A run on the bank : روپیہ لینے کے لئے بینک پر لوگوں کا نرغہ ۔

پھیلنا؛ (پودوں کا) چڑھنا ؛ بیل چڑھنا ۔ (۱۴) سرسری طور سے گزرنا ؛ کسی جگہ کو دیکھنے کے لئے جانا ؛ مختصر لمحے کا سفر کرنا ؛ معائنہ کرنا ۔ (۱۵) بہنا ؛ جاری ہونا (سیال شے کا) بہنا ۔ (۱۶) (ناک) بہنا ؛ (زخم) بہنا ۔ (۱۷) سلسلہ پہنچنا (کسی مقام تک) ؛ مسلسل چلا جانا (کسی چیز کا دور تک) ۔ (۱۸) حرکت کرنا ؛ چلنا ؛ واقع ہونا (کسی خاص ترتیب سے) ؛ حرکت میں لانا ؛ بڑھنا (کسی سمت) ؛ مائل ہونا ؛ (بہت سی چیزوں کی ایک) عام حالت ہونا ؛ ایک نقطہ سے دوسرے نقطہ کی طرف جلدی بڑھنا ؛ اوسط قیمت یا نرخ ہونا ۔ (۱۹) متواتر ہونا ؛ مسلسل ہونا ۔ (۲۰)پیچھا کرنا ؛ تعاقب کرنا ؛ کسی پر حملہ کرنا ۔ (۲۱) طے کرنا (راستہ ، ساخت) ؛ مسافرت کرنا ؛ جلو میں چلنا ۔ (۲۲)گذر جانا ؛ عبور کر جانا ؛ آزادانہ چلنا ؛ آزادانہ گزرنا ۔ (۲۳) پھرنا ؛ گشت لگانا ؛ گھومنا ۔ (۲۴)برداشت کرنا ؛ خطرہ (وغیرہ) اٹھانا ۔ (۲۵) (کپڑے وغیرہ میں) ٹانکے لگانا ۔ (۲۶) شکار کھیلنا ؛ شکار میں پیچھا کرنا ؛ دوڑانا (شکار کو) ؛ شکار کا پیچھا کرنا ۔ (۲۷) دوڑ میں مقابلہ کرنا ۔ (۲۸) دوڑنا ؛ چلانا ؛ انتظام کرنا ؛ نگرانی کرنا ۔ (۲۹) مسابقت میں لڑنا ؛ نکالنا ؛ مسابقت میں شریک ہونا ۔ (۳۰) پہنچنا ؛ امتداد دینا ۔ (۳۱) (پانی کا) طغیاں کرنا ؛ اٹھنا ؛ صعود کرنا ؛ چڑھنا ۔ (۳۲) ناپنا۔ (۳۳) جاری ہونا ؛ زیادہ ہونا ؛ توسیع پیدا کرنا ؛ بڑا ہونا ۔ (۳۴) قابل برداشت ہونا ۔ (۳۵) (خاص عبارت کا) بیان ہونا ؛ معروف ہونا ؛ مشہور ہونا ۔ (۳۶) راہ راست سے منحرف ہونا ؛ بے راہ ہونا ۔ (۳۷) (موسیقی) زور دار آواز سے پڑھنا ۔ (۳۸) مقابلہ میں شریک ہونا ۔ (۳۹) تصفیہ کرنا ؛ نشان دینا ؛ اشارہ کرنا ۔ (۴۰) تجربہ کرنا ؛ غور و فکر کرنا ۔ (۴۱) کسی سے رقابت کرنا ۔ (۴۲) جلدی کرنا ؛ ہوشیار ہونا ؛ تیز ہونا ۔ (۴۳)رہنمائی کے لئے جانا (کسی شخص کے پاس) ؛ مدد کے لئے جانا ۔ (۴۴) تیزی سے کنارہ کشی اختیار کر لینا؛ ہٹ جانا۔ (۴۵) تیز پرواز کرنا ؛ فرار ہونا ؛ خفیہ طور پر چل دینا ۔ (۴۶) (عہدہ ، نشست وغیرہ کے لئے) مقابلہ کرنا ۔ (۴۷) سمندر سے گزرنا ؛ سمندر طے کرنا ؛ ہجرت کرنا ؛ نقل مکان کرنا ؛ ایک شہر چھوڑ کر دوسرے شہر جانا۔ (۴۸) (آواز کا) تیزی سے پھیل جانا ۔ (۴۹)(خیال کا) اچانک گذرنا ؛ دماغ میں آنا ۔ (۵۰)(آنکھ) چمکنا ؛ سرسری نظر ڈالنا ؛ تیزی سے دیکھنا ؛ (نیز شخص کا) اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا ۔ (۵۱) گذشتہ زمانے پر نظر ڈالنا؛ واقعات پر تبصرہ کرنا ۔ (۵۲) (اوزار ، ہتھیار کا) خاص نقطے سے گزرنا ۔ (۵۳) (زبان) آزادی سے چلنا ۔ (۵۴) (گیند) سطح پر لڑھکنا ؛ آگے بڑھنا ؛ گیند کو لڑھکانا ۔ (۵۵) (خیالات وغیرہ کا) دماغ میں گردش کرنا ؛ ذہن میں آنا ؛ یاد آنا ۔ (۵۶) (دودھ کا) جمنا ؛ جمانا ؛ دہی جمنا ۔ (۵۷) متحد ہونا ؛ مل جانا (خصوصاً نمی میں) ۔ (۵۸) (سمندر ، طوفان کا) زور سے بہنا ؛ زور سے اٹھنا ؛ جوار بھاٹا ہونا ۔ (۵۹) (بالو

A run to Paris : پیرس کا چکر ۔

At a run : دوڑتے ہوئے ۔

By the run : دوڑ کے ساتھ ۔

Cannot get the run of it : اس کی رفتار کچھ سمجھ میں نہیں آتی ۔

Common, general or ordinary run : معمولی قسم یا جماعت ؛ اجتماعیت ۔

Had a good run : اچھا چکر رہا ؛ اچھا سفر رہا (شکار ، جہاز یا ریل میں) ۔

In the long run : Long دیکھو

On the run / To the run : مفرور ؛ بھاگتا ہوا ؛ دوڑ دھوپ میں (مشغول) ۔

The common run of men : معمولی قسم کے آدمی ۔

The run of one's teeth : مفت طعام ؛ خصوصاً کام کے عوض میں مفت کھانا ۔

To come down with a run : (عمارت ، کسی شخص ، بار ، پیما کے پارے یا قیمتوں کا) تیزی سے گرنا ۔

To have a run for one's money : پیسے وصول ہونا ؛ محنت کا پھل پانا ۔

Run : (v) [ME. 'Rinne'.] (۱) دوڑنا ؛ بھاگنا ؛ سرعت کے ساتھ حرکت کرنا ؛ تیز جانا ؛ دوڑ لگانا ؛ آزادانہ جانا ؛بغیر رکاوٹ کے جانا ۔ (۲) (جانور کا) سرپٹ ، بویا ، دلکی وغیرہ چلنا ۔ (۳) (کرکٹ میں) رن بنانا ۔ (۴) بھاگ جانا ؛ رفو چکر ہو جانا ؛ فرار ہو جانا ۔ (۵) (جانور وغیرہ کا) وحشی ہو جانا ۔ (۶) گھڑ دوڑ میں شریک ہونا (گھوڑے کا) ؛ تیزی سے دوڑنا (گھڑ دوڑ میں) ؛ پیچھا کرنا ؛ دوڑ میں حصہ لینا ۔ (۷) (جہاز یا مچھلی کا) تیر کی طرح جانا ؛ تیزی سے بھاگنا ؛ تیزی سے تیرنا ۔ (۸) سامن مچھلی کا سمندر سے دریا میں چڑھ جانا ۔ (۹) چلنا (گاڑی کا پہیے پر) ؛ گھومنا (دھرے پر) ؛ آسانی سے حرکت کرنا ؛ چکر لگانا ؛ محور پر گھومنا ؛ آسانی سے چلنا ؛ (مشین وغیرہ کا) لگاتار چلنا ۔ (۱۰) کام کرنا ؛ چلنا ؛ چالو ہونا ۔ (۱۱) گاڑی ، کشتی وغیرہ کا (دو مقاموں کے درمیان) چلنا ؛ آنا جانا ؛ آسانی سے چلنا (کشتی) ۔ (۱۲) (خبر ، آگ ، جوش وغیرہ کا) پھیلنا ؛ کنارے پر چلنا (کشتی) ۔ (۱۳) (رنگ کا کپڑے پر)

بنانا۔ (۹۹) نکالنا؛ خارج کرنا (شراب کی خاص قسم)۔ (۱۰۰) متحد ہونا ؛ ایک ہو نا ؛ جماعت بنانا ۔ (۱۰۱)(خاص شکل میں) بدل دینا ؛ تبدیل کر دینا ۔ (۱۰۲) کچی دھات کو پگھلاکر چھڑ وغیرہ بنانا؛ دھات کو ڈھالنا؛ ڈھلی ہوئی دھات سے بھرنا۔

Also ran : ایسے گھوڑے کے متعلق کہا جاتا ھے جو گھڑ دوڑ میں پہلے تین مقاموں سے کوئی مقام نہ حاصل کر سکا ہو ؛ جو جیت نہ سکا ہو۔

Candle runs : موم بتی میں نالیاں سی بن گئی ہیں اور وہ تیزی سے پگھل رہی ہیں۔

Contract runs for seven years : معاہدہ سات سال تک نافذ یا قائم رہے گا۔

Courage runs in the family : بہادری خاندان میں چلی آتی ھے۔

Eyes run : آنکھ سے آنسو بہہ رہے ہیں۔

Feeling ran high : جوش بہت بڑھ گیا ۔

Fountain run wine : فوراوں سے شراب نکلتی ھے۔

He who may run read : (سہل اور قابل فہم تحریر ، تقریر وغیرہ کی تعریف میں کہتے ہیں) راہ چلتا بھی سمجھ سکتا ھے۔

How your tongue runs : کیسی قینچی کی طرح زبان چلتی ھے ؛ کتنا بکتے ہو۔

One's blood runs cold : رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

Our pears run big this year : اس سال ہماری ناشپاتیاں عام طور پر بڑی ہیں۔

Place where writs do not run : وہ مقام جہاں احکام نافذ نہیں یا جہاں ان کی تعمیل نہیں ہوتی۔

Play ran 100 nights : تماشا ایک سو رات چلتا رہا۔

That he who runs may read : (آسان تحریر و تقریر) راستہ چلنے والا بھی سمجھ سکتا ھے۔

To run a muck : دیکھو Amuck

To run a risk : دیکھو Risk (۷)

وغیرہ کا) ایک ڈبے سے دوسرے ڈبے میں جانا ۔ (۶۰)(کشتی وغیرہ) اوپر سے بہنا ؛ ٹپکنا ؛ سوراخ ہونا۔ (۶۱) لگاتار رہنا ؛ آخر تک رہنا۔ (۶۲) (روپیہ) نوٹ رکھنا ؛ چالو ہونا ؛ چلنا ۔ (۶۳) (درخواست ، اشتہار وغیرہ) جاری کرنا ؛ قانونی راستہ رکھنا ؛ اثر رکھنا ؛ اثر ڈالنا ؛ عمل در آمد ہونا ۔ (۶۴) (ادائیگی ، پریکشن وغیرہ) چالو ہونا ؛ عام ہونا ؛ رائج ہونا ۔ (۶۵) لگاتار ہونا ؛ مسلسل ہونا ۔ (۶۶) (صفات) مستقل مزاج ہونا ؛ ثابت قدم ہونا ۔ (۶۷) بڑھانا ؛ حد سے زیادہ پھیلانا ؛ مبالغہ کرنا ۔ (۶۸) (قانون) (یادداشت) یادداشت کو لوٹانا ؛ یاد کرنا ؛ ماضی کے ایام میں پلٹنا ۔ (۶۹) (ریت گھڑی کا) بالو کا ایک خانے سے دوسرے خانے میں گرنا یا جانے دینا ۔ (۷۰) (وقت ، مدت) اختتام پذیر ہونا ؛ مکمل ہونا؛ گذر جانا ؛ گذرنا ۔ (۷۱) کسی خاص حالت میں گذرنا ؛ مخصوص انداز میں اظہار ہونا ۔ (۷۲) بنایا جانا ۔ (۷۳) مخصوص کردار ، صفت رکھنا ؛ مخصوص قیمت کا ہونا ؛ مناسب شکل میں ہونا ؛ معمولی مقدار میں ہونا ۔ (۷۴)(کروکٹ، Croquet) گول آہنی یا چوبی حلقے سے کھیلنا ۔ (۷۵)(کسی جگہ ، ملک سے) بھاگ جانا ؛ (جہاز سے) سکونت چھوڑ دینا ۔ (۷۶) اپنے آپ کو ظاہر کرنا ؛ نمائش کرنا ۔ (۷۷) اپنے آپ کو ڈالنا (خطرے میں) ؛ مقابلہ کرنا ۔ (۷۸) کسی قدر تیزی سے سینا ۔ (۷۹)(گھوڑے کو) تیز دوڑنے پر مجبور کرنا ؛ (گھڑ دوڑ میں) (گھوڑے کو) شریک کرنا ۔ (۸۰) (مجازاً) ایک شخص کو دوسرے سے لڑانا ۔ (۸۱) (مویشی ، بھیڑ وغیرہ) چرانا ؛ گلہ بانی کرنا۔ (۸۲) (کسی جگہ ، مقام سے) دور ہٹا دینا (چیز یا شخص کو) ۔ (۸۳) (کشتی ، ناؤ) تیز چلنے کے لئے بروئے کار لانا ۔ (۸۴) ممنوع اشیاء (اسمگل شدہ) کو اتارنا ۔ (۸۵) جنگ کے زمانے میں بغیر فوجی دستہ کے جہاز کا چلنا ۔ (۸۶) جلدی سے کسی چیز کا پانا ۔ (۸۷) کچل دینا ؛ خصوصاً (کسی کے سر کو) کسی چیز سے ٹکرا دینا ۔ (۸۸) چلانا (گاڑی) ؛ کسی چیز کے ذریعہ چلانا (گاڑی) ۔ (۸۹) وار کرنا (ہتھیار وغیرہ سے) ؛ چبھونا ؛ زخمی کرنا ؛ بھونکنا (شخص کو چھرا وغیرہ)۔ (۹۰) تیزی سے پھینکنا ؛ خصوصاً بولنگ میں ۔ (۹۱) ادا کرنے سے قبل کچھ لمحے کے لئے (بل ، اکاؤنٹس وغیرہ کو) جمع کرنے کی اجازت دینا ۔ (۹۲) (تجارت وغیرہ میں) رہنمائی کرنا ؛ دیکھ بھال کرنا۔ (۹۳) (سماج ، معاشرہ میں) کسی شخص کو متعارف کرنا ؛ سوسائٹی میں داخل کرنا ؛ مجلسی زندگی میں شریک کرنا ۔ (۹۴) امیدوار کے طور پر تیار کرنا ؛ امیدوار کے طور پر پیش کرنا ۔ (۹۵) (امریکا، آسٹریلیا) چھیڑنا ؛ چھیڑ خوانی کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ دق کرنا ۔ (۹۶) درپے رہنا (شخص کے) ؛ لگے رہنا ؛ مقدمہ دائر کرنا ۔ (۹۷) سطح پر نشان لگانا ؛ (لائن) کھینچنا ؛ خط متوازی کھینچنا ۔ (۹۸) (جگہ کو) پلاسٹر سے چھپا دینا ؛ پلاسٹر کرنا ؛ (کنگنی)

چھا جانا۔

Run : (a) [f. 'Run (v)'.] (۱) (سیال شے) : جو ٹپکنے لگے : ٹپکنے والی (سیال شے)۔ (۲) (بحری) وہ جو تباہ ہو گیا ہو: برباد شدہ ۔ (۳) (مچھلی) سمندر سے دریا میں آنے والی ۔ (۴) (معدنیات) (کوئلہ) نرم : ملائم : رال دار : نفط دار۔ (۵)(بول چال)(دودھ) جما ہوا۔ (۶)(سامان) اسمگل کیا ہوا : درآمد شدہ : باہر سے لایا ہوا ۔ (۷)نکالا ہوا (مکھن)۔ (۸)(لوہا) ڈھالا ہوا۔ (۹) لگاتار: مسلسل : متواتر ۔

Run-about / Runabout : (n) (۱) آوارہ گرد : ادھر ادھر مارا پھرنے والا : (بول چال) پھیری والا : بساطی۔ (۲) گھومنے والا ۔ (۳) (آسٹریلیا) (جمع) وہ جانور جسے اپنی خواہش کے مطابق چرنے کے لئے چھوڑ دیا گیا ہو ۔ (۴)چھوٹی ہلکی گھوڑا گاڑی یا ہلکی موٹر کار ۔

Run about : (v) دوڑ دھوپ کرنا : ادھر ادھر دوڑتے پھرنا (بچوں کا) : آزادی سے کھیلنا کودنا ۔

Run across : (v) اتفاقاً ملاقات ہونا : اتفاقاً مل جانا : مڈبھیڑ ہونا : ملاقات ہو جانا ۔

Run after : (v) (۱) تحقیق کرنا : (کسی کام میں) دن رات مشغول رہنا : ڈھونڈنا ۔ (۲) (دوستی یا محبت جتانے کے لئے) پیچھے پیچھے پھرنا : پیچھا کرنا : تعاقب کرنا ۔ (۳) (کسی کی) محبت کی آرزو میں رہنا ۔ (۴) ساتھی تلاش کرنا ۔

Run against : (v) (۱) عمل کرنا : عمل در آمد ہونا : اثر ڈالنا ۔ (۲) مڈ بھیڑ ہونا : اچانک مقابلہ کرنا : اچانک مقابلے میں آنا ۔

Run agate : (n) (۱) مفرور : بھاگنے والا : فراری ۔ (۲) سریع الزوال ۔ (۳) ادھر ادھر مارا مارا پھرنے والا : مثر گشت ۔

Run along : (v) دوڑنا : تیزی سے جانا ۔

Run a scent : (v) بو پر جانا : بو کے ذریعہ سے پیچھا کرنا ۔

Run at : (v) بڑھ کر حملہ کرنا ۔

Run at check : (v) (شکاری کتے کا) شکار کے پیچھے دوڑنا ۔

Run a temperature : (v) بخار میں مبتلا ہونا : بخار کا ہونا ۔

Run away : (n) (۱) فراری شخص : مفرور شخص : بھاگنے والا ۔ (۲) گھوڑا جو سواری کو گرا دے ۔ (۳) بھاگنا : بھاگ جانا ، خصوصاً عورت کا آشنا کے ساتھ : رو پوش ہو جانے والا ۔

To run (a thing) fine : آخری وقت پر اٹھا رکھنا : آخری لمحے تک چھوڑ دینا ۔

To run back over the past : پچھلے واقعات پر سرسری نظر ڈالنا ۔

To run cart into wall : گاڑی لے جا کر دیوار سے ٹکرا دینا ۔

To run dry : (۱) بہتے بہتے رک جانا : خشک ہو جانا : (حوض کا پانی وغیرہ) ختم ہو جانا ۔ (۲) (مجازاً) تھک جانا : کام کے لائق نہ رہنا : مضمحل ہو جانا ۔

To run foul of : ٹکرانا : متصادم ہونا : ٹکر کھانا (جہاز کا ایک دوسرے سے) ۔

To run for it : فرار ہونا : کسی جگہ سے بھاگنا ۔

To run high : دیکھو High

To run it/ -a voyage : جنگ کے زمانے میں بغیر فوجی دستے یا سامان رسد کے سفر کرنا (جہاز کا) ۔

To run low : ناکافی ہونا : کم ہونا : کمی پڑ جانا : کم پڑ جانا ۔

To run mountain(s) high : دیکھو Mountain

To run short : (۱)چھوٹا : کوتاہ ۔ (۲) مختصر ۔ (۳) پست قامت : کوتاہ قد : ٹھگنا ۔ (۴) تھوڑا : کم (مکان و زمان) ۔ (۵) کم : قلیل : حقیر ۔ (۶) ناکافی : غیر مکتفی: ناقص: نا مکمل ۔ (۷) (آواز ، حرف) خفیف ۔ (۸) (عروض ، صوتیات) قصیر : جس پر زور نہ دیا جائے۔ (۹)بھر بھرا: خستہ : کرکرا (بسکٹ ، مٹی وغیرہ)۔ (۱۰) (راس المال، حصص ، فصل وغیرہ) فروخت شدہ یا معرض فروخت میں جبکہ مقدار بائع کے ہاتھ میں نہیں ہے اور یہ توقع رکھتا ہے کہ دیتے وقت کمی پوری کرلے گا ۔ (۱۱)(مجازاً) کم رس ۔ (۱۲) (خیالات وغیرہ) محدود ۔ (۱۳) (سمندر وغیرہ) متلاطم ۔ (۱۴) مختصر اور جامع : موجز ۔ (۱۵)نشانے تک نہ پہنچنے والا ۔

To run the (or a) blockade : دیکھو Blockade

To run the gauntlet : دیکھو Gauntlet

To run the line(s) : حد متعین کرنا : محدود کر دینا ۔

To run the show : (عام) کسی معاملے میں حاوی ہونا :

Run away : (a) (۱) (شخص) گریزاں ؛ فراری ؛ بھاگ جانے والا ۔ (۲) عورت کا آشنا کے ساتھ بھاگنے سے متعلق ؛ رو پوش ہونے سے متعلق ۔ (۳) (گھوڑا) بچ کر نکل جانے والا ؛ سوار کے قابو سے باہر ۔ (۴) (کھیل کود) آسانی سے جیتا ہوا ؛ ایک طرفہ ۔ (۵) سہل الحصول ۔

Run away : (v) (۱) فرار ہو جانا ؛ بھاگ کھڑا ہونا ؛ بھاگ جانا ؛ (گھوڑے کا) بھڑک کر بھاگنا ۔ (۲) (گھوڑے یا دوڑنے والے آدمی کا) دوڑ کو چھوڑ کر بھاگ جانا ؛ میدان سے بھاگ جانا ۔ (۳) عورت کا آشنا کے ساتھ بھاگ جانا ؛ کسی کے ساتھ بھاگ جانا (عورت کا) ۔

To run away with : (۱) لے کر بھاگنا ؛ لے بھاگنا ؛ لے اڑنا ؛ اچک لے جانا ۔ (۲) (کوئی چیز) لے جانا ؛ لے بھاگنا ۔ (۳)(کسی خیال کو) جھٹ پٹ قبول کرنا ؛ بے سوچے سمجھے مان لینا ۔ (۴) (روپیہ وغیرہ) ہاتھ کھول کر خرچ کرنا ؛ اڑانا ؛ خرچ کر ڈالنا ؛ ختم کر دینا ۔ (۵)حاصل کرنا ؛ لے بھاگنا ۔ (۶) (گھوڑے کا سوار یا گاڑی کو) لے کر بھاگنا ۔

Run away match /-marriage : (n) فراری شادی : وہ شادی جو کسی عورت کو بھگا کر کی جائے ۔

Run away ring / -knock : (n) فراری دستک : وہ دستک جو کوئی شخص مذاق میں دے کر چل دے ۔

Run brandly : (n) برانڈی وغیرہ جو چپکے سے چنگی ادا کئے بغیر شہر میں داخل کر دی جائے ۔

Run butter : (n) Butter (n) دیکھو

Run cattle: (v) مویشی کو چرنے کے لئے چھوڑنا ۔

Run croquet-hoop : (v) Croquet کھیل میں حلقے سے گیند صاف نکال دینا ۔

Run cunning : (v) شکار پر دوڑنا ۔

Run down : (v) (۱) (گھڑی کا) مکمل طور پر بند ہو جانا ۔ (۲) (آدمی کا یا صحت کا) کمزور ہو جانا ؛ گر جانا ؛ پست ہو جانا ۔ (۳) گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ کم ہونا ؛ مختصر کرنا ؛ کوتاہ کرنا ۔ (۴) ٹکرانا ؛ ٹکر سے گرا دینا ؛ (جہاز کا) دھنس جانا یا دھنسا دینا ۔ (۵) پیچھا کر کے آ لینا ؛ تعاقب کرکے جا لینا ۔ (۶) ڈھونڈھ نکالنا ؛ پتہ لگا لینا ۔ (۷)برائی کرنا ؛ برا کہنا ۔

Run-down : (a) (۱) خستہ ؛ ٹوٹا پھوٹا ۔ (۲)(جسمانی حالت ، صحت وغیرہ) تھکا ہوا ؛ کمزور ؛ دبلا ۔ (۳) بالکل بند (گھڑی) ۔

Run down : (n) (۱)(بیس بال میں) گیند پکڑنے کا عمل ۔ (۲)تفتیش ؛ ایک ایک چیز کی تلاش ؛ تجزیہ ؛ رپورٹ ۔

Run down / -over / -up : (v) کہیں کچھ عرصے کے لئے جانا ۔

Run erands / Run messages : (v) پیام بر ہونا ۔

Run horse : (v) گھوڑا گھڑ دوڑ میں شریک کرنا ۔

Run in : (v) مقروض ہو جانا ؛ قرض دار ہو جانا ۔

Run in : (v) (۱) (حریف کا) قریب آ پہنچنا ؛ گلے پر پہنچ جانا ۔ (۲) (روز) گرفتار کر کے قید خانے میں لے جانا ۔ (۳)(امیدوار کو) منتخب کر دینا ۔ (۴) کسی کے یہاں ذرا سی دیر کے لئے جانا ؛ تھوڑی دیر کے لئے جانا ۔ (۵)(رگبی فٹ بال) گیند کو حریفوں کے گول تک لے جانا ۔ (۶) متعین کرنا ۔

Run into : (v) (۱) لت ہو جانا ؛ مل جانا ۔ (۲) (سزا ، مصارف وغیرہ) مورد ہونا ؛ عائد ہونا ؛ اپنے آپ کو ڈالنا (خطرے میں) ۔ (۳) خرچے میں پڑنا ؛ مقروض ہونا ۔ (۴) سلسلہ جا ملنا ؛ آگے بڑھنا ؛ چڑھانا ؛ بڑھ جانا ۔ (۵) ٹکرانا ۔ (۶)(کسی تعداد تک) پہنچنا ؛ وارد ہونا ۔ (۷) نوبت پہنچنا ۔ (۸) مقابلہ کرنا ؛ مڈبھیڑ ہونا ؛ ملنا ۔

Run in with : (v) نزدیک آ جانا ؛ قریب آ جانا ۔

Run mad : (v) پاگل ہو جانا ؛ جنگلی بن جانا ؛ وحشی ہونا ؛ سنگ گزیدگی کا جنون ہو جانا ۔

Run off : (v) (۱) بھاگ جانا ؛ فرار اختیار کرنا ؛ رفو چکر ہونا ؛عورت کا کسی کے ساتھ بھاگ جانا ۔ (۲) بہہ جانا ؛ پانی کا بہنا ۔ (۳) گریز کرنا ؛ ایک بات کہتے کہتے دوسری بات چھیڑ دینا ۔ (۴) قلم برداشتہ لکھنا ۔ (۵) فر فر پڑھنا ۔ (۶) کسی سیال شے کو کھینچ لینا ۔ (۷) دوڑ کا فیصلہ کرنا (ہار جیت کا) ۔ (۸) گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ تقلیل کرنا ؛ کوتاہ کرنا ۔

Run of mine : (n) کان کا کوئلہ یا کان سے نکالی ہوئی دھات (بغیر چھانٹے ہوئے) ۔

Run-of-mine / Run-of-the-mine : (a) (۱) بغیر چھانٹے ؛ غیر درجہ وار ؛ کچا ؛ خام ؛ بے صاف کیا ہوا ۔ (۲) معمولی ؛ اوسط درجے کا ؛ نہ اچھا نہ برا ؛ متوسط ۔

Run-of-paper : (a) اخبار میں کسی جگہ رکھا ہوا ۔

Run-of-the-mill : (n) غیر درجہ وار تیار کیا ہوا مال ۔

Run-of-the-mill : (a) معمولی ؛ اوسط درجے کا ؛ متوسط (تیار کیا ہوا مال) ۔

Run off : (n) (موسمیات) (بارش کا) بہتا پانی ؛ آب رواں ۔

Run-off : (n) دوڑ کا آخری فیصلہ ۔

Run off with : (v) لے بھاگنا ؛ چوری کرنا ؛ چرانا ؛ مکاری یا دھوکے سے کوئی چیز لے لینا ۔

Run on : (v) (گفتگو کا کسی موضوع کے) متعلق ہونا ؛ (دماغ کا کسی خیال میں) منہمک ہونا ۔

Run on : (v) (۱) (لکھنے میں حروف کا) ملا ہوا ہونا ۔ (۲) چلتے رہنا ؛ جاری رہنا ؛ دوڑتے رہنا ؛ لگاتار دوڑنا ۔ (۳) گزر جانا ؛ وقت گذارنا ۔ (۴) کترنی کی طرح زبان کا چلنا ؛ برابر بولتے جانا ؛ قینچی کی طرح زبان چلنا ۔ (۵)(جماعت) (ایک جملہ کے ختم ہونے کے بعد) اسی سطر میں دوسرا جملہ شروع کر دینا ۔ (۶) پھیلانا ؛ بڑھانا ۔ (۷) برابر یا لگاتار کہانی کہنا ۔

Run on chapters : (n) اس بات کا اشارہ کہ یہ ضروری نہیں کہ ہر نیا باب کی ابتدا نئے صفحہ پر ہو ۔

Run one hard / -close : دوڑ ، مقابلے یا قابلیت میں دوش بدوش ہونا (کسی شخص کے) ۔

Run one's head against : سر تکرانا ؛ سر مارنا ۔

Run on the red : جوئے کے چکر میں سرخ نمبر پر سوئی کا متواتر رکنا ۔

Run out : (v) (۱) ختم ہو جانا ؛ گذر جانا (وقت کا) ۔ (۲) برتن میں سے بہہ جانا ؛ (جہاز ، کشتی وغیرہ) ٹپکنا ؛ لیک کرنا ۔ (۳) (کرکٹ) بٹ مارنے کے لئے آگے بڑھنا ۔ (۴) (رسی کا ڈھیلا ہو کر چرخی وغیرہ سے) کھلنا یا نکلنا ۔ (۵)آگے کو نکلنا ؛ آگے بڑھنا ؛ آگے کو یا بابر کو نکالنا ؛ ڈھکیلنا ؛ نھیلنا ۔ (۶) (مقابلے میں) خاص نمبر پر آنا ؛ (کھیل کود) فیصلہ کرنا ؛ نتیجہ نکالنا ۔ (۷) انجام کو پہنچانا ؛ مقابلے یا دوڑ کو پورا کرنا ۔ (۸)(توپ وغیرہ کو) آگے بڑھا کر لانا ۔ (۹) (کرکٹ) رن آؤٹ کرنا ۔ (۱۰)دوڑ کر تھک جانا ۔ (۱۱) اپنے اختیارات کا ختم ہو جانا ؛ اپنے اسٹاک کا ختم ہو جانا ۔ (۱۲) (زراعت) کنگال کرنا ؛ مفلس کرنا ؛ کمزور کرنا (زمین) ؛ (زمین کو) سارے کا سارا کام میں لانا ۔ (۱۳) بڑھانا ؛ اضافہ کرنا ؛ پھیلانا ۔

Run out of : (v) ختم کرنا ؛ ختم ہونا (کسی شخص کے پاس کسی چیز کا) ذخیرہ ختم ہو جانا ۔

Run over : (v) (۱) غور و فکر کرنا ؛ سوچنا ۔ (۲) تبصرہ کرنا ؛ نظر ڈالنا ؛ سرسری طور پر دیکھنا ۔ (۳) سرسے کرنا ؛ غور سے دیکھنا ؛ معائنہ کرنا ؛ غور سے پڑھنا ؛ نظر امعان سے دیکھنا ۔ (۴) تیزی سے پڑھنا ؛ جلدی جلدی دہرانا ؛ دوبارہ کہنا ؛ دہرانا ؛ اعادہ کرنا ۔ (۵) باجے کے پردوں کو چھیڑنا ۔ (۶) گزر جانا ؛ نکل جانا (مثلاً گاڑی کا کسی کے اوپر سے) ؛ کچل کر نکل جانا ۔ (۷) ضیافت کرنا ؛ کھانا وغیرہ کھلانا ؛ لطف اندوز ہونا ؛ خوشی منانا (ہلکے طور پر) ۔

Run over : (v) (۱) (کشتی وغیرہ) اوپر سے بہنا ۔ (۲) (سیال شے کا) چھلکنا ؛ بہہ نکلنا ۔ (۳) دہرانا ؛ پھر سے بیان کرنا ۔ (۴) نظر ڈالنا ؛ معائنہ کرنا ۔ (۵) ہلکے اور جلدی سے دوبارہ چھونا ۔ (۶) ایک دوسرے سے ٹکرانا ۔

Run proof : (a) دوڑنے کو روکنے والا ۔

Run rapids : (v) اپنی کشتی کو آبشار میں اوپر سے نیچے گرانا ۔

Run riot : (v) دیکھو Riot

Run risks : (v) دیکھو Risk

Run roper thread through : (v) رسہ یا دھاگہ سوراخ میں ڈال کر نکالنا ۔

Run sword into : (v) تلوار بھونک دینا ۔

Run the street : لاوارث بچے کی حیثیت سے مارا مارا پھرنا ۔

Run thing fine : کسی کام کے کرنے میں وقت یا خرچ کا ٹھیک ٹھیک حساب کرنا ؛ گنجائش بالکل نہ رکھنا ۔

Run through : (v) (۱) جانچنا ؛ معائنہ کرنا ۔ (۲) سرسری طور پر پڑھنا ؛ مطالعہ کرنا ۔ (۳) ایک ایک کر کے نپٹانا ۔ (۴) اڑا دینا (دولت) ؛ تیزی سے برباد کرنا ؛ ضائع کرنا ۔ (۵)سرایت کر جانا ؛ پھیل جانا ؛ گھسنا ؛ نفوذ کرنا ۔

Run through : (v) (۱) (تلوار وغیرہ) بھونکنا ؛ گھسانا ؛ ہول مارنا ۔ (۲) کاٹنا ؛ قلم زد کرنا ۔ (۳) تیزی سے پڑھنا ۔

Run to : (v) (۱) (کسی مقدار یا تعداد تک) پہنچنا ؛ نوبت پہنچنا ؛ آنا ۔ (۲) مقدرت ہونا ؛ لائق ہونا ۔ (۳) کافی ہونا ؛ کفایت کرنا ۔ (۴) ہو جانا (برباد) ؛ تباہ ہو جانا ۔ (۵)(پودے سے) کسی خاص طریقے سے نشو و نما پانا ۔ (۶) مائل ہونا ۔ (۷) (زمین کا) فطری طور پر پیدا کرنا ۔

(۸) بڑھنا : ترقی کرنا ۔

Run to earth : (v) (۱) جانور کا پیچھا کر کے اس کے رہنے کی جگہ میں جا کر پکڑنا ۔ (۲) (مجازاً) پتہ لگا لینا : ڈھونڈھ نکالنا ۔

Run together : (v) ملانا : متحد کرنا : ایک کرنا (خصوصاً رطوبت میں) ۔

Run to meet one's troubles : (phr.) آنے والی مصیبت کا انتظار نہ کرنا بلکہ خود اس کی طرف پیش قدمی کرنا : یہ چاہنا کہ جو مصیبت آنی ہے کل کے بجائے آج آ جائے ۔

Run up : (v) (۱) تیزی سے بڑھنا : قیمت بڑھنا یا چڑھنا ۔ (۲) کسی مقدار یا تعداد تک پہنچنا ۔ (۳) دوڑ میں دوسرے نمبر پر آنا ۔ (۴) بڑھتا چلا جانا : جمع ہوتا چلا جانا ۔ (۵) نیلام میں بولی بڑھانا ۔ (۶) قیمت یا شرح بڑھانا : قیمت میں اضافہ کرنا ۔ (۷) (دیوار وغیرہ) کھڑی کر دینا (بہت اونچی یا جلدی جلدی) ۔ (۸) جوڑنا : میزان کرنا ۔ (۹) وقت پر یاد کرنا ۔ (۱۰) (کھیل کود) دوڑ میں دوسرے نمبر پر آنا ۔ (۱۱) روپیہ بڑھا دینا : دولت جمع کرنا : دولت سمیٹنا ۔ (۱۲) کسی طرح پتہ چلانا : اندازہ کر لینا ۔ (۱۳) فائرنگ کی پوزیشن میں بندوق کو لانا ۔ (۱۴) (جلدی جلدی) سینا : سلائی کرنا : ٹانکنا ۔

Run-up : (n) (۱) شکاری کتوں کی دوڑ خرگوش کے پہلی بار مڑنے تک ۔ (۲) گول تک گیند کو لے جانے یا پہنچانے کا عمل ۔

Run upon : (v) (۱) (دماغ کا کسی خیال میں) منہمک ہونا ۔ (۲) اچانک ملاقات ہو جانا : مڈبھیڑ ہو جانا ۔ (۳) (بینک سے) اچانک روپیہ نکالنے کی خواہش ظاہر کرنا : بینک میں فوراً جمع کرنے کی خواہش ظاہر کرنا ۔ (۴) اپنے آپ کو ڈالنا (خطرے میں) ۔

Run with : (n) [f. Run (v).] (۱) (امریکا) جانور (خصوصاً ہرن) یا مچھلی کے چلنے کا نشان : جانور کے جانے کا راستہ ۔ (۲) روگاہ : مجرا : راہ رو : گذر گاہ ۔ (۳) پٹری : جادہ ۔ (۴) (ہوائی جہاز) پٹڑی : رن وے : جہاز کے دوڑنے کا راستہ : ہوائی جہاز کے اترنے اور اڑنے کا راستہ ۔ (۵) سامان وغیرہ لے جانے کا مصنوعی (ڈھلوان) راستہ ۔ (۶) لیکھ : لکیر : مقررہ راستہ (جس سے کوئی چیز پھسلتی ہے) ۔ (۷) چشمہ یا جھرنے کا نالا ۔ (۸) کسرت کرنے کی جگہ ۔

Run with : (v) (۱) کسی کے ساتھ جانا : شریک ہونا : ساتھ جانا : ہمراہ ہونا : ہم رکاب یا ہم سفر ہونا : ایک ساتھ بڑھنا ۔ (۲) ہم آہنگ ہونا : ہم نوا ہونا : موافق یا مطابق ہونا : یکساں ہونا : میل کھانا : رضا مند ہونا : ساتھ کام کرنا : متعین الرائے ہونا : موافقت کرنا ۔

Runch : (n) [Origin unkn.] (۱) (اسکاچستان) رائی : خردل : جنگلی سرسوں ۔ (۲) (نباتیات) جنگلی مولی ۔

Runcible : (a) ایک بے معنی لفظ جسے Edward Lear نے استعمال کیا تھا ۔

Runcible spoon : (n) ایک قسم کی ٹنگلی ۔

Runcinate : (a) [f. L. 'Runcina'.] (نباتیات) آرہ نما : دندانہ دار (جس کے گوشے نیچے کی طرف مڑے ہوئے ہوں) ۔

Runcinated : (a) آرہ نما : دندانہ دار ۔

Runcinato- : جزو ترکیبی بمعنی "آرہ نما" "دندانہ دار" ۔

Rundale : (n) [f. Run (v) + dale .] (۱) (زمین کا مشترکہ قبضہ (جس میں بر حصہ دار کے قبضے میں مختلف ٹکڑے آئیں جو متصل نہ ہوں) ۔ (۲) اس قسم کی زمین کا حصہ ۔

Rundle : (n) [Var. of 'Roundle'.] (۱) دائرہ نما احاطہ : میدان ۔ (۲) (نقابت) بڑا تمغہ ۔ (۳) لکڑی کا بیلن ۔ (۴) مضبوط پہیا ۔

Rune : (n) [ON and Icel 'Run'.] (۱) رونی حرف : قدیم ٹیوتانی حروف تہجی کا کوئی حرف ۔ (۲) اس قسم کا کوئی پر اسرار نشان ۔ (۳) فنستانی زبان کی نظم یا اس کا ایک ٹکڑا ۔ (۴) قدیم اسکینڈینیویائی تقویم ۔ (۵) سخن کلام : مکالمہ : زبان ۔

Rune-staff : (n) (۱) جادو کی لکڑی جس پر رونی حروف کھدے ہوئے ہوں ۔ (۲) رونی کلنڈر ۔ (۳) دیکھو Clog-almanac ۔

Rune-stave : (n) رونی حرف یا علامت ۔

Rung : (n) [OE. 'Hrung'.] (۱) سیڑھی کا ڈنڈا ۔ (۲) سیڑھی : پائدان (کرسی وغیرہ کا) ۔ (۳) (میکانیات) چوب پشت ۔ (۴) آرا (پہیے کا) ۔

Lowest rung of Fortune's ladder / Topmost - : اکثر مجازاً استعمال ہوتا ہے مثلاً خوش قسمتی کی آخری سیڑھی ۔

Rung : (a) (۱) ناک میں چھلا لگا ہوا ۔ (۲) تراشیدہ (انگوٹھی) ۔

Runged : (a) ڈنڈے دار : پائدان والا ۔

Rungless : (a) بے ڈنڈے کا : لمبے پائدان کا ۔

Runic : (a) [mod. L. 'Runicus'.] (۱) رونی : رون کی طرح کا ۔ (۲) رونی حرف میں لکھا ہوا : رونی حرف کے ذریعہ اظہار کیا ہوا ۔ (۳) رونی حرف میں کندہ کیا ہوا ۔ (۴)قدیم اسکینڈینیوی قسم کی (نظم) ۔ (۵) قدیم اسکینڈینیویا کے متعلق : اسکانڈنیاوی قوم سے متعلق۔ (۷) (زیور) گتھا ہوا : پیچاں ۔

Runic : (n) (۱) رونی نشانات ۔ (۲) قدیم اسکانڈنیاوی قسم کی نظم ۔ (۲) رونی کتبہ ۔ (۴) ایک قسم کا نقش و نگار جو طباعت میں مستعمل ہے ۔

Runless : (a) بغیر رن کے ۔

Runlet : (n) نالا : چشمہ : چھوٹی ندی ۔

Runnable : (a) دوڑنے کے لائق خصوصاً قابل شکار ۔

Runnel : (n) [OE. 'Rynel'.] (۱) نالا : چھوٹی سی نہر : چشمہ ۔

Runner : (n) [ME. 'Urnare', 'Rennere'.] (۱) دوڑنے والا : بھاگنے والا ۔ (۲) پیام بر : قاصد : ہر کارہ ۔ (۳) دلال : ایجنٹ (بینک وغیرہ کا) ۔ (۴) (تاریخ) پولس افسر (خصوصاً Bow-street runner) ۔ (۵) ایک پرند کا نام : دیکھو Water Rail ۔ (۶) چکی کا پاٹ ۔ (۷) (بحری) ایک رسی جس کا ایک سرا چرخی میں لگا رہتا ہے اور دوسرا ہک دار ہوتا ہے ۔ (۸) تیز چلنے والا ۔ (۹)اسٹرابیری وغیرہ کی بیل کی کوئی شاخ جو علاحدہ جڑ پکڑ لے ۔ (۱۰) ایک پودا جس میں پیچ دار پھلیاں لگتی ہیں ۔ (۱۱) ڈھیلا چھلا جو سلاخ وغیرہ پر آگے پیچھے ہٹ سکے ۔ (۱۲) لکڑی جس پر برف گاڑی پھسلتی ہے ۔ (۱۳) سلاخ وغیرہ جس پر کوئی چیز پھسلتی ہے ۔ (۱۴) بیلن جس سے بھاری چیزیں ڈھکیلی جاتی ہیں ۔ (۱۵) تیز دوڑنے کے لائق گھوڑا : گھڑدوڑ میں مقابلہ لینے والا گھوڑا ۔ (۱۶) مختلف مچھلیوں کا نام ۔ (۱۷) اسمگلر : پوشیدہ طور پر سامان منگوانے والا : نیز اسمگلنگ کا جہاز ۔ (۱۸) جہاز یا کپتان جو ناکے بندی سے بچ نکلے ۔ (۱۹) دھاری دار کپڑا جو ٹیبل وغیرہ کی آرائش کے لئے ہو ۔ (۲۰) ویگن : ٹرولی : ٹھیلا گاڑی ۔

Runner-up / Runners-up : (n) (۱) نیلام میں بولی بولنے والا ۔ (۲) مقابلہ کرنے والا جسے اول انعام نہیں ملے بلکہ دوسرا انعام ملے : مقابلہ میں دوسرا شخص یا دوسری ٹیم ۔ (۳)وہ کتا جو مقابلے میں دوسرا انعام حاصل کرے۔

Running : (n) (۱) دوڑنے کا عمل : بھاگنے کا عمل : کرکٹ میں رن بنانے کا عمل : گھڑ دوڑ میں شریک ہونے کا عمل ۔ (۲) دوڑنے کی صلاحیت : مقابلے کی طاقت ۔ (۳) جاری : رواں ۔

(۴) خون کی روانی ۔ (۵) نا خوشگوار بات ۔ (۶)شراب سازی کے وقت سیال کی روانی : تقطیر : کشید ۔

In the running : مقابلے میں جس کے جیتنے کی امید ہو ۔

Out of the running : مقابلے میں جس کے جیتنے کی امید نہ ہو ۔

To make (strong etc.) running / - the- : دوڑ میں آگے آگے ہونا ۔

To take up the running : آگے آگے ہونا : رہنمائی کرنا ۔

Running : (a) (۱) (پانی ، چشمہ) بہنے والا ۔ (۲) (سیال شے) رواں : سریع الحرکت : فراری : جاری ۔ (۳) (بالو ، مٹی) بغیر پیوستگی کا ۔ (۴) (زخم وغیرہ) پکنے والا : بہتا ہوا ۔ (۵) ایک جگہ سے دوسری جگہ تیزی سے گذرنے والا ۔ (۶) (مرضیات) جسم کے ایک حصے سے دوسرے حصے میں بڑھنے والا خصوصاً چمڑے کے اوپر پھیلنے والا (زخم وغیرہ ، چرکی) ۔ (۷) پیغام لے جانے والا : خبر رساں ۔ (۸) تیزی سے چلنے والا خصوصاً تجارت وغیرہ ۔ (۹) متواتر : لگاتار : مسلسل : سلسلہ وار ۔ (۱۰)آسان : پیوستہ : رواں : (موسیقی) آسان: رواں ۔ (۱۱) روشن ۔ (۱۲) (حکم) عمومی : (ابلاغ) کلّی ۔ (۱۳) موجود ۔ (۱۴) حرکتی ۔ (۱۵) (پودا) تیزی سے بڑھنے والا : چڑھنے والا ۔ (۱۶) (جہاز) جنگ کے موقع پر بغیر رسد کے چلنے والا ۔ (۱۷) جلدی کا : عجلت کا : جلد باز : تیز رفتار ۔ (۱۸) زیورات کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۱۹) (ناپ) خطوط کا : سیدھے خط میں : طولی : خطی ۔ (۲۰) چالو : عام : رائج : شائع : پھیلی ہوئی ۔ (۲۱) فی الوقت : وہ چیز جو ترقی میں ہو : بڑھنے والی (شے) آگے جانے والی ۔ (۲۲) عارضی ۔ (۲۳) مشین کے ذریعہ سے حرکت کرنے والا : حرکتی : آسانی سے گھوما ہوا : حرکت کرنے کے لائق (جب کھینچا جائے) (رسی وغیرہ) ۔ (۲۴) (پھندا وغیرہ) آسانی سے سرکنے والا : آسانی سے پھسلنے والا ۔

The sands are running out : رعایت وغیرہ کی مدت ختم ہوئی جاتی ہے : وقت گذرا جاتا ہے ۔

Running account : (n) جاری حساب : چالو کھاتہ ۔

Running board : (n) (Foot-board) انجن یا موٹر کار کے کنارے کا فٹ بورڈ : مال بردار گاڑی کی چھت ۔

Running canals : (n) جاری نہریں ۔

Running centre : (n) رواں مرکز ۔

Running commentary : (n) رواں تفسیر: آنکھوں دیکھا حال کا نشریہ؛ رواں تبصرہ ؛ رواں نشریہ (اسپورٹ ، تشریفات ، تقریبات وغیرہ کا) .

Running expenses : (n) روزانہ کے معمولی اور ضروری اخراجات .

Running fight : (n) (پسپائی کے وقت) بحریہ کی مشغولیت : جہاز کا بھاگتے جانا اور لڑتے جانا .

Running fire : (n) متواتر فائرنگ : لگاتار توپوں کی سلامی : گولیوں کی فائر یا گولہ باری جو مختلف مقامات سے متواتر کی جائے .

Running grip : (n) رواں گرفت .

Running hand : (n) تحریر کی شکستہ شکل : قلم برداشتہ تحریر : روا روی کی عبارت : خط شکست .

Running jump : (n) دوڑ کر کودنا .

Running knot : (n) پھندا : وہ گرہ جو چھوٹی بڑی ہو سکے .

Running powers : (n) وہ اختیار جو ایک ریلوے سے دوسری کمپنی کو اپنی پٹریوں پر ریل چلانے کا دیتی ہے .

Running rigging : دیکھو Rigging (n)

Running sand : (n) (ارضیات) رواں ریت : چُورریت .

Running shoe : (n) ملائم چمڑے کا جوتا جو دوڑنے میں کام آتا ہے .

Running shooting : (n) رواں شوٹنگ : اڑتی ہوئی چڑیوں کا شکار .

Running sore : (n) بہتا ہوا زخم .

Running stitch : (n) رواں سلائی : معمولی سلائی .

Running story : (n) وہ کہانی جو رسالوں میں قسط وار شائع ہو .

Running text : (n) سیدھا معاملہ .

Running title / -head (line) : (n) مختصر سرخی جو ہر صفحہ کے اوپر ہو (ایک صفحے کا) مکرر عنوان یا سرخی : کئی عنوانات یا سرخیاں .

Running water : (n) (۱) بہتا پانی : رواں پانی (چشمہ یا نہر کا) . (۲) وہ پانی جو پائپ کے ذریعہ حاصل ہو .

Runningly : (adv.) تیزی سے : روانی سے : رواں طور پر : آسانی سے : بلا دقت .

Runny : (a) بہنے والی : سیال : رقیق .

Runo- : [mod. L. 'Runa'.] جزو ترکیبی بمعنی "رونی" .

Runological : (a) رونی یا رونی تحریر کے علم سے متعلق .

Runologist : (n) رونی زبان کا ماہر : رونی علم کا ماہر : رونی طرز تحریر کا ماہر .

Runology : (n) رونی زبان کا علم : رونی طرز تحریر کا مطالبہ .

Runrig : (n) [ME. 'Rundale'.] دیکھو Rundale

Runt : (n) [Origin unkn.] (۱) درخت کا ٹھنٹھ : ٹنڈ . (۲) ویلس یا اسکاچستان کی پہاڑی گائے یا بیل : (حیوانیات) ٹھگنا بیل . (۳) بڑی نسل کے پالتو کبوتر . (۴) (طب) ٹھنگنا: بونا : پست قد . (۵) چھوٹا اور معمولی گھوڑا . (۶)(امریکا) چھوٹا سور . (۷) غیر مہذب شخص : وحشی آدمی . (۸) بوڑھی عورت : ساحرہ : جادوگرنی . (۹) چھوٹی چیز : مختصر چیز .

Runtish : (a) (جانور) ٹھنگنا : پست قد .

Rupee : (n) [Urdu 'Rupiyah' . skr. 'Rupya'.] روپیہ: ہندوستان ، پاکستان، سری لنکا اور نیپال کے بنیادی سکے کی اکائی.

Rupert's drop /-metal : (n) دیکھو Drop اور Prince

Rupestrine / Rupestris : (n) [L.] (نباتیات) کوہ نمو .

Rupial : (n) [Gr. 'Rupos'.] (مرضیات) جلد کی ایک بیماری : کھرنڈ : رُپیا .

Rupial : (a) (طب) کھرنڈ سے متعلق .

Rupicapra : (n) (حیوانیات) سانبر : سابر .

Rupicaprine : (a) سانبر کے جنس سے متعلق .

Rupicole : (n) (نباتیات) کوہ نمو : کوہ رو .

Rupicoline /Rupicolous : (n) (۱) (نباتیات) کوہ باش : کوہ نمو : چٹان پر اگنے والی . (۲) (حیوانیات) کوہ باش : چٹان باش : پہاڑوں یا چٹانوں میں رہنے والے (جانور) .

Ruptilis : (n) (نباتیات) شقیقیہ ۔

Rupture : (n) [L. 'Ruptura'.] (۱) بگاڑ ؛ نا اتفاقی ؛ لڑائی ؛ نا چاقی ؛ ان بن ؛ دوستی کا ختم ہو جانا ؛ قطع رابطہ ؛ قطع تعلق؛ جدائی ۔ (۲) (طب) ورم جو کسی عضو کے آگے کو نکل آنے سے پیدا ہو ؛ فتق ، خصوصاً فتق معدہ ؛ نقص معدہ ؛ انشقاق ؛ شقاق ۔ (۳) انشقاق ارض ؛ زمین کی شگاف ؛ دراڑ ؛ گھاٹی ؛ کہنائے ؛ غار ۔ (۴) ٹوٹ جانے یا پھٹ پڑنے کا عمل ۔

Rupture : (v) [f. pree.] (۱) پھٹ جانا ؛ ٹوٹ جانا (جہاز ، جھلی ، پردہ وغیرہ کا) ۔ (۲) منقطع کرنا ؛ ناطہ توڑنا ؛ رشتہ ختم کرنا ؛ فسخ کرنا ؛ قطع تعلق کرنا ۔ (۳) (کسی شخص کا) فتق سے متاثر ہونا ؛ ورم یا فتق پیدا کرنا ۔ (۴) توڑنا یا ٹوٹنا ؛ علاحدہ کرنا یا ہونا ؛ متفرق کرنا یا ہونا (نیز مجازاً) ۔

Rupture of uterus : (n) (طب) شقاق الرحم ؛ فتق الرحم ۔

Rupturewort : (n) (۱) ایک قسم کا پودا ۔ (۲) ایک پودا جو ویسٹ انڈیز میں پایا جاتا ہے ۔

Rural : (a) [L. 'Ruralis'.] (۱) (شخص) دیہات کا رہنے والا ؛ دیہاتی ؛ دہقانی ؛ رعیتی ؛ دیہی ؛ سیدھا سادہ ؛ غیر پیچیدہ ۔ (۲) زراعتی ؛ زرعی ۔ (۳) دیہات کے اضلاع میں ملازم یا مقام پذیر ۔ (۴) دیہاتی نما ؛ دیہاتی صفت ؛ وحشی ؛ جنگلی ۔ (۵) (نظم ، موسیقی) معمولی ؛ ادنیٰ ؛ فطری ؛ دیہات کے لوگوں کی طرح کا ؛ کھردرا ۔ (۶) دیہات صفت ؛ دیہات سے متعلق ؛ قریہ نما ؛ دیہاتی زندگی سے مشابہ ۔

Rural : (n) وہ شخص جو دیہات میں رہتا ہے ؛ دیہات میں رہنے والا ۔

Rural broadcasting : (n) دیہی نشریہ ۔

Rural civics : (n) (سماجیات) دیہی مدنیات ۔

Rural dean / -deanery : (n) دیکھو Dean

Rural district : (n) دیہی ضلع ۔

Rural economy : (n) (معاشیات) دیہی معیشت ۔

Rural reconstruction / - uplift : (n) (سماجیات) اصلاح دیہات ۔

Rural sociology : (سماجیات) دیہی سماجیات ۔

Rural works : (n) (سماجیات) کارہائے دیہی ؛ دیہات کے کام ۔

Ruralism : (n) (۱) دیہاتی پن ؛ دیہاتی ہونے کی حالت یا صفت ؛ عموماً زندگی ۔ (۲) دیہاتی محاورہ یا اظہار بیان ۔

Ruralist : (n) دیہات کا رہنے والا ؛ دیہات کا باشندہ ؛ کسان ؛ وہ شخص جو شہر پر دیہات کو ترجیح دے ۔

Rurality : (n) دیہاتی پن ؛ زرعی ہونا ؛ دیہاتی زندگی ؛ دیہاتیت ۔

Ruralization : (n) (معاشیات) دیہاتی بنانا ؛ دیہاتی ہونے کا عمل ۔

Ruralize : (v) [f. 'Rural'.] (۱) دیہات بنا دینا یا بن جانا ۔ (۲) دیہات میں تبدیل کرنا یا کیا جانا ۔ (۳) دیہات میں جانا ؛ دیہات میں رہنا ۔

Rurally : (adv.) دیہات کی حیثیت سے ؛ زرعی حیثیت سے ؛ دیہاتی پن کے ساتھ ۔

Ruridecanal : (a) [f. L. 'Ruri', com. f. 'Rus' + decanal.] دیہات کے کلیسائی حلقے کے پادری یا اس کی اقامت گاہ سے متعلق ۔

Ruritania : (n) وسط یورپ کی ایک خیالی سلطنت ۔

Ruritanian : (a) وسط یورپ کے خیالی سلطنت سے متعلق ۔

Ruritanian : (n) وسط یورپ کی ایک خیالی سلطنت کا باشندہ ۔

Rusa : (n) [mod. L.'] جزائر شرق الہند کا بڑا ہرن ؛ روسا ؛ جنس سانبر ۔

Ruse : (n) [Fr. f. 'Ruser'.] چکمہ ؛ چال ؛ بہانہ ؛ حیلہ ؛ ترکیب ؛ دشمن کو دھوکہ دینے کی ترکیب ۔

Ruse : (a) حیلہ ساز ؛ چالاک ؛ چال باز ؛ لٹا ہوا ۔

Rush : (n) [OE. 'Risc (rix) and risce'.] (۱) (نباتیات) أصل ؛ ناگر موتھا ؛ سینٹھا (جس سے قلم ، کرسیاں وغیرہ بنتی ہیں) ۔ (۲) ذرہ ؛ حقیر شے ۔ (۳) Juncus کی مختلف جنسوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Not to care a rush / Not worth a rush : معمولی شے ؛ حقیر چیز ۔

Sweet rush : (نباتیات) أو خَر ؛ گور گیاہ ۔

Rush : (n) [Afr. 'Russher'.] (۱) دوڑ ؛ جھپٹ ؛ حملہ ؛ ہلّا ؛ یورش ؛ دھاوا ؛ حرکت شدید ؛ شدت ۔ (۲) ہجوم ؛ از دحام ؛ نرغہ (خصوصاً سونے کے کان پر) ۔ (۳) تصادم ؛ سابقہ ؛

مبارزہ ؛ (امریکا) سال اول اور سال دوم کے طلباء کے درمیان تصادم ۔ (۴) (امریکا) جَو ؛ نہر ؛ جوئبار ۔ (۵)(فٹ بال) کئی کھلاڑیوں کا گیند لے کر جھپٹنا ؛ ہلّا ۔ (۶) کسی چیز کی بہت زیادہ مانگ ؛ گرم بازاری ۔ (۷)(کروکٹ) زور سے راکٹ کی مار ۔ (۸) کسی مخصوص جگہ سے فوری ہجرت (بہت سے لوگوں کی)؛ اس قسم کی ہجرت کا منظر ۔ (۹) (جانوروں کی) شدید پیچش۔ (۱۰) (سنیما) (جمع) شوٹنگ کے وقت کی پہلی تصویریں ۔

With a rush : تیزی کے ساتھ ؛ جلدی سے۔

Rush : (v) (۱) سینٹھا بکھیر دینا ؛ ناگر موتھا پھیلا دینا ۔ (۲)باندھنا ؛ مشروط کر دینا ۔ (۳) (مجازاً) بے اہمیت چیز کو جمع کرنا ۔

Rush : (v) [Afr. 'Russher'.] (۱) ڈھکیلنا ؛ گھسیٹنا ؛ زبردستی لے جانا ؛ کشاں کشاں لے جانا ۔ (۲) (فوج) ہلّا کر کے لینا یا قبضہ کر لینا ؛ حملہ کر کے لے لینا ؛ حملہ کرنا ۔ (۳)(کسی جگہ سے) جھپٹ کر گذر جانا ؛ زبردستی گھس جانا ؛ تیزی سے داخل ہو جانا ۔ (۴) جھرمٹ کر کے قبضہ کر لینا ؛ نرغہ کر کے چھین لینا ۔ (۵) بہت زیادہ قیمت وصول کرنا ؛ ٹھگنا ؛ اینٹھ لینا ؛ جبر ، دھمکی یا خوشامد سے حاصل کر لینا ۔ (۶) جھپٹنا ؛ تیزی سے آگے بڑھنا ؛ عجلت کرنا ؛ بے سمجھے بوجھے کر بیٹھنا ۔ (۷) تیزی سے بہنا ، گرنا ، پھسلنا یا لڑھکنا ؛ تیزی سے حرکت کرنا ۔ (۸) (Croquet) پر زور طور پر راکٹ چلانا ۔ (۹) (فٹ بال) گول کرنے کے لئے (بال) چھینا جھپٹی کرنا ۔ (۱۰) (شخص یا جانور) تیزی سے دوڑنا؛ دھکا دینا ؛ پھینکنا ۔ (۱۱) (مجازاً) (کسی شخص پر) حملہ کرنا ؛ آ پڑنا ؛ ٹوٹ پڑنا ؛ اچانک حملہ کرنا ؛ حملہ ور ہونا ۔ (۱۲) (مجازاً) تعجیلاً وقوع میں لانا ؛ جلدی سے قبل از وقت وقوع میں لانا ۔ (۱۳) تیزی سے گزرنا ؛ عاجلاً سفر کرنا ۔ (۱۴) اچانک نظر آنا ؛ اچانک نظر میں آنا ۔ (۱۵) کام کو جلدی اور اشتیاق سے انجام دینا ۔ (۱۶) خراب کرنا ؛ شکست دینا ؛ پیچھا کرنا ۔

Refuse to be rushed : کوئی کتنا ہی کہے مگر جلدی نہ کرنا ؛ اطمینان اور سہولت سے کام کرنا ۔

Rush at : (v) حملہ کرنا ۔

Rush-bearing : (n) سینٹھوں کا تہوار ؛ شمالی ملکوں کا ایک تہوار جس میں گرجے میں پہنچانے کے لئے سینٹھے وغیرہ اور دیواروں کو سجانے کے لئے ہار لے جاتے ہیں۔

Rush bill through : (v) مسودۂ قانون کو جلدی جلدی منظور کرا لینا ۔

Rush-candle : (n) سینٹھے کی مشعل (سینٹھے کو چربی میں ڈبو کر بناتے ہیں) ۔

Rush-grass : (n) (نباتیات) سِوار ؛ اریسا ؛ ایک قسم کی گھاس ۔

Rush-grown : (a) سینٹھے سے پُر ؛ پھیلے ہوئے (سینٹھے) ۔

Rush holder : (n) سینٹھے کی مشعل پکڑنے کا آلہ ۔

Rush hour : (n) (کاروبار میں) ہجوم کا وقت ؛ ہلے کا وقت ؛ گرم بازاری کا وقت ۔

Rush into : (v) تیزی سے داخل ہونا ؛ زبردستی گھس جانا ۔

Rush into print : (v) مضمون یا کتاب جھٹ سے لکھ کر چھپوا دینا ۔

Rush light / Rush-light : (n) (۱) دیکھو Rush-candle ۔ (۲) (بغیر Article کے) سینٹھے کی مشعل کی روشنی۔ (۳)(مجازاً) کند ذہنی ؛ محدود معلومات ۔

Rush-like : (n) سینٹھے کی طرح ؛ سینٹھے کا سا ۔

Rush nut : (n) دیکھو Chupa

Rush-ring : (n) سینٹھے کا چھلا جو پہلے جھوٹ موٹ کی شادی میں دلہا دلہن کو پہناتے تھے ۔

Rush toad : (n) دیکھو Natter-jack

Rush wheat : (n) جنگلی گیہوں کی ایک قسم ۔

Rush work : (n) سینٹھے بُننے کا فن ؛ سینٹھے کا ہنر ۔

Rushed : (a) سینٹھے اگا ہوا ؛ بڑھا ہوا ۔

Rushen : (a) [OE. 'Riscen'.] سینٹھے سے بنا ہوا ؛ ناگر موتھا سے بنا ہوا ۔

Rusher : (n) (۱) گھسیٹنے والا ؛ ڈھکیلنے والا ۔ (۲) تیزی سے کام کرنے والا ؛ جلد بازی کرنے والا ؛ جلد باز اور طاقت ور آدمی ۔ (۳) بغیر غور و فکر کے کام کرنے والا ؛ فوراً عمل کرنے والا ۔ (۴) فٹ بال کا وہ کھلاڑی جو گیند لے بھاگتا ہے ۔

Rusher : (n) ناگر موتھا سے کرسیاں بننے والا ۔

Rushing : (a) (۱)پر جوش؛ تند ؛ تیز ۔ (۲)جلد باز ؛ تیز مزاج ؛ تندخو ۔

Rushingly : (adv.) پر جوش طور پر ؛ تندی سے ؛ تیزی کے ساتھ ؛

جلدی بازی سے ۔

Rushy : (a) (۱) سینٹھے کا بنا ہوا ۔ (۲) سینٹھے سے بھرا ہوا ۔ (۳)جہاں سینٹھے کثرت سے ہوں ۔ (۴) سینٹھے جیسا ۔

Rusk : (n) [Pg. 'Rosca'.] (۱) کلچہ : بڑا بسکٹ ۔ (۲) ایک قسم کا میٹھا بسکٹ ۔

Rusk : (v) بسکٹ کو ٹوسٹ کرنا : کلچہ بنانا ۔

Ruskin : (n) جان رسکن (جس نے عمرانی مسائل اور فنون لطیفہ پر کتابیں لکھی ہیں (۱۹۰۰ ۔ ۱۸۱۹ء) ۔

Ruskinese / Ruskinesque : (a) رسکن کے طرز کا ۔

Ruskinese / Ruskinesque : (n) رسکن کی سی عبارت : رسکن کا اسلوب بیان یا انداز ۔

Ruskinian : (a) رسکن کے انداز و اصول پر یا اس کے طرز پر ۔

Ruskinian : (n) رسکن کا پیرو ۔

Ruskinism : (n) فنون و معاشیات میں رسکن کے اصول و خیالات کا التزام یا لحاظ ۔

Ruskinite : (n) رسکن کا پیرو ۔

Ruskinize : (v) رسکن کے رنگ میں رنگنا یا رنگا جانا ۔

Rusma : (n) [Turk. 'Hirisma'.] دباغت میں بال اڑانے کی ایک دوا ۔

Russ : (n)[Russ.,'Ruse'.,native name of the people and country.] روسی زبان : روس کا باشندہ : روسی شخص ۔

Russ : (a) روسی ۔

Russell : (n) [Origin unkn.] رسل کی ڈوری والا کپڑا : ڈوری دار کپڑا (مخلوط سوت اور اون کا جو طالب علموں کے گون وغیرہ میں استعمال ہوتا تھا) ۔

Russell cord : (n) ڈوری والا کپڑا ۔

Russet : (n) [OFr. 'Rousset'.] (۱) گیروے یا بادامی رنگ کا ہاتھ کا بنا ہوا معمولی اونی کپڑا (پہلے دیہات کے لوگ استعمال کرتے تھے) : گیروے یا بادامی رنگ کی وردی ۔ (۲) سرخی مائل بھورا رنگ : اس رنگ کی تدریجی کیفیت ۔ (۳) سیب حنائی : سرخی مائل بھورے رنگ کے موٹے چھلکے کا سیب ۔

Russet : (a) (۱) گیروے یا سرخی مائل بادامی (رنگ) ۔ (۲) مختلف سیبوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۳) (لباس وغیرہ) گیروے یا بادامی رنگ کی کھادی کا بنا ہوا ۔ (۴) گھر کا بنا ہوا (کپڑا) ۔ (۵) دیہاتی : گنوار : سیدھا سادہ : گھریلو ۔ (۶) (جوتے وغیرہ) بھورا : کتھئی رنگ کا ۔

Russet : (v) بھورے رنگ کا بنانا ۔

Russet coat : (n) (۱)بادامی رنگ کی کھادی کا کوٹ ۔ (۲)سیب حنائی ۔

Russet-coated : (a) (۱) بادامی رنگ کی کھادی کا کوٹ پہنے ہوئے ۔ (۲) گنوار : دیہاتی : گھریلو ۔

Russeting : (n) حنائی سیب ۔

Russety : (a) گیروا : بادامی ۔

Russia : (a) [med. L., f. 'Russi'.] روسی : روس کا : روس کی طرز کا ۔

Russia : (n) روس: یونین آف شوسلسٹ سوویت ریپبلک (U.S.S.R) ۔

Russia leather : (n) روسی چمڑا : ایک قسم کا روغنی چمڑا جو جلد سازی میں استعمال ہوتا ہے ۔

Russia matting : (n) روسی چٹائی : روسی بوریا ۔

Russian : (n) [med. L. 'Russianus'.] (۱) روس کا باشندہ : روس کا رہنے والا : روسی ۔ (۲) روسی زبان : روسی بولی ۔

Russian : (a) (۱) روسی : روس کا یا اس سے متعلق : روسی صفت : روسی باشندہ سے متعلق ۔ (۲) روسی زبان و ادب سے متعلق ۔

Russian roulette : (n) دکھاوے کی بہادری جس میں ریوالور کے ایک خانے میں گولی رکھ کر پیشانی کے نزدیک لے جاتے ہیں اور فائر کرتے ہیں ۔

Russianize : (v) روسی بنانا : روس کے آداب و اخلاق کے مطابق ڈھالنا ۔

Russification : (n) روسی بنانے کا عمل ۔

Russify : (v) (۱)دیکھو Russianize ۔ (۲) روسی زبان کو ترمیم کرنا ۔

Russism : (n) روسیت : روسی زبان کا اظہار ۔

Russki / Russky / Ruski : (n) روسی باشندہ : روسی ۔

Russniak : (n) [The native name 'Rusnyak'.] روس کو چك یا گلشیا کا باشندہ یا وہاں کی زبان ؛ روسنیاك ۔

Russniak : (a) روس کو چك سے متعلق ۔

Russo- : جزو ترکیبی بمعنی "روس" اور روس کا "روسیہ" ۔

Russophile(e) /Russophilism : (n) روسی پالیسی کی حمایت کرنے والا ؛ روس کا حمایتی ؛ روس نواز ؛ روس دوستی ؛ روسی پالیسی کی حمایت ۔

Russophobe : (n) روس کی مخالفت کرنے والا ؛ روسی پالیسی کا مخالف ۔

Russophobia : (n) (سیاسیات) روس ترسی ؛ روس کا خوف ؛ روس کی پالیسی کو نہیں ماننا ۔

Russophobian : (a) روس سے ڈرنے والا ؛ روس کا غیر حمایتی ۔

Russophobism : (n) روس ترسی ۔

Russphobist : (n) روس ترساں ؛ روس سے خوف کھانے والا ؛ روس کی پالیسی کونہیں ماننے والا ۔

Rust : (n) [OE. 'Rust '.] (۱) زنگ ؛ زنگ زدگی ؛ مورچہ زنگلار ؛ پھپھوندی ؛ کنگی ۔ (۲) (مجازاً) مخرب اثر ؛ بد اخلاقی ؛ بد اطواری ؛ بد چلنی ؛ فساد ؛ خرابی ۔ (۳)پھپھوندی جو پودوں میں لگ جاتی ہے ؛ پودوں کی ایك بیماری ؛ (نباتیات) زنگ گیاہی ؛ فطر زنگ ۔ (۴)بیکاری ؛ بیحالی ؛ تنبلی ۔ (۵) زنگ نما ؛ زنگ کی طرح کا داغ ۔ (۶) زنگ کا رنگ ۔

Rust : (v) [ME. 'Rusten'.] (۱) (لوہا وغیرہ کا) زنگ آلود ہونا ؛ زنگ لگ جانا ۔ (۲) پڑے پڑے بیکار ہو جانا ؛ رکھے رکھے برباد ہو جانا ۔ (۳) (مورچے یا زنگ کا کسی چیز کو) کھا جانا ۔ (۴) کاہلی اختیار کرنا ؛ بیکار ہو جانا ۔ (۵)زنگ کے رنگ کا ہو جانا ۔ (۶) (گیہوں وغیرہ کا) امس لگ جانا ۔ (۷) بد اخلاق ہونا ؛ اخلاقی یا جسمانی خرابی کا ہونا ۔ (۸) (اناج کا) کیڑے وغیرہ سے متاثر ہونا ۔

To better wear out than rust : (بوڑھوں کو چستی کی تلقید کے طور پر کہتے ہیں) زنگ لگنے سے گھس جانا اچھا ہے ۔

Rust-cement : (n) سیمنٹ کی ایك قسم جو ہوا لگنے سے زنگ آلود یا سرخ ہو جاتی ہے ۔

Rust-fungi : (n) (نباتیات) فطرات زنگ ۔

Rust joint : (n) رَسٹ سیمنٹ کی جوڑ ۔

Rust mite : (n) ایك قسم کا کیڑا ۔

Rustic : (a) [L.'Rusticus'.] (۱) دیہات سے متعلق ؛ دیہات کا ؛گاؤں کا ۔ (۲) دیہاتی ؛ گنوارو ؛ اکھڑ ؛ نا تراشیدہ ؛ اجڈ ؛ بے ڈول ؛ ان گھڑ ؛ مزخرف ؛ دیہات میں رہنے والا ؛ زراعتی؛ کسان کا ۔ (۳) موٹا ؛ بھدا (کام) ۔ (۴) بے قاعدہ ؛ بے ڈھنگے (کتاب کے حروف) (خصوصاً لاطینی مخطوطات میں استعمال ہوتے تھے) ۔ (۵) (تعمیرات) کھردرا ؛ نا ہموار ؛ بھدا ؛ ان گھڑ ۔ (۶) بے تکلیف ؛ سادہ ؛ محکم ؛ بے آلائش ؛ بے ہنر ؛ بے تاثیر ۔ (۷) بد تمیز ؛ غیر مہذب ؛ دہقانی ؛ اجڈ ؛ نا شائستہ ۔

Rustic : (n) (۱) دیہاتی آدمی ؛ کسان ؛ دیہات کا رہنے والا ؛ دیہات کا باشندہ ۔ (۲) (تعمیرات) نا ہموار کام ؛ موٹا کام ؛ بھدا کام ۔ (۳) نا ہموار کام میں استعمال ہونے والا پتھر (عموماً جمع میں) ۔

Rustic joint : (n) (تعمیرات) نا ہموار جوڑ ۔

Rustic work : (n) (تعمیرات) نا ہموار جوڑائی کا کام ۔

Rustical : (a) [med. L. 'Rusticals'.] (۱) دہقانی شخص کی طرح سے پیش آنے والا ۔ (۲) دیہاتی ؛ دیہات سے متعلق ۔ (۳)غیر مہذب ؛ نا شائستہ ؛ دہقانی ۔ (۴) سیدھا سادہ ۔

Rustically : (adv.) گنوارپن سے ؛ دہقانی طور پر ؛ غیر مہذب طور پر؛ بھدے طریقے سے ۔

Rusticate : (v) [f. L. 'Rusticat- , Rusticari'.] (۱) دیہات میں رہنا؛ دیہات میں قیام کرنا ؛ دیہاتی زندگی اختیار کرنا ؛ دیہاتی زندگی گذارنا ؛ دیہات کی بود و باش اختیار کرنا ۔ (۲) محدود مدت کے لئے یونیورسٹی سے نکال دینا (سزا کے طور پر) ؛ عارضی اخراج کرنا ۔ (۳) دیہات میں رہنے کے لئے بھیج دینا ؛ دیہات میں رہنے پر مجبور کرنا۔ (۴) دیہاتی بن جانا ؛ دیہاتی رنگ میں رنگنا ؛ دیہاتی طور طریقے میں ڈھالنا ۔ (۵) بھدا یا کھردرا بنانا (عمارت وغیرہ کو) ۔

Rusticate : (n) (تعمیرات) سادہ تراشیدہ پتھر ۔

Rusticated : (a) (تعمیرات) نا ہموار ۔

Rusticated ashlar : (n) (تعمیرات) نا ہموار عمارتی پتھر ۔

Rustication : (n) [L. 'Rusticatio', f. 'Rustiari'.] (۱) دیہات کی بود و باش ؛ دیہاتی بن جانا ۔ (۲) دیہات میں فطری زندگی گذارنے کی حالت ۔ (۳) یونیورسٹی سے عارضی اخراج ؛ عارضی اخراج کی مدت ؛ وقتی اخراج ۔ (۴)دیہات میں جلا وطن کر دینا ۔ (۵) کھردرا بنانے کا عمل ؛ طرز معماری (کھردرا بنائے ہوئے) ؛ نا ہموار تراش؛ سادہ تراش پتھر ۔ (٦) دیہاتی خصوصیات یا دیہاتی حصہ ۔

Rusticator : (n) عارضی طور پر نکالنے والا (یونیورسٹی سے یا کالج سے) ۔

Rusticity : (n) [Fr. 'Rusticite'.] (۱) گنوارپن ؛ دہقانیت ؛ بھداپن ۔ (۲) سادگی ؛ خشونت کھردرا پن ؛ نا ہمواریت ۔ (۳)نادانی ؛ ابلہی ؛ بے وقوفی ۔ (۴) بد تہذیبی ؛ بد تمیزی ؛ بد خلقی ؛ اکھڑپن ۔ (۵) (زبان وغیرہ) بھونڈاپن؛ بے ڈھنگاپن ؛ بد نمائی ؛ بد اسلوبی ؛ کھرا پن ؛ گنوارپن۔ (٦) دہقانی اظہار ؛ نابموار اسلوب ۔ (۷)دیہاتی زندگی ؛ دیہاتیت ؛ دیہاتی پن ۔ (۸) دیہاتی چیز ؛ دیہاتی خصوصیت ۔

Rusticize : (v) دہقانی بنانا ؛ دیہاتی بنانا ۔

Rusticly : (adv.) دیکھو Rustically

Rustics : (n) (تعمیرات) کھردری اینٹیں ۔

Rusting : (n) (کیمیا) زنگ زدگی ۔

Rustle : (n) [f. the v.] (۱) سرسراہٹ ؛ کھڑکھڑاہٹ ؛ پڑ پڑاہٹ ۔ (۲) (امریکا) دھکم پیل ؛ تلے اوپر کرنا ؛ جلدی ؛ عجلت ؛ ہڑبڑی ؛ سرگرمی ؛ دوڑ دھوپ ۔

Rustle : (v) [late ME.] (۱) سرسرانا ؛ کھڑکھڑانا ؛ پڑپڑانا ۔ (۲) سرگرمی سے کام کرنا ؛ دوڑ دھوپ کرنا ؛ دھکم پیل کرنا ؛ تلے اوپر کرنا ؛ پر زور طور پر کرنا ۔ (۳) جلدی سے تغیر و تبدیلی کرنا ؛ تیزی سے راستہ نکالنا ۔ (۴)حاصل کرنا ؛ پانا ؛ قابض ہونا (اپنی کوشش سے) ۔ (۵)چارہ جمع کرنا ؛ چارہ مہیا کرنا ؛ تلاش کر کے حاصل کرنا ۔ (٦) مکا بازی یا دھوکے سے کوئی چیز اڑا لینا ؛ چھپ چھپا کے لے لینا (مویشی وغیرہ) ۔

To rustle up : تلاش کرنا ؛ تیار کرنا ؛ تیاری کرنا ؛ اہتمام کرنا ؛ مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا ۔

Rustler : (n) (۱) کھڑکھڑانے والا ۔ (۲) سرگرمی سے کام کرنے والا ۔ (۳) (اپنی کوشش سے) حاصل کرنے والا ۔ (۴) چارہ جمع کرنے والا ۔ (۵) (امریکا) پر زور شخص ؛ سرگرم آدمی ۔ (٦) مویشی چور ۔

Rustless : (a) بے زنگ ؛ جسے کبھی زنگ نہ لگے ۔

Rustling : (n) (۱) سرسراہٹ ؛ کھڑکھڑاہٹ ۔ (۲) مویشی کی چوری دھوکے سے) ۔

Rustling : (a) سرسرانے والی (آواز) ؛ کھڑکھڑانے والی (آواز) ۔

Rustlingly : (adv.) سرسراتے ہوئے ؛ کھڑکھڑاتے ہوئے ۔

Rusty : (a) [OE. 'Rustiz'.] (۱) زنگ زدہ ؛ زنگ آلود ؛ زنگ لگا ہوا ؛ زنگ خوردہ ؛ مورچہ لگا ہوا ۔ (۲) پھٹی ہوئی ؛ چرچراہٹ کی (آواز) ۔ (۳) کند ؛ از کار رفتہ ؛ پرانا ؛ فرسودہ ؛ گھسا ہوا ؛ قدیم ۔ (۴) (شخص) پرانا ؛ بوڑھا۔ (۵) (کالے کپڑے کے لئے آتا ہے) جس کا رنگ اڑ گیا ہو ؛ پھٹا ہوا ؛ قابل مرمت ؛ خستہ ۔ (٦) زنگ کے رنگ کا ؛ گہرا بادامی ۔ (۷)اکھڑ ؛ اکل کھرا؛ بد مزاج ؛ روکھا ؛ تیکھا؛ گنوار ؛ گاؤدی ؛ بد تمیز ؛ اجڈ ۔ (۸) (پودا) پھپھوندی لگا ہوا ۔

Rusty : (a) [var. of 'rusty. (a)'] (بول چال) دیکھو Rancid

Rusty : (a) [f. rust.] (۱) (گھوڑا) بھڑکا ہوا ۔ (۲) (بول چال) گندہ ؛ غلیظ ؛ ناپاک ؛ بد خو ؛ بد طینت ؛ برا ؛ بد مزاج ؛ چڑچڑا ۔

To cut up rusty / To turn rusty : برا ہونا؛ بد مزاج ہونا ؛ چڑچڑا ہونا ۔

Salacot/ Salakot : (n) [Sp.] کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی چوڑے چھجے کی فلیپینی ٹوپی ۔

Salad/ Sallet : (n) [Fr. 'Salade'.] (۱) سلاد : ترکاریاں یا ساگ جو کچا کھایا جائے (مچھلی یا گوشت کے ساتھ) ۔ (۲) ساگ کا کچومر یاکچالو ۔ (۳) (مجازاً) معجون مرکب : کھچڑی : خلط ملط ۔

Salad-burnet : (n) مشک : رشک ۔

Salad days : (n) کچی عمر : ناتجربہ کاری کا زمانہ ۔

Salad dressing : (n) سلاد کا مسالا (زیتون ، سرکہ وغیرہ) ۔

Salad-oil : (n) اصلی روغن زیتون ۔

Salading : (n) سبزیاں اور بوٹیاں جو بطور سلاد استعمال ہوتی ہیں ۔

Salal : (n) [Chinook Jargon 'Sallal'.] ایک سدا بہار جھاڑی جس میں میٹھی بیریاں ہوتی ہیں ۔

Salamander : (n) [Fr. 'Salamadre'.] (۱) سمندر (آگ کا کیڑا) ۔ (۲) بڑا بہادر سپاہی (جو گولہ باری کی پروا نہ کرے) ۔ (۳) آگ کا بھوت ۔ (۴) (حیوانیات) ایک قسم کا دم دار دو عنصری جانور : سالامندر ۔ (۵) تیز گرم لوہا جس سے بارود میں آگ لگائی جاتی ہے ۔ (۶) توا یا کڑھائی ۔ (۷) امریکا کا تھیلی دار چوہا ۔ (۸) دھات کا مجموعہ جو بھٹی میں رہ جاتا ہے (بغیر پگھلے ہوئے) ۔ (۹) جام صحت پینے کا ایک جرمن طریقہ ۔ (۱۰) آگ روک تختہ ۔

Salamander-cloth : (n) غیر آتش گیر کپڑا جو اسبستوس سے بنتا ہے ۔

Salamander's hair : (n) اسبستوس کی ایک قسم ۔

Salamander's wool : (n) اسبستوس ۔

Salamandrian : (a) سَمَندر سے مشابہ : سَمَندر سے متعلق ۔

Salamandrian : (n) سَمَندر سے مشابہ مینڈک ۔

Salamandrine: (a) (۱) سَمَندر سے مشابہ : سَمَندر صفت ۔ (۲) سَمَندر یہ سے متعلق ۔

Salamandrine : (n) آگ کا بھوت ۔

Salamandroid : (a) سَمَندر خو : سَمَندر صفت ۔

Salamandroid : (n) دُم دار جل تھلیا ۔

Salambao : (n) [Phillipine Sp.] مچھلی پکڑنے کا ایک بڑا جال ۔

Salame : (n) [It.] اطالوی ساسج (Sausage) جسے تیز مسالا اور اکثر لہسن ڈال کر بناتے ہیں ۔

Salamstone : (n) [G. 'Salamstein'.] نیلا نیلم جو سری لنکا میں پایا جاتا ہے ۔

Salangane : (n) [Fr.] ایک قسم کی ابابیل : بحری ابابیل ۔

Salangid : (n) [L. 'Salangidae'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Salariat : (n) [Fr.] تنخواہ یاب طبقہ ۔

Salaried : (a) (۱) تنخواہ یاب (شخص) ۔ (۲) (جگہ) جس کے لئے تنخواہ مقرر ہو ۔

Salary : (n) [AFr. 'Salarie'.] تنخواہ : مشاہرہ ۔

Salary : (v) تنخواہ دینا ۔

Salband / Sahlband : (n) [G.] معدنیات کی پتلی تہ ۔

Sale : (n) [Late OE. 'Sala'.] (۱) بکری : فروخت : بیع : نیلام :

براج ۔ (۲) (فروخت کرنے کے لئے) نمائش ۔ (۳) مانگ : بازار ۔ (۴) جملہ آمدنی : مال کے فروخت کو ترقی دینا ۔

At sale : (کتب فروشوں کو) چھپی ہوئی قیمت پر تیس فی صد کی رعایت پر (کتابیں دینا) ۔

For sale : بیچنے یا فروخت کے لئے : بکاؤ ۔

On sale : دیکھو For sale

To put up to sale : نیلام پر چڑھانا : نیلام کرنا ۔

To sale : دیکھو For sale

Sale and (or) return : (n) جاکڑ : جانکڑ : سیرنی پھیرنی ۔

Sale of work : (n) کسی خیراتی یا مذہبی مقصد کے لئے کسی جماعت کے ممبروں کا چیزوں کو فروخت کرنا ۔

Saleability : (n) بکری کی صلاحیت یا قابلیت ۔

Saleable : (a) بکاؤ : بکری کے لائق ۔

Saleableness : (n) دیکھو Saleability

Saleably : (adv.) بکری کے لائق ہو کر ۔

Salempore : (n) ایک قسم کا نیلا سوتی کپڑا جو جزائر غرب الہند کو بر آمد کیا جاتا تھا ۔

Salep : (n) [Fr.] ثعلب مصری : سحلب ۔

Saleratus : (n) [mod. L. 'Sal aeratus'.] پوٹاش کا غیر خالص بائی کاربونیٹ : سوڈیم بائی کاربونیٹ : نمک قلی ۔

Sales : (a) فروخت سے متعلق : فروخت ۔

Sales-book : (n) فروخت کھاتا : بکری کھاتا ۔

Sales-check : (n) کاغذ کی پرچی جس پر خردہ فروش خرید و فروخت کا حساب لکھتے ہیں ۔

Sales clerk : (n) بیچنے والا یا بیچنے والی جو کسی دکان میں ملازم ہو ۔

Sales depot : (n) بکری گھر ۔

Sales engineer : (n) دست فروش جسے اپنے مال کی تکنیکی معلومات بھی ہو ۔

Sales girl : (n) بیچنے والی ۔

Sales lady : (n) دیکھو Sales girl

Sales man : (n) (۱) بیچنے والا : دست فروش ۔ (۲) وہ شخص جو اپنے خیال یا کام کو دوسروں کے لئے قابل قبول بنا دیتا ہے : ہم نوا یا ہم خیال بنانے والا ۔

Sales people : (n) کسی تجارتی مرکز کے دست فروشوں کی جماعت ۔

Sales person : (n) دیکھو Sales clerk

Sales promotion : (n) مال بیچنے کا طریقہ یا سرگرمی : ترقئ فروخت ۔

Sales representative : (n) کسی تجارتی تنظیم کا نمائندہ ۔

Sales resistance : (n) مقاومت بائع : بیچنے والا کا متوقع خریداروں کی طرف سے سرد مہری یا مخالف برتنا تاکہ طالب بڑھیں اور زیادہ مطالبہ ہو ۔

Sales ring : (n) نیلام میں بولی بولنے والوں کا حلقہ ۔

Sales room : (n) (دکانوں میں ، خصوصاً نیلام گھر میں مال سے) سجا کمرہ ۔

Sales slip : (n) دیکھو Sales check

Sales talk : (n) (۱) کسی چیز کو فروخت کرنے میں دلیل پیش کرنا (مظاہرے کے ساتھ) ۔ (۲) (مجازاً) کسی تجویز کی منظوری : کسی خیال کی مقبولیت ۔

Sales tax : (n) محصول فروخت : سیلز ٹیکس ۔

Sales woman : (n) دیکھو Sales girl

Sales yard : (n) باڑ جہاں مویشی فروخت ہوتے ہیں ۔

Salesian : (a & n) [Fr. 'Salesien'.] یا S. Francois de sales Dom Bosco کے قائم کردہ انجمنوں کا (رکن) ۔

Salesmanship : (n) (۱) دست فروشی : مہارت فروخت : فروشندگی ۔ (۲) ہم نوا یا ہم خیال بنانے کی صلاحیت ۔ (۳) فروخت : بکری ۔

Salian : (n) مریخی : پرستار مریخ : مریخ پرست ۔

Salian : (a) [L. 'Salii'.] مریخی : پرستاران مریخ کے متعلق : مریخ پرستوں کا ۔

Salian : (a) [Late L. 'Salii'.] سالکی (قبیلۂ سال کا رکن) .

Salian : (n) فرانکیوں کا ایک قبیلہ جو زیوڈرزی کے کنارے آباد تھا اور جس سے میر و دنگی سلاطین ہوئے : اس قبیلے کا فرد .

Salic/Salique : (a) [Fr. 'Salique' or med. L. 'Salicus'.] (۱) سالیکی قانون کی کتاب (وہ قانون جو میرودنگی اور کارولنگی حکومت میں رائج تھا) . (۲) سالیکی قانون جس کی رو سے عورت تخت کی وارث نہیں ہو سکتی خصوصاً فرانسیسی شاہی دور میں .

Salicaceous : (a) [med. L. 'Salicaceous'.] صفصافی .

Salicet : (n) ارغنون پرنے جس سے نئے کی طرح مہین آواز نکلتی ہے .

Salicin : (n) [Fr. 'Salicine'.] جوہر صفصاف : صفصافین : صفصافیہ: تلخ بلورین مادہ جو صفصاف کی چھال سے نکالا جاتا ہے اور دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے .

Salicional : (n) [G.] دیکھو Salicet

Salicyl : (n) [Fr. 'Salicyle'.] صفصافی تیزاب کی اصل .

Salicylate : (n) صفصافی تیزاب کا نمک .

Salicylic : (a) صفصافی .

Salicylic acid : (n) صفصافی تیزاب .

Salicylide : (n) صفصافی تیزاب کا نابید (Anhydride) .

Salicylism : (n) صفصاف خوری : صفصافی تیزاب کھانا : سمیت صفصاف .

Salicylite : (n) وہ نمک جو Salicylol کے دوسرے دھاتوں کے آکسائیڈ اور ہائیڈریٹ پر عمل سے بنتا ہے .

Salicylize : (v) صفصانا : صفصافی تیزاب ملانا .

Salicylol : (n) ایک قسم کا تیل جو Salicylic تیزاب اور Salicylic aldehyde کے بین بین ہوتا ہے .

Salicylous : (a) صفصافی دار : صفصافی آمیز .

Salience : (n) (۱) نمایاں خصوصیت . (۲) ابھار .

Salient : (a) [L. 'Saliencs'.] (۱) اچھلتا ہوا : ناچتا ہوا (مزاحاً) . (۲) نکلا ہوا: ابھرا ہوا : پیش آمدہ : بیرون رو (زاویہ).

(۲) نمایاں . (۳) (نقابت) جستی .

Salient : (n) (۱) بیرون رو زاویہ : زاویہ خارجہ (فوجی خندق وغیرہ کا) . (۲) ابھرا ہوا یا باہر کو نکلا ہوا حصہ : بیرونی حصہ .(۳) حملہ آورانہ ابھار (تودہ) دشمن کے مقبوضہ علاقے میں .

Salient angle : (n) بیرون رو زاویہ : زاویہ خارجہ : قلعہ بندی یا جنگی خط پر .

Salient features : (n) نمایاں خط و خال : نمایاں کیفیت .

Salient points : (n) نمایاں امور .

Salientia : (n) [L.] نوع غوک .

Saliently : (adv.) نمایاں طور پر : بیرونی طور پر .

Saliferous : (a) [L. 'Sal' + ferous.] (ارضیات) نمک دار .

Salifiable : (a) جو ترشے کے ساتھ مل کر نمک بنا سکے .

Salification : (n) نمک میں تبدیلی : نمک بننا : نمک سازی .

Saligenin : (n) [Fr. 'Saligenine'.] جوہر صفصاف کو ہلکے ترشے کے ساتھ تحلیل کرانے سے حاصل ہونے والا مادہ .

Saligot : (n) [OFr.] آبی شاہ بلوط .

Salimeter : (n) [L. 'Sal' + -meter.] نمک پیما : نمک کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ .

Salina : (n) [Sp.] (۱) کھاری جھیل : چشمۂ شور : کھاری دلدل . (۲) کا خانۂ نمک : نمک بنانے کا برتن .

Salination : (n) نمک ملانا .

Saline : (a) (۱) کھاری : نمکین : شور . (۲) کھاری دلدل یا زمین میں پیدا ہونے والا (پودا) .

Saline : (n) (۱) آب شور : کھاری جھیل : چشمۂ شور : کھاری دلدل : نمک بنانے کا برتن : نمک کا کارخانہ . (۲)کھاری جُلاب: نمک کا سہل : مسہل نمک .

Salinity : (n) نمکینیت : کھاری پن : شوریت .

Salino- : (Prefix) جزو ترکیبی : لاطینی لفظ Sal سے مشتق ہے جن الفاظ کے ساتھ ہے ان کے معنی نمک کے پیدا کر دیتا ہے .

Salinogenic : (a) نمک زا ۔

Salinometer : (n) نمک کا پیمانہ : نمک کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ : نمک پیما : نمک آب پیما ۔

Saliretin : (n) [Fr. 'Saliretine'.] Saligenin پر ہلکے ترشے کے عمل سے پیدا ہونے والا مادہ ۔

Saliva : (n) [L.] تھوک : لعاب دہن : رال : ریق ۔

Salivant : (a& n) تھوک لانے والا : لعاب آور ۔

Salivary : (a) [L. 'Salivarius'.] لعاب دار : لعابی : ریقی ۔

Salivate : (v) لعاب پیدا کرنا یا ہونا : منہ سے رال بہنا ، ٹپکنا ۔

Salivation : (n) تھوک نکلنا : لعاب خیزی : سیلان ریق : کثرت لعاب : رال بہنا ۔

Salk vaccine : (n) [Named after Jonas E. Salk , the inventor.] فالج اطفال (Poliomyelitis) کا پہلا ٹیکہ جو Jones E. Salk نے ایجاد کیا تھا ۔

Salle : (n) [Fr.] کاغذ کے کارخانے میں چھانٹ کر الگ کرنے کا شعبہ ۔

Salle-a-menger : (n) کھانے کا کمرا : قہوہ پینے کا کمرہ : تناول خانہ ۔

Salle d'attente : (n) انتظار خانہ : مسافر خانہ ۔

Sallee-man : (n) [f. 'Salle' , Sea port in Morocco'.] ایک قسم کا سمندری مرجانیہ ۔

Sallenders : (n) [Origin unkn.] خارش یا کھجلی کی بیماری (جو گھوڑوں کی پچھلی ٹانگوں کے جوڑوں کے اندار کی جانب ہو جاتی ہے) ۔

Sallet : (n) دیکھو Salad

Sallet/ Salade : (n) [Fr.'Salade'.] ایک قسم کا خود جس کا نچلا سرا پیچھے کی طرف نکلا ہوا ہوتا تھا ۔

Sallow / Sally : (n) [OE. 'Salh'.] (۱) بید مجنوں : بید کا درخت : لکڑی یا شاخ ۔ (۲) بعض قسم کے پروانوں کا نام ۔

Sallow : (a) [OE. 'Salo'.] زرد : پیلا : سانولا : پھیکا ۔

Sallow : (n) (۱) زرد کرنا : پیلا کرنا ۔ (۲) زرد ہونا : پیلا ہونا ۔

Sallow thorn : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Sallowish : (a) زرد سا : زردی مائل : پیلاہٹ لئے ۔

Sallowness : (n) زردی : پیلاپن : پیلاہٹ ۔

Sallowy : (a) بید والا : بید سے بھرا ہوا : (مقام) جہاں بید کثرت سے ہو ۔

Sally : (n) [Fr. 'Saillie'.] (۱) ہجوم : تاخت : زقند : جھپٹ : اُڑان ۔ (۲) خروج : نکاس : ظہور ۔ (۳) سیر : تفریح ۔ (۴) بلند خیالی : بلند پروازی ۔ (۵) ہنسی : مذاق : مزاح : دل لگی : ٹھٹھا : ٹھٹھول : فقرہ بازی ۔ (۶) (تعمیرات) پیش آمدہ : بڑھاؤ ۔ (۷) اچانک سرگرمی ۔

Sally : (n) (۱) گھنٹی کی پہلی جنبش ۔ (۲) رسی کا وہ حصہ جس میں گھنٹی لٹکتی ہے ۔

Sally : (v) (۱) نکلنا : باہر نکلنا ۔ (۲) اندر سے نکل کر حملہ کرنا : محصورین کا محاصرین پر حملہ کرنا : چڑھ دوڑنا ۔ (۳) سفر یا مہم پر نکلنا ۔

Sally-gate : (n) (قلعہ وغیرہ کی دیوار میں) چھوٹا دروازہ ۔

Sally-hole : (n) سوراخ جس میں سے گھنٹی کی رسی گزرتی ہے ۔

Sally-Lunn : (n) [after Sally Lunn, a 18th Century baker.] ہلکا اور میٹھا کیک ۔

Sally-port : (n) (۱) (قلعہ) دریچہ : وہ راستہ جس سے محصور فوج نکل کر محاصرین پر حملہ کرتی ہے ۔ (۲) جہاز کے پہلو کا بڑا دروازہ جس سے بارودی سرنگ وغیرہ میں آگ لگا کر حملے کے لوگ بچنے کے لئے بھاگتے ہیں ۔ (۳) دیکھو Portsmouth : وہ جگہ جہاں جنگی کشتیاں لگائی جاتی ہیں ۔

Sally-saw : (n) ایک قسم کا مدور آرا ۔

Salmagundi : (n) [Fr. 'Salmigondis'.] (۱) ایک قسم کا سالن جس میں مچھلی ، گوشت ، انڈا اور پیاز وغیرہ ڈالتے ہیں : دیوانی ہانڈی ۔ (۲) مختلف قسم کے مضامین کا مجموعہ : کشکول ۔ (۳) مجموعۂ لطائف و ظرائف ۔ (۴) مرکب : گھال میل ۔

Salmanazer : (n) ۱۲ کوارٹ (Quarts) شراب کی بوتل ۔

Salmi : (n) [Fr. 'Salmigondis'.] شکار کی ہوئی چڑیوں کا مسالے دار گوشت ۔

Salmiac : (n) [G. 'Salmiak'.] نوشادر .

Salmo : (n) [L.] مچھلیوں کی ایک جنس .

Salmon : (n) [AFr. 'Sa(u) moun'.] (۱)سامن ؛ سلیمانی مچھلی ؛ حوت سلیمانی ؛ ایک قسم کی نہایت لذیذ مچھلی (جس کا گوشت نارنجی رنگ کا ہوتا ہے) . (۲) Salmon colour کا مخفف .

Salmon : (a) سامنی (رنگ کا) ؛ نارنجی .

Salmon berry : (n) بعض قسم کی رس بھری کا نام .

Salmon-brick : (n) نیم پختہ اینٹ .

Salmon-colour : (n) نارنجی رنگ .

Salmon-fishing : (n) (۱) سامن کا شکار . (۲) سامن ماہی گاہ .

Salmon-ladder : (n) بند وغیرہ جو پانی میں سامن مچھلی پکڑنے کے لئے بناتے ہیں .

Salmon-leap : (n) دیکھو Salmon ladder

Salmon-pass : (n) دیکھو Salmon ladder

Salmon-trout : (n) سامن نما مچھلی ؛ شمالی یورپ کے سمندر کی ایک مچھلی جو سامن کی سی ہوتی ہے .

Salmon-wire : (n) باڑ جو سامن مچھلی پکڑنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے .

Salmonella : (n) [mod. L. 'Salmon'.] ایک قسم کا مرض آفریں جرثومہ ؛ سامنی جرثومہ .

Salmonellosis : (n) [mod. L. 'Salmon'.] مرض جو سامنی جرثومہ سے پیدا ہوتا ہے .

Salmonot : (n) سامن کا بچہ ؛ سامنچہ .

Salmonoid : (a & n) سامن کے رنگ کی (مچھلی) .

Salnatron : (n) [Sal + natron] خام سوڈیم کاربونیٹ .

Salol : (n) [f. 'Sal(cyl) + -ol.] ایک سفید بلوری خوشبودار سفوف جو دافع تپ اور مانع عفونت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے .

Salon : (n) [Fr.] (۱) سالون ؛ یورپی ملکوں (خاص کر فرانس) میں ملاقات یا تقریب کا کمرہ یا دیوان خانہ . (۲) اعلیٰ طبقے کی خاتون کا ملاقات کا کمرہ ؛ اعلیٰ طبقے کی خاتون کے گھر پر معزز لوگوں کا اجتماع . (۳) آرائشی دکان ؛ خانۂ آرائش ؛ مشاطہ خانہ .

The salon : ان مصوروں کی تصویروں ، مجسموں وغیرہ کی سالانہ نمائش (پیرس میں) جو زندہ ہیں .

Saloon : (n) [Fr. 'Salon'.] (۱) دیوان خانہ ؛ ہوٹلوں ، قہوہ خانوں کا بڑا کمرہ (بڑے مجمعوں یا نمائش کے قابل).(۲)(جہاز میں) بڑا مشترک کمرہ یا اول درجے کے مسافروں کا کمرہ ؛ عرشہ ؛ ہوائی جہاز میں مسافروں کا کمرہ . (۳)(امریکا میں) شراب خانہ ؛ انگلستان میں اعلیٰ درجے کا شراب خانہ . (۴) دیکھو Saloon car , Carriage. (۵)آراستہ بڑا کمرہ .

Saloon bar : (n) انگلستان کی سرائے میں اعلیٰ درجے کا شراب خانہ .

Saloon car : (n) بند موٹر جس میں ڈرائیور کے پیچھے کوئی اوٹ نہ ہوتی ہو .

Saloon carriage : (n) ریل کی گاڑی جس میں درجوں کی تقسیم نہ ہو بلکہ جو ایک وسیع کمرے کی طرح پر تکلف طور پر آراستہ ہو .

Saloon deck : (n) (جہاز کا) عرشہ (اول درجہ کے مسافروں کے لئے مخصوص .

Saloon keeper : (n) (امریکی) شراب خانے کا مالک ؛ مے فروش ؛ پیر مغاں .

Saloon pistol / -rifle : (n) طمنچہ یا طپنچہ جس سے نزدیکی نشانہ بازی کی مشق کی جاتی ہے .

Saloonist : (n) دیکھو Saloon keeper

Saloop : (n) (۱) ثعلب مصری ؛ ثعلب . (۲) ثعلب مصری کا جو شاندہ (جو کسی زمانے میں لندن میں بجائے قہوہ فروخت ہوتا تھا).

Saloopian : (a) [(Salop, alternative name of Shropshire'.] Shropshire کا یا اس سے متعلق .

Salopian : (n) (۱) Shropshire کا باشندہ . (۲) Shrewbury کے مسلک کا حامی .

Salopian ware : (n) (۱) سرخ اور سفید مٹی سے بنا برتن جو

Shropshire میں پایا گیا ۔ (۲) بھدا اور غیر شفاف برتن جو اٹھارھویں عیسوی میں Shropshire میں بنایا گیا تھا ۔

Salp : (n) [Fr. 'Salpe'.] غلاف پوش رخوؤں کی ایک جنس ۔

Salpa : (n) [mod. L.] دیکھو Salp

Salpian : (n) غلاف پوش رخوہ ۔

Salpiglossis : (n) [mod. L.] خوشنما گُلا : باغوں کے لئے ایک قسم کا پودا جس کے پھول خوشنما ہوتے ہیں ۔

Salpingitis : (n) [mod. L.] ورم بیض نالی ؛ ورم استاخی نلی ۔

Salpingo- : جزو ترکیبی بمعنی "بیض" یا "استاخی نلی" ۔

Salpinx : (n) [Gr. 'Salpink'.] (۱) قدیم یونانی بگل ۔ (۲) بیض نالی ۔ (۳) استاخی نلی ۔

Salse : (n) Fr.] گِلی برکان ۔

Salsify : (n) [Fr. 'Salsifis'.] ایک قسم کا پودا جس کی جڑیں لمبی اور اسطوانی ہوتی ہیں (ترکاری کا کام دیتا ہے) ؛ مٹر زمینی ۔

Salsola : (n) [mod. L.] جنس خرفہ : آشان ؛ ایک قسم کا جڑی نما پودا ۔

Salsolaceous : (a) جنس خرفہ سے متعلق یا اس سے مشابہ ۔

Salsuginous : (a) [L. 'Salsugo- + -ous'.] شور آبی ؛ نمک آمیز مٹی میں پیدا ہونے والے (پودے) ۔

Salt : (n) [OE. 'Salt, Sealt'.] (۱) نمک ؛ لون ۔ (۲) تیزی ؛ تندی ۔ (۳) لطیفہ ؛ ظرافت ؛ نکتہ ۔ (۴) (کیمیا) کھار ؛ شور ؛ نمک ۔ (۵) دیکھو Salt-cellar ۔ (۶) زمین کا نمک ؛ وہ طبقہ جس کے وجود سے دنیا کی حالت بہتر ہو ۔ (۷)دیکھو Salt marsh ۔ (۸) ملاح ؛ جہاز راں ؛ تجربہ کار ملاح ۔ (۹) خوراک ؛ مایحتاج ۔ (۱۰) عقل سلیم ۔ (۱۱)نمکین پانی جو سمندر سے دریا میں داخل ہو ۔ (۱۲) (مجازاً) ذائقہ ؛ نکتہ سنجی ۔

Above the salt : ذی مرتبت ؛ ذی حیثیت (اپنے ہم چشم یا برابر والوں کے ساتھ کھانا کھانے والا) ۔

Attic salt : (نمک یونانی) ملیح ظرافت ؛ لطیف نکتہ ۔

In salt : نمکین ؛ نمک آلود ؛ نمک میں لگایا ہوا ۔

Table salt : صاف پسا ہوا نمک ۔

(To be) worth one's salt : اہل ہونا ؛ لائق ہونا ؛ قابل ہونا ۔

To drop, cast a pinch of, put, salt, on the tail of : گرفتار کرنا ؛ پکڑنا ؛ اسیر کرنا ۔

To eat salt with (a person) / To eat (a person's) salt : کسی کا نمک کھانا ؛ نمک خوار ہونا ؛ کسی کے ہاں مہمان ہونا ۔

To take with a grain of salt : مبالغہ آمیز خیال کرنا ؛ تمام و کمال یقین نہ کرنا ؛ صرف کسی جز کا یقین کرنا ۔

White salt : سفید (صاف کیا ہوا) نمک ۔

Salt : (a) (۱) کھاری ؛ نمکین ؛ شور ؛ سلونا ۔ (۲) تیز ؛ تند ؛ تلخ ؛ کڑوا ؛ چٹپٹا ۔ (۳) دلدلی ؛ بحری (پودے) ۔ (۴) تیز ؛ تلخ ؛ دلگداز ؛ جگر خراش (نالے ، آنسو) ۔ (۵) تیکھا ؛ لگتا ہوا ؛ چبھتا ہوا (مذاق ، ٹھٹھول) ۔ (۶) بہت زیادہ ؛ حد سے زیادہ (قیمت ، دام ، مطالبہ) ۔

Salt : (v) (۱) نمک لگانا ؛ نمک کے پانی میں ڈالنا ؛ نمک میں بھگونا (تاکہ خراب نہ ہو) ؛ نمک چھڑکنا (خصوصاً) سڑک پر جمی ہوئی برف پر تاکہ پانی بن کر بہہ جائے ؛ (بائبل ، نذر یا قربانی کی چیز پر) نمک چھڑکنا ؛ (نو زائیدہ بچے پر) نمک ملنا ۔ (۲) نمک بنانا ؛ نمک مسالا لگانا ؛ نمک مرچ لگانا (مجازاً) تلخ کرنا ؛ تکلیف میں تکلیف کا اضافہ کرنا ۔ (۳) نمک ملنا (خصوصاً تصویر کشی کے کاغذ پر) ۔ (۴) دلچسپ یا دلکش بنانا ۔ (۵) (عام) (تجارت) حد سے زیادہ قیمت لگانا (اشیا پر) ؛ (کھاتے بہی میں) فرضی اور غلط اندراج کرنا ۔ (۶) (کان کنی) کان میں قیمتی دھاتوں یا سونے کے سفوف چھینٹ کر فریب سے اس کان کو زیادہ نفع بخش ظاہر کرنا ۔

To salt down (away) : محفوظ کرنا ؛ پس انداز کرنا ۔

To salt down : (امریکا) ڈانٹنا ؛ خبر لینا ؛ سرزنش کرنا ۔

Salt and pepper : (n) دیکھو Pepper-and-salt

Salt away / -down : (v) (۱) (گوشت ، انڈا وغیرہ) نمک لگا کر محفوظ کرنا ۔ (۲) محفوظ کرنا ؛ پس اندازہ کرنا ؛ بچانا ۔

Salt-bottom : (n) نشیبی زمین جس میں لونی لگ جائے ۔

Salt-bush : (n) آسٹریلیا کے بعض پودوں کے نام ۔

Salt-cake : (n) (۱) نمک کی ٹکیا ۔ (۲) سوڈیم سلفیٹ ۔

Salt car : (n) ایک مرکب جس کے ذریعے کبوتروں کو پرچاتے یا پھسلاتے ہیں ۔

Salt-cellor : (n) (۱) نمک دان ۔ (۲) (روزمرہ) عورتوں کی ہنسلی کے اوپر کا گہرا گڈھا (بد صورتی کی علامت) ۔

Salt-eel : (n) (بحری) رسی کا سرا (جو بطور کوڑا استعمال ہو) ۔

Salt glaze : (a) نمک کالک یا روغن (جو پتھروں کے برتنوں پر کیا جاتا ہے اس طرح پر کہ برتنوں کے پکائے جانے کے وقت بھٹی میں نمک کے ڈھیلے ڈال دئے جاتے ہیں) ۔

Salt-horse : (n) نمکین بیف : گائے کا خشک گوشت : نمکین گوشت ۔

Salt junk : (n) نمکین گوشت : مسالے دار گوشت : خشک گوشت ۔

Salt-lick : (n) نمک زار (اسی زمین جہاں جانور جمع ہو کر زمین کا نمک چاٹتے ہیں) ۔

Salt-looking : (a) ملاحت نما چہرے والا : نمکین چہرے والا ۔

Salt-marsh : (n) شورہ زار : وہ دلدل جس میں سمندری پانی بھرا رہتا ہے ۔

Salt-mine : (n) نمک کی کان : کان نمک ۔

Salt-pan : (n) (۱) نمک کی جھیل (سمندر کے قریب نشیبی زمین جہاں بذریعہ تبخیر نمک بنایا جاتا ہے ۔ (۲) طاس نمک : برتن جو نمک بنانے میں کام آتا ہے ۔

Salt-pit : (n) غار نمک : نمک کا گڑھا ۔

Salt-pond : (n) نمک کا حوض (قدرتی یا مصنوعی جس میں سے سمندر کا پانی بھاپ بن کر اڑ جائے اور نمک تہ میں رہ جائے ۔

Salt-radical : (n) لونی اصلیہ : کوئی چیز جو دھات یا اس کے مساوی گرفتہ کے ساتھ مل کر نمک بناتی ہے ۔

Salt-rheum : (n) بعض قسم کے گرمی دانے ۔

Salt-rising : (n) نمکین لپٹی جو خمیر کی طرح استعمال ہوتی ہے ۔

Salt-stand : (n) نمک دان ۔

Salt-tax : (n) محصول نمک جو انقلاب سے پہلے فرانس میں لگایا گیا تھا ۔

Salt-water : (n) (۱) آب شور : کھارا پانی : سمندر کا پانی ۔ (۲) آنسو : اشک ۔ (۳) بعض بحری جانوروں کے نام کے ساتھ آتا ہے ۔

Salt-well : (n) کھاری باؤلی (کنواں جس میں سے نمک کا پانی نکالا جاتا ہے ۔

Salt-work : (n) نمک کاکارخانہ ۔

Saltant : (a) [L. 'Saltants'.] (نقابت) اچھلتا ہوا چھوٹا جانور ۔

Saltarello : (a) [It.] اطالوی یا ہسپانوی رقص ۔

Saltatian : (n) [It. 'Saltation'.] (۱) قلانچ : جست : کود پھاند : اچھل کود ۔ (۲) رقص : ناچ ۔ (۳) اچانک حرکت : یکایک جنبش ۔

Saltatorial : (a) (۱) اچھلتا کودتا : کودتا پھاندتا ۔ (۲) اچھلنے والا : کودنے والا : کودنے پھاندنے والا ۔

Saltatorious : (a) دیکھو Saltatorial

Saltatory : (a) (۱) دیکھو Saltatorial ۔ (۲) اچانک حرکت سے پیدا ہونے والا : جستیہ : یکایک جنبش سے پیدا ہونے والا ۔

Salted : (a) (۱) نمک لگا کر محفوظ کیا ہوا ۔ (۲) نمک لگایا ہوا :نمکایا ہوا ۔ (۳) (مجازاً) ظریفانہ : عاقلانہ ۔ (۴) (عام) تجربہ کار: مشاق (آدمی):سدھایا ہوا(گھوڑا) ۔ (۵)(کاروبار) جس کی قیمت پر فریب طور سے بڑھا دی گئی ہو ۔

Salter : (n) [OE. 'Sealtere'.] (۱) نمک ساز : نمک فروش : لونیا ۔ (۲) دیکھو Drysalter ۔ (۳) (مچھلی وغیرہ کو) نمکانے والا : نمک لگانے والا ۔ (۴) نمک کے کارخانے میں کام کرنے والا ۔ (۵) وہ ظرف جس میں چیزوں کو نمکایا جاتا ہے ۔ (۶) (ٹراؤٹ ، مچھلی) جو انڈے دینے کے لئے دریا یا سمندر میں نیچے اتر گئی ہو ۔

Saltern : (n) [OE.'Sealtern'.] (۱) کارخانۂ نمک ۔ (۲) تالاب یا گڑھے جہاں سے قدرتی تبخیر کے ذریعے نمک حاصل ہوتا ہے ۔

Saltery : (n) (۱) کارخانۂ نمک ۔ (۲) مچھلیوں کو نمکانے کا کارخانہ ۔

Saltigrade : (a) [mod. L. 'Saltigradae'.] پھاندنے والی (مکڑی) : جست چال ۔

Saltigrade : (n) پھاندنے یا کودنے والی مکڑی : جست چال مکڑی ۔

Saltily : (adv.) تیکھے پن سے ؛ تیزی کے ساتھ ۔

Saltimbanco/ -banque/ -bank : (n) [It.'Saltimbanco'.] (۱) اتائی ؛ نیم حکیم ؛ بازاری دوا فروش ؛ دورہ گرد ۔ (۲) خود فروش ؛ شیخی باز ؛ لاف زن ۔

Saltiness : (n) تیکھاپن ؛ ملاحت ؛ نمکینی ۔

Salting : (n) (۱) نمکائی ؛ نمک لگانا ۔ (۲) شورہ زا ۔

Saltire : (n) [ME. 'Sawturoure'.] (نقابت) چلیپائی شکل جو کئی متوازی خطوط کے تقاطع سے بنتی ہے ۔

In saltire : کئی متوازی خطوط کے تقاطع سے بنی ہوئی چلیپائی شکل سے مرتب ۔

Saltire ways / Saltirewise : (adv.) کئی متوازی خطوط کے تقاطع سے بنی چلیپائی شکلوں سے مرتب ہو کر ۔

Saltish : (a) ملیح ؛ نمک آلود ؛ نمکین سا ؛ سلونا سا ؛ کسی قدر کھاری ۔

Saltishly : (adv.) کسی قدر نمکینیت کے ساتھ ۔

Saltishness : (n) نمکین سا ہونا ؛ نمکینیت؛ سلونا سا ہونا ؛ سلوناپن ۔

Saltless : (a) بے نمک ؛ پھیکا ۔

Saltly : (adv.) (۱) تیکھے پن کے ساتھ ؛ تیزی کے ساتھ ۔ (۲) نمکینی کے ساتھ ۔

Saltness : (n) نمکینی ؛ سلونا پن ؛ کھاری پن ۔

Saltpetre / Saltpeter : (n) شورہ ؛ قلمی شورہ ؛ جو کھار ؛ بارود کا خاص جز ۔

Chili saltpetre / Cubic- : چلی کا شورہ جو مکعب ٹکڑوں کی شکل میں ہوتا ہے ۔

Saltpetre-paper : (n) شورے کا کاغذ ؛ شورے میں ڈبویا ہوا کاغذ (جس سے بارود میں آگ لگتی ہے) ۔

Saltpetre-rot : (n) لونا ؛ لونی ۔

Saltpetreing : (n) لونی لگنا ۔

Saltus : (n) [L.] (منطق) فوری پلٹ ؛ فوری تبدیلی ؛ یکایک تبدیلی ۔

Saltwort : (n) ایک بحری پودا ؛ جنس خرفہ ۔

Salty: (a) (۱) نمکین ؛ نمک آلود ؛ سلونا ۔ (۲) محرک ؛ مہیج ؛ دلچسپ ۔ (۳) تیز ؛ تند ۔ (۴) لطیف ؛ چاشنی دار ؛ چٹپٹا ۔ (۵) تجربہ کار ؛ ماہر ؛ مشاق ۔ (۶) منہ زور (گھوڑا) ۔

Salubrious : (a) [L. 'Salubris' + -ous.] صحت بخش ؛ صحت آور ؛ فرحت بخش ؛ خوش گوار ؛ موافق (آب و ہوا ، کبھی کبھی غذا) ۔

Salubriously : (adv.) خوش گواری سے ؛ صحت بخش طور پر ۔

Salubriousness : (n) صحت بخش ہونا ؛ خوش گوارنا ۔

Salubrity : (n) خوش گواری ؛ صحت بخشی ؛ فرحت بخشی ۔

Saluki / Salug(h)i / Selug(h)i : (n) [Arab. 'Saluki'.] تازی (کتا) ؛ سلوکی ۔

Salutary : (a) [Fr. 'Salutaire' or L. 'Salutaris'.] (۱) صحت بخش ؛ صحت آور ۔ (۲) مفید ؛ فائدہ مند ؛ سود مند ۔

Salutation : (n) [Fr. 'Salutation' or L. 'Salutatio'.] (۱) سلام کرنا؛ صاحب سلامت ۔ (۲) اسلام علیکم ۔

The Augelical salutation : (ملکوتی) سلام برکت کی دعا ۔

Salutatorian: (n) عطائے اسناد کی تقریب میں خطبۂ استقبالیہ پڑھنے والا ۔

Salutatory : (a) (۱) سلام سے متعلق ۔ (۲) خطبۂ استقبالیہ سے متعلق ۔

Salutatory : (n) خطبۂ استقبالیہ ۔

Salute : (n) [Partly Fr. 'Salut'.] (۱) سلام ؛ آداب ؛ تسلیم ؛ کورنش ؛ نمستے ۔ (۲) سلامی (فوجی یا بحری) ؛ توپوں کی سلامی ۔ (۳) (شمشیر زنی) شمشیر زن کی سلامی (حریفوں کے درمیان) ۔

(To stand) at (the) salute : سلامی کے لئے کھڑا ہونا ۔

Salute : (v) (۱) سلام کرنا ؛ آداب بجا لانا ؛ آداب عرض کرنا ؛ مجرا کرنا ۔ (۲) سلامی دینا ۔ (۳) سلامی بوسہ دینا یا لینا ۔ (۴) دکھائی دینا ؛ نظر آنا ۔ (۵) استقبال کرنا ؛ ملنا (مسکراہٹ کے ساتھ) ۔

I salute you : اسلام علیکم ۔

Saluter : (n) سلام کرنے والا ۔

Salutiferous : (a) [L. 'Salutifer' -ous.] صحت بخش ؛ صحت آور ؛ شفا بخش ۔

Salutiferously : (adv.) صحت بخش طور پر ؛ شفا بخش طور پر ۔

Salvability : (n) (دینیات) نجات پانے کی اہلیت یا صلاحیت ۔

Salivable : (a) (۱) (دینیات) جسے نجات مل سکے ؛ قابل نجات ۔ (۲) جسے بچایا جا سکے ۔

Salvableness : (n) قابل نجات ہونا ۔

Salvage : (n) [Fr.] (۱) جہاز کو خطرے سے یا دشمن کے قبضہ سے نکال لانے کا معاوضہ ؛ معاوضہ رستگاری یا زر رستگاری (جہاز کو بچانے یا نکالنے کا) ۔ (۲) ڈوبے ہوئے جہاز کو یا اس کے سامان کو نکال لانا ؛ نجات جہاز یا جہاز کا بچاؤ ۔ (۳) آگ یا پانی سے سامان نکال لانا ۔ (۴) آگ یا پانی سے نکالا ہوا سامان ؛ مال رُستہ ؛ باز یافت ۔ (۵) کوئی چیز مثلاً عضو ، نسیج یا مریض جو انسدادی یا معالجاتی تدبیر سے بچایا جائے ۔

To make salvage of : بچانا ؛ نجات دلانا ۔

Salvage : (a & n) (۱) وحشی ؛ جنگلی ؛ بربری ؛ غیر متمدن شخص جس کی معاش ماہی گیری اور صید افگنی پر ہو ۔ (۲) دیکھو Salvage man ۔ (۳) ظالم ؛ سفاک ؛ جابر ؛ بے رحم ؛ خونخوار شخص ۔

Salvage : (v) (۱) ڈوبے ہوئے جہاز یا اس کے سامان کو نکال لانا ؛ آگ سے نکال لانا ؛ بچانا ۔ (۲) انسدادی یا معالجاتی تدبیر سے بچانا (کسی عضو ، نسیج یا مریض کو) ۔

Salvage corps : (n) حفاظتی دستہ (جو شہروں میں املاک کو آگ سے بچانے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے) ؛ آگ گارڈ ۔

Salvage money : (n) بچانے یا نکال لانے کا انعام ؛ معاوضۂ رستگاری ؛ زر رستگاری ۔

Salvager : (n) ڈوبے ہوئے مال کو نکالنے والا (آدمی یا جہاز) ۔

Salvarsan : (n) [G.] شافی سنکھیا ؛ سال و رسان ؛ آتشک کی مشہور دوا ہے جسے سنبل خار سے ۱۹۰۸ء میں Ehrlich نے ایجاد کیا تھا ۔

Salvation : (n) [ME. 'Sa(u) vacioun'.] (۱) نجات ؛ مکتی ۔ (۲) حفاظت ؛ بچاؤ ۔ (۳) ذریعۂ نجات یا حفاظت ۔ (۴) نجات دہندہ ۔

To be the salvation of : کسی کے لئے ذریعۂ نجات ہونا ۔

To find salvation : (۱) نجات پانا ۔ (۲) ایمان لانا ؛ (مزاحاً) کوئی ایسا گُر دریافت کرنا جس سے انسان اپنے اصول سے نجات پا سکے ۔

Salvation Army : (n) مکتی فوج ؛ عیسائیوں کی ایک جماعت جس کا مقصد عوام میں مذہبی بیداری پیدا کرنا ہے ۔

Salvationalism : (n) مُکتی فوج کا عقیدہ ۔

Salvationism : (n) (۱) مذہبی تعلیم جس میں نجات روح پر زیادہ زور دیا جاتا ہے ؛ کفارۂ مسیح کا عقیدہ ۔ (۲) مکتی فوج کے اصول یا طریقے ۔

Salvationist : (n) کفارۂ مسیح کا عقیدہ رکھنے والا ۔

Salve : (n) [OE. 'Salf, Sealfe'.] (۱) مرہم ؛ ضماد ؛ لیمپ ۔ (۲) تار کول اور چربی کا مرکب ؛ لیپ (جو بھیڑوں کو لگایا جاتا ہے) ۔ (۳) مسکن ؛ سکون بخش (چیز یا بات) درد دل کا علاج (روحانی مرض کا) ۔

Salve : (n) [L.] (۱) حرف 'S' کا تلفظ ؛ سلام علیک ۔ (۲) (رومن کیتھولک چرچ) ایک راگ جو لفظ Salve سے شروع ہوتا ہے ۔

Salve : (v) (۱) مرہم لگانا ، رکھنا ؛ لیپ لگانا ۔ (۲) تسکین بخشنا ؛ روحانی امراض کا علاج کرنا ۔ (۳) لیپ لگانا (بھیڑ کو) ۔

Salve : (v) جہاز کو پانی سے نکال لانا ؛ آگ سے (املاک کو) بچانا ؛ بچانا ۔

Salver : (n) طشت (چاندی یا پیتل کا، جس میں خدمتگار خط یا فواکہات پیش کرتے ہیں) ۔

Salver-shaped : (a) (نباتیات) طشتری ؛ طشتری شکل ۔

Salvia : (n) [mod. L.] ساج (Sage) پودوں کی قسم کا ایک پیوستہ چہر پودا ؛ جنس ساج ۔

Salvo : (n) [L.] (۱) (حقوق وغیرہ کی حفاظت کے لئے) شرط ؛ قید ؛ اشتثنا ؛ راہ گریز ۔ (۲) ٹال مٹول ؛ عذر لنگ ۔ (۳) بچاؤ ؛ چارۂ کار تدبیر ؛ ترکیب ۔

Salvo : (n) (۱) سلامی ؛ شلک (توپ یا بندوق کے مسلسل فائر سے) ۔ (۲) (توپ یا بندوق کی) باڑ ۔ (۳) (مجازاً) تعریف کی بھرمار ۔

Salvo : (v) (توپ یا بندوق کی) باڑ مارنا ۔

Salvor : (n) دیکھو Salvage

Sam : (n) قسم اب فقروں میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے سب دام دینا (خصوصاً شراب وغیرہ کے) پلانا To stand sam .

Upon my sam : (مزاحاً) قسم ہے ۔

Sama : (n) [Amer. Sp.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Samara : (n) [L.] ثمارہ : غوزہ : ثمر دیو دار ۔

Samritan : (n) [Late L. 'Samaritanus'.] (۱) سامری : اہل سامریہ : باشندۂ سامریہ ۔ (۲) (مجازاً) فیاض اور نیک نہاد انسان ۔

Good Samaritan : فیاض اور نیک نہاد انسان ۔

Samritan : (a) (۱) سامری ۔ (۲) فیاض اور نیک نہاد ۔

Samaritan Pentateuch : (n) توریت کی پہلی پانچ کتابوں (اسفار خمسہ) کا سامری متن ۔

Samaritanism : (n) سامریت ۔

Samarius : (n) [f. 'Samar(smite) + ium .] سماریم : ایک قسم کا دھات کا عنصر ۔

Samarra : (n) [med. L.] (رومی کلیسا) وہ لباس جو اس شخص کو پہنایا جاتا تھا جسے مذہبی عدالت جلا کر مار دینے جانے کی سزا سناتی تھی ۔

Samarskite : (n) [named after Col. 'Samarski'.] ایک قسم کی مرکب دھات ۔

Samba : (n) [Fr.] ایک قسم کا برازیلی رقص : سامبا ۔

Samba : (v) سامبا رقص کرنا ۔

Sambal : (n) [Malay.] ایک قسم کی چاشنی جو سیاہ مرچ ، اچار ، ناریل اور مچھلی وغیرہ سے بنتا ہے ۔

Sambaqui : (n) [Pg.] زمانہ قبل تاریخ کا کوڑا کرکٹ خصوصاً ہڈیوں کا انبار جو برازیل کے ساحل پر پایا گیا ۔

Sambar/ Sambur/Sambhar/Sambhur : (n) [Hindi 'Sabar'.] سامبر : ایک قسم کا بڑے قد و قامت کا ہرن ۔

Sambo : (n) [Sp. 'Zambo'.] دوغلا : دو نسلا (خصوصاً امریکی نیگرو اور یورپی میل) : نیگرو کا اسم تحقیر ۔

Sam Browne / Sam Browne belt : (n) فوجی افسر کے پیٹی اور تسمے ۔

Sambuca : (n) [L.] (۱) (قدیم موسیقی) ایک قسم کا تکونے تار والا ساز ۔ (۲) (قدیم روم) دیوار ڈھانے کا فوجی انجن ۔

Sambur : (n) دیکھو Samber

Same : (a) [ON.] (۱) ایک سا : یک رنگ : جوں کی توں ۔ (۲) مذکورہ بالا : مطابق : ملتا جلتا ۔

At the same time : (۱) اسی وقت : اسی حالت میں ۔ (۲) باوجود اس کے ، لیکن ساتھ ہی ساتھ ۔

By the same token : اسی نشان سے : اسی علامت سے ۔

Same : (pron.) وہی شخص یا اشخاص ۔

Same : (adv.) (۱) پھر بھی : تاہم ۔ (۲) جوں کا توں : اسی رنگ میں ۔

All the same : پھر بھی : تاہم ۔

Just the same : جوں کا توں : اسی رنگ کا ۔

Much the same : تقریباً برابر ۔

The very same / Just the same / One and the same : وہی : بالکل وہی : یکساں : بجنسہٖ : بعینہٖ : ہو بہو ۔

To think the same : کسی کے متعلق ویسا ہی خیال رکھنا ۔

Samel : (n) [Origin obscure'.] سیورا : سیوری : خام : کچا : کچی ادھ پکا (کھپرا ، اینٹ وغیرہ) ۔

Sameliness : (n) ایک سراپن : یک لمحہ پن : یکسانی : عدم تنوع ۔

Samely : (a) بے تنوع : یک رنگ : یکساں : اکتا دینے والا ۔

Samen : (a) (اسکاچستان) دیکھو Same

Sameness : (n) ایک ہی سا ہونا : یکسانی : یک رنگی ۔

Samia : (n) [L.] ایک قسم کا پروانہ ۔

Samian : (n) [L. 'Samius'.] باشندۂ ساموس : ساموسی ۔

Samian : (a) ساموسی ۔

Samian letter : (n) حرف Y سے فیثا غوری نیکی اور بدی کی مختلف راھوں کی علامت کے طور پر استعمال کرتے تھے ۔

Samian ware : (n) ساموسی برتن (مٹی کے برتن جو قدیم رومی مقامات پر پائے جاتے تھے) ۔

Samiel : (n) [Turk. 'Samyell'.] باد سموم : بہت گرم ہوا : لو ۔

Samisen : (n) [Jap.] جاپانی سہ تارا (ایک ساز) ۔

Samite : (n) [OFr. 'Samit'.] بادلا : زری (از منہ وسطیٰ کا قیمتی ریشمی کپڑا جس میں سونے کے تار بھی ملے ہوتے تھے) ۔

Samlet : (n) [Salmon + -let.] سامی مچھلی کا بچہ : سامچہ ۔

Sammier : (n) چمڑے سے (کمانے سے پہلے) پانی نچوڑنے کی مشین ۔

Samy : (v) [Origin unkn.] (۱) چمڑے کو جزوی طور پر سکھانا ۔ (۲) چمڑے کو نم کرنا ۔

Samy : (a) (۱) چپچپا : تر بتر : خوب گیلا ۔ (۲) نم : مرطوب : تر ۔

Samy : (n) سادہ لوح : بھولا : احمق ۔

Samnite : (a) [L. 'Sammites'.] سمنی : سمنائی (ایک قدیم اطالوی قوم جو رومائی جمہوریت سے لڑتی رہتی تھی) ۔

Samnite : (n) سمنی قوم کا فرد ۔

Samoan : (a) ساموئی : جزیرہ ساموا کا ۔

Samoan : (n) جزیرہ ساموا کا باشندہ یا وہاں کی زبان ۔

Samosatenian : (a) [Late L. 'Samosatenus'.] سیمو ساٹا کے پال (Paul of Samosata) یا اس کے پیرو سے متعلق ۔

Samothracian : (n) [L. 'Samothrace'.] سموتھریس (Samothrace) کا باشندہ ۔

Samothracian : (a) سیموتھریس کا یا اس سے متعلق ۔

Samovar : (n) [Russ. 'Samovar'.] سماوار : روسی چائے دان ۔

Samoyed (e) : (n) [Russ. 'Samoed'.] (۱) وسطی سائبیریا کی منگولی قوم کا رکن ۔ (۲) آرٹک کے سفید کتوں کی نسل ۔

Samoyed (e) : (a) سامویائی : سائبیریائی : زسامویائی زبان سے متعلق ۔

Samoyedic : (a) سامویائی ۔

Samoyedic : (n) سامویائی زبان ۔

Samp : (n) [Algonquin 'Nasamp'.] مکئی کا آٹا یا اس کی دلیا ۔

Sampan : (n) [Chinese 'San- pan'.] (۱) چینی ناؤ : کشتی : چینی نمونے کی کشتی ۔ (۲) جاپانی ناؤ : کشتی ۔ (۳) جزیرہ ہوائی کی کشتی ۔

Samphire : (n) (۱) ایک قسم کی نباتات جو ساحل بحر کے قریب پہاڑوں پر اگتی ہے اور اچار کے کام آتی ہے : سوئف آبی ۔ (۲)سائف آبی کا اچار ۔

Sample : (n) [AFr. 'Assample'.] (۱) نمونہ : بانگی ۔ (۲) نظیر : مثال ۔

Sample : (v) (۱) نمونہ یا بانگی دیکھنا ۔ (۲) نمونہ یا بانگی دکھانا ۔ (۳) نقل اتارنا ۔ (۴) جانچنا ۔ (۵) صحیح تجربہ حاصل کرنا ۔ (۶) ایک نظر ڈالنا : سرسری طور پر دیکھ لینا ۔ (۷) نمونہ لینا ۔

Sample : (a) (۱) نمونے کا : مثالی ۔ (۲) تجرباتی ۔

Sample card : (n) نمونے کا پتا : کارڈ جس پر نمونے چسپاں ہوں ۔

Sample man : (n) دیکھو Sampler

Sampler : (n) [OFr. 'Essamplaire'.] (۱) لڑکیوں کی سوزن کاری کا بہترین نمونہ جسے دیوار وغیرہ پر لگاتے ہیں ۔ (۲)نو آموز لڑکیوں کی سوزن کاری کا نمونہ ۔ (۳)درخت جو اور درخت کاٹتے وقت چھوڑ دیا گیا ہوتا کہ معلوم ہو سکے کہ اس قسم کے درخت اس مقام پر سے کاٹے گئے ہیں ۔

Sampler : (n) نمونہ دیکھنے یا نمونہ لینے والا : نمونے چھاننے والا ۔

Samshoo : (n) [Pidgin English.] چاول سے بنائی جانے والی چینی شراب ۔

Samson : (n) [L. 'Sam(p)son'.] شمشون (ایک قوی ہیکل آدمی کا نام جس کا ذکر توریت میں آیا ہے) : قوی : گرانڈیل ۔

Samsonian : (a) شمشون کا یا اس سے متعلق : قوی : گرانڈیل ۔

Samson's post : (n) (۱) (بحری) ایک مستحکم ستون جو جہاز کے

ذخیرے خانے یا عرشوں کے درمیان سے گزرتا ہے ۔ (۲)بھاری لکڑی جس میں زنجیر اور آنکڑا لگا کر اس کے کندے کو کھینچتے ہیں ۔

Samrai : (n) [Japanese.] قدیم جاپانی فوجی نواب یا جاگیر دار ؛ ایک جاپانی جماعت جو حب الوطنی کے لئے مشہور تھی ۔

San : (n) (۱) دارالصحت ؛ صحت گاہ ۔ (۲) اسکول کا وہ کمرہ جس میں بیمار بچوں کو رکھا جاتا ہے ۔

Sanative : (n) [OFr. 'Sanatif', or L. 'Sanativus'.] (۱) مفید ؛ صحت بخش ؛ نفع بخش ؛ شافی ۔ (۲) مند مل ہونے سے متعلق ۔

Sanatorium : (n) [mod. L. 'Sanatorium'.] دیکھو San

Sanatory : (a) دیکھو Sanative

Sanbenito : (n) [Sp.] (۱) لباسِ توبہ ؛ کفنی نماز ؛ زرد لباس جس پر آگے اور پیچھے دونوں جانب لال رنگ کی سینٹ انڈوز کی صلیب بنی ہوئی تھی ؛ یہ ان بدعتی لوگوں کا لباس تھا جو ہسپانوی محکمۂ احتساب کے دباؤ سے اپنے عقائد سے توبہ کر لیتے تھے ۔ (۲) اسی طرح کا سیاہ لباس ان لوگوں کے لئے جو محکمۂ احتساب کے دباؤ پر بھی اپنے عقائد سے تائب نہیں ہوتے تھے ؛ اس پر شعلوں اور بھوتوں کی تصویریں بنی ہوتی تھیں ، یہ لباس اس وقت پہنایا جاتا تھا جب کسی بدعت پرست کو زندہ جلاتے تھے ۔

Sancho : (n) گِٹار ؛ ایک قسم کا ستار جس میں چھ تار ہوتے ہیں ؛ چھ تارا (ساز) جسے مغربی افریقہ کے باشندے اور امریکی بجاتے ہیں ۔

Sanctification : (n) [L. 'Sanctificatio'.] (۱) تقدیس ؛ تطہیر ۔ (۲) اولیاء کی فہرست میں باقاعدہ داخل کرنا ۔

Sanctified : (a) (۱) مقدس ؛ متبرک (آدمی) ؛ روحانی طور پر مقدس بنائی ہوئی (چیز) ۔ (۲) (طنزاً) تقدس مآب ؛ ریاکار ۔ (۳) وقف شدہ ۔

Sanctifier : (n) مقدس بنانے والا ؛ متبرک بنانے والا ؛ متبرک بنانے والی چیز ۔

Sanctify : (v) [OFr. 'Saintifier'.] (۱)متبرک یا مقدس قرار دینا ؛ (گناہ سے) پاک کرنا ۔ (۲) حلال یعنی جائز کر دینا ؛ جواز کا فتویٰ دینا ؛ پاک اور مقدس سمجھ کر الگ کر دینا ۔

Sanctifyingly : (adv.) مقدس یا متبرک قرار دیتے ہوئے ۔

Sanctimonious : (a) [L. 'Sanctimonia'.] ریا کار ؛ زاہد ریائی ؛ ظاہر دار ؛ (طنزاً) تقدس مآب ۔

Sanctimoniously : (adv.) ظاہر داری سے ؛ ریاکاری سے ۔

Sanctimoniousness : (n) ظاہر داری ؛ ریاکاری ۔

Sanction : (n) ظاہر داری ؛ ریاکاری ۔

Sanction : (n) [Fr. 'Sanction'.] (۱) قانون ؛ قاعدہ ۔ (۲) سزا یا جزا ؛ وہ دفعہ جس میں کسی جرم کی سزا یا کسی نیکی کی جزا درج ہو ؛ تصویب ۔ (۲) تصدیق ؛ توثیق ۔ (۳)تکلیف شرعی یا اخلاقی ؛ محرکات خیر ؛ اخلاقی فرض ؛ واجب ۔ (۵) جواز ؛ رخصت ؛ منظوری ؛ اجازت ۔ (۶) رواج ۔ (۷) (سیاسیات) معاشیاتی یا فوجی اقدام جو ایک یا زیادہ ملک دوسرے ملک کے خلاف کرتے ہیں ۔

Pragmatic sanction : منشور سلطانی ؛ شاہی فرمان خصوصاً چارلس ششم کا وہ فرمان جس کی رو سے ۱۷۲۳ء میں حکومت آسٹریلیا میں جانشینی کا تصفیہ ہوا تھا ۔

Vindicatory sanction : تعزیری منظوری ۔

Sanction : (v) (۱) تصدیق کرنا ؛ اختیار کرنا ؛ مجاز بنانا ؛ لازم کرنا ؛ فرض عائد کرنا ۔ (۲) اجازت یا رخصت دینا ؛ سزا یا جزا مقرر کرنا ؛ کسی حکم کی خلاف ورزی کی بنا پر (مجرم کو) سزا دے کر تصدیق کرنا ۔ (۲) منظوری ؛ جائز رکھنا ؛ ٹھہرانا یا قرار دینا ۔

Sanctionary : (a) قانونی ؛ قانون سے متعلق ۔

Sanctioneer : (n) کسی ایک ملک کے خلاف ایک یا زیادہ ملکوں کے جابرانہ معاشیاتی یا فوجی اقدام کی حمایت کرنے والا ۔

Sanctionist : (a) تعزیری ۔

Sanctionist : (n) حامئ تعزیر ۔

Sanctionless : (a) بے منظوری ؛ بلا تصدیق ؛ بلا توثیق ؛ بلا اختیار ؛ ناحق ۔

Sanctitude : (n) [L. 'Sanctitudo'.] بزرگی ؛ تقدس ۔

Sanctity : (n) [OFr. 'Sain(c)tito' and L. 'Sanctitas'.] (۱) تقدس؛

بزرگی ؛ احترام ۔ (۲) عزت ؛ عظمت ۔ (۳) (جمع) فرائض ؛ واجبات ؛ پابندیاں ۔

Sanctorian : (a) [mod. L. 'Sanctorius'.] وینس کے ماہر طبیعیات Sanctotrius کا یا اس سے متعلق ۔

Sanctorian perspiration : (n) غیر محسوس پسینہ ۔

Sanctuary : (n) [AFr. 'Sanctuarie'.] (۱) مقدس مقام ؛ حرم ؛ عبادت گاہ (کا اندرونی حصہ) ؛ مسجد ؛ مندر ؛ درگاہ ؛ (مجازاً) کلیسا ؛ دینی جماعت ۔ (۲) مامن ؛ جائے پناہ ۔ (۳) امن ؛ پناہ ؛ حفاظت ؛ حق پناہ دہی ۔ (۴) (شکار) وہ جگہ یا زمانہ جس میں جانوروں کا شکار ممنوع ہو ۔ (۵) گرجا کا احاطہ ؛ قبرستان ؛ گورستان ۔ (۶) پادری کا عہدہ یا سلسلہ ۔ (۷) یہودیوں کے معبد کا بیرونی حصہ ۔

Privilege of sanctuary : حق پناہ دہی ۔

To take sanctuary : پناہ لینا ۔

To violate or break sanctuary : جائے پناہ کا احترام نہ کرنا ؛ مقدس مقام پناہ گیروں کو گرفتار کرنا ۔

Sanctum : (n) [L.] (۱) (یہودیوں کے) معبد کا اندرونی حصہ ؛ حرم ۔ (۲) خلوت ۔ (۳) (مجازاً) باطن (تصوف) ۔ (۴) مقدس مقام ؛ عبادت کدہ ۔

Sanctum Sanctorum : (n) (۱) یہودیوں کے معبد کا اندرونی حصہ ؛ حرم ۔ (۲) خلوت ۔

Sanctus : (n) [L.] مناجات کے وہ بول جن پر عشائے ربانی کا خاتمہ ہوتا ہے ؛ بھجن ۔

Sanctus bell : (n) (۱) جرس مقدس ۔ (۲) گھنٹا جو عشائے ربانی کے وقت بجایا جاتا ہے ۔

Sand : (n) [OE. 'Sand'.] (۱) ریت ؛ ریگ ؛ بالو ؛ تودۂ ریگ ؛ ریگ کے ذرے ۔ (۲) (امریکی روزمرہ) ثابت قدمی ؛ استقلال ۔ (۳) (جمع) ریتا ؛ رتیلی زمین ؛ ریگستان ۔ (۴) عدم استحکام؛ غیر مفید کاوش ؛ ان گنت ہونا ؛ لا تعداد ہونا۔ (۵) رتیلا علاقہ ؛ ساحل سمندر ۔ (۶) ریت گھڑی کی ریت ؛ (مجازاً) لمحۂ زندگی ۔ (۷) (تشریح و مرضیات) ریگ (مثانہ وغیرہ کا) ۔ (۸) کھڑا (خصوصاً مل کا) ۔

Oil sand : رتیلا پتھر ؛ جس میں سے تیل نکلتا ہے ۔

Rope of sand : دھول کی رسی ۔

To plough the sand : ریت میں ہل چلانا ؛ غیر مفید کاوش کرنا ۔

Urinary sand : ریگ مثانہ ۔

Sand : (v) (۱) (جہاز کا) ریتا پر چڑھ جانا ؛ ریت میں پھنس جانا ؛ (مجازاً) آدمی کا پھنس جانا ۔ (۲) مستحکم کرنا ؛ اوٹ قائم کرنا ؛ حملہ روکنا ۔ (۳) (کسی چیز پر) ریت چھڑکنا یا ڈالنا ۔ (۴) ریت میں دفن کرنا ۔ (۵) ریت ملانا (شکر ، اون وغیرہ میں) ۔ (۶) دروازوں اور دریچوں کے سامنے ہوا روکنے کے لئے ریت کی بوریاں رکھنا ۔ (۷)کسی کے سر پر ریت کی بوریاں دے مارنا ۔ (۸) بالو بچھانا ۔ (۸) ریگ مال کرنا ۔

Sand-badger : (n) جاوا کا بجو ؛ ہندوستانی بجو ۔

Sand-bag / Sandbag : (n) ریت سے بھرا ہوا تھیلا مدافعت کی عارضی بندی کے لئے یا غبارے میں توازن رکھنے کے لئے ؛ ریت کا تھیلا ؛ ریت کی تھیلی ۔

Sand bag : (v) (۱) ریت کی تھیلی لگانا ۔ (۲) ریت کی تھیلی سے مار کر گرانا ۔

Sand-bagger : (n) (۱) ریت کی تھیلی سے مار کر گرانے والا ۔ (۲) ایک چھوٹی بادبانی کشتی ۔

Sand-bank : (n) (۱) ریتا ۔ (۲) دیکھو Sand-hill ۔

Sand-bar : (n) ریت کی باڑ ؛ بندرگاہوں اور دریاؤں کے دہانوں پر ریت کے تودے ۔

Sand-bath : (n) گرم ریت کا برتن ؛ ریت کا غسل ۔

Sand-bear : (n) دیکھو Sand-badger

Sand-bed : (n) طبقۂ ریت ؛ ریت کی تہ ۔

Sand-belt : (n) ریگستان ۔

Sand-bird : (n) ریت میں رہنے والا ایک پرندہ ؛ زقارالرمل ۔

Sand-blast : (n) (۱) ریت کا جھونکا (بھاپ یا دبی ہوا کے ذریعے شیشے کی سطح کھردری کر دینے کے لئے) ۔ (۲) نا قابل تعرض تحریبی کاروائی ۔

Sand blast : (v) ریت کے جھونکے کے ذریعے کاٹنا یا صاف کرنا ۔

Sand-blind : (a) چندھا یا چوندھا ؛ نیم کور ؛ ضعیف البصر ۔

Sand-box : (n) (۱) ریگ دان (ڈبیا جس میں سیاہی خشک کرنے کے لئے ریگ رکھی جاتی ہے) ۔ (۲) ریت کا سانچا (جو ٹائپ ڈھالنے میں کام آتا ہے) ۔ (۳) ریگ دان (جو انجن پر ہوتا ہے کہ برف کی وجہ سے اگر پٹری چکنی ہو گئی ہو تو اس پر ریگ چھڑک دی جائے) ۔ (۴)(گولف) ریت بھرا برتن جس پر گیند رکھ کر کھیل شروع کرتے ہیں ۔ (۵) جزائر غرب الہند کے ایک جنگلی درخت کا پھل ۔

Sand-boy : (n) (۱) بالو بیچنے والا چھوکرا ۔ (۲) ٹٹے کی قسم کے بعض کیڑے ۔

As jolly as a sand-boy : بالو بیچنے والے چھوکرے کی طرح خوش و خرم ۔

Sand bug : (n) (۱) ایک قسم کا کیڑا ۔ (۲) زمین کھود کر رہنے والا کیکڑا ۔

Sand-cast : (a) ریت کے بنے سانچے میں ڈھالا ہوا ۔

Sand-cast : (v) ریت کے سانچے میں ڈھالنا ۔

Sand-cat : (n) ریگستانی بلی ۔

Sand-crab : (n) ایک قسم کا کیکڑا ۔

Sand-crack : (n) (۱) بوائی (پھٹنا) ؛ پاؤں کی کھال میں شگاف جو گرم ریت میں چلنے سے ہو جاتا ہے ۔ (۲) گھوڑے کے سم میں شگاف ۔

Sand cricket : (n) ایک قسم کا جھینگر ۔

Sand drift : (n) ریت کا تودہ (جو ہوا سے جمع ہو جاتا ہے) ۔

Sand-eel : (n) بام مچھلی کی ایک قسم ۔

Sand-elm : (n) ایک قسم کا درخت ۔

Sand-flea : (n) (۱) دیکھو Chigoe ۔ (۲) ایک قسم کا قشریہ ۔

Sand-fly : (n) بڑ مکھی ؛ ریت مکھی ۔

Sand-furnace : (n) دیکھو Sand-bath

Sand-glass : (n) ریت گھڑی ۔

Sand-grass : (n) ریت پر اگنے والی گھاس ۔

Sand-groper : (n) (۱) (آسٹریلیا) سونے کی نئی کان دریافت کرنے والا پہلا مہم جو ۔ (۲) (مزاحاً) مغربی آسٹریلیائی ۔

Sand-grouse : (n) قطاء ؛ بھٹ تیتر ۔

Sand-hill : (n) ریت کا ٹیلا ؛ ریت کا تودہ ۔

Sand-hiller : (n) Georgia اور S. Carolina کی رتیلی پہاڑیوں کے علاقوں کا باشندہ ۔

Sand-hog : (n) زیر زمین کام کرنے والا مزدور ۔

Sand-hopper : (n) (۱) ایک قسم کا قشریہ ۔ (۲) ایک قسم کا پسو ۔

Sand lizard : (n) یوروپی چھپکلی ۔

Sand-man : (n) (۱) ریت نکالنے والا ؛ ریت ملانے والا ؛ ریگ مال کرنے والا ۔ (۲) ریت والا (نیند سے بچوں کی آنکھیں کھجلانے لگتی ہیں تو ان سے کہا جاتا ہے کہ ریت والے نے تمہاری آنکھ میں ریت ڈال دی ہے) ؛ نیند یا اونگھ کی تجسیم ۔

Sand-martin : (n) خطاف الرمل ؛ ریگ مارٹن ؛ ایک قسم کی ابابیل جو ریگ میں گھونسلا بناتی ہے ۔

Sand-monitor : (n) (۱) زمین پر رہنے والا گھڑیال ۔ (۲) مصر میں پائی جانے والی ایک قسم کی بڑی چھپکلی ۔

Sand-mould : (n) ریگ کا سانچا ۔

Sand-paper : (n) ریگ مال (کاغذ) (ایک قسم کا شیشے کا کاغذ جس سے دھات وغیرہ صاف کرتے ہیں) ۔

Sand-paper : (v) ریگ مال کرنا ۔

Sand-partidge : (n) ایک قسم کا تیتر ۔

Sand-pillar : (n) ستون ریگ ؛ ریگ کا ستون (جو ہوا کی وجہ سے ریگستان میں بن گیا ہو) ۔

Sand-pipe : (n) (۱) (ارضیات) کھلی میں نلی نما جوف جس میں ریگ بھر جاتی ہے ۔ (۲) (انجن کی) ریل نالی ۔

Sand-piper : (n) ایک قسم کا پرندہ جو مرطوب رتیلے مقامات میں رہتا ہے ۔

Sand-pit : (n) (۱) وہ گڈھا جہاں سے بالو نکلتا ہے ۔ (۲) بالو سے بھرا گڈھا جس میں بچے کھیلتے ہیں ۔

Sand-pump : (n) ریگ کش ؛ ریت نکال ؛ ایک قسم کا آلہ جس کے ذریعے مشین وغیرہ میں سے ریت نکالی جاتی ہے ۔

Sand-rat : (n) جنوبی امریکا کا ایک قسم کا چوہا ۔

Sand-rock : (n) رتیلے پتھر کی چٹان ۔

Sand-roller : (n) ایک قسم کی چھوٹی دریائی مچھلی ۔

Sand-runner : (n) دیکھو Sand-piper

Sand-saucer : (n) ایک قسم کا گھونگے کا انڈا ۔

Sand-shadow : (n) دیکھو Sand-drift

Sand-shark : (n) (۱) ایک قسم کی شارک مچھلی ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔

Sand-shoes : (n) ریت جوتی ؛ ریت میں پہننے کی جوتی ۔

Sand-snipe : (n) ٹیٹری کی ایک قسم ۔

Sand-sole : (n) ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Sand-spout : (n) دیکھو Sand-pillar

Sand-stone : (n) رتیلا پتھر ؛ بھر بھرا پتھر ؛ سنگ سیاہ ۔

Sand-storm : (n) ریت کا طوفان ۔

Sand-sucker : (n) ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Sand-swallow : (n) ایک قسم کی ابابیل ۔

Sand-valve : (n) وہ صمام جس سے ریگ نالی سے ریگ کے نکلنے کو درست کیا جاتا ہے ۔

Sand-worm : (n) ریگ باش کی کِرم ؛ ریگی کرم ۔

Sand-wort : (n) ریگستانی علاقوں میں پیدا ہونے والے پودوں میں سے کوئی ایک یا ریگستانی علاقے کا ایک پودا ۔

Sand yoam : (n) مٹی کا گارہ جس میں ریت زیادہ ہو ۔

Sandal : (n) [L. 'Sandalium '.] (۱) سینڈل ؛ چپل ۔ (۲) سلیپر کو باندھنے کا تسمہ ۔

Sandal : (n) [Pers. 'Candal'.] صندل (کی لکڑی) ؛ چندن (کی لکڑی) ۔

Sandal : (v) چپل پہنانا ؛ چپل پہننا ۔

Sandal shoon : (n) چپل ؛ سنڈل ۔

Sandal-wood : (n) صندل کی لکڑی ؛ چندن کی لکڑی ۔

Citron or yellow sandal-wood : زرد صندل ۔

Red sandal-wood : سرخ صندل ۔

White sandal-wood : سفید صندل جو مالا بار کے ساحل پر پایا جاتا ہے ۔

Sandaling : (n) چپل کا تسمہ ۔

Sandarac : (n) [L. 'Sandaraca'.] زر نیخ احمر ؛ زر نیخ سرخ ؛ سم الفار احمر ؛ سرخ بڑتال ؛ مین پھل ؛ رہج الفار ؛ مینڈھل ۔

Sanded : (a) (۱) ریت چھڑکا ہوا ۔ (۲) ریت ملا ہوا ۔ (۳) رتیلا ۔ (۴) دانہ دار چینی میں لپٹا ہوا ۔

Sandemanian : (a) Robert Sandeman کے فرقے کا ۔

Sandemanian : (n) Robort Sandeman کا فرقہ ۔

Sandemanianism : (n) Robert Sandeman کا عقیدہ ۔

Sanderling : (n) [OE. 'Sandyroling'.] چہا ؛ ایک قسم کا چھوٹا سا پانی میں چلنے والا پرندہ ۔

Sanders : (n) [OFr. 'Sandre'.] دیکھو Sandal-wood

Sandia : (n) [Sp.] (۱) تربوز ۔ (۲) دیکھو Water-melon ۔

Sandiness : (n) (۱) کرکراپن ؛ رتیلا پن ؛ ریگ آلودگی ۔ (۲) بالورنگی ؛ ریگ رنگی ؛ ریت رنگی ؛ زردی مائل سرخی ۔

Sanding : (n) (۱) ریت چھڑکنا ، ڈالنا یا ملانا ۔ (۲) ریگ مال کرنا ۔ (۳) مرغوں اور مرغیوں کو بالو کھلا کر وزن بڑھانا (دھوکا دینے کی نیت سے) ۔

Sanding machine : (n) مشین جس میں ریگ مال لگا ہوا محرک پرزہ ہوتا ہے (کسی چیز کو چکنا کرنے کے لئے) ۔

Sandiver : (n) [Fr. 'Suin de verre'.] کانچ (شیشے) کا نمک یا کھار ؛ ایک قسم کا نمکیلا پانی جو شیشہ بناتے وقت اس سے خارج ہوتا ہے ۔

Sandling : (n) ایك قسم كی چھوٹی مچھلی ۔

Sandwich : (n) (۱) نان پاؤ کے دو پتلے توس (ٹکڑے) جن کے بیچ میں گوشت ، انڈے ، مچھلی ، ککڑی اور پنیر کے قتلے رکھ دیئے جاتے ہیں ۔ (۲) سینڈوچ سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۳) (مجازاً) دو رخا ؛ مخلوط ؛ مرکب ۔

Sandwich : (v) گھسیڑنا ؛ ٹھونسنا ؛ داخل کرنا ؛ ملفوف کرنا ؛ کسی چیز کو ایسی دو چیزوں کے اندر داخل کرنا جو مختلف النوع ہوں ۔

Sandwich-board : (n) اشتہار کا تختہ جو Sandwich man لٹکائے رہتا ہے ۔

Sandwich boat : (n) (کشتیوں کی دوڑ میں) اگلی قطار کی سب سے پچھلی اور پچھلی قطار کی سب سے اگلی کشتی ۔

Sandwich-box/ -case : (n) سینڈوچ کا بکس ۔

Sandwich-course : (n) تعلیم کا ایك کورس جس میں صنعتوں میں عملی تربیت اور کالج میں پڑھائی کی مدتیں باری باری ہوتی ہیں ۔

Sandwich-man : (n) اشتہار والا جو اشتہار کا ایك تختہ سینے پر اور ایك پیٹھ پر لٹکائے رہتا ہے ۔

Sandy : (n) (۱) نام Alexander کا مخفف ۔ (۲) اسکاچستانی ؛ اسکاچستان کا باشندہ ۔

Sandy : (a) (۱) رتیلا ؛ کرکرا ؛ ریگ آلود ۔ (۲) ریگی ؛ بالو یا ریت کے رنگ کا ۔ (۲) زرد سرخی مائل (بال وغیرہ کے لئے) ۔ (۳) ناقص ؛ غیر مدلّل ؛ نا پائیدار ؛ بے استقلال ۔ (۵) روکھا پھیکا ؛ خستہ ؛ فرسودہ ۔ (٦) ریت کی طرح دانہ دار ؛ جس میں (Lactose) کی بلوریں ہوں ۔

Sandy : (n) دیکھو Sand-crab

Sandyish : (a) رتیلا سا ؛ کرکرسا ؛ بالو کے سے رنگ کا ۔

Sandyx : (n) [L.] سرخ سیسہ ۔

Sane : (a) [L. 'Sanus'.] (۱) سمجھ دار ؛ ذی فہم ؛ سلیم العقل ؛ صحیح العقل ؛ صحیح الدماغ ؛ صحیح الحواس ؛ دانا ؛ عاقل ؛ زیرك ۔ (۲) معتدل ؛ معقول (رائے ، خیال وغیرہ) ۔

Of sane memory : دیکھو Memory

Sanely : (adv.) سمجھ داری سے ؛ فہم فراست سے ؛ معتدل طور پر ۔

Saneness : (n) ذی فہمی ؛ صحیح الدماغی ؛ سلیم العقلی ؛ دانائی ۔

Sang : (n) [Fr.] (اسکاچستان) خون ۔

Sang : (n) [Chinense 'Sheng'.] ایك قسم کا فارسی ساز ۔

Sang-de-boeuf : (n) [Fr.] گہرا سرخ (لہو کاسا) رنگ جو پرانی چینی پر اب بھی پایا جاتا ہے ۔

Sang-froid : (n) [Fr.] سکون ؛ اطمینان ؛ دلجمعی ؛ جمیعت خاطر (خوف یا پریشانی کے وقت) ۔

Sangaree : (n) [Sp. 'Sangria'.] ایك ٹھنڈا مشروب جسے شراب اور مسالے ڈال کر بناتے ہیں ۔

Sangrail : (n) [OFr. 'Saint graal'.] پیالۂ خون ؛ وہ پیالہ جس میں حضرت عیسیٰؑ نے آخری کھانا کھایا تھا اور جب آپ صلیب پر چڑھائے گئے تو یوسف آری میتھیا نے اسی میں آپ کا خون لیا تھا ۔

Sanguicolous : (a) خون باش ۔

Sanguicolous : (a) [L. 'Sanguis'. + -ferous.] خون بر ۔

Sanguification : (n) [mod. L. 'Sanguificatio'.] خون سازی ؛ تولید خون ؛ خون بننا ؛ خون بننے کا عمل ؛ وہ عمل جس کے ذریعے غذا خون میں بدل جاتی ہے ۔

Sanguimotor : (a) دوران خون سے متعلق ۔

Sanguinaria : (n) [mod. L.] جنس عرق الدم ؛ ایك قسم کی بوٹی جس کا تنا (جڑ کی شکل کا) دوا کے کام آتا ہے ۔

Sanguinarily : (adv.) سفاکانہ ؛ خونخوار ؛ خونریز یا خوں آشام طریق یا انداز سے ظالمانہ ؛ جابرانہ ۔

Sanguinarine : (n) ایك تلخ زہریلی بلوری القلی ۔

Sanguinariness : (n) سفاکی ؛ خونریزی ؛ خونخواری ؛ خوں آشامی ؛ بے رحمی ۔

Sanguinary : (a) [L. 'Sanguinarius'.] (۱) خونی ؛ خونریز ؛ سفاك ؛ خوں آشام ؛ تشنۂ خوں ؛ خونخوار ؛ قاتل ؛ لہو کا پیاسا ؛ بے رحم ؛ بے مہر ؛ بے رحمی کا (قانون) ؛ ادنیٰ سے ادنیٰ جرم پر موت کی سزا دینے والا (قانون) ۔ (۲) (مزاحاً) حرامی ۔

Sanguine : (a) [Fr. 'Sanguin.'] (۱) لہو سا لال یا سرخ ؛ خون کے

سے رنگ کا ۔ (۲) دموی : دموی مزاج آدمی جس کے بدن میں خون بہت ہو ۔ (۳) سرگرم : جو شیلا : جوش بھرا : زندہ دل : امیدوں بھرا : پر اُمید : خود اعتماد ۔ (۴) قوی : زبردست : مضبوط : واثق : پختہ : پکا : یقینی ۔ (۵) خونی : خونریز : خوں آشام ۔

Sanguine : (n) لال یا سرخ رنگ : لال رنگ کی تصویر ۔

Sanguinely : (adv.) سرگرمی سے : پر امید طور پر : زندہ دلی سے : خود اعتمادی سے : پر جوش طور پر ۔

Sanguineness : (n) (۱) لالی : سرخی ۔ (۲) سرگرمی : جوش : شوق : ذوق و شوق : ہمت : جوشیلاپن : حرارت : گرمی : دل سوزی ۔

Sanguineous : (a) [L. 'Sanguineus'.] (۱) (نباتیات) خون کا : خون سے متعلق ۔ (۲) دموی : پر خون : کثیر الدم ۔ (۳) گہرے لال رنگ کا ۔ (۴) پر امید : خود اعتماد ۔

Sanguineousness : (n) پر خوں ہونا : خون کے رنگ کا ہونا ۔

Sanguinicotous : (a) دیکھو Sanguicolous

Sanguinivorous : (a) خون خور : مصّاص ۔

Sanguino- : جزو ترکیبی بمعنی "خون" ۔

Sanguinolent : (a) خونی : خون سے متعلق : خون آمیز ۔

Sanguinoprulent : (a) جس میں خون اور پیپ ہو ۔

Sanguinous : (a) دیکھو Sanguineous

Sanguivorous : (a) دیکھو Sanguinivorous

Sanhedrim/Sanhedrin : (n) [Heb. 'Sanhedrin'.] (قدیم یروشلم) عدالت عالیہ جس کے اکہتر (۷۱) رکن تھے ۔

Sanhedrist : (n) (قدیم یروشلم) عدالت عالیہ کا رکن ۔

Sanicle : (n) [OFr.] (۱) ایک پودا جس کے پھول گچھے دار ہوتے ہیں : جو پلمہ ۔ (۲) اس قسم کے دوسرے پودے ۔

Sanidine : (n) [G. 'Sanidin'.] شفاف فلسپار ۔

Sanies : (n) [L.] (مرضیات) خونابہ : زرد آب : پنچھا ۔

Sanification : (n) صفائی کا انتظام کرنا : صفائی کو ترقی دینا یا بہتر بنانا ۔

Sanify : (v) [L. 'Sanus'.] (۱) معقول ہونا : سمجھ دار ہونا : معتدل ہونا ۔ (۲) تندرستی کرنا : اچھا کرنا ۔ (۳) صفائی کا انتظام کرنا : صفائی کو ترقی دینا : بہتر بنانا : صحت بخش بنانا ۔

Sanious : (a) خونابی : زرد آبی : پنچھا چھوڑنے والا ۔

Sanitarian : (n) انجمن صفائی یا مجلس صفائی کا رکن : ماہر اصول صحت : ماہر اصول حفظانِ صحت ۔

Sanitarian : (a) صحتی : صحت کا : صفائی پسند ۔

Sanitarianism : (n) صفائی پسندی : صحت پرستی ۔

Sanitarily : (adv.) حفظان صحت کی رو سے یا لحاظ سے ۔

Sanitariness : (n) شرائط صحت کی پابندی : امور حفظان صحت کا پاس یا لحاظ ۔

Sanitarist : (n) حفظان صحت کا دل دادہ : صحت پرست : صفائی پسند : صفائی پرست ۔

Sanitarium : (n) [L. 'Sanitas'.] دیکھو Sanatorium

Sanitary : (a) [L. 'Sanitaire'.] (۱) صفائی یا صحت و تندرستی سے متعلق : حفظان صحت سے متعلق : صحتی ۔ (۲) حفظانی ۔ (۳) مفید صحت ۔

Sanitary : (n) صحتی بیت الخلا ، پیشاب خانہ وغیرہ ۔

Sanitary cordon : (n) وبائی اور محفوظ رقبوں کے درمیان کی حد : قرنطینے کی چوکی ۔

Sanitary engineer : (n) حفظانی انجینئر ۔

Sanitary engineering : (n) حفظانی انجینئری ۔

Sanitary napkin : (n) دیکھو Sanitary napkin

Sanitary towel : (n). گدی یا تولیہ جو ایام حیض میں استعمال ہوتا ہے ۔

Sanitary ware : (n) صحتی ساز و سامان : نل سازی کے سازو سامان (مثلاً برتن دھونے کی ناند وغیرہ) ۔

Sanitate : (v) صفائی کرنا : امور حفظان صحت کی پابندی کرنا : صحتی سازو سامان مہیّا کرنا ۔

Sanitation : (n) (۱) علم حفظان صحت ؛ علم اصول صحت ؛ علم الصحت؛ اصول صحت؛ صفائی ؛ امور صحت ؛ صحتیات۔ (۲) امور متعلقہ صحت کا پابند ہونا ؛ صفائی ۔

Sanitationist : (n) اصول صفائی کا ماہر ؛ اصول صحت کا پابند ؛ صحت پرست ؛ صفائی پسند ۔

Sanity : (n) [L. 'Sanitas'.] (۱) صحت ۔ (۲) سلامت عقل ؛ صحت عقل و ہوش ؛ ہوش حواس کا بجا ہونا ؛ دماغی صحت ؛ صحیح الحواس ہونا ؛ عدم جنون ؛ عقل سلیم ۔

Sanjak : (n) [Turk. 'Sancak'.] سنجاق ؛ ترکی ؛ "ولایت" (یعنی صوبے کا حصہ ؛ ضلع یا پرگنہ ۔

Sannup : (n) [Narrangansett. 'Sannop'.] شادی شدہ امریکی ریڈ انڈین عورت کا شوہر ۔

San(n)yasi / -asin : (n) [Hindi'.] سنیاسی ؛ ہندو فقیر ۔

Sans : (prep.) [OFr. 'San'. Sanz'.] بے ؛ بغیر ؛ بلا ؛ بدون ؛ بن ۔

Sans facon :(adv.) صاف گوئی سے ؛ دریدہ دہنی سے ۔

Sans gene : (n) بے تکلفی ۔

Sans peur : (a) بے خوف ؛ بے خطر ۔

Sans phrase : (adv.) صاف ؛ صاف کھلے لفظوں میں ۔

Sans reproche : (a) بے قصور ؛ بے گناہ ۔

Sans souci : (a) بے پروا ؛ بے فکر ۔

Sans souci : (n) بے پروائی ؛ بے فکری ۔

Sansceremonie : (adv.) [Fr.] (۱) دنیا کی رسم کی لاج نہ رکھ کر ۔ (۲) بے تکلفی سے ؛ بلا تکلف ۔

Sansculotte : (n) [Fr.] عامی یا غیر مذہب؛ جمہوریت پسند ؛ مساوات پسند ؛ انقلاب پسند ؛ انتہا پسند ؛ انقلابیا (فرانسیسی انقلاب کے زمانے میں قدیم اشترافیت کے دلدادہ لوگ جمہوریت پسندوں کو بے "برجسما" کہتے تھے اس لئے کہ برجس شرفاء کا لباس تصور کی جاتی تھی بعد کو جمہوریت پسندوں نے خود یہ نام اپنے لئے مخصوص کر لیا) ۔

Sansculatterie : (n) انقلاب پسندی ؛ مساوات پرستی ۔

Sanscalattic : (a) انقلاب پسندی یا انقلاب پسند سے متعلق ؛ انقلاب پسند ؛ انقلابی ۔

Sansculottid : (n) [Sansculottide'.] جمہوریہ فرانس کی تقویم کے ماہ Fructidor میں اضافہ کئے جانے والے پانچ (اور سال کیسہ میں چھ) دنوں میں سے کوئی دن ۔

Sansculottism : (n) انتہا پسندی ؛ انقلاب پسندی ؛ مساوات پرستی ۔

Sanserif : (n) منڈا حرف جس میں نوکیں نہ ہوں ۔

Sanskrit / Sanscrit : (n) [Skr. Saniskrta'.] سنسکرت ؛ ہندوستان کی قدیم علمی زبان ۔

Sanskrit / Sanscrit : (a) سنسکرتی ؛ سنسکرت میں لکھا ہوا ۔

Sanskritic : (a) سنسکرت داں ۔

Santa claus : (n) [Du. 'Santo klaas'.] سینٹ نکولس ؛ ایک فرضی شخص جس کے متعلق بچوں کو یہ عقیدہ ذہن نشیں کرایا جاتا ہے کہ وہی رات کے وقت ان کے موزوں میں بڑے دن میں تحفے ڈال دیتا ہے ۔

Santal : (n) [Fr.] (۱) صندل (کی لکڑی) ۔ (۲) (کیمیا) ایک کیمیاوی مادہ جو چوب صندل سے نکلتا ہے ۔

Santalaceous : (a) صندلی ۔

Santalic acid : (n) صندل کا تیزاب ۔

Scald : قدیم اسکینڈی نیویا کا قصیدہ خواں شاعر۔

Scald : (v) [ME. 'Scalde, Schalde'.] (۱) گرم پانی، بھاپ وغیرہ سے جلانا۔ (۲) دودھ وغیرہ کو کھولانا۔ (۳) کھولاؤ کے درجے تک گرم کرنا۔ (۴) کھولتے ہوئے پانی سے دھونا یا صاف کرنا۔ (۵) جلانا : جھلسانا۔ (۶) پریشان کرنا: سخت اذیت دینا۔

Scald-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی۔

Scald head/ Scald-head : (n) بالخورہ : کَچّلی : گنج طفلان۔

Scald-headed : (a) کچل۔

Scalding : (a) کھولتا ہوا۔

Scalding-hot : (n) کھولتا ہوا۔

Scale : (n) [ON. 'Skal'.] (۱) ترازو کا پلہ : پلڑا : (جمع) ترازو : میزان۔ (۲) (علم النجوم) (جمع) میزان۔ (۳) وزن : سائز (خصوصاً مویشیوں کا)۔ (۴) نازک صورتِ حال : نازک مرحلہ : جان کا سوال۔

Clerk of the scales : (گھڑ دوڑ) جاکی (چابک سوار) کا وزن لینے والا افسر۔

To hold the scales even or equally : میزان عدالت برابر رکھنا : انصاف کرنا۔

To ride, go to scale : (گھڑ دوڑ سے پہلے اور بعد میں

بکھیرنا ؛ پھیلانا ۔ (۲) برباد کرنا ۔ (۳) گرانا ۔

Scale : (v) (۱)پرت اتارنا ؛ چھیلنا ؛ ورق اتارنا ۔ (۲) فلس ماہی اتارنا ۔ (۳) (داغنے کے بعد) بندوق کی نال صاف کرنا ۔ (۴) دانت کا میل چھڑانا ، صاف کرنا ۔ (۵) پرت اترنا ؛ ورق اترنا ۔ (۶) (خارش وغیرہ میں) کھال اترنا ۔

To be scaled : چھلکے اتارا جانا ۔

Scale : (v) [OFr. 'Escaler'.] (۱) کمند کے ذریعہ حملہ کرنا ؛ سیڑھی لگا کر قبضہ کرلینا ۔ (۲) درجہ وار پیمائش کرنا ؛ صحیح سیمت معین کرنا ۔ (۳) چڑھنا ؛ اوپر چڑھنا ۔ (۴) پیمانہ گھٹانا ؛ پیمانہ کم کرنا ؛ پیمانے میں تخفیف کرنا ۔ (۵) لکڑی کے گٹھوں کی پیمائش کرنا یا ان کا تخمینہ لگانا ۔ (۶) (لکڑی کا) (کسی مقدار میں) پیدا کرنا یا مہیّا کرنا ۔ (۷) تناسب کا تخمینہ لگانا ۔

Scale-armour : (n) بکتر (دھات کے پرت کا جو چمڑے وغیرہ میں لگے ہوتے ہیں) ۔

Scale-back : (n) فلوسی کرم ۔

Scale-beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Scale-blue : (n) گہرے نیلے رنگ کا جزو اعظم ۔

Scale-board : (n) پتلا تختہ (جو آئینے کی پشت پر لگایا جاتا ہے) ۔

Scale-board-plane : (n) (لکڑی کے) پتلے ٹکڑے تراشنے والا رندہ ۔

Scale-carp : (n) سیم ماہی ؛ کارپ ۔

Scale-down : (n) معینہ معیار کے مطابق تخفیف ۔

Scale-fern : (n) مشترک ؛ سرخس کی قسمیں جن کے ورق دار پشت پر فلس سے ہوتے ہیں۔

Scale-insect : (n) فلوسی حشرہ ؛ کھپرے دار کیڑا (وہ کیڑا جو پودوں سے چپٹ جاتے ہیں اور ڈھال جیسے کھپرے اپنے اوپر پیدا کر لیتے ہیں ۔

Scale-leaf : (n) (نباتیات) پوست برگ ۔

Scale-man : (n) (۱) ترازو مرمت کرنے والا ۔ (۲) تولنے والا ۔ (۳) لوہے وغیرہ سے آکسائیڈ کی پرت ہٹانے والا ۔

Scale-micrometer : (n) بعد پیما دوربین ۔

جاکی کا) تول گھر میں جانا ۔

To turn the scale : تختہ الٹنا ؛ فیصلہ کن کاروائی کرنا ۔

Scale : (n) [OFr. 'Escale'.] (۱) چھلکا ؛ فلس ؛ فلس ماہی ۔ (۲) کچرا ؛ پرت ؛ ورق ؛ تہ ؛ خول ؛ بھوسا ۔ (۳) (نباتیات) فشر ؛ پوست ۔ (۴) دانت کا میل ؛ زردی جو دانت پر جم جاتی ہے ۔ (۵) آکسائیڈ کی پہلی تہ جو لوہے یا دوسری دھات کو پیٹنے یا گرم کرنے سے جم جاتی ہے ۔ (۶) (جسمانی یا اخلاقی) کوری کاسبب ؛ حاجب نظر ۔ (۷) (نمک سازی) گرد یا چونے کی پپڑی جو کرچے یا طاس کی پیندی میں جم جاتی ہے ؛ بائلر وغیرہ میں جم جانے والی سخت پرتیں ۔ (۸) (زرہ بکتر کی) دھات کی پرت ۔ (۹) ہڈی ، سینگ ، دھات ، لکڑی یا ہاتھی کے دانت کا پترا (جو چھری وغیرہ کے دستے میں لگایا جاتا ہے) ۔ (۱۰) دھات کی تختی جو سپاہی وغیرہ جھپّے کی جگہ لگاتے ہیں ۔ (۱۱) دیکھو Scale wax ۔ (۱۲) دیکھو Scale insect .

Scale : (n) [L. 'Scala'.] (۱) زینہ ؛ سیڑھی ۔ (۲) (سیڑھی کا) ڈنڈا ؛ زینہ ۔ (۳) سرگم ؛ سپتک ۔ (۴) درجہ ؛ مرتبہ ؛ درجہ واری ترتیب یا تقسیم ؛ تدریجی نظام ۔ (۵) (ریاضیات) پیمانۂ اعداد ۔ (۶) درجہ واری گوشوارہ (قیمت وغیرہ کا) ۔ (۷) کسی خط پر معینہ فاصلوں پر علامات (پیمائش کی غرض سے یا متناسب تخفیف و توسیع کے لئے) ۔ (۸) تناسب ؛ متناسب سائز میں شبیہ اتارنے کا نظام ۔ (۹) ہم نسبت یا متناسب سائز یا حد ؛ درجہ ۔ (۱۰) (مجازاً) (پیمائش ، حساب یا تخمینے کا) معیار ۔

Diagonal scale : دیکھو Diagonal scale

Gunter's scale : پیمانۂ گنٹر ؛ دو فٹی پیمانہ (جو پیمائش اور جہاز رانی میں کام آتا ہے) ۔

Marquois scales : دیکھو Marcuois scale

On or upon a (large, small, liberal scale) : (بڑے ، چھوٹے ، کثیر) پیمانے پر ۔

To scale : متناسب طور پر ۔

Scale : (n) [ON. 'Skali'.] دیکھو Hut

Scale : (v) (۱) تولنا ؛ وزن کرنا ۔ (۲) تلنا ؛ تولا جانا ۔ (۳) وزن ہونا ۔

To scale in : (گھڑدوڑ کے بعد) وزن کیا جانا ۔

Scale : (v) [ME. 'Skailen, Scalen'.] (۱) منتشر کرنا یا ہونا ؛

Scale-moss : (n) پودوں کی قسم جن کے کائی نما پتے ہوتے ہیں ۔

Scale cylinder : (n) استوانہ غیر متساوی الساقین ۔

Scale muscle : (n) عضلۂ مختلف الاضلاع ؛ عضلۂ مثلثہ ؛ عضلین نردبانی ۔

Scale pen : (n) ترازو کا پلڑا ۔

Scale-paper : (n) کاغذ جس پر ایک انچ کے آٹھویں یا دسویں حصے کے برابر خانے بنے رہتے ہیں ۔

Scale-pattern : (n) متراکب نقش و نگار یا نمونہ ۔

Scale-up : (n) پیمانے میں زیادتی ، پیمانے میں اضافہ کرنا ۔

Scale-wax : (n) جزوی طور پر صاف کی ہوئی پیرافن موم ۔

Scale-wing : (n) فلسی پرہ حشرہ ۔

Scale-winged : (a) فلسی پرہ ؛ فلوسی پردار ؛ جھلی دار پروں والے (کیڑے ، جیسے پروانہ ، تتلی وغیرہ) ۔

Scale-work : (n) کھپریلی ترتیب ؛ متراکب نمونے ۔

Scale-worm : (n) فلوسی کرم ۔

Scaled : (a) (۱) (رندہ) کنار پوش ؛ متراکب ؛ سفالی ترتیب کا ۔ (۲) سفالی ترتیب میں لگا ہوا ۔

Scaled : (a) چھلکا یا فلس چھیلی یا اتاری ہوئی (مچھلی وغیرہ) ۔

Scaled : (a) معینہ فاصلوں پر علامات بنایا ہوا ؛ معیار کے مطابق بتایا ہوا ۔

Scaleless : (a) بے فلس ؛ بے خول ۔

Scalelike : (a) فلس نما ؛ کھپرا نما ۔

Scalene : (a) [Late L. 'Scalenus'.] (۱) مختلف الاضلاع ؛ غیر متساوی الساقین ۔ (۲)(تشریح) مثلثہ: مختلف الاضلاع ۔ (۳) (مخروط یا استوانہ) جس کا محور قاعدہ سے زاویہ نہ بناتا ہو ۔

Scalene : (n) (۱) غیر متساوی الساقین مثلث ۔ (۲) عضلۂ مختلف الاضلاع ؛ عضلۂ مثلثہ ۔

Scalene-cone : (n) مخروط غیر متساوی الساقین ۔

Scalenohedral : (a) مختلف السطوح سے متعلق یا اس کی شکل کا ۔

Scalenohedron : (n) [Gr. 'Scalenos' + -hedron.] مختلف السطوح (شکل) ۔

Scalenus : (n) [Late L.] (تشریح) عضلۂ مختلف الاضلاع ؛ عضلۂ مثلثہ ۔

Scaler : (n) (۱) فلس ماہی چھڑانے والا ؛ بائلر سے سخت جمی ہوئی پرتیں چھڑانے والا ۔ (۲) فلس ماہی یا بائلر میں جمع ہوئی پرتوں کو چھڑانے کا آلہ ۔

Scaler : (n) (۱) (دیوار یا پہاڑ پر) چڑھنے والا ؛ کمند لگا کر حملہ کرنے والا ۔ (۲) ناپنے والا ؛ پیمائش کرنے والا ۔

Scaler : (n) وزن کرنے والا ؛ تولنے والا ۔

Scaliness : (n) فلس دار ہونا ؛ پرت دار ہونا ؛ ورقیت ۔

Scaling : (n) (۱) چھیلنا ؛ چھلکے یا فلس اتارنا ۔ (۲) چھلکے اتارنے والا ۔ (۳) درجہ وار ترتیب ۔

Scaling-ladder : (n) (۱) کمند ۔ (۲) اطفائی سیڑھی۔

Scall : (n) [ON. 'Skalli'.] کھجلی ؛ خارش ؛ سعفہ ؛ بالخورہ ۔

Dry scall : خشک کھجلی یا خارش ؛ جرب ۔

Moist scall / Wet- / Humind- : تر کھجلی ؛ داد ؛ چنبل ۔

Scallion : (n) [AFr. 'Scal(o)un'.] (۱) مسقلون ؛ موسیر ۔ (۲) ایک قسم کی پیاز ؛ پیاز جس میں گھنٹی نہیں بیٹھتی ۔

Scallom : (n) [Origin unkn.] (ٹوکری سازی) سیدھی چھڑی جس کا ایک سرا دوسری چھڑی سے ملا کر مروڑ دیا جاتا ہے تاکہ نکل نہ جائے ۔

Scallom : (v) (سیدھی چھڑی ایک سرے کو) دوسری چھڑی کے سرے کے ساتھ مروڑ کر جوڑ دینا ۔

Scallop / Scollop : (n) [OFr. 'Escalope'.] (۱) ایک قسم کی صدفی مچھلی ۔ (۲) صدف ظرف جو صدف سے مشابہ ہوتا ہے۔ (۳) گھونگے کاخول جو جزائر سینٹ جیمس بطور نشان دیتے ہیں کہ ان لوگوں نے زیارت کی ۔ (۴) (جمع) آرائشی کور ؛ مغزی ؛ آرائش ؛ زیبائش ۔ (۵) گوشت کا پتلا ٹکڑا ۔

Scallop : (v) (۱) مغزی کی شکل میں کاٹنا ؛ صدفی مچھلی کی شکل میں تراشنا یا بنانا ۔ (۲) تلنا ؛ پکانا ؛ بھوننا ۔

Scallop-shell : (n) گھونگے کا خول ۔

Scallop-shell moth : (n) ایک قسم کا زرد اور بھورے رنگ کا پروانہ جو شاہ دانہ کے پتوں کو کھاتا ہے ۔

Scalloped : (a) (۱) آرائشی حاشیہ دار ؛ مغزی دار ۔ (۲) تلا ہوا ؛ بھنا ہوا ۔

Scalloper: (n) (۱) آرائشی کور بنانے والا ۔ (۲) صدفی مچھلی پکڑنے والا ۔

Scalloping : (n) (۱) (کور وغیرہ کی) آرائش ؛ زیبائش ۔ (۲) صدفی مچھلی جمع کرنا ۔ (۳) آرائشی کور ؛ مغزی ۔

Scallopini : (n) [It. 'Scalloppine '.] بھنا ہوا یا آٹا لگا کر تلا ہوا گوشت کا ٹکڑا ۔

Scallywag/ Scallawag : (n) [Origin unkn.] دیکھو Scalawag

Scalma : (n) [OHG. 'Scalmo'.] گھوڑوں کی ایک بیماری ۔

Scalogram : (n) مدات کی ترتیب صعود دشواریوں کے لحاظ سے (نفسیاتی یا عمرانی آزمائشوں میں) ۔

Scalops : (n) [Gr. 'Skalops'.] امریکی چھچھوندر کی ایک جنس ۔

Scalopus : (n) [Gr. 'Skalops'.] دیکھو Scalops

Scalp : (n) [ME.] (۱) کاسۂ سر ؛ کھوپڑی ؛ چندیا ۔ (۲) سر کی کھال ؛ جلد سر ؛ شواۃ ۔ (۲) (نقابت) جانوروں کے سر کی کھال ۔ (۳) جلد سر بال کے ساتھ (امریکی انڈین دشمن کے جلد سر کو نشان فتح خیال کرتے ہیں) ۔ (۵) چندیا پر لگانے والا وگ (مصنوعی بال) ۔ (۶)پہاڑ کی ننگی چوٹی ۔ (۷) وہیل مچھلی کا سر (جس میں نیچے کا جبڑا نہ ہو) ۔ (۸) مشروط اطاعت (مثلاً استعفیٰ) جو بدلے میں حاصل کی جائے۔ (۹) کم منافع (جو سٹے باز عاجلانہ لین دین میں حاصل کر لیتا ہے) ۔ (۱۰)چھلنی سے چھاننا (گیہوں وغیرہ) ۔ (۱۱) چھان کر الگ کیا ہوا موٹا جزو ۔

Scalp : (n) دریا کا کنارہ جس میں صدفی مچھلی رہتی ہو ؛ صدفوں کی آبادی یا بستی ۔

Scalp : (v) (۱) سر کی کھال اتار لینا ؛ کھوپڑی اتار لینا ۔ (۲) گھاس یا اوپر کی زمین چھیل دینا ۔ (۳) چھان کر بھوسی وغیرہ الگ کرنا ۔ (۴) (صرافہ) کم قیمت پر خریدنا (تاکہ سرکاری در سے کم پر بیچا جا سکے) ۔ (۵) عہدہ یا اثر سے محروم کر دینا (سیاست داں کو) ؛ غالب آنا ۔ (۶)ذلیل کرنا ۔ (۷) جلد سر بطور نشان فتح پانا ۔ (۸)کم منافع کمانا ۔

Scalp-dance : (n) شمالی امریکی انڈین رقص فتح جس میں وہ جلد سر، کھوپڑی نشان فتح کے طو پر لئے رہتے ہیں ۔

Scalp-lock : (n) (بالوں کی) چوٹی ؛ امریکی انڈین منڈے سروں پر بالوں کی چوٹی رکھتے ہیں جو گویا دشمنوں کے لئے چنوتی (چیلنج) ہوتی ہے ۔

Scalp-money : (n) انسان یا جانوروں کے سروں کی کھال لانے کی اجرت۔

Scalpel : (n) نشتر جراح ؛ جراحی کا چاقو یا نشتر ؛ جراحوں کا چھوٹا سا قلم نما چاقو ۔ [Fr.]

Scalpel : (v) نشتر لگانا ۔

Scalper/ Scauper : (n) کندہ کاروں کی چھینی ؛ سنگ شکن ۔ [L. 'Scalper'.]

Scalper : (n) (۱)سر کی کھال اتارنے والا ۔ (۲) (امریکی عام) سرکاری قیمت سے کم قیمت پر خرید فروخت کرنے والا (خصوصاً ریل کا ٹکٹ) ۔

Scalping-knife : (n) امریکی انڈین کا چاقو جس سے وہ دشمن کے سر کی کھال اتارتے ہیں ۔

Scalpless : (a) بے کاسۂ سر ؛ بے کھوپڑی کا ۔

Scalpriform : (a) چھینی نما ؛ نشتر نما ۔

Scalprum : (n) (۱) (جراحی) عظم تراش ؛ سوہن ۔ (۲) (تشریح) اگلے دانت کا کاٹنے والا کنارہ ۔ [L.]

Scaly : (a) (۱) فلس دار ؛ خولی (مچھلی یا جانور) ۔ (۲) ورقی ؛ پرت دار ؛ چھلکے دار ؛ بھوسا بھرا ؛ قشری ۔ (۳) مچھلی سے متعلق ۔ (۴) (عام) ادنیٰ ، گھٹیا ، قابل نفرت (خصوصاً آدمی) ؛ کمینہ ؛ رذیل ۔

Scamble : (v) (۱) بکھیرنا (پیسے ، کھانا وغیرہ) ۔ (۲) قدم قدم پر ٹھوکر کھاتے ہوئے چلنا ۔ (۳) ہاتھ پاؤں پھینک کر چلنا ؛ لڑکھڑا کے چلنا ۔ (۴) مشکل سے روپیہ پیسہ جمع کرنا ۔ (۵) ٹکڑے ٹکڑے کر کے الگ کرنا ۔ [related to Shahble & Scramble.]

Scamble : (n) دیکھو Botch, Mess

Scambler : (n) مفت خور ۔

Scambling : (n) مفت خوری ۔

Scambling : (a) (۱) عارضی : بناوٹی : نقلی : گھٹیا ۔ (۲) بکھرا ہوا : منتشر : بے قاعدہ : غیر مسلسل ۔ (۳) بھدا ۔

Scammoniate : (a) سقمونیا کا بنا ہوا ۔

Scammony : (n) [OFr. 'Escamonie'.] سقمونیا : ایک قسم کا گوند جو سخت جلاب کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ، محمودہ ، نیز اس کا درخت ۔

Scamp : (n) (۱) قزاق : راہزن ۔ (۲) شریر : بد معاش : بد ذات ،آوارہ : اوباش ۔ (کبھی کبھی پیار و محبت کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے)

Scamp : (v) آوارہ پھرنا : آوارہ گردی کرنا ۔

Scamp : (v) (۱) بیگار ٹالنا : دل لگا کر کام نہ کرنا : کام میں غفلت برتنا ۔ (۲) کنجوسی کرنا : بخالت کرنا ۔

Scampavia : (n) [It. 'Scampare'.] بحیرۂ روم میں چلنے والا سبک رو جہاز ۔

Scamper : (n) (۱) بھگدڑ : بھاگڑ ۔ (۲) پویہ (گھوڑے کا) ۔ (۳) جلدی جلدی کا سفر ۔

Scamper : (v) (۱) بے تحاشا بھاگنا : ڈر سے فرار ہو جانا : سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا ۔ (۲) جلدی جلدی سفر کرنا ۔

Scamper : (n) بے تحاشا بھاگنے والا ۔

Scampi : (n) [It. 'Scampo'.] Dublin bay کی جھینگا مچھلی ، پکی ہوئی جھینگا مچھلی ۔

Scampish : (a) بدمعاش : شریر : آوارہ : اوباش ۔

Scampishly : (adv.) بد معاشی سے : شرارت کے ساتھ ۔

Scampishness : (n) بد معاشی : شرارت : اوباشی : بد چلنی : آوارہ پن ۔

Scan : (n) (۱) تقطیع : معائنہ ۔ (۲) تصور : ادراک : بصیرت ۔ (۳) راڈار سے تلاش کرنا ۔ (۴) تابکار مادوں کی تصویر کشی (کسی چیز میں) ۔

Scan : (v) [L. 'Scandere'.] (۱) تقطیع کرنا ۔ (۲) پڑھ کر تقطیع کرنا: موزوں کرنا ۔ (۳) موزوں ہونا ۔ (۴) غور سے دیکھنا : معائنہ کرنا ۔ (۵) (اغراض ٹیلیویژن کے لئے) تصویر کا اس کے عناصر روشنی و تاریکی میں تحلیل کرنا ۔ (۶)راڈار کے ذریعے نشانہ تلاش کرنا : (شعاع کا) اطلاع حاصل کرنے کے لئے کسی حلقے میں جانا ۔ (۷) تابکار مادوں کی موجودگی کا پتا چلانے کے لئے جسم انسانی کا تفصیلی معائنہ ۔

Scandal : (n) [Fr. 'Scandale'.] (۱) رسوائی : ذلت : فضیحت : بدنامی : شرمناک واقعہ : رسوائے زمانہ آدمی ۔ (۲)(قانون) تہمت : ازالۂ حیثیت عرفی : ہتک عزتی : بدنام کرنے والا بیان ۔

Scandal : (v) بدنام کرنا : رسوا کرنا ۔

Scandal sheet : (n) اخبار یا رسالہ جو زیادہ تر شرمناک واقعات یا تہمت آمیز خبریں شائع کرتا ہے ۔

Scandalize : (v) [Fr. 'Scandaliser'.] (۱) تذلیل کرنا : توہین کرنا : اہانت کرنا : رسوا کرنا : تہمت لگانا ۔ (۲) (اخلاق یا تہذیب کے احساس کو) صدمہ پہنچانا : دھچکا لگانا ۔

Scandalize : (v) بادبان کو چھوٹا کر دینا ۔

Scandalmonger : (n) بدنام کرنے والا : بدنامی یا رسوائی کی باتیں گھڑنے والا : تہمت یا بہتان دھرنے والا ۔

Scandalous : (a) [Fr. 'Scandaleux' or med. L. 'Scandalosus'.] (۱) اہانت آمیز : بدنام کن (الفاظ یا حرکت) ۔ (۲)(شخص) بدنام یا رسوا کرنے والا ۔

Scandalously : (adv.) اہانت آمیزانہ : بہتان تراشی سے ۔

Scandalousness : (n) اہانت : توہین : بدنامی : رسوائی : ذلت ۔

Scandalum magnatum : (n) [med. L.] (تاریخ ، قانون) توہین شرفاء : اہانت اعیان :معزز لوگوں کی بدنامی یا رسوائی۔

Scandent : (a) [L. 'Scandens, -ent'.] (نباتیات و حیوانیات) بالا رو : بالا نمو ۔

Scandinavian : (a) [L. 'Scandinavia'.] اسکینڈی نیویائی (زبانیں یا باشندے) ۔

Scandinavian : (n) اسکینڈی نیویائی زبان یا باشندہ : منسوب بہ اسکینڈی نیویا ۔

Scandium : (n) [L. 'Scandia'.] اسکینڈیم : ایک دھات جسے (Nilson) نے دریافت کیا تھا ۔

Scanmag : (n) دیکھو Scandal

Scannable : (a) قابل تقطیع ۔

Scanner : (n) (۱) معائنہ کرنے والا ۔ (۲) تقطیع کرنے والا ۔ (۳)(جاسوسی کرنے والی) شعاع کا پتا لگانے یا سمت معین کرنے والا آلہ ۔

Scanning : (n) تقطیع ؛ عمل تقطیع ۔

Scanning disc : (n) تقطیعی قُرص ؛ اسکیننگ ڈِسک ۔

Scansion : (n) [L. 'Scansio'.] تقطیع ۔

Scansionist : (n) ماہر تقطیع ۔

Scansores : (n) [mod. L.] (۱) پرندوں کی ایک جنس جس میں چڑھنے والے پرند شامل ہیں ۔

Scansorial : (a) [L. 'Scansorius'.] (۱) چڑھنے والا ؛ چڑھن ہار (خصوصاً پرند) ؛ صعودی ۔ (۲) چڑھنے کی گون ؛ چڑھنے کے ڈھپ کے (خصوصاً جانور یا پرند کے پاؤں) ۔

Scant : (a) [ON. 'Skant'.] (۱) کم ؛ قلیل ؛ ناکافی ۔ (۲) بہت کم ۔ (۳) محدود (مقدار) ؛ مقررہ (مقدار) ۔ (۴) (بحری) تیز (ہوا) ۔

Scant : (adv.) کم ؛ کم کم ؛ بہ قلت ؛ ناکافی طور پر ۔

Scant : (v) کفایت شعاری کرنا ؛ جز رسی کرنا ؛ کم کم دینا (سامان ، اشخاص وغیرہ) ؛ بادلِ ناخواستہ دینا؛ کج خلقی یا حقارت سے پیش آنا ؛ غفلت برتنا ؛ نا انصافی کرنا ۔

Scant-o-grace : (n) دیکھو Rogue

Scanties : (n) تنگ مہری ؛ چھوٹا پاجامہ (عورتوں کا) ۔

Scantily : (adv.) کمی سے ؛ بہ قلت ؛ ناکافی طور پر ۔

Scantiness : (n) کمی ؛ قلت ۔

Scantle : (n) [Perhaps dim. of Scant.] (۱) قلیل ؛ ذرا سی مقدار ؛ نمونہ ؛ بانگی ۔ (۲) سلیٹ ناپنے کا ایک پیمانہ ۔

Scantling : (n) (۱) قلیل ؛ ذرا سی مقدار ۔ (۲) لکڑی کا چھوٹا سا ٹکڑا جس کی چوڑائی اور موٹائی ۵ انچ سے کم ہو ۔ (۳) وہ ناپ جس کے مطابق پتھر اور چوبینے کے ٹکڑے کاٹے جاتے ہیں ۔ (۴) عمارت کے ابعاد ثلاثہ کی ناپ ، جہازوں کی مقادیر ثلاثہ کی ناپ ۔

Scantly : (adv.) کم ؛ کم کم ؛ بہ قلت ؛ ناکافی طور پر ۔

Scantness : (n) کمی ؛ کوتاہی ؛ ناکافی ہونا ۔

Scanty : (a) قلیل ؛ قلیل المقدار ؛ ناکافی ۔

Scape : (n) [Var. of 'Escape'.] بچاؤ ؛ گریز ۔

Scape : (n) [L. 'Scapus'.] (۱) ستون کا وہ حصہ جہاں کرسی ختم ہوتی ہے اور دوسرا حصہ شروع ہوتا ہے ؛ ساق ستون ۔ (۲) (نباتیات) پودوں کی ڈنڈی ، گلساق ؛ میلہ ؛ ایسا تنا جس میں پھل لگتے ہیں پتے نہیں آتے ۔ (۳)(حشریات) ناک یا مونچھ کی جڑ ؛ محس ساق ۔

Scape : (n) [Abstracted from Landscape'.] منظرہ ۔

Scape : (v) دیکھو Escape

Scape : (Int.) چہا کی (بولی کی) آزاد نقل ۔

Scape : (n) چہا (ایک پرند) ۔

Scape-gallows : (n) پھانسی سے بچ جانے والا مجرم ۔

Scape-goat : (n) (۱)(عہد نامۂ عتیق) صدقے کا بکرا ۔ (۲) وہ شخص جو اوروں کے الزام اپنے سر لے ، جس پر دوسروں کے گناہوں کا الزام رکھا جائے یا جسے دوسروں کے گناہوں کے لئے سزا دی جائے ؛ بھینٹ ۔

Scape-goat : (v) الزام دوسرے کے سر منڈھنا ۔

Scape-goatism : (n) دوسرے کے سر الزام تھوپنا ۔

Scape grace : (n) لا اُبالی شخص ؛ بے باک بچہ ؛ نا قابل اصلاح شریر ۔

Scape-grace : (a) لا ابالی ؛ بے باک ۔

Scape-spring : (n) خود کی کمائی ؛ کمائی خود بخود کھل جاتی ہے ۔

Scape-wheel : (n) چرخ گریزہ ۔

Scapeless : (a) نا گریز ؛ اٹل ؛ حکمی ۔

Scapement : (n) دیکھو Escapement

Scapha : (n) [L.] (تشریح) حشرۂ زورقی ۔

Scaphander : (n) [Fr. 'Scaphandre'.] کاک کا بنا کمرہ جو تیرتے

وقت لگایا جاتا ھے ۔

Scaphite : (n) [mod. L. 'Scaphites'.] سرپایوں کی ایک جنس ۔

Scapho- : [Gr. 'Skapho'.] جزو ترکیبی بمعنی "کشتی" ۔

Scaphocephalic : (a) زورقی سرا ۔

Scaphocephalism : (n) زورقی سر ؛ کشتی نما سر ہونا ۔

Scaphocephalous : (a) دیکھو Scaphocephalic

Scaphocephalus : (n) [mod. L.] زورقی سر ؛ کشتی نما سر ۔

Scaphocephaly : (n) زورقی سر ؛ کشتی نما سر ہونا ۔

Scaphocerite : (n) حشرے کے محاس کا تیسرا قطعہ ۔

Scaphognathite : (n) مچھلیوں کے گلپھڑے کے خانے کا چپٹا اور بیضوی استخوانی غلاف ۔

Scaphoid : (a) [mod. L. 'Scaphoides'.] زورقی کشتی نما۔

Scaphoid : (n) عظم زورقی ؛ کشتی نما ہڈی ۔

Scaphoid bone : (n) کشتی نما ہڈی ۔

Scapholunar : (a) بعض جانوروں کے ٹخنے کی چھوٹی ہڈی کے ساتھ بطور صفت آتا ھے ۔

Scapiform : (a) [L. 'Scapus' + -form'.] گلساق نما ۔

Scapolite : (n) [G. 'Skapolith'.] الومینیم ، کیلسیم اور سوڈیم کے سلیکیٹ سے بنی بعض دھات ۔

Scapose : (a) گلساق دار ؛ گلساق سے مشابہ ۔

Scapple : (v) [OFr. 'Escapeler'.] (چٹان کو) مسطح بنانا ۔

Scapula : (n) [Late L.] (۱) (تشریح) عظم الکتف ؛ کتفی ہڈی ؛ شانے کی ہڈی ۔ (۲) (حشریات) کتفی ہڈی سے مشابہ بعض حشرات کے عضو ۔

Scapular : (n) [Late L. 'Scapulare'.] (۱) کفنی ؛ پادریوں کا ایک لباس جس میں آگے پیچھے یعنی سینے اور پشت پر دو ٹکڑے ہوتے ہیں اور شانوں پر مل جاتے ہیں ۔ (۲)(طیوریات) شانے کے پر ؛ پرِ شانہ ؛ کتفی پر ۔

Scapular : (a) شانے سے متعلق ؛ کتفی ؛ شانوی ۔

Scapular arch : (n) مونڈھے کی چپنی ۔

Scapulary : (n) دیکھو Scapular

Scapulette / Scapulet : (n) [Gr. 'Scapulette'.] (حیوانیات) بعض جانوروں کے دستے کا برگ نما زائدہ ۔

Scapulo - : [L. 'Scapula'.] جزو ترکیبی بمعنی "شانوی" "کتفی" ۔

Scapulo-clavicular : (a) کتفی ترقوی ؛ شانہ اور ہنسلی کا ۔

Scapulo-clavicular : (n) کتفی ترقوی جوڑ ؛ شانہ اور ہنسلی کا جوڑ ۔

Scapus : (n) [L.] (طیورات) ساق پر ۔

Scar : (n) [ME. 'Skerre, 'Skarre'.] (۱) کڑاڑا ؛ کھڑی چٹان ؛ ڈانگ ؛ پہاڑ کا ڈھلوان نا ہموار کنارا ۔ (۲) آبدوز چٹان ؛ سمندر کی تہ کا چٹانی راستہ ۔

Scar : (n) [OFr. 'Escharre'.] (۱) نشان ؛ داغ ؛ زخم کا نشان ؛ چکتا ؛ ندبہ ۔ (۲) (مجازاً) داغ (رنج و الم وغیرہ کا) ؛ نشان ۔ (۳) نشان شاخ ؛ پتے کے ٹوٹ جانے کے بعد جو نشان رہ جاتا ھے ۔ (۴) کسی چیز کے وصل کا نقطہ ۔

Scar : (n) [L.] (۱) توتا مچھلی ۔ (۲) دیکھو Scarus ۔

Scar : (v) (۱) نشان لگانا ؛ داغ لگانا ؛ مندمل کرنا ۔ (۲) مندمل ہونا ؛ زخم کا بھرنا ؛ پپڑی جمنا ۔

Scar : (a) داغ دار ؛ نشان دار ۔

Scar-end : (n) پشتے کا نا مکمل سرا ۔

Scar limestone : (n) ایک قسم کی کاربن زا چٹان ۔

Scarab : (n) [L.] (۱) قدیم مصریوں کا متبرک بھونرا ۔ (۲) بھونرے کی ایک قسم ۔ (۳) قدیم مصری جواہر جو بھونرے کی شکل پر تراشا جاتا تھا اور اس پر کچھ نشان ہوتے تھے۔

Scarabaeid : (a) [mod. L. 'Scarabaeidae'.] جنس جغل سے متعلق ؛ بھونرے کی ایک قسم سے متعلق ۔

Scarabaeid : (n) (۱) بھونرے کی قسم ۔ (۲) دیکھو Scarab ۔

Scarabaeus : (n) [L. 'Scarabaeus'.] (۱) (حشریات) ایک قسم کا بھونرا ۔ (۲) قدیم مصری جواہر جو بھونرے کی شکل پر تراشا جاتا تھا ۔

Scarabee : (n) بھونرے کی ایک قسم ۔

Scaraboid : (n) (۱) قدیم مصری جواہر جو بھونرے کی شکل پر تراشا جاتا تھا ۔ (۲) بھونرے کی ایک قسم ۔

Scaraboid : (a) بھونرے جیسا ۔

Scaramouch : (n) [It. 'Scaramuccia'.] (۱) اطالوی سوانگ یا سانگ کا ایک کردار ۔ (۲) (مجازاً) بز دل شیخی خورا ؛ شیخی باز ڈرپوک ؛ بھنڈ ۔

Scarborough : (n) بارک شائر کے ساحل کا ایک شہر ۔

Scarborough lily : (n) جنوبی افریقہ کا ایک پودا ۔

Scarborough warning : (n) اطلاع جو تھوڑی دیر پہلے دی گئی ہو ؛ بغیر اطلاع ۔

Scarce : (a) [ON. Fr. 'Scars'.] (۱) کم ؛ قلیل ؛ قلیل المقدار ؛ ناکافی ۔ (۲) کمیاب ؛نادر ؛ نادر الوجود ۔

To make oneself scarce : خلوت نشیں ہونا ؛ چل دینا ؛ چمپت ہو جانا ؛ غائب ہو جانا ۔

Scarce : (adv.) Barely / Hardly دیکھو

Scarcely : (adv.) (۱) بہ مشکل ؛ قریب قریب ؛ تقریباً ۔ (۲) ابھی ۔ (۳) کبھی نہیں ؛ یقیناً نہیں ۔ (۴) بجائے نفی ۔

Scarcement : (n) (۱) (تعمیرات) کگر ؛ چھجا ۔ (۲) (کان کنی) چٹان کی پرت جس میں دھات موجود ہو ۔

Scarcity : (n) [ONFr. 'Escarcete'.] قلّت ؛ کم یابی ؛ قحط ؛ کال ۔

Scarcity value : (n) (قلت کی وجہ سے) بڑھی ہوئی مقدار یا قیمت ۔

Scare : (n) (۱) بے بنیاد خوف ؛ فضول اندیشہ ؛ خیالی خطرہ ؛ وہمی اندیشہ ؛ اندیشۂ باطل ؛ خصوصاً جنگ یا حملے کا بے بنیاد یا وہمی خطرہ ۔ (۲) تجارتی خطرہ ۔

Scare : (n) [ON. 'Skqr'.] (گولف) ڈنڈے کا وہ حصہ جہاں اس کا سرا چھڑ سے ملتا ہے ۔

Scare : (v) [ME. 'Skerre'.] (۱) ڈرانا ؛ دھمکانا ؛ خوف دلانا ؛ خوفزدہ کرنا ۔ (۲) وہمی اور خیالی چیزوں سے ڈرانا ؛ ہوا ؛ بیجا، بھوت، پریت وغیرہ سے ڈرانا ۔ (۳)(پرندوں وغیرہ کو) ڈرانا یا اڑانا (کھیتوں سے) ۔

To scare up / -out : (۱) (شکار کو) ڈرا کر جھاڑی وغیرہ سے بھگانا ۔ (۲) (مجازاً) ظاہر کرنا ؛ انکشاف کرنا ۔

Scare buying : (n) (امکانی قلت کی امید میں یا خوف سے) ضرورت سے زیادہ (سامان) پیشگی خرید لینا ۔

Scare crow : (n) (۱) ڈراؤنا (شکل جو کھیتوں میں پرندوں کو ڈرانے کے لئے بنا دیتے ہیں) ۔ (۲) کم رو ؛ بد لباس ؛ بد قطع شخص ۔ (۳) دبلا پتلا ڈراؤنا شخص ؛ آدمک ۔

Scare-head / Scare-heading : (n) (اخبار میں) سنسنی خیز عنوان یا سرخی ۔

Scare-line : (n) سنسنی خیز اعلان (اخبار میں) ۔

Scare-monger : (n) دہشت انگیز خبریں پھیلانے والا ۔

Scared : (a) داغ دار ؛ نشان دار ۔

Scared : (a) خوف زدہ ۔

Scaredness : (n) خوف زدگی ۔

Scaredy-cat : (n) ڈرپوک شخص ۔

Scarf : (n) (۱) اسکارف ؛ رومال ؛ گلوبند ؛ گلوپوش ؛ شانہ پوش (مردانہ) ۔ (۲) نکٹائی ۔ (۳) (نقابت) دیکھو Scaro ۔

Scarf : (v) (لکڑی ، دھات ، چمڑے کی چیزوں میں اس طرح) جوڑ لگانا (کہ ان کی سطح مسطح رہے) ۔

Scarf : (v) وہیل مچھلی کو کاٹنا ۔

Scarf : (n) [OFr. 'Escarf'.] (۱) (لکڑی ، دھات وغیرہ کی چیزوں میں اس طرح کا) جوڑ (جس سے ان کی سطح مسطح رہے) ۔ (۲) دانداںہ ؛ دانتا ۔

Scarf : (n) [ON. 'Skarfr.'] (کلغی دار) ماہی خور (پرند) ۔

Scarf : (n) (وہیل مچھلی کے جسم پر) طولاً تراش (لگانا) ۔

Scarf : (v) گلوبند سے آراستہ کرنا ۔

Scarf : (v) نا مکمل اسپات کی سطح سے نقص دور کرنا ۔

Scarf-joint : (n) (لکڑی ، دھات ، چمڑے کی چیزوں میں اس طرح کا) جوڑ (کہ ان کی سطح مسطح رہے) ۔

Scarf-jointing : (n) (لکڑی ، دھات ، چمڑے کی چیزوں میں اس طرح کا) جوڑ لگانا (کہ ان کی سطح مسطح رہے) .

Scarf-loom : (n) گلو پوش باف : تنگ کپڑا بننے کا کرگھا .

Scarf-pin : (n) ٹائی پن .

Scarf-ring : (n) حلقۂ رومال : رومال : گلوپوش وغیرہ کا چھلا .

Scarf-skin : (n) بشرۃ الجلد : حول جلد : حولیہ : جلد کا بیرونی طبقہ (خصوصاً وہ جو ناخن سے چسپاں ہوتا ہے).

Scarfed : (a) رومال پوش : اسکارف پوش : گلوبند سے آراستہ .

Scarification : (n) پچھاؤنا : چھوٹے چھوٹے اور کم گہرے زخم لگانا : نشتر زنی : چھوٹے چھوٹے اور کم گہرے زخم .

Scarificator : (n) پچھنا : مشراط : آلۂ خوں ریز (یہ ایک آلۂ جراحی ہے اس میں کئی چھوٹے چھوٹے نشتر لگے ہوتے ہیں) .

Scarifier : (n) (۱) مشراط : نشتر زن . (۲) سہاگا : پنج شاخہ (یہ ایک آلۂ زراعت ہے جس کے ذریعہ مٹی بلائی جاتی ہے الٹی نہیں جاتی) . (۳) (سڑک بنانے میں) سڑک توڑنے کا آلہ .

Scarify : (v) [Fr. 'Scarifier'.] (۱) (جراحی) پچھنانا : پچھنے لگانا : چھوٹے چھوٹے اور کم گہرے زخم لگانا . (۲) جلد تراشی کرنا . (۲) سخت تنقید وغیرہ سے رنج و صدمہ پہنچانا . (۴) سہاگا سے زمین کھرچنا . (۵) درخت کی چھال میں شگاف لگانا .

Scarify : (v) ڈرانا : خوفزدہ کرنا .

Scariose : (a) [mod. L. 'Scariousus'.] (۱) (نباتیات) کاغذی . (۲) (حیوانیات) فلسی .

Scarious : (a) دیکھو Scariose

Scarlatina : (n) [It. 'Scartattina'.] قرمزی بخار : لال بخار : قرمزیہ : یہ ایک قسم کا متعدی بخار ہے جس میں جسم پر سرخ آبلے پڑ جاتے ہیں

Scarlatinal : (a) قرمزی بخار سے متعلق : لال بخار سے پیدا ہونے والا .

Scarlatiniform : (a) لال بخار نما .

Scarlatinous : (a) قرمزی بخار میں مبتلا .

Scarless : (a) بے داغ : بے نشان .

Scarlet : (n) [OFr. 'Escarlate'.] (۱) تیز سرخ رنگ جو مائل بہ نا رنجی ہو : گلناری رنگ . (۲) نارنجی مائل سرخ رنگ کا لباس : گلناری پوشاک : قرمزی جامہ . (۳) اس رنگ کا سرکاری یا رسمی یا دستوری لباس : ایسا لباس جو سرکاری عہدے یا پیشہ ورانہ مرتبے کے لحاظ سے پہنتے ہیں : شکار گاہ میں پہنا جانے والا ایک قسم کا کوٹ :

Scarlet : (a) (۱) گلنار : قرمزی . (۲) قرمزی پوشاک میں ملبوس . (۳) (غصہ یا طیش میں) لال : سرخ . (۴) (مجازاً) قابل نفرت : ننگ انسانیت .

Scarlet admiral : (n) ایک قسم کی تتلی .

Scarlet-bean : (n) قرمزی بین : ایک قسم کی پھلی جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں .

Scarlet day : (n) جامعوں کی یا شہری تقریب جس میں قرمزی رنگ کے سرکاری لباس پہنے جاتے ہیں .

Scarlet fever : (n) (۱) لال بخار : تپ قرمزی . (۲) (مزاحاً) سپاہیوں سے عشق کرنے کا خبط .

Scarlet geranium : (n) پودوں کی ایک جنس جس کے پھول خوشنما اور پتے خوشبودار ہوتے ہیں .

Scarlet-grain : (n) کرم قرمزی : کرم گلناری : یہ ایک کیڑا ہے جس سے روس اور ترکی میں گلناری رنگ حاصل کیا جاتا ہے : بیر بہوٹی .

Scarlet ibis : (n) لقلق سے مشابہ ایک پرند (امریکا کے گرم علاقوں کا) .

Scarlet lady / -whore/ -woman : (n) (۱) بت پرستوں کے زمانے کا رومتہ الکبریٰ . (۲) پاپائے روما .

Scarlet letter : (n) قرمزی حرف "A" زنا کی سزا کے طور پر پہنایا جاتا ہے .

Scarlet mite : (n) ایک قسم کا سرخ کیڑا .

Scarlet-oak : (n) ایک قسم کا شاہ بلوط .

Scarlet pimpernel : (n) ایک قسم کا پودا جس کے پھول قرمزی رنگ کے ہوتے ہیں .

Scarlet-rash : (n) خسرہ کے دانے .

Scarlet runner : (n) دیکھو Scarlet-bean

Scarlet tanager : (n) امریکی پرند کی ایک قسم ۔

Scarlet tiger : (n) سرخ پتنگا ۔

Scarletly : (adv.) کھلے بندوں ؛ اعلانیہ طور پر ۔

Scaroid : (a) توتا مچھلی کی جیسی یا اس قسم کی ۔

Scarp : (n) [ONFr. 'Escarpe.'] (حرامی ہونے کا) چھوٹا نقابتی نشان ۔

Scarp : (n) [It. 'Scarpa'.] (۱) قلعہ ؛ دیکھو Escarp ۔ (۲) سیدھی ڈھلان ؛ بازوئے کوہ ۔

Scarp : (v) دیکھو Escarp

Scarped : (a) ڈھلان بنایا ہوا ؛ ڈھلوان ۔

Scarper/ Scapa : (v) [It. 'Scappare'.] فرار ہو جانا ؛ بھاگ جانا ۔

Scarred : (a) (۱) داغ دار ؛ نشان دار ۔ (۲) جس پر ضرر یا شکستگی کا نشان ہو ۔

Scarrow : (n) دھندلی روشنی ۔

Scrarry : (a) کھڑا ؛ چٹانی ۔

Scart : (v) [ME. 'Skarten'.] (۱) چھیلنا ؛ کھرچنا ؛ برابر کرنا ۔ (۲) دیکھو Scrape ۔

Scart : (n) دیکھو Mark

Scart : (n) [ME. 'Scarth'.] دیکھو Cormorant

Scarth : (n) [Of. Scand origin.] کھردری چٹان ۔

Scarus : (n) [L.] طوطا مچھلی ؛ ایک قسم کی مچھلی جس کا منہ طوطے کی چونچ سا ہوتا ہے ۔

Scary / Skeery : (a) (۱) ہیبت ناک ؛ خوفناک ۔ (۲) خوفزدہ ؛ ڈرا ہوا ؛ سہما ہوا ۔

Scat : (n) [ON. 'Skattr'.] (۱) ٹیکس ؛ محصول ؛ خراج ۔ (۲) (Orkney اور Shetland میں) بادشاہ کو دی جانے والی مالگذاری ۔

Scat : (n) (۱) مینہ کا اچانک برسنا ۔ (۲) چٹاخا ؛ دھماکا ؛ ضرب کی آواز ۔

Scat : (Int.) دور ہو جاؤ !

Scat : (n) [Imitative.] (ایک قسم کے نغمے اور ناچ میں) منہ سے موسیقی جیسی آواز نکالنا ۔

Scat : (v) (۱) منتشر کرنا ۔ (۲) کاری ضرب لگانا ؛ پیٹنا ۔

Scat : (v) (۱) اچانک چلے جانا ؛ تیزی سے چلے جانا ۔ (۲) تیزی سے چلنا ۔

Scathe : (n) [ON. 'Skacdi'.] (۱) نقصان ؛ ضرر ؛ صدمہ ؛ آزار ؛ اذیت ۔ (۲) صدمہ پہنچانے والی بات ۔

To do scathe : نقصان پہنچانا ۔

Scathe : (v) (۱) ضرر یا نقصان پہنچانا ۔ (۲) (آگ ، بجلی وغیرہ سے جلا کر یا سکھا کر) نقصان یا ضرر پہنچانا ۔ (۳)(مجازاً) سخت نکتہ چینی کر کے پژمردہ کر دینا ۔

Scatheful : (a) نقصان دہ ؛ ضرر رساں ۔

Scatheless : (a) نلوہ ؛ بلا ضرر ؛ جس کو آزار نہ پہنچا ہو ؛ صحیح و سالم ۔

Scathelessly : (adv.) بلا ضرر طور پر ؛ بغیر کوئی صدمہ اٹھائے ہوئے ۔

Scathing : (a) (۱) نقصان دہ ؛ ضرر رساں ۔ (۲) شدید ؛ کڑی ؛ چبھتا ہوا ؛ پژمردہ کرنے والا ۔

Scathingly : (adv.) آزار رساں طور پر ؛ اذیت رساں انداز سے ؛ نقصان رساں طریق سے ؛ ضرر رسانی سے ؛ نقصان دہی سے ۔

Scatological : (a) تحقیقی البراز سے متعلق ؛ فضلاتی فوسلیات سے متعلق ۔

Scatology : (n) [Gr. 'Skat-' + -logy.] (۱) تحقیق البراز ؛ برازی تشخیص ۔ (۲) فضلاتی فوسلیات ؛ متحجر فضلہ جات کا مطالعہ ؛ فضلاتیات ۔

Scatophagous : (a) [Gr. 'Skatophagos'.] فضلہ خور ؛ گبریلا ؛ گوبر خور ۔

Scatophagy : (n) فضلہ خوری ؛ گوبر خوری ۔

Scatter : (n) بکھرنا ۔

Scatter : (n) [Origin unkn.] (۱) دیکھو Saloon ۔ (۲) جائے رہائش؛ اقامت گاہ ۔

Scatter : (v) [prob. var. of 'Shatter'.] (۱) منتشر کرنا ؛ بکھیرنا ؛ پھیلانا ؛ تتر بتر کرنا ؛ چھڑکنا ؛ بے ترتیبی سے مختلف سمتوں میں پھینک دینا ۔ (۲) منتشر کرنا یا ہونا ؛ منتشر کر کے بھگا دینا ؛ منتشر ہو کے بھاگ جانا ۔ (۳) شکست دے کر تین تیرہ کرنا ؛ پراگندہ کرنا ؛ ہزیمت دینا ؛ شکست فاش کھانا ؛ پراگندہ ہونا ۔ (۲) (امید میں) برباد کردینا ۔ (۳)(بادل کو)منتشر کر دینا ۔ (۵)(بندوق وغیرہ کا) اس طرح چلانا کہ پھیل جائے ۔ (۶)(طبیعیات) بے قاعدہ انعکاس کرنا ۔ (۷) بیج چھینٹ کر بونا ۔

Scatter-bomb : (n) ایک قسم کا آتش زن بم جس کے پھٹنے سے آتش زن مادے دور دور تک پھیل جاتے ہیں ۔

Scatter-bomb : (v) آتش زن بم گرانا ۔

Scatter-brain : (n) بے پروا شخص ؛ غیر محتاط شخص ؛ بے فکر شخص ۔

Scatter-brained : (a) بے پروا ؛ غیر محتاط ؛ بے فکرا ۔

Scatter-gun : (n) چھرے دار بندوق ۔

Scatter-rug : (n) چھوٹا قالین ۔

Scatter shot : (n) گولی یا چھرے جو رائفل سے چھوڑے جاتے ہیں ۔

Scattered : (a) (۱)علاحدہ ؛ جدا ؛ الگ ۔ (۲)بے ربط ؛ بے جوڑ (باتیں)۔ (۳) بے ترتیب ؛غیر منظم ؛ منتشر ؛ بکھرا ہوا ؛ پھیلا ہوا۔ (۴) (نباتیات) بکھرا ہوا ۔

Scatteredly : (adv.) منتشرانہ ؛ منتشر طور پر ؛ پھیلتے یا پھیلاتے ہوئے ؛ بے ترتیبی کے ساتھ ۔

Scatterer : (n) منتشر کرنے والا؛ بکھیرنے والا ؛ پھیلانے والا ۔

Scattergood : (n) فضول خرچ ؛ مسرف ۔

Scattering : (n) (۱) بکھیر ؛ بکھیرنا ۔ (۲) بکھری ہوئی چیز ۔ (۳)چھدرا ہوا ہونا ۔ (۴) بے قاعدہ انعکاس ؛ باز اشعاع ۔

Scattering : (a) (۱) مختلف سمتوں میں جانے والا ۔ (۲) بکھرا ہوا ؛ بے ترتیب ؛ منتشر ؛ پھیلا ہوا ۔

Scatteringly : (adv.) دیکھو Scatteredly

Scatterling : (n) آوارہ گرد شخص ۔

Scattershot : (n) بکھرا ہوا ؛ غیر مرتکز ۔

Scattery : (a) دیکھو Scatterd

Scatty : (a) دیکھو Crazy

Scatula : (n) [L.] چوکور بکس جو سفوف اور گولی بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Scaturient : (a) [L. 'Scaturiens'.] لبالب ؛ لبریز ؛ چھلکنے والا ۔

Scaud : (n) (اسکاچستان) دیکھو Scald

Scauld : (۱) زبان دراز عورت ؛ منہ پھٹ ۔ (۲) (اسکاچستان) دیکھو Scold ۔

Scaum : (v) [Origin unkn.] (اسکاچستان) دیکھو Brun

Scaup : (n) (اسکاچستان) دیکھو Scalp

Scaup : (n) ایک قسم کی سمندری بطخ ۔

Scaup-duck : (n) ایک قسم کی سمندری بطخ ۔

Scauper : (n) ایک قسم کی روکھانی جس سے کھانچ یا گڈھا بنایا جاتا ہے ۔

Scaur : (n) کھڑی چٹان ؛ کڑاڑا ۔

Scavage : (n) [AFr. 'Scawage'.] ایک قسم کی چنگی جو چودھویں سے سولہویں صدی عیسوی میں انگلستان کے صدر بلدیہ وغیرہ غیر اقامت پذیر تاجروں سے وصول کرتے تھے ۔

Scavenge : (v) [Back-formation from 'Scavenger'.] (۱) سڑکوں، گلیوں وغیرہ سے) کوڑا کرکٹ وغیرہ اٹھانا ۔ (۲) مہتر کا کام کرنا ؛ کوڑا کرکٹ ہٹانا ۔ (۳) حرارت پذیر انجن کے استوانے سے گیس کی نکاسی کرنا ۔ (۴) بیکار چیزوں میں سے کام کی چیز نکالنا ۔ (۵) مطلوب یا قابل استعمال چیز تلاش کرنا ۔

Scavenger : (n) [AFr. 'Scawager'.] دیکھو Scaffie

Scavenger-beetle :(n) مردار خور بھونرا ۔

Scavenger crab : (n) مردار خور کیکڑا ۔

Scavenger-hunt : (n) ایک مقابلہ جس میں دو دو آدمیوں کی جماعت

کو محدود وقت میں بغیر خریدے ایسی چیزوں کو حاصل کر کے لانے کے لئے بھیجا جاتا ھے جن کو حاصل کرنا کسی قدر مشکل ھے۔

Scavenger-pump : (n) انجن سے استعمال شدہ تیل کو ٹنکی تک واپس لانے کا پمپ ۔

Scavenger roll :(n) کپڑا بننے کی مشین کا بیلن جو الگ تھلگ یا ڈھیلے دھاگوں کو جمع کرتا ھے۔

Scavenger vulture : (n) مردار خور گدھ ۔

Scavenger's daughter / Skevington's- / Skeffington's : (n) آزار رسانی کا ایک ایسا آلہ جس کے ذریعہ سر کو ٹخنوں کے پاس اس طرح دبا کر لایا جاتا تھا کہ ناک اور کان سے خون نکلنے لگتا تھا۔

Scavengery : (n) خاکروبی ؛ جاروب کشی ؛ کوڑ برداری ۔

Scazon : (n) [L. 'Scazon'.] اسکازن ؛ یونانی اور لاطینی شاعری کا ایک وزن ۔

Scazontic : (a) اسکازن میں لکھا ھوا ۔

Scazontic : (n) اسکازن ۔

Sceat : (n) [OE. 'Sceat'.] ایک چھوٹا اور دبیز اینگلو سکسینی سکہ (طلائی ، نقرئی یا مسی) ۔

Scelidosaur : (n) [mod. L. 'Scelidosaurus'.] ایک نباتات خور رینگنے والا مہیب جانور (جو اب ناپید ھے) ۔

Scelidotherium : (n) [mod L.] ایک بے دانت والا سبزی خور جانور جو اب معدوم ھے ۔

Scena : (n) [It.] (۱) اوپیرا کا قصہ یا سین ؛ منظر ؛ سین کے الفاظ اور نغمے ۔ (۲) پر تکلف تمثیلی راگ جو ایک ہی شخص گائے یا بجائے ۔

Scena : (n) [L. 'Scaena'.] یونانی تھیٹروں کی ایک قسم کی عمارت ۔

Scenario : (n) [It.] (۱) مناظر نامہ ، سے نیریو : نقشۂ مناظر : ڈرامے وغیرہ کی روداد کا مختصر خاکہ جس میں سین کی ترتیب ، اشخاص ڈرامہ کے آمد و شد کی اطلاع وغیرہ مندرج ھوتی ہیں ؛ خاکۂ مناظر ۔ (۲) سنیما فلم کی عبارت ؛ (فلم کے لئے) ڈرامے کا مسودہ ۔

Scenarioist : (n) مناظر نامہ لکھنے والا ۔

Scenarist : (n) دیکھو Scenarioist

Scenarize : (v) (کسی کہانی یا کتاب کا) خاکۂ مناظر تیار کرنا ۔

Scene : (n) [L. 'Scenea' , Scaen'.] (۱) اسٹیج ؛ تماشا گاہ ۔ (۲) نمائش گاہ ؛ جائے نمائش ۔ (۳) محل وقوع ؛ مقام وقوع ۔ (۴) مقام یا واردات تمثیل ؛ مقام وقوع ؛ محل وقوع ؛ جائے ماجرا ۔ (۵) ڈرامے کا وہ حصہ جس میں فسانے کا تسلسل ، عموماً بلا تغیر مقام وقت جاری رہے ؛ ایکٹ کا ایک حصہ ؛ سین ؛ منظر ۔ (۶) موقع ، ماجرا ، مکالمہ وغیرہ جو ایسے حصے میں واقع ھو ؛ سین ۔ (۷)انسان کی زندگی کے کسی حصے کا یا کسی واقعے کا بیان جو یکایک شروع اور ختم کیا گیا ؛ بیان واقعہ ؛ سانحۂ حیات ؛ سانحہ ؛ واقعہ ؛ ماجرا ۔ (۸) حادثہ ۔ (۹)باہمی گفتگو جس سے برانگیختگی ظاہر ھو خصوصاً پُر اشتعال گفتگو ؛ تو تو میں میں ۔ (۱۰)تماشا گاہ میں پردہ وغیرہ جس کے باعث افسانہ ، ڈرامہ واقعی اور اصلی معلوم ھو؛ پردہ ؛ پس پردہ ۔ (۱۱) وہ کل چیزیں جو ایک ہی ساتھ پیش نظر ھوں ؛ منظر ؛ نظارہ ؛ مطمح نظر ؛ سین ۔ (۱۲) (مجازاً) پردہ ؛ دیوار کے آرائشی پردے ۔ (۱۳) (عام) طرز زندگی ؛ حلقۂ عمل ۔

Behind the scene : (۱) چھپ کر ؛ پوشیدہ طور پر ۔ (۲) بھیدی کے طور پر ۔

The scene of action : جائے وقوع ؛ محل وقوع ۔

The scene opens /-is opened : تماشا شروع ھوتا ھے ۔

To enter on the scene /-appear- : اسٹیج پر آنا۔

To lay the scene : جائے وقوع مقرر کرنا ۔

To quit the scene : (۱) اسٹیج سے چلے جانا ۔ (۲)(مجازاً) مرنا ؛ مر جانا ۔

Scene : (v) (تماشاگاہ میں) پردہ لگانا ۔

Scene cloth : (n) اسٹیج کا پردہ ۔

Scene dock : (n) اسٹیج کے قریب وہ جگہ جہاں سینری (مناظر) وغیرہ کو رکھا جاتا ھے ۔

Scene painter : (n) تھیٹر کے پردوں پر نقاشی کرنے والا ۔

Scene painting : (n) تھیٹر کے پردوں پر نقاشی ۔

Scene plot : (n) کسی ڈرامہ کے سین (مناظر) کی فہرست اور تفصیل ۔

Scene shifter : (n) دوران تماشا ، تماشا گاہ میں مناظر کے پردے بدلنے والا ۔

Scene-stealer : (n) وہ ایکٹر جو دانشمندی سے یا نمود کے طور پر تماشا بین کی توجہ اپنی طرف مرکوز کرے جبکہ اسے مرکز توجہ نہ ہونا چاہئیے ۔

Scene-wright : (n) تماشا گاہ کے پردے بنانے والا ۔

Scenery/ -al : (n) (۱)سینری : دارالتمثیل کے پردے اور دیگر لوازم جن کے باعث اسٹیج ، افسانے ، ڈرامے کے فرضی واردات اصلی اور واقعی معلوم ہوں : منظرہ .(۲) منظر : مناظر : نظارے : کسی جگہ کی صورت طبعی ۔

Scenic : (a) [L. 'Scenicus'.] (۱) اسٹیج یا تماشا گاہ کا : نائکی : دارالتمثیلی : سوانگ گھر کا ۔ (۲) نظارے یا منظر طبعی کی طرح کا : ترتیب کی رو سے دل کش : آنکھ کے سامنے تصویر کھینچ دینے والا ۔ (۳) واقعہ نگار : قصہ گو (تصویر وغیرہ) ۔ (۴) (جذبہ) تمثیلی : نائکی : مصنوعی : نمائشی ۔

Scenic artist : (n) دیکھو Scene-painter

Scenic railway : (n) میلوں وغیرہ میں چھوٹی سی ریل جو مصنوعی خوبصورت مناظر میں سے گزرتی ہے۔

Scenically : (adv.) نظارے یا منظر طبعی کی طرح : نائکی رنگ سے ۔

Scenograph : (n) [Gr. 'Scenographos'.] تصویر منظر (حسب قواعد تناظر) ۔

Scenographer : (n) منظر نگار : مناظر نگار ۔

Scenographic/ -al : (a) منظر نگارانہ : مناظر نگارانہ : منظرنگاری کا ۔

Scenographically : (adv.) ازروئے منظر نگاری : منظر نگارانہ طریقے سے ۔

Scenography : (n) [Fr. 'Scenogrphie'. or L. 'Scenographia'.] منظر نگاری : مناظر نگاری جو حسب قواعد تناظر (Perspective) کی جائے ۔

Scent : (n) (۱) بو : باس : رائحہ : خوشبو ۔ (۲) (شکار) جانور کی بو جو زمین میں رہتی ہے اور جس کو سونگھ کر کتے اس کا پتا لگاتے ہیں : شکار کی بو ۔ (۳) (مجازاً) کھوج : پتا : سراغ ۔ (۴) قوت شامہ : جبلتاً معلوم کر لینے کی قوت : پتا لگانے لینے کی قوت : جبلی صلاحیت : امتیاز ۔ (۵) عطر ۔ (۶) اشارہ : خفیف سا علم ۔

Cold scent : (شکار) ہلکی بو ۔

Hot scent : (شکار) تیز بو ۔

To carry a (or the) scent : (شکاری کتوں کا) شکار کی بو نہ بھولنا ۔

To lay, put (hounds) on or upon the scent : کتے کو شکار کی بو پر لگانا ۔

To loose the scent : بو کے ذریعے شکار کا تعاقب کرنے والے کتے کا (شکار کا) نشان کھو دینا : بو کھو دینا ۔

To put (a person) on a false, wrong scent / - off the scent : (مجازاً) غلط نشان دہی سے گمراہ کرنا : دھوکا دینا : راہ راست سے منحرف کرنا ۔

To recover the scent : نشان پانا : بو دوبارہ پا لینا ۔

Scent : (v) قوت شامہ کے ذریعے معلوم کرنا : بو پانا ۔ (۲) (مجازاً) کسی چیز کے ہونے یا نہ ہونے کا شبہ پیدا ہو جانا : شک پیدا ہو جانا : محسوس کرنا : سمجھ جانا : تاڑ لینا ۔ (۳) سونگھ کر معلوم کر لینا : تلاش سے معلوم کر لینا : کھوج لگانا ۔ (۴) معطر کرنا : بسانا (خوشبو میں) : خوشبو دار ہونا : عطر لگانا ۔ (۵) سونگھنا : (شکاری کتے وغیرہ کا) قوت شامہ کے ذریعے شکار کرنا یا شکار کے پیچھے پیچھے جانا ۔

Scent bag : (n) (۱) نافہ ۔ (۲) مصنوعی بو کا تھیلا جس کے پیچھے شکاری کتے کو دوڑاتے ہیں ۔ (۳) خوشبو کی تھیلی ۔

Scent bottle : (n) عطر کی شیشی ۔

Scent gland : (n) غدود مشک : نافہ ۔

Scent organ : (n) (۱) دیکھو Scent bag ۔ (۲) دیکھو Scent gland ۔

Scent spray : (n) عطر پاش ۔

Scented : (a) معطر : خوشبو دار ۔

Scented caper : (n) خوشبو چائے ۔

Scentful : (a) خوشبو دار ۔

Scentless : (n) بے خوشبو : بے باس : بے بو ۔

Scepsis : (n) [Gr. 'Skephis'.] شک فلسفی : شک فلسفیانہ : حکیمانہ

شبہ ؛ فلسفۂ شك و شبہ ؛ فلسفۂ ارتباب ۔

Sceptic / Skeptic : (a) [Gr. 'Skeptikos'.] لا ادریانہ ؛ دہریانہ ؛ شکوکی ؛ شبہاتی ؛ مبنی بہ شکوك و تنبیہات ؛ پر ہونی: مرتاب ؛ تنقید پسند ؛ نقاد ؛ مشکك ؛ غیر معتقد ۔

Sceptic/ Skeptic : (n) (۱) فلسفۂ پرہونی (Pyrrhonism) کا قدیم یا جدید پیرو ؛ شك پرست ؛ پر ہونی ؛ مشکك ۔(۲) وہ شخص جسے عیسائیت کی صداقت میں شبہ ہو ؛ وہ شخص جو دین و مذہب کو مشکوك و شبہات کی نظروں سے دیکھتا ہو ؛ منکر ۔(۳) لا ادریہ ؛ لا ادری ۔(۴)دہریہ؛ زندیق ۔ (۵) جو یائے ؛ متشکك ؛ شکی ؛ شك پرست ؛ مرتاب ؛ وسواسی ۔

Sceptical / Skeptical : (a) دیکھو Sceptic

Sceptically / Skeptically : (adv.) متشککانہ ؛ غیر معتقدانہ ؛ لا ادریانہ ؛ دہریانہ ؛ پر ہونیت سے ؛ مرتابانہ ۔

Scepticism / Skepticism : (n) (۱) تشکك ؛ شبہ ؛ فلسفۂ شبہات و شکوك ؛ حکمت شك و شبہ ؛ مذہب شکا کیون ؛ شکا کیت ۔ (۲) لا ادریت ۔ (۳) انکار ؛ انکار الہام ؛ کفر ۔ (۴)شك پرستی ۔

Scepticize : (v) شك کرنا (ہر بات پر) مشکك ہونا ۔

Sceptral : (a) عصائے شاہی سے متعلق ؛ صولجانی ؛ عصائے شاہی کی طرح کام آنے والا ۔

Sceptre : (n) [ME. 'Ceptre, Septre'.] (۱) عصائے شاہی ؛ نشان شاہی ؛ علامت سلطانی ؛ صولجان ۔ (۲) (نقابت) عصائے شاہی کی تصویر ۔ (۳) بادشاہت ؛ اقتدار اعلیٰ ؛ اختیار اعلیٰ ۔

Sceptre : (v) (۱) عصائے شاہی مہیّا کرنا ؛ اختیار اعلیٰ دینا ۔ (۲)عصائے شاہی سے چھوکر منظوری دینا ۔

Sceptred : (a) صولجانی ؛ عصادار ۔

Sceptreless : (a) بے تاج و کلاہ ؛ بے عصا ؛ بلا ملامت شاہی یا نشان شاہی ؛ بلا نشان سلطانی ۔

Schadenfreude : (n) [G.] دوسروں کی مصیبت پر خوش ہونا ۔

Schanse / Schanze / Schantze : (n) [Du. 'Schans'.] پتھروں کا دھس ۔

Schappe : (n) [G.] گھٹیا قسم کا سلك ۔

Schapska : (n) [F.] گھڑ سواروں کا خود ۔

Schedular : (a) جَدول سے متعلق ۔

Schedule : (n) [Late ME. 'Cedule, 'Sedule'.] (۱)فہرست ؛جدول ؛ نقشہ ؛ گوشوارہ ؛ فرد ۔ (۲) پارلیمانی قانون یا قانونی دستاویز کا ضمیمہ ۔ (۳) نقشۂ اوقات ؛ نظام الاوقات ۔

On schedule (time) : اس وقت پر جو نظام الاوقات میں درج ہے ؛ ٹھیك وقت پر ۔

Schedule : (v) (۱) نقشہ بنانا ؛ جدول بنانا ؛ گوشوارہ تیار کرنا ؛ فرد مرتب کرنا ؛ فہرست بنانا ۔ (۲) فہرست میں‌شامل کرنا ۔ (۳) (پارلیمانی قانون میں) ضمیمہ لگانا ۔ (۴)(کسی عمارت کو) ایسی عمارتوں کی فہرست میں شامل کرنا جسے تاریخی یا تعمیراتی حیثیت سے محفوظ رکھنا ہے ۔

Schedue bank : (n) جدولی بینك ۔

Schedule castes : (n) ہریجن ؛ اچھوت ؛ جدولی ذاتیں ؛ درج فہرست ذاتیں ۔

Schedule class : (n) دیکھو Schedule castes

Scheduled disease : (n) وہ بیماری جس کی اطلاع حفظان صحت کو دینا ضروری ہے ۔

Scheelite : (n) [f. name of K. W. Schelle.] کیلشیم کا ٹنگسٹیٹ (Tungstate) ۔

Schelling : (n) [Du.] ایك قدیم نقرئی سکہ ۔

Schelm : (n) [G.] بد معاش ؛ بد ذات ؛ شریر ۔

Schema : (n) [Gr. 'Schema'.] (۱) نقشہ ؛ خاکہ ؛ تصور ؛ شکل ؛ خاکۂ ذہنی ۔ (۲) (موسیقی) قیاس منطقی ۔ (۳) (صرف و نحو) صنائع و بدائع ؛ صنعت ۔ (۴) (فلسفہ) تصور عامہ ؛ ہیئت اولیٰ ۔ (۵) منصوبہ ۔

Schematic : (a) (۱) تصوری ؛ قیاسی ۔ (۲) منصوبے سے متعلق ۔ (۳) قیاس منطقی سے متعلق ۔ (۴)(فنون لطیفہ) رواجی؛ رسمی ۔

Schematism : (n) (۱) خاکہ ۔ (۲) (فلسفہ) حواسی ادراك کی معلومات میں ؛ تصور عامہ کے ذریعہ ؛ مقولوں کو شامل کرنا ۔

Schematist : (n) خاکہ تیار کرنے والا ؛ منصوبہ تیار کرنے والا ۔

Schematize : (v) (۱) خاکہ تیار کرنا ۔ (۲) (فلسفہ) حواسی ادراک کی معلومات میں تصور عامہ کے ذریعے مقولوں کو شامل کرنا ۔

Schematizer : (n) خاکہ تیار کرنے والا : حواسی ادراک کی معلومات میں مقولوں کو شامل کرنے والا ۔

Scheme : (n) [L. 'Schema'.] (۱) ترکیب : تجویز : خفیہ ریشہ دوانی : منصوبہ ۔ (۲) چال : سازش : ریشہ دوانی ۔ (۳) ڈھپ : اُسلوب : مقصد : اصول : انداز : نقشہ : خاکہ : ڈھانچ ۔ (۴) نقشۂ انضباط : تختۂ تقسیم : تختۂ تقسیم اوقات ۔ (۵) پر شور رنگ رلیاں ۔ (۶) (مصوری) (کسی خاص مصور یا اسکول کی) رنگوں کی مخصوص ترتیب : اصول رنگ : ترتیب و ترکیب الوان ۔

To lay a scheme : خاکہ تیار کرنا : منصوبہ بنانا ۔

Scheme : (n) [Origin unkn.] سہ مرکزی یا بیضوی محراب کی بڑی قطر والی درمیانی محراب ۔

Scheme : (a) بڑی قطر والی درمیانی محراب کے ساتھ بنی ہوئی (عمارت) ۔

Scheme: (v) تجویز کرنا : ترکیب کرنا : چال چلنا : منصوبہ باندھنا : شازش کرنا : خفیہ ریشہ دوانیاں کرنا : کسی کام کے لئے منصوبہ بنانا یا تیار کرنا ۔

Scheme-arch : (n) دیکھو Scheme

Scheme of colour : (n) اصول رنگ : نقشۂ تقسیم رنگ : نقشۂ تناسب الوان : ترتیب و ترکیب الوان : رنگوں کی ترتیب : رنگ بندی ۔

Schemer : (n) منصوبہ باز : سازش کار : شریک سازش : سازشی : سازش کنندہ : افترا پرداز ۔

Schemery : (n) سازش : ریشہ دوانی : سانٹھ گانٹھ ۔

Scheming : (a) سازشی : سازش پسند : منصوبہ باز : منصوبہ باندھنے والا : ترکیبیں کرنے والا : افترا پرداز ۔

Schemingly : (adv.) سازش کرتے ہوئے : سازش پسندانہ ۔

Schemist : (n) منصوبہ باز : تجویز کنندہ : کسی خاص منصوبے کا حامی یا موجد : مخترع : مجوز ۔

Schemozzle : (n) [Yeddish. 'Shlimazel'.] (۱) (عام) ابتری : ردی حالت : گندی حالت : گڑ بڑ : گڈ مڈ ۔ (۲) لڑائی : جھگڑا ۔

Schemy : (a) سازشی : سازش پسند : منصوبہ باز ۔

Scherm : (n) [Du.] سد : دُھس : روک : آڑ (خصوصاً گھنی جھاڑیوں وغیرہ کی) ۔

Scherzando : (adv.) [It.] (موسیقی) مذاقیہ طور پر : مضحکہ خیز انداز میں : مذاقاً : ازراہ مذاق ۔

Scherzo : (n) [It.] سبک خرامی : نازک خرامی : مذاق خیز حرکت : مزاح انگیز جنبش ۔

Scherzoso : (n) مذاق خیز : مزاح انگیز ۔

Schiedam : (n) (۱) اسکینڈم : جن (شراب) کی ایک قسم : ہالینڈی شراب ۔ (۲) نیدرلینڈ میں ایک شہر کا نام ۔

Schiffli : (n) [G.] کپڑوں پر کشیدہ کاری یا کیس بنانے کی مشین ۔

Schih : (n) [Native name in North Africa.] جنوبی افریقہ کی چراگاہ ۔

Schiller (n) [G.] برنجی تاب : شیلر ۔

Schiller spar : (n) [G. 'Schillerspath'.] دیکھو Bastite

Schillerization : (n) برنجی تابکاری : شیلراؤ ۔

Schillerize: (v) برنجی تاب دینا ۔

Schilling : (n) [G.] (۱) شمالی جرمنی کا قدیم نقرئی سکہ ۔ (۲) آسٹریلیا کا جدید سکہ ۔

Schindylesis : (n) [Gr. 'Schindylesis'.] (تشریح) فقلی مفصل ۔

Schipperke : (n) [Du.] سگچہ : سگیچہ : سگ بچہ : سگک : کلیب : کلیچہ : بغلی کتا ۔

Schism : (n) [late ME. 'Scisme, Sisme'.] (۱) اختلاف : شگاف ۔ (۲) (کلیسا) کسی کلیسا کا اختلاف رائے یا عقائد کی وجہ سے مختلف فرقوں میں تقسیم ہو جانا ۔ (۳) ارتکاب فرقہ بندی یا تفرقہ : رفض : اعتزال ۔ (۴) فرقہ : جتھا ۔

Schism act : (a) قانون احتراق ۔

Schisma : (n) [Late L. 'Schisma'.] خالص سُر اور ٹھیک کئے ہوئے پنجم کا درمیانی وقفہ ۔

Schismatic : (a) [OFr. 'Schismatique'.] فرقہ بندی کا : تفرقے سے

متعلق ؛ نزاعی ۔

Schismatic : (n) اعتزالی ؛ مرتکب تفرقہ ؛ تفرقہ انداز ؛ رافضی ؛ خارجی ۔

Schismatical : (a) متعلق بہ فرقہ بندی یا تفرقہ ؛ نزاعی ؛ اعتزالی ؛ بدعتی ۔

Schismatically : (adv.) معتزلانہ ؛ فرقہ کی نظر سے ؛ تفرقہ اندازی کے طور پر ۔

Schismaticalness : (n) تفرقہ اندازی ؛ رافضیت ؛ خارجیت ۔

Schismatize : (v) تفرقہ اندازی کرنا ؛ فرقہ بندی کی حمایت کرنا ؛ اعتزالی فرقے سے تعلق رکھنا ۔

Schist : (n) [Fr. 'Schiste'.] (ارضیات) ورق دار یا پرت دار چٹان ؛ طبقاتی چٹان ؛ ورقی چٹان ؛ مصفح ؛ شسٹ ۔

Schistic : (a) (ارضیات) شستی ؛ ورق ورق ؛ پرت دار چٹان کے مماثل ؛ پرت دار چٹان جیسی ۔

Schistose : (a) دیکھو Schistic

Schistosity : (n) بلوری چٹان کی درز کا خط ؛ شسٹ ۔

Schistous : (a) دیکھو Schistic

Schizaea : (n) [L.] پارۂ کرفان ۔

Schizanthus : (n) [mod. L.] جنس چلی بادنجان ؛ ایک یک فصلہ پودا جس میں پتی دار سفید ، سرخ یا عنابی پھول کھلتے ہیں ۔

Schizo- : (Prefix) [Gr. 'Schizin'.] سابقہ بمعنی "شقاق" "پھٹا" "شقوق پارہ" ۔

Schizo : (n & v) دیکھو Schizophrenic

Schizocarp : (n) (نباتیات) پارۂ ثمر ۔

Schizocoele : (n) (حیوانیات) شقاق شکمک ۔

Schizogamy : (n) شقاق زواجی ۔

Schizogenesis : (n) شقاق تولید ۔

Schizogenous : (a) شقاق زائیدہ ۔

Schizognathism : (n) (طیورات) فکوں کا جدا ہونا ۔

Schizognathous : (a) جدا فکی ۔

Schizogonic : (a) شقاقی تولید سے متعلق ۔

Schizogonous : (a) شقاقی تولید سے متعلق ۔

Schizogony : (n) شقاقی تولید ۔

Schizoid : (a) مخبوط ؛ پراگندہ دماغ ۔

Schizomycetes : (n) شقاقی فطرات ؛ جنس جراثیم ؛ جراثیمہ ۔

Schizopherene : (a) انتشار شخصیت میں مبتلا ۔

Schizophrenia : (n) انتشار شخصیت ؛ ایک قسم کی ذہنی بیماری جس سے شخصیت کے شیرازے بکھر جاتے ہیں ۔

Schizophrenic : (a) انتشار شخصیت سے متعلق ۔

Schizophyte : (n) (حیاتیات) شقاقی پودا ۔

Schizopod : (n) پارہ پایا ؛ ایک قسم کا قشریہ ۔

Schizopoda : (n) پارہ پایان ؛ قشریہ کی ایک جنس ۔

Schipodous : (a) پارہ پایا ۔

Schizorhinal : (a) (طیورات) جس کے ناک کی ہڈی پھٹی ہوئی ہو یا دو شاخہ ہو ۔

Schizothymia : (n) پراگندہ خیالی ۔

Schizothymic : (a) پراگندہ خیال ۔

Schlenter : (n) [Afric. 'Slenter'.] نقلی ہیرا ؛ مصنوعی ہیرا ۔

Schlepp : (v) [Yeddish 'Shlepen'.] (۱) (عام) کھینچنا ؛ گھسیٹنا ۔ (۲) چرانا ۔

Schlimaze / Schlimazl / Schlimazel / Shlimazl : (n) [Yeddish 'Shimazel.'] (عام) بد نصیب شخص ۔

Schloss : (n) [G.] (جرمانی) قلعہ ۔

Schmaltz/ Schmalz : (n) [Yeddish 'Shmalts'.] (۱) جذباتی موسیقی ۔ (۲) جذباتیت (اسلوب میں) ۔ (۳) بھڑکیلی ؛ بہت مزین چیز ۔ (۴) (عام) مرغی کی پگھلی ہوئی چربی ۔

Schmaltzy / Schmalzy : (n) بھڑکیلا ؛ بہت مزین ؛ جذباتی (حد سے زیادہ) ۔

Schmelz/ Schmelze : (n) [G.] رنگین شیشے کی قسم یا بوہیمی شیشہ جو آرائش کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Schmier kase : (n) [G.] ایک قسم کا پنیر ۔

Schnapps : (n) [G. 'Schnap(p)s'.] شراب جو ہالستانی شراب جن سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Schnauzer : (n) [G.] سفید بالوں والا جرمن ٹیریر (کتا) ۔

Schneblite : (n) [f. name Schneblin + ite.] پوٹاش کے کلوریٹ سے بنا آتش گیر مادہ ۔

Schnecke : (n) دارچینی ڈالی ہوئی میٹھی روٹی ۔

Schneiderian : (a) [f. name C.V. Schneider'.] ناک کے غشائے مخاطی ۔

Schneiderian membrane : (n) دیکھو Schneiderian

Schnell : (adv.) [G.] (موسیقی) جلدی سے ؛ تیزی سے ۔

Schnitz/ Snits / Snitz : (n) [G.] پھل کی خشک قاش (خصوصاً سیب کی) ۔

Schnitzel : (n) [G.] بچھڑے کے گوشت کے ٹکے ۔

Schnook : (n) [Origin unkn.] بیوقوف شخص ؛ کودن ؛ کوڑھ مغز ؛ احمق ۔

Schnorkel / Schorchel : (n) [G.] (۱) آبدوز کشتی کی نلی جسے سطح آب سے اوپر نکال کر ہوا کھینچتے ہیں ۔ (۲) آبدوز پیراک کی سانس لینے والی نلی ۔

Schnorkel / Snorkel : (v) سانس لینے کی نلی لگا کر آبدوز پیراکی کرنا ۔

Schnorrer : (n) [Yeddish 'Shnorer'.] (یہودی) فقیر ؛ گدا گر ۔

Schnozzle : (n) [Yeddish 'Shnoilsl.'] ناک ۔

Schokker : (n) [Du.] ولندیزی کشتی ۔

Schola : (n) [L.] (۱) قدیم رومی اسکول ۔ (۲) قدیم گھروں کی خلوت ۔ (۳) جلسہ گاہ ؛ دیوان ۔ (۴) قدیم رومی انجمن ۔

Scholar : (n) [ME. 'Scoler'.] (۱) متعلم ؛ اسکول کا لڑکا ؛ اسکول کی لڑکی ۔ (۲) شاگرد ؛ تلمیذ ؛ متعلم ؛ طالب علم ۔ (۳) عالم ؛ فاضل ؛ ادیب (خصوصاً رومی یا یونانی زبانوں کا) ۔ (۴) وظیفہ خوار طالب علم (یونیورسٹی یا مدارس کا) ۔

Scholarch : (n) [G. 'Scholarchs'.] (۱) ایتھنس کے مکتب فلسفہ کا صدر ۔ (۲) اسکول انسپکٹر ۔

Scholardom : (n) (۱) علم و فضل کی دنیا ۔ (۲) علماء ۔

Scholarlike: (a) دیکھو Scholarly

Scholarly : (a) عالمانہ ؛ فاضلانہ ؛ ادیبانہ ۔

Scholarship :(n) (۱) فضیلت ؛ علم و فضل ؛ فضیلت علمی ؛ تبحر علمی ؛ روما اوریونان کی زبانوں کا علم و فضل ۔ (۲) وظیفہ (طالب علم کا) ۔ (۳) (غلط استعمال میں) معمولی تعلیم ۔

Scholastic : (a) (۱) جامعات ؛ مدارس یا معلمین کا یا ان سے متعلق ؛ جامعی ؛ مکتبی وغیرہ ۔ (۲) تعلیمی ، علمی ؛ مدارسی ؛ عالم نما ؛ درسی ۔ (۳) متکلمانہ ؛ علم کلام کے متعلق ۔ (۴) مُلایانہ ؛ موشگافانہ ۔ (۵) فضیلت نما ؛ عالمانہ ۔

Scholastic : (n) (۱) معلم ؛ شاگرد ؛ متکلم ۔ (۲) (رومن کیتھولک چرچ) Society of Jesus کا تیسرے درجے کا رکن ۔ (۳) ادعائے فضیلت ؛ ادعائے علم ۔

Scholastically : (adv.) متکلمانہ یا ملایانہ طور پر ۔

Scholasticism : (n) (۱) اصول متکلمین ؛ متکلمانہ یا ملایانہ طریقہ ؛ عالمیت ؛ مدرسیت ۔ (۲) روایتی اصول یا تفسیر وغیرہ کی اندھی تقلید ۔

Scholia : (n) (۱) شروح ؛ حواشی ۔ (۲) دیکھو Schalium ۔

Scholiast : (n) [Late Gr. 'Scholiastes'.] شارح ؛ حاشیہ نویس ؛ خصوصاً قدیم شارح جو قدیم کتب پر حاشیہ لکھتا تھا ۔

Scholiastic : (a) شارح یا حاشیہ نویس سے متعلق شارحانہ ۔

Scholium : (n) [mod. L.] تفسیر ؛ شرح ؛ حاشیہ خصوصاً کسی قدیم رومن یا یونانی کتاب پر ۔

School : (n) [OE. 'Scol, 'Scolu'.] (۱) اسکول ؛ مدرسہ ؛ مکتب ۔ (۲) عمارت مدرسہ یا اسکول ؛ مکتب کا کوئی کمرہ یا حصہ ۔ (۳) وقت مدرسہ ؛ اوقات مکتب یا مدرسہ ۔ (۴) شاگرد ؛ طالب علم ۔ (۵) مدرسے میں تعلیم پانا یا پڑھنا ۔ (۶) درس آموز حالات ؛ عبرت آموز واقعات ۔ (۷) قرون وسطیٰ کے لیکچر روم ۔ (۸) شعبۂ تعلیم ۔ (۹) امتحان کا کمرہ جس میں یونیورسٹی کے امتحان منعقد ہوں ۔ (۱۰) (جمع) امتحان ۔ (۱۱) حکماء یا

صناعین وغیرہ کے شاگرد یا مقلد ۔ (۱۲) مسلک ؛ دبستان ؛ مذہب یعنی جماعت یا فرقہ جو کسی خاص اصول یا طریقے کا پابند ہو ؛ مقلد ؛ قائل ۔ (۱۳)(موسیقی) موسیقی کی کتاب (جس میں خاص باجے کے متعلق بحث ہوتی ہے) ۔ (۱۴) اعلیٰ مدارس ۔ (۱۵) (مجازاً) تعلیمی ماحول ؛ منبع تعلیم ۔ (۱۶)(مجازاً) ہم خیال لوگ ۔ (۱۷) حلقۂ اساتذہ و طلباء (۱۸) (جامعہ کے) شعبہ جات ۔ (۱۹) (آکسفورڈ) دوری امتحانات (بی ۔اے کی ڈگری کے لئے) تعلیمی نصابوں میں سے کوئی ایک جس میں آنرز (آرنس) کی ڈگری لی جا سکتی ہے جو کیمبرج کے Tripos کے برابر ہوتی ہے۔ (۲۰) شاہی محافظوں کا دستہ ۔

Free school : خیراتی مدرسہ جس میں فیس نہیں لی جاتی ہے ۔

To be at school : اسکول میں تعلیم پانا ۔

To go to school : اسکول جانا ؛ تعلیم حاصل کرنا ۔

To go to school to : کسی کی تقلید کرنا ؛ اتباع کرنا ؛ پیروی کرنا ۔

To keep a school : مدرسہ یا اسکول کھولنا ، قائم کرنا ؛ پرائیویٹ یا خانگی اسکول کھولنا ؛ قائم کرنا ۔

To put to school / To send - : مدرسہ یا اسکول بھیجنا ؛ تعلیم دلانا ۔

To put to school : (مجازاً) سکھانا (خصوصاً اپنے سے بڑوں کو) ۔

To put to school : (مجازاً) نقصان دہ یا ضرر رساں راز کو افشا کر دینا ۔

School : (n) [MLG. 'MDU. 'School'.] (۱) مچھلیوں وغیرہ کا گروہ ، جھنڈ یا انبوہ ۔ (۲) (جانوروں کا) گلہ ۔

School : (v) (۱) اسکول یا مدرسے میں بھیجنا ؛ مدرسے یا مکتب میں بٹھانا ؛ تعلیم دلانا ؛ سامان فراہم کرنا ۔ (۲) ضبط قائم کرنا ؛ قابو میں رکھنا ؛ اطاعت کا خوگر بنانا ؛ مشورے پر عمل کرنے کی ترغیب دینا ۔ (۳) (گھوڑے کو) سدھانا؛ تربیت دینا ۔ (۴) مفصلات میں گھڑسواری کرنا ۔

School : (v) مچھلیوں کا گروہ میں تیرنا۔

To school up : (مچھلیوں کا) پانی کی سطح پر جمع ہونا ؛ اکٹھا ہونا ۔

School age : (n) اسکول جانے کی عمر ؛ عمر کی وہ مدت جس میں بچہ ذہنی اور جسمانی طور پر اسکول جانے کے لائق سمجھا جاتا ہے ۔

School board : (n) انجمن مدارس ؛ یہ ایک انجمن تھی جو ۱۸۷۰ء سے ۱۹۰۲ء تک بورڈ اسکولوں کے قائم کرنے کی ذمہ دار تھی ۔

School book : (n) درسی کتاب ؛ وہ کتاب جو مدرسوں کے نصاب میں شامل ہو ۔

School boy : (n) طفل مکتب ؛ مدرسے کا لڑکا ؛ متعلم ؛ طالبعلم ۔

School boy : (a) طالبعلمانہ ۔

School boyish : (a) طفل مکتب سے مشابہ ؛ متعلمانہ ۔

School craft : (n) تعلیم ؛ علم جو اسکول میں سکھایا جاتا ہے ۔

School dame : (n) اسکول خاتون ؛ پرانے قسم کے مدرسۂ اُناث کی نگراں ۔

School days : (n) (۱) طالب علمی کا زمانہ ۔ (۲) وہ دن جس میں دن کے اسکول میں تعلیم دی جاتی ہے۔

School divine : (n) قرون وسطیٰ میں یونیورسٹی کا معلم ؛ متکلم ۔

School divinity : (n) قرون وسطیٰ کے اسکول کی مذہبی تعلیم ؛ علم کلام ۔

School doctor : (n) طبیب مدرسہ ؛ اسکول کا ڈاکٹر ۔

School fellow : (n) ہم مکتب ؛ ہم مدرسہ ۔

School girl : (n) اسکول کی لڑکی ؛ طالبہ ؛ متعلمہ ۔

School girlish : (a) طالبہ کی طرح ؛ متعلمہ جیسی ۔

School-house : (n) (۱) مدرسے یا اسکول کا مرکزی دارالاقامہ ۔ (۲) صدر مدرس کا مکان ۔

School inspector : (n) ناظر مدارس ؛ انسپکٹر مدارس ، اسکول ۔

School learning : (n) مدرسے یا اسکول میں تعلیم ۔

School ma'am / -marm : (n) اُستانی ؛ معلمہ ۔

School man : (n) (۱) قرون وسطیٰ میں یونیورسٹی کا معلم یا انتظامی افسر ۔ (۲) متکلم ؛ ماہر علم الکلام ؛ وہ دینیات داں جو مذہب کے اصول کو ارسطو کے منطقی اصول پر منطبق کرتا ہو ۔ (۳) معلم ؛ طالبعلم ۔

School-master : (n) (۱)مدارس؛ معلم ۔(۲) مدرس اول یا معاون مدرس ۔

School-master : (n) وہیل یا مچھلیوں کے گروہ کا وہ رکن جو رہنما ہوتا ہے ۔

School-masterhood : (n) مدرسی ؛ معلمی ۔

School-mastering : (n) (۱) مدرسی ؛ معلمی ۔ (۲) اسکول کی تعلیم ۔

School-masterish : (a) معلم نما ؛ مدرس نما ۔

School-mate : (n) ہم مکتب ؛ ہم مدرسہ ۔

School mistress : (n) معلمہ ؛ استانی ۔

School of thought : (n) مکتب خیال ؛ مسلک خیال ۔

School room : (n) درس کا کمرہ ؛ اسکول میں تعلیم کا کمرا ؛ کسی مکان میں تعلیم کا کمرہ ۔

School-ship : (n) تعلیمی جہاز ؛ وہ جہاز جو تعلیم کے لئے مخصوص ہو ۔

School teacher : (n) استاد یا استانی ؛ معلم یا معلمہ (خصوصاً مدارس ابتدائیہ میں) ۔

School-time : (n) (۱) اوقات مدرسہ ۔ (۲) طالب علمی کا زمانہ ۔ (۳) تربیت و تعلیم کے اوقات ۔

Schoolable : (a) تعلیم دیئے جانے کے لائق ؛ اسکول جانے کے قابل ؛ جس کی عمر مدرسے جانے اور جبری تعلیم پانے کے لائق ہو ۔

Schooler : (n) طفل مکتب ۔

Schooling : (n) (۱) پڑھائی ؛ تعلیمیت ۔ (۲) گھوڑے اور گھڑسواروں کی مشق (گھڑ سواری کے اسکول میں) ۔

Schoolish : (a) (۱) نظریہ پرستارانہ ۔ (۲) علمی ؛ عالمانہ ؛ غیر عملی ۔

Schoolward : (adv.) اسکول کی طرف ؛ مدرسہ کی طرف ۔

Schoolwards : (adv.) دیکھو Schoolward

Schoolwork : (n) اسکول کا کام ۔

Schooner : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک قسم کی کشتی یا جہاز جس میں دو مستول ہوتے ہیں ۔ (۲) ایک قسم کی بڑی گاڑی جس کی چھت کرمچ کی ہوتی ہے اور جسے نو آباد استعمال کرتے ہیں ۔

Schooner : (n) [Origin unkn.] (۱) (امریکا) بیر شراب کا لمبا گلاس ۔ (۲) (برطانیہ) چودہ (۱۴) سیال اونس کا پیمانہ ۔

Schopenhauerian : (a) [f. name Arther Schoperhaner'.] جرمن فلسفی شاپن ہاور کا یا اس کے فلسفے سے متعلق ۔

Schorl : (n) [G.] شورال ؛ سیاہ ترملین ۔

Schorlaceous : (a) سیاہ ترملین سے مشابہ جس میں سیاہ ترملین ہو ۔

Schottische : (n) [G. '(der) Schottische'.] (۱) ایک قسم کا پولکا ناچ ۔ (۲) اس ناچ کے ساتھ کا گانا ۔

Schottische : (v) شوٹیشی رقص کرنا ۔

Schout : (n) [Du. 'Schout'.] نشیبستان اور ولندیزی نو آبادیات کا انتظامی یا بلدیاتی افسر ۔

Schreibersite : (n) [f. name Von Schreibers'.] لوہا اور نیکل کا فاسفائیڈ ۔

Schrik : (n) [Afric.] وہشت جو دفعتاً پیدا ہو ؛ خوف ۔

Schuit : (n) [Du.] ولندیزی چپٹے پیندے والی کشتی ۔

Schultze powder : (n) ایک قسم کا بارود جس کا موجد ای ۔ شلٹز تھا ۔

Schwa : (n) [G.] حرف علت خفیف کی آواز ۔

Schwarmerei : (n) بے جا محبت یا جوش ۔

Schwenkfeldian : (n) [f. name.] ایک فرقہ جس کی بنیاد Casper Schewenkfeld نے رکھی تھی ۔

Schwenkfeldian : (a) اسی فرقے سے متعلق ۔

Sciaenoid : (n) [L. 'Sciaena'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Sciaenoid : (a) اسی مچھلی سے متعلق ۔

Sciagraph : (n) (۱) شعاعی تصویر ۔ (۲) سایہ آمیز نقاشی ؛ تصویر سایہ ۔ (۳) سایہ سے وقت دریافت کرنے کا آلہ ؛ وقت پیما؛ دھوپ گھڑی۔

Sciagraph : (v) وقت پیمائی کرنا ۔

Sciagraphic/ -al : (a) سایہ اندازی سے متعلق ؛ تصویر سایہ سے متعلق ۔

Sciagraphically : (adv.) سایہ اندازی کے طور پر ؛ وقت پیمائی کے طور پر یا رو سے ۔

Sciagraphy : (n) [Fr.'Sciographie'.] () نقاشی میں سایہ اندازی کا فن ؛ سایہ آمیزی ؛ لون آمیزی ؛ سایہ آفرینی ؛ لون آفرینی ؛ سایہ نگاری ؛ لا شعاعی عکاسی ۔

Sciamachy/ Skiamachy : (n) [Gr. 'Skiamachia'.] سایہ سے لڑنا ؛ فرضی یا خیالی لڑائی ؛ بے کار ، فضول لڑائی ۔

Scian : (a) [It. name of Chios.] دیکھو Chian

Sciatic : (a) [Fr. 'Sciatique'.] (۱) کولہے کا ؛ کولہے کے متعلق ؛ورکی؛ نسائی ۔ (۲) عصب نسائی کا ؛ عرق النساء کے متعلق ؛ عرق النسائی ۔

Sciatic artery : (n) نسائی شریان ؛ سیریان ور کی ۔

Sciatic nerve : (n) عصب نسائی ؛ عر ق النساء ۔

Sciatic passion :(n) دیکھو Sciatica

Sciatica : (n) [Late L. 'Sciatica'.] (۱) عر ق ا لنساء ؛ رینگنی ۔ (۲) عرق النساء کا دورہ ۔

Science : (n) [OFr.] (۱) علم طبیعیات ؛ سائنس ۔ (۲) علم ۔ (۳) منضبط یا منظم علم یعنی علوم طبیعیات ۔ (۳)منضبط یا منظم علم کی تحصیل یا تکمیل ۔ (۵) علم کی شاخ یا شعبہ ؛ کسی مضمون کا مجموعی علم ۔ (۶)مہارت (خصوصاً مکا بازی یا لڑنے میں) ۔ (۷)دیکھو Christian science .

Dismal science : معاشیات ؛ علم اقتصاد ۔

Exact science : کامل علم؛ علم کمی ؛ علم کمیہ ۔

Experimental science : تجربی سائنس ۔

Man of science : سائنس داں ؛ سائنس کے کسی شعبے کا ماہر ۔

Moral science : اخلاقیات ؛ علم الاخلاق ۔

Natural science : علم طبیعی ؛ طبیعیات ۔

Occult science : جادو ؛ سحر ۔

Physical science : علم طبیعی ؛ علوم طبیعیہ ؛ وہ علوم جو تجربے ، مشاہدے اور استقرا پر مبنی ہوں (جیسے حیاتیات ، کیمیا وغیرہ) ۔

Political science : سیاسیات ؛ علم سیاست ۔

Pure science : علم مجرد ؛ علم غیر مخلوط (جیسے ریاضی، منطق وغیرہ) ۔

The noble science (of defence) : (مزاحاً) مکہ بازی یا شمشیر زنی ۔

Science fiction : (n) سائنسی قصے ۔

Science of language : (n) دیکھو Linguistics

Scienter : (adv.) [L.] دانستہ ؛ جان بوجھ کر ۔

Scienter : (n) (قانون) واقفیت ؛ احساس ۔

To prove (a) scienter : یہ ثابت کرنا کہ جرم جان بوجھ کر یا دانستہ طور پر کیا گیا ہے ۔

Scential : (a) (۱) متعلق بہ علم ؛ علمی ۔ (۲) قابل ؛ علم رکھنے والا ۔

Scientific : (a) [Fr. 'Scientifique' or late L. 'Scientificus'.] (۱) مطابق سائنس ؛ مطابق اصول ؛ اصولی ؛ با قاعدہ ۔ (۲) سائنس کا ؛ متعلق بہ سائنس ؛ سائنسی ۔

Scientific : (n) سائنس داں ؛ سائنس کے کسی شعبے کا ماہر ۔

Scientifically : (adv.) علمی طور پر ؛ عالمانہ انداز سے ؛ سائنس کی رو سے ؛ حکیمانہ ۔

Scientificalness : (n) اصولی ہونا ؛ سائنسی ہونا ۔

Scientology : (n) مذہب ارتقا ۔

Scilicet : (adv.) [L.] یعنی ؛ بہ الفاظ دیگر ۔

Scilicet : (n) لفظ "یعنی" ۔

Scilla : (n) [L.] جنس جنگلی پیاز ۔

Scillitin : (n) [Fr. 'Scillitine'.] عسفل کا تلخ عرق ۔

Scilly Isles یا وہاں کے باشندوں سے متعلق ۔ Scillonian : (a)

Scillonian : (n) Scilly Isles کا باشندہ ۔

Scimitar : (n) [Fr. 'cimeterre'.] سروہی : نیمچہ؛ ایک قسم کی چھوٹی، خمدار اور ایک دھاری تلوار ۔

Scimitar pod : (n) ایک قسم کی بیل (لت والہ پودے) کی پھل ۔

Scincoid : (a) [mod. L. 'Scincoides'.] ریگ ماہی (ایک قسم کی چھپکلی) سے متعلق یا مشابہ ۔

Scincoid : (n) ریگ ماہی قسم کی چھپکلی : سقنقور ۔

Scincoidian : (a & n) Scincoid دیکھو

Scintilla : (n) [L.] (۱) ذرہ : شمہ : مشابہ ۔ (۲) شرارہ ۔

Scintillant : (a) [L. 'Scintillans'.] (۱) ضوفشاں : نور فشاں : ضیا بار : چمکتا ہوا : درخشاں : چمکیلا ۔ (۲) (نقابت) شرارہ نکالتا ہوا ۔

Scintillate : (v) [L. 'Scintillare'.] (۱) چمکنا دمکنا : ضو فشاں ہونا ۔ (۲) چمکدار بندکیوں سے مرصع ہونا : ٹمٹمانا ۔

Scintillation : (n) ضیا باری : ضو فشانی : چمک دمک : شراریت : ٹمٹماہٹ ۔

Sciolism : (n) خود نمائی : اِدعا : علم نمائی : علمیت ۔

Sciolist : (n) [Late L. 'Sciolus'.] خود نما : مدعی : دعویٰ دار : خود بیں : شدبد جاننے والا : مدعی علم : لال بجھکڑ ۔

Sciolistic : (a) خود نمایانہ : مدعیانہ ۔

Sciolto : (adv.) [It.] (موسیقی) آزادانہ : بے تکلف طور پر : اپنے مذاق کے مطابق ۔

Sciomancy : (n) [mod. L. 'Sciomantia'.] مُردوں کی روحوں کے ذریعے تفاؤل : ظلی تفاؤل : سایۂ تفاؤل ۔

Sciomantic : (a) مردوں کی روحوں کے ذریعے تفاؤل سے متعلق ۔

Scion : (n) [ME. 'Sioun'.] (۱) شاخ (پودے کی، خصوصاً قلم لگانے یا زمین میں بونے کے لئے) : قلم : پیوند شاخ ۔ (۲) شریف خاندان کا نو عمر رکن : نو نہال خلف ۔

Sciophilous : (a) (نباتیات) سایہ پسند : سایہ باش ۔

Sciophyte : (n) سایہ پسند پودا ۔

Scioptic : (a & n) سوراخ دار لکڑی کی گیند جو تاریک عکاسہ (Camera Obscura) میں لگائی جاتی ہے۔

Sciopticon : (n) تصویر لی ہوئی چیزوں کو دکھانے کی جادوئی (میجک) لالٹین ۔

Scioptic : (a) آلۂ فوٹو گرافی کے اس علم سے متعلق جس کے ذریعے بیرونی اشیا کی وہ تصاویر نظر آتی ہیں جو ڈبل عدسے کے ذریعے تاریک کمرے میں لی گئی ہوں ۔

Scioptric : (n) دیکھو Scioptic

Sciosophy : (n) ظلّی فلسفہ : علوم کاذب ۔

Scire facias :(n) [L.] پروانۂ تعمیل یا تنسیخ : فیصلہ ۔

Scirrhoid : (a) [f. Scirrhus+ -oid.] (طب) تصلیب اللوزتین : جزو نما : جزو آسا ۔

Scirrhosity : (n) [mod. L. 'Scirrhositas'.] گلٹی ۔

Scirrhous : (a) [Fr. 'Scirr(h)eux'.] (۱) جزدی ۔ (۲) (مجازاً) سخت دل : بے حس ۔

Scirrhus : (n) [mod. L.] جزد (ایک قسم کی سخت رسولی ، سرطان کی ابتدائی حالت) : ورم سرطان ۔

Scissel : (n) [Fr. 'Cisaille'.] دھات کی کترن : دھات کا برادہ : دھات کا چورا (خاص کر وہ کترن جس میں سے سکہ کے لئے دھات کاٹ لی گئی ہو) ۔

Scissile : (a) [L. 'Scissilis'.] کٹنے کے قابل : بریدنی : قطع پذیر : شاخی ۔

Scission : (n) [Fr. 'Scission'.] (۱) قطع و برید : کاٹ چھانٹ ۔ (۲) جدائی : علاحدگی : تفرقہ ۔

Scissiparity : (n) [L. 'Sciss- + 'parere' + -ity.] انشقاقی تولید ۔

Scissor : (v) (۱) کاٹنا : کترنا : قینچی سے کاٹنا یا کترنا ۔ (۲) کتاب میں سے کاٹ لینا : علاحدہ کر لینا ۔ (۳) کم کرنا : تخفیف کرنا : نکال دینا : خارج کر دینا ۔ (۴) قینچی کی شکل میں پکڑنا یا لگانا : پاؤں پر پاؤں رکھنا (اس طرح کہ قینچی کی شکل بن جائے) ۔

Scissor-bill : (n) ایک قسم کا آبی جانور : ابو میقص ۔

Scissor-bird : (n) مقریض دم ۔

Scissor-tail : (n) مقراض دم (پرند) .

Scissorer : (n) (۱) کاٹنے والا . (۲) ترتیب دینے والا .

Scissors : (n) [Late ME. 'Sisoures'.] (۱) قینچی ؛ کترنی ؛ مقراض . (۲) (کشتی) ایک داؤ ؛ مقراضی داؤ .

Scissor(s) grinder : (n) (۱) قینچی پر سان چڑھانے والا . (۲) دیکھو Night jar .

Sciurine : (a) [L. 'Sciurus'.] گلہری کی قسم کا ؛ گلہری جیسا .

Sciurine : (n) گلہری .

Sciuroid : (a) (۱) (حیوانیات) گلہری نما ؛ گلہری کا یا گلہری سے متعلق . (۲) (نباتیات) گلہری دُمہ .

Sciuromorph (a) [mod. L. 'Sciuromorpha'.] ایک قسم کا کترنے والا جانور .

Sciuromorphic : (a) ایک قسم کے کترنے والے جانور سے متعلق .

Sciuromorphine : (a) دیکھو Sciuromorphic

Sclaff : (v) [Sc.] (۱) (گولف) (گیند کو مارنے سے پہلے) بلے کے سرے سے زمین کھرچنا . (۲) گیند کے پیچھے کھرچنا ؛ زمین کو کھرچنے کے بعد گیند پر ضرب لگانا .

Sclera : (n) [mod. L.] (تشریح) صلبیہ ؛ سفیدۂ چشم ؛ آنکھ کا سخت طبقہ .

Scleral : (a) صلبیہ سے متعلق .

Sclerema : (n) [Fr. 'Sclereme'.] شحمی صلابت ؛ خلیہ دار بافت کا سخت ہو جانا .

Sclerenchyma : (n) [mod. L.] (۱) (حیوانیات) کالبد سخت ؛ مرجان کے ریشے . (۲) (نباتیات) ریشۂ سخت ؛ چھلکے یا خول .

Sclerenchymatous : (a) ریشۂ سخت سے بنا ہوا .

Scleriasis : (n) (مرضیات) جزد ؛ ورم سرطان ؛ نسیجی صلابت ؛ سخت رسوبی ؛ صلابت جلد .

Sclerite : (n) [Gr. 'Skleros + -ite.] صُلبہ حشرہ .

Scleritic : (a) صُلبہ حشرہ سے متعلق .

Scleritis : (n) (۱) سوزش صلبیہ ؛ ورم صلبیہ . (۲) دیکھو Sclerotitis .

Sclero- : (Prefix) سابقہ بمعنی "سخت" .

Sclero-iritis : (n) سفیدۂ چشم اور پردۂ غبیبیہ کا ورم .

Sclerobase : (n) (حیوانیات) مرکب کِرنی حوینات کا محوری مہرہ یا ساق پر .

Sclerobasic : (a) مرکب کِرنی حوینات کے محوری مہرہ سے متعلق .

Scleroblast : (n) (۱) (نباتیات) خلیہ سخت ریشہ . (۲) (حیوانیات) وہ نسیج جن سے سوزن اسفنج پیدا ہوتا .

Scleroderm : (n) (۱) ایک قسم کی سخت فلس والی مچھلی . (۲) ایک قسم کا کثیر پا .

Scleroderma : (n) (مرضیات) تصلّب جلد .

Sclerodermatous : (a) سخت جلد ؛ سخت کھال والا .

Sclerodermia : (n) دیکھو Scleroderma

Sclerodermic : (a) (۱) (مرضیات) تصلّب جلد سے متعلق . (۲) (حیوانیات) ایک قسم کے کثیر پا سے متعلق .

Sclerodermite : (n) (۱) وہ سخت چیز جس میں قشریہ کا ڈھانچ بنتا ہے .

Sclerogen : (n) (نباتیات) سخت ریشہ زا ؛ مادۂ سخت ساز ؛ وہ مادہ جو پودوں کے خلیوں کی اندرونی جانب ہوتا ہے مثلاً اخروٹ کے خول کے اندر .

Sclerogenic : (a) (مرضیات ، طبیعیات) سختی پیدا کرنے والا .

Sclerogenous : (a) دیکھو Sclerogenic

Scleroid : (n) [Gr. 'Skleros' + -oid.] (حیوانیات و نباتیات) سخت ساخت کا ؛ سخت بناوٹ کا ؛ صلبی ؛ سخت .

Scleroma : (n) [mod. L.] (تشریح) صلابت (بافت) ؛ تصلّب النساج ؛ نسیجی صلابت .

Scleromeninx : (n) دیکھو Dua-mater

Sclerometer : (n) سختی پیما .

Scleromucin : (n) ایک قسم کا لس دار نائٹروجنی مادہ .

Sclerosed : (a) (۱) (مرضیات) مریض تصلب ؛ تصلب زدہ ؛ صلبی ؛ صلب ۔ (۲) (نباتیات) سخت بافتہ ؛ چوبی ؛ لکڑی کا بنا ہوا ۔

Sclerosis : (n) [med. L.] (۱) (مرضیات) تصلیب النساج ۔ (۲) (نباتیات) تصلب بافت ؛ سختی خلایا یا خلایا کا سخت ہو جانا ۔

Scleroskeleton : (n) صلابت بافت ؛ نسوں اور پٹھوں کی سختی ؛ نسوں اور پٹھوں کا سخت ہو جانا ؛ نسوں کا ہڈی بن جانا ؛ سخت کا لبد ۔

Sclerotal :(n) [mod. L. 'Sclerotis' + -al.] (بعض پرندوں اور رینگنے والے جانوروں کے) دیدہ صلبیہ کی حفاظت کرنے والے عظمی حلقے کی ساخت ۔

Sclerotic : (a) [mod. L. 'Sclerotica'.] (۱) صلبی ؛ سفیدۂ چشم سے متعلق ۔ (۲) نسیجوں کو سخت کرنے والی (دوا) ۔ (۳)(مرضیات) تصلب النساج سے متعلق ؛ تصلب زدہ ۔ (۴) (نباتیات) سخت ۔

Sclerotic : (n) (۱) (تشریح) صلب ؛ پردۂ چشم ؛ جھلی ؛ جالا ؛ سفیدۂ چشم ؛ صلبیہ ۔ (۲) گوشت وغیرہ کو سخت بنانے والی دوا ۔

Sclerotic : (a) ارگٹ کا (Ergot) کا سب سے زیادہ مؤثر مادہ ۔

Sclerotic bone / -plate : (n) Sclerotal دیکھو

Sclerotic cells : (n) صلبی خلایا ۔

Sclerotic ring : (n) دیدے کی جھلی سے بنا ہوا حلقہ ۔

Sclerotica : (n) صلبیہ ؛ پردۂ چشم ۔

Sclerotitis : (n) سوزش صلبیہ ؛ التہاب صلبیہ ؛ ورم صلبیہ ۔

Sclerotium :(n) (۱) صُلبہ ۔ (۲) جسم صلبی ۔

Sclerotome : (n) (۱) ایک سخت مادہ جو جسمہ عضلا کے درمیان ہوتا ہے ۔ (۲) صلبیہ تراش ۔

Sclerotomy : (n) (جراحی) صلبیہ تراشی ۔

Sclerous : (a) [Gr. 'Skleros'.] (۱) متصلب ؛ سخت ؛ استخوانی ۔ (۲) (مرضیات) تصلب زدہ ۔

Scob : (n) [Origin unkn.] لکڑی کی کھپچی یا قمچی ۔

Scobby : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی گانے والی چڑیا ۔

Scobiform : (a) [L. 'Scobis' + -form.] (نباتیا) چورا سا؛ برادہ نما ۔

Scobinate : (a) [L. 'Scobina' + -ate.] گرہ دار ؛ یا گلٹی دار ۔

Scodgy : (n) [Origin unkn.] دیکھو Drudge

Scoff : (n) [Scand. Origin.] (۱) طعنہ ؛ طعن ؛ طنز ؛ تشنیع ؛ تضحیک ؛ تسخر ؛ مسخرگی ۔ (۲) نقل مجلس ؛ تضحیک کا نشانہ یا ہدف ۔

Scoff : (n) [S. Afr. 'Du. 'Schoff.] کھانا ؛ غذا ؛ خوراک ۔

Scoff : (v) طعنہ دینا ؛ طعن کرنا ؛ طعن و تشنیع کرنا ؛ مضحکہ اڑانا ؛ تضحیک کرنا ؛ تمسخر کرنا ؛ خاکہ اڑانا ؛ ہنسی کرنا ۔

Scoff : (v) (۱) کھانا ؛ مربھکا کی طرح کھانا ؛ پیٹو کی طرح کھانا ۔ (۲) کھانا کھلانا ۔ (۳) چھین لینا ؛ غبن کرنا ؛ لوٹنا ۔

Scoffer : (n) طعنہ دینے والا ؛ طنز کرنے والا ؛ مضحکہ اڑانے والا ؛ طعنہ زن ۔

Scoffing : (a) تمسخر آمیز ؛ مضحکہ آمیز ۔

Scoffingly : (adv.) طعنہ زنی سے ؛ ازراہ تضحیک ؛ حقارت آمیز ۔

Scoggin : (n) مسخرہ ؛ درباری مسخرا ۔

Scoison arch : (n) [Refashiones f. 'Scuncheon'.] پشت محراب ؛ پس کمان ۔

Scoke : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا پودا ؛ خربق امریکی ۔

Scold : (n) [ON. 'Skald.] (۱) زبان دراز عورت ؛ منہ پھٹ ، دریدہ دہن عورت ۔ (۲) ڈانٹ ڈپٹ ؛ جھڑکی ؛ گھڑکی ۔

Common scold : زبان دراز عورت (محلے کی) ۔

Scold : (v) (۱)دھمکانا ؛ جھڑکنا؛ گھڑکنا ؛ ڈانٹنا؛ ڈپٹنا ۔ (۲)سرزنش کرنا ؛ گوشمالی کرنا ؛ تنبیہ کرنا ؛ چشم نمائی کرنا ۔

Scolder : (n) دھمکانے والا ؛ سرزنش کرنے والا ؛ ڈانٹنے والا ۔

Scolder : (n) صدف گیر (پرند) ۔

Scolding : (n) (۱) سرزنش ؛ چشم نمائی ؛ گوشمالی ؛ تنبیہ ۔ (۲) ڈانٹ ڈپٹ ؛ جھڑکی ؛ گھڑکی ۔

Scolding lock : (n) گھونگریالی لٹ (جو عموماً جھولتی رہتی ہے) ۔

Scoldingly : (adv.) ڈانٹتے ڈپٹتے ہوئے ؛ سرزنش کرتے ہوئے ۔

Scold's bit / -bridle : (n) سزا دینے کا ایک آلہ جس کے ذریعے زبان کو دبا دیا جاتا تھا ۔

Scolecid : (n) [mod. L. 'Scolecida'.] ایک قسم کا کیچوا ۔

Scolecite : (n) (۱) (معدنیات) الومینیم اور کیلسیم کا آبدار سلیکیٹ ۔ (۲) (نباتیات) بعض سما روغ کا کرم نما ثمر دان ۔

Scolex : (n) [Gr. 'Skolex.] سرکدودانہ ؛ جنینی حالت میں کیچوا ؛ جنینی کیچوا ۔

Scolion : (n) [Gr. 'Skolion'.] (قدیم یونان) گیت جسے ضیافت میں مہمان باری باری گاتے تھے ۔

Scolosis : (n) [Gr. 'Skoliosis'.] التواء (عموداً لفقرات کی جانبی خمیدگی) ۔

Scoliotic : (a) ملتوی ۔

Scolop : (n & v) دیکھو Scallop

Scolopaceous : (a) چہا نما ۔

Scolopacine : (a) [mod. L. 'Scolopacinus'.] چہے کا ؛ چہے جیسا ۔

Scolopecine :(n) چہا نما پرند ۔

Scolopender :(n) ہزار پا ؛ جنس ہزار پا ۔

Scolopendra : (n) [Gr. 'Skolopendra'.] دیکھو Scolopender

Scolopendrine : (a) ہزار پائی ؛ ہزار پایہ نما ؛ کنکھجورے جیسا ۔

Scolopendrium :(n) [mod. L.] ایک قسم کا فرن ؛ جنس ہرن زبان ؛ سقلو فندریوں ۔

Scolytid : (n) [mod. L. 'Scolytidae'.] بھونرے کی ایک قسم جو لکڑیوں میں سوراخ کرتا ہے ۔

Scomber :(n) [Gr. 'Skombros'.] ایک قسم کی مچھلی ؛ اسکامبر ۔

Scombroid : (a) اسکامبر صفت ؛ اسکامبر جیسی ۔

Scombroid : (n) اسکامبر مچھلی ۔

Sconce : (n) [OFr. 'Esconse'.] (۱) شمعدان دیواری ؛ شمع ؛ دیوار گیری ۔ (۲) چراغ دان ؛ شمع دان ۔

Sconce : (n) [Du. 'Schans'.] (۱) گڑھی ؛ کوٹ ؛ کوٹلا ؛ پایاب ندی نالالے کا ممبر ۔ (۲) پناہ ؛ جائے پناہ ؛ اوٹ ؛ پردہ ۔ (۳) پردہ ؛ اوٹ ۔ (۴) کھلے آتش دان کے بازو کی نشست ۔ (۵) تقریباً ڈوبی ہوئی برف کی چٹان ۔

Sconce : (n) وہ جرمانہ جو درسگاہوں میں قواعد کے خلاف عمل کرنے پر کیا جاتا ہے۔

Sconce : (v) (آکسفورڈ) کھانے پر بد تمیزی کے ارتکاب میں بیئر وغیرہ کا بند کر دینا ۔

Scone : (n) [ME. 'Schonbrot.] ایک قسم کا بڑا گول کیک ؛ ایسے کیک کا تکونا ٹکڑا ۔

Drop scone / Dropped- : ایک قسم کا چھوٹا کیک ۔

Scop : (n) [MLG. MDU. 'Schope'.] (۱) کفچہ ؛ کرچھا ۔ (۲) ڈوئی ؛ کفگیر ؛ ڈول ۔ (۳) کورنی ؛ چمچہ ۔ (۴) کوئلے ڈالنے کا کفچہ ۔

Scop : (n) (۱) کفچہ وغیرہ کی ایک حرکت یا گردش ؛ کفچہ بھر ۔ (۲) ایسا منافع جو فوراً حاصل کیا جائے اور حریفوں کو خبر نہ ہونے پائے ۔ (۳) (صحافتی عامیانہ) خاص خبر ۔ (۴) قدرتی گڈھا ؛ گڈھا جو بعض پرند انڈے دینے کے لئے زمین میں بناتے ہیں ۔ (۵) عورتوں کی پوشاک کا نیچا گلا ۔ (۶) قیف نما سوراخ جس سے سیال چیز جو خواہش کے مطابق کسی طرف لے جائی جاتی ہے ۔ (۷) بیلچہ نما عاکسہ (سنیما یا ٹیلیویژن اسٹوڈیو میں استعمال ہونے والا) ۔

Scoop : (v) (۱) (کفچے وغیرہ سے) نکالنا ؛ اٹھانا ۔ (۲) اکٹھا کرنا ؛ ڈھیر لگانا (کفچے وغیرہ کے ذریعے) ۔ (۳) گڑھا کرنا ؛ جوف پیدا کرنا ؛ کھوکھلا کرنا ۔ (۴) فوری کاروائی (یا قسمت) سے کسی سودے میں نفع کثیر حاصل کرنا ۔ (۵) (عام) زیادہ مقدار میں لینا ؛ دوسروں سے پہلے حاصل کر لینا ۔

Scoop car : (n) ریل کی پٹری سے رکاوٹیں دور کرنے کا انجن ۔

Scoop-net : (n) (۱) دریا کی تہ صاف کرنے کا جال ۔ (۲) چھوٹا دستی جال ۔

Scooper : (n) (۱) کھودنے والا ؛ کھوکھلا کرنے والا ۔ (۲) قلم ؛ چھینی ؛ کندہ کار کا اوزار ۔ (۳) پن ڈبی کی ایک قسم ۔

Scoopful : (n) کفچہ بھر۔

Scoot : (v) (۱) دوڑنا : لپکنا : جھپٹنا : نکل بھاگنا : کافور ہو جانا : رفو چکر ہو جانا ۔ (۲) پچکاری چھوڑنا : پچکاری کی طرح نکلنا۔

Scoot : (n) (۱) یکایک بہہ نکلنا ۔ (۲) پچکاری چھوڑنا ۔

Scoot : (n) (۱) ایک قسم کی سخت بھدی عمارتی لکڑی ۔ (۲) بیکار یا بے مصرف لکڑی کا لٹھا۔

Scooter : (n) (۱) دوڑنے والا : نکل بھاگنے والا ۔ (۲ (امریکا) ایک قسم کی کشتی جو پانی اور برف دونوں پر چلتی ہے ۔ (۳)بچوں کی کھلونا گاڑی (جس میں پتلے لکڑی کے تختے ہیں دو پہیے اور ایک گھمانے والا دستہ لگا رہتا ہے) ۔ (۴) اسکوٹر ۔ (۵) ایک قسم کا ہل جس میں ایک دستہ اور ایک بیلچہ لگا ہوتا ہے ۔

Scooter : (v) اسکوٹر پر جانا ۔

Scooter : (n) بحری بطخ : سیاہ مرغابی : ایک قسم کی بڑی بطخ جو سمندر میں رہتی ہو ۔

Scooterist : (n) اسکوٹر سوار : اسکوٹر چلانے والا ۔

Scooters : (n) شمالی امریکا کے ساحل کی ایک مچھلی ۔

Scop : (n) [OE.] قدیم انگریزی کا شاعر ۔

Scopa : (n) زیرہ برش : برش جیسے بالوں کا ایک گچھا جو شہد کی مکھیوں کی ٹانگوں پر ہوتا ہے : زر گل برش ۔

Scoparin : (n) ایک پیشاب آور مادہ جو سینگ (Broom) میں پایا جاتا ہے ۔

Scoparium : (n) [mod. L.] سینگ کی شاخوں کا قرابا دینی نام ۔

Scopate : (a) زیرہ برش دار ۔

Scope : (n) [It. 'Scopo'.] (۱) قانون کا مقصد : کسی تجویز کا مقصد یا معنی : مراد ۔ (۲) وسعت : حد : کشادگی ۔ (۳) موقع : آزادی ۔ (۴) گنجائش ۔ (۵) دسترس : رسائی : پہنچ : حدود ۔ (۶) میزائل یا میزائل کی قسم کے ہتھیاروں کی رسائی یا ان کا فاصلہ ۔ (۷) (بحری) لنگر کی زنجیر کی لمبائی (جہاں تک لنگر انداز ہونے کے بعد جہاز آگے بڑھ سکتا ہے) ۔

Beyond one's scope : وسعت سے زیادہ : دسترس سے باہر ۔

To give scope (to a person or thing) : موقع دینا ۔

To have scope / To take- : موقع نکالنا : موقع پانا ۔

Within one's scope : وسعت کے اندر : دسترس کے اندر ۔

-scope : (suffix) لاحقہ بمعنی "بین" "نما" ایسے آلات کے ساتھ آتا ہے جو مشاہدے اور دیکھنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں ۔

Scopeless : (n) بے وسعت : بے گنجائش ۔

Scopelid : (n) [mod. L. 'Scopelidae'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Scopeloid : (a) ایک قسم کی مچھلی سے متعلق ۔

Scopeloid : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Scopelus : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Scopic : (a) (۱) بصری : مرئی ۔ (۲) وسیع : محیط ۔

Scopiform : (n) [L. 'Scopa' - +form.] زیرہ برش نما : گچھے دار : گچھا نما۔

Scopol- : (کیمیا و ادویہ) جاپانی بلاڈونا کے بعض مادوں کے نام کے ساتھ آتا ہے ۔

Scopoline : (n) ایک اساس ($C_8 H_{13} O_2 N$) جو اتساعی دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Scops owl : (n) چھوٹے کانوں والا اُلو ۔

Scopula : (n) [L.] زیرہ بر شک : زر گل برش ۔

Scopulate : (a) خارشتی : برش نما ۔

Scopulipede : (n) برش نما پیر والی مدھو مکھی ۔

Scorbutic : (a) [mod. L. 'Scorbuticus'.] (۱) خارشی جیسا : مثل کھجلی والے کے ۔ (۲) خارش کے متعلق ۔

Scorbutic : (n) خارشی شخص ۔

Scorbutus : (n) [med. L.] اسقربوط: خضر: گوشت خورہ : خارشت ۔

Scorch : (n) (۱) سوزش : جلن ۔ (۲) جلنے کا نشان ۔ (۳) (سائیکل

یا موٹر سائیکل پر) سر پٹ بھاگنا۔

Scorch : (v) [ON. 'Skorpna'.] (۱) جلنا ؛ جلانا ؛ پھنکنا ؛ پھونکنا ؛ جھلسنا ؛ جھلسانا ۔ (۲) (عام) (سائیکل یا موٹر بان کا) سرپٹ جانا ۔

Scorched : (a) (۱) جلا ہوا ؛ جھلسا ہوا (آگ یا دھوپ کی گرمی سے) ۔ (۲) داغ نما ۔

Scorched earth : (a) اس پالیسی سے متعلق جس کی بنا پر ملک کی خوراک اور رسد کے تمام راستے تباہ کر دیئے جاتے ہیں جس سے دشمن کو فائدہ ہو سکتا ہے ۔

Scorcher : (n) (۱) جلانے والا ؛ پھونکنے والا ۔ (۲) (عام) بہترین نمونہ؛ اپنی قسم کا بہترین نمونہ ۔ (۳) بہت تیز سائیکل یا موٹر چلانے والا ۔ (۴) جلی کٹی (بات) ؛ طعن آمیز زجرو توبیخ ۔ (۵) (روز مرہ یا عامیانہ) بہت گرم دن ۔

Scorching : (a) سوزاں ؛ سوزندہ ۔

Scorching : (adv.) جلانے کی حد تک ۔

Scorching : (n) (۱) جلانا ۔ (۲) بھوراپن ۔

Scorchingly : (adv.) سوزندہ طور پر ۔

Scordatura : (n) [It.] (موسیقی) (کوئی خاص اثر پیدا کرنے کے لئے) تاروں والے باجے کا سر ٹھیک کرنا ۔

Score : (n) [Late OE. 'Scoru'.] (۱) نشان ؛ لکیر (کٹنے ، کھرچنے یا کھینچنے سے جو لکیر پڑ جاتی ہے) ۔ (۲) خط آغاز؛ دوڑ میں لکیر جہاں سے دوڑ شروع ہوتی ہے؛ خط استادگی ؛ وہ لکیر جس پر کھڑے ہو کر نشانہ بازی کے مقابلے میں نشانہ بازی کرتے ہیں ۔ (۳) (بحری) سوراخ یا چھید جس میں تسمہ باندھتے ہیں ۔ (۴) (موسیقی) تحریر یا مطبوعہ اوراق موسیقی جن میں گانے اور بجانے کے حصے الگ الگ جدولوں میں ایک دوسرے کے نیچے درج ہوتے ہیں ۔ (۵) حساب جاریہ (خصوصاً قدیم سراؤں میں حساب شراب) ۔ (۶) کھانے پینے کا حساب (کسی چائے خانے یا ہوٹل وغیرہ میں) ۔ (۷) نمبر ؛ وہ نمبر جو کوئی کھلاڑی کسی کھیل میں حاصل کرتا ہے ۔ (۸) رجسٹر نمبر ؛ وہ رجسٹر جس میں نمبر درج کئے جاتے ہیں ۔ (۹) بیس ؛ کوڑی ؛ بیسی ۔ (۱۰) بابت ؛ باب؛ بارے میں ؛ بوجہ ۔ (۱۱) پھبتی ؛ فقرہ ؛ آوازہ (کسنا) ؛ حرکت (تذلیل کی غرض سے) ۔ (۱۲) خوش قسمتی ۔ (۱۳) بیس یا اکیس پاؤنڈ کا وزن یا باٹ ۔ (۱۴) (عام) کامیاب چوری یا چوری کا مال ۔ (۱۵) نا گزیر حقیقت۔ (۱۶) (معاملے کی) اصلیت یا عقدہ ۔

To go off at score/ To set off - / To start off - : (۱) گھوڑے کا سرپٹ یا بکٹٹ دوڑ پڑنا ۔ (۲) (مجازاً) کسی مرغوب موضوع پر شد و مد سے تقریر شروع کر دینا ۔

To know the score : اصلیت جاننا ؛ عقدہ پانا ۔

To make a score off one's own bat : (مجازاً) خود سے (کرنا، حاصل کرنا) ۔

To pay, clear , quit a score or scores : حساب بے باق کرنا ؛ قرضہ چکانا ۔

Score : (v) (۱)نشان کرنا ؛ (چاقو وغیرہ سے) خط کھینچنا ؛ گودنا ؛ کھودنا ؛ شگاف کرنا ؛ شگاف ڈالنا (خصوصاً گوشت وغیرہ میں) ۔ (۲) (سرائے کے حساب میں) کسی کے نام رقم درج کرنا ۔ (۳) (مجازاً) دل میں رکھنا (رنج و ملال یا کسی کے بُرے برتاؤ کو) ؛ یاد رکھنا ؛ خیال رکھنا۔ (۴) حساب رکھنا ؛ حساب و کتاب رکھنا (کرکٹ وغیرہ کے نمبروں کا) ؛ شمار کرنا ؛ نمبر حاصل کرنا (کھیل میں) ۔ (۵) جیتنا ؛ کامیاب ہونا ؛ فائدہ حاصل کرنا ؛ خوش نصیب ہونا ۔ (۶) (موسیقی) آرکسٹرا کے لئے نغمہ ساز ترتیب دینا ۔ (۷) (بحری) سوراخ یا چھید بنانا ؛ سوراخ میں تسمہ باندھنا ۔ (۸) (امریکا) ڈانٹنا ؛ برا بھلا کہنا ۔ (۹) (عام) لاجواب کرنا ؛ قائل کرنا ؛ مات کرنا یا دینا ۔ (۱۰) کسی مرغوب موضوع پر شد و مد سے تقریر شروع کرنا ۔ (۱۱) صلاحیت یا قابلیت کا اندازہ یا پتا لگانا۔ (۱۲)(عام) خواب آور دوا خریدنا (خصوصاً ناجائز طور پر) ۔

To score a miss : دیکھو Miss

Score-board : (n) (۱) شراب خانے کا سیاہ تختہ جس پر قرض کا حساب لکھا جاتا ہے ۔ (۲)(کرکٹ) تختۂ شمار ۔

Score-book : (n) کتاب نمبر ؛ کتابچہ نمبر ؛ نمبروں کی کتاب ۔

Score-card : (n) نمبر نامہ ؛ نمبر کارڈ ؛ نمبروں کا کارڈ (جس میں تماشائی کھیل کا نمبر لکھ دیتے ہیں) ۔

Score-game : (n) (گولف) کھیل جس کا فیصلہ ضربوں سے ہوتا ہے ۔

Score off : (v) (عام) لاجواب کرنا ؛ (بحث میں) ہرا دینا ؛ شکست دینا ؛ قائل کرنا ؛ حاضر جوابی میں مات کرنا ؛ عاجز کرنا۔

Scorer : (n) (۱) درختوں پر نشان لگانے والا (گرانے کے لئے) ۔ (۲) نشان بنانے کا آلہ ۔ (۳) (کھیل وغیرہ میں) حساب

رکھنے والا ؛ درج رجسٹر کرنے والا ؛ رجسٹر میں نمبر درج کرنے والا ۔

Score-sheet : (n) نمبروں کا ورق یا تختہ ۔

Scoria : (n) [Gr. 'Skoria'.] (۱) تفالۂ معدن ؛ میل یا فضلہ جو کچی دھات کے صاف کرنے کے بعد رہ جاتا ہے ۔ (۲) کھنگر جیسا مادہ جو کھولتے ہوئے لاوا کے سرد ہونے پر رہ جاتا ہے ؛ رماد برکان ۔

Scoriac : (a) رمادی ؛ میل یا فضلے کی خاصیت کا ؛ تفالی ۔

Scoriaseous : (a) دیکھو Scoriac

Scorification : (n) تپاؤ ؛ تفال سازی ؛ تپاتصفیہ ؛ امتحان ؛ پرکھ (تپانے سے) ۔

Scorifier : (n) (۱) پرکھنے والا ۔ (۲) تپا کھٹالی ۔

Scoriform : (a) تفال معدن یا رماد برکان کی شکل کا ۔

Scorify : (v) (۱) خاک کرنا ؛ راکھ کرنا ۔ (۲) تپانا ؛ تاؤ دینا (سونے چاندی کو پرکھنے کے لئے) ۔ (۳) رماد برکان میں تبدیل ہونا ۔

Scoring : (n) (۱) نشان ؛ نشان کرنا ۔ (۲) نمبر حساب ۔

Scoring-board : (n) دیکھو Score-board

Scoring-book : (n) دیکھو Score-book

Scorious : (a) تفالۂ معدن یا رماد برکان جیسا ۔

Scorn : (n) [OFr. 'Escarn'.] (۱) نفرت ؛ حقارت ۔ (۲) تضحیک ؛ استہزا ۔ (۳) توہین ؛ تحقیر ۔ (۴) لائق حقارت ؛ موجب ذلت ۔

To laugh to scorn : مضحکہ اڑانا ؛ تذلیل کرنا ۔

To speak scorn of : برا بھلا کہنا ؛ گالیاں دینا ۔

To think scorn of : کسی کو حقیر یا ذلیل سمجھنا ۔

To think (it) scorn : حقارت سے دیکھنا ؛ تحقیر کرنا ۔

Scorn : (v) (۱) نفرت کرنا ؛ حقارت سے دیکھنا ۔ (۲) حقیر سمجھنا ؛ ذلیل یا برا خیال کرنا ۔

Scorner : (n) نفرت کنندہ ؛ حقارت سے دیکھنے والا ۔

Seat (chair, stool) of the scorner : مذہب سے نفرت کرنے والے کا رویہ ۔

Scornful : (a) حقارت آمیز ؛ پر حقارت ؛ ذلت آمیز ۔

Scornfully : (adv.) حقارت آمیزی سے ۔

Scornfulness : (n) حقارت آمیزی ؛ ذلت آمیزی ۔

Scorodite : (n) [G. 'Skorodit'.] لوہے کا آبدار فاسفیٹ ۔

Scorpaena : (n) [Gr. 'Skorpaena'.] جنس عقرب بحری ؛ عقرب ماہی ۔

Scorpaenid : (n) عقرب ماہی ۔

Scorpaenoid : (a) گوشت خور مچھلی کی ایک جنس سے متعلق ۔

Scorpaenoid : (n) ایک قسم کی گوشت خور مچھلی ۔

Scorpene : (n) دیکھو Scorpaena

Scorper : (n) [A *misspelling* of 'Scauper'.] دیکھو Scauper

Scorpio : (n) [L.] (فلک) عقرب ؛ برجھک ؛ برج عقرب (آٹھواں برج) ۔

Scorpioid : (a) [Gr. 'Skopioides'.] (نباتیات) عقربی ؛ عقرب کی دم سے مشابہ ۔

Scorpioid : (n) (۱) گل عقربی یعنی ایسا پھول جو آخر میں بچھو کی دم کی طرح مڑا ہوا ہو اور کھلنے پر کھلتا جائے ۔ (۲) عقرب ؛ بچھو ؛ بچھو کی طرح کا جانور ۔

Scorpioid cyme : (n) عقرب کوبیا ؛ کامکہ ۔

Scorpoidal : (a) عقربی ؛ بچھو کی طرح کا ۔

Scorpion : (n) [Fr. 'Scorpion'.] (۱) بچھو ؛ عقرب ۔ (۲) (نقابت) عقرب کی تصویر ۔ (۳) برج عقرب ۔ (۴) عقرب ماہی ۔ (۵) ایسا چابک جس میں کیلیں لگی ہوتی تھیں ؛ آزار رسانی کا ایک آلہ ۔ (۶) منجنیق ۔ (۷) کسی چیز کی خلش ۔

Scorpion bug : (n) (امریکا) عقرب آبی ۔

Scorpion fish :(n) عقرب بحری ؛ ایک قسم کی مچھلی ۔

Scorpion fly : (n) بچھو مکھی ۔

Scorpion grass : (n) گل وفا ۔

Scorpion senna : (n) جنوبی یورپ کا ایک پودا ۔

Scorpion-shell : (n) بحر ہند اور بحرا لکاہل میں پایا جانے والا معدہ پا ؛ ایک قسم کی مچھلی ۔

Scorpion spider : (n) بچھو مکڑی ۔

Scorpion-wort : (n) (۱) دیکھو Scorpion grass ۔ (۲) ایک قسم کا پودا جو جنوبی یورپ میں پایا جاتا ھے ۔

Scorpionic : (a) عقربی ؛ بچھو سے متعلق یا مشابہ ۔

Scorpionid : (a) [mod. L. 'Scorpionidae'.] بچھو کی ایک جنس سے متعلق ۔

Scorpion's tail : (n) بعض قسم کے پودوں کا نام ۔

Scorpion's thorn : (n) جنوب مغربی یورپ کا ایک پودا ۔

Scorse : (v) [prob. alt. of 'Corse'.] مبادلہ کرنا ؛ بدلائی کرنا ؛ چیز کے بدلے چیز کا لین دین کرنا ۔

Scorser : (n) مبادلہ کرنے والا ۔

Scorzonera : (n) [It.] ایک پودا جس کی جڑ بطور ترکاری استعمال ھوتی ھے ۔

Scot : (n) [OE.] (۱) وہ لوگ جو چھٹی صدی عیسوی میں نقل مکان کر کے آئرستان سے اسکاچستان آئے تھے ۔ (۲) اسکاچستان کا باشندہ ؛ اسکاچ ۔

Scot : (n) [ON. 'Skot'.] (۱) ٹیکس ؛ محصول ۔ (۲) معاون ؛ چندہ ؛ تفریح کے لئے ادائی ۔

To pay (a person off) lot and scot : (مجازاً) حساب بے باق کرنا ؛ چکانا ۔

To pay (for) one's scot : کسی تفریح کے لئے چندہ دینا ۔

Scot and lot : (n) بلدیاتی محصول ۔

Scot-free : (a) کچھ ادا نہ کرنا ھو (عام طور پر) نلوہ ؛ صحیح و سالم ؛ بغیر ضرر پہنچے ۔

Scotch : (n) (۱) کاٹ ؛ قطع ؛ زخم ؛ گھاؤ ۔ (۲) زمین پر نشان یا لکیر بچوں کے کھیل Hopscotch میں ۔

Scotch : (n) [OFr. 'Escache'.] کوئی روڑا یا لکڑی کا کندہ جو گاڑی کے پہیے کے نیچے لگا دیا جاتا ھے تاکہ ڈھلان پر گاڑی لڑھک نہ جائے ۔

Scotch : (n) [var. of 'Scottish'.] (۱) اسکاچستان کے اضلاع زیریں کی انگریزی بولی ۔ (۲) اسکاچستانی وہسکی ۔ (۳) اسکاچی ؛ اسکاچستانی ؛ اسکاچی زبان ۔

The scotches : اسکاچستانی باشندے ۔

Scotch : (a) اسکاچی ؛ اسکاچستانی ۔

Scotch : (v) (۱) زخمی کرنا ؛ گھائل کرنا ؛ ادھ موا کرنا ۔ (۲) چور دینا ؛ کچلنا ۔ (۳) جھوٹ ثابت کرنا ۔

Scotch : (v) (لڑھکنے سے روکنے کے لئے گاڑی کے نیچے) روک لگانا ۔

Scotch acre : (n) ۶،۵۸۴ مربع گز اسکاچستانی ایکڑ ۔

Scotch-bonnet : (n) اہل اسکاچستان کی ٹوپی ۔

Scotch-broom : (n) ایک قسم کی جھاڑی جس کے پھول زرد یا سرخ ھوتے ہیں ۔

Scotch-broth : (n) شوربا جو جَو ، ترکاری اور گائے یا بکری کے گوشت سے بنتا ھے ۔

Scotch-cap : (n) گف اور مضبوط اونی کپڑے کی مردانہ ٹوپی جس میں چھجا نہیں ھوتا ھے ۔

Scotch-catch : (n) اسکاچستانی لَے ۔

Scotch collops : (n) گوشت کا پارچہ اور پیاز ۔

Scotch cousin : (n) دور کے رشتہ دار ۔

Scotch-edge : (n) جوتے کے تلے کا نکلا ھوا حصہ ۔

Scotch-ell : (n) ۳۷،۰۹۵۸ انچ ۔

Scotch fiddle : (n) دیکھو Itch

Scotch fingering : (n) ایک قسم کا اونی دھاگا جس سے بُنائی کی جاتی ھے ۔

Scotch fir : (n) اسکاچستانی پشم ؛ اسکاچستانی سمور ۔

Scotch-grain / Scotch-grain leather : (n) موٹا دانہ دار چمڑا ۔

Scotch-Irish : (a) شمالی آئرستانی ۔

Scotch-kale : (n) ارغوانی پتوں والی گوبھی ۔

Scotch-man : (n) (۱) باشندۂ اسکاچستان (مرد) ۔ (۲) لندن اور اڈنبرا کے درمیان چلنے والی تیز رفتار ریل گاڑی کا نام ۔ (۳) (بحری) چمڑے ، لکڑی یا لوہے کا ٹکڑا جو رگڑ سے بچنے کے لئے رسے میں لگایا جاتا ہے ۔

Scotch-mist : (n) (اسکاچستانی کُہر) گہری کُہر جو اسکاچستان کی پہاڑیوں پر جمی رہتی ہے ۔

Scotch-pebble : (n) عقیق وغیرہ کی ایک قسم ۔

Scotch-pine : (n) ایک قسم کا صنوبر ۔

Scotch-snap : (n) دیکھو Scotch-catch

Scotch-spur : (n) (نقابت) خاردار مہمیز کا نشان ۔

Scotch-terrier : (n) اسکاچستانی ٹیریر ؛ ایک قسم کا ولائتی کتّا ۔

Scotch-thistle : (n) گوکھرو ؛ اسکاچستان کا قومی نشان ۔

Scotch verdict : (n) (۱) اسکاچستانی فیصلہ ("جرم ثابت نہیں ہوا")۔ (۲) غیر فیصل تجویز ۔

Scotch-whisky : (n) اسکاچی وہسکی ؛ ایک قسم کی وہسکی جس میں دھوئیں کی سی بو ہوتی ہے اور جو ابتداء میں اسکاچستان میں بنائی جاتی تھی ۔

Scotch-woman : (n) اسکاچستانی عورت ۔

Scotch-woodcock : (n) ٹوسٹ جس پر سمنورہ اور انڈا لگا یا ہوا رہتا ہے ۔

Scotched : (a) کٹا ہوا ؛ زخم خوردہ ؛ زخمی ۔

Scotchy : (a) اسکاچستانی کی طرح کا ۔

Scoter : (n) [Origin unkn.] دیکھو Scooter

Scotia : (n) [Gr. 'Skotia'.] (تعمیرات) مجوف حاشیہ خصوصاً ستون کی کرسی کا ؛ کھوکھلا گولا ۔

Scotic : (a) [late and med. L. 'Scoticus'.] قدیم آئرستانیوں کا یا ان سے متعلق جو اسکاٹ لینڈ آئے تھے ۔

Scotism : (n) ڈاکٹر ڈینس اسکائس کا فلسفہ یا مابعد الطبیعیات ۔

Scotist : (n) [mod. L. 'Scotista'.] ڈینس اسکائس کا مقلد ۔

Scotland yard : (n) لندن کی خفیہ پولیس ؛ سراغ رساں پولیس کا مستقر یا صدر مقام ۔

Scoto- : (Prefix) [L. 'Scotus'.] لاحقہ بمعنی "اسکاچستانی" ۔

Scotodinia : (n) اندھیری ؛ گھمیر ؛ دوار ؛ چکر ؛ دوران سر جس میں سردرد اور بینائی کمزور ہو جاتی ہے ۔

Scotograph : (n) تاریک نگار ؛ اندھیرے میں لکھنے کا آلہ ؛ آلۂ کوراں ۔

Scotoma : (n) [Gr. 'Skotoma'.] (طب) رقبۂ تیرگی ؛ تیرہ ؛ داغ تیر ؛ تیرۂ چشم ۔

Scots : (a) [var. of 'Scottish'.] اسکاچی ؛ اسکاچستانی ۔

Scots grey : (n) (۱) سواروں کے دستے کا نام ۔ (۲) ایک قسم کا مچھر ۔

Scotsman : (n) دیکھو Scotch-man

Scotswoman : (n) دیکھو Scotch-woman

Scottice/ Scotice : (adv.) اسکاچستانی زبان میں ۔

Scotticism / Scoticism : (n) (۱) اسکاچی لفظ ؛ محاورہ یا فقرہ ۔ (۲) اسکاچی چیزوں سے ہمدردی ۔

Scotticize : (v) (۱) عادت یا بول چال میں اسکاچستانی کی تقلید کرنا۔ (۲)اسکاچی خصلت و کردار کی پیروی کرنا ؛ اسکاچستانی اوضاع و اطوار کی ریس کرنا ۔ (۳) (غیر ملکی الفاظ وغیرہ کو) اسکاچستانی بنانا ۔

Scottie : (n) دیکھو Scotchman

Scottify : (v) دیکھو Scotticize

Scottish : (a) اسکاچستانی ؛ اسکاچی ۔

Scottish : (n) اسکاچستانی زبان ۔

Scoundrel : (n) [Origin unkn.] شہدا ؛ بد معاش ؛ بد ذات ؛ پاجی ؛ بے اصول ۔

Scoundreldom : (n) (۱) بد معاشی ؛ بد ذاتی ؛ پاجی پن ۔ (۲) دنیائے

بد معاشی : شہداپن ۔

Scoundrelism : (n) بد معاشی : شہداپن : بد ذاتی ۔

Scoundrelly : (a) شہدا : بد معاش : بد ذات ۔

Scoup : (v) [ME. 'Scoupen'.] کودتے ہوئے دوڑنا ۔

Scour : (n) (۱) طلا آمیز مٹی کو دھونے کا آلہ ۔ (۲) ندی یا نہر کی صفائی دھارے یا سیل کے ذریعہ ۔ (۳) ندی یا نہر کا وہ حصہ جہاں دھارے کے ذریعے اس کی صفائی ہوتی رہتی ہے ۔ (۴) اسہال (مویشیان) ۔ (۵) منجھائی : صفائی : رگڑائی ۔ (۶) اون وغیرہ صاف کرنے کا مسالہ ۔ (۷)(اسکاچستان) چکی ۔

Scour : (n) دوڑ : جھپٹ : جلدی جلدی چلنا ۔

Scour : (v) [Origin unkn.] (۱) مانجھنا : ملنا : رگڑنا : صاف کرنا : رگڑ کر چمکانا ۔ (۲) فائر کے بعد بندوق کی نال صاف کرنا ۔ (۳) (کپڑے ، اون وغیرہ سے) گندگی دھونا : داغ دور کرنا : دھبا مٹانا : دور کرنا ۔ (۴) (مزاحاً) چہرہ ، ہاتھ پاؤں مل مل کر دھونا : زخم وغیرہ دھونا ۔ (۵)آنت کو صاف کرنا : جلاب دینا ۔ (۶) ندی ، نہر ، تالاب وغیرہ کی صفائی ۔ (۷)پانی کے دھارے سے صاف کرنا ۔ (۸)(مویشیوں کو)اسہال ہونا: پیٹ چلنا۔ (۹)(مجازاً) (کسی مقام یا سمندر وغیرہ کو) دشمنوں سے پاک کرنا ۔ (۱۰)گولوں کی بوچھار کرنا ۔ (۱۱) ہٹانا : چھٹکارا پانا۔

Scour : (v) (۱) دوڑنا : جلدی جلدی قدم اٹھانا (تلاش یا تعاقب میں) ۔ (۲) دوڑنا : بھاگنا ۔ (۳) جلدی سے طے کرنا یا گزرنا ۔ (۴) آوارہ گردی کرنا (شب میں) : (گلیوں میں) شور مچاتے ہوئے پھرنا : پہرہ داروں یا راہگیروں کے ساتھ بد سلوکی کرنا ۔

Scoured : (a) مانجھا ہوا : صاف کیا ہوا ۔

Scoured : (n) (آسٹریلیا) صاف کیا ہوا اون ۔

Scourer : (n) سترھویں اور اٹھارھویں صدی عیسوی کے آوار گرد جو رات میں گلیوں میں گزرتے وقت کھڑکیوں کے شیشے توڑتے پھرتے تھے یا پہرہ داروں یا راہگیروں کو مارتے چلتے تھے ۔

Scourer : (n) (۱) صاف کرنے والا : مانجھنے والا ۔ (۲) بندوق کی نال صاف کرنے کا آلہ ۔

Scourge : (n) [OFr. 'Escurge, Escorge'.] (۱) تازیانہ : چابک : کوڑا: درّہ ۔ (۲) مذاقی تازیانہ یا سزا : ذریعۂ عقوبت یا انتقام (آسمانی عقوبت یا سزا مثلاً جنگ یا وبا یا وحشی فاتح وغیرہ)۔ (۳) آفت سماوی کی وجہ: آفت : بلا ۔ (۴) وبا ۔

The scourge of God : پانچویں صدی عیسوی میں ہن (Huns) کے رہنما (Attila) کا خطاب (جو مورخوں نے دیا ہے) ۔

Scourge : (v) [OFr. 'Escorgier'.] (۱) چابک لگانا : تازیانہ لگانا : کوڑا مارنا ۔ (۲) سزا دینا : تادیب کرنا ۔ (۳) ایذا پہنچانا : اذیت پہنچانا : ستانا : مبتلائے آلام کرنا : عقوبت پہنچانا : ظلم و ستم کرنا : جبر کرنا : تعدی کرنا ۔ (۴) (زمین کی) زرخیزی کو ختم کر دینا : بنجر بنا دینا ۔

Scourger : (n) تازیانہ لگانے والا : کوڑے مارنے والا ۔

Scouring-rush : (n) ایک قسم کا پودا جو لکڑی پر پالش کرنے کے کام آتا ہے ۔

Scouse : (n) [shortened f. 'Lobscouse'.] (۱) دیکھو Lobscouse ۔ (۲) (عام) لیورپل کا باشندہ : لیورپل کی بولی یا زبان ۔

Scouse : (a) لیورپل کا یا اس سے متعلق ۔

Scout : (n) [MDU. 'Schute'.] چپٹے پیندے والی و لندیزی کشتی ۔

Scout : (n) [OFr. 'Escoute'.] (۱) جاسوسی : مخبری : سراغ رسانی ۔ (۲) جاسوس : سراغ رساں : مخبر : خبر رساں : وہ سپاہی جو دشمن کی تعداد و حالت وغیرہ سے متعلق معلومات بہم پہنچانے کے لئے بھیجا جاتا ہے ۔ (۳)(جنگی) نگراں جہاز یعنی وہ جہاز جو آس پاس کے حالات کی خبر رکھتا ہے ۔ (۴) چھوٹا تیز ایک نشستی طیارہ ۔ (۵) A.A یا R.A.C. کا پہرہ دار ۔ (۶) تلاش : جستجو : کھوج (خصوصاً فوجی) ۔ (۷) اسکاؤٹ ۔

Boy scout : بوائے اسکاؤٹ : اس جماعت کا رکن جس کا منشا یہ ہے کہ لوگوں میں حوصلہ مندی ، خدمت خلق وغیرہ کا مادہ پیدا کیا جائے ۔

On the scout : (جنگی) تلاش یا خبر رسانی پر معمور ۔

Scout : (n) [Origin unkn.] (آکسفورڈ) ملازم کلیہ : خدمت گار ۔

Scout : (n) [Origin unkn.] بعض انگلستانی پرندوں کا نام ۔

Scout : (v) [OFr. 'Escouter'.] (۱) اسکاؤٹ کا کام کرنا : مخبری یا جاسوسی کرنا ۔ (۲) مخبری کی غرض سے قراولی کرنا ۔

Scout : (v) [Of. Scand Origin.] (۱) مضحکہ اڑانا : تضحیک کرنا ۔ (۲) کسی تحریک کی ہنسی اڑانا : کسی خیال کی تضحیک کرنا ۔

Scout-car : (n) تیز رفتار مسلح گاڑی (موٹر) جو قراولی کا کام کرتی ہے۔

Scout-master/ Scoutmaster : (n) اسکاؤٹ ماسٹر ؛ جماعت اسکاؤٹ کا افسر۔

Scout-master General : (n) پارلیمانی فوج کے محکمۂ خبر رسانی کا صدر۔

Scouth : (n) [Origin unkn.] (۱) گنجائش ؛ حد ؛ وسعت۔ (۲) افراط ؛ کثرت۔

Scouther : (n) [Origin unkn.] (۱) ترشح ؛ ہلکی پھوار۔ (۲) ہلکی برف باری۔

Scove : (v) [Scand. origin.] اینٹ کے بھٹے پر باہر سے مٹی کی تہ چڑھانا تاکہ گرمی باہر نہ نکل سکے۔

Scow : (n) [Du. 'Schouw'.] چپٹے پیندے کی کشتی۔

Scow : (v) چپٹے پیندے والی کشتی سے پار کرنا (دریا وغیرہ) ؛ ایسی کشتی میں لے جانا۔

Scowder : (v) [Origin unkn.] دیکھو Scorch

Scowder/ Scouther : (n) خفیف جلن۔

Scowl : (n) (۱) خشمگیں انداز ؛ بد مزاجی ؛ ترش روئی ؛ ناک بھوں چڑھانا۔ (۲) (بادل کے) عناصر۔

Scowl : (v) [Of Scand origin.] (۱) ناک بھوں چڑھانا ، ترش روئی یا بد مزاجی دکھانا ؛ خفگی ظاہر کرنا ؛ قہر آلود نگاہوں سے دیکھنا۔ (۲) غضب آلود نظروں سے (مخاطب یا کسی شخص کو) دبا لینا۔ (۳) خفگی وغیرہ ظاہر ہونا۔

Scowler : (n) ناک بھوں چڑھانے والا ؛ قہر آلود نگاہوں سے دیکھنے والا۔

Scowlingly : (adv.) بد مزاجی سے ؛ ترش روئی سے ؛ خفگی سے۔

Scrab : (v) [Du. 'Sohrabben'.] دیکھو Scratch

Scrabble : (n) بد خطی ؛ بے قرینہ خطوں سے بنائی ہوئی تصویر یا دستاویز۔

Scrabble : (v) [MDU. 'Shrabbelen'.] (۱) انٹ سنٹ لکیریں کھینچنا ؛ بے قرینہ خط لکھنا۔ (۲) گھسیٹ لکھنا ؛ بد خطی سے لکھنا۔ (۳)(انجیل) ٹٹولنا ؛ اندھیرے میں ہاتھ پاؤں مارنا۔ (۴)(جانوروں کا) کھر مارنا ؛ (آدمی کا) ہاتھ یا پاؤں سے کھرچنا یا نوچنا۔ (۵) جد و جہد کرنا ؛ کدوکاوش کرنا ؛ ہاتھ پاؤں مارنا۔

Scrabbly : (a) کھردرا ؛ نا ہموار۔

Scrabe : (n) [Da. 'Scrabe'.] ایک قسم کا دریائی پرندہ ؛ ماہی بر ؛ ابو مقص۔

Scraber : (n) ماہی بر قسم کے دو پرندوں کے نام۔

Scrae : (n) [Of Scand origin.] (۱) پرانا پھٹا ہوا جوتا۔ (۲) لاغر شخص۔

Scraffle : (v) دیکھو Scramble

Scrag : (n) [Perh. alt. of Crag.] (۱) پتلا ؛ دبلا ؛ قاق ؛ مریل (جانور یا آدمی)۔ (۲) ہڈی دار گوشت خصوصاً بکرے کی گردن کا گوشت۔ (۳) (عام) انسان کی گردن۔ (۴) دیکھو Scrag whale۔

Scrag : (n) (۱) سوکھا ہوا پودا ؛ ٹھنٹھ۔ (۲) (درخت ، چٹان وغیرہ کا) نکلا ہوا حصہ۔ (۳) بنجر زمین ؛ پتھریلی زمین۔ (۴) مریل جانور۔

Scrag : (v) (۱) (عام) پھانسی دینا ؛ پھانسی دے کر مار ڈالنا ؛ گلا دبانا ؛ گلا گھونٹنا ؛ گلا دبا کر مار ڈالنا۔ (۲) مار ڈالنا ؛ قتل کرنا۔ (۳) موڑنا (لوہے کو) (آزمائش کے طور پر)۔

Scarg whale : (n) شمالی بحر اوقیانوس میں پائی جانے والی ایک قسم کی وہیل مچھلی۔

Scragged : (a) نا ہموار ؛ گرہ دار۔

Scragger : (n) جلاد ؛ پھانسی دینے والا۔

Scraggily : (adv.) نا ہموار طور پر ؛ سوکھے پن سے۔

Scargginess: (n) سوکھاپن۔

Scargginess : (n) نا ہمواری ؛ گرہ دار ہونا۔

Scraggy : (a) (۱) دبلا ؛ پتلا ؛ سوکھا ہوا۔ (۲) بے چربی کا (گوشت)۔

Scraggy : (a) نا ہموار ؛ گرہ دار۔

Scram : (v) [ME. 'Skramen'.] سُن کر دینا ؛ مفلوج کر دینا۔

Scarm : (a) جھریاں پڑا ہوا ؛ سوکھا ہوا۔

Scram : دیکھو Cram

Scram : (v) فوراً چلا جانا ؛ نکل جاؤ ؛ دور ہو جاؤ۔

Scram : (v) جوہری مقابلے کو اچانک بند کر دینا۔

Scramble : (n) (۱) کش مکش ؛ جد و جہد ؛ کدو کاوش (مسابقت کے لئے) ۔ (۲) کسی ڈھلوان مقام پر سیدھی چڑھائی ۔ (۳)موٹر سائیکل کی دوڑ (نا ہموار یا پہاڑی علاقوں میں)۔

Scramble : (v) [f. Scamble and cramble.] (۱) ہاتھوں اور گھٹنوں کے بل چڑھنا ؛ کسی ڈھلوان بلندی پر گھسٹ گھسٹ کر چڑھنا ؛ دقت اور دشواری سے چڑھنا ؛ پیٹ کے بل چڑھنا ؛ جد و جہد کرنا ؛ کدو کاوش کرنا ؛ ہاتھ پاؤں مارنا ؛ کش مکش کرنا ؛ کش مکش میں حصہ لینا ؛ کھینچاتانی کرنا ۔ (۳) بکھیرنا ؛ نچھاور کرنا ؛ لوٹ کے لئے بکھیر رکھنا ۔ (۴) انڈے تلنا ؛ چلا بنانا ۔ (۵) (بیل کا) کسی سہارے پر چڑھنا ۔ (۶) (ہوائی اسکاڈرون کا) تیزی کے ساتھ اڑ جانا ؛ (لڑاکا طیارے کو) فوراً اڑا دینا ۔ (۷) خلط ملط کر دینا ؛ گھال میل کر دینا ؛ گڈ مڈ کر دینا۔ (۸) (ٹیلیفون یا ریڈیو کی اطلاع کو) نا قابل فہم بنا دینا (چھپ کر سننے والوں کے لئے) ۔ (۹) کوئی کام جلدی سے کرنا۔

Scrambled egg: (n) چلا بنایا ہوا انڈا۔

Scrambled net : (n) رسوں کا جال جو جہاز کے پہلو میں لٹکا رہتا ہے جس سے ملاح چڑھتے اترتے ہیں ۔

Scrambler : (n) (۱) اوپر چڑھنے والا پودا ۔(۲)ٹیلیفون ، ریڈیو وغیرہ کی آواز کو) ناقابل فہم بنا دینے کا آلہ ۔

Scrambling : (a) (۱) جد و جہد کرنے والا ؛ کدو کاوش کرنے والا ۔ (۲) بے قاعدہ ؛ بے ترتیبی سے بڑھنے والا (پودا)۔ (۳)بھدا؛ بے ڈھنگا (شخص) ۔ (۴) بے قاعدہ ؛ بے ترتیب: بے قرینہ ۔

Scramblingly : (adv.) جد و جہد سے ؛ کدوکاوش سے ؛ مقابلے کے طور پر ؛ بے قرینہ طور پر ۔

Scrambly : (a) بے قاعدہ ؛ بے ترتیب ؛ بے قرینہ ۔

Scran : (n) [Origin unkn.] بچا کھچا کھانا ؛ خوراک ؛ غذا ؛ کھانا ۔

Bad scran to : خدا برا کرے ۔

Scran bag : (n) (۱) بچے کھچے کھانے کی جھولی ۔ (۲) جہاز پر پڑے کوڑا کرکٹ اٹھانے کا تھیلا ۔

Scrannel : (a) [Origin unkn.] (۱) کرخت (آواز) ۔ (۲) کم ؛ ناکافی ۔

Scranny : (a) [Origin unkn.] (۱) دبلا ؛ سوکھا ہوا ؛ نحیف ؛ سوکھا ۔ (۲) ناکافی ؛ تھوڑی (غذا) ۔ (۳) کم زور ؛ مخبوط ؛ سودائی ۔

Scrap : (n) [ON. 'Skrap'.] (۱) بچی کھچی (غذا) ؛ ٹکڑا ؛ بورا (روٹی کا) ۔ (۲) پارہ ؛ ٹکڑا ؛ دھجی ؛ کترن ؛ چھیلن ؛ کھرچن ۔ (۳) نچڑی ؛ تائی ہوئی چربی کا فضلہ ؛ پھوک؛ مچھلی جس کا تیل نکال لیا گیا ہو ؛ مچھلی پھوک ۔ (۴)تراش (اخبار کا) ؛ کتاب پارہ ؛ اقتباس ؛ (کسی کتاب میں سے) کوئی صفحہ یا کوئی تصویر ۔ (۵) (جمع) فضلہ ؛ ردی ؛ بے کار یا بچی کھچی (چیزیں)۔ (۶)دھات کی چھیلن وغیرہ ۔ (۷) دیکھو Scrap-iron ۔ (۸) تمباکو کے بچے کھچے پتے (جو جھاڑو دینے میں جمع ہوں) ؛ (جمع) موٹا کٹا ہوا تمباکو ۔

Scrap : (n) (۱) (عام) جھوڑ ؛ جھڑپ ؛ لڑائی بھڑائی ؛ کش مکش ؛ کھینچا تانی ۔ (۲) جھگڑا ؛ بحث و تکرار ۔

Scrap : (v) جھڑپ ہو جانا ؛ لڑائی ہو جانا ؛ کسی سے الجھ پڑنا ۔

Scrap : (v) (۱) ٹکڑا ٹکڑا کر دینا ؛ ردی کے ڈھیر میں ڈال دینا ؛ بیکار قرار دینا (جہاز وغیرہ کو) ۔ (۲) (تیل نکال کر) مچھلی پھوک بنانا۔

Scrap-book : (n) اخبار یا کتاب کے تراشوں کا مرقع ۔

Scrap-heap : (n) ردی ؛ فضول اور بے کار ردی کا ڈھیر ۔

Scrap-heap : (v) ردی کے ڈھیر میں ڈال دینا یا پھنکوا دینا ۔

Scrap-iron : (n) خردہ ؛ ڈھلے ہوئے لوہے کی چیزوں کو دوبارہ ڈھالنے کے لئے توڑے ہوئے ٹکڑے ؛ پرانے لوہے کے ٹکڑے ۔

Scrap of paper : (n) ہوائی وعدہ ۔

Scrap value : (n) پھوٹ قیمت ۔

Scrap yard : (n) دیکھو Scrap-heap

Scrape : (n) (۱) چھیلنے یا صاف کرنے کا آلہ ۔ (۲) چھیلنا ؛ کھرچنا ۔ (۳) بے ڈھنگی کورنش (ایک پاؤں پیچھے کر کے) ۔ (۴)سارنگی پر کمانچہ پھیرنا ۔ (۵) چھیلنے یا کھرچنے کی آواز ۔ (۶) کمر کوہ کو صاف کرنا ۔ (۷) مکھن کی پتلی تہ ۔ (۸) نا گوار یا بے ڈھب موقع ؛ جھگڑا ؛ تکرار ۔ (۹) تارپین جو درخت میں سے نکل کر سخت ہو جاتا ہے ۔

Scrape : (v) [ON. 'Scrapa'.] (۱) چھیلنا ؛ کھرچنا ؛ ہموار کرنا ؛

برابر کرنا : صاف کرنا ۔ (۲) چھیل کر یا رگڑ کر داغ مٹانا یا ناہمواری دفع کرنا ۔ (۳) گڑھا کرنا : کھودنا ۔ (۴) کھرچنے کی سی آواز پیدا کرنا یا نکالنا : بے چینی کی حالت میں یا مقرر کی آواز کو دبانے کے لئے پاؤں کی رگڑ سے ایسی آواز نکالنا : تعظیماً جھکتے وقت بے ڈھنگے پن سے ایک پاؤں پیچھے ہٹنا ۔ (۵) سارنگی بجانا ۔ (۶)کسی سے رگڑ کھانا یا اس سے بال بال بچنا ۔ (۷)امتحان میں بہ مشکل کامیاب ہونا ۔ (۸) جز رسی یا کفایت شعاری سے یا مشکل سے روپیہ جمع کرنا ۔ (۹)کفایت شعاری کرنا ۔ (۱۰) پتھر پر کندہ کاری کرنا ۔ (۱۱) کوشش کر کے ملاقات یا آشنائی پیدا کرنا ۔

To scrape acquaintance : کوشش کر کے ملاقات یا آشنائی پیدا کرنا ۔

To scrape along : مشکل سے گزارہ کرنا ۔

To scrape through : (۱) بچ جانا : بال بال بچ جانا ۔ (۲) مشکل سے امتحان میں کامیاب ہونا ۔

Scarpe down : (v) پاؤں کی آواز یا رگڑ پیدا کر کے خاموش کر دینا ۔

Scrape -gut : (n) سارنگی نواز ۔

Scrape of pen : (n) بد خط تحریر : گھسیٹ ۔

Scraper : (n) (۱) چھیلنے والا : کھرچنے والا ۔ (۲) چھیلنے یا صاف کرنے کا آلہ : کھرچنی : چھیلنی : کھرپا : ربنا ۔ (۳) نو آموز ہر بط نواز : اناڑی سارنگیا ۔ (۴) بخیل : کنجوس : جز رس : کفایت شعار ۔ (۵) گڑھے یا نہر کھودنے کی مشین (جو گھوڑے یا بیل سے کھینچی جاتی ہے) ۔

Scrapiana : (n) [f. 'Scrap'.] متفرق ادبی اقتباسات ۔

Scrapie : (n) [f. 'Scrape + -ie'.] جانوروں کی خارش جس میں وہ سب اپنا بدن دیوار یا درخت وغیرہ سے رگڑنے لگتے ہیں ۔

Scraping : (a) کنجوس : بخیل : کفایت شعار ۔

Scraping : (n) (۱) چھیلنا : کھرچنا : رگڑنا ۔ (۲) رگڑنے یا کھرچنے کی آواز ۔ (۳) چھیلن ۔

Scrapman : (n) (۱) بیکار اور پرانے سامان بیچنے والا ۔ (۲) سگار کے لئے تمباکو کی آمیزش کرنے والا ۔

Scrappily : (adv.) بے کار طور پر : اکھڑے پکھڑے طور پر ۔

Scarppiness : (n) بے جوڑ ہونا : اکھڑ پکھڑ ہونا ۔

Scrapple : (n) چھیلنے یا رگڑنے کا آلہ ۔

Scrappy : (a) ٹکڑوں یا پرزوں یا بچی کھچی چیزوں پر مشتمل : بے کار : گری پڑی چیزوں سے بنایا ہوا : بے جوڑ : اکھڑا پکھڑا ۔

Scrappy : (a) جھگڑالو : جنگجو : نبرد جو : آمادۂ پیکار : فسادی ۔

Scrat : (n) حقیر چیز یا مقدار ۔

Scratch : (n) (۱)خراش : کھرونچا : خفیف زخم ۔ (۲)خراش کی آواز ۔ (۳) وہ خط جہاں سے حریف دوڑ کا آغاز کرتا ہے ۔ (۴)(جمع) گھوڑوں کی ایک بیماری ۔ (۵) سرسری میں یا جلدی میں کھینچا ہوا نشان یا نقشہ ۔ (۶) شکستہ : گھسیٹ : بد خط تحریر ۔ (۷) چھوٹا مصنوعی بال (Wig) ۔ (۸) مرغیوں کی غذا ۔ (۹) (بلیرڈ یا پُول میں) ایسی ضرب جس کے لئے جرمانہ ادا کرنا پڑے ۔ (۱۰)(عام) زر : روپیہ پیسہ ۔ (۱۱) (گھوڑا یا کتا) جس کا نام دوڑنے والوں کی فہرست سے خارج کرا لیا گیا ہو ۔

To bring to the scratch : مقابلے میں شریک ہونا ۔

To come up to (the) scratch : مقابلہ کرنا : مقابلے کے لئے تیار ہونا ۔

To toe the scratch : (۱) دوڑتے وقت خط آغاز کا انگوٹھے سے چھونا ۔ (۲) (مجازاً) اپنے جتھے یا پارٹی کی ضروریات (خصوصاً دباؤ سے) پوری کرنا ۔

Scratch : (n) شیطان : ابلیس جسے عموماً Old scratch کہتے ہیں ۔

Scratch : (a) (۱) سرسری یا جلدی میں بنایا ہوا یا کھینچا (نقشہ وغیرہ) ۔ (۲) اٹکل پچو یا اندھا دھند جمع کیا ہوا : جلدی میں جمع کیا ہوا : بے جوڑ : متضاد : بے میل ۔

Scratch : (v) [f. blending of Scrat and Cratch.] (۱) کھرچنا : چھیلنا : نوچنا : خراش لگانا : کھرونچا مارنا : ناخن مارنا : پنجہ مارنا ۔ (۲) اوپر ہی اوپر عمل کرنا : تہ تک نہ پہنچنا ۔ (۳) کھجانا (خار پشت وغیرہ سے) : سر کھجانا (پریشانی کی حالت میں) ۔ (۴) حروف یا تصویر بنانا (سطح پر) ۔ (۵) کھودنا (چھیل کر) ۔ (۶)کریدنا ۔ (۷) قلم زد کرنا (الفاظ وغیرہ کا) : پنسل سے مٹا دینا ۔ (۸) خارج کر دینا (گھڑ دوڑ کی فہرست سے گھوڑے یا شخص کا نام) ۔ (۹) نکال لینا یا خارج کر لینا (گھوڑے یا امید وار کا نام) ۔ (۱۰) گھسیٹ لکھنا ۔ (۱۱) اکٹھا کرنا : جمع کرنا : جز رسی یا مشکل سے

روپیہ پیسہ جمع کرنا ۔ (۱۲) (پرندوں یا جانوروں کا) پنجے سے زمین کھودنا ۔ (۱۳) مشکل سے گزارہ کرنا ۔ (۱۴) روپیہ کمانے کے لئے جد و جہدکرنا ۔ (۱۵)(امریکی سیاست) پارٹی ٹکٹ سے امیدوار کا نام خارج کر دینا ۔ (۱۶) مقابلے سے ہٹ جانا ۔ (۱۷) (مزاحاً) قبول کی ہوئی دعوت کو نا منظور کر دینا ۔

To scratch among , on, through : زندگی کے دن کاٹنا : گزارہ : گزر کرنا ۔

To scratch one's head : سر کھجانا : سراسیمگی کی علامتیں ظاہر کرنا ۔

To scratch out : مٹا دینا : محو کر دینا ۔

To scratch the surface : اوپر ہی اوپر عمل کرنا : تہ تک نہ پہنچنا ۔

To scratch up : کھود کر جمع کرنا ۔

Scratch-back : (n) پیٹھ کھجوانے کا ایک آلہ ۔

Scratch-brush : (n) تار کا برش (صیقل وغیرہ کے لئے) ۔

Scratch-brush : (n) تار کے برش سے صیقل کرنا ۔

Scratch-cat : (n) (مزاحاً) کینہ پرور شخص ۔

Scratch-grass : (n) دیکھو Cleavers

Scratch line : (n) دوڑ کا خط آغاز ۔

Scratch-paper : (n) کاغذ کا ٹکڑا جس میں مختصر تحریر یا یادداشت وغیرہ لکھی جاتی ہے ۔

Scratch-player : (n) بہت اچھے کھلاڑی جس کو مشروط کھیل میں کسی قسم کی رعایت نہ دی جائے ۔

Scratch proof : (a) خراش سے محفوظ ۔

Scratch wig / -priwig : (n) چھوٹے بالوں کی ٹوپی جو سر کے صرف ایک حصے کو ڈھکے ۔

Scratched : (a) منسوخ ۔

Scratcher : (n) (۱) کھرچنے والا : چھیلنے والا : نوچنے والا ۔ (۲) چڑیوں کی ایک جنس جو زمین کرید کر دانہ نکالتی ہے ۔ (۳)(پلاسٹر کرنے میں) ابتدائی تہ کو کھردرا بنانے کا آلہ ۔ (۴) (عام) جعل ساز ۔

Scratchily : (adv.) (۱) سرسری طور پر : معمولی طرح سے ۔ (۲) پیچ میل یا بے میل یا بے جوڑ طور پر ۔

Scratchiness : (n) پیچ میل پن : سرسری پن ۔

Scratchless : (a) (۱) بے خراش : بے زخم ۔ (۲) خراش سے محفوظ ۔

Scratchy : (a) (۱) (تصویر ، نقشہ وغیرہ) بھونڈا : سرسری : معمولی ۔ (۲) (قلم) کھردرا : کاغذ پر اٹکنے والا : چر چر کی آواز کرنے والا ۔ (۳) پیچ میل : بے میل : بے جوڑ : مختلف الجنس ۔ (۴) نا ہموار : نا مسطح : کھردرا ۔ (۵) کم : نا کافی : خفیف ۔ (۶) سوزش پیدا کرنے والا : جھنجھلاہٹ پیدا کرنے والا ۔ (۷) (مجازاً) کینہ پرور : مکار ۔

Scrattle : (v) دیکھو Scratch, Scramble

Scrattling : (a) قلیل : ناکافی : کٹگال ۔

Scraunch : (v) [Imitative] دیکھو Crunch

Scraw : (n) [Anglo- Irish.] سبزے کا تختہ : گھاس لگا تختہ ۔

Scrawl : (n) [Origin unkn.] (۱) بد خطی ۔ (۲) بد خط تحریر : بد خط : جلدی میں لکھی ہوئی تحریر یا رقعہ ۔

Scrawl : (n) کیکڑے (Dog-crab) کا بچہ ۔

Scrawl : (v) بد خط لکھنا : گھسیٹنا : گھسیٹ کر لکھنا ۔

Scrawler : (n) بد خط لکھنے والا : گھسیٹ کر لکھنے والا ۔

Scrawly: (a) بد خط : جلدی میں لکھی ہوئی (تحریر) ۔

Scrawm : (v) دیکھو Scramble, Clamber

Scrawny : (a) دبلا : سوکھا : سوکھا ہوا ۔

Scray : (n) [Origin unkn.] بحری ابابیل ۔

Scraze : (v) [Blending of Scratch, Graze.] چرنا : چرانا ۔

Screak : (v) [Of scand. origin.] (۱) چیخنا : چلانا : چلااٹھنا : چنگھاڑنا ۔ (۲) (قبضے یا دھرے کا) چرچرانا ۔

Screak : (n) چیخ : چنگھاڑ : چرچراہٹ ۔

Screaky : (a) سمع خراش ؛ چر چرانے والا ۔

Scream : (n) (۱) چیخ ؛ چلانا ۔ (۲) (عام) کوئی چیز جس پر بے اختیار ہنسی آئے ؛ تمسخر آمیز شخص یا چیز ۔

Scream : (v) [ME. 'Shreame'.] (۱) چیخنا ؛ چلانا ؛ چیخ اٹھنا ؛ دہاڑیں مارنا ۔ (۲) (دخانی انجن وغیرہ کا) سیٹی بجانا ۔ (۳) غل کرنا ؛ کوک مارنا (پرندوں کا) چنگھاڑ مارنا (جانوروں کا) ۔ (۴) بے اختیار ہو کر ہنسنا ؛ ہنستے ہنستے بے قرار ہو جانا ؛ پیٹ میں بل پڑ جانا ۔ (۵) چلا کر بولنا ؛ چیخنا چلانا ۔ (۶) چیخ کر احتجاج کرنا ۔

Screamer : (n) (۱) چیخیں مارنے والا ؛ چیخ و پکار کرنے والا ۔ (۲) کوک مارنے والا ؛ چنگھاڑنے والا جانور ؛ صراخ ؛ مور امریکا ؛ ابابیل کی قسم کا ایک پرندہ جو بہت تیز اڑتا ہے ۔ (۳) (عام) قہقہہ انگیز داستان ؛ تمسخر خیز قصہ ۔ (۴) سنسنی خیز یا حیرت انگیز سرخی ۔ (۵) غیر معمولی سائز یا دلکشی کاآدمی ، جانور وغیرہ ؛ نہایت عمدہ نمونہ ۔ (۶) نقطۂ فجائیہ ۔

Screamily : (adv.) چیخ و پکار کے طور پر ۔

Screaminess : (n) چیخ و پکار کی عادت ۔

Screaming : (a) (۱) چیخنے والا ؛ چنگھاڑنے والا ۔ (۲) قہقہہ انگیز ؛ تمسخر خیز ؛ حیرت ناک ؛ نمایاں ۔ (۳) اعلیٰ ؛ نہایت عمدہ ؛ بہت اچھا ۔

Screaming : (n) چیخ ؛ چیخنا ؛ چلاہٹ ؛ چنگھاڑنا ؛ چنگھاڑ ۔

Screaming meemies : (n) [Origin unkn.] دہشت ؛ اعصابی ہسٹریا ۔

Screamingly : (adv.) چیخ کر ؛ چلا کے ۔

Screamy : (a) پر شور ؛ چیخ و پکار کرنے والا ؛ غضبناک ؛ غصہ ور ۔

Scree : (n) [Back formation from 'Screes'.] (۱) پہاڑ کی ڈھلان (جس پر سنگریزے اور پتھر پڑے ہوں) ۔ (۲) (ڈھلوان پہاڑ کے) سنگریزے جو چلنے سے پھسلتے ہوں ۔

Screech : (v) [alt. of 'Scritch'.] (۱) چیخنا ؛ چلا اٹھنا ؛ چنگھاڑنا ؛ چیخیں مارنا ؛ ڈر سے چیخنا ؛ خوف سے چلا اٹھنا ۔ (۲) غصے میں چنگھاڑنا ؛ چیخ کر بولنا ۔

Screech-bird : (n) یورپی طوطی ۔

Screech-hawk : (n) پشہ خوار ؛ عاطف الریاح ۔

Screech-martin : (n) یورپی سماسہ ؛ عوّار ۔

Screech-owl : (n) زور سے چیخنے والا اُلو ؛ گھگھو ؛ بوم ؛ مرغ حق ۔

Screech-thrush : (n) یورپی طوطی ۔

Screecher : (n) (۱) چیخنے والا ۔ (۲) بعض قسم کی یورپی چڑیا ۔

Screechy : (a) پر شور ؛ چلانے والا یا والی ۔

Screed : (n) [OE.'Screade'.] (۱) طولانی ناگوار تقریر ؛ طویل خط ؛ اکتا دینے والا خطبہ یا تقریر ۔ (۲) دفتر شکایات ؛ شکوے کا طومار ۔ (۳) گارے ، چونے یا لکڑی کی پٹی جس سے سطح پر پلاسٹر کیا جاتا ہے اور جو خانوں میں تقسیم ہوتی ہے ۔ (۴) زمین کا پتلا قطعہ ؛ قطعۂ زمین ۔ (۵) (اسکاچستان) مئے نوشی کا دور ۔

Screen : (n) [ON. Fr. 'Escren'.] (۱) چق ؛ چلن ؛ پردہ ۔ (۲) ٹٹی ؛ آڑ ؛ اوٹ ؛ قنات ۔ (۳) منقش دیوار جو صحن وغیرہ کو محصور کرتی ہے ۔ (۴) گرجے کا بر آمدہ ۔ (۵) چہرے یا بُشرے کی صورت (کسی خیال یا جذبے کو چھپانے کے لئے) ۔ (۶) تدبیر یا جتن (چھپانے یا حفاظت کی غرض سے) ۔ (۷) اس طرح کی حفاظت ۔ (۸) نوٹس بورڈ ؛ تختہ جس پر اعلان وغیرہ چپکائے جاتے ہیں ؛ تختۂ اعلان ۔ (۹) چادر وغیرہ جس پر لالٹین سے تصویریں ڈالی جاتی ہیں ۔ (۱۰) بڑی چھلنی (اناج ، کوئلہ وغیرہ چھاننے کے لئے) ؛ چھلنا ؛ غربال ۔ (۱۱) غیر موصل ؛ برق روک ؛ مقناطیس روک ؛ برقی پردا ۔ (۱۲) (مجازاً) حفاظت کرنے والی چیز ؛ سزا یا تنقید سے بچانے والی چیز ۔ (۱۳) (کرکٹ) پردہ جو دونوں وکٹ کے پیچھے خط حدود پر لگا دیا جاتا ہے تاکہ بلے بازوں کو صاف دکھائی دے ۔ (۱۴) پردۂ سیمیں ؛ سنیما کا پردا ۔ (۱۵) چلمن ؛ دریچہ ؛ کھڑکی کی چلمن ۔ (۱۶) فوج کی ٹکڑی جو کسی علاقے کی حفاظت کے لئے دشمنوں کے علاقے کی طرف تعینات کر دی جاتی ہے ۔ (۱۷) دھواں ؛ تبدیل ہیئت یا قدرتی عناصر جو فوج کی حفاظت کرتے ہیں ۔ (۱۸) دوست ملکوں کی ہوائی حملے سے حفاظت کے لئے ہوئی نگرانی ۔

Collapsible screen : تہ پذیر اوٹ ۔

Fire screen : آگ روک پردا ۔

Folding screen : مڑواں چلمن ؛ تہ پذیر چلمن ؛ ٹوٹواں پٹی ۔

Silver screen : پردۂ سیمیں : سنیما کا پردہ : سنیما ۔

Sea-snail : (n) بحری گھونگا ؛ ملزونہ بحری ؛ گھونگا مچھلی ۔

Sea-snake : (n) دیکھو Sea-serpent

Sea-snipe : (n) (۱) دیکھو Dunlin ۔ (۲) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ؛ چپا مچھلی ۔

Sea-song : (n) ملاحوں کا گیت ۔

Sea-speed : (n) جہاز کی عام رفتار ۔

Sea-spider : (n) (۱) مکڑی ؛ کیکڑا ۔ (۲) ایک قسم کا مفصل پا ۔ (۳) پشت نیش صدفہ ۔

Sea-squirt : (n) مشکیلا ۔

Sea-star : (n) ستارہ ماہی ۔

Sea-starwort : (n) تارا پھول کی ایک قسم ۔

Sea-strawberry : (n) ایک قسم کا گھونگا ؛ بحری گھونگا ۔

Sea-sunflower : (n) سمندر پھول ۔

Sea-swallow : (n) بحری ابابیل ۔

Sea-swine : (n) سگ ماہی ۔

Sea term : (n) ملاحوں کی اصطلاح ۔

Sea-thief : (n) بحری قزاق ؛ سمندری ڈاکو ۔

Sea-thistle : (n) دیکھو Sea-holly

Sea-thong : (n) ایک قسم کی بحری گھاس ۔

Sea-thrift : (n) دیکھو Sea-pink

Sea-time : (n) (۱) بحری وقت (دو پہر سے دوپہر تک) ۔ (۲) سمندر میں گزرا ہوا وقت ۔

Sea-toad : (n) ماہی گیر مینڈک ۔

Sea-town : (n) بحری شہر ؛ بندرگاہ ۔

Sea-train : (n) (۱) ریل کے ڈبوں کو لے جانے والا جہاز ۔ (۲) فوج یا بحریہ کی گاڑیوں کا دستہ ۔

Sea-trout : (n) بحری ٹراؤٹ ؛ بعض دوسری قسم کی مچھلیوں کا نام ۔

Sea-trumpet : (n) ایک قسم کی بڑی بحری گھاس ۔

Sea-turn : (n) سمندری ہوا ۔

Sea-turnip : (n) ایک قسم کی بحری گھاس ۔

Sea-unicon : (n) سینگ دار مچھلی ۔

Sea-urchin : (n) بحری خار پشت ؛ ساہی ؛ سیہہ ۔

Sea-valve : (n) بھاپ سے چلنے والے جہاز کے پیندے یا بازوؤں میں لگا صمام ۔

Sea-view : (n) مناظرۂ بحر ؛ بحر منظر ۔

Sea-wall : (n) بحری پشتہ ؛ بند ؛ بحری بند ۔

Sea-walled : (a) (۱) پشتہ بند ۔ (۲) سمندر سے گھرا ہوا ؛ سمندر بند ۔

Sea-ware : (adv.) دیکھو Seaward

Sea-ware : (n) [OE. 'Seaward'.] بحری گھاس جو کھاد کے کام آتی ہے ؛ بحری کائی ؛ صوف البحر ۔

Sea-washed : (a) بحری موجوں سے بھیگا ہوا ؛ شست و شو کیا ہوا (بحری موجوں سے) ؛ دھویا ہوا ؛ مرطوب کیا ہوا ؛ نم کیا ہوا ۔

Sea-wasp : (n) نیشن دار فالودہ مچھلی ۔

Sea-watch : (n) وہ وقت جب (جہاز کی) عملے کے ایک حصے کو ڈیوٹی (فرائض) کے انجام دہی کے لئے عرشے پر تیار رہنا پڑتا ہے ۔

Sea-water : (n) سمندر کا پانی : کھارا پانی : آب شور ۔

Sea-wax : (n) دیکھو Maltha

Sea-way / Seaway : (n) (۱) جہاز کی رفتار یا روانی ۔ (۲) کھاڑی جس میں طوفان کے وقت جہاز پناہ لے ۔ (۳) سمندری شاہراہ : سمندر : کھلا سمندر ۔ (۴) بحر متلاطم ۔

Sea-weary : (a) (۱) سمندر یا بحری سفر سے تھکا ہوا ۔ (۲) سمندر تفور : سمندری زندگی سے خستہ حال ۔

Sea-weed : (a) کائی : بحری گھاس یا ترسل : صوف البحر ۔

Sea-weedly : (a) بحری گھاس سے بھرا ہوا ۔

Sea-whip : (n) مرجان سوطی : مونگا جس کی شکل کوڑا کی سی ہوتی ہے ۔

Sea-widgeon : (n) بحری بط ۔

Sea-wife : (n) ایک قسم کی بڑی مچھلی جو چٹانوں کے گرد منڈلاتی رہتی ہے ۔

Sea-willow : (n) کاغذی نرسل ۔

Sea-wind : (n) نسیم بحری ۔

Sea-wing : (n) ایک قسم کا دو پرت والا گھونگا : پرت گھونگا ۔

Sea-wise : (a) ماہر سمندر ۔

Sea-wolf : (n) (۱) فیل ماہی : بھیڑ یا مچھلی : ایک قسم کی بڑی مچھلی : گرگ ماہی ۔ (۲) بحری قزاق : سمندری ڈاکو ۔ (۳) خانگی مسلح جہاز ۔

Sea-worthiness : (n) قابل بحر ہونا : بحر شایانی : سمندر میں چلنے کی قابلیت ، صلاحیت ۔

Sea-worthy : (a) قابل بحر : سمندر میں سفر کرنے کے لائق : ساگر لیس : بحر شایاں ۔

Sea-wrack : (n) تیرتی کائی : بحری خس و خاشاک ۔

Seah : (n) [Heb. 'Seah'.] ایک عبرانی پیمانہ ۔

Seal : (n) [OE. 'Seol'.] (۱) سیل : دریائی بچھڑا : سگ ماہی ۔ (۲) سگ ماہی کی کھال یا چمڑا ۔

Seal : (n) [Afr.] (۱) مُہر : خاتم : چھاپ : مہر عدالت : علامت : نشان : ٹھپہ ۔ (۲) تصدیق : توثیق : تاکید : ضمانت ۔ (۳) ڈاٹ : رخنہ پیدا کرنے والی شے (خصوصاً پانی روکنے والی) : پانی کی تھوڑی مقدار جو گیس میں رہتی ہے تاکہ گیس نہ نکل سکے ۔ (۴) مہر کلاں : بر طانیہ کی سرکاری مہر ۔

To set one's seal : دستاویز (وغیرہ پر) مُہر لگانا : تصدیق کرنا : توثیق کرنا ۔

Under (one's) seal : مہر شدہ ۔

Seal : (n) [ON. 'Selja'.] بید کا درخت ۔

Seal : (v) [OFr. 'Seeler'.] (۱) مہر لگانا : مہر ثبت کرنا ۔ (۲) تصدیق کرنا : توثیق کرنا ۔ (۳) مہر لگا کر بند کرنا : سر بمہر کرنا ۔ (۴) چھپانا : پوشیدہ کرنا : مخفی : بند رکھنا ۔ (۵) ٹانکا لگانا ۔ (۶) قطعی فیصلہ کر دینا ۔

To seal a (person's) eyes or ears : اندھا یا بہرہ کر دینا ۔

To seal (a person's) lips : منہ بند کر دینا : منہ سی دینا ۔

To seal off : کسی علاقے کو اس طرح کاٹ دینا کہ وہاں کے باشندے بھاگ نہ سکیں ۔

Seal : (v) سیل کا شکار کرنا ۔

Seal-calf : (n) سیل کا بچہ ۔

Seal-fur : (n) سیل کا سمور ۔

Seal-grain : (n) سیل کا چمڑا تیار کرنا ۔

Seal-lock : (n) مہر دار تالا ۔

Seal-off : (v) مضبوطی سے بند کر دینا ۔

Seal-pipe : (n) منہ بند نلکی : مہردار نلکی : سر بمہر نلکی ۔

Seal-plush : (n) نقلی سمور سگ ماہی ۔

Seal-ring : (n) مہر دار انگوٹھی : انگوٹھی : خاتم : انگشتری ۔

Seal skin : (n) (۱) سگ ماہی کی کھال یا چمڑا ۔ (۲) سمور سگ ماہی ۔ (۳) پوستین جو اس قسم کے سمور سے بنائی جائے ۔

Seal skin : (a) سگ ماہی کی کھال یا چمڑے سے بنا ہوا ۔

Seal-top : (a) مہر دار (چمچہ) : چمچہ جس کے دستے میں مہر بنی رہتی ہے ۔

Seal-wort : (n) ایک قسم کا سوسن نما پھول : اس کو مہر سلیمان بھی کہتے ہیں ۔

Sealed : (n) (۱) مہر شدہ : مہر بند : سر بمہر ۔ (۲) (نقابت) سوسمار کا تعلق ۔

Sealed book : (n) عیسائیوں کی دعاؤں کی کتاب : سر بمہر کتاب : کتاب سر بستہ ۔

Sealed orders : (n) تحریری ہدایات جو جہاز کے کپتان کو منزل سفر بتانے کے لئے دی جاتی ہیں اور جسے بندرگاہ چھوڑنے سے پہلے کھولا نہیں جا سکتا ہے ۔

Sealed-pattern : (n) بندوق کی گولیوں کے نشانات کا نقشہ جو برطانوی دفتر جنگ سے منظور شدہ ہے ۔

Sealed-verdict : (n) وہ فیصلہ جو جج کی غیر حاضری میں سر بمہر لفاف میں دیا جاتا ہے ۔

Sealer : (n) مہر لگانے والا: ناپ تول کا انسپکٹر ۔

Sealer : (n) سیل گیر : سیل پکڑنے والا : دریائی بچھڑے کا شکاری : دریائی بچھڑوں کا شکار کرنے والا (شخص یا جہاز) ۔

Sealing : (n) (۱) نقش مہر ۔ (۲) مٹی یا دھات کا ٹکڑا جس پر مہر کے نقش بنائے گئے ہوں ۔ (۳) پارسل وغیرہ لپیٹنے کا کاغذ۔

Sealing : (n) سیل مچھلی کا شکار ۔

Sealing-wax : (n) لاک : چپڑا لاکھ : مہر لگانے کا موم ۔

Sealyham : (n) [Name of the seat of Edwales family.] بحری یوگیر : ایک قسم کا شکاری کتا ۔

Seam : (n) [OE.] (۱) سیون : دوخت : جراحی ٹانکا : ندبہ ۔ (۲)جوڑ ۔ (۳) درز : دراز : شگاف : لکیر : شکن : دھاری: مانگ ۔ (۴) پتلی پرت : طبقہ : تہ (ارض)۔ (۵)(ارضیات) رگۂ باریک ۔ (۶) (بنائی) جراب وغیرہ دھاری جو دیکھنے میں جوڑ جیسی لگتی ہے : جرابوں کے کنارے ۔

Seam : (n) [OE.] (۱) بار بردار گھوڑے کا بوجھ ۔ (۲) ایک کھیپ (خصوصاً ۳ ہنڈرویٹ گھاس یا پیال وغیرہ کی) ۔

Seam : (n) [OFr. 'Saim'.] سور کی چربی ۔

Seam : (v) (۱) سیون ملانا : جوڑ ملانا : جوڑ لگانا : ٹانکا لگانا ۔ (۲) دھاریاں بنانا : دھاریاں کاٹنا : داغ دھبا لگانا : نشان ڈالنا ۔ (۳) جرابوں میں کنارے بنانا ۔ (۴) پھٹ جانا ۔

Seam-lace : (n) سلائی کا فیتہ : ٹانکا لگانے کا فیتہ ۔

Seam-set : (n) جوڑوں کو ہموار کرنے یا بند کرنے کا آلہ ۔

Seam-stitch : (n) (جرابوں پر) جوڑ جیسا نشان ۔

Seam-pressure : (n) (۱) سیون مار : سیون دبانے کا آلہ : سیون استری ۔ (۲) سہاگہ : وہ آلہ جس سے ہل کی لکیریں مٹاتے ہیں : میز : گزگڑا ۔

Seaman : (n) [OE. 'Saeman(n)'.] (۱) کشتی بان : ملاح : جہاز راں : اہل جہاز ۔ (۲) بحری سپاہی جو افسر نہ ہو : ماہر جہاز راں جو افسر نہ ہو ۔

Leading, able, ordinary seaman : برطانوی شاہی بحریہ کے جہاز رانوں کے تین درجے ۔

Merchant seaman : تجارتی جہاز کے جہاز راں۔

Seamanlike : (adv.) جہاز راں کی طرح ۔

Seamanly : (a) دیکھو Seamanlike

Seamanship : (n) ملاحی : جہاز رانی ۔

Seamed : (a) (۱) جوڑ دار : سیون دار : نشان دار ۔ (۲) جھری دار: پر شکن ۔

Seaming : (n) (۱) سیون ملانا : جوڑ ملانا ۔ (۲) جوڑ : سیون ۔

Seaming lace : (n) دیکھو Seam-lace

Seaming-machine : (n) دھات کی چادروں کو جوڑنے کی مشین ۔

Seamless : (a) بے جوڑ : بے شکن : بے درز : بے درخت : بے سیون ۔

Seamster/ Seampster : (n) [OE. 'Seamstre'.] خیاط : درزی : سوزن کار ۔

Seamstress/ Seampstress : (n) خیاط : درزن : سوزن کار : سلائی کرنے والی : اجرت پر اوروں کے کپڑے سینے والی عورت ۔

Seamy : (a) (۱) سیون دار : سلائی دار : درز دار : دوخت دار ۔ (۲) سیون نما : درز نما ۔

Seamy side : (n) (۱) سیون دار رخ ؛ سلائی دار رخ ؛ کپڑے کا وہ رخ جدھر سیون ہوتی ہے: الٹا رخ ؛ الٹی طرف ۔ (۲)(مجازاً) خراب رخ یا پہلو ؛ ناگوار پہلو ؛ زندگی کا تاریک پہلو ۔

Seance : (n) [Fr.] (۱) مجلس؛ محفل ؛ جلسہ؛ علمائے منکرین کا جلسہ۔ (۲) حاضرات ؛ مجلس حاضرات ۔ (۳) طبی علاج کے لئے بیٹھنا ؛ تصویر بنوانے کے لئے بیٹھنا ۔

Sear : (n) [OFr. 'Serre'.] (بندوق) گھڑ روک ؛ وہ آنکڑا جو (بندوق کے) گھوڑے کو ایک جگہ روکے رکھتا ہے ۔

Tickle or light of the sear : (مجازاً) زود اشتعال پذیر ۔

Sear : (v) [OE. 'Searian'.] (۱) سُکھانا ؛ خشک کرنا ؛ افسردہ کرنا ؛ پژ مردہ کرنا ؛ پالا مارنا ۔ (۲) داغ دینا ؛ داغ لگانا ؛ گُل دینا ۔ (۳) (مجازاً) سخت کرنا ؛ بے حس کرنا ؛ مردہ کرنا (ضمیر وغیرہ) ۔ (۴) (زخم ، رگ وغیرہ کو) داغ کر بند کرنا ۔

To sear up : (زخم ، رگ وغیرہ کو) داغ بند کرنا ۔

Search : (n) [AFr. 'Serche'.] (۱) تلاش ؛ جستجو ؛ تجسس ؛ ڈھونڈ ۔ (۲) دیکھ بھال ؛ تلاشی ؛ تفتیش ؛ تحقیق ۔ (۳) سرایت ۔

Right of search : تلاشی کا حق ؛ حق تفتیش ؛ بین الاقوامی قانون کہ دوران جنگ متخاصمین کو یہ حق حاصل ہے کہ جس غیر جانب دار جہاز کی چاہیں تلاشی لے لیں ۔

To make a search : جستجو کرنا ؛ تلاش کرنا ۔

Search : (v) (۱) تلاش کرنا ؛ تفتیش کرنا ؛ تحقیق ؛ تدفیق کرنا ؛ ڈھونڈنا ؛ تجسس کرنا ؛ کھوج لگانا ؛ تفحص کرنا ۔ (۲)تلاشی لینا ؛ خانہ تلاشی لینا ؛ جامہ تلاشی لینا ۔ (۳)ٹٹولنا ؛ پوچھنا ؛ دریافت کرنا ؛ امتحان لینا ۔ (۴)دیکھنا ؛ دیکھنا بھالنا ؛ ڈھونڈنا بھالنا ؛جستجو کرنا۔ (۵) چھان بین کرنا ؛ سراغ لگانا ؛ سراغ رسانی کرنا ۔ (۶) (ہوا ، سردی وغیرہ) سرایت کر جانا ۔

Search-light : (n) سرچ لائٹ ؛ کھوج روشنی ؛ متحرک روشنی ؛ ایک قسم کی برقی قوسی روشنی جو دشمن کی تلاش یا راستہ دیکھنے اور بحری ، بری اور فضائی دفاع کے کام آتی ہے۔

Search me : (n) یہ ظاہر کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے کہ مقرر کو بعض چیزوں کا علم نہیں ہے یا اسے نہیں معلوم کہ اب کیا کرنا ہے ۔

Search-party : (n) تلاش کرنے والوں کا گروہ یا جماعت ؛ تلاش ٹولی ؛ کھوج ٹولی ۔

Search-room : (n) لندن کے محافظ خانہ کا وہ کمرہ جس میں عوام (محفوظ کئے ہوئے) دستاویزات کو دیکھ سکتے ہیں ۔

Search-warrant : (n) حکم نامۂ تلاشی ؛ مشتبہ لوگوں کی تلاشی کا حکم نامہ ؛ حکم نامۂ تلاش ؛ تلاشی وارنٹ ۔

Searcheable : (a) قابل تلاشی ہونا ؛ قابل تحقیق ؛ قابل دریافت ۔

Searchableness : (n) قابل تلاشی ہونا ؛ قابل تحقیق و تفتیش ہونا ۔

Searcher : (n) (۱) تلاش کنندہ ؛ متلاشی ؛ متجسس ؛ تجسس کنندہ ۔ (۲) تلاشی لینے والا ؛ سراغ رساں ؛ پتا لگانے والا ؛ کھوج لگانے والا ؛ چھان بین کرنے والا ؛ کھوجی ؛ افسر تلاشی ۔ (۳) سلائی ؛ نشتر ؛ وہ آلہ جس سے زخم ٹٹولا جاتا ہے اور اس کی گہرائی معلوم کی جاتی ہے ؛ وہ آلہ جو تلاشی میں کام آتا ہے ۔ (۴) وہ آلہ جس سے توپ کے نقص معلوم کئے جاتے ہیں ۔ (۵) (خورد بینی) خارجی شیشہ جس سے کسی چیز کا پورا جائزہ لیا جاتا ہے ۔ (۶) شمالی امریکا کا ایک قسم کا بھونرا ۔

Searchful : (a) سر گرم تلاش کنندہ ۔

Searching : (a) (۱) گہرا ؛ دقیق ؛ نکتہ سنج ؛ سخت ؛ سخت گیرانہ ۔ (۲) تیز ؛ چبھنے والی (نظر) ۔ (۳) سرایت کرنے والی ؛ تیز ؛ تند ۔ (۴) متلاشی ؛ جویا ۔

Searching : (n) تحقیق ؛ تفتیش ؛ تدقیق ؛ تلاش ؛ تجسس ؛ کھوج ؛ ڈھونڈ بھال ؛ دیکھ بھال ؛ جستجو ۔

Searchingly : (adv.) متجسسانہ ؛ محققانہ ؛ دیکھ بھال کے ؛ غور و فکر سے ؛ تجسس و تلاش سے ۔

Searchingness : (n) گہرائی ؛ نکتہ سنجی ؛ تیزی ؛ تندی ۔

Searing : (n) داغنا ؛ داغ لگانا ۔

Searing-iron : (n) گل دوزی کا آلہ ؛ داغ لگانے کا لوہا ؛ داغ ۔

Season : (n) [ME. 'Seson'.] (۱) موسم ؛ فصل ؛ رُت ؛ سماں ۔ (۲) مناسب وقت ؛ مساعد موقع ۔ (۳) مدت مدید ۔ (۴)(جانوروں کی) مستی جفتی ؛ انڈا بچہ دینے یا نقل وطن کرنے کا زمانہ ۔ (۵) زمانہ ۔ (۶) (جمع) سال ۔

Dead season / Dull season : بیکاری کا زمانہ جب ماہی گیری شکار ، گھڑ دوڑ وغیرہ جیسی تفریحات کے مواقع نہیں ہوتے ۔

Dead season : وہ زمانہ جب طبقۂ امراء تفریح گاہ سے چلے جاتے ہیں ۔

For a season : غیر معینہ مدت تک : کچھ دنوں کے لئے ۔

In season : (۱) مناسب وقت پر : بر محل ۔ (۲) شکار کے موسم میں ۔

In season and out of season : گاہ و بے گاہ : موقع بے موقع : وقت بے وقت ۔

Off season : بے موسم ۔

Out of season : (۱) بے محل طریقے پر : بے موقع ۔ (۲) بے موسم ۔ (۳) غیر مروج : فیشن سے باہر ۔

Silly season : اگست اور ستمبر کا مہینہ جب اخباروں کو لکھنے کے لئے خبریں نہیں ملتیں ۔

To be in season : (۱) (پودے یا جانوروں کا) کھائے جانے کے قابل ہونا ۔ (۲) (جانوروں کا) مستی میں آنا ۔

To come in or into season : جانوروں کا مستی میں آنا ۔

Season : (v) (۱) بنانا : تیار کرنا : پختہ کرنا : درست کرنا ۔ (۲) عادی کرنا : خوگر کرنا یا بنانا : عادت ڈالنا ۔ (۳) خشک کرنا : سکھانا ۔ (۴) مسالا ڈالنا : چٹپٹا بنانا : مزے دار کرنا یا بنانا : خوشگوار کرنا یا بنانا : بگھارنا : نمکین کرنا : چٹخارہ پیدا کرنا ۔ (۵) مزہ پیدا کرنا : پسندید کرنا یا بنانا : دلپسند کرنا یا بنانا : دلچسپ بنانا : دلکش بنانا ۔ (۶) معتدل کرنا یا بنانا : اعتدال پر لانا : سمونا ۔

Season ticket : (n) موسمی ٹکٹ : میعادی ٹکٹ (یہ ٹکٹ کم شرح پر ملتی ہے) ۔

Seasonable : (a) (۱) (مناسب فصل کا وقت یا موقع) حسب موقع ۔ (۲) مناسب موسم : موسم کے مطابق ۔ (۳) با موقع : بر محل : بر وقت ۔

Seasonableness : (n) مناسب وقت : موزونیت وقت : مناسب وقتی ۔

Seasonably : (adv.) حسب موقع : موزوں طور پر : ٹھیک طرح ۔

Seasonal : (a) (۱) موسمی : فصلی ۔ (۲) وقتی : ہنگامی ۔ (۳) دوری : زمانی ۔

Seasonal dimorphism : (n) موسمی دو شکلیت ۔

Seasonally : (adv.) به اعتبار فصل : به لحاظ موسم ۔

Seasoner : (n) (۱) چٹپٹا کرنے والا : مسالا ملانے والا ۔ (۲) چٹ پٹا بنانے والی چیز : مسالا ۔

Seasoning : (n) (۱) مسالا ملانا یا ڈالنا ۔ (۲) پختہ کرنا یا بنانا (لکڑی وغیرہ خشک کر کے) ۔ (۳) کسی غیر ملک کی آب و ہوا کی سختی برداشت کر کے پختہ ہو جانا ۔ (۴) مزہ : ذائقہ : لذت : نمک مرچ : مسالا : چٹ پٹاپن : چٹخارہ : لطف ۔

Seasonless : (n) موسم سے مستغنی : بے پروا : غیر متبدل ۔

Seat : (n) [ON. 'Saeti'.] (۱) بیٹھنے کی شے : مسند : تخت : کرسی : چوکی ۔ (۲) نشست : بیٹھنا ۔ (۳) مقام نشست ۔ (۴) مشین کا وہ حصہ جو دوسرے کو سنبھالتا ہے : بیٹھک ۔ (۵) سرین : پتلون کا وہ حصہ جو دوسرے کو سنبھالتا ہے : بیٹھک ۔ (۶) مقام : صدر مقام : مرکز : گھر ۔ (۷) رکنیت : ممبری (خصوصاً دار العوام میں) ۔ (۸) انداز نشست : بیٹھنے کا طریقہ (خصوصاً گھوڑے پر) : اچھا گھڑ سوار ۔ (۹) دیہاتی مکان (جس میں وسیع صحن اور چمن ہو) ۔ (۱۰) حق نشست ۔ (۱۱) بادشاہت : اسقف کا عہدہ یا اختیار ۔ (۱۲) (جوتا سازی) کسی خاص قسم کے جوتے بنانا ۔ (۱۳) آرام گاہ : قیام گاہ ۔ (۱۴) مکان : گھر ۔ (۱۵) صورت حال : حالت : مقام : محل ۔ (۱۶) تلے کا وہ حصہ جس پر ایڑی لگائی جاتی ہے ۔

Holy seat/ Peter's - : پاپائی کرسی : پاپا کا اختیار ۔

To hold, keep a or one's seat : بیٹھے رہنا : گرنے نہ پانا : ممبری برقرار رکھنا ۔

To lose one's seat : رکنیت کھو دینا (انجمن یا اسمبلی ، کونسل یا پارلیمنٹ کی) ۔

To take a seat : بیٹھنا ۔

To take a or the back seat : (مجازاً) ماتحتی قبول کر لینا ۔

To one's seat : (۱) اپنی نشست پر بیٹھنا ۔ (۲) اپنا عہدہ سنبھالنا ۔

Seat : (v) (۱) نشستیں مہیا کرنا : نشستوں کا انتظام کرنا یا گنجائش نکالنا (کمرے ، گرجا وغیرہ میں) ۔ (۲) مضبوط کرنا : مستحکم کرنا : پختہ کرنا : پکا کرنا ۔ (۳) پیندی چڑھانا : تلی لگانا یا چڑھانا : میانی لگانا یا چڑھانا : تلا چڑھانا : پیندی ، پیندا لگانا ۔ (۴) بیٹھک بنانا یا لگانا :

کاٹھی لگانا : زین لگانا یا چڑھانا ۔ (۵) نصب کرنا ؛ قائم کرنا ۔ (۶) سکونت پذیر ہونا ۔ (۷) بٹھانا (مشین کے پرزے وغیرہ کو) ؛ بیٹھنا ۔

Seat-belt : (n) حفاظتی پٹی جو ہوائی جہاز وغیرہ کی نشستوں میں لگی رہتی ہے ۔

Seat-bone : (n) کولہے کی ہڈی ۔

Seat mile : (n) ایک اکائی (ایک مسافر کے ذریعے طے کیا ہوا ایک میل) ۔

Seat mate : (n) ہم نشست ۔

Seat of honour : (n) (مزاحاً) سرین ؛ چوتڑ ۔

Seat-of-the-pants : (a) ذاتی تجربے اور تخمینے پر مبنی ۔

Seat of war : (n) وہ علاقے جہاں جنگ ہو رہی ہو ۔

Seated : (a) (۱) نشستوں والا ؛ نشست دار ۔ (۲) واقع ۔ (۳) کھوکھلی (نعل) ۔

-seater : جزو ترکیبی بمعنی "نشستوں والا" "نشستی" ۔

Seating : (n) (۱) نشست لگانا یا مہیا کرنا ؛ عمارت کی بنیاد ۔ (۲) گدی وغیرہ بنا کے سازو سامان ۔ (۳) مشین کے کسی پرزے کا سہارا ؛ خانہ ۔ (۴) کسی ساخت کا وہ حصہ جو دوسرے پر لگا ہوتا ہے ۔

Seating accommodation : (n) نشستی گنجائش ۔

Seating capacity : (n) نشستی گنجائش ۔

Seatless : (a) بے تلی کا ؛ بے میانی ؛ بے زین ۔

Seave : (n) [ON. 'Sef'.] (۱) سینٹھا ۔ (۲) سینٹھے کے مشعل کی روشنی ۔

Seavy : (a) سینٹھے سے بھرا ہوا ۔

Seawan/ Seawant : (n) [Narragansett. 'Seawonn'.] وامپم ؛ صدف سے بنی ہوئی پوت کی لڑیاں جنہیں شمالی امریکا کے دیسی باشندے زر کے طور پر یا آرائش کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Seaward : (adv.) سمندر کی طرف ؛ سمندر کی طرف سے
- From (the) seaward
To (the) seaward : سمندر کی طرف ؛ زمین سے دور ۔

To (the) seaward of : سمندر سے قریب تر ۔

Seaward : (a) سمندر رخ ؛ سمندری (ہوا) ۔

Seawardly : (a) عادی سمندر نگرانی یا بحری سفر کا عادی ؛ مائل بہ سمندر ۔

Seawards : (adv.) دیکھو Seaward

Sebaceous : (a) [L. 'Sebaceus'.] (۱) چربیلا ؛ چربی کا ؛ شحمی ۔ (۲) چربی دار ؛ چرب آلود ؛ روغن آلود ؛ روغن دار ؛ روغنی ۔

Sebaceous cyst : (n) سلعۂ شحمی ۔

Sebaceous duct : (n) قنات شحمی ؛ شحمی مسامہ ۔

Sebaceous follicle : (n) شحمی گلٹی ؛ شحم ریز گلٹی ۔

Sebaceous gland : (n) غدہ شحمی ؛ شحمین غدود چربیلا مادہ پیدا کرنے والا غدود ۔

Sebaceous humour : (n) شحمین رطوبت ؛ چربیلی رطوبت ۔

Sebacic acid : (n) [L. 'Sebaceus' + -ic'.] چربی کا تیزاب ؛ تیزاب شحمی ۔

Sebastine : (n) [Patented in Sweden in 1872.] ایک قسم کا الفجاری مادہ ۔

Sebat/ Shebat : (n) [Heb. 'S'bat'.] یہودی تقویم کا گیارھواں مہینہ ۔

Sebate : (n) [L. 'Sebum' + ate'.] شحمی نمک ۔

Sebesten : (n) [med. L. 'Sebesten'.] سپستان ؛ لسوڑا ؛ لسلسہ ۔

Sebiparous : (a) شحم زا ۔

Seborrhoea : (n) (مرضیات) سیلان شحم ۔

Sebum : (n) [mod.L.] شحمی رطوبت (جس سے بال اور جلد چکنی ہو جاتی ہے) ۔

Sec : (n) [Fr.] پھیکی شراب ۔

Sec : (n) Second, Secant وغیرہ کا مخفف ۔

Sec art : (n) فن کے مطابق ۔

Sec leg : قانون کے مطابق ۔

Secancy : (n) قاطع ہونا ۔

Secant : (a) [Fr.] (ریاضیات) قاطع : قاطع التمام ۔

Secant : (n) خط قاطع : نصف دائرے اور مماس کا وتر ۔

Secateur : (n) [Fr.] باغبانی قینچی : مقراضہ ۔

Secco : (a) [It.] (موسیقی) بے ساز : سادہ : بے تصنع ۔

Secco : (n) خشک پلاسٹر پر رنگ چڑھانے کا طریقہ ۔

Seccotine : (n) رقیق گوند ۔

Seccotine : (v) رقیق گوند سے چپکانا ۔

Secede : (v) [L. 'Secedere'.] قطع تعلق کرنا یا الگ ہونا (کسی مذہبی ، سیاسی جماعت وغیرہ سے) ۔

Seceder : (n) دست کش یا دست بردار ہونے والا : علاحدہ ہونے والا : اعتزال پسند : خارجی : معتزلی ۔

Secern : (v) [L. 'Secernere'.] امتیاز کرنا : فرق کرنا : تمیز کرنا ۔

Secernet : (a) [L. 'Secernens'.] (عضویات) جسم کی رطوبت خارج کرنے والا : رطوبت خیز : افرازی : مرشح ۔

Secerment : (n) افرازی عضو : خارج کرنے والا عضو ۔

Secernment : (n) امتیاز کرنا : تمیز کرنا ۔

Secesh : (n) امریکی افتراق پسند ۔

Secesh : (a) امریکی افتراق پسند یا افتراق پسندی سے متعلق ۔

Secession : (n) [Fr.] علاحدگی : جدائی : افتراق : خروج : انفصال ۔

War of secession : امریکا کی خانہ جنگی (گیارہ جنوبی ریاستوں سے) (۱۸۶۱ء تا ۱۸۶۵ء) ۔

Secessional : (a) افتراقی : علاحدگی سے متعلق ۔

Secessionism : (n) افتراقیت : افتراق پسندی : انفصالیت ۔

Secessionist : (n) افتراق پسند : اعتزال پرست ۔

Seckel / Seckle : (n) [f. name Seckle, the originator)'.] ناشپاتی کی ایک قسم ۔

Seclude : (v) [L. 'Secludere'.] (۱) الگ رکھنا (اپنے تئیں یا کسی اور کو) : کنارہ کرنا : صحبت سے پرہیز کرنا : مجمع سے گریز کرنا ۔ (۲) متنی تنقید جعلی سمجھ کر خارج کرنا ۔

Secluded : (a) تنہا : الگ تھلگ : منقطع ۔

Secludedly : (adv.) علاحدہ : الگ : تنہائی پسندی کے طور پر : الگ تھلگ رہ کر ۔

Seclusion : (n) (۱) تنہائی : خلوت : گوشہ نشینی : علاحدگی : عزلت : عزلت گزینی ۔

In seclusion : تنہائی : الگ ۔

Seclusionist : (n) تنہائی پسند : خلوت پسند ۔

Seclusive : (a) تنہائی بخش : تنہائی یا خلوت کا ۔

Seclusively : (adv.) تنہائی بخش طور پر ۔

Seclusiveness : (n) خلوت پسندی : عزلت پسندی ۔

Second : (n) [OFr. 'Seconde'.] (۱) سیکنڈ : ثانیہ ۔ (۲) لحظہ : لمحہ : ذرا سی دیر ۔

Second : (a) [Ofr. 'Second'.] (۱) دوسرا : دوم ۔ (۲) ایک کے یا پہلے کے علاوہ : زائد : دوسرا ۔ (۳) ثانی : مجازی : نقلی : دوسرے درجے کا : تابع ۔

Second : (n) (۱) (شرط یا دوڑ میں) اول کے بعد دوسرا ۔ (۲) آنرز کے (امتیازی) امتحان میں دوسرا درجہ : وہ شخص جو اس امتحان میں کامیاب ہو ۔ (۳) یکیکی (ڈوئل) یا مکہ بازی میں ایک فریق کا حامی جو خود فریق کا منتخب شدہ ہوتا ہے ۔ (۴) (جمع) کم درجے کا سامان (خصوصاً) موٹا آٹا یا موٹے آٹے کی روٹی) ۔ (۵)(ریاضیات) عدد مفرد کا بارھواں حصہ ۔ (۶)(موسیقی) الٹ سُر ے سرگم میں کوئی سُر جو دوسرے سُر سے ایک سُر اوپر یا نیچے ہو : ایسے دو سُروں کا درمیانی وقفہ ۔

Augmented second : تین ادھ سروں کا درمیانی وقفہ : کسی سُر اور اس کے بعد کے تیسرے سُر کا فاصلہ ۔

The second : ثانی : دوم (خصوصاً بادشاہوں کے نام کے ساتھ جو اس سلسلے کے دوسرے اسی نام کے ہوتے ہیں) ۔

Second : (v) (۱) تائید کرنا : حمایت کرنا ۔ (۲) (بحث یا جلسے میں) تجویز کی تائید کرنا ۔ (۳) (لڑائی یا حملے میں)

(فوج یا فوجی دستے کی) مدد کرنا ۔ (۴) امداد کرنا ؛ بڑھانا ؛ اعانت کرنا ؛ ترقی دینا ۔

Second : (v) (۱) معطل کرنا ؛ برخاست کرنا ؛ کسی افسر کو اپنے عارضی فوجی دستے سے علاحدہ کرنا کہ وہ کوئی غیر فوجی ملازمت حاصل کر سکے ۔

Second Adam : (n) حضرت عیسیٰ کا خطاب ۔

Second Advent : (n) ظہور ثانی ؛ خصوصاً حضرت عیسیٰ کا ظہور ثانی ۔

Second Adventist : (n) ظہور ثانی کا قائل ؛ اس فرقے کا رکن جس کا اعتقاد ظہور ثانی پر ہو ۔

Second-ballot : (n) (انتخاب کا طریقہ) رائے شماری دوم ۔

Second best / Second-best : (n) (۱) دوسرے درجے کا (وصف یا جو ہر میں) ۔ (۲) کوئی چیز جو بہترین سے کمتر ہو ۔

To come off second best : مقابلے میں شکست کھا جانا ۔

Second birth : (n) (دینیات) پیدائش ثانوی ؛ دوسرا جنم ۔

Second cause : (n) علت ثانوی ؛ علت فرعی ؛ سبب ثانی ۔

Second chamber : (n) ایوان ثانی ؛ دیوان خاص ؛ دار الامرا ۔

Second childhood : (n) ستر بہترا ؛ بڈھا پھوس ۔

Second class : (n) دوسرے درجے کا ؛ کم درجے کا ؛ گھٹیا ۔

Second-class : (adv.) دوسرے درجے میں یا سے ۔

Second coming : (n) دیکھو Second Advent

Second cousin : (n) خالہ زاد ، چچا زاد ، ماموں زاد ، پھوپھی زاد بھائی بہنوں کی اولاد ۔

Second day : (n) پیر ؛ سوموار ۔

Second-degree : (n) دوسرے درجے کا ۔

Second division : (n) دوسرے درجے کا کلرک ؛ محرر ۔ (۲) (جیل کا) دوسرا درجہ ۔

Second drawer : (n) کمتر ؛ ادنیٰ ؛ معمولی ؛ اوسط درجے کا ۔

Second fiddle : (n) تابع حیثیت رکھنے والا ۔

Second floor : (n) تیسری منزل ۔

Second-guess : (v) (۱) پس بینی کرنا ۔ (۲) پیش گوئی کرنا ۔

Second-hand / Second hand : (a) (۱) مستعمل ؛ استعمال شدہ ؛ برتا ہوا ؛ مستعملہ (کپڑا ، کتابیں وغیرہ) ۔ (۲) (خبر ، اطلاع وغیرہ) بالواسطہ ؛ جو ذاتی مشاہدے یا تحقیق پر مبنی نہ ہو ۔

At second hand : بالواسطہ ؛ استعمال طور پر ۔

Second-hand / Seconds-hand : (n) (گھڑی میں) سیکنڈ کی سوئی ۔

Second-hand : (adv.) بالواسطہ ؛ استعمال شدہ طور پر ۔

Second-handed : (a) دیکھو Second-hand

Second-in-command : (n) نائب سپہ سالار ۔

Second intention : (n) (۱) تصور ثانیہ ۔ (۲) (مرضیات) پکے ہوئے زخم کے منہ کو بند کر کے مندمل کرنا ۔

Second-joint : (n) مرغ کی ٹانگ کا موٹا حصہ ۔

Second nature : (n) فطرت (طبیعیات) فطرت ثانی ؛ ملکہ ۔

Second nerve : (n) دیکھو Optic nerve

Second of exchange : (n) جدا جدا بل ایک ہی تاریخ اور مضمون کا تاکہ تلف ہونے کا اندیشہ نہ ہو ۔

Second person : (n) مخاطب ۔

Second person (of Trinity) : (n) حضرت عیسی ۔

Second rate : (a) (۱) گھٹیا ؛ کم درجے کا ۔ (۲) (جہاز) دوسرے نمبر یا درجے کا ۔

Second-rate : (n) (۱) دوسرے درجے کا جہاز ۔ (۲) کمتر درجے کا آدمی ؛ گھٹیا شے ۔

Second-rater : (n) کمتر یا گھٹیا درجے کی چیز ۔

Second-self : (n) یارغار ؛ سب سے بڑا معین و مددگار ۔

Second-sight : (n) (۱) غیر معمولی بصیرت ؛ غیب بینی ؛ باطنی قوت

جس کی بدولت انسان وہ چیزیں دیکھ سکتا ھے جو نظر سے غائب ہیں ۔ (۲) باطنی قوت سے نظر آنے والی تصویر ۔

Second-sighted : (a) غیب بیں ؛ غیر معمولی بصیرت رکھنے والا ۔

Second-sightedness : (n) غیر معمولی بصیرت رکھنا ۔

Second-story : (n) (۱) پہلی منزل ۔ (۲) (برطانیہ) دوسری منزل ۔

Second-story man : (n) اوپری منزل کی کھڑکیوں سے گھس کر آنے والا چور ۔

Second-mark / Seconds-mark : (n) امتیازی نشان ؛ (") سکنڈ ظاہر کرنے کے لئے ۔

Second-string : (n) زائد شخص یا شے جو وقت ضرورت کام آئے ۔

Second thigh : (n) (چوپایوں کے) ران کا اوپری حصہ ۔

Second thought : (n) وہ رائے یا ارادہ جو غور و فکر کے بعد قائم کیا جائے ۔

Second water : (n) (جواہرات) ثانوی آبدار چمک ۔

Second wind : (n) دم تازہ ؛ بے دم ہونے کے بعد پھر دم آنا ۔

Secondarily : (adv.) ثانیاً ؛ دوم ؛ ثانوی طور پر ۔

Secondariness : (n) ثانویت ۔

Secondary : (a) [L. 'Secundarius'.] (۱) ثانوی ؛ دوسرے درجے کا ؛ فرعی ۔ (۲) ذیل کا ؛ کم رتبہ ؛ کم حیثیت ۔ (۳) ضمنی ؛ تابع ۔ (۴) (برقیات) امالے سے پیدا ؛ امالی ۔ (۵) عارضی ؛ خارجی ۔ (۶) (ارضیات) دور ثانوی کا ؛ دوسرے ارضیاتی دور کا ۔ (۷) (مرضیات) دوسرے مرحلے میں ۔ (۸) ثانوی تعلیم ۔

Secondary : (n) (۱) وکیل ؛ نمائندہ ۔ (۲) گرجا کا ادنیٰ عہدہ دار ۔ (۳) لندن کے بلدیہ کا ایک افسر ۔ (۴) Secondary Circle اور Secondary planner کا مخفف ۔ (۵) (مرضیات) ثانوی علامات (آتشک کے) ۔ (۶) (ارضیات) طبقۂ ثانی ۔ (۷) دیکھو Secondary coil or Wire secondary : feather Secondary depression کا مخفف ۔

Secondary amputation : (n) قطع عضو جو پکنے کے بعد کیا جائے ۔

Secondary bow : (n) ثانوی قوس قزح ۔

Secondary burial : (n) ثانوی تدفین ؛ دوبارہ تدفین ۔

Secondary cause : (n) ثانوی وجہ ۔

Secondary cell : (n) ثانوی خانہ ۔

Secondary circle : (n) وہ بڑا دائرہ جو دوسرے دائرے کے قطبین کرہ کو قطع کرتا ھے اور اس کی سطح سے زاویہ قائمہ بناتا ھے ۔

Secondary coil : (n) ثانوی کوائل ؛ ثانوی چکر ۔

Secondary colours : (n) ثانوی رنگ ؛ یعنی نارنجی ، سبز ، اُودا جو ابتدائی رنگوں (یعنی سرخ ، زرد ، نیلے) کی آمیزش سے حاصل ہوں ۔

Secondary cortex : (n) قشر ثانوی ۔

Secondary depression : (n) (موسمیات) ثانوی دباؤ ۔

Secondary education : (n) ثانوی تعلیم ۔

Secondary evidence : (n) (قانون) ثانوی شہادت ؛ ابتدائی شہادت نہ پانے پر لی ہوئی دوسری شہادت (مثلاً کسی معاہدے کی نقل اصلی معاہدہ کے گم ہو جانے پر) ۔

Secondary feather : (n) پر عقبی ؛ کیڑے کا پچھلا پر ۔

Secondary planet : (n) ثانوی سیارہ ؛ تابع قمر ۔

Secondary quill : (n) پر عقبی ؛ بازو کے دوسرے جوڑ پر کا پر ۔

Secondary rainbow : (n) دیکھو Secondary-bow

Secondary wing : (n) (حشرہ کا) عقبی بازو ۔

Seconde : (n) [Fr.] پینترا (پٹہ بازی میں) ۔

Seconder : (n) حامی ؛ مؤید ؛ تائید کنندہ ۔

Secondly : (adv.) دوم یا دوئم ؛ ثانیاً ۔

Secondment : (n) کسی شخص (مثلاً فوجی افسر) کو اس کی باضابطہ تنظیم سے دوسری عارضی جگہ کے لئے علاحدہ کر دینا ۔

Secondo : (n) [It.] ساز نوازی کا درجۂ ثانی ؛ دوم ساز نواز ۔

Secours : (n) [Fr.] مدد ؛ تعاون ؛ اعانت ۔

Secrecy : (n) (۱)راز ؛ بهید؛ اخفا ۔ (۲) تنہائی؛ خلوت ؛ خلوت گزینی؛ تنہائی پسندی ۔ (۳) پردہ پوشی ؛ راز داری ؛ سکوت ۔

In secrecy : راز میں ۔

Secret : (a) [Fr.] (۱) مخفی ؛ پوشیدہ ؛ راز میں رکھنے کے قابل ۔ (۲) خاموش ؛ کم گو ۔

Secret : (n) (۱) بهید ؛ راز ؛ سر ۔ (۲) راز جو مخصوص لوگوں کو معلوم ہو ۔ (۳) آسرار ۔ (۴) گر ۔ (۵)(خصوصاً عشائے ربانی میں) پادری کی تنہائی کی عبادت ۔ (۶) نقابتی مارکہ جسے کپڑے کے اوپر چھپا کر لگا یا جاتا ہے ۔

As open secret : کھلا راز ؛ ایسا راز جو بجز ان کے جو معلوم کرنے کی کوشش نہیں کرتے سب کو معلوم ہے ۔

In secret : پوشیدہ طور پر ۔

To be in the secret of : ہمراز ہونا ۔

To let (a person) into the secret : راز دار بنانا ۔

To make a secret of (something) : راز میں رکھنا ؛ اپنے آپ تک رکھنا ۔

Secret agent : (n) جاسوس ؛ سراغ رساں ۔

Secret ink : (n) چھپی سیاہی جس کی تحریر اس وقت تک نظر نہیں آتی جب تک اسے آگ نہ دکھائی جائے یا کوئی مقرر عمل نہ کیا جائے ۔

Secret members : (n) (۱) مخفی اعضا ۔ (۲)دیکھو Secret parts ۔

Secret-partner : (n) خفیہ شریک ؛ پوشیدہ ساجھی ۔

Secret-parts : (n) مخفی اعضا ؛ اعضائے ستر ۔

Secret police : (n) خفیہ پولس ۔

Secret service : (n) خفیہ خدمت ؛ راز کی خدمت ۔

Secret society : (n) خفیہ سوسائٹی ، انجمن یا تنظیم ۔

Secreta : (n) [L.] (کلیسا) وہ عبادت جو لوگ آہستہ آوازوں میں کرتے ہیں ۔

Secreta : (n) [L.] مواد ؛ ریز شی مادہ ۔

Secretage : (n) [Fr.] سمور بنانے کا ایک طریقہ ۔

Secretaire : (n) [Fr.] لکھنے پڑھنے کی خانہ دار میز ۔

Secretarial : (a) سکریٹری کا ؛ معتمد کا ۔

Secretariate : (n) [Fr.] (۱) دفتر معتمد ؛ سکریٹری کا دفتر ؛ معتمدی؛ عہدۂ سکریٹری ۔ (۲) کسی حکومت کے عاملانہ محکمے کے ارکان (مجموعی حیثیت سے) ۔ (۳) (بغیر e کے) کسی صوبے کے عاملانہ محکمے کا صدر مقام یا دفتر کی عمارت ۔

Secretary : (n) [Late L. 'Secretarius'.] (۱) سکریٹری ؛ سکتر ؛ معتمد (کسی شخص کا ، ادبی خدمت یا مراسلت کے نام کے لئے) ۔ (۲) سرکاری یا کسی جماعت وغیرہ کا عہدہ دار جو اس کی طرف سے کاروبار انجام دیتا ہے ۔ (۳)لکھنے پڑھنے کی خانہ دار میز ۔ (۴) (طباعت) ایک قسم کا ٹائپ ۔ (۵) دیکھو Secretary-bird ۔

Secretary : (a) پندرھویں سے سترھویں صدی عیسوی کے قانونی دستاویزی تحریر کے لئے بطور خصوصی صفت استعمال ہوتا تھا ۔

Secretary-bird : (n) ایک قسم کا مارخور پرند جس کی کلغی ایسی ہوتی ہے جیسے منشی کے کان میں قلم ۔

Secretary of embassy/ -legation : (n) سفیر کا نائب خصوصی ۔

Secretary of state : (n) (۱) حکومت کے کسی محکمے کا وزیر ۔ (۲) (امریکا نیز حکومت پاپا) معتمد اعلیٰ و وزیر خارجہ ۔

Secretaryship : (n) عہدۂ معتمد یا سکریٹری؛ منصب معتمد ؛ معتمدی ۔

Secrete : (v) [L. 'Secernere'.] (اعمال الاعضا) بدن کی رطوبت نکالنا ؛ چھڑانا ؛ افراز کرنا یا افراز پیدا کرنا ۔

Secrete : (v) [L. 'Secretus'.] (۱) چھپا نا ؛ پوشیدہ کرنا ؛ چھپا کے رکھنا ۔ (۲) چرا لینا ۔

Secrete : (v) [Fr. 'Secreter'.] سمور بنانا ۔

Secretin : (n) (کیمیا) لبلبا انگیز ؛ سکریٹن ۔

Secretion : (n) [Fr.] (۱) (اعمال الاعضا) افراز؛ اخراج ؛ نکلنا ؛ تفریق؛ علاحدگی ؛ جدائی ؛ رطوبت جسمانی کی خون سے تفریق ؛ رطوبت جسمانی کا خون سے جدا ہونا ۔ (۲)رطوبت ؛ ریزش ۔ (۳) اخفا ؛ چھپانا ۔

Secretive : (a) (۱) اخفائے راز کا دلدادہ ؛ کم گو ؛ دیر آشنا ۔ (۲) اخراجی ؛ رطوبت خیز ؛ افرازی ؛ ممد افراز ۔

Secretively : (adv.) اخفا پسندانہ ؛ راز داری کی رو سے؛ رطوبت خیزانہ ۔

Secretiveness : (n) (۱) اخفا پسندی ؛ گم گوئی ؛ کم سخنی ؛ اخفائیت ۔ (۲) اخراج ؛ افرازیت ؛ مفروزیت ۔

Secretly : (adv.) راز میں ، خفیہ یا پوشیدہ طور پر ۔

Secretness : (n) خفیہ ہونا ؛ پوشیدگی ۔

Secreto-inhibitory : (a) دافعِ ریزش ۔

Secretor : (n) عضو افراز ؛ مفرز ؛ خارج کنندہ ؛ خارج کرنے والا ۔

Secretory : (a) افرازی ؛ مقرز ؛ ریزش ساز ۔

Secretory : (n) غدۂ افرازی ؛ مفرزہ ۔

Secretum : (n) [L. 'Secretus'.] نجی مہر ۔

Sect : (n) [Fr. 'Secte.'] فرقہ؛ فریق؛ گروہ؛ طائفہ؛ مذہبی فرقہ؛ حزب ۔

Sectarial : (a) فرقے کا ۔

Sectarian : (a) فرقہ بندی کا ؛ فرقہ پرستانہ ۔

Sectarian : (n) فرقہ پرست ؛ کسی خاص فرقے کا پیرو ۔

Sectarianism : (n) فرقہ بندی ؛ فرقہ پرستی ؛ تفریق پرستی ۔

Secrarianize : (v) فرقہ بنانا ؛ فرقہ بندی کرنا ؛ فرقوں میں تقسیم کرنا۔

Sectarism : (n) دیکھو Sectarianism

Sectary : (a) [mod. L.] فرقہ بندی کا ؛ فرقہ پرستانہ ۔

Sectary : (n) (۱) کسی فرقے کا رکن ۔ (۲) کسی فرقے کا پیرو ۔ (۳) فرقہ پرست ۔

Sectile : (a) [L. 'Sectilis'.] جوکٹ سکے ؛ تراشا جا سکے ؛ قطع پذیر؛ تراش پذیر ۔

Sectility : (n) قطع پذیری ؛ تراش پذیری ۔

Section : (n) [Fr.] (۱) قطعہ ؛ ٹکڑا ؛ کاٹ ؛ تراش ؛ حصہ ؛ کٹاؤ ؛ قطع ۔ (۲) باب ؛ فصل ۔ (۳) ضمن ؛ دفعہ ۔ (۴) (فوج) دستہ ؛ برا ۔ (۵) فرقہ ؛ فریق ۔ (۶) (تاریخ طبعی) صنف ؛ نوع۔ (۷) شعبہ ؛ صیغہ ۔ (۸) طباعت میں استعمال ہونے والا ایک نشان (§) ۔

Section : (v) ابواب ، قطعات ، دفعات و غیرہ میں ترتیب دینا ؛ تقسیم کرنا ۔

Section-line : (n) قطعہ بندی یا فصل بندی کے کھینچی گئی لکیر ۔

Section-liner : (n) متوازی خطوط کھینچنے کا آلہ ۔

Section-mark : (n) نشان دفعہ (یہ نشان §) ۔

Section-paper : (n) ترمیمی کاغذ ۔

Sectional : (a) متعلق بہ دفعہ یا قطعہ داری ؛ دفعہ واری ، تراشی ۔

Sectional : (n) کئی حصوں میں بٹا ہوا صوفہ جس کو علاحدہ یا ایک ساتھ ملا کر استعمال کر سکتے ہیں ۔

Sectionalize : (v) قطعوں میں تقسیم کرنا ۔

Sectionally : (adv.) قطعہ بندی کے طور پر ؛ دفعہ داری ۔

Sectionary : (n) کسی فرقے کا رکن ۔

Sectionize : (v) (۱) حصوں یا ابواب میں تقسیم کر دینا ۔ (۲) حصوں یا ٹکڑوں میں خاکہ کھینچنا ۔ (۳) تراشنا ؛ ٹکڑا کاٹنا ۔

Sectism : (n) فرقہ پرستی ؛ جماعت پرستی ۔

Sector : (n) [L.] (۱) قطعہ ؛ دائرہ ۔ (۲) آلۂ ہندسی ؛ آلۂ نجومی ۔ (۳) قطاع دائرہ ۔ (۴) (فوج) قطاع دائرہ سے مشابہ فوجی محاذ کا حصہ ۔

Sector : (v) (۱) قطعوں میں تقسیم کرنا ۔ (۲) آلۂ نجومی یا ہندسی مہیّا کرنا ۔

Sector of a sphere : (n) قطاع کرہ ؛ قطعۂ کرہ ۔

Sectoral : (a) قطعہ سے متعلق ۔

Sectorial : (a) قطعہ دائرہ سے متعلق ؛ متعلق یا منسوب بہ قطعہ دائرہ ۔

Sectorial : (a) مقراضی ؛ قاطع ۔

Secular : (a) [OFr.] (۱) دنیوی ؛ دنیاوی ۔ (۲) غیر مذہبی ؛ غیر

دینی ؛ لا دینی۔ (۳) صد سالہ ؛ عمر بھر ایک دفعہ آنے والا ؛ سو برس تک رہنے والا ؛ دوامی ؛ دائمی ؛ قدیم ۔ (۴)متشکک ؛ دینی صداقت میں شک کرنے والا یا دینی تعلیم کا مخالف ۔ (۵) آفاقی ؛ علمانی ۔

Secular : (n) دنیا دار پادری ؛ گرہست پادری ؛ متاہل پادری ۔

Secular abbot : (n) نیم راہب ۔

Secular arm : (n) کلیسا کے دیوانی اختیارات ۔

Secular education : (n). دنیوی تعلیم ؛ غیر مذہبی تعلیم ؛ لا دینی تعلیم ۔

Secular game : (n) صد سالہ کھیل یا تہوار ؛ قدیم رومی تہوار جو ۱۲۰ سال کے بعد آتا تھا اور تین دن تک اور تین رات تک منایا جاتا تھا ۔

Secular plays : (n) دیکھو Secular game

Secular poem : (n) صدی بھجن ؛ صد مناجات جو رومی صد سالہ تہوار کے لئے تالیف کی جاتی تھی ۔

Secular shows : (n) دیکھو Secular game

Secularism : (n) یہ عقیدہ کہ تعلیم مذہبی عقائد پر مبنی نہ ہو بلکہ اخلاقیات پر مبنی ہونی چاہیئے ؛ آفاقیت ؛ فطری اخلاقیات ۔

Secularist : (n) فطری اخلاقیات کا حامی ؛ آفاقی ؛ حامئ غیر مذہبی یا لا دینی نظام ۔

Secularistic : (a) فطری اخلاقیات سے متعلق ۔

Secularity : (n) (۱) دنیویت ؛ غیر مذہبیت ؛ لا دینیت (تعلیمی سلسلے میں) ۔ (۲) آفاقیت ؛ علمانیت ۔ (۳) دوامیت ۔

Secularization : (n) دنیوی بنانے کا عمل ؛ دنیاوی کاموں میں لانا ؛ غیر مذہبی بنانا ؛ لا دینی بنانا ؛ آفاقی سازی ؛ علمانی سازی ۔

Secularize : (v) دنیوی بنانا ؛ غیر مذہبی بنانا ؛ دنیوی یا دنیاوی کاموں میں لانا ؛ صرف کرنا (وقت وغیرہ) ۔

Secularly : (adv.) دنیا دارانہ ؛ دنیاوی اعتبار سے ؛ ازروئے دنیا داری ۔

Secularness : (n) دیکھو Secularity

Secund : (n) [L. 'Secundus'.] (نباتیات و حیوانیات) یک طرفی ؛ یک طرفہ ؛ یک رخی ؛ یک رخا (جس کے پھول ایک ہی رخ ہوں)۔

Secundigravid : (a) [L. 'Secundigravid'.] دوسری بار حاملہ ۔

Secundigravida : (n) دوسرے حمل والی عورت ۔

Secundine : (n) [late L. 'Secundinae'.] (۱) آنول نال ؛ حشیمہ ۔ (۲) (جمع) (نباتیات) جفت ؛ آنول نال ۔

Secundipara : (n) عورت دو بچوں والی (جو توام نہ ہوں) ۔

Secundiparous : (a) دو بچوں والی عورت سے متعلق ۔

Secundly : (adv.) یک طرفانہ ؛ یک رخانہ ۔

Secundogeniture : (n) [L. 'Secundo'.] وراثت دوم ؛ دو ولدی وراثت ۔

Secundum : (prep.) [L.] مطابق ؛ موافق ؛ حسب ۔

Secundum artem : (adv.) (۱) مصنوعی یا بناوٹی طور پر ۔ (۲) علمی طور پر ؛ سائنسی طریقے سے ۔ (۳) صناعانہ یا ماہرانہ طور پر ۔

Secundum legem : (adv.) قانون کے مطابق ۔

Secundum magis et minus : (adv.) کم و بیش ۔

Secundum naturam : (adv.) ازروئے فطرت ؛ قدرتی طور پر ؛ فطری انداز سے ۔

Secundum quid : (adv.) (۱) بعض لحاظ سے ؛ بعض اعتبار سے ؛ کسی خاص پہلو یا نقطۂ نظر سے ۔ (۲) حدود یا قیود کے ساتھ ؛ استثنا کے ساتھ ۔

Secundus : (n) [L.] ثانی ؛ دوم ۔

Secure : (a) [L. 'Securus'.] (۱) بے خطرہ ؛ بے خدشہ ؛ بے فکر ؛ بے اندیشہ ؛ بے غل و غش ۔ (۲) بھروسہ کرنے والا ؛ بھولا ؛ سادہ لوح ؛ یقینی ۔ (۳) محفوظ ؛ مامون ؛ مصئون ۔ (۴)بھروسے کے قابل ؛ قابل اطمینان ۔ (۵) مضبوطی سے بندھا ہوا ؛ محفوظ ؛ حفاظت میں ۔ (۶) متیقن و پُر امید ۔

Secure : (v) (۱) محفوظ کرنا ؛ مستحکم کرنا ؛ محصور کرنا (شہر ، بندرگاہ کو دیوار سے) ۔ (۲) حاصل کرنا (کسی شے کی ضمانت یا کفالت پر) ؛ ضمانت کرنا ؛ نقصان سے بچانا ۔ (۳) حصول میں کامیاب ہونا ؛ حاصل کرنا ۔ (۴) گرفتار کرنا ؛ اسیر کرنا ؛ حراست میں لینا ؛ پکڑ رکھنا ؛ باندھ

رکھنا ۔ (۵) بند کرنا ۔ (۶) مضبوط باندھنا ۔ (۷)(بحریہ کے آدمی کو) سبک دوش کرنا : رخصت کرنا۔ (۸) (جہاز کا) ٹھہرانا : لنگر انداز کرنا ۔

Secure : (n) بحریہ کا ایک سگنل (رخصت کے اعلان کے لئے) ۔

Secure : (adv.) بے خدشہ : بے کھٹکے : حفاظت سے ؛ مضبوطی سے ۔

Secureness : (n) بھروسے کے قابل ہونا : محفوظ ہونا ۔

Securifera : (n) [L.] ایک قسم کا حشرہ ۔

Securiform : (a) تیشہ نما : تیشہ صورت ۔

Security : (n) [Fr. 'Securite'. or L. 'Securitas'.] (۱) اطمینان : سکون ۔ (۲) حفاظت : بچاؤ : سلامتی : امنیت ۔ (۳)ضمانت: کفالت ۔ (۴) ضامن : کفیل ۔ (۵) وثیقہ : ہنڈی : تمسک ۔ (۶) حراست : حفاظت ۔

To enter (in or into), find, give (in), take security : ضمانت لینا : ضمانت کرنا ۔

Secus : (adv.) [L.] بر خلاف ۔

Sedan : (n) [Origin unkn.] (۱) پالکی : نالکی : ڈولی : تام جھام : ڈانڈی : پینس (یورپ میں اٹھارھویں صدی میں رائج تھی) ۔ (۲) (امریکا) بند موٹر گاڑی جس میں ڈرائیور سمیت چار نشستیں ہوتی ہیں ۔

Sedan chair : (n) دیکھو Sedan

Sedate : (a) [L. 'Sedatus'.] (۱) (انسان) سلیم الطبع : پر سکون : سنجیدہ : متین : خاموش ۔ (۲) (تحریر ، تقریر ، مزاج) سنجیدہ : متین ۔

Sedately : (adv.) سنجیدگی سے : متانت سے : سلامت روی سے : پر سکون طور پر ۔

Sedateness : (n) متانت : سنجیدگی : سکون پسندی ۔

Sedation : (n) سنجیدہ بنانا : سنجیدگی ۔

Sedative : (a) سکون بخش : مسکن ۔

Sedative : (n) مسکن دوا ۔

Sedative salt : (n) دیکھو Boric acid

Sede vacante : (adv.) [L.] (کلیسا) اسقف کی جگہ خالی ہونے کے دوران ۔

Sede vacante : (n) اسقف کی جگہ خالی ہونا ۔

Sedefendendo : (adv.) [L.] (قانون) اپنی صفائی میں : حفاظت خود اختیاری میں : اپنے بچاؤ میں ۔

Sedens : (n) [L.] (کسی مقام کا) پیدائشی باشندہ ۔

Sedent : (a) [L. 'Sedere'.] بیٹھا ہوا (مجسمہ کے لئے استعمال ہوتا ہے) ۔

Sedentarily : (adv.) بے حس و حرکت : بیٹھ کر ۔

Sedentariness : (n) بیحس و حرکت ہونا : بیٹھا ہوا ہونا ۔

Sedentary : (a) [Fr. 'Sedentaire' or L. 'Sedentarius'.] (۱) (تصویر ، نشست وغیرہ) بے حس و حرکت : بیٹھا ہوا : نشستہ ۔ (۲) بیٹھے رہنے کا (پیشہ ، عادت ، کام وغیرہ): احدی : کاہلی ۔ (۳) (حیاتیات) مقیم (پرندے) : غیر سیار : خانہ نشیں ۔ (۴) گھات میں بیٹھی ہوئی (مکڑی) ۔

Sedentary : (n) مکڑیوں کی ایک جنس جو جالا بن کر شکار کرتی ہے ۔

Sedentary soil ;(n) قائم مٹی ۔

Sederunt : (n) [L.] (۱) (مذہبی جماعت یا کسی مجلس کا) بیٹھنا : بیٹھک ، جلسہ یا نشست : کسی صحبت کا بات چیت یا ناؤ نوش میں بیٹھے رہنا ۔(۲)شریک مجلس کی فہرست ۔

Act of sederunt : اسکاٹ لینڈ کی صدر عدالت دیوانی کے سامنے کاروائیوں کو منضبط کرنے کا حکم ۔

Sedge : (n) [OE. 'Secg'.] (۱) سیج : سوان کی قسم کی گھاس جو دلدلوں اور سیلابی زمینوں میں ہوتی ہے اس میں گرہیں نہیں ہوتیں : سعد : سعادۃ ۔ (۲) ایسی گھاس کا تختہ ۔

Sedge-fly : (n) ایک قسم کی مکھی ۔

Sedge-warbler : (n) ایک قسم کا بولنے والا پرندہ ۔

Sedged : (a) (۱) (جئی) جس کا تنا موٹا ہو گیا ہو (یہ ایک بیماری ہے) ۔ (۲) (سیج کا) حاشیہ دار ۔

Sedging : (n) ایک بیماری جو جئی کے تنے میں لگ جاتی ہے اور

تنا جڑ کے پاس موٹا ہو جاتا ہے ۔

Sedgy : (a) (۱) وہ مقام جہاں سیج کثرت سے ہو ۔ (۲) سیج نما ۔

Sedile : (n) [L. 'Sedere'.] کلیسا کی وہ تین چھتر دار نشستیں جس پر کشیش بیٹھتے ہیں ۔

Sediment : (n) [Fr.] (۱) دُرد : تلچھٹ ؛ گاد ؛ رُسُوب : ثفل ۔ (۲) (ارضیات) رُسوب ۔

Sediment : (v) دُرد جمنا ؛ تلچھٹ جمنا ۔

Sedimental : (a) رُسوبی ۔

Sedimentary : (a) رُسوبی ؛ گدلا ؛ دُرد آمیز ۔

Sedimentary : (n) رُسوب ؛ تلچھٹ ۔

Sedimentary rock :(n) رُسوبی چٹانیں ۔

Sedimentation : (n) (کیمیا) ترسیب ۔

Sedition :(n) [Fr.] (۱) سر کشی ؛ بغاوت ۔ (۲) باغیانہ تقریر ۔

Seditionary : (a) باغیانہ ؛ بغاوت آمیز ؛ بغاوت انگیز ؛ مفسدانہ ۔

Seditionist : (n) باغی ؛ سرکش ۔

Seditious : (a) [Fr. 'Seditieux'.] دیکھو Seditionary

Seditiously : (adv.) ازراہ بغاوت یا سرکشی ؛ باغیانہ طور پر ۔

Seditiousness : (n) باغی پن ؛ بغاوت انگیزی ۔

Seduce : (v) [L. 'Seducere'.] (۱) اِغوا کرنا ؛ ور غلانا ؛ بہکانا ؛ پھسلانا ؛ منحرف کرنا ؛ گمراہ کرنا ۔ (۲) عصمت دری کرنا ؛ آبرو ریزی کرنا (عورت کی) ؛ بھگا لے جانا ؛ اٹھا لے جانا ۔ (۳)پھسلانا ؛ ورغلانا ۔

Seduceable : (a) اِغوا پذیر ؛ جو بہلانے یا ورغلانے میں آ جائے ۔

Seducement : (n) اِغوا ؛ ورغلانا ؛ انحراف ۔

Seducer : (n) مغوی ؛ اغوا کنندہ ؛ بہکانے والا ؛ پھسلانے والا ؛ ورغلانے والا ۔

Seducible : (a) دیکھو Seduceable

Seducing : (a) بہکانے والا ؛ پھسلانے والا ؛ ترغیب دینے والا ۔

Seducingly : (adv.) ازراہ اِغوا ؛ بہکا کر ؛ پھسلا کر ۔

Seduction : (n) (۱) اغوا ؛ بہکاؤ ؛ جھانسا ۔ (۲) کشش ؛ گیرائی ؛ ترغیب ۔

Seductive : (a) دلکش ؛ موجب ترغیب ؛ پھسلا لینے والا ؛ گمراہ کنندہ؛ اغوا کنندہ ۔

Seductively : (adv.) دلکشی سے ؛ دلفریبی سے ۔

Seductiveness : (n) دلکشی ؛ دلفریبی ۔

Seductress : (n) مغوی ؛ اغوا کنندہ ؛ بہکانے والی ؛ رجھا لینے والی ۔

Sedulity : (n) [L. 'Sedulitas'.] جفا کشی ؛ کدو کاوش ؛ محنت ؛ مشقت ؛ سر گرمی ۔

Sedulous : (a) محنتی ؛ محنت پسند ؛ مشقت پسند ؛ سر گرم ؛ تن دہ ؛ مستعد ؛ جفا کش ؛ مستقل مزاج ؛ ثابت قدم ؛ جفا کشانہ ؛ سر گرمانہ ؛ مستعدانہ ؛ محتاطانہ ۔

Sedulously : (adv.) جفا کشی سے ؛ تندہی سے ۔

Sedulousness : (n) دیکھو Sedulity

Sedum : (n) [L.] جنس پتھر بیل ؛ سیڈم ۔

See : (n) [AFr. 'Se, sed'.] (۱) نشست ؛ کرسی ؛ جگہ (بیٹھنے کی) ۔ (۲) اُسقف کی کرسی (کلیسا) ۔ (۳) اسقف یا اسقف اعظم کی علاقہ یا حدود حکومت ؛ پوپ کا منصب ؛ پوپ کی عدالت ؛ نظام پاپائی ۔

See : (v) [OE. 'Seon'.] (۱) دیکھنا ؛ نظر کرنا ؛ نگاہ کرنا ؛ تاکنا ۔ (۲) غور کرنا ؛ خوض کرنا ؛ غور و خوض کرنا ۔ (۳)سمجھنا ؛ بوجھنا ؛ معلوم کرنا ۔ (۴) محسوس کرنا؛ ادراک کرنا ؛ دھیان کرنا ؛ توجہ مبذول کرنا ۔ (۵)ملاقات کرنا ؛ ملنا ؛ معائنہ کرنا ؛ ملاحظہ کرنا ۔ (۶) تصور کرنا؛ خیال کرنا ؛ خیال میں لانا ۔ (۷) پہنچانا ؛ پہنچا آنا؛ چھوڑ آنا ؛ ساتھ جانا ۔ (۸) ساتھ دینا ؛ مدد کرنا ؛ مساعدت کرنا ۔ (۹) رائے رکھنا ؛ خیال رکھنا ۔ (۱۰)تحقیق کرنا ؛ تفتیش کرنا ؛ پرکھنا ؛ جانچنا ؛ معائنہ کرنا ۔ (۱۱) خبر گیری کرنا ؛ خبر لینا ؛ احتیاط کرنا ؛ محتاط رہنا ۔ (۱۲) مناسب سمجھنا ؛ بخوشی قبول کرنا ۔ (۱۳) دیکھنا ؛ مشاہدہ کرنا ۔ (۱۴) (کھیل) (خصوصاً پوکر میں) برابر کی بازی لگانا ۔ (۱۵)(فوج) (قلعہ بندی ، توپ خانہ وغیرہ) زد میں لئے ہونا ؛ نظر

آنا ؛ بالا دستی ہونا ۔

I' ll see him hanged (damned, further etc.) first : میرا اس سے کوئی واسطہ نہیں ہے ۔

I see : درست ہے ۔

Let me see / Let us see : مجھے یا ہمیں غور کرنے دو یعنی جواب دینے یا تفصیلات بیان کرنے سے قبل غور کرنا چاہتا ہوں یا اس امر کا اعتراف ہے کہ آئندہ حالات غور مکرر کے محتاج ہوں گے ۔

To go , come to (and) see : ملاقات کرنا ؛ ملاقات کے لئے آنا یا جانا (کسی شخص سے) ۔

To have seen better days : عافیت میں زندگی بسر کئے ہوئے ہونا ۔

To have seen one's day , one's best day : مائل بہ انحطاط ہونا ۔

To have seen service : پختہ کار ہونا ؛ ماہر ہونا ۔

To see (a book) through the press : کتاب چھپوانا ۔

To see (a person) off : (۱) رخصت کرنا ؛ الوداع کہنا ؛ چھوڑنا ۔ (۲) کتے للکارنا ۔

To see a vision : رویا دیکھنا ؛ خواب دیکھنا ؛ سپنا دیکھنا ؛ صاحب بصیرت ہونا ۔

To see daylight or light : اچھی طرح سمجھنا یا محسوس کرنا ۔

To see double : دو دیکھنا ؛ ایک کی جگہ دو دیکھنا (خصوصاً نشے کی حالت میں) ۔

To see eye to eye : ہم خیال ہونا ؛ متفق ہونا ۔

To see life/ -the world : دنیا کا تجربہ حاصل کرنا ۔

To see much or little of a person : کسی کی صحبت میں زیادہ یا کم رہنا ۔

To see one's way : راستہ نکال لینا ۔

To see red : بر افروختہ ہونا ۔

To see the back of / -last of : (کسی نا پسندیدہ ملاقاتی سے) چھٹکارا پانا ؛ جان چھڑانا ۔

To see the elephant : (عام) دنیا کا تجربہ حاصل کرنا ۔

To see the light : (۱) پیدا ہونا ؛ عالم وجود میں آنا ۔ (۲) زندہ رہنا ۔ (۳) راہ راست پر آ جانا ۔

To see the red light : خطرہ محسوس کرنا ؛ خوف کرنا ۔

To see things : فریب کھانا ؛ وہم میں مبتلا ہونا ؛ توہم میں گرفتار ہونا ۔

To see through brick-wall : غیر معمولی ذہانت ہونا ؛ غیر معمولی قوت مشاہدہ ہونا ۔

To see thing through or out : پورا کر کے چھوڑنا ؛ تکمیل کو پہنچا کر چھوڑنا ۔

To see to : خبر لینا ؛ خبر گیری کرنا ؛ توجہ کرنا ۔

To see to it : (کسی کام کے لئے) ٹھوس قدم اٹھانا ۔

You see : آپ جانتے ہیں ؛ آپ سمجھتے ہیں ۔

See about : (v) توجہ دینا ؛ کا روائی کرنا ؛ تدبیر کرنا ۔

See after : (v) خبر گیری کرنا ؛ نگرانی کرنا ۔

See-bright : (n) ایک پودا جس کو کلاری کہتے ہیں ۔

See-er : (n) دیکھنے والا ۔

See for : (v) تلاش کرنا ؛ کھوجنا ۔

See into : (v) درون بینی کرنا ؛ تاڑنا ۔

See out : (v) (۱) بچ رہنا ؛ بچ جانا ۔ (۲) (مے نوشی کے مقابلے میں) دوسروں کے مقابلے میں زیادہ دیر تک پینا ۔ (۳) انجام پا جانا ۔

Seer-sucker : (n) [Pers. 'Ser o sakar'.] (۱) ہندوستانی نیلا سفید دھاری دار کھڑا ۔ (۲) اس کھڑے کی نقل جو امریکا میں تیار ہوتی ہے ۔

See-saw : (n) (۱) جھولا ؛ ہنڈولا ؛ سی سا ۔ (۲) ایک کھیل جس میں ایک لمبے تختے کے دونوں سروں پر ایک ایک شخص بیٹھ جاتا ہے (تختوں کے بیچوں بیچ ایک ٹیک ہوتی ہے) یہ

دونوں شخص باری باری ایک دوسرے کو اوپر نیچے حرکت دیتے ہیں ۔ (۳) دیکھو Cross-ruff ۔ (۴) تختہ جو سی سا کی طرح متوازن رہے ۔

See-saw : (a) ہنڈولے کی مانند ؛ ہنڈولے یا جھولے کی طرح کا ۔

See-saw : (v) (۱) ہنڈولے یا جھولے کی طرح پیچھے حرکت کرنا یا دینا ۔ (۲) سی سا کھیلنا ۔ (۳) پالیسی یا طرز عمل میں متلون یا مذبذب ہونا ۔

See see : (n) [Imit.] ایک قسم کا تیتر جو ریگستانی علاقے میں پایا جاتا ہے ۔

See through : (v) (۱) بھانپ لینا ؛ تاڑ جانا ؛ حقیقت سمجھ لینا ۔ (۲) انجام کو پہنچانا ۔

See-through : (a) صاف شفاف (خصوصاً کپڑا ، لباس وغیرہ) ۔

Seeable : (a) قابل دید ؛ دیکھنے کے قابل ۔

Seed : (n) [OE. 'Saed'.] (۱) بیج ؛ تخم ؛ دانہ ۔ (۲) نطفہ ؛ منی ۔ (۳) اصل مادہ ؛ بیخ ؛ جڑ ؛ بنیاد ؛ بنا ؛ علت اولیٰ ؛ علت العلل ۔ (۴) (انجیل) نسل ؛ اولاد ۔ (۵) جھینگا مچھلی یا ریشم کے کیڑے کا انڈا ۔ (۶) کستورا مچھلی کے انڈے ۔ (۷) بیج سے مشابہ چیزیں ۔ (۸) الگ کیا ہوا کھلاڑی ۔

To go , run to seed : (۱) (پودے میں) بیج بن جانا ؛ (پودے کا) پھول دینے کے قابل نہ رہنا ؛ انحطاط پذیر ہونا ۔ (۲) (مجازاً) ذلیل ؛ حقیر یا کمینہ ہونا ۔

Seed : (v) بیج بونا ؛ بیج ڈالنا ؛ بیج بکھیرنا ؛ تخم ریزی کرنا ۔ (۲) بیج نکالنے (پھل وغیرہ سے) ۔ (۳) بیج علاحدہ کرنے (سن و غیرہ سے) ۔ (۴) بیج آنا ؛ بیج پڑنا ؛ بیج پک کر گرنا ۔ (۵) (کھیلوں میں) کمزور کھلاڑیوں سے زور آور کھلاڑیوں کا الگ کر لینا تاکہ ٹورنامنٹ میں دسویں میچ کھلا سکیں ۔ (۶) باعث ہونا ؛ سبب ہونا ۔ (۷) نا پسندیدہ چیز بن جانا ۔ (۸) پُر سیر شدہ محلول خصوصاً بادل میں ذرہ ڈال کر پانی برسانا ۔

To seed down : (گیہوں وغیرہ کے کھیت میں) گھاس کے بیج چھیٹنے ۔

Seed-bed : (n) پود کیاری ؛ زمین ؛ بیج بونے کے لئے ۔

Seed-box : (n) (۱) بیج ڈالنے والی مشین کا بیج دان ۔ (۲) (امریکا) ایک پودا ۔

Seed-bud : (n) (نباتیات) تخمک ؛ بقچۂ گل کا نچلا حصہ ۔

Seed-cake : (n) کیک جس میں رائحہ کے لئے زیرہ وغیرہ ہو ۔

Seed-case : (a) پھلی ؛ ڈوڈا ۔

Seed-coat : (n) (نباتیات) قشر تخم ؛ غلاف ۔

Seed-corn : (n) اناج جو بیج کے لئے محفوظ رکھا جائے ۔

Seed-cotton : (n) روئی جس میں بنولے ہوں ؛ بنولے دار روئی ۔

Seed-eater : (n) ایک قسم کا پرندہ ۔

Seed fall : (n) درخت سے فطری طور پر بیج کا گرنا ۔

Seed-feeder : (n) ایک قسم کا غلہ خور پرند ۔

Seed-field : (n) بیج پیدا کرنے والا کھیت ۔

Seed-fish : (n) تخم ماہی ۔

Seed-lac : (n) پانی کے ساتھ پسا ہوا درخت کا گوند ۔

Seed-leaf : (n) برگ تخم ؛ بیج پتی ۔

Seed leaf : (n) چوڑے پتے والا تمباکو جس سے سگار بنتا ہے ۔

Seed-lip : (n) وہ ٹوکری جس میں بونے کے لئے بیج لے جایا جاتا ہے ۔

Seed-lobe : (n) دیکھو Seed-leaf

Seed-pan : (n) لال مٹی کا برتن جس میں بیج سے پودا اُگایا جاتا ہے ۔

Seed-pearl : (n) چھوٹا موتی ۔

Seed-plant : (n) (۱) بیج سے نکلا ہوا پودا ۔ (۲) پودا جو بیج کے لئے لگایا جائے ۔

Seed-plot : (n) دیکھو Seed-bed

Seed-pod : (n) ڈوڈا ؛ پھلی ۔

Seed-snipe : (n) (۱) جنوبی امریکا کا ایک پرندہ ۔

Seed-tick : (n) ایک قسم کا طفیلی کیڑا ۔

Seed-time : (n) ہنگام تخم ریزی ؛ بیج بونے کا وقت ؛ تخم ریزی کی فصل ۔

Seed-treatment : (n) بیج کرم کش دوا ڈالنا ۔

Seed-vessel : (n) بیج دانی ۔

Seedage : (n) بیج کے ذریعے پودوں کی افزائش کرنا ۔

Seeded : (a) (۱) بویا ہوا ۔ (۲) بیج دار ؛ قلم دار ؛ پیوند لگا ۔ (۳) پختہ ۔ (۴) بیج علاحدہ کیا ہوا ۔ (۵) بو قلموں ؛ رنگا رنگ کپڑا ۔

Seeder : (n) (۱) بیج بونے کی مشین ؛ تخم پاش ۔ (۲) تخم دار پودا (جس میں بیج کثرت سے ہوں) ۔ (۳) تخم ریز مچھلی ۔

Seedful : (a) پیدا کرنے والا ؛ مولد ۔

Seedily : (adv.) زود حالت میں ؛ پھٹے حالوں میں ؛ پھٹے پرانے کپڑوں میں ؛ علالت یا ناسازی کی حالت میں ۔

Seediness : (n) مزاج کی ناسازی یا علالت زدہ حالت ۔

Seedless : (n) بے تخم ؛ بن بیجا ؛ بے بیج ۔

Seedlet : (n) چھوٹا بیج ؛ تخمک ۔

Seedlike : (a) بیج نما ۔

Seedling : (n) (۱) بجوا ؛ تخمی پودا ؛ وہ پودا جو بیج سے اُگے (نہ کہ قلم سے) ۔ (۲) ننھا پودا ؛ نازک پودا ۔

Seedling : (a) (۱) بیج سے اُگا ہوا ؛ تخمی ۔ (۲) چھوٹے بیج کی طرح ؛ ابتدائی ؛ نامکمل ۔ (۳) انڈے سے نکلا ہوا (صدف) ۔

Seedsman : (n) (۱) تخم فروش ؛ سودا گر تخم ۔ (۲) بیج لگانے یا بونے والا ۔

Seedy-weed : (n) ایک قسم کی گھاس جو اپنے بیج کے ذریعے خود بخود پھیلتی رہتی ہے ۔

Seedy : (a) (۱) بیج بھرا ؛ بحالا ۔ (۲) (پودا) جو پھول دینے کے قابل نہ رہے ۔ (۳) (روز مرہ) زدہ یا پھٹے حالوں ؛ پھٹے پرانے کپڑے پہنے ؛ خستہ حال ۔ (۴) علیل ؛ (طبیعت یا مزاج کا) ناساز (ہونا) ۔ (۵) (شیشہ سازی) بلبلہ دار ؛ حباب دار ۔

Seedy-toe : (n) گھوڑے کے پاؤں کی ایک بیماری ۔

Seegar : (n) دیکھو Cigar

Seeing : (n) دیکھنا ؛ مشاہدہ کرنا ؛ دید ؛ نظارہ ۔

Seeing is believing : مشاہدہ اصل یقین ہے ؛ مشاہدہ بہترین شہادت ہے ۔

Worth seeing : قابل دید ؛ دیدنی ؛ دیکھنے کے قابل ؛ قابل نظارہ ۔

Seeing : (conj.) کیونکہ ؛ چونکہ ؛ جہاں تک کہ ۔

Seeing-glass : (n) آئینہ ۔

Seek : (n) (کتے کو للکارنے کے لئے) قرنے کی آواز ۔

To blow a seek : (کتے کو تعاقب کرنے کے لئے) قرنا بجانا ۔

Seek : (v) [OE. 'Secan'.] (۱) ڈھونڈنا ؛ تلاش کرنا ۔ (۲) حاصل کرنے کی کوشش کرنا یا فکر میں ہونا ۔ (۳) مانگنا ؛ طلب کرنا ۔ (۴) مد نظر ہونا ؛ در پے ہونا ۔ (۵) جستجو کرنا ؛ پتا لگانا ؛ کھوج لگانا ۔ (۶) ناقص ہونا ؛ کمی ہونا ؛ معلوم نہ ہونا ؛ دستیاب نہ ہونا ۔ (۷) (عبادت میں) خشوع و خضوع کرنا ؛ گڑ گڑانا ؛ عاجزی کرنا ۔ (۸) (عورت کا) رجھایا جانا ؛ دوستانہ برتاؤ کیا جانا ۔

To have far to seek : بہت تلاش کرنا ۔

To seek dead : کتے کو شکار تلاش کرنے کا حکم دینا ۔

Seek after : (n) تلاش کرنا ؛ جستجو کرنا ۔

Sought after : مطلوب ؛ مقبول ۔

Seek for : (v) تلاش کرنا ؛ ڈھونڈنا ۔

Seek-no-farther/ -further : (n) ایک قسم کا سیب ۔

Seeker : (n) (۱) طالب ؛ جویا ؛ جوئندہ ؛ متجسس ؛ متلاشی ؛ تلاش کرنے والا ؛ مساعی ؛ کوشاں ۔ (۲) (کلیسائی تاریخ) سولہویں ، سترھویں صدی کا ایک فرقہ جو خود کو سچے کلیسا کا متلاشی کہتا تھا ۔ (۳) کسی چیز کی تلاش میں استعمال کیا جانے والا آلہ ۔

Seel : (v) [OFr. 'Ciller, Siller'.] (۱) آنکھیں سینا ؛ باز کی آنکھیں سینا ؛ آنکھیں بند کرنا ۔ (۲) (مجازاً) دم دینا ؛ آنکھوں میں خاک جھونکنا ۔

Seem : (v) [ME. 'Seme'.] معلوم ہونا ؛ دکھائی دینا ؛ نظر آنا ؛ واقعی طور پر معلوم ہونا یا ظاہر ہونا ۔

It seems : (۱) ایسا معلوم ہوتا ہے : ایسا دکھائی پڑتا ہے : یہ ظاہراً صحیح ہے ۔ (۲) مجھے ایسا معلوم ہوا ہے: جیسا کہ افواہ یا رپورٹ سے ظاہر ہے ۔(۳) ہو سکتا ہے ۔

It seems so/ So it seems : یہ ایسا معلوم ہوتا ہے ۔

Seemer : (n) دکھائی دینے والا : معلوم ہونے والا ۔

Seeming : (n) (۱) ظاہر ہونا ۔ (۲) ظاہر : صورت شکل : بشری ۔ (۳) فریب : دھوکا : شباہت : مشابہت ۔

In seeming / In all seeming : بظاہر آثار ۔

Seeming : (a) (۱) ظاہر : عیاں ۔ (۲) ظاہری : دکھاوے کا ۔

Seemingly : (adv.) بظاہر : ظاہر داری سے : دکھاوے کے طور پر ۔

Seemingness : (n) ظاہر داری ۔

Seemliness : (n) مناسب : موزونیت : معقولیت ۔

Seemly : (a) [ME. 'Semeliche'.] زیبا : موزوں : مناسب : شایاں : معقول ۔

Seemly : (adv.) خوبی سے : خوش اسلوبی سے : مناسب طور پر : معقول طور سے ۔

Seen : (a) ماہر فن ۔

To be (well or ill) seen : اچھی یا ناقص مہارت رکھنا ۔

Seep : (v) [OE. 'Sipian'.] بہنا : جھر جھر بہنا : قطرہ قطرہ بہنا ، ٹپکنا ۔

Seep : (n) (۱)قطرہ قطرہ بہنے والی سیلن : چھوٹا چشمہ ۔ (۲)(امریکا) وہ جگہ جہاں پانی ، پٹرولیم وغیرہ آہستہ آہستہ بہتا ہے ۔

Seep : (n) جل تھل جیپ (گاڑی) ۔

Seepage : (n) (۱)آب خیزی : رساؤ: سیم ۔ (۲) رِس کر نکلنے والی چیز ۔

Seepy : (a) (امریکا) رِسنے والا ۔

Seer : (n) [See+er.] (۱) روشن ضمیر : غیب داں ۔ (۲) رسول : نبی ۔ (۳) جادوگر : عامل با بلور ۔

Seer : (n) [Hindi 'Ser'.] سیر (ہندوستانی وزن) ۔

Seer-fish : (n) سیر مچھلی : جزائر شرق الہند کی ایک قسم کی مچھلی ۔

Seer-sucker : (n) ہندوستانی نیلا ، سفید دھاری دار کپڑا ۔

Seeress : (n) روشن ضمیر : غیب داں (عورت) : جادوگرنی ۔

Seership : (n) نبوت : رسالت ۔

Seethe : (v) [OE. 'Seopan'.] (۱) ابالنا : ابلنا : جوش دینا : جوش میں آنا : کھولانا : کھولنا ۔ (۲) (مجازاً) غم و غصہ کھانا: جوش میں آنا ۔ (۳) نرم اور بے مزہ ہو جانا : بھگونا : تازگی اور قوت کم کرنا : بے حس بنانا (دماغ ، خون وغیرہ کو زیادہ گرمی یا تیز شراب سے) ۔ (۴) (سیال مادے کا) جھاگ بننا ۔

Seethe : (n) جوش : ابال : جوشیلا پن ۔

Seethingly : (adv.) کھولتے ہوئے : جوشیلے پن کے ساتھ ۔

Sefton : (n) [From the tile of the Earl of sefton'.] ایک قسم کی بگھی ۔

Seg : (n) بَیل ۔

Seg : (n) دیکھو Callus

Segar : (n) دیکھو Cigar

Segetal : (a) [L. 'Segetalis'.] (اناج) کھیت میں پیدا ہونے والا ۔

Segment : (n) [L. 'Segmentum'.] (۱) ٹکڑا : قطعہ : قتلا : پھانک : قاش : حصہ : درجہ ۔ (۲) (ہندسہ) قطعۂ دائرہ ۔ (۳)(نباتیات) قسمت : حصّہ ۔ (۴) (حیوانیات) حلقہ : بند ۔ (۵) (حیاتیات) قطعی خلیہ ۔

Segment : (v) (۱) قطعہ قطعہ کرنا : ٹکڑوں وغیرہ میں تقسیم کرنا ۔ (۲) شگاف پڑنا : قطعات میں منقسم ہونا ۔ (۳)(عضویات) شگوفہ دار ہونا : کلی دار ہونا ۔

Segment arch : (n) قطعی کمان ۔

Segment gear : (n) قطعہ گراری : قطعہ گیری ۔

Segment-rack : (n) قطعہ شکنجہ ۔

Segment saw : (n) قطعہ آرہ : دندانے دار آرہ : گول آرہ : مدور آلہ ۔

Segment wheel : (n) قطعہ دولاب : قطعہ پہیا ۔

Segmental : (a) قطعہ دار : قاش دار : قطعہ دارانہ : متلعق بہ قطعہ :

قطعہ قطعہ : حلقوی ۔

Segmentally : (adv.) قطعہ قطعہ : قطعات ۔

Segmentary : (a) دیکھو Segmental

Segmentation : (n) (۱) حلقوی تشکیل : حلقہ داری ۔ (۲) قطعہ سازی ۔ (۳) نہوض خلایا ۔

Segmentation cavity : (n) نہوضی قعر ۔

Segmented : (a) قطعہ دار : قطعہ قطعہ ۔

Sender : (n) (۱) بھیجنے والا ؛ فریسندہ ؛ مُرسل ؛ ارسال کنندہ ۔ (۲) آلۂ ترسیل ۔

Sending : (n) (۱) ترسیل ۔ (۲) پیغام ، وحی ، الہام وغیرہ ۔

Seneca : (n) [DU. 'Sennecaas'.] مغربی نیویارک کے ایرو کیوئن (Iroquoian) ۔

Seneca grass : (n) ایک قسم کی گھاس ؛ امریکی شیر گیاہ ۔

Senectitude/ Senectude : (a) [med. L. 'Senectitudo'.] ضعیفی ؛ بڑھاپا ؛ پیری ۔

Senega : (n) [Var. of 'Seneca'.] سانپ کی جڑ ؛ بیخ مار ایک جڑی جس سے کھانسی کی دوا بناتے ہیں ۔

Senegal : (n) مغربی افریقہ کی ایک ندی ۔

Senegal-gum : (n) صمغ عربی ؛ کیکر کا گوند ۔

Senegin : (n) ایک نقلما شکر ۔

Senesce : (v) [L. 'Senescere'.] سن رسیدہ ہونا ؛ بڑھاپا ہونا ۔

Senescence : (n) پیرانہ سالی ؛ انحطاط ۔

Senescent : (a) [L. 'Senescent'.] سن رسیدہ ؛ مائل بہ پیری ؛ انحطاط رسیدہ ؛ سال خوردہ ۔

Seneschal : (n) [OFr.] (۱) محل کا داروغہ ؛ محل دار ۔ (۲) انتظامیہ یا عدالت کا افسر (مثلاً کسی شہر یا صوبے کا گورنر) ۔

Seneschalship : (n) (۱) محل دار کا عہدہ ؛ محل داری ۔ (۲) عدالتی یا انتظامی عہدہ ۔

To send flying , packing : کھڑے گھاٹ برخاست کر دینا ۔

To send to school , collage : اسکول یا کالج میں داخلے کی فیس کی ذمہ داری لینا ۔

To send in one's papers : استعفیٰ دینا ۔

To send one's compliments, love, respect etc. : سلام ، تہنیت وغیرہ بھیجنا ۔

To send to the right about : دشمن کی فوج کو بھگا دینا ۔

Send : (v) غوطہ کھانا ؛ سر کے بل گرنا (جہاز کا) ۔

Sendal : (n) [OFr. 'Cendal'.] قدیم زمانے کا اعلیٰ ریشم ۔

Send along : (v) (۱) تیر چلانا ۔ (۲) (مجازاً) ترقی وغیرہ کی رفتار تیز کرنا ۔

Send away : (v) (۱) بھیجنا یا بھیج دینا ۔ (۲) دور کرنا ؛ نکال دینا ۔

Send back : (n) (کرکٹ) بلے باز کو آؤٹ کر دینا ۔

Send down : (v) (۱) ماتحت کے پاس بھیجنا ۔ (۲) لڑکے کو جامعہ سے معطل کرنا یا نکال دینا ۔

Send for : (v) منگانا ؛ طلب کرنا ؛ بلا بھیجنا ۔

Send forth : (v) (۱) باہر نکالنا ؛ پیدا کرنا ۔ (۲) بر آمد کرنا ۔ (۳) شائع کرنا ۔

Send in : (v) (۱) اپنا کارڈ (ملازم کے ذریعہ) بھیجنا ۔ (۲) بھیجنا (بل وغیرہ) ۔ (۳) (کرکٹ) بلے باز کو کھیلنے کے لئے میدان میں بھیجنا ۔

Send off : (v) روانہ کرنا ؛ بھیجنا ۔

Send off : (n) مشایعت ؛ خیر باد ؛ الوداع ؛ تقریظ ؛ کتاب وغیرہ کی تعریف ، مدح آمیز تبصرہ ۔

Send on : (v) بھیجنا ؛ پہلے بھیجنا ۔

Send out : (v) (۱) جاری کرنا ؛ بھیجنا ۔ (۲) (گودام وغیرہ سے) بھیجنا ۔

Send out : (n) بھیجی ہوئی رقم ؛ تقسیم کی ہوئی رقم ۔

Send over : (v) سمندر پار بھیجنا یا ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنا

Sengreen : (n) [OE. 'Singrene'.] (۱) سدا بہار ۔ (۲) حی العلم : ودینہ ۔

Senhor : (n) [Pg.] پرتگالی زبان کا تعظیمی خطاب : "جناب" ، صاحب"۔

Senhora : (n) [Pg.] پرتگالی زبان کا تعظیمی خطاب "جنابہ"، "صاحبہ" (شادی شدہ عورتوں کے لئے) ۔

Senhorita : (n) پرتگال کا تعظیمی لقب بمعنی جنابہ ، صاحبہ (غیر شادی شدہ عورتوں کے لئے) ۔

Senile : (a) [Fr. 'or L. 'Senclis'.] (۱) بڑھاپے سے متعلق یا منسوب : عجوزی : زالی ۔ (۲) سال خوردہ : کہن سال : خرف ۔ (۳) (طبیعیاتی ، ارضیات) کٹاؤ کے دور کے اختتام پر ۔

Senile : (n) ضعیف شخص : سترا بہتر : عمر رسیدہ شخص ۔

Senile atrophy : (n) ضعف پیری : سخافت پیری ۔

Senile dimentia : (n) بلاہت پیری : خرافت : جنون پیری ۔

Senile deterioration : (n) بَلاہت پیری ۔

Senile garrulity : (n) ستھیا پا : بڑھاپے کی بکواس ۔

Senilely : (adv.) پیری کے طور پر ۔

Senility : (n) بڑھاپا : سال خوردگی : کہنگی : کہن سالی ۔

Senior : (a) [L.] سابق : متعدم : اعلیٰ : بزرگ : بڑا : کلاں : کبیر ۔

The senior service : بحریہ (بری فوج کے مقابلے میں) ۔

Senior : (n) (۱) کلاں : اکبر : اسن : عمر یا مرتبے یا مدت ملازمت میں متقدم : افضل : سابق الخدمت : ادبیات یا ریاضی میں اعلیٰ کامیابی پانے والا : پیش وارد : سابق ۔ (۲) زیادہ مرتبے کا ملازم یا عہدہ دار ۔ (۳) (نر) پانھا جانور ۔ (۴) وہ کھلاڑی جسے بانٹ کر سب سے پہلے پتے ملتے ہیں : بانٹنے والے بائیں ہاتھ کا کھلاڑی ۔

Senior classic : (n) برطانی جامعات کے امتحان ادبیات میں اعلیٰ کامیابی پانے والا : ادبی الاعلیٰ ۔

Senior fellow : (n) کیمبرج اور ڈبلن کے منتخب رفیق کلیہ ۔

Senior moralist : (n) برطانی جامعات کے امتحان اخلاقیات میں اعلیٰ کامیابی پانے والا ۔

Senior optime : (n) وہ شخص جو کیمبرج میں ریاضی (Jripos) میں درجۂ دوم میں پاس ہو ۔

Senior student : (n) (کرائسٹ چرچ ، آکسفورڈ) رفیق کلیہ ۔

Senior wrangler : (n) وہ شخص جو کیمبرج یونیورسٹی میں ریاضی (Jripos) میں درجۂ اول میں پاس ہو : رینگلر ۔

Seniority : (n) (۱) تقدم : افضلیت : کلانیت ۔ (۲) رفقائے کلیہ کی جماعت ۔

Senna : (n) [med. L. 'Sena'.] سنا : سنائے مکی : ایک مشہور مسہل دوا ۔

Senna-tea : (n) سنا کا خسانده ۔

Sennachie : (n) [Gael. 'Seanachaidh'.] (۱) (آئرستان اور اسکاچستان کا) وہ شخص جو پیشہ ورانہ طور پر روایتی تاریخ ، شجرۂ نسب اور بزرگان کی سوانح اور کہانیوں کے مطالعہ میں اور آئندہ نسلوں کے لئے چھوڑ جانے کے لئے مصروف ہو ۔ (۲) (گیکی) افسانوی رومان نویس ۔

Sennet : (n) [W. Indian.] جزائر الغرب الہند کی ایک مچھلی ۔

Sennight : (n) [OE. 'Seofonniht'.] ہفتہ : اتھوارہ ۔

Sennit : (n) [Var. of 'Sinnet'.] (۱) (بحری) ایک طرح کی رسی جس میں نو تک بل ہوتے ہیں : یہ کبھی گول ہوتی ہے اور کبھی چپٹی یا چوکور : ست بلی ۔ (۲) بتی ہوئی گھاس یا تاڑ کا پتا جس سے ہیٹ بناتے ہیں ۔

Senocular . (a) [L.] چھ آنکھوں والا : شش چشم ۔

Senoculate : (a) دیکھو Senocular

Senonian : (a) [Fr. 'Senonien'.] (ارضیات) فرانس اور بیلجیم کی کھر یا (متی) سے متعلق ۔

Senor : (n) [Sp.] ہسپانہ کا تعظیمی طرز خطاب "صاحب ، جناب" ۔

Senora : (n) ہسپانوی عورتوں کا تعظیمی طرز خطاب ۔

Senorita : (n) [Sp.] ہسپانوی لڑکیوں کا تعظیمی طرز خطاب "جنابہ ، صاحبہ" ۔

Sensate : (a) [late. L. 'Semsatus'.] (۱) ذی حس ۔ (۲) جو محسوس کیا جائے ۔

Sensate : (v) احساس کرنا ، ہونا : محسوس کرنا ، ہونا ۔

Sensation : (n) (۱) احساس : حس : اثر : تاثر : جسم ، حواس یا

جذبات قلبی کی کوئی کیفیت محسوس یا معلوم ہونا؛ کیفیت جو اس طرح محسوس ہو خصوصاً جب کہ اس کیفیت یا احساس میں شدت یا ہیجان محسوس ہو یا وہ ناگہانی یا اتفاقی ہو۔

Sensational : (a) (۱) ہنگامہ خیز ؛ جوش انگیز ؛ سنسنی میں لانے والا ؛ سنسنا خیز ۔ (۲) احساساتی ۔ (۳) محسوسی ؛ احساس انگیز ۔

Sensationalism : (n) (۱) (فلسفہ) یہ نظریہ کہ علم انسانی محض حواس ظاہری کے تاثرات سے بنا ہے ؛ محسوس پرستی ؛ محسوسیات ؛ محسوسات کیشی ۔ (۲) (شاعری یا انشا ء پردازی میں) ہنگامہ خیز اور جذبات انگیز طریقوں سے کام لینا؛ جذبات انگیزی ؛ ہیجان پسندی؛ اغراق پسندی۔ (۳) سیاسی تحریکوں میں عامۃ الناس کے جذبات کو بر انگیختہ کرنے کے اُسلوب ؛ ہیجان آوری ؛ جوش ؛ اشتعال یا شورش انگیزی ۔

Sensationalist : (n) (۱) محسوس پرست ؛ محسوسی ؛ فلسفۂ محسوسیات کا معتقد ۔ (۲) ہیجان پسند ؛ شورش پسند؛ سنسنا پسند ۔ (۳) جذبات انگیزندہ ۔

Sensationalize : (v) (۱) ہنگامہ خیز ؛سنسنا خیز بنانا ۔ (۲) احساساتی۔

Sensationally : (adv.) ہیجانی طور پر ؛ جوش انگیز طور پر ؛ جوش انگیزانہ ۔

Sensationism : (n) دیکھو Sensationalism

Sensationist : (n) سنسنا خیز یا جوش انگیز ناول نگار یا اخبار نویس ؛ ہنگامہ خیز شخص ۔

Sense : (n) [L. 'Sensus'.] (۱) حس ؛ حاسہ ؛ قوت مدرکہ ؛ (حواس خمسہ میں سے کوئی) حس ۔ (۲) عقل ؛ ہوش ؛ ادراک ؛ شعور؛ تمیز ؛ شناخت ؛ احساس ۔ (۳) عام رائے یا خیال یا عندیہ ۔ (۴) معنی ؛ منشا ؛ مفہوم ؛ مضمون ۔ (۵)صحیح احساس ؛ ٹھیک سمجھ ؛ دانش ؛ معاملہ فہمی ؛ محل شناسی۔ (۶) ذوق ؛ لطف یا امتیاز ذہنی (کسی شے یا حالت کے متعلق) ۔ (۷) (جمع) حواس ؛ حواس خمسہ ؛ عقل مندی؛ ہوشمندی ؛ ہوشیاری ۔ (۸) (جمع) قوت حاسہ ۔ (۹) خلاصہ ۔ (۱۰) تعبیر ۔ (۱۱) پر مغز اور پر معنی گفتگو ۔ (۱۲) دانشمندی ۔

Common sense : عقل سلیم ؛ حس مشترک ؛ معاملہ فہمی ۔

Court sense : عدالتی یا درباری شعور ۔

In any sense : کسی معنی میں ؛ کسی اعتبار سے ۔

In a sense : ایک اعتبار سے ؛ ایک معنی سے ۔

In no sense : کسی اعتبار سے نہیں ؛ کسی معنی میں نہیں ۔

In one's (right) senses : ہوش و حواس میں ۔

In the figurative sense : مجازی معنی میں ؛ استعارتاً ؛ مجازاً ۔

In the full sense : پورے معنوں میں ۔

In the limited sense : ان محدود معنی میں (یعنی کسی پہلو سے) ۔

In the literal sense : لفظی یا لغوی معنی میں ۔

In the metaphorical sense : - استعارتاً ؛ مجازی معنی میں

In the proper sense / In the strict sense : صحیح معنی میں ۔

Muscular sense : حس عصبی؛ مردانہ حس ؛ حس عضلاتی ۔

Moral sense : اخلاقی احساس ۔

Road sense : راستے کی پہچان ؛ رہبری کا شعور ؛ راستے کا اندازہ ۔

Sixth sense : چھٹی حس ؛ وجدانی احساس (جس کا انحصار اعضا کے خارجی حس پر نہ ہو) ۔

Stage sense : ڈرامائی شعور ۔

There is not much sense in this : بے معنی ہے ؛ بیکار ہے ۔

To bring (a person) to his senses : ہوش میں لانا ؛ سزا دینا ۔

(To frighten etc.) out of one's senses : (ڈراکر) بد حواس کر دینا ؛ بوکھلا دینا ؛ ہوش اڑا دینا ۔

To give have make the sense of : قابل فہم ہونا ؛ پر معنی ہونا ۔

To have the sense : عقل آنا ؛ شعور آنا ؛ سمجھ آنا ۔

To make sense of : معنی نکالنا ؛ پیدا کرنا ؛ معنی پہنانا ۔

To take the sense of : (جلسہ یا حاضرینِ جلسہ کا) عذیہ لینا یا سمجھنا ۔

To talk, speak, write (good) sense : ہوشمندانہ گفتگو کرنا یا لکھنا ۔

Sense : (v) محسوس کرنا ؛معلوم کرنا ؛ حواس خمسہ میں سے کسی حس کے ذریعے دریافت کرنا ؛ ادراک کرنا ۔

Sense-cell : (n) خلیۂ حس ۔

Sense-datum : (n) معطیۂ حس ۔

Sense-finder : (n) جہت پیما ۔

Sense-impression : (n) احساس ۔

Sense-making : (a) عاقلانہ ؛ مناسب ؛ معقول؛ عملی ۔

Sense of beauty : (n) حسن شناسی ؛ حسن کا احساس ۔

Sense of distance : (n) فاصلے کا صحیح اندازہ ۔

Sense of duty : (n) فرض شناسی ؛ فرض کا احساس ۔

Sense of gratitude : (n) جذبۂ احسان مندی ۔

Sense of humour : (n) ظرافت شناسی ؛ لطف ظرافت ؛ ظرافت کا مادہ یا ذوق ۔

Sense of locality : (n) مقام کا صحیح اندازہ یا ادراک ۔

Sense organ : (n) عضو حس ؛ آلۂ حِس ؛ حساسہ ۔

Sensed : (a) مخصوص قسم کے احساس والا ۔

Senseful : (a) پر معنی ؛ معنی خیز ؛ با معنی ۔

Senseless : (a) (۱) بے حس ؛ بے ہوش ۔ (۲) بے خبر ؛ بے عقل ؛ بے وقوف ؛ نا سمجھ ؛ حواس باختہ ؛ خارج از عقل ۔ (۳)لغو ؛ لایعنی ؛ مہمل ؛ بے عقلی کا ؛ احمقانہ ۔

Senselessly : (adv.) بے حواسانہ ؛ احمقانہ ؛ غیر ہوشمندانہ ؛ بے معنی طور پر ؛ احمق پن سے ؛ نادانی سے ۔

Senselessness : (n) (۱) بے ہوشی ؛ بد حواسی ۔ (۲) بے عقلی ؛ بے وقوفی ؛ حماقت ۔ (۳) لغویت ؛ مہملیت ۔

Sensibility : (n) (۱) حس ؛ ادراک ؛ قوت مدرکہ ؛ احساس ۔ (۲) زود حسی ؛ زود ادراکی ؛ ذہانت ؛ فراست ؛ حس پذیری ؛ حسیت ؛ نکاوت ۔ (۳) نازک دماغی ؛ حساسی ۔ (۴)(جمع) احساسات ؛ قوائے تاثر ؛ جذباتی صلاحیت ؛ تاثراتی امکانات ۔ (۵) لطیف جذبات کی صلاحیت ؛ رحمدلی ۔

Sensible : (a) [Fr. or L. 'Sensibilis'.] (۱) قابل ادراک ؛ قابل حس ؛ محسوس ؛ معلوم ؛ مفہوم ؛ مرئی ۔ (۲) تاثر پذیر ؛ اثر پذیر ؛ مُدرک ؛ احساس کنندہ ؛ حسّاس ؛ آگاہ ؛ ملتفت ۔ (۳) قائل ؛ مقر ؛ معترف ؛ آگاہ ؛ آشنا ؛ باخبر ۔ (۴)معقول ؛ معتدبہ ۔ (۵) ذی ہوش ؛ فہیم ؛ معاملہ فہم ؛ موقع شناس ؛ ذکی ۔ (۶) عقل کی (بات یا فعل) ؛ معقول ؛ لیاقت کی(بات) ۔ (۷) ذی حس ۔ (۸) ذہین ؛ معقول ؛ سمجھدار ؛ معاملہ فہم ۔

Sensible : (n) قابل حس چیز ؛ احساس پیدا کرنے والی چیز ؛ قابل فہم و ادراک شے ۔

Sensible heat : (n) حرارت مرئی ۔

Sensible horizon : (n) افق مرئی ۔

Sensible perspiration : (n) پسینہ ۔

Sensibleness : (n) (۱) ادراک ؛ قوت احساس ۔ (۲) تیز فہمی ؛ زود حسی ؛ نکتہ رسی ؛ نکتہ گیری ۔ (۳) عقل مندی ؛ معقولیت؛ لیاقت ۔

Sensibly : (adv.) (۱) بطریق معلوم یا محسوس ؛ صریحاً ؛ صریح طور پر ۔ (۲) معقول طور پر ۔ (۳) عاقلانہ ؛ خرد مندانہ ؛ ہوشمندی کے ساتھ ۔

Sensifacient : (a) حس زا ۔

Sensiferous : (a) ناقل احساس ؛ حسّاس ۔

Sensific : (a) حِس زا ۔

Sensify : (v) [Late and med. L. 'Sensificare '.] (شکل بیئت) حس میں تبدیل کر دینا ۔

Sensile : (a) [L. 'Sensilis'.] (۱) ذی حس ؛ مدرک باالحواس ۔ (۲) حواسی ؛ حس پذیر ۔

Sensist : (n) فلسفۂ محسوسیات کا معتقد ۔

Sensitive : (a) [Fr. 'Sensitif' or med. L. 'Sensitivus'.]
(۱) حسّاس : زود حس : ذکی الحس : خصوصاً دوسروں کی رائے یا طرز عمل سے جلد اور زیادہ متاثر ہونے والا : نازک دماغ : زود رنج ۔ (۲) (آلات وغیرہ کے متعلق) اثر پذیر : سریع التاثیر : جس پر خفیف سی تبدیلی کا بہت جلد اثر ظاہر ہو : زود اثر ۔ (۳) (کیمیا ، تصویر کشی وغیرہ) سریع التاثیر ۔

Sensitive : (n) (۱) لاجونتی : چھوئی موئی ۔ (۲) معمول : اسرار ۔ (۳) بہت زود حس شخص ۔

Sensitive paper : (n) سریع التاثیر کاغذ ۔

Sensitive plant : (n) لاجونتی : چھوئی موئی ۔

Sensitive soul : (n) تین قسم کی روحوں میں سے ایک روح یا روح کا حصہ جو صرف احساسات سے وابستہ ہے (خصوصاً جانوروں میں) ۔

Sensitive virtue : (n) حِس : احساس ۔

Sensitively : (adv.) تیز حسی سے : زود اثری سے ۔

Sensitiveness : (n) زود حسی : حسّاسی : سرعت احساس ۔

Sensitivist : (n) ہالستان کے مصنفوں کی ایک جماعت جس کی تصنیفات میں تاثریت یا اثر پرستی اور خفیف نگاری دونوں رہا کرتی تھی ۔

Sensitivity : (n) (۱) اثر پذیری : زود حسی : حسّاسیت ۔ (۲) حسّی تجربے ۔

Sensitization : (n) سریع التاثیر : تیز حس یا زود اثر سازی : حساس گری ۔

Sensitize : (v) سریع التاثیر : زود اثر کر دینا : تیز حس بنانا ۔

Sensitizer : (n) حسّاس گر : حسّاسیت افزا : تیز حس بنانے کا مسالا (تصویر کشی میں) ۔

Sensitometer : (n) حسّاسیت پیما : تاثیر پیما : ایک آلہ جس سے فوٹو گرافی میں دھات یا شیشے کے پتروں یا فلموں کے درجۂ حساسیت کا اندازہ لگایا جاتا ہے ۔

Sensor : (a) دیکھو Sensory

Sensor : (n) ایک ترکیب جو بعض طبیعی انگیزش سے براہ راست متاثر ہوتی ہے اور اس انگیزش کی تشریح یا تخمینہ کرتی ہے اور یہ بھی بتاتی ہے کہ اسے کیسے قابو میں رکھا جائے ۔

Sensori- : Sensor یا Sensory کا جزو ترکیبی ۔

Sensori-motor : (a) حسّی حرکی ۔

Sensorial : (a) (۱) دماغی : مغزی ۔ (۲) حسّی : حواسی ۔

Sensorium : (n) [Late L.] (۱) جائے حس : مقام حس : حس گاہ : پردۂ حسِ مشترک : دماغ : مغز : حرام مغز ۔ (۲) (حیاتیات) نظام حسیات : نظام اعصاب ۔

Sensory : (n) دیکھو Sensorium

Sensory : (a) حسی : حواسی : حواس کے متعلق : حسیاتی ۔

Sensual : (a) [late L. 'Sensulist'.] (۱) نفسیاتی : شہوانی ۔ (۲) نفس پرست : شہوت پرست : نفسانی خواہش کا بندہ ۔ (۳) حواسیاتی : حسّیاتی : فلسفۂ حیات (جس میں علوم کا ماخذ حواس خمسہ کے محسوسات کو تسلیم کیا جاتا ہے) کا قائل یا اس کے متعلق ۔ (۴) مادہ پرستانہ (خیال ، رائے وغیرہ) ۔

Sensualism : (n) (۱) فلسفۂ حیات : محسوسات پرستی ۔ (۲) نفس پرستی : شہوت پرستی : عیاشی : شہوانیت ۔

Sensualist : (n) (۱) نفس پرست : شہوت پرست : عیاش ۔ (۲) حسّیاتی : محسوسات پرست : محسوسات کیش : محسوسیاتی : معتقد محسوسیات ۔

Sensualisitic : (a) محسوسیاتی ۔

Sensuality : (n) [Fr. 'Sensualite'.] نفس پرستی : شہوت پرستی : ہوس رانی : عیاشی ۔

Sensualization : (n) (۱) شہوانیت ۔ (۲) شہوت انگیزی ۔

Sensualize : (v) (۱) شہوانی یا شہوت خیز بنانا : نفسانی جذبات کو ابھارنا ۔ (۲) عیاشانہ زندگی بسر کرنا ۔ (۳) شہوت پرست ہونا : نفس پرست ہونا ۔

Sensuism : (n) محسوسیات : فلسفۂ محسوسیات ۔

Sensuist : (n) معتقد محسوسات : محسوسیاتی ۔

Sensum : (n) [L.] دیکھو Sense datum

Sensuous : (a) حسّی ؛ حواسی ؛ متعلق به حواس خمسه ۔

Sensuously : (adv.) حواس کے ذریعے ؛ به لحاظ حواس ۔

Sensuousness : (n) حسّیت ؛ با حواس ہونا ؛ حواسیت ۔

Sent : (v) دیکھو Send

Sentence : (n) [Fr.] (۱) حکم ؛ سزا ؛ عدالت کا حکم یا فیصله ؛ حکم سزا ؛ فتویٰ ۔ (۲) فقره ؛ جمله تام ؛ عبادت جو نحوی اجزا کے لحاظ سے پوری ہو ۔ (۳) مکمل تصور ؛ نغمه ۔

Sentence : (v) (۱) فیصله سنانا یا فیصله کرنا (عدالت کا) ؛ سزا سنانا (ملزم کو) ۔ (۲) (آدمی یا چیز کی) اچھائی یا بُرائی کا اندازه لگانا ؛ حس و قبح کو پرکھنا ۔

Sentencer : (n) فیصله سنانے والا ؛ سزا سنانے والا ۔

Sententiary : (n) [med. L. 'Sentent'.] (۱) فتویٰ لکھنے والا ۔ (۱۲) کتاب فتویٰ پر درس دینے والا ۔ (۳) بلیغ کلمه بولنے یا لکھنے والا ۔

Sententious : (a) [L. 'Sententiosus'.] (۱) بلیغ ؛ پرمعنی ؛ قل و دل ؛ جامع (قول وغیره) موجز ، مجمل ۔ (۲) (گفتگو ، طرز و انداز کے متعلق) بناوٹی یا شاندار طور پر رسمی ؛ (اشخاص کے متعلق) شاندار رسمی اخلاقی تلقین یا گفتگو کا عادی ۔

Sententiously : (adv.) جامعیت کے ساتھ ؛ مجملاً ؛ موجزاً ۔

Sententiousness : (n) جامعیت ؛ ایجاز ۔

Sentience / Sentiency : (n) حسیاسیت ؛ ادراك بالحواس ۔

Sentient : (a) [L. 'Sentiens'.] ذی حس ؛ حساس ؛ مدرك بالحواس ۔

Sentiently : (adv.) حواس والوں کی طرح ؛ حواسوں سے ۔

Sentiment : (n) [OFr. 'Sentement'.] (۱) خیال ؛ احساس ؛ جو کسی خاص موضوع کی نسبت دل میں پیدا ہو ؛ میلان طبع ۔ (۲) (فنون) فحوا ؛ منشا ؛ معہود ذہنی ؛ (انشا پرداز ، مصور وغیره کا) ؛ اصلی خیال ؛ جذبه (شعر و سخن وغیره کا) ۔ (۳) جذبۂ دل (جس میں تعقل کا دخل نه ہو) ؛ (خصوصاً جمع میں) جذبات ؛ دلی تاثرات ؛ کیفیات ؛ وجدان ۔ (۴) (مجازاً) رحم دلی ؛ رقت قلب (یا اس کی نمائش) ؛ ترحم ؛ نرم دلی ؛ درد مندی ۔

Sentimental : (a) (۱) رحم دل ؛ نیك نہاد ؛ صاحب دل ؛ درد مند ؛ جذباتی ؛ مغلوب الجذبات ؛ حساس ۔ (۲) جس کا تعلق بجائے عقل جذبات سے ہو ؛ پر جذبات ؛ قلبی ؛ تاثراتی ۔

Sentimentalism : (n) (۱) جذبات کا قائل ہونا یا دلداده ہونا ؛ جذبات پرستی ؛ جذبه کیشی ؛ جذباتیت ؛ وجدانیت ۔ (۲) جوش جذبات ؛ جذبه داری ۔

Senstimentalist : (n) جذباتی ؛ جذبات کا دلداده ؛ جذبات پرست ؛ وجدان پرست ۔

Sentimentality : (n) (۱) رحم دلی وغیره جذبات کی افراط یا نمائش ؛ ترحم ؛ حساسی ؛ نازك دلی ؛ نرم مزاجی ؛ رقت قلب ۔ (۲) ایسا خیال یا رائے یا مضمون جو محض جذبات پر مبنی ہو ؛ کیفیت قلبی ۔ (۳) (جمع) جذبات ؛ تاثرات ۔ (۴) جذباتیت ؛ وجدانیت ۔

Sentimentalization : (n) پر سوز بنانا ؛ جذبات بھرنا ؛ وجد میں آنا ۔

Sentimentalize : (v) (۱) پر سوز بنانا ؛ سوز و گداز پیدا کرنا ؛ جذبات بھرنا ۔ (۲) مغلوب الجذبات ہو جانا ؛ جذبات کی رو میں بہنا ؛ وجد میں آنا ۔

Sentimentalizer : (n) پر سوز بنانے والا ؛ سوز و گداز پیدا کرنے والا ۔

Sentimentally : (adv.) به اعتبار جذبات ؛ درد مندانه ؛ جذبات میں ۔

Sentinel : (n) [Fr. 'Sentinelle'.] پہرے والا ؛ نگہبان ؛ نگراں ؛ چوکیدار ؛ سنتری ۔

Sentinel : (v) (۱) پہره دینا ؛ نگہبانی یا نگرانی کرنا ؛ چوکیداری کرنا ۔ (۲) پہرے بٹھانا ۔

Sentinel crab : (n) بحر ہند کا ایك بڑا کیکڑا جس کے بڑے بڑے پپوٹے ہوتے ہیں ؛ سرطان بحری ۔

Sentinelship : (n) چوکیداری ؛ پہره داری ۔

Sentry : (n) (۱) پہرے دار ؛ سنتری ؛ (فوج ، بحریات) مسلح سپاہی جو کسی خاص مقام یا حفاظت کے لئے مقرر ہو ۔ (۲) (مجازاً) وه جو فوجی سنتری کی طرح نگہبانی کرتا ہے ۔ (۳) سنتری کا کام ۔ (۴) (بحری) جہاز میں لگا ایك آله جو پانی کے اُتھلا پن کی خبر دیتا ہے ۔

To stand sentry : حفاظت کرنا ؛ پہره دینا ۔

Sentry-box : (n) جہاز میں سنتری کے کھڑے ہونے کا تختہ یا مچان ؛ پہرا مچان ۔

Sentry-box : (n) پہره گاه ؛ سنتری گاه ؛ سنتری خانه ؛ خراب موسم

میں سنتری کے کھڑے ہونے کا چوبی کمرہ۔

Sentry-go : (n) پہرہ : بالادوی : سنتری کا گشت : نیز سنتری کے فرائض۔

Senvy : (n) [ME. 'Senevey'.] رائی : رائی کا پودا۔

Sepal : (n) [Fr. 'Sepale'.] سبلہ : پھول پتی : مسند گل یا پھول کی کٹوری کا ایک جز : کٹوری تک : جز مسند۔

Sepaline : (a) سَبلی۔

Sepal (l) ed : (a) سَبلہ دار : پھول پتی والا ۔

Sepalody : (n) [mod. L. 'Sepalum' + opey'.] سَبَلیت : پھول کے دوسرے حصوں کی سبلہ میں تبدیلی۔

Sepaloid : (a) سَبَلہ نما۔

Separability : (n) فصل پذیری : تفریق یا علاحدگی کی قابلیت : مفترقیت: جدا گانگی : جدا سازی : تفریق سازی : جدا شدگی : تفریق پذیری۔

Separable : (a) فصل پذیر : تفریق پذیر : جو ایک دوسرے سے علاحدہ ہوں یا علاحدہ کئے جا سکیں : متفرق۔

Separable accident : (n) ضمنی خصوصیت۔

Separable prefix : (n) فصل پذیری سابقہ۔

Separableness : (n) دیکھو Separability

Seperably : (adv.) علاحدہ کرتے ہوئے : بہ طریق تفریق۔

Separate : (a) [L. 'Separatus'.] جدا : علاحدہ : متفرق : الگ الگ : جداگانہ : جو ایک دوسرے سے الگ بھی ہوں اور ایک مجموعے میں بھی شامل کئے جا سکیں : منفرد۔

Separate : (n) (۱) جز : ایسے مضمون کی نقل جو کسی روداد یا رسالے سے لے کر علاحدہ طبع کرائی جائے : مضمون منفصلہ۔ (۲) جدا مشرب : غیر مقلد یا معتزلی۔ (۳) (جمع) متفرق قسم کے کپڑے جنہیں ملا کر پہنتے ہیں۔

Separate : (v) (۱) جدا کرنا : الگ کرنا : علاحدہ کرنا : منقسم کرنا : تقسیم کرنا۔ (۲) چننا : منتخب کرنا : انتخاب کرنا۔ (۳) حائل ہونا : درمیان میں آنا : آ جانا : بیچ میں پڑنا۔ (۴) علاحدہ ہونا : جدا ہونا : الگ ہونا : تقسیم ہو جانا : منقسم ہو جانا : منفرق ہو جانا۔ (۵) غیر مقلد ہو جانا۔ (۶) فسخ نکاح کے بغیر (زوجین کا) خصوصاً (بحکم عدالت) علاحدہ ہو جانا یا علاحدہ کر دینا۔ (۷) (کیمیا) (معدنی یا کیمیاوی عنصر کو) تودے سے الگ کرنا۔

Separate confinement : (n) قید تنہائی : قید خانہ میں علاحدہ بند کرنا۔

Separate establishment : (n) علاحدہ انتظام خانہ داری (اپنے آشنا کے لئے الگ)۔

Separate maintenance : (n) نفقۂ منطقہ : نان نفقہ جو شوہر بہ رضا مندی زوجہ اس سے علاحدہ رہ کر اس کو ادا کرے۔

Separate system : (n) دیکھو Separate-confinment

Separated : (a) (فسخ نکاح کے بغیر) علاحدہ رہنے والے (زوجین)۔

Separately : (adv.) انفرادی حیثیت سے : فرداً فرداً : بہ دفعات : متفرق طور پر : جدا گانہ : الگ الگ : علاحدہ : علاحدہ۔

Separateness : (n) تفریق : جدائی : علاحدگی (خصوصاً سیاسی یا مذہبی نوعیت کی)۔

Separation : (n) (۱) علاحدہ کرنا : علاحدگی : جدائی : جدا کرنا : انفصال۔ (۲) علاحدہ ہونا : تفرقہ : تفریق : علاحدہ ہونے کی حالت۔ (۳) شوہر اور زوجہ کے درمیان تفریق یا جدائی فسخ نکاح کے بغیر خواہ بہ رضا مندی زوجین یا بحکم عدالت : مفارقت : علاحدگی۔ (۴) علاحدہ یا جدا کرنے والی چیز۔ (۵) (طب) مردہ نسیجوں کا گوشت سے علاحدہ ہو جانا۔ (۶) وہ مقام جہاں دو یا زیادہ چیزیں علاحدہ ہوتی ہیں یا ایک دوسرے سے الگ ہو جاتی ہیں۔

Judicial allowance : (n) مفارقت بمیان زوجین بحکم عدالت۔

Separation allowance : (n) نان نفقہ جو شوہر زوجہ سے علاحدگی کے بعد اس کو دیتا ہے۔

Separation layer : (n) انفصالی پرت۔

Separation order : (n) تفریق کا عدالتی حکم۔

Sepatism : (n) (۱) مذہبی معاملات میں علمائے کلیسا سے علاحدگی یا آزاد روی : غیر مقلدی : جدا مشربی : اعتزال۔ (۲) تفریق

Separatist : (n) جدا مشرب : غیر مقلد یا معتزلی ؛ تفرقه یا افتراق پسند ۔

Separatist : (a) تفرقه یا افتراق پسند ؛ جدا مشرب ۔

Separatistic : (n) انفصالی ۔

Separative : (a) [Fr. 'Separatif'.] (۱) تفریق یا علاحدگی پر مائل ؛ تفریق گزیں ؛ تفرقه جو ۔ (۲) (قواعد) تردیدی ۔

Separatively : (adv.) تفرقه جو طور پر ۔

Separativeness : (n) تفرقه جوئی ؛ افتراق پسندی ۔

Separator : (n) جدا کرنے والا ؛ جدا کرنے کا آله ؛ فارقه ؛ خارقه ۔

Separatory : (a) (۱) آلۂ خارقه ۔ (۲) مفترق ؛ تفریق کا کام کرنے والا ؛ تفریق ساز ۔

Separatrix : (n) (۱) (پروف کی تصحیح میں) وه ترچھا خط جس سے تبدیلی کو الگ دکھاتے ہیں ۔ (۲) خط فاصل ؛ جزوی طور پر روشن سطح پر ؛ روشنی اور تاریکی کو الگ الگ دکھانے والا خط ۔

Separatum : (n) [L.] دیکھو Offprint

Sephardi : (n) [L. 'Heb. 'Sepharadi'.] پرتگال یا ہسپانیه کا یہودی ؛ سفارادی ۔

Sephardic : (a) (پرتگال یا ہسپانیه کے) یہودیوں کا یا ان سے متعلق ۔

Sepia : (n) [L.] (۱) دو شاخه مچھلی کی کالی رال ؛ قیر ماہی ۔ (۲) سرخی مائل رنگ جو تصاویر میں مستعمل اور اسی رال سے تیار ہوتا ہے ۔

Sepia : (a) بھوری کھال والا ۔

Sepia brown : (n) گہرا سرمئی و زردی مائل بھورا ۔

Sepia paper : (n) فوٹو گرافی میں استعمال ہونے والا کاغذ ۔

Sepiacean / Sepiaceous : (a) [mod. L. 'Sepiaceus'.] دو شاخه مچھلی کے گروپ سے متعلق ۔

Sepiment : (n) [L. 'Sepimentum'.] (۱) (حیوانیات) بند ؛ جوڑ ؛ حصه ؛ جز ۔ (۲) (نباتیات) باڑ ؛ پیچ ۔

Sepiment : (n) کسی چیز کو باڑ یا احاطه سے بند کرنا ؛ (احاطه یا باڑ سے) بند کرنا ۔

Sepioid : (n) دو شاخه (Cuttle-fish) مچھلی کی ایک جنس ۔

Sepiola : (n) [L.] دو شاخه مچھلی ۔

Sepiolite : (n) [G. 'Sepiolith'.] کف دریا ؛ سیر شام ؛ کف البحر ۔

Sepiostaire : (n) [Fr.] (حیوانیات) صدف قیر ماہی ؛ سمندر جھاگ ۔

Sepium : (n) [Gr. 'Sepion'.] صدف قیر ماہی ؛ سمندر جھاگ ۔

Sepoy / Sipahi : (n) [Urdu-persi, 'Sipahi'.] سپاہی ؛ ہندوستانی سپاہی جسے انگریزوں نے فوجی تربیت دی ہو ۔

Sepoy-crab :(n) بحیرۂ ہند اور بحیرۂ عرب میں پایا جانے والا کیکڑا ۔

Sepoy-mutiny/ -Rebelion : (n) بغاوت ہند ؛ غدر ۱۸۵۷ء ۔

Seps : (n) [L.] جنس سقنقور ؛ سانپ گره ؛ سپس ۔

Sepsine : (n) (۱) ایک زہریلا بلوری مادہ جو سڑے خمیر سے نکلتا ہے ۔ (۲) ایک عفونتی مادہ جو عفونت خون پیدا کرتا ہے ۔

Sepsis : (n) [Gr. 'Sypsis'.] بوسیدگی ؛ عفونت ؛ تعفن ؛ بدبو ؛ اجسام حیوانی و نباتی کا سڑنا ؛ عفونت خون ۔

Sept : (n) [L. 'Septum'.] (۱) احاطه ؛ باڑ ۔ (۲) (درمیانی) پردا ؛ فاصل ؛ جھاپ ؛ حاجب ۔

Sept : (n) [alt. of Sect.] قبیله ؛ خاندان ؛ فیل ؛ گوت (خصوصاً آئرستانی) ۔

Sept : (رابطه یا سابقه) بمعنی "سات" "ہفت" :September کا مخفف ۔

Septa : (n) (۱) (تشریح ، حیوانیات) حجاب ؛ جدار ؛ حاجز ؛ پرده ؛ حاجب ۔ (۲) (نباتیات) فصل ؛ فاصل ؛ حاجز ۔

Septaemia / Septemia : (n) [mod. L.] عفونت خون میں مبتلا ۔

Septal : (a) پردے کے متعلق ؛ اعضائی ؛ اجزائی ؛ جوڑوں کے متعلق ؛ حاجز ؛ جداری ؛ فاصلی ۔

Septal : (a) خاندانی ؛ خاندان کے متعلق ؛ قبیله کی بابت ۔

Septan : (a) ہفت روزه (بخار) (جو ہر ساتویں دن چڑھے) ۔

Septangular : (a) ہفت زاویه ؛ ہفت گوشه ؛ ست کونا ۔

Septarian : (a) جداری ترتیب میں۔

Septarium : (n) [L.] (۱) جداری ترتیب۔ (۲) چونے کے پتھر وغیرہ کا ڈلا جس کے مرکز کے پاس سوراخ میں دوسرے معدنی ٹکڑے بھرے رہتے ہیں۔

Septate : (a) [L.] (۱) پردہ دار؛ جس میں پردے ہوں؛ خانہ دار؛ فواصل دار؛ حجاب دار؛ فصل دار (۲) جدا؛ متفرق؛ مختلف؛ علاحدہ؛ الگ؛ منقسم۔

Septated : (a) دیکھو Septate

Septation : (n) (۱) پردہ داری؛ حجاب داری؛ خانے داری؛ فواصل داری۔ (۲)(نباتیات)تقسیم؛ تفریق؛ علاحدگی؛ اختلاف۔

Septem- : رابطہ بمعنی "ہفت" "سات"۔

September : (n) [L.] ستمبر؛ قدیم انگریزی یا رومی سال کا ساتواں مہینہ۔

Septembrist : (n) (۱) ستمبری؛ وہ شخص جو پیرس کے قتل واقع ستمبر ۱۷۹۲ء میں شریک یا موجود تھا۔ (۲) پرتگالی بغاوت (ستمبر ۱۸۳۶ء) کا حامی۔

Septembrize : (v) پیرس کے قاتلوں کی طرح مارنا۔

Septembrizer : (n) [Fr. 'Septembriseur'.] (۱) (فرانس) ستمبر ۱۷۹۲ء کے قتل عام کا شریک۔ (۲)(مجازاً) خونی انقلابی۔ (۳) پرتگالی بغاوت کا حامی۔ (۴) ستمبر میں تیتر کا شکار کرنے والا۔

Septemfoliate : (a) (نباتیات) ہفت برگچہ۔

Septempartite : (a) (نباتیات) ہفت جزہ؛ ہفت گانہ؛ ہفت حصہ۔

Septemvir : (n) [L.] قدیم روم میں سات پادریوں کی جماعت میں سے ایک؛ سات حکمراں لوگوں کی جماعت میں سے ایک۔

Septemvirate : (n) [L.'Septemviratus'.] (۱) سات اشخاص کی حکومت۔ (۲) سات آدمیوں کی جماعت۔

Septenarius : (n) [L. 'Septeni'.] (بحری) مسبع؛ ہفت رکنی (ایک لاطینی بحر)۔

Septenary : (a) [L. 'Septenarius'.] ساعی؛ سات والا؛ سات سات کر کے؛ ستّا جس میں سات عدد ہو؛ بربنائے ہفت؛ ہفت سالہ۔

Septenary : (n) (۱) سات اشخاص یا چیزوں کا گروپ یا سیٹ۔ (۲) سات سال کی مدت۔ (۳) (موسیقی) ساتواں سُر۔

Septennary : (a) [L. 'Septennis' + -ary.] ہفت سالہ؛ جو ہر ساتویں سال آئے۔

Septennate : (n) عرصۂ ہفت سالہ؛ سات سال کی مدت (کسی عہد یا انتظام کے لئے)۔

Septennial : (a) [Late L. 'Septennis'.] دیکھو Septennary

Septennially : (adv.) بطریق ہفت سالہ؛ ہفت سالانہ۔

Septennium : (n) [late L.] مدت ہفت سالہ؛ ہفت سال؛ سات سال؛ سات برس؛ عرصۂ ہفت سال؛ سات سال کا عرصہ۔

Septentrion : (n) [L. 'Septentrio'.] (۱) شمال۔ (۲) (جمع) (علم النجوم) دُبّ اکبر؛ دُبّ اصغر۔

Septet (t) / -ette : (n) [G.] (۱) (موسیقی) ہفت خواہ؛ سبوعی؛ جسے سات مطرب یا سات آوازوں میں مل کر گائیں۔ (۲)(مجازاً) سات کی جماعت۔

Septfoil : (n) (تعمیرات) ایک آرائشی کام جس میں سات چولیاں ہوتی ہیں۔

Septi- : (Prefix) [L. 'Septem'.] سابقہ بمعنی "سات" "ہفت"۔

Septi- : (Prefix) سابقہ بمعنی "حجاب" "فصل"۔

Septic : (a) [L. 'Septicus'.] عفونی؛ زہر خونی؛ مفسد خون؛ متعفن؛ عفونت دار؛ عفونت خیز؛ سڑا ہوا۔

Septic : (n) سڑانے والا؛ گلانے والا؛ پکانے والا؛ عفونی جراثیم۔

Septicaemia/ Septicemia : (n) خون میں زہر یا سمیّت پیدا ہو جانا؛ عفونت خون۔

Septicaemic : (a) عفونت خون میں مبتلا۔

Septically : (adv.) زہریلے پن کے ساتھ یا طور پر؛ متعفن کرتے ہوئے۔

Septicidal : (a) (نباتیات) حجاب کشا؛ فصل کشا۔

Septicity : (n) عفونت؛ بدبو؛ تعفن؛ فساد خون؛ زہر خون۔

Septicoloured : (a) ست رنگا؛ سات رنگوں کا۔

Septiferous : (a) حجاب دار؛ پردہ دار۔

Septiform : (a) حجاب نما۔

Septiform : (a) ست گنا یا سات گنا ؛ ہفت گانہ ، گونہ ۔

Septifragal : (a) فواصل شکن ؛ حجاب شکن ۔

Septilateral : (a) ہفت اضلاع ؛ ہفت پہلو ؛ ہفت اضلاعی شکل ۔

Septillion : (n) [Fr.] ملین کی ساتویں قوت ؛ دس لاکھ کی ساتویں طاقت ؛ وہ رقم جس میں ۴۲ صفر ہوں ؛ ہدم در ہدم ۔

Septimal : (a) [L. 'Septimus'.] (۱) سات کا یا سات کے متعلق ؛ ہفتی ؛ ستّبعی ۔ (۲) (موسیقی) نغمۂ ہفتم سے متعلق ۔

Septime : (n) [L. 'Septimus'.] پٹہ بازی میں ساتواں داؤں ؛ ہفتی ۔

Septimole : (n) (موسیقی) سات سروں کے مجموعے کو چار یا چھ سروں کی رفتار میں بجانا ۔

Septinsular : (a) [L. 'Septem' + 'insula' + -ar.] آئیون جزیرے کا ۔

Septinsular : (n) آئیون جزیرے کے لوگ ۔

Septipartite : (a) دیکھو Septempartite

Septisyllable : (a) ہفت اجزا ؛ ہفت رکنی ؛ وہ لفظ جس کے سات جز ہوں ؛ ہفت ہجائی ۔

Septivalent / Septavalent : (a) (کیمیا) ہفت گرفتہ ۔

Septo- : (Prefix) [Gr. 'Septos'.] سابقہ بمعنی "سڑنا" ۔

Septo- : (Prefix) سابقہ بمعنی "پردہ" "فاصل" "حجاب" ۔

Septo-maxillary : (a) حاجبی فکی (ہڈی) ۔

Septogenic : (a) عفونت زا ؛ تعفن پیدا کرنے والا ۔

Septuagenian : (n) [L. 'Septuagenarius'.] ستر سالہ ؛ سبعونی ؛ ہفتادہ ؛ بوڑھا ؛ ستّر یا اس سے زیادہ لیکن اسّی سال سے کم عمر بوڑھا ۔

Septuagenarian : (n) ستر سالہ ؛ ستر اور اسی سال کے درمیان ۔

Septuagesima : (n) [L.] یوم کبیر سے قبل تیسرا اتوار اس لئے کہ یہ عید فصح سے کوئی ستر دن پہلے آتا ہے ۔

Septuagint : (n) [L. 'Septuaginta'.] (۱) عہد عتیق کا یونانی ترجمہ جو حضرت مسیح کی ولادت سے ۲۷۰ سال پیشتر کیا گیا تھا اور اس کے لئے ستر علماء منتخب کئے گئے تھے ؛ ہفتادی ترجمہ ۔ (۲) ستر کی جماعت ۔

Septuagintal : (a) عہد عتیق کے یونانی ترجمے سے متعلق ۔

Septulate : (a) حاجز صغیر دار ۔

Septulum : (n) [L.] حاجز صغیر ۔

Septum : (n) [L.] دیکھو Septa

Septuor : (n) [Fr.] (موسیقی) دیکھو Septet

Septuple : (a) [Late L. 'Septuplus'.] ہفت چند ؛ سات پر مشتمل ۔

Septuple : (n) ساتواں ضعف ؛ سات گنا ۔

Septuple : (v) سات گنا کرنا ؛ سات سے ضرب دینا ۔

Septuplet : (n) [Late L. 'Septuplue'.] Septuplate (موسیقی) دیکھو

Septuplicate : (a) جس کے سات نسخے ہوں ۔

Septuplicate : (n) سات نسخوں میں سے ایک ؛ ایک ہی طرح کے سات نسخے ۔

Septuplicate : (v) سات سے ضرب دینا ؛ سات بار نقل لینا ۔

Sepulchral : (a) [Fr. or L. 'Sepulchralis'.] (۱) ضریحی ؛ تُربتی ؛ گورکا ؛ قبر کا ؛ خانقاہی ۔ (۲) قبر یا موت کو یاد دلانے والا ؛ ترس انگیز ؛ خوف آور ؛ بھیانک ۔ (۳) تدفین سے متعلق ۔

Sepulchrally : (adv.) بھیانک یا خوف انگیز طور پر ۔

Sepulchre : (n) [ME. 'Sepulcre'.] (۱) گور ؛ تربت ؛ قبر ؛ مزار ؛ خانقاہ ۔ (۲) وہ کھوہ جس میں (عیسائی عقیدے کے مطابق) حضرت عیسیٰؑ کا مزار ہے ۔ (۳) کلیسا کی عمارت کا وہ حصہ جس میں پر خیراتی جمعرات کو (ایسٹر سے قبل کی جمعرات) مقدس نشانیاں دفن کی جاتی ہیں ۔ (۴) قربان گاہ جہاں مقدس نشانیاں خیراتی جمعرات کے دن رکھی جاتی ہیں ۔

The Holy sepulchre : ضریح یا مزار مقدس ؛ مرقد مبارک ؛ درگاہ شریف (حضرت عیسیٰؑ کا مزار) ۔

Whited sepulcher : ریاکار ؛ عیار ؛ فریبی ۔

Sepulchre : (v) (۱) دفن کرنا ؛ قبر میں رکھنا ۔ (۲) قبر کا کام دینا ۔

Sepultural : (a) تدفین سے متعلق : تدفینی ۔

Sepultural : (n) (۱) تدفین : دفن : قبر میں رکھنا ۔ (۲) گور : قبر : قبرستان ۔

Sepulture : (v) دفن کرنا : قبر میں رکھنا ۔

Seq : (n) [L.] لاطینی مخفف بمعنی 'ذیل میں' ۔

Sequacious : (a) [L. 'Sequec- + -ious.] (۱) مقلد : متتابع : جس میں کوئی آزادانہ رائے یا اجتہاد کا مادہ نہ ہو ۔ (۲) با تسلسل : مربوط (فی الکلام) ۔ (۳) (موسیقی) مسلسل و منظم ۔

Sequaciously : (adv.) مقلدانہ : مربوط طریقے پر ۔

Sequaciousness : (n) مقلدی : تقلید ۔

Sequacity : (n) [Late L. 'Sequacitas'.] دیکھو Sequaciousness

Sequel : (n) [Fr. 'Sequelle' or L.'Sequela'.] (۱) قصے یا بیان کا آخری جز جو وقفے کے بعد آئے ۔ (۲) ذیل : تکملہ : تتمہ : آخری سلسلہ : خاتمہ : نتیجہ : انجام کار : عاقبہ ۔ (۳) نتیجہ ۔

Sequela : (n) [L.] (طب) (جمع) اثرات (ما بعد) : نتائج : عواقب (خصوصاً بیماری کے) ۔

Sequence : (n) [ME. fr. ML. 'Sequentia'.] (۱) اشیاء کا مجموعہ یا جوڑ جو ایک دوسرے کے بعد یا ساتھ آئے ۔ (۲) سلسلہ : تسلسل : تانتا : تواتر ۔ (۲) خصوصاً علت و معلول کا سلسلہ : نتیجہ : عاقبہ : تابعہ ۔ (۳) (موسیقی) یکساں بولوں کا مختلف سُروں میں بار بار آنا : تکرار : ترجیع : دہرانا ۔ (۴) (قواعد) تطابق زمانی : افعال کے ایک جملے میں بہ لحاظ زمانہ ایک دوسرے سے مطابقت ۔ (۵) حمد (ہلولیا) کے بعد کی مناجات جو کتاب کی تلاوت سے پہلے گائی یا پڑھی جاتی ہے۔ (۶) (سنیما) فلم کے قصے میں کوئی واقعہ جو قصے کے کسی منظر کی مطابقت میں مسلسل طور پر دکھایا جائے : مناظر نامۂ مسلسل ۔

In sequence : تسلسل سے : ایک کے بعد ایک ۔

Sequency : (n) دیکھو Sequence

Sequent : (a & n) سلسلے میں یا مابعد آنے والا : متتابع ۔

Sequential : (a) دیکھو Sequent

Sequentially : (adv.) سلسلے میں نتیجتاً : بطور متتابع : تسلسل کے ساتھ ۔

Sequester : (v) [Fr. 'Sequestre'.] (۱) علاحدہ کرنا : جدا کر لینا یا ہونا ۔ (۲) (خصوصاً دنیا سے) عزلت اختیار کرنا ۔ (۳) عدالتی تحویل لینا : محفوظ رکھنا (کسی مال وغیرہ کو عدالت کے فیصلے تک) ۔ (۴) ضبط کر لینا : قبضہ کر لینا : ہتھیا لینا ۔ (۵) (بیوہ کا) شوہر کی جائداد سے لا دعویٰ لکھ دینا : حق زوجیت چھوڑنا ۔

Sequestered : (a) (۱) جدا کردہ : منقطع ۔ (۲) تنہا یا عزلت گزیدہ ۔

Sequestral : (a) معروقہ : معلقہ : لٹکا ہوا : بے جان : جھولتا ہوا ۔

Sequestrate : (v) [Late L. 'Sequestrare'.] (۱) جدا کرنا : علاحدہ کرنا ۔ (۲) (قانون) کسی ریاست یا جاگیر وغیرہ کی آمدنی کو اس کے مالک کے ہاتھ سے عارضی طور پر یا مستقلاً لے لینا اور دوسروں کے انتظام میں دے دینا ۔ (۲) (قانون) (زمینوں کو) عدالتی تحویل میں یا متولی کو سپرد کر دینا : (اب) کسی دیوالیہ شخص کی جائداد کو عدالتی قبضے یا تحویل میں لے لینا ۔ (۴)(عام) ضبط کرنا : قبضہ کر لینا ۔

Sequestration : (n) (۱) تنہا : جدا : علاحدہ ۔ (۲) جدائی : تنہائی : علاحدگی ۔ (۳) ضبطی : توقیف : قرقی : دیوالہ ۔

Sequestrator : (n) قارق : ضابط : قرق کرنے والا ۔

Sequestrectomy : (n) دمہ براری : بے جان ہڈی یا کھال پر عمل جراحی : (عمل) عرقہ کشی ۔

Sequestrum : (n) [mod. L.] مردہ کھال یا ہڈی جو اپنی جگہ چھوڑ چکی ہو : لٹکی ہوئی ہڈی : عرقہ : استخوان یا پوست بے جان : جھولتی ہڈی یا کھال ۔

Sequin : (n) [Fr.] (۱) وینس کی اشرفی جو تقریباً سات روپے کے مساوی ہوتی تھی : بندقی ۔ (۲) سکہ نما زیور جو عورتیں لباس پر سی لیتی ہیں ۔

Sequin : (v) سکہ نما زیور لگانا ۔

Sequitur : (n) [L.] نتیجہ : استخراج : استنباط ۔

Sequoia : (n) [mod. L. 'Sequoiah'.] امریکی صنوبر : امریکی دیودار ۔

Serac : (n) [Swiss Fr.] یخ برجی : سیل یخ کا تودہ جو قدرتی اسباب سے برج کی شکل بن جاتا ہے ۔

Seraglio : (n) [It. 'Serraglio'.] (۱) قصر : خصوصاً سلاطین عثمانیہ کا محل جس میں کاروبار سلطنت بھی انجام پاتے تھے ۔ (۲) حرم سرا : سلطانی محل : قصر سلطان ۔ (۳) حرم باشی ۔ (۴) قحبہ خانہ ۔

Serai : (n) [Pers. 'Saray'.] (۱) سرائے ۔ (۲) ترکستان کا شاہی قصر ۔

Seralbumen / -in : (n) (کیمیا) خون کا البومن ۔

Serang : (n) [Hindi.] سرہنگ کی بگڑی ہوئی صورت : ملاح یا جہازیوں کا (دیسی) سرگروہ یا داروغہ ۔

Serape : (n) [Mexican Sp.] شال یا چار خانے دار کپڑا جسے ہسپانوی امریکی پہنتے ہیں ۔

Seraph : (n) [Back-formation from 'Seraphim'.] (۱) فرشتہ : عالم عُلوی کی ہستی : ملک ۔ (۲) فرشتہ صفت آدمی ۔

Seraphic / - al : (a) [med. L. 'Seraphicus.'] (۱) ملکی : ملکوتی ۔ (۲) فرشتہ جمال : فرشتہ خصال ۔ (۳) وجد نما ۔

Seraphic friar : (n) سینٹ فرانسس کا پیرو ۔

Seraphic hymn : (n) دیکھو Sanctus

Seraphically : (adv.) بہ طریق ملکوتی : فرشتوں کی طرح ۔

Seraphim : (n) [OE. ME. 'Seraphin'.] (۱) فرشتہ : عالم علوی کی ہستی : ملک ۔ (۲) ملائکۂ اعلیٰ کے نہ گانہ طبقات میں سب سے اونچا طبقہ : طبقۂ اشرف الملائکہ ۔ (۳) سویڈن کا خطاب سرداری اور تمغہ ۔ (۴) ایک قسم کا متحجر قشریہ ۔ (۵) ایک قسم کا پروانہ ۔

Seraphina/ Seraphine : (n) [Seraph + - ine.] ہارمونیم باجے کی ابتدائی صورت : سرا فینا ۔

Seraskier : (n) [Pers. 'Saraskar'.] ترکی سپہ سالار یا وزیر جنگ : سر عسکر ۔

Saraskierat(e) : (n) وزرات جنگ : محکمۂ فوجی (ترکی کا) ۔

Serb : (n) [Serbian 'Srb'.] (۱) باشندۂ ملک سرویہ ۔ (۲) سرویہ کی زبان ۔

Serb : (a) سربیہ کا : سربی ۔

Serbian : (a & n) دیکھو Serb

Serbo - : جزو ترکیبی بمعنی "سربی" "سربیہ کا" ۔

Serbo-creation : (n) سربوں کی سلافی زبان : وہ جس کی مادری زبان سربیہ سلافی ہو ۔

Serbonian bog : (n) [Gr. 'Serbonis' + -ian.] (۱) سربونی دلدل : ایک دلدل جو دریائے نیل کے دہانے پر واقع تھی ۔ (۲) (مجازاً) مشکل : الجھن : دلدل (جس میں پھنس کر نکلنا مشکل ہو) ۔

Sere/ Sear : (a) [OE. 'Sear'.] خشک : سوکھا ہوا : مرجھایا ہوا : پژمردہ ۔

Sere : (n) خشک موسم : خشکی ۔

Serein : (n) [Fr.] پھوار : خصوصاً وہ جو غروب آفتاب کے بعد گرم ملکوں میں پڑتی ہے جبکہ مطلع بالکل صاف ہوتا ہے : اوس : شبنم ۔

Serena : (n) [L.] عاشقانہ گیت جو رات میں گایا جاتا ہے ۔

Serenade : (n) [Fr.] (۱) نغمۂ شبینہ : وہ گیت جو رات کے وقت عاشق اپنے معشوق کی دیوار کے نیچے گائے : فراقیہ گیت : غزل عاشقانہ ۔ (۲) (موسیقی) وہ نغمہ جو کھلی ہوا میں گایا جائے ۔

Serenade : (v) (۱) عاشقانہ یا فراقیہ گیت گانا : گانا بجانا ۔ (۲) عاشقانہ گیت : گیت گا کر دل بہلانا ۔

Serenader : (n) نغمہ سرائی شب : نغمۂ شبینہ گانے والا : شبینہ راگ الاپنے والا ۔

Serenata : (n) [It.] سادہ راگ : گوالوں کا گیت : چوپانی نغمہ ۔

Serendipity : (n) [f. 'Serendip(-b).] اتفاقی طور پر مناسب حال اور غیر متوقع انکشاف کرنے کی قابلیت: سیلون کا پہلا نام۔

Serene : (a) [L. 'Serenus'.] (۱) (ہوا ، پانی وغیرہ کے لئے) صاف و پر سکون : غیر متلاطم ۔ (۲) مطمئن : متین : مستقیم : (مزاج) نا مضطرب ۔ (۳) (بعض امراء کے القاب میں بمعنی) مستطاب : عزت مآب ۔

All serene : (عام) سب ٹھیک : سب بخیر ہیں ۔

Drop serene : جزوی یا کلی فقدان بصر۔

Serenely : (adv.) سکون کے ساتھ ؛ متانت سے ۔

Serenity : (n) (۱) سکون ؛ اطمینان ۔ (۲) متانت ؛ استقامت ۔ (۳) خوش اطمینانی ۔ (۴) ایک خطاب جو شہزادوں کو دیا جاتا ہے ۔

Serenness : (n) سکون ؛ اطمینان ؛ متانت ؛ استقامت ۔

Seres : (n) [L.] مشرقی ایشیا کے رہنے والے قدیم باشندے ۔

Serf : (n) [Fr.] (۱) رعیت ؛ کمین ؛ غلام ؛ کمیرا ؛ وہ شخص جس کی خدمات زمین کے ساتھ منتقل ہو سکیں ؛ زرعی غلام۔ (۲) نیچ ۔ (۳) مظلوم ؛ ستم رسیدہ ؛ ستم زدہ ؛ بیگاری ۔

Serfage : (n) رعیت پن ؛ کمین پن ؛ غلامی ۔

Serfdom : (n) دیکھو Serfage

Serfhood : (n) دیکھو Serfage

Serge : (n) [OFr. 'Sarge'.] (۱) ایک قسم کا اونی کپڑا ۔ (۲) سرج کا بنا لباس ۔

Silk serge : (n) سرج سے مشابہ ریشمی کپڑا ۔

Serge : (a) سرج کا بنا ہوا ۔

Sergeancy / Serjeancy : (n) [AFr. 'Sergeancie'.] سار جنٹ کا عہدہ ۔

Sergeant / Serjeant : (n) [OFr.] (۱) سارجنٹ ؛ پارلیمنٹ کا ایک عہدہ دار ؛ گرز بردار ؛ سربنگ ۔ (۲) ایک فوجی عہدہ دار ؛ چاؤش ؛ حولدار ۔ (۳) (تاریخ) قانون داں ؛ وکیل اعلیٰ ؛ اونچے طبقے کا وکیل ۔ (۴) شاہی محل کے بعض افسر کا خطاب ۔ (۵) بلدیہ لندن کا ایک عہدہ دار (Common sergeant) ۔

Sergeant-at-arms : (n) پارلیمنٹ کا ایک عہدہ دار ؛ گرز بردار ؛ تبردار ؛ سربنگ ۔

Sergeant-at-law : (n) وکیل اعلیٰ ؛ اونچے طبقے کا وکیل ۔

Sergeant-major: (n) (۱) فوج کا بے کمیشن اعلیٰ عہدہ دار ؛ مددگار بخشی ۔ (۲) ایک امریکی مچھلی ۔

Sergeant-major's tea : (n) (عام) چائے جس میں (شراب) ملی ہوتی ہے ۔

Sergeantship /Serjeantship : (n) حولداری ؛ گرز برداری ؛ حولدار وغیرہ کا عہدہ یا کام ۔

Sergeanty / Serjeanty : (n) [OFr. 'Serjantie'.] (تاریخ) ایک قسم کی جاگیرداری جو بادشاہ کی بعض مخصوص ذاتی خدمت کی شرط پر ہوتی تھی ۔

Grand sergeanty : وہ لگان دار جو ملک کی دفاع کے لئے بحیثیت سپہ سالار کے فوج کو میدان میں بھیجنے کا کام کرتا تھا ۔

Petty sergeanty / Petit- : ادنیٰ لگان دار (جس کا کام بادشاہ کے لئے تھیلا ، تیر یا کمان بغیر تانت یا روئی کے مہیا کرنا تھا) ۔

Serial : (a) [Fr. 'Series+ -al'.] (۱) مسلسل مجموعے یا سلسلے کا ؛ سلسلہ وار یا سلسلہ ساز ۔ (۲) سلسلہ وار ؛ قسط وار ؛ مسلسل (شائع ہونے والی کتاب وغیرہ) ؛ مربوط یہ سلسلہ ۔ (۳) (مطبوعات) جو مقررہ وقت پر شائع ہوں ؛ موقتی ؛ زمانی ۔

Serial : (n) سلسلہ (خصوصاً کسی افسانے کا) ؛ مسلسل کتاب ۔

Serial number : (n) نمبر شمار ۔

Serial rights : (n) سلسلے وار مطبوعات کا حق طبع و اشاعت ۔

Serial temperature : (n) (پانی کی سطح اور تہ کے درمیان) مختلف گہرائیوں پر لیا ہوا درجۂ حرارت ۔

Seriality : (n) سلسلے میں ہونا ؛ سلسلہ واری ؛ سلسلیت ۔

Serialization : (n) (۱) سلسلہ وار اشاعت ۔ (۲) سلسلے وار ترتیب ۔ (۳) سلسلے وار ترتیب دینا ۔

Serialize : (v) (۱) سلسلے وار شائع کرنا ۔ (۲) سلسلے وار ترتیب دینا ۔

Serially : (av.) سلسلہ وار ؛ موقتی ۔

Seriary :(n) سلسلہ سے متعلق ۔

Seriate : (a) (حیاتیات و حیوانیات) سلسلہ وار ؛ مسلسل ؛ سلسلے یا ترتیب سے لگا ہوا ؛ قطار دار ۔

Seriate : (v) مرتب یا مسلسل کرنا ؛ سلسلے سے جانا یا لگانا ؛ یا ترتیب کر دینا ۔

Seriately : (adv.) سلسلے وار ؛ ترتیب میں ۔

Seriatim : (adv.) سلسلے وار ؛ ترتیب سے ؛ نوبت بہ نوبت ؛ فقرہ بہ فقرہ ؛ مسئلہ بہ مسئلہ ۔

Seriation : (n) مسلسل سازی ؛ ترتیب دہی ۔

Sericeous : (a) [L. 'Sericus'.] (حیوانیات و نباتیات) حریری ؛ ریشمی ؛ مخملی ؛ نرم اور چکنے پوست کا ۔

Sericiculture : (n) پیلہ پروری ؛ ریشم کے کیڑوں کی پرورش ؛ ریشم سازی ؛ کچا ریشم بنانے کی صنعت ۔

Sericin : (n) (۱) دیکھو Myristin ۔ (۲) ریشم کا چپچپا مادہ ۔

Sericite : (n) [Gr. 'Sericit'.] (کان کنی) ریشہ دار ابرق ۔

Sericite : (a) ریشہ دار ابرق جیسا ۔

Sericitic: (a) دیکھو Sericite

Sericterium : (n) [mod. L.] ریشم ساز یا ریشم زا غدود ۔

Sericultural : (a) پیلہ پروری سے متعلق ؛ پیلہ پرورانہ ۔

Sericulture : (n) [Fr. 'Sericicilture'.] دیکھو Sericiculture

Sericulturist : (n) پیلہ پرور ؛ ریشم ساز ۔

Seriema / Ceriama / Cariama : (n) [mod. L.] صراخ کلغی دار ؛ برازیل کا ایک پرند ؛ مارخور ؛ امریکی بگلا ۔

Series : (n) [L.] (۱) سلسلہ (یکساں یا متعلقہ اشیاء کا) ؛ زنجیرہ ؛ قطار ؛ مرتب مجموعہ ؛ سلسلۂ متواتر یا متتابعہ جو ایک دوسرے کے بعد واقع ہو ۔ (۲) رسالے ، کتاب وغیرہ کی جلد (جس کے مختلف اجزا یا پرچے مسلسل شائع ہوں)؛ سلسلۂ کتاب (جو ایک صنف مضامین یا یکساں تقطیع وغیرہ پر شائع ہوں) سلسلۂ مجلدات یا مطبوعات جو کسی ایک نام یا ادارت سے مرتب کیا جائے ۔ (۳) (طبقات الارض) طبق ؛ طبقات ارض (جو مشترک خصوصیات رکھتے ہوں) ۔ (۴) (کیمیا) سلسلہ یا صنف عناصر (جو یکساں خواص رکھتے ہوں)۔ (۵) سلسلۂ ہندسیہ یا حسابیہ ؛ سلسلۂ ریاضی ۔ (۶) (برقیات) مورچہ لڑی یا برقی مورچوں کا سلسلہ جو ایک دوسرے سے برقی اتصال رکھتے ہوں ۔ (۷)(حیوانیات) نوع ؛ صنف ؛ ایک ہی خاندان یا قسم کے حیوانوں کا گروہ ۔ (۸) نا تراشیدہ ہیروں کی ایک کھیپ۔ (۹) حروف علت کا مجموعہ (جو Ablaut کے ذریعے آپس میں ملے ہوں) ۔

In series : سلسلے وار مرتب سلسلے (کی صورت) میں ۔

Series-winding : (n) سلسلے وار لپیٹ ۔

Serif : (n) [Du. 'Schreef'.] شوشہ جس سے حرف کی تکمیل ہوتی ہے ؛ باریک اور چھوٹا سا خط جو حرف کا جز ہو اور اس کے اوپر اور نیچے کھینچا جاتا ہے ۔

Serigraph : (n) ریشمی پردے کے ذریعے بنائی ہوئی چھینٹ ۔

Serigraphy : (n) ریشمی پردے کے ذریعہ چھینٹ چھاپنے کا فن ۔

Serin : (n) [Fr.] وسطی یورپ کی ایک چھوٹی چڑیا جو کنیری خاندان سے ہے ؛ شرشور ؛ کالی پدڑی ۔

Serin : (n) [f. Serum + -in.] (۱) (کیمیا) سیرم البومن ۔ (۲) امیڈو ؛ گلا سردل ۔

Seringa : (n) [Fr.[برازیل کے بعض درخت جس سے ربر نکلتا ہے ؛ ربر روکھ ۔

Serio- : (Prefix) جزو ترکیبی بمعنی "نیم سنجیدہ اور نیم" ۔

Serio-comic : (a) نیم مزاحیہ ؛ ہزل جد نما ؛ ہنسی مذاق کی نقل وغیرہ جو متین بن کر کی جائے یا سنجیدہ چیز جو مزاح کے پیرائے میں دکھائی جائے ۔

Serio-comically : (adv.) نیز مزاحیہ طریق پر ؛ نیم مزاحیہ ۔

Seriola : (n) [L.] مچھلیوں کی ایک جنس ۔

Serioso : (adv.) [It.] (موسیقی) (بدایت موسیقی) لوازمات کے ساتھ ۔

Serious : (a) [Fr.'Serieus' or Late L. 'Seriosus'.] (۱) متین ؛ سنجیدہ ؛ غور و فکر یا ذمہ داری کے احساس کے ساتھ کام کرنے والا ۔ (۲) اہم ؛ بڑا ؛ مہتم بالشان ؛ سنگین ؛ جو مادی یا غیر مادی اعتبار سے کچھ کم نہ ہو ۔ (۳) قابل فکر ؛ مخدوش ؛ خطیر ۔ (۴) ہنسی یا بناوٹ سے خالی ؛ سچا ؛ واقعی ۔ (۵) مذہبی یا اخلاقی نوعیّت کا ؛ متین ؛ سترگ ؛ معمولی یا دنیاوی اعتبار سے ماوریٰ (مسائل مضامین وغیرہ) ۔ (۶) (عموماً طنزیہ) مذہبی ؛ متقشف ؛ مذہبی خیال کا ؛ مُلائی ؛ جو عقبیٰ کے خیال میں منہمک ہو ۔

Seriously :(adv.) متانت سے ؛ سنجیدگی سے ؛ جداً ؛ جس میں کوئی تمسخر وغیرہ نہیں ہو؛ اہمیت کے ساتھ یا اہم سمجھ کر ۔

Serjeant : دیکھو Sergeant

Sermon : (n) [AFr. 'Sermun'.] (۱) وعظ : موعظت : درس : پند : مذہبی نصیحت : شیخ یا عالم دین کی مذہبی تقریر خصوصاً ممبر سے : خطبہ . (۲) عام ناصحانہ تقریر: پندو نصائح جو کلیسا سے باہر کی جائیں .(۳)(مجازاً) عبرت : بصیرت : درس جو قدرتی اشیاء کو دیکھنے سے حاصل ہو .

After sermon : (عبادت) کلیسا کے باہر یا بعد .

At sermon : کلیسا میں .

Sermonette : (n) مختصر وعظ : مختصر خطبہ .

Sermonic : (a) وعظ جیسا : وعظ کے مثل .

Sermonish : (a) دیکھو Sermonic

Sermonize : (v) واعظ : خطیب : ناصح .

Sermonize : (v) واعظ کی طرح تقریر کرنا : پند و نصیحت یا تلقین کرنا .

Sermonizer : (n) واعظ : خطیب : پند گو .

Sero - : (Prefix) جزو ترکیبی بمعنی "سیرم" "خوناب" .

Serolin : (n) [Fr. 'Seroline'.] ایک چربیلا مادہ جو خون کے سیرم میں پایا جاتا ہے .

Serologist : (n) مصلیات داں .

Serology :(n) مَصلیّات .

Seron : (n) [Sp.] جانور کی کھال میں لپٹی ہوئی گانٹھ .

Serosity : (n) [med. L. 'Serositas'.] (۱) خوناب : مَصیل . (۲) پیلاپن : پنیالاپن .

Serotine : (n) [Fr.] لال چمگادڑ .

Serotinous : (a) [L. 'Serotinus'.] پچھیتا : پچھیتی : جو موسم کے بعد اگے .

Serous : (a) [Fr. 'Sereux' or med. L. 'Serosus'.] (۱) خونابی : آب آمیز (خون) : رقیق : پتلا : پنیالا . (۲) خوناب ریز .

Serous membrane : (n) غشائے مصیلی .

Serow/ Surow / Saraw : (n) [Native name.] بز کوہی : بُز ہمالہ .

Serpent : (n) [Fr.] (۱) سانپ : مار : ناگ . (۲) سمندر کے مار نما جانور . (۳) (مجازاً) دغاباز : مار آستین . (۴) شیطان . (۵) حاسد : کینہ ور . (۶) سانپ کی تصویر یاشبیہ (بطور زیور). (۷) شمالی ستاروں کا جھرمٹ . (۸)ایک قسم کی آتش بازی . (۹) (اب متروک ہے) بانسری . (۱۰) پیچ دار موم بتی: بالوں کا رسّا : کرگھے کا کج دُھرا. (۱۱) سانپ کھلونا (Pharaoh's serpent) -

Serpent-bearer : (n) دیکھو Ophiuchus

Serpent-cucumber : (n) ایک قسم کا کھیرا .

Serpent-eagle : (n) ایک قسم کا شکاری پرندہ .

Serpent-eater : (n) مار خور پرندہ : الکاتب .

Serpent-fish : (n) سرخ مار ماہی .

Serpent star : (n) (علم النجوم) حوّا .

Serpent-stone : (n) (۱) دیکھو Ammonite . (۲)ایک قسم کا مصنوعی پتھر جس کو سانپ کے زہر کے علاج کے لئے استعمال کرتے ہیں .

Serpent's head/ -skull : (n) کوڑی کی ایک قسم .

Serpent's tongue : (n) شارک مچھلی کا متحجر دانت .

Serpentaria : (n) (۱) ایک قسم کی گھاس کی جڑ . (۲) Serpentary سے حاصل ہونے والی القلی نما (نائٹروجن رکھنے والی اساسی اشیا) .

Serpentarius : (n) [mod. L.] دیکھو Ophiuchus

Serpentary : (n) ایک قسم کی گیاہ جس کی جڑ بطور دوا استعمال ہوتی ہے .

Serpentiform : (a) [Late L. 'Serpentiformis'.] مار نما : مار صورت : مار شکل : سانپ نما .

Serpentine : (n) [med,. L. 'Serpentina',] (۱) بعض پودوں کا نام جن میں ایسا مادہ (کہا جاتا ہے) ہوتا ہے جو سانپ کے زہر کے لئے تریاق ہے . (۲) ایک قسم کی توپ . (۳)چٹان یا پتھر کی بعض قسمیں جن کا رنگ گہرا

سبز ہوتا ہے : ان پر ایسی چتیاں ہوتی ہیں جیسی سانپ کے جسم پر : حجرالحیہ : چت کبرا (پتھر) جس کو جلا دے کر آرائشی کاموں میں استعمال کرتے ہیں ۔ (۴)پرپیچ راستہ ۔ (۵) ایک قسم کا رقص ۔ (۶)(اسکیٹ) لہریا ، ہلکا سا پیچ یہ پیچ خط جو اس کے کھڑ اون کے استعمال سے پڑ جائے ۔

Serpula : (n) [Late L.] مارچہ : ایک قسم کا بحری کیڑا جو چونے کی نلیوں میں رہتا ہے۔

Serpulean/ Serpulidan : (n) جنس مارچہ ۔

Serpulite : (n) (ارضیات) متحجر مارچہ ۔

Serra : (n) [L.] (۱) ایک افسانوی بحری عفریت ۔ (۲) آرہ مچھلی ۔ (۳) آرے کے دانت کی طرح دندانہ دار ہونا جیسے پتے کا کنارہ : مسننہ کھوپڑی کا جوڑ جو سیون کی طرح معلوم ہوتا ہے : عضو آری نما ۔

Serra : (n) [Pg.] پہاڑ کی ماہی پشت : سلسلۂ کوہ ۔

Serradella/ Serradilla : (n) [Pg.] پتیا گھاس : خوید ۔

Serran : (n) [mod. L. 'Serranus'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Serranoid : (a) ایک قسم کی مچھلی سے متعلق ۔

Serranoid : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Serranus : (n) بحری خار ماہی ۔

Serrate : (n) [L. 'Serratus'.] آری نما : دندانہ دار : دندانہ دندانہ ۔

Serrate : (v) آرہ (سا) بنا دینا : آرہ لگا دینا ۔

Serrated : (a) دیکھو Serrarte

Serration : (n) دندانے یا آرہ فراہم کرنا یا لگانا : تسنین ۔

Serrato- : (Prefix) جزو ترکیبی بمعنی "دندانے دار" ۔

Serrature : (n) [late L. 'Serratura'.] دیکھو Serration

Serrefile : (n) [Fr.] (فوج) وہ شخص یا اشخاص جو فوج کے عقب میں رکھے جائیں : اہل ساقہ : بہیرہ و بنگاہ ۔

Serrefine : (n) [Fr.] خون کی رگ کو پکڑنے کا چمٹا ۔

Serri- : (Prefix) جزو ترکیبی بمعنی "دندانہ دار" : "آرہ نما" ۔

Serri-rostrate : (a) آرہ منقار : دندانہ منقار ۔

Serricorn : (n) دندانی بھونرا : آرہ قرنہ : جُعل : ایک قسم کا بھونرا جس کے سینگ یا آگے نکلے ہوئے بال دندانہ دار ہوتے ہیں ۔

Serpentine : (a) (۱) جس میں سانپ کے سے بل ہوں : پر پیچ : خم بہ خم : پیچ بہ پیچ : مار پیچ ۔ (۲)(مجازاً) فریبی : دغا باز ۔

Serpentine : (v) (۱)سانپ کی طرح بل کھاتے ہوئے چلنا ۔ (۲) گھمانا : چکر کھلانا ۔

Serpentine dance : (n) رقص مار پیچ : جس میں سانپ کے سے پیچ و خم ہوتے ہیں ۔

Serpentine marble : (n) حجرالحیہ کی چٹان ۔

Serpentine motion :(n) سانپ کی طرح بل کھاتے ہوئے چلنا : پر پیچ و خم حرکت : ٹیڑھی ترچھی چال ۔

Serpentine temple : (n) ناگ مندر ۔

Serpentine verse : (n) متحد الطرفین : وہ مصرع جس کے شروع اور آخر کا لفظ یکساں ہو ۔

Serpentine windings : (n) (۱) پیچ و خم (سڑک یا چشمہ) جو سانپ کی طرح بل کھاتا جائے ۔ (۲)(مجازاً)اینچ پینچ کی باتیں: دم جھانسا ۔

Serpentine wisdom : (n) دور اندیشی : فراست : حزم ۔

Serpentinely : (adv.) پر پیچ طور پر : مار پیچ طور پر ۔

Serpentinize : (v) (۱) سانپ کی طرح بل کھاتے ہوئے چلنا : پر پیچ راہ پر چلنا : چکر کھانا ۔ (۲) (ارضیات) حجرالحیہ میں تبدیل کر دینا ۔ (۳) پر پیچ سمت کی طرف چلانا ۔

Serpentinous : (a) سانپ جیسا : مار نما ۔

Serpentlike : (a) سانپ جیسا ۔

Serpentry : (n) (۱) ماران ۔ (۲) مارستان ۔ (۳) ٹیڑھی ترچھی چال ۔

Serpiginous : (a) داد کا مریض یا اس میں مبتلا : گنجا : کھاج مارا ۔

Serpiginously : (adv.) داد کی طرح ۔

Serpigo : (n) [med. L.] داد کا مرض : کھاج ۔

Serried : (a) دوش بدوش ؛ پیوستہ ؛ بلا فصل ؛ ملحق ؛ صف بستہ ۔

Serriferous : (a) آرہ نما ؛ دندان نما ؛ دندانہ صورت ؛ آرہ دار ۔

Serrula : (n) [L.] (حیوانیات) شانہ ؛ سیرولا ۔

Serrulate : (a) [mod. L. 'Serrulatus'.] دندانہ دار ؛ آری نما ؛ دندانک دار ؛ جس میں بہت باریک دندانے ہوں ؛ مسنن ؛ منشاری ۔

Serrulated : (a) Serrulate دیکھو

Serrulation : (n) تسنین ؛ دندانہ داری ۔

Serry : (v) [Fr. 'Serre'.] (۱) دوش بدوش ہونا ؛ صف بستہ ہونا ؛ دوش بدوش چلنا ۔ (۲) دوش بدوش کھڑا کرنا ۔

Sertularia : (n) [L. 'Sertula'.] قسم آبی کثیر پا ۔

Sertularian : (a) آبی کثیر پا کی جنس سے متعلق ۔

Sertularian : (n) ایک قسم کا کثیر پا ۔

Sertule : (n) (نباتیات) چھتر ؛ پھولوں کا گچھا جس میں ڈنڈیاں جو تقریباً مساوی طوالت کی ہوتی ہیں ، ایک ہی مرکز سے نکلی ہوئی ، چپٹی ، دبی یا ابھری سطح بناتی ہیں ۔

Sertulum : (n) [mod. L. 'Sertum'.] Sertule دیکھو

Serum : (n) [L.] (۱) مصل ؛ سیرم ؛ خونباب ؛ صدید ؛ ماء الجبن ؛ کیلوس ؛ لمف ۔ (۲) (مرضیات) کسی جانور کا کیلوس جو بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے ۔

Srrum sickness / -disease eruption : (n) مصلی مریض ۔

Serum threrapy : (n) مَصلی علاج ۔

Servable : (a) قابل خدمت ۔

Serval : (n) [Pg. '(lobo) cerval'.] چیتا بلاؤ ؛ افریقہ کا ایک جنگلی بلاؤ ۔

Servaline : (a) چیتا بلاؤ سے مشابہ ۔

Servant : (n) [OFr.] (۱) نوکر ؛ چاکر ؛ خادم ؛ خدمت گار ؛ ملازم ۔ (۲) (مجازاً) مقلد ؛ پیرو ۔ (۳) (شمالی امریکا) غلام ۔ (۴) عاشق ؛ آشنا ۔

Civil servants : عمال دیوانی ۔

Domestic servant : خانگی ملازم ۔

General servant/ Servant of all work : نوکرانی جو ہر طرح کا کام کرتی ہے ۔

Public servant : سرکاری ملازم ؛ سرکاری نوکر ؛ خادم ملک ۔

Servant of the servants of God : پاپائے رومہ کا ایک لقب ۔

Servant girl : (n) ملازمہ ؛ خادمہ ؛ چھوکری ۔

Servant maid : (n) خادمہ ؛ ماما ۔

Servant's hall : (n) بڑے گھروں میں نوکروں کے کھانے وغیرہ کا کمرہ ۔

Servantless : (a) بے ملازم ؛ بے خدمت گار ۔

Servantship : (n) چاکری ؛ نوکری ؛ خدمتگاری ۔

Serve : (n) (ٹینس) پہلی گیند ؛ پہلی چوٹ ؛ پہلی ضرب ؛ پہینکائی ؛ پہلی پہینک ۔

Serve : (v) [Fr. 'Servir' or L. 'Servire'.] (۱) خدمت یا نوکری کرنا ؛ نوکر کی طرح کسی کا کام کرنا ۔ (۲) کام آنا ؛ ضرورت کے مطابق ہونا ؛ ضرورت پوری کرنا ؛ مفید مطلب ہونا ؛ خدمت بجا لانا ؛ پورا کرنا ؛ تکمیل کو پہنچانا ۔ (۳) دستر خوان چننا ؛ میز یا دستر خوان پر کھانا لا کر رکھنا ؛ کھانا کھلانا ؛ چارہ دینا (جانوروں کو) ۔ (۴) (کسی دوسرے کھانے کے ساتھ) میز پر لانا ؛ (جوڑ کی چیز) میز پر لگا کے رکھنا ؛ میز پر لایا جانا ۔ (۵) لوگوں کو دینا ؛ حصہ بانٹنا ؛ تقسیم کرنا ۔ (۶) بہم پہنچانا ؛ فراہم کرنا ؛ پہنچانا (عدالتی یا سرکاری احکام وغیرہ کو) ؛ سواری بہم پہنچانا ۔ (۷) گیند پھینکنا یا پہنچانا (کھیل شروع کرتے وقت) ۔ (۸) پیش آنا ؛ برتاؤ کرنا ؛ (خصوصاً بدلے میں) ؛ بدلہ لینا ۔ (۹) مذہبی رسوم ادا کرنے میں پادری کی مدد کرنا ۔ (۱۰) پجاری ہونا ؛ پجاری کے فرائض انجام دینا ۔ (۱۱) عبادت کرنا ؛ پوجا کرنا ۔ (۱۲) اطاعت کرنا ؛ عاشق ہونا ۔ (۱۳) حکم بجا لانا ؛ کام کرنا (کسی ادارے ، انجمن یا کمپنی کا) ۔ (۱۴) (کسی بادشاہ کی) جنگی خدمت کرنا ؛ جنگ کرنا ۔ (۱۵) مدد کرنا ؛ اعانت کرنا ؛ مدد دینا ۔ (۱۶) تکلیف اٹھانا (کسی مراد کے لئے) ۔ (۱۷) تابع ہونا ؛ ماتحت ہونا ۔ (۱۸) سود مند ثابت ہونا ؛ ضرورت پوری کرنا ؛ مددگار ثابت ہونا ۔ (۱۹) موزوں ہونا ؛ مناسب ہونا (وقت ، موقع وغیرہ کا) ۔ (۲۰) (حافظہ کا) ساتھ دینا ۔

(۸)اجرا؛ نفاذ ؛ تعمیل (عدالتی حکم نامے وغیرہ کی)۔ (۹) کھانے کے برتن جو دستر خوان پر چنے جائیں ؛ ظروف طعام ؛ لوازم مائدہ ۔ (۱۰) (ریل ، جہاز وغیرہ میں) گیند اندازی ؛ گیند کو پہلی دفعہ پھینکنا جس سے کھیل شروع ہوتا ہے ؛ پھینک ؛ گیند کی باری ۔ (۱۲)مالیانہ امداد یا ہدایت جو کسی چیز کی فروخت کے بعد گاہکوں کو دی جاتی ہے ۔ (۱۳) (کھانے کی میز کا) ساز و سامان ؛ حمام کے ظروف ؛ بیت الخلا کے ظروف ۔ (۱۴) نلکیوں کے ذریعے گیس ، پانی وغیرہ کی فراہمی ۔ (۱۵) (کسی کام کے لئے) سارے سازو سامان مہیا کرنا ۔ (۱۶) آمد و رفت کی گنجائش یا انتظام (گاڑی وغیرہ کا) ۔ (۱۷) دستاویز وغیرہ سپرد کرنا ؛ (اسکاچستانی قانون) متوفی کا وارث مقرر کرنے کا ضابطہ ۔ (۱۸)(بحری) رسے کی گرد لپیٹی جانے والی رسی ۔ (۱۹)جفتی کھانا (مادہ جانوروں کا) ۔ (۲۰) خدمت خلق ۔

Give my service to : میری طرف سے انہیں سلام کہہ دو ۔

In service : ملازمت میں ہونا ؛ برسرکار ہونا ۔

My service to you : یہ الفاظ جام صحت پیتے وقت بولے جاتے ہیں ۔

Of service : فائدہ بخش ؛ سود مند ؛ کار آمد ۔

On His (or Her) Majesty service : بکار سرکار ؛ سرکاری لفافوں یا ٹکٹوں پر یہ الفاظ چھپے ہوتے ہیں ۔

Out of service : ملازمت سے باہر ؛ ملازمت میں نہیں ؛ بے کار ۔

Secret service : خفیہ سرکاری خدمت ؛ خفیہ خدمت جس کی پبلک کو خبر نہیں ہوتی لیکن جس کا خرچ حکومت برداشت کرتی ہے ۔

The senior service : بحریہ ؛ بحری فوج ۔

Shackle-joint : (n) (۱) ایک جوڑ جو بعض مچھلیوں میں پایا جاتا ہے اور ایک استخوانی حلقے سے بنتا ہے جو دوسری ہڈی کے سوراخ میں سے گزرتا ہے ۔ (۲) سنکل کی شکل کا جوڑ ۔

Shacklay : (a) غیر مستحکم : کمزور : بودا : ہلتا ہوا ۔

Shacky : (a) جھونپڑی نما ۔

Shad : (n) [Late OE. 'Sceadd'.] (۱) شاد مچھلی : ایک قسم کی مچھلی جس کا گوشت نہایت لذیذ ہوتا ہے ۔ (۲) نو امریکا کی بعض قسم کی مچھلیاں ۔

Gazzard shad/ Gree-tailed- / Hard-headed- / Yellow tailed- /Ohio - : ہیرنگ قسم کی امریکی مچھلیاں ۔

Shad- belly/ -coat : (n) ایک مذہبی (عیسائی) انجمن کے اراکین کا کوٹ ۔

Shad-berry : (n) ایک قسم کی امریکی جھاڑی اور اس کی بیری ۔

Shad chan/ -chen / Schatchen : (n) [Yeddish 'Shedkhn'.] شادیاں کرانے والا (یہودی) ۔

Shad fly : (n) بعض قسم کی مکھیاں جو شاد مچھلی کے ساتھ اڑتی ہوئی نظر آتی ہے ۔

Shad frog : (n) ایک قسم کا مینڈک ۔

Shad trout : (n) ایک قسم کی امریکی مچھلی ۔

Shad-waiter : (n) ایک قسم کی امریکی مچھلی ۔

Shaddock : (n) [After a Captain 'Shaddlock'.] ایک قسم کا بڑا سنترا جسے کپتان شیڈوک نے جزائر غرب الہند میں رواج دیا ۔

Shade :(n) [OE. 'Se(e)adu'.] (۱) سایہ : پرچھائیں : چھاؤں ۔ (۲) تیرگی : تاریکی : اندھیرا ۔ (۳) (اکثر جمع) خلوت : خلوت گاہ : کنج خلوت : گوشۂ تنہائی ۔ (۴) (دھوپ یا روشنی سے) بچاؤ : آڑ : روک : سایہ : پردا ۔ (۵) رنگ کی تدریجی کیفیت ، یعنی کمی بیشی ۔ (۶) تصویر کا تاریک حصہ ۔ (۷) باریک فرق : تاؤ بھاؤ : قدرے : کسی قدر ۔ (۸) غیر مادی یا غیر حقیقی شے : موہوم شے ۔ (۹) سایہ : بھوت پریت : روح ۔ (۱۰) (مجازاً) خفگی کی نظر : خفگی کے آثار ۔

In the shade : (۱) چھاؤں میں : سائے میں ۔ (۲) حقیرانہ ۔ (۳) تنہائی میں ۔

Lamp shade : لیمپ پوش ۔

Light and shade : روشنی اور دھندلکا : تضاد : تخالف ۔

Sun shade : دھوپ روک : چھتر : چھتری : پردا : چلمن ۔

The shades : (۱) اندھیرا : تاریکی : تیرگی ۔ (۲) تحت الثریٰ : عالم ارواح : عالم اسفل ۔

To be in the shade : کنارہ کش ہونا : گوشۂ تنہائی میں رہنا ۔

To put into the shade /To cast, throw into , the shade: (کسی دوسرے سے) سبقت لے جانا یا بڑھ جانا ۔

Shade : (v) (۱) سایہ کرنا : چھاؤں کرنا ۔ (۲) چھپانا : آڑ ہونا : روک ہونا ۔ (۳) تاریک کرنا ۔ (۴) تصویر میں رنگ بھرنا : تصویر میں روشن اور تاریک رخ دکھانا ۔ (۵) (نقش یا تصویر میں) ایک رنگ سے دوسرے رنگ میں تدریجی تبدیلی کرنا ۔ (۶) آرگن باجے کی آواز دھیمی کرنا ۔ (۷) (تاش کے کھیل میں) (ضرورت سے ذرا کم کارڈ رکھ کر) بولی بولنا ۔ (۸) (کسی چیز کی) قیمت کچھ کم کرنا ۔

Shade : (v) بالوں میں مانگ نکالنا ۔

Shaded : (a) (۱) سایہ دار ۔ (۲) سایوں سے ڈھکا یا ڈھکی ۔ (۳) جس میں رنگ کی کمی بیشی ہو ۔ (۴) روشنی اور گرمی سے محفوظ ۔

Shadeless : (a) بے سایہ ۔

Shadelessness : (a) بے سایہ ہونا ۔

Shadily : (adv.) مشتبہ طور سے : خفیہ طور سے ۔

Shadiness : (n) سایہ داری ۔

Shading : (n) (۱) روشنی یا گرمی سے حفاظت ۔ (۲) (تصویر یا نقشے میں) تاریکی پیدا کرنا : دھوپ چھاؤں : سایگی ۔ (۳) باریک فرق (رنگ کا) ۔ (۴) سایے کی تصویر یا خاکہ : سایہ سے مشابہ رنگنا یا رنگ بھرنا ۔

Shading off : (n) (۱) (نقشہ یا تصویر کشی میں) رنگ کی شوخی میں

تدریجی کمی ۔ (۲) (مجازاً) (رنگ کی) صفت میں تدریجی کمی ۔

Shadoof : (n) [Egyptian Arabic, 'Saduf.] شادوف : ڈھینگی : ڈھینکلی ۔

Shadow : (n) [ME. 'Sceadewe, Shadewe'.] (۱) ظل : سایہ : پرچھائیں : چھاؤں ۔ (۲) شے یا شخص یا سایہ (روشنی میں) ۔ (۳) تصویر ، کمرے وغیرہ کا تاریک حصہ ۔ (۴)عکس ۔ (۵) جھلکی : اشارہ : آثار : پیش خبری ۔ (۶)(مجازاً) ہر وقت کا ساتھی (جو کسی وقت جدا نہ ہو) : ہمزاد ۔ (۷) شائبہ ۔ (۸) غیر حقیقی : موہوم شے ۔ (۹) طیف : توہم : سایہ : بھوت پریت ۔ (۱۰) حفاظت : پناہ ۔ (۱۱) دھندلکا : خاکہ ۔ (۱۲) خلوت : تنہائی : گم نامی ۔ (۱۳) (کشتی بانی) ہلکا بادبان ۔ (۱۴) (مجازاً) آنے والی یا ہونے والی بات کا پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنا : پیش گوئی ۔ (۵) اداسی : ملال : افسردگی : کلفت ۔ (۱۶) دھندلا سا اشارہ ۔ (۱۷) تضاد ۔ (۱۸) نقل: التباس : تلبیس ۔ (۱۹) ناتواں شخص ۔ (۲۰) خفیف آثار ۔ (۲۱) خوشامدی : طفیلی شخص : بن بلایا مہمان ۔ (۲۲) جاسوس : سراغ رساں ۔ (۲۳) سایہ : پناہ ۔

May your shadow never grow less : خدا کرے آپ کی اقبال مندی کبھی انحطاط پذیر نہ ہو ۔

The valley of the shadow of death : زمانہ مصائب عظمیٰ ۔

To be afraid of one's own shadow : ضرورت سے زیادہ ڈرپوک ہونا ۔

Shadow : (v) (۱) سایہ ڈالنا : عکس ڈالنا : تاریک کرنا : دھندلا کرنا : چھپانا (نظر سے) ۔ (۲) تصویر میں سایہ بھرنا : دھندلا خاکہ کھینچنا ۔ (۳) سائے کی طرح پیچھا کرنا (خفیہ طور پر) نقل و حرکت کی نگرانی کرنا ۔ (۴) ہلکا سا اشارہ کرنا ۔ (۵) علامت ہونا : نشانی ہونا ۔ (۶) ایک رنگ سے دوسرے رنگ میں تدریجی تبدیلی کرنا ۔ (۷)(کسی آدمی یا چیز کو) دھوپ سے بچانا ۔ (۸) سایہ کے ذریعہ دکھانا ۔

Shadow-bands : (n) (فلکیات) ظلی دھاریاں (جو مکمل سورج گرہن کے بعد نظر آتی ہیں) ۔

Shadow-boxing : (n) مکہ بازی جو بفرض مشق کسی خیالی فریق سے کی جائے ۔

Shadow-cabinet : (n) حزب مخالف کی کابینہ ۔

Shadow-cone : (n) ظلی مخروط ۔

Shadow dance : (n) ظلی رقص : ایک قسم کا رقص جس میں ناچنے والوں کا سایہ پردے پر ڈال کر دکھایا جاتا ہے ۔

Shadow figure : (n) (۱) یک رخی خاکہ (کسی شخص کی تصویر کا جو سفید زمین پر سیاہ خطوط سے بنتا ہو) : نیم رخی سایہ ۔ (۲) خاکہ جو (کسی) شخص یا چیز کو بہت تیز روشنی کے مقابل دیکھنے سے نظر آئے ۔ (۳) (مجازاً) زبانی خاکہ ۔

Shadow land : (n) عالم ارواح ۔

Shadow-photograph : (n) رانجنی (Rantgen) شعاعوں کے ذریعے لی گئی تصویر ۔

Shadow photography : (n) رانجنی شعاعوں کے ذریعے تصویر کشی ۔

Shadow of death : (n) (۱) موت کا سایہ ۔ (۲) (مجازاً) تیرگی ۔

Shadow of a name : (n) بے اصل یا فرضی شہرت ۔

Shadow play/ -pantomime/ -drama : (n) ڈراما جو پردے پر پتلیوں کے سایوں کے ذریعہ یا بعض مرتبہ زندہ کرداروں کے سایوں کے ذریعہ دکھایا جاتا ہے ۔

Shadowed : (a) (۱) سایہ دار : زیر سایہ ۔ (۲) مخفی : مبہم ۔

Shadower : (n) سایہ کرنے والا : پیچھا کرنے والا ۔

Shadowgram : (n) شعاعی تصویر : سایہ آمیز نقاشی ۔

Shadowgraph : (n) (۱) (ڈرامے کی قسم) جس میں پتلیوں کا یا زندہ کرداروں کا سایہ پردے پر دکھایا جاتا ہے : تصویر جو سایہ سے بنی ہو (خصوصاً آپریٹر وغیرہ کے ہاتھ کا سایہ) جو پردے پر پڑتا ہے ۔ (۲) ایکسرے سے لی ہوئی تصویر ۔

Shadowgraph : (v) ایکسرے لینا ۔

Shadowily : (adv.) غیر حقیقی طور پر : سایہ کی طرح ۔

Shadowiness : (n) (۱) غیر مادیت : سایہ داری : تاریکی ۔ (۲) سایہ دار ہونے کی صفت یا حالت : بے حقیقت ۔

Shadowing : (n) (۱) سایہ بھرنا (تصویر ، خاکے یا منظر کشی میں) ۔ (۲) ہلکا سا اشارہ کرنا ۔ (۳) نا مکمل یا تاریک سایہ ڈالنا ۔

Shadowless : (a) بے سایہ ۔

Shadowlike : (a) (۱) سایہ سے مشابہ : غیر مادی : ارواح کے متعلق : روحی : آسیبی : مبہم : غیر واضح ۔ (۲) سایہ دار : تاریک : دھندلا : سایہ افگن ۔

Shadowly : (adv.) سایہ کی طرح : مبہم طور سے ۔

Shadowy : (a) دیکھو Shadowlike

Shady : (a) (۱) سایہ دار : سایہ افگن : سایہ گستر : گھنا : گہن دار : گہن کا ۔ (۲) (افعال ، چال چلن وغیرہ) مشتبہ : بد نام ۔ (۳) غیر یقینی : غیر معتبر ۔

On the shady side of : (کسی عمر سے) قدرے زیادہ ۔

Shafiite : (n) [Arab. 'Safei'.] شافعی : امام شافعی کی پیروی کرنے والا ۔

Shaft : (n) [OE. 'Shaeft, Sceaft'.] (۱) بلّی : چھڑ ۔ (۲) تیر : بان : پھینک کر مارنے کا ہتھیار : میزائل ۔ (۳) (اوزار کا) دستہ ۔ (۴) (مشین کا) لمبا دُھرا (جس سے انجن کی طاقت منتقل کی جاتی ہے) : دھری : شافٹ ۔ (۵) کرن : شعاع ۔ (۶) ستون : عمود ۔ (۷) تنا : ڈنٹھل ۔ (۸) بم (گاڑی کا) ۔ (۹) (تعمیرات) ساق ستون ۔ (۱۰) (حیوانیات) ساقہ پر ۔ (۱۱) بال کی جڑ اور نوک کے درمیان کا حصہ ۔ (۱۲) محس ساق ۔ (۱۳) شمع کا درمیانی حصہ ۔ (۱۴) دود کش کی ساق ۔ (۱۵) صلیب کے بازوؤں اور قاعدے کے درمیان کا حصہ ۔ (۱۶) سیڑھی کا بازو ۔ (۱۷) یادگاری منار ۔

Shaft : (n) [MLG. 'Schacht'.] (۱) دھوئیں یا بُری ہوا کے نکلنے کا راستہ : بادکش : باد دھونکنی : عمودی سرنگ : شافٹ سرنگ یا کان (میں جانے) کا راستہ ۔ (۲) (مجازاً) عمودی سرنگ یا کنوئیں کی طرح کی کھائی ۔

Shaft : (v) (۱) تیر یا دوسرے اوزار میں دستہ لگانا : بلّی لگانا ۔ (۲) بانس کے ذریعہ بجرا چلانا ۔ (۳) غیر متوقع طور پر برا سلوک کرنا ۔ (۴) جگمگانا : کرن پھوٹنا ۔

Shafted : (a) (۱) بلّی دار ۔ (۲) (نقابت) (بھالا، تیر وغیرہ) مخصوص رنگ کی بلّی والا ۔ (۳) دستہ دار ۔ (۴) (تعمیرات) ساق ستون سے مرصع : ساق : ستون پر بنا ہوا ۔

Shafting : (n) بادکش : دھونکنی : عمودی سرنگ بنانا ۔

Shafting : (n) (۱) وہ نظام جس میں دھروں کے ذریعے قوت منتقل کی جاتی ہے : دھرے دھریاں ۔ (۲) ساق ستون یا آرائشی ستون ۔

Shafty : (a) مضبوط اور لمبے ریشے کا اون ۔

Shag : (n) [OE. 'Sceacga'.] (۱) جھبرے بال : گچھے دار بال یا پشم ۔ (۲) ایک قسم کا موٹا روئیں دار کپڑا : اونی کپڑا ۔ (۳) موٹی قسم کا کٹا ہوا تمباکو ۔ (۴) جھاڑی ۔ (۵) کپڑے کا (لمبا اور موٹا) رواں ۔ (۶) (مجازاً) بد تمیزی : درشتی : سختی ۔

Shag : (n) کلغی دار ماہی خور (پرند) ۔

Shag : (a) جھبرے بالوں والا ۔

Shag : (v) ناہموار بنا دینا : رکھڑا بنا دینا خاص کر سطح زمین یا چٹان کو (درختوں سے) ۔

Shag : (v) پھینکنا ۔

Shag : (n) [Short for 'Shagrag'.] بدمعاش : بدکردرا : شریر : پاجی : Shagrag کا مخفف ۔

Shag : (n) [Alt. of 'Shack'.] جو یا دوسرے اناج کا فضلہ ۔

Shag : (v) [Origin unkn.] (۱) پیچھا کرنا : پیچھا کر کے بھگا دینا : کسی کام میں لگ جانا : بہت قریب سے پیچھا کرنا : تعاقب کرنا اور آگے ٹھیل دینا : دوڑا دینا ۔ (۲) لانا ۔ (۳) ایک قسم کا رقص کرنا ۔ (۴) (عامیانہ) پیچھے پیچھے پھرنا (جفتی یا ہم بستری کے لئے) : ہمبستری کرنا : جماع کرنا ۔

Shag : (v) چھلانگیں بھرنا ۔

Shag : (n) رقص کا ایک طرز جس میں باری باری ایک ٹانگ پر اچھلتے ہیں ۔

Shag : (v) Shag رقص کرنا ۔

Shag-rag : (a) بدمعاش : پاجی : پریشان وضع : پریشان پیئت ۔

Shag-rag : (n) بد معاش شخص ۔

Shaganappi : (n) [Cree. 'Pishaganabii'.] بے کمائے ہوئے چمڑے کی رسی ۔

Shagbark : (n) (۱) (امریکا) کھردرا اخروٹ : اخروٹ کا درخت ۔ (۲) (جزائر غرب الہند) ایک قسم کا درخت ۔

Shagged : (a) (۱) جھبرے ؛ ناہموار ؛ نا تراشیدہ ؛ لمبے ؛ غیر مسطح اور رکھڑے (بال) ۔ (۲) جھاڑیوں اور درختوں سے ڈھکا ہوا ۔

Shagged (out) : (a) تھکا ہوا ؛ تھکا ماندہ ۔

Shaggily : (adv.) نا ہموار طرز سے ؛ کھردرے پن سے ۔

Shagginess : (n) (۱) ناہمواری ؛ نشیب و فراز ۔ (۲) روئیں داری ؛ جھبراپن ۔

Shaggy : (a) (۱) لمبے موٹے بالوں والا ؛ جھبرا ۔ (۲) (زمین) جھاڑی دار ؛ نا ہموار ؛ (درخت) ناہموار شاخوں والا ۔ (۳) (نباتیات و حیوانیات) روئیں دار ؛ پشم دار ۔

Shaggy-dog story : (n) لمبی ، غیر دلچسپ اور بے ربط کہانی ۔

Shagreen : (n) [var of 'Chagrin'.] کیمخت ؛ ایک قسم کا دانے دار چمڑا ؛ گدھے یا گھوڑے کا کمایا ہوا چمڑا ۔

Shagreened : (a) دانے دار ۔

Shah : (n) [Pers. 'Sah'.] شاہ ؛ بادشاہ ؛ شاہ ایران (ملک فارس کا خطاب) ۔

Shaheen : (n) [Urdu - Pers.] ہندوستانی اور دوسرے اقسام کے باز ۔

Shahi : (n) [Pers. Sahi, royal.] چاندی کا سکہ ؛ چھوٹا تانبے کا سکہ ۔

Shahzada : (n) [Pers.] بادشاہ کا لڑکا ۔

Shaitan : (n) [Arab.] (۱) شیطان ۔ (۲) برا آدمی یا جانور ۔

Shake : (n) (۱) ہلنا ؛ ہلانا ؛ جنبش ۔ (۲) لرزش ؛ ارتعاش ؛ تزلزل ؛ کپکپی ؛ تھر تھری ؛ کپکپاہٹ ۔ (۳) جھٹکا ؛ ہچکولہ ؛ دھکا ۔ (۴) شگاف ؛ درز (خشک لکڑی یا چٹان میں) ۔ (۵) (موسیقی) آواز کی لرزش یا لہر (گانے یا بجانے میں دو سُروں کے باری باری بدلنے میں) ۔ (۶) مصافحہ ۔ (۷) (زلزلے کا) جھٹکا ۔ (۸) صدمہ ؛ چوٹ ۔ (۹) (طباعت میں) دھبا ۔

In a shake/ In a brace or couple of shakes : فوراً ؛ جھٹ پٹ ؛ ذرا سی دیر میں ۔

The shakes : (۱) تپ ؛ لرزہ ؛ جاڑا ۔ (۲) خوف یا گھبراہٹ سے لرزہ بر اندام ہونا ۔

To be no great shakes : ادنیٰ قسم کا آدمی ہونا ؛ زیادہ اچھا یا کام کا نہیں ہونا ۔

Water shake : چٹان کی وہ دراڑ جس میں جھرنا گرتا ہے ۔

Shake : (v) [OE. 'Sc(e)acan'.] (۱) ہلانا ؛ جھنجھوڑنا ؛ جھاڑنا ؛ جھٹکنا (جسے Carpet کہتے ہیں) ۔ (۲) لرزنا ؛ کانپنا ؛ تھرتھرانا ؛ کپکپانا ؛ کپکپی پیدا کرنا ؛ تھوڑا تھوڑا تھرتھرانا ؛ ڈولنا ؛ ڈولانا ۔ (۳) گھبرا دینا ؛ پریشان کرنا ؛ الجھن میں ڈالنا ؛ بد حواس کرنا ؛ خلل ڈالنا ؛ مخل ہونا ۔ (۴) متزلزل کرنا ؛ ساقط کرنا ؛ کمزور کرنا ۔ (۵) (ہنسی سے) لوٹ جانا یا پیٹ میں بل پڑ جانا ۔ (۶) کم ہونا ؛ خلل پڑنا ۔ (۷) آواز میں لہر یا کپکپی پیدا کرنا ۔ (۸) حالات یا ساتھیوں سے ساز گار ہونا ۔ (۹) کم زور ہو جانا ؛ لڑ کھڑانا ؛ ڈگمگانا ۔ (۱۰) لہرانا (تلوار یا کوئی اور چیز) ۔ (۱۱) (پرندوں کا) اڑنے کے لئے پر پھڑپھڑانا ؛ پر مارنا ؛ پر جھاڑنا ۔ (۱۲) (مجازاً) زور لگانا ؛ جد و جہد کرنا ؛ دوڑ دھوپ کرنا ۔ (۱۳) (بحری) بادبان کھول دینا ۔ (۱۴) (اپنے دشمن یا شکار کو) جھنجھوڑنا ۔ (۱۵) (دوسرے کے) ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر ہلانا (دوستی یا سلامی کے طور پر) ۔ (۱۶) مصافحہ کرنا ۔ (۱۷) غیر مستحکم کرنا ۔ (۱۸) چھلکا کر گرا دینا؛ سہارا ہٹا کر گرا دینا ۔ (۱۹) بکھیرنا ؛ چھیننا ؛ جھڑکنا ۔ (۲۰) ہلا کر پھانسا پھینکنا ۔ (۲۱) (لکڑی کا) پھٹ جانا ۔ (۲۲) پیپے کی گول پٹی کو الگ کر دینا ۔ (۲۳) (آسٹریلیا) لوٹنا ؛ چوری کرنا ۔

To shake : مصافحہ کرنا ۔

To shake a foot, leg, toe, one's bones : ناچنا ؛ رقص کرنا ۔

To shake hands : ہاتھ ملانا ؛ مصافحہ کرنا ۔

To shake in one's shoes : خوف سے کانپنا یا تھر تھرانا ۔

To shake one's ears : (مجازاً) دوڑ دھوپ کرنا ؛ مستعدی دکھانا ؛ زور لگانا ۔

To shake one's elbow : پھانسے سے جوا کھیلنا ۔

To shake one's head : سر ہلانا ؛ انکار کرنا ؛ نا رضا مندی یا تشویش ظاہر کرنا ۔

To shake the dust from or off one's feet : خفا ہو کر چل دینا ۔

To shake together : (اشخاص کی جماعت کا) ملنا ؛ دوستی ہو جانا ؛ گھل مل جانا ۔

Shake down : (v) (۱) ہلا کر نیچے بٹھانا یا یکجا کرنا ۔ (۲) عارضی

طور پر ٹھہر جانا۔ (۳) عادی ہو جانا: خو گر ہو جانا۔ (۴) گھٹنا: کم ہو جانا۔ (۵) گھٹانا: کم کرنا۔ (۶) روپیہ اینٹھنا (خصوصاً غیر قانونی طریقے سے)۔ (۷) جھاڑ کر نیچے گرانا (پھل وغیرہ)۔ (۸) جھٹک کر نیچے ڈالنا (توشک وغیرہ فرش پر)۔

Shakeable / Shakable : (a) ہلنے والی: جو ہلائی جا سکے: تھرتھرانے والی۔

Shakefork : (n) بالی سے اناج الگ کرنے کا دو شاخہ۔

Shaken : (a) (۱) ہیجان میں مبتلا۔ (۲) (بیج وغیرہ) چھینٹا ہوا۔ (۳) کمزور بنایا ہوا۔ (۴) کھول کر باندھا ہوا (پیپا)۔ (۵) پھٹی ہوئی (لکڑی)۔

Shakeproof : (a) جو ارتعاش کا مقابلہ کر سکے۔

Shaker : (n) (۱) ہلنے والا یا ہلانے والا۔ (۲) ایک مذہبی فرقہ جو مانچیسٹر میں قائم ہوا تھا، جس کے پیرو اب بھی امریکا میں موجود ہیں جن کا عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰ کا ظہور ثانی ہو چکا ہے۔ (۳) ایک قسم کا کبوتر جس کی دم چوڑی ہوتی ہے۔ (۴) آمیزندہ: ہلانے والی مشین۔

Shakeress : (n) Shakerism (شیکرازم) کی پیرو۔

Shakerism : (n) شکریت: شیکری مذہب۔

Shakespearian : (a) شیکسپیری: شیکسپیری سے متعلق۔

Shakespearian : (n) شیکسپیر کے کلام اور تصانیف کا ماہر، عالم۔

Shakespearianism : (n) شیکسپیر کا اُسلوب: شیکسپیر کی تقلید۔

Shakily : (adv.) کانپتے ہوئے: مذبذب طور پر۔

Shakiness : (n) جنبش: لرزش: تزلزل: تذبذب: بے اعتباری۔

Shaking : (n) (۱) ارتعاش: تزلزل: ہلنا۔ (۲) بھیز اور سور کی ایک بیماری۔ (۳) تپ: لرزہ۔ (۴) ردی چیزیں۔

Shaking palsy : (n) رعشہ۔

Shako : (n) [Fr.] شاکو: ایک قسم کی لمبی فوجی ٹوپی: کسی قدر مخروطی: جس کے سامنے چھجا اور اوپر پروں کی کلغی ہوتی ہے۔

Shaku : (n) [Jap.] جاپان کا لمبائی ناپنے کا پیمانہ جو ۱۱،۹۳ انچ کا ہوتا ہے۔

Shaky : (a) (۱) ہلتا ہوا: کانپتا ہوا: مرتعش: متزلزل: لرزاں: جنباں۔ (۲) متزلزل: مذبذب۔ (۳) غیر مستحکم: کمزور: بودا۔ (۴) ناقابل اعتبار: قابل اعتراض۔ (۵) پھٹی ہوئی لکڑی۔ (۶) لرزاں (تحریر)۔ (۷) غیر صحت مند۔

Shake-down : (n) (۱) عارضی بستر: پیال کا بستر۔ (۲) جھاڑ کر نیچے گرانا۔ (۳) استحصال بالجبر: زبردستی وصول کرنا۔ (۴) ایک قسم کا تیز رقص۔ (۵) مکمل تلاشی۔ (۶) مطابقت پیدا کرنا: خاص کر نئے ماحول یا نئے فرائض سے۔ (۷) زیادہ اطمینان بخش حالت میں لانا۔

Shake down : (a) نئے جہاز یا ہوائی جہاز کی آزمائش یا جانچ کے لئے اور ملاح یا پائلٹ کو اس سے واقف کرانے کا طریقہ۔

Shake off : (v) (۱) جھاڑنا: جھٹکنا (خاک وغیرہ)۔ (۲) (مجازاً) پیچھا چھڑانا (کسی شخص، تشویش یا صدمے سے)۔ (۳) (بحری) بادبان کھولنا۔

Shake-off : (n) پیچھا چھڑانا۔

Shake of the head : (n) سر کی جنبش۔

Shake out : (v) (۱) (لباس وغیرہ کو) اندر کی اشیا ہلا کر نکالنا: ٹیکسیری: شیکسپیری۔ (۲) (جھنڈے یا بادبان کو) کھولنا: پھیلانا۔ (۳) (سٹہ بازار سے) کمزور سٹے باز کو ہٹا دینا (زیادہ یا زائد رقم کا مطالبہ کر کے یا قیمتوں کو گھٹا بڑھا کر)۔

Shake-out : (n) (۱) ہلا کر خالی کرنا۔ (۲) قالب سے ڈھلی ہوئی شے کو نکالنا۔ (۳) بازار کا بند ہو جانا (قیمتیں گرنے کی وجہ سے)۔ (۴) (زیادہ دنوں تک افراط زر کے قائم رہنے اور قیمتیں گر جانے کی وجہ سے) تجارتی اور صنعتی کاروبار کا بتدریج مندا پڑ جانا۔ (۵) انقلاب یا نئی تنظیم جس میں اہم اور بنیادی تبدیلیاں ہوں۔

Shake-rag : (n) بدنام شخص۔

Shake up : (v) (۱) ہلا کے ملانا (اجزا کو)۔ (۲) ہلا جلا کے اصل صورت میں لے آنا (تکیے وغیرہ کو)۔ (۳) جھنجھوڑ کر سستی وغیرہ سے ہوشیار کرنا: رسمی پابندی سے نکالنا۔ (۴) صدمہ پہنچانا۔ (۵) دوبارہ ترتیب دینا یا تنظیم کرنا۔ (۶) جلدی کرنا۔

Shake-up : (n) (۱) جھٹکا: ہچکولا۔ (۲) جلدی یا ناہمواری کے ساتھ بنائی ہوئی چیز۔ (۳) مکمل تبدیلی: از سر نو منتظم کرنا۔

Shaky credit : (n) متزلزل سلکھ ؛ ایسی ساکھ جو بھروسے کے قابل نہ ہو۔

Shale : (n) [G. 'Schale'.] طفال ؛ صلصال چٹان ؛ سلیٹ سے مشابہ ایک قسم کا نرم پتھر جس کے آسانی سے باریک پرت ہو جاتے ہیں۔

Shale naptha : (n) شیل تیل یعنی رال کو صاف کرنے سے حاصل ہونے والا نیپتھا۔

Shale oil : (n) ایک قسم کی رال۔

Shale tar : (n) ایک قسم کی تارکول۔

Shall : (n) حکم ؛ وعدہ ؛ عزم۔

Shalls and shall nots : کیا کرنا اور کیا نہیں کرنا۔

Shall/ Should : (Aux. v) [OE. 'Sceal'.] (۱) علامت فعل مستقبل بمعنی "گا" "گی" "گے" ۔ (۲) واحد متکلم کے مستقبل محض یا شرط یا استفہام کا کام دیتا ہے ۔ (۳) مخاطب اور غائب میں متکلم کا ارادہ (استفہامیہ) یا نیت ظاہر کرتا ہے ۔ (۴) مخاطب کے ساتھ استفہام میں مستقبل محض ۔ (۵) کسی صیغے کے ساتھ اظہار بیان یا استفہام میں حکم یا شرطیہ فرض یا واجبیت ظاہر کرتا ہے ۔ (۶) شرطیہ جملوں میں مضارع کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۷) فرض ، احسان یا ادب کے جملوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۸) ان جملوں میں کسی فعل کے متوقع نتیجے یا کسی خواہش ، ارادہ ، حکم یا گذارش کے مقصد کو ظاہر کرتا ہے ۔ (۹) مشروط ، موصول اور زمانی فقروں میں جن سے کوئی مستقبل اتفاقی حادثہ ظاہر ہو ہر ضمیر شخص کے لئے Shall استعمال ہوتا ہے۔ (۱۰) ان سوالات میں جو What,whom, who سے شروع ہوتے ہیں ۔ (۱۱) فقرہ مفروضیہ میں استعمال ہوتا ہے جو کسی مسترد قیاس کو ظاہر کرتا ہے ۔

Shalloon : (n) [Fr. 'Chalon'.] (۱) ایک قسم کا ہلکا کپڑا جو استر کے کام آتا ہے ؛ شیلون ۔ (۲) شیلون کی بنی ٹائی ۔

Shalloon : (a) شیلون کا بنا۔

Shallop : (n) [Fr. 'Chaloupe'.] بڑی اور بھاری کشتی ؛ کرو ؛ ڈونگی (کشتی ، ماہی گیروں کی) ۔

Shallot/ Shalot : (n) [f. 'Eschalot'.] مسقلون ؛ موسیر ؛ پیاز کی قسم کا ایک پودا جس کی گٹھلی کی بو لہسن سے ہلکی ہوتی ہے ۔

Shallow : (a) [OE. 'Sceald'.] (۱) اتھلا ؛ چھچھلا ؛ پایاب ؛ کم گہرا ؛ کم عمیق ۔ (۲) (مجازاً) اوپری ؛ سطحی ؛ اوچھا ؛ کم ظرف ؛ کم مایہ ؛ بے تہ ؛ سفلہ ؛ کم حوصلہ ؛ چھچھلتی ہوئی ؛ بے جان ؛ خام ۔ (۳) کسی قدر محدب یا مقعر (عدسہ) ۔ (۴) بے گونج (سُر) ۔ (۵) کم گہری (سانس) ۔ (۶) چھوٹا (زینہ) ؛ پتلا ۔

Shallow : (n) (۱) پایاب مقام ۔ (۲) میوہ فروش کا ٹھیلا ۔ (۳) اٹھارھویں اور انیسویں صدی کا اونچی چندیا ہیٹ ۔

Shallow : (v) اتھلا یا پایاب ہونا یا ہو جانا ۔

Shallowly : (adv.) اُتھلے میں ۔

Shallowly : (adv.) اوپر سے ؛ سطحی طور پر ۔

Shallowness : (n) اتھلا پن ؛ پایابی ؛ بے تہی ۔

Shaly : (a) شیل جیسا یا اس سے مشابہ ؛ پرت دار ؛ پرتیلا ۔

Sham : (n) [Prob. var. of 'Shame'.] (۱) دھوکا ؛ مکر ؛ فریب ؛ دغا ؛ حیلہ ؛ بہانہ ؛ تصنع ۔ (۲) تکلف ؛ بناوٹ ۔ (۳) عیار ؛ ریاکار ؛ فریبی ؛ مکار ؛ نمائشی یا مصنوعی شخص یا شے۔ (۴) غلاف (جو کسی چیز کو بہتر کر کے دکھانے کے لئے استعمال ہو) ۔

Sham : (a) (۱) مصنوعی ؛ بناوٹی ؛ نقلی ؛ جھوٹ موٹ کا ؛ غیر حقیقی۔ (۲) ریاکار ؛ مکار ؛ فریبی ؛ دغا باز ؛ نمائشی ؛ مصنوعی ۔

Sham : (n) (عام) Champagne کا مخفف ۔

Sham : (v) (۱) بہانہ کرنا ؛ حیلہ کرنا ؛ بننا ؛ دھوکا دینا ؛ دغا کرنا ۔ (۲) نقل کرنا ؛ تصنع کرنا ؛ بناوٹ کرنا ۔

Sham Abra(ha)m : (n) دھوکا ؛ دانستہ بیمار پڑنا ۔

Sham Abra(ha)m : (a) ریاکارانہ ؛ مکارانہ ؛ عیارانہ ؛ پر فریب ۔

Sham Abra(ha)m : (v) (بحری ، عام) بیماری کا بہانہ کرنا ؛ دانستہ بیمار پڑنا ۔

Sham feed : (v) (تجربے کے لئے) غذا کھلا کر دوبارہ باہر نکال لینا ۔

Sham fight : (n) نقلی لڑائی ۔

Shama(h) : (n) [Hindi.] ایک ہندوستانی گانے والی چڑیا ۔

Shamal : (n) [Ar.] باد شمال ۔

Shaman : (n) [G. 'Schamane'.] ایشیا کے متعدد شمالی قبیلوں کا پروہت یا بد روحیں نکالنے والا (اوجھا) ؛ شمالی مغربی امریکا کے قبائل کا کاہن ، جو بھوت پریت بھی اتارتا ہے ۔

Shaman : (a) شمنی ۔

Shamanic : (a) شمنی مذہب سے ملتا جلتا ۔

Shamanism : (n) شمنی مذہب ؛ ایک مذہب جو سائبیریا میں رائج ہے ، اس کے معتقدوں کا عقیدہ ہے کہ بد روحیں انسان کے نفع و ضرر پر قادر ہیں ان کے پروہت یا مذہبی پیشوا ان بد روحوں کے اثر کو باطل کرنے کی قدرت رکھتے ہیں ۔

Shamanist : (n) شمنی ؛ شمنی مذہب کا پیرو ۔

Shamanistic : (a) شمنی مذہب سے متعلق ؛ شامنی ۔

Shamanite : (n) دیکھو Shamanistic

Shamanize : (v) (۱) شمنی پروہت کا منتر پڑھنا ۔ (۲) شمنی عقیدے میں رنگ دینا ۔

Shamateur : (n) (کھیل میں) وہ اُتائی کھلاڑی جو بعض اوقات پیشہ ور کھلاڑی کی طرح پیسے کماتا ہے ۔

Shamba : (n) ['Swahili'.] (۱) باغ ؛ بغیچہ ۔ (۲) مزرع ؛ شجر دار ؛ کشت ۔

Shamble : (n) (۱) وہ میز یا تخت جس پر رکھ کر گوشت بیچا جاتا ہے ۔ (۲) (جمع) گوشت کا بازار ۔ (۳) (جمع) مذبح ؛ ذبح خانہ ؛ مسلخ ؛ کمیلا ۔ (۴) (جمع) (مجازاً) مقتل ؛ قتل گاہ ؛ جائے قتل و غارت ۔

Shamble : (n) لڑکھڑاتی چال ؛ بھدی چال ۔

Shamble : (a) بے ہنگم ؛ بھدا ؛ بھونڈا ؛ بے ڈول ۔

Shamble : (v) لڑکھڑا کے چلنا ؛ بھد بھد چلنا ؛ افتاں و خیزاں چلنا ۔

Shambling : (a) لڑکھڑانے والا ؛ افتاں و خیزاں چلنے والا

Shambling gait : (n) لڑکھڑاتی چال ؛ بھدی چال ۔

Shamblingly : (adv.) لڑکھڑاتے ہوئے ۔

Shame : (n) [OE. 'Sc(e)amu'.] (۱) حیا ؛ لاج ؛ حجاب ۔ (۲) شرمندگی ؛ ندامت ؛ خجالت ؛ خفت ؛ پشیمانی ۔ (۳) رسوائی ؛ فضیحت ؛ ذلت ؛ باعث ننگ و عار ؛ شرم کی بات ۔

Child, son of shame : ناجائز بچہ یا اولاد ۔

Dead to shame : بے شرم ؛ بے حجاب ۔

For shame : (۱) شرم سے ؛ شرم کی وجہ سے ۔ (۲) تف ؛ تفو ؛ پھٹے منہ ؛ شرم ؛ غیرت ۔

Past shame : بے شرم ؛ بے غیرت ؛ بے حیا ۔

Sense of shame : احساس شرمندگی ۔

To cry shame on, upon : زور دار طریقے سے نفریں کرنا ۔

To one's shame : کسی کے لئے باعث شرمندگی ہونا ۔

To put to shame : شرمندہ یا نادم کرنا ۔

To take shame : شرمندہ ہونا ؛ نادم ہونا ۔

To take shame to (into, upon) onself : شرمندہ ہونا ؛ نادم ہونا ۔

To think shame : شرمندہ ہونا ؛ شرم محسوس کرنا ۔

Shame : (v) (۱) شرمندہ ہونا ؛ نادم ہونا ؛ خجل ہونا ؛ شرمسار ہونا ؛ محجوب ہونا ۔ (۲) نادم ؛ محجوب ؛ خجل کرنا ؛ غیرت دلانا ؛ شرمندہ کرنا ۔ (۳) بے عزت کرنا ؛ بے عزتی کا باعث ہونا ۔ (۴) (اپنے) تفوق یا برتری کے ذریعے شرمندہ کرنا ؛ سبقت لے جانا ۔

To tell (say, speak) the truth and shame the devil : زور دار ترغیب کے باوجود سچ سچ کہہ دینا ۔

Shamefaced : (a) شرمیلا ؛ شرمگیں ؛ محجوب ۔

Shamefacedly : (adv.) شرمسارانہ ۔

Shamefacedness : (n) شرمیلا پن ؛ حیا ؛ شرم ؛ حجاب ۔

Shamefast : (a) [OE. 'Sc(a)amfaest'.] جھینپو ؛ لجیلا ؛ شرمیلا ۔

Shamefastly : (adv.) شرمیلے طور پر ؛ حجابانہ ؛ شرمسارانہ ۔

Shamefastness : (n) شرمیلا پن ؛ لجیلا پن ۔

Shameful : (a) شرمناک ؛ باعث شرم ؛ مذموم ؛ زبون ؛ خراب ؛ معیوب ؛

قبیح ۔

Shamefully : (adv.) شرمناک طریقے سے ۔

Shamefulness : (n) شرمناکی ؛ ذلت ؛ رسوائی ۔

Shameless : (a) بے حیا ؛ بے شرم ؛ بے غیرت ؛ بد لحاظ ۔

Shamelessly : (adv.) بے شرمی سے ؛ بے حیائی سے ؛ بے غیرتی سے ۔

Shamelessness : (n) بے حیائی ؛ بے شرمی ؛ بے غیرتی ۔

Shammer : (n) بننے والا یا حیلہ بہانہ کرنے والا ۔

Shammock : (v) [perh. alt. of 'Shamble'.] بے ہنگم طریقے سے چلنا۔

Shammy/ Shammy leather : (n) ایک قسم کا نرم چمڑا ؛ سانبھر یا سابر کا چمڑا ۔

Shammy : (a) سابر کے چمڑے کا بنا ہوا ۔

Shamoy : (v) [Perverted pronounciation Chamois.] تیل یا چکنائی لگا کر چمڑا تیار کرنا ۔

Shampoo : (n) (۱) سر کی مالش ۔ (۲) شمپو سے سر دھونا ۔

Shampoo : (v) بالوں کا یا سر کا دھونا یا دبانا ؛ چمپی کرنا ۔

Shampooer : (n) بالوں یا سر کو دھونے والا ۔

Shamrock :(n) [Irish, 'Seamrag'.] ایک قسم کی تپتیا گھاس جو آئر لینڈ کا قومی نشان ہے ۔

Shandean : (a) [f. 'Shandy' the titlle of a novel by Sterne + -an.] Tristram Shandy سے متعلق ۔

Shandrydan : (n) [Origin unkn.] ہلکی دو پہیا گاڑی ؛ پرانی کمزور گاڑی ۔

Shandy : (a) [Origin unkn,] وحشی ؛ غیر ذمہ دار ۔

Shandy : (n) (۱) ایک مشروب جس میں لیمونڈ اور ہلکی ایل (شراب) ہوتی ہے ۔ (۲) دیکھو Shandygaff ۔

Shandygaff : (n) [Origin unkn.] شراب مخلوط (بیئر اور جنجر کے میل سے) ادرک والی بیئر اور ایل کا آمیزہ ۔

Shangan: (n) [Sc.] (اسکاچستان) پھٹی ہوئی چھڑی جسے کتے کی دم میں باندھتے ہیں ۔

Shanghai : (n) (۱) چین کا ایک مشہور ساحلی شہر ۔ (۲) ایک قسم کی لمبی ٹانگوں والی بڑی نسل کی گھریلو مرغی ۔

Shanghai : (v) (بحری، عام) شنگھائی کرنا ؛ کسی کو نشے سے بے ہوش کر کے چڑھانا اور اس سے بیگار لینا ۔

Shangri-La : (n) [f. Lost Horizon by James Hilton.] روئے زمین پر ایک فرضی جنّت ؛ خیالی زمینی جنت ۔

Shank : (n) [OE. 'Sceanca'.] (۱) ساق ؛ کسی چیز کی ڈنڈی یا سیدھا حصہ ۔ (۲) ڈنڈی پھول کی ۔ (۳) (اوزار وغیرہ میں) دستہ اور اوپر کی چوٹی کا درمیانی حصہ ۔ (۴)دستہ یا ڈنڈی (چمچے ، لنگر ، کنجی وغیرہ کی) ۔ (۵) جوتے کے تلے کے بیچ کا تنگ حصہ ۔ (۶) مچھلی کے کانٹے کا سیدھا حصہ ۔ (۷) ستون کی ساق یا عمود (پایہ اور اوپر کے تاج کے درمیان) ۔ (۸) پنڈلی ، ساق ؛ (مزاحاً) پاؤں ؛ ٹانگ ۔ (۹) کوئی حصہ یا زائدہ جس سے کوئی چیز باندھی جاتی ہے ۔(۱۰) (ڈھلائی) لمبے دستے کی ڈوئی جس سے پگھلی ہوئی دھات قالب تک لے جاتے ہیں ۔ (۱۱)کسی جز کا آخری حصہ ۔ (۱۲) (عام) چھرا ؛ چھری ۔ (۱۳) (اسکاچستان) اسٹاکنگ ؛ لمبی ساق والا موزہ ۔ (۱۴) تمباکو پینے والے پائپ کی نلی ۔ (۱۵)(خاص کر گھوڑے کی) گھوڑے کے بالوں والے حصے اور ٹخنے کادرمیانی حصہ ؛ گائے گھوڑے وغیرہ کی بونگ ؛ جانوروں کی دست کا گوشت ۔

Shank : (v) (پودے یا پھل کا) ڈنڈی سے سڑ جانا ۔

Shank-bone : (n) (جانوروں کی) ٹانگ کے نیچے کا حصہ ۔

Shank off : (v) مرجھا جانا ؛ مرجھا کر گرجانا ؛ جھڑ جانا (پھولوں کا) ۔

Shank-painter : (n) دو رسا یا زنجیر جس کے ذریعے لنگر کو باندھ کر جہاز سے باندھ دیتے ہیں ۔

Shanked : (a) ساق دار ۔

Shank's mare pony : (n) اپنی ٹانگیں (سواری وغیرہ کے مقابلے میں)۔

Shanny : (n) [Origin unkn.] شانی مچھلی ؛ ایک قسم کی مچھلی جس کا رنگ زیتونی اور جسم مستطیل ہوتا ہے ۔

Shantung : (n) (۱) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو چین میں بنتا ہے ۔ (۲) چین میں ایک جگہ کا نام ۔

Shanty : (n) [Ir. 'Sean Tig'.] (۱) جھونپڑی ؛ کٹی ؛ جھگی ۔

(۲) (آسٹریلیا) شراب خانہ ۔

Shanty : (v) (۱) جھونپڑی میں رہنا ۔ (۲) شراب خانے میں اکثر جانا ۔

Shanty/ Chant(e)y : (n) [Fr. 'Chantez'.] ملاحوں کا گیت خصوصاً وہ جو بھاری کام کرتے وقت گاتے ہیں ۔

Shanty-town : (n) قصبہ یا شہر کا وہ علاقہ جس میں جھونپڑیاں ہوں ۔

Shape : (n) [OE. 'Ge/sceap'.] (۱) شکل ؛ صورت ؛ ہیئت ؛ ڈیل ڈول ؛ وضع قطع ؛ روپ ۔ (۲) رنگ ڈھنگ ؛ قسم ؛ انداز ۔ (۳)ساخت ؛ بناوٹ ؛ تراش خراش ؛ خاص صورت ؛ حالت یا ترتیب ؛ جسم ۔ (۴) مبہم صورت ؛ سایہ سا ؛ غیر واضح ۔ (۵)قالب ؛ سانچہ (ٹوپی وغیرہ کا) ۔ (۶)بھیس ؛ بہروپ ۔ (۷) (تھیٹر) اسٹیج پر پہننے کی پوشاک ۔ (۸) (طباخی) جیلی بنانے کا سانچہ ۔ (۹)(کلاہ سازی) پیال وغیرہ کی زنانہ ٹوپی (کانٹ چھانٹ کرنے سے پہلے) ۔ (۱۰) (بحری) استوانہ وغیرہ جس سے سگنل دیتے ہیں ۔ (۱۱) صحت ۔

In any (no) shape (or form) : کسی طرح سے ؛ کسی طرح سے نہیں ؛ کسی انداز سے ۔

In shape : اچھی حالت میں ؛ اچھی شکل و صورت میں ۔

Out of shape : بے ڈھنگ ؛ بے قرینہ ۔

To keep in shape : ٹھیک ٹھاک رکھنا ؛ غیر تغیر پذیر بنانا ۔

To put into shape : (کوئی خاص) شکل دینا ۔

To take shape : (خاص) شکل اختیار کرنا ۔

Shape : (v) (۱) بنانا ؛ صورت دینا ؛ صورت گری کرنا ۔ (۲) سانچے میں ڈھالنا ؛ قطع کرنا ۔ (۳) موزوں یا مطابق بنانا ۔ (۴)تدبیر کرنا ؛ ترکیب نکالنا ؛ ایجاد کرنا ۔ (۵) ترتیب دینا ۔ (۶) صورت اختیار کرنا ؛ کسی خاص شکل میں ڈھالنا ؛ خاص رجحان ظاہر کرنا ۔ (۷) کسی خاص جانب پھیرنا (اپنے عزم، خیالات وغیرہ کو) ۔ (۸)تصور کرنا ؛ خیال کرنا ؛ تصور میں لانا ۔ (۹) آئندہ صورت کے آثار معلوم ہونا ۔

To shepe an answer (to) : جواب مرتب کرنا ۔

To shape one's course : طریقہ جو اختیار کرنا ہو ؛ طے کرنا ۔

Shape forth : (v) خاکہ بنانا ۔

Shap(e)able : (a) قابل تشکیل ؛ کسی صورت میں ڈھلنے کے قابل ؛ صورت گری کے قابل ۔

Shaped : (a) (۱) خاص شکل کا یا صورت کا ۔ (۲) وضع کیا ہوا ۔ (۳) مقرر شدہ سمت یا مقصد ۔

Shapeful : (a) خوش شکل ؛ خوش وضع ؛ خوش قطع ؛ خوش نما ؛ دیدہ زیب ؛ دلکش ؛ نظر فریب ؛ جاذب نظر ۔

Shapeless : (a) بے ڈول ؛ بے ڈھنگا ؛ بد وضع ؛ بد قطع ۔

Shapelessly : (adv.) بے ڈھنگے پن سے ۔

Shapelessness : (n) بد ہیئتی ؛ بے ڈول پن ؛ بے ڈھنگاپن ۔

Shapeliness : (n) خوبصورتی ؛ خوش وضعی ؛ خوش قطعی ؛ خوش اُسلوبی ؛ خوش نمائی ؛ دلفریبی ؛ جاذب نظری ۔

Shapely : (a) دیکھو Shapeful

Shapen : (a) خاص وضع کا ؛ مخصوص انداز کا ۔

Shaper : (n) (۱) بنانے والا ؛ سنوارنے والا ؛ قطع کرنے والا ؛ ڈھالنے والا (آدمی یا مشین)؛ صورت گر ۔(۲) صورت گر مشین، سانچہ وغیرہ ۔

Shaping : (n) بنانا ؛ صورت گری ؛ سانچے میں ڈھالنا ۔

Shaping : (a) شکل ساز ؛ صورت گر ۔

Shapo/ Shapoo : (n) [Tibetan 'Sha-pho'.] ایک قسم کی بھیڑ جو کشمیر اور تبت میں پائی جاتی ہے ۔

Shard/ Sherd : (n) [OE. 'Sceard'.] ٹھیکرا ؛ ٹھیکری ؛شیشے کے ٹکڑے ، پانی کی دھار جو فصل پیدا کرے ؛ گوبر ۔

To break into-shards : چور چور کر دینا ۔

Shard : (n) (۱) گوبر کا بچا ہوا حصہ ۔ (۲) بھونرے کے بازوؤں کا خول یا غلاف ۔

Shard-born / -borne : (a) گوبر میں پیدا شدہ (بھونرا) ۔

Shard-beetle : (n) شارڈ بھونرا ؛ پر پوش بھونرا ۔

Share : (n) [OE. 'Scaer, Scear'.] (ہل کی) پھالی ۔

Share : (n) [OE. 'Scearu'.] (۱) حصہ ؛ بخرا ؛ سہم ؛ سہام ۔

(۲) (تجارت) حِصص۔

Deferred share : کمپنیوں کے سرمایہ کا وہ حصہ جو حصہ داروں میں برابر بانٹا جائے۔

Ordinary share : معمولی حصص۔

Preferred share/ Preference - : وہ حصص جن پر معمولی حصص پر منافع دینے سے قبل مقررہ منافع دینے کی ذمہ داری قبول کر لی گئی ہو ؛ موجح حصے ؛ ترجیحی حصے۔

To fall to one's share : حصے میں پڑنا۔

Share and share alike : برابر بانٹ ؛ برابر تقسیم ۔

To go share and share alike : برابر بانٹ لینا ؛ برابر تقسیم کر لینا۔

To go shares with (another or others) in (a possession, enterprise etc.) : حصہ لینا ؛ شریک ہونا ؛ شامل ہونا۔

Share : (v) بانٹنا ؛ تقسیم کرنا ؛ حصہ لینا ؛ حصہ دار ہونا ؛ حصہ رکھنا ؛ شریک ہونا ؛ شریک کرنا۔

Share-broker : (n) تمسکات کا دلال ؛ اسٹاک کا دلال۔

Share-holder : (n) حصہ دار ؛ شریک دار۔

Share-holding : (n) حصہ دار ہونا ؛ شریک دار ہونا ؛ حصہ داری ؛ شریک داری ۔

Share out : (v) حصہ لگانا ؛ تقسیم کرنا۔

Share owner : (n) دیکھو Share-holder

Share-pusher : (n) وہ شخص جو حصص کو اشتہار کے ذریعے فروخت کرتا ہے (سٹہ بازار میں نہیں)۔

Shared : (a) بانٹا ہوا۔

Sharer : (n) (۱) بانٹنے والا ؛ تقسیم کرنے والا؛ حصہ دینے والا ۔ (۲) شریک یا شرکت دار ؛ سہیم ؛ حصہ دار۔

Shares man : (n) ماہی گیروں کی جماعت کا رکن جو بحری سفر کے نفع ، نقصان میں برابر کا شریک ہوتا ہے ۔

Shargar/ Shergar : (n) [Sc. 'Gael., 'Seargeire'.] فاقہ زدہ آدمی

یا جانور۔

Shark : (n) [Origin unkn,] (۱) شارک ؛ شیر دریائی ؛ کلب البحر ؛ قرش ۔ (۲) (مجازاً) عیار ؛ دغا باز مکار ؛ ٹھگ ؛ دھوکا باز ؛ بے حد حریص ، خطرناک ۔ (۳) کسٹم افسر ؛ (جمع) بحری بھرتی کرنے والی جماعت ۔ (۴)(امریکا) غیر معمولی صلاحیت یا قابلیت کا آدمی ۔ (۵) ایک قسم کا پروانہ۔

Angel-shark : درویش ماہی ؛ ایک قسم کی مچھلی۔

Gagetic shark/ Greenland- / Grey-/ Hammer-headed-/ Spine-/ Spinous-/ White- : مختلف قسم کی شارک مچھلیوں کے نام۔

Shark : (v) ٹھگنا ؛ دغا بازی سے کام لینا یا لوٹنا ؛ عیارانہ زندگی بسر کرنا ؛ چوری کرنا۔

Shark-fin : (n) شارک مچھلی کا پر۔

Shark-moth : (n) شارک نما پروانہ ۔

Shark-ray : (n) ایک قسم کی مچھلی ؛ فرشتہ ماہی ۔

Shark skin : (n) (۱) شارک مچھلی کا چمڑا ۔ (۲) ایک قسم کا چکنا اور مضبوط کپڑا۔

Shark-toothed : (a) شارک مچھلی کے دانت کی طرح کا۔

Sharking : (n) شارک مچھلی پکڑنا۔

Sharky : (n) شارک مچھلیوں سے بھرا ہوا۔

Sharn : (n) [OE. 'Scearn'.] گوبر۔

Sharny : (a) گوبر لگا ہوا ؛ غلاظت آلود۔

Sharp : (a) [OE. 'Sc'(e)arp'.] (۱) تیز ، دھار دار ؛ آب دار ۔ (۲) اَنی دار ؛ نوک دار ؛ نکیلا ۔ (۳) صاف ؛ نمایاں ؛ روشن ۔ (۴) چرچرا ؛ تیز ؛ چرپرا ۔ (۵) طعن آمیز ؛ چبھتا ہوا ؛ تلخ ۔ (۶) ایکا ایکی ؛ ناگہانی ؛ اچانک ۔ (۷)سخت ؛ تکلیف دہ ؛ ناگوار ؛ تند ۔ (۸) سخت ؛ تیز ؛ شدید ۔ (۹) تیز ؛ حساس ۔ (۱۰) ہوشیار ؛ کائیاں ؛ عیار۔ (۱۱) سخت ؛ کرخت ۔ (۱۲) تیز ؛ مستعدانہ ۔ (۱۳) ذکی ؛ ذہین ؛ زود فہم ؛ ہوشیار ؛ چوکس ؛تیز ہوش ۔ (۱۴)(موسیقی) کسی راگ کی جس قدر آواز بلند ہونی چاہیئے اس سے بھی زیادہ بلند (آواز)۔ (۱۵)(صوتیات) کرخت یا سخت (حرف) ۔ (۱۶) (بحری) پتلے پیندے

والی (کشتی) ۔ (۱۷) تیز (بھوک) : بھوکا (پیٹ) ۔ (۱۸)دبلا : کمزور : مریل (جسم) ۔ (۱۹) وضع دار : خوش اُسلوب ۔ (۲۰) تند مزاج : جھلاّ : چڑچڑا ۔

As sharp as a razor /-needle : نہایت ذکی یا ذہین ۔

Sharp's the word : عجلت اور مستعدی کے لئے یہ جملہ کہا جاتا ھے ۔

To be sharp upon : سخت تنقید کرنا ۔

To keep a sharp look-out : چوکس رہنا : آمادہ رہنا ۔

Sharp : (n) (۱) باریک سوئی : تیز ہتھیار ۔ (۲) (موسیقی) نشان پنجم ۔ (۳) ماہر : نکتہ رس :دقیقہ شناس ۔ (۴) اوسط درجے کا باریک میدہ ۔ (۵)ہیرے کا پتلا نوکدار ٹکڑا ۔ (۶) (جمع) تین درجے کی سوئیوں میں سے ایک بشمول اس کے جو سب سے زیادہ لمبی اور تیز نوک والی ۔

The sharp of the hand : ہاتھ کا کنارہ : ہاتھ کا بارا ۔

Sharp : (adv.) (۱) تیزی سے ۔ (۲) یکایک : اچانک ۔ (۳) (وقت کی) پابندی کے ساتھ : ٹھیک وقت پر ۔ (۴) (بحری) بالکل ہوا کے مخالف رخ پر ۔

Sharp : (v) (۱) تیز کرنا : دھار لگانا : بنانا : دھار تیز کرنا : سان چڑھانا : دھرنا ۔ (۲) آواز کا تیز کرنا : آواز کا اٹھانا ۔ (۳)دھوکا دینا یا چالاکی کرنا (کھیل وغیرہ میں) ۔

Sharp-edged : (a) تیز دھار والا ۔

Sharp-eyed : (a) (۱) تیز نظر ۔ (۲) باریک بیں ۔

Sharp-fanged : (a) (۱) تیز دانت والا : (۲) سخت : تکلیف دہ :تند : ترش رو : طنز آمیز ۔

Sharp-featured : (a) نمایاں خط و خال والا : تیکھے نقوش والا ۔

Sharp-nosed : (a) (۱) نوکیلی ناک والا ۔ (۲) (مجازاً) عیب جو : نکتہ چیں : مقرض : حرف گیر ۔

Sharp-pointed : (a) نوکیلا : نوکدار ۔

Sharp practice : (n) عیاری : چالاکی (معاملات میں) ۔

Sharp-set : (a) (۱) بھوکا ۔ (۲) آرزو مند : خواہشمند ۔

Sharp-shod : (a) نوکدار کیلوں والا : نعل لگا ہوا ۔

Sharp-sighted : (a) تیز فہم : ذکی : تیز نظر ۔

Sharp-sightedly : (adv.) تیز نظری سے : تیز فہمی سے ۔

Sharp-sightedness : (n) تیز نظری : تیز فہمی ۔

Sharp-tailed : (a) نکیلی دم والا / والی ۔

Sharp-tongued : (a) بد زبان : ترش کلام ۔

Sharp-toothed : (a) (۱) تیز دانتوں والا ۔ (۲) چیرنے والا : پھاڑنے والا ۔

Sharp-witted : (a) ذہین : زیرک : دانشمند ۔

Sharp-wittedly : (adv.) ذہانت سے ۔

Sharp-wittedness : (n) ذہانت : زیرکی ۔

Sharpen : (v) (۱) تیز کرنا یا ہونا : سان پر لگانا : سان پر دھرنا ۔ (۲) شوق دلانا : اکسانا ۔ (۳) آواز اونچی یا بلند کرنا : بھوک تیز لگنا ۔(۴) شدید یا ناگوار بنانا : چرپرا بنانا ۔ (۵) عجلت کرنا ۔ (۶) (بحری) بادبان کو تیزی سے لگانا ۔

To sharp one's knife : سزا دینے یا حملہ کرنے کے لئے تیار ہونا ۔

Sharpener : (n) تیز کرنے والا : تیز کرنے والا شخص یا آلہ ۔

Sharper : (n) (۱) تیز کرنے والا ۔ (۲) عیار : دغا باز ۔

Sharpness : (n) تیزی : جلدی : چرپراہٹ : تیز فہمی : شدت ۔

Sharpshooter : (n) (۱) ماہر نشانہ باز ۔ (۲) ٹڈے کی قسم کے بعض کیڑے ۔ (۳) (تیل کے کنویں کھودنے کی مہم میں) وہ شخص جو انفجاری مادوں کا نگراں ہوتا ھے ۔ (۴)ایک قسم کی ناؤ ۔ (۵) کم چوڑے پھل کا بیلچہ ۔

Sharpshooting : (n) (۱) ماہرانہ نشانہ بازی ۔ (۲) صحیح اور غیر متوقع حملہ ۔

Shatter : (v) (۱) ریزہ ریزہ کر دینا یا ہو جانا : پاش پاش کر ڈالنا : چور چور کر ڈالنا : توڑ ڈالنا : ٹوٹ جانا ۔ (۲)الٹ پلٹ کر دینا : بے ترتیب کر دینا : مختل ہونا ۔ (۳) تباہ کرنا : برباد کرنا یا ہونا : ضائع کرنا ۔ (۴) (دانوں کا) چھلکے سے نکل کر گر جانا یا جھڑ جانا (زیادہ پک جانے کی وجہ سے)۔ (۵)پھول کی پتیوں کا گر جانا ۔ (۶) مضمحل کر دینا ۔ [Origin and relation to Scatter obscure.]

Shatter-brain / -pate/ -wit : (n) پریشاں خیالی ۔

Shatter-brained/ -pated/ -witted : (a) پریشاں خیال ۔

Shattering : (a) (۱) چور چور ہو جانے والا ؛ ریزہ ریزہ ہو جانے والا ۔ (۲) تباہ کن ؛ بہت سخت یا شدید ۔ (۳) سمع خراش ۔

Shatteringly : (adv.) چور چور ہو کر ؛ تباہ کن طور پر ۔

Shattery : (a) جو آسانی سے ریزہ ریزہ ہو جائے ۔

Shave : (n) [OE. 'Sceafa'.] چھیلنے کا اوزار ؛ چوب تراش چہرے وغیرہ کا پھل جس کے دونوں طرف دستے ہوں ۔

Shave : (n) (۱) چھیلن ۔ (۲) موتراشی ۔

Clean shave : مکمل دھوکا یا فریب (مجازاً) داڑھی مونچھ صفاچٹ ۔

Shave : (v) (۱) حجامت بنانا ؛ مونڈنا ؛ خط بنانا ۔ (۲) چھیلنا ۔ (۳) ورق اتارنا ۔

Shave-grass : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Shave-hook : (n) چھینی ؛ دھاتوں کو چھیلنے کا آلہ ؛ ٹانکی ۔

Shaveling : (n) سر منڈا ؛ نو عمر ؛ پادری ؛ راہب ۔

Shaven : (a) (۱) تراشیدہ ؛ منڈا ہوا ۔ (۲) (گھاس وغیرہ) کٹی ہوئی ۔

Shaver : (n) (۱) حجام ؛ حلاق ؛ موتراش کے ؛ نائی ؛ مونڈنے والا ۔ (۲) ٹھگنے والا ؛ ٹھگ ؛ دھوکے باز ؛ فریبی ۔ (۳) نوخیز ؛ نو عمر ؛ جوان ۔

Cunning shaver : دھوکا باز ؛ فریبی ؛ ٹھگنے والا ۔

Electric shave : برقی استرا ۔

Shavetail : (n) (۱) نیا کمیشن یافتہ افسر ؛ سیکنڈ لفٹیننٹ ۔ (۲) نیا سدھایا ہوا باربر داری کا خچر ۔

Shavian : (a) جارج برناڈشا (G.B. Shaw) ڈراما نگار کے طرز کا یا اس کے طرز میں ۔

Shaving : (n) (۱) موتراشی ؛ خط ۔ (۲) چھیلن ۔ (۳) (عام) دھوکا دہی ؛ فریب دہی ۔ (۴) (امریکا) زیادہ شرح سود پر ہنڈی سکارنا ؛ تحفیف ؛ کمی ۔

Shaving-brush : (n) شیونگ برش ۔

Shaving-horse : (n) ایک بنچ جس میں شکنجہ لگا ہوتا ہے اس میں اس لکڑی کو کس دیتے ہیں جس کو چھیلنا منظور ہوتا ہے ۔

Shaw : (n) [OE. 'Sceaga'.] (۱) جھاڑی ؛ جھاڑ ؛ جھاڑ جھنکاڑ ؛ جنگل ۔ (۲) جھاڑی یا تل جھاڑی کی سرحد ۔

Shaw : (n) کاشت کی ہوئی فصلوں کی پھونگل اور ڈنٹھل ۔

Shaw-wood : (n) ایک یورپی پودا ۔

Shawl : (n) [Pers. 'Sal'.] شال ؛ دوشالہ ۔

Shawl : (v) شال ڈھکنا یا ڈھک دینا ؛ شال اوڑھنا ۔

Shawl-dance : (n) وہ رقص جس میں ناچنے والا شال کو لہراتا ہے ۔

Shawl-goat : (n) کشمیر اور تبت کی وہ بکری جس سے پشمینہ نکلتا ہے ۔

Shawm : (n) [ME. 'Schallemele'.] شام ؛ ایک باجے کا نام جو اب متروک ہے ۔

Shawne : (n) ایک امریکی ہندوستانی قبیلے کا نام ۔

Shawne-hawk : (n) ایک قسم کا مرغی ۔

Shay : (n) [Back-formation from Chaise.] لکڑی کے لٹھوں کو مل میں لے جانے والا چھوٹا انجن ۔

She : (pron.) (۱) ضمیر واحد مؤنث ۔ (۲) خاتون ؛ عورت ؛ صنف نازک ۔ (۳) مادہ ۔

She : (n) (۱) مادہ جانور یا عورت ۔ (۲) زن صفت ۔

She-devil : (n) شیطان صفت عورت ۔

She-roof : (n) چھت جس میں صرف ایک ڈھلان ہو ۔

She-ironbark : (n) آسٹریلیائی یوکلپٹس ۔

She-oak : (n) (۱) آسٹریلیا کا ایک درخت ۔ (۲) (عام) بیئر (شراب) ۔

She-woman : (n) عورت تمام ظاہری نسوانی اوصاف سے متصف ۔

Shea : (n) [Mandingo.] شیہ ؛ ایک قسم کا پودا جو افریقہ کے مغربی علاقوں میں ہوتا ہے ؛ اس سے ایک قسم کا مکھن نکلتا ہے ۔

Sheading : (n) [var. of 'Shedding'.] Isle of man کے چھ انتظامی علاقوں میں سے ایک۔

Sheaf : (n) [OE. 'Sceaf'.] (۱) گٹھا ؛ گٹھی ؛ مٹھا۔ (۲) پولی (اناج کے پودوں کی) ؛ پولا ۔ (۳) گٹھے کی تصویر ۔ (۴) (جمع) بڑی مقدار ؛ کثیر مقدار ۔ (۵) (طبیعیات) شعاعوں ، خطوط وغیرہ کا مجموعہ جو ایک نقطے سے گزرتے ہیں۔

Sheaf : (v) (فصل) گٹھا باندھنا ؛ پولیاں باندھنا ؛ بنانا۔

Sheaf-binder : (n) گٹھے باندھنے کا آلہ ۔

Sheafy : (a) گٹھے نما ؛ گٹھے دار۔

Shealing : (n) (۱) چراگاہ ؛ مرغزار (پہاڑی علاقے میں)۔ (۲) دیکھو Shieling ۔

Shear : (n) [OE. 'Scerero'.] قینچی ؛ مقراض ؛ کترنی ۔

Shear : (n) (۱) پھسل کر گرنے سے ہڈی ٹوٹ جانا۔ (۲) تراش ؛ کٹائی۔ (۳) بھیڑ کی عمر کا اندازہ اس کے اون کی تراش سے ۔

Shear/Sheer : (n) [Origin unkn.] خراد کی سلاخ جس پر اس کا اوپری یا بالائی حصہ حرکت کرتا ہے ۔

Shear : (v) (۱) کاٹنا ؛ چھانٹنا ؛ مونڈنا ؛ تراشنا۔ (۲) (مجازاً) لوٹنا ؛ دھوکا دینا ؛ محروم کرنا۔ (۳) (عمارت وغیرہ کا) بوجھ سے مسخ ہو جانا یا ٹوٹ جانا ؛ بوجھ سے توڑ ڈالنا ۔ (۴) محروم ہو جانا۔ (۵) بال کاٹنا یا تراشنا۔ (۶) کپڑے کے روئیں کو کاٹنا ۔ (۷) راستہ کاٹنا (پانی ، ہوا میں) ۔ (۸) (فصل) کاٹنا ، درانتی سے ۔ (۹) کوئلے کی کان میں عمودی کھانچ کاٹنا۔

To be shorn : کسی حصے سے محروم ہو جانا۔

Shear-grass : (n) ایک قسم کی گھاس جس کی پتیوں کے کنارے پتلے ہوتے ہیں۔

Shear-hog : (n) سور / بھیڑ پہلی بار اون تراشے جانے کے بعد۔

Shear-legs : (n) قینچی کرین ؛ حمالۂ سہ پایہ ۔

Shea steel : (n) ایک خاص قسم کا فولاد جس سے قینچیاں یا دوسرے کاٹنے کے اوزار بنائے جاتے ہیں۔

Shear-tail : (n) مقراض دُم ؛ ایک پرندہ جس کی دم مقراض نما ہوتی ہے ۔

Shearer : (n) کاٹنے والا ؛ کترنے والا ؛ تراشنے والا ؛ مونڈنے والا ۔

Shearing : (n) (۱) کاٹنا ؛ تراشنا ؛ مونڈنا ؛ کترنا ۔ (۲) کترن ۔ (۳) وہ بھیڑ جس کی اون صرف ایک بار یا پہلی بار کتری گئی ہو ۔ (۴) (کان کنی) کوئلے کی کان کی عمودی تراش ۔ (۵) عمارت وغیرہ کا بوجھ سے مسخ ہو جانا۔

Shearing force : (n) جزّی قوت ۔

Shearing machine : (n) تراش مشین یا کل (پرزے وغیرہ کی) ۔

Shearing strain : (n) جزی زور۔

Shearing strength : (n) جزی طاقت ۔

Shearing stress : (n) جزی قوت ؛ زور ؛ قینچ زور ۔

Shearling : (n) وہ بھیڑ جس کی اون صرف ایک بار تراشی گئی ہو۔

Shearman : (n) کپڑے کا رواں یا پھونسڑے کترنے والا ۔

Searwater : (n) ماہی بر ؛ ایک دریائی پرند(لمبی چونچ والا) ۔

Sheat-fish : (n) میٹھے پانی کی سب سے بڑی مچھلی ؛ گربہ ماہی ؛ قرموط ۔

Sheath : (n) [OE. 'Sc'p, Scea'.] (۱) غلاف ؛ میان ؛ نیام ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات ، تشریح) جھلی؛ غلاف؛ خول؛ پوشش ۔

Sheath-bill : (n) قطب جنوبی کا ایک پرندہ ، جن کی چونچ کی ساخت میں خول بھی اہم ہے۔

Sheath-fish : (n) دیکھو Sheat-fish

Sheath-knife : (n) میان دار خنجر ۔

Sheath of schwann : (n) (حیوانیات) عصبی غلاف ۔

Sheath-winged : (a) (حیوانیات) غلاف دار بازوؤں والا ۔

Sheathe : (v) (۱) میان یا نیام میں رکھنا۔ (۲) غلاف میں رکھنا ؛ غلاف وغیرہ چڑھانا ۔ (۳) اذایت میں تخفیف کرنا ۔ (۴) (جہاز ، دروازہ ، چھت وغیرہ) پر فلزی غلاف چڑھانا۔

To sheath the sword : (مجازاً) جنگ ختم کرنا۔

Sheathed : (a) غلاف دار ؛ نیام دار۔

Sheather : (n) غلاف چڑھانے والا : نیام میں رکھنے والا .

Sheathing : (n) (۱) غلاف یا میان چڑھانا . (۲) جہاز کے پیندے کے لئے آہنی چادر (بغرض مضبوطی اور حفاظت) . (۳)میان: نیام : غلاف : خول . (۴) دریا کا بند (خالی پتھروں کا) .

Sheathless : (a) بے نیام : بے میان : بے غلاف .

Sheathy : (a) غلاف نما : میان نما : نیام سے مشابہ .

Sheave : (n) [OE. 'Scife'.] (۱) چرخی : چرخی کا پہیہ : چرخ بلی . (۲) ایک آلہ جو حرکت دوری کو آگے پیچھے کی حرکت میں تبدیل کر دیتا ہے : اس آلے کا قرص .

Sheave : (v) اناج کے گٹھے یا مٹھے باندھنا : پولیاں بنانا .

Sheave : (v) [ME. 'Scheve'.] کشتی کو پیچھے ہٹانا یا کھینا .

Sheaved : (a) گٹھا بنا ہوا : پولیوں میں بندھا ہوا .

Sheba : (n) [f. 'Sheba'.] شیبا : جنوبی عرب کا ایک ملک عہد قدیم میں : حسین لا ابالی عورت : (جغرافیہ) سبا .

Shebang : (n) [Origin unkn.] (۱) جھونپڑی : سائبان : مکان : گھر . (۲) کاروبار : معاملہ : کارخانہ : نظام .

Shebat/Sebat/ Shevat : (n) [Heb. 'Shebhat'.] یہودی نظام تقویم کا پانچواں مہینہ .

Shebeen : (n) [Anglo-Ir. 'Sibin'.] بوزہ خانہ : شراب خانہ : وہ شراب خانہ جس کے لئے اجازت نامہ نہ ہو : بغیر لائسنس کا شراب خانہ .

Shed : (n) [OE. '(ge)scead'.] دو وادیوں کے درمیان سلسلۂ کوہ .

Shed : (n) (۱) سائبان : چھپر : اسارا . (۲) جھونپڑا : جھونپڑی : پناہ گاہ : باڑا : بھٹ . (۳) تلغراف کے حاجز کا غلاف .

Shed : (v) [OE. 'Sc(e)adan'.] (۱) تقسیم کرنا : علاحدہ کرنا . (۲) بہنا : بہہ نکلنا : نکالنا : گرانا : بہانا . (۳) خون بہانا : آنسو بہانا . (۴) گرانا : بہنا (آنسو ، بارش ، شبنم وغیرہ) . (۵) پھیلانا : شائع کرنا : نکالنا : ڈالنا : برسانا . (۶) گرانا : جھاڑنا . (۷) (اناج وغیرہ کا) بالی کے اندر سے گرنا : (پھول یا پتوں کا) گرنا : جھڑنا . (۱۲) اتار دینا (لباس) .

To shed (one's own) blood : جان دے دینا : جنگ میں شہید ہو جانا .

To shed the blood of : مار ڈالنا : قتل کرنا .

Shed : (v) سائبان میں رکھنا : جھونپڑی میں رکھنا .

Shed : (a) گرا ہوا : جھڑا ہوا : چھلک کر گرا ہوا .

Shedder : (n) (۱) پھیلانے والا : گرانے والا . (۲) سامن مچھلی . (۳) کیکڑا (اپنا خول چھوڑنے کے وقت) . (۴) درخت سے گرا ہوا پھل .

Shedding : (n) سائبان : اُسارے (مجموعی طور پر) .

Shedding : (n) (۱) گرانا : جھاڑنا . (۲) گری ہوئی پتیاں . (۳) تقسیم : علاحدگی . (۴) کپاس کے تخمدان کی ایک بیماری جس میں تخمدان قبل از وقت گر پڑتا ہے .

Shedding box / -float : (n) ایک ظرف جس میں کیکڑوں کو اس وقت تک رکھتے ہیں جب تک وہ خول نہیں اتار دیتے .

Sheder : (n) آٹھ نو ماہ سے زیادہ عمر کی بھیڑ جس کا اون تراشا نہ گیا ہو .

Sheel : (v) چھیلنا : چھلکا اتارنا .

Sheeling : (n) پوست سے الگ کیا ہوا اناج : جئی کی بھوسی .

Sheen : (n) (۱) چمک : دمک : روشنی : جلوہ : تجلی : نور . (۲) زرق برق لباس . (۳) (عام) جعلی سکہ .

Sheen : (a) (۱) خوبصورت : حسین . (۲) چمکدار : چمکیلا : نورانی: ضیا بار : منور .

Sheen : (v) (۱) چمکنا : دمکنا : منور ہونا . (۲) جھلکنا .

Sheenful : (a) چمکیلا : چمک دار : منور : پُر ضیا .

Sheeny : (n) [Origin unkn.] یہودی .

Sheeny : (a) نورانی : چمک دار : منور : ضو فشاں .

Sheep : (n) [OE. 'Scep'.] (۱) بھیڑ : بھیڑیں . (۲) شرمیلا : جھینپو : جھجھکنے والا : غبی یا کند ذہن : ڈرپوک . (۳) پادری کے علاقے کے لوگ . (۴) بھیڑ کا پکا چمڑا .

Black sheep : اپنے گروہ میں ناپسندیدہ شخص .

Lost sheep : گمراہ (راہ راست سے)۔

There is a black sheep in every flock : ناپسندیدہ ہر جگہ پائے جاتے ہیں۔

To return to our sheep : باز آمدم بر سر مطلب : اپنے مطلب پر آنا۔

Wolf in sheep's clothing : بھیڑ کے لباس میں بھیڑیا۔

Sheep : (v) بھیڑ چرانا۔

Sheep-back : (n) چٹان جو برف کے تودے کے گرنے سے چکنی ہو گئی ہو۔

Sheep-biter : (n) مکھی جو بھیڑوں کو ستاتی ہے اور ان کی اون میں انڈے دیتی ہے۔

Sheep-bot (fly) : (n) بھیڑ مکھی : چچڑی : وہ مکھی جو بھیڑوں کو ستاتی ہے۔

Sheep cot / Sheepcote : (n) بھیڑوں کا باڑا۔

Sheep-dip : (n) اون رکھشا : جراثیم کش : ایک مرکب جس کے گھول میں جراثیم سے پاک کرنے کے لئے بھیڑ کو غوطہ دیتے ہیں۔

Sheep-dog : (n) گڈریے کا کتا۔

Sheep-faced : (a) شرمیلا : جھینپو۔

Sheep-facedly : (n) شرمیلے پن سے : جھینپ کر۔

Sheep-facedness : (n) شرمیلا پن : جھینپ۔

Sheep-fescue/ Sheep's- : (n) مرغزاری گھاس۔

Sheep-farm : (n) بھیڑ کا باڑا۔

Sheep-farm : (n) بھیڑیں پالنا۔

Sheep-farmer : (v) بھیڑیں پالنے والا یا رکھنے والا۔

Sheep-farming : (n) بھیڑیں پالنا یا رکھنا۔

Sheep-flake : (n) بھیڑ کے چارے کا ٹوکرا۔

Sheep-fly : (n) بھیڑ مکھی۔

Sheep-gate :(n) بھیڑوں کا باڑے کا دروازہ : بھیڑوں کا باڑا۔

Sheep-kill : (n) شمالی امریکا کی ایک جھاڑی جو کمسن بھیڑوں کے لئے زہریلی سمجھی جاتی ہے۔

Sheep-laurel : (n) دیکھو Sheep-kill

Sheep-louse : (n) چیچڑی : بھیڑ کی جوں۔

Sheep-maggot : (n) بھیڑ مکھی کا روپ۔

Sheep-mark : (n) بھیڑوں کا شناختی نشان۔

Sheep-master : (n) بھیڑیں پالنے یا رکھنے والا۔

Sheep-pest : (n) بھیڑ کا خون چوسنے والی چیچڑی۔

Sheep-pock/ -pox : (n) بھیڑوں کی بیماری جو چیچک سے مشابہ ہوتی ہے۔

Sheep-rack : (n) بھیڑوں کے چارے کا ٹوکرا۔

Sheep-rot : (n) (۱) بھیڑوں کے جگر کی ایک بیماری۔ (۲) ان پودوں کے نام جن سے یہ بیماری ہوتی ہے۔

Sheep-scab : (n) کھجلی، خارش کی بیماری بھیڑ بکریوں میں۔

Sheep-shearing : (n) (۱) بھیڑ مونڈنا : بھیڑ مونڈنے کے وقت کی تقریب۔ (۲) بھیڑ مونڈنے کا موسم۔

Sheep-sorrel / Sheep's-sorrel : (n) ایک بوٹی۔

Sheep-tick : (n) ایک قسم کی بھیڑ مکھی جس کو پر نہیں ہوتے۔

Sheep-wash : (n) بھیڑوں کے نہلانے کی جگہ۔

Sheep's bit : (n) ایک قسم کی یورپی بوٹی۔

Sheep's eye(s) : (n) ہوسناک نظر۔

To cast a sheep's eye(s) at : ہوسناک نظروں سے دیکھنا۔

Sheep's fescue : (n) ایک گھاس جو بھیڑوں کے چارے کے لئے کاشت کی جاتی ہے۔

Sheep's gut(s) : (n) تانیٹ، دیکھو Catgut

Sheep's head : (n) (۱) بھیڑ کا سر : بھیڑ کا بھیجا : مغز۔ (۲) بے وقوف؛

ساده لوح ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۳) تاش کا ایک کھیل ۔

Sheep's skin/ Sheepskin : (n) (۱) بھیڑ کی کھال ۔ (۲) پوشتین : غالیچۂ میشی ۔ (۳) دستاویز ۔ (۴) جلد سازی کا چمڑا ۔

Sheep's-scabious : (n) ایک بوٹی ۔

Sheep's wool : (n) (۱) بھیڑ کا اون ۔ (۲) جزائر غرب الہند کا ایک قسم کا اسفنج ۔

Sheepfold : (n) بھیڑوں کا باڑا ۔

Sheepheaded : (a) بے وقوف ؛ سادہ لوح ؛ سیدھا سادہ ۔

Sheepherder : (n) گڈریا ۔

Sheepish : (a) (۱) میش صفت ؛ بھیڑ جیسا ۔ (۲) بزدل ؛ ڈرپوک ؛ شرمیلا ؛ جھینپو ۔

Sheepishly : (adv.) شرمیلے پن سے ۔

Sheepishness : (n) شرمیلا پن ؛ بزدلی ۔

Sheeplike : (a) میش صفت ؛ خصوصاً عاجزی انکساری یا بے وقوفی میں ۔

Sheeplike : (adv.) حلم یا بردباری سے ؛ عاجزی سے ؛ مسکینی سے ؛ تحمل سے ۔

Sheepman : (n) بھیڑیں پالنے والا یا رکھنے والا ؛ بھیڑوں کا مالک.

Sheepnose : (n) بعض قسم کے سیب ۔

Sheepshank : (n) (۱) بھیڑ کی ٹانگ ۔ (۲) (بحری) گرہ یا حلقہ جس کے ذریعے عارضی طور پر رسی کی لمبائی گھٹائی جاتی ہے ۔ (۳) (اسکاچستان) کوئی ادنیٰ اور بے قدر و قیمت چیز ۔

Sheepshank : (v) (بحری) گرہ یا حلقے کے ذریعے عارضی طور پر رسی کی لمبائی گھٹانا ۔

Sheepshearer : (n) (۱) بھیڑ کے بال اتارنے والا ۔ (۲) بھیڑ کا اون کترنے کی مشین ۔

Sheepwalk : (n) بھیڑوں کی چراگاہ ۔

Sheer : (n) (بحری) جہاز کا اصل راستے سے بھٹک جانا ۔

To break her sheer : (لنگر انداز جہاز کا) ہوا کے رخ کی تبدیلی یا پانی کے دھارے کی وجہ سے اپنی جگہ سے ہٹ جانا ۔

Sheer : (n) (۱) جہاز کے عرشے یا بند کا اوپر کی طرف خمیدگی ، جھکاؤ ۔ (۲) جہاز کے بالائی خط کا خم ۔ (۳) دیکھو Sheer-strake .

Sheer : (a) [ME. 'Shire'.] (۱) باریک ؛ صاف ؛ شفاف ؛ کپڑا جس کے آر پار دکھائی دے ۔ (۲) خالص ؛ بے ملاوٹ ۔

Semi-sheer : کپڑا جس کے آر پار دکھائی دے ۔

Sheer : (n) باریک یا شفاف کپڑا ۔

Sheer : (adv.) (۱) مکمل طور پر ؛ سراپا ۔ (۲) عموداً ۔

Sheer : (v) [(M)LG. 'Scheren'.] (۱) (بحری) اصل راستے سے ہٹ جانا یا کترا جانا ۔ (۲) (ایسے شخص سے جس سے نفرت، ڈر ، یا ناراضی ہو) الگ ہو جانا ؛ جدا ہو جانا ؛ ترک صحبت کرنا ۔ (۳) (مجازاً) راستہ بدل دینا ؛ منحرف ہو جانا ؛ دوسرا راستہ اختیار کرنا ۔ (۴) جہاز کی متعین سمت بدل جانا ۔

To sheer alongside, to ,up: جہاز کا رخ بدلنا ؛ دوسرے جہاز کی طرف ترچھے لانا ۔

Sheer-boom : (n) چوب روک جس سے بہتی لکڑیوں کے رخ کو حسب خواہش موڑ لیتے ہیں ۔

Sheer-draught (-draft) : (n) دیکھو Sheer-plan

Sheer-hulk / Shear- : (n) جہاز کا ڈھانچا (پرانے یا غیر مستعمل جہاز کا) ۔

Sheer-line : (n) عارضی پل کا سرا جس سے ہو کر کشتی گزرتی ہے ۔

Sheer-line : (n) جہاز کے عرشے کی روکاری لکیر یا خط عروج ۔

Sheer-plan : (n) کسی عمودی سطح اور جہاز کے پیندے کے تقاطع سے بنا ہوا حصہ ۔

Sheer-strake : (n) لوہے کے تختے یا پترے جو پیش جہاز سے دنبالۂ جہاز تک سب سے اوپر لگے ہوتے ہیں ۔

Sheer-thursday : (n) دیکھو Maundy-thursday

Sheer-wale : (n) دیکھو Sheer-strake

Sheerly : (adv.) (۱) مطلقاً : بالکل : سراسر : تمامتر . (۲) عموداً : سیدھے .

Sheerness : (n) عمودی ہونا : سیدھا ہونا .

Sheet : (n) [OE. 'Scete'.] (۱) چادر : پلنگ کی چادر : پلنگ پوش . (۲) (کاغذ کا) تاؤ : تختہ . (۳) اپالی ، فولاد ، شیشے وغیرہ کی چادر . (۴) اخبار : پرچہ . (۵) دیکھو Winding sheet . (۶) بادبان . (۷) (جمع) اوراق .

Between the sheets : محو خواب ہونا .

In sheets : پھیلا ہوا ہونا : مڑا ہوا ہونا .

In sheet : غیر مجلد .

The sheets : بستر کی چادریں .

Sheet : (n) [OE. 'Sceata'.] بادبان کے نچلے گوشے کی رسی یا زنجیر جو بادبان کھولنے بند کرنے کے کام آتی ہے .

Three sheets in the wind : خوب مخمور : بد مست .

Sheet : (v) چادر ڈالنا : چادر ڈھانکنا یا ڈھکنا : چادر اوڑھانا : چادر بچھانا : چادر پھیلانا : چادر میں لپیٹنا . (۲) چادروں کی صورت میں بنانا یا ڈھانکنا .

To sheet home : بادبان کی رسیوں اور زنجیروں سے کسنا .

Sheet-anchor : (n) (۱) سب سے بڑا لنگر : آب دراز . (۲) (مجازاً) آخری سہارا یا پناہ .

Sheet-cable : (n) سب سے بڑے لنگر کا رسا .

Sheet glass : (n) چادری شیشہ .

Sheet ice : (n). برف کی چادر جو سطح آب کے جم جانے سے بن جاتی ہے .

Sheet lightening : (n) بجلی کی چادر جو آسمان پر دور تک پھیلی ہوئی نظر آئے : منتشر بجلی .

Sheet like : (a) چادر نما .

Sheet metal : (n) چادری دھات .

Sheet-music : (n) موسیقی راگ جو کاغذ کے تختوں پر چھاپا جائے (کتاب کی شکل میں نہیں) .

Sheet-pavement : (n) اسفالی سنگ فرش .

Sheet-pile : (n) چادری شہتیر جو پل وغیرہ کے سہارے کے لئے زمین میں گاڑ دیتے ہیں .

Sheeted : (a) (۱) کفنایا ہوا . (۲) چادر میں لپیٹا ہوا . (۳) چادر کی شکل میں . (۴) (مویشی) جس کے بدن پر سفید چوڑی دھاری ہو .

Sheetful : (a) چادر بھر .

Sheeting : (n) (۱) بستر کی چادریں بنانے کا پارچہ . (۲) تختوں یا دھات کی مسلسل باڑ . (۳) چادر بنانا : (خصوصاً سیسے کی) باڑ بنانا . (۴) چادر سے ڈھک دینا یا چادر میں رکھ دینا .

Sheetlet : (n) چھوٹا تختہ خصوصاً اخبار جو خبریں اختصار کے ساتھ ایک ہی جگہ دے دیتا ہے .

Sheety : (a) چادر نما : پھیلا ہوا .

Sheffield : (n) یارک شائر کے ایک شہر کا نام جہاں کی کار دگری بہت مشہور ہے .

Sheffield plate : (n) شیفیلڈ میں بننے والی تانبے کی پلیٹ جس پر چاندی کی تہ چڑھائی جاتی تھی .

Shegetz : (n) [Yeddish., 'Sheykets'.] (۱) غیر یہودی لڑکا . (۲) آزاد خیال یہودی لڑکی .

Sheikh : (n) [Arab. 'Sayk'.] شیخ .

Sheikh-ul-islam : (n) شیخ الاسلام .

Sheila/ Shaler / Sheelah : (n) [alt. of 'Shaler'.] جوان عورت : لڑکی .

Shekel : (n) [Heb. 'Sekel'.] (۱) یہودیوں کے وزن کا ایک پیمانہ : یہودیوں کا ایک نقرئی سکہ . (۲) (مجازاً) (جمع) مال و دولت : زر و جواہر .

Shekinah/ Shechinah : (n) [late. Heb. 'Sekinah'.] شکینہ : پیکل سلیمانی میں خداوند ذو الجلال کا نزول اجلال .

Shel-lacking : (n) شسکت فاش .

Sheld : (a) [MDU. 'Schillede'.] رنگ برنگ : چتلا : چت کبرا .

Sheld-duck/ Shell- : (n) شوخ رنگ کی بطخ ۔

Sheld-fowl : (n) دیکھو Sheld-duck

Sheldrake : (n) [f. 'Sheld+ drake.] دیکھو Sheld-duck

Shelf : (n) [(M) LG. 'Schelf.] (۱) دیوار وغیرہ سے باہر نکلا ہوا یا اس سے جڑا ہوا پتھر یا تختہ : الماری کے اندر کا تختہ؛ طاقچہ ؛ قفسہ ۔ (۲) چٹان کے پہلو کا باہر نکلا ہوا حصہ ؛ چھجا ؛ ساحل کوہ ۔ (۳) الماری وغیرہ کے تختے پر رکھی ہوئی چیزیں (کتاب وغیرہ) ۔ (۴) دریا برآمد زمین کے نیچے کی چٹان ۔ (۵) (جہاز سازی) جہاز کے ڈھانچے کے اندر کی شہتیر جو عرشے کو سہارا دیتی ہے۔ (۶) کمان کا بالائی کنارہ جس پر تیر ٹکا رہتا ہے (جب کمان کھینچی جاتی ہے)۔

Continental shelf : بر اعظم کے نزدیک سمندر کی نسبتاً اتھلی سطح ۔

On the shelf : طاق پر ؛ طاق نسیاں پر (خصوصاً گذشتہ کام یا خدمات) ۔

To lay (put etc.) on the shelf : (عورت کی) شادی کا امکان ختم ہو جانا ۔

Shelf : (v) الماری وغیرہ کے تختے پر رکھنا ۔

Shelf : (n) ریتی (کنار آب) ؛ ترائی ۔

Shelf-catalogue : (n) قفسہ دار ؛ فہرست کتب ۔

Shelf-ice : (n) برف کی چادر جو زمین سے سطح سمندر تک مسلسل پھیلی رہتی ہے ۔

Shelf-ladder : (n) پہیے دار سیڑھی (جو کتب خانوں یا دکانوں میں رکھی جاتی ہے) ۔

Shelf-life : (n) وہ مدت جس میں کسی چیز کو محفوظ یا قابل استعمال رکھا جاسکتا ہے ۔

Shelf-list : (n) دیکھو Shelf-catalogue

Shelf-mark : (n) دیکھو Press-mark

Shelf-register : (n) دیکھو Shelf-catalogue

Shelf-rest : (n) ایک قسم کی دیوار گیری جس پر تختے رکھ کر طاقچہ بناتے ہیں ۔

Shelf-sea : (n) سمندر کا وہ حصہ جو براعظم کے نزدیک نسبتاً اتھلا ہو ۔

Shelful : (n) تختہ بھر ؛ قفسہ بھر ۔

Shelfy : (a) ترائی سے بھرا ہوا ۔

Shelfy : (a) سلیٹ کی چٹانوں سے بھرا ہوا ۔

Shell : (n) [OE. 'Scell'.] (۱) چھلکا ؛ پوست ؛ بکل ؛ کھال ؛ خول ؛ کھپرا؛ بھوسا ۔ (۲) گھونگا؛ صدف؛ سیپی ۔ (۳) (اسکول میں) درمیانہ درجہ ۔ (۴) خاکہ (کسی منصوبے یا تجویز کا) ۔ (۵) ہلکی دوڑ کی کشتی ؛ دوڑ کی کشتی کا تیرنے والا حصہ ۔ (۶) دستانہ ؛ شمشیر ۔ (۷) بم کا گولا؛ شل کا گولا (توپ وغیرہ کے لئے) ۔ (۸) دھات یا کاغذ کا خول (کارتوس، آتشبازی وغیرہ کا) ۔ (۹) نمود و نمائش ؛ دکھاوا ؛ ظاہری مشابہت یا نمائش ۔ (۱۰) اندرونی تابوت ؛ چوبی عارضی تابوت ؛ نیز پتلا دھات کا تابوت ۔ (۱۱) بر بط ؛ چنگ ۔ (۱۲) نا مکمل مکان یا جہاز کی بیرونی دیواریں ؛ کوئی ایسا ڈھانچا یا بیرونی حصار جس کا اندرونی حصہ پورا نہیں ہوا یا ڈھے گیا ہے ۔ (۱۳) (قدیم یونان) ٹھیکرا یا سفال جس پر جلا وطن کئے جانے والے کا نام لکھا جاتا تھا ۔ (۱۴) (جمع) جلا ہوا چونے کا پتھر (کیمیاوی طریقے سے پانی میں حل کئے جانے سے پہلے) ۔ (۱۵) انڈے کا چھلکا ۔ (۱۶) دیکھو Nutshell ۔ (۱۷) نارا دار ناریل ۔ (۱۸) (مجازاً) کم سخنی ؛ احتیاط ؛ خلوت نشینی ۔ (۱۹) خول نما چیز ؛ کُروی ؛ نیم کروی یا گیند نما چیز ۔ (۲۰) بیرونی کان ۔ (۲۱) گائے کی ران کا گوشت جس میں پٹھے کا گوشت نہیں رہتا ہے ۔ (۲۲) کسی جوہری مرکزہ کے گرد تقریباً مساوی توانائی والے برقیاتی مجموعے کے مدار کی لی ہوئی جگہ ۔ (۲۳) سادہ کٹ کا ڈبہ جس پر چھپا ہوا کاغذ چپکا دیا جاتا ہے ۔ (۲۴) فلس ؛ چھلکا ۔ (۲۵) بکتر کی دھات کی پرت ۔ (۲۶) جھبا جو سیاہی کی دوری میں کاندھے پر ہوتا ہے ۔

In the shell : (۱) (مجازاً) نامکمل ؛ ادھورا ۔ (۲) بے سیا ہوا یا جو انڈے سے نہ نکلا ہو ۔

Shell : (v) (۱) چھیلنا ؛ چھلکا اتارنا یا اترنا ؛ بکل اتارنا یا اترنا ۔ (۲) دانے نکالنا؛ دانوں کو بالی سے الگ کرنا؛ بیج نکالنا ۔ (۳) غلاف یا خول چڑھانا ؛ غلاف یا خول مہیا کرنا ؛ خول وغیرہ سے پاٹ دینا ۔ (۴) گولا باری کرنا ؛ گولا اندازی کرنا ۔ (۵) (دھات وغیرہ کا) گولا اندازی کرنا ۔ (۶) سیپ یا گھونگے جمع کرنا ۔

Shell : (a) (۱) چھلکے دار ؛ کھوپرے دار ؛ پوست دار ۔ (۲) سیپی سے بنا ہوا ۔ (۳) کچھوے کے خول سے بنا ہوا ۔ (۴) خول نما؛ صدف نما ۔

Shell-back : (n) (۱) (جہازی عامیانہ) جفاکش یا تجربہ کار ملاح۔ (۲) ایک قسم کا کچھوا۔

Shell-bark : (n) لیمون کے درخت کی ایک بیماری۔

Shell-bark : (n) ایک قسم کا اخروٹ کا درخت۔

Shell-bit : (n) برما کرنے کی انی؛ سوراخ کرنے کی انی۔

Shell-breaker : (n) مثانے کی پتھری نکالنے کے عمل جراحی میں استعمال ہونے والا ایک آلہ۔

Shell-button : (n) غلافی بٹن (بوتام)؛ دھات کے گول بٹن جس کے اوپر کپڑا منڈھا ہوتا ہے۔

Shell-crest : (n) (بعض کبوتروں کے سرکی) گول کلغی۔

Shell-drake : (n) دیکھو Sheldrake

Shell-egg : (n) چھلکے دار انڈا (خشک یا سفوف انڈے کے مقابلے میں)۔

Shell-fire : (n) (۱) اگیا بیتال؛ غول بیاباں۔ (۲) گولہ باری۔

Shell-fish : (n) صدفی نیز کھپرے دار مچھلی؛ صدف مائی؛ حیوان صدف۔

Shell-flower : (n) ایک قسم کا پھول۔

Shell-game : (n) ایک قسم کا ٹھگنے والا کھیل؛ ہاتھ کی صفائی کا کھیل۔

Shell-gland : (n) بعض قشریوں کے خول کے نیچے کا اخراج کرنے والا غدہ۔

Shell-gold : (n) لکھنے یا نقاشی کرنے والا سونا۔

Shell-heap : (n) زمانہ قبل تاریخ کا کوڑا کرکٹ خصوصاً ہڈیوں اور کوڑیوں کا انبار۔

Shell-hole : (n) توپ کے گولے سے پیدا ہونے والا گڈھا۔

Shell-ice : (n) پانی کی سطح پر جمی ہوئی برف مگر پانی کے ہٹ جانے کی وجہ سے اس پر قائم نہ رہے۔

Shell-jacket : (n) نامکمل کوٹ یا جیکٹ (جو پیچھے تک پہنچتا ہے)۔

Shell-less : (a) بے پوست؛ بے خول۔

Shell-like : (a) خول نما؛ صدف نما۔

Shell-lime : (n) سیپی کا چونا۔

Shell-money : (n) کوڑیاں وغیرہ۔

Shell-mound : (n) دیکھو Shell-heap

Shell-out : (n) (بلیرڈ) Pyramid کھیل جس میں تین یا زیادہ اشخاص کھیلتے ہیں۔

Shell out : (n) (۱) ادا کرنا یا ہونا؛ بے باق کرنا یا ہونا؛ دے ڈالنا۔ (۲) (کاٹ کر) الگ کر دینا۔

Shell-plate : (n) جہاز یا بائلر کی بیرونی چادر۔

Shell-proof : (a) بم روک۔

Shell-pump : (n) دیکھو Sano-pump

Shell-road : (n) صدف کے خول سے بنائی ہوئی سڑک۔

Shell-sac : (n) دیکھو Shell-gland

Shell-shock : (n) اعصابی اختلال (جو جنگ میں گولہ باری وغیرہ سے پیدا ہو جاتا ہے)؛ جنگی خلل اعصاب۔

Shell-shock : (v) گولہ باری سے اعصابی اختلال پیدا کرنا۔

Shell-shocked : (a) اعصابی اختلال میں مبتلا۔

Shell-work : (n) سیپی کا کام (دیواروں وغیرہ پر)۔

Shellac : (n) [f. Shell + lac.] لاکھ؛ چپڑا لاکھ۔

Shellac : (v) (۱) لاکھ سے وارنش کرنا؛ لاکھ لگانا۔ (۲) شرمناک طور سے شکست دینا؛ ہرا دینا۔

Shelled : (a) (۱) چھلکے دار؛ خول دار۔ (۲) خول میں بھرا ہوا (کارتوس وغیرہ)۔

Sheller : (n) (۱) چھلکا اتارنے والا؛ بُکل اتارنے والا۔ (۲) چھلکا اتارنے کی مشین۔

Shelleyan : (a) [f. P.B. 'Shelly, the poet'.] شیلی (P.B.Shelly) کا یا اس کی شاعری سے متعلق۔

Shelleyan : (n) شیلی (شاعر) کا مداح۔

Shelleyism : (n) شیلی کا طرز؛ شیلیت۔

Shelleyite : (n) شیلی کا پیرو یا مداح۔

Shelling : (n) (۱) چھلکا اتارنا ؛ بُکل اتارنا ؛ بھوسا چھڑانا ؛ خول اتارنا۔ (۲) بھوسی ؛ چوکر۔ (۳) بھوسا نکالا ہوا اناج۔ (۴) بم باری ؛ گولہ باری ؛ گولہ اندازی۔ (۵) صدف جمع کرنا ؛ صدف چینی۔ (۶) انگور کی ایک بیماری۔

Shelly : (a) صدف دار ؛ سیپیوں سے بھرا ؛ گھونگوں بھرا ؛ پر صدف۔ (۲) صدف نما ؛ خول نما ؛ صدفی۔ (۳) کھپرے دار ؛ خول دار۔ (۴) صدف یا سیپی کا بنا ہوا۔

Shelp : دیکھو Selp

Shelta : (n) [Origin unkn.] غیر مفہوم زبان۔

Shelter : (n) [OE. 'Scieldtruma'.] (۱) پناہ ؛ پناہ گاہ ؛ جائے پناہ ؛ بچاؤ ؛ بچاؤ کی جگہ ؛ آڑ ؛ روک ؛ مسکن ؛ ملجا۔ (۲) مامن ؛ جائے امن ؛ حفاظت ؛ تحفظ۔ (۳) عارضی رہائش گاہ (جو بے گھر غریبوں کو مہیا کیا جائے)۔

To seek, find, take shelter : پناہ ڈھونڈنا ؛ پناہ لینا۔

Under the shelter of : پناہ میں۔

Shelter : (v) (۱) پناہ دینا ؛ امن دینا ؛ حفاظت کرنا ؛ محافظت کرنا۔ (۲) چھپانا ؛ محافظت کر کے بچانا (کسی الزام سے)۔ (۳) دامن پکڑنا ؛ پناہ لینا ؛ حفاظت میں آنا۔

To shelter oneself under, behind : کسی کے نیچے یا پیچھے پناہ لینا۔

Shelter-belt : (n) حفاظتی پٹی ؛ درختیوں یا جھاڑیوں کی قدرتی آڑ پودوں اور فصلوں کو ہوا سے بچانے کے لئے۔

Shelter-deck : (n) (مسافر بردار جہاز کا) چھوٹا عرشہ جو بغل سے بند مگر کنارے سے کھلا رہتا ہے ؛ حفاظتی عرشہ۔

Shelter-pit : (n) (فوج) چھوٹی خندق (جس میں صرف ایک آدمی پناہ لے سکے)۔

Shelter-tent : (n) چھوٹا خیمہ۔

Shelterer : (n) (۱) پناہ لینے والا۔ (۲) پناہ دینے والا۔

Shelterless : (a) (۱) بے پناہ ؛ غیر محفوظ۔ (۲) بے سایہ ؛ جو پناہ نہ دے سکے۔

Sheltery : (a) سایہ دار ؛ جہاں پناہ ملے۔

Sheltie/ Shelty : (n) [ON. 'Hjalti'.] شیٹ لینڈ کا ٹٹو۔

Shelve : (n) چٹان کے پہلو کا نکلا ہوا حصہ ؛ چھجا۔

Shelve : (n) Shelf کا صیغہ جمع۔

Shelve : (v) (۱) طاق یا چھجے پر رکھنا۔ (۲) (مجازاً) ملتوی کر دینا ؛ معرض التوا میں ڈال دینا ؛ ترک کرنا۔ (۳) موقوف کرنا ؛ برخاست کرنا ؛ نکال دینا۔ (۴) الماری میں تختے لگانا۔

Shelve : (v) [Back-formation f. 'Shelvy'.] (۱) ڈھلوان ہونا۔ (۲) ایک طرف سے جھکانا (گاڑی وغیرہ)۔

Shelving : (n) (۱) طاق یا تختے پر رکھنا ؛ الماری میں تختے لگانا۔ (۲) الماری بنانے کا سامان یا تختے۔ (۳) (مجموعی طور پر) الماریاں۔

Shelving : (n) ڈھلوان ہونا ؛ ڈھلوان سطح ؛ ڈھلوان۔

Shelving : (a) ڈھلوان۔

Shelvy : (a) آگے نکلا ہوا ؛ چھجا نما۔

Shemite : (n) دیکھو Semite

Shemitic : (a) دیکھو Semitic

Shemitish : (a) دیکھو Semitic

Shemitism : (a) دیکھو Semitism

Shemittah : (n) [Heb. 'Shemitteh'.] دیکھو Sabbatical year

Shemozzle / Schlemozzle : (n) [Of. Yeddish origin.] گڑ بڑ ؛ ابتری ؛ بد نظمی ؛ جھگڑا ؛ لڑائی۔

Shenango : (n) [f. the 'Chenango'.] (۱) گودی کا وقتی مزدور (جسے کام ختم ہونے پر مقرر کیا جائے)۔ (۲) نیویارک کے ایک دریا کا نام۔

Shenanigan : (n) [Origin unkn.] (۱) ترکیب ؛ چال ؛ دھوکا ؛ کسی خفیہ مقصد کے لئے توجہ منعطف کرنا۔ (۲) دل لگی بازی ؛ شوخی ؛ شرارت۔ (۳) ابلہ فریبی ؛ دھوکا ؛ فریب ؛ دغا۔ (۴) طرز عمل ؛ افعال ؛ خرمستیاں ؛ رنگ رلیاں ؛ ہڑبونگ۔

Shend : (v) [OE. 'Scendan'.] (۱) بے عزت یا ذلیل کرنا ؛ شرمندہ کرنا ؛ شرمانا۔ (۲) الزام لگانا ؛ الزام دھرنا ؛ سرزنش

کرنا ؛ ملامت کرنا ؛ ڈانٹنا ۔ (۳) سزا بھگتنا ؛ کئے کا پھل پانا ۔ (۴) برباد کرنا ؛ نقصان پہنچانا ۔

Shent : (a) ذلیل ؛ تباہ و برباد ؛ رسوا ۔

Sheol : (n) [Heb. 'Seol'.] یہودیوں کا عالم برزخ یا عالم اسفل ۔

Shepherd : (n) [OE. 'Sceaphierde'.] (۱) چوپان ؛ شبان ؛ گڈریا ؛ گلہ بان ۔ (۲) (مجازاً) پادری ؛ روحانی رہنما ؛ پیشوا ۔ (۳) خدا ؛ حضرت عیسیٰ (انجیل کی زبان میں)۔ (۴)گڈریے کا کتا ۔ (۵) دیکھو Shepherd's king ۔ (۶)(آسٹریلیا) کان کا وہ قطعۂ زمین جس میں اسے کھدائی کا حق ہے مگر وہ کھدائی نہیں کرتا ہے ۔ (۷)حکمراں (دنیوی)۔

Shepherd : (v) (۱) بھیڑیں چرانا ؛ بکریاں چرانا ؛ حفاظت و نگہداشت کرنا ۔ (۲) (مجازاً) نگہبانی کرنا ؛ رہنمائی کرنا ۔ (۳)(آسٹریلیا) (حق کان کنی) کی حفاظت کرنا (اس پر سطحی کام کر کے) ۔ (۴) (عام) نگاہ رکھنا ؛ نگرانی کرنا ؛ حرکات و سکنات پر نگاہ رکھنا ۔ (۵) (فوج) دشمن کو مشکل میں ڈالنا ۔ (۶) روحانی رہنمائی کرنا ۔

Shepherd-bird : (n) ایک قسم کا پرندہ ۔

Shepherd-dog : (n) گڈریا کا کتا ۔

Shepherd king : (n) (۱) مصر کے Manetho بادشاہان کا خطاب ۔ (۲) گڈریا بادشاہ ۔

Shepherdess : (n) (۱) گڈرنی؛ بھیڑ چرانے والی ۔ (۲)گڈرنی کی تصویر (چینی مٹی وغیرہ کے برتنوں پر) ۔

Shpherdless : (a) بے گڈریا ؛ بے گلہ بان ۔

Shepherdlike : (a) گڈریا نما ؛ گڈریا سے مشابہ ۔

Shepherd's bag : (n) (۱) ایک قسم کی چہار برگ گھاس ۔ (۲) ایک قسم کا متحجر خار پشت جو کھلی میں پایا جاتا ہے ۔

Shepherd's calender : (n) گڈریائی تقویم (جس میں موسمیاتی پیش گوئیاں ہوتی ہیں) ۔

Shepherd's calender : (n) ایک چھوٹا سا بارہ ماسی پودا جس کے پھول قرمزی رنگ کے ہوتے ہیں ۔

Shepherd's check : (n) سیاہ و سفید چار خانوں کا اونی کپڑا (چیک)۔

Shepherd's club : (n) ایک بوٹی جس کی پتیاں نرم روئیں دار ہوتی ہیں ، بوصیر ؛ سفید بھنگ ۔

Shepherd's dog : (n) گڈریا کا کتا ۔

Shepherd's needle : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Shepherd's-spider : (n) ایک قسم کا مکڑا ۔

Shepherd's-spinder : (n) ایک قسم کی پھائی جو آلو کے بھرتے اور گوشت کی آمیزش سے تیار ہوتی ہے ۔

Shepherd's pipe : (n) ایک قسم کی نے ؛ یا دیکھو Bagpipe ۔

Shepherd's purse : (n) دیکھو Shepherd's bag

Shepherd's spinder : (n) دیکھو Shepherd's-spider

Shepherd's staff/ -rod : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Shepstare : (n) [Shep(herd) + stare(ling).] ایک قسم کا پرندہ ۔

Sherardize : (v) [f. name 'Sherard' , cowper-coles.] لوہے کی چیزوں پر جست کی قلعی کرنا ۔

Sheraton : (a) [Name of Thomas Sheraton.] شراٹنی ؛ مکان کا سامان ؛ سادہ قسم کا فرنیچر جو طامس شراٹن نے انگلستان میں اٹھارھویں صدی عیسوی میں رائج کیا تھا۔

Sherbet : (n) [PErs. 'Serbet'.] (۱) شربت ۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی (پانی اور چینی کا مرکب جما ہوا اور لذیذ) ۔

Sherbet powder : (n) میٹھا سوڈا ، ٹارٹرک ترشہ اور چینی سے بنا اور مختلف ذائقوں والا سفوف ۔

Sherd : دیکھو Shard

Shereef : (n) [Arab. 'Sarif.] (۱) شریف ؛ سید ؛ آل نبی ؛ اولاد علی ۔ (۲) مکہ معظمہ کا حاکم اعلیٰ ؛ شریف مکہ ؛ مراقش کا بادشاہ ۔

Shereefa : (n) مراقش کے بادشاہ کی بیوی ، ملکہ ۔

Shereefian : (a) مراقش کے بادشاہ سے متعلق ۔

Sheriff : (n) [OE. 'Scirgerefa'.] شیرف ؛ انگریزی کونٹی یا شائر کا افسر اعلیٰ جس کے ذمے امن قائم رکھنا اور عدالتوں کی نگرانی میں عدل و انصاف عمل میں لانا ہوتا ہے اور جو

پارلیمانی انتخابات وغیرہ میں صدر ہوتا ہے اور شاہی قلمرو کے نظم و نسق کا ذمہ دار ہوتا ہے ۔

Sheriff wick : (n) (۱) شیرف کا علاقہ یا حدود ارضی ۔ (۲) شیرف کا عہدہ ۔

Sheriffalty : (n) شیرف کا عہدہ : شیرف کی میعاد کارکردگی ۔

Sheriffoy : (n) دیکھو Sheriffalty

Sheriffdom : (n) دیکھو Sheriff wick

Sheriff's clerk / Sherif- : (n) شیرف کی عدالت کا محرر ۔

Sheriff's officer : (n) افسر جو شیرف کے حکمناموں کی تعمیل کرتا ہے ۔

Sherlock : (v) (۱) شرلاک ہومز (Sherlock Holmes) کی طرح مشاہدہ کرنا اور استخراج کرنا ۔ (۲) جاسوس کا کام کرنا ؛ جاسوسی کرنا ۔

Sherlock Holmes : (n) (۱) جاسوس : خبر رساں (خصوصاً جس میں استخراج یا انکشاف نمایاں صلاحیت ہو) ۔ (۲) انکشاف یا دریافت کی غیر معمولی صلاحیت رکھنے والا شخص ۔

Sherpa : (n) [Native word.] (۱) ہمالیہ کی جنوبی نشیب میں رہنے والے تبتی ۔ (۲) شرپا لوگوں کا ایک رکن ۔

Sherra : (n) دیکھو Sheriff

Sherried : (a) شیری (شراب) کی چاشنی ۔

Sherris : (n) [Sherries, old pronounciation of Xeress (New Jerez).] دیکھو Sherry

Sherris-sack : (n) ہسپانیہ (Jerez) کی سفید شراب ۔

Sherry : (n) [alt. of Sherris.] شیری : جنوبی ہسپانیہ یا زیرے (Zeres, Jerez) کی سفید شراب ۔

Sherry-cobbler : (n) برف میں لگی ہوئی شراب یا مشروب جو تنکے کے ذریعے پیا جاتا ہے ۔

Sherryvallies : (n) [Pol. 'Szarawary'.] مخمل یا چمڑے کا بنا اوپری لباس جو پتلون کے اوپر پہنا جاتا ہے کیچڑ وغیرہ سے بچنے کے لئے ۔

Sheth : (n) [WFlem. 'Schet, Schette'.] (۱) لکڑی کی پتلی پٹی : سلاخ ۔ (۲) (کان کنی اور زراعت) قطار : دھاری ۔

Shetland : (n) جزائر شٹ لینڈ : چند چھوٹے چھوٹے جزیروں کے مجموعے کا نام جو اسکاچستان کے شمال مشرق میں واقع ہیں ۔

Shetland pony/ -horse : (n) شیٹ لینڈی یابو ، گھوڑا ۔

Shetland wool : (n) شیٹ لینڈ کی بنی اون : باریک اور نفیس قسم کی اون ۔

Shetlander : (n) (۱) شٹ لینڈی : شیٹ لینڈ جزیرے کا باشندہ ۔ (۲) شیٹ لینڈی یا بو ، ٹٹو ۔

Sheugh/ Sheuch : (n) [ME. 'Sough'.] (۱) تنگ گہائی : نالا ۔ (۲) خندق ۔

Sheugh : (v) (۱) خندق یا نالا بنانا ۔ (۲) چھپا دینا : بھر دینا ۔

Sheva : (n) [Rabbinic Heb. 'Sewa'.] (۱) (عبرانی قواعد) حرف صحیح کے نیچے یہ نشان (ְ) حرف علت کی غیر موجودگی ظاہر کرنے کے لئے ۔ (۲) (صوت) حرف علت خفیف کی آواز ۔

Movable sheva : حرف علت خفیف ۔

Shewbread : (n) [G. 'Schaubrot'.] وہ بارہ روٹیاں جو یہودیوں کے کنیسوں میں رکھی جاتی تھیں اور ہفتہ کے آخر میں انہیں صرف خادم قربان گاہ کھاتے تھے ۔

Sheyle : (v) [OE. 'Sceol'.] آنکھوں کو ترچھا کر کے دیکھنا : عادتاً ترچھی نظر سے دیکھنا ۔

Shiah : (n) [Arab. 'Sial.'] شیعہ ۔

Shibah/ Shivah/ Shiva : (n) [Heb. 'Shibhah'.] سات دنوں کا روایتی ماتم جو کسی کی موت پر یہودی کرتے ہیں ۔

Shibboleth : (n) [Heb. 'Sibbolet'.] (۱) لفظ یا کلمۂ امتیازی ۔ (۲) کسی جتھے کا خاص کلمہ یا لفظ ۔ (۳) دقیانوسی ، فرسودہ یا متروک خیال : عادت ، رسم وغیرہ ۔ (۴) پرانی دھرائی فرسودہ بات یا قول ۔ (۵) (مجازاً) نظر گیر لفظ اپنی جماعت کے مقلدین یا حامیوں کو جاننے کے یا غیر مقلدین کو اپنی جماعت سے نکال دینے کے لئے ۔

Shicer : (n) [G. 'Scheisser'.] (آسٹریلیا) غیر زر خیز کان ۔

Shick : (a) [Yiddish. 'Shiker'.] (آسٹریلیا) مخمور : نشے میں دھت ۔

Shicker/ Shickered : (a) مخمور : پئے ہوئے : مست ۔

Shicker : (n) (عامیانہ) شرابی ؛ میخوار ۔

Shiel : (n) [ME. 'Shale'.] (۱) عارضی مکان ۔ (۲) چھوٹا مکان ؛ تنگ و تاریک گھر ؛ جھونپڑا ۔

Shield : (n) [OE. 'Sceld, Scield'.] (۱) سپر ؛ ڈھال ۔ (۲) حفاظتی پلیٹ ؛ سپر ؛ روک ؛ آڑ (مشین میں) ۔ (۳) حمایت ؛ پناہ ۔ (۴) حمایتی ؛ محافظ ؛ نگہبان ۔ (۵) (حیوانیات) سپر ؛ سپر نما عضو یا حصہ ۔ (۶) (نقابت) سپر یا ڈھال جس پر کسی شخص یا خاندان کا مارکہ بنا ہوتا ہے ۔ (۷) مختلف رنگوں والے کبوتر کی ایک جنس ۔ (۸) (امریکہ) پولیس کا بلا ۔ (۹) سپر نما چیز ۔ (۱۰) (نباتیات) کائیوں کا بدر کاسہ ۔ (۱۱) (کارد گری) ایک چھوٹی دھات کی پلیٹ یا تختی جو چھری کے دستے میں لگی رہتی ہے بطور آرائش یا اس پر مالک کا نام کھودے جانے کی غرض سے ۔ (۱۲) محدب سطح ۔ (۱۳) سپر کی شکل کی آرائشی پلیٹ ۔ (۱۴) حفاظتی پناہ گاہ ۔ (۱۵) مزدوری کی حفاظت کے لئے قائم کیا ہوا چوکھٹا ۔

Shield : (v) (۱) بچانا ؛ حفاظت کرنا ؛ حفاظت میں لینا ؛ امن دینا ۔ (۲) پناہ دینا (اس میں اکثر الزام یا سزا سے بچانے کے لئے اخفائے حقیقت کے معنی مضمر ہوتے ہیں ۔

Shield-arm : (n) بایاں ہاتھ ۔

Shield-bearer : (n) سپر بردار ۔

Shield-bud : (n) اکھوا اور اس کے گرد کی چھال (پیوند کاری کے لئے) ۔

Shield-fern : (n) مختلف قسم کے فرن کا نام ۔

Shield-of-arms : (n) سپر جس پر نقابتی نشان ہو ۔

Shield of pretence : (n) کسی نقابتی نشان کے اندر دوسرا نقابتی نشان ۔

Shield-shaped : (a) سپر نما ۔

Shielded : (a) (۱) سپر دار ۔ (۲) (بعض) سخت کھپروں والے (جانور) ۔ (۳) سپر بردار ۔ (۴) سپر کے ذریعے محفوظ ۔

Shieldless : (a) بے سپر ؛ بے ڈھال ۔

Shieling /Shealing : (n) (۱) چراگاہ ؛ مرغزار ؛ (پہاڑی علاقے میں) ۔ (۲) چراگاہ کے نزدیک بنی جھونپڑی (پہاڑی علاقے میں تحفظ کے لئے) ۔

Shift : (n) (۱) تبدیلی ؛ انتقال مکان ۔ (۲) تبدیلئ مزاج ۔ (۳) تبادلہ ۔ (۴) تغیرات ؛ نشیب و فراز ۔ (۵) ادل بدل ؛ باری باری سے بدلنا ؛ دور ۔ (۶) (مردوروں کی) بدل چوکی ؛ اس کا وقت معینہ ؛ نوبت ؛ شفٹ ۔ (۷) نئی ترکیب ؛ حکمت ؛ مصلحت ۔ (۸) چالاکی ؛ عیاری ؛ دم بازی ۔ (۹) ٹال مٹول ؛ گول مول بات ۔ (۱۰) قمیص ۔ (۱۱) (تعمیرات) اینٹ کی چنائی میں ایسی ترکیب کہ ایک قطار کے جوڑ دوسری قطار کے جوڑوں سے نہ ملیں ؛ جوڑ شکن چنائی ۔ (۱۲) تدبیر ؛ ترکیب ؛ چارۂ کار ۔ (۱۳) فصلوں کا پھیر پھیر ۔ (۱۴) ہوا کی تبدیلی ۔ (۱۵) طبقہ یا چٹ کا نقص ۔ (۱۶) (وائلن بجانے میں) انگلیوں کے دباؤ کا بدلنا ۔ (۱۷) (کان کنی) معمولی نقص زمین کے پرت میں ۔

One's (or the) last shift : آخری تدبیر ؛ آخری سہارا ۔

To be at one's last shift(s) : (۱) زچ ہونا ۔ (۲) (مجازاً) موت کے قریب ہونا ۔ (۳) آخری تدبیر پر مجبور ہونا ۔

To make shift or a shift : ترکیب کرنی ؛ سبیل نکالنا ؛ کسی نہ کسی طرح کام چلانا ۔

To put , drive, reduce to the last shift : انتہا کو پہنچا دینا ؛ آخری تدبیر کرنے پر مجبور ہونا ۔

Shift : (v) (۱) بدلنا ؛ پلٹنا ؛ تغیر و تبدیل کرنا ؛ تبدیلی کرنا ۔ (۲) تبادلہ کرنا ۔ (۳) منتقل کرنا یا ہونا ۔ (۴) کسب معاش کی صورت نکالنا ؛ کسی طرح سے بھی گزر کرنا ۔ (۵) بری بھلی طرح کام نکالنا ؛ جو بن پڑے کرنا ۔ (۶) (کسی کام کی) ترکیب نکالنا ؛ رستہ نکالنا ؛ سبیل نکالنا ؛ جتن کرنا ۔ (۷) گول مول بات کرنا ؛ گول مول جواب دینا ؛ ٹال جانا ۔ (۸) تقسیم کرنا ؛ حصہ لگانا ۔ (۹) اپنی حفاظت ، مفاد یا معاش کا انتظام کرنا ؛ اپنی محنت پر بھروسا کرنا ۔ (۱۰) کپڑے یا لباس تبدیل کرنا ۔ (۱۱) سین یا منظر بدل دینا یا بدل جانا ۔ (۱۲) (بحری) (بادبان، مستول وغیرہ کی رسی ، سکان وغیرہ کا) مقام بدلنا ۔ (۱۳) (سامان جہاز وغیرہ کا) اپنی جگہ سے ہٹ جانا جس سے جہاز کا توازن قائم نہ رہ سکے ۔ (۱۴) (ہوا وغیرہ کا) سمت یا رخ بدلنا ۔ (۱۵) (کسی شخص کو) اپنے رستے سے ہٹانا ۔ (۱۶) (عام) (دشمن کو) ہٹا دینا ؛ (گھوڑے کا) سوار کو پٹخ دینا ۔ (۱۷) مکان بار بار بدلنا ۔ (۱۸) ہٹ جانا ؛ الگ ہو جانا ؛ کھسک جانا ۔

To shift for oneself : (۱) بری بھلی طرح کام نکالنا ؛ جو بن پڑے کرنا ۔ (۲) اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا ۔

To shift gears : (۱) (موٹر کے) گیرندہ کو بدلنا ۔ (۲) (مجازاً) طرز یا رفتار بدلنا ؛ نظریہ بدلنا ۔

To shift one's ground : بحث بدل دینا : بحث وغیرہ میں دوسری صورت نکالنا۔

To shift the helm : سکان یا پتوار بدلنا۔

Shift of butts : (n) جہاز کے تختوں کی ترتیب۔

Shift off : (v) (۱) ٹال جانا؛ اڑا جانا۔ (۲)(کسی شخص سے) چھٹکارا پانا۔ (۳) ذمہ داری وغیرہ سے بچنا یا دوسرے پر ٹال جانا۔

Shiftable : نقل پذیر : تبدیل پذیر۔

Shifter : (n) (۱) گول مول بات کرنے والا : ٹال جانے والا۔ (۲) بدلنے والا: تبدیلی کرنے والا۔ (۳)(دھات کی) کان کے مزدوروں کا پیش دست یا داروغہ۔ (۴) تبدیلی کرنے والا آلہ۔ (۵) (بحری) جہاز کے باورچی کا معاون۔

Shiftful : (a) چالاک : کائیاں : ہوشیار : دغا باز۔

Shiftily : (adv.) عیارانہ : مکارانہ۔

Shiftiness : (n) عیاری : مکاری : فن فریبی۔

Shifting : (a) (۱) بدلنے والا : تبدیل پذیر : نقل پذیر : تغیر پذیر۔ (۲) عیار : مکار : فریبی۔

Shifting accent : (n) تغیر پذیر تاکید۔

Shifting ballast : (n) جہاز کا توازن برقرار رکھنے والی کوئی نقل پذیر بھاری چیز۔

Shifting centre : (n) دیکھو Metacentre

Shifting stress : (n) دیکھو Shifting accent

Shifting use : (n) نقل پذیر تصرف۔

Shiftingly : (adv.) ٹال مٹول سے : عیارانہ : مکارانہ۔

Shiftingness : (n) (۱) عیاری : مکاری : فریب۔ (۲) نقل پذیری : تبدیل پذیری۔

Shiftless : (a) (۱) بے نوا : بے تدبیر : نا اہل : کاہل۔ (۲) بے اثر : بے کار۔

Shiftlessly : (adv.) بے تدبیری سے : بری طرح۔

Shiftlessness : (n) بے تدبیری۔

Shifty : (a) (۱) پر تدبیر : پر ترکیب۔ (۲) چالاک : عیار : مکار۔

Shiite : (n) شیعہ : اہل تشیع۔

Shiitic : (a) شیعہ سے متعلق۔

Shikar : (n) [Pers. 'Sikar'.] شکار۔

Shikar : (v) شکار کرنا : شکار کھیلنا۔

Shikara : (n) (۱) عہد وسطیٰ کا ہندوستانی مندر۔ (۲) کشمیری کشتی : شکارا۔

Shikasta : (n) [Pers.] شکستہ تحریر۔

Shikii : (n) [Jap.] (۱) موٹا ریشمی سوت یا دھاگا۔ (۲) ایک قسم کا موٹا ریشمی کپڑا۔

Shiko : (n) [Burmese 'Sikho'.] برمیوں کی کورنش۔

Shiko : (v) برمی طرز میں کورنش بجا لانا۔

Shikra : (n) [Pers.] شکرا : ہندوستان کا چھوٹا باز۔

Shiksa/ Shikse / Shicksa : (n) [Yeddish. 'Shikse'.] (۱) غیر یہودی لڑکی۔ (۲) آزاد خیال یہودی لڑکی۔

Shilfa : (n) [Origin unkn.] دیکھو Chaffinch

Shill : (n) پھانسنے والا : ورغلانے والا : ٹھگ کا شریک۔

Shill : (v) پھانسنا : دام میں لانا : فریب سے پکڑنا۔

Shillaber : (n) [Origin unkn.] دیکھو Shill

Shillelagh / Shillelah : (n) [Name of a barony and village in Co. Wicklow.] (آئرستان) شاہ بلوط یا Blackthorn کا سونٹا۔

Shillibeer : (n) [after George Shillibeer.] کرایہ کی گاڑی جسے گھوڑے کھینچتے ہیں۔

Shilling : (n) [OE. 'Scilling'.] شلنگ : ایک برطانوی سکہ جو پونڈ کا بیسواں حصہ تھا۔

Double shilling : ولندیزی فلورین یا گیلڈر (سکہ)۔

To cut off with a shilling : قصداً محروم الارث کر دینا۔

To take the shilling, the king's (or queen's) shilling : فوج میں بھرتی ہونا۔

Shilling shocker : (n) (۱) سنسنی خیز ناول۔ (۲) ناول جس کے موضوع جرم و تشدد ہوں۔

Shillingsworth : (a) ایک شلنگ کا۔

Shilly-shally : (a) مذبذب : ڈانواں ڈول ۔

Shilly-shally : (n) تذبذب : ڈانواں ڈول ہونا ؛ شش و پنج ؛ ڈگڈا ؛ پس و پیش ؛ اگر مگر ؛ سوچ بچار۔

To stand shill I shall I : مذبذب ہونا ؛ ڈانواں ڈول ہونا ؛ پس و پیش میں ہونا۔

Shilly-shally : (v) مذبذب ہونا ؛ ڈانواں ڈول ہونا ؛ شش و پنج میں ہونا ؛ پس و پیش میں ہونا۔

Shally-shallyer : (n) تذبذب کرنے والا ؛ پش و پیش کرنے والا۔

Shilpit : (a) [Origin unkn.] لاغر ؛ ضعیف ؛ ناتواں ؛ کمزور۔

Shim : (n) [Origin unkn.] (۱) فانہ ؛لجر۔ (۲) پچر ؛ شِم۔

Shim : (v) پچر لگانا۔

Shim-sham shimmy : (n) [redupl of Shimmy.] ایک قسم کا رقص۔

Shimmer : (n) ٹمٹماہٹ ؛ دھیمی لرزاں روشنی۔

Shimmer : (v) ٹمٹمانا ؛ جھلکنا ؛ چمکنا ؛ مدھم طور پر چمکنا۔

Shimmer : (v) پچر لگانا۔

Shimmy : (n) دیکھو Chemise

Shimmy : (n) [Origin unkn.] (۱) ناچنے کاایک طریقہ۔ (۲) غیر معمولی طور پر جھولنا۔

Shimmy shirt : (n) قمیص ؛ کرتا۔

Shimose : (n) [after Masachika shimonosek.] جاپان کا ایک آتش گیر مادہ۔

Shimper : (v) دیکھو Shimmer

Shin : (n) [OE. 'Scinu'.] (۱) مقدم ساق ؛پنڈلی کا اگلا حصہ ؛ پیش ساقہ ؛ قصبہ۔ (۲) گائے کی ٹانگ کا نچلا حصہ۔

Shin : (v) (۱) درخت ، دیوار وغیرہ پر چڑھنا (ہاتھوں اور ٹانگوں کے بل)۔ (۲) پنڈلی پر لات یا ٹھوکر مارنا ؛ فٹ بال میں حریف کی پنڈلی پر ٹھوکر لگانا۔ (۳) تیزی سے پیدل چلنا۔

Shin-bone : (n) [OE. 'Scinbah'.] نلی ؛ پنڈلی کی نلی۔

Shindig : (n) (۱) تقریب ؛ جشن ؛ رنگ رلیاں ؛ عیش و نشاط۔ (۲) ہنگامہ ؛ فساد ؛ غل غپاڑہ۔

Shindy : (n) [Alt. of 'Shinty'.] (۱) دیکھو Shinty۔ (۲) رنگ رلیاں ؛ غل غپارہ ؛ جشن۔ (۳) جھگڑا ؛ فساد ؛ ہنگامہ۔

To kick up a shindy : ہنگامہ یا فساد برپا کرنا۔

Shine : (n) (۱) روشنی ؛ چمک دمک ؛ کھلا موسم (جب مطلع صاف ہو)۔ (۲) فریب ؛ دھوکا۔ (۳) شان و شوکت۔

To cut a shine : کسی سے بڑھ جانا ؛ سبقت لے جانا۔

To take the shine out of : کسی شے کی چمک دمک مدھم کر دینا ؛ کسی شے کی مدت یا رونق زائل کر دینا۔

Shine : (n) (۱) دعوت ؛ صحبت ؛ جلسۂ یاراں۔ (۲) ہنگامہ ؛ فساد ؛ گڑ بڑ۔ (۳) (جمع) فریب ؛ دھوکا۔

To take a shine to : مائل ہونا ؛ راغب ہونا ؛ لٹو ہونا ؛ ریجھنا۔

Shine : (v) (۱) چمکنا ؛ روشنی ہونا یا روشنی آنا ؛ تاباں ہونا ؛ درخشاں ہونا ؛ رونق دار ہونا ؛ با رونق ہونا۔ (۲) چمکنا یعنی نمایاں ہونا؛ ممتاز ہونا ؛ سبقت لے جانا۔ (۳) چمکانا ؛ چمک دار بنانا ؛ پالش کرنا (جوتوں ، دھات وغیرہ پر)۔ (۴) (شکار) (لالٹین وغیرہ کی) روشنی ڈالنا (جانوروں کی آنکھوں پر)؛ شکار کا پتا لگانا۔

To shine upon : موافق ہونا (ستارہ وغیرہ)۔

Shine up : (v) غور سے دیکھنا ؛ گھورنا (خصوصاً مخالف جنس کو)۔

Shiner : (n) (۱) چمکنے والا؛ دمکنے والا؛ چمکانے والا (جیسے پالش وغیرہ)۔ (۲) (عام) سکہ خصوصاً پونڈ ، گنی۔ (۳)(جمع) مال ، دولت۔ (۴) آئینہ خصوصاً وہ جو جعل ساز تاش کے کھیل میں استعمال کرتے ہیں۔ (۶) کپڑے کی چمکیلی دھاری۔ (۷) کاغذ میں چمکیلا دھبا۔

Shingle : (n) [ME. 'Scincle, Scingle'.] (۱) کاٹھ کھپریل : چوبی کھپرا (چھت چھانے کا) : توفال ۔ (۲) تختہ ۔ (۳) چھوٹا سائن بورڈ ۔ (۴) خشخشہ بال ۔

Shingle : (n) [Origin unkn.] (۱) چھوٹے گول پتھر یا کنکر (سمندر کے کنارے) ۔ (۲) ساحل یا دوسرا رقبۂ زمین گول بھربھرے کنکروں سے بھرا ہوا ۔

Shingle : (v) (۱) چھت بندی کرنا : چھت چھانا ۔ (۲) خشخشی بال کاٹنا : سر کے بال اس طرح کاٹنا کہ بالوں کے سرے چوبی کھپریل کی طرح ہو جائیں ۔

Shingle : (v) (لوہے کا کام) لوہے کے گولے کو پیٹ کر خالص بنانا ۔

Shingle weaver : (n) چوبی کھپرا بنانے اور سجانے والا ۔

Shingler : (n) لوہے کو پیٹ کر خالص بنانے والا آدمی یا مشین ۔

Shingler : (n) چھت بندی کرنے والا ۔

Shingles : (n) غلۂ منطقی : منطقہ : ایک جلدی مرض جس میں جسم پر کمر کی دائیں جانب چکتے پڑ جاتے ہیں اور ان میں سوزش ہوتی ہے۔

Shingly : (a) گول پتھروں سے بھرا : کنکر دار ۔

Shininess : (n) چمک دمک ۔

Shining : (a) (۱) چمک دار : چمکیلا ۔ (۲) درخشاں : ضو فشاں : ضیا بار : منور : فروزاں ۔

To improve the shining hour : وقت سے فائدہ اٹھانا ۔

Shining light : (n) نمایاں شخص ۔

Shiningly : (adv.) چمکتے ہوئے : صاف طور پر ۔

Shiningness : (n) چمک دمک : تابانی : درخشانی : ضو فشانی : ضیا باری ۔

Shinny : (n) (۱) ہاکی کی طرح کے ایک کھیل کا نام نیز ہاکی کا گیند اور بلا ۔ (۲) برف پر کھیلی جانے والی ہاکی ۔

Shinto : (n) [Jap.] شنٹو : قدیم جاپانی مذہب : جاپانی مت (بودھ مت نے اسے قدرے پسپا کر دیا ہے) ۔

Shintoism : (n) شنٹومت (جو بادشاہ پرستی یا اسلاف پرستی پر مبنی ہے) ۔

Shintoist : (n) شنٹو پرست : شنٹو مت کا معتقد ۔

Shintoistic : (a) شنٹو مت سے متعلق ۔

Shinty : دیکھو Shinny

Shiny : (a) (۱) تاباں : روشن : چمکیلا : چمکدار : آبدار ۔ (۲) منجھا یا رگڑا ہوا : جو اس قدر مانجھا یا رگڑا گیا ہو کہ چمک پیدا ہو جائے ۔

Ship : (n) [OE. 'Scip'.] (۱) جہاز : سفینہ ۔ (۲) کشتی خصوصاً دوڑ کی کشتی ۔ (۳) جہاز نما برتن یا زیور وغیرہ ۔ (۴) جہاز کا عملہ ۔ (۵) خوش بختی : خوش حالی ۔ (۶) ہوائی جہاز ۔ (۷) ملک : ملکیت : ریاست ۔ (۸) جہاز کی کمپنی یا ملاح ۔

Battle ship : مسلح جہاز : جنگی جہاز ۔

Flag ship : جہاز جس پر امیرالبحر کام کر رہا ہو ۔

King's ship : (۱) شاہی بیڑا ۔ (۲) جنگی جہاز ۔ (۳) شاہی بحریہ کا جہاز ۔

Merchant ship : تجارتی جہاز ۔

Sailing ship : بادبانی جہاز ۔

Steam ship : دخانی جہاز ۔

To take ship : گھونٹ گھونٹ پینا : تھوڑا تھوڑا کر کے پینا ۔

War ship : جنگی جہاز ۔

When one's ship comes home (or in) : خوش حالی کے دنوں میں ۔

Ship : (n) دیکھو Companionship

Ship : (v) (۱) جہاز پر سوار کرنا یا چڑھانا : جہاز پر پار کرنا یا لادنا : جہاز کے رستے روانہ کرنا : جہاز میں بھر کر بھیجنا ۔ (۲) جہاز میں ملازم ہونا یا رکھنا ۔ (۳) جہاز میں سوار ہونا یا جہاز سے روانہ ہونا ۔ (۴) جگہ یا ٹھکانے پر رکھنا : نصب کرنا (جہاز میں مستول ، چپو وغیرہ) ۔ (۵) ریل یا دوسرے ذرائع سے مال بھیجنا : (مجازاً) بھیج دینا ۔ (۶) پہننا (کپڑے) : بوجھ اٹھانا ۔ (۷) بدلنا : تبدیل کرنا ۔

-ship : (suffix) لاحقہ اسمائے کیفیت کے بنانے کے لئے آتا ہے ۔

Ship borer : (n) جہازی کیڑا جو جہاز کے پیندے کو کھوکھلا کر دیتا ہے : پونکا ۔

Ship borne : (n) جہاز سے لے جایا جانے والا ۔

Ship bound : (a) جہاز تک محدود ۔

Ship breaker : (n) وہ ٹھیکہ دار جو اپنے جہاز کو توڑتا اور اس کے ٹکڑے بیچ ڈالتا ہے ۔

Ship-broker : (v) جہازی دلال : جہازی گماشتہ : جہازی بیمہ کرنے والا ۔

Ship-brokerage : (n) جہازی دلال ۔

Ship-builder : (n) جہاز ساز ۔

Ship-building : (n) جہاز سازی ۔

Ship canal : (n) جہازی آبنائے : جہازی نہر : وہ مصنوعی نہر جس میں جہاز اندرون ملک پہنچ سکیں ۔

Ship-carpenter : (n) جہاز بنانے یا مرمت کرنے والا بڑھئی ۔

Ship-carpentry : (n) جہازی نجاری ۔

Ship-chandler : (n) جہاز کا سامان مثلاً رسی ، بادبان وغیرہ بیچنے والا ۔

Ship-chandlery : (n) جہاز کا سامان مثل رسی ، بادبان وغیرہ بیچنا ۔

Ship-fever : (n) جہازی بخار : ٹائی فس ۔

Ship-ladder : (n) جہاز پر اترنے چڑھنے کی سیڑھی ۔

Ship-load : (n) (۱) بار جہاز ۔ (۲) جہاز بھر ۔

Ship-money : (n) جہازی محصول : محصول بحری : جو بیڑے کے لئے جہاز مہیا کرنے کے لئے لگایا جاتا تھا : چارلس اول نے جب اس کی تجدید کرنی چاہی تو Great Rebellion واقع ہوا ۔

Ship of the dersert/ Desert ship : (n) اونٹ ۔

Ship of Guinea/ Guinea ship : (n) (جہازیوں کی اصطلاح میں) تیرنے والی یا تیرتی ہوئی فالودہ مچھلی ۔

Ship-owner : (n) جہاز یا جہازوں کا مالک یا وہ شخص جو جہاز کے حصص کا مالک ہو ۔

Ship-papers : (n) جہازی دستاویزیں جن سے جہاز کی ملکیت ، قومیت اور سامان کی نوعیت وغیرہ معلوم ہو ۔

Ship-plate : (n) گھٹیا قسم کی لوہے کی چادر ۔

Ship-railway : (n) جہازی ریل ، ریل جس پر جہاز کو پانی سے باہر لاتے ہیں (مرمت وغیرہ کے لئے) ۔

Ship-rat : (n) جہاز پر پایا جانے والا چوہا ۔

Ship-rigged : (a) سہ مستولی جہاز : وہ جہاز جس میں تین یا تین سے زیادہ مستول ہوں اور ان پر بہت سے بادبان لگے ہوں ۔

Ship-shape : (a) خوش ترتیب : آراستہ و پیراستہ : صاف ستھرا : اچھی حالت میں : ٹھیک ٹھاک ۔

Ship-shape : (n) خوش ترتیبی : صاف ستھرا پن ۔

Ship-stuff : (n) (۱) گھٹیا قسم کا آٹا جس میں چوکر زیادہ ہو ۔ (۲) گیہوں کا چوکر جو مویشیوں کو کھلایا جاتا ہے ۔

Ship-timber : (n) جہاز سازی کی لکڑی ۔

Ship way : (n) (۱) وہ سہارا جس پر جہاز بنایا جاتا ہے ۔ (۲) جہازی نہر ۔ (۳) وہ سہارا جو مرمت کے وقت جہاز کے نیچے خشک گودی میں لگایا جاتا ہے ۔

Ship worm : (n) دیکھو Ship borer

Ship-wreck : (n) (۱) جہاز کی تباہی (طوفان سے یا چٹان سے ٹکرا کر یا غرقابی سے) ۔ (۲) شکستہ جہاز یا اس کے سازو سامان ۔ (۳)(مجازاً) تباہی : بربادی : نقصان ۔

To make shipwreck of : نقصان اٹھانا : تباہ کر ڈالنا ۔

Ship-wreck : (v) (۱) جہاز کو تباہ کر ڈالنا ۔ (۲) (مجازاً) پامال ہونا یا کرنا ۔

Shipful : (n) جہاز بھر ۔

Shiplap : (n) (۱) جہاز کے پیندے کی حفاظتی چادر جس کے کٹاؤ میں تختوں کا سرا اس طرح بٹھایا جاتا ہے کہ ایک تختہ دوسرے پر چڑھا رہتا ہے ۔

Shipless : (a) بے جہاز ۔

Shiplet : (n) چھوٹا جہاز ۔

Shipletter : (n) خط جس کو ڈاک کا جہاز نہ لے جائے بلکہ کوئی غیر سرکاری جہاز لے جائے ؛ خط جو بذریعہ جہاز بھیجا جائے ۔

Shipman : (n) (۱) ملاح ۔ (۲) جہاز کا کپتان ۔

Shipmaster : (n) (۱) جہاز کا کپتان یا کمانڈر ۔ (۲) جہاز کا مالک ۔

Shipmate : (n) (۱) کسی جہاز کا ہم سفر ۔ (۲) جہاز کے ملازمین و متعلقین ایک دوسرے کے Shipmate ہیں ؛ ہم جہاز ۔

Shippage : (n) (۱) جہاز کی لدائی (مال) ۔ (۲) جہاز کی لدائی کا محصول ۔ (۳) دیکھو Shipment ۔

Shippen : (n) [ME. 'Shipen'.] مویشی رکھنے کا سائبان ؛ گاؤ ساله ۔

Shipper : (n) [Late OE. 'Scipere'.] (۱) جہاز کے ذریعے مال بھیجنے یا منگوانے والا ۔ (۲) جہاز سے بھیجا جانے والا مال یا جو بھیجنے کے لائق ہو ۔ (۳) (میکانیات) پٹے کو ایک چرخی سے دوسری چرخی پر بدلنے کی ایک ترکیب ۔ (۴)(امریکا) ریل یا دوسری سواری کے ذریعے مال بھیجنے والا ۔ (۵) وہ ڈبہ یا بکس جس میں رکھ کر مال بھیجا جاتا ہے ۔

Shipping : (n) (۱) جہاز کی بھرائی یا لدائی ؛ جہاز باری ۔ (۲) جہازی مال ؛ مال جو جہاز پر بار کیا گیا ہو ۔ (۳) جہاز (کسی ملک کے مجموعی تعداد میں)۔

Shipping agent : (n) جہازی ایجنٹ ؛ جہازی کا رندہ ۔

Shipping articles : (n) جہازی ملازمت کی شرطیں (مابین کپتان و ملازمین) ۔

Shipping-bill : (n) جہازی مال کی بلٹی ۔

Shipping-department : (n) دفتر بار کاری ؛ مال لدائی کا دفتر ۔

Shipping-fever : (n) جہازی بخار ؛ ٹائفس ۔

Shipping-mark : (n) جہاز کے مال کا شناختی نشان ۔

Shipping-master : (n) وہ افسر جس کے بالمواجہ جہازی ملازمت کی شرائط پر دستخط کئے جاتے ہیں ۔

Shipping-office : (n) (۱) دفتر افسر جہاز یا جہاز کے ایجنٹ کا دفتر، دفتر جہاں ملاح بحری سفر کے معاہدے پر دستخط کرتے ہیں ۔ (۲) دفتر جہاں جہاز کے ایجنٹ مال بھیجے جانے کے لئے وصول کرتے ہیں ۔

Shipping papers : (n) دیکھو Ship papers

Shippon : (n) دیکھو Shippen

Shippound : (n) [MLG. 'Schippunt'.] وزن کی ایک اکائی جو تین سو سے چار سو تک پونڈ کے برابر ہوتی ہے ۔

Ship's articles : (n) دیکھو Shipping articles

Ship('s) biscuit : (n) جہازی بسکٹ ؛ ایک قسم کا سخت بسکٹ ۔

Ship's biscuit : (n) دیکھو Ship('s) bread

Ship('s) boy : (n) جہاز پر کام کرنے والا چھوکرا یا نوکر ۔

Ship('s) carpenter : (n) دیکھو Ship carpenter

Ship('s) company : (n) ملاحوں کی جماعت ؛ جہاز کے جملہ خدام ۔

Ship('s) days : (n) جہاز پر مال چڑھانے اور اتارنے کی مدت ۔

Ship's husband : (n) جہازی دلال ۔

Ship's option : (n) کسی مال کا کرایہ اپنی مرضی کے مطابق لینے کا حق (وزن یا ضمانت کی بنیاد پر) ۔

Ship's papers : (n) جہازی دستاویزیں جن سے جہاز کی ملکیت ، قومیت اور سامان کی نوعیت وغیرہ معلوم ہو ۔

Ship's passport : (n) دیکھو Sea-letter

Ship's service : (n) جہازی ڈاک ۔

Ship('s) stores : (n) جہاز کے لئے رسد (اشیائے خوردنی) اور دوسرے کام آنے والے سازو سامان ۔

Ship('s) time : (n) جہاز پر کا وقت ۔

Shipside : (n) گودی ۔

Shipside : (a) جہاز کے قریب کا ۔

Shipwright : (n) جہاز ساز ۔

Shipyard : (n) جہاز گاہ ؛ کارخانۂ جہاز سازی یا مرمت ۔

Shiraz : (n) (۱) شیراز (فارس کا ایک شہر) ۔ (۲) شیرازی شراب ۔

Shire : (n) [OE. 'Seir'.] (۱) ضلع ؛ حلقہ ۔ (۲) لاحقہ جو اکثر شہروں اور ضلعوں کے ناموں کے ساتھ آتا ہے۔ (۳) (جمع) Hampshire اور Devonshire کے شمال مشرق کے اضلاع جن کے آخیر میں Shire آتا ہے۔ (۴) علاقۂ وسطی (Midland) کے اضلاع ۔ (۵) Shire Horse کا مخفف ۔

Shire-hall : (n) ضلع کا صدر دفتر ۔

Shire horse/ Shires- : (n) شائر گھوڑا ؛ یہ گھوڑوں کی سب سے بڑی قسم ہے جو خاص طور پر Midlands میں پائی جاتی ہے۔

Shire-member : (n) پارلیمنٹ میں ضلع کا نمائندہ ۔

Shire-moot : (n) پرانے انگلستان کی عدالت ۔

Shire-oak : (n) شاہ بلوط جو ضلع کا سرحدی نشان ہوتا ہے یا وہ جگہ جہاں ضلع کی عدالت بیٹھتی ہے ۔

Shire-reeve : (n) دیکھو Sheriff

Shire-town : (n) ضلع کا دارالسلطنت ۔

Shirk : (n) کام چور ۔

Shirk : (v) (۱) بچ جانا ؛ بچا جانا ۔ (۲) پہلو تہی کرنا (ذمہ داری ، فرض ، لڑائی وغیرہ سے) ؛ اپنی ذمہ داری دوسرے کے سر ڈالنا ۔ (۳) کام چوری کرنا ۔

Shirker : (n) ذمہ داری وغیرہ سے بچنے والا ؛ کام چور ؛ پہلو تہی کرنے والا ۔

Shirky : (a) کام چور ؛ پہلو تہی کرنے والا ۔

Shirl : (v) [Origin unkn.] پھسلنا ۔

Shirley poppy : (n) پوست کی ایک قسم ۔

Shirr : (n) [Origin unkn.] (۱) لچکدار قماش ؛ ربڑ جیسا تاگا یا دھاگا جو کسی قماش میں بنایا گیا ہو ۔ (۲) کپڑے یا لباس کی چنٹ ۔

Shirr : (v) کسی قماش میں متوازی دھاگے ڈال کر چنٹ پیدا کرنا ۔

Shirred : (a) (۱) لچکدار قماش ۔ (۲) چنٹ دیا ہوا ۔ (۳) (طباخی) کریم میں ڈال کر پکایا ہوا (انڈا) ۔

Shirring : (n) (۱) چنٹ ڈالنا ۔ (۲) لچکدار مغزی ۔

Shirt : (v) [OE. 'Scyrte'.] (۱) قمیص ؛ کرتا ؛ پیرہن ۔ (۲) قمیص نما زنانہ لباس ۔ (۳) اندرونی غلاف ۔ (۴) (مجازاً) کل یا بیشتر اثاثہ ۔ (۵) (آسٹریلیا) کپڑے کا تھیلا جس میں لاش بند کر کے بھیجتے ہیں ۔ (۶) لباس شب خوابی ؛ لانبی قمیص جو بطور شب خوابی میں استعمال کی جاتی ہے ۔ (۷) اس سیاسی جماعت رکن جو پُلا کے طور پر رنگین قمیص پہنتے ہیں ۔

Bloody shirt : خون آلود قمیص (قتل یا ظلم کی علامت کے طور پر) ۔

Boiled shirt : (امریکا) سفید قمیص ۔

In one's shirt : شب خوابی کے لباس میں ؛ بغیر کوٹ یا جیکٹ پہنے ۔

Near is my shirt but nearer is my skin : اول خویش بعدۂ درویش ۔

Night shirt : شب خوابی کا لمبا کرتا ۔

The shirt off one's back : کل اثاثہ ۔

To get a person's shirt out : غصہ دلانا ؛ مشتعل کرنا ۔

(To have) not a shirt (to one's back) : مفلس ؛ بے سرو سامان ۔

To put one's shirt on (a horse) : (عام) سب کچھ جوئے میں لگا دینا ۔

Shirt : (v) قمیص پہنانا ۔

Shirt-band : (n) (۱) قمیص کی آستین کا نچلا حصہ جس سے کلائی ڈھکی رہتی ہے ۔ (۲) کوئی چیز فیتے یا تسمے سے مشابہ ۔

Shirt-blouse : (n) زنانہ بلاؤز ۔

Shirt-button : (n) قمیص کا بٹن ۔

Shirt-frill : (n) وہ جھالر جو پہلے قمیص کے سامنے اور آستین پر لگاتے تھے ۔

Shirt-front : (n) (۱) قمیص کے سامنے کا حصہ ۔ (۲) بچوں کا ایپرن (بے آستین کا کرتا) ۔ (۳) کتے کے سینے کا سفید دھبا ۔

Shirt-front wicket : (n) (کرکٹ) گیند دینے کا نہایت صحیح اور صاف انداز۔

Shirt-pin : (n) قمیص کو گلے پر بند کرنے کے لئے آرائشی پن۔

Shirt-sleeve : (n) قمیص کی آستین۔

In one's shirt sleeve : کوٹ اتارے ہوئے۔

Shirtiness : (n) ناراضگی : ناخوشی۔

Shirting : (n) قمیص کا کپڑا۔

Shirtless : (a) بے قمیص : بے پیراہن۔

Shirttail : (n) قمیص کا پچھلا دامن۔

Shirttail : (a) (۱) بہت چھوٹا : نو عمر۔ (۲) دور کا : دور کے رشتے کا۔ (۳) چھوٹا : چھوٹی۔

Shirtwaist : (n) (۱) قمیص نما بلاؤز۔ (۲) بے دامن کی قمیص جسے کمر پر فیتے سے باندھ دیا جاتا ہے۔

Shirty : (a) ناراض : بد مزاج : ناخوش : غصے میں۔

Shish : (n) "ش" کی آواز۔

Shish : (v) "ش" کی آواز نکالنا۔

Shish kabab/ -kabob : (n) [Turk. 'Sis kebabit'.] سیخ کباب۔

Shit/ Shite : (n) [ME. 'Shite'.] (۱) پاخانہ : گوبر : لید۔ (۲) ایک گالی۔ (۳) (عام) قابل نفرت شخص۔ (۴) (جمع) اسہال۔ (۵) بے وقوفی۔

Shit : (v) (۱) (عام) پاخانہ کرنا۔ (۲) بکواس کرنا : فضول گفتگو کرنا۔ (۳) دھوکا دینے کی کوشش کرنا۔

Shittah : (n) [Heb. 'Sitta'.] ببول کی قسم کا ایک درخت : شجرالنط۔

Shittim : (a) [Heb.] نِط (لکڑی)۔

Shive : (n) [ME. 'Schive'.] (۱) روٹی کی قاش : ٹکڑا۔ (۲) پتلا اور چپٹا کاک (چوڑے منہ کی بوتل میں لگانے کے لئے)۔

Shiver : (n) [ME. 'Scifre'.] (۱) چپ : ریزہ (سنگ) : ٹکڑا : ریزہ : پارہ۔ (۲) سلیٹ کا پتھر۔

(All) to shivers : چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں۔

In shivers : ٹکڑے ٹکڑے۔

To break, burst in or into shivers : ٹکڑے ٹکڑے کر دینا یا ہو جانا۔

Shiver : (n) کھانچ دار چرخی۔

Shiver : (n) [ME. 'Chivere'.] لرزہ : تھرتھری : کپکپی : کپکپاہٹ : تھرتھراہٹ۔

(The) shivers : (۱) لرزہ کا دورہ۔ (۲) خوف : ہول : وحشت۔

Shiver : (v) (۱) چورا چورا کرنا یا ہونا : ریزہ ریزہ کرنا یا ہونا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا یا ہونا۔ (۲) ٹوٹنا: توڑ ڈالنا۔ (۳) قدرتی درز کے مطابق پھٹ جانا۔

Shiver my timbers : (ایک قسم کی بحری بد دعا) اس کا ستیا ناس ہو جائے۔

Shiver : (v) (۱) کانپنا : کپکپانا : تھرانا : تھرتھرانا : کپکپی چھوٹنا (خاص کر ٹھنڈک سے)۔ (۲) کپکپاتے ہوئے انڈیلنا یا نکالنا۔ (۳) (بحری) (بادبان کا) پھڑپھڑانا (ہوا میں)۔ (۴) سکڑتے ہوئے تھرتھرانا۔

Shivering : (a) تھرتھرانے والا : کپکپانے والا : کانپنے والا۔

Shivering : (n) تھرتھراہٹ : کپکپی : لرزہ : کپکپاہٹ : رعشہ۔

Shivering : (n) توڑنا : چور چور کرنا۔

Shivering owl : (n) زور سے چیخنے والے اُلو کی ایک قسم : گھگھو۔

Shiveringly : (adv.) کپکپاتے ہوئے : تھرتھراتے ہوئے : کانپتے ہوئے۔

Shiversome : (a) کپکپی یا تھرتھری پیدا کرنے والا : رعشہ زا۔

Shivery : (a) بھوٹک : کڑکیلا : بے لوچ۔

Shivery : (a) (۱) کپکپانے والا : لرزہ براندام۔ (۲) کپکپی پیدا کرنے والا۔

Shivoo : (n) [Origin unkn.] پر شور سماجی اجتماع۔

Shlemozzle : (n) دیکھو Shemmozzie

Shluh : (n) (۱) جنوبی مراقش کی بربر قوم یا اس قوم کا ایک فرد۔ (۲) اس قوم کی زبان۔

Shoad/ Shode : (n) [OE. 'Sc(e)adan'.] شوڈ : بھربھرے ٹین ،جست یا خام تانبے کے مٹی ملے ٹکڑے کان کے قریب سطح زمین پر پڑے ہوئے : آب زدہ ریزے۔

Shoading : (n) چھوٹے چھوٹے گڈھے کھود کر شوڈ کی تلاش کرنا۔

Shoal : (n) (۱) کم گہرا مقام : پایاب مقام۔ (۲) جزیرہ نما : زیر آب ریتا۔

Shoal : (n) [MDU. 'Schole'.] (۱) گروہ مابی۔ (۲) (مجازاً) ہجوم : گروہ : جھنڈ : غول۔

In a shoal / By or in shoals : جتھے میں ، غول میں۔

Shoal : (a) [late ME. 'Schoold, Schold'.] کم گہرا : اتھلا : پایاب۔

Shoal : (adv.) کم گہرائی میں یا کم گہرائی پر۔

Shoal : (v) (۱) کم گہرا ہونا : کم عمیق ہونا : پایاب ہونا : اتھلا ہونا۔ (۲) پایاب بنانا : اتھلا بنانا۔ (۳) (بحری) اتھلے پانی میں آنا (زیادہ پانی سے)۔ (۴) (اود بلاؤ کا شکار) اود بلاؤ کو اتھلے پانی میں ہنکا کر لے جانا۔

Shoal : (v) (۱) جھنڈ یا غول بننا (مچھلیوں کا) : غول میں تیرنا۔ (۲) (مجازاً) غول بننا۔

Shoal-mark : (n) اتھلا پن کی نشاندہی کرنے والا پیراک پیپا یا دوسرا یک نشان۔

Shoaler : (n) ساحلی تجارت کا جہاز یا جہاز راں۔

Shoaling : (n) (۱) پایاب ہونا : اتھلا ہونا۔ (۲) وہ جگہ جہاں پانی پایاب ہو جاتا ہے۔

Shoaly : (a) کم گہرا : پر خطر۔

Shoat : (n) [WFlem. 'Schote'.] (۱) ماں سے الگ کیا ہوا سور کا بچہ (جس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو)۔ (۲) (مجازاً) کاہل شخص : ناکارہ شخص : ناکارہ یا نکما شخص۔

Shoch : (n) [Irish Gael. 'Seach'.] (آئرستان) (تمباکو کے) پائپ کا ایک کش۔

Shock : (n) [Al. 'Socca'.] (۱) (اناج کی) آٹھ سے سولہ پولیوں کا گٹھا۔ (۲) ڈھیر : انبار : اجتماع : گروہ۔

Shock : (n) [G. 'Schock'.] ساٹھ چیزوں کا مجموعہ : تین کوڑی۔

Shock : (n) [Fr. 'Choc'.] (۱) تصادم : ٹکر : جھٹکا : دھکا : چوٹ۔ (۲) صدمہ۔ (۳) مڈبھیڑ : مقابلہ (مسلح افواج کا جملہ اور دشمن سے) : مارپیٹ : زدو کوب۔ (۴) (مرضیات) دماغی یا قلبی صدمہ۔ (۵) ساکھ میں خلل آنا : بے اعتباری : بد نظمی۔ (۶) فالج : سکتہ : قلبی تجمد۔ (۷)دیکھو Shock absorber۔

Electric shock : برقی صدمہ یا جھٹکا۔

Shock : (n) الجھے ہوئے بال : پریشان یا بکھرے ہوئے بال۔

Shock : (a) (۱) لمبے موٹے رکھڑے بالوں والا : جھبرا۔ (۲) جھبڑا (بال) : لمبا اور موٹا (بال)۔

Shock : (v) [Fr. 'Choquer'.] (۱) صدمہ پہنچانا یا پہنچنا : دل ہلا دینا : دہلا دینا : رنجیدہ کرنا : نا خوش کرنا۔ (۲)غضبناک ہونا : برہم ہونا : بر افروختہ ہونا۔ (۳)جسمانی صدمہ پہنچانا (کسی آدمی کو)۔ (۴) دھکا دینا یا پہنچنا : دھکا لگنا۔ (۵) برقی جھٹکا دینا۔ (۶)ٹکرانا۔ (۷) اڑا دینا : گم کر دینا (ہوش وغیرہ)۔ (۸)لڑائی میں مقابلہ کرنا۔ (۹) متحیر کر دینا : خوفزدہ کر دینا۔

Shock : (v) (اناج کے) آٹھ سے سولہ پولیوں کے گٹھوں کو جمع کرنا : ترتیب دینا۔

Shock : (n) گھڑی کا آئینہ نما شیشہ۔

Shock-absorber : (n) (۱) صدمہ گیر۔ (۲) (مجازاً) معاشی ضرب خور۔

Shock-action : (n) (فوج) حملے کا ایک طریقہ خصوصاً رسالے کے ذریعے۔

Shock bump : (n) زلزلہ جو کسی چٹان کے تہ نشینی غار میں گرنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔

Shock-damper : (n) دیکھو Shock absorber

Shock-head : (n) جھبرے بالوں والا سر۔

Shock-headed : (a) جھبرے بالوں والا۔

Shock tactics : (n) رسالے یا گھڑ سواروں کے منتخب دستے کے ذریعے حملہ کرنے کی ترکیب۔

Shock therpay/ -treatment : (n) برقی صدمہ یا جھٹکے کے ذریعے علاج۔

Shock-troops : (n) رسالے کا منتخب دستہ ۔

Shock-wave : (n) تنگ جگہ میں پرزور دھماکہ ؛ تیز رفتار دھماکہ ۔

Shockable : (a) جسے آسانی سے صدمہ پہنچ سکے ۔

Shocked : (a) دہشت زدہ ؛ بد حواس ؛ صدمہ یافتہ ۔

Shocker : (n) (اناج کے) گٹھے بنانے والا آدمی یا مشین ۔

Shocker : (n) (۱) صدمہ پہنچانے والا؛ دل ہلا دینے والا ۔ (۲) سنسنی خیز قصہ ۔

Shocking : (a) (۱) دہشت خیز ؛ نفرت انگیز ؛ وحشت انگیز ۔ (۲) نہایت خراب ۔

Shocking : (adv.) نہایت ،بے حد ، دہشت انگیز طور پر۔

Shockingly : (adv.) دیکھو Shocking

Shockingness : (n) نفرت انگیزی ؛ دہشت خیزی ۔

Shod : (a) [f. 'Shoe'.] (۱) جوتا پہنے۔ (۲) شام لگا ہوا ؛ کیل لگا ہوا؛ کیل جڑی ہوئی ۔ (۳) ٹائر لگا ہوا (چھکڑے کا پہیا) ۔

Shoddily : (adv.) مصنوعی طور پر ؛ گھٹیا طور پر ۔

Shoddiness : (n) گھٹیاپن ؛ تصنع ؛ بناوٹی ہونا ۔

Shoddy : (n) [Origin obscure.] (۱) پھٹے پرانے کپڑے سے نکالا ہوا سوت یا اون ۔ (۲)ایسے سوت یا اون کا بنا ہوا کپڑا ۔ (۳) گھٹیا چیز ؛ دیکھنے میں اچھی مگر اصل میں خراب ۔ (۴) دوبارہ قابل استعمال بنایا ہوا ربر ۔ (۵) نقلی چیز؛ ساختہ اور بناوٹی شے ۔

Shoddy : (a) (۱) نقلی ؛ مصنوعی ؛ بناوٹی ؛ جھوٹا ۔ (۲) ناکارہ ؛ ہیچ پوچ ؛ گھٹیا ۔ (۳) نقلی یا گھٹیا چیزوں سے متعلق یا انہیں بیچنے والا ۔

Shoddy-hole : (n) وہ جگہ جہاں بیکار چیزیں پھینکی جاتی ہیں۔

Shoddyism : (n) بازاری پن ؛ اوچھاپن ۔

Shode : دیکھو Shoad

Shoder : (n) [Fr. 'Chauderet '.] (طبق سازی) چمڑے کی تھیلی جس میں سونے کو رکھ کر دوبارہ کوٹا جاتا ہے ۔

Shoe : (n) [OE. 'Scolh'.] (۱) جوتا ؛ جوتی ؛ جفت ؛ پاپوش ؛ پیزار ؛ کفش ؛ نعلین ۔ (۲) نعل (گھوڑے کا) ۔ (۳) نعل جیسی چیز ۔ (۴) (جمع) معاشی ، سماجی یا خاندانی حیثیت ۔ (۵) کشتی یا ناؤ قسم کا برتن ۔ (۶) مزاحمت پیدا کرنے، روکنے یا قابو میں لانے کی ایک ترکیب ۔ (۷) سونے یا چاندی کا ڈلا جو چینیوں کے جوتوں کی شکل کا ہوتا تھا اور بطور سکّہ استعمال ہوتا تھا ۔ (۸) ہل کا پچر نما حصہ (جس سے ہل کو کھولا جاتا ہے) ۔ (۹) ڈائنمو کے مورچے کا حصہ ۔ (۱۰) (بحری) لکڑی کاکندا لنگر کے پنجے کے لئے ۔

Another pair of shoes : بالکل دوسرا معاملہ ؛ بالکل مختلف معاملہ ۔

High shoes : جوتے جن کے اوپری حصے کافی اونچے ہوتے ہیں ۔

Old shoe : بیکار چیز ؛ از کار رفتہ شے۔

Over (the) shoes : غرق ؛ ڈوبا ہوا (کسی چیز یا کام میں)۔

To be in (another person's) shoes : کسی دوسرے کی حالت میں ہونا یا کسی دوسرے کی مصیبت جھیلنا ۔

To die in one's shoes : سختی کی موت مرنا خصوصاً پھانسی کی سزائے موت واقع ہونا ۔

To know best where the shoe pinches : ذاتی تکلیف سے واقف ہونا ۔

To put the shoe on the right foot : الزام یا تحسین وغیرہ ٹھیک ٹھیک دینا ۔

To shake in one's shoes : دیکھو Shake

To step into the shoes of (another person) : جانشیں ہونا ؛ کسی کی خالی کی ہوئی جگہ کو پُر کرنا ۔

To wait for dead men's shoes : کسی سے ترکہ پانے کے لئے اس کی موت کا انتظار کرنا ۔

Shoe : (v) (۱) نعل باندھنا ؛ جڑنا یا لگانا (خصوصاً گھوڑے وغیرہ کے) ۔ (۲) شام چڑھانا یا لگانا ۔ (۳) جوتے پہننا یا پہنانا ۔

Shoe-beak/ -bill / -bird : (n) مرکزی افریقہ کی ایک چڑیا ۔

Shoe-board : (n) جوتے کا تلا اور ایڑی بنانے کا تختہ ۔

Shoe-boil : (n) گھوڑے کی اگلی ٹانگ کا نرم ورم۔

Shoe-buckle : (n) جوتے کا بکسوا۔

Shoe-button : (n) جوتے کا بوتام۔

Shoe-horn : (n) . Shoeing-horn (۱) جوتا چڑھانے کا آلہ۔ (۲) دیکھو

Shoe horn : (v) (۱) سر تھوپنا۔ (۲) چھوٹی، تنگ یا کم جگہ میں ٹھونسنا : دھکا پیل کر کے گھس جانا : ٹھنس جانا : دھنس جانا۔

Shoe-lace : (n) جوتے کا تسمہ۔

Shoe-leather : (n) جوتا بنانے کا چمڑا۔

Shoe-pac/ -pack : (n) (۱) کمائے ہوئے چمڑے کا جوتا جو مُکاسن کی طرح ہوتا ہے۔ (۲) ربر، کرمچ وغیرہ کا جوتا جو تقریباً گھٹنے تک اونچا ہوتا ہے۔

Shoe-spoon : (n) دیکھو Shoe-horn

Shoe-string : (a) مفلس : تلاش۔

Shoe-string : (n) (۱) دیکھو Shoe-lace ۔ (۲) بہت چھوٹی سی رقم : ایک قلیل رقم۔

Shoe-tree : (n) (۱) جوتے کی شکل کا سانچہ، فرما جس پر چڑھا کر جوتے کو آخری شکل دی جاتی ہے۔ (۲) جوتا نما ترکیب (کی چیز) جسے جوتے کے اندر لگا دیتے ہیں تاکہ جوتے کی شکل نہ بگڑے۔

Shoe-valve : (n) صمام جو پمپ یا ذخیرۂ آب کی تہ میں لگا رہتا ہے۔

Shoeblack : (n) جوتوں پر پالش کرنے والا۔

Shoecraft : (n) جوتے بنانے کا فن یا ہنر۔

Shoeing : (n) (۱) نعل بندی : شام چڑھائی یا چڑھانا۔ (۲) جوتے پہننا؛ حفاظتی غلاف یا پٹی۔

Shoeing-horn : (n) (۱) دیکھو Shoe-horn ۔ (۲) اشتہا آور۔ (۳) سہولت یا آسانی پیدا کرنے والی چیز۔ (۴) آلۂ کار خاص کر وہ جو کسی کو پہنانے کے لئے مقرر کیا جائے۔

Shoeless : (a) بے کفش : بے جوتی یا جوتا : ننگے پاؤں۔

Shoemaker : (n) (۱) موچی : جفت ساز : کفش دوز : کفش فروش۔ (۲) بعض قسم کی مچھلیوں کا نام۔

Shoemaker's wax : (n) موم جو موچی دھاگے میں لگاتے ہیں۔

Shoemaking : (n) جفت سازی : کفش دوزی۔

Shoer : (n) نعل بند۔

Shoes and stockings : (n) ایک قسم کا پودا۔

Shoeshine : (n) جوتے پر لگائی ہوئی پالش۔

Shoestring potato : (n) آلو کا تلا ہوا ٹکڑا۔

Shog : (n) جھٹکا : ہچکولا : دھکا۔

Shog : (v) [Late ME. 'S(c)hogge'.] (۱) ادھر اُدھر لڑھکانا : ہلانا (کسی بھاری چیز کو) : جھلانا (جھولا وغیرہ کو) : جھٹکا دینا : ہچکولے دینا : ہلانا (کسی رقیق شے یا برتن کو)۔ (۲) ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔

Shoggie : (v) جھولنا : جھونکے کھانا۔

Shoggle : (v) (۱) ہچکولے دینا یا کھانا۔ (۲) جھولنا : لٹکنا۔

Shoggly : (adv.) متزلزل : لرزاں : ڈھیلا : ہلتا ہوا۔

Shogi : (n) [Jap.] جاپانی شطرنج جس میں اکیاسی (۸۱) خانے اور بیس (۲۰) مہرے ہوتے ہیں۔

Shogun : (n) [Jap.] جاپانی سپہ سالار : شوگن : شوگان جو حقیقی فرمانروائے جاپان ہوتا تھا، ۱۸۶۸ء کے بعد یہ عہدہ موقوف ہو گیا۔

Shogunal : (a) شوگن سے متعلق۔

Shogunate : (n) شوگانیت : سپہ سالاری : سپہ داری۔

Shohet / Shochet : (n) [Heb.] (یہودی شریعت کے مطابق) جانوروں یا پرندوں کو ذبح کرنے والا۔

Shoji : (n) [Jap.] کاغذ کا پردا یا اوٹ۔

Shola : (n) [Hindi.] مفرد ہنڈی۔

Shole : (n) [Origin unkn.] وہ تختی یا تختہ جو کسی چیز کے نیچے مضبوطی یا حفاظت کے لئے رکھ دیا جاتا ہے۔

Sholom : دیکھو Shalom

Shomer : (n) [Heb.] محافظ ، پہرے دار خصوصاً فلسطینی یہودی کالونی کا۔

Shone : دیکھو Shine

Shoneen : (n) [Ir. Gael. 'Seoinin'.] غیر اصلی شریف : دکھاوے کا شریف۔

Shoo : (v) (۱) پرندوں وغیرہ کو شوشو کرکے اڑانا۔ (۲) مرغ وغیرہ کو شوشو کر کے ڈرانا یا بھگانا۔

Shoo : (n) [Of. instrinctive origin.] شو : پرندے کو اڑانے کی آواز۔

Shoo : (Int.) شو ! شوشو !

Shoo : (Int.) بے صبری کا اظہار کرنے یا کسی بیان کو تحقیراً رد کرنے کا کلمۂ فجائیہ۔

Shook : (n) [Origin unkn.] (۱) پیپے کے الگ الگ اجزا (کہ جب چابیں جوڑ کے پیپے بنا لیں)۔ (۲) صندوق کے تختے۔

Shook : (v) الگ الگ اجزا جوڑ کر پیپے یا صندوق بنانا۔

Shook : (a) دیکھو Shaken

Shook-up : (a) پریشان : بد حواس۔

Shool : (v) [Origin unkn.] (۱) لڑکھڑا کے چلنا : افتاں و خیزاں چلنا۔ (۲) آوارہ پھرنا : اِدھر اُدھر پھرنا۔

Shool : (n) (۱) بیلچہ : پھاوڑا۔ (۲) کرچھا : خاک گیر۔ (۳) دیکھو Shovel .

Shoon : (n) Shoe کا صیغۂ جمع۔

Shoop : (n) [ME. 'Schowp'.] دیکھو Hip

Shoor : (n) (۱) دکھانے والا : نمائش کرنے والا۔ (۲) دیکھو Shower .

Shoosh : (v) [Imitative.] (۱) خاموش رہنا : خاموش کرنا : خاموش ہو جانا۔ (۲) دیکھو Shush .

Shoot : (n) (۱) کونپل : سوئی : ٹہنی : شاخ۔ (۲) ڈھلوان ٹیلی : تیز دھارا (دریاکا) : تیز موج۔ (۳) ڈھلوان سطح جس پر سے پانی نیچے بہہ سکے۔ (۴) کوڑا پھینکنے کی نالی یا بدور۔ (۵) نشانہ بازی : مشق نشانہ بازی : نشانہ بازی کا مقابلہ۔ (۶) شکاری ٹولی : شکاری مہم : شکار کھیلنے کا حق۔ (۷) اچانک بڑھنا یا پیش قدمی۔ (۸) ٹیس : خلش : چبھن۔ (۹) (پارچہ سازی) تانا کے دھاگوں کے درمیان سے نال کا ایک مرتبہ گزرنا۔ (۱۰) (کان کنی) باضابطہ طور پر نکالی جانے والی خام دھات کی کافی مقدار۔ (۱۱) مجموعی تعداد : کُل : جملہ۔

Shoot : (v) [OE. 'Sceotan'.] (۱) کسی چیز کا زور سے نکلنا : زور سے باہر آنا یا نکلنا۔ (۲) یکایک آجانا یا نکل پڑنا : پھٹنا (کلی وغیرہ کا)۔ (۳) گولی مارنا : نشانہ لگانا : بندوق چلانا۔ (۴) زور سے پھینکنا : ڈھکیلنا۔ (۵) (فٹ بال) گیند کو گول کی طرف مارنا۔ (۶) بندوق سے شکار کرنا۔ (۷) کشتی پل کے نیچے سے تیزی سے نکال لے جانا یا کشتی کا تیزی سے پل کے نیچے سے نکل جانا۔ (۸) لپکنا : جھپٹنا : تیزی سے نکلنا۔ (۹) (مجازاً) (خیالات کا) دماغ میں تیزی سے گزرنا۔ (۱۰) پاؤں پھسلنا۔ (۱۱) (بحری) (جہاز کے توازن کو برقرار رکھنے والی چیز کا) اِدھر اُدھر لڑھکنا۔ (۱۲) (جہاز کا) کسی خاص سمت میں تیزی سے جانا۔ (۱۳) (جہاز کا) خطرناک مقام سے گزرنا۔ (۱۴) (دوڑ وغیرہ میں) (اپنے حریف سے) آگے نکل جانا۔ (۱۵) تیزی سے بڑھنا ، جوان یا پختہ ہونا : لمبا ہونا۔ (۱۶) قلم بننا : بلور بننا۔ (۱۷) لنگر ڈالنا : جال میں پھینکنا۔ (۱۸) چٹخنی لگانا یا کھولنا : (چٹخنی کا) کھلنا یا لگنا۔ (۱۹) (پارچہ سازی) نلی کا تانے کے دھاگوں سے گزرنا۔ (۲۰) تیزی سے نکلنا یا پھینکنا (شعاع ، شعلہ وغیرہ)۔ (۲۱) بولنا۔ (۲۲) ٹیس اٹھنا۔ (۲۳) (ہاتھ ، ہتھیار وغیرہ) گھسیڑنا۔ (۲۴) زبان نکالنا : منہ چڑانا۔ (۲۵) (کان کنی) بارود سے اڑانا۔ (۲۶) چکنا کرنا : مسطح کرنا۔ (۲۷) (کسی منظر کی) تصویر کشی کرنا (متحرک فلم کے لئے) : تصویر لینا۔ (۲۸) اظہار کرنا : کہہ ڈالنا۔ (۲۹) سوئی لینا یا دینا : پچکاری دینا یا لینا۔

A fool's bolt is soon shot : دیکھو Bolt

To be shot between wind and water : (جہاز میں) گولے سے خطرناک قسم کا سوراخ ہو جانا۔

To be shot by the board : (جنگ میں) گولہ لگنے سے مستول وغیرہ کا ٹوٹ جانا۔

To have shot one's bolt : (مجازاً) سب کچھ کر گزرنا۔

To shoot ahead : تیزی سے آگے نکل جانا۔

To shoot a match : نشانہ بازی کے مقابلے میں شریک ہونا۔

To shoot (a person) down : گولی مار کر ختم کرنا (کسی

(۱) نعرہ : آواز (پکارنے وغیرہ کی) ۔ (۲) دیکھو Shout ۔ : Shoot

دیکھو Shoat : Shoot

جھنجھلاہٹ ظاہر کرنے کا حکمۂ فجائیہ ۔ : Shoot (Int.)

چھپائی کی پلیٹ (دھات کی) یا تختے کے کنارے کو رندہ کرنے کا اوزار ۔ : Shoot-board (n)

(۱) (آسٹریلیا) وہ شخص جو کٹی ہوئی شہتیروں کے ڈھیر لگاتا ہے ۔ (۲) گاڑی وغیرہ سے کوئلہ خارج کرنے والا ۔ : Shoot man (n)

(۱) اسکور کرنے والے نشانہ بازوں کے درمیان فیصلہ کرنے والے ضمنی مقابلے میں شریک ہونا ۔ (۲) دریدہ دہنی کرنا : غیر دانشمندانہ گفتگو کرنا ۔ : Shoot off (v)

ایک ہی طرح اسکور کرنے والے نشانہ بازوں کا آخری مقابلہ ۔ : Shoot off (n)

(کسی معاملے کو طے کرنے یا برتری حاصل کرنے کے لئے بندوق کی) گولیوں کا تبادلہ : بندوق سے فیصلہ کرنا ۔ : Shoot-out (n)

(بندوق کی) گولی سے فیصلہ کرنا ۔ : Shoot out (v)

(۱) تیزی سے اٹھنا ۔ (۲) (عام) مخدر کی سوئی لینا : سن کرنے والا انجکشن لینا ۔ (۳) تعذیری گولہ باری سے دہشت بٹھانا ۔ : Shoot up (v)

جسے گولی ماری جا سکے : جسے نشانہ بنایا جا سکے ۔ : Shootable (a)

جسے گولی ماری جائے : شکار ۔ : Shootee (n)

(۱) بندوق چلانے والا : کشتی کو تیز دھار میں سے نکال لے جانے والا ۔ (۲) کرکٹ کی گیند جو زمین کو چھوتی نکل جاتی ہے ۔ (۳) (مرکبات میں بمعنی) آلہ (گولی وغیرہ چلانے کا) ۔ (۴) گولی : گولی اننا ۔ (۵) پھینکنے والا ۔ : Shooter (n)

(۱) کندھا : کھوا : مونڈھا : شانہ ۔ (۲) دیکھو Shoulder ۔ : Shoother (n)

(۱) تیز اندازی : صید افگنی : شکار : بندوق بازی : چاند ماری ۔ (۲) حق شکار (کسی خاص آراضی پر) ۔ (۳) آراضی وغیرہ جو شکار کھیلنے کے لئے کرائے پر دی جائے : کرائے کی شکار گاہ ۔ (۴) گرنے والا : ٹوٹنے والا ۔ (۵) ٹیس ۔ (۶) پھوٹنا : نکلنا : کونپل پھینکنا : بڑھنا ۔ (۷) قلم بننے میں نوک نکلنا ۔ (۸) بارود سے اڑانا ۔ : Shooting (n)

آدمی کو) ۔

نصب العین ٹھہرانا : حوصلہ رکھنا : کسی چیز کو حاصل کرنے کے لئے تلاش کرنا ۔ : To shoot at

جہاز کو مطلوبہ مقام پر لے جانا ۔ : To shoot (a vessel) to

(پرند کے) بازو پر گولی مارنا ۔ : To shoot flying

برابر اسکور کرنے والے نشانہ بازوں کے درمیان ضمنی مقابلے کے ذریعے فیصلہ کرنا ۔ : To shoot off a tie

(عام) دریدہ دہنی کرنا ۔ : To shoot off one's face / -mouth

سب کچھ کر گزرنا : حتی الوسعت یا حتی المقدور کام کرنا ۔ : To shoot one's bolt

ہاتھ جھٹک کر قمیص کے کف لگانا ۔ : To shoot one's cuffs, linen

جنگ کر کے حاصل کرنا ۔ : To shoot one's way

زبان یا ہونٹ کا تضحیکاً باہر نکالنا ۔ : To shoot out

(کتے کو) شکاری مہم میں لے جا کر تربیت دینا ۔ : To shoot over or to (a dog)

(کسی خاص مقام پر) شکار کھیلنا ۔ : To shoot over (a cover, a trace of country)

ایمانداری سے بولنا ۔ : To shoot straight, square

برف پر پھسلنے والی گاڑی پر بیٹھ کر چلنا یا پھسلنا ۔ : To shoot the chute

کسی خطرناک مہم کا بیڑا اٹھانا ۔ : To shoot the gulf, Niagara

(عام) راتوں رات گھر کا سامان منتقل کر لینا (کرایہ ادا نہ کرنے کی وجہ سے ، ضبطی کے ڈر سے) ۔ : To shoot the moon

(بیلوں کے بچے کا) جوان ہونا ۔ : To shoot the red

(۱) سب سے اونچی بازی لگانا : ساری رقم بازی پر لگا دینا ۔ (۲) حتی المقدور کوشش کرنا ۔ : To shoot the works

Shooting-block/ -board : (n) دیکھو Shoot-board

Shooting-box : (n) ایک چھوٹا سا دیہاتی گھر شکار گاہ میں یا اس سے قریب جس میں شکاری موسم شکار میں رہتے ہیں۔

Shooting-brake : (n) موٹر گاڑی جس کی پچھلی نشستوں کو اٹھا کر اس سے چھوٹے ٹرک کا کام لیا جائے۔

Shooting gallery : (n) (میلے وغیرہ میں) لمبا کمرا یا عارضی سائبان نشانہ بازی کی مشق کے لئے۔

Shooting glove : (n) تیر انداز کا دستانہ کمان کھینچنے میں انگلیوں کی حفاظت کے لئے۔

Shooting ground : (n) (۱) بندوق کی فیکٹری کا وہ حصہ جہاں رائفل وغیرہ کو آزمایا جاتا ہے۔ (۲) کوڑا پھینکنے کی جگہ۔

Shooting iron : (n) اسلحہ بندوق وغیرہ خصوصاً ریوالور۔

Shooting-line : (n) وہ لکیر جس پر تیر انداز کھڑا ہو کر نشانہ باندھتا ہے۔

Shooting-lodge : (n) دیکھو Shooting-box

Shooting-match : (n) (۱) نشانہ بازی کا مقابلہ۔ (۲) آدمیوں کا اجتماع؛ چیزوں کا مجموعہ۔ (۳) کل اشیاء یا معاملات وغیرہ۔

Shooting-range : (n) چاند ماری؛ نشانہ بازی کی مشق۔

Shooting seat : (n) دیکھو Seat-stick

Shooting star : (n) (۱) شہاب ثاقب؛ ٹوٹنے والا تارا۔ (۲) ایک قسم کا امریکی پودا۔

Shooting stick : (n) دیکھو Seat-stick

Shooting tab : (n) چمڑے کا چپٹا ٹکڑا جسے تیر انداز انگلیوں پر لگاتے ہیں (کمان کھینچنے میں)۔

Shooting tool : (n) کان کو اڑانے کا اوزار۔

Shooting war : (n) جنگ بدرمیان مسلح افواج۔

Shop : (n) [OFr. 'Eschoppe'.] (۱) دکان؛ کارخانہ۔ (۲) (عام) ادارہ؛ (مثلاً مدرسہ، یونیورسٹی وغیرہ)؛ محکمہ۔ (۳) (کسی کا) پیشہ؛ کاروبار۔ (۴) قرار؛ تعین وقت۔ (۵) (صرافہ) کسی کمپنی کے متعلق مخصوص علم کی بنا پر اس پر انداز ہونے والے اندرونی اثرات نیز جنوبی افریقہ کے سونے کے بازار کا ایک نام۔

All over the shop : (عام) تتر بتر؛ پریشان؛ ہر سمت میں؛ بڑے زور سے۔

Shop : دکان دار کی توجہ مبذول کرانے کا حکم فجائیہ۔

The shop : شاہی فوجی اکیڈمی واقع وولوچ۔

To come to the right shop : کسی کام کے لئے صحیح آدمی کے پاس جانا۔

To keep shop : دکان داری کرنا؛ عارضی طور پر دکان چلانا۔

To set up shop : کاروبار شروع کرنا؛ تجارت شروع کرنا۔

To shut up the shop : کام کرنا ترک کر دینا؛ بے کار رہنا۔

To smell of shop: (۱) دکان دار کی خصوصیت دکھانا؛ ظاہر کرنا۔ (۲) کسی فن کی اصطلاحوں کی بھرمار ہونا (مضمون وغیرہ میں)۔

Shop : (v) (۱) دکان میں جانا؛ خریداری کرنا۔ (۲) (عام) قید کرنا؛ (مخبر کے ساتھی کو) قید کرا دینا۔ (۳) فروخت کے لئے دکان میں رکھنا (چیزیں)۔ (۴) کارخانے میں مرمت کے لئے بھیجنا۔ (۵) تلاش کرنا؛ کھوج لگانا؛ کھوجنا۔

Shop assistant : (n) خردہ فروش کی دکان کا کلرک؛ دست فروش۔

Shop-board : (n) (۱) میز یا تختہ جس پر کاروبار ہوتا ہے یا جس پر رکھ کر فروخت کے سامان دکھلائے جاتے ہیں۔ (۲) میز یا تختہ جس پر بیٹھ کر درزی کپڑے سیتا ہے۔

Shop-book : (n) دکان دار یا مستری کے حساب کا کھاتہ یا بہی۔

Shop-breaker : (n) دکان میں نقب زنی یا سیندھ ماری کرنا۔

Shop girl : (n) دکان کی خادمہ۔

Shop-mark : (n) نجی مارکہ یا نشان جو تاجر اپنے مال پر لگاتا ہے۔

Shop-paper : (n) سامان لپیٹنے کا پتلا کاغذ۔

Shop right : (n) نوکری کے دوران کسی ملازم کی ایجاد کو بغیر معاوضہ دیئے استعمال کرنے کا حق۔

Shop-soiled : (a) (دکان میں فروخت کے لئے دکھانے کی وجہ سے)

(مال) جو دکان پر پڑا پڑا دکھاتے دکھاتے فرسودہ اور خراب ہو جائے۔

Shop-steward : (n) کسی دکان یا محکمے کے ملازمین کا منتخب کردہ یونین یا انجمن کا ممبر جسے بہ حیثیت نمائندہ ان لوگوں کی شکایات کے متعلق مالک دکان سے گفتگو کرنے اور (معاملے کو) سلجھانے کا اختیار تھا۔

Shop-talk : (n) دکانداروں کی بولی یا ناقابل فہم گفتگو۔

Shop-walker : (n) (۱) بڑی بڑی دکانوں کا وہ معاون جو خریداروں کو دکان کے مختلف شعبوں میں لے جاتا ہے جہاں ان کی ضرورتوں کی چیزیں رکھی ہوتی ہیں۔ (۲) دکان کے شعبے کا عام نگراں معاون۔

Shop-window : (n) (۱) دکان کی کھڑکی جس میں چیزیں سجا کر رکھی جاتی ہیں۔ (۲) (مجازاً) نمائش (کسی چیز کی)؛ شوکیس؛ نمائش دان۔

Shop-worn : (a) دیکھو Shop-soiled

Shophouse : (n) (سنگاپور وغیرہ میں) فٹ پاتھ پر کی چینی دکان جو دکان کے مالک کی اقامت گاہ بھی ہوتی ہے۔

Shopkeeper : (n) دکان دار؛ کارخانہ دار۔

Nation of shopkeepers : انگریز قوم۔

Shopkeeping : (n) دکان داری؛ کارخانہ داری۔

Shoplift : (v) دکان سے چوری کر لینا (مال جو خریدار کو دکھانے کے لئے رکھا گیا ہو)۔

Shoplifter : (n) دکان سے چرانے والا (مال جو خریدار کو دکھانے کے لئے ہو)؛ دکان (کے مال کا) چور؛ اٹھائی گیرا۔

Shoplifting : (n) دکان سے مال چرانا۔

Shopman : (n) (۱) دکاندار کا معاون یا کلرک (خردہ فروشی کی دکان میں)۔ (۲) کاریگر (دکان کا)؛ مستری جو مرمت کرنے میں مدد کرتا ہے۔

Shopper : (n) (۱) گاہک؛ خریدار۔ (۲) خریدار یا آجر کا کارندہ یا ایجنٹ۔

Shoppiness : (n) دکانی ہونا۔

Shopping : (n) (۱) خریداری؛ سودا خریدنے کے لئے بازار جانا۔

(۲) دکان میں چیزوں کا معائنہ کرنا یا جو چیزیں ملتی ہوں ان کو خریدنا۔

Shopping centre : (n) قصباتی علاقے میں خردہ فروشی کی دکانوں کا اور گراج وغیرہ کا اجماع یا مجتمع ہونا۔

Shoppish : (a) دکانداروں جیسا۔

Shoppy : (a) (۱) دکانی؛ دکان یا پیشے سے متعلق۔ (۲) خردہ فروشی سے متعلق۔ (۳) دکانوں سے بھرا؛ کاروباری مرکز۔

Shore : (n) [MDU. 'Schore'.] (۱) ساحل؛ کنارا؛ لب آب؛ لب دریا۔ (۲) (قانون) ساحلی علاقہ یا آراضی؛ ساحل کا وہ حصہ جو پانی کے معمولی چڑھاؤ اور اتار کے درمیان ہو۔

In shore : ساحل کے قریب (پانی میں)۔

On shore : ساحل پر۔

Shore : (n) ٹیکن؛ ٹیک؛ سہارا؛ تھونی؛ تھم۔

Shore : (n) دیکھو Sewer

Common shore : عام بدرو۔

Shore : (v) سہارا دینا؛ ٹیکن؛ تھونی لگانا۔

Shore : (v) (۱) ساحل پر لانا یا لگانا (جہاز کو)۔ (۲) ساحل پر جانا۔ (۳) (مسافر یا سامان) ساحل پر اتارنا۔ (۴) ساحل کا کام دینا۔ (۵) بحری سفر کرنا (ساحلی علاقوں میں)۔

Shore : (v) (۱) ڈانٹنا؛ جھڑکنا؛ سزا کی دھمکی کے ساتھ ڈانٹنا۔ (۲) دیکھو Offer۔

Shore-anchor : (n) وہ لنگر جو ساحل اور جہاز کے درمیان گرا رہتا ہے۔

Shore-based : (n) ساحلی صدر کیمپ سے نقل و حرکت کرنے والا۔

Shore-bird : (n) ایک ساحلی پرندہ۔

Shore-boat : (n) ساحلی کشتی؛ چھوٹی کشتی جو ساحلی علاقے میں چلتی ہے۔

Shore-crab : (n) کیکڑا۔

Shore-dinner : (n) ڈنر (دن کا کھانا) جس کے ہر دور میں زیادہ تر سمندری مچھلیاں ہوتی ہیں۔

Shore-drift : (n) ساحلی مادے جو سمندر کی لہروں سے جمع ہو جائیں۔

Shore-fish : (n) ساحلی مچھلی۔

Shore-going : (a) ساحل کی طرف جانے والا: ساحل پر رہنے والا: ساحلی۔

Shore-gun : (n) ساحل پر گولہ بار کرنے والی توپ۔

Shore-gunner : (n) ساحل پر گولہ باری کرنے والا توپچی۔

Shore-gunning : (n) ساحل پر گولہ باری کرنا۔

Shore-lark : (n) لوا (بحری پرندہ) کی ایک جنس۔

Shore-leave : (n) ساحل پر جانے کی فرصت یا رخصت (جو ملاحوں یا بحری افسر کو دی جاتی ہے)۔

Shore-line : (n) (۱) خط ساحل۔ (۲) دیکھو Shore-rope۔

Shore patrol : (n) (۱) (بحریہ کا) ساحلی گشتی دستہ۔ (۲) اس دستے کا رکن۔

Shore-pipit : (n) چنڈول جیسا ایک پرند۔

Shore-rope : (n) جال کا رسا جو ساحل پر رہتا ہے۔

Shore-sandpiper : (n) ایک قسم کی ٹیٹری۔

Shore-shooter : (n) ساحل پر شکار کھیلنے والا شکاری۔

Shore-shooting : (n) ساحل پر پرندوں کا شکار کرنا۔

Shore-side : (n) ساحل کا کنارہ۔

Shore-snipe : (n) (۱) ٹیٹری۔ (۲) امریکی پلور۔

Shore-weed : (n) ساحلی گھاس۔

Shorea : (n) [after John shore, Governor general of India.] جنس سال (لکڑی) : شوریا۔

Shoreless : (a) بے ساحل : نا پیدا کنار۔

Shoreman / Shoresman : (n) (۱) ساحل پر رہنے والا: ساحلی باشندہ۔ (۲) ساحل پر کام کرنے والا مچھیرا : ماہی گیری کے کاروبار کے لئے ساحل پر مقرر شدہ آدمی۔ (۳) ساحل پر شکار کرنے والا: ساحلی شکاری۔ (۴) وہ جو اپنی روزی ماہی گیری سے حاصل کرتا ہے۔

Shorward : (adv.) جانب ساحل : ساحل کی طرف۔

To (the) shoreward : ساحل کی طرف۔

Shoreward : (a) ساحل کی طرف واقع۔

Shorewards : (adv.) دیکھو Shoreward

Shoring : (n) ٹھونی : ٹیکنی : سہارا : ٹھونی کا نظام : ٹھونیاں۔

Short : (a) [OE. 'Sceort'.] (۱) چھوٹا : کوتاہ۔ (۲) مختصر۔ (۳) پست قامت : کوتاہ قد : ٹھگنا۔ (۴) تھوڑا : کم (مکان و زمان)۔ (۵) کم : قلیل : حقیر۔ (۶) ناکافی : غیر مکتفی: ناقص: نا مکمل۔ (۷) (آواز، حرف) خفیف۔ (۸) (عروض، صوتیات) قصیر : جس پر زور نہ دیا جائے۔ (۹) بھربھرا : خستہ : کرکرا (بسکٹ، مٹی وغیرہ)۔ (۱۰) (راس المال، حصص، فصل وغیرہ) فروخت شدہ یا معرض فروخت میں جبکہ مقدار بائع کے ہاتھ میں نہیں ہے اور یہ توقع رکھتا ہے کہ دیتے وقت کمی پوری کرلے گا۔ (۱۱) (مجازاً) کم رس۔ (۱۲) (خیالات وغیرہ) محدود۔ (۱۳) (سمندر وغیرہ) متلاطم۔ (۱۴) مختصر اور جامع : موجز۔ (۱۵) نشانے تک نہ پہنچنے والا۔

A short day : (قانون) مختصر (مدتی) نوٹس یا اطلاع۔

A short kennel : شکاری کتوں کا چھوٹا غول۔

A short purse : جلد خالی ہو جانے والا بیگ : محدود یا ناکافی ذرائع۔

At short intervals : مختصر وقفے پر۔

At short sight or date : کم میعادی (ہنڈی وغیرہ) : کم میعاد والا۔

In short order : تیزی سے : پھرتی سے : مستعدی سے۔

Something short : شراب تند یا تلخ کا گھونٹ۔

To cut, trim short : وقت سے پہلے ختم کر دینا یا خاتمہ کر دینا۔

To eat short : منہ میں لے کر چور کر دینا۔

To fall short : کم ہونا : ناکافی ہونا۔

To go short : عسرت میں زندگی بسر کرنا۔

To make (cut) a long story short : مختصر کرنا۔

To make short work of : (کسی شے کا) جلد خاتمہ کر دینا؛ جلد بھگتا دینا۔

To run short : کم پڑ جانا؛ ہو چکنا۔

To stop short : فوراً ٹھہر جانا۔

To work short : بھر بھرا ہونا؛ کر کر ہونا۔

Short : (n) (۱) چھوٹی یا مختصر چیز۔ (۲) چھوٹی ہجا یا حرف علت۔ (۳) (برقیات) دور قیصر۔ (۴) شراب بند۔ (۵)(تجارت) وہ دلال جو اس کے پاس ہے اس سے زیادہ اس امید میں بیچتا ہے کہ وہ قیمت میں امکانی کمی کے بعد خرید کر کمی پوری کرلے گا۔ (۶) بھوسا اور سوجی کا مخلوط۔ (۷) جانگھیا۔ (۸) مال کی تعداد یا جمع جو دلال کو (جس نے توقع پر زیادہ مال فروخت کیا) کمی پوری کرنے کی ضرورت ہو۔ (۹) کترن۔ (۱۰)مختصر اقتباس؛ ٹکڑا یا فلم۔ (۱۱) انجام؛ ماحصل؛ نتیجہ۔

For short : مخفف کے طور پر۔

In short : مختصراً؛ الغرض؛ قصہ کوتاہ؛ قصہ مختصر۔

The long and the short / The short and long : مدعا؛ خلاصہ۔

The short : میزان؛ نتیجہ؛ انجام؛ ماحصل۔

Short : (adv.) (۱) مختصر طور پر؛ یکایک؛ جلد (یعنی معمولی یا متوقع وقت سے قبل)۔ (۲) اس طرف۔

To break, snap short : توڑ ڈالنا۔

To come short : مایوس کن ثابت ہونا؛ ادائے قرض میں قاصر رہنا؛ پوری نشو و نما کو نہ پہنچنا۔

To come short of : توقع سے کم نکلنا۔

To sell short : (تجارت) اتنی مقدار یا تعداد (میں چیزیں) فروخت کر دینا جو بائع کے ہاتھ میں نہیں ہوں اس توقع کے ساتھ کہ انہیں دینے کے وقت تک کمی پوری ہو جائی گی۔

To stop short of : اس حد تک نہ جانا۔

To take (a person) short : اچانک گھوم جانا۔

Short : (v) (۱) کم فراہم کرنا۔ (۲) کم دینا؛ بے ایمانی کرنا۔ (۳) دو موصلوں میں کم مزاحمت کا تعلق قائم کرنا۔

Short and sweet : (a) مختصر اور مناسب موقع؛ مختصر اور شیریں۔

Short arm : (n) پستول؛ طپنچہ۔

Short-ball : (n) (کرکٹ) ایسی گیند جو وکٹ سے دور گدا کھائے۔

Short-bill : (n) ۳۰ دنوں یا بعض اوقات دس دنوں کی میعادی ہنڈی۔

Short-bread : (n) روغنی روٹی؛ خستہ روٹی جو آٹے میں بہت سا مکھن اور شکر ملا کر بنائی جاتی ہے۔

Short-breathed : (a) ہانپتا ہوا؛ قصر تنفس کا مریض۔

Short-breathing : (n) قصر تنفس۔

Short-cake : (n) خستہ کیک جو آٹے میں زیادہ مکھن اور شکر ڈال کر بنایا جاتا ہے۔

Short change : (n) کم واپس کی ہوئی رقم (بھنانے میں)۔

Short change : (v) (۱) کم پیسے دینا (بھنانے یا خردہ کرنے میں)۔ (۲) دھوکا دینا۔

Short-change : (a) دھوکا دہی سے متعلق۔

Short-circuit : (n) دو موصلوں میں کم مزاحمت کا تعلق؛ دور قیصر؛ کوتاہ دور؛ قصر دور؛ مزاحم ہونے والی کوئی چیز۔

Short-circuit : (v) (۱) (برقیات) دو موصلوں میں کم مزاحمت کا تعلق قائم کرنا۔ (۲) (جراحی) آنت کے دو سروں کو (سُدہ کے اوپر اور نیچے) کاٹ کر ملا دینا؛ اس طرح سُدہ رفع کرنا۔ (۳) سد راہ گرد رستہ بنانا؛ بلا واسطہ کام کرنا۔ (۴) روکنا؛ رکاوٹ ڈالنا۔

Short clothes : (n) چھوٹے بچوں کا لباس؛ بچکانہ لباس۔

Short coat : (n) بچکانہ لباس۔

Short-coat : (v) بچکانہ لباس پہنانا (بچوں کو)۔

Short commons : (n) ناکافی خوراک۔

Short cut : (n) (۱) قریب کا راستہ؛ آڑا راستہ؛ اڑ تک رستہ۔

(۲)(مجازاً) جامع طریقه ؛ مختصر رسته ۔ Short cut : (n)

ایک قسم کا تمباکو ۔ Short cut : (n)

مختصر ؛ چھوٹا ؛ کوتاہ ۔ Short-cut : (a)

چھوٹا کرنا ۔ Short cut : (v)

کم میعاد ؛ کم میعاد والا ؛ قلیل المیعاد (ہنڈی)۔ Short-date / -dated : (a)

قلیل المیعاد ہنڈی ۔ Short-dater : (n)

(پودا) جسے پھل دینے کے لئے اندھیرے اور روشنی کے باقاعدہ دور کی ضرورت ہو ۔ Short-day : (a)

(تاش) کم پتے کی گڈی ۔ Short-deck : (n)

کم حوالگی ؛ مال کم دینا ۔ Short delivery : (n)

مختصر تقسیم (جبکہ عدد تقسیم کنندہ ۱۲ سے زیادہ نہ ہو) ۔ Short-division : (n)

قلیل المیعاد ہنڈی ۔ Short-exchange : (n)

کمی ؛ کسر ۔ Short fall : (n)

(۱)بچکانہ فراک ۔ (۲) (مجازاً) (جمع) بچکانہ عادت وغیرہ ۔ Short-frock : (n)

چھوٹے ریشے کی (لکڑی ، ہڈی وغیرہ) جو چٹ سے ٹوٹ جائے ۔ Short-grained : (a)

چھوٹے بالوں والی بلی کی ایک جنس ۔ Short-hair : (n)

جس کے پاس مزدور یا کام کرنے والے کم ہوں ۔ Short-handed : (a)

(۱) (بشریات) کوتاہ سر ۔ (۲) (گھڑ دوڑ) گھوڑے کے سر کی لمبائی سے کم دوری ۔ Short-head : (n)

(ملاحوں کی اصطلاح میں) وہیل مچھلی کا بچہ ۔ Short-head : (n)

کوتاہ سر ۔ Short-headed : (a)

کوتاہ سری ۔ Short-headedness : (n)

(۱) چھوٹی ایڑی والا ۔ (۲) (مجازاً) لا ابالی ؛ من موجی ؛ شوخ ۔ Short heeled : (a)

چھوٹے سینگوں والے مویشیوں کی ایک نسل کا نام ۔ Short horn : (n)

گولف کا ایک بلا جس کا چھڑ چھوٹا ہوتا ہے۔ Short-iron : (n)

جس کے جوڑوں کے درمیان کم فاصلہ ہو ۔ Short-jointed : (a)

(کسی تقرری کرنے یا منتخب کرنے والے کے سامنے پیش کی جانے والی) مخصوص فہرست (امیدواروں کی) ۔ Short-leet : (n)

(کرکٹ) میدان کا وہ حصہ جو کھیلنے والے کے بائیں اور بائیں جانب کے پیچھے اور نزدیک ہوتا ہے ۔ Short-leg : (n)

کسی عہدے کے لئے منتخب امیدواروں کی فہرست جس میں سے آخری انتخاب کیا جائے ۔ Short-list : (n)

منتخب امیدواروں کو فہرست میں شامل کرنا ۔ Short-list : (v)

قلیل الحیات ؛ نا پائیدار ؛ چند روزہ ؛ عارضی ؛ کم عمر۔ Short-lived : (a)

قلیل المیعاد قرض ۔ Short-loan : (n)

چار سطروں کا ایک بند جس میں پہلی ، دوسری اور چوتھی سطریں چھ ہجاؤں کی اور تیسری سطر آٹھ ہجاؤں کی ہوتی ہے ۔ Short metre : (n)

قلیل المیعاد قرض پر دی جانے والی رقم ۔ Short-money : (n)

جلد منجمد ہو جانے والا (شیشہ) ۔ Short-natured : (a)

(۱) تقریباً ؛ قریب قریب ۔ (۲) علاوہ ؛ بجز ؛ سوائے ۔ Short of : (adv.)

ایسے کھانے کی فرمائش جو جلد پکایا جا سکے ۔ Short order : (n)

کم پیسے کا ٹکٹ لگا ہوا یا چسپاں کیا ہوا ۔ Short-paid : (a)

دیکھو Short-bill Short paper : (n)

جلد ادائی ۔ Short-payment : (n)

(کرکٹ) گیند کا کم فاصلے پر گرنا ۔ Short pitch : (n)

کم قیمت ۔ Short price : (n)

کم مدت یا دوری رکھنے والا ۔ Short range : (n)

وہ ہڈی جو سینے کی ہڈی سے جدا ہو ۔ Short-rib : (n)

(۱) (کرکٹ) جلدی سے مکمل کیا ہوا رن (جبکہ گیند Short run : (n)

بہت دور نہ گئی ہو)۔ (۲) نامکمل رن۔

Short-sea : (a) قریبی بندرگاہوں کے درمیان چلنے والا (جہاز)۔

Short-sheet : (v) (پلنگ پر) چھوٹی چادر بچھانا۔

Short-short : (n) بہت ہی مختصر افسانہ۔

Short-shrift : (n) (۱) قلیل مہلت (مجرم قرار پانے اور سزا یا پھانسی پانے کے درمیان)۔ (۲) کم توجہ؛ دھیان۔

Short sight : (n) (۱) نزدیک بینی؛ قریب نظری۔ (۲) تنگ نظری؛ کوتاہ نظری؛ ناعاقبت اندیشی۔

Short-sighted : (a) (۱) قریب نظر؛ نزدیک میں۔ (۲) کوتاہ اندیش؛ ناعاقبت اندیش۔

Short-sightedly : (a) تنگ نظرانہ یا عاقبت اندیشانہ طور پر۔

Short sightedness : (n) تنگ نظری؛ ناعاقبت اندیشی؛ نزدیک بینی۔

Short slip : (n) (کرکٹ) سلپ؛ دیکھو Slip

Short-spoken : (a) کم گو؛ کم سخن؛ پنبہ دہن؛ قل و دل۔

Short-staffed : (a) کم افسران یا عمال سے معمور۔

Short-staple : (a) چھوٹے ریشوں والی (روئی وغیرہ)۔

Short-story : (n) (۱) مختصر افسانہ؛ افسانہ۔ (۲) (عام) جعلی چیک۔

Short-story writer : (n) (۱) مختصر افسانہ نویس۔ (۲) (عام) جعلی چیک بنانے والا۔

Short-subject : (n) چھوٹا یا چھوٹی فلم۔

Short suit : (n) (تاش) ایک ہی رنگ کے چار سے کم پتوں والا (ہاتھ)۔

Short-sweetening : (n) چینی۔

Short-swing : (a) امور موعودہ کو جلد پورا کرنے والا۔

Short sword : (a) چھوٹی تلوار۔

Short-tempered : (a) تنک مزاج؛ زود رنج۔

Short tail : (n) سانپ کی ایک جنس۔

Short-term : (a) (۱) قلیل المیعاد؛ قلیل مدت۔ (۲) ایک سال سے کم مدت یا میعاد والے مالی معاملات سے متعلق۔

Short-termer : (n) کم دنوں تک جیل کی سزا پانے والا شخص۔

Short-term note : (n) دو سال سے کم مدت قائم رہنے والا مالی معاہدہ؛ کم مدتی معاہدہ۔

Short-term paper : (n) تحویل پذیر ہنڈی یا دستاویز جو تین سے چھ مہینے کے اندر واجب الادا ہو جاتا ہے۔

Short time : (n) کام کرنے کی تخفیف شدہ مدت؛ مقررہ مدت سے کم مدت میں کام کرنا۔

Short-time : (a) قلیل مدت۔

Short-title : (n) مختصر عنوان۔

Short-tongued : (a) (۱) چھوٹی زبان۔ (۲) (مجازاً) جو صاف نہ بول سکے؛ ہکلا کر بولنے والا؛ تتلا کر بولنے والا۔ (۲) کم گو؛ کم سخن۔

Short-waisted : (a) اونچی کمر یا چولی والا (لباس)۔

Short-wave therapy : (n) قصیر موجی علاج۔

Short-waves : (n) قصیر امواج۔

Short-weight : (n) کم وزن۔

Short-weight : (v) کم وزن کا مال دے کر دھوکا دینا۔

Short-winded : (a) (۱) دم چڑھا ہوا یا دم پھولا ہوا (شخص)؛ ہانپتا ہوا۔ (۲) تنگ نفس۔ (۳) مختصر۔ (۴) چھوٹی چھوٹی اکائیوں میں توڑا ہوا۔

Short-wool : (n) چھوٹے ریشے کی اون پیدا کرنے والی بھیڑ۔

Short wool : (n) چھوٹے ریشے والی اون۔

Short-woolled : (a) چھوٹے ریشے کی اون پیدا کرنے والی۔

Short-yearling : (n) ۹ سے ۱۲ مہینے کی عمر کا بچھڑا یا بچھیا۔

Shortage : (n) (۱) کمی؛ قلت۔ (۲) کسر۔

Shortcoming : (n) (۱) کوتاہی؛ قصور۔ (۲) کمی؛ کسر۔

Shorten : (v) (۱) کم کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ گھٹانا ۔ (۲) لگام کسنا ؛ (بتپیار کو) تقریباً بیچ سے پکڑنا ۔ (۳) چھوٹا ہونا ؛ کوتاہ ہونا ؛ مختصر ہونا ؛ گھٹنا ۔ (۴) مجبور کرنا ۔ (۵)(قیمت وغیرہ) کم کرنا ؛ گھٹانا ۔ (۶) کر کرا بنانا ۔ (۷) بچکانہ لباس پہنانا (بچے کو) ۔

To shorten in : (بحری) رسے کو کھینچ کر کم کرنا ۔

To shorten sail(s) : بادبانوں کی تعداد کم کر دینا (رفتار کم کرنے کے لئے) ۔

To shorten the arm or hand of : اختیار محدود کر دینا ۔

Shortener : (n) کم کرنے والا ؛ گھٹانے والا ؛ مختصر کنندہ ۔

Shortening : (n) (۱) کم کرنا ؛ گھٹانا مختصر کرنا ۔ (۲) چربی وغیرہ جس سے کیک وغیرہ کو خستہ بناتے ہیں ۔

Shortfall : (n) کمی ؛ کسر ۔

Shorthand : (n) مختصر نویسی ؛ تند نویسی ؛ ملائم نویسی ۔

Shorthand : (a) (۱) مختصر نویسی سے متعلق ۔ (۲) مختصر نویس ۔ (۳) خلاصہ ؛ مختصر ۔

Shorthead : (v) (گھڑ دوڑ) گھوڑے کے سر کی لمبائی سے بھی کم دوری سے ہرانا ۔

Shortie : (۱) کوتاہ قد ؛ بونا شخص ۔ (۲) اونچا لباس ۔

Shortish : (a) کسی قدر چھوٹا ؛ قدرے کوتاہ ؛ مختصر سا ؛ چھوٹا سا ؛ ذرا سا ؛ مٹھاسا ۔

Shortly : (adv.) (۱) جلد ؛ کچھ پہلے یا بعد ۔ (۲) مختصراً ؛ القصہ ۔ (۳) نزدیک ۔

Shortness : (n) چھوٹائی ؛ اختصار ؛ چھوٹاپن ؛ تنگی ؛ کمی ؛ کوتاہی ؛ (دھات) بھوٹک پن ؛ کڑکیلا پن ۔

Shortness of breath : (n) بے دم ہونا ؛ ہانپنا ۔

Shortsome : (a) دلچسپ ؛ پر لطف ۔

Shorty : (n) دیکھو Shortie

Shot : (n) [OE. 'Sc(e)ot'.] (۱) (بندوق کی) گولی ؛ (توپ کا) گولا ۔ (۲) کوئی اور حربہ جو کسی آلے سے چلایا جاتا ہو ۔ (۳) چھرا ؛ چھرے ۔ (۴) (بندوق یا توپ وغیرہ کا) فائر ؛ نشانہ ؛ بندوق وغیرہ کی مار ۔ (۵) (مجازاً) اندازہ ؛ عقلی گدا (کھیل میں) ہاتھ ؛ داؤں ۔ (۶) کسی کام کی کوشش ۔ (۷)نشانہ باز ۔ (۸) (ماہی گیری) جال پھینکنا ۔ (۸) (کان کنی) بارود یا ڈائنامائٹ وغیرہ کا دھماکہ ۔ (۱۰) بے جا نکتہ چینی ؛ دل آزاری کرنا ۔ (۱۱) نشانہ یا ضرب (کھیل میں) ؛ (کشتی دوڑ میں) پچھلی کشتی کا اگلی کشتی کو چھو لینا ۔ (۱۲) ادائی ؛ (تفریح گاہ یا شراب خانے میں دی جانے والی رقم ؛ شراب خانے کا بل یا حساب ۔ (۱۳) زمین کی تقسیم یا ٹکڑا ۔ (۱۴) کھود کر نکالی ہوئی لاش ۔ (۱۵) پلاسٹک وغیرہ کی مقدار جو ایک بار سانچے میں ڈالا جائے ۔ (۱۶) (فوٹو گرافی) سرسری فوٹو ؛ شاٹ ؛ تعریہ ۔ (۱۷) دوا کی وہ مقدار جو ایک بار سوئی سے دی جائے ؛ سوئی ؛ پچکاری ؛ شراب کا ایک گھونٹ ؛ خوراک ۔ (۱۸) حقیر مخلوق ۔ (۱۹) حوصلہ افزائی ؛ محرک ۔

A shot between wind and water : دیکھو Shoot

A shot in the eye : بدی ۔

Dead shot : دیکھو Dead

In shot /Within- : زد میں ۔

Like a shot : فوراً ؛ جلد سے جلد ؛ بخوشی ۔

(Not) a shot in the licker : دیکھو Locker

Not by a long shot : کسی گنتی میں نہیں ؛ کسی شمار میں نہیں ۔

Out of shot : زد سے باہر ۔

Small shot : چھرہ ۔

To exchange shots : بے قاعدہ لڑائی لڑنا ؛ یکیکی لڑنا ۔

To fire, make, shot a shot : گولی چلانا ؛ گولی مارنا ۔

To make a shot : اندازاً جواب دینا ۔

To stand shot : بل ادا کرنا ۔

Shot : (n) ایک قسم کا کپڑا ۔

Shot : (v) (۱) گولی یا چھرے بھرنا ۔ (۲) گولی یا چھرے بھر کر وزنی کر دینا ۔

Shot : (a) (۱) انڈے دی ہوئی (مچھلی) ۔ (۲) (شاخ وغیرہ) نکلی ہوئی ۔ (۳) چھوڑا ہوا (تیر) ؛ چھوڑی ہوئی (گولی) ۔ (۴) (گولی وغیرہ سے) زخمی کیا ہوا ؛مارا ہوا ۔ (۵)(کپڑا) مختلف رنگوں کے تانے بانے والا ۔ (۶)تبدیل پذیر ؛ بدلنے والا (رنگ) ۔ (۷) مخمور ؛ نشے میں ۔ (۸)فرسودہ ؛ استعمال کیا ہوا ۔

Shot cartridge : (n) کارتوس جس میں چھرے بھرے ہوں یا چھرے والا کارتوس ۔

Shot-gun / Shotgun : (n) چھرے دار بندوق ۔

Shot-gun : (a) (۱) چھرے دار بندوق سے ۔ (۲) جبراً حاصل کیا ہوا ۔ (۳) کثیرالادویہ (نسخہ یا علاج) ؛ کثیرالاجزا (۴)جامع مگر سرسری ۔

Shot-gun : (v) (۱) چھرے دار بندوق سے مارنا ۔ (۲) جبراً وصول کرنا ۔

Shot-hole : (n) (۱) گولی یا چھرے کے ذریعے کیا ہوا سوراخ ۔ (۲) (کان کنی) وہ سوراخ جس میں ڈائنامائٹ وغیرہ داخل کیا جاتا ہے ۔ (۳) (تعمیرات) قلعہ بند دیوار کا وہ سوراخ جس سے گولی وغیرہ چلائی جاتی ہے ۔

Shot noise : (n) (برقیات) (برق) رو میں بے ترتیب اتار چڑھاؤ جو صمام یا ٹرانزسٹر میں مفرد الیکٹرون کے اخراج کے اتار چڑھاؤ کے سبب ہوتا ہے ۔

Shot-plug/ -prop : (n) لکڑی کی گاؤ دم ڈاٹ جہاز کے سوراخ کو بند کرنے کے لئے ۔

Shot-pouch : (n) کارتوس وغیرہ رکھنے کا شکاری کا تھیلا ۔

Shot-put : (n) گولہ اندازی ؛ گولہ باری ۔

Shot-putter : (n) گولہ انداز ۔

Shot-star : (n) (۱) شہاب ثاقب ۔ (۲) ایک قسم کی کائی ۔

Shot-tower : (n) گولی چھرے بنانے کا مینار (۲۰۰ فٹ اونچا) جس میں پگھلا ہوا سیسہ چھلنیوں میں سے گزر کر پانی میں گرتا ہے ۔

Shot window : (n) کھڑکی جو قبضے پر کھلتی اور بند ہوتی ہے ؛ آئینہ دار کھڑکی ؛ جھلملی جس کے اوپر شیشے لگے رہتے ہیں ۔

Shotgun marriage / -wedding : (n) (۱) شادی جو حمل رہ جانے کی وجہ سے جبراً کی گئی ہو ۔ (۲) دو گروہوں یا عناصر کے درمیان جبری اتفاق یا اتحاد ۔

Shotproof : (a) گولی روک ؛ جس پر گولی کا اثر نہ ہو ۔

Shotted : (a) چھرے بھری ہوئی یا گولی بھری ہوئی (بندوق) ۔

Shotten : (a) انڈے دی ہوئی (مچھلی) ۔

Shotten herring : (n) کمزور یا مفلس شخص ۔

Shotty : (a) چھرے کی طرح سخت اور گول ۔

Should : (n) دیکھو Shall

Shoulder : (n) [OE. 'Sculdor'.] (۱) کندھا ؛ کھوا ؛ مونڈھا ؛ شانہ ۔ (۲) پیٹھ کا بالائی حصہ ؛ کندھے (جن پر بوجھ اٹھایا جاتا ہے) ۔ (۳) (ذبح کئے ہوئے جانوروں کا) پٹھا ۔ (۴)پہاڑ ، بوتل وغیرہ کا وہ حصہ جو کندھے کی طرح پھیلا ہوا ہو ؛ پشتہ ۔ (۵) سپاہی کی وہ دھج جس میں وہ کندھے پر بندوق اٹھا کر کھڑا ہوتا ہے ۔ (۶) مونڈھا (لباس ، پوشاک کا) ۔ (۷) کسی چیز کے خاکے کا اندرونی انحنا جہاں سے وہ گاؤ دم ہونے لگتا ہے ۔ (۸) لمبی چول یا کٹاؤ جو سہارے کا کام دیتا ہے ۔ (۹) لٹکنی (کپڑا لٹکانے یا ٹانگنے کی) ؛ ہینگر ۔ (۱۰) شاہ سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۱۱) (جوتے کا) نصف تلا ۔

His shoulders are broad (enough) : وہ بھاری بوجھ یا ذمہ داری اٹھانے یا سنبھالنے کا اہل ہے ۔

Shoulder of mutton fist : بڑا اور بھاری مُکا ۔

Shoulder of mutton sail : ایک قسم کا تکونا بادبان ۔

Straight from the shoulders : سخت یا کاری (ضرب) ؛ سخت مذمت یا دشنام ۔

To have a head upon one's shoulders : عقلمند ہونا ؛ دانشمند ہونا ۔

To open the shoulders : زور دار ضرب لگانا ۔

To put an old head on young shoulders: کم سنی میں پختہ مزاج اور تجربہ کار بنا دینا ۔

To put (lay, set) one's shoulder to the weel : زور لگانا؛ کوشش کرنا ۔

To rub shoulders with : کسی سے متصل ہونا ؛ کسی سے سابقہ ہونا ، پڑنا ۔

Shoulder : (v) (۱) کندھے سے دھکا دینا : دھکم دھکا کرنا ؛ گھس پیٹھ کر کے آگے بڑھنا (مجمع میں)۔ (۲)کندھے پر اٹھانا ۔ (۳)کندھوں پر لینا ؛ اٹھانا ؛ برداشت کرنا (ذمہ داری، خرچ وغیرہ) ؛ قبول کرنا ۔ (۴) (فوج) (بندوق وغیرہ) کندھے پر رکھنا ۔ (۵) کٹاؤ یا چول وغیرہ (سہارے کے لئے) لگانا ؛ کٹاؤ بنانا ۔ (۶) کٹاؤ کا کام دینا ۔ (۷) متصل ہو کر کھڑا ہونا ۔ (۸) شانے کی طرح یا شکل میں نکلنا یا ابھرنا ۔ (۹) شانہ سے شانہ ملا کر کھڑا ہونا ۔

To shoulder arm : بندوق کو سیدھی کر کے پکڑنا ۔

To shoulder one's or a rifle : فوج میں بھرتی ہونا ۔

Shoulder arm : (n) اسلحہ (بندوق وغیرہ) جسے ہاتھ سے تھام کر اور کندھے سے لگا کر فائر کیا جاتا ہے ۔

Shoulder-bag : (n) زنانہ دستی بیگ جسے کندھے سے لٹکایا جا سکتا ہے ۔

Shoulder-belt : (n) دیکھو Bandolier

Shoulder-blade : (h) مونڈھا ؛ شانے کی ہڈی ؛ کتف ۔

Shoulder-bone : (n) دیکھو Shoulder-blade

Shoulder-brace : (n) بچوں کے کندھے کو چپٹا کرنے کا آلہ ۔

Shoulder-butt : (n) پستول کا کندا جسے شانے سے لگا کر فائر کرتے ہیں ۔

Shoulder-clapper : (n) دیکھو Bailiff

Shoulder-girdle : (n) (تشریح) نطاق شانہ ؛ نطاق صدر ؛ چپنی ؛ جسم کا وہ حصہ جس کے سہارے ہاتھ ٹکے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Shoulder head : (n) عنوان یا ضمنی عنوان جو بائیں حاشیہ سے سٹا ہوا ہو ۔

Shoulder-high : (a & adv.) شانے تک (اونچا) ۔

Shoulder-hitter : (n) جھگڑالو ؛ شور و غل کرنے والا ۔

Shoulder-joint : (n) مفصل شانہ ؛ شانے کا جوڑ ۔

Shoulder-knot : (n) (۱) جھبا یا فیتا جو سترھویں اور اٹھارھویں صدی عیسوی میں بطور فیشن کندھے پر لگایا جاتا تھا۔ (۲) ملازموں کی وردی میں کندھے پر کا فیتا یا جھبا ۔ (۳) (فوج) دیکھو Aglet ۔

Shoulder loop : (n) فوجیوں کی وردی کے مونڈھے پر لٹکنے والی پٹی جو صرف ایک طرف سے ٹکی رہتی ہے ۔

Shoulder mark : (n) سخت کھڑے کا تقریباً مستطیل نما ٹکڑا جو فوجیوں کے کندھے پر لگا رہتا ہے اور اس پر ان کے عہدے کا نشان بنا ہوتا ہے ۔

Shoulder note : (n) وہ نوٹ جو ورق کے بالائی بیرونی کونے پر لکھا رہتا ہے ۔

Shoulder-piece : (n) (۱) شانے کی زرہ ۔ (۲) لباس کا مونڈھا ۔ (۳) (اوزار کا) شانہ ۔

Shoulder screw : (n) پیچ جس کے سر کے نیچے چوڑی نہیں رہتی ہے تاکہ اس سے لگی ہوئی چیز اس جگہ آسانی سے گھوم سکے ۔

Shoulder-shot / -shotten : (n) (جانور) جس کے پٹھے میں موچ آ گئی ہو یا ہڈی اتر گئی ہو ۔

Shoulder-slip : (n) شانے یا پٹھے کے جوڑ کی موچ یا ہڈی کا اتر جانا ؛ کندھے کی موچ ۔

Shoulder-strap : (n) (۱) کندھے کی پٹی جس پر سپاہی کی رجمنٹ وغیرہ کا نام یا نمبر لکھا ہوتا ہے ۔ (۲) (لباس کے) مونڈھے کے اوپر کی پٹی جو اگلے اور پچھلے حصوں کو جوڑتی ہے۔

Shoulder-striker : (n) دیکھو Rowdy

Shoulder to shoulder : (adv.) دوش بدوش ؛ کندھے سے کندھا ملائے ؛ ایک دوسرے کا ساتھ دیتے ہوئے ؛ متحدہ کوشش کرتے ہوئے ۔

Shoulder weapon : (n) دیکھو Shoulder arm

Shoulder yoke : (n) بہنگی جس پر گگرا وغیرہ لے جاتے ہیں ۔

Shouldered : (a) (۱) کندھے والا ؛ شانہ دار ۔ (۲) کندھے پر رکھا ہوا (ہتھیار وغیرہ) ۔

To stand shouldered : بندوق کو کندھے پر رکھ کر کھڑا ہونا ۔

Shoulderette : (n) عورتوں کی ہلکی شال جس کے دونوں کناروں پر آستینیں بنی ہوتی ہیں ۔

Shouldering : (n) سہارا دینا ؛ کٹاؤ ؛ چول ؛ کاندھے کی طرح سہارا

دینے والی کوئی چیز۔

Shout : (n) [Late ME. 'Schoute'.] (۱) نعرہ : آواز (پکارنے وغیرہ کی)۔ (۲) (عام) شراب کے جاموں کو دوبارہ بھرنے کے لئے بیرے کو بلانا : آواز دینا : مے خواری کے ایک دور کی قیمت ادا کرنے کی باری۔ (۳) شراب کی پارٹی : محفل کے کسی ایک آدمی کا پوری محفل کو مفت شراب پلانا۔ (۴) مذہبی مجلس۔ (۵) (عام) علامت فجائیہ (!)۔

Shout : (v) (۱) چلانا : چیخنا : بہت زور سے بولنا : نعرہ بلند کرنا۔ (۲) چیخ کر کہنا : پکار کر کہنا : پکارنا : آواز دینا۔ (۳) (آسٹریلیائی عامیانہ) شراب پلانا : تماشائیوں کو دعوت شراب دینا۔ (۴) بلند آواز سے گانا : زور سے گانا۔

To shout at (a person) : کسی سے چیخ کر باتیں کرنا : ڈانٹنا ڈپٹنا۔

To shout down : ہنگامہ مچا کر خاموش کر دینا (نا پسندیدگی ظاہر کرنے کے لئے)۔

Shout song : (n) (۱) جنوب کے حبشیوں کا نہایت مترنم مذہبی گیت۔ (۲) کوئی گیت جسے بلند آواز سے گایا جائے۔

Shouter : (n) (۱) چلانے والا : نعرہ بلند کرنے والا۔ (۲) جزائر غرب الہند کے حبشیوں کے ایک مذہبی فرقے کا رکن۔

Shouther : (n) دیکھو Shoulder

Shouting distance : (n) نزدیکی : قریب۔

Within shouting distance : نزدیک : قریب۔

Shoutingly : (adv.) چلا کر : چیخ کر۔

Shove : (n) دھکا۔

Shove : (v) [OE. 'Scufan'.] (۱) دھکا دینا : ٹھیلنا : ہٹانا : ڈھکیلنا۔ (۲) دھکم دھکا کر کے آگے بڑھنا : گھس پیٹھ کر کے آگے بڑھنا (مجمع میں)۔ (۳) ڈالنا : رکھنا۔ (۴) منافع کے ساتھ کسی دوسرے کے سپرد کرنا : منشیات بیچنا۔ (۵) چلا جانا (کسی جگہ سے)۔ (۶) (رالدار سڑک پر) گاڑی کے پہیوں کا نشان۔

To shove at : ڈھکیلنا : دھکا دینا۔

Shove-halfpenny : (n) (عام) ایک قسم کا جوا (جو فرش پر خانے بنا کر پانسے کی مدد سے کھیلتے ہیں)۔

Shovel : (n) [OE. 'Scofl'.] (۱) بیلچہ : پھاوڑا : پھاوڑی۔ (۲) کرچھا : خاک گیر۔ (۳) دیکھو Shovel-hat۔ (۳) (فوج) توپ میں لگی ہوئی ایک ترکیب جس سے دھکا دینا کم ہو جاتا ہے۔ (۵) اِسکی (Ski) کا اگلا اوپر مڑا ہوا سر۔ (۶) بیلچہ بھر : کرچھا بھر۔

Shovel : (v) (۱) کرچھے وغیرہ سے اٹھانا یا رکھنا۔ (۲) بیلچے وغیرہ سے کھودنا۔ (۳) (بیلچے وغیرہ سے) کسی چیز کو اٹھا کر برتن یا گاڑی وغیرہ میں (ڈال کر) پھینکنا۔ (۴) بیلچہ وغیرہ کے ذریعہ جمع کرنا۔ (۵) کرچھے سے الٹ دینا۔ (۶) (کسی چیز یا آدمی پر) مٹی یا خاک پھینکنا یا ڈالنا۔

Shovel-bill : (n) چمچا بطخ۔

Shovel-board / Shuffle- : (n) (۱) ایک قسم کا کھیل جس میں اچھی طرح پالش کئے ہوئے تختے پر جس پر افقی لکیریں ہوتی ہیں سکے یا قرص کو پھینکا جاتا ہے۔ (۲) وہ تختہ جس پر یہ کھیل کھیلا جاتا ہے۔ (۳) ایک قسم کا کھیل جو جہاز پر کھیلا جاتا ہے (اس میں جہاز کے فرش پر کھریا (مٹی) سے خانے بنا کر ان میں ہاتھ یا لکڑی سے قرص یا پانسہ پھینکتے ہیں۔

Shovel hat : (n) چوڑے کنارے کی ٹوپی جو کلیسائے انگلستان کے بڑے عہدہ دار پہنتے ہیں۔

Shovel-hatted : (a) چوڑے کنارے کی ٹوپی پہنے ہوئے۔

Shovel-head : (n) نہنگ : ایک قسم کی شارک مچھلی۔

Shovel-nose : (n) (۱) کرچھا نما ناک۔ (۲) بعض پرندوں کے نام کے ساتھ بطور صفت آتا ہے۔

Shovel-nosed duck : (n) ایک قسم کی بطخ : چمچا بطخ۔

Shovel-nosed shark / Shovelnosed - : (n) ایک قسم کی شارک مچھلی۔

Shovel-penny : (n) دیکھو Shovel-board

Shovel-stirrup : (n) کشادہ رکاب۔

Shovelfish : (n) ایک قسم کی مچھلی۔

Shovelful : (n) بیلچہ بھر : کرچھا بھر۔

Shoveller : (n) کرچھے وغیرہ سے اٹھانے والا۔

Shoveller : (n) [Alteration of Shovelard.] ایک قسم کی بطخ : چینا بطخ .

Shovellike : (n) بیلچھا نما : کرچھا نما .

Shover : (n) (۱) ڈھکیلنے والا : دھکا دینے والا . (۲) (مزاحاً) موٹر بان : شوفر : ڈرائیور . (۳) جنگجو شخص . (۴) جعلی سکے چلانے والا . (۵) مذبح میں کام کرنے والا .

Show : (n) (۱) دکھانا . (۲) نظارہ : نمائش : تماشا (تھیٹر وغیرہ) . (۳) اظہار : دکھاوا : نمود . (۴) ٹیپ ٹاپ : ٹھاٹ باٹ . (۵) کاروبار : کارخانہ . (۶) کام کرنے یا صفائی پیش کرنے کا موقع . (۷) (دایہ گیری) سفیدی : وہ رطوبت جو وضع حمل سے پہلے جاری ہوتی ہے۔ (۸) نشان : علامت: دلیل : اظہار . (۹) موہوم صورت . (۱۰) دھوکا: فریب . (۱۰) طیف : خیالہ : وہمی صورت : پیکر خیالی . (۱۲)محض دکھاوا : خالی خولی تماشا . (۱۳) (عام) معاملہ . (۱۴) اجتماع : مجمع . (۱۵) پہلا حیض . (۱۶)(بتی یا لیمپ کا) سبک تاب شعلہ (جو ہائیڈروجن کی موجودگی میں نظر آتا ہے . (۱۷) فوجی کاروائی . (۱۸) دھات یا گیس یا تیل پائے جانے کی علامت (کسی مقام پر) . (۱۹) موقع : مناسب موقع : امکان . (۲۰)کار نامہ : مہم : کار عظیم . (۲۱) جنگلی جانوروں ، حیرت انگیز چیزوں کی نمائش .

In show : بظاہر : بطور نمائش .

Good show : عمدہ کار کردگی یا پیداوار : عمدہ : شاندار .

On show : نمائش کے لئے : بطور نمائش .

To boss or run the show : سب کچھ کرنا دھرنا .

To give (a person) a show : کسی آدمی کو موقع دینا .

To give the show away : پول کھولنا : راز فاش کرنا .

To have a (or the) show of : مناسب رکھنا : مشابہ ہونا .

To have (or stand) (a) show : موقع پانا .

To make (a) show : بہانہ کرنا : حیلہ کرنا .

Show : (v) [OE. 'Sceauwian'.] (۱) دکھانا : ظاہر کرنا : اظہار کرنا : ثبوت دینا (کسی صفت ، کام یا قابلیت کا) : کرنا (برتاؤ سلوک وغیرہ) . (۲) نظر آنا : دکھائی دینا : ظاہر کرنا : ظاہر ہونا . (۳) ثابت کرنا : واضح کرنا : سمجھانا . (۴)لے جانا : پہنچانا . (۵) نمائش کرنا . (۶) پیش کرنا (معائنہ کے لئے) : دکھانا . (۷) صورت گری کرنا . (۸)(درخت ، موسم وغیرہ کا) پھل یا پھول دینا . (۹)نمائش کا ذریعہ ہونا . (۱۰) بیان کرنا : وضاحت کرنا : واضح کرنا : اعلان کرنا . (۱۱) (کسی شخص کی غلطی وغیرہ کو) ظاہر کر کے بے عزت کر دینا . (۱۲)(وفاداری کے ثبوت میں) جھنڈا لگانا . (۱۳)عنایت کرنا : کرم فرمانا : شفقت سے پیش آنا . (۱۴) (گھڑ دوڑ میں) تیسرا مقام حاصل کرنا . (۱۵) پیش کرنا (قانونی دستاویز وغیرہ) سرکاری معائنہ کے لئے) .

To have (nothing) to show for (one's labour, expenditure, etc.) : کوئی قابل لحاظ یا پائیدار چیز حاصل نہ کرنا .

To show (a person) one's heels, a clean or fair pair of heels : پتا توڑ بھاگنا : بگٹٹ بھاگنا : دم دبا کر بھاگنا .

To show (a person) the door : نکال باہر کرنا .

To show (a person) the way : (۱) رہبری کرنا : رستہ دکھانا یا بتانا . (۲) کوئی کام کر کے دکھانا : مثال قائم کرنا .

To show daylight : روشن دان بنانا .

To show fight : مقابلے پر آمادہ ہونا : نہ دینا .

To show in : کسی شخص کو کمرے یا گھر کے اندر لانا .

To show off : (۱) آب و تاب سے نمائش کرنا : چار چاند لگا کر دکھانا . (۲) قابلیت کا اظہار کرنا یا دولت کے ٹھاٹھ دکھانا .

To show one's face , head etc. : چہرہ دکھانا : نظر آنا .

To show one's hand : (۱) (تاش) کھول کر پتا دکھانا . (۲) اپنا ارادہ یا منصوبہ ظاہر کر دینا .

To show one's nose: (مزاحاً) چہرہ دکھانا : نظر آنا .

To show one's teeth : مقابلہ یا حملہ کرنے کا ارادہ ظاہر کرنا .

To show out : دروازہ کھول کر باہر نکالنا یا پہنچانا .

To show round : (کسی شخص کو) کوئی جگہ دکھانا یا گھمانا .

بد طینتی کا اظہار کرنا : اظہار خبث کرنا ؛ خباثت نفس ظاہر کرنا۔ To show the cloven foot (hoof) :

جانچ یا معائنے کے لئے پیش کرنا۔ To show up :

(کسی شخص کو) اوپری منزل پر لے جانا۔ To show up, upstairs :

اشتہار۔ Show bill : (n)

تفریحی دھندا ۔ Show biz : (n)

چھوٹا اشتہاری تختہ ۔ Show-board : (n)

دخانی کشتی جس میں ناٹک کیا جاتا ہے ۔ Show-boat : (n)

نمائشی بوتل (جس میں رنگ بھر کر دکان دار کھڑکی پر رکھ دیا کرتے ہیں) ۔ Show-bottle : (n)

بکس جس میں رکھ کر عجوبہ چیزوں کی نمائش کی جاتی ہے ۔ Show-box : (n)

دیکھو Shew-bread Show-bread : (n)

دیکھو Show biz Show-business : (n)

اشتہاری کارڈ۔ Show card : (n)

شوکیس ؛ نمونہ دان ؛ دکانوں ، عجائب خانوں وغیرہ میں چیزوں کے رکھنے کا اونچے پاؤں کا صندوق جس میں شیشے لگے ہوتے ہیں۔ Show-case : (n)

نمائش کرنا۔ Show case : (v)

(قانون) وجہ دریافت کرنے والا (کسی عدالت یا جج کا حکم) ۔ Show cause : (a)

(۱) (تاش) پتا کھول کر دکھانا۔ (۲) اپنا ارادہ یا منصوبہ ظاہر کرنا۔ Show-down : (n)

(۱) وہ اداکارہ جس کا کردار زیادہ تر آرائشی ہو۔ (۲) گانے والیوں کے طائفے کا ایک رکن۔ Show-girl : (n)

دیکھو Show-case Show-glass : (n)

عادتاً تفریح گاہ وغیرہ میں جانے والا۔ Show-goer : (n)

(۱) دیکھو Theatre ۔ (۲) سبز خانہ ؛ پود گھر۔ Show-house : (n)

تشریح ؛ توضیح (خصوصاً تکنیکی طریقے وغیرہ کی)۔ Show-how : (n)

گھوڑے کی جست لگانے کا نمائشی مقابلہ ۔ Show-jumping : (n)

شکی ؛ شک پرست ؛ بے اعتقاد ؛ ثبوت یا شہادت کے لئے اصرار کرنے والا۔ Show-me : (n)

(۱) آب و تاب سے نمائش کرنا ؛ چار چاند لگا کر دکھانا۔ (۲) قابلیت کا اظہار کرنا یا دولت کی ٹھاٹ دکھانا ۔ (۳) مکہ بازی شروع کرنا۔ Show off : (v)

(۱) نمائش ۔ (۲) نمائش کی طرف مائل ؛ نمائش طبع۔ Show-off : (n)

ہاتھ اوپر اٹھانا (رائے وغیرہ دینے کے لئے) ۔ Show of hands : (n)

قابل دید مقام (جسے دیکھنے کو سیاح وغیرہ آئیں)۔ Show-place : (n)

مویشیوں کی نمائش کا باڑہ۔ Show-ring : (n)

(۱) دکان جہاں قابل فروخت مصنوعات دکھائی جاتی ہیں (خریداروں کو) ۔ (۲) دیکھو Theatre ۔ Show shop : (n)

عمل حاضرات کرنے کا شیشہ۔ Show stone : (n)

Commemoration سے پہلے کا اتوار جس میں آکسفورڈ میں عید منائی جاتی ہے۔ Show Sunday : (n)

چھپائی کا دوسرے صفحے پر نظر آنا۔ Show through : (n)

تشہیری مقدمہ (عموماً کمیونسٹ حکومتوں کا) ۔ Show trial : (n)

(۱) نمایاں کرنا ؛ اچھی طرح دکھانا۔ (۲) نمایاں ہونا ؛ صاف نظر آنا ۔ (۳) راز فاش کرنا ؛ پول کھولنا ۔ (۴) (اسکول کا عامیانہ) سزا کے لئے رپورٹ کرنا۔ Show up : (v)

(۱) دکھانا ؛ پول کھولنا۔ (۲) پولس کی قطار بندی۔ Show-up : (n)

(۱) (دکانوں میں مال سے) سجی کھڑکی۔ (۲) نمونے چیزیں۔ Show window : (n)

مویشی باڑا (جس میں مویشیوں کی نمائش ہوتی ہے)۔ Show yard : (n)

قابل نمائش ؛ دکھانے کے قابل۔ Showable : (a)

کسی متنازعہ فیہ مسئلے یا طاقت کا آخری فیصلہ ۔ Showdown : (n)

فوجیوں کے لباس اور سازو سامان کا تفصیلی معائنہ۔ Showdown inspection : (n)

Shower : (n) [OE. 'Scur'.] (۱) مینہ کا چھینٹا : بوچھار (پانی ، تیروں اور گولیوں وغیرہ کی) ۔ (۲) بوچھار : بھرمار (تعریف وغیرہ کی) ۔ (۳) عموماً مخصوص قسم کے تحائف کی بوچھار (دلہن کو دی ہوئی چیزوں کی) : ایسے تحائف دینے کا موقع ۔ (۴) دیکھو Shower-bath ۔

Shower : (n) [OE. 'Sceaere'.] دکھانے والا : نمائش کرنے والا ۔

Shower : (v) (۱) بوچھار ہونا : چھینٹا پڑنا : بوچھار پڑنا : بوچھار کی شکل میں بارش ہونا۔ (۲) بوچھار کرنا : بھرمار کرنا۔ (۳) چھڑکاؤ کرنا ۔ (۴) وافر (مقدار میں) اور تیزی سے ڈھالنا (پانی وغیرہ) ۔ (۵) اچھی طرح بارش سے بھیگ جانا ۔

Shower-bath : (n) (۱) فوارہ دار غسل خانہ ۔ (۲) فوارے کا غسل ۔

Shower-bouquet : (n) ایک قسم کا بڑا گلدستہ جس میں چھوٹے چھوٹے گلدستے یا پھول فیتوں میں بندھے یا لٹکتے رہتے ہیں ۔

Shower-cloud : (n) بارشی دل بادل ۔

Showeriness : (n) بوچھار پن ۔

Showery : (a) (۱) بوچھار میں برسنے والا (مینہ) ۔ (۲) بوچھار پیدا کرنے والا ۔ (۳) بوچھار سے متعلق یا مشابہ ۔

Showfolk : (n) تفریحی دھندا کرنے والا ۔

Showily : (adv.) ٹھاٹ سے : ٹیپ ٹاپ کے ساتھ ۔

Showiness : (n) نمود : ٹھاٹ : ٹیپ ٹاپ : ظاہری شان ۔

Showing : (n) (۱) مظاہرہ : نمائش : دکھاوا ۔ (۲) گوشوارہ : جدول وغیرہ ۔ (۳) نمود : نمائش ۔ (۴) بیان کرنے کا طریقہ ۔ (۵) ثبوت ۔ (۶) اشتہار ۔ (۷) کارنامہ : کرتب ۔ (۸) فلم دکھانا یا نمائش کے لئے پیش کرنا ۔

To make a (good or bad) showing : (اچھا یا برا) بیان دینا ۔

Showman : (n) کسی تماشے یا نمائش کا منتظم ۔

Showmanship : (n) (۱) نمائش گری ۔ (۲) فن فرشیندگی ۔

Showpiece : (n) نمونہ ۔

Showroom : (n) (۱) (دکانوں میں مال سے) سجا کمرا (فروخت یا چیزیں دکھانے کا) ۔ (۲) (جمع) بڑے محل کے کمرے جو سیاحوں کو باضابطہ یا باقاعدہ طور دکھائے جاتے ہیں۔

Showstopper : (n) وہ ایکٹ ، گیت (کے لئے) یا اداکار جسے اتنی لمبی داد تحسین ملتی ہے کہ تھوڑی دیر کے لئے کھیل رک جاتا ہے۔

Showy : (a) زرق برق : بھڑکیلا : ٹھاٹ کا ۔

Shoyu : (n) [Jap.] گوشت ، مچھلی وغیرہ کے ساتھ کھانے کی چٹنی جو جاپان ، چین اور ہندوستان میں ایک قسم کی مٹر سے تیار کی جاتی ہے ۔

Shrammed : (a) [Prob. alt. of 'Scrammed'.] سردی سے ٹھٹھرا ہوا ۔

Shrapnel : (n) [f. name of General Henry Shrapnel.] (۱) شرپنل گولیاں : پھٹنے والی گولیاں (جو توپ کے گولے کے اندر ہوتی ہیں اور نشانے کے قریب پہنچ کر پھٹتی ہیں) ۔ (۲) شرپنل بم : وہ بم جس کے اندر شرپنل گولیاں ہوتی ہیں ۔

Shred : (n) [OE. 'Scread.'] (۱) چیتھڑا : دھجی : پرزہ : پارہ : ٹکڑا ۔ (۲) خفیف سی مقدار : ذرہ : رمق ۔

In , into shreds : ٹکڑوں میں : ریزہ ریزہ ۔

Of shreds (and patches) : چیتھڑوں اور دھجیوں کا بنا ہوا ۔

To tear to shreds : ٹکڑے ٹکڑے کر دینا : پارہ پارہ کر دینا ۔

Shred-pie : (n) ایک قسم کی پائی (Pie) ۔

Shreds : (v) پرزہ پرزہ کرنا : پارہ پارہ کرنا : دھجیاں اڑانا : چیتھڑے اڑانا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

To shred out : منصوبہ وغیرہ کو تقسیم در تقسیم کر دینا (تاکہ نیم تربیت یافتہ اشخاص اسے پورا کریں) ۔

Shredder : (n) ٹکڑے ٹکڑے کرنے والا : پارہ پارہ کرنے والی (مشین یا آدمی) ۔

Shredding : (n) ٹکڑا : پارہ : پرزہ ۔

Shreddy : (a) شکستہ حال : شکستہ لباس (شخص) : پھٹا پرانا ۔

Shredout : (n) (کسی منصوبے وغیرہ کی) چھوٹی چھوٹی اکائیوں میں تقسیم ۔

Shrend : (v) [G. 'Schrinden.'] (اندرونی دباؤ کی وجہ کر) چور چور

ہو جانا ؛ پارہ پارہ ہو جانا۔

Shrew : (n) [OE. 'Screawa'.] بد مزاج عورت ؛ لڑاکا؛ جھگڑالو عورت۔

Shrew : (n) ایک قسم کا دودھ پلانے والا جانور جو چوہے سے مشابہ ہوتا ہے اور کیڑے مکوڑے کھاتا ہے ؛ موش کرم خوار۔

Shrewd : (a) [ME. 'Schrewed(e)'.] (۱) بد چلن ؛ کینہ پرور ؛ شریر ؛ بد معاش ۔ (۲) شدید ؛ سخت (سردی ، درد ، چوٹ وغیرہ) ۔ (۳) تیز ؛ سمجھدار ؛ ہوشیار ؛ سیانا ؛ سوجھ بوجھ کا ؛ صاحب الرائے ؛ زیرک ؛ دانا ۔ (۴) (دلیل وغیرہ) ناقابل رد ۔ (۵) تقریباً صحیح (اندازہ ، شک وغیرہ) ۔

Shrewd turn : (n) شرارت ؛ خبث۔

Shrewdly : (adv.) فراست سے ؛ ہوشیاری سے ؛ سیان پن سے ؛ سوجھ بوجھ سے۔

Shrewdness : (n) فراست ؛ زیرکی ؛ دانائی ؛ ہوشیاری ؛ سیان پن ؛ سوجھ بوجھ۔

Shrewdy : (n) (عام) تیز آدمی ؛ سیانا یا ہوشیار آدمی۔

Shrewish : (a) لڑاکا ؛ جھگڑالو ؛ بد مزاج ؛ چڑ چڑا یا چڈی ؛ منہ زور۔

Shrewishly : (adv.) بد مزاجی سے ؛ چڑچڑے پن سے۔

Shrewishness : (n) بد مزاجی ؛ چڑ چڑاپن۔

Shrewly: (adv.) دیکھو Shrewdly

Shrewmouse : (n) موش کرم خوار۔

Shrewsbury : (n) Shropshire کا ایک شہر۔

Shrewsbury cake : (n) چپٹا گول اور کرمرا بسکٹ نما کیک۔

Shriek : (n) چیخ ؛ کوک۔

Shriek : (v) [ME. 'Shriken'.] (۱) چیخنا ؛ چلانا ؛ کوکنا ؛ چیخ مارنا ۔ (۲) بے تحاشا ہنسنا ؛ ہنستے ہنستے لوٹ جانا ۔ (۳) چیختے چیختے کسی خاص حالت کا پیدا ہو جانا۔

Shrieker : (n) چیخنے والا ؛ چلانے والا۔

Shriekingly : (adv.) چیخ کر۔

Shrieky : (a) جذبات سے بے قابو ؛ بُلند۔

Shrieval : (a) شیرف کا یا اس سے متعلق۔

Shrievalty : (n) شیرف کا عہدہ ؛ شیرف کی میعاد کار کردگی۔

Shrift : (n) [OE. 'Scrift'.] (۱) برأت ؛ بریت ؛ گلو خلاصی ؛ چھٹکارا ۔ (۲) اعتراف گناہ ؛ پادری کے سامنے اعتراف اور معافی ۔

Short shrift : مجرم قرار پانے اور سزا یا پھانسی پانے کے درمیان قلیل مہلت۔

To come, go to shrift : (پادری کے سامنے) اعتراف کرنا اور معافی مانگنا۔

To give short shrift : دم بھر میں کر لینا ؛ ختم کر دینا یا شکست دینا۔

To make one's shrift / To hear a shrift : (پادری کا) اعتراف اور معافی سننا یا کروانا۔

Shrike : (n) [Of obscure origin.] (۱) جلاد پرندہ ؛ ایک پرندہ جس کی چونچ مڑی ہوئی دندانہ دار ہوتی ہے اور وہ چھوٹی چڑیوں اور کیڑوں کو کھاتا ہے ۔ (۲) جلاد پرندہ سے مشابہ دوسرے پرندے۔

Shrill : (n) باریک اور تیز آواز ؛ خواہ مخواہ متوجہ کرنے والی آواز۔

Shrill : (a) (۱) باریک اور تیز (آواز) ؛ باریک اور تیز آواز نکالنے والا۔ (۲) (مجازاً) تیز ؛ شدید ؛ چبھتا ہوا ؛ تیکھا ۔ (۳) بے اعتدال ۔ (۴) بد مزاج ؛ کرخت ؛ سخت۔

Shrill : (v) (چیخ وغیرہ کا) تیز اور باریک آواز میں نکلنا ؛ کانوں میں گھسا جانا ؛ (کوئی بات) چیخ کر کہنا ؛ ایسی آواز میں کہنا کہ سننے والا خواہ مخواہ متوجہ ہو۔

Shrilling : (n) کھڑ کھڑاہٹ۔

Shrillish : (a) کسی قدر تیز اور باریک۔

Shrillness : (n) باریکی اور تیزی (آواز کی) ۔

Shrilly : (a) دیکھو Shrillish

Shrilly : (adv.) باریک اور تیز آواز سے۔

Shrimp : (n) [MLG. 'Schrempen'.] (۱) شرمپ ؛ چنگری ؛ سرطان بحری ؛ جھینگے کی قسم کا ایک قشریہ جو کھایا جاتا ہے ۔

(۲) ٹھنگنا آدمی ؛ بونا؛ ناٹا ؛ پست قد ۔

Shrimp : (v) شرمپ کا شکار کرنا ۔

Shrimper : (n) شرمپ کا شکار کرنے والا (آدمی یا جہاز)۔

Shrimping : (n) شرمپ کاشکار ۔

Shrimpish : (n) ٹھنگنا ؛ ناٹا ؛ بونا ۔

Shrimpy : (a) (۱) شرمپ سے بھرا ۔ (۲) بونا ؛ ٹھنگنا ۔

Shrine : (n) [OE. 'Scrin'.] (۱) خزینۂ تبرکات ؛ تبرکات کا ظرف یا مزار ۔ (۲) مقبرہ ؛ مزار ؛ روضہ ؛ درگاہ ۔ (۳) قربان گاہ یا مقبرہ جو کسی خاص شخص یا واقعے کی یادگار ہو ۔ (۴) یادگار (وہ مقام جو کسی واقعے کی وجہ سے مقدس سمجھا جاتا ہو) ۔ (۵) عبادت گاہ ۔

Shrine : (v) (۱) (کسی متبرک چیز کو) خزینے میں رکھنا ؛ ظرف تبرکات میں رکھنا ۔ (۲) خزینہ ہونا ؛ گنجینہ ہونا ۔ (۳) دل و دماغ میں محفوظ رکھنا ۔

Shrink : (v) [OE. 'Schrincan'.] (۱) سکڑنا ؛ سمٹنا ؛ ٹھٹھرنا ۔ (۲) ٹھٹھک کر رہ جانا ؛ دبک جانا ۔ (۳) ہچکچانا ؛ جھجھکنا ۔ (۴) سکڑنے دینا (کپڑے وغیرہ کو) ۔ (۵) طبیعت نہ چاہنا (کوئی کام کرنے کو) ۔ (۶) سکڑانا ۔ (۷) (تائر وغیرہ کو) گرم کر کے کسی چیز پر چڑھا دینا ۔

To shrink up one's shoulder : (۱) کندھوں کو جنبش دینا ۔ (۲) (مجازاً) نا پسندیدگی کا اظہار کرنا ۔

Shrink : (n) (۱) سکڑنا ۔ (۲) دیکھو Shrinkage ۔

Shrink-wrap : (v) کس کر لپیٹنا ۔

Shrinkable : (a) سکڑنے کے لائق ۔

Shrinkage : (n) (۱) سکڑن ؛ سکڑاؤ ؛ انقباض ؛ سکڑنا ۔ (۲) (بندوق سازی) اندرونی اور بیرونی قطروں کا فرق ۔

Shrinker : (n) دیکھنے والا ؛ ہچکچانے والا ؛ جھجھکنے والا ؛ (کام یا ذمہ داری سے) جی چرانے والا ۔

Shrinking violet : (n) شرمیلا آدمی خصوصاً شہرت سے دور بھاگنے والا ۔

Shrinkingly : (adv.) ڈرتے ہوئے ؛ ہچکچاتے ہوئے ؛ شرماتے ہوئے ؛ جھجھکتے ہوئے ۔

Shrite : (n) [prob. alt. of 'Shrike'.] یورپ کا ایک گانے والا پرند ۔

Shrive : (v) [OE. 'Scrifan'.] (۱) توبہ قبول کرنا ؛ پادری کا (عیسائی سے) اعتراف گناہ کرانا ؛ اس کے لئے کفارہ تجویز کرنا اور گناہوں سے پاک کرنا ۔ (۲) توبہ کرنا ؛ کسی عیسائی پادری کے آگے گناہوں کا اعتراف کرنا ؛ کفارہ ادا کرنا اور گناہوں سے پاک ہونا ۔ (۳) بوجھ کم کرنا ۔

Shrivel : (v) [Origin unkn.] مرجھانا ؛ جھریاں ڈالنا ؛ سکھا کر چرمر کر دینا ؛ مرجھا جانا ؛ جھریاں پڑ جانا ؛ سوکھ جانا ؛ چرمر بھر جانا ۔

Shrivel : (n) خشک یا مرجھائی ہوئی چیز (مثلاً جوز ، پھل وغیرہ) ۔

Shriven : (a) گناہوں کا اعتراف کئے ہوئے ؛ توبہ کئے ہوئے ۔

Shriver : (n) تائب یا توبہ کرنے والا ؛ گناہوں کا اعتراف کرنے والا یا معترف گناہ ۔

Shriving : (n) دیکھو Shrift

Shroff : (n) [Ar. 'Saraaf'.] صراف ؛ سکوں کا پرکھنے والا ؛ جانچنے والا ۔

Shroff : (v) سکوں کا پرکھنا ؛ جانچنا ؛ اصلی اور کھوٹے سکے میں فرق بتانا ۔

Shraffage : (n) صراف کا کمیشن (سکوں کو پرکھنے کا) ۔

Shroud : (n) [OE. 'Scrud'.] (۱) کفن ۔ (۲) پردہ ؛ وہ چیز جو کسی کو چھپائے ۔ (۳) (جمع) گرجے کا تہ خانہ ؛ سرد ابہ (جس میں مردے دفن ہوتے ہیں) ۔ (۴) پن چکی کے محیط کے دو حلقہ نما دھات کی چادروں میں سے ایک ۔ (۵) گیرا پہیے کے دندانے کا کوریا کگر ۔

Shroud : (v) (۱) کفنانا ؛ کفن پہنانا ۔ (۲) پردہ ڈالنا ؛ چھپا لینا ؛ صورت بدل دینا ۔ (۳) (میکانیات) (پن چکی میں) حلقہ نما دھات کی چادریں لگانا ۔ (۴) پناہ دینا ؛ پناہ لینا ۔ (۵) گوشت (خصوصاً گائے کے) کو ململ سے چھپانا ۔

Shroud : (n) وہ رسے جن کے سہارے جہاز کا مستول کھڑا ہوتا ہے ۔

Shroud : (n) (۱) (درخت کا) تراشہ ؛ کترن ۔ (۲) (جمع) شاخ ؛ ٹہنی ۔

Shroud : (v) شاخیں کاٹنا ؛ چھانٹنا ۔

Shroud-brass : (n) پیتل کا یادگار کتبہ جس پر کفن پوش مردے کی تصویر ہوتی ہے ۔

Shroud plate : (n) پن چکی کی حلقہ نما چادریں (دھات کی) ۔

Shrouding : (n) (۱) کفنانا ؛ تکفین ۔ (۲) (میکانیات) پن چکی کی حلقہ نما دھات کی چادریں ۔

Shroudless : (a) بے کفن ۔

Shrove : (n) Ash-Wednesday کے بعد کے تین دن ۔

Shrove Monday : (n) یوم استغفار سے پہلے کا سوموار ۔

Shrove Tuesday : (n) (Ash-wednesday) یوم استغفار ؛ توبہ کے منگل کے پہلے کے وہ تین دن جب عیسائی پادری کے آگے گناہوں کا اعتراف کر کے پاک ہوتے ہیں ۔

Shrovetide : (n) دیکھو Shrove

Shrub : (n) [OE. 'Scrubb'.] جھاڑی ؛ بوٹا ۔

Shrub : (n) [Arab. 'Surb, Sarab'.] ایک مشروب جو پھلوں کے عرق اور روح شراب کو ملا کر بنایا جاتا ہے ۔

Shrub : (v) (۱) جھاڑیاں صاف کرنا ۔ (۲) چھانٹنا ؛ شاخیں کاٹنا ۔ (۳) لان وغیرہ میں جھاڑیاں لگانا ۔

Shrubbed : (a) جھاڑی دار ؛ جھاڑی نما ۔

Shrubbery : (n) جھاڑیاں ؛ بنی ؛ بوٹا زار ؛ جھاڑیوں کا جھنڈ ۔

Shrubby : (a) دیکھو Shrubbed

Shrublet : (n) چھوٹی جھاڑی ۔

Shrug : (n) (۱) کندھوں کی جنبش (نا پسندیدگی ، نفرت وغیرہ کے اظہار کے لئے) ۔ (۲) ایک قسم کا زنانہ جیکٹ ۔

Shrug : (v) [Origin unkn.] (۱) کندھوں کو جنبش دینا ؛ کندھے اچکانا (جس سے بے پروائی ، بے بسی ، حقارت ، خفگی وغیرہ ظاہر ہوتی ہے) ۔ (۲) جھٹکا دینا ؛ جھٹکا دے کر کھینچنا ۔

Shrug away : (v) نجات پانا ؛ پیچھا چھڑانا ؛ پروا نہ کرنا ۔

Shrug off : (v) (۱) نظر انداز کرنا ؛ معمولی سمجھ کر چھوڑ دینا ۔ (۲) جھٹکنا ؛ پیچھا چھڑانا ۔ (۳) بل کھا کر (لباس) اتارنا ۔

Shruggingly : (adv.) بے اتفاقی سے ؛ بے اعتنائی سے ۔

Shrunk : (a) سکڑا ہوا ؛ ٹھٹھرا ہوا ۔

Shrunken : (a) دیکھو Shrunk

Shu : (n) [Chinese 'Shu'.] باہمد گری ؛ باہمی تعاون ہر معاملے میں ۔

Shuba : (n) [Russ.] سمور کا کوٹ ۔

Shuck : (n) [Origin unkn.] (۱) بھوسا ؛ خول ؛ قشر ۔ (۲) بے قدر چیز ۔ (۳) (جمع) نفرت یا بے پروائی کا کلمہ حرف فجائیہ ۔ (۴) مکئی کے چھلکے میں لپیٹا ہوا سگریٹ یا سگار ۔

Shuck : (v) (۱) بھوسا یا خول الگ کرنا ۔ (۲) قشر چھڑانا (صدف وغیرہ کا) ۔ (۳) (کپڑے وغیرہ) اتارنا ۔ (۴) ترک کرنا (عادت وغیرہ) ۔ (۵) کنارے ڈال دینا ۔

Shuck : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا شکاری کتا ۔

Shuck-bottom / -bottomed : (a) (کرسی وغیرہ) جس کا مقام نشست مکئی کے چھلکے سے بنایا گیا ہو ۔

Shuck-bottom : (n) مکئی کے چھلکے سے بنی ہوئی کرسی ۔

Shucker : (n) صدف وغیرہ کا قشر اتارنے والا ۔

Shudder : (n) تھرتھری ؛ لرزہ ؛ کپکپی ۔

To give one the shudder : ڈرا دینا ؛ خوفزدہ کر دینا ۔

Shudder : (v) (۱) کانپنا ؛ لرزنا ؛ تھرتھرانا ؛ رونگٹے کھڑا ہونا ۔ (۲) وحشت ہونا ؛ کراہت ہونا ۔

Shuddering : (a) ڈرا ہوا ؛ خوفزدہ ؛ وحشت زدہ ۔

Shudderingly : (adv.) کانپتے ہوئے ؛ تھرتھراتے ہوئے ۔

Shuddess : (n) تھرتھرا دینے والا ؛ خوف پیدا کرنے والا ۔

Shuddery : (a) دیکھو Shuddersome

Shuffle : (n) (۱) سخن سازی ؛ بات بنانا ؛ چال ؛ چکمہ ۔ (۲) حیلہ بازی ؛ ٹال مٹول ۔ (۳) پیر گھسیٹنا یا رگڑنا ؛ پیر رگڑتے ہوئے چلنے کا انداز ۔ (۴) ایک قسم کا رقص جس میں پیروں کو رگڑتے ہیں ۔ (۵) تاش کا پتا پھینٹا جانا ؛ الٹ پھیر ؛ ترتیب کا تغیر ۔ (۶) تاش کے پتے پھینٹنے کی باری ۔ (۷) گڈ مڈ ؛ الٹ پھیر ۔

Double shuffle : دوہری رگڑ : دوبارہ ایک پیر سے پھر دوسرے پیر سے (رگڑ) (جیسے ناچ میں) .

Shuffle : (v) [LG. 'Schuffeln'.] (۱) بدقت حرکت کرنا ؛ گھسٹ کر چلنا ؛ (پیر وغیرہ) رگڑ کر چلنا . (۲) گڈ مڈ کرنا یا ہونا . (۳) کپڑے پہنانا یا اتارنا ؛ بوجھ اٹھانا یا رکھنا . (۴) بار بار پہلو بدلنا؛ کسی پہلو قرار نہ آنا (۵)(مجازاً) ایک بات پر قائم نہ رہنا ؛ گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا ؛ سخن سازی کرنا .(۶) رقص کرنا (پیروں کو رگڑتے ہوئے) . (۷) تاش کے پتے پھینٹنا . (۸) خفیہ طور پر لے آنا (کوئی چیز) . (۹) جگہ تبدیل کرتے رہنا ؛ اِدھر اُدھر پھرنا . (۱۰) الٹ پھیر کرنا . (۱۱) کسی چیز کو ظرف میں بے قاعدہ طور پر رکھنا . (۱۲) گھس پیٹھ کرنا . (۱۳) (مرغ کا لڑائی میں) ٹانگ کے خار سے حملہ کرنا .

To shuffle off : ٹالنا ؛ (فرض یا ذمہ داری سے) جان چرانا .

To shuffle through : جلدی سے (کوئی کام) کرنا ؛ کسی طرح کر دینا .

Shuffle-board : (n) دیکھو Shovel-board

Shuffler : (n) (۱) تاش کے پتے پھینٹنے والا . (۲) ٹال مٹول کرنے والا ؛ حیلہ کرنے والا ؛ سخن ساز ؛ گرگٹ کی طرح رنگ بدلنے والا .

Shuffling : (n) گھسٹ کر چلنا ؛ الٹ پھیر کرنا ؛ گڈ مڈ کرنا .

Shuffling : (a) (۱) پیر گھسٹ کر چلنے والا . (۲) حیلہ باز ؛ سخن ساز .

Shufflingly : (adv.) (پاؤں) گھسٹتے ہوئے ؛ حیلہ سازی سے .

Shun : (v) [OE. 'Scunian'.] بچنا ؛ پرہیز کرنا ؛ الگ رہنا ؛ احتراز کرنا ؛ حذر کرنا ؛ اجتناب کرنا ؛ دور رہنا ؛ بھاگنا (کسی چیز سے) .

Shun : Attention کا مخفف (حکم دینے کے لئے آتا ہے) .

Shunless : (a) ناگزیر .

Shunt : (n) (۱) پٹری بدلنا یا پٹری کا بدلا جانا . (۲) (برقیات) عاطف ؛ لائن بدلنا ؛ کلید برق . (۳) (ریلوے) تحویلہ ؛ دو راہا؛ شنٹ ؛ سوئچ . (۴) عروقی رستہ جس کے ذریعے کسی خاص جگہ خون کا دوران بدل دیا جاتا ہے (خصوصاً عمل جراحی کے ذریعہ) . (۵) Shunt rifle- gun کا مخفف . (۶) ایک لائن سے دوسری لائن میں رو کو بدلنے کی ترکیب .

Shunt : (v) (۱) دوسرے رستے سے چلانا ؛ لائن بدلنا (ریل گاڑی یا بجلی کی رو کا) . (۲) (ریل گاڑی یا انجن کا کسی دوسری گاڑی کے لئے) اصل لائن چھوڑ کر سائڈنگ پر چلا جانا ؛ ایک پٹری سے دوسری پٹری پر چلا جانا ؛ پٹری بدلنا ؛ بغلی پٹری پر چلا جانا . (۳) روک دینا ؛ بند کر دینا . (۴) ترک کر دینا ؛ باز آنا (ارادے یا منصوبے سے) . (۵) (کسی شخص کو) کام چھڑا کر بے کار کر دینا؛ طاق پر بٹھا دینا . (۶) ٹال دینا ؛ ملتوی کر دینا ؛ معرض التوا میں ڈال دینا .

Shunt-dynamo : (n) عاطف براق (ڈائینمو) ؛ شنٹ ڈائینمو .

Shunt line / -road : (n) ریلوے سائیڈنگ ؛ دوراہا .

Shunt (rifled) gun : (n) وہ بندوق جس کی نال پیچ دار ہوتی ہے .

Shunt-rifling : (n) توپ میں پیچ دار نالی بنانے کا ایک طریقہ جس سے بھرتے وقت گولے آڑے ہو جاتے ہیں .

Shunt-wound : (a) عاطف پیچاں .

Shunter : (n) (۱) راستہ بدلنے والا ؛ پٹری بدلنے والا ؛ لائن بدلنے والا . (۲) (عام) عمدہ انتظامی قابلیت رکھنے والا ؛ اعلیٰ درجے کا منتظم . (۳) ہنڈی کا کاروبار کرنے والا .

Shush : (v) (۱) خاموش کرنا ؛ خاموش رہنا ؛ خاموش ہو جانا . (۲) روکنا ؛ دبانا ؛ ضبط کرنا .

Shut : (n) (۱) بند کرنے والی کوئی چیز (خصوصاً قبضہ دار یا پھسلواں دروازہ وغیرہ) . (۲) بند کرنا ؛ بند کرنے کا وقت یا جگہ . (۳) جوڑ .

Shut : (v) (۱) بند کرنا (کیواڑ ، آنکھ ، منہ وغیرہ) ؛ بھیڑنا (کیواڑ) ؛ میچنا (آنکھ) . (۲) بند ہونا ؛ بند ہو سکنا . (۳)دروازہ بند کر کے اندر یا باہر آنے دینا (کسی شخص یا آواز کو) . (۴) بند کر دینا (کوٹھری وغیرہ میں) . (۵)باہر نکال کر دروازہ بند کر دینا . (۶) محروم کر دینا . (۷) دروازہ وغیرہ بند کرتے وقت چول میں دبا دینا . (۸) بند کرنا (چاقو وغیرہ) . (۹) (لوہے وغیرہ کے ٹکڑوں کو) گرم کر کے جوڑ دینا . (۱۰) مسلسل ہو جانا . (۱۱) (کاروبار وغیرہ) بند کر دینا . (۱۲) اندر آنا یا باہر نکلنا (کسی جگہ یا عمارت سے) باہر روک دینا .

To be, get shut of : چھٹکارا پانا ؛ بچنا .

To shut (another's) month : منہ بندی کرنا .

(۱) چشم پوشی کرنا ؛ اغماض کرنا ۔ (۲) بالکل توجہ نہ کرنا ؛ آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا۔ To shut (one's) eye to, against on :

چھٹکارا پانا ؛ بچنا۔ To shut one's hand of :

منہ بند رکھنا ؛ خاموش رکھنا ؛ بولنے نہ دینا۔ To shut (one's) mouth/ -head/ -face :

مدد کرنے سے انکار کر دینا ؛ مدد بند کر دینا۔ To shut one's purse (against) :

بالکل القط کر دینا ؛ بالکل توجہ نہ کرنا؛ راہ بند کر دینا ؛ راہ مسدود کر دینا۔ To shut the door :

دوسروں سے الگ کر دینا ؛ علاحدہ کر دینا۔ Shut away : (v)

(۱) بند کرنا (کھڑکی وغیرہ) ۔ (۲) بند ہو جانا ، کر دینا (کارخانہ وغیرہ کا) ۔ (۳) بند ہو جانا ۔ (۴) (کہر، رات وغیرہ کا) آنکھوں کے سامنے اندھیرا کر دینا۔ Shut down : (v)

کاروبار یا کام کا بند ہو جانا۔ Shut down : (n)

(عام) نیند ؛ خواب۔ Shut-eye : (n)

(۱) معذور شخص ۔ (۲) وادی کا گھاٹی نما تنگ حصہ ۔ (۳) تیل یا گیس جو کنویں میں موجود ہو مگر نکالا نہ گیا ہو۔ Shut-in : (n)

(۱) روک رکھنا ؛ بند رکھنا۔ (۲) تیل کے کنویں کو بند کر دینا۔ Shut in : (v)

(۱) بند ، گوشہ نشیں ۔ (۲) منقطع ؛ محدود ۔ (۳) مغموم؛ متفکر ۔ (۴) سوسائٹی یا لوگوں کی صحبت سے گریز کرنے والا۔ Shut-in : (a)

خاموش ۔ Shut-mouthed : (a)

(۱) گیس یا پانی کو (ٹونٹی وغیرہ بند کر کے) روک دینا ؛ بند کر دینا ۔ (۲) برادری سے علاحدہ کر دینا ؛ صحبت سے خارج کر دینا۔ (۳) رک جانا۔ Shut off : (v)

(۱) حمام ؛ ڈاٹ ۔ (۲) بند کرنا۔ (۳) موسم جس میں شکار کی ممانعت ہو۔ Shut off : (n)

(۱) بیچ میں حائل ہونا ؛ آڑ کر دینا ۔ (۲) سد باب کرنا ؛ مسدود کر دینا ۔ (۳) حریف کو اسکور کرنے سے باز رکھنا ؛ (برج کھیل میں) حریف کو بول دینے سے روکے رکھنا (اونچے بول دے کر) ۔

(۱) کھیل یا مقابلہ جس میں ایک فریق کوئی اسکور نہیں بناتا ہے ۔ (۲) آؤ۔ Shut out : (n)

دروازہ بند کرنا۔ Shut to : (v)

Sillock : (n) [Orkney and Shetland dial.] ایک قسم کی پولک مچھلی ۔

Sillographer : (n) [Gr. 'Sillographos'.] ہجو نویس ؛ ہجو نگار ۔

Silly : (a) [ME. 'Sely'.] (۱) سادہ لوح ؛ بے وقوف ؛ نادان ؛ نا عاقبت اندیش ؛ بیچارہ ۔ (۲) ضعیف العقل ؛ مودھو ؛ غیر اہم ۔ (۳) (لفظ ، فعل وغیرہ) احمقانہ ؛ بے وقوفانہ ۔ (۳)(کرکٹ) کھیلنے والے سے بالکل قریب (فیلڈر کی جگہ) ۔ (۵)مخبوط ؛ مدھوش ۔

Silly : (n) بے وقوف شخص ۔

Silly : (adv.) نادانی سے ؛ بیوقوفی سے ۔

Silly : (v) بے وقوف بنانا یا بننا ۔

Silly-billy : (n) بے وقوف شخص ۔

Silly-how : (n) وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے ۔

Silly-season : (n) سال کے وسط کا زمانہ جب اخباروں کو لکھنے کے لئے خبریں نہیں ملتیں اور وہ خواہ مخواہ کے مضامین چھاپتے ہیں ۔

Silo : (n) [Sp.] (۱) وہ گڑھایا ہوا بند مقام جس میں مویشی کا سبز چارامحفوظ رکھا جائے ۔ (۲) اناج کی کوٹھی ۔ (۳) ایک قسم کا (زمین دوز یا زمین سے اوپر کا) استوانہ نما پیپا جس میں سامان رکھے جاتے ہیں ۔ (۴) زمین دوز عمارت جس میں منضبط میزائل فائر کرنے کے لئے تیار رکھے جاتے ہیں ۔

Silo : (v) گڑھے یا ہوا بند مقام میں چارہ محفوظ رکھنا ۔

Silpha : (n) [Gr. 'Silphe'.] بھونرے کی ایک جنس۔

Silphium : (n) [L.] بحیرۂ روم کے علاقے کا ایک پودا، اس پودے سے نکالا جانے والا عرق۔

Silt : (n) [ME. 'Sylte'.] ریت یا مٹی جو دریا کی تہ میں بندرگاہ میں جم جاتی ہے : تہ نشیں مادہ : گاد : ثقل۔

Silt : (v) (۱) تہ نشیں مٹی یا ملبے سے پاٹ دینا یا اٹ جانا۔ (۲) گاد کی طرح بہنا : (مجازاً) آہستہ سے گزر جانا۔ (۳) تہ نشیں مادے کا جمع ہو جانا۔

Silt-loam : (n) وہ مٹی جس میں ۷۰ فی صد نالے یا دریا کی تہ کی مٹی اور ۲۰ فی صد ریت ہوتی ہے۔

Silt-snapper : (n) جمیکا کی ایک قسم کی مچھلی۔

Silt-soil : (n) مٹی جس میں ۸۰ فی صد تہ نشیں مادہ اور ۱۲ فی صد ریت ہوتی ہے۔

Silt-stone : (n) ایک قسم کا پتھر جو زیادہ تر گاد سے سے تیار ہوتا ہے۔

Siltage : (n) تہ نشیں ملبے کا ڈھیر۔

Siltation : (n) تہ نشیں ملبے کا جمع ہونا۔

Silting : (n) (۱) تہ نشیں ملبے کا جمع ہونا۔ (۲) خالی کان کو بیکار چیزوں سے بھر دینا۔

Silty : (a) (۱) تہ نشیں مادے سے مشابہ۔ (۲) تہ نشیں مادے سے بھرا ہوا۔

Silure : (n) [Fr.] ایک قسم کی مچھلی۔

Silurian : (a) [L. 'Silures.'] (۱) سلوریوں کا : سلوروی (سلوریوں کی قوم برطانیہ کے قدیم باشندوں میں گزری ہے)۔ (۲) سلوری (ایک پرت کا نام)؛ سلوری طبقے سے متعلق۔

Silurian : (n) سلوری پرت یا چٹان۔

Silurid : (a & n) ایک قسم کی مچھلی۔

Siluridan : (a & n) گربہ ماہیان سے متعلق یا اس کی جنس کا۔

Silurist : (n) گربہ ماہیان سے متعلق۔

Siluro- : جزو ترکیبی Silurian ویلس میں برٹیک ناک شائر کا باشندہ۔

Siluroid : (a) [f. Silurus + -oid.] گربہ ماہیان سے متعلق یا اس کی جنس کا۔

Siluroid : (n) گربہ ماہی : قرموطہ۔

Silurus : (n) [L.] قرموطہ : گربہ ماہی۔

Silver/ Siller : (n) [OE. 'Siolfor, Seolfor'.] (۱) چاندی : روپا : نقرہ : سیم۔ (۲) شلنگ وغیرہ : چاندی کے سکے۔ (۲) چاندی کے برتن اور دیگر اسباب۔ (۳) چاندی کا کوئی کھار جو فوٹو گرافی کے کاغذ کو اثر پذیر بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہو : چاندی کا نمک : چاندی کا نائٹریٹ۔ (۵) سیمیں رنگ۔ (۶) کیڑے، مچھلی، پرند وغیرہ کی جنس جس کا رنگ سیمیں ہوتا ہے۔

Silver : (a) (۱) چاندی کا : چاندی کا بنا ہوا۔ (۲) نقرہ زا : سیم زا۔ (۳) نقرئی : سیمیں۔ (۳) چاندی کی طرح سفید، چمکدار۔ (۵) نقرئی بیان : لبھانے والی : شیریں بیان : خوش تقریر۔ (۷) عہد سیمیں۔ (۸) چاندی کو سکے کے معیار کے طور پر قبول کرنے کی وکالت کرنے والا۔

Silver : (v) (۱) چاندی چڑھانا : چاندی کی قلعی کرنا۔ (۲) سیمیں بنانا : نقرئی بنانا : چاندی کی سی چمک پیدا کر دینا۔ (۳) سفید ہو جانا : سفید کر دینا (بالوں کا یا بادلوں کا)۔ (۴) (آئینہ کے پشت پر) پارہ یا رنگ چڑھانا۔

Silver age : (n) (۱) عہد سیمیں۔ (۲) لاطینی علم و ادب کا وہ زمانہ جو اغسطینی دور کے بعد ہوا ہے۔

Silver anniversary : (n) پچیسویں سالگرہ۔

Silver-bath : (n) سلور نائٹریٹ کا محلول۔

Silver-beater : (n) چاندی کے ورق بنانے والا : سیمیں کوب۔

Silver-bell : (n) جنوبی افریقہ کا ایک پودا۔

Silver-bill : (n) بعض قسم کی چڑیوں کا نام۔

Silver-bush : (n) (۱) پیڑ کی داڑھی۔ (۲) ایک جھاڑی۔

Silver-bream : (n) رو پہلی مچھلیوں کی قسمیں۔

Silver bronze : (n) ایک کیمیائی مسالہ جو فوٹو گرافی میں کام آتا ہے۔

Silver-chain : (n) ٹڈی۔

Silver-coloured : (n) سیمیں ؛ نقرئی ؛ خاکستری مائل سفید ۔

Silver-cord : (n) (۱) نال ؛ نار ۔ (۲) ماں اور بچے کا جذباتی لگاؤ ۔

Silver-dun : (n) ایک خاص قسم کا پالتو کبوتر ۔

Silver-eel : (n) ایک قسم کی بام مچھلی ۔

Silver fir : (n) چیڑ کی ایک قسم ۔

Silver(-)fish : (n) (۱) سیمیں ماہی ۔ (۲) وہ مچھلی (جو پھپھوندی لگی کتابوں یا جگہ میں ہوتی ہے) ۔

Silver(-)foil : (n) چاندی کا ورق ۔

Silver fox : (n) لومڑی کی ایک قسم جس کے سیاہ سمور میں چتیاں ہوتی ہیں ۔

Silver(-)gilt : (n) (۱) چاندی کا ملمع ۔ (۲) نقلی سنہری ملمع ۔

Silver glance : (n) چاندی کا سلفائیڈ ؛ قلعی کچی دھات ۔

Silver-grain : (n) ذرۂ سیم ؛ سیم ریشہ ۔

Silver grass/ Silver-grass :(n) گھاس کی ایک قسم ۔

Silver-grey : (a) چمکدار سرمئی رنگ کا ۔

Silver-grey : (n) چمکدار سرمئی رنگ ۔

Silver-haired : (a) (۱) سفید مو ؛ سفید بال والا ؛ بوڑھا ؛ ضعیف ۔ (۲) سیمیں زلف والا یا والی ؛ سیمیں مو ۔

Silver-headed : (a) بوڑھا ؛ ضعیف ؛ سفید مو ؛ عمر رسیدہ ۔

Silver jubilee : (n) ۲۵ ویں سالگرہ ؛ جشن سیمیں ۔

Silver-lace : (n) نقرئی فیتہ یا پٹی (رتبے کی علامت کے طور پر) ۔

Silver(-)lead : (n) چاندی اور جست کا مرکب ۔

Silver(-)leaf : (n) چاندی کا ورق ۔

Silver-line(s) : (n) (۱) ایک قسم کا پروانہ ۔ (۲) ایک قسم کا پرندہ ۔

Silver-lining : (n) (۱) بادل کے سفید کنارے یا حاشیے ۔ (۲) امید ؛ امکان ؛ توقع ؛ رجا ؛ آسرا ۔

Silver-lustre : (n) چاندی کی سی چمک دمک ۔

Silver nitrate : (n) سنگ جہنم ؛ چاندی کا تحلیل پذیر نمک جو چاندی پر شورے کے تیزاب کے کیمیاوی عمل سے بنتا ہے ۔

Silver(-) ore : (n) چاندی کی کچی دھات ۔

Silver-paper/ Silver paper : (n) (۱) بہت باریک سفید کاغذ (ٹشو) ۔ (۲) گندھک اور تیزابوں سے پاک کاغذ جس میں چاندی کے ظروف لپیٹے جاتے ہیں ۔

Silver pheasant : (n) جنوبی چین میں پائے جانے والے تیتر کی ایک قسم ۔

Silver-plate/ Silver plate : (n) (۱) چاندی کا پتلا چپٹا ٹکڑا ؛ چاندی کی تختی ۔ (۲) چاندی کا برتن ؛ چاندی چڑھا برتن ۔

Silver-plate : (v) چاندی کی قلعی کرنا ؛ سیم کاری کرنا ۔

Silver-plover : (n) آرکٹک (قلوب جنوبی) کے کچھ پرند ۔

Silver-point : (n) ایک خاص قسم کے کاغذ پر رو پہلی پنسل کی نوک سے تصویر بنانا ؛ اس طرح بنائی ہوئی تصویر ۔

Silver-print : (n) (فوٹو گرافی) کاغذ پر مثبت فوٹو جو چاندی کے کھار سے بنایا گیا ہو ۔

Silver-printing : (n) چاندی کے نمک سے حساس بنائے ہوئے کاغذ پر مثبت فوٹو اتارنا ۔

Silver-sand : (n) ایک قسم کی باریک ریت جو باغبانی میں استعمال ہوتی ہے ؛ سیمیں ریت ۔

Silver-screen : (n) پردۂ سیمیں ؛ سنیما کا پردہ ۔

Silver-side : (n) گائے کی پٹھ کا سب سے اچھا حصہ (گوشت) ۔

Silver-smith : (n) سیمگر ، سنار ؛ چاندی کا کاریگر ۔

Silver-solder : (n) چاندی کا ٹانکا ۔

Silver-spoon : (n) دولت ؛ مورثی دولت ۔

Silver spoon : (a) اعلیٰ خاندان ۔

Silver-stain : (n) ایک قسم کا زرد مسالہ جو سولہویں صدی میں کھڑکیوں کے شیشے پر سجاوٹ کے لئے چڑھاتے تھے ۔

Silver-standard : (n) معیار نقرہ : سکّے میں چاندی کی مقررہ مقدار : جو معیار طے کرے ۔

Silver-steel : (n) فولاد جس میں تھوڑی چاندی ملی ہوتی ہے ۔

Silver-stick : (n) (ملک معظم کے) لائف گارڈ کا افسر جو محل پر متعین ہوتا ہے ۔

Silver-streak : (n) خلیج انگلستان : رود بار انگلستان ۔

Silver-tea : (n) چندہ وغیرہ جمع کرنے کے لئے دی گئی چائے کی دعوت۔

Silver-thaw :(n) درخت : زین وغیرہ پر برف کا جم جانا ۔

Silver-tip : (n). ایک قسم کا بھالو جس کے بالوں کے سرے سفید ہوتے ہیں

Silver-tongue : (n) شیریں زبان ۔

Silver-tongued : (a) شریں زبان : خوش تقریر ۔

Silver-tree : (n) ایک درخت جس کے پتے سفید اور نوکدار ریشمی ہوتے ہیں ۔

Silver-ware : (n) چاندی کے برتن ۔

Silver-wedding : (n) شادی کی پچیسویں سالگرہ ۔

Silver-weed : (n) (۱) ایک قسم کا پودا جس کے پھول زرد اور پتیوں کا نچلا حصہ رو پہلو ہوتا ہے ۔ (۲) جزائر غرب الہند کا ایک پودا ۔

Silver-work : (n) (۱) چاندی کا کام ۔

Silvered : (a) نقرئی : سیمیں ۔

Silvered glass : (n) آئینہ ۔

Silveriness : (n) چاندی کی طرح سفید : چمکدار یا کھنکدار ہونا ۔

Silvering : (n) (۱) چاندی کی قلعی کرنا : چاندی چڑھانا ۔ (۲) چاندی کی قلعی ۔ (۳) دودھ دینے والے جانوروں کے سمور کی سفید یا ہلکے رنگ کی چتیاں ۔

Silverite : (n) چاندی کی مقدار کو سکّہ کی قیمت مقرر کرنے کے حمایت کرنے والا شخص ۔

Silverize : (v) (۱) چاندی کی قلعی کرنا ۔ (۲) سیمیں بنانا : نقرئی بنانا

Silverless : (a) قلاش : مفلس : غریب : نادار : محتاج ۔

Silverling : (n) شیکل : ایک چھوٹا نقرئی سکہ ۔

Silverly : (adv.) (۱) چاندی کی طرح ۔ (۲) کھنکتی آوازیں ۔

Silvern : (a) [OE. 'Seolfren'.] چاندی کا : نقرئی ۔

Silvery : (a) (۱) چاندی کی طرح سفید : چمکدار : سیمیں : چمکیلا ۔ (۲) چاندی چڑھنا ۔ (۲) خوش زبان : سریلی ، شیریں زبان ۔

Silvester method : (n) [after Henry Robet Silvester.] مصنوعی تنفس کا ایک طریقہ جس میں مریض کو چت لٹا کر اس کے ہاتھوں کو اوپر نیچے اٹھایا گرایا جاتا ہے ۔

Silvical : (a) جنگلی درختوں کی زندگی اور خصوصیات : اشجار شناسی سے متعلق ۔

Silvicolous : (a) [L. 'Silvicola'.] جنگل باشی ۔

Silvics : (n) اشجار شناسی ۔

Silvicultural : (a) شجر کاری سے متعلق : شجر پروری سے متعلق ۔

Silviculture : (n) [L. 'Silva'.] شجر پروری : درختوں کی پرورش جنگل کاری کے طور پر ۔

Sima : (n) قشر ارض کا وہ حصہ جو سمندر کی تہ ہوتی ہے ۔

Sima : دیکھو Cyma

Simar : (n) [Fr. 'Simarre'.] (۱) زنانہ محرم : کرتی ۔ (۲) پادری یا اُسقف کی عبا ۔

Simaruba : (n) [Native name in Guyana.] (۱) جنوبی برازیل وغیرہ میں پایا جانے والا ایک قسم کا درخت ۔ (۲) اس درخت کی جڑ کی چھال ۔

Simeonite : (n) [f. name of the Rev. Charles Simeon + -ite.] Simeon یا اس کا پیرو ۔ (۲) کلیسائے انگلستان کا ایک فرقہ ۔

Simhah/ Simcha : (n) [Heb.] جشن : خوشی کاموقع ۔

Simia : (n) [L.] بن مانس : سیمیا : بے دم بندر : بوزنہ ۔

Simian : (a) بندر کا سا : میمونی : بندر نما : بن مانس ۔

Simian : (n) بندر ؛ میمون ؛ بوزنہ ۔

Similar : (a) [Fr. 'Similaire' or Med. L. 'Similaris'.] مشابہ ؛ مانند ؛ مماثل ؛ ملتا جلتا ؛ ایک ہی طرح کا ؛ یکساں ۔

Similar : (n) (۱) مثل ؛ نظیر ؛ مثنیٰ ۔ (۲) یکساں چیزیں ۔

Similar motion : (n) وہ حرکت جس میں دو یا زیادہ حصے ایک ساتھ چڑھتے اترتے ہیں ۔

Similar segments : (n) قطعات دائرہ جس کے زاویے برابر ہوں ۔

Similar triangles :(n) متشابہ مثلثات ۔

Similarity : (n) مشابہت ؛ یکسانیت ؛ یکسانی ؛ مماثلت ۔

Similarly : (adv.) اسی طرح سے ؛ ایک ہی طرح سے ؛ علیٰ ھذا القیاس ۔

Similative : (a) [L. 'Similis' + -ative.] مشابہت ظاہر کرنے والا ۔

Similative : (n) مشابہت ظاہر کرنے والی چیز ۔

Simile : (n) [L.] تشبیہ ۔

Simile : (a) مشابہ ؛ مماثل ۔

Similiter : (adv.) اسی طرح سے ۔

Similititude : (n) [Fr. 'Similitude' or L. 'Similitudo'.]
(۱) مشابہت ؛ مماثلت ۔ (۲) شکل ؛ بھیس ؛ روپ ۔
(۳) تشبیہ؛ تمثیل ۔ (۴) تشابہ ۔ (۵) مثالیہ ؛ مجازیہ ۔

Similize : (v) تشبیہ دینا ؛ تشبیہ کا استعمال کرنا ؛ تشبیہ سے کام لینا ۔

Similor : (n) [Fr.] بہت پیلا پیتل جس سے سستے قسم کے زیور بنائے جاتے ہیں ؛ طلا نما بھرت ؛ سیمیلور ۔

Simious : (a) بوزنہ نما ؛ بندر سا ؛ میمونی ۔

Simkin : (n) [Urdu corruption of Champagne.] شیمپین (شراب)۔

Simmer : (n) (۱) سنسناہٹ ؛ پہلا ابال ۔ (۲) پیچ و تاب کی حالت ؛ ہنسی سے بیتاب ہونے کی حالت ۔ (۳) درجۂ حرارت جس سے سنسناہٹ پیدا ہو ۔

Simmer : (v) [Late form of Simper.] (۱)ابلنے کے قریب ہونا ؛ سنسنانا (پانی وغیرہ کا) ؛ کھدبدانا ۔ (۲) پانی وغیرہ کو گرم کرنا (اتناکہ ابلنے کے قریب ہو یا سنسنانے لگے)۔
(۳) (مجازاً) غصے سے کھولنا ؛ ابلنا ؛ پیچ و تاب کھانا ۔
(۴) ہنسی کے مارے بے تاب ہونا ۔

Simmer down : (v) (۱) گاڑھا ہونا ۔ (۲) (مجازاً) ٹھنڈا ہونا ۔

Simnel : (n) [OFr. 'Simenel.] (۱) عمدہ آٹیکی پاؤ روٹی یا نان پاؤ ۔
(۲) عمدہ خوشنما کیک جو بڑے دن (کرسمس) کے موقع پر بڑے تکلف سے تیار کیا جاتا ہے ۔ (۳) فشردہ ۔

Simnel-Sunday : (n) (۱) لنٹ کا چوتھا اتوار ۔ (۲) (امریکا) ایک قسم کا شربت (جو پھل کو کچل کر تیار کیا گیا ہو) ۔

Simoleon : (n) [Origin unkn.] (عام) ڈالر ۔

Simon legree : (n) بے رحمی سے کام لینے والا (کسی شخص سے) ۔

Simon pure/ the (Real) simon pure : (n) ایک شوقیہ یا زیر تربیت کارکن ؛ جب تک اس اسامی پر مقرر نہ ہو ۔

Simon Pure : (a) اصلی ؛ حقیقی ؛ بد عنوانی سے مبرا ۔

Simoniac : (n) [Fr. 'Simoniaque' or med. L. 'Simoniacus'.] گرجا کے منصب کی خرید و فروخت کرنے والا ۔

Simoniac/ -al : (a) (۱)گرجا کے منصب کی خرید و فروحت کرنے والا ۔
(۲) گرجا کے منصب کی خرید و فروحت کا ۔

Simoniacally : (adv.) گرجا کے منصب کی خرید و فروخت کرتے ہوئے ۔

Simonian : (n) [med. L. 'Sinonianus'.] Simon Magus کے عیسائی فرقے کا رکن جسے بدعتی سمجھا جاتا تھا ؛ سائمن میگس کے پیرو ۔

Simonian : (a) سائمن میگس کے پیروؤں سے متعلق ۔

Simonist : (n) گرجا کے منصب کی خرید و فروخت کرنے والا ۔

Simonize : (v) موم سے پالش کرنا ۔

Simony : (n) [Fr. 'Simonie'.] گرجا کے منصب کی خرید و فروخت ۔

Simoom : (n) [Arab. 'Simum'.] باد سموم ۔

Simorg/ Simorgh : (n) سیمرغ ؛ عنقا ۔

Simp : سادہ لوح ؛ احمق ۔

Simpai : (n) [Malay.] سماترا میں پایا جانے والا ایک قسم کا لنگور۔

Simpatico : (n) [It.] (۱) دلکش ؛ خوشنما ؛ پسند کے لائق۔ (۲) ہم رنگ ؛ ہم مزاج ؛ موافق۔

Simper : (v) (۱) تکلف یا بناوٹ سے مسکرانا ؛ دانت نکال دینا ؛ کھیس کاڑھنا۔ (۲) دانت نکال کر اظہار کرنا ؛ (رضا مندی وغیرہ کا اظہار) دانت نکال کر کرنا۔

Simper : (n) بناوٹ یا حماقت کا تبسم یا ہنسی۔

Simperer : (n) بناوٹ یا حماقت کی ہنسی ہنسنے والا ؛ بناوٹ سے مسکرانے والا۔

Simperingly : (adv.) دانت نکال کر ؛ کھیسیں کاڑھ کر۔

Simple : (a) [Fr.] (۱) آسان ؛ سہل ؛ سیدھا ؛ جس میں کوئی مشکل یا پیچیدگی نہ ہو۔ (۲) مفرد ؛ غیر مرکب ؛ سادہ۔ (۳) سادہ ؛ بے تکلف (جو زیادہ ترقی یافتہ ، پیچیدہ ، آراستہ یا الجھا ہوا نہ ہو)۔ (۴) محض؛ قطعی ؛ مطلق ؛ عین۔ (۵) بے بناوٹ ؛ بے تصنع ؛ بھولا بھالا ؛ سیدھا سادہ۔ (۶) بے وقوف؛ سادہ لوح؛ ناتجربہ کار۔ (۷) حقیر؛ ادنیٰ ؛ خفیف۔ (۸) مفرد (دوا ، جڑی بوٹی)۔

Pure and simple : قطعی ؛ محض ؛ خالص ؛ واضح۔

Simple life : سادہ زندگی۔

Simple : (n) (۱) نا خواندہ لوگ۔ (۲) سادہ لفظ۔ (۳) مفرد چیز۔ (۴) (پارچہ سازی) ہتھ کرگھے کے دو دھاگے جو تانے سے لگے رہتے ہیں۔ (۵) (جمع) حماقت ؛ بے وقوفی ؛ سادہ لوحی۔ (۶) صرف جڑی بوٹی سے حاصل ہونے والی دوا۔

Simple : (v) جڑی بوٹی جمع کرنا۔

Simple: (adv.) دیکھو Foolishly

Simple beam : (n) وہ شہتیر جسے دونوں طرف سے سہارے کی ضرورت ہو۔

Simple-addition : (n) جمع مفرد۔

Simple bond : (n) غیر مشروط بانڈ۔

Simple-bud : (n) اکہوا جس سے شاخ یا پھول نکلتا ہے۔

Simple contract : (n) زبانی یا تحریری معاہدہ (غیر توثیق شدہ)۔

Simple curve : (n) دائروی خم (سڑک کا) جس سے دو راہیں نکلتی ہیں۔

Simple equation : (n) (ریاضیات) سادہ مساوات۔

Simple eye : (n) کیڑے مکوڑوں کی آنکھ جو بہت سادہ ساخت کی ہوتی ہے۔

Simple feast : (n) معمولی عبادت۔

Simple fraction : (n) کسر سادہ۔

Simple fracture : (n) ہڈی کا ٹوٹ جانا مگر اپنی جگہ رہنا۔

Simple harmonic motion : (n) سادہ ہم آہنگ حرکت۔

Simple-hearted : (a) صاف دل ؛ مخلص ؛ مخلصانہ ؛ سادہ دل۔

Simple injury : (n) ضرب خفیف۔

Simple interest : (n) سود مفرد۔

Simple larceny : (n) (قانون) معمولی چوری ؛ سرقہ۔

Simple machine : (n) سادہ مشین ، بیرم ، چرخی ، پیچ وغیرہ۔

Simple-minded : (a) سیدھا سادھا ؛ سادہ دل۔

Simple-mindedness : (n) سیدھا پن ؛ سادہ دلی۔

Simple motion : (n) خط مستقیم ، دائرہ یا قوس میں حرکت۔

Simple ointment : (n) مرہم جس میں پانچ فی صد سفید موم اور ۹۵ فی صد سفید پٹرولیم ہوتا ہے۔

Simple ore : (n) خام دھات جس میں صرف ایک ہی طرح کی دھات نکلے۔

Simple pendulum : (n) سادہ پنڈولم۔

Simple quantity : (n) مقدار مفرد۔

Simple sentence : (n) مفرد جملہ۔

Simple simon : (n) بے وقوف شخص۔

Simpleness : (n) سادگی۔

Simpleton : (n) بے وقوف ؛ احمق ؛ سادہ لوح ؛ بھولا ؛ ضعیف العقل۔

Simplex : (a) [L.] (۱) مفرد ؛ سادہ ۔ (۲) (پیغام رسانی) جس میں سلسلۂ پیغام رسانی ایک وقت میں صرف ایک طرف سے ہو ۔

Simplex : (n) (۱) سادہ لفظ ؛ لفظ مفرد ۔ (۲) سلسلۂ پیغام رسانی کا طریقہ جس میں ایک وقت میں پیغام صرف ایک سمت بھیجا جاسکتا ہے ۔

Simplex mechine : (n) تانا بننے والی مشین ۔

Simplex obligatio : (n) [L.] غیر مشروط بانڈ ۔

Simplicist : (n) مصنوعی سادگی کی حمایت کرنے والا ۔

Simpliciter : (adv.) قطعی طور پر ؛ کلی طور پر ؛ مطلقاً ۔

Simplicity : (n) (۱) مفرد ہونا ؛ سادہ دلی ؛ بھولا پن ؛ سادگی ؛ بے بناوٹ یا بے تکلف ہونا ۔ (۲) لا علمی ؛ جہالت ؛ بے وقوفی ۔ (۳) انکساری ؛ صاف باطنی ؛ صاف دلی ۔ (۴) معصومیت ؛ بھولا پن ۔

Simplification : (n) مفرد شکل میں آنا یا لایا جانا ؛ سہل کرنا یا ہونا ؛ اختصار ۔

Simplify : (v) مفرد شکل میں لانا ؛ پیچیدگی دور کرنا ؛ سادہ کرنا یا بنانا ؛ سہل کرنا ؛ توضیح کرنا ۔

Simplism : (n) مصنوعی سادگی ؛ بناوٹی سادگی ۔

Simplist : (n) مصنوعی سادگی کی حمایت کرنے والا ؛ مصنوعی سادگی پسند ۔

Simplistic : (a) مصنوعی سادگی سے متعلق ۔

Simply : (adv.) (۱) محض ؛ صرف ۔ (۲) سادہ دلی سے ؛ سادگی سے ؛ بلا تصنع ؛ بے بناوٹ ۔ (۳) بے وقوفانہ ؛ احمقانہ ۔ (۴) مطلقاً ؛ بالکل ۔ (۵) سادہ زبان میں ؛ صاف زبان میں ۔

Simulacre : (n) (۱) بت ؛ صنم ۔ (۲) شبیہہ ؛ تمثال ۔

Simulacrum: (n) [L.'Simulare'.] (۱) تمثال ؛ شبیہہ ۔ (۲) ہلکی سی شبیہہ ؛ اشباہ ؛ صورت خیالی ۔ (۳) نقلی چیز جو دھوکے سے اصلی ظاہر کی جائے ؛ محض نقلی یا چربہ ۔

Simular : (n) [L. 'Simulare'.] مشابہ ہونا ؛ نقلی چیز ۔

Simular : (a) نقلی ؛ بناوٹی ؛ مصنوعی ۔

Simulate : (a) مشابہ ؛ نقل ۔

Simulate : (v) (۱) بناوٹ سے ظاہر کرنا ؛ جھوٹ موٹ ظاہر کرنا ۔ (۲) ہونے کا دعویٰ کرنا ؛ بننا ؛ مشابہ ہونا ۔ (۳) روپ بھرنا ؛ بھیس بدلنا ۔ (۴) نقل کرنا ؛ نقل اتارنا ۔ (۵) (لفظ کا) شکل اختیار کرنا (اپنے فرضی ماخذ کی) ۔

Simulated : (a) بناوٹی ؛ جھوٹا ؛ نقلی ؛ مصنوعی ۔

Simulation : (n) (۱) بناوٹ ؛ جھوٹا دعویٰ ؛ بھیس بدلنا ؛ نقل ؛ نر شباہت ؛ مکر کاری ؛ مکر ؛ زمانہ سازی ۔ (۲) نقل اتارنے کا ایک طریقہ ۔

Simulative : (a) نقلی ؛ بناوٹی ۔

Simulator : (n) بننے والا ؛ جھوٹا دعویٰ کرنے والا ؛ نقال ؛ نقل اتارنے کا آلہ ۔

Simulcast : (v) ریڈیو اور ٹیلی ویژن سے ایک ساتھ نشر کرنا ۔

Simulcast : (n) ریڈیو اور ٹیلی ویژن سے بیک وقت نشر کرنا ۔

Simultaneity : (n) ہم وقتی ؛ ہم زمانی ۔

Simultaneous : (a) [med. L. 'Simultaneus'.] (۱) ہم وقت ؛ ہم زمان ؛ ایک ہی وقت میں واقع ہونے والا ۔ (۲) (ارضیات) ہمزاد ۔

Simultaneous equation : (n) مساوات آئینہ ؛ مساوات ہمزاد ۔

Simultaneous reaction : (n) ہم وقتی رد عمل ۔

Simultaneously : (adv.) ایک ہی وقت میں ؛ ساتھ ؛ ساتھ ؛ بیک وقت ۔

Simultaneousness : (n) ہم وقتی ؛ ہم زمانی ۔

Simurgh : (n) [Pers.] سیمرغ ۔

Sin : (n) [OE. 'Syn(n)'.] (۱) گناہ ؛ پاپ ؛ خطا ؛ عصیاں ؛ ذنب ۔ (۲) کوئی فعل جو تہذیب کے خلاف یا رسم و رواج کی رو سے برا ہو ؛ بد تمیزی ؛ نازیبا حرکت ۔

As black or ugly as sin : نہایت سیاہ یا بدصورت ۔

Child of sin : ناجائز اولاد ۔

Deadly sin : گناہ کبیرہ ۔

For my sin : (مزاحاً) اپنے گناہوں کی پاداش میں ۔

In sin : زنا کی حالت میں ۔

Like sin : (عام) جوش و خروش سے ؛ زور شور سے ۔

Man of sin : گناہ گار ؛ بدکار ۔

Mortal sin : گناہ کبیرہ ۔

Original sin : گناہ آدم ؛ فطری معصیت ۔

The seven deadly sins : غرور ، حرص ، شہوت ، غصہ ، شکم پروری ، حسد ، کاہلی ، یہ سات گناہ کبیرہ جن کا ذکر بائبل میں ہے۔

Sin : (v) [OE. 'Syngian'.] (۱) گناہ کرنا ۔ (۲) بدکاری کرنا ؛ زنا کرنا ۔ (۳) بد تمیزی کرنا ؛ نازیبا حرکت کرنا ۔

To sin one's mercies : ناشکر گزاری کرنا ؛ ناشکری کرنا؛ کفرانِ نعمت کرنا ۔

Sin : (n) عبرانی حروف تہجی کا اکیسواں حرف ۔

Sin-eater : (n) مردے کے گناہوں کا بار لینے والا آدمی جو روپئے لے کر تابوت میں رکھی ہوئی روٹی کھاتا اور شراب پیتا ہے ۔

Sin flood :(n) طوفان نوح ۔

Sin-offering : (n) قربانی یا نذر (گناہ بخشوانے کے لئے) ۔

Sinaic : (a) [Heb. 'Sinay'.] کوہ سینا یا جزیرہ نمائے سینا کا ؛ سینائی۔

Sinaitic : (a) دیکھو Sinaic

Sinal : (a) جوف عظم سے متعلق ۔

Sinalbin : (n) [L. 'Sinapis' + 'alba'.] سفید رائی میں پایا جانے والا گلوکو سائیڈ (Glucoside) ۔

Sinamay : (n) [Tagalog.] فلپائن میں بننے والا ایک قسم کا سخت اور موٹا کپڑا ۔

Sinamine : (n) [L. 'Sinapis' + -amine'.] (کیمیا) ایک اساسی مرکب جو Thiasinamine سے حاصل ہوتا ہے ۔

Sinanthropus : (n) [L. 'Sinapis' + -anthropus'.] پیکن کے قریب آثار باقیہ کے بن مانس سے مشابہ انسان ؛ چینی قدیم انسان ؛ چینی بن مانسی انسان ۔

Sinapate : (n) (کیمیا) نمک جو کسی القلی پر خردلی ترشہ کے عمل سے تیار ہوتا ہے (Sinapic acid) ۔

Sinapic acid : (a) Sinapine سے متعلق یا اس سے حاصل ہونے والا ۔

Sinapic acid : (n) خردلی ترشہ ۔

Sinapine : (n) [L. 'Sinapis' + -ine.] ایک مرکب جو سفید رائی میں پایا جاتا ہے ۔

Sinapis : (n) خردل ؛ رائی ۔

Sinapisine : (n) ایک قسم کا سفید ، پرت دار بلوری مادہ جو سیاہ رائی سے نکالا جاتا ہے ۔

Sinapism : (n) [Fr. 'Sinapisme' or Late L. 'Sinapismus'.] ضماد خردل ؛ رائی کا پلستر یا لیپ ۔

Sinapoline : (n) ایک قسم کا نامیاتی اساس ۔

Since : (adv.) (۱) اس کے بعد سے ؛ اس وقت سے ۔ (۲) قبل ؛ پہلے ۔ (۳) بعد میں ؛ آگے چل کر ۔

Since : (prep.) (۱) سے ؛ بعد سے (کسی خاص وقت سے) ۔ (۲) درمیان۔

Since : (conj.) (۱) چونکہ ؛ اس لئے کہ ؛ کیونکہ ۔ (۲) (جب) سے ۔

Sincere : (a) [L. 'Sincerus'.] (۱) مخلص ؛ مخلصانہ ؛ پر خلوص ؛ صادق ؛ خالص ؛ سچا ۔ (۲) کھرا ؛ بے لاگ ؛ صاف ۔

Sincerely : (adv.) صداقت سے؛ سچائی سے ؛خلوص سے ۔

Sincereness : (n) (۱) خلوص ؛ اخلاص ؛ سچائی ؛ ایمانداری ۔ (۲) کھراپن ۔ (۳) (جمع) مخلصانہ احساس یا عمل ۔

Sincerity : (n) دیکھو Sincereness

Sincipital : (a) سر کے نصف اگلے حصہ سے متعلق ۔

Sinciput : (n) [L.] سر کا نصف اگلا حصہ ؛ پیشانی تافرق ۔

Sindico : (n) [L. 'Syndicus'.] (۱) (یورپ کے ملکوں میں) ایک افسر جو مجسٹریٹ کے اختیارات رکھتا ہے ۔ (۲) سنڈک ۔

Sindon : (n) [L.] (۱) ایک قسم کا نفیس باریک کپڑا ۔ (۲) اس کپڑے کا کفن (جس میں حضرت مسیح کو لپیٹا گیا تھا) ۔ (۳)لپیٹنے والا ریپر ۔ (۴) (جراحی) ایک قسم کی بتی (زخم میں بھری جانے والی) ۔

Sindon : (a) نفیس باریک کپڑے کا بنا ہوا ۔

Sine : (n) [L. 'Sinus'.] (علم مثلث) جیب ؛ جیب الزاویہ ۔

Sine : (prep.) بغیر ؛ بلا ۔

Sine die : (adv.) [L.] بلا تاریخ ؛ التوائے غیر محدود ؛ بلا تعین تاریخ ۔

Sine die : (a) غیر معین ؛ غیر محدود ۔

Sine parole : (adv.) [L.] لا وَلد ۔

Sine qua non : (n) لازمی یا ناگزیر شخص یا شے ۔

Sine qua non : (a) لازمی ؛ ناگزیر ۔

Sine wave : (n) جیبی موج ۔

Sinecure : (n) [L. 'Sine cura'.] (۱) وہ عہدہ جس میں کوئی کام نہ کرنا پڑے؛ بے کام کی نوکری؛ بے کام اسامی ۔ (۲) کلیسائی جاگیر جس کے جاگیردار کو پادری کاکام بذات خود نہ کرنا پڑے ۔

Sinecure : (a) بے کام (اسامی) ؛ جس پر کام نہ کرنا پڑے ۔

Sinecurism : (n) بے کام کی نوکری کا طریقہ ؛ مفت باشی ؛ کلیسائی جاگیر کا وہ طریقہ جس میں جاگیردار کو پادری کا کام بذات خود نہ کرنا پڑے ۔

Sinecurist : (n) (۱) ایسی کلیسائی جاگیر کا سربراہ جس کو پادری کا کام بذات خود نہ کرنا پڑے ۔ (۲) وہ عہدہ دار جسے کچھ کام نہ کرنا پڑے یاکم کرنا پڑے ؛ مفت باش ۔

Sinesian : (a) [Late L. 'Sinae'.] چینی اور ان سے مشابہ نسلوں سے متعلق یا ایشیا کے ان علاقوں سے متعلق جہاں یہ لوگ رہتے ہیں ۔

Sinew : (n) [OE. 'Sin(e)we'.] (۱) (تشریح) نس ؛ موٹی رگ ؛ وتر: طُنب ؛ تانت ۔ (۲) نسیلا مادہ ۔ (۳) (جمع) طاقت ؛ زور ؛ قوت جسمانی ؛ عضلات ۔ (۴) (مجازاً) وسائل ؛ ذرائع ۔

The sinews of war : روپیہ ۔

Sinew : (v) تانت سے باندھنا ؛ مضبوط کرنا ۔

Sinewed : (a) (۱) خاص قسم کی نس والا ۔ (۲) مضبوط ؛ قوی ؛ زور آور ؛ نسیلا ؛ طاقتور ۔

Sinewiness : (n) طاقت وری ؛ زور آوری ؛ نسیلا پن ۔

Sinewless : (a) کم زور ؛ ضعیف ؛ ناتواں ؛ ناطاقت ۔

Sinewous : (a) (۱) نسیلا ؛ نس دار ۔ (۲) مضبوط ؛ قوی ؛ زور آور ؛ نسیلا ؛ طاقتور ۔

Sinewy : (n) دیکھو Sinewous

Sinful : (a) (۱) گناہ گار ؛ عاصی ؛ پاپی ۔ (۲) نہایت قابل ملامت ؛ قابل الزام ۔ (۳) گناہ گارانہ ؛ عاصیانہ ۔

Sinfully : (adv.) گناہ گاری ؛ عاصیانہ طور پر ؛ خطا کاری سے ۔

Sinfulness : (n) گنہ گاری ؛ خطا کاری ۔

Sing : (v) [OE. 'Singan'.] (۱) گانا ۔ (۲) چہچہانا ؛ نغمہ سرائی کرنا ۔ (۳) (شہد کی مکھیوں کا) بھنبھنانا ؛ (ہوا کا) سنسنانا ۔ (۴) (آوازسے) کان بھر جانا ؛ کان بجنا ۔ (۵)شعر کہنا ؛ کسی بہادر یا معشوق وغیرہ کی شعر میں تعریف کرنا ؛ (کسی بڑے واقعے کو) نظم میں بیان کرنا ۔ (۶) (مجازاً) چلانا ؛ ہنگامہ کرنا ؛ شیخی بگھارنا؛ پکارنا ۔ (۷) گایا جانا ۔ (۸) زور سے اعلان کرنا ۔

To hear a bird sing : خفیہ اطلاع پانا یا حاصل کرنا ۔

To sing another song or a different tune : بالکل مختلف انداز اختیار کرنا ؛ بالکل مختلف بات کرنا ۔

To sing one's praises : کسی کے گن گانا ؛کسی کی تعریف میں رطب اللسان ہونا ۔

To sing the blues : شکوہ کرنا ؛ قنوطانہ رویہ اختیار کرنا ؛مایوس ہو جانا ۔

To sing the same (or one) song : ایک ہی رٹ لگائے جانا ۔

Sing : (n) گانا ؛ نغمہ سرائی ۔

Sing-space : (v) سطروں کے درمیان کم سے کم فاصلہ ؛ کم سے کم بین السطور والی سطریں ۔

Sing-sing : (n) [Native name.] ایک قسم کا افریقی برگ (پرن) ۔

Sing-sing : (n) جزائر اوشینیا کے ناچ گانے کی ایک تقریب ۔

Sing-song : (n) (۱) ایک ہی لے ؛ یکساں لے ؛ اکتا دینے والی یکسانیت ۔ (۲) یکساں لے کا گیت یا گانا ۔ (۳) یکساں لہجہ ۔

(۴)اتائیوں کا گانا ، گیت ۔

(۱) (گانا ، شعر خوانی) ایک ہی دھن والا : اول سے آخر تک ایک ہی لے والا ۔ (۲) یکساں لہجے والا : اکتا دینے والا ۔ (۳) ایک ہی لے میں گانے والا ۔ Sing-song : (a)

یکساں لے میں گانا : پڑھنا یا بولنا ۔ Sing-song : (v)

پیشہ ور چینی مغینہ ۔ Sing-song girl : (n)

یکساں لے کا ۔ Sing-songy : (a)

گانے کے لائق ۔ Singable : (a)

سنگاپور کا یا سنگا پور سے متعلق : سنگاپوری ۔ Singaporean : (a)

سنگا پوری : سنگا پور کا باشندہ ۔ Singaporean : (n)

سوزش : جلن : داغ (جھلسنے کا) ۔ Singe : (n)

(۱) جھلسنا : جھلسانا : خفیف سا جلنا یا جلانا : داغ لگ جانا ۔ (۲) جھلسا کر الگ کر دینا ۔ (۳)(مجازاً) غیر متوقع تکلیف پہنچانا ۔ Singe : (v) [OE. 'Sencgan'.]

جھلسا ہوا : جھلسایا ہوا ۔ Singed : (n)

گویا : مطرب : مغنی : مراثی : ڈوم ۔ Singer : (n)

جھلسانے والا ۔ Singer : (n)

بندروں کی تصویر ۔ Singerie : (n) [Fr.]

اوتار صوت کی نسیجوں کا موٹا ہو جانا (زیادہ یا غلط طور سے گانے سے) ۔ Singer's node : (n)

(۱) گانے والا : گانے والی ۔ (۲) سریلا : سریلی آواز پیدا کرنے والی ۔ Singing : (a)

(۱) گانا : نغمہ سرائی ۔ (۲) بھنبھناہٹ : کان بجنا ۔ Singing : (n)

(۱) گانے والا : گانے والی ۔ (۲) سریلا : سریلی آواز پیدا کرنے والا ۔ Singing : (a)

پیراک پیپا جس سے آواز نکلتی رہتی ہے ۔ Singing-buoy : (n)

گویّا : مغنی : نغمہ سرا ۔ Singing man : (n)

گانے کا معلم : گانا سکھانے والا استاد ۔ Singing-master : (n)

سریلی آواز ۔ Singing voice : (n)

گاتے ہوئے : سُر میں ۔ Singingly : (adv.)

(۱) باز کے پیر کا درمیانی یا باہری پنجہ ۔ (۲) (شکار) ہرن کی دم ۔ (۳) خوشہ یا بالیں کا چھوٹا گٹھر ۔ (۴)مفرد لفظ ۔ (۵) ایک پنکھڑی پھول ۔ (۶) اِکہرا ریشمی دھاگا ۔ (۷) تاش کا ایک ہاتھ (جبکہ حریف نے تین چار ہاتھ لے لیا ہو) ۔ (۸) (کرکٹ) ایک رن کی ہٹ : وہ ہٹ جس میں صرف ایک ہی رن بنے ۔ (۹) (ٹینس) وہ کھیل یا مقابلہ جس میں ایک وقت میں دونوں طرف سے صرف ایک ہی کھلاڑی کھیلے ۔ (۱۰) گھنٹی بجانے کا ایک طریقہ ۔ (۱۱) ایک شخص : کنوارا : کنواری ۔ (۱۲) تفریح یا تماشا جو ایک ہی آدمی کرے ۔ (۱۳) گھر یا کمرہ جس میں صرف ایک آدمی رہ سکے ۔ Single : (n)

ایک ایک کر کے : فرداً فرداً ۔ In singles :

(۱) واحد : ایک : مفرد : اکہرا ۔ (۲) تنہا : اکیلا : تن تنہا ۔ (۳) سچا : صادق : بے لاگ : کھرا : صاف ۔ (۴) جو ایک ہی شخص کے استعمال کے لئے بنایا گیا ہو ۔ (۵) علاحدہ ۔ (۶) مجرد : کنوارا : کنواری ۔ (۷) کنواراپن سے متعلق ۔ (۸) (نباتیات) مفرد : یک گلبرگہ ۔ (۹) ہلکی (بیئر ، بوزہ وغیرہ) ۔ (۱۰) یکیکی (لڑائی وغیرہ) ۔ (۱۱) بے جوڑ : مفرد : واحد ۔ (۱۲)صرف ایک طرف کے سفر کے لئے (ٹکٹ) ۔ Single : (a) [ME. 'Sengle'.]

مجرد مرد ۔ At single man :

بن بیاہی عورت ۔ A single woman :

(۱) انتخاب کرنا : چننا : چھانٹنا ۔ (۲) (شکار) ایک ہرن کو غول سے الگ کرنا ۔ (۳) الگ کرنا : چھانٹنا ۔ (۴)پودوں کی تعداد کم کرنا تاکہ سبھی پودے الگ الگ بڑھ سکیں ۔ (۵) تنہا بنا دینا : اکیلا بنا دینا ۔ (۶) الگ ہو جانا : دوسروں سے علاحدہ ہو جانا ۔ (۷) (گھوڑے کا) دوگامہ کی طرح چال چلنا ۔ Single : (v)

(۱) ایک ایک کر کے : فرداً فرداً ۔ (۲) اکیلے ۔ (۳) کھرے پن سے : صداقت کے ساتھ : مخلصانہ طور پر : صاف طور سے ۔ Single : (adv.)

یک عملی (انجن) : ایک ہی سمت یا طریقے سے کام کرنے والا : اِکہرے دباؤ کا ۔ Single-acting : (a)

یک عملی انجن : اکہرے دباؤ کا انجن ۔ Single-acting engine : (n)

(۱) دیکھو Single-acting ۔ (۲) (بندوق وغیرہ) Single-action : (a)

جسے ہر فائر کے لئے بھرنا پڑے۔

Single-barrel : (n) یک نالی بندوق۔

Single-barreled : (a) یک نالی؛ جس میں صرف ایک نال ہو۔

Single-blessedness : (n) (مزاحاً) تجرد کی زندگی۔

Single-breasted : (a) اکہرے صدر کا کوٹ۔

Single-chamber : (a) یک ایوانی۔

Single-court : (n) (ٹینس وغیرہ کا) کورٹ جس میں صرف دو کھلاڑی کھیل سکیں۔

Single-crop : (v) اکہری فصل اُگانا۔

Single-cut : (a) اکہرے دندانوں کی ریتی۔

Single-cut : (n) آسان تراش (جواہر کی)۔

Single-cut file : (n) اکہرے دندانوں کی ریتی۔

Single-entry : (n) طریقہ سیاق جس کی رو سے ہر مد کھاتے میں ایک بار درج کی جاتی ہے۔

Single-eye : (a) جس میں صرف اکھوا یا کونپل ہو۔

Single-eyed : (a) (۱) یک چشمی۔ (۲) مخلص؛ ایماندار؛ کھرا؛ صاف؛ بے لاگ۔ (۳) یک مقصد؛ وہ شخص جو اپنے آپ کو ایک مقصد کے لئے وقف کر دے۔

Single-file : (n) آدمیوں وغیرہ کی اکہری قطار۔

Single-file : (adv.) اکہری قطار میں۔

Single file : (v) اکہری قطار میں چلنا۔

Single-foot : (n) گھوڑے کی لنگوری چال۔

Single-foor : (v) لنگوری چال چلنا۔

Single-footed : (a) لنگوری چال چلنے والا۔

Single-gloucester : (n) دیکھو Gloucester

Single-hand /-ed: (a) (۱) یکہ؛ تنہا؛ بلا شرکت غیرے۔ (۲) ایک ہاتھ کا (وار)؛ ایک ہاتھ سے استعمال ہونے والی (چیز)۔

Single-handedly : (adv.) اکیلے؛ بلا شرکت غیرے۔

Single-handedness : (n) اکیلا پن؛ ایک ہاتھ سے کام کرنا۔

Single-hearted : (a) بے لاگ؛ کھرا؛ یک رنگ۔

Single-heartedly : (adv.) کھرا پن سے؛ بے لاگ طور پر۔

Single-heartedness : (n) یک سوئی؛ یک رنگی (طبیعت کی)۔

Single-jack : (n) چھوٹے دستے کا ہتھوڑا۔

Single-line : (a) (۱) یک قطاری؛ ایک لائن والی۔ (۲) یک سطری۔

Single-minded : (a) (۱) بے لاگ؛ کھرا؛ یک رنگ۔ (۲) یک مقصد۔

Single-mindedly : (adv.) کھرے طور پر؛ یک رنگی سے؛ ایک ہی مقصد کے ساتھ۔

Single-mindedness : (n) کھرا پن؛ یک رنگی؛ یک سوئی۔

Single phase : (a) یک فیزہ؛ یک ہیئتی۔

Single-punch : (v) (ایک وقت میں) ایک ہی سوراخ کرنا۔

Single-seater : (n) یک نشستی۔

Single-shot : (a) ایک بار میں ایک فائر کرنے والی (بندوق)۔

Single-space : (v) سطروں کے درمیان کم سے کم فاصلہ؛ کم سے کم بین السطور والی سطریں۔

Single-stage : (a) یک مرحلہ۔

Single-standard : (n) (۱) ضوابط یا اصول جن کا کسی جماعت کے سبھی ارکان پر اطلاق ہو۔ (۲) اخلاقی قانون جس کا اطلاق جنسی افعال کے متعلق عورتوں اور مردوں پر یکساں ہوتا ہے۔

Single-state : (n) تجرد۔

Single-stick/Singlestick : (n) ایک قسم کا چھڑی گتکا؛ ولایتی چھڑی گتکا۔

Single-stick : (v) ولایتی گتکا کھیلنا۔

Single-track : (n) ایک ہی پٹڑی؛ ایک ہی پٹڑی کی سوچ۔

Single-tree : (n) (۱) وہ تختہ جس پر سن کو کوٹتے ہیں۔ (۲) چھکڑے ، ہل وغیرہ کا جوا ؛ جوت ڈنڈا۔

Single vote : (n) ایک ووٹ۔

Single-wicket : (n) ایک وکٹ ؛ کرکٹ کی ابتدائی قسم جس میں صرف ایک وکٹ ہوتا تھا اور صرف ایک بلے باز کھیلتا تھا۔

Singlebar : (n) دیکھو Single-tree

Singleness : (n) (۱) اکیلا ہونا؛ مفرد ہونا ؛ تجرد۔ (۲) کنوارپن ؛ ناکتخدائی ۔ (۳) اکیلا پن ؛ کھرا پن ۔ (۴) یک مقصد ہونا۔ (۵) یک سوئی ۔

Singleet : (n) (۱) وہ اونی لباس جو قمیص کے نیچے پہنتے ہیں ؛ تنگ اونی بنیان ۔ (۲) (کیمیا) یک برقیہ ربط ۔

Singleton : (n) (۱) (تاش) ایک رنگ کا صرف ایک پتا ۔ (۲) اکیلی چیز ۔

Singling : (n) (۱) انتخاب ؛ چھانٹنا ۔ (۲) (جمع) (کیمیا) خام حاصل تجزیہ ۔ (۳) کپڑے کا ایک نقص جو ایک یا دو دھاگا چھوٹ جانے سے پیدا ہوتا ہے ۔

Singly : (adv.) دیکھو Single

Singular : (a) [ME. 'Singuler'.] (۱) (منطق) واحد ؛ شخصیہ ۔ (۲) ہر فرد ۔ (۳) عدیم المثال ؛ یکتا ؛ بے نظیر ۔ (۴) غیر معمولی ؛ نادر؛ نرالا ؛ انوکھا ۔ (۵) بے ڈھنگا ؛ بے تکا ۔ (۶)(قواعد) مفرد ؛ واحد ۔ (۷) نجی ؛ ذاتی ؛ مخصوص ۔ (۸) بیش قیمت ؛ قیمتی ۔

All and singular : سب لوگ مجموعی طور پر اور فرداً فرداً۔

Singular : (n) (قواعد) مفرد ؛ واحد ۔

Singular integral : (n) نادر حل ؛ عدیم المثال حل ۔

Singular proposition : (n) قضیہ' شخصیہ ۔

Singular solution : (n) نادر حل ؛ عدیم المثال حل ۔

Singularism : (n) (فلسفہ) شخصیت ؛ واحدیت ؛ کوئی فلسفہ جو کل تصورات ایک ہی اصول سے اخذ کرتا ہے ۔

Singularity : (n) [Fr. 'Singularite'.] (۱) نرالاپن ؛ انوکھا پن ؛ ندرت ۔ (۲) انفرادیت ؛ امتیاز ۔ (۳) انوکھی چیز ؛ نرالی چیز ۔ (۴)غیر معمولی خصوصیت ۔

Singularize : (v) (۱) ممیز بنانا ؛ واحد بنانا ۔ (۲) کسی لفظ کے آخر کے حرف یا حروف کو غلطی سے علامت جمع سمجھ کر گرا دینا ۔

Singularly : (adv.) (۱) بطور واحد ۔ (۲) عجیب طرز سے ؛ انوکھے طریقے سے ۔

Singularness : (n) دیکھو Singularity

Singuli in solidum : (a) [L.] پوری رقم کے لئے تنہا ذمہ دار ۔

Singult : (n) [L.] ہچکی ۔

Singultus : (n) [L.] دیکھو Singult

Sinh : (n) زائدی جیب ۔

Sinhalese : (n) [Skr. 'Sinhalam'.] (۱) شری لنکا کا باشندہ ؛ سنہالی ۔ (۲)شری لنکا کی زبان ؛ سنہالی زبان ۔

Sinhalese : (a) شری لنکا یا شری لنکا کے باشندے کا یا ان سے متعلق ۔

Sinic : (a) [L. 'Sinicus'.] (جغرافیہ) چینی ؛ صینی ۔

Sinical : (a) (ریاضیات) جیبی ۔

Sinicism : (n) چینی مخصوص طور طریقے ۔

Sinicization : (n) چینی طور طریقے اختیار کرانے کا عمل ۔

Sinicize : (v) چینی طور طریقے اختیار کرانا ۔

Sinification : (n) دیکھو Cinicization

Sinify : (v) دیکھو Sinicize

Sinigrin : (n) [L. 'Sinapis'. + 'nigra' + in.] رنگ نمک ، جس میں گندھک کا جزو بھی ہوتا ہے ۔

Sinister : (a) [Fr. 'Sinistre' or L. 'Sinister'.] (۱) (نقابت) بائیں رخ کا ؛ جو ڈھال کے بائیں طرف طرف ہو ۔ (۲) بایاں ؛ چپ ۔ (۳) نا مبارک ؛ منحوس ۔ (۴) جس کی صورت سے خباثت یا بدمعاشی برستی ہو ۔ (۵) ناپاک ؛ برا ؛ شرارت آمیز (ارادہ ، منصوبہ وغیرہ) ۔ (۶) ناساز گار ؛ نقصان دہ ؛ مضر ۔ (۷) ناواجب ؛ غیر واجب ؛ نا سزاوار ؛ بے جا ؛ خفیہ ؛ پوشیدہ ۔

Sinister : (adv.) بائیں طرف ۔

Sinisterity : (n) نحوست ؛ ناہلکی ؛ برائی ۔

Sinisterly : (adv.) ناپاک ارادے سے ؛ بری نیت سے ؛ شرارت سے ۔

Sinisterness : (n) دیکھو Sinisterity

Sinistrad : (adv.) بائیں طرف ۔

Sinistral : (a) (۱) شرارت آمیز ؛ مضرت ۔ (۲) ناموافق ؛ نامناسب ؛ مخالف ۔ (۳) بایاں ؛ بائیں طرف کا ۔ (۴) (صدف) چپ پیچاں ، جس کے چکر بجائے سیدھی طرف کے الٹی طرف گھومتے ہوں ؛ الٹے چکر کے ۔ (۵) کھبّا ؛ چپ دست ؛ چپہ (شخص) ۔

Sinistrality : (n) شرارت آمیزی ؛ بایاں ہونا ؛ چپ پیچاں ہونا ؛ کھبّا پن ۔

Sinistrally : (adv.) بائیں طرف سے ؛ بائیں طرف کو ؛ شرارت آمیز طور پر ۔

Sinistro- : (Prefix) سابقہ بمعنی "بایاں" ۔

Sinistrocular : (a) بائیں آنکھ کو زیادہ استعمال کرنے والا (عادتاً یا زیادہ موثر طور پر) ۔

Sinistrorsal : (a) (نباتیات) چپ پیچاں ؛ چپ خم ؛ بائیں طرف مڑنے یا حرکت کرنے والا ۔

Sinistrorsally : (adv.) بائیں طرف مڑتے ہوئے ۔

Sinistrorse : (a) [L. 'Sinistrorsus'.] دیکھو Sinistrorsal

Sinistrous : (a) منحوس ؛ نامبارک ۔

Sinistrously : (adv.) نا مبارک طور پر ؛ نحوست کے ساتھ ۔

Sinitic/ Sinetic : (a) چینی باشندے یا چینی زبان یا ثقافت سے متعلق ۔

Sink : (n) (۱) گندگی یا غلاظت کا گڑھا ۔ (۲) جست یا چینی کی اونچی سے ناند جس میں باورچی خانے کا خراب پانی ڈالتے ہیں اور وہ نل کے ذریعے سے نکل جاتا ہے ؛ غرقہ ؛ ڈبسال ؛ سیلابہ ۔ (۳) وہ دلدل یا جوہڑ جس میں دریا کا پانی گر کر غائب یا جذب ہو جاتا ہے ۔ (۴) نائک کے اسٹیج میں وہ شگاف جس میں سے پردہ گرتا اور اٹھتا ہے ۔ (۵) دیکھو Sink-hole ۔ (۶) ایک قسم کی لمبی کشتی جس میں سے جنگلی پرندوں کا شکار کرتے ہیں اور جو پانی میں تقریباً ڈوب جاتی ہے اور اس طرح سے شکاری نظر نہیں آتے ہیں ۔ (۷) نشیب ؛ گڑھا ۔ (۸)(طباعت) پلیٹ کا نشیبی حصہ ۔

Sink : (v) [OE. 'Sincan'.] (۱) ڈوبنا ؛ غرق ہونا ۔ (۲) دھنسنا ؛ سطح کے نیچے بیٹھنا ؛ گڑنا ۔ (۳) ڈھکنا ؛ غروب ہونا ۔ (۴)کم ہونا؛ گرنا؛ گھٹنا ۔ (۵) جھکنا ؛ مرجھانا ۔ (۶) دل بیٹھنا؛ ہمت پست ہونا ۔ (۷) بیٹھنا ؛ فرو ہونا ۔ (۸) رفتہ رفتہ ختم ہو جانا ؛ تمام ہو جانا ۔ (۹)در آنا ؛ گھس جانا ؛ (دل میں) بیٹھ جانا ؛ سرایت کر جانا ۔ (۱۰) غرق کرنا ؛ ڈبونا ؛ دھنسانا ؛ نیچا کرنا ۔ (۱۱)چھپانا ؛ نظروں سے اوجھل رکھنا ؛ پوشیدہ رکھنا ؛ ذکر نہ کرنا ۔ (۱۲)کھودنا؛ کندہ کرنا ۔ (۱۳) چھپ جانا؛ غائب ہو جانا ۔ (۱۴)(زمین کا) نشیبی ہونا ۔ (۱۵)(شعلے کا) بجھ جانا؛ کم ہونا ۔ (۱۶) بیٹھنا ۔ (۱۷)(پانی وغیرہ کا) جذب ہو جانا ؛ نیچے چلا جانا یا نیچی سطح میں جانا ۔ (۱۸) (مٹی کا) نرم ہونا ۔ (۱۹)نازل ہونا ؛ گرنا ۔ (۲۰)انحطاط پذیر ہونا ۔ (۲۱)غرق ہونا (سوچ، فکر وغیرہ میں) ۔ (۲۲) کم ہونا ۔ (۲۳)(آواز کا) ختم ہو جانا ۔ (۲۴) کم کرنا ۔ (۲۵)نیچے اترنا ۔ (۲۶)تباہ کر دینا؛ برباد کر دینا ۔ (۲۷) قسم کھانا ۔ (۲۸) قدر گھٹانا ۔ (۲۹) پست ہمت کر دینا ۔ (۳۰) (آواز وغیرہ) آہستہ کر دینا ؛ مدھم کر دینا ۔ (۳۱) چھوڑ دینا ؛ ترک کر دینا ۔ (۳۲) لے بھاگنا ؛ خرد برد کر دینا ۔ (۳۳)قرض چکانا ۔ (۳۴) سرمایہ لگانا ۔ (۳۵) روپیہ لگا کر نقصان اٹھانا ۔ (۳۶) سب سے اوپری سطر کے نیچے لکھنا ۔ (۳۷) پلانا (گولی ، بال وغیرہ) ۔ (۳۸) (نظروں سے) گرانا ۔

To sink one's teeth : (۱) دانت سے کاٹنا ۔ (۲) ٹھوس سمجھنا ؛ حقیقی سمجھنا ۔

To sink or swim : لاچاری میں کوئی کام کرنا ۔

Sink-hole : (n) (۱) وہ سوراخ جس سے گندگی وغیرہ پھینکی جاتی ہے ۔ (۲) (ارضیات) آبگیر چٹان ؛ فرو بَر ۔

Sink-stone / Sinkstone: (n) ڈوبک ؛ وہ پتھر جسے مچھلی پکڑنے کے لئے شست میں باندھ کر دریا میں ڈالتے ہیں ۔

Sinkable : (a) جو غرق ہو سکے ؛ جو ڈوب سکے ۔

Sinkage : (n) (۱) ڈوبنا ؛ ڈوبنے والا ۔ (۲) نشیب ؛ ڈوبنا ؛ دھنساؤ ۔ (۳) سکڑن ۔

Sinker : (n) (۱) کھودنے والا ؛ کندہ کرنے والا ۔ (۲) کنویں وغیرہ کھودنے والا ۔ (۳) ڈوبک ؛ لنگر ۔ (۴) میٹھی پوری ۔ (۵)(عام) کھوٹا سکہ ۔ (۶) نقرئی ڈالر ۔ (۷) کانٹی ۔ (۸)(بیس بال) وہ گیند جو بلے باز کے پاس پہنچ کر بیٹھ جاتی ہے ۔ (۹) ایک قسم کا چار خانہ (کپڑے کا ڈیزائن) ۔ (۱۰) بندھا ہوا پانی سے بھاری ٹکڑا جو

دوسری اشیا سے بندھے تو ڈبو دے ۔ (۱۱) (نباتیات) نافذہ ۔

Sinkerless : (a) بے لنگر ۔

Sinking : (n) (۱) ڈوبنا ؛ ڈبونا ۔ (۲) پست ہمتی ؛ انحطاط ؛ دل ڈوبنا ۔ (۳) دھنساؤ ؛ نشیب ۔

Sinking-fund : (n) سرمایہ بے باقی ؛ وہ آمدنی جو کوئی ریاست یا بلدیہ اپنا قرض رفتہ رفتہ بے باق کرنے کے لئے علاحدہ کر دیتا ھے ؛ ذخیرۂ ادائی ۔

Sinking speed : (n) طیارے کے عمودی طور پر اترنے کی شرح رفتار ۔

Sinking spell : (n) قیمتوں میں عارضی کمی ۔

Sinkiuse : (n) دیکھو Columbia

Sinless : (a) معصوم بے گناہ ۔

Sinlessly : (adv.) بے گناہی ؛ معصومی یا معصومیت ۔

Sinlessness : (n) بے گناہی ؛ معصومی یا معصومیت ۔

Sinn fein : (n) [It.] کوئی سیاسی سوسائٹی ، جماعت یا تحریک جس کا مقصد آئرستان کی آزادی ، آئرستانی زبان کا احیاء وغیرہ تھا ۔

Sinn feiner : (n) آئرستان کی آزادی ، آئرستانی زبان کا احیاء وغیرہ کی حمایت کرنے والا ۔

Sinner : (n) (۱) گناہگار ؛ عاصی ؛ پاپی ۔ (۲) مردود ؛ بد معاش ؛ اوباش ؛ بدکار ؛ فاجر ؛ فاسق ۔

Sinnet : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی رسی جس میں متعدد بل ہوتے ہیں ۔

Sinningly : (adv.) گناہ کرتے ہوئے ؛ فسق و فجور میں مبتلا رہتے ہوئے ۔

Sinningness : (n) گناہ کا رجحان ۔

Sino- : (prefix) سابقہ بمعنی "چینی" "چین کا" ۔

Sino-Japenese : (n) وہ زبان جس میں چینی اور جاپانی مخلوط ہوں ؛ چینی جاپانی ۔

Sinological : (a) صینیات سے متعلق ۔

Sinologist : (n) (تاریخ) ماہر صینیات ؛ صینیات داں ؛ چینی زبان ؛ تاریخ ، رسم و رواج کا ماہر ۔

Sinologue : (n) دیکھو Sinologist

Sinology : (n) چینی زبان ؛ تاریخ ؛ رسم و رواج کا علم ؛ صینیات ۔

Sinomania : (n) چینیوں یا ان کے عقیدے یا تہذیب کے لئے خبط ؛ جنون ۔

Sinon : (n) غلط بیانی کے ذریعے غلط فہمی میں ڈالنے والا ؛ دھوکا باز ؛ دغا باز ؛ غدار ۔

Sinophile : (a) چینی پالیسی یا خصوصیات کی حمایت کرنے والا ۔

Sinophile : (n) چین دوست ۔

Sinophobe : (n) چین دشمن ۔

Sinopic : (a) [L. 'Sinopicus'.] اسنوف (Sinope) یا اس کے گرد و نواح سے حاصل کیا ہوا ۔

Sinopite : (n) [G. 'Sinopit'.] (معدنیات) ایک قسم کی سرخ مٹی (جس میں لوہے کی کچی دھات کا جزو ہوتا ھے) اور جسے بطور رنگ استعمال کرتے ہیں ۔

Sinorespiratory : (a) جوف عظم یا سانس لینے کی نلی سے متعلق ۔

Sinsyne : (adv.) [ME.] (اسکاچستان) اس وقت سے ؛ (اب سے) پہلے یا ہوئے ۔

Sinter : (n) [G. 'Sinter'.] چونے یا سلیکائی پرت جو چشموں کی تہ نشیں ریگ سے بنتی ھے ؛ حتی مادہ ؛ گیسرائٹ ۔

Sinter : (v) پیوست ہونا یا کرنا (گرم کرکے یا ہو کر) ۔

Sintered : (a) پیوستہ (گرم کر کے یا ہو کر) ۔

Sintering : (n) پیوستہ ہونا ۔

Sintoc/ Sindoc : (n) [Malay. 'Sintoq'.] ایک قسم کی دار چینی ۔

Sinuate : (a) [L. 'Sinuatus'.] (نباتیات) لہر دار ۔

Sinuated : (a) (۱) دیکھو Sinuate ۔ (۲) لہریا ؛ لہریلا ۔

Sinuately : (adv.) لہر دارانہ طریقے سے ۔

Sinuation : (n) (۱) لہر دار ہونا ۔ (۲) لہریا پن ؛ پیچ و خم ۔

Sinuato- : (Prefix) سابقه بمعنی "لہردار" ۔

Sinuose : (a) [L. 'Sinuosus'.] لہریا ۔

Sinuosely : (adv.) لہر دار طریقے سے ۔

Sinuosity : (n) [Fr. 'Sinuosite' or med. L. 'Sinuositas'.] (۱) لہر دار ہونا؛ لہریا پن ۔ (۲) (جمع) پیچ و خم ۔ (۳)(مجازاً) پیچیدگی : دقت : دشواری : الجھاؤ : گنجلک ۔

Sinuoso- : (Prefix) سابقه بمعنی "لہریا" : "لہردار" ۔

Sinuous : (a) [L. 'Sinuosus'.] (۱) لہر دار : پیچ دار : چکر دار : لہریا : لہریلا ۔ (۲) (مجازاً) مشکل : دشوار : دقت طلب : پیچیدہ : پیچ دار ۔ (۳) (مجازاً) منحرف ۔ (۴) لہردار (حرکت) : گردابی ۔

Sinuously : (adv.) لہر دار طریقے سے ۔

Sinuousness : (n) لہر دار ہونا ۔

Sinupallial/ -palliate : (a) درون خمیدہ غشائی تہ والا (گھونگا) ۔

Sinus : (n) [L.] (۱) (تشریح ، حیوانیات) ہڈی یا نسیج کاخلا : تھیلی کی شکل کا خلا : جوف عظم : گودال : معصرہ ۔ (۲)خمیدگی : انحنا : خم : موڑ ۔ (۳) ناسور : پھوڑا ۔ (۴)(نباتیات) میلانہ : پیچ : نالی جو پتوں کے دونوں حصوں کے بیچ بن جاتی ہے ۔

Sinus venosus : (n) جوف وریدی ۔

Sinusitis: (n) ورم جوف انفی ۔

Sinusoid : (n) [Fr.'Sinusoide'.] (۱) (ریاضیات) جیبی خط منحنی : جیبی منحنی : جیبیہ ۔ (۲) (تشریح) کسی عضو کے نسیجوں کا وریدی جال : جوف خون ۔

Sinusoidal : (a) جیبی : جیب نما ۔

Sinward : (adv.) گناہ کی طرف ۔

-sino : (Suffix) لاحقہ جس سے اسماء بنتے ہیں اور فعل یاحالت کے معنی دیتے ہیں ۔

Sioux : (n) [Fr.] سو(نسل) : شمالی امریکا کے دیسی باشندوں کی ایک نسل : اس نسل کا ایک فرد : چھوٹا سانپ ، دشمن ۔

Sip : (n) (۱) گھونٹ : جرعہ : چسکی ۔ (۲) (مجازاً) چکھنا ۔

Sip : (v) [Symbolic modification of Sup.] (۱) تھوڑا تھوڑا کر کے پینا : چمچے سے پینا : چسکی لگانا ۔ (۲) (مجازاً) چکھنا (مزا کسی چیز کا) ۔ (۳) (پھول سے) چوس کر شہد نکالنا ۔

Sipage : (n) رساؤ : ٹپکا ۔

Sipe : (n) (۱) رسنا : رساؤ : پانی وغیرہ جو رس کر نکلے ۔ (۲) چھوٹا چشمہ : جوہڑ ۔

Sipe : (v) [OE.'Sipian'.] رِسنا : ٹپکنا ۔

Siphon/ Syphon : (n) [Fr. or L. 'Sipho'.] (۱) خم دار نلی : سیفن : ٹیڑھی نلی جس کا ایک سرا نیچا اور ایک سرا اونچا ہوتا ہے ۔ (۲) سیفن دار بوتل ۔ (۳) (حیوانیات) گھونگوں وغیرہ کی نلی : بعض کیڑوں کی نلی جس سے وہ غذا چوستے ہیں : سیفنی عضو ۔ (۴) (نباتیات) بعض سماروغ کے لمبے کیسے جو بڑے یک سیفنی کیسہ کے گرد ہوتے ہیں ۔

Siphon : (v) (۱) سیفن میں سے گزرنا یا گزارنا ۔ (۲) سیفن کی طرح خالی کر دینا ۔

Siphon-barometer : (n) سیفنی باد پیما : ہوا پیما جس کے نیچے الٹے سیفن کی شکل کی نلکی لگی ہوتی ہے ۔

Siphon recorder : (n) ایک قسم کا حساس آلۂ اندراج جو آبدوزی تلغرافی میں کام آتا ہے ۔

Siphon spillway : (n) ضمنی آبراہ جو پانی کو ذخیرۂ آب سے ایک مقررہ سطح پر پہنچنے کے بعد نکالتا ہے ۔

Siphonage : (n) سیفنی عمل : ٹیڑھی نلکی میں سے گزرنا ۔

Siphonal : (a) سیفن سے متعلق یا مشابہ ۔

Siphonaptera : (n) سیفنی پرداران : پسو ۔

Siphonaria : (n) [mod. L.] پھیپھڑے دار معدہ پا کی ایک جنس ۔

Siphonate : (a) سیفن دار ۔

Siphonate :(n) سیفن دار صدف ۔

Siphonated : (a) دیکھو Siphonate

Siphonet : (n) شہد نلی : سیفنٹ : دو میں سے ایک نلکی جس میں روکھ جوں لعاب خارج کرتی ہے ۔

Siphonic : (a) (۱) سیفن کا یا اس سے مشابہ ۔ (۲) (حیوانیات) سیفنی۔

Siphonigerous : (a) (حیوانیات) سیفن دار ۔

Siphonless : (a) بے سیفن ۔

Siphono- : (Prefix) سابقہ بمعنی "سیفن" ۔

Siphonobranchiate : (n) معدہ پایان کی ایک جنس ۔

Siphonophoran : (n) ایک قسم کا مرجانیہ ۔

Siphonophore : (n) دیکھو Siphonophoran

Siphonostomatous : (a) سیفن دہنہ ۔

Siphonostome : (n) سیفنی دہن جانور ۔

Siphonozooid : (n) سیفنی حوین ۔

Siphorhinal : (a) نلکی نما ناک والا ۔

Siphuncle : (n) [L. 'Siphunculus'.] (۱) (حیوانیات) بعض سرپایان کی چھوٹی نلکی جو ان کے خول کے خانوں کو ملاتی ہے ۔ (۲) (حشریات) چھوٹا سیفنی عضو۔

Siphuncled : (a) سیفنی عضو دار ۔

Siphuncular : (a) سیفنی عضو سے متعلق ۔

Siphunculated : (a) سیفنی عضو دار ۔

Siphunculus : (n) [L.] دیکھو Siphuncle

Sipid : (a) اچھا ذائقہ ؛ حسّ ذائقہ کو متاثر کرنے والا ؛ دیکھو Sapid ۔

Sipidity : (n) خوشگواری ؛ دیکھو Sapidity ۔

Sipper : (n) (۱) چسکی لینے والا ۔ (۲) شرابی ؛ عادی شرابی ۔ (۳) نلکی جس سے مشروب وغیرہ پیتے ہیں ۔

Sippet : (n) [Intended as a dim of Sop.] (۱) روٹی کے بھیگے ہوئے ٹکڑے ؛ توس یا ڈبل روٹی کے تلے ہوئے ٹکڑے جو قیمے کے ساتھ پلیٹ میں لگاتے ہیں ۔ (۲) (مجازاً) ٹکڑا ؛ جزو ۔

Sipple : (v) [Sip+ -ie.] چسکی لے کر پینا ؛ آہستہ آہستہ پینا ؛ گھونٹ گھونٹ کر کے پینا ۔

Sippy diet : (n) ناسور معدہ کے مریضوں کے لئے ایک قسم کی ہلکی غذا جس میں دودھ ، انڈا وغیرہ ہوتا ہے ۔

Sippy regimen : (n) دیکھو Sippy diet

Sipunculoid : (n) ایک قسم کا کیڑا ۔

Sipunculoid : (a) کیڑے کی ایک جنس (Sipunculoidea) سے متعلق ۔

Sipunculus : (n) [L.] ایک قسم کا کنڈل کیڑا ۔

Siquis/Si quis/ Si-quis : (n) [L.] وہ نوٹس جو کسی امیدوار کو پادری بنانے سے پہلے کلیسائی حلقے میں لگایا جاتا ہے ۔

Sir : (n) [ME.] (۱) جناب والا ؛ جناب ؛ حضرت ؛ صدر محترم (بڑوں سے اور جلسے کے صدر سے خطاب کرنے کے لئے) ۔ (۲) نائٹ یا بیرونٹ کا لقب ؛ سَر ۔ (۳) (تحقیراً) حضور؛ جناب والا ۔ (۴) ذی رتبہ شخص ۔

Sir : (v) (۱) "سر" کہہ کر پکارنا ۔ (۲) "سر" کہہ کر خطاب کرنا ۔

Sirdar : (n) [Urdu.] سردار ؛ سر گروہ ؛ (مصر میں) فوج کا سپہ سالار ۔

Sirdarship : (n) سرداری ؛ سردار کا مرتبہ یا عہدہ ۔

Sire : (n) [Fr.] (۱) دیکھو Sir ۔ (۲) باپ ؛ دادا یا کوئی اور مورث ۔ (۳) جانور کا باپ یا مورث خصوصاً وہ جو نسل کشی کے لئے رکھا جائے ۔ (۴) بزرگ شخص ؛ آدمی ؛ اہم شخصیت ۔

Sire : (v) پیدا کرنا ؛ جننا ؛ بچہ دینا ؛ افزائش نسل کرنا ۔

Siredon : (n) [Late L.] جل سمندر ۔

Sireless : (a) بے باپ ؛ یتیم ۔

Siren/ Syren : (n) [ME. 'Sereyn'.] (۱) (یونانی اساطیر) سائرن ؛ عورت یا آدھی عورت آدھا پرند جو سمندر کے بیچ میں کسی چٹان پر رہتی ہو اور ساحرانہ موسیقی سے غافل مسافروں کو پھانس لے ۔ (۲) خوش آواز مغنیہ ۔ (۳) موہنی ؛ لبھا کر پھانسنے والی عورت ؛ کوئی دلفریب شغل ۔ (۴) (حیوانیات) ایک قسم کا کیڑا ۔ (۵) ایک قسم کا آلۂ موسیقی ۔ (۶) سائرن ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے بلند آواز پیدا ہوتی ہے ؛ صوتی تجربات میں اور خبر دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۷) بام نما جل تھلیا کی ایک قسم ۔

Siren song : (n) لبھانے والی بولی یا دلکشی (خصوصاً پر فریب یا پھسلانے والی) ۔

Siren-suit : (n) وہ کپڑا جو رات حملے کے دوران آسانی سے پہنا جا سکتا ہے ۔

Sirenian : (n) بقرا لبحر ؛ بحری گائے ؛ مچھلی کی طرح دودھ پلانے والے جانور کی ایک قسم ۔

Sirenian : (n) بحری گائے سے متعلق یا اس کی صفت کا ۔

Sirian : (a) (علم النجوم) سیریس (Sirius) سے متعلق ۔

Siriasis : (n) [L.] (۱) لُو ؛ سورج کی سخت تمازت ۔ (۲) بچوں کی ایک بیماری ۔

Sirius : (n) [Gr. 'Serios'.] (علم النجوم) کلب الجبّار ؛ عیورا ۔

Sirkar : (n) [Urdu.] (۱) صوبہ ۔ (۲) حکومت ؛ سرکار ۔ (۳) داروغہ ؛ منتظم ۔ (۴) محاسب ۔

Sirloin /Surloin : (n) [OFr. 'Surloigue'.] (۱) گائے کی پیٹھ کا گوشت ؛ پُٹھ ۔ (۲) (مجازاً) اچھا ؛ پسندیدہ ؛ شخص ۔

Sirmark /Sarmark : (n) (جہاز سازی) جہاز کے ڈھانچے کے وہ نشانات جن سے سلامی کی جگہ کی نشاندہی ہوتی ہے ۔

Siroc : (n) (۱) افریقہ کے صحرائے اعظم کی باد سموم جو اٹلی پہنچتی ہے ؛ اطالیہ کی لُو ؛ اطالوی با دسموم ۔ (۲) دیکھو Sirocco-drying machine .

Sirocco : (n) [Fr.] دیکھو Siroc

Sirocco drying-machine : (n) چائے کی پتی وغیرہ سُکھانے کی مشین ۔

Sirop : (n) [Fr.] پھل کے عرق ؛ شکر اور پانی سے بنایا ہوا مشروب ۔

Sirrah/ Sirra : (n) خطاب کے لئے تحکم یا تحقیر کے موقع پر بولتے ہیں ؛ جی ؛ اجی ۔

Sirvente : (n) [Fr.] قرون وسطیٰ میں رائج نظم کا ایک اسلوب جس کا موضوع اخلاقی ، سماجی ، بہادری وغیرہ ہوتا تھا اور سماجی برائیوں کی برائی بھی ۔

Sis : (n) (۱) ہمشیرہ ؛ بہن ؛ خواہر ۔ (۲) دیکھو Sister .

Sisal : (n) [name of a port in Yucalan.] Yucalan کی ایک بندرگاہ کا نام ۔

Sisal plant : (n) ایلوا اور دوسرے پودے جن کے سفید ریشوں سے رسّے بٹے جاتے ہیں ۔

Siscowet : (n) [Ojibwa.] شمالی امریکا کی ٹراؤٹ مچھلی ۔

Sisel : (n) [G. 'Ziesel'.] ایک قسم کی گلہری ۔

Siserary/ Seiserara : (n) [Popular corruption of Certiorari.] سخت تنبیہ ؛ سرزنش ؛ سخت ضرب ۔

With a siserary : اچانک ؛ فوراً ۔

Sish : (n) [Alt. of 'Slush'.] پتلی پگھلی ہوئی برف ؛ پتلی برف ۔

Siskin : (n) [MDU. 'Siseken'.] ایک قسم کا خوش الحان پرندہ جس کا رنگ عموماً زیتون کا سا سبز ہوتا ہے ۔

Siskin-green : (n) زردی مائل سبز ۔

Siss/ Sis : (n) ہمشیرہ ؛ بہن ؛ خواہر (عموماً جوان لڑکی یا عورت کو خطاب کرنے میں استعمال کرتے ہیں) ۔

Siss : (n) سی سی (آواز) ۔

Siss : (v) سی سی کرنا ؛ سسیانا ۔

Sissoo : (n) [Hindi. 'Sisu'.] (۱) شیشم ۔ (۲) شیشم کی لکڑی ۔

Sissy : (n) (۱) بہن ۔ (۲) زنخا ؛ زن نما (مرد یا لڑکا) ۔

Sissy : (a) زن نما ؛ زنخا ؛ زنانہ ۔

Sist : (n) (قانون) التوائے مقدمہ ۔

Sist : (v) (۱) ملتوی کرنا یاالتوا میں ڈالنا ؛ روک دینا (بعض کاروائی وغیرہ خاص کر عدالتی ڈگری کے ذریعہ) ۔ (۲) (کسی شخص کو) عدالت میں حاضر ہونے کا حکم دینا ؛ بلانا ۔

Sister : (n) [ON. 'Systir'.] (۱) ہمشیرہ ؛ بہن ؛ خواہر ۔ (۲) بہنیلی ؛ سہیلی ؛ سکھی ۔ (۳) دینی بہن ۔ (۴) راہبہ ؛ نن ؛ عورتوں کی مذہبی جماعت کی رکن ۔ (۵) ہسپتال کی بڑی نرس جس کے ماتحت اور نرسیں ہوتی ہیں ۔ (۶) (مجازاً) کوئی چیز جو دوسری چیز کے مشابہ ہو ؛ بہن ۔ (۷) (عام) عورت ؛ لڑکی ۔ (۸) شخص ۔

Half-sister : سوتیلی بہن ۔

Sister : (v) (۱) بہن جاننا ؛ بہن کا رشتہ رکھنا ۔ (۲) بہن کہہ کر

پکارنا۔

Sister-block : (n) ان چرخیوں میں سے ایک جو ایک ہی لکڑی کے ٹکڑے سے بنتی ہیں اور ایک دوسرے سے ملی رہتی ہیں۔

Sister-german : (n) حقیقی بہن۔

Sister-hook : (n) دوہرا جڑا ہوا ہک : زنجیرہ۔

Sister-in-law : (n) سالی : بھاوج : نند : سَلّج : دیو رانی : جیٹھانی۔

Sister of charity : (n) فرانس کی رومن کیتھولک راہبات کی جماعت کی رکن جو نرس کا کام کرتی ہے۔

Sister of mercy : (n) ڈبلن کی رومن کیتھولک جماعت کی رکن جو تعلیمی اور خیراتی کاموں کے لئے وقف ہے۔

Sister ships : (n) ایک ہی نمونے کے جہاز۔

Sisterhood : (n) (۱) بہن کا رشتہ : بہن ہونا۔ (۲) عورتوں کی مذہبی انجمن : راہبات کی جماعت۔ (۳) (تحقیراً) ہم صفت عورتوں کی جماعت۔ (۴) مشترکہ صفات رکھنے والی چیزوں کا گروپ۔

Sistering : (a) متصل : قریب : ملحق۔

Sisterless : (a) بے بہن کی : بے بہن کا۔

Sisterlike : (adv.) بہن کی طرح۔

Sisterlike : (a) خواہرانہ : دیکھو Sisterly۔

Sisterliness : (n) محبت کا برتاؤ : خواہرانہ شفقت۔

Sisterly : (a) (۱) محبت کا : بہن کا سا : خواہرانہ۔ (۲) راہبات کی جماعت سے متعلق۔

Sisterly : (adv.) بہن کی طرح : محبت کے ساتھ۔

Sistership : (n) دیکھو Sisterhood

Sistine : (n) [It. 'Sistino'.] سکسٹس (Sixtus) پوپ کا یا اس سے متعلق۔

Sistrum : (n) [Gr. 'Sistron'.] ڈفلی کی قسم کا ایک باجا۔

Sistrurus : (n) [L. 'Sistrum'.] ٹیٹر یا سانپ کی ایک قسم۔

Sisyphean/ Sisyphean : (n) [L. 'Sisyphelius'.] (۱) سیسی فس (Sisyphus) (ایک یونانی بادشاہ جس کو یہ سزا ملی تھی کہ ایک پتھر کو لڑھکاتا ہوا پہاڑ کے اوپر لے جاتا تھا مگر وہاں پہنچ کر نیچے لڑھک کر چلا آتا تھا، یہی سلسلہ چلتا رہا) سے متعلق یا مشابہ۔ (۲) (مجازاً) بہت کٹھن اور کبھی نہ ختم ہونے والا۔

Sisyphian : (a) دیکھو Sisyphean

Sit : (n) (۱) (لباس یا اس کے کسی حصے کا جسم پر) ٹھیک ہونا۔ (۲) بیٹھنے کی مدت۔ (۳) دیوار یا کان کی چھت پر بیٹھنا۔ (۴) اجوائن خراسانی کا پورا پودا۔

Sit : (v) [OE. 'Sittan'.] (۱) بیٹھنا۔ (۲) اجلاس کرنا۔ (۳) بسیرا لینا (پرندوں کا)۔ (۴) انڈوں پر بیٹھنا۔ (۵) کسی خاص حالت میں ہونا : چست ہونا۔ (۶) (گھوڑے وغیرہ پر) آسن جمائے رہنا: اچھی طرح بیٹھنا۔ (۷) (فوج) محاصرہ کرنے کی غرض سے خیمہ زن ہونا (کسی مقام کے سامنے)۔ (۸) مسند نشیں ہونا (پوپ وغیرہ کے منصب پر)۔ (۹) جج کی کرسی پر بیٹھنا (کچھ انتظامی فرض منصبی کے ساتھ)۔ (۱۰) ہوا کا کسی خاص سمت سے بہنا۔ (۱۱) بیٹھ جانا۔ (۱۲) معمول کا کام کرنا : معمول بن کر بیٹھنا (مصوری کے لئے)۔ (۱۳) کرایہ دار رہنا : کاشت کار رہنا۔ (۱۴) انتظار کرنا۔ (۱۵) (جہاز وغیرہ کا) مخصوص طرز میں تیرنا۔ (۱۶) موافق ہونا : خوش کرنا۔ (۱۷) ایک ہی حالت میں رہنا۔ (۱۸) کسی سند یا انعام کا امیدوار ہونا۔ (۱۹) (کسی بچے یا معذور کی دیکھ بھال میں) نرس یا ماں کی مدد کرنا۔ (۲۰) بٹھانا۔ (۲۱) نشست لگانا۔ (۲۲) (امتحان میں) سوالوں کا جواب لکھنا۔ (۲۳) (کشتی یا جہاز کا) توازن درست کرنا۔ (۲۴) بیٹھے ہوئے اٹھنا یا چلنا۔ (۲۵) کوئی شغل یا مشغلہ جاری رکھنا۔

To make (a person) sit up : (۱) (عام) چکر میں ڈال دینا : حیرت زدہ کر دینا۔ (۲) کسی سے کس کر کام لینا۔ (۳) سخت تکلیف دینا۔

To sit at one's feet : شاگردی قبول کرنا : شاگرد یا مداح کی طرح بننا یا تقلید کرنا۔

To sit a table : کھانے کی میز پر بیٹھنا : کھانا۔

To sit in judgement : دوسروں پر فتویٰ لگانا: نکتہ چینی کرنا : نکتہ چیں ہونا۔

To sit loose : غافل رہنا : بے پروا ہونا۔

To sit on one's hands : (۱) پسندیدگی کا اظہار کرنا :

تعریف کرنا۔ (۲) متوقع اور مناسب کاروائی نہ کرنا۔

To sit on the spice : (کرکٹ) دماغی کھیل کھیلنا؛ رن نہ بنانا۔

To sit on the throne : حکومت کرنا؛ حکمرانی کرنا؛ بادشاہی کرنا۔

To sit pretty : انتہائی موافق حالت میں ہونا۔

To sit tight : (۱) اکڑ کر بیٹھنا۔ (۲) خاموش رہنا؛ چپ رہنا۔

To sit up and take notice : (۱) (بیماری سے) اچھا ہونا؛ روبہ بصحت ہونا۔ (۲) حالت سے آگاہ ہونا۔ (۳) دلچسپی لینا۔

Sit around : (v) بیکار پھرنا؛ آرام طلبی کرنا؛ آرام طلبی سے گزارنا۔

Sit back : (v) آرام کرنا یا کام سے ہٹ جانا؛ حصہ نہ لینا؛ شریک نہ رہنا (کسی کام میں)۔

Sit by : (v) بے توجہی برتنا؛ بے پروائی برتنا۔

Sit down : (v) (۱) بیٹھنا۔ (۲) (کسی منصب وغیرہ پر) جاگزیں ہونا۔ (۳) محاصرہ کرنا۔ (۴) (مجازاً) بیٹھنا۔ (۵) برداشت کرنا۔ (۶) مشورہ کرنا؛ بات چیت کرنا۔ (۷) اترنا۔

To sit down on : تنبیہ کرنا؛ سرزنش کرنا؛ کچل دینا۔

Sit-down : (n) (۱) بیٹھنا۔ (۲) کھانا جو بیٹھ کر کھایا جائے۔

Sit-down : (a) بیٹھ کر کیا ہوا (کام)۔

Sit-down strike : (n) ہڑتال جس میں ملازمین کام پر آتے ہیں مگر کام نہیں کرتے۔

Sit-downer : (n) ہڑتالی جو کام پر آئے مگر کام نہ کرے۔

Sit-fast/ Sit fast : (n) گھوڑے کی پیٹھ کا زخم۔

Sit-fast : (a) مستحکم؛ جما ہوا؛ مضبوط۔

Sit in : (v) (۱) (تاش کے کھیل میں) ہاتھ لینا۔ (۲) حصہ لینا؛ شریک ہونا۔ (۳) (والدین کی غیر حاضری میں) بچوں کی دیکھ بھال کرنا۔ (۴) کھانے کے لئے بیٹھنا۔

Sit-in : (n) (۱) ہڑتال جس میں ملازمین کام پر آتے ہیں مگر کام نہیں کرتے۔ (۲) نسلی امتیاز کے خلاف منظم احتجاج کے طور پر دوسری نسل کے لئے مخصوص جگہ پر بیٹھ جانا۔

Sit on : (v) (۱) بیٹھے رہنا؛ جمے رہنا۔ (۲) مشورہ کرنا؛ صلاح کرنا؛ فیصلہ کے لئے بیٹھنا۔ (۳) (کسی کمیشن یا جیوری کا) رکن ہونا۔ (۴) جھڑک دینا؛ روکنا؛ کچلنا۔

Sit out : (v) (۱) بیٹھے رہنا؛ حصہ نہ لینا؛ شریک نہ ہونا (کھیل، ناچ وغیرہ میں)۔ (۲) آخر تک ٹھہرنا۔ (۳) (دوسرے مہمانوں کے جانے کے بعد تک) ٹھہرنا۔ (۴) باہر بیٹھنا؛ کھلی ہوا میں بیٹھنا۔ (۵) بیٹھنے کی وجہ سے سائے کے پچھلے حصے کو بڑھا دینا۔

Sit over : (v) (۱) (نشست پر) کھسک کر جگہ بنانا۔ (۲) بیٹھ کر مشغول ہونا (کسی کام میں)۔ (۳) (کتاب کے مطالعہ میں) مشغول ہونا۔ (۴) (برج کھیل میں) (حریف کے) بائیں طرف ہونا۔

Sit through : (v) بغیر دلچسپی لئے شرکت کرنا؛ آخر تک ٹھہرے رہنا۔

Sit under : (v) کسی وعظ میں شریک ہونا۔

Sit up : (v) (۱) اُٹھ بیٹھنا۔ (۲) سیدھے بیٹھنا؛ تن کر بیٹھنا۔ (۳) بستر پر نہ لیٹنا اور جاگتے رہنا (کسی کے انتظار میں، مریض کی تیمارداری کے لئے)۔ (۴) دلچسپی لینا۔

Sit upon : (v) دیکھو Sit on

Sit-upon : (n) (۱) سرین؛ چوتڑ۔ (۲) پانی روک کپڑے کا چوکور ٹکڑا (گیلی زمین پر بچھا کر بیٹھنے کے لئے)۔

Sitar : (n) [Urdu.] ستار۔

Sitatunga/ Situtunga : (n) [Subiya & Tonga.] مرکزی افریقہ کا مرگ (ہرن)۔

Site : (n) [AFr. 'Site' or L. 'Situs'.] (۱) موقع؛ جگہ؛ جہاں شہر، مکان وغیرہ موجود ہو یا تعمیر ہونے والا ہو؛ مقام؛ محل۔ (۲) وہ زاویہ جو افق اور نشانے کے قاعدہ کو ملانے والے خط سے بنے۔

Site : (v) (۱) قائم کرنا؛ کسی چیز کا مقام یا محل وقوع بنانا۔ (۲) واقع ہونا۔

Sited : (a) واقع۔

Sith : (conj.) دیکھو Since

Sithe : (n) [Var. of Sligh.] ٹھنڈی سانس : دیکھو Sigh۔

Sithe : (v) ٹھنڈی سانس لینا : دیکھو Sigh ۔

Sitio- : (Prefix) سابقہ بمعنی "خوراک" ۔

Sitiology : (n) غذائیات ۔

Sitiomania : (n) غذا ترسی : وہ بیماری جس میں غذا سے نفرت ہو جاتی ہے ۔

Sitiophobia : (n) دیکھو Sitiomania

Sitka cypress : (n) زرد صنوبر یا دیو دار ۔

Sitka spruce : (n) شمالی بحرالکاہل کا ایک درخت جس کی چھال سرخی مائل بھوری ہوتی ہے اور پتیاں سوئی کی طرح ہوتی ہیں ۔

Sito- : (Prefix) سابقہ بمعنی "اناج سے بنی ہوئی غذا" "روٹی" ۔

Sitology : (n) دیکھو Sitiology

Sitomania : (n) دیکھو Sitiomania

Sitophobia : (n) دیکھو Sitiophobia

Sitophobic : (a) غذا ترس ۔

Sitrep : (n) [f. 'Sit(uation) + rep(out).] (فوج) موجودہ فوجی حالات کی میعادی رپورٹ ۔

Sitringee : (n) [Urdu. 'Shatranji'.] رنگین قالین : دھاری دار قالین ۔

Sittable : (a) بیٹھنے کے لائق : قابل نشست ۔

Sittar : (n) دیکھو Sitar

Sittee : (n) نشست پر بیٹھا ہوا شخص ۔

Sitter : (n) (۱) بیٹھنے والا (خصوصاً تصویر کھنچوانے کے لئے) ۔ (۲) کشتی کا مسافر ۔ (۳) مادہ پرند : مرغی (انڈے پر بیٹھنے والی) : کڑک مرغی ۔ (۴) (عام) آسان نشانہ : سہل کام ۔ (۵) دیوان خانہ : نشست کا کمرا ۔ (۶) اسکور کرنے یا فیلڈنگ کرنے کا آسان موقع ۔ (۷) معمول کے ساتھ بیٹھنے والا ۔

Sitter-by : (n) ہم نشیں : دور نشیں ۔

Sitter-in : (n) والدین کی غیر حاضری میں بچوں کی دیکھ بھال کرنے والا ۔

Sittine : (n) [mod. L. 'Sittinae'.] ایک قسم کا پرندہ ۔

Sittine : (a) پرند کی ایک جنس سے متعلق ۔

Sitting : (n) (۱) بیٹھنا ۔ (۲) نشست ۔ (۳) اتنے انڈے جن پر مرغی بٹھائی جائے : ایک جھول کے انڈے ۔ (۴) گرجے کی ایک نشست ۔ (۵) اجلاس ۔

At a or one sitting : ایک نشست میں ۔

Sitting : (a) (۱) (انڈے) سینے والی : بیٹھنے والی : براجمان ۔ (۲) انتظامی یا عدالتی نشست پر جانگزیں ۔ (۳) تصرف میں ہونے والا ، والی ۔ (۴) آسانی سے لگایا جانے والا (نشانہ) ۔

Sitting duck : (n) آسان نشانہ ۔

Sitting-room : (n) (۱) اتنی جگہ جو کھڑے ہوئے آدمیوں کے بیٹھنے کے لئے کافی ہو جائے ۔ (۲) دیوان خانہ : نشست کا کمرا ۔

Sitting -shot : (n) بیٹھ کر لگایا ہوا نشانہ ۔

Situal : (n) دیکھو Positional

Situate : (a) واقع ۔

Situated : (a) واقع ۔

Situation : (n) [Fr. or med. L. 'Situatio'.] (۱) موقع : مقام : محل : جگہ ۔ (۲) صورت حال : حالت : صورت ۔ (۳) ڈرامے کا اہم کام مقام ۔ (۴) عہدہ : جگہ : ملازت : خدمت : نوکری : منصب : اسامی ۔ (۵) وضع ۔ (۶) نازک موقع : نازک مقام ۔ (۷) حاملہ ہونے کی حالت ۔ (۸) (نفسیات) حالات ۔

Situational : (a) موقع یا حالت سے متعلق : مجموعی محرکات یا حالات سے متعلق ۔

Situationally : (adv.) حالات کے مطابق : موقع کے لحاظ سے ۔

Situationism : (n) ایک نظریہ کہ شخصیت حالات کا رد عمل ہے ۔

Situla : (n) [L.] بالٹی کی شکل کا قدیم ظرف ۔

Situs : (n) [L.] (۱) جگہ : مقام : محل ۔ (۲) (ادائے ٹیکس کی غرض سے) فرضی مقام یا جائے وقوع ۔

Sitz bath : (n) [G. 'Sitzbad'.] بیٹھک نہان ؛ اشنان (جس میں بدن صرف کمر سے رانوں تک پانی میں رہتا ہے) ٹب جس میں بیٹھ کر نہاتے ہیں۔

Sitzkerieg : (n) [G.] غیر حرکی جنگ ؛ سکونی جنگ۔

Sitzmark : (n) [G. 'Sitzmarke'.] برف میں نشیب جو اسکی (Ski) سے چلنے والے کے پیٹھ کے بل گر جانے سے بنتا ہے۔

Siva snake : (n) کالا ناگ ؛ شیش ناگ۔

Sivaism : (n) [Skr. 'Siva'.] شیو پوجا۔

Sivatherium : (n) [L.] ایک قسم کا متحجر جگالی کرنے والا بڑا جانور جس کے چار سینگیں تھیں (شمالی ہندوستان ملا ہے)۔

Siwash : (n) [Chinook jargon.] (۱) امریکی انڈین۔ (۲) امریکی انڈین کی زبان یا بولی۔

Siwash : (v) (۱) امریکی انڈین کی طرح رہنا یا کام کرنا۔ (۲) بغیر یا مختصر سازو سامان کے ساتھ چلنا یا سفر کرنا۔

Six : (a) [OE. 'Siex'.] چھ ؛ شش۔

Six nations : امریکی انڈین کی چھ قومیں۔

Six of one and half a dozen of the other : (اشخاص یا چیزوں کے) دو جماعتوں یا مجموعوں میں کوئی فرق نہ ہونا ؛ برائے نام فرق ہونا۔

Six : (n) (۱) چھ کا ہندسہ۔ (۲) چھکا (تاش یا پانسے کا)۔ (۳) وہ موم بتیاں جو ایک پونڈ میں چھ ہوتی ہیں۔ (۴) چھ اشخاص کی جماعت۔ (۵) چھ بجاؤں کی سطر۔ (۶) چھ نمبر کے جوتے یا دستانے۔ (۷) چھ پونڈ کے گولے والی توپ۔ (۸) چھ انچ لمبا گلدان۔ (۹) چھ فی صد سود والا بانڈ۔ (۱۰) (کرکٹ) وہ ہٹ جس میں چھ رن بنیں۔

Six and seven / Sixes and sevens : پریشانی ؛ ابتری۔

Six-by-six : (n) چھ پہیوں والی موٹر جس میں سبھی پہیے انجن سے چلتے ہوں۔

Six-chamber : (n) چھ خانوں والا ریوالور۔

Six-day disease : (n) چوزوں کی ایک مہلک بیماری۔

Six foil : (n) (نقابت) چھ پتیوں یا پنکھڑیوں کا آرائشی نقش و نگار۔

Six-foot : (a) (۱) چھ فٹ کا۔ (۲) چھ ارکان۔

Six-foot away : (n) ریل کی پٹریوں کا درمیانی فاصلہ۔

Six-gun : (n) چھ فائر کا ریوالور۔

Six-master : (n) چھ مستولی کشتی۔

Six-ore : (n) چھ چپوؤں والی کشتی۔

Six-pounder : (n) (۱) چھ پونڈ وزن کا گولہ پھینکنے والی توپ۔ (۲) چھ پونڈ وزن کی کوئی چیز۔

Six-shooter : (n) چھ فائر کا پستول۔

Six-shot : (n) بلیرڈ کی ایک ضرب جس میں چھ پائنٹ ہوتے ہیں۔

Six-square : (a) مسدس ؛ شش طرفی ؛ مکعبی۔

Six-stroke : (n) دیکھو Six-shot

Six-wheeler : (n) چھ پہیوں والی گاڑی۔

Sixain : (n) [Fr.] چھ مصرعوں کا بند۔

Sixer : (n) (کرکٹ) وہ ہٹ جس میں چھ رن بنیں ؛ چھ کی باؤنڈری۔

Sixfold : (a) چھ گنا۔

Sixfold : (adv.) چھ مرتبہ ؛ چھ دفعہ۔

Sixpence : (n) چھ پینس ؛ چھ پینس کا برطانوی سکہ۔

Sixpenny : (a) (۱) چھ پینس کی (چیز) چھ پینس کا (مزدور)۔ (۲) حقیر ؛ ادنیٰ ؛ معمولی۔

Sixpenny : (n) چھ پینس کی کتاب یا پرچہ۔

Sixpenny-bit : (n) چھ پینس کا سکہ۔

Sixpenny nail : (n) تقریباً دو انچ لمبی کانٹی جو چھ پینس فی سیکڑہ کے حساب سے بکتی تھی۔

Sixpenny worth : (a) چھ پینس کے لائق۔

Sixscore : (n) ایک سو بیس کور ؛ چھ کوڑی۔

Sixsome : (n) چھ اشخاص یا چیزوں کا مجموعہ۔

Sixte : (n) [Fr.] لکڑی یا گتکے کا ایک داؤں ۔

Sixteen : (a) سولہ ۔

Sixteen : (n) (۱) سولہ کا ہندسہ ۔ (۲) تختے کا وہ سائز جس کو موڑنے سے سولہ صفحے بن جائیں ۔ (۳) سولہ برس کی لڑکی ۔

Sixteenmo : دیکھو Sexto-decimo

Sixteenth : (a) سولہواں ۔

Sixteenth : (n) (۱) سولہواں حصہ ۔ (۲) (موسیقی) ایک دوئم اور دو Octave کے درمیان کا وقفہ ۔

Sixteenth note : (n) (موسیقی) نیم زمزمہ ؛ سولہواں سُر ۔

Sixth : (a) چھٹا ؛ ششم ؛ سادس ۔

Sixth : (n) (۱) چھٹا حصہ ؛ چھ مساوی حصوں میں سے ایک ؛ ۱/۶ ۔ (۲) چھٹا سُر ؛ ششم ۔ (۳) چھٹا درجہ ۔

Sixth column : (n) (جنگ کے زمانے میں) معاون غدار (اشخاص کی جماعت) ۔

Sixth-columnist : (n) معاون غدار ۔

Sixth day : (n) جمعہ ۔

Sixth sense : (n) حس ششم ؛ وجدانی احساس ۔

Sixthly : (adv.) چھٹے ؛ ششم ۔

Sixtieth : (a) ساٹھواں ۔

Sixtieth : (n) ساٹھواں ؛ ساٹھواں حصہ ۔

Sixty : (a) [OE. 'Siextig'.] ساٹھ ۔

Sixty : (n) (۱) ساٹھ کا ہندسہ ۔ (۲) (جمع) ساٹھ یا انہتر کے درمیان کی عمر یا دور ۔

Sixty-fold : (a) ساٹھ گنا ۔

Sixty-fourmo : (n) کاغذ کا وہ سائز جس کو موڑنے اور تراشنے کے بعد اس کے چونسٹھ صفحے بن جائیں ۔

Sizable : (a) بڑے سائز کا ؛ بڑا ۔

Sizar : (n) [f. Size + -ar.] وظیفہ پانے والا طالب علم ؛ کیمبرج یا ڈرنیٹی کالج ڈبلن کا وہ طالب علم جسے روٹی ، شراب وغیرہ مفت ملتی تھی ؛ پہلے بعض خدمتیں بھی اس کے سپرد ہوتی تھیں ۔

Sizarship : (n) وظیفہ یاب طالب علم ہونے کی حیثیت یا درجہ ۔

Size : (n) [OFr. 'Sise, Size'.] (۱) قانونی یا عدالتی تحقیقات ؛ تفتیش ۔ (۲) تحقیقات جیوری؛ تحقیقات جیوری کے میعادی اجلاس ۔ (۳) (انگلستان میں) ججوں کا دوری اجلاس ۔ (۴) قد ؛ قامت ؛ ڈیل ڈول ؛ جسامت ؛ تقطیع ؛ ناپ ؛ سائز ۔ (۵) جوتے ، ٹوپی ، کپڑوں وغیرہ کا ناپ یا نمبر ؛ پیمانہ ۔ (۶) قدر ؛ مقدار ؛ شرح ۔ (۷) (آدمی کی) امتیازی صفت ؛ قدر و قیمت ۔ (۸) صحیح حالت ؛ اصل معاملہ ۔

Of a size : ایک ہی ناپ کا ؛ ایک ہی سائز کا ۔

Size : (n) ایک قسم کا چپکنے والا مسالا جو کاغذ یا کپڑے میں کرارپن پیدا کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛ لاسہ ؛ سریس ۔

Size: (v) (۱) (جامعہ کیمبرج) راتب یا راشن منگانا ۔ (۲) قامت کے اعتبار سے ؛ ترتیب جسامت کے لحاظ سے تقسیم کرنا ۔ (۳) قدر و قیمت کے لحاظ سے صف بندی کرنا ۔ (۴) ناپ لینا ؛ قیمت لگانا ؛ تخمینہ لگانا ؛ جسامت وغیرہ کا اندازہ لگانا یا کرنا ۔ (۵) کسی خاص ناپ کا بتانا ۔ (۶)برابر ہونا ؛ مساوی ہونا (جسامت ، صفت وغیرہ میں) ۔

Size : (v) مسالا لگا کر سخت کرنا ۔

Size down : (v) تدریجی ترتیب دینا یا چیزوں کی درجہ بندی کرنا ۔

Size-roll : (n) (۱) (فوج) فہرست یا رجسٹر جس میں ہر فوجی کا قد و قامت لکھا رہتا ہے ۔ (۲) رجسٹر میں لگا ہوا چرمی کاغذ ۔

Size-stick : (n) موچی کا پاؤں کی لمبائی اور چوڑائی ناپنے کا پیمانہ ۔

Size up : (v) (۱) قامت ؛ جسامت وغیرہ کا اندازہ کرنا ،لگانا ۔ (۲)کسی شخص کی نسبت رائے قائم کرنا ؛ اندازہ کرنا کہ وہ کتنے میں ہے ۔

Size-up : (n) (۱) اندازہ کرنا (جسامت وغیرہ کا) ۔ (۲) اندازہ ۔

Sizeable : (a) دیکھو Sizable

Sized : (a) (۱) کسی مخصوص یا بتائے ہوئے سائز کا یا جسامت کا ۔ (۲) ٹھیک یا معیاری سائز کا ۔

Sized : (a) مسالا لگا کر سخت بنایا ہوا۔

Sizer : (n) ناپ ، پیمانہ ، چیزوں کے سائز کو جانچنے کی ایک ترکیب۔

Siziness : (n) چسپیدگی ؛ چپچپاہٹ۔

Sizing : (n) (۱) راتب یا راشن منگانا۔ (۲) حصہ ؛ بھتا۔ (۳) جسامت کے لحاظ سے علاحدہ کرنا یا ترتیب دینا۔

Sizing : (n) (۱) مسالا لگا کر کراراپن پیدا کرنا ؛ کلف کاری۔ (۲) کراراپن پیدا کرنے کا مسالا۔

Sizy : (a) چپکنے والا؛ سریش کا سا۔

Sizzle : (n) چھن چھن کی آواز۔

Sizzle : (v) [Imitative.] (۱)کسی چیز کا تلنے کے وقت چھن چھن ہونا۔ (۲) چھن چھن کرتے ہوئے جلنا ؛ بھننا۔ (۳) غصے میں کھولنا۔ (۳) بہت اچھی طرح سے انجام دینا یا انجام پانا۔

Sizzler : (n) جلانے والا ؛ پھونکنے والا۔

Sizzling : (a) چھن چھن کرنے والا ؛ بہت گرم۔

Sizzling : (adv.) گرم ہو کر۔

Sizzling heat : (n) وہ مقدار حرارت جو لوہے کو اس قدر گرم کر دے کہ ہاتھ سے چھونے سے سی سی کی آواز پیدا ہو۔

Sjambok : (n) [Du.] گینڈے کی کھال کا چابک۔

Sjambok : (v) گینڈے کی کھال کے چابک سے مارنا۔

Skaddle : (v) بھگدڑ مچنا ؛ تتر بتر ہونا ؛ سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا۔

Skail : (v) [Origin unkn.] پھیلانا ؛ بکھیرنا ؛ پھیلنا ؛ بکھرنا۔

Skald/ Scald : (n) [ON.] قدیم اسکینڈی نیویا کا قصیدہ خواں شاعر۔

Skaldic/ Scaldic : (a) قدیم اسکنڈی نیویا کے قصیدہ خواں شاعروں کی شاعری سے متعلق۔

Skarn : (n) [SW.] آہن آمیز تماسی مقلب چٹان۔

Skat : (n) [G.] تاش کا ایک کھیل۔

Skate : (n) [ON. 'Skata'.] ایک قسم کی مچھلی ؛ لقمہ ماہی۔

Skate : (n) [DU. 'Schaats'.] (۱) برف پر چلنے کی کھڑاون ؛ اسکیٹ ؛ مزلج۔ (۲) ایسی کھڑاون کے ذریعے برف پر چلنا یا پھسلنا اور چلنے یا پھسلنے کی مدت۔

Skate : (v) (۱) برف پر چلنے کی کھڑاون سے برف پر یا چکنے فرش پر پھسلنا ؛ اسکیٹ کرنا۔ (۲) معمولی طور پر یا دلیرانہ طور پر (کسی خطرناک حالت سے) گزر جانا۔ (۳)پھسلنا۔ (۴) اسکیٹ کرنے میں جیت جانا۔

Skate : (n) (۱) قابل نفرت شخص۔ (۲) کمزور گھوڑا۔ (۳) شخص ، آدمی ؛ انسان۔

Skate-leech : (n) ایک قسم کی جونک جو لقمہ ماہی کے جسم پر کثرت سے لگی رہتی ہے۔

Skate-sucker : (n) دیکھو Skate-leech

Skater : (n) اسکیٹ کرنے والا ؛ برف پر چلنے یا پھسلنے والا۔

Skatol : (n) [Gr. 'Skatos'.] (کیمیا) ایک خوشبودار مادہ جو آنت میں البومن کے سڑ جانے سے پیدا ہوتا ہے۔

Skean/ Skeen/ Skene/ Skhian : (n) [Ir. 'Gael, Scian'.] خنجر ؛ کٹار۔

Skeanockle / Skeneoccle : (n) چھوٹا خنجر۔

Skedaddle : (n) بھگدڑ۔

Skedaddle : (v) [Origin unkn.] بھگدڑ مچنا ؛ تتر بتر ہو جانا ؛ سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا۔

Skedlock : (n) ایک قسم کی گھاس ؛ جنگلی رائی۔

Skeeball : (n) [f. 'Ski + ball.'] ایک قسم کا کھیل۔

Skeel : (n) [ON. 'Skjol'.] دودھ یا پانی رکھنے کی چوبی بالٹی۔

Skeeling / Skilling : (n) [ME. 'Skelyng'.] ملحقہ مکان جو سائبان کی طرح دوسرے مکان سے لگا ہوا ہو۔

Skeeling-goose : (n) شوخ رنگ کی جنگلی بطخ۔

Skeet : (n) [Origin unkn.] (۱) لمبے دستے کا کرچھا۔ (۲) (بحری) وہ کرچھا جس سے جہاز کے بغلی تختوں پر پانی پھینکتے ہیں۔

Skeet : (v) (۱) کرچھے سے پانی پھینکنا (یا بادبان وغیرہ پر اس

کو سخت کرنے کے لئے) ۔ (۲) کسی رقیق چیز کو پچکاری سے نکالنا ۔ (۳) (روزمرہ) دوڑنا : لپکنا : نکل بھاگنا ۔

Skeet : (n) پوکر کھیل کا ایک خاص ہاتھ ۔

Skeeter : (n) (۱) مچھر ۔ (۲) برف پر چلنے والی چھوٹی کشتی ۔

Skeezicks / Skeesicks / Skeezix : (n) [Origin unkn.] بد معاش : بد ذات : شریر ۔

Skeg : (n) [ON. 'Skegg'.] (۱) گھٹیا قسم کی ریشہ دار جئی ۔ (۲) (جہاز سازی) جہاز کے پیندے کا عقبی حصہ ۔ (۳)جہاز کے پیندے کے عقبی حصے کی جگہ لگا ہوا تکونا ٹکڑا ۔

Skeg : (n) [Origin unkn.] جنگل کشمش کی ایک جنس ۔

Skegger : (n) [Origin unkn.] سامن (مچھلی) کا بچہ ۔

Skeif/ Skaif : (n) [Du. 'Schiff'.] الماس تراش کی پالش کرنے کی چرخی ۔

Skeigh : (a) [Scand. Origin.] شوخ (گھوڑا) : متلون مزاج (عورت) ۔

Skeily : (۱) مشاق : ماہر : چابک دست ۔ (۲)دیکھو Skilful ۔

Skein: (n) [OFr. 'Escaigne'.] (۱) دھاگے یا ریشم کا لچھا : انٹی : لچھی ۔ (۲) (استعارۃً) گتھی : الجھاؤ ۔ (۳) (جنگلی بطخوں وغیرہ کا) اڑتا ہوا جھنڈ ۔

Skein / Skain : (n) [Du. 'Scheen'.] (۱) بید کا ایک چھڑ (ٹوکری بنانے کے لئے ۔ (۲) دھات کی ٹوپی جو چوبی ڈھرے کے محور کی حفاظت کرتی ہے ۔

Skeldraik / Skeldrake : (n) دیکھو Sheldrake

Skeletal : (a) پنجری : ہیکلی : پنجر سا : ڈھانچ کا ۔

Skeletal muscle : (n) عضلات پنجر ۔

Skeleto- : (prefix.) [Gr. 'Skeletos'.] سابقہ بمعنی "ڈھانچہ" "پنجر" ۔

Skeletogenous : (a) ہیکل ساز : پنجر ساز ۔

Skeletography : (n) ہیکل نگاری : پنجر نامہ : علم تشریح ۔

Skeletology : (n) ہیکلیات : علم پنجر ۔

Skeleton : (n) [mod. L. 'Sceleton'.] (۱) ڈھانچہ : ڈھانچ ۔ (۲)آدمی کا پنجر : ڈھانچ : ہیکل عظمی : کالبد ۔ (۳) ڈھچر ہی ڈھچر : محض قالب (کسی کا) ۔ (۴) ڈھانچ : اہم جز (کسی چیز کا) ۔ (۵) لب و لباب : خاکہ : خلاصہ ۔ (۶)بالکل دبلا پتلا آدمی : پوست و استخوان ۔ (۷)(فوج) رجمنٹ کا ایک حصہ ۔ (۸) بدنامی یا رسوائی کی بات ۔ (۹) (شطرنج) پیادوں کی ترتیب ۔ (۱۰)ایک قسم کی برف گاڑی ۔

A skeleton at the feast (for bonquet) : رنگ میں بھنگ ۔

A skeleton in the closet , cupbaord : بدنامی یا رسوائی کی بات جو باہر والوں سے چھپائی جائے ۔

Skeleton : (v) دیکھو Skeletonize

Skeleton : (a) (۱) ڈھانچ کی طرح کا : پنجری : پنجر نما ۔ (۲)کم سے کم لوگوں پر مشتمل ۔ (۳) (لباس وغیرہ) جزوی ۔ (۴)جس کا اندرونی حصہ نظر آئے ۔

Skeleton dance : (n) ایک قسم کا رقص جس میں ناچنے والے ایسا کپڑا پہنتے ہیں کہ ڈھانچ یا موت کی علامت نظر آتے ہیں ۔

Skeleton key : (n) ہر قفلی کنجی : کھوکھلی کنجی : وہ کنجی جو بہتیرے تالوں میں تھوڑی تبدیلی کے بعد لگ سکے ۔

Skeleton pattern : (n) وہ نقش و نگار جس کی خالی جگہوں میں ریت بھر دی جاتی ہے ۔

Skeleton proof : (n) طباعت یا کندہ کاری کا پروف جس کے نقش میں ایک ہلکا خط ہو ۔

Skeleton shrimp : (n) ایک قسم کا قشرہ ۔

Skeleton suit : (n) لڑکوں کا چست سوٹ جو انیسویں صدی میں رائج تھا ۔

Skeleton type : (n) ہلکا ٹائپ جس میں حرف اچھی طرح ابھرے نہ ہوں ۔

Skeletonic : (a) ڈھانچ نما : پنجر نما ۔

Skeletonize : (v) (۱) ڈھانچ ہی ڈھانچ بنا دینا ۔ (۲) خاکہ بنا ۔ (۳) ڈھانچ ہو جانا یا بن جانا ۔

Skeletonizer : (n) ایک قسم کا کیڑا جو پتیوں کو کھا کر ڈھانچ بنا دیتا ہے ۔

Skeletonless : (a) بے ڈھانچ : بے پنجر ۔

Skeletony : (a) دیکھو Skeletonic

Skelf : (n) [Scot. Gael. 'Sgealb'.] دیکھو Silver

Skellat : (n) [ME. 'Skellet'.] (۱) چھوٹی گھنٹی ؛ دستی گھنٹی ۔ (۲) بد مزاج عورت ۔

Skellington : (n) دیکھو Skeleton

Skelloch : (n) دیکھو Screach, Scream

Skelloch : (v) دیکھو Scream

Skelum : (n) [Du. 'Schelm'.] بد معاش ؛ شریر آوارہ ۔

Skelly : (v) [ON. 'Skjelga'.] اصول ہونا ؛ عادتاً آنکھوں کو ترچھا کر کے دیکھنا ۔

Skelly : (n) بھینگا ؛ احول ۔

Skelp : (n) طمانچہ ؛ چانٹا ۔

Skelp/ Scelp : (n) [Origin unkn.] لوہے یا فولاد کی پٹڑی یا پترا ۔

Skelp : (v) (۱) مارنا ؛ پیٹنا ؛ طمانچہ رسید کرنا ۔ (۲) بہت جلدی کرنا ؛ جلدی یا تیز چلنا ؛ دوڑنا ۔

Skelp : (v) (۱) لوہے یا فولاد کی پٹڑی یا پترا بنانا ۔ (۲) فولادی پٹی کو موڑنا ۔

Skelping : (a) غیر معمولی طور پر بڑا یا نمایاں ۔

Skelping : (n) مار ؛ کوڑے وغیرہ کی مار ۔

Skelter : (n) [Second element of 'Heilter Skelter'.] فرار ہو جانا ؛ پو قدمے بھاگنا ؛ کافور ہو جانا ؛ رفو چکر ہو جانا ۔

Sken : (v) آنکھوں کو ترچھا کر کے دیکھنا ؛ ترچھی نظروں سے دیکھنا ۔

Skene/ Skean : (n) [Ir. and Sc. 'Gael, 'Sgian'.] ایک قسم کا خنجر ؛ پیش قبض ؛ چھرا ۔

Skeo : (n) [of Scand origin.] شٹ لینڈ اور اورکنی جزیرے میں بھر بھرے پتھروں کا سائبان مچھلی اور گوشت سکھانے میں پہلے استعمال ہوتا تھا ۔

Skep/Skip : (n) [ON. 'Skeppa'.] (۱) ایک قسم کی ٹوکری (لکڑی یا بیدکی) ۔ (۲) (کان کنی) دیکھو Skip ۔ (۲) اناج ، کوئلہ وغیرہ کی ایک خاص مقدار ؛ ٹوکری بھر ۔ (۴) شہد کی مکھیوں کا چھتا ؛ تنکوں کا چھتہ ۔

Skepsis/ Scepsis : (n) [L.] (۱) (فلسفہ) فلسفیانہ شکوک ؛ شک فلسفی ۔ (۲) (دینیات) انکار الہام ۔

Skeptic : (a) دیکھو Sceptic

Skeptical : (a) دیکھو Sceptical

Skerrick : (n) خفیف سی مقدار ؛ آخری ٹکڑا ۔

Skerry : (n) [ON. 'Sker'.] پہاڑی جزیرہ ۔

Skerry : (a) [Origin unkn.] شیل (Shale) جیسا ؛ شیل سے مشابہ ۔

Skerry : (n) پرت دار مٹی یا پتھر ۔

Sketch : (n) [Du. 'Schets', or G. 'Skizze'.] (۱) خاکہ (تصویر کا) گردہ ؛ ڈھانچہ ؛ طرح ۔ (۲) خلاصہ ؛ مختصر بیان ؛ خاکہ ؛ مسودہ ۔ (۳) مختصر مضمون جس میں واقعات کا بیان ہو ؛ مختصر ناٹک خصوصاً رہس ؛ نقل ۔ (۴) ایک گت کا نغمہ ۔ (۵) دلچسپ یا عجیب و غریب شخص ۔

Sketch : (v) (۱) خاکہ بنانا ؛ گردہ بنانا ؛ قدرتی مناظر کے نقشے کھینچنا ؛ خلاصہ بیان کرنا ۔ (۲) مجمل طور پر بیان کرنا ۔ (۳) مختصر ناٹک میں کام کرنا ۔

Sketch-book : (n) (۱) مصوری کی مشق کی کاپی ۔ (۲) مختصر ادبی مضامین کی کتاب کا عنوان ۔ (۳) خاکہ نامہ ۔

Sketch map : (n) خاکہ (کسی مقام کے نقشے کا) ۔

Sketcher : (n) (۱) قدرتی مناظر وغیرہ کا) خاکہ بنانے والا ؛ نقشہ کھینچنے والا ؛ مصور ۔

Sketchiness : (n) سرسری ہونا ؛ اجمال ۔

Sketching : (adv.) خاکے کے طور پر ؛ مجمل طور پر ۔

Sketching : (n) خاکہ کشی ۔

Sketchy : (a) (۱) خاکہ سا ؛ سرسری ؛ مجمل ۔ (۲) دھندلا ؛ متفرق ؛ خیالی ؛ موہوم ۔

Skeuomorph : (n) [Gr. 'Skeuos' + 'morph'] نقش و نگار جس میں برتن یا اوزار کی تصویر ہو ۔

Skew :(n) [OFr. 'Escu'.] چھت یا دیوار کے تکونی حصے کی منڈیر ۔

Skew : (n) (۱) انحراف ؛ جانبی حرکت ۔ (۲) غلطی ؛ لغزش ؛ بھول ؛ چوک ؛ سہو ۔

Skew : (a) (۱) ٹیڑھا ؛ ترچھا ؛ بینکا ؛ آڑا ؛ کج ؛ اریب ۔ (۲) ٹیڑھا ٹیڑھا ؛ خمیدہ (شکل) ۔ (۳) ڈھلوان سِرا پشتے یا اڑواڑ کا ۔ (۴) احول ؛ بھینگا ۔

Skew : (v) [ON. Fr. 'Eskiu(w)er'.] (۱) ٹیڑھا راستہ اختیار کرنا ؛ پہلو کی طرف حرکت کرنا ۔ (۲) بھڑکنا (گھوڑے کا) ۔ (۳) ترچھی نظروں سے دیکھنا ؛ اشارہ کرنا ۔ (۴) ترچھا کاٹنا یا لگانا ۔

Skew-arch : (n) کج محراب ۔

Skew-back : (n) کمان ٹیک ۔

Skew bridge : (n) قینچی پل ؛ وہ پل جس کی قوسیں زاویہ قائمہ نہیں بنائیں ۔

Skew-chisel : (n) ٹیڑھی یا خمدار چھینی ۔

Skew-curve : (n) مکعب منحنی ۔

Skew-eyed : (a) احول ؛ بھینگا ۔

Skew-gee : (adv.) دیکھو Askew

Skew-whiff : (adv.) دیکھو Askew, Awry

Skewbald : (a) [Origin uncertain.] سفید اور رنگین چتیوں کا (خصوصاً گھوڑا) ؛ ابلق ۔

Skewbald : (n) ابلق گھوڑا ۔

Skewed : (a) دیکھو Skewbald

Skewer : (n) (۱) کباب کی سیخ ۔ (۲) (مزاحاً) تلوار ۔

Skewer : (v) ملا کر باندھنا ؛ چھیدنا ؛ میخ میں پرونا ۔

Ski : (n) [Norw. 'Ski fi'.] ملبا تختہ جس کو ناروے ، سویڈن وغیرہ میں جوتوں سے باندھ کر برف پر پھسلتے ہیں ؛ اِسکی ۔

Ski : (v) جوتوں سے تختے باندھ کر برف پر پھسلنا ؛ اِسکی کرنا ۔

Ski-bob : (n) بائیسکل کی طرح کی ایک مشین جس میں پہیوں کے بجائے اِسکی (Ski) لگی رہتی ہے ۔

Ski-boot : (n) اسکی کرنے کا جوتا ۔

Ski-jump : (n) کسی قدرتی ڈھلان کے سرے سے بنایا ہوا مصنوعی راستہ جس سے اسکی کرنے والے ہوا میں چھلانگ لگا کر اسکی شروع کرتے ہیں ۔

Ski-lift : (n) اسکی کرنے والوں کو اوپر لے جانے کے لئے ایک قسم کی لفٹ ۔

Ski pants : (n) اسکی کرنے کی پتلون ۔

Ski-wear : (n) اسکی کرنے کا لباس ۔

Skiagram/ Sciagram/ Skiogram : (n) شعاعی تصویر ؛ سایہ آمیز نقاشی ۔

Skiagraph/ Skiograph / Sciagraph : (n) (۱) شعاعی تصویر ؛ لا شعاعی تصویر ۔ (۲) سایہ آمیز نقاشی ۔ (۳) سائے سے وقت معلوم کرنے کا آلہ ؛ وقت پیما ؛ سایہ گھڑی ۔

Skiagraph/ Skiograph/ Sciagraphy : (v) شعاعی تصویر بنانا ۔

Skiagraphy : (n) شعاعی فوٹو گرافی ؛ لاشعاعی عکاسی ؛ سایہ نگاری؛ سایہ گھڑی سازی ۔

Skiascope : (n) انعطاف چشم بیں ۔

Skiascopy : (n) انعطاف چشم بینی ۔

Skibby : (n) [Jap.] (روز مرہ) توہین آمیز جملہ جاپانی ۔

Skice : (v) [Corn. 'Scusy'.] کھسک جانا ؛ رفو چکر ہو جانا ؛ کافور ہو جانا ۔

Skid : (n) [Origin unkn.] (۱) چوکٹھا یا لکڑی جو روک ، ٹیکن وغیرہ کا کام دے ۔ (۲) لوہے یا لکڑی کی روک جو پہیے کو گھومنے سے روکتی ہے ؛ پہیہ روک ؛ گیر ؛ پہیے کا قفل ۔ (۳) (بحری) لکڑی کی روک جو جہاز کے باہر لٹکا دی جاتی ہے تاکہ جہاز پر اسباب چڑھانے میں اسے نقصان نہ پہنچے ۔ (۴) تختہ یا بیلن جس پر وزنی چیز کو لڑھکایا جا سکے ۔ (۵) پہیے وغیرہ کا پھسلنا ۔ (۶)(جمع) شکست ، زوال ، ناکامیابی ، تباہی وغیرہ کا راستہ ۔ (۷) ہوائی جہاز کے پہیوں میں سے ایک ۔

Skid : (v) (۱) ٹیکن لگانا ؛ روک لگانا ۔ (۲) (گاڑی وغیرہ کا) پھسلنا ۔ (۳) (پہیے وغیرہ میں) پہیا روک لگنا ۔

(۴)(ہوائی جہاز) مرکز انحنا سے پہلو کی طرف پھسلنا (گھومتے وقت) ۔ (۵) پھسلانا ۔ (۶) تیزی سے چلنا ، دوڑنا یا دوڑ جانا ۔

Skid-pan : (n) پھسلواں سڑک جس پر ڈرائیور پھسلنے سے بچنے کی مشق کرتے ہیں ۔

Skid-road : (n) (۱) شہر کا وہ علاقہ جہاں لکڑی کاٹنے والے فرصت کے اوقات گزارتے ہیں ۔ (۲) سڑک جس کے ذریعہ لکڑی کے کندے باہر بھیجنے کے لئے لائے جاتے ہیں ۔

Skidding : (n) (۱) تختہ یا لکڑی جو توپ وغیرہ کے لئے بطور سہارا یا اس کو ہٹانے میں آسانی کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔ (۲) پھسلاؤ ۔

Skiddingly : (adv.) پھسلتے ہوئے ۔

Skiddoo/ Skiddo : (v) [Prob. alt. of 'Skedaddie'.] چلا جانا ؛ رخصت ہونا ؛ روانہ ہونا ۔

Skiddy : (a) پھسلواں ۔

Skidrow : (n) وہ علاقہ (مثلاً ارزاں سیلون ، ریستوران ، ہوٹل وغیرہ) جہاں مہاجر مزدور ، اوباش ، آوارہ گرد اور شرابی جمع ہوتے ہیں ۔

Skidway : (n) ڈھلوان چبوترہ جس پر لکڑی کے کندے (کہیں بھیجنے کے لئے) لادنے کے لئے یا چیرنے کے لئے جمع کئے جاتے ہیں ۔

Skied : (a) (۱) (مرکب الفاظ میں آتا ہے) مخصوص قسم کا آسمان والا ۔ (۲) (کرکٹ) ہوا میں اڑی ہوئی گیند ۔

Skiey : (a) آسمان سے متعلق ؛ دیکھو Skyey ۔

Skiff : (n) [Fr. 'Esquif'.] ہلکی ناؤ ؛ چھوٹی کشتی ؛ ڈونگی ۔

Skiff : (v) چھوٹی کشتی پر سیر کرنا ۔

Skiff : (v) (۱) چھوٹی کشتی میں (ندی) پار کرنا ؛ ہلکی کشتی کھینا ۔ (۲) ہلکی کشتی میں سیر کرنا ۔

Skiffle : (n) [Imitative.] ایک قسم کی موسیقی ۔

Skift : (n) [ME. 'Skiften'.] دیکھو Shift

Skift : (n) (۱) کوئی ہلکی چیز ۔ (۲) ہلکی بارش یا برف باری ۔ (۳) دیکھو Wisp ۔

Skiing : (n) جوتوں میں تختے لگا کر برف پر پھسلنے کا فن یا کھیل ۔

Skijoring/ Skioring : (n) جوتوں میں تختے لگا کر گھوڑے یا گاڑی سے کھینچے جانے کا کھیل (جاڑے کے موسم میں) ۔

Skilful : (a) (۱) مشاق ؛ ماہر ؛ چابک دست ؛ ہوشیار ؛ سلیقہ مند ۔ (۲) استادانہ ؛ عمدہ ؛ دانشمندانہ ؛ سلیقے کا ۔

Skilfully : (adv.) کاریگری سے ؛ استادی سے ؛ ہوشیاری سے ؛ دانشمندی سے ۔

Skilfulness : (n) کاریگری ؛ دانشمندی ؛ ہوشیاری ؛ چابک دستی ؛ مہارت ؛ سلیقہ مندی ۔

Skill : (n) [ON. 'Skil'.] (۱) مشق ؛ مہارت ؛ ہنر مندی ؛ چابک دستی ؛ ہنر ۔ (۲) شعور ؛ سلیقہ ؛ حسن تدبیر ؛ موقع شناسی ۔

Skill : (v) (۱) اہم ہونا ؛ اہمیت رکھنا ۔ (۲) مدد پہنچانا ؛ معاون ہونا ؛ مدد کرنا یا دینا ۔ (۳) سمجھنا ؛ مطلب سمجھنا ؛ مہارت رکھنا ۔

Skilled : (a) (۱) ہنر مند ؛ مشاق ؛ ماہر ؛ استاد (کسی فن میں) ۔ (۲) سیکھا ہوا (کاریگر ، مزدور وغیرہ) ۔

Skilless/ Skill-less : (a) بے ہنر ؛ بے شعور ؛ بے سلیقہ ؛ اناڑی ۔

Skillet : (n) [ME. 'Skelet'.] دستہ دار دیگچی ؛ ایک قسم کا پکانے کا برتن ۔

Skillet : (n) [Origin unkn.] لکڑی کی باریک تہ یا پرت جو دیاسلائی بنانے میں کام آتی ہے ۔

Skilligalee : (n) [Prob. 'Fanciful'.] (۱) دیکھو Skilly ۔ (۲) سب سے چھوٹا سکہ (قیمت کے لحاظ سے) ۔

Skilling : (n) [Origin unkn.] اُسارہ ؛ سائبان ؛ ملحقہ مکان ۔

Skilling : (n) [Du. 'Schelling' & Da, Sw, or Norw. 'Skilling'.] ایک تانبے کا سکہ جو پہلے اسکنڈی نیویا میں رائج تھا ۔

Skillion : (n) [Alt. of 'Skeeling'.] (آسٹریلیا) اُسارہ ؛ سائبان ؛ زائد ڈھلوان چھت ۔

Skilly : (a) دیکھو Skilful, Skilled

Skilly : (n) [Abbrew. of 'Skilligalee'.] جئی کا پتلا دلیا (جو عموماً جیل میں قیدیوں اور محتاج خانوں میں محتاجوں کو دیا جاتا ہے) ۔

Skim : (n) (۱) پیش پھالی : پیش پھار ۔ (۲) دیکھو Skim-milk ۔ (۳) ملائی یا بالائی اتارنا ۔

Skim : (v) [Back-formation from 'Skimmer'.] (۱) ملائی یا بالائی اتارنا : پپڑی اتارنا (دودھ یا کسی سیال شے پر سے) ۔ (۲)کسی سطح کو محض چھوتے ہوئے گزرنا : سبک پروازی کرنا یا سبک رفتاری سے اڑنا ۔ (۳)ایک نظر ڈالنا: سرسری طور پر دیکھ لینا : ایک نظر ٹال کر موٹی موٹی بات سمجھ لینا ۔ (۴) (زمین پر) ہلکے ہلکے ہل چلانا یا زمین جوتنا ۔ (۵) پپڑی جم جانا ۔ (۶) پلاستر کی آخری تہ لگانا ۔ (۷) آہستہ سے گزر جانا ۔

Skim : (a) (۱) بالائی اتارنے کے لئے استعمال ہونے والا ۔ (۲)بالائی اتارا ہوا ۔ (۳) بالائی اتارے ہوئے دودھ سے بنا ہوا ۔

Skim-coat : (n) پینٹ یا پلاستر کی آخری تہ ۔

Skim-coulter : (n) پیش پھالی : پیش بھار ۔

Skim-milk : (a) ملائی اترا دودھ : دودھ جس سے بالائی اتار لی گئی ہو : مہوا دودھ ۔

Skimble-skamble : (a) [Reduptication of 'Scamble'.] ابتر : بے ترتیب : گڈ مڈ : پریشان : منتشر : لغو : مہمل ۔

Skimble-skamble : (adv.) بے ترتیبی سے : ابتری کے ساتھ ۔

Skimmed : (a) ملائی اترا : مہوا ۔

Skimmed-milk : (n) دیکھو Skim-milk

Skimmer : (n) (۱) ملائی اتارنے کا گفگیر یا کرچھا ۔ (۲) ایک قسم کا صدف جس کے خول سے ملائی اتارتے ہیں ۔ (۳) سرسری طور پر پڑھنے والا ۔ (۴) آبی پرندوں کی بعض اقسام : ماہی بر ۔ (۵) ایک قسم کا کیڑا ۔ (۶) ایک قسم کا چپٹی چندیا اور لمبے چھجے والا ٹوپ ۔

Skimming : (n) (۱) ملائی : بالائی : پپڑی ۔ (۲) ملائی اتارنا : چھوتے ہوئے گزر جانا : سرسری طور پر دیکھ لینا ۔

Skimming-back : (n) ایک برتن جس میں بیئر (Beer) کی پہلی تخمیر کے بعد زائد خمیر جمع کیا جاتا ہے ۔

Skimming-dish : (n) بالائی اتارنے کا برتن ۔

Skimmingly : (adv.) بالائی اتارتے ہوئے ۔

Skimmington : (n) [f. 'Skimming + -ton.] وہ جلوس جو کسی بے وفا یا بدکاری کے مرتکب میاں بیوی کا مضحکہ اڑانے کے لئے نکالا جاتا تھا ۔

To ride (the) skimmington : کسی بے وفا یا بدکاری کے مرتکب میاں بیوی کا مضحکہ اڑانے کے لئے جلوس نکالنا ۔

Skimmity : (n) دیکھو Skimmington

Skimp : (a) قلیل : قلیل المقدار : ناکافی ۔

Skimp : (v) دیکھو Scrimp

Skimpily : (adv.) ناکافی طور پر : قلیل مقدار میں ۔

Skimpiness : (n) قلیل ہونا : ناکافی ۔

Skimpingly : (adv.) کنجوسی سے : بخل سے : خست سے ۔

Skimpy : (a) ناکافی : قلیل :دبلا پتلا : تنگ ۔

Skin : (n) [Late OE. 'Scen(n)'.] (۱) کھال : جلد : چمڑا ۔ (۲) جلد کی ایک پرت (اندرونی یا بیرونی کھال یا جلد) : برادمہ : بیرونی کھال ۔ (۳) چمڑا : ادھوڑی کھال ۔ (۴) چمڑے کی بنی ہوئی چیزیں ۔ (۵) مشک وغیرہ ۔ (۶) پھل یا درخت وغیرہ کا پوست ، چھلکا ، چھال ۔ (۷) جہاز یا کشتی کے اندر یا باہر کی چادر (خواہ لکڑی کی ہو یا لوہے کی) ۔ (۸) چرمی کاغذ : جھلی (جولکھنے کے کام آئے) ۔ (۹)چمڑے یا جلد سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۱۰) بادبان کا وہ حصہ جو کھیلنے کے بعد بادبان کے غلاف کا کام کرتا ہے ۔ (۱۱) (تعمیرات) (دیوار کی) روکار ۔ (۱۲)بیگ : یادداشت کی جیبی کتاب ۔ (۱۳) قابل نفرت شخص ۔ (۱۴) کنجوس : بخیل ۔ (۱۵) دھوکا باز : فریبی : عیّار : مکار : دغاباز ۔ (۱۶) (عام) دیکھو Drum ۔ (۱۷) ایک قسم کا تاش کا کھیل (Skin-ball) ۔ (۱۸) (عام) ڈالر ۔ (۱۹) (عام) گھوڑا ۔ (۲۰) مخالف رپورٹ : ناموافق سرزنش ۔

By (or with) skin of one's teeth : مشکل سے : بال بال ۔

In a whole skin/ With a whole skin : صحیح سلامت ۔

In one's skin : ننگا ۔

Out of one's skin : جوش سے : اشتعال ۔

To jump out of one's skin : آپے سے باہر ہو جانا ۔

To save one's (own) skin : بچ نکلنا : محفوظ رہنا ۔

To sleep in a whole skin : بچ جانا ؛ زخمی نہ ہونا۔

Under one's skin : (۱) دکھتی رگ چھوتے ہوئے۔ (۲) اشتعال انگیزانہ۔

Under the skin : دل سے ؛ بہ باطن ؛ در اصل ؛ در حقیقت۔

Skin : (v) (۱) ڈھکنا (زخم وغیرہ) (اس طرح جیسے کھال سے ڈھکا ہوتا ہے) ؛ پوست منڈھنا ؛ نئی کھال آنا ؛ زخم بھرنا ؛ انگور آنا ۔ (۲) کھال کھینچنا ؛ پوست اتارنا ؛ کھال ادھیڑنا ؛ چھیلنا ؛ چھال اتارنا ۔ (۳) اپنا یا دوسرے کا چست لباس اتارنا ۔ (۴) (عام) موس لینا ؛ کنگال کر دینا یا بنا دینا ؛ دیوالہ نکال دینا ؛ بری طرح شکست دینا۔ (۵) (مجازاً) سطحی طور پر ڈھکنا یا ڈھک دینا ۔ (۶)کھال چھوڑنا ؛ چمڑا اترنا ۔ (۷) (امریکا) نقل کرنا ؛ چوری کرنا ۔ (۸) (اوپر) چڑھنا ؛ اترنا (نیچے) ۔ (۹)کاغذ سے رگڑ کر گوند وغیرہ کی سطح برابر کرنا۔ (۱۰) تنقید کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ۔ (۱۱) (عام) سرزنش کرنا ؛ کمی کی رپورٹ کرنا (کسی چیز کی) ۔ (۱۲) (زمین کو) بہت زیادہ کھیتی کر کے بنجر بنا دینا۔ (۱۳) ہنکانا یا ہانکنا (جانوروں کو) ؛ ٹریکٹر چلانا ۔ (۱۴) مشکل سے گزرنا ؛ تنگ جگہ میں چلنا ۔ (۱۵)بدقت کامیاب ہونا ۔ (۱۶) پو قدمے بھاگنا ؛ جلدی جلدی چلنا۔

To keep one's eyes skinned : ہوشیار رہنا ؛ چوکس رہنا ۔

To skin alive : زندہ کھال اتار لینا ؛ بے رحمی کے ساتھ ایذ پہنچانا۔

To skin the cat : افقی ڈنڈے کو پکڑ کر جھولنا۔

To skin the flint : ذلت کے ساتھ یا گر کر دولت کمانا یا نفع کمانا۔

Skin and bone(s) : (n) پوست و استخواں ہونا ؛ بے حد لاغر ہونا۔

Skin-boat : (n) چرمی کشتی ۔

Skin-bound : (a) چست کھال کا ۔

Skin-deep : (a) (۱) (زخم) جس کی گہرائی صرف کھال تک ہو ۔ (۲) سطحی (جذبہ وغیرہ) ۔

Skin-deep : (adv.) سطحی طور پر ؛ کسی قدر ۔

Skin-disease : (n) جلدی مرض ۔

Skin-dive :(v) سطح آب سے نیچے تیرنا ۔

Skin-diving : (n) سطح آب سے نیچے تیرنا ۔

Skin effect : (n) (برقیات) تیز تعدد متبادل رو کا کسی موصل تار کی سطح پر بڑھ جانے کا رجحان ۔

Skin-flick : (n) عریاں فلم ۔

Skin-flood : (n) چہرے پر لگانے کی کریم ۔

Skin friction : (n) سطحی رگڑ ؛ جہاز وغیرہ کے چلنے میں پانی کی رکاوٹ ۔

Skin game : (n) (۱) عیاری ؛ فریب ؛ ٹھگنا ۔ (۲) دیکھو Skinball ۔

Skin-graft : (v) (جراحی) دوسری جگہ کی یا دوسرے کی کھال لگا دینا ۔

Skin-graft : (n) وہ چمڑا جو دوسرے کے جسم سے لے کر کسی اور کے جسم پر پیوندی جراحی کے ذریعہ لگا دیا جائے ۔

Skin-in : (v) (فرنیچر وغیرہ پر) فرانسیسی پالش کی پہلی تہ چڑھانا ۔

Skin man : (n) ہوائی جہاز کے ڈھانچے پر دھات یا لکڑی کی چادر لگانے والا ۔

Skin on : (v) (وارنش ، رنگ وغیرہ) بہت پتلی تہ چڑھانا ۔

Skin planting : (n) جہاز یا کشتی کے اندر یا باہر چادریں چڑھانا ۔

Skin test : (n) تاثر پذیری کی جانچ (جو مریض کی جلد پر کی جاتی ہے) ۔

Skin-tight : (a) چست ۔

Skin-tight : (n) چست لباس ۔

Skin-wool : (n) مردہ بھیڑ کی اون ۔

Skinball : (n) تاش کے ایک کھیل جس میں کھلاڑی اس پر شرط لگاتے ہیں کہ کون سا پتا جیتے گا۔

Skinch : (v) [Origin unkn.] کنجوسی کرنا ؛ بخالت کرنا ؛ خست کرنا ۔

Skinflint : (n) (۱) کنجوس ؛ بخیل ؛ مکھی چوس ۔ (۲) بوڑھا گھوڑا ۔

Skinful : (a) (۱) جسم ؛ جلد کے اندر کا گوشت اور ہڈی ۔ (۲) مشک بھر ؛ اتنی شراب جو ایک آدمی اٹھا سکے ۔ (۳) بڑی مقدار۔

(۴) خمار آور مقدار (شراب کی) ۔

To have a skinful : (عام) مخمور ہونا ؛ مست ہونا ۔

Skinhead : (n) (۱) گنجا ؛ سرمنڈا شخص خصوصاً بحریہ کا مبتدی ؛ بحریہ کا رنگروٹ ۔ (۲) (امریکا) چھوٹے بالوں والے تشدد پسند نوجوانوں کی ٹولی کا رکن ۔

Skink : (n) [Fr. or L. 'Scincus'.] چھوٹی قسم کی چھپکلی ؛ ریگ ماہی ۔

Skink : (v) [MIG. MDU. 'Schenken'.] شراب نکالنا ؛ شراب ڈھالنا یا پیش کرنا ۔

Skink : (n) شراب ۔

Skinker : (n) پہیے سے ڈھال کر شراب بیچنے یا پیش کرنے والا ؛ شراب فروش ۔

Skinkle : (v) چمکنا دمکنا ؛ جھلکنا ؛ جگمگ جگمگ کرنا ۔

Skinkle : (v) (اسکاچستان) چھڑکنا ۔

Skinless : (a) (۱) بغیر کھال کا ؛ بے جلد ؛ بے چھلکے کا ۔ (۲) حساس ؛ زود حس ۔

Skinned : (a) (۱) پوست دار ؛ جلد دار ؛ جلد کا ؛ مقشر ۔ (۲) چھیلا ہوا ؛ پوست اتارا ہوا ۔

Skinned : (a) بے دوب تختے کا ۔

Skinner : (n) (۱) سوداگر چرم ؛ چرم فروش ؛ چمڑا کمانے والا ۔ (۲) کھال کھینچنے والا ۔ (۳) دھوکا باز ؛ فریبی ۔ (۴) جوڑی ہانکنے والا ؛ جوٹ بان ؛ مال برداری کے جانوروں کا گلہ بان ۔ (۵) کسی بڑی تعمیراتی مشین کو چلانے والا ۔ (۶) دیکھو Skin man ۔

Skinnery : (n) چرم فروش کا کارخانہ ؛ چمڑا کمانے کا کارخانہ ۔

Skinniness : (n) دبلا پن ؛ لاغری ۔

Skinning : (n) دیکھو Skinball

Skinny : (a) (۱) جلدی ؛ جھلی سا ۔ (۲) دبلا پتلا ۔ (۳) ذلیل ؛ کنجوس ؛ بخیل ۔

Skinny-dipper : (n) برہنہ ہو کر تیرنے والا ۔

Skinny-dipping : (v) برہنہ ہو کر تیرنا ۔

Skintle / Scintle : (v) [Origin unkn.] (۱) اینٹ کا اس طرح ڈھیر لگانا کہ ہوا کے آنے جانے کا راستہ رہے ۔ (۲) (دیوار میں) بے قاعدہ طور پر اینٹ چننا ۔

Skioring : (n) دیکھو Skijoring

Skip : (n) (۱) زقند ؛ جست ؛ چھلانگ ؛ پھلانگ ۔ (۲) ایک مضمون یا شغل کو چھوڑ کر دوسرے کو اختیار کر لینا ؛ بیچ میں چھوڑ جانا ؛ حذف ۔ (۳) (موسیقی) ایک سُر سے دوسرے سُر پر زیادہ وقفہ کے بعد جانا ۔ (۴) کتاب کا وہ حصہ جسے چھوڑ کر آگے بڑھ جایا جائے ۔ (۵) کالج کا خادم ؛ خدمتگار (خصوصاً ڈبلن میں) ۔ (۶) وہ قرض دار جو ادائی کے ڈر سے اِدھر اُدھر بھاگا پھرے ۔

Hop : دیکھو Hop, skip and jump :

Skip : (n) (۱) جھولا یا ٹوکرا جس کے ذریعے اشخاص یا سامان کان میں اوپر یا نیچے لائے جاتے ہیں ؛ ڈول ؛ اسکپ ۔ (۲) پتھر کوئلے کی سل جو پائے سے کاٹی جائے ۔ (۳) پتلا بھورا کاغذ جس سے ڈبے وغیرہ میں استر لگاتے ہیں ۔

Skip : (n) (شکر سازی) ایک خاص مقدار معین ۔

Skip : (n) Skipper کا مخفف ۔

Skip : (v) [OF. Scand origin.] (۱) زقند بھرنا ؛ اچھلنا کودنا ؛ چھلانگ مارنا (بکری کے بچوں وغیرہ کی طرح) ۔ (۲) بچوں (خصوصاً لڑکیوں کا) رسی ہاتھ میں لے کر اس طرح سے کودنا ؛ رسی پھلانگنا یا پھاندنا ۔ (۳) دفعتاً ایک مضمون یا شغل کو چھوڑ کر دوسرے کو اختیار کر لینا ؛ ایک کام کو چھوڑ کر دوسرے میں لگ جانا ۔ (۴) (عام) بھاگ کھڑا ہونا ؛ ازنجھو ہو جانا ۔ (۵) بیچ میں چھوڑ جانا ؛ بیچ میں چھوڑ چھوڑ کر کرنا ؛ جستہ جستہ کرنا (مطالبہ وغیرہ) ۔ (۶) (ایک ڈگری سے زیادہ وقفے کے ساتھ) ایک سُر سے دوسرے سُر پر جانا ۔ (۷) ملک چھوڑ کر چلا جانا ۔ (۸) اچھلانا ؛ چھلانگ لگوانا ۔ (۹) نیچی پرواز کر کے اس طرح بم گرانا کہ وہ اچھل کر نشانے پر لگے ۔ (۱۰) جلدی سے اور خفیہ طور پر نکل جانا ۔ (۱۱) بغیر اجازت کے غیر حاضر رہنا ۔

Skip : (v) (شکر سازی) چینی کو ایک برتن سے دوسرے برتن میں تبدیل کرنا ۔

Skip : (v) کسی ٹیم کا کپتان بننا ؛ کپتان کے فرائض انجام دینا ۔

Skip-bomb : (v) نیچی پرواز کر کے بمباری کرنا تاکہ بم زمین سے اچھل

کر نشانے پر لگے۔

Skip distance : (n) چھوٹا یامختصر فاصلہ ؛ سکیپ فاصلہ ۔

Skip hoist/ -elevator : (n) (کان کنی) ڈول ۔

Skip-mackerel : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Skip rope/ Skipping-rope : (n) ایک رسی جس کے دونوں طرف لکڑی کے دستے لگے ہوتے ہیں اور لڑکیاں اس سے پھلانگتی ہیں۔

Skip-stop : (n) درمیانی ٹھہراؤ کو چھوڑتے ہوئے چلا جانا (لمس یا لفٹ وغیرہ کا) ۔

Skipjack : (n) (۱) کودن ؛ خود پسند ؛ بے مغز ۔ (۲) نٹ کھلونا ۔ (۳) مچھلی ، تتلی اور کیڑے کی قسم ۔

Skipjack : (a) (۱) کودن ؛ خود پسند ؛ بے مغز ۔ (۲) دکھاوے کی (چیز)۔ (۲) اچھلنے کودنے والا ؛ زقند بھرنے والا ۔

Skippable : (a) قابل حذف ؛ جسے چھوڑ کر آگے بڑھا جا سکے ۔

Skipper : (n) (۱) کودنے والا ؛ زقند بھرنے والا ۔ (۲) (حیوانیات) ایک قسم کا بھونرا ؛ ایک قسم کی تتلی ؛ پنیر کے کیڑے کا پہل روپ ۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۴) جستہ جستہ پڑھنے والا ؛ چھوڑ چھوڑ کر پڑھنے والا ۔ (۵) ناعاقبت اندیش شخص۔

Skipper : (n) [MLG. 'MDu, 'Schipper'.] (۱) ناخدا ؛ جہاز کا کپتان ؛ جہاز کا مالک ۔ (۲) کھیلوں میں کپتان ۔

Skipper : (v) نا خدا یا کپتان کا کام انجام دینا ۔

Skippered : (a) مگس کے پہل روپ سے بھرا ہوا ۔

Skipper's daughter : (n) سمندر کی لہریں جن میں پھین اٹھ رہا ہو ۔

Skippership : (n) ناخدائی ؛ کپتانی ۔

Skippet : (n) مہر رکھنے کا لکڑی کا چھوٹا سا ڈبا ۔

Skipping : (n) کود ؛ چھلانگ ؛ جست ؛ زقند ۔

Skippingly : (adv.) کودتے ہوئے ؛ چھلانگ مار کر ۔

Skirl : (n) (۱) باریک اور تیز آواز ؛ چیخ چیخ کر کی جانے والی گفتگو ۔ (۲) بین کی سی آواز ۔

Skirl : (v) (۱) چیخنا ؛ باریک اور تیز آواز نکالنا ۔ (۲) باریک اور تیز آواز سے بجنا ۔ (۳) بین بجانا ۔ (۴) باریک اور تیز آواز میں گانا ۔

Skirl : (n) [Origin unkn.] مرغولہ ؛ وہ چیز جو چکر کھانے سے بنے یا چکر کھائے ۔

Skirl : (n) چکر کھاتے ہوئے اڑنا ۔

Skirling : (n) چیخ ؛ چیخنا ؛ چلّانا ۔

Skirling : (n) [Origin unkn.] سامن (مچھلی) کا بچہ ۔

Skirmish : (n) [late ME. 'Skarmuch'.] (۱) چھوٹی سی بے قاعدہ لڑائی ، جھڑپ ۔ (۲) مقابلہ ؛ مڈبھیڑ ۔ (۳) معمولی کاروائی ؛ کسی چیز کی ہلکی سی نمائش ۔

Skirmish : (v) (۱) چھوٹی ٹکڑیوں میں لڑنا ؛ فوجوں کا آپس میں الجھ پڑنا ۔ (۲) ڈھونڈنا ؛ تلاش کرنا (رسد وغیرہ) ۔

Skirmish line : (n) چھوٹی سی بے قاعدہ لڑائی لڑنے والوں کی صف ۔

Skirmisher : (n) چھوٹی سی بے قاعدہ لڑائی میں حصہ لینے والا سپاہی ۔

Skirr : (v) [Alter. of 'Scour'.] (۱) رفو چکر ہو جانا ؛ بھاگ کھڑا ہونا ؛ اڑنچھو ہو جانا ۔ (۲) تیزی کے ساتھ چلنا ؛ دوڑنا یا اڑنا ۔ (۳) کسی چیز یا آدمی کی تلاش میں تیزی سے جانا ۔ (۴) ایک نظر ڈالنا ؛ سرسری طور پر دیکھ لینا ۔

Skirr : (n) رگڑنے ریتنے کی آواز ۔

Skirret : (n) [ME. 'Skirwhit(e)'.] ایک قسم کی ترکاری ۔

Skirret : (n) [Origin unkn.] زمین کی پیمائش کرنے ، خندق کو سیدھ میں لانے وغیرہ کا ایک آلہ ۔

Skirt : (n) [ON. 'Skyrta'.] (۱) دامن ؛ لہنگا ؛ سایہ ؛ زنانہ اور مردانہ لباس یا گون کا نچلا حصہ ۔ (۲) کنارہ ؛ حاشیہ ؛ سرحد ۔ (۳) (عام) عورت ۔ (۴) زین کا لٹکا ہوا حصہ ۔ (۵) بادبان کا عمودی یا ڈھلوان پہلو ۔ (۶) گھنٹی یا مدمکھی کے چھتے کا کنارہ ۔ (۷) اوجھڑی ۔ (۸) (جمع) شہر کا نواحی علاقہ ۔ (۹) کسی مقام کے گرد درختوں وغیرہ کی تعداد ۔ (۱۰) آخری لمحے ۔

Divided skirt : پتلون نما سایہ ۔

Skirt : (v) (۱) حاشیہ ہونا ؛ کنارے پر واقع ہونا ؛ متصل ہونا ۔ (۲) آس پاس یا کنارے کنارے چلنا ۔ (۳) دامن لگانا ۔

(۴)کنارے پر چلنا (آدمی یا جہاز کا) ۔ (۵) سرحد پر چلنا یا پھرتے رہنا ، ساحل کے یا دیوار کے کنارے کنارے چلنا ۔ (۶) قریب واقع ہونا ۔ (۷) (مشکل ، پیچیدگی یا خطرہ وغیرہ سے) گریز کرنا ؛ بال بال بچنا ۔ (۸)(شکاری کتوں کا) بو کے ذریعے تعاقب کرنے میں غول کو چھوڑ دینا ؛ لومڑی کے اصل راستے کو چھوڑ کر نکل جانا ۔ (۹) (بھیڑ کے) اون کے کنارے کو کاٹنا ، تراشنا ۔

Skirt : (v) [Origin unkn.] (اسکاچستان) تیزی سے بھاگ جانا ۔

Skirt-board : (n) (۱) وہ تختہ جس پر سایہ اور دوسرے کپڑوں کو رکھ کر استری کرتے ہیں ۔ (۲) دیکھو Skirting board ۔

Skirt-dance : (n) سائے کا ناچ ؛ ایک قسم کا سنگت ناچ ۔

Skirt-dance : (v) سائے کا ناچ ناچنا ۔

Skirt-dancing : (n) دیکھو Skirt-dance

Skirt-roof : (n) دو منزلوں کے درمیان کی بناوٹی چھت ۔

Skirter : (n) بو کے ذریعے تعاقب میں غول چھوڑ دینے والا کتا ۔

Skirting : (n) (۱) حاشیہ ؛ کنارہ ؛ سرحد ۔ (۲) سائے کا کپڑا ۔ (۳) دیوار کے نچلے حصے کا عمودی حاشیہ ۔ (۴)(جمع) گھٹیا قسم کی یا گندہ اون جو بھیڑ کے بال کے کناروں سے کاٹی جاتی ہے ۔

Skirting-board : (n) گوٹ تختہ ؛ تختہ جو کمرے کی دیوار کے نچلے حصے میں لگا رہتا ہے ۔

Skirting-leather : (n) زین یا لگام بنانے کا چمڑا ۔

Skirtlingly : (adv.) حاشیہ بناتے ہوئے ۔

Skirtless : (a) بے دامن ؛ بے سایہ ۔

Skirtlike : (a) دامن سے مشابہ ؛ سایا سے مشابہ ۔

Skirty : (a) (اون) جس میں حد سے گھٹیا اور گندے قسم کے اون کے کنارے ہوں ۔

Skit : (n) (۱) ہلکی ہجو ۔ (۲) ہلکی پھوار ؛ پانی کی بوچھار ۔ (۳) شوخ لڑکی ؛ لا ابالی لڑکی ۔

Skit : (v) (۱) کودنا ؛ اچھلنا ۔ (۲)ہلکی پھلکی ہجو لکھنا ۔

Skite : (v) [of. Scand origin.] (۱) تیزی سے جانا یا چلنا ۔ (۲) چھچھلتے ہوئے نشانے پر لگنا ۔

Skite : (n) (۱) اچانک ضرب یا ٹکر ۔ (۲) چال ؛ داؤں ؛ اٹکھیلی ؛ شرارت ۔

Skite : (n) [ME. 'Skyten'.] بد مزاج اور گستاخ آدمی ۔

Skite : (n) (آسٹریلیا) شیخی ؛ ڈینگ ؛ تعلی ؛ لاف زنی ۔

Skite : (n) شیخی باز ؛ ڈینگ باز ؛ ڈینگ مارنے والا شخص ۔

Skitter : (v) (۱) آہستہ آہستہ یا جلدی سے پھسلنا ۔ (۲) جلدی جلدی چلنا ؛ بو قدمے بھاگنا ۔ (۳) چارے کو سطح آب پر ڈال کر مچھلی کا شکار کرنا ۔ (۴) پانی کے چھینٹے اڑانا (مرغابیوں وغیرہ پر) ۔

Skitter : (n) (۱) بھگدڑ ؛ بھاگڑ ؛ جلدی جلدی کا سفر ۔ (۲) سرسراہٹ؛ کھڑ کھڑاہٹ ۔

Skittery : (a) (۱) بھڑکنے والا ؛ بے چین ؛ شوخ (گھوڑا) ۔ (۲) (خصوصاً عورت) متلون مزاج ؛ لگاوٹ باز ؛ چنچل ؛ چلبلی ؛ شوخ؛ چونچال ؛ سیلانی ؛ آوارہ ؛ بد وضع ۔ (۳) چست ؛ طرار؛ پر جوش ؛جاندار ۔ (۴)محتاط ؛ پر احتیاط ؛ ڈرپوک ۔

Skittish : (a) دیکھو Skittery

Skittishly : (adv.) شوخی سے ؛ چنچل پن سے ۔

Skittishness : (n) شوخی ؛ چنچل پن ۔

Skittle : (n) (۱) (جمع) ایک قسم کا کھیل جو میخوں سے کھیلا جاتا ہے یہ سب ایک گیندے سے گرائی جاتی ہیں ۔ (۲)(عام و فجائیہ) لغو بات ہے؛ مہمل ہے ۔ (۳) اسکیٹل کھیل کی میخ ۔ (۴)شطرنج کی بازی جو سنجیدگی سے نہ کھیلی جائے ۔ (۵) (جمع) کھیل ؛ تفریح ۔

(Not) all bear and skittles : کھیل ؛ تماشا ؛ تفریح ؛ کھیل نہیں ہے ۔

Skittle : (v) (۱) (کرکٹ) بلے بازوں کو یکے باد دیگرے تیزی سے آؤٹ کر دینا ۔ (۲) اسکیٹل کھیل کھیلنا ۔

Skittler : (n) (کرکٹ) بلے بازوں کو یکے باد دیگرے تیزی سے آؤٹ کر دینے والا ۔

Skittling : (n) غیر سنجیدگی سے شطرنج کھیلنا ۔

Skive/ Skieve : (n) [Du. 'Schiff'.] جواہرات پر پالش کرنے کی چرخی۔

Skive : (n) چمڑے کا کٹا ہوا ٹکڑا : پتلا کٹا ہوا سڈول چمڑا۔

Skive : (n) [ON. 'Skifa'.] (کھال چمڑے وغیرہ کو) پھاڑنا : کاٹنا : چھانٹنا : تراشنا۔

Skive : (v) (جواہر کی سطح کو) ریتنا : ہموار کرنا۔

Skive : (v) [Origin unkn.] (۱) سبک رفتاری سے چلے جانا۔ (۲) جلدی سے چلے جانا۔

Skiver : (n) [Origin unkn.] دیکھو Skewer

Skiver/ Skyver : (n) (۱) پتلا کٹا ہوا چمڑا۔ (۲) چمڑا کاٹنے والا یا والی (آدمی یا چھری)۔

Skiver : (n) چمڑا کاٹنا۔

Skiver : (v) جسم میں سیخ یا میخیں ٹھونک کر ہلاک کرنا۔

Skiving : (n) (چمڑے ، کھال وغیرہ کو) پھاڑنا : کاٹنا : چھانٹنا : تراشنا۔

Skivvy : (n) [Perhaps alter of Slavey.] دائی : نوکرانی۔

Sklent : (v) [ME. 'Sclenten'.] (۱) ترچھی نظر سے دیکھنا۔ (۲) تہمت لگانا : بدنام کرنا۔ (۳) ترچھا کرنا : ڈھلوان کرنا یا بنانا۔

Sklim : (v) [Origin unkn.] (۱) (اسکاچستان) چڑھنا۔

Skoal : (n) [Dan. 'Skal'.] جام صحت۔

Skoal : (v) کسی کا جام صحت پینا۔

Skolly : (n) [Afric, 'Skorrimorrie'.] نوجوان گنڈا : غنڈا : شہدا۔

Skookum : (n) [Chinook jargon.] بھت : پریت۔

Skookum : (a) (۱) طاقتور : مضبوط۔ (۲) اعلی درجے کا۔

Skookum-house : (n) جیل : قید خانہ۔

Skreak/ Skreek/ Skreich/ Skriegh : (n) دیکھو Screech

Skrimshander : (n) [Origin unkn.] دیکھو Scrimshaw

Skrimshander : (v) دیکھو Scrimshaw

Skrimshank : (n) دیکھو Scrimshank

Skua : (n) [Fraeroese, 'Skugvur'.] مرغابی کی بعض اقسام : پاغو : کرکر۔

Skulduggery / Skullduggery/ Sculduggery/ Scullduggery : (n) (۱) (اسکاچستان) زنا۔ (۲) بے ایمانی : بے ایمانی کا رجحان۔ (۳) عریانیت۔

Skulk : (n) (۱) دیکھنے والا : جی چرانے والا : چھپنے والا۔ (۲) (لومڑیوں کا) غول۔

Skulk/ Sculk : (v) [of Scand origin.] (۱) چھپ رہنا : دبک رہنا : چپکے سے چل دینا۔ (۲) گھات میں ہونا۔ (۳) (خطرے سے) منہ چھپانا : پہلو بچانا : کھسک جانا۔ (۴) (کام سے) جی چرانا۔ (۵) نظروں سے بچنا۔

Skulker : (n) دبکنے والا : جی چرانے والا : چھپنے والا۔

Skulkingly : (adv.) دبک کر ، چھپ کر : پہلو بچاتے ہوئے : جی چراتے ہوئے۔

Skull : (n) [ME. 'Scolle, Schulle'.] (۱) کھوپڑی : کاسۂ سر : جمجمہ۔ (۲) دماغ : ذہن۔ (۳) کھوپڑی کی تصویر۔ (۴) چندیا۔ (۵) خود کی چندیا۔ (۶) ایک پودا جس کا پھول خود کی شکل کا ہوتا ہے۔ (۷) دھات یا دھات کی میل کی تہ جو اس ظرف پر جم جاتی ہے جس میں پگھلی ہوئی حالت میں رکھی جاتی ہے۔

Skull : دیکھو Scull

Skull-cap : (n) (۱) مخمل کی ٹوپی۔ (۲) ایک قسم کا خود۔ (۳) فرق سر : چندیا۔ (۴) (چٹان وغیرہ کی) گنبد دار ٹوپی کی طرح کی تہ۔

Skull-fish : (n) دو سال سے زیادہ عمر کی وہیل مچھلی۔

Skull guard : (n) مزدوروں کا حفاظتی خود۔

Skull practice : (n) (۱) ورزش سکھانے والے کی تربیتی کلاس۔ (۲) (مشاورت ، مباحثہ یا تبادلۂ خیالات وغیرہ کی) میٹنگ ، جلسہ۔ (۳) ذہنی مشق۔

Skulled : (a) کھوپڑی کار : جمجمہ دار۔

Skunk : (n) [Amer. Indian, 'Segankw or Segongw'.] (۱) امریکا

کا ایک گوشت خور جانور جو اپنی حفاظت کے لئے سخت بدبو نکالتا ہے ؛ امریکی نیولا ؛ بدبوئی نیولا ۔ (۲)امریکی نیولے کا سمور ۔ (۳) ذلیل شخص ۔

Skunk : (v) شکست فاش دینا (جس میں حریف کوئی اسکور نہ بنا سکے) ۔

Skunk-bird/ -blackbird : (n) ایک امریکی چڑیا جس کے سر کا رنگ امریکی نیولے سے ملتا جلتا ہوتا ہے ۔

Skunk cabbage : (n) بدبوئی کرم کلمہ ۔

Skunk-head : (n) ایک قسم کی بطخ ۔

Skunk-weed : (n) دیکھو Skunk-cabbage

Skunkish : (a) (۱) امریکی نیولا سے مشابہ ۔ (۲) ذلیل ؛ قابل نفرت ۔

Skunky : (a) امریکی نیولا سے مشابہ ۔

Skupshtina : (n) [Serb.] سرویا کی پارلیمنٹ ؛ یوگوسلاویا کی پارلیمنٹ ۔

Sky : (n) [ON. 'Sky'] (۱) آسمان ؛ فلک ؛ چرخ ؛ آکاش ؛ سما ۔ (۲) آب و ہوا ؛ فضا ؛ خطہ ؛ موسم ؛ رُت ۔ (۳) آسمان کا رنگ ؛ آسمانی رنگ ۔ (۴) (مصوری چیز کی) لا محدود یا لامتناہی مقدار یا درجہ ۔

In the skies : وجد میں ؛ موج میں ؛ ترنگ میں ۔

To the skys or skies : انتہائی درجہ ؛ حد درجہ ؛ اسراف سے ؛ جوش سے ۔

Sky : (v) (۱) (عام) سکے کو اوپر اچھالنا (اس کے چت یا پٹ گرنے سے فیصلہ کرنے کے لئے) ۔ (۲) (کرکٹ) اونچی ہٹ مارنا ۔ (۳) دیوار پر تصویر اونچی ٹانگنا (خاص کر نمائش میں) ۔ (۴) (کسی شخص کو) بے جا طور پر اچھالنا ۔ (۵) سوتی کپڑے کو رنگنے میں ہوا سے گزارنا ۔ (۶)اندھا دھند بڑھنا ۔ (۷) (آسمان کی طرح) ڈھک لینا ؛ چھپا لینا ۔

Sky-arm : (n) ہوائی فوج ۔

Sky ball/ Skyball : (n) [Origin unkn,] نکما ؛ ناکارہ ۔

Sky-bink : (n) برف کا عکس جو افق پر نظر آتا ہے ۔

Sky-blue : (n) آسمانی رنگ ۔

Sky-blue : (a) آسمانی ۔

Sky cap : (n) (ہوائی اڈے پر) دستی سامان ڈھونے والا حمال ، قلی ۔

Sky compass : (n) ایک قسم کا قطب نما جسے جہاز راں سورج کا محل معلوم کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Sky cover : (n) (آسمان کا) بادل سے چھپا ہوا حصہ ۔

Sky-diving : (n) آسمان سے چھلانگ لگانے کا کھیل جس میں زمین کے قریب آکر چھاتے کو کھولا جاتا ہے ۔

Sky-dome : (n) تھیٹر کا وہ گنبد جس کو آسمان بنا کر پیش کیا جاتا ہے ۔

Sky-flyer : (n) حوصلہ مند شخص ؛ اولوالعزم شخص ۔

Sky-gazer : (n) ایک قسم کا تکونا بادبان ۔

Sky-high : (a) (۱) بہت اونچا ۔ (۲) غیر معمولی طور پر اونچا ۔ (۳) سرگرمی سے ؛ جوش سے ۔ (۴) ٹکڑے ٹکڑے ہو کر ؛ الگ الگ ۔

Sky-high : (a) (۱) بہت اونچا ؛ سر بفلک ؛ آسمان سے باتیں کرنے والا ؛ بلند پرواز ۔ (۲) بہت گراں ؛ بہت مہنگا ۔

Sky hoot : (v) دیکھو Scoot

Sky jack : (v) ہوائی جہاز اغوا کرنا ۔

Sky jacked : (a) اغوا کیا ہوا ہوائی جہاز ۔

Sky jacker : (n) ہوائی جہاز اغوا کرنے والا ۔

Sky jacking : (n) ہوائی جہاز کا اغوا کرنا ۔

Sky-light/ Skylight : (n) (۱) روشن دان ؛ تاب دان (چھت میں) ۔ (۲) سماوی روشنی ۔

Sky light : (v) روشن دان بنانا (چھت میں) ۔

Sky line : (v) آسمان کے پس منظر میں خاکہ بنانا ۔

Sky-line : (n) (۱) خط فلکی ؛ افق ۔ (۲) پہاڑی یا عمارت وغیرہ کا خاکہ (آسمان کے) پس منظر میں بنا کر دیکھا جائے ۔

Sky-liner : (n) دیکھو Airline

Sky-mark : (n) آسمان کے پس منظر میں نظر آنے والی کوئی چیز ۔

Sky-marker : (n) وہ شعلہ جو ہوائی حملہ کرنے والا جہاز نشانے کی نشاندہی کے لئے گراتا ہے ۔

Sky-parlour : (n) مکان کا سب سے اوپری کمرہ ۔

Sky-pilot : (n) (۱) (عام) پادری ؛ کشیش ۔ (۲) سندیافتہ ہوابار ۔

Sky-port : (n) ہیلی کو پٹر کے اترنے اور پرواز کرنے کا مستقر ۔

Sky-rider : (n) ہوائی میں سفر کرنے والا ۔

Sky-rocket : (n) ہوائی بان ؛ ہوائی (آتش بازی) ۔

Sky rocket : (v) (۱) یکایک اور تیزی سے اٹھنا ؛ بلند ہونا یا بلند کرنا ۔ (۲) کوئی مہمل حرکت کرنا ؛ لا ابالی حرکت کرنا ۔ (۳) بسرعت اور غیر متوقع طور پر ترقی دینا ۔

Sky-sail/ Skysail : (n) ایک قسم کا بادبان ۔

Sky-scape : (n) منظرۂ آسمان ؛ منظرۂ فلک ؛ فلکی منظر ؛ وہ تصویر جس میں زیادہ تر آسمان کا منظر دکھایا گیا ہو ۔

Sky-scrape : (v) فلک بوس عمارت تعمیر کرنا ۔

Sky-scraper : (n) (۱) (بحری) ایک قسم کا تکونا بادبان ۔ (۲) فلک بوس عمارت ؛ کئی منزل کی عمارت ۔

Sky-shade : (n) ایک پردا جو آسمان کی روشنی کم کر دینے کے لئے فوٹو کیمرہ میں لگاتے ہیں ۔

Sky-sign : (n) (۱) آسمانی علامت ۔ (۲) ایک قسم کا اشتہار جو اس طرح تیار کیا گیا ہو کہ اس کے حروف رات کو چمکتے ہوں (جیسے آسمان پر لکھے گئے ہوں) ۔

Sky-stone : (n) حجر شہابی ۔

Sky-trooper : (n) چھاتا بردار فوجی ۔

Sky-troops : (n) چھاتا بردار فوج ؛ ہوائی فوج ۔

Sky-truck : (n) وزنی سامان کو ڈھونے والا مال بردار طیارہ ۔

Sky-wave : (n) سمائی موج ؛ غیر مستقیم موج ۔

Sky-way : (n) (۱) ہوائی راستہ ۔ (۲) اونچی شاہراہ ۔

Sky-write : (v) (۱) ہوائی جہاز کے ذریعے نمائش کرنا یا مشتہر کرنا ۔ (۲) بہت زیادہ مشتہر کرنا ۔

Sky-writing : (n) ہوائی جہاز سے نکلنے والے دھوئیں سے لکھی تحریر (اشتہار یا نمائش کے طور پر) ۔

Skyborne : (a) ہوائی ۔

Skycoach : (n) تجارتی ہوائی جہاز جس میں کم کرائے پر سفر کیا جاتا ہے لیکن اس میں سونے کا یا اور دوسرا انتظام نہیں ہوتا ہے ۔

Skye/ Skye-terrier : (n) [Gael. 'Sgith'.] اسکاٹ لینڈ کا ایک کتا جو فاختئی رنگ ، چھوٹی ٹانگوں اور لمبے جسم کا ہوتا ہے ۔

Skyer : (n) آسمانی بٹ ؛ اونچی بٹ ۔

Skyey/ Skiey : (a) (۱) آسمان سے متعلق ؛ آسمانی ؛ بلند ۔ (۲) آسمان کے مثل ۔

Skyful/ Skyfull : (n) آسمان بھر ۔

Skyish : (a) بلند ؛ بہت اونچا ؛ سریہ فلک ؛ آسمان سے مشابہ ۔

Skylark : (n) توا ؛ چکاوک ؛ چنڈول ۔

Skylark : (v) اچھل کود کرنا ؛ کسی کے ساتھ مذاق کی حرکتیں کرنا ؛ شرارتیں کرنا ۔

Skyless : (a) بے آسمان کا ۔

Skylook : (v) (لکڑی کا) اونچی جگہ سے جائزہ لینا یا پیمائش کرنا ۔

Skyman : (n) (۱) (عام) چھاتا بردار فوج ؛ ہوائی فوج ۔

Skyr : (n) [ON. 'Skera'.] (۱) کھٹا دہی ۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی جسے کھانا کھانے کے بعد کھاتے ہیں ۔

Skyre : (v) [ME. 'Skyre, Skire'.] (اسکاچستان) چمکنا ؛ دمکنا ۔

Skysweeper : (n) ایک قسم کی طیارہ شکن توپ ۔

Skyward : (adv.) آسمان کی طرف ؛ سوئے آسمان ۔

Skyward : (a) آسمان کی طرف کا ؛ جانب عرش کا ۔

Skywards : (adv.) دیکھو Skyward

Slab : (n) [Origin unkn.] (۱) سل ۔ (۲) (لکڑی کے کندے کا) اوپری ٹکڑا ۔ (۳) پتھر یا لکڑی کا چوکا ۔ (۴) (نباتیات) گنٹھی کا داب (خصوصاً نرگس کی گنٹھی کا) ۔

Slab : (n) [Of Scand origin.] (۱) جوہڑ : ڈبرا : کیچڑ سے بھری ہوئی جگہ ۔ (۲) کیچڑ : گیلی جگہ ۔

Slab : (a) (۱) گاڑھا اور لیس دار ۔ (۲) رقت آمیز طور پر جذباتی ۔

Slab : (v) (۱) تختے کاٹنے کے لئے کندے یا درخت کے چاروں طرف سے) بیرونی ٹکڑے کاٹنا ۔ (۲) سل بنانا ۔ (۳) (راستے پر) سل بچھانا ۔

Slab : (n) بادبان کا لٹکا ہوا حصہ ۔

Slab-sided : (a) چپٹے پہلوؤں والا ۔

Slab-stone : (n) پتھر کی وہ قسمیں جن سے سلیں آسانی سے بن جاتی ہیں ۔

Slabber : (n) (۱) رال : لعاب دہن : بہت زیادہ رال بہنا ۔ (۲) رقت آمیز گفتگو : جذباتی گفتگو ۔

Slabber : (v) (۱) تھوک سے بھر دینا ۔ (۲) تر کر دینا : گندہ کر دینا ۔ (۳) جلدی جلدی نگلنا ۔ (۴) منہ سے بچوں کی طرح رال بہانا ۔

Slabber : (n) (۱) (لکڑی کے کندے کا) اوپری حصہ کاٹنے کا آرا مشین ۔ (۲) پیچ اور ڈھبری کو ہموار کرنے کی مشین ۔

Slabbery : (a) (۱) رقت آمیز (جذبہ ، گفتگو) ۔ (۲) کیچڑ سے بھرا ۔

Slabbiness : (n) گاڑھا اور لیس دار ہونا ۔

Slabbing : (n) (۱) کندہ سازی ۔ (۲) کندے : سل ۔

Slabby : (a) سل نما : سلوں سے ڈھکا ہوا ۔

Slabby : (a) (۱) گیلا : گدلا : کیچڑ سے بھرا ۔ (۲) (رقیق) گاڑھا ۔

Slabline : (n) [Du. 'Slaplign'.] چھوٹی رسی جو سب سے بڑے بادبان کو لپیٹا جاتا ہے ۔

Slack : (n) [ON. 'Slakki'.] (۱) تنگ گھاٹی : گڑھا ۔ (۲) دلدل ۔

Slack : (n) [late ME. 'Sleck'.] کوئلے کا چورا : کیری ۔

Slack : (n) (۱) لہروں یا مدو جزر کا رک جانا ۔ (۲) بیکاری کا وقفہ : کسی کاروبار یا کام میں سُستی ۔ (۳) ڈھیلی لٹکی ہوئی رسی ۔ (۴) گستاخی ۔ (۵) (جمع) پتلون : پاجامہ ۔ (۶) بے تاکید بجا ۔

Slack : (a) [OE. 'Slaec'.] (۱) سمت : مجہول : کاہل : غفلت کرنے والا : غافل ۔ (۲) آہستہ : آہستہ آہستہ : تھوڑا سا ۔ (۳) ہلکی (گرمی) معتدل ۔ (۴) ڈھیلا : لٹکا ہوا : ڈھیلی ۔ (۵) نرم : ڈھیلا ۔ (۶) (صوت) کمزور (حرف علت) ۔

Slack : (adv.) دیکھو Slackly

Slack : (v) (۱) سستی کرنا : غفلت برتنا ۔ (۲) دھیما کرنا یا ہونا ۔ (۳) بجھانا (پیاس) ۔ (۴) چھوڑ دینا : ڈھیل دے دینا ۔ (۵) ڈھیلی کرنا (رسی وغیرہ) ۔ (۶) بجھانا (چونے کو) ۔ (۷) سست رہنا : سست ہونا ۔ (۸) ڈھیلا ہونا ۔ (۹) بجھنا (چونے کا) ۔ (۱۰) ملائم بنانا : نرم کرنا ۔

Slack-baked : (a) تھوڑی سے یا ہلکی سینکی ہوئی (روٹی) ۔

Slack-barre/ -cask : (n) خشک چیزیں رکھنے کا پیپا ۔

Slack-coal : (n) کوئلے کا چورا ۔

Slack-filled : (a) نا مکمل طور پر یا مغالطے کے طور پر بند کیا ہوا : غیر معمولی طور پر یا حد سے زیادہ ڈھیلا باندھا ہوا ۔

Slack-ice : (n) ٹوٹی ہوئی برف (کی چٹان) جو سطح آب پر آہستہ آہستہ بہتی رہتی ہے ۔

Slack in stays : (a) سست رفتار (جہاز) ۔

Slack jaw : (n) تھکا دینے والی گستاخانہ گفتگو ۔

Slack-jawed : (a) جس کا نچلا ہونٹ لٹکا ہوا ہو (خصوصاً حیرت یا بے وقوفی میں) ۔

Slack-lip : (n) دیکھو Slack jaw

Slack-rope : (n) (قلابازوں کی) ڈھیلی رسی ۔

Slack spined : (a) کمزور : غیر مؤثر : بے اثر ۔

Slack-suit : (n) روزمرہ یا کھیل میں استعمال کیا جانے والا آرام دہ سوٹ ۔

Slack-twisted : (a) کمزور : غیر مستقل مزاج ۔

Slack-water/ Slackwater / Slack water : (n) (۱) تھما ہوا پانی

(جزر کے وقت) ۔ (۲) سمندر کا وہ حصہ جس میں دھارا نہ ہو ۔ (۳) دریا کا تھما ہوا حصہ جہاں دھارا نہ ہو ۔

Slack-water navigation : (n) جہاز رانی جو بند وغیرہ بنا کر کی جائے ۔

Slack-wire : (n) قلا بازوں کا ڈھیلا تار ۔

Slackage : (n) ڈھیلا ہونا ؛ سست ہونا ؛ مندا ہونا ۔

Slacken : (v) (۱) ڈھیلا کرنا ؛ سست کرنا ؛ ڈھیلی کرنا ۔ (۲) کمزور کرنا ؛ گرانا ؛ گرنے دینا ۔ (۳) ڈھیل دینا ۔ (۴) (خیالات وغیرہ کی) باگ ڈھیلی کرنا ۔ (۵) نرم کر دینا یا ہونے دینا ۔ (۶) سست ہو جانا ؛ کاہل ہو جانا ؛ غفلت برتنا ۔ (۷) مندا ہو جانا ۔ (۸) آہستہ ہو جانا ۔ (۹) (چونے کا) بجھ جانا ۔ (۱۰) نرم ہو جانا ؛ ملائم ہو جانا ۔

Slacken : (n) میل جو پگھلاتے وقت کچدھات میں ملاتے ہیں ۔

Slackening : (n) دیکھو Secline, Moderation

Slacker : (n) (۱) آب بند میں پانی روکنے کا دروازہ ۔ (۲) سست ؛ کاہل ؛ کام چور ۔

Slackerism : (n) سستی ؛ کاہلی ؛ کام چوری ۔

Slackly : (adv.) ڈھیلے پن سے ؛ سستی سے ؛ غفلت سے ؛ کاہلی سے ۔

Slackness : (n) سستی ؛ غفلت ؛ کاہلی ؛ ڈھیل ؛ سرد بازاری ؛ مندا ہونا ۔

Sladang : دیکھو Seladang

Slade : (n) [OE. 'Slaed'.] چھوٹی گھاٹی ؛ جنگل کے بیچ میں کھلا ہوا میدان ۔

Slade : (n) [Alt. of 'Slide'.] پل کی بیٹھک ؛ سہاگا ۔

Slag : (n) [MLG. 'Slagge'.] (۱) دھات کا میل جو کچی دھات صاف کرنے میں نکلتا ہے ؛ تفالہ ؛ خبث ۔ (۲) شیشے جیسا مادہ جو پگھلاتے وقت دھاتوں سے الگ ہو جاتا ہے ۔ (۳) (ارضیات) رَماد برکان ، کھنگر ۔ (۴) بیکار چیز ۔

Slag glass : (n) غیر شفاف ابری شیشہ ۔

Slag-hearth : (n) سیسے کے کھنگر تیار کرنے کی بھٹی ۔

Slag-lead : (n) ایک قسم کا سیسہ ۔

Slaggy : (a) تُفالہ نما یا اس سے متعلق ؛ (دھات کے) میل سے متعلق یا مشابہ ۔

Slaggless : (a) بے کھنگر کا ۔

Slainte : (Interj.) (آئرستان) سلام کرنے یا جام صحت پینے کا حرف فجائیہ ۔

Slaister : (v) [Origin unkn.] گندہ چیزوں سے گھرا ہوا ہونا ۔

Slaister : (n) گندگی ۔

Slakable : (a) قابل آب آمیزی ۔

Slake : (n) بجھاؤ ؛ آب آمیزی ۔

Slake : (v) [OE. 'Slacian'.] (۱) بجھانا ؛ تسکین دینا (پیاس کو) ۔ (۲) تسکین دینا (جذبہ انتقام کو) ۔ (۳) بجھانا ؛ کیمیاوی طریقے سے پانی میں حل کرنا (چونے کو) ؛ چونے کا بجھنا ۔ (۴) (آگ کا) بجھنا ؛ مدھم ہونا ؛ بجھانا ؛ مدھم کرنا ۔

Slake/ Slake kale : (n) [ME. 'Slak'.] ایک قسم کی کائی ۔

Slake : (v) آلودہ کرنا ؛ دھبا ڈالنا ؛ داغ لگانا ۔

Slake : (n) کوئلے کا چورا ۔

Slake-trough : (n) پانی کی ناند جس میں لوہار گرم چیزوں یا اوزاروں کو ٹھنڈا کرتا ہے ۔

Slaked lime : (n) بجھا چونا ۔

Slakeless : (a) نہ بجھنے والی ؛ غیر تسکین پذیر ۔

Slaker : (n) (۱) چونا بجھانے والی مشین ۔ (۲) چونا بجھانے والا مزدور ۔

Slaky : (a) کیچڑ میں لت پت ؛ کیچڑ بھرا ۔

Slalom : (n) اسکی (Ski) کی دوڑ جس میں راستے میں رکاوٹیں (جھنڈے) کھڑی کر دی جاتی ہیں ۔

Slam : (n) (۱) زور دار دھچکا ؛ زبردست ٹکر ۔ (۲) دھڑاکا ؛ دھڑ سے بند ہونے کی آواز ۔ (۳) سخت نکتہ چینی ۔

Slam/ Slamm : (n) (تاش میں اور خصوصاً برج میں) سبھی ہاتھ جیتنا یا ہارنا ۔

Slam : (v) [Of Scand origin.] (۱) زور سے بند کرنا یا ہونا ؛ (دروازے وغیرہ کا) دھڑ سے بند کرنا یا ہونا ۔ (۲) کسی شے کو زور سے پٹکنا ؛ دھڑ سے پٹک دینا ۔ (۳) مارنا ؛ پیٹنا ۔

Slam : (v) (برج میں) سبھی ہاتھ لے کر شکست دینا ؛ بری طرح ہرا دینا ؛ سبھی ہاتھ لے لینا ؛ آسانی سے جیت جانا ۔

To salm the door : گفتگو کرنے یا غور کرنے سے انکار کر دینا ؛ دروازہ بند کر دینا ۔

To slam the door in one's face : داخلہ یا شنوائی نہ ہونے دینا ۔

Slam : (adv.) (۱) دھڑاکے سے ؛ دھڑ سے ۔ (۲) صاف طور پر ؛ بالکل ؛ مکمل ۔

Slam-bang/ Slam bang : (adv.) دھڑ سے ؛ دھڑاکے سے ؛ زور سے ۔

Slam(-)bang : (v) (۱) شور و غل کرنا ؛ غل غپاڑہ کرنا ۔ (۲) پیٹنا ؛ ٹھوکنا ۔

Slam(-)bang : (n) شور و غل ؛ غل غپاڑہ ۔

Slammakin/ Slammerkin : (n) [Origin unkn.] پھوہڑ عورت ؛ بے سلیقہ عورت ۔

Slammakin/ Salmmerkin : (a) بے سلیقہ ؛ پھوہڑ ۔

Slanchwise/ Slanchways : (adv.) ترچھا (اور کسی چیز کی طرف) رخ کئے ہوئے ۔

Slander : (n) [ME. 'Sclaundre'.] (۱) بہتان ؛ تہمت ؛ اتہام ؛ افترا ؛ جھوٹا الزام ۔ (۲) غیبت ؛ بد گوئی ؛ افترا پردازی ۔ (۳)(قانون) ہتک عزت (جو زبانی جھوٹا بیان دے کر یا الزام لگا کر کی جائے) ۔

Slander : (v) تہمت لگانا ؛ بہتان باندھنا ؛ جھوٹا بیان دے کر یاالزام لگا کر ہتک عزتی کرنا ۔

Slanderer : (n) مفتری ؛ بد گو ؛ بہتان لگانے والا ؛ غیبت کرنے والا ۔

Slanderous : (a) (۱) تہمت انگیز ؛ افترا پردازانہ ؛ ہتک آمیز ۔ (۲)افترا پرداز ۔

Slanderously : (adv.) ہتک آمیز طریقے سے ؛ افترا پردازی سے ۔

Slanderousness : (n) ہتک آمیزی ؛ افترا پردازی ؛ بد گوئی ۔

Slang : (n) [Origin unkn.] لمبا کم چوڑا زمین کا ٹکڑا ۔

Slang : (n) [A word of Cant origin.] (۱) عامیانہ لفظ یا محاورہ ؛ عامیانہ زبان ۔ (۲) کسی خاص طبقے یا پیشے کی زبان ؛ وہ لفظ یا محاورہ جو کسی خاص پیشے یا طبقے میں رائج ہو ؛ کسی خاص پیشے کی اصطلاح ۔ (۳) گشتی تماشا ۔

Slang : (n) [Du.] (۱) گھڑی کی زنجیر ؛ (کسی قسم کی) زنجیر ۔ (۲) (جمع) بیڑی ؛ جولان ؛ پالنگ ۔

Slang : (a) (۱) عامیانہ ۔ (۲) (ناپ تول) کم ؛ ناقص ۔

Slang : (adv.) کم تولتے ہوئے ؛ کم وزن کے ساتھ ۔

Slang : (v) (۱) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ۔ (۲) کم تولنا ۔ (۳) گالی دینا ؛ ڈانٹنا ۔

Slang cove / -cull : (n) کسی تماشے یا نمائش کا منتظم ۔

Slangily : (adv.) عامیانہ طور پر ۔

Slanginess : (n) عامیانہ ہونا ۔

Slangish : (a) کسی قدر عامیانہ ۔

Slangishly : (adv.) کسی قدر عامیانہ طور پر ۔

Slangism : (n) عامیانہ لفظ یا زبان ۔

Slangister : (n) عامیانہ الفاظ یا محاورے یا زبان استعمال کرنے والا ۔

Slanguage : (n) عامیانہ زبان ۔

Slangwhang : (v) [f. Slang + whang.] گالی دینا ؛ بدزبانی کرنا ۔

Slangwhanger : (n) بد زبان ۔

Slangy : (a) (۱) عامیانہ ؛ عامیانہ زبان کا ۔ (۲) عامیانہ زبان استعمال کرنے والا ؛ جس میں عامیانہ زبان استعمال کی گئی ہو ۔ (۳)(لباس) بھڑکیلا ؛ بھڑک دار ۔ (۴) نمائشی ؛ ڈینگیا ؛ بڑھ بڑھ کر باتیں کرنے والا ۔

Slant : (n) (بحری) موافق ہوا ؛ جھونکا ۔

Slant : (n) [ME.] (۱) ڈھلان ؛ ڈھال ؛ ترچھاپن ۔ (۲) ترچھی وضع ۔ (۳) ترچھی شعاع ۔ (۴) (کان کنی) ترچھی سرنگ ۔ (۵)ڈھلوان پیندے والا خط ۔ (۶) تجربے کی ترچھی

نلکی میں رکھی ہوئی جراثیمی کشت ۔ (۷) طعن ؛ چوٹ ۔ (۸) موقع : محل ۔ (۹) (امریکا) نقطۂ نظر ۔

Slant : (adv.) ڈھلوان کی طرح ؛ ترچھا ہو کر ۔

Slant : (a) (۱) ترچھی (ہوا) ۔ (۲) ڈھلوان : ترچھا ۔ (۳) متعصب : طرفدار ۔

Slant : (v) (۱) ڈھلوان ہونا : ترچھا ہونا ۔ (۲) ڈھلوان کرنا : ترچھا کرنا ۔ (۳) ترچھا سفر کرنا یا جانا ۔ (۴) رجحان رکھنا ۔ (۵) ترچھا کاٹنا ۔

Slant-eye : (n) ترچھی آنکھوں والا شخص ۔

Slant-eyed : (a) ترچھی آنکھوں والا ۔

Slantable : (a) متعصبانہ ۔

Slanter : (n) فریبی ؛ دغاباز ؛ دھاندلی کرنے والا ۔

Slanter : (n) ترچھا کرنے والا ؛ ترچھی تحریر لکھنے والا ۔

Slantindicular/ Slantingdi .ular/ Slantendicular : (a) ترچھا ؛ ڈھلوان ۔

Slantindiculary / Slantingdicularly / Slantendicularly : (adv.) ترچھا ہو کر ۔

Slanting : (a) (۱) ڈھلوان : ڈھال ؛ ترچھا ۔ (۲) مائل ۔

Slanting : (adv.) ڈھلوان ہو کر ؛ ترچھا ہو کر ۔

Slantingly : (adv.) ڈھلوان ہو کر ؛ ترچھا ہو کر ۔

Slantingness : (n) ڈھلوان ؛ ڈھال ؛ ترچھاپن ۔

Slantingways : (adv.) ڈھلوان طور پر ؛ ترچھے طریقے سے ۔

Slantly : (adv.) دیکھو Slantingly

Slantways : (adv.) دیکھو Slantwise

Slantwise : (adv.) دیکھو Slantingways

Slantwise : (a) ڈھلوان ؛ ترچھا ۔

Slap : (n) [LG. 'Slapp'.] (۱) چپت ؛ تھپڑ ؛ طمانچہ ؛ دھول ۔ (۲) ہوا کا جھونکا ۔ (۳) (مجازاً) تنبیہ ؛ سرزنش ۔

(۴) تھپڑ کی طرح تیز آواز ۔ (۵) جھڑکی ؛ دھتکار ؛ توہین ؛ ہتک ۔ (۶) اچانک مصیبت ۔ (۷) کوشش ۔ (۸) رقص کا ایک قدم ۔

Slap in the face : توہین ؛ ہتک ۔

Slap on the wrist : ہلکی سرزنش ۔

Slap : (v) (۱) تھپڑ مارنا ؛ طمانچہ مارنا ؛ چپت رسید کرنا ؛ دھول لگانا ۔ (۲) (ظروف گلی) مٹی کو زمین پر زور سے پٹک پٹک کر سافنا ۔ (۳) تالی بجانا ۔ (۴) (دروازہ ، پھاٹک وغیرہ کو) تیزی اور زور سے بند کرنا ۔ (۵) (موجوں کا) کسی چیز سے ٹکرانا ۔

To slap in the face : توہین کرنا ؛ ہتک کرنا ۔

To slap on the back : شاباشی دینا ؛ بہت زیادہ تعریف کرنا ۔

To slap on the wrist / To slap the wrist of / To slap one's wrist : ہلکی سرزنش کرنا ۔

To slap together : جلد اور بے پروائی سے تعمیر کرنا ۔

Slap : (adv.) تڑ سے ؛ تڑاق سے ؛ دفعتاً ؛ ٹھیک ؛ عین ۔

Slap and tickle : (n) پر شور تفریح ۔

Slap around : (v) (۱) تھپڑ مارنا ؛ دھکا مارنا ؛ بری طرح برتنا ۔ (۲) برا سلوک کرنا ۔

Slap-bang : (adv.) شدت سے ؛ بے تحاشا ؛ بلا تامل ؛ تڑاق سے ؛ دفعتاً ؛ فوراً ۔

Slap-bang : (a) غفلت کا ؛ بے پروائی کا ؛ جلدی کا ۔

Slap-bang : (n) (۱) ہوٹل وغیرہ جہاں (کوئی چیز) ادھار نہ ملتی ہو ۔ (۲) ایک قسم کی شراب ۔

Slap-dash / Slap dash/ Slapdash : (adv.) شدت سے ؛ زور شور سے ؛ اندھا دھند ۔

Slap-dash : (a) ناعاقبت اندیشانہ ؛ انکل پچو ؛ لا ابالی ۔

Slap-dash : (n) (۱) ریت چونے کا پلاسٹر ۔ (۲) لا ابالی پن کی حرکت ؛ نا عاقبت اندیشی کی حرکت ۔

Slap-dash : (v) (۱) لا ابالی پن کی حرکت کرنا ؛ ناعاقبت اندیشی کی

حرکت کرنا۔ (۲) ریت چونے کا پلاستر کرنا۔

Slap dashery : (n) لا ابالی پن : ناعاقبت اندیشی : بے ڈھنگا پن۔

Slap dashness : (n) دیکھو Slap dashery

Slap-dashly : (n) دیکھو Slap dashness

Slap down : (v) (۱) (کسی مخصوص طرز میں) کام کرنے سے روکنا : باز رکھنا۔ (۲) اچانک بند کرد ینا : روک دینا۔

Slap in : (v) جلدی اور اٹکل پچو طریقے سے رکھنا یا بٹھانا۔

Slap jack / Slap-jack / Slapjack : (n) ایک قسم کا کیک۔

Slap on : (v) اچانک اور حتمی طور پر کام میں لانا۔

Slap-stick : (n) انگریزی خاموش ناٹک کے مسخرے کی چھڑی : (مجازاً) معمولی کامیڈی۔

Slap-up : (a) (عام) بہت عمدہ : اول درجے کا۔

Slapdab : (adv.) ٹھیک : بالکل : عین۔

Slape : (a) [ON. 'Sleipr'.] (۱) چکنا : پھسلنی۔ (۲) (مجازاً) چالاک: عیار : مکار۔

Slaphappiness : (n) ضبط : پریشانی : بد حواسی۔

Slaphappy : (a) (۱) (عام) مخبوط : پریشان : بد حواس۔ (۲) مجنون: سودائی۔ (۳) لاپروا : غیر ذمہ دار۔

Slapper : (n) (۱) بہت بڑا آدمی یا چیز۔ (۲) زمین پر پٹک پٹک کر مٹی سافنے والا۔ (۳) کرنی۔ (۴) مویشی کو ہنکانے کا چابک۔

Slapping : (a) (۱) تیز : انتہائی تیز۔ (۲) غیر معمولی طور پر بہت بڑا: بہت اچھا : عمدہ : نفیس (آدمی یا چیز)۔ (۳) (گھوڑا) بڑا، بہت طاقتور۔ (۴) تھپڑ یا طمانچہ مارنے والا۔

Slare : (v) [Origin unkn.] (۱) پاؤں گھسیٹ کر چلنا : گھسٹنا۔ (۲) دھبے ڈالنا : میلا کر دینا۔

Slash : (n) (۱) دھار دار ہتھیار یا اوزار یا کوڑے سے کٹ جانے والی ضرب۔ (۲) درختوں کے گرنے یاگرانے سے جمع ہونے والا کوڑا۔ (۳) لمبا گہرا زخم یا شگاف۔ (۴) کپڑے کا عمودی چاک جس سے اندر کا استر نظر آئے۔ (۵)تخفیف: کمی : گھٹائی : مہنائی۔ (۶) سخت اور چبھتا ہوا طعن۔

Slash : (n) [Origin unkn.] جھاڑی دار دلدلی زمین۔

Slash : (v) (۱) (تیز ہتھیار یا اوزار یا چابک وغیرہ سے) اندھادھند وار کرنا : شباشپ مارنا : ہاتھ چلانا۔ (۲) چابک مارنا : کوڑا پھینکنا۔ (۳) (فوج) درختوں کو حصار بنانے کے لئے گرانا۔ (۴) لباس میں آرائشی چاک بنانا تاکہ اندر کے کپڑے یا استر نظر آئے۔ (۵) پھٹکارنا : سخت نکتہ چینی یا تنقید کرنا۔ (۶) کاٹنا۔ (۷) تخفیف کرنا۔ (۸)(مجازاً) چمڑا ادھیڑنا : کھال کھینچنا۔ (۹) بہت تیزی سے بڑھنا۔

Slash-pine : (n) ایک قسم کا صنوبر۔

Slashed : (a) (۱) آرائشی عمودی چاک دار (کپڑا)۔ (۲) بری طرح زخمی۔ (۳) (نباتیات) قاش دار۔

Slasher : (n) (۱) کرائے کا گنڈا یا غنڈا۔ (۲) تلوار یا کاٹنے والا آلہ۔ (۳) سخت تنقید : پرخچے اڑا دینے والی تنقید۔ (۴)کپڑوں کو چکنا بنانے والی مشین۔ (۵) ایک قسم کی درانتی۔ (۶) شمشیر زن۔

Slashing : (a) (۱) تنقیصی۔(۲) پر جوش : چاق و چوبند : چست : طرار۔ (۳) بہت بڑا : عظیم۔ (۴) متواتر : پے بہ پے بوچھار کرنے والا: تیز: تند۔ (۵) واضح : چمکدار : شوخ۔

Slashing : (n) (۱) (ہتھیار یا اوزار وغیرہ کا) اندھا دھند وار۔ (۲) کپڑے کو چکنا کرنا۔ (۳) دوسرے رنگ کا استر جو لباس میں آرائشی چاک سے نظر آتا ہے۔ (۴)جنگل کا جھاڑی دار دلدلی حصہ۔ (۵) جوشیلا، سرگرم، طاقتور شخص۔

Slat : (n) [OFr. 'Esclat'.] (۱) چھتوں میں لگائے جانے والے سلیٹ کے چوکے۔ (۲) جھلملی کا پتلا تختہ : لکڑی کی پتلی پٹی۔ (۳) بھیڑ کی کھال (جس سے تمام اون نکل لی گئی ہو)۔ (۴) (جمع) (عام) پسلیاں۔ (۵) (جمع) (عام) سرین : چوتڑ۔ (۶) ہوائی جہاز کے بازوؤں میں بنی ایک ترکیب جو بند رہنے پر بازوؤں کا ایک حصہ رہتا ہے مگر بوقت ضرورت کھلنے پر شگاف بن جاتا ہے۔

Slat : (n) (۱) تھپڑ : طمانچہ۔ (۲) ہوا کا اچانک جھونکا۔

Slat : (n) [Perhaps Irish.] انڈے دی ہوئی سامن مچھلی۔

Slat : (v) سقفی سلیٹ لگانا یا اس سے چھت بنانا۔

Slat : (v) [Origin unkn.] زور سے ٹکرانا یا مارنا۔

Slat : (v) [OFr. 'Esclater'.] ٹکڑے ٹکڑے کرنا یا ہونا۔

Slat-back : (a) (کرسی) جس میں دو یا زیادہ لکڑی کی عمودی یا افقی پٹیاں ہوں۔

Slate : (n) [OFr. 'Esclate'.] (۱) سلیٹ : ایک طرح کی سرمئی چٹان جس میں بہت سی پرتیں ہوتی ہیں۔ (۲) سلیٹ کے چوکے جو چھتوں میں لگائے جاتے ہیں : سلیٹی چوکا۔ (۳) بچوں کے لکھنے کی سلیٹ۔ (۴) (مجازاً) (کسی شخص کے متعلق یا اس کے خلاف) کسی قسم کا ریکارڈ۔ (۵) مجوزہ نامزدگی یا انتخاب کے لئے امیدواروں کی فہرست۔ (۶) ایک قسم کی صلصالی چٹان۔ (۷) سلیٹی چٹان۔ (۸) سلیٹی رنگ۔ (۹) سیاہ سلیٹ جس پر کمپوزیٹر اپنا نام لکھتے ہیں۔

Clean slate : صاف ریکارڈ۔

On the slate : (۱) (عام) ادھار۔ (۲) کمپوزیٹر کے نام کے ساتھ : سادہ تختی کے طور پر۔

To have a slate loose or off : فاتر العقل ہونا۔

Slate : (v) (۱) سلیٹ کے چوکوں سے چھت چھانا : پاٹنا۔ (۲) لکھنے کی سلیٹ پر نام لکھنا : فہرست میں نام شامل کرنا۔ (۳) چمڑے سے بال صاف کرنا۔ (۴) کسی مخصوص کام کے لئے نامزد کرنا۔ (۵) مقدر کرنا : پہلے سے مقرر کرنا۔

Slate : (v) (۱) سختی سے نکتہ چینی کرنا : دھیان اڑانا (کتاب کی تنقید میں)۔ (۲) لعنت ملامت کرنا : خبر لے ڈالنا : سرزنش کرنا : سختی سے ڈانٹنا۔

Slate : (a) [ON. 'Sleita'.] (۱) کتے چھوڑنا : کتے کو پیچھے لگانا۔ (۲) کتے سے کٹوانا : حملہ کرانا : بھگانا۔

Slate : (a) سلیٹی : سلیٹ کا بنا ہوا : سلیٹی رنگ کا۔

Slate-axe : (n) سلیٹی چوکا بنانے کی کلہاڑی۔

Slate clay : (n) شیل : صلصالی چٹان۔

Slate club : (n) امداد باہمی کی انجمن جس کا بہت ہی کم ہفتہ وار چندہ ہوتا ہے۔

Slate-colour : (a) سلیٹی رنگ : نیلگوں خاکستری۔

Slate-cloloured : (a) نیلگوں خاکستری رنگ کا : سلیٹی۔

Slate galiot : (n) سلیٹ سے لدا جہاز۔

Slate knife : (n) سلیٹ بنانے کا چاقو۔

Slate like : (a) سلیٹ نما۔

Slate pencil : (n) (۱) سلیٹ کی پنسل۔ (۲) سلیٹ کی پنسل بنانے کا مسالا۔

Slate-pin/ -peg/ -nail : (n) سلیٹ کا چوکا لگانے کی کیل یا میخ۔

Slate-saw : (n) سلیٹی چوکے کناروں کو ہموار بنانے کی مشین۔

Slated : (a) سلیٹی۔

Slater : (n) (۱) سلیٹ کا پھل لگا ہوا اوزار جس سے چمڑے سے بال صاف کرتے ہیں۔ (۲) سلیٹ سے پاٹنے والا۔ (۳) مختلف قسم کے بے پر اور بہت سی ٹانگوں والے کیڑے۔

Slater : (n) شدت سے نکتہ چینی کرنے والا۔

Slath : (n) [Of Scand. origin.] ٹوکری کے پیندے کا مرکز۔

Slather : (n) [Origin unkn.] بڑی مقدار۔

Open slather : آزادی۔

Slather : (v) (۱) چپڑنا : موٹی تہ جمانا۔ (۲) فضول خرچی کرنا : اسراف کرنا۔

Slating : (n) (۱) سلیٹی چوکے لگانا۔ (۲) چھت پر پائے ہوئے سلیٹی چوکے۔

Slating : (n) (۱) سخت نکتہ چینی : لعنت ملامت۔ (۲) سخت ڈانٹ : کڑی سزا : مارنا : زد و کوبی۔

Slating nail : (n) سلیٹی چوکے لگانے کی میخ یا کیل۔

Slatted : (a) پتلے تختوں یا پٹیوں سے بٹا ہوا۔

Slatter : (n) دیکھو Slater

Slattering : (a) پھوہڑ : بے سلیقہ : بے پروا۔

Slattern : (n) پھوہڑ عورت : گرد و پیش کے حالات سے بے پروا (عادتاً)۔

Slattern : (a) پھوہڑ : بے پروا۔

Slattern : (v) (وقت موقع وغیرہ) ضائع کرنا : کھودینا۔

Slatternliness : (n) پھوہڑپن۔

Slatternly : (a) پھوہڑپن کا۔

Slatternly : (adv.) پھوہڑپن سے : پھوہڑ کی طرح ۔

Slattery : (a) تر : بھیگا ہوا ۔

Slaty : (a) (۱) سلیٹ کا سا : سلیٹ کا بنا ہوا : سلیٹ سے مشابہ ۔ (۲) سلیٹ جیسا ۔ (۳) سلیٹ کے رنگ کا ۔

Slaughter : (n) [ON. 'Slahtr'.] (۱) قتل (عموماً بہت سے آدمیوں یا جانوروں کا) : خوں ریزی : کشت و خون : قتل عام : ذبح ۔ (۲) قتل عام کاکوئی واقعہ یا مثال ۔ (۳) شکست فاش : کامل تباہی ۔

To or for the slaughter : ذبح کے لئے : قربانی کے لئے ۔

Slaughter : (v) (۱) قتل عام کرنا : کشت و خون کرنا : خون ریزی کرنا ۔ (۲) حلال کرنا : قربانی کرنا : ذبح کرنا ۔ (۳) ناقابل تعرض اثر چھوڑنا ۔ (۴) بڑی مقدار میں برباد کرنا : مکمل طور پر مسمار کر دینا ۔ (۵) (تمسکات کو) نقصان اٹھا کر فروخت کر دینا ۔

Slaughter-house : (n) مذبح : قصاب خانہ : قتل گاہ : مقتل ۔

Slaughterer : (n) ذبح کرنے والا : قاتل ۔

Slaughtering : (n) ذبح : ذبح کرنا ۔

Slaughterman : (n) (۱) جلاد : قاتل ۔ (۲) ذبح کرنے والا : ذابح ۔

Slaughterous : (a) قاتلانہ : سفاکانہ : تباہ کن : مہلک ۔

Slaughterously : (adv.) قاتلانہ : سفاکانہ ۔

Slaughtery : (n) (۱) ذبح : قتل ۔ (۲) بوچڑخانہ : مذبح : کمیلا ۔

Slaunchways : (adv.) ترچھا : وتراً : آڑا ۔

Slav : (n) [med. L. 'Sclavus'.] سلافی : سلافی قوم کا آدمی ۔

Slav : (a) (۱) سلافی قوم کا ۔ (۲) سلافی قوم سے متعلق : سلافیوں کا : سلافی ۔

Slavdom : (n) سلافی قوم ۔

Slave : (n) [ME. 'Sclave'.] (۱) غلام : عبد : تبردہ : بندہ : داس ۔ (۲) بندہ (کسی عادت وغیرہ کا) ۔ (۳) ہر وقت کا نوکر : چوبیس گھنٹے کا مزدور : وہ شخص جسے دن رات کام کرنا پڑے ۔ (۴) ادنیٰ درجے کا آدمی : کمینہ آدمی ۔ (۵) (حشریات) غلام چیونٹی (جس سے دوسری جنس کی چیونٹیاں پکڑ کر کام لیں) ۔ (۶) دیکھو Slave-station ۔

Slave : (v) (۱) غلام بنانا ۔ (۲) غلام کا کام لینا : غلام کی طرح سلوک یا برتاؤ کرنا ۔ (۳) غلام کی طرح کام کرنا ۔ (۴) بردہ فروشی کرنا : غلاموں کی تجارت کرنا ۔

Slave : (v) (۱) غلام بنایا ہوا ۔ (۲) غلامانہ ۔ (۳) بردہ فروشی سے متعلق ۔ (۴) دور سے ضبط کے ساتھ تابکار کردہ ۔

Slave ant : (n) غلام چیونٹی (جسے غلام بنانے والی چیونٹیوں نے غلام بنا لیا ہو) ۔

Slave-bangle : (n) ایک قسم کے کڑے (سونے ، چاندی ، شیشے وغیرہ کے) جسے عورتیں بازوؤں میں پہنتی ہیں ۔

Slave-born : (a) جو شخص والدین کی غلامی کی حالت میں پیدا ہوا ہو : غلام بچہ ۔

Slave-bracelet : (n) ایک قسم کا شناختی کڑا جسے ٹخنے کے اوپر پہنا جاتا ہے ۔

Slave-captain : (n) بردہ فروشوں کے جہاز کا کپتان ۔

Slave-coast : (n) افریقی ساحل کا مغربی حصہ جہاں سے غلاموں کو بر آمد کیا جاتا تھا ۔

Slave-drive : (v) جبراً کام لینا ۔

Slave-driver : (n) (۱) غلاموں کا نگراں ۔ (۲) (مجازاً) سخت گیر آقا یا افسر ۔

Slave-holder : (n) غلاموں کا مالک : بردہ دار ۔

Slave-labour : (n) غلامی : جبری محنت یا مشقت ۔

Slave-market : (n) (۱) بردہ فروشی کا بازار : غلام بازار ۔ (۲) غلام بازار سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۳) نوکری دلانے کی ایجنسی ۔

Slave-merchant : (n) بردہ فروش : بردہ فروش سوداگر : تاجر ۔

Slave-power : (n) وہ طاقت جس کی بنیاد آئینی غلامی پر ہو ۔

Slave-ship : (n) بردہ فروشوں کا جہاز ۔

Slave state : (n) جنوبی امریکا کی ریاستوں میں سے ایک جہاں سول وار (خانہ جنگی) سے پہلے غلامی کا رواج تھا۔

Slave station : (n) برقیائی مواصلاتی نظام کا آلۂ ترسیل جسے دور سے کنٹرول کیا جاتا ہے۔

Slave trade : (n) بردہ فروشی (خصوصاً حبشیوں کی)۔

Slave-trader : (n) بردہ فروشی کا حامی ؛ بردہ فروش۔

Slavedom : (n) غلامی۔

Slaveholding : (a) بردہ داروں سے آباد ؛ غلامی کو جائز رکھنے والا۔

Slaveless : (a) بے غلام کا۔

Slaver : (n) (۱) غلاموں کی تجارت کرنے والا ؛ بردہ فروش۔ (۲) بردہ فروشوں کا جہاز۔

Slaver : (n) (۱) لعاب دہن۔ (۲) (مجازاً) ذلیل خوشامد ؛ چاپلوسی۔

Slaver : (v) (۱) منہ سے رال بہانا ؛ آب دہن سے آلودہ کرنا ؛ تھوک بھرنا (کپڑوں وغیرہ کو)۔ (۲) ذلیل خوشامد کرنا ؛ چاپلوسی کرنا۔

Slaverer : (n) رال بہانے والا ؛ چاپلوس ؛ خوشامدی۔

Slavering : (a) رال بہانے والا۔

Slaveringly : (adv.) رال بہاتے ہوئے۔

Slavery : (n) (۱) غلامی ؛ حلقہ بگوشی ؛ بندگی۔ (۲) غلام رکھنا ؛ غلاموں کا طبقہ۔ (۳) ہر وقت کی نوکری ؛ سخت محنت کا کام۔

Slavery : (a) تھوک بھرا ؛ لعاب دہن سے آلود۔

Slavey : (n) ملازمہ ؛ ماما ؛ خادمہ۔

Slavic/Sclavic : (a) سلافی ؛ سلافی قوم کی۔

Slavic : (n) سلافی زبان۔

Slavish : (a) (۱) غلامانہ ؛ غلاموں کا سا۔ (۲) پاجیوں کا سا ؛ ذلیل ؛ کمینہ ؛ دنی ؛ دون۔ (۳) محض تقلیدی۔ (۴) منکسر۔

Slavish : (a) سلافی ؛ سلافی کا سا۔

Slavishly : (adv.) غلاموں کی طرح ؛ ذلیل طریقے سے۔

Slavishness : (n) غلامانہ طبیعت ؛ غلامانہ ذہنیت ؛ ذلیل طبیعت۔

Slavism : (n) سلافیت۔

Slavo- : (Prefix) جزو ترکیبی بمعنی "سلافی"۔

Slavocracy/ Slaveocracy : (n) غلاموں کے مالکوں کی حکومت ؛ آقا شاہی ؛ غلاموں کے مالکان۔

Slavonian : (n) [med. L. 'S(c)lavonia'.] (۱) سلافی زبان۔ (۲) سلافی نسل کا آدمی ؛ غلام ؛ سلافی۔

Slavonian : (a) (۱) سلافی ؛ سلافی سے متعلق ؛ غلام سے متعلق۔ (۲) غلام ممالک سے متعلق۔ (۳) سلافی یا غلام خطے یا علاقے کا۔

Slavonic : (a) سلافی ؛ سلافی نسل کا۔

Slavonic : (n) سلافی زبان۔

Slavophile / Slavophill : (n) سلاف دوست۔

Slavophobe : (n) سلاف ترس ؛ سلاف دشمن۔

Slaw/ Slaugh : (n) [Du. 'Sla'.] کرم کلے کا کچومر۔

Slay / Sley : (n) [OE. 'Slege'.] کنگھی (جلاہوں یا بنکروں کی)۔

Slay : (v) [OE. 'Slean'.] (۱) قتل کرنا ؛ ذبح کرنا ؛ مار ڈالنا ؛ حلال کرنا۔ (۲) چقماق یا دوسری سخت چیزوں سے آگ لگانا۔ (۳) ختم کر دینا ؛ دبادینا۔ (۴) (اناج کا) (کالا روگ وغیرہ سے) متاثر ہونا ؛ کالا روگ لگنا۔ (۵) بے قابو کر دینا۔

Slayer : (n) قاتل ؛ خونی ؛ ذبح کرنے والا۔

Slayer : (n) (دھاگوں میں) کنگھی کرنے والا ؛ دھاگوں کو الگ الگ کر کے کنگھی میں ترتیب دینے والا۔

Slaying : (n) قتل ؛ ذبح۔

Slaying/ Sleying : (n) تانے کے دھاگوں کو الگ الگ کر کے کنگھی میں لگانا۔

Sleave : (v) (۱) (ریشم کو) ریشوں میں الگ کرنا۔ (۲) الگ کرنا ؛ بھاڑنا۔

Sleazy/ Sleezy : (a) [Origin unkn.] (۱) بالکل پتلا : کمزور ۔
(۲) (مجازاً) پتلا : کمزور ؛ بے بنیاد : نازک ؛ خفیف ۔
(۳) پھوہڑ ؛ بے سلیقہ ۔

Sled : (n) [MLG.'Sledde'.] (۱) برف گاڑی : ایک قسم کی بغیر پہیوں کی گاڑی جس پر سوار ہو کر برف پر سفر کرتے ہیں : سیلج گاڑی ۔ (۲) کپاس کے بونڈے کو کاٹنے کی مشین ۔

Sled : (v) (۱) برف گاڑی میں سفر کرنا ۔ (۲) (مجازاً) برف گاڑی میں لے جانا ۔

Sled-dog : (n) برف گاڑی کھینچنے والا کتا ۔

Sled-length : (adv.) جی توڑ کر ۔

Sledding : (n) (۱) برف گاڑی میں سفر کرنا : برف گاڑی چلانے کے لئے موافق حالت ۔ (۲) (مجازاً) کام ؛ ترقی ۔

Sledge : (n) [OE.'Sleeg'.] لوہاروں کا بڑا ہتھوڑا ؛ گھن ؛ ملطاس ۔

Sledge : (n) [MDU. 'Sleedse'.] (۱) برف گاڑی ؛ سیلج گاڑی ۔
(۲) (رسہ بنانے میں) بھاری وزن جسے رسہ بانٹتے وقت ایک سرے پر لٹکا دیا جاتا ہے ۔

Sledge : (v) برف گاڑی میں سفر کرنا یا لے جانا ۔

Sledge-hammer : (n) لوہاروں کا بڑا ہتھوڑا ؛ گھن ؛ ملطاس ؛ مدھان ۔

Sledge-hammer : (v) گھن سے پیٹنا ؛ گھن کی طرح پیٹنا ۔

Sledge-hammer : (a) صاف گو ؛ منہ پھٹ ؛ سخت گیر ۔

Sledger : (n) گھن چلانے والا ۔

Sledger : (n) (۱) گھن سے کوئلہ ، چٹان یا گندگی کھودنے والا مزدور ۔
(۲) چٹانوں کو قابل استعمال ٹکڑوں میں توڑنے والا ؛ سنگ شکن ۔

Sleech : (n) [ME. 'Sliche'.] (دریا یا سمندر کی چھوڑی ہوئی) تہ نشیں کیچڑ ؛ تہ نشیں مٹی ۔

Sleechy : (a) کیچڑ میں لتھڑا ہوا ؛ کیچڑ کاسا ۔

Sleek : (a) [ME. 'Slike'.] (۱) نرم ، چکنا اور چمکدار ؛ چکنا چپڑا ؛ گدگدا ۔ (۲) چکنا ؛ پھسلواں ۔ (۳) چکنی چپڑی باتیں بنانے والا ۔ (۴) چھریرا ؛ نازک اندام ۔ (۵) متناسب خط و خال والا ۔ (۶) (مجازاً) بظاہر معقول یا خوشنما ۔

Sleek : (v) چکنا اور چمکدار بنانا ؛ چکنا چپڑا بنانا ؛ گدگدا بنانا ۔

Sleek : (adv.) نرمی یا چکنے پن سے ۔

Sleekly : (adv.) دیکھو Sleek

Sleekness : (n) (۱) چکنا اور چمکدار ہونا ؛ چکناپن ؛ چکنا چپڑا ہونا ۔
(۲) (بال کو) چکنا اور چمکیلا بنانا ۔

Sleeky : (a) (۱) چکنا ؛ نرم ؛ چمکدار ۔ (۲) (اسکاچستان) بظاہر خوشنما ؛ ظاہر دار ۔

Sleep : (n) [OE. 'Slep, Slaep'.] (۱) نیند ؛ خواب ؛ نوم ۔ (۲) (مجازاً) موت ؛ غفلت ؛ خاموشی ؛ سکون ؛ آرام ۔ (۳) رات ۔ (۴) (نباتیات) پودوں کی وہ حالت (خصوصاً رات میں) جب پتیاں اور پنکھڑیاں بند ہو جاتی ہیں ۔ (۵) کسی عضو کا بے حسی یا سُن ہو جانا (دیر تک دبے رہنے کی وجہ سے) ۔ (۶) موسم سرما میں بے حسی کی حالت (جانوروں کی) ۔ (۷) اونگھنے کی حالت ۔

Dead sleep : گراں خوابی ؛ خواب خرگوش ۔

Sleep : (v) (۱) سونا ؛ آرام کرنا ؛ سو جانا ؛ آنکھ لگنا ۔ (۲) سو کر گزارنا ؛ سو کر دور کر دینا (تکان وغیرہ) ۔ (۳) بے کار رہنا ؛ خوابیدہ رہنا ؛ بے حس و حرکت رہنا ۔ (۴) آغوش قبر میں سونا ؛ زیر لحد آرام کرنا ؛ دفن ہونا ۔ (۵) سونے کا انتظام ہونا ؛ سونے کی جگہ ہونا ۔ (۶) (کسی عضو کا) سن یا بے حس ہو جانا ۔ (۷) (پودوں کا) ساکت رہنا ۔ (۸) (لٹو کا) اتنی تیزی سے گھومنا کہ ساکن معلوم ہو ۔ (۹) آرام کرنا ؛ پرسکون رہنا ۔ (۱۰) غافل رہنا ؛ بے پروا رہنا ۔ (۱۱) جنسی تعلقات رکھنا ؛ مباشرت کرنا ۔ (۱۲) (کوئی فیصلہ کرنے سے پہلے) دوسری صبح کا انتظار کرنا ۔

To sleep like a log, top : گہری نیند سونا ؛ غافل سونا ۔

To sleep the sleep of the just : (مزاحاً) گہری نیند سونا ۔

Sleep-at-noon : (n) ایک قسم کا پواد جس کے پھول دو پہر میں بند ہو جاتے ہیں ۔

Sleep in : (v) (۱) اقامتی ملازم ہونا ۔ (۲) دیر تک سونا ۔

Sleep-in : (a) اقامتی ۔

Sleep out : (v) (۱) گھر سے باہر سونا۔ (۲) غیر اقامتی ہونا۔ (۳) زیر آسمان سونا۔

Sleep-out : (a) غیر اقامتی۔

Sleep-paralysis : (n) مکمل عارضی فالج جو سونے کی وجہ سے ہو جاتا ہے۔

Sleeper : (n) (۱) سونے والا۔ (۲) (مجازاً) کاہل آدمی؛ آرام طلب شخص۔ (۳)سویا ہوا آدمی۔(۴) مردہ۔ (۵)(حیوانیات) گلہری کی قسم کا ایک جانور۔ (۶) بعض مچھلیوں کے نام کے ساتھ آتا ہے۔ (۷) سوئی ہوئی یا مردہ حالت میں کوئی چیز۔ (۸) (ریل میں) سونے کا ڈبہ۔ (۹) مضبوط افقی شہتیر جو دیوار وغیرہ کا سہارا ہوتی ہے۔ (۱۰)(جہاز سازی) مضبوط اندرونی شہتیر۔ (۱۱)(فوج)توپ خانے کے لئے چوبی پلیٹ فارم کاسہارا۔ (۱۲) (ریل کی پٹری کا) سلیپر؛ لکڑی کا وہ کندا جس پر پٹریاں رکھی ہوتی ہیں۔ (۱۳) لکڑی کے پل کا لمبا مضبوط شہتیر۔ (۱۴) کسی بھی وزنی چیز کے سہارے کے طور پر استعمال ہونے والا افقی شہتیر یا تختہ وغیرہ۔ (۱۵) شرط جو اتفاقی طور پر جوئے کے کھیل میں میز پر چھوٹ جائے۔ (۱۶) کوئی شخص یا چیز جو بہت مقبول ہونے سے پہلے ظاہری طور پر غیر مقبول رہے یا جو یکایک بہت مقبول ہو جائے۔ (۱۷) وہ گھوڑا جو شکست کے ایک سلسلے کے بعد جیت جائے۔ (۱۸)آہستہ آہستہ بکنے والا مال۔ (۱۹) ایک قسم کا شب خوابی کا لباس۔ (۲۰) وہ بچھڑا جس کے کان پر نشان ملک لگا دیا گیا ہو مگر جلتے ہوئے لوہے سے داغ نہیں لگایا گیا ہو۔

Sleeper : (v) (بچھڑے کے کان پر) نشان لگانا (تاکہ گرم لوہے سے داغ لگایا ہوا نظر آئے)۔

Sleepful : (a) پر خواب ؛ خواب آلود۔

Sleepfulenss : (n) پر خوابی ؛ خواب آلودگی۔

Sleepify : (v) خواب آور بنانا۔

Sleepily : (adv.) سستی سے ؛ آلکسی سے ؛ سوتے ہوئے ؛ اونگھتے ہوئے۔

Sleepliness : (n) غنودگی ؛ اونگھ کی سی حالت ؛ آلکس ؛ سستی۔

Sleeping : (n) خوابیدہ شخص۔

Sleeping : (a) (۱) خوابیدہ ؛ سویا ہوا۔ (۲) خواب میں دیکھا ہوا۔ (۳) بے حس ؛ سُن۔ (۴) سست ؛ کاہل۔ (۵) خاموش ؛ ساکن ؛ ساکت۔

Sleeping dog : (n) (۱) وہ تھیلا جس کو پہن کر زیر آسمان سوتے ہیں۔ (۲) بچوں کا شب خوابی لباس۔

Sleeping beauty : (n) ترش غرق والا ایک پودا۔

Sleeping car : (n) (ریل کا) سونے کا ڈبہ۔

Sleeping carriage : (n) دیکھو Sleeping car

Sleeping draught : (n) خواب آور دوا۔

Sleeping partner : (n) وہ شریک جو انتظام میں دخل نہ دیتا ہو ؛ غیر کارگزار شریک۔

Sleeping rent : (n) (کان کا) بندھا ہوا کرایہ۔

Sleeping sickness : (n)] مرض النعاس ؛ ایک مہلک بیماری جو افریقہ میں ہوتی ہے ؛ مرض النوم۔

Sleeping suit : (n) شب خوابی کے کپڑے۔

Sleeping table : (n) ایک قسم کا غیر متحرک ظرف جس میں خام دھات کو دھویا جاتا ہے۔

Sleepingly : (adv.) دیکھو Sleepily

Sleepless : (a) (۱) بے خواب ؛ بے نیند کا۔ (۲) مسلسل زیر عمل یا فعال۔ (۳) مسلسل رواں۔

Sleeplessly : (adv.) بے خوابی سے ؛ مسلسل۔

Sleeplessness : (n) بے خوابی ؛ نیند نہ آنا۔

Sleepwalk : (v) نیند میں چلنا ؛ خواب خرامی کرنا۔

Sleepwalk : (n) خواب خرامی۔

Sleepwalker : (n) خواب خرام ؛ نیند میں چلنے والا۔

Sleepwalking : (n) خواب خرامی ؛ نیند میں چلنا۔

Sleepwear : (n) رات میں پہننے کا لباس۔

Sleepy : (a) (۱) اونگھتا ہوا ؛ خواب آلود۔ (۲) خاموش ؛ پرسکون (مقام وغیرہ)۔ (۳) سوتا ہوا ؛ کاہل اور بے حس ؛ غافل۔ (۴) (پھل خصوصاً ناشپاتی) اتری ہوئی (مزے سے) ؛ سڑ جانے کے قریب۔ (۵) مدھم ؛ کم چمک دمک رکھنے والا۔

Sleepy-head : (n) اونگھنے والا : سست یا کاہل آدمی ۔

Sleepy-sickness : (n) Sleeping sickness دیکھو

Sleer : (v) [Perhaps alt. of Sweer.] ہنسی اڑانا : حقارت سے مسکرانا ۔

Sleet : (n) [OE. 'Slete'.] اولے اور برف ملا ہوا مینہ : برف و باراں ۔

Sleet : (v) (۱) برف کے ساتھ بارش ہونا : برف و باراں کی جھڑی لگنا ۔ (۲) برف و باراں کی طرح ڈھالنا ۔

Sleety : (a) برف و باراں سے بھرا ہوا : برف و باراں کی طرح کا ۔

Sleeve : (n) [OE. 'Slefe'.] (۱) آستین ۔ (۲) وہ نلکی جس کے اندر سلاخچہ یا چھوٹی نلکی ہو : جوڑ نلکی ۔ (۳) حلقہ دار کرمچ کا تھیلا جو ہوائی جہاز کے لگا رہتا ہے ۔ (۴) گراموفون کے ریکارڈ کا غلاف ۔

Hippocrates' Sleeve : کپڑے وغیرہ کا مخروطی تھیلا جس سے چھاننے کا کام لیا جاتا ہے ۔

To have in or up one's sleeve : ذہن میں کوئی پوشیدہ تدبیر ہونا : ترکش میں تیر ہونا ۔

To laugh or smile in one's sleeve : چپکے چپکے ہنسنا : دل ہی دل میں ہنسنا ۔

To pin on., upon or to one's sleeve : پابند کرنا ۔

Sleeve : (v) (۱) آستین لگانا ۔ (۲) جوڑ نلکی کے ذریعے جوڑنا ۔

Sleeve board : (n) وہ تختہ جس پر رکھ کر آستین پر استری کی جاتی ہے ۔

Sleeve button : (n) کف لگانے کا بٹن یا بوتام ۔

Sleeve fish : (n) ایک قسم کی مچھلی جو تعاقب کے وقت ایک سیاہ سیال شے اپنے اندر سے باہر پھینکتی ہے ۔

Sleeve link : کفوں کے بٹن یا بوتام ۔

Sleeve-note : (n) ریکارڈ کا تبصرہ (جو اس کے غلاف پر چھپا رہتا ہے) ۔

Sleeve-nut : (n) نلوں یا کڑیوں کے ملانے کی ڈھبری ۔

Sleeve target : (n) کپڑے کا نلکی نما نشانہ جو ہوائی جہاز کے پیچھے لگا رہتا ہے اور جس پر طیارہ شکن توپوں سے نشانے کی مشق کی جاتی ہے ۔

Sleeve-valve : (n) استوانہ نما صمام جو آگے پیچھے کھسک سکتا ہے ۔

Sleeved : (a) آستین دار ۔

Sleeveless : (a) (۱) بے آستین کا ۔ (۲) بے کار : بے فائدہ : غیر منفعت بخش ۔ (۳) سبک : چھوٹا : خفیف ۔

Sleevelet : (n) حفاظت یا گرمی کے لئے پیش بازو پر پہنے جانے والی ایک پوشش ۔

Sleevelike : (a) آستین نما : آستین سے مشابہ ۔

Sleeving : (n) ایک قسم کا غلاف جو کھلے ہوئے موصل پر لگا دیا جاتا ہے ۔

Sleezy : دیکھو Sleazy

Sleigh : (n) [Du. 'Slee'.] (۱) برف گاڑی : سلیج گاڑی ۔ (۲) گاڑی جس پر توپ لے جائی جاتی ہے ۔

Sleigh : (v) برف گاڑی پر سفر کرنا یا لے جانا ۔

Sleigh-bell : (n) برف گاڑی کی گھنٹیاں ۔

Sleighing : (n) برف گاڑی پر سواری کرنا ۔

Sleight : (n) [ME. 'Slez'.] (۱) چال : شعبدہ : پیچ : کرتب ۔ (۲) ہنر : ہنر مندی : چالاکی ۔ (۳) چالاکی : مستعدی ۔

Sleight of hand / Sleight-of-hand : (n) (۱) ہاتھ کی صفائی : شعبدہ : کرتب ۔ (۲) پھرتی : ہاتھ کی صفائی ۔

Slendang : (n) [Malay.] پتلا لمبا رومال جسے انڈونیشی عورتیں باندھتی ہیں ۔

Slender : (a) [Origin unkn.] (۱) پتلا : نازک : چھریرا : نازک اندام ۔ (۲) تھوڑا : ناکافی : قلیل : کم : خفیف ۔ (۳) غیر معقول (دلیل وغیرہ) : غیر مستحکم : سست بنیاد ۔ (۴) کمزور آواز ۔

Slenderish : (a) کسی قدر نازک ۔

Slenderize : (v) نازک بنانا ۔

Slenderly : (adv.) نزاکت کے ساتھ : قلت سے : کمی سے ۔

Slenderness : (n) دبلا پن ؛ نزاکت ؛ قلت ؛ ضعف ؛ کمزوری ؛ کمی ۔

Slent : (n) [ON.] ڈھلوان ؛ ڈھال ۔

Slent : (v) ڈھلوان ہونا ؛ ترچھا ہونا ۔

Slepez : (n) [Russ. 'Slepets'.] ایک قسم کا چونا ۔

Sleuth : (v) (۱) کھوج لگانا ؛ پاؤں کے نشان دیکھتے ہوئے چلنا ۔ (۲) سراغ رسانی کرنا ۔

Sleuth (hound) : (n) (۱) کھوجی کتا ؛ خون کی بو سے کھوج لگانے والا کتا ۔ (۲) سراغ رساں ۔

Slew/ Slue/ Sleugh : (n) [ME. 'Slo'.] (۱) دلدلی تالاب وغیرہ ۔ (۲) کوئلے کی کان کا قدرتی دلدل ۔

Slew/ Slue : (n) زور سے یا کوشش سے مڑنا ، موڑنا یا موڑا جانا ۔

Slew/ Slue: (v) (۱) زور یا کوشش سے مڑنا ؛ پھرنا ؛ گھومنا یا موڑنا ؛ پھیرنا ؛ پھرانا ؛ گھمانا ۔ (۲) (مجازاً) مست و بیخود کر دینا ۔

Slew/ Slue : (n) [In great slaugh.] بڑی مقدار ۔

Sley : (n) دیکھو Slay

Slice : (n) [ME. 'S(c)lice'.] (۱) قاش ؛ ٹکڑا ؛ پھانک ؛ کٹا ہوا ٹکڑا ؛ قتلہ ۔ (۲) حصہ (نفع کا) ؛ قطعہ (مقبوضات وغیرہ کا) ۔ (۳)باریک چوڑے پھل کا اوزار ؛ کفگیر ؛ کھرپی ۔ (۴)(طباعت) روشنائی لگانے کی چھری ۔ (۵) (جہاز سازی) گاؤ دم لکڑی کے ٹکڑے جو گہوارۂ جہاز میں جہاز کو پانی میں اتارنے کے لئے رکھتے ہیں ۔ (۶) چھاپے کے حروف بٹھانے کاتختہ جس کا پیندا سرکنے والا ہوتا ہے ۔

Slice : (n) (گولف) ایک ضرب جو اس طرح لگاتے ہیں جیسے کوئی چیز کاٹتے ہیں ۔

Slice : (v) [OFr. 'Esclicier'.] (۱) ٹکڑے کاٹنا ؛ قاشیں کاٹنا ؛ پھانکیں کرنا ؛ قتلے کاٹنا ۔ (۲) (کسی چیز میں سے) ٹکڑا وغیرہ کاٹ لینا ۔ (۳) صفائی یا آسانی سے کاٹ لینا ۔ (۴)کوئلہ اٹھانے کے لئے بیلچہ استعمال کرنا ۔ (۵) کاٹ کر راستہ بنانا ۔ (۶)چپو سے یا گولف کھیلنے کے بلے سے کاٹ کرنا ۔

Slice-bar : (n) (۱) ایک قسم کی آنکڑے دار آگ کریدنی ۔ (۲) کفگیر ۔

Slice-gallery : (n) چھاپے کے حروف بٹھانے کا تختہ جس کا پیندا سرکنے والا ہوتا ہے ۔

Slice-of-life : (n) زندگی کے کسی حصے کی جزوی تفصیل سے متعلق ۔

Sliced : (a) قاش بنایا ہوا ؛ ٹکڑا کیا ہوا ۔

Slicer : (n) قاش کاٹنے والا ؛ قتلے کرنے والا (آدمی یا اوزار)۔

Slick : (n) (۱) چھیلنے والی چھینی ۔ (۲) (کسی روغنی مادے کی موجودگی کی وجہ سے) پانی کی چکنی سطح ۔ (۳) (کان کنی) طبقے کی ہموار تقسیم ۔ (۴) بغیر شناختی داغ کے مویشی ۔ (۵) چالاک کاروباری ۔ (۶) بے درخت خطہ جس پر کثرت سے جھاڑیاں اگی ہوئی ہوں۔ (۷) کثیر الاشاعت جریدہ جس میں چنندہ چنندہ مقبول کہانیوں ہوتی ہیں ۔

Slick : (a) [ME. 'Slike'.] (۱) صاف ؛ صفائی کا ؛ پھرتی کا ؛ استادی کا (ہاتھ) ۔ (۲) محض ۔ (۳) دیکھو Sleek ۔ (۴) چالاک ؛ تیز ؛ ہنر مند ۔ (۵) اول درجے کا ؛ بہترین ۔ (۶) چالاکی ۔ (۷) بغیر شناختی نشان کا ۔

Slick : (adv.) سیدھا ؛ ٹھیک ؛ پورا ؛ جلدی سے ؛ آسانی سے ۔

Slick : (v) (۱) چکنا کرنا یا بنانا ۔ (۲) (بال وغیرہ کو) نرم اور چمکدار بنانا ۔ (۳) بناؤ سنگار کرنا ۔

Slickens : (n) [G. 'Schlich'.] سنگ مردہ کا چور ۔

Slickenside/ Slickensides : (n) (۱) (کان کنی) کچے سیسے کی ایک قسم جو ڈربی میں پائی جاتی ہے ۔ (۲) کچی دھات کی پرت کی چکنی سطح ۔

Slicker : (n) (۱) چمڑا چھیلنے یا چکنا کرنے کا اوزار ؛ سانچے میں ڈھلی ہوئی ۔ (۲) (امریکا) پن روک کوٹ ۔

Slicking : (n) (۱) چکنا کرنا ۔ (۲) (کان کنی) کچی دھات کی پتلی رگ معدن ۔

Slickly : (adv.) چالاکی سے ؛ ہوشیاری سے ؛ صفائی سے ۔

Slickrock : (n) چکنی پھسلوان چٹان ۔

Slickstone/ Sleek stone : (n) چکنا کرنے کا پتھر ۔

Slidable : (a) جو سرک سکے ؛ سرکنے کے قابل ۔

Slidden : (a) پھسلنے والا ؛ پھسلا ہوا ۔

Slidder : (n) (۱) ڈھال کا گڈھا ۔ (۲) کھڑی ڈھلان ۔

Slidder : (v) [OE. 'Slid(e)rian'.] (۱) پھسلنا : رپٹنا ۔ (۲) پھسلوان بنانا : چکنا بنانا ۔

Slider : (n) (۱) وہ راستہ جو برف پر پھسلنے سے بن جاتا ھے : پھسلنے کا راستہ ۔ (۲) پھسلوان ڈھال : وہ ڈھال جس پر سے لوگ اسکیٹ سے پھسلتے ہیں ۔ (۳) پھسلوان تختہ جس پر وزنی مال اوپر سے نیچے پھسلایا جاتا ھے ۔ (۵) مشین کا وہ حصہ جس کے اندر کوئی چیز پھسلتی ھے ۔ (۶)پھسلنے والا ۔ (۷) سیر بین ، دور بین وغیرہ کا شیشہ : تصویر : سلائیڈ : پھسل تختی ۔ (۸) (موسیقی) دو سروں والے زائد سُر کی ایک قسم ۔ (۹) ایک قسم کی برف گاڑی ۔ (۱۰) رگ معدن کا شگاف : (ارضیات) فرو ریزی : رخنہ ۔ (۱۱) توپ گاڑی ۔ (۱۲) چھلا یا بکلس جسے بندھن وغیرہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔ (۱۳)(کشتی رانی) پھسلوان نشست ۔ (۱۴) اود بلاؤ کا راستہ ۔ (۱۵) پھسلنے والی نالی (جو پارک ، اسکول وغیرہ میں لگی ہوتی ھے اور جس کے ایک سرے پر سیڑھی ہوتی ھے ۔ (۱۶) (فوٹوگرافی) پلیٹ گیر ۔

Slide : (v) [OE. 'Slidea'.] (۱) پھسلنا : رپٹنا : پھسلتے ہوئے چلنا یا سرکنا ۔ (۲) پھسلانا : سرکانا : کھسکانا ۔ (۳) خود بخود چلنا ۔ (۴) کسی چیز کی طرف اتنا آہستہ آہستہ بڑھنا کہ محسوس نہ ہو ۔ (۵) (موسیقی) ایک سُر سے دوسرے سُر پر بغیر وقفہ کے چلے جانا ۔ (۶) رفو چکر ہو جانا : چمپت ہو جانا : سرک جانا ۔ (۷) نظر دوڑانا ۔ (۸)(مجازاً) غلطی کرنا : گناہ کرنا : گناھوں میں دوبارہ پھنس جانا ۔ (۹) سبکدستی سے پیش کرنا : چپ چاپ سے ہاتھ میں دے دینا ۔

Slide fastener : (n) زِپر (Zipper)

Slide-rest/ Slide rest : (n) پھسل ٹیکن ۔

Slide-rule : (n) پھسل پیمانہ : سلائیڈ رول ۔

Slide-valve/ Slide valve : (n) پھسلواں صمام ۔

Slider : (n) (۱) پھسلنے والا ۔ (۲) ایک قسم کا کچھوا ۔ (۳) شہتیر یا تختہ جس پر بھاری چیزوں کو پھسلاتے ہیں ۔ (۴)پھسلنے والی چیز : سرکنے والا حصہ ۔

Sliding : (n) پھسلنا : پھسلانا ۔

Sliding : (a) (۱) پھسلنے والا : پھسلواں : لغزاں ۔ (۲) (مجازاً) عارضی : ناپائیدار : متلون : بے ثبات ۔ (۳) (زبان یا موسیقی) رواں ۔ (۴) سرکنے والا یا والی (گرہ وغیرہ) ۔

Sliding-door : (n) پھسلن دروازہ : سرکنے والا دروازہ ۔

Sliding keel : (n) دیکھو Centre-board

Sliding rule : (n) پھسل سطر : سرکنے والا پیمانہ جس کے ذریعے ریاضی کے بعض مسائل خود بخود حل ہو جاتے ہیں ۔

Sliding scale : (n) (۱) دیکھو Sliding-rule ۔ (۲) تدریجی شرح : حالات کے مطابق گھٹنے بڑھنے والی شرح ۔

Sliding seat : (n) سرکنے والی نشست (خصوصاً چپوؤں سے چلنے والی کشتی میں) ۔

Sliding ways : (n) گہوارۂ جہاز کا نچلا حصہ ۔

Slidometer : (n) ریل گاڑی کے اچانک رک جانے کی وجہ سے اس کے ڈبے کے جھٹکے کو بتانے والا صدما نما آلہ ۔

Slifter : (n) [Origin unkn.] (زین کا) درز : شگاف ۔

Slight : (a) [ME. 'Sleght'.] (۱) دبلا : پتلا : کمزور : نازک ۔ (۲) قلیل : تھوڑا سا : ذرا سا : حقیر : خفیف ۔ (۳)سرسری : ناکافی ۔ (۴) معمولی : غیر اہم ۔ (۵) آسان ۔

Slight : (adv.) لاغری سے : نزاکت سے ۔

Slight : (n) (۱) حقارت : تحقیر : بے التفاتی ۔ (۲) حقارت یا تحقیر کی کوئی مثال ۔ (۳) سبکی ۔

Slight : (v) سبکی کرنا : حقیر سمجھنا : ناقابل توجہ سمجھنا : کج خلقی سے پیش آنا : بے التفاتی سے پیش آنا ۔

Slight negligence : (n) تھوڑی غفلت ۔

Slighted : (a) جس کی سبکی یا تحقیر کی گئی ہو ۔

Slighter : (n) سبکی کرنے والا : تحقیر کرنے والا ۔

Slighting : (n) (۱) تحقیر آمیز : حقارت آمیز ۔ (۲) بے التفات ۔

Slightingly : (adv.) حقارت سے : بے التفاتی سے : کج خلقی سے ۔

Slightish : (a) پتلا سا : ہلکا سا : خفیف سا ۔

Slightly : (adv.) کسی قدر : خفیف سا ۔

Slightness : (n) کمزوری : نزاکت : خفیف ہونا : خفت ۔

Slily : (۱) مکاری سے : عیاری سے ۔ (۲) چپ چاپ : چھپ کر : پوشیدہ طور پر ۔

Slim : (a) [Du.] (۱) دبلا پتلا؛ چھریرا؛ نازك اندام؛ سبك۔ (۲) چالاك؛ عیار؛ جس کو کسی کام میں باك نه هو؛ بے باك۔ (۳) چھوٹا؛ کم۔ (۴) ناکافی؛ قلیل؛ قلیل المقدار۔

Slim : (v) (۱) پرہیز اور ورزش سے مٹاپا کم کرنا۔ (۲) (کسی کام کو) بد دلی سے کرنا؛ بے کار وقت ضائع کرنا۔

Slim cake : (n) ایك قسم کا سادہ آئرستانی کیك۔

Slim-jim : (n) بہت دبلا پتلا آدمی۔

Slim packings : (n) تھوڑا سا کھانا؛ چیز وغیرہ۔

Slime : (n) [OE. 'Slim'.] (۱) پتلی کیچڑ؛ کیچ۔ (۲) اس قسم کی اور چیزیں جو چکنی ہوں مثلاً رال، مچھلی کی رطوبت۔ (۳)(مجازاً) گھناؤنا جسم؛ مکروہ آدمی۔ (۴) ریگ؛ دھات کا چور جو کیچ کی شکل میں ہو۔

Slime : (v) (۱) کیچڑ میں لتھیڑنا؛ رطوبت میں لت پت کرنا۔ (۲) پھسل کر نکل جانا۔ (۳) (مشکل وغیرہ سے) صاف نکل جانا؛ بچ جانا۔ (۴) چکنا ہو جانا۔

Slime-eel : (n) ایك قسم کی بام مچھلی۔

Slime flux : (n) لعابی ترشح۔

Slime(-)pit : (n) پتلی رال کا گڑھا۔

Slimily : (adv.) ذلیل خوشامد سے؛ لجلجے پن سے۔

Sliminess : (n) لجلجاپن؛ ذلیل خوشامد۔

Slimly : (adv.) لاغری سے؛ نزاکت سے۔

Slimming : (n) پرہیز اور ورزش سے مٹاپا کم کرنا۔

Slimming : (a) لاغر؛ دبلا؛ نازك۔

Slimmish : (a) کسی قدر قلیل یا ناکافی۔

Slimness : (n) دبلاپا؛ چھریراپن؛ نزاکت۔

Slimpsy : (a) (۱) کمزور؛ نازك۔ (۲) مریل۔ (۳) پژمردہ؛ افسردہ۔

Slimsy : (a) کمزور؛ نازك۔

Slimy : (a) (۱) کیچڑ کا سا۔ (۲) کیچڑ میں لتھڑا ہوا؛ (رطوبت میں)؛ (رطوبت میں) لت پت۔ (۳) ہاتھ سے پھسل جانے والا؛ پھسلنا؛ چکنا؛ لبلبا؛ لجلجا۔ (۴) بے غیرت؛ بد دیانت۔ (۵) ذلیل خوشامدی۔

Sling : (n) [MLG. 'Slinge'.] (۱) گوپیا؛ گوپھن؛ فلاخن۔ (۲) غلیل۔ (۳) سنگ اندازی کی قدیم کل؛ منجنیق۔

Sling : (n) (۱) چھینکا۔ (۲) (بحری) سہارے کی بلی کا درمیانی حصہ۔ (۳) وہ پٹی جو رائفل وغیرہ کے نیچے لگی رہتی ہے جس کے ذریعے اسے کاندھے سے لٹکاتے ہیں۔ (۴) ناز پٹی وغیرہ کا حلقہ جس سے چیزیں لٹکاتے ہیں۔ (۵) گل پٹی؛ گلے کی پٹی جسے گلے سے باندھ کر زخمی عضو کو لٹکاتے ہیں۔ (۶) سامان اٹھا کر جہاز میں رکھنے والا جھولا۔ (۷) وہ تار جس کے دونوں سرے پر دستہ لگا رہتا ہے اور جس سے کمہار چاك پر سے برتن کو کاٹ کر اتارتا ہے۔

Sling : (n) (۱) پھینکنا؛ گرانا۔ (۲) شدید ضرب؛ دھکا۔

Sling : (n) (۱) ایك امریکی شراب جس میں برانڈی، [Origin unkn.] رم اور پانی وغیرہ ملا رہتا ہے؛ سلنگ۔ (۲) گنے کا رس۔

Sling : (n) بکری کے بالوں کا بنا ایك قسم [Native name in Tibet.] کا کپڑا۔

Sling : (v) (۱) گوپئے میں رکھ کر پھینکنا یا مارنا (پتھر)؛ فلاخن یا گوپیا چلانا۔ (۲) گلے کی پٹی سے لٹکانا (زخمی ہاتھ)۔ (۳) بھیڑ کے میمنے کو چھوڑ دینا۔ (۴) (مکا بازی میں) ضرب لگانا۔ (۵) تیزی سے جانا؛ جھپٹنا۔ (۶) تیزی سے چلنا۔

To sling ink : مصنف یا ایڈیٹر ہونا؛ لکھنا۔

To sling one's hook : صاف کر دینا؛ جیب کتر لینا۔

Sling : (v) (۱) چھینکے میں لٹکانا۔ (۲) (بحری) زنجیر وغیرہ کو بادبان یا سہارے کی بلی کے گرد گزارنا ہے تا کہ اسے مستول سے باندھا جا سکے۔ (۳) لٹکانا؛ جھلانا۔ (۴)اسباب کو جھولے کے ذریعے اٹھانا یا ایك جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا۔

To sling the monkey : ملاحوں کا ایك کھیل۔

Sling : (v) سلنگ (شراب) پینا۔

Sling ball : (n) پتھر وغیرہ جو منجنیق سے پھینکا جائے۔

Sling board : (n) جہاز پر مال چڑھانے کا تختہ جو رسیوں کے ذریعے لٹکایا جاتا ہے۔

Sling-cart : (n) (فوج) دو پہیوں کی گاڑی جس کے دھرے سے توپ کو نقل و حمل کے لئے باندھ دیا جاتا ہے ۔

Sling-chair : (n) آرام کرسی جس کی نشست چمڑے یا کپڑے کی ہوتی ہے اور فریم لکڑی یا دھات کا ہوتا ہے ۔

Sling-dogs : (n) دو آنکڑے جو سامان اٹھانے کے جھولے میں لگے ہوتے ہیں اور ان میں چیزیں پھنسا دی جاتی ہیں ۔

Sling-hoop : (n) ایک حلقہ جس سے سہارے کی بلی مستول سے لٹکی رہتی ہے جس کے ذریعے اسے اوپر نیچے کیا جاتا ہے ۔

Sling-rope : (n) وہ رسا جس سے لدو جانوروں پر اسباب باندھتے ہیں ۔

Sling-shot : (n) فلاخن ؛ گوپھن ؛ منجنیق ۔

Sling (s) man : (n) گوپیا چلانے والا ؛ فلاخن چلانے والا ۔

Sling stone : (n) فلاخن سے پھینکا جانے والا پتھر ۔

Sling-trot : (n) دُلکی چال ۔

Slinge : (v) [Origin unkn.] آوارہ پھرنا ؛ مٹر گشت کرنا ۔

Slinger : (n) دیکھو Sling(s) man

Slink : (n) (۱) وہ بچہ جو قبل از وقت پیدا ہو (خصوصاً بچھڑا) ۔ (۲) ایسے بچھڑے کی کھال ۔ (۳) کام چور ؛ ڈرپوک ؛ چھپنے والا شخص ۔ (۴) پوشیدہ جگہ ؛ خفیہ جگہ ۔

Slink : (a) سوکھا ؛ لاغر ؛ نحیف الجثہ ۔

Slink : (v) [OE. 'Slincan'.] (۱) کھسک جانا ؛ چپکے سے چل دینا ؛ سرک جانا ۔ (۲) (جانور کا) بچے گرنا ؛ قبل از وقت پیدا ہونا ۔ (۳) آنکھ چرا کر دیکھنا ۔

Slink lamb : (n) میمنے کا چمڑا ۔

Slinker : (n) قبل از وقت ؛ بچہ دینے والی گائے ۔

Slinkily : (adv.) چپکے چپکے ؛ آہستہ ؛ آہستہ ۔

Slinkskin : (n) قبل از وقت پیدا ہونے والے بچھڑے کی کھال ۔

Slinky : (a) لاغر ؛ دبلا ۔

Slinky : (a) (۱) خفیہ ؛ چپ چاپ ۔ (۲) نازک ۔

Slip : (n) [OE. 'Slipa'.] (۱) جما ہوا دودھ ؛ بستہ دودھ ۔ (۲) پتلی چکنی مٹی جو برتنوں پر پھیرنے یا ان پر گل بوٹے بنانے کے کام آتی ہے ؛ گلابہ ۔

Slip : (n) [MDU. 'Slippe'.] (۱) شاخ (پودے کی خصوصاً قلم لگانے کے لئے) ؛ قلم ؛ ٹہنی ۔ (۲) خلف ؛ اولاد ؛ نسل ۔ (۳) چھوٹا یا نازک اندام بچہ یا بچی ۔ (۴) نازک اندام شخص ۔ (۵) درمیانہ سائز کا تلا ۔ (۶) چمچے کا دستہ (جس کا سرا ترچھا کٹا رہتا ہے) ؛ ایسے دستے والا چمچہ ۔ (۷) لکڑی ، کاغذ وغیرہ کی پٹی ؛ پتلا لمبا ٹکڑا ، کاغذ کا لمبا پرزہ ؛ تراشہ ۔ (۸) کسی لمبی اور نازک چیز کا نمونہ ۔ (۹) لمبی کھڑکی ، کمرہ یا راستہ ؛ پتلی گلی ۔ (۱۰) (امریکا) گرجے کی تنگ بے دروازے کی نشست کا مقام ۔ (۱۱) (پتلے لمبے کاغذ پر) مطبع کے پروف ۔ (۱۲) دھاگے کی ایک مقدار ۔ (۱۳) تھیٹر کی گیلری کا بغلی حصہ ۔ (۱۴) پٹا یا تسمہ (کتے کے گلے کا) ۔ (۱۵) لباس جسے آسانی سے پہنا جا سکے ۔ (۱۶) ایک قسم کا زیر جامہ ، سایہ ، لہنگا ؛ بچوں کا لباس ۔ (۱۷) نہانے کا لباس ۔ (۱۸) غلاف تکیہ ۔ (۱۹) سور کا بچہ ۔ (۲۰) ناقص طور پر آختہ کیا ہوا مرغ کا پٹھا ۔

Slip : (n) (۱) پتھر وغیرہ کا مصنوعی ڈھلان جس سے جہاز لگتے ہیں ۔ (۲) ڈھلوان سطح جس پر جہاز بنائے جاتے ہیں یا ان کی مرمت کی جاتی ہے ۔ (۳) تنگ راستہ یا سڑک ۔ (۴) (جلد بندی) وہ دھاگا جس سے کتاب کا پشتہ باندھا جاتا ہے ۔ (۵) کتے کا پٹا ۔ (۶) (تھیٹر) وہ جگہ جہاں ایکٹر اسٹیج پر آنے سے پہلے کھڑے ہوتے ہیں ۔ (۷) لوہے کا استوانہ نما بکس جس میں بارود بنانے کے لئے لکڑی کا کوئلہ بنایا جاتا ہے ۔ (۸) رپٹنا ؛ پھسلنا ؛ لغزش ۔ (۹) (بحری) ہوائی جہاز کی یا جہاز کی اصل رفتار اور ڈھکیلو کی رفتار کا فرق ۔ (۱۰) لغزش ؛ سہو ؛ بھول ؛ غلطی ؛ چوک ۔ (۱۱) (ارضیات) وہ خفیف نقص جو کسی طبق کے ایک حصے کے دھنسنے کی وجہ سے پیدا ہو جائے ۔ (۱۲) پہاڑ وغیرہ کے ٹکڑے کا کٹ کر گرنا ۔ (۱۳) (کرکٹ) فیلڈ میں وہ جگہ جو بلے باز کے پیچھے اور وکٹ کے قریب ہوتی ہے ؛ وہ فیلڈر جو اس جگہ پر کھڑا ہوتا ہے ؛ سلپ ۔ (۱۴) کسی پالتو جانور کا غیر ارادی طور پر اسقاط حمل (بچہ گر جانا) ۔ (۱۵) سرک ؛ پھسل ۔ (۱۶) غلطی کسی طریقہ ، ضابطہ کاروائی یا بحث مقدمہ میں ۔ (۱۷) معمولی سی بھول غیر ارادی طور پر کچھ لکھنے یا بولنے میں ۔ (۱۸) بچوں کے لباس کے اوپر کا کوٹ ؛ بالا پوش ۔

A slip of the tongue/ -pen : لغزش قلم ؛ لغزش زبان ۔

Bathing slip : غسل کا لباس ۔

To give (a person) the slip : بچ کر نکل جانا ؛ آنکھ بچا

Slip : (v) (۱) پرزے پر لکھنا۔ (۲) کتب خانے کو (کتاب) لوٹاتے وقت کارڈ کتاب میں لگا دینا۔

Slip : (v) گلابہ لگانا یا چڑھانا۔

Slip- : (Prefix) سابقہ جو اور الفاظ کے ساتھ مل کر مرکب الفاظ بناتا ہے۔

Slip-buoy : (n) وہ تیزاک پہیا جو لنگر اٹھاتے وقت رسے یا زنجیر سے باندھ دیا جاتا ہے۔

Slip-carriage : (n) وہ ڈبا جو چلتی ٹرین سے کسی اسٹیشن پر علاحدہ کیا گیا ہو۔

Slip-case : (n) (کتاب یا اسی شکل کی کوئی چیز رکھنے کا) حفاظتی خول جو ایک طرف کھلا رہتا ہے۔

Slip casting : (n) سانچے میں گلابہ ڈھال کر مٹی کے ظروف بنانا۔

Slip cheese : (n) ایک قسم کی نرم پنیر۔

Slip-coach : (n) دیکھو Slip-carriage

Slip-coat : (n) کریم کی نرم پنیر۔

Slip-coupling : (n) (۱) ایک قسم کا حلقہ جو ان ڈبوں میں لگا رہتا ہے جنہیں چلتی ریل گاڑی سے کاٹ دیا جاتا ہے۔ (۲) وہ حلقہ جو گاڑی پر زیادہ بوجھ پڑنے کی وجہ سے الگ ہو جاتا ہے۔

Slip cover : (n) (۱) فرنیچر کا غلاف (حفاظتی یا آرائشی)۔ (۲) کتاب گرد پوش؛ کتابوں کا ڈھیلا غلاف۔

Slip-cover : (v) فرنیچر پر غلاف چڑھانا۔

Slip-hook : (n) وہ ہک جو آسانی سے کھل سکے؛ ڈھیلا ہک۔

Slip-knot : (n) (۱) وہ گرہ جو ایک اشارے سے کھل جائے۔ (۲) پھسلتی گرہ جو ڈوریوں کے کھینچنے سے کسی اور طرف کھلتی ہے؛ سرک گرہ۔

Slip-noose : (n) سرک پھندا۔

Slip-on : (n) (۱) وہ لباس جسے آسانی سے پہنا یا اتارا جا سکے۔ (۲) جوتا یا دستانہ جسے باندھا نہیں جاتا۔ (۳) ایک قسم کی گرم بنیان؛ بڑا کوٹ۔

Slip-over : (n) وہ کپڑا (خصوصاً سوئٹر) جسے سر کی طرف سے پہنا کر چل دینا۔

Slip : (v) [MLG. 'Du. 'Slippen'.] (۱) پھسلنا؛ رپٹنا۔ (۲) سرکنا۔ (۳) پھسل کر نکل جانا؛ بچ کر نکل جانا؛ صاف بچ جانا۔ (۴) کھسک جانا؛ آنکھ بچا کر چل دینا؛ سرک جانا؛ چپکے سے گزر جانا۔ (۵) لغزش کرنا؛ چوک جانا۔ (۶) چھوڑ دینا؛ کھول دینا (کسی قسم کی بندش)۔ (۷) (جلدی سے) کپڑے وغیرہ پہننا یا اتارنا۔ (۸) چپکے سے رکھ دینا؛ کھسکا دینا۔ (۹) جانا؛ اتر جانا (ذہن سے)۔ (۱۰) چپکے سے داخل ہونا؛ بلا قصد چلا جانا؛ گریز کرنا؛ بر سر مطلب آنا۔ (۱۱) (وقت کا) جلدی سے گزر جانا؛ بغیر محسوس کئے گزر جانا۔ (۱۲) توجہ نہ کرنا؛ نظر انداز کرنا۔ (۱۳) (پاؤں کا) پھسلنا۔ (۱۴) (مجازاً) تنزلی کرنا۔ (۱۵) چھال یا چھلکا اترنا۔ (۱۶) پھسلانا؛ سرکانا۔ (۱۷) کالر اتارنا۔ (۱۸) (تاش) پتے کو ہاتھ میں چھپانا۔ (۱۹) سرکا کر گرہ کھولنا۔ (۲۰) جوڑ الگ کرنا۔ (۲۱) پھسل کر گرنا۔ (۲۲) (موقع، وقت وغیرہ) گزر جانے دینا؛ فائدہ نہ اٹھانا؛ مستفید نہ ہونا۔ (۲۳) نظر انداز کرنا؛ چھوڑ جانا۔ (۲۴) آگے بڑھ جانا؛ آگے نکل جانا۔ (۲۵) بچ کر نکل جانے دینا؛ گرفت ڈھیلی کرنا؛ جانے دینا۔ (۲۶) ہونے دینا؛ غیر ارادی طور پر کہنا۔ (۲۷) بغیر بنے ہوئے بخیہ کو ایک سوئی سے دوسری سوئی میں گزر جانے دینا۔ (۲۸) (ریل کا ڈبہ) کاٹنا (ریل کو ٹھہرائے بغیر)۔ (۲۹) (کتے یا باز کا) پٹا کھول دینا۔ (۳۰) (بحری) لنگر کی زنجیر یا رسی اٹھانا۔ (۳۱) (جانوروں کا) قبل از وقت بچہ دینا۔ (۳۲) سر یا جسم کو اِدھر اُدھر کرنا (بچنے کے لئے)۔ (۳۳) ابتر یا خراب ہونا؛ رو بہ تنزل ہونا؛ رو بہ انحطاط ہونا؛ زوال پذیر ہونا۔

To slip a cog : غلطی کرنا؛ سہو کرنا۔

To slip by the board : (جہاز سے) پانی میں اتر جانا۔

To slip off the hooks : دیکھو Hook

To slip one's cable : مرنا؛ مر جانا۔

To slip one's trolley : (عام) پاگل ہو جانا؛ نا معقول حرکت کرنا۔

To slip something over : نقلی چیز کسی کے سر تھوپنا؛ دھوکا دینا۔

Slip : (v) شاخ کاٹنا؛ (پودا، جڑ وغیرہ کو) شاخوں یا قلموں میں تقسیم کرنا۔

جاتا ہے ۔

Slip-ring : (n) پھسل حلقہ ۔

Slip-road : (n) شاہراہ سے ملنے والی چھوٹی سڑک ۔

Slip-sheet : (n) (۱) کاغذ کا تختہ جو نئے چھپے ہوئے اوراق کے درمیان رکھ دیا جاتا ہے : تاکہ چھاپ دوسرے ورق پر نہ الگ جائے ۔ (۲) نئی چھپی ہوئی کتابوں کے اوراق کے درمیان رکھا ہوا کاغذ کا حفاظتی تختہ ۔

Slip-sheet : (v) نئی چھپی ہوئی یا جلد بندھی ہوئی کتابوں کے اوراق کے درمیان کاغذ کے تختے رکھنا ۔

Slip-slop : (n) (۱) پتلا شوربا : ہلکی شراب ۔ (۲) بے تکی عبارت : رقت آمیز گفتگو یا عبارت : بکواس : مہمل گفتگو ۔ (۳) مہمل گفتگو کرنے والا شخص ۔

Slip-slop : (a) مہمل گفتگو کرنے والا ۔

Slip-slop : (v) مہمل گفتگو کرنا : بے تکی عبارت لکھنا ۔

Slip-stitch : (n) (۱) وہ بخیہ جو بظاہر نظر نہ آئے ۔ (۲) بے کار ٹانکا خصوصاً بنائی کا ٹانکا جو ایک سوئی سے دوسری پر گزار دیا جاتا ہے ۔

Slip-stream : (n) ڈھکیلو کے ذریعے پیچھے کی طرف بہنے والی رو (پانی یا ہوا کی) ۔

Slip-string : (n) قابل پھانسی شخص : بد معاش : شریر : عیار شخص ۔

Slip-up : (n) غلطی : سہو : بھول : چوک ۔

Slip up : (v) چوک ، غلطی کرنا : سہو کرنا ۔

Slip-way/ Slipway : (n) (۱) ڈھلوان راستہ (جو پانی میں جائے) : بحری ریل کی ساخت ۔ (۲) ایک ڈھلوان ساخت جس پر جہاز بنتے ہیں (یا ان کی مرمت ہوتی ہے) ۔ (۳) وہیل مچھلی پکڑنے کے جہاز کے دنبالے میں ڈھلوان راستہ جس کے ذریعے وہیل مچھلی کو کھینچتے ہیں ۔

Slipbody : (n) (اسکاچستان) ڈھیلا ڈھلوکا ۔

Slipe : (n) [LG. 'Slipe'.] (۱) بھدی بے پہیے کی گاڑی ۔ (۲) (کان کنی) سلاخ وغیرہ جس پر کان کا جھولا یا ٹوکرا حرکت کرتا ہے ۔

Slipe : (v) [ME. 'Slypen'.] (۱) چھیلنا : چھلکے اتارنا ۔ (۲) قتلے کاٹنا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

Slipe : (n) [Origin unkn.] (زمین کا) پتلا سا قطعہ ۔

Slippage : (n) (۱) پھسلنا : سرک کر نکل جانا ۔ (۲) گرنا : تنزل : زوال ۔ (۳) (برقیات) علمی اور عملی پیداوار کا درمیانی فرق : (بجلی وغیرہ کی ترسیل میں) نقصان : کام کے دوران : وہ مقدار جو ضائع ہو جائے ۔ (۴) مال کے پیداوار میں تاخیر ۔ (۵) مقررہ اور اصلی پیداوار کے درمیان فرق ۔

Slipped : (a) (نقابت) تنے سے ٹوٹا ہوا ۔

Slipped disc : (n) (مرضیات) بین فقراتی قرص کا تفتق ۔

Slipper : (n) (۱) سلیپر : زیر پائی ۔ (۲) ایک قسم کا بریک جو گاڑی کے پہیوں میں لگا ہوتا ہے ۔ (۲) وہ شخص جو کتوں کو دوڑ میں چھوڑتا ہے ۔ (۴) ایک ترکیب جس کے ذریعے بجلی موصل ریل سے ریل یا ٹرام میں جاتی ہے ۔

Slipper animal cule : (n) پاپوشی حوین ۔

Slipper-bath : (n) سلیپر کی شکل کا نہانے کا ٹب ۔

Slipper brake : (n) ایک قسم کا بریک جو گاڑی کے پہیوں میں ہوتا ہے ۔

Slipper-drag : (n) دیکھو Slipper-brake

Slipper-flower : (n) پاپوش گل : ایک قسم کا پھول جو سلیپر سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Slipper-limpet : (n) ایک قسم کا گھونگا ۔

Slipper-shell : (n) ایک قسم کا گھونگا ۔

Slipper-wort : (n) دیکھو Slipper-flower

Slippered : (a) (۱) زیر پائی پہنے ہوئے ۔ (۲) سلیپر بریک کے ذریعے رکی ہوئی ۔

Slipperily : (adv.) ناقابل اعتبار طریقے سے : عیاری سے ۔

Slipperiness : (n) (۱) چکنا پن : پھسلنا پن ۔ (۲) عیاری : بے ایمانی : ناقابل اعتبار ہونا ۔

Slippery : (n) (۱) پھسلنی : رپٹنی (زمین وغیرہ) ۔ (۲) (مجازاً) دقت طلب : ہوشیاری سے کرنے کا (معاملہ) ۔ (۳) پھسل کر نکل جانے والا ۔ (۴) ناقابل اعتبار : غیر معتبر : جس کا کچھ ٹھور ٹھکانہ نہ ہو : چلتا ہوا : بے باک : بے ایمان :

عیار۔ (۵) کمزور (حافظہ وغیرہ)۔

Slippiness : (n) چکناہٹ ؛ پھسلنا ہونا۔

Slippy : (a) تیز ؛ پھرتیلا ؛ چست و چالاک (شخص)۔

To be or look slippy : تیز ہونا ؛ چست و چالاک ہونا۔

Slipsnod : (a) (۱) پھٹی جوتی والا ؛ پھوہڑ ؛ بھونڈا۔ (۲) (مجازاً) بے تک ؛ بے اصول ؛ ڈھیلی ؛ سرسری ؛ بے پروائی کی (تحریر)۔

Slipsnoddiness : (n) پھوہڑپن ؛ بے سلیقگی۔

Slipsnodness : (n) دیکھو Slipsnoddiness

Slipware : (n) مٹی کے ظروف جن پر گلابہ کے ذریعے چمک پیدا کی جائے یا رنگ بدل دیا جائے۔

Slit : (n) (۱) چاک ؛ شگاف ؛ درز ؛ کاج ؛ جھری۔ (۲) لمبا پتلا موکھا۔ (۳) (کوئلے کی کان میں) چھوٹا زمین دوز راستہ جو دو زمین دوز راستوں کو ملاتا ہے۔

Slit : (v) [ME. 'Slitte'.] (۱) پھاڑنا ؛کاٹنا ؛ چاک کرنا ؛ شگاف دینا ؛ چیرنا ۔ (۲) پتلے لمبے ٹکڑے کر دینا ۔ (۳) (مجازاً) تقسیم کرنا ؛ الگ کرنا ؛ علاحدہ کرنا۔

Slit : (a) (۱) (لباس) چاک کیا ہوا ؛ درز بنایا ہوا۔ (۲) قدرتی طور پر پھاڑا ہوا۔ (۳) تیز اوزار سے کٹا ہوا۔

Slit : (v) تنگ کر دینا ؛ سکیڑنا۔

Slit-drum : (n) قدیم زمانے کا ڈھول۔

Slit-eyed : (a) لمبی اور غیر کشادہ آنکھوں والا۔

Slit-planting : (n) (اناج) بونے کا ایک طریقہ جس میں زمین میں صرف شگاف دیا جاتا ہے۔

Slit-pocket : (n) عمودی چاک والی بغلی جیب۔

Slit-setting : (n) دیکھو Slit-planting

Slit trench : (n) شگافی خندق۔

Slit work : (n) پتلے تختے جن سے نیام وغیرہ بنتے ہیں۔

Slite : (n) [ME. 'Sliten'.] فرسودگی ؛ گھس پٹ جانا۔

Slither : (v) [alt. of 'slidder'.] (۱) پھسلنا ؛ رپٹنا۔ (۲) پھسلانا۔ (۳) پھسلتے ہوئے چلنا۔ (۴) (رینگنے والے جانوروں کا) رینگنا۔

Slither : (n) (۱) ٹوٹے پھوٹے اینٹ پتھر۔ (۲) پھسلنا ؛ سرکنا ؛ رپٹنا۔

Slitless : (a) بے درز ؛ بے شگاف ؛ بے چاک۔

Slitter : (v) [ME. 'Sliteren'.] آرائشی چاک بنانا۔

Slitting : (n) شگاف دینا ؛ چاک بنانا۔

Slitting mill : (n) لوہے کے چھڑوں یا چادروں کو پتلی سلاخ بنانے والی مشین یا مِل۔

Slitting saw : (n) دھات کاٹنے کا گول آرا۔

Slive : (v) [OE. 'Slifan'.] (۱) پھاڑنا ؛ چاک کرنا ؛ تقسیم کرنا۔ (۲) چھیلنا۔

Slive : (n) چھیٹی ؛ پتلا ٹکڑا ؛ ریزہ ؛ چورا۔

Slive : (v) (۱) پھسلانا ؛ (کپڑا) پہنانا۔ (۲) چپکے سے بتانا یا دینا۔ (۳) پھسلنا ؛ رپٹنا۔ (۴) کھسک جانا ؛ مارا مارا پھرنا ؛ ہرزہ گردی کرنا ؛ کوچہ گردی میں وقت ضائع کرنا۔

Sliver : (n) (۱) چھیٹی ؛ لکڑی کا پتلا ٹکڑا۔ (۲) چھوٹی مچھلی کا ذرا سا ٹکڑا جو بطور چارہ کانٹے میں لگایا جاتا ہے۔ (۳) اون ، سن وغیرہ کا فیتہ (پوئی بنانے کے لئے)۔ (۴) شپاشپ دار۔

Sliver : (v) (۱) چھیٹیاں بنانا ؛ لکڑی کے ٹکڑے کرنا۔ (۲) چھیٹیاں ہونا ؛ ٹکڑے ہونا ۔ (۳) سوتی ریشوں کو بغیر بٹے دھاگوں میں تبدیل کرنا۔

Slivoritz/ Slivowitz/ Slivovic : (n) [Serbo-croatian 'Sljivovica'.] ہنگری وغیرہ میں بننے والی ایک قسم کی شراب۔

Slob : (n) [Ir. 'Slab'.] (۱) کیچڑ۔ (۲) کیچڑ بھری زمین۔ (۳) ایک قسم کا بڑا کیڑا۔ (۴) بے وقوف ، سست اور بے سلیقہ آدمی۔

Slob-land : (n) کیچڑ ؛ کیچڑ بھری زمین۔

Slobber : (n) (۱) کیچڑ۔ (۲) رال ؛ لعاب دہن۔ (۳) خرگوش کی ایک بیماری۔ (۴) ایک قسم کا رخوہ (Jelly-fish) ۔ (۵) رقت آمیز گفتگو ؛ غیر مربوط تقریر ؛ رقت کا جذبہ ؛ جذباتی سُخن ؛ مستانہ پیار۔

Slobber : (v) [ME. 'Bysiober, Beslobber'.] (۱) منه سے بچوں یا شرابیوں کی طرح رقت کے جوش میں رال بہانا ۔ (۲) تھوک سے بھر دینا ؛ گندے طریقے سے تر کرنا ۔ (۳) پھوہڑپن سے کرنا (کوئی کام) ؛ خراب کرنا ؛ بے ڈھنگے پن سے کرنا ؛ بگاڑنا ۔ (۴) رقت آمیز گفتگو کرنا: بیٹھی ہوئی آواز میں اور غیر واضح طور پر بولنا ۔ (۵) جلد جلد کھلانا : ٹھنسانا ۔ (۶) تھوک بھرے منہ سے بوسہ لینا : طراوت کے ساتھ بوسے بازی کرنا ۔

Slobber-chops : (n) کھاتے وقت رال ٹپکانے والا ۔

Slobberer : (n) دیکھو Slobber-chops

Slobbery : (a) (۱) گندا ؛ کیچڑ آلود ؛ (رطوبت میں) لت پت ؛ رال سے تر ۔ (۲) جذباتی ؛ رقت آمیز ۔ (۳) پھوہڑ ؛ بے پروا ۔

Slock : (v) [ON. 'Slokinn'.] بجھانا (پیاس ، آگ وغیرہ) ۔

Slock : (v) (اسکاتستان) پینا ؛ نگلنا ۔

Slock : (v) للچانا ؛ ترغیب دینا ؛ پھسلانا ؛ لبھانا ۔

Slocken : (v) [ME. 'Slockenen'.] بجھانا ۔

Sloe : (n) [OE. 'Sla(h)'.] (۱) جنگلی بیر : سیاہ بیر ؛ ایک قسم کی جنگلی جھاڑی کا نیلگوں سیاہ پھل جو بیر سے مشابہ ہوتا ہے ۔ (۲) جنگلی آلوچہ ۔

Sloe-eyed : (a) (۱) گہری نیلی یا ارغوانی سیاہی مائل آنکھوں والا ۔ (۲) ترچھی آنکھوں والا ۔

Sloe-thorn : (n) جنگل آلوچہ ۔

Sloe-tree : (n) دیکھو Sloe-thorn

Slog : (n) (۱) مسلسل یا لگاتار بھاری کام ۔ (۲) اٹکل پچو ہاتھ چلانا (کرکٹ یا مکا بازی میں) ۔

Slog : (v) [Origin unkn.] (۱) بے تحاشا مارنا ؛ اندھادھند ہاتھ چلانا (کرکٹ یا مکابازی میں) ۔ (۲) لگاتار کام کرنا یا چلنا ؛ برابر کام کئے جانا یا چلنا ۔

Slogan : (n) [Gael. 'Sluagh-ghairm'.] (۱) اسکاتستان کے کوہستانی علاقے کا نعرۂ جنگ ۔ (۲) نعرہ ؛ آواز ؛ جیکار ؛ نقش نگیں ۔

Sloganeer : (n) نعرہ بنانے والا یا لگانے والا ۔

Sloganeer : (v) نعرہ بنانا ۔

Sloganize : (v) نعرہ لگانا ۔

Slogger : (n) اندھا دھند ہاتھ چلانے والا ۔

Slogging : (n) محنت و مشقت ؛ لگاتار محنت کا کام ۔

Slogging : (a) زیادہ محنت کا کام کرنے والا ۔

Slommack : (n) [Origin unkn.] پھوہڑ ؛ بے ہنگم شخص ۔

Slommack : (v) گڈ مڈ ہونا ؛ ابتر ہونا ؛ بے ہنگم ہونا ۔

Slommacky : (a) پھوہڑ ؛ بے سلیقہ ۔

Sloom : (n) [OE. 'Sluma'.] اونگھ ؛ جھپکی ؛ ہلکی نیند ۔

Sloom : (v) (۱) اونگھنا ؛ جھپکی لینا ۔ (۲) کمزور اور پلپلا ہو جانا ؛ زائل ہونا ؛ برباد ہونا ۔ (۳) بغیر کسی مقصد کے چلنا ؛ آہستہ اور خاموش اِدھر اُدھر پھرنا ۔

Sloomy : (a) (۱) سست ؛ کاہل ؛ بے حس ؛ سوتا ہوا ۔ (۲) (اناج ، دانہ) کھوکھلا ؛ سڑتا ہوا ۔

Sloop : (n) [Du. 'Sloep'.] (۱) ایک قسم کی مستولی کشتی ؛ غراب ۔ (۲) نسبتاً چھوٹا جنگی جہاز جس کی توپیں بالائی عرشے پر نصب ہوتی ہیں ۔

Sloopman : (n) چھوٹے جنگی جہاز کا کپتان یا ملاح ۔

Sloosh : (n) [Alt. of 'Slush'.] (۱) چھپ چھپ کی آواز ۔ (۲) دھونا (کسی چیز کو) ۔

Slop : (n) [OE. 'Slop'.] (۱) ڈھیلا نیکر یا جانگھیا ۔ (۲) ڈھیلی ڈھالی پتلون ۔ (۳) سلے سلائے کپڑے جو بازار میں ملتے ہیں ؛ وہ سلے سلائے کپڑے اور دیگر سامان جو ملاحوں کو جہاز کے توشے خانے سے ملتے ہیں ۔

Slop : (n) [For 'Ecilop, Back-slang for police'.] پولس ۔

Slop : (n) [OE. 'Sloppe'.] (۱) گندہ پانی ؛ موری کا پانی ؛ گندآب ۔ (۲) رقیق غذا مثلاً شوربا ، آش ؛ غیر منشی-شربت ۔ (۳) (مجازاً) حد سے زیادہ رقت آمیزی ؛ کمزور اور ناقص جذبات ۔ (۴) گندہ یا بیکار رقیق مادہ ؛ چائے ، کافی وغیرہ کا دھوون ۔ (۵) پیشاب پاخانہ ۔ (۶) دیکھو Stillage ۔ (۷) چھلکانا ؛ گرانا ۔

Slop : (v) (۱) گرانا ؛ چھلکانا ؛ گرنا ؛ چھلکنا ۔ (۲) گندہ پانی گرانا ؛ گندے پانی میں بھگونا (کپڑے ، فرش وغیرہ) ۔ (۳) ہڑپ

کر جانا ؛ ڈھکوسنا ۔ (۴) گیلا کرنا ۔ (۵) کیچڑ میں گھس کر جانا ۔ (۶) حد سے زیادہ رقت آمیز ہو جانا ؛ اصلی یا بناوٹی جوش سے تقریر کرنا یا کام کرنا ۔ (۷) حد سے گزر جانا ۔

Slop basin : (n) وہ پیالہ جس میں بچی کھچی چائے یا کافی یا طشتری کی چائے ڈال دی جاتی ہے ۔

Slop-bowl : (n) دیکھو Slop basin

Slop-builder : (n) بے ڈھنگی ؛ بودی عمارت بنانے والا ۔

Slop built : (a) بھدی اور بودی یا کمزور (عمارت) ۔

Slop-moulding : (n) اینٹ بنانے کا ایک طریقہ جس میں سانچے کو پہلے پانی ڈبو دیا جاتا ہے ۔

Slop-over : (n) (۱) دیکھو Overflow ۔ (۲) وفور جذبات سے پھوٹ پڑنا ؛ رقت آمیز جوش ہونا ۔

Slop-pail : (n) بالٹی جس میں گندہ پانی پھینکا جاتا ہے ؛ گندے پانی کی بالٹی ۔

Slop-sink : (n) (اسپتال کا) وہ برتن یا ہتک جس میں پیشاب دان اور حاجتی کی غلاظت اونڈیلی جاتی ہے اور دھویا جاتا ہے اور گندہ پانی پھینک دیا جاتا ہے ۔

Slope : (n) [ME.] (۱) نشیب ؛ ڈھلان ؛ ڈھال ؛ اتار ۔ (۲) ڈھلوان سطح ؛ ڈھلوان زمین ۔ (۳) سپاہی کا وہ انداز جس میں بندوق کندھے پر جھکی ہوتی ہے ؛ سلوپ ۔ (۴) (کان کنی) کان کا ڈھلوان راستہ ۔

Slope : (n) سرک جانا ؛ بھاگ جانا ۔

Slope : (a) ڈھلوان ؛ ترچھا ۔

Slope : (v) (۱) آڑے ترچھے جانا ۔ (۲) ترچھا ہونا ۔ (۳) ترچھا کرنا ۔ (۴) بندوق کو کندھے پر جھکا کر رکھنا ۔ (۵) ترچھا کاٹنا یا بنانا ۔

Slope : (v) (۱) بھاگ جانا ؛ لے بھاگنا ؛ فرار ہو جانا ۔ (۲) ٹہلنا ؛ مٹر گشت کرنا ۔ (۳) کرایہ ادا کئے بغیر کرائے کے مکان یا کوٹھری سے بھاگ جانا ۔

Slope : (adv.) ترچھے پن سے ؛ ٹیڑھے پن سے ۔

Slope- : جزو ترکیبی بمعنی "ترچھا" ۔

Slope arms : (n) کندھے پر بندوق ترچھی رکھنا ۔

Slope ways : (adv.) ترچھی حالت میں ؛ ڈھلوان کی صورت میں یا ڈھلوان رخ میں ۔

Slopewise : (adv.) دیکھو Slope ways

Sloping : (a) ڈھلوان ؛ ترچھا ۔

Slopingly : (adv.) ڈھلوان کی طرح ؛ ترچھے ہو کر ۔

Sloppily : (adv.) بے ڈھنگے پن سے ؛ رقت آمیز طریقے سے ۔

Sloppiness : (n) بھیگا اور گندہ ہونا ؛ بے ڈھنگاپن ؛ رقت آمیزی ۔

Sloppy : (a) (۱) (زمین وغیرہ) بہت بھیگی ہوئی کیچڑ اور پانی سے بھری ہوئی ۔ (۲) بھیگی اور میلی میز وغیرہ جس پر گندہ پانی ، شوربا وغیرہ گرا ہوا ہو ۔ (۳) بے ڈھنگا ، بے قاعدہ ، ناقص (کام) ؛ کمزور ۔ (۴) رقت آمیز (جذبہ ، گفتگو وغیرہ) ۔ (۵) ڈھیلا ڈھالا ؛ غیر موزوں (لباس) ۔ (۶) مخمور ؛ نشے میں ۔ (۷) متلاطم ۔

Sloppy-joe : (n) (۱) لڑکیوں کا ڈھیلا ڈھالا سوئٹر ۔ (۲) اپنے لباس یا وضع قطع سے بے پروا شخص ۔

Slopseller : (n) سستے سلے سلائے کپڑے بیچنے والا ۔

Slopshop : (n) سستے سلے سلائے کپڑوں کی دکان ۔

Slopstone : (n) پتھر کی سل یا چوکی جو نل کے نیچے رکھی جاتی ہے ۔

Slopwork : (n) (۱) ارزاں سلے سلائے کپڑے تیار کرنا ۔ (۲) سلے سلائے کپڑے ۔ (۳) پھوہڑپن کا کام ۔

Slopworker : (n) ارزاں سلے سلائے کپڑے تیار کرنے والا ۔

Slopy : (a) دیکھو Sloping

Slosh : (n) (۱) کیچڑ ۔ (۲) ہلکی شراب ، پتلی شراب ۔ (۳) چھلکنا (رقیق شے کا) ۔ (۴) سیال مادے کی تھوڑی مقدار ۔ (۵) ضرب ۔

Slosh : (v) [Imitative.] (۱) کیچڑ میں لتھیڑنا ؛ لت پت کرنا ۔ (۲) مٹر گشت کرنا ؛ آوارہ پھرنا ۔ (۳) چھپ چھپ کرنا ۔ (۴) جلدی جلدی یا بے تکے پن سے ڈھالنا ۔ (۵) چڑھانا ؛ ڈھکرسنا ؛ نگلنا ۔ (۶) پیٹنا ؛ مارنا ۔

Sloshed : (a) مدھوش ؛ نشے میں ۔

Sloshy : (a) (۱) کیچڑ سے بھرا ہوا۔ (۲) کمزور ؛ پھسپھسا ؛ پھیکا۔ (۳) بیٹھی ہوئی آواز۔ (۳) نکمی ؛ مہمل ؛ لچر۔

Slot : (n) [(M) LG., (M)Du. 'Slot'.] (۱) دروازے ، کھڑکی کی آگل ؛ چٹخنی۔ (۲) دھات کی سلاخ ؛ لکڑی کی چپٹی پٹی۔

Slot : (n) [OFr. 'Esclot'.] (۱) نالی ؛ سوراخ ؛ شگاف ؛ درز (مشین وغیرہ میں تاکہ اس میں کوئی چیز خصوصاً کوئی سکہ ڈالا جا سکے) ؛ سلاٹ۔ (۲) دوہرا حاشیہ جس میں ڈوری لگی رہتی ہے (بیگ وغیرہ کا)۔ (۳)کسی تنظیم ، سلسلہ ، فہرست وغیرہ میں کوئی مقام۔ (۴) (عام) دیکھو Slot-machine .

Slot : (n) [OFr. 'Esclot'.] جانور کے پاؤں کا نشان خاص کر ہرن کے پاؤں کا نشان ؛ ہرن وغیرہ کی کھوج۔

Slot : (v) (۱) (مشین میں) سکہ ڈالنے کے لئے سوراخ بنانا ؛ اس قسم کے سوراخ اور درزیں رکھنا۔ (۲) مشین کے سوراخ میں سکے ڈالنا۔

Slot : (v) (۱) چٹخنی لگانا۔ (۲) تالا بند کرنا۔

Slot : (v) ہرن وغیرہ کی کھوج لگانا ؛ پیروں کے نشانات کے ذریعے پیچھا کرنا۔

Sloth : (n) [ME. 'Slaupe'.] (۱) سستی ؛ کاہلی ؛ احدی پن ؛ آلکس۔ (۲) ڈھیل ؛ درنگ۔ (۳) بھالوؤں کا غول۔ (۴) تَنبل ؛ ایک قسم کا دودھ پلانے والا جانور جس کے پیر پنجوں کی طرح ہوتے ہیں اور زیادہ تر درختوں پر رہتا ہے۔

Sloth-animalcule : (n) سست چال حوین ؛ تَنبل۔

Sloth-bear : (n) ہندوستان اور سری لنکا کا بھالو ؛ ریچھ۔

Sloth-monkey : (n) ایک قسم کا لنگور۔

Sloth-hound : (n) کھوجی کتا۔

Sloth-machine : (n) شگاف دار مشین ؛ وہ مشین جس میں کوئی سکہ ڈالنے سے چھوٹی چھوٹی چیزیں خود بخود نکل آتی ہیں؛ سلاٹ مشین۔

Sloth man : (n) اخبار کا ایڈیٹر جس کے ذمے خبروں کی ترتیب ہوتی ہے۔

Sloth-meter : (n) وہ میٹر جو پیسے ڈالنے سے چلتا ہے۔

Slothful : (a) سست ؛ کاہل۔

Slothfully : (adv.) سستی سے ؛ کاہلی سے۔

Slothfulness : (n) سستی ؛ کاہلی ؛ احدی پن۔

Slotter : (n) شگاف انداز۔

Slotting : (n) (۱) شگاف اندازی ؛ سوراخ بنانا۔ (۲) (جمع) (کوئلے کی کان) وہ کوئلہ جو سوراخ کرنے میں کاٹا جاتا ہے یا نکلتا ہے۔

Slotting : (n) (۱) شگاف اندازی ؛ سوراخ بنانا۔ (۲) (جمع) (کوئلے کی کان) وہ کوئلہ جو سوراخ کرنے میں کاٹا جاتا ہے یا نکلتا ہے۔

Slotting machine(ry) : (n) شگاف انداز اوزار۔

Slouch : (n) [Origin unkn.] (۱) پھوہڑ ؛ بے ڈھنگا یا بے ہنگم آدمی ؛ بھدا بے وقوف آدمی ؛ گنوار ؛ ان گھڑ۔ (۲) سست ؛ کاہل آدمی۔ (۳) (عام) نالائق یا بھدا کاریگر ؛ اناڑی۔ (۴)نیچے مڑے ہوئے کنارے کی ٹوپی۔ (۵) ہیٹ کا کنارہ نیچے کی طرف مڑا ہونا۔

Slouch : (v) (۱) جھکنا ؛ جھکانا ؛ لٹکنا ؛ لٹکانا۔ (۲) بے ہنگم قطع سے چلنا ؛ کھڑا ہونا یا بیٹھنا۔ (۳) ٹوپی (ہیٹ) کا ایک طرف کا کنارہ موڑ لینا۔

Slouch hat : (n) نیچے مڑے ہوئے کنارے کی ٹوپی۔

Slouched hat : (n) دیکھو Slouch-hat

Slouchily : (adv.) پھوہڑپن سے ؛ بے ڈھنگے پن سے ؛ سستی سے ؛ کاہلی سے۔

Slouchiness : (n) پھوہڑپن ؛ سستی ؛ کاہلی۔

Slouching : (a) (۱) بے ہنگم۔ (۲) نیچے مڑے ہوئے کنارے والی (ٹوپی)۔

Slouchingly : (adv.) بے ہنگم طریقے سے جھکا ہوا۔

Slouchy : (a) (۱) پھوہڑ ؛ بے ہنگم۔ (۲) سست ؛ کاہل ؛ ناکارہ ؛ بد سلیقہ۔

Slough : (n) [OE. 'Sloh'.] (۱) دلیل ؛ کیچڑ کی جگہ ؛ گلابہ۔ (۲)(مجازاً) اخلاقی پستی۔ (۳) دلدلی زمین ، سڑک وغیرہ کا گڈھا جس میں کیچڑ بھر گئی ہو۔

Slough : (n) [ME. 'Sloh'.] (۱) سانپ کی کینچلی یا کوئی حصہ جو اس کے جسم سے الگ ہو ؛ نیز سانپ کی کھال۔ (۲) ٹڈی

وغیرہ کا چمڑا جو تبدیل ہیئت کے وقت الگ ہوتا ہے۔ (۳) (مجازاً) چھوڑی ہوئی عادت۔ (۴) چمڑا؛ کھال۔ (۵) چھلکا۔ (۶) (مرضیات) مردار گوشت؛ کھرنڈ؛ انگور زخم۔ (۷) تاش کا ایک کھیل۔

Slough : (v) (۱) الگ ہو جانا؛ ہٹ جانا؛ کینچلی کی طرح اتار پھینکنا۔ (۲) کینچلی آ جانا۔ (۳) (سانپ کا) کینچلی چھوڑنا؛ کینچلی اتارنا۔ (۴) (مجازاً) ترک کر دینا؛ موقوف کر دینا؛ پیچھا چھڑانا۔ (۵) (تاش کا کیل) ترک کر دینا۔ (۶) (پیسے جانے میں) گرنا یا اچھلنا۔ (۷) گرنا۔ (۸) کھرنڈ بن جانا۔

Slough : (v) (عام) زور سے مارنا؛ ضرب لگانا۔

Slough grass : (n) بعض قسم کی گھاس۔

Slough of Despond : (n) قعر گناہ جس میں انسان نجات سے مایوس ہو کر گر جائے؛ انتہائی افسردگی کی حالت۔

Sloughing : (n) (۱) کھرنڈ بننا؛ انگور زخم بننا۔ (۲) کینچلی چھوڑنا۔

Sloughy : (a) دلدلی؛ جہاں دلدل ہو۔

Sloughy : (a) مردار گوشت کا؛ کھرنڈدار۔

Slounge : (v) [alt. of 'Lounge'.] مٹر گشت کرنا؛ آوارہ گردی کرنا۔

Slovak/ Slovac(k) : (n) [Slovak, Czech.] شمالی ہنگری کی سلاف قوم کا فرد۔

Slovake/ Slovac(k) : (a) شمالی ہنگری کی سلاف قوم کا۔

Slovakian : (a & n) دیکھو Slovak

Sloven : (n & a) [Flem. 'Sloef'.] میلا؛ پھوہڑ؛ بے سلیقہ؛ بے تمیز؛ عادتاً ناصاف رہنے والا؛ کاہل۔

Slovene : (n) [G. 'Slowene'.] کارنھیا اور آسٹیریا کی سلافی نسل کا فرد۔

Slovene : (a) کارنھیا اور اسٹیریا کی سلافی نسل کا۔

Slovenliness : (n) پھوہڑپن؛ بے سلیقہ پن۔

Slovenly : (a) (۱) پھوہڑ؛ بے سلیقہ؛ لاپروا (لباس وغیرہ میں)۔ (۲) میلا؛ بے تمیز؛ (کام میں) غفلت کرنے والا۔

Slovenly : (adv.) پھوہڑپن سے؛ بے پروائی سے؛ بے سلیقہ پن سے۔

Slow : (n) (۱) سست؛ آرام طلب آدمی۔ (۲) سست رفتار گھوڑا۔ (۳) آہستہ گیند پھینکنے والا۔ (۴) آہستہ سے پھینکا ہوا گیند۔

Slow : (a) [OE. 'Slaw'.] (۱) ہلکا؛ دھیما؛ آہستہ؛ دھیرے۔ (۲) تدریجی۔ (۳) سست؛ تامل کرنے والا؛ دیر لگانے والا؛ سست رفتار (آدمی)۔ (۴) کُند؛ غبی؛ بے وقوف؛ کم عقل۔ (۵) (طب) بے حس و حرکت؛ کم حس والا۔ (۶) (طب) سست رفتار۔ (۷) پیچھے (گھڑی)۔ (۸) غیر دلچسپ؛ بے لطف۔ (۹) سستی کا (کام وغیرہ)۔ (۱۰) (آگ) مدھم۔ (۱۱) ہلکا؛ معمولی (بخار)۔ (۱۲) (فوٹوگرافی) (پلیٹ) تصویر دیر میں اتارنے والی۔ (۱۳) سست رفتار ریل کی (پٹری)۔

Slow : (adv.) آہستہ آہستہ؛ دھیرے دھیرے؛ ہولے ہولے؛ بتدریج؛ دھیما دھیما۔

Slow : (v) (۱) کم کرنا؛ دھیمی کرنا (ریل، جہاز وغیرہ کی رفتار کو)۔ (۲) اپنی رفتار کم کرنا؛ آہستہ کرنا۔ (۳) سست ہو جانا؛ کمزور ہو جانا۔

Slow-belly : (n) (۱) سست؛ کاہل شخص؛ آرام طلب؛ پیچھے رہ جانے والا؛ پھسڈی۔ (۲) پیٹو؛ بسیار خور؛ بلانوش؛ کھاؤ۔

Slow-burning : (a) آہستہ چلنے والا؛ سست رفتار۔

Slow-coach / Slowcaoch/ Slow coach : (n) کاہل؛ آلکسی؛ سست رفتار شخص؛ کند؛ غبی آدمی۔

Slow fever : (n) معمولی بخار؛ دھیما بخار۔

Slow-foot : (a) آہستہ خرام؛ سست رفتار۔

Slow-footed : (a) دیکھو Slow-foot

Slow-hound : (n) کھوجی کتا۔

Slow-match : (n) دھیمی دیا سلائی؛ وہ دیا سلائی جس سے پھٹنے والی چیزوں میں آگ لگائی جاتی ہے۔

Slow-motion : (n) (۱) سست حرکت۔ (۲) (سنیما) آہستہ تصویر اندازی۔

Slow-moving : (a) دیکھو Slow-footed

Slow-paced : (a) (۱) سست رفتار۔ (۲) دیر میں آنے یا واقع ہونے والا؛ دیر کا؛ بعد از وقت۔

Slow-pill : (n) مسکن دوا جو گھوڑے کو ناجائز طور پر کھلا دیتے ہیں تاکہ اس کی رفتار سست پڑ جائے اور وہ گھڑ دوڑ میں جیت نہ سکے۔

Slow poke : (n) سست آدمی۔

Slow-poke : (v) سستی کرنا۔

Slow-spoken : (a) سست کلام۔

Slow-up : (n) نمایاں زوال یا انحطاط۔

Slow-witted : (a) غبی؛ کند ذہن۔

Slow-worm : (n) کورما: دو موہی؛ ایک قسم کا کیکڑا جو چھپکلی اور سانپ کے بین بین ہوتا ہے۔

Slowdown : (n) کام کرنا۔

Slowgoing : (a) (۱) آرام طلب؛ آسانی پسند۔ (۲) بے حوصلہ؛ غیر مہم جو۔

Slowish : (a) کسی قدر سست۔

Slowly : (adv.) آہستہ آہستہ؛ بتدریج؛ سستی سے؛ تاخیر کے ساتھ؛ ہچکچاتے ہوئے؛ پس و پیش کرتے ہوئے۔

Slowness : (n) سستی؛ آہستگی؛ کند ذہنی۔

Slows : (n) ایک قسم کی بیماری۔

Sloyd/ Slojd : (n) [Sw. 'Slojd'.] اسکول میں دست کاری کی تعلیم کا طریقہ جس میں زیادہ تر لکڑی کی کھدائی کا کام سکھایا جاتا ہے۔

Sloyd-knife : (n) لکڑی پر کندہ کاری کرنے کی چھری۔

Slub : (n) [MDu. 'Slubbe'.] کیچڑ؛ میل کچیل۔

Slub : (v) کیچڑ میں لتھیڑنا۔

Slub/ Slubb : (v) [Origin unkn.] اون کی پونی بنانا۔

Slub : (n) اون کی پونی۔

Slub : (a) نا ہموار تانا کی وجہ سے بنا ہوا نقش و نگار۔

Slubber : (v) (۱) (کام) بے پروائی سے کرنا؛ پھوہڑ پن یا بے ڈھنگے پن سے کرنا۔ (۲) رال بہانا؛ رال یا تھوک بھر دینا۔ (۳) لت پت کرنا؛ لتھیڑنا۔ (۴) (مجازاً) داغ لگانا؛ دھبا لگانا؛ بٹا لگانا؛ آلودہ کر دینا۔

Slubber : (n) (اون کا) پونیاں ساز۔

Slubberdegullion : (n) بے پروا شخص؛ پھوہڑ۔

Slubbering : (a) بے پروائی کا؛ پھوہڑپن کا۔

Slubberingly : (adv.) بے پروائی سے؛ پھوہڑپن کے ساتھ۔

Slubbing : (n) (۱) پونیاں بنانا؛ پونیاں سازی۔ (۲) وہ دھاگے جو پونیاں بنانے میں نکلیں۔ (۳) پونیاں بنائی ہوئی اون یا روئی۔

Slubbing billy : (n) پونیاں ساز مشین۔

Slubby : (a) کیچڑ آلود؛ کیچڑ بھرا۔

Slubby : (a) پونیاں دار۔

Slud : (n) [of Scand origin.] پھسلنا کیچڑ؛ چکنی کیچڑ۔

Sludge :(n) [Alter of 'Slush'.] (۱) گاڑھی چکنی کیچڑ؛ گاد۔ (۲) موری کی کیچڑ؛ لَجن؛ لائی۔ (۳) (بحری) برف کا چور؛ نا مکمل بنی ہوئی برف۔ (۴) کوئی مٹی یا کیچڑ سا مادہ یا تہ نشیں مادہ۔ (۵) جما ہوا یا گاڑھا خون۔ (۶) کچ دھات کا چور جس میں پانی ملا ہو؛ کچ دھات کی گاد۔

Sludge : (v) (۱) کیچڑ میں تبدیل کرنا یا ہونا۔ (۲) کیچڑ سے بھر دینا؛ کیچڑ صاف کر دینا۔ (۳) خون (سرخ خلیے کا) بستہ ہو جانا؛ جم جانا؛ خون کے چھوٹے خلیوں میں۔

Sludge-hole : (n) بائلر کا مانس موکھا جس سے تلچھٹ یا گاد نکالی جا سکے۔

Sludger : (n) گاد پمپ؛ ریت پمپ۔

Sludgy : (a) (۱) کیچڑ بھرا۔ (۲) برف کے چھوٹے ٹکڑوں سے بنا ہوا۔

Slue : دیکھو Slew

Slug : (n) (۱) سست آدمی؛ کاہل۔ (۲) سست رفتار آدمی یا گاڑی۔ (۳) حلزون؛ راب؛ گھونگا۔ (۴) بعض اقسام کے کیڑے جو پودوں کی ہلاکت کے باعث ہوتے ہیں۔

(۱) بندوق کی بے ڈول گولی ۔ (۲) (عام) چسکی ؛ شراب وغیرہ کا ذرا سا گھونٹ ۔ (۳) دھات کا گول سا ٹکڑا ۔ (۴) (طباعت) ٹائپ کی سطر ۔ (۵) پچاس ڈالر کا طلائی سکہ جو ۱۸۴۹ء اور ۱۹۱۵ء میں جاری کیا گیا تھا (۶) پانچ سنٹ (Cents) کی قیمت کی دھات کا ٹکڑا ۔ (۷) گائے ، بیل وغیرہ کی ابتدائی سینگ ۔ (۸) بڑی کیل جو جوتے کے تلے میں لگائی جاتی ہے ۔ (۹) ناقص دریائی موتی ۔ (۱۰) نیم گرم کچ دھات ۔ Slug : (n)

(۱) (بندوق میں) بے ڈول گولی بھرنا ۔ (۲) (گولی کا) فائر ہونے پر بندوق کی نال کے قطر کے مطابق شکل اختیار کر لینا ۔ (۳) سست اور کاہل ہونا ؛ کاہل کی طرح پڑے رہنا ؛ آوارہ پھرنا ؛ کام میں تاخیر کرنا ۔ Slug : (v)

(۱) زور سے مارنا ؛ بے تحاشا مارنا ۔ (۲) قوت کے ساتھ آگے بڑھنا یا بڑھانا ۔ Slug : (v)

کاری ضرب ۔ Slug : (n)

وہ شخص جو دیر تک بستر پر پڑا رہنے کا عادی ہو ؛ پلنگ کا کیڑا ۔ Slug-a-bed/ Slug-abed : (n)

ایک قسم کا کیڑا ۔ Slug-caterpillar : (n)

ایک قسم کی مکھی جو Slug-worm سے بنتی ہے ۔ Slug-fly : (n)

بگل ؛ ترم ۔ Slug-horn : (n)

گھونگا ؛ حلزون ۔ Slug-snail : (n)

بعض قسم کی مکھیوں کا پہل روپ ۔ Slug-worm : (n)

مکا بازی کا مقابلہ ۔ Slugfest : (n)

سست ، مٹھا یا آرام طلب شخص ۔ Sluggard : (n)

سست ؛ کاہل ؛ مٹھا ۔ Sluggard : (a)

(۱) سست بنانا ؛ کاہل بنانا ۔ (۲) سستی کرنا ۔ Sluggardize : (v)

سستی سے ؛ کاہلی پن سے ۔ Sluggardly : (adv.)

سستی ؛ مٹھاپن ؛ آرام طلبی ۔ Sluggardness : (n)

(۱) اندھا دھند ہاتھ چلانے والا ۔ (۲) خام دھات چورنے والی بیلن کا چپٹا ابھار ۔ Slugger : (n)

بے عمل ؛ آلکسی ؛ سست ؛ کاہل ؛ مٹھا ؛ آرام طلب ؛ کاہل Sluggish : (a)

الوجود ؛ سست رفتار ۔

سستی سے ؛ کاہلی پن سے ؛ بے عملی سے ۔ Sluggishly : (adv.)

سستی ؛ مٹھاپن ؛ آرام طلبی ۔ Sluggishness : (n)

(۱) پانی روکنے یا نکالنے کا پھاٹک یا دروازہ ، بند کا دروازہ ؛ آب بند ۔ (۲) وہ پانی جو بند کے دروازے کے اوپر یا نیچے ہو یا اس میں سے گزرتا ہو ؛ بند کا پانی ۔ (۳) چھوٹی نہر یا نالی ۔ (۴) ندی یا نہر کے پانی کو ضبط کرنے یا روکنے کی ایک ساخت جس میں دروازہ یا دروازے لگے ہوتے ہیں جس سے پانی کے نکاس یا داخلے کو باقاعدہ بنایا جاتا ہے یا کنٹرول کیا جاتا ہے ۔ (۵) (ایک ترکیب) جس کے ذریعے پانی کا بہاؤ باقاعدہ بنایا جاتا ہے ؛ فاضل پانی نکالنے کی نالی ۔ (۹)(سونا دھونے میں) مصنوعی نالی جس میں پانی کے فوارے کے ذریعے سونے کے ذرات کو طلا خیز مٹی سے الگ کیا جاتا ہے ۔ (۷) (مجازاً) رکے ہوئے جذبات ۔ Sluice : (n) [OFr. 'Escluse'.]

(۱) بند میں دروازہ لگانا ۔ (۲) بند کھول کر پانی بھر دینا (میدان وغیرہ میں) ۔ (۳) پانی سے کھنگالنا ۔ (۴) خوب پانی ڈالنا (کسی چیز پر) ۔ (۵) (پانی کا) بند کے دروازے سے زور سے بہنا ۔ (۶) طلا خیز مٹی کو فوارے کے ذریعہ دھونا ۔ (۷) لکڑی کے کندوں کو آب بند کا دروازہ کھول کر بہانا ۔ Sluice : (v)

طلادار مٹی دھونے کی ایک لمبی ناند ۔ Sluice box : (n)

آب بند ؛ در آب بند ۔ Sluice-gate : (n)

آب بند والو ۔ Sluice-valve : (n)

نہر آب بند ۔ Sluice-way : (n)

(بارش) موسلا دھار ۔ Sluicy : (a)

(۱) شہر کی گندگی ؛ تاریک گلی یا محلہ ۔ (۲) جوئے میں دی جانے والی گھٹیا چیزیں (بطور انعام) ۔ Slum : (n) [of Cant. origin.]

(۱) گندی گلیوں میں جا کر غریبوں کی خبر گیری کرنا یا ان کی حالت کا معائنہ کرنا ۔ (۲) شرمناک حرکت کے لئے شہر کی گندی گلیوں میں جانا ؛ ایسی جگہوں میں جا کر چھپنا ۔ Slum : (v)

(۱) دیکھو Slime ۔ (۲) (کان کنی) کان کا اندرونی راستہ ۔ Slum : (n) [by Shortening.]

Slum : (n) (۱) گوشت کا اِسٹو ۔ (۲) لاہی کیچڑ جو کان کے آب بند سے نکلتی ہے ۔

Slumber : (n) (۱) خواب : نیند ۔ (۲) سونے یا آرام کرنے کا موقع یا مدت : جھپکی ۔ (۳) (مجازاً) آرام : خواب راحت : سستی یا بے حسی کی حالت ۔

Slumber : (v) [ME. 'Slumere'.] (۱) سونا : اونگھنا: جھپکی لینا ۔ (۲)(مجازاً) ابدی نیند سونا: قبر میں سونا ۔ (۳)سستی کرنا: کاہلی کرنا.(۴) بے حس و حرکت رہنا. (۵)خاموش رہنا : پر سکون رہنا : پر اطمینان رہنا ۔ (۶) سو کر (وقت) گزارنا یا ضائع کرنا ۔

Slumber : (a) نیند کا: نیند سے متعلق : سونے سے متعلق ۔

Slumber-cap : (n) جال دار ٹوپی جس کو پہن کر سوتے ہیں تاکہ بال بے ترتیب نہ ہوں ۔

Slumber-party : (n) نوجوان لڑکیوں کا رت جگا (خصوصاً کسی ایک گھر پر) جس میں شب خوابی کے لباس میں ملبوس رات کا زیادہ تر حصہ گپ شپ میں گزارتی ہیں ۔

Slumber-wear : (n) لباس شب خوابی ۔

Slumberer : (n) سونے والا شخص ۔

Slumbering : (n) سونا یا سو رہنا ۔

Slumbering : (a) سونے والا ۔

Slumberingly : (adv.) سونے والا ۔

Slumberless : (a) بے خواب کا : بے نیند کا ۔

Slumberless : (a) بے خواب : بے نیند کا ۔

Slumberous/ Slumbrous : (a) (۱) سست : کاہل : بستر پر رہنے والا ۔ (۲) (نیند سے) بھاری : بوجھل (آنکھیں) ۔ (۳) خواب آور: نیند لانے والی ۔ (۴) ساکن : پر سکون : پر اطمینان۔ (۵) پر سکون ، خاموش (مقام) ۔ (۶) خواب آلود : سونے کے لئے موزوں (وقت وغیرہ) ۔

Slumberously : (adv.) خواب آلود طرز سے :سستی سے : پر سکون طور سے ۔

Slumberousenss : (n) سستی : آلکسی : خواب آور ہونا : پر سکون ہونا ۔

Slumbery : (a) دیکھو Slumberous

Slumgullion : (n) (۱) بے ذائقہ مشروب ۔ (۲) بکرے یا بھیڑ کے گوشت کا اسٹو ۔(۲) خون ، تیل اور نمک جو وہیل کے کسی اہم حصے کو کاٹتے وقت جہاز کے عرشے پر جمع ہو جاتا ہے۔ (۴) کان کے آب بند کے پاس جمع ہو جانے والی سرخ کیچڑ ۔

Slumgum : (n) فضلہ جو چھتے سے شہد اور موم نکالنے کے بعد بچ جاتا ہے ۔

Slummage : (n) وہ تلچھٹ جو اس برتن کے پیندے میں جمع ہو جاتی ہے جس میں خمیر اٹھایا جاتا ہے ۔

Slumming : (n) (لوگوں کی) خبر گیری کے لئے یا خیراتی مقصد کے ساتھ شہر کی گندی گلیوں میں گھومنا ۔

Slummy : (a) شہر کے گندے تاریک محلے سے متعلق ۔

Slump : (n) [LG.] بڑی مقدار یا تعداد : (توصیفی معنی میں) (رقم) یکمشت ۔

By, in (the) slump : اکٹھا : مجموعاً ۔

Slump: (n) (۱) (تجارت) کساد : یکایک قیمت کا گرنا ۔ (۲) (مجازاً) (کسی کام میں) یک لخت سرد بازاری : اچانک اور بھاری کمی (قیمت میں ہو جانا) ۔ (۳) (کھیل میں) ہارنے کی باری یا وقت ۔ (۴) ریزش زمین : ہبوط ارض ۔ (۵) ایک قسم کی شیرینی ۔

Slump : (n) دلدل ۔

Slump : (v) اکٹھا کرنا : مجموعاً رکھنا ۔

To slump together : ایک ساتھ اکٹھا کرنا ۔

Slump : (v) [of Symbolic origin.] (۱) دلدل میں گرنا : دلدل میں دھنسنا : پانی میں چھپاک سے کرنا ۔ (۲) (ہوا کا) بند ہو جانا ۔ (۳) بے ہنگم طریقے سے چلنا ۔ (۴)یکایک قیمت کا گرجانا یا زیادہ ہو جانا ۔ (۵) زور سے ٹپکنا : دھڑ سے ٹپکنا ۔ (۶) یکایک گرا دینا (قیمت کا) ۔ (۷) پھسل جانا : نیچے بیٹھ جانا ۔ (۸) بالکل نہ چلنا : بالکل ناکامیاب ہونا ۔

Slumpy : (a) دلدلی (زمین) ۔

Slung : (a) جھولے میں رکھا ہوا : جھولے میں رکھ کر لٹکایا ہوا ۔

Slung-shot : (n) فلاخن ؛ تسمے سے لٹکی ہوئی گولی ۔

Slunk : (a) قبل از وقت پیدا ہونے والا (بچھڑا) ۔

Slunkskin : (n) دیکھو Slinskin

Slup : (v) [Perhaps alt. of Slop.] چسکی لے کر پینا ؛ گھونٹ گھونٹ پینا ، آواز کے ساتھ ۔

Slur : (n) بننے کی مشین کا پہسلواں حصہ ۔

Slur : (n) (۱) تحقیر ؛ بدنامی ؛ الزام ۔ (۲) نقص ؛ داغ ؛ دھبا ۔ (۳) (طباعت) غلط چھپائی ؛ گندی چھپائی ۔ (۴)(موسیقی) مرغول یا گٹکری کا نشان ۔ (۵)آوازوں کا مدغم ہونا ؛ ادغام ۔ (۶) رقص میں پہسلواں حرکت ۔

To cast, put, throw (etc.) a slur on or upon (a person or thing) : الزام ڈالنا ؛ بدنام کرنا ۔

Slur : (v) [of LG origin.] (۱) داغ لگانا ؛ دھبالگانا ۔ (۲) (طباعت) دھندلا یا مسخ کر دینا ۔ (۳) (امریکا) (دیوار پر) پلستر کرنا ۔ (۴) الزام لگانا ، دھرنا ؛ بدنام کرنا ۔ (۵) نظر انداز کرنا؛ چشم پوشی کرنا ۔ (۶)(کسی چیز کو) عجلت سے اور سرسری طور پر دیکھنا ؛ ملاحظہ کرنا ۔ (۷)(موسیقی) ایک بول گانا ؛ ایک بول کئی سروں میں گانا ؛ مسلسل لے میں گانا ؛ مرغول یا گٹکری بھرنا ؛ دو یا زیادہ سروں پر مرغول کا نشان لگانا ۔ (۸) دھندلا کر دینا ؛ دھبے ڈالنا ؛ دبا دینا ؛ خفیف کر کے دکھانا ؛ جلدی جلدی پڑھنا ۔ (۹) اس طرح لکھنا یا بولنا کہ حرف یا آواز ایک دوسرے سے مل کر صاف طور پر سمجھ میں نہ آئے ؛ مدغم کرنا ۔

Slur : (v) [L. 'Slurren'.] پہسلنا ؛ رپٹنا ۔

Slurp : (v) [Du. 'Slurpen'.] (کسی چیز کو) آواز کے ساتھ کھانا یا پینا ۔

Slurp : (n) آواز کے ساتھ نگلنا ۔

Slurred : (a) دھندلا ؛ غیر واضح ۔

Slurry : (n) [ME. 'Slory'.] ناحل پذیر شے کا محلول (پانی میں) ؛ مٹی یا سمنٹ کا محلول ۔

Slurry : (v) ناحل پذیر شے کا محلول تیار کرنا ۔

Slurry : (v) دھبا ڈالنا ؛ داغ لگانا ؛ میلا کرنا ؛ گندہ کرنا ۔

Slush : (n) [of Scand origin.] (۱) برف کا پانی (پگھلنے پر) ؛ برفاب ۔ (۲) کیچڑ ۔ (۳) چربی یا چکنائی (جو جہاز پر گوشت کو ابال کر نکالی جائے) ۔ (۴) چکنائی کا مرکب ۔ (۵) چونے اور سفید سیسے کا مرکب جس سے مشین کے حصے کو رنگ دیتے ہیں ۔ (۶) بے معنی گفتگو ؛ تصنیف یا بے معنی جذبات ؛ مکروہ جذبات ۔ (۷) (امریکا) ناجائز کمیشن ؛ رشوت ۔ (۸) نقلی روپے (نوٹ) ۔ (۹) بے ڈھنگا اور پھوہڑ شخص ۔

Slush : (n) چھپ چھپ یا چھپاک آواز ۔

Slush : (v) (۱) کیچڑ میں لتھڑنا ؛ کیچڑ میں لت پت کرنا ۔ (۲) (بحری) مستول میں چربی یا چکنائی لگانا ۔ (۳)چونا اور سفید سیسے کے محلول سے رنگنا (مشین کے پرزے یا حصے کو) ۔ (۴) سمنٹ اور مسالے سے بھرنا ۔ (۵) خوب پانی ڈالنا ۔ (۶) (کسی شخص پر) پانی پھینکنا ۔ (۷) (سوروں کا) آواز کے ساتھ کھانا ؛ چپڑ چپڑ کر کے کھانا ؛ مر بھوکے کی طرح کھانا ۔ (۸) کیچڑ سے گزر جانا ؛ دھپ دھپ کرتے چلنا ۔ (۹) چھپ چھپ کی آواز پیدا کرنا ۔

Slushiness : (n) (۱) کیچڑ سے بھرا ہوا ہونا (کسی چیز کا) ۔ (۲) (مجازاً) کمزوری ۔ (۳) جذباتیت ۔

Slushy : (a) دیکھو Sloshy

Slushy : (n) (۱) (عام) جہاز کا خانساماں ۔ (۲) خانساماں کا معاون ۔

Slut : (n) (۱) پھوہڑ عورت ؛ بد سلیقہ ؛ بد تمیز عورت ؛ زبان دراز لڑکی ۔ (۲) بدکردار عورت ؛ کسبی ؛ قحبہ ؛ فاحشہ ۔ (۳)کتی ؛ کتیا ۔ (۴) ایک قسم کی شمع ۔

Slutch : (n) کیچڑ ۔

Slutchy : (a) کیچڑ سے بھرا ؛ گدلا ؛ کیچ سے بھرا ۔

Sluther : (v) [Alternative of Slither.] پہسلنا ؛ رپٹنا ۔

Sluther : (n) پہسلنا ؛ رپٹنا ۔

Sluttish : (a) (۱) پھوہڑ ؛ بے سلیقہ ؛ میلی ؛ گندی (خصوصاً عورت) ۔ (۲) گندی ، میلی (چیز) ۔ (۳) بے سلیقہ ۔

Sluttishly : (adv.) بے سلیقہ پن سے ؛ پھوہڑ پن سے ۔

Sluttishness : (n) پھوہڑپن ؛ بے سلیقگی ۔

Slutty : (a) دیکھو Sluttish

Sly : (a) [ME. 'Sleh, Sley'.] (۱) چالاک : عیار : چلتا پرزہ : مکار : ریا کار : عیارانہ : مکاری کا : ریاکاری کا . (۲) (کام) چھپ کر کرنے والا: چھپا ہوا : خفیہ . (۳)استاد : کائیاں: پکا : پکے پن سے : کائیاں پن کا . (۴) شرارت کا : مسخرے پن کا .

On the sly : چپ چاپ : خفیہ طور پر : چھپ کر .

Sly : (v) پھسلنا: رپٹنا .

Sly-boots : (n) شریر : مکار (بچوں یا جانوروں کے لئے مزاحاً) .

Sly-goose/ Slygoose : (n) جنگلی بطخ .

Slyly : (adv.) دیکھو Slily

Slyness : (n) مکاری : عیاری .

Slype : (n) [Origin unkn.] (تعمیرات) وہ راستہ جو بڑے گرجے کے اندر سے پادری کے گھر یا مجلس خانے کو جاتا ہے : دیواری راہ .

Smack : (n) [OE. 'Smaec'.] (۱) خفیف سا مزا : چاشنی : کسی چیز کا خاص مزہ . (۲) شائبہ : جھلک : ہلکا سا رنگ (کسی صفت کا) . (۳) شدید : تھوڑا علم : شراب کی قلیل مقدار.

Smack : (n) (۱) چٹخارا : چٹاخا (ہونٹ چاٹنے وغیرہ کی آواز). (۲) تھپڑ : چپت . (۳) (کرکٹ) زور دار ہٹ . (۴)چٹخارے والا بوسہ : مانچ : چمّی . (۵) کوڑا وغیرہ مارنے کی آواز . (۶) ہمت : جرأت .

A smack in the face : جھڑکی : دھتکار .

Smack : (n) [LG. Du. 'smacke'.] (۱) یک مستولی کشتی جس میں زیادہ تر مچھلی کا شکار ہوتا ہے . (۲)ماہی گیری کا بڑا جہاز .

Smack : (v) (۱) چکھنا . (۲) خفیف سا مزا یا چاشنی ہونا . (۳) (مجازاً) شائبہ ہونا : جھلک ہونا : ہلکا سا رنگ ہونا .

Smack : (v) [MLG. MDu, 'Smacken'.] (۱) چٹخارے لینا : ہونٹ چاٹنا . (۲) مزے لے لے کر پینا (شراب وغیرہ) . (۳)کوڑے پھٹکارنا . (۴)چپت ، تھپڑ وغیرہ مارنا : دروازہ دھڑاک سے بند کرنا . (۵) چمّی لینا : آواز کے ساتھ بوسہ لینا . (۶) زور سے پٹک دینا .

Smack : (adv.) (۱) چٹاخ سے: دھڑ سے : دھڑاک سے . (۲) ٹھیک : پورا : مکمل طور پر .

Smack-dab : (adv.) بالکل : ٹھیک .

Smack-smooth : (adv.) مکمل طور پر : کامل طور سے .

Smacked : (a) پیسا ہوا .

Smacker : (n) (۱) چٹخارے دار بوسہ . (۲) زور دار تھپڑ : چٹاخا . (۳) کسی چیز کا بڑا یا غیر معمولی نمونہ . (۴) چٹخارا لینے والا : تھپڑ مارنے والا . (۵) (عام) ڈالر .

Smackeroo : (n) [f. 'Smacker'.] (عام) ڈالر .

Smacking : (n) چٹخارے کی آواز : چمّی کی آواز .

Smacking : (a) (۱) چاق و چوبند : چست و چالاک . (۲) نہایت عمدہ . (۳) شدید : موافق (ہوا) .

Smacksman : (n) ماہی گیر جہاز کا ملاح یا مالک .

Smaik : (n) [ME.] شہدا : بدمعاش : بد ذات .

Small : (a) [OE. 'Smael'.] (۱) (جانور ، آدمی) چھوٹا : کوتاہ (جسامت ، قوت اور تعداد میں) : کم : تھوڑا . (۲) چھوٹی حیثیت کا: چھوٹا (دکان دار، کسان وغیرہ) . (۳)چھوٹی قسم کا : چھوٹا . (۴) تھوڑا : قلیل . (۵) معمولی : غیر اہم: خفیف . (۶) چھوٹا : ادنی طبقے کا : گم نام : فرومایہ : کم مایہ . (۷) ذلیل : کم ظرف : کم درجے کا . (۸) باریک : مہین . (۹) ہلکی (شراب) . (۱۰) دھیمی ، نیچی : مدھم : نرم (آواز) . (۱۱) کمزور (نبض) . (۱۲) دبتی ہوئی آواز والا (حرف علت) . (۱۳) تنگ نظر : متعصب . (۱۴)ذلیل کیا ہوا : مجروح .

In a small way : معمولی طریقے سے : معمولی حیثیت سے .

Small : (n) (۱) کسی شے کا سب سے پتلا حصہ . (۲) (جمع) (آکسفورڈ) ڈگری حاصل کرنے سے پہلے کا امتحان : ابتدائی امتحان. (۳) چھوٹا جانور یا آدمی : بچے . (۴) ادنیٰ طبقے کا آدمی. (۵) کوئلے کا چورا .(۶) پیر یا پیٹھ کا پتلا حصہ: کمر . (۷) (جمع) برجس . (۸) شام کی مختصر صحبت (مختصر وقت کی) .

By small and small : آہستہ آہستہ : تھوڑا تھوڑا کر کے .

Great and small : امیر و غریب : بڑے چھوٹے سب .

In small : چھوٹے پیمانے پر : تھوڑا .

Small : (adv.) (۱) چھوٹے ٹکڑوں یا لقموں میں . (۲) آہستہ سے :

Small holding : (n) چھوٹا سا کھیت جس میں پچاس ایکڑ سے زیادہ زمین نہ ہو ۔

Small hours : (n) طلوع صبح سے پہلے کے گھنٹے (نیم شب کے بعد) ۔

Small intestine : (n) چھوٹی آنت ۔

Small line : (n) چھوٹی شست ۔

Small-minded : (a) چھوٹے دل کا ؛ تنگ نظر ۔

Small-mindedly : (adv.) تنگ نظری سے ۔

Small-mindedness : (n) تنگ نظری ؛ چھوٹے دل کا ہونا ۔

Small-money : (n) دیکھو Small change

Small part : (n) چھوٹا کردار ؛ چھوٹا رول (تھیٹر یا فلم میں) ۔

Small people : (n) پریاں ۔

Small pica : (n) چھاپے کے حروف کا ایک سائز ۔

Small potato : (n) حقیر یا ادنیٰ آدمی یا چیز ۔

Small-scale : (a) (۱) چھوٹے پیمانے کا ۔ (۲) چھوٹے پیمانے والا (نقشہ) ۔

Small-stuff : (n) (بحری) کاتا ہوا سوت یا ڈوری جو جہاز کے اردگرد استعمال ہوتی ہے ۔

Small-sword : (n) خنجر ۔

Small talk : (n) بہت معمولی گفتگو ؛ روزمرہ کی گفتگو ؛ غپ شپ ۔

Small-talk : (v) روزمرہ کی گفتگو کرنا ؛ غپ شپ کرنا ۔

Small time : (n) وہ تھیٹر جس میں کام زیادہ اور اجرت کم ہو ۔

Small-town : (a) چھوٹے شہر یا بڑے دیہات سے یا وہاں کی زندگی سے متعلق ۔

Small-ware(s) : (n) (۱) متفرق اشیائے تجارت ۔ (۲) پتلا یا تنگ کپڑا ؛ پٹی ۔

Smallage : (n) کرفس برّی ؛ اجمود ۔

Smallen : (v) چھوٹا کرنا یا بنانا ۔

دھیرے سے ۔ (۳) چھوٹے پیمانے پر ۔

To sing small : انکساری سے کہنا ؛ کچھ نہ کہنا ۔

Small and early : (n) تھوڑے آدمیوں کی دعوت جو جلدی ہی ختم ہو جائے ۔

Small arm : (a) (۱) چھوٹے اسلحہ سے لیس ؛ چھوٹے اسلحہ کا ۔ (۲) چھوٹا دستی اسلحہ ۔

Small-arms : (n) دستی اسلحہ ؛ بندوق ، پستول وغیرہ ۔

Small beer : (n) (۱) ہلکی بیئر (شراب) ۔ (۲) معمولی پیشہ ؛ معاملہ وغیرہ ۔

To think small beer of : حقیر سمجھنا ؛ ادنیٰ سمجھنا یا تصور کرنا ۔

Small-body : (n) (طباعت) لمبا ٹائپ (Long printer) سے چھوٹا ٹائپ ۔

Small-bore : (a) (۱) (بندوق) جس کی نال قطر کم ہو ۔ (۲) تنگ نظر ۔

Small bower : (n) وہ لنگر جو جہاز کے ماتھے پر ہوتا ہے ۔

Small capitals : (n) ایک چھوٹے سائز کے بڑے حروف ۔

Small cattle : (n) بیل سے چھوٹے سائز (قد) کے مویشی مثلاً بچھڑا ، بھیڑ وغیرہ ۔

Small chair : (n) بے بازوؤں کی سی ۔

Small change : (n) (۱) پیسے اور ریزگاری وغیرہ ؛ خردہ ؛ چھوٹے سکے ۔ (۲) (مجازاً) اِدھر اُدھر کی باتیں ؛ معمولی گفتگو ۔

Small circle : (n) (علم النجوم) دائرۂ صغیر ۔

Small-clothes/ Smallclothes : (n) (۱) جانگھیا ۔ (۲) چھوٹے کپڑے ، مثلاً رومال ، بچوں کے کپڑے وغیرہ ۔

Small coal : (n) چھوٹے سائز کا کوئلہ ؛ کوئلے کا چورا ۔

Small-fry : (a) (۱) غیر اہم ؛ کم درجے کا ؛ ادنیٰ درجے کا ؛ ناقابل لحاظ ۔ (۲) بچکانہ ؛ طفلانہ ۔

Small holder : (n) چھوٹے کھیت کا مالک یا زمین کا چھوٹا رقبہ آباد کرنے والا شخص ۔

Smallish : (a) چھوٹا سا ؛ ذرا سا ۔

Smallness : (n) (۱) چھوٹا پن ؛ کمی ؛ قلت ؛ کوتاہی ۔ (۲) چھوٹی چیز ۔

Smallpox : (n) چیچک ؛ جدری ؛ ستیلا ؛ بڑی ماتا ۔

Smallpox : (v) چیچک میں مبتلا کرنا یا چیچک کے نشان ڈالنا ۔

Smallpoxed : (a) چیچک میں مبتلا ؛ جس کو چیچک کا نشان ہو ۔

Smallshot : (n) (عام) غیر معروف آدمی ؛ بے وقعت آدمی ۔

Smalm : (۱) چکنا کرنا ۔ (۲) خوشامد کرنا ۔

Smalt : (n) [Fr.] (۱) نیلا شیشہ ۔ (۲) گہرا نیلا رنگ ۔ (۳) رنگین شیشے کا ٹکڑا ۔

Smalt-blue : (n) نیلے شیشے کے سفوف سے بنا ہوا رنگ ۔

Smalt-blue : (a) گہرا نیلا ۔

Smaltine : (n) (کان کنی) ٹن کی سفید کوبالٹ ۔

Smaltite : (n) دیکھو Smaltine

Smalto : (n) [It.] رنگین شیشہ جو پچی کاری میں کام آتا ہے ۔

Smalts : (n) نیلا شیشہ ۔

Smaragd : (n) [OFr. 'Smaragde'.] زمرد ؛ زبر جد ۔

Smaragdine : (a) [L. 'Smaragdinus'.] زمرد سے متعلق ؛ زمرد کے رنگ کا ؛ گہرا سبز ۔

Smaragdine : (n) زمرد ؛ زبر جد ۔

Smaragdite : (n) [Fr.] سبز سنگیا ۔

Smarm : (v) [Origin unkn,] دیکھو Smalm

Smarmy : (a) خوشامدی ۔

Smart : (n) [ME. 'Smierte, Smerte'.] (۱) ٹیس ؛ تکلیف ؛ درد ؛ جلن ؛ چرچراہٹ ۔ (۲) دکھ ؛ صدمہ ؛ روحانی کرب ؛ چوٹ ۔ (۳) دیکھو Smart-money ۔ (۴) قابل لحاظ رقم ۔

Smart : (n) صاف ستھرا یا سلیقے کا لباس پہنے والا ؛ خوش لباس ؛ خوش گفتار ۔

Smart : (a) [Late OE. 'Smeart'.] (۱) سخت ؛ شدید ۔ (۲) تیز ؛ پر زور ؛ زور کا ۔ (۳) حاضر جواب ؛ تیز طبع ۔ (۴) ہوشیار ؛ چست و چالاک ۔ (۵) چلتا ہوا ؛ کائیاں ۔ (۶) تر و تازہ ؛ خوش منظر (باغ وغیرہ) ۔ (۷) صاف ستھرا یا سلیقے کا لباس پہنے ؛ عمدہ یا ٹھاٹھ کا لباس پہنے ؛ طرح دار ؛ خوش لباس ؛ جامہ زیب ۔ (۸) سازو سامان سے درست ؛ لیس ؛ سجا سجایا ہوا ؛ ٹھاٹ کا (مکان ، جہاز وغیرہ) ۔ (۹) رئیسانہ ؛ اعلیٰ طبقے کا ۔ (۱۰) پھبتی ؛ جگ گیانی ؛ ہونہار ۔ (۱۱) قابل لحاظ ؛ معقول ۔ (۱۲) پر زور ؛ نکتہ سنجانہ ۔

Smart : (v) (۱) سخت تکلیف ہونا یا دینا ؛ شدت سے درد ہونا یا پیدا ہونا ؛ ٹیس اٹھنا ؛ جلن ہونا (زخم وغیرہ میں) ۔ (۲) چرکا لگنا ؛ دل میں نشتر کی طرح چبھنا (طعن وغیرہ) (جرمانہ وغیرہ) برداشت کرنا ۔

Smart : (adv.) دیکھو Smartly

Smart alect/ -alec : (n) خر دماغ شخص ؛ شیخی باز شخص ؛ عیار ۔

Smart-grass : (n) فلفل آبی ۔

Smart-money : (n) (۱) تاوان ؛ ہرجانہ ۔ (۲) معاوضہ ؛ تلافی ۔

Smrt-money : (n) (۱) وہ بازی یا سٹہ جو ایسا سٹے باز لگائے جسے اندرونی علم ہو ۔ (۲) وہ سٹے باز جسے اندرونی علم ہو ۔

Smart set : (n) انتہائی فیشن پرست سوسائٹی ۔

Smart weed : (n) فلفل آبی ۔

Smartaleckism/ Smartalecism : (n) خر دماغی ؛ عیاری ۔

Smartalecky / Smart aleck / Smartalec : (a) خر دماغ ؛ شیخی باز ؛ عیار ۔

Smarted-up : (a) بنا ٹھنا ؛ بنی ٹھنی ؛ صاف ستھرا پوشاک پہنے ۔

Smarten : (v) (۱) چست و چالاک بنانا ۔ (۲) صاف ستھرا پوشاک پہنانا ۔ (۳) چمکانا ۔

Smarting : (a) (۱) تیز ؛ شدید ۔ (۲) شدید درد میں مبتلا ۔

Smartingly : (adv.) شدت سے ۔

Smartyish : (a) (۱) کسی قدر خوش وضع یا خوش لباس ۔ (۲) کسی قدر اہم ۔

Smartly : (adv.) چالاکی سے ؛ تیز طبعی سے ؛ بانکپن سے ۔

Smartness : (n) تیزی ؛ چستی ؛ تیز طبعی ؛ بانکپن ؛ خوش لباسی ؛ ٹھاٹ ۔

Smarty : (a) خر دماغ ؛ عیار ۔

Smarty : (n) خرد دماغ شخص ؛ عیار شخص ۔

Smarty-pants : (n) دیکھو Smarty

Smash : (n) (۱) کاری ضرب ؛ بھر پور ہاتھ ۔ (۲) تباہی ۔ (۳) (لان ٹینس) زور کا ہاتھ (جو جالی کے اوپر سے نیچے کی طرف لگایا جائے)۔ (۴) شکستگی ۔ (۵) پاش پاش ہونے کی آواز ۔ (۶) مکمل تباہی ؛ پورا دیوالیہ ۔ (۷) دیوالیہ ؛ عام تباہی (تجارت میں) ۔ (۸) شکست فاش ۔ (۹)(امریکا) شراب اور برف کے پانی کا شربت ۔ (۱۰)نمایاں کامیابی ۔ (۱۱) زور سے ٹکرانا ؛ تصادم ؛ ٹکر ۔ (۱۲) کپڑے کا نقص جو تانا کے ٹوٹنے کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے ۔

To break, knock etc. to smash : پاش پاش کر دینا ۔

Smash : (n) [Origin unkn.] جعلی سکہ ۔

Smash : (adv.) نہایت زور سے ؛ پوری قوت سے ٹکرا کر ۔

Smash : (a) غیر معمولی ؛ نمایاں ۔

Smash : (v) (عام) جعلی سکہ چلانا ۔

Smash : (v) [Probably imitative.] (۱) پاش پاش کر دینا ؛ توڑ پھوڑ کر رکھ دینا ؛ پرخچے اڑانا ۔ (۲) کاری ضرب لگانا ؛ بھر پور ہاتھ لگانا ۔ (۳) شکست فاش دینا ؛ قوت کو درہم برہم کر دینا ؛ تہس نہس کر دینا ؛ قلع قمع کر دینا ۔ (۴)(ٹینس) گیند کو جال کے اوپر سے نیچے کی طرف پوری قوت سے مارنا ۔ (۵) (کارخانہ ، کمپنی وغیرہ کا) بیٹھ جانا ؛ دیوالہ نکل جانا ۔ (۶) پاش پاش ہونا ۔ (۷)زور سے گرنا ۔

To go smash : بیٹھ جانا ؛ دیوالہ نکل جانا ۔

Smash-and-grab : (a) (وہ چوری) جس میں دکان کی کھڑکی کو توڑ کر قیمتی مال اڑا لیا جائے ۔

Smash board signal : (n) ریل کا سگنل جو گاڑی کے گزرنے اور رک جانے کے بعد (پھر اپنی حالت پر) سرک کر آ جاتا ہے ۔

Smash fixer/ -hand/ -piecer : (n) تانا ٹوٹنے کی وجہ سے پیدا ہونے والے نقص کو دور کرنے والا ۔

Smash up : (n) (۱) کامل تباہی ؛ پورا دیوالیہ ۔ (۲) تصادم ؛ ٹکر ۔

Smasher : (n) جعلی سکہ چلانے والا ۔

Smasher : (n) (۱) (عام) کوئی غیر معمولی چیز یا بہت بڑی چیز یا عمدہ قسم کی چیز ۔ (۲) قطعی دلیل ؛زور دار دلیل ؛ بیان قاطع ؛ کاری ضرب ؛ بھر پور ہاتھ یا وار ۔ (۳) پاش پاش کرنے والا ۔ (۴) (جلد سازوں کی) کتاب کو دبانے والی مشین ۔ (۵) ٹینس یا بیڈمنٹن کا کھلاڑی جو جالی کے اوپر سے نیچے کی طرف ہاتھ لگانے میں ماہر ہو ۔ (۶) کپڑے کا نقص دور کرنے والا ۔ (۷) چوڑے چمچے والی ٹوپی کی ایک قسم ۔

Smashery : (n) تباہی ۔

Smashing : (a) کاری ؛ بھرپور ؛ زور دار (ضرب) (شکست) ؛ غیر معمولی ؛ نہایت عمدہ ؛ پر اثر ۔

Smashingly : (adv.) کاری طور پر ؛ زور دار طریقے سے ۔

Smatch : (n) [ME. 'Smech, Smach'] (۱) چاشنی ؛ ہلکا سا مزہ ۔ (۲) شائبہ ؛ جھلک ۔

Smatch : (v) دیکھو Smack

Smatter : (v) [Origin unkn.] (۱) شد بد رکھنا ؛ تھوڑا علم رکھنا یا سطحی علم رکھنا ۔ (۲) بغیر واقفیت کے بولنا ۔

Smatter : (n) (۱) شُد بُد ؛ سطحی علم ؛ استعداد ۔ (۲) (جمع) خفیف یا ادنیٰ سی چیز ؛ بچی کھچی چیز ۔

Smatterer : (n) شد بد علم رکھنے والا ؛ معمولی لیاقت یا استعداد رکھنے والا ۔

Smattering : (n) شُد بُد ؛ تھوڑا سا علم ؛ سطحی علم ۔

Smaze : (n) [f. Smoke + haze.] ہلکی دودی دھند یا کُہر ۔

Smear : (n) [OE. 'Smeoru'.] (۱) داغ دھبا ۔ (۲) کسی چیز کی ہلکی سی مقدار جو خورد بینی معائنہ کے لئے شیشے پر لگاتے ہیں ۔ (۳) بھیڑ کو لگانے کا لیپ ۔ (۴) (کوزہ گری) ایک قسم کی چمک پیدا کرنے والی پالش ۔ (۵) (کسی کو بدنام کرنے کے لئے) تہمت لگانا ؛ تہمت ۔

Smear : (v) [OE. 'Smierwan'.] (۱) ملنا ؛ لگانا ؛ لیسنا ۔ (۲) دھبا

ڈالنا ؛ داغ لگانا ۔ (۳) ضماد لگانا ؛ لیپ لگانا ؛ مرہم لگانا ۔ (۴) تبخیر کے عمل سے برتن پر پالش لگانا ۔ (۵)(کسی چیز کی) موٹی تہ جمانا ؛ ردا جمانا ۔ (۶)خورد بینی معائنہ یا جانچ کے لئے شیشے پر لگانا ۔ (۷) بٹا لگانا ؛ بدنام کرنا ۔

Smear case / Smier- : (n) ایک قسم کا پنیر ۔

Smear-dak : (n) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ۔

Smear-sheet : (n) وہ اخبار یا جریدہ جس میں بے بنیاد ذاتی الزامات یا بدنمائی زیادہ ہو ۔

Smear word : (n) دشنام ؛ رسوا کنندہ الفاظ ۔

Smeared : (a) گندہ ؛ آلودہ ؛ لت پت (کیچڑ ، خون وغیرہ سے) ۔

Smeared dagger : (n) ایک قسم کا پروانہ ۔

Smeariness : (n) داغ دار ہونا ۔

Smearless : (n) بے داغ ؛ بے دھبے کا ۔

Smeary : (a) (۱) داغ دار ؛ دھبے پڑا ۔ (۲) داغ ڈالنے والا ؛ دھبے ڈالنے والا ۔

Smeath : (n) بعض قسم کی بطخیں ۔

Smectic : (a) [L. 'Smecticus'.] صاف کرنے والا ؛ مصفی ۔

Smectite : (n) [Gr. 'Smectis' + -ite.] ایک قسم کی سفیدی مائل چکنی مٹی جس سے کپڑوں کے چکنے دھبے دور کئے جاتے ہیں ۔

Smectymnuan : (n) (۱) ان پانچ مصنفوں میں سے کوئی ایک جنہوں نے اس نام سے کتاب لکھی ہے ۔ (۲) ان مصنفیں کا معتقد ۔

Smectymnuan : (a) Smectymnans سے متعلق ۔

Smeddum : (n) (۱) باریک سفوف ۔ (۲) دیکھو Smitham .

Smee : (n) [Obsecurely related to Smeath, Smew'.] بعض قسم کی بطخیں ۔

Smeech : (n) [ME. 'Smech'.] گہرا دھواں ۔

Smeech : (v) دھواں نکالنا ۔

Smeek : (v) [OE. 'Smeocan'.] دھونی دینا ؛ دم گھوٹنا ۔

Smegma : (n) [L.] جلد کی تہ میں صابن کی سی رطوبت (خصوصاً عضو تناسل کے اوپر کی جلد میں) ؛ شحمی رطوبت ؛ صابونیہ ۔

Smell : (n) (۱) قوت شامہ ؛ سونگھنے کی قوت ۔ (۲) بو ؛ باس ۔ (۳) بدبو ؛ بری بو ۔ (۴) نشان ؛ اشارہ ؛ جھلک ؛ کھوج ۔ (۵) سونگھنا ؛ سونگھنے کا عمل ۔

Smell : (v) [ME. 'Smelle'.] (۱) سونگھنا ؛ سونگھ کر معلوم کرنا ؛ بو محسوس کرنا ۔ (۲) کھوج لگانے کے لئے اِدھر اُدھر سونگھنا ؛ بو سے کھوج لگانا (کتے کا) ۔ (۳) (مجازاً) پتا چلا لینا ؛ سراغ لگا لینا ؛ بھید معلوم کر لینا ؛ بھید معلوم کرنے کی کوشش کرنا ؛ پتا چلانا ۔ (۴) بو دینا ؛ بو آنا ؛ بو ہونا (اچھی ، بری وغیرہ) ۔(۵)سڑ جانا ؛ بو آنے لگنا؛ اُپس جانا ۔ (۶) تاڑ جانا ؛ قرینے یا قیاس سے سمجھ جانا؛ اشارہ پانا ۔ (۷) سونگھ کر امتیاز کرنا (دو یا زیادہ چیزوں میں) ۔ (۸) سونگھ کر راستے کا پتا چلانا ۔ (۹) شائبہ رکھنا ۔

To smell a rat : (دھوکے یا فریب کا) شبہ کرنا ۔

To smell of the candle , lamp, oil etc. : (کتاب وغیرہ سے) ظاہر ہونا کہ راتوں کو جاگ کر لکھی گئی ہے ؛ آورد ہونا ۔

To smell powder : جنگ کا تجربہ ہونا ۔

To smell the ground : (کنارے پر پہنچنے کے بعد) جہاز کی رفتار سست ہو جانا ۔

Smell-feast : (n) (۱) مفت خور ؛ طفیلی ۔ (۲) خوشبودار کھانے کی دعوت (مہمانوں کی) ۔ (۳) دعوت کا پتا لگانے والا شخص ؛ بغیر بلائے دعوت میں شریک ہونے والا شخص ۔

Smell-less : (a) (۱) بے بو ۔ (۲) جس میں قوت شامہ نہ ہو ۔

Smell out : (v) (۱) ڈھونڈنا ؛ تلاش کرنا ؛ کھوج لگانا ۔ (۲) پہلے سے جان لینا ؛ قرینے یا قیاس سے سمجھنا یا سمجھ جانا ۔

Smell-smock : (n) بعض پودوں کا قدیم ۔

Smell up : (v) بدبو پھیلانا ۔

Smellable : (a) سونگھنے کے لائق ؛ جس کی بو محسوس ہو ۔

Smeller : (n) (۱) سونگھنے والا (خصوصاً جو قوت شامہ سے کام لے کر

معلوم کرتا اور پتا لگاتا ہے) ۔ (۲) (عام) ناک : (جمع) ناک کے نتھنے ۔ (۳) زور کا مکہ وغیرہ (خصوصاً ناک پر)۔ (۴) ملمس : جانوروں کی مونچھ یا سینگ جس سے وہ چیزوں کو محسوس کرتے ہیں ؛ (جانوروں کے منہ کے اطراف کے) سخت بال : ناک کے بال ۔

Smellful : (a) بدبو دار ۔

Smellfungus : (n) عیب جو : نکتہ چیں : حرف گیر ۔

Smellie : (n) وہ فلم جس میں مناظر کے ساتھ ساتھ بو بھی ہم وقت ہوا کرتی ہے ۔

Smelliness : (n) بودار ہونا ۔

Smelling : (a) بودار : بو والا : (خوش) بو ۔

Smelling : (n) (۱) بو ۔ (۲) سونگھنا ۔

Smelling bottle : (n) لخلخے کی شیشی : ناسدانی ۔

Smelling-salts : (n) لخلخہ جو نوسادر میں کوئی خوشبو ڈال کر بنتا ہے ۔

Smelly : (a) دیکھو Smellfull

Smelt : (n) [OE. 'Smelt, Smylt'.] (۱) سامن کی قسم کی چھوٹی مچھلی جو کھانے میں بہت لذیذ ہوتی ہے ۔ (۲) بعض دوسری قسم کی مچھلیاں ۔

Smelt : (v) [MLG. 'MDU, 'Smelten'.] (۱) کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنا : سودھنا : تصفیہ کرنا ۔ (۲) تپانا ۔

Smelt- : (Prefix) سابقہ بمعنی "تصفیہ" ۔

Smelt : (n) پگھلی ہوئی دھات ۔

Smelt : (n) [Origin unkn.] نصف گینی ۔

Smelt-furnace/ -house/ -mill : (n) وہ کارخانہ جہاں کچی دھات صاف کی جاتی ہے :تصفیہ خانہ : سودہ گھر ۔

Smelter : (n) (۱) تصفیہ گر : کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنے والا ۔ (۲) تصفیہ گری ۔

Smelter : (n) Smelt مچھلی پکڑنے والا ماہی گیر ۔

Smeltery : (n) وہ کارخانہ جہاں کچی دھات پگھلا کر صاف کی جاتی ہے : تصفیہ خانہ : سودہ گھر ۔

Smelting : (n) کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنا : تصفیہ : سودھنا ۔

Smeuse : (n) [Prob. blend of Smooth and meuse.] دیوار یا باڑ کا سوراخ : موکھا ۔

Smew : (n) [Du, 'Smient'.] ایک قسم کی بطخ جو مچھلیوں کو پکڑ کر کھاتی ہے ۔

Smicket : (n) [Dimunitive of Smock.] زنانہ قمیص : کرتی ۔

Smidgen/ Smidgeon /Smidgin/ Smidge : (n) [Prob. alter of Smitch.] تھوڑی مقدار : ٹکڑا ۔

Smift : (n) [Origin unkn.] (کان کنی) آہستہ جلنے والی دیاسلائی یا فتیلہ ۔

Smilacin : (n) [Fr.] (کیمیا) ایک سفید یا بے رنگ اور بے بو کا بلوری مادہ ۔

Smilax : (n) [L.] (۱) بیلوں کی بعض قسمیں جن میں سے بعض سے عُشبہ حاصل ہوتا ہے ۔ (۲) چوب چینی ۔

Smile : (n) (۱) تبسم : مسکراہٹ ۔ (۲) شادابی : تر و تازگی ۔ (۳) یاوری (تقدیر کی) ۔ (۴) شراب کا ایک جام (خصوصاً وہسکی کا) ۔

Smile : (v) [ME. 'Smilen'.] (۱) مسکرانا : تبسم کرنا ۔ (۲) کسی چیز پر خندہ زن ہونا : ہنسنا : مسکرانا ۔ (۳) تبسم سے ظاہر کرنا : مسکرا کر ادا کرنا (خیر مقدم ، رضا مندی ، تعریف وغیرہ) ۔ (۴) شاداب ہونا : تر وتازہ ہونا : مسرت چھائی ہوئی ہونا : مسرت سے لبریز ہونا ۔ (۵) یاوری کرنا: حسب مراد ہونا (تقدیر کا) ۔ (۶) شراب کا ایک جام پینا ۔ (۷) مسکرا کر لینا یا دور کر لینا ۔

To come up smiling : (n) ہمت نہ ہارنا ۔

Smileful : (a) پر تبسم ۔

Smileless : (a) (۱) بے تبسم : سنجیدہ ۔ (۲) سنجیدہ (الفاظ)۔ (۳) بے رونق : اداس : افسردہ : حزیں ۔

Smilelessly : (adv.) سنجیدگی سے : سنجیدہ طور پر ۔

Smiler : (n) (۱) مسکرانے والا ۔ (۲) (عام) ایک قسم کی مخلوط شراب ۔

Smiley / Smily : (a) مسکراتا ہوا : پر تبسم ۔

Smilingly : (adv.) ہنستے ہوئے : مسکرا کر : متبسم ہو کر ۔

Smilingness : (n) مسکراتا ہوا ہونا : پر تبسم ہونا ۔

Smirch : (v) [Origin unkn.] (۱) دھبا ڈالنا : میلا کرنا : گندہ کرنا ۔ (۲) (مجازاً) (عزت یا شہرت میں) داغ ، بٹا ، دھبا لگانا ۔

Smirch : (n) داغ : دھبا ۔

Smiris : (n) [Gr. 'Smyris'.] دیکھو Emery

Smirk : (n) بناوٹ یا حماقت کا تبسم یا ہنسی : کٹھ ہنسی ۔

Smirk : (a) صاف ستھرا : آراستہ پیراستہ : سجا سجایا : مزین : خوشگوار ۔

Smirk : (v) [OE.'Smearcian'.] (۱) بناوٹ یا حماقت سے ہنسنا : دانت نکال لینا ۔ (۲) دانت نکال کر بولنا ۔

Smirker : (n) بناوٹ یا حماقت کی ہنسی ہنسنے والا ۔

Smirkingly : (adv.) بناوٹ یا حماقت کی ہنسی ہنستے ہوئے ۔

Smirky : (a) صاف ستھرا : مسکراتا ہوا ۔

Smit : (v) [ME. 'Smitten'.] (۱) داغ ڈالنا : دھبا ڈالنا ۔ (۲) پرا گندہ کرنا : گندگی پھیلانا ۔

Smitch : (n) (۱) سیاہ داغ : دھبا ۔ (۲) (مجازاً) داغ بدنامی : بٹا : کالک کا ٹیکا ۔ (۳) ہلکا اشارہ : مشابہت ۔ (۴) گرد و غبار : کالک ۔

Smitch : دیکھو Smidgen

Smite : (n) ضرب : وار : ہاتھ (وار کا) : کوشش ۔

Smite : (v) [OE. 'Smitan'.] (۱) تباہ کر دینا : برباد کر دینا ۔ (۲) کاری ضرب لگانا : لات مارنا : (ساز) چھیڑنا ۔ (۳) مارنا : قتل کرنا : ہلاک کر دینا ۔ (۴) (بجلی وغیرہ کا) گرنا : برباد کر دینا ۔ (۵) پیٹنا : ٹکرا دینا : ٹکرانا ۔ (۶) (بیماری کا) لگ جانا : اثر کرنا : مبتلا ہونا (عشق میں) مبتلا کر دینا ۔ (۷) مغلوب کرنا (خواہش کا) ۔ (۸) یکایک آنا یا پہنچنا : آکر ٹکرانا ۔ (۹) سزا دینا : سرزنش کرنا ۔ (۱۰) (ضمیر ، دل وغیرہ کو) مضطرب کر دینا : پریشان کر دینا ۔ (۱۱) کاٹ ڈالنا : کاٹ کر الگ کر دینا : ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔ (۱۲) مار کر گھسا دینا : متصل کر دینا ۔ (۱۳) مار کر گرا دینا ۔ (۱۴) مارنا : ضرب لگانا ۔ (۱۵) گھس جانا : داخل ہونا ۔ (۱۶) (دھوپ وغیرہ کا) چمکنا : تاباں ہونا : درخشاں ہونا ۔

To smite one hip and thigh : سخت ہزیمت دینا ۔

Smiter : (n) (۱) مارنے والا ۔ (۲) ایک قسم کا کبوتر ۔

Smith : (n) [OE. 'Smip'.] دھات کا کام کرنے والا : دھات گر خصوصاً لوہار ۔

Smith : (v) [OE. 'Smipian'.] (۱) (اوزار ، ہتھیار وغیرہ) (آگ میں تپا کر اور ہتھوڑے سے پیٹ کر) بنانا ۔ (۲) ہتھوڑے سے پیٹ کر کسی خاص شکل میں گھڑنا ۔ (۳) لوہار کا کام کرنا : آہن گری کرنا ۔

Smitham/ Smeddum : (n) [OE.'Smed(e)ma'.] (۱) باریک سفوف ۔ (۲) خام سیسے کا باریک سفوف ۔ (۳) حوصلہ : جرأت : جذبہ : جوش ۔

Smithcraft : (n) دھات گری : آہن گری ۔

Smithereens : (n) [Ir. Gael. 'Smidirin'.] ذرے یا ذرات : ذرا ذرا سے ٹکڑے ، ریزے ۔

Smithers : (n) [Origin unkn.] دیکھو Smithereens

Smithery : (n) آہن گری : لوہاری : لوہار کا کام ۔

Smithfield : (n) (۱) لندن کا قصابہ (گوشت کا بازار) ۔ (۲) لندن میں ایک جگہ کا نام ۔

Smithian : (a) [f. Adam Smith.] آدم اسمتھ یا اس کے معاشیاتی نظریہ سے متعلق ۔

Smithing : (n) دھات گری : آہن گری ۔

Smithsonite : (n) [Named after James Smithson.] (۱) جست کا سلیکیٹ ۔ (۲) جست کا کاربونیٹ ۔

Smithy/ Smiddy : (n) [ON. 'Smisdja'.] لوہار کی بھٹی : لوہار کی دکان : آہن گری کا کارخانہ : لوہار خانہ ۔

Smithy : (v) آہن گری کا کام کرنا : لوہار کا کام کرنا ۔

Smitten : (a) (۱) پیٹا ہوا : مارا ہوا ۔ (۲) مغلوب : مبتلا ۔

Smittle : (a) وبائی ؛ متعدی ۔

Smittle : (v) چھوت لگانا ؛ متعدی مرض پھیلانا ۔

Smock : (n) [OE. 'Smoc'.] (۱) زنانہ قمیص ؛ کرتی ۔ (۲) دیکھو Smock-frock ۔

Smock : (v) (۱) کرتی پہنانا ؛ قمیص پہنانا ۔ (۲) (لباس پر) کڑھائی کی آرائش بنانا ۔

Smock : (n) (لباس پر) کڑھائی کی آرائش ۔

Smock-face : (n) زرد رو ؛ پیلے چہرے والا ؛ زن نما چہرے والا شخص ۔

Smock-faced : (a) زرد رو ؛ پیلے چہرے والا ؛ زن نما چہرے والا ۔

Smock-frock : (n) (کھیت کے) مزدوروں کا ڈھیلا سا کرتا جس کے بالائی حصے میں چنٹیں پڑی ہوتی ہیں ، یہ کپڑوں کے اوپر پہن لیا جاتا ہے ۔

Smock-frocked : (a) ڈھیلا سا کرتا پہنے ہوئے ۔

Smock-mill : (n) ایک قسم کی ہوائی چکی جس کا بالائی حصہ گھومتا رہتا ہے ؛ بالا گرد ؛ پون چکی ۔

Smock-race : (n) عورتوں کی دوڑ کا مقابلہ جس میں قمیص بطور انعام دی جاتی تھی ۔

Smocker : (n) بلاؤز پہنانے والا ؛ کڑھائی کی آرائش بنانے والا ۔

Smocking : (n) (لباس پر) کڑھائی کی آرائش ۔

Smockless : (a) بے قمیص کا ۔

Smog : (n) [Blend of smoke & fog.] (۱) دودی دھند ۔ (۲) دودی دھند سے مشابہ کوئی چیز ۔

Smoggy : (a) دھندلا ۔

Smokable/ Smokeable : (a) پینے کے قابل (سگریٹ ، حقہ وغیرہ) ۔

Smokable/ Smokeable : (n) پینے کے قابل چیز (حقہ ، سگریٹ وغیرہ) ۔

Smoke : (n) [OE. 'Smoca'.] (۱) دھواں ؛ دخان ؛ دود ؛ کہر ۔ (۲) یئو(Yew) کا زرگل ۔ (۳) بھاپ ؛ بخارات ۔ (۴) دھند ؛ کہرا ۔ (۵) سگریٹ ؛ سگار ؛ تمباکو ۔ (۶) سگریٹ ، سگار ، حقے وغیرہ کے چند کش ۔ (۷) گھٹیا قسم کی شراب ۔ (۸) رفتار ۔ (۹) نیگرو ؛ حبشی ۔ (۱۰) ایک قسم کی پالتو بلی ۔ (۱۱) تمباکو نوشی کی مہلت (کام کے دوران) ۔

Cape smoke : جنوبی افریقہ کی گھٹیا قسم کی شراب ۔

Like smoke : تیزی سے ؛ بہت جلد ؛ بلا دقت ؛ ہوا کی طرح ؛ آسانی سے ۔

There is no fire without smoke or no smoke without fire : تانبا شد چیز کے مردم نہ گویند چیز ۔

The (big) smoke : لندن ۔

To come to, end in, vanish into smoke : بے کار جانا ؛ اکارت جانا ؛ ناکام رہنا ۔

To sell smoke : ٹھگنا ؛ فریب دینا ۔

Smoke : (v) (۱) دھواں نکلنا ؛ دھواں اٹھنا ؛ سلگنا ۔ (۲) بخارات اٹھنا ؛ ابخرات نکلنا ؛ بھاپ نکلنا ۔ (۳) دھواں دینا (آگ یا دود کش کا دھواں باہر نکالنے کی جگہ کمرے میں نکالنا) ۔ (۴) دھوئیں سے خراب کر دینا ؛ خراب ہو جانا ؛ دھوئیں سے کیڑوں وغیرہ کو مارنا یا دور کرنا ۔ (۶) دھوئیں میں سکھا کر محفوظ رکھنا ۔ (۷) حقہ پینا ؛ سگار یا سگریٹ ، مدک چانڈ وغیرہ پینا ۔ (۸) تمباکو نوشی میں کوئی حالت طاری ہو جانا (بیماری وغیرہ) ۔ (۹) (روز مرہ ، اسکول کے لڑکوں کا) شرما جانا ؛ شرم سے چہرے پر سرخی دوڑ جانا ۔ (۱۰) تاڑنا ؛ بھانپ جانا یا لینا ۔ (۱۱) ہنسی اڑانا ؛ بے وقوف بنانا ۔ (۱۲) دھواں کر کے بھگانا ۔ (۱۳) دیکھنا ؛ ملاحظہ کرنا ۔ (۱۴) (پائپ وغیرہ کا) پیا جانا ۔ (۱۵) بھاگ جانا ؛ لاپتا ہو جانا ؛ روپوش ہو جانا ۔ (۱۶) مٹی کی ہدف نما طشتری (جو پکی ہوئی مٹی سے بنتی ہے) چور چور کر دینا یا اس کا چور چور ہو جانا ۔

Smoke-arch : (n) ریل کے انجن کا دود خانہ ۔

Smoke-ball : (n) (۱) دخانی گولا ؛ ایک قسم کا گولا جس میں سے گہرا دھواں نکلتا ہے اور یہ اپنی نقل و حرکت دشمنوں سے چھپانے کے لئے چھوڑا جاتا ہے ۔ (۲) وہ گولا جو جانوروں کو گھیر کر شکار کرنے میں چھوڑا جاتا ہے ۔

Smoke-black : (n) کاجل ۔

Smoke-bomb : (n) دود خیز بم ؛ دخانی بم ۔

Smoke-box : (n) دود خانہ ۔

Smoke-chamber : (n) دیکھو Smoke-box

Smoke-dried : (a) دھوئیں میں خشک کیا ہوا۔

Smoke-dry : (v) دھوئیں میں سکھا کر محفوظ کرنا یا (سوکھ کر محفوظ) ہونا۔

Smoke-farthing : (n) (۱) ایک قسم کی نذر، چڑھاوا جو نشیب کے تعلقہ کے کنبے والے کلیسا کو دیا کرتے تھے۔ (۲) خانہ داری یا محصول۔

Smoke-glass : (n) دھندلے شیشے کا تال (دور بین کا)۔

Smoke-helmet : (n) آگ بجھانے والے کا خود۔

Smoke-hole : (n) (۱) دھوئیں کی نالی؛ دود کش۔ (۲) دیکھو Fomarole۔

Smoke-house : (n) (۱) دباغت کے کارخانے کا وہ کمرہ جس میں چمڑے سے بال کو صاف کیا جاتا ہے۔ (۲) وہ جگہ جہاں چیزوں کو دھوئیں کے ذریعے محفوظ کیا جاتا ہے۔

Smoke-jack : (n) وہ مشین جو دود کش کی ہوا کی مدد سے سیخ کو الٹتی پلٹتی رہتی ہے؛ سیخ چرخی۔

Smoke-mask : (n) دیکھو Smoke-helmet

Smoke-oh : (n) (آسٹریلیا) وقفہ؛ فرصت؛ مہلت۔

Smoke out : (v) (۱) (چھپنے کی جگہ سے) دھواں کے ذریعے باہر نکالنا۔ (۲) ظاہر کرنا؛ منکشف کرنا۔

Smoke-sail : (n) (بحری) دھواں روک بادبان۔

Smoke-screen : (n) (فوج) دھوئیں کی آڑ (فوج کی حرکت کو دشمنوں سے چھپانے کے لئے) پردہ ڈالنے، گڈمڈ کرنے یا گمراہ کرنے والی چیز۔

Smoke-stack : (n) (۱) جہاز کا دود کش؛ ریل کے انجن کا دود کش۔ (۲) اسٹو وغیرہ کا دود کش۔

Smoke-test : (n) نالی یا ٹیپ وغیرہ کو جانچنے کا ایک طریقہ۔

Smoke tree : (n) ایک خوشنما جھاڑی جس کے پھلوں کے گچھے پروں کی طرح ہوتے ہیں اور دور سے ان پر دھوئیں کا شبہ ہوتا ہے۔

Smoke up : (v) دھوئیں سے بھر دینا۔

Smokeless : (a) بے دھوئیں کا۔

Smokelessly : (adv.) بے دھوئیں کے۔

Smokelessness : (n) بے دھوئیں کا ہونا۔

Smokelike : (a) دھوئیں جیسا؛ دھوئیں سے مشابہ۔

Smoker : (n) (۱) (مچھلی وغیرہ) دھوئیں میں سکھا کر محفوظ کرنے والا۔ (۲) دھواں چھوڑنے والا (دودکش، ریل کا انجن وغیرہ)۔ (۲) حقہ؛ تمباکو وغیرہ کا عادی؛ تمباکو نوش۔ (۴) ریل میں تمباکو پینے کا ڈبہ۔ (۵) گانے وغیرہ کا جلسہ جس میں تمباکو پینے کی اجازت ہو؛ تفریحی صحبت کے لئے مردوں کا اجتماع۔

Smokily : (adv.) دھواں دیتے ہوئے۔

Smokiness : (n) دھوئیں سے بھرا ہونا؛ دھندلاپن؛ دھوئیں سے کالا ہونا۔

Smoking : (n) (حقہ، سگریٹ وغیرہ) پینا۔

Smoking : (a) دھواں دینے والا۔

Smoking-bean : (n) ایک قسم کی پھلی جس کے ڈوڈے کو لڑکے سگریٹ کی طرح پیتے ہیں۔

Smoking-car : (n) (ریل میں) تمباکو پینے کا ڈبہ۔

Smoking concert : (n) گانے کا جلسہ جس میں تمباکو پینے کی اجازت ہو۔

Smoking-jacket : (n) خوشنما جیکٹ جو کھانے کے بعد تمباکو پینے کے وقت استعمال کرتے ہیں۔

Smoking-room : (n) (ہوٹل وغیرہ کا) تمباکو پینے کا کمرا۔

Smoking room : (a) گندہ؛ فحش۔

Smoking stand : راکھ دان رکھنے کا ٹیکن۔

Smokingly : (adv.) دھواں دیتے ہوئے۔

Smokish : (a) کسی قدر دھندلا۔

Smoko : (n) (آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ میں) تمباکو نوشی کی مہلت۔

Smoky : (a) (۱) دھواں دینے والا؛ جس میں سے دھواں نکلتا ہو۔

(۲) دھوئیں سے ڈھکا ؛ دھوئیں سے بھرا ۔ (۳) دھندلا ؛ دھوئیں جیسا ۔ (۴) دھوئیں سے کالا ؛ دھوئیں کے رنگ کا ۔ (۵) دھوئیں کا مزا رکھنے والا ؛ دھوئیندا ۔ (۶) تمباکو نوشی کا عادی ۔

Smoky : (n) (۱) ایک قسم کی گوریا ۔ (۲) دھواں دے کر سکھائی ہوئی ایک قسم کی مچھلی ۔ (۳) ایک قسم کی بلی ۔

Smoky quartz : (n) دودی گار ۔

Smoky topaz : (n) دودی پکھراج ۔

Smolder : (n) [ME.] (۱) دھواں ؛ گرد و غبار ؛ داغ ؛ دھبا ۔ (۲) آہستہ سلگنے یا سلگانے والی آگ ۔ (۳) گل نرگس کے بصلے کی ایک بیماری ۔

Smolder : (v) (۱) آہستہ آہستہ جلنا ؛ بغیر شعلے کے جلنا سلگنا ؛ اندر اندر ہی جلنا ، سلگنا ۔ (۲) (جذبات کا) دل میں چھپا یا دبا ہونا ؛ اندر اندر ہی کام کرنا ؛ اندر اندر ہی بھڑکتے رہنا ۔

Smolt : (n) [ME.] (۱) دوسرے سال کی سامن مچھلی ۔ (۲) (مجازاً) چھوٹا شخص یا چیز ۔

Smolt : (a) [ME.] پر سکون ؛ پر اطمینان ۔

Smooch : (v) آلودہ کرنا ؛ گندہ کرنا ؛ میلا کرنا ۔

Smooch : (n) داغ ؛ دھبا ۔

Smooch : (v) [alt. of 'Smouch'.] بوسہ لینا ؛ لاڈ پیار کرنا ۔

Smooch : (n) بوسہ ؛ چوما ۔

Smoochy : (a) داغدار ؛ دھبے لگا ۔

Smoodge/ Smooge : (v) [Alter of 'Smouch'.] (۱) خوشامد کرنا ؛ خوشنودی حاصل کرنا ؛ چکنی چپڑی باتیں کرنا ۔ (۲) بوسہ لینا ؛ لاڈ پیار کرنا ۔

Smoor : کثیف دھواں ۔

Smoorich : (n) [Imitative.] چھپ چھپا کر ؛ پوشیدہ طور پر لیا ہوا بوسہ ۔

Smoot : (v) [Origin unkn.] کسی گھر میں بے ضابطہ طور پر کام کرنا (باضابطہ ملازم نہ ہو کر) ۔

Smoot : (n) [of Scand. origin.] تنگ راستہ خصوصاً جس سے چھوٹے جانور رینگ رینگ کر گزر سکیں ۔

Smooth : (n) (۱) (بحری) (متلاطم سمندر کا) قدرے ساکن حصہ ۔ (۲) کسی چیز کا چکنا حصہ ؛ چکناہٹ ؛ ہمواری ۔ (۳) ساکن پانی ؛ ہموار زمین ۔ (۴) (کسی چیز کا) خوشگوار یا لطیف رخ ۔ (۵) چکنا کرنا ؛ ہموار کرنا ۔ (۶) چکنا کرنے والی چیز ؛ ریتی ۔ (۷) ٹینس کے بلے کا وہ رخ جس میں تانت کی گرہیں ہوتی ہیں ۔

Smooth : (a) [OE. 'Smop'.] (۱) چکنا ؛ ہموار ۔ (۲) ساکن (پانی کی سطح) ۔ (۳) سلیس ؛ لطیف ؛ خوشگوار ۔ (۴) قائم ؛ ٹھنڈا ۔ (۵) (نباتیات) بے مو ؛ چکنا ۔ (۵) یکساں ۔ (۶) ہلکے مزے کی (شراب) ۔ (۸) (مزاج) نرم ؛ ٹھنڈا ؛ پر سکون ؛ پر اطمینان ۔ (۹) (انداز یا طریقہ) شائستہ ؛ با اخلاق ؛ مصالحت آمیز ؛ خوشامدانہ ۔ (۱۰) رواں ؛ آسان ؛ سہل ۔

To take smooth : آسان بنانا ؛ سہل بنانا ۔

Smooth : (adv.) دیکھو Smoothly

Smooth(-)bore : (n) توپ یا بندوق جس کی نال اندر سے چکنی ہوتی ہے ؛ معمولی بندوق ۔

Smooth(-)bore : (a) معمولی نال کی ؛ چکنی نال والی (بندوق ، توپ وغیرہ) ۔

Smooth-breathing : (n) (یونانی گرامر) لفظ کی ابتدا میں حرف علت کی آواز جس میں ہائے ہوز کا میل نہ ہو ۔

Smooth chance : (n) (متلاطم سمندر کا) ساکن حصہ ۔

Smooth-chinned : (a) بے ریش ؛ امرد ۔

Smooth-faced : (a) (۱) جس کا چہرہ بال ، جھریوں سے خالی ہو ؛ بے داڑھی ؛ بے ریش کا ؛ امرد ۔ (۲) (مجازاً) تملق سے پیش آنے والا ؛ ظاہر داری برتنے والا ۔ (۳) (مجازاً بظاہر معقول (الفاظ وغیرہ) ؛ بظاہر صحیح ۔ (۴) چکنا ؛ چکنی (چیز) ۔

Smooth-running : (a) آسانی سے چلنے والا ۔

Smooth-shaven : (a) داڑھی مونچھ منڈا ہوا ۔

Smooth-spoken : (a) چرب زبان ؛ چکنی چپڑی باتیں بنانے والا ۔

Smooth-tongued : (a) دیکھو Smooth-spoken

Smooth(e) : (v) (۱) ہموار کرنا ؛ مسطح کرنا ؛ برابر کرنا ؛ سلکن کرنا (سمندر کو) ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ سکون پر لانا (مزاج کو) ۔ (۲) سہل کرنا ؛ آسان کرنا ، بنانا ؛ حل کرنا (مشکل کو)۔ (۳) سہل اور خوشگوار بنانا ۔ (۴) غلطی یا قصور کی پردہ پوشی کرنا ؛ لیپا پوتی کرنا ۔ (۵)سلکن ہو جانا (سمندر کا) ۔ (۶) استری کرنا ۔ (۷) (پر یا بال کو) سنوارنا ۔ (۸) شائستہ بنانا ۔ (۹) تسکین پہنچانا ؛ (جرم وغیرہ کو) خفیف ثابت کرنا ۔

Snuggle : (v) (۱) (گرمی کی خاطر) قریب ہو جانا : بھچ یا گھس کر بیٹھنا ۔ (۲) (کسی سے) ہم آغوش ہونا : ہم کنار ہونا : بغلگیر ہونا : (آگ وغیرہ کا) قریب ہونا ۔ (۳) (عمارت کا) قریب قریب ہونا ۔

Snugly : (adv.) بڑے آرام سے ۔

Snugness : (n) آرام دہ ہونا : آرام سے ہونا ۔

Snum : (v) [Origin unkn.] اعلان کرنا ۔

Snurl : دیکھو Snirl

Snurp : (v) [Of Scand origin.] چرمر ہو جانا : ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ۔

Snuzzle : (v) [Blend of Snug and Nuzzle.] چمٹ کر بیٹھنا : بھچ کر بیٹھنا ۔

Sny : (v) [Origin unkn.] افراط ہونا : بہتات ہونا ۔

Sny : (v) [Origin unkn.] اوپر کی طرف مڑنا ۔

So : (adv.) [OE. 'Swa'.] (۱) اتنا : اس قدر : اس طرح : یوں : اسی قدر : اسی طرح : علیٰ ہذاالقیاس ۔ (۲) واقعی : در اصل ۔ (۳) وہی : اسی طرح : ویسا ہی ۔ (۴) یوں ہی سہی : یہی سہی ۔ (۵) اس حد تک ۔ (۶) اس لئے ۔ (۷) بھی ۔ (۸) بہت : بے حد : بے انتہا : حد سے زیادہ ۔

And so on : وغیرہ وغیرہ : ازیں قبیل ۔

And so forth : وغیرہ وغیرہ : وغیرہم ۔

Or so : یا کچھ کم و بیش : کچھ بہت اچھا نہیں ۔

So to speak : گویا ۔

So what : تو کیا ؟

So : (Conj.) (۱) اس لئے : نتیجتاً : تاکہ ۔ (۲) بشرطیکہ : اگر ۔ (۳) اس لئے : اس درجہ سے : لہٰذا : پس : چنانچہ ۔ (۴) اور ۔ (۵) بس : بس یہیں ۔

So : (a) (۱) صحیح : درست ۔ (۲) ترتیب میں ۔

So : (Pronoun) (۱) وہی ۔ (۲) یہ ۔ (۳) ایسا ہی ۔

So-and-so : (n) (۱) فلاں فلاں (شخص یا چیز) ۔ (۲) بیہودہ نامعقول شخص ۔

So-and-so : (a) حقیر : معمولی : ناکارہ : یونہی سا ۔

So-and-so : (n) کسی حد تک : کسی طرح سے ۔

So-called/ So called : (a) نام نہاد : مفروضہ ۔

So as : (Conj.) (۱) بشرطیکہ ۔ (۲) اس طرح کہ ۔

So ave/ Soavemente : (adv.) [It.] (موسیقی) ہلکے ہاتھ سے : لطافت سے : سبک انداز سے ۔

So being : (Conj.) بشرطیکہ ۔

So far as : (Conj.) جبتک کہ : جہاں تک : جس حد تک کہ ۔

So-help : خدا کی قسم : انشاء اللّٰہ ۔

So long : (Interj.) خدا حافظ : فی امان اللّٰہ ۔

So long as : (Conj.) اگر : بہ شرطیکہ ۔

So-lunar : (a) شمسی قمری ۔

So many : (a) بہت : سارے ۔

So-much : (adv.) اتنا ہی : اسی قدر ۔

So much : (a) (۱) مثل ۔ (۲) کم و بیش ۔

So much : (Pron.) (۱) غیر مقرر شدہ : غیر واضح چیز ۔ (۲) بس یہی : بس اتنا ہی ۔

So much as : (adv.) بھی : تک : یہاں تک کہ ۔

So-so/ So so : (adv.) خاصا : اس طرح کہ کام چل جائے ۔

So so/ So-so : (a) کچھ یوں ہی سا : معمولی : اچھا نہیں ۔

So-so-ish : (a) بہت معمولی سا ۔

So that : (Conj.) کہ : تاکہ : چنانچہ ۔

Soak : (n) (۱) جذب کرنا یا ہونا ۔ (۲) خیساندے کا پانی : وہ رقیق جو کسی چیز کو ملائم کرنے کے لئے استعمال کیا جائے ۔ (۳) وہ ظرف جس میں چمڑے کو ڈال کر ملائم بناتے ہیں ۔ (۴) ٹپکاؤ : رساؤ ۔ (۵) بہت شراب پینے والا : خم کے خم چڑھانے والا ۔ (۶) شراب کا دور ۔ (۷) عارضی دلدل (جو کسی جگہ پانی کے مسلسل گرنے سے بن جاتی ہے) ۔

Soak : (v) [OE. 'Socian'.] (۱) پی لینا ؛ سوکھ لینا ؛ جذب کر لینا ۔ (۲) اچھی طرح بھگونا ؛ بھیگنا ؛ تر بتر ہونا ؛ تر بتر کرنا ؛ ڈبونا ۔ (۳) سر سے پیر تک بھگو دینا ؛ شرابور کر دینا (کسی سیال چیز میں) ۔ (۴) (رطوبت کا) کسی چیز میں سرایت کرنا ؛ جذب ہونا ۔ (۵) بہت سی شراب پینا؛ خم کے خم لنڈھانا یا چڑھانا ۔ (۶) رسنا؛ ٹپکنا ۔ (۷) (روئی وغیرہ) اچھی طرح سینکنا ۔ (۸) بری طرح مارنا ؛ اچھی طرح سرزنش کرنا ۔ (۹) بہت دیر تک گرم کرنا (دھات وغیرہ کو) ۔ (۱۰) سستی اجرت پر بیٹری چارج کرنا ۔ (۱۱) چوس لینا ۔

To soak it : سزا دینا ۔

To soak one's clay : بہت ہی شراب پینا ؛ جام کے جام لنڈھانا ۔

Soakage : (n) (۱) رسی ہوئی رطوبت ؛ رسی ہوئی چیز ؛ خارج شدہ رطوبت ۔ (۲) جذب کیا ہوا رقیق مادہ ۔ (۳) جذب ہونا ؛ انجذاب ؛ سرایت کرنا ؛ نفوذ ؛ رساؤ ۔

Soakaway : (n) جاذب بدر رو ۔

Soaker : (n) (۱) بھگونے والا ؛ بھیگنے والا ؛ جذب کرنے والا؛ جاذب ۔ (۲) بہت پینے والا ؛ شرابی ۔ (۳) ایسی بارش جو بھگو دے ؛ زور کی بارش ؛ زور کا جھالا یا چھینٹا ۔ (۵) اونی کپڑے کو بھاپ کے ذریعہ سکڑنے دینے والا ۔ (۶) چمڑے کو صاف کرنے کے لئے بھگونے والا ۔ (۷) اون کا جاذب غلاف (بچوں کے رومال کے طور پر استعمال ہوتا ہے) ۔

Soaking : (n) (۱) بھگونا یا بھگویا جانا ۔ (۲) (جمع) رس کر نکلنے والا یا سیال مادہ ۔ (۳) (آہن سازی) ایک خاص عمل جس کے ذریعہ حرارت کو ڈلے کے ڈھیر میں یکساں طور پر پھیلا دیا جاتا ہے ۔

Soaking : (a) (۱) بھگو دینے والی ؛ زور کی (بارش) ۔ (۲) بھیگا ہوا ۔

Soaking : (adv.) مکمل طور پر ؛ پوری طرح سے ۔

Soaking pit : (n) جاذب گڑھا ۔

Soakingly : (adv.) (۱) آہستہ آہستہ ؛ بتدریج ۔ (۲) بھگوتے ہوئے ۔

Soam : (n) [OFr. 'Some'.] (۱) رسی یا زنجیر جس سے گھوڑے کو گاڑی سے باندھتے ہیں ؛ راس ۔ (۲) (کوئلے کی کان میں) ٹب کو کھینچ کر لانے کی رسی یا زنجیر ۔

Soap : (n) [OE. 'Sape'.] صابن ؛ صابون ۔

No soap : بیکار ؛ لاحاصل ۔

Soap : (v) (۱) صابن لگانا ؛ صابن ملنا ۔ (۲) (عام) خوشامد کرنا ۔

Soap-bark : (n) ایک نباتی عنصر جو بعض درختوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Soap-berry / Soapberry : (n) (۱) رینٹھ ؛ ریٹھا ؛ بندق ۔ (۲) رینٹھ جیسے دوسرے درخت ۔

Soap-boiler : (n) (۱) صابن ساز ؛ صابن بنانے والا ۔ (۲) صابن بنانے کی پرات ؛ صابن گرم کرنے کا برتن ۔

Soap-boiling : (n) صابن سازی ؛ صابن گرم کرنا ۔

Soap-box : (n) (۱) صابن رکھنے کا ڈبہ ؛ صابن دانی ۔ (۲) وہ ڈبہ جس میں بند کر کے صابن برآمد کیا جاتا ہے ؛ صابن کا بکس ۔ (۳) عارضی پلیٹ فارم جس پر سے خود ساختہ یا بے تکلف مقرر بر جستہ تقریر کرتے ہیں ۔

Soap-box : (a) (۱) صابن کے ڈبے کی طرح کا ؛ صابن دانی جیسا ۔ (۲) بازاری (تقریر وغیرہ) ؛ گشتی ۔

Soap-boxer : (n) گشتی مقرر ۔

Soap-bubble : (n) صابن کا بلبلا ۔

Soap-case : (n) صابن دانی ؛ صابن رکھنے کا ڈبہ ۔

Soap-cerate : (n) ایک قسم کا مرہم جو جست ، صابن اور جست کے اسی ٹیٹ اور سوڈے سے بنتا ہے ۔

Soap-dish : (n) بے ڈھکن کی صابن دانی ۔

Soap-fat : (n) باورچی خانے کی بچی کھچی چیزیں جو صابن سازی میں کام آتی ہیں ۔

Soap-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Soap-flakes : (n) صابن کی پپڑی ۔

Soap-fruit : (n) رینٹھ یا اس قسم کے دوسرے پھل (جو صابن کی بجائے کام آتے ہیں) ۔

Soap-liniment : (n) مالش کی دوا جو صابن ، کافور وغیرہ سے بنتی ہے ۔

Soap-maker : (n) صابن ساز ۔

Soap-making : (n) صابن سازی۔

Soap-nut : (n) دیکھو Soap-berry

Soap-opera : (n) ریڈیو یا ٹیلی ویژن میں کھیلا جانے والا ادنیٰ اور جذباتی قسم کا مسلسل ڈرامہ۔

Soap-plant : (n) صابونیہ : ریٹھا یا ایسے ہی دوسرے پودے جن سے صابن کی بجائے کام لیا جاتا ہے۔

Soap-plaster : (n) صابونی پلاسٹر۔

Soap-root : (n) دو قسم کے درختوں کا نام جو دھلائی کے کام میں آتے ہیں۔

Soap-saver : (n) تار کا بنا ظرف جس میں صابن کے چور کو رکھ کر جھاگ بناتے ہیں۔

Soap-stock : (n) شحمی مادہ جس سے صابن بنتا ہے۔

Soap-stone : (n) سنگ صابن : گل صابن۔

Soap(-) suds : (n) آب صابن خصوصاً صابن آمیز پانی جس میں کپڑا دھویا گیا ہو۔

Soap-test : (n) پانی کے کھارے پن کو جانچنے کا ایک طریقہ۔

Soap-tree : (n) بعض قسم کے درخت یا پودے جن کی جڑیں، پتیاں یا پھل صابن کے نعم البدل کا کام دیتے ہیں : ریٹھا : ریٹھے کا درخت۔

Soapery : (n) صابن بنانے کا کارخانہ۔

Soapily : (adv.) (۱) چکنائی کے ساتھ : صابن کی طرح۔ (۲) تملق سے: چاپلوسی سے۔

Soapiness : (n) (۱) صابونیت : صابن کا مزہ وغیرہ۔ (۲) تملق : چاپلوسی۔

Soapless : (a) (۱) بے صابن کا۔ (۲) بے دھویا : گندا۔

Soapwort : (n) بعض قسم کے پودے جن سے صابونی عنصر نکلتے ہیں۔

Soapy : (a) (۱) صابن لگا ہوا : صابن دار۔ (۲) صابن ملا ہوا : صابن آمیز۔ (۳) صابن جیسا۔ (۴) صابن کا مزہ رکھنے والا۔ (۵) چکنا : ملائم۔ (۶) خوشامدی : چاپلوسی : چرب زبان : خوشامدانہ : چکنی چپڑی۔

Soar : (n) (۱) حد پرواز۔ (۲) بلند پروازی۔

Soar : (v) [Fr. 'Essorer'.] (۱) بلندی پر اڑنا : بہت اونچا اڑنا : ہوا میں تیرنا۔ (۲) (مجازاً) ترقی کرنا : بلند ہونا : ابھرنا۔ (۳) بہت اونچائی پر جانا۔ (۴) بہت اونچا ہونا (عمارت، پہاڑ وغیرہ کا)۔ (۵) اونچا اڑانا : اونچا جانا۔ (۶) چڑھانا۔ (۷) بلند آواز سے گانا۔ (۸) تیزی سے جانا۔

Soarer : (n) اونچا اڑنے والا : بلند پرواز۔

Soaring : (n) اونچا اڑنا۔

Soaringly : (adv.) اونچا اڑتے ہوئے : بلند پروازی کرتے ہوئے۔

Sob : (n) (۱) سسکی : سبکی۔ (۲) سسکی کی آواز۔

Sob : (v) [ME. 'Sobben'.] (۱) سبکی لینا : سبکنا : روتے ہوئے ہچکی لینا : سسکی بھرنا۔ (۲) سسکنا۔ (۳) سسکی بھر کر کہنا۔

Sob : (v) بھگونا : ڈبونا : تر بتر کرنا۔

Sob : (n) حرامی شخص : بد معاش آدمی۔

Sob-sister : (n) (۱) گریہ آور قصہ نویس۔ (۲) ناتجربہ کار نیک کام کرنے والا۔

Sob-story : (n) (۱) گریہ آور قصہ۔ (۲) (ہمدردی حاصل کرنے کے لئے) گھڑا ہوا گریہ آور حصہ۔

Sob-stuff : (n) (عام) دلگذار قصہ : پر جذبات تحریر : گریہ آور تحریر۔

Soba : (n) [Jap.] (جاپان) آٹے اور انڈے کی بنی سویاں۔

Sobbed : (a) تر بتر : بھیگا ہوا۔

Sobbing : (n) سسکی : سبکی۔

Sobbingly : (adv.) سسکی لے کر : سبک کر۔

Sobby : (a) بھیگا ہوا : تر بتر۔

Sobeit : (Conj.) اگر : بشرطیکہ۔

Sober : (a) [Fr. 'Sobre'.] (۱) ہوشیار (مست کی ضد): جو نشے میں نہ ہو۔ (۲) (شراب کے استعمال میں) اعتدال پسند : محتاط۔ (۳) سنجیدہ : متین : معقول : سلجھا ہوا :

فرزانہ : معتدل : ہوشمند : ٹھنڈی طبیعت کا : ضابط : قائم مزاج ۔ (۳) سنجیدہ : پر سکون : پر اطمینان : ہوش مندی کا : باہوش ۔ (۵) صوفیانہ (رنگ) ۔ (۶) کمزور : ناتواں ۔ (۷) منکسر ۔

In sober earnest : بلا مبالغہ : حقیقت میں ۔

Sober : (v) ہوش میں لانا : ٹھنڈا کرنا : اعتدال پر لانا : وحشت دور کرنا یا ہونا : سنجیدگی پیدا کرنا : آنکھیں کھول دینا : خام خیالی : غفلت وغیرہ دور کرنا ۔

Sober-minded : (a) متین : اعتدال پسند : ضابط : ہوش مند : معقول ۔

Sober-mindedness : (n) اعتدال پسندی : ہوش مندی : معقولیت ۔

Soberize : (v) دیکھو Sober

Soberly : (adv.) سنجیدگی سے : ہوشمندی سے : معقول طریقے سے : سکون سے ۔

Soberness : (n) اعتدال پسندی : سنجیدگی : متانت : معقولیت : ہوش مندی ۔

Sobersided : (a) (۱) سلیم الطبع : سنجیدہ : متین ۔ (۲) اپم : بھاری بھرکم : جچاتلا ۔

Sobersides : (n) سلیم الطبع شخص : سنجیدہ شخص ۔

Sobful : (a) سسکیوں سے بھرا : سسکی بھرنے والا ۔

Soboles : (n) [L. 'Soboles.'] (۱) (نباتیات) کلہ : شاخ ۔ (۲) زیر زمین شاخ ۔

Soboliferous : (a) (نباتیات) کلہ خیز ۔

Sobriety : (n) [OFr. 'Sobriete' or L. 'Sobrietas'.] (۱) ہوشیاری : نشے میں نہ ہونا ۔ (۲) (شراب کے استعمال میں) اعتدال پسندی ۔ (۳) سنجیدگی : متانت : معقولیت : فرزانگی : ہوش مندی : ٹھنڈی طبیعت : ضبط : قائم مزاجی : استقلال : مستقل مزاجی ۔

Sobriquet : (n) [Fr.] عرف : فرضی نام ۔

Soc : (n) [Var. of 'Soke'.] مقامی حلقۂ اختیار ۔

Socage : (n) [AFr. 'Socage'.] (۱) جاگیر داری نظام کا اصول جس میں کاشتکار کو لگان دینا پڑتا ہے یا مالک کی کوئی اور خدمت کرنی پڑتی ہے : جاگیر بعوض خدمت ۔ (۲) لگان جو کاشتکار کو دینا پڑتا ہے ۔

Free and common socage : عام جاگیر داری نظام جس میں کاشتکار کو لگان دینا پڑتا ہے یا مالک کی کوئی اور خدمت کرنی پڑتی ہے ۔

Soccer / Socker : (n) [f. Assoc. (Start for Association) + er.] فٹ بال کی ایک قسم : ایک کھیل جس میں گیند کو ہاتھ نہیں لگاتے ہیں۔

Sociability : (n) (۱) ملنساری : آشنا مزاجی : یار باشی : صحبت پسندی : موانست ۔ (۲) (حیوانیات) غولی رجحان ۔

Sociable : (a) [Fr. or L. 'Sociabilis'.] (۱) یار باش : ملنسار : صحبت پسند : آشنا مزاج ۔ (۲) بے تکلف : دوستانہ ۔

Sociable : (n) (۱) ایک قسم کی بگھی (جس کی نشستیں پہلو میں آمنے سامنے ہوتی ہیں) ۔ (۲) تین پہیوں کی سائیکل یا ہوائی جہاز جس میں دو آدمی ایک دوسرے کے مقابل بیٹھ سکتے ہیں ۔ (۳) شام کی بے تکلف صحبت خصوصاً کلیسا کا سماجی اجتماع ۔ (۴) "S" کی شکل کا صوفہ جس پر دو آدمی جزوی طور پر آمنے سامنے بیٹھتے ہیں ۔

Sociablenss : (n) ملنساری : یار باشی : آشنا مزاجی ۔

Sociably : (adv.) ملنساری سے : آشنا مزاجی سے ۔

Social : (a) [Fr. or L. 'Socialis'.] (۱) گروہ پسند : مل کر رہنے والا (جانور) : غولی ۔ (۲) حلیفوں کا : (جنگ) جو حلیفوں سے ہو ۔ (۳) مل کر اگنے والے (پودے) معاشرت پسند : مدنی الطبع (انسان) ۔ (۵) اجتماعی : سماجی : عمرانی : معاشرتی : معاشری ۔ (۶) رسمی : تکلفی ۔

Social : (n) تفریحی صحبت (کسی کلب وغیرہ کی) ۔

Social action : (n) سماجی و معاشرتی بہبود کا منظم اجتماعی پروگرام ۔

Social anthropology : (n) عمرانی بشریات : ناخواندہ سوسائیٹوں کی سماجی صنعت کا مطالعہ ۔

Social bees : (n) ایک ہی چھتے میں رہنے والی شہد کی مکھیاں ۔

Social birds : (n) وہ پرند جو قریب قریب گھونسلے بناتے ہیں ۔

Social climber : (n) وہ شخص جو سماج میں زیادہ اونچا مقام حاصل کرنے کی کوشش کرے ۔

Social compact : (n) دیکھو Original contract

Social contract : (n) دیکھو Original contract

Social control : (n) سماجی ضبط ۔

Social democracy : (n) اشتراکی جمہوریت ۔

Social Democraft : (n) اشتراکی سیاسی پارٹی کا رکن : جمہوری اشتراکی : اشتراکیوں کی وہ جماعت جو تدریجی اصلاح کی قائل ھے : معتدل اشتراکی ۔

Social disease : (n) (۱) جنسی بیماری : جماعی مرض ۔ (۲) معاشرتی بیماری (مثلاً تپ دق وغیرہ) ۔

Social distance : (n) عمرانی فرق مراتب : سماجی فرق مراتب ۔

Social dynamics : (n) عمرانی حرکیات ۔

Social evening : (n) (کسی سوسائٹی کی) شام کی صحبت ۔

Social evil : (n) حرامکاری : حرامکاری کا پیشہ ۔

Social group : (n) سماجی گروہ ۔

Social instinct : (n) سماجی جبلت ۔

Social insurance : (n) رفاہی بیمہ ۔

Social justice : (n) نظریۂ مساوات : سماجی برابری : مساوات ۔

Social-minded : (a) رفاہی کاموں میں دلچسپی لینے والا ۔

Social nuisance : (n) سماجی تکلیف ۔

Social order : (n) سماجی نظام ۔

Social organisation : (n) سماجی تنظیم ۔

Social parasition : (n) معاشرتی فضیلت ۔

Social pathology : (n) سماجی مرضیات ۔

Social philosophy : (n) عمرانی فلسفہ : فلسفۂ تمدن : سماجی فلسفہ ۔

Social psychology : (n) عمرانی نفسیات : سماجی نفسیات ۔

Social registerite : (n) وہ شخص جس کا نام مشہور معروف شخصیتوں کی فہرست میں لکھا ہو ۔

Social sanction : (n) سماجی تائید ۔

Social science : (n) سماجی سائنس : سماجیات : عمرانیات ۔

Social security : (n) فرد کے اقتصادی تحفظ اور سماجی رفاہ کا سرکاری انتظام : سرکاری کفالت ۔

Social service : (n) خدمت خلق : رفاہی کام : سماج سیوا ۔

Social studies : (n) سماجیات : مطالعۂ سماج ۔

Social unit : (n) سماجی اکائی (مثلاً فرد ، خاندان یا گروپ) ۔

Social wasps : (n) ایک ہی چھتے میں رہنے والی بھڑیں ۔

Social welfare : (n) رفاہ عامہ : فلاح عامہ : سماجی بہبود ۔

Social work : (n) رفاہی کام : سماجی کام ۔

Social worker : (n) خدمت خلق کرنے والا : سماجی کام کرنے والا ۔

Socialism : (n) (۱) اشتراکیت : اجتماعیت : سماج واد ۔

Christian socialism : عیسوی اشتراکیت ۔

State socialism : (۱) ایسی جماعت جو وفاقی جمہوریت کا جز ہو ، خصوصاً ریاستہائے متحدہ امریکا میں ۔ (۲) رتبہ : منصب ۔ (۳) دیکھو State ۔

Socialist : (n) اشتراکی : اشتراکیت پسند : سوشلسٹ : سماج وادی ۔

Socialistic : (a) اشتراکی : اشتراکیت کا ۔

Socialite : (n) مشہور و معروف شخص ۔

Sociality : (n) (۱) صحبت پسندی : معاشرت پسندی ۔ (۲) (جمع) سماجی تقریب ۔ (۳) دوستی : یار باشی : معاشرت ۔

Socialization : (n) معاشرتی سازی : اشتراکی بنانا یا بنایا جانا ۔

Socialize : (v) (۱) معاشرتی بنانا ۔ (۲) اشتراکی بنانا : اشتراکیت کے رنگ میں رنگنا : اشتراکیت کا : نظام جاری کرنا : (کسی ملک کو) اشتراکیت کے اصول پر ڈالنا ۔ (۳) رفاہی بنانا ۔

Socially : (adv.) (۱) اجتماعی یا معاشرتی حیثیت سے : سماجی طور پر ۔ (۲) سماج کا : سماج سے ۔

Socialness : (n) دیکھو Sociality

Sociate : (a) [L. 'Sociatus'.] مربوط ؛ منسلك ؛ شریك ۔

Sociative : (a) [Fr. 'Sociatif'.] (قواعد) متلازمی ؛ ایتلافی ؛ متلازم ۔

Societal : (a) سماجی ؛ انجمنی ۔

Societarian : (a) سماجی ؛ اشتراکی ؛ سوسائٹی دار ۔

Societarian : (n) (۱) اشتراکی ؛ اشتراکیت پسند ۔ (۲) اہل فیشن سے تعلق رکھنے والا ۔

Societary : (a) سماجی ؛ معاشرتی ۔

Society : (n) [Fr. 'Societe'.] (۱) اجتماعی زندگی ؛ معاشرت ۔ (۲) معاشرہ ؛ قوم ؛ جماعت ؛ سماج ؛ سوسائٹی ۔ (۳) طبقۂ امرا ؛ اعلیٰ طبقہ ۔ (۴) لوگوں کی صحبت ؛ جلوت ۔ (۵) صحبت ؛ رفاقت ؛ ساتھ ۔ (۶) انجمن ؛ سبھا ؛ جمیعت ۔ (۷) عبادت گذاروں کا مجمع یا جماعت ۔ (۸) (ماحولیات) نباتی اجتماع ۔

Royal society : انگلستان کی سب سے بڑی عملی انجمن ؛ رائل سوسائٹی ۔

Society : (a) اہل فیشن کی جماعت سے متعلق ۔

Society hand : (n) پیشہ وروں کی انجمن کا کاریگر ۔

Society house : (n) پیشہ وروں کی انجمن کا کارخانہ ۔

Society of friends : (n) ایك عیسائی فرقہ ۔

Society verse : (n) تفریحی شاعری ۔

Socinian : (n) [Mod. L. 'Socinianus'.] سولہویں صدی کے اطالوی فقیہہ فاسٹس سوسی نس کے عقیدۂ وحدانیت کو ماننے والا فرقہ ۔

Socinian : (a) سولہویں صدی کے اطالوی فقیہہ فاسٹس سوسی نس کے عقیدے سے متعلق یا اس کا قابل ۔

Socinianism : (n) سوسی نس کا مذہب وحدانیت ؛ سوسینانیت ۔

Socinianize : (v) سوسی نس کے عقیدے کا ماننا یا بنانا ۔

Socio- : (Prefix) سابقہ بمعنی "سماجی" ؛ "معاشرتی" ؛ "سماج" ۔

Sociocentric : (a) سماج مرکزی ۔

Sociocracy : (n) معاشرہ شاہی ؛ سماجی حکومت ؛ ایك نظریاتی طرز حکومت جس میں سماج کو شاہی حقوق حاصل ہوتے ہیں ۔

Sociocultural : (a) معاشرتی ثقافتی ؛ سماجی ثقافتی ۔

Socioeconomic : (a) اجتماعی معاشیاتی ؛ سماجی معاشیاتی ۔

Sociogenesis : (n) آغاز تمدن ؛ ارتقائے ثقافت ۔

Sociogram : (n) معاشرہ نگارش ۔

Sociographic : (a) معاشرت نگاری سے متعلق ۔

Sociography : (n) معاشرت نگاری ؛ معاشرت نامہ ۔

Sociolinguistic : (a) عمرانی لسانیاتی ؛ سماجی لسانیاتی ؛ سماجی لسانی ۔

Sociolinguistic : (n) عمرانی لسانیات ؛ سماجی لسانیات ۔

Sociologic : (a) عمرانی ؛ عمرانیاتی ۔

Sociological : (a) دیکھو Sociologic

Sociologically : (adv.) عمرانیات کی رو سے ۔

Sociologist : (n) عمرانیات داں ؛ عالم عمرانیات ؛ ماہر عمرانیات ۔

Sociologistic : (a) دیکھو Sociologic

Sociology : (n) عمرانیات ۔

Sociometric : (a) معاشرہ پیمائی سے متعلق ۔

Sociometrist : (n) معاشرہ پیمائی کا طالب علم ۔

Sociometry : (n) معاشرہ پیمائی ؛ معاشرتی تعلقات کا مطالعہ ۔

Sociopath : (n) سماج دشمن یا غیر سماجی کردار والا شخص ۔

Sociopathic : (a) سماج دشمن یا غیر سماجی کردار سے متعلق ؛ سماج دشمن ؛ غیر سماجی ۔

Sociopathy : (n) سماج دشمنی ۔

Sociopolitical : (a) معاشرتی سیاسی ؛ سماجی سیاسی ۔

Sociopsychological : (a) معاشری نفسیاتی ؛ سماجی نفسیاتی ۔

Socius : (n) [L.] شریك كار ؛ ہم كار ؛ ہم منصب ۔

Socius criminis : (n) [L.] شریك جرم ؛ رفیق جرم ۔

Sock : (n) [OE. 'Socc.'] (۱) موزہ ؛ جراب ؛ پائتابہ ۔ (۲) یونانی اور رومی تھیٹر میں کامیڈی ایکٹروں کے جوتے ۔ (۳) سکھ تلا ۔ (۴) موزے جیسا نرم حفاظتی غلاف (کسی چیز کا) ۔ (۵) روپے جمع کرنے کا ظرف ۔ (۶) (گھوڑے کے ٹخنے کی) سفید دھاری یا پٹی جو ٹخنوں تك ہو ۔

To pull up one's socks : جد و جہد کے لئے کمر کسنا ۔

Sock : (n) [Fr. 'Soc'.] ہل ؛ پھال ؛ پھالی ۔

Sock : (n) [Of unkn. origin.] (عام) نفیس یا لذیذ اشیائے خوردنی ؛ مٹھائی وغیرہ جو جیب میں پڑی رہیں اور وقتاً فوقتاً کھائی جائیں ۔

Sock : (n) [of Cant. Origin.] مار ؛ وار ؛ ضرب ۔

To give (a person) socks : مارنا ؛ پیٹنا ۔

Sock : (v) موزے فراہم کرنا ؛ موزے پہننا ۔

Sock : (v) (۱) مارنا ؛ کوئی چیز پھینك کر مارنا ۔ (۲) ٹھوکنا ؛ ٹھونکنا ۔ (۳) مکوں سے مارنا ؛ سختی سے حملہ کرنا ۔

To sock it : (عام) زور سے بولنا ؛ تشدد کرنا یا تشدد سے پیش آنا ۔

Sock : (a) (۱) با اثر ؛ بھڑکیلا ؛ بھڑك دار ۔ (۲) (عام) بہت کامیاب ۔

Sock : (v) دیکھو Sigh

Sock and scythe : (n) جوتنا اور کاٹنا ۔

Sock away : (n) (عام) (بچت یا سرمایہ کے طور پر) پس انداز کرنا ۔

Sock eye : (n) ایك قسم کی سامن مچھلی ۔

Sock in : (v) (۱) بند کرنا ؛ چھپانا ۔ (۲) پرواز کی ممانعت کر دینا (ہوائی جہاز وغیرہ کو) ۔

Sock suspender : (n) موزہ بند ؛ گیٹس ۔

Sockdolager : (n) [Probably fanciful.] (۱) (عام) کاری ضرب یا وار ۔ (۲) ایك قسم کا ، مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۔ (۳) کوئی غیر معمولی چیز ۔

Socker : دیکھو Soccer

Socker : (n) (عام) کاری ضرب لگانے والا ۔

Sockeroo : (n) (عام) کاری ضرب ؛ بھرپور ہاتھ یا وار ۔

Socket : (n) [AFr. 'Soket'.] (۱) کسی چیز کا گھر ؛ خانہ ۔ (۲) (تشریح) خانہ ؛ کاسہ ۔

Socket : (v) (۱) خانہ میں بٹھانا ۔ (۲) (گولف) بلے کے پچھلے سرے سے مارنا ۔

Socket chisel : (n) روکھانی ۔

Socket pipe : (n) پائپ یا نلکی جس کے اندر دوسرے پائپ یا نلکی کو ڈالنے کی جگہ بنی ہو ۔

Socketed : (a) خانہ دار ۔

Socketless : (a) بے خانہ ۔

Sockless : (a) بے موزہ ؛ بے موزے کا ۔

Socklike : (a) موزے جیسا ؛ جراب نما ؛ موزہ نما ۔

Socko : (a) (۱) (عام) زور دار (ضرب) ۔ (۲) (عام) زبردست (کامیابی وغیرہ) ۔

Socle : (n) [Fr. 'Socle'.] آرائشی ظروف ؛ مجسمہ وغیرہ رکھنے کی پتھر کی چوکی یا پایہ ۔

Socman : (n) [AL. 'Socamannus'.] رعیت جسے جاگیر دار کو لگان دینا پڑتا ہے یا کوئی اور خدمت انجام دینی ہوتی ہے ۔

Socmanry : (n) (نظام جاگیر داری میں) کاشتکار کا لگان دینا یا کوئی اور خدمت انجام دینا ۔

Socotrine Aloes : (n) ایك قسم کا مصبّر یا اس سے بنی دوا ۔

Socratean : (a) سقراط کا ؛ سقراطی ؛ سقراط سے متعلق ۔

Socratic/ -al : (a) [L. 'Socraticus'.] دیکھو Socratean

Socratic : (n) سقراط کا پیرو ؛ سقراطی فلسفی ۔

Socratic irony : (n) تجاہل عارفانہ ؛ جو اس غرض سے کیا جائے کہ دوسرا شخص علم کا ادعا کرے اور اس کی تردید کی جائے ۔

Socratic method : (n) سوال و جواب کا طریقہ ۔

Socratical : (a) سقراطی ۔

Socratically : (adv.) سقراط کی طرح سے ؛ سقراطی فلسفے کی رو سے ۔

Socraticism : (n) سقراط کا فلسفہ ؛ سقراطیت ۔

Socratize : (v) سقراط کے فلسفے کے رنگ میں رنگنا ؛ سقراطی بنانا ؛ سقراط کی طرح رہنا ۔

Sod : (n) [(M) LG. 'Sode'.] گھاس کی تہ (جس میں زمین ، پتے ، جڑیں سب شامل ہوتی ہیں) ؛ سبزے کا تختہ ؛ گھاس لگا ڈھیلا ۔

Under the sod : قبر میں ۔

Sod : (n) (۱) لونڈے باز ۔ (۲) بدمعاش ؛ شیطان ۔

Sod : (v) (۱) (زمین کو) سبزے سے ڈھکنا ؛ سبزے کے تختے لگانا ۔ (۲) گھاس لگے ڈھیلوں سے مارنا ۔

Sod/ Sod oil : (n) ایک چکنا مادہ جو بھیڑ کی کھال سے نکالا جاتا ہے ۔

Sod house : (n) گھر جس کی دیواریں گھاس لگے ڈھیلوں کو ایک دوسرے پر رکھ کر بنائی جاتی ہے ۔

Sod worm : (n) بعض پروانوں کا پہل روپ ۔

Soda : (n) [mod. L.] (۱) سوڈا : سوڈیم کا کھار ۔ (۲) سوڈیم آکسائڈ ۔ (۳) کھارا پانی ۔

Soda-ash : (n) سوڈے کی راکھ ؛ سجی ؛ سوڈیم کاربونیٹ ۔

Soda biscuit : (n) ایک قسم کا بسکٹ جس میں سوڈا اور گھی وغیرہ ڈالا جاتا ہے ۔

Soda fountain : (n) (۱) سوڈے کا فوارہ : وہ برتن جس میں سوڈا بھرا رہتا ہے اور فوارے کی طرح نکلتا ہے ۔ (۲) سوڈا ، آئس کریم وغیرہ بنانے کی مشین ۔ (۳) وہ کاؤنٹر جس پر سوڈا ، آئس کریم وغیرہ بکتا ہے ۔

Soda-lime : (n) کلس ؛ سوڈا چونا ۔

Soda-lime glass : (n) کلسی شیشہ ۔

Soda lye : (n) سوڈا کے ہائڈریٹ کا محلول ۔

Soda waste : (n) غیر حل پذیر کیلشیم آکسی سلفائڈ ۔

Soda(-) water : (n) کھارا پانی ؛ سوڈا واٹر ۔

Sodaic : (a) جس میں سوڈا یا سوڈیم بائی کاربونیٹ ملا ہو ۔

Sodalist : (n) مذہبی انجمن کا رکن ۔

Sodalite : (n) الومینیم اور سوڈیم کا شیشے کا سا شفاف یا نیم شفاف سلیکیٹ ؛ سوڈا سنگ ؛ سوڈا پتھر ۔

Sodality : (n) [Fr. 'Sodalite' or L. 'Sodalitas'.] (۱) برادری ۔ (۲) (رومن کیتھولک چرچ) مذہبی برادری ؛ مذہبی انجمن ۔ (۳) خانہ گرجا جسے کوئی مذہبی برادری استعمال کرتی ہے ۔ (۴) انجمن ؛ سوسائٹی ۔

Sodamide : (n) ایک قسم کا سفید ٹھوس جو سوڈا اور گیسی امونیا ملانے سے بنتا ہے ۔

Sodar : (n) [f. 'Sound detecting and ranging.'] موسم کی پیش گوئی کرنے کا آلہ ۔

Sodden : (a) [ME.] (۱) خوب بھیگا ہوا ؛ تربتر ۔ (۲) کچی سی ؛ بھاری اور گیلی (روٹی) ۔ (۳) لا یعقل (شراب خواری کی کثرت سے) ؛ ہونق ؛ وحشت زدہ ؛ چہرے کی وہ کیفیت جو شراب خواری کی وجہ سے ہوتی ہے ۔

Sodden : (v) (۱) خوب بھگو دینا ؛ تر بتر کر دینا ۔ (۲) ہونق بنا دینا ؛ وحشت زدہ کر دینا ۔ (۳) خوب بھیگ جانا ؛ تر بتر ہو جانا ۔

Soddenly : (adv.) تر بتر ہو کر ؛ شرابور ہو کر ۔

Soddenness : (n) تر بتر ہونا ؛ شرابور ہونا ؛ لا یعقل ہونا (شراب کی کثرت سے) ۔

Sodding mallet/ -spade : (n) کھرپا یا بیچلہ ۔

Soddy : (a) گھاس لگے ڈھیلوں سے بھرا ہوا ؛ گھاس دار ڈھیلوں سے بھرا ہوا ؛ سبزے کے تختے جیسا ؛ گھاس دار ؛ گھاس سے ڈھکا ہوا ؛ پر سبزہ ۔

Soddy : (n) گھاس لگے ڈھیلوں سے بنا گھر ۔

Sodic : (a) سوڈیم سے متعلق یا بنا ہوا ۔

Sodio- : جزو ترکیبی بمعنی "سوڈیم" ۔

Sodium : (n) [f. 'Soda + -ium'.] سوڈیم : ایک قسم کی دھات جو سوڈے کے اندر ہوتی ہے اور اسے جلانے سے سفید شعلہ

نکلتا ہے۔

Sodium amalgam : (n) پارہ اور سوڈیم کا مرکب۔

Sodium bicarbonate : (n) میٹھا سوڈا ؛ کھانے کا سوڈا۔

Sodium carbonate : (n) سوڈا ؛ دھونے کا سوڈا۔

Sodium chloride : (n) کھانے کا نمک۔

Sodium hydroxide : (n) کاسٹک سوڈا۔

Sodium nitrate : (n) شورا۔

Sodium soap : (n) سخت صابن جو سوڈے سے بنتا ہے۔

Sodium sulphate : (n) گلا بری نمک۔

Sodom : (n) [L. 'Sodoma'.] سادوم ؛ مخرب اخلاق جگہ۔

Sodomite : (n) (۱) اغلام باز ؛ اغلام کرنے والا ؛ لوطی ؛ بچہ باز ؛ لونڈا باز۔ (۲) سادومی ؛ سادوم کا باشندہ (سادوم وہ شہر تھا جہاں آل لوط پر اغلام بازی و بدکاری کی پاداش میں عذاب الہٰی نازل ہوا تھا)۔

Sodomitical : (a) اغلام بازی سے متعلق۔

Sodomitically : (adv.) اغلام بازی کے طور پر۔

Sodomiticalness : (n) اغلام باز ہونا۔

Sodomize : (v) لواطت کرنا ؛ اغلام بازی کرنا۔

Sodomy : (n) [med. L. 'Sodomia'.] اغلام ؛ اغلام بازی ؛ لواطت ؛ کسی کی مقعد یا منہ میں مردانہ عضو تناسل گھسیڑنا۔

Soe : (n) [ON. 'Sar'.] بڑا ٹب۔

Soever/ Soe 'er : (n) کتنا بھی ؛ کوئی بھی ؛ کہیں بھی۔

Sofa : (n) [Arab. 'Suffa'.] کوچ ؛ صوفہ۔

Sofa-bed/ -bedstead : (n) ایک طرح کا صوفہ جو رات کو پلنگ کا کام دیتا ہے۔

Sofar : (n) زیر آب دھماکے کا پتا لگانے والا آلہ۔

Soffione : (n) [It.] بھاپ کا فوارہ جو بعض بخارات کے ساتھ آتش فشانی علاقوں سے نکلتا رہتا ہے۔

Soffit : (n) [Fr. 'Soffite'.] محراب ؛ مرغول ؛ جھروکے وغیرہ کے نیچے کی سطح ؛ شکم محراب ؛ زیر طاق۔

Sofkee : (n) [Muskogee. 'Sofki'.] ایک قسم کا دلیا یا لپسی۔

Soft : (n)(امریکا) (۱) نرم چیز۔ (۲) (جمع) نرم کوئلہ ؛ نرم کمبل۔ (۳) اس سیاسی جماعت کا رکن جو کاغذی سکے رائج کرنے کی حامی تھی۔ (۴) نرم دل اور رحمدل ؛ سادہ لوح انسان؛ ضعیف العقل آدمی۔ (۵) ذوصوت حرفِ علت۔

Soft : (a) [Late OE. 'Softe'.] (۱) نرم ؛ ملائم ؛ گدگدا ؛ لوچ دار ؛ لچک دار ؛ خستہ۔ (۲) چکنا۔ (۳) معتدل ؛ نہ زیادہ گرم نہ سرد ؛ خوشگوار۔ (۴) بارش کا ؛ مرطوب (وہ موسم یا دن جب بارش ہو یا برف پگھلے)۔ (۵) میٹھا (پانی)۔ (۶) ہلکے مزے کی (شراب) ؛ ہلکی (شراب جو کم تلخ ہو)۔ (۷) ہلکا ؛ صوفیانہ رنگ ؛ ٹھنڈی (روشنی) ؛ پر سکون (آنکھ) ؛ دھیمی (آنچ)۔ (۸) ہلکا ہلکا (خاکہ)۔ (۹) دھیمی ؛ مدھم (آواز ، سر وغیرہ)۔ (۱۰) ذو صوت (حرف علت)۔ (۱۱) نرمی کا ؛ دھیما ؛ ٹھنڈا ؛ شائستہ ؛ مصالحت آمیز ؛ دوستانہ ؛ عاشقانہ۔ (۱۲) رحمدل ؛ درد آشنا؛ نرم دل۔ (۱۳) آرام کا ؛ سہل (کام ، پیشہ وغیرہ)۔ (۱۴) کمزور ؛ پھسپھسا ؛ آرام طلب ؛ سست ؛ زنانہ ؛ سادہ لوح ؛ کم عقل۔ (۱۵) (موسیقی) نرم ؛ شیریں۔ (۱۶) لطیف (دھوپ ، ہوا وغیرہ)۔ (۱۷) غیر متلاطم ؛ ساکن (سمندر)۔ (۱۸) سیدھا (جانور)۔ (۱۹)ہلکا (ہاتھ)۔ (۲۰) (مشروب) غیر الکحلی۔ (۲۱)زود اثر پذیر ؛ زود تاثر۔ (۲۲) مطیع ؛ فرمانبردار ؛ نرم مزاج ؛ سلیم الطبع۔ (۲۳) نازک ؛ کمزور۔ (۲۴) خراب ہو جانے والی ؛ سڑ جانے والی (چیز)۔ (۲۵) نیم پختہ (اینٹ)۔ (۲۶) غیر شفاف (کاغذ)۔ (۲۷) کاغذی جلد والی (کتاب)۔ (۲۸) (چینی) جس میں گنے کا چورا شامل ہو۔ (۲۹) مہربان (آنکھیں)۔ (۳۰) کاغذی (سکہ)۔ (۳۱) غیر ضرر رساں۔ (۳۲) کم خالص۔

The soft (er) sex : صنف نازک ؛ جنس لطیف ؛ عورت۔

To be soft on or upon : محبت کرنا ؛ عشق میں گرفتار ہونا ؛ عاشق ہونا۔

Soft : (adv.) آہستگی سے ؛ نرمی سے ؛ چپکے سے ؛ شفقت سے۔

Soft answer : (n) گالی وغیرہ کا نرم جواب۔

Soft-boiled : (a) ہلکا اُبلا (انڈا)۔

Soft-coal : (n) نرم کوئلہ۔

Soft-corn : (n) دو انگلیوں کے درمیان کا نرم گھٹّا ۔

Soft-crab : (n) نرم قشر والا کیکڑا ۔

Soft drink : (n) (امریکا) بے نشے کی پینے کی چیز ؛بے نشہ مشروب ۔

Soft-eyed : (a) مہربان آنکھوں والا ۔

Soft-footed : (a) نرم رو ؛ آہستہ قدم ۔

Soft goods : (n) سوتی کپڑے ؛ پارچہ جات ۔

Soft-grass : (n) ایک قسم کی نرم گھاس ۔

Soft-head : (n) ضعیف العقل شخص ؛ سادہ لوح ۔

Soft-headed : (a) ضعیف العقل ؛ سادہ لوح ۔

Soft-hearted : (a) نرم دل ؛ رحمدل ۔

Soft-heartedly : (adv.) نرم دلی سے ؛ رحم دل سے ۔

Soft-heartedness : (n) نرم دلی ؛ رحم دلی ۔

Soft-landing : (n) (ہوائی جہاز وغیرہ کا) آہستگی سے اترنا ۔

Soft money : (n) کاغذ کا سکہ ؛ نوٹ ۔

Soft-nosed : (a) (کارتوس) جس کی نوک ملائم ہوتی ہے ۔

Soft nothings : (n) عاشقانہ گفتگو ؛ راز و نیاز ۔

Soft-palate : (n) (تشریح) تالو کا پچھلا حصہ ۔

Soft-pedal : (n) دیکھو Pedal

Soft-roe : (n) نر مچھلی کے فوطے کی کوڑی (یا وہ تولیدی غدود جو رِسنے والے مادے سے بھر چکے ہوں اور تناسل یا افزائش نسل کے لئے تیار ہوں) ؛ (نیز) ان سے رسنے والا مادہ ۔

Soft-sawder : (v) خوشامد کرنا ؛ چاپلوسی کرنا ۔

Soft-sawder : (n) خوشامد ؛ چاپلوسی ۔

Soft-shell : (n) نرم خول جانور ؛ نرم قشر والا گھونگا ۔

Soft-shell : (a) (۱) اعتدال پسند ؛ معتدل ۔ (۲) نرم کھال یا خول والا ۔

Soft-shelled : (a) نرم خول والا ۔

Soft-snap : (n) وہ کام یا پڑھائی جس میں کم وقت لگے ۔

Soft(-)soap : (n) (۱) پوٹاش کا بنا صابون ۔ (۲) (عام) خوشامد ؛ چاپلوسی ۔

Soft(-)soap : (v) خوشامد کرنا ؛ چاپلوسی کرنا ۔

Soft(-) soaper : (n) چاپلوس ؛ خوشامدی ۔

Soft solder : (n) نرم ٹانکا ۔

Soft-sole : (n) بچوں کے جوتے ۔

Soft-spoken : (a) خلیق ؛ نرم گفتار ۔

Soft-spot : (n) (۱) جذباتی کمزور ؛ شفقت ؛ لگاؤ ؛ رغبت ؛ شفقت آمیز میلان ۔ (۲) کمزوری ۔ (۳) کمزور کڑی ۔ (۴) معاشیات کا وہ شعبہ جو کمزور ہو ۔

Soft-steel : (n) نرم فولاد ۔

Soft-thing : (n) وہ نوکری جس میں کام کم اور تنخواہ زیادہ ہو ؛ نیز دیکھو Soft-snap ۔

Soft-tissues of body : (n) (جسم کے) نرم نسیج ۔

Soft-toe : (n) نرم پنجے والا جوتا ؛ نرم پنجہ ۔

Soft-tortoise : (n) ایک قسم کا کچھوا ۔

Soft-touch : (n) (۱) کوئی چیز یا کام جو آسانی سے کیا جا سکے ۔ (۲) آسانی سے بار جانے والا حریف ۔ (۳) آسان شکار ؛ نرم دل فیاض ؛ نرم چارا ؛ وہ شخص جسے کسی مدد (یا قرض) کے لئے آسانی سے آمادہ کیا جا سکے ۔

Soft wares : (n) کپڑا وغیرہ ؛ پارچہ جات ۔

Soft wicket : (n) گیلی زمین (کرکٹ) ۔

Soft-wood : (n) نرم لکڑی ۔

Softa/ Sophta : (n) [Turk.] دینیات کا طالب علم (سافتا) ۔

Soften : (v) (۱) نرم کرنا ؛ ملائم کرنا ؛ موم کرنا ۔ (۲) نرم ہونا ؛ ملائم ہونا ۔ (۳) معتدل کرنا؛ دھیما کرنا ۔ (۴) گھٹانا ؛ کم کرنا؛ ہلکا کرنا ۔ (۵) مدھم کرنا ۔ (۶) تصفیہ کرنا ؛ صاف کرنا؛

(جست سے) میل دور کرنا ۔ (۷) فوجی مزاحمت کو کمزور کر دینا : بمباری کر کے مورچہ کمزور کر دینا ۔ (۸) قیمت کم کرنا ۔

Softener : (n) ملائم ساز : مدھم کرنے والا (برش) ۔

Softening : (n) (۱) نرم کرنا : ملائم بنانا ۔ (۲) دماغ کی ایک بیماری ۔ (۳) رنگ ملانا اور اسے پتلا بنانا ۔

Softening of the brain : (n) دماغ کی ایک بیماری ۔

Softening-point : (n) وہ درجۂ حرارت جس پر چیزیں نرم ہو جاتی ہیں ۔

Softie : (n) (۱) مرد ہو : سادہ لوح آدمی : زن نما مرد : زنخا ۔ (۲) جذباتی آدمی ۔

Softish : (a) نرم سا : ملائم سا ۔

Softling : (n) (۱) زن نما آدمی : نا مرد : زنخا ۔ (۲) چھوٹی نرم چیز ۔

Softling : (a) نرم : ملائم ۔

Softly : (adv.) نرمی سے : آہستگی سے : چپکے سے : شفقت سے ۔

Softness : (n) ملائمت : نرمی ۔

Software : (n) لائحۂ عمل جو کسی مخصوص قسم کے کمپیوٹر میں استعمال ہو سکے : خصوصاً وہ جو اسے بنانے والے ساتھ دیتے ہیں ۔

Softy : (n) دیکھو Softie

Sog : (v) [Origin unkn.] دیکھو Soak

Sog : (v) [Origin unkn.] دیکھو Drowse

Sogarth : (n) [Ir. Gael. 'Sagrat'.] دیکھو Priest

Soggily : (adv.) گیلے طور پر : مرطوب ہو کر ۔

Sogginess : (n) (۱) تری : گیلا پن : رطوبت ۔ (۲) کند ہونا : ٹھس پن : بھاری پن ۔

Soggy : (a) (۱) تر : بھیگا ہوا : گیلا : نرم : مرطوب : سیلا ہوا : سیل ۔ (۲) بھاری : ٹھس : کم ہمت ۔ (۳) کچی سی : بھاری اور گیلی (روٹی) ۔

Soh : (n) (موسیقی) "پا" سرگم کا پانچواں سُر ۔

Soho: (Int.) (۱) (فجائیہ) (گھوڑے وغیرہ کو خاموش کرنے کے لئے) بس ! بس چپ کھڑے رہو ! ۔ (۲) خرگوش کو دیکھ کر کتے کو دوڑانے کے لئے ایک بولی ۔

Soho : (v) سو ہو کر کے چلانا : خرگوش کو بھٹ سے نکالنے کے لئے یہ آواز نکالنا ۔

Soi-disant : (a) [Fr.] (۱) خود ساختہ : بنا ہوا : نام نہاد ۔ (۲) مصنوعی (چیز) ۔

Soigne/ Soignee : (a) [Fr.] (۱) فیشن کے مطابق ۔ (۲) طرحدار : وضع دار : بنا سنورا ۔

Soil : (n) [AFr.] (۱) زمین : زراعتی زمین : مٹی ۔ (۲) پیدائش کا مقام : جائے پیدائش ۔ (۳) (جمع) کوئی خاص قسم کی مٹی ۔ (۴) (کسی چیز کے بڑھنے اور نشو ونما پانے کا) ذریعہ ۔

Child or son of the soil : (۱) کسی مقام کا باشندہ ۔ (۲) کاشت کار : کسان ۔

Lord of the soil : جاگیر دار : زمیندار ۔

To change one's soil : جائے سکونت بدلنا : دوسری جگہ منتقل ہونا ۔

Soil : (n) [OFr. 'Souille'.] (۱) جوہڑ وغیرہ جس میں تعاقب کیا جانے والا ہرن یا دوسرا جانور پناہ لے ۔ (۲) میل کا نشان : پلید داغ یا دھبا ۔ (۳) بدنامی : کلنک کا ٹیکہ : بٹّا ۔ (۴) غلاظت : گندگی ۔ (۵) گوبر : پیخانہ : پاخانہ : کھاد ۔

Soil : (n) (۱) گندہ کرنا : گندگی : گندہ ہونا ۔ (۲) سبز چارہ ۔

Soil : (v) [OFr. 'Soill(i)er'.] (۱) خراب کرنا : پلید کرنا : آلودہ کرنا : گندا کرنا ۔ (۲) پلید ہونا : دھبّے پڑ جانا ۔ (۳) (مجازاً) بٹّا لگانا : داغدار کر دینا : آلودہ کر دینا ۔ (۴) (جنگلی سور یا ہرن کا) پانی یا کیچڑ میں لوٹنا ۔ (۵) (تعاقب کئے گئے ہرن کا) پانی یا دلدلی علاقے میں پناہ لینا ۔ (۶) نلوں وغیرہ پر سیسہ لگانا ۔

To soil one's hands : رسوا ہونا : برا کام کرنا : ملوث ہونا ۔

Soil : (v) جانوروں کو سبز چارہ کھلانا (یہ ابتدا میں جلاب کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا) ۔

Soil-bound : (n) (۱) ڈھیلوں سے بھرا ۔ (۲) زمین سے لگا ہوا ۔

Soil cap : (n) غلافی چٹان کی پرت ۔

Soil conservation : (n) تحفظ اراضی ۔

Soil erosion : (n) زمین کاکٹاؤ ۔

Soil-pipe : (n) غلاظت کی نالی : وہ نالی جس سے بیت الخلا کا گندا پانی نکلتا ہے : غلیظ نالی ۔

Soil-science : (n) اراضیات : مٹی کا علم ۔

Soil-stack : (n) عمودی غلیظ نالی ۔

Soilage : (n) دیکھو Soil (n)

Soiled : (a) مخصوص قسم کی مٹی کا ۔

Soilless : (a) (۱) بے داغ : پاک و صاف ۔ (۲) بے زمین کا : بے مٹی کا ۔

Soilure : (n) [OFr. 'Soilleure'.] (۱) آلودہ کرنا یا کیا جانا ۔ (۲) گندگی : داغ : دھبا : بقّا ۔

Soiree : (n) [Fr. 'Soir'.] شام کی صحبت : شام کا جلسہ (بات چیت ، گانے بجانے یا کسی انجمن کا) ۔

Soixante-quinze : (n) [Fr.] فرانس کی ۷۵ ملی میٹر (تقریباً تیس انچ) کے دہانے کی توپ جس نے جنگ عظیم میں بہت شہرت حاصل کی ۔

Soja/ Sojabean / Soia : (n) [Du.] سویا مٹر ۔

Sojourn : (n) [AFr. 'Su(r)jurn'.] (۱) عارضی قیام : اقامت : چند روز کے لئے ٹھہرنا ۔ (۲) عارضی قیام گاہ ۔

Sojourn : (v) عارضی طور پر قیام کرنا ۔

Sojourner : (n) عارضی مقیم ۔

Sojournment : (n) دیکھو Sojourn (n)

Soke : (n) [AL. 'Soca'.] (۱) مقامی دائرۂ اختیار ۔ (۲) کسی حلقۂ حکومت کا ضلع : وہ ضلع جس کو حلقۂ اختیار میں لے لیا گیا ہو ۔ (۳) رعیت کا کسی مل میں اناج پسوانے کی خاطر جانا ۔

Sokeman : (n) دیکھو Socman

Sokemanry : (n) دیکھو Socmanry

Soken : (n) [OE. 'Socn'.] کسی حلقۂ حکومت کا ضلع ۔

Soko : (n) [Native Afr. name.] آدمی نما بندر کی ایک جنس ۔

Sol : (n) [L.] (۱) سورج : آفتاب : شمس ۔ (۲) کیمیا گری میں استعمال ہونے والا سونا ۔

Sol : (n) [Frist syllable of L. 'Solve'.] (موسیقی) "پا" سرگم کا پانچواں سُر ۔

Sol : (n) [Earlier Fr. 'Sol'.] فرانس کا قدیم سکہ ۔

Sol : (n) [Sp.] (۱) ہسپانوی امریکا کا نقرئی سکہ ۔ (۲) آدمی اور سانڈ کے مقابلے کے میدان کا وہ حصہ جہاں دھوپ رہتی ہے ۔

Sol : (n) [Short for 'Solution'.] (کیمیا) محلول لسونت (Colloid) ۔

Sol-fa : (n) (موسیقی) سرگم کا ایک اصول ۔

Sol-fa : (v) (۱) سرگم کے اصول ترتیب دینا یا ان کا ترتیب دیا جانا ۔ (۲) سرگم کے اصول پر گانا ۔

Sola/ Solah : (n) [Urdu and Bengali 'Sola'.] (۱) شولا : سولا : ایک گودے دار درخت جو خط استوا کے قریب پایا جاتا ہے ۔ (۲) شولے کا گودا ۔

Sola : (a) (۱) اکیلی : تنہا ۔ (۲) (تجارت) مفرد ۔

Sola : (n) مفرد ہنڈی ۔

Solace : (n) [OFr. 'Solas'.] (۱) تسکین : تسلی : دلاسا : دل جوئی ۔ (۲) تسکین دینے والا ۔ (۳) (طباعت) (مطبع والوں کی انجمن کے کسی رکن کے ذریعہ کیا ہوا) جرمانہ : (کسی قاعدے کی خلاف ورزی کے لئے) ۔

Solace : (v) (۱) تسکین دینا : تسلی دینا : دلجوئی کرنا ۔ (۲) (کسی مقام کو) خوش گوار بنانا ۔ (۳) (مطبع والوں کی انجمن کا) کسی شخص کو جرمانہ ادا نہ کرنے پر جسمانی سزا دینا ۔

Solaceful : (a) (۱) تسکین بخش : تسلی بخش : دلجوئی کرنے والا ۔

Solacement : (n) تسکین دینا : تسلی دینا : دلجوئی : تسکین : تسلی ۔

Solacer : (n) تسکین دینے والا : تسلی دینے والا ۔

Solan/ Soland/ Solan goose : (n) [ON.'Sula'.] ایک قسم کی مرغابی : قاز سفید .

Solanaceous : (a) [mod. L. 'Solanaceae'.] بادنجانی (پیوستہ گلبرگہ پودوں کی ایک جنس) .

Solander : (n) [f. D.C. 'Solander, the Swedish botanist'.] کتاب کی شکل کا ڈبہ جس میں کاغذات ، نقشے وغیرہ رکھتے ہیں .

Solania : (n) [f. 'Solanium + -ia'.] (کیمیا) ایک قسم کا القلی نما جو مکو میں پایا جاتا ھے .

Solanicine : (n) (کیمیا) ایک اساسی مادہ جو Solanine پر ہائیڈرو کلورک ایسڈ کے عمل سے بنتا ھے .

Solanidine : (n) (کیمیا) ایک اساسی مادہ جو Solanine پر تیزابوں کے عمل سے پیدا ہوتا ھے .

Solanine/ Solanina/ Solanin : (n) [Fr. 'Solanine'.] ایک قسم کی سمی القلی نما شکر جو بعض درختوں میں پائی جاتی ھے .

Solano : (n) [Sp.] (ہسپانیہ میں) گرم جنوب مشرقی ہوا .

Solanoid : (a) [f. 'Solanum + -oid'.] (مرضیات) آلو سے مشابہ : آلو نما (کینسر) .

Solanum : (n) [L.] (۱) جنس بادنجان : پودوں کی جنس جس میں ٹماٹر ، مکو وغیرہ شامل ہیں . (۲) ان پودوں کے بعض حصے یا ان کا عرق جو دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ھے .

Solar : (a) [L. 'Solaris'.] (۱) سورج کا : سورج سے متعلق : شمسی : آفتابی . (۲) آفتاب سے مشابہ . (۳) سورج دیوتا سے منسوب یا موسوم . (۴) سورج کے زیر اثر پیدا ہونے والا . (۵) دھوپ سے چلنے والا / والی .

Solar : (a) (۱) شولے کا بنا ہوا . (۲) گرم ملکوں میں استعمال کیا جانے والا .

Solar : (n) (۱) (فوٹوگرافی) شمسی فوٹو . (۲) بالائی منزل کا کمرہ . (۳) کارنوالی کانوں کا پلیٹ فارم .

Solar apex : (n) راس الشمس : راس السّما .

Solar attachment : (n) شمسی وصلہ : شمسی پرزہ .

Solar battery : (n) دیکھو Solar cell

Solar calender : (n) شمسی جنتری : شمسی تقویم : شمسی کیلنڈر .

Solar cell : (n) شمسی مورچہ : ایک آلہ جو دھوپ کو بجلی میں بدل دیتا ھے .

Solar compass : (n) شمسی قطب نما .

Solar constant : (n) شمسی مستقل .

Solar corona : (n) (علم النجوم) اکلیل شمسی : تاج شمسی .

Solar cycle : (n) دور شمسی .

Solar day : (n) یوم شمسی : یوم .

Solar eclipse : (n) کسوف : سورج گرہن .

Solar eye-piece : (n) سورج کا مشاہدہ کرنے والا دور بینی چشمہ جس سے سورج کی روشنی اور گرمی کم محسوس ہوتی ھے .

Solar flare : (n) سورج کی سطح کے کسی حصے سے اچانک اور عارضی توانائی کا نکلنا .

Solar flower : (n) وہ پھول جو دن میں خاص وقت کھلتا ھے اور دن میں ہی بند ہو جاتا ھے : آفتابی پھول .

Solar hour : (n) اوسط یوم شمسی کا چوبیسواں حصہ : گھنٹہ .

Solar-ganglion : (n) دیکھو Solar-plexus

Solar lamp : (n) (۱) ارگنڈی لیمپ . (۲) ایک قسم کا برقی لیمپ .

Solar month : (n) ماہ شمسی : شمسی سال کا مہینہ .

Solar myth : (n) افسانۂ آفتاب : روایت نظام شمسی .

Solar oil : (n) بعض قسم کے معدنی تیل : گاڑھا پٹرول : ایک قسم کی رال .

Solar phosphorous : (n) ایک قسم کا مادہ جس پر دھوپ پڑنے سے روشنی نکلتی ھے .

Solar plexus : (n) جوف معدہ میں اعصاب کی گتھی : شمسی ضفیرہ .

Solar print : (n) شمسی تصویر .

Solar prominences : (n) شمسی بروز : شعل احمر .

Solar salt : (n) Add meaning please

Solar spot : (n) (۱) (علم النجوم) داغ آفتاب ۔ (۲) جلد کا داغ جو دھوپ میں رہنے کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے ۔

Solar system : (n) نظام شمسی ۔

Solar telegraph : (n) شمسی تار برقی ۔

Solar tables : (n) شمسی جدول ۔

Solar tide : (n) شمسی مدو جزر ۔

Solar time : (n) شمسی وقت ۔

Solar wind : (n) (سورج سے) برقی ذرات کا مسلسل سیل ۔

Solar year : (a) شمسی سال ۔

Solari- : (Prefix) سابقہ بمعنی "شمسی" : "آفتابی" ۔

Solarism : (n) شمسیت : غلو اساطیر شمسی : یہ نظریہ کہ قدیم انسانوں یا دیومالا کی ابتدا ان روایات سے ہوئی جو نظام شمسی سے متعلق تھیں ۔

Solarist : (n) شمسیتی : نظریۂ شمسیت کا قائل ۔

Solarium : (n) [L.] دھوپ گھر : آفتاب خانہ : شیشے سے گھری ہوئی جگہ جس میں تفریح یا علاج کی غرض سے بیٹھ کر دھوپ کھاتے ہیں ۔

Solarization : (n) (۱) (فوٹوگرافی) روشنی سے خراب ہونا یا کر دینا ۔ (۲) (پتیوں میں) زیادہ دھوپ لگنے کی وجہ سے نشاستے کا جمع ہونا یا رک جانا ۔

Solarize : (v) (۱) (فوٹوگرافی) زیادہ دیر تک روشنی میں رہنے کی وجہ سے خراب ہو جانا : زیادہ دیر روشنی میں رکھ کر خراب کر دینا ۔ (۲) شمسیت کے رنگ میں رنگنا ۔

Solation : (n) (کیمیا) لسونتی محلول ۔

Solatium : (n) [L.] (۱) زر تلافی : بدل ۔ (۲) (قانون) وہ رقم جو مجروح جذبات کی تسکین کے لئے حقیقی نقصان کے علاوہ دی جائے ۔

Solazzi/ Solazzi juice : (n) [Italian makers' name] ایک قسم کا رب السوس ۔

Sold : (a) بکا ہوا ۔

Sold-out : (a) پورا بکا ہوا : فروخت کیا ہوا ۔

Sold-up : (a) تیاری سے قبل فروخت شدہ (مصنوعات وغیرہ) ۔

Soldadera : (n) [Amer Sp.] لاطینی امریکا کے گوریلا دستے کی بہیر ۔

Soldado : (n) [Sp. (and Pg.)] (۱) سپاہی ۔ (۲) جنوبی امریکا کا بگلا ۔ (۳) جزائر غرب الہند کی ایک مچھلی ۔

Soldan : (n) [ME. 'Soudan'.] سلطان : (خصوصاً) مصر کا سلطان ۔

Soldanells : (n) [It. 'Soldanella'.] ایک قسم کا پھول دار درخت جو آلپس کے علاقے میں پیدا ہوتا ہے ۔

Solder : (n) [ME. 'Soculdour'.] (۱) ٹانکا : دھات جوڑنے کا مسالا ۔ (۲) (مجازاً) کوئی صفت یا اصول وغیرہ جو ملائے یا مفاہمت کرائے : رابطہ : بندش : بندھن ۔

Soft solder : نرم ٹانکا جو ٹین اور جست سے بنتا ہے ۔

Solder : (v) (۱) ٹانکا لگانا : جھالنا : جوڑنا ۔ (۲) (مجازاً) جوڑنا : ملانا ۔ (۳) (مجازاً) روبراہ کرنا (معاملے کو) ۔ (۴) چپکنا : وابستہ ہونا : مل جانا ۔

Solderer : (n) ٹانکا لگانے والا : جوڑنے والا ۔

Soldering : (n) (۱) ٹانکا لگانا : جوڑنا ۔ (۲) ٹانکا : ٹانکا لگانے کا مسالا وغیرہ ۔

Soldering iron : (n) کاویہ : وہ اوزار جس سے ٹانکا لگاتے ہیں ۔

Soldier : (n) [OFr. 'Soud(i)er'.] (۱) سپاہی : لشکری : بری فوج کا ملازم : فوجی پیادہ یا سوار : معمولی سپاہی ۔ (۲) فن سپہ گری کا ماہر : سپاہی ۔ (۳) کام چور آدمی : کام چور ملاح یا جہاز کا ملازم ۔ (۴) (عام) سرخ بیرنگ مچھلی ۔ (۵) ایک قسم کی چیونٹی جو لڑتی ہے : سپاہی چیونٹی ۔ (۶) ایک قسم کا سرخ کیڑا ۔ (۷) سور کی ایک بیماری جس میں کھال پر سرخ دھبے پڑ جاتے ہیں ۔ (۸) (دیوار میں لگی) کھڑی اینٹ ۔

Common soldier : دیکھو Common

Foot soldier : پیادہ : پیادہ سپاہی : پیدل فوج کا سپاہی ۔

Private soldier : دیکھو Private

Soldier : (v) (۱) سپاہی کی خدمات انجام دینا : فوج میں نوکری کرنا ۔

(۲) کام سے جی چرانا : بیماری کا بہانہ کرنا ۔ (۳)(فوج، عام) (سپاہی کے اسباب کو) صاف کرنا ۔ (۴) دھمکا کر کام کرانا ۔

Soldier ant : (n) ایک قسم کی چیونٹی جو لڑتی ہے : سپاہی چیونٹی ۔

Soldier course : (n) کھڑی اینٹوں کی چنائی کا ایک دور ۔

Soldier-crab : (n) گوشہ گیر کیکڑا ۔

Soldier fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Soldier fly : (n) ایک قسم کی مکھی ۔

Soldieress : (n) سپاہی عورت ۔

Soldiering : (n) (۱) سپاہی کی خدمت انجام دینا ۔ (۲) کام سے جی چرانا ۔

Soldierize : (v) (۱) سپاہی کی خدمت انجام دینا ۔ (۲) سپاہی بنانا ۔

Soldierlike : (a) سپاہی کا سا : فوجیوں کا سا: سپاہیانہ ۔

Soldierlike : (adv.) سپاہی کی طرح سے : سپاہیانہ ۔

Soldierly : (a) (۱) سپاہیانہ : بہادرانہ ۔ (۲) سپاہی صفت : سپاہی کی خصوصیت رکھنے والا : بہادر : جوانمرد ۔

Soldierly : (adv.) دیکھو Soldierlike (adv.)

Soldiery : (n) (۱) سپاہ : فوج : سپاہیوں کی جماعت ۔ (۲) سپہ گری : فوجی تربیت ۔

Soldo : (n) [It.] اطالیہ کا ایک سکہ ۔

Sole : (n) [Late OE. 'Solu'. or 'Sole'.] (۱) تلوا : کف پا ۔ (۲) جوتے کا تلا ۔ (۳) تلا : بیٹھک (کسی چیز کی) ۔ (۴) چولہے ، بھٹی وغیرہ کا پیندا ۔ (۵) (بحری) پتوار : جہاز کے پیندے وغیرہ کا حفاظتی استر ۔ (۶) (بحری ، قلع بندی) کنگرے کا پیندا ۔ (۷) (کان کنی) افقی شہتیر جو تہونی کے نیچے سہارے کے طور پر لگائی جاتی ہے ۔ (۸) پن چرخی کا اندرونی دائرہ ۔ (۹) طبقۂ ارض وغیرہ کا فرش : وادی کا سب سے نشیبی حصہ ۔

Sole : (n) [Fr.] چپٹی مچھلی : سول ماہی : بعض دوسری قسم کی امریکی یا آسٹریلوی مچھلیاں ۔

Sole : (a) [Late ME. 'Soul(e)'.] (۱) واحد : تنہا : بلا شرکتِ غیرے :

ایک ہی ۔ (۲) یکتا : بے مثل : لاثانی ۔ (۳) سونا : الگ تھلگ : سنسان (مقام) ۔ (۴) یکساں : غیر متبدل ۔

Corporation sole : فرد بہ منزلۂ جماعت ۔

Woman sole : بن بیاہی عورت : کنواری : مطلقہ عورت ۔

Sole : (v) (۱) جوتے میں تلا لگانا ۔ (۲) (گولف کے بلے کے سرے سے) حفاظتی استر چڑھانا ۔ (۳) گولف کے بلے کے سرے کو زمین پر رکھنا (گیند مارنے کے لئے) ۔ (۴) پیندے کا کام دینا ۔

Sole : (adv.) (۱) بلا شرکت غیرے : مجرد : محض ۔ (۲) صرف : مختص طور پر : تمام تر : بالکل : کل ملا کر ۔

Sole : (v) [Origin unkn.] سختی سے کھینچنا ۔

Sole-coloured : (a) ایک ہی رنگ کا : یک رنگی ۔

Sole corporation : (n) فرد بمنزلۂ جماعت ۔

Sole-leather : (n) تلے کا چمڑا ۔

Sole-piece : (n) تل تختہ ۔

Sole-plate : (n) (۱) تل تختہ ۔ (۲) تل تختی : تل پلیٹ : انجن وغیرہ کا پیندا : تلا ۔

Sole print : (n) تلوے کا نقش : نقش پا : نقش کف پا ۔

Solea : (n) [Byzantine Gr. 'Solea'.] صدر کلیسا یا خانۂ گرجا کے آگے کا چبوترہ ۔

Solecism : (n) [Fr. 'Solecisme'.] (۱) صرف و نحو یا محاورے کی غلطی : فاش غلطی (تقریر یا تحریر میں) ۔ (۲) بیہودگی: بد تہذیبی : بد تمیزی ۔ (۳) غلطی : بے موقع ہونا ۔

Solecist : (n) صرف و نحو یا زبان کی فاش غلطی کرنے والا ۔

Solecistic : (a) غلط : خلاف محاورہ ۔

Solecistical : (a) دیکھو Solecistic

Solecistically : (adv.) غلط طور پر : خلاف محاورہ طور پر ۔

Soled : (a) تلے دار : تلا لگا ہوا ۔

Soleiform : (a) سلیپر کی شکل کا : سلیپر نما ۔

Soleil : (a) [Fr.] چمکدار (کپڑا) .

Soleless : (a) بے تلے کا .

Solely : (adv.) دیکھو Sole

Solemn : (a) [ME. 'Solem(p)ne'.] (۱) رسمی : با ضابطه . (۲) پُر رعب : پُر ہیبت . (۳) اہم : سنجیده : بھاری بھرکم : جما تلا : آہسته (رفتار) . (۴) مقطع بنا ہوا : سنجیده بنا ہوا .

Solemn league and covenant : دیکھو Covenant

Solemn-ness : (n) سنجیدگی : متانت : اہمیت : باضابطگی .

Solemness : (n) دیکھو Solemn-ness

Solemnity : (n) (۱) مذہبی رسم : ضابطه . (۲) متانت : سنجیدگی : اہمیت : وقار . (۳) تقریب : تیوہار .

Solemnization : (n) (۱) باضابطه ادائیگی (رسم) : ماننا یا منایا جانا : ادا کرنا یا کیا جانا . (۲) شادی کی رسم کا ادا کیا جانا : عقد بندی : شادی کی رسم کی ادائی .

Solemnize : (v) (۱) (تیوہار) منانا . (۲) باضابطه ادا کرنا (رسم کا) . (۳) اہمیت : متانت یا سنجیدگی پیدا کرنا . (۴) عقد بندی کرنا : شادی کی رسم ادا کرنا .

Solemnlike : (a) کسی قدر متین یا سنجیده .

Solemnly : (adv.) باضابطه طور پر : سنجیدگی سے : متانت سے .

Solen : (n) [L.] (۱) ایک قسم کا گھونگا : استرا صدف . (۲) (جراحی) ایک قسم کا چوکٹھا جو بستر کے کپڑوں کو مجروح عضو میں سٹنے سے روکتا ہے .

Solenette : (n) ایک قسم کی چھوٹی چپٹی مچھلی .

Solenite : (n) [Fr.] متحجر استر صدف .

Soleno- : (Prefix) سابقه بمعنی "نالی" : "نلی" : "نل" .

Solenocyte : (n) اخراجی خلیه : شعله خلیه .

Solenodon(t) : (n) جزائر غرب الہند اور امریکا میں پایا جانے والا ایک قسم کا پستاندار کترنے والا جانور .

Solenoid : (n) [Fr. 'Solenoide'.] (۱) پیچواں : پیچواں مقناطیس : وہ مقناطیس جو استوانی شکل کے تار کے لچھے میں برقی رو گزار کر بناتے ہیں . (۲) (طب) ایک حجرہ جس میں علاج کے دوران مریض کو بند رکھتے ہیں .

Solenoidal : (a) پیچوانی .

Solenostomatous : (a) مچھلیوں کی ایک جنس سے متعلق یا مشابه .

Soler : (n) (جوتے میں) تلا لگانے والا .

Solera : (n) [Sp.] (۱) مرکب شیری شراب . (۲) شراب کا پیپا .

Soleus : (n) [L. 'Solea'.] (تشریح) پنڈلی کا ایک عضله : (عضلۂ) اخمصیه .

Solfaing : (n) سرگم کے اصول پر گانا .

Solfatara : (n) [Name of a Sulpherous volcano near Naples.] برکانی شقاق گیس : گندھکی شقاق .

Solfeggio : (n) [It.] (۱) سرگم . (۲) سرگم کی مشق .

Solferino : (n) (۱) ایک قسم کا سرخ رنگ جو روز انیلین سے نکالا جاتا ہے . (۲) اٹلی میں ایک جگه کا نام .

Solicit : (v) [Fr. 'Solliciter'.] (۱) درخواست کرنا : التجا کرنا : اصرار کرنا . (۲) (قحبه عورتوں کا) خریداروں کو رجھانا . (۳) خواستگار ہونا : طلب ہونا . (۴) (عورت کو) رجھانا : عشق بازی کرنا . (۵) (نافرمانی یا سرکشی پر) اکسانا : ابھارنا . (۶) تلاش کرنا : جستجو کرنا . (۷) وکیل مقدمات کا کام کرنا .

Solicitant : (n & a) التجا کرنے والا : درخواست کرنے والا .

Solicitation : (n) استدعا : التماس : التجا : درخواست : اصرار : رجھانا : ترغیب .

Solicitor : (n) [Fr. 'Soliciteur'.] (۱) وہ شخص جو لوگوں کو قانونی امور میں مشوره دیتا ہے اور مقدمے کے کاغذات ترتیب دے کر وکیل کے حوالے کر دیتا ہے مگر خود سوائے چھوٹی عدالتوں کے کسی عدالت میں بحث نہیں کرتا : وکیل مقدمات : مختار . (۲) درخواست کرنے والا : التجا کرنے والا . (۳) (امریکا) چنده ، کام یا کوئی اور مدد طلب کرنے والا .

Solicitor-general : (n) صدر مشیر قانونی : حکومت کا اعلیٰ مشیر قانونی .

Solicitorship : (n) وکیل مقدمات کا عہده .

Solicitous : (n) [L. 'Sollicitus' + -ous.] (۱) متفکر : متردد : فکر مند۔ (۲) محتاط : متوجہ : خیال رکھنے والا ۔ (۳) خواہش مند : خواستگار : طالب ۔ (۴) (کوئی کام کرنے کو) دل سے آمادہ : مستعد ۔ (۵) متردد انہ : فکر مندانہ ۔

Solicitously : (adv.) دل سے : شوق سے : تردد کے ساتھ : فکر مندی کے ساتھ ۔

Solicitousness : (n) تفکر : تردد : اشتیاق : طلب : شوق : خواستگاری : آمادگی : فکر مندی ۔

Solicitude : (n) [Fr. 'Sollicitude'.] (۱) خواہش مندی : خواستگاری : آمادگی ۔ (۲) فکر مندی : تردد : فکر : احتیاط ۔

Solicitudinous : (a) متردد : فکر مند : متفکر ۔

Solid : (n) [Fr. 'Solide'.] (۱) (ہندسہ) مجسم : شکل مجسم : سہ ابعادی شکل ۔ (۲) ٹھوس چیز : جسم جامد : جماد ۔ (۳) (عمارت) پتھر : اینٹ وغیرہ کا ٹھوس کام : پل کا پایہ ۔

The solid : کسی چیز کا اصلی حصہ یا جز ۔

Solid : (a) (۱) منجمد : بستہ : جامد : جماد ۔ (۲) ٹھوس : بھرا ہوا ۔ (۳) مسلسل : پورا ۔ (۴) مضبوط : مستحکم : قوی : گٹھا ہوا : پکا ۔ (۵) یکساں : ایک میل : خالص ۔ (۶) مدلل : مستحکم : مضبوط : قابل اعتبار : قابل یقین : معقول : محکم ۔ (۷) مجسمات سے متعلق ۔ (۸) (بارش) مسلسل : یکساں : جمی ہوئی : جم کر برستا ہوا (پانی) ۔ (۹) غیر منقسم : سالم : مسلم ۔ (۱۰) مکمل : پورا (گھنٹہ ، دن وغیرہ) ۔ (۱۱) ایک ہی عنصر یا مادے کا ۔ (۱۲) صحت مند : مضبوط : ہٹا کٹا : گٹھا ہوا ۔ (۱۳) متین : سنجیدہ : پختہ مزاج (شخص) ۔ (۱۴) صحیح : مبنی بر واقعہ : حقیقی ۔ (۱۵) سرگرم ۔ (۱۶) پورا : کامل : مکمل : قطعی : قوی ۔ (۱۷) ایک ہی مادہ یا چیز کا بنا ہوا ۔ (۱۸) یک زبان : متفق الرائے : مسلم : سالم ۔ (۱۹) یکساں اور باقاعدہ ۔ (۲۰) محکم : معقول ۔ (۲۱) کٹر مذہبی ۔ (۲۲) صاف : کھرا : صریح : پر زور : مؤثر ۔

Solid : (adv.) (۱) مضبوطی سے : استواری سے ۔ (۲) متفقہ طور پر : بہ اتفاق رائے : یک زبان ہو کر ۔

To go solid : (کسی کے خلاف یا حق میں) متفقہ طور پر رائے دینا یا ووٹ دینا : متفق ہونا ۔

Solid angle : (n) زاویۂ مجسمہ : مجسم زاویہ ۔

Solid bulb : (n) بصلہ : ٹھوس گٹھلی ۔

Solid colour : (n) یکساں رنگ (جس میں دوسرے رنگوں کے بیل بوٹے نہ ہوں) : یک رنگ ۔

Solid-geometry : (n) ہندسۂ مجسمات ۔

Solid-hoofed/ -hooved : (a) تک سم : ٹھوس کھردار : ٹھوس کھر والا ۔

Solid-looking : (a) مضبوط : مستحکم ۔

Solid-mouth/ -mouthed : (a) (بھیڑ) جس کے منہ میں کل دانت نکل آئے ہوں ۔

Solid newel : (n) پیچدار زینے کا ٹھوس مرکزی ستون ۔

Solid of revolution : (n) (ریاضیات) گردشی مجسم ۔

Solid solution : (n) ٹھوس محلول ۔

Solid state : (n) (طبیعیات) ٹھوس حالت ۔

Solid-state : (a) (۱) ٹھوس ۔ (۲) ٹھوس برقیے کی صفت والا ۔

Solid vote : (n) متفقہ رائے یا ووٹ ۔

Solidago : (n) [med. L. 'Solidago'.] (۱) سدا بہار پودوں کی ایک جنس ۔ (۲) اس جنس کا کوئی پودا ۔

Solidaric : (a) مستحکم : باہمی طور پر متفق ۔

Solidarily : (adv.) اتحاد کے ساتھ : باہمی اتفاق کے ساتھ ۔

Solidarism : (n) (۱) اغراض : احساسات اور عمل کا اتحاد : باہمی اتفاق ۔ (۲) عمرانیات کا ایک نظریہ کہ کسی سوسائٹی کے اراکین کا باہمی انحصار ہی اغراض و عمل کے اتحاد پر مبنی کسی سماجی تنظیم کی بنیاد پر بنتا ہے ۔

Solidarity : (n) (۱) عصبیت : باہمی اتفاق : استحکام : اغراض : احساسات اور عمل کا اتحاد : اشتراک اغراض ۔ (۲) (قانون) مشترکہ اور منفرد معاہدہ ۔

Solidarize : (v) متحد ہونا : مستحکم ہونا : باہمی طور پر متفق ہونا ۔

Solidary : (a) [Fr. 'Solidaire'.] (۱) (قانون) مشترک اور متفرق ۔ (۲) مشترک اغراض والا : متحدہ : باہمی طور پر متفق ۔

Solidate : (n) [med. L. 'Solidatus'.] وہ قطعۂ زمین جس سے کسی کی سالانہ آمدنی ایک شلنگ یا ایک سولیڈس ہو ۔

Solidifiable : (a) قابل انجماد : استحکام پذیر : ٹھوس بننے یا بنائے جانے کے لائق ۔

Solidification : (n) انجماد : استحکام : ٹھوس بنانے کا عمل ۔

Solidifier : (n) ٹھوس کرنے والا: مضبوط کرنے والا: منجمد کرنے والا: استحکام دینے والا ۔

Solidify : (v) (۱) ٹھوس کرنا: مضبوط کرنا : سخت کرنا : ٹھوس بنانا ۔ (۲) ٹھوس ہونا : جمنا : سخت ہونا : ٹھوس بننا ۔

Solidism : (n) (طب) نظریۂ صلابیت : یہ نظریہ کہ تمام امراض جسم کے ٹھوس حصوں میں خرابی کی وجہ سے ہوتے ہیں ۔

Solidist : (n) اس نظریے کا حامی کہ تمام امراض جسم کے ٹھوس حصوں میں خرابی کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں ۔

Solidity : (n) [L. 'Soliditus'.] (۱) ٹھوس پن : جسمیت : انجماد ۔ (۲) استواری : مضبوطی ۔ (۳) (ہندسہ) سہ ابعادیت : جسمیت ۔ (۴) (طبیعیات) صلودیت : استواری : کثافت : ثقل نوعی ۔ (۵) ٹھوس چیز یا جسم ۔ (۶) (قانون) مشترک و متفرق معاہدہ ۔

Solidly : (adv.) مضبوطی سے :استواری سے : متانت سے : مدلل طور پر: متفقہ طور پر ۔

Solidness : (n) استواری : مضبوطی : انجماد : جسمیت : ٹھوس پن ۔

Solidum : (n) [L.] (۱) پایہ : ستون ۔ (۲) کل رقم : کل مقدار ۔

Solidungulate : (a & n) ٹھوس کھر کا جانور : دیکھو Soliped ۔

Solidungulous : (a) ٹھوس کھر والا : ذوحوافر ۔

Solidus : (n) [L.] (۱) سلطنت روما کا طلائی سکہ ۔ (۲) وہ ترچھی لکیر جو شلنگ اور پنس کے درمیان کھینچی جاتی ہے (مثلاً ۱۲/۶) : شلنگ کی علامت ۔

Solifidian : (n) [mod. L. 'Solifidius'.] اعتقادیہ : اعتقادی : اس نظریے کا حامی کہ عقیدہ نجات کے لئے کافی ہے ۔

Solifidian : (a) اعتقادی : نظریۂ اعتقادیت سے متعلق ۔

Solifidianism : (n) اعتقادیت ۔

Solifluction/ Solifluxion : (n) [L.] مٹی کا بہاؤ ۔

Solifluctional : (a) مٹی کا بہاؤ سے متعلق ۔

Soliform : (a) [L. 'Sol' + -from.] سورج سے مشابہ : شمس نما ۔

Solifugae : (n) [L.] روئیں دار حیوانات کا ایک خاندان ۔

Solifuge : (n) [L. 'Solifuga'.] نیولا مکڑی ۔

Solifugid : (n) دیکھو Solifuge

Soligenous : (a) [L. 'Solum + -i - genous.] پانی کے اندر کی طرف بہہ کر آنے سے یا زیر زمین پانی کے اوپر بہہ کر آنے سے پیدا ہونے والی (دلدل وغیرہ) ۔

Soliloquist : (n) اپنے آپ سے باتیں کرنے والا: اپنے دل سے باتیں کرنے والا: خود کلام : خود کلامی کرنے والا ۔

Soliloquize : (v) اپنے آپ سے باتیں کرنا : دل سے باتیں کرنا : خود کلامی کرنا ۔

Soliloquizer : (a) خود کلام : اپنے آپ سے باتیں کرنے والا: خود کلامی کرنے والا ۔

Soliloquizingly : (adv.) اپنے آپ سے باتیں کرتے ہوئے ۔

Solioquy : (n) [late L. 'Soliloquiun'.] (۱) خود کلامی : وہ گفتگو جو اپنے آپ سے کی جائے ۔ (۲) کوئی ادبی تصنیف جس میں خود کلامی ہو یا خود کلامی کی نقل کی جائے ۔

Solilunar : (a) شمسی قمری : چاند اور سورج کا ۔

Soliped/ Solipede : (a) [Fr. 'Solipede' or mod. L. 'Solipes'.] تک سم : ٹھوس کھر والا : ذو حوافر ۔

Soliped/ Solipede : (n) ٹھوس کھر کا جانور ۔

Solipedal : (a) ٹھوس کھر والے جانوروں سے متعلق ۔

Solipedous : (a) دیکھو Soliped

Solipsism : (n) [L. 'Solus' + 'ipse' + -ism.] (ما بعد الطبیعیات) فلسفہ خودی : فلسفہ انانیت : بہہ انانیت : عندیت : یہ نظریہ کہ انا صرف اپنا نفس وجود رکھتا ہے یا صرف اسی کا علم حاصل ہو سکتا ہے ۔

Solipsist : (n) فلسفہ انانیت کا حامی ۔

Solitaire : (n) [Fr. 'Solitaire'.] (۱) گوشہ نشیں : خلوت گزیں ۔ (۲) ہیرا یا کوئی قیمتی نگ جو اکیلا جڑا ہوا ہو ۔ (۳)بندا: میض کا بٹن وغیرہ جس میں صرف ایک نگ

جڑا ہو۔ (۴) کفوں کے جڑے ہوئے بٹن ۔ (۵)کھیل جس کو ایک تختے پر گولیوں سے کھیلتے ہیں ۔ (۶) تاش کا ایک کھیل جسے ایک شخص کھیلتا ہے ۔ (۷) ایک قسم کی ڈھیلی نکٹائی ۔ (۸) ایک قسم کا پرندہ جو امریکا اور جزائر غرب الہند میں پایا جاتا ہے ۔

Solitaire : (a) صرف ایک آدمی کے لئے : ایک آدمی کا ۔

Solitarily : (adv.) تن تنہا : تنہائی میں : بے کسی کی حالت میں ۔

Solitariness : (n) تنہائی : خلوت پسندی : بے کسی : سنسان پن ۔

Solitary : (n) [L. 'Solitarius'.] (۱) گوشہ نشیں درویش : تارک الدنیا رابب ۔ (۲)خلوت پسند شخص ۔

Solitary : (a) (۱) تنہا : اکیلا : مجرد ۔ (۲) اکیلے رہنے والا : تنہائی پسند : غیر غول پسند (جانور) : مفرد ۔ (۳) یکہ و تنہا : بے یارو مددگار: بے بس ۔ (۴) سونا: الگ تھلگ : سنسان: جہاں لوگوں کی آمد و رفت کم ہو ۔ (۵ واحد : بلا شرکت غیرے ۔ (۶) (نباتیات) مفرد : اکیلا اگنے والا ۔

Solitary ant : (n) غیر غول پسند چیونٹی ۔

Solitary bee : (n) شہد کی مکھی جو ہمیشہ الگ تھلگ رہتی ہے ۔

Solitary confinement : (n) قید تنہائی ۔

Soliterraneous : (a) زمین اور سورج سے متعلق ۔

Solitude : (n) [Fr. 'Solitude' or L. 'Solitudo'.] (۱) تنہائی : گوشہ نشینی : خلوت نشینی : عزلت ۔ (۲) ویرانہ : کنج عزلت : گوشہ تنہائی : اجاڑ جگہ : سونا یا سنسان مقام ۔

Solitudinarian : (n) تارک الدنیا : گوشہ نشیں : زاہد : مرتاض ۔

Solivagant : (a) [L. 'Solivagus' + 'vagari'.] تنہا مارا مارا پھرنے والا : تنہا آوارہ گردی کرنے والا : تنہا جانے والا ۔

Solivagant : (n) اکیلا مارا پھرنے والا : تنہا آوارہ گرد ۔

Sollar/ Solar : (n) [Afr. 'Soler'.] (۱) بالائی کمرہ ۔ (۲) گرجا کا بالاخانہ ۔ (۳) (کان کنی) کان کا چبوترا جس پر سیڑھی رکھی ہوتی ہے ۔ (۴) ہوا گزار ۔

Sollar : (v) بالائی کمرا یا بالا خانہ بنانا ۔

Solleret/ Solcret(t)e : (n) [OFr. 'Sol(l) eret.'] آہنی جوتا (چودھویں اور پندرھویں صدی کی زرہ کا ایک حصہ) ۔

Solmizate : (v) سرگم کے ایک خاص اصول سے ترتیب دینا ۔

Solmization / Solmisation : (n) [Fr.] سرگم کے اصول سے ترتیب دینا یا دیا جانا ۔

Solo : (n) [It.] (۱) ایک شخص کے گانے یا بجانے کی چیز : سولو ۔ (۲) ایک باجے پر بجانے کی چیز ۔ (۳) ایک مغنی کا گیت : ایک کھلاڑی کا کھیل ۔ (۴) ایک آدمی کا ناچ ۔ (۵) (ہوا بازی) تنہا پروازی ۔ (۶)(تاش) ایک کھیل جس میں ایک شخص تین کے مقابلے میں کھیلتا ہے ۔

Solo : (a) (۱) تنہا : بلا شرکت غیرے ۔ (۲) ایک آدمی کے لئے ۔ (۳)ایک شخص کے ذریعہ بجایا جانے والا (آلۂ موسیقی) ۔ (۴)تنہا (پروازی) ۔

Solo : (v) تنہا کرنا : تنہا پرواز کرنا : اکیلے ہوائی جہاز اڑانا ۔

Solo organ : (n) بڑے آرگن باجے کا ایک حصہ ۔

Solo stop : (n) آرگن باجے کا پردہ جس سے منفرد آواز نکلتی ہے ۔

Soloist : (n) سولو گانے یا بجانے والا ۔

Soloistic : (a) سولو گانے یا بجانے والے سے متعلق ۔

Solomon : (n) (۱) حضرت سلیمانؑ: حضرت سلیمان جیسا دانا شخص: عاقل ۔ (۲) (طنزاً) حکمت چھانٹنے والا : عقل مند بننے والا ۔ (۳) یہودی بادشاہ کا نام ۔

British or English solomon : انگلستان کا بادشاہ جیمس اول ۔

Scotch solomon : اسکاچستان کا بادشاہ جیمس چہارم ۔

Solomonic : (a) سلیمانی ۔

Solomon's seal : (n) [med. L. 'Sigillum solomonis'.] (۱) خاتم سلیمان : سوسنی بوٹی : سوسن سے مشابہ ایک پھول دار پودا ۔ (۲) شش کرنی ستارہ ۔

Solon : (n) [L.] (۱) اپنے وقت کا سولن : حکیم دانش مند ۔ (۲)واضع قانون ۔

Solonian : (a) قدیم ایتھنس کے واضع قانون سوسن سے متعلق ۔

Solpuga : (n) [L.] (۱) زہریلی چیونٹی یا مکڑا جس کا ذکر کلاسیکی ادیبوں نے کیا ہے ۔ (۲) مکڑے کی ایک جنس ۔

Solpugid : (n) نیولا مکڑی ؛ نوع شمس گریز ۔

Solstice : (n) [Fr. 'Solstice'.] (۱) ان دونوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ جب کہ سورج خط استوا سے زیادہ سے زیادہ دور ہوتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ واپس ہونے سے قبل ایک جگہ ٹھہر گیا ہے ؛ انقلاب شمس ؛ راس السرطان ۔ (۲) نقطۂ انقلاب ۔ (۳) (مجازاً) نقطۂ انقلاب ؛ نازک مرحلہ ؛ خطرناک موقع یا حالت ۔ (۴) عروج ؛ حد ؛ انتہا ۔

Summer solstice : راس السرطان ؛ انقلاب صیفی (۲۱ ر مارچ)۔

Winter solstice : راس الجدی؛ انقلاب شتوی (۲۱ر ستمبر)۔

Solstitial : (a) راس السرطان یا راس الجدی کا ؛ انقلابی ۔

Solstitial point : (n) نقطۂ انقلاب ۔

Solstitium : (n) دیکھو Solstice

Solublity : (n) (۱) حل پذیری ؛ تحلیل پذیری ۔ (۲) (نباتیات) تقسیم پذیری ۔

Solubility product : (n) حل پذیری حاصل ۔

Solubilization : (n) حل پذیر بنانا ؛ تحلیل پذیر بننا ۔

Solubilize : (a) حل پذیر بنانا ؛ تحلیل پذیر بنانا ۔

Soluble : (a) [Fr.] (۱) جو تحلیل ہو سکے ؛ جو پگھل سکے ؛ تحلیل پذیر ۔ (۲) جو حل ہو سکے ؛ جو سلجھایا جا سکے ؛ حل پذیر ۔ (۳) تحویل پذیر ؛ تقسیم پذیر ۔

Soluble : (n) تحلیل پذیر چیز ۔

Soluble-glass : (n) پوٹاش یا سوڈا کے سلیکیٹ کا غیر شفاف محلول جو ہوا لگنے سے ٹھوس ہو جاتا ہے ۔

Solum : (n) [L.] مٹی ؛ زمین ۔

Solus : (a) [L.] تنہا ؛ اکیلا ۔

Solute : (a) [L. 'Solutus'.] (۱) (نباتیات) علاحدہ ؛ غیر وابستہ ؛ غیر چسپاں ۔ (۲) تحلیل شدہ ؛ گھلا ہوا ۔

Solute : (n) تحلیل شدہ مادہ ۔

Solutio : (n) [L.] (رومی قانون) ادائی ؛ بے باقی ۔

Solution : (n) [Fr.] (۱) حل کرنا یا ہونا ؛ (سوال ، مشکل وغیرہ کا) حل ۔ (۲) (طب) بیماری کا خاتمہ یا نازک حالت ؛ بحران۔ (۳) حل ؛ تحلیل ؛ عمل ۔ (۴) تحلیل کی کیفیت ؛ محلول کی صورت ۔ (۵)محلول ۔ (۶)تفریق ؛ تجزیہ ؛ الگ الگ کرنا یا ہونا ؛ علاحدگی ۔ (۷) (مجازاً) رخنہ ؛ خلل ۔ (۸)اختتام ؛ خاتمہ ۔

Solution : (v) محلول لگانا ؛ محلول لگا کر چپکانا (ربر وغیرہ کو) ۔

Solution of continuity : (n) (طب)علاحدگی ؛ الگ الگ ہونا؛ تفریق ۔

Solution pressure : (n) محلولی دباؤ ۔

Solutional : (a) محلول سے متعلق ؛ محلول بنانے والے (اجزا) ۔

Solutionist : (n) اخباری معمول کا پیشہ ور حل کرنے والا ۔

Solutizer : (n) تحلیل پذیر بنانے والا عامل ۔

Solutrian/ Solutrean : (a) [f. 'Solutre' a village in France.] (آثار قدیمہ) سالوتری (عہد کا) ؛ اس عہد حجری کا جس کے آثار فرانس کے سالوتری غار میں پائے گئے ۔

Solvability : (n) حل پذیری ؛ توجیہہ پذیری ؛ تحلیل پذیری ؛ تحویل پذیری ۔

Solvable : (a) (۱) حل پذیر ؛ حل ہونے کے لائق ۔ (۲) تحلیل پذیر؛ گھلنے کے لائق ۔ (۳) توجیہہ پذیر ؛ تحویل پذیر ۔

Solvableness : (n) دیکھو Solvability

Solvate : (n) کسی تحلیل شدہ مادہ کا محلل کے ساتھ مرکب ؛ محلول سالمی ۔

Solvate : (v) (تحلیل شدہ مادے کا) کسی محلل کے ساتھ مرکب ہونا ۔

Solvation : (n) تحلیل سالمی ۔

Solve : (v) [L. 'Solvere'.] (۱) کھولنا ؛ سلجھانا (گرہ ، گتھی وغیرہ)۔ (۲)(ریاضیات) حل کرنا(سوال ، عقدہ وغیرہ) ۔ (۳)ادا کرنا ؛ بے باق کرنا ۔ (۴) خاتمہ کرنا ؛ توڑنا ؛ تصفیہ کرنا ۔

Solvency : (n) ادائے قرض کا مقدور ؛ مقدرت ؛ ذمہ داری ؛ ساکھ داری ۔

Solvend : (n) محلول کا تحلیل شدہ مادہ ۔

Solvent : (a) [L. 'Solvens'.] (۱) ساکھ دار ؛ ادائے قرض کا مقدور رکھنے والا ؛ صاحب مقدرت ؛ زردار ۔ (۲) محلل ؛ جس

میں کوئی دوسری چیز حل ہو جائے ۔ (۳) حل کرنے والا۔

Solvent : (n) (۱) محلل : وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز حل ہو جائے ۔ (۲) (مجازاً) ہادم : وہ چیز جو روایات ، عقائد وغیرہ کے اثر کو مٹا دے ؛ رفع دفع کرنے والا؛ دور کرنے والا ۔ (۳) حل کرنے ، توضیح کرنے یاتصفیہ کرنے والی چیز ۔ (۴) ساکھدار : کھری اسامی ؛ صاحب مقدرت ۔

Solvently : (adv.) محلل کے طور پر: صاحب مقدرت کی حیثیت سے ۔

Solver : (n) حل کنندہ ۔

Solvolysis : (n) پاشیدگی ؛ نمک پاشیدگی ۔

Soma : (n) [Skr. 'Soma'.] (۱) سوما : ایک شراب ۔ (۲) ایک پودا جس سے سوما شراب بنتی ہے ۔

Soma : (n) [Gr. 'Soma'.] بدن ؛ جسم ۔

Somaesthesia : (n) جسم حسی ۔

Somal : (a) بدنی ؛ جسمی ۔

Somaplasm : (n) (حیوانیات) جسم مایہ ۔

Somatic : (a) (۱) جسمانی ؛ جسمی ؛ بدنی ۔ (۲) جسدی ۔ (۳) جسم پر اثر کرنے والا ۔

Somatic : (n) (جمع) دیکھو Somatology

Somatic cell : (n) بدنی خلیہ ؛ غیر مولد خلیہ ۔

Somatic death : (n) موتِ کامل ؛ جسم کا بہ ہیئت مجموعی فنا ہو جانا۔

Somatical : (a) جسمانی ؛ بدنی ؛ جسدی ؛ حقیقی ۔

Somatically : (adv.) جسمانی طور پر؛ جسدی طور پر ۔

Somatist : (a) جسمی ؛ بدنی ؛ جسدی ۔

Somato- : (Prefix) [Gr. 'Somato'.] سابقہ بمعنی "جسم کا" ؛ "جسمانی" ؛ "بدن" ؛ "جسم" ۔

Somatoblast : (n) جسم نہوضہ ۔

Somatocyst : (n) سمندری حیوانات کا ایک کیسہ ۔

Somatogenic : (a) جسم زاد ؛ جسم کے اندر پیدا ہونے والا ۔

Somatological : (a) جسمیات ؛ علم الابدان سے متعلق ؛ تشریح عضویات سے متعلق ؛ نسلی طبیعیات سے متعلق ۔

Somatologically : (adv.) علم الابدان کی رو سے ؛ جسمیات کی رو سے نسلی طبیعیات کی رو سے ۔

Somatologist : (n) جسمیات دان ۔

Somatology : (n) [Somato- + -logy.] (۱) جسمیات ؛ علم الابدان: تشریح عضویات ۔ (۲) حیاتیات ؛ طبیعیات ۔

Somatome : (n) (حیوانیات) حلقۂ جسم ۔

Somatometry : (n) پیمائش جسم کا علم ۔

Somatoplasm : (n) دیکھو Somaplasm

Somatoplastic : (a) جسم مایہ سے متعلق ۔

Somatopleure : (n) بیرونی جسمہ ؛ جسمی پلیورا ۔

Somatopleuric : (a) بیرونی جسمہ سے متعلق ۔

Somatotomy : (a) جسم شگافی ۔

Somatotype : (n) انسان کی تین قسم کی جسمانی ساختوں میں سے ایک ۔

Somatotypic : (a) جسمانی ساخت سے متعلق ۔

Sombra : (n) [Mex. Sp.] آدمی اور سانڈ کے مقابلے کے میدان کا سایہ دار حصہ ۔

Sombre : (a) [Fr.] (۱) تاریک ؛ اندھرا ؛ تیر و تار ۔ (۲) افسردہ ؛ مغموم ؛ اداس ۔ (۳) گہرا (رنگ) ۔ (۴) غمناک ؛ اداس کرنے والا ۔ (۵) دلگیر ؛ افسردہ کن ۔

Sombre : (v) تاریک ہونا ؛ افسردہ ہونا ؛ مغموم ہونا ؛ اداس ہونا ؛ افسردہ بنانا؛ تاریک بنانا ۔

Sombrely : (adv.) تاریکی کے ساتھ ؛ اداسی سے ۔

Sombreness : (n) (۱) اداسی ۔ (۲) تاریکی ۔

Sombrero : (n) [Sp.] چوڑے کنارے کی ٹوپی جو ہسپانیہ اور ہسپانوی امریکا میں عام طور سے استعمال کی جاتی ہے ۔

Sombrous : (a) تاریک ؛ تیرہ و تار ؛ اداس ۔

Sombrously : (adv.) تاریکی کے ساتھ ؛ اداسی سے ۔

Somrousness : (n) تاریکی ؛ اداسی ۔

Some : (Indef. pron.) (۱) کسی چیز کا غیر معین حصہ ؛ ٹکڑا ۔ (۲) آدمی ، چیز یا جانور کی غیر معین تعداد ۔

And then some : اس کے علاوہ اور بہت سے ۔

Some of these (..) days : بہت جلد ؛ جلد ہی ۔

Some : (a) (۱) کوئی (شخص یا چیز) ۔ (۲) کچھ ؛ چند ؛ تھوڑے سے ؛ تھوڑا سا ؛ کسی قدر ۔ (۳) متعدد ؛ کئی ؛ خاصی مقدار میں ؛ اچھا خاصا ؛ بہت سا ۔

Some : (adv.)(طنزاً ، عامیانہ امریکا) (۱) کسی قدر ؛ کسی حد تک ۔ (۲) بہت بڑا ؛ بہت زیادہ ؛ اعلیٰ درجے کا ۔ (۳) تقریباً ؛ تخمیناً ؛ اندازاً ؛ کوئی ۔ (۴) کسی قدر ؛ قدرے ؛ ذرا سا ۔ (۵) تھوڑا سا ؛ کسی قدر ۔

-some : (Suffix) [OE. '-sum'.] لاحقہ جسے اسماء افعال اور صفات کے ساتھ ملا کر مرکب بناتے ہیں، جیسے : Fulsome ، Gladsome, Tiresome وغیرہ ۔

-some : (suffix) [OE. 'Sum'.] لاحقہ بمعنی (اتنے) اشخاص کی جماعت (Two some, Foursome وغیرہ) ۔

-some : (Suffix) لاحقہ بمعنی "(ایسے) جسم والا" ؛ "جسم" ؛ "جسم کا حصہ" ۔

Some one/ Someone : (Pron & n) کوئی شخص ۔

Some place : (adv.) (۱) کبھی ؛ کسی جگہ ۔ (۲) تقریباً ؛ لگ بھگ ۔

Some way / Someway : (adv.) (۱) کسی طرح سے ۔ (۲) کبھی ۔

Somebody : (Pron. & n.) (۱) کوئی شخص ۔ (۲) معزز آدمی ۔ (۳) کوئی شخص جس کا نام ظاہر کیا جائے ؛ شیطان ۔

Someday : (adv.) جلد ہی ؛ آئندہ کسی وقت ۔

Somedeal : (n) کوئی چیز ؛ کچھ ؛ کسی چیز کا کوئی حصہ ۔

Somedeal : (adv.) کسی حد تک ؛ کسی قدر ؛ جزوی طور پر ۔

Somegate : (adv.) (اسکاچستان) کسی طرح ؛ کہیں ؛ کسی جگہ ۔

Somehow : (adv.) (۱) کسی طرح ۔ (۲) (جب زور دے کر کہا جاتا ہے) کسی نہ کسی طرح ۔

Somersault : (n) [OFr. 'Sombresau(l)t'.] (۱) قلابازی ؛ کلا بازی ؛ ڈھینکلی ۔ (۲) (مجازاً) الٹ پلٹ ؛ انقلاب ؛ زیر و زبر ہونا ۔

To turn a somersault : قلابازی کھانا ۔

Somersault : (v) قلابازی کھانا ؛ ڈھنکلی لگانا ۔

Somerset : (n) دیکھو Somersault

Somerset : (v) قلابازی کھانا یا کھلانا ۔

Somesthesia/ Somesthesis : (n) [L.] احساس جسمی ۔

Something : (n) (۱) کچھ ؛ کوئی چیز ؛ کوئی بات ۔ (۲) معزز آدمی ؛ قابل قدر چیز ۔

Or something : وغیرہ وغیرہ ۔

Something in the wind : کچھ دال میں کالا ہے ؛ کچھ خفیہ کاروائی ہو رہی ہے ۔

Something of a(n) : کسی حد تک ؛ کسی قدر ۔

Something or other : کچھ نہ کچھ ۔

There is something in it : اس میں کچھ صحت ہے ؛ اس کی کچھ اہمیت ہے ۔

To make something of : اہم یا مفید بنانا ؛ بہتر کرنا ؛ کسی قدر فائدہ اٹھانا ۔

Something : (adv.) تھوڑا سا ؛ کسی قدر ۔

Something : (v) کوسنا ؛ بد دعا کرنا ؛ شراپ دینا ۔

Something damp/ -short : (n) شراب ۔

Something good : (n) (گھڑ دوڑ میں) صحیح اندازہ ۔

Something like : (a) مشابہ ؛ ملتا جلتا ۔

Somethingness : (n) وجود ۔

Somethingth : (n) نامعلوم تعداد یا عدد ۔

Sometime : (adv.) (۱) پیشتر ؛ کسی زمانے میں ؛ سابقاً ۔ (۲) آئندہ ؛

مستقبل میں ۔ (۲) کبھی : کسی وقت ۔

Sometime : (a) سابق : پچھلا ۔

Sometimes : (adv.) کبھی کبھی : گاہ گاہ : بعض اوقات : گاھے ۔

Sometimes : (a) سابق : پچھلا ۔

Someway/ Some way : (adv.) (۱) کسی طرح سے ۔ (۲) کبھی ۔

Someways : (adv.) دیکھو Someway

Somewhat : (n) (۱)کوئی چیز : کچھ ۔ (۲) معزز آدمی ۔ (۳) کسی قدر ۔ (۴) کچھ حصہ۔

Somewhat : (adv.) کسی قدر : تھوڑا سا ۔

Somewhat : (n) (۱) غیر معین مقدار ۔ (۲) (ہیگل کا فلسفہ) محدود حقیقت یا اصلیت ۔

Somewhen : (adv.) کبھی نہ کبھی : کسی نہ کسی وقت ۔

Somewhere : (adv.) دیکھو Some place

Somewhere : (n) کوئی جگہ ۔

Somewheres : (adv.) دیکھو Somewhere

Somewhither : (n) (۱) کسی سمت میں ۔ (۲) کہیں کو ۔

Somewise : (adv.) کسی طرح سے : کسی حد تک ۔

Somital : (a) فقرے کا یا جوڑ کا : فقری : حلقوی ۔

Somite : (n) [Gr. 'Soma' + -ite.] (حیوانیات) حیوانی جسم کا ٹکڑا: فقرہ : جوڑ : حلقہ : چھلا : حلقۂ جسم ۔

Somitic : (a) دیکھو Somital

Somma : (n) [It.] آتش فشاں پہاڑ کے دہانے کا حلقہ ۔

Sommelier : (n) [Fr.] ریستوران کا ملازم جس کا کام شراب پیش کرنا ہوتا ہے : شراب خانے کا منتظم ۔

Somn- : (Prefix) [L. 'Somnus'.] سابقہ بمعنی "نیند" : "خواب" ۔

Somnambulance : (n) [L. 'Somnus' + 'Sambulare'.] خواب خرامی : نیند میں چلنے کی عادت ۔

Somnambulant : (a) خواب خرامی کا عادی : خواب خرام ۔

Somnambulant : (n) خواب خرام : خواب میں چلنے والا ۔

Somnambular : (a) خواب خرامی سے متعلق ۔

Somnambulate : (v) خواب خرامی کرنا : نیند میں چلنا : نیند کی حالت میں چلاّنا ۔

Somnambulation : (n) خواب خرامی : نیند میں چلنا : مشی فی النوم ۔

Somnambulator : (n) خواب خرام : نیند میں چلنے والا ۔

Somnambule : (n) دیکھو Somnambulate

Somnambulic : (a) خواب خرامی کی طرح کا : خواب خرامی سے متعلق : خواب خرامی کرنے والا ۔

Somnambulism : (n) (۱) خواب خرامی : نیند میں چلنے وغیرہ کی عادت ۔ (۲) دماغ کی وہ حالت جو نیند میں چلنے وغیرہ کا باعث ہوتی ہے ۔

Somnambulist : (n) دیکھو Somnambulator

Somnambulistic : (a) خواب خرامی سے متعلق : خواب خرامیہ : خواب خرام کی طرح کا یا اس سے متعلق ۔

Somnambulistically : (adv.) خواب خرام کی طرح ۔

Somni- : (Prefix) سابقہ بمعنی "نیند" : "خواب" ۔

Somnifacient : (a & n) منوم : خواب آور ۔

Somniferous : (a) [L. 'Somnifer'.] (۱) خواب آور : منوم ۔ (۲) دیکھو Somnolent ۔

Somniferously : (adv.) خواب آور کے طور پر ۔

Somnific : (a) [L. 'Somnificus'.] خواب آور : منوم ۔

Somniloquence : (n) خواب کلامی: نیند میں بولنے کی عادت: بڑبڑاہٹ۔

Somniloquent : (a) خواب کلام : نیند میں بولنے والا ۔

Somniloquism : (n) خواب کلامی : بڑبڑاہٹ ۔

Somniloquist : (n) خواب کلام : بڑبڑانے والا : نیند میں بولنے کا عادی: وہ شخص جو سونے میں بڑ بڑاتا ہے ۔

Somniloquous : (a) نیند میں بولنے کا عادی ؛ نیند میں بڑبڑانے والا ۔

Somniloquy : (n) دیکھو Somnoloquism

Somnipathist : (n) عامل تنویم ؛ عمل تنویم کا معمل ۔

Somnipathy : (n) عمل تنویم ؛ تنویمی نیند ۔

Somnivolency : (n) خواب آور دوا ؛ منوم دوا ۔

Somnolence : (n) [OFr. 'Somnolence'.] غنودگی ؛ اونگھ ؛ نیم خوابی ؛ نُعاس ۔

Somnolency : (n) دیکھو Somnolence

Somnolent : (a) (۱) نیند سا ؛ نیم خواب ؛ اونگھتا ہوا ؛ مائل بہ خواب ؛ خواب آلود ۔ (۲) غنودگی پیدا کرنے والا ؛ غنودگی آور ۔ (۳) (طب) جو خواب اور بیداری کی درمیانی حالت میں ہو ۔

Somnolently : (adv.) اونگھتا ہوا ؛ غنودگی کی حالت میں ۔

Somnolism : (n) نوم توجہ ؛ تنویمی نیند ؛ نوم مصنوعی ۔

Somnorific : (a) دیکھو Somniferous

Somnus : (n) [L.] نیند کا دیوتا ۔

Son : (n) [OE. 'Sunu'.] (۱) بیٹا ؛ لڑکا ؛ پوت ؛ پسر ؛ فرزند ؛ خلف ۔ (۲) ابن آدم ، خصوصاً خطاب کی شکل میں (تورات) ۔ (۳) خلف جو کسی کی اولاد یا نسل ہو ۔ (۴) وارث ؛ نسبت رکھنے والا ۔ (۵) داماد ؛ خویش ۔ (۶) حضرت عیسیٰ ۔ (۷) فرشتہ ۔ (۸) خدا کا برگزیدہ بندہ ۔ (۹) کسی مذہبی سلسلے کا رکن ۔

Son of the soil : دیکھو Soil

Son and heir : (n) وارث ؛ بیٹا ۔

Son et lumiere : (n) [Fr.] کسی تاریخ مقام کا باہر دیا جانے والا تفریحی پروگرام جو روشنی اور آواز کے ذریعہ پیش کیا جاتا ہے اور اس مقام کی تاریخ کو ڈرامائی انداز میں بیان کیا جاتا ہے ۔

Son -in-law : (n) داماد ؛ خویش ۔

Son of a bitch : (n) (گالی) حرامی ؛ کتے کا بچہ ؛ قابل نفرت شخص ۔

Son of a gun : (n) (۱) (گالی) حرامی ؛ کتے کا بچہ ۔ (۲) ایک قسم کی آتش بازی ۔

Son of God : (n) حضرت عیسیٰ ۔

Son of man : (n) (۱) انسان ؛ ابن آدم خصوصاً خطاب کی شکل میں (تورات) ۔

Sonance : (n) [L. 'Sonare'.] صوت ۔

Sonancy : (n) جہریّت ۔

Sonant : (a) جہری ؛ وہ حرف جو پوری آواز سے ادا ہو ؛ صوتی ؛ صدا دار ۔

Sonant : (n) جہری آواز یا حرف ۔

Sonantal : (a) جہری ؛ صوتی ۔

Sonar : (n) (۱) زیر آب سی چیز کی موجودگی ، اس کی خاصیت ، حالت وغیرہ پتہ لگانے کی ایک ترکیب ۔ (۲) اس میں استعمال ہونے والا آلہ ۔

Sonata : (n) [It. 'Sonare'.] (۱) سوناٹا ؛ پیانو کا ایک راگ جس میں کئی لے یا گیتیں ہوں لیکن سب کا سر ایک سا ہو ۔ (۲) سوناٹا کے طرز کا نغمہ ۔

Double sonata : سوناٹا جو دو سولو آلات موسیقی کے لئے ہو ۔

Sonatina : (n) [It.] سوناٹینا ؛ سوناٹا کی سادہ قسم ۔

Sonation : (n) [mod. L.] آواز دینا ؛ آواز نکالنا ۔

Sondage : (n) [Fr.] مٹی نکال کر دیکھنا ؛ تجرباتی کھدائی ۔

Sonde : (n) فضائی کیفیت پر اطلاع نشر کرنے یا ریکارڈ کرنے کی ایک ترکیب ۔

Sone : (n) [L. 'Sonus'.] آواز کی بلندی کی ایک اکائی ۔

Song : (n) [OE. 'Sang'.] (۱) راگ ؛ نغمہ ؛ سرور ۔ (۲) چہچہانا ؛ زمزمہ (پرندوں کا) ۔ (۳) گیت ؛ گانے کی چیز ۔ (۴) نظم ؛ شاعری ؛ شعر ۔ (۵) (موسیقی) ایک قسم کا گیت جو بالعموم تین ٹکڑوں میں ہوتا ہے ؛ اول اور سوم تقریباً یکساں ہوتے ہیں اور دوم ایک دوسرے کے برعکس ۔ (۶) (مجازاً) شور و غل ؛ ہنگامہ ؛ غوغا ۔ (۷) چھوٹی مقدار ؛ حقیر چیز ۔ (۸) عادت ؛ راسخ انداز ۔

Nothing to make a song about : حقیر ؛ ادنیٰ ؛ ایسا نہیں جس پر ترانا جا سکے ۔

The song of solomon / The song of songs : (توریت) نغمات سلیمان ۔

The change one's song/ To sing another (or different) person : رنگ رلیاں بدل دینا ؛ گفتگو یا برتاؤ کا طرز بدل دینا (مثلاً گستاخی کی جگہ ادب سے پیش آنا) ۔

Song and dance : (n) (۱) (تھیٹر) گانا بجانا ۔ (۲) دلچسپ بیان یا وضاحت (جو ضروری نہیں صحیح یا معقول بھی ہو) ۔ (۳) بکواس ؛ بے سر و پا گفتگو یا داستان ؛ افرا تفری ؛ ہل چل ؛ کھلبلی ۔

Song-bird : (n) (۱) مغنی پرند ؛ بُلبُل ۔ (۲) مغنیہ ؛ گانے والی ۔

Song-book : (n) (۱) عبادات کی کتاب ۔ (۲) گانے کی کتاب ۔

Song-box : (n) (گانے والے) پرندوں کا حنجرۂ زیریں ۔

Song-form : (n). (موسیقی) ساز پر دی ہوئی سادہ ترتیب (نغموں کی) ۔

Song-grosbeak : (n) امریکی پرندوں کی ایک جنس ۔

Song-scholl : (n) اسکول جس میں گانا سکھایا جاتا ہے ۔

Song-sparrow : (n) مغنی چڑیا ؛ عُصفور الشوک ۔

Song-thrush : (n) طرفہ ؛ یورپ کا ایک خوش الحان پرند ۔

Song-writer : (n) گانے لکھنے والا ؛ نغمہ ساز ۔

Songful : (a) سُریلا ؛ پُر نغمہ ؛ خوش آہنگ ۔

Songle : (n) (۱) ایک مٹھی اناج ۔ (۲) پھوٹی مقدار ۔

Songless : (a) بے نغمہ ۔

Songsmith : (n). (۱) نغمہ ساز ؛ موسیقار ۔ (۲) گانے کی کتاب کا عنوان ۔

Songster : (n) [OE. 'Songestre'.] (۱) گانے والا ؛ مغنی ؛ گویا ۔ (۲) خوش الحان پرند ؛ گانے والی چڑیا ۔ (۳) شاعر ۔

Songstress : (n) گانے والی ؛ مغنیہ ؛ شاعرہ ؛ گانے والی چڑیا ۔

Sonhood : (n) فرزندی ؛ ابنیت ۔

Sonic : (a) (۱) صوتی ؛ صوت موجی ؛ امواج صوت سے متعلق ۔ (۲) قابل سماعت ارتعاش والا ۔ (۳) سر میں آواز کی رفتار سے متعلق ۔ (۴) جس کی رفتار سطح سمندر پر ہوا میں ۱۰۸۷ فٹ فی سکنڈ ہو ۔ (۵) صوت دار ؛ آواز دار ۔ (۶) آواز کی رفتار سے چلنے والا (ہوائی جہاز) ۔

Sonic bang : (n) وہ دھماکا جو ہوا سے تیز رفتار ہوائی جہاز کی آواز کے زمین پر ٹکرانے سے پیدا ہوتا ہے ۔

Sonic barrier : (n) ہوائی رکاوٹ ؛ آواز کی رفتار یا اس سے رفتار سے چلنے سے پیدا ہونے والی رکاوٹ جو ہوا پیدا کرتی ہے ۔

Sonic boom : (n) دیکھو Sonic bang

Sonic mine : (n) بحری سرنگ جو جہاز کے ڈھکیلو کی آواز سے یا جہاز کے جسم سے پیدا ہونے والی امواج کی آواز سے پھٹتی ہے ۔

Soniferous : (a) پُر صدا ؛ آواز دینے والا ؛ صوت دار ؛ آواز دار ۔

Sonification : (n) آواز پیدا کرنا ۔

Sonless : (a) بے فرزند ؛ اولاد نرینہ سے محروم ۔

Sonlike : (a) بیٹے سے مشابہ یا بیٹے کی طرح ؛ فرزندانہ ۔

Sonly : (a) دیکھو Filial

Sonnet : (n) [Fr. or It. 'Sonetto'.] ایک قسم کی نظم جس میں چودہ مصرعے ہوتے ہیں اور اس کی ایک خاص بحر ہوتی ہے ؛ سانیٹ ۔

Sonnet : (v) (۱) سانیٹ کہنا ؛ سانیٹ لکھنا ۔ (۲) کسی تقریب کے لئے سانیٹ لکھنا ۔

Sonnet sequence : (n) ہم موضوع سانیٹ کا مجموعہ یا سیٹ ۔

Sonneteer / Sonnetter : (n) [It. 'Sonettiere'.] سانیٹ کہنے والا شاعر (عموماً حقارت کے موقع پر) ۔

Sonneteer/ Sonnetteer : (v) سانیٹ کہنا ۔

Sonnetize : (v) (۱) سانیٹ کہنا ؛ سانیٹ لکھنا ۔ (۲) سانیٹ میں تعریف کرنا ۔

Sonney / Sonnie : (n) [f. 'Son' + -y.] بیٹا ؛ بھیا (لڑکے کو پیار میں کہتے ہیں) ۔

Sonobuoy : (n) پیراک پیپا جس میں زیر آب آواز کو لے کر خود کار طور سے ریڈیو پر منتقل کر دینے کا آلہ لگا رہتا ہے۔

Sonograph : (n) زلزلہ نگار ؛ زلزلہ پیما۔

Sonometer : (n) (۱) ایک آلہ جس سے بہروں کی قوت سامعہ کا امتحان کیا جاتا ہے ؛ سمعی طاقت پیما۔ (۲) آواز ناپنے کا آلہ ؛ صوت پیما۔ (۳) دفعات کو جانچنے کا ٹیلیفون جو ایک آلہ کے ساتھ لگا رہتا ہے۔

Sonorescent : (a) (ابر وغیرہ) جس میں کسی چیز کے جلنے کی سی آواز ہو ؛ حَر صوتی۔

Sonoriferous : (a) دیکھو Soniferous

Sonority : (n) بلند آوازی ؛ پُر آوازی ؛ گونج ؛ شوکت الفاظ ؛ بلند صوتی۔

Sonorous : (a) [L. 'Sonorus'.] (۱) گونجنے والا ؛ بلند صوت۔ (۲) بلند آواز کا ؛ پُر آواز ؛ صوت دار۔ (۳) پُر شوکت (تقریر یا تحریر کا طرز) ؛ دھواں دھار۔

Sonorous figures : (n) وہ شکلیں جو ریت کی تہ میں آواز کے تموج سے بن جاتی ہیں ؛ اشکال صوتی۔

Sonorously : (adv.) بلند آواز سے ؛ گونجنے والی آواز سے ؛ پُر شوکت طرز سے۔

Sonorousness : (n) بلند آوازی ؛ پُر آوازی ؛ گونج ؛ طبین۔

Sons : (n) [ME.] (۱) خوش بختی ؛ خوش قسمتی۔ (۲) افراط ؛ بہتات۔

Sonship : (n) فرزندی ؛ ابنیت۔

Sonsy/ Sonse : (a) (۱) خوش قسمت ؛ مبارک ؛ سعید۔ (۲) (گداز جسم کا) ؛ خوب رو۔ (۳) تربیت پذیر ؛ فرمان پذیر ؛ خوش لگام (جانور)۔ (۴) خوش مزاج۔ (۵) آسودہ ؛ خوش حال۔

Sontag : (n) ایک قسم کی بُنی ہوئی ٹوپی۔

Soogee : (v) [Jap. 'Soji'.] دھونا (جہاز کے عرشے یا پالش وغیرہ کو)۔

Soogee : (n) رسے کا سوت وغیرہ جس سے دھوتے ہیں۔

Soojee : (n) [Hindi 'Suji.] سوجی۔

Sool : (v) [Origin unkn.] (۱) (حملہ کرنے کے لئے) اکسانا (کتے کو)۔ (۲) اصرار کرنا ؛ زور دینا۔

Soon : (adv.) [OE. 'Sona'.] (۱) جلد ؛ تھوڑی دیر میں ؛ تھوڑی مدت میں۔ (۲) خوشی سے۔ (۳) سویرے۔

As or so soon as : اسی وقت ؛ جیسے ہی ؛ جوں ہی ؛ جب۔

As soon : اتنی جلدی ؛ اتنا سویرے۔

Soon : (a) (۱) ابتدائی ؛ قدیم۔ (۲) جلد ؛ تیز ؛ فوری ؛ بلا تاخیر۔

Sooner : (a) جلد تر ؛ قدرے ؛ کسی حد تک۔

Sooner or later : (adv.) کبھی نہ کبھی ؛ دیر سویر۔

Soonest : (n) جلد ترین۔

At (the) soonest : جلد سے جلد۔

With the soonest : بہت جلد۔

Soop : (v) [Old Scand origin.] (۱) سبک رفتاری سے چلنا یا گزرنا ؛ سبک پروازی سے اڑنا ؛ گزرنا۔ (۲) فراٹے بھرنا ؛ آندھی کی طرح چلنا ؛ نہایت تیزی سے دوڑنا۔ (۳) ٹوٹ پڑنا۔ (۴) دیکھو Sweep۔

Soor : (a) (۱) ترش ؛ کھٹا ؛ حامض۔ (۲) دیکھو Sour۔

Soot : (n) [OE. 'Sot'.] (۱) کالک ؛ کلونس (دھوئیں وغیرہ کا) ؛ دودہ ؛ کاجل۔ (۲) کالک کا ٹکڑا۔

Soot : (v) (۱) کالک لگانا۔ (۲) کالک چھڑکنا۔

Sooter : (n) کالک صاف کرنے والا۔

Sootfall : (n) کالک گرنا ؛ کالک کی بارش۔

Sooth : (n) [OE. 'Sop'.] حقیقت ؛ واقعہ۔

By my, your sooth : حقیقتاً ؛ در حقیقت۔

In good or very sooth : حقیقت میں ؛ در حقیقت ؛ حقیقتاً ؛ واقعی۔

In sooth : در حقیقت۔

Sooth to say/ To speak sooth : حقیقتاً ؛ در حقیقت۔

Sooth : (a) (۱) سچا ؛ حقیقی۔ (۲) سچا ؛ راست گو (آدمی)۔ (۳) (شاعری) نرم ؛ خوشگوار ؛ سہل۔

Sooth : (adv.) سچ مُچ : سچائی سے ۔

Soothe : (v) [OE. '(ge) sopian'.] (۱) تسکین دینا یا دلانا : تسلی دینا : (غصہ وغیرہ) ٹھنڈا کرنا ۔ (۲) کم کرنا : تخفیف کرنا : دھیما کرنا (درد) ۔ (۳) خوش کرنا ۔

Soother : (n) (۱) تسکین دینے والا ۔ (۲) ربر کی چسنی بچے کے چوسنے کے لئے ۔

Soother : (v) (۱) دیکھو Soothe ۔ (۲) خوشامد کرنا : بہلانا : پھسلانا: منانا ۔

Soothfast : (a) (۱) راست گو : سچا ۔ (۲) سچی : سچ (بات) : صادق: وفادار : پکا ۔

Soothfastly : (adv.) راست گوئی سے : سچ مچ ۔

Soothfastness : (n) راست گوئی : سچائی : وفاداری : صداقت ۔

Soothingly : (adv.) تسکین دیتے ہوئے : تسکین کے طور پر ۔

Soothly : (adv.) حقیقتاً : واقعی ۔

Soothsay : (n) [Back-fomation from 'Smoothsayer'.] پیش گوئی: فال ۔

Soothsay : (v) پیش گوئی کرنا : فال نکالنا : فال کھولنا : آئندہ کے واقعات بتانا ۔

Soothsayer : (n) نجومی : کاہن : رمال : جوتشی : فال نکالنے والا: فالگیر ۔

Soothsaying : (n) (۱) فال گیری : رمل ۔ (۲) پیش گوئی : فال ۔

Sootied : (a) دھوئیں سے میلا یا کالا ۔

Sootily : (adv.) میلے پن سے ۔

Sootiness : (n) دھوئیں سے کالا ہونا ۔

Sootless : (a) بے کالک کا ۔

Sooty : (a) (۱) دھوئیں سے کالا : کالک بھرا : سیاہی مائل ۔ (۲)کالک سے مشابہ : بھورا مائل سیاہ ۔ (۳) دھندلا : تاریک (رنگ) ۔ (۴) کالک بھرا : کالک کی طرح کا ۔

Sooty : (v) کالک لگانا : میلا کرنا ۔

Sop : (n) [Late OE. 'Sopp'.] (۱) شوربے وغیرہ میں بھیگی ہوئی روٹی یا کوئی اور چیز : ثرید ۔ (۲) دیکھو Milksop ۔ (۳)اچھی طرح بھیگا ہوا : شرابور آدمی یا چیز ۔ (۴)رشوت : خوش کرنے کے لئے دی ہوئی چیز ۔ (۵) وہ رقیق شے جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے : شرابور ہونا ۔

Sop : (v) (۱) روٹی وغیرہ کو شوربے یا شراب میں بھگونا : اچھی طرح تر کرنا : ڈبونا ۔ (۲) اچھی طرح بھیگ جانا : شرابور ہو جانا ۔ (۳) (مجازاً) مخمور کرنا : مدہوش کرنا ۔ (۴) رشوت دینا : خوش کرنا ۔ (۵) بھگو دینا ۔

Soph : (n) [Abbrev. of 'Sophister and Sophomore'.] (۱) (کیمبرج) دوسرے یا تیسرے سال کا طالب علم ۔ (۲)سال دوم کا طالب علم (امریکا کی یونیورسٹیوں میں) ۔

Sopher : (n) دیکھو Scribe

Sophia : (n) [Gr. 'Sophia'.] عقل : حکمت : حکمت الٰہی ۔

Sophic : (a) [Gr. 'Sophikos'.] عقلی : حکمت کا : حکمت الٰہی سے متعلق ۔

Sophical : (a) دیکھو Sophic

Sophically : (adv.) حکمت سے : عقل سے ۔

Sophism : (n) [ME. 'Sophime'.] (۱) مغالطہ : استدلال : دلیل باطل: سفسطہ : فلسفۂ غلط ۔ (۲) سو فسطائیت : غلط استدلال ۔

Sophist : (n) (۱) قدیم یونان کا وہ معلم جو اُجرت لے کر فلسفہ اور خطابت کی تعلیم دیتا تھا : سو فسطائی ۔ (۲) غلط استدلال کرنے والا: غلط دلیل سے دھوکا دینے والا: سو فسطائی ۔ (۳) حکیم : قابل ادمی ۔

Sophister : (n) [OFr. 'Sophistre'.] (۱) غلط استدلال کرنے والا : سو فسطائی ۔ (۲) (کیمبرج) دوسرے یا تیسرے سال کا طالب علم ۔ (۳) (ٹرینیٹی کالج) تیسرے یا چوتھے سال کا طالب علم ۔

Sophistic : (a) [Fr. 'Sophistique' or L. 'Sophisticus'.] (۱) غلط استدلال کرنے والا ۔ (۲) غلط : دھوکے کی : سو فسطائیوں کی سی ۔ (۳) غلط استدلال سے متعلق : مغالطہ آمیز ۔

Sophistic/ -al : (n) (۱) غلط استدلال کا علم ۔ (۲) غلط استدلال : سوفسطائیت : دلیل باطل ۔

Sophistically : (adv.) سو فسطائیت سے ؛ غلط استدلال سے کام لے کر۔

Sophisticate : (a) [med. L. 'Sophisticatus'.] (۱) غیر فطری ؛ مصنوعی ۔ (۲) دیکھو Sophisticated ۔

Sophisticate : (v) (۱) (کسی مسئلے میں) غلط استدلال سے کام لینا ؛ سو فسطائیت سے کچھ کر دینا ؛ تدلیس کرنا ۔ (۲) کسی شخص کو غلط استدلال سے گمراہ کرنا ؛ مغالطہ دینا ۔ (۳) (کسی شخص یا چیز کی) سادگی کو مٹا دینا ؛ تصنع پیدا کر دینا ۔ (۴) تحریف کرنا (عبارت میں مخالف کو بحث میں ہرانے کے لئے) ؛ غلط استدلال کرنا ؛ باطل دلیلیں پیش کرنا ۔ (۶) (شراب وغیرہ میں) میل کرنا ۔

Sophisticate : (n) دنیاوی عقل رکھنے والا شخص ۔

Sophisticated : (a) (۱) مصطنع ؛ غیر فطری ؛ مصنوعی ۔ (۲) غلط کیا ہوا ۔ (۳) دنیاوی عقل رکھنے والا ۔ (۴) سبک ؛ لطیف ؛ نازک ؛ نفس ۔ (۵) مہذب ؛ تہذیب یافتہ ۔ (۶) جدید ؛ غیر روایتی ۔ (۷) پیچیدہ ؛ الجھا ہوا ۔ (۸) خاص پسند ۔

Sophisticatedly : (adv.) نفاست سے ؛ لطافت کے ساتھ ؛ مہذب طریقے سے ۔

Sophistication : (n) (۱) تدلیس ؛ تحریف ؛ مغالطہ دینا یا دیا جانا ؛ میل کرنا یا کیا جانا ؛ غلط استدلال ۔ (۲) غیر فطری ہونا ۔ (۳) تصنع ۔ (۴) کھوٹ ؛ آمیزش ۔ (۵) دلیل تراشی ۔ (۶) نفاست ؛ لطافت ؛ شائستگی ۔

Sophistry : (n) [OFr. 'Sophistrie'.] (۱) سو فسطائیت ؛ غلط استدلال ؛ دلیل باطل ۔ (۲) دلیل تراشی ۔

Sophoclean : (a) [L. 'Sophiocleus'.] سفقلی ؛ سفقلس سے متعلق ۔

Sophomore/ Sophimore : (n) [Gr. 'Sophos' + 'sorous'.] سال دوم کا طالب علم (امریکا کی یونیورسٹی کا) ۔

Sophomoric/ -al : (a) (۱) سال دوم کے طالب علم کا یا اس کے لائق یا اس سے مشابہ ۔ (۲) نمائشی ؛ پُر تصنع ؛ غیر پختہ ؛ بے ڈھنگا ؛ سطحی ۔

Sophora : (n) [mod. L.] پھلی دار درختوں ، پودوں یا جھاڑیوں کی ایک جنس ۔

Sophy : (n) [Pers. 'Safi'.] (۱) صفوی ؛ ایرانی شہنشاہوں کا خطاب ۔ (۲) ایرانی بادشاہ ۔ (۳) بادشاہ ؛ فرمانروا ؛ بڑا آدمی ۔

Sopite : (v) [L.'Sopitas'.] سلانا ؛ حساب چکانا ؛ حساب صاف کرنا ۔

Sopor : (n) [L.] خواب خرگوش ؛ گہری نیند ۔

Soporiferous : (a) خواب آور ؛ منوم ؛ نیند لانے والی ۔

Soporific/ -al : (a) (۱) خواب آلود ؛ نیند لانے والی ؛ منوم ۔ (۲) خواب آلود ۔ (۳) نیند سے متعلق ۔

Soporific : (n) خواب آور دوا ؛ منوم دوا ۔

Soppiness : (n) شرابور ہونا ؛ ترمی ؛ نمی ۔

Sopping : (adv.) بہت ؛ حد سے زیادہ ۔

Soppy : (a) (۱) شرابور ؛ خوب بھیگا ہوا ۔ (۲) تر ؛ گیلا ؛ مینہ بھرا (موسم) ۔ (۳) بے ڈھنگا ؛ بے قاعدہ ۔ (۴) (عام) نرم ؛ رحمدل ؛ درد آشنا ؛ پُر از رقت ۔

Sopranist : (n) پنچم کے سروں میں گانے والا یا گانے والی ۔

Soprano : (n) [It.] (۱) عورت یا لڑکے کے گلے کی سب سے اونچی آواز ۔ (۲) گانے کا وہ حصہ جو ایسی آواز میں گایا جائے ۔ (۳) اونچی آواز میں گانے والا یا والی ۔ (۴) پنچم سُر ۔

Soprano : (a)

Sops-ins-wine : (n) سیب کی ایک قسم ۔

Sora : (n) [Native name.] ایک پرندہ جو کیرولینا کی کے دلدلوں میں خزاں کے موسم میں رہتا ہے اور اس کا گوشت کھایا جاتا ہے ؛ سورا ۔

Sorb : (n) [Fr. 'Sorbe' or L. 'Sorbum'.] سنجد ؛ درخت سنجد ؛ بر اعظم یورپ کا ایک درخت جس کے پھل چھوٹے چھوٹے ناشپاتی کی شکل کے ہوتے ہیں ؛ سورب ۔

Sorb/ Sorbe : (n) [G. 'Sorbe'.] (۱) شمالی مشرقی جرمنی کی ایک قوم ۔ (۲) جرمنی کی زبان ۔

Sorb: (v) [Back-formation from Absorption.] جذب کرنا ۔

Sorb-apple : (n) سورپ کا پھل ؛ ثمر سنجد ۔

Sorbate : (n) سوربی ایسڈ کا نمک ۔

Sorbefacient : (a) [L. 'Sorbere' + -facient.] جاذب ؛ جذب کرنے والی ؛ جذب کنندہ ۔

Sorbefacient : (n) جاذب دوا۔

Sorbent : (n) جاذب۔

Sorbet : (n) [Fr.] (۱) شربت۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی ؛ برف کی قلفی۔

Sorbian : (a) شمالی مشرقی جرمنی کی ایک قوم سے متعلق یا اس قوم کا۔

Sorbic : (n) سوربی۔

Sorbin : (n) غیر قابل خمیر شکرینی عنصر جو ایک بیری سے حاصل کیا جاتا ہے۔

Sorbite : (n) دیکھو Sorbin

Sorbitic : (a) Sorbitol کا یا اس سے متعلق۔

Sorbitol : (n) [Sorbite + -ol.] دیکھو Sorbin

Sorbonist : (n) [Fr. 'Sorboniste'.] ساربون (Sarbonne) کا ڈاکٹر یا طالب علم۔

Sorbonne : (n) [Fr.] (۱) پیرس میں دینیات کا ایک کالج جس کو رابرٹ ڈی سوربن نے تیرھویں صدی میں قائم کیا تھا ؛ سوربون۔ (۲) وہ مقام جہاں پیرس یونیورسٹی ہے۔

Sorbus : (n) [L.] بعض قسم کے درختوں کی ایک جنس ؛ اس جنس کا کوئی درخت۔

Sorcerer : (n) [ME. 'Sorser'.] جادوگر ؛ سیانا ؛ ساحر۔

Sorceress : (n) [AFr. 'Sorceresse'.] ساحرہ ؛ جادوگرنی۔

Sorcerize : (n) جادو سے بدل دینا۔

Sorcerous : (a) (۱) جادو سے متعلق ؛ سحر نما۔ (۲) جادوگر ؛ سحر کرنے والا۔

Sorcerously : (adv.) جادو سے ؛ سحر سے۔

Sorcery : (n) [OFr. 'Sorcerie'.] جادو ؛ سحر۔

Sordes : (n) [L.] (۱) فضلہ ؛ گندگی ؛ غلاظت ؛ نجاست۔ (۲) (طب) پپڑی۔

Sordid : (a) [Fr. 'Sordide' or L. 'Sordidus'.] (۱) مرض فاسد ؛ سڑا ہوا۔ (۲) جس میں مضر اور فاسد مادہ موجود ہو۔ (۲) گندا ؛ میلا ؛ غلیظ ؛ ناپاک۔ (۳) کمینہ ؛ ذلیل ؛ فرومایہ ؛ دُنی ؛ قابل نفرت۔ (۵) فحش ؛ غیر مہذب۔ (۶) خسیس ؛ تنگ دل ؛ بخیل ؛ خست کا ؛ تنگ دلی کا۔ (۷) میلا ؛ ملگجا۔

Sordidly : (adv.) کمینہ پن سے ؛ کنجوسی سے ؛ غلاظت سے۔

Sordidness : (n) (۱) نجاست ؛ گندگی۔ (۲) خست ؛ بخل۔ (۳) دنائت ؛ کمینگی۔

Sordine : (n) [It. 'Scordina'.] تار باجوں کی آواز مدھم کرنے والا آلہ ؛ گمک ربا۔

Sordor : (n) (۱) فضلہ ؛ غلیظ۔ (۲) کمینہ پن ؛ ذلالت ؛ فرومائگی۔

Sore : (n) [OE. 'Sar'.] (۱) ناسور ؛ پھوڑا۔ (۲) (مجازاً) رنج ؛ غم ؛ مصیبت ؛ دلخراش بات ؛ نا خوشگوار واقعے کی یاد ؛ دل کا زخم۔

Sore : (n) باز جو عمر کے دوسرے سال میں ہو۔

Sore : (a) (۱) دکھتا ہوا ؛ سوجا ہوا ؛ چھلا ہوا ؛ چوٹ کھایا ہوا۔ (۲) جھلّایا ہوا ؛ بگڑا ہوا۔ (۳) دل خراش ؛ ناگوار۔ (۴) جانکاہ ؛ شدید ؛ سخت۔ (۵) مشکل ؛ سخت۔ (۶) غضب ناک (جنگ)۔ (۷) تکلیف میں مبتلا ؛ رنج میں مبتلا۔ (۸) تلخ ؛ تکلیف دہ۔ (۹) ناقابل برداشت۔ (۱۰) خفا ؛ ناخوش۔

A beer with a sore head : جھلّایا ہوا۔

Clergyman's sore-throat : حلق کا درد ؛ درد گلو ؛ سوزش بلعوم۔

Sore : (v) تکلیف دینا ؛ اذیت دینا ؛ زخمی کرنا ؛ رنج دینا۔

Sore : (adv.) (۱) شدت سے ؛ بری طرح۔ (۲) تکلیف دہ حد تک۔ (۳) بہت ؛ بہت زیادہ۔ (۴) شوق سے ؛ سرگرمی سے ؛ مستعدی سے۔ (۵) محنت سے ؛ جانفشانی سے۔

Sore-eye : (n) درد چشم۔

Sore-head : (a) جھلاّ ؛ چڑ چڑا ؛ تنک مزاج ؛ غیر مطمئن۔

Sore-head : (n) آزردہ سیاست داں ؛ مایوس سیاست داں۔

Sore-headed : (a) دیکھو Sore-head

Sore-headedly : (adv.) جھلاّ کر ؛ تنک مزاجی سے۔

Sore-headedness : (n) جھلا پن ؛ تنک مزاجی ۔

Sore-heels : (n) چیچک اسپ ۔

Sore point : (n) دکھتی رگ ؛ کمزوری ؛ کوئی معاملہ جس پر آسانی سے جھلا جانے یا مغموم ہو جائے ۔

Sore-spot : (n) دیکھو Sore-print

Sore-throat : (n) درد گلو ۔

Soredi- : (Prefic) سابقہ بمعنی "چتّی" ؛ "گھنڈی" ۔

Soredial : (a) گھنڈی سے متعلق یا گھنڈی کا ۔

Sorediate : (a) (نباتیات) چتی دار ۔

Soredi(i)ferous : (a) چتی دار ؛ چتی سے پیدا ہونے والا ۔

Soredium : (n) [G. 'Soros'.] چتی ؛ گھنڈی ۔

Sorefalcon : (n) ایک سال سے کم عمر کا باز جس کے پر ابھی سرخ ہوں۔

Sorehawk : (n) دیکھو Sorefalcon

Sorel : (n) [ME.] تیسرے سال کا ہرن ۔

Sorely : (adv.) شدت سے ؛ شدید طور پر ۔

Soreness : (n) خراش ؛ جلن ؛ شدت ۔

Sorex : (n) [L.] جنس چھچھوندر ۔

Sorge : (n) [G. 'Sorga'.] فکر ؛ اندیشہ ؛ تعلق ۔

Sorghum : (n) [mod. L.] (۱) سرغو ؛ چیتا؛ گھاس کی وہ قسم جس میں باجرے اور چینی گنے کے پودے شامل ہیں ۔ (۲) ایک قسم کا چھوا جو سرغو کے رس سے بنتا ہے ۔

Sorgo/ Soogho : (n) [It.] دیکھو Sorghum

Soricine : (a) چھچھوندی ؛ چھچھوندر کی قسم کے ایک جانور سے متعلق ۔

Sorites : (n) [Gr. 'Soritetes'.] (۱) (منطق) قیاس متراکمہ ؛ قیاس مسلسل ۔ (۲) وہ مغالطہ جو کسی قضیے کی حدود خصوصاً تعداد کے معین نہ کرنے سے پیدا ہو ؛ معمّا، سو فسطیہ ۔ (۳) (مجازاً) سلسلہ ؛ تسلسل (کسی چیز کا) ؛ اجتماع ۔

Soritic/ -al : (a) قیاس متراکمہ سے متعلق ۔

Sorn : (v) [f. 'Sorren'.] زبردستی کا مہمان بننا ؛ مان نہ مان میں تیرا مہمان کے مصداق بننا ۔

Sorner : (n) زبردستی کا مہمان ۔

Soroche : (n) [Amer. Sp.] کوہی مرض ؛ پہاڑ پر چڑھنے سے پیدا ہونے والی بیماری ۔

Soroptimist : (n) [Blend of Sorority and optimist.] پیشہ ور عورتوں کی انجمن کی رُکن ۔

Sororal : (a) [L. 'Soror'. + -al.] (۱) خواہرانہ ؛ بہن کا ۔ (۲) بہن جیسا ، جیسی ۔

Soroticidal : (a) خواہر کُشی سے متعلق ۔

Sororicide : (n) خواہر کُش ۔

Sororicide : (n) خواہر کشی ۔

Sorority : (n) [med. L. 'Sororitas'.] (۱) عبادت گذار عورتوں کی جماعت ۔ (۲) (امریکا) کالج یا یونیورسٹی میں عورتوں کی انجمن ۔

Sorosis : (n) [Gr. 'Soros'.] (۱) (نباتیات) گودے دار مرکب پھل جیسے شہتوت ، اناس وغیرہ ۔ (۲) انجمن زنان ۔

Sorption : (n) (کیمیا) جذب و جَبذ ؛ جذب سطحی ؛ امتصاص ۔

Sorra : (n) الم ؛ ملال ؛ اندوہ ؛ غم ۔

Sorrel : (n) [OFr. 'Sorele, Surele'.] ترشہ ؛ کھٹا میٹھا ؛ چوکا ؛ کھٹی گھاس ؛ ایک سدا بہار گھاس ۔

Salt of sorrel : پوٹاش کی بائی آکسیلیٹ ۔

Sorrel : (a) سرخی مائل بادامی رنگ ؛ کمرنگ ؛ سرخ بادامی ۔

Sorrel : (n) (۱) کم رنگ گھوڑا ؛ سرخی مائل بادامی رنگ کا گھوڑا ۔ (۲) تیسرے سال کا ہرن ۔ (۳) سرخی مائل بادامی رنگ ۔

Sorren : (n) [Ir. 'Sorthen'.] اسکاتستان اور آئرستان کے نظام جاگیرداری میں دی جانے والی خدمت (جو اسامی صدر رابب یا اس کے آدمی کی کرتے تھے) یا اس کے بدلے میں

دی جانے والی مالگذاری۔

Sorrily : (adv.) غمگینی کے ساتھ ؛ گھٹیا طریقے سے۔

Sorrow : (n) [OE. 'Sorh, 'Sorg'.] (۱) غم ؛ رنج ؛ اندوہ ؛ الم ؛ ملال۔ (۲) مصیبت ؛ تکلیف ؛ بپتا۔ (۳) گریہ و بکا ؛ آہ و زاری ؛ وا ویلا ؛ ماتم۔ (۴) نقصان ؛ خسارہ۔ (۵) بد نصیبی ؛ بد بختی ؛ بد قسمتی۔

The man of sorrows : حضرت عیسیٰ۔

Sorrow : (v) [OE. 'Sorgian'.] (۱) رنجیدہ ہونا ؛ غمگین ہونا ؛ دلگیر ہونا ؛ غم کرنا ؛ رنج کرنا ؛ کف افسوس ملنا۔ (۲) ماتم کرنا ؛ سوگ کرنا ؛ رونا (کسی کو)۔ (۳) تکلیف دینا ؛ رنج دینا ؛ رنجیدہ کرنا ؛ دل دکھانا۔

Sorrower : (n) ماتم کرنے والا ؛ (کسی کو) رونے والا۔

Sorrowful : (a) (۱) غمگین ؛ دلگیر ؛ ملول ؛ اندوہ ناک۔ (۲) غمناک۔ (۳) رنجیدہ ؛ اُداس ؛ غمگین ؛ افسوس ناک ؛ غم زدہ۔

Sorrowfully : (adv.) دلگیری سے ؛ اندوہ ناک طریقے سے۔

Sorrowfulness : (n) غمگینی ؛ دلگیری۔

Sorrowing : (a) سوگوار۔

Sorrowless : (a) بے رنج ؛ ؛ بے اَلم۔

Sorry : (a) [OE. 'Sarig'.] (۱) متاسف ؛ رنجیدہ ؛ غمگین۔ (۲) بُرا ؛ گھٹیا ؛ حقیر ؛ ادنیٰ درجے کا۔

Sorryish : (a) کسی قدر رنجیدہ۔

Sort : (n) [Fr. 'Sorte'.] (۱) قسم ؛ نوع ؛ جنس۔ (۲) طریق ؛ طرز ؛ طور۔ (۳) خاص قسم ؛ مخصوص نوع۔ (۴) (طباعت) ٹائپ کے متفرق حروف۔ (۵) اشخاص یا چیزوں کی (اچھی) تعداد۔

A (bad, good, etc.) sort : اچھا یا بُرا شخص۔

A sort of : طرح کا ؛ طرز کا۔

After a (..) sort : (۱) (.....) طرز سے۔ (۲) اٹکل پچو طریقے سے۔

After this sort : اس طرز سے ؛ اس طور سے۔

All sorts of : مختلف قسم کی ؛ ہر طرح کے۔

In sort of way : ناقص طور پر ؛ نا مکمل طور پر۔

In this sort : اس طرح سے ؛ اس طرز سے۔

Nothing of the sort : ایسی کوئی چیز نہیں۔

Of a (certain) sort : (خاص) طرح کا۔

Of a sort : ایک طرح کا۔

Of sorts : (۱) (فہرستوں میں آتا ہے) متفرق ؛ کئی قسم کی ملی جلی چیزیں۔

Of (various) sorts : مختلف قسم کا۔

Out of sorts : سست ؛ مضمحل (جس کی طبیعت ناساز ہو) افسردہ ؛ منغض ؛ کبیدہ خاطر۔

Something of the sort : اُس طرح کی (کوئی چیز)۔

This sort of thing : اس طرح کی چیز۔

Sort : (v) (۱) قسموں میں تقسیم کرنا ؛ ایک ایک قسم کی چیزوں کو الگ الگ کرنا۔ (۲) چُن لینا ؛ چھانٹنا ؛ چھانٹ کر الگ کرنا۔ (۳) مطابقت رکھنا۔ (۴) جنس کے مطابق ترتیب دینا۔ (۵) ترتیب دینا ؛ سجانا ؛ درست کرنا۔ (۶) سزا دینا ؛ مارنا۔ (۷) (مویشی کو) کھلانا۔

Sort of : (adv.) طرح سے ؛ طور پر۔

Sorter : (n) چھانٹنے والا ؛ تقسیم کرنے والا۔

Sortie : (n) [Fr.] (۱) دھاوا ؛ حملہ (خصوصاً محصور فوج کا)۔ (۲) دریچہ ؛ وہ راستہ جس سے محصور فوج نکل کر محاصرین پر حملہ کرتی ہے۔ (۳) (دریا کا) نکاس ؛ دہانہ۔ (۴) ایک ہوائی جہاز سے ہوائی حملہ۔ (۵) بندرگاہ سے ایک جہاز یا جہاز کے ایک بیڑے کا نکلنا۔

To make a sortie : دھاوا بولنا ؛ حملہ کرنا۔

Sortie : (v) محصور فوج کا نکلنا ؛ جہاز کا بندرگاہ سے نکلنا۔

Sortilege : (n) [Fr.] قرعہ اندازی سے فال نکالنا ؛ قرعی فال ؛ تفاؤل۔

Sortileger : (n) فال نکالنے والا ؛ بوقتی ؛ رمال ؛ نجومی ؛ فال بیں ؛ فال گو۔

Sortilegy : (n) دیکھو Sortilege

Sortition : (n) قرعہ اندازی ۔

Sortment : (n) قسموں میں تقسیم : قسم بندی : چھانٹنا ۔

Sorus : (n) [mod. L.] (نباتیات) انبارہ : چھوٹے بیجوں کی گھنڈیوں کا گچھا جو فرن کے ورق کے پیچھے ہوتا ہے ۔

Sos : المدد : فریادی پیام : لاسلکی پیام جس سے مراد یہ ہے کہ ہم مصیبت میں ہیں ، ہماری مدد کرو ۔

Soshed : (a) مدھوش : مخمور ۔

Soss : (n) (۱) گندہ پانی : گندگی ۔ (۲) رقیق غذا ۔ (۳) پھوہڑ : بے سلیقہ : بے تمیز ۔

Soss : (n) (۱) دھپ سے گرنے کی آواز : دھپ ۔ (۲) چھپاک ۔

Soss : (v) (۱) دھپ سے گرنا : زور سے گرنا ۔ (۲) زور سے پھینکنا ۔

Soss : (adv.) دھپ سے ۔

Soss : (v) (۱) گندہ کرنا : گندے پانی میں بھگونا ۔ (۲) لپیٹنا : تہ کرنا ۔

Sostenuto : (a) [It.] (۱) (موسیقی) کھینچ کر گایا جانے والا ۔ (۲) کھینچ کر گایا ہوا ۔

Sot : (n) [Late OE. 'Sott'.] پرانا شرابی : پکا شرابی : شراب کا بندہ : وہ شخص جس کی عقل شراب خواری سے گُم ہو گئی ہو ۔

Sot : (v) (۱) کثرت سے شرب پینا : شراب پی کر غین ہو جانا ۔ (۲) (شراب خواری میں) پھونک دینا : اُڑا دینا : فضول خرچی کرنا ۔

Sot : (a) (۱) جما ہوا : قائم ۔ (۲) ضدی : ہٹیلا ۔

Sotadean : (a & n) (۱) قدیم یونانی شاعر سوٹادس کے طرز میں لکھی ہوئی ہو ۔ (۲) چار رکنی بحر یا وزن کی ایک بجا محذوف ہو ۔

Sotadic : (n) [Ir. 'Sotadicus'.] دیکھو Sotadean

Sotadic : (a) (۱) فحش : قبیح : گندہ ۔ (۲) صنعت تقلیب کا ۔

Soterial : (a) [Gr. 'Sorteria'.] نجاتی : شفاعتی ۔

Soteriological : (a) نجاتیاتی : علم نجات سے متعلق ۔

Soteriology : (n) [Gr. 'Soteria' + log.] نجاتیات : علم نجات ۔

Sothiac/ -al : (a) سیار و شعرائے یمانی کے متعلق : کلب الجبار یا کلب الجواز کے متعلق : شعرائی : کلب الجباری ۔

Sothic : (a) [Gr. 'Sothis'.] دیکھو Sothiac

Sothic cycle : (n) شعرائی دور : ۱۴۶۰ یا ۱۴۶۱ شمسی سال کا دور ۔

Sothic period : (n) دیکھو Sothic cycle

Sothic year : (n) مصری سال ، ۳۶۵ دن اور چھ گھنٹے کا ۔

Sotnia : (n) [Russ. 'Sotnya'.] کاسک (Cossack) سواروں کا دستہ ۔

Sotnik : (n) کاسک سواروں کا کمانڈر : کاسک افسر ۔

Sotted : (a) بدمست : بدحواس ۔

Sotter : (n) سنسناہٹ : پہلا اُبال : چر چر ۔

Sottish : (a) شراب خوار : شرابی ۔

Sottishly : (adv.) شرابیوں کی طرح سے ۔

Sottishness : (n) شرابی ہونا ۔

Sotto voce : (adv.) [It.] (۱) آہستہ سے : زیر لب ۔ (۲) (مجازاً) چپکے سے : آہستگی سے ۔

Sotto voce : (a) زیر لب ادا کیا ہوا : آہستہ ۔

Sotto voce : (n) زیر لب دی ہوئی رائے ۔

Sou : (n) [Fr.] (۱) مختلف قسم کے فرانسیسی سکے ۔ (۲) پانچ سانتم کا سکہ ۔

Sou-west/ -wester : (n) دیکھو South-west/ -western

Soubise : (n) [From Charles de Rohan Soubise, Frenchgeneral.] ایک قسم کی پیاز کی چٹنی ۔

Soubrette : (n) [mod. L. 'Soubreto'.] (۱) چنچل ماما وغیرہ کا پارٹ (کامیڈی میں) ۔ (۲) نوکرانی ۔

Soubriquet : (n) [Fr.] دیکھو Sobriquet

Soucar : (n) [Urdu. 'Sahukar'.] ساھو کار ۔

Soucaring : (n) ساھو کاری ۔

Souchong : (n) [Chinese 'Siao Chung'.] سیاہ چائے کی ایک قسم جو سب سے کم مدت کی اُگی ہوئی پتیوں سے تیار کی جاتی ہے ۔

Soudan/ Sudan : (n) [Arab. 'Sudan'.] سوڈان ۔

Soudanese : (n) سوڈانی باشندہ ۔

Soudanase : (a) سوڈانی ؛ سوڈان کا ۔

Souffle : (n) [Fr.] (مرضیات) سرسراہٹ ؛ ہلکی سی مسلسل آواز جو قلب وغیرہ سے سنائی دیتی ہے ۔

Souffle : (n) [Fr.] ایک پر تکلف کھانا جو انڈے کی سفیدی کو پھینٹ کر تیار کرتے ہیں ۔

Souffle : (a) چتی دار (چینی کے برتن) ۔

Souffleur : (n) [Fr.] (۱) ترغیب دینے والا ؛ اُکسانے والا ۔ (۲) سامع ؛ لقمہ دینے والا ۔

Sough : (n) [Late ME. 'Swo(u)gh'.] (۱) سائیں سائیں کی آواز ۔ (۲) آہ ؛ ٹھنڈی سانس ۔ (۳) افواہ ؛ خبر ۔

Sough : (n) [Origin unkn.] (۱) دلدلی زمین ؛ جوہڑ ۔ (۲) نالا؛ پرنالا ؛ بد رو ؛ موری ۔ (۳) (کان میں) سیدھا رستہ ؛ گلیاری ۔

Sough : (v) [OE. 'Swogan'.] (۱) سائیں سائیں کرنا ۔ (۲) ٹھنڈی سانس لینا ؛ آہ بھرنا ۔ (۳) گنگنانا ۔ (۴) ٹھنڈی سانس بھر کر بولنا ۔

Sough : (v) (۱) پتھروں سے خندق بنانا ۔ (۲) نالا بنانا ۔ (۳) گلیاری میں پہنچنا ۔

Sought : (a) جس کی تلاش کی گئی ہو ؛ جس کی خواہش کی گئی ہو ۔

Souk/ Sok/ Sook/ Suk(h)/ Suq : (n) [Arab.] بازار ۔

Soul : (a) [OE. 'Sawel'.] (۱) روح ؛ آتما ۔ (۲) ضمیر ؛ طبیعت ؛ باطن ۔ (۳) عقل؛ ادراک؛ ذہن ۔ (۴) نفس؛ جان ۔ (۵) کسی کام یا چیز کا سب سے اہم جز ؛ کسی جماعت یا ادارے کا سب سے اہم اور سرگرم رکن ؛ روح رواں ؛ جان ۔ (۶) نفس ؛ ذات (بمعنی شخص) ۔ (۷) روح دینی یا اخلاقی ۔ (۸) (کسی صفت کا) مجسمہ ؛ پتلا؛ زندہ نمونہ ۔ (۹) مردہ ۔ (۱۰) شخص ؛ نفر ؛ ذی نفس ۔ (۱۱) جذبہ؛ جذبات ۔ (۱۲) بطخ کا پھیپھڑا ۔ (۱۳) فطرت اخلاقی ۔ (۱۴) وائلن کا وہ سوراخ جو اگلے حصے میں ہوتا ہے ۔ (۱۵) امریکی حبشی ہونا ۔

By , for, on or upon (one's) soul : واللہ ۔

Heart and soul : پوری قوت سے ؛ پورا ؛ زور لگا کر ؛ پورے کا پورا ؛ تمام تر ۔

Soul : (v) یوم ارواح (All soul's day) پر خیرات جمع کرتے پھرنا ۔

Soul-bell : (n) جرس موت ؛ مرنے کی گھنٹی ۔

Soul brother : (n) امریکی حبشی ۔

Soul-food : (n) امریکی حبشیوں کی غذا ۔

Soul-force : (n) ستیہ گرہ ۔

Soul kiss : (n) پُر جوش بوسہ ۔

Soul-mass : (n) (۱) عشائے ربانی جو کسی مردے کے لئے ہو ۔ (۲) یوم ارواح ؛ دوسری نومبر ؛ یوم الفاتحہ ۔

Soul-mate : (n) محبوب ازلی ۔

Soul-music : (n) جاز (Jazz) کا ایک انداز ۔

Soul-pence : (n) چندہ جو کسی برادری کے ارکان عشائے ربانی کے لئے دیتے ہیں (کسی مردے کے لئے) ۔

Soul-scot : (n) محصول جو کسی مردے کی طرف سے کلیسا کو دیا جاتا ہے ۔

Soul-searching : (n) ضمیر ٹٹولنا ؛ خود تجزیہ ۔

Soul-shot : (n) دیکھو Soul-scot

Soul-sick : (a) (۱) روحانی مریض ۔ (۲) اُداسی ؛ دل شکستہ ؛ افسردہ ۔

Soul-sickness : (n) اُداسی ؛ افسردگی ۔

Souled : (a) روح والا ؛ روایتی ۔

Soulful : (a) پُر از جذبات : پُر مغز : پُر معنی : دل نشیں ۔

Soulfully : (adv.) دل نشیں یا پُر معنی انداز سے ۔

Soulfulness : (n) دل نشیں یا پُر معنی ہونا ۔

Soulish : (a) (۱) نفسی ۔ (۲) روح سے متعلق : روح جیسا ۔

Soulless : (a) (۱) بے روح : بے جان ۔ (۲) بے درد : شرافت سے خالی : کم ظرف ۔ (۳) غیر دلچسپ : بے لطف : روکھا : پھیکا ۔ (۴) غیر دلچسپ (تحریر) ۔

Soullessly : (adv.) بے دردی سے : بے جان طور پر ۔

Soullessness : (n) بے روح ہونا : غیر دلچسپ ہونا ۔

Soum : (n) [After of 'Sum'.] (۱) چرائی (کی رقم) جو ایک گائے یا اسی تناسب سے بھیڑوں کے لئے ہو ۔ (۲) بھیڑوں یا مویشیوں کی تعداد جو چرائی پر رکھی جائیں ۔

Soum : (v) چراگاہ کا معائنہ کرنا (کہ کتنے مویشیوں کی چرائی کے لئے کافی ہو گا) ۔

Sound : (n) [OE. 'Sund'.] (۱) مچھلی کا پھکنا ۔ (۲) آبنائے ۔

The sound : ڈنمارک اور سویڈن کے بیچ کا آبنائے ۔

Sound : (n) [ME. 'Sun, Son, Soun'.] (۱) آواز : صوت ۔ (۲) وہ سورج جس سے آواز پیدا ہوتی ہے : موج آواز ۔ (۳) تلفظ : آواز ۔ (۴) خالی خولی الفاظ ۔ (۵) اثر (جو کسی بات کو سُن کر پڑے) : اثر آواز ۔ (۶) دوری جہاں تک آواز سنائی دے ۔

In or within (the) sound of (Something) : حدود سماعت میں ۔

Sound : (n) غشی : بے ہوشی ۔

Sound : (n) (۱) پنسال سے پانی کی گہرائی ناپنا : عمق پیمائی ۔ (۲) (جراحی) جراح کی سلائی : میل جراحی ۔

Sound : (a) (۱) تندرست : صحیح : بے روگ ۔ (۲) صحیح سلامت : بے داغ : اچھا (جو سڑا نہ ہو) : ثابت (جو ٹوٹا نہ ہو) : سالم ۔ (۳) درست : صحیح : محکم (دلیل) : معقول ۔ (۴) (شرکت کمپنی ، بینک وغیرہ کی نسبت) معتبر : کھرا : اچھی ساکھ والا ۔ (۵) گہری : غفلت کی (نیند) : غافل (سونے والا) ۔ (۶) پوری پوری (مرمت ، کندی) : سخت : شدید (کوڑے وغیرہ کی مار) ۔ (۷) صحت بخش : صحت افزا (ہوا ، غذا وغیرہ) ۔ (۸) ٹھوس : بھاری (چیز) ۔ (۹) خشک (زمین) ۔ (۱۰) کٹر : راسخ : راسخ العقیدہ ۔ (۱۱) مخلص : پُر خلوص : سچا : قابل اعتبار : قابل اعتماد ۔ (۱۲) ہموار طبیعت کا : سلیم الطبع ۔ (۱۳) اخلاق مند : دغا دار : ایماندار : کھرا : صاف ۔ (۱۴) قانونی : باضابطہ ۔ (۱۵) مکمل : کامل : پورا ۔

As sound as a bell : بالکل تندرست ۔

Sound : (adv.) (۱) پوری طرح : اچھی طرح سے : حفاظت سے ۔ (۲) دیکھو Soundly ۔

Sound : (v) [ME. 'Sune, Sone, Soune'.] (۱) آواز دینا : بجنا ۔ (۲) معلوم ہونا (اچھا یا برا) ۔ (۳) بجانا (کوئی باجا) ۔ (۴) آگاہ کرنا : خبر دینا ۔ (۵) برف کا اعلان کرنا (بگل وغیرہ کے ذریعہ) ۔ (۶) ڈنکا بجانا : مشہور کرنا ۔ (۷) جانچنا : امتحان کرنا (ریل گاڑی کے پہیوں کو ہتھوڑی سے ٹھوک کر قلب ، شش وغیرہ کی حرکت کو سن کر) ۔ (۸) ذکر ہونا : ذکر کیا جانا ۔

To sound in damages : (قانون) صرف نقصان سے متعلق ہونا ۔

Sound : (v) (۱) گہرائی ناپنا : عمق دریافت کرنا ۔ (۲) سمندر کی تہ کی مٹی وغیرہ نکال کر دیکھنا ۔ (۳) سلائی سے (مثانہ وغیرہ کا) حال معلوم کرنا ۔ (۴) مچھلی خصوصاً وہیل کا غوطہ لگا کر سمندر کی تہ میں چلا جانا ۔ (۵) اندازہ لینا : باتوں باتوں میں کسی کی رائے ، خیال وغیرہ دریافت کرنا : سن گن لینا : ٹوہ لینا ۔

Sound : (v) (۱) غشی : بے ہوشی ۔ (۲) غشق کھا جانا : بے ہوش ہو جانا ۔

Sound-barrier : (n) ہوائی حرکیاتی روک میں اچانک اضافہ جو ہوائی جہاز کے آواز کی رفتار پر پہنچنے پر پیدا ہو جاتی ہے ۔

Sound-board : (a) (۱) بول تختہ : ایک قسم کا چتر جو آواز سن کر سامعین تک پہنچانے کے لئے عام تقریر گاہوں میں لگایا جاتا ہے ۔ (۲) لکڑی کی ایک پتلی تختی جو باجوں میں آواز کو بڑھانے کے لئے لگا دیتے ہیں ۔

Sound-body : (n) (موسیقی) گمکی ڈبہ : تار والے باجے کا کھوکھلا حصہ ۔

Sound-bow : (n) گھنٹی کے کنارے کا موٹا حصہ جہاں لٹکن کے ٹکرانے سے آواز پیدا ہوتی ہے ۔

Sound-box : (n) آواز گر : ساؤنڈ بکس : بول بکس ۔

Sound-change : (n) ایک آواز کا دوسری سے مل جانا۔

Sound-condition : (v) (سماع خانے (آڈیٹوریم) وغیرہ کی) سمعیاتی صلاحیت میں اضافہ کرنا یا (اسے) بہتر بنانا۔

Sound effect : (n) وہ آواز جو فلم اور موسیقی کے علاوہ مصنوعی طور سے داخل کر دی جاتی ہے۔

Sound-film : (n) بولتی فلم۔

Sound-hole : (n) (۱) وہ سوراخ جو بعض آلات موسیقی کے اگلے حصے میں ہوتا ہے۔ (۲) (تعمیرات) مینار یا گھنٹا گھر کی کھڑکی۔

Sound-house : (n) دھند میں خطرے کے اعلان کا بحری اسٹیشن۔

Sound-law : (n) صوتی قانون۔

Sound-line : (n) ۔ ہارپون کی رسی (جس سے وہیل کا شکار کرتے ہیں)۔

Sound-money : (n) زر مستحکم (جس کی قیمت میں اچانک اضافہ یا تخفیف نہ ہو)۔

Sound off : (v) (۱) زور سے بولنا۔ (۲) آزادی سے اظہار خیال کرنا۔

Sound-post : (n) چھوٹی چوبی کھونٹی جو وائلن میں لگی رہتی ہے۔

Sound-proof : (a) آواز روک۔

Sound-proof : (v) آواز روک بنانا (ہال وغیرہ)۔

Sound-ranging : (n) حد آواز پیمائی۔

Sound-shadow : (n) کسی بڑے جسم کے حائل ہونے سے آواز کا رکنا۔

Sound-track : (n) صوتی لیک؛ سنیما کی فلم کے کنارے کی پتلی لکیر جس میں آواز کو ریکارڈ کیا جاتا ہے۔

Sound wave : (n) آواز کی موج؛ موج آواز۔

Sounder : (n) جنگلی سوروں کا گلہ۔

Sounder : (n) (۱) آواز نکالنے والا۔ (۲) تار برقی کا ریسیور یعنی سننے کا آلہ؛ مصوات؛ آوازگر۔ (۳) سگنل دینے کا ایک آلہ۔

Sounder : (n) عمق پیما۔

Flying sounder : عمق پیما آلہ جو چلتے جہاز میں استعمال کیا جاتا ہے۔

Sounding : (n) (۱) آواز دینا۔ (۲) آواز؛ بولی؛ گمک۔ (۳) بجانا۔ (۴) (قلب، شش وغیرہ کی حرکت کو) سننا۔

Sounding : (n) (۱) عمق پیمائی۔ (۲) (مجازاً) تفتیش۔ (۳) سمندر میں کنارے کے قریب جگہ جہاں گہرائی ناپی جا سکے۔ (۴) سمندر؛ دریا وغیرہ کی گہرائی۔ (۵) سلائی سے (مثانہ وغیرہ کا) حال معلوم کرنا۔

In soundings / On- : کم گہرے پانی میں۔

Out of soundings/ Off- : اتھاہ پانی میں۔

Sounding : (a) (۱) آواز دار؛ گمک دار۔ (۲) خالی خولی؛ محض الفاظ کی۔ (۳) شاندار؛ رعب دار۔

Sounding-board : (n) دیکھو Sound-board

Sounding-lead : (n) (بحری) عمق پیما شاقول (ساہول، پنسال)۔

Sounding line : (n) عمق پیما شاقول کی ڈور۔

Soundless : (n) بے آواز۔

Soundless : (a) اتھاہ؛ جس کی تھاہ نہ ملے۔

Soundlessly : (adv.) بغیر آواز کے۔

Soundlessness : (n) بے آواز ہونا۔

Soundly : (adv.) (۱) پوری طرح؛ اچھی طرح سے۔ (۲) حفاظت سے؛ مضبوطی سے؛ مستحکم طور پر۔ (۳) گہرے طور پر۔ (۴) صحیح طور پر۔ (۵) شدت سے؛ زور سے۔

Soundness : (n) (۱) صحت؛ تندرستی۔ (۲) مقدرت۔ (۳) استحکام۔ (۴) سلیم الطبعی۔

Soup : (n) [Fr. 'Soupe'.] (۱) شوربا؛ یخنی؛ سوپ۔ (۲) شوربا جیسی کوئی چیز۔ (۳) (عام) کسی مقدمے کے واقعات اور قانونی امور کا خلاصہ جو وکیل کے لئے لکھا جاتا ہے۔ (۴) بد قسمتی؛ تکلیف دہ صورت حال۔

From soup to nuts : شروع سے آخر تک۔

In the soup : مشکلات میں۔

Soup : (n) (۱) (عام) دیکھو Horse power ۔ (۲) (عام) کسی قسم کی اضافی قوت ۔

Soup : (v) (۱) شوربا پیش کرنا یا مہیا کرنا ۔ (۲) قوت میں اضافہ کرنا ؛ کارگردگی میں اضافہ کرنا ؛ انجن کی قوت بڑھانا ۔

Soup and fish : (n) شام میں پہننے کا پُر تکلف مردانہ لباس ۔

Soup-house : (n) خیرات خانہ جہاں سوپ غرباء میں مفت تقسیم کیا جاتا ھے ۔

Soup-kitchen : (n) دیکھو Soup-house

Soup-maigre : (n) پتلا شوربا (جو اکثر ترکاری سے تیار ہوتا ھے) ۔

Soup-plate : (n) شوربا پیش کرنے کی گہری رکابی ۔

Soup-spoon : (n) شوربا پینے کا چمچہ ۔

Soup-ticket : (n) چٹھی یا ٹکٹ جس کے ذریعہ خیرات خانے سے شوربا ملتا ھے ۔

Soup up : (v) (۱) (کارتوس کی) قوت بڑھانا ۔ (۲) زور دار بنانا ؛ بھڑکدار بنانا ۔

Soupcon : (n) [Fr.] خفیف سی جھلک ؛ شائبہ ؛ شبیہ ؛ شک ۔

Souped-up : (a) (۱) قوت یا کارکردگی میں اضافہ کیا ہوا ۔ (۲) سنسنی خیز ؛ زور دار ۔ (۳) ابھارا ہوا ۔

Soupy : (a) شوربے جیسا ؛ سوپ کا سا ۔

Sour : (a) [OE. 'Sur'.] (۱) ترش ؛ کھٹا ؛ حامض ۔ (۲) کھٹی ؛ خمیر کی سی (خوشبو) ۔ (۳) مرطوب ؛ سیلی ہوئی (زمین) ؛ موٹا اور بدمزہ (چارا) ؛ بوبو دار گھاس والی (چراگاہ) ۔ (۴) چڑچڑا ؛ تیز (مزاج) ؛ کھرا ؛ بد مزاج ؛ چڑچڑے مزاج کا (آدمی) ۔ (۵) تلخ ؛ بدمزہ ۔ (۶) ٹیڑھا ؛ مڑا ہوا ۔ (۷) بہت سرد ؛ تیز و تند (موسم) ۔ (۸) موٹا ؛ بھدا (جانور) ۔ (۹) غلط ؛ خراب ۔ (۱۰) بے آہنگ ؛ بے میل ۔ (۱۱) بودار ؛ بساندا ۔ (۱۲) خیال خام دور کیا ہوا ۔

Sour : (n) (۱) کھٹی چیز ۔ (۲) تیزاب میں ڈبونا ۔ (۳) کھٹی شراب (وہسکی جس میں لیمون کا عرق ہو) ۔

Sour : (adv.) ترشی کے ساتھ ؛ چڑچڑے پن کے ساتھ ۔

Sour : (v) (۱) ترش کرنا یا ہونا ؛ پھٹنا (دودھ کا) ۔ (۲) چڑچڑا یا بد مزاج کر دینا ۔ (۳) خمیر اٹھانا (گندھے ہوئے آٹے میں) ۔ (۴) مرطوب بنانا (زمین کو) ۔ (۵) ہلکے ترشے میں ڈبونا ۔ (۶) (چونے کو) پانی ڈال کر ملائم کرنا ۔

To sour on : نا پسند کرنا ؛ نفرت کرنا ۔

Sour-ball : (n) چڑ چڑا شخص ؛ بد مزاج آدمی ۔

Sour-cake : (n) ایک قسم کا خمیری کیک ۔

Sour(-)crout : (n) کرم کلہ کی خمیری ترکاری ۔

Sour(-) dock : (n) ترشہ ؛ کھٹی گھاس ؛ خماص ۔

Sour- dook : (n) چھاچھ ۔

Sour-dough : (n) (۱) خمیر ۔ (۲) (امریکا) وہ شخص جس نے ایک یا دو بار موسم سرما الاسکا میں گزارا ہو ۔

Sour-gourd : (n) ترش کدو ؛ ترشک ۔

Sour-grapes : (n) (۱) (نباتیات) غورہ ۔ (۲) کھٹے انگور (حقارتاً اس چیز کو کہتے ہیں جسے پانے کی خواہش تو ہو مگر پانا ممکن نہ ہو) ۔

Sour-grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Sour gum : (n) ایک درخت جس سے گوند نکلتا ھے ۔

Sour-milk : (n) (۱) کھٹا دودھ ۔ (۲) چھاچھ ۔

Sour-milk cheese : (n) دیکھو Cottage-cheese

Sour orange : (n) نارنج ۔

Sour-plum : (n) ایک قسم کا درخت اور اس کا پھل ۔

Sour-rot : (n) ترش پھلوں کا سڑنا ۔

Sour-salt : (n) جو جزائر غرب الہند کے ایک درخت کا پھل یا خود وہ درخت ۔

Sour-sweet : (a) کھٹ میٹھا ؛ کھٹا میٹھا ۔

Sour-sweet : (n) کوئی کھٹی میٹھی چیز ؛ کھٹی میٹھی مٹھائی ۔

Sour-wood : (n) حماض ؛ ترشک ۔

Source : (n) [ME. 'Sours', 'Sourse'.] (۱) منبع ؛ سر چشمہ ؛ سوتا ؛

مبدا.(۲)مانند: ذریعه. (۳) بنیاد: جڑ. (۴)(طبیعیات) وہ نقطہ یا مرکز جس سے کوئی سیال شے بہتی ہے۔

Source : (v) شروع ہونا: آغاز ہونا۔

Source-book : (n) ماخذ: مصدر۔

Source-material : (n) بنیادی خام اشیاء۔

Souring : (n) (۱) ترش بنانے والی چیز: خمیر: سرکہ۔ (۲) ترش ہونا۔ (۳) ہلکے ترشے میں بھگونا۔ (۴) ایک قسم کا ترش سیب۔

Sourish : (a) کھٹا سا: چڑ چڑا سا۔

Sourishly : (adv.) کھٹے پن کے ساتھ: چڑچڑے پن سے۔

Sourishness : (n) کسی قدر ترش ہونا یا تُرشی: چڑ چڑاپن۔

Sourly : (adv.) ترشی کے ساتھ: چڑ چڑے پن سے۔

Sourness : (n) کھٹاپن: کھٹاس: ترشی: چڑچڑاپن: بد مزاجی۔

Sourpuss : (n) [Sour + U.S. slang "Souss".] تند مزاج شخص: تیز مزاج شخص۔

Sous- : (Prefix) [OFr. 'Sous'.] سابقہ بمعنی "تحت": "نیچے": "میں"۔

Sous : (a) معاون: ماتحت۔

Spectre-bat : (n) ایک قسم کی چمگادڑ ۔

Spectre-candle : (n) دیکھو Belemnite

Spectre-crab : (n) شیشہ کیکڑا : لاروائے سرطان بحری ۔

Spectre-insect : (n) سایہ حشرہ : عصا حشرہ ۔

Spectre-lemur : (n) لاغر لیمور : کھبیہ ۔

Spectre-shrimp : (n) ایک قسم کا دو گوں پایہ خار پوست ۔

Spectre-tarsier : (n) ایک لیمور نما جانور ۔

Spectro : (Prefix) سابقہ بمعنی "طیف" : "طیفی" ۔

Spectro balometer : (n) طیفی اشعاع پیما ۔

Spectrocolorometer : (n) طیفی الوان پیما ۔

Spectrocolometry : (n) طیفی الوان پیمائی ۔

Spectrogram : (n) نقشۂ طیف : طیفیہ ۔

Spectrograph : (n) طیف نگار ۔

Spectrographic : (a) طیف نگار کا ۔

Spectrography : (n) طیف نگاری ۔

Spectroheliograph : (n) طیفی شمس نگار ۔

Spectroheliographic : طیفی شمس نگاری سے متعلق ۔

Spectroheliscope : (n) طیفی شمس بین ۔

Spectrological : (a) طیفیاتی : علم طیف کا ۔

Spectrology : (n) (۱) طیفیات : علم الطیوف ۔ (۲) علم الارواح : بھوتوں کا علم ۔

Spectrometer : (n) طیف پیما : انحراف پیما ۔

Spectrometric : (a) طیف پیمائی سے متعلق ۔

Spectrophone : (n) صوتی طیف پیما : طیف فون ۔

Spectrophotometer : (n) طیفی ضیا پیما ۔

Spectropolarimeter : (n) طیفی قطب پیما۔

Spectroscope : (n) طیف پیما ؛ طیف بین ۔

Spectroscope : (v) طیف بین کے ذریعہ جانچنا ۔

Spectroscopic/-al : (a) (۱)طیف بین کے ذریعہ کیا ہوا ؛ طیف پیما کا ۔ (۲) طیف بین کا یا اس سے متعلق ۔ (۳) طیف بینی کا ؛ طیف پیمائی کا ۔

Spectroscopically : (adv.) طیف بینی کے ذریعہ ؛طیف پیمائی کے ذریعہ ۔

Spectroscopist : (n) ماہر طیف بینی ؛ عالم طیف پیمائی ۔

Spectroscopy : (n) طیف پیمائی ؛ طیف بینی ۔

Spectrotelescope : (n) طیفی دوربین ۔

Spectrous : (a) دیکھو Spectral

Spectrum : (n) [L.] (۱) خیالی پیکر ؛ وہمی صورت ؛ طیف ؛ توہم ؛ بھوت ۔ (۲) طیف ؛ نور کی شعاعوں یا کسی اور روشن قوت کی تصویر جس سے مختلف حصے اپنی انحراف پذیری کے لحاظ سے ترتیب وار نظر آتے ہیں ۔ (۳) عکس شعاعی ؛ پس دید ؛ کسی چیز کی تصویر جو آنکھیں بند کر دینے کے بعد بھی نظر کے سامنے رہتی ہے ۔ (۴)(مجازاً) (کسی چیز کا) احاطہ ؛ حلقۂ اثر ؛ دائرہ ۔

Spectrum analysis : (n) طیفی تجزیہ ۔

Specular : (a) [L. 'Specularis'.] (۱) دھات کے آئینے کا ۔ (۲)انعکاسی؛ چکمدار ۔ (۳) فلزی آئینہ لگا (دوربین) ۔ (۴) آلۂ اتساع کے ذریعہ کیا ہوا ۔ (۵) نظر سے متعلق ۔ (۶) وسیع منظر پیش کرنے والی (اونچائی) ۔

Specular-iron/ -iron ore : (n) فلزی لوہا ۔

Specular reflection : (n) انعکاس کامل ۔

Specular stone : (n) ایک شفاف یا نیم شفاف مادہ جسے بطور آئینہ یا شیشہ استعمال کیا جاتا ہے ۔

Speculate: (v) [L. 'Speculare'.] (۱) تحقیق کرنا ؛ خیالی گھوڑے دوڑانا ؛ نظریہ قائم کرنا ؛ قیاس سے کام کرنا ۔ (۲) سٹا کرنا ؛ بدنی کا بیوپار کرنا ۔

Speculation : (n) (۱) تحقیق ؛ غور و فکر ؛ تفکر ؛ نظریہ ؛ قیاس ؛ تحقیق نظری ؛ تحقیق علمی ۔ (۲) سٹا کرنا ؛ بدنی کے سودوں میں روپیہ لگانا ؛ بدنی کا کاروبار کرنا ؛ سٹا ؛ سٹابازی ۔ (۳) تاش کا ایک کھیل جس میں پتوں کی خرید و فروخت ہوتی ہے ۔ (۴) رجم بالغیب ۔

In speculation : (n) قیاس میں ؛غیر عملی طور پر ؛ زیر غور۔

On speculation : بخیال امکان ؛ امید پر ۔

Speculatist : (n) (۱) مفکر ؛ نظریہ قائم کرنے والا ؛ غیر عملی آدمی ۔ (۲) سٹے باز ۔

Speculative : (a) (۱) نظری ؛ خیالی ؛ قیاسی ؛ عملی ۔ (۲) قیاس کرنے والا؛ تخمینی ۔ (۳) قابل مشاہدہ ۔ (۴) سٹا کرنے والا ؛ سٹابازوں کا ؛ قماری ۔

The speculative : قیاس پر مبنی چیز ۔

Speculatively : (adv.) نظری حیثیت سے ؛ خیالی طور پر ؛ سٹے کے طور پر ۔

Speculativeness : (n) نظری یا خیالی ہونا ۔

Speculator : (n) (۱) مفکر ۔ (۲) سٹے باز ؛ سٹا کار ؛ زرباز ۔ (۳)عالم نظری ۔ (۴) راجم بالغیب ۔ (۵) پہرہ دار ؛ سنتری ۔

Speculatrix : (n) (۱) مفکر ۔ (۲) سٹے باز عورت ۔

Speculist : (n) دیکھو Speculatist

Speculum : (n) [L.] (۱) ایک آلہ جس سے منافذ بدن انسانی کو چوڑا کر کے امتحان کیا جاتا ہے ؛ منظار ؛ آلۂ اتساع ۔ (۲) آئینہ جو صیقل شدہ دھات سے بنایا جاتا ہے ؛ فلزی آئینہ ؛ نور انداز ۔ (۳) پرندوں کے شہپروں کا وہ حصہ جس کا رنگ باقی سطح سے جدا ہوتا ہے ؛ قطعۂ شہپر ۔

Speculum forceps : (n) منظاری چمٹی ۔

Speculum metal : (n) آئینہ دھات ؛ تانبے اور ٹین کا بھرت جو آئینہ بنانے میں کام آتا ہے ۔

Speech : (n) [OE. 'Spec'.] (۱) قوت نطق ؛ قوت گفتار ؛ قوت گویائی؛ بولنے کی قوت ۔ (۲) قول ؛ بات ۔ (۳) تقریر ؛ اسپیچ ۔ (۴) کسی قوم یا ملک کی زبان ؛ بولی ۔ (۵) باجوں کی آواز (بلحاظ اچھے یا برے ہونے کے) ۔ (۶) بولی ؛ بولنے کا طرز ؛ طرز گفتگو ۔ (۷) اسکول کے سالانہ جلسہ میں پڑھی جانے والی تقریر ۔

Speech : (v) تقریر کرنا ؛ اسپیچ دینا ۔

Speech centre : (n) دماغ کے وہ اعصاب جو قوت گویائی کو کنٹرول کرتے ہیں ؛ نطقی اعصاب ۔

Speech craft : (n) گویائی کا علم ؛ علم نطق ۔

Speech-day : (n) اسکولوں کا سالانہ جلسہ جس میں انعام تقسیم کیا جاتا ھے اور نظمیں وغیرہ پڑھی جاتی ہیں ۔

Speech defect : (n) قوت گویائی کا نقص ۔

Speech-maker : (n) مقرر ؛ خطیب ۔

Speech-making : (n) تقریر ؛ خطابت ؛ تقریر کرنا ۔

Speech-organ : (n) نطقی عضو ۔

Speech reading : (n) گونگے اور بہرے شخص کا بولنے والے کے ہونٹوں کو دیکھ کر بات سمجھ لینا ۔

Speech-sound : (n) گفتاری آواز ۔

Speechful : (a) (۱) باتونی ؛ زیادہ گو ؛ بسیار گو ؛ بکی ۔ (۲) پر معنی (آنکھ ، چہرہ وغیرہ) ۔

Speechfulness : (n) باتونی ہونا ؛ بسیار گوئی ۔

Speechification : (n) (۱) تقریر بازی ۔ (۲) تقریر ؛ تقریر کا موقع ۔

Speechifier : (n) تقریر باز ؛ تقریر کی صلاحیت رکھنے والا

Speechifier : (n) تقریر باز ؛ تقریر کی صلاحیت رکھنے والا ۔

Speechify : (v) (۱) لیکچر بازی کرنا ؛ تقریر بازی کرنا ۔ (۲) تقریر کرنا ؛ خطاب کرنا ۔

Speechifying : (n) (۱) تقریر کرنا ؛ تقریر بازی ۔ (۲) جلسہ عام سے خطاب کرنا یا کرنے کا موقع ۔

Speeching : (n) تقریر بازی ؛ تقریر کرنا ؛ تقریر کا فن ؛ تقریر ۔

Speechless : (a) (۱) گونگا ؛ بے نطق ۔ (۲) گونگاپن ۔ (۳) (بیماری ، چوٹ یا تکان کی وجہ سے) بولنے سے قاصر ۔ (۴)(حیرت ، ڈر وغیرہ یا زیادہ شراب نوشی کی وجہ سے) عارضی گونگا ؛ سکوت زدہ ۔ (۵) خاموش ؛ کم گو ۔ (۶) سلکت ؛ چپ ۔ (۷) خاموش ۔ (۸) بولنے سے قاصر ۔

Speechlessly : (adv.) بے زبانی سے ۔

Speechlessness : (n) بے زبانی ؛ گونگاپن ۔

Speechlike : (a) تقریر سے مشابہ ۔

Speechreading : (n) گونگے اور بہرے شخص کا بولنے والے کے ہونٹوں کو دیکھ کر بات سمجھ لینا ۔

Speechway : (n) کسی خاص قوم یا خطے کا بولنے کا طرز ۔

Speed : (n) [OE. 'Sped'.] (۱) سرعت انتقال ؛ پھرتی ؛ جلدی ؛ مستعدی ؛ ترت پھرت ۔ (۲) قوت رفتار ؛ قوت کار ۔ (۳)شرح رفتار ؛ مقدار معینہ (کارکردگی) ؛ چال ۔ (۴)(تصویر کشی) نسبتی تیزی (جس سے فلم پلیٹ وغیرہ حرکت کرتی ھے) فلم کی حساسیت ۔ (۵) چرخی کا وہ حصہ جو خاص شرح رفتار بتاتا ھے ۔ (۶) (موٹر کا) ترسیلی گیرہ ۔ (۷) خاطر خواہ چیز یا آدمی ۔ (۸)(بیس بال میں) تیز گیند پھینکنے کی صلاحیت ۔

At full speed : نہایت تیزی سے ۔

At speed : تیزی سے ؛ پھرتی سے ۔

To make a speed : جلدی کرنا ؛ پھرتی کرنا ۔

Speed : (v) (۱) جلدی جلدی چلنا ؛ قدم اٹھا کر چلنا ۔ (۲) جلد چلا جانا ۔ (۳) روانہ کرنا ؛ جلدی رخصت کرنا ؛ دعائے خیر سے روانہ کرنا ۔ (۴) رفتار کو ایک انداز پر رکھنا (انجن وغیرہ کی) ؛ مقررہ رفتار سے چلانا ۔ (۵) غیر قانونی یا خطرناک رفتار سے چلانا ۔ (۶)کامیاب ہونا یا کرنا ؛ فائز المرام ہونا یا کرنا ؛ پروان چڑھانا ۔ (۷) مدد کرنا ؛ بڑھانا ؛ اعانت کرنا ؛ ترقی دینا ۔ (۸) مار ڈالنا ؛ برباد کرنا (آدمی وغیرہ کو) ۔ (۹) جلدی کرنا ۔ (۱۰) وقت گذارنا ؛ جلدی وقت گذرنا ۔

Speed : (a) شرح رفتار سے متعلق ؛ رفتار درست کرنے والا ؛ رفتار بتانے والا ؛ رفتار پکڑنے والا ۔

Speed-boat : (n) تیز رفتار موٹر کشتی ۔

Speed-cop : (n) (عام) پولس جو موٹر چلانے والوں کی رفتار پر نظر رکھتی ھے ۔

Speed counter : (n) گردش نگار ۔

Speed-gear : (n) بائیسکل وغیرہ کی رفتار کو ٹھیک کرنے کا پرزہ ۔

Speed indicator : (n) رفتار نما۔

Speed limit : (n) حد رفتار۔

Speed-man : (n) تیز رفتار سائیکل سوار۔

Speed merchant : (n) (عام) تیز رفتاری سے موٹر چلانے والا۔

Speed-test : (n) آزمائش رفتار ؛ امتحان رفتار۔

Speed trap : (n) سڑک کا وہ حصہ جہاں خفیہ طور پر معینہ شرح رفتار سے تیز گاڑی چلانے والوں کو دیکھا جاتا ہے۔

Speed up : (n) شرح رفتار زیادہ کرنا (کام ، پیداوار وغیرہ میں)۔

Speeder : (n) (۱) تیز چلانے والا۔ (۲) رفتار کو ٹھیک کرنے یا تیز کرنے کا آلہ ؛ رفتار گر ؛ مسرع (پرزہ)۔ (۳) مددگار ؛ معاون ؛ ترقی دینے والا۔

Speedful : (a) تیز ؛ تیز رفتار۔

Speedfully : (adv.) تیزی سے ؛ تیز رفتاری سے۔

Speedily : (adv.) (۱) جلدی سے ؛ فوراً۔ (۲) تیزی سے ؛ سرعت کے ساتھ۔

Speediness : (n) جلدی ؛ تیزی۔

Speeding : (a) تیز رفتار۔

Speeding : (n) تیزی سے جانا ؛ تیز رفتاری ؛ غیر قانونی رفتار سے موٹر چلانا۔

Speeding up : (n) تسریع ؛ تیز کاری ؛ تند کاری۔

Speedless : (a) غیر منفعت بخش ؛ غیر مؤثر ؛ ناکام۔

Speedometer : (n) رفتار پیما۔

Speedster : (n) (۱) تیز رفتاری سے موٹر چلانے والا۔ (۲) تیز رفتار موٹر وغیرہ۔

Speedway : (n) (۱) تیز رفتاری سے موٹر یا بائیسکل چلانے کا خاص دستہ۔ (۲) موٹر یا بائیسکل کے مقابلے کا میدان۔

Speedwell : (n) جڑی بوٹی کی قسم جو بیل کی طرح چڑھتی ہے۔

Speedy : (a) (۱) جلد ؛ تیز۔ (۲) فوری ؛ بلاتاخیر۔ (۳) تیز رفتار ؛ سریع۔

Speedy-cut : (n) گھوڑے کے اگلے پیر کے گھٹنے کے پاس کا اندرونی زخم یا چوٹ جو ٹانگ کے آپس میں رگڑا جانے سے ہوتا ہے۔

Spêel : (n) [ME.] چھپٹی ؛ کٹی ؛ پتلا ٹکڑا۔

Speel : (v) [Origin unkn.] دیکھو Speal

Speer : (v) [OE. 'Spyrian'.] (۱) پوچھنا ؛ سوال کرنا۔ (۲) تفتیش کرنا ؛ تحقیق کرنا۔ (۳) تحقیق کر کے پتہ لگانا۔ (۴) سوال پوچھنا۔ (۵) استفسار کرنا ؛ سوال کرنا۔

Speer : (v) دیکھو Peer

Speiss : (n) [G. 'Speise'.] سنکھیا ؛ لوہے وغیرہ کے مرکبات جو بعض قسم کے کچے سیسے کو صاف کرتے ہوئے پیدا ہوتے ہیں۔

Speiss-cobalt : (n) سفید کوبالٹ۔

Spek-boom/ Speck- : (n) [Du. 'Spek' + 'boom'.] جنوبی افریقہ کا ایک درخت یااس کی لکڑی۔

Spelaean/ Spelean : (a) [L. 'Spelaem'.] (۱) غار باش ؛ غار نشیں ؛ گپھا باشی ؛ غار میں رہنے والا۔ (۲) منسوب بہ غار۔ (۳) غار کی طرح کا۔

Spelaelogical/ Speleiological : (n) کہفیاتی ؛ علم غاراں سے متعلق۔

Spelaelogically/ Speleologically : (adv.) کہفیات کی رو سے۔

Spelaelogist/ Speleologist : (n) کہفیات داں۔

Spelaelogy/ Speleology : (n) [Fr. 'Speleologie'.] کہفیات ؛ علم غاراں۔

Spelder : (v) [ME. 'Spelden'.] (۱) پھاڑنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ (۲) دراز ہونا ؛ پاؤں پسارنا ؛ لیٹنا۔

Spelding : (n) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جسے دھوپ میں سکھا کر محفوظ کیا جاتا ہے۔

Spelicna : (۱) ایک کھیل جو لکڑی یاہڈی کو جفتی سے کھیلا جاتا ہے۔ (۲) دیکھو Spillikin۔

Spelk : (n) [OE. 'Spelc'.] (۱) (جراحی) کھپچی۔ (۲) لکڑی کا پتلا ٹکڑا ؛ کھپچی ؛ چھپٹی۔ (۳) چھپر بنانے کا بانس وغیرہ۔

Spell : (n) [OE. 'Spel(l)'.] (۱) منتر ؛ منتر کے بول ؛ ٹونا ؛ فسوں ؛ سحر ؛ جادو ؛ پڑھنت ۔ (۲) کشش ؛ جذب ؛ موہ ؛ قرینگی (جو کسی کی ذات یا کسی شکل یا وصف میں پائی جائے) ۔

Spell : (n) Knur and (۱) چھپٹی ؛ ٹکڑا ؛ پارہ ۔ (۲)سلاخ ؛ سریا ۔ (۳) Knur and spell کھیل کا پھندا ۔ (۴) کمان کے پچھلی حصے کی چھپٹی ۔

Spell : (n) (۱) باری ۔ (۲) اس قدر کام جو ایک دفعہ میں ہو ۔ (۲)غیر معینہ مدت یا وقفہ ۔ (۳) کسی خاص موسم کی مدت ۔ (۵)(طبیعت کی) ناسازی کی مدت ؛ دورہ ۔ (۶)تھوڑی سی دیر ؛ وقفہ ؛ دم کے دم ۔

By spells : تھوڑے تھوڑے وقفے سے ۔

Spell : (v) [OFr. 'Espel(l)er'.] (۱) تلفظ کرنا ؛ ہجے کرنا ؛ ہجے کر کے لکھنا ؛ مشکل سے پڑھنا ۔ (۲) (مجازاً) پتا لگانا ؛ اندازہ کرنا ؛ گمان کرنا ۔ (۳) (پڑھ کر) سمجھنا ۔ (۴) (حرفوں کا) لفظ بنانا ؛ حرفوں سے لفظ بنانا ۔ (۵) معنی رکھنا ؛ معنی ہونا ؛ مفہوم ہونا ؛ مراد ہونا ؛ مضمون ہونا ؛ دلالت کرنا ۔ (۶) مطالعہ کرنا ؛ غور و فکر کرنا ۔ (۷)کسی چیز کی خواہش ظاہر کرنا ۔

To spell able : صلاحیت رکھنا ؛ اہل ہونا ۔

To spell short . صاف گوئی سے کام لینا ؛ اکھڑپن سے جواب دینا ۔

Spell : (v) (۱) کسی دوسرے کی جگہ کام کرنا ؛ بدلی میں کام کرنا ؛ ہاتھ بٹانا ۔ (۲) (گھوڑے کو) آرام دینے کی فرصت دینا ۔ (۳)(بحری) (پمپ وغیرہ پر) باری بدلنا ؛ نوبت بدلنا ۔ (۴) باری باری کرنا ۔ (۵) (آسٹریلیا) آرام لینا ۔ دم لینا ۔

Spell : (v) (۱) سحر کرنا ؛ جادو کرنا ؛ جادو یا منتر پھونکنا ۔ (۲)منتر سے دور کرنا ؛ جادو کی طاقت سے حفاظت کرنا ۔ (۳)طلسماتی صفت سے متصف کرنا ؛ مسحور کرنا ۔

Spell-bind : (v) مسحور کرنا ؛ سحر کرنا ؛ جادو کرنا ؛ رجھانا ؛ لبھانا ۔

Spell-blinder : (n) سیاسی مقرر جو سامعین کو مبہوت کر دے ؛ سحر آفریں مقرر ۔

Spell-bound : (a) مسحور ؛ مسخر ؛ متوالا ؛ موہا ہوا ؛ مبہوت ۔

Spell down : (v) ہجے کے مقابلے میں شکست دینا ۔

Spell oh! (ho!) : کام بند کرنے کا اشارہ یا حکم ۔

Spell out : (v) ہجے کر کر کے پڑھانا ؛ (لفظ یا کتاب کا) مشکل سے حرف حرف کر کے پڑھنا ۔

Speller : (n) (۱) ہجے کرنے والا ۔ (۲) تلفظ کی کتاب ؛ ہجے کی کتاب ۔

Speller : (n) ہرن کے سینگ کا ایک حصہ ۔

Spellful : (a) ساحرانہ ؛ فسوں ساز ؛ دلفریب ؛ دلآویز ۔

Spelling : (n) (۱) ہجے ؛ تلفظ ۔ (۲) املا ؛ علم ہجا ۔

Spelling-bee : (n) تلفظ یا ہجے کا مقابلہ ۔

Spelling book : (n) ہجے سکھانے کی کتاب ۔

Spelt : (n) [Late L. 'Spelta'.] ایک قسم کا گیہوں جس کا آٹا نہایت باریک اور عمدہ ہوتا ہے ؛ جرمن گیہوں ۔

Spelt : (v) (اناج کا) چھلکا اتارنا ؛ بھوسی اتارنا ؛ (سیم وغیرہ کو) توڑنا ۔

Spelter : (n) [OFr. 'Espeautre'.] (۱) جست (دھات) ۔ (۲) جست کا بھرت ۔

Spelter : (v) جست کی بھرت سے جوڑنا ۔

Speluncar : (a) [L. 'Spelunca' + -ar.] بخار سے متعلق ۔

Spelunker : (n) غاروں کی تلاش کرنے والا ؛ غاروں کا مطالعہ کرنے والا ۔

Spence : (n) [OFr. 'Despense'.] (۱) مودی خانہ ؛ گدام ؛ نعمت خانہ ؛ بھنڈار ۔ (۲) دیوان خانہ ؛ خلوت خانہ ۔

Spencer : (n) [From the family name 'Spencer'.] (۱) نیم تنہ ؛ مرزائی (مردانہ) ؛ ابتدائی انیسویں صدی عیسوی کا چھوٹا اوور کوٹ (زنانہ یا بچوں کا) ۔

Spencer : (n) چھوٹا بادبان جو طوفانی موسم میں مستول پر چڑھایا جاتا ہے اور ایک لٹھے سے بندھا رہتا ہے ۔

Spencerian : (a) [f. Herbert Spencer, the philospher.] اسپنسر کا یا اس کے فلسفہ اور معتقدات سے متعلق ۔

Spencerian : (n) اسپنسر کا پیرو ۔

Spencerianism : (n) اسپنسر کا نظام فلسفہ یا اس کی تعلیم ۔

Spencerism : (n) ہربرٹ اسپنسر کے فلسفیانہ معتقدات : جن میں نظام عالم کی توجیہ میکانیات کے قوانین کی رو سے کی گئی ہے ۔

Spend : (n) خرچ : صرف کرنا ۔

On or upon the spend : خرچ میں مشغول ۔

Spend : (v) [OE. 'Spendan'.] (۱) خرچ کرنا یا ہونا : صرف کرنا یا ہونا ۔ (۲) گزرنا : گزارنا (وقت وغیرہ کا) ۔ (۳) ختم کرنا یا ہونا : ہوچکنا : رہ جانا : زور کم ہو جانا ۔ (۴)(بحری) مستول کا جاتے رہنا (طوفان وغیرہ کی وجہ سے) ۔ (۵) بالکل ختم ہو جانا : از کار رفتہ ہو جانا ۔ (۶) خرچ کرانا ۔ (۷) (دن ، شام وغیرہ) سماجی گفتگو یا تفریح میں گذارنا ۔ (۸) تھک جانا ۔ (۹) (خون ، جان وغیرہ کا) نقصان اٹھانا : خون بہانا : (آنسو) بہانا ۔ (۱۰) کھا جانا : پی جانا ۔ (۱۱) (زراعت) (فصل وغیرہ کو) مویشی کو کھلا دینا ۔ (۱۲) بولنا : تقریر کرنا : آواز نکالنا ۔ (۱۳) برباد کرنا : اڑنا : پھونک دینا ۔ (۱۴) (وقت ، زندگی) گزرنے دینا ۔ (۱۵) (کھانا ، گیہوں وغیرہ کا) کسی خاص قسم کا ہونا : جلد خراب نہ ہونا ۔

Spendable : (a) قابل خرچ : خرچ کرنے کے لائق ۔

Spender : (n) (۱) خرچ کرنے والا : فضول خرچ : مسرف ۔ (۲) برباد کرنے والا : استعمال کرنے والا ۔ (۳) (دباغی) وہ گڈھا جس میں چھال بھگوئی جاتی ہے ۔

Spending : (n) (۱) خرچ کرنا : صرف کرنا : خرچ ۔ (۲) ضائع شدگی ۔

Spending money : (n) جیب خرچ کی رقم ۔

Spending unit : (n) اکیلا رہنے والا شخص یا مشترکہ خاندان ۔

Spendthrift : (n) (۱) فضول خرچ : کھاؤ اڑاؤ : مسرف ۔ (۲) برباد کرنے والا : ضائع کرنے والا ۔

Spendthrift : (a) فضول خرچ : برباد کرنے والا ۔

Spendthrifty : (a) دیکھو Spendthrift

Spenserian : (a) [f. name of the poet Edmund Spenser.] اسپنسری : منسوب نہ ایڈمنڈ اسپنسر ۔

Spenserian : (n) (۱) دیکھو Spenserian stanza ۔ (۲) اسپنسر کا پیرو : اسپنسر کی نقل کرنے والا : دبستان اسپنسر کا شاعر ۔

Spenserian stanza : (n) ایک خاص بحر جو اسپنسر کی کتاب Faerie Queene میں استعمال کی گئی ہے ۔

Spent : (a) (۱) خرچ کیا ہوا : استعمال کیا ہوا ۔ (۲) ختم : آخر : فیصل ۔ (۳) تھکا ہوا (آدمی یا جانور) ۔ (۴) ناکارہ : ازکار رفتہ ۔ (۵) (مچھلی) انڈے دی ہوئی ۔

Speolgy : (n) کہفیات : علم غاراں ۔

Speos : (n) [Gr. 'Speos'.] (مصر کا) غاروں کا مندر یا مقبرہ ۔

Sperling : (n) دیکھو Sparling

Sperm : (n) [late L. 'Sperma'.] (۱) نر کا مادۂ تولید : منی : نطفہ : تخم ۔ (۲)کرم منی : منی حوین ۔ (۳)(مجازاً) مادہ : ماخذ ۔ (۴) Spermaceti sperm whale کا مخفف ۔ (۵)غیر مائی : قیطس ۔ (۶) شمع جو سپرم وہیل کے سر سے نکلنے والے روغنی مادہ سے بنتی ہے ۔

Sperm-candle : (n) سپرم وہیل کے سر سے نکلے روغنی مادے کی بتی ۔

Sperm-cell : (n) منوی خلیہ ۔

Sperm-whale/ Sperm whale : (n) وہیل مچھلی جس میں سے روغنی مادہ نکلتا ہے : سپرم وہیل ۔

Sperm-whaler : (n) سپرم وہیل پکڑنے والا آدمی یا جہاز ۔

Spermaceti : (n) [mod. L.] ایک روغنی مادہ جو سپرم وہیل کے سر میں جمع ہوتا ہے اور جس سے بتی اور مرہم وغیرہ بنتا ہے ۔

Spermaduct : (n) (حیوانیات) قنات منوی : منی کا مسامہ ۔

Spermagone : (n) بذرک دان ۔

Spermagonium : (n) [L.] (نباتیات) بذرک دان ۔

Spermalist : (n) قائل کمال نطفہ ۔

Spermaphore : (n) (نباتیات) پودوں کی آنول نال ۔

Spermarium : (n) [L.] خصیہ : خایہ : غدود منی : نر کے جسم کا ایک غدہ جس میں مادۂ تولید ہوتا ہے ۔

Spermary : (n) [L.] دیکھو Spermarium

Spermatheca : (n) [f. Sperm + theca.] (بعض کرم کی) مادہ کے

جسم کا کیسہ جس میں منی جاتی ہے ؛کیسہ کرم منی ۔

Spermathecal : (a) کیسۂ کرم منی سے متعلق ۔

Spermatic : (a) [late L. 'Spermaticus'.] (۱) متعلق بہ منی یاخصیہ ؛ خصیوی ۔ (۲) تخم آور ؛ نطفہ دار ۔ (۳) منی سے مشابہ؛ نطفیہ نما ۔ (۴) تولیدی ؛ باتخم ۔

Spermatic artery : (n) منوی شریان ۔

Spermatic cord : (n) حَبل المنویہ ؛ منوی عصبہ ۔

Spermatic duct : (n) قنات منوی ۔

Spermatic fluid : (n) منی ؛ نطفہ ؛ دھات ۔

Spermatic vein : (n) منوی ورید ۔

Spermatically : (adv.) منی کی طرح ؛ تولیدی لحاظ سے ۔

Spermatid : (n) منوی نہوض ۔

Spermatiferous : (a) بذرک بردار ۔

Spermatin : (n) [Fr. 'Spermatine'.] منی کا البومینی مادہ ۔

Spermatiophore : (n) تخمک بردار ؛ بذرک بردار ۔

Spermatism : (n) (۱) اخروج منی ؛ تمنیہ ۔ (۲) منویت ۔

Spermatist : (n) دیکھو Spermalist

Spermatium : (n) [Gr. 'Spermation'.] (نباتیات) بذرک ؛ تخمک ۔

Spermatization : (n) منی کا اخراج ۔

Spermatize : (v) منی کا خارج ہونا ۔

Spermato- : (Prefix) [Gr. 'Spermato'.] سابقہ بمعنی "منی" ۔

Spermatoblast : (n) منوی نہوض ؛ نر کی منی کا بار ور جرثومہ ۔

Spermatocele : (n) (مرضیات) سلعۂ خصیہ ۔

Spermatocide : (n) کرم منی کش ۔

Spermatocyst : (n) کیسۂ منوی ۔

Spermatocyte : (n) منوی خلیہ ۔

Spermatogenesis : (n) تولید منی ؛ تشکیل نطفہ ؛ منی کی نشو و نما ؛ فطر المنی ۔

Spermatogenetic : (a) تولید منی سے متعلق ؛ تشکیل نطفہ سے متعلق ۔

Spermatogenic : (a) دیکھو Spermatatogenetic

Spermatogeny : (n) تولید منی ؛ تشکیل نطفہ ۔

Spermatogonium : (n) منوی مادر خلیہ ۔

Spermatoid : (a) منی نما ؛ منی سا ۔

Spermatological : (a) متعلق بہ علم منی یا علم بذور ؛ علم نطفی ۔

Spermatology : (n) علم نطفہ ؛ علم منی ؛ علم البذور ۔

Spermatophoral : (a) منی دان سے متعلق ۔

Spermatophore : (n) (۱) (منی) منی دان ؛ منی بردار ۔ (۲) (نباتیات) بذرک دن کا ایک حصہ جس میں بذرک پیدا ہوتا ہے ۔

Spermatophorous : (a) منی بردار سے متعلق ۔

Spermatophyte : (n) تخم پودا ؛ تخم بردار پودا ۔

Spermatoplasm : (n) نطفہ مایہ ؛ منی مایہ ۔

Spermatorrhea : (n) جریان ؛ سیلان منی ؛ مذی ۔

Spermatospore : (n) بذرہ دان ۔

Spermatozoal : (a) نطفہ سے متعلق ؛ بارور مادۂ نر سے متعلق ۔

Spermatozoid : (n) (۱) نر گمٹہ ۔ (۲) منوین حوین نما ۔ (۳) (نباتیات) (بعض اشنوں کا) چھوٹا سا بذرہ ۔

Spermatozoon : (n) منوی حوین ؛ کرم منی ۔

Spermaturia : (n) (طب) منی بولی ؛ پیشاب کے ساتھ منی کا اخراج ۔

Spermi- : (Prefix) سابقہ بمعنی "منی" ۔

Spermiation : (n) نطفے کا اخراج ؛ منی کا اخراج ۔

Spermicide : (n) دیکھو Spermatocide

Spermiducy : (n) دیکھو Spermaduct

Spermism : (n) یہ نظریہ کہ نر کی منی میں پیدا ہونے والے حیوان کا کامل مادہ موجود ہے ؛ کمال منی ؛ کمال نطفہ ۔

Spermist : (n) قائل کمال نطفہ ۔

Spermo- : (Prefix) سابقہ بمعنی "منی" ؛ "تخم" ۔

Spermoblast : (n) دیکھو Spermatoblast

Spermoderm : (n) پوست تخم ؛ پوست بیرونی ۔

Spermogonium : (n) بذرک دان ۔

Spermology : (n) (۱) دیکھو Spermatolgy ۔ (۲) (نباتیات) بیجوں کا علم ؛ علم البذور ؛ بذریات ۔

Spermophile : (n) ایک قسم کی گلہری ؛ تخم پسند ۔

Spermophore : (n) (نباتیات) پودوں کاآنول نال ۔

Spermophyte : (n) (نباتیات) تخمی پودے ۔

Spermophytic : (a) تخم زار ۔

Spermospore : (a) (عضویات) مرکب خانہ دار کمیت جس سے منوی ریشے بنتے ہیں ۔

Spermotoxin : (n) (کیمیا) ایک قسم کا سپرم جو نطفے کو تباہ کر دیتا ہے ۔

Spermous : (a) منی سے مشابہ ؛ نطفے سے پیدا ۔

Speronara : (n) [It.] جنوبی اٹلی اور مالٹا میں استعمال ہونے والی ایک کشتی ۔

Sperse : (v) [f. Disperse.] (۱) چھینٹنا ؛ منتشر کرنا ۔ (۲) مختلف سمت میں جانا ۔

Spessartine : (n) [Fr.] تامڑا کی ایک قسم ۔

Spessartite: (n) دیکھو Spessartine

Spet : (v) [OE. 'Spaetan'.] تھوکنا ۔

Spet : (n) تھوک ۔

Spetch : (n) [Origin unkn.] بے کمائے ہوئے چمڑے کا ٹکڑا جس سے سریس وغیرہ بنتا ہے ۔

Spetch : (v) مرمت کرنا ؛ پیوند لگانا ۔

Spew : (n) قے ۔

Spew : (v) [OE. 'Spiwan'.] (۱) قے کرنا؛ استفراغ ہونا ۔ (۲) (نفرت سے) نکال پھینکنا ؛ مسترد کرنا ۔ (۳) نکل جانا ؛ بہہ جانا؛ بہہ نکلنا ۔ (۴) (زمین) مرطوبیت کی وجہ سے پھول جانا ۔ (۵) نکال باہر کرنا ۔

Spewer : (n) قے کرنے والا؛ نکال باہر کرنے والا ۔

Spewiness : (n) مرطوبیت ؛ دلدلی ہونا ۔

Spewy : (a) (زمین) دلدلی ؛ بہت زیادہ مرطوب ۔

Sphacelate : (v) [f. Sphacelous + -ate.] مردہ ہو جانا ؛ سڑ جانا ؛ گل جانا یا گلا دینا (ہڈی گوشت کا) ۔

Sphacelated : (a) (۱) مردہ ۔ (۲) سڑا ہوا ؛ گلا ہوا ۔

Sphacelation : (n) سڑ جانا ؛ گل جانا ۔

Sphacelia : (n) [mod. L.] سماروغ کا پہلا مرحلہ یا پہلی حالت ۔

Sphacelous : (a) انحطاط استخواں یانسیج سے متعلق ۔

Sphacelus : (n) [Gr. 'Sphakelos'.] (۱) (مرضیات) انحطاط استخواں ؛ انحطاط نسیج ؛ سڑنا (گوشت کا) ۔ (۲) مردار گوشت ؛ سڑے ہوئے نسیجوں کا گچھا ۔

Sphaeridium : (n) [mod. L.] (حیوانیات) گول دانہ ۔

Sphaero- : جزو ترکیبی بمعنی "کرہ" ۔

Sphaerosiderite : (n) گول شہابی آہن ۔

Sphaerospore : (n) (نباتیات) بعض اشنہ نماؤں کا چہار تہ پرزہ ۔

Sphagnous : (a) (۱) دلدلی گھاس کی طرح کا ۔ (۲) دلدلی گھاس پیدا کرنے والا ؛ جہاں دلدلی گھاس کثرت سے ہو ۔

Sphagnum : (n) [Gr. 'Sphagnos'.] دلدلی اشنہ ؛ دلدلی کائی ؛ ایک قسم کی کائی نما گھاس جو دلدل میں اگتی ہے ۔

Sphalerite : (n) [Gr. 'Sphaleros' + -ite.] امتزاج جست ۔

Sphandone : (n) [Gr. 'Sphendone'.] (۱) قدیم یونانی عورتوں کا ملبوسات ۔ (۲) قدیم یونان کے اسٹیڈیم کا نیم دائروی حصہ (آخر کا) ۔

Sphene : (n) [Fr.] ٹٹانیم کا نمک ۔

Sphenethmoid : (n) [Gr. 'Sphen' + ethmoid.] چپنی ہڈی ۔

Spheniscan : (n) [mod. L. 'Spheniscus' + -an.] نر بطریق : ایک قسم کا پنگوئن ۔

Spheno- : (Prefix) [Gr. 'Spheno-'.] سابقہ بمعنی "فانہ" (خاص کر) فانہ نما ہڈی (کے معنوں میں) ۔

Spheno-maxillary : (n) فانہ نما فکی ۔

Sphenoblasilar : (a) فانہ نما اساسی ۔

Sphenodon : (n) نیوزی لینڈ کی ایک قسم کی چھپکلی ۔

Sphenogram : (n) میخی یا پیکانی حروف : تکونی تحریر ۔

Sphenograph : (n) تکون نگاری : پیکانی تحریر ۔

Sphenoid : (a) فانہ کی شکل کا : فانہ نما ۔

Sphenoid : (n) فانہ نما ہڈی : استخوان جمجمہ ۔

Sphenoidal : (a) فانہ نما ہڈی سے متعلق : متعلق بہ استخوان جمجمہ ۔

Sphenophyllum : (n) متحجر پودوں کی ایک جنس ۔

Sphenotemporal : (a) (تشریح) فانہ صدفی ۔

Sphenotic : (a) (بعض مچھلی اور پرندوں کی) فانہ نما ہڈی اور کان کی ہڈی سے متعلق : وتدی ۔

Sphenotic : (n) فانہ نما اور کان کی ہڈی : وتدی ۔

Spheral : (a) [late L. 'Sphaeralis' + -al.] (۱) مدور : گول ۔ (۲) کروی ۔ (۳) (مجازاً) متناسب طور پر گول یا کامل ۔ (۴) قدیم فلکیات سے متعلق ۔

Sphere : (n) [ME. 'Sper(e)'.] (۱) کرہ : گولا ۔ (۲) آسمان : فلک ۔ (۳) جرم فلکی : جرم سماوی ۔ (۴) ارض یا افلاک کا کرہ (نقشہ) ۔ (۵) کھوکھلے شفاف کروں میں سے کوئی ایک کرہ جو قدیم منجمین کے اعتقاد کے بموجب زمین کے گرد گھومتے تھے اور ان میں دوسرے اجرام فلکی (چاند اور سورج ، سیارے ، ستارے) جڑے ہوتے تھے ۔ (۶) میدان عمل : حلقۂ اثر و اختیار یا علم ۔ (۷) گردو پیش کے حالات : ماحول ۔ (۸) رتبہ : منزلت ۔ (۹) مدور چیز : گلوب ۔

Armillary sphere : دیکھو Armillary

Sphere : (v) (۱) کرہ سے محیط کرنا : گرد کرہ بنانا : کرہ کر دینا ۔ (۲) کرہ بنانا : شراب سے بھر دینا ۔ (۳) (مجازاً) مکمل کر دینا ۔ (۴) کرہ میں رکھنا : اجرام فلکی میں رکھنا (نقشے میں) ۔ (۵) (مجازاً) الگ کر دینا ۔ (۶) گھمانا : الگ کر دینا ۔ (۷) آسمان پر چڑھنا : خاص فوقیت دینا ۔

Sphere of action : (n) دائرہ عمل ۔

Sphere of influence : (n) دائرہ رسوخ : دائرۂ اقتدار ۔

Sphereless : (a) (۱) ادھر ادھر پھرنے والا : آوارہ گرد ۔ (۲) بے ستارہ : جس میں ستارے نظر نہ آئیں ۔

Spheric : (a) (۱) فلکی : سماوی ۔ (۲) کروی : کرہ نما ۔

Spheric : (n) کروی علم ہندسہ یا علم مثلث ۔

Spherical : (a) (۱) مدور : کروی : کرے کی شکل کا ۔ (۲) (ریاضیات) کروی ۔ (۳) کروی : کرہ نما : کرہ سے متعلق ۔ (۴) فلکی : سماوی ۔

Spherical aberration : (n) کروی ضلالت ۔

Spherical angle : (n) کروی زاویہ : زاویہ مستدیر ۔

Spherical astronomy : (n) کروی ہیئت ۔

Spherical geometry : (n) کروی ہندسہ ۔

Spherical glass : (n) کروی شیشہ ۔

Spherical lens : (n) کروی عدسہ ۔

Spherical mirror : (n) کروی آئینہ ۔

Spherical triangle : (n) کروی مثلث : مثلث جو بڑے دائروں کے قوسوں سے محیط ہوں ۔

Spherical trigonometry : (n) کروی مثلثیات : کروی علم مثلث ۔

Sphericality : (n) کرویت ۔

Spherically : (adv.) کرہ کے طور پر ؛ بوضع کرہ ۔

Sphericity : (n) کرویت ۔

Spherico- : (Prefix) سابقہ بمعنی "کروی" ۔

Spherics : (n) کرویات ؛ کروی ہندسہ ؛ کروی مثلثیات ۔

Spheriform : (a) مدور ؛ کروری

Sphero- : (Prefix) سابقہ بمعنی "کرہ" ۔

Spheroconic : (n) (ریاضیات) دو رخی مخروط کے ذریعہ کسی کرہ کا قطعہ جس کا راس کرہ کے مرکز پر ہو ۔

Spherocrystal : (n) قلمی کرہ ۔

Spherocytosis : (n) (مرضیات) بے صفرایرقان ۔

Spherograph : (n) (بحری) کرہ نگار ؛ کروی مسائل کے حساب لگانے کا آلہ ۔

Spheroid : (n) [L. 'Sphaeroideas'.] کرہ نما ؛ ایسی مشکل جو قریب ترتیب کرہ کے ہو ؛ خصوصاً وہ شکل جو بلیلحی شکل کے اپنے محور پر گردش کرنے سے پیدا ہوتی ہے ۔

Spheroid/ -al : (a) (۱) کرہ نما ؛ تقریباً کروی ۔ (۲) کرہ کی شکل کا ۔ (۳) کرہ نمائی ؛ کرہ نما کی خاصیت سے بحث کرنے والا ۔

Spheroidal condition : (n) حالت کرہ نمائی ؛ حالت کروی ۔

Spheroidal state : (n) دیکھو Spheroidal condition

Spheroidally : (adv.) کرہ نما کے طور پر ۔

Spheroidical : (a) دیکھو Spheroidal

Spheroidically : (adv.) دیکھو Spheroidally

Spheroidicity : (n) کرہ نمائیت ۔

Spheromaniac : (n) گیندوں والا کھیل کھیلنے کا شوقین ۔

Spherometer : (n) کرویت پیما ؛ کوہ پیما آلہ جس سے کروی سطح یا جسم کی کرویت یا نصف قطر معلوم کرتے ہیں ۔

Spherular : (a) کروی ؛ گول ؛ چھوٹے کرے کی شکل کا ۔

Spherulate : (a) گول ذرات دار ؛ چھوٹے کروں سے پُر ۔

Spherule : (n) [late L. 'Sphaerula'.] کرۂ صغیر ؛ چھوٹا کرہ ؛ کرۂ رقیق ؛ گول ذرہ ۔

Spherulite : (n) (معدنیات) قلمی کرہ ؛ جامد مادہ جو بعض چٹانوں میں چھوٹے چھوٹے کروں کے مجموعے کی شکل میں پایا جاتا ہے ۔

Spherulitic : (a) (۱) (وہ چٹانیں وغیرہ) جس میں چھوٹے چھوٹے کروں کے مجموعہ کی شکل کا جامد مادہ پایا جاتا ہے ۔ (۲) قلمی کرہ سے متعلق ۔

Spherulitize : (v) چھوٹے چھوٹے کروں کے مجموعے کی شکل میں تبدیل کرنا ۔

Sphery : (a) (۱) کرہ یا اجرام فلکی سے متعلق ؛ کرہ نما ؛ کروی ۔ (۲) کروی ؛ کرہ کی شکل کا ۔

Spheterize : (v) [Gr. 'Spheterizein'.] قبضہ کر لینا ؛ مالک بن بیٹھنا ؛ اپنانا ؛ ہتھیا لینا ۔

Sphex : (n) [Gr. 'Sphex'.] بھڑ کی ایک جنس ۔

Sphincter : (n) [L.] عضلہ عاصرہ ؛ عضلی حلقہ جو جسم کے کسی منفذ کے گرد ہوتا ہے اور اسے بند کرنے کا کام دیتا ہے ۔

Sphincter ani : (n) عاصرۂ مبرز ۔

Sphincteral : (a) عضلۂ عاصرہ سے متعلق ۔

Sphincteric : (a) عضلۂ عاصرہ سے متعلق ؛ عاصری ۔

Sphingine : (a) ابوالہول سے مشابہ ۔

Sphinx : (n) [L.] (۱) (یونانی اساطیر) شہر تھیبس کی پردار (دیونی جس کا سر عورت کا اور بدن شیر کا تھا ، اس کی ایک پہیلی تھی جو اس کا جواب نہ دے سکتا تھا اسے مار ڈالتی تھی ، آخر اڈی پس (Oedipus) نے یہ پہیلی بوجھ لی جس پر اس نے پہاڑ پر سے اپنے آپ کو گرا کر ہلاک کر ڈالا ۔ (۲) ابوالہول ؛ قدیم مصر کا ایک بت جس کا جسم شیر کا اور سر آدمی کا یا کسی اور حیوان کا تھا؛ نر سنگھ ۔ (۳) (مجازاً) مشکل سوال کرنے والا ۔ (۴) پر اسرار شخص یا چیز ؛ ایسا شخص جس کی حقیقت سمجھ میں نہ آئے ۔ (۵) ایک قسم کا اڑنے والا کیڑا ؛ باز پروانہ ۔ (۶) لنگور کی ایک قسم ؛ میمون ۔ (۷) ایک خاکستری اور زردی مائل بھورا رنگ ۔

Sphinx-baboon : (n) گینی کا میمون ۔

Sphinx-month : (n) باز پروانہ ۔

Sphragistic : (n) [Fr. 'Sphragistique'.] (جمع) مہروں کا علم یا تحقیق ۔

Sphragistic : (a) مہروں سے متعلق ۔

Sphygmic : (a) نبض سے متعلق ؛ نبضی ۔

Sphygo- : جزو ترکیبی بمعنی "نبض" ۔

Sphygmogram : (n) نبض نگارش ؛ ترسیم نبض ؛ وہ نقشہ جو نبض نگار سے بنتا ہے ۔

Sphygmograph : (n) نبض نگار ؛ ایک آلہ جس سے نبض کی کیفیت بہ سلسلۂ خطوط منحنی دکھائی جاتی ہے ۔

Sphygmograph : (v) نبض نگاری کرنا ۔

Sphygmographic : (a) نبض نگاری سے متعلق ۔

Sphygmography : (n) نبض نگاری ۔

Sphygmomanometer : (n) خون کا دباؤ ناپنے کا آلہ ۔

Sphygmometer : (n) نبض پیما ۔

Sphygmometric : (n) نبض پیمائی سے متعلق ۔

Sphygmophone : (a) نبض شنوا آلہ جس سے نبض کا فعل سننے میں آتا ہے ۔

Sphygmoscope : (n) نبض بین ؛ نبض نما آلہ جس سے نبض کا فعل نظر آتا ہے ۔

Sphyraena : (n) [L. 'Sphyraena'.] نیزہ ماہی ۔

Sphyraenoid : (a) نیزہ ماہی سے متعلق ۔

Sphyraenoid : (n) نیزہ ماہی ۔

Spica : (n) [L.] (۱) (نباتیات) سنبلہ ؛ بالی ؛ سنبل ؛ بال ۔ (۲) (جراحی) سنبل پٹی ؛ ایک پٹی جس کی بندش گیہوں کی بالی کی وضع سے ہوتی ہے ۔ (۳) (علم النجوم) سنبلہ کا ایک چمکدار ستارہ ؛ سماک اعزل ۔

Spicate : (a) [L. 'Spicatus'.] (نباتیات و حیوانیات) سنبلی ؛ سنبلہ

دار ؛ بالی دار ؛ مہمار دار ۔

Spicated : (a) دیکھو Spicate

Spice : (n) [OFr. 'Espice'.] (۱) گرم مسالا ۔ (۲) خصوصیت ؛ رنگ ؛ چاشنی ۔ (۳) ایک بھورا مائل نارنجی رنگ ۔

Spice: (v) (۱) مسالہ دار بنانا یا چٹپٹا بنانا ۔ (۲) (مجازاً) چاشنی دار بنانا ؛ چاشنی دینا ۔ (۳) (خریدار کو دھوکہ دینے کے لئے) گھوڑے کو گرم مسالا کھلانا ۔

Spice-box : (n) (۱) گرم مسالا رکھنے کا خانہ دار بکس ۔ (۲) ایک قسم کا چھوٹا منقش بکس ۔

Spice-bush : (n) ایک خوشبودار پودا ۔

Spice-cake : (n) مسالے دار کیک ؛ عمدہ قسم کا پھلوں والا کیک ۔

Spice-islands : (n) مشرقی جزائر جہاں سے گرم مسالا در آمد کیا جاتا ہے ۔

Spice nut : (n) ایک قسم کا مسالے دار چھوٹا مرکب ۔

Spice-tree : (n) گرم مسالے کا درخت ۔

Spice-wood : (n) (۱) دیکھو Spice-bush ۔ (۲) گرم مسالے کے درخت کی لکڑی ۔

Spiceable : (a) چاشنی دار بنائے جانے کے لائق ؛ چٹپٹا بنانے کے لائق ۔

Spiced : (a) (۱) مسالے دار ؛ چٹپٹا ۔ (۲) خوشبودار ۔

Spiceless : (a) بے مسالا ۔

Spicer : (n) مسالے دار بنانے والا؛ چٹپٹا بنانے والا ۔

Spicery : (n) (۱) گرم مسالے ۔ (۲) مسالہ خانہ ؛ مکان کی وہ کوٹھری جو مسالے رکھنے کے لئے مخصوص ہو ۔ (۳) شاہی مسالا خانہ ۔ (۴) مسالے دار ہونا ؛ چٹپٹاپن ؛ خوشبو ۔

Spici : جزو ترکیبی بمعنی "بالی" : "سنبلہ" ۔

Spiciferous : (a) بالی دار ۔

Spiciform : (a) سنبلہ نما ۔

Spicilege : (n) گلدستہ ؛ بیاض ۔

Spicilegium : (n) دیکھو Spicilege

Spicily : (adv.) چٹپٹے پن سے ؛ تیزی سے ۔

Spiciness : (n) چٹ پٹاپن ؛ تیزی ۔

Spicing : (n) چٹ پٹاپن ؛ تیزی ۔

Spick : (n) [Fr. 'Espic'.] دیکھو Lavender

Spick : (a) (۱) بالکل نیا ؛ تازہ ۔ (۲) نئے کی طرح ؛ بے داغ ؛ ٹھیک ٹھاک ؛ پاک صاف ۔

Spick(-)and (-) span : (a) دیکھو Spick

Spick(-)and (-) span : (adv.) صاف ستھرے طور سے ۔

Spick(-) and (-) spandy : (a) دیکھو Spick

Spicket : (n) [alter of Spigot.] (۱) چھوٹی میخ یا ڈاٹ خصوصاً جس سے پیچوں میں برمے سے کئے ہوئے سوراخ بند کرتے ہیں ؛ ڈٹا ۔ (۲) دیکھو Spigot ۔

Spickle : (n) (۱) (نباتیات) بالچہ ؛ سنبلچہ ؛ سنبلۂ مزعی ۔ (۲) ایکچھوٹا سا سخت مادہ جو اسفنج کے خول میں پایا جاتا ہے ؛ سوزن اسفنج ۔ (۳) سما روغ کے بذور بردار کا نوک ۔ (۴) کوئی چھوٹی سی نوکدار شے ؛ کوئی سوئی سی شے ؛ چھوٹی چھوٹی سوئیاں ۔

Spicula : (n) [L. 'Spica'.] (۱) نوکدار بلور یا ایسی ہی کوئی چیز ۔ (۲) کانٹا ؛ سنبلچہ ؛ بالچہ ۔ (۳) ہڈی کا نوکدار ٹکڑا ۔ (۴) ایک چھوٹا سا سخت مادہ جو اسفنج کے خول میں ہوتا ہے ۔

Spicular : (a) سنبلچہ نما ؛ نوکدار اور پتلا ؛ سوزنی ؛ بالچہ دار ۔

Spiculate : (a) بالچہ دار ؛ سوزنی ؛ نوک نوک ؛ سوزن دار ۔

Spiculated : (a) (۱) بالچہ دار ۔ (۲) بالچہ نما ۔ (۳) نوک نوک ؛ سوزنی ۔

Spicule : (n) دیکھو Spickle

Spiculi- : جزو ترکیبی بمعنی "بالچہ" ؛ "سنبلچہ" ۔

Spiculiferous : (a) بالچہ بردار ۔

Spiculiform : (a) بالچہ نما ؛ نوکدار ۔

Spiculigenous : (a) بالچہ دار ۔

Spiculose: (a) دیکھو Spiculiferous

Spiculum : (n) [L.] (۱) نوکدار بلور ۔ (۲) نیش ؛ کانٹا ۔ (۳) گھونگے کا نیش ۔ (۴) ایک چھوٹا سا آبکی مادہ جو اسفنج کے خول میں ہوتا ہے ۔ (۵) ہڈی کا نوکیلا ٹکڑا ۔

Spicy : (a) (۱) خوشبودار ؛ مسالے دار ؛ چٹپٹا ؛ چرپرا ۔ (۲) (مجازاً) چبھتا ہوا ؛ دلخراش ؛ تیز ۔ (۳) نازیبا ؛ نامناسب ۔ (۴) چست ؛ نمائشی ؛ بھڑکدار ۔ (۵) صاف ستھرا ۔ (۶) مسالے سے پُر ؛ مسالے دار ؛ مسالا بردار ۔ (۷) لطیف ؛ پاکیزہ ؛ دلچسپ ۔ (۸) شہوانی ؛ شہوت انگیز ؛ اہانت آمیز ؛ بدنام کن ۔

Spider : (n) [OE. 'Spipra'.] (۱) مکڑی ؛ عنکبوت ۔ (۲) جو شباہت میں مکڑی کی سی ہو ؛ خصوصاً جس کی ٹانگیں مکڑی کی سی ہوں ؛ مکڑ پایا ۔ (۳) دو پہیا گاڑی جس کے بڑے بڑے پہیے ہوں ۔ (۴) ایک قسم کی کڑھائی ؛ تلنے کا برتن ۔ (۵) توا ؛ تاروں کی چھلنی ؛ تپائی ۔ (۶) (بحری) آگے کو نکلا ہوا شہتیر بل پاٹھاٹھر جس کے ذریعے چرخی کو جہاز کے پہلو سے الگ رکھا جاتا ہے ۔ (۷) لنگر گیر ۔ (۸) گائے تھن کی ایک بیماری ۔ (۹) تاش کا ایک کھیل جو صرف ایک شخص دو تاش کی گڈیوں سے کھیلتا ہے ۔ (۱۰) ڈائنمو آواز رساں کا ایک حصہ ۔ (۱۱) بارودی سرنگ کا چوکھٹا جس کے دبنے سے سرنگ پھٹتی ہے ۔

Spider : (v) مکڑی کی شکل میں تڑخنا یا پھٹنا ۔

Spider-ant : (n) ایک قسم کا کیڑا ۔

Spider band : (n) (بحری) ایک حلقہ جو مستول کے گرد لگا رہتا ہے تاکہ زنجیر مضبوطی سے لگی رہے جس سے جہاز کے وسطی شہتیر اور رسے لگے رہتے ہیں ۔

Spider-cart/ -wagon : (n) ایک قسم کی اونچی گاڑی جس کے پہیے بڑے بڑے ہوتے ہیں ۔

Spider-catcher : (n) (۱) مکڑی پکڑنے والا ۔ (۲) پرندوں کی ایک قسم ۔

Spider-cell : (n) ایک مکڑی نما جرثومہ ۔

Spide-crab : (n) مکڑی کیکڑا ؛ سرطان عنکبوتی ؛ کیکڑا جس کی ٹانگیں لمبی اور پتلی ہوتی ہیں ۔

Spider fly : (n) ایک دو پرہ کیڑا ۔

Spider-hoop : (n) دیکھو Spider band

Spider-hunter : (n) بعض قسم کے کیڑے ۔

Spider-leg : (n) (۱) مکڑی کی طرح کی لمبی پتلی ٹانگ ۔ (۲) لمبا بے قاعدہ شگاف یا دراڑ (مکڑی کی ٹانگ سے مشابہ) ۔

Spider-like : (adv.) مکڑی کی طرح ؛ مکڑی کی قوت سے ۔

Spider line/ Spider's- : (n) مکڑی کا تار جو رقیق اور نہایت خفیف پیمائش کے لئے پیمانوں یا آلات میں دھات کے تار کی بجائے لگایا جاتا ہے ؛ عنکبوتی تار ۔

Spider-mite : (n) دیکھو Spider-hunter

Spider(-) monkey : (n) ایک قسم کا بندر جس کی ٹانگیں لمبی اور دم ایسی ہوتی ہے کہ اس سے گرفت کر سکتا ہے ۔

Spider-rest : (n) بلیرڈ کے ڈنڈے کا سہارا ۔

Spider-shanks : (n) پتلی اور لمبی ٹانگوں والا شخص ۔

Spider-shell : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Spider-table : (n) لمبے پایوں والی نازک میز ۔

Spider-web/ Spider's - : (n) (۱) مکڑی کا جالا ؛ تار عنکبوت ۔ (۲) (مجازاً) مکڑی کے جالے سے مشابہ کوئی چیز ۔

Spider-work : (n) مکڑی کے جالا سے مشابہ کوئی کام ۔

Spidered : (a) مکڑیوں سے بھرا ہوا ؛ کمزور ؛ ناپائیدار ۔

Spiderwort : (n) ایک پودا ۔

Spidery : (a) (۱) مکڑی جیسا ؛ مکڑی کے مشابہ ۔ (۲) مکڑی کا ؛ مکڑی کے متعلق ۔ (۳) مکڑی سا چالاک ؛ مکار ۔ (۴) جہاں مکڑیاں کثرت سے ہوں ۔

Spiegel iron : (n) لوہے ، مینگنیز اور کاربن کی ملونی جو فولاد بنانے میں کام آتی ہے ؛ آہن سفید ۔

Spiegeleisen : (n) [G. 'Spiegel'. + eisen.] دیکھو Spiegel iron

Spiel : (n) (اسکاچستان) Curling کھیل کا مقابلہ ۔

Spiel : (v) [G. 'Spielen'.] (۱) نغمہ چھیڑنا ۔ (۲) بکواس کرنا ؛ زیادہ اور بیکار باتیں کرنا ؛ فرائے بھرنا ؛ فرفر سنانا ۔

Spiel : (n) بکواس ؛ بک بک ۔

Spieler : (n) (۱) دھوکہ باز ؛ عیار ؛ بے ایمان جواری ۔ (۲) آواز لگا کر بیچنے والا ۔ (۳) زیادہ باتیں بنانے والا ؛ باتونی ۔

Spier : (n) جاسوس ؛ مخبر ۔

Spier : (n) [ME. 'Spere'.] جالی ۔

Spiff : (n) [ME.] بناؤ سنگھار کرنا ؛ بننا ٹھننا ۔

Spiff : (n) کمیشن جو فروخت بڑھانے کے لئے ایجنٹ کو دیا جائے ۔

Spiffed : (a) (۱) آراستہ ؛ بنا سنورا ؛ بنا ٹھنا ۔ (۲) مدھوش ؛ مخمور ۔

Spiffily : (adv.) عمدہ طور سے ؛ شان سے ؛ آب و تاب سے ۔

Spiffiness : (n) آب و تاب ؛ شان ۔

Spiffing : (a) عمدہ ؛ بہت ہی اچھا ؛ نفیس ؛ اعلیٰ ۔

Spiffy : (a) بنا سنورا ؛ خوش لباس ؛ جامہ زیب ۔

Spif(f)licate : (v) [Of fanciful formation.] (۱) پیٹنا ؛ خبر لینا ؛ سرزنش کرنا ۔ (۲) کچلنا ؛ تباہ کرنا ؛ پائمال کرنا ۔

Spiflicated : (a) مدھوش ؛ مخمور ؛ پئے ہوئے ۔

Spiflication : (n) سرزنش ؛ پیٹنا ۔

Spignel : (n) [med. L. 'Spigurnellus'.] ایک پودا ۔

Spigot : (n) [Fr. 'Espiguon'.] (۱) چھوٹی میخ یا ڈاٹ خصوصاً جس سے پیپوں میں برمے سے کئے ہوئے سوراخ بند کرتے ہیں ؛ ڈٹّا ؛ گٹّا ۔ (۲) نل کا سادہ سرا جو دوسرے نل میں ٹھیک بیٹھ جائے ۔ (۳) مکڑی کی بڑی مخروطی نلکی ۔ (۴)(مجازاً) رکاوٹ ؛ بندش ؛ ضبط ؛ قید ۔

Spigot : (v) ڈاٹ لگانا ۔

Spigot-joint : (n) ایک قسم کی چول ۔

Spigotty / Spigoty : (n) ہسپانوی امریکی ۔

Spik/ Spick/ Spic : (n) [Alter of Spic.] ہسپانوی امریکی ۔

Spike : (n) [L. 'Spica'.] (۱) سنبلہ ؛ بالی ۔ (۲) خوشۂ اناج ۔ (۳) پھولوں کے کھلنے کی ایک شکل جس میں پھول لمبی ساق پر ہوتے ہیں ؛ ان پھولوں کا گچھا جو ایک ہی لمبے ڈنٹھل کے ساتھ لگیں ۔

Oil of spike : تیل جو فرنچ لیونڈر سے بنایا جاتا ہے ۔

Spike : (n) [ME. 'Spyk'.] (۱) تیز نوک ۔ (۲) لوہے کی نوکدار سلاخ (مثلاً لوہے کے جنگلے کے اوپر) ۔ (۳) نوکدار میخ ؛ میخ (جوتے کے تلے میں لگائی جاتی ہے جس سے آدمی پھسلنے سے بچ جاتا ہے) ۔ (۴) بڑی مضبوط میخ (جیسی ریلوں میں لگائی جاتی ہے) ۔ (۵) مذہبی رسوم کا پابند ۔ (۶) صندل کے درخت کی ایک بیماری ۔ (۷) میخ دار جوتے ۔ (۸) (عام) انجکشن لگانے کی سوئی ۔ (۹) والی بال کو اگلی صف سے مخالف کی کورٹ میں زور سے دبا کر مارنا ۔ (۱۰) لمبی نکیلی ایڑی والا جوتا ۔

Spike : (v) (۱) میخیں ، سلاخیں یا ڈنڈے لگا کر مضبوط کرنا ؛ میخیں یا سلاخیں کسی جگہ گاڑنا ؛ ڈنڈوں سے باڑ لگانا ۔ (۲) بندوق یا توپ کے پیالے کا منہ کیل ٹھوک کر بند کر دینا ؛ رنجک کے سوراخ میں کیل ٹھوک دینا ۔ (۳) میخ چھانا ۔ (۴) الکحل یا تیز شراب ملانا ۔ (۵) دلکش بنانا ؛ دلچسپ بنانا ۔ (۶) والی بال کو اگلی صف سے حریف کی طرف زور سے دبا کر مارنا ۔

To spike one's guns/ To spike the guns : دشمن کا زور توڑنا ؛ دشمنوں کو شکست دینا ۔

Spike : (v) (نباتیات) (پودوں کا) ایک ہی لمبے ڈنٹھل میں پھولوں کے گچھے دینا ۔

Spike-buck : (n) پہلے سال کا نر ہرن ۔

Spike-disease : (n) صندل کے درخت کی ایک بیماری ۔

Spike-fish : (n) سیل مچھلی ؛ بادبانی مچھلی ۔

Spike-grass : (n) امریکا کی سمندری گھاس ۔

Spike-nail : (n) لمبی اور مضبوط چھوٹے سر والی میخ ۔

Spike oil : (n) دیکھو Oil of spike

Spike-rush : (n) کئی قسم کی گھاس جو دلدلی علاقوں میں پائی جاتی ہے ۔

Spike-tail : (n) شام کی پوشاک کا کوٹ (جس کا اگلا دامن سامنے سے کٹا ہوتا ہے) ۔

Spike-team : (n) تین جانوروں سے کھینچی جانے والی گاڑی ۔

Spiked : (a) بالی دار ؛ سنبلہ دار ۔

Spiked : (a) نوکدار ؛ نکیلا ۔

Spikelete : (n) (۱) سنبلک ؛ بالچہ ؛ چھوٹی بالی ۔ (۲) گھاس میں چھوٹے چھوٹے پھولوں کا گچھا ۔ (۳) چھوٹی میخ یا سیخ ؛ کانٹا ۔

Spikelike : (n) سیخ نما ؛ میخ نما ۔

Spikenard : (n) [med. L. 'Spicanardi'.] (۱) ایک سدا بہار خوشبو دار بوٹی ؛ بالچھڑ ؛ سنبل ہندی ۔ (۲) ایک خوشبودار مادہ جو اس بوٹی سے نکالا جاتا ہے ۔ (۳) مختلف قسم کے خوشبودار تیل ۔

Oil of spikenard : مختلف قسم کے خوشبودار تیل ۔

Spiky : (a) بالی دار ؛ پھولوں کے گچھے سے مشابہ جو ایک ہی ڈنٹھل پر ہوں ۔

Spiky : (a) (۱) نوکدار ؛ نکیلا ؛ کیل کی شکل کا ۔ (۲) نوکدار سلاخوں یا کیلوں سے جڑا ہوا ۔ (۳) (مجازاً) حساس (شخص) ۔ (۴) کٹر ؛ سخت (مذہبی عقائد میں) ۔

Spile : (n) [MLG. MDU.] (۱) لکڑی کی کھونٹی یا چھپٹی ۔ (۲) ڈاٹ ؛ ڈٹا ؛ گٹا ۔ (۳) چھوٹی لکڑی یا دھات کی ٹونٹی جس سے شکر یا ناریل کا رس نکالا جاتا ہے ۔

Spile : (n) (۱) شہتیر یا کھمبا جو عمارت وغیرہ کی بنیاد میں سہارے کے لئے زمین میں گاڑ دیا جاتا ہے ۔ (۲) (کان کنی) نوکدار کھمبا ۔

Spile : (v) شہتیر یا کھمبا بنیاد میں سہارے کے لئے گاڑنا ۔

Spile : (v) (۱) ڈاٹ لگا کر پیپے کا سوراخ بند کرنا ۔ (۲) سوراخ کر کے نکالنا (سیال شے) ۔ (۳) پیپے میں سوراخ کرنا ۔

Spiling : (n) [Origin unkn.] (بحری) جہاز کے ڈھانچ کے تختوں میں کنارے کے خم ۔

Spiling : (n) کھمبے ؛ شہتیر (عمارت کے لئے) ۔

Spilite : (n) [Gr. 'Spilos'.] دانہ دار چٹان ۔

Spill : (n) [f. Spile.] (۱) لکڑی کا ٹکڑا ؛ چھپٹی ۔ (۲) فلیتہ ؛ لکڑی یا کاغذ کی بتی لیمپ وغیرہ جلانے کے لئے ۔ (۳) ڈاٹ ؛ ڈٹا ؛ گٹا ۔ (۴) سگریٹ بنانے کا کاغذ ۔

Spill : (n) [(M)LG. (M)Du. 'Spil(l)e'.] (۱) لکڑی یا دھات کا ڈنڈا ۔ (۲) محور ؛ دُھرا ؛ تکلا ۔

Spill : (n) (۱) (گھوڑا یا گاڑی سے) گرنا ؛ پچھاڑ ؛ پٹخنی ۔ (۲) (سیال مادے کا) گرنا ؛ بہنا ؛ چھلکنا ؛ بہہ کر گری ہوئی مقدار ۔ (۳) قیمت کا اچانک گر جانا ۔

Spill : (v) [OE. 'Spillan'.] (۱) مارنا ؛ جان مارنا ؛ قتل کرنا ؛ ہلاک کرنا ۔ (۲) زخمی کر کے یا نقصان پہنچا کر برباد کر دینا ۔ (۳) بہانا (خون) ۔ (۴) بہانا (کسی سیال مادے کو) ؛ بہہ جانا ؛ بہا دینا ۔ (۵) منتشر کرنا ؛ پھیلانا ۔ (۶) (عام) ظاہر کرنا ؛ انتشار کرنا ؛ ناش کرنا یا ہونا ۔ (۷) (بحری) بادبان سے ہوا نکال دینا (تاکہ آسانی سے لپیٹا جا سکے) ۔ (۸) گرانا (گھوڑے یا گاڑی سے) ؛ گرا دینا ؛ پھینکنا ۔ (۹) بہنا ؛ گرنا ؛ چھلکنا ۔ (۱۰) (بحری) (بادبان کا) ہوا کو خارج کر دینا ۔

To spill the beens : (۱) راز فاش کر کے الجھن پیدا کر دینا ۔ (۲) کسی منصوبے یا انتظام کو الٹ دینا ۔

Spill- : جزو ترکیبی بمعنی "فاضل پانی بہنے کے لئے بنا ہوا" ۔

Spillable : (a) جسے بہایا یا گرایا جا سکے ۔

Spillage : (n) (۱) بہانا ؛ گرانا ۔ (۲) بہائی ہوئی مقدار ۔

Spiller : (n) بہانے والا خصوصاً خونی ۔

Spiller/ Spilliard : (n) [Origin unkn.] مچھلی پکڑنے کی بڑی شست جس میں کئی کانٹے لگے ہوتے ہیں ۔

Spillet : (n) مچھلی پکڑنے کی بڑی شست ۔

Spillikin/ Spillican : (n) (۱) ایک کھیل جو ہڈی یا لکڑی کی جفتی سے کھیلا جاتا ہے ۔ (۲) لکڑی یا ہڈی وغیرہ کی جفتی جو اس کھیل میں کام آتی ہے ۔ (۳) (مجازاً) ٹکڑا ؛ چھپٹی ۔

Spilling : (n) پیراشوٹ کی چھتری سے ہوا کا خارج ہو جانا ۔

Spillover : (n) (۱) بہنا ؛ چھلکنا ؛ گرنا ۔ (۲) بہی ہوئی مقدار ۔ (۳) ناکافی رسد کی وجہ سے ایک چیز سے اس قسم کی دوسری چیز کی مانگ کا بڑھ جانا ۔

Spillway : (n) فالتو پانی نکالنے کا راستہ (بند اور پشتوں میں) ؛ ضمنی ابراہ ۔

Spilt : (a) جھلک کر گرا ہوا ؛ بہہ کر گرا ہوا ۔

To cry over spilt milk : ایسے نقصان پر رونا جس کی تلافی نہ ہو سکے ۔

Spilth : (n) (۱) بہنا ؛ چھلکنا ۔ (۲) جو چیز کہ بہہ جائے ۔

Spin : (n) (۱) گھماؤ ۔ (۲) گردش ؛ مدور حرکت ؛ دائرے میں حرکت ۔ (۳) (کرکٹ) گیند کی گھومنے کی حرکت ۔ (۴) گھمانا ۔ (۵) مسلسل حرکت (بطور ورزش یا تفریح) ؛ تیز کشتی رانی کی مدت ؛ مختصر یا تیز دوڑ یا سیر ۔ (۶) (ہوائی جہاز کا) گھومتے ہوئے غوطہ مار کر اترنا یا نیچے آنا ؛ چکری نزول ۔ (۷) رقص میں اچانک گھومنے کا ایک انداز ۔ (۸) (آسٹریلیا) قسمت ؛ تقدیر ۔

Spin : (v) [OE. 'Spinnan'.] (۱) (اون ، کپاس) کاتنا ؛ سوت بنانا (مکڑی ، ریشم کے کیڑے وغیرہ کا) ۔ (۲) جالا بننا ؛ کویا بنانا (ریشہ دار لعاب نکال کر) ۔ (۳) چاک یا ایسی کل پر (برتن وغیرہ) بنانا ۔ (۴) (مجازاً) انشا پردازی کرنا ؛ مضمون لکھنا ۔ (۵) طوالت دینا ؛ بڑھا دینا (بحث کو) ۔ (۶) گھمانا یا گھومنا (لٹو) ۔ (۷) (شخص یا چیز کا) یکایک مڑ جانا یا موڑ دینا ؛ منہ پھیر دینا یا پھر جانا ۔ (۸) امتحان کے امیدوار کو جواب دے دینا یا نا منظور کرنا ؛ ناکامیاب ہو جانا ۔ (۹) مچھلی کا شکار کرنا (ہک وغیرہ سے نہر یا نالے میں) ؛ مچھلی کے چارے کو خاص طریقے سے گھمانا (پانی میں) ۔ (۱۰) (خون کا) بہہ نکلنا ۔ (۱۱) مکڑی کا جالے کی طرح ملا کر رکھنا یا بنانا ۔ (۱۲) (کسی ٹکڑے کو) گھومتی ہوئی چیز پر رکھ کر پھیکنا ۔ (۱۳) ریکارڈ چڑھانا (گراموفون کی گردش کرنے والی تختی پر) ؛ بجانا ۔ (۱۴) چلنا ؛ قائم رہنا ۔ (۱۵) (ہوائی جہاز کا) مسلسل چکروں کے ساتھ یکایک نیچے اترنا یا اتارنا ؛ ہوائی جہاز کو چکر کھلانا ۔ (۱۶) (موٹر کے گیئر کا) چھڑائے جانے کے بعد بھی ناچتے رہنا ۔ (۱۷) مقدر کرنا ۔

To spin a coin : سکے کو گھما کر اچھالنا (کسی چیز کا فیصلہ کرنے کے لئے) ۔

To spin a yarn : کہانی کہنا ؛ رام کہانی سنانا ۔

Spin chute : (n) چھوٹا پیراشوٹ جو ہوائی جہاز کے پیچھے لگا رہتا ہے اور جو اترنے میں مزاحمت پیدا کرتا ہے یا جہاز کو چکر کھانے سے روکتا ہے ۔

Spin-drier : (n) دھوتے ہوئے کپڑوں کو سکھانے کی مشین ۔

Spin-house : (n) (۱) وہ گھر یا عمارت جس میں سوت کاتنے کے لئے لوگوں کو نوکر رکھا جاتا ہے ۔ (۲) عورتوں کا دارالاصلاح ؛ رنڈیوں کی تادیب گاہ ۔

Spin off : (v) گھما کر صاف کرنا (لکڑی کا ٹکڑا جس پر سوت کاتنے کے لئے لپیٹا جائے) ۔

Spin-off : (n) اتفاقی نتیجہ خصوصاً صنعتی یا تکنیکی عمل کا۔

Spin-out : (v) (۱) صرف کر دینا؛ گزار دینا (وقت، عمر، یا بحث و مباحثہ میں یا کسی اور شغل میں)۔ (۲) لمبا کرنا؛ طول دینا۔ (۳) نکالنا؛ گھڑنا؛ بالتفصیل بیان کرنا۔ (۴) بچا بچا کر استعمال کرنا؛ بہت دن چلانا۔ (۵) چلنا؛ طویل کر دینا۔

Spina : (n) [L.] (۱) ریڑھ؛ شوکہ؛ عمود فقرات۔ (۲) (قدیم روم) رومی سرکس کا وسطی روک۔

Spina bifida : (n) [L.] ریڑھ کا استسقا؛ فقری استسقا۔

Spinaceous : (a) [mod. L. 'Spinacia'.] پالک کی جنس کا۔

Spinach : (n) [MDu. 'Spinaetse'.] (۱) اسفاناج؛ پالک؛ اس جیسی اور سبزی؛ بتھوا۔ (۲) ایک قسم کا پروانہ۔ (۳) مکروہ یا ناگوار چیز؛ قابل نفرت چیز؛ غیر مطلوب شے۔ (۴) غیر ضروری یا بے تکا بد گوشت؛ زائدہ؛ اضافہ یا آرائش۔

Spinal : (a) [Late L. 'Spinalis'.] (۱) ریڑھ کی ہڈی سے متعلق؛ فقری؛ نخاعی؛ شوکی۔ (۲) ریڑھ کی ہڈی سے مشابہ۔

Spinal artery : (n) فقری شریان۔

Spinal bone : (n) ریڑھ کی ہڈی۔

Spinal brace : (n) ریڑھ کی ہڈی کی بعض بیماریوں میں لگائی جانے والی قینچی یا آڑ۔

Spinal canal : (n) ریڑھ کی نالی؛ قنات شوکی۔

Spinal column : (n) ریڑھ کی ہڈی؛ عمود فقری۔

Spinal cord : (n) حرام مغز؛ نخاع۔

Spinal ganglia : (n) سلعات نخاع؛ عمود نخاعی۔

Spinal marrow : (n) حرام مغز؛ نخاع۔

Spinal nerve : (n) عصب نخاعی۔

Spinalis : (n) عصب شوکی؛ ریڑھ کی ہڈی کے تین عضلات میں سے کوئی ایک۔

Spinate : (a) خار نما؛ سول نما۔

Spindle : (n) [OE. 'Spinel'.] (۱) تکلا (چرخی کا)۔ (۲) سلائی یا تکلی (ہاتھ سے کاتنے کی)۔ (۳) پرچھا (وہ نلی جس پر بنکر سوت لپیٹتے ہیں)۔ (۴) محور؛ چرخی؛ دھرا (جو خود گھومتا ہے یا جس کے گرد کوئی چیز گھومتی ہے)۔ (۵) پتلی شے؛ دبلا پتلا آدمی۔ (۶) سوت کا پیمانہ (جو مختلف قسم کے سوتوں کے لئے مختلف ہوتا ہے)۔ (۷) (تشریح) جنینی یا شریان اعظم کا پھیل جانا؛ عضلہ کا تکلا نما حصہ۔ (۸) مرکب محول کو چلانے کا گرداں آلہ۔ (۹) (تجارت) چوبی مستول کا اوپری سرا۔ (۱۰) ہوائی جہاز کے بازوؤں کو گاؤ دم بنانے اور لگانے کی ایک مشین۔ (۱۱) گراموفون کا وہ پن جس میں ریکارڈ بٹھایا جاتا ہے۔ (۱۲) (نقابت) نور کی شکل کا مارکہ۔

Spindle : (v) (۱) تکلے کی شکل کا ہونا؛ لمبا پتلا ہونا۔ (۲) پتلا ڈنٹھل نکلنا (جس میں بالی لگتی ہے)۔ (۳) تیزی سے بڑھنا۔ (۴) دھرے پر لگانا۔ (۵) ہوائی جہاز کے بازوؤں میں فصل چھوڑنا اور گاؤ دم بنانا۔

Spindle-cross : (n) (نقابت) تکلہ نما بازوؤں والا صلیب۔

Spindle-legged : (a) پتلی اور لمبی ٹانگوں والا؛ تکلا پا؛ لنڈوک۔

Spindle(-) shank : (n) پتلی لمبی ٹانگ؛ پتلی لمبی ٹانگوں والا آدمی؛ لم ٹنگا شخص۔

Spindle-shanked : (a) لمبی پتلی ٹانگوں والا؛ لم ٹنگا۔

Spindle-shaped : (a) تکلا نما؛ تکلے کی شکل کا؛ سگار صورت؛ دونوں طرف سے گاؤ دم۔

Spindle-shell : (n) معدہ پایان کی ایک جنس یا اس جنس کا کوئی معدہ پا۔

Spindle-side : (n) مادری نسب۔

Spindle-stroma : (n) دیکھو Spindle-shell

Spindle-tree : (n) ایک درخت جس کی لکڑی بہت مضبوط ہوتی ہے اور تکلوں یا چرخوں کے کام آتی ہے۔

Spindle-wood : (n) دیکھو Spindle-tree

Spindle-worm : (n) ایک قسم کے پتنگے کا پہل روپ جو مکئی میں لگ جاتا ہے۔

Spindleage : (n) ایک جگہ اور ایک وقت میں آنے والے تکلوں کی کل تعداد۔

Spindling : (n) (۱) درخت میں شاخ یا تنے کی تشکیل ۔ (۲) پتلا کمزور درخت ۔

Spindling : (a) (۱) ڈنٹھلوں میں اگنے والا (پودا) ۔ (۲) پتلا ؛ کمزور ۔

Spindly : (a) (۱) (درخت) پتلا ؛ کمزور ۔ (۲) (نمو) کم زور ۔

Spindrift : (n) [var. of Spoondrift.] (۱) ہلکی پھین جو سطح سمندر پر ہوا کے زور سے برابر چلی جاتی ہے ؛ پھوار امواج ۔ (۲) ریت ، گرد و غبار وغیرہ جو ہوا کے زور پر اڑتی چلی جاتی ہیں ۔

Spine : (n) [OFr. 'Espine'.] (۱) ریڑھ ؛ شوکہ ؛ ریڑھ کا ستون ؛ عمود فقرات ۔ (۲) (نباتیات) لکڑی میں سخت اور نوک دار حصہ جو کسی تغیر یا خرابی کے باعث الگ صورت اختیار کر جاتا ہے ؛ مثلاً کانٹا ، سول ، خار ۔ (۳) ابھار ؛ ابھرا ہوا حصہ (مثل ماہی پشت) ۔ (۴) کتاب کے پٹھے یا مرزائی کا وہ حصہ جو ان کے الماری پر رکھے جانے کے بعد نظر آئے ۔ (۵) (حیوانیات) بر آمدگی ؛ خار ۔ (۶)(تشریح) مختلف ہڈیوں کا نوکدار پتلا ابھار ۔ (۷)(مجازاً) ریڑھ کی ہڈی کا کام دینے والا عضو ۔ (۸)زمین ، چٹان وغیرہ کا ابھرا ہوا حصہ ۔ (۹)دوب ؛ دوب کا تختہ ۔ (۱۰) گوشت کی اوپری سطح ۔ (۱۱)آتش فشاں کے لاوے کا نکلا ہوا حصہ ۔ (۱۲) پنکھ ریڑھ (مچھلی کی) ۔

Spine-bill : (n) آسٹریلیا کے پرندوں کی ایک جنس ۔

Spine-bone : (n) ریڑھ ؛ ریڑھ کی ہڈی ۔

Spine-eel : (n) ایک قسم کی ریڑھ دار بام مچھلی ۔

Spine-oak : (n) شاہ بلوط کے درخت کی اندرونی لکڑی ۔

Spine-tail : (n) متعدد قسم کے پرندوں میں سے کوئی ایک ۔

Spine-tailed : (a) نوکیلی دم والا ۔

Spined : (a) (۱) ریڑھ والا ؛ریڑھ دار ۔ (۲) خار دار ؛ سول دار ۔

Spinel : (n) [Fr. 'Spinelle'.] مختلف قسم کی معدنی اشیا جس کی باقاعدہ قلمیں ہوتی ہیں ؛ یاقوت سرخ ؛ لعل رمانی ۔

Spineless : (a) (۱) بے ریڑھ کا ؛ بے سول ؛ بے خار ؛ غیر فقری ۔ (۲) کمزور (طبیعت کا) ؛ غیر مستقل مزاج ؛ مذبذب ؛ ضعیف الارادہ ؛ تھکا ہوا ؛ لنگڑا ۔

Spinelessly : (adv.) کمزور طریقے سے ؛ ضعیف الارادہ طور پر ۔

Spinelessness : (n) کمزوری ؛ ضعیف الارادہ ہونا ؛ غیر مستقل مزاجی ۔

Spinelet : (n) چھوٹی ریڑھ ۔

Spinelike : (a) ریڑھ نما ۔

Spinelle : (n) دیکھو Spinel

Spinescence : (n) سول سری ؛ نوک دار ہونا ۔

Spinescent : (a) [Late L. 'Spinescere'.] (۱) سول سر ؛ خاری ؛ نوک دار ۔ (۲) خار مائل ؛ خار دار ؛ سول دار ۔

Spinet/ Spinette : (n) [It. 'Spinetta'.] ایک قسم کا باجا ۔

Spini- : جزو ترکیبی بمعنی "کانٹا" ؛ "ریڑھ کی ہڈی" ۔

Spiniferous : (a) خار دار ؛ خار زا ؛ سول پیدا کرنے والا ؛ کانٹوں بھرا ۔

Spinifex : (n) [L. 'Spina' + '-fex'.] جنس خار گیاہ ۔

Spiniform : (a) خار نما ؛ سول نما ۔

Spinigerous : (a) دیکھو Spiniferous

Spininess : (a) کانٹے دار ہونا ؛ اشکال ؛ پیچیدگی ۔

Spink : (n) [Imitative.] دج ؛ سرشور ۔

Spinnability : (n) کاتے جانے کی صلاحیت ۔

Spinnable : (a) کاتنے جانے کے لائق ۔

Spinnaker : (n) [f. 'Sphinx'.] بڑا تکونا بادبان جو دوڑ کی ناؤ میں لگا ہوتا ہے ۔

Spinner : (n) (۱) مکڑی جو جالا بناتی ہے ۔ (۲) سوت کاتنے والا ۔ (۳) (مجازاً) کہانی سنانے والا ؛ قصہ گو ۔ (۴) کاتنے کی مشین ؛ چرخہ ۔ (۵) بعض قسم کی مکھیاں یا مصنوعی مکھیاں (مچھلی پکڑنے کی) ۔ (۶) گھومنے والا کانٹے سے مچھلی کا شکار کرنے والا ۔ (۷) بچوں کے کھیلنے کی چوکور پھرکی یا لٹو ۔ (۸) گردش کرتا ہوا بال (کرکٹ کا)؛ ایسے بال پھینکنے والا بالر ۔ (۹) گدی دار لوہے کا قرص جس سے پتھر کو چمکاتے ہیں ۔ (۱۰) (بعض کھیلوں میں) ناپنے والی سوئی ۔ (۱۱) ہوائی جہاز کی پنکھی کا ایک پرزہ ۔

Spinneret : (n) (۱) مکڑی یا کرم پیلہ میں تار یا جالا پرونے والا عضو ؛

عضو جس سے تارکش کیڑے تار نکالتے ہیں : تارکش : بارا ۔ (۲) (مصنوعی ریشم سازی) مہین سوراخ والی نلکی یا پلیٹ جس سے لیس دار محلول نکلتا ہے ۔

Spinnery : (n) کار خانۂ سوت ۔

Spinney : (n) [OFr. 'Espinei'.] جھاڑی : جھاڑی دار جنگل ۔

Spinning : (n) (۱) گھوماتا : گھوماؤ : کاتنا : کتائی ۔ (۲) کاتا ہوا سوت ۔ (۳) کاتا ہوا سوت ۔ (۴) طول دینا : طوالت دینا : بڑھا دینا ۔ (۳) کھوکھلے برتنوں کو خراد پر چڑھا کر شکل دینا ۔ (۵) ماہی گیری کا ایک طریقہ ۔

Spinning : (a) (۱) کاتنے والا ۔ (۲) گرداں : گھومتا ہوا ۔

Spinning gland : (n) ریشم ساز غدود ۔

Spinning house : (n) (۱) کاتنے کا گھر یا عمارت ۔ (۲) رنڈیوں کی تادیب گاہ ۔

Spinning jenny : (n) کاتنے کی کل ۔

Spinning line : (n) مضبوط اور پائیدار رسا جو تیل کے کنویں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Spinning machine : (n) کاتنے کی مشین ۔

Spinning mill : (n) کات کارخانہ یا مِل ۔

Spinning top : (n) لٹو : پھرکی ۔

Spinning wheel : (n) چرخہ ۔

Spino- : جزو ترکیبی بمعنی "خار" : "سول" ۔

Spinode : (n) [L. 'Spina' + -node.] (ہندسہ) راس منحنی : بلالی ۔

Spinose : (a) [L. 'Spinosus'.] (۱) خار دار : سول دار ۔ (۲) خار زا ۔

Spinosity : (n) [late L. 'Spinositas'.] ناسزاوار بات یا قول : مشکل یا بے کار نظریہ یا دلیل ۔

Spinous : (a) (۱) ریڑھ جیسا ۔ (۲) (مجازاً) کٹھن : بے کار ۔ (۳) سول دار : خار دار ۔ (۴) خار نما : پتلا نوکیلا ۔

Spinous process : (n) عظم وتدی ۔

Spinozism : (n) سپینوزیت : فلسفۂ سپینوز : سپینوزا کے اصول و عقائد یعنی یہ کہ اصل ایک جوہر ہے جو واحد اور لامتناہی ہے اور نفس اور فضاصفات اور اشخاص اشکال متغیرہ ہیں ۔

Spinozoist : (n) سپینوزا کے عقائد کا قائل ۔

Spinproof : (a) جو چکر نہ کھائے (خصوصاً ہوائی جہاز) ۔

Spinster : (n) [f. Spin (v) + ster.] (۱) سوت کاتنے والی عورت ۔ (۲) ناکتخدا عورت (خاص کر بڑی عمر کی) ۔

Spinsterdom : (n) (۱) ناکتخدائی ۔ (۲) ناکتخدا عورتوں کی جماعت ۔

Spinsterhood : (n) دیکھو Spinsterdom

Spinsterish : (a) ناکتخدا عورت جیسی : بوڑھی کنواریوں سا ۔

Spinsterly : (a) دیکھو Spinsterish

Spinstress : (n) (۱) سوت کاتنے والی ۔ (۲) ناکتخدا بوڑھی عورت ۔

Spinstry : (n) کتائی : کاتا ہوا سوت ۔

Spinthariscope : (n) [Gr. 'Spinthris' + -scope.] شرربین : شراربین : ایک آلہ جس میں سے ریڈیم کی شعاعیں چھوٹے چھوٹے پتنگوں کی شکل میں نکلتی ہوئی نظر آتی ہے ۔

Spintherism : (n) ایک داخلی احساس مثلاً آنکھ کے سامنے شرارے ناچنا یا چھوٹنا ۔

Spinulate : (a) (۱) کثیر خارچہ دار : خارچہ خارچہ : پر خار ۔ (۲) خارچہ نما ۔

Spinule : (n) [L. 'Spinula'.] (۱) خارچہ : چھوٹی ریڑھ کی ہڈی یا سول ۔ (۲) ایک خاص قسم کا پہل روپ ۔

Spinulescent : (a) چھوٹی سول پیدا کرنے والا : کسی قدر خاردار ۔

Spinuli- : جزو ترکیبی بمعنی "چھوٹی ریڑھ کی ہڈی" : "چھوٹی سول" ۔

Spinulose : (a) دیکھو Spinulate

Spinuloso- : جزو ترکیبی بمعنی "خارچہ" : "خارچہ خارچہ" ۔

Spinulous : (a) دیکھو Spinulate

Spiny : (a) (۱) کانٹوں بھرا : کانٹوں والا : کانٹے دار : پر خار : خار خار ۔ (۲) سخت : نوکدار ۔ (۳) (مجازاً) مشکل :

پیچیدہ؛ کٹھن ؛ الجھن میں ڈالنے والا ۔ (۲) دبلا ؛ پتلا ۔

Spiracle : (n) [L. 'Spiraculum'.] (۱) (حیوانیات) سانس لینے کا سوراخ مثلاً وہیل اور دیگر سمندری جانوروں کے سانس کا منفذ ؛ نتھنے ۔ (۲) موکھا ؛ ہوا گذار ۔ (۳) آتش فشاں کا سوراخ ۔

Spiracular : (a) نتھنے سے متعلق یا سانس کے منفذ کا کام دینے والا ۔

Spiraculum : (n) دیکھو Spiracle

Spiraea/ Spirea : (n) [L.] گلاب نما پودوں کے اقسام جن میں سفید یا گلابی رنگ کا چھوٹا پھول لگتا ہے ۔

Spiral : (n) [Fr. or L. 'Spiralis'.] (۱) چکر دار انحنا (ایک سطح میں یا اوپر کو مخروطی شکل میں) ؛ مرغولہ ؛ لولب ۔ (۲) تار کا مرغولہ ۔ (۳) (نباتیات) پودوں کا لولبی ظرف ۔ (۴)(فلکیات) کمانی ۔ (۵) (ہوا بازی) چکر دار نزول یا اڑان ۔ (۶) مسلسل پھیلاؤ اور جلد اضافہ یا تخفیف ۔ (۷)مرغولے کا دائرہ یا ایک چکر ۔ (۸) باہم منحصر چکروں کا یکے بعد دیگر بڑھنا ۔

Equiangular spiral : مساوی الزاویہ لولب ۔

Logarithmic spiral : لوگارتمی لولب ۔

Spiral : (a) (۱) چکر دار یا تو ایک سطح میں جیسے گھڑی کی کمانی یا اوپر کو گھومتے ہوئے (مخروطی شکل میں) ؛ حلزونی؛ لولبی ؛ مرغولی ۔

Spiral : (a) مرغولی ؛ اونچا اور گاؤ دم یا نوکیلا ۔

Spiral : (v) (۱) چکر دار بنانا ۔ (۲) حلزونی ہونا ؛ مرغولی ہونا ۔ (۳) (ہوا بازی) چکر کھا کر پرواز کرنا ۔ (۴) چکر کی طرح اینٹھنا ۔

Spiral nebula : (n) لولبی سحابیہ ؛ سحابیہ حلزونیہ ۔

Spiral of Archimedes : (n) ارشمیدی لولب ۔

Spiral spring : (n) مرغولی کمانی ؛ لولبی کمانی ۔

Spiral stairs : (n) چکر دار سیڑھی ۔

Spiral wheel : (n) مرغولی پہیا ۔

Spiral whorl : (n) مرغولی چکر ؛ لولبی چکر ۔

Spirality : (n) چکر دار ہونا ۔

Spiralize : (v) (۱) چکر دار بنانا ؛ حلزونی بنانا ۔ (۲) لولبی شکل میں جمع ہونا ۔

Spirally : (adv.) چکر کی طرح ۔

Spirant : (n) [L. 'Spirare'.] حروف صحیح جو ایک دم سانس خارج کرنے سے ادا کیا جائے جیسے f, v, th, dh اور کبھی w,y ۔

Spirant/ -al : (a) (حروف صحیح) جو ایک دم سانس خارج کرنے سے ادا کیا جائے ۔

Spirantic : (a) دیکھو Spirant

Spirantism : (n) سانس خارج کر کے ادا کیا جانا ۔

Spirantize : (v) ایک دم سانس خارج کر کے ادا کیا جانے والا بنانا ۔

Spiraster : (n) [L.] لولبی نجمہ ۔

Spirated : (a) چکر دار ۔

Spiration : (n) [L. 'Spirare'.] (مذہبیات) روح القدس کا جلوس ۔

Spire : (n) [OE. 'Spir'.] (۱) گاؤ دم یا مخروطی شکل کی عمارت ؛ کلس یا مینار کی چوٹی ۔ (۲) (درخت کی) چوٹی (جیسے شمشاد اور سفیدہ کی) ۔ (۳) کوئی مخروطی شے مثلاً گھاس کا ڈنٹھل ؛ پھول کا ڈنٹھل ۔ (۴) نرسل ؛ سرکنڈا ۔ (۵) (کان کنی) ترین کا دستہ ۔ (۶) ہرن کے سینگ کی شاخ ۔ (۷) پہاڑ کی مخروطی چوٹی ۔

Spire : (n) پودا ؛ بروا ؛ بہال ۔

Spire : (n) [L.] (۱) کسی چکر دار شے یا کمانی کا ایک پیچ یا چکر ۔ (۲) چکر ؛ مرغولہ ؛ لولب ۔ (۳) (نباتیات) حلقہ ۔ (۴)حلزونۂ صدف ۔

Spire : (v) (۱) اوپر کو نکل جانا ؛ سیدھا اوپر کو بڑھنا یا اٹھنا ۔ (۲) مخروطی شکل یا کلس کی صورت میں بنانا ؛ چوٹی دار یا کلس دار بنانا ۔

Spire : (v) مرغولہ بنانا ؛ مرغولی بنانا ؛ چکر کھا کر چڑھنا ۔

Spired : (a) (۱) مخروطی ؛ نوکدار ؛ گاؤدم ۔ (۲) مخروطی مینارہ دار ۔ (۳) خار دار ؛ ڈنٹھل دار ؛ سنبلہ دار ۔

Spiricle : (n) [Dimunitive of Spire.] (نباتیات) موئے پیچاں ۔

Spirifer : (n) [L. 'Spirifer'.] متحجر خیشوم پا کی ایک جنس ۔

Spiriferous : (a) لولبی عضو یا حصوں والا : لولبی زوائد دار ۔

Spiriform : (a) لولبی : حلزونی : چکر دار ۔

Spirillar : (a) لولبی جرثومہ سے مشابہ ۔

Spirillary : (a) لولبی جرثومہ سے پیدا شدہ ۔

Spirillicidal : (a) لولبی جرثومہ کش ۔

Spirillium : (n) [L.] لولبی جرثومہ ۔

Spiring : (a) (۱)گاؤ دم ہونے والا ۔ (۲) اونچا : اوپر جانے والا ۔

Spiring : (a) چکر کھا کر بڑھنے والا ۔

Spirit : (n) [AFr. 'Spirit'.] (۱) روح : نفس ۔ (۲) تنفس : شخص ۔ (۳) جوہر مجرد : جوہر محض : جوہر روحانی : روح مجرد : وجود غیر مادی ۔ (۴) غیر مادی شخصیت : طیف: پریت : ارواح : جن : پری : سایہ ۔ (۵) حوصلہ : ہمت : دل : دل گردہ : جان : جوش : سرگرمی : مستعدی : قوت : جرأت : طبیعت : مزاج : افتاد مزاج : سرشت ۔ (٦)روح رواں ۔ (۷) جذبہ : رنگ : خیال : انداز : نظر ۔ (۸)صحیح یا اصل مفہوم : مغز : اصل منشا ۔ (۹) اقتضا: مقتضا : رجحان : خصوصیت ۔ (۱۰) غیر مادی توانائی جو خون اور اعضائے رئیسہ میں پائی جاتی ہے ۔ (۱۱)خوش دلی : زندہ دلی : چہل : نشاط : موج ۔ (۱۲)تیز و تند شراب ۔ (۱۳) روح : جوہر ۔ (۱۴) روح القدس ۔ (۱۵)حس : ذہانت ۔ (۱٦) ہوا ۔ (۱۷) (قواعد) حرف صحیح : جس کی آواز میں "ہ" مخلوط ہو ۔ (۱۸)وفاداری ۔ (۱۹)ہیگل کے فلسفے میں انسانی اداروں کا مجموعہ ۔

A man of spirit : ہمت ور : حوصلہ مند شخص ۔

In good, high etc. spirit : نشاط میں : خوشدل ۔

In spirits : خوش طبع : زندہ دل : خوش ۔

Out of spirits : افسردہ : نڈھال : مضمحل : پست ۔

The Holly spirit/ The spirit / The spirit of truth : روح القدس ۔

The spirit of God or the Lord : خلاقی ۔

With spirit : ہمت کے ساتھ : حوصلہ کے ساتھ ۔

Spirit : (v) (۱) اڑا لے جانا گویا روحوں کی مدد سے : جھٹ پٹ اور خفیہ طور سے کھسکا دینا ۔ (۲) دل بڑھانا : ہمت بندھانا: تسکین دینا : خوش کرنا : بشاش کرنا : تسلی دینا ۔ (۳)زور دار بنانا : پر زور بنانا ۔ (۴) چرا لے جانا : (کسی کو) ناجائز طور پر جبراً لے بھاگنا ۔

Spirit blue : (n) نیل کا رنگ جو الکحل میں حل ہو جاتا ہے ۔

Spirit duck : (n) مرغابی کی اقسام جو بندوق کی آواز سنتے ہی غوطہ مار جاتی ہیں ۔

Spirit(-) lamp : (n) اسپرٹ لیمپ : لیمپ جس میں تیل کے بجائے اسپرٹ جلایا جاتا ہے ۔

Spirit(-) level : (n) اسپرٹ لیول : استوائے سطح دریافت کرنے کا آلہ جس میں اسپرٹ ہوتا ہے : سطح مستوی دریافت کرنے کا آلہ ۔

Spirit off : (v) (وارنش وغیرہ پر) محلل کی آخری تہ چڑھانا ۔

Spirit of hartshorn : (n) امونیا ۔

Spirit-rapper : (n) مردہ اشخاص کی روحوں سے گفتگو کرنے والا : ارواح گیر : ارواح آور ۔

Spirit-rapping : (n) روحوں سے گفتگو (یہ گفتگو ایک میز کے واسطے سے ہوتی ہے) : احضار : علم الارواح ۔

Spirit-stirring : (a) جوش دلانے والا : ہمت دلانے والا ۔

Spirit writing : (n) آسیبی تحریر ۔

Spirited : (a) (۱) پر زور : پر جوش : جاندار : چاق و چوبند : چست : طرار ۔ (۲) خاص کیفیت مزاج رکھنے والا ۔ (۳) طبیعت کا خاص رنگ ظاہر کرنے والا ۔

Spiritedly : (adv.) زندہ دلی یا خوش دلی سے ۔

Spiritedness : (n) زندہ دلی : خوش دلی ۔

Spiriting : (n) زور دار بنانا : زندہ دل بنانا ۔

Spiritism : (n) ارواحیت : فن حاضرات ۔

Spiritist : (n) ارواحی : ارواحیت پر عقیدہ رکھنے والا ۔

Spiritistic : (a) ارواحیت سے متعلق ۔

Spiritless : (a) کم حوصلہ ؛ کم ہمت ؛ مردہ دل ۔

Spiritlessly : (adv.) بے دلی سے ؛ مردہ دلی سے ۔

Spiritlessness : (n) بے دلی ؛ مردہ دلی ؛ کم حوصلگی ۔

Spiritoso : (adv.) [It.] جوش سے ؛ ولولے سے ؛ دل لگا کر ۔

Spiritual : (a) [Fr. 'Spirituel'.] (۱) روحانی (بمقابلہ مادی) ۔ (۲) الہٰی ؛ منزل من اللّٰہ ؛ مقدس ؛ ربانی ؛ الہامی ۔ (۳)دینی ؛ مذہبی ۔ (۴) صاحب اوصاف ؛ محمود الخصائل ۔ (۵) عقلی ؛ ذہنی ؛ تعقلی ۔ (۶) دین دار ؛ پرہیز گار ؛ پارسا ۔ (۷) چالاک ؛ چست و چوبند ؛ نکتہ سنج ۔ (۸) ارواحی ؛ فوق الفطرتی ۔

Spiritual : (n) (Narbonne) (۱) مذہبی آدمی ؛ دیندار ۔ (۲) ناربون کے مذہبی فرقے کا رکن ۔ (۳) (جمع) روحانی معاملات ؛ دینی معاملات ۔ (۴) کلیسائی معاملات ۔ (۵) کلیسائی املاک و آمدنی ۔ (۶) امریکی حبشیوں کا مخصوص مذہبی گیت ۔

Spiritual court : (n) کلیسائی عدالت ۔

Spiritual living : (n) دیکھو Benefice

Spiritual-minded : (a) روحانی ؛ دینی ؛ مذہبی ۔

Spiritual-mindedness : (n) دینی ہونا ؛ مذہبی ہونا ۔

Spiritualism : (n) (۱) روحانیت ۔ (۲) یہ عقیدہ کہ ارواح بعد مفارقت زندہ انسانوں سے مادی ذرائع کی وساطت سے ملتی اور ان سے بات چیت کرتی ہیں ؛ ارواحیت ۔ (۳) یہ عقیدہ کہ روح مادہ سے الگ موجود ہے یا یہ کہ قائم بالذات ہے ؛ روحیت ۔

Spiritualist : (n) (۱) روحانیت کا قائل ؛ روح قائم بالذات ماننے والا ۔ (۲) معتقد ارواح ؛ ارواحی ؛ ارواحیت پر عقیدہ رکھنے والا ۔

Spiritualistic : (a) ارواحیت کا یا اس سے متعلق ؛ ارواحی ؛ روحانیت سے متعلق ۔

Spirituality : (n) [Fr. 'Spiritualite' or late L. 'Spiritulitas'.] (۱) روحانی خاصیت ؛ روحانیت ۔ (۲) (جمع) کلیسائی حقوق واجبات ؛ کلیسائی املاک و آمدنی ؛ کلیسائی اراضی کا لگان ۔ (۳) پادریوں کا فرقہ ؛ اہل کلیسا ۔

Spiritualization : (n) روحانیت پیدا کرنا ؛ روح میں تبدیل کرنا ؛ مادی شے کو روحانی کیفیت بخشنا ؛ تطہیر ؛ القاء روحانیت ؛ روح ڈالنا ۔

Spiritualize : (v) (۱) روحانیت پیدا کرنا ؛ روحانی تاثیرات سے متاثر کرنا ؛ پاکیزگی پیدا کرنا ؛ (خیالات و حالات میں) رفعت پیدا کرنا ؛ بلند کرنا ۔ (۲) باطنی یا روحانی معنی پہنانا یا مراد لینا ۔ (۳) روحانی بنانا ۔

Spiritualizer : (n) روحانیت پیدا کرنے والا ۔

Spiritually : (adv.) روحانی طور پر ؛ فوق الفطرت طور پر ۔

Spiritualness : (n) روحانیت ۔

Spiritualty : (n) دیکھو Spirituality

Spirituel / Spirituelle : (a) [Fr. 'Spirituel'.] (۱) نازک ؛ نفیس مزاج ؛ صاحب ذوق ؛ لطیف طبع ؛ ذکی ؛ فہیم ۔ (۲)چھبیلی ؛ شوخ ؛ زندہ دل ۔

Spirituosity : (n) تیزی ؛ تندی ۔

Spirituous : (a) [Fr. 'Spiritueux' or L. 'Spiritus'.] (۱) الکحل دار ؛ مقطر ؛ جس میں الکحل مقطر نہ کہ مخجمد کی افراط ہو ۔ (۲)الکحلی ؛ الکحل سے متعلق ۔

Spirituousness : (n) تندی ؛ تیزی (شراب کی) ۔

Spiritus : (n) (۱) زور سے سانس لینا ؛ سانس ؛ تنفس ۔ (۲) کسی ہوا یا مادے کا الکحلی محصول ۔

Spiritus as per : (n) گہرا سانس ۔

Spiritus frumenti : (n) [L.] وہسکی (شراب) ۔

Spiritus lenis : (n) صاف سانس ۔

Spirivalve : (a) چکر دار ؛ حلزونی ۔

Spirketting : (n) جہاز کے اندرونی تختہ بندی کا حصہ ۔

Spirling : (n) [MLG.] سامن کی قسم کی مچھلی ۔

Spiro- : جزو ترکیبی بمعنی "حلزونی" ؛ "چکر" ۔

Spiro- : جزو ترکیبی بمعنی "سانس" ؛ "تنفس" ۔

Spirobacteria : (n) لولبی جراثیم۔

Spirochaete : (n) طویل مرغولی جرثومہ۔

Spirogram : (n) تنفس نگار کا نقش۔

Spirograph : (n) (۱) تنفس نگار۔ (۲) مرغولہ کش۔

Spirographic : (a) تنفس نگاری سے متعلق۔

Spirometer : (n) شش پیما؛ تنفس پیما۔

Spirometric/ -al : (a) متعلق بہ شش پیما۔

Spirometry : (n) شش پیمائی۔

Spirophore : (n) آلۂ تنفس آور۔

Spiroscope : (n) تنفس بین؛ تنفس نما آلہ۔

Spirt : (n) [Origin unkn.] (۱) (بحری) ہوا کا ہلکا جھونکا۔ (۲) تھوڑی دیر کی سرگرمی۔

Spirt : (n) (۱) فوارہ۔ (۲) دھوئیں یا آگ کا دفعتاً نکلنا۔

Spirt : (v) [Origin unkn.] (۱) دھارا باندھ کر نکلنا؛ بہہ نکلنا؛ فوارہ بہنا؛ پھوٹ نکلنا؛ پھوٹ بہنا؛ فوارہ بہانا۔ (۲) دفعتاً بہہ نکلنا۔

Spirt : (v) تھوڑی دیر کے لئے جان توڑ کوشش کرنا۔

Spirtle : (n) فوارہ؛ پھوار؛ چھڑکاؤ۔

Spirtle : (v) [f. 'Spurt'.] (۱) چھڑکنا؛ چھینٹنا۔ (۲) اچھالنا؛ چھینٹے اڑانا۔ (۳) چھڑکا جانا؛ اچھالا جانا؛ منتشر ہونا۔

Spirula : (n) [L. 'Spira'.] (حیوانیات) سر پایہ کی ایک جنس۔

Spirulate : (a) [Origin unkn.] پیچاں۔

Spirule : (n) دیکھو Spirula

Spiry : (a) (۱) (نباتیات) نوکیلا؛ مخروطی؛ گاؤدم؛ مخروطی۔ (۲) کلس نما یا مخروط یا کلس کی شکل کا یا کلس کے متعلق۔ (۳) کلسوں سے بھرا ہوا (۳) کمزور؛ نازک۔

Spiry : (a) پیچ دار؛ پیچاں۔

Spit : (n) [OE. 'Spitu'.] (۱) سیخ؛ سیخ کباب۔ (۲) (طباعت) دستی پریس کا آہنی ڈنڈا جس کے ذریعہ پھسلن حصے کو اندر باہر کرتے ہیں۔ (۳) سیخ جس میں لگا کر مچھلی کو سکھاتے ہیں۔ (۴) (تحقیراً) تلوار۔ (۵) تنگ خاکنائی؛ سوارہ۔

Spit : (n) (۱) تھوک؛ لعاب دہن۔ (۲) تھوکنا۔ (۳) ترشح؛ چھینٹا؛ بارش خفیف۔

A spit and stride : بہت مختصر دوری۔

The very spit of : (کسی شخص کی) ہو بہو نقل؛ مشابہ۔

Spit : (n) [(M)LG. '(M)Du.] (۱) کلہاڑی یا کدال بھر گہرائی۔ (۲) بیلچہ کا ایک ہولا یا وار۔ (۳) کدال بھر مٹی کی تہ۔ (۴) کدال بھر مٹی۔

Spit : (v) (۱) سیخ پر چڑھانا۔ (۲) برمانہ؛ چھیدنا؛ بیندھنا؛ بھونکنا۔ (۳) ہیرنگ مچھلی کو سیخ میں لگ کر سکھانا۔

Spit : (v) [OE. '(ge) spittan'.] (۱) تھوکنا۔ (۲) کسی چیز کو منہ سے تھوک دینا یا نکال پھینکنا؛ اگلنا۔ (۳) (انڈے وغیرہ) دینا۔ (۴) غضب ناک ہو کر منہ سے نکالنا (کلمات تحقیر یا تہدید وغیرہ)۔ (۵) بولنا (زبان)۔ (۶) تھوک دینا (حقارت کے طور پر)؛ پھنکارنا۔ (۷) تھوکنا؛ بلغم خارج کرنا؛ کھنکھارنا۔ (۸) تھو تھو کر کے منہ سے خارج کرنا۔ (۹) (بلی کا) خر خرانا۔ (۱۰) ترشح ہونا؛ پھوٹیاں پھوٹیاں برسنا۔ (۱۱) آگ لگانا؛ جلنا؛ جلانا۔ (۱۲) کھنکھارنے کی سی آواز نکالنا۔

To spit cotton : (پیاس سے) منہ سے پھین نکلنا۔

To spit venom, poision, fire etc. : زہر اگلنا؛ آگ نکالنا۔

To spit in one's face/ -teeth : (مجازاً) منہ پر تھوک دینا۔

To spit it out : (عام) کہہ ڈالنا۔

To spit sixpences : (پیاس) منہ سے پھین نکلنا۔

Spit : (v) (۱) کدال بیلچہ وغیرہ سے کھودنا۔ (۲) بیلچہ سے بونا؛ نصب کرنا۔

Spit and polish : (n) صفائی کرنا اور پالش کرنا (ملاحوں کے کاموں کا ایک جزو)۔

Spit-ball : (n) (۱) (کسی پر پھینکنے کے لئے) کاغذ کو چبا کر بنائی ہوئی گولی۔ (۲) بیس بال کی گیند کو تھوک سے ایک

طرف بھگو کر پھینکنا۔

Spit kit/ -kid : (n) (۱) راکھ دان : ایش ٹرے ۔ (۲) چھوٹا جہاز (خصوصاً گشت کے لئے)۔

Spit stick : (n) (۱) کندہ کاری کرنے کی چھینی ۔ (۲) چھوٹی نوکیلی چھینی۔

Spit up : (v) اگل دینا : قے کر دینا۔

Spital : (n) [late respelling of Spittle.]: (۱) تھوک : رال : لعاب دہن تف ۔ (۲) بعض کیڑے کی رال ۔ (۳) وعظ جو ایسٹر سمبار اور منگل کو کہا جاتا ھے ۔ (۴) (مجازاً) غلیظ جگہ ۔ (۵) مسافروں کی پناہ گاہ۔

Spitbox : (n) اگلدان : پیک دان ۔

Spitchcock : (n) [Origin unkn.] بام مچھلی کا کباب۔

Spitchcock : (v) (بام مچھلی اور پرند وغیرہ کو) سیخ پر کباب کرنا۔

Spitchcocked : (a) کباب کی ہوئی ۔

Spite : (n) [OFr. 'Despit'.] (۱) بغض : کینہ : خبث باطن ۔ (۲) جلن : عداوت : حسد : عناد : بیر : لاگ ۔

In spite of : باوجود یکہ : با ایں ہمہ ۔

To have a spite at : بغض رکھنا : عناد رکھنا۔

Spite : (v) (۱) بغض رکھنا : عناد رکھنا : نیچا دکھانا : ذلیل کرنا : مخالفت کرنا ۔ (۲) دق کرنا : نقصان پہنچانا۔

To spite (one) : غصہ نکالنا۔

Spite-fence : (n) بد نما باڑ یا دیوار جو پڑوسی کو پریشان کرنے کے لئے کھڑی کی جاتی ھے ۔

Spite marriage : (n) محبوب کو تکلیف دینے کے لئے یا آزردہ کرنے کے لئے کسی اور سے شادی کرنا ۔

Spiteful : (a) کینہ پرور : بدباطن ۔

Spitfully : (adv.) کینہ پروری سے : بدباطنی سے ۔

Spitfulness : (n) کینہ وری : بدباطنی ۔

Spitfire : (a) (۱) آگ اگلنے والا ۔ (۲) (مجازاً) تیز مزاج : پر کالۂ آتش : تند مزاج۔

Spitfire : (n) (۱) آگ اگلنے والی چیز خصوصاً توپ ۔ (۲) تند مزاج : پرکالۂ آتش ۔ (۳) غضبناک بلی ۔

Spitfire jib : (n) مضبوط تکونا بادبان جو طوفان میں چڑھاتے ہیں ۔

Spitful : (n) بیلچہ بھر ۔

Spitish : (a) دیکھو Spitful

Spitshine : (n) جوتے کی چمک (خصوصاً تھوک لگا کر)۔

Spitshine : (v) تھوک لگا کر جوتے کو چمکانا ۔

Spitter : (n) (۱) تھوکنے والا ۔ (۲) ایک قسم کا زہریلا سانپ جو اپنا زہر تھوک کر پہنچاتا ھے ۔

Spitter : (n) (۱) بیلچہ : کدال ۔ (۲) کدال سے کھودنے والا ۔

Spittle : (n) [ME. 'Spetil'.] (۱) تھوک : کف : لعاب دہن ۔ (۲) بعض کیڑے کا لعاب ۔

Spittle : (n) [OE. 'Spitel'.] (۱) چھوٹا بیلچہ : بیلچہ ۔ (۲) کھرپا : کھرپی ۔

Spittle fly/ -insect : (n) جھاگ نکالنے والا یا جھاگ میں پیدا ہونے والا کیڑا ۔

Spittoon : (n) اگالدان : پیک دان ۔

Spitz : (n) [G.] ایک چھوٹی قسم کا کتا جس کی تھوتھنی گاؤ دم ہوتی ھے ۔

Spitzer : (n) دھات کے خول والی نوکدار بلٹ (گولی)۔

Spiv : (n) (۱) طفیلی : بغیر باقاعدہ نوکری کے روزی کمانے والا ۔ (۲) اچکا : چھوٹے پیمانے پر چوربازاری کرنے والا ۔ (۲)کام چور : کاہل : سست ۔

Spivery/ Spivvery : (n) طفیلی زندگی بسر کرنا ۔

Spizzerinctum : (n) کامیابی کی خواہش : زور : قوت : حوصلہ ۔

Splacknuck : (n) [Invented by Swift.] (۱) برابڈ نگنیگ (Brobdingnag) کا خیالی جانور ۔ (۲) (مجازاً) عجیب الخلقت آدمی : عجیب و غریب چیز ۔

Splanchnic : (a) [mod. L. 'Splanchnicus'.] (۱) آنتوں کا : امعائی ۔ (۲) احشائی ۔

Splanchnic : (n) امعائی اعصاب ۔

Splancho- : (Prefix) سابقہ بمعنی "امعائی" : "احشائی" ۔

Splanchnocoele : (n) فتق احشا : احشائی قیلہ ۔

Splanchnography : (n) احشا نگاری : احشا نامہ ۔

Splanchnology : (n) (۱) احشائیات : علم الاحشا ۔ (۲) نظام احشا ۔

Splanchnopleural : (a) پارہ نہوض کی دو تہوں میں سے کسی ایک سے متعلق ۔

Splanchnopleure : (n) پارہ نہوض کی دو تہوں میں سے ایک ۔

Splanchnopleuric : (a) پارہ نہوض کی دو تہوں میں سے کسی ایک سے متعلق ۔

Splanchnoskeletal : (a) احشائی ڈھانچ سے متعلق ۔

Splanchnoskeletan : (n) احشائی ڈھانچ : کالبد احشا ۔

Splanchnotomy : (n) احشا شگافی : تشریح احشا ۔

Splash : (n) (۱) چھینٹا : چھپکا ۔ (۲) چھینٹوں کے پانی کی مقدار ۔ (۳) پانی میں گرنے کی آواز : غڑپ ۔ (۴) کیچڑ یا گرد کا داغ : دھبا ۔ (۵) داغ : خال : گل (جانوروں کی جلد پر) ۔ (۶) پوڈر : گلگونہ : غازہ : ابٹن ۔ (۷) سوڈاواٹر وغیرہ کی تھوڑی سی مقدار (جو وہسکی وغیرہ میں ملائی جائے) ۔ (۸) بلٹ (گولی) کے پھٹنے پر اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ۔ (۹) واضح اثر ۔ (۱۰) دکھاوا : نمائش : بناوٹ ۔

To make or cut a splash : چرچا کرنا : شہرہ ہونا : دھوم مچا دینا ۔

Splash : (v) [Alter. of Plash.] (۱) لتھیڑنا : سانننا : لت پت کرنا (پانی ، کیچڑ وغیرہ میں) ۔ (۲) چھڑکنا : چھینٹے ڈالنا (پانی وغیرہ کے) ۔ (۳) چھینٹے اڑاتے چلنا : چھپ چھپ کرنا ۔ (۴) پانی میں گرنے یا غوطہ لگانے سے چھینٹے اڑانا ۔ (۵) (کسی شے کو) منتشر دھبوں ، ٹپکوں سے آراستہ کرنا ۔ (۶) (گولی کا) لگنے کے بعد ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ۔ (۷) چھینٹے اڑاتے ہوئے راستہ بنانا یا جانا ۔ (۸)(دشمن کے ہوائی جہاز کو) مار گرانا ۔ (۹) جلدی جلدی خاکہ بنانا : نقشہ بنانا ۔ (۱۰) نمایاں کرنا : مشہور کرنا : نمایاں جگہ پر رکھنا ۔

Splash- : جزوترکیبی "لت پت کرنا" : چھینٹا اڑانا ۔

Splash-back : (n) کیچ روک : گاڑیوں میں آگے کی جانب کا ایک تختہ کیچڑ مٹی سے بچانے کے لئے : چھینٹ روک ۔

Splash(-) board : (n) دیکھو Splash-back

Splash-down : (n) خلائی جہاز کا سمندر میں اترنا ۔

Splash-gurad : (n) گاڑیوں کے پچھلے پہیے کے عقب میں لگا چوڑا ربر کا ٹکڑا جس سے چھینٹ نہیں اڑتی ہے ۔

Splash-lubricate . (n) تیل کے برابر چھینٹے والی ڈال کر چکنا کرنا ۔

Splash-lubrication : (n) تیل کے چھینٹے ڈال کر چکنا رکھنا ۔

Splash-method : (n) دیکھو Splash-lubrication

Splash-net : (n) چھوٹا مچھلی پکڑنے کا جال ۔

Splash-paper : (n) بو قلموں کاغذ ۔

Splash-system : (n) Splash-lubrication

Splash-work : (n) چھینٹ کا کام ۔

Splasher : (n) (۱) چھینٹ روک : کیچ روک : مڈ گارڈ ۔ (۲) (نرم زمین یا کیچڑ پر چلنے کے لئے) پیر میں باندھنے کا تختہ ۔ (۳)دھلائی کے پٹرے کے پاس کا پردہ جس سے دیوار چھینٹوں سے محفوظ رہتی ہے ۔

Splashily : (adv.) کیچڑوں سے بھر کر ۔

Splashiness : (n) کیچڑ بھرا ہونا : گیلا پن ۔

Splashingly : (adv.) چھینٹے اڑاتے ہوئے ۔

Splashy : (a) کیچڑ بھرا : گیلا : گڈھوں سے بھرا ۔

Splashy : (a) (۱) چھپاک سے کرنے والا : چھینٹے اڑانے والا ۔ (۲) غڑپ کی (آواز) ۔ (۳) سنسنی خیز ۔ (۴) بے قاعدہ ۔ (۵) گلدار ۔

Splat : (v) [ME. 'Splatten'.] (۱) (Pike مچھلی کو) چیر کر پھیلانا (پکانے کے لئے) ۔ (۲) گولی کے ٹکرانے کے بعد پھیلنے کی مخصوص آواز نکلنا ۔

Splat : (n) کرسی کی پشت کا درمیانی حصہ ۔

Splat : (n) دھبہ : داغ : گل ۔

Splat : (n) چھپاکا : چھپ چھپ ۔

Splather : (v) [Bland of Splash and slatter.] (۱) چھینٹے اڑانا : منتشر کرنا ۔ (۲) کج مج بولنا : گپڑ سپڑ بولنا ۔

Splathering : (a) (۱) بے ہنگم : بھدا : بے ڈول ۔ (۲) اناپ شناپ : بے ربط : بے جوڑ ۔

Splatter : (v) [Imitative.] (۱) چھپ چھپ کرنا ۔ (۲) اس طرح بولنا کہ کسی کی سمجھ میں نہ آئے : کج مج بولنا : گپڑ سپڑ بولنا ۔

Splatterdash : (n) دیکھو Spatterdash

Splay : (n) (۱) ڈھال (زاویہ یا سطح خصوصاً موکھے یا رند کا حصہ) ۔ (۲) ڈھلان ۔ (۳) پیالے کا باہر نکلا ہوا حصہ ۔

Splay : (adv.) (۱) دیکھو Splay-foot ۔ (۲) آڑے ترچھے رخ میں : ترچھا ہو کر ۔

Splay : (a) (۱) ترچھا : ڈھلوان : ٹیڑھا ۔ (۲) کشادہ اور چپٹا : باہر کو نکلا ہوا ۔

Splay : (v) [f. Display.] (۱) پھیلانا : بڑھانا ۔ (۲) ڈھلوان کرنا ۔ (۳) ترچھا ہونا ۔ (۴) بھونڈے طریقے سے پھیلنا ۔ (۵) ملانا (پیپے کی گول پٹی) ۔

Splay : (v) [Alternation of Spay.] (مادہ جانوروں کا) بیضہ دان نکال دینا ۔

Splay(-)foot : (n) چوڑا چکلا پاؤں ۔

Splay(-) foot : (adv.) بھدے طریقے سے : بھونڈے پن سے ۔

Splay-footed : (a) (۱) چوڑا چکلا پاؤں رکھنے والا ۔ (۲) بھدا : بھونڈا : بے ہنگم ۔

Spleen : (n) [OFr. 'Esplen'.] (۱) تلی : طحال ۔ (۲) اضمحلال : بد مزاجی : چڑچڑاپن ۔

Spleen : (v) غصہ دلانا : بر انگیختہ کرنا ۔

Spleenful : (a) تنک مزاج : بد مزاج : چڑچڑا : جھلا ۔

Spleenic : (a) طحالی : طحالی سے متعلق ۔

Spleenish : (a) بد مزاج : چڑچڑا : بد نفسانہ ۔

Spleenishly : (adv.) بد مزاجی سے : چڑچڑے پن کے ساتھ ۔

Spleenishness : (n) بدمزاجی : چڑچڑاپن ۔

Spleenwort : (n) (۱) طحال بوٹی : حشیشۃ الطحال : چترک ۔ (۲) ناگ پھنی کی ایک قسم ۔

Spleeny : (a) دیکھو Spleenful

Splen- : جزو ترکیبی بمعنی "طحال" : "تلی" ۔

Splenalgia : (n) درد باطحال : تلی کا درد ۔

Splendacious : (a) بہت شاندار ۔

Splendent : (a) [L. 'Splendere'.] (۱) چمکدار : چمکیلا : منور : روشن : تاباں ۔ (۲) انتہائی شاندار ۔ (۳) (مجازاً) عالی شان : عظیم الشان ۔

Splendid : (a) [Fr. 'Splendide' or L. 'Splendidus'.] (۱) شاندار : عالیشان : پر تکلف : ٹھاٹھ باٹھ والا : بہت جڑا ۔ (۲) ٹھاٹھ باٹھ سے رہنے والا (شخص) : قابل تعریف ۔ (۳) بہت عمدہ : اعلیٰ : بہت اچھا ۔

Splendidly : (adv.) شان سے : آب و تاب سے ۔

Splendidness : (n) شان : آب و تاب : شان و شوکت : جاہ و جلال ۔

Splendiferous : (a) [med. L. 'Splendifer'.] (۱) بہت عمدہ : اعلیٰ : شاندار ۔ (۲) پر فریب طور پر شاندار ۔

Splendiferously : (adv.) اعلیٰ طور پر : شاندار طور پر ۔

Splendiferousness : (n) شاندار ہونا : بہت عمدہ ہونا ۔

Splendorous : (a) شاندار : ٹھاٹھ باٹھ کا : چمکدار : منور ۔

Splendour : (n) [Fr. 'Splendeur' or L. 'Splendor'.] آب و تاب : چمک دمک : شان و شوکت : زرق برق ۔

Splenectomy : (n) طحال براری ۔

Splenetic : (a) [late L. 'Spleneticus'.] (۱) طحال سے متعلق : طحالی ۔ (۲) بدمزاج : چڑچڑا : زود رنج : بدخو ۔

Splenetic : (n) (۱) بد مزاج شخص ۔ (۲) طحال کا مریض ۔

Splenetic fever : (n) حمرہ خیشہ : راج پھوڑا ۔

Splenetically : (adv.) بد مزاجی سے : چڑچڑے پن سے ۔

Splenetive : (a) دیکھو Splenetic

Splenial : (a) [L. 'Splenium'.] کھپچی کی شکل کا : کھپچی کا کام دینے والا : جبریہ عنقبہ سے متعلق ۔

Splenial : (n) کھپچی نما ہڈی یا ابھار ۔

Splenic : (a) طحالی : طحال سے متعلق ۔

Splenic fever : (n) طحالی بخار ۔

Splenic flexure : (n) طحال کے پاس قولون کا خم ۔

Splenitis : (n) ورم طحال ۔

Splenius : (n) [Gr.'Splenion'.] جبیریہ: عضلہ قفا : گردن کے اطراف اور پشت کے ہر دو طرف کا عضلہ جو گردن کو پیچھے ہٹانے میں کام دیتا ہے ۔

Splenization : (n) [Fr. 'Splinisation'.] شش کا ایک طحال نما شے میں مستحیل ہو جانا ۔

Spleno- : [Gr. 'Spleno'.] جزو ترکیبی بمعنی "طحال" "تلی" ۔

Splenocele : (n) فتق طحال : طحالی قیلہ ۔

Splenography : (n) طحال نگاری : طحال نالہ ۔

Splenoid : (a) طحال نما ۔

Splenology : (n) طحالیات : علم طحال ۔

Splenomegaly : (n) کبر الطحال : تلی کا بڑھ جانا ۔

Splenotomy : (n) تشریح طحال : طحال براری : طحال شگافی ۔

Splenulus : (n) [L.] ابتدائی طحال : زائد طحال ۔

Spleuchan : (n) [Gael. 'Spliuchan'.] تمباکو یا پیسے رکھنے کی تھیلی یا بٹوا ۔

Splice : (n) (۱) دو رسیوں یا لکڑی کے دو ٹکڑوں کا جوڑ ۔ (۲) عقد : شادی : نکاح ۔ (۳) کرکٹ کے بلے کے دستے کا وہ حصہ جو پھل میں گھسایا رہتا ہے ۔

Splice : (v) [MDu. 'Splissen'.] (۱) رسی کے سرے جوڑنا : لڑیوں کو آپس میں گوندھ کر لکڑی کے سروں کو ایک دوسرے پر رکھ کر جوڑنا ۔ (۲) عقد کر دینا : شادی کر دینا ۔ (۳) ملانا : جوڑنا ۔

To splice the main-race : دیکھو Main-brace

Splice-graft : (v) ترچھا کاٹ کر قلم لگانا ۔

Splice-grafting : (n) شاخوں کو ترچھا کاٹ کر اور باندھ کر قلم لگانا ۔

Splice-joint : (n) پٹریوں کے درمیان ملانے والا جوڑ ۔

Splice-piece : (n) ریل کی پٹریوں کے جوڑ پر لگنے والی پٹی یا تختی ۔

Spline : (n) (۱) لمبی پتلی پٹی (لکڑی یا دھات کی) ۔ (۲) لچکدار لکڑی یا ربڑ کا ٹکڑا جو بڑی بڑی گولائیوں (خصوصاً ریل کے کاموں میں) کا نقشہ کھینچنے میں کام آتا ہے ۔ (۳) ایک چورس پٹی جو دھرے اور پہیے کی مشترکہ جھری میں دی جاتی ہے تاکہ دونوں گردش کریں۔

Spline : (v) چورسی پٹی لگانا ۔

Splining machine : (n) کنجی کے لئے سوراخ اور جھری بنانے کی مشین۔

Splint : (n) [MLG. 'Splente'.] (۱) قدیم زرہ کے بعض حصوں میں لگائی جانے والی پٹی جو ایک دوسرے پر چڑھی رہتی ہے۔ (۲) لکڑی کی سخت یا لچکدار کھپچی جو ٹوٹی ہوئی ہڈی کی مرہم پٹی کے بعد اوپر باندھ دی جاتی ہے یا ٹوکریاں بنانے کے کام آتی ہے ۔ (۳) لکڑی یا پتھر کی چھپٹی ۔ (۴) گھوڑے کے آگے کے پاؤں کی ان دو چھوٹی ہڈیوں میں سے ایک جو ران کی ہڈی کے پیچھے یا اس سے متصل ہوتی ہے (انسان میں) پنڈلی کے باہر کی طرف کی ہڈی ۔ (۶) طبق دار سخت کوئلہ ۔

Splint : (v) (شکستہ ہاتھ وغیرہ پر) کھپچی باندھنا ۔

Splint(-) bone : (n) (۱) گھوڑے کے آگے کے پاؤں کی ان دو چھوٹی ہڈیوں میں سے ایک جو ران کی ہڈی کے پیچھے یا اس سے متصل ہوتی ہیں ۔ (۲) پنڈلی کی باہر کی طرف کی ہڈی ۔

Splint coal : (n) سلیٹی ساخت کا کوئلہ ۔

Splinter : (n) [(M)Du.] (۱) (لکڑی ، پتھر وغیرہ کی) چھپٹی ، لکڑی

کی چھیلن : کرچ : کھپچی : پارہ : ٹکڑا : ریزہ ۔ (۲) کسی پارٹی یا گروپ کا حصہ جو اس سے الگ ہو گیا ہو ۔

In or into splinters : ریزوں میں : ٹکڑوں میں ۔

Splinter : (v) پھاڑ کر یا چیر کر پتلے پتلے ٹکڑے بنانا : چھپٹیاں اتارنا : ریزہ ریزہ کرنا یا ہو جانا : پاش پاش ہو جانا ۔

Splinter-bar : (n) (۱) چھکڑے ہل وغیرہ کا جوا : جوت ڈنڈا ۔ (۲) گاڑی میں ڈنڈا یا سلاخ جو کمانیوں کے سہارے کے لئے لگا ہوتا ہے ۔

Splinter net/ -netting : (n) رسوں سے بنی جالی جو جنگ کے زمانے میں جہاز کے اوپر لگا دی جاتی ہے تاکہ عملہ کے لوگ گولے کی کرچوں سے محفوظ رہیں ۔

Splinter-new : (a) بالکل نیا : کورا ۔

Splinter-proof : (n) کوئی چیز جو پھٹے گولوں کی کرچوں سے بچائے : شیل روک ۔

Splinter proof : (a) شیل روک ۔

Splinterless : (a) جس کی چھپٹیاں نہ ہو سکیں ۔

Splintery : (a) چھپٹیوں سا : چھپٹیوں کا : چھپٹیاں بن جانے والا : جس کے پھٹنے سے چھپٹیاں نکل آئیں : چھپٹیوں سے بھرا : کھردری (چٹان) ۔

Split : (n) (۱) چیر : شگاف : درز : دراڑ ۔ (۲) پھوٹ : تفریق : تفرقہ : اختلاف ۔ (۳) بید کی چیری ہوئی چھڑیں (ٹوکریاں وغیرہ بنانے کے لئے) ۔ (۴) فولاد : بید وغیرہ کی ایک چھڑ : (نجاری) راچھ کی چھڑ ۔ (۵) چمڑے کی ایک تہ (جب چمڑے کی باریک تہیں تراشی جائیں تو ان میں کی ہر تہ) ۔ (۶) (تاش کا کھیل) دو برابر کے پتوں کا نکلنا جس سے شرطیں بٹ جاتی ہیں ۔ (۷) مخبر : جاسوس ۔ (۸) ولایتی پانی : شراب کا آدھا گلاس ۔ (۹) بازی گر کا کھیل جس میں وہ زمین پر بیٹھ کر ایک ٹانگ ایک طرف اور دوسری دوسری طرف پھیلا دیتا ہے اور دھڑ سیدھا رکھتا ہے ۔ (۱۰) لکڑی کی چھپٹی یا کھپچی ۔ (۱۱) اینٹ جس کی موٹائی عام اینٹوں کی آدھی ہوتی ہے ۔ (۱۲) پھل کے قتلوں کی بنی ایک مٹھائی ۔ (۱۳) پھٹی ہوئی ٹکٹ کا ایک ٹکڑا ۔ (۱۴) تقسیم سے پیدا ہونے والی چیز ۔ (۱۵) شیشے کی طرف کا کونے دار کھانچ ۔

The splits : بازی گر کا کھیل جس میں وہ زمین پر بیٹھ کر ایک ٹانگ ایک طرف اور دوسری دوسری طرف پھیلا دیتا ہے اور دھڑ سیدھا رکھتا ہے ۔

Split : (v) [(M)Du. 'Splitten'.] (۱) زور سے توڑنا یا ٹوٹنا : پھٹنا یا پھاڑنا ۔ (۲) تقسیم کرنا : بانٹ دینا : الگ الگ کرنا ۔ (۳) ٹکڑے ٹکڑے کرنا یا ہونا : حصے کرنا یا ہونا ۔ (۴) مخالف فریقوں میں تقسیم ہو جانا (اختلاف رائے یا مسائل کی وجہ سے) ۔ (۵) اختلاف ہونا : تفرقہ پڑنا : کھنڈت پڑ جانا : اختلاف پیدا کرنا : نفاق ڈالنا ۔ (۶) (بحری) (ہوا کا) بادبان کو پھاڑ دینا یا بادبان کا پھٹ جانا ۔ (۷) افشا کر دینا : فاش کر دینا ۔ (۸) (جہاز کا) ٹکرا کر پھٹ جانا : جہاز کا تباہ ہو جانا (ٹکرا کر) ۔ (۹) (عام) جھگڑنا ۔ (۱۰) (عام) مخبر بن جانا ۔ (۱۱) شراب میں پانی ملا کر پتلا کرنا ۔ (۱۲) کیمیاوی مرکب کو عنصروں میں الگ الگ کرنا ۔ (۱۳) حصہ بانٹنا ۔ (۱۴) بہت تیز دوڑنا (مقابلے میں) ۔ (۱۵) ووٹ کا بٹ جانا ۔ (۱۶) (مجازاً) (ہنسی ، درد وغیرہ سے پیٹ) پھٹنا : بے حال ہو جانا ۔ (۱۷) پیٹ میں بل پڑ جانا ۔

To split a hair/ -hairs/ -words : بال کی کھال نکالنا ۔

To split one's sides : دل کھول کر ہنسنا : ہنستے ہنستے بے حال ہو جانا : پیٹ میں بل پڑ جانا ۔

To split straws : معمولی باتوں پر جھگڑنا ۔

To split tacks : (جہاز کا) رخ پھیرنا : راستہ بدلنا جبکہ دوسرے ساتھ کے جہاز اسی راستے پر ہوں ۔

To split the difference : متنازع فیہ مقادیر یا رقوم میں سے بیچ کی (اوسط مقدار) لے لینا ۔

Split : (a) (۱) کٹا : شگافتہ : پھٹا ہوا ۔ (۲) علاحدہ : الگ کیا ہوا : منقسم ۔

Split-bottom : (a) (کرسی) جس کی نشست لکڑی کی پٹیوں کی بنی ہوتی ہے ۔

Split brilliant : (n) ہیرا جس کا قاعدہ دو مثلثی پہلوؤں میں افقی طور پر بٹا رہتا ہے ۔

Split-farthing : (a) کنجوس : بخیل ۔

Split-flag : (n) دو شاخہ جھنڈا ۔

Split-hair : (a) بالکل ٹھیک : صحیح ۔

Split infinitive : (n) مصدر یا علامت مصدر میں فصل دینا ۔

Split-level : (n) متصل کمروں سے نیچا یا اونچا (کمرہ یا کمرے) ۔

Split-mind : (n) دیکھو Schizophrenia

Split off : (v) پھاڑ کر الگ کر دینا ؛ علیحدہ ہو جانا ۔

Split peas : (n) مٹر کی دال ۔

Split personality : (n) دوہری شخصیت ۔

Split pin : (n) پن یا کیلی جو ایک سرے پر پھٹی رہتی ہے ؛ دو شاخی کیل ۔

Split ring : (n) حلقہ ؛ چھلا (کنجیوں کے گچھوں کے چھلے جیسا) ۔

Split-rivet : (n) دو نوکیلی کیل ۔

Split -second(s) : (n) (۱) دو علا حدہ سیکنڈوں والی گھڑی کے لئے آتا ہے ۔ (۲) لمحہ ؛ چشم زدن ۔

Split-shot : (n) انٹے کے کھیل کا ایک ہاتھ جس میں دو ملی ہوئی گولیاں مختلف سمت میں اڑ جاتی ہیں ۔

Split -stroke : (n) دیکھو Split-shot

Split-tail : (n) (۱) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۲) ایک قسم کی بط ۔

Split-ticket : (n) ووٹ یا ٹکٹ جس پر رائے دینے والے نے ایک سے زیادہ کے حق میں رائے دی ہو ۔

Split-up : (n) (۱) علا حدگی ؛ جدائی ؛ تفرقہ ؛ اختلاف ۔ (۲) تقسیم ۔

Split-up : (a) چھوٹا اور دبلا (گھوڑا) ۔

Split-vision : (n) دونوں آنکھوں کے مخالف کوشوں سے دیکھنے کی غیر معمولی صلاحیت ۔

Splitter : (n) (۱) چیرنے والا ؛ پھاڑنے والا ؛ توڑنے والا ۔ (۲) مچھلی چیرنے والا (سکھانے کے لئے) ۔

Splitting : (a) (۱) چیرنے والا ۔ (۲) شدید ؛ شدت کا ۔ (۳) بہت تیز ۔ (۴) پیٹ میں بل ڈالنے والا ؛ تمسخر آمیز ۔

Splodge : (n) [Expresive alter of 'Splotch'.] دھبا ؛ داغ ؛ نشان ۔

Splodge : (v) میلا کرنا ؛ داغدار بنانا ۔

Splodgy : (a) میلا ؛ داغدار ۔

Splore : (n) [Origin unkn.] (۱) رنگ رلیاں ؛ قہقہے ۔ (۲) بدمستی ؛ مے نوشی ۔ (۳) ہل چل ؛ ہنگامہ ؛ دنگا ؛ جھگڑا ۔

Splore : (v) (۱) رنگ رلیاں منانا ؛ اچھلنا ؛ کودنا ۔ (۲) ہنگامہ کرنا ؛ بلوہ کرنا ۔ (۳) شیخی بگھارنا ۔

Splosh : (v) [Blending of Spash and Plot.] (۱) پانی کا چھپکا ۔ (۲) (عام) روپیہ ۔

Splosh : (v) پانی کا چھپکا پڑانا ؛ چھپٹنے پڑانا ۔

Splosh : (adv.) چھپاک سے ۔

Splotch : (n) [Blend of Spot and Blotch.] دھبا ؛ داغ ؛ نشان ۔

Splotch : (v) داغ لگانا ؛ دھبا ڈالنا ۔

Splotchy : (a) داغدار ؛ میلا ۔

Splunge : (v) [Blend of Splash and Plunge'.] دیکھو Plunge

Splurge : (n) [Of symbolic origin.] (۱) غل غپاڑہ ؛ دھوم دھام ۔ (۲) نمائش ؛ دکھاوا ۔ (۳) موسلا دھار بارش ؛ چھپاکا ۔

Splurge : (v) (۱) نمائش کرنا ؛ دھوم دھام دکھانا ۔ (۲) چھینٹے اڑانا ۔ (۳) فضول خرچی کرنا ؛ اڑانا ۔

Splurgy : (a) نمائشی ؛ دکھاوے کا ۔

Splutter : (n) [Alter of Sputter.] (۱) شور ؛ ہنگامہ ۔ (۲) پر زور اور گڈ مڈ تقریر ؛ بے ربط بات ۔ (۲) جلد جلد یا بے ربط بات ؛ جلدی یا گھبراہٹ کی بات چیت ۔

Splutter : (v) (۱) جلد جلد اور بے ربط باتیں کرنا ۔ (۲) ریزہ ریزہ ہن کر منتشر ہو جانا ۔ (۳) گالیاں دینا ۔ (۴) گڈ مڈ بولنا ۔ (۵) (قلم کا) روشنائی پھیلانا ۔ (۶) چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں اڑنا ۔

Spode : (n) نفیس چینی برتن (جو اشیاء اسپوڈ ، اس کے بنانے والے کے نام پر) ۔

Spodo- : [Gr. 'Spodis'.] جزو ترکیبی بمعنی "راکھ" "میل" خارجی مادہ" "فضلہ" ۔

Spodogenic : (a) (مرضیات) فضلہ خارج کرنے والا ۔

Spodogenous : (a) دیکھو Spodogenic

Spodogram : (n) نمونہ راکھ ۔

Spodomancy : (n) راکھ تفاء ۔

Spodomantic : (a) راکھی تفاء سے متعلق ۔

Spodumene/ Spodumen : (n) [Fr.] الومینیم اور لیتھیم کا سلیکیٹ ۔

Spoil : (n) [OFr. 'Espoille'.] (۱) مال غنیمت : لوٹ ۔ (۲) (مجازاً) منافع : فوائد فتوح ۔ (۳) کسی منصب یا سرکاری خدمت کے فوائد ۔ (۴) مٹی وغیرہ جو کھدائی یا گل کشی وغیرہ سے بر آمد ہو ۔ (۵) (جمع) جانور کا بچا کھچا عضو؛ بغیر کھایا ہوا حصہ ۔ (۶) برباد کرنا : نقصان پہنچانا۔ (۷) مفتوح دشمن سے چھینا ہوا اسلحہ وغیرہ۔ (۸) کوئی ناقص چیز ۔

The spoils of war : مال غنیمت : دشمن سے چھینا ہوا اسلحہ ۔

To make spoil of : لوٹنا : لوٹ مار کرنا : غارت گری کرنا ۔

Spoil : (v) (۱) لوٹ لینا : زبردستی یا چوری سے کوئی شے کسی سے لے لینا : چھین لینا ۔ (۲) خراب کرنا : بگاڑنا : مزا کرکرا کر دینا : بے لطف کر دینا ۔ (۳) لاڈ پیار یا مروت یا رعایت سے کسی کی عادت خراب کر دینا ۔ (۴) (عام) اپاہج یا بیکار کر دینا یا ہلاک کر ڈالنا ۔ (۵) (پھل ، مچھلی اور مجازاً مزاج کے لئے) بس جانا : سڑ جانا : خراب ہو جانا : بد مزہ ہو جانا ۔ (۶) داغ دار ہو جانا : اچھے صفات کھو دینا ۔ (۷) شدید خواہش رکھنا : حد سے زیادہ خواہش مند ہونا ۔

To be spoiling for : آرزو مند ہونا : تمنا رکھنا : بے تاب ہونا ۔

To spoil all or everything : سارا مزہ کرکرا کر دینا ۔

Spoil- : جزو ترکیبی بمعنی برباد کرنا ۔

Spoil(-) bank : (n) کھدائی سے نکلی ہوئی مٹی کا تودہ ۔

Spoil-five : (n) تاش کا ایک کھیل ۔

Spoil ground : (n) وہ جگہ جہاں کھدائی سے بر آمد مٹی پھینکی جاتی ہے ۔

Spoil heap : (n) کھدائی سے بر آمد مٹی وغیرہ کا انبار ۔

Spoil sport : (n) کھیل وغیرہ کا مزا کرکرا کرنے والا ؛ کھیل بگاڑنے والا؛

بے لطفی پیدا کرنے والا ؛ عیش منغض کرنے والا ۔

Spoilable : (a) جو خراب ہو سکے ؛ جو بگڑ سکے ۔

Spoilage : (n) (۱) برباد ہونا ۔ (۲) کاغذ جو طباعت میں ردی ہو جاتا ہے ۔

Spoilation : (n) (۱) لوٹ کھسوٹ ؛ مار دھاڑ ؛ غارت ؛ غنیمت ۔ (۲) دیکھو Spoliation ۔

Spoiler : (n) (۱) غارتگر ؛ لٹیرا ؛ لوٹنے والا ؛ بگاڑنے والا ۔ (۲) ہوائی جہاز کے بازوؤں پر لگی پتلی تختی جسے سطح سے اوپر اٹھایا جاتا ہے۔

Spoiling : (n) لوٹ ؛ غارتگری ۔

Spoiling attack : (n) دشمن کے منصوبہ یا نقل و حرکت میں رخنہ ڈالنے کے لئے محدود پیمانے پر حملہ ۔

Spoke : (n) [OE. 'Spaca'.] (۱) آرا (پہیے کا) ۔ (۲) سیڑھی کا ڈنڈا ۔ (۳) جہاز چلانے کے پہیے کا ہتھا ۔ (۴) آرا جو پہیے کو الٹا چلنے سے روکتا ہے ؛ اڑ ۔ (۵) رسے کی لمبائی جو ہاتھ میں رہتی ہے (رسا بنانے میں) ۔

To put in one's spoke : مشورہ دینے یا کچھ کہنے کی کوشش کرنا ۔

To put a spoke in (a person's) wheel : روڑا اٹکانا ۔

Spoke : (v) (۱) آرا لگانا ۔ (۲) روکنا ؛ مزاحمت پیدا کرنا ۔ (۳) پہیے کو بلی کی مدد سے روکنا ۔

Spoke-bone : (n) پیش بازو کا کمبرہ ؛ وہ ہڈی جو کہنی سے کلائی تک جاتی ہے ؛ عظم الزند ۔

Spoken : (a) (۱) بولنے والا ؛ بولی ؛ املا ۔ (۲) کہا ہوا ؛ بولا ہوا ۔ (۳) عام آواز سے گایا ہوا (نغمہ) ۔

Spokeshave : (n) آرا بنانے کا رندہ جس کے ادھر ادھر دستے ہوتے ہیں؛ آرا تراش ۔

Spokeshave : (v) آرا بنانا ۔

Spokesman : (n) (۱) نمائندہ ؛ نائب ؛ وکیل ؛ وہ شخص جو اوروں کی نیابت کرے ۔ (۲) مقرر ؛ خطیب ۔

Spokeswoman : (n) نمائندہ عورت ؛ وکیل عورت ۔

Spokewise : (adv.) پہیے کے آرے کی شکل میں۔

Spoliate : (v) [L. 'Spoliare'.] لوٹنا : چھین لینا : محروم کرنا۔

Spoliation : (n) (۱) لوٹ کھسوٹ : مار دھاڑ : غارت : غنیمت۔ (۲) (کلیسا) استحقاق کے بہانے رقم معاش اپنے حلقے سے وصول کرنا۔ (۳) (قانون) اتلاف یا تحریف یا تبدیل دستاویز ۔ (۴) (مجازاً) استحصال بالجبر ۔ (۵) غارت گری : لوٹنا کھسوٹنا۔

Spoliative : (a) (مرضیات) خون میں کمی کرنے والی۔

Spoliator : (n) غارت گر۔

Spoliatory : (a) غارت گرانہ۔

Spondaie : (a) [Fr. 'Spondaique' or Late L. 'Spondaicus'.] (۱) Spondee پر مشتمل ۔ (۲) دو لمبی ہجاؤں والا (لفظ)۔

Spondaic : (n) نظم جو رکن Spondee پر مشتمل ہو۔

Spondee : (n) [Fr. or L. 'Spondeus'.] وہ وزن جس میں دو طویل یا دو تاکیدی ارکان والے لفظ ہوں۔

Spondulicks : (n) [Origin unkn.] (عام) روپیہ : زر۔

Spondylus : (n) [L.] دو صمامہ صدف کی ایک جنس۔

Sponge : (n) [OE. 'Sponge'.] (۱)اسپنج یا اسفنج : ادنیٰ درجے کا آبی جانور جس کے جسم میں سوراخ ہوتے ہیں ۔ (۲)اسفنج کا ڈھانچ یا خول یا اسفنج زار : لچکیلے اسپنج جو زیادہ تر لیوانٹ یعنی بحیرۂ شام سے آتے ہیں اور غسل وشست و شو میں مستعمل ہوتے ہیں ۔ (۳)کوئی شے جو اسفنج کی طرح جاذب ہو مثلاً خمیری آٹا ، اسفنج کیک یا جراحی کا جاذب تکیہ ۔ (۴)جھاڑن جس سے توپ کی نال صاف کرتے ہیں ۔ (۵) اسفنجی کیفیت کا لوہا یا کوئی دوسری دھات ۔ (۶) (مجازاً) طفیلی : مفت خور : جس کا گذارہ دوسروں پر ہو ۔ (۷)ادائی کے بغیر قرضوں کو ختم کرنے کا فریضہ ۔ (۸)پودوں کا مادہ جو اس پر کائی کی طرح جم جاتا ہے۔ (۹) بہت پینے والا : شرابی ۔ (۱۰) ذریعہ آمدنی : نفع کا ذریعہ ۔ (۱۱) دیکھو Sponge-bath ۔

To pass the sponge over : برائی یا رنج کے بھول جانے کا اقرار کرنا۔

To throw up the sponge : (۱) (پہلوان کا محاورہ) اسفنج کو پھینکنا ۔ (۲) (مجازاً) ہار مان لینا : مقابلے سے دست بردار ہونا۔

Sponge : (n) (۱) طفیلی پن : مفت خوری ۔ (۲) اسفنج سے بھگونا یا مٹانا۔

Sponge : (v) (۱) اسفنج سے پونچھنا : صاف کرنا ۔ (۲) بدن کے کسی حصے پر اسفنج کے ذریعہ پانی نچوڑنا : اسفنج کا غسل دینا ۔ (۳) محو کر دینا : محک کر دینا : چھیل ڈالنا (کسی تحریر کا) ۔ (۴) (مجازاً) کسی واقعہ کی یاد محو کر دینا : دھو ڈالنا (اسفنج کے ذریعہ) ۔ (۵) اسفنج سے جذب کرنا : اسفنج لگا کر سکھانا ۔ (۶) اسفنج نکالنا ۔ (۷) خوشامد : چاپلوسی سے کام لینا ۔ (۸) طفیلی بن کر رہنا : دوسروں کے سر رہنا ۔ (۹) کچھ حاصل کرنے کے لئے مارا مارا پھرنا ۔ (۱۰) (تمباکو کی پتیوں کا) داغدار ہو جانا ۔ (۱۱) توپ کی نال صاف کرنا ۔ (۱۲) اسفنج کی طرح اٹھنا : جھاگ لانا یا نکالنا ۔ (۱۳) گھوڑے کے نتھنے میں اسفنج کا ٹکڑا ڈالنا (تاکہ دوڑ میں جیت نہ سکے) ۔ (۱۴) اسفنج حاصل کرنے کے لئے غوطہ لگانا۔

Sponge-bag : (n) اسفنج رکھنے کا پن روک بکس ۔

Sponge-bag : (a) چار خانہ دار۔

Sponge-bath : (n) ایک طرح کا غسل جس میں پانی ڈالنے کے بجائے جسم پر اسپنج کے ذریعہ پانی لگایا جاتا ہے : اسپنجی غسل۔

Sponge-biscuit : (n) اسپنجی بسکٹ۔

Sponge-cake : (n) نرم مسام دار کیک۔

Sponge-cloth : (n) (۱) نرم جھر جھرا کپڑا ۔ (۲) بندوق وغیرہ صاف کرنے کا تیل میں بھگویا ہوا کپڑا۔

Sponge-finger : (n) لمبا پتلا اسپنجی بسکٹ۔

Sponge-gold : (n) چاندی نکال لینے کے بعد بچنے والا سونا۔

Sponge-iron : (n) اسپنجی لوہا۔

Sponge-rubber : (n) اسپنجی ربر۔

Spongelet : (n) (۱) (نباتیات) اسفنجیہ ۔ (۲) چھوٹا اسفنج۔

Spongeous : (a) (۱) اسپنج سا : اسفنج جیسا ۔ (۲) مسام دار ۔ (۳) دیکھو Spongy ۔

Sponger : (n) (۱) مفت خور : طفیلی ۔ (۲) اسپنج کے ذریعہ توپ

کی نال صاف کرنے والا ۔ (۲) اسپنج جمع کرنے والا ۔

Spongi- : جزو ترکیبی بمعنی "اسفنج" ۔

Spongicolous : (a) اسفنج باش ۔

Spongiculture : (n) اسپنج پروری ۔

Spongiferous : (a) اسپنج بر ؛ اسفنج دار ۔

Spongiform : (a) اسپنج نما ؛ مشابہ بہ اسفنج ؛ اسفنجی ۔

Spongily : (adv.) اسفنج کی طرح ؛ لچکدار طور پر ۔

Spongin : (n) اسفنجین ؛ اسپنجین ۔

Sponginess : (n) (۱) اسفنجیت ؛ حالت اسفنجی ؛ اسپنجی پن ۔
(۲) (مرضیات) مسوڑھے کا نرم ہو جانا ۔

Sponging : (n) (۱) اسفنج سے صاف کرنا ؛ اسپنج کا غسل دینا ۔
(۲) اسپنج جمع کرنا ۔

Sponging-house : (n) بیلف کا کمرہ جہاں گرفتار شدہ قیدیوں کو عارضی طور پر بٹھا دیتے ہیں ۔

Spongio- : جزو ترکیبی بمعنی "اسپنج" ؛ "اسفنج" ۔

Spongiologist : (n) ماہر اسفنجیات ؛ اسفنجیات داں ۔

Spongioliogy : (n) اسفنجیات ۔

Spongiole : (n) اسفنجیہ ؛ پودوں کی جڑ کا نرم سرا ۔

Spongioplasm : (n) اسفنج مایہ ۔

Spongiopiline/ Spongiopilene/ Spongiapilin : (n) (طب) اسفنج پولش جو اسفنج ، ربر اور نباتی ریشے ملا کر تیار کرتے ہیں اور پولش کی طرح استعمال کرتے ہیں ۔

Spongiose : (a) [L. 'Spongiosus'.] اسفنجی ؛ مسام دار ۔

Spongo- : [L. 'Spongiosus'.] جزو ترکیبی بمعنی "اسفنج" ؛ "اسپنج" ۔

Spongoblast : (n) اسفنج کا ناشپاتی کی شکل کا خلیہ جس سے اسفنجن نکلتا ہے ۔

Spongoid : (a) اسفنجی ؛ اسفنج کا ۔

Spongoid inflammation : (n) اسفنجی سرطان ۔

Spongologist : (n) دیکھو Spongiologist

Spongology : (n) اسفنجیات ۔

Spongy : (a) (۱) اسپنج سا ؛ اسفنج جیسا ۔ (۲) مسام دار ۔
(۳) اسپنجی ؛ جس کی ساخت اسپنج جیسی ہو ۔
(۴) دانہ دانہ ؛ ذرہ ذرہ ۔ (۵) نرم ؛ مرطوب ؛ سیلا ہوا ۔
(۶) نرم ؛ کمزور ۔

Spongy-parenchyma : (n) اسفنجی یافت ۔

Sponsal : (a) [L. 'Sponsalis'.] شادی سے متعلق ؛ ازدواجی ؛ زوجی ۔

Sponsalia : (n) [L.] (آئندہ) شادی کرنے کا وعدہ یا معاہدہ ۔

Sponsible : (a) [f. Responsible.] ذمہ دار ؛ قابل اعتماد ۔

Sponsion : (n) [L. 'Sponsio'.] (۱) ضمانت ؛ کفالت ؛ قول و قرار ۔
(۲) (بین الاقوام) کسی ریاست کے وکیل کا ایسا معاہدہ کرنا جس کا وہ مجاز نہ ہو ۔ (۳) (رومی قانون) مقدمہ ثابت نہ کرنے کی صورت میں مخالف کو معاوضہ دینے کا معاہدہ ۔

Sponson : (n) [Origin unkn.] (۱) تکونی بارجہ جو جہاز چرخی کے بالائی حصے کے آگے پیچھے بنا ہوتا ہے ۔ (۲) بارجہ جو جنگی جہازوں کے کناروں پر ایک طرف کو اس لئے نکلا ہوتا ہے کہ آگے پیچھے کر سکیں ۔

Sponson : (v) بارجہ بنانا ؛ بارجہ پر رکھنا ۔

Sponsor : (n) [L.] (۱) (کلیسا) دینی ماں یا دینی باپ ۔ (۲) ضامن ؛ کفیل ۔ (۳) مشتہر جو لاسلکی پروگرام میں اشتہار کے لئے رقم ادا کرتا ہے ۔

Sponsor : (v) (۱) ضامن ہونا ؛ کفالت کرنا ۔ (۲) لاسلکی پروگرام میں اشتہار کے لئے رقم ادا کرنا ۔

Sponsorial : (a) کفیلانہ ؛ متعلق بہ ضامن ۔

Sponsorship : (n) ضامن ؛ کفالت ؛ ضمانت ۔

Spontaneity : (n) (۱) خود بخود ہونا ؛ خود روی ۔ (۲) از خودی ۔ (۳) آمد ۔

Spontaneous : (a) (۱) اپنے آپ ؛ خود بخود ؛ بلا تحریک غیر ؛ بلا جبر و اکراہ ۔ (۲) بلا قصد ؛ بلا ارادہ ؛ خود بخود ؛ از خود ؛

خود خیز ۔ (۲) خودرو ۔ (۳) (حیوانیات) طبعی ؛ خلقی؛ فطرتی ؛ بلا ارادہ ۔ (۵) (جسمانی حرکات ، ادبی طرز و اسلوب وغیرہ) بے ساختہ ؛ بلا آور ؛ بے تکلف ۔

Spontaneous combustion : (n) از خود احتراق ؛ معدنی یا نباتی اشیا کا خود بخود بھڑک اٹھنا ۔

Spontaneous generation : (n) جان دار مادے کا بے جان مادے سے پیدا ہو جانا (جراثیم کی تاثیر) ؛ از خود پیدائش ؛ خود بخود تولید ۔

Spontaneously : (adv.) اپنے آپ ؛ فطرتاً ؛ از خود ؛ خود بخود ؛ طبعاً ۔

Spontaneousness : (n) دیکھو Spontaneity

Spontoon : (n) [It. 'Spuntone'.] (۱) تبر نیزہ جو پیادہ برنش فوج کے افسر رکھتے تھے ۔ (۲) پولس کا ڈنڈا ؛ سونٹا ۔

Spoof : (n) [Invented by Arther Roberts, the comedian.] (۱) چکما دینے والا تاش کا ایک کھیل ۔ (۲) فریب ؛ دم ؛ جھانسا ؛ فقرہ ۔ (۳) مضحکہ ؛ مضحک نقل ۔

Spoof : (v) (۱) چکما دینا ؛ جھانسا دینا ؛ الو بنانا ۔ (۲) جل دینا ۔ (۳) بیوقوف بنانا ؛ دغا کرنا ۔

Spoofer : (n) (۱) دغا باز ؛ جھانسا دینے والا ۔ (۲) مضحکہ نگار ۔

Spoofery : (n) دھوکا ؛ فریب ؛ جھانسا ؛ جل ۔

Spook : (n) [Du.] بھوت ؛ پریت ؛ سایہ ؛ ہمزاد ۔

Spookily : (adv.) بھوت پریت کی طرح ؛ آسیب زدہ طور پر ۔

Spookiness : (n) بھوت پریت جیسا ہونا ۔

Spookish : (a) بھوت پریت جیسا ۔

Spookism : (n) ارواحیت ؛ ارواح سے گفتگو کرنا یا اس میں عقیدہ رکھنا ۔

Spookist : (n) ارواحیت کا معتقد ۔

Spooky : (a) (۱) بھوت پریت سے مشابہ ۔ (۲) بھوت کی طرح کا ؛ آسیب زدہ ۔ (۳) مضطرب ؛ بے چین ؛ سیلانی ۔

Spool : (n) [OFr. 'Espole'.] (۱) پھرکی ؛ چرخی ؛ ریل ۔ (۲) جال بننے کی پن ۔ (۳) ماہی گیر کی چرخی جس پر مچھلی پھنس جاتی ہے تو ڈور لپیٹتے ہیں ۔ (۴) فوٹو کی فلم یا جھلی ۔

Spool : (v) پھرکی پر لپیٹنا ۔

Spooler : (n) پھرکی یا چرخی پر دھاگہ لپیٹنے والا ۔

Spoon : (n) [OE. 'Spon'.] (۱) چمچہ ؛ چمچی ۔ (۲) ڈوئی ؛ کفچہ ؛ کفگیر ۔ (۳) چمچے کی شکل کی کوئی چیز ۔ (۴) جراحی کا ایک آلہ ۔ (۵) گولف کا چوبی بلا جس کا سر قدرے مقعر ہوتا ہے ۔ (۶) ایک قسم کی مصنوعی مکھی (مچھلی پکڑنے کی) ۔ (۷) (کیمبرج) ریاضیات کے آنرز کی فہرست میں ہر کلاس میں آخری آنے والا طالب علم ۔ (۸) سادہ لوح شخص ؛ بیوقوف آدمی ۔ (۹) ایک قسم کا گل داؤدی ۔

He should have a long spoon that sups with the Devil : بدمعاشوں کے معاملے میں بات چیت کرنا خطرناک کام ہے ۔

To be born with a silver spoon in one's mouth : قسمت کا دھنی ہے ۔

To be spoons with or on : (کسی لڑکی پر) عاشق ہونا ؛ عشق بازی کرنا ؛ ڈورے ڈالنا ؛ کسی کے عشق میں الو بن جانا ۔

To make a spoon or spoil a horn : کسی چیز کو حاصل کرنے کا مصمم ارادہ کرنا ۔

Spoon : (v) [Origin unkn.] (۱) (بحری) ہوا کے آگے آگے نکل جانا ۔ (۲) دوسرے جہاز پر تیزی سے چلا جانا ۔

Spoon : (v) (۱) چمچے سے نکالنا یا لینا ۔ (۲) (کھیل "کروکے" میں) گیند کو دھکیلنا یا ٹھیلنا ۔ (۳) (کرکٹ) نرم سی چوٹ لگانا ؛ گیند کو اوپر اچھال دینا ۔ (۴) چمچے کی طرح کھوکھلا بنانا ۔ (۵) ڈورے ڈالنا ؛ عشق بازی کرنا ۔ (۶) معاشقہ کرنا ؛ پرچانا ۔

Spoon-bait : (n) دھات کا چمکیلا اور گھومتا ہوا پرزہ جو مچھلی پکڑنے میں چارے کے لئے لگایا جاتا ہے ۔

Spoon-bill duck : (n) چمچہ بطخ ۔

Spoon-billed : (a) چمچہ نما چونچ والا ۔

Spoon-fed : (a) (۱) چمچوں سے کھلایا جانے والا ۔ (۲) مصنوعی ذرائع سے ترقی دیا جانے والا ۔

Spoon-feed : (v) (۱) چمچے سے کھلانا ۔ (۲) مصنوعی ذرائع سے ترقی دینا ۔

Spoon-hook : (n) دیکھو Spoon-bait

Spoon-meat : (n) معذروں کے کھانے کی رقیق غذا جو چمچے سے کھائی جاتی ہے ۔

Spoon-wood : (n) امریکا کا ایک درخت ۔

Spoonbill : (n) (۱) چمچہ نما چونچ والے پرندے ۔ (۲) چمچہ نما چونچ ۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی ۔

Spoondrift : (n) دیکھو Spindrift

Spooner : (n) (۱) چمچہ استعمال کرنے والا ۔ (۲) عشق باز ۔

Spoonerism : (n) دو یا زیادہ لفظوں میں پہلے حرف کا اتفاقی طور پر ادل بدل ہو جانا ۔

Spoonerize : (v) دو یا زیادہ لفظوں میں پہلے حروف کو اتفاقی طور پر ادل بدل کرنا ۔

Spoonful : (n) (۱) چمچہ بھر ۔ (۲) بہت چھوٹی مقدار یا تعداد ۔

Spoonily : (adv.) سادہ دلی سے : عاشق مزاجی سے : عاشقانہ طور پر ۔

Spooniness : (n) سادہ لوحی : عاشق مزاجی ۔

Spoonlike : (a) چمچہ جیسا : چمچے سے مشابہ ۔

Spoony : (n) (۱) سادہ لوح : مورکھ ۔ (۲) عاشق مزاج : دل پھینک ۔

Spoony : (a) (۱) سادہ لوح : مورکھ : بھونڈا ۔ (۲) عاشق مزاج : مغلوب الجذبات : دل پھینک ۔

Spoony : (n) دیکھو Spoonbill

Spoonyism / Spooneyism : (n) دیکھو Spooniness

Spoor : (n) [Du.] (۱) سراغ : بو : کھوج : نشان قدم ۔ (۲) گاڑی کے پہیوں کا نشان ۔

Spoor : (v) (۱) کھوج لگانا : سراغ پانا ۔ (۲) بو پا کر تعاقب کرنا : پیر کے نشان دیکھ کر تعاقب کرنا ۔

Spoorer : (n) کھوج لگانے والا : کھوجی ۔

Sporadic/ -al : (a) [med. L. 'Sporadicus'.] (۱) (مرضیات) کہیں کہیں : کبھی کبھی : خال خال : اکاد کا : کسی جگہ ۔ (۲) منتشر : پھیلا ہوا : وسیع الوطن ۔ (۳) اتفاقی : تنہا : انفرادی ۔

Sporadically : (adv.) کہیں کہیں : اتفاقاً ۔

Sporadicity : (n) خال خال یا اکاد کا ہونا ۔

Sporal : (a) بذرک سے متعلق ۔

Sporange : (n) [L.] بذرہ دان : تخمک دان ۔

Sporangial : (a) بذرہ دانہ ۔

Sporangiophore : (a) بذرہ دان بردار ۔

Sporangiospore : (n) بذرہ دانی بردار ۔

Sporangium : (n) [G. 'Spora' + '-angion'.] دیکھو Sporange

Spore : (n) [Gr. 'Spora'.] (نباتیات و حیوانیات) تخمک : بذرہ ۔

Spore-case : (n) بذرہ دان ۔

Sporidiiferous/ Sporidiferous : (n) بذرک دار ۔

Sporidium : (n) [mod. L.] (۱) بذرک : تخمچہ ۔ (۲) لفہ بذری : کیسوی بذرہ ۔

Sporiferous : (a) بذرہ دار : تخمک دار ۔

Sporification : (n) بذرہ زائی : بذرہ کی پیدائش ۔

Sporigenous : (a) بذور زا : تخمک آور ۔

Sporo- : جزو ترکیبی بمعنی "بذرہ" : "تخمک" ۔

Sporoblast : (n) بذری نہوض ۔

Sporocarp : (a) (۱) بذوری ثمر ۔ (۲) بذرہ دان ۔

Sporocyst : (n) (۱) (نباتیات) بذری مادر خلیہ ۔ (۲) (حیوانیات) بذری دو پرہ ۔

Sporogenesis : (n) بذری تولید : بدروی زائی : تخمکی بناوٹ ۔

Sporogenic : (a) بذرہ زا ۔

Sporogenous : (a) (۱) تخمک آور : بذرو زا ۔ (۲) بذور زائیدہ ۔

Sporogeny : دیکھو Sporogenesis

Sporogonium : (۱) بذور بردار پودا ۔ (۲) بذور زا ساخت ۔

Sporogony : (n) بذرہ زائی ۔

Sporoid : (a) بذرہ سا : بذرہ نما ۔

Sporophore : (n) (۱) بذور بردار ۔ (۲) پودوں کی بے جنسی پیدائش ۔

Sporophorous : (a) بذرہ دار ۔

Sporoplasm : (n) بذرہ مایہ ۔

Sporosac : (n) (حیوانیات) بذری کیسہ ۔

Sporous : (a) دیکھو Sporal

Sporozoa : (n) بذری حوینات ۔

Sporran/ Sporan : (n) [Gael.] سمور دار کیسہ جو بائی لینڈر اپنے گھاگرے کے سامنے لٹکاتے ہیں ۔

Sport : (n) [ME. 'Sporten'.] (۱) دل لگی : مذاق : ہنسی ۔ (۲) کھلونا: ہدف ۔ (۳) تفریح : دل بہلاوا : لہو و لعب : مشغلہ ۔ (۴) درخت یا حیوان جو معمولی خلقت کے خلاف پیدا ہوا ہو ۔ (۵) (عام) مرد معقول : بھلا آدمی : کھیل اور شکار کا شائق ۔ (۶) (مجازاً) معقول : معقول پسند (یعنی وہ شخص جس کے مزاج میں انصاف پسندی اور رواداری ہے اور جو اپنی ہار کو بھی کشادہ پیشانی سے سہہ لیتا ہے) ۔ (۷) کھیل : کھیل کود ۔ (۸) (عام) جواری ۔ (۹) میدانی کھیل میں شرکت : میدان کھیل ۔ (۱۰) ساتھی : شریک ۔ (۱۱) نشانۂ تضحیک : نقل مجلس ۔ (۱۲) کھاؤ : پیتو ۔

In sport : ہنسی سے : دل لگی سے ۔

To make sport of : (۱) تفریح کا سامان کرنا ۔ (۲) تفریح کرنا : کھیل تماشے میں لگنا ۔

Sport : (v) (۱) کھیل تماشے میں لگنا : دل لگی کرنا : دل بہلانا ۔ (۲) ہنسی دل لگی کرنا ۔ (۳) غیر معمولی ، عجیب الخلقت پودے یا جانور کا پیدا ہونا یا کرنا ۔ (۴) دکھاوا کرنا : نمود و نمائش کرنا : بن ٹھن کے رہنا : ظاہری ٹیپ رکھنا ۔ (۵) جی بہلانا : کھیل کرنا ۔ (۶) کھیل تفریح میں وقت گذارنا ۔ (۷) (روپے) اڑانا : فضول خرچی کرنا ۔ (۸) دروازہ بند رکھنا (یہ دکھانے کے لئے کہ مکیں گھر میں نہیں ہے یا اسے دوسرے کام کی فرصت نہیں ہے) ۔

To sport one's oak : دروازہ بند رکھنا تاکہ خلل نہ ہو ۔

Sport / Sports : (a) کھیل سے متعلق : کھیل کے لائق ۔

Sport-coat : (n) ایک قسم کا ڈھیلا کوٹ جو بعض کھیلوں میں پہنا جاتا ہے ۔

Sport-jacket : (n) جیکٹ جو گولف وغیرہ کھیلتے وقت پہنی جائے ۔

Sport of kings : (n) (۱) گھڑدوڑ ۔ (۲) شکرا بازی ۔ (۳) شکار ۔

Sporter : (n) کھلاڑی : کھیل کود کا شوقین ۔

Sportful : (a) (۱) تفریح کا : تفریحی ۔ (۲) غیر سنجیدہ ۔ (۳) خوش طبع : شوخ ۔ (۴) کھلنڈرا : چہل باز ۔

Sportfully : (adv.) خوش طبعی سے : شوخی سے : غیر سنجیدہ طور پر ۔

Sportfulness : (n) خوش طبعی : شوخی : غیر سنجیدگی ۔

Sporting : (n) کھیلنا : تفریح کرنا ۔

Sporing : (a) (۱) کھیل اور شکار سے متعلق ۔ (۲) کھیل اور تماشے کا شائق یا پیشہ ور کھلاڑی ۔ (۳) معقول پسندانہ مشتبہ : جوکھم بھرا ۔

Sporting-box : (n) چھوٹا سا گھر جو شکار کے موسم میں استعمال ہوتا ہے ۔

Sporting chance : (n) مشتبہ موقع : جوکھم بھرا موقع ۔

Sporting girl/ -woman : (n) رنڈی : کسبی : قحبہ ۔

Sporting house : (n) (۱) ہوٹل ، سرائے یا گھر جس میں کھلاڑی جایا کرتے ہیں ۔ (۲) جوا خانہ : قمار خانہ ۔ (۳) قحبہ خانہ ۔

Sporting man : (n) پیشہ ور کھلاڑی ۔

Sportingly : (adv.) معقول پسندی سے ۔

Sportive : (a) (۱) دل لگی کرنے والا ؛ مذاقیہ ؛ غیر سنجیدہ ؛ خوش طبع ۔ (۲) عاشق مزاج ۔ (۳) کھلنڈرا ؛ چہل باز ۔ (۴)کھیل یا شکار سے متعلق.(۵)(پودے)عجیب الخلقت: غیر معمولی ۔

Sportively : (adv.) چہل سے ؛ خوش طبعی سے ۔

Sportiveness : (n) چہل ؛ خوش طبعی ؛ کلیل ۔

Sportless : (a) بے کھیل کود کا ؛ بے تفریح کا ۔

Sports car : (n) کھلی ہوئی نیچی تیز رفتار موٹر گاڑی ۔

Sports page : (n) اخبار کا وہ صفحہ جس میں کھیل کود کی خبر ہوتی ہے ۔

Sportsman : (n) (۱) آدمی جسے کھیل کود کا شوق ہو خصوصاً شکار کا ، نشانہ بازی ، ماہی گیری وغیرہ کا ۔ (۲) جواری ؛ بازی لگانے والا ۔ (۳) معقول پسند ۔

Sportsmanlike : (a) شکاری کے شایان ؛ معقول پسندانہ ۔

Sportsmanship : (n) شکار اور کھیل کا شوق ؛ معقول پسندی ۔

Sportswoman : (n) عورت جسے کھیل کود کا شوق ہو ۔

Sporulate : (v) [f. Sporule + -ate.] (۱) بذرک یا تخمک میں تبدیل کرنا ۔ (۲) بذرک یا تخمک بننا ۔

Sporulation : (n) بذرک زائی ؛ بذرکیت ۔

Sporule : (n) [Fr. or mod. L. 'Sporula'.] (۱) (نباتیات و حیوانیات) تخمک ؛ تخمچہ ؛ بذرک ۔ (۲) (مجازاً) جرثومہ ۔

Sporuliferous : (a) تخمک دار ؛ بذرک دار ۔

Spot : (n) [MDu. 'Spotte'.] (۱) (مجازاً) داغ ؛ دھبا (چلن ، وضع میں) ؛ عیب ؛ کلنک ۔ (۲) دھبا ؛ داغ ؛ نشان ؛ ٹیکا ؛ چتی ؛ گل ؛ تل ؛ مسا ۔ (۳) مقام ؛ جگہ ؛ قطعہ زمین ؛ موقع ۔ (۴)مچھلی اور پالتو کبوتر کی قسم. (۵) (عام) انتخاب: نشان دہی: شناخت (جیتنے والے گھوڑے وغیرہ کی) جس کی نشاندہی کی جائے (گھوڑا یا شخص) ۔ (۶)کسی چیز کی چھوٹی سی مقدار ؛ ذرا سا ۔ (۷)(بلیرڈ) بلیرڈ کی میز کے بیچوں بیچ ایک گول سیاہ نشان ۔ (۸)(چاند، سورج وغیرہ کا) کلف ؛ داغ ۔ (۹)چھینٹ ؛ بوٹے دار کپڑا. (۱۰) نقد قیمت پر خریدا ہوا مال ۔ (۱۱) ریڈیو یا ٹیلیویژن کے پروگرام کے درمیان کا وقفہ جس میں اشتہار وغیرہ نشر کیا جاتا ہے ۔ (۱۲) حیثیت ؛ حالت ؛ ناگوار ؛ تکلیف دہ صورت حال ۔ (۱۳) دیکھو Spotlight. (۱۴) ایک قسم کا چھوٹا مینڈک ۔

In spots : تھوڑے تھوڑے وقفے سے ؛ وقفے پر ؛ بعض لحاظ سے ۔

Off the spot : غیر صحیح ؛ بے تک ؛ بے جوڑ ۔

On or upon the spot : (۱) فوری ؛ فوراً ؛ اسی دم ؛ موقع پر ؛ بر محل ؛ اسی جگہ ؛ وہیں ۔ (۲) ذمہ دار ٹھہرائے جانے کی حالت میں ؛ خطرہ کی حالت میں ۔

Soft, sore, tender spot : (مجازاً) کمزوری ۔

To knock (the) spots off or out of : خوب پٹائی کرنا ؛ مرمت کرنا ۔

Spot : (v) (۱) داغدار کر دینا ۔ (۲) عیب لگانا ۔ (۳) (اشیاء وغیرہ کا) داغی یا داغدار ہونا ۔ (۴) شناخت کر لینا ؛ نشاندہی کرنا ؛ پہچان لینا ۔ (۵) تاڑ جانا ؛ بھانپ لینا ؛ معلوم کر لینا ۔ (۶) (فوج) دشمن کی ٹھیک جگہ دریافت کرنا ۔ (۷)گلدار بنانا ؛ چتلا بنانا ۔ (۸) (بلیرڈ) انتے کو میز کے بیچ سیاہ گول نشان میں پہنچانا ۔ (۹) داغ ، دھبا دور کرنا ۔ (۱۰) بطور معذوری یا رکاوٹ اجازت دے دینا.

Spot : (a) (۱) فوری ۔ (۲) پروگراموں کے درمیان ۔ (۳) اٹکل پچو ؛ بے سوچا سمجھا ۔

Spot ball : (n) (بلیرڈ) سفید گولی جو دوسری سفید گولی سے ایک سیاہ نشان سے تمیز ہوتی ہے ۔

Spot-barred : (a) (بلیرڈ) (کھیل) جس میں لگاتار نشانی ضربیں جائز نہیں ہیں ۔

Spot-check : (v) فوری تفتیش کرنا ؛اٹکل پچو طریقے پر جانچنا یا تفتیش کرنا ۔

Spot-cbeck : (n) فوری جانچ ۔

Spot face : (v) ڈھبری کے سرے کے لئے کسی سطح پر نشان لگانا یا جگہ بنانا ۔

Spot fire : (n) آگ جو دوسری جگہ کی آگ کی چنگاری اُڑنے سے لگ جائے ۔

Spot lamp : (n) (۱) روشنی جو کسی خاص جگہ ڈالی جائے ۔ (۲) دیکھو Spotlight ۔

Spot lens : (n) عدسہ جس کے مرکز میں ایک داغ ہوتا ہے ۔

Spot light : (n) (۱) روشنی جو کسی خاص جگہ پر ڈالی جائے ۔ (۲) نمایاں اطلاع یا اشتہار وغیرہ ۔ (۳) کوئی چیز جو دائرۂ نور کی طرح منور کر دے ۔

Spot light : (v) دائرۂ نور کے ذریعہ روشن کرنا یا منور کرنا ۔

Spot news : (n) تازہ ترین فوری خبر ۔

Spot pigeon : (n) ایک قسم کا پالتو کبوتر ۔

Spot test : (n) فوری جانچ ۔

Spotless : (a) (۱) بے داغ ؛ نہایت صاف ستھرا ۔ (۲) (مجازاً) بے عیب ؛ معصوم ۔

Spotlessly : (adv.) داغ دھبے کے بغیر ۔

Spotlessness : (n) بے داغ ہونا ؛ انتہا درجہ کی صفائی ۔

Spotted : (a) (۱) چتلا ؛ چتی دار ؛ داغدار ۔ (۲) (مجازاً) داغدار ؛ عیب دار ۔ (۳) شبقہ ؛ مشکوک ۔

Spotted deer : (n) چیتل ۔

Spotted dog : (n) گلدار کتا(سفید کتا جس کے جسم پر سیاہ گل ہوں)۔

Spotted Dick : (n) کشمش ڈالی ہوئی پڈنگ ۔

Spotted fever : (n) تپ بطخی ؛ محرقۂ دماغی ۔

Spottedness : (n) داغدار یا چتلا ہونا ۔

Spotter : (n) (۱) نشان لگانے والا ؛ چتلا بنانے والا ۔ (۲) جاسوسی (جو کوئی کمپنی اپنے کارندوں پر بحال کرتی ہے) ۔ (۳) (نشانہ بازی میں) گولی لگنے کی جگہ بتانے والا ۔ (۴) طیارہ باز جو دشمن کی ٹھیک جگہ معلوم کرنے کے لئے بھیجا جائے یا جو اس کام کے لئے متعین کیا جائے ۔ (۵) بحریہ یا بری فوج کی ٹھیک جگہ بتانے والا ۔ (۶)نشاندہی کرنے والا ۔ (۷) داغ دھبے دور کرنے والا ۔ (۸) کسی چیز کو مطلوبہ جگہ پر رکھنے والا ۔ (۹) وہ شخص جو بازی گر وغیرہ کی حفاظت کے لئے کھڑا رہتا ہے تاکہ انہیں چوٹ نہ لگے ۔

Spottily : (adv.) داغ دھبے کے ساتھ ؛ بغیر یکسانی کے ۔

Spottiness : (n) داغداری ۔

Spotting scope : (n) نشانے پر گولی لگنے کی جگہ معلوم کرنے والی دوربین ۔

Spottle : (v) داغ لگانا ؛ نشان لگانا ۔

Spotty : (a) (۱) داغدار ؛ رنگ برنگ ؛ چتلا ۔ (۲) غیر مربوط ۔

Spousal : (n) (۱) ازدواجی ؛ شادی سے متعلق ؛ زوجی ۔ (۲) (نظم وغیرہ) جو شادی کے موقع پر پڑھی جائے ۔

Spousally : (adv.) ازدواجی طور پر ؛ ازدواجی حیثیت سے ۔

Spouse : (n) [ME. 'Spus(e).'] (۱) بیوی ؛ زوجہ ۔ (۲) میاں ؛ خاوند ؛ زوج ۔ (۳) کلیسا ؛ راہبہ ۔

Spousehood : (n) شادی ؛ ازدواجیت ۔

Spouseless : (a) بے میاں یا بیوی کا ؛ جس کی بیوی مر گئی ہو یا میاں مر گیا ہو ؛ رانڈ ؛ بیوہ ۔

Spout : (n) (۱) ٹونٹی ۔ (۲) پرنالہ ۔ (۳) نلکا ؛نل ۔ (۴) بمبا (چیزیں ڈالنے کے لئے) ۔ (۵) فوارہ ؛ دھار ۔ (۶) وہیل مچھلی کے سانس لینے کا سوراخ یا نتھنا. (۷) دیکھو Water spout.

Spout : (v) [MDu. 'Spouten'.] (۱) نکلنا ؛ بہنا ؛ دھار بن کر نکلنا ؛ پھوٹ بہنا ؛ پھوٹ نکلنا ۔ (۲) پر جوش تقریر کرنا ؛ عوام کے رو برو ولولہ انگیز تقریریں کرنا یا نظمیں پڑھنا ۔ (۳) گرو کرنا ۔ (۴) ٹونٹی لگانا ۔ (۵) بہانا ؛ دھار بنانا ۔ (۶)(وہیل کا) پھنکار مارنا ۔ (۷) دھار کے ذریعہ بھگونا.

Spout fish : (n) ایک قسم کا صدف ۔

Spout hole : (n) (۱) وہیل مچھلی کے دم لینے کا سوراخ یا نتھنا ۔ (۲) سمندری فوارہ ۔

Spout less : (n) بے ٹونٹی کا ۔

Spout like : (a) ٹونٹی نما ۔

Spout shell : (n) ایک قسم کا گھونگا ۔

Spout whale : (n) پھنکار مارنے والی وہیل ۔

Spouter : (n) (۱) پھنکار مارنے والی وہیل مچھلی ۔ (۲) پر جوش تقریر کرنے والا ؛ بڑھ بڑھ کر تقریر کرنے والا ۔ (۳) پھوٹ نکلنے والا تیل کا کنواں ۔ (۴) وہیل کا شکار کرنے والا جہاز ۔ (۵) اناج کے بہاؤ کو منضبط کرنے والا ۔

Spouy : (a) بہت گیلا یا گیلی ؛ اتنی بھیگی ہوئی (زمین) کہ چلنے سے پانی نکل آئے ۔

Sprack : (n) [var. of Sprag.] چوکس ؛ سرگرم ؛ چاق چوبند ؛ چست ؛ صحت مند ۔

Spraddle : (v) [of Scand origin.] (۱) ٹانگیں پھیلا کر یا چیر کر چلنا ؛ چلنے میں پاؤں پھیلانا ۔ (۲) پاؤں پسار کر لیٹنا یا بیٹھنا ۔

Sprag : (n) [Origin unkn.] (۱) سامن کا بچہ ۔ (۲) کاڈ کا بچہ ۔

Sprag : (n) [Origin unkn.] (۱) (کان کنی) اڑواڑ ؛ ٹیکن ۔ (۲) بلی یا کوئی اور شے پہیے کی گردش روکنے کے لئے ؛ اڑا ؛ کتا ۔

Sprag : (v) (۱) اڑواڑ لگانا ؛ ٹیکن لگانا ۔ (۲) کتا لگا کر گردش روکنا (پہیے کی) ۔

Sprain : (n) [Origin unkn.] موچ ؛ مروڑ ۔

Sprain : (v) موچ آنا ۔

Spraing : (n) [of Scand origin.] چمکیلی دھاری یا لکیر ۔

Spraing : (v) چمکدار دھاری یا پٹی سے آراستہ کرنا ۔

Spraint : (n) [OFr. 'Espreintes'.] اود بلاؤ کا فضلہ ۔

Sprangle : (v) [ME. 'Spranglen'.] (۱) مختلف سمتوں میں پھیلنا ؛ شاخیں نکلنا ؛ منتشر ہونا ۔ (۲) پھیلانا ؛ منتشر کرنا ۔ (۳) الٹی طرف ہاتھ پھیر کر پروں کو کھڑا کر دینا (تیر کے) ۔

Sprat : (n) [OE. 'Sprot'.] (۱) ایک چھوٹی سی فرنگستانی بیرنگ جیسی مچھلی ۔ (۲) مچھلی کے اور اقسام ۔ (۳) چھوٹا اور حقیر آدمی ۔ (۴) بڑی منافع کی امید میں چھوٹی رقم خرچ کرنا ۔ (۵) (عام) چھ پنس کا سکہ ۔

Sprat : (v) سپریٹ مچھلی کا شکار کرنا ۔

Sprat-barley : (n) ایک قسم کی جو ۔

Sprat-borer : (n) ایک قسم کا غوطہ خور پرندہ ۔

Sprat-diver : (n) ایک قسم کی پن ڈبی ۔

Sprat-loon : (n) ایک قسم کی پن ڈبی ۔

Sprat-mawe : (n) ایک قسم کی مرغابی ۔

Sprauchle : (v) [Of Scand origin.] چاروں ہاتھ پاؤں سے چڑھنا ۔

Sprawl : (n) (۱) بے قاعدہ طور پر ہاتھ پاؤں پھیلانا ۔ (۲) بے ترتیب سنگار یا نمائش ۔ (۳) سر گرمی ؛ جوش ؛ توانائی ؛ ہمت: جرأت ۔

Sprawl : (v) [OE. 'Sprcawlian'.] (۱) دراز ہونا ؛ پاؤں پسار کر لیٹنا یا بیٹھنا ؛ اینڈنا ۔ (۲) (تحریر ، درخت وغیرہ کا) بے قاعدہ طور پر پھیلنا ۔ (۳) فوج کا ادھر ادھر بے قاعدہ پھیلا دینا ۔ (۴) ذلت سے گھسٹنا ؛ رینگتے ہوئے چلنا ۔ (۵) (مجازاً) شروع ہونا ؛ آگے بڑھنا ؛ جاری ہونا ۔

Sprawler : (n) دراز ہونے والا ؛ بے قاعدہ طور پر پھیلنے والا ۔

Sprawling : (a) بے قاعدہ طور پر پھیلنے والا ؛ دراز ہونے والا ۔

Sprawly : (a) منتشر ؛ بکھرا ہوا ۔

Spray : (n) [ME.] (۱) درخت کی شاخ جس میں (خصوصاً نرم و نازک) چھوٹی چھوٹی ٹہنیاں ہوں ؛ پھولوں یا پتوں بھری ٹہنی یا ڈالی ؛ ڈالی ؛ شاخہ گلدار ۔ (۲) آرائشی شاخ یا قلم ۔ (۳) دھات کی ایک طرح کی دھلائی جو شاخوں سے مشابہ ہو ۔

Spray : (n) (۱) پھوار (جو عرق پاش یا دریا کی فوجوں سے نکلتی ہو) ؛ ترشح ۔ (۲) چھڑکاؤ (عرق پاش یا کسی اور آلے سے) ۔ (۳) چھڑکنے کا آلہ ؛ عرق پاش ؛ دوا پاش ۔

Spray : (v) (۱) چھڑکنا ۔ (۲) پھوار کی طرح چھڑکنا ۔

Spray drain : (n) شاخی بدر رو ؛ یعنی وہ بدر جو زمین میں ٹہنیاں دبا کر بنائی جائے ۔

Spray-dry : (n) گرم ہوا یا کسی دوسری گیس کے سامنے پھوار کی شکل میں چھینٹ کر سکھانا ۔

Spray gun : (n) پینٹ یا جراثیم کش دوا چھینٹنے کا بندوق نما آلہ ۔

Sprayer : (n) عرق پاش ؛ دوا پاش ۔

Sprayey : (a) پھوار سا ؛ پھوار بھرا ۔

Spread : (n) (۱) پھیلاؤ : فراخی ۔ (۲) چوڑائی ؛ وسعت ۔ (۳) اشاعت ۔ (۴) کھانا ۔ (۵) (علم النجوم) لاگت اور قیمت فروخت کا فرق ۔ (۶) جسم کا پھیلاؤ ؛ استقرار ۔ (۷) پھیلنے کی صلاحیت ۔ (۸) دو نقطوں کے بیچ کی دوری ؛ فصل ۔ (۹) دیکھو Spread head ۔ (۱۰) چادر (بستر کی) ۔ (۱۱) (عام) مکھن ، جام وغیرہ جو روٹی پر لگایا جائے۔

Spread : (v) [OE. 'Spraedan'.] (۱) پھیلانا ؛ بچھانا ۔ (۲) ڈھانپنا ؛ ڈھکنا ؛ لگانا (روٹی پر مکھن وغیرہ) ۔ (۳) نظر کے سامنے کھلا یا پھیلا ہوا ہونا ۔ (۴) پھیلا دینا ؛ شائع کر دینا ۔ (۵) (بادبان) کھولنا ؛ چڑھانا ۔ (۶) پھیلایا جانا ۔ (۷) بکھیرنا ؛ نشر کرنا ۔ (۸) زور مارنا ؛ کوشش کرنا ؛ نمائش کرنا ؛ ٹھاٹ رکھنا ۔ (۹) بڑھنا ؛ پھیلنا ۔ (۱۰) بڑھنا ؛ بڑا ہونا ۔ (۱۱) (پھول کی پنکھڑیوں کا) کھانا ؛ (درخت کا) بڑھنا ۔

Spread-eagle/ Spreadeagle : (n) (۱) عقاب کی شکل جس میں بازو اور ٹانگیں دونوں طرف پھیلی ہوں ؛ (جیسے سکوں وغیرہ پر نظر آتا ہے) ۔ (۲) وہ شخص جس کے ہاتھ پاؤں پھیلا کر باندھ دیئے گئے ہوں (مارنے کے لئے) ۔ (۳) کمر کی طرف سے چیر کر تلا ہوا مرغ ۔ (۴) لاف زنی ؛ شیخی ؛ فضول گوئی ۔ (۵) (سٹہ بازار) وہ معاہدہ جس کی رو سے کسی شخص کو حق ہو کہ ایک معیار قیمت پر اسٹاک خواہ خریدے خواہ بیچے ۔ (۶) اسکیٹنگ میں آگے پیچھے کی حرکت ایک ساتھ ۔

Spread-eagle : (v) (۱) ہاتھ پاؤں (پھیلا کر) باندھ کر سزا دینا ۔ (۲) ہاتھ پاؤں پھیلا کر باندھنا ۔ (۳) (دوڑ میں) مکمل شکست دینا ۔ (۴) لاف زنی کرنا ؛ شیخی بگھارنا ۔ (۵) ہاتھ پاؤں پھیلانا ؛ پھیل جانا ۔ (۶) (کرکٹ میں) وکٹ اڑا دینا ۔

Spread-eagle : (a) (۱) فضول گو ؛ لاف زن ؛ بڑ بولا ؛ شیخی خوار ۔ (۲) اس عقاب سے مشابہ جس کی ٹانگوں اور بازوؤں کو پھیلا دیا گیا ہو ۔

Spread-eagleism : (n) لاف زنی ؛ فضول گوئی ؛ مظاہرہ ۔

Spread head : (n) جلی سرخی جو دو سطروں تک پھیلی ہو ۔

Spread-over : (n) کام کے مقررہ گھنٹوں میں خاص ضروریات یا حالات کے لحاظ سے رعایت مثلاً دو ہفتے پینتالیس گھنٹے کام کرنے کے بجائے ایک ہفتے ساٹھ اور دوسرے ہفتے تیس گھنٹے کام کرنے کی اجازت دے دی ہے ۔

Spreader : (n) (۱) پھیلانے والا ؛ منتشر کرنے والا ۔ (۲) بیج بونے والا ؛ نشر کنندہ ۔ (۲) لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جس سے کوئی چیز یا حصہ الگ رکھا جاتا ہے ۔ (۴) (بحری) کشتی کے مستول میں لگی سلاخ جس سے رسے کو کسے رکھتے ہیں۔ (۵) پھیلانے والا آلہ ۔ (۶) باہر کو پھیلنے والی چیز ؛ پھیلانے والا ۔ (۷) ایک قسم کی چٹخنی ۔ (۸) کرنی ۔

Spreadingly : (adv.) پھیل کر ؛ منتشر ہو کر ۔

Spreagh : (n) [Gael 'Spreidh'.] یورش ؛ دھاوا ؛ حملہ ۔

Spreaghery : (n) حملہ ؛ دھاوا ؛ یورش ۔

Spreath : (n) [Sc. Gael. 'Spreidh'.] (۱) مال غنیمت ؛ جنگ وغیرہ میں ہاتھ آئے مویشی ۔ (۲) حملہ ؛ دھاوا ۔

Spreckled : (a) [of Scand origin.] داغ دار ؛ گلدار ؛ چتی دار ۔

Spree : (n) [Origin unkn.] (۱) مے نوشی کا دور ؛ رنگ رلیاں ؛ عیش و نشاط ۔

On a spree/ On or upon the spree : مصروف مے نوشی ۔

Spree : (v) مصروف مے نوشی ہونا ۔

Spree drinker : (n) بہت پینے والا ؛ بلا کا مے نوش ۔

Sprent : (a) [OE. 'Sprengan'.] چھڑکا ہوا ؛ پاشیدہ ۔

Sprent : (v) (۱) دوڑنا ؛ اچھلنا ؛ کودنا ؛ سرپٹ دوڑانا ۔ (۲) چھڑکنا ؛ چھینٹے اڑانا ۔

Sprent : (n) (۱) سرپٹ دوڑ ؛ دوڑ ؛ جست ۔ (۲) قفل ؛ کھٹکا ۔

Sprew : (n) [Du. 'Spreeuw'.] ایک قسم کی چڑیا ۔

Sprew bicolor : (n) چمکدار پروں والا ایک پرندہ جو پر لے درجے کا نقال اور جلد سدھ جانے والا ہوتا ہے ۔

Sprig : (n) [Origin unkn.] (۱) چھوٹی سی شاخ ؛ ٹہنی ؛ ڈالی ۔ (۲) آرائشی ڈالی کی صورت کی شے ؛ بیل بوٹا (مثلاً کپڑوں پر) ۔ (۳) (مجازاً) شاخ ؛ ٹکڑا ؛ نمونہ ۔ (۴) (حقارتاً) جوانی ؛ چھوکرا ۔ (۵) (کسی ادارہ یا طبقے کی) شاخ ۔ (۶) ایک قسم کا زیور ۔

Sprig : (n) [Origin unkn.] (۱) بے سر کی چھوٹی کیل ؛ کوکا ۔ (۲) (بحری) لوہے کی چٹخنی جس کے سرے پر آنکڑے

وغیرہ کے لئے سوراخ ہو۔ (۲) ٹوٹ : نکلا ہوا حصہ۔

Sprig : (v) (۱) کیل کے ذریعہ کسنا۔ (۲) کیل ٹھونکنا۔

Sprig : (v) (۱) بیل بوٹوں سے سجانا۔ (۲) شاخ ، ڈالی وغیرہ بنا کر آراستہ کرنا۔ (۳) شاخ چھانٹنا۔

Sprig tail/ Sprigtail : (n) (۱) نوکدار دم۔ (۲) نوک دم مرغابی۔

Sprigged : (a) (۱) شاخ ، ڈالی وغیرہ سے آراستہ۔ (۲) شاخ کی شکل کا : شاخدار۔

Sprigger : (n) (۱) کیل ٹھونکنے کی مشین۔ (۲) تمباکو کے ڈنٹھل الگ کرنے کی مشین۔

Spriggy : (a) ٹہنیوں بھرا : ٹہنی نما۔

Spright : (n) [var. of Spritte.] بھوت : پریت : پری۔

Sprightliness : (n) زندہ دلی۔

Sprigtailed : (a) نوکدار دم والی۔

Spring : (n) [OE. 'Spryng'.] (۱) چھلانگ : جست : زقند : چوکڑی : کلانچ۔ (۲) موسم بہار : ربیع : بسنت۔ (۳) چشمہ : سوتا : وہ مقام جہاں چشمے ہوں : معدنی چشمے۔ (۴)لچک (کمان وغیرہ کی)۔ (۵)لچک۔ (۶)کمانی۔ (۷)(مجازاً) محرک : وجۂ تحریک : باعث منشا : ماخذ : منبع : سرچشمہ :اصل : مبدا۔ (۸) شہتیر وغیرہ کا اور جانب کا خم۔ (۹) تختوں کا اصل مقام سے ہٹ جانا : تختوں کا کھل جانا۔ (۱۰) وہ مقام جہاں سے محراب کا خم شروع ہوتا ہے یعنی جہاں سے محراب کی ابتدا ہوتی ہے۔ (۱۱) نوجوانی۔ (۱۲) جھاڑیوں کا جنگل : جھاڑیاں: شجر زار۔ (۱۳) پن لکڑی کا جھنڈ۔ (۱۴)(بحری)مستول، بلی وغیرہ کا شگاف۔ (۱۵)خوش مزاجی : سرگرمی : زور : قوت۔ (۱۶)(بحری) لنگر سے بندھا رسہ جو جہاز سے پہلو سے گرا رہتا ہے۔ (۱۷)کتے کی پسلیوں کی گولائی۔ (۱۸) ایک قسم کی سامن مچھلی۔

Totake (.....) spring from or out of : شروع ہونا۔

Spring : (n) [OFr. 'Espring(u)er'.] نغمہ : دھن (خصوصاً بین یا دوسرے آلۂ موسیقی پر)۔

Spring : (v) (۱) کودنا : اچھلنا : جست کرنا : چھلانگ بھرنا۔

(۲) اچھلنا : لپکنا : تڑپ کر نکل جانا۔ (۳) وجود میں آنا : پیدا کرنا۔ (۴) یکایک آ موجود ہونا۔ (۵)(لکڑی کا) ٹیڑھا کر دینا یا ہو جانا : جھک جانا : خم ہونا یا جھکا دینا۔ (۶) پھٹ جانا : تڑخ جانا۔ (۷) شکار کو ہنکانا : ہانکا کرنا۔ (۸) یکایک کر بیٹھنا : دفعتاً کوئی بات پیدا کرنا : اچانک کوئی شگوفہ چھوڑنا۔ (۹) کمانی وغیرہ کے ذریعہ سے کھولنا : بند کرنا : ہلانا جلانا۔ (۱۰) سرنگ اڑانا۔ (۱۱) (آنکھ وغیرہ میں کوئی چیز) اڑ کر پڑنا : اچھل کر لگنا۔ (۱۲) (تیتر کا) جھاڑی سے اچانک نکلنا۔ (۱۳) (عام) مدھوش ہونا۔ (۱۴) (تھن کا دودھ سے) پھول جانا : حاملہ ہونا۔ (۱۵) چشمہ کی شکل میں بہنا۔ (۱۶) فجر ہونا: (صبح کا) نمو دار ہونا۔ (۱۷) اگنا : نکلنا : پیدا ہونا۔(۱۸) بڑھنا: لمبا ہونا۔ (۱۹)(محراب کا) خم شروع ہونا۔ (۲۰) (باد نسیم کا) بہنا۔ (۲۱)ٹیٹری بجانا : جھنجھنا بجانا۔ (۲۲)(روپیہ) ادا کرنا : خریدنا : خریدنے کی حیثیت رکھنا۔ (۲۳)اچانک اعلان کرنا : افشا کرنا۔ (۲۴) اچھالنا۔ (۲۵)(فوج) اسلح کی جگہ تبدیل کرنا یا وضع بدلنا۔ (۲۶) خمیدہ کرنا : خم کرنا۔ (۲۷) (تعمیرات) محراب کا خم شروع کرنا۔ (۲۸) رہا کرنا : رہائی دلانا : چھڑانا۔ (۲۹)لنگڑا بنانا : نکما کر دینا۔ (۳۰) جوتے کے پنجے کو اٹھانا۔

Spring : (v) (۱) لچکدار بنانا۔ (۲) کمانی لگانا۔

Spring- : جزو ترکیبی بمعنی "اچھلنا" : "جست لگانا"۔

Spring balance : (n) کمانی دار ترازو۔

Spring-beam : (n) (۱) شہتیر جو بلا کسی سہارے کے دور تک چلا گیا ہو۔ (۲) لچکدار سلاخ جو کمانی دار پتھوڑے میں لگی ہوتی ہے۔

Spring beauty : (n) ایک قسم کا پودا۔

Spring bed : (n) کمانی دار پلنگ۔

Spring beetle : (n) کٹ بھونرا۔

Spring board : (n) کمانی دار تختہ : چھلانگ (مارنے کا) تختہ۔

Spring-bok : (n) (۱) جنوبی افریقہ کا غزال۔ (۲) (جمع) جنوبی افریقہ والے۔

Spring-buck : (n) دیکھو Spring-bok

Spring-catch : (n) کمانی دار اڑانی ۔

Spring chicken : (n) تین پونڈ وزن کا مرغ ۔

Spring clean : (v) اچھی طرح صفائی کرنا ۔

Spring-clean : (n) کسی جگہ کی مکمل صفائی کرنا ۔

Spring-cleaning : (n) دیکھو Spring-clean

Spring-flood : (n) موسم بہار میں آنے والا سیلاب ۔

Spring-grass : (n) برطانیہ کی ایک قسم کی گھاس ۔

Spring (-) gun : (n) چور بندوق : بھری بندوق جو کسی آدمی یا جانور کے ٹھکرانے یا اس تار وغیرہ کے لمس سے جو اس کے گھوڑے میں لگا رہتا ہے فوراً چل جاتی ہے : یہ چور شکاریوں یا چھپے چوری گھس آنے والوں کے لئے چھپا کے رکھ دی جاتی ہے) ۔

Spring hare : (n) جنوبی افریقہ کا چھلانگ لگانے والا خرگوش ۔

Spring-head : (n) دریا کا منبع : سوتا : سر چشمہ ۔

Spring-herring : (n) بوزہ ماہی : ایک قسم کی امریکی مچھلی جو ہیرنگ سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Spring-jack : (n) دیکھو Spring-beetle

Spring-lock : (n) کمانی دار تالا ۔

Spring pottage : (n) تازہ سبز ترکاریوں کا شوربہ یا شوربے دار سالن ۔

Spring soup : (n) تازہ سبز ترکاریوں کا سوپ ۔

Spring-tail : (n) جست دمہ : بعض قسم کے جست لگانے والے کیڑے ۔

Spring-tide : (n) (۱) بہار : موسم بہار ۔ (۲) مہ کا مل : جوار جو ہر مہینے ہلال اور بدر کامل کے بعد ہوتا ہے ۔ (۳)(مجازاً) کسی چیز کی افراط : بہت بڑی مقدار ۔

Spring(-) time: (n) (۱) موسم بہار ۔ (۲) جوانی : نوجوانی ۔

Spring(-) warer : (n) چشمے کا پانی : سوتے کا پانی ۔

Spring-well : (n) چشمہ : کنواں : سرچشمہ ۔

Spring-wood : (n) (۱) بہار میں اگنے والا جنگل یا جھاڑی ۔ (۲) چھوٹے درختوں یا جھاڑیوں کا جنگل ۔ (۳) وہ حلقہ یا لکڑی کی تہ جو درخت میں ہر سال پیدا ہوتی ہے ۔

Springal(d) : (n) نو عمر لڑکا ۔

Springal(d) : (a) نو عمر : نوجوان ۔

Springbok : (n) [Du. 'Springen'.] دیکھو Spring-buck

Springe : (n) [OE. 'Sprencg'.] پھندا : لاسا (چھوٹے جانوروں کے شکار کے لئے) ۔

Springe : (v) (۱) پھندے سے شکار کرنا ۔ (۲) پھندا لگانا : جال بچھانا ۔

Springer : (n) (۱) اچھلنے والی مچھلی خصوصاً سمندر سے دریا میں آنے والی سامن مچھلی ۔ (۲) دیکھو Springbok ۔ (۳)اچھلنے والا : جست لگانے والا ۔ (۴) ڈاٹ : محراب کا وہ حصہ جہاں سے گولائی شروع ہوتی ہے : اس حصے کا سب سے نیچے کا پتھر : مانگ یا چھجے کا سب سے نچلا پتھر : محراب چھت یا قبے کی ڈاٹ ۔ (۵) بڑی قسم کا اسپینیل کتا ۔ (۶) سرنگ اڑانے والا ۔ (۷) حاملہ گائے ۔

Springhalt : (n) گھوڑے کی پچھلی ٹانگ جس میں جھٹکا آگیا ہو ۔

Springily : (adv.) لچک دار طور پر ۔

Springiness : (n) لچک ۔

Springing : (n) (۱) اچھلنا : جست : زقند ۔ (۲) (تعمیرات) محراب کا خم (وہ حصہ جہاں سے خم شروع ہوتا ہے) ۔ (۳)کمانی بندی ۔ (۴) تنے کا وہ حصہ جہاں شاخ پھوٹتی ہے ۔ (۵)سرنگ اڑانا ۔

Springingly : (adv.) اچھلتے ہوئے : لچکدار طور پر ۔

Springle : (n) پھندا : جال : لاسا ۔

Springless : (a) بے لچک : بے کمانی : بے چشمہ ۔

Springlet : (n) چھوٹا سا چشمہ یا حوض ۔

Springlike : (a) (۱) موسم بہار جیسا : بہاری : موسم بہار کا ۔ (۲) کمانی جیسا ۔

Springy : (a) (۱) چشمہ دار ؛ سوتادار ۔ (۲) لچک دار ؛ لچک کر ابھرنے والا ۔

Sprinkle : (n) (۱) چھڑکاؤ ۔ (۲) وہ شے جو چھڑکی جائے ؛ برکی ؛ چلکی ۔ (۳) خفیف سی بارش ؛ بوندا باندی ۔ (۴) چھینٹ ؛ چتی دار بنانا ۔

Sprinkle : (v) [(M)Du. 'Sprenkelen'.] (۱) چھڑکنا ؛ برکنا ۔ (۲) (مجازاً) بکھیرنا ؛ منتشر کرنا ۔ (۳) چھوٹے چھوٹے قطاروں میں اڑ جانا ۔ (۴) گلدار بنانا ؛ چتی دار بنانا ؛ چتلا بنانا ۔ (۵) خفیف بارش ہونا ؛ ترشح ہونا ۔ (۶) (مجازاً) صاف کرنا ؛ تطہیر کرنا ۔

Sprinkler : (n) چھڑکنے والا ؛ چھڑکنے کا ظرف یا آلہ وغیرہ ۔

Sprinkling : (n) (۱) خفیف چھڑکنا یا برکنا ۔ (۲) (مجازاً) خفیف مقدار یا تعداد ؛ چند ؛ ادھر ادھر ؛ منتشر ۔

Sprinkling can : (n) پھولوں کے تختے پر پانی چھڑکنے والا ڈول ۔

Sprint : (n) بگ ٹٹ دوڑ ۔

Sprint : (v) [ON. 'Sprinta'.] تھوڑی دور بگٹٹ دوڑنا ؛ سرپٹ دوڑنا ۔

Sprinter : (n) بگ ٹٹ دوڑنے والا ۔

Sprinting : (n) بگ ٹٹ دوڑنا ۔

Sprit : (n) [OE. 'Sprest'.] (۱) ڈنڈا ؛ بانس ؛ بلی (خصوصاً جس کو اڑا کر ناؤ چلاتے ہیں) ۔ (۲) (بحری) چھوٹی بلی جو مستول سے بادبان کی چوٹی کے بیرونی گوشے تک ترچھی پہنچتی ہے ۔

Sprit : (n) [OE. 'Sprittan'.] (۱) کونپل ؛ سوئی ؛ انکوا ۔ (۲) کورے کپڑے پر کا چھوٹا دھبا ۔

Sprit : (v) پھوٹنا ؛ لگنا ؛ سوئے نکلنا ۔

Sprite : (n) جن ؛ پری ؛ بھوت ؛ پریت ؛ خبیث روح ۔

Spritsail : (n) (۱) تکونی بادبان جو Sprit کے سہارے پھیلا ہوتا ہے ۔ (۲) وہ بادبان جو اُس Sprit کے سہارے پھیلا ہوتا ہے جو Bow sprit کے ساتھ لگا رہتا ہے ۔

Spritsail-yard : (n) سہارے کی بلی جو Bow sprit کے نیچے لگی رہتی ہے ۔

Spritz : (v) [G. 'Schpritze'.] فوارہ ؛ چھڑکاؤ ۔

Spritzer : (n) [G. 'Spritzen'.] سفید شراب اور سوڈا پانی کا مرکب ۔

Sproat/ Sprot hook : (n) [f. W. H. Sproat,the inventer.] ایک قسم کا مچھلی پکڑنے کا چھوٹا کانٹا ۔

Sprocket : (n) [Origin unkn.] (۱) پہیے کا دندانہ (جیسے بائیسکل وغیرہ کا) ؛ زنجیر گیرندہ ۔ (۲) لکڑی کا تکونا ٹکڑا جو فریم بنانے میں کام آتا ہے ۔ (۳) (حیاتیات) لنگور کے چرخ کا دندانہ ۔ (۴) دندانہ دار پہیا ۔

Sprocket wheel : (n) دندانہ دار پہیا ۔

Sprot : (n) [Origin unkn.] دوسرے سال کی سامن مچھلی ۔

Sprout : (n) (۱) کونپل ؛ انکوا ؛ سوا ؛ نبتہ ؛ فرعی کلی ۔ (۲) (مجازاً) شریف خاندان کا نو عمر لڑکا ۔ (۳) نئی پیداوار ؛ نئی شکل ؛ نئی صورت ۔ (۴) کرم کلہ وغیرہ کا نیا پتّا ؛ کرم کلے کی ایک قسم ۔

Sprout : (v) [ME. 'Sprutten'.] (۱) پھوٹنا ؛ اگنا ؛ کلے نکلنا ؛ سوئے نکلنا ؛ کلیانا ۔ (۲) سوئے نکالنا ؛ کلے نکالنا ؛ شاخیں نکالنا ۔ (۳) (آدمی کا) پیدا ہونا ؛ وجود میں آنا ۔ (۴) (آلو کے اکوے کو) رگڑ کر توڑنا ۔ (۵) گرم ہو کر پھیل جانا ۔ (۶) سہارا دینا یا بڑھانا ۔

Sprout-cell : (n) نبتہ خلیہ ۔

Sproutling : (n) چھوٹا انکوا ؛ چھوٹی شاخ ۔

Spruce : (n) [Alternation of Pruce.] قسم صنوبر ۔

Spruce : (a) صاف ستھرا (پوشاک اور صورت میں) ؛ بنا ٹھنا ؛ بنا سنورا ۔

Spruce : (v) بناؤ سنگھار کرنا ؛ بننا ٹھننا ۔

Spruce beer : (n) بیر شراب جو صنوبر کے پتوں سے بنائی جاتی ہے ۔

Spruce borer : (n) صنوبر کے درخت پر حملہ کرنے والا ایک کیڑا ۔

Spruce-bud : (n) صنوبر کے درخت میں لگنے والا کیڑا ۔

Spruce fir : (n) قسم صنوبر ؛ جھاؤ ۔

Spruce grouse / -partridge : (n) کناڈا کا تیتر ۔

Sprucely : (adv.) صاف ستھرے طور پر ؛ بن سنور کر ۔

Spruceness : (n) بناؤ سنگھار۔

Sprucy : (a) دیکھو Spruce

Sprue : (n) [Du. 'Spruw'.] سنگرہنی : گرم ممالک کا ایک مرض جس میں منہ ، حلق اور انتڑیوں میں سوزش پیدا ہو جاتی ہے۔

Sprue : (n) [Origin unkn.] (۱) نالی یا چھید جس میں سے پگھلی ہوئی دھات قالب میں ڈالی جاتی ہے ۔ (۲) دھات کا وہ حصہ جو نالی یا چھید میں رہ جائے ۔

Sprue : (n) [Origin unkn.] گھٹیا قسم کی اسپریگس (ایک ترکاری) ۔

Sprug : (n) [Origin unkn,] عام گویّا۔

Spruit : (n) [Du.] نالا : جھرنا جو صرف موسم باراں میں رواں رہتا ہے ۔

Sprung : (a) (۱) نکالی ہوئی چیز ۔ (۲) پھٹا ہوا ۔ (۳) اڑایا ہوا ۔

Sprung rhythm : (n) قرون وسطیٰ کے سر حرفی شعر پر مبنی ایک جدید نظمی ترنم ۔

Sprung weight : (n) وزن جو کمانی کے سہارے پر ہو ۔

Sprunt : (v) [f. Sprent and Sprint.] اچھلنا : اچھل پڑنا : بھڑکنا ۔

Sprunt : (n) چمک : بھڑک : جست : زقند ۔

Spry : (a) [Origin unkn.] (۱) چست : چالاک : پھرتیلا : مستعد ۔ (۲) بنا سنورا : بنا ٹھنا : خوش پوشاک ۔

Spryly : (adv.) چستی سے : مستعدی سے : پھرتی سے ۔

Spryness : (n) چستی : مستعدی : پھرتیلا پن ۔

Spud : (n) [Origin unkn.] (۱) کھرپا : کھرپی : بیلچہ : چھوٹا پھاؤڑا ۔ (۲) کوئی چھوٹی سی موٹی چیز ۔ (۳) آلو ۔ (۴)کوئی چھوٹی ملانے والی چیز ۔ (۵) (تیل کے کنویں کی) ضرب کے ذریعہ سوراخ کرنا ۔ (۶) جراحی کا ایک آلہ۔

Spud : (v) (۱) کھرپا کے ذریعہ زمین کو کھودنا ۔ (۲) (تیل کا کنواں کھودنے میں)خاص ترکیب سے سوراخ کرنا ۔

Spudder : (n) (۱) تیل کا کنواں کھودنے والی مشین چلانے والا ۔ (۲) چھال چھیلنے کا آلہ ۔

Spudder : (a) فربہ : موٹا تازہ : لحیم شحیم ۔

Spuffle : (v) بھاگ دوڑ کرنا : دوڑ دھوپ کرنا : ہلچل مچانا ۔

Spule : (n) دیکھو Spool

Spule : (n) [Alter of 'Sapuld'.] کاندھا : مونڈھا : شانہ ۔

Spule-bane : (n) شانہ کی ہڈی : کتف ۔

Spulyie : (v) [OFr. 'Espoillier'.] (۱) لوٹنا : چھین لینا : محروم کر دینا ۔ (۲) غارت گری کرنا : لوٹ کھسوٹ کرنا ۔ (۳)مالِ غنیمت سمجھ لینا ۔

Spulyie : (n) مال غنیمت : لوٹ کا مال ۔

Spulzie : (v) [ME. 'Spulzien'.] تاخت و تاراج کرنا : لوٹ کھسوٹ کرنا ۔

Spulzie : (n) لوٹ کا مال : مال غنیمت ۔

Spume : (n) [OFr. '(c)spume'.] جھاگ : کف : پھین ۔

Spume : (v) جھاگ لانا یا نکالنا : کف نکالنا ۔

Spumescence : (n) جھاگ دار : جھاگ سے مشابہ ۔

Spumescent : (a) جھاگ دار : جھاگ سے مشابہ۔

Spumoid : (a) دیکھو Alveolar

Spumose : (a) جھاگ کے متعلق : جھاگ بھرا : جھاگ دار ۔

Spumous : (a) [L. 'Spumosus'.] دیکھو Spumose

Spumy : (a) جھاگ دار ۔

Spumy : (a) جھاگ دار ۔

Spun : (a) کاتا ہوا ۔ (۲) (مکھن یا چینی) دھاگا کی شکل میں بنایا ہوا ۔ (۲) طویل : دراز ۔ (۳) تھکا ہوا : خستہ ۔

Spun-gold : (n) ریشم کا دھاگا جس کے گرد سونے کا تار لپٹا رہتا ہے۔

Spun-silk : (n) ادنیٰ قسم کا ریشم ۔

Spun-silver : (n) ریشم کا دھاگا جس کے گرد چاندی کا تار لپیٹا رہتا ہے ۔

Spun (-) yarn : (n) (۱) کاتا ہوا سوت ۔ (۲) (بحری) دو یا زیادہ سوت سے بنٹا ہوا رسہ ۔ (۳) دو یا زیادہ سوت کی رسی ۔

Spung : (n) [Me. 'Spunge'.] دیکھو Purse

Spung : (v) دیکھو Rob

Spunge : (v) دیکھو Rob

Spunk : (n) [Origin unkn.] (۱) چنگاری ؛ شرارہ ؛ شرر ۔ (۲) لکڑی کا سوختہ ؛ دیا سلائی وغیرہ جو اس سے بنتی ہے ۔ (۳)ایک قسم کا سما روغ ۔ (۴) دیا سلائی ۔ (۵) دلیری ؛ جرأت ؛ جیوٹ ؛ دم خم ۔

Fellow, man etc. of (:) spunk : دلیر آدمی ؛ جیوٹ آدمی ۔

Spunk : (v) (۱) ظاہر ہونا ۔ (۲) اپنے حق پر جمے رہنا ۔

Spunkie : (n) (۱) اگیا بیتال ؛ غول بیابانی ۔ (۲) شراب ۔ (۳) پر جوش آدمی ؛ بھلا آدمی ؛ تند مزاج شخص ۔

Spunkily : (adv.) دلیری سے ؛ جرأت سے ۔

Spunkiness : (n) دلیری ؛ جرأت ۔

Spunky : (a) (۱) دلیر ؛ جیوٹ ؛ جرأت مند ۔ (۲) چمکیلا ۔ (۳)تند مزاج ؛ تنک مزاج ؛ زود رنج ؛ چڑچڑا ۔

Spour : (n) [OE. 'Spora, Spura'.] (۱) مہمیز ؛ مہمیز کی زاردار پھرکی ؛ سواری کے کانٹے کا نیچے والا پہیا ۔ (۲)(مجازاً) محرک ؛ تحریک ۔ (۳) مہمیز کی ہم شکل چیز مثلاً مرغ کی ٹانگ کا خار ؛ کانٹا یاخول جو لڑائی کے وقت اس خار پر باندھ دیتے ہیں ۔ (۴) پہاڑی سلسلے کا ایک طرف نکلا ہوا حصہ ؛ شاخ کوہ ۔ (۵) (نقابت) مہمیز کی تصویر ۔ (۶) جوتے کے تلے کی میخ ۔ (۷) ایک دیوار جو فیصل کو اندر کی عمارتوں سے ملاتی ہے ؛ پشتہ دیوار ۔ (۸) ثمر ساق ؛ شکیزہ (بعض پھولوں میں مہمیز نما حصہ باہر کو نکلا ہوا ۔ (۹) ٹھونٹھی ۔ (۱۰)(مرضیات) جسم کے کسی حصے پر مہمیز نما ابھار۔ (۱۱) آڑ ؛ خصوصاً وہ لکڑی جو چھت وغیرہ کو سہارا دینے کے لئے ترچھی لگائی جاتی ہے ۔ (۱۲) (بحری) خمیدہ شہتیر جو نصف شہتیر کا کام دیتی ہے اور عرشے کو سہارا دیتی ہے ۔ (۱۳) (بحری) وہ لکڑی یا شہتیر جو جہاز کے افقی حصے میں لگی رہتی ہے اور ایک سرے سے جہاز کے پہلو میں لگی رہتی ہے ۔ (۱۴)جڑ ۔ (۱۵) ریلوے لائن وغیرہ کی شاخ ۔

Gift spurs : نائیٹ (Knight) کا امتیازی نشان ۔

On or upon the spur : پوری رفتار سے ؛ بہت جلد ؛ انتہائی سرعت سے ۔

On (or upon) the spurs of the moment : فوراً؛ فی البدیہہ ؛ بے سوچے سمجھے ۔

To put spurs to/ -set- : مہمیز کرنا ؛ ایڑ لگانا ۔

To win one's spurs : (۱) نائٹ کا رتبہ حاصل کرنا ۔ (۲) (مجازاً) شہرت حاصل کرنا ؛ نام کرنا ۔

Spur : (v) [Me. 'Spure, Spore'.] (۱) گھوڑے کو مہمیز کرنا ؛ ایڑ لگانا ۔ (۲) باعث تحریک ہونا ؛ ترغیب دینا ؛ اکسانا ۔ (۳) مہمیز باندھنا (بوٹ میں) ۔ (۴) مرغ کی ٹانگ میں خار لگانا ۔ (۵) گھوڑی تیز شوڑانا ۔ (۶) جلدی کرنا ؛ تیزی سے جانا ۔ (۷) لات مارنا ؛ ٹھکرانا ۔ (۸) مرغ کا خار سے حملہ کرنا ۔ (۹) خار سے مار کر زخمی کرنا (پرندے کو) ۔ (۱۰) آڑ لگانا ۔ (۱۱) ٹہنی کو تنے کے پاس سے کاٹ دینا ۔ (۱۲) اناج روگ لگ جانا ۔

Spur : (n) [Alter of 'Spoor'.] (۱) گھوڑے کو مہمیز کرنا ؛ ایڑ لگانا ۔ (۲) باعث تحریک ہونا ؛ ترغیب دینا ؛ اکسانا ۔ (۳)مہمیز باندھنا (بوٹ میں) ۔ (۴) مرغ کی ٹانگ میں خار لگانا ۔ (۵) گھوڑا تیز دوڑانا ۔ (۶) جلدی کرنا ؛ تیزی سے جانا ۔ (۷) لات مارنا ؛ ٹھکرانا ۔ (۸) مرغ کا خار سے حملہ کرنا ۔ (۹) خار سے مار کر زخمی کرنا (پرندے کو) ۔ (۱۰)آڑ لگانا ۔ (۱۱) ٹہنی کو تنے کے پاس سے کاٹ دینا ۔ (۱۲)اناج روگ لگ جانا ۔

Spur : (n) [Altrer of Spoor.] سراغ ؛ بو کھوج (خصوصاً جانور کا) ۔

Spur-dog : (n) گھڑ سوار کے جوتے کی خاص قسم کی ایڑی جس میں مہمیز کے کنارے سے جڑ دئے جاتے ہیں ۔

Spur-fowl : (n) ایک قسم کی سگ ماہی ۔

Spur-gear/ -gearing : (n) دندانہ دار گیرہ ۔

Spur-leather : (n) مہمیز باندھنے کی چمڑے کی پٹی ۔

Spur-line : (n) ضمنی ریلوے لائن ۔

Spur-nut : (n) چھوٹا دندانے دار گیرہ ۔

Spur-pepper : (n) جزائر شرق الہند کی سیاہ مرچ ۔

Spur-rowel : (n) مہمیز کی خار دار پھرکی ۔

Spur-royal / -rial : (n) جیمس اول کے عہد کا ایک طلائی سکہ جس پر مہمیز نما سورج سے کرنیں نکلتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں)۔

Spur-track : (n) ضمنی ریلوے لائن : بغلی پٹری۔

Spur way : (n) وہ راستہ جس پر گھوڑے جا سکیں اور گاڑیاں وغیرہ جا سکیں۔

Spur-wheel : (n) دندانہ دار گیرہ : دندانہ دار پہیہ۔

Spur-wing : (n) ایک قسم کی بط۔

Spur-winged : (a) ایک یا زیادہ مہماز دار پروں والا۔

Spur-wort : (n) ایک پودا جس میں پتوں کے گچھے مہمیز کی پھرکی کی شکل کے ہوتے ہیں : دوناس : مجیٹھ۔

Spurdog : (n) ایک قسم کی سگ ماہی۔

Spurge : (n) [OFr. 'Espurge'.] فرفیون : فربیون : پودوں کی قسم جس میں چڑچڑا دودھیا رس ہوتا ہے۔

Spurge flax : (n) ایک قسم کا پودا۔

Spurge-laurel : (n) مادریون: ایک قسم کی جھاڑی جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے۔

Spurge-nettle : (n) ایک قسم کا پودا۔

Spurge-olive : (n) ایک پودے کا نام۔

Spurgewort : (n) پودوں کی ایک جنس۔

Spurious : (a) ['Spurius' + -ous.] (۱) کھوٹا : جھوٹا : بناوٹی : مصنوعی : جعلی : نقلی۔ (۲) (حیوانیات) شباہت میں کسی عضو سے ملتا ہوا مگر فعل میں غیر یا فعل میں مشابہ مگر شکل میں غیر۔ (۳) غیر مستند : نقلی (تحریر وغیرہ)۔ (۴) خارج الاصل : خارج از : غیر متعلق۔ (۵)مشتبہ : غیر حقیقی : نقلی۔ (۶) کاذب۔

Spuriously : (adv.) جعلی : مصنوعی یا نقلی طور پر۔

Spuriousness : (n) جعل : جعلی پن : کھوٹا پن۔

Spurless : (a) بے مہمیز : بے مشکیزہ۔

Spurling : دیکھو Sparling

Spurling line : (n) ڈوری جو پتوار میں لگی رہتی ہے اور اسی کی حالت کو مظہار پر بناتی رہتی ہے۔

Spurling pipe : (n) وہ نلی جس سے لنگر کی زنجیر گذر کر جہاز کے عرشے کی نیچے جاتی ہے۔

Spurn : (n) (۱) لات مارنا : ٹھوکر۔ (۲) حقارت : حقارت سے دیکھنا۔

Spurn : (n) (۱) ترچھا آڑ واڑ۔ (۲) (کان کنی) کوئلے کا چھوٹا پایہ جو چٹ میں عارضی سہارے کے طور پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔

Spurn : (v) [OE. 'Spurnan'.] (۱) لات مارنا : ٹھوکر مارنا : پیروں سے کچلنا۔ (۲) مسترد کرنا : ٹھکرانا۔ (۳)ذلی یا حقارت سے دیکھنا یا برتاؤ کرنا : اہانت یا تحقیر کرنا : ذلت یا حقارت سے رد کرنا۔ (۴) حقارت سے رد کرنا : ٹھکرانا۔

Spurner : (n) ذلت یا حقارت سے رد کرنے والا یا رکھنے والا۔

Spurred : (a) (۱) مہمیز لگاتے ہوئے۔ (۲) خار دار۔ (۳) (نباتیات) شکیزہ دار۔ (۴) روک لگا (رئی)۔

Spurrer : (n) ترغیب دینے والا : اکسانے والا۔

Spurrier : (n) مہمیز ساز۔

Spurry/ Spurrey : (n) [Du. 'Spurrie'.] پنک (Pink) پودے کی اقسام۔

Spurt : (n) [Origin unkn.] (۱) لمحہ : مختصر عرصہ۔ (۲)تھوڑی دیر کے لئے جان توڑ کوشش یا سر گرمی۔ (۳)تھوڑی دیر کے لئے تیز چلنا۔ (۴) تجارت میں اچانک ترقی قیمتوں کا اچانک بڑھ جانا۔ (۵) (بحری) ہوا کا ایک جھونکا۔

By spurts / In- : جان توڑ کوشش کے ساتھ۔

Spurt : (n) [var. of Spirt.] (۱) دھارا : فوارہ۔ (۲) (قلم کا) چھینٹا۔ (۳) طوفان : ہیجان : سیلاب۔

Spurt : (v) (۱) ہمت بندھانا : دل بڑھانا : خوش کرنا : بشاش کرنا۔ (۲) تیز کرنا : تند بنانا۔

Spurt : (v) تھوڑی دیر کے لئے جان توڑ کوشش کرنا : پوری ہمت صرف کر دینا۔

Spurt : (v) پھوٹنا : اگنا : شاخیں پھینکنا۔

Spurtive : (a) اچانک : تشنجی : ناگہانی : فوری۔

Spurtle : (v) [f. Spurt + -le.] چھینٹے اڑانا : فوارہ بہانا ۔

Spurtle : (n) [Origin unkn.] (۱) چپٹا چمچہ سے مشابہ ایک ظرف جس سے کھانے کو انڈیلتے ہیں ۔ (۲) ڈوئی ۔ (۳)تلوار ۔

Sputnik : (n) [Russ.] تابع : قمر : مصنوعی قمر یا سیارہ ۔

Sputter : (n) (۱) چھینٹا : چھپاکا ۔ (۲) جلدی یا گھبراہٹ کی بات چیت ۔ (۳) دھماکا کے ساتھ چھترا جانا : ایسے دھماکے کی آواز : تھو تھو کی آواز ۔

Sputter : (v) [Du. 'Sputteren'.] (۱) تھو تھو کر کے منہ سے خارج کرنا ۔ (۲) جلدی جلدی یا بے ربط بولنا یا کہنا : بڑبڑانا ۔ (۳) جوش یا گھبراہٹ میں کچھ کہنا ۔ (۴) چرچر کی آواز دینا (جلنے کی آواز) ۔

Sputteringly : (adv.) بے ربطی سے : جلدی جلدی ۔

Sputtery : (a) جلد جلد بولنے والا : بے ربط گفتگو کرنے والا : یکایک بول اٹھنے والا ۔

Sputum : (n) [L.] تھوک : لعاب دہن : رال : کھنکھار : بلغم ۔

Spy : (n) (۱) جاسوس : مخبر : خفیہ پولس ۔ (۲) جاسوسی : مخبری ۔

Spy : (v) [OFr. 'Espier'.] (۱) دریافت کرنا : معلوم کرنا : شناخت کرنا : پہچان لینا ۔ (۲) جاسوسی کرنا : مخبری کرنا : خفیہ طور پر نظر رکھنا ۔ (۳) جانچنا : مشاہدہ کرنا : دیکھنا ۔ (۴) تفتیش کرنا : جانچنا (دور بین سے) ۔ (۶)نظر رکھنا (خصوصاً دوربین کے ذریعہ) : انتظار میں رہنا : نگرانی کرنا : نگہبانی کرنا ۔

Spy- : جزو ترکیبی بمعنی "جاسوس" : "خفیہ" ۔

Spy-glass : (n) چھوٹی سی دور بین ۔

Spy-hole : (n) چھوٹا سا سوراخ نظر بچا کر دیکھنے کے لئے ۔

Spy-money : (n) جاسوسی یا مخبری کی اجرت ۔

Spy-Wednesday : (n) (آئرستان میں) ایسٹر اتوار سے پہلے بدھ کا دن ۔

Spuyism : (n) چھوٹا سا سوراخ نظر بچا کر دیکھنے کے لئے ۔

Squab : (n) [Of uncertain origin.] (۱) چوزہ : پٹھا : پرندے کا بچہ جس کے پر ابھی نہ نکلے ہوں : (خصوصاً) کبوتر کا بچہ ۔ (۲) (مجازاً) نو عمر لڑکا ۔ (۳) پست قد کا موٹا آدمی ۔ (۴) صوفا : گدی دار چوکی یا کوچ ۔ (۵) (کرسی یا صوفا پر بچھانے کی) موٹی یا نرم گدی : گاڑی میں لگائی جانے والی گدی : گدی (خصوصاً) موٹر گاڑی کی نشست کی پشت ۔

Squab : (a) (۱) چھوٹا مگر موٹا : ناٹا اور موٹا : پست قد مضبوط ۔ (۲) موٹا اور بھدا ۔ (۳) نو عمر : نو زائیدہ : جس کے پر پرزے ابھی نہ نکلے ہوں ۔

Squab : (v) (۱) کچلنا : نچوڑنا : گودا نکالنا : مسلنا : بھیچنا ۔ (۲) بھرنا : ٹھونس ٹھونس کر بھرنا : ٹھونسنا ۔ (۳)دھڑام سے گرنا : مضبوطی سے لٹکنا ۔ (۴) بیٹھنا ۔

Squab : (adv.) دھڑام سے : دھم سے : یکایک دھڑام سے گرتے ہوئے ۔

Squab : (v) (۱) گرانا : چھلکانا : چھلکنا : گرنا ۔

Squab-chicken : (n) چوزہ (جس کا وزن ایک سے سوا پاؤنڈ تک ہو اور جو صرف ایک آدمی کے لئے کافی ہو) : بے پر پٹھا ۔

Squab-pie : (n) بکرے کا گوشت ، پیاز اور سیب کی پائی (کھانا) ۔

Squabash : (n) [A combination of Squash and Bash.] کاری ضرب : کچلنا ۔

Squabash : (v) (۱) کچلنا : کچل دینا : مسل دینا : برباد کرنا ۔ (۲) سخت نکتہ چینی کرنا ۔

Squabbed : (a) چھوٹا مگر موٹا (آدمی) : پست قد موٹا ۔

Squabber : (n) وہ کبوتر جسے تجارتی طور پر افزائش نسل کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Squabbish : (a) کسی قدر موٹا اور پست قد ۔

Squabble : (n) [Imitative.] (۱) ادنیٰ تکرار : جھڑپ : جھپٹ : جھگڑا ٹنٹا ۔ (۲) نزاع : اختلاف رائے (دو جماعتوں کے درمیان) ۔

Squabble : (v) (۱) تکرار ہو جانا یا کرنا : جھگڑا کرنا : جھڑپ ہو جانا ۔ (۲) (طباعت) جمائے ہوئے ٹائپ کو بے ترتیب کر دینا : الٹ پلٹ کر دینا : (ٹائپوں کا) گڈ مڈ ہو جانا : بے ترتیب ہو جانا ۔

Squabbler : (n) جھگڑالو ۔

Squabbly : (adv.) تکرار کرتے ہوئے : جھڑپ کے طور پر ۔

Squabby : (a) چھوٹا اور موٹا : گداز جسم کا : گٹھا ہوا : ٹھوس ۔

Squacco : (n) [It. 'Sguacco'.] جنوبی یورپ ، افریقہ اور ایشیا کا چھوٹی کلغی دار بگلا ۔

Squad : (n) [Fr. 'Escouade'.] (۱) (فوج) دستہ جو قواعد وغیرہ کے لئے جمع ہو ۔ (۲) مختصر جماعت ؛ ٹکڑی ؛ جتھا ۔ (۳) مخصوص جماعت یا حلقہ (اشخاص کا) ۔ (۴) آگ بجھانے والوں کی معاون جماعت جو خاص قسم کے آلات سے لیس ہوتی ہے ۔

Awkward squad : نئے رنگروٹ (نیز مجازاً) ۔

Squad : (v) (۱) جماعت بندی کرنا ؛ دستوں میں بانٹنا ۔ (۲) کسی دستہ یا جماعت کے سپرد کرنا یا اس کے لئے مقرر کرنا ۔ (۳) دستے میں ترتیب دینا ۔

Squad car : (n) لاسلکی فون سے لیس پولس کی گاڑی جس کے ذریعہ وہ صدر مقام سے رابطہ قائم رکھتے ہیں ۔

Squad leader : (n) فوجی دستے کا نگراں غیر کمیشن یافتہ افسر ۔

Squad room : (n) (۱) سپاہیوں کی قیام گاہ ۔ (۲) (تھانے کا) وہ کمرہ جس میں حاضری یا ڈیوٹی مقرر کرنے کے لئے پولس والے جمع ہوتے ہیں ۔

Squad tent : (n) خیمہ جس میں فوج کا ایک دستہ رہ سکتا ہے ۔

Squadder : (n) پولس کے دستے کا رکن ۔

Squadrol : (n) [Blend of Squad + patrol.] ایک قسم کی موٹر گاڑی جس کو پولس والے Squad car اور بیمار گاڑی دونوں طرح سے استعمال کرتے ہیں ۔

Squadron : (n) [It. 'Squadrone'.] (۱) (فوج) اسکواڈرن : فوجی تنظیم کی ایک اکائی ۔ (۲) سواروں کا دستہ جس میں ایک سو سے دو سو تک سوار ہوتے ہیں) ۔ (۳) جنگی جہازوں کا بیڑا جو ایک امیرالبحر کے ماتحت ہو : جنگی جہازوں کا بیڑا جو کسی مخصوص کام پر مقرر ہو : ہوائی جہازوں کی ایک مقرر تعداد (افسروں اور عملے کے دوسرے ارکان سمیت) ۔ (۴) آدمی یا جانوروں کی نسبتاً بڑی جماعت یا بڑا گروہ ؛ منظم مجمع ۔ (۵) کارد نالوں کی جماعت جو اساقفہ کے جلسے میں خاص فرقوں کے درمیان گھومتے رہتے ہیں ۔

Flying squadron : فوج یا پولس کا دستہ جو تیز نقل و و حرکت کر سکے ۔

Squadron-commander : (n) فضائیہ کا ایک افسر جو فوج کے میجر کے عہدے کے برابر ہوتا ہے ۔

Squadron-leader : (n) دیکھو Squadron-commander

Squadroned : (n) اسکواڈرن میں تشکیل دیا ہوا ۔

Squagga : (n) [Native name in Australia.] ایک قسم کا آسٹریلیائی قشریہ جس کا رنگ سرخ اور لمبائی آٹھ انچ تک ہوتی ہے ۔

Squail : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک قسم کا کھیل جو نَو میخوں سے کھیلا جاتا ہے ۔ (۲) ایک کھیل جو چھوٹی چھوٹی لکڑی کی گوٹیوں سے گول میز پر کھیلا جاتا ہے : ان گوٹیوں کو ہتھیلی سے اس نشان کی طرف ٹھیلتے ہیں جو میز کے بیچ میں ہوتا ہے ۔ (۳) اس کھیل کی گوٹی یا کنکری ۔

Squail : (v) (۱) بھاری موٹھ کی چھڑی یا اس قسم کی کوئی چیز پھینکنا ۔ (۲) اس قسم کی چھڑی پھینک کر مارنا ۔ (۳) پھینک دینا ۔

Squailer : (n) بھاری موٹھ کی چھڑی جو بعض کھیلوں میں ، سیب توڑنے میں یا گلہریوں کے مارنے میں کام آتی ہے ۔

Squalid : (a) [L. 'Squalidus'.] (۱) غلیظ ؛ چرک ؛ گھنونا ۔ (۲) خستہ حال ۔ (۳) گندہ ؛ حقیر ؛ (صفت ، حالت وغیرہ) ۔ (۴) رذیل ؛ قابل نفرت ۔ (۵) غیر صحت مند ۔

Squalidity : (n) غلاظت ؛ غچلی پن ۔

Squalidity : (adv.) غلیظ طور پر ۔

Squalidness : (n) دیکھو Squalidity

Squaliform : (a) شارک یا سگ ماہی سے مشابہ ۔

Squall : (n) (۱) چیخنا ؛ چلانا ؛ چیخنے چلانے کی آواز ۔ (۲) چیخ کر بولنا یا بولنے کی عادت ۔

Squall : (n) (۱) ہوا کا تیز جھونکا ؛ جھکڑ یا آندھی (خصوصاً بارش، برف اور اولوں کے ساتھ) ۔ (۲) (مجازاً) ہل چل ؛ شورش ؛ فساد ؛ گڑ بڑ ؛ لڑائی ؛ جھگڑا ۔

Arched squall : خط استوا کے قریب کی آندھی یا طوفان جس میں قوسی شکل کے سیاہ بادل اچانک نمودار ہو جاتے ہیں ۔

Black squall : طوفان وغیرہ جس میں سیاہ بادل ہوں ۔

Thick squall : طوفان وغیرہ جو برف و باراں کے ساتھ ہو ۔

To look out for squalls : چوکنّا رہنا ؛ چوکس رہنا ؛ خطرے کی مدافعت کے لئے تیار رہنا ۔

White squall : طوفان وغیرہ جو صاف مطلع میں بادلوں کے بغیر نمودار ہو ؛ بے ابر طوفان ؛ سفید جھکڑ ۔

Squall : (v) [Prob. alt. of 'Squearl'.] (۱) چیخنا ؛ چلانا (تکلیف یا خطرے میں) ؛ جھلاہٹ یا گھبراہٹ میں کچھ چیخ کر کہنا ۔ (۲) کرخت آواز میں بولنا ؛ ناگوار آواز میں گانا ۔

Squall : (v) جھکڑ چلنا ۔

Squaller : (n) چیخنے چلانے والا (خصوصاً) بہت رونے چلانے والا بچہ ۔

Squally : (a) (۱) طوفانی ؛ آندھی یا جھکڑ کا ۔ (۲) زور کا (طوفان، جھکڑ وغیرہ) ۔ (۳) (مجازاً) پُر شور ؛ ہنگامہ خیز ؛ پُر آشوب ؛ خوفناک ۔

To look squally : پُر شور ہونا ؛ پُر آشوب نظر آنا ۔

Squalodon : (n) [mod. L.] (فوسلیات) متحجر فیل ماہیہ کی ایک جنس ۔

Squalodont : (n) متحجر فیل ماہیہ ۔

Squaloid : (a) شارک جیسا ؛ سگ ماہی کی مانند ؛ شارک نما ۔

Squaloid : (n) شارک کے خاندان کی کوئی مچھلی ۔

Squalor : (n) [L.] (۱) غلاظت ؛ نجاست ۔ (۲) بد اخلاقی ؛ بد اطواری ۔ (۳) (سماجیات) پستی ؛ غربت ۔ (۴) بونگاپن ؛ حماقت ۔

Squalus : (n) [L.] شارک ؛ سگ ماہی ؛ کلب البحر ۔

Squama : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) فلس ؛ کھپرا ۔ (۲) (مرضیات) جلد کے کسی بالائی حصے کا کھپرے کی شکل میں ابھر جانا ۔ (۳) (تشریح) ہڈی کا کھپرے جیسا حصہ ۔ (۴) (نباتیات) پوست ۔ (۵) بعض قشریوں کے قرن کی بیرونی شاخ ۔

Squamaceous : (a) فلس دار ؛ کھپرے دار ۔

Squamata : (n) [L.] (۱) رینگنے والے جانوروں کی ایک جنس جس میں سانپ اور چھپکلی وغیرہ شامل ہیں ۔ (۲) فلوسی جانور ۔

Squamate : (a) فلس دار ؛ کھپرے دار ۔

Squamation : (n) (۱) فلوسیت ؛ کھپرے دار ہونا ؛ فلس دار ہونا ۔ (۲) ترتیب فلوس ۔

Squame : (n) [OFr. 'Esquame' or L. 'Squama'.] فلس ؛ کھپرا ۔

Squamella : (n) چھوٹا کھپرا ؛ فلسچہ ۔

Squamellate : (a) فلسک پوش ؛ فلسچہ دار ۔

Squamelliferous : (a) فلسچہ دار ؛ فلسچہ بردار ۔

Squamiferous : (a) فلوس دار ۔

Squamiform : (a) فلس مانند ۔

Squamigerous : (a) دیکھو Squamiferous

Squamo- : جزو ترکیبی بمعنی "کھپرے سے مشابہ" ۔

Squamoid : (a) فلس دار ۔

Squamosa : (n) کنپٹی کی ہڈی کا کھپرے سے مشابہ حصہ ۔

Squamosal : (a) (۱) کنپٹی کی کھپرے سے مشابہ ہڈی سے متعلق ۔ (۲) کھپرے سے مشابہ (کنپٹی کی ہڈی) ۔

Squamosal : (n) کنپٹی کی کھپرے نما ہڈی ؛ عظم غشائی قحف ؛ بر عظم مربع ۔

Squamosa : (a) [L. 'Squamosus'.] (۱) کھپرے دار ؛ فلس دار ۔ (۲) دیکھو Squamous ۔

Squamoso- : جزو ترکیبی بمعنی "کھپرے دار" ۔

Squamous : (a) (۱) کھپرے دار ؛ فلوس دار ۔ (۲) فلوس سے مشابہ ؛ فلوس نما ؛ کھپرے سے مشابہ ۔ (۳) ورق دار ؛ پرت دار ۔

Squamous bone/ -part/ -portion : (n) کنپٹی کی ہڈی کا پتلا اور کھپرے سے مشابہ حصہ ۔

Squamously : (adv.) کھپرے دار طور پر ۔

Squamousness : (n) کھپرے دار ہونا ؛ فلوس دار ہونا ۔

Squamula : (n) [L.] فلسک ؛ فلسچہ ؛ چھوٹا کھپرا ۔

Squamulate : (a) فلسک پوش ؛ فلسچہ دار ۔

Squamulation : (n) کھپرے کی سی ترتیب ۔

Squamule : (n) فلسک ؛ فلسچہ ؛ چھوٹا کھپرا ۔

Squamuliform : (a) فلسچه نما ؛ فلسك سے مشابه .

Squamulose : (a) Squamulate دیکھو

Squander : (n) فضول خرچی ؛ اسراف ؛ پھونك دینا ؛ اُڑا دینا .

Squander : (v) [Origin unkn.] (۱) پھیلانا ؛ منتشر کرنا ؛ بکھیرنا ؛ پھیلانا . (۲) پھیلایا جانا ؛ منتشر کیا جانا . (۳)فضول خرچی کرنا ؛ اسراف کرنا ؛ پھونك دینا ؛ اُڑا دینا (روپیه، جائداد وغیره) . (۴) وقت ضائع کرنا . (۵) آواره پھرنا؛ آواره گردی کرنا ؛ مارے مارے پھرنا ؛ مٹر گشتی کرنا . (٦)منتشر هونا ؛ بکھر جانا ؛ پھیل جانا .

Squanderer : (n) فضول خرچ ؛مسرف ؛ اُڑا دینے والا .

Squandering : (a) فضول خرچ ؛ مسرف .

Squandering : (n) فضول خرچی ؛ اسراف .

Squanderingly : (adv.) اسراف کے ساتھ ؛ فضول خرچی سے .

Squandermania : (n) (حکومت کا) خبط اسراف ؛ اسراف مانیا .

Squarable : (a) قابل موافقت ؛ ٹھیك کئے جانے کے لائق ؛ مطابقت پذیر .

Squarable : (n) وہ شخص جسے کچھ دے دلا کر راضی کیا جا سکے .

Square : (n) [OFr. 'Esquire'.] (۱)مربع . (۲) مربع نما ؛ چوك . (۳) چوراہا ؛ شہر میں وہ کھلی جگه جس کے چاروں طرف عمارتیں ہوں (خصوصاً رہائشی اور عمده قسم کی) . (۴) کٹڑا جس کے چاروں طرف سڑك ہو . (۵)گنیا (برهئی کا آله زاویه قائمه درست کرنے کے لئے) . (٦)کسی عدد کا مربع . (۷) پیاده فوج بشکل مربع ایسے مرتب ہوں که ترچھے اور سیدھے یکساں پڑھے جائیں . (۹)معیار ؛ اصول . (۱۰) تقریباً ایك سو مربع فٹ جو فرش وغیره کا ایك پیمانه هے . (۱۱) (منطق) مربع شکل جس کے ذریعے منطق کی چاروں تقابلات کی تشریح کی جاتی هے. (۱۲) مربع ٹکڑا یا کندا وغیره ؛ شیشے کا چوکور ٹکڑا . (۱۳) زمین کا مربع یا چوکور قطعه . (۱۴)مربع یا چوکور قطعه . (۱۴) مربع یا چوکور عمارت؛ سلسلهٔ عمارت جس کے چاروں طرف سڑکیں ہوں. (۱۵)معاملات؛ امور ؛ واقعات . (۱٦) دیکھو Square dance . (۱۷)لنگر کے کندے کا اوپری حصه جس سے دسته جڑا ہوتا هے . (۱۸) کپاس کا بند پھول . (۱۹)کتاب کی جلد کا وہ حصه جو اوراق سے آگے نکلا رہتا هے . (۲۰) کاتنے کی مشین کا مضبوط آہنی فریم جس میں پھسلتا حصه جڑا رہتا هے. (۲۱) اَن مِل شخص؛ نیز دھوکا کھانے والا ؛ نا تجربه کار آدمی . (۲۲) (عام) دقیانوسی شخص ؛ قدیم وضع کا آدمی .

Back to (or in , on) square one : جہاں سے شروع کیا هے وہیں لوٹ کر آنا .

Hallow square : پیاده فوج بشکل مربع جس میں چاروں طرف آدمی ہوں اور بیچ میں سامان کے لئے خالی جگه ہو .

How (the) squares go : کیا معامله هے .

On the square : دیانت داری سے ؛ منصفانه یا بے لاگ طور پر ؛ مساویانه طور پر .

Out of square : (۱) غیر منظم طور پر . (۲) غیر قائمه طور پر .

Solid square : فوج کی مربع شکل میں ترتیب جس میں طول و عرض برابر ہوں .

To be on the square : فری میسن ہونا .

To break no square : یکساں ہونا ؛ فرق نه ہونا .

To break square : دیکھو Break (ذیلی) (v)

Square : (a) (۱)مربع شکل کا . (۲) مستطیل . (۳) جو کسی دوسرے کے ساتھ زاویه قائمه پیدا کرے . (۴) جس کی لمبائی ، چوڑائی اور اونچائی تقریباً برابر ہوں . (۵) گوشه دار ؛ کونا دار ؛ جو گول نه ہو . (٦) مرتب ؛ درست ؛ ٹھیك ٹھاك ؛ لیس . (۷) صاف صاف ؛ واضح ؛ قطعی . (۸) پورا پورا ؛ کامل . (۹) منصفانه ؛ دیانت دارانه ؛ ایماندارانه . (۱۰) برابر کا دعویٰ رکھنے والا ؛ مساوی ؛ معاملے کا صاف . (۱۱) (کوئی عضو یا جسم وغیره) چوڑا چکلا ؛ مضبوط . (۱۲) (گولف) برابر اسکور کرنے والا . (۱۲)(آدمی) دیانت دار؛ ایمان دار؛ راست . (۱۴) بالکل؛ ٹھیك ؛ سیدھا ؛ راست . (۱۵) (غذا) خامی ؛ لبریز (شراب وغیره) . (۱٦) قدامت پسند ؛ روایتی ؛ (نیز) قانونی ؛ جائز . (۱۷) موزوں ؛ رواں ؛ مترنم . (۱۸) جس کے تانا اور بانا کے دھاگوں کی تعداد فی انچ برابر ہو . (۱۹) زاویه قائمه پر لگا ہوا . (۲۰) بے باق کیا ہونا . (۲۱) دقیانوس ؛ پرانی وضع کا .

A square deal : دیانت دارانه معامله ؛ منصفانه سلوك ؛ کھرا یا سچا سودا .

The square thing : صحیح کام .

Square-bracket : (n) قوسین [ ] .

Square-built : (a) چوڑا چکلا یعنی اونچائی کی مناسبت سے زیادہ چوڑا .

Square-cap : (n) کلاہ جامعہ جس کی چندیا چوکور ہوتی ہے .

Square-centre : (n) چوپہلا .

Square-cut : (a) (۱) چوکور : مربع . (۲) ایک قسم کا کوٹ جس کا دامن چوکور کٹا رہتا ہے .

Square-dance : (n) ناچ جس میں چار جوڑے کھوکھلا مربع بناتے ہوئے ناچتے ہیں : مربع رقص .

Square dancer : (n) (کھوکھلا) مربع کی شکل میں رقص کرنے والا .

Square dancing : (n) (کھوکھلا) مربع کی شکل میں رقص کرنا .

Square circle : (n) مکا بازی کا گھیرا یا اکھاڑا .

Square deal : (n) (۱) منصفانہ کاروبار یا لین دین . (۲) کوئی سیاسی پروگرام جو سبھوں کے مفاد کے لئے ہو .

Square foot : (n) مربع فٹ .

Square-headed : (a) چوکور سر والا .

Square hit : (n) (کرکٹ) گیند کو اس طرح ضرب لگانا کہ ریکٹ سے زاویہ قائمہ بناتی ہوئی جائے .

Square inch : (n) مربع انچ .

Square John : (n) (۱) قانون پسند شہری . (۲) جو نشہ آور یا خواب آور دوا استعمال نہ کرتا ہو .

Square-knot : (n) دیکھو Reef-knot

Square leg : (n) (کرکٹ) فیلڈ کرنے والا جو بلے باز سے فاصلے پر بائیں ہاتھ اور وکٹ کے تقریباً متقابل کھڑا ہو .

Square-measure : (n) رقبہ مربع فٹ وغیرہ میں .

Square number : (n) مجذور صحیح (مثلاً ۴، ۸، ۱۶ وغیرہ) .

Square of opposition : (n) (منطق) مربع تقابل .

To call (it) square : بے باق سمجھنا .

To get square with : بدلہ لینا : کسی کو مجروح یا ذلیل کر کے تسکین پانا .

To set on or upon the square : زاویہ قائمہ بنانا : مربع بنانا .

Square : (adv.) (۱) دیانت داری سے : بے لاگ طریقے سے : صاف صاف : براہ راست . (۲) تمام و کمال : بغیر کسی شرط کے . (۳) مستطیل بناتے ہوئے . (۴) زاویہ قائمہ بناتے ہوئے .

Square : (v) [OFr. 'Esquarrer'.] (۱) چورس کرنا : مستطیل بنانا : مربع بنانا . (۲) (لکڑی کے) کناروں کو چورس کرنا . (۳) مجذور کرنا : عدد کا مربع کرنا : (۴) ٹھیک کرنا : مناسب حال کرنا یا بنانا : موافق یا مطابق کرنا . (۵) چکانا (حساب کتاب کا) : ادا کرنا : بے باق کرنا . (۶) (مجازاً) بدلہ لینا . (۷) چکانا : (بول چال) دینا : پیش کرنا (خصوصاً رشوت کا) : منہ بند کرنا : اس طرح چھٹکارا پانا . (۸) مکا تان کر آگے بڑھنا : مدافعت کا انداز اختیار کرنا . (۹) (بحری) بادبان وغیرہ جہاز کے پیندے کے متوازی اور جہاز کے طول سے زاویہ قائمہ پر رکھنا : رسی ڈالنے کے گول کندوں کو ایک دوسرے کے برابر رکھنا . (۱۰) کسی دائرہ کو مساوی مربع میں تبدیل کرنا . (۱۱) رقبہ مربع فٹ وغیرہ میں لگانا . (۱۲) (علم النجوم) دوسری علامت سے تربیع بنانا . (۱۳) (مجازاً) برابر کرنا . (۱۴) برابر اسکور بنانا (گولف میں) . (۱۵) مربع ہو جانا . (۱۶) بادبان کو جہاز کے پیندے سے متوازی اور طول سے زاویہ قائمہ پر رکھ کر جہاز کو چلانا .

Square alphabet : (n) سامی حروف تہجی جو عبرانی زبان لکھنے کے لئے پانچویں صدی سے استعمال کئے جاتے ہیں .

Square and rabbet : (n) دیکھو Annulet

Square away : (v) (۱) سہارے کی بلی کو جہاز کے پیندے کے متوازی اور طول سے زاویہ قائمہ پر رکھنا تاکہ جہاز ہوا کے رُخ پر چلے . (۲) منظم کرنا : ترتیب سے رکھنا : تیار کرنا . (۳) لڑنے کی وضع اختیار کرنا .

Square back : (n) چپٹی پشت کتاب .

Square body : (n) جہاز کا وہ حصہ جس میں اس کا ڈھانچہ پیندے سے زاویہ قائمہ بناتا ہے .

Square-bodied : (a) چوڑا چکلا .

Square-ring : (n) (بحری) جہاز کے سازو سامان کا انداز جس میں نچلے بادبان افقی سہارے کی بلی سے لٹکے رہتے ہیں۔

Square-rigged : (a) (جہاز) اس طرح آراستہ کہ بڑے بڑے بادبان افقی رسوں کے ساتھ پھیلے ہوئے رہیں اور رسے مستول کے درمیان ہوں۔

Square-roof : (n) ایسا چھپر جس میں اصل کڑیاں زاویہ قائمہ بناتی ہوئی ملتی ہیں۔

Square sail : (n) (۱) چوکور بادبان جو اس بلی سے آویزاں ہوتا ہے جو مستول کے درمیان رہتی ہے۔ (۲) یك مستول یا دو مستول کشتی کا ہلکا بادبان جو اگلے مستول میں لگا رہتا ہے۔

Square-set : (n) (۱) مستطیل نما سیٹوں (Sets) میں سے کوئی سیٹ جو کان کنی میں استعمال ہوتے ہیں۔ (۲) چار جوڑوں کا سیٹ جو Square dance میں مربع نما شکل میں ناچتا ہے۔

Square shake : (n) دیکھو Square-deal

Square shooter : (n) ایماندار شخص : منصفانہ کھیل کھیلنے والا۔

Square-shouldered : (a) چوڑے شانوں والا۔

Square-surface : (n) (ہندسہ) مربع سطح۔

Square-tail : (n) بعض قسم کے مچھلیاں۔

Square-tailed : (a) چوکور دُم والا۔

Square-thread : (n) مربع چوڑی۔

Square-toed : (a) (۱) چوکور پنجے والے (جوتے)۔ (۲) (مجازاً) فرسودہ : قدامت پسند : رسمی : آداب و رسوم کا : نہایت پابند : بہت باضابطہ : محتاط : پُرانے فیشن کا۔

Square-toedness : (n) آداب و رسوم کی نہایت پابندی: قدامت پسندی۔

Square-toes : (n) محتاط شخص : آداب و رسوم کا نہایت پابند شخص: شخص جو بہت باضابطہ ہو۔

Square-yard : (n) مربع گز۔

Squareface : (n) سستی تند شراب۔

Squarehead : (n) (۱) کودن : بیوقوف : کوڑھ مغز۔ (۲) جرمن۔

(۳) اسکینڈینیویائی۔

Squareing : (n) مربع بنانا۔

Squarely : (adv.) (۱) چوکور۔ (۲) بالکل مقابل : سامنے۔ (۳) ٹھیك : بالکل۔ (۴) ایمانداری سے یا سچائی سے: بلا فن و فریب۔

Squareness : (n) مربعیت : معاملے کی صفائی : سچائی : ایمانداری۔

Squarer : (n) (۱) لکڑی یا پتھر کے کنارے کو چورس کرنے والا: مستطیل بنانے والا۔ (۲) نا ممکنات کی کوشش کرنے والا : دائرے کا ہم رقبہ مربع دریافت کرنے والا۔ (۳) چوکور سیخ، کلس، برما وغیرہ۔ (۴) وہ شخص جو نجی املاك پر آنے والے کھیل تماشے کا اشتہار لگانے کی اجازت حاصل کرتا ہے (مفت پاس وغیرہ دے کر)۔

Squarewise : (adv.) مربع کی شکل میں : مربع بناتے ہوئے۔

Squaring the circle : (n) تربیع دائرہ۔

Squarish : (a) مربع سا : مربع نما۔

Squark : (n & v) دیکھو Croak

Squarrose : (a) [L. 'Squarrosus'.] (۱) (نباتیات، حیوانیات) کھپرے دار : فلوس دار۔ (۲) ابھرے ہوئے کھپروں والا : کنج ابھار۔ (۳) عمودی : کھڑا (کھپرا)۔ (۴) (حشریات) ایسے راس فك میں کٹا ہوا جو سطح سے ابھرا ہوا ہو۔

Squarroso - : جزو ترکیبی بمعنی فلوس دار : کٹے ہوئے راس فك والا۔

Squarson : (n) پادری جو زمیندار بھی ہو۔

Squarsonry : (n) ایسے پادری کا منصب جو زمیندار بھی ہو۔

Squash : (n) (۱) کچلی یا نچوڑی ہوئی شے : فشردہ۔ (۲) انبوہ : مجمع : بھیڑ۔ (۳) کسی نرم اور ملائم شے کے گرنے کی آواز : پھس۔ (۴) ایك کھیل جو ریکٹ اور نرم گیند سے محصور کورٹ میں کھیلا جاتا ہے۔ (۵) Lemon squash کا مخفف۔

To go to squash : برباد ہو جانا : کچلا جانا۔

Squash : (v) [Narragansett. 'Asquutasquash'.] پھوٹ : کدو کی ایك قسم۔

Squash : (v) [Expressive Var. of Quash.] (۱) لچکنا : بھینچنا : مسلنا : نچوڑنا : گودا نکالنا۔ (۲) (مجازاً) چپ کر دینا:

لا جواب کر دینا ؛ دندان شکن جواب دے کر منہ بند کر دینا ۔ (۲) دب جانا ؛ پھنس جانا ۔ (۳) (Into وغیرہ کے ساتھ) گھس پیٹ کر کے راستہ نکالنا ؛ ہجوم میں گھس گھسا کر راستہ نکالنا ۔ (۵) دب کر چپٹا ہو جانا ۔ (۶) چھپ چھپ کی آواز نکالنا ۔ (۷) (ہوائی جہاز کا) افقی حالت میں نیچے آنا ؛ عمودی طور پر نیچے اترنا ۔

Squash : (adv.) پھس سے ؛ دھپ سے ۔

Squash- : جزو ترکیبی بمعنی "کچلا ہوا" ؛ "نچوڑا ہوا" ۔

Squash bite : (n) دانت اور منہ کا نشان جو موم یا کوئی دوسری ایسی شے کو کاٹنے سے اس پر بن جاتا ہے ۔

Squash-bug : (n) متعدد قسم کے کیڑے جو پھوٹ یا کدو کو نقصان پہنچاتے ہیں ۔

Squash gourd/ -melon/ -pumpkin : (n) عام جنگلی کدو ۔

Squash-hat : (n) نرم نمدے کی ٹوپی ۔

Squasher : (n) نچوڑنے والا ؛ مسلنے والا ؛ دبانے والا ۔

Squashily : (adv.) دھپ سے ؛ پھس سے ۔

Squashiness : (n) فشردگی ؛ ملائمیت ؛ پلپلا پن ۔

Squashy : (a) (۱) (پھل وغیرہ) ملائم ؛ گودا دار ؛ پلپلا ۔ (۲) نرم ؛ گیلی (زمین) ۔

Squat : (n) (۱) شدید جھٹکا ؛ دھم سے گرنا ۔ (۲) چوٹ یا خراش (خصوصاً جو گرنے سے ہو جائے) ۔ (۳) دو زانو ہو کر یا پالتی مار کر بیٹھنا ؛ دو زانو نشست ؛ دو زانو بیٹھنے کی وضع ۔

Squat : (n) رگ معدن میں خام دھات کی تھوڑی مقدار ۔

Squat : (a) (۱) دو زانو یا پالتی مار کر بیٹھا ہوا ؛ پیٹ اور سینے کے بل لیٹا ہوا ۔ (۲) پوشیدہ ؛ خاموش ؛ ساکن ۔ (۳) ناٹا اور موٹا ؛ پست قد اور مضبوط ۔

Squat : (v) [OFr. 'Esquatir'.] (۱) زمین پر دو زانو بیٹھنا ؛ پالتی مار کر بیٹھنا ۔ (۲) دو زانو بٹھانا ۔ (۳) (حیوانات کے متعلق) دبکنا ۔ (۴) (بول چال) بیٹھنا (On, down وغیرہ کے ساتھ) ۔ (۵) کچلنا ؛ بھینچنا ؛ نچوڑنا ؛ پیٹنا ؛ حلیہ بگاڑ دینا ۔ (۶) زور سے گرنا ۔ (۷) ڈوبنا ؛ دھنسنا ۔ (۸) کسی نئی ، پڑتی یا خالی زمین پر بغیر قانونی حق ملکیت کے قبضہ کر لینا ۔ (۹) (آسٹریلیا) سرکار سے آسان شرائط پر چرائی کے حقوق حاصل کرنا ۔ (۱۰) (جہاز کا تیزی سے چلتے وقت) دنبالہ کی طرف سے ڈوبنا ۔ (۱۱) (مٹی کے ظرف کا) نرم ہو کر گیلا ہو جانا ۔ (۱۲) بیکار بیٹھے رہنا ۔ (۱۳) (مزاحاً) بیٹھنا ۔

Squatarola : (n) [L.] پرندوں کی ایک جنس ۔

Squatarole/ Squatarolle : (n) [mod. L. 'Squatarola'.] بھورا ؛ پلاور ؛ ایک قسم کا پرندہ ۔

Squatina : (n) [L.] شارک مچھلی کی ایک جنس جس کا بڑا اور گول سر ہوتا ہے ۔

Squatly : (adv.) بھدے طور پر ؛ بد نما طور پر ۔

Squatness : (n) ناٹا اور موٹا ہونا ؛ بھداپن ۔

Squatter : (n) (۱) دو زانو یا پالتی مار کر بیٹھنے والا (آدمی یا جانور) ۔ (۲) (آسٹریلیا) جو شخص سرکار سے آسان شرائط پر چرائی کے حقوق حاصل کرے ؛ (نیز) مویشیوں کا مالک ۔ (۳) کوئی شخص جو نوتوڑ (خصوصاً سرکاری) زمین پر بلا استحقاق قبضہ کرے ؛ دخیل بلا استحقاق ۔ (۴) تیتر یا ٹیتری کی ایک قسم ۔

Squatter : (v) (۱) پانی یا گیلی زمین سے ہو کر دوڑنا ، اڑنا ، جد و جہد کرنا ۔ (۲) پانی یا گیلی مٹی میں پر پھڑپھڑانا ۔

Squatter sovereignty : (n) (امریکا) نئے صوبے کے لوگوں کا غلامی کے معاملے کو طے کرنے کے لئے دعویٰ کرنے کا حق ۔

Squattish : (a) کسی قدر موٹا اور ناٹا ۔

Squattocracy : (n) (آسٹریلیا میں) دولت مند اور بااثر مویشی خانے والے ۔

Squatty : (a) کسی قدر دو زانو یا پالتی مارے ہوئے ۔

Squaw : (n) [Narragansett Indian.] (۱) (شمالی) امریکی ریڈ انڈین عورت یا بیوی ۔ (۲) (ریڈ انڈین کی زبان میں) سفید فام عورت ۔ (۳) (تحقیراً) عورت ؛ بیوی ۔ (۴) زن صفت مرد ؛ کمزور مرد ۔ (۵) گھٹنے کے بل کھڑے آدمی کی شکل میں بنایا ہوا نشانہ ۔

Old squaw : دراز دُم بط ۔

Squaw man : (n) امریکی ریڈ انڈین عورت کا گورا خاوند ۔

Squaw-root : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Squaw-weed : (n) بعض قسم کے پودے۔

Squaw-winter : (n) موسم خزاں کے شروع میں آنے والا مختصر المدت سرما کا موسم۔

Squawk : (n) (۱) چیخ ؛ چلانا۔ (۲) ایک قسم کا بگلا۔

Squawk : (v) [Imitative.] (۱) (خصوصاً پرندوں کے متعلق) تیز، تند اور کرخت آواز نکالنا (تکلیف یا خوف میں)۔ (۲) کرخت آواز میں بولنا۔

Squawk box : (n) آواز رساں۔

Squawk-sheet : (n) وہ رپورٹ جو ہوا باز دوران پرواز ہوائی جہاز کے نقائص کا مشاہدہ کر کے دیتا ہے۔

Squawker : (n) (۱) تیز آواز نکالنے والا ایک کھلونا۔ (۲) بط کو بلانے کی آواز۔ (۳) زور سے احتجاج یا شکایت کرنے والا۔ (۴) خبر رساں ؛ جاسوس۔ (۵) دیکھو Squawk-box۔

Squawky : (a) سخت ؛ کرخت ؛ ناگوار۔

Squdge : (v) [Imitative.] (۱) بہنا ؛ پھوٹ نکلنا۔ (۲) چھینٹیں اڑانا۔

Squeak : (n) (۱) چوں چوں کرنا ؛ چیخ کر بولنا۔ (۲) ذرا سی تیز چیخ۔ (۳) ہلکا سا امکان ؛ گمان ؛ موقع۔ (۴) بال بال بچنا ؛ فرار۔ (۵) خوب گھٹی ہوئی حجامت۔

Squeak : (v) (۱) چوں چوں کرنا ؛ چوہے یا زنگ آلود چول کی سی آواز نکالنا۔ (۲) چیخ کر بولنا۔ (۳) (عام) مخبری یا جاسوسی کرنا۔ (۴) مشکل سے جیتنا یا کامیاب ہونا۔

Squeaker : (n) (۱) چوں چوں کرنے والا؛ خصوصاً مختلف قسم کے پرند جو چوں چوں کی آواز نکالتے ہیں۔ (۲) کبوتر کا بچہ۔ (۳) سور کا بچہ۔ (۴) بعض قسم کی افریقی دریائی مچھلیاں۔ (۵) کنگارو کی ایک قسم۔ (۶) ایک قسم کا کھلونا جس سے چیں چیں کی آواز نکلتی ہے۔ (۷) مخبر ؛ خبر رساں ؛ جاسوسی۔ (۸) وہ مقابلہ جسے مشکل سے جیتا جائے۔

Squeakingly/ Squeakily : (adv.) تیز آواز یا چیخ سے۔

Squeaky : (a) تیز آواز یا چیخ کا ؛ تیز آواز یا چیخ نکالنے والا۔

Squeal : (n) (۱) چیخ پکار ؛ چیں چیں۔ (۲) تیز کرخت آواز۔

Squeal : (v) [Imit.] (۱) چیخنا ؛ چلانا ؛ چیں چیں کرنا (خوف، غصے یا تکلیف میں)۔ (۲) چلا کر یا چیں چیں کر کے بولنا۔ (۳) (عام) حجت کرنا ؛ احتجاج کرنا۔ (۴) جاسوسی کرنا۔

To make one squeal : (عام) کسی شخص کو دھمکی دے کر افشائے راز پر مجبور کرنا۔

Squealer : (n) (۱) چیخنے چلانے والا ؛ چیں چیں کرنے والا۔ (۲) پرندے کا بچہ۔ (۳) مخبر ؛ جاسوس۔ (۴) احتجاج یا شکایت کرنے والا۔

Squeam : (n) [back-formation from Squeamish.] دیکھو Qualm

Squeamish : (a) (۱) نازک مزاج ؛ نفیس طبع ؛ خوش مذاق ؛ باریک بیں ؛ مرزا منش۔ (۲) تنک مزاج۔ (۳) حد سے زیادہ محتاط۔ (۴) مریض امتلاء۔

Squeamishly : (adv.) تنک مزاجی ؛ نفاست طبع ؛ حد سے زیادہ محتاط ہونا ؛ مریض امتلاء ہونا۔

Squamous : (a) دیکھو Squeamish

Squeamy : (a) دیکھو Squeamish

Squegee : (n) [Alternation of 'Squeeze'.] (۱) ایک قسم کی جھاڑو (لمبے ڈنڈے کے سر پر ربر وغیرہ لگا کر بنتا ہے) جس سے کیچڑ، پانی وغیرہ صاف کیا جاتا ہے۔ (۲) چھوٹا سا ربر بیلن جو فوٹو گرافی یا طباعت میں کام آتا ہے۔

Squeegee : (v) جھاڑو دینا ؛ بیلن سے صاف کرنا ؛ خشک کرنا، دبانا یا پھیلانا۔

Squeezability : (n) (۱) فشاء پذیری ؛ داب پذیری۔ (۲) (مجازاً) غیر مستقل مزاجی۔

Squeezable : (a) (۱) فشاء پذیر ؛ داب پذیر ؛ دبنے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ دباؤ پذیر۔ (۲) استحصال پذیر ؛ جس سے جبراً پیسہ وصول کیا جا سکے۔

Squeezablenss : (n) دیکھو Squeezability

Squeeze : (n) (۱) نچوڑنا ؛ بھینچنا۔ (۲) دھکا پیل ؛ ریلا ؛ دھکم دھکا ؛ بھیڑ بھڑکا۔ (۳) زبردست مالی یا تجارتی مانگ یا دباؤ۔ (۴) پُر تپاک مصافحہ ؛ گلے لگانا۔ (۵) نچوڑ کر نکالی ہوئی (چھوٹی) مقدار۔ (۶) ایشیائی افسروں یا نوکروں کے ذریعے جبراً وصول کی جانے والی چنگی یا محصول ؛ خرید و فروخت پر لیا جانے والا فی صد ناجائز یا غیر

قانونی چنگی یا محصول ۔ (۷) (کوئلے کی کان) سرنگ میں چھت اور فرش کا بتدریج ملنا ؛ وہ جگہ جہاں چھت اور فرش ملتے ہیں ؛ سرنگ کی محراب ۔ (۸) کسی چیز کا نقش جو اس کے گرد کوئی لچک دار چیز کو چپکا کر اتارا جاتا ہے ؛ (خصوصاً اثریات میں) کسی کتبہ یا ڈیزائن کا نقش جو اس کے گرد بھیگے ہوئے کاغذ یا دوسری نرم چیز کو لگا کر اتارتے ہیں ؛ سکے کے نقش کا چربہ ۔ (۹) دباؤ ؛ رعایت یا تحفہ وصول کرنے کے لئے دباؤ ۔ (۱۰) گردن ۔ (۱۱) ریشم کی بنی ہوئی چیز ۔ (۱۲) دباؤ ڈالنے کی ایک ترکیب ۔ (۱۳) (معاشیات) قرض لینے یا سرمایہ کاری وغیرہ پر پابندی ۔

Squeeze : (v) [ME. 'Queysen'.] (۱) نچوڑنا ؛ کچلنا ۔ (۲) ملنا ؛ بھینچنا ۔ (۳) دھکا پیل کر کے گھس جانا ؛ ٹھنس جانا (گاڑی یا کسی کمرے میں) ؛ دھکم دھکا کر کے نکل جانا ۔ (۴) بھینچ بھنچا کر راستہ بنا لینا ۔ (۵) جبراً وصول کر لینا ؛ دباؤ ڈال کر حاصل کرنا ؛ نچوڑ لینا ۔ (۶) مجبور کرنا ؛ دباؤ ڈالنا ۔ (۷) جبراً دباؤ یا منت سماجت وغیرہ سے روپیہ حاصل کرنا ۔ (۸) بہ تکلیف یا دبا دبا کر نکالنا (آنسو وغیرہ) ۔ (۹) (سکے کا) نقش اٹھانا (خصوصاً نم کاغذ سے) ۔ (۱۰) پر تپاک مصافحہ کرنا ؛ گلے لگانا ؛ گرم جوشی سے معانقہ کرنا ۔ (۱۱) دبانا ؛ زور سے دبانا ۔ (۱۲) دبنا ؛ نچوڑا جانا ۔ (۱۳) مالی مشکلات پیدا کرنا ؛ نفع میں تخفیف کرنا ۔ (۱۴) مشکل سے کامیابی حاصل کرنا ۔

A squeezed orange : وہ شخص یا چیز جس سے مزید کچھ حاصل نہ کیا جاسکے ۔

Squeeze bottle : (n) پلاسٹک کی لچک دار بوتل جس کو دبانے سے اس میں رکھی ہوئی چیز باہر آجاتی ہے ۔

Squeeze-box : (n) دیکھو Accordian

Squeeze off : (v) گھوڑا دبا کر فائر کرنا ۔

Squeeze play : (n) (۱) جیتنے والے پتے چلتے رہنا جب تک کہ حریف کوئی اہم کارڈ نہ جھانٹ دے ۔ (۲) حد سے زیادہ یا ناجائز فائدہ اٹھانا ۔

Squeeze-up : (n) ایک قسم کی چٹان جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ آتش فشاں کے دباؤ سے بنتی ہے ۔

Squeezer : (n) (۱) دبانے والا ؛ نچوڑنے والا ۔ (۲) فشارہ ؛ کوئی میکانکی ترکیب یا آلہ جس سے دبایا جا سکے ۔ (۳) ایک کل جس کے ذریعے پگھلے ہوئے لوہے کے گولے کو متورق ، لوح دار یا جامد بناتے ہیں ۔ (۴) پھلوں سے عرق نکالنے کا آلہ ۔ (۵) (جمع) تاش کے پتے جن کے اعداد دائیں طرف کے کنارے پر ثبت ہوتے ہیں تاکہ کھیلنے والے کو اپنے ہاتھ میں پھیلانے کی ضرورت نہ پڑے ۔ (۶) کاک کو دبانے کی کل (جس کے ذریعہ کاک کو نرم کیا جاتا ہے) ۔ (۷) اینٹ بنانے کی کل ۔

Squeezing : (n) (۱) دباؤ ؛ نچوڑنا ؛ دبایا جانا ؛ نچوڑا جانا ۔ (۲) استحصال ؛ جبری وصولی ؛ حد سے زیادہ یا ناجائز فائدہ ۔

Squeezy : (a) محدود ؛ تنگ ۔

Squelch : (n) (۱) کاری ہاتھ ؛ کاری ضرب یا وار ۔ (۲) بھدا کا ؛ گدا کا ؛ بھد سے گرنے کی آواز ۔ (۳) کوئی چیز جو کچلی ہوئی لگے ۔ (۴) پچڑ پچڑ کی آواز ؛ پھچ پھچ کی آواز ۔ (۵) جواب سکت ؛ دندان شکن جواب ۔

Squelch : (v) (۱) کچل دینا ؛ کام تمام کر دینا ؛ خاتمہ کر دینا ۔ (۲) پریشان کرنا ؛ بد حواس کر دینا ؛ گھبرا دینا ؛ خاموش کر دینا ۔ (۳) پچڑ پچڑ کرنا (کیچڑ میں چلنے یا پانی بھرے جوتوں سے چلنے سے) ۔ (۴) بھد سے گرنا ۔

Squelcher : (n) پچڑ پچڑ کرتے ہوئے ۔

Squelcher : (n) (۱) کاری ضرب یا وار ؛ کاری ہاتھ ۔ (۲) دندان شکن مقالہ ؛ جواب مسکت ۔

Squelchy : (n) نرم ؛ گودا دار ۔

Squench : (v) [Intensive of Qwanch.] (۱) بجھانا یا بجھنا (آگ ، پیاس ، بھوک وغیرہ) ۔ (۲) دبانا ؛ خاتمہ کر دینا ؛ گلا گھونٹنا ۔

Squet : (n) [by Shortening.] مشرقی امریکا کی مچھلیوں کی ایک قسم ۔

Squeteague/ Squetee : (n) [Narragansett. 'Pesukwiteaug'.] دیکھو Squet

Squib: (n) [Origin unkn. Perhaps imitative.] (۱) (آتش بازی) چھچھوندر ؛ ہوائی وغیرہ ۔ (۲) بارود سے بھری ہوئی نلکی سڑک اڑانے کے لئے ۔ (۳) ہجویہ نظم یا نثر ؛ مضحکہ خیز نظم یا نثر وغیرہ ۔ (۴) بے پروائی سے لکھی ہوئی تحریر ۔ (۵) (تیز و تند شراب کی) تھوڑی سی مقدار ۔ (۶) خرد دماغ ؛ خود پسند ؛ شیخی باز ۔

Squib : (v) (۱) طنز کرنا ؛ طعن مارنا ؛ ہجو لکھنا ؛ مضحکہ خیز نظم یا نثر لکھنا ۔ (۲) بارود بھری نلکی کو جلا کر سرنگ اڑانا ؛ بارود بھری نلکی میں آگ لگانا ۔ (۳) آوارہ پھرنا ؛ مٹر گشتی کرنا ۔ (۴) طنز کسنا ؛ فقرہ کسنا ۔ (۵) کیچڑ

اچھالنا (کسی شخص پر) ۔

Squibbery : (n) ہجو : طنز : مضحکہ ۔

Squibbish : (n) کسی قدر ہجویہ : طنز کی طرح کا ۔

Squid : (n) [Origin unkn.] (۱) سر پایا کی بعض قسمیں : قیر ماہی : طعمہ ماہی ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی جو چارے کی بجائے استعمال کی جاتی ہے ۔ (۳) مصنوعی مکھی جو چارے کی طرح استعمال کی جاتی ہے ۔

Bone squid : ایک قسم کا مصنوعی چارہ ۔

Squid : (v) چارا لگا کر مچھلی پکڑنا ۔

Squid fish : (n) قیر ماہی : سرمایہ کی ایک قسم ۔

Squid-hound : (n) نیو انگلینڈ کی ایک قسم کی بڑی سمندری مچھلی ۔

Squidge : (n) [Imitative.] پچڑ پچڑ کی آواز ۔

Squidgy : (a) بہت مرطوب : چپچپا ۔

Squiffed : (a) [Origin unkn.] مخمور : مدھوش ۔

Squiffer : (n) [origin unkn.] ایک قسم کا باجا (Concertina) ۔

Squiffy : (a) [Origin unkn.] مخمور : مدھوش : کسی قدر پئے ہوئے : نیم مست ۔

Squiggle : (v) [Perhaps blend of Squirm and Wiggle, Wriggle.] (۱) لہردار یا پیچیدہ کشیدہ کاری کرنا ۔ (۲) پیچ و تاب کھانا : بل کھانا ۔ (۳) گھسیٹ کر لکھنا ۔

Squiggle : (n) بل : لہر ۔

Squiggly : (a) بل دار : لہریا : لہردار ۔

Squilgee/ Squillage/ Squiligee : (n) دیکھو Squeegee

Squilgee : (v) جھاڑو دینا : بیلن سے صاف کرنا یا خشک کرنا ۔

Squill : (n) [L. 'Squilla'.] (۱) عنصل : پیاز عنصل : بحری پیاز : سوسن کی قسم کا ایک پودا جس کی پیاز مدور اور مسہل ہوتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کا ساحلی پودا (Scilla) جس کی جڑیں پیاز جیسی ہوتی ہیں ۔ (۳) گھونگے کی ایک قسم : جنس سرطان بحری ۔

Squilla : (n) [L.] جنس سرطان ۔

Squillid : (n) [L. 'Squillidae'.] دہن پایاں کی ایک جنس ۔

Squilloidae : (n) دہن پایاں ۔

Squinacy : (n) [Variable of Squinancy.] (۱) (مرضیات) خناق : ریم آور الہتاب لوزہ ۔ (۲) خناق یا ریم آور الہتاب لوزہ کی ایک شکل یا دورہ یا حملہ ۔

Squinch : (n) [Var. of Scunch.] (۱) ترچھی ڈاٹ : بالائی عمارت بنانے کے لئے سیدھی یا محرابی ڈاٹ یا سہارا ۔ (۲) ایک ڈاٹ مربع مینار کے اندرونی زاویے پر جو بالائی ہشت پہلو عمارت کے سہارے کے لئے بنی ہوتی ہے ۔

Squinch : (v) (۱) منہ بگاڑنا : آنکھیں میچنا ۔ (۲) دبانا : بھینچنا ۔ (۳) دبنا : ہٹنا ۔ (۴) سمیٹنا : سمٹانا (آدمی یا کسی چیز کو) ۔

Squinch : (a) میچی ہوئی (آنکھیں) : بگاڑا ہوا (چہرہ یا منہ) ۔

Squinch : دیکھو Squench

Squinch owl : (n) دیکھو Screech-owl

Squinny/ Squiny : (v) [Obscurely related to Squint.] (۱) احول ہونا : آنکھوں کو عادتاً ترچھا کر کے دیکھنا ۔ (۲) ترچھے نظر ڈالنا : آنکھیں میچنا ۔

Squinny : (n) (۱) بھینگاپن ۔ (۲) چور نظر : ترچھی نظر ۔ (۲) دیکھو Squint ۔

Squinny : (a) بھینگا : احول ۔

Squinny : (a) لمبا اور پتلا : پتلا : نازک : چھریرا ۔

Squinny : (v) [Origin unkn.] رونا : پریشان ہونا ۔

Squinsy : (n) [Reduced f. 'Squinacy'.] دیکھو Squinacy

Squint : (n) (۱) بھینگاپن ۔ (۲) چور نظر : ترچھی نظر : سرسری یا اچٹتی ہوئی نظر ۔ (۳) گرجے کا روزن دیوار جس سے قربان گاہ نظر آئے ۔ (۴) انحراف ۔ (۵) میلان : رجحان ۔

Squint : (a) (۱) احول : ٹیڑھا : بھینگا ۔ (۲) ترچھا : ڈھلوان ۔

Squint : (v) (۱) بھینگا : احول ہونا ۔ (۲) آنکھوں کو عادتاً ترچھا کر کے دیکھنا : ترچھی نظر سے دیکھنا : دزیدہ نظر سے

دیکھنا ؛ چوری سے دیکھنا ۔ (۳) (مجازاً) حقارت کی نظر سے دیکھنا ؛ ناپسندیدگی کی نگاہ سے دیکھنا ؛ شك کی نگاہ سے دیکھنا ۔ (۴) بالواسطه نسبت رکھنا ؛ رجحان رکھنا ؛ میلان رکھنا ۔ (۵) منحرف ہو جانا ۔ (۶) ترچھے بڑھنا یا پھیلنا ۔ (۷) ترچھی نگاہ ڈالنا ۔ (۸) آنکھوں کا جلد جلد جھپکنا؛ آنکھوں کو نیم باز رکھنا ۔ (۹)(مجازاً) نظر رکھنا ؛ نگاہ رکھنا ؛ نیت رکھنا ؛ ارادہ رکھنا ۔ (۱۰)اصول بنانا ۔

Squint brick : (n) (۱) ترچھی اینٹ ۔ (۲) اینٹ جو خواہش کے مطابق کسی مخصوص شکل کی بنائی جائے ۔

Squint-eye(s) : (n) احول العین شخص ؛ بھینگی آنکھ والا شخص ۔

Squint-eyed : (a) (۱)بھینگی نظر والا؛ احوال العین ؛ بھینگا ۔ (۲)بری نظر والا؛ کینہ پرور ؛ بغض وعدالت رکھنے والا؛ بدباطن ۔

Squint quoin : (n) زاویہ یا کونا جو زاویہ قائمہ نہ بناتا ہو ۔

Squinter : (n) احول ؛ بھینگا ؛ ترچھی نظروں سے دیکھنے والا ۔

Squinting : (n) (۱) ترچھی نظروں سے دیکھنا ؛ آنکھوں کو ترچھا کرکے دیکھنا ۔ (۲) احول پن ؛ بھینگاپن ۔

Squinting : (a) احول ؛ بھینگا ۔

Squintingly : (adv.) بھینگاپن سے ؛ ترچھی نظروں سے ۔

Squinty : (a) احول ؛ بھینگا ۔

Squirage/ Squireage : (n) زمینداروں کی جماعت یا طبقه ؛ زمینداروں کی فہرست ۔

Squiralty / Squirealty : (n) (۱) جاگیرداری ؛ زمینداری ۔ (۲) جاگیر داروں کی جماعت یا طبقه ۔ (۳) زمینداروں کا رتبه ۔

Squire : (n) [OFr. 'Esquier'.] (۱) جاگیردار ؛ بڑا زمیندار ؛ تعلقه دار؛ ارباب ۔ (۲) نائیٹ کا ہمراہی یا اردلی ۔ (۳) ذاتی نوکر یا اردلی ؛ خدمت گار ۔ (۴) عاشق ؛ جوانمرد ؛ بانکا ؛ زن نواز ؛ کسی خاتون کی مشایعت کرنے والا یا ہمرکاب یا ملتفت ۔ (۵) تاریخ قدیم یا اساطیر کے ان معزز اشخاص کے نام کے ساتھ آتا ہے جو قرون وسطیٰ کے زمینداروں کے ہم رتبه ہوتے تھے ۔ (۶) مفصلات کے شرفا کے خطاب کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔ (۷)مفصلات کا چھوٹے درجے کا مجسٹریٹ ؛ جج ؛ وکیل ۔

Trencher squire : (۱) لکڑی کی بڑی رکابی جس میں نان پاؤ رکھ کر کاٹتے ہیں ۔ (۲) (قدیم) دسترخوان کے مزے ؛ خورد و نوش ۔

Squire : (v) (۱) عورت کی خاطر مدارات میں رہنا ؛ عورت کے ہمرکاب ہونا ۔ (۲) زمینداری کرنا ؛ جاگیرداری کرنا ۔

Squire of dames or ladies : (n) عورتوں کی صحبت پسند کرنے والا؛ زن نواز ۔

Squirearch : (n) (۱) رکن جماعت زمینداران ؛ ارباب شاہی کا رکن ۔ (۲) زمیندار یا جاگیر دار بطور مقامی معزز شخصیت کے ۔

Squirearchal : (a) ارباب شاہی یا جماعت زمینداران سے متعلق ؛ شایان حکومت زمینداران ۔

Squirearchical : (a) دیکھو Squirearchal

Squirearchy : (n) (۱) زمینداروں یاجاگیرداروں کی حکومت یا رسوخ؛ ارباب شاہی ۔ (۲) جماعت زمینداران ۔ (۳) زمینداران یا جاگیرداروں کا طبقه ۔

Squiredom : (n) (۱) زمیندار یا جاگیردار کا درجه، عہده یا حیثیت ۔ (۲) جماعت جاگیرداران ؛ طبقۂ زمینداران ۔

Squireen : (n) ادنیٰ حیثیت کا زمیندار (خصوصاً آئرستان میں) ۔

Squirehood : (n) (۱) زمیندار جاگیردار کا درجه یا رتبه ۔ (۲) زمینداران ؛ جاگیرداران ۔ (۳) دیکھو Squirearchy ۔

Squireless : (a) بے ہمراہی ؛ بے ملازم ۔

Squireling : (n) (۱) ادنیٰ زمیندار ۔ (۲) کم عمر زمیندار ؛ چھوٹا جاگیردار ۔

Squirely : (a) اسکوائر یا زمیندار کے متعلق ؛ زمیندار یا تعلقه دار کے شایان ۔

Squireship : (n) (۱) زمینداری ؛ زمیندار کا رتبه ۔ (۲) زمیندار کی شخصیت ۔

Squiress : (n) زمیندارنی ؛ زمیندار کی بیوی ؛ زمیندار عورت ۔

Squirish : (a) زمیندار کے شایان ؛ زمیندار سے مشابه ۔

Squirl : (v) [Blend of Squirm and twirl.] نقش و نگار بنانا ؛ بل دینا ۔

Squirm : (n) (۱) پیچ و تاب ۔ (۲) (بحری) رسے کا بل یا پیچ ۔

Squirm : (n) [Of Symbolic origin.] (۱) پیچ و تاب کھانا ؛ بل کھانا ؛ مروڑنا ۔ (۲) بل کھاتے ہوئے جانا ؛ حرکت کرنا ۔ (۳)(مجازاً) بد حواسی یا پریشانی ظاہر کرنا ؛ دل ہی

دل میں گھٹنا ۔ (۴) گھما پھرا کر بولنا ؛ ٹال مٹول کرنا ۔

Squirmy : (a) پیچ و تاب کھانے والا ۔

Squirr/ Squir : (v) [Var. of Earlier Skirr.] تیزی سے گھما کر پھینکنا ؛ سبک پردازی سے اڑانا ۔

Squirrel : (n) [AFr. 'Esquirel'.] (۱) گلہری ؛ کٹو ؛ سنجاب (دوسرے جانوروں یا آدمی کے لئے بھی تحقیراً استعمال ہوتا ہے) ۔ (۲) کترنے والے جانوروں کی جنس جن سے گلہری کا تعلق ہے ۔ (۳) گلہری کا سمور ؛ گلہری کی کھال ۔ (۴)مختلف قسم کی مچھلیاں جو جنس Holocentridot سے تعلق رکھتی ہیں ۔ (۵) دھنکی کا چھوٹا بیلن ۔

Flying squirrel : چتر دار گلہری ۔

Squirrel : (v) آئندہ کے لئے ذخیرہ کرنا ؛ چھپانا ؛ ذخیرہ اندوزی کرنا ۔

Squirrel-cage : (n) (۱) گلہری رکھنے کا استوانہ نما پنجرہ جو گلہری کی حرکت سے گردش کرتا ہے ۔ (۲) گلہری کے پنجرے سے مشابہ کوئی چیز (خصوصاً) (برتن) امالی موثر کا ثانوی پیچاؤ ۔ (۳) تکرار یا لغویت کے لحاظ سے گلہری کے پنجرے سے مشابہ کوئی چیز ۔

Squirrel-cage : (a) (۱) ثانوی پیچاؤ والے امالی موثر سے لیس ۔ (۲) دائمی طور پر ترجیعی ۔

Squirrel-corn : (n) شمالی امریکا کی ایک بوٹی ۔

Squirrel-fish : (n) جزائر غرب الہند پر حودا وغیرہ کی ایک مچھلی جس کا رنگ سرخ ، آنکھیں بڑی اور فلوس بڑے اور کھردرے ہوتے ہیں ۔

Squirrel frog : (n) جنوبی امریکا کا درخت پر رہنے والا مینڈک ۔

Squirrel grass : (n) جنگلی جَو ۔

Squirrel hake : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Squirrel-hawk : (n) گلہریوں کا شکار کرنے والا باز ۔

Squirrel-headed : (a) بے مغز ؛ نادان ؛سادہ لوح ۔

Squirrel-minded : (a) دیکھو Squirrel-headed

Squirrel-monkey : (n) گلہری نما بندر ؛ مرکٹ ؛ چھوٹی قسم کا بندر ۔

Squirrel-mouse : (n) دیکھو Dormouse

Squirrel rifle/ -gun : (n) اٹھارھویں صدی کی امریکی رائفل کی ایک قسم ۔

Squirrel-tail : (n) گھاس کی قسم کی جَو ۔

Squirrel-tailed : (a) گلہری کی قسم کی دُم والا ۔

Squirrelly : (a) انتہائی عجیب ؛ عجیب و غریب ؛ لغو ۔

Squirt : (n) (۱) پچکاری ؛ پانی کی دھار ؛ فوارہ کی سی دھار ۔ (۲) اسہال ؛ دست ۔ (۳) پچکاری کی شکل کا آگ بجھانے کا آلہ ۔ (۴)سیال شے کی وہ تھوڑی مقدار جو پچکاری سے پھینکی جائے ؛ پچکاری سے یا فوارہ بنا کر پھینکنا ۔ (۵) (بول چال) خر دماغ ؛ خود پسند ؛ شیخی باز ؛ نو دولتیا ؛ شیخی باز یا پیچ و پوچ آدمی ۔ (۶) نو عمر بچہ ؛ نوجوان ۔

Squirt : (v) [Of imitative origin.] (۱) پچکاری مارنا یا چھوڑنا (عرق یا سفوف کی) ؛ فوارہ چھوٹنا ؛ پچکاری کی طرح نکلنا ۔ (۲) اسہال ہونا ؛ دست آنا ۔ (۳) تیزی سے حرکت کرنا ؛ بسرعت جانا ۔ (۴) پچکاری سے داخل کرنا ۔ (۵) فوارہ کے ذریعہ بھگونا یا نم کرنا ۔

Squirt can : (n) تیل رکھنے کا برتن جس کا پیندا لچک دار ہوتا ہے ؛ پیندے کو دبانے سے تیل باہر فوارے کی شکل میں نکلتا ہے ۔

Squirt gun : (n) (۱) پستول کی شکل کا ایک آلہ جس کے ایک حصہ کو دبانے سے سیال شے باہر نکلتی ہے اور مختلف کاموں میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) کھلونا پچکاری ۔

Squirter : (n) (۱) پچکاری چھوڑنے والا ؛ فوارہ چھوڑنے والا ۔ (۲)شیخی باز ؛ نو دولتیا ۔

Squirter disease : (n) کیلے کی ایک بیماری جس میں اس کا گودا سیاہ اور پیلا ہو جاتا ہے ۔

Squish : (n) (۱) (عام) مارملیڈ ؛ مربہ ۔ (۲) پچڑ پچڑ کی آواز ۔ (۳) (عام) واہیات ؛ خرافات ؛ لغویات ؛ مہملات ؛ کاٹھ کباڑ ۔

Squish : (v) [Imitative.] (۱) نچوڑنا ؛ کچلنا ؛ بھینچنا ؛ مسلنا ۔ (۲) (پانی کیچڑ وغیرہ کا اس پر چلنے سے) پچڑ پچڑ کی آواز نکالنا ؛ پچ پچ کرنا ۔

Squishy : (a) نرم اور مرطوب ؛ چپچپا ؛ لیس دار ۔

Squit : (n) نو دولتیا ؛ شیخی باز ۔

Squit : (n) ایک قسم کی ٹراؤٹ مچھلی ۔

Squitch : (n) [Altered f. 'Quitch'.] (۱) نجیل ؛ دوب ؛ بیدگیاہ ۔ (۲) اس قسم کے بعض دوسرے پودے ۔

Squiteage : دیکھو Squeteague

Suitter : (n) (عموماً جمع) اسہال ؛ پیٹ چلنا ۔

Squitter : (v) [Imit.] دیکھو Squirt

Squiz : (n) [Origin unkn.] نظر ؛ نگاہ ؛ سرسری نظر ؛ اچٹتی نگاہ ۔

Squush : (v) دیکھو Squish

Squushy/ Squshy : (a) دیکھو Squashy

Sramana : (n) [SKr.] (بدھ مذہب) سنیاسی ؛ تیاگی ۔

Sravaka : (n) [SKr.] مہاتما بدھ کا شاگرد ۔

St : (Int.) (۱) دیکھو Hist, Hush, ۔ (۲) ایک بانگ پکار جو جانوروں کو ہنکانے یا انہیں حملہ کے واسطے اُکسانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

St. : Statute, Stanza, Saint اور Stone (وزن کا) مخفف ۔

Staatabund : (n) [G. 'Staaten' + 'bund'.] کئی ملکوں کی انجمن یا لیگ جس میں ہر ملک کی خود مختاری برقرار رہتی ہے ۔

Stab : (n) (۱) بھونک ؛ زخم ؛ گھاؤ (چاقو وغیرہ سے) ۔ (۲) بھونکنا ؛ چبھونا ۔ (۳) جھٹکا دینے والی ضرب ۔ (۴) (انٹا کھیلنے میں) ایک ضرب ۔ (۵) (مکابازی میں) زور دار مکا ۔ (۶) کسی خاص مقصد کے لئے زور لگانا ۔ (۷) کوشش ؛ آزمائش ؛ تجربہ ؛ ایک بار کوشش ۔ (۸) ٹیس ؛ صدمہ ؛ دھچکا ؛ شدید جذبات ۔ (۹) رنگ و روشنی کی نمائش ۔ (۱۰) جرثومہ پروری کا ایک طریقہ ۔

A stab in the back : بے وفائی ؛ غداری ؛ غیبت ؛ تہمت ۔

The stab : چاقو وغیرہ پھینکنے سے واقع ہونے والی موت ۔

To have or make a stab at : کوشش کرنی ۔

Stab : (n) نوکروں کی منظم جماعت جو گھر تک محدود رہتی ہے جس میں وہ رہتے ہیں ۔

Stab : (n) (۱) بلی ؛ چوب ؛ کھونٹا (جو زمین میں گاڑا جاتا ہے ، حد بندی یا کسی شے کے سہارے کے لئے) ۔ (۲) (اسکاٹستان) دیکھو Stake ۔

Stab : (v) [ME. 'Stabbe'.] (۱) چبھونا ؛ زخمی کرنا ؛ بھونکنا (خنجر ، چاقو وغیرہ) ۔ (۲) (مجازاً) سخت آزردہ کرنا ؛ صدمہ پہنچانا (ضمیر ، جذبات ، نام ، شہرت وغیرہ کو) ۔ (۳) نوکدار ہتھیار استعمال کرنا (زخمی کرنے یا مارنے کے لئے) ۔ (۴) (جلد سازی) سوراخ کرنا (دھاگے سے باندھنے کے لئے) ۔ (۵) پرند کی طرف اچانک اور بلا جھجھک اشارہ کرنا ۔

To stab in the back : غداری کرنا ؛ تہمت لگانا ؛ بہتان باندھنا ۔

Stab-awl : (n) ستاری جس سے جوتے بنانے والے چمڑے میں سوراخ کرتے ہیں ۔

Stab-culture : (n) جراثیم پروری جس میں گہرا ٹیکا لگایا جاتا ہے ۔

Stab stitch : (n) ٹانکا جس میں سوئی عمودی حالت میں رکھی جاتی ہے ۔

Stab wound/ -incision : (n) عمل جراحی میں چھوٹا نشتر جو شکم میں صفائی یا کسی دوسرے مقصد کے لئے لگایا جاتا ہے ۔

Stabat mater : (n) ایک لاطینی بھجن (باجے کے ساتھ) جس میں مریم عذرا کے اس رنج و اندوہ کا بیان ہے جو حضرت عیسیٰؑ کے مصلوب ہونے پر ظاہر ہوا ۔

Stabber : (n) (۱) خنجر یا چاقو بھونکنے والا ؛ قاتل ۔ (۲) چاقو ، خنجر وغیرہ ۔ (۳) رسی کے بل کھولنے کا ایک آلہ ۔

Stabbing : (n) خنجر زنی ؛ چھیدنا ۔

Stabbing : (a) (خنجر یا چاقو) بھونکنے والا ؛ چبھونے والا ؛ چبھنے والا ۔

Stabbingly : (adv.) بھونکتے ہوئے ؛ چبھوتے ہوئے ؛ چبھتے ہوئے ۔

Stabile : (a) [L. 'Stabilis'.] (۱) مقیم ؛ غیر متحرک ؛ مستقل ؛ ٹھہرا ہوا ؛ ثابت ۔ (۲) غیر متغیر ؛ جس پر کیمیاوی آسانی سے نہ ہو سکے ؛ جو جلدی نہ سڑے ۔

Stabile : (n) مجرد نقاشی یا تعمیر جو فلزی چادر ، تار اور لکڑی سے بنائی جاتی ہے ۔

Stabilify : (v) مستحکم بنانا ؛ پکا بنانا ۔

Stabilimeter : (n) (طبیعیات) نمونہ ہوائی جہاز کی مضبوطی یا استحکام ناپنے کی ایک ترکیب ؛ جانور یا بچے کی حرکت کی وسعت اور تعدد ناپنے کا آلہ ۔

Stability : (n) [OFr. '(E)stablete'.] (۱) قیام ؛ ثبات ؛ قیام پذیری ۔ (۲) پائیداری ؛ (تباہی یا تبدیلی سے) محفوظ رہنا ۔ (۳) استقلال ۔ (۴) استحکام ۔

Stabilization : (n) ثبات ؛ قیام آوری ؛ استحکام ؛ پائیدار گری ؛ پائیدار سازی ۔

Stabilizator : (n) [Fr. 'Stabilisateur'.] (۱) پائیدار گر ترکیب یا یا آلہ ۔ (۲) ہوائی جہاز کا بازوجو اس کے توازن کو قائم رکھتا ھے ۔ (۳) چلتے ہوئے ٹینک کی توپ کو نشانے پر لگا رکھنے کی ایک ترکیب ۔

Stabilize : (v) (۱) استحکام دینا ؛ مضبوط کرنا ۔ (۲) مستحکم ہونا ؛ مضبوط ہونا ۔

Stabilizer : (n) دیکھو Stabilizator

Stable : (n) [OFr. 'Estable'.] (۱) اصطبل ؛ طویلہ ۔ (۲) گھڑدوڑ کے گھوڑے جو کسی خاص اصطبل کے ہوں ۔ (۳) وہ جگہ جہاں گھڑدوڑ کے گھوڑوں کو تربیت دی جاتی ھے ۔ (۴) (فوج) (جمع) اصطبل کا کام ؛ اصطبل کے فرائض ؛ اصطبل کے فرائض پر بلانے کا بگل ۔ (۵) ہنرمندوں کی جماعت ؛ ایک منیجر کی ہدایت پر چلنے والے کھلاڑیوں کی جماعت ۔

Stable : (a) [AFr.] (۱) مضبوط ؛ مستحکم ؛ قائم ۔ (۲) مستقل مزاج ؛ ثابت قدم ؛ پکا ؛ اٹل ؛ غیر مذبذب ۔ (۳) (کیمیا) پائیدار ۔ (۴) غیر متغیر ۔

Stable : (v) مضبوط یا مستحکم بنانا ؛ پکا بنانا ؛ مستقل مزاج بنانا ۔

Stable : (v) (۱) گھوڑے کو اصطبل میں رکھنا یا باندھنا ۔ (۲) (کسی عمارت کا) اصطبل کا کام دینا ؛ اصطبل کی گنجائش رکھنا ۔ (۳) (جانوروں اور مجازاً آدمیوں کے لئے) بندھنا (اصطبل میں) ؛ قیام کرنا ۔

Stable-boy : (n) اصطبل کا ملازم ۔

Stable-call : (n) (فوج) اصطبل کے فرائض انجام دینے کے لئے ملانے کا بگل ۔

Stable companion : (n) (۱) ایک ہی اصطبل کے گھوڑے ؛ ہم اصطبل ۔ (۲) ایک ہی انجمن ، کلب وغیرہ کا رکن ؛ ہم انجمن ؛ ہم مکتب ؛ ہم کلب ۔

Stable-door : (n) اصطبل کا دروازہ ۔

To shut (lock etc.) the stable door when the horse is stolen : دیر سے انسدادی اقدامات کرنا ۔

Stable equilibrium : (n) قائم توازن ۔

Stable fly : (n) گھڑ مکھی ۔

Stable-lad : (n) دیکھو Stable-boy

Stable-meal : (n) سرائے میں گھوڑا رکھنے کے معاوضے کے طور پر خریدی ہوئی شراب ۔

Stable oscillation : (n) ثابت ابتزاز ؛ ابتزاز جس کی وسعت بڑھتی نہ ہو ۔

Stable room : (n) اصطبل کی گنجائش ؛ اصطبل ۔

Stable-yard : (n) اصطبل کا احاطہ یا باڑا ۔

Stableman : (n) اصطبل کا ملازم جو گھوڑے کو کھلاتا پلاتا اور کھریرا کرتا ھے اور دیکھ بھال کرتا ھے ۔

Stablemate : (n) (۱) ہم اصطبل گھوڑا ؛ وہ گھوڑا جو دوسرے گھوڑے کے ساتھ ایک ہی اصطبل میں باندھا جائے ؛ ایک مالک کے دو یا دو سے زیادہ گھوڑوں میں سے ایک ۔ (۲) دو یا دو سے زیادہ مکابازوں میں سے کوئی جن کا منیجر ایک ہو ۔

Stabler : (n) اصطبل کا مالک یا منتظم ۔

Stabling : (n) (گھوڑوں کو) اصطبل میں رکھنا ؛ اصطبل ؛ اصطبل خانے ۔

Stablish : (v) دیکھو Establish

Stablishment : (n) دیکھو Establishment

Stably : (adv.) مضبوطی سے ؛ مستحکم طور پر ؛ ثابت قدمی سے ۔

Stac/ Stacc : (a) Staccato کا مخفف ۔

Staccato : (a) [It. 'Staccare'.] (موسیقی) غیر مسلسل بجایا ہوا ؛ جدا جدا ۔

Staccato : (adv.) جدا جدا ؛ غیر مسلسل طور پر ؛ وقفوں کے ساتھ ۔

Staccato : (n) غیر مسلسل سُر ۔

Staccato : (v) غیر مسلسل بجانا ؛ جدا جدا بجانا ۔

Staccato mark : (n) اسٹاکاٹو نوٹ (نشان موسیقی) کے اوپر نیچے کا نقطہ جس کا مطلب یہ ہوتا ھے کہ غیر مسلسل بجایا

جائے۔

Stacher : (۱) لڑکھڑاتی چال : دماغ اور ریڑھ کی بیماری خصوصاً گھوڑوں اور مویشیوں میں۔ (۲) دیکھو Stagger ۔

Stachys : (n) [L.] سُنبل۔

Stack : (n) [ON. 'Stakkr'.] (۱) گری : انبار : ڈھیر (غلے یا گھاس کا)۔ (۲) ٹال : کنج۔ (۳) ایندھن کا پیمانہ جو ۱۰۸ مکعب فٹ کا ڈھیر ہوتا ہے : ٹھیکی ۔ (۴) ڈھیر : انبار : تودہ ۔ (۵)(بول چال) افراط : بہتات ۔ (۶) بندوق کا انبار (سلامی کی شکل میں بندوقوں کو ایک دوسرے کے سہارے کھڑا کرنا)۔ (۷) چمنیوں کی قطار ۔ (۸) جہاز یا انجن کی چمنی یا دو دکش۔(۹)جزیرۂ چٹان۔ (۱۰)کتاب کی الماری کی ایک ساخت جس کے خانے پتلے ہوتے ہیں۔ (۱۱) ایک ہی قسم کی ہوائیوں کا گچھا جو ایک ریڈیوسسٹم کے لئے ہوتا ہے ۔ (۱۲) اپنے اترنے کی باری کے لئے ہوائی اڈے پر مختلف اونچائی پر چکر لگانے والے طیارے ۔ (۱۳) (گیس بنانے میں) قرنبیقوں کے بنچوں کا سلسلہ ۔

Stack : (v) (۱) ڈھیر لگانا : انبار لگانا۔ (۲) ہوائی جہاز کو ریڈیو کے ذریعہ وہ اونچائی بتانا جس پر وہ ہوائی اڈا کے اوپر پرواز کرتا رہے (اترنے کی باری کے انتظار میں) : ہوائی جہاز کو مختلف اونچائیوں پر اترنے سے قبل اڑاتے رہنا۔ (۳)کمان کے بیچ کے اندرونی حصے کو پتلا اور اونچا بنانا۔ (۴) (Up کے ساتھ) جمع ہونا ۔

Stack-furnace : (n) اونچی استوانہ نما جھکڑ بھٹی ۔

Stack-garth : (n) [ON. 'Stakkgaror'.] انبار خانہ ۔

Stack-gas : (n) انجن کے دود کش سے نکلنے والی گیس ۔

Stack-guard : (n) غلہ یا گھاس کے ڈھیر کو چھپانے کا عارضی غلاف ۔

Stack room : (n) کمرہ جس میں کتب خانہ کی الماریاں رکھی جاتی ہیں۔

Stack-stand : (n) کرسی (اینٹوں کا چبوترہ) : گھڑونچا ، غلے کا ڈھیر سکھانے یا کیڑوں سے بچانے کے لئے : مچان ۔

Stack up : (v) (۱) جمع ہونا : میزان ہونا ۔ (۲) ملانا : موازنہ کرنا ۔

Stack-yard : (n) دیکھو Stack-garth

Stacked : (a) (عام) سڈول جسم والی (عورت) : متناسب جسم والی ۔

Stacked heel : (n) چمڑے کی پرت دار ایڑی جو عورتوں کے جوتوں میں لگائی جاتی ہے ۔

Stacker : (n) جمع کرنے والا: انبار لگانے والا : ڈھیر لگانے والا ۔

Stacking : (n) انبار لگانا : ڈھیر لگانا۔

Stacking stage : (n) پار یا مچان جو انبار لگانے میں استعمال ہوتا ہے۔

Stacking swivel : (n) رائفل کا چول چھلا جس کے سہارے اسے کھڑا کرتے ہیں (سلامی کی غرض سے) ۔

Stacte : (n) [Gr.] ایک خوشبو دار مسالہ جو قدیم یہودی بخورات بنانے میں استعمال کرتے تھے : دار چینی کا تیل ۔

Stactometer/ Staktometer : (n) [Gr. 'Staktos' + -meter.] قطرہ پیما : پیمانہ (نلکی کا سا بنا ہوا قطرات کے ناپنے کے لئے) ۔

Stad/ Stat : (n) [Du.] شہر یا گاؤں ۔

Staddle : (n) [OE. 'Stapol'.] (۱) بروا جسے چھوڑ دیا گیا ہو جب کہ ارد گرد کے درخت کاٹ دیئے گئے ہوں ۔ (۲) کٹے ہوئے درخت کی جڑ اور ٹھنٹھ ۔ (۳) گھاس یا غلے کے انبار کا نچلا حصہ ۔ (۴) لکڑی ، پتھر وغیرہ کا چبوترہ جس پر انبار لگایا جاتا ہے ۔

Staddle-stones : (n) وہ پتھر جو انبار کے چوکٹھا یا چبوترہ کو سہارا دیتا ہے ۔

Stade : (n) (۱) پیدل دوڑ کا میدان : ورزشی مشقوں کی جگہ : میدان ورزش : اسٹیڈیم ۔ (۲) دیکھو Stadium ۔

Stadholder/ Stadtholder : (n) [Du. 'Stadhouder'.] (۱) نیدر لینڈ میں کسی صوبے یا شہر کا حاکم یا وائسرائے ۔ (۲)صوبجات متحدہ کا اعلیٰ مجسٹریٹ ۔

Stadholderate : (n) نیدر لینڈ کے صوبے یا شہر کے حاکم یا وائسرائے کا عہدہ یا وقار یا ان کے ماتحت علاقہ ۔

Stadholdership : (n) دیکھو Stadholderate

Stadia : (n) Stadium کا صیغۂ جمع ۔

Stadia : (n) [History Obscure.] (۱) (سروے) فاصلہ ہیں : سٹیڈیا۔ (۲) (فوج) شیشے یا پیتل کا پتر جس کے درمیان میں مثلث متساوی الساقین کی شکل کا سوراخ بنا رہتا ہے جس سے پیدل سپاہی یا سوار کی دوری کا پتا لگایا جاتا ہے ۔

Stadiometer : (n) [Gr. 'Stadion' + -meter.] (۱) زاویہ پیما : زاویہ نگار ۔ (۲) فاصلہ پیما ۔

Stadium : (n) [L.] (۱) (قدیم یونان و روما) لمبائی کا پیمانہ = ۲۰۲ گز ۔ (۲) پیدل دوڑ کا میدان ؛ ورزشی مشقوں کی جگہ ؛ بازی گاہ ؛ میدان ورزش ؛ اسٹیڈیم ۔ (۳) (طب) کسی مرض کی مدت: نوبت: دور : مرحلہ ؛ دورہ ۔(۴) (سروے) دیکھو Stadia ۔

Stadthaus : (n) [G.] جرمنی کا ٹاؤن ہال (بلدیہ کا دفتر اور عام جلسہ گاہ) ۔

Stadthouse : (n) [G.] ٹاؤن ہال : میونسپلٹی کا دفتر اور عام جلسہ گاہ ۔

Staff : (n) [OE. 'Staef'.] (۱)سونٹا : ڈنڈا ؛ چھڑی ؛ لائن ۔ (۲) (مجازاً) سہارا ؛ تکیہ ۔ (۲) منصب اور حکومت کی علامت : عصائے حکومت ۔ (۴) بلی : دستہ ؛ سہارا ۔ (۵) آلۂ پیمائش و مساحت ۔ (۶) سمندر میں ارتفاع معلوم کرنے کا آلہ ۔ (۷) (جراحی) مڑا ہوا فولادی آلہ جو مثانے کے اندر نشتر کی رہنمائی کرتا ہے ؛ محبس ۔ (۸) (فوج) افسروں کی جماعت (فوجی کمانڈر کی مدد کے لئے) جن کا تعلق فوج یا فوج کے صدر مقام پر کمانڈر انچیف کے ماتحت ہوتا ہے ۔ (۹) اہل کاروں کی جماعت یا عملہ ۔ (۱۰) (موسیقی) پانچ متوازی خطوط جن میں سے ایک یا کسی دو کے درمیان آواز کا چڑھاؤ ظاہر کرنے کے لئے نشان لگا دیا جائے ۔ (۱۱) بھالے یا برچھے کا ڈنڈا ۔ (۱۲)چوب پرچم ؛ بانس جس پر جھنڈے کا کپڑا لگایا جاتا ہے ۔ (۱۳) (نقابت) ڈنڈے یا عصا کی تصویر ۔ (۱۴) (سیڑھی کا) ڈنڈا ۔ (۱۵) (گھڑی سازی) دھرا : دھری ۔ (۱۶) (شعر) بند ؛ بیت ۔ (۱۷) اسٹاف ؛ عملہ ۔ (۱۸) (جادوگر کی) چھڑی ۔ (۱۹) شناختی قرص جو اکہری ریلوے پر چلنے والی گاڑی کے ڈرائیور کو اجازت کے طور پر دیا جاتا ہے ۔

The staff of life : روٹی یا اس قسم کی (یا دوسری اہم) غذا ۔

To break a staff : لڑنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ وار کرنا ۔

To break the staff of bread : (کھانے کے) سامان رسد کا قطع کرنا یا کم کرنا ۔

To have the staff in (one's) own hand : اپنی جائداد کو اپنے قبضے میں رکھنا ؛ اختیار و اقتدار بر قرار رکھنا ۔

To set up one's staff (of rest) : سکونت پذیر ہو جانا ؛ مقیم ہو جانا ۔

Staff : (n) [Origin unkn.] پلاستر کرنے کا ایک مسالہ جس کے ساتھ ریشے ملے ہوتے ہیں اور جو عارضی تعمیرات میں کام آتا ہے ۔

Staff : (v) اسٹاف یا عملہ فراہم کرنا (افسر ، معلم ، نوکر وغیرہ کا) ۔

Staff : (a) اسٹاف یا عملہ سے متعلق ۔

Staff and staple : (n) اہم یا خاص جزو یا عنصر ۔

Staff-angle : (n) (پلاستر کرنے میں) لکڑی کا وہ ٹکڑا جو دو عمودی دیواروں کے بیرونی زاویہ پر لگا دیتے ہیں تاکہ کونے کو نقصان نہ پہنچے ۔

Staff cap : (n) (۱) چھجے دار ٹوپی ۔ (۲) چپٹی چندیا والی ٹوپی ۔

Staff college : (n) کالج جس میں افسروں کو اسٹاف کا کام سیکھنے کی تعلیم دی جاتی ہے بخلاف ریجمنٹ کے کام کے ۔

Staff corps : (n) (فوج) افسروں اور جوانوں کی وہ جماعت جو کمانڈنگ افسر اور ان کے اسٹاف کی مدد کرتے ہیں ؛ (ہندوستان میں) وہ دستہ جو افسروں کی بحالی کرتا ہے ۔

Staff-head : (n) ڈنڈے کا مونٹھ (منقش یا فلزی چادر چڑھایا ہوا) ؛ تپائی کا اوپری حصہ جو زاویہ پیما دوربین کا سہارا ہوتا ہے ۔

Staff-herd : (v) مویشیوں کو چرنے کے لئے چھوڑنا ، خصوصاً کسی چرواہے کی نگرانی میں ۔

Staff-man : (n) ریشم کا دھاگا بانٹنے والا مزدور ۔

Staff notation : (n) (موسیقی) وہ علامت جس سے آواز کا چڑھاؤ ظاہر کیا جاتا ہے ۔

Staff officer : (n) (۱) فوج ، ڈویژن یا بریگیڈ کے عام اسٹاف کے ساتھ کام کرنے والا افسر ۔ (۲) (امریکی بحریہ) وہ افسر جو سپہ سالاری نہ کرتا ہو ۔

Staff of life : (n) روٹی : خاص غذا ۔

Staff-ride : (n) فن حرب سکھانے کے لئے افسروں کی مشق ۔

Staff-sling : (n) (تاریخ) ایک قسم کا فلاخن جس کی ڈوری ایک ڈنڈے سے لگی رہتی ہے ۔

Staff-tree : (n) ایک قسم کا درخت یا جھاڑی ۔

Staff-vine : (n) بھلاواں ۔

Staffage : (n) فنی لوازمات ۔

Staffer : (n) عملہ کا رکن : خصوصاً کسی اخبار ، جریدہ وغیرہ کے اسٹاف کا رکن ۔

Staffete : (n) [It. 'Staffeta'.] گھڑ سوار ہرکارہ ۔

Stafford : (n) اسٹفورڈ شائر کے شہر کا نام ۔

Staffordshire : (n) چینی مٹی کے ظروف جو اسٹفورڈ شائر میں بنتے تھے ۔

Stag : (n) [OE. 'Stacga'.] (۱) (نر) بارہ سنگا : گوزن : نر ہرن جو عمر کے پانچویں سال میں ہو ۔ (۲) خصی سانڈ : بیل : خصی جانور ۔ (۳) جوان گھوڑا : بے پھیرا ہوا گھوڑا ۔ (۴) خصی سور : بھیڑا ۔ (۵) (مرغ کی لڑائی میں) ایک سال سے کم عمر کا مرغا ۔ (۶) (عام) مخبر : جاسوس ۔ (۷)ایک شلنگ ۔ (۸) (امریکی عامیانہ) وہ شخص جو سماجی اجتماع میں بغیر عورت کے جائے : صرف مردوں کا اجتماع ۔ (۹) وہ شخص جو کسی نئی کمپنی یا کارخانے کے حصے اس غرض سے خریدنا چاہتا ہے کہ فوراً نفع سے بیچ دے ۔

Stag : (v) (۱) (عام) مشاہدہ کرنا : خاص توجہ سے : نگاہ رکھنا : معلوم کرنا : دریافت کرنا ۔ (۲) مخبر بن جانا : مخبری کرنا ۔ (۳) کسی نئی کمپنی یا کارخانے کے حصے اس غرض سے خریدنا کہ فوراً نفع سے بیچ دے ۔ (۴) (کسی سماجی تقریب میں) بغیر عورت کے جانا ۔ (۵) چھوٹا کرنا : خصوصاً پتلون کو گھٹنے یا ٹخنے پر سے کاٹ دینا۔

Stag : (a) (۱) صرف مردوں کے لئے : مرادنہ ۔ (۲) بغیر جنس مخالف کے ۔

Stag : (adv.) بغیر عورت کے : بغیر مرد کے : بغیر جنس مخالف کے ۔

Stag-beetle : (n) ابومقص : بعض قسم کے بھونرے جس کے جبڑے بارہ سنگھے کے سینگوں کی طرح پھیلے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Stag-fern : (n) ایک قسم کا سرخس ۔

Stag-hafted : (a) ہرن کے سینگ سے بنا ہوا مونٹھ والا ۔

Stag-handled : (a) جس کا دستہ ہرن کے سینگ کا بنا ہوا ہو ۔

Stag-headed : (a) (نباتیات) سر سوکھا : جس کے سرے پر مردہ بے مرگ

بے برگ ٹہنیاں ہوں ۔

Stag-hog : (n) دیکھو Babiroussa

Stag-horn/ Stag's horn : (n) (۱) (جمع) بارہ سنگھا کا سینگ ۔ (۲) بارہ سنگھے کا سینگ جو دستے کی طرح یا بطور آرائش استعمال ہوتا ہے ۔ (۳) امریکی یا ورجینیا کا سماق ۔ (۴) اُشنا کی ایک قسم ۔ (۵) سرفس کی ایک قسم ۔ (۶) بعض کیڑوں کے ناموں کے ساتھ آتا ہے ۔ (۷)ایک قسم کا مونگا ۔

Stag-horned : (a) (۱) بھونرے کی ایک جنس کے لئے مستعمل ہے ۔ (۲) (نباتیات) سر سوکھا ۔

Stage : (n) [OFr. 'Estage'.] (۱) چبوترا : مچان ۔ (۲) چوکی جس پر اشیاء کو رکھ کر امتحان کرتے ہیں ۔ (۳) تھیٹر کا اسٹیج: تماشا گاہ ۔ (۴) (مجازاً) ناٹک کا فن اور علم : ناٹک کرنے والوں کا پیشہ : ڈراما ۔ (۵) (مجازاً) میدان عمل ۔ (۶)نوبت : مرحلہ : زمانہ : منزل : عصر : حالت ۔ (۷)منزل : عمارت کی منزل ۔ (۸) پودوں کو رکھنے کی الماری ۔ (۹) (ارضیات) دو یا زیادہ طبقات کا سیٹ ۔ (۱۰) (امریکا) پانی کی سطح ۔ (۱۱) مچھلیاں سکھانے کا چبوترہ ۔ (۱۲) ڈاک گاڑی ۔ (۱۳) مفرد افزوں گر ٹرانزسسٹر یا صمام (برقی کنڈنسر وغیرہ کے ساتھ) ۔ (۱۴) راکٹ کے دو حصوں میں سے ایک حصہ جس کا اپنا انجن اور ڈھکیلو ہوتا ہے ۔

To bring (a person) on or to the stage : (کسی شخص کو) ڈرامے میں بطور کردار پیش کرنا ۔

To bring,put (an opera, a tragedy etc.) on the stage : (ڈراما المیہ وغیرہ) عوام میں پیش کرنا : اسٹیج پر لانا ۔

To go on the stage : ایکٹر بننا ۔

To take the stage : (۱) مؤثر تقریر کے بعد ایکٹر کا اسٹیج پر پُر وقار طریقے سے ٹہلنا ۔ (۲) خاص کردار ادا کرنا ۔

Stage : (v) (۱) کسی شخص کو ڈرامے کا کردار بنانا : ڈرامے میں کسی شخص کی بجو کرنا : (کسی کردار یا واقعہ کو) اسٹیج پر پیش کرنا ۔ (۲) ڈرامے کو اسٹیج پر لانا ۔ (۳) پودوں کو شیلف پر رکھنا : پودوں کی نمائش کرنا ۔ (۴) ڈاک گاڑی میں سفر کرنا ۔ (۵) منزل بہ منزل سفر کرنا ۔ (۶)(فوجی اشخاص ، رسد یا ہتھیار کو) کسی نئے صدر کیمپ تک (مزید پیش قدمی کے لئے) لانا ۔ (۷) فوجی اڈا یا مورچہ قائم کرنا ۔

Stage : (a) (۱) رسمی : رواجی : غیر متبدل ۔ (۲) اسٹیج یا عام جلسوں

میں طرز تقریر سے متعلق۔

Stage-box : (n) پردے اور روشن چوکی کی درمیانی جگہ کے اوپر کی علاحدہ نشست گاہ۔

Stage business : (n) کسی ایکٹر کی حرکت جو ماحول پیدا کرنے کے لئے یا کسی موقع کی وضاحت کے لئے ہو (مثلاً بیٹھ جانا، سگریٹ جلانا وغیرہ)۔

Stage carriage : (n) ڈاک گاڑی۔

Stage cloth : (n) اسٹیج کے فرش پر بچھانے کا کپڑا۔

Stage-coach : (n) دیکھو Stage-carriage

Stage-coachman : (n) ڈاک گاڑی چلانے والا؛ ڈاک گاڑی کا کوچبان۔

Stage-craft : (n) ناٹک نویسی یا ڈراموں کے کھیلنے کا فن یا پیشہ۔

Stage direction : (n) ایکٹروں کی ہدایت کے لئے چھپے ہوئے اشارات۔

Stage director : (n) (۱) ڈراما وغیرہ میں ہدایت کرنے والا۔ (۲) دیکھو Stage-manager۔

Stage-door : (n) ایکٹروں یا تماشا کرنے والوں کی آمد و رفت کا دروازہ پشت تماشا گاہ پر۔

Stage-door johny : (n) وہ شخص جو ایکٹریسوں یا طائفہ کی لڑکیوں سے عشق بازی کرنے کے لئے برابر تھیٹر جاتا ہے۔

Stage driver : (n) ڈاک گاڑی کا کوچبان۔

Stage tower : (n) مینار جس کی منزلیں بہت زیادہ نمایاں ہوتی ہیں۔

Stage effect : (n) نمائشی اور مصنوعی اثر یا تدبیر۔

Stage fever : (n) تھیٹر دیکھنے کی دھن؛ تھیٹر میں شرکت کی دھن۔

Stage-fright : (n) بدحواسی یا بے اوسانی جو خصوصاً پہلی مرتبہ اسٹیج پر آنے سے ہوتی ہے۔

Stage-keeper : (n) الیزا بیتھین اسٹیج کا ملازم۔

Stage-manage : (v) اسٹیج کا انتظام کرنا۔

Stage-management : (n) اسٹیج کاانتظام۔

Stage-manager : (n) اسٹیج کا منتظم، جس کے ذمہ ڈرامے کا کھیل وغیرہ ہوتا ہے۔

Stage-name : (n) کسی ایکٹر یا ایکٹریس کا پیشہ ورانہ نام۔

Stage play : (n) (۱) ناٹک کا پارٹ؛ اسٹیج پر پیش کئے جانے کے لائق ڈراما۔ (۲) ڈراما میں پارٹ کرنا۔

Stage-player : (n) ایکٹر؛ ناٹکی؛ ڈراما کرنے والا۔

Stage-playing : (n) ناٹک میں پارٹ کرنا؛ اداکاری۔

Stage-property : (n) لباس یا فرنیچر وغیرہ جو اسٹیج پر استعمال کیا جائے۔

Stage right : (n) کسی ڈرامے کو اسٹیج پر دکھانے کا حق۔

Stage set : (n) (۱) سینری اور لباس، و فرنیچر کی ترتیب (کسی مخصوص منظر کے لئے)۔ (۲) لوازم تماشاگاہ؛ کھیل کی ترکیب یا طرز۔

Stage-setting : (n) اسٹیج پر ایکٹروں اور لوازمات کی ترتیب۔

Stage-struck : (a) اسٹیج زدہ؛ جس پر ہر وقت تھیٹر کی دُھن سوار رہتی ہے؛ دیوانۂ اسٹیج۔

Stage-evil : (n) (گھوڑے کی) دانت پچی؛ فک بستگی؛ چاندنی۔

Stage-wait : (n) (ناٹک) اسٹیج پر کھیلے جانے کے درمیان رخنہ یا وقفہ۔

Stage-whisper : (v) زور سے سرگوشی کرنا۔

Stage-whisper : (n) اسٹیج سرگوشی؛ وہ بات جو زیادہ تر حاضرین کے سننے کے لئے ہو۔

Staged : (a) (۱) اسٹیج کے لئے لکھا ہوا یا اسٹیج پر پیش کیا ہوا۔ (۲) اختراع کیا ہوا؛ گھڑا ہوا؛ رچایا ہوا۔ (۳) اسٹیج پر ہونے والا۔

Stagehand : (n) تھیٹر کا وہ ملازم جو اسٹیج کی سینری، لباس وغیرہ کا انتظام کرتا ہے۔

Stageland : (n) تھیٹر کی دنیا۔

Stageman : (n) اسٹیج پر کام کرنے والا؛ خصوصاً وہ جو فلموں کے لئے اسٹیج بناتا ہے۔

Stageplank : (n) (۱) عموماً تیرتا ہوا چبوترہ جس پر سے جہاز کا مال اور مسافر اتارے جاتے ہیں۔ (۲) دیکھو Gangplank۔

Stager : (n) (۱) تجربہ کار ۔ (۲) ڈاک گاڑی کا کوچبان ۔

Old stager : تجربہ کار: گرگ باراں دیدہ : پرانا کھلاڑی ۔

Young stager : ناتجربہ کار : مبتدی کھلاڑی ۔

Stagery : (n) دیکھو Stagecraft

Satgewise : (a) تھیٹر کا واقف کار یا ماہر ۔

Stagey : (a) (۱) تھیٹری وضع کا ۔ (۲) نمود و نمائش کا ۔ (۳) دیکھو Stagy ۔

Staggard : (n) [f. Stag + - ard.] بارہ سنگا جس کی عمر تین اور چار سال کے درمیان ہو ۔

Stagger : (n) (۱) لڑکھڑاتی چال ۔ (۲) دماغ اور ریڑھ کی بیماری خصوصاً گھوڑوں اور مویشیوں میں ۔ (۳) (جمع) چکر : دوران سر ۔ (۴)(دو مسطحی طیارہ)اوپر والے بازو کا وہ حصہ جو نچلے بازو سے آگے نکلا رہتا ہے ۔ (۵)کوشش : آزمائش ۔

Stagger : (v) [ME. 'Stakeren'.] (۱) ڈگمگانا : لڑکھڑانا ۔ (۲) پس و پیش کرنا : ہچکچانا : دبدھا ہونا ۔ (۳) متردد کر دینا: شش و پنج میں ڈالنا ۔ (۴) چکرا دینا : پاؤں اکھاڑ دینا : بدحواس کر دینا ۔ (۵) پیچ و خم کے ساتھ ترتیب دینا : اس طرح جوڑنا کہ ایک کا رُخ دائیں طرف رہے اور دوسرے کا بائیں طرف (خصوصاً پہیوں کے آروں کا) ۔ (۶) (جہاز کا) مشکل سے اور ڈگمگاتے ہوئے چلنا ۔ (۷)جھولنا : گرتی ہوئی دیوار ہونا ۔

To stagger belief : ناقابل یقین ہونا ۔

Stagger bush : (n) ایک قسم کی امریکی جھاڑی ۔

Stagger-grass : (n) ایک قسم کا سوسن ۔

Staggerer : (n) (۱) لڑکھڑانے والا : ڈگمگانے والا ۔ (۲) چکرا دینے والا مسئلہ : اعتراض یا دلیل ۔

Staggering : (a) تعجب خیز : بے پناہ : ناک میں دم کرنے والا ۔

Satggeringly : (adv.) تعجب خیز طور پر : ناک میں دم کرتے ہوئے ۔

Satggerwort : (n) ایک درخت جس کی پتیاں دنتیلی اور پھول زرد ہوتے ہیں ۔

Staggery : (a) لڑکھرانے والا : لغزش کرنے والا : متزلزل : مذبذب :

ڈانواں ڈول ۔

Staggie : (n) (اسکاتستان) دیکھو Colt

Staghorn fern : (n) ایک قسم کا آسٹریلیائی سرخس ۔

Staghorn sumac : (n) شمالی امریکا کا سماق ۔

Staghound : (n) دیکھو Deer-hound

Stagiary : (n) [med. L. 'Stagiarius'.] سکونت گزیں پادری : مقیم پادری ۔

Stagiary : (n) [Fr. 'Stagiaire'.] قانون کا فرانسیسی طالب علم ۔

Stagiary school : (n) ایک اسکول جس میں فرانسیسی قانون ۱۸۵۰ کے مطابق تین سال کی خدمت کی بنیاد پر بحالی کی جا سکتی تھی ۔

Stagily : (adv.) تھیٹر کے مانند ۔

Satginess : (n) تھیٹر کے مانند ہونے کی حالت : نمود نمائش : تصنع : بناوٹ ۔

Staging : (n) (۱) مچان : مچان باندھنا ۔ (۲) ڈرامے کو اسٹیج پر لانا ۔ (۳) ڈاک گاڑیوں کا چلانے اور انتظام کرنے کا کام ۔ (۴)فوجیوں یا سازو سامان کو مختلف مرحلوں میں آگے بڑھانا ۔ (۵) (تعمیرات) پشتے کا جبوترا ۔ (۶) (پود گھر میں) پودوں کو رکھنے کی الماریاں ۔ (۷) جلے ہوئے راکٹ کو خلائی گاڑی سے الگ کرنا ۔

Staging area : (n) وہ علاقہ جس میں فوج کو کسی مہم پر بھیجنے سے پہلے اکٹھا کیا جاتا ہے ۔

Stagirite : (n) [L. 'Stagirites'.] اصطا غیری : مقدونیہ کے شہر ستاجرہ کا باشندہ : (خصوصاً) حکیم ارسطو (جو وہاں پیدا ہوا تھا) ۔

Stagmometer : (n) [Gr. 'Stagma' + -meter.] رقیق کے فی اکائی حجم میں قطروں کی مقدار ناپنے کا آلہ ۔

Stagnance : (n) دیکھو Stagnancy

Satgnancy : (n) (۱) جمود : سکون : بے حرکتی ۔ (۲) کوئی بے حرکت چیز ۔

Stagnant : (a) [L. 'Stagnans'.] مراکد : بند (پڑا ہوا) : جامد : ساکن : سست : مندا : آلسی ۔

Stagnantly : (adv.) حالت سکون میں ۔

Satgnate : (v) [L. 'Stagnare'.] (۱) (سیال اشیاء کا) ساکن یا جامد ہو جانا ؛ بند رہنا ؛ کھڑا رہنا ؛ غیر متحرک ہونا ۔ (۲)(زندگی ، دماغ ، عمل ، کاروبار ، شخص کا) مندا ہونا ؛ سست ہو جانا ؛ مدھم پڑ جانا ۔ (۳) متعجب کرنا ؛ حیرت میں ڈالنا ؛ حیرت زدہ بنانا ۔ (۴) نشو و نما کی قوت کھو دینا ؛ بڑھنے میں ناکام ہونا ۔

Stagnation : (n) (۱) جمود ؛ سکون ؛ بے حرکتی ۔

Stagnum : (n) [L.] جوہڑ جس میں سے پانی نکلنے کا راستہ نہ ہو ۔

Satgnicolous : (a) دلدل یا کیچڑ میں رہنے کا عادی ؛کھڑے پانی میں رہنے والا ؛ رکود باش ۔

Stagy/ Stagey : (a) (۱) تھیٹری وضع کا ۔ (۲) نمود و نمائش کا ؛ نمود و نمائش والا ؛ نمودیا ؛ مبالغہ آمیز بننے والا ۔ (۳)ریاکارانہ ۔

Stagyrite : دیکھو Stagirite

Stahihelm : (n) جرمنی کے سابق فوجیوں کی ایک تنظیم کا نام ؛ اس تنظیم کے اراکین ۔

Stahlian : (a) (۱) اسٹال (Stahl) کے نظریہ روحیت سے متعلق ؛ اس کے حیاتی عمل اور مرض کے نظریے سے متعلق ۔ (۲) جرمن کے ایک کیمسٹ کا نام ۔

Stahlian : (n) اسٹال کا معتقد ؛ مظاہر پرست ۔

Staid : (a) [from Stay.] (۱) متعین ؛ سنجیدہ ؛ مہذب ؛ پختہ مزاج ۔ (۲) ثابت ؛ قائم ؛ مستحکم ؛ غیر متغیر ۔

Staidly : (adv.) متانت سے ؛ سنجیدگی سے ۔

Staidness : (n) متانت ؛ سنجیدگی ؛ پختہ مزاجی ۔

Staig : (n) دیکھو Stag

Stail(e) : (n) [Alternative of Stale.] (اوزار کا) لمبا سیدھا چوبی دستہ ۔

Stain : (n) (۱) داغ ؛ دھبا ۔ (۲) (مجازاً) (ننگ و ناموس پر) دھبا ؛ داغ ؛ کلنک ؛ عیب ۔ (۳) جلد کا داغ ؛ پھوڑا ۔ (۴)ایک قسم کا رنگ ؛ پتلا سیال رنگ جس سے لکڑی رنگتے ہیں۔ (۵) (خورد بینی امتحان میں نمایاں کرنے کے لئے) بہت چھوٹی اور شفاف چیزوں کو رنگنے کا مسالہ ۔

Stain : (v) [ME. 'Staynen'.] (۱) داغدار کرنا ؛ دھبا لگانا ۔ (۲)ناپاک کر دینا ؛ نجس کرنا ۔ (۳) میلا کرنا ؛ ساننا ؛ گندہ کرنا ۔ (۴)(مجازاً) بٹہ لگانا ؛ داغ لگانا ؛ کلنک یا کالک لگانا (عزت ، نام ، شخص کو) ۔ (۵) رنگ چڑھانا (لکڑی ، شیشے پر) ۔ (۶) خوردبینی امتحان کی غرض سے رنگ دینا (پودے کی قطع یا حیوان کے نسیج کو خوب رنگ دینا تاکہ خوردبین کے امتحان میں وہ دوسرے حصوں کے مقابلے میں صاف نظر آئے) ۔ (۷) دیوار پر لگانے کے کاغذ کو رنگ برنگ کرنا ؛ منقش کرنا ؛ بیل بوٹے ڈالنا ۔ (۸) (مجازاً) (خون کا) دوڑ جانا ۔ (۹) (دریا کو) خون سے رنگ دینا ۔ (۱۰) شکاری کتوں کا راستہ کاٹ دینا تاکہ ان کو شکار کا سراغ نہ مل سکے ۔ (۱۱) (مجازاً) اخلاق بگاڑنا ؛ گناہ آلود بنانا ۔

Stainability : (n) رنگ پکڑنے کی صلاحیت ۔

Stainable : (a) رنگ پکڑنے کے قابل ۔

Stained : (a) داغدار ؛ دھبے پڑا ہوا ۔

Stained glass : (n) رنگین شیشہ ؛ منقش شیشہ ۔

Stained-glass : (a) (۱) رنگین شیشے سے متعلق ؛ بو قلموں شیشے سے بنا ہوا ۔ (۲) ریاکارانہ ؛ ظاہر دار ؛ ظاہر دارانہ ؛ ریاکار ۔

Stained-glass windows : (n) بو قلموں شیشوں کی کھڑکیاں جن پر اولیا یا فرشتوں کی تصویریں بنی ہوئی ہوتی ہیں ۔

Stainer : (n) داغ لگانے والا ؛ رنگ کرنے والا ؛ رنگریز ؛ رنگ (جو رنگنے کے کام آتا ہے) ۔

Staining : (n) رنگ کاری ؛ تلوین ۔

Staining power : (n) طاقت تلوین ۔

Stainless : (n) (۱) بے داغ ؛ بے عیب ۔ (۲) داغ روک ؛ استینلیس ؛ رنگ نخور ۔

Stainless steel : (n) داغ روک بھرت فولاد جس میں ۱۲ سے ۱۴ فی صد کرومیم رہتا ہے ۔

Stainlessly : (adv.) بے عیب طور پر ؛ بغیر داغ لگے ۔

Stainlessness : (n) بے عیب ہونا ؛ بے داغ ہونا ۔

Stair : (n) [OE. 'Steager'.] (۱) زینے یا سیڑھی کا پایہ ؛ قدمچہ ؛ پٹڑی ۔ (۲) (جمع) سیڑھیاں ۔ (۳) دیکھو Landing stage ۔

Above stairs : مکان کے نیچے کی منزل یا بالائی منزل پر ۔

Back-stairs : دیکھو Back-stairs

Below stairs : نیچے کی منزل (یعنی نوکروں کے رہنے کے مکان میں) ۔

Pair, flight of stairs : سیڑھیاں (سلسلہ وار) ۔

Stair dance : (n) ایک قسم کا ناچ جو چھوٹے سے زینے پر اوپر نیچے جا کر کیا جاتا ھے ۔

Stair-foot/ Stairs-foot/ Stair's foot : (n) سیڑھی کا سب سے نیچے کا حصہ ۔

Stair-head / Stairhead : (n) سیڑھی کا سب سے اوپر کا حصہ : سرزینہ ۔

Stair-pit : (n) کان کا اتھلا رستہ جس میں سیڑھی لگی یا بنی رہتی ھے ۔

Stair-rod : (n) لکڑی یا دھات کا ڈنڈا جو قدمچوں کے درمیان زینے کے فرش کے کونوں کو دبانے کے لئے ھوتا ھے ۔

Stair-shop/ Stairshop : (n) سیڑھی کا قدمچہ ۔

Stair-step : (a) سیڑھی کے قدمچوں سے مشابہ ۔

Stair-tower : (n) زینہ دار مینار ۔

Stair wire : (n) لکڑی یا دھات کا پتلا ڈنڈا جو قدمچوں کے درمیان زینے کے فرش کے کونوں کو دبانے کے لئے ھوتا ھے ۔

Staircase : (n) (۱) زینہ : سیڑھی ۔ (۲) (عضویات) عصبی محرکہ کو ملنے والی مسلسل جوابی حرکت ۔ (۳) بے قاعدہ سفید دھاری جو اکثر طباعت میں سطروں کے درمیان نظر آتی ھے ۔

Moving staircase : متحرک سیڑھی ۔

Staircase shell : (n) ایک قسم کا گھونگا ۔

Stairstep : (v) سیڑھی کے قدمچوں کی طرح اوپر یا نیچے جانا ۔

Stairway : (n) زینہ ۔

Stairwell : (n) زینہ خانہ : عمارت کا وہ کمرہ جس میں سیڑھیاں ھوتی ہیں ۔

Staith/ Staithe : (n) [ME. 'Stathe' of Scand origin.] تیرتا ھوا چبوترہ یا گھاٹ : خصوصاً لب دریا کوئلے کا ڈپو جہاں کان سے کوئلہ لاکر جہاز پر چڑھانے کے لئے رکھا جاتا ھے ۔

Staith(s)man : (n) وہ شخص جو جہاز پر کوئلہ چڑھانے کی نگرانی کرتا ھے ۔

Stakage : (n) کھونٹا گاڑ کر نہر وغیرہ کی حد بندی کرنا ۔

Stake : (n) [OE. 'Staca'.] (۱) بلی : چوب : کھونٹا (جو زمین میں گاڑا جاتا ھے حد بندی یا کسی شے کے سہارے کے لئے) ۔ (۲) کھمبا جس سے آدمی کو زندہ جلا دینے کے لئے باندھ دیتے ہیں ۔ (۳) (مجازاً) زندہ جلا کر مار ڈالنا ۔ (۴) (ثین ساز کی) ابرن : سندان (جو تختے پر لگی ھوتی ھے) ۔ (۵) اصول وغیرہ کی جوکھوں یا جوکھم ۔ (۶) کھمبا جس سے سور یا سانڈ باندھ کر اُن پر کتے چھوڑے جاتے تھے ۔ (۷) (فوج) وہ بلی جو دونوں طرف نوکدار ھوتی ھے اور دفاعی مقصد کے لئے استعمال ھوتی ھے ۔ (۸) (چمڑا سازی) چوبی ڈنڈا جس کے ایک سرے پر چوڑا فولادی پھل لگا ھوتا ھے ۔ (۹) تھونی جو گاڑی میں لگا دیتے ہیں تاکہ اسباب پھسل کر نہ گرے ۔ (۱۰) (ٹوکری سازی) ٹوکری کی بنیادی کھپچی ۔ (۱۱) (مارمن کلیسا میں) مقامی علاقے کی تقسیم : مارمن اسقف کا علاقہ یا حدود حکومت ۔

Stake : (n) [Origin unkn.] (۱) شرط یا روپیہ خصوصاً وہ جو نتیجے تک دونوں فریق Stakeholder کے پاس جمع کر دیتے ہیں ۔ (۲) (جمع) شرط کا روپیہ : (خصوصاً) گھڑ دوڑ میں لگایا ھوا ۔ (۳) (جمع) ایسی دوڑ ۔

At stake : جوکھوں میں : خطرے میں ۔

Produce stake : (۱) گھڑدوڑ جس میں وہی گھوڑے حصہ لے سکتے ہیں جو ان گھوڑوں کے بچے ھوں جن کے نام اور تفصیلات اندراج کے وقت موجود ھوں ۔ (۲) کتے کے بچوں کی دوڑ خصوصاً ایک سے دو سال کے کتوں کی ریس ، اس کو Puppy stake بھی کہتے ہیں ۔

Subscription stake : وہ گھڑ دوڑ جس میں صرف مقرر سالانہ چندہ دینے والے ایک یا دو دوڑ میں حصہ لے سکتے ہیں ۔

To have a stake in (an event, concern etc.) : نفع یا نقصان کی توقع رکھنا ۔

To have a stake in the country : مالی اعتبار سے ملک کی خوشحالی سے وابستہ ھونا ۔

Stake : (v) (۱) چولوں ، کھونٹوں ، بلیوں سے باندھنا : مضبوط کرنا یا سہارا دینا ۔ (۲) کسی رقبہ کی حد بندی کر دینا : نشان دہی کر دینا ۔ (۳) (آدمی کو) کھمبے سے باندھ کر

جسم میں میخیں ٹھوک کر ہلاک کرنا ؛ کھمبے سے باندھنا۔ (۴) گھوڑے کا جھاڑی یا جنگلا سے لگ کر زخمی ہو جانا یا کر دینا۔

Stake : (v) (۱) روپیہ لگانا (کسی شرط وغیرہ میں)۔ (۲) شرط کا روپیہ جمع کرنا۔ (۳) بازی پر چڑھا دینا۔ (۴) (مجازاً) خطرے میں ڈالنا۔ (۵) مالی مدد کرنا۔

Stake-boat : (n) کشتی جو دوڑ کے وقت راہ بتانے کے لئے ایک جگہ لنگر ڈالے رہتی ہے۔

Stake down : (v) شرط کا روپیہ جمع کرانا۔

Stake-driver : (n) بگلا۔

Stake-head : (n) (رسہ بنانے میں) لکڑی کی میخ جو لڑکو ایک دوسرے سے الگ رکھتی ہے۔

Stake-holder : (n) وہ شخص ثالث جس کے پاس شرط کا روپیہ جمع کیا جاتا ہے۔

Stake-net : (n) مچھلی پکڑنے کا جال بانسوں، چربوں وغیرہ پرلٹکا ہوا۔

Stake out : (n) (کسی مشکوک شخص یا علاقے پر) پولس کی نگرانی۔

Stake out : (v) (۱) کسی خاص مقام پر (پولس کو نگرانی کے لئے) تعینات کرنا۔ (۲) (کسی مشکوک شخص یا مقام کو) پولس کی زیر نگرانی رکھنا۔

Stake presidency : (n) مارمن اسقف کا حلقۂ اقتدار۔

Stake race/ Stakes rave : (n) وہ گھڑ دوڑ جس میں انعام کا روپیہ کُل کا کُل دوڑ کے شرکاء دیتے ہیں۔

Stake rope : (n) جانوروں کو کھونٹے سے باندھنے کی رسی۔

Stakeman : (n) (سروے) وہ شخص جو کھونٹا نصب کرتا ہے۔

Staker : (n) (۱) کارخانۂ دباغت کا وہ ملازم جو چمڑے کو ملائم بناتا ہے۔ (۲) گھڑی کے پرزوں کو آپس میں دستی مشین سے جوڑنے والا۔ (۳) اتنے سائز کا پودا (مثلاً ٹماٹر کا) جسے لگانے کے بعد تھونی کی ضرورت ہو۔

Stakhanovite : (n) [Russ. f. Alexi G. 'Stakhanov, a mine.] (خصوصاً روس کا) وہ مزدور جو اوسط سے زیادہ پیداوار دیتا ہے اور اس لئے اسے زیادہ مخصوص مراعات وغیرہ ملتی ہیں۔

Stakhonovitism : (n) کارکردگی کا ایک نظام جس میں مقابلہ ہوتا ہے اور انعامات دیئے جاتے ہیں۔

Staking : (n) کھونٹا ٹھوکنا ؛ میخ اندازی۔

Stalactic : (a) [Gr. 'Stalaktikos'.] رسوب کلسی سقفی سے متعلق ؛ پانی کے رسنے سے بنا ہوا۔

Stalactiform : (a) رسوب کلسی سقفی سے مشابہ۔

Stalactite : (n) (۱) کاربونیٹ آف لائم کا تہ نشیں مادہ جو عموماً قلموں کی شکل میں غار کی چھت وغیرہ سے لٹکتا رہتا ہے اور پانی کے رسنے سے بنتا ہے ؛ اسوب کلسی سقفی ؛ ستالکیت۔ (۲) سنگ کلس ؛ چونا پتھر۔ (۳) موری (Moorish) تعمیرات کی رسوب کلسی سقفی سے مشابہ ابھار والا ایک آرائش۔

Stalactite : (a) (تعمیرات) رسوب کلسی سے مشابہ ابھار سے آراستہ۔

Stalacititic/ -al : (a) رسوب کلسی سقفی سے مشابہ یا متعلق یا ان سے بھرا ہوا۔

Stalactitiform : (a) دیکھو Stalactiform

Stalag : (n) [G. Short for 'Stammlager'.] بے کمیشن فوجیوں (افسروں کا) کے لئے جرمن قید خانہ۔

Stalagma : (n) [Gt. 'Stalagma'.] (۱) کاربونیٹ آف لائم کا تہ نشیں مادہ جو غاروں وغیرہ کے فرش پر پایا جاتا ہے؛ رسوب کلسی فرشی ؛ ستالغیت۔ (۲) اس طرح جمع ہونے والا چونا پتھر۔

Stalagmite : (n) [mod. L. 'Stalagmites'.] دیکھو Stalagma

Stalagmite marble : (n) سلیمانی مرمر۔

Stalagmitic/ -al : (a) رسوب کلسی فرشی کی صفت کا یا اس کے مانند یا اس کا بنا ہوا۔

Stalagmitically : (adv.) رسوب کلسی فرشی کی خاصیت کے طور پر۔

Stalagmometer : (n) [Gr. 'Stalagmos' + -meter.] سطحی تنش پیما۔

Stalagmometry : (n) سطحی تنش پیمائی۔

Stale : (n) [OE. 'Stalu'.] (۱) دستہ ؛ کریدنی کا دستہ۔ (۲) تیر کی ڈنڈی ؛ بھالے کا ڈنڈا۔ (۳) سیڑھی کا ڈنڈا۔

Stale : (n) [AFr. 'Estale'.] (۱) لگانے والی چڑیا (جس کے ذریعہ دوسرے پرندوں کو پھانستے ہیں ۔ (۲) (قدیم) سادہ لوح؛ بھولا بھالا : مردھو ۔ (۳) (قدیم) نقل محفل ۔

Stale : (n) پیشاب (گھوڑے یا دوسرے مویشیوں کا) ۔

Stale : (a) [AFr. OFr. 'Estale'.] (۱) باسی ؛ بسا ہوا ؛ اُترا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) فرسودہ ؛ پرانا ؛ پائمال ۔ (۳) (کھیل کود میں) تھکا ہوا؛ تھکا ماندہ ؛ خستہ ؛ ناکارہ ۔ (۴) (قانون) فرسودہ ؛ (دعویٰ یا مطالبہ) جسے بہت دنوں تک چھوڑ دیا گیا ہو ۔

Stale : (v) [OFr. 'Staler'.] (گھوڑے یا مویشیوں کا) پیشاب کرنا ۔

Stale : (v) (۱) (بیئر وغیرہ کو) پرانا کر دینا ؛ بدمزہ کر دینا ۔ (۲) فرسودہ کر دینا ؛ پرانا کر دینا ؛ فرسودہ ہو جانا ؛ پرانا ہو جانا ۔

Stale : (v) (۱) دیکھو Stalemate ۔ (۲) مرج کھانا ۔

Stalely : (adv.) بے مزہ طور پر ؛ فرسودہ طور پر ۔

Stalemate : (n) (۱) (شطرنج) زچ ۔ (۲) (مجازاً) ٹھہراؤ ؛ رکاؤ ؛ مسدودی ۔

Stalemate : (v) (شطرنج) زچ دینا ۔

Staleness : (n) فرسودگی ؛ فرسودہ پن ؛ باسی پن ۔

Staling : (n) فرسودگی ؛ جراثیم پروری میں جراثیم کی نشو و نما کا بتدریج گھٹتے گھٹتے بالآخر رک جانا ۔

Stalinism : (n) اسٹالن کی پالیسی (روسی حکومت میں) ۔

Stalinist : (n) اسٹالن کی پالیسی کا حامی ۔

Stalk : (n) [ME. 'Stalke'.] (۱) (نباتیات) ڈنٹھل ؛ ڈنڈی ؛ ڈالی ۔ (۲) (حیوانیات) ڈنٹھل جیسی ساخت ؛ غصنہ نما جوڑ ؛ ساقچہ ؛ بند ۔ (۳) جام شراب کی ڈنڈی (پیندے کے اوپر) ۔ (۴) (تعمیرات) پودے کی ڈنڈی کی شکل کا آرائشی حاشیہ ۔ (۵) کارخانے وغیرہ کی لمبی چمنی ۔ (۶) کسی لمبی پتلی چیز کا خاص حصہ ۔ (۷) ساق پر ۔

Stalk : (n) (۱) چوری چھپے شکار کا تعاقب ۔ (۲) بانکی چال ؛ خود نمائی کی چال ۔

Stalk : (v) [Late OE. 'Stealcian'.] (۱) اکڑ کر چلنا ؛ اترا کر چلنا ؛ اینٹھ کر چلنا ۔ (۲) دبے پاؤں شکار کو جا دبوچنا ؛ بے آہٹ چلنا ؛ چپ چاپ پیچھا کرنا ؛ (ٹٹی وغیرہ کی) آڑ میں شکار کھیلنا ۔ (۳) شکار کی کھوج میں جانا ۔

Stalk-borer : (n) ایک پتنگے کا پہل روپ جو پودوں کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Stalk disease : (n) آلو کی ایک بیماری ۔

Stalk-eyed : (a) (کیکڑا وغیرہ) غصنہ نما جوڑ سے ملی ہوئی آنکھوں والا ۔

Stalk-field : (n) کھیت جس کی فصل کی بالیاں کاٹ لی گئی ہو اور صرف ڈنٹھل رہ گئے ہوں ۔

Stalk-shaver : (n) ڈنٹھل کاٹنے کا اوزار ۔

Stalkable : (a) جس کا (کسی جگہ) شکار آڑ میں کیا جا سکے ۔

Stalked : (a) ڈنڈی دار ؛ ڈنٹھل دار ؛ ساقہ دار ۔

Stalked puffball : (n) ایک قسم کا سما روغ ۔

Stalker : (n) (۱) اکڑ کر چلنے والا ؛ آڑ میں شکار کرنے والا ۔ (۲) لمبی لمبی ڈگ سے چلنے والا ۔

Stalkily : (adv.) ڈنٹھل کے طور پر ؛ نزاکت کے ساتھ ۔

Stalkiness : (n) ڈنٹھل کی طرح ہونا ؛ نزاکت ۔

Stalking-horse : (n) (۱) گھوڑا یا مصنوعی گھوڑا جس کی آڑ میں شکاری چھپ کر شکار کھیلتا ہے ؛ ٹٹی کی آڑ ۔ (۲) بہانہ؛ حیلہ ۔ (۳) وہ امیدوار جسے کسی حصہ کے مدار میں یا کسی دوسرے امیدوار کے لئے مخالفت میں پھوٹ ڈالنے کے لئے کھڑا کرتے ہیں ۔

Stalkingly : (adv.) دبی چال سے ۔

Stalkless : (n) بے تنا ؛ بے ڈنڈی (کے پتے) ۔

Stalklet : (n) چھوٹا ڈنٹھل یا ڈنڈی ۔

Stalklike : (a) ڈنٹھل یا ڈنڈی سے مشابہ ۔

Stalky : (a) (۱) ڈنٹھل دار ۔ (۲) ڈنٹھل یا ڈنڈی سے مشابہ ۔ (۳) لمبے ڈنٹھل والا (جس میں پتے بہت کم یا بالکل نہ ہوں) ۔ (۴) ڈنٹھلوں سے بھرا ۔

Stall : (n) [OE. 'Steall'.] (۱) (اصطبل میں) ایک جانور کی جگہ ؛

تھان ؛ گاؤخانہ ؛ طویلہ ۔ (۲) میلے یا ہاٹ میں عارضی دکان یا سائبان ؛ کسی عمارت میں مال کی فروخت کا کمرہ ؛ سودا بیچنے کی میز ؛ تخت ؛ چوکی ۔ (۳) سماع خانے کی نشست (جو پشت اور اطراف سے بند ہوتی ہے اور اکثر اس پر شامیانہ ہوتا ہے) خاص کر وہ جو گرجا کے پادریوں کے لئے مخصوص ہوتی ہے ۔ (۴) (تھیٹر میں) سامنے کی نشستیں ۔ (۵) کوئلے کی کان میں کام کا حجرہ ۔ (۶) مختلف قسم کے غلاف یا ظروف کے ساتھ آتا ہے ۔ (۷) (فلزیات) نیچی دیواروں والا خانہ جس میں کچی دھات کو گرم کرتے ہیں ۔ (۸) (جمع) سامنے کی نشستوں پر بیٹھنے والا ۔

Stall-fed : (a) تھان پر باندھ کر موٹا کیا ہوا ۔

Stall-feed : (v) (۱) (مویشی کو) موٹا کرنے کے لئے تھان پر باندھ رکھنا ۔ (۲) (مویشی کا) تھان پر کھا کر موٹا ہونا ۔

Stall gate : (n) (کوئلے کی کان میں) کام کے حجرے سے کان کی خاص سڑک تک راستہ ۔

Stall-holder : (n) (۱) کلیسائی نشست پر بیٹھنے والا (سماع خانے کی جو پادریوں کے لئے مخصوص ہوتی ہے) ۔ (۲) عارضی دکان یا سائبان کا مالک ۔

Stall-literature : (n) کتابوں کی دکان کی سستی یا گھٹیا کتابیں ۔

Stall-man : (n) (۱) کتاب کی دکان کا مالک ۔ (۲) کوئلے کی کان کے حجرے میں کام کرنے والا ؛ نیز اس میں کام کرنے والوں کی جماعت ۔

Stall-plate : (n) تانبے کا پتر جس پر نائیٹ آف گارٹر کا نشان کندہ ہوتا ہے ۔

Stall-reader : (n) کتاب کی دکان پر کتابیں پڑھنے والا ۔

Stall-warning indicator : (n) ہوائی جہاز کا وہ آلہ جو ہوا باز کو یہ بتاتا ہے کہ کثرت بوجھ یا ایندھن کی کمی کی وجہ سے انجن بند ہونے والا ہے ۔

Stallage : (n) (۱) عارضی سائبان یا دکان لگانے کی جگہ ۔ (۲) اس کا استحقاق ۔ (۳) اس کا کرایہ ۔

Stallboard : (n) تختۂ اشتہار جو کھڑکی کی چوکھٹ کے آگے ہوتا ہے ۔

Stalled : (a) (۱) (مویشی) اصطبل میں بندھا ہوا ؛ تھان میں رکھ کر تیار کیا ہوا ۔ (۲) طویلے میں بٹا ہوا ۔ (۳) (کیچڑ یا برف میں) دھنسی ہوئی (گاڑی) ۔ (۴) سیر ؛ شکم سیر ۔ (۵) ذاتی تستم میں مبتلا (زیادہ کھا لینے کی وجہ سے) ۔

Staller : (n) [Late OE. 'Stallere'.] شاہ انگلستان ایڈورڈ سوم کا ایک اعلیٰ افسر ۔

Stalling ; (n) (۱) اصطبل کی گنجائش ۔ (۲) (ہوا بازی) زیادہ بوجھ یا ایندھن کی کمی کی وجہ سے انجن کا بند ہو جانا ۔

Stallion : (n) [Late OE. 'Staloun'.] اسپ نر ؛ سانڈ گھوڑا خصوصاً افزائش نسل کے لئے ۔

Stallriser : (n) دکان کے سامنے کا وہ حصہ جو سجی کھڑکی کے نیچے ہوتا ہے ۔

In stead and stall : ہر جگہ ؛ لگاتار ۔

Pillar (or post) and stall : (کان کنی) کوئلہ نکالنے کا ایک طریقہ جس میں کوئلے کے ستون کھدائی کے پہلے مرحلے میں چھوڑ دیئے جاتے ہیں ۔

Stall : (n) [AFr. 'Estal'.] جیب کترے کا ساتھی جو جیب کترتے وقت آدمی کا دھیان بٹائے رکھتا ہے ۔

Stall : (n) پرواز کی رفتار کھو دینا ۔

Stall : (v) [OFr. 'Estaler'.] (۱) کسی خاص جگہ پر رکھنا ؛ بٹھانا ۔ (۲) مویشی کو اصطبل میں رکھنا ؛ تھان پر باندھنا (خاص کر) تیار کرنے کی غرض سے ۔ (۳) طویلے میں جانوروں کی تھان بنانا ۔ (۴) (مویشیوں کا) اصطبل میں باندھا جانا ۔ (۵) روک دینا ؛ رک جانا ؛ کیچڑ یا برف میں دھنس جانا (گھوڑا یا گاڑی) ۔ (۶) (زیادہ بوجھ یا ایندھن کی کمی کی وجہ سے) (انجن کا) رک جانا ؛ آگے نہ بڑھنا ؛ غیر ارادی طور پر گاڑی کو روک دینا ۔ (۷) (ہوائی جہاز وغیرہ کا) اُڑان کی رفتار کھو دینا ؛ روک دینا یا رک جانا ۔ (۸) حد سے زیادہ کھلا دینا ۔ (۹) طائفہ رقص یا قوال منڈلی کو سامنے کی نشستوں پر بٹھانا ۔

Stall : (v) (۱) (جیب کترے یا اس کے کام کو) لوگوں کی نظروں سے چھپانا ۔ (۲) گھیر لینا اور دھکا دینا (جس کی جیب کاٹنی مقصود ہو) ۔ (۳) ٹال مٹول کر کے بچنا ؛ شریک مقابلہ کو جیتنے دینا ۔ (۴) چالبازی کے ذریعہ (کسی شخص سے) چھٹکارا پانا ۔ (۵) (چالبازی کے ذریعہ) کسی کام کو اس وقت تک ہونے نہ دینا جب تک کہ مدد یا تبدیلی نہ آ جائے ۔

To stall off : حیلہ ؛ بہانہ کر کے چھٹکارا پانا ۔

Stall-edition : (n) (کتاب کا) سستا ایڈیشن ۔

Stalwart : (a) [ME. alter of 'Stalworth'.] (۱) قوی الجثہ : تنو مند؛ ہٹا کٹا ؛ مضبوط ۔ (۲) دلیر ؛ جیوٹ ؛ پکا ؛ ثابت قدم ۔

Stalwort : (n) (۱) مضبوط اور بہادر آدمی ۔ (۲) (سیاسیات) کسی جماعت کا زبردست رکن ۔

Stalwartly : (adv.) دلیری سے ؛ استقلال سے ۔

Stalwartness : (n) شہ زوری ؛ قوت ؛ مضبوطی ۔

Stalworth : (a) [OE. 'Staelwier'.] دیکھو Stalwart

Stamen : (n) [L.] (نباتیات) نر ؛ زر ہر یا حامل زر ؛ زر ریشہ ۔

Stamended : (a) زر دار ؛ زر ریشہ دار ۔

Stamin/ Stamini- : جزو ترکیبی بمعنی "زربر" "زر ریشہ" ۔

Stamina : (n) [L.] سکت ؛ جان ؛ قوت برداشت ؛ توانائی ۔

Staminal : (a) (۱) متعلق بہ زربر یا نر ؛ زر ریشوی ۔ (۲) متعلق بہ توانائی ؛ توانائی بخش ۔

Staminate : (a) [L. 'Stamin'.] زر ریشہ دار ؛ زر دار ؛ زربردار ؛ جس میں زر بر ہوں لیکن بقچۂ گل نہ ہوں ۔

Stamineous : (a) متعلق بہ نر ؛ زر بر ؛ نرینہ ۔

Staminiferous/ Stameniferous : (a) زر دار ؛ زر بردار (پھول) ؛ زر ریشہ دار ۔

Staminode : (n) (۱) بے ثمر زر ریشہ ؛ بے ثمر زر ریشہ سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۲) بے گل پودے کا زر ریشہ دان ۔

Staminodium : (n) [mod. L.] دیکھو Staminode

Staminody : (n) (نباتیات) دوسرے گلی اعضا کا زر ریشہ میں قلب ماہیئت ؛ زر ریشیت ۔

Stammnel : (n) [Prob. f. Stamin + el.] ایک سرخ رنگ کا موٹا اونی کپڑا ؛ اس کپڑے کا بنا ہوا زیر جامہ جسے راہب ، سنیاسی وغیرہ پہنتے ہیں ۔

Stammnel colour : (n) سرخ رنگ جس میں کپڑا رنگا جاتا تھا ؛ سرخ رنگ ۔

Staminer : (n) تتلاہٹ ؛ ہکلاہٹ ؛ لکنت ۔

Stammer : (v) [Late OE. 'Stamerian'.] (۱) رک رک کر بولنا ؛ ہکلانا ؛ تتلانا ۔ (۲) رک رک کر یا ہکلا کر منہ سے بات نکالنا ۔ (۳) (گھوڑے کا) لڑکھڑا کر چلنا ۔

Stammerer : (n) ہکلا ۔

Stammering : (n) (۱) ہکلانا ؛ تتلانا ؛ ہکلاہٹ ؛ تتلاہٹ ؛ لکنت ۔ (۲) لڑکھڑانا ۔

Stammeringly . (adv.) ہکلے پن سے ؛ لکنت کے ساتھ ۔

Stamnos : (n) [Gr. 'Stemon'.] قدیم یونان کا شراب رکھنے کا ظرف ۔

Stamp : (n) (۱) زمین پر پاؤں کو زور سے مارنا ۔ (۲) مہر لگانے یا نقش چھاپنے کا آلہ ؛ مہر ؛ ٹھپا ۔ (۳) جلد پر نقش ابھارنے کا جلد ساز کا آلہ ۔ (۴) دھات کی چادروں سے مصنوعات بنانے کی مشین ۔ (۵) موگری (دھات کوٹنے کی مشین کی) ؛ کچدھات کوب ۔ (۶) نشان یا نقش (جو مہر وغیرہ سے لگایا جائے) ۔ (۷) سرکاری مہر (بغرض تصدیق) ۔ (۸) (مجازاً) نشان ؛ خصوصیت ؛ مہر ۔ (۹) قسم ؛ صنف ؛ وضع ؛ رنگ ڈھنگ ۔ (۱۰) رسیدی ٹکٹ یا اسٹامپ ۔ (۱۱) مہر یا چھاپ ؛ چٹ (کسی سے یا مال پر جو اس کی خوبی کا ثبوت ہوتا ہے) ۔ (۱۲) (عام) (جمع) روپیہ ؛ زر ؛ نوٹ ۔ (۱۳) (فلزیات) بھٹی کے گولے سے بننے والی نا ہموار سلاخوں کے ٹکڑے (لوہے کی چادر بنانے کے لئے) ۔ (۱۴) جوئے میں استعمال ہونے والا تاش جس کی حیثیت پر بنانے والے کا نشان ہوتا ہے ۔ (۱۵) طباعت کا ٹائپ ؛ مطبع ۔

To put to stamp : چھاپنا ۔

Stamp : (v) [OE. 'Stampian'.] (۱) نقش ابھارنا ؛ ٹھپا لگانا ؛ مہر لگانا ۔ (۲) ٹکٹ یا اسٹامپ لگانا ۔ (۳) کوٹنا ؛ برادہ کرنا (کچی دھات کو) ۔ (۴) زمین پر زور سے پاؤں مارنا (غیظ و غضب کی علامت) ؛ پاؤں سے کچل کر ختم کر دینا یا بجھانا ۔ (۵) متصف کرنا ؛ خصوصیت سے ہونا ؛ ممتاز یا نمایاں کرنا ؛ ظاہر کرنا ۔ (۶) ذہن نشیں کرنا ؛ دل میں بٹھانا ؛ دل پر نقش کرنا ۔ (۷) بھاری قدموں سے چلنا ؛ رپ رپ کرتے ہوئے چلنا ۔ (۸) سرکاری مہر لگانا ۔

To stamp one's foot : زمین پر زور سے پاؤں مارنا ۔

To stamp out : (۱) (آگ کو) پاؤں سے روند کر بجھانا ۔ (۲) (مجازاً) مٹا دینا ؛ کچل ڈالنا ؛ قلع قمع کرنا ؛ استیصال کرنا ۔

Stamp and go : (n) (بحری) رسا وغیرہ لے کر مستول کے گرد کٹہرے کو یا ٹیبل کے گرد ڈھانچے کو مضبوط کرنے کا حکم ۔

Stamp battery : (n) کوب مورچہ ۔

Stamp-book : (n) ٹکٹ رکھنے کی کتاب ۔

Stamp-collecting : (n) ٹکٹ فراہمی ؛ ڈاك جمع کرنے والا ۔

Stamp-collector : (n) ٹکٹ جمع کرنے والا ۔

Stamp-cutter : (n) ٹھپے بنانے والا ؛ ٹھپے پر نقش کندہ کرنے والا ۔

Stamp-distributor : (n) سرکاری ٹکٹ جاری کرنے والا یابیچنے والا افسر ۔

Stamp-duty : (n) محصول جو بعض قانونی دستاویزات پر لگایا جاتا ہے ؛ محصول اسٹامپ ؛ رسوم سرکاری ۔

Stamp-edging :(n) ڈاك کے ٹکٹوں کے تختے کا گوند لگا حاشیہ ۔

Stamp gold : (n) (سونے کا) کچدھات جو کوٹنے کے لئے ہو ۔

Stamp-hammer : (n) کوٹنے والی مشین کا مگرا ۔

Stamp-head : (n) کوب مشین کی موگری کا سر ۔

Stamp-iron : (n) داغنے کا لوہا جس پر پورا مارکہ بنا رہتا ہے ۔

Stamp-mill : (n) (۱) کچی دھات کوٹنے کی مشین ۔ (۲) اسی قسم کی تیل نکالنے کی مشین ۔

Stamp office : (n) ٹکٹ خانہ ؛ سرکاری دفتر جہاں سے ٹکٹ جاری کیا جاتا ہے ؛ جہاں محصول اسٹامپ وصول کیا جاتا ہے ۔

Stamp paper : (n) وہ کاغذ جس پر سرکاری ٹکٹ چھپا ہوا ہو ۔

Stamp-rock : (n) برادہ کئے جانے کے لائق کچدھات ۔

Stamp-seal : (n) قدیم حجری مہر جس پر جانوروں کی تصویریں بنی ہوئی ہوتی تھیں ۔

Stamp tax : (n) رسوم سرکاری ؛ ایك رسوم اسٹامپ کے تحت لیا جانے والا محصول ۔

Stamped : (a) ٹکٹ لگا ہوا ۔

Stamped paper : (n) ڈاکخانے کے کاغذات ؛ ٹکٹ ؛ ریوینیو یا رسیدی ٹکٹ وغیرہ ۔

Stampede : (n) [Sp. 'Estampida'.] (۱)اچانك ہڑبڑی یا بھاگڑ (گھوڑوں اور مویشیوں کی) ۔ (۲) ہڑبڑی ؛ بھگدڑ (لوگوں میں) ؛افرا تفری ۔ (۳) (امریکی سیاست) لوگوں کا دفعتاً بلہ یا نرغہ (کسی امیدوار کے لئے جس کے جیتنے کی توقع ہے) ۔ (۴)ایك طویل جشن یا اجتماع جس میں نمائش ، مقابلہ وغیرہ ہوتا ہے ۔

Stampede : (n) (۱) بھاگڑ میں ڈال دینا ؛ بھاگڑ مچانا یا مچنا ؛ افراتفری ہونا یا مچانا ۔ (۲) (امریکی سیاست) (کسی امیدوار کے لئے) اکثریت کو ووٹ دینے پر آمادہ کرنا ۔ (۳) ایك مقصد کے ساتھ کئی آدمیوں کا تیزی سے آگے بڑھنا ۔

Stamper : (n) (۱) نقش کرنے والا؛ مہر لگانے والا ۔ (۲) پتھر کوٹنے کی مشین ۔

Stampic : (a) ٹکٹ یا ٹکٹ جمع کرنے سے متعلق ۔

Stamping : (n) (۱) مہر اندازی ؛ ٹکٹ لگانا ۔ (۲) کوٹنا ؛ برادہ کرنا ؛ برادہ ؛ برادہ کی ہوئی چیز ۔ (۳) کوٹ کر بنائی ہوئی چیز ۔

Stamping die : (n) نقش ابھارنے کا ٹھپا ۔

Stamping ground : (n) مرجع ؛ آمد و رفت کی جگہ (خصوصاً جانوروں کی) ۔

Stamping machine : (n) مہر انداز ؛ کل جس سے کاغذات بنانے کے لئے چیتھڑے وغیرہ کو کوٹ کر کٹی بناتی ہے ۔

Stamping-mill : (n) کوب مشین ؛ کچی دھات کوٹنے کی کل ۔

Stampless : (a) بے ٹکٹ ۔

Stampmote : (n) جہاز پر مال لادنے کے لئے چنگی خانہ کے افسر کا اجازت نامہ ۔

Stance : (n) [Fr.] (۱) کھڑے ہونے کی جگہ یا وضع ۔ (۲) (گولف) کھلاڑی کی وضع جو گیند مارنے کے وقت ہوتی ہے۔ (۳)محل ، مقام جہاں تعمیر ہونے والی ہو ۔

Stanch/ Stench : (n) بہتے ہوئے خون کو روکنے کے لئے استعمال ہونے والی چیز ۔

Stanch/ Staunch : (n) [OFr. 'Estanche'.] (دریا کا) بند ۔

Stanch / Staunch : (v) [OFr. 'Estanchier'.] (۱) پانی کی روانی کو روك دینا ۔ (۲) خون کی روانی بند کرنا یا روك دینا ؛ خون سے خون کے بہنے کو بند کرنا ۔ (۳) مرض کو بڑھنے سے روك دینا ؛ (درد میں) افاقہ پیدا کرنا ؛ درد

سے نجات دلانا۔ (۴)پن روک بنانا؛ موسم روک بنانا۔

Stanchel : (n) [OFr. 'Estanchele'.] (۱) کھمبا؛ ستون؛ تھم؛ تھونی۔ (۲) آڑ جو طویلے کے دروازے کے آگے جانوروں کو روکنے کے لئے سیدھی لکڑی یا دو لکڑیوں سے لگا دی جاتی ہے؛ اگل؛ ایک قسم کا چوکٹھا جو گائے کی گردن میں لگا دیا جاتا ہے جس سے اس کی حرکت محدود ہو جاتی ہے۔

Stancher : (n) (پانی، خون وغیرہ کو) روانی روکنے والا۔

Stanchion : (n) [AFr. 'Stanchon'.] دیکھو Stanchel

Stanchion : (v) تھونی لگانا؛ اگل لگانا؛ آڑ لگانا۔

Stanchion-gun : (n) وہ بندوق جو کشتی میں لگی رہتی ہے اور جس سے بطوں کا شکار کرتے ہیں۔

Stanchless : (a) جسے روکا نہ جا سکے؛ جس کی روانی روکی نہ جا سکے۔

Stand : (n) (۱) سکون؛ ٹھہراؤ؛ قیام۔ (۲) مقام؛ محل؛ جگہ۔ (۳) بنا؛ حصر؛ تکیہ؛ ٹیکن؛ ایستادہ۔ (۴) میز؛ چوکی؛ گھڑونچی؛ پلینڈا۔ (۵) عارضی دکان یا سائبان۔ (۶)(گاڑیوں کا) اڈا؛ اڑگڑا۔ (۷) چبوترہ۔ (۸) کھڑی کھیتی۔ (۹) جمے رہنا؛ ڈٹے رہنا۔ (۱۰) بوپا کر کتے کا ڈٹے رہنا۔ (۱۱) کھڑے رہنے کی وضع۔ (۱۲) وہ جگہ جہاں کھڑا ہو کر شکاری شکار کر سکتا ہے۔ (۱۳) قطعۂ زمین؛ دکان یا تجارت کرنے کی جگہ۔ (۱۴) کسی چیز کا مکمل سیٹ؛ (فوج) اسلحہ؛ علم وغیرہ کا سیٹ۔ (۱۵)(شکار) پرندوں کا غول یا جھنڈ۔ (۱۶) گواہ کا کٹہرا (عدالت میں)۔ (۱۷) چھوٹی میز۔ (۱۸) پودوں کی نمو۔ (۱۹)کھڑے رہنے کی وضع۔

At a stand : رکا ہوا؛ پریشانی کے عالم میں۔

Band stand : باجے کا چبوترہ۔

Grand stand : گھڑدوڑ میں تماشا دیکھنے کی مرکزی جگہ۔

To be at a stand : رُکا ہوا ہونا؛ ٹھہرا ہوا ہونا۔

To bring to a stand / To put to a stand : روک دینا۔

To come to a stand : رک جانا؛ ٹھہر جانا۔

Witness stand : گواہ کا کٹہرا (عدالت میں)۔

Stand : (n) [(M) LG. Flem. 'Stande'.] (۱) کھلا ہوا ثب۔ (۲)(کوئلہ، قیر وغیرہ کا) ایک وزن۔

Stand : (v) [OE. 'Standan'.] (۱) کھڑا ہونا؛ ایستادہ ہونا؛ اٹھ کھڑا ہونا؛ قائم ہونا؛ قائم کرنا؛ انتظار کرنا۔ (۲) (کھڑے ہونے کی حالت میں) بلند ہونا؛ اونچا ہونا؛ کسی خاص بلندی کا ہونا۔ (۳) واقع ہونا؛ موجود ہونا۔ (۴) ایک جگہ پر قائم رہنا؛ ہلے جلے بغیر کھڑا ہونا؛ (حکماً) چلتے چلتے ٹھہر جانا۔ (۵) اڑے رہنا؛ قائم رہنا؛ بند جگہ پر رہنا؛ مضبوطی سے کھڑے رہنا۔ (۶) برقرار رہنا؛ قائم رہنا؛ جوں کا توں رہنا۔ (۷) کسی خاص حالت یا درجے کو پہنچنا؛ کسی خاص حالت میں ہونا؛ مبتلا ہونا۔ (۸)کسی حالت میں رہنا یا حرکت کرنا۔ (۹) (بحری) کوئی معین راہ اختیار کرنا۔ (۱۰) (کتے کا) شکار کی نشان دہی کرنا؛ (کتے کو شکار پر) چھوڑنا۔ (۱۱)کسی خاص وضع پر کھڑا کر دینا یا رکھ دینا۔ (۱۲) صبر سے برداشت کرنا؛ جھیلنا؛ تاب لانا؛ روا رکھنا۔ (۱۳) مقدمہ بھگتنا؛ کسی الزام میں عدالت کے زیر تحقیق رہنا؛ امتحان یا آزمائش وغیرہ جھیلنا؛ امتحان میں پورا اترنا؛ قسمت آزمائی کرنا (انتخاب وغیرہ میں)۔ (۱۴)خرچ برداشت کرنا؛ اپنی گرہ سے دینا (دعوت کا خرچ)؛ اپنے خرچ سے تواضع کرنا۔ (۱۵) (بحری) (لنگر وغیرہ کو) پکڑنا یا پکڑنے کے لئے تیار رہنا۔ (۱۶)(گھوڑے کا) اصطبل میں بند کیا جانا۔ (۱۷)(کرکٹ) امپائر کا کام انجام دینا۔ (۱۸)(دشمن کے سامنے) دفاعی یا جارحانہ رویہ اختیار کرنا۔ (۱۹)امیدوار ہونا؛ امیدوار کی حیثیت سے پیش ہونا۔ (۲۰) (تاش) بٹے ہوئے ہاتھ سے کھیلنے کے لئے تیار ہونا۔ (۲۱) (مجازاً) (شرط، سٹا بازی وغیرہ میں) جیتنے یا ہارنے کی حالت تیقن میں ہونا۔ (۲۲) (پودے کا) سیدھا بڑھنا۔ (۲۳)(بال کا)کھڑا اور سخت نکلنا۔ (۲۴)فہرست وغیرہ میں شامل ہونا۔ (۲۵) (پانی) خاص سطح رکھنا؛ (تھرما میٹر یا بار پیما میں) (پارے کا) ایک خاص بلندی پر ہونا۔ (۲۶) (رنگ کا) پختہ ہونا؛ مدھم یا دھبے دار نہ ہونا۔ (۲۷) (سیال کا) رک جانا؛ ٹھہر جانا۔ (۲۸) (آنسوؤں کا) آنکھوں میں آ جانا (نیچے نہ گرنا)۔ (۲۹) (گھڑی، گاڑی، مل کی مشینری کا) بند ہو جانا؛ چلتے چلتے رک جانا۔ (۳۰) (کان کے مزدور وغیرہ کا) کام بند کر دینا؛ کام نہ کرنا۔ (۳۱) (طباعت) (ٹائپوں کا) کھڑا رہنا؛ اِدھر اُدھر نہ کرنا۔ (۳۲) (ہوا کا) خاص سمت سے بہنا۔ (۳۳) (جہاز کا) رخ کسی خاص سمت پھیرنا۔ (۳۴) جائز رہنا؛ بجا رہنا۔ (۳۵) قیمت ہونا؛ دام ہونا۔ (۳۶) سامنا کرنا؛ آمنے سامنے ہونا؛ مقابلہ کرنا۔ (۳۷) (گھڑ دور) شرط لگانا (کامیابی پر)۔ (۳۸)(کتے کا) کان کھڑا کرنا یا جسم اکڑانا؛ (شکار کی) نشان دہی کرنا۔ (۳۹) گنجائش رکھنا (کھڑے ہونے کی)۔ (۴۰)(سانڈ گھوڑا) فراہم کرنا (افزائش نسل کے لئے)۔ (۴۱) اتفاق کرنا؛ یک رنگ ہونا؛ ہم آہنگ ہونا۔

اور اس پر جسم کا زور دے کر کھڑا ہونا۔

To stand at gaze : تکتے رہنا ؛ گھورتے رہنا۔

To stand by one's guns : اپنی بات پر جمے رہنا ؛ اپنی رائے یا نقطۂ نظر سے نہ ہٹنا۔

To stand condemned : ملزم قرار دیا جانا۔

To stand committed : پابند ہونا ؛ اقرار کئے ہوئے ہونا۔

To stand fair : (کچھ کرنے کا یا کسی چیز کے لئے) اچھا موقع ہونا۔

To stand firm, fast : ثابت قدم رہنا ؛ ڈٹے رہنا۔

To stand for a constituency , or for parliament : کسی حلقۂ انتخاب کا یا پارلیمنٹ کا امیدوار ہونا۔

To stand godfather : (کسی کی) ذمہ داری لینا۔

To stand good : معقول ہونا ؛ صحیح ہونا۔

To stand high : ممتاز ہونا ؛ نمایاں ہونا۔

To stand in (another person's) shoes : دیکھو Shoe

To stand in a person's or one's own light : دیکھو Light

To stand in awe : حیرت یا رعب میں ہونا۔

To stand in force : نافذ ہونا۔

To stand in hand : کار آمد یا مفید ہونا۔

To stand in need : ضرورت مند ہونا ؛ حاجت مند ہونا۔

To stand in the breach : دیکھو Breach (ذیلی)

To stand in the way (of a person or thing) : کسی کی راہ میں حائل ہونا ؛ سدراہ ہونا۔

To stand mute : (قیدی کا) کچھ بولنے سے یا مقدمے کی پیروی کرنے یا کرانے سے انکار کر دینا۔

To stand on end : رونگٹے کھڑے ہو جانا (خوف یا تعجب کی وجہ سے)۔

(۴۲)کام انجام دینا ۔ (۴۳) (پوکر میں) کسی ہاتھ کو کھیلنا اور کھیلنے کا ارادہ ظاہر کرنا جس طرح بانٹا گیا ہے (بغیر دوسرا کارڈ لئے)۔

All standing : (بحری) (بغیر تیاری کی مہلت دینے کے) دفعتاً جا لینا اور گھیر لینا ؛ دفعتاً بادبانوں کو نیچا کر دینا۔

As it stands : (کوئی چیز) تمام لوازمات کے ساتھ۔

How do you stand : آپ کی مالی حالت کیسی ہے ؟

I stand corrected : میں غلطی تسلیم کرتا ہوں ؛ میں اصلاح تسلیم کرتا ہوں۔

I stand reproved : میں سرزنش کا سزاوار ہوں۔

Not to have a leg to stand on : معقول دلائل نہیں رکھنا ؛ دعوے کا ثبوت نہیں رکھنا۔

Paid off all standing : (بحری) کیل کانٹا درست کئے بغیر جانے دینا (کشتی کو)۔

To be brought up all standing : (بغیر تیاری کی مہلت دیئے) روکنا یا جانچ کرنا۔

To be standing : (ٹائپوں کا) کھڑا رہنا ؛ ادھر ادھر نہ ہونا۔

To let all stand : (جہاز کو کیل کانٹے سے لیس) چھوڑنا۔

To stand a chance : امید ہونا ؛ توقع ہونا۔

To stand a jar : بے میل ہونا ؛ بے ربط ہونا۔

To stand (a person) in (a price etc.) : خرچ پڑنا ؛ لاگت آنا ؛ خرچ عائد کرنا یا ڈالنا۔

To stand a or one's watch : نگہبانی کرنا ؛ نگاہ رکھنا ؛ حفاظت کرنا۔

To stand at attention : (فوج) سیدھے کھڑے ہو جانا ؛ اٹینشن ہو جانا۔

To stand at bay : (جانور کا) پلٹ کر مقابلہ کرنا (شکاری کتوں سے یا شکاری سے)۔

To stand at ease : (فوج) داہنے پیر کو ذرا پیچھے ہٹا کر

To stand one's ground : ڈٹے رہنا ؛ مقابلے پر اڑے رہنا ؛ کسی بات پر جمے رہنا ؛ ثابت قدم رہنا ۔

To stand on one's trial : کسی پر مقدمہ کیا جانا ۔

To stand on one's head : سر کے بل کھڑا ہونا ؛ اس طرح خوشی کا اظہار کرنا ۔

To stand on one's own bottom : اپنے بل بوتے پر کھڑا رہنا ؛ اپنے پیروں پر کھڑا رہنا ۔

To stand on one's own feet, or legs : صحت جسمانی رکھنا ؛ اپنے پاؤں پر کھڑے ہونا ؛ اپنے بھروسے زندگی بسر کرنا ۔

To stand on or upon one's defensive or offensive : اپنا دفاع کرنا یا حملہ آور ہونا ۔

To stand or upon one's guard : اپنی حفاظت کرنا ۔

To stand (on) tiptoe : پنجوں کے بل کھڑے ہونا ۔

To stand or fall : کامیابی یا ناکامیابی کا کسی دوسرے پر منحصر ہونا ۔

To stand sentinel/ -sentry : پہرا دینا ؛ محافظت کرنا ۔

To stand shot : خرچ برداشت کرنا ؛ بل ادا کرنا ۔

To stand sponsor : ضامن ہونا ؛ کفیل ہونا ۔

To stand surety, security : ضمانت دینا ؛ ضامن ہونا ؛ ضمانت لینا ۔

To stand the gaff : مصیبتوں اور آزمائشوں کو برداشت کرنا ؛ ہمت نہ ہارنا ۔

To stand the patter : دیکھو To stand one's trial

To stand the racket : (۱) بہت زیادہ زیر بار ہونا ؛ بھاری خرچ برداشت کرنا ۔ (۲) نتیجہ بھگتنا ۔

To stand treat : (گروپ یا جماعت میں) دوسروں کے کھانے پینے اور تفریح کا خرچ برداشت کرنا ۔

To stand umpire : (کرکٹ) امپائر کا کام انجام دینا ۔

To stand upon a (specified) footing : کسی خاص رتبے پر ہونا ۔

To stand upon one's trial : عدالتی مقدمے کے لئے حاضر ہونا یا پیش کرنا ۔

To stand upright : سیدھے کھڑے ہونا ؛ ڈٹے رہنا ۔

To stand watch : نگہبانی کرنا ؛ محافظت کرنا ۔

To stand well or high : کسی کی نظر میں پسندیدہ یا ممتاز ہونا ۔

Stand about : (v) (۱) (کئی شخصوں کا) ادھر ادھر کھڑے رہنا (بے قاعدہ طور پر یا گروپ میں) ۔ (۲) (کسی ایک آدمی کا) کسی مقام کے گرد مارے مارے پھرنا ۔

Stand against : (v) (۱) (کسی مخالف کے سامنے) ڈٹے رہنا ۔ (۲) مزاحمت کرنا ؛ مخالفت کرنا ۔

Stand aloof : (v) پرے رہنا ؛ الگ رہنا ؛ دور رہنا ۔

Stand apart : (v) دور یا الگ کھڑے رہنا ۔

Stand at : (v) ہچکچاہٹ محسوس کرنا ۔

Stand away : (v) (۱) کچھ دور چلے جانا ؛ کچھ دور ہٹ جانا ۔ (۲) (بحری) جہاز کو (دشمن ، ساحل وغیرہ سے) دور لے جانا ۔

Stand before : (v) (۱) (کسی کے سامنے) آنا یا لایا جانا ۔ (۲) مقابلہ کرنا ؛ سامنا کرنا ؛ ڈٹے رہنا ۔

Stand by : (v) (۱) قریب رہنا ؛ آس پاس رہنا ؛ ساتھ نہ چھوڑنا ۔ (۲) (بحری) کام کے لئے تیار کرنا (بندوق ، رسا وغیرہ) ؛ تیار رہنا (مگر وغیرہ کو پکڑنے کے لئے) ۔ (۳) مدد کرنا ؛ حفاظت کرنا ؛ بچانا ؛ ساتھ دینا ؛ معاونت کرنا ، فرمانبردار ہونا ؛ وفا داری کرنا ۔ (۴) قائم رہنا ؛ ثابت قدم رہنا (وعدہ وغیرہ پر) ۔ (۵) (کوئی کام) کرنے کے لئے تیار رہنا ۔

Stand by : (v) (۱) قریب کھڑے رہنا ؛ حاضر رہنا ۔ (۲) تماشائی بنے کھڑے رہنا ؛ پاس سے کھڑے دیکھتے رہنا ۔ (۳) الگ تھلگ رہنا ؛ جماعت سے الگ ہو کر کھڑے رہنا ۔

Stand-by : (n) (۱) (بحری) ہنگامی ضرورت کے لئے موجود رہنے والا ۔ (۲) ہنگامی ضرورت کے لئے تیار رہنے کا حکم دینے کے لئے اشارہ ۔ (۳) وقت پر کام آنے والا ؛ بھروسے کے قابل شخص یا شے ۔ (۴) (مجازاً) موید ؛ حامی ؛ طرفدار ؛

سہارا۔ (۵) بدل : شے محفوظ۔

Stand by : (a) (۱) ہنگامی : ہنگامی ضرورت میں کام آنے والا۔ (۲) ہنگامی حالت میں کام آنے سے متعلق۔

Stand camera : (n) (فوٹوگرافی) کیمرا جسے تپائی پر رکھ کر تصویر کشی کرتے ہیں۔

Stand cock : (n) (۱) کھڑا یا سیدھا نل۔ (۲) اونچی ٹنکی (پانی کے یکساں دباؤ کے لئے)۔ (۳) دیکھو Stand-pipe ۔

Stand down : (v) (۱) شہادت کے کٹہرے یا کسی جگہ سے ہٹ جانا۔ (۲) (کھیل کود میں) (کسی کھیل ، مقامی یا دوڑ سے) ہٹ جانا ؛نکل جانا ؛ جلے جانا (کسی ٹیم یا عملے وغیرہ کو) چھوڑ دینا ؛ الگ ہو جانا۔ (۳) (بحری) ہوا یا مدو جزر کے رخ پر چلنا۔ (۴) فرض کی مدت ختم کر لینا۔

Stand-down : (n) فرصت کا وقت ؛ بیکاری کا وقت ؛ کام سے الگ رہنے کی مدت۔

Stand-easy : (n) (۱) (فوج) داہنے پیر کو ذرا پیچھے ہٹا کر اس پر جسم کا زور دے کر کھڑے رہنے کا حکم ؛ اس طرح کھڑے رہنے کی مہلت۔ (۲) (مجازاً) آرام کا وقفہ ؛ مہلت ؛ فرصت۔

Stand fire : (n) آتش بیاباں جو درختوں کے تنے کو جلا دیتی ہے۔

Stand for : (v) (۱) تائید کرنا ؛ حمایت کرنا ؛ (کسی جگہ) طرفداری کرنا۔ (۲) ملزم قرار دیا جانا ؛ بھروسا کیا جانا ؛ سمجھا جانا۔ (۳) بدل کا کام دینا۔ (۴) برداشت کرنا ؛ سہنا۔ (۵) قائم مقام ہونا ؛ نمائندہ ہونا ؛ کسی دوسری جگہ کام دینا۔ (۶) (بحری) جہاز چلانا۔ (۷) علامت ہونا ؛ مراد ہونا ؛ دلالت کرنا۔ (۸) نمونہ ہونا۔ (۹) (عہدے کا) امیدوار ہونا۔

To stand for nothing : نکما ہونا ؛ بے مصرف ہونا ؛ بے فائدہ ثابت ہونا۔

To stand for something : کچھ قدر یا اہمیت رکھنا۔

Stand in : (v) (۱) ملبوس ہونا۔ (۲) منحصر ہونا ؛ انحصار کرنا۔

Stand in : (v) (۱) شریک ہونا ؛ شریک بننا (سٹے وغیرہ میں) شریک ہونا۔ (۲) اتحاد رکھنا ؛ دوستانہ تعلقات رکھنا۔ (۳)(بحری) ساحل کی طرف رخ کرنا۔ (۴) قائم مقام بننا۔

Stand in : (v) خرچ پڑنا ؛ لاگت آنا ؛ خرچ عائد کرنا یا ڈالنا۔

To stand in with : (کسی کے ساتھ) خفیہ اور عموماً منفعت بخش اتحاد رکھنا ؛شریک ہونا ؛ متفق ہونا ؛ ساتھ دینا۔

Stand in : (n) (۱) منظور نظر ہونا۔ (۲) کسی ایکٹر سے مشابہت رکھنے والا شخص جسے ایکٹر کے آنے سے پہلے اس کی جگہ رکھا جاتا ہے ؛ قائم مقام۔

Stand of colours : (n) کسی فوجی اکائی کے جھنڈے یا ان میں سے کوئی ایک جھنڈا۔

Stand off : (v) (۱) ہٹ جانا ؛ الگ ہو جانا ؛ دور ہو جانا۔ (۲) الگ رہنا ؛ دور دور رہنا ؛ بے مروتی برتنا۔ (۳) (کسی چیز کا) باہر نکل آنا ؛ آگے کو نکلنا۔ (۴) (تصویر کا) ابھرواں نظر آنا۔ (۵) (بحری) ساحل سے دور چلا جانا۔ (۶) دور رکھنا ؛ دفاع کرنا ؛ ہٹا دینا۔ (۷) برخاست کر دینا ؛ سبکدوش کرنا۔

Stand-off : (a) (۱) بیگانہ وار ؛ کم آمیز ؛ دیر آشنا۔ (۲) (رگبی فٹ بال میں) وہ ہاف بیک جو گیند کو کھلاڑیوں کے ہجوم میں ڈالنے والے ہاف بیک سے دور رہتا ہے۔ (۳) دور رکھنے والا (سطح سے) (مثلاً بجلی کا تار وغیرہ)۔

Stand-off : (n) (۱) دور رہنا۔ (۲) فرصت (کام سے)۔ (۳) بے اثر کر دینا ؛ جوابی توڑ ؛ کاٹ۔ (۴) اسکور میں یا مقابلہ میں برابر ہونا۔ (۵) دور رکھنے والا حاجز۔

Stand off and on : (v) جہاز کا ساحل کے کنارے اس طرح چلنا کہ وہ ساحل کی طرف مڑتا بھی رہے اور ہٹتا بھی رہے ؛ آگے پیچھے ہوتے ہوئے چلنا (تاکہ خاص مقام نظر میں آئے)۔

Stand-offish : (a) بیگانہ وار ؛ دیر آشنا ؛ کم آمیز ؛ روکھا ؛ خشک مزاج۔

Stand-offishly : (adv.) بیگانہ وار ؛ خشک مزاجی کے ساتھ۔

Stand-offishness : (n) بیگانگی۔

Stand on : (v) (۱) مبنی کرنا (دلائل وغیرہ)۔ (۲) بنیاد رکھنا ؛ مبنی ہونا۔ (۳) حد سے زیادہ محتاط ہونا۔ (۴) عزت یا احترام کا دعویٰ کرنا۔

Stand on : (v) (بحری) ایک ہی راستے پر لگا رہنا ؛ ایک ہی طرف کو چلے جانا۔

Stand out : (v) (۱) ہٹ کر الگ کھڑا ہونا (جماعت یا پناہ سے)۔ (۲) شرکت نہ کرنا ؛ شریک ہونے سے انکار کر دینا (کھیل، رقص وغیرہ میں) ۔ (۳) لگے رہنا ؛ جمے رہنا ؛ اڑے رہنا (مقابلہ یا برداشت میں)۔ (۴) تکرار کرنا ؛ حجت کرنا ؛ مول تول کرنا۔ (۵) (بحری) ساحل سے دور جانا۔ (۶) باہر نکلنا ؛ آگے کو نکلنا ؛ الگ نظر آنا ؛ نمایاں ہونا۔ (۷) (مجازاً) واضح ہونا ؛ صریح ہونا۔ (۸) اول سے آخر تک کھڑے رہنا۔ (۹) (بحری) (معینہ وقت تک) پہرا دینا۔ (۱۰) آخر تک برداشت کرنا ؛ سہہ لینا ؛ جمے رہنا ؛ ثابت قدم رہنا۔ (۱۱) اصرار کرنا۔

To stand out for : طرفداری کا اظہار یا اعلان کرنا۔

Stand under : (v) (۱) موضوع ہونا ؛ ہدف ہونا ؛ ضرر پذیر ہونا۔ (۲) بوجھ یا وزن یا اثر برداشت کرنا ۔ (۳) (بحری) مخصوص تعداد میں بادبان لگا کر چلنا۔

To stand under arms : (فوج) کاروائی کے لئے تیار ہونا۔

Stand up : (v) (۱) سیدھا کھڑا ہونا ؛ پاؤں پر کھڑا ہونا ؛ کھڑا ہونا۔ (۲) رقص میں حصہ لینا ؛(ہم رقص کے ساتھ) رقص کرنا۔ (۳) کھڑا ہو جانا ؛ سیدھا ہو جانا ؛ کھڑا کیا جانا۔ (۴)(بال یا خار کا) سیدھا اور کھڑا اُگنا ۔ (۵) (حریف یا مخالف سے) مقابلے پر ڈٹ جانا ۔ (۶) (جانوروں کا) قائم رہنا ؛ جمے رہنا (دوڑ ، مقابلہ وغیرہ میں) ۔ (۷)حسب وعدہ پہنچنے یا حاضر ہونے میں ناکام ہونا۔ (۸) ثابت رہنا ؛ سالم رہنا (دباؤ ، حملہ وغیرہ میں) ۔

To stand up for : ساتھ دینا ؛ تائید کرنا ؛ حمایت کرنا (کسی شخص یا تحریک وغیرہ کی) ۔

To stand up in : حقیقتاً ملبوس ہونا۔

To stand up to : دلیری سے مقابلہ کرنا۔

To stand up with : (۱) شہ بالا بننا ۔ (۲) ناچ میں شریک ہونا ؛ جوڑ دار کے ساتھ ناچنا۔

Stand up : (a) (۱) کھڑا ؛ اونچا (کالر وغیرہ) ۔ (۲) کھڑے کھڑے کیا ہوا (کام وغیرہ) کھڑے کھڑے کھایا ہوا (کھانا) ۔ (۳)(لڑائی) سچی ؛ سیدھی ؛ بے لاگ (جس میں کوئی داؤ پیچ وغیرہ نہ ہو) ۔ (۴) حسب وعدہ پہنچنے یا حاضر ہونے میں ناکام ہونے والا ۔

Stand-up : (n) (۱) (دباؤ یا حملہ وغیرہ میں) ثابت یا سالم رہنے کی صفت ۔ (۲) کوئی سیدھی یا کھڑی چیز ۔ (۳) حسب وعدہ پہنچنے یا حاضر ہونے والا شخص۔

Stand upon : (v) (۱) (غیر مادی چیز کا) مبنی ہونا ؛ بنیاد ہونا ۔ (۲) محتاط ہونا ۔ (۳) فخر کرنا ؛ (صفت ، رتبہ ، حقوق، عزت وغیرہ) پر اصرار کرنا ؛ منوانا۔

To stand upon one's guard : اپنا بچاؤ کرنا۔

To stand upon terms : (۱) کسی مخصوص حالت یا مقام پر ہونا۔ (۲) (کسی) شرط پر اصرار کرنا۔

To stand upon the defensive : اپنا بچاؤ کرنا۔

To stand upon thorns : (۱) کانٹوں پر لوٹنا ؛ بے چین یا مضطرب ہونا ۔ (۲) ہر وقت ڈرتے رہنا (جرم وغیرہ کے کھل جانے کے ڈر سے) ۔

To stand out to sea : ساحل سے دور جانا۔

Stand over : (v) نزدیک کھڑے ہو کر نگاہ رکھنا یا نگرانی کرنا (جو نیچی سطح پر بیٹھا یا لیٹا ہوا ہے)۔

Stand over : (v) (۱) (بحری) ایک ساحل کو چھوڑ کر دوسرے کی طرف بڑھنا ۔ (۲) ملتوی ہونا ؛آئندہ غور کرنے یا چکانے کے لئے چھوڑ دینا۔

Stand-pipe : (n) (۱) کھڑا یا سیدھا نل ۔ (۲) اونچی ٹنکی (پانی کے یکساں دباؤ کے لئے) ۔ (۳) پانی کا کھڑا نل جو اونچی عمارتوں میں آگ بجھانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (۴) مانس موکھا (Manhope) کا چوکھٹا۔

Stand(-) still : (n) (۱) ٹھہراؤ ؛ رکاؤ ؛ مسدودی ۔ (۲) (تھک کر) آگے نہ بڑھنے کی حالت ۔ (۳) جمود ؛ رک جانا ۔ (۴) دیکھو Stillstand .

To be at a stand-still : رکا ہوا ہونا ؛ مسدود ہونا۔

To bring to a stand-still : روک دینا ؛ مسدود کر دینا۔

To come to a stand-still : رک جانا ؛ ٹھہر جانا۔

To ride (a horse) to a stand-still : (گھوڑے کو) دوڑا کر تھکا دینا۔

To row (a competitor) to a stand-still : (کشتی دوڑ میں) حریف کو تھکا دینا۔

Stand to : (v) (۱) قائم رہنا (وعدے پر) ؛ جمے رہنا ؛ جگہ سے نہ ہلنا۔ (۲) حمایت کرنا ؛ طرفداری کرنا ۔ (۳) کام میں لگ جانا؛ جٹ جانا ۔ (۴) منسوب ہونا ؛ متعلق ہونا ۔ (۵) (فوج) حملہ کرنے کے لئے تیار ہو جانا۔

It stands to reason or sense : یہ معقول ہے کہ ؛ یہ ظاہر ہے ؛ یہ یقینی ہے ۔

To stand to it : اصرار کرنا ؛ اپنے بیان یا دعوے پر ڈٹے رہنا۔

To stand to one's arms/ To stand to : (فوج) اسلحہ لے کر تیار کھڑا رہنا۔

To stand to one's gun/ -colours : اپنی جگہ پر ڈٹے رہنا (حملہ تک)۔

Stand-still : (a) (۱) ٹھہرا ہوا ۔ (۲) غیر ترقی پذیر۔

Stand with : (v) راضی ہونا؛ موافق ہونا؛ یکساں ہونا۔

Standage : (n) (۱) کھڑے رہنے کی جگہ یا انتظام۔ (۲) (کان کنی) زمین دوز پانی کا خزانہ۔

Standard : (n) [ME.] (۱) جھنڈا (خصوصاً سوار فوج کا)؛ علم؛ کوئی خاص قسم کا بحری یا بری فوج کا جھنڈا۔ (۲) معیار؛ معیاری پیمانہ، ناپ یا وزن کا، حکومت کی طرف سے مقرر کیا ہوا (جس سے وزن اور ناپ کے پیمانے پرکھے جاتے ہیں)۔ (۳) عیار؛ معیار؛ وہ مسلمۂ اصول جس سے اعمال افعال وغیرہ جانچے جاتے ہیں۔ (۴) معیاری خوبی یا کمال۔ (۵) سیدھی ٹیک یا ٹیکن؛ تھونی یا ستون۔ (۶) پانی یا گیس کا سیدھا نل۔ (۷) درخت یا جھاڑ جو بے سہارے کھڑا ہو۔ (۸) جھاڑی جو سیدھے تنے پر پیوند کی جائے اور خاصا درخت بنا دیا جائے۔ (۹) دیکھو Standard-bearer۔ (۱۰) (نباتیات) قائد؛ علم گل؛ لوا۔ (۱۱) (طیوریات) بعض پرند کے بازو کے دو لمبے پروں میں سے ایک۔ (۱۲) (انگلستان کے ابتدائی مدرسوں میں) لیاقت کی دو تسلیم شدہ ڈگریوں میں سے کوئی ایک جس کے مطابق اسکول کے بچوں کی درجہ بندی کی جاتی ہے یا کی گئی ہو۔ (۱۳) لکڑی کی معین مقدار (جو مختلف ملکوں میں مختلف ہوتی ہے)۔ (۱۴) خام تانبے کی بازار میں فی ٹن قیمت۔ (۱۵) (رنگ سازی) معیاری محلول۔ (۱۶) لمبی موم بتی۔ (۱۷) (بحری) الٹی زاویہ نما لکڑی یا شہتیر۔ (۱۸) شاخ یا درخت (جو درخت کاٹنے کے بعد ٹھنٹھ میں بچ جاتا ہے)۔ (۱۹) وہ شخص جو کسی عہدے پر بہت دنوں سے ہو؛ پرانا باشندہ، نوکر یا افسر۔ (۲۰) وہ موسیقی یا نغمہ جو معیاری تماشوں کے ذخیروں کا جزو بن گیا ہو۔

Double standard : سونے اور چاندی دونوں کا تناسب (یعنی سونے اور چاندی اور مخلوط دھات کا تناسب)۔

Gold standard : سونے کا تناسب ادنیٰ دھات سے؛ طلا معیار۔

Monetary standard : سونے اور چاندی کے سکے میں دھات اور ملاوٹ کا تناسب۔

To join the standard of : (کسی کی فوج میں) شامل ہونا۔

To raise one's standard : ہتھیار اٹھانا۔

Under the standard of : (.....) کی فوج میں۔

Standard : (a) (۱) نمونہ (کمال)؛ قابل تقلید؛ مسلم۔ (۲) معیاری؛ معیار کے مطابق۔ (۳) (مصنف) مستند۔ (۴) (مقولہ) جسے ہمیشہ دہرایا جائے۔ (۵) (ٹائپ رائٹر) وزنی؛ بھاری؛ جسے میز پر رکھ کر ٹائپ کیا جائے۔ (۶) (خط رمز) حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق۔ (۷) معمولی؛ عام طور سے پائی جانے والی (چیز)۔ (۸) سیدھا۔ (۹) (درخت) قدرتی طور پر بڑھا ہوا۔

Standard : (v) (سونے چاندی وغیرہ کا) تناسب نکالنا؛ معیار معلوم کرنا۔

Standard atmosphere : (n) معیاری دباؤ۔

Standard-bearer : (n) (۱) علم بردار (سپاہی)۔ (۲) (مجازاً) کسی تحریک میں پیش پیش؛ قائد؛ سالار۔

Standard-bred : (a) (گھوڑا) (کسی خاص معیار کے مطابق) پیدا کیا ہوا؛ معیار النسل۔

Standard candle : (n) (۱) معیاری شمع؛ معیاری بتی۔ (۲) معیاری شمع کی روشنی۔

Standard cell : (n) (برقیات) معیاری خانہ۔

Standard coin : (n) وہ سکہ جس کی اصلی قدر، قدر عرفی کے برابر ہو۔

Standard deviation : (n) معیاری انحراف۔

Standard error : (n) معیاری انحراف؛ معیاری چوک؛ معیاری غلطی؛ معیاری خطا۔

Standard guage/ -gage : (n) (۱) جسامت ناپنے کا ایک آلہ۔ (۲) چار فٹ آٹھ انچ کی چوڑی پٹری (ریل کی)۔

Standard gold : (n) معیاری سونا جس سے سکہ بنایا جاتا ہے۔

Standard-high : (a) معیاری جھاڑ کی اونچائی کا۔

Standard lamp : (n) لیمپ جس کا پایہ کافی اونچا ہوتا ہے اور فرش پر رکھا جاتا ہے۔

Standard money : (n) مستند زر۔

Standard of comfort : (n) معیار زندگی؛ زندگی کے آرام و آسائش کا معیار۔

Standard of living/ -life : (n) معیار زندگی۔

Standard of literacy : (n) معیار خواندگی۔

Standard of perfection / -excellence : (n) معیار تکمیل؛ معیار کمال۔

Standard of value : (n) معیار قدر ۔

Standard rate : (n) معیاری شرح ؛ معیاری نرخ ۔

Standard solution : (n) (کیمیا) معیاری محلول ۔

Standard star : (n) معیاری ستارہ ؛ وہ ستارہ جس کو بنیاد مان کر اونچائی ، وقت اور دوسرے اجرام فلکی کا مقام معلوم کیا جاتا ہے ۔

Standard test : (n) معیاری جانچ ؛ وہ امتحان یا جانچ جس کا معیار بہت سے لوگوں کی آزمائش کے بعد اوسطاً منوایا گیا ہو ۔

Standard time : (n) معیاری وقت ۔

Standard unit : (n) معیاری انحراف کی پیمائش کرنے کی اکائی ۔

Standard-wing : (n) نیو گینی کا طاؤس ۔

Standard-wing : (a) (پرند) جس کے بازو میں دو لمبے پر ہوتے ہیں ۔

Standard-winged : (a) (پرند) جس کے بازو میں دو لمبے پر ہوں ۔

Standardization : (n) معیاری بندی ؛ معیار کے موافق کرنا ۔

Standardize : (v) (۱) معیار کے موافق بنانا ؛ (کیمیا) مقابلے کی غرض سے بذریعۂ تجزیہ (کسی محلول وغیرہ کی) قیمت مخصوص دریافت کرنا ۔ (۲) معیار کے مطابق جانچ کرنا۔

Standardizer : (n) معیار کے موافق بنانے والا ۔

Standaway : (a) (جسم سے) الگ نظر آنے والا ۔

Standee : (n) (قطار میں یا کسی کھڑے ہونے کی جگہ پر) کھڑا رہنے والا۔

Standel : (n) [an alteration of Staddle.] بروا یا چھوٹا درخت جسے عمارتی لکڑی کے لئے چھوڑ دیا گیا ہو ۔

Stander : (n) (۱) کھڑا رہنے والا ۔ (۲) سہارا ۔

Stander-by : (n) تماشائی ۔

Standergrass : (n) ثعلب مصری کی ایک جنس ۔

Standfast : (n) مستحکم حالت ؛ استحکام ؛ مستقل حالت ؛ استقلال ۔

Standholder : (n) میلے یا نمائش میں اپنی چیزیں رکھنے والا ۔

Standhouse : (n) گھڑ دوڑ کے میدان کا بڑا چبوترہ ۔

Standing : (n) (۱) ایستارہ ؛ مستقیم ۔ (۲) پایہ دار ۔ (۳) (فرنیچر) چوپایہ یا بیٹھک پر ہو ۔ (۴) (گنیا وغیرہ) جو زاویہ قائمہ سے بڑا زاویہ بنائے ۔ (۵) مستقل ؛ قائمہ ؛ قائم ۔ (۶) جامد ؛ ساکت ؛ سست ۔ (۷) ٹھہرا ہوا ؛ مسدود ۔ (۸) (مشین ، اوزار وغیرہ) جو کام میں نہ ہو ۔ (۹) قائم حالت میں استعمال ہونے والا ۔ (۱۰) اقامتی ؛ مقیم ۔ (۱۱) ساکن (جب کہ دوسرا حصہ متحرک ہو) ۔ (۱۲) معینہ ؛ مسلمہ ۔

Standing army : (n) مستقل فوج (جس کے سپاہیوں کو باضابطہ تنخواہیں ملتی ہیں ۔

Standing barrage : (n) توپوں کی قطار جو کسی مخصوص علاقے پر ایک خط میں گولہ باری کے لئے کھڑی کی گئی ہو ۔

Standing bevel : (n) گنیا جس کا زاویہ منفرجہ ہو ۔

Standing block/ -pulley : (v) چرخی کا قائمہ چوکٹھا ۔

Standing charges : (n) (تجارت) مستقل مصارف ۔

Standing committee : (n) قائمہ کمیٹی ؛ مستقل کمیٹی ۔

Standing crop : (n) (۱) کھڑی فصل ؛ کھڑی کھیتی ۔ (۲) کسی مقررہ وقت پر کسی مخصوص حالت میں کل جاندار چیزوں یا ایک قسم کی جاندار چیز کی مجموعی تعداد یا مقدار ۔

Standing cup : (n) لمبا جام (جس میں ساق اور ڈھکن دونوں ہوتے ہیں) ۔

Standing dish : (n) کھانے کا لازمی جز ۔

Standing finish : (n) مکان کے وہ لوازمات یا ساز و سامان جو مستقل اور دوامی ہوتے ہیں ۔

Standing height : (n) قد ؛ قامت ؛ اونچائی ۔

Standing-ladder : (n) پٹری دار سیڑھی ۔

Standing order : (n) (پارلیمنٹ) مستقل حکم خصوصاً پارلیمنٹ کے ضابطۂ کاروائی کے متعلق ؛ حکم جاریہ ؛ (فوج) مستقل حکم ۔

Standing order : (n) (۱) خرید کی فرمائش یا آرڈر جو پوری ہونے تک قائم رہتی ہے ۔ (۲) سلسلہ وار اشاعت کی خرید کی

فرمائش۔

Standing part : (n) (رسے وغیرہ کا) وہ سرا جو بندھا ہوا ہوتا ہے (بر خلاف اس کے جسے پکڑ کر کھینچتے ہیں)۔

Standing place : (n) کھڑا رکھنے یا کھڑے ہونے کی جگہ۔

Standing rigging : (n) مستول کے سہارے کی رسیاں۔

Standing room : (n) کھڑے رہنے کی جگہ یا گنجائش۔

Standing rope : (n) مستول کو سہارنے کے رسے۔

Standing rule : (n) (فوٹوگرافی) کوئی عام قاعدہ یا حکم جس کا اتباع لازمی ہوتا ہے۔

Standing stone : (n) لاٹھ ؛ یك سنگی ستون ؛ سنگ یادگار۔

Standing water : (n) کھڑا یا بند پانی۔

Standing wave : (n) مقیم موج۔

Standish : (n) (قدیم) دوات ؛ قلمدان۔

Standout : (n) نایاں شے یا شخص۔

Standout : (a) ممتاز ؛ نمایاں۔

Standover : (n) فصل کٹنے کے بعد دوسرے سال پھر اگنے والا (جیسے گنا ، کپاس وغیرہ)۔

Standpat : (n) (سیاسی معاملوں میں) حد سے زیادہ قدامت پسند شخص ؛ تبدیلی کی مخالفت کرنے والا شخص۔

Standpat : (a) حد سے زیادہ قدامت پسند۔

Standpatter : (n) دیکھو Standpat

Standpattism / Standpatism : (n) قدامت پسندی ؛ تبدیلی کی مخالفت؛ کوئی مثبت قدم اٹھانے میں پس و پیش یا تامل۔

Standpoint : (n) نقطۂ نظر ؛ خیال۔

Stang : (n) [ON. 'Stong'.] بلی ؛ کھمبا ؛ ڈنڈا۔

To make (a person) ride the stang : (عمومی) ناپسندیدگی کے اظہار کے طریقے کے طور پر) کسی شخص کو کھمبے پر بٹھا کر گھمانا۔

Stang : (n) ڈنك ؛ شدید کیفیت یا کرب ؛ سخت اذیت۔

Stang : (v) [ON. 'Stanga'.] ڈنك مارنا ؛ جلن ہونا ؛ شدید درد ہونا۔

Stang : (v) ملبے یا کھمبے پر لے جانا۔

Stang-ball : (n) Bar-shot کی ایك قسم۔

Stanhope : (n) [Proper name.] (۱) ایك چھوٹی سی دو پہیا یا چو پہیا گاڑی جسے پہلے پہل Fitzroy Stanhope (۱۷۸۷ سے ۱۸۶۴ء) نے بنائی تھی۔

Stanhope horse : (n) گھوڑا جو Stanhope گاڑی میں جوتا جاتا ہے۔

Stanhope lens : (n) عدسۂ اسٹن ہوپ۔

Stanhope press : (n) لوہے کا دستی چھاپہ (موجد لارڈ اسٹین ہوپ)۔

Staniel/ Stannel : (n) [OE. 'Stan(e) gella'.] (۱) ایك قسم کا چھوٹا باز ؛ شکرا۔ (۲) حقارتاً آدمی کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

Stanitza/ Stanitsa : (n) [Russ. 'Stanitsa'.] کاسك یا قزاق (ایك تاتاری قبیلے کا نام) کا گاؤں یا شہر۔

Stank : (n) [OFr. 'Estanc'.] (۱) تالاب ؛ جوہڑ ؛ گڑھا ؛ گڈھا ؛ خندق ؛ کھائی۔ (۲) بند ؛ باڑ ؛ پانی کے بند کا دروازہ۔

Stank : (v) بند بنانا ؛ پشتہ بنانا۔

Stank : (v) دیکھو Stink

Stank-hen : (n) جنگلی مرغی ؛ بن مرغی ؛ مرغابی۔

Stank-meadow : (n) مرغزار جس میں گڑھا ہو۔

Stankie : (n) مرغابی۔

Stann-/ Stanni- / Stanno- : جزو ترکیبی بمعنی "ٹین کا" "ٹین سے متعلق"۔

Stannary : (n) [med. L. 'Stannaria'.] (۱) (انگلستان) ٹین کی کانوں والا علاقہ۔ (۲) ٹین کی کان ؛ ٹین کے ظروف ؛ بازار کا وہ حصہ جہاں ٹین کے ظروف بیچے جاتے ہیں۔

Stannary courts : (n) ٹین کے کانوں والے علاقوں کی عدالت واقع کارنوال و ڈیون۔

Stannate : (n) ترشۂ ٹین کا نمك۔

Stannator : (n) ٹین کے کانوں والے علاقے کا پارلیمانی رکن ۔

Stanners : (n) سنگریزے جو پانی میں یا پانی کے قریب پائے جاتے ہیں ۔

Stannic : (a) [f. 'Stannum' + ic.] (کیمیا) ٹین کا : ٹینی : سیٹنک ۔

Stanniferous : (a) ٹین آمیز : ٹین پیدا کرنے والا ۔

Stannite : (n) (۱) (کیمیا) ٹین آمیز ترشے کا نمک ۔ (۲) (کان کنی) ٹین ، تانبا ، لوہا اور جستہ کا سلفائیڈ ۔

Stanno- : دیکھو Stann-

Stannoso- : جزو ترکیبی بمعنی "ٹینی" "ٹین دار" ۔

Stannotype : (n) ایک قسم کی فوٹو میکانکی کندہ کاری ۔

Stannous : (a) (کیمیا) متعلق بہ ٹین : ٹین آمیز : ٹینی ۔

Stannum : (n) ٹین : قلعی ۔

Stante matrimonio : (adv.) [L.] طلاق سے پہلے ۔

Stannza : (n) [It.] (۱) بند : جس میں چار یا اس سے زیادہ مصرعے ہوں ۔ (۲) (اطالیہ میں) کمرہ : حجرہ : (جمع) پاپائے روما کی محل سر کے کچھ کمرے ۔ (۳) (عام) ایک جگہ کھیل تماشا یا تفریحی دلبستگیوں کی مدت ۔

Stanzaed : (a) بندوں پر مشتمل : بندوں میں مرتب ۔

Stanzaic/ -al : (a) متعلق بہ بند : بندوں والا : بندوں میں مرتب ۔

Stanzaically : (adv.) بندوں میں مرتب کر کے ۔

Stap : (n) (۱) موقوفی : وقفہ : رکاوٹ : روک : ٹھہراؤ ۔ (۲) دیکھو Stop ۔

Stap : (n) (۱) (چلنے ، دوڑنے یا ناچنے میں) ایک قدم ۔ (۲) دیکھو Step ۔

Stap : (n) پیپے یا ٹب کی گول پٹی ۔

Stapedial : (a) [mod. L. 'Stapedius'.] (تشریح) رکابی : (کان کی) رکابی ہڈی سے متعلق ۔

Stapedius : (n) (تشریح) عضلۂ رکیب ۔

Stapelia : (n) [mod. L. f. name Jan Bode von Stapel, a Dutch botanist.] (نباتیات) جنوبی افریقہ کا ایک مداریہ پودا جس کا پھول بہت بد بو دار ہوتا ہے ۔

Stapes : (n) [med. L.] (تشریح) رکیب : عظم الرکابی : رکابی ہڈی (کان کی) ۔

Staphyline : (a) [Late Gr. 'Staphylinos'.] دیکھو Botryoidal

Staphylinid : (n) [mod. L. 'Staphyinidae'.] بھونرے کی ایک قسم ۔

Staphylococcus : (n) [Gr. 'Staphyle' + 'kokkos'.] (جرث) مکروب عنبی : عنبی بنفہ ۔

Staphyloma : (n) [Gr. 'Staphyloma'.] (مرضیات) باباقوری : زرالعین : عِنَبہ : (آنکھ کے) قرنیہ کا باہر نکل آنا ۔

Staphylomatous : (a) زرالعین سے متعلق یا اس میں مبتلا ۔

Staphyloplasty : (n) لہات پیوندی : حلق پیوندی ۔

Staphylotomy : (n) (۱) لہات شگافی : حلق کے کونے کو کاٹ کر نکال دینا ۔ (۲) زرالعین کو عمل جراحی کے ذریعے نکال دینا ۔

Staphylorrhapy : (n) دیکھو Staphyloplasty

Staple : (n) [OE. 'Stapol'.] (۱) کنڈا : قلابہ : اس قسم کی کوئی دوسری ترکیب ۔ (۲) سور کے منہ کا چھلا یا کپڑا (جو اس لئے چڑھا دیا جاتا ہے کہ وہ زمین نہ کھود سکے) ۔ (۳) مڑا ہوا تار (کاغذ وغیرہ کی سلائی کے لئے) ۔ (۴) گوشہ دار چھڑ یا پتر جو جہاز کے عرشے یا دیوار وغیرہ کو پن روک یا تیل روک بنانے کے لئے لگاتے ہیں ۔

Staple : (n) [OFr. 'Estaple'.] (۱) (تاریخ) شہر یا جگہ جہاں (شاہی حکم کے ذریعہ مقرر کردہ) تاجروں کی ایک جماعت رہتی تھی اور بر آمد کے لئے بعض اشیا کو خریدنے کے انہیں خصوصی اختیار ہوتا تھا ۔ (۲) (تجاریات) منڈی ۔ (۳) کسی علاقے کی خاص پیداوار : خاص دساوری جنس ۔ (۴) خاص پیداوار ۔ (۵) (مجازاً) جزو اعظم ۔ (۶) کوئی مال جس کی مانگ یکساں رہتی ہے : کوئی چیز جو کثرت سے استعمال کی جاتی ہے ۔

Mayor of the staple : ایک افسر جس کی تقرری خصوصی طور پر بادشاہ کیا کرتا تھا ۔

Staple : (n) (۱) اون کا ریشہ یا تار : اون کا گچھا : خام اون ۔ (۲) ریشہ یا تار جس سے دھاگا یا کپڑا بنتا ہے : کپاس کا ریشہ ۔ (۳) (ارضیات) نباتی پھپھوندی کی تہ جو چٹانوں پر چھائی رہتی ہے : ایسی پھپھوندی کی مخصوص قسم ۔

Staple/ Stapple : (n) [Origin unkn.] (۱) کان یا سرنگ کا چھوٹا رستہ جو دو صطحوں کو ملاتا ہے ۔ (۲) کان کا چھوٹا

گڈھا۔

Staple : (a) خاص : اہم۔

Recognizance staple : اقرار نامہ جو اسٹیپل کے میئر (Mayor of the staple) کے سامنے لیا جاتا ہے۔

Staple : (v) تار دوزی کی مشین سے سینا۔

Staple : (v) بر آمد کے لئے مال پانا (Staple پر) ؛ ان کا وزن کرنا۔

Staple : (v) الگ الگ کرنا ؛ درجہ بدرجہ ترتیب دینا (اون وغیرہ کو بلحاظ قسم)۔

Staple-house : (n) گودام جس میں بر آمدی سامان (جن پر بر آمدی محصول لگنا ہوتا ہے) رکھا جاتا ہے۔

Staple-ring : (n) سور کے منہ کا چھلا یا کپڑا (جس کی وجہ سے وہ زمین نہیں کھود سکتا ہے)۔

Staple-threaded : (a) چنندہ ریشوں والے دھاگے کا بنا ہوا۔

Stapled : (a) ریشہ دار (کوئی خاص قسم کا)۔

Stapler : (n) (جلد سازی) تار کی سلائی کرنے کی کل ؛ مشین تار دوزی۔

Stapler : (n) شاہی اختیارات کے ذریعہ مقرر کئے ہوئے شہر کا تاجر۔

Stapling-machine : (n) دیکھو Stapler

Stapling hammer : (n) کنڈا وغیرہ ٹھوکنے کا اوزار یا ہتھوڑا۔

Stapple : (n) (اسکاتستان) خاص پیداوار۔

Star : (n) [OE. 'Steorra'.] (۱) ستارہ ؛ تارہ ؛ سیارہ ؛ نجم۔ (۲) ثابتہ۔ (۳)ستارہ جیسی کوئی شے مثلاً تمغہ وغیرہ۔ (۴) (کتاب وغیرہ میں) حاشیہ کی علامت ؛ ستارہ ؛ کوکب۔ (۵) ستارہ (گھوڑے کی پیشانی پر سفید داغ)۔ (۶)(تاش کا کھیل) زائد بازی جو کھلاڑی اپنی بازیوں سے ختم ہونے پر خریدتا ہے۔ (۷) (تھیٹر) سب سے بہتر اور ممتاز ایکٹر۔ (۸) کوئی نام آور اور ممتاز شخص۔ (۹) ستارہ (نجومیوں کا) جس کا اثر انسان کے حالات پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ (۱۰) رہنما ستارہ ؛ قطب ستارہ ؛ وہ ستارہ جس کی مدد سے رات کو کشتی چلائی جاتی ہے۔ (۱۱) (آتش بازی) آسمان تارہ۔ (۱۲)ستارہ نما قلمی شکل جو سرمہ کو صاف کرنے میں نظر آتی ہے۔ (۱۳)(حیوانیات) نباتی حیوان یا اس کا خلیہ۔ (۱۴)(غیر اہل کتاب کے عقیدے کے مطابق) نامور شخصیت کی روحیں جو ستارہ بن جاتی ہیں۔ (۱۵)ستارہ کی تصویر۔ (۱۶) ستارہ یا نجمہ (☆) جو نشان یا حوالے کے لئے لفظوں پر بنا دیا جاتا ہے۔ (۱۷)وہ شخص جس کے بلے میں ستارہ بنا ہو۔ (۱۸)(بلیرڈ) زائد بازی خریدنا۔ (۱۹) اجرام فلکی (چاند ، سورج وغیرہ)۔ (۲۰) (مردہ) روحوں کی غیر واضح منزل۔ (۲۱) ناقابل حصول مقصود۔ (۲۲)وہ مجرم جو پہلی بار جیل گیا ہو۔ (۲۳) قسمت ، رتبہ ، مزاج وغیرہ جو ستارہ کے ذریعے متعین ہوتا ہے۔ (۲۴)ایک قسم کی دوڑ کی کشتی۔

Binary star : نجوم ثنویہ ؛ ثنائی ستارے ؛ جس میں دونوں ایک دوسرے کے گرد گردش کرتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔

Double star : جفت ستارے ؛ دو ستاروں کا مجموعہ جو خالی آنکھ سے ایک نظر آئے۔

Diurnal star : سورج ؛ آفتاب۔

Evening star : شام کا ستارہ۔

Fixed star : ثابتہ ؛ ثوابت۔

Ill-starred : منحوس ؛ نحس ؛ بد اختر ؛ بد بخت ؛ بد قسمت۔

Morning star : صبح کا ستارہ۔

My stars : تعجب کے اظہار کا کلمۂ فجائیہ۔

One's star/ -stars : (کسی کا) ستارہ جو پیدائش کے وقت کسی شخص کی قسمت ، مزاج وغیرہ پر اثر انداز ہوتا تھا۔

Stars in one's eyes : مسرت یا خوش امیدی کا احساس۔

To see stars : (زور دار ضرب وغیرہ سے) سر جھنجھنانا۔

Star : (n) [ON. 'Sto(rr)'.] متعدد قسم کی بحری گھاس اور سیج کا مقامی نام۔

Star : (v) (۱) ستارے جڑنا یا لگانا۔ (۲) ستارے کا نشان لگانا (نام پر کسی فہرست وغیرہ میں)۔ (۳) اسٹیج پر اعلیٰ کیریکٹر کی حیثیت سے آنا۔ (۴) (کھیل میں) زائد بازی خریدنا۔ (۵) ضوفگن نشان ڈالنا ؛ کرن نما بال ڈالنا (شیشے میں) یا پڑنا۔ (۶) (ارضیات) (طبقات کو) دراڑ یا رگ کے ذریعہ جو ایک ہی مرکز سے شروع ہوں مختلف بنانا۔ (۷) تصفیہ کے دوران سرمہ میں ستارے بنانا یا بننا۔

Star : (a) (۱) ستارے سے متعلق ؛ ستاروں سے بنا ہوا۔ (۲) ستارے کی شکل میں ترتیب دیا ہوا (☆)۔ (۳) تمغہ لگائے ہوئے (بطور امتیازی نشان)۔ (۴) اچھا اور ممتاز ایکٹر یا کھیل سے متعلق۔ (۵) افضل ؛ ممتاز ؛ برتر۔

Star anemone : (n) ایک قسم کا پودا۔

Star anise : (n) سونف کی ایک قسم : بادیان ختائی۔

Star antimony : (n) صاف کیا ہوا سنگ سرمہ۔

Star-apple : (n) جنس زر برگ کے کسی درخت کا پھل یا خود وہ درخت: ستارہ سیب۔

Star-beam : (n) ستاروں کی روشنی کی کرن۔

Star-blind : (a) کم نظر : نیم کور۔

Star-bright : (a) چمکیلا : چمکدار : ستارہ کی طرح چمکیلا۔

Star buzzard : (n) امریکی باز کی ایک قسم۔

Star catalogue : (n) (علم النجوم) ریج : ستاروں کی فہرست (ان کے محل ، اشراق وغیرہ کے مطابق)۔

Star-chamber : (n) (۱) ٹیوڈر خاندان کی قائم کردہ ایک عدالت جو امراء پر استبداد کرنے اور شاہان برطانیہ کا آلہ کار بن جانے کی وجہ سے بدنام ہو گئی۔ (۲) ویسٹ منسٹر کے شاہی محل کا وہ کمرہ جس میں چودھویں اور پندرھویں صدی میں چانسلر ، خزانچی اور شاہی کونسل کے دوسرے ارکان بیٹھتے تھے۔

Star chart : (n) نقشہ نجوم۔

Star-cluster : (n) عنقود النجوم : جھمکا : تارا جھرمٹ۔

Star colour : (n) ستارے کا ظاہری رنگ۔

Star connection : (n) (برقیات) کثیر فیزہ (Polyphase) دور کو جوڑنے کا ایک طریقہ۔

Star coral : (n) ایک قسم کا مرجان Astraeidae جنس کا۔

Star count : (n) نجوم شماری۔

Star crossed : (a) بد اختر: بد بخت : بد نصیب۔

Star cucumber : (n) شمالی امریکا کا ایک پھل یا اس کا پودا۔

Star cut : (a) ستارہ نما پہلی والی تراش (ہیرے یا دوسرے جواہرات کی)۔

Star day : (n) دیکھو Sidereal day

Star density : (n) آسمان کے کسی خطے کے فی اکائی رقبہ میں ستاروں کی تعداد۔

Star-dust : (n) (۱) چھوٹے چھوٹے لا تعداد ستارے جو دور بینوں میں دھول کے ذرات کے مانند نظر آتے ہیں۔ (۲) کائناتی گرد۔ (۳) چھوٹے چھوٹے ذروں میں چمکنے والی کوئی چیز۔ (۴) رومانس : جادو یا لطافت کا احساس۔

Star facet : (n) ہیرے کے مثلثی پہلوؤں میں سے کوئی ایک۔

Star fort : (n) چھوٹا قلعہ جس میں بیرونی اور الٹے ٹھاٹ باری باری ہوتے ہیں۔

Star finch : (n) ایک قسم کا پرند : لل دما۔

Star fish : (n) (۱) نجم البحر : تارہ مچھلی : ستارہ ماہی : ایک قسم کی مچھلی جس کے پانچ یا زیادہ بازو ستارے کی شکل کے نکلے ہوتے ہیں۔

Star flower : (n) بعض قسم کے پودوں کے نام۔

Star gauge : (n) مقیاس النجوم۔

Star gaze : (n) ستاروں کا مشاہدہ کرنا۔

Star gazer : (n) (۱) نجومی : جوتش : اختر شناس۔ (۲) بیئت داں : ستارہ بیں۔ (۳) بعض قسم کی مچھلیوں کے نام کے ساتھ آتا ہے۔ (۴) (مجازاً) تصوراتی آدمی۔

Star gazing : (n) نجم شناسی : اختر شناسی۔

Star gazing : (a) ستارہ بیں : بیئت داں۔

Star grass : (n) ستارہ گھاس۔

Star headed : (n) جس کے سرے پر ستارہ ہو (خصوصاً ستارہ بعض مکھی پھولوں کے نام کے ساتھ آتا ہے)۔

Star hyacinth : (n) جنس سنبل۔

Star jelly : (n) منکا کائی : کائیوں کی ایک قسم۔

Star light : (n) کورالنجوم : ستاروں کی روشنی : ستاروں کی چھاؤں۔

Star light : (a) ستاروں کی روشنی سے متعلق : ستارے جیسا چمکدار : ستاروں سے منور : ستاروں کی روشنی میں نظر آنے والا۔

Star lot : (n) (۱) (اشیاء) فروخت کی فہرست کا وہ اندراج جو شمار مکمل ہونے کے بعد اس میں اضافہ کیا گیا ہو۔ (۲) اون کی گانٹھیں (تین یا کم) جو نیلام کے لئے ہوں۔

Star map : (n) نقشۂ نجوم ؛ ستاروں کی تصویر ۔

Star metal : (n) دیکھو Star antimony

Star nosed mole : (n) شمالی امریکا کی دراز دم نیم آبی چھچھوندر ۔

Star of Bethlehem : (n) ایک پودا جس میں سفید ستارہ نما پھول ہوتے ہیں اور باہر کی طرف سبز رنگ کے خط ہوتے ہیں ۔

Star of day : (n) سورج ؛ آفتاب ۔

Star of Jerusalem : (n) ایک پودے کا نام ۔

Star of noon : (n) سورج ؛ آفتاب ۔

Star of the earth : (n) ایک قسم کی یورپی جھاڑی ۔

Star of the sea : (n) حضرت مریم عذرا کا خطاب ۔

Star pagoda : (n) ایک ہندوستانی طلائی سکہ ۔

Star place : (n) وضع نجم ؛ ثابتہ کا مقام ۔

Star plum : (n) دیکھو Star apple

Star-proof : (n) جن سے ستاروں کی روشنی نہ گزر سکے ۔

Star-pulley : (n) ستارہ نما چرخی (جس کے دندانے شعاعی ہوتے ہیں) جو گھڑی سازی وغیرہ میں کام آتی ہے ۔

Star quartz : (n) سنگ مردہ کی ایک قسم ۔

Star route : (n) دیہات یا کم آبادی والے علاقے میں ڈاک تقسیم کرنے کا راستہ جس میں نجی برکارہ ایک پوسٹ آفس سے دوسرے پوسٹ آفس یا اسٹیشن سے پوسٹ آفس تک لے کر جاتا ہے اور راستے میں نجی ڈاک ڈالتا جاتا ہے ۔

Star ruby : (n) یاقوت کی ایک قسم ۔

Star scout : (n) وہ بوائے اسکاؤٹ جسے حُسن خدمت کے سلسلے میں پانچ بلّے ملے ہوں ۔

Star-shake : (n) لکڑی کی گسترده دراڑ یا درز ؛ شعاعی شگاف ۔

Star-shell : (n) (فوج) ستارہ بم ؛ نور بم ؛ ایک قسم کا گولہ اس کے ہوا میں پھٹنے سے دشمن کے مقامات روشن ہو جاتے ہیں اور وہاں کے حالات معلوم ہو جاتے ہیں ۔

Star-shine : (n) ستاروں کی روشنی ؛ نورالنجوم ۔

Star shower : (n) شہاب ثاقب کی بارش ۔

Star sight : (n) جہاز رانی کے مقصد کے لئے کسی ستارے کی بلندی کا مشاہدہ ۔

Star slough : (n) دیکھو Star jelly

Star-spangled : (a) (۱) ستاروں بھرا ۔ (۲) امریکا یا وہاں کے باشندوں سے متعلق ۔ (۳) امریکا کا محب وطن ۔

Star-spangled banner : (n) ریاستہائے متحدہ امریکا کا جھنڈا ۔

Star spot : (n) ستاروں (کی سطح) کا داغ ۔

Star-stone : (n) (۱) سنگ ستارہ ؛ نیلم کی ایک قسم ۔ (۲) (حیوانیات) متحجر سوسنیہ کا مخمس فقری جوڑ ۔

Star streaming : (n) ستاروں کا حقیقی یا ظاہرداری طور پر جمع ہونا ۔

Star system : (n) (۱) (تھیٹر) غیر معیاری ایکٹروں کی کمی کو ایک یا دو ممتاز ستاروں سے پورا کرنے کا نظام یا طریقہ ۔ (۲) ستاروں کا ہجوم ؛ کہکشاں ۔

Star-thistle : (n) (نباتیات) بھکڑا ؛ گوکھرو ۔

Star turn : (n) فلم وغیرہ میں ستاروں کا جمگھٹ خصوصاً اُن کا جن کو بہت شہرت دی گئی ہو ؛ کسی کھیل تماشے کی خاص کشش ۔

Star-wheel : (n) دیکھو Star-pulley

Star-worship : (n) ستارہ پرستی ؛ نجم پرستی ۔

Star-wort : (n) (۱) جنس قرنفل ؛ جنس لونگ ۔ (۲) تارہ پھول ؛ ایک قسم کا پودا جس کے پھول ستارے کے کونوں کی طرح پھیلے ہوئے ہوتے ہیں ؛ گل مینا ۔ (۳) ایک قسم کا پتنگا ۔

Starboard : (n) جہاز ، کشتی یا ہوائی جہاز کی دائیں سمت ۔

Starboard : (v) پتوار یا سکان کو کشتی کی بائیں سمت لگانا ۔

Starboard : (a) کشتی کی بائیں طرف واقع یا اس سے متعلق ۔

Starboard : (adv.) کشتی کی بائیں طرف ۔

Starboard-watch : (n) جہاز یا کشتی کی بائیں سمت کے پہرے دار ۔

Starbolins/ Starbwolines : (n) دیکھو Starboard-watch

Starch : (n) (۱) نشاسته ۔ (۲) کلف ؛ ماوا ؛ مانڈی ۔ (۳) (مجازاً)

تکلف ؛ آداب صحبت کی پابندی ۔ (۴) قوت و ہمت ۔

Starch : (a) پابند آداب و آئین ؛ تکلف شعار ؛ کم آمیز ۔

Starch : (v) [ME. 'Sterchen'.] ماوا لگا کر سخت کرنا ؛ کلف لگانا ۔

Starch bandage : (n) (جراحی) ماوا یا کلف لگی ہوئی پٹی جو کھپچی کا کام دیتی ہے ۔

Starch bath : (n) طبی غسل یا لوشن جو نشاستہ سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Starch-gum : (n) دیکھو Dextrine

Starch-reduced : (a) (روٹی) عام تناسب سے کم نشاستہ والی ۔

Starch room : (n) وہ کمرہ جہاں قند میں نشاستہ لگایا جاتا ہے ۔

Starch sheath : (n) (نباتیات) نشاستہ غلاف ؛ درون ادمہ ۔

Starch sugar : (n) دیکھو Dextrose

Starch syrup : (n) نشاستے کا شیرہ ۔

Starch-water : (n) نشاستہ اور پانی کا محلول ۔

Starched : (a) (۱) ماوے سے سخت کیا ہوا ۔ (۲) سرد مہر ؛ پر تکلف ؛ کم آمیز ۔

Starchedly : (adv.) سرد مہری سے ؛ کم آمیزی سے ۔

Starchedness : (n) سرد مہری ؛ کم آمیزی ۔

Starcher : (n) (۱) ماوا لگانے والا ۔ (۲) کلف دار کالر یا گلو بند ۔ (۳) ماوا یا کلف لگانے کی مشین ۔

Starchily : (adv.) سختی سے ؛ کم آمیزی سے ۔

Starchiness : (n) سختی (کلف کی) ؛ کم آمیزی ؛ نشاستیت ۔

Starchman : (n) وہ شخص جو مٹھائی بنانے کے کارخانے میں نشاستے کے کمرے میں رہتا ہے ۔

Starchness : (n) سختی ؛ کم آمیزی ؛ سرد مہری ۔

Starwort : (n) جنگلی سوسن ۔

Starchy : (a) (۱) کلف سے سخت کیا ہوا ۔ (۲) پابند آداب ؛ کم آمیز ۔ (۳) بد مزاج ؛ چڑچڑا ۔

Stardom : (n) (۱) ممتاز ایکٹر یا کھلاڑی کا مرتبہ یا درجہ ۔ (۲) ممتاز ایکٹروں یا کھلاڑیوں کی جماعت ؛ ممتاز ایکٹروں اور ایکٹریسوں کی دنیا ۔

Stare : (n) تاک ؛ ٹکٹکی ۔

Stare : (v) [OE. 'Starian'.] (۱) ٹکٹکی لگائے دیکھنا ؛ ٹکٹکی باندھنا ۔ (۲) آنکھیں پھاڑ کر دیکھنا ؛ آنکھیں پھاڑنا ؛ آنکھیں پتھرانا (تعجب، پریشانی، خوف وغیرہ سے) ۔ (۳) تکنا؛ تاکنا ؛ گھورنا ؛ آنکھیں گاڑ کر دیکھنا ۔ (۴) گھور کر دیکھنے سے گھبرا دینا یا شرما دینا ۔ (۵) صاف دکھائی پڑنا ؛ اظہر من الشمس ہونا ؛ قریب الوقوع ہونا ۔ (۷)(بال ، روئیں وغیرہ کا) کھڑا ہو جانا ۔

To stare (a person) in the face : چہرے کو گھور کر دیکھنا ۔

To stare (a person) out of countenance : گھور کر دیکھنے سے گھبرا دینا یا شرما دینا ۔

To stare (a person) up and down : (کسی کا) سر سے پیر تک جائزہ لینا ۔

Stare down : (n) گھور کر پس و پیش میں ڈال دینا ۔

Starer : (n) گھورنے والا ؛ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے والا ۔

Staring : (a) گھورنے والا ؛ ٹکٹکی باندھنے والا ۔

Staringly : (adv.) گھور کر ؛ تاڑتے ہوئے ۔

Stark : (a) [OE. 'Stearc'.] (۱) کڑا ؛ سخت ۔ (۲) (شعرو شاعری) مضبوط ؛ قوی ۔ (۳) بالکل ؛ محض ؛ نہایت ؛ نپٹ ؛ برا ؛ سراسر ۔ (۴) بالکل ننگا ۔ (۵) ثابت قدم ؛ ضدی ۔

Stark : (adv.) (۱) سختی سے ۔ (۲) بالکل ؛ نیٹ ؛ محض ؛ سراسر ۔

Stark : (adv.) (موسیقی) زور سے ؛ بلند آواز سے ؛ بلندی یا تیزی سے ۔

Stark : (v) (قدیم) سخت یا کڑا بنانا ۔

Stark blind : (a) اندھا سوس ؛ بالکل اندھا ۔

Stark dead : (a) بالکل مردہ ۔

Star effect : (n) [After John Stark, German physicist'.] سٹارک اثر ۔

Stark-naked : (a) بالکل ننگا ؛ ننگ دھڑنگا ۔

Stark naked : (n) (عام) خالص شراب ؛ خام جن (شراب) ۔

Starken : (v) دیکھو Stark

Starkers : (n) دیکھو Stark-naked

Starkly : (adv.) (۱) بالکل ۔ (۲) نمایاں طور پر (مختلف) ۔ (۳) بد تمیزی سے : دو ٹوک ۔

Starkness : (n) سختی : درشتی : مضبوطی ۔

Starless : (a) بے ستارہ : جس میں ستارے نظر نہ آئیں ۔

Starlessly : (adv.) بے ستارے کے ۔

Starlessness : (n) بے ستارے کا ہونا ۔

Starlet : (n) (۱) چھوٹا ستارہ : ستارچہ : نجمہ ۔ (۲) فلم کی نوجوان ایکٹریس (جسے بڑے اور نمایاں رول کے لئے تربیت دی جا رہی ہو) ۔

Starlike : (a) (۱) ستارہ نما ۔ (۲) ستاروں کی طرح مرتب : ستارہ صورت : کرن نما : ستارہ مکھی ۔

Starling : (n) (۱) عصفوری پرند ۔ (۲) امریکی چڑیوں کی ایک جنس: ایک قسم کی امریکی چڑیا ۔ (۳) ایک قسم کا کبوتر ۔

Starling : (n) کھمبے گاڑ کر دھس بندی جو پُل کے قریب کی جاتی ہے تاکہ نہر وغیرہ سے پُل کو نقصان نہ پہنچے ۔

Starlit : (a) ستاروں سے روشن : ستاروں سے بھری ۔

Starlite : (n) (معدنیات) نیلا سنگ زرکون (Zircon) ۔

Starn : (n) (اسکاچستان) دیکھو Star

Starnie : (n) چھوٹا ستارہ : نجمہ : ستارچہ ۔

Starny : (a) (۱) ستاروں بھری یا بھرا (رات ، آسمان وغیرہ) ۔ (۲) ستاروں سے متعلق ۔ (۳) دیکھو Starry ۔

Starosta : (n) [Russ. and Polish.] (۱) (روس میں) دیہی آبادی کا سردار ۔ (۲) (پالینڈ ، بادشاہت کے زمانے میں) وہ امیر جسے قلعہ اور جاگیر بادشاہ کی طرف سے عطا کی جاتی تھی ۔

Starosty : (n) (قدیم پالینڈ کی شہنشاہیت میں) کسی امیر کی جاگیر ۔

Starr : (n) [AL. 'Starrum'.] (تاریخ) یہودیوں کا قانونی دستاویز یا اقرار نامہ جو خصوصاً قرض کی بیباقی یا قرض سے خلاصی کا ۔

Starred : (a) (۱) (آسمان) ستاروں بھرا ۔ (۲) ستارہ نما شکلوں سے بھرا : ستارہ لگا ہوا ۔ (۳) (گھوڑا) جس کی پیشانی پر ستارہ ہو ۔ (۴) کسی سلسلے کے ستارہ (علامت) سے مزین ۔ (۵) ستارے (☆) کا نشان لگا ہوا ۔ (۶) (شیشہ برف وغیرہ) شعاعی ترتیب میں بال آیا ہوا ۔ (۷) ستارہ نما : ستارہ صورت : کرن دار ۔ (۸) ستاروں کے زیر اثر : (سعد یا نحس) ستارے کے زیر اثر پیدائش ۔ (۹) (انسان) (جو مرنے کے بعد) ستارہ بنا دیا گیا ہو ۔

Starred lizard : (n) شمالی بحر روم کے علاقے میں پائی جانے والی چھپکلی کی ایک قسم ۔

Starrer : (n) وہ فلم وغیرہ جس میں مخصوص ستارے ہوں ۔

Starrily : (adv.) ستارہ نما وضع میں : ستارہ نما صورت میں : ستاروں کی طرح روشنی کے ساتھ ۔

Starriness : (n) ستارہ نما ہونا : ستاروں بھرا ہونا ۔

Starry : (a) (۱) ستاروں بھری یا بھرا (رات ، آسمان وغیرہ) ۔ (۲) ستاروں سے متعلق ۔ (۳) ستارے کی طرح چمکدار یا روشن ۔ (۴) ستارہ نما : ستاروں کی شکل میں ترتیب دیا ہوا : ستارہ مکھی ۔ (۵) ستاروں جڑا ۔ (۶) جس میں ممتاز ایکٹر یا ایکٹریس کام کر رہی ہو : جس میں ممتاز ستاروں کی بڑی تعداد ہو ۔

Starry campion : (n) شمالی امریکا کا ایک مگس گیر پودا ۔

Starry-eyed : (a) رومانی : خصوصاً غیر عملی : امنگ بھرا : آرزو مند ۔

Stars and stripes : (n) ریاستہائے متحدہ امریکا کا جھنڈا جس میں تیرہ دھاریاں اور پچاس ستارے ہوتے ہیں ۔

Starshell : (n) جزائر غرب الہند کے اکہرے کھل مندن والے گھونگے کی ایک قسم ۔

Starship : (n) بین النجوم چلنے والا راکٹ ۔

Starshoot/ Starshot : (n) ایک قسم کی بحری کائی ۔

Start : (n) [OE. 'Steort'.] (۱) دستہ : موٹھ ۔ (۲) پن چرخی کی بالٹی کا سب سے اندرونی حصہ ۔ (۳) گھوڑے سے چلنے والی جر ثقیل کی کل کی بیرم ۔

Start : (n) (۱) چمک : بھڑک : وحشت ۔ (۲) ابتدا : آغاز (کام ، سفر یا دوڑ کا) : روانگی ۔ (۳) دوڑ شروع کرنے کا مقام : مقام روانگی : دوڑ شروع کرنے کا اشارہ ۔ (۴) دوڑ میں رعایت (فاصلہ یا وقت کی) ۔ (۵) اچھا موقع (جو کاروبار کا مل جائے) : اتفاق حسنہ : مفید مطلب : موقع ۔ (۶) (جمع) کام یا کوشش وغیرہ خصوصاً غیر مسلسل ۔ (۷) ترقی یا نمونے میں یکایک اسراع ۔ (۸) جسم کی

اچانک غیر ارادی حرکت (تعجب ، خوف ، خوشی یا تکلیف وغیرہ کی وجہ سے) : چونک پڑنا : اچھل پڑنا ۔ (۹) (کان کنی) رخنہ ۔ (۱۰) (عام) مشکل : گڑبڑ ۔ (۱۱)غیر مسلسل آواز یا گفتگو ۔ (۱۲) اپنی جگہ سے کھسکی ہوئی کوئی چیز ۔

By fits and starts : غیر مسلسل طور پر : دفعتاً سرگرمی یا جوش سے ۔

By starts : غیر مسلسل طور پر : دفعتاً سرگرمی یا جوش سے ۔

False start : (دوڑ میں) غلط آغاز : جس میں مقام روانگی پر واپس آنا ضروری ہو جاتا ہے ۔

Flying start : (دوڑ میں) وہ آغاز جس میں ابتدا ہی میں پوری رفتار سے دوڑ شروع کرنا ہوتا ہے ۔

To get, have the start : (دوڑ میں) (فاصلہ یا وقت کی) رعایت پانا ۔

To give (a person) a start : چونکا دینا : بوکھلا دینا : متوحش کر دینا : بد حواس کر دینا ۔

To give a start : چونکا دینا ۔

Start : (v) [ME. 'Sterte, Starte, Sturte'.] (۱) چونک اٹھنا : اچھل پڑنا (تکلیف ، تعجب وغیرہ سے) ۔ (۲) بدکنا : بھڑکنا : چمکنا : اچھل پڑنا : چکنا : اچھل پڑنا (کسی صدمہ یا فوری جوش سے) ۔ (۳) اپنی جگہ سے کھسک جانا : ہٹ جانا : اپنی جگہ سے نکل جانا (لکڑی وغیرہ کا) ۔ (۴)روانہ ہونا : سفر شروع کرنا ۔ (۵) شروع کرنا : ابتدا کرنا (سفر ، مہم ، مطالعہ وغیرہ On کے ساتھ) ۔ (۶) (شکار کو اپنی جگہ سے) اٹھانا : نکالنا : ہنکانا ۔ (۷) ابتدا کرنا : آغاز کرنا : بانی ہونا : پیدا کرنا : چلانا (کاروبار ، اخبار ، اعتراض، جھگڑا وغیرہ) : چالو کرنا ۔ (۸) باعث ہونا : موجب ہونا ۔ (۹) کسی شخص کو کام پر لگانا : اپنی مدد سے شروع کرنا ۔ (۱۰) نکلوانا : ہٹانا (اپنی جگہ سے لکڑی یا دانت) ۔ (۱۱) دوڑ شروع کرنے کا اشارہ دینا ۔ (۱۲) پیسے میں سے شراب نکالنا ۔ (۱۳)نکل پڑنا : (آنسو کا) پھوٹ پڑنا : فوراً آنکھوں میں آ جانا ۔ (۱۴) (آنکھ کا) باہر نکل آنا (خوف یا غصے میں) ۔ (۱۵) ظاہر ہونا : سامنے آنا ۔ (۱۶) (دوڑ) مقام روانگی سے آغاز کرنا ۔ (۱۷) (سوال یا اعتراض) اٹھانا : کرنا : (موضوع بحث) پیش کرنا ۔ (۱۸)اُنڈیلنا: خالی کرنا : ڈھالنا ۔ (۱۹) (کتاب کے ورق کا) باہر نکل آنا (کنارے آگے کی طرف) : ڈھیلا ہو جانا ۔ (۲۰) (تیر کا) نشانہ کے خط سے انحراف کرنا ۔

To start fair : مساوات کے ساتھ شروع کرنا ۔

To start from/ -with : شروع کرنا : آغاز کرنا ۔

To start in : شروع کرنا : آغاز کرنا : کام شروع کرنا ۔

To start in business : (پیشہ وغیرہ) شروع کرنا ۔

To start out : آغاز کرنا : شروع کرنا : کام شروع کرنے کا ارادہ کرنا ۔

To start something : شور و غوغا کرنا : ہنگامہ کرنا ۔

To start with : شروع میں ۔

Start-naked : (a) دیکھو Stark naked

Start up : (v) چلانا : حرکت میں لانا ۔

Start up : (n) دہقانوں کا بوٹ ۔

Starter : (n) (۱) چلانے والا: شروع کرنے والا ۔ (۲) دوڑ میں آنے والا شخص یا گھوڑا ۔ (۳) دوڑ شروع کرنے کا اشارہ کرنے والا ۔ (۴)کتا جو شکار کو بھٹ وغیرہ سے باہر نکالتا ہے۔ (۵) چلاؤ پرزہ : محرکہ : اسٹارٹر ۔ (۶) محرکہ دار موٹر گاڑی ۔ (۷) (موٹر کا) چال پرزہ : چال بٹن ۔ (۸)شروع : آغاز (کسی چیز کا) ۔

Startful : (a) ڈرپوک : کچ دلا : متلون : موجی ۔

Starting : (a) شروع کرنے والا: ابتدا کرنے والا ۔

Starting : (n) شروع کرنا : چلانا : ابتدا : آغاز ۔

Starting bolt : (n) ایک پیچ کو نکالنے والا دوسرا پیچ ۔

Starting box : (n) وہ آلہ جس سے برقی رو کی قوت یکساں رکھی جاتی ہے ۔

Starting gate : (n) آڑ یا ٹٹی جو گھڑ دوڑ شروع ہونے پر ہٹا دی جاتی ہے تاکہ سب بیک وقت دوڑیں ۔

Starting place : (n) (دوڑ میں) مقام روانگی: وہ جگہ جہاں دوڑنے والا کھڑا ہوتا ہے ۔

Starting point : (n) (۱) نقطۂ آغاز ۔ (۲) مقام روانگی ۔

Starting post : (n) وہ مقام یا نشان جہاں سے دوڑ شروع ہوتی ہے ۔

Starting price : (n) گھوڑ دوڑ کی آخری بولی ، یعنی گھوڑ دوڑ شروع ہونے سے ذرا پہلے بکی (پیشہ ور شرط باز) چلا چلا کر ان رقموں کا اعلان کرتے ہیں جو وہ دوڑنے والے گھوڑوں پر لگاتے ہیں۔

(۲) قائم رہنا ؛ ڈٹے رہنا ؛ جمے رہنا (دلیل ، مطالبہ ، خیال وغیرہ پر) ؛ اصرار کرنا ؛ مصر رہنا ۔ (۳) نہ بکنا ؛ نہ پھسلنا ۔ (۴) لگے رہنا ؛ چپٹے رہنا ؛ پابندی کرنا ۔ (۵)(کسی مقام پر) ڈٹے رہنا ؛ چھوڑنے سے انکار کر دینا۔ (۶) چربہ اتارنے کی کوشش کرنا ۔ (۷) (دوڑ ، تعاقب وغیرہ میں) لگے رہنا ؛ پیچھا کرنا ۔ (۸)قبضہ میں رکھنا۔

Stick together : (v) (۱) (چیزوں کا) ایک دوسرے سے چپکنا ۔ (۲) (اشخاص کا) ساتھ دینا ؛ اکٹھا رہنا ۔ (۳) (مجازاً) طرفداری کرنا ؛ حمایت کرنا ۔

Stick-to-itiveness : (n) کٹرپن ؛ پیوستگی ؛ محکم گیرہ ؛مضبوطی ؛ استقلال ؛ ثابت قدمی ؛ مستقل مزاجی ۔

Stick up : (v) (۱) (کسی سطح سے) باہر نکلنا ؛ آگے کو نکل جانا ۔ (۲) مزاحمت کرنا ؛ رکاوٹ پیدا کرنا ۔ (۳)نصب کرنا ؛ جگہ پر لگانا ؛ گاڑنا (کھونٹا وغیرہ) ؛ جسم یا سر میں میخیں بھونک دینا ۔ (۴) (ہتھیار ڈالنے کے لئے) ہاتھ اوپر کرنا ۔ (۵) گاڑنا ؛لگانا ۔ (۶) راستے میں روک کر لوٹ لینا ؛ لوٹ لینا (بینک وغیرہ) ۔ (۷) روکنا (کام یا سفر سے) ؛ گھبرا دینا ؛ حیرت میں ڈال دینا ۔ (۸)(آسٹریلیا) شکار کو پلٹ کر مقابلہ کرنے پر مجبور کرنا ۔ (۹) سیخ پر پکانا ۔ (۱۰) (مٹی کے برتن کو) چکنا کرنا ؛ تکمیل کو پہنچانا ۔

To stick up for : حمایت کرنا ؛ پشتی لینا ۔

To stick up to : (۱) کسی سے نہ دبنا ؛ مقابلے سے پیش آنا ۔ (۲) محبت ، لگاوٹ یا عشق بازی کرنا ؛ شادی کی تجویز پیش کرنا ۔

Stick-up : (a) (۱) کھڑا ؛ اونچا (کالر) ؛ اوپر کو مُڑا ہوا ۔ (۲) چپکایا ہوا یا چپکائے جانے کے لئے بنا ہوا ۔

Stick-up : (n) (۱) کھڑا کالر ۔ (۲) ریوالور سے لیس چور جو اپنے شکار سے ہاتھ اوپر اٹھانے کو کہتا ہے ؛ ڈکیتی ؛ راہزنی ۔ (۳) چپکائی جانے والی چیز (خصوصاً نقشہ کشی میں)۔

Stick-up man / Stickup : (n) رہزن ؛ راہ میں روک کر لوٹنے والا ۔

Stickability : (n) برداشت کرنے یا جمے رہنے کی صلاحیت ۔

Stickage : (n) چپکاؤ ؛ چسپیدگی ۔

Sticker : (n) (۱) چپکنے والا ؛ بھونکنے والا ؛ جمانے والا ۔ (۲) بھونکنے یا چبھونے کا اوزار ؛ مچھلی مارنے کی برچھی ؛ لمبے پھل کا نوکدار چاقو ۔ (۳) مستقل مزاج شخص ؛ ثابت قدم شخص ؛ جما رہنے والا آدمی۔ (۴) مشکل سوال یا مسئلہ ۔ (۵) آرگن باجے میں لکڑی کی ڈنڈی ۔ (۶) جلد نہ بکنے والی اشیاء ۔ (۷) تھم تھم کر کھیلنے والا کھلاڑی جو آؤٹ نہ ہو ۔ (۸) مہمان یا ملاقاتی جو ٹالے نہ ٹلے ۔ (۹)ایک چیز کو دوسری چیز پر چپکانے والا مزدور ۔ (۱۰)اخبار یا غیر مجلد پمفلٹ میں زائد صفحہ گھسانے والا ۔ (۱۱)ڈنڈا ؛ آرائشی حاشیہ وغیرہ بنانے کی مشین ۔ (۱۲) چپکنے والا لیبل ، ٹکٹ ، چٹ ، وغیرہ ۔ (۱۳) سمن جو غلط جگہ پر موٹر گاڑی لگانے پر پولس والے گاڑی میں چپکا دیتے ہیں ۔ (۱۴) سنگ مرمر کی تختیوں کو چپڑا لگا کر مرمت کرنے والا ۔

Sticker : (n) (۱) (ایندھن کے لئے) لکڑیاں چننے والا ۔ (۲) لکڑی کے تختوں کے درمیان لگائی جانے والی لکڑی ۔ (۲) (کھیل) چھڑی یا بلے سے کھیلنے والے ؛ ایسے کھیل کا ماہر ۔

Sticker-up : (n) (۱) وہ شخص جو ظروف سازی میں مختلف ٹکڑوں کو جوڑتا ہے ۔ (۲) (آسٹریلیا) ڈاکو ؛ راہزن ؛ قزاق ۔ (۲)(آسٹریلیا) لکڑی کی سیخ پر گوشت بھوننے کا ایک طریقہ ۔

Stickery : (a) کانٹے دار ؛ خار دار ۔

Stickfast : (n) (۱) جمانے والا ؛ چپکانے والا ۔ (۲) چپکانا ؛ جمانا ۔

Stickful : (n) ٹائپ کی وہ تعداد جو ایک ٹائپ چوب میں سما سکے ۔

Stickily : (adv.) لسلسے پن سے ۔

Stickiness : (n) لسلساپن ؛ چسپیدگی ؛ چپچپاپن ۔

Stickiness: (n) سختی ۔

Sticking : (n) (۱) بھونکنا ؛ چبھونا ۔ (۲) چپکانا ؛ جمانا (کرکٹ میں) کریز پر جمے رہنا ۔ (۳) چپکنے والا یا چپکا ہوا مادہ ۔ (۴)(کان کنی) مٹی کی تہ جو معدنی ذرات کے گرد ہوتی ہے ۔ (۵) (جمع) گھٹیا قسم کا گوشت جو قصاب کے چھرے سے خراب ہو گیا ہو ۔ (۶) کٹہرے یادروازے کا آرائشی حاشیہ یا کنارہ ۔

Sticking : (a) چپکنے والا ؛ جمنے والا ؛ پھنس جانے والا ؛ اٹک جانے والا ۔

Sticking : (n) (۱) (پودوں کو) سہارا دینے والی چھڑی ؛ سہارا ۔ (۲) نقارے کی چوب استعمال کرنے کا طریقہ ۔

Sticking-grass : (n) سر والا ؛ ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں میں چمٹ جاتی ہے ؛ کتا گھاس ۔

Sticking-knife : (n) جانوروں کو بھونک کر مارنے کا چھرا یا چھری ۔

Sticking-piece : (n) گائے کی گردن کے نچلے حصے کا گوشت ۔

Sticking-place : (n) (۱) وہ جگہ جہاں کوئی چیز پھنس جائے۔ (۲) جانور کی گردن کا وہ مقام جہاں چھرا گھونپا جاتا ھے ۔

Sticking-plaster : (n) مرحم جو زخم پر چپک جائے: چپک مرہم: لصوق۔

Sticking-point : (n) (۱) دیکھو Sticking-place ۔ (۲) رکاوٹ ۔

Sticking-slave : (n) چپکنے والا مرہم ۔

Sticking tommy : (n) موم بتی جس میں لمبی نوک بنی رہتی ھے تاکہ وہ دیوار یا فرش پر جمائی جا سکے ۔

Stickit : (a) (۱) نامکمل : ناتمام : ادھورا ۔ (۲) (عدم صلاحیت یا ذرائع نہ ہونے کی وجہ سے) اپنے پیشے کو چھوڑ دینے والا ۔

Stickjaw : (n) دانتوں میں چپک جانے والی مٹھائی جسے چبانا دشوار ہوتا ھے : چپک مٹھائی یا پڈنگ ۔

Sticklac : (n) ٹہنیوں سے نکلنے والا لاکھ (قدرتی حالت میں) ۔

Stickle : (a) [ME. 'Stikell'.] (۱) دیکھو Steep ۔ (۲) تیز رو : تیزی سے چلنے والا: تیز رفتار : تیز : سریع ۔

Stickle : (n) (۱) ندی کا اتار ۔ (۲) (اود بلاؤ کے شکار میں) آدمیوں کی قطار ندی کے پایاب مقام پر کھڑی کر دی جاتی ھے تاکہ اود بلاؤ بھاگ نہ سکے ۔

Stickle: (v) مشکل پیدا کرنا : اعتراض کرنا : حجت کرنا : تکرار کرنا : پس و پیش کرنا : ہچکچانا : برا ماننا ۔

Stickle : (n) ابتری : گڑبڑی : انتشار : افراتفری : اضطراب : پریشانی ۔

Stickle for : (v) جدو جہد کرنا: کوشش کرنا : سعی کرنا (کسی مطلوبہ مقصد ، مسئلہ وغیرہ کے لئے) ۔

Stickleback : (n) [OE. 'Stice'.] ماہی آبنوس : ایک چھوٹی سی مچھلی جس کی پشت خاردار ہوتی ھے ۔

Stickler : (n) (۱) امپائر (کشتی ، کھیل ، شمشیر زنی وغیرہ میں) ۔ (۲) راسخ : سخت اصرار کرنے والا : حامی : موئد (In کے ساتھ) ۔ (۳) مشکل سوال یا مسئلہ ۔

Stickless : (n) بے چھتری : بے مستول ۔

Sticklike : (a) چھتری نما ۔

Stickling : (n) دیکھو Stickleback

Stickly : (a) کانٹے دار : خار دار : کھر دار ۔

Sticktail : (n) ایک قسم کی بط ۔

Sticktight : (n) (نباتیات) دبیز نرمائی : مرکب پھولوں والی ایک گھاس جس کے چپٹے ثمرک میں دوکسار ہوتے ہیں ۔

Stickum : (n) [Stick + um.] چپکنے یا چپکانے والی چیز ۔

Sticky : (a) (۱) چھڑی نما : چوبی ۔ (۲) (مصوری) واضح اور متعین خاکہ والی ۔ (۳) بے لوچ : بھدا (شخص) ۔

Sticky : (a) (۱) لسدار : چیپ دار : لسلسا : چپچپا : لعاب دار ۔ (۲) (وکٹ وغیرہ) نرم (بارش یا پانی کی وجہ سے) : (برف) جو خود پگھل رہی ہو ۔ (۳) نم : مرطوب ۔ (۴)مزاحمت کرنے والا : رکاوٹ پیدا کرنے والا ۔ (۵)محتاط : باریک بیں ۔ (۶) مشکل : تکلیف دہ ۔ (۷)ناگوار : ناپسندیدہ ۔ (۸) بھدا : تکلیف دہ : سخت ۔ (۹) مندی : ہٹ دھرم ۔

Sticky : (v) چپکنے والا بنانا : لسلسا مادہ لگانا ۔

Sticky bomb/ -charge/ -grenade : (n) بم جس پر لسدار مادہ لگا رہتا ھے اور پھینکے جانے پر نشانے سے چپک جاتا ھے یہاں تک کہ پھٹ جائے۔

Sticky dog : (n) (کرکٹ) نرم وکٹ ۔

Sticky-fingered : (a) سارقانہ : چوٹا ۔

Sticky-handed : (a) دیکھو Sticky-fingered

Stickbeak : (n) (آسٹریلیا) متجسس شخص ۔

Sticta : (n) [Gr. 'Stikte'.] کائی کی ایک جنس ۔

Stiddy : (۱) نہائی : اہرن ۔ (۲) لوہار خانہ : بھٹی (لوہار کی) ۔

Stiegel glass : (n) [after Henry William striege, an american glassmaker.] (۱) اٹھارھویں صدی میں پنسلونیا میں بننے والے سبز شیشے کے ظروف ۔ (۲) اٹھارھویں صدی کے سبز شیشے کے ظروف سے مشابہ ظروف ۔

Stieve : Steeve کا اسکاچستانی متبادل ۔

Stife : (n) [f. 'Stifle'.] دم گھوٹنے والا دھواں یا بو۔

Stiff : (a) [OE. 'Stif.] (۱) کڑا ؛ سخت ؛ کرخت ؛ درشت ؛ بے لوچ۔ (۲) درشت مزاج ؛ ضدی ؛ ہٹی ؛ اکھڑ۔ (۳)تکلف بھرا ؛ پُر تصنع ؛ کھنچا کھنچا ؛ سرد مہر ؛ روکھا ؛ الگ تھلگ ؛ کم آہن ؛ رسمی۔ (۴) جو رواں نہ ہو ؛ رکتا ہوا ؛ اٹکتا ہوا ؛ سخت۔ (۵) (عضلات و دیگر اعضا) اکڑے ہوئے (زیادہ ورزش یا محنت سے)۔ (۶) مشکل ؛ کٹھن؛ تند ؛ ہمت شکن ؛ پُر مشقت ؛ صعب۔ (۷) گاڑھا ؛ غلیظ ؛ لیس دار (گاڑا مٹی وغیرہ)۔ (۸) (مشین) سخت ؛ کڑی (چلنے میں)۔ (۹) کسا ہوا ؛ ٹھونس ٹھونس کر بھرا ہوا ؛ گھنی (آبادی)۔ (۱۰) (جہاز) آسانی سے نہ جھکنے والا (عمودی حالت سے)۔ (۱۱) (مجازاً) مستقل ؛ ثابت قدم ؛ پکا۔ (۱۲) (جنگ یا مباحثہ) سخت۔ (۱۳) (قیمت ، نرخ وغیرہ) چڑھتا ہوا ؛ جس میں کمی نہ واقع ہو ؛ گراں فروش۔ (۱۴) مضبوط ؛ قوی الجثہ ؛ تنو مند ؛ ہٹا کٹا۔ (۱۵)(ہوا) تیز ؛ تند۔ (۱۶) (شراب) تند ؛ تیز۔ (۱۷)کھڑی (چڑھائی یا اُتار)۔ (۱۸) (قیمت ، طلب وغیرہ) بہت زیادہ ؛ گراں ؛ قیمتی۔ (۱۹) (تاش) اکیلا (اکا ، بادشاہ ، بیگم یاغلام)۔ (۲۰) منہ زور شخص ؛ ناقابل اصلاح شخص۔

Stiff as a poker : ماش کے آٹے کی طرح اینٹھا ہوا۔

Stiff in the back : ثابت قدم ؛ مستقل ؛ مصمم ؛ مستقل مزاج۔

To bore (one) stiff : حد سے زیادہ اُکتا دینا ؛ بے حد تنگ کرنا۔

To have a stiff neck : گردن اکڑ جانا (گٹھیا وغیرہ کے اثر سے)۔

To keen (carry, have) a stiff upper lip : ثابت قدم رہنا۔

Stiff : (n) (۱) (عام) دستاویز ؛ درشتی ہنڈی ؛ روپیہ ؛ خفیہ خط۔ (۲) لاش ؛ نعش۔ (۳) مفلس شخص ؛ نکما آدمی ؛ فضول خرچ۔ (۴) سخت بنایا لباس (مثلاً کالر ، پیٹی کوٹ وغیرہ)۔ (۵)جعلی چیک یا ہنڈی۔ (۶) کوئی چیز (مثلاً موڑا ہوا اخبار) جسے پاکٹ مار اپنی حکمت کو چھپانے کے لئے استعمال کرتا ہے۔ (۷) شرابی ؛ بدمست۔ (۸)(عام) کنجوس ؛ بخیل۔ (۹) بدنام شخص۔ (۱۰)مزدور ؛ آوارہ گرد۔ (۱۱) وہ گھوڑا جو ریس میں نہ جیتے۔

Stiff : (adv.) (۱) سختی سے ؛ کس کر ؛ مضبوطی سے۔ (۲) شدید طور پر ؛ شدت سے۔

To give it to someone (pretty) stiff : درشتی سے بولنا ؛

ڈانٹنا ڈپٹنا۔

Stiff-arm : (v) (۱) (حریف سے) مدافعت کرنا (ہاتھ سے)۔ (۲) ہاتھ بڑھا کر راستہ صاف کرنا۔

Stiff-arm : (n) (۱) (فٹ بال میں) ہاتھ سیدھا کر کے حریف کو باز رکھنا۔ (۲) ہاتھ سیدھا کر کے راستہ بنانا۔

Stiff-backed : (a) (۱) بالکل سیدھا۔ (۲) متکبر ؛ مغرور ؛ ضدی۔

Stiff-neck : (n) (۱)اکڑی ہوئی گردن۔ (۲) مغرور یا ضدی آدمی۔ (۳) ضد ؛ تمرد۔

Stiff-necked : (a) (۱) ضدی ؛ سرکش ؛ مغرور۔ (۲) طمطراق کا۔

Stiff-neckedly : (adv.) ضدی پن کے ساتھ ؛ غرور کے ساتھ۔

Stiff-neckedness : (n) ضد ؛ سرکشی ؛ غرور۔

Stiff one / Stiff 'un : (n) (عام) نعش ؛ لاش۔

Stiff upper lip : (n) ثابت قدمی ؛ مستقل مزاجی۔

Stiffen : (v) (۱) سخت کرنا یا ہونا ؛ اکڑ جانا ؛ کڑا کرنا۔ (۲) گاڑھا کرنا ؛ بستہ کرنا۔ (۳) (مجازاً) زیادہ متعین یا مستقل ہونا۔ (۴) زیادہ ثابت قدم بنانا یا ہونا ؛زیادہ متمرد بنانا یا ہونا۔ (۵) (مجازاً) مارنا ؛ قتل کر دینا۔ (۶)(فوج) اچھے سپاہیوں کو ملا کر فوجی صلاحیت بڑھانا۔ (۷) رسمی یا سرد مہر بنانا یا ہونا ؛ معلق یا حد سے زیادہ پر تصنع بنانا۔ (۸) (قیمت ، نرخ وغیرہ) مستقل ہو جانا یا بنانا۔ (۹) (ہوا) شدت پکڑنا۔ (۱۰)(چڑھاؤ) زیادہ کھڑا یا مشکل ہو جانا۔

Stiffener : (n) (۱) (کپڑا ، پیٹ وغیرہ) کڑا کرنے والا (آدمی) ؛ سخت بنانے والا۔ (۲) سخت بنانے والی چیز۔ (۳) جاں بخش شراب یا مشروب۔

Stiffening : (n) (۱) سخت یا کڑا بنانا یا ہونا ؛ سخت بنائی ہوئی چیز۔ (۲) سخت یا کڑا بنانے والی چیز۔(۳) (کارگردگی بہتر بنانے کے لئے) سپاہیوں کو ملانا۔

Stiffish : (a) کسی قدر سخت یا مضبوط ؛ قدرے رسمی ؛ کسی قدر زیادہ۔

Stiffly : (a) سختی سے ؛ بہت زیادہ سخت ہو کر۔

Stiffness : (n) کڑاہن ؛ صلابت ؛ سختی ؛ درشتی ؛ بے لوچ ہونا ؛ غیر تغیر پذیری ؛ اشتعال ؛ تکلف ؛ زبردستی۔

Stifftail : (n) دیکھو Ruddy-duck

Stifle : (n) [Origin unkn.] پٹھا (گھوڑے کا) ؛ زانوئے اسپ ؛ پٹھے کا روک۔

Stifle : (v) [ME. 'Stuflen, Stufflen'.] (۱) گلا دبا کر مار ڈالنا ؛ گلا گھوٹنا ؛ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ؛ دم گھونٹ کر مار ڈالنا۔ (۲) دم گھوٹنا ؛ سانس روک دینا ؛ گھونٹ دینا۔ (۳) گُنگ یا بے آواز کر دینا ؛ خاموش کر دینا۔ (۴) دبانا ؛ چھپانا (حقیقت ، حرکت ، دستاویز ، خط وغیرہ) ؛ ظاہر نہ ہونے دینا۔ (۵) بجھانا (آگ وغیرہ)۔ (۶) روک دینا ؛ مزاحمت پیدا کرنا ؛ روک لگانا۔ (۷) دم گھٹنا ؛ سانس رکنا۔

Stifle : (v) (گھوڑے کے) پٹھے کی ہڈی کا کھسک جانا یا اتر جانا۔

Stifle : (n) دم گھٹنے والا ماحول۔

Stifle-bone/ -cap/ -pan : (n) گھوڑے کی چپنی ؛ پٹھے کی ہڈی ؛ کاسۂ زانوئے اسپ۔

Stifle-joint : (n) پٹھا (گھوڑے کا) ؛ زانوئے اسپ۔

Stifled : (a) (۱) دم گھونٹا ہوا۔ (۲) جس میں دم گھٹتا ہو ؛ جہاں ہوا بند ہو۔

Stifler : (n) (۱) دم گھوٹنے والا۔ (۲) (چوروں کا عامیانہ) پھانسی کا چوکٹھا۔

Stifling : (a) دم گھوٹنے والا ؛ خانق ؛ دشوار ؛ موذی۔

Stigma : (n) [L.] (۱) (جلد پر گرم لوہے سے ڈالا ہوا) داغ (جو مجرم یا غلام کو لگایا جاتا تھا)۔ (۲) کلنک کا ٹیکا ، بدنامی۔ (۳) علامت مرض (مثلاً ہسٹریا)۔ (۴) امتیازی نشان یا صفت ؛ شناختی نشان۔ (۵) تہمت ؛ بہتان۔ (۶) (جمع) حضرت عیسیٰ کے مصلوب جسم کے داغ جو بعض اولیاء کے جسم پر تھے۔ (۷) (مرضیات) پھوڑا ؛ سر جنادہ۔ (۸) (حیوانیات ، تشریح) دھبا ؛ داغ ؛ مسّا۔ (۹) (حیوانیات) مقس حشرہ۔ (۱۰) (نباتیات) سر بقچہ ؛ زیرہ گیر۔

Stigmal : (a) داغ سے متعلق ؛ بدنامی سے متعلق ؛ مرض علامت سے متعلق ؛ سُرخ بادہ سے متعلق ؛ مقس حشرہ سے متعلق۔

Stigmal vein : (n) چھوٹی ورید جو چار جھلی نما پر رکھنے والے کیڑے میں ہوتی ہے۔

Stigmaria : (n) [mod. L.] (ارضیات) متحجر درختوں کی ابتدائی جنس جو کوئلہ کے کان میں افراط سے پائی جاتی ہے۔

Stigmat : (n) [Back-formation from 'Stigmatic'.] (تصویر کشی) غیر ابہامی عدسے۔

Stigmatic : (a) (۱) متعلق بہ داغ ؛ داغ دار ؛ باعث ذلت ؛ موجب رسوائی۔ (۲) حضرت عیسیٰ کے مصلوب جسم کے داغ یا ان سے مشابہ داغوں سے متعلق۔ (۳) (حیوانیات ، تشریح) داغ سے متعلق ؛ دھبے سے متعلق ؛ خال دار۔ (۴) (بصریات) غیر ابہامی۔ (۵) (نباتیات) سر بقچہ دار ؛ سربقچوی۔

Stigmatic : (n) وہ شخص جس کے جسم پر حضرت عیسیٰ کے مصلوب جسم کے سے نشانات ہوں۔

Stigmatiferous : (a) سر بقچہ دار ؛ زیرہ گیرہ دار۔

Stigmatiform : (a) داغ نما ؛ سر بقچہ نما۔

Stigmatism : (n) (۱) (مرضیات) پھوڑا میں مبتلا ہونا ؛ سرخ بادہ میں مبتلا ہونا۔ (۲) غیر ابہامیت ؛ واضح ماسکیت۔

Stigmatist : (n) دیکھو Stigmatic (n)

Stigmatization : (n) (۱) بدنامی ؛ انگشت نمائی ؛ رسوائی۔ (۲) (عملی توجہ سے) غیبی داغ پیدا کرنا یا ہونا۔

Stigmatize : (v) (۱) برا بھلا کہنا ؛ بدنام کرنا ؛ انگشت نمائی کرنا ؛ رسوا کرنا۔ (۲) (عمل توجہ وغیرہ سے) غیبی داغ پیدا کرنا (حضرت عیسیٰ کے مصلوب جسم کے نشانات سے مشابہ)۔ (۳) (مرضیات) پھوڑا نکل آنا ؛ سرخ بادہ میں مبتلا ہونا۔ (۴) نامزد کرنا ؛ شناخت کرنا ؛ لقب دینا ؛ موسوم کرنا۔

Stigmatose : (a) (۱) (نباتیات) سربقچہ دار۔ (۲) سرخ مادہ میں مبتلا۔

Stigmatosis : (n) (طب) سرخ بادہ۔

Stigmatypy : (n) بنکیوں کے ذریعہ تصویر چھاپنے کا ایک طریقہ جس سے دھوپ چھاؤں کا اثر پیدا ہوتا ہے۔

Stilbene : (a) [Gr. 'Stilben'.] ٹولو اور تارکول پر گرم جست کے آکسائیڈ کے عمل سے نکلنے والا ہائیڈروجن کاربن جو رنگ سازی میں کام آتا ہے۔

Stilbine : (n) دیکھو Stilbene

Stilbite : (n) [Fr.] (نباتیات) الومینیم اور کیلسیم کا آبدار سلیکیٹ

جو ترچھے منشوری بلور میں اور چمک دار ہوتا ہے۔

Stile : (n) [OE. 'Stigel'.] پیڑی ؛ باھو ؛ گزر ؛ دیوار یا باڑ کے دوسری طرف جانے کے لئے سیڑھی وغیرہ جس سے انسان گزر سکے اور جانور نہ گزر سکے۔

Stile : (n) [DU. 'Stijl'.] (بحری) کسی ساخت یا فریم کا عمودی حصہ۔

Stiletto : (n) [It.] (۱) چھوٹا خنجر ؛ پیش قبض ؛ کٹار۔ (۲) نوکدار اوزار جس سے کپڑے یا بادبان وغیرہ میں سوراخ کرتے ہیں ؛ سوجا۔

Stiletto : (v) خنجر یا پیش قبض بھونکنا ؛ خنجر بھونک کر مار ڈالنا۔

Stiletto heel : (n) اونچی اور نوکیلی ایڑی (جوتے کی)۔

Still : (n) (۱) شراب کھینچنے کا بھپکا ؛ فرنبیق کی قسم کا آلہ ؛ انبیق ؛ آلہ کشید۔ (۲) شراب کا کارخانہ ؛ بھٹی۔ (۳)میگنیز ڈائی آکسائیڈ پر ہائیڈروکلورک تیزاب کے عمل سے کلورین بنانے کا ظرف۔

Still : (a) [OE. 'Stille'.] (۱) خاموش ؛ چپ چاپ ؛ چپکا ؛ بے حس و حرکت ؛ بت بنا ہوا۔ (۲) ٹھہرا ہوا (پانی) ؛ ساکن۔ (۳) پرسکون۔ (۴) (آواز ، بولی وغیرہ) نرم ؛ مدھم۔ (۵) کم گو ؛ کم سخن۔ (۶) (شراب اور دوسری نشہ آور چیزیں) بے جوش یا بغیر ابال والی۔

To be (hold oneself) still : خاموش رہنا ؛ چپ رہنا۔

To keep a still tongue in one's head : تہذیب سے یا مہذب طور پر گفتگو کرنا۔

Still : (n) (۱) سکون ؛ خاموشی ؛ خموشی۔ (۲) عکسی تصویر ؛ فوٹو ؛ غیر متحرک تصویر۔ (۳) دیکھو Still alarm۔

Still : (v) [OE. 'Stillan'.] (۱) ٹھنڈا کرنا ؛ دھیما کرنا ؛ مدھم کرنا ؛ بلکا کرنا ؛ کم کرنا ؛ زور کم کرنا۔ (۲)افاقہ پیدا کرنا ؛ دھیما کرنا (درد وغیرہ) ؛ بجھانا (پیاس وغیرہ)۔ (۳)فرو کرنا ؛ تسکین دینا ؛ سکون پیدا کرنا۔ (۴)(مجازاً) رفع کرنا (شکایت وغیرہ)۔ (۵) چپ کرنا ؛ خاموش کرنا۔ (۶) روک دینا (حرکت یا سرگرمی)۔ (۷)خاموش ہو جانا ؛ چپ ہو جانا۔

Still : (adv.) [OE. 'Stille'.] (۱) بے حس و حرکت ؛ بغیر جگہ یا وضع بدلے ؛ خاموشی سے۔ (۲) ہمیشہ ؛ عادتاً۔ (۳) اب تک ؛ ابھی تک ؛ اب بھی ؛ اس پر بھی ؛ ہنوز ؛ اس وقت تک ؛ اس کے بعد بھی ؛ اس پر بھی تو۔ (۴) پھر بھی ؛ تاہم ؛ باوجود اس کے۔ (۵) اور دور ؛ آگے یا دور تک۔ (۶) اس کے علاوہ۔

To sit or lie still : چپ چاپ بیٹھے یا لیٹے رہنا۔

To stand still : چپ چاپ کھڑے رہنا ؛ خاموش رہنا ؛ ساکن رہنا۔

Still : (v) (۱) کشید کرنا ؛ تقطیر کرنا۔ (۲) تقطیر کے ذریعے کشید کرنا۔

Still : (a) تقطیری رسوب سے متعلق۔

Still alarm : (n) آگ بجھانے کی اطلاع جو آگ بجھانے والے عملے یا دفتر کو ٹیلیفون یا اسی طرح کے دوسرے ذریعے سے دی جائے (آگ کے خطرے کی خبر دینے والے آلے کی بجائے)۔

Still and all : (adv.) تاہم ؛ پھر بھی۔

Still and on : (adv.) (اسکاچستان) تاہم ؛ ابھی تک ؛ پھر بھی۔

Still bank : (n) (کسی جانور یا جہاز کی شکل کا) بینک جس میں سکے ڈالنے کے لئے سوراخ ہوتا ہے۔

Still-birth : (n) مردہ ولادت ؛ مردہ بچہ ہونا۔

Still-birth : (a) (۱) (بچہ) جو مردہ پیدا ہوا ہو۔ (۲) (مجازاً) (تحریک وغیرہ) جو ابتدا ہی سے نہ چل سکے ؛ ناکامیاب۔

Still-born : (n) (۱) بچہ جو مردہ پیدا ہوا ہو۔ (۲) (مجازاً) تحریک وغیرہ جو ابتدا ہی سے نہ چل سکے ؛ ناکامیاب تحریک۔

Still box : (n) نہر یا ذخیرۂ آب کی بہت زیادہ گہرائی جس کی وجہ سے پانی کی روانی میں رخنہ پڑے۔

Still-burn : (n) عمل تقطیر میں جل جانا۔

Still-burnt : (a) (شراب) جو تقطیر یا کشید کے دوران جل کر خراب ہو گئی ہو۔

Still-fish : (v) لنگر انداز کشتی میں بیٹھ کر شکار کھیلنا (مچھلی کا)۔

Still-fisher : (n) لنگر انداز کشتی میں بیٹھ کر شکار کھیلنے والا۔

Still-house : (n) شراب کا کارخانہ۔

Still hunt : (n) (۱) (شکار کا) خاموش تعاقب یا گھات۔ (۲) (مجازاً) خاموش جستجو۔

Still-hunt : (v) (شکار کا) خاموشی سے تعاقب کرنا ؛ پیچھا کرنا ؛ چھپ کر گھات لگانا ۔

Still-hunter : (n) خاموشی سے تعاقب کرنے والا شکاری ۔

Still-hunting : (n) خاموشی سے تعاقب کرنا (شکار کا) ۔

Still life/ -lifes/ -lives: (n) (۱) (مصوری میں) بے جان چیزیں ؛ غیر ذی روح اشیاء ۔ (۲) بے جان اشیاء کی تصویر ۔ (۳) مصوری جس میں غیر ذی روح اشیاء کی تصویریں بنائی جاتی ہیں ۔

Still pack : (n) تاش کی گڈی جس سے کھیلا نہ جا رہا ہو جبکہ کھیل دو تاش کی گڈیوں سے ہو رہا ہو جیسا کہ برج کھیل میں ہوتا ہے ۔

Still return : (n) عرق مقطر کی وہ مقدار جسے دوبارہ تقطیر کی ضرورت ہو ۔

Still-room: (n) (۱) کشید خانہ ؛ وہ کمرہ جس میں شراب کشید ہوتی ہو ۔ (۲) بڑے مکان کا مودی خانہ ؛ اجناس کی کوٹھری ۔

Still water : (n) تھما ہوا یا ٹھہرا ہوا پانی (جزر کے وقت) ۔

Stillage : (n) [Du. 'Stellagie'.] (۱) اسباب کی چوکی (جو بنچ ، گھڑونچی وغیرہ کی شکل کی ہوتی ہے ، جب کمرا دھونا یا اسباب وغیرہ باندھنا ہو تو سب چیزیں اس پر رکھ دی جاتی ہیں) ۔ (۲) پیپا رکھنے کا اسٹینڈ یا ٹیکن ۔

Stillage : (v) چوکی یا ٹیکن پر رکھنا ۔

Stillatitious : (a) [f. 'Stillaticius'.] قطرہ قطرہ گرنے والا ؛ مقطر ۔

Stillators : (n) [med. L. 'Stillatorium'.] (۱) آلۂ کشید ۔ (۲) کشید گھر ۔

Stiller : (n) دیکھو Distiller

Stiller : (n) ساکن کرنے والا ؛ خاموش کرنے والا ؛ تسکین دینے والا ۔

Stillery : (n) آلۂ کشید ؛ شراب کا کارخانہ ؛ شراب کی بھٹی ۔

Stillicide : (n) (قانون) دوسرے کی زمین یا چھپر پر اولتی چونا ؛ اولتی چونے کا حق ؛ حق آسائش ۔

Stillicidium : (n) [L. 'Stilla' + 'cid-'.] (۱) (قانون) دیکھو Stillicide ۔ (۲) (مرضیات) مریضانہ رسائو ۔

Stilling : (n) [Du. 'Stelling'.] پیپا رکھنے کا ٹیکن ؛ چوکٹھا ؛ گھڑونچی ۔

Stilling basin/ -box/ -pool/ -well : (n) دیکھو Stilling-box

Stillion : (n) (۱) گھڑونچی ؛ چوکٹھا (پیپا رکھنے کے لئے) ۔ (۲) خمیر رکھنے کی ناند ۔

Stillman : (n) (۱) شراب کے کارخانے کا مالک ؛ کشید گھر چلانے والا ۔ (۲) بیٹر (شراب) کی تخمیر کی نگرانی کرنے والا شخص ۔ (۳) (تیل صاف کرنے کے کارخانہ میں) آلات تقطیر کی نگرانی کرنے والا ۔

Stillness : (n) (۱) خموشی ؛ سکون ۔ (۲) بے حس و حرکت ہونا ۔ (۳) گہری خاموشی ؛ سناٹا ۔

Still's disease : (n) (مرضیات) بچوں کا تحجر المفاصل (جوڑوں کا پتھرا جانا) ۔

Stilly : (a) (شعر و شاعری) خاموش ؛ چپکا ؛ ساکت ؛ بے حس و حرکت ؛ ساکن ۔

Stilly : (adv.) خاموشی سے ؛ چپ چاپ ۔

Stilpnomelane : (n) [G. 'Stilpnomelan'.] (کیمیا) لوہا اور الومینیم کا آبدار سلیکیٹ جو پتلے ورقوں میں ہوتا ہے اور سیاہ اور کانسی رنگ کا ہوتا ہے ۔

Stilpnosiderite : (n) [G. 'Stilpnosiderit'.] دلدلی لوہا ۔

Stilt : (n) [ME. 'Stilte'.] (۱) ہل کا دستہ ۔ (۲) بیساکھی ؛ ٹیکا ۔ (۳) بانس جس میں پیروں کے لئے ٹیک بنی ہوتی ہے اور جس کے سہارے انسان زمین سے بہت اونچا ہو کر چلتا ہے ؛ ڈگر ؛ پایانسا ؛ عکّازہ ۔ (۴) (پرندوں وغیرہ میں) پتلی لمبی ٹانگ ۔ (۵) ستون یا لوہے وغیرہ کا بھاری شہتیر جو عمارت یا پل وغیرہ کو سطح زمین سے یا سطح آب سے اوپر رکھتا ہے ۔ (۶) (تعمیرات) محراب کے خم کے نیچے کا ستون ۔ (۷) لمبی ٹانگوں والا ایک پرند جو جھنڈ میں رہتا ہے ؛ ابو ساق ؛ لم ؛ ٹنگو ؛ ایک قسم کا پلور (Plover).

Stilt : (v) (۱) ڈگر لگانا ؛ مصنوعی طور سے اونچا کرنا ۔ (۲) محراب کو عام سطح سے ستون بنا کر اونچا کرنا ۔ (۳) (جلد سازی) اس طرح جلد بندی کرنا کہ کتاب بڑی نظر آئے ۔ (۴) ڈگر لگا کر چلنا ۔

Stilt-bird : (n) ابو ساق ؛ لم ٹنگو (پرند) ۔

Stilt-plover : (n) دیکھو Stilt-bird

Stilt-sandpiper : (n) شمالی امریکا کی لمبی ٹانگوں والی ٹیٹری کی ایک قسم۔

Stilt-shank : (n) لمبی ٹانگوں والا ایک پرند۔

Stilted : (a) (۱) ڈگر پر سوار؛ اونچا؛ بلند۔ (۲) طمطراق کی (عبارت وغیرہ)؛ رسمی؛ پر شوکت۔ (۳) (محراب) جو اونچے پر قائم ہو؛ پایہ دار۔ (۴) لمبی ٹانگوں والا (پرند)۔

Stilted arch : (n) پایہ دار محراب۔

Stiltedly : (adv.) اونچا ہو کر؛ طمطراق کے ساتھ۔

Stiltedness : (n) ڈگر پر سوار ہونا؛ پایہ دار ہونا؛ طمطراق۔

Stilter : (n) ڈگر لگا کر چلنے والا۔

Stiltified : (a) دیکھو Stilted

Stiltify : (v) دیکھو Stilt

Stilton : (a) [Name of a village in Huntingdonshire.] عمدہ قسم کا پنیر جو لیسٹر شائر میں مختلف مقامات پر بنایا جاتا ہے۔

Stilty : (a) (۱) ڈگر سے مشابہ۔ (۲) (مجازاً) طمطراق کا۔

Stilus : (n) (۱) لکھنے کی سلائی؛ نوکدار قلم؛ خامہ۔ (۲) ناقلہ؛ سوئی۔ (۳) لوہے کی چھڑی جو دھوپ گھڑی کی سوئی کا کام دے۔ (۴) (نباتیات) گردن بقچہ۔ (۵) (حیوانیات) ابرہ؛ سہم۔

Stim/ Stem : (n) [ME. 'Stime'.] (اسکاچستان اور آئرستان) ذرہ؛ خفیف مقدار۔

Stimulability : (n) ہیجان پذیری؛ تحریک پذیری۔

Stimulable : (a) ہیجان پذیر؛ جوش انگیز؛ تحریک پذیر۔

Stimulant : (a) (۱) نشاط انگیز؛ سرور انگیز۔ (۲) مہیج؛ مدرج۔

Stimulant : (n) (۱) حرکت؛ نشاط یا سرور پیدا کرنے والی کوئی چیز نشاط انگیز شے؛ کیف آور چیز؛ منشی چیز؛ نشہ۔ (۲) محرک دوا۔ (۳) شراب۔

Stimulate : (v) (۱) محرک ہونا؛ تحریک پیدا کرنا؛ [L. 'Stimulare'.] ہیجان پیدا کرنا؛ مہیج ہونا۔ (۲) نشاط پیدا کرنا؛ سرور پیدا کرنا۔ (۳) اکسانا؛ ابھارنا؛ تیز کر دینا؛ جان ڈال دینا۔ (۴) شراب پینا۔ (۵) محرک دوا پینا؛ مدّر دینا۔ (۶) (گھڑ دوڑ میں) گھوڑے کو نشیلی دوا کھلانا۔

Stimulating : (a) مہیج؛ محرک؛ نشاط انگیز؛ سرود انگیز؛ ابھارنے والا؛ تیز کر دینے والا۔

Stimulatingly : (adv.) سرور پیدا کرتے ہوئے؛ تحریک پیدا کرتے ہوئے۔

Stimulation : (n) انگیزش؛ ہیجان؛ تحریک؛ ابھارنا یا ابھارا جانا؛ تیز کرنا یا کیا جانا۔

Stimulative : (a) ابھارنے والا؛ جوش انگیز؛ تیز کرنے والا؛ مہیج؛ محرک۔

Stimulatively : (adv.) مہیج کے طور پر؛ ابھارتے ہوئے۔

Stimulator/ Stimulater : (n) محرک؛ مہیج شے؛ ابھارنے والا؛ نشاط انگیز شے؛ تیز کرنے والا۔

Stimulatory : (a) دیکھو Stimulative

Stimulatory : (n) محرک دوا؛ کیف آور چیز۔

Stimulogenous : (a) تحریک کے نتیجے میں پیدا ہونے والا۔

Stimulose : (a) نیش دار۔

Stimulus : (n) (۱) ابھارنے والی چیز؛ محرک؛ اشتعال دینے والی [L.] چیز یا تحریک۔ (۲) تحریک؛ مہیج فعل؛ ہیجان۔ (۳) (عضویات) مہیج پر۔ (۴) (نباتیات) نیش؛ موئے تیز۔

External stimulus : خارجی مہیج؛ خارجی تحریک۔

Internal stimulus : داخلی مہیج؛ داخلی تحریک۔

Stimulus error : (n) محرکی خطا یا غلطی۔

Sting : (n) (۱) ڈنک؛ نیش۔ (۲) سانپ کا [OE. 'Sting, Styng'.] زہری دانت۔ (۳) پودے کا نیش؛ موئے تیز۔ (۴) بچھو وغیرہ کے ڈنک یا سانپ کے کاٹے کا زخم۔ (۵) جلن یا درد جو سانپ کے کاٹنے یا بچھو کے ڈنک مارنے سے ہو۔ (۶) (مجازاً) شدید کیفیت یا کرب؛ سخت اذیت جسمانی یا روحانی۔ (۷) تیزی؛ زور۔

Sting : (v) (۱) ڈنک مارنا؛ کاٹ کھانا (بچھو وغیرہ [OE. 'Stingan'.] کا)۔ (۲) زور سے لگنا (کسی چیز کی چوٹ)؛ چبھنا؛

کھٹکنا (بات کا) ۔ (۳) (کسی عضو میں) جلن ہونا ؛ شدید درد ہونا ؛ درد کا پھیل کر مرکز حس تک پہنچنا ۔ (۴) ٹھگا جانا ؛ (کسی رقم کی) چپت پڑنا ؛ ماتھے جانا ۔ (۵) (بچھو وغیرہ کا) ڈنک لگنا ؛ کاٹنا ؛ سانپ کا ڈسنا ۔ (٦) اکسانا ؛ ابھارنا ؛ آمادہ کرنا ۔

Sting and ling : (adv.) پوری طرح سے ؛ بالکل ؛ پورے کا پورا ۔

Sting-bull : (n) نیش ماہی ؛ نشتر ماہی ۔

Sting bladder : (n) ایک قسم کے پرندے کا پھل روپ ۔

Sting-fish : (n) بچھو مچھلی ؛ عقرب ماہی ؛ نیش ماہی ۔

Sting-moth : (n) آسٹریلیا کا ایک پروانہ ، کیڑا جس کا پھل روپ ڈنک مارتا ہے ۔

Sting ray : (n) نیش ماہی ؛ مچھلی جس کی پشت پر تیز ڈنک ہوتے ہیں ۔

Sting-tail : (n) (۱) مخروطی اور نوکیلی دم ۔ (۲) دیکھو Sting-ray ۔

Sting-winkle : (n) ایک طرح کی صدف ماہی جس کی چونچ ہوتی ہے اور دوسری مچھلیوں کے جسم میں سوراخ کر دیتی ہے ۔

Stingaree : (n) [alt. of Sting Ray.] نیش ماہی ؛ ایک مچھلی جس کی پشت پر تیز ڈنک ہوتے ہیں ۔

Stinge : (v) [Back-formation from Stingy.] (۱) کنجوسی کرنا ؛ بخل کرنا ؛ بخالت سے کام لینا ۔

Stinger : (n) (۱) ڈنک مارنے والا ؛ نیش زن (عقرب) ۔ (۲) زور کا ہاتھ جس سے سخت چوٹ آئے ؛ کوئی تکلیف دہ چیز ۔ (۳)(مجازاً) موت ۔ (۴) مخلوط شراب جو کھانے کے بعد پی جاتی ہے ۔ (۵)(عام) ہوائی جہاز کے دنبالے پر لگی مشین گن ۔

Stingily : (adv.) بخالت سے ؛ کنجوسی سے ؛ چڑچڑے پن کے ساتھ ؛ ذلالت کے ساتھ ۔

Stinginess : (n) کنجوسی ؛ بخالت ؛ ذلالت ؛ چڑچڑاپن ۔

Stinging : (a) (۱) ڈنک مارنے والا ؛ نیش زن ۔ (۲) چبھنے والی ؛ دل کو کھٹکنے والی (بات) ۔ (۳) تکلیف دہ اور شدید ؛ سخت یا تیز ۔ (۴) طعن آمیز ؛ طنز بھرا ۔

Stinging-hair : (n) (نباتیات) نیش ؛ موئے تیز ۔

Stinging lizard : (n) دیکھو Scorpion

Stinging nettle : (n) (نباتیات) بچھوا ؛ گزنہ (پودے کا نام) ۔

Stingingly : (adv.) چبھتے ہوئے ؛ کھٹکتے ہوئے ۔

Stingingness : (n) کھٹک ؛ چبھن ؛ چبھتا ہوا ہونا ؛ تیزی ۔

Stingless : (a) بے نیش ۔

Stingo : (n) (۱) تیز بیئر یا ایل شراب ۔ (۲) (مجازاً) زور ؛ قوت ؛ جوش ؛ تیزی ؛ طراری ۔

Stingy : (a) نیش دار ؛ سخت ؛ تلخ ۔

Stingy : (a) (۱) بدمزاج ؛ چڑچڑا ؛ تنک مزاج ۔ (۲) کنجوس ؛ بخیل ؛ مسک ۔ (۳) ذلیل ؛ کمینہ ۔ (۴) قلیل ؛ قلیل المقدار ؛ ناکافی ۔

Stink : (n) (۱) بدبو ؛ تعفن ۔ (۲)(جمع) طبیعی سائنس ۔ (۳) فساد ؛ ہنگامہ ؛ سرزنش ۔

Stink : (v) [OE. 'Stincan'.] (۱) بدبو دار ہونا ؛ متعفن ہونا ۔ (۲) نفرت انگیز ہونا ؛ گھناؤنا ہونا ؛ گھن آنا ۔ (۳)(جانوروں کو) دم گھٹنے والا دھواں دینا ؛ اس طرح دھواں دے کر بھگا دینا ۔ (۴) متعفن کرنا ۔ (۵) کسی چیز کو ناگوار حد تک رکھنا ۔ (٦) بے حد خراب ہونا ۔

To stink in (a person's) nostrils : (کسی چیز سے) کراہت ہونا ؛ گھن آنا ۔

Stink-ball : (n) بدبو بم (جس کے پھٹنے سے بدبو پھیلتی ہے) ۔

Stink-bomb : (n) دیکھو Stink-ball

Stink-cat : (n) زورل ؛ افریقہ اور ایشیائے کوچک کا ایک گوشت خور چوپایہ جس کی نسل نیولے وغیرہ سے ملتی ہے ۔

Stink-horn : (n) (نباتیات) بدبو دار کھمبی ؛ ککر متے کی ایک بدبودار قسم ۔

Stink out : (a) متعفن یا دم گھوٹنے والی بو سنگھا کر بھگا دینا ۔

Stink-pot : (n) (۱) ایک قسم کا گولہ جو بحری قزاق وغیرہ استعمال کرتے تھے اور جس کے پھٹنے سے زہریلے بخارات پھیل جاتے تھے ۔ (۲) (ملاحوں کی زبان میں) پطریل ؛ ایک بحری پرندہ جس کے پر سیاہ و سفید اور بازو لمبے ہوتے ہیں ۔ (۳)کچھوے کی ایک قسم ۔

Stink-rat : (n) ایک قسم کا کچھوا ۔

Stink-road : (n) (۱) ایک چہار برگ پودا ۔ (۲) دھتورا ۔

Stink shad : (n) کیچڑ میں رہنے والی شاڈ مچھلی ۔

Stink-stone : (n) (معدنیات) بدبوئی پتھر ؛ ایک قسم کا بدبو دار چونے کا پتھر ؛ ایک طرح کا ڈھکن جس کی وجہ سے موری سے بدبو نہیں پھوٹنے پاتی ۔

Stink-trap : (n) بدبو روک ۔

Stink-turtle : (n) کچھوے کی ایک قسم ۔

Stink weed : (n) (۱) ایک چہار برگ پودا ۔ (۲) دھتورا ۔

Stink-wood : (n) بعض درختوں کا نام جن کی لکڑیاں ناخوشگوار بو دیتی ہے ؛ ان درختوں کی لکڑیاں ۔

Stinkard : (n) (۱) وہ شخص جس کے جسم سے بدبو آتی ہو ؛ گندا آدمی ۔ (۲) بدبو دار جانور ؛ خصوصاً جاوا کا بجو ۔ (۳) شارک مچھلی کی ایک جنس ۔ (۴) دیکھو Stink-pot.

Stinkdamp : (n) سلفری ہائیڈروجن ۔

Stinker : (n) (۱) بدبو پھیلانے والا ۔ (۲) ناگوار یا نا معقول چیز خصوصاً سخت خط ۔ (۳) (عام) چول کی بیرنگ جو رگڑ کی وجہ سے گرم ہو گئی ہو ۔ (۴) (عامیانہ) بہت مشکل چیز ؛ تکلیف دہ یا ناگوار چیز ۔ (۵) قابل نفرت شخص ۔

Stinkeroo/ Stinkaroo : (n) دیکھو Stinker

Stinking : (a) (۱) بدبو دار ۔ (۲) (عام) نا معقول ؛ واہیات ؛ مہمل ۔ (۳) (عام) بہت زیادہ بدمست ۔

Stinking : (adv.) بے حد ؛ بے حساب ۔

Stinking-badger : (n) بدبو دار بجو ؛ سماترا کا بجو ۔

Stinking ceder : (n) صنوبر کی ایک قسم ۔

Stinking ill : (n) بھیڑوں کی ایک بیماری ۔

Stinking polecat : (n) امریکا کا بدبو دار نیولا ۔

Stinking yew : (n) دیکھو Stinking cedar

Stinkingly : (adv.) تعفن کے ساتھ ۔

Stinko : (a) (عام) مدھوش ؛ بدمست ۔

Stinky : (a) بدبو دار ؛ متعفن ۔

Stint : (n) (۱) روک ؛ بندش ؛ قید ؛ پابندی ۔ (۲) بہت کم ؛ مقدار کی کمی ؛ کوشش کی کمی ۔ (۳) مقررہ مقدار (کسی چیز کی خصوصاً کام کی) ؛ مقررہ کام ۔ (۴) عام چراگاہ میں چرنے والے مویشیوں کی مقررہ تعداد میں مویشیوں کو چرانے کا حق ۔

One's stint : مقررہ رقم یا مقدار ۔

To make a stint : روکنا ۔

Without stint : دل کھول کے ؛ بے تکان ۔

Stint : (n) [Origin unkn.] ایک ریگستانی پرند جس کی پیٹھ سرخ ہوتی ہے ۔

Stint : (v) [OE. 'Styntan'.] (۱) روک دینا ؛ بند کر دینا ۔ (۲) بھوکا رکھنا ؛ پیٹ بھر کھانا نہ دینا ۔ (۳) خست کے ساتھ دینا ؛ کم دینا (کھانا وغیرہ) ؛ تھوڑا تھوڑا دینا ۔ (۴) (سفر وغیرہ میں) ٹھہر جانا ؛ رک جانا ۔ (۵) بہاؤ روکنا (پانی ، خون وغیرہ کا) ۔ (۶) باڑھ روک دینا ؛ بڑھنے نہ دینا (پودے کو) ۔ (۷) (عام چراگاہ میں) چرنے والے مویشیوں کی تعداد مقرر کر دینا ۔ (۸) مقرر کر دینا ؛ محدود کر دینا (کسی شخص کا حصہ یا حق) ۔ (۹) کام مقرر کر دینا ۔ (۱۰) (گھوڑی کو) جفتی کرانا ؛ (بھیڑی کا) گابھن ہونا ۔

Stinted : (a) مقرر کیا ہوا ؛ محدود ؛ روکا ہوا ۔

Stintedly : (adv.) بندش کے ساتھ ؛ مقررہ مقدار میں ۔

Stintedness : (n) رکاوٹ ؛ بندش ؛ مقرر ہونا ۔

Stinter : (n) روکنے والا ؛ بندش لگانے والا ؛ مقرر کرنے والا ۔

Stintingly : (adv.) بہت کم مقدار میں ؛ خست کے ساتھ ۔

Stintless : (a) بے اندازہ (مقدار) ؛ بے تکان (بہت) مسلسل ؛ لگاتار ؛ دوامی ؛ بغیر رکاؤ ؛ پے در پے ۔

Stion : (n) [Stock + sction.] وہ پودا جس میں تنا اور شاخ دونوں ہوں ۔

Stipa : (n) [L. 'Stupa'.] جنس پُر گیاہ ؛ ایک قسم کی گھاس جس میں یک گلہ بالچہ ہوتا ہے ۔

Stipe : (n) [Fr.] (۱) (نباتیات) ساقہ ؛ شاخ گل ؛ پتے کی ڈنڈی یا

پھول کا عضلہ : ستون : پودے خصوصاً سانپ کی چھتری کا تنا یا ڈنٹھل ۔ (۲) (تشریح) نخاع مستطیل : دماغ کے اندر کی درز کی دو شاخوں میں سے ایک ۔ (۳)(حیوانیات) ساق پر : پر کی ڈنڈی ۔

Stipe : (n) [Short for Stipendary.] (آسٹریلیا) جاکی کلب کا : تنخواہ دار منتظم رسد ۔

Stipel : (n) [L. 'Stipella'.] زیر پتیا : زیر گوشک : گو شکچہ : چھوٹی پتی سی جو مخلوط پتے کی کسی ایک پتی میں ڈنٹھل کے نچلے سرے پر ہو ۔

Stipellate : (a) (نباتیات) زیر گوشک دار : گوشکچہ دار ۔

Stipend : (n) [Ofr. 'Stipende', 'Stipendie'.] (۱) مشاہرہ : تنخواہ : وظیفہ (خصوصاً وہ جو پادری ، استاد وغیرہ کو ملتا ہے) ۔ (۲)کسی قسم کی مقررہ میعادی رقم (مثلاً پنشن ، بھتا وغیرہ) ۔

Stipendiary : (a) [L. 'Stipendiarius'.] وظیفہ یاب : وظیفہ خوار : تنخواہ دار : وظیفہ سے متعلق : (نوکری) جس میں وظیفہ ملے ۔

Stipendiary : (n) (۱) تنخواہ خوار : وظیفہ خوار : وظیفہ خوار پادری ۔ (۲) دیکھو Stipendiary magistrate ۔

Stipendiary magistrate : (n) تنخواہ دار مجسٹریٹ جو انگلستان کے بڑے شہروں میں وزیر داخلہ کی طرف سے مقرر ہوتا ہے ۔

Stipendium : (n) [L.] دیکھو Stipend

Stipendless : (a) بے وظیفہ : بے تنخواہ ۔

Stipes : (n) [L.] (۱) (نباتیات) ستون : ساقہ ۔ (۱) (حیوانیات) ساق پر ۔

Stipiform : (a) (نباتیات و حیوانیات) ساقہ صورت : ستون نما : ساق پر کی طرح کا ۔

Stipital : (a) ساقہ سے متعلق : ساق پر سے متعلق ۔

Stipitate : (a) (نباتیات و حیوانیات) ساقہ دار : ستون دار ۔

Stipitiform : (a) دیکھو Stipiform

Stipple : (n) [Du. 'Stippel'.] نقطوں کی نقاشی یا کندہ کاری : نقطہ کاری : نقطوں کی تصویر ۔

Stipple : (v) (۱) (خطوط سے نہیں بلکہ نقطوں سے) تصویر بنانا : (پنسل یا موقلم سے) کندہ کرنا : نقطوں سے نقاشی یا کندہ کاری کرنا : نقطہ کاری کرنا ۔ (۲) چتی دار ہونا ۔

Stipple engraving : (n) نقطہ کاری : نقطوں کی کندہ کاری ۔

Stippled : (a) چتی دار : نقطہ دار ۔

Stippler : (n) (۱) نقطہ کاری کرنے والا: نقطوں کی کندہ کاری کرنے والا : نقطہ کار ۔ (۲) نقطہ کاری کا آلہ ۔

Stippling : (n) (۱) نقطہ کاری ۔ (۲) نقطہ دار یا چتی دار ہونا ۔

Stipply : (a) نقطہ کاری سے مشابہ : کسی قدر چتی دار یا نقطہ دار ۔

Stipula : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) گوشک : چھوٹی پتی سی جو کسی پتی کے ڈنٹھل کے نچلے سرے پر ہو ۔ (۲)دیکھو Sti-pule ۔

Stipulable : (a) جس سے صاف صاف شرط کی جاسکے : قابل معاہدہ ۔

Stipulaceous : (a) گوشک دار : بڑے بڑے گوشکوں والا ۔

Stipulant : (n) [L. 'Stipulare'.] (۱) (قانون روما) (زبانی معاہدے میں) سوال کرنے والا ۔ (۲) شرط کرنے والا : معاہدہ کرنے والا ۔

Stipulary : (a) گوشکی ۔

Stipulate : (a) دیکھو Stipulant

Stipulate : (v) [L.'Stipular'.] (۱) (قانون روما) زبانی معاہدہ کرنا (سوال و جواب کی شکل میں) : سوال کرنے والا فریق ۔ (۲) معاہدے میں صراحت کر دینا : (کسی بات کی) صاف صاف شرط کر لینا ۔ (۳) کسی خاص شرط پر زور دینا ۔ (۴)کسی چیز کو معاہدے میں شرط بنانے پر زور دینا یا مطالبہ کرنا ۔ (۵) وعدہ کرنا : ضمانت دینا ۔

Stipulated : (a) مقررہ : طے شدہ ۔

Stipulated period : (n) مقررہ میعاد ۔

Stipulation : (n) (۱) ضمانت دینا ۔ (۲) شرط : معاہدہ : قرار ۔

Stipulation : (n) (نباتیات) گوشکی ترتیب ۔

Stipulative definition : (n) اختراعی معنی ۔

Stipulator : (n) (۱) (قانون روما) (زبانی معاہدے میں) سوال کرنے والا ۔ (۲) شرط کرنے والا : معاہدہ کرنے والا ۔

Stipule : (n) [Fr.] (۱) (نباتیات) گوشک : چھوٹی پتی سی جو کسی پتی کے ڈنٹھل کے نچلے سرے پر ہو : پتیا : اُذنیہ ۔ (۲)(طیوریات) کچا پر : پرند کے بچے کا پر جسے پورے طور پر نشو و نما نہ ہوئی ہو ۔

Stipuled : (a) دیکھو Stipulate

Stipuliferous : (a) گوشک دار : گوشک زا ۔

Stipuliform : (a) گوشک نما : گوشک صورت ۔

Stir : (n) (۱) حرکت : خفیف سی جنبش : ہنگامہ : ہلچل : کھلبلی : افراتفری : جوش و خروش ۔ (۲) چلانے یا الٹ پلٹ کرنے کا عمل ۔ (۳) سرگرمی : دوڑ دھوپ (اشخاص کی) ۔ (۴)جذبہ : دماغی سرگرمی : ذہنی تحریک یا حرکت ۔ (۵) (مجازاً) بیداری : مستعدی ۔

Stir : (n) [Origin unkn.] (عام) قید خانہ : جیل ۔

Stir : (n) [By alteration.] (اسکاچستان) دیکھو Sir

Stir : (v) [OE. 'Styrian'.] (۱) ہلانا : حرکت دینا : جنبش دینا ۔ (۲) ہلنا : حرکت کرنا : جنبش کرنا ۔ (۳) جوش میں لانا: حرکت میں لانا : بھڑ کانا : برپا کر دینا (شورش وغیرہ) : ترغیب دینا ۔ (۴) کسی چیز کو ہٹا دینا : جگہ بدل دینا ۔ (۵) الٹ پلٹ کرنا : چلانا ۔ (۶) (مجازاً) خلل ڈالنا : ہیجان پیدا کرنا : پریشان کرنا : تشویش یا الجھن میں ڈالنا : مضطرب کرنا : گھبرا دینا ۔ (۷) بیدار کر دینا: جگا دینا ۔ (۸) دل پر اثر ڈالنا ۔ (۹) مشتعل کرنا : باعث ہونا : سبب ہونا ۔ (۱۰) گھر سے باہر جانا (عموماً نئی جملوں میں) ۔ (۱۱) سرگرمی دکھانا : زندگی کے آثار نمودار ہونا ۔ (۱۲) چکر مارنا : اِدھر اُدھر پھرنا ۔ (۱۳)واقع ہونا ۔ (۱۴) دوڑ دھوپ کرنا : زور لگانا : مستعدی دکھانا ۔ (۱۵) سرگرم ہونا : سرگرمی شروع کرنا ۔ (۱۶) بیدار ہونا : جاگنا ۔ (۱۷) چلائے جانے یا گھونٹے جانے کے لائق ۔ (۱۸) رائج ہونا : چالو ہونا ۔

To lead stirring life : مصروفیت کی زندگی بسر کرنا : مصروف ہونا ۔

To stir one's blood : جوش دلانا : (آتش شوق وغیرہ ، بھڑکانا) ۔

To stir one's stumps : تیزی سے چلنا یا ناچنا ۔

To stir one's watch, bite etc. : آتش غضب کو بھڑکانا : غصہ دلانا : نفرت پیدا کرنا ۔

To stir the fire : آگ کو الٹ پلٹ کر تیز کرنا ۔

To stir tea : چائے کو چلانا (چمچہ وغیرہ سے) ۔

Stir bug : (n) (عام) وہ شخص جو قید کی زندگی سے مختل ہو گیا ہو ۔

Stir crazy : (a) قید خانے کی زندگی کی وجہ سے دماغی عارضے میں مبتلا ۔

Stir off : (v) (۱) شیرہ کو اس حد تک گرم کرنا کہ چینی کا قلم بننے لگے ۔ (۲) دیکھو Sugar off -

Stir up : (v) (۱)حرکت دینا : چلانا : اکسانا : ابھارنا : ملانا ۔ (۲) جوش میں لانا : : جوش دلانا : متحرک کرنا ۔ (۳) مشتعل کرنا : آمادہ کرنا : ترغیب دینا ۔ (۴) اچھی طرح چلانا : چمچے سے اس طرح چلانا کہ مختلف اجزا گھل مل جائیں ۔

Stirabout : (n) (۱) جئی کا دلیا ۔ (۲) ہلچل : کھلبلی : سرگرمی : دوڑ دھوپ ۔ (۳) سرگرم عمل آدمی ۔

Stire : (n) [Origin unkn.] سیب کی ایک قسم جس سے شراب بنائی جاتی ہے : سیب کی شراب ۔

Stirk : (n) [OE. 'Stire'.] (۱) سال بھر کا بچھڑا (سانڈ) یا بچھڑی ۔ (۲) بیوقوف شخص ۔

Stirless : (a) بالکل چپ چاپ : خموش : جس میں ذرا سی بھی جنبش نہ ہو ۔

Stirlessly : (adv.) بالکل چپ چاپ : بغیر ہلے جلے ۔

Stirlessness : (n) سکوت : بالکل ساکن ہونا ۔

Stirling : (n) دیکھو Starling

Stirp : (n) [L. 'Stirps'.] (۱) نسل ۔ (۲) (علم اصلاح نسل) بارور بیضہ میں تخم حیات کی کل تعداد ۔

Stirpicultural : (a) نسل پروری سے متعلق ۔

Stirpiculture : (n) اعلیٰ نسل کے جانور افزائش کے لئے پالنا: نسل پروری ۔

Stirps : (n) (۱) (قانون) مورث ۔ (۲) (حیوانیات) خاندان : نسل ۔ (۳) (نباتیات) سر سلسلہ ۔

Stirra/ Stirrah : (n) [f. 'Sirrah'.] (اسکاچستان) شخص : مردك : انسان : لڑکا۔

Stirrable : (a) جسے چلایا یا گھونٹا جا سکے۔

Stirrer : (n) چلانے والا : ہلانے والا : چمچہ : چلانے کی ڈنڈی : ڈوئی۔

Stirring : (a) سرگرم : پر جوش : اشتعال انگیز : جوش دلانے والا۔

Stirring : (n) سرگرمی : تحریك : ہلچل : شورش : ہیجان : اشتعال۔

Stirringly : (adv.) زور شور سے : مشتعل ہو کر : شورش برپا کر کے۔

Stirrup : (n) (۱) رکاب۔ (۲) رسی جس میں سوراخ ہوتا ہے اور جو بادبان کو لپیٹنے کھولنے میں کام آتی ہے : بادبان کی طناب۔ (۳) (تشریح) دیکھو Stapes ۔ (۴) رکاب سے مشابہ کوئی چیز۔ (۵) u کی شکل کا شکنجہ یا سہارا۔ (۶) لباس کا وہ حصہ یا کوئی دوسری چیز جو پیر کے اوپر حصے کو ڈھك دے۔

To hold the stirrup : (۱) رکاب تھامنا (گھوڑے پر چڑھنے میں)۔ (۲) خوشامد کرنا : چاپلوسی کرنا۔

Stirrup : (v) (۱) رکاب لگانا۔ (۲) رکاب کے تسمے سے مارنا۔ (۲) بادبان کی طناب لگانا۔

Stirrup bar : (n) (۱) رکاب کا افقی حصہ۔ (۲) وہ پٹی جس سے رکابیں لٹکائی جاتی ہیں۔

Stirrup-bone : (n) (تشریح) دیکھو Stapes

Stirrup-cup : (n) شراب کا پیالہ جو پادر رکاب سوار کی خدمت میں پیش کیا جائے۔

Stirrup-iron : (n) رکاب کا حلقہ : رکاب (بے تسمے کی)۔

Stirrup-leather : (n) وہ تسمہ جس سے رکابیں بندھی رہتی ہیں۔

Stirrup-pump : (n) آگ بجھانے کا پمپ جس کو زمین پر رکھ کر چلاتے ہیں۔

Stirrup-vase : (n) (فوسلیات) ایك قسم کا قدیم ظرف۔

Stirruplike : (a) رکاب سے مشابہ یا ویسے کام۔

Stitch : (n) [OE. 'Stice'.] (۱) چبھن : ہوك (پہلو کا درد جیسا کبھی کبھی دوڑنے کے بعد یا کھانا کھاتے ہی ہونے لگتا ہے) : درد پہلو۔ (۲) ٹانکا : بخیہ (جراحی) ٹانکا زخم کا۔

(۳) سلائی کا طریقہ : سلائی۔ (۳) (مجازاً) کمترین حصہ : کم سے کم کام۔

A good stitch : معقول دوری (چلنے میں)۔

Every stitch : جسم کا کل کپڑا یا لباس۔

In stitches : بے اختیارانہ ہنستے ہوئے : بے قابو ہنسی کے ساتھ۔

To drop a stitch : (کشیدہ کاری میں) ایك ٹانکا چھوڑ جانا۔

To take up a stitch : ایك ٹانکا اٹھانا۔

Stitch : (a) مینڈھ : کھیت کی نالیوں کے بیچ کا حصہ خاص کر زمین کا ہوتا ہوا چھوٹا قطعہ : پانی کے شیاروں کے درمیان۔

Stitch : (v) (۱) سینا : بخیہ کرنا : ٹانکا لگانا۔ (۲) (جراحی) ٹانکا لگانا (زخم میں)۔ (۳) (جلد بندی) تمام تختوں کو (کاغذ کے) ایك ساتھ سینا۔ (۴) ٹانکنا : (غلاف وغیرہ کا) منہ سینا : سی کر بند کرنا۔ (۵) کشیدہ کاری کرنا۔ (۶) تھوڑی تھوڑی فصل پر مارنا یا گھسنا (بخیہ کی طرح)۔ (۷) ٹانکے کی طرح اندر باہر آنا جانا۔

Stitch : (v) (آلو وغیرہ) جڑیں بھرنا : زرعی زمین نالیاں بنانا۔

Stitch : (n) [ME. 'Sticche'.] بارہ پولیوں کا گٹھا۔

Stitch aloft : (v) (جوتے یا جوتے کے تلے کا) اس طرح سینا کہ سلائی نظر آئے۔

Stitch bird : (n) ایك تقریباً معدوم شہد خور پرند۔

Stitch in time : (n) بر وقت کاروائی یا تدبیر۔

Stitch up : (v) (۱) سینا : سی کر جوڑنا۔ (۲) ٹانکا لگانا (زخم وغیرہ پر) : شگاف وغیرہ درست کرنا ٹانکا لگا کر۔ (۳) (غلاف، تھیلے وغیرہ میں رکھ کر) منہ سی دینا۔

Stitch-wheel : (n) دندانے دار پہیا جس سے زین ساز چمڑے میں ٹانکے لگانے کے لئے سوراخ کرتا ہے۔

Stitcher : (n) سلائی کرنے والا : درزی : ٹانکا لگانے والا : ٹانکا لگانے والی مشین یا آلہ۔

Stitchery : (n) سوزن کاری : سلائی اور کڑھائی۔

Stitching : (n) (۱) سلائی : ٹکائی۔ (۲) سلائی کا کام۔ (۳) بخیہ :

ٹانکا۔ (۴) سلائی کا ساز و سامان۔

Stitching-horse : (n) شکنجے کی قسم کی کوئی چیز جس میں زین ساز اپنا سامان رکھتا ھے۔

Stitchlike : (n) ٹانکا نما؛ بخیہ نما؛ سلائی نما۔

Stitchwork : (n) سوزن کاری؛ سلائی اور کڑھائی خصوصاً مشجر، قالی بافت۔

Stitchwort : (n) لونگ؛ قرنفل؛ ایک چھوٹا پودا جس میں کھڑا ڈنٹھل اور سفید ستارہ نما پھول ہوتے ہیں۔

Stithy : (n) [ME. 'Stepi'.] (۱) نہائی؛ اہرن۔ (۲) لوہا خانہ؛ بھٹی لوہار کی)۔

Stive : (n) [Du. 'Stuive'.] گرد؛ چُور؛ سفوف (خصوصاً آٹے کی گرد جو پیستے وقت اڑتی رہتی ھے)۔

Stive : (v) [Fr. 'Estiver'.] (۱) جہاز میں مال کس کس کر بھرنا یا لادنا۔ (۲) بھرنا؛ کس کس کر بھرنا۔

Stive : (a) (۱) ہوا بند اور گرم جگہ میں بند کر دینا؛ دم گھونٹنا؛ گلا گھونٹنا۔ (۲) دم گھٹنا؛ دم چڑھ جانا۔

Stiver : (n) [Du. 'Stuiver'.] (۱) نیدرلینڈ کا ایک چھوٹا نقرئی سکہ۔ (۲) سب سے حقیر سکہ؛ پھوٹی کوڑی؛ کسی چیز کی حقیر مقدار۔

Stivy : (a) (۱) (کمرا، وادی وغیرہ) جس میں دم گھٹتا ہو؛ جہاں ہوا بند ہو؛ بند (ہوا)۔ (۲) (امریکا) خفا؛ کبیدہ خاطر؛ روٹھا ہوا۔ (۳) (عام) تنک مزاج؛ نازک مزاج؛ چڑچڑا؛ زود رنج۔ (۴) بوسیدہ؛ فرسودہ؛ پامال۔ (۵) حبس میں مبتلا۔ (۶) بے لطف؛ غیر دلچسپ؛ ٹھس۔ (۷) بے ہوا دار جگہ میں رہنے کا عادی۔

Stoa : (n) [Gr.] قدیم یونانی عمارت کی غلام گردش؛ رواق؛ برساتی۔

The stoa : رواق اشنیہ (جہاں رواقی مذہب فلسفہ کا بانی زینو تعلیم دیا کرتا تھا)۔

Stoach : (v) [Origin unkn.] روندنا؛ کچلنا؛ پامال کرنا۔

Stoat : (n) [Origjn unkn.] ارمین (Ermine) گرمی کی فصل میں جس کا سمور بھورا ہوتا ھے۔

Stoating/ Stoting : (n) بخیہ نظر نہ آئے؛ نظر نہ آنے والا بخیہ۔

Stob : (n) [ME.] (۱) بلی؛ کھونٹا؛ کھمبا۔ (۲) ٹھنٹھ؛ ٹنڈ۔

Stob : دیکھو Stab

Stoccado : (n) [It. 'Stoccata'.] ہول؛ وار؛ بھونک (تلوار، تیر وغیر کی)۔

Stochastic : (a) [Gr. 'Stochastikos'.] امکانی؛ اٹکل پچو۔

Stock : (n) [OE. 'Stoc(c)'.] (۱) موٹی لکڑی کا ٹکڑا؛ کندہ۔ (۲) تنا۔ (۳) اصل پودا (جس میں پیوند لگایا جائے)۔ (۴) نسل؛ خاندان؛ اصل۔ (۵) خام شے (جو دوسری اشیاء کے بنانے میں استعمال ہو)۔ (۶) ذخیرہ (کسی چیز کا)۔ (۷) مال؛ سامان (تجارت، پیشے وغیرہ کا)۔ (۸) (اوزار ہتھیار کا) دستہ۔ (۹) ایک پودا (جس کی پتیاں سفید ریشہ دار اور پھول خوشبودار ہوتے ہیں)۔ (۱۰) (جمع تاریخ) کاٹھ جس میں مجرموں کے پاؤں (اور کبھی کبھی ہاتھ بھی) ٹھوک دیئے جاتے تھے۔ (۱۱) (جمع، لکڑی کا ڈھانچ جس پر جہاز اثنائے تعمیر میں رکھا جاتا ھے۔ (۱۲) اعلیٰ درجے کی اینٹ (جو الاؤ میں پکائی گئی ہو)۔ (۱۳) چمڑے وغیرہ کا پٹا جو گلے میں پہنا جاتا تھا (اس کی جگہ اب کالر استعمال ہوتا ھے)۔ (۱۴) (مالیات) اسٹاک؛ تمسک (وہ روپیہ جو حکومت کو قرض دیا جائے اور جس کا سود قرض دینے والے کو یا اس شخص کو ادا کیا جائے اور وراثت یا بیع کے ذریعے سے اس کا حقدار ہو)۔ (۱۵) تجارتی شرکت (کمپنی) کا مشترکہ سرمایہ؛ راس المال۔ (۱۶) کوئی بے جان یا غیر متحرک چیز؛ بت؛ مجسمہ۔ (۱۷) (نباتیات) جذر؛ زمین ساق؛ پودے کا تنا جو جڑ کی شکل کا ہو۔ (۱۸) (قانون) وراثتی جائداد کا پہلا خریدار۔ (۱۹) قسم؛ نوع؛ جنس۔ (۲۰) وہ چوکٹھا جس میں گھوڑے کو کس کر اس کی نعل بندی کی جاتی ھے۔ (۲۱) پلنگ کی پٹی؛ پلنگ کا وہ حصہ جو دیوار سے سٹا ہوا نہ ہو؛ پلنگ۔ (۲۲) (مجازاً) زیر ترتیب ادبی کام۔ (۲۳) آتش دان کا چھجا۔ (۲۴) (خشت سازی) سانچے کا پیندا۔ (۲۵) نہائی کا سہارا (جس میں نہائی لگی رہتی ھے)۔ (۲۶) وہ ناند جس میں کپڑے کو رکھ کر صاف اور دبیز بنایا جاتا ھے۔ (۲۷) لنگر کا (لکڑی کا) دستہ۔ (۲۸) لکڑی کا ٹکڑا جس سے گھنٹا لٹکتا ھے۔ (۲۹) ناف چرخ؛ پہیے کا درمیانی حصہ۔ (۳۰) بندوق کا چوبی حصہ؛ پستول کا دستہ۔ (۳۱) (انجینئرنگ) برما؛ رندے کا فریم۔ (۳۲) پیچ کاٹنے والے ڈھانچے کی تطابق پذیر سنسی۔ (۳۳) تالے کا چوبی خول۔ (۳۴) سن کوب؛ کتان کوب۔ (۳۵) موزہ؛ جراب۔ (۳۶) شہد کی مکھیوں کی فوج۔ (۳۷) حساب پٹی کا ٹکڑا جو محکمۂ خزانہ میں ادائی کرنے والے شخص کو دیا جاتا تھا۔ (۳۸) صلیب نما پودوں میں سے کوئی ایک۔ (۳۹) ایک قسم کا کسا ہوا گلوبند۔ (۴۰) (فارم کے) سازو سامان؛ مویشی۔ (۴۱) مستقبل کے استعمال کے لئے جمع کی ہوئی چیزیں۔ (۴۲) یخنی (ہڈی اور گوشت کا شوربا)۔ (۴۳) (تاش) تاش کی گڈی کا وہ حصہ جو بعض کھیلوں میں پتے بانٹنے کے بعد ٹیبل پر رکھ دیا جاتا ھے اور قاعدے کے مطابق کھلاڑی اس میں سے پتے لیتے رہتے ہیں۔ (۴۴) ٹی گنیا (T. Square) کا چھوٹا

اکھاڑ پھینکنا : (پتھر ، باڑ وغیرہ) اکھیڑ دینا : کدال سے زمین کھودنا ۔ (۸) نشو و نما روک دینا : باڑھ روک دینا ۔ (۹) (مادہ جانور کا) گابھن ہونا ۔ (۱۰) گائے کا دودھ نہ دوہنا تاکہ بازار میں گائے کی قیمت زیادہ ملے ۔ (۱۱) چراگاہ کی گھاس کاٹنا یا مویشی کو کھلانا : چراگاہ کی استعمال کرنا (گھاس والی زمین کو) : مویشی چرانا ۔ (۱۲) تاش کے پتوں کو ایک ساتھ گڈی میں رکھنا : پتے لگانا ۔ (۱۳) جنگل سے لکڑی ریل گاڑی یا مل میں دینا ۔ (۱۴) پھول جانا : ورم کر جانا : سوج جانا (گھوڑے کے پاؤں کا) ۔ (۱۵) حصص یا مال جاری کرنا۔

To stock to : (بحری) (لنگر کو) سیدھے کھینچنا ۔

Stock : (v) پرند کا چونچ مارنا : چونچ مار کر سوراخ کرنا : چونچ سے اکھیڑ دینا ۔

Stock : (adv.) دیکھو Completely

Stock : (a) (۱) معیاری ۔ (۲) عام : معمولی : روایتی ۔ (۳) افزائش نسل کے لئے رکھا ہوا یا پالا ہوا ۔ (۴) مویشی کے لئے ۔ (۵) اسٹاک کمپنی سے متعلق ۔ (۶) فربہ بنائے جانے کے لائق (جانور) ۔ (۷) مستقل ۔

Stock : (n) [G. 'Stoo'.] چھڑی جو اسکی (Ski) کرنے والے استعمال کرتے ہیں ۔

Stock account : (n) مال کا کھاتا جس میں یہ تفصیل ہوتی ہے کہ کتنا مال آیا اور کتنا فروخت ہوا : کھاتا جس کی جمع میں اصل سایہ اور اضافے لکھے جاتے ہیں اور خرچ میں باز خواست (Withdrawal) اور نقصانات لکھے جاتے ہیں ۔

Stock and blade : (n) (اوزار کا) دستہ اور پھل ۔

Stock and fluke : (n) (بحری) (کسی چیز کی) کل مقدار ۔

Stock annet : (n) شوخ رنگ کی جنگلی بطخ ۔

Stock beer : (n) تیز بیئر شراب ۔

Stock-blind : (a) بالکل اندھا ۔

Stock-board : (n) (۱) اینٹ کے سانچے کے پیندے کا تختہ ۔ (۲) دیکھو Stock-exchange ۔ (۳) آٹھ ، دس یا بارہ انچ چوڑائی کا تختہ ۔

Stock-book : (n) مال کا کھاتہ ۔

اور موٹا حصہ ۔ (۴۵) چمڑے کو کوٹ کر ملائم یا نرم بنانے کی مشین ۔ (۴۶) دیکھو Stock pile ۔ (۴۷) پاک پانی رکھنے والے برتن کا ستون ۔ (۴۸) گوشت اور ہڈی کو ابال کر بنائی ہوئی شراب ۔ (۴۹) دیکھو Stock-car ۔ (۵۰) (کسی چیز پر) بھروسا : اعتماد : یقین ۔ (۵۱) ٹہنٹھ جس سے نئی شاخ نکلتی ہے ۔ (۵۲) تجارتی مخصوص سامان جسے تاجر خریدار کی آئندہ ضرورت کا لحاظ کر کے جمع رکھتا ہے ۔

Dead stock : (۱) غیر سود مند سرمایہ : ناقابل فروخت مال ۔ (۲) زراعتی یا فارم کے آلات ، ساز و سامان ۔

In stock : قبضہ میں : ہاتھ میں : پاس میں : تیار شدہ ۔

Live stock : مویشی ۔

Off the stock : (۱) دریا یا سمندر میں ڈالا ہوا (جہاز) ۔ (۲) مکمل کر کے حوالہ کیا ہوا : مکمل ۔

On the stocks : (۱) زیر تعمیر جہاز ۔ (۲) (مجازاً) جو تیار ہو رہا ہو : نا تمام : نا مکمل : زیر تعمیر یا زیر ترتیب ۔

Out of stock : (کوئی چیز) جو سب فروخت ہو گئی ہو ۔

To shoemaker's stock : (مزاحاً) تنگ جوتا ۔

To lay in a stock : ذخیرہ جمع کرنا ۔

To take stock : (۱) (اشیاء کی) فہرست بنانا یا تیار کرنا (ان کی مقدار اور قدر کے لحاظ سے) ۔ (۲) (مجازاً) اپنی حیثیت کا احتساب کرنا ۔

To take stock in : کسی چیز یا کام سے تعلق پیدا کرنا : اہمیت دینا : اعتبار کرنا ۔

To take stock of : (۱) اندازہ لگانا : قیمت لگانا : آنکنا ۔ (۲) شک کی نگاہ سے دیکھنا (کسی شخص کو) : (کسی میں) دلچسپی لینا ۔

Stock : (v) (۱) بندوق میں کندہ لگانا : (اوزار میں) دستہ لگانا : (گھنٹے کو) چوبی چوکھٹے میں لگانا ۔ (۲) (تاریخ) کاٹھ میں پاؤں ٹھونک دینا ۔ (۳) (فارم میں) مویشی یا ساز و سامان فراہم کرنا : (کان کے لئے) مال فراہم کرنا : سرمایہ فراہم کرنا : (دکان کے لئے چیزوں کا) ذخیرہ جمع کرنا ۔ (۴) دکان میں رکھنا (کوئی مال) ۔ (۵) (زمین پر) کاشت کرنا : پیدا کرنا (چرئی وغیرہ) : گھاس اگانا ۔ (۶) (پودے کے اصل ڈنٹھل سے) نئی شاخ پھوٹنا ۔ (۷) (درخت ، ٹہنٹھ وغیرہ) اکھاڑ دینا : بیخ و بن سے

Stock-bowler : (n) (آسٹریلیا) (کرکٹ) مستقل بالر ۔

Stock-breeder : (n) مویشی پالنے والا : مویشیوں کی افزائش نسل کا کاروبار کرنے والا : مویشی فارم کا مالک ۔

Stock-brick : (n) سخت اور ٹھوس اینٹ ۔

Stock-broker/ Stockbroker : (n) اسٹاک کا دلال : تمسکات کا دلال : صرافہ دلال ۔

Stock-broking : (n) صرافہ دلالی ۔

Stock-car : (n) ریس کار جس کا ڈھانچہ عام گاڑیوں کی طرح ہوتا ہے ۔

Stock card : (n) اون صاف کرنے کا کنگھا جس میں مڑے ہوئے تار لگے رہتے ہیں ۔

Stock-cattle : (n) مویشی جو افزائش نسل کے لئے رکھا جائے ۔

Stock-certificate : (n) تمسکی وثیقہ ۔

Stock chute : (n) مویشیوں کو اتارنے چڑھانے کا زینہ ۔

Stock company : (n) کمپنی جس کا سرمایہ مال کی شکل میں ہو ۔

Stock company : (n) نیم مستقل کمپنی جو ایک بڑی مدت کے لئے کسی خاص تھیٹر میں تماشا کرنے کی یا کھیل دکھانے کی پابند ہو ۔

Stock-dead : (a) بالکل مردہ ۔

Stock-deaf : (n) نپٹ بہرا ۔

Stock dove : (n) ایک قسم کی یورپی فاختہ ۔

Stock down : (n) گھاس یا دوسرے چارے کے بیج بونا ۔

Stock-dye : (n) کچے سوت کو رنگنا ۔

Stock-exchange : (n) (۱) صرافہ : وہ مقام جہاں تمسکات ، ہنڈیوں کی خرید و فروخت ہو ۔ (۲) دلالوں کی جماعت جو کسی خاص مقام یا بازار میں کاروبار کرتی ہے ۔

Stock fire : (n) لوہار کی بھٹی کی آگ ۔

Stock-fish : (n) (۱) سکھائی ہوئی مچھلی (کاڈ وغیرہ جسے کاٹ کر بے نمک کے سکھا لیتے ہیں) ۔ (۲) (سکھائی ہوئی مچھلی سے مشابہ) پیٹ کر چپٹی کی ہوئی چیز ۔ (۳) آدمی کے لئے تحقیراً مستعمل ہے ۔

Stock fly : (n) دیکھو Stable fly/ Horn fly

Stock-gilly flower : (n) ایک پودا جس کے پھولوں سے لونگ کی بو آتی ہے ۔

Stock-guard : (n) مویشی کو ریل کی پٹری پر جانے سے روکنے کی پٹری ۔

Stock horse : (n) مویشیوں کی نگہبانی میں استعمال ہونے والا گھوڑا ۔

Stock-in-trade : (n) (۱) تجارت یا کاروبار کا پورا ضروری سامان : تجارت کا مال جو دکاندار یا پھیری والے بکری کے لئے رکھتے ہیں ۔ (۲) کاریگر کا اوزار ، ساز و سامان ۔ (۳)(مجازاً) کل کائنات (کسی شخص کی) ۔

Stock-jobber : (n) (۱) اسٹاک کا سٹّا کھیلنے والا ۔ (۲) دیکھو Stock-broker ۔

Stock-jobbing : (n) اسٹاک کا سٹّا ۔

Stock-jobbing : (a) اسٹاک کے سٹّے کا کاروبار کرنے والا : تمسکات یا حصص خرید و فروخت کرنے والا ۔

Stock-joke : (n) پامال لطیفہ ۔

Stock-list : (n) صرافے کی رپورٹ جو روزانہ یا مقررہ مدت کے بعد چھپتی ہے جس سے اسٹاک وغیرہ کا نرخ معلوم ہوتا رہتا ہے ۔

Stock-lock : (n) تالا جو لکڑی کے خول میں بند رہتا ہے : اور دروازے میں باہر سے لگایا جاتا ہے ۔

Stock lock/ Lock-stock and barrel : (n) کسی چیز کی کل مقدار یا تعداد : کل ۔

Stock-maker : (n) کندہ یا دستہ بنانے والا : کندہ ساز : دستہ ساز ۔

Stock-market : (n) (۱) صرافہ یا اس کا کاروبار ۔ (۲) مویشی فارم : مویشیوں کا بازار ۔ (۳) خاص قسم کے اسٹاک کا بازار ۔

Stock-melon : (n) دیکھو Citron

Stock pass : (n) ریل کے سڑک کے نیچے کا پل جس سے مویشیوں کو پار کرایا یا گزارا جاتا ہے ۔

Stock pea : (n) دیکھو Soy-bean

Stock piece/ -play : (n) (تھیٹر) وہ کھیل ، تماشا جو ہر وقت دکھایا جا سکتا ہے ۔

Stock pigeon: (n) دیکھو Stock dove

Stock-pot : (n) (۱) یخنی دان (وہ برتن جس میں ہڈیوں کی یخنی رکھی جاتی ہے) ۔ (۲) یخنی دان سے مشابہ کوئی چیز ۔

Stock-purse : (n) (کسی متحرک مقاصد کے لئے) مشترک سرمایہ یا فنڈ ۔

Stock-raiser : (n) مویشیوں میں اضافہ کرنے والا : مویشی پالنے والا: افزائش نسل کرنے والا ۔

Stock-rider : (n) (آسٹریلیا) گلہ بان (بھیڑوں کے کھلے فارم کا) ۔

Stock-riding : (n) گلہ بانی ۔

Stock-room : (n) (۱) مال گودام ۔ (۲) (ہوٹل کا ، وہ کمرا جہاں سودا گروں کے کارندے (مال کے) نمونے دکھلا کر فرمائشیں حاصل کرتے ہیں : نمونوں کا کمرا ۔

Stock-still/ Stockstill : (a) بالکل بے حس و حرکت : بت بنا ہوا ۔

Stock-tackle : (n) لنگر کو عموداً اٹھانے کا جر ثقیل ۔

Stock-taker : (n) ذخیرے کا جائزہ لینے والا ۔

Stock-taking : (n) جائزۂ ذخیرہ : (دکان کے مال یا سامان کا) : جائزہ ۔

Stock tank : (n) مویشیوں کو پانی کو پلانے کا مصنوعی تالاب ۔

Stock-whip : (n) مویشی کا کوڑا (جس کا دستہ بہت چھوٹا اور رسی بہت لمبی ہوتی ہے) ۔

Stock-work : (n) (کان کنی) خام دھات (خصوصاً ٹن) سے پُر چٹائیں ۔

Stockade : (n) [Sp. 'Estacada'.] (۱) دھس ۔ (۲) مورچہ : آڑ : حصار (جو لکڑیاں گاڑ کر بنایا جائے) ۔ (۳) خار دار تاروں کی باڑھ جس میں قیدیوں کو رکھا جاتا ہے ۔ (۴) لٹھا یا تھم جو پشتے کا کام دیتا ہے ۔

Stockade : (v) دھس بنانا : لکڑیاں گاڑ کر مورچہ بندی کرنا ۔

Stockage : (n) فوجی سامان رسد کا ذخیرہ ۔

Stockateer : (n) جعلی تمسکات کا دلال ۔

Stockcar : (n) (مویشی کے جانے کا) ریل کا جالی دار ڈبہ : مویشیوں کا ڈبہ مویشیوں کی گاڑی ۔

Stocker : (n) (۱) دستہ لگانے والا : کندہ لگانے والا ۔ (۲) جانور جو ذبح کرنے کے لئے بیچ دیا گیا ہو مگر اسے بڑھنے اور موٹا ہونے کے لئے رکھ چھوڑا گیا ہو : ایسے مویشی پالنے والا ۔ (۳) اوسر جو افزائش نسل کے لئے ہو ۔ (۴) مال گودام میں کترن وغیرہ جمع کرنے والا ۔

Stockholder : (n) (۱) عوامی فنڈ یا مشترکہ سرمایہ والی کمپنی کے اسٹاک کا مالک ، حصے دار ۔ (۲) (آسٹریلیا) وہ شخص جس کے پاس بہت سے مویشی یا بھیڑیں ہوں ۔

Stockholm : (n) اسٹاک ہوم : سوئیڈن کا دارالسلطنت : راجدھانی ۔

Stockholm pitch : (n) اسٹاک ہوم قیر سے بننے والی رال ۔

Stockholm tar : (n) صنوبر سے حاصل ہونے والی رال سے بننے والا قیر ۔

Stockily : (adv.) ناٹے یا گٹھیلے طور پر ۔

Stockinette/ Stockinet : (n) [alter of Stocking net.] (۱) (سلائی سے بنا ہوا) لوچدار کپڑا جس سے بنیان وغیرہ بنتی ہیں ۔ (۲) ایسے کپڑے کا بنا ہوا لباس ۔

Stocking : (n) (۱) موزہ : جراب ۔ (۲) روپیہ جمع کرنے کا موزہ : روپے کی بڑی مقدار ۔ (۳) موزے سے مشابہ ایک آلۂ جراحی ۔ (۴) گھوڑے کے پیر کی پٹی ۔ (۵) پرند یا چوپائے کا پیر یا اس کا نچلا حصہ (اگر اس کا رنگ جسم کے رنگ سے مختلف ہو) ۔

Elastic stocking : موزے کی قسم کی چیز جس سے سر جن چوٹ کھائے ہوئے عضلات وغیرہ کو باندھنے کا کام لیتے ہیں ۔

In one's stocking feet : صرف موزے پہنے (بغیر جوتے کے) ۔

Stocking : (v) موزے پہنانا ۔

Stocking cap : (n) بنی ہوئی مخروطی توپی ۔

Stocking-foot : (n) جراب : موزے کا نچلا حصہ ۔

Stocking-frame : (n) موزہ وغیرہ بننے کی مشین ۔

Stocking mask : (n) نائلون کی جراب جسے جرائیم پیشہ لوگ بطور نقاب منہ پر لگاتے ہیں ۔

Stocking-needle : (n) رفو کرنے کی سوئی : رفو گری کی سوئی ۔

Stocking-sole : (n) جراب کا وہ حصہ جو تلوے کے نیچے رہتا ہے ۔

In one's stocking sole : بغیر جوتے کے ۔

Stocking stitch : (n) ایک قسم کی بخیہ یا سلائی جو جراب میں کی جاتی ہے ۔

Stockinged : (a) (۱) موزے پہنے ہوئے : موزہ دار ۔ (۲) پاموز ۔

Stockinger : (n) موزے وغیرہ بننے کے کارخانے کا مزدور : موزہ بننے والا ۔

Stockingless : (a) بے موزے کا : بے جراب کا (پاؤں) ۔

Stockish : (a) (۱) ٹھنٹھ سے مشابہ : کندہ سے مشابہ ۔ (۲) (مجازاً) (آدمی) حد سے زیادہ غبی : کند ذہن ۔

Stockist : (n) کسی مخصوص قسم کے مال کا ذخیرہ رکھنے والا : تھوک فروش ۔

Stockjudging : (n) مویشیوں کی نوعیت کی تشخیص کرنا ۔

Stockless : (a) بے دستے کا (لنگر) : بے کندے کی (بندوق) ۔

Stockman : (n) (۱) مویشیوں کا نگہبان : گڈریا ۔ (۲) (آسٹریلیا) اسٹاک فارم کا داروغہ ۔ (۳) مویشیوں کا مالک ۔

Stockpile : (n) (۱) کنکر ، روڑا وغیرہ جس کا سڑک بنانے کے لئے سڑک کے کنارے انبار لگا دیا جاتا ہے ۔ (۲) (کوئلے یا خام دھات کا) انبار (بطور محفوظ ذخیرہ کے) ۔ (۳) ضروری محفوظ اشیاء ۔ (۴) کسی چیز کا ذخیرہ خصوصاً جوہری ہتھیاروں کا ۔

Stockpile : (v) (۱) انبار لگانا (کوئلے ، خام دھات وغیرہ کا) ۔ (۲) ذخیرہ جمع کرنا (ضروری اشیاء کا) ۔

Stockpiling : (n) ذخیرہ اندوزی : انبار لگانا ۔

Stockproof : (a) مویشی روک : جس میں مویشی نہ سما سکے یا نہ داخل ہو سکے ۔

Stocks and stones : (n) (۱) لکڑی اور پتھر کی مورتیاں : دیوتا ۔ (۲) غیر ذی روح اشیاء : بے جان چیزیں ۔ (۳) مٹھے آدمی : مٹی کے تودے ۔

Stocky : (a) (۱) (نباتیات) گٹھیلا : موٹا ۔ (۲) (جڑ) چوبی ۔ (۳) (آدمی) چھوٹے قد اور گٹھے ہوئے جسم کا : گچگینا : ناٹا : پست قد ۔

Stockyard : (n) (۱) مویشی باڑہ ۔ (۲) مال گودام ۔

Stodge : (n) (۱) گاڑھا رقیق مرکب ۔ (۲) کیچڑ ۔ (۳) سخت نشاستہ دار غذا ۔ (۴) ندیدہ : مربھکا ۔ (۵) (اسکول کے بچوں کا عامیانہ) غذا : کھانا : ثقیل غذا ۔ (۶) ٹھس خیال : احمقانہ خیالات ۔ (۷) آہستہ کام کرنے والا شخص ، سست : نکما : کاہل ۔

Stodge : (v) (۱) بھر دینا : ٹھونس ٹھونس کر بھر دینا ۔ (۲) (عام) ندیدوں کی طرح کھانا ۔ (۳) کیچڑ یا دلدل میں پھنس جانا ۔ (۴) مسلسل کام کرنا ۔ (۵) کیچڑ یا دلدلی زمین پہ دقت چلنا ۔ (۶) ملانا : پھینٹنا ۔

Stodger : (n) ٹھس آدمی ۔

Stodgy : (a) (۱) ثقیل : بھاری : دیر ہضم (غذا) ۔ (۲) (جیب ، بٹوا وغیرہ) بھرا ہوا : پھولا ہوا ۔ (۳) (کتاب ، عبارت وغیرہ) ٹھس (جس میں تفصیلات بہت ہوں اور دلچسپی کی باتیں کم ہوں) ۔ (۴) بھدا : بھاری قدموں سے چلنے والا (مٹاپے کی وجہ سے) ۔ (۵) غیر دلچسپ : بے لطف : روکھا پھیکا ۔ (۶) پرانی وضع کا : پرانے خیال کا : پرانی روشنی کا : دقیانوسی ۔ (۷) بد قطع : بھدا ۔ (۸) انتہائی قدامت پسند ۔ (۹) موٹا : پھولا ہوا ۔

Stoechas : (n) [Gr.] ایک پودا: فرنچ لونڈر ۔

Stoep : (n) [Du.] (جنوبی افریقہ) مکان کے سامنے کا اونچا برآمدہ : تھڑا ۔

Stog : (n) (اسکاچستان) دیکھو Stab

Stog : (v) (۱) دقت سے چلنا : پاؤں گھسیٹتے ہوئے چلنا ۔ (۲) دلدل میں دھنسا دینا ۔

Stogy/ Stogie : (n) [f. 'Stoga' short for Conestoga, a town in Pennsylvania.] (۱) ایک طرح کا بھدا بوٹ ۔ (۲) لمبا بھدا سگار ۔

Stogy : (a) بھدا : لمبا (سگار یا بوٹ) ۔

Stoic : (n) [L. 'Stoicus'.] (۱) رواقی فلسفی : رواقی (اس مذہب فلسفہ کا پیرو جو زینو (Zeno) نے ۳۰۸ ق م میں ایتھنس میں قائم کیا تھا ، جس میں صرف خیر مقصد حیات قرار دی گئی تھی اور ضبط جذبات کی اور راحت و الم کے احساس سے آزاد ہو جانے کی تلقین کی جاتی تھی) ۔

Stoic : (a) (۱) رواقی : رواقی فلسفے سے متعلق ۔ (۲) بے حد مستقل مزاج : باضابطہ آدمی : زاہد ۔

Stoical : (a) (۱) رواقی : رواقیوں سے متعلق ۔ (۲) بے حد ضبط و استقلال کا ۔ (۳) (آدمی) کٹرپن یا زہد و اتقامیں رواقیوں سے مشابہ ۔

Stoically : (adv.) بے حد ضبط و استقلال سے ۔

Stoicheiological/ Stoichiological : (a) علم عناصر سے متعلق : اساسیات فکر سے متعلق ۔

Stoicheoilogy/ Stoichiology : (n) [Gr. 'Stoicheion' + logy.] (۱) علم عناصر ۔ (۲) (منطق) اساسیات فکر ۔ (۳)(عضویات) حیوانی نسیجوں کے اصول کا مطالعہ : اس پر مبنی علاج کا طریقہ ۔

Stoicheiometric : (a) (کیمیا) کیمیاوی مقادیر پیمائی سے متعلق ۔

Stoicheiometrical : (a) دیکھو Stoicheiometric

Stoicheiometry : (n) (کیمیا) کیمیاوی مقادیر پیمائی : تناسبی کیمیا : جوہری وزن نکالنے کا علم : کیمیائی عناصر کے تخمینے کا علم ۔

Stoicism : (n) (۱) رواقیت : رواقی فلسفہ ۔ (۲) بے حسی : بے احساسیت : بے حد ضبط یا استقلال ۔

Stoirin : (n) (آئرستان) دیکھو Darling

Stoit : (v) [Du. 'Stuiten'.] (۱) (اسکاچستان) ڈگمگانا : لڑکھڑانا ۔ (۲) اچھل جانا : کودنا : جست کرنا ۔

Stoiter : (v) (اسکاچستان) لڑکھڑانا : ڈگمگانا : جھوک کھانا : قدم کو لغزش ہونا ۔

Stoke : (v) [Back-formation from 'Stoker'.] (۱) (بھٹی) جھونکنا ۔ (۲) (انجن کی بھٹی) جھونکنا : اسٹوکر کا کام کرنا ۔ (۳) (مزاحاً) (مجازاً) جلدی جلدی نگلنا (کھانا) ۔

Stoke-hold : (n) (۱) (بحری) بھٹی خانہ : وہ کمرا جس میں اسٹیمر کی بھٹی جلتی ہے ۔ (۲) وہ جگہ جہاں کھڑے ہو کر بھٹی کو جھونکا جاتا ہے ۔

Stoke-hole : (n) [Du. 'Stookgat'.] بھٹی کے سامنے کی وہ جگہ جہاں اسٹوکر کھڑا ہو کر بھٹی جھونکتا ہے : موکھا جس سے بھٹی جھونکی جاتی ہے ۔

Stoker : (n) [Du. 'Stoker'.] (۱) بھٹی جھونکنے والا (خصوصاً ریل اور اسٹیمر کے انجن کی) : اسٹوکر : انجن جھونکا : فائر مین ۔ (۲) بھٹی جھونک مشین ۔ (۳) (جمع) سیاہ کنکر ملا مادہ جو اسٹیم انجن کے دود کش سے نکلتا ہے ۔

Mechanical stoker : بھٹی جھونکنے کی مشین ۔

Stokes litter : (n) ایک قسم کی بیمار ڈولی جو انسانی جسم کے مطابق بنائی جاتی ہے اور جس میں بیمار یا زخمی شخص رکھ کر پٹی سے کس یا جکڑ دیا جاتا ہے ۔

Stokes stretcher : (n) دیکھو Stokes litter

Stokroos : (n) [Afr.] (افریقہ) ایک قسم کا ریشہ دار پودا ۔

Stokvis : (n) دیکھو Stock-fish

Stola : (n) [Gr. 'Stole'.] یونانی اور رومی عورتوں کا لمبا چوغہ ۔

Stole : (n) [OE.] (۱) لمبا چوغہ ۔ (۲) (مردوں اور عورتوں کے لباس میں) ریشم یا کپڑے کا ٹکڑا جو گردن سے کندھوں پر اور نیچے گھٹنوں تک لٹکتا رہتا ہے (ڈیکن کے لباس میں صرف بائیں کندھے پر ہوتا ہے) ۔ (۳) (عورتوں کا) سمور یا پرندوں کے پروں کا بنا ہوا لباس یا کالر (جو ڈیکن کے لباس سے مشابہ ہوتا ہے اور کندھے پر ڈالا جاتا ہے) ۔

Groom of the stole : بادشاہ کا اعلیٰ مصاحب یا اس کا عہدہ ۔

Stole : (n) (۱) (نباتیات) فرخ : ساق بچہ ۔ (۲) دیکھو Stolon ۔

Stole : (v) (نباتیات) (پودے کا) فرخ نکلنا ۔

Stole : دیکھو Steal

Stole-mesh : (n) مچھلی پکڑنے کے جال کا دوہرا پھندا ۔

Stoled : (a) لمبا چوغہ پہنے ہوئے ۔

Stolen : (a) (۱) چرایا ہوا : مسروقہ ۔ (۲) خفیہ : چوری چھپے کیا ہوا : چھپ چھپا کے لیا ہوا ۔

Stolid : (a) [L. 'Stolidus'.] ٹھس : بے حس : دھیما : مٹھا : اڑیل : بھوندو : پلید ۔

Stolidity : (n) مٹھاپن : اڑیل پن سے : بھوندوپن : بلاوت ۔

Stolidity : (adv.) مٹھے پن سے : اڑیل پن سے : بھوندوپن سے ۔

Stolkjaerre : (n) [Norw.] ناروے میں استعمال ہونے والی دو پہیوں کی گاڑی جس میں آگے دو نشستیں ہوتی ہیں اور پیچھے چلانے والے کی نشست ہوتی ہے ۔

Stollen : (n) [G 'Stolle'.] ایک قسم کی میٹھی روٹی ۔

Stolo : (n) [L.] (۱) (نباتیات) فرخ : ساق بچہ : پودے کی بڑی شاخ جو علاحدہ جڑ پکڑ لیتی ہے اور جس کی نئی شاخیں پھوٹتی ہیں : کائی کی زیر زمین شاخ جس میں پتیاں نکلتی ہیں ۔

Stolon : (n) [L. 'Stolo, Stolon'.] دیکھو Stolo

Stolonate : (a) فرخ زا : مفرخ ۔

Stoloniferous : (a) دیکھو Stolonate

Stolonization : (n) فرخ زائی : فرخ کا پیدا ہونا ۔

Stoma : (n) [Gr. 'Stoma'.] (۱) (تشریح ، حیوانیات) دہن : فم منہ ۔ (۲) (نباتیات) مسام ۔

-stoma : جزو ترکیبی بمعنی "دہن" : "منہ" : "فم" ۔

-stoma : جزو ترکیبی بمعنی "دہن دار" ۔

Stomach : (n) [ME. 'Stomak'.] (۱) معدہ : پوٹا (پرندوں کا) ۔ (۲) جگالی کرنے والے جانوروں کے متعدد معدوں میں سے کوئی ایک معدہ ۔ (۳) (بیجا استعمال) پیٹ : شکم ۔ (۴) بھوک ۔ (۵) شوق : دم : ہمت (لڑنے ، بحث کرنے وغیرہ کی) ۔ (۶) جسم کا وہ حصہ جہاں معدہ رہتا ہے ۔

On an empty stomach : خلوئے معدہ میں ۔

On a full stomach : بھر پیٹ غذا کے بعد ۔

Pit of the stomach : کوڑی ۔

Proud of high stomach : غرور : گھمنڈ : کبر : تمکنت ۔

To lie (heavy) on one's stomach : (غذا کا) بد ہضمی پیدا کرنا ۔

Stomach : (v) (مجازاً) برداشت کرنا (ذلت ، توہین وغیرہ کا) : گوارہ کر لینا ۔

Stomach-cough : (n) کھانسی جو بد ہضمی سے پیدا ہوتی ہے ۔

Stomach-pump : (n) معدہ پمپ : معدہ کی پچکاری (جس سے معدے میں سیال شے پہنچاتے یا اس میں سے نکال لیتے ہیں) ۔

Stomach-staggers : (n) مرگی جو گھوڑے کو معدے کے ماؤف ہونے کی وجہ سے ہو جاتی ہے : صرع اسپ ۔

Stomach-syringe : (n) دیکھو Stomach-pump

Stomach-tooth : (n) بچوں کی کچلی : جس کے نکلنے کے دوران میں عموماً معدہ خراب رہتا ہے ۔

Stomach-tube : (n) معدے کی نلکی (حلق سے معدے میں پہنچا کر اسے صاف کرنے کے لئے یا غذا پہنچانے کے لئے) ۔

Stomach-worm : (n) کرم معدہ ۔

Stomachache : (n) پیٹ کا درد : درد شکم : درد معدہ ۔

Stomachal : (a) معدے کا : معدی ۔

Stomached : (a) معدہ دار : شکم دار ۔

Stomacher : (n) عورتوں کے لباس کا جواہرات سے مرصع سامنے کا حصہ جو سینے کو ڈھکتا تھا ۔

Stomacher : (n) (گھونسا بازی) پیٹ پر لگائی جانے والی ضرب ۔

Stomachic : (a) (۱) معدی : معدے کا ۔ (۲) ہاضم : مفید معدہ : مشتہی : مقوی معدہ : ہاضوم ۔

Stomachic : (n) ہاضم دوا : مقوی معدہ دوا ۔

Stomaching : (n) برداشت کرنا : گوارا کرنا ۔

Stomachless : (a) بے معدہ ۔

Stomachy : (a) (۱) چڑچڑا : زود رنج : بد مزاج : تنک مزاج ۔ (۲) الوالعزم ۔ (۳) بڑی توند والا ۔

Stomal : (a) منہ سے متعلق یا منہ کے قریب واقع ۔

Stomapod : (n & a) [mod. L. 'Stomapoda'.] دہن پا : ایک قسم کا قشریہ ۔

Stomatal : (a) (۱) دہنی : فمی ۔ (۲) دہن دار ۔

Stomate : (n) (نباتیات) مسام ۔

Stomate : (a) مسام دار ؛ منه والا ۔

Stomatic : (a) [L. 'Stomaticus'.] دیکھو Stomatal

Stomatitic : (a) ورم دہن سے متعلق ۔

Stomatitis : (n) التہاب الفم ؛ منه کی جھلی کا ورم ؛ قلاع ؛ ورم دہن ۔

Stomato- : [Gr. 'Stomato-'.] جزو ترکیبی بمعنی "منه" ؛ "دہن" ۔

Stomatodaeum : (n) اغلاف دہن ؛ دائرہ یا باضمے کا اندرونی حصہ ۔

Stomatode : (a) [mod. L. 'Stomatoda'.] حوینات اولیہ کی اس جنس سے متعلق جن کے منه ہوتا ہے ۔

Stomatode : (n) حوین اولیہ جس کے منه ہو ۔

Stomatogastric : (a) فمی معدی ؛ منه اور معدے کا ۔

Stomatologic/ -al : (a) فمیاتی ؛ فمیات سے متعلق ۔

Stomatologist : (n) ماہر فمیات ؛ علم امراض دہن کا ماہر ۔

Stomatology : (n) علم امراض دہن ؛ فمیات ۔

Stomatoplastic : (a) منه کی پلاسٹک سرجری سے متعلق ۔

Stomatoplasty : (n) منه کی پلاسٹک سرجری ؛ دہن پیوندی ۔

Stomatopod : (a) [mod. L. 'Stamatopoda'.] (حیوانیات) دہن یا پایاں سے متعلق ؛ قشریوں کی ایک جنس سے متعلق ۔

Stomatopod : (n) دیکھو Stomapod

Stomatoscope : (n) دہن بیں ؛ منه کے اندرونی حصے کی جانچ کرنے والا ۔

Stomatose : (a) مسام دار ؛ منه والا ۔

Stomatous : (a) دیکھو Stomatose

-stomatous : جزو ترکیبی بمعنی "منه والا" ۔

Stome : جزو ترکیبی بمعنی "منه" ؛ "دہن" ؛ "منه جیسا شگاف والا" ۔

Stomodaeal / Stomadeal : (a) اغلاف دہن سے متعلق ۔

Stomodaeum/ Stomodium : (n) [Gr. 'Stoma' + -'Odaios'.] اغلاف دہن ؛ دائرہ یا باضمہ کا اندرونی حصہ ۔

Stomp : (n) [U.S.] ایک قسم کا رقص جس میں پیروں کو زور سے پٹکتے ہیں ؛ اسٹامپ ۔

Stamp : (v) اسٹامپ رقص کرنا ۔

Stone : (n) [OE. 'Stan'.] (۱) پتھر ؛ پتھر کا ٹکڑا ؛ سنگ ؛ حجر ؛ سنگریزہ ۔ (۲) قیمتی پتھر ؛ گوہر ؛ جوہر ۔ (۳) پتھر ؛ سنگ (بحیثیت جنس) ۔ (۴) کسی خاص قسم کا پتھر جو خاص کام کے لئے بنایا جائے ۔(۵) پتھری (جو گردے، مثانے وغیرہ میں بن جاتی ہے)؛ پتھری کا مرض ؛ حصاۃ ۔ (۶) گٹھلی (پھلوں کی) ؛ بیج (انگور کا) ۔ (۷) خصیہ ؛ بیضہ ؛ فوطہ ؛ خایہ ۔ (۸) اولا ؛ ژالہ ۔ (۹) اسٹون ؛ وزن کا پیمانہ ۔ (۱۰) سنگ پارس ؛ پارس پتھر ۔ (۱۱)سنگ مزار ۔ (۱۲) کھیلوں میں استعمال ہونے والا بھاری پتھر۔ (۱۳) پتھر کی سِل ۔ (۱۴) خام دھات کا ڈلا (خصوصاً ٹن کا) ۔ (۱۵) بے حرکتی ؛ بے حسی ؛ بے وقوفی ؛ سختی وغیرہ کی علامت ۔

A rolling stone gathers no moss : دیکھو Moss

To cast, put, or throw the stone : (کھیل میں) پتھر پھینکنا ۔

To cast the first stone : اپنی معصومیت ظاہر کرنا ۔

To give a stone for bread : مدد کے بہانے ہنسی اڑانا ۔

To kill two birds with one stone : ایک پنت دو کاج ۔

To leave no stone unturned : کوئی کوشش اٹھا نہ رکھنا؛ پوری پوری کوشش کرنا ؛ دقیقہ اٹھا نہ رکھنا ؛ سخت کوشش کرنا ۔

To set a stone rolling : کوئی کام شروع کرنا ، جس کا نتیجہ تباہ کن ہو سکتا ہے ۔

To throw, (cast) a stone or stones (at) : (۱)پتھر مارنا ۔ (۲) الزام لگانا ؛ کسی کی ذات پر حملہ کرنا ۔

Stone : (a) (۱) سنگی ؛ پتھر کا بنا ہوا ۔ (۲) عصر حجری کا ؛ پتھر جگ کا ۔ (۳) (پالتو نر جانور) غیر آختہ ۔

Stone : (v) (۱) پتھر مارنا ؛ سنگسار کرنا ۔ (۲) پتھر لگانا ؛ پتھروں سے بنانا ۔ (۳) پتھر سے رگڑ کر صاف کرنا ۔ (۵) گٹھلی نکالنا (پھل سے) ۔(۶) گٹھلی پڑنا ۔ (۷) بے حس بنا دینا ۔

Stone age : (n) عصر حجری : عہد حجری : پتھر جگ : پتھر کا زمانہ (جب سارے اوزار وغیرہ پتھر کے ہوتے تھے) ۔

Stone-axe : (n) (۱) پتھر کاٹنے والا دو پھلا تیشہ ۔ (۲) سنگی تیشہ : پتھر کی بنی کلہاڑی ۔

Stone-bark : (n) (نباتیات) سخت چھال : چھال جس میں موٹے اور سخت خلیے ہوں ۔

Stone-basil : (n) جنس ریحاں : کالی تلسی کی ایک قسم ۔

Stone-bass : (n) ایک قسم کی مچھلی جس کے گلپھڑے کے ڈھکن پر سخت ابھار ہوتا ہے ۔

Stone-bird : (n) (۱) ایک قسم کا چھوٹا پرند جس کی چونچ بڑی اور مضبوط ہوتی ہے ۔ (۲) چہا کی ایک قسم ۔

Stone-blind : (a) بالکل اندھا : نپٹ اندھا : اندھا چوپٹ : اندھا سوس : مکمل طور پر نابینا ۔

Stone-blindness : (n) نپٹ اندھاپن ۔

Stone-blue : (n). مانڈی اور تیل کا مرکب جو کپڑا دھونے میں کام آتا ہے ۔

Stone-boat : (n) پتھر لے جانے کی کشتی یا جہاز ۔

Stone-boiling : (n) گرم پتھر ڈال کر پانی گرم کرنا : پتھر کو گرم کر کے رکھ دینا (پانی میں) ۔

Stone-borer : (n) گھونگے کی ایک قسم ۔

Stone-bow : (n) (۱) سنگی محراب ۔ (۲) غلیل ۔

Stone-bramble : (n) ایک قسم کی خاردار جھاڑی ۔

Stone-break : (n) دیکھو Saxifrage

Stone-breaker : (n) سنگ شکن ۔

Stone-breaking : (n) پتھر توڑنا : سنگ شکنی ۔

Stone-brick : (n) سخت اینٹ یا بھٹی کی اینٹ جو ویلس میں بنتی ہے ۔

Stone-broke : (a) بالکل قلاش : بالکل کنگال ۔

Stone-bruise : (n) (۱) تلوے کی خراش (نیچے پتھر آ جانے کی وجہ سے) ۔ (۲) ٹائر کا کسی سخت چیز سے ٹکرانے سے پیدا ہونے والا نقصان ۔

Stone-buck : (a) دیکھو Steinbock

Stone-butter : (n) ایک قسم کی ملائم پھٹکری ۔

Stone-canal : (n) (حیوانیات) قنات سنگین ۔

Stone-cast : (n) پتھر کی زد : جتنی دور پھینکا جا سکے ۔

Stone-cat : (n) شمالی امریکا کی دریائی گربہ ماہی ۔

Stone-cell : (n) (نباتیات) خلیۂ سخت ریشہ ۔

Stone-china : (n) قدیم انگلستانی سفید اور نیم شفاف چینی ظروف ۔

Stone-chippings : (n) سنگریزے ۔

Stone-circle : (n) (اثریات) پتھروں کا گھیرا جو عہد قدیم کے لوگ بناتے تھے ۔

Stone-coal : (n) چھوٹا کوئلہ (جس میں پتھر کا جزو زیادہ ہوتا ہے) ۔

Stone-cold : (a) بالکل ٹھنڈا ۔

Stone-colour : (n) سنگی رنگ : زردی مائل یا سانولا مائل خاکستری رنگ ۔

Stone-coral : (n) ایک قسم کا مرجان (مونگا) ۔

Stone-crab : (n) (۱) بعض قسم کے کیکڑوں کا نام ۔ (۲) ایک پتنگے کا پہل روپ جسے ماہی گیری میں بطور چارہ استعمال کرتے ہیں ۔

Stone-crawfish/ -creyfish : (n) ایک قسم کی جھینگا مچھلی ۔

Stone-cricket : (n) بے پر کا جھینگر ۔

Stone-crusher : (n) سنگ شکن مشین ۔

Stone-curlew : (n) ایک قسم کا پلور (Plover) جس کا گھٹنا موٹا ہوتا ہے ۔

Stone-cutter : (n) (۱) حجار : پتھر ساز ۔ (۲) پتھر کاٹنے کی مشین ۔

Stone-cutter's disease : (n) پتھر تراشوں کے پھیپھڑے کی ایک بیماری جو پتھر کی گرد سانس کے ساتھ اندر جانے سے ہو جاتی ہے ۔

Stone-cutting : (n) حجاری : سنگ سازی ۔

Stone-dead : (a) بالکل مردہ : بالکل ٹھنڈا ۔

Stone-deaf : (a) بالکل بہرا : نپٹ بہرا ۔

Stone-deafness : (n) نپٹ بہراپن ۔

Stone-devil : (n) ایک بڑے شمالی امریکی پتنگے کا لمبی عمر والا گوشت خور پہل روپ ۔

Stone-drag : (n) دیکھو Stone-boat

Stone-dresser : (n) دیکھو Stone-cutter

Stone-dust : (n) گرد بھرا پتھر : پتھر کی گرد ۔

Stone dyke/ -dike : (n) پتھروں کا بنا ہوا مورچہ یا پشتہ ۔

Stone-eater : (n) دیکھو Stone-borer

Stone-engraving : (n) پتھر پر کندہ کاری کا فن : سنگی طباعت ۔

Stone-era : (n) دیکھو Stone-age

Stone-falcon : (n) ایک قسم کا باز ۔

Stone-fall : (n) شہابی پتھر یا پہاڑ پر سے پتھروں کا گرنا ۔

Stone-fence : (n) (۱) سنگی مورچہ : سنگی دیوار : سنگی گھیرا ، احاطہ ۔ (۲) (امریکی عامیانہ) مرکب شراب : وہسکی : جن ، برانڈی اور سیب کی شراب کا مرکب ۔

Stone-fern : (n) پتھریلے علاقوں میں اگنے والا سرخس (Fern) ۔

Stone-fly : (n) سنگ مکھی : ایک قسم کا کیڑا جو پتھروں کے نیچے ملتا ہے اور ٹراؤٹ مچھلی کے شکار میں چارے کا کام دیتا ہے ۔

Stone-fruit : (n) سنگ بر : گٹھلی دار پھل : نوائی ثمر ۔

Stone-ground : (n) چکی میں پیسا ہوا ۔

Stone-hammer : (n) پتھر توڑنے کا ہتھوڑا : پتھر کو چکنا کرنے کا ہتھوڑا : بدان : ملطاس ۔

Stone-hawk : (n) دیکھو Stone-falcon

Stone-heading : (n) (کوئلہ کی کان میں) زمین دوز راستہ جو پتھر یا چٹان سے گزرتا ہے ۔

Stone-hearted : (a) سنگ دل : بے رحم : سخت دل ۔

Stone-horse : (n) دیکھو Stallion

Stone(-) jug : (n) (۱) سنگی جگ ۔ (۲) (عام) قید خانہ : نیوگیٹ کے قید خانے کا نام ۔

Stone-lily : (n) متحجر سوسینہ (جو ڈنٹھل پر لگے سوسن سے مشابہ ہوتا ہے) ۔

Stone-marten : (n) جنوبی یورپ کے نیولے کی قسم کا جانور جس کا سینہ سفید ہوتا ہے اور جس کی دم بہت قیمتی ہوتی ہے: سفید سینہ سمور : سمور زان ۔

Stone-mill : (n) (۱) پیسنے کی مشین ۔ (۲) پتھر چکنا کرنے کی مشین ۔ (۳) پاٹ والی چکی : آٹا پیسنے کی مل جس میں سنگ آسیا استعمال کیا جاتا ہے ۔

Stone-milled : (a) دیکھو Stone-ground

Stone-mint : (n) ایک قسم کی بونی ۔

Stone of stumbling : (n) (۱) رکاوٹ : مزاحمت : مانع : سنگ راہ ۔ (۲) رسوائی یا ٹھوکر کا مقام ۔

Stone of tin : (n) ٹن کے کچ دھات کا ڈلا ۔

Stone-oil : (n) (۱) بیٹومن (Bitumen) کی ایک قسم ۔ (۲) پٹرولیم ۔

Stone-parsley : (n) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Stone-period : (n) دیکھو Stone-age

Stone-pine: (a) جنوبی یورپ کا صنوبر جس کے اوپر کی شاخیں چھتری کی طرح چھائی ہوئی ہوتی ہیں ۔

Stone-pit : (n) پتھر کی کان : کھدان : کھان ۔

Stone-plover : (n) کروان : پلور کی ایک قسم ۔

Stone-pock : (n) (مرضیات) سخت ریم دار مہاسا ۔

Stone-river : (n) صخری ندی ۔

Stone-roller : (n) شمالی امریکا میں پائی جانے والی دو قسم کی دریائی مچھلیاں ۔

Stone-runner : (n) پلور، ٹیٹری وغیرہ اقسام کے بعض پرندے ۔

Stone-sand : (n) پتھر کا چور جو ریت کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے ۔

Stone-saw : (n) سنگارا : پتھر کاٹنے کا آرا جس میں دانت نہیں ہوتے اور ریت کی مدد سے پتھر کاٹتا ہے ۔

Stone-shot : (n) (۱) پتھر کا گولا (توپ سے پھینکنے کے لئے) ۔ (۲) دیکھو Stone's-throw .

Stone-shower : (n) شہاب ثاقب کا گرنا ۔

Stone-slate : (n) سنگی سلیٹ کے چوکے (چھت میں لگانے کے لئے) ۔

Stone-smatch/ Stone-smitch : (n) دیکھو Stonechat

Stone-snipe : (n) امریکی چہا ۔

Stone's throw : (n) پتھر کی زد : جتنی دور پتھر پھینکا جا سکے ۔

Stone-still : (adv.) بالکل خاموش طور پر : بے حس و حرکت ۔

Stone-still : (a) بالکل خاموش: بے حس و حرکت : بالکل ساکت ۔

Stone-wall : (n) (۱) پتھروں کی دیوار یا روک ۔ (۲) (آسٹریلیا) (سیاسی عامیانہ) پارلیمانی کاروائی میں رکاوٹ ۔

Stone-wall : (v) (۱) رکاوٹ ڈالنا (پارلیمنٹ کی کاروائی میں) ۔ (۲) (کرکٹ) نہایت احتیاط سے اس طرح کھیلنا کہ بٹ بالکل نہ دکھائی جائے ۔ (۳) کام نہ چلنے دینا : چلتے کام میں روڑے اٹکانا : مزاحمت کرنا ۔ (۴) سنگی دیوار یا روک کھڑی کرنا ۔

Stone-waller : (n) رکاوٹ ڈالنے والا: بے حد احتیاط کا کھیل کھیلنے والا ۔

Stone-weight : (n) وزن کا پیمان : ۱۹ اسٹون ۔

Stone-work : (n) (۱) پتھروں کی معماری : پتھر کا کوئی ماہرانہ کام : فنی کام ۔ (۲) فنی بتگری : سنگی نقاشی ۔ (۳) سنگ کاری : معماری ۔ (۴) (کوئلے کی کان میں) پتھروں کو (کاٹ کر) زیر زمین راستہ بنانا ۔

Stone worker : (n) پتھروں سے کام کرنے والا : پتھروں کو کاٹنے ، کندہ کاری کرنے یا چکنا کرنے والا : سنگ کار ۔

Stone-yard : (n) باڑا جس میں پتھروں کو توڑا یا کاٹا جاتا ہے ۔

Stonebrash : (n) پتھریلی زمین ۔

Stonechat : (n) چکچکی : ایک خوش آواز چڑیا ۔

Stonecrop : (n) پتھر بیل : ایک قسم کی بیل جو عموماً چٹانوں یا دیواروں پر چڑھتی ہے ۔

Stoned : (a) مخمور : مدھوش ۔

Stonehatch : (n) پلور (Plover) کی ایک قسم ۔

Stonehenge : (n) Salisbury plain کا مشہور سنگی گھیرا ۔

Stoneless : (a) بے گٹھلی کا : بے پتھر کا ۔

Stonelike : (a) پتھر جیسا : حجر نما ۔

Stoneman : (n) (۱) کمپوزیٹر جو ٹائپ کو ترتیب کے ساتھ رکھ کر فرمے میں جماتا ہے ۔ (۲) پتھروں کا کام کرنے والا : سنگ کار ۔ (۳) دیکھو Stone-mason .

Stonemason : (n) پتھر کا معمار : پتھر گھڑنے والا یا پتھر کی عمارتیں بنانے والا معمار : راج : سنگ تراش : سنگ کار ۔

Stonen : (a) سنگی : پتھر کا بنا ہوا ۔

Stoner : (n) (۱) سنگسار کرنے والا: پتھر مارنے والا ۔ (۲) گٹھلی دار پھل سے پتھر (کے ٹکڑے) نکالنے کی ایک ترکیب : کافی یا گیہوں سے پتھر (کے ٹکڑے) نکالنے کی ترکیب : کمائے ہوئے چمڑے کے روئیں جھانوے سے صاف کرنے والا مزدور ۔

Stoner : (n) (سابقہ کے ساتھ) ..... اتنے اسٹون وزن کا ..... اسٹون وزن اٹھانے والا (گھوڑا) ۔

Stonern : (a) دیکھو Stonen

Stonesfield slate : (n) (ارضیات) چونا پتھر اور کلسی بھربھرے پتھر کی پتلی پرت جو آکسفورڈ شائر اور گلوسسٹر شائر میں پائی جاتی ہے ۔

Stoneware : (n) پتھر چینی کے برتن (جو چکنی مٹی اور چقماق کو ملا کر بنائے جاتے ہیں) ۔

Stonewort : (n) کئی قسم کے پودوں اور جھاڑیوں کے نام ۔

Stonily : (adv.) پتھر کی طرح سے : بے حس نظر سے : پتھرائی ہوئی نظر سے ۔

Stoniness : (n) پتھر کا سا ہونا : بے حس ہونا (نظر کا) ۔

Stonk : (v) توپ خانے سے گولا باری کرنا ۔

Stonker : (v) [Origin unkn.] برانا : مات : شکست دینا : ناکارہ یا بیکار بنا دینا ۔

Stonkered : (a) تھکا ہوا : تھکا ماندہ ۔

Stony : (a) [OE. 'Stanig'.] (۱) پتھریلا ۔ (۲) گٹھلی دار : جس میں (بہت سی) گٹھلیاں ہوں ۔ (۳) پتھر کا سا: پتھر کی طرح سخت : پتھر کی طرح بے حس و حرکت : پتھرائی ہوئی (آنکھیں) ۔ (۴) بالکل (صرف Broke کے ساتھ آتا ہے) ۔ (۵) (مجازاً) سخت دل : متمرد ۔ (۶) Stony-broke کا مخفف ۔

Stony-broke : (a) بالکل قلاش : کنگال ۔

Stony-coral : (n) دیکھو Stone-coral

Stony-hearted : (a) سخت دل : بے رحم : سنگ دل ۔

Stony-heartedness : (n) سخت دلی : بے رحمی : سنگ دلی ۔

Stony-pit : (n) ناشپاتی کی ایک بیماری جس میں اس کے اندر سوراخ ہو جاتا ہے اور اس کی شکل بگڑ جاتی ہے ۔

Stony-stare : (n) پتھرائی ہوئی نظر : بے حس نظر ۔

Stood : دیکھو Stand (v)

Stooge : (n) [Origin unkn.] (۱) ظریف کردار کا نشانہ ۔ (۲) ضمنی کردار : کٹھ پتلی : وہ جو دوسروں کے اشارے پر چلتا ہو۔ (۳) مقرر کیا ہوا جاسوس : بھیدیا ۔ (۴) نائب (مشکل یا انوکھی حالت میں) ۔

Stooge : (v) (۱) ظریف کردار کے نشانے کا کام کرنا ۔ (۲) عام رفتار سے گشت لگانا ۔ (۳) سفر کرنا : (خصوصاً) ہوائی جہاز میں پرواز کرنا : گھومنا ۔

Stook : (n) [Late ME. 'Stouk'.] (۱) (اناج کی) بارہ پولیوں کا گٹھا ۔ (۲) انبار : تودہ ۔ (۳) پیال کا گٹھا ۔ (۴) (کوئلہ کی کان) کوئلے کا ستون جو چھت کے سہارے کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے ۔

Stook : (v) پولیوں کا گٹھا بنانا ۔

Stooker : (n) پولیوں کا گٹھا بنانے والا ۔

Stookie : (n) (اسکاچستان) بے وقوف : احمق ۔

Stool : (n) [OE. 'Stol'.] (۱) اسٹول : تپائی ۔ (۲) نیچی بنچ جس پر گھٹنوں کے بل بیٹھتے ہیں ۔ (۳) وہ تپائی جس پر پاؤں رکھے جاتے ہیں ۔ (۴) (تعمیرات) کھڑکی کی داسا یا دہلیز ۔ (۵) قدمچہ : کھڈی ۔ (۶) پاخانہ : اجابت ۔ (۷) براز : پاخانہ : غلیظ ۔ (۸) دابہ : درخت کی جڑ یا ٹھنٹھ جس میں شاخیں پھوٹتی ہیں ۔ (۹) وہ لکڑی جس میں کسی چڑیا کو لٹکا دیتے ہیں کہ اسے دیکھ کر دوسری چڑیاں پھنس جائیں ۔ (۱۰) دیکھو Stool pigeon ۔ (۱۱) (بحری) دنبالۂ جہاز کی سب سے نیچے افقی کڑی جو پتوار کھبے میں لگی رہتی ہے ۔ (۱۲) (بحری) چھوٹا موٹا تختہ جو جہاز کے پہلو میں تین سوراخ والے کندے کے لئے لگا رہتا ہے ۔ (۱۳) (خشت سازی) اینٹ بنانے یا ڈھالنے والے کا سانچہ یا کارخانہ ۔

Office stool : اونچی تپائی جس پر دفتر میں کلرک بیٹھتے ہیں ۔

To fall, come to the ground, or sit between two stools : دگدھا میں مارا جانا : دگدھا میں کسی طرف کا نہ ہونا ۔

Stool : (v) (۱) جڑ سے شاخوں کا پھوٹنا ۔ (۲) اجابت ہونا : پاخانہ ہونا یا کرنا ۔ (۳) دوسرے پرندوں کو پھانسنے والی چڑیا کے ذریعے پھانسنا یا ان کا پھنس جانا ۔ (۴) بھیدیا کا کام کرنا : دوسروں کو پھنسانا ۔

Stool-ball : (n) کرکٹ کی طرح کا قدیم کھیل : جو سسکس میں اب بھی رائج ہے خصوصاً لڑکیوں میں ۔

Stool end : (n) کان میں چٹانوں کو سہارا دینے والا ستون ۔

Stool pigeon : (n) (۱) وہ کبوتر جس سے دوسروں کو پھانستے ہیں ۔ (۲) وہ شخص جس کے ذریعے سے دوسروں کو پھانستے ہیں : لگا کر لے آنے والا : جاسوس : بھیدی ۔

Stool shoot : (n) ٹھنٹھ شاخ : شاخ داب ۔

Stoolie : (n) دیکھو Stool-pigeon

Stoon / Stoond : (n) (۱) لمحہ : وقفہ ۔ (۲) ٹینس : شدید حملہ : صدمہ : شدید درد ۔

Stoop : (n) [Late ME. 'Stulpe, Stolpe'.] (۱) کھمبا : پایہ : ستون ۔ (۲) (مجازاً) سہارا : آسرا ۔

Stoop : (n) (۱) جھکنا : جسم کو آگے کی طرف جھکانا ۔ (۲) (مجازاً) انکسار : التفات : اپنے مرتبے سے اترنا ۔ (۳) خمیدہ قامتی : کندھے جھکا کر چلنے کی عادت ۔ (۴) اونچائی سے نیچے آنا : گرنا : جھپٹ : جھپٹا (شکاری پرندوں کا) ۔

(امریکا اور کناڈا) مکان کے آگے یا سامنے کا چبوترہ؛ پیش چبوترہ؛ تھڑا۔ [Du. 'Stoep'.] Stoop : (n)

(۱) جھکنا۔ (۲) اپنی شان سے فروتر کام کرنا؛ اپنے مرتبے سے اتر کر کرنا؛ اُتر آنا (کسی ذلیل حرکت پر)؛ انکساری کرنا۔ (۳) سر اور کندھے جھکا کر چلنا (عادتاً)؛ کندھوں میں خم ہونا۔ (۴) جھپٹنا؛ گرنا (باز کا شکار پر یا (مجازاً) ایک شخص کا دوسرے شخص پر)۔ [OE. 'Stupian'.] Stoop : (v)

To stoop to conquer : دب کر کام نکالنا؛ ذلت اٹھا کر فتح پانا۔

(۱) صراحی؛ بادیہ؛ پیالہ۔ (۲) وہ برتن جس میں دم کیا ہوا پانی یا پاک پانی رکھا جاتا ہے۔ (۳) ایک پیمانہ۔ Stoop : (n)

Stoop and roop : (adv.) (اسکاچستان) مکمل طور پر؛ پوری طرح۔

Stoop-ball : (n) بیس بال (Base ball) سے مشابہ ایک کھیل۔

Stoop crop : (n) فصل جس میں بہت زیادہ محنت کی ضرورت ہو۔

Stoop labour : (n) (۱) کڑی محنت (خصوصاً فصل اپجانے میں)۔ (۲) کڑی محنت سے کھیتی کرنے والا مزدور۔

Stoop labourer : (n) کڑی محنت کرنے والا مزدور۔

Stooped : (a) جھکا ہوا؛ خم کھایا ہوا؛ آگے کو جھکا ہوا (کندھا یا سر)۔

Stooper : (n) پیپے کو آگے جھکانے کا پچڑ؛ جھکنے والا؛ (سر اور کندھے) جھکا کر چلنے والا۔

Stooping : (a) جھکا ہوا۔

Stoopingly : (adv.) جھک کر؛ سر اور کندھے جھکا کر۔

Stoor : (۱) جنگ؛ لڑائی؛ محاربہ۔ (۲) دیکھو Stour

Stop : (n) (۱) موقوفی؛ وقفہ؛ رکاؤ؛ ٹھہراؤ؛ روک؛ رکاوٹ۔ (۲) وقفہ؛ علامت اوقاف (خصوصاً کوما، نصف کولن یا فل اسٹاپ)۔ (۳) (موسیقی) سُر کا مدھم ہونا۔ (۴) لیور، پتی وغیرہ جس کے ذریعے سُر مدھم کیا جائے؛ پردۂ کلید۔ (۵) (آرگن) وہ پرنے جس سے ایک خاص سُر نکلتا ہو؛ وہ لٹو جس کے ذریعے یہ پرنے کھولے یا بند کئے جاتے ہیں۔ (۶) خاص لہجہ (مثلاً غم کا، غصے کا، شیخی کا) جسے کوئی شخص دوسروں پر اثر ڈالنے کے لئے اختیار کرے۔ (۷) کھونٹی، ٹنڈا وغیرہ جس سے کسی خاص چیز کی حرکت خاص مقام پر رد کی جاسکے۔

(۸) (فوٹوگرافی) پردۂ سیاہ۔ (۹) (حیوانیات) حرف صحیح کی ساکن آواز۔ (۱۰) (بحری) ڈوری؛ نچلے سر مستول کا آگے نکلا ہوا حصہ۔ (۱۱) ممانعت؛ تعطل (تجارت میں)؛ روک؛ (چک، بل وغیرہ) روکنا یا روکنے کا حکم دینا۔ (۱۲) بند کرنا؛ بھرنا (جوف، درز، شگاف وغیرہ)۔ (۱۳) پڑاؤ؛ ٹھہراؤ؛ تھہرنا؛ آگے نہ بڑھنا۔ (۱۴) عارضی قیام؛ اقامت۔ (۱۵) منزل؛ پڑاؤ؛ عارضی قیام گاہ۔ (۱۶) گاڑیوں کی آمد و رفت میں رکاوٹ (زیادہ گاڑیوں کے جمع ہو جانے کی وجہ سے)۔ (۱۷) توقف؛ تامل؛ وقفہ؛ تقریر میں بیچ میں رک جانا۔ (۱۸) بھول بھلیاں کی اندھی گلی۔ (۱۹) (میکانیات) گیرہ؛ کتا؛ آڑ۔ (۲۰) چوکٹھے میں لگے ہوئے لکڑی کے دو ٹکڑوں میں سے ایک جس پر دروازہ بند ہوتا ہے۔ (۲۱) (بصریات) سوراخ دار تختی یا پردہ جو عدسے کے گرد روشنی کی حدی شعاعوں کو روکتا ہے۔ (۲۲) (تعمیرات) مسطح سطح کا آخری سرا۔ (۲۳) ڈاٹ؛ ڈٹا؛ گٹا؛ میخ؛ پچڑ۔ (۲۴) (موسیقی) مرکب سُر جس کو نکالنے میں سب تاروں کو روک دیا جاتا ہے۔ (۲۵) (کلہ بازی) حفاظتی وار؛ حریف کے وار کو روکنے والا وار۔ (۲۶) (کشتی) جوابی داؤ۔ (۲۷) (شکار) وہ شخص جو شکار کو زد کے اندر رکھنے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے۔ (۲۸) کتے کی پیشانی اور ناک کے درمیان کا نشیب۔ (۲۹) بھٹ جس میں مادہ خرگوش اپنے پچھلے پاؤں کو چھپا کر رکھتی ہے۔ (۳۰) (امریکا کا کترنے والا جانور) کابی کے پچھلے پاؤں کا سفید نشان۔ (۳۱) (تاش) (پوپ جان کھیل میں) وہ پتا جو کسی رنگ کے سالمے کو ختم کر دیتا ہے (برج میں) وہ پتا جس پر اسی رنگ میں ہاتھ لینے پر بھروسا کیا جا سکتا ہے (اسی رنگ کے دوسرے پتوں کے ساتھ)۔

Full stop : (۱) کسی جملے کا اختتام؛ فل اسٹاپ۔ (۲) (مجازاً) بالکل بند ہو جانا؛ مکمل روک یا اختتام۔

To come to a full stop : بالکل بند ہو جانا؛ بالکل رک جانا۔

To make a stop : رک جانا؛ ٹھہر جانا۔

To put a stop to : روکنا؛ باز رکھنا؛ ٹھہرانا۔

Stop : (v) (۱) (سوراخ وغیرہ کو کسی چیز سے) بھرنا؛ بند کرنا۔ (۲) روکنا؛ ترقی نہ کرنے دینا؛ ٹھہرانا؛ بند کرنا؛ مسدود کرنا؛ آگے بڑھنے سے روک دینا۔ (۳) روک دینا؛ بند کر دینا (ادائی وغیرہ)۔ (۴) باجے کے سُر کو مدھم کرنا (سوراخ بند کر کے یا تار لگا کر)۔ (۵) رک جانا؛ ٹھہر جانا؛ بند ہو جانا؛ مسدود ہو جانا۔ (۶) (بول چال) رہنا؛ قیام کرنا؛ ٹھہرنا؛ ٹھہر جانا؛ ٹھہرے رہنا؛ عارضی طور پر قیام کرنا۔ [OE. 'Stoppian'.]

انکار کرنا ؛ ایک نہ سننا۔

To stop (one's own or another's) mouth : (۱) منہ بند کرنا ۔ (۲) خاموش کر دینا ؛ خاموش رہنے پر مجبور یا آمادہ کرنا ؛ زبان بند کر دینا (رشوت سے یا دوسرے طریقے سے) ؛ افشائے رازنہ کرنے دینا ۔

To stop one's way : راہ میں حائل ہونا ؛ مخالفت کرنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ ترقی نہ کرنے دینا ۔

To stop payment : (۱) بینک کو (بل ، چیک وغیرہ کی) ادائی روک دینے کی ہدایت دینا ۔ (۲) خود کو دیوالیہ قرار دینا ؛ مطالبے کی ادائی سے معذوری ظاہر کرنا ۔

To stop short : (تقریر کے دوران) روک دینا ؛ اچانک رک جانا۔

To stop the breath of : گلا گھونٹ دینا ؛ دم گھونٹ دینا۔

To stop the cable : رسے کو تیزی سے کھلنے سے روکنا۔

To stop the press : طباعت کا کام روک دینا (خصوصاً کچھ اندراج یا شامل کرنے کی غرض سے) ۔

To stop the tide : جہاز کو مدو جزر کے ساتھ بہنے سے روکنا۔

To stop up : (بحری) ڈوری سے باندھنا۔

Stop : (a) (۱) روکنے والا ۔ (۲) ساکن آواز والا (حرف صحیح وغیرہ)۔

Stop a moment : ذرا ٹھہرو ؛ ایک لمحے کے لئے رکو ۔

Stop-and-go : (a) ٹریفک کی روشنی سے منضبط ہونے والا ۔

Stop-block : (n) ریل کی پٹری کے آخری کنارے کا ٹکر روک۔

Stop-board : (n) حرکت روک تختہ ۔

Stop-buffer : (n) دیکھو Stop-block

Stop-clock : (n) روک گھڑی یا کلاک (جس میں اپنی مرضی کے مطابق چلانے اور روکنے کی ترکیب ہوتی ہے) ۔

Stop-cock : (n) (۱) روک ؛ ڈاٹ ۔ (۲) ٹونٹی ۔

Stop-collar : (n) (مشین میں) وہ کپڑا جو دھرے کی حرکت کو روکتا ہے ۔

(۷)عبارت میں اوقاف وغیرہ لگانا ۔ (۸) (بحری) رسی وغیرہ لگانا ۔ (۹) (کندہ کاری) جن حصوں کو تیزاب کے اثر سے بچانا ہو ان پر کسی چیز کی تہ چڑھانا ۔ (۱۰) (فوٹوگرافی) عدسے کے ایک حصے کو سیاہ پردے سے چھپانا ۔ (۱۱) (ٹائپ سازی) کسی چیز سے بھر دینا (۱۲)(سڑے ہوئے دانت کے) جوف کو بھرنا ۔ (۱۳)(برتن وغیرہ کے) منہ بند کرنا ؛ کاک لگانا ؛ کاک لگے ہوئے برتن میں بند کرنا ۔ (۱۴) کسی عضو کے خارجی یا بیرونی سوراخ کو بند کرنا (دو حصوں کو دبا کر کسی چیز سے) ۔ (۱۵) (قنات نلی وغیرہ کو) بند کر دینا ؛ روک دینا ۔ (۱۶) پائپ میں تمباکو کو دبا دبا کر بھرنا ۔ (۱۷)(چڑیا کو بندوق سے مار گرانا ؛ (حملہ آور دشمن یا جنگلی جانور کے) نرغے یا حملے کو روک دینا ۔ (۱۸)(مکابازی ، شمشیر زنی) جوابی وار کرنا ؛ جوابی وار کے ذریعے حریف کے وار کو روک دینا ۔ (۱۹)(باغبانی) نوچنا (کونپل وغیرہ) ۔ (۲۰) راہ میں روکنا ؛ بیچ میں روک دینا ۔ (۲۱) جہاز کے لنگر کے رسے کو ڈھیلا کرکے جہاز کو لنگر انداز کرنا۔(۲۲)(تعمیرات) (محراب دار چھت کی ڈاٹ ، مسطح سطح وغیرہ کو) مکمل کرنا (کسی خاص شکل یا وضع میں) ۔ (۲۳)(حیوانیات) بولنے میں سانس یا آواز کو روکنا ۔ (۲۴) کام چھوڑ دینا یا موقوف کر دینا ۔ (۲۵) (تقریر وغیرہ میں) رک جانا ۔ (۲۵) محدود کر دینا ؛ حد کے اندر رہنا ۔ (۲۷) رک جانا ؛ بند ہو جانا ؛ ہچکچانا ۔ (۲۸)محدود ہونا ۔ (۲۹) کسی سلسلے کا موقوف ہو جانا ۔ (۳۰) (نظم میں) وقفہ دینا ۔ (۳۱) (کرکٹ) دفاعی کھیل کھیلنا ؛ بال پر بٹ (ضرب) نہ لگانا ؛ (فیلڈر کا) گیند کو روک لینا ۔

To stop a bullet : گولی کھانا ۔

To stop a gap : دفع الوقتی کرنا؛عارضی طور پر کام چلانا ۔

To stop a leak : چھید یا سوراخ بند کرنا ؛ دڑار بھرنا۔

To stop a stock : معاہدہ کے وقت کی قیمت پر مخصوص تعداد میں حصص کو بعد میں خریدنے یا فروخت کرنے کا معاہدہ کرنا ۔

To stop at nothing : تمام رکاوٹوں کو پار کر جانا ؛ بڑھتے رہنا ۔

To stop back : کونپل نوچنا ۔

To stop behind : (کرکٹ) وکٹ کیپر کے پیچھے کھڑا ہونا ۔

To stop (one's own or another's) ear or ears : (۱) (مجازاً) کانوں میں انگلیاں دے لینا ۔ (۲) سننے سے

Stop down : (v) عدسے کے ایک حصے کو سیاہ پردے سے چھپانا۔

Stop-drill : (n) روکدار برما (جس میں روک لگی ہوتی ہے کہ زیادہ گہرا نہ چلا جائے)۔

Stop-gap : (n) (۱) دفع الوقتی کی ترکیب؛ وہ چیز جس سے عارضی طور پر کام چلے۔ (۲) عارضی قائم مقام۔ (۳) سلسلۂ گفتگو کو جاری رکھنے کے لئے کچھ کہنا۔

Stop-gap : (a) عارضی۔

Stop-gate : (n) (۱) ریل کی چوپڑ کا پھاٹک۔ (۲) وہ پھاٹک جس کے ذریعے نہر کے ایک حصے کا پانی دوسرے میں جانے سے روکا جا سکتا ہے (پشتہ یا باندھ ٹوٹنے کی حالت میں)۔

Stop her : (۱) (بحری) رسے کو کھلنے سے روکنے کا حکم۔ (۲)(بحری) (چھوٹے جہاز، کشتی پر) انجن بند کرنے کا حکم۔

Stop-knob : (n) وہ لٹو جس سے آرگن کے ہرنے کھلتے بند ہوتے ہیں۔

Stop-loss : (a) مزید نقصان کو روکنے والا۔

Stop-loss order : (n) (۱) مشروط فرمائش (آرڈر جو دلال کو دیا جائے کہ جب اسٹاک فلاں قیمت تک پہنچ جائے تو خرید لو یا بیچ لو)۔ (۲)عدالت کی تحویل میں رکھے ہوئے فنڈ کی ادائی روک دینے کا لارڈ چانسلر کی عدالت کا حکم۔

Stop-motion : (n) حرکت روک؛ (خود کار طور پر یا خواہش کے مطابق) مشین کو روکنے کی ترکیب۔

Stop-motion : (n) محرک تصویر سے متعلق جس کی تصویر کشی عام رفتار سے کم رفتار میں کی گئی ہو مگر عام طور پر پردے پر عام رفتار کے ساتھ دکھائی جائے۔

Stop-net : (n) (۱) وہ جال جو دریا میں مچھلیوں کو روکنے کے لئے لگا دیا جاتا ہے۔ (۲) (مختلف کھیلوں میں) گیند کو روکنے والا جال۔

Stop-netting : (n) مچھلی پکڑنے کے لئے دریا میں جال وغیرہ کو لگانا۔

Stop off : (v) (۱) (ڈھلائی میں) ٹھپے کے اس حصے کو جس سے کام نہ لینا ہو بھر دینا۔ (۲) دیکھو Stop out۔

Stop-off : (n) ٹھہرنا؛ قیام؛ عارضی قیام۔

Stop-off : (a) ٹھپے کے کام نہ آنے والے حصے کو بھرنے والا۔

Stop on : (v) ایک جگہ پر یا ایک ملازمت کو جاری رکھنا۔

Stop-order : (n) دیکھو Stop-loss order

Stop-out : (v) (۱) (کندہ کاری) جن حصول کو تیزاب کے اثر سے بچانا ہو ان پر کسی چیز کی تہ چڑھانا؛ (چھاپے جانے والے حصے کو) کسی چیز سے جس سے چھپائی نہیں ہوتی ڈھک دینا یا جو طباعت روک دے۔ (۲) دانتوں پر سیاہ موم چڑھانا (تاکہ وہ نظر نہ آئیں)۔ (۳) مشروط فرمائش (Order) پر تمسکات فروخت کرنا۔

Stop-over : (n) (۱) قیام؛ سفر کے دوران قیام؛ ٹھہر جانا۔ (۲)پڑاؤ؛ عارضی طور پر ٹھہرنے کا مقام؛ عارضی قیام گاہ۔

Stop-payment : (n) (بینک کو) ادائی روک دینے کا حکم۔

Stop piece/ -pin : (n) حرکت روک پن یا پرزہ۔

Page No. 443 not found

Stop-press : (n) (۱) اخبار کا وہ کام یا خالی جگہ جہاں دیر سے ملنے والی خبریں چھاپی جاتی ہیں۔ (۲) دیر سے ملنے والی خبروں کو چھاپنے کے لئے طباعت کو روک دینا۔ (۳)آخری خبر یا آخر میں ملنے والی خبریں؛ مزید خبر۔

Stop-press : (a) (۱) (خبر) جو اخبار کے چھپنے کے دوران میں شامل کی جائے۔ (۲) (اخبار) جس میں دیر سے ملنے والی خبریں چھپی ہوں۔ (۳) بر وقت؛ بر محل؛ بہت موقع کا۔

Stop-quoin/ -coin : (n) بندوق کی نالی سیدھی کرنے کا کھٹکا۔

Stop-rod : (n) حرکت روک سلاخ۔

Stop-seine : (n) دیکھو Stop-net

Stop-sign : (n) عموماً ہشت پہل نشان (ٹریفک کا) جس کا مطلب ہے کہ سبھی گاڑیوں کو شاہراہ میں داخل ہونے یا اس گزر جانے سے پہلے اس مقام پر ٹھہرنا ہے۔

Stop-stroke : (n) (کروکے کھیل میں) ایک ضرب جس سے وہ گیند جس کو مارا جاتا ہے وہ کچھ دور چلی جاتی ہے اور جس گیند سے مارا جاتا ہے وہ کم و بیش ساکت رہتی ہے۔

Stop-street : (n) وہ سڑک جس پر دوسری شاہراہ پر جانے سے پہلے رکنا ضروری ہوتا ہے۔

Stop-tap : (n) دیکھو Stop-cock

Stop-tester : (n) ایک آلہ جس سے وہ فاصلہ ناپا جاتا ہے جہاں تک جا

کر گاڑی رک جائیگی۔

Stop thief : (n) چور چور پکارنا۔

Stop-thrust : (n) (شمشیر بازی) جوابی وار (دشمن کے وار کو روکنے کی لئے)۔

Stop-up : (v) (۱) کالج یا جامعہ میں رہ جانا (چھٹیوں کے زمانے میں)۔ (۲) جاگتے رہنا؛ سونے کے لئے نہ لیٹنا۔

Stop-valve : (n) نل روک؛ روک والو؛ کھل مندن جو نل میں لگا دیتے ہیں کہ پانی بہہ نہ جائے۔

Stop-volley : (n) (ٹینس) والی روک؛ جال کے قریب کھڑے ہو کر حریف کی والی اس طرح روکنا کہ وہ جال کی دوسری طرف گر کر وہیں رہ جائے۔

Stop-watch : (n) روک گھڑی؛ چل رکنی گھڑی (جس میں روک لگی ہوتی ہے کہ جب چاہیں چلا دیں اور جب چاہیں بند کر دیں)۔

Stop-water : (n) (۱) (بحری) جہاز کی رفتار کم کرنے کے لئے کوئی چیز پانی میں گاڑنا۔ (۲) ڈاٹ وغیرہ کسی جوڑ کو پن روک بنانے کے لئے۔

Stop-work : (n) (۱) گھڑی کی کنجی کو ضرورت سے زیادہ گھمانے سے روکنے کے لئے بنائی ہوئی ترکیب۔ (۲) بڑتال؛ اسٹرائک۔

Stopback : (n) شفتالو اور ناشپاتی کے درختوں کی ایک بیماری۔

Stopbank : (n) (آسٹریلیا) دریا کے طوفان سے بچاؤ کے لئے پشتہ۔

Stope : (n) (کان کنی) کھڈ کے کنارے کی زینہ نما کھدائی۔

Stope : (v) زینہ نما کھدائی کرنا؛ افقی طور پر کھدائی کرنا (طبق در طبق)۔

Stope-drill : (n) زینہ نما کھدائی میں استعمال ہونے والا دستی روکدار برما۔

Stopless : (a) بے روک؛ بے اوقاف۔

Stoplight : (n) (۱) روک بتی (موٹر کار وغیرہ کی)۔ (۲) ٹریفک (آمد و رفت کی) روشنی یا سگنل۔

Stoppable : (a) روکنے کے لائق؛ روکے جانے کے لائق۔

Stoppage : (n) (۱) موقوفی؛ رکاؤ؛ ٹھہراؤ؛ توقف؛ بندش۔ (۲) منہائی؛ مجرائی؛ منہا شدہ رقم۔ (۳) رکاوٹ؛ روک؛ مزاحمت۔ (۴) سڑک پر گاڑیوں کا رک جانا۔ (۵) (مرضیات) مسدود حالت؛ پھنس جانا؛ جسم کے کسی عضو کا کام نہ کرنا۔ (۶) مسافر یا مال ڈھونے والی گاڑی یا مال (تجارت) جو لے جایا جا رہا ہو، راستے میں روک لیا جانا (ناجائز چیز ہونے کے شبہ میں جانچ کے لئے)۔ (۷) ادائی روک دینا۔ (۸) بڑتال؛ اسٹرائیک۔ (۹) خود کار یا نیم خودکار اسلحہ کا کام نہ کرنا یا پھنس جانا۔ (۱۰) تھوک مال پر ہی ٹیکس لے لینا؛ ذریعہ آمدنی ہی سے ٹیکس محصول کر لینا۔ (۱۱) کسی چیز کی فراہمی کی موقوفی۔

Stoppage in transitu : (n) مال بیچنے والے کا یہ حق کہ خریدار تک پہنچنے سے پہلے ہی مال واپس منگا لے (دیوالیہ وغیرہ ہونے کی خبر سننے پر)۔

Stopped : (a) (۱) بند؛ رکا ہوا؛ پھنسا ہوا۔ (۲) روکا ہوا؛ ٹھہرایا ہوا۔ (۳) سانس روک کر ادا کیا ہوا (حرف صحیح)۔ (۴) (برج کھیل) (رنگ) جس میں ایک ہاتھ سے زیادہ نہ بن سکے۔

Stopped flute : (n) بانسری جس کا ایک حصہ محدب ہو۔

Stopper : (n) (۱) روکنے والا؛ رکنے والا؛ قیام کرنے والا؛ ٹھہرنے والا۔ (۲) ڈاٹ (بوتل وغیرہ)۔ (۳) (تمباکو پینے کے) پائپ کی ڈاٹ جس سے تمباکو کو دباتے ہیں۔ (۴) (بحری) بندہ، رسی، پتر، جوڑ وغیرہ جس سے رسا جکڑ دیا جاتا ہے۔ (۵) تازی کتے کے پاؤں کے تلوے کا بالائی حصہ۔ (۶) روک؛ روکنے والی چیز؛ مشین روک ترکیب۔ (۷) (تاش، برج کھیل میں) دیکھو Stop۔ (۸) جزائر الغرب الہند کے بعض درختوں کے نام۔ (۹) (سوراخ وغیرہ) بھرنے کا مسالا۔ (۱۰) توجہ مبذول کرنے والی چیز۔ (۱۱) دیکھو Earth stopper؛ شکار کرنے سے قبل لومڑیوں کے سوراخوں کو بند کرنے والا شخص۔

To put a stopper on : روکنا؛ باز رکھنا؛ ٹھہرانا۔

Stopper : (v) (۱) جہاز کے رسے کو بند سے جکڑنا۔ (۲) ڈاٹ لگانا۔ (۳) (عام) روکنا؛ باز رکھنا۔

Stopper-bolt : (n) (عرشے کی) وہ بلی یا کھٹکا جس میں جہاز کے رسے کو باندھا جاتا ہے۔

Stopper-knot : (n) (بحری) گرہ جو رسے کو سوراخ سے گزرنے نہیں دیتی ہے۔

Stoppered : (a) ڈاٹ دار۔

Stopperless : (a) بے ڈاٹ کا۔

Stopping : (n) (۱) روکنا : قیام کرنا : بند کرنا۔ (۲) کوئی چیز جس سے سوراخ ، درز ، شگاف وغیرہ بھرا جاتا ھے : بھرائی۔ (۳) (بیطاری) چکنائی لگی ہوئی گدی جو گھوڑے کی نعل کے اندر رکھ دی جاتی ھے تا کہ گھوڑے کا پاؤں تر رھے ؛ سوراخ وغیرہ بھرنے کا مسالا ، دھات ، سونے وغیرہ کی بھرائی (دانت کے خول میں)۔ (۴) تختوں کی اوٹ ھوا آنے کے راستے میں۔ (۵) اوقاف لگانا۔ (۶)پتر کا ٹھوس سرا۔

Stopping : (a) رکنے والا : ٹھہرنے والا یا والی۔

Original page 443 not found

Storable : (a) قابل ذخیرہ : جو جمع کر کے رکھا جا سکے : رکھوانے کا : رکھنے کا : ذخیرہ اندوزی کا۔

Storable : (n) قابل ذخیرہ چیز۔

Storage : (n) (۱) گودام کی گنجائش یا وسعت : رکھنے کی جگہ۔ (۲) مال کو گودام میں رکھنا : چیزوں کو ذخیرے میں رکھنے کا طریقہ : تذخیر : ذخیرہ کاری : ذخیرہ اندوزی۔ (۳) مال کو گودام میں رکھنے کا محصول : رکھوائی۔ (۴)گودام : ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ (۵) برقی توانائی کی کیمیائی توانائی میں تبدیلی (جس سے دوبارہ بجلی حاصل کی جا سکے)۔ (۶) کمپیوٹر کا وہ پرزہ جس میں تمام معلومات وغیرہ ریکارڈ کر دیئے جاتے ہیں۔

Cold storage : (۱) تبرید۔ (۲) (کھانے پینے کی چیزوں کو) تبرید میں رکھنا۔

Storage battery : (n) جامع بیٹری : ذخیرۂ برق (جس میں خارجی ذرائع سے برقی قوت حاصل کر کے جمع کر لی جاتی ھے اور وقت ضرورت استعمال کی جاتی ھے)۔

Storage car : (n) ریل گاڑی کا ڈبہ جس میں وہ پارسل اور ڈاک لے جائے جاتے ہیں جن کو راستے میں چھانٹنے اور تقسیم کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

Storage cell : (n) (برقیات) جامع خانہ۔

Storage-heater : (n) ذخیرہ کی ہوئی حرارت سے گرم کرنے کا آلہ۔

Storage in transit : (n) کسی درمیانی مقام پر ایسے مال کا ذخیرہ کرنا یا گودام میں رکھنا جس کو مقررہ مدت میں دوبارہ جہاز پر لاد کر اس کی منزل کی طرف روانہ کرنا ہو۔

Storage life : (n) وہ مدت جب تک کسی چیز کو ذخیرہ کیا جا سکے اور وہ قابل استعمال رھے۔

Storage-spot : (n) پھلوں اور سبزیوں کا داغ جو تبرید میں پڑ جاتا ھے۔

Storage tank : (n) حوض ذخیرہ : ذخیرۂ آب۔

Storage tuber : (n) (نباتیات) بصلہ جس میں پودے کے لئے غذا ذخیرہ ہوتی ھے۔

Storage wall : (n) دیواری الماری۔

Storage yard : (n) ریلوے یارڈ جس میں ریل کے وہ ڈبے رکھے جاتے ہیں جو استعمال میں نہ ہوں۔

Storax : (n) (۱) سلاجیت : سلارس : ایک قسم کا خوشبودار روغن جو ایک درخت کے گوند سے نکلتا ھے۔ (۲) وہ درخت جس سے سلاجیت نکلتا ھے۔ [L.]

Liquid storax : روغن بلساں۔

Store : (n) (۱) ذخیرہ : بڑی مقدار۔ (۲) دکان ، کوٹھی (خصوصاً امریکا)۔ (۳) (برطانیہ) جنرل اسٹور : بڑی دکان جس میں ہر قسم کی چیزیں ملتی ہیں۔ (۴) (جمع) اسٹور : خاص قسم کے مال کی دکان جو کسی خاص مقصد سے قائم کی جاتی ھے۔ (۵) بھیڑ ، گائے ، سور وغیرہ جسے فربہ کرنے کے لئے حاصل کیا جائے یا رکھا جائے۔ (۶)گودام: سامان خانہ : مال خانہ۔ (۷) بیش بہا یا قابل قدر چیز۔ (۸) (عام) کوئی دکان ، کارخانہ وغیرہ جسے دکھا کر فریبی یا دھوکا باز لوگوں کو ٹھگتے ہیں۔ (۹) کھیل کے تختے کا وہ حصہ جہاں گوٹیوں وغیرہ کو رکھتے ہیں جب استعمال نہ ہو رہی ہوں ، یا کھیل میں ان سے کام نہ لیا جا رہا ہو۔ (۱۰) کمپیوٹر کا وہ پرزہ جس میں تمام اعداد و شمار وغیرہ ریکارڈ کرائے جاتے ہیں۔ (۱۱) کارخانے کی خام اشیاء۔

In store : (۱) مہیا۔ (۲) ہونے والا : پیش آنے والا : مقدر میں۔

In store for : منتظر (کسی کا)۔

Store is no sore : (دولت ، ثروت وغیرہ کی) بہتات ، افراط سے نقصان نہیں ہوتا۔

To keep (young animals) for store : (جانوروں کے بچوں کو) فربہ بنانے کے لئے رکھنا۔

To lay in a store : ذخیرہ میں ہونا۔

To set store by : قدر کرنا ؛ اہم سمجھنا ۔

Store : (a) (۱) رکھنے کا (برتن ، گھر ، گودام وغیرہ) ۔ (۲) افزائش نسل کے لئے (رکھا ہوا جانور) ؛ فربہ بنانے کے لئے (خریدا ہوا جانور) ۔ (۳) اسٹور (دکان) سے متعلق یا وہاں سے خط خریدا ہوا ۔ (۴) جنرل اسٹور کا ۔ (۵) جو آئندہ استعمال کے لئے رکھا جائے ۔

Store : (v) (۱) کسی چیز کا ذخیرہ جمع کرنا یا ذخیرہ کرنا ؛ بھرنا ۔ (۲) جمع کر کے رکھنا ؛ (آئندہ کے لئے ذخیرہ کرنا) ۔ (۳)(فرنیچر وغیرہ) رکھوانا (گودام میں عارضی طور پر حفاظت کے لئے) ۔ (۴) (ظرف ، کمرے وغیرہ میں) گنجائش ہونا ؛ سمانا ۔ (۵) (آدمی یا کسی جگہ کے لئے) کوئی چیز مہیا کرنا ؛ فراہم کرنا ۔ (۶) ذخیرہ اندوزی کرنا ۔

Store-bought : (a) اسٹور سے خریدا ہوا ؛ تیار ؛ خریدا ہوا ؛ تجارتی؛ عام طرح کا ۔

Store-boughten : (a) دیکھو Store-bought

Store cattles : (n) رکھنے کے جانور جو ابھی ذبح کرنے کے لئے تیار کئے جا رہے ہوں ۔

Store-chesse : (n) دیکھو Cheddar

Store clothes : (n) سلے سلائے کپڑے جو دکانوں میں بکتے ہیں ۔

Store farm : (n) فارم جہاں جانور پالنے کے لئے یا افزائش کے لئے رکھے جاتے ہیں ۔

Store pay : (n) مال یا محنت کی ادائی اشیاء کی صورت میں (دکان یا اسٹور سے) ۔

Store-room : (n) (۱) گودام ؛ مودی خانہ ؛ جنس کی کوٹھری ؛ اناج گھر ۔ (۲) (گودام وغیرہ میں) اشیا کے رکھنے کی جگہ ؛ بھنڈار ۔

Store-ship / Storeship : (n) رسد کا سرکاری جہاز (جو بیڑے کو یا خانے کی فوج کو رسد پہنچاتا ہے) ۔

Store-ledger : (خام مال اور مصنوعات کی) دوامی فہرست ۔

Stored : (a) ذخیرہ کیا ہوا ؛ جمع کیا ہوا ۔

Storeen : (n) [Ir. Sael. 'Stoirin'.] (آئرستان) دیکھو Darling

Storesfront : (n) (۱) اسٹور یا اسٹور کی عمارت کے سامنے کا رخ جو سڑک کی طرف ہو ۔ (۲) وہ عمارت جس میں اسٹور کا رخ سڑک کی طرف ہو ۔

Storehouse : (n) (۱) ذخیرہ ؛ گودام ؛ کھتا ؛ کوٹھی (غلے کی) ؛ سامان خانہ ؛ مال خانہ ۔ (۲) (مجازاً) مخزن ؛ خزانہ (جہاں مال رکھا ہوا ہو یا رکھا جائے) ۔

Storehouse beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا جو جانوروں اور سبزیوں کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Storekeep : (v) دکان داری کرنا ۔

Storekeeper : (n) (۱) سامان دار ؛ محافظ ذخیرہ (خصوصاً فوجی اسٹور کا) ۔ (۲) دکان دار ۔

Storeman/ Storesman : (n) (۱) دیکھو Store-keeper ۔ (۲) گودام میں مال رکھنے والا شخص ۔

Storer : (n) ذخیرہ کرنے والا ؛ ہنگامی حالات کے لئے ذخیرہ کرنے والا ۔

Storeria : (n) [L.] شمالی امریکا کا ایک بے ضرر سانپ ۔

Storewide : (a) بشمول کل اشیاء یا زیادہ سے زیادہ سامان تجارت (اسٹور یا دکان کا) ۔

Storeyard : (n) احاطہ یا باڑا جس میں مال یا رسد رکھتے ہیں ۔

Storey : (n) (۱)سرگذشت ؛ پچھلے واقعات ۔ (۲) بیان (کسی واقعے کا)؛ قصہ ؛ کہانی ؛ افسانہ ؛ ناول؛ داستان ؛ حکایت ۔ (۳)(ناول وغیرہ میں) پلاٹ ؛ واقعات ؛ قصہ ۔ (۴) قابل ذکر واقعہ ۔ (۵) (بچوں کی زبان میں) جھوٹ ؛ من گھڑت کہانی ؛ گپ ؛ جھوٹا ۔ (۶)قصہ ؛ روایت ۔ (۷) کہانی یا قصے کا موضوع ؛ مذاق کا نشانہ ۔ (۸) (امریکا) اخبار کا حکایتی یا بیانی مضمون ۔ (۹) روایت ؛ افسانہ ؛ رومان ۔

Storeyed : (a) دیکھو Storied

Storge : (n) [Gr.] شفقت (خصوصاً والدین کی بچوں کے لئے) ؛ قدرتی لگاؤ ؛ اُنس ۔

Storiate : (v) تاریخی افسانوی یا نمائندہ موضوعات کی تصویر دل سے آراستہ کرنا ۔

Storiated : (a) (سر ورق) منقش اور آراستہ ؛ جس میں بڑے تکلیف سے یا پر تکلف طور پر نقش و نگار بنائے گئے ہوں ۔

Storiation : (n) تاریخی موضوعات کو تصویروں سے آراستہ کرنا ۔

Storied : (a) (۱) تاریخی یا افسانوی مناظر سے آراستہ ؛ بت گری ؛ مصوری یا دوسرے فن کے ذریعے ۔ (۲) جس کی کہانیاں کہی جاتی ہیں ؛ جو کہانیوں میں مشہور ہو ؛ زبان زد ۔ (۳) کہانی کا؛ افسانے کا ؛ راویتی ؛ تاریخی ۔

Storied : (a) منزلہ ؛ منزلوں والی (عمارت) ۔

Storiette : (n) مختصر کہانی ۔

Storify : (v) (شاذ) کہانی میں بیان کرنا ۔

Storin : دیکھو Storeen

Storiological : (a) قصصیاتی ؛ قصصیات سے متعلق ۔

Storiologist : (n) قصصیات داں ۔

Storiology : (n) قصصیات ؛ مشہور کہانیوں یا افسانوں کا باقاعدہ مطالعہ (اس کے ماخذ اور ارتقاء کے لحاظ سے) ۔

Storis : (n) [Dan. 'Stor'.] برف کی سلوں اور تودوں کا بہتا ہوا انبار ۔

Stork : (n) [OE. 'Storc'.] (۱) لق لق ؛ سارس ۔ (۲) اس جنس کے دوسرے پرند ۔ (۳) لق لق اور اس کا گوشت بطور غذا ۔ (۴) پالتو کبوتر کی ایک جنس ۔

Stork : (a) بچے کی پیدائش سے متعلق ۔

Stork's bill : (n) ایک پودے کا نام ۔

Storm : (n) [OE.] (۱) طوفان ؛ شدت کی ہوا ؛ جھکڑ ؛ آندھی یا ابر و باد ؛ ژالہ باری ۔ (۲) طوفان ؛ آندھی ؛ افراتفری ؛ ہنگامہ ؛ فساد ؛ ہلچل ؛ شورش ؛ سرکشی ؛ بغاوت ؛ جنگ و جدل ؛ دار و گیر ۔ (۳) بوچھار (پتھر ، تعریف ، نفریں وغیرہ کی) ؛ بارش ۔ (۴) پیدل فوج کا سیدھا دھاوا ؛ (مورچے پر) ٹوٹ پڑنا ؛ قبضہ جو ایک دم سے دھاوا بول کر کیا جائے؛ تسخیر ۔(۵) طوفان؛ ہیجان ؛ سیلاب (مقناطیسی) ہلچل ؛ (فضائی) شورش ۔ (۶) (دماغی) بیچینی؛ اضطراب ؛ بے کلی ؛ بے قراری ۔ (۷) (مرضیات) دورہ ؛ شدت ؛ ہیجان (درد بیماری وغیرہ کا) ۔ (۸) (جمع) دیکھو Storm-window ۔

A storm in a tea-cup : ذرا سی بات کے لئے بڑا ہنگامہ ؛ محدود حلقے میں بڑی شورش ۔

Brain storm : دماغی یا ذہنی شورش ؛ ہلچل ؛ ہیجان ؛ عارضی دیوانگی ۔

By storm : دھاوا بول کر ۔

Dust storm : آندھی؛ طوفان ؛ جھکڑ ۔

Snow storm : برف باری ۔

To take by storm : (۱) ایک دم سے دھاوا بول کر قبضہ کر لینا ۔ (۲) (شخص یا جماعت کو) دم بھر میں مسخر کر لینا ۔

Strorm : (v) (۱) (ہوا کا) زور شور سے چلنا ؛ جھکڑ چلنا ۔ (۲) بکنا جھکنا ؛ شدت سے خفا ہونا یا بگڑنا ؛ ہنگامہ برپا کر دینا؛ آفت مچا دینا ؛ آفت ڈھانا ۔ (۳) ایک دم سے دھاوا کر کے یا دھاوا بول کر قبضہ کر لینا ؛ دھاوا بولنا یابول دینا ۔ (۴) (مجازاً) دق کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ پریشان کرنا ۔ (۵) (کسی جگہ سے) چھپٹ کر گزر جانا ۔ (۶) طوفان خیز ؛ ہنگامہ خیز یا پر شور بنانا ۔ (۷) ہنگامہ برپا کرتے پھرنا ۔ (۸)ناملائم اور سخت طریقے پر شکایت کرنا ۔

Storm and stress : (n) [G. 'Strum und Drang'.] ایک جرمن ادبی تحریک کا نام (۸۲ ۔ ۱۷۷۰ء) جس میں نوجوان مصنفین کی تصانیف میں جذبات کی افراط ہوتی تھی اور جو فرانسیسی ناقدین کے تنقیدی اصول کے مخالف تھے ؛ اس تحریک کو جرمن میں Sturm und Drang کہتے ہیں ۔

Storm area : (n) (زمین کا) طوفانی علاقہ (جہاں تک طوفان رہتا ہے) ۔

Storm beach : (n) طوفان کے ذریعے بہہ کر آنے والے سنگریزوں کی نشیبی مدور سطح جو عام لہروں کی زد سے باہر رہتی ہے ۔

Storm-beaten : (n) (۱) طوفان زدہ ؛ طوفان کا مارا ۔ (۲) شکست خوردہ ۔

Storm-belt : (n) طوفان زدہ ؛ طوفانی علاقہ ؛ (جس میں طوفان کثرت سے آتے ہوں) ؛ طوفانی منطقہ ۔

Storm-bird : (n) بطریل (Petrol) ؛ ایک پرندہ جو طوفان کے آنے کی خبر دیتا ہے ؛ طیر طوفان ۔

Storm-boat : (n) دھاوا بولنے والی فوج کو دریا وغیرہ پار کرنے کی ہلکی تیز رفتار کشتی ۔

Storm-boot : (n) پن روک چمڑے کا زنانہ جوتا ۔

Storm-bound : (n) مقید طوفان ؛ طوفان سے رکا ہوا ؛ (جہاز) جو طوفان کی وجہ سے بندرگاہ میں یا کسی اور مقام پر قید

ہو کر رہ جائے۔

Storm-breeder : (n) بادل یاموسم جو طوفان کی علامت ہوتے ہیں۔

Storm-card : (n) طوفان نما : نقشۂ طوفان (جس سے جہاز راں کو مرکز طوفان کا پتا چلتا ہے)۔

Storm-cell : (n) تہ خانہ جس میں طوفان سے بچنے کے لئے پناہ لیتے ہیں۔

Storm centre : (n) (۱) مرکز طوفان (جہاں طوفانی ہوا کا زور سب سے زیادہ ہوتا ہے)۔ (۲) (مجازاً) فتنہ و فساد کا مرکز ؛ وہ بات جس پر ہنگامہ یا شورس بپا ہو ؛ بنائے فساد ؛ فساد کی جڑ۔

Storm-cloud : (n) (۱) طوفانی بادل ؛ طوفان خیز بادل۔ (۲)(مجازاً) ہنگامے کے آثار ؛ فتنہ و فساد کے آثار۔

Storm-cost : (n) دبیز استر والا پن روک لمبا کوٹ جس کا کالر سمور کا ہوتا ہے۔

Storm-cock : (n) یورپی طوطی ؛ طوفانی پرند۔

Storm-collar : (n) لباس کا مرکز جو خاص کر طوفان اور بارش سے محفوظ رکھتا ہے۔

Storm-cone : (n) نشان طوفان ؛ کرمچ کا مخروط جو طوفان یا آندھی کی علامت کے طور پر نصب کیا جاتا ہے (سیدھا شمال کے لئے اوندھا جنوب کے لئے)۔

Storm-current : (n) طوفانی موجیں ؛ طوفانی ہوا سے پیدا ہونے والی اونچی موجیں۔

Storm-door : (n) مزید بیرونی دروازہ (جو عام دروازے کے علاوہ ہوتا ہے اور طوفان یا سردی سے محفوظ رہنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے)۔

Storm-drain : (n) (۱) فضول پانی بہنے کی نالی۔ (۲) دیکھو Storm-sewage.

Storm-drum : (n) استوانی شکل کی چیز جو غیر معمولی سخت طوفان کی خبر دینے کے لئے Storm-cone کے علاوہ نصب کی جاتی ہے۔

Storm-finch : (n) دیکھو Storm-bird

Storm-flag : (n) (۱) (امریکا) طوفانی موسم میں فوجی اڈوں پر لہرایا جانے والا چھوٹا قومی جھنڈا۔ (۲) طوفان کے آنے کی خبر دینے والا جھنڈا۔

Storm-glass : (n) مقیاس موسم؛ شیشۂ موسم؛ قدیم طرز کا حرارت پیما۔

Storm-jib : (n) مثلث نما چھوٹا بادبان جو طوفانی موسم میں لگایا جاتا ہے۔

Storm-lantern : (n) طوفان روک لیمپ۔

Storm-level : (n) سطح سمندر سے کئی فٹ اونچی غیر واضح فرضی سطح جہاں تک طوفانی لہریں اکثر اٹھ جاتی ہیں۔

Storm-mizzen : (n) تکونا بادبان جو سب سے نچلے مربع بادبان کے اوپر لگایا جاتا ہے۔

Storm-petrol : (n) طیر طوفان ؛ بطریل۔

Storm-porch : (n) چھوٹی برساتی جو بیرونی دروازے کے آگے سردیوں میں حفاظت کی غرض سے بنائی جاتی ہے۔

Storm-sail : (n) طوفانی بادبان (عام بادبانوں سے چھوٹا اور زیادہ موٹی کرمچ کا)۔

Storm-sewer : (n) (۱) بدرو جس سے صرف فضول پانی بہتا ہے۔ (۲) دیکھو Storm-drain.

Storm-shutter : (n) کھڑکیوں کی بیرونی جھلملی جو طوفانی موسم میں لگاتے ہیں۔

Storm-signal : (n) (۱) علامت طوفان ؛ نشان طوفان۔ (۲) دیکھو Storm-warning.

Storm-stay : (n) طوفانی بادبان کا عارضی سہارا۔

Storm-system : (n) کم دباؤ والے علاقے جہاں طوفان گرداں بنتے ہیں۔

Storm-thrush : (n) ایک خوش الحان پرند۔

Storm-tide : (n) طوفانی جوار بھاٹا (جو معمولی جوار بھاٹے سے زیادہ اونچا ہوتا ہے)۔

Storm-tossed : (a) (۱) طوفان زدہ ؛ طوفان میں گھرا ہوا ؛ طوفان میں پھنسا ہوا۔ (۲) مصیبت زدہ ؛ مصیبت میں مبتلا۔

Storm-track : (n) مرکز طوفان گرداں کا راستہ۔

Storm-troops : (n) (۱) دیکھو Shock-troops۔ (۲) جنگ عظیم میں جرمن فوج کے وہ دستے جو خاص اور غیر معمولی کاموں

کے لئے رکھے گئے تھے۔

Storm-warning : (n) (۱) علامت طوفان دکھلانا۔ (۲) آنے والے طوفان کی اطلاع بذریعہ ریڈیو۔ (۳) خطرے یا دشواری کی علامت۔

Storm-wind : (n) طوفانی ہوا؛ جھکڑ۔

Storm-window : (n) بیرونی کھڑکی جو اندرونی کھڑکی کی طوفان سے حفاظت کے لئے لگائی جاتی ہے۔

Stormable : (a) جس پر دھاوا کر کے قبضہ کیا جا سکے۔

Stormer : (n) دھاوا کرنے یا بولنے والا۔

Stormful : (a) جہاں طوفان زیادہ آتے ہوں؛ طوفانی؛ طوفان خیز۔

Stormfully : (adv.) طوفانی طور پر؛ آندھی کی طرح۔

Stormfulness : (n) طوفانی ہوا۔

Stormily : (adv.) تندی سے؛ شدت سے۔

Storminess : (n) تندی؛ شدت؛ ہنگامہ خیزی۔

Storming : (a) (۱) مارا مارا پھرنے والا۔ (۲) دھاوا کرنے والی۔

Storming-party : (n) وہ دستہ جو دھاوے کے لئے متعین کیا جائے۔

Stormless : (n) بے طوفان؛ ساکن۔

Stormproof : (a) طوفان روک؛ جس پر طوفان کا اثر نہ ہو؛ جو طوفان میں حفاظت کر سکے؛ جس پر دھاوا نہ کیا جا سکے؛ دھاوا روک۔

Stormy : (a) (۱) طوفانی؛ طوفان خیز۔ (۲) تند؛ تیز؛ پرشور؛ شدید۔ (۳) ہنگامہ خیز؛ پرشور۔ (۴) طوفانی؛ طوفان کی خبر دینے والا؛ طوفان سے متعلق؛ طوفان کا۔

Stormy petrel : (n) (۱) طیر طوفان؛ بطریل۔ (۲) جھگڑالو؛ شورہ خو؛ تند مزاج۔

Stornello : (n) [It.] ایک چھوٹا ہر دلعزیز اطالوی نغمہ۔

Storthing : (n) [Norw. 'Storting'.] ناروے کی پارلیمنٹ۔

Story : (n) [OFr. 'Estorie'.] دیکھو Storey

Short-story : افسانہ؛ مختصر افسانہ۔

That is another story : یہ ایک علاحدہ قصہ ہے؛ یہ بالکل دوسرا معاملہ ہے۔

The story goes that : کہا جاتا ہے؛ لوگ کہتے ہیں۔

The whole story : پورا بیان۔

To be all in one story/ To be in the same story : متفق البیان ہونا۔

Story : (n) (۱) منزل؛ طبقہ۔ (۲) (ستونوں، روشنیوں وغیرہ کی) قطار جو ایک دوسرے کے اوپر ہو۔

The or one's upper story : (مزاحاً) دماغ۔

Story : (v) (۱) (نقاشی، تصویر یا مجسموں سے) آراستہ کرنا؛ سجانا۔ (۲) کہانی کہنا؛ قصہ سنانا؛ جھوٹ بولنا۔

Story-and-a-half : (a) ایک منزلہ عمارت جس کے اوپر چھوٹے کمرے ہوں۔

Story-book : (n) قصوں کہانیوں کی کتاب (خصوصاً بچوں کے لئے)؛ (بعض اوقات) ناول؛ رومان۔

Story/ Story post : (n) کھمبا جس پر وہ کڑی قائم ہو جو دیوار یا چھت کا بوجھ اٹھاتی ہے۔

Story-teller : (n) (۱) قصہ گو۔ (۲) افسانہ نویس۔ (۳) لوگوں کے خانگی حالات مشہور کرنے والا؛ طشت ازبام کرنے والا۔ (۴) جھوٹا؛ گپی۔

Story-telling : (n) قصہ گوئی۔

Story-telling : (a) (۱) قصہ گو۔ (۲) جھوٹا؛ دروغ گو۔

Story-writer : (n) افسانہ نویس۔

Storyette : (n) بہت مختصر قصہ یا کہانی؛ اقصوصہ۔

Storyless : (a) جس میں ایک سے زیادہ منزل نہ ہو۔

Storyline : (n) قصے یا ڈرامے کا پلاٹ۔

Stoss : (a) کسی چیز کے اس پہلو سے متعلق جو کسی متحرک چیز سے ٹکرائے۔

Stot/ Stott : (n) [OE. 'Stot(t)'.] (۱) جوان بیل۔ (۲) بھدا؛ جوان

گائے جس کو بچہ نہ ہوا ہو۔

Stot : (v) [ME.] (۱) اچھلنا ؛ پلٹنا۔ (۲) لڑکھڑانا ؛ جھوک کھانا ؛ قدم کو لغزش ہونا۔ (۳) اچکنا ؛ اچھلنا ؛ کودنا۔

Stot : (n) (۱) باز گشت ؛ پلٹ ؛ گدا ؛ اچٹن۔ (۲) زوردار ضرب۔ (۳) جست ، چھلانگ ؛ رقص میں چھلانگ۔ (۴) روانی ؛ ترنم ؛ پینگ۔

Stoting : دیکھو Stoating

Stotinka : (n) بلغاریہ کا ایک سکہ۔

Stotter : (v) دیکھو Stagger

Stotter : (n) (۱) ٹھوکر کھانا ؛ غلطی ؛ بھول ؛ چوک۔ (۲) اخلاقی قصور ؛ جرم ؛ لغزش۔ (۳) ٹھوکر۔ (۴) اتفاق سے پا جانا۔

Stound : (n) [OE. 'Stund'.] (۱) لمحہ ؛ وقفہ۔ (۲) ٹیس ؛ شدید حملہ ؛ صدمہ ؛ شدید درد۔ (۳) دھاڑ ؛ چیخ ؛ ہنگامہ۔ (۴) جذبات کی ایک لہر ؛ ہیجان۔

Stound : (n) مدہوشی ؛ خبط ؛ تعجب ؛ حیرت۔

Stound : (v) (۱) مخبوط کر دینا ؛ دماغ مختل کر دینا ؛ سُن کر دینا ؛ بے حس بنا دینا۔ (۲) متحیر کر دینا۔

Stound : (v) ٹیس مارنا یا اٹھنا ؛ شدت سے درد ہونا۔

Stoup : (n) [OF. 'Staup'.] (۱) صراحی ؛ بادیہ ؛ پیالہ۔ (۲) وہ برتن جس میں دم کیا ہوا پانی یا پاک پانی رکھا جاتا ہے۔ (۳) ایک پیمانہ۔

Stour : (n) [AFr. 'Estur'.] (۱) جنگ ؛ لڑائی ؛ محاربہ۔ (۲) شور ؛ ہنگامہ ؛ غل ؛ چیخ و پکار۔ (۳) طوفان۔ (۴) گرد ؛ دھول ؛ سفوف۔

Stour : (a) [ME. 'Stor'.] (۱) مضبوط ؛ جفاکش ؛ محنتی۔ (۲) شدید ؛ سخت۔ (۳) تیز ؛ تند ؛ ناگوار۔

Stour : (v) (اسکاچستان) تیزی سے حرکت کرنا ؛ اڑنا۔

Stoury/ Stoune : (a) (۱) گرد آلود ؛ باریک۔ (۲) طوفانی برفباری سے متعلق۔

Stoush : (v) [Imitative'.] (۱) (آسٹریلیا) زور سے مارنا ؛ کوٹنا۔ (۲) (آسٹریلیا) ہرانا ؛ شکست دینا۔

Stoush : (n) جھگڑا ؛ دنگا ؛ فساد۔

Stout : (n) [OE. 'Stut'.] گٹومکھی ؛ بڑ مکھی ؛ گھڑ مکھی ؛ ایک قسم کا کیڑا۔

Stout : (n) (۱) ایک قسم کی تیز اور تلخ بیئر شراب۔ (۲) موٹا آدمی۔ (۳) لباس کا ایک سائز (قد و قامت والے شخص کے لئے)۔

Stout : (a) [AFr. OFr. 'Estout'.] (۱) بہادر ؛ شجاع ؛ من چلا ؛ جیوٹ ؛ باہمت ؛ دلیر۔ (۲) ضدی ؛ ہٹیلا۔ (۳) پکا ؛ وفادار۔ (۴) طاقتور ؛ قوی ؛ تنو مند ؛ جفاکش ؛ محنتی ؛ مضبوط۔ (۵) دوہرے بدن کا ؛ بھاری جسم کا ؛ گداز جسم کا ؛ خاصا موٹا۔ (۶) غیر دہشت زدہ ؛ بے خوف ؛ نڈر ؛ ہمت نہ ہارنے والا ؛ غیر مایوس۔ (۷) پر زور ؛ سخت (لڑائی وغیرہ)۔ (۸) تیز رفتار (لومڑی)۔ (۹) طاقتور ؛ زیادہ دیر تک دوڑ سکنے والا (گھوڑا)۔ (۱۰) پائدار ؛ مضبوط ؛ ساخت کا۔

Stout : (v) جما رہنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ ثابت قدم رہنا۔

Stout -hearted : (a) ہمت ور ؛ باہمت ؛ بہادر ؛ دلیر ؛ شجاع۔

Stout-heartedly : (adv.) ہمت سے ؛ بہادری سے۔

Stout-heartedness : (n) ہمت ؛ بہادری ؛ شجاعت۔

Stouten : (v) موٹا ہونا ؛ فربہ ہونا یا بنانا۔

Stouth : (n) [ME. 'Stulth'.] چوری ؛ ڈاکہ زنی ؛ ڈکیتی۔

Stouth and routh : (n) دیکھو Plenty

Stouthrief/ Stouthrife : (n) [ME. 'Stouthreif'.] تشدد آمیز ڈاکہ زنی۔

Stoutish : (a) موٹا سا۔

Stoutly : (adv.) بہادری سے ؛ وفاداری سے ؛ مضبوطی سے ؛ جفاکشی سے ؛ ضدی پن سے ؛ ہٹیلا پن سے۔

Stoutness : (n) بہادری ؛ من چلا پن ؛ ضدی پن ؛ ہٹیلا پن ؛ مضبوطی ؛ جفاکشی ؛ گدازی ؛ مٹاپا۔

Stovaine : (n) [Fr.] ایک قسم کا جزوی مخدر (جس سے جسم کا صرف کوئی خاص حصہ سُن کیا جاتا ہے)۔

Stove : دیکھو Stave

Stove : (n) [MLG. MDu.] (۱) حرارت خانہ جس میں پودوں کے لئے مصنوعی گرمی پیدا کی جائے ؛ شیشے کا گھر ۔ (۲)حرارت خانہ (مخصوص کام کے لئے) ۔ (۳) آتش دان۔ (۴) اسٹو؛ ولایتی چولہا ؛ غیر ملکی چولہا ۔ (۵)وہ چیز جس سے پاؤں گرم کئے جاتے ہیں ۔

Stove : (v) (۱) (پودوں کو) حرارت خانے میں رکھنا ؛ حرارت خانے میں اگانا ؛ پیدا کرنا ۔ (۲) حرارت خانے میں سکھانا ؛ (بحری) (قیر لگانے کے لئے) رسے کو خشک کرنا ۔ (۳)دم پخت کرنا ؛ دھیمی آنچ پر دیر تک پکانا ۔ (۴) گندھک کی دھونی دینا ؛ گندھک اور دوسری چیز کے دھوئیں سے جراثیم مارنا ۔ (۵) ابریشم کے کویوں کو گرم کر کے پیلہ مارنا ۔ (۶) چولھے یا آتشدان میں ٹھونسنا ۔ (۷) گرم کرنے کا آلہ ۔

Stove-coal : (n) اسٹو میں جلایا جانے والا چھوٹا کوئلہ ۔

Stove-distillate : (n) اسٹو میں جلایا جانے والا مقطر پٹرول ۔

Stove-grate : (n) گرم کرنے کا ایک آلہ ۔

Stove-house : (n) حرارت خانہ (پودوں کا) ۔

Stove-in : (a) (۱) اندر دھنسا ہوا ۔(۲) دیکھو Stove-up ۔

Stove-length : (n) اسٹو میں جلائی جانے کے لائق لکڑی کی لمبائی ۔

Stove-lifter : (n) اسٹو پر رکھے برتن کے ڈھکن کو ہٹانے کا اوزار ۔

Stove-pipe : (n) (۱)حرارت خانے میں گرم ہوا لے جانے والی نلکیوں میں سے ایک ۔ (۲)دھوئیں کا نل ۔ (۳) (عام) ایک قسم کی اونچی استوانہ نما ریشمی ہیٹ جسے Stove-pipe hat بھی کہا جاتا ہے ۔

Stove-plant : (n) گرم آب و ہوا میں اگنے والا ایک پودا جس کو معتدل آب و ہوا میں رکھنے کے لئے حرارت خانے میں رکھنا ضروری ہوتا ہے ۔

Stove-polish : (n) سیاہ سیسہ یا دوسرا مادہ جس سے اسٹو پر پالش کرتے ہیں ۔

Stove-up : (n) تھکا ہوا ؛ تکلیف میں مبتلا (چوٹ ، بیماری ، کثرت کام، زیادہ کام کی وجہ سے) ۔

Stoven : (n) [OE. 'Etoju'.] ٹھنٹھ ؛ ٹنڈ (کٹے ہوئے درخت وغیرہ کا) ۔

Stoven : (a) توڑا ہوا ؛ کھلا ہوا ۔

Stover : (n) [Var. of Estover.] چارہ ؛ گھاس ؛ پودوں کی ٹہنٹھ ۔

Stover : (n) حراوت خانے میں اگانے والا (پودوں کو) ؛ گندھک کی دھونی دینے والا شخص ۔

Stow : (v) [ME. 'Stowen'.] (۱) (چیزوں کو کمرے وغیرہ میں) سنگوانا ، قرینے سے رکھنا ، ترتیب سے رکھنا (تلکہ جگہ کم گھیریں) ۔ (۲) جہاز پر مال کو قرینے سے رکھنا ؛ توپ وغیرہ کو جہاز پر قرینے سے رکھنا (سامان رسد کا) عرشوں کے درمیان جمع کرنا ۔ (۳) (بادبان کو) مستول پر لپیٹنا اور باندھنا ۔ (۴) (صندوق وغیرہ میں) ٹھونس ٹھونس کر بھرنا ؛ دبا دبا کر بھر دینا ؛ کھچا کھچ بھر دینا ۔ (۵) (عام) باز رکھنا ؛ روکنا ۔ (۶) دوسرے وقت کے لئے رکھ چھوڑنا ۔

Stow : (n) (ئین کی چادریں بنانے میں) اونچی ساخت جس میں بھٹی ہوتی ہے ۔

Stow : (v) [Origin unkn.] کاٹنا ؛ تراشنا ۔

Stow : (n) زمین دوز راستہ جس میں کان کن کان کے فضلات پھینکتے ہیں ۔

Stow away : (v) (۱) (اگلی ضرورت تک) ہٹا کر اور بچا کر رکھنا ؛ ٹھکانے یا اچھی طرح رکھنا ۔ (۲) (کسی چیز کو) خفیہ جگہ پر چھپا دینا ۔ (۳) جہاز پر چھپ جانا ۔ (۴)(مزاحاً) کھا جانا ۔ (۵) بغیر کرایہ دیئے جہاز میں چھپ کر بیٹھ جانا ۔

Stow-away : (n) (۱) وہ شخص جو چھپ کر بے کرایہ دیئے جہاز میں بیٹھ جائے ۔ (۲) چھپنے کی جگہ ؛ چھپا کر رکھی ہوئی چیز ۔

Stow-blade/ Stowblade : (n) (کان کنی) ایک فٹ لمبی لکڑی کا وہ ٹکڑا جو کھدھات یا خام دھات نکالنے والے آہنجہ سے اوپر کی طرف ملا رہتا ہے ۔

Stowable : (a) قرینے سے رکھے جانے کے لائق ۔

Stowage : (n) (۱) قرینے سے رکھا ہوا سامان ؛ سنگوایا ہوا سامان ۔ (۲) قرینے سے رکھنا یا رکھا جانا ؛ سنگوانا یا سنگوایا جانا ۔ (۳)سنگوانے کا محصول ؛ سنگوائی ۔ (۴)جہاز پر مال لدوانا ؛ رکھوانا ؛ سنگوانے کا طریقہ ۔ (۵)(مزاحاً) کھانا کھانے کی گنجائش ۔ (۶) جہاز پر سنگوایا ہوا مال ۔ (۷) کسی چیز کے رکھنے کا کمرہ ؛ گودام کی اندرونی گنجائش ۔ (۸) وہ جگہ جہاں کوئی چیز رکھوائی یا سنگوائی جاتی ہے ۔ (۹) وہ چیز یا سامان جو جہاز پر سنگوایا یا لدوایا جاتا ہے ۔

Stowboard/ Stowbord : (n) دیکھو Stow

Stowce : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا آہنچہ جس سے کان کی کچدھات نکالی جاتی ہے۔

Stowce : (v) آہنچہ لگانا۔

Stower : (n) کھمبا؛ چوبی ستون (خصوصاً لگا کر کشتی چلانے کا)۔

Stower : (n) دیکھو Stour

Stower : (n) دیکھو Stewdore

Stowre : (n) دیکھو Stour

Strabism : (n) حول؛ بھینگاپن۔

Strabismal : (a) بھینگے پن کا؛ احولی؛ احول؛ بھینگا۔

Strabismic : (a) دیکھو Strabismal

Strabismometer : (n) احول پیما؛ بھینگا پن ناپنے کا آلہ۔

Strabismus : (n) [Gr. 'Strabismos'.] دیکھو Strabism

Strabotomy : (n) [Fr. 'Strabotomie'.] (مرضیات) اصلاح احول؛ عملیہ احول؛ پتلی کے پٹھے کو کاٹ دینا؛ آنکھ کا عمل جراحی سے بھینگاپن جاتا رہتا ہے۔

Stracchino/ Stracchino cheese : (n) [It.] ملائم پنیر کی ایک قسم جو اٹلی میں بنتی ہے۔

Strad : Stradivarius کا مخفف۔

Straddle : (n) (۱) ٹانگیں پھیلا کر کھڑے ہونے یا بیٹھنے کا عمل۔ (۲) تذبذب۔ (۳) (صرافہ) وہ معاہدہ جس کی رو سے کسی شخص کو حق ہو کہ ایک معینہ مدت پر اسٹاک خریدے خواہ فروخت کرے؛ اختیار خرید و فروخت بہ نرخ مقررہ۔ (۴)(امریکی سیاست) دونوں پارٹیوں کے ساتھ ہونے کا ادعا۔ (۵) (پوکر کھیل میں) کسی کھلاڑی کا شرط کا دوگنا کر دینا۔ (۶) نشانے کے ادھر اُدھر بمباری کرنا۔

Straddle : (v) [f. 'Striddle'.] (۱) ٹانگیں پھیلا کر یا چیر کر کھڑا ہونا؛ ٹانگیں پھیلا کر کھڑا ہونا۔ (۲) ایک ٹانگ ادھر ایک ٹانگ اُدھر رکھ کر کھڑا ہونا یا بیٹھنا (کسی چیز پر)؛ سوار ہونا (گھوڑے پر)۔ (۳) (بحری) (نشانے یا دشمن کے) ادھر ادھر گولے پھینکنا (خصوصاً زد کا اندازہ لگانے کے لئے)؛ اسی طرح بمباری کرنا۔ (۵)(سیاسیات) دونوں پارٹیوں کے ساتھ ہونے کا ادعا کرنا۔ (۶) (پوکر کھیل) شرط کو دوگنی کرنا۔ (۷)(مجازاً) دگدھاپن میں ہونا؛ کبھی ادھر کبھی ادھر جھکنا؛ مذبذب ہونا۔ (۸) ایک بازار سے مال خرید کر دوسرے بازار میں جتنا (مال) ہاتھ میں ہے اس سے زیادہ بیچنے کا سودا کرنا۔

Straddle : (adv.) دیکھو Astraddle

Straddle-fashion : (adv.) دیکھو Astraddle

Straddle trench : (n) خندق؛ گڑھا جسے پاخانہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

Straddleback : (adv.) دیکھو Astraddle

Straddleway : (adv.) ٹانگیں پھیلا کر؛ گھوڑے کے آسن میں۔

Straddlewise : (adv.) دیکھو Straddleway

Straddling : (a) (۱) ٹانگیں پھیلا کر کھڑا ہونے والا یا چلنے والا۔ (۲) (نباتیات) منتشر؛ منشعب۔

Straddlingly : (adv.) ٹانگیں چیر کر یا پھیلا کر۔

Stradiot : (n) [It. 'Stradiotto'.] دیکھو Estradiot

Stradivari : (n) کریمونا کے صناع اسٹرڈ یویریس (۱۶۴۴ء - ۱۷۳۷) کا بنایا ہوا تار کا باجا (وائلن وغیرہ)۔

Stradivarius : (n) دیکھو Stradivari

Strafe : (v) [From G. phrase 'Gott strafe England.' "God punish England".] (۱) گولا باری کرنا؛ گولیاں برسانا (خصوصاً ہوائی جہاز سے)؛ شدید حملہ کرنا۔ (۲) ڈانٹنا؛ ڈپٹنا؛ گالیاں دینا۔ (۳)تھونکنا؛ پیٹنا۔

Strafe : (n) (۱) گولہ باری؛ گولیوں کی بارش۔ (۲) ڈانٹ ڈپٹ؛ گالیاں۔ (۳) مار؛ مرمت؛ ٹھکائی؛ پٹائی۔

Strafer : (n) گولیاں برسانے والا شخص؛ گولہ باری کرنے والا شخص؛ ڈانٹ ڈپٹ کرنے والا۔

Straggle : (n) (۱) منتشر چیزوں کا مجموعہ؛ منتشر ترتیب۔ (۲)بے قاعدہ ظہور (کسی چیز کا)؛ وقفہ وقفہ سے نکلنا؛ جابجا ہونا؛ کہیں کہیں ہونا۔

Straggle : (v) [ME. 'Straglen'.] (۱) (جماعت یا جھنڈ سے) بچھڑ جانا ؛ ساتھ چھوٹ جانا ؛ بھٹک جانا ؛ الگ ہو جانا ؛ بکھر جانا (بالوں کا زلف سے) ۔ (۲) منتشر ہو جانا ؛ آوارہ ہو جانا ؛ تتر بتر ہو جانا ۔ (۳) بے ترتیبی سے منتشر ہو کر چلنا (قافلے وغیرہ کا) ۔ (۴) جا بجا ہونا ؛ کہیں ہونا ؛ بکھرا ہونا ۔ (۵) (سپاہی کا) دستے سے الگ ہو جانا ؛ کوچ کے راستے سے بچھڑ جانا ؛ (جہاز کا) صف جنگ سے بھٹک جانا ۔ (۶) (ملاح یا جہازراں کا) بغیر رخصت غیر حاضر رہنا یا رخصت سے زیادہ ٹھہر جانا ۔ (۷) (پودے ، شاخ ، بال وغیرہ کا) بے ترتیبی سے بڑھنا یا اگنا ۔ (۸) (شہر ، عمارت وغیرہ کا) بے ترتیبی سے بسایا جانا ؛ بنایا جانا ۔ (۹) (سڑک ، دریا ، باڑھ وغیرہ کا) بے قاعدہ طور پر مڑنا یا بل کھانا ۔ (۱۰) بے ترتیبی سے رکھا جانا ۔

Straggler : (n) (۱) بھٹکنے والا ؛ بچھڑنے والا ؛ آوارہ گرد ؛ ادھر اُدھر پھرنے والا ۔ (۲) جو جماعت یا جھنڈ سے بچھڑ گیا ہو ؛ بچھڑا ہوا ساتھی ؛ بھٹکا ہوا رہرو ؛ راہی ۔ (۳) (فوج) سپاہی جو دستے سے الگ ہو گیا ہو ؛ (بحری) وہ جہاز راں جو بغیر رخصت لئے غیر حاضر ہو ۔ (۴) جانور جو اپنی اصلی جگہ یا جھنڈ سے بچھڑ گیا ہو (خصوصاً موسمی چڑیا) ۔ (۵) پودا یا شاخ جو بے قاعدگی سے بڑھے ؛ منتشر یا الجھا ہوا بال ۔

Straggling : (n) کسی خاصیت کا شماریاتی اختلاف ۔

Straggling : (a) بچھڑنے والا ؛منتشر ہونے والا ۔

Stragglingly : (adv.) بچھڑ کر ؛ منتشر ہو کر ۔

Straggly : (a) منتشر ؛ بکھرا ہوا ۔

Stagulum : (n) [L.] پرند کا غشاء اطاق ۔

Straight : (a) [ME. 'Streght'.] (۱) سیدھا ؛ راست ؛ مستقیم ۔ (۲) جو سیدھا نشانے پر جائے ؛ سیدھا ؛ صاف ؛ بے خطا (نشانہ ، وار ، نظر ، طریقہ وغیرہ) ۔ (۳) معتبر ؛ قابل وثوق ۔ (۴) کھرا ؛ بے لاگ ؛ صاف ؛ راست باز ؛ دیانت دار؛ ایماندار ۔ (۵) ٹھیک ؛ ہموار ؛ درست ۔ (۶) بلا واسطہ؛ سیدھا ؛ بہ خط مستقیم ؛ راست ۔ (۷) خوش اطوار ؛ اچھے چلن ۔ (۸) (عورت) پارسا ؛ پاکباز ؛ پاکیزہ ؛ پاکدامن ؛ با عصمت ۔ (۹) افقی ؛ عمودی ۔ (۱۰)(امریکا) غیر مخلوط ؛ بے آمیزش ؛ خالص ؛ پوری قوت کا ؛ (شراب) بے میل ۔ (۱۱) کٹر ؛ کڑا ؛ انتہا پسند ۔ (۱۲) (پوکر کھیل) بے ترمیم شکل میں ۔ (۱۳) معروف ڈراموں سے متعلق ۔ (۱۴) (اسکاچستان) (پہاڑی وغیرہ) کھڑی ؛ سیدھی ڈھلوان ۔ (۱۵) (ہنڈی ، تمسک وغیرہ) جس پر کوئی مخصوص تصدیق نہ ہو ؛ غیر مصدقہ ؛ واجب الادا ہونے کے بعد اس کی پوری ادائی کی جائے ۔ (۱۶) دیکھو Straight-time ۔ (۱۷) دگر جنسیہ (شخص) ۔ (۱۸) کارنمایاں کا بہترین ریکارڈ رکھنے والا(متعلم) ۔

A straight eye : یہ دیکھنے کی صلاحیت کہ کوئی چیز ٹھیک طور سے رکھی گئی ہے یا نہیں ۔

A straight fight : بے لاگ مقابلہ یا لڑائی (جس میں حریف ایک دوسرے پر غالب آنے کی کوشش کریں) ۔

The straight tip : کسی موضوع پر براہِ راست اشارہ ۔

To keep one's face straight : ہنسی روکنا ۔

To keep straight : خوش اطوار ہونا ۔

To put things straight : معاملات کو سلجھانا ۔

To vote the straight ticket : کسی پارٹی کے سبھی امیدواروں کی حمایت یا حق میں ووٹ دینا ۔

Straight : (n) (۱) سیدھی شکل یا حالت ، سطح ۔ (۲) کسی چیز کا سیدھا حصہ (خصوصاً گھڑ دوڑ کے میدان کا آخری حصہ جو بالکل سیدھا ہوتا ہے) ۔ (۳) (پوکر کھیل میں) کسی سلسلے کے پانچ پتے (جو ایک رنگ کے نہ ہوں) ۔

On the straight : (۱) خط مستقیم پر؛ سیدھا ۔ (۲) متوازی (بازو کے) ۔ (۲) (عام) اچھے اطوار رکھنے والا ۔

Out of straight : ٹیڑھا ؛ کج ؛ خم ۔

Straight : (adv.) (۱) سیدھا ؛ بہ خط مستقیم ؛ بلا واسطہ ؛ راست ۔ (۲) نشانے پر ؛ صحیح رخ پر ؛ ٹھیک رخ پر ۔ (۳)صحیح طریقے پر ؛ صحیح ڈھنگ سے ؛ ٹھیک ۔ (۴) فوراً ۔ (۵)ایمانداری سے؛ دیانت داری سے ؛ مخلصانہ ؛ شریفانہ ۔ (۶) کھڑے طور پر ؛ صاف صاف ؛ بے لاگ طور پر ۔

Straight : (v) (۱) سیدھا کرنا ؛ سیدھا رکھنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ ٹھیک رکھنا ۔ (۲) (اسکاچستان) کفنانا ؛ تجہیز و تکفین کرنا ۔

Straight accent : (n) دیکھو Macron

Staight and narrow : (n) خوش اطواری اور دیانتداری ۔

Straight angle : (n) زاویہ مستقیمہ ؛ دو قائمہ زاویہ ۔

Straight arch : (n) وہ محراب جو دو مستقیم خطوں سے بنتی ہے اور ۸ کی شکل کی ہوتی ہے۔

Straight-arm : (n) دیکھو Stiff-arm

Straight-back/ Straight-backed : (a) سیدھی کمر والا (جس میں خم نہ ہو) : تنی ہوئی کمر والا۔

Straight bill of lading : (n) غیر تحویل پذیر یا بارنامہ جس کے ذریعے مال کسی مخصوص پارٹی کو بھیجا جائے۔

Straight-cat : (a) لمبے لمبے ریشوں میں کٹا ہوا (تمباکو)۔

Straight dye : (n) رنگ جس میں بہت تھوڑی (پانچ فی صد سے کم) آمیزش ہو۔

Straight dynamite : (n) ایک آتش گیر مادہ جس کی اساس فعال ہوتی ہے اور کاربنی آتش پذیر مادے کا بنا ہوتا ہے۔

Straight-edge : (n) سلاخ جس کا ایک سرا بالکل سیدھا ہوتا ہے اور جس سے سطح کے سیدھے ہونے کی جانچ کی جاتی ہے : سیدھا کنارا : راست گیر پیمانہ۔

Straight-edge : (n) کنارا سیدھا کرنا : راست گر پیمانہ سے ناپنا۔

Straight-face : (n) سنجیدہ شکل : متین چہرہ (جو انسان اپنے جذبات کو چھپانے کے لئے بنائے)۔

Straight-faced : (a) سنجیدہ شکل والا : متین چہرے والا۔

Straight fight : (n) (انتخاب میں) دو امیدواروں کے درمیان سیدھا مقابلہ۔

Straight five : (n) (پوکر کھیل وغیرہ میں) (کسی ایک رنگ والا) اِکا سے دہلا تک۔

Straight flour : (n) گیہوں کا چھنا ہوا آٹا یا میدہ جس میں چوکر اور سوجی نہ ہو۔

Straight-flush : (n) (تاش) کسی رنگ کے پانچ ترتیب والا پتے۔

Straight-forward/ Straightforward : (n) صاف صاف : بے لاگ سے : سیدھے۔

Straight forward/ Straightforward : (a) (۱) کھرا : صاف : بے لاگ۔ (۲)(کام وغیرہ) سیدھا سادہ : غیر پیچیدہ : غیر مبہم۔ (۳) سیدھا : راست۔ (۴) (زبان ، بیان) بلا واسطہ : بغیر طول کلام : مجمل۔

Straight-forwardly : (adv.) صاف صاف : بے لاگ طریقے سے۔

Straight-forwardness : (n) کھرا پن : بے لاگ ہونا : سیدھا سادہ ہونا۔

Straight-from-the-shoulder : (n) دلیرانہ : بلا مروت۔

Straight-front : (a) جس کے سامنے کا حصہ ، کنارہ یا حاشیہ وغیرہ سیدھا ہو۔

Straight-headed : (a) دیکھو Square-headed

Straight-hit : (n) (کرکٹ) (آسٹریلیا) گیند پھینکنے والے کے پیچھے باؤنڈری کے پاس گیند روکنے کی جگہ یا وہ کھلاڑی جو وہاں کھڑا رہتا ہے۔

Straight-jacket : (n) (۱) جکڑ کوٹ۔ (۲) دیکھو Strait jacket ۔

Straight-laced : (a) سخت محتاط (اخلاقی امور میں) : نہایت سخت۔

Straight line : (n) خط مستقیم۔

Straight-line : (a) (۱) سیدھا چلانے والا۔ (۲) جس کے اہم ترین حصے سیدھے ہوں۔

Straight-lined : (a) خط مستقیم : سیدھے خطوط کا۔

Straight off : (adv.) فوراً : ابھی : بلا تامل : بلا وقت۔

Straight out : (adv.) صاف طور پر : واضح طریقے سے : صاف صاف۔

Straight-out : (n) سخت : بے لوچ : اٹل : غیر مصالحت پسند شخص (خصوصاً پالیسی یا کسی جماعت کی حمایت میں)۔

Straight-out : (a) (۱) بے لاگ : بے لوچ : کٹر : بے روک : بے قابو : انتہا پسند : کھل کر کام کرنے والا۔ (۲) ٹھیک ٹھیک۔

Straight paper : (n) قابل انتقال یا تحویل پذیر دستاویز جس پر صرف ایک آدمی کا دستخط ہو یا تصدیق ہو۔

Straight-play : (n) (کرکٹ) بلا سیدھا رکھ کر گیند کو مارنا۔

Straight-pull : (a) (رائفل ، بندوق وغیرہ) جس کے کھٹکے کی حرکت آگے پیچھے ہو (تالہ بند ہونا اور کھلنا بغیر گھمانے ہوتے ہو)۔

Straight-run : (a) (۱) پٹرول کے صاف صاف ہونے کے دوران ہونے والا یا پیدا ہونے والا۔ (۲) (چوزہ) انڈے سے نکلتے ہی بکنے والا۔

Straight-shooter : (n) انتہائی دیانت دار اور بے لاگ شخص۔

Straight-side/ -sided : (a) سیدھے پہلوؤں والا۔

Straight-talk : (n) سیدھی بات؛ کھری بات؛ بے لاگ بات؛ غیر پیچیدہ گفتگو۔

Straight-ticket : (n) ایک ہی جماعت کے سبھی امیدواروں کو دیا ہوا ووٹ۔

Straight thinking : (n) معولیت کے ساتھ غور (جذبات سے قطع نظر کرکے)۔

Straight-time : (n) (۱) کام کا معینہ وقت۔ (۲) کام کے معینہ وقت کی اجرت۔

Straight-time : (a) کام کے معینہ وقت میں ہونے والا یا اس سے متعلق یا اس پر مبنی۔

Straight-up : (a) (۱) سیدھا؛ کھڑا؛ عمودی۔ (۲) ٹھیک وقت پر ہونے والا۔

Straight-whisky : (n) خالص وہسکی۔

Straightaway : (a) (۱) سیدھا؛ مستقیم۔ (۲) جس میں متناسب ارتقا یا ترقی ہو۔ (۳) فوری۔

Straightaway : (n) گھڑ دوڑ کے میدان کا وہ حصہ جو بالکل سیدھا ہوتا ہے۔

Straightaway : (adv.) (۱) فوراً؛ اسی دم۔ (۲) سیدھی حالت میں؛ درست حالت میں۔

Straightbred : (a) (۱) اصلی النسل۔ (۲) یک جدی۔

Straighten : (v) (۱) سیدھا کرنا۔ (۲) ٹھیک کرنا؛ درست کرنا؛ سلجھانا؛ راہ راست پر لانا۔ (۳) ترتیب دینا؛ ترتیب کے ساتھ رکھنا۔ (۴) سیدھا ہونا۔ (۵) بھلائی یا اچھائی کے لئے بدلنا یا تبدیل کرنا۔ (۶) (علامیانہ) زندگی گزارنے کے لئے اچھی راہ اختیار کرنا؛ پاک زندگی گزارنا؛ بسر کرنا۔

To straighten one's face : سنجیدہ ہو جانا؛ متین چہرہ بنا لینا۔

To straighten up : سیدھا کھڑا ہو جانا؛ (عام) دیانت داری برتنا۔

Straightener : (n) سیدھا کرنے والا؛ درست کرنے والا یا والی (آدمی یا مشین)۔

Straighthead : (n) دھان کے پودے کی ایک بیماری۔

Straightish : (a) کسی قدر سیدھا۔

Straightly : (adv.) (۱) سیدھے؛ براہ راست؛ واضح طریقے سے۔ (۲) سیدھے طریقے کا۔

Straightman : (n) کامیڈین کو لقمہ دینے والا۔

Straightness : (n) سیدھ؛ سیدھا پن؛ سیدھا ہونا؛ درست ہونا؛ کھرا پن؛ راستی؛ درستگی۔

Straightway : (n) (۱) (شاذ) سیدھے؛ براہ راست۔ (۲) فوراً؛ اسی وقت۔

Straightway : (a) سیدھے گزرنے دیا جانے والا۔

Straik : (v) ہاتھ پھیرنا؛ سہلانا۔

Strain : (n) [OE. 'Streon'.] (۱) نسل؛ خاندان (انسان یا حیوان کا)؛ سلسلۂ نسب۔ (۲) اولاد؛ نسل۔ (۳) حلف۔ (۴) قبیلہ؛ جنس؛ نژاد۔ (۵) خاندانی صفت یا فطرت۔

Strain : (a) (۱) کھنچاؤ؛ تناؤ؛ زور۔ (۲) حد سے زیادہ بوجھ یا بار (کام وغیرہ کا)۔ (۳) زور؛ کوشش۔ (۴) نقصان جو حد سے زیادہ کوشش یا مشقت سے پہنچ جائے؛ چڑھ جانا (پٹھوں وغیرہ کا)؛ موچ۔ (۵) (طبیعیات، میکانیات) فساد؛ کسی جسم پر زور پڑنے سے اس کے اجزائے سالمہ کی ترتیب بدل جانا۔ (۶) (طب) موچ؛ درد۔ (۷) رجحان؛ مادہ (طبیعیت میں غصے وغیرہ کا)۔ (۸) لہجہ؛ آواز؛ طرز؛ اسلوب؛ انداز؛ رنگ (تحریر یا تقریر کا)۔ (۹) قسم؛ جنس؛ درجہ۔ (۱۰) مزاج؛ کیفیت مزاج۔ (۱۱) (موسیقی) وقفہ؛ نغمے کا مختصر واضح حصہ؛ نے؛ نغمہ؛ سُر؛ ترانہ۔ (۱۲) نظم وغیرہ کا بند۔ (۱۳) تقریر کا پر جوش حصہ۔

Strain : (v) [ME. 'Streyne, Strayne'.] (۱) کھینچنا؛ تاننا؛ کھینچ تان کرنا۔ (۲) کھینچ تان کر حد سے زیادہ کام لینا؛ بیجا استعمال کرنا؛ کھینچ تان کر نکالنا (معنی وغیرہ)۔ (۳) سینے سے چمٹانا؛ چھاتی سے لگانا۔ (۴) حد سے زیادہ زور ڈالنا؛ حد سے زیادہ کام لینا؛ حد سے زیادہ کام لے کر خراب کر دینا؛ خطرے میں ڈالنا۔ (۵) سخت کوشش کرنا؛ پورا زور لگانا؛ تکلیف یا مبالغہ کرنا۔ (۶) تڑپانے کی کوشش کرنا (رسی وغیرہ)؛ خوب زور سے کھینچنا۔ (۷) دبا جانا (بوجھ سے)۔ (۸) چھاننا

(چھلنی وغیرہ پر) ؛ چھان کر الگ کرنا ؛ چھننا ؛ چھن کر ٹپکنا (سیال شے کا) ۔ (۹) (رسی وغیرہ سے) کس کر دبانا ۔ (۱۰) (ضمیر ، قسم وغیرہ کی) خلاف ورزی کرنا ۔ (۱۱) جذباتی تناؤ پیدا کرنا ۔ (۱۲) اجابت کے لئے زور لگانا ۔ (۱۳) بے حد محتاط ہونا ۔ (۱۴) مزاحم ہونا ؛ اڑ جانا ۔

To strain (a person) to one's bosom / -heart : سینے سے چمٹانا ؛ چھاتی سے لگانا ۔

To strain a point : حد سے تجاوز کرنا ؛ حد سے زیادہ کام کرنا ؛ بے جا رعایت کرنا ؛ بے جا طرز عمل اختیار کرنا ۔

To strain at : (کسی معاملے میں) بے حد محتاط ہونا ؛ حد سے زیادہ احتیاط کرنا ؛ برتنا ۔

To strain at stool : اجابت کے لئے زور لگانا ؛ کونتھنا ۔

To strain every nerve : ایڑی چوٹی کا زور لگا دینا ۔

To strain one's authority/ -powers/ -rights : اپنے اختیارات ؛ طاقت یا حقوق سے بزور بیجا کام لینا ۔

To strain one's ears : بہت غور سے سننا ۔

To strain one's eyes : بہت غور سے دیکھنا ۔

Strain-band : (n) بادبان پر مضبوطی کے لئے لگی ہوئی پٹی ۔

Strain diagram : (n) (چھت کے پایوں یا پُل وغیرہ کے) ڈھانچ کا نقشہ جس میں وہ جگہیں دکھائی جاتی ہیں جہاں زور پڑے گا ۔

Strain guage : (n) برقی بگاڑ پیما ۔

Strain insulator : (n) مضبوط برقی حاجز ۔

Strain theory : (n) علم کیمیا کا ایک کلیہ یا نظریہ جو سالمہ کی ساخت میں تناؤ کی توجیہہ کرتا ہے ۔

Strainable : (a) جو کھینچا یا تانا جا سکے ؛ کھینچ تان کے قابل ؛ کھینچے جانے کے قابل ؛ قابل تاویل ۔

Strained : (a) (۱) زبردستی کا ؛ مصنوعی ؛ بناوٹی ؛ تکلف کا (جو بے تکلف یا بے ساختہ نہ ہو) ۔ (۲) چھانا ہوا ؛ معقول یا مناسب (بات) کے خلاف کیا ہوا ۔ (۳) کھینچ تان کر نکالا ہوا (معنی) ؛ بے جا تاویل کیا ہوا ؛ غلط معنی پہنایا ہوا؛ مسخ کیا ہوا (معنی) ۔ (۴) (زیادہ کام لینے کی وجہ سے) بگاڑا ہوا ؛ آزردہ ؛ آزار رسیدہ ۔

Strained interpretation : (n) بے جا تاویل ؛ کھینچ تان کر نکالا ہوا ؛ مطلب ۔

Strained relations : (n) کشیدہ تعلقات ۔

Strained sense : (n) کھینچ تان کر پیدا کئے ہوئے معنی ۔

Strainedly : (adv.) زبردستی ؛ مصنوعی طور پر ؛ کھینچ تان کر ؛ بے جا طریقے سے ۔

Strainedness : (n) زبردستی کا ہونا ؛ تصنع ؛ مصنوعی ہونا ؛ کھینچ تان ۔

Strainer : (n) (۱) چھلنا ؛ چھلنی ؛ صافی ۔ (۲) کوئی قدرتی ساخت یا عمل جس سے تصفیہ یا صفائی ہوتی ہو ۔ (۳) کھینچے یا تاننے کی ترکیب ۔ (۴) برتن یا ترکیب صاف کرنے یا چھاننے کے لئے ؛ ٹپکا ؛ چھننی ۔

Straining : (n) (۱) کھینچنا ؛ تاننا ؛ حد سے زیادہ کام لینا ۔ (۲) چھانی ہوئی یا چھان کر نکالی ہوئی کوئی چیز (خصوصاً چھنا ہوا (عرق) ۔

Straining arch/ Strainer arch : (n) محراب جو بغلی دباؤ سے متاثر نہ ہو ۔

Straining beam : (n) تان کڑی ؛ پڑی کڑی جو چھت کی سیدھی قینچی (Queen-posts) کے درمیان تان کے طور پر لگا دی جاتی ہے ۔

Straining-piece : (n) بار کش ٹکڑا ؛ دیکھو Strainig-bean ۔

Strainingly : (adv.) کھینچتے ہوئے ؛ حد سے زیادہ زور ، دباؤ ڈالتے ہوئے ۔

Strainless : (a) بے تناؤ ؛ بے کھنچاؤ ۔

Strainometer : (n) بگاڑ پیما ؛ امتداد پیما ۔

Strainslip : (n) چٹانوں میں شگاف پڑ کر یا پڑنے کی وجہ سے تھوڑا ہٹ جانا ؛ الگ ہو جانا ۔

Strait : (a) [ME. 'Streit'.] (۱) تنگ ؛ محدود ؛ گھٹا ہوا ۔ (۲) سخت گیر ۔

Strait : (n) (۱) (جمع) تنگ دستی ؛ تنگ مقام ؛ مشکل وقت ؛ ضیق ؛ کشمکش ؛ مصیبت ۔ (۲) آبنائے (آبنائے کے ناموں کے

ساتھ جمع ہو آتا ہے) : بوغلر ۔ (۳) کسی نلکی نما چیز کا تنگ حصہ ۔

Straitsman : (n) (۱) آبنائے ملاکو میں چلنے والا جہاز ۔ (۲) آبنائے باس (Bass straits) کے علاقے میں رہنے والا آسٹریلیائی باشندہ ۔

The straits : پہلے آبنائے جبرالٹر کو کہتے تھے اب آبنائے ملاکو کو کہتے ہیں ۔

Strake : (n) [ME.] (۱) بیل گاڑی کے پہیے کے دھات کے حلقے کا ایک حصہ ۔ (۲) بوقلموں دھاریاں ۔ (۳) (بحری) لوہے کے تختے یا پتر جو پیش جہاز سے دنبالہ جہاز تک جڑے ہوتے ہیں ۔ (۴) مسافت ؛ فاصلہ یا دوری (راستے کی) ؛ قدم کی لمبائی ۔

Garboard strake : دیکھو Garboard

Strake : (n) (کان کنی) کھدھات یا خام دھات دھونے کا گڈھا ؛ لکڑی کا بکس اسی کام کے لئے ؛ (سونے کی کان) کوٹی ہوئی خام دھات یا کھدھات کو جمع کرنے کے آلات ۔

Strake : (v) (کان کنی) گڑھے میں کھدھات دھونا ؛ کوٹی ہوئی کھدھات گڑھوں میں جمع کرنا ۔

Strake : دیکھو Straik

Stramash : (n) [Imitative.] (۱) ہنگامہ ؛ شور شرابا ؛ شور و غل ۔ (۲) بربادی تباہی ۔

Stramash : (v) [Imitative.] پاش پاش کر دینا ؛ برباد کر دینا ؛ تباہ کر دینا ۔

Stramineous : (a) [L. 'Stramineus'.] (۱) پیال کا؛ بھوسے سے متعلق ۔ (۲) (مجازاً) حقیر ؛ ادنیٰ ۔ (۳) پیال کے رنگ کا ؛ بھوسا رنگ ؛ کاہی (رنگ) ۔

Strammel : (n) [Fr.] (اسکاچستان) دیکھو Straw

Stramonium : (n) [mod. L.] (۱) ایک قسم کا دھتورا ؛ تاتورہ ۔ (۲) ایک دوا جو دھتورے کے بیجوں سے تیار کی جاتی ہے اور دمے میں مفید ہے ۔

Stramony : (n) دیکھو Stramonium

Stramp : (v) (۱) دیکھو Stamp ۔ (۲) دیکھو Trample ۔

Strand : (n) [OE.] (۱) ساحل ؛ کنارا (دریا ، جھیل یا سمندر کا) ۔ (۲) غیر ملک ۔

The Strand : لندن کی ایک سڑک کا نام ۔

Strand : (n) [Of unkn. origin.] (۱) ڈوری یا تار (جس کو بٹ کر رسی بنائی جائے) ؛ لڑ (رسی کی) ؛ رشتہ ۔ (۲) کپڑے کا

Strait : (adv.) کس کر ؛ تان کر ؛ مضبوطی سے ۔

Strait-bodied : (a) کارسٹ لگا ہوا (چست لباس) ۔

Strait jacket : (n & v) (۱) جکڑ کوٹ ؛ بہت تنگ کوٹ یا واسکٹ جو مجنوؤں کو پہنا دیا جاتا تھا جس سے ان کے ہاتھ جکڑ جاتے تھے ۔ (۲) کوئی چیز جو جکڑ کوٹ کی مانند روکے یا محدود کر دے ۔ (۳) جکڑ کوٹ پہنا کر ہاتھوں کو جکڑ دینا ۔

Strait-lace : (v) فیتے یا تسمے سے کس کر باندھنا ؛ حد سے باہر نہ ہونے دینا ؛ حدود کے اندر رکھنا ۔

Strait-laced : (a) دیکھو Straight-laced

Strait-lacedly : (adv.) نہایت سختی سے ؛ سخت احتیاط کے ساتھ ؛ بہت محتاط طور پر ۔

Strait-lacedness : (a) سخت محتاط ہونا ؛ سخت احتیاط ۔

Strait waistcoat : (n) دیکھو Strait jacket

Strait-waistcoat : (v) جکڑ کوٹ پہنا کر ہاتھوں کو جکڑ دینا ۔

Strait work : (n) (کان کنی) زمین دوز راستے سے کوئلہ نکالنے کا ایک طریقہ ۔

Straiten : (v) (۱) تنگ بنانا (کسی چیز کو) ۔ (۲) تنگ ہونا ؛ محدود ہونا ؛ جکڑنا ؛ کھینچنا ۔ (۳) نادار بنانا ؛ مفلس بنا دینا ۔ (۴) زحمت دینا (کسی مخصوص چیز کی ، مثلاً وقت ، جگہ وغیرہ کی کمی کر کے ؛ روپے کی کمی کر دینا یا کسی چیز کی فراہمی کم کر دینا ۔

Straitened circumstances : (n) ناداری ؛ افلاس ؛ مسرت ؛ تنگ دستی ۔

Straitly : (adv.) (۱) کس کر ؛ تان کر ۔ (۲) تنگی سے ؛ باریکی سے ۔ (۳) سختی سے ۔ (۴) دلی طور پر ؛ گہرے طور پر ۔

Straitness : (n) تنگی ؛ سختی ؛ سخت گیری ؛ عسرت ؛ تنگ دستی ۔

Straits dollar : (n) برطانوی ملایا کا ڈالر (سکہ) جو جزائر شرق الہند اور جنوبی اور مشرقی ایشیا میں رائج تھا ۔

تانا بانا ۔ (۳) سر کے بالوں کی لٹ ؛ سرکا بال ۔ (۴)ریشہ ۔(۵) (مجازاً) مختصر ؛ جز (کسی مرکب کا) ۔

Strand : (n) [ME.] (۱) لہر ؛ دھارا ۔ (۲) نالہ ؛ موری ؛ پر نالہ ۔

Strand : (v) خشکی پر چڑھ جانا یا چڑھا دینا ؛ ساحل پر چڑھ جانا ۔

Strand : (v) (۱) (رسی کی کوئی) لڑ توڑ ڈالنا ۔ (۲) ڈوری کو بانٹ کر رسی بنانا ۔ (۳) بافت میں ڈوری یا تار داخل کرنا ؛ کاج کے کنارے دھاگا لگانا ۔

Strand-fishery : (n) ساحلی ماہی گیری ۔

Stranded : (a) (۱) مشکل میں پڑا ہوا ؛ مصیبت میں گرفتار یا مبتلا ۔ (۲) (روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے کسی جگہ) پڑا ہوا ۔ (۳) واماندہ ؛ درماندہ ۔

Strander : (n) (۱) ڈوری یا تار سے رسی بانٹنے کی مشین ۔ (۲) لوہے کے کارخانے میں وہ شخص جو دستی سنسی سے لوہے کی گرم سلاخوں کو پکڑ کر ایک مل سے نکال کر دوسری مل میں ڈالتا ہے ۔

Stranding : (n) ساحل پر چڑھ جانا ۔

Strandless : (a) بے ساحل ۔

Strandline : (n) ساحل ؛ دریا کا کنارہ ۔

Strandman : (n) تار موڑنے اور کاٹنے والی مشین کو چلانے والا ۔

Strang : (۱) مضبوط ۔ (۲) مستحکم ؛ محکم ۔ (۳) سخت ؛ ٹھوس ۔ (۴) تندرست ؛ توانا ۔ (۵)پکا ؛ پختہ ؛ استوار ؛ راسخ ۔ (۶) طاقتور ؛ قوی ۔ (۷)بڑا ؛ کثیرالتعداد ؛ کثیر ؛ متعدد ۔ (۸) زبردست ؛ با اثر ؛ با اقتدار ۔(۹) قابل ؛ لائق ۔ (۱۰)پُر زور ؛ معرکے کا ۔ (۱۱)مدلل ؛ مؤثر ؛ کارگر ۔ (۱۲)تیز ؛ گہرا (رنگ وغیرہ) ؛ بھاری ؛ بلند (آواز) ۔ (۱۳) تند ؛ تیز ؛ شدید ؛ قوی ؛ سخت ۔ (۱۴) (علم صرف) بے قاعدہ ؛ وہ فعل جس کا ماضی وغیرہ حرف علت کے بدلنے سے بنتا ہو ۔ (۱۵) مقوی ۔ (۱۶) شوخ (رنگ ، روشنی) ۔ (۱۷) منشی ۔ (۱۸) قوی ؛ ماسک (حافظہ) ۔ (۱۹) ماہر ؛ مہارت رکھنے والا ؛ مشاق ۔ (۲۰)جس کا مقابلہ کرنا مشکل ہو (کھیل میں) ۔ (۲۱)ناقابل تسخیر (شہر ، فصیل ، قلع وغیرہ) ۔ (۲۲)جمی ہوئی ؛ تہ بہ تہ (مٹی) ؛ زرخیز ۔ (۲۳) دیر ہضم ؛ ثقیل (کھانا) ۔ (۲۴) (کان کنی) (رگ معدن) موٹی ؛ دبیز ۔ (۲۵) (اون) موٹا ۔ (۲۶) سخت (فعل یا تدبیر) ۔ (۲۷) بھاری ؛ بہت زیادہ (خرچ ، ادائی وغیرہ)۔ (۲۸) سخت ؛ بے لوچ ؛ کٹر ؛ غیر مصالحت پسندانہ (پارٹی کا نظریہ یا اصول) ۔ (۲۹) اٹل ؛ مصمم ۔ (۳۰) متعفن ؛ بدبو دار ۔ (۳۱) (مقدمہ) با شہادت ؛ با ثبوت ؛ جس کی پہلے سے نظیر موجود ہو ۔ (۳۲) نمایاں؛ یقینی ۔ (۳۳) جوڑا ؛ موٹا (خط) ۔ (۳۴) (فوٹو گرافی) (نیگیٹو) جس میں تاریک اور روشن حصے متناسب اور نمایاں ہوں ۔ (۳۵)(تجارت) (قیمت) یکساں نہ رہنے والی ؛ بڑھنے والی ۔ (۳۶)(عروض) (ہجا) جس پر تاکید ہو ۔ (۳۷) (تاش) (کھلاڑی) جس کے ہاتھ میں بڑے پتے ہوں ؛ بڑا (پتا) ؛ بڑے پتوں پر مشتمل (رنگ) ۔ (۳۸)(تمباکو) تیز ؛ کڑا ۔ (۳۹) بے حد مصر ؛ زبردست ۔ (۴۰) پُر جوش ؛ مستعد ؛ سرگرم ۔

Strange : (n) [OFr. 'Estrange'.] (۱) بیرونی ؛ باہر کا ؛ بدیسی ؛ غیر ملکی ؛ غیر ملک کا ۔ (۲) پرایا ؛ دوسرے کا ؛ بیگانہ ۔ (۳) انوکھا ؛ نرالا ؛ نیا ؛ خاص ۔ (۴) عجیب ؛ حیرت انگیز ؛ ناقابل توجیہہ ۔ (۵) نیا ؛ ناواقف ؛ اجنبی ۔ (۶)بھونچکّا ؛ گھبرایا ہوا ۔ (۷) انتہائی ۔ (۸) غیر معمولی ۔ (۹) تعجب کے اظہار میں استعمال ہوتا ہے جیسے It is strange .

Strange : (v) حیرت میں پڑ جانا ؛ متحیر ہو جانا ۔

Strange : (adv.) انوکھے طریقے سے ؛ عجیب طرح سے یا طریقے سے ۔

Strange to say : تعجب ہے ؛ تعجب کی بات ہے ۔

Strange-woman : (n) قحبہ ؛ رنڈی ۔

Strangely : (adv.) دیکھو Strange

Strangeness : (n) نرالاپن ؛ انوکھاپن ؛ حیرت انگیزی ؛ ناواقفیت ؛ اجنبیت ۔

Stranger : (n) (۱) اجنبی ؛ غیر ملکی ؛ پردیسی ۔ (۲) نیا آدمی ؛ اجنبی ؛ نو وارد ؛ غیر آدمی ؛ مہمان ۔ (۳) ناواقف آدمی ؛ انجان آدمی ۔ (۴) کوئی چیز جو غیر متوقع مہمان کی آمد کی علامت سمجھی جائے (مثلاً چائے کی پیالی میں چائے کی تیرتی ہوئی پتی ، آتش دان کے چھڑ میں کالک کا پھڑ پھڑانا وغیرہ) ۔ (۵) (قانون) وہ شخص جو کسی عمل یا (قانونی) کاروائی میں شریک نہ ہو ۔ (۶) (مزاحاً) نو زائیدہ بچہ ۔ (۷) (امریکا) (گنوارو) صاحب ۔ (۷)(پارلیمنٹ) وہ شخص جو پارلیمنٹ کا ممبر یا کوئی عہدہ دار نہیں ہو مگر وہاں کی کاروائی میں اجازت سے موجود ہو ۔ (۹) غیر رشتہ دار ؛ غیر ۔ (۱۰) کسی بزم ، مجلس یا سوسائٹی کا غیر ممبر یا رکن ۔

A perfect stranger / A total- / An utter- : بالکل اجنبی ۔

I spy strangers : (انگلستان کے دارالعوام میں) ممبران اور سرکاری عہدہ داروں کے علاوہ اور سب کے ہٹا دیئے جانے کا مطالبہ کرنا۔

To make a stranger of : بیگانگی برتنا ؛ مغائرت کا برتاؤ کرنا۔

To make no stranger of : تہاک سے ملنا ؛ بیگانگی کا برتاؤ کرنا ؛ بے تکلفی سے پیش آنا ؛ خوش اخلاقی سے پیش آنا۔

Stranger : (a) (۱) اجنبی ؛ غیر ملکی ؛ پردیسی ؛ انجان ؛ ناواقفیت ۔ (۲) اجنبی سے متعلق ۔ (۳) غیر ۔

Stranger : (v) بے گانہ بنانا ، کرنا ؛ اجنبی بنانا ۔

Strangerhood : (n) اجنبیت ؛ غیر ملکی ہونا ؛ انجان پن ۔

Strangership : (n) دیکھو Strangerhood

Strangle : (n) (۱) (کُشتی میں) ایک گرفت جس سے حریف کی سانس رک جاتی ہے ۔ (۲) (مجازاً) (سیاسیات ، بحری) پنجۂ غضب ۔

Strangle : (v) [OFr. 'Estrangler'.] (۱) گلا گھونٹنا ؛ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ۔ (۲) (کالر وغیرہ کا) بہت تنگ ہونا ؛ گلے میں پھنسنا ؛ گلے کو بھینچنا ۔ (۳) (مجازاً) دبا دینا (خواہش کو)؛ زبردستی روکنا (اضطراری حرکت کو)۔ (۴) گنجان کر کے نمو روک دینا (پودوں کی) ۔ (۵) دم گھٹنا ؛ گلا گھونٹ کر مارا جانا ۔

Stranglehold : (n) دیکھو Strangle

Strangler : (n) گلا گھونٹ والا ؛ گلے میں پھنسنے والا ؛ دبا دینے والا ۔

Strangles : (n) متعدی زکام (گھوڑے ، گدھے وغیرہ کا) ۔

Stranglate : (a) [L. 'Strangulatus'.] (۱) (مرضیات ، جراحی) مخنوق ۔ (۲) (حشریات) (سر ، پیٹ وغیرہ) بہت تنگ ۔ (۳) (نباتیات) (تنا) بند لگا کر بنایا ہوا ۔

Strangulate : (v) [L. 'Strangulare'.] (۱) (مرضیات، تشریح) دبنے سے دوران خون رک جانا ؛ (آنت ، رگ وغیرہ میں) اختناق ہو جانا ۔ (۲) بند لگا کر نمو روک دینا ؛ پودے کی نمو روک دینا ؛ جوب رس روک دینا ۔

Strangulated : (a) (نباتیات) (تنا) بند لگا کر بنایا ہوا ۔

Strangulated bowel : (n) مخنوق روده ۔

Strangulated hernia : (n) فتق اختناقی ؛ پھنسا ہوا ؛ خنق ۔

Strangulation : (n) (۱) (مرضیات ، تشریح) اختناق ؛ خنق ؛ گلا گھونٹنا ۔ (۲) انقباض (نلی یا رستے کا) ؛ تنگ حصہ ۔

Strangulative : (a) گلا گھونٹنے والا ؛ گلا گھونٹ کر جان مارنے والا ۔

Strangullion : (n) [OFr. '(E) stranguillion'.] گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں اس کے حلق کے غدود سوج جاتے ہیں ۔

Strangurious : (a) (۱) جسے عسرالبول کا مرض ہو ؛ مریض ؛ عسر البول ۔ (۲) عسرالبول کا ؛ عسرالبول سے متعلق ؛ عسر البول کی قسم کا ؛ عسرالبولی ۔

Strangury : (n) [L. 'Stranguria'.] (۱) عسرالبول (قطرہ قطرہ پیشاب تکلیف سے ہونا) ؛ دھکنوتا ۔ (۲) پٹی باندھنے سے پیدا ہونے والی ایک بیماری ۔

Strany : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا دریائی پرندہ ۔

Strap : (n) [from Strop.] (۱) چمڑے کی پٹی ؛ چمڑے کا تسمہ ؛ فیتہ ۔ (۲) چمڑے کی وہ پٹی جس میں بکسوا لگا ہو (چیزوں کے باندھنے کے لئے) ؛ تسمہ (بستر بند کا) ۔ (۳) پتر ؛ قبضہ (قلابے کا) ۔ (۴) (نباتیات) لتہ (بعض چھوٹے پھولوں کا وہ حصہ جو زبان کی طرح لٹکتا ہے) ۔ (۵) حلق دار تسمہ (مخصوص کام کے لئے) ۔ (۶) دیکھو Shoulder-strap ۔ (۷) (میکانیات) چرخیوں کے تسمے ۔ (۸) چمڑے کا ٹکڑا جس پر استرا تیز کرتے ہیں ۔ (۹) بند آہنی (جوڑنے یا کسی حصے کو اس کی جگہ پر رکھنے کا) ۔ (۱۰) (نباتیات) (بعض گھاس کی) پتیوں کا زائدہ ۔ (۱۱) (لڑکیوں یا عورتوں کے لئے) ایک گالی ۔ (۱۲) (عام) اعتماد ؛ بھروسا ؛ اعتبار ؛ یقین ؛ اعتمادی قرض ۔ (۱۳) کوڑا (چمڑے کا) ۔

On the strap : ادھار ۔

Strap : (v) (۱) تسمے سے جکڑنا ؛ کسنا ؛ باندھنا ؛ پتر یا قبضے سے جڑنا ۔ (۲) چمڑے سے رگڑ کر تیز کرنا (استرے کو) ۔ (۳) (جراحی) (زخم پر) چپک مرہم پٹی باندھنا ؛ (کسی حصے کو) تسمے یا ڈوری سے کسنا ۔ (۴) تسمے سے پیٹنا ۔ (۵) سرگرمی سے کام کرنا ؛ مستعدی سے کام کرنا؛ سرگرمی سے کام شروع کرنا ؛ کمر باندھنا ۔ (۶) گھوڑے کو ملنا ؛ کھریرا کرنا ۔

Strap-bolt : (n) چٹخنی جس کا سرا چپٹا ہوتا ہے اور سطح سے بالکل سٹ جاتا ہے ۔

Strap-bolt : (n) چھلے سرے والی ؛ چٹخنی سے کسنا ۔

Strap-brake : (n) بریک جس میں رگڑ (Frictions) تسمہ لگا ہوتا ہے ۔

Strap hammer : (n) بھاری ہتھوڑا (جو تسمے سے لٹکا رہتا ہے) ۔

Strap hang : (n) چھت سے لٹکے ہوئے تسمے کو پکڑ کر (ریل یا بس پر) سفر کرنا ۔

Strap hinge : (n) لمبے بازوؤں والا ۔

Strap laid : (n) کئی رسیوں کو برابر رکھ کر جوڑا ہوا (رسا) ۔

Strap-leather : (n) گائے کا چمڑا جس سے چیزوں کو باندھنے کی پٹی بنائی جاتی ہے ۔

Strap-oil : (n) (عام) تسمے کی مار ۔

Strap oyster : (n) غیر معمولی طور پر ایک پتلا صدف ۔

Strap-rail : (n) (امریکا) چپٹی پٹری (ریل کی) : جو طول میں رکھے ہوئے سلیپر پر لگی رہتی ہے ۔

Strap railroad/ -railway/ -road : (n) ریل کی پٹری جو طول میں رکھے سلیپر پر لگی رہتی ہے ۔

Strap-work : (n) گتھا ہوا آرائشی کام جو بٹے ہوئے تسمے سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Strap-worm : (n) فیتے کی طرح کا ایک کیڑا ۔

Straphanger : (n) (عام) وہ مسافر جسے بس یا ریل میں بیٹھنے کی جگہ نہ ملے اور چھت سے لٹکے ہوئے تسمے کو پکڑ کر کھڑے کھڑے سفر کرے ۔

Strapless : (a) بے تسمہ ؛ بے فیتہ ۔

Strapontin : (n) [Fr.] بریکٹ دار نشست جو گاڑیوں اور سنیما گھروں میں ہوتی ہے ۔

Strappado : (n) [Fr. 'Strapade, Estrapade'.] (۱) رسی میں باندھ کر اٹھانے اور لٹکانے کی سزا ۔ (۲) (غلط استعمال میں) گھونسے مار کر سزا دینا ۔

Strappan : لمبا ؛ تڑنگا ؛ مضبوط ؛ گٹھے ہوئے جسم کا ۔

Strapping : (a) دیکھو Strappan

Strapping : (n) تسمہ ؛ ڈوری ۔

Strapple : (v) [Origin unkn.] تسمے یا فیتے سے باندھنا ۔

Strasbourg goose : (n) فربہ کی ہوئی بطخ جس کی کلیجی بڑی ہو گئی ہو (جس کا سنبوسہ بنایا جاتا ہے) ۔

Strasburg : (n) Alsace کے خاص شہر کا نام ۔

Strasburg linen : (n) اسٹریز برگ سے در آمد ہونے والا ایک قسم کا کتان ۔

Strasburg pie : (n) فربہ بطخ کی کلیجی کی پائی (ایک قسم کا انگریزی کھانا) ۔

Strass : (n) [G.] وہ مسالا جس سے مصنوعی جواہرات بنائے جاتے ہیں ۔

Strata : (n) Stratum کا صیغۂ جمع ۔

Stratagem : (n) [Fr. 'Strategeme'.] (۱) دشمن کو دھوکا دینے کی تدبیر ۔ (۲) فوجی تدبیر ؛ تدبیر جنگی ؛ خدعہ (۳) ترکیب ؛ چال ؛ توڑ ؛ جگت ۔

Strategetic/ -al : (a) دیکھو Strategic

Strategian : (n) (۱) ماہر حربیات ؛ فنونِ جنگ کا ماہر ۔ (۲) دیکھو Strategist ۔

Strategic/ -al : (a) فن حرب کا ؛ فن لشکر کشی کا ؛ فن حرب یا فن لشکر کشی کے مقتضا یا مصلحت کے مطابق ؛ کلیدی ؛ تزویری ؛ دشمن کے فوجی ، اقتصادی یا سیاسی ذرائع پر حملہ کرنے کے لئے یا اس میں تربیت یافتہ ؛ جنگ کی ضروری (چیز) ۔

Strategic bombing : (n) بمباری جو دشمن کی داخلی معیشت اور نفس حرب کو تباہ کرنے کے لئے کی جائے ۔

Strategic point : (n) کلیدی مقام ؛ فوجی یا جنگی اہمیت رکھنے والا مقام ، جیرہ ۔

Strategically : (adv.) فن حرب کے لحاظ سے ؛ فوجی یا جنگی مصلحتوں کے لحاظ سے ؛ تدبیر کے ساتھ ؛ فن لشکر کشی کے اصول کے مطابق ۔

Strategics : (n) فن حرب ؛ فن لشکر کشی ۔

Strategist : (n) ماہر حربیات ؛ فن حربیات کا ماہر ؛ فن لشکر کشی کا

ماہر : فنون جنگ کا ماہر : حکمت عملی کا ماہر ۔

Strategus / Strategos : (n) [L.] (قدیم یونان) سپہ سالار ۔

Strategy : (n) [Fr. 'Strategie'.] (۱) فن حرب : فن جنگ : فوجی حکمت ۔ (۲) حکمت عملی : تدبیر ۔ (۳) فن لشکر کشی : (سپہ سالار کا) اپنے لشکر سے اس طرح کام لینا کہ لڑائی کا مقام ، وقت اور طریقہ اس کے لئے مفید ہو اس کے اختیار کرنے پر دشمن کو مجبور کر دے یعنی دشمن زیر ہو جائے ۔

Strath : (n) [Gael. 'Srath'.] وسیع گھاٹی یا وادی (پہاڑ کی) ۔

Strath terrace : (n) پرانی وادی کے آثار ۔

Strathospey : (n) [f. the Sc. place-name.] (۱) ایک طرح کا اسکاچستانی رقص (دو اشخاص کا) ۔ (۲) اس رقص کی موسیقی ۔

Straticulate : (a) [f. 'Stratum'.] (۱) (ارضیات ، کان کنی) طبق در طبق : طبقہ طبقہ : جس پر پتلی پتلی پرتیں ایک دوسری پر جمی ہوئی ہوں ۔

Straticulation : (n) طبق در طبق ہونا ۔

Stratification : (n) [Fr.] (۱) (ارضیات) طبقہ بندی : تطبیق : طباق : طبق در طبق ہونا : نظام طبقات : طبقات کی ترتیب ۔ (۲) (برقیات) بہت لطیف گیس سے برقی اخراج کے گزرنے سے پیدا ہونے والی دھاری دار شکل ۔ (۳) (حیاتیات ، مرضیات) طبق بندی : مسلسل پتلی پتلی پرتوں کی وجہ سے نسیج کا موٹا ہو جانا ۔ (۴) درجہ بندی ۔

Stratified : (a) طبق در طبق : طبقی : طبقہ دار : طبق دار : طبقہ طبقہ ۔

Stratiform : (a) (۱) (ارضیات) طبقی : طبقہ صورت ۔ (۲) طبقہ دار : طبق دار ۔

Stratify : (v) [Fr. 'Stratifier'.] (۱) طبق در طبق جمانا : پرت پر پرت جمانا ۔ (۲) طبق بنانا : پرت بنانا ۔ (۳) طبق بننا : طبق در طبق بننا ۔

Stratigrapher : (n) طبقاتی ارضیات کا ماہر ۔

Stratigraphic/ -al : (a) علم طبقات الارض سے متعلق : طبقاتی : طبقاتی ارضیات سے متعلق : نظام طبقات الارض سے متعلق ۔

Stratigraphically : (adv.) علم طبقات الارض کی رو سے ۔

Stratigraphist : (n) دیکھو Stratigrapher

Stratigraphy : (n) (۱) نظام طبقات الارض ۔ (۲) علم طبقات الارض : طبقاتی ارضیات ۔ (۳) (کسی ملک کی) طبقاتی خاصیت ۔

Stratiote : (n) [Gr. 'Stratiotes'.] (یونانی تاریخ) سپاہی : فوجی ۔

Strato- : جزو ترکیبی بمعنی "پیچ در پیچ" (ابر) ۔

Strato-cirrus : (a) پیچ در پیچ ۔

Strato-cirrus : (n) پیچ در پیچ ابر : طبق طرہ ابر ۔

Strato-cumulous : (a) دل بادل سے متعلق : طبق در طبق (ابر) ۔

Strato-cumulus : (n) دل بادل : طبق در طبق ابر : طبق تودۂ ابر ۔

Stratocracy : (n) [Gr. 'Stratos' + -cracy.] فوجی حکومت : فوج شاہی : سپاہی گردی ۔

Stratocratic : (a) فوجی حکومت سے متعلق ۔

Stratose : (a) [L.] طبق : طبقوں میں ترتیب دیا ہوا : طبق در طبق ۔

Stratosphere : (n) کرۂ قائمہ : فضائے قائمہ : جس میں کسی بلندی پر حرارت کم نہیں ہوتی بلکہ یکساں رہتی ہے ۔

Stratospheric : (a) فضائے قائمہ کا یا اس سے متعلق : کرۂ قائمہ کا یا اس سے متعلق ۔

Stratovolcano : (n) آتش فشاں جس میں خاکستر اور برکانی راکھ اور بعض اوقات لاوا کے ساتھ نکلتی رہتی ہے ۔

Stratum : (n) [L.] (۱) (ارضیات) طبقہ : پرت (زمین کی) ۔ (۲) (مجازاً) طبقہ (معاشرے یا سوسائٹی کا) ۔ (۳) (حیاتیات) طبق خلیات : نسیجی طبق ۔ (۴) فضا سمندر یا کسی سیال کی سطح کا وہ حصہ جو شمار کے افقی سطحوں سے گہرا ہوا لیا جاتا ہے ۔ (۵) طبقہ : ان طبقوں میں سے ایک جس میں کسی آبادی کو شماریاتی درجہ بندی کے لئے تقسیم کیا جاتا ہے ۔ (۶) لسانی مظاہرات کی قسم جن میں چند مشترک خصوصیتیں ہوتی ہیں ۔

Stratum cornium : (n) طبق جلد ۔

Stratus : (n) [L.] طبق ابر : بادل کی پتلی پرت : غمام ۔

Stratus cumuliformis : (n) دل بادل کی شکل کا طبق ابر ۔

Stratus maculosus : (n) ہلکے سفید بادلوں سے ڈھکا ہوا آسمان۔

Stravage / Stravaig : (v) مٹر گشت کرنا؛ آوارہ پھرنا؛ مارا مارا پھرنا۔

Straw : (n) [OE. 'Streaw'.] (۱) پیال؛ بھوسا (گدوں میں بھرنے یا چٹائی، ہیٹ وغیرہ بنانے کے لئے)؛ کاہ؛ پرال۔ (۲) چٹائی کی ہیٹ؛ اسٹرا ہیٹ۔ (۳) تنکا؛ خفیف یا حقیر چیز؛ ناچیز۔ (۴) صنوبر کا سوئی نما پتا۔ (۵) پیال یا کاغذ وغیرہ کی بنی پتلی نلکی جس سے مشروب پیا جاتا ہے۔ (۶) پیال یا بھوسا کا چھوٹا ذرہ؛ ذرہ۔ (۷) پتلی پیسٹری جس میں پنیر بھرا رہتا ہے۔

Cheese straw : پتلی پیسٹری جس میں پنیر لگا رہتا ہے۔

Man of straw : (۱) پُتلا (جس میں بھس بھر دیتے ہیں)۔ (۲) خیالی حریف؛ پیکر خیالی۔ (۳) نادار؛ مفلس شخص۔ (۴) فرضی یا غیر ذمہ دار شخص جسے فریب سے بطور ضامن یا کسی مقدمے کا فریق بنا کر کھڑا کر دیا جائے۔

Not to care a straw (two, three straws) : بالکل پروا نہ کرنا۔

Out of the straw : وضع حمل کے بعد (کی حالت)۔

To catch at a straw : تنکے کا سہارا لینا؛ بہت ناکافی تدبیر اختیار کرنا۔

To die in the straw : (سورماؤں کا) بستر پر مرنا۔

To draw , gather, pick straws : (آنکھوں کا) خواب آلود ہونا۔

To make bricks without straw : ناکافی ذرائع سے کام لینا؛ بغیر تل کے تیل نکالنا۔

To run to straw : دیکھو Run (v) (ذیلی)۔

Straw : (v) (۱) چھڑکنا (ریت وغیرہ)؛ بکھیرنا؛ چھترانا (پھول اور چھوٹی چیز)۔ (۲) دیکھو Strew۔

Straw : (a) (۱) پیال کا بنا ہوا۔ (۲) پیال سے متعلق۔ (۳) کاہی؛ پیال کے رنگ کا۔ (۴) ناچیز؛ ادنیٰ؛ حقیر۔ (۵) غیر سرکاری رائے شماری کے ذریعے یا اس سے متعلق۔

Straw : (v) (۱) پیال بچھانا۔ (۲) پیال فراہم کرنا۔

Straw bail : (n) فرضی یا غیر ذمہ دار شخص کی ضمانت؛ ناکافی یا ناقص ضمانت۔

Straw ballot : (n) (سیاسیات) (امریکا) غیر سرکاری رائے شماری (جس سے فریقین کی قوت کا اندازہ کیا جاتا ہے)۔

Straw bed : (n) بھوسا بھرا ہوا گدا۔

Straw-bid : (n) نیلام میں مہمل یا ناقص بولی۔

Straw-board : (n) پیال کا بنا ہوا موٹا پٹھا؛ کاہی مقوی۔

Straw bond : (n) وہ ضمانت جس کے ضامن مفلس ہوں۔

Straw boss : (n) (۱) مزدوروں کے داروغہ کا نائب جو مزدوروں کی چھوٹی جماعت کے کام کی نگرانی کرتا ہے اور کام میں تیزی لاتا ہے۔ (۲) مزدوروں کی جماعت کا ایک رکن جو اپنے کام کے علاوہ دوسروں کے کام کی نگرانی کرتا ہے۔

Straw-boss : (v) مزدوروں کے داروغہ کے نائب کا کام کرنا۔

Straw-breath/ Straw's breath : (n) بہت تھوڑا یا کم فاصلہ۔

Straw-cat : (n) پمپا (Pampa) کی بلی۔

Straw colour : (n) ہلکا زرد رنگ۔

Straw-coloured : (a) ہلکے زرد رنگ کا۔

Straw-drain : (n) پیال سے بھری ہوئی نالی۔

Straw-dynamite : (n) پیال سے بنے نائٹروگلیسرین اور نائٹرو سیلولوس کا مرکب۔

Straw hat : (n) چٹائی کی ہیٹ؛ اسٹرا ہیٹ۔

Straw in the wind : (n) پیش خیمہ؛ اشارہ (کسی آنے والے واقعہ کا)۔

Straw-needle : (n) پیال کی چٹائی بنانے میں استعمال ہونے والی لمبی سوئی۔

Straw paper : (n) پیال کا بنا ہوا کاغذ۔

Straw plait/ -plat : (n) پیال کی بٹی ہوئی چٹائی۔

Straw rope : (n) پیال کا بٹا ہوا رسا۔

Straw-stem : (n) لالہ نما؛ گل لالہ کی شکل کا شراب کا گلاس جس کی ڈنڈی الگ سے نہ لگائی گئی ہو بلکہ اوپر کے کٹورے کو

نیچے کی طرف پتلا کر کے بڑھانے سے ڈنڈی کی شکل بن گئی ہو۔

Straw vote : (n) دیکھو Straw ballot

Straw-worm : (n) مٹی مکھی کا پہل روپ۔

Straw yard : (n) باڑا یا اصطبل جس میں بچا لی بچھا دی گئی ہو (موسم سرما میں گھوڑوں اور مویشیوں کو رکھنے یا فربہ کرنے کے لئے)۔

Straw yellow : (n) ہلکا زرد رنگ۔

Strawberry : (n) [OE. 'Strea(w) berige'.] (۱) اسٹرابیری؛ توت فرنگی۔ (۲) اسٹرابیری کا پودا۔

Strawberry bass : (n) ایک قسم کی مچھلی۔

Strawberry blite : (n) ایک قسم کی بوٹی۔

Strawberry blonde : (n) زردی مائل سرخ بالوں والی عورت۔

Strawberry bush : (n) (۱) دیکھو Strawberry-shrub ۔ (۲) شمالی امریکا کی ایک جھاڑی جس کے ڈوٹے قرمزی اور گلناری ہوتے ہیں۔

Strawberry comb : (n) ملایا کے مرغ کی چھوٹی گول کلغی جو دیکھنے میں نصف اسٹرابیری جیسی لگتی ہے۔

Strawberry crinkle : (n) اسٹرابیری پودوں کی ایک بیماری جو ایک کیڑے کی وجہ سے پیدا ہو جاتی ہے۔

Strawberry fern : (n) امریکا کے گرم خطوں کا فرن۔

Strawberry festival : (n) جشن اسٹرابیری؛ ایک جشن جو اسٹرابیری کے موسم میں منایا جاتا ہے اور اس میں اسٹرابیری کیک پیش کیا جاتا ہے۔

Strawberry finch : (n) ایک قسم کا بیا (پرند)۔

Strawberry fly : (n) ایک قسم کی گھڑ مکھی۔

Strawberry gallbladder : (n) زہرہ (پتا) جس میں کولسٹرول اسٹرابیری کی سطح کی شکل میں جمع ہو جاتا ہے۔

Strawberry-leaf : (n) (۱) اسٹرابیری کی پتی۔ (۲) اسٹرابیری کی پتی کا نشان ارل، مارکوس وغیرہ کے منصب یا جاگیر کی علامت کے طور پر۔

Strawberry mark : (n) اسٹرابیری کی شکل کا ہلکا سرخ پیدائشی نشان (جسم پر)۔

Strawberry pear : (n) جزائر غرب الہند کا ایک خاردار پھل۔

Strawberry perch : (n) دیکھو Strawberry bass

Strawberry pigweed : (n) دیکھو Strawberry blite

Strawberry roan : (n) (۱) نقلی مراکو جس کا بنیادی رنگ لال ہو۔ (۲) سرنگ گھوڑا جس پر سفید داغ ہوں۔

Strawberry shrub : (n) دیکھو Calycanthus

Strawberry tomato : (n) شمالی امریکا کی ایک مضبوط خاردار جھاڑی جس میں گول زرد رنگ کے میٹھے پھل آتے ہیں۔

Strawberry tongue : (n) زبان جو لال بخار کی وجہ سے سوج کر سرخ ہو گئی ہو۔

Strawberry tree : (n) (۱) سدابہار درختوں جن میں اسٹرابیری جیسے پھل آتے ہیں۔ (۲) دیکھو Strawberry-bush ۔

Strawberry vine : (n) اسٹرابیری کا پودا۔

Strawberry weevil : (n) ایک کیڑا جو اسٹرابیری کی ٹہنیوں کو کاٹ دیتا ہے اور کلیوں میں انڈے دیتا ہے۔

Strawberry wine : (n) ایک قسم کا گہرا سرخ رنگ۔

Strawberrying : (n) اسٹرابیری جمع کرنا یا تلاش کرنا۔

Strawhat (theatre) : (n) موسم گرما کا تھیٹر۔

Strawish : (a) کسی قدر پیال سے مشابہ (رنگ میں)؛ ہلکا کاہی۔

Strawless : (a) بے پیال۔

Strawman : (n) دیکھو Man of straw (Straw کے ذیل میں)۔

Strawmote : (n) ایک پیال۔

Strawstack : (n) پیال کا ڈھیر۔

Strawstacker : (n) پیال کا ڈھیر لگانے والا۔

Strawy : (a) (۱) پیال کا؛ پیال کی قسم کا۔ (۲) پیال کا بنا ہوا؛ جس میں بھوسا بھرا ہوا ہو۔ (۳) پیال سے مشابہ۔

Stray : (n) [AFr. 'Strey'.] (۱) (قانون) دیکھو Estray ۔ (۲) وہ جانور جو اپنے گلّے ، گھر یا مالك سے بچھڑ گیا ہو : کوئی جانور جو بھٹك کر آ نکلا ہو ۔ (۳) (مجازاً) بھٹکا ہوا شخص :کتا یا بلی جس کا کوئی مالك نہ ہو ؛ لاوارث کتا یا بلی ۔ (۵) کوئی چیز جو اپنی جگہ سے الگ ہو گئی ہو یا جماعت یا گروہ سے الگ ہو گئی ہو ۔ (۶) الگ کیا ہوا ٹکڑا (کسی چیز کا) ؛ متفرق نمونہ ۔ (۷) عام چراگاہ: عام چراگاہ میں چرائی کا حق ۔ (۸) غیر متوقع طبقاتی عنصر جو گیس یاتیل کا کنواں کھودنے میں مل جائے ۔ (۹) (لاسلکی) اختلال ہوا (جو طوفان کی وجہ سے محسوس ہوتا ہے) : ہوائی اضطرابات ۔ (۱۰) (بحری) دیکھو Stray-link ۔

Waifs and strays : (۱) متفرق چیزیں ۔ (۲) لاوارث بچے ۔

Stray : (a) (۱) بھٹکا ہوا ؛ آوارہ (جانور) ؛ (گلے سے) بچھڑا ہوا ؛ لاوارث ۔ (۲) (رسا) ڈھیلا ؛ (رسی) ڈھیلی ۔ (۳) (انسان یا چیز) بھولا بھٹکا ؛ علاحدہ ؛ متفرق ؛ جو کہیں کہیں اور کبھی کبھی (واقع) ہو ؛ اکا دُکا ؛ اتفاقی ؛ کبھی کبھی ملنے والا یا واقع ہونے والا ؛ غیر متوقع طور پر ملنے والا ۔

Stray : (v) [AFr. OFr. 'Estrayer'.] (۱) بھٹکتے پھرنا ؛ آوارہ پھرنا ۔ (۲) بہك جانا ؛ راہ راست سے منحرف ہو جانا ؛ خطا کار ہونا ؛ خطا کرنا ۔ (۳) راستہ بھول جانا ۔ (۴) بچھڑ جانا ؛ (گلے سے یا ہمراہیوں سے) ۔ (۵) پریشان صورت نظر آنا ؛ پریشان یا پراگندہ نظر آنا ۔

Stray-away : (n) بھٹکا ہوا ؛ آوارہ ۔

Stray energy/ -power : (n) بجلی جو رگڑ ، گردابی رو وغیرہ کی وجہ سے ضائع ہو جائے ۔

Stray-line : (n) (بحری) (عمق پیما شاقول کا) عمود سے انحراف ۔

Strayer : (n) آوارہ ؛ بھٹکتے پھرنے والا ؛ بہکنے والا ؛ منحرف ۔

Strayling : (n) بھٹکا ہوا آدمی یا بھٹکی ہوئی چیز ؛ بچھڑا ہوا آدمی یا بچھڑی ہوئی چیز ۔

Streak : (n) [OE. 'Strica'.] (۱) دھاری ؛ لکیر (خصوصاً رنگین) ۔ (۲) لکیر جو برابر یکساں نہ ہو ؛ (خصوصاً جانور کے جسم ، پرندوں کے پر اور حشرات کے بازوؤں پر کی) ۔ (۳) (معدنیات) رنگین سفوف کی لکیر جو معدنی یا متحجر شے پر خراش سے ان کو کسی چیز پر رگڑنے سے پیدا ہوتی ہے ۔ (۴) (حیاتیات) خط ؛ خطی نشان ؛ نسیج کا تنگ دائرہ ۔ (۵) روشنی کی ہلکی لکیر (خصوصاً بھور ، فجر کی) ۔ (۶) بجلی کی چمک ؛ کوند ؛ کوندا ؛ بجلی کا چمکارا ۔ (۷) (زمین ، پانی وغیرہ کا) لمبا بے قاعدہ اور پتلا سا قطعہ ۔ (۸) (کان کنی) کوئلے کا افقی طبقہ ؛ رگ معدن ۔ (۹) متضاد یا غیر متوقع اوصاف کی آمیزش ؛ ورائتی انداز ۔ (۱۰) عارضی خوش بختی ۔

The silver streak : خلیج انگلستان ؛ رود بار انگلستان ۔

Streak : (v) (۱) دھاریاں ڈالنا ۔ (۲) (بجلی کا) دھاری نما طور پر چمکنا ۔ (۳) دھاری دار ہونا ۔ (۴) بہت تیزی سے بہنا ۔

Streak : دیکھو Strake

Streak : دیکھو Streek

Streak lightening : (n) بجلی کی لہر دار چمك ۔

Streak plate : (n) چینی کا ظرف جس پر رکھ کر معدن کی جانچ کرتے ہیں ۔

Streaked : (a) (۱) دھاری دار ؛ خط دار ؛ لکیر دار ۔ (۲) (سور کا گوشت) چربی کی دھاریوں والا ۔ (۳) منتشر ؛ پریشان ؛ خوفزدہ ؛ بے چین ۔

Streaked bass : (n) ایك قسم کی دھاری دار مچھلی ۔

Streaker : (n) بعض قسم کی مچھلیوں کے نام ۔

Streakily : (adv.) دھاریوں کے ساتھ ؛ متغیر طور پر ؛ غیر اقامتی طور پر ؛ چڑچڑے پن کے ساتھ ۔

Streakiness : (n) (۱) دھاری دار ہونا ۔ (۲) (مجازاً) تغیر پذیر ی ؛ تبدیل پذیری ۔ (۳) چڑچڑاپن ۔

Streaky : (a) (۱) دھاری دار ۔ (۲) چربی کی دھاریوں والا (سور کا گوشت) ۔ (۳) (مجازاً) تبدیل پذیر ؛ تغیر پذیر ؛ غیر یقینی ۔ (۴) چڑچڑا ؛ جھلاّ ۔

Stream : (a) [OE. 'Stream'.] (۱) چشمہ ؛ ندی ؛ دریا ؛ جھرنا ۔ (۲) سیلاب ؛ بہاؤ (کسی سیال شے کا) ؛ دھارا (آنسو ، خون وغیرہ کا)؛ ریلا (آدمیوں کا ، پانی کا) ۔ (۳)دھارا؛ دریا کے بہاؤ کا رخ ۔ (۴) سمندری دھارا ۔ (۵) دھارا یا مدو جزر کا درمیانی حصہ جہاں بہاؤ سب سے تیز ہوتا ہے ۔ (۶) الفاظ کی روانی ؛ دولت کی ریل پیل ؛ فراوانی ۔ (۷)عام رویہ یا جماعت ؛ غالب اثر ۔ (۸) بچوں کے ان متعدد گروہوں یا ٹولیوں میں سے کوئی ایك جن میں سبھی بچوں کی صلاحیت یکساں ہو (عمر کے لحاظ سے) ۔

Against stream : (۱) دھارا کے خلاف ۔ (۲) (مجازاً)

دوسروں کے بر خلاف۔

Down (the stream) : پائیں دریا؛ دہانہ دریا کی طرف (واقع یا جاتا ہوا)۔

On the stream : پیدا وار شروع کرنے پر۔

Up (the) stream : بالائی دریا، منبع دریا کی طرف (واقع یا جاتا ہوا)۔

With stream : ہوا کے رخ؛ دوسروں کے ساتھ۔

Stream : (v) (۱) بہنا (دریا کی طرح کا)۔ (۲) پانی بہنا؛ پانی کی دھار گرنا (چھتری، کھڑکی وغیرہ سے)؛ آنسو یا خون بہنا۔ (۳) (جھنڈے، سر کے بالوں وغیرہ کا) ہوا میں لہرانا۔ (۴) پورے طور پر اور مسلسل دھار بہنا۔ (۵)(لباس کا) نیچے لٹکنا یا لہرانا۔ (۶) (آدمی یا جانوروں کا) ریلا ہونا؛ مل کر گروہ بنا کر کافی تعداد میں مسلسل چلنا۔ (۷) لگاتار چمکنا یا روشنی دینا۔ (۸)چھایا یا ڈھکا ہوا ہونا (روشنی وغیرہ سے)۔ (۹)بہانا؛ دھار بہنانا۔ (۱۰) چھانا؛ پھیل جانا؛ دوڑ جانا۔ (۱۱) (جھنڈے وغیرہ کو) ہوا میں لہرنا؛ رومال ہلانا۔ (۱۲) (کان کنی) ریتلے معدن کو پانی سے دھونا تلچھٹ مٹی وغیرہ ڈھل جانے۔

To steam the buoy : لنگری پیراک پیپے کو لنگر سے پہلے پانی میں پھینکنا۔

Stream-anchor : (n) بیچ کا لنگر (جہاز کا رخ بدلنے کے لئے)۔

Stream-cable : (n) بیچ کے لنگر کا رسا یا زنجیر۔

Stream capture : (n) ایک چشمے کا دوسرے چشمے سے قدرتی طور پر مل جانا۔

Stream-gold : (n) دریا برآمد ماٹی سے نکلنے والا سونا۔

Stream-ice : (n) ہوا سے جمع ہونے والے برف کا مل کر چشمے کے ساتھ بہنا۔

Stream-line : (n) (۱) دھارا؛ بہاؤ کا رخ (پانی کا)؛ رخ آب۔ (۲)رخ باد؛ سمت باد۔ (۳) ساخت یا شکل جس میں کم سے کم فضائی مزاحمت ہو۔

Stream-line : (v) (۱) (موٹر، ہوائی جہاز وغیرہ) اس شکل میں بنانا کہ کم سے کم فضائی مزاحمت ہو۔ (۲) دھارا کے ساتھ چلنے کا عادی ہو جانا۔ (۳) جدید بنانا۔ (۴) منظم کرنا؛ مسلم کرنا۔ (۵) کم سے کم کر دینا؛ آسان بنا دینا۔

Stream-lined : (a) (۱) کم سے فضائی مزاحمت ہونے کے لئے بنا ہوا۔ (۲) سہل کیا ہوا؛ جامع؛ پیوستہ۔ (۳) انحنائی؛ منحنی دار۔ (۴) بنا بنایا ہوا؛ زمانہ حال کے مطابق بنایا ہوا۔ (۵) دھارا یا بہاؤ سے متعلق۔

Stream of consciousness : (n) سیل شور؛ شعوری رو۔

Stream-ore : (n) دریا بر آمد کچدھات یا خام دھات۔

Stream piracy : (n) دیکھو Stream capture

Stream terrace : (n) ارض مرتفع کا سلسلہ جو چشمے کے نظام میں مسلسل تبدیلی سے بن جاتا ہے۔

Stream-tin : (n) دریا بر آمد طبقے میں پایا جانے والا خام ٹن جو سنگریزے کی شکل میں پایا جاتا ہے۔

Stream-work(s) : (n) ریتلے معدن کو دھونا (خصوصاً ٹین کو)؛ وہ جگہ جہاں یہ کام ہوتا ہے۔

Streamer : (n) (۱) جھنڈی؛ پیرق۔ (۲) جھنڈی کی طرح کی کوئی لمبی اور پتلی چیز جو ہوا میں لہرائے۔ (۳) آبخرہ، برف وغیرہ کی لمبی پتلی لکیر۔ (۴) سورج کی کرن؛ (جمع) انوار شمالی۔ (۵) (کان کنی) ریتلے معدن کو دھونے والا۔ (۶) برش نما برقی شرارہ جو کسی رو کے پاس سے نکلتی ہے۔ (۷) (طبیعیات) بند نور؛ نوری رو۔

Streamer : (v) جھنڈیاں لگانا؛ جھنڈیوں سے سجانا؛ آراستہ کرنا۔

Streamer fly : (n) مچھلی پکڑنے کی بڑی مصنوعی مکھی جس کے پیچھے لمبا زائدہ لگا رہتا ہے۔

Streamflow : (n) چشمے کا بہاؤ۔

Streaming : (n) (۱) بہنا؛ جمع ہونا؛ لہرنا یا لہرانا۔ (۲) (حیاتیات) نغز مایہ کا خلیے میں مخصوص بہاؤ۔ (۳) ایک ہی عمر کے بھوں کو ان کی صلاحیت کے لحاظ سے الگ الگ کرنا۔

Streaming : (a) بہتا ہوا؛ رواں۔

Streaming potential : (n) برقی قوتِ بہاؤ۔

Streamingly : (adv.) بہتے ہوئے؛ رواں طور پر۔

Streamless : (a) بے دھارے کا؛ بے دریا کا؛ بے چشمے کا۔

Streamlet : (n) چھوٹا سا چشمہ؛ جھرنا؛ نالہ۔

Streamline flow : (n) مستقل بہاؤ ؛ لزجی بہاؤ ۔

Streamline form : (n) وہ شکل جس کی وجہ سے ہوا کی مزاحمت کم سے کم ہو ۔

Streamlining : (n) (۱) وہ شکل یا ایسی ساخت جس کی وجہ سے (ہوائی جہاز کو فضا میں) کم سے کم مزاحمت ہو ؛ انحنائی ساخت ۔ (۲) سادہ یا جدید بنانا ۔

Streamside : (n) چشمے یا جھرنے کا کنارا ۔

Streamway : (n) چشمے کا بہاؤ ؛ چشمہ کا راستہ ۔

Streamwort : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Streamy : (a) (۱) جہاں چشمے کثرت سے ہوں ۔ (۲) (پانی) بہتا ہوا ؛ رواں ۔ (۳) (بال) لہراتا ہوا ۔ (۴) چشمے کی طرح کا ؛ چشمے سے مشابہ ؛ چشمے کی طرح بہتا ہوا ۔

Streblidae : (n) [L.] دو پر مکھی یا ایک قسم جو چمگادڑوں پر خارجی طفیلی کی سی زندگی بسر کرتی ہے ۔

Strobiliferous : (a) مخروطہ زا ۔

Strobiliform : (a) مخروطی ؛ مخروطہ سے مشابہ ۔

Strobiline : (a) (حیوانیات ، نباتیات) دیکھو Strobilaceous

Strobilization : (n) دیکھو Strobilation

Strobiloid : (a) مخروطہ سے مشابہ ؛ مخروطہ نما ۔

Strobilus : (n) [Late L. 'Strobilus'.] (۱) (نباتیات ، حیوانیات) مخروطہ ۔ (۲) بند دار کدو دانہ ۔

Strobophonograph : (n) گردشی صورت نگار ۔

Stroboscope : (n) [Gr. 'Strobos' + -scope.] (۱) ایک کھلونا جس میں تصاویر کے ایک سلسلے کو گرداں پہیے کی سوراخ سے دیکھنے سے حرکت کا دھوکا ہوتا ہے ۔ (۲)گردش نگار ۔

Stroboscopic/ -al : (a) گردش نما سے متعلق ۔

Strockle : (n) [Origin unkn.] بیلچہ جس کا کنارہ اوپر کی طرف مڑا ہوتا ہے اور شیشہ سازی میں کام آتا ہے ۔

Strode : دیکھو Stride

Stroganoff : (n) [after Count Paul Stroganoff, or Russ. diplomat.] پتلا کٹا ہوا ، پیاز ، سرسوں ، کھٹی کریم وغیرہ کی چٹنی میں لگا کر پکایا ہوا (گوشت) ۔

Stroke : (n) [ME. 'Strok'.] (۱) وار ؛ ضرب ؛ ہاتھ ۔ (۲) حملہ (فالج کا) ؛ حملہ مرض ؛ فالج ۔ (۳) بلا (کام کا) ؛ ہاتھ ؛ (کشتی وغیرہ کھینچنے کی) ایک کوشش ؛ جنبش ۔ (۴) (کھیلوں میں) ہاتھ لگانے کا طریقہ ۔ (۵) نہایت عمدہ ہاتھ ؛ استادی کا ہاتھ ۔ (۶) (قلم ، پنسل یا مو قلم کی) ایک جنبش ؛ ایک شوشہ ؛ ایک کشش ؛ ایک دستخط یا نشان ؛ اشارہ ۔ (۷) گھنٹے کے بجنے کی آواز ؛ گھڑی کی گھنٹی بجنا ۔ (۸) وہ کشتی کھینے والا جو دنبالۂ کشتی میں بیٹھتا ہے اور جس کے ساتھ ساتھ دوسرے چپو چلاتے ہیں ؛ کھریوں کا اگوا ؛ کھریوں کے بیٹھنے کی جگہ ۔ (۹)(مجازاً) منحوس واقعہ ؛ کوئی چیز جس سے تکلیف ، زخم یا موت ہو ؛ عذاب الٰہی ۔ (۱۰) دھڑکن (دل کی) ؛ رفتار (نبض کی) ۔ (۱۱) کم سے کم ؛ بڑا کام ، تجارت وغیرہ ۔ (۱۲) ضرب جیسی کوئی حرکت ۔ (۱۳)پاؤں یا بازو کی ایک حرکت ۔ (۱۴) پُر زور کوشش (کوئی چیز حاصل کرنے کی) ؛ تدبیر ؛ ترکیب ۔ (۱۵) کارنمایاں ؛ کامیابی ؛ کسی فن ، فطری قابلیت یا نکتہ چینی کا نمایاں مظاہرہ ۔ (۱۶) حُسن اتفاق ؛ خوبی تقدیر ۔ (۱۷)(جرثومیات) وہ خط جو جراثیم آلودہ تار کو اس سطح پر گزارنے سے بن جاتا ہے جس پر ٹیکا لگانا ہو ۔ (۱۸) اناج وغیرہ ناپنے کا ایک پیمانہ ۔ (۱۹) (کھیت میں) ہل کی ایک دھاری ۔

At one stroke / At a - : (۱) ایک ضرب میں ۔ (۲) ایک دم سے ؛ یکایک ؛ دفعتاً ۔

Down stroke : نیچے کا شوشہ ۔

Finishing stroke : آخری اور کاری ضرب ؛ وہ ہاتھ جس میں خاتمہ ہو جائے ۔

On the stroke /Upon- : (.....) بجنے کے قریب ہونا ۔

Up stroke : حرف کے اوپر کا شوشہ ۔

With a stroke of the pen : ایک جنبش قلم میں ۔

Stroke : (n) دیکھو Straik

Stroke : (v) [OE. 'Stracian'.] (۱) مالش کرنا ؛ سہلانا ؛ ہاتھ پھیرنا ۔ (۲) ہاتھ پھیر کر کسی مخصوص حالت میں لانا ۔ (۳)(کاٹنے والے اوزار کو) تیز کرنے کے لئے کسی سطح پر گزارنا ۔ (۴) تہن کو دبا کر کل دودھ نکال لینا ۔ (۵)(معماری) پتھر کو اس طرح کاٹنا کہ کٹاؤ دار نظر آئے ۔ (۶) (سوزن کاری) پلیٹوں کو باقاعدہ ترتیب میں رکھنا ۔

To stroke one down : دھیما کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ غصہ رفع کرنا ۔

To stroke the wrong way (of the hair)/ - against the hair : غصہ دلانا ؛ ایسی باتیں کرنا کہ غصہ آ جائے ۔

Stroke : (v) (۱) دھاریاں ڈالنا ؛ دھاری دار بنانا ۔ (۲) حر "t" میں اوپری افقی نشان کھینچنا ۔ (۳) کشتی میں کھوپّوں کا اگوا ہونا ۔(۴) قلم زد کرنا ۔ (۵) ٹائپ رائٹر کے کی بورڈ پر ہاتھ مارنا ۔ (۶) مارنا (کھیل میں) ؛ ضرب ۔

Stroke-haul : (n) ناجائز طور پر مچھلی مارنے کا آلہ جس میں اوپر نیچے تین کانٹے لگے رہتے ہیں ۔

Stroke in : (v) استوانہ والے مطبع میں کاغذ کی ایک شیٹ ڈالنا ۔

Stroke oar : (n) چپو جو دنبالۂ کشتی میں لگا رہتا ہے ؛ وہ کھوپّا جو اس چپو کو چلاتا ہے ۔

Stroke oarsman : (n) دنبالۂ کشتی کے پاس والا چپو چلانے والا ۔

Stroke of business : (n) کامیاب معاملہ ؛ وہ معاملہ جس میں فائدہ ہوا ہو ۔

Stroke of oar : (n) چپو کا ایک ہاتھ ۔

Stroke of luck : (n) حُسن اتفاق ؛ خوبیٔ تقدیر ۔

Stroke of state : (n) (حکومت میں) انقلاب ؛ ناگہانی تغیر یا الٹ پلٹ ۔

Stroke of wing : (n) بازو کی ایک جنبش ۔

Stroke play : (n) گولف کا مقابلہ جس میں فیصلہ ضربوں کی تعداد سے کیا جاتا ہے ۔

Stroke side : (n) چپو والی کشتی کا وہ حصہ جہاں چپو چلانے والے بیٹھتے ہیں۔

Strokelet : (n) عارضی سکتہ۔

Stroker : (n) (۱) ہاتھ پھیر کر علاج کرنے والا۔ (۲) ایک آلہ جس سے کاغذ کے تختے استوانہ مطبع میں ڈالے جاتے ہیں۔

Strokesman : (n) دنبالۂ کشتی پر لگا چپو چلانے والا۔

Stroking : (n) (۱) سہلانا؛ ہاتھ پھیرنا؛ پھیرنا۔ (۲) (جمع) (تہن سے) آخیر میں نکالا ہوا دودھ۔

Strokingly : (adv.) سہلاتے ہوئے۔

Stroll : (n) چہل قدمی؛ ہوا خوری۔

Stroll : (v) [G. 'Strollen'.] (۱) ٹہلنا؛ ہوا خوری کرنا؛ چہل قدمی کرنا۔ (۲) اِدھر اُدھر پھرنا؛ مارا مارا پھرنا (معاش وغیرہ کی تلاش میں)۔ (۳) شہر شہر؛ قصبہ قصبہ پھر کر تماشا دکھانا۔

Stroller : (n) (۱) چہل قدمی کرنے والا؛ ٹہلنے والا۔ (۲) آوارہ گرد۔ (۳) شہر شہر؛ قصبہ قصبہ پھر کر تماشا دکھانے والا۔ (۴) بھوں کو گھمانے والی ایک قسم کی چار پہیوں والی گاڑی۔

Strolling : (a) سفری؛ خانہ بدوش؛ دورہ کرنے والا؛ شہر شہر؛ قصبہ قصبہ پھر کر تماشا دکھانے والا۔

Strom / Strum : (n) [Origin unkn.] (۱) (شراب سازی) لمبوتری ٹوکری جو پیپے کے سوراخ پر رکھ دی جاتی ہے تاکہ دانے اور بھاپ نہ گزر سکیں۔ (۲) (کان کنی) لوہے کی چھلنی جو آب کشی کی نلی پر لگا دی جاتی ہے تاکہ رکاوٹ نہ پیدا ہو۔

Stroma : (n) [Late L.] (۱) (تشریح) نسیج اساسی؛ اساس نسیجی؛ اسٹروما۔ (۲) خلیے کا عضو کا ڈھانچہ جو عموماً نسیج کی شکل کا ہوتا ہے۔

Stromal : (a) نسیج اساسی سے متعلق۔

Stromatic : (a) نسیجی؛ اسٹرومی۔

Stromatin : (n) ایک قسم کا لحمیہ (پروٹین) جو بعض خلیوں کے نسیج اساسی سے ملتا ہے۔

Stromatous : (a) نسیج اساسی رکھنے والا؛ نسیج اساسی پر اثر کرنے والا۔

Stromb : (n) [Anglicized form of Strombus.] قسم حلزونیہ؛ صدف حلزونیہ؛ ایک قسم کا گھونگا۔

Strombidae : (n) معدہ پا صدفوں کی ایک جنس۔

Strombiform : (a) معدہ پایاں کی ایک جنس سے مشابہ۔

Strombite : (n) متحجر صدف حلزونیہ۔

Stromboid : (a) صدف حلزونیہ سے مشابہ۔

Stromboid : (n) صدف حلزونیہ۔

Strombolian : (n) کوہ آتش فشاں کے پھٹنے سے متعلق جس میں دھماکا ہوتا ہے اور دہکتی ہوئی گرد وغیرہ نکلتی ہے۔

Strombuliform : (a) [Fr. 'Strombuliforme'.] (۱) (ارضیات) لفو کی شکل کا۔ (۲) (نباتیات) حلزونی شکل۔

Strombus : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) جنس حلزونیہ؛ معدہ پا صدفوں کی ایک جنس۔ (۲) اس جنس کا کوئی صدف۔

Stromeyerite : (n) (۱) چاندی اور تانبے کا سلفائیڈ۔ (۲) جرمنی کے ایک کیمسٹ کا نام۔

Strong : (a) [OE. 'Strong, Strang'.] (۱) مضبوط۔ (۲) مستحکم؛ محکم۔ (۳) دیکھو Strang۔

A strong head : مخمور نہ ہونے کی صلاحیت۔

One's strong point : استعداد؛ قابلیت؛ کوئی خاص دماغی قوت۔

The strongr sex : مرد۔

Strong : (adv.) (۱) سختی سے؛ مضبوطی سے۔ (۲) دیکھو Strongly۔

To be going strong : پُر زور ہونا؛ بڑے زور پر ہونا۔

To come it strong : ناقابل یقین بیانات دینا؛ بڑھا چڑھا کر باتیں کرنا یا بیان کرنا؛ انتہا کو پہنچا دینا۔

To come out strong : بے جا نمائش کرنا؛ کتھا شروع کرنا؛ بہت تفصیل سے بیان کرنا؛ زور شور سے شروع کرنا۔

To go it strong : زور شور سے کرنا۔

To pitch it strong : شیخی بگھارنا ؛ بڑا بول بولنا۔

Strong : (n) تلوار کے پھل کا مضبوط تر حصہ (دستے کے قریب کا)۔

Strong arm : (n) (۱) طاقت ؛ قوت۔ (۲) تشدد ؛ زبردستی ؛ تشدد مجرمانہ ۔ (۳) ٹھگ ؛ غنڈا۔

Strong-arm : (a) بے جا قوت کا استعمال کرنے والا ؛ متشدد۔

Strong-arm : (v) (۱) طاقت کا استعمال کرنا ؛ مارنا ؛ پیٹنا۔ (۲) تشدد کی دھمکی دے کر خوفزدہ کرنا۔ (۳) زبردستی لوٹ لینا۔

Strong-armer : (n) تشدد کا استعمال کرنے والا آدمی ؛ لٹیرا ؛ ٹھگ۔

Strong breath : (n) بدبو دار سانس۔

Strong breeze : (n) تیز ہوا ؛ ہوا جس کی رفتار ۲۵ سے ۳۱ میل فی گھنٹہ ہوتی ہے۔

Strong butter : (n) بساندار مکھن۔

Strong candidate : (n) قوی امیدوار (جس کے جیتنے کی امید ہو)۔

Strong combination : (n) قوی اتحاد۔

Strong detachment : (n) (فوج کا) بڑا دستہ (تعداد میں)۔

Strong drink : (n) تند شراب۔

Strong for : (n) ضرورت سے زیادہ مہربان ؛ زیادہ اہمیت دینے والا۔

Strong gale : (n) تیز ہوا جس کی رفتار ۴۷ سے ۵۴ میل فی گھنٹہ ہو۔

Strong-headed : (a) ضدی ؛ ہٹیلا ؛ سرکش۔

Strong-headedly : (adv.) ضد کے انداز سے ؛ ہٹیلے پن سے ؛ سرکشی سے۔

Strong-headedness : (n) ضد ؛ سرکشی ؛ ہٹیلا پن۔

Strong interaction : (n) ایک طبیعی تفاعل جو صرف بعض جز جو ہر ذرات کے درمیان مؤثر ہوتا ہے جبکہ وہ بالکل سٹے ہوئے رہتے ہیں۔

Strong language : (n) سخت الفاظ (گالیاں یا ایسے الفاظ جن سے ہتک ہو)۔

Strong man : (n) (۱) دبنگ آدمی۔ (۲) ذمہ دار آدمی ؛ وہ شخص جس میں منصوبہ بندی اور کام کرنے کی صلاحیت ہو۔ (۳) دبنگ حاکم۔

Strong meat : (n) (۱) (بائبل) قوی غذا۔ (۲) (مجازاً) ثقیل لقمہ (وہ نظریہ یا عمل جس کے قبول کرنے کی صلاحیت ان لوگوں میں ہو جو خاص طور پر مضبوط طبیعت یا غیر معمولی بصیرت رکھتے ہیں)۔

Strong-minded : (a) (۱) قوی طبیعت کا۔ (۲) (تحقیراً) عورت جو مرد کے ساتھ دینی اور قانونی مساوات کا دعویٰ کرتی ہو۔

Strong-mindedly : (adv.) قوی دماغ سے۔

Strong-mindedness : (n) قوی دماغی ؛ قوی طبیعت کا ہونا۔

Strong nerve : (n) قوی اعصاب ؛ مضبوط دل (جس پر خوف ، غصے وغیرہ کا اثر کم ہو)۔

Strong of : (a) کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ؛ (کسی چیز کی) بہت زیادہ چاشنی دی ہوئی۔

Strong point : (n) دماغی مورچہ کا منظم حربی مقام۔

Strong room : (n) محفوظ کمرہ (فولاد وغیرہ کا بنا ہوا ، جس میں قیمتی چیزیں رکھتے ہیں)۔

Strong sand : (n) ڈھالنے والے کی ریت جس میں گندھی ہوئی مٹی ملی رہتی ہے۔

Strong side : (n) فٹ بال کے کھیل میں کھلاڑیوں کا ایک طرف یا کسی طرف ہجوم۔

Strong situation : (n) مؤثر موقع (ناٹک یا افسانے کا وہ موقع جو ناظرین یا تماشائیوں پر بہت اثر کرے)۔

Strong suit : (n) (۱) رنگوں کا سلسلہ جس میں بڑے پتے ہوں۔ (۲) کوئی ایسی قوت یا فضیلت جو کسی کو ممتاز کرتی ہو۔

Strong tea : (n) کڑی یا تیز چائے۔

Strong voice : (n) کڑی یا تیز آواز۔

Strong water : (n) شراب۔

Strong-woolled/-wool : (a) (۱) موٹے اور مضبوط اون والی (بھیڑ)۔ (۲) دو نسلی بھیڑ۔

Strongback : (n) (۱) لمبی بلّی جس کے ذریعے ایک کشتی کو دوسری کشتی سے باندھ دیتے ہیں ۔ (۲) عرشے کے نیچے کی سہارا دینے والی بلّی ۔

Strongbark/ Strongback : (n) جزائر غرب الہند اور امریکا کے گرم خطوں کا ایک چھوٹا درخت یا جھاڑی جس کی گوندی سے شراب بنتی ہے ۔

Strongbox : (n) تجوری ۔

Stronghearted : (a) بہادر ؛ با ہمت ؛ دلیر ؛ نڈر ۔

Strongheartedness : (n) بہادری ؛ دلیری ۔

Stronghold : (n) (۱) قلعہ ۔ (۲) (کسی خیال یا نظریے کا) گھر ۔ (۳) وہ جگہ جہاں مخصوص گروپ کا قبضہ ہو ۔

Strongish : (a) کسی قدر مضبوط ؛ مستحکم ؛ تندرست ؛ سخت ؛ تیز ؛ مؤثر ۔

Strongly : (adv.) مضبوطی سے ؛ استحکام سے ؛ سختی سے ؛ شدت سے ؛ زور شور سے ؛ مؤثر طریقے سے ۔

Strongness : (n) قوت ؛ طاقت ؛ استحکام ؛ پختگی ۔

Strongyle : (n) [mod. L. 'Strongylus'.] خیطیہ کی ایک قسم ؛ نارو کی ایک قسم ۔

Strongyle : (n) [Gr. 'Strongyle'.] (حیوانیات) اسفنجی سوزن کی ایک قسم ۔

Strongyloid : (a) خیطیہ نما ۔

Strongyloid : (n) خیطیہ نما کیڑا ۔

Strongyloidiasis : (n) خیطیہ زدگی ۔

Strongylosis : (n) دیکھو Strongyloidiasis

Strongylote : (a) [Gr. 'Strongylos'.] جس کا ایک سرا گول ہو (خصوصاً اسفنجی سوزن کا) ۔

Strontia : (n) سٹرونشیا ؛ سٹرونشیم آکسائیڈ ؛ جس کے شورے (نائٹریٹ) سے آتشبازی میں سرخ رنگ کے شعلے پیدا ہوتے ہیں ۔

Strontia : (a) اسٹرونشیم کا یا اسٹرونشیم آکسائیڈ کا ۔

Strontian : (n) [Name of a parish in Argylisire.] دیکھو Strontia

Strontian yellow : (n) زرد رنگ جو اسٹرونشیم کے نمک کے محلول میں پوٹاشیم کرومیٹ ملانے سے بنتا ہے ۔

Strontianite : (n) (کیمیا) اساس اسٹرونشیم کاربونیٹ ۔

Strontium : (n) [f. 'Strontia' + -um.] اسٹرونشیم ؛ سیاہی مائل زرد رنگ کی ایک دھات ۔

Stroop : (n) دیکھو Spout

Strop : (n) [(M)LG. (M) Du.] (۱) چمڑے کا ٹکڑا جس پر استرا تیز کرتے ہیں ؛ چھوٹا ۔ (۲) استرا تیز کرنے کی مشین ۔ (۳) (چمڑے ، لوہے یا رسی کا) پٹا جو چرخی میں پہنا دیا جاتا ہے ۔

Strop : (v) (۱) چمڑے پر تیز کرنا ؛ مشین سے تیز کرنا (استرا) ۔ (۲) (بحری) چرخی پر پٹا چڑھانا ۔

Strophanthin : (n) تنابی گل سے حاصل ہونے والا گلو کوسائیڈ (Glucoside) ۔

Strophanthus : (n) [mod. L.] (۱) تنابی گل ؛ پودوں کی ایک جنس ۔ (۱) اس سے بننے والی ایک زہریلی دوا ۔

Strophe : (n) [Gr.] (۱) مسلسل سطروں کی اوزانی ساخت کا نظام جس کی تکرار دوسرے نظام میں ہوتی ہے جسے Anti-strophe کہتے ہیں ؛ ایک قسم کا پیچیدہ بند ۔ (۲) قدیم یونانی رقص کا بھاؤ ۔ (۳) وہ گیت جو اس کے ساتھ گایا جاتا تھا ؛ اسٹروفی ۔ (۴) (نباتیات) پتوں کے مرغولہ نما بڑھنے کے لئے بھی مستعمل ہے ۔

Strophic/-al : (a) (یونانی کورس کے) پیچیدہ بند سے متعلق ؛ اسٹروفی کا ؛ اسٹروفی کے طرز کا ۔

Strophically : (adv.) پیچیدہ بند کے انداز میں ۔

Strophiolate : (a) ناف دانہ دار ۔

Strophiole : (a) [mod. L. 'Strophiolum'.] (نباتیات) ناف دانہ ؛ وشاخ ؛ بعض قسم کے ناف کے گرد کا دانہ دار ابھار ۔

Strophoid : (n) [Fr. 'Strophoide'.] (ہندسہ) دو خطوط مستقیم جو کسی سطح کے دو متعین نقطوں کے گرد گردش کریں ان کے تقاطع کا طریق ۔

Strophpodal : (a) دو خطوط مستقیم کے تقاطع کے طریق سے متعلق

(جو ایک ہی سطح کے دو متعین نقطوں کے گرد گردش کریں)۔

Strophulus : (n) [mod. L.] (مرضیات) لال دانے ؛ ربہ ۔

Stropper : (n) دو دھار والے بلیڈ کو تیز کرنے کا اوزار ۔

Stropping : (n) (چرخی پر چڑھانے والا) پٹا بنانے کی رسّی ۔

Stroup : (n) [ME. 'Stroupe'.] دیکھو Spout ۔

Stroy : (v) دیکھو Destroy

Strubbly : (a) [Pennsylvania German Schtruwwilich'.] غیر ترتیب پسند ؛ بے سلیقہ ؛ پھوہڑ ؛ بے ترتیب ؛ بے قرینہ ۔

Struck : (a) دیکھو Stricken

Struck jury : (n) مخصوص جیوری جو ارکان جیوری کی فہرست سے منتخب ہوتی ہے ۔

Struck measure : (n) اناج کا ایک پیمانہ (جس میں غلہ منہ تک بھرا جاتا ہے ، لبالب رہتا ہے) ۔

Struck pointing : (n) ضربی ٹیپ کاری ۔

Strucken : (a) دیکھو Stricken

Structural : (a) (۱) ساخت یا بناوٹ کے متعلق ؛ بناوٹی ؛ ساختمانی ۔ (۲) تعمیری ؛ عمارتی ۔ (۳) ترکیبی ۔ (۴) (ارضیات) زمین کی پرتوں سے متعلق ۔ (۵) (شعبۂ سائنس) جو ساخت سے متعلق ہو) ۔

Structural alterations : (n) تعمیری رد و بدل ۔

Structural botany : (n) ترکیبی نباتیات ۔

Structural chemistry : (n) ترکیبی کیمیا ۔

Structural disease : (n) وہ مرض جس سے نسیج متاثر ہو اور آنکھوں یا خوردبین سے دیکھا جا سکے ؛ عضویاتی مرض ؛ ساختمانی مرض ۔

Structural formula : (n) ترکیبی ضابطہ ۔

Structural linguistics : (n) ساختمانی لسانیات ۔

Structural load : (n) تعمیری بار ؛ عمارتی بوجھ (بار جو خود عمارت کا ہو) ۔

Structural psychology : (n) ترکیبی نفسیات ۔

Structural repairs : (n) عمارتی مرمت ۔

Structuralism : (n) (۱) ایک نظریہ جو نفسیات میں ساخت کی اہمیت پر زیادہ زور دیتا ہے (فعل کے مقابلے میں) ۔ (۲)لسانیات میں ترکیبی اصولوں کا استعمال ۔

Structurally : (adv.) ساخت کے اعتبار سے ۔

Structure : (n) [Fr. or L. 'Structure'.] (۱) ساخت ؛ بناوٹ ؛ ترکیب ۔ (۲) پورا ڈھانچ (کسی چیز کا) ۔ (۳) مرکب چیز ۔ (۴)خاص بناوٹ والی کوئی چیز ؛ تعمیر ؛ عبارت ؛ عمارت ۔ (۵) (کیمیا) سالمی ساخت ۔ (۶) (حیاتیات) جسم حیوانی یا جسم نباتی کے ترکیبی جز ۔

Structure : (v) تعمیر کرنا ؛ بنانا ؛ جسم نامی بنانا ۔

Structured : (a) معین ساخت والا ؛ ترکیبی یا تنظیمی ساخت نما ۔

Structureless : (a) بغیر خاص بناوٹ کا ؛ جس کی کوئی خاص بناوٹ نہ ہو ؛ بے ترکیب ۔

Structurelessness : (n) بے ترکیبی ؛ بے ترکیب ہونا ۔

Strudel : (n) [G.] اسٹیریا میں بننے والی پیسٹری کی ایک قسم ۔

Struggle : (n) (۱) کشمکش ؛ گتم گتھا ؛ گھمسان کی لڑائی ؛ سخت مقابلہ ؛ سخت کوشش ؛ جد و جہد ؛ ہاتھ پیر مارنا ؛ تنازع ؛ جُہد ؛ مسلسل کوشش کسی کے جبرو دباؤ سے آزاد ہونے کے لئے ۔ (۲) عالم سکرات میں سانس لینے کی کوشش ۔ (۳) مقابلہ ۔

Struggle : (v) [ME. 'Struglen'.] (۱) ہاتھ پاؤں مارنا (اس شخص کا نام جسے کوئی پکڑے ہو ، چھوٹنے کے لئے) ۔ (۲)سخت کوشش کرنا ۔ (۲) (اپنے حریف سے) گتھم گتھا ہو کر لڑنا (جیسے کشتی میں) نیز کسی کے جبرو دباؤ سے خود کو آزاد کرنے کی سخت جد و جہد کرنا ؛ قابو پانے یا غالب آنے کی کوشش کرنا ؛ کشمکش ہونا یا ٹکراؤ ہونا (دو چیزوں یا اشخاص میں) ؛ مشکلات کے باوجود سخت کوشش کرنا ۔ (۴) عالم سکرات میں سانس لینے کی سخت کوشش کرنا ۔ (۵) بڑی دقت سے یا کشمکش کے بعد آگے بڑھنا یا گزرنا ؛ چڑھنا یا اترنا (کسی مقام سے) ؛ (مجازاً) جم کر مقابلہ کرنا ؛ خاص کر اپنے سے زیادہ طاقتور حریف یا دشمن سے ۔

To struggle for existence : (۱) تنازع البقا ؛ جہد البقاء ۔ اجسام حیوانی کا باہمی مقابلہ ؛ انتخاب طبعی میں یہ کوشش کہ دوسروں کو فنا کر کے خود باقی رہیں ۔ (۲)روزی کمانے کے لئے جد و جہد ۔

Struggle for existence : (n) جہد البقا ؛ زندگی کے لئے جد و جہد کرنا؛ روزی کمانے کے لئے جد و جہد کرنا ۔

Struggle of life : (n) کشمکش حیات ۔

Struggler : (n) سخت کوشش کرنے والا ؛ ہاتھ پاؤں مارنے والا ۔

Struggling : (a) جسے روزی کمانے یا شہرت حاصل کرنے کے لئے بڑی کشمکش یا سخت کوشش کرنی پڑے ۔

Strugglingly : (adv.) بہت کشمکش کے ساتھ ؛ سخت کوشش سے ؛ ہاتھ پاؤں مارتے ہوئے ۔

Struladbrug : (n) [Arbitrary.] (سفر نامۂ گلیور میں) ایک فرضی شخص ان اشخاص میں سے جنہیں دائمی زندگی ملی تھی لیکن اسّی سال کی عمر کے بعد جنہیں قانوناً مردہ قرار دے دیا جاتا تھا اور وہ لوگ حکومت کی دی ہوئی حقیر رقم (بطور و ظیفہ) پر زندگی بسر کرتے تھے ۔ (۲)(مجازاً) طویل عمر ۔

Struldbruggian : (a) (گلیور کے سفر نامہ میں) ان اشخاص سے متعلق جو ہمیشہ زندہ رہتے تھے ۔

Struldbrugism : (n) طویل عمری ۔

Strum : (v) [Imitative.] (۱) تار والے سازو سامان کو چھیڑنا (خصوصاً اناڑی پن سے) ۔ (۲) اناڑی پن سے بجانا (تار والے ساز کو) ؛ (تار والے ساز کا) اس طرح سے بجنا ۔

Strum : (n) اناڑی پن سے چھیڑتے ہوئے ساز کی آواز ۔

Strum : (n) [ME. 'Strom, Strumme'.] دیکھو Strainer

Struma : (n) [L.] (۱) خنازیر ؛ کنٹھ مالا ۔ (۲) گھینگھا ؛ گلہر ۔ (۳) (نباتیات) گلٹی (درخت کے کسی حصے میں) ۔

Strumatic : (a) خنازیر میں مبتلا ۔

Strumiform : (a) (نباتیات) گلٹی دار ؛ (مرضیات) خنازیر یا گھینگھا سے مشابہ ۔

Strumose : (a) (نباتیات) گلٹی دار ؛ مریض خنازیر ۔

Strumous : (a) [L. 'Strumosus'.] (۱) خنازیر میں مبتلا ؛ خنازیری ۔ (۲) خنازیر جیسا ؛ خنازیر سے پیدا ۔ (۳) گلٹی دار ۔

Strumpet : (n) [Origin unkn.] (۱) قحبہ ؛ فاحشہ ؛ رنڈی ؛ کسبی ۔ (۲) (مجازاً) تجسیم شدہ چیزوں کے بارے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Strumpet : (a) فاحشانہ ؛ کسبیانہ ۔

Strung : (a) (۱) ڈوری پرویا ہوا ؛ گوتھا ہوا ۔ (۲) تنا ہوا (اعصاب) ۔

Strung out : (a) (۱)منشیات کا عادی ۔ (۲) وہ جس کی صحت منشیات کے کثرت استعمال سے خراب ہو گئی ہو ۔

Strung-up : (a) بے چین ؛ مضطرب ؛ پریشان ؛ بے حد زود حس ۔

Strunt : (n) [Obsolete E. 'Strunt'.] (۱) ٹھنٹھ دم کا ۔ (۲) پیر یا بال نوچی ہوئی دم ۔

Strunt : (v) دم کاٹنا ۔

Strunt : (n) [Origin unkn.] خفگی ؛ ناراضی ؛ اہانت ؛ گستاخی ؛ آزردگی ؛ صدمہ ۔

Strunt : (v) اکڑ کر چلنا ؛ تن کر چلنا ؛ اکڑ ؛ رعونت ؛ نمائش ؛ نمود ؛ خود نمائی ۔

Strunt : (n) [Origin unkn.] دیکھو Liquor

Strut : (n) دیکھو Strunt ؛ آڑ ؛ اڑواڑ ؛ داب روک ؛ خصوصاً وہ لکڑی جو چھت وغیرہ کو سہارا دینے کے لئے ترچھی لگائی جاتی ہے ۔

Strut : (v) دیکھو Strunt

Strut : (n) پہیے کے آروں کا مڑ جانا ۔

Strut : (v) [ME. 'Stroute'.] اکڑ کر چلنا ؛ تن کر چلنا ؛رعونت کے ساتھ چلنا ۔

To strut one's stuff : (عام) چار چاند لگا کر دکھانا ؛ قابلیت کی نمائش کرنا ۔

Strut : (v) آڑ لگانا ۔

Strutbeam : (n) شہتیر جو بطور آڑ لگایا جاتا ہے ۔

Struth : (Interj.) (۱) ایک ہلکی قسم ۔ (۲) God's truth کا مخفف ۔

Struthian : (a) شتر مرغ کا ؛ شتر مرغ جیسا ؛ شتر مرغ کے خاندان کا ؛ نعامی ؛ شتر مرغی ۔

Struthiform/ Struthiliform : (a) شتر مرغ سے مشابہ ۔

Struthlin : (n) [mod. L. 'Struthium'.] دیکھو Saponin

Struthioid : (a) (حیوانیات) شتر مرغ نما ؛ شتر مرغ کا سا ۔

Struthioid : (n) شتر مرغ کا سا پرند ۔

Struthiomimus : (n) [L.] پتلی ہڈیوں والا مہیب سوسما جس کو دانت نہیں ہوتے تھے اور جو شتر مرغ سے مشابہ ہوتا تھا ۔

Struthionidae : (n) (حیوانیات) نعامیے ؛ نعامیہ پرندوں کی ایک جنس ۔

Struthioniform : (a) شتر مرغ نما ؛ شتر مرغ سے مشابہ ۔

Struthionine : (a) دیکھو Struthian

Struthious : (a) [L. 'Struthio' + -ous.] دیکھو Struthian

Strutter : (n) اکڑ کر چلنے والا ؛ رعونت دکھانے والا ۔

Strutting : (a) اکڑ کر چلنے والا ؛ فرعون بے سامان ؛ متکبر ؛ گھمنڈی ؛ مغرور ۔

Strutting : (n) اڑواڑ ۔

Struttingly : (adv.) اکڑ کر ؛ رعونت کے ساتھ ؛ متکبرانہ ؛ مغرورانہ ۔

Strutty : (a) مغرور ؛ فرعون بے سامان ؛ گھمنڈی ؛ متکبر ۔

Struvite : (n) [G. 'Struvit'.] (کان کنی) امونیم اور میگنیشیم کا آب دار فاسفیٹ جس کے زردی مائل بھورے بلور ہوتے ہیں ۔

Strychnia : (n) (کیمیا) کچلا ؛ جوہر کچلا ؛ ایک زہریلی دوا ؛ اسٹرکنین ۔

Strychnic : (a) جوہر کچلا سے متعلق ؛ کچلے کا ۔

Strychnine : (n) [Fr.] دیکھو Strychnia

Strychnine : (v) کچلا (بطور زہر) کھلانا ؛ کچلے سے مسموم کرنا ۔

Strychninism : (n) کچلے کا مضر اثر (جو کچلے سے ہو جائے) ۔

Strychnos/ Strychnus : (n) [mod. L.] جنس مکو ۔

Strymon : (n) [L.] تتلیوں کی ایک جنس ۔

Strype : (n) (اسکاٹ لینڈ) دیکھو Stripe

Stuart : (n) انگلستان کے بادشاہ اسٹوارٹ کے خاندان کا رکن یا حامی ۔

Stub : (n) [OE. 'Stub(b)'.] (۱) ٹھنٹھ (درخت وغیرہ کا) ؛ ٹھونٹ ؛ ٹوٹے ہوئے دانت کی جڑ ۔ (۲) پنسل ؛ سگار وغیرہ کا بچا ہوا ٹکڑا ۔ (۳) دیکھو Stubble ۔ (۴) چبھا ہوا کانٹا یا کرچ ۔ (۵) چھوٹا اور موٹا ناخن ؛ گھوڑے کی گھسی ہوئی نعل ؛ نعل کی کیل ۔ (۶) کوئی چیز جو ٹھنٹھ سی نظر آئے ؛ ابتدائی مینگ یا دم ۔ (۷) لکڑی کا چھوٹا اور موٹا ٹکڑا ؛ کندہ ۔ (۸) (میکانیات) پہار ۔ (۹) نصف ثانی ؛ مثنیٰ ۔ (۱۰) دیکھو Stub track ۔ (۱۱) کسی ریاضیاتی یا شماریاتی جدول کا بایاں حاشیہ ۔

Stub : (v) (۱) ٹھنٹھ کو جڑ سے اکھاڑ دینا ؛ زمین کو ٹھنٹھ سے صاف کر دینا ۔ (۲) (درخت کو) جڑ کے نزدیک سے کاٹنا ۔ (۳) جڑ سے اکھاڑ دینا ؛ جڑیں اکھاڑنا ۔ (۴) ٹھنٹھ بنا دینا (۵) گھوڑے کو گھسی ہوئی نعل کی وجہ سے زخم لگ جانا یا ہو جانا ۔ (۶) پنجے سے ٹھوکر مارنا ۔ (۷) ٹھنٹھوں سے بھر دینا ۔ (۸) سگار ، سگریٹ وغیرہ کو کسی سخت چیز پر رگڑ کر بجھا دینا ۔ (۹) (پتھر کو) زمین میں گاڑنا ۔ (۱۰) کچے پر کو اکھاڑ دینا ۔ (۱۱) (چاقو یا پنسل وغیرہ کو) کبد کر دینا ؛ بنا دینا ۔

To stub one's toe : پیر کی انگلی کا (کسی چیز سے ٹھوکر کھا کر) زخمی ہو جانا ۔

Stub axle : (n) وہ دھرا جس کا صرف ایک سرا پہیے کو سہارا دیتا ہے اور دوسرا سرا گاڑی کے ڈھانچ پر لگا رہتا ہے ۔

Stub-end : (n) (کسی چیزکا) موٹا حصہ ؛ آخری حصہ (ہتھیار وغیرہ کا) ۔

Stub-feather : (n) دیکھو Pin-feather

Stub-hoe : (n) ٹھنٹھ کی اکھاڑنے کی کدال ۔

Stub-iron : (n) پرانی کیلوں کا لوہا جو پرانی کیلوں ، نعلوں وغیرہ سے بنتا ہے ۔

Stub-mortise : (n) وہ چیز جو چول میں پوری داخل نہ ہو ۔

Stub-nail : (n) کیل ؛ میخ ؛ نعل میں ٹھونکنے کی کیل ۔

Stub-pen : (n) (۱) گھسے ہوئے پر کا قلم ۔ (۲) جلی حروف لکھنے والا قلم ۔

Stub-station : (n) ریل گاڑی کا وہ اسٹیشن جہاں ریل کی پٹری ختم ہو جاتی ہے۔

Stub-tenon : (n) لکڑی کا سرا جو چول میں پوری طرح داخل نہ ہو۔

Stub-tooth : (n) گیرہ کا مضبوط اور زیادہ ترچھا دندانہ۔

Stub-track : (n) وہ رستہ جو دوسرے رستے سے صرف ایک سرے پر ملتا ہے۔

Stub-twist : (n) بندوق کی نال کے لئے پرانی کیلوں کی چکر دار لوہے کی پٹی۔

Stubbed : (a) (۱) جڑ کے نزدیک یا پاس سے کٹا ہوا؛ ٹھنٹھ بنایا ہوا۔ (۲) چھوٹی اور موٹی (چیز)؛ چھوٹا اور گٹھا ہوا۔ (۳) ٹھنٹھا بنایا ہوا۔ (۴) منڈا ہوا (بال)؛ کھونٹی دار؛ خشخشی (داڑھی)۔ (۵) کُند کیا یا بنایا ہوا؛ کند۔ (۶) ٹھنٹھوں سے بھرا ہوا۔

Stubbiness : (n) ٹھنٹھ کا سا ہونا؛ خشخشی ہونا۔

Stubbing out : (n) بیخ کنی؛ جڑیں اکھاڑنا۔

Stubble : (n) [AFr. 'Stuble'.] (۱) پودوں کے ٹھنٹھ جو کھیت کٹ جانے کے بعد باقی رہ جاتے ہیں؛ وڈہ؛ نرائی؛ ٹھنٹھ یا ٹھنٹی۔ (۲) خشخشی بال؛ خشخشی داڑھی۔ (۳) پیال جو کھیت کے کٹنے کے بعد جمع کیا جاتا ہے۔ (۴) کھیت جو کٹ چکا ہو مگر دوبارہ جوتا نہ گیا ہو۔ (۵) چھوٹی اون جو تراشے جانے کے بعد بھیڑ کے جسم پر رہ جائے۔ (۶) غیر نکیلا سخت بال۔

Stubble : (v) (کھیت سے) پودوں کے ٹھنٹھ صاف کرنا۔

Stubble field : (n) کھیت جس میں فصل کٹنے کے بعد ٹھنٹھ کثرت سے ہوں۔

Stubble-goose : (n) بط جسے ٹھنٹھ کھلایا جاتا ہے؛ ایک قسم کی بط۔

Stubbled : (a) ٹھنٹھوں سے بھرا ہوا؛ جہاں پودوں کے ٹھنٹھ بکثرت ہوں۔

Stubbly : (a) (۱) جہاں پودوں کے ٹھنٹھ کثرت سے ہوں۔ (۲) خشخشی؛ سخت اور چھوٹے بالوں کی؛ کھونٹی دار ٹھنٹھ سے مشابہ۔

Stubborn : (a) [Late ME. 'Stibourne, Stoburn(e)'.] (۱) ضدی؛ ہٹیلا؛ سرکش؛ متمرد۔ (۲) ضد کا؛ ہٹیلے پن کا؛ سر کشانہ؛ متمردانہ۔ (۳) مشکل؛ پیچیدہ؛ دشوار؛ دقت طلب؛ کڑا؛ سخت۔ (۴) سخت؛ کڑی؛ بے لوچ (پتھر یا لکڑی)۔ (۵) دیر پا؛ قائم۔

Stubborn : (v) ضدی بنانا سرکش بنانا؛ سخت بنانا۔

Stubborn disease : (n) لیمون کے پودے کی ایک بیماری۔

Stubbornly : (adv.) سختی سے؛ ضد کے انداز سے؛ ہٹیلے پن سے؛ سر کشی سے۔

Stubbornness : (n) ضد کا مادہ؛ ہٹیلا پن؛ سرکشی؛ تمرد۔

Stubby : (a) (۱) ٹھنٹھ کا سا؛ چھوٹا اور موٹا یا چوڑا۔ (۲) جہاں ٹھنٹھ کی کثرت ہو۔ (۳) خشخشی۔

Stubwort : (n) ترش عرق والے پودوں کی قسمیں۔

Stucco : (n) [L.] (۱) ایک طرح کا مسالا یا گچ جو استرکاری اور آرائشی کاموں میں استعمال ہوتا ہے؛ سنگستر؛ سٹکو۔ (۲) موٹا مسالا جس سے دیوار کی بیرونی کھردری سطحوں پر لگا کر اسے بظاہر پتھر کی شکل دی جاتی ہے۔ (۳) پلاسٹر آف پیرس۔ (۴) استرکاری؛ ایسے مسالوں سے آرائشی کام۔

Stucco : (v) (۱) (ایک طرح کے مسالے سے) استرکاری کرنا؛ آرائشی کام کرنا۔ (۲) اس طرح استرکاری کرنا کہ دیکھنے میں پتھر کی معماری نظر آئے۔ (۳) مزین کرنا۔

Stuccoer : (n) سنگستر سے نمونے بنانے والا۔

Stuccowork : (n) سنگستر کی آرائش؛ ڈیزائن یا کام؛ گچ کا کام۔

Stuck : (a) (۱) مذبوح۔ (۲) آگے بڑھنے سے معذور؛ کٹا ہوا؛ پھنسا ہوا۔

To start like a stuck pig : ٹکٹکی لگانا۔

Stuck-up : (n) خود پسند؛ خود بیں؛ مذمغ؛ متکبر؛ داغ دار۔

Stuckling : (n) [Origin unkn.] سیب کی میقاتی بکری۔

Stud : (n) [OE. 'Studu, Stuthu'.] (۱) آڑ؛ اڑواڑ؛ ٹیک؛ ٹیکن؛ تھونی؛ پایہ۔ (۲) کھمبا یا پٹیاں جس پر لکڑی کی تختیاں جڑی جاتی ہیں۔ (۳) (امریکا) کمرے کی اونچائی (فرش سے چھت تک)۔ (۴) گل میخ (جو کہیں جڑی ہوئی ہو)۔ (۵) منقش قران جو آرائش کے لئے کارنس وغیرہ میں لگائے جاتے تھے۔ (۶) اسٹڈ؛ دہرا بٹن؛ خصوصاً قمیض کے گلے کا بٹن۔ (۷) لوہے کے سانچے کا دستہ یا نکلا ہوا خانہ جس میں دھرے وغیرہ کا سرا بیٹھتا ہے۔ (۸) گولی پر بنا ہوا پیچدار بھار جس کی

وجہ سے رائفل کی گولی تیزی سے ناچتی ہوئی نکلتی ہے۔ (۹) چھوٹا ڈنڈا یا نلی جو کسی سطح سے باہر نکلی ہوئی ہو اور سہارے یا دھرے کا کام دے۔ (۱۰) دیکھو Stud- bolt ۔ (۱۱) دو نوکی کیل جو جہاز کی زنجیر کی ہر کڑی میں لگی رہتی ہے۔ (۱۲) آرائشی گول گرہیں۔

Stud : (n) [OE. 'Stod'.] (۱) اسپ خانہ جس میں نسل کشی کے سانڈ یا گھوڑوں اور گھوڑیوں کو رکھا جاتا ہے؛ اسپان نسل کشی۔ (۲) (قدیم استعمال میں) گھوڑے جو ایک آدمی کی ملکیت ہوں۔ (۳) سانڈ گھوڑا۔

Stud : (v) (۱) کھمبا لگانا؛ تھونی دینا۔ (۲) گل میخیں جڑنا (عموماً اوٹ کی دیوار میں مضبوطی کے لئے)۔ (۳) (کسی سطح پر) کوئی چیز جڑنا۔ (۴) جڑا جانا۔ (۵)کسی سطح پر چیزوں کو فصل کے ساتھ رکھنا یا ان کا بکھرا ہوا ہونا؛ جا بجا ہونا۔ (۶)(میکانیات) گل میخ سے مضبوط کرنا۔

Stud-block/ -box : (n) گل میخ ٹھوکنے یا ٹھونکنے کا اوزار۔

Stud bolt : (n) پیچ جس کے دونوں سروں پر چوڑی ہوتی ہے۔

Stud-book : (n) گھوڑوں کا نسب نامہ؛ شجرہ۔

Stud chain : (n) زنجیر جس کے ہر حلقے میں دو نوکیلی کیل لگی رہتی ہے۔

Stud driver : (n) گل میخ جڑنے کا آلہ۔

Stud fee : (n) فیس یا معاوضہ جو گھوڑی کا مالک سانڈ گھوڑے کے مالک کو افزائش نسل کے لئے دے۔

Stud groom : (n) اسپ خانے کے سائیسوں کا سردار۔

Stud horse : (n) سانڈ گھوڑا (نسل کشی کا)۔

Stud link : (n) دو نوکیلی کیلوں سے جڑی ہوئی زنجیر کی کڑی۔

Stud-mare : (n) [Late OE. 'Stodmyre'.] افزائش نسل کے لئے رکھی جانے والی گھوڑی۔

Stud-mate : (v) اچھی نسل کے مرغ اور مرغیوں میں جفتی کرا کر نسل بڑھانا۔

Stud-poker : (n) پوکر کھیل کی ایک قسم۔

Studded : (a) (۱) جڑا ہوا؛ (وہ چیز) جس پر گل میخیں جڑی ہوں۔ (۲) ٹھکا ہوا (درختوں، تاروں وغیرہ سے)۔

Studder : (n) (گھڑی میں) بال کمانی لگانے والا شخص۔

Studdle/ Studdy : (n) دیکھو Stithy

Studding : (n) (۱) چوبی کام جس میں استرکاری اور تختہ بندی دونوں شامل ہوں۔ (۲) وہ چیز جو سطح پر جڑی جائے۔ (۳) کمرے کی اونچائی۔

Studding-sail : (n) زائد بادبان جو ہلکی ہوا میں مربع بادبان کو اور لمبا کرنے کے لئے اس کے سرے پر لٹکا دیا جاتا ہے۔

Studdle : (n) [ME. 'Stodul'.] کھمبا جو تختوں کے کام میں لگایا جاتا ہے۔

Studdle : (v) گدلا کرنا (ہلا کر)۔

Student : (n) [L. 'Studere'.] (۱) طالب علم؛ متعلم۔ (۲) وہ شخص جو طالب علمانہ زندگی بسر کرتا ہو۔ (۳) کسی خاص علم و فن کا مطالعہ کرنا۔ (۴) (انگلستان کے بعض کالجوں میں) وظیفہ یاب۔ (۵) (آکسفورڈ، کرائسٹ چرچ) رفیق کلیہ۔

Student body : (n) کسی اسکول، کالج یا جامعہ یا یونیورسٹی کے طالبعلم۔

Student council : (n) (کالج یا اسکول میں) طلباء یا طالبعلموں کی منتخب جماعت جو سارے طالبعلموں یا طلبا کی نمائندہ ہوتی ہے۔

Student goverment : (n) (کالج یا اسکول میں)طالبعلموں کی تنظیموں کے ذریعے طالبعلموں یا طلباء کی زندگی، سرگرمیوں اور انضباط کی تنظیم اور انتظام۔

Student interpreter : (n) سرکاری ملازم جسے غیر ملکی زبان سیکھنے کے لئے بحال کیا گیا ہو تاکہ وہ سفارت خانے میں کام کر سکے۔

Student lamp : (n) ایک قسم کا تیل یا بجلی سے چلنے والا لیمپ جسے طالبعلم استعمال کرتے ہیں۔

Student teacher : (n) وہ طالب علم جو معلم کی سند حاصل کرنے کے لئے اسکول میں (بطور تربیت) پڑھائے۔

Student union : (n) کالج کی وہ عمارت جو طلبا کی سرگرمیوں کے لئے مخصوص ہوتی ہے، جس میں سماعت خانہ، آفس، کھیل کا کمرہ وغیرہ ہوتا ہے۔

Student volunteer : (n) پروٹسٹنٹ عیسائی طالبعلم جو سمندر پار

تبلیغی کام کے لئے اپنی زندگی وقف کر دے۔

Studentship : (n) (۱) وظیفہ۔ (۲) طالب علمی۔

Studfish : (n) امریکا کی دو قسم کی مچھلیوں کے نام۔

Studied : (a) (۱) بالقصد؛ جو قصداً یا عموماً کیا جائے۔ (۲) عالم؛ عالم فکر؛ فاضل؛ وسیع المطالعہ۔ (۳) غور و فکر کے ساتھ کیا ہوا؛ سوچا سمجھا ہوا۔

Studiedly : (adv.) (۱) خاص کر کے؛ بالقصد۔ (۲) تصنع یا تکلف کے ساتھ۔

Studiedness : (n) بالقصد ہونا؛ عمداً ہونا؛ ارادۃً ہونا؛ بالارادہ ہونا۔

Studio : (n) [L.] (۱) اسٹوڈیو؛ نقاش، فوٹوگرافر وغیرہ کے کام کرنے کا کمرہ؛ عکاس خانہ۔ (۲) وہ کمرا جس میں فلم بنانے کے لئے ناٹک کا تماشا کیا جاتا ہے؛ فنکار خانہ۔ (۳) (جمع) فلم کمپنی کا کارخانہ۔ (۴) لاسلکی کے اسٹیشن کا کوئی کمرا جہاں سے پیام وغیرہ نشر کیا جاتا ہے؛ نشر خانہ۔

Studio apartment : (n) بڑی بڑی کھڑکیوں اور اونچی چھت والا کمرا؛ اسٹوڈیو کے فنکار کے کمرے سے مشابہ۔

Studio coach : (n) بے پشت کا کوچ جسے کھول کر مسہری کا کام لیا جا سکتا ہے۔

Studious : (a) [L. 'Studiosus'.] (۱) محنت سے پڑھنے والا؛ علم حاصل کرنے کے لئے مطالعے میں مصروف یا غرق رہنے والا؛ مطالعے کا شائق۔ (۲) کوشاں؛ سرگرم؛ خاص اہتمام کرنے والا (کسی کام میں)۔ (۳) خواہاں؛ متمنی؛ دل سے چاہنے والا؛ ہر وقت مد نظر رکھنے والا (کسی بات کو)۔ (۴) جس میں خاص ارادہ اور اہتمام ہو؛ غیر معمولی؛ خاص (توجہ، احتیاط وغیرہ)۔ (۵) (جگہ) جو مطالعہ کے لئے مناسب اور موزوں ہو۔ (۶) بالقصد؛ بالارادہ۔

Studiously : (adv.) بڑی محنت سے؛ خاص اہتمام سے؛ بڑی سرگرمی سے۔

Studiousness : (n) مطالعے کا شوق؛ سرگرمی اور انہماک (مطالعے کا)۔

Studium generate : (n) [L.] وہ جگہ یا ادارہ جہاں پوری دنیا کے لوگ آکر تعلیم حاصل کریں؛ اجتماع طلبہ۔

Studwheel : (n) پہیا جو ڈنڈے میں لگا ہو۔

Studwork : (n) کھمبے کا کام؛ وہ کام جس میں کھمبوں کا استعمال ہو۔

Study : (n) [OFr. 'Estudie'.] (۱) مد نظر؛ کوششوں کا مرکز؛ با مقصد؛ وہ چیز جس کے لئے کوشش کی جائے۔ (۲) فکر؛ غوطہ۔ (۳) مطالعہ؛ کتب بینی (اکثر جمع میں آتا ہے)۔ (۴) تحصیل (کسی خاص علم یا فن کی)؛ مطالعہ۔ (۵) موضوع؛ مطالعے کے قابل چیز۔ (۶) (نقاشی) خاکہ جو مشق کے لئے بنایا جائے؛ مشقیہ تصویر یا خاکہ۔ (۷) (موسیقی) نغمہ یا تحریر نغمہ جو امتحان یا شوق کے لئے ہو؛ مشقیہ نغمہ۔ (۸) (تھیٹر) پارٹ یا اداکاری سیکھنے والا۔ (۹) مطالعے کا کمرا؛ کام کرنے کا کمرا؛ دفتر۔

To be in a brown study : عالم محویت یا استغراق میں ہونا۔

To make a study of : (۱) حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔ (۲) تحقیق کرنا۔

Study : (v) (۱) مطالعہ کرنا؛ تحقیق کرنا؛ غور کرنا (کسی مسئلے پر)۔ (۲) غور سے دیکھنا (کسی چیز کو)۔ (۳) تحصیل میں مصروف ہونا (خصوصاً کسی علم کی)۔ (۴) (قدیم) فکر میں ڈوبا ہونا؛ غوطے میں ہونا۔ (۵) خاص طور پر کوشش کرنا؛ خاص طور پر خیال رکھنا؛ اہتمام کرنا۔ (۶) غور کرنا؛ تدبیر نکالنا۔ (۷) خوش کرنا؛ دل رکھنا؛ دلجوئی کرنا؛ رعایت مدنظر رکھنا۔ (۸) غور سے پڑھنا؛ (ایکٹر کا) اپنے رول کو پڑھ کر یاد کر لینا۔

To study one's part : اپنا پارٹ زبانی یاد کرنا۔

Study group : (n) کسی خاص موضوع کا مطالعہ کرنے والوں کا گروپ جو معینہ وقفے کے بعد ملتے ہیں اور انفرادی مشاہدات، مطالعے اور تحقیق پر بحث کرتے ہیں۔

Study-hall : (n) (۱) اسکول کا مطالعے کا بڑا کمرہ۔ (۲) طالب علموں کے دن کے معمولات کے درمیان کا وہ وقفہ جس میں وہ اسکول کے بڑے ہال میں پڑھتے ہیں اور گھر پر کرنے والے تعلیمی کام کو وہاں کرتے ہیں۔

Study home : (n) بچوں کی نگرانی کا ادارہ خصوصاً وہ جس میں ان کا دماغی مطالعہ کیا جاتا ہے۔

Study-out : (v) غور و فکر کے بعد معلوم کر لینا؛ پتا چلا لینا۔

Study up : (v) امتحان کے لئے یا کسی خاص مقصد کے لئے مطالعہ کرنا۔

Stuff : (n) [Latge ME. 'Stof (fe, Stuff(e)'.] (۱) مادہ؛ خام جنس

جس سے دوسری اشیاء بنائی جاتی ہیں ؛ چیز ؛ شے ؛ سامان ؛ مال ۔ (۲) اونی کپڑا ۔ (۳) مہمل چیز ؛ فضول چیز ؛ مہملات ؛ لغویات ۔ (۴) (عام) روپیہ ۔ (۵)مواد ۔ (۶) دوا ۔ (۷) بھرتی ؛ بھوس ۔ (۸) مسالا ؛پلستر ۔ (۹)گھر کا سامان ؛ فرنیچر وغیرہ ۔ (۱۰) (نجاری) لکڑی ۔ (۱۱) (کاغذ سازی) ماوا ۔ (۱۲) (کان کنی) چٹان ، زمین ، مٹی جس میں کچدھات ، قیمتی پتھر وغیرہ ہوتے ہیں ۔ (۱۳) لباس تیار کرنے کا کپڑا ؛ بنا ہوا کپڑا ۔ (۱۴) اشیائے خورد و نوش ۔ (۱۵) باغ یا کھیت میں اگائی ہوئی پیداوار ؛ زمین کی طبعی پیداوار ۔ (۱۶)ادبی یا فنی ۔ (۱۷) آدمی ، انسان ۔ (۱۸) سرقہ کا مال ؛ مال مسروقہ ؛ چوری کا مال ۔ (۱۹) آدمی کی بنیادی سیرت یا صفات ۔ (۲۰) موضوع ؛ مضمون ۔ (۲۱)طرز ؛ طریقہ (کام یا گفتگو کا) ۔ (۲۲) مویشی ۔ (۲۳) کوئی سرگرمی یا علم جس میں مخصوص مطالعہ ، مشق یا مہارت کی ضرورت ہو ۔ (۲۴) گیند پھینکنے یا مارنے کا ایک خاص انداز جس سے وہ گھوم جائے اور اس کا راستہ بدل جائے ۔

Good stuff : وہسکی شراب ۔

Hot stuff : (۱) ہوسناک شخص ؛ پر شہوت شخص ۔ (۲) پر جوش آدمی ۔ (۳) مضبوط شریک مقابلہ ۔

Household stuff : گھر کا سامان ، فرنیچر وغیرہ ۔

The stuff : (۱) وہسکی(شراب) ۔(۲) کسی چیز کا موجودہ ذخیرہ ۔

To do one's stuff : اپنا کرتب دکھانا ؛ اپنا کام کرنا ۔

To know one's stuff : اپنا کام جاننا ۔

Stuff : (v) (۱) ٹھونسنا ؛ بھرنا ؛ اس قدر بھرنا کہ پھول جائے ؛ ٹھونس ٹھونس کر بھرنا ۔ (۲) دھوکا دینا ؛ اُلو بنانا ۔ (۳) حلق تک ٹھونس لینا ؛ ندیدوں کی طرح بہت سا کھا جانا ۔ (۴)(طباخی) (جانور یا پرند کے پیٹ میں) بھرنا (مسالا دار کٹے ہوئے گوشت کی بوٹیاں ، مسالا وغیرہ) ۔ (۵) جانور یا پرند کے کھال میں (بھس وغیرہ) بھرنا (تاکہ دیکھنے میں وہ زندہ معلوم ہو) ۔ (۶) ٹھونس کر بھر دینا ۔ (۷) ٹھسا دینا ؛ حلق تک کھلا دینا (کسی مریض کو) ۔ (۸) بکس میں جعلی ووٹ ڈالنا ۔ (۹) (تقریر میں کسی بات کی) بھرمار کر دینا ؛ (آدمی کے دماغ کو) (خیالات یا احساسات سے) بھر دینا ۔ (۱۰) (جوف ، درز وغیرہ) بھرنا ؛ بند کرنا ۔ (۱۱) (عامیانہ) (محدود جگہ میں ٹھسائھس بھر دینا (آدمیوں کو) ؛ ہجوم کر دینا ۔ (۱۲) (چمڑا بنانے میں) چربی لگا کر چکنا کرنا ۔ (۱۳)روکنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ۔ (۱۴) کسی مریض کو کھلا کر اس کے مرض کاعلاج کرنا یا غذا کھلا کر مرض کا علاج کرنا ۔

Stuff and nonsense / Stuff and stuff : (n) لغو ؛ مہمل ۔

Stuff gown : (n) (۱) اونی گون (وہ بیرسٹر پہنتے ہیں جنہیں ہنوز ریشمی جبہ پہننے کا حق نہیں ہے) ۔ (۲) جونیر بیرسٹر ۔

Stuff gownsman : (n) جونیر بیرسٹر ۔

Stuffed : (a) بھرا ہوا ؛ ٹھونسا ہوا ۔

Stuffed shirt : (n) قدامت پسند یا رجعت پسند معمولی قسم کا خوشحال شیخی باز شخص ۔

Stuffer : (n) (۱) بھرنے والا ؛ بھرنے کی مشین ۔ (۲) کوئی چیز جو لفافہ میں بل ، گوشوارہ یا نوٹس کے ساتھ اشتہار کے طور پر رکھ دی جائے ۔ (۳) فاضل دھاگوں یا ڈوریوں کا سلسلہ جو کپڑے میں اور خصوصاً قالین میں وزن بڑھانے یا اُسے موٹا کرنے کے لئے طولاً لگا دیا جاتا ہے ۔

Stuffily : (adv.) (۱) ٹھونس کر ؛ بھر کر ۔ (۲) بند ہو کر ۔

Stuffiness : (n) (۱) بند ہونا ۔ (۲) حبس ہونا ؛ (ناک ، حلق وغیرہ میں) رکاوٹ کا احساس ۔

Stuffing : (n) (۱) بھرنا ؛ بھرتی یا اس عمل کا نتیجہ ، اثر ۔ (۲) (ناک ، حلق وغیرہ میں) حبس زکام کی وجہ سے ؛ احساس جو اس سے پیدا ہو ۔ (۳) وہ چیز جس سے جوف بھرا جاتا ہے ؛ مسالے دار کٹا ہوا گوشت یا کوئی ایسی چیز جو مختلف اشیاء میں بھر کر پکاتے ہیں ۔ (۴) (چرم سازی) مچھلی کا تیل یا چربی ملنا ؛ مچھلی کا تیل یا چربی کا مرکب ۔ (۵)(کسی چیز کا) اندرونی حصہ ۔

To knock, beat, take the stuffing out of (a person , animal etc.) : کمزور کر دینا ؛ بے جان کر دینا ؛ پلپلا بنا دینا ؛ زعم ختم کر دینا ۔

Stuffing-box : (n) مشین کا وہ خانہ جس میں (کوئی چیز) بھری ہونے کی وجہ سے ہوا کی گنجائش نہ ہو ؛ صرف (اس میں) گز یا سلاخ اندر جا سکتی ہے ۔

Stuffing wheel : (n) گھومنے والا کھوکھلا ڈرم جس میں چمڑے پر روغن

لگاتے ہیں۔

Stuffless : (a) بے مادہ ؛ بے مواد۔

Stuffover/ Stuffed-over : (a) (۱) ٹھونس ٹھانس کر بھرا ہوا ؛ حد سے زیادہ پھولا ہوا ؛ بہت موٹا ۔ (۲) پوری طرح سے گدا وغیرہ لگا ہوا۔

Stuffy : (a) (۱) (کمرا ، وادی وغیرہ) جس میں دم گھٹتا ہو ؛ جہاں ہوا بند ہو ؛ بند (ہوا) ۔ (۲) (امریکا) خفا ؛ کبیدہ خاطر؛ روٹھا ہوا ۔ (۳) (عام) تنگ مزاج ؛ نازک مزاج ؛ چڑچڑا ؛ زود رنج ۔ (۴) بوسیدہ ؛ فرسودہ ؛ پامال ۔ (۵)حبس میں مبتلا ۔ (۶) بے لطف ؛ غیر دلچسپ ؛ ٹھس۔ (۷) بے ہوا دار جگہ میں رہنے کا عادی۔

Stuggy : (a) دیکھو Stocky

Stuiver : دیکھو Stiver

Stull : (n) [G. 'Stollen'.] (کان کنی) چبوترا یا چوترا یا لکڑی کا مکان تختوں سے ڈھکا ہوا جو کان کنوں کے لئے سہارے یا اڑواڑ کا کام دیتا ہے یا خام دھات لے جانے کے کام آتا ہے یا جو مزدوروں کو اوپر سے گرنے والے پتھروں سے بچاتا ہے۔

Stuller : (n) چبوترا یا چوترا یا مچان لگانے والا یا اس پر کام کرنے والا۔

Stulm : (n) [G. 'Stolln'.] (کان کنی) رستہ ؛ مدخل۔

Stultification : (n) (۱) تردید ؛ تضحیک ؛ ابطال ؛ باطل کرنا ۔ (۲) (قانون) الزام دیوانگی ؛ دیوانہ ہونے کی حالت۔

Stultify : (v) [Late L. 'Stultificare'.] (۱) تردید کرنا ؛ مہمل ثابت کرنا ؛ لغو ثابت کرنا (ایک بیان کا دوسرے بیان کو ، ایک مقرر کا دوسرے مقرر کو) ۔ (۲) (کسی واقعے یا اپنے آپ کو) مضحکہ خیز بنا دینا ؛ تضحیک کرنا ۔ (۳) باطل کر دینا (کسی چیز کو ، اپنے دعوے کو) ؛ اپنے فعل یا قول کی خود تردید کرنا ۔ (۴) بیکار بنا دینا ؛ نکارہ کر دینا یا بنا دینا ؛ بے فائدہ یا غیر اہم بنا دینا ۔ (۵) (قانون) دیوانگی کا الزام لگانا یا خلل دماغ کا ہونا ثابت کرنا۔

Stultiloquence : (n) [L. 'Stultiloquentia'.] بیہودہ بکواس ؛ یاوہ گوئی ؛ بڑبڑاہٹ۔

Stultiloquent : (a) (شاذ) بکواس کرنے والا ؛ یاوہ گو۔

Stultiloquential : (a) دیکھو Stultiloquent

Stultiloquently : (adv.) بطور بکواس ؛ بک بک کرتے ہوئے۔

Stultiloquy : (n) دیکھو Stultiloquence

Stum : (n) [Du, 'Stom'.] (۱) انگور یا سیب کا عرق جس میں اچھی طرح جوش نہ اٹھا ہو ؛ خصوصاً وہ جس کی تخمیر گندھک کی دھونی دے کر روک دی گئی ہو ؛ کچی انگوری شراب ۔ (۲) بے مزہ شراب جس میں کچی انگوری شراب ملا دی گئی ہو۔

Stum : (v) (۱) جوش نہ اٹھنے دینا (شراب کے پیپے میں) ؛ دوا ڈال دینا تاکہ جوش نہ اٹھے ۔ (۲) کچی شراب ملا کر دوبارہ خمیر اٹھانا۔

Stumble : (n) (۱) ٹھوکر کھانا ۔ (۲) غلطی ؛ بھول ؛ چوک ۔ (۳) اخلاقی قصور ؛ جرم ؛ لغزش ۔ (۴) ٹھوکر ۔ (۵) اتفاق سے پا جانا۔

Stumble : (v) [ON. 'Stumla'.] (۱) ٹھوکر کھانا ۔ (۲) غلطی کرنا ؛ چوکنا ؛ لغزش کرنا ۔ (۳) الجھنا ؛ بگڑنا ؛ خفا ہونا (کسی بات پر) ۔ (۴) رکنا ؛تامل کرنا ؛ متامل ہونا ؛ پس و پیش ہونا (اخلاقی اصول کی بنا پر) ۔ (۵) اتفاق سے پا جانا ؛ اتفاق سے معلوم کر لینا یا دریافت کر لینا ؛ اتفاقاً آ جانا (کسی جگہ پر) ۔ (۶) (قدیم) پس و پیش میں ڈالنا ۔ (۷) غیر ارادی طور پر ٹکرا جانا (آدمی یا کسی چیز سے) ۔ (۸) الجھانا ؛ خفا کرنا ؛ الجھن میں ڈال دینا ۔ (۹)ڈگمگاتے ہوئے چلنا ۔ (۱۰) غیر متوقع طور پر ہونا یا واقع ہونا۔

To stumble at (on) the threshold : آغاز میں ہی ناکامی ؛ خفگی یا نحوست کا سامنا ہو جانا۔

Stumble along : (v) قدم قدم پر ٹھوکر (کھاتے ہوئے چلنا) ۔

Stumblebum : (n) (۱) جھوٹا ، بھدا یا نا اہل مکا باز ۔ (۲) بھدا ؛ نالائق ؛ غلط کار شخص۔

Stumbler : (n) ٹھوکر کھانے والا ؛ پس و پیش میں ڈال دینے والا ؛ مشکل سوال یا مسئلہ۔

Stumbling-lock : (n) (۱) مانع ؛ رکاوٹ ؛ سنگ راہ ۔ (۲) پریشانی ؛ پیچیدگی ؛ الجھن۔

Stumblingly : (adv.) گرتا پڑتا ؛ ٹھوکریں کھاتا ہوا۔

Stumbly : (a) (۱) ٹھوکریں کھانے والا ۔ (۲) ٹھوکروں سے بھرا ہوا ؛ جہاں ٹھوکر لگے۔

Stumer : (n) [Origin unkn.] (۱)(عامیانہ) بیکار چیک ؛ جعلی چیک۔

(۲) جعلی سکہ ؛ جعلی نوٹ ۔ (۳) گھوڑا جو دھوکا دے کر گھڑدوڑ میں شامل کرا لیا گیا ہو ۔ (۴) بے کار آدمی ؛ ٹائیں ٹائیں فش ؛ بالکل ناکامیاب شخص ۔ (۵) غلطی ۔

Stummel : (n) [G.] تمباکو کے پائپ کی کٹوری اور ڈنڈی ۔

Stump : (n) [M.L.G. 'Stump, Stumpe'.] (۱) کسی ٹوٹے یا کٹے ہوئے عضو کا بچا ہوا حصہ ؛ ٹھنٹھ ؛ ٹنڈ ؛ ٹھونٹ ؛ مڈّھ ۔ (۲) ٹوٹے ہوئے دانت کی جڑ ۔ (۳) پنسل کا ٹکڑا ؛ سگار کا ٹکڑا (جو بیکار ہو گیا ہو) ۔ (۴) پرانا بیکار برش ۔ (۵) (جمع) (مزاحاً) ٹانگیں؛ لکڑی کی ٹانگ ۔ (۶) درخت کا ٹھنٹھ جس پر مقرر کھڑا ہو کر تقریر کرے ؛ سیاسی تقریر کی جگہ یا موقع ۔ (۷) (کرکٹ) (تین وکٹوں میں سے ایک) وکٹ ؛ ڈنڈا ۔ (۸) تنا (درخت کا) ۔ (۹) کٹی ہوئی دم ۔ (۱۰) (بحری) مستول کا نچلا حصہ (جبکہ بالائی حصہ ٹوٹ گیا ہو) ۔ (۱۱) مثنیٰ ۔ (۱۲) ناٹا کھوٹا آدمی ۔ (۱۳) پودے کا ڈنٹھل (پتے ہٹائے جانے کے بعد) ۔ (۱۴) (جمع) خشخشی بال ؛ کھونٹی ۔ (۱۵) تالے یا قبضے کی نکلی ہوئی میخ یا کیل ۔ (۱۶) گھڑی ساز کی چھوٹی نہائی ۔ (۱۷) کھمبا یا چھوٹا ستون جو کسی چیز کا سہارا نہ ہو ۔ (۱۸) (عام) وکٹ کیپر ۔

To buy on the stump : (لکڑی) درخت کے کٹنے سے پہلے ہی خریدنا ۔

To draw the stumps : (کرکٹ) کھیل روک دینا ۔

To go on the stump/ To take the - : دیہاتوں میں جا کر سیاسی تقریر کرتے پھرنا (امیدوار کی حیثیت سے یا کسی تحریک کی حمایت میں) ۔

To stir one's stumps : تیزی سے چلنا یا ناچنا ۔

Up the stump : (عام) حیرت زدہ ؛ مبہوت ؛ سکتے میں ۔

Stump : (n) [Fr. 'Estompe'.] اسٹمپ ؛ لپٹے ہوئے کاغذ یا کسی اور چیز کا چھوٹا سا بیلن جس کے دونوں سرے مخروطی ہوتے ہیں اور جو ڈرائنگ میں پنسل کی لکیروں کو ہلکا کرنے میں کام آتا ہے ۔

Stump : (n) (۱) بھاری قدم یا چال (لنگڑے یا مصنوعی ٹانگوں والے کی) ۔ (۲) کوئی مشکل اور خطرناک کام کرنے کی للکار ۔

Stump : (a) (۱) گھسا ہوا ؛ گھس کر ٹھنٹھ بنا ہوا ۔ (۲) کٹے ہوئے یا ناقص عضو کے لئے بھی کہا جاتا ہے ۔

Stump : (v) (۱) اکڑی ہوئی ٹانگوں سے کھٹ پٹ کرتے چلنا (جیسے کوئی لکڑی کے پاؤں سے چلتا ہے) ۔ (۲) (بول چال) (سوال وغیرہ کا انسانوں کو) چکر میں ڈال دینا ؛ الجھن میں ڈال دینا ۔ (۳) (کرکٹ) (کھیلنے والے کو جب وہ مقررہ دائرے سے باہر ہو) وکٹ پر گیند مار کر آؤٹ کر دینا ۔ (۴) سیاسی تقریر بازی کرنا ؛ (کسی حصۂ ملک میں) عوام میں سیاسی تقریر کرتے پھرنا (الیکشن کے سلسلے میں) ۔ (۵) (عام) مطالبہ ادا کرنا ؛ (روپیہ) نکال کر دینا ۔ (۶) (عام) قلاش یا کنگال بنا دینا ؛ قلاش ہو جانا ۔ (۷) (عام) پیدل چلنا ۔ (۸) جڑ اکھاڑنا ؛ بیخ کنی کرنا ؛ اکھاڑ پھینکنا ۔ (۹) ٹھنٹھ یا کھونٹی صاف کرنا (کھیت سے) ۔ (۱۰) ٹھوکر کھانا ۔ (۱۱) للکارنا ؛ چیلنج دینا (کسی آدمی کو) کوئی کام کرنے کے لئے ۔

Stump : (v) (ڈرائنگ) اسٹمپ سے کام لینا ؛ پنسل کی لکیروں کو ہلکا کرنا ۔

Stump-bed/ -bedstead : (n) پلنگ جس میں پایہ نہ ہو ۔

Stump-end : (n) (۱) کٹی ہوئی دم کا سرا ۔ (۲) چیک کی کتاب کا مثنی ۔

Stump foot : (n) بھرا ہوا پاؤں ۔

Stump-jumper : (n) (۱) (عام) دیکھو Stump-speaker ۔ (۲) (عام) دیہاتی ؛ غیر ترقی یافتہ علاقے کا رہنے والا ۔

Stump-knocker : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Stump-leg : (n) ٹخنے کے پاس سے کٹا ہوا پاؤں ؛ پیر بھرا ۔

Stump-mast : (n) (۱) نیچا مستول جس میں اوپر کے مستول کا (حصہ) نہ ہو ۔ (۲) ٹوٹا ہوا مستول ۔

Stump sock : (n) مخصوص قسم کا موزہ جو کٹے ہوئے پیروں پر پہنا جاتا ہے ۔

Stump-speaker : (n) سیاسی مقرر ۔

Stump-speaking : (n) سیاسی تقریر بازی ۔

Stump-speech : (n) تقریر جو سیاسی جد و جہد کے درمیان کی جائے ۔

Stump-sucker : (n) کونپل جوتنے سے پھوٹے ۔

Stump-tail : (n) (۱) کتا جس کی دم کاٹ لی گئی ہو ۔ (۲) ایک قسم کی آسٹریلیائی چھپکلی ۔

Stump up : (v) (۱) جڑیں اکھاڑنا ۔ (۲) (گھوڑے کو) زیادہ کام لے کر یا بوجھ ڈال کر تھکا دینا ؛ کثرت استعمال سے بالکل گھس ڈالنا ۔

ایک قسم کی ابھرواں کشیدہ کاری جو سترھویں صدی عیسوی میں انگلستان میں بہت مقبول تھی۔ Stump work : (n)

(۱) بے کٹے ہوئے درخت کی قیمت : سرکاری جنگل سے درخت کاٹنے کا محصول۔ (۲) بے کٹے ہوئے درخت۔ Stumpage : (n)

(۱) بے ڈھب سوال : چکر میں ڈالنے والا مسئلہ وغیرہ۔ (۲) (کرکٹ) بلے باز کو وکٹ پر گیند مار کر آؤٹ کرنے والا (جب وہ مقررہ دائرے سے باہر ہو) : وکٹ کیپر۔ (۳) درخت کاٹنے والا یا کاٹنے میں ماہر ۔ (۴) سیاسی مقرر یا تقریر باز۔ Stumper : (n)

چھوٹے قد اور گٹھے ہوئے جسم کے ساتھ۔ Stumpily : (adv.)

چھوٹا اور گٹھا ہوا ہونا : چھوٹا اور موٹا ہونا۔ Stumpiness : (n)

بعض پودوں کی ڈالیوں کو کاٹ کر انہیں زمین میں گاڑ کر اگانے کا طریقہ۔ Stumping : (n)

ٹھنٹھ جیسا۔ Stumpish : (n)

وہ علاقہ یا زمین جہاں ٹھنٹھ کثرت سے ہوں۔ Stumpland : (n)

بے ٹھنٹھ کا : جس میں ٹھنٹھ نہ ہوں۔ Stumpless : (a)

درخت کے تنے کے نچلے حصے کی لکڑی۔ Stumpwood : (n)

(۱) ٹھنٹھ جیسا : چھوٹا اور موٹا۔ (۲) ٹھنٹھوں سے بھرا ہوا (کھیت) ۔ (۳) (گھاس) جس کے سخت پتے ہوں۔ (۴) جو گھس کر ٹھنٹھ بن گیا ہو۔ Stumpy : (n)

(۱) تکونی بادبان والا بجرہ۔ (۲) (عام) روپیہ : زر۔ (۳) چھوٹا اور موٹا شخص یا جانور۔ Stumpy : (n)

(۱) ہوش غائب کر دینا : تحیر : صدمہ۔ (۲) پتھر کی سطح کا نقص۔ (۳) (اسنوکر کھیل میں Snooker) لمبی چھڑ کی متعدد ضربوں میں سے ایک۔ Stun : (n)

(۱) (آواز کا) کانوں کو سُن کر دینا : [OFr. 'Estoner'.] Stun : (v)
ہوش غائب کر دینا : اڑا دینا۔ (۲) (ضرب کا یا صدمے کا کسی شخص کو) بے ہوش کر دینا : اس قدر متاثر کرنا کہ چکر کھا کر گر پڑے : ہوش حواس غائب کر دینا : کمر توڑ دینا۔ (۳) پتھر یا معدنی شے کی سطح کو چھیل دینا یا بھربھرا بنا دینا تاکہ اس کی پرت اتاری جا سکے : آرے سے چیرنے میں سطح کو چھیلنا۔ (۴) (پتھر کا) پرت اترنا : چھیل کر کھپچیاں بنانا۔

روس کے ایک مذہبی فرقے کی رسم یا تحریک جس نے Stundism : (n)
کلیسا کی رسوم کو ترک کر دیا تھا اور اپنے عقیدے کی بنا بائبل کے روسی ترجمے پر رکھی تھی جو ۱۸۶۱ء میں ہوا تھا۔

روس کے کسانوں کے ایک انجیلی [Russ. 'Shtundist'.] Stundist : (n)
مذہبی فرقے کا رکن جس نے کلیسا کے رسوم کو ترک کر دیا تھا اور اپنے عقیدے کی بنا بائبل کے روسی ترجمے پر رکھی تھی جو ۱۸۶۱ء میں ہوا تھا۔

ڈنک مارا ہوا۔ Stung : (a)

دیکھو Stink Stunk : (a)

ضدی : ہٹیلا : اکل کھرا : بد مزاج اور [Origin unkn.] Stunkard : (a)
ضدی۔

متحیر : بے ہوش : مبہوت : مخبوط۔ Stunned : (a)

(۱) متحیر کر دینے والی چیز : مخبوط کر دینے والی چیز : غضب کی چیز : قیامت کی چیز ۔ (۲) اعلیٰ درجے کی چیز : غضب کا حسین ، قابل وغیرہ۔ Stunner : (n)

(۱) متحیر کرنے والا : مخبوط کرنے والا ۔ (۲) نہایت عمدہ : غضب کا : قیامت کا : نہایت حسین : دلکش۔ Stunning : (a)

بے حد : بے انتہا : حیرت انگیز طور پر۔ Stunningly : (adv.)

کند ذہن شخص : غبی شخص : [f. Stone + poll.] Stunpoll : (n)
بیوقوف۔

دیکھو Studding-sail Stunsail : (n)

(۱) باڑھ کا رک جانا۔ (۲) وہ مخلوق جس کی باڑھ روک دی گئی ہو۔ (۳) ضد : ہٹ ۔ (۴) پودوں کی ایک بیماری جس سے ان کی باڑھ رک جاتی ہے۔ Stunt : (n)

ضد کرنا۔ To take (the) stunt :

(۱) کھیل کود یا نمائش کی کاروائی۔ [Origin unkn.] Stunt : (n)
(۲) بہترین کام : کمال : کارنمایاں : خاص کرتب : وہ کام جس میں اپنا کمال دکھانا مقصود ہو : اشتہاری حرکت : سٹنٹ۔

کرتب دکھانا (خصوصاً موٹر یا ہوائی جہاز چلانے والے کا)۔ Stunt : (v)

(۱) ضدی : ہٹیلا : خفا۔ (۲) جس کی باڑھ [OE. 'Stunt'.] Stunt : (a)
یا تراتی رک گئی ہو۔ (۳) چھوٹا اور موٹا : بونا : پست قد۔ (۴) (موڑ یا خم) یکایک : بے ربط۔

Stunt : (v) باڑہ روکنا ؛ باڑہ مارنا ؛ ترقی یا نشو و نما کو روکنا ۔

Stunt : (v) Stamp (اسکاچستان) دیکھو

Stunt-head : (n) خندق کا تختہ بند سرا جو پانی کا بڑا نل یا گندہ آب ریز بچھانے کے لئے کھودی گئی ہو۔

Stunt man : (n) وہ شخص جو خطرناک کرتب میں ایکٹر کا دو پارٹ ادا کرتا ہے ۔

Stunted : (a) جس کی باڑہ ماری گئی ہو یا ترقی رک گئی ہو؛ ٹھنٹھ ۔

Stuntedly : (adv.) باڑہ مارتے ہوئے ۔

Stuntedness : (n) باڑہ مارا جانا ۔

Stunter / Stuntist : (n) کرتب دکھانے والا ۔

Stunty : (a) محض دکھاوے کے لئے ؛ محض ظاہری نمود و نمائش کے ساتھ ۔

Stupa : (n) [Skr. 'Stupa'.] ٹوپ ؛ گنبد بُدھ ۔

Stupe : (n) [L. 'Stup(p)a'.] (۱) فلالین کا ٹکڑا وغیرہ جسے گرم پانی میں ڈال کر نچوڑتے ہیں اور اس سے جسم کے کسی حصے کی سینک کرتے ہیں ؛ رفادہ ؛ ٹکوائی ؛ سٹوپ ۔

Stupe : (v) فلالین وغیرہ کے ٹکڑے کو گرم پانی میں ڈال کر اس سے سینک کرنا ۔

Stupe : (n) بیوقوف شخص ؛ Stupid کا مخفف ۔

Stupefacient : (a) [L. 'Stupefaciens'.] مخدر ؛ بدھوش کرنے والا ۔

Stupefacient : (n) مخدر دوا ۔

Stupefaction : (n) [Fr.] (۱) مدھوشی ؛ تخدیر ۔ (۲) بہت حیرت ۔

Stupefier : (n) مدھوش کرنے والا ؛ مخبوط کرنے والا ۔

Stupefy / Stupify : (v) [Fr. 'Stupefier'.] (۱) مدھوش کر دینا ؛ مخبوط کر دینا ؛ دماغ مختل کر دینا ۔ (۲) حیرت زدہ کر دینا ؛ متحیر کر دینا ؛ ہکا بکا کر دینا ؛ بھونچکا کر دینا ۔

Stupefyingly : (adv.) مدھوش یا حیرت زدہ کرتے ہوئے ۔

Stupend : (a) عظیم الشان ؛ عظیم ؛ زبردست ؛ نہایت سخت ؛ سنگین ۔

Stupend دیکھو (مزاحاً)

Stupendous : (a) [L. 'Stupendus'.] نہایت ؛ بے حد ۔

Stupendously : (adv.)

Stupdousness : (n) عظمت ؛ نہایت زبردست یا سنگین ہونا (جرم وغیرہ کا) ۔

Stupeous/ Stuppeous : (a) [L. 'Stuppeus'.] (حیوانیات) (وہ کیڑا) جس کے بال ٹوٹی ہوئی رسی کے سرے کی طرح لمبے گچھے دار ہوں ؛ سنیلا ۔

Stupid : (a) [Fr.'Stupide' or L. 'Stupidus'.] (۱) مدھوش ؛ مخبوط ۔ (۲) کند ذہن ؛ غبی ؛ ٹھس ؛ بیوقوف ؛ احمق ۔ (۳) بیوقوفی کی ؛ بے تکی (بات وغیرہ) ۔ (۴) بے لطف ؛ پھیکا ۔ (۵) بے حس ؛ مردہ دل ۔ (۶) خلاف عقل ؛ غیر منطقی ؛ لغو ؛ مہمل ۔

Stupid : (n) بے وقوف آدمی ۔

Stupidity : (n) (۱) کند ذہنی ؛ بے وقوفی ۔ (۲) بے وقوفانہ حرکت یا خیال ۔

Stupidly : (adv.) (۱) بے وقوفی سے ؛ بے وقوفوں کی طرح ۔ (۲) بے لطفی سے ۔

Stupidness : (n) بے وقوف ہونا ؛ احمق پن ۔

Stupor : (n) [L.] (۱) (مرضیات) مدھوشی ؛ مخبوط الحواسی ؛ غفلت ؛ بد حواسی ۔ (۲) استعجاب کی حالت جس میں آدمی کچھ نہ کر سکے ؛ منہ کھول کر رہ جانا ۔ (۳) بے حسی ۔

Stuporific : (a) مدھوش کر دینے والا ؛ مخدر ؛ بدحواس کر دینے والا ۔

Stuporose : (a) (۱) مخدر ۔ (۲) ہوشربا ۔ (۳) مدھوش ۔

Stuporous : (a) Stuporose دیکھو

Stupose : (a) Stupeous دیکھو

Stupp : (n) [G.] سیاہ تہ نشیں مادہ جو پارہ کی تقطیر میں حاصل ہوتا ہے ۔

Stuprum : (n) [L.] (۱) (روسی قانون) کنواری عورت کے ساتھ مباشرت جو کنیز یا داشتہ نہ ہو ۔ (۲) ناجائز جنسی تعلقات ؛ زنا ۔ (۳) عورت کی بدچلنی یا بدکاری ۔

Stupulose : (a) [L. 'Stupulosus'.] روئیں دار ۔

Sturdied : (a) دوران سر مین مبتلا ۔

Sturdily : (adv.) مضبوطی سے ؛ زور شور سے ؛ زبردست طریقے سے ۔

Sturdiness : (n) مضبوطی ؛ قوت ؛ گٹھا ہوا ہونا ۔

Sturdy : (a) [OFr. 'Esturdi, Estourdi'.] (۱) مضبوط جسم کا ؛ قوی ہیکل ؛ موٹا تازہ ؛ ہٹا کٹا ۔ (۲) مضبوط ؛ قوی ؛ گٹھا ہوا (جسم وغیرہ) ۔ (۳) سخت ؛ زبردست (مزاحمت ، مقابلہ وغیرہ) ۔ (۴) (بھیڑ) جسے دوران سر ہوتا ہو ۔ (۵) پُر زور ؛ زور دار ؛ زور کا (اسلوب بیان) ۔ (۶) پکا ؛ ثابت قدم ؛ ثابت قدمانہ ۔

Sturdy : (n) (۱) بھیڑوں کا دوران سر جو دماغ میں کینچوے ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے ۔ (۲) بعض قسم کی گھاس کا نام جن سے بیہوشی ہوتی ہے ۔ (۳) مضبوط آدمی ؛ قوی ہیکل آدمی ۔

Sturdy beggar : (n) ہٹا کٹا فقیر ۔

Sturgeon : (n) [AFr.] سگ ماہی ؛ اسٹر جن ؛ بڑی قسم کی مچھلی جو شارک سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Black sturgeon/ Lake- / Ohio-/ Red- / Rock- / Stone- : شمالی امریکا کی جھیلوں کی سگ ماہی ۔

Great white sturgeon/ Isinglass- / Russian : بحر اسود اور بحیرہ خزر کی سگ ماہی ۔

Small sturgeon/ Ruthenian- : چھوٹی سگ ماہی ۔

Sturionian : (n) [mod. L. 'Sturiones'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Sturm and Drang : (n) [G.] دیکھو Storm and stress

Sturnella : (n) [L. 'Sternus'.] عصفوری پرندوں کی ایک جنس ۔

Sturnidae : (n) عصفوری پرندوں کا ایک خاندان ؛ سارئے ۔

Sturnine : (a) [L. 'Sturninus'.] سار سے متعلق یا مشابہ ۔

Sturnoid : (a) مینا نما ؛ سار نما ۔

Sturnus : (n) [L.] مینا ؛ سار ۔

Sturshum/ Sturtion : (n) دیکھو Nasturtium

Sturt : (n) (ٹین کی کان کنی) بڑا منافع جو منافع بالجنس (کان کنوں کا) نے کر کیا گیا ہو ۔

Sturt : (n) [ME.] (اسکاچستان) ہنگامہ ؛ شورش ؛ بلوہ ۔

Sturt : (v) [ME. 'Sturtle'.] گھبرا دینا ؛ بوکھلا دینا ؛ دق کرنا ؛ تنگ کرنا ۔

Stuss : (n) [Yiddish. 'Shtos, Stos'.] (تاش سے) جوئے کا ایک کھیل ۔

Stut : (v) [late ME. 'Stutte'.] ہکلانا ؛ ہکلا کر بولنا ۔

Stutter : (n) ہکلا ؛ ہکلانے والا ؛ توتلا ۔

Stutter : (n) ہکلانے کا فعل ؛ ہکلانے کی عادت ۔

Stutter : (v) (۱) ہکلانا ۔ (۲) ہکلا کر کہنا ۔

Stutterer : (n) دیکھو Stutter

Stutteringly : (adv.) ہکلا ہکلا کر ۔

Stuttgart('s) disease / -dog/ -plague/ -syndrome : (n) ایک قسم کا متعدی بخار جس سے گردہ پر اثر پڑتا ہے ۔

Sty : (n) [OE. 'Sti'.] (۱) سوروں کا باڑا ؛ سورخانہ ۔ (۲) (مجازاً) ذلیل یا گندہ مکان ۔ (۳) قحبہ ؛ چکلا ۔

Sty : (n) [Deducted from Styany.] گوہانجنی ؛ گوہیری ؛ انجن ہاری ؛ شعیرہ ؛ (پھنسی جو پلک کے نیچے نکل آتی ہے) ۔

Sty : (v) [OE. 'Stigian'.] سور باڑے مین رہنا یا رکھنا ؛ ذلیل یا گندے مکان میں رہنا یا رکھنا ۔

Styan : (n) [OE. 'Stigend'.] گوہانجی ؛ گوہیری ۔

Styany : (n) دیکھو Styan

Styca : (n) [ONorth. 'Stycas'.] سترھویں ، اٹھارھویں اور انیسویں صدی میں نارتھمبریا میں رائج تانبے کا ایک سکہ ۔

Styfsiekte/ Styziekte : (n) مویشیوں کی ایک بیماری جس میں ان کے جسم کی ساخت میں نقص آ جاتا ہے اور لنگڑے ہو جاتے ہیں ۔

Stygian : (a) [L. 'Stygius'.] (۱) عالم زیریں کا ؛ دوزخ کا ؛ جہنمی ؛ اسٹائکس کا (Styx یونانی دیومالا میں عالم زیریں یا دوزخ کا ایک دریا ہے) ۔ (۲) تاریک ؛ اندھیرا ؛ بھیانک ۔ (۳) موت کا سا ۔

Stylar : (a) [f. 'Style+ -ar'.] طرز تحریر سے متعلق ۔

Stylaster : (n) [mod. L.] (حیوانیات) آبی حوین کی ایک جنس ۔

Stylate : (n) (۱) (نباتیات) گردنِ بقچہ دار ؛ جس میں گردنِ بقچہ ہو۔ (۲) (حیوانیات) ابرہ دار ؛ سہم دار ؛ ابرہ نما ؛ ابری ؛ سہمی ؛ ابریہ ۔

Style : (n) [Fr.] (۱) قدیم زمانے کا آلہ جس کا ایک سرا نوکدار ہوتا تھا اور اس سے موم کی تختی پر لکھتے تھے ، دوسرا سرا کندہ ہوتا تھا اور مٹانے کے کام آتا تھا ؛ لکھنے کی سلائی ؛ اسٹائل ۔ (۲) قلم یا پنسل ۔ (۳) اسٹائل کی شکل کی کوئی چیز مثلاً کندہ کاری کی سوئی یا ابریہ یعنی وہ سوئی کی شکل کی چیز جو کنپٹی کی ہڈی کے نیچے نکلی ہوئی ہوتی ہے ؛ ابرہ ۔ (۴) طرز ؛ اسلوب (تقریر ، تحریر یا کسی کام کے کرنے کا) ۔ (۵) اسلوب بیان ؛ طرز ادا (شاعر یا انشا پرداز کا) ؛ طرز (مصور یا کسی اور صناع کا)۔ (۶)القاب؛ پورا نام یا پورا خطاب ؛ کسی چیز کا پورا نام ۔ (۷) امتیازی شان ؛ خاص رنگ (خصوصاً وضع اور آداب معاشرت وغیرہ میں) ۔ (۸)وضع ؛ انداز؛ قسم ؛ طریقہ ۔ (۹) شکل ؛ ساخت ؛ نمونہ ۔ (۱۰) ادبی تصنیف کی علامت ۔ (۱۱) نوکدار قلم سے مشابہ بھونکنے کا ہتھیار ۔ (۱۲) (جراحی) کند زخم سلائی ۔ (۱۳)نوکدار قلم ؛ خاصہ ۔ (۱۴) سوئی ۔ (۱۵) دھوپ گھڑی کی سوئی ؛ لوہے کی چھڑی جو دھوپ گھڑی کی سوئی کا کام دے ۔ (۱۶) (نباتیات) گردن بقچہ ؛ بیضہ دان کا پتلا بڑھا ہوا حصہ جس پر سر بقچہ قائم ہوتا ہے ۔(۱۷) حشرات کے مبرز کا سخت بال جیسا ابھار ؛ دو پرہ کیڑے کے محاس کا بال ۔ (۱۸) (حیوانیات) ابرہ ؛ چھوٹا ، پتلا اور نوکدار عضو ؛ سوزن اسفنج جو ایک سرے پر نوکدار ہو۔ (۱۹) (اسکاچستانی قانون) دستاویز تیار کرنے کا مستند فارم ۔ (۲۰) قانونی اصطلاح ۔ (۲۱) طریقہ ؛ طور؛ رویہ ۔ (۲۲) برتاؤ ؛ روش؛ سلوک ۔ (۲۳) مذاق ؛ پسند ۔ (۲۴) تاریخ لکھنے کا ایک طریقہ ۔

In the suds : (۱) مشکلات میں۔ (۲) آب صابونی میں۔ (۳) منہ پھلا کر۔

Suds : (v) (کپڑا) آب صابونی میں دھونا : جھاگ یا پھین بنانا۔

Sudsy : (a) دیکھو Suddy

Sue : (v) [AFr. 'Suer, Siwer, Sure'.] (۱) نالش کرنا : استغاثہ کرنا : دعویٰ کرنا : مقدمہ چلانا۔ (۲) درخواست دینا : عرضی دینا (عدالت میں) التجا کرنا : درخواست کرنا (خصوصاً شادی کی)۔

To sue, sue out, sue forth (one's) livery : Livery دیکھو

Sue out : (v) (عدالت سے) حاصل کرنا : نافذ کرانا۔

Suede : (n) [Fr.] (۱) بکری کے بچے کی بن کھلائی کھال (جس کے استانے، سلیپر وغیرہ بنتے ہیں)۔ (۲) ایک قسم کا کپڑا جو دیکھنے میں سویڈ کی معلوم ہوتا ہے۔ (۳) ہلکا بھورا رنگ۔

Suede : (v) سویڈ کی طرح بنانا۔

Suent : (a) [ME. 'Suaunt'.] (۱) چکنا : مسطح۔ (۲) مساوی : ہموار : خوشگوار۔ (۳) حلیم : مطمئن : خاموش : سلیم الطبع : سنجیدہ : متین۔

Suent : (adv.) مسطح طور پر : سنجیدگی سے : متانت کے ساتھ۔

Suently : (adv.) مسطح طور پر : مساویانہ : سنجیدگی کے ساتھ : متانت سے۔

Suer : (n) نالش کرنے والا : مقدمہ کرنے والا۔

Suerte : (n) [Sp.] سانڈ کے ساتھ لڑائی میں ایک چال یا وار۔

Suet : (n) [AFr. 'Sewet'.] گردے کی چربی : شحم الکلیہ۔

Suet face : (n) زردی مائل دبیز چہرہ۔

Suet pudding : (n) پڈنگ جو چربی کے ٹکڑوں، آٹا، کشمش، مسالا وغیرہ سے بنتی ہے۔

Suety : (a) (۱) چربی جیسا : شحمی۔ (۲) چربی دار : چربی میں بنا ہوا۔ (۳) (مجازاً) زرد رو۔

Sueve : (n) [L. 'Suevus'.] رومن سوسائٹی (Roman sueve) نامی جرمانی قبیلوں کی وفاق سے متعلق۔

Suevian : (a) [L. 'Suevus'.] دیکھو Sueve

Suevian : (n) روس سوئیٹی نامی جرمانی قبیلوں کا کوئی فرد۔

Suez : (a) سوئیز کا یا اس سے متعلق : شہر کا نام۔

Suffect : (a) [L. 'Suffectus'.] (قدیم روما) اضافی قونصل جو منتخب ہوتے تھے۔

Suffect : (n) اضافی قونصل۔

Suffer : (v) [ME. 'Suffre, Soffre'.] (۱) سہنا : جھیلنا : برداشت کرنا : اٹھانا (تکلیف، مصیبت، نقصان وغیرہ)۔ (۲) مصیبت میں ہونا : مصیبت اٹھانا : اذیت پانا : صدمہ اٹھانا : تکلیف اٹھانا : نقصان اٹھانا : ٹوٹ جانا : بے کار ہو جانا۔ (۳) مجرم کا سزائے قتل پانا : گردن ماری جانا : پھانسی ہونا۔ (۴) (کرنے کی) اجازت دینا : ہونے دینا : گوارا کرنا : برداشت کرنا : جائز رکھنا۔

Sufferable : (a) جائز : جو گوارا کیا جا سکے : قابل برداشت۔

Sufferance : (n) [AFr. 'Suffraunce', 'Suffraunce'.] (۱) صبر : تحمل : برداشت۔ (۲) تکلیف : اذیت : مصیبت۔ (۳) مرضی : منشا (جو خاموش رہنے یا اعتراض نہ کرنے سے ظاہر ہو)۔ (۴) رعیت کے معاہدہ کی مدت ختم ہونے کے بعد بھی مالک کی اجازت کے بغیر ملکیت پر قبضہ رکھنا۔

Bill or sufferance : جہاز پر مال لادنے اور اتارنے کا لائسنس۔

On, upon sufferance : بغیر صریح اجازت کے : محض مروت یا چشم پوشی کی بنا پر۔

Sufferancs goods : (n) مال جو لائسنس کی تحت لادا یا اتارا جائے۔

Sufferance quay/ -wharf : (n) وہ گھاٹ جس پر مال صرف لائسنس کی تحت چڑھایا یا اتارا جا سکتا ہے۔

Sufferer : (n) مصیبت اٹھانے والا ؛ مصیبت زدہ ؛ نقصان اٹھانے والا ؛ مقتول ؛ شہید ۔

Suffering : (n) (۱) مصیبت سہنا ؛ اذیت پانا ؛ سہنا ۔ (۲) تکلیف ؛ اذیت ؛ مصیبت ؛ رنج و محن ۔

Suffering : (a) (۱) مصیبت اٹھانے والا ؛ سہنے والا ۔ (۲) بیمار ۔

Suffete : (n) [L. 'Suffes, Suffet-'.] قدیم کارتھیج کے دو چیف مجسٹریٹوں میں سے ایک چیف مجسٹریٹ ۔

Suffice : (v) [OFr. 'Suffire'.] (۱) کافی ہونا ؛ کفایت کرنا ۔ (۲) ضرورت کو پورا کرنا ؛ کافی ہونا (کسی شخص کے لئے) ۔

Sufficer : (n) کافی ہونے والا ؛ ضرورت کو پورا کرنے والا ۔

Sufficience : (n) [OFr. or, late L. 'Sufficientia'.] کافی ہونا ۔

Sufficiency : (n) [late L. 'Sufficientia'.] (۱) کافی ہونا ۔ (۲) کافی مقدار یا تعداد ۔ (۳) (قدیم) لیاقت ؛ قابلیت ؛ استعداد ۔ (۴) آسودگی ؛ فراغت ؛ خوش حالی ۔

Sufficient : (a) (۱) کافی ؛ وافی ۔ (۲) (قدیم) لائق ؛ قابل ۔

Sufficient : (n) کافی مقدار ؛ معقول مقدار ، تعداد یا ذریعہ ۔

Sufficient condition : (n) معقول شرط ۔

Sufficient grace : (n) دیکھو Grace

Sufficient reason : (n) (فلسفہ) سبب مکتفی ؛ یہ اصول کہ کوئی چیز بلا سبب نہیں ہوتی ہے ۔

Sufficiently : (adv.) کافی طور پر ۔

Sufficientness : (n) دیکھو Sufficiency

Sufficing : (a) کافی ؛ وافی ۔

Sufficingly : (adv.) کافی طور پر ۔

Sufficingness : (n) دیکھو Sufficiency

Suffix : (n) [mod. L. 'Suffixum'.] (۱) (قواعد) لاحقہ ۔ (۲) (ریاضیات) کمتر قوت نما جو علامت ریاضی کے دائیں جانب لکھا جاتا ہے ۔

Suffix : (v) (۱) (الفاظ بنانے میں) لاحقے کے طور پر لگانا ؛ لاحق کرنا (حرف یا بول) ۔ (۲) کمتر قوت نما لکھنا ۔

Suffixal : (a) لاحقہ سے متعلق ۔

Suffixation : (n) لاحقہ لگانا ۔

Suffixed : (a) لاحقہ کے طور پر استعمال کیا ہوا ۔

Suffixial : (a) دیکھو Suffixal

Suffixion : (n) لاحقہ لگانا یا لگایا جانا ۔

Suffixment : (n) بطور لاحقہ استعمال ۔

Sufflue : (n) (نقابت) نرسنگا سے مشابہ ایک مارکہ ۔ [Origin unkn.]

Suffocate : (v) [L. 'Suffocare'.] (۱) گلا گھونٹنا ؛ دم گھونٹنا ؛ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ۔ (۲) سانس روک دینا ؛ گلو گرفتہ کر دینا ؛ (جوش ، غم وغیرہ سے) گلو گیر ہونا ؛ بے قابو کر دینا ؛ بجھا دینا ۔ (۳) دم گھٹنا ؛ دم چڑھ جانا ۔

Suffocating : (n) خانق ؛ گلوگیر ۔

Suffocatingly : (adv.) اس طرح یا اس حد تک کہ دم گھٹ جائے ۔

Suffocation : (n) (۱) گلا گھونٹنا ؛ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ۔ (۲) گھمس ؛ سخت حبس ۔ (۳) خناق ؛ اختناق ۔

Suffocative : (a) خانق ؛ دم گھونٹنے والا ؛ گلا گھونٹنے والا ۔

Suffocative catarrh : (n) خانق نزلہ ۔

Suffolk : (n) مشرقی انگلیا (East Anglia) کے ایک ضلع کا نام ۔

Suffoilk coprolite : (n) ایک قسم کا فاسفیٹی متحجر براز جو سفک میں پایا جاتا ہے ۔

Suffolk crag : (n) سفک کا طبقۂ جدید تر ۔

Suffolk punch : (n) سفک میں پایا جانے والا چھوٹا مگر مضبوط گھوڑا ۔

Suffragan : (n) [AFr. OFr.] (۱) نائب اسقف ؛ مددگار اسقف ۔ (۲) (اسقف اعظم کے مقابلے میں) اسقف ۔

Suffragan : (a) (۱) نائب اسقف سے متعلق یا نائب اسقف کا ۔ (۲) اسقف اعظم کے حلقے کا ضمنی حلقہ ۔

Suffraganship : (n) نائب اسقف کا عہدہ یا عہد کارکردگی ۔

Suffrage : (n) [L. 'Suffragium'.] (۱) (قدیم) دعائے شفاعت ؛ دعا جو شفاعت یا بخشش کے لئے پڑھی جائے ۔ (۲) چھوٹی سی دعا یا مناجات (جو گرجے میں حاضرین پادری کی دعا کے جواب میں پڑھتے ہیں) ۔ (۳) رائے ؛ ووٹ ۔ (۴) منظوری ؛ رضامندی ۔ (۵) عام منظوری ؛ اتفاق رائے ۔ (۵) احتمال رائے یا ووٹ ۔ (۷) رائے دہندگی ؛ ووٹ دینا ۔ (۸) حق رائے دہندگی ۔ (۹) (مجازاً) تائید (ایک چیز کی دوسرے کے مقابلے میں) ؛ ترجیح ۔

Adult suffrage : بالغوں کی عام رائے دہندگی ۔

Universal suffrage : مرد عورت کی عام رائے دہندگی ۔

Suffragette : (n) عورتوں کی حق رائے دہندگی کی خواستگار عورت ۔

Suffragism : (n) توسیع رائے دہندگی (خصوصاً عورتوں تک) ۔

Suffragist : (n) (عورتوں کے لئے) توسیع رائے دہندگی کا حامی ؛ حامئ حق انتخاب ؛ وہ شخص جو حق رائے دہندگی کو اہم سمجھتا ہو (خصوصاً اس کی توسیع کو) ۔

Suffrago : (n) [L.] (تشریح) (چوپایوں اور پرندوں کے) ساق اور ٹانگ کے نچلے حصے کے اتصال پر واقع سم یا چنگل کا پچھلا حصہ ۔

Suffrutescent : (a) [Sub. + Frutescent.] (نباتیات) نرم چوب ؛ جھاڑی مانند ۔

Suffrutex : (n) نیم جھاڑی ؛ پودا جس کا نچلا حصہ چوبی ہوتا ہے اور اوپر جھاڑی کی طرح ہوتا ہے ۔

Suffruticose : (a) [mod. L. 'Suffruticosus'.] نیم جھاڑی نما ۔

Suffumigation : (n) زیری بھپارہ ؛ دھونی ؛ نیچے سے دھونی دینا ۔

Suffuse : (v) [L. 'Suffundere'.] (۱) (رنگ یا کسی قسم کی رطوبت کا کسی چیز پر) چھا جانا ؛ دوڑ جانا ؛ پھیل جانا ۔ (۲) (کوئی سیال شے کسی سطح پر) بہانا ؛ ڈالنا ۔

Suffusedly : (adv.) پھیلتے ہوئے ؛ چھاکر ۔

Suffusion : (n) (۱) چھا دینا ۔ (۲) چھا جانا ؛ دوڑ جانا ؛ انتشار ۔ (۳) رنگ ؛ خصوصاً خون کی وجہ سے جلد کا ۔ (۴) چہرے کی سرخی (شرم وغیرہ کی وجہ سے) ۔

Sufi : (n) [Arab. 'Sufi'.] صوفی ۔

Sufic : (a) صوفیانہ ؛ متصوفانہ ۔

Sufiism/ Sufism : (n) تصوف ؛ صوفیت ۔

Sufistic : (a) تصوف کا یا اس سے متعلق ۔

Sug- : دیکھو Sub (ان لاطینی الفاظ اور ان کے مشتقات کے ساتھ آتا ہے جو "g" سے شروع ہوتے ہیں) ۔

Sugan/ Soogan/ Sougan/ Suggan : (n) [Irish. Gael. 'Sugar'.] (۱) ہاتھوں سے بٹا ہوا پیال وغیرہ کا رسّا ۔ (۲) موٹی قسم کا کمبل جسے چرواہے استعمال کرتے ہیں ۔

Sugar : (n) [ME. 'Suker'.] (۱) شکر ؛ قند ؛ کھانڈ ؛ بورا ؛ چینی ۔ (۲) شیرینی ؛ مٹھاس ۔ (۳) میٹھی بایتں ؛ روغن قاز ؛ چرب زبانی ۔ (۴) (عام) روپیہ ؛ زر ۔ (۵) (کیمیا) شکر (ایک کیمیاوی مادہ جو حیوانات اور نباتات میں موجود ہے) ۔ (۶) شکر دانی ۔ (۷) شکر کی مقدار ۔

Acid (or essence) of sugar : آسکریلک ایسڈ ۔

Beet sugar : شکر چقندر ؛ چقندر سے بنائی ہوئی چینی ۔

Brown sugar : بھوری چینی ۔

Burnt sugar : جلی ہوئی چینی ؛ سوختہ شکر ۔

Cane sugar : گنے سے بنی ہوئی شکر ۔

Caramel sugar : شراب میں رنگ دینے کے لئے جلی ہوئی شکر ؛ سوختہ شکر ۔

Clarified sugar : صاف کی ہوئی چینی ؛ شفاف شکر ۔

Crystal sugar : قلمی شکر ۔

Granulated sugar : دانہ دار شکر ۔

Lump sugar : شکر کے ڈلے ۔

Moist sugar : خام شکر ۔

Preserving sugar : تحفظی شکر ۔

Raw sugar : خام شکر ۔

Refined sugar : صاف شکر ؛ تصفیہ شدہ شکر ۔

To be neither sugar nor salt/ Not to be made of sugar or salt : رطوبت سے خراب نہ ہونا۔

Sugar : (v) (۱) شکر ڈالنا ؛ شکر سے میٹھا کرنا ؛ شکر لپیٹنا۔ (۲) بیئر، گوند وغیرہ ملا کر شکر درخت پر لگانا (پتنگوں کو پکڑنے کے لئے) ۔ (۳) خوشگوار بنانا ؛ مرغوب بنانا ؛ پسندیدہ بنانا ۔ (۴) (کیمبرج یونیورسٹی میں کشتی چلانے میں) سستی سے کام کرنا ؛ محنت سے جی چرانا لیکن بظاہر زور لگا کر چھو چلانا ؛ بے دلی سے کام کرنا ؛ بیگار ٹالنا ۔ (۵) (عام) (مہذب لوگ "Damn" کی بجائے استعمال کرتے ہیں) ۔ (۶) شکر بنانا ۔ (۷) دانہ دار ہو نا ؛ دانہ دانہ ہونا ؛ شیرے کو اس قدر کھولانا کہ دانہ دانہ ہونے لگے ۔

Sugar : (a) (۱) شکر سے بنا ہوا ۔ (۲) شکر کی مٹھاس رکھنے والا ؛ شیریں ۔ (۳) شکر سازی میں استعمال ہونے والا ۔ (۴) شکر کا دلدادہ ۔

Sugar almond : (n) شکر میں لپیٹا ہوا بادام ۔

Sugar ant : (n) میٹھی غذا کی دلدادہ چیونٹی ۔

Sugar bag : (n) (۱) جنگلی شہد کی مکھیوں کا چھتا ۔ (۲) جنگلی مدھو مکھی کا شہد ۔

Sugar-baker : (n) کچی شکر کو صاف کرنے والا ؛ شکر ساز ۔

Sugar basin : (n) شکر دانی ؛ شکر دان ۔

Sugar-beet : (n) چقندر شیریں ؛ چقندر جس سے شکر بنتی ہے ۔

Sugar-berry : (n) شمالی امریکا کا ایک درخت ۔

Sugar-bird : (n) بعض قسم کے پرندے جو پھولوں کا رس پیتے ہیں ۔

Sugar-bowl : (n) دیکھو Sugar-basin

Sugar-bush : (n) (۱) ماپل کا جنگل ۔ (۲) جنوبی افریقہ کی ایک جھاڑی۔

Sugar-cake : (n) شکر ، مکھن اور کریم سے بنا کیک ۔

Sugar-camp : (n) ماپل کے جنگل میں وہ مقام جہاں ماپل کا رس جمع کیا جاتا ہے اور کھولایا جاتا ہے ۔

Sugar-candied : (a) (۱) شکر لپٹا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) بظاہر صاف ۔

Sugar-candy : (n) [Fr. 'Sucre candi'.] (۱) مصری ؛ قند ۔ (۲) (مجازاً) کوئی میٹھی ، خوشگوار یا مزیدار چیز ۔

Brown sugar-candy : مصری جو پہلے قلماؤ کے بعد بنے ۔

White sugar-candy : (n) مصری جو پہلے قلماؤ کے بعد بنی مصری کو دوبارہ ابال کر اسے پھر سے قلمانے سے بنے ۔

Sugar-candy : (a) شیرینی ؛ شہد آمیز ۔

Sugar-cane : (n) گنا ؛ نیشکر ۔

Sugar-caster /-castor : (n) شکر دانی ۔

Sugar-coat : (v) (۱) شکر لپیٹنا ۔ (۲) (مجازاً) بظاہر خوشگوار ؛ دلکش یا لطیف بنانا ۔ (۳) اصلیت چھپانا ؛ ظاہری چمک دمک پیدا کرنا ؛ ملمع کرنا ۔

Sugar-coated : (a) شکر لپٹی ہوئی ۔

Sugar-coating : (n) (۱) شکر لپیٹنا ۔ (۲) ملمع ؛ کوئی چیز جو اصلیت کو چھپا دے ۔

Sugar-cone : (n) مخروطی سانچہ جو مصری کا ڈلا بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Sugar-crop : (n) گنے کی کھیتی ۔

Sugar-daddy : (n) امیر اور ضعیف شخص جو کسی جوان عورت کو دل کھول کر تحفہ ، تحائف دیتا ہے اور اسے معشوقہ بنا کر رکھتا ہے ۔

Sugar-disease : (n) ذیا بیطس ۔

Sugar-fungus : (n) خمیری سماروغ ۔

Sugar-grass : (n) شیریں چینا ۔

Sugar-gum : (n) شیریں یوکلپٹس ؛ آسٹریلیا کا ایک گوند کا درخت جس کے پتے میٹھے ہوتے ہیں ۔

Sugar-house : (n) کھنڈ سال ؛ چینی بنانے کا کارخانہ ۔

Sugar-house molasses : (n) گھٹیا قسم کا شیرہ جو کھنڈل سال میں تیار ہوتا ہے اور جو دوائیں یا کیمیاوی اشیاء بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Sugar-lime : (n) چونا جو چقندر سے شکر بنانے میں نکلتا ہے ۔

Sugar-loaf : (n) (۱) شکر یا مصری کا مخروطی ڈلا ۔ (۲) (مجازاً) شکر کے ڈلے سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۳) مخروطی ٹوپ ۔

(۴) اونچی مخروطی پہاڑی۔ (۵) کرم کلہ کی ایک قسم۔

Sugar-loaf : (a) مخروطی : قبہ نما۔

Sugar-loafed : (a) شکر کے ڈلے کی شکل کا۔

Sugar-maple : (n) شکر ماپل : شمالی امریکا کا ایک درخت جس سے شکر بنتی ہے۔

Sugar-mill : (n) چینی کا کارخانہ۔

Sugar-mite : (n) ایک کیڑا جو خام شکر اور خشک پھولوں کو نقصان پہنچاتا ہے : بھوری چیونٹی۔

Sugar off : (v) (ماپل کے رس کا) کھول کر قلم پذیری کی حد تک گاڑھا ہونا : دانہ دار ہونے کی حالت میں آنا۔

Sugar of lead : (n) شکر سرب : لیڈ ایسی ٹیٹ۔

Sugar orchard : (n) شکر ماپل کے درختوں کا باغ۔

Sugar pear : (n) ایک قسم کی میٹھی ذائقہ دار ناشپاتی۔

Sugar-plum : (n) (۱) ایک قسم کی مٹھائی جو شکر سے بنتی ہے : نُقل۔ (۲) (مجازاً) کوئی اچھی چیز جو بطور رشوت دی جائے : خوشامد : چاپلوسی۔ (۲) کوئی پسندیدہ چیز۔

Sugar-plum : (v) (۱) مٹھائی دے کر خاموش کرنا۔ (۲) لاڈ پیار کرنا : دُلار کرنا۔

Sugar-refiner : (n) کچی شکر کو صاف کرنے والا : شکر ساز۔

Sugar-refinery : (n) کچی شکر کو صاف کرنے کا کارخانہ : شکر سازی۔

Sugar-sand : (n) دانہ دار معدنی مادہ جو ماپل کے کھولتے ہوئے شیرے میں تقطیر سے پہلے موجود رہتا ہے۔

Sugar-shell : (n) چینی کا چمچہ جو سیپ کی شکل کا ہوتا ہے۔

Sugar-sop : (n) جزائر غرب الہند کا ایک درخت۔

Sugar-sorghum : (n) ایک قسم کا چینا۔

Sugar-squirrel : (n) آسٹریلیا کی اڑنے والی گلہری جو شہد کھاتی ہے۔

Sugar-stick : (n) انگشت قند۔

Sugar-tit / -teat : (n) بھٹی نما : کھڑے میں لپٹا : شکر کا ڈلا جسے بچے چوستے ہیں۔

Sugar-tongs : (n) شکر کے ڈلے کو اٹھانے کی چمٹی : شکر گیر : شکر چمٹی : قند گیر۔

Sugar-tree : (n) دیکھو Sugar maple/ -bush

Sugar-vinegar : (n) گنے کے رس کا سرکہ۔

Sugar-water : (n) شکر ماپل کا رس۔

Sugar-wood : (n) دیکھو Sugar-maple

Sugared : (a) (۱) شیریں : میٹھا۔ (۲) شکر لپٹا ہوا۔ (۳) (مجازاً) حد سے زیادہ رنگین : پر لطف : دلچسپ : خوشگوار۔

Sugarer : (n) سستی سے کام کرنے والا : بیگار ٹالنے والا۔

Sugariness : (n) (۱) پُر شکر ہونا۔ (۲) میٹھا پن۔ (۳) چاپلوسی۔

Sugaring : (n) (۱) مٹھاس : میٹھی چیز جو کھانے میں ڈال کر کھائی جائے۔ (۲) شکر ملانا۔ (۳) ماپل سے شکر بنانا۔ (۴) بیئر، گوند وغیرہ ملا کر درختوں پر چینی لگانا (پروانوں کو پکڑنے کے لئے)۔ (۵) بعض سنگ مرمر کا دانہ دار بن جانا۔

Sugarless : (a) بے شکر کا۔

Sugary : (n) وہ جگہ جہاں ماپل جمع کیا جاتا ہے اور اسے ابال کر چینی بناتے ہیں۔

Sugary : (a) (۱) شکر لپٹا ہوا : پُر شکر : شکر کے مزے کا۔ (۲) (مجازاً) میٹھی : چاپلوسی کی : خوشامد کی۔

Sugan : دیکھو Sugan

Suggest : (v) [L. 'Suggerere'.] (۱) سمجھانا : خیال دلانا : ذہن کو منتقل کرنا۔ (۲) تجویز کرنا : رائے دینا : قیاس یا خیال ظاہر کرنا۔ (۳) اشارہ کرنا : خفیف سا شائبہ ہونا۔ (۴) یاد کرنا : ذہن میں لانا۔ (۵) (قانون) غیر حلفی اطلاع دینا۔

Suggester : (n) رائے دینے والا : ایما کرنے والا : القا کرنے والا۔

Suggestibility : (n) (۱) قابل تجویز ہونا۔ (۲) توجہ پذیری : ایماذ پذیری : ایما پذیری۔

Suggestible : (a) (۱) قابل تجویز : سمجھانے کے قابل۔ (۲) جو عمل توجہ سے متاثر ہو سکے : توجہ پذیر : ایماذ پذیر۔

Suggestingly : (adv.) خیال دلاتے ہوئے : تجویز کرتے ہوئے : رائے دیتے ہوئے۔

Suggestio falsi : (n) [L.] گمراہ کرنے والا بیان یا قول : ایسی بات جس میں صریحی غلط بیانی نہ ہو مگر سننے والے کے دل میں غلط خیال پیدا کر دے : ایمائی کذب : ایماءِ کذب۔

Suggestion : (n) (۱) سمجھانا : تحریک ذہنی : اشارہ : ایہام : ایماء : ایما۔ (۲) تجویز : خیال : قیاس (جو کسی نے ظاہر کیا ہو)۔ (۳) توجہ : عمل توجہ : اثر آفرینی۔ (۴) (قانون) غیر حلفی اطلاع یا دعویٰ۔ (۵) خفیف سی جھلک : شائبہ۔

Full of suggestion : معنی خیز : پُر معنی : محرک خیال۔

Suggestionism : (n) (نفسیات) (نظریہ) ایحاذیت : ایحاذی علاج۔

Suggestionist : (n) ایحاذیت کا حامی : ایحاذی معالج۔

Suggestive : (a) (۱) معنی خیز : محرک خیال۔ (۲) گندے خیالات پیدا کرنے والا : جس میں فحش کا شائبہ ہو۔ (۳) ایحاذی : ایمائی۔ (۴) اپنی طرف متوجہ کرنے والا۔

Suggestively : (adv.) (۱) معنی خیز طور پر۔ (۲) شائبہ فحش کے ساتھ۔

Suggestiveness : (n) (۱) معنی خیزی : محرک خیال ہونا۔ (۲) گندے خیالات پیدا کرنے کی صلاحیت : شائبہ فحش رکھنا۔

Suggestum : (n) [L.] چبوترہ : اسٹیج : شہ نشیں۔

Sug(g)ilation : (n) (طب) کدمہ : نیلا نشان۔

Sui generis : (a) [L.] اپنی نظر آپ : بے نظیر : بے مثل : یکتا۔

Sui generis : (n) بے مثل چیز : یکتا نمونہ۔

Sui juris : (n) [L.] بالغ و عاقل : خود مختار۔

Suicidal : (a) (۱) خود کشی کے متعلق : مائل بہ خود کشی۔ (۲) (مجازاً) خود اپنے اغراض کے لئے مہلک۔

Suicidally : (adv.) خود کشی کے ذریعے : خوش کشی کے انداز سے۔

Suicide : (n) [mod. L. 'Suicida'.] (۱) خود کشی۔ (۲) کوئی ایسا فعل جو خود کشی کے برابر ہو یعنی خود اپنے مقاصد کے لئے مہلک ہو : اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا۔

To commit suicide : خود کشی کرنا۔

Suicide : (n) (۱) خود کشی کرنے والا۔ (۲) خود کشی کی طرف میلان رکھنے والا۔

Suicide : (v) (۱) خود کشی کرنا۔ (۲) جان دینا۔ (۳) مار ڈالنا۔

Suicide club : (n) (۱) وہ کلب جس کے ممبران خود کشی کے لئے آپس میں عہد و پیماں کئے رہتے ہیں : خود کشی کلب۔ (۲) خطرناک جنگی مہم والی اکائیوں کے لئے بھی طنزاً آتا ہے۔

Suicide pact : (n) معاہدۂ خود کشی (دو افراد کے درمیان)۔

Suicide pilot : (n) ہوا باز جو جنگ میں خطرناک مہم پر جاتا ہے۔

Suicide squad : (n) خطرناک مہم پر جانے والے ہوابازوں کی جماعت۔

Suicidology : (n) خود کشی اور انسداد خود کشی کا علم۔

Suigenderism : (n) [L.] بالیدگی کا وہ زمانہ (لڑکپن یا سن بلوغیت سے پہلے) جس میں انسان اپنے ہم جنس ہی کی طرف راغب ہوتا ہے یا میلان رکھتا ہے۔

Suilline : (a) [var. of suidian.] سمور کی قسم کا : خنزیری : خوکی۔

Suimate : (n) (۱) اپنی چال سے شہ مات کھانا۔ (۲) شطرنج کی ایسی بازی جس میں اپنی چال سے شہ مات کھانے کی ضرورت پڑے۔

Suine : (n) [L. 'Sus' + -ine.] ایک شحمی مادہ جو سمور کی چربی سے بنتا ہے : چربی کا مکھن۔

Suing : (n) (۱) مقدمہ : نالش۔ (۲) درخواست : التجا۔

Suing : (a) مقدمہ کرنے والا۔

Suing : (adv.) (۱) بعد میں : اس کے بعد : بعد کو۔ (۲) متواتر : مسلسل : یکے بعد دیگرے۔

Suint : (n) [Fr.] چربی پشم : بھیڑ کے بال سے نکالا ہوا روغنی مادہ۔

Suiogothic : (a) [mod. L. 'Suiogothicus'.] سویڈی : سویڈن کا۔

Suiogothic : (n) سویڈی زبان۔

Suioness : (n) [L.] قدیم سویڈی باشندہ۔

Suipestifer infection : (n) (مرضیات) ٹیفیرہ زدہ ورم امعاء ۔

Suisse : (n) [Fr.] بڑے گھر کا دربان ؛ کلیسا کا کارندہ ۔

Suit : (n) [ME. 'Suite, Siute'.] (۱) درخواست ؛ عرض داشت ؛ شادی کی درخواست ؛ شادی کی بات چیت ۔ (۲) مقدمہ ۔ (۳) (تاش) رنگ ؛ بازی ۔ (۴) کسی رنگ کے وہ پتے جو ایک شخص کے حصے میں آئیں ۔ (۵) (کپڑوں کا) سوٹ؛ جوڑا (خصوصاً وہ جس میں ایک ہی کپڑے کا کوٹ ، واسکٹ اور پتلون یا نیکر یا برجس ہو) ۔ (۶) (جدید استعمال) زنانہ جوڑا (۲ ، ۳ یا ۴ کپڑوں کا) ؛ غسل کرنے کا سوٹ ۔ (۷) بادبان کا جوڑ ؛ کئی بادبان جو ایک ساتھ لگائے جائیں ۔ (۸) زرہ بکتر کا جوڑ ۔ (۹) رعیتی خدمت (جاگیر دار کی) ۔ (۱۰) لگان دار کا کسی خاص مل میں اناج پسوانے کے لئے جانا یا اس کا حق ۔ (۱۱) نوع ؛ قسم ۔ (۱۲) وردی ۔ (۱۳) مقلدین کی جماعت ؛ شاگردوں کی جماعت ۔ (۱۴) مدعی کے گواہان ۔

Birthday suit : ننگا بدن ۔

In suit with : موزوں ؛ مناسب ؛ مطابق ۔

Of a suit with : یکساں ؛ ملتا ہوا ۔

One's strong suit : استعداد ؛ قابلیت ۔

Out of suit with : مہربانی سے دور ۔

To do, give owe suit : (n) خدمت میں حاضر ہونا ۔

To follow suit : (۱) جس رنگ کا پتّا پہلے کھیلا گیا ہو اسی کا پتّا چلنا ۔ (۲) وہی کرنا (جو دوسرا کرے) ۔

Suit : (v) (۱) مطابق کرنا ؛ موزوں یا مناسب بنانا ؛ جو کہنا وہ فوراً کر دکھانا ۔ (۲) مناسب ہونا ؛ موزوں ہونا ؛ مطابق ہونا ؛ قرین مصلحت ہونا ۔ (۳) (غذا ، آب و ہوا کا) موافق آنا؛ راس آنا ؛ مفید ثابت ہونا ۔ (۴) (کسی چیز کے ساتھ) کھپنا ؛ میل کھانا ۔ (۵) بھپنا ؛ زیب دینا ۔ (۶) آرام دہ ہونا ؛ باعث سہولت ہونا ۔ (۷) (کپڑوں کا) سوٹ مہیا کرنا ؛ کپڑا پہنانا ۔ (۸) شایان ہونا ؛ سزاوار ہونا ۔

To suit with : موافق ہونا ؛ موزوں ہونا ۔

Suit and service : (n) (۱) جاگیر کے دربار میں حاضری اور خدمت (اسامی کی) ۔ (۲) اسامی کا اپنے مالک سے اقرار وفاداری ۔ (۳) فرائض ۔

Suit-dress : (n) ایک زنانہ لباس ۔

Suit-duty : (n) کسی خاص مل میں اناج پسوانے کا معاہدہ ۔

Suit in law : (n) دیکھو Lawsuit

Suit real : (n) شیریف (Sheriff) کی عدالت میں حاضری ۔

Suit service : (n) جاگیردار کے دربار میں حاضری دے کر خدمت کرنا ۔

Suitability : (n) موزونیت ؛ مناسب ؛ ٹھیک ہونا ؛ درست ہونا ۔

Suitable : (a) موزوں ؛ مناسب ؛ ٹھیک ؛ درست ؛ سزاوار ؛ شایان ؛ مناسب موقع ۔

Suitableness : (n) دیکھو Suitability

Suitably : (adv.) موزوں طور پر ؛ مناسب طور پر ؛ مناسب انداز سے ؛ مناسب اسلوب سے ؛ موقع کی مناسبت سے ۔

Suitcase : (n) سفری بیگ (خصوصاً سخت ، چپٹا اور مستطیل نما) ۔

Suitcase farmer : (n) وہ کسان جو جوتنے ، بونے اور کاٹنے کے دنوں کے علاوہ بقیہ دن بستی سے باہر رہتا ہے ۔

Suite : (n) [Fr.] (۱) خدم و حشم ؛ نوکر چاکر ؛ کسی رئیس کے ملازم جو اس کے جلو میں یا ہمرکاب ہوں ۔ (۲) ایک قسم کی چیزوں کا سلسلہ ؛ جوڑ ۔

En suite : (۱) موافق ؛ مطابق ۔ (۲) (کمرے) سلسلے وار ؛ ایک سے ایک ملے ہوئے ۔

Suited : (a) (۱) سوٹ میں ملبوس ۔ (۲) مطابق ۔ (۳) خوگر ؛ عادی ؛ راغب ۔

Suiting : (n) (۱) مطابقت ؛ موافقت ۔ (۲) سوٹ کا کپڑا ۔

Suitor : (n) [AFr. 'Seutor, Suitour'.] (۱) فریق مقدمہ ؛ مدعی یا مدعا علیہ ؛ نالشی ۔ (۲) سائل ؛ درخواست کنندہ ؛ عرض گذار ؛ داد خواہ ۔ (۳) عاشق ؛ طالب (شادی کا)؛ خواستگار ؛ امیدوار ۔ (۴) جاگیر دار کے دربار میں حاضری دینے والا اسامی ۔

Suitor : (v) (۱) شادی کی درخواست کرنا ۔ (۲) شادی کا طلب گار ہونا ؛ عاشق ہونا ۔

Suivez : (v) [Fr.] (موسیقی کی ہدایت ، ساتھی یا تال دینے والے کو) سُر ملاؤ ؛ تال ملاؤ (گانے والے یا بجانے والے سے) ۔

Suji/ Sujee : (n) [Hindi. 'Suji'.] سوجی ۔

Sukey/ Sukie/ Suky / Suke : (n) [f. 'Sukey', nickname of Susanna.] (چائے کی) کیتلی ۔

Sukiyaki : (n) [Jap.] گوشت ، سویابین کا دہی ، پیاز ، بانس کا کونپل اور دوسری سبزیاں جو سویا کی چٹنی چاول کی بنی شراب اور چینی میں پکائی جاتی ہیں ۔

Sukkoth/ Succoth/ Sukkot/ Sukkos/ Succot/ Succos : (n) [Heb. 'Sukkoth'.] یہودیوں کا ایک مذہبی تہوار ۔

Sula : (n) [ON.] بعض قسم کے آبی پرند ۔

Sulacal : (a) (تشریح) تجویفی : میزاب سے متعلق ۔

Sulcate : (a) [L. 'Sulcatus'.] جھری دار : خیّارہ دار ۔

Sulcated : (a) دیکھو Sulcate

Sulcato- : جزو ترکیبی بمعنی "جھری دار" ۔

Sulciform : (a) خیارہ نما : تجویف نما ۔

Sulculus : (n) چھوٹا خیارہ : چھوٹا نشیب ۔

Sulcus : (n) [L.] (۱) کھانچ : جھری : خیارہ ۔ (۲) نشیب ۔ (۳)(تشریح) میزاب : ناب : تجویف : دماغ کے دو تلافیف کے درمیان کا نشیب ۔ (۴) (نباتیات) بعض سماروغ کی پرت ۔

Sulfa : مصنوعی نباتی دافع جراثیم دوائیں ۔

Suling : (n) [OE. 'Swulung'.] (کنٹ کی) مالی اکائی ۔

Sulk : (n) روٹھنے کا دورہ : اداسی اور آزردگی کی حالت ۔

To be in the sulks : منہ پھلا کر یا منہ تھتھا کر بیٹھنا ۔

Sulk : (v) [back-formation from Sulky.] روٹھا ہوا ہونا : اداس اور آزردہ ہونا ۔

Sulker : (n) روٹھنے والا : اداس شخص ۔

Sulkily : (adv.) اداسی اور آزردگی سے : منہ پھلا کر : اکل کھرے پن سے ۔

Sulkiness : (n) روٹھا ہوا ہونا : اداسی اور آزردگی : تیکھاپن: اکل کھراپن ۔

Sulky : (a) (۱) روٹھا ہوا : خفا خفا : اداس اور آزردہ : اداسی اور آزردگی کا : تیکھا : اکل کھرا : اکل کھرے پن کا ۔ (۲)(موسم وغیرہ) اداس : سنسان ۔

Sulky : (n) ایک قسم کی ہلکی دو پہیوں کی گاڑی جس میں ایک گھوڑا جوتا جاتا ہے اور ایک آدمی بیٹھتا ہے : ٹم ٹم ۔

Sulky : (a) (۱) ایک آدمی کے استعمال کی (چیز) ۔ (۲) (رعایتی مشین یا گاڑی) جس پر صرف ڈرائیور بیٹھ سکے ۔

Sull : (n) [Short for Sullow.] دیکھو Plough

Sull : (v) دیکھو Sulk

Sull : (n) پگھلی ہوئی دھات کا تُفالہ جو ڈوئی میں رہ جاتا ہے ۔

Sulla : (n) [Sp.] ایک یوروپی جڑی بوٹی ۔

Sullage : (n) [AFr. 'Souillage suillage'.] (۱) موری کی کیچڑ : غلاظت ۔ (۲) (دریا وغیرہ کا) تہ نشیں مادہ : گاد ۔ (۳)تفالۂ معدن ۔

Sullage- pipe : (n) بدر رو : موری ۔

Sullen : (a) [ME. 'Solein, Solain'.] (۱) خفا : بیزار : آزردہ اور افسردہ ۔ (۲) خفگی کا : آزردگی کا : اکھڑا اکھڑا ۔ (۳)اکل کھرا : بد مزاج اور ضدی ۔ (۴) تیرہ و تار : اداس۔ (۵) (آواز) پست : بھاری : غمناک ۔ (۶) (پانی) آہستہ بہتا ہوا ۔ (۷) (رنگ) پھیکا ۔

Sullen : (n) (جمع) برہمی : خفگی : آزردگی اور افسردگی ۔

Sullenly : (adv.) خفگی سے : آزردگی سے : اکل کھرے پن سے ۔

Sullenness : (n) برہمی : خفگی : آزردگی اور افسردگی : اکل کھراپن ۔

Sullens : (n) افسردگی : آزردگی ۔

In the sullens/ Sick of the sullens : افسردہ : افسردگی کی حالت میں : افسردگی سے اُوبا ہوا ۔

Sulliage : (n) دیکھو Sullage

Sullow : (n) پَل ۔

Sully : (v) [Fr. 'Souiller'.] (۱) آلودہ کرنا : میلا کرنا ۔ (۲)داغ لگانا : دھبا لگانا : آب و تاب یا شان کم کر دینا : بٹا لگانا : داغدار کر دینا : آلودہ کر دینا ۔

Sulph- : جزو ترکیبی بمعنی "گندھک"۔

Sulph acid : (n) وہ تیزاب جو دوسرے تیزاب کے آکسیجن کو گندھک سے بدل دینے پر حاصل ہوتا ہے۔

Sulpha/ Sulfa : (n) دیکھو Sulfa

Sulpha drug : (n) مصنوعی نباتی دافع جراثیم دوائیں۔

Sulphamate : (n) کبریتی تیزاب کا نمک؛ اس قسم کے تیزاب کا نمک۔

Sulphanilamide : (n) (کیمیا) ایک مصنوعی بے رنگ بلوری مرکب جس میں دافع جراثیم کی صفتیں ہوتی ہیں۔

Sulphanilamide : (n) (کیمیا) ایک مصنوعی بے رنگ بلوری مرکب جس میں دافع جراثیم کی صفتیں ہوتی ہیں۔

Sulphate (n) (۱) سلفیٹ؛ گندھک کے تیزاب کا نمک۔ (۲) سوڈیم سلفیٹ؛ معمولی نمک۔

Calcium sulphate : جپسم؛ سنگ گچ۔

Copper sulphate : نیلا تھوتھا؛ نیلا توتیا۔

Iron sulphate : کسیس؛ سبز توتیا؛ لوہے کا سلفیٹ۔

Lead sulphate : سرخ توتیا۔

Magnesium sulphate : آبسمی نمک۔

Sodium sulphate : گلابری نمک؛ سوڈیم سلفیٹ؛ معمولی نمک؛ کھانے کا نمک۔

Zinc sulphate : سفید توتیا؛ ہیرا کسیس؛ زنک سلفیٹ۔

Sulphate : (v) پراز گندھک یا گندھکی تیزاب ہونا۔

Sulphated : (a) (کیمیا) گندھک یا گندھک کا تیزاب ملا ہوا؛ جس میں سلفیٹ ہو۔

Sulphating : (n) (کیمیا) سلفیٹ بننا؛ خصوصاً بیٹری کی تختیوں پر لیڈ سلفیٹ کا جمع ہو جانا۔

Sulphation : (n) (کیمیا) سلفاؤ؛ گندھک یا گندھک کے تیزاب سے پُر ہو جانا۔

Sulphato- / Sulphat- : (کیمیا) جزو ترکیبی بمعنی "سلفیٹ دار" جس میں سلفیٹ ہو (مرکبات کے ناموں کے ساتھ آتا ہے)۔

Sulphide : (n) (کیمیا) سلفائیڈ؛ گندھک اور کسی عنصر یا جزو مستقل کا مرکب۔

Sulphinate : (n) (کیمیا) سلفینک ایسڈ کا نمک۔

Sulphindigotate : (n) نیل پر گندھک کے تیزاب کے عمل سے بننے والے تیزاب کا نمک۔

Sulphindigotic acid : (n) تیزاب جو نیل پر گندھک کے تیزاب کے عمل سے بنتا ہے۔

Sulphine : (n) گندھک اور ہائیڈرو کاربن اصلیہ سے مل کر بننے والے مرکبات میں سے کوئی ایک؛ فرضی اصلیے جن سے یہ مرکبات بنتے ہیں۔

Sulphinic : (a) SO گروپ کے ترشے کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔

Sulphion : (n) (کیمیا) ایک فرضی اصلیہ جس میں ایک مساوی گرفتہ گندھک اور چار مساوی گرفتہ آکسیجن ہوتا ہے؛ گندھکی رواں۔

Sulphite : (n) (کیمیا) سلفائیٹ؛ سلفورس ایسڈ کا نمک۔ [Fr. 'Sulfite'.]

Sulpho-/ Sulph- : دیکھو Sulph-

Sulpho-acid : (n) دیکھو Sulp acid

Sulphocyanate/ Sulphocyanide : (n) امونیم سلفوسائی نائڈ کا مخفف۔

Sulphocyanic : (a) گندھک اور سائی نوجن کا مرکب۔

Sulphocyanogen : (n) (کیمیا) گندھک اور سائی نوجن کا مرکب $S_2 (CN)_2$۔

Sulphonal : (a) ایک خواب آور مخدر دوا۔

Sulphonamide : (n) کوئی نباتی مرکب جس میں SO_2 N گروپ ہو۔

Sulphone : (n) وہ مرکبات جن میں SO_2 اصلیے دو ہائیڈروکاربن اصلیے کے ساتھ ملے ہوتے ہیں۔ [G. 'Sulfon'.]

Sulphonic : (a) جس میں SO_2 OH اصلیہ ہو۔

Sulphopurate : (n) نیل پر گندھک کے تیزاب کے عمل سے پیدا ہونے والے ترشے کا نمک ۔

Sulphopurpuric : (a) (کیمیا) اس ترشے کا جو نیل پر گندھک کے تیزاب سے پیدا ہوتا ہے ۔

Sulphosalt : (n) (کیمیا) سلفوایسڈ کا نمک ۔

Sulphovinate : (n) الکحل پر گندھک کے تیزاب سے پیدا ہونے والے ترشے کا نمک ۔

Sulphovinic acid : (n) ترشہ جو شراب یا الکحل پر گندھک کے تیزاب سے پیدا ہوتا ہے ۔

Sulphur : (n) [Late ME. 'Soufre, Solfre'.] (۱) گندھک ؛ کبریت ؛ گوگرو ۔ (۲) (کیمیا) تمام مادوں کا بنیادی عنصر ۔ (۳)ایک قسم کی زرد تتلی ۔ (۴) چبھتی ہوئی بات ۔ (۵)ہلکا سبزی مائل زرد (رنگ) ۔ (۶) دیکھو Vegetable sulphur ۔

Flower of sulphure : گندھک کا اُڑایا ہوا سفوف ۔

Virgin sulphur : (n) عنبرین رنگ کا شفاف بلوری گندھک ۔

Volcano shulphur : نیم شفاف سبزی مائل زرد رنگ کا بلوری گندھک ۔

Sulphur : (v) (۱) گندھک کی دھونی دینا ۔ (۲) گندھک لگانا ؛ گندھک ملانا ۔ (۳) گندھک کا سفوف چھڑکنا ۔ (۴) شراب کو گندھک کی دھونی دی ہوئی بوتلوں میں رکھتا تاکہ خمیر نہ اٹھے ۔

Sulphur : (a) ہلکا زردی مائل زرد ۔

Sulphur acid : (n) آرسینک ، انتی منی وغیرہ جیسے تیزابی دھاتوں کا ترشہ ۔

Sulphur alcohol : (n) الکحل کی قسم کا مرکب جس کے آکسیجن کو گندھک سے بدل دیا جاتا ہے ۔

Sulphur bacteria : (n) کبریتی جراثیم ۔

Sulphur-bath : (n) گندھک کے پانی سے غسل ۔

Sulphur-bottom : (n) بحرالکاہل میں پائی جانے والی ایک قسم کی وہیل مچھلی جس کا پیٹ زرد ہوتا ہے ۔

Sulphur-cast : (n) گندھک اور موم کے ذریعے لیا ہوا چھاپ ۔

Sulphur ether : (n) ایتھر سے مشابہ ایک مرکب ۔

Sulphur impression : (n) دیکھو Sulphur-cast

Sulphur-match : (n) گندھک لگی دیا سلائی ۔

Sulphur of ivy : (n) خام گندھک یا عنبری رنگ کا شفاف بلوری گندھک ۔

Sulphur ore : (n) خام گندھک ؛ گندھکی خام دھات ۔

Sulphur-salt : (n) دوسرے فلزی اساس کے گندھک کے تیزاب کی آمیزش سے بننے والا نمک ۔

Sulphur-spring : (n) گندھکی چشمہ ؛ ایک چشمہ جس کے پانی میں گندھک ملی ہو ۔

Sulphur-tree : (n) افریقہ کا ایک درخت جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے اور عمارتی کام میں آتی ہے ۔

Sulphur vivum : (n) دیکھو Sulphur of ivy

Sulphur-weed : (n) ایک قسم کا پودا جس کے پتے زرد ہوتے ہیں ۔

Sulphur-work(s) : (n) گندھک کا کارخانہ ۔

Sulphur-wort : (n) دیکھو Sulphur-weed

Sulphur-yellow : (n) گندھکی رنگ ؛ ہلکا سبزی مائل زرد رنگ ۔

Sulphur-yellow : (a) ہلکا سبزی مائل زرد رنگ کا ؛ گندھکی رنگ کا ۔

Sulphurate : (v) (شاذ) گندھک سے صاف کرنا؛ گندھک کی دھونی دینا ۔

Sulphurated : (a) گندھک آمیز ؛ گندھک کی دھونی دی ہوئی ۔

Sulphureo- : جزو ترکیبی بمعنی "گندھکی" ۔

Sulphureous : (a) [L. 'Sulphureus'.] (۱) گندھک کا ؛ کبریتی ؛ گندھک کا سا ۔ (۲) کبریت گوں ؛ ہلکا سبزی مائل زرد رنگ کا ؛ گندھکی ۔ (۳) (مجازاً) شیطانی ؛ جہنمی ۔

Sulphureously : (adv.) شیطانی یا جہنمی طور پر ۔

Sulphureousness : (n) (۱) کبریتی ہونا ؛ گندھک سا ہونا ۔ (۲) شیطنت ۔

Sulphuret : (n) [mod. L. 'Sulphuretum'.] (کیمیا) دیکھو Sulphide

Sulphuretted : (a) گندھکی ؛ گندھک آمیز ۔

Sulphuretted hydrogen : (n) گندھکی ہائیڈروجن ؛ ہائیڈروجن سلفائیڈ ؛ ایک شفاف بے رنگ بدبو دار گیس ۔

Sulphuric : (a) [Fr. 'Sulfurique'.] گندھک کا ؛ کبریتی ۔

Sulphuric acid : (n) گندھک کا تیزاب ؛ کبریتی تیزاب ۔

Anhydrous sulphuric acid : سلفرٹری آکسائیڈ ۔

Fuming sulphuric acid : گندھک کے تیزاب اور سلفرٹری آکسائیڈ کا مخلوط ۔

Sulphuric anhyride : (n) سلفرٹری آکسائیڈ ۔

Sulphuric oxide : (n) سلفرٹری آکسائیڈ ۔

Sulphuring : (n) (۱) گندھک کی دھونی دینا ۔ (۲) گندھک کا سفوف چھڑکنا (پودوں پر) ۔

Sulphurization : (n) گندھک کی دھونی ؛ گندھک سے صاف کرنا یا کیا جانا ؛ کبرتیت ۔

Sulphurize : (v) [Fr. 'Sulfuriser'.] (۱) گندھک ملانا ؛ کبریتی مرکب بنانا ۔ (۲) گندھک لگانا ؛ گندھک سے صاف کرنا ۔ (۲) گندھک کی دھونی دینا ۔

Sulphurous : (a) [L. 'Sulphurosus'.] (۱) گندھک سے متعلق ۔ (۲) گندھک کا ۔ (۳) جہنمی ؛ شیطانی ؛ جہنم کی آگ سے متعلق ۔ (۴) بے ادبانہ ؛ بے حرمتی کا ؛ گرما گرم ۔ (۵) سبزی مائل زرد رنگ کا جس میں گندھک آکسیجن وغیرہ کم مقدار کے ساتھ مرکب ہوں ۔

Sulphurous acid gas : (n) سلفرڈائی آکسائیڈ کا قدیم نام ۔

Sulphurous oxide : (n) سلفر ڈائی آکسائیڈ ۔

Sulphureously : (adv.) (۱) بے ادبانہ طور پر ؛ بے حرمتی کرتے ہوئے ۔ (۲) گندھک کی طرح ۔

Sulphury : (a) دیکھو Sulphurous

Sulphuryl : (n) (کیمیا) ایک اصلیہ (SO_2) ۔

Sulphydrate : (n) ہائیڈروجن سلفائیڈ کا نمک ۔

Sulphydric : (a) دیکھو Sulphuretted

Sulphydric acid: (n) گندھکی ہائیڈروجن ۔

Sulpician : (a) [Fr. 'Sulpicien'.] دنیا دار پادریوں کی ایک انجمن جو ۱۶۴۲ء میں پیرس میں قائم ہوئی تھی ۔

Sultan : (n) [Arab.] (۱) سلطان ؛ بادشاہ ۔ (۲) مطلق العنان فرمانروا ؛ مستبد حکمراں ۔ (۳) پھولوں کی دو قسمیں ۔ (۴) ایک قسم کا چھوٹا سفید کلغی دار مرغ جو ترکی سے آتا ہے ۔

Sultan : (v) سلطنت کرنا ؛ جابرانہ حکومت کرنا ۔

Sultana : (n) (۱) سلطانہ (بادشاہ کی والدہ ، بیوی یا بیٹی) ۔ (۲) حرم ؛ داشتہ ۔ (۳) پرندوں کی ایک جنس ۔ (۴) ایک قسم کی بے بیج کی کشمش ۔

Sultanate : (n) (۱) سلطنت ۔ (۲) سلطانی ؛ بادشاہی ۔

Sultanic : (a) (۱) سلطانی ۔ (۲) جابرانہ ؛ مستعدانہ ؛ استبدادی ۔

Sultanism : (n) مطلق العنانی ؛ استبداد ؛ استبدادی حکومت یا سلطنت ۔

Sultanize : (v) دیکھو Sultan

Sultanship : (n) (۱) سلطانی ؛ بادشاہت ۔ (۲) سلطانیت ۔

Sultrily : (adv.) گھمس کے ساتھ ۔

Sultriness : (n) گرمی اور اُمس ؛ گھمس ۔

Sultry : (a) [Oosolete E. 'Sulter'.] (۱) (فضا یا موسم) جس میں گرمی اور امس ہو ؛ گھمس ۔ (۲) (دھوپ وغیرہ) سخت ؛ نہایت گرم ۔ (۳) (مجازاً) غضبناک ؛ خشمناک ؛ برہم ۔ (۴) پُر شہوت ؛ خواہش نفس سے بھری ہوئی ؛ نفس پرست ۔ (۵) سرگرم ؛ پُر جوش ۔ (۶) (زبان) فحش ؛ بے ادبانہ ۔ (۷) محنت سے پریشان ۔

Sulze : (n) [G.] بچھڑے کی نلی کے گوشت کی جیلی ۔

Sum : (n) [ME. 'Summe, Somme'.] (۱) میزان ؛ حاصل جمع ؛ مجموعہ ۔ (۲) خلاصہ ؛ ملخص ۔ (۳) رقم ؛ مبلغ ۔ (۴) حساب کا سوال ۔ (۵) اعداد (جن کو جوڑا جائے) ۔

In sum: خلاصہ یہ کہ ۔

Principal sum : زر اصل ۔

The sum of things : (۱) رفاہ عام ؛ بہبودی عام ؛ عام

مفاد۔ (۲) کائنات : وجود۔

Sum : (v) (۱) جوڑنا : میزان نکالنا : میزان لگانا ۔ (۲) حساب بنانا : حساب کا سوال حل کرنا ۔ (۳) گننا : گنتی کرنا ۔ (۴) خلاصہ کرنا۔ (۵) مجتمع کرنا : اکٹھا کرنا۔

The sum up : جج کا فریقین کی بحث کی شہادت وغیرہ کے ختم ہونے کے بعد اس کی تلخیص کرنا۔

Sum and substance : (n) خلاصہ : لب و لباب۔

Sum total : (n) (۱) جمع : میزان۔ (۲) حاصل : کل تعداد یا مقدار۔ (۳) خلاصہ ۔

Sum up : (v) (۱) میزان ہونا : حاصل ہونا۔ (۲) خلاصہ کرنا : تلخیص کرنا : خلاصہ بیان کرنا۔ (۳) خلاصہ ہونا : حاصل ہونا۔

Sum-up : (n) روداد مقدمہ کی تلخیص : تلخیص : خلاصہ۔

Sumach/ Sumac : (n) [Fr. 'Sumac' or med. L. 'Sumac(h)'.] (۱) سماق : ایک قسم کی جھاڑی ۔ (۲) سماق کی سوکھی اور پسی ہوئی پتیاں جو چمڑے کے رنگنے اور کمانے میں کام آتی ہیں ۔ (۳) سماق کی پتیاں جو تمباکو کی جگہ استعمال کی جاتی ہیں۔

Sumac(h) : (v) سماق کی سوکھی اور پسی ہوئی پتیوں سے چمڑا کمانا۔

Sumach wax : (n) زردی مائل روغن جو سماق کی گوندی سے حاصل ہوتا ہے۔

Sumatra leaf : (n) سماترا میں اگایا جانے والا تمباکو جس کی پتیاں پتلی ہوتی ہیں اور سگار کے اوپر لپیٹی جاتی ہیں۔

Sumatran : (a) [f. Sumatra.] سماترا یا سماترا کے باشندے یا زبان سے متعلق۔

Sumatran : (n) سماترا کے باشندے : سماترا کی زبان۔

Sumbul : (n) [Arab. 'Sunbul'.] بعض پودوں کی جڑوں کے لئے استعمال ہوتا ہے جو بطور دوا استعمال ہوتی ہیں۔

Sumen : (n) [L. 'Sugere'.] (۱) سورنی کا تھن۔ (۲) (تشریح) بطن زیریں۔

Sumerian : (a) [Fr. 'Sumerien'.] سمیری : قدیم بابل یا اس کی آبادی سے متعلق۔

Sumerian : (n) (۱) سمیر کا غیر سامی باشندہ۔ (۲) سمیری زبان۔

Sumeric : (a) دیکھو Sumerian

Sumerologist : (n) سمیریات دان۔

Sumerology : (n) سمیریات : سمیر شناسی : سمیری تاریخ ، زبان یا اثریات کا مطالعہ۔

Sumi : (n) [Jap.] جلے ہوئے پودوں کی کالک اور سریس کی ٹکیہ جسے جاپانی اور چینی مصور رنگ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

Sumless : (a) بے شمار : بے حساب : ناقابل اندازہ : بے اندازہ۔

Sumlessness : (n) بے اندازہ ہونا : بے شمار ہونا۔

Summa : (n) [L.] مختصر اور جامع رسالہ۔

Summa cum laude : (adv.) [L.] سب سے زیادہ اعزاز کے ساتھ۔

Summa rerum : (n) عام مفاد۔

Summand : (n) [med. L. 'Summandus'.] ضمیمہ : اضافہ۔

Summar : (a) (اسکاچستان) سرسری۔

Summarily : (adv.) سرسری طور پر : بہت عجلت سے : کھڑے گھاٹ۔

Summariness : (n) مختصر اور جامع ہونا : سرسری ہونا۔

Summarist : (n) خلاصہ کرنے والا۔

Summarizable : (a) قابل خلاصہ : قابل تلخیص۔

Summarization : (n) (۱) خلاصہ کرنا: تلخیص کرنا۔ (۲) خلاصہ: تلخیص۔

Summarize : (v) خلاصہ کرنا : ملخص کرنا : تلخیص کرنا : لب و لباب بیان کرنا۔

Summary : (n) [L. 'Summarium'.] خلاصہ : ملخص : تلخیص : لب لباب۔

Summary : (a) (۱) مختصر اور جامع ۔ (۲) سرسری : جو بہت عجلت سے بغیر زیادہ چھان بین یا تحقیقات کے کر دیا جائے۔

Summary account : (n) گوشوارہ۔

Summary court martial : (n) سرسری فوجی عدالت۔

Summary judgement : (n) سرسری فیصلہ : عدالتی تحقیقات کے بغیر فیصلہ۔

Summary jurisdiction : (n) سرسری فیصلے کا اختیار ۔

Summary proceeding : (n) سرسری قانونی چارہ جوئی ۔

Summate : (v) جوڑنا ؛ میزان لگانا ۔

Summation : (n) (۱) جمع ؛ جمع زنی ؛ جوڑ ؛ میزان ۔ (۲) مہیجات کا مجموعہ ۔ (۳) روداد مقدمہ کی تلخیص ؛ خلاصہ ۔

Summational : (a) میزانی ؛ جمع سے متعلق ۔

Summative : (a) مجموعی ۔

Summator : (n) جمع کرنے والا ؛ جوڑنے والا ۔

Summed : (a) (۱) (باز) جس کے پر پوری طرح نکل آئے ہوں ۔ (۲) مسلح ؛ آراستہ ۔ (۳) مجموعہ ؛ میزان ۔

Summer : (n) [OE. 'Sumor'.] (۱) گرمی ؛ گرما ؛ موسم گرما ؛ تابستان ؛ (ہیئت کی اصطلاح) صیف (۲۱/ جون سے ۲۱/ ستمبر تک کا زمانہ) ۔ (۲) (جمع) عمر کے سال ۔ (۳)وسط عمر کی ابتدا ۔

St. Luke's summer : ۱۸/ اکتوبر سے کچھ پہلے یا بعد کا زمانہ جس میں عموماً آسمان صاف رہتا ہے اور خوب دھوپ نکلتی ہے ۔

Summer : (a) (۱) گرمی کا ؛ جو گرمی کے لئے مناسب ہو ؛ گرمائی ؛ صیفی ۔ (۲) (فصل) جو گرمیوں میں کاٹی جائے ۔ (۳)خوشگوار ؛ مبارک کامیاب ۔

Summer : (n) [AFr. 'Sumer, Somer'.] داسا ؛ داسہ ؛ بڑا شہتیر جو چھت کی کڑیوں کا بوجھ سنبھالتا ہے ۔

Summer : (n) جوڑنے والا ؛ جمع کرنے والا ؛ جمع کنندہ ۔

Summer : (v) (۱) گرمی کا موسم بسر کرنا ؛ گرمی کا موسم گزارنا ۔ (۲) (مویشیوں کو گرمیوں میں) چرانا ۔ (۳)گرمیوں کے دوران رکھنا ۔ (۴) صحت بخش بنانا ؛ خوشگوار بنانا ۔

To summer and winter : (۱) پورا سال گزار دینا ۔ (۲) مستقل طور پر رہنا ۔ (۳) مستقلاً وابستہ رہنا ۔ (۴)مسلسل بات کرنا ۔

Summer and winter/ Winter and summer : (adv.) پورے سال ؛ سال بھر ۔

Summer-beam : (n) داسا ؛ شہتیر ۔

Summer-bird : (n) ایک چڑیا جو صرف گرمیوں میں نظر آتی ہے ۔

Summer cetarrh : (n) دیکھو Hay-fever

Summer-cloud/ Summer's - : (n) بادل جو گرمیوں میں آسمان پر نظر آتے ہیں ۔

Summer complaint : (n) بچوں کا اسہال ۔

Summer cypress : (n) ایک گھنی یورپی بوٹی ۔

Summer diarrhea : (n) بچوں کا اسہال ۔

Summer-duck : (n) شمالی امریکی بط ۔

Summer egg : (n) "پتلے چھلکے والا ، عموماً خودزا" انڈا ۔

Summer-fallow : (n) گرمیوں میں زمین کو پڑتی چھوڑ دینا ۔

Summer-fallow : (a) (زمین) جو گرمیوں میں پڑتی رہے ۔

Summer-fallow : (v) گرمیوں میں زمین کو پڑتی چھوڑ دینا ۔

Summer-field : (n) (۱) کھیت جس میں گرمائی فصل لگی ہو ۔ (۲) کھیت جو گرمی میں پڑتی چھوڑ دیا گیا ہو ۔

Summer-heat : (n) گرمائی درجۂ حرارت ، خصوصاً زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت جو حرارت پیما پر رکارڈ ہوا ہو ۔

Summer-house : (n) چھوٹا سا بنگلہ جو باغ وغیرہ میں بیٹھنے کے لئے بنا لیتے ہیں ۔

Summer-kitchen : (n) مکان سے ملحق چھوٹی عمارت جو گرمیوں میں باورچی خانے کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

Summer lighting : (n) برق الصیف ؛ گرما بجلی ؛ زور کی بجلی کی لپک (جس کے ساتھ گرج نہ سنائی دے) ۔

Summer-like : (a) موسم گرما جیسا ؛ گرمیوں کا سا ۔

Summer oil : (n) [OE. 'Summerlic'.] وہ تیل جو ٹھنڈے موسم میں پوری طرح یا جزوی طور پر جم جاتا ہے ۔

Summer parlour : (n) گرمیوں میں استعمال ہونے والا کمرہ ۔

Summer rash : (n) گرمی دانے ۔

Summer sausage : (n) دلمہ جسے گرمی میں بنا کر سکھا لیا جاتا ہے ۔

Summer school : (n) ان لیکچروں کا منظم سلسلہ جو لمبی تعطیل کے زمانے میں ہوتے ہیں (خصوصاً یونیورسٹیوں میں) ۔

Summer snipe : (n) ایک قسم کی ٹٹیری ۔

Summer solstice : (n) موسم گرما کا وہ وقت جب آفتاب منطقۂ حارہ پر ہوتا ہے : انقلاب صیفی ۔

Summer sores : (n) گھوڑوں کی ایک جلدی بیماری ۔

Summer-tanager : (n) ایک قسم کا امریکی پرندہ ۔

Summer teal : (n) ایک قسم کی پن ککڑی ۔

Summer-tide : (n) موسم گرما ۔

Summer-time : (n) (۱) موسم گرما : گرمی کی فصل ۔ (۲) گرمیوں کا وقت جو معمولی وقت سے ایک گھنٹہ آگے ہوتا ہے ۔

Double summer time : معیاری وقت جو گرین وچ اوسط وقت سے دو گھنٹہ آگے ہوتا ہے ۔

Summer-tree : (n) داسا : شہتیر ۔

Summer-up : (n) خلاصہ کرنے والا : تلخیص کرنے والا ۔

Summer-weight : (a) گرمیوں میں استعمال ہونے والا ۔

Summer yellow-bird : (n) شمالی امریکا کا ایک پرندہ ۔

Summeriness : (n) گرمیوں کا سا ہونا ۔

Summering : (n) (۱) محراب کے پتھروں یا اینٹوں کا ابتدائی ردا ۔ (۲) محراب کے جوڑوں کا شعاعی رخ ۔ (۳) محراب کے انحناء کی حد ۔

Summering : (n) (۱) گرمیوں کی چرائی یا چرائی کا انتظام ۔ (۲) گرمی کا موسم گزارنا ۔

Summerish : (a) کسی قدر موسم گرما جیسا : کسی قدر گرمیوں کا سا ۔

Summerite : (n) (کسی خاص مقام پر) گرمی کا موسم گزرانے والا ۔

Summerless : (a) بے گرما : بے تابستان : جہاں موسم گرما نہ ہوتا ہو ۔

Summerlines : (n) موسم گرما جیسا ہونا ۔

Summerly : (a) [OE. 'Summerlic'.] موسم گرما جیسا : گرمیوں کا سا ۔

Summer's day : (n) (۱) موسم گرما کا دن ۔ (۲) بہت لمبا دن ۔

Some summer's day : (n) ایک دن : کسی روز (غیر متوقع واقعات کے لئے) ۔

Summers : (adv.) موسم گرما میں ۔

Summery : (a) (۱) موسم گرما کا : گرمیوں سے مخصوص : گرمیوں کا سا ۔ (۲) گرمیوں میں استعمال ہونے کے لائق ۔

Summing up : (n) دیکھو Sum-up

Summist : (n) [med. L. 'Summista'.] مذہبی عقیدے پر جامع اور مختصر رسالے کا مصنف ۔

Summit : (n) [OFr. 'Som(m)ete'.] (۱) چوٹی : سب سے اونچا سرا ۔ (۲) (ہندسہ) کثیرالاضلاع مجسم کا وہ نقطہ جہاں تین یا زیادہ رخ ملتے ہیں اور مجسم زاویہ بناتے ہیں ۔ (۳) پہاڑ کی سب سے اونچی چوٹی : سڑک : ریل کی پٹری ، نہر وغیرہ کی سب سے اونچی بلندی ۔ (۴) سربراہان ملک یا وزرائے اعظم کی سرکاری سطح : سربراہان ملک یا وزرائے اعظم (مجازاً) کی کانفرنس : چوٹی کی کانفرنس ۔ (۵) منتہا : معراج : کمال : اوج ۔

Summit angle : (n) مسجم زاویہ جو کثیرالاضلاع کے اس نقطے پر بنتا ہے جہاں تین یا زیادہ رخ ملتے ہیں ۔

Summit level : (n) (۱) نہر ، ریلوے وغیرہ کی سب سے اونچی سطح ۔ (۲) ریلوے یا نہر کی وہ مسطح جگہ جس کی دونوں جانب سطحیں ڈھلوان ہوں ۔

Summit quoin : (n) دیکھو Summit angle

Summitless : (a) بے چوٹی کا ۔

Summitry : (n) بین الاقوامی معاملات کے لئے چوٹی کی کانفرنس بلانا ۔

Summon : (v) [AFr. OFr. 'Somondre'.] (۱) بلا بھیجنا : طلب کرنا : بلا کر جمع کرنا ۔ (۲) سمن جاری کرنا : اطلاع نامہ جاری کرنا : سمن بھیج کر بلانا : عدالت میں طلب کرنا ۔ (۳) (شہر ، قلعے وغیرہ کے لوگوں کو) پیام بھیجنا کہ اطاعت قبول کر لو : اطاعت کا مطالبہ کرنا ۔ (۴) (مجازاً) بلانا : طلب کرنا ۔ (۵) (ہمت وغیرہ) کرنا : باندھنا ۔ (۶) وجود میں لانا : ظہور میں لانا ۔

Summonable : (a) قابل طلبی : جسے بلایا جا سکے ۔

Summoner : (n) [AFr. 'So-sumenour'.] (۱) طلب کرنے والا ؛ بلانے والا (خصوصاً عدالت میں) ۔ (۲) سمن جاری کرانے والا۔

Summons : (n) [ME. 'Somouns'.] (۱) طلبی ؛ حاضری کا حکم ؛ بہت تاکید یا اصرار کے ساتھ بلانا یا بلایا جانا ؛ تاکیدی دعوت ۔ (۲) سمن ؛ اطلاع نامہ ۔ (۳) لازمی یا تاکیدی بلاوا ؛ بلانے کی آواز ؛ کھٹکھٹاہٹ ۔ (۴) (فوج) اطاعت کا مطالبہ ۔

Summons : (v) سمن پہنچانا ؛ (کسی شخص پر) سمن کی تعمیل کرنا ۔

Summons case : (n) وہ مقدمہ جس میں فرد جرم معمولی ہوتا ہے جس کے لئے پولس گرفتار کئے بغیر مقررہ دن اور وقت پر عدالت میں حاضر ہونے کا حکم دے سکتی ہے ۔

Summum bonum : (n) [L.] خیر اعلیٰ ؛ سب سے برتر مقصد جو کسی نظام اخلاق میں اخلاقی عمل کی غایت سمجھا جاتا ہو ۔

Summum genus : (n) [L.] جنس اعلیٰ ۔

Summum jus : (n) [L.] قانون محض ؛ سخت ترین قانونی کاروائی ۔

Summut : (adv.) دیکھو Somewhat

Sumner : (n) [AFr. 'Sum(e)nour'.] عدالت میں حاضر ہونے کے سمن کی تعمیل کرنے والا ۔

Sumner : (n) [from names T.H. Sumner on American sea-captain.] سطح زمین پر اپنا محل دریافت کرنے کے طریقے کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔

Sumo : (n) [Jap.] (۱) ایک قسم کی جاپانی کُشتی جس میں جیت حریف کو اکھاڑے سے باہر کر دینے یا اس کے جسم کے کسی حصے کے زمین سے لگ جانے سے ہوتی ہے (پیر کے علاوہ) ۔ (۲) ایسی کُشتی میں حصہ لینے والا ۔

Sump : (n) ['(M)LG. MDU.] (۱) دلدل ؛ پھانک ؛ جوہڑ ۔ (۲) پانی یا دوسری سیال شے جمع کرنے کا گڑھا ؛ بدر رَو ؛ ناب دان ۔ (۳) کان ،مشین وغیرہ کی فالتو سیال شے کا گڈھا۔ (۴) چاہ ؛ حوضک ؛ بھٹی سے پگھلی ہوئی دھات کو رکھنے کا گڈھا ۔ (۵) درون سوز انجن کے تیل کی ٹنکی (جو پیندے میں لگی رہتی ہے) ۔

Sump : (v) گڈھا بنانا ؛ گڑھا کھودنا ۔

Sump-fuse : (n) پن روک فتیلہ (جو زیر آب استعمال ہوتا ہے) ۔

Sump-man : (n) کان کنی کا معاون جو مشین وغیرہ کی دیکھ بھال کرتا ہے ۔

Sump pump : (n) گڑھے سے پانی وغیرہ نکالنے کا پمپ ۔

Sumper : (n) وہ مزدور جو کوئلہ کاٹنے کی مشین میں تیل وغیرہ ڈالتا ہے ۔

Sumph : (n) [Origin unkn.] بیوقوف شخص ؛ اکل کھرا آدمی ۔

Sumpit : (n) ملیشیا میں استعمال ہونے والا ایک قسم کا ہتھیار جو نلکی کی شکل کا ہوتا ہے اور اس کے ذریعے ہر قسم کا اوزار پھینکا جاتا ہے ۔

Sumpitan : (n) دیکھو Sumpit

Sumpsismus : (n) [L.] غلط العام کی جگہ صحیح فقرے کا استعمال ۔

Sumpter : (n) [OFr. 'Som(m)etier'.] لدو گھوڑا یا ٹٹو ؛ باربرداری کا گھوڑا یا ٹٹو ۔

Sumpter : (a) لدو ؛ باربرداری کا ؛ باربردار ۔

Sumption : (n) [L. 'Sumptio-'.] (منطق) مقدمۂ کبریٰ ۔

Sumptuary : (a) [L. 'Sumptuarius'.] (۱) مصارف کا ؛ مصارف کے متعلق ۔ (۲) قانون مصارف سے متعلق ۔

Sumptuary law : (n) قانون مصارف (جس کی رو سے افراد کے مصارف ریاست کی مصلحتوں‌کو مدنظر رکھ کر محدود کر دیئے جائیں) ؛ قانون خرچہ بندی ۔

Sumpuosity : (n) (۱) اسراف ؛ فضول خرچی ۔ (۲) عیش پسندی ۔ (۳) پُر تکلف چیز ؛ گراں قدر شے ۔

Sumptuous : (a) [Fr. 'Somptueux'.] (۱) بیش بہا ؛ نہایت قیمتی ؛ گرانقدر ۔(۲) مکلف؛ پرتکلف ؛ عالیشان ۔ (۳)عیاشانہ؛ عیش پسندانہ ۔

Sumptuously : (adv.) قیمتی ساز و سامان سے ؛ نہایت تکلف سے ۔

Sumptuousness : (n) بیش بہا ہونا ؛ پُرتکلف ہونا ۔

Sun : (n) [OE. 'Sunne'.] (۱)سورج ؛ آفتاب ؛ مہر ؛ شمس ۔ (۲)سورج کی روشنی یا گرمی ؛ دھوپ ۔ (۳) نجم ؛ شمس ؛ ایسا ستارہ جس کے گرد اقمار یعنی سیارات ثانویہ گردش کرتے ہیں ۔ (۴) (جہت میں لٹکانے کی) بڑی قندیل یا فانوس (جس کے اندر بجلی یا گیس کی بہت سی بتیاں

دائرے میں۔

Sun : (v) (۱) دھوپ میں رکھنا : دھوپ میں سکھانا : دھوپ دینا ۔ (۲) دھوپ کھانا ۔ (۳) آفتاب کی طرح منور کرنا ۔ (۴) چمکنا : روشن ہونا۔

Sun-and-planet wheels : (n) مرکزی و تابع پہیے : مشین کا وہ گیرہ جس میں ایک چھوٹی دندانے دار چرخی اپنے دھرے پر گھومتی جاتی ہے اور ایک بڑے پہیے کو چھوتی ہوئی اس کے آس پاس چکر کاٹتی ہے اور اسے حرکت میں لاتی ہے۔

Sun animalcule : (n) شمسی حوینہ ۔

Sun arc : (n) ایک قسم کا بڑا لیمپ جو فلم بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Sun-baked : (a) (۱) دھوپ میں سکھایا ہوا۔ (۲) سخت ، جھلسا ہوا یا گرم (دھوپ کی وجہ سے)۔

Sun-bath : (n) ننگے بدن دھوپ کھانا : دھوپ کا غسل : دھوپ نہان : غسل آفتابی : غسل شمسی : (طب) تشمش۔

Sun-bathe : (v) ننگے بدن دھوپ کھانا : دھوپ کا غسل لینا۔

Sun-bather : (n) دھوپ کا غسل لینے والا ۔

Sun-bear : (n) ملایا کا ایک چھوٹی قسم کا ریچھ ۔

Sun beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Sun-bird/ Sunbird : (n) (۱) ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے پر بہت چمکیلے ہوتے ہیں ۔ (۲) امریکی بگلا ۔ (۳) کوئی پرندہ جو شمس پرستی سے منسوب ہے : سورج بطور پرندہ : اساطیری شمسی پرندہ ۔

Sun-bittern : (n) امریکی بگلا ۔

Sun-bonnet : (n) چھترٹوپ : ایک طرح کی ٹوپی جس کے آگے اور پیچھے سلامی چھجہ ہوتا ہے ۔

Sun-bow : (n) پھواری قوس : چھوٹی سی قوس جو سورج کی روشنی ، صابون وغیرہ کے جھاگ پر پڑنے سے نظر آتی ہے ۔

Sun-burst : (n) (۱) بادلوں سے آفتاب کا یکایک نکلنا۔ (۲) پھلجڑی : مہتابی ۔ (۳) کوئی زیور جو اس شکل کا ہو جیسے کرنوں کے بیچ سورج ۔ (۴) ایک قسم کا ہلکا زرد رنگ ۔

Sun brust : (a) آفتاب کی کرن کی شکل میں بنایا ہوا۔

اکٹھی جلتی ہیں) ۔ (۵) سورج دیوتا : خصوصاً اپولو ۔ (۶) (سورج بطور) نور کا مظہر ۔ (۷)(شاعری میں) موسم ۔ (۸) دن : سال ۔ (۹) آفتاب کاذب ۔ (۱۰) آفتاب نما شکل ، زیور یا ظرف ۔ (۱۱)(نقابت) آفتاب کی شبیہ بطور مارکہ (جس میں پھوٹتی کرنیں ہوں اور بیچ میں انسان کی شکل بنی ہو)۔ (۱۲) بزرگی : جلال : عظمت : قوت : شان و شوکت : آب و تاب ۔ (۱۳) طلوع آفتاب یا غروب آفتاب ۔

Against the sun : داہنے سے بائیں : غیر ساعت وار : گھڑی کی سوئی کے برعکس ۔

As the sun shines on : جیسے زندہ ہے ۔

In the sun : (۱) بے فکری کے ساتھ ۔ (۲) کھلے عام : کھلم کھلا ۔

Let not the sun go down upon your wrath : صبح کا غصہ شام تک بھول جاؤ : غصہ دن بھر سے زیادہ نہیں رہنا چاہیئے ۔

Nothing is new under the sun : دنیا میں کوئی چیز نئی نہیں ہے ۔

One's place in the sun : ممتاز حیثیت : نمایاں حیثیت ۔

On which the sun never sets : عالمگیر سلطنت ۔

To hail or edore the rising sun : (مجازاً) چڑھتے سورج کی پوجا کرنا : جن لوگوں کے ہاتھ قوت یا حکومت نئی آئی ہو یا آنے والی ہو اُن کی خوشامد کرنا۔

To hold candle to the sun : لاحاصل کام کرنا : سورج کو چراغ دکھانا۔

To make hay while the sun shines : Hay دیکھو

To rise with the sun : سویرے اٹھنا: سورج نکلتے ہی اٹھنا۔

To see the sun : زندہ ہونا۔

To take the sun : (۱) آفتاب کی نصف النہاری بلندی کا مشاہدہ کرنا : (بحری) عرض البلد کا تعین کرنے کے لئے سورج کی بلندی معلوم کرنا ۔ (۲) دھوپ کھانا۔

Under (or beneath) the sun : زمین پر : دنیا میں ۔

With the sun : ساعد دار : گھڑی کی سوئی کے نیم رخ

Sun-clock : (n) دھوپ گھڑی ؛ ساعت شمسی ۔

Sun-crack : (n) سوکھی ہوئی کیچڑ کی پپڑی یا دڑاڑ ۔

Sun-cure : (v) تمباکو کے پتوں کو دھوپ میں سکھانا ۔

Sun deck ; (n) (۱) جہاز کا بالائی عرشہ جس کا زیادہ تر حصہ کھلا رہتا ہے ۔ (۲) چھت یا چبوترہ جس پر آفتابی غسل لیا جاتا ہے ۔

Sun disc/ -disk : (n) قرص آفتاب ۔

Sun-dog : (n) آفتاب کاذب ۔

Sun-down/ Sundown : (n) (۱) غروب آفتاب ۔ (۲) عورتوں کا چوڑے چھجے والا ہیٹ ۔ (۳) ہلکا زردی مائل بھورا رنگ ۔

Sun-dried : (a) (۱) دھوپ میں سکھایا ہوا ؛ دھوپ سوکھا ۔ (۲) دھوپ میں سوکھا ہوا ۔

Sun-drop(s) : (n) ایک پھول جو دھوپ میں کھلتا ہے ۔

Sun-dry : (v) دھوپ میں سکھانا ۔

Sun-fish : (n) بعض مچھلیوں کے نام جن کی شکل قریب قریب کرّوی ہوتی ہے یا جو ساحل پر دھوپ کھاتی رہتی ہیں ؛ سورج مچھلی ؛ گول مچھلی ۔

Sun-gem : (n) برازیل کا خوشنما پروں والا ایک پرندہ جس کے اُڑنے کے وقت غنغناہٹ کی آواز پیدا ہوتی ہے ۔

Sun-glade : (n) پانی پر سورج کی پھیلی ہوئی شعائیں ۔

Sun-glass : (n) (۱) آتش شیشہ ۔ (۲) زاویہ پیما رنگین شیشہ (دھوپ کی تمازت کم کرنے والا) ۔ (۳) دھوپ عینک ۔

Sun glasses : (n) دھوپ عینک ۔

Sun-glow : (n) (۱) سورج کا ہالہ ۔ (۲) سورج کی روشنی یا چمک ۔

Sun-god : (n) (۱) سورج دیوتا ۔ (۲) تیز سرخی مائل نارنجی رنگ ۔

Sun-grebe : (n) امریکا ، افریقہ اور ایشیا میں پائی جانے والی بعض قسم کی چڑیاں ۔

Sun-grown : (a) کھلے میدان میں اگنے والا ؛ دھوپ میں رہنے والا ۔

Sun-hat : (n) چوڑے چھجے والا ٹوپ جو دھوپ سے بچنے کے لئے پہنا جاتا ہے ؛ دھوپ ہیٹ ۔

Sun-heat : (n) سورج کی گرمی ؛ دھوپ کی گرمی ۔

Sun-helmet : (n) دھوپ ہیٹ ؛ دھوپ ٹوپ یا خود ۔

Sun-lamp : (n) (۱) دیکھو Sun-arc ۔ (۲) بالائے بنفشی شعاع دینے والا لیمپ ۔

Sun line : (n) (کف شناسی) کامیابی کی لکیر ۔

Sun-myth : (n) افسانۂ آفتاب کے متعلق ؛ روایت نظام شمسی کے متعلق ۔

Sun-pain : (n) تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد ہونے والا اعصابی سر کا درد ۔

Sun-parlour : (n) شیشے سے گھرا ہوا کمرہ یا برساتی جس میں دھوپ آتی ہو ۔

Sun-picture : (n) فوٹوگراف ؛ سورج کی روشنی کے ذریعے بنائی ہوئی تصویر ؛ عکسی تصویر ۔

Sun-pillar : (n) عمود نور ۔

Sun-proof : (a) دھوپ روک ۔

Sun-ray : (n) (۱) سورج کی کرن ؛ آفتاب کی شعاع ۔ (۲) (جمع) بنفشئ شعاعیں جن سے مریضوں کا علاج کرتے ہیں ۔

Sun-ray : (a) دیکھو Sun-burst

Sun-room : (n) دیکھو Sun-parlour

Sun-seeker : (n) (۱) وہ شخص جو سردی کے موسم میں گرم علاقے کا سفر کرتا رہتا ہے ۔ (۲) خلائی جہاز یا مصنوعی سیارے کا ایک آلہ جو ہمیشہ سورج کی طرف رہتا ہے ۔

Sun-signalling : (n) شمسی آلۂ خبر رسانی ۔

Sun-spot : (n) (۱) (مرضیات) جلد کے داغ جو دھوپ کی وجہ سے پڑ جاتے ہیں ۔ (۲) داغ آفتاب ؛ سیاہ دھبے سے جو آفتاب میں کبھی کبھی نظر آتے ہیں ۔

Sun-squall/ -squawl : (n) (امریکا) رخوہ ؛ نجم البحر ۔

Sun-star : (n) سرخ رنگ کی تازہ مچھلی ۔

Sun-star fish : (n) دیکھو Sun-star

Sun-stone / Sunstone : (n) (۱) عنبر۔ (۲) سنگ مروہ کی بعض قسموں کے نام : حجرالشمس : عین الہر۔

Sun-stricken : (a) آفتاب زدہ : جسے لُو لگ گئی ہو۔

Sun-telegraphy : (n) دیکھو Sun-signalling

Sun-temprature : (n) دھوپ کی حرارت۔

Sun-time : (n) وقت جو دھوپ گھڑی سے ظاہر ہو۔

Sun-trap : (n) وہ جگہ جہاں دھوپ آتی ہو۔

Sun-trout : (n) ایک قسم کی مچھلی۔

Sun-up/ Sun up : (n) (۱) طلوع آفتاب۔ (۲) (کسی چیز کا) آغاز : شروع : ابتداء۔

Sun-watch : (n) چھوٹی دھوپ گھڑی۔

Sun-wheel : (n) پہیے سے مشابہ کوئی تصویر۔

Sun-worship : (n) آفتاب پرستی۔

Sun-worshipper : (n) آفتاب پرست۔

Sunback : (a) (لباس) جس کا پچھلا حصہ نیچا کٹا ہوا ہو۔

Sunbeam : (n) (۱) سورج کی کرن : آفتاب کی شعاع۔ (۲) مسرور بچہ : مسرور رہنے والا۔ (۳) خلکستری مائل زرد رنگ۔

Sunbeam snake : (n) ایشیا اور ملیشیا کا ایک بے ضرر سانپ۔

Sunbeamy : (a) خوش : مسرور۔

Sunblasted : (a) دھوپ میں جھلسا ہوا۔

Sunblind : (n) سائبان (لکڑی کا) : دھوپ جھلملی۔

Sunblink : (n) کرن : کرن آفتاب۔

Sunbreak : (n) (۱) طلوع آفتاب۔ (۲) بادلوں سے سورج کا نمودار ہونا۔ (۳) سورج روک۔

Sunbreaker : (n) سورج روک۔

Sunbright : (n) (۱) آفتاب کی طرح روشن اور چمکیلا۔ (۲) آفتاب کی روشنی سے منور۔

Sunbrowned : (a) دھوپ میں جھلسا ہوا۔

Sunburn : (n) دھوپ میں سنولایا ہوا ہونا۔

Sunburn : (v) (۱) دھوپ میں سنولانا۔ (۲) دھوپ میں رہنے کی وجہ سے رنگ اڑ جانا : جھلس جانا۔

Sunburned / Sunburnt : (n) (۱) دھوپ میں سنولایا ہوا۔ (۲) دھوپ کی وجہ سے جھلسا ہوا۔ (۳) دیکھو Sun-baked

Sunburner : (n) گیسی مشعلوں کا مجموعہ جو کمرے کو روشن کرنے کے لئے جلایا جاتا ہے۔

Sunburning : (n) دیکھو Sunburn

Sundae : (n) [Said to be altered spelling of Sunday.] آئس کریم اور کچلے ہوئے پھل یا جوز کا مرکب۔

Sunday : (n) [OE. 'Sunnandeag'.] (۱) اتوار : یکشنبہ : یوم احد۔ (۲) اتوار کو شائع ہونے والا اخبار۔

A month of sundays/ A week of sundays : طویل مدت۔

When two sundays come together (meet) : کبھی نہیں۔

Sunday : (a) (۱) یکشنبہ سے متعلق۔ (۲) بہترین۔ (۳) اتائی : شائق فن۔

Sunday : (v) اتوار گزارنا : اتوار منانا : اتوار کی سرگرمیوں میں مشغول ہونا۔

Sunday best : (n) بہترین لباس (جو اتوار کے دن پہنا جاتا ہے)۔

Supramedial : (a) وسط سے اوپر کا۔

Supramental : (a) تھوڑی سے اوپر کا۔

Supramolecule : (n) سالمہ سے زیادہ بہتر اور پیچیدہ : زیادہ سالموں سے بنا ہوا۔

Supramundane : (a) دیکھو Supermundane

Supranasal : (a) ناک کے اوپر کا۔

Supranasal : (n) ناک کے اوپر کا کھپرا یا فلس۔

Supranational : (a) ماورائے ملک۔

Supranatural : (a) دیکھو Supernatural

Supranaturalism : (n) دیکھو Supernaturalism

Supranormal : (a) توقع یا معمول سے زیادہ۔

Supranuclear : (a) فوق نووی۔

Supraoccipital : (a) فوق قذالی : پشت سر کے اوپر کا۔

Supraoccipital : (n) فوق قذالی ہڈی۔

Supraocular : (a) آنکھ کے اوپر کا : فوق محجری : خانۂ چشم کے اوپر کا : فوق حُجاجی۔

Supraoptic : (a) بصری صیلبیہ کے اوپر واقع۔

Supraorbital : (a) خانۂ چشم کے اوپر کا : فوق حُجاجی۔

Supraorbital artery : (n) فوق حُجاجی شریان۔

Supraordinate : (a) اعلیٰ مرتبہ ، درجہ یا سلسلے سے متعلق۔

Supraorganism : (n) (غول پسند کیڑوں کی) منظم جماعت جو ایک ہو کر کام کرتی ہے۔

Suprapersonal : (a) ماورائے ذات۔

Supraphylar : (a) بالائے نوع۔

Supraposition : (n) دیکھو Superposition : اوپر رکھنا یا رکھا جانا۔

Supraprotest : (n) دیکھو Supra

Suprapubic : (a) فوق عانی۔

Suprapubically/ Suprapubicly : (adv.) عظم عانہ کے اوپر۔

Suprapygal : (a) سرین سے اوپر کا۔

Suprarational : (a) ماورائے عقل۔

Suprarenal : (a) فوق کلوی : گردے کے اوپر کا : کظری : بر گردہ۔

Suprarenal : (n) فوق کلوی جسم یا غدہ۔

Suprarenal body : (n) فوق کلوی جسم ۔

Suprarenal gland : (n) کظری غدہ : فوق کلوی جسم یا غدہ ۔

Supranalectomy : (n) کظری غدہ براری ۔

Suprascapula : (n) فوق کتفی ہڈی ۔

Suprascapular : (a) فوق کتفی ۔

Suprascript : (a) دیکھو Superscript

Suprasensible : (a) فوق حِسّی ۔

Suprasensuous : (a) فوق حسّیاتی : فوق حسّی ۔

Suprasensible : (a) فوق حِسّی ۔

Suprasensucus : (a) فوق حسّیاتی : فوق حسّی ۔

Suprasolar : (n) فوق شمسی : سورج سے بڑا یا بہتر ۔

Suprasoriferous : (a) (نباتیات) جو صرف اوپر کی طرف چتیاں بردار ہوں ۔

Supraspinal : (a) فوق فقری : کتفی ہڈی کے اوپر کا ۔

Supraspinatus : (n) فوق فقری عضلہ ۔

Supraspinous : (a) دیکھو Supraspinal

Suprasternal : (a) فوق قصی ۔

Supratemporal : (a) فوق صدغی : کنپٹی کی ہڈی سے اوپر کا ۔

Supratemporal : (n) فوق صدغی ہڈی ۔

Supratemporal : (a) ماورائے دینوی ۔

Supratemporal bone : (n) فوق صدغی ہڈی ۔

Supratenaneous : (a) دیکھو Superterranean

Suprathreshold : (a) آغاز شعوری ۔

Supratropical : (n) فوق حارّی : منطقہ حارہ سے اوپر کا ۔

Supraversion : (n) کسی دانت کا بستگی دندان سے باہر نکل آنا ۔

Supravital : (a) ماورائے حیاتی ۔

Supremacy : (n) (۱) برتری : تفوق : سیادت : عظمت : انتہائی اہمیت ۔ (۲) اقتدار اعلیٰ : (سیاسی یا مذہبی) اختیار اعلیٰ ۔

Act of supremacy : قانون اقتدار شاہی : وہ قانون جس رو سے انگلستان میں پاپائے رومہ کا مذہبی اقتدار ختم کر دیا گیا اور بادشاہ کی طرف منتقل کر دیا گیا ۔

Oath of (the king's) supremacy : حلف اقتدار شاہی (مذکورہ بالا قانون کی پابندی کا حلف) ۔

Supreme : (a) [L. 'Supremus'.] (۱) اعلیٰ : سب سے بڑا : سب سے اونچا ۔ (۲) اقتدار اعلیٰ یا اختیار اعلیٰ رکھنے والا ۔ (۳) انتہائی : سب سے بڑا : اعلیٰ درجے کا : بلند : برتر ۔ (۴) نہایت اہم : سب سے اہم ۔ (۵) سب سے اچھا : سب سے عمدہ ۔ (۶) آخری : موت سے لمحات کا ۔ (۷) (خدائی) حقیقی : مطلق ۔

The supreme : حاکم حقیقی : حاکم مطلق : خدائے تعالیٰ ۔

Supreme : (n) (۱) سب سے بڑا آدمی یا چیز ۔ (۲) خدائے تعالیٰ : باری تعالیٰ ۔

Supreme being : (n) اعلیٰ ہستی : خدا : باری تعالیٰ : حاکم حقیقی ۔

Supreme court : (n) عدالت عالیہ : عدالت عظمیٰ : سپریم کورٹ ۔

Supreme court of judicature : (n) عدالت العالیہ ۔

Supreme good : (n) دیکھو Summum bonum

Supremely : (adv.) بے حد : نہایت ۔

Supremeness : (n) اعلیٰ ہونا : سب سے بڑا یا اچھا ہونا : بلند : برتری ۔

Supremo : (n) [Sp.] (۱) سب سے اعلیٰ اقتدار یا اختیار رکھنے والا حکمراں یا رہنما ۔ (۲) سب سے بڑا فوجی یا سیاسی صاحب اختیار ۔

Suption : (n) [Origin unkn.] جوہر : ذائقہ : مزہ ۔

Sur- : [OFr.] سابقہ بعض لاطینی مرکبات اور ان کے مشتقات ہیں "Sub" کے بجائے آتا ہے ۔

Sur- : (۱) سابقہ بعض الفاظ میں جو قدیم فرانسیسی سے انگریزی میں لئے گئے ہیں "Super" کی جگہ آتا ہے ۔ (۲) تشریح کی بعض اصطلاحوں میں "Super, Supra"

کی جگہ ۔

Sur : (prep.) پر ؛ اوپر ۔

Sur les pointes : (adv.) (بیلے رقص میں) پنجوں پر ۔

Sura : (n) [Skr.] تاڑی ۔

Sura : (n) [Arab.] (قرآن شریف کا) سورۃ ؛ سورت ۔

Surah : (n) [Fr.] ایک قسم کا نرم ریشمی کپڑا جو عورتوں کا لباس بنانے میں کام آتا ھے ۔

Sural : (a) [mod. L. 'Suralis'.] ساق کا ؛ پنڈلی کا ؛ ساقیائی ؛ ساقی ۔

Suranal : (a) بر مقعدی ۔

Surangular : (a) برگوشہ ہڈی ۔

Surat : (n) ایک قسم کی روئی جو سورت کے علاقے میں پیدا ہوتی ھے ؛ اس روئی کا کپڑا ۔

Surat : (n) ایک قسم کی روئی جو سورت کے علاقے میں پیدا ہوتی ھے ؛ اس روئی کا کپڑا ۔

Surbase : (n) (۱) (تعمیرات) برپایہ ؛ کرسی کی کارنس ۔ (۲) تختہ بند کمرے کے نچلے حصے کی کارنس ۔

Surbased arch : (n) محراب جس کی اونچائی اس کی چوڑائی کی نصف ہو ۔

Surcease . (n) (۱) خاتمہ ؛ بند ہو جانا ۔ (۲) سکون ؛ وقفہ ۔

Surcease : (v) [OFr. 'Sursis'.] (۱) روک دینا ؛ چھوڑ دینا (عارضی یا مستقل طور پر) ۔ (۲) ختم ہو جانا ؛ بند ہو جانا ؛ باقی نہ رہنا ۔ (۳) ترک کر دینا ؛ باز رکھنا ۔

Surcharge : (n) (۱) زائد رقم ؛ مزید رقم (جو وصول کی جائے) ؛ مزید رقم کا بار ؛ سر بار ؛ اضافی محصول ۔ (۲) فاضل رو (بجلی کی) ؛ فاضل قوت (جو ضرورت سے زیادہ ہو) ۔ (۳) جرمانہ (جو قابل محصول املاک کا غلط نقشہ یا حساب پیش کرنے کی وجہ سے کیا جائے) ۔ (۴) اوپری ٹپھا (جو ڈاک کے ٹکٹ پر قیمت بدلنے کے لئے لگایا جاتا ھے) ۔ (۵) بھرتی (حساب کی وہ رقم جو تنقیح کرنے والا پاس نہ کرے اور حساب لکھنے والے کو اپنے پاس سے بھرنی ہو) ۔ (۶) حساب میں کسی رقم کی غلطی نکالنا جو آمدنی کے خانے میں لکھنے سے رہ گئی ھے ؛ لیکھے کی غلطی ۔

Surcharge : (v) [OFr. 'Surcharger'.] (۱) حد سے زیادہ بوجھ لادنا ؛ حد سے زیادہ بھرنا ؛ ضرورت سے زیادہ سیر کر دینا (محلول وغیرہ کو) ۔ (۲) (ملکیت کا غلط نقشہ پیش کرنے والے پر) جرمانہ کرنا ؛ جرمانہ وصول کرنا ؛ (رقم) بطور جرمانہ وصول کرنا ۔ (۳) بھرتی عائد کرنا یا وصول کرنا ۔ (۴) لکھنے کی غلطی نکالنا ۔ (۵) (ٹکٹ پر قیمت بدلنے کے لئے) اوپری ٹپھا لگانا ۔ (۶) (جذبات وغیرہ سے) مغلوب کرنا ؛ بے قابو کر دینا ۔ (۷) (نقابت) ایک مارکہ پر دوسرا مارکہ لگانا ۔

Surcharger : (n) حد سے زیادہ بوجھ لادنے والا مزید رقم وصول کرنے والا ؛ حد سے زیادہ بھرنے والا ۔

Surcingle : (n) [OFr. 'S(o) urcengle'.] (۱) (گھوڑے کا) بالا تنگ ؛ کوتل کش ؛ پٹیار ۔ (۲) پادریوں کے جبے یا کرتے کی پیٹی ۔

Surcoat : (n) [OFr. 'Sur-', 'Sourcot'.] (۱) بالا پوش ؛ ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا قیمتی لباس جسے اعلیٰ رتبہ مرد اور عورت پہنا کرتے تھے یا جسے زرہ بکتر کے اوپر پہنا جاتا تھا ۔ (۲) ایک قسم کا لمبا مردانہ جیکٹ ۔

Surculose : (a) [L. 'Surculosus'.] (نباتیات) جس میں زیر بچہ پھوٹتا ہو ؛ زیر بچہ دار ؛ ماصہ خیز ؛ بچہ خیز ۔

Surculus : (n) [L. dimunitive of 'Surus'.] زمین ساقہ ؛ زیر بچہ ؛ ماصہ ۔

Surd : (a) [L. 'Surdus'.] (۱) (ریاضیات) اصمّ ۔ (۲) (مجازاً) بیوقوف ؛ بے عقل ؛ غیر ذی عقل ۔ (۳) (شاذ) (صوت) (حرف صحیح) جو آواز سے نہیں بلکہ سانس سے ادا کیا جائے ؛ مختفی ؛ بے صدا ؛ ساقط الصوت ۔

Surd : (n) (۱) (ریاضیات) مقدار اصم ؛ عدد اصم ۔ (۲) (صوت) مختفی آواز ۔

Surd : (v) آواز کر دینا ؛ مختفی بنا دینا ۔

Surdity : (n) [Fr. 'Surdite', or L. 'Surdita'.] گونگاپن ۔

Sure : (a) [OFr. 'Sur-e'.] (۱) محفوظ ؛ مامون ؛ مصؤن ؛ حفاظت میں ؛ حفاظت کا ۔ (۲) قابل اعتماد ؛ بھروسے کا ۔ (۳) جسے یقین ہو ؛ یقین رکھنے والا ؛ وثوق رکھنے والا ؛ متیقن ۔ (۴) حکمی ؛ تیر بہ ہدف ۔ (۵) جس کے متعلق یقین ہو (کسی بات کا یا کسی کام کے کرنے کا) ۔ (۶) یقینی ؛ جس میں ذرا بھی شبہ نہ ہو ؛ قطعی ۔ (۷) ثابت قدم ؛ پکا ؛ پختہ ؛ استوار ؛ اٹل ۔ (۸) قطعی ؛ حتمی ؛ یقینی ؛ بے شک ۔

A sure shot : نشانے کا سچا ؛ بے خطا نشانہ لگانے والا ۔

Be sure (to do something or that.....) : خبر دار ، بھولنا نہیں ؛ یاد رکھنا ۔

For sure : بلا شك و شبہ ؛ یقیناً ۔

I 'am sure, I don't know : مجھے بالکل معلوم نہیں ۔

Sure of getting : جسے پانا یقینی ہو ۔

To be sure : (۱) بے شك ؛ بلا شبہ ؛ یقیناً ؛ ضرور ۔ (۲) اس میں شبہ نہیں کہ ۔ (۳) واللہ ! سچ ہے ! حقیقت میں ۔

To make (a person or thing) sure : (۱) اپنے اختیار یا یا قابو میں کر لینا ؛ محفوظ کر لینا ۔ (۲) بے ضرر بنانا ؛ جان مار ڈالنا ۔

To make sure : کسی کی حفاظت میں دینا ۔

To make sure : وفادار بنانا ؛ مطیع بنانا ۔

To make sure : (۱) پوری طرح تصدیق یا اطمینان کر لینا ۔ (۲) پورا انتظام کر لینا (کسی بات کے ہونے کا) ۔ (۳) تحقیق کرنا ؛ دریافت کرنا ۔

Well, I 'm sure : مجھے یقین نہیں آتا ؛ مجھے تعجب ہے ۔

Well, to be sure : یقین نہیں آتا ! تعجب ہے ۔

Sure : (adv.) (۱) بحفاظت ؛ محفوظ طور پر ۔ (۲) یقیناً ؛ بلا شبہ ؛ بے شك ؛ ضرور ۔ (۳) یقینی طور پر ؛ مستقل طور پر ۔

Sure : (n) دیکھو Certainty

Sure card : (n) حکمی تدبیر ۔

Sure enough : (adv.) یقیناً ؛ ضرور ؛ بے شك ؛ قطعی طور پر ؛ ثبوتی حیثیت سے ۔

Sure-enough : (a) حقیقی ؛ اصلی ؛ کھرا ۔

Sure-fire : (a) جس کا ہونا یقینی ہو ؛ قابل بھروسہ ۔

Sure-footed : (a) (۱) قدم کا سچا ؛ جس کا قدم ہمیشہ ٹھیك پڑے ۔ (۲) نہایت محتاط ؛ جسے کبھی لغزش نہ ہو ۔

Sure-footedness : (n) قدم کا سچا ہونا ؛ نہایت محتاط ہونا ؛ انتہائی احتیاط ۔

Sure-handed : (a) ماہر ؛ صاحب استعداد ؛ متیقن ۔

Sure thing : (n) (۱) یقینی بات ۔ (۲) ضرور (تاکیدی تائید کے موقع پر) ۔

Sure thing : (adv.) دیکھو Certainly

Surely : (adv.) (۱) یقینی طور پر ؛ مستقل طور پر ۔ (۲) مضبوطی سے ۔ (۳) یقین تو ہے ؛ خیال تو یہی ہے ؛ میں تو یہی سمجھتا ہوں ۔ (۴) یقیناً ؛ ضرور ۔ (۵) واقعی ؛ بے شك ؛ سچ مچ ۔ (۶) ٹھیك ٹھیك ؛ صحیح طور پر ۔ (۷) بے خطر ؛ محفوظ طور پر ۔

Sureness : (n) تیقن ؛ یقینی ہونا ؛ قابل اعتماد ہونا ؛ حکمی ہونا ۔

Sures : (n) چیلی اور پیرو کے ساحل پر چلنے والی جنوبی ہوا ۔

Sures pardos : (n) چیلی اور پیرو کے ساحل پر چلنے والی باد جنوب جس کے ساتھ کُہرا بھی ہوتا ہے ۔

Sureseater : (n) تھیٹر جس میں فنی ڈرامے اور خصوصاً غیر ملکی فلمیں دکھائی جاتی ہیں ۔

Surette : (n) [Fr.] ایك امریکی درخت جس کی لکڑی سخت اور سیاہ ہوتی ہے اور جس میں زرد رنگ کی گوندیاں پھلتی ہیں ۔

Surety : (n) [OFr. 'Surte, Seurte'.] (۱) یقین ؛ وثوق ۔ (۲) ضمانت ؛ وہ چیز جو ضمانت کے طور پر رکھی جائے ۔ (۳) ضامن ؛ کفیل ۔ (۴) دینی ماں یا دینی باپ بوقت بپتسما ۔ (۵) حضرت مسیح ۔

For, or , of a surety : بے شك ؛ یقیناً ؛ لاریب ؛ بے شبہ ؛ قطعاً ۔

To stand surety : ضمانت دینا ؛ ضامن ہونا ۔

Surety bond : (n) ضمانت نامہ ۔

Sure company : (n) وہ کمپنی جس کا خاص کاروبار ضمانت دینا یا ضمانت نامہ جاری کرنا ہوتا ہے ۔

Suretyship : (n) ضمانت ۔

Surexcitation : (n) [Fr.] حد سے زیادہ تحریك یا اشتعال ۔

Surf : (n) [Origin unkn.] (۱) کف دریا ؛ پھین جو سمندر کی لہروں

کے ساحل یا چٹان سے ٹکرانے سے پیدا ہوتا ہے ؛ کف بحر۔ (۲) کف بحر کی لمبی قطار جو سمندر کی لہروں کے ساحل سے ٹکرانے سے پیدا ہوتی ہے۔

Surf : (v) (۱) کف سمندر میں غسل کرنا۔ (۲) تختوں پر بیٹھ کر کف دریا کے ساتھ بہنا۔ (۳) کف دریا کی طرح پھوٹنا ؛ ٹوٹنا یا حرکت کرنا۔

Surf-bathing : (n) کف دریا میں غسل کرنا۔

Surf-bird : (n) امریکی زقزاق ؛ ایک ساحلی پرند۔

Surf-board : (n) لمبا پتلا پیراک تختہ جس پر بیٹھ کر کف دریا کے ساتھ بہتے ہیں۔

Surf-board : (v) پیراک کے تختے پر بیٹھ کر کف دریا کے ساتھ بہنا۔

Surf-boarder : (n) پیراک تختے پر بیٹھ کر کف دریا کے ساتھ بہنے والا ۔

Surf-boat : (n) تلاطم کشتی ؛ ایک قسم کی ہلکی کشتی جو تلاطم کے وقت استعمال ہوتی ہے۔

Surf-cast : (v) ساحل سمندر پر چارہ ڈالنا۔

Surf-casting : (n) سمندر میں چارہ ڈالنا یا چارہ ڈالنے کا طریقہ ۔

Surf clam : (n) ایک قسم کا بڑا گھونگا۔

Surf-coot : (n) ایک قسم کی امریکی مرغابی۔

Surf-duck : (n) دیکھو Surf coot

Surf-fish : (n) کیلیفورنیا کے ساحل پر پائی جانے والی مچھلیوں میں سے ایک۔

Surf-man : (n) تلاطم کشتی کا ملاح۔

Surf-riding : (n) ایک کھیل ؛ تختوں پر بیٹھ کر کف دریا کے ساتھ بہنا۔

Surf-scoter : (n) سیاہ مرغابی ؛ دیکھو Surf-duck ۔

Surf-smelt : (n) سامن کی قسم کی ایک مچھلی۔

Surf-snipe : (n) چہا ؛ ایک قسم کا آبی پرندہ۔

Surf-whiting : ایک قسم کی مچھلی۔

Surfable : (a) جن تختوں پر بیٹھ کر کف دریا کے ساتھ بہا جا سکے۔

Surface : (n) [Fr.] (۱) سطح۔ (۲) ظاہری پہلو ؛ سطحی پہلو ؛ ظاہری حالت ؛ سطحی حالت ؛ ظاہر۔ (۲) سطح سے مشابہ کوئی چیز۔ (۳) ریل کی پٹری جو تھوڑی دور تک عمودی طور پر ہموار ہو۔ (۵) (ہندسہ) سطح (جس میں لمبائی اور چوڑائی ہو مگر گہرائی بالکل نہ ہو)۔ (۶) سطح سمندر۔

On the surface : ظاہری طور پر ؛ بظاہر۔

Surface : (v) (۱) مسطح کرنا (کاغذ وغیرہ کو) ؛ سطح پر بچھانا۔ (۲) سطح پر لانا ؛ آنا۔ (۳) سطحی کھدائی کرنا۔

Surface : (a) (۱) سطحی۔ (۲) سطح پر کام کرنے والا۔ (۲) صرف سطح پر نظر آنے والا ؛ ظاہری ؛ اوپری۔

Surface-bent : (a) اس طرح موڑا ہوا کہ عمودی سطح میں سیدھا نہ ہو۔

Surface-car : (n) (امریکا) ٹرام جس کی پٹری زمین کے برابر ہوتی ہے (اوپر اٹھی ہوئی یا اندر دھنسی ہوئی نہیں)۔

Surface chemistry : (n) علم کیمیا کی وہ شاخ جو سطح پر ہونے والی کیمیاوی تبدیلیوں سے بحث کرتی ہے۔

Surface colour : (n) (۱) نیم شفاف مادہ یا چیز کا رنگ۔ (۲) سطحی رنگ۔

Surface-coloured paper : (n) ڈاک ٹکٹ بنانے کا محفوظ قسم کا کاغذ۔

Surface condensation : (n) سطحی آلۂ تکثیف کے ذریعہ منجمد کرنا۔

Surface condenser : (n) سطحی آلۂ تکثیف۔

Surface contact : (n) سطحوں کا اتصال ؛ سطحی لمس۔

Surface cooler : (n) ٹھنڈے پانی کی ٹنکی جس میں دودھ کوڑے میں رکھ کر ٹھنڈا کیا جاتا ہے۔

Surface-craft/ -raider / -ship : (n) سمندری جہاز۔

Surface damage : (n) کان کنی کے لئے زمین کی سطح کو نقصان پہنچانا اور اس کے لئے دیا جانے والا معاوضہ۔

Surface density : (n) سطحی کثافت۔

Surface dive : (n) سطح آب سے نیچے کی طرف غوطہ مارنا۔

Surface fire : (n) جنگل کی آگ جو صرف تل جھاڑی اور آخور کو جلاتی ہے۔

Surface gauge : (n) سطح پیما ؛ مسطح سطحوں کو جانچنے کا ایک آلہ ۔

Surface-grub : (n) بعض کیڑوں کا پہل روپ جو سطح زمین کے ٹھیک نیچے رہتا ھے ؛ ایک قسم کی تتلی یا چھوٹی ٹڈی ۔

Surface harden : (v) (اسپات وغیرہ کی) سطح کو سخت بنانا ۔

Surface integral : (n) (ریاضیات) مقدار سالم جو کسی سطح کے کل رقبے کو لے کر نکالا جائے ۔

Surface mail : (n) (۱) بری یا بحری ڈاک ۔ (۲) بری یا بحری ڈاک کا نظام ۔

Surface measure : (n) تختے کا سطحی رقبہ ۔

Surface noise : (n) سطحی شور ؛ وہ سی سی کی آواز جو گراموفون کے ریکارڈ سے اس وقت نکلتی ھے جب سوئی ناہموار کھانچ سے گذرتی ھے ۔

Surface-plate : (n) (۱) وہ آہنی ٹکڑا جو ریل کی پٹری کے اوپر لگا رہتا ھے ۔ (۲) ہموار سطح کو جانچنے کا آہنی ٹکڑا ۔

Surface-printing : (n) سطح طباعت (معمولی ٹائپ کی طباعت ، اس طباعت کی ضد جس میں حروف اندر دھنس جاتے ہیں)؛ سطحی طباعت ۔

Surface process : (n) مسطح طباعت کا طریقہ ۔

Surface resistance : (n) (برقیات) سطحی مزاحمت ۔

Surface-road : (n) سطحی ریلوے (جس کی پٹریاں زمین کی سطح پر ہوتی ہیں زمین دوز یا زمین سے اوپر نہیں) ۔

Surface-size : (v) کاغذ کو مسالا لگا کر چکنا اور کرارہ کرنا ۔

Surface-soil : (n) سطحی مٹی ۔

Surface-structure : (n) کسی جملے کو صوتی علامتوں کے ذریعہ لکھنا ۔

Surface-tension : (n) سطحی تناؤ ؛ تناؤ کی قوت جو سیال میں ہوتی ھے جس کی وجہ سے قطرے اور بلبلے بنتے ہیں ۔

Surface-to-air missile : (n) زمین سے ہوا میں مار کرنے والی میزائل ۔

Surface velocity : (n) سطحی رفتار ۔

Surface-water : (n) سطح کا پانی جو زمین وغیرہ کی سطح پر کچھ دیر جمع رہتا ھے اور پھر بہہ جاتا ھے ۔

Surface wave : (n) زلزلہ جو سطح ارض پر محسوس کیاجائے ۔

Surfaced : (a) مخصوص قسم کی سطح رکھنے والا ۔

Surface lumber : (n) رندے سے مسطح کی ہوئی بھدی عمارتی لکڑی ۔

Surfacely : (adv.) سطح پر ؛ بظاہر ؛ سطحی طور پر ۔

Surfaceman : (n) (۱)سطح پر کام کرنے والا ؛ سطح زمین کے نیچے کام کرنے والا کان کن یا مزدور ۔

Surfacer : (n) سطح ساز ۔

Surfacing : (n) تسطیح ؛ سطح بندی ؛ صقل ۔

Surfacy : (n) سطحی ؛ ظاہری ۔

Surfeit : (n) [OFr. 'Sur-, Sorfeit'.] (۱) زیادتی (خصوصاً کھانے پینے میں) ؛ پر خوری ۔ (۲) حد سے زیادہ سیری ؛ منہ بھر جانا ؛ چھک جانا ۔ (۳) (کان کنی) کاربولک ایسڈ جو کانوں ، کنوئیں وغیرہ میں پیدا ہوتی ھے ۔ (۴) مالش ؛ متلی ۔

To (a) surfeit : انتہائی حد تک ؛ حد سے زیادہ ؛ خواہش سے زیادہ ؛ اتنا زیادہ کہ جس سے نفرت ہو جائے ۔

Surfeit : (v) (۱) حد سے زیادہ کھا لینا یا پی لینا ؛ چھک جانا ؛ حد سے زیادہ کھلا دینا یا پلا دینا ؛ چھکا دینا ۔ (۲) اکتا دینا یا اکتا جانا (کسی چیز کی زیادتی سے) ۔

Surfeiter : (n) حد سے زیادہ کھانے والا ؛ بسیار خور ۔

Surfer : (n) دیکھو Surf-scoter

Surficial : (a) سطحی ؛ سطح زمین کا ۔

Surfuse : (v) (طبیعیات) (کسی سیال کو) پگھلاؤ کے درجے سے نیچے بغیر انجماد کے ٹھنڈا کرنا ۔

Surfusion : (n) دیکھو Superfusion

Surfy : (a) کف دریا کا سا ؛ پر کف ۔

Surge : (n) [OFr. 'Sourgeon'.] (۱) موج ۔ (۲) موجزنی ؛ تلاطم ۔ (۳) (جذبات وغیرہ کا) امڈنا ؛ وفور ۔ (۴) (بحری) لنگر کے چرخ پر رسے کا پھسل جانا ؛ جھٹکا ۔

(۵)(بحری) لنگر کے چرخ یا آہنجے کا وہ حصہ جہاں رسہ پھسل جاتا ہے ۔ (۶) باد پیمائی موج جو موجود باد پیمائی اتار چڑھاؤ سے باہر ہو ۔ (۷) برقی دور میں رَو کا عارضی اختلاف ۔

Surge : (v) (۱) موجزن ہونا ؛ موجیں مارنا ؛ تلاطم میں ہونا (دریا کا) ۔ (۲) وفور ہونا ؛ امنڈنا (جذبات کا) ۔ (۳)لہلہانا (کھیت کا) ۔ (۴) دریا کی طرح امنڈنا ؛ سیلاب کی طرح بڑھنا (مجمع کا) ۔ (۵) (بحری) (رسے وغیرہ کا لنگر کے چرخ پر) اتفاقاً پھسل جانا ؛ ڈھیلا کر دینا ۔ (۶) (جہاز کا) کسی خاص سمت میں جانا یا جھٹکا کھانا ۔

Surgency : (n) پھرتی ؛ تیزی ؛ چالاکی ۔

Surgent : (a) متلاطم ؛ موجزن ۔

Surgeon : (n) [AFr. 'Surgien'.] (۱) سرجن ؛ ماہر جراح ۔ (۲) بحری یا بری فوج کا طبیب ۔ (۳) نشتر ماہی ۔

Surgeon apothecary : (n) دوا ساز سرجن ۔

Surgeon bird : (n) ایک قسم کا پرندہ ۔

Surgeon fish : (n) نشترماہی ؛ ایک مچھلی جس کی دم کے دونوں طرف نشتر سے نکلے ہوتے ہیں ۔

Surgeon-general : (n) فوج کے طبی شعبے کا سب سے اونچا عہدہ ۔

Surgeoncy : (n) عہدۂ سرجن ۔

Surgeon's knot : (n) ایک قسم کی گرہ جس میں ایک حلقے سے ڈور کو دوبارہ گذارا جاتا ہے ۔

Surgery : (n) [OFr.'Surgerie'.] (۱) فن جراحی ؛ فن جراحی کا کام ؛ سرجری ؛ جراحت ۔ (۲) دارالجراحی ؛ سرجن کا مطب یا شفاخانہ ؛ ماہر جراحی کا مطب ۔

Conservative surgery : محتاط جراحت (جس میں قطع اعضاء وغیرہ سے پرہیز کیا جاتا ہے) ۔

Surgical : (a) (۱) جراحی کا ؛ جراح یا جراحی سے متعلق ۔ (۲)عمل جراحی سے پیدا ہونے والا ۔

Surgical anatomy : (n) جراحی تشریح ۔

Surgical fever : (n) آپریشن کا بخار ؛ تپ عملیہ ۔

Surgical knot : (n) دیکھو Surgeon's knot

Surgical needle : (n) عمل جراحی میں کام آنے والی سوئی ۔

Surgically : (adv.) فن جراحی کی رو سے ؛ جراحی کے ذریعہ ؛ آپریشن کے ذریعے سے ۔

Surgy : (a) موجزن ؛ متلاطم ؛ پر موج ؛ طوفانی ؛ طوفان خیز ۔

Suriana : (n) [f. Joseph D. Surien, a French botanist.] حارّی ساحلی جھاڑیوں کی ایک جنس ۔

Suricata : (n) [Fr. 'Surikate'.] دودھ پلانے والے جانوروں کی ایک جنس ۔

Suricate/ Suricat : (a) [Fr.] سُریکیٹ ؛ افریقی نیولا ۔

Surinam : (a) جنوبی امریکا کا ایک ملک ؛ اس ملک سے متعلق ؛ سُورینم ۔

Surinam cockraoch : (n) تل چٹا کی ایک قسم ۔

Surinam toad : (n) ایک قسم کا بڑا اور چپٹا مینڈک ۔

Surinamer : (n) سورینم کا باشندہ ۔

Surinamese : (n) دیکھو Surinamer

Surlily : (adv.) اکھڑپن سے ؛ اکل کھرے پن سے ؛ بد مزاجی سے ۔

Surliness : .(n) اکھڑپن ؛ اکل کھرا پن ؛ بدمزاجی ۔

Surly : (a) [alternative of OE. 'Sirly'.] (۱) اکھڑ ؛ اکل کھرا ؛ بد مزاج ۔ (۲) اکھڑپن ؛ اکل کھرے پن کا ۔ (۳) (مجازاً) سخت ؛ کڑی (مٹی وغیرہ)؛ کڑا ؛ سرکش ؛ بے قابو ؛ دشوار ؛ دقت طلب ؛ خراب ؛ قند ؛ شدید (موسم وغیرہ) ۔

Surly : (adv.) مغرورانہ طور پر ؛ تحکمانہ طور پر ۔

Surma/ Soorma : (n) [Pers.] سُرمہ ۔

Surmark : (n) دیکھو Sirmark

Surmark : (n) [alternative of Submaster.] (سینٹ پال اسکول ، لندن اور بعض دوسرے مدرسوں کا) سیکنڈ ماسٹر ؛ مدرس دوم ۔

Surmisable : (a) قابل قیاس آرائی ؛ جس کا اندازہ کیا جا سکے ۔

Surmise : (n) [AFr.OFr.] قیاس ؛ ظن ؛ اندازہ ؛ عقلی تکا ۔

Surmise : (v) (۱) قیاساً معلوم کرنا ؛ قیاس کرنا ؛ اندازہ لگانا ؛ تاڑنا ۔ (۲) قیاس آرائی کرنا ؛ اندازہ لگانے کی کوشش کرنا ؛ عقلی تکے لگانا ۔

Surmiser : (n) قیاس کرنے والا ؛ اندازہ لگانے والا ۔

Surmount : (v) [Fr. 'Surmonker'.] (۱) اوپر ہونا ؛ اوپر لگا ہونا (عموماً صیغہ مجہول میں) ۔ (۲) غالب آنا ؛ فتح پانا ؛ غلبہ پانا (مشکلوں پر) ؛ دور کرنا (رکاوٹوں کو) ۔ (۳)اونچا ہونا ؛ چوٹی پر پہنچ جانا ؛ اوپر ہونا ؛ سرا ہونا ۔

Surmountable : (a) جس پر غالب آنا ممکن ہو ؛ قابل فتح (مشکل) ؛ قابل عبور (رکاوٹ) ۔

Surmounted : (a) (محراب) جس کی اونچائی ، چوڑائی کے آدھے سے زیادہ ہو ۔

Surmounted by : (a) (نقابت) اوپر (ایک مارکہ کا دوسرے پر) ۔

Surmounter : (n) غالب آنے والا ؛ فتح کرنے والا ؛ عبور کرنے والا ۔

Surmullet : (n) [Fr. 'Surmulet'.] سرخ مچھلی ؛ سرخ ماہی ؛ لال مچھلی ۔

Surname : (n) [AFr. 'Surnoun'.] (۱) لقب ۔ (۲) خاندانی نام ؛ نام کا دوسرا جز جو کل خاندان میں مشترکہ ہوتا ہے ؛ سرنام ۔

Surname : (v) (۱) لقب دینا ۔ (۲) خاندانی نام کا اضافہ کرنا ۔

Surnape/ Surnap : (n) [Fr. 'Sournappe'.] قدیم زمانے میں استعمال ہونے والا دست پاک ۔

Surnay/ Surnai : (n) [Pers.] ایک قسم کی بانسری ۔

Surnominal : (a) لقبی ؛ لقب سے متعلق ؛ خاندانی نام سے متعلق ۔

Surpass : (v) [Fr. 'Surpasser'.] (۱) سبقت لے جانا ؛ فوقیت لے جانا ؛ بڑھ جانا ۔ (۲) فائق ہونا ؛ بہتر ہونا ؛ بڑھا ہوا ہونا ؛ تجاوز کرنا ۔ (۳) ناقابل پہنچ ہونا ؛ ناقابل رسائی ہونا ۔

Surpassable : (a) جس پر سبقت لے جائی جا سکے ؛ جس پر فوقیت حاصل ہو سکے ۔

Surpassing : (a) (۱) فائق ؛ برتر ۔ (۲) بے نظیر ؛ بے مثال ۔

Surpassing : (adv.) نہایت ؛ بے انتہا ؛ بے حد ۔

Surpassingly : (adv.) دیکھو Surpassing

Surplice : (n) [AFr. 'Surplis'.] (۱) اوپری جبہ ؛ ڈھیلا ڈھالا سفید لباس جو پادری اور کلیسا کے سرود خواں اپنے لباس کے اوپر پہن لیتے ہیں ۔ (۲) ڈھیلے ڈھالے لمبے لباس ۔

Surplice-fees : (n) پادری کا نذرانہ ؛ پادری کی فیس ؛ وہ رقم جو پادریوں کو نکاح یا نماز جنازہ وغیرہ کے موقع پر دی جاتی ہے ۔

Surplus : (n) [AFr.] (۱) کسی چیز کی فاضل مقدار ؛ زائد مقدار (جو ضرورتوں کو پورا کرنے کے بعد بچ رہے) ۔ (۲)توفیر ؛ ریاست کی آمدنی کا وہ حصہ جو اخراجات پورا کرنے کے بعد بچ رہے ۔

Surplus : (a) فاضل ؛ زائد ؛ توفیر کا ۔

Surplus budget : (n) فاضل موازنہ ؛ فاضل بجٹ ۔

Surplusage : (n) (۱) توفیر ؛ میشی ؛ فاضل مقدار ۔ (۲) (قانون) (فرد قرار داد جرم کا) وہ لفظ ، جملہ یا بیان جس کی ضرورت نہ ہو ۔

Surprint : (v) (۱) مطبوعہ کاغذ کے بالائی حصے پر اضافہ کرنا ۔ (۲) (فوٹوگرافی) ایک تصویر پر دوسری تصویر چھاپنا ۔

Surprisable : (a) جسے متحیر کیا جا سکے ؛ جس کو حیرت زدہ کیا جا سکے ۔

Surprisal : (n) بے خبری میں آلینا ؛ حیرت میں ڈال دینا ۔

Surprise : (n) [Fr. 'Surpris(e).'] (۱) بے خبری میں آ لینا ؛ ناگہانی حملہ ۔ (۲) حیرت ؛ تعجب ؛ اچنبھا ؛ تحیر ۔ (۳) حیرت انگیز بات ؛ تعجب کی بات ؛ خلاف توقع چیز ۔

To my great surprise : میری توقع کے بالکل خلاف ۔

To take by surprise : غیر متوقع طور پر ملنا ؛ متحیر کر دینا ؛ حیرت میں ڈال دینا ۔

Surprise/ Surprize : (v) (۱) بے خبری میں آلینا ؛ اچانک حملہ کر دینا ؛ اچانک آ پہنچنا ۔ (۲) حیرت میں ڈال دینا ؛ باعث حیرت ہونا ؛ باعث تعجب ہونا ۔ (۳) اچانک پہنچ کر یا للکار کر گھبرا دینا (جس کی وجہ سے بے ارادہ کوئی حرکت سرزد ہو جائے) ۔ (۴) (مجازاً) اچانک پا لینا یا دریافت کر لینا ۔

Surprise packet : (n) حیرت کی پڑیا (جس میں خلاف توقع چیزیں

نکلیں مثلاً مٹھائی میں روپیہ)۔

Surprise party : (n) (۱) غیر متوقع حملہ کرنے والا فوجی دستہ۔ (۲) (امریکا) وہ صحبت جو کسی دوست کے مکان پر بغیر دعوت کے ہوتی اور جس میں ہر شریک کھانا ساتھ لاتا ہے۔

Surprise visit : (n) بے اطلاع معائنہ۔

Surprisedly : (adv.) حیرت زدہ طور پر؛ متحیر طور پر؛ تعجب کے ساتھ۔

Surpriser : (n) متحیر کرنے والا؛ حیرت انگیز چیز۔

Surprising : (a) عجیب؛ تعجیب انگیز؛ حیرت انگیز؛ خلاف توقع۔

Surprisingly : (adv.) حیرت انگیز طریقے سے؛ بالکل خلاف توقع۔

Surprisingness : (n) حیرت انگیزی؛ خلاف توقع ہونا۔

Surra/ Surrah : (n) [Marathi 'Sura'.] سرا؛ گرم ملکوں میں گھوڑوں اور مویشی کا ایک مرض جس میں خون بالکل کم ہو جاتا ہے۔

Surrealism : (n) [Fr. 'Surrealisme'.] فن کی ایک قسم جس میں خواب یا ویسے دوسرے تجربات کے مظاہر کو پیش کرنے کی کوشش کی جاتی ہے؛ ورائیت؛ فوق حقیقت۔

Surrealist : (n) وہ فنکار جو خواب یا ویسے دوسرے تجربات کے مظاہر کو پیش کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

Surrebut : (v) (مدعا علیہ کا) مدعی کے دعوے کا تیسری بار جواب دینا؛ آخری جواب دعویٰ پیش کرنا۔

Surrebutter/ Surrebuttal : (n) [f. sur + rebutter.] آخری جواب دعویٰ؛ جواب رد دعویٰ۔

Surrejoin : (v) جواب دعویٰ کا جواب دینا؛ آخری جواب دعویٰ پیش کرنا۔

Surrenjoinder : (n) آخری جواب دعویٰ؛ جواب جوابِ دعویٰ۔

Surrender : (n [AFr.] (۱) حوالگی؛ تفویض۔ (۲) واگذاری؛ دست برداری؛ قبول اطاعت؛ ہار ماننا۔

Surrender : (v) (۱) سپرد کرنا؛ حوالہ کرنا۔ (۲) چھوڑ بیٹھنا؛ دست بردار ہو جانا۔ (۳) مغلوب ہو جانا (اثر یا جذبے سے)؛ بندہ ہو جانا (عادت کا)۔ (۴) اطاعت قبول کر لینا۔

(۵) دب جانا؛ مزاحمت یا مقابلے سے باز آنا۔ (۶)(قانون) میعاد کے بعد زمین گزارہ دار صاحب زمین کو واپس کرنا۔ (۷) دیوالیہ شخص کا عدالت میں حاضر ہونا۔ (۸) اصل قرضدار یا مدیون کو معینہ وقت پر عدالت میں حاضر کرنا (ضامن کا)۔

To surrender to one's bail : ضمانت پر چھوٹنے کے بعد حاضر عدالت ہونا۔

Surrender value: (n) معاوضۂ دست برداری جو بیمہ کرانے والے کو ان صورتوں میں ملتا ہے جب وہ پالیسی سے دست بردار ہو جائے؛ معاوضۂ واگذاری۔

Surrenderee : (n) (قانون) وہ شخص جسے جائداد حوالہ کی جاتی ہے؛ جائداد کا مالک۔

Surrenderer : (n) حوالہ کرنے والا؛ سپرد کرنے والا؛ اطاعت قبول کرنے والا؛ ہار ماننے والا۔

Surrenderor : (n) وہ شخص جو جائداد کو مالک کے حوالہ کرے۔

Surreptitious : (a) [L. 'Surreptitius'.] دیکھو Subreptive

Surreptitiously : (adv.) چپکے چپکے؛ خفیہ طور پر؛ اندر اندر۔

Surreptitousness : (n) خفیہ ہونا؛ پوشیدہ ہونا۔

Surrey : (n) [Named after the country of surrey, England.] چار پہیوں اور دو نشستوں والی امریکی گھوڑا گاڑی؛ اسی ساخت کی موٹر گاڑی۔

Surrogacy : (n) قائم مقام کا عہدہ۔

Surrogate : (n) [L. 'Surrogatus'.] قائم مقام؛ نائب (خصوصاً بشپ یا اس کے مشیر قانونی کا)۔

Surrogate : (a) قائم مقام؛ نیابت۔

Surrogate : (v) قائم مقام بنانا؛ نائب بنانا۔

Surround : (n) (۱) حاشیۂ فرش؛ کوئی فرش جو قالین، دری وغیرہ کے چاروں طرف بچھا ہو؛ حاشیہ۔ (۲) نرغہ۔

Surround : (v) [Afr. 'Sur(o)under'.] (۱) گھیر لینا؛ احاطہ کر لینا؛ نرغہ کرنا۔ (۲) محیط ہونا؛ گھیرے ہونا؛ گرد ہونا؛ چاروں طرف ہونا۔ (۳) (فوج) محاصرہ کرنا؛ گھیرنا۔ (۴) کسی چیز سے گھیرنا۔

Surrounder : (n) گھیرنے والا؛ محاصرہ کرنے والا؛ نرغہ کرنے والا۔

Surrounding : (n) (۱) (جمع) ماحول ؛ گرد و پیش ۔ (۲) مصاحبین ؛ حاشیہ نشین ۔

Surrounding : (a) گرد و پیش کا ؛ آس پاس کا ۔

Surroyal : (n) بارہ سنگھے کے سینگ کی اوپری یا آخری شاخ ۔

Sursum - : جزو ترکیبی بمعنی "اوپر کی طرف کا" ؛ "اوپری" ؛ بالا رخ" ۔

Sursum corda : (n) [L.] حضور قلب سے (لاطینی معنی "دلوں کو اونچا کرو" ، یہ لاطینی لفظ عشائے ربانی میں پادری درمیانی حصے کی تمہید سے پہلے کہتا ہے) ۔

Sursumvergence : (n) بالا رخی چشم ۔

Surtax : (n) [Fr. 'Surtaxe'.] زائد ٹیکس ؛ مزید ٹیکس ؛ زائد محصول ۔

Surtax : (v) زائد محصول لگانا ۔

Surtout : (n) [Fr.] (۱) انیسویں صدی کا مردانہ اوور کوٹ ۔ (۲) سر اور گردن کی زنانہ پوشش ۔

Surtout : (adv.) (نقابت) دوسرے مارکوں سے اوپر ۔

Surturbrand : (n) [G.] بھورے رنگ کا کوئلہ جس میں لکڑی کی ساخت موجود ہو ۔

Surveillance : (n) [Fr.] نگرانی (کسی شخص کی نقل و حرکت کی) ۔

Surveillant : (a) (کسی شخص کی نقل و حرکت کی) نگرانی کرنے والا ۔

Survey : (n) (۱) جائزہ ؛ پڑتال ؛ محل معائنہ ؛ نظر ڈالنا ۔ (۲) پیمائش ؛ سروے ؛ زمین پیمائی ۔ (۳) (مجازاً) جائزہ ۔

Ordinance survey : دیکھو Ordinance

Survey : (v) [AFr. 'Surveier'.] (۱) نظر ڈالنا ؛ مجمل طور پر معائنہ کرنا ؛ جائزہ لینا ۔ (۲) پیمائش کرنا ؛ سروے کرنا ۔

Surveying : (n) پیمائش ؛ فن پیمائش ؛ فن مساحت ؛ جریب کشی ۔

Surveying : (a) پیمائش کا ؛ مساحی ؛ پیمائشی ۔

Surveyor : (n) [AFr., OFr, 'Sur-,Sorve (i) our'.] (۱) ناظر ؛ انسپکٹر ۔ (۲) مساح ؛ زمین پیما ؛ پیمائش کار ؛ امین پیمائش ؛ سرویئر ؛ گرد اور پیمائش ۔ (۳) جائزہ لینے والا ؛ تصور کرنے والا ۔

Surveyor-general : (n) امین اعلیٰ ؛ سرویئر جنرل ۔

Surveyor's chain : (n) جریب؛ امین پیمائش کی زنجیر ۔

Surveyorship : (n) (۱) نظارت ؛ انسپکٹر کا عہدہ ۔ (۲) گرداوری ؛ امین پیمائش یا سرویئر کا عہدہ ۔

Surview : (n) [AFr. OFr. 'Surveue'.] دیکھو Survey

Surview : (v) دیکھو Survey

Survival : (n) (۱) بقا ؛ باقی رہ جانا ؛ بچ جانا ؛ پس ماندگی ۔ (۲) (حیاتیات) انتخاب طبعی میں ان حیوانات کا باقی رہنا جو اپنی زندگی کو ماحول کے مطابق کر لیتے ہیں ۔ (۳) (مجازاً) یادگار ؛ آثار (انسان یاشے) ۔ (۴) بچ رہنے والا ؛ پس ماندہ ۔

Survival kit : (n) ناگہانی صورت میں کام آنے والے ساز و سامان اور غذا کا پیکٹ جو ہوا باز اپنے ساتھ رکھتے ہیں ۔

Survival of action : (n) (قانون) مقدمے کے فریقین میں سے کسی یا دونوں کے مر جانے کے بعد بھی مقدمہ جاری رکھنا ۔

Survival of the fittest : (n) بقائے اصلح ۔

Survival rate : (n) شرح باقیات ۔

Survival value : (n) قدر بقا ۔

Survivance : (n) جانشینی ؛ صاحب جائداد کے مرنے کے بعد اس کے نامزد کردہ پس ماندہ کی جانشینی ؛ حق جانشینی ؛ حق وراثت ۔

Survive : (v) [AFr. 'Survivre' OFr. 'Survivre'.] (۱) کسی کے مرنے کے بعد تک زندہ رہنا ؛ (بیماری ، حادثے وغیرہ سے) بچ جانا ؛ بچ رہنا ۔ (۲) باقی رہنا ؛ (دنیا میں) نسل قائم رہنا ؛ وجود قائم رہنا ۔ (۳) (قانون) (جائداد کا) دو یا زیادہ مشترکہ متصرفوں میں سے پسماندہ کے اختیار میں جانا ۔

Surviver : (n) پسماندہ ؛باز ماندہ ؛ باقی ماندہ ؛ جو بچ رہا ہو ۔

Surviving : (a) بچ رہنے والا ؛ پسماندہ ؛ باقی ماندہ ۔

Survivor : (n) دیکھو Surviver

Survivership : (n) (۱) باقی رہنا ؛ بچ رہنا ؛ باز ماندگی ؛ پسماندگی ۔ (۲) (قانون) کل زمین یا جائداد کا قبضہ جو مشترکہ

پٹہ داری یا اجارے میں شریک کے مرنے کے بعد دوسرے کو حاصل ہو۔

Presumption of survivorship : (حق وراثت کے لئے) ایک ہی حادثے میں مرنے والے افراد میں سے ایک کی مختصر مدت کی پس ماندگی کا قیاس ؛ باز ماندگی قیاس۔

Survivorship annuity : (n) سالیانہ جو بیمہ شدہ شخص کے مرنے کے بعد اس کے نامزد شخص کو ملے۔

Surwan : (n) [Pers. 'Sarban'.] ساربان ؛ شتربان۔

Sus : (n) [L.] دودھ پلانے والے جانوروں کی ایک جنس۔

Sus per coll : (n) لاطینی Suspendature per collum کا مخفف ہے۔ پھانسی کا اندراج (رجسٹر میں)۔

Sus per coll : (a) پھانسی دیا ہوا۔

Suscept : (n) کوئی جسم نامی جس کا دوسرا جسم نامی طفیلی ہو۔

Susceptance : (n) (برقیات) تاثریت۔

Susceptibility : (n) (۱) اثر پذیری ؛ تاثر کا مادہ یا صلاحیت ؛ زود حسی ؛ تاثر پذیری۔ (۲) (جمع) احساسات ؛ وہ جذبات جس سے انسان خاص طور پر متاثر ہوتا ہے۔ (۳) قابلیت ؛ مقناطیس بننے کی صلاحیت۔

Susceptible : (a) [late L. 'Susceptiblis'.] (۱) (Of کے ساتھ) گنجائش رکھنے والا۔ (۲) (to کے ساتھ) متاثر ہونے والا ؛ اثر قبول کرنے والا ؛ تاثر کی صلاحیت رکھنے والا ؛ مادہ رکھنے والا۔ (۳) اثر پذیر ؛ جلد متاثر ہونے ولا ؛ زود حس ؛ زود رنج ؛ حساس۔

Susceptible : (n) اثر قبول کرنے والا شخص ؛ (بیماری وغیرہ سے) متاثر ہونے والا شخص ؛ آخذ ؛ پذیرا۔

Susceptibleness : (n) دیکھو Susceptibility

Susceptibly : (adv.) اثر پذیری کے ساتھ ؛ زود حسی سے۔

Susception : (n) [L. 'Suscipere'.] اخذ ؛ تاخذ ؛ قبولیت۔

Susceptive : (a) (۱) اثر پذیری کا ؛ تاثری۔ (۲) حساس ؛ تاثر پذیر۔ (۳) (Of کے ساتھ) گنجائش رکھنے والا۔

Susceptiveness : (n) اثر پذیری ؛ تاثر پذیری۔

Susceptivity : (n) دیکھو Susceptiveness

Sushi : (n) [Jap.] جاپان کا ہلکا ناشتہ جو چاول ، سرکہ اور مسالے سے بنتا ہے۔

Suslik : (n) [Russ.] دیکھو Souslik

Suspect : (n) شبہ ؛ شک۔

Suspect : (a) مشتبہ ؛ مشکوک ؛ جس میں شبہ کی گنجائش ہو۔

Suspect : (n) مشتبہ شخص۔

Suspect : (v) [L. 'Suspicere'.] (۱) (کسی بات کا) شبہ ہونا ؛ اندیشہ ہونا۔ (۲) گمان ہونا۔ (۳) خیال کرنا ؛ سمجھنا۔ (۴) ملزم سمجھنا ؛ (کسی برائی یا جرم کا) شبہ کرنا ؛ شبہ کی نظر سے دیکھنا۔ (۵) ناقابل اعتبار سمجھنا ؛ مشتبہ یا مشکوک سمجھنا ؛ صحت میں شبہ کرنا۔

Suspectable : (a) مشکوک ؛ جس پر شبہ کیا جائے یا کیا جانا چاہیئے۔

Suspected : (a) مشتبہ ؛ مشکوک ؛ جس پر شک ہو۔

Suspectedly : (adv.) مشتبہ ہونا ؛ مشکوک ہونا۔

Suspecter : (n) شبہ کرنے والا ؛ شک کرنے والا۔

Suspector : (n) دیکھو Suspecter

Suspend : (v) [Fr. 'Suspendre' or L. 'Suspendere'.] (۱) لٹکانا ؛ معلق کرنا ؛ ادھر میں رکھنا۔ (۲) معلق رکھنا ؛ فیصلہ نہ کرنا۔ (۳) کچھ عرصے تک موقوف رکھنا ؛ ملتوی رکھنا ؛ کچھ عرصے کے لئے بند کر دینا ؛ موقوف کر دینا ؛ ملتوی کر دینا۔ (۴) معطل کر دینا۔ (۵) (اسکاچستانی قانون) ملتوی کر دینا۔ (۶) (موسیقی) ایک تار کی آواز کو دوسرے تار کی آواز سے ملا دینا۔ (۷) توجہ مرکوز کرائے رکھنا ؛ منہمک رکھنا ؛ محو کرنا۔ (۸) مشروط کرنا۔ (۹) ملتوی یا معطل ہونا۔ (۱۰) ادائی رک جانا ؛ معاہدہ پورا نہ کر سکنا ؛ قرض ادا نہ کرنا۔ (۱۱) لٹکنا ؛ معلق ہونا ؛ جھولنا۔

To suspend payment : مطالبات یا قرض ادا نہ کر سکنا ؛ دوالیہ ہونے کا اعلان کرنا ؛ دوالہ نکالنا۔

Suspended : (a) معلّق ؛ معطّل ؛ لٹکا ہوا۔

Suspended animation: (n) سکتے کی حالت ؛ معلق حیات ؛ وہ حالت جس میں انسان کے حواس اور اعضا معطل ہوتے ہیں

مگر وہ زندہ ہوتا ہے۔

Suspended ceiling : (n) معلق چھت گیری۔

Suspender : (n) (۱) لٹکانے والا ؛ معلق کرنے والا ؛ ملتوی ، موقوف یا معطل کرنے والا۔ (۲) (جمع) پتلون کے تسمے۔ (۳) موزہ بند ؛ جراب کے تسمے ؛ گیٹس۔ (۴) کوئی لٹکی ہوئی چیز مثلاً پھولوں کی ٹوکری وغیرہ۔ (۵) کوئی معلق چیز کو سہارا دینے والی چیز۔

Suspender belt : (n) گیٹس بلٹ۔

Suspendible : (a) جو معلق کیا جا سکے ؛ لٹکائے جانے کے لائق۔

Suspense : (n) [AFr. OFr. 'Suspens'.] (۱) تعطل ؛ تعلیق ؛ التوائے حقیقت ؛ کسی قانونی حق کا عارضی طور پر زائل ہو جانا۔ (۲) شش و پنج ؛ تذبذب ؛ فیصلہ نہ کرنا۔ (۳)(معاشیات) ملتویات۔ (۴) امید و بیم کی حالت ؛ تشویش۔

To keep in suspense: (انتظار کی) تشویش میں رکھنا ؛ معلق رکھنا۔

Suspense account : (n) معلق حساب۔

Suspenseful : (a) پر از امید وبیم۔

Suspensibility : (n) (شاذ) تعلیق پذیری ؛ معلق رہ سکنا۔

Suspensible : (a) (شاذ) جو معلق رہ سکے ؛ تعلیق پذیر۔

Suspension : (n) (۱) لٹکانا ؛ تعلیق ؛ لٹکاؤ۔ (۲) التوا ؛ تعطل ؛ معطلی ؛ عارضی موقوفی۔ (۳) دیوالیہ پن کی وجہ سے قرض وغیرہ کی ادائی روک دینا۔ (۴) (موسیقی) ایک تار کے سُر کو دوسرے تار کے سُر سے ملا دینا ؛ عارضی بے آہنگی۔ (۵) (طب) مریض کو لٹکا کر علاج کرنا ؛ وہ چیز جس سے کوئی چیز لٹکائی جاتی ہے۔

Suspension bridge : (n) معلق پل ؛ جھولا پل (جو ستونوں پر قائم نہیں ہوتا بلکہ زنجیروں یا تار کے رسوں کے سہارے لٹکتا رہتا ہے)۔

Suspension chain : (n) وہ زنجیر جس سے جھولا لٹکتا رہتا ہے۔

Suspension feeder : (n) ایک جانور جو پانی میں لٹکی ہوئی چیزوں کو کھاتا ہے۔

Suspension of arms /-hostilities : (n) مہلت جنگ ؛ التوائے جنگ ؛ چند روزہ صلح۔

Suspension period : (n) تین نقطوں والا وقفۂ کامل جو کسی عبارت سے حذف شدہ لفظ یا الفاظ کی جگہ پر دیتے ہیں۔

Suspension pier : (n) جھولا پُل سے مشابہ پُل جو ساحل سے سمندر تک ہوتا ہے۔

Suspensive : (a) (۱)التوا کا ؛ تعطیل کا۔ (۲)(انتظار کی) تشویش کا۔

Suspensively : (adv.) (۱)التوا یاتعطیل کے طور پر۔ (۲) (انتظار کی) تشویش میں رکھتے ہوئے۔

Suspensiveness : (n) التوا یا تعطیل میں ہونا ؛ تشویش میں ہونا۔

Suspensor : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) معلق ؛ معلاق ؛ وہ ریشہ جس سے جنین بیج میں معلق ہوتا ہے۔ (۲) جس سے کوئی چیز لٹکائی جاتی ہے۔

Suspensorial : (a) تعلیقی ؛ اژواژ سے متعلق۔

Suspensorium : (n) (۱) (جراحی) لٹکانے کا تھیلا یا پٹی۔ (۲) (حیوانیات) اژواژ ؛ عظم تعلیقی۔

Suspensory : (a) [Fr. 'Suspensoire'.] (۱) لٹکانے کا ؛ تعلیقی۔ (۲)التوا کا ؛ تعطل کا۔

Suspensory : (n) (جراحی ، حیوانیات) لٹکانے والا تھیلا ، پٹی وغیرہ ؛ گل پٹی ؛ اونگ پٹی۔

Suspensory bandage : (n) عصاب تعلیقی ؛ گل پٹی ؛ اونگ پٹی۔

Suspensory ligament : (n) رباط تعلیقی۔

Suspercollate : (v) مزاحاً پھانسی دینا۔

Suspicion : (v) [AFr. 'Suspeciun'.] (۱) شبہ ؛ شک۔ (۲) محض ؛ شبہ ؛ بد گمانی ؛ حسن ظن۔ (۳) شائبہ ؛ خفیف سی جھلک۔

Above suspicion : شبہ سے بالاتر۔

Upon or on suspicion : شک پر ؛ محض شبہ پر۔

Suspicion : (n) دیکھو Suspect

Suspicional : (a) شک سے متعلق ؛ شبہ سے متعلق۔

Suspiciousless : (a) (۱) شبہ سے پاک ؛ جس میں شبہ نہ ہو ۔ (۲) شبہ سے خالی ؛ جو شبہ نہ کرتا ہو ۔

Suspicious : (a) [AFr. OFr. 'Suspecious'.] (۱) مشتبہ ؛ مشکوک ؛ شبہ کی ؛ شبہ کے قابل ۔ (۲) شبہ رکھنے والا ؛ شبہ کرنے والا ۔ (۳) جسے شبہ کرنے کی عادت ہو ؛ شکی ۔ (۴) شبہے کا ؛ شبہ ظاہر کرنے والا ۔

Suspiciously : (adv.) شبہے کی نظر سے ؛ شبہے کے انداز سے ؛ مشتبہ طور پر ؛ قابل شبہ طور پر ۔

Suspiciousness : (n) (۱) مشتبہ ہونا ؛ مشکوک ہونا ۔ (۲) شبہ رکھنا ؛ شکی ہونا ۔

Suspiration : (n) (۱) (شاذ) آہ کرنا ؛ تزفر ۔ (۲) آہ ؛ دم سرد ۔

Suspire : (v) [L. 'Suspirare'.] (۱) (شاعرانہ) آہ سرد بھرنا ؛ ٹھنڈی آہ بھرنا ؛ آہ کرنا ۔ (۲) کسی چیز کی خواہش رکھنا یا تمنا رکھنا ۔ (۳) سانس لینا ۔

Suspirious : (a) [L. 'Suspiriosus'.] (۱) مشکلوں یا تکلیف کے ساتھ سانس لیتا ہوا ۔ (۲) دم سرد کے ساتھ ؛ ٹھنڈی سانس والا ۔

Sussex : (n) [OE. 'Supseaxe'.] سَسیکس ؛ انگلستان کے ایک ضلع کا کا نام ۔

Sussultatory : (a) زور دار بالائی اور زیریں ارتعاش والا (زلزلہ) ۔

Sussultorial : (a) زور دار بالائی اور زیریں ارتعاش والے زلزلے کی طرح کا ۔

Sustain : (v) [ME. 'Sos-, susteine'.] (۱) سہارا دینا ؛ بوجھ اٹھانا ؛ گرنے یا ڈوبنے نہ دینا ۔ (۲) زندہ رکھنا ؛ ہمت قائم رکھنا ؛ سنبھالے رکھنا ؛ دستگیری کرنا ۔ (۳) برداشت کر لینا ؛ مقابلہ کرنا (کامیابی کے ساتھ) ؛ تاب لانا ۔ (۵) (عدالت وغیرہ کا) صحیح قرار دینا ؛ (اعتراض ، دعوے کو) جائز قرار دینا ؛ حق بجانب قرار دینا (کسی فریق کو) ؛ حق میں فیصلہ کرنا ۔ (۶) تصدیق کرنا ؛ تائید کرنا ؛ ثابت کرنا (بیان ، الزام ، نظریہ) ۔ (۷) (کسی ووٹ یا کیریکٹر کو) اچھی طرح نبھانا ؛ کامیابی سے ادا کرنا ۔ (۸) جاری رکھنا ۔ (۹) بنیاد ہونا ؛ وجہ ہونا ۔

Sustainable : (a) قابل برداشت ؛ قابل تائید ؛ قابل ثبوت ۔

Sustained : (a) کم نہ ہونے والا ؛ انتھک ؛ قائم ۔

Sustainedly : (adv.) انتھک طور پر ؛ مستقل طور پر ۔

Sustainer : (n) (۱) برداشت کرنے والا ؛ مقابلہ کرنے والا ؛ تصدیق کرنے والا ۔ (۲) دیکھو Sustaining programme ۔

Sustaining programme : (n) ریڈیو یا ٹیلیویژن پروگرام جس کے لئے ریڈیو یا ٹیلیویژن اسٹیشن معاوضہ دیتا ہے ۔

Sustainingly : (adv.) برداشت کرتے ہوئے ؛ مقابلہ کرتے ہوئے ۔

Sustainment : (n) برداشت کرنا یا کیا جانا ؛ برداشت ؛ تائید ؛ ثبوت ۔

Sustenance : (n) [AFr. 'Sustenaunce'.] (۱) غذا ؛ خوراک ؛ قوت ۔ (۲) (مجازاً) غذائیت ؛ تغذیہ ۔ (۳) پرورش کرنا ؛ پرورش ؛ غذا پہنچانا ۔ (۴) (مجازاً) روحانی غذا ؛ (ذوق وغیرہ کو) پرورش کرنے والی چیز ۔

Sustentacular : (a) آویزی ؛ دعائی ۔

Sustentacular cells : (n) دعائی خلیات ۔

Sustentaculum : (n) [L.] آویزی عضو ۔

Sustentation : (n) [Fr. or L. 'Sustentatio'.] (۱) زندگی کو قائم رکھنا ؛ پرورش ۔ (۲) معاش ؛ کفاف ؛ روزی ؛ گزارا ۔

Sustentation fund : (n) امدادی فنڈ (جو غریب پادریوں کے لئے قائم کیا گیا تھا) ۔

Sustentative : (a) (۱) برداشت کرنے والا ؛ سنبھالے رکھنے والا ۔ (۲) پرورش سے متعلق ؛ معاش سے متعلق ۔

Sustention : (n) (۱) قائم رکھنا (کسی خاص حالت کو) ۔ (۲) قائم رہنا (دلیل یا وضع پر) ۔

Susu : (n) [Bengali.] گنگا میں پائی جانے والی فیل ماہی ؛ سوُسوُ ۔

Susurrant : (a) [L. 'Susurrare'.] کانا پھوسی کرنے والا ۔

Susurration : (n) کانا پھوسی ؛ سرسراہٹ ۔

Susurrous : (a) (شاذ) کانا پھوسی جیسا ۔

Susurrus : (n) [L.] کانا پھوسی ۔

Sute : (n) [ME. 'Slute'.] جنگلی بطخوں کا جھنڈ ۔

Sutile : (a) [L. 'Sutilis'.] سی کر بنایا ہوا ۔

Sutler : (n) [DU. 'Soeteler'.] لشکر کا بنیا ۔

Sutlership : (n) لشکر کی بنیا گری ۔

Sutra : (n) [Skr.] (سنسکرت ادب) سوتر : حکمت : حکیمانہ قول : بلیغ اور جامع مقولہ ۔

Suttee : (n) [Skr. 'Sati'.] (۱) ستی : وہ ہندو عورت جو اپنے شوہر کی چتا میں جل کر جان دے دے ۔ (۲) ستی کی رسم ۔

Sutteeism : (n) ستی کی رسم ۔

Suttle : (v) [Du. 'Soetelen'.] (متروک یا قدیم) لشکر کے بنیا کا کام کرنا ۔

Suttling house : (n) فوجیوں کی سرائے ۔

Sutural : (a) دوخت یا درز کا : ٹانکے کا سیوی : درزی ۔

Suturl bone : (n) درزی ہڈی ۔

Suturally : (adv.) دوخت یا درز کی طرح : ٹانکوں کے طریقے پر ۔

Suturation : (n) دوخت یا درز سے جوڑنا : ٹانکے لگانا یا لگنا : سلائی ۔

Suture : (n) [Fr. or L. 'Sutura'.] (۱) درز : دو ہڈیوں کا خصوصاً سر کی ہڈیوں کا جوڑ جو سیون کی طرح معلوم ہوتا ہے : سیون ۔ (۲) (نباتیات) درخت : اسی قسم کا جوڑ (پودے کے دو حصوں میں) : مانگ ۔ (۳) (جراحی) ٹانکے (زخم کے) ۔

Suture : (v) ٹانکے لگانا ۔

Suture needle : (n) دیکھو Surgical needle

Sutured : (a) درز دار : دوخت دار : ٹانکے لگا ہوا : سلا ہوا ۔

Suzeain : (n) [Fr.] (۱) (نظام جاگیرداری میں) سردار : سب سے بڑا سردار : سید ۔ (۲) حکم فرما : وہ بادشاہ یا ریاست جو دوسری ریاست پر برائے نام یا محدود حق حکومت رکھتی ہو اور اس کے اندرونی معاملات میں دخیل نہ ہو : ارباب ۔

Suzeraine : (n) خاتون حکم فرما ۔

Suzerainship : (n) حکم فرمائی : محدود فرماں روائی یا اقتدار ۔

Suzerainty : (n) دیکھو Suzerainship

Svarga / Swarga : (n) [Skr.] جنت : سورگ ۔

Svelte : (a) [It. 'Swelto'.] (۱) چھریرا : ہلکا پھلکا : لچک دار (انسان کا خصوصاً عورت کا جسم) ۔ (۲) مہذب : خلیق : خوش خلق ۔

Sveltely : (adv.) خوش خلقی سے : لچک دار طور پر ۔

Svelteness : (n) چھریرا پن : خوش خلقی ۔

Svengali : (n) [f. the character in thrilby 'by George du Manrier'.] وہ جو دوسروں پر بُری نیت سے حکم چلانے کی کوشش کرے ۔

Swab : (n) (۱) گچھے دار جھاڑو یا کوچی ۔ (۲) جذب کرنے والی گدی جو جراحی میں استعمال ہوتی ہے : رندہ : سوکھ گدی : پھریری ۔ (۳) (بحری ، عام) افسر کا جھبا ۔ (۴) (بحری ، عام) بھدا آدمی : پھوہڑ آدمی ۔ (۵) کنویں سے تیل نکالنے کا ایک قسم کا غوطہ زن آلہ ۔

Swab : (v) [Back-formation from - Swabber.] (۱) گچھے دار جھاڑو یا کوچی کو پانی میں بھگو کر اسی سے صاف کرنا ۔ (۲) کوچی سے تر کرنا ۔ (۳) کوچی سے پوچھنا ۔ (۴) غوطہ زن آلہ کے ذریعہ کنویں سے تیل نکالنا ۔

Swabber : (n) [Du. 'Zwabber'.] (۱) جہاز صاف کرنے والا : جہاز میں جھاڑو دینے والا : جہاز کی جھاڑ پونچھ کرنے والا ۔ (۲) نیچے رتبے کا ملاح ۔ (۳) حقیر یا غیر مہذب شخص ۔ (۴) گچھے دار سرے کی جھاڑو یا کوچی ۔ (۵) کمائے ہوئے چمڑے پر لیس لگانے والا ۔ (۶) تیل کے کنویں کی تہ سے کیچڑ نکالنے والا ۔

Swabbers : (n) [Origin unkn.] (۱) تاش کے وہسٹ (Whist) کھیل میں بعض پتّے جس کی وجہ سے کھلاڑی کو بازی کا کچھ حصہ مل جاتا تھا ۔ (۲) لال پان کا یکہ ، چڑی کا غلام اور رنگ کا یکہ اور دُگی ۔

Whisk and swabbers : وہسٹ کھیل کی ایک شکل ۔

Swabbie/ Swabby : (n) (عامیانہ) ملاح ۔

Swabbing : (n) پھریری کے ذریعہ نکالا ہوا فاسد مادہ ۔

Swabian : (a) [G. 'Schwaben'.] سوابستان کا : سرابستانی : سوابی ۔

Swabian : (n) دیکھو Suabian

Swack : (n) [ME. 'Swak', of imit origin.] (اسکاچستان) سخت ضرب ۔

Swack : (a) لچکدار ؛ نرم ؛ ملائم ؛ چست ؛ چالاک ۔

Swacked : (a) مدھوش ؛ پئے ہوئے ۔

Swad: (n) [of Scand origin.] (۱) دیہاتی ؛ انگھڑ ؛ گنوار ؛ گھامڑ ۔ (۲) نالٹا او رموٹا شخص ۔

Swad : (n) (بولی) مٹر ، سیم وغیرہ کا ڈوڈا یا بھوسا ۔

Swad : (n) [Origin unkn.] (۱) (عام) جماعت ؛ جھنڈ ؛ گروہ ۔ (۲) بڑی مقدار ۔

Swad : (n) سپاہی ۔

Swaddle : (n) (۱) کپڑے جس میں بچے لپٹے رہتے ہیں (جو عموماً پٹیوں کے بنتے ہیں) ۔

Swaddle : (v) [ME. 'Swathelen'.] (۱) بچے کو کپڑے کی پٹیوں میں لپیٹنا ۔ (۲) (مجازاً) روکنا ؛ حرکت روکنا ؛ باز رکھنا ۔ (۳) پٹیاں لپیٹنا ؛ پٹیوں میں لپیٹنا ؛ پوری طرح لپیٹنا ۔

Swaddler : (n) پروٹسٹنٹ فرقے کے میتھوڈسٹ (Methodist) طبقے کا عرف ؛ پروٹسٹنٹ ۔

Swaddling : (n) (۱) پٹیاں لپیٹنا ؛ بچے کو کپڑے میں لپیٹنا ۔ (۲) کپڑا جس میں بچے کو لپیٹتے ہیں ۔

Swaddling : (a) پروٹسٹنٹ ؛ خصوصاً میتھوڈسٹ کی خصوصیت کا ۔

Swaddling band : (n) (۱) پٹیاں جو نومولود بچے کے گرد اس کے عضو کی آزادانہ حرکت کو روکنے کے لئے لپیٹ دی جاتی ہیں ۔ (۲) گود کے بچے کے کپڑے ۔ (۳) خامی ؛ ادھوراپن؛ نابالغی ۔ (۴) بندش (جو ناتجربہ کار یا نابالغوں پر لگا دی جائے) ۔

Swaddling-clothes : (n) دیکھو Swaddling band

Swaddling-clouts : (n) دیکھو Swaddling clothes

Swaddy : (n) سپاہی ۔

Swadeshi : (n) [Bengali.] (ہندوستان کی) سدیشی تحریک (جس میں غیر ملکی اسباب کا بائی کاٹ کیا تھا) ۔

Swadeshism : (n) غیر ملکی چیزوں کا بائی کاٹ کرنا ۔

Swag : (n) (۱) لغزش ؛ لڑکھڑاہٹ ؛ ڈگمگاہٹ ۔ (۲) زور سے گرنا ۔ (۳) پھول ، پتیوں یا پھلوں کا ہار اس کے آرائشی نقوش ۔ (۴) مال (چوری کا) ؛ گٹھری (چور ، ڈاکو وغیرہ کی) ۔ (۵) وہ مال جو سیاسی یا دوسرے معاملے میں ناجائز طریقے سے حاصل کیا جائے ۔ (۶) (آسٹریلیا) آوارہ گرد آدمی ؛ کان کے مزدور وغیرہ کی) گٹھری ۔ (۷) گچھا ؛ خوشہ ۔ (۸) لباس کی ایک آرائش ۔ (۹) قیمتی سامان ۔ (۱۰) گٹھا ؛ جوہڑ ۔

Swag : (n) [of Scand origin.] (۱) لڑکھڑانا ؛ لغزش کرنا ؛ ڈگمگانا ؛ جھونکے کھانا ۔ (۲) بیٹھ جانا ؛ دبنا ؛ لٹکنا ۔ (۳) جھونکے کھلانا ؛ جھلانا ؛ بیٹھا دینا ۔ (۴) (آسٹریلیا) گٹھری باندھنا ۔

To swag it : اپنا ذاتی سامان ڈھونا ؛ گٹھری باندھنا ۔

Swag : (a) ڈھیلا ؛ بے پرواہ ؛ غافل ؛ نرم ۔

Swag-bellied : (a) توندیلا ۔

Swag belly : (n) (۱) توند ۔ (۲) (مرضیات) پیٹ کا گومڑ یا ورم ۔

Swag-belly : (n) بڑی توند والا شخص ۔

Swage : (n) [OFr.'Souage'.] (۱) آرائشی کھانچ ؛ نالیاں ؛ ڈھلائی وغیرہ ۔ (۲) دائروی یا نیم دائروی نالی ، کھانچ یاگڈھا (نہائی کا) ۔ (۳) ٹھنڈے دھات کو موڑنے کا اوزار ؛ نالی یانلکی کو سیدھا کرنے کا آلہ ۔ (۴) قالب ؛ قالب آہنگری ۔

Swage : (v) [AFr.'Suage(i)er'.] دیکھو Assuage

Swage : (n) (۱) سوراخ دار نہائی پر رکھ کر گھڑنا ۔ (۲) (جراحی) ٹانکے کی سوئی میں دھاگا پہنانا ۔

Swage-block : (n) ایک طرح کی سوراخ دار نہائی (جس پر لوہے کو رکھ کر مختلف چیزیں گھڑتے ہیں) ۔

Swage-bolt : (n) چٹخنی یا بلی جس پر دندانہ بنا رہتا ہے ۔

Swage-set : (v) آرا کے دندانے کو اس کی موٹائی سے زیادہ چوڑا کر دینا ۔

Swager : (n) (۱) سوراخ دار نہائی پر رکھ کر گھڑنے والا ۔ (۲) دیکھو Swage .

Swagger : (n) (۱) اکڑ ؛ بل ؛ اکڑ مکڑ ؛ شیخی ؛ دھونس ۔ (۲) بے باکی؛ طراری ۔

Swagger : (n) (آسٹریلیا) گٹھری ڈھونے والا ؛ آوارہ گرد ۔

(۱) ٹھاٹھ کے ؛ بانکے (کپڑے) ؛اہل فیشن کی (سوسائٹی، صحبت) ۔ (۲) (کوٹ) شانے سے ڈھیلے ڈھالے طور پر اٹکتا ہوا ۔ Swagger : (a)

کوٹ جو شانے سے ڈھیلے طور پر لٹکتا ہے ۔ Swagger : (n)

(۱) اکڑ کر چلنا ؛ اترا کر چلنا ؛ اینٹھ کر چلنا ۔ (۲) تحکم یا خود پسندی کی شان رکھنا ۔ (۳) دون کی لینا ؛ شیخی بگھارنا ؛ دھونس جمانا ؛ رعب جمانا ۔ (۴) دھونس جما کر کسی کام پر آمادہ کرنا یا اس سے باز رکھنا ؛ ڈرانا ؛ دھمکانا ۔ (۵) ڈگمگانا ؛ جھولنا ؛ جھونکے کھانا ۔ Swagger : (v)

بعض مرکب الفاظ بنانے میں استعمال ہوتا ہے اور "اکڑ"، "شان" وغیرہ کا معنی دیتا ہے ۔ Swagger- :

اکڑتے پھرنا ۔ Swagger about : (n)

افسر کی چھڑی ؛ سپاہی کی چھڑی ۔ Swagger-cane : (n)

اکڑ باز ؛ اکڑ کر چلنے والا ؛ شیخی باز ؛ دھونس جمانے والا ۔ Swaggerer : (n)

اکڑ کا ؛ شیخی کا ۔ Swaggering : (a)

اکڑ کر ؛ شیخی کے ساتھ ؛ تحکم یا خود پسندی سے ۔ Swaggeringly : (adv.)

وہ مسافر جو اپنا ذاتی سامان گٹھری بنا کر خود ڈھوتا ہے ۔ Swaggie : (n)

(شاذ) لٹکا ہوا ؛ آویزاں ؛ جھولتا ہوا ۔ Swaggy : (a)

خانہ بدوش ؛ آوارہ گرد ۔ Swagman/ Swagsman : (n)

ایک قسم کی مچھلی ۔ Swago bass : (n)

زنز یبار (Zanzibar) کے بنٹو لوگ یا ان کی زبان ۔ Swahili : (n)

(۱) دیہاتی نوجوان ؛ گڈریا ۔ (۲) دہقانی عاشق ۔ (۳) (مزاحاً) عاشق ؛ شادی کا طلب گار ۔ (۴) جنگل کے اندر زمین معافی رکھنے والا ۔ Swain : (n) [ME. 'Swein'.]

عاشق ہونا ؛ شادی کا طلب گار ہونا ۔ Swain : (v)

دیہاتی ؛ اجڈ ؛ گنوار ۔ Swainish : (a)

گنوارپن ؛ اجڈپن ۔ Swainishness : (n)

لکڑی ؛ تختہ ۔ Swale : (n) [Origin unkn.]

سایہ ؛ سایہ دار جگہ ؛ خنکی ؛ خنک موسم یا مقام ۔ Swale : (n) [of Scand origin.]

نشیبی جگہ ؛ دلدلی مقام ۔ Swale : (n) [Origin unkn.]

دیکھو Sweal Swale : (v)

اوپر نیچے یا دائیں بائیں جھولنا ؛ ادھر ادھر ہلنا ؛ جھولنا ۔ Swale : (v)

(۱) انگلستان میں پائی جانے والی بھیڑ کی ایک قسم ۔ (۲) انگلستان میں ایک جگہ کا نام ۔ Swaledale : (n) [f. name of place in England.]

ادھر ادھر ہلتے ہوئے ؛ جھولتے ہوئے ۔ Swalingly : (adv.)

زیر زمین چشمہ؛ وہ گڑھا جس میں جھرنا گرتا ہے ۔ Swallet : (n) [Obsecure formation on Swallow.]

ایک قسم کا گھونگا جس کی یخنی چین میں پی جاتی ہے ۔ Swallo : (n) [Malay. 'Suwala'.]

(۱) ابابیل ؛ خطاف ۔ (۲) پروانہ کی ایک قسم ۔ (۳) پالتو کبوتر کی ایک قسم ۔ Swallow : (n) [OE. 'Swealwe'.]

ابابیل کی ایک قسم جو چٹانوں میں گھونسلا لگاتی ہے ۔ Cliff swallow :

ذرا سی بات سے نتیجہ نہیں نکالنا چاہیئے ؛ ایک علامت نتیجہ نکالنے کے لئے کافی نہیں ۔ One swallow does not make a summer :

ایک طرح کی ابابیل ۔ Window swallow :

(۱) چونے کے پتھر کا خلو ؛ گڑھا ۔ (۲) کھڈ ؛ عمق ۔ (۳) حلق ۔ (۴) نگلنے کی صلاحیت ؛ بھوک ؛ جوع البقر ۔ (۵) (مجازاً) بھوک ؛ خواہش ؛ اشتہا ۔ (۶) وہ مقدار جو ایک بار میں نگلی جا سکے ؛ ہڑپا ۔ (۷) (جہاز میں) چرخی اور فریم کے درمیان کا وہ حصہ جس سے رسّا گزرتا ہے ۔ Swallow : (n) [Late OE.'Geswelg'.]

(۱) نگلنا ؛ کھا جانا ؛ نگل جانا ؛ ہڑپ کر جانا ؛ ناقابل یقین بات کو یقین کر لینا ؛ سخت سے سخت ؛ بری سی بری بات برداشت کر لینا ۔ (۲) (up کے ساتھ) اپنے اندر کھینچ لینا ؛ نگل جانا ؛ سما جانے دینا ۔ (۳) اپنے اندر چھپا لینا ؛ چھا جانا (کہر وغیرہ کا) ؛ جذب کر لینا ۔ (۴) غائب کر دینا ؛ ہضم کر جانا ۔ (۵) آسانی سے یقین کر لینا ؛ دم میں آ جانا ۔ (۶) چپ Swallow : (v) [OE. 'Swelgan'.]

چاپ برداشت کر لینا (توہین ، ذلت وغیرہ) ۔ (۷)(اپنے الفاظ) واپس لینا ۔ (۸) نگلنا : نگلنے کا عمل کرنا ۔ (۹)(مجازاً) ٹھکانے لگا دینا : برباد کر دینا ۔ (۱۰)پوری طرح سمجھ لینا ۔ (۱۱) فرو کرنا : دبانا : روکنا ۔ (۱۲)پورا منہ نہ کھلنے کی وجہ سے صاف آواز نکالنے سے قاصر رہنا ۔

To swallow the anchor : سمندر کی نوکری سے سبکدوش ہونا ۔

Swallow-dive : (n) ابابیل کی سی ڈبکی : ہاتھ پھیلا کر پانی میں کودنا ۔

Swallow-diving : (n) ہاتھ پھیلا کر پانی میں کودنا ۔

Swallow-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Swallow-hawk : (n) ابابیل دمہ باز ۔

Swallow-hole : (n) چونے کے پتھر کا خلو : گڑھا : آبگیر چٹان ۔

Swallow plover : (n) دو شاخی دم کا پلور ۔

Swallow-shrike : (n) ایک قسم کا پرندہ جو ہندوستان اور آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے : جلاد چڑیا : دو شاخی دم کی قصائی چڑیا ۔

Swallow-tail/ Swallowtail : (n) (۱) دو شاخی دم : ابابیل جیسی دم ۔ (۲) دو شاخی دم رکھنے والے پرندوں کے نام کے ساتھ آتا ہے) ۔ (۳) دو شاخی دم والی تتلی ۔ (۴)ایک قسم کی چڑیا جس کے اڑتے وقت پروں سے غنغناہٹ کی آواز پیدا ہوتی ہے ۔ (۵) دو شاخی دم والی چیل ۔ (۶) بید کی ایک قسم ۔ (۷) چوڑا اور کانٹے دار سرپیکاں : ایسے سر والا تیتر ۔ (۸) (قلعہ بندی) قلعہ کی دو شاخی بیرونی فصیل ۔ (۹)دو شاخہ جھنڈا: جھنڈے کا دو شاخہ سرا ۔ (۱۰)مرغ باد کا دو شاخہ آخری سرا ۔ (۱۱) وہ کوٹ جس کے پیچھے کا دامن گاؤ دم ہوتا ہے ۔

Swallow-tail : (n) (۱) دو شاخی دم کی : دو شاخی دمہ : ابابیل دمہ : ابابیل کی دم جیسا ۔ (۲) (جھنڈا وغیرہ) دو شاخہ ۔ (۳)فاختہ کی دم جیسا : پھٹا ہوا سرے والا ۔ (۴) (کوٹ) جس کا پچھلا دامن گاؤ دم ہو ۔

Swallow-tailed : (a) دیکھو Swallow-tail

Swallow-tailed butterfly : (n) دو شاخی دم والی تیتری ۔

Swallow-tailed duck : (n) دراز دم بطخ ۔

Swallow-tailed gull : (n) ایک کمیاب قسم کی امریکی مرغابی ۔

Swallow-tailed hawk : (n) دیکھو Swallow-hawk

Swallow-tailed kite : (n) امریکی چیل کی ایک قسم ۔

Swallow-tailed moth : (n) ایک قسم کا یورپی پروانہ ۔

Swallow-warbler : (n) آسٹریلیا کا ایک گانے والا پرندہ ۔

Swallow-willow : (n) ایک قسم کا بید ۔

Swallowable : (a) نگلے جانے کے لائق : جسے نگلا جا سکے ۔

Swallower : (n) (۱) نگلنے والا : ہڑپ کر جانے والا ۔ (۲) (مجازاً) بسیار خور : پیٹو : کھاؤ : بڑپیٹا ۔

Swallowlike : (a) ابابیل جیسا (تیز ، پھرتیلا) ۔

Swallowling : (n) ابابیل کا بچہ : چھوٹی ابابیل ۔

Swallow's nest : (n) (۱) ابابیل کا گھونسلا ۔ (۲) (مجازاً) اونچائی پر رکھی ہوئی چیز : خصوصاً توپ یا گولہ ۔

Swallowwort : (n) (۱) شیر گیاہ : دودھیل پودا ۔ (۲) سلن رین : مامیران : انجیرہ ۔

Swam : (۱) تیرنا : سطح پر بہنا : سطح پر تیرنا ۔ (۲) دیکھو Swim ۔

Swami : (n) [Hindi.] (۱) سوامی ۔ (۲)ہندوؤں میں دیوتا ، برہمن اور پیشوائے دین کو تعظیماً کہتے ہیں ۔

Swami house : (n) مندر ۔

Swamp : (n) [LG. 'Swamper'.] (۱) پانک : دلدل کی زمین : دلدل ۔ (۲) کوئلے کی کان کا نشیبی خطہ ۔

Swamp : (a) پتلا : سبک ۔

Swamp : (v) (۱) دلدل میں پھنسانا ۔ (۲) تہ آب کرنا : غرقاب کرنا : شرابور کر دینا : غرقاب ہو جانا : (کشتی وغیرہ کا) پانی سے بھر جانا ۔ (۳) کسی چیز کی) بھرمار کر کے ناک میں دم کر دینا ۔ (۴) (ایک چیز کا اپنی کثرت یا افراط سے دوسری چیز کو) چھپا لینا : اپنے اندر گم کر دینا ۔ (۵) مالی طور پر برباد کر دینا : قلاش بنا دینا : ہرا دینا : شکست فاش دینا ۔ (۶) جنگل میں درخت کے کندوں سے سڑک بنانا (درخت وغیرہ گرا کر) ۔ (۸) راستہ صاف

کرنا ۔ (۹) کٹے ہوئے درخت کی ٹہنیوں کو صاف کرنا تاکہ انہیں ڈھلکانے میں آسانی ہو ۔

Swamp angel : (n) (۱) دلدلی علاقوں میں رہنے والا شخص ۔ (۲) ایک قسم کا پرندہ ۔

Swamp apple : (n) بڑا سفید یا گلابی کسی قدر ترش ماجو جو دلدلی ازیلیا پر بعض فطرومہ کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے اور جسے کھایا جاتا ہے ۔

Swamp ash : (n) دلدلی ایش ۔

